

VOLUME SIXTH

T - Z

ENGLISH – URDU DICTIONARY

WITH OVER 250,000 WORDS

جدید انگلش اردو ڈکشنری

VOLUME SIXTH

T - Z

CHIEF EDITOR

Prof. Kalimuddin Ahmad

National Council for Promotion of Urdu Language
Department of Education
Ministry of Human Resource Development
Government of India

© 1998 N.C.P.U.L.
First published 1998 by National Council for Promotion of Urdu Language,
West Block-I, R.K. Puram, New Delhi - 110066. INDIA

Sl. No. 828
Copies 5000

Price Rs. 600/- VIth Volume

Supervision
Dr. M. Hamidullah Bhat
Director
National Council for Promotion of Urdu Language

ISBN- 81-7587-000-6

Published By
Director
National Council for Promotion of Urdu Language
M/o Human Resource Development,
Deptt. of Education, Govt. of India,
West Block-I, R.K. Puram,
New Delhi - 110066

Printed By
VAP ENTERPRISES
H-24, Green Park Extn.
New Delhi - 110016. INDIA

Contents

- Foreword - *Dr. M. Hamidullah Bhat* vii
- Abbreviations x
- Subject terms xi
- Alphabets

T 1

U 431

V 621

W 727

X 945

Y 958

Z 988

پیش لفظ

پچھلے ۵۰ سال میں اردو زبان نے ایک زندہ زبان کی طرح قومی اور بین الاقوامی سطح پر ہو رہی تبدیلیوں کو اپنے اندر اس طرح سمویا ہے کہ اجنبیت کا کوئی احساس نہیں ہوتا ۔ اس دوران سائنسی اصطلاحات اور نئے الفاظ کا ایک بڑا ذخیرہ اردو زبان کا جزولاینفک بنتا گیا ۔ اس پس منظر میں عبد الحق کی انگلش ۔ اردو ڈکشنری عصر جدید کے تقاضوں کو پورا نہیں کر پارہی تھی اور ایک ایسی جامع لغت کی ضرورت شدت سے محسوس ہو رہی تھی جو نہ صرف اردو کے اس ارتقائی سفر کا احاطہ کرے بلکہ اکیسویں صدی کی سائنسی اور تکنیکی ضروریات کو بھی پورا کرسکے ۔ ٦ جلدوں پر مشتمل جامع انگلش ۔ اردو ڈکشنری کا پروجیکٹ ان ضروریات کو پورا کرنے کے لئے شروع ہوا تھا ۔ مجھے امید ہے کہ جن مقاصد کو مدِ نظر رکھتے ہوئے ڈکشنری کا یہ پروجیکٹ شروع کیا گیا تھا ان کو یہ ڈکشنری پورا کرے گی ۔

ڈکشنری کی ہر جلد میں کوشش یہ رہی ہے کہ کوئی بھی لفظ بیچ میں منقطع نہ ہونے پائے جس کی وجہ سے کسی جلد کی ضخامت زیادہ ہوگئی ہے تو کسی کی کم ۔ موجودہ آخری جلد (ششم) ۱۰۱۲صفحات پر مشتمل ہے ۔ اس جلد میں اندازاً ۴۱،۴۹۲ اندراجات ہیں ۔ کوشش یہ کی گئی ہے کہ زیادہ سے زیادہ عام استعمال کے الفاظ کے اندراجات کا اس لغت میں احاطہ کیا جائے تاکہ ہر میدان کے طلباء و قاری ، مترجمین و محققین کو اس کے سامنے کسی اور ڈکشنری کی ضرورت نہ محسوس ہو ۔ دیگر بہت سی خوبیوں کے ساتھ ایک خاص خوبی یہ بھی ہے کہ اس میں نہ صرف روزمرہ محاورہ بلکہ سائنس ، نفسیات ، ریاضیات ، فلسفہ ، طبیعیات، حیاتیات، ادبیات ، سماجیات، لسانیات و معاشیات وغیرہ غرض یہ کہ تمام مروجہ علوم و فنون کے روزمرہ استعمال کے الفاظ و تراکیب کا بھی قابل قدر ذخیرہ اس میں موجود ہے ۔

علاوہ برایں اس کے اندراجات کو عام قاری و طلباء کے لئے اتنا آسان فہم بنایا گیا ہے کہ اس کے استعمال کرنے میں کسی بھی قسم کی دشواری نہ پیش آئے کیونکہ اس کی ترتیبِ اندراجات انگریزی حروف تہجی کی ترتیب کے ساتھ لفظ بہ لفظ بھی کر دی گئی ہے مثال کے طور پر :

Want : (n) [ON. 'vant'.] (۱) احتیاج : حاجت ۔ (۲) نہ ہونا؛ کمی ؛ عدم ۔ (۳) ضرورت؛ طلب ۔ (٤) افلاس؛ عسرت؛ تنگی ۔(٥) وہ چیز جس کی حاجت ہو؛ مایحتاج؛ ضرورت کی چیز ۔ (٦) ذاتی نقص؛ کمی ۔

A (long-) felt want : دیرینہ ضرورت ۔

In no want of : بہ افراط؛ بکثرت ۔

In want of : حاجت مندانہ ۔

To come to want : مفلس ہو جانا؛ محتاج ہو جانا ۔

Wilful waste makes woeful want : بالقصد اسراف مفلس بنا دیتی ہے ۔

Want : (v) (۱) معدوم ہونا؛ نہ ہونا؛ کمی ہونا ۔(۲) (مقررہ معیار سے) کم ہونا ۔(۳) (for کے ساتھ) محتاج ہونا؛ (کسی صفت کی) کمی ہونا ۔(٤) ضرورت ہونا ۔

Want : (n) [ME. 'wont, wonte'.] چھچھوندر ۔

Want ad : (n) اشتہارِ ضرورت ۔

Want list : (n) مطلوبہ نوادرات کی فہرست جو دکانداروں کے درمیان گشت کرائی جاتی ہے ۔

Wantage : (n) کمی؛ مقدار جو کم ہو؛ کسر ۔

Wantage rod : (n) درجہ دار سلاخ جس سے پیپے کے اندر کی چیزوں کی کمی کی پیمائش کرتے ہیں ۔

Wanted : (a) پولس جس کی متلاشی ہو ۔

Wanted circular : (n) گشتی (چٹھی) جس پر اس شخص کی تصویر اور کیفیت لکھی ہوتی ہے جس کی پولس متلاشی ہو ۔

Wanter : (n) (۱) وہ شخص جس میں کسی چیز کی کمی ہو ۔(۲) خواہش مند ۔(۳) جسے شوہر یا بیوی کی ضرورت ہو ؛ کنوارا ؛ کنواری ۔

اس کے ساتھ ساتھ ذیلی اندراجات کو بھی لفظ بہ لفظ حروف تہجی سے ترتیب دیا گیا ہے جیسے :

By virtue of : بدولت؛ بہ وجہ ۔

Cardinal virtues : خلق عظیم؛اچھے اخلاق؛ چارفطری اور تین دینی نیکیاں ۔

In virtue of : By virtue of دیکھو

Natural virtues : فطری نیکیاں (عدل، حکمت، عفت، شجاعت) ۔

جہاں ضروری سمجھا گیا ہے وہاں اسلوبیاتی اہمیت کی بھی نشاندہی کی گئی ہے ۔ جیسے متروک ، قدیم ، ادبی و لسانیاتی وغیرہ ۔ اس کے علاوہ ساتھ ساتھ جہاں تک ممکن ہوسکا انگریزی محاوروں کے معنی واضح کرنے کے لئے اس کے مترادف ہم معنی اردو ضرب الامثال یا محاورے وغیرہ کا بھی استعمال کرنے کی حتی الامکان کوشش کی گئی ہے ۔ مثلاً :

All's fair in love and war : عشق اور جنگ میں سب کچھ جائز ہے ۔

To be caught with red handed : رنگےہاتھوں پکڑاجانا ۔

Walls have ears : : دیواروں کے بھی کان ہوتے ہیں ؛ دیوار ہم گوش دارد۔

We are sailing in a same boat : ایک کشتی کاسوار ہونا۔

علاوہ ازیں یہ تمام دفتری اہلکاروں، اہل قلم و علم ، صحافیوں ، اساتذہ ، ماہرقانون ، طلباء، مترجمین و محققین اور عام قاری کی روزمرہ ضروریات کے لئے بھی یکساں کارآمد و مفید ثابت ہوگی ۔ یہ جامع انگریزی اردو لغت اندھیرے میں روشنی کی ایک کرن ہے جس کے مکمل سیٹ میں تقریباً ۳ لاکھ الفاظ و اندراجات کا احاطہ کیا گیا ہے ۔ امید ہے کہ یہ اکیسویں صدی کے علمی و سائنسی تقاضوں کو بھی پورا کرے گی ۔ اردو دنیا اور اردو قارئین کے مشورے حاصل رہے تو انشاء اللّٰہ یہ بہت جلد اور زیادہ جامع انداز میں آپ لوگوں کے سامنے ہوگی ۔

میں اس لغت کے چیف ایڈیٹر کلیم الدین احمد صاحب (خدا ان کو غریق رحمت کرے) اور ان کی ٹیم میں شامل سبھی لوگوں کا شکر گذار ہوں جو اس کی ترتیب و تدوین میں کلیم الدین احمد صاحب کے معاون و مددگار رہے ۔ ان کے اسمائے گرامی میں سید شاہ عطاء الرحمن ، محمد صدیق ، ممتاز احمد ، مصطفیٰ کمال ہاشمی اور سید عبد الحامد ، ناصر رضا خان جلیلی ، رضوان احمد خان، کاظم حسین ، بشیرالدین احمد خاں ، شمیم احمد صدیقی وغیرہ شامل ہیں ۔

عموماً لغات کی پروف خوانی ایک انتہائی محتاط انداز اور باریک بینی کا کام ہوتا ہے خاص طور سے ذولسانی لغات کی تصحیح و پروف خوانی ایک انتہائی نازک اور دقت طلب معاملہ ہے اس لئے اس کی پروف خوانی میں کافی توجہ اور محنت و لگن کی ضرورت ہوتی ہے اس خدمت کو ہماری ریسرچ اسسٹینٹ مہ جبیں اختر نے دفتر کی ذمہ داریوں کے ساتھ خوش اسلوبی، محنت و لگن سے انجام دیا ہے اس لئے وہ خاص طورسے شکریہ کی مستحق ہیں ۔

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان دوسری زبانوں کی لغات و اصطلاحات ، دائرۃ العلوم وغیرہ جیسے تامل ۔ اردو ڈکشنری ، اردو انسائیکلوپیڈیا کے علاوہ بہت سی اصطلاحات و مضامین کی لغات جیسے حیاتیات ، عمرانیات، لسانیات ، نباتیات، نفسیات ، تاریخ و سیاسیات وغیرہ کی تدوین و ترتیب میں مصروف ہے جن کی آج کے دور میں اشد ضرورت ہے ۔ ان میں سے کچھ تو مکمل ہوچکی ہیں ، کچھ طباعت کے اور کچھ تیاری کے مراحل طے کررہی ہیں ۔ ان فرہنگوں کے آنے کے بعد مولانا ابوالکلام آزاد اردو یونیورسٹی ، جو کہ اب وجود میں آچکی ہے ، کو بھی اپنے علمی پروگرام آگے بڑھانے میں مدد ملے گی ۔

انشاء اللّٰہ آئندہ آنے والے دو تین سالوں میں کونسل کی کافی کچھ کاوش و محنت لغات و اصطلاحات کی شکل میں موجود ہوگی ۔ مجھے امید ہے کہ تمام کرم فرما و محبان اردو کونسل کی اس کاوش کو سراہیں گے اور اپنے مفید و اہم مشوروں سے نوازتے رہیں گے تاکہ اس کے اشاعتی پروگرام کو جِلا مل سکے ۔ دراصل کوئی بھی انسانی کام مکمل و بے عیب نہیں ہوتا حالانکہ اس ڈکشنری کی تدوین و ترتیب میں پوری لگن اور انتہائی احتیاط سے کام لیا گیا ہے اس کے باوجود اگر اس میں کوئی خامی یا کمی نظر آئے تو میری محبان اردو سے درخواست ہے کہ وہ بلا کسی جھجھک کے کونسل کو مطلع کریں تاکہ آئندہ ان اغلاط کا اعادہ نہ ہو ۔

(محمد حمید اللّٰہ بھٹ)
ڈائرکٹر
قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان
منسٹری آف ہیومن ریسورس ڈویلپمنٹ
(حکومت ہند)
ویسٹ بلاک ۔ ۱ ، آر ۔ کے پورم
نئی دہلی ۔ ۱۱۰۰۶۶

ABBREVIATIONS USED IN THIS DICTIONARY

a	...adjective
a (in etymologies)	...adoption of
abbrev	...abbreviation, abbreviated
abstr	...abstract
ad	...adaptation of
adj	...adjective
adv	...adverb
AF (r)	...Anglo-French
Amer.	...American
Anglo-Fr.	...Anglo-French
Anglo-Ind.	...Anglo-Indian
Anglo-Ir.	...Anglo-Irish
Anglo-L.	...Anglo-Latin
aphetic.	...aphetic, aphetized
app.	...apparently
Arab.	...Arabic
Aram.	...Aramaic
arch.	...Archaic
A.V.	...Authorised Version of the Bible
bibl.	...biblical
Boh.	...Bohemian
Braz.	...Brazilian
Brit. N.Amer.	...British North America
Bulg.	...Bulgaria
Byz	...Byzantine
Cat (al)	...Catalan
Celt.	...Celtic
Cf.cf.	...Confer, Compare
Cl. L.Gr.	...Classical Latin, Greek
Conj.	...Conjunction
Contr.	...Contracted, Contraction
Da.	...Danish
deriv.	...derivative, derivation
dim.	...diminutive
Dor.	...Doric
Du.	...Dutch
etym.	...etymology
f.	...form of, formed on
F.	...French
Flem.	...Flemish
Fr.	...French
G.	...German
Gael.	...Gaelic
Ger.	...German
Goth.	...Gothic
Gr.	...Greek
Heb.	...Hebrew
H.G.	...High German
Hind.	...Hindustani
Icel.	...Icelandic
IE.	...Indo-European
imit.	...Imitative
Indo-Eur.	...Indo-European
Indo-Gmc.	...Indo-Germanic
int., interj.	...interjection
Ir.	...Irish
Irel.	...Ireland
It.	...Italian
Jap.	...Japanese
Jav.	...Javanese
L.	...Latin
Lat.	...Latin
Law L.	...Low Latin
L. Du.	...Low Dutch
Lett.	...Lettish
LG.	...Low German
Linn.	...Linnaeus
Lith.	...Lithuanian
Maundev.	...Maundeville
M.Bret.	...Middle Breton
M. Du.	...Middle Dutch
(M) Du.	...Middle and modern Dutch
ME.	...Middle English
med. L.	...mediaeval Latin
Mex.	...Mexican
MHG.	...Middle High German
M Ir.	...Middle Irish
MLG.	...Middle Low German
(M) LG.	...Middle and modern Low German
mod. L.	...Modern Latin
MSc.	...Middle Scottish
MSw.	...Middle Swedish
M. Welsh.	...Middle Welsh
n	...Noun
N Afr.	...North-African
N Amer.	...North American
NEFr.	...North-eastern French
N. Eng.	...Northern English
N Fris.	...North Frisian
N.O.	...Natural Order
Northumb.	...Northumbrian
Norw.	...Norwegian
N.S.W.	...New South Wales
N.T.	...New Testament
N.W., n.w. N. Z.	...north-west,-western
N.Z.	...New Zealand
O Bret.	...Old Breton
O Brit.	...Old British
obsc.	...obscene,-ly
O Celt.	...Old Celtic
O Corn.	...Old Cornish
OE.	...Old English (Anglo- Saxon)
OFr.	...Old French
(O) Fr.	...Old and modern French
O Fris.	...Old Frisian
O Gael.	...Old Gaelic
OHG	...Old High German
O Icel.	...Old Icelandic
O Ir.	...Old Irish
O L.	...Old Latin
O L Frank, OLG	...Old Low Frankish, German
O Lith.	...Old Lithuanian
ON	...Old Norse
ONFr.	...Old Northern French
O North.	...Old Northumbrian
O Pers.	...Old Persian
O pruss.	...Old Prussian
Opp.	...opposed (to)
Ork.	...Orkney
OS.	...Old Saxon
O Scand.	...Old Scandinavian
OSL., Oslav.	...Old Slavonic
OSp.	...Old Spanish
O Sw.	...Old Swedish
OT.	...Old Testament
OW.	...Old Welsh
pa.t	...past tense
perh.	...perhaps
Pers.	...Persian
Peruv.	...Peruvian
Pg., Port	...Portuguese
Pol.	...Plural
Pol.	...Polish
pop. L.	...popular Latin
post-Aug.	...post-Augustan Latin
post-Cl.	...post-Classical Latin
pple.	...participle
pr.	...provencal
prep.	...preposition
prob.	...probably
pron	...pronoun
refash.	...refashioned
Rom.	...Roman.l
Rum.	...Rumanian
Russ.	...Russian
S. Afr.	...South African
S. Amer.	...South American
Scand.	...Scandinavian
Schol. L.	...Scholastic Latin
Scotl.	...Scotland
Sem.	...Semitic
Serb.	...Serbian
Shetl.	...Shetland
Sinh.	...Sinhalese
Skr.	...Sanskrit
Slav.	...Slavonic
Sp.	...Spanish
Sw. Swed.	...Swedish
Syr.	...Syriac
Teut.	...Teutonic
Tokh.	...Tokharian
Turk.	...Turkish
Tyrol.	...Tyrolese
Ukr.	...Ukrainian
unkn.	...unknown
U.S.	...United State
V	...Verb
Var.	...Variable
W.	...Welsh, west., western
WFr.	...West French
WFris.	...West Frisian
W Gmc.	...West Germanic
WIE.	...Western Indo-European
W. Ind.,W. Indies.	...West Indies
W.S.	...West Saxon
Wycl..	...Wyclif
YMCA	... Young Men's Christian Association
Yr	... Year
Yrbk	... Year book
YWCA	... Young Women's Christian Association
Zool	... Zoological , Zoology

SUBJECT TERMS IN ENGLISH-URDU DICTIONARY

Acoustics	سمعیات
Administration	انتظامیہ
Aeronautics	طیرانیات
Agriculture	زراعت
Anatomy	تشریح
Anthropology	بشریات
Archaeology	اثریات
Architecture	تعمیرات
Astrology	علم النجوم
Astronomy	فلکیات
Bacteriology	جرثومات
Biology	حیاتیات
Bleaching	سفید کاری
Botany	نباتیات
Chemistry	کیمیا
Colloquial	روز مرّہ
Commerce	تجارت
Conchology	صدفیات
Crystyllography	قلمیات
Cytology	علم خلیات
Dentistry	دندان سازی
Dynamics	حرکیات
Ecclesiastical	کلیسائی
Economics	معاشیات
Education	تعلیمات
Electricity	برقیات
Engineering	انجینیئرنگ
Entomology	حشریات
Ethics	اخلاقیات
Fishery	ماہی گیری
Fortification	قلع بندی
Forestry	جنگلات
Gardening	باغبانی
Geography	جغرافیہ
Geology	ارضیات
Geometry	ہندسہ
Grammar	قواعد
Heraldry	نقابت
History	تاریخ
Horology	ساعت شناسی
Jewellery	جواہرات
Law	قانون
Linguistics	لسانیات
Logic	منطق
Mathematics	ریاضیات
Mechanics	میکانیات
Medicine	طب
Metallurgy	فلزیات
Metaphysics	مابعد الطبیعیات
Meteorology	موسمیات
Military	فوج
Minerology	معدنیات
Mining	کان کنی
Music	موسیقی
Mythology	اساطیر
Natural History	تاریخ طبیعی
Nautical	بحری
Nonce- word	یک وقتی لفظ
Optics	بصریات
Ornithology	طیوریات
Palaeontology	فوسلیات
Pathology	مرضیات
Philosophy	فلسفہ
Phonetics	صوتیات
Photography	فوٹو گرافی

Physics	طبیعیات	Smelting	تصفیه
Physiology	عضویات	Sociology	سماجیات
Politics	سیاسیات	Statics	سکونیات
Printing	طباعت	Statistics	شماریات
Prosody	عروض	Surgery	جرّاحی
Psycho - analysis	تحلیل نفسی	Surveying	پیمائش
Psychology	نفسیات	Telegraphic	تلغرافی
Radiology	شعاعیات	Theology	دینیات
Rhetoric	علم البدیع	Veterenary	بیطاری
Slang	عامیانه	Zoology	حیوانیات

T

T : (۱) ٹی : انگریزی حروف کا بیسواں اور قدیم رومن حروف تہجی کا انیسواں حرف جس کی آواز "ت" کی سی ہوتی ہے (جمع) (Ts T's) ۔ (۲) (مجازاً) کوئی شے جو حرف 'T' کی صورت ہو : خصوصاً مرکب الفاظ میں بمعنی چلیپائی یا گرہ نما (جیسے T-bandage'T-bolt وغیرہ) ۔ (۳) ترتیب ظاہر کرنے کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے ۔ (٤) مختلف اسم معرفہ کے مخففات کے طور پر بھی استعمال ہوتا ہے (مثلاً There Sa. Thomas وغیرہ)۔ (٥) کسی خط پر ضابطگی کے ساتھ مہر لگانے کے لئے استعمال ہوتا ہے جس کا مطلب ہوتا ہے کہ ٹکٹ ادا کرنا ہے ۔

To a T/To a tee : من کل الوجوہ : بتمامیہ : بجا طور پر : درست : پورے طور پر ۔

To cross the t's : (۱) (مجازاً) بے کم و کاست ہونا: بالکل درست ہونا : بالکل صحیح ہونا ۔ (۲) معنی کو زیادہ واضح کرنا ۔ (۳) کسی پہلو پر زور دینا: بہ تاکید پیش کرنا۔

T' : [ME] To کا مخفف ۔

T' : (شمالی بول چال میں) The کی شکل ۔

't : it کا مخفف ۔

T. A : بطور مخففات: (۱) Travelling allowance ۔ (۲) Target Area ۔ (۳) Tax agent ۔ (٤) Telegraphic ۔ (٥) army ۔ (٦) Territorial army ۔ (۷) Toxin . Antitoxin ۔ (۸) Traffic agent. Traffic auditor ۔ Transit au- thority

T. B. : (بول چال) Tuberculosis کا مخفف : تپ دق ۔

T-bone : (n) T کی شکل کی ہڈی ۔

T- bone steak : (n) گائے کے گوشت کا قتلہ جو تلنے یا بھوننے کے لئے کاٹ لیا جاتا ہے (خصوصاً کمر کے پٹھے کا) ۔

T-branch : (n) خاص (main) پائپ میں چھوٹے پائپ کا زاویہ قائمہ کی طرح کا جوڑ : ٹی (T) کی شکل کا جوڑ ۔

T-cart : (n) کھلی فٹن ۔

T-cloth : (n) ایک قسم کا سادہ کپڑا جس پر 'T' کی مہر لگی ہوتی ہے ۔

Ta : (بول چال) Take کا متبادل ۔

Ta : (خاص کر بول چال) To کا متبادل ۔

Ta : (n) (بول چال اور بچوں کی زبان) Thank you کے اظہار کے لئے: شکریہ : آداب : شکریہ ادا کرتا ہوں ۔

Ta : (بول چال) The, Thee, Than کی شکل ۔

Ta-ta : (intrej.) [Origin unkn.] (بچوں کی زبان اور بول چال) خدا حافظ : فی امان اللہ : تا تا: دیکھو Good-bye ۔

Taal /Thet. : (n) [OE. 'Talu'.] بگڑی ہوئی ولندیزی بولی جو جنوبی افریقہ کی کیپ کالونی میں بولی جاتی ہے: نالی: افریقی بولی ۔

Taanith esther /Taanit - : (n) [Heb.] Esther کا روزہ ۔

Tab : (n) [Origin absc.] (۱) بند: تکمہ: دم چھلا: (جیب کا) پردہ: چھوٹاسا ٹکڑا جو لباس وغیرہ میں لگا یا لٹکا رہے ۔ (۲) نیب: شامچہ: دھات کا چھوٹا سا چھلا یا خول جو جوتے کے بند کے سرے پر لگا دیتے ہیں ۔ (۳) (فوجی) نشان جو فوجی اسٹاف افسران کے گریبان پر لٹکا ہوتا ہے ۔ (٤) بغلی پردے جو توپی کی دونوں طرف کان کی حفاظت کے لئے لٹکے رہتے ہیں ۔ (٥) (امریکا، بول چال) حساب : پڑتال : جانچ ۔ (٦) سامان کا لیبل : چٹ جو سامان وغیرہ پر لگا دیتے ہیں ۔ (۷) (برطانیہ) اسٹاف : افسر ۔ (۸) شے ملحقہ : تتمہ : اضافہ : دُم چھلا : ضمیمہ ۔ (۹) (انگریزی بول چال) کاریگر: ماہر: استاد: شاطر: کامل: ہوشیار ۔ (۱۰) قیمت : دام ۔ (۱۱) تکیا: قرص: حب ۔ (۱۲) جدول بنانےوالا: مرتب: حساب کتاب کرنے والا ۔ (۱۳) (تھیٹر) اسٹیج پردے کو لٹکانے والا پھندا: اسٹیج کا پردہ ۔

Ear Tab : بغلی پردے جو ٹوپی کے دونوں طرف کان کی حفاظت کےلئے لٹکتے رہتے ہیں ۔

To keep (a) tab : جانچ پڑتال کرنا: حساب کتاب کرنا۔

Tab : (n) (بول چال) Cantad کامخفف: (کیمبرج کا طالب علم؛ کیمبرج کا آدمی)۔

Tab : (v) (۱) پورا کرنا؛ مکمل کرنا : آراستہ کرنا؛ تکمہ لگانا ۔ (۲) تخصیص کرنا؛ صراحت کرنا؛ لقب دینا؛ لقب ہونا؛ نشان دہی کرنا ۔ (۳) شناخت کرنا؛ جدول تیار کرنا؛ حساب کتاب کرنا ۔

Tabac : (a) [Fr.] تمباکو کے رنگ کا؛ گہرا بھورا ۔

Tabacco/Tabaco : (n) تمباکو: تنباکو: Tobacco کا متبادل ۔

Tabagie : (n) [Fr.] (۱) تمباکو نوشوں کا گروپ جو کلب میں جمع ہوتے ہیں ۔ (۲) سگریٹ پینے کی جگہ یا کمرہ ۔

Tabanid : (a) [L.'tabanus'.] خرمگسی: Tabonidae جنس کی مکھی سےمتعلق ۔

Tabanid : (n) خرمگس: مگسِ اسپ: کنومکھی: بزمکھی: مکھا ۔

Tabanus : (n) [L.] جنس مکھی: خرمگس: جنس نُمرہ ۔

Tabard : (n) [OFr.'tabart', 'tabar'.] (۱) (تاریخ) لبادہ جو غریب غرباء (نادار) عموماً کُرتے کے اوپر پہنتے تھے ۔ (۲) (زرہ کے اوپر پہننے کا) بےآستین کا جامہ ۔ (۳) شاہی نقیب کی وردی (جس پر شاہی نشان بنا ہو)۔

Tabarded : (a) لبادہ پہنے ہوئے ۔

Tabaret : (n) [mod. trade name, prob.] (کرسیوں) وغیرہ پر چڑھانے کا) موتاریشمی کپڑا جس میں ایک دھاری ساٹن کی اور ایک لہریا ریشم کی ہوتی ہے ۔

Tabasco : (n) [From Tabasco, name of river and state of Me] (۱) (Capsicum) کیپ سیکم سے بنی ہوئی تیز چٹنی ۔(۲) (نیز مجازاً) کہانی (پُر مزاح)۔

Tabasheer /Tabashir : (n) [Arab, Pers. 'Tabashir'.] (نباتیات) تباشیر: طباشیر: سلیکا سےمشابہ ایک سپید مادّہ جو بانس کے جوڑ سے نکلتا ہے ؛ نسلوچن کی ایک سفید رنگ کی دوا: اسے Bamboo Salt بھی کہتے ہیں: دودھیا پتھر ۔

Tabatiere : (n) [Fr.] ناس بکس: بلاس بکس ۔

Tabbied : (a) (کپڑا) دھاری دار بنایا ہوا ۔

Tabby : (n) [med. L.'attabi'.] (۱) ایک قسم کا دھاری دار ریشم: حریر لہریا دار ۔ (۲) Tabby gown a dress ۔ (۳) Tabby cat کا مخفف: بلّی جس کے بدن پر دھاریاں ہوتی ہیں ۔ (٤) (حیوانیات) بلّی (پالتو بلّی) ۔ (٥) عمر رسیدہ عذرا: بوڑھی دوشیزہ: سن رسیدہ کنواری عورت ۔ (٦) (برے معنوں میں استعمال) کمینہ خصلت عورت: بکّی اور بدگو عورت ۔ (۷) دو پروانوں کے نام (Aglossa cuprealis&Agloss a pinguinalis)پتنگوں کی قسم جن پر دھاریاں بنی ہوتی ہیں ۔ (۸) کنکریٹ ۔(۹) ایک قسم کا ریختہ یا گچ ۔

Tabby : (a) (۱) دھاری دار؛ رنگ برنگ: لہر دار؛ لہریا (کپڑا خصوصاً ریشم) خط و خال دار۔(۲) بھورے رنگ کا؛ گندمی؛ چمپئ رنگ ۔

Tabby : (v) (کپڑے کو) لہریا بنانا؛ (کپڑے پر) دھاری بنانا ۔

Tabby cat : (n) گربہء پلنگی ؛ گلہریا بلّی ؛ خط دار بلّی ۔

Tabby gown /-dress : (n) دھاری دار ریشم کا لباس ۔

Tabby moth : (n) دھاری دار پتنگا ۔

Tabbyhood : (n) سن رسیدہ کنواری عورت ہونے کی حالت ۔

Tabefaction : (n) [Late L.'tabefacere'.] (شاذ) بیماری سے گھلنا؛ نقاہت: کمزوری؛ لاغری؛ نحیفی؛ نزاری؛ نحافت ۔

Tabefy : (v) آہستہ آہستہ دبلا اور لاغر ہونا؛ بیماری سے گھلنا؛ کمزور ہونا؛ مریل کرنا؛ دبلا کرنا ۔

Tabella : [L. dim. of 'tabula'.] (طب) قرص؛ ٹکیا؛ حبّ ۔

Taberdar : (n) [L.taberd(i)us.] (۱) چاؤشی لباس پہننے والا: لبادہ پہننے والا۔(۲) Queen 's College آکسفورڈ کا وظیفہ یاب طالب علم ۔

Taberdar's Room : (n) جونیر کامن روم ۔

Taberna : (n) [L] چادر؛ خیمہ ؛ وقتی پناہ گاہ؛ وقتی اقامت گاہ ۔

Tabernacle : (n) [L. 'tabernaculum'.] (۱) چادر یا خیمہ: سائبان؛ وقتی اقامت گاہ: جھونپڑی؛ بودوباش کی جگہ: سکونت گاہ ۔(۲) (بائبل) اٹھاؤ مکان:

چھوتا اور ہلکا مکان جسے منتقل کرسکتے ہوں؛ چھولداری ۔(۳) (مجازاً) کالبد خاکی؛ جسم انسانی ۔ (٤) (تاریخ یہود) حظلہ؛ شامیانہ؛ جسے فلسطین میں آباد ہونے سے پہلے یہودی معبد کے طور پر استعمال کرتے تھے ۔(٥) (اکثر تحقیراً) عبادت گاہ؛ خدا کا گھر؛ خانہء خدا؛ عبادت کرنے کی جگہ؛ معبد ۔ (٦) تبرکات کا صندوق یا خانہ (عشائےربانی وغیرہ رکھنےکا)۔ (۷) (تعمیرات) چھجے دار طاق؛ گرجے میں چھجے دار یا چتردار نشست گاہ؛ چتردار برجی؛ چتردار طاق ۔ (۸) (جہاز رانی) خانہ مستول ۔ (۹) عارضی عبادت گاہ ۔

Feast of Tabernacles : یہودیوں کا ایک تیوہار؛ عید الظال؛ چھولداریوں کا میلہ جسے یہودی دشت تیہہ میں اپنی آوارہ گردی کی یادگار میں لگاتے ہیں ۔

Tabernacle : (v) [med . L.'tabernaculare'.] (۱) (مجازاً) ڈیرہ ڈالنا؛ عارضی قیام کرنا ؛ چند روز کےلئے ٹھہرنا؛ ٹك جانا؛ خیمہ میں زندگی گزارنا؛ خیمہ لگانا ۔ (۲) پناہ دینا؛ عارضی مسکن کا کام دینا ۔ (۳) کسی درگاہ میں (آثار و یادگار کو) رکھنا؛ بطور تبرّك محفوظ رکھنا ۔

Tabernacle roof : (n) ڈھلان چھت؛ وہ چھت جو آخر میں ڈھلواں ہو ۔

Tabernacle work : (n) (۱) طاق یا ممبر کی چھتری یا چھجوں پر آرائشی منبت کاری ۔ (۲) وہ تعمیر جس میں آرائشی طاقچے اس کی نمایاں خصوصیت ہوتے ہیں ۔

Tabernacled : (n) (۱) چھجے دارطاق وغیرہ والا ۔(۲) کٹاؤ کے کام کا ۔

Tabernacular : (a) [f. L. 'tabernaculum'.] (۱) (شاذ) چھجے دار طاق والا ؛ سائبان کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) کٹاؤ کے کام وغیرہ کاسا یا اس کےمتعلق ۔ (۳) مربوط بہ چادر؛ خیامی ۔ (٤) (مجازاً) پست؛ معمولی؛ عادی؛ پیش پا افتادہ ۔

Tabes : (n) [L.] (۱) (مرضیات)ضعف؛ تپ دق؛ سوکھا؛ بزالی؛ زبونی؛ چھائی؛ روگ؛ ضنّی؛ وہ مرض جس میں آدمی بتدریج گھلتا جاتا ہے۔ (۲) بیماری کی وجہ سے پودوں کا سوکھنا ۔

Dorsal Tabes : لڑکھڑاتی چال ؛ صراع ؛ ضنی الصلب؛ ریڑھ کا مرض ۔

Tabes dorsalis : (n) لڑکھڑاتی چال ؛ ریڑھ کی ہڈی کا ایك مرض ۔

Tabes mesentarica : (n) (طب) ماساریقی سلّ ۔

Tabescence : (n) مضنت؛ سوکھا لگنا؛ دبلا پن؛ کمزوری ؛ لاغری ۔

Tabescent : (a) [L. 'tabescentem'.] لاغر ہونے والا؛ تفتہ؛ نزار ؛ حُضنّی؛ سوکھا لگا ۔

Tabet : (n) [Origin unkn.] (اسکاتستان) احساس جسمانی؛ احساس بدنی؛ احساس ؛ حس ۔

Tabetic : (a) [L.'tabes '.] مضنّی ؛ سوکھا لگا؛ سوکھا زدہ ؛ بزالی ۔

Tabetic : (n) سوکھے کا مریض؛ سل نخاع کا مریض ۔

Tabetic crisis : (n) سل نخاع میں درد کا دورہ ۔

Tabetic dementia : (n) (طب) عتاہت بزالی ۔

Tabetic foot : (n) (طب) قدم بزالی ۔

Tabetless : (a) (۱) (اسکاتستانی) بےحس ؛ کرخ ؛ سُن ۔ (۲) (اسکاتستانی) احمق؛ نادان ۔

Tabic : (a) (۱) (شاذ) (طب) لاغر؛ سوکھا زدہ؛ تپ دق زدہ؛ مدقوق؛ حضنی ۔ (۲) لاغر ہونے والا؛ کمزور ہونے والا ۔

Tabid : (a) دیکھو Tabic

Tabidly : (adv.) لاغر طور پر؛ کمزوری کے ساتھ؛ سوکھے کے مریض کی طرح ۔

Tabidness : (n) لاغری؛ کمزوری ۔

Tabific : (a) [L.'tabificus'.] (شاذ) لاغر؛ سوکھا زدہ ؛ کمزور ہونے والا؛ موجب نزاری و لاغری ۔

Tabinet : (n) [app. arbitrarily f. TABBY.] اون اور ریشم کا لہر دار کپڑا؛ ٹیبینٹ؛ پوپلین جیسا ایك کپڑا ۔

Tabitude : (n) (طب) بزالی ؛ ضعف ؛ نزاری ۔

Tabla : (n) [Arab. 'tabla'.] (ہندستانی موسیقی) طبلہ ۔

Tablature : (n) [f. L. 'tabula'.] (۱) (مجازاً) تصویر خیالی؛ تصور؛ تصویر یا نقش (جو ذہن میں ہو)؛ (نفسیات) تصویر خیالی ؛ تخیّل ۔ (۲) (آرٹ) صورہ ۔ (۳) شرح واضح ؛ مشرح یا واضح

بیان؛ تمثیل ؛ تصویر یا نقشہ کھینچ دینا ۔ (٤) (تشریح) کھوپڑی کی ہڈی؛ جمجمہ ۔

Table : (n) [OE.'tabule'.] (١) میز؛ ٹیبل ۔ (٢) لوح؛ تختی؛ تختہ؛ نطع شطرنج ۔ (٣) (مجازاً) دسترخوان ؛ سفرہ ؛ مائدہ ۔ (٤) تختہ؛ نرد؛ جوئے کی ٹئواں میز (جس کے دونوں تختے تہ ہوجاتے ہیں)؛ آدھی میز؛ نیم تختہ ۔ (٥) چوکی؛ تختہ؛ مشین کا مسطح جس پر کاریگر وہ چیز رکھتے ہیں جس کو بنانا یا درست کرنا ہے ۔ (٦) مضمون یا تحریر جو لوح پر لکھی جائے؛ نوشتہ؛ لوح؛ کتبہ؛ لوحہ ۔ (٧) مسطح (اور بلند) حصہ زمین؛ سطح مرتفع ۔ (٨) (فن تعمیر) ہموار اور عموماً چوکورسطح؛ مسطح کنگنی؛ کارنس؛ چھجا؛ داسا ۔ (٩) (جواہرات کا) مسطح پہلو؛ داسا ۔ (١٠) قطعہ؛ ترشاھوا قیمتی پتھر جو دو طرف سے مسطح ہو ۔ (١١) (فراست الید) ہاتھ (ہتھیلی، کف دست، خصوصاً وہ حصہ جسے دیکھ کر کسی کی تقدیر یا آئندہ کے حالات بتائے جاتے ہیں) ۔ (١٢) طبقہ؛ تہ ؛ کھوپڑی کی ہڈیوں کی دو تہوں میں سے کوئی ایک؛ (تشریح) جمجمہ ۔ (١٣) ایک میز یا دسترخوان پر کھانے والے؛ اہل مائدہ ؛ ایک ساتھ کھانے والے ۔ (١٤) (ایک میز یا دسترخوان پر) کھانا؛ (طعام ومقدار دونوں اعتبار سے) خوراک؛ غذا۔ (١٥) فہرست ؛ جدول (مضامین یا اعداد کی جو بہ ترتیب الگ الگ خانوں میں لگے ہوں)؛ نقشہ؛ تصویر؛ جدول اوقات ۔ (١٦) عشائے ربانی ۔ (١٧) کھیل کا تختہ ؛ کھیل کی میز ۔ (١٨) ایک ہی میز پر کھیلنے والے افراد ۔ (١٩) جدول ریاضی ؛ فہرست مندرجات ۔ (٢٠) (جہازسازی) دیکھو Coak (n)۔ (٢١) ابھرا ہوا حاشیہ جو کسی عمارت کے چاروں طرف ہو ۔ (٢٢) (جمع میں) چوسر کی طرح کا ایک کھیل جو دوہری بساط پر کھیلا جاتا ہے ۔ (٢٣) کسی چیز کی ترتیب؛ باقاعدہ ترتیب ۔ (٢٤) دیکھو Table-land۔ (٢٥) دیکھو Table-diamond ۔ (٢٦) صفحہ بلور؛ بلور مسطح ۔ (٢٧) سطح دندان ۔

A pair (of) tables : لوح؛ تختی ۔

Astronomical tables : جدولہائے نجومی؛ نجومی جداول؛ زیج؛ زیج ۔

At table : کھانا کھانے کے وقت؛ میزپر ۔

Billiard table : بلیرڈ کھیلنے کی میز (جس پر سبز بانات منڈھی ہوتی ہے) ۔

Breakfast table/Dinner table : حاضری یا کھانے کی میز ؛ طعام میز ۔

Conversion tables : (طبیعیات) جدول تحویل ۔

Expenses of his table : کھانے کے مصارف ؛ باورچی خانے کے مصارف ۔

For (the) table : کھانے کے لئے ۔

Knee-table : دیکھو Knee

Mathematical tables : جداول ریاضیہ؛ (لوگارتم وغیرہ کی) ۔

Mortality table : جدول اموات؛ جس میں عمر کا اوسط وغیرہ بھی نکالا جاتا ہے ۔

Multiplication table : (ریاضیات) جدول الضرب ؛ پہاڑا ۔

On the table : مسطح طور پر؛ میز کے اوپر ۔

Round-table : دیکھو Round

The holy table /The Lord's Table : (١) عشائے ربانی کی میز ۔ (٢) عشائے ربانی ۔

The twelve tables : کلیات دوازدہ؛ وہ بارہ اساسی جو سنہ ٤٥١ قبل مسیح سے آغاز مسیح تک روما میں رائج تھے اور جن پر رومی اصول قانون مبنی ہے ۔

The two tables/The tables of the law/-covenant /-testimony : (بائبل کے) احکام یا قوانین عشرہ ۔

To lay on or upon the table : (پارلیمانی) ملتوی کر دینا(رپورٹ ، تجویز یا کاروائی کو) قانون سے خارج کر دینا ۔

To lie on the table : ملتوی ہو جانا ۔

To turn the tables : پانسا پلٹ دینا خصوصاً اس شخص کا جو پہلے دبا ہوا ہو؛ حریف کو دبا لینا ۔

Table : (v) [f. prec.] (١) میز پر رکھنا؛ (تجویز، روئدادوغیرہ کو) بحث کے لئے پیش کرنا ۔ (٢) (شہتیر یا کڑی کو دوسری کڑی سے) اس طرح جوڑنا کہ دونوں میں خانے بنائے ہوئے ہوں اور ایک کے آگے نکلے ہوئے حصے دوسرے کے خانوں میں بیٹھتے جائیں ۔ (٣) بادبان میں جوڑ لگانا؛ حاشیہ لگانا (تاکہ بادبان کا زور بڑھ جائے) ۔

(٤) درج کرنا (فہرست، جدول وغیرہ میں) ؛ فہرست میں لکھنا؛ جدول تیار کرنا ۔ (٥) غذا دینا؛ کھانے کا انتظام کرنا؛ مہمان نوازی کرنا۔ (٦) کھانا کھانا ۔ (٧) (امریکا) ملتوی کرنا؛ معرض التوا میں ڈالنا؛ ترک کرنا؛ موقوف کرنا ۔ (٨) (روپیا) بر وقت ادا کرنا۔ (٩) تاش کا پتّا پھینکنا ۔ (١٠) میز دھونا یا صاف کرنا ۔

Table : (a) (١) بہ شکل میز؛ میز نما؛ مسطح؛ سفرہ وار۔ (٢) میز کا یا اس سے متعلق ؛ میز پر استعمال کیا ہوا؛ میز پر بڑھایا ہوا ۔

Table allowance : (n) سربراہی یا اہتمام کے لئے بھتّا یا وظیفہ ؛ ٹیبل اخراجات کے لئے برطانوی فوج کے اعلیٰ افسروں کا فاضل بھتّا ۔

Table beer : (n) معمولی بیئر (شراب) جو کھانے کے ساتھ پی لی جاتی ہے ۔

Table-bell : (n) میز گھنٹی؛ جرس لوحہ؛ چھوٹی ہاتھ گھنٹی جو میز پر کسی کو بلانے کے لئے رکھی ہوتی ہے ۔

Table-board : (n) (١) شطرنج کھیلنے کا تختہ ۔ (٢) میز کا اوپری تختہ ۔ (٣) صرف کھانے کا انتظام (قیام کا نہیں) ؛ نظم طعام ۔

Table -book : (n) (١) جدول نامہ؛ دفترچہ یاد داشت ۔ (٢) کوئی خوش نما خصوصاً باتصویر کتاب جو آرائش کے طور پر میز پر رکھی جائے ۔

Table-centre : (n) کشیدہ کاری کا ایک حصہ جو میزپوش کے بیچ میں آرائش کے لئے ہوتا ہے ۔

Table chair : (n) وہ میز جو کرسی میں تبدیل ہو جائے ۔

Table -clamp (n) : میز کلمپ ؛ میز چمٹی (جس سے کوئی چیز میز پر رکھی جاسکے) ۔

Table-cloth : (n) (١) میزپوش ۔ (٢) میز کی چادر؛ دسترخوان (میز کا) سفرہ ۔ (٣) وہ بادل جو میزپوش کی طرح Table mountain کو ڈھانکے رہتا ہے ۔

Table cover : (n) (٢) (ہمیشہ استعمال کے لئے) میز پوش ۔ (٢) (کبھی کبھی استعمال کےلئے) دسترخوان؛ سفرہ ۔

Table-cut : (a) ہموار؛ کٹا ہوا؛ مسطح داسے کا(قیمتی پتھر) (الماس وغیرہ)؛ میز کی شکل میں کٹا ہوا ۔

Table d'hote : (n) [F.] عام میز(جس پر ہوٹل کے سب مہمان کھانا کھاتے ہیں) مہمان خانے کی رسمی اور روزانہ کی خوراک ۔

Table d'hote dinner /- lunch : (n) ہوٹل کا مقررہ کھانا (وقت اور قیمت دونوں لحاظ سے) ۔

Table diamond : (n) مسطح الماس؛ میزنما الماس ۔

Table-cut دیکھو Table-faced : (a)

Table-flap : (n) میز کا ٹوٹ کنارا(جسے حسب ضرورت لگالیتے یا گرا دیتے ہیں) ۔

Kitchen garden دیکھو Table-garden : (n)

Table-glass : (n) (١) میز پر شیشے کا جو تختہ آسانی سے لکھنے کےلئے رکھا جاتا ہے۔ (٢) مسطح شیشہ ۔

Table-hop : (v) ایک میزسے دوسرے میز پر جانا (مجازاً) دو ستوں سے ملتے رہنا ۔

Table-knife : (n) چھری ؛ کھانے کی میزپر استعمال ہونےوالی چھری۔

Table-land : (n) (١) (جغرافیہ) سطح مرتفع؛ نجد ۔ (٢) (جمع) زمین ہموار و مسطح ۔

Table-leaf : (n) (١) میز جوڑا؛ جسے میز کے ساتھ جوڑکر میز کو زیادہ لمبا کرسکیں ۔ (٢) میز کا ٹوٹ کنارا ۔

Table-lifting/-tipping : (n) میزکواٹھانا؛ جھکانا(روحانی طور پر)۔

Table-linen : (n) دستمال سفرہ؛ دسترخوان پر کا رومال ؛ میز پارچہ (میز پوش، دست پاک وغیرہ جو کھانے پر استعمال کئے جاتے ہیں) ۔

Table man : (n) (١) دستر خوان وغیرہ اٹھانے والا نوکر؛ میز پرکام کرنے والا ملازم ؛ خدمت گار۔ (٢) قمارباز ۔

Table-money : (n) (١) میز خرچ؛ وظیفہ میزبانی جو فوج کےاعلیٰ حکام کو دعوتوں کے لئے دیا جاتاھے؛ خرچ سفرہء افسران ۔ (٢) میز کا کرایہ جو کلب کے شرکاء سے کھانے کا کمرا استعمال کرنے کے معاوضے میں لیا جائے؛ نیز فاضل چارج جو بعض ریستوران میں لیا جائے ۔

Table-mountain : (n) (جغرافیہ) کوہ مسطح ۔

Table-napkin : (n) میز پر استعمال ہونے والی نیپکن؛ دستمال وغیرہ ۔

Table of contents : (n) فہرست مضامین ۔

Table of degrees : (n) دیکھو Degrees

Table of Logarithms : (n) لوگارتمی جدول ۔

Table-oil : (n) (۱) روغن سالاد؛ وہ تیل جو میز پر غذا میں ملانے کےلئے ہوتا ہے ۔(۲) چرم سازی میں کام آنے والا تیل ۔

Table-rapping /Table tapping : (n) (احضار ارواح، حاضرات) میز پر دستک کی آواز؛ مزید دیکھو Spirit rapping ۔

Table Round : (n) دیکھو Round table

Table ruby : (n) یاقوت جس کا اوپری حصہ مسطح ہو اور کنارے پر چھوٹے پہل ہوں ۔

Table salt : (n) کھانے میں استعمال ہونے والا نمک: میز پر استعمال ہونےوالا نمک ؛ میز نمک ۔

Table-shore : (n) (جہاز رانی) کم گہرا کنارہ ۔

Table-spoon : (n) کھانے کا چمچہ؛ بڑا چمچہ: ترکاری وغیرہ نکالنے والا چمچہ ۔

Table-stone : (n) (۱) میز سنگی؛ تختہ سنگ ۔(۲) (زمانہ ماقبل تاریخ کا) کھڑے پتھروں پر اڑے پتھروں کا گھیرا نیز افقی پتھر ۔

Table-talk : (n) میز کی گفتگو؛ معمولی گفتگو؛ دوستانہ گفتگو یا گپ شپ؛ مخصوص صحبت: کھانے پر کی بات چیت ۔

Table-talker : (n) میز پر باتیں کرنے والا؛ باتونی؛ باتیں بنانے والا ۔

Table-tennis : (n) ٹیبل ٹینس ؛ پنگ پونگ (کھیل) ۔

Table-tilting/-tipping : (n) (احضار ارواح) میز کو اٹھانے، جھکانے یا میز کے استعمال کا عمل ۔

Table-tomb : (n) صندوق نما قبر ۔

Table-turner : (n) میز کو حرکت دینے والا ؛ میز کو گھمانے والا۔

Table-turning : (n) (احضار ارواح) میز کو حرکت دینے کا عمل (بغیر کسی آلہ یا مدد کے) ۔

Table-ware : (n) میز کا سامان یا اسباب؛ کھانے کے وقت استعمال ہونےوالی چیزیں (مثلاً پلیٹ، چمچے، چھری کانٹے وغیرہ) ظروف سفرہ؛ لوازم میز ۔

Table-water : (n) معدنی پانی جو کھانے کےوقت بوتلوں میں رکھتے ہیں ۔

Table-wise : (adv.) میز کےطور پر؛ لوح مانند؛ بہ شکل میز ؛ مسطح۔

Table-work : (n) (طباعت) اعداد، الفاظ وغیرہ کی ترتیب ۔

Tableau : (n) [OFr. 'tablel'.] (۱) چپ نظارہ ؛ تصویر ؛ تصویر اسا سماں؛ زندہ مرقع جو کسی تاریخی واقعے وغیرہ کی تصویر پیش کرتا ہے ۔ (۲) مؤثر واقعہ ؛ منظر ؛ نقشہ (جو ناگہانی طور پر سامنے آجائے) ؛ نمائش یا برجستہ تصویر ۔ (۳) ذہنی تصویر ؛ تصوّر ؛ ذہنی شکل یا تمثال؛ محاکات ؛ شبیہہ ؛ عکس ؛ مثالی پیکر ۔ (٤) سرکاری فہرست ؛ گوشوارہ ؛ جدول ۔ (٥) پردہ نقاشی ۔

Tableau curtains : (n) قناتی پردے (جو تماشاگاہ پر ادھراُدھر سے آکر بیچ میں مل جاتے ہیں) ۔

Tableau vivant : (n) زندہ مرقع جس میں کردارکسی تاریخی واقعے وغیرہ کی تصویر پیش کرتا ہے: زندہ نمائش ؛ منظر زندہ ۔

Tableful : (n) میز بھر ؛ چیزوں کی مقدار یا مہمانوں کی تعداد جو ایک میز کے لئے کافی ہو ۔

Tablement : (n) (تعمیرات) ابھرا ہوا حاشیہ جو کسی عمارت کی دیوار کے چاروں طرف ہو ۔

Tabler : (n) (شاذ) (۱) میز وار ۔(۲) ادائیگی پر دوسرے کی میز پر کھانا پانے والا ۔

Tablespoonful : (a) بڑے چمچے کے برابر ؛ چمچہ بھر ؛ بھر چمچہ ۔

Tablet : (n) [OFr. 'tablete'.] (۱) تختی ؛ لوح ؛ لوحہ ؛ صفحہ ؛ تختہ ؛ ورقہ ؛ کتبہ ۔ (۲) (جمع) تختیوں کا جوڑ ؛ کئی تختیاں جو بندھی ہوئی ہوں ۔ (۳) ٹکیا ؛ قرص ؛ حبّ ؛ ٹیبلٹ ۔ (٤) چھجا (دیوار کا) ۔

In tablet form : ایک ہی جگہ اور بہت اختصار کے ساتھ۔

Votive tablet : لکھا ہوا تختہ جو اگلے زمانے میں مندروں میں کسی خطرے سےنجات پانے پر لٹکایا جاتا تھا ۔

Tablet : (v) [f.prec.] (۱) مسطح ؛ چپٹی سطح ؛ لوح دار کرنا؛ لوحہ پر لکھنا ۔ (۲) تختی پر نقش کرنا ۔ (۳) ٹکیا بنانا؛ قرص کی شکل میں لانا ۔

Tablet-arm chair : (n) وہ کرسی جس کا داہنا بازو چوڑا اور چپٹا ہوتا ہےتاکہ اس پر کاغذ رکھہ کر لکھہ سکیں یا کتاب رکھہ سکیں وہ کرسی جس کا بایاں بازو نہیں ہوتا ۔

Tablet tea : (n) قرص چائے ؛ ٹکیہ چائے ۔

Tablier : (n) [Fr. 'tabliye'.] (۱) پیش بند(عورتیں جو لباس کی حفاظت کےلئے کام کرتےوقت باندھہ لیتی ہیں)۔ (۲) پیش دامن(مزید دامن جو عورتوں کے آگے کے رخ لگایا جاتا ہے) ۔

Tabling : (n) (۱) ایک شہتیرکا آگےنکلا ہوا حصہ جو دوسرے شہتیر کے خانے میں بیٹھہ جائے ۔ (۲) جوز: حاشیہ (جو بادبان میں لگایا جاتا ہے) ۔ (۳) جوڑنے کا عمل؛ جدول بنانے کا عمل؛ جدول بندی ۔ (٤) دیکھو Table linen ۔ (٥) لوازم سفرہ ۔

Tabloid : (a) (۱) عام بڑے سائز کے اخبار سے آدھے سائز کا اخبار ۔ (۲) خلاصہ شدہ؛ تلخیص شدہ؛ ملخص ۔ (۳) عامیانہ ، بازاری، بے ہودہ؛ اوچھا؛ کمینہ؛ رذیل ۔

Tabloid :(n) (۱) مختصر ؛ مجمل؛ جامع؛ خلاصہ؛ ملخص؛ لب لباب ۔ (۲) ٹکیا؛ قرص ۔ (۳) (مجازاً) اخبار ، جو خبریں اختصار کے ساتھہ ایک ہی جگہ دے دیتا ہے ۔ (٤) ڈائجسٹ؛ قرص نما اشاعت ۔

Tabloidism : (n) صحافتی انداز بیان اورچھوٹے اخبار کی خصوصیت ۔

Taboo : (n) (۱) (آسٹریلیا کے مشرقی جزیروں میں) کسی شخص یا چیز کو قابل حرمت یا قابل لعنت قرار دینے کی رسم ؛ رسم تحریم؛ رواج ؛ ریت رسم ۔ (۲) امتناع؛ تحریم؛ ممنوع سازی؛ پرہیز؛ نہی؛ منع ؛ تقدیس ؛ منہیات ۔ (۳) جلاوطنی؛ شہربدری ؛ اخراج (برادری سے)؛ معاشرتی مقاطعہ؛ حقوق سے محرومی ۔

Taboo/Tabu :(a) [Tongan. 'tabu'.] (۱) (آسٹریلیا کے مشرقی جزیروں میں) تحریم‌شدہ؛ نہی شدہ؛ سحر آسا؛ ممنوع؛ ناپسندیدہ ۔ (۲) خاص جماعت کے لئے ممنوع (خصوصاً عورتوں کے لئے)؛ خاص شخص کےلئے امتناع ۔ (۳) مقدس؛ تقدیس شدہ؛ نا قابل انفساخ؛ واجب التعمیل ؛ محترم؛ قابل حرمت؛ قابل احترام ؛ غیرقانونی؛ خلاف قانون؛ ناجائز ۔

Taboo/Tabu : (v) (۱) حرام کرنا؛ ناجائزقرار دینا؛ ممانعت کردینا (عام رائے یا قانون کے زور سے) ۔ (۲) کسی شخص یا چیز کو قابل حرمت قراردینا ۔ (۳) معاشرتی مقاطعہ کرنا؛ حقوق سے محروم کرنا ؛ اخراج کرنا (برادری سے) ۔

Taboparalysis : (n) سل کی وجہ سے استرخا؛ سل نخاع سے ہونے والا فالج ۔

Taboparesis : (n) دیکھو Taboparalysis

Tabor/Tabour : (n) [OFr. 'tabur'.] (تاریخ) تبیرہ؛ طنبورہ؛ ڈھولکی ۔ (۲) طبلچی؛ طنبورہ بجانے والا ۔

Tabor/Tabour : (v) [f. prec.] (۱) طنبورہ بجانا؛ ڈھولکی پر ضرب لگانا؛ ڈھول پیٹنا ۔ (۲) ایک قسم کا سُر یا ایک قسم کی لَے بجانا ۔

Taborer : (n) تبیرہ؛ طنبورہ بجانے والا ۔

Tabouret/Taboret [Fr. 'tabure'.] (۱) ڈگڈی ؛ تپائی؛ منڈھیا (نشست کی چیز جس میں پشتہ اور دستے نہیں ہوتے) ۔ (۲) اڈا (جس پر کپڑا رکھہ کر کشیدہ کاڑھتے ہیں) کارگاہ قلاب دوزی؛ سوزن دانی؛ کشیدہ کاری کا فریم۔

Tabret : (n) [f. Tabor. (n)+et.] (تاریخ) طبل کوچک ؛ ڈھولکی ؛ چھوٹا طنبورہ ۔

Tabs : (n) (سنیما) بلکے پردے ۔

Tabu : (n) Taboo کا متبادل ۔

Tabula : (n) (۱) لوح؛ چوکا؛لکھنے کی ایک قدیم تختی؛ میز ۔ (۲) لوح فصلہ؛ سطح کلسی؛ مسطح استخوانی بڑی کی سخت اور چپٹی سطح ۔ (۳) پتھر پر لکھےہوئے قوانین؛ وہ قوانین جو کتبہ ہوں ۔ (٤) (کلیسا) قربان گاہ کی روکار کا غلاف (لکڑی یا دھات کا) ۔

Tabula rasa : (n) [L.] (۱) کوری تختی ۔ (۲) محو کامل ۔ (۳) (نفسیات) لوح سادہ؛ ذہن نوزائیدہ؛ پیدائش کے وقت بچے کا ذہن جو ماہر نفسیات

کے نزدیک کوری تختی ہوتا ہے اور رفتہ رفتہ اس پر ادراکات کے نقوش بنتے جاتے ہیں۔

Tabulable : (a) جدول کے قابل۔

Tabular : (a) {L. 'tabularis'.} (۱) میز نما؛ تختہ سا؛ لوحی؛ چوکور اورمسطح ۔ (۲) جدول کے مطابق؛ جدولی؛ فہرستی؛ مجدول؛ جدول یا فہرستوں کی شکل میں ۔ (۳) ورق سا ؛ ورق پر ورق ۔ (٤)(نباتیات) اُفقی؛ چپٹا؛ مسطح ۔(٥) (طباعت) وہ جو فہرست یا جدول کی شکل میں ترتیب دیا گیا ہو۔

Tabular difference : (n) تدریجی فرق ؛ وہ فرق جو لوگارتم وغیرہ کی جدول میں ہر عدد اور اس کے بعد کے عدد میں ہوتا ہے۔

Tabular spar : (n) ایک قسم کا سہ مائلہ معدن جس کی پرت مسطح ہوتی ہے

Tabular surface : (n) چوکور مسطح۔

Tabular structure : (a) ورق سا؛ ورق بر ورق ۔

Tabulare : (n) (حیوانیات) مسطح ہڈی؛ برگوشی ۔

Tabularization : (n) جدول بندی؛ فہرست بندی۔

Tabularize : (v) جدول بندی کرنا؛ فہرست بنانا؛ مسطح کرنا۔

Tabularly : (adv.) جدول کی صورت میں؛ جدول کے مطابق؛ جدول کے ذریعہ سے ۔

Tabulary : (n) {L.'tabularium'.} (روم قدیم) وہ مقام جہاں پبلک ریکارڈ رکھے جاتے تھے ۔

Tabulate : (a) {L.'tabularis'.} (۱) میزنما؛ تختہ سا؛ چوکور؛ جدولی شکل ۔(۲) مسطح؛ ورق سا؛ ورق برورق ۔

Tabulate : (v) {F. late L.'tabulat'.} (۱) ملخص کرنا؛ مختصر کردینا ۔ (۲) جدول یا فہرست بنانا؛ (اعداد وغیرہ کو) ترتیب دینا (فہرست کی صورت میں) ۔ (۳) چپٹاکرنا؛ تختہ سا بنانا؛ مسطح بنانا۔

Tabulated : (a) (۱) مسطح ۔(۲) جدول بنایا ہوا؛ مرتبہ؛ ترتیب دادہ ۔(۳) مختصر کیا ہوا ۔

Tabulated form : (n) مسطح فارم ۔

Tabulating machine : (n) جدول نگار مشین؛ فہرست ترتیب دینے والی مشین؛ (امتحان کےنتائج وغیرہ) مرتب کرنے والی مشین ۔

Tabulation : (n) (۱) جدول بندی؛ جدول سازی ۔(۲) ترتیب ؛ ترتیب فہرست؛ ترتیب جدول ۔(۳) (تعمیرات) بلندی کی مختلف منزلوں میں تقسیم ۔

Tabulator : (n) (۱) جدول نگار؛ فہرست ترتیب دینے والا؛ جدول بنانے والا؛ مُرتّب ؛ (امتحان کےنتائج وغیرہ کا) مُترتّب ۔(۲) جدول مشین ۔

Tabut : (n) {Arb. 'tabut'.} تابوت ۔

Tac-au-tac (-o.) : (n) (۱) حریف کا وارخالی دے کر وار کرنا۔ (۲) (بنوت) تابڑ توڑ وار ؛ تاربانده دینا؛ حریف کے وار روکتے جانا اور خود پیہم وار کرنا۔

Tacamahac/Tacamahaca : (n) {Sp.} (۱) گوندجو بعض امریکی درختوں سے برآمد ہوتا ہے ؛ صمغ امریکی ۔ (۲) ایک درخت جس سے بلسان بنتا ہے ؛ (نباتیات) بلسمی حور ؛ درخت بلسان ۔

Tacana : (n) {of Amer Ind origin.} (۱) بولی ویا (Bolivia) ، برازیل ، اور پیرو (Peru) کی ایک جماعت ۔ (۲) اس جماعت کا رکن ۔ (۳) تکانا کے لوگوں کی زبان ۔

Tace : (imperative) : [L.] (Tace لاطینی میں موم بتی کوکہتے ہیں)؛ خاموش رہو؛ چپ رہو (مزاحیہ اشارہ ہے کہ چپ ہو جاؤ) ۔

Tacet : [L.] (موسیقی کی ہدایت) رک جاؤ؛ ساکت رہو؛ گانا بجانا بند کرو ۔

Tache/Tach : (n) {OFr.} (۱) چمٹی (جس میں کسی چیز کو دبا کر رکھہ دیتےہیں) ۔ (۲) اٹکن (ہک وغیرہ جس سے کوئی چیز اٹکائی جائے) ۔ (۳) (طب) کلف؛ گندمہ؛ مسّا ۔

Tache :(n) {ME.'teche'.} (۱) (اسکاٹستان) سوجن؛ پھوڑا ۔ (۲) رنگ یا سیاہی کا دھبّا؛ داغ؛ دھبّا ؛ عیب؛ نقص ۔

Tache : (v) {OFr.'techier'.} (خاص کر اسکاٹستانی) دھبّالگانا؛ داغ لگنا ؛ داغ لگانا ؛ داغدار کرنا۔

Tache : (n) {Fr.} (شکرسازی) ان کڑھائیوں میں سے ایک جس سے ہو کر رس گزرتا ہے (تبخیر کے لئے) ۔

Tacheometer : (n) [Fr.] (سروے) فاصلہ پیما؛ فاصلہ بیں ۔

Tacheometric : (a) فاصلہ پیما کا یا اس سے متعلق ۔

Tacheometry : (n) (سروے) فاصلہ بینی ۔

Tachism : (n) [Fr.'Tachisme'.] دیکھو Action painting

Tachistoscope : (n) (نفسیات) توجہ نما ۔

Tachistoscopic : (a) (نفسیات) توجہ نما سے متعلق ۔

Tachistoscopically : (adv.) توجہ نما کے طور پر ۔

Tachograph : (n) (انجینیئرنگ) رفتار نگار؛ سرعت نگار؛ وہ آلہ جو موٹر گاڑی میں اس کی رفتار جاننے کے لئے لگا ہوتا ہے ۔

Tachometer : (n) [F.Gr. 'tachos+-meter'.] (۱) (آلہ) سرعت پیما ؛ مقیاس السرعت (جس سے کسی چیز کی سرعت رفتار معلوم کرتے ہیں) ۔ (۲) رفتار مشین پیما ۔ (۳) رفتار خون پیما ۔

Tachometric electrometer : (n) (الیکٹرک انجینیئرنگ) حساس برق پیما ۔

Tachometrically : (adv.) رفتار پیمائی کے طور پر ۔

Tachometry : (n) رفتار پیمائی؛ سرعت پیمائی ۔

Tachoscope : (n) (انجینیئرنگ) رفتار نما؛ سرعت نما ۔

Tachy -: سابقہ بہ معنی "سرعت" "تند" ۔

Tachycardia : (n) (مرضیات) اختلاج قلب؛ دل کی دھڑکن ۔

Tachydrite/Tachhydrite : (n) [G.] (معدنیات) کیلشیم اور میگنیشیم کا کلورائڈ ۔

Tachygen : (n) (حیاتیات) ظہور ناگہانی؛ نشوونما میں اچانک عضو کا نمودار ہونا ۔

Tachygenesis : (n) (حیوانیات) سریع بُروز ؛ تیز تولد ۔

Tachygenic/Tachygenetic : (a) تیز تولد کا یا اس سے متعلق ۔

Tachyglossal : (a) [Gr.] (زبان) جو تیزی سے باہر اندر کی جاسکے ۔

Tachyglossate : (a) ایسی زبان رکھنےوالا؛ آسٹریلیا کے ایک قسم کےخارپشت سے متعلق (جو چیونٹی کھاتا ہے)۔

Tachyglossid : (n) آسٹریلیا کے خارپشت قسم کا جانور؛ سیہی سے مشابہ ایک جانور؛ آسٹریلیا کا ایک زمین کھودنےوالا بے دانت کا جانور ۔

Tachygraph : (n) [Fr.'tachygraphe'.] تند نویس؛ سریع نگار ؛ مختصر نویس؛ اسٹینو گرافر (خصوصاً قدیم روم اور یونان میں مختصر نویس) ۔

Tachygrapher : (n) مختصر نویس؛ ماہر مختصر نویس ۔

Tachygraphic/-al : (a) (۱) مختصرنویسی کایااس سے متعلق؛ تیز نویسی کا ۔(۲) مختصر نوشتہ ۔

Tachygraphically : (adv.) مختصر نویسی کے ساتھ۔

Tachygraphist : (n) دیکھو Tachygrapher

Tachygraphy : (n) تیز نویسی کا فن؛ مختصر نویسی؛ (خصوصاً قدیم رومیوں اور یونانیوں کی) ۔

Tachylite/-lyte : (n) [G. 'tachylit'.] (ارضیات) کانچ پتھر؛ بسالت پتھر کی ایک قسم ؛ (معدنیات) بسالت شیشے کی ایک قسم ۔

Tachylogia : (n) (نفسیات) (طب) تیز گوئی ؛ سرعت نُطق ۔

Tachylytic : (a) کانچ پتھر کا ۔

Tachymeter : (n) (سروے) فاصلہ پیما؛ فاصلہ بیں؛ مسافت یاب ؛ دور بیں ؛ دوربیں مساحی ؛ (آلہ) زود پیما؛ پیمائش کرنے والوں کا آلہ جس سے مقامات کا تعین بہت جلد ہو سکتا ہے ۔

Tachymetric : (a) فاصلہ پیمائی کا یا اس سے متعلق ۔

Tachymetry : (n) فاصلہ پیمائی؛ فاصلہ بیں کا استعمال ۔

Tachyphemia : (n) (طب) تیزگوئی؛ تیز کلامی ۔

Tachypnoea : (n) (طب) سرعت تنفس ۔

Tachysporous : (a) (نباتیات) زود بذوری؛ سریع بذوری ۔

Tachytellic : (a) (حیوانیات) تیز پیدائی ۔

Tacit : (a) [L. 'tacitus' .] (۱) ساکت؛ خاموش؛ چپ چاپ؛ بغیر کہے ؛ بن بولے ؛ جو بغیر بیان کئے معلوم یا مفہوم ہو ؛ (نفسیات) ساکت ؛ مفہوم ۔ (۲) ضمنی؛ ضمناً؛ جو واضح طور پر بیان نہیں کیا گیا ہو ۔ (۳) استنباط کردہ؛ نتیجہ نکالا ہوا ۔

Tacit consent : (n) رضا با سکوت ۔

Tacitean : (a) [f. the name of the Roman historian Tacitus.] Tacitus کا یا اس سے متعلق؛ Tacitus کی طرزتحریر کا یا اس سے متعلق ۔

Tacitly : (adv.) خاموشی سے؛ چپ چاپ سے؛ ساکت طورپر بغیر بولے ہوئے؛ بالکنایہ ۔

Tacitness : (n) سکوت؛ خاموشی ۔

Taciturn : (a) [L.'taciturnus' .] کم گو؛ کم سخن؛ کم بولنےوالا؛ خاموش رہنے والا؛ کم گفتار؛ باتیں کرنے میں محتاط؛ اپنےخیالات ظاہر نہ کرنےوالا ۔

Taciturnity : (n) [L.'taciturnitas'.] سکوت؛ خاموشی؛ کم گوئی؛ کم سخنی ۔

Taciturnly : (adv.) خاموشی سے ؛ کم سخنی کے ساتھ ۔

Tack : (n) [ME. 'tak' .] (۱) کوکا (کوکئی) میخچہ؛ جھونی کیل جس کا سر چپٹا ہوتا ہے ؛ کیل بتن ۔ (۲) (جمع میں) نکندے ؛ لمبے لمبے ٹانکے جو عارضی طور پر لگا دیئے جائیں ؛ بخیہ ۔ (۳) (جہاز رانی) پال کی رسی جس سے بادبان کا کوئی گوشہ باندھ دیا جائے ؛ نیز وہ گوشہ جس میں یہ رسی بندھی ہو؛ بادھنی ۔ (٤) سمت جہاز؛ (بادبانی) جہاز کے چلنے کی سمت یا رخ؛ جہت کشتی ۔(٥) پلٹا؛ ہوا کے رخ سے فائدہ اٹھانے کےلئے جہاز کا ایک طرف موڑنا ۔ (٦) (قانون) مسلک ؛ طریق عمل؛ (مجازاً) طرز عمل ۔(۷) (پارلیمانی) کسی غیر متعلق دفعہ کومالی مسودہ قانون میں نتھی کردینا۔ (۸) (روغن وغیرہ کی) چپچپاہٹ؛ لسلساپن ۔ (۹) (باغبانی) کونپل کا بندھن ۔ (۱۰) (سیسہ گری) سیسے کا ایک حصہ جس کا سرا نلکی میں جڑا ہوتا ہے اور دوسرا حصہ دیوار یا کسی سہارے سے بندھا ہوتا ہے ۔ (۱۱) (مجازاً) (زمین پر) نیزھا میڑھا راستہ؛ روش ۔ (۱۲) ضمیمہ؛ تتمہ ۔ (۱۳) (بول چال) لتکتا ہوا چھجّا ۔(۱٤) (کوئلہ) باز: مچان؛ بلند چبوترہ ۔ (۱۵) گرفت ؛ پکڑ ؛ قبضہ ؛ قابو ؛ پکڑنے کی صلاحیت ؛ گرفت کی صلاحیت ۔

(۱٦) حمایت ؛ وابستگی ؛ تحمل؛ برداشت؛ استحکام ؛ طاقت ؛ قوت ؛ زور ؛ مضبوطی؛ استواری ۔ (۱۷) بگھی کے گھوڑے وغیرہ کا سازو سامان ۔(۱۸) پٹا ۔

Brass tacks : (عامیانہ) حقیقی تفصیل؛ اصل معاملہ یا معاملے کی بات ۔

Hanging by a tack : ہلکا بخیہ؛ معمولی نکندہ ۔

Port tack : (موسمیات) ساحل رخ (ہوا) ۔

Starboard tack : (موسمیات) مخالف ساحل (ہوا) ۔

Tin-tack : بوتامی کو کا جس پر تین منڈھا ہو ۔

To come (or get) down to brass tacks : صحیح اور حقیقی واقعہ کو پیش کرنا؛ اصل مدعاپر آنا ۔

To bring, get, haul, or put the tacks a board : ہوا کے رخ پر کشتی کو لےجانا ۔

To bring or have the starboard or port tacks abroad : کسی مخصوص سمت میں کشتی چلانا ۔

Tack : (n) [f. 'tac, tak'.] (۱) (خصوصاً اسکاتستانی اوربول چال) حق ملکیت ؛ حق قبضہ؛ حق لگان داری یا کرایہ داری؛ مدت لگان داری ۔ (۲) کرایہ پر لگائی ہوئی چراگاہ؛ اجارہ شدہ چراگاہ؛ مزرعہ اجارہ شدہ ۔(۳) مچھلی کا شکار ۔

Tack : (n) [Origin obsc.] غذا؛ کھانا؛ خوراک؛ خوراکی (خصوصاً) جہازی بسکٹ ۔

Hard-tack : جہازی بسکٹ ۔

Soft-tack : نان پاؤ؛ اچھی غذا؛ نرم چارہ ۔

Tack : (v) (۱) کوکے ٹھوکنا یا بٹھانا؛ کیل بٹن لگانا؛ میخ لگانا۔ (۲) سینا؛ نکندے ڈالنا؛ ٹانکےلگا دینا؛ بخیہ لگانا۔ (۳) (مجازاً) جوڑ دینا؛ منسلک کردینا؛ نتھی کردینا (خصوصاً مالی مسودہ قانون میں کوئی غیر متعلق دفعہ)؛ ایک ساتھ ملانا (واقعات، حساب کتاب وغیرہ) ۔ (٤) (جہازکا) رخ پھیرنا؛ راستہ بدلنا (اکثر about کے ساتھ) جہت بدل دینا؛ ہوا کے رخ پر چلانا؛ ہوا کی طرف لےجانا۔ (٥) (استعارتاً) مسلک یا طرزعمل وغیرہ بدلنا ۔ (٦) اضافہ کرنا؛ بڑھانا، ضمیمہ کرنا؛ شامل کرنا؛ ملحق کرنا ۔ (۷) باندھنا؛ نتھی کرنا؛ ٹانکنا؛ لگانا ۔ (۸) عارضی طور پر لگانا؛ جوڑنا(کیل وغیرہ جسے آسانی سے نکالا جا سکے) ۔ (۹) (ہوا)

سمت بدلنا؛ رخ بدلنا ۔(۱۰) زمین پر ٹیڑھا میڑھا راستہ بنانا ۔ (۱۱) (مجازاً) کسی کی وضع ، انداز، خیال ، رائے، طرزعمل کو بدلنا نیزبراہ راست طریقے سے بڑھنا یا عمل کرنا ۔ (۱۲) جہاز کی رفتار کو بدلنا۔ (۱۳) ہَوا کےخلاف جہاز کو چلانا ۔ (۱٤) (قانون) کسی تیسرے یا چوتھے رہن کو پہلے رہن کے ساتھ اس طرح ملا دینا کہ اسے ادائیگی میں دوسرے رہن پر فوقیت ہو ۔

Tack board : (n) بلیٹن بورڈ؛ سرکاری اطلاع کا بورڈ ۔

Tack claw : (n) کیل وغیرہ نکالنے کا ایک اوزار؛ میخ کش ۔

Tack-driver : (n) میخ انداز؛ مشین جو خودبخود کوکےٹھوک دیتی ہے ۔

Tack duty : (n) اجارہ کے طور پر کرایہ ۔

Tack hammer : (n) میخ چوب؛ چھوٹی ہتھوڑی جس سےکوکے ٹھوکنے اور عموماً ایک کنڈے کے ذریعہ باہر کھینچنے کا کام لیا جاتا ہے۔

Tack rag : (n) نقاشی کرنے سے پہلے گرد وغیرہ صاف کرنے والا کپڑا؛ صافی ۔

Tack rivet : (n) عارضی دو نُکی کیل ۔

Tack room : (n) وہ کمرا جس میںگھوڑے کا سازو سامان رکھا جاتا ہے ۔

Tacker : (n) (۱) کوکے ٹھوکنے والا؛ میخ زننده ۔(۲) بخیہ کرنے والا؛ بخیہ زن ۔ (۳) (تاریخ ، انگلش) پارلیمنٹ کے مالی بل میں دوسرا بل جوڑنے والا ۔(٤) چیزوں کو جوڑنے والا ۔

Tacket : (n) (اب بول چال) کیل؛ کانٹی؛ چھوٹی کیل؛ چھوٹا کوکا؛ میخ کوچک؛ نعل ۔

Tacket : (v) چھوٹے کوکے سے جوڑنا؛ چھوٹی کیل لگانا؛ نعل لگانا ۔

Tacketing gut : (n) (برطانیہ) جلد ساز کی تانت؛ جلد ساز کا دھاگا ۔

Tackety : (a) (خصوصاً اسکاٹستانی) نعل دار؛ گل میخ لگا ہوا ۔

Tackey : بول چال؛ خستہ حال؛ بدوضع ؛ Tacky کا متبادل ۔

Tackiness : (n) لسلساپن؛ چپچپاہٹ ۔

Tacking : (n) (۱) کوک ٹھوکنے کا عمل؛ بخیہ کرنے کا عمل؛ جوڑ دینے کا عمل ۔ (۲) (قانون) حق سبقت جو تیسرے یا بعد کے مرتہن کو اس بنا پر حاصل ہوجاتا کہ دوسرے مرتہن نے رہن کی اطلاع نہیں دی ۔ (۳) (پارلیمانی) خارجی یا غیر متعلق دفعہ کو کسی مالی مسودہ میں اس لئے نتھی کر دینا کہ دارالامرا میں اس کی مخالفت نہ ہوسکے کیونکہ دارالامرا مالی تجاویز کو از روئے آئین مسترد نہیں کر سکتا ۔

Tackle : (n) [LG.'takel'.] (۱) اسباب؛ لوازم کار؛ آلہ؛ اوزار؛ سازو سامان ؛ آلات وادوات ۔ (۲) بھاری اشیاء اٹھانے، بادبان وغیرہ چڑھانے اتارنے کا ساز و سامان؛ رسے، چرخیاں ؛ جرّ ثقیل : چرخیوں کا سلسلہ ۔(۳) آلہء جرثقیل؛ رسّاچرخی ۔(٤) کسی کام یا کھیل کا ضروری سامان ؛ لوازم ۔ (٥) اڑنگا؛ پکڑ ۔ (٦) (مستول کے) رسّے؛ رسّی ۔ (۷) آہنجہ (بوجھ اٹھانے کی چرخی اور اس کے لوازم) ۔(۸) مچھلی پکڑنے جانےکے سازوسامان ۔ (۹) گھوڑے کا سازو سامان (زین وغیرہ) ۔ (۱۰) خوراک؛ سامان خوردونوش؛غذا اورپانی ۔ (۱۱) (فٹ بال) پیچھے، دائیں اور بائیں وہ کھلاڑی جو حریف کو گیند آگے نہیں لے جانے دیتا ۔ (۱۲) (میکانیات) مرفاع؛ رسّا چرخی ۔

Fishing tackle : مچھلی کے شکار کا سامان ۔

Tackle : (v) [f. prec.] (۱) گھوڑے پر سازوغیرہ رکھ۔کر جوتنا (سواری کےلئے) ۔(۲) حریف کو روک لینا یا پکڑ لینا (خصوصاً فٹ بال کے کھیل میں) ۔ (۳) گُتھ جانا؛ (حریف سے) لڑنا؛ مقابلہ کرنا ۔ (٤) گفتگو کرنا؛ بحث کرنا (کسی شخص سے کسی مسئلے پر)؛ بحث میں حصہ لینا ۔ (٥) نپٹنے کی کوشش کرنا؛ سلجھانے کی کوشش کرنا؛ سنبھالنا؛ سلجھانا؛ انجام دینا؛ کسی مسئلے کو حل کرنے کی کوشش کرنا ۔ (٦) (فٹ بال) اڑنگا لگانا؛ حریف کو گیند لےکر آگے نہ چلنے دینا۔ (۷) چرخیوں (وغیرہ) کے ذریعے سے چڑھانا یا لگانا ۔ (۸) پکڑنا؛ مٹھی میں لینا؛ قبضہ کرنا؛ مضبوط پکڑنا؛ مقابلہ کرنا؛ آمنے سامنے آنا (جانور یا آدمی کا) ۔ (۹) حملہ کرنا؛ دھاوا بولنا؛ چڑھائی کرنا؛ کسی معاملے پر سوال کرنا ۔ (۱۰) (غذا) کھانا شروع کرنا ۔ (۱۱) (باکی) مخالف سے گیند لینے کی کوشش کرنا ۔

Tackle-block : (n) چرخی؛ گھرنی (جس پر رسی پھرتی ہے) ۔

Tackle-board : (n) ایک چوکھٹا (فریم جس میں چرخی رہتی ہے دھاگوں کو لپٹانے کےلئے) ۔

Tackle-fall : (n) طناب؛ رسی جوڑ (وہ رسی جس سے چرخی کے مختلف حصے ملے ہوتے ہیں) ۔

Tackle-post : (v) دیکھو Tackle-board

Tackle to : (n) جٹ جانا؛ پل پڑنا (کسی کام میں) ۔

Tackler : (v) (۱) مقابلہ کرنے والا؛ ازنگالگانے والا (کھیل میں) ۔ (۲) سلجھانے کی کوشش کرنے والا ۔ (۳) چرخیوں سے چڑھانے والا؛ لوم (Loom) بٹھانے والا؛ ٹھیک کرنے والا ۔ (٤) (برطانیہ) ٹھونگا بنانے والی مشین کے پاس رہنے والا آدمی ۔

Tackling : (n) (۱) (میکانیات) چرخیوں کا نظام؛ چرخیوں کا سلسلہ؛ رسّا چرخی ۔ (۲) کسی کام کا ضروری سامان ۔ (۳) حریف کو روک لینے کا عمل ۔

Tacksman : (n) (اسکاتستانی، قانون) مُستاجر؛ ٹھیکے دار؛ اجارہ دار ۔

Tacky : (a) چپچپا؛ چسپ ناک ۔

Tacky : (n) (خصوصاً برطانیہ) وہ جوتے جس میں چاپ نہ ہو ؛ بےآواز کے جوتے؛ ٹینس کھیلنے کا جوتا؛ ٹینس جوتا ۔

Tacky : (n) [Origin Unkn.] (۱) بدحال گھوڑا؛ مریل گھوڑا ۔ (۲) معمولی آدمی؛ مفلوک الحال شخص ۔

Tacky : (n) (۱) مفلوک الحال شخص سے متعلق ۔ (۲) بدقطع؛ بھدا (لباس) ۔ (۳) بھڑک دار (مگر محض عارضی و سطحی) زرق برق؛ بھڑکیلا؛ نمائشی ۔

Tacky party : (n) وہ پارٹی جس میں مہمان زرق برق یا نمائشی لباس پہنتے ہیں اور آرائش میں بہترین شخص کو انعام دیا جاتا ہے ۔

Tacmahack : Tacamahak کا متبادل ۔

Tacnode : (n) [f. L. 'tactus ' + NODE.] (ہندسہ) نقطۂ تماس جہاں ایک ہی انحنا کے دو حصے ملتے ہوں ۔

Tact : (n) [L. 'tactus' .] (۱) موقع شناسی؛ آداب دانی؛ محل شناسی؛ مہارت؛ سلیقہ؛ شعور؛ ادراک (خصوصاً ٹھیک بات کہنے یا کرنے کا) ؛ نزاکت؛ حکمت ۔ (۲) اشخاص یا مواقع سے صحیح کام لینے کی صلاحیت؛ ہوشیاری ۔ (۳) (نفسیات) حکمت عملی؛ شعور؛ تدبیر (سمجھ)؛ موقع شناسی؛ (موسیقی) ضرب ۔ (٤) عمل لامسہ ۔ (٥) دوسروں کا خیال رکھنےوالا شخص؛ نکتہ رسی؛ پاس؛ لحاظ (دوسروں کے جذبات کا)؛ سبک اندامی ۔

Tactful : (a) (۱) باشعور؛ آداب داں ؛ ہوشیار؛ محل شناس؛ موقع شناس ۔ (۲) ہوشیاری کا؛ موقع شناسی کا ۔ (۳) بانزاکت؛ حضور ذہن والا؛ نزاکت والا؛ حساّس؛ زودحس؛ نازک دماغ؛ زود رنج؛ دوسروں کی رائے یا طرز عمل سے جلد اور زیادہ متاثر ہونے والا ۔

Tactfully : (adv.) تدبیر سے؛ حکمت عملی کےساتھ؛ ہوشیاری کے ساتھ ؛ موقع شناسی کے طور پر؛ زمانہ سازی سے ۔

Tactfulness : (n) حکمت عملی؛ شعور؛ زودحسی؛ اثر پذیری ۔

Tactic : (n) [mod. L.'tactica .] (۱) تدابیر جنگی؛ رزم آرائی ۔ (۲) دیکھو Tactics ۔

Tactic : (a) [mod . L. 'tacticus'.] ترتیب یا تنظیم سے متعلق؛ منظم ؛ مرتب ؛ باترتیب ۔

Tactic : (a) [f.L.'tact.'tangere' .] لمسی؛ مربوط بہ حس لامسہ؛ (حیوانیات) تحریکی ۔

Tactical [f. Gr. 'tactikos' +-AL.] (۱) (فوج) تدابیر جنگی کا یا اس سے متعلق؛ مواقع جنگ یا ترتیب فوج سے متعلق ؛ مصافی ؛ مصافیاتی ؛ تدبیراتی ۔ (۲) تدبیر یا جوڑ توڑ کا ؛ نظم سے متعلق ۔ (۳) (فوج) شاطرانہ؛ استادی کا؛ ماہر؛ ماہرانہ؛ رزم آرا ۔ (٤) حکمت عملی سے؛ باشعور ۔

Tactically : (adv.) (۱) تدبیر سے؛ جوڑ توڑ سے حکمت عملی کے ساتھ ۔ (۲) مصافیات کے لحاظ سے ۔

Tactician : (n) جنگ داں ؛ رزم آرا؛ با تدبیر شخص؛ شاطر؛ جوڑ توڑ کا آدمی؛ (سیاسیات) تدبیرکار؛ ماہر مصافیات ۔

Tactics : (n) [Pl. of TACTIC] (۱) تدابیر جنگی؛ جنگ دانی؛ رزم آرائی ۔ (۲) مہارت؛ تدابیر ۔ (۳) (فوج) سپہ آرائی ؛ ترتیب فوج کا فن؛ فوجوں کو حسب موقع بٹانا؛ بڑھانا خصوصاً جب کہ لڑائی شروع ہو ۔ (٤) جوڑ توڑ؛ داؤ پیچ؛ ترکیبیں؛ چالیں ۔

Tactile : (a) [L. 'tactilis'.] (۱) لمسی؛ لمسیہ؛ جو لامسہ سے محسوس یا متعلق ہو؛ احساس لمس سے متعلق ۔

(۲) لمس پذیر؛ محسوس؛ ملموس؛ جو چھونے سے محسوس ہو ۔ (۳) (نقاشی) جسمانیت دکھانے یا پیدا کرنےوالی؛ جس میں تصویر مجسم نظر آئے؛ تجسیمی ۔

Tactile : (n) متحرک؛ حرکی؛ لمسی؛ محسوسیت ۔

Tactile amnesia : (n) (طب) لمسی نسیان ۔

Tactile bristle : (n) (نباتیات) لمسی مُو ۔

Tactile circle : (n) (نفسیات) لمسی دائرہ ۔

Tactile corpuscle : (n) (حیوانیات) لمسی جسیمہ ۔

Tactile disk : (n) چمڑے کے اندر کی تہوں کا لمسی حساس خلیہ یا قرص ۔

Tactile hair : (n) (حیوانیات) لمسی بال ۔

Tactile impression : (n) لمسی ارتسام؛ لمسی حِس؛ لمسی اثر ۔

Tactile organ : (n) (حیوانیات ، عضویات) لامسہ ؛ عضو لامسہ؛ آلۂ لمس ۔

Tactile perception : (n) لمسی ادراک ۔

Tactile receptor : (n) وہ عضو جس تک لمس کا احساس پہنچے؛ وہ عضو جس سے لمس کا احساس ہو ۔

Tactile values : (n) (نقاشی) لمسی اقدار ۔

Tactilist : (n) وہ مصور یا نقاش جو لمسی قدروں پر زور دیتا ہو ۔

Tactility : (n) (۱) لمسیت؛ لمس پذیری ۔(۲) نقاشی؛ تجسیمیت ۔

Taction : (n) [L. 'tactionem' .] (عضویات) لمس؛ چھونےکا عمل؛ لمس؛ اتصال؛ ربط؛ تعلق ۔

Tactism : (n) (حیاتیات) یک سو حرکتی ۔

Tactless : (a) (۱) زبان کا پھوہڑ؛ بےتکا؛ بےتکے پن کا؛ بےحس؛ منہ پھٹ ؛ کند ۔ (۲) خلاف حکمت عملی؛ خلاف مصلحت ؛ موقع شناسی کے خلاف ۔ (۳) ناموزوں؛ بے محل؛ مہمل؛ لغو ۔

Tactlessly : (adv.) بے تکے پن سے؛ بے حسی کے ساتھ ۔

Tactlessness : (n) بے حسی؛ بےتکاپن ۔

Tactometer : (n) (طب) لمس پیما؛ حس لامسہ سنج ۔

Tactor : (n) دیکھو Tactile organ

Tactoreceptor : (n) دیکھو Tactile receptor

Tactual : (a) [f. L.'tactus'.] لمسی؛ حِسّی ۔

Tactualist : (n) (نفسیات) لمسیہ ۔

Tactually : (adv.) لمس کے ذریعہ؛ چھوکر ۔

Tactus : (n) (عضویات، حیوانیات) لامسہ؛ حِس لامسہ ۔

Prefer to tell my own tale : میں واقعے کو اپنے طور پر بیان کرنا چاہتا ہوں ۔

The tale is complete : گنتی پوری ہوگئی ۔

Thereby hang a tale : کچھ کہنے کو ہے؛ اس کے پیچھے ایک داستان ہے ۔

Thing tells its own tale : (۱) معنی خیز ہے (کوئی بات یا واقعہ) ۔ (۲) عیاں را چہ بیاں کے مصداق ہے ۔

To hold (make, give tell) no tale of : حساب نہیں رکھتا ۔

To tell (bring, carry) tales : چغلی کھانا؛ غمازی کرنا؛ سخن چینی کرنا؛ ڈھنڈورا پیٹنا ؛ لتراپا کرنا؛ چغل خوری کرنا؛ ایسی خبریں (خصوصاً راز کی) کہتے پھرنا جس سے کسی کی بدنامی ہو ۔

To tell tales out of school : دیکھو School

Traveller's tales : سفری داستانیں (جو نا قابل یقین ہوں) ۔

Tale book : (n) داستانی کتاب؛ قصے کی کتاب ۔

Tale-master : (n) داستان پرداز؛ مؤلفِ داستان ۔

Tale-monger : (n) دیکھو Tale-bearer

Tale-teller : (n) قصہ گو؛ داستان طراز؛ داستان نویس؛ ناقل؛ راوی ۔ (۲) دیکھو Talebearer ۔

Talebearer : (n) سخن چیں؛ نمّام؛ لُترا؛ چغل خور؛ غماز ؛ افواہ پھیلانے والا شخص؛ وہ شخص جو ایسی ویسی خبریں کہتا پھرتا ہے؛ ڈھنڈوریا؛ ڈھنڈورچی؛ بدگو ۔

Talebearing : (a) چغل خوری کرنے والا؛ بدگو؛ لُترا؛ غماز ۔

Talebearing : (n) چغل خوری؛ بدگوئی؛ لُتراپا ۔

Talegalla : (n) [mod. L.] (حیوانیات) بوقلمون پیشہ؛ ایک قسم کی آسٹریلیائی چڑیا ۔

Talent : (n) [L. 'talenta'.] (۱) استعداد؛ نعمت طبعی؛ نعمت خدا داد؛ ذوق ؛ صلاحیت ؛ جوہر ؛ (کسی خاص شے سے) فطری مناسبت ۔ (۲) ذہانت؛ ذکاوت؛

طباعی؛ اعلیٰ درجےکی ذہنی قابلیت، صلاحیت؛ خصوصی فطری صلاحیت ۔ (۳) ارباب ہنر ؛ اہل ہنر؛ اہل صلاحیت یا استعداد (من حیث المجموع) ۔ (٤) گھڑ دوڑ وغیرہ کی اصلاح میں) عطائی (The talent) جو ماہرین کی رائے پر بھروسا کرنے کی بجائے اپنی رائے سے شرط لگائے ۔(٥) (یونانیوں ، رومیوں وغیرہ کا) ایک وزن اور زر حسابی؛ ٹیلنٹ؛ قنطار ۔

All the talents of the country : ملک کے تمام اہل ہنر ۔

Attic talent : (یونان کی ریاست) اٹیکا کا ٹیلنٹ تقریباً ساڑھے تین ہزار روپے کی قیمت کا ۔

Talent money : (n) انعام؛ زرفاضل؛ (وہ رقم) جوکرکٹ وغیرہ کے پیشہ ور کھلاڑیوں کو عمدہ کھیل کے صلے میں ان کی فیس کے علاوہ دی جائے ۔

Talent-scout : (n) وہ شخص جو با صلاحیت آدمی کو تلاش کرتا ہے (کھیل، تجارت وغیرہ کےلئے) ۔

Talented : (a) (نفسیات) باذوق ؛ ذہین ؛ ذکی؛ قابل ؛ لائق؛ باصلاحیت؛ ہنرمند؛ با استعداد ۔

Talentless : (a) بےہنر؛ بےصلاحیت؛ غبی؛ کُند؛ ناقابل ۔

Tales : (n) [L. pl. of 'talis'.] (۱) (قانون) عدالت میں کسی جیوری کے نہ آنے کی وجہ سے یا کسی جیوری پر اعتراض ہو جانے کی وجہ سے یا کسی وجہ سے جیوری کی مقررہ تعداد پوری کرنے کےلئے ان لوگوں میں سے جیوری چن لینا جو عدالت میں موجود ہوں ۔ (۲) جج کا حکم جیوری کو بلانے کے لئے۔

To pray a tales/To grant-/To award- : تکمیل جیوری کی درخواست کرنا ۔

Tales book : (n) وہ کتاب جس میں طلب کئے ہوئےجیوریوں کے نام درج کئے جاتے ہیں ۔

Talesman: (n) وہ شخص جو تکمیل جیوری کے لئے طلب کیا جائے ۔

Talewise : (adv.) بطور قصہ یا افسانہ ۔

Talewort : (n) گاؤ زباں ۔

Tali : (n) [Tamil, 'tali'.] سونے کی سکری جو دولہا ہندوستان میں دلہن کے گلے ڈال دیتا ہےجسے وہ تا حیات شوہر پہنے رہتی ہے ۔

Taliacotian : (a) [f.'Taliacotius'.] عمل تالیا کوشی ۔

Taliacotian operation : (n) ایک جراحی عمل جس میں بازو وغیرہ کا گوشت لے کر نئی ناک لگا دیتے ہیں ؛ ٹیلیا کو شی عملیہ؛ ناک لگانا ۔

Talio : (n) [L.f. 'talis'.] (قانون) قصاص؛ تلافی عینی؛ مکافات (مثلاً آنکھ کے بدلے آنکھ ، دانت کے بدلے دانت) نیز یہی سزا اس کی بھی ہوگی جو اپنا الزام ثابت نہ کر سکے گا ۔

Talion : (n) [L. 'talionem'.] دیکھو Talio

Talionic : (a) قصاصی؛ ثاری ۔

Taliped : (a) (حیوانیات) مائل پا؛ (طب) پاچیزی ؛ کج پا ؛ افدع؛ احنف ؛ پاؤں پھرا (جانور یا آدمی جس کا پاؤں پھرا ہوا ہو) ۔

Taliped : (n) کج پا شخص ۔

Talipes : (n) [mod L. f. L. 'talus+pes.'] (طب) انحراف پا؛ کج پائی؛ گرز پائی؛حنف؛ علت فدع؛ پاؤں پھراپن؛ احنفیت ۔

Talipes equinus : (n) (بیطاری) فَرسیِ کج پائی ۔

Talipes valgus : (n) (طب) ردح القدم ۔

Talipes varus : (n) (طب) فدعُ القدم ۔

Talipot/Taliput : (n) [Skr.Talapattra'.] تال پات ؛ ایک قسم کا تاڑ جس کے پتے چوڑے چوڑے ہوتے ہیں (نباتیات) قسم تاڑ ؛ پنکھا برگ ۔

Talisman : (n) [It. Talismano'.] (۱) تعویذ؛ گنڈا ۔(۲) (علم النجوم)نقش؛ طلسم؛ سحر کی اشکال جو لوح وغیرہ پر نقش کر دیتے ہیں ۔

Talismanic/-al : (a) طلسمی؛ طلسماتی ۔

Talismanically : (adv.) طلسمات کے طور پر؛ طلسماتی طریقہ پر ۔

Talita : (n) (علم النجوم) ثالثہ (ستارہ) ۔

Talk : (n) [f. next.] (۱) بات کرنے کا عمل؛ گفتگو ؛ بات چیت؛ سخن؛ زبانی جمع خرچ؛ خالی باتیں ؛ تقریر ؛ بیان ؛ وعظ ؛ خطبہ؛ (جمع) مکالمت ۔ (۲) جو

موضوع گفتگو ہو؛ وہ بات جس کا چرچا ہو ۔ (۳) مذاکرہ؛ مکالمہ؛ مختصر سی تقریر (گفتگو کے انداز میں خصوصاً وہ جو لاسلکی سے پھیلائی جاتی ہے) ۔ (٤) مشورہ ؛ گفت و شنید؛ بحث و مباحثہ ۔ (٥) افواہ؛ بکواس؛ غیر مہذب لوگوں کے ساتھ نیز زبانی خبریں جو ان کو دی جائیں یا ان سے ملیں ۔ (٦) مضمون؛ موضوع؛ اصل ۔ (٧) الفاظ کی بھرمار؛ بیجا طول ۔ (٨) اشارہ؛ رپورٹ ۔ (٩) تحریری تجزیہ یا بحث جو مکالمت کے لئے پیش کی جائے ۔ (١٠) تبادلہ٭ خیالات ۔

Small talk : بہت ہی معمولی گفتگو؛ روز مرہ کی گفتگو ۔

Tall talk : ناقابل یقین بیان ؛ فخریہ بیان ؛ بڑی بڑی بات ۔

The talk of the town : موضوع گفتگو؛ شہر کی بات ۔

Talk : (v) [ME. 'talien',] (١) تقریر کے ذریعے خیالات کا اظہار کرنا؛ تقریر کرنا ؛ گفتگو کے ذریعے خیالات کا اظہار کرنا ۔ (٢) گفتگو کرنا؛ باتیں کرنا ؛ بولنا ۔ (٣) قوت گویائی ہونا ؛ ناطق ہونا ۔ (٤) بہت بولنا؛ بکواس کرنا؛ بک بک کرنا ؛ چخ چخ کرنا؛ فضول گوئی کرنا؛ حد سے زیادہ بولنا ۔ (٥) بحث کرنا؛ تقریر کرنا (کسی خاص موضوع پر) ۔ (٦) (کوئی زبان) بولنا؛ (کسی زبان میں) گفتگو کرنا؛ (بول چال کی زبان) استعمال کرنا ۔ (٧) لاسلکی کے ذریعے پیام بھیجنا ۔ (٨) بولتے بولتے کوئی خاص حالت پیدا کردینا ۔ (٩) افواہ کے طور پر کچھ کہنا ۔ (١٠) مکالمہ پیش کرنا؛ مذاکرہ کرنا؛ لیکچر دینا ۔ (١١) تبادلہ٭ خیالات کرنا ۔

To talk about : (کسی چیز پر) بحث کرنا؛ گفتگو کرنا ۔

To talk (a person) into or out of : گفتگو کے ذریعے باور کرانا؛ قائل کرنا؛ ذہن نشیں کرانا؛ ترغیب دینا ۔

To talk (a person) over or round : سمجھا بجھا کر راضی کر لینا؛ ہموار کرلینا ۔

To talk at : (کسی کو) سنا کر کہنا؛ طعن وغیرہ کا فقرہ مخاطب سے اس طرح کہنا کہ تیسرا شخص سن لے ؛ کسی شخص سے تاکید سے کہنا ۔

To talk (a thing) over/To talk over (a matter) : مذاکرہ کرنا ؛ بحث کرنا ؛ مباحثہ کرنا ۔

To talk away : باتوں میں وقت گھلانا؛ ضائع کرنا ۔

To talk back : جواب دینا؛ کلہ بہ کلہ جواب دینا؛ بےدھڑک جواب دینا؛ ترکی بہ ترکی جواب دینا؛ زبان چلانا ۔

To talk big/-tall : تفاخر سے بولنا؛ شیخی بگھارنا؛ ڈینگیں مارنا ۔

To talk (cold) turkey : (امریکا) کھری بات کہنا؛ صاف صاف کہنا ۔

To talk dialect : بول چال کی زبان استعمال کرنا ۔

To talk down : (١) (مخاطب کو) خاموش کردینا؛ ساکت کردینا (اپنے شور یا اڑے رہنے سے)؛ مسکت جواب سے خاموش کردینا ۔ (٢) پائلٹ کو (خطرے کی حالت میں) ریڈیو پیام رسانی کے ذریعے ہوائی جہاز کو نیچے اتارنے کی ہدایت دینا ۔

To talk Greek/-Hebrew : ایسی زبان میں گفتگو کرنا جسے سننے والا سمجھ نہ سکے ۔

To talk in one's sleep : غیر شعوری طور بولنا ۔

To talk of : (١) تذکرہ کرنا (کسی بات یا موضوع کا) ذکر کرنا (کچھ کرنے کے بارے میں) ۔ (٢) ہر پہلو سے غور کرنا؛ غور و فکر میں محو ہونا؛ سوچنا؛ مستغرق ہونا ۔

To talk one's head off : کسی سے بے حد تیزی اور روانی سے بولنا ۔

To talk one's way : گفتگو سے جگہ حاصل کرنا؛ تحریک یا ترغیب سے کوئی مقام حاصل کرنا ۔

To talk out : بحث کو طول دے کر فیصلہ نہ ہونے دینا (کسی تحریک وغیرہ کا کسی مجلس یا پارلیمنٹ وغیرہ میں) ؛ وقت گزار دینا ۔

To talk over : (١) گفتگو کرنا (ذرا تفصیل کے ساتھ)؛ بحث کرنا (کسی موضوع پر) ۔ (٢) ہم آہنگ بنا لینا؛ ہم خیال بنا لینا ۔

To talk round : بحث کے لئے جانا؛ بحث کو بیکار طول دینا ۔

To talk shop : اپنے پیشے سے متعلق بات کرنا ۔

To talk tall : شیخی بگھارنا؛ بڑا بول بولنا ۔

To talk through one's hat : (عامیانہ) زیٹ ہانکنا؛ بے پَر کی اڑانا؛ دھونس جمانا؛ غیر منطقی گفتگو کرنا ۔

To talk to : (۱) کہنا سننا؛ بات چیت کرنا ۔ (۲) (روزمرہ) کھری کھری سنانا؛ تنبیہ کرنا؛ ڈانٹنا؛ جھڑکنا؛ توبیخ کرنا ۔

To talk to death : کسی قانون ساز مجلس میں لمبی تقریر کرکے قانون منظور یا پاس نہ ہونے دینا ۔

To talk up : بحث چھیڑنا (کسی موضوع پر) ۔

Talk around : (v) حد سے زیادہ بات کرنا؛ بولنا ۔

Talk away : (v) فضول گوئی میں وقت گزارنا ۔

Talk back : (n) فوراً جواب میں کہنا؛ ترکی بہ ترکی جواب دینا ۔

Talk-down : (n) پائلٹ کو (خطرے کی حالت میں) ہَوائی جہاز کو نیچے اتارنے کی ہدایت ۔

Talkability : (n) صلاحیت گفتگو یا قابل گفتگو ہونے کی حالت ۔

Talkable : (a) قابل گفتگو؛ بولنے کے لائق ۔

Talkative : (a) پُرگو؛ باتونی؛ باتیں کرنے کا شوقین ؛ بکّی ؛ گپی ۔

Talkatively : (adv.) باتیں بول کر؛ پُرگوئی سے؛ بک بک کرتے ہوئے ۔

Talkativeness : (n) باتونی پن؛ پُرگوئی؛ بکواس ۔

Talkee-talkee : (n) (۱) بکواس؛ بک بک؛ گپ ۔(۲) حبشیوں کی ٹوٹی پھوٹی انگریزی ۔

Talker : (n) ناطق؛ سخن گو؛ بات کرنے والا؛ بولنے والا ؛ گفتگو کرنے والا؛ باتونی آدمی ۔

Talkfest : (n) (۱) عام مباحثہ کے لئے اجتماع ۔ (۲) عوامی معاملات کے لئے مباحثہ ۔

Talkie : (n) سنیما؛ ناطق فلم؛ ناطقہ؛ بولتی فلم؛ ناطقات ۔

Talkie projector : (n) (سنیما) عکس انداز ناطقہ ۔

Talking : (n) سخن گوئی؛ گفتگو ۔

Talking : (a) سخن گو؛ ناطق؛ گویا؛ بولتا ہوا (لغوی اور مجازی دونوں معنی میں) ۔

Talking book : (n) نابینا کے لئے ایک فوٹو گراف ریکارڈنگ؛ گویا کتاب ۔

Talking film : (n) بولتی فلم ۔

Talking iron : (n) تفنگ؛ ہوائی بندوق ۔

Talking machine : (n) (سمعیات) ناطق مشین؛ فوٹوگراف ۔

Talking picture : (n) ناطق تصویر؛ گویا تصویر ۔

Talking point : (n) موضوع بحث؛ مباحثے کا موضوع ۔

Talky : (a) باتونی؛ بکّی؛ حرّاف ۔

Talky-talky : (n) باتونی؛ بہت زیادہ بات کرنے والا؛ بولنے والا ۔

Tall : (a) [Origin obsc.] (۱) بلند؛ بلندقد؛ لمبا؛ بلند قامت (آدمی کے لئے) ۔(۲) بلند؛ اونچا (درخت وغیرہ کےلئے)؛ بلندوبالا ۔ (۳) بہت مبالغہ آمیز؛ شیخی کی (باتیں) ؛ حد سے بڑھا ہوا؛ گزاف ۔ (٤) روپے میں زیادہ؛ بڑا (عامیانہ) ۔

Tall clock : (n) ایک قسم کی بڑی گھڑی ۔

Tall cone flower : (n) ایک امریکی گھاس ۔

Tall copy : (n) کسی کتاب کی اچھی کاپی ۔

Tall drink : (n) مخلوط مشروب جو بڑے گلاس میں تقسیم کیا جائے ۔

Tall folio : (n) اچھا فولیو ۔

Tallorder : (n) لمبی چوڑی فرمائش ۔

Tallage : (n) [OFr. 'taillage'.] محصول کا ایک قدیم طریقہ جو چودھویں صدی میں ترک کر دیا گیا؛ کسٹم ڈیوٹی؛ ٹیکس؛ لگان ۔

Tallage : (v) محصول لگانا؛ ٹیکس لگانا ۔

Tallboy : (n) (۱) (کپڑے رکھنے کی) الماری؛ ٹنڈی دار گلاس ۔ (۲) دودکش کے اوپر کی ٹوپی یا ڈھکن ۔

Talliable : (a) [OFr. 'taillable'.] قابل محصول ؛ ٹیکس لگانے کے قابل ۔

Talliate : (v) [f. med. L. 'talliare'.] دیکھو Tallage

Tallier/Tailleur : (n) [f. Fr. 'tailler'.] (تاش کے کھیل میں) کارڈ تقسیم کرنے والا شخص؛ جوئے کا مہاجن ۔

Tallish : (a) نسبتاً بُلند؛ تقریباً بُلند؛ قدرے بُلند ۔

Tallith : (n) [Rabinical Heb. tallis.] ایک قسم کا رومال یا شال جو یہودی عموماً نماز میں اوڑھے رہتے ہیں؛ تالیث ۔

Tallness : (n) بلندی ؛ قدآوری ۔

Tallow : (n) [late ME. 'talgh'.] (۱) شحم؛ صاف چربی؛ پیہ؛ چکنائی جو چربی سے نکالتے ہیں اور شمعیں بنانے میں استعمال کرتے ہیں ۔ (۲) مختلف قسم کے روغن یا چربیلے مادے کو بھی کہتے ہیں جسے پودوں سے نکالتے ہیں ۔

Vegetable tallow : شحم نباتی؛ نباتی روغن ۔

Tallow : (v) [f. prec.] (۱) چربی لگانا؛ چربی سے چکنا کرنا ۔ (۲) (بھیڑوں یا مویشیوں کو) موٹا کرنا ۔

Tallow candle : (n) چربی سے بنائی ہوئی شمع؛ موم بتی ۔

Tallow-candler : (n) شمع گر؛ موم بتیاں بنانے اور بیچنے والا۔

Tallow-candlery : (n) موم بتی کی تجارت ۔

Tallow-drop : (n) گنبد نما نگینہ تراشی (جس میں دونوں یاایک طرف گولائی رکھتے ہیں)؛ (علم النجوم) گنبدی نگینہ تراشی ۔

Tallow-face :(n) زرد رو آدمی؛ وہ شخص جس کا چہرہ پیلا ہو ۔

Tallow-faced : (a) زرد رو ۔

Tallow oil : (n) جانور کی چربی سے نکالا ہوا تیل ۔

Tallow tree : (n) مختلف درختوں میں سے کوئی جس سے چربی نما چکنائی یا روغن نکلتا ہے ۔

Tallow-wood : (n) دیکھو Tallow tree

Tallower : (n) چربی فروش ۔

Tallowiness : (n) چربیلا ہونے کی حالت یا صفت ۔

Tallowish : (a) کسی قدر چربیلا؛ شحم آمیز۔

Tallowy : (a) چربی کا؛ چربی لگا؛ چربیلا؛ چربی کا سا ۔

Tally : (n) [AFr. 'tallie'.] (۱) حساب پٹی؛ جس پر نشان بنے ہوتے تھے اور برابر کے ٹکڑے فریقین کے پاس شمار کے لئے رکھے جاتے تھے ۔ (۲) حساب جو اس طرح سے رکھا جاتا تھا؛ دو طرفہ کھاتا؛ پٹی کا حساب ۔ (۳) لیکھا؛ (معاشیات) حساب کتاب؛ کھاتا؛ علامت گزاری؛ محاسبہ؛ حساب نگہداری ۔ (٤) نشان؛ رقم جو خاص تعداد کے لئے مقررکر لی جائے (درجن، کوڑی، سیکڑا وغیرہ) علامت ۔ (٥) چیزوں کو گنتے وقت مقررہ رقم (کوڑی، سیکڑے وغیرہ) کی پکار (جیسے اٹھارہ انیس کوڑی) ۔ (٦) (لکڑی یا کاغذ کی) تختی ؛ نشان (جو پہچان کے لئے لگا دیا جائے) ۔ (۷) (کسی چیز کا) جواب ؛ جوڑ ؛ مثنیٰ ۔ (۸)(معاشیات) مطابقت حساب؛ بدہ ملنا ۔ (۹) رسید؛ (مجازاً) سمجھوتا؛ مفاہمت؛ ہم آہنگی ۔ (۱۰) گروپ؛ سلسلہ؛ گروہ؛ جتھا ۔ (۱۱) نظیر؛ قرین؛ یار؛ رفیق ۔

Horticultural tallies : درختوں کے نام کی تختیاں ۔

To buy goods by the tally : (سوسو یا کوڑیوں کے) نشان کے مطابق مال لینا ۔

To live (on) tally : (عامیانہ) بغیرشادی کے مباشرت کرنا؛ بغیر شادی کے میاں بیوی کی طرح رہنا ۔

Tally : (v) [f.Tally. (n)] (۱) تطبیق کرنا؛ مطابق ہونا؛ (مقابلے میں اعداد) ٹھیک نکالنا؛ برابر ہونا ۔ (۲) چوب خط میں حساب کرنا؛ کھاتے میں لکھنا؛ کھتیانا؛ کھاتوں کا مقابلہ یا ملان کرکے حساب کرنا؛ اندراج کرنا ۔ (۳) (جہاز رانی) بادبان کسنا ۔ (٤) (خصوصاً) مال کو اتارنے چڑھانے میں حساب کرنا؛ شمارکرنا۔ (٥) نشان لگانا (اسباب پر) ؛ (مال پر) لیبل لگانا؛ علامت کے ذریعے فرق پیدا کرنا؛ جدول یا فہرست بنانا ۔ (٦) ٹھیک سے جواب دینا؛ ہم آہنگ ہونا؛ ہمنوا ہونا؛ موافق ہونا؛ یکساں ہونا؛ مطابق ہونا؛ موافق کرنا ۔ (۷) رجسٹر کرنا (کھیل یا مقابلے میں پوائنٹ یا اسکور) ۔ (۸) شمار میں لانا؛ شمار کرنا؛ کسی عدد تک گننا؛ میزان

لگانا؛ میزان دینا ۔ (۹) بغیر شادی کئے ہونے مباشرت کرنا ۔ (۱۰) مضبوطی سے پکڑنا ۔

Tally board : (n) وہ بورڈ جس پر حساب کے لئے نشان لگایا جاتا ہے؛ وہ بورڈ جو کھاتے کےطورپر استعمال ہوتا ہے ۔

Tally card : (n) (معاشیات) فرد حساب؛ کھاتہ ۔

Tally clerk : (n) (۱) کھاتےمیں حساب لکھنے والا؛ حساب دار ۔ (۲) وہ دکان دار جس کے یہاں خریداروں کا کھاتہ کھلا ہو ۔

Tally-ho : (n) [Fr. 'tayant'.] (۱) وہ صدا یا آواز جو شکاری لومڑی کو دیکھ کر لگاتا ہے جب وہ اپنی جگہ سے باہر نکلتی ہے؛ لش لش؛ لشکار؛ وہ آواز جس سے (شکاری) شکاری کتوں کو (شکار پر حملہ کرنے کےلئے) للکارتا ہے ۔ (۲) لندن اور برمنگھم کے درمیان تیز چلنے والی گاڑی؛ بگھی گاڑی ۔

Tally-ho : (v) (۱) لشکارنا؛ لہکانا؛ (کتوں کو) لش لش ، لگے لگے کہنا؛ ہنکارنا ۔ (۲) (لومڑی کو) دیکھ کر آواز لگانا ۔

Tally-man : (n) (۱) کھاتے میں حساب لکھنے والا؛ حساب دار ۔ (۲) وہ دکان دار جس کے یہاں خریداروں کا کھاتا کھلا ہو ۔ (۳) نمونہ دکھا کر مال بیچنے والا ۔ (٤) وہ شخص جو لوگوں کے ساتھ اقساط پر سودا طے کرتا ہے ؛ اقساط فروش ۔ (٥) (خصوصاً) کارگو (مال جہاز کا) اترتے اور چڑھتے وقت جائزہ لینے والا ۔ (٦) (عامیانہ) بغیر شادی کے ازدواجی زندگی گزارنے والا ۔

Tally-sheet : (n) (معاشیات) فرد حساب؛ کھاتہ ۔

Tally shop : (n) وہ دکان جس میں چیزیں قسط پر (ادائی میں) فروخت کی جائیں؛ وہ دکان جس میں خریداروں کا کھاتہ کھلا ہو ۔

Tally stick : (n) چھڑی یا خط دار لکڑی کی چھڑی جس پر قرض دینےاور ادائیگی کا حساب درج رہتاہے ۔

Tally system trade : (n) خریداروں کا کھاتہ کھول کر مال بیچنے کا طریقہ ۔

Tally-woman : (n) (۱) نگہدار حساب عورت ۔ (۲) وہ عورت جو شادی کئے بغیر ازدواجی زندگی بسر کرے (عامیانہ)۔

Talma : (n) [Named after Francois Joseph Talma, French Tragedian-1763-1826.] مردوں اور عورتوں کی بے آستین کی قبا جس کا انیسویں صدی میں رواج تھا ۔

Talmi-gold (n) (دھات) سنہرا پیتل؛ زر برنج؛ پتیل جس پر سونے کی تہ چڑھی ہو ۔

Talmud : (n) [late Heb. 'talmud'.] تلمود؛ تالمود؛ یہودیوں کے قوانین شرعی و عرفی؛ یہودیوں کی فقہ کا مجموعہ اور اس کی شرح (دو حصوں پر مشتمل ہے 'Nishman' فقہ کا مجموعہ جو سنہ ۲۰۰ء میں مدون ہوا اور ' Gemara' اس کی شرح یروشلم میں سنہ ٤۰۰ء اور بابل میں سنہ ٥۰۰ء کے لگ بھگ لکھی گئی) ۔

Talmud torah : (n) بچوں کے لئے یہودیوں کا مذہبی اسکول جہاں یہودیت کی تعلیم دی جاتی ہے ۔

Talmudical : (a) تلمودی؛ کتاب تلمود کا یا اس سے متعلق ۔

Talmudism : (n) تلمود کی تعلیم؛ تلمود کے پیرو ۔

Talmudist : (n) (۱) مؤلف تلمود ۔ (۲) پیرو تلمود؛ اہل تلمود ۔ (۳) عالم تلمود؛ تلمود کا اسکالر ۔

Talmudistic/-al : (a) تلمود یا اہل تلمود کے متعلق؛ تلمودی ۔

Talmudize : (v) تلمودی بنانا ۔

Talocalcaneal : (n) (حیوانیات) کعب عقبی ۔

Talon : (n) [OFr.] (۱) (جمع) چنگال؛ پنجہ؛ ناخن (خصوصاً شکاری پرندے کا)؛ چنگل پنجہ؛ (تشریح) ناخن دراز ۔ (۲) (ناش بانٹنے کے بعد جو پتے بچ رہیں ان کی) ڈھیری ۔ (۳) قفل کے کھٹکے کا پہلو (جسے بند کرتے وقت کنجی سے ڈھکیلتے ہیں) ۔ (٤) (تعمیرات) شط ؛ ککر ؛ دہرے بل کا حاشیہ ؛ وہ حاشیہ جس میں انگریزی حرف S کی شکل کے بل مسلسل چلے گئے ہوں ۔ (٥) ایڑی ؛ پاشنہ مانند چیز یا حصہ ۔ (٦) کوپن کے تختے کا آخری حصہ ۔

Taloned : (a) (۱) پنجے کا ۔ (۲) ناخن والا ۔

Talpa : (n) [L.] (۱) (حیوانیات) جنس چھچھوندر ۔ (۲) (طب) سکنہ سر؛ سر پر رسولی؛ گومڑی (جو سر وغیرہ میں ہو) ۔

Taluk/Talug : (n) [f. Arab.Talika Urdu, ta-alluqa'.] (۱)تحصیل؛ تعلقہ؛ ہندوستان کے جنوبی صوبوں میں ضلع کا ایک انتظامی حصہ؛ کلکٹری جس کا حاکم تحصیل دار ہوتا ہے ۔ (۲) جاگیر؛ تعلقہ؛ خاندانی ملکیت؛ جائداد ۔

Talukdar/Taluqdar : (n) تعلقہ دار؛ تحصیل کا آفیسر انچارج؛ صاحب ملک موروثی ؛ سرکاری حاکم یا جاگیر دار ۔

Talus : (n) [Fr. 'talus'.] (۱) دیوار کا ڈھلاؤ؛ ڈھلوان حصہ؛ کِلی سلامی؛ پشتہ دیوار ۔(۲) (طبقات الارض) چھوٹے پتھروں کا پشتہ (پہاڑی کے دامن میں)؛ جُفا؛ سنگریزی دامنہ ۔(۳) ڈھلوان پہاڑ ۔

Talus : (n) [L.] (۱) (تشریح) ٹخنا؛ کعب؛ عرقوب (۲) (تشریح) عظم الکعب ؛ ٹخنے کی ہڈی ۔ (۳) (طب) حنف یا پاؤں پھراپن ۔

Talus slope : (n) (ارضیات) ڈھلان دامنہ ۔

Tam o'Shanter : (n) [f. name of a hero in Burn's poem] گول قُبانما ٹوپی (اون یا سوت کی) ۔

Tam-tam : (n) [Hindi, see TOM-TOM.] دھات کی پیالی نما گھنٹی؛ طبل چینی ۔

Tamability /Tameability : (n) بل جانے کی صلاحیت؛ انس پذیری؛ اطاعت پذیری ۔

Tamable /Tameable : (a) انس پذیر؛ اطاعت پذیر ۔

Tamableness /Tameableness : (n) دیکھو Tamability

Tamachek : (n) توراگ (Tuarag) لوگوں کی بربری زبان (جو صحارا کے مرکزی یا وسطی اور جنوبی علاقوں میں بولی جاتی ہے) ۔

Tamal/Erron tamale : [Sp. 'tamal'.] ایک قسم کا میکسیکو کا کھانا جو پیسے ہوئے بُھٹے، گوشت کے ٹکڑے (خص یا چوزے کا) اور لال مرچ وغرہ ملا کر پکایا جاتا ہے؛ ایک لذیذ کھانا ۔

Tamandua : (n) [Tupi. 'tanandua'.] مور خور حیوانات کی بعض قسمیں؛ تمادو (حیوانیات) مورخورصغیر ۔

Tamanoir : (n) [Fr.] مور خور حیوانات کی قسمیں؛ (حیوانیات) مور خور کبیر ۔

Tamarack : (n) [a native Indian name in Canada.] (۱) تمارک؛ امریکا کا ایک درخت جس کی شکل مخروطی اور پتے چمک دار ہوتے ہیں؛ امریکی لارچ (Larch) ۔(۲) تمارک کی لکڑی ۔

Tamarau /Tamarao : (n) پانی میں رہنے والی سیاہ بال والی چھوٹی بھینس ۔

Tamaricaceae : (n) (نباتیات) سیاہ عرعر؛ جھاؤ کا درخت ۔

Tamaricaceous (a) جھاؤ کے درخت سے متعلق ۔

Tamarin : (n) [Fr.] جنوبی امریکا کا دندان دراز بوزنہ ؛ جنوبی امریکا کا لمبے دانت والا بندر (جس کی دم گچھے دار ہوتی ہے) تمارین ۔

Tamarind : (n) [Arab. 'tamr-hindi'.] (نباتیات) تمر ہندی ؛ املی ۔

Red tamarind : (نباتیات) تمر گجرات ۔

Wild tamarind : جنگلی املی کا درخت ۔

Tamarind-fish : (n) کھٹی یا املی پڑی مچھلی (املی ڈال کر پکائی ہوئی) ۔

Tamarind-plum (n) (۱) مشرقی ہندی درخت کا نام (Dialium inreum) ۔(۲) اس درخت کا پھل ۔

Tamarind-tea /-water : (n) املی کا عرق؛ سرد مشروب کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔

Tamarisk : (n) [late E. 'tamariscus'.] تَمرس؛ اثل فرنگی؛ ایک جھاڑی جس میں سفید یا گلابی پھول آتے ہیں اور پتے پر کی طرح نرم اور ہلکے ہوتے ہیں؛ سمندر کے کنارے لگائی جاتی ہے؛ (نباتیات) طرفا؛ جھاؤ؛ درخت گز؛ گز ۔

Tamarisk salt : (n) درخت گز سے نکالا ہوا نمک ۔

Tamarisk ware : (n) درخت گز کی لکڑی سے بنائے ہوئے برتن ۔

Tamarix (n) دیکھو Tamarisk

Tamarix Articulate : (n) (نباتیات) فرآش ؛ پتھرواں ۔

Tamarix Dioica/-Gallica : (n) (نباتیات) جھاؤ؛ پلچی؛ طَرفا ۔

Tamas : (n) [Skt.] (فلسفہ ہند میں) جہل؛ نادانی؛ تاریکی ۔

Tamasha : (n) [Urdu.] (۱) تماشا؛ سوانگ ۔ (۲) تقریب ؛ جلسہ ۔ (۳) ہنگامہ؛ ہل چل؛ افرا تفری ۔

Tamashek ; (n) دیکھو Tamachek

Tamber : (n) [by alter] (۱) وہ لکڑی جو عمارت میں استعمال کی جائے ؛ عمارتی لکڑی ؛ وہ لکڑی جس سے بڑھئی مختلف چیزیں بناتا ہے ؛ کاٹھ ؛ چوبینہ ۔ (۲) عمارتی لکڑی کے درخت ۔ (۳) جنگل ۔ (٤) لکڑی ؛ کڑی ؛ شہتیر ۔ (٥) (جہاز رانی) جہاز کی تسلی ؛ ان خمدار کڑیوں میں سے کوئی کڑی جس سے جہاز کا پنجر بنتا ہے ۔ (٦) (شکاریوں کی اصطلاح) کھیتوں کی باڑیں اور دروازے ۔ (۷) (عامیانہ) موٹی لکڑی کاٹکڑا؛ کُندا ۔ (۸) (کرکٹ عامیانہ) وکٹ ۔

Tambour /Tambor : (n) [Fr.] (۱) طنبورہ ؛ ڈھولک ؛ طبل ؛ دُہل ۔ (۲) گول اڈا جس پر کارچوب تیار کرتے ہیں ؛ کارچوبی کا فریم (کارچوبی کا کام بنانے کا) ۔ (۳) اس قسم کا کام ؛ کارچوب ۔ (٤) (تعمیرات) ستون کا ڈھولنا؛ گول پتھر جو ستون کے بیچ میں ہوتا ہے ۔ (٥) کسی چیز کا گول حصہ؛ گولا ۔ (٦) کلیسا کی مسقف برساتی جس میں ٹوٹواں دروازے ہوتے ہیں ۔ (۷) طنبور ماہی؛ مچھلیوں کی قسمیں جن کی شکل یا آواز طنبورے سے ملتی ہے ۔ (۸) لوہے کا کٹہرا (جو سڑک یا پھاٹک کی حفاظت کے لئے لگا ہو) ۔ (۹) نبض کی رفتار کو ریکارڈ کرنے والا آلہ ۔ (۱۰) سونے یا چاندی کے دھاگے (تار) کی اعلیٰ قسم ۔ (۱۱) (ٹینس) کورٹ کی دیوار کا نکلا ہوا حصہ ۔ (۱۲) (فوج) مدافعانہ کام (باڑ یا کٹہرے کی شکل کا) ۔ (۳) اتھلا دھات کا پیالہ یا طبل ۔

Tambour : (v) اڈے پر (فریم پر) کارچوب بنانا؛ زردوزی کرنا؛ کارچوبی کا کام کرنا ۔

Tambour-frame : (n) کارچوبی (کام بنانے) کا فریم ۔

Tambour lace : (n) کارچوبی کا فیتہ ۔

Tambour needle : (n) زردوزی کے کام میں استعمال ہونے والی سوئی ۔

Tambour stitch : (n) کروشیا کاری کا ٹانکا ۔

Tamboura/Tambur : (n) [Arab. 'Tanbura'.] طنبورہ ؛ ایک ہندوستانی موسیقی کا آلہ جس میں چار یا پانچ تانت لگے ہوتے ہیں ۔

Tambourin : (n) [Fr.] (۱) طنبوری ؛ لمبی پتلی ڈھولک جو فرانس کے علاقہ پرووانس میں رائج ہے ۔ (۲) طنبوری رقص؛ ایک قسم کا رقص جو طنبورین کے ساتھ ہوتا ہے ۔ (۳) اس قسم کے رقص کی موسیقی؛ طنبوری گت؛ وہ گت جو اس ناچ کے لئے بجائی جاتی ہے ۔

Tambourine : (n) [Fr. 'tambourin' .] (۱) دف؛ دائرہ؛ جھنکار ۔ (۲) فرانس کا ایک رقص یا ناچ جو دف کے ساتھ ناچا جاتا ہے؛ رقص دف ۔ (۳) گت جو (اس) ناچ کے ساتھ بجائی جاتی ہے ۔ (٤) کبوتر کی افریقی قسمیں ۔

Tambourine pigeon : (n) ایک افریقی کبوتر ۔

Tambourinist : (n) دف بجانے والا ۔

Tambreet : (n) [Mallangong lang. of New South Wales.] ایک دودھ پلانے والے آبی جانور کی جنس جو آسٹریلیا میں پائی جاتی ہے اور جس کے پاؤں پر جھلی منڈھی ہوتی ہے اور اس کی چونچ بط کی سی ہوتی ہے ۔

Tame : (n) [OE. 'tam'.] (۱) (جانور وغیرہ) پالتو؛ بلا ہوا ؛ خانگی (جنگلی یا وحشی کی ضد)؛ گھریلو؛ مطیع؛ بےضرر؛ آموختہ؛ رام؛ تربیت پذیر؛ فرمانبردار؛ سیدھا ۔ (۲) (مزاح) (شخص) نجی یا گھریلو کام کے لئے رکھا ہوا ۔ (۳) (بول چال) مزروعہ؛ کاشت کردہ؛ کاشت کی ہوئی (زمین)؛ (پودا) لگایا ہوا (باغ میں) (امریکا) ۔ (٤) بےحال؛ بےروح؛ بےمزہ؛ بےلطف؛ پھیکا؛ پھسپھسا ۔ (٥) مسکین؛ غریب؛ دبو؛ ڈرپوک؛ بزدل؛ فرومایہ؛ غلام جیسا؛ ذلیل ۔ (٦) ہلکا؛ دھیما؛ بودا؛ کم زور؛ بےاثر؛ سست؛ پیش پا افتادہ ۔

Tame : (v) [ME. 'tamen'.] (۱) (جنگلی جانور کو) کنٹرول (قابو) میں لانا یا آدمی کی خدمت کے قابل بنانا؛ رام کرنا؛ مسخر کرنا ؛ مطیع بنانا ۔ (۲) پالتو بنانا؛ ہلانا؛ (گھر میں) پالنا؛ (جانور کو) اہلی بنانا ۔ (۳) کچل دینا؛ دبا دینا؛ ٹھنڈا کردینا ؛ دھیما کر دینا؛ (جوش ہمت وغیرہ کو) ۔ (٤) سیدھا کر دینا؛ بل نکال دینا (کسی شخص کے) ۔ (٥) بے روح کرنا ؛ رام ہونا؛ بےمزہ ہونا؛ بے روح ہونا؛ ملائم ہونا؛ نرم ہونا؛ پست ہونا ۔ (٦) پالتو ہونا؛ سلیم الطبع ہونا؛ سنجیدہ ہونا؛ مدھم یا دھیما ہونا؛ یا دھیما کرنا ۔

Tame : (v) [Aphetic f. Attame.] کاٹنا؛ ٹکڑے ٹکڑے کرنا؛ (استعمال کے لئے) سوراخ کرنا؛ چبھونا۔

Tame cat : (n) (مجازاً) کا سہ لیس؛ طفیلی؛ وہ شخص جو دوسرے پر انحصار کرتا ہو۔

Tame cheater : (n) مرغ دام؛ وہ چڑیا جس کے ذریعے سے دوسرے پرندوں کو پھانستے ہیں۔

Tame-grief : (n) تسکین دہندہ؛ غم کو کم کرنےوالا۔

Tameable/Tamable : (a) Tamable کا متبادل۔

Tamedin : (n) خوشنما سایا جو برمی عورتیں پہنتی ہیں۔

Tameless (a) (شعر) نامانوس؛ وحشی؛ غیر اطاعت پذیر ؛ جو پالتو نہ ہوا ہو؛ جو پالتو نہ ہوسکے ؛ جو رام نہ ہو؛ اہلی نہ بنایا جا سکے۔

Tamelessness : (n) رام نہ ہونےکی حالت؛ غیراطاعت پذیری۔

Tamely : (adv.) (۱) مسکینی سے؛ کم زور طریقے سے؛ اطاعت پذیر ہو کر؛ سیدھے پن سے ۔ (۲) پھیکے یا پھسپھسے طریقے سے۔

Tameness : (n) (۱) مسکینی؛ دبوپن۔(۲) کم زوری؛ بے اثری۔(۳) بے لطفی؛ بےمزگی؛ بوداپن؛ پھسپھساپن۔

Tamer : (n) اہلی بنانے والا؛ سدھانے والا؛ رام کرنے والا ؛ پالتو بنانے والا۔

Tamerlane : (n) (تاریخ) تیمورلنگ۔

Tamil/Tamul : (n) [ad. 'Tamir, Tamil'.] (۱) ڈراویڈی نسل کی ایک قوم؛ تامل؛ جنوبی ہند اور سیلون (لنکا) کا باشندہ ۔ (۲) تامل زبان (اس قوم کی)؛ ڈراویڈین خاندان کا بڑا رکن۔

Tamilian/Tamulian : (a) تامل کا؛ تامل سے متعلق۔

Tamilian : (n) تامل کا باشندہ ؛ تامل قوم کا فرد۔

Tamilic : (a) تامل کا یا اس سے متعلق ؛ تامل زبان سے متعلق۔

Tammany : (n) تمانی؛ نیویارک کی جمہوریت پسند جماعت کی انجمن جس کا مستقر تمانی ہال ہے (اس سیاسی بد اخلاقی کی وجہ سے جو اس جماعت کی طرف منسوب کی جاتی ہے اس لفظ میں اکثر ذم کا پہلو نکلتا ہے)۔

Tammanyism :(n) تمانی اصول یا طریقہ؛ سیاسی بداخلاقی یا بد دیانتی۔

Tammy : (n) [of uncertain origin.] اونی دھاگے کا ایک عمدہ قسم کا کپڑا۔

Tammy : (n) [Fr. 'tamis'.] چھلنی اونی کپڑے کی بنی ہوئی۔

Tammy : (v) چھلنی سے چھاننا۔

Tammy : (n) Tameshanter کا مخفف۔

Tamp : (v) [Var. of Tampion.] (۱) (معدنیات) (بارود کی تہ پر سوراخ وغیرہ میں) ڈاٹ لگانا؛ مٹی وغیرہ بھرنا (اُڑانے کے لئے) ۔ (۲) (سڑک کے پتھر وغیرہ کو) کوٹ دینا؛ کٹائی کرنا؛ کوبا کرنا ۔ (۳) کوٹ کوٹ کر سخت اور مضبوط کرنا (مٹی وغیرہ کو تھاپی سے)۔

Tampan : [perhaps Sechuana name] جنوبی افریقہ کی ایک قسم کی زہریلی چیچڑی؛ تمپان۔

Tamper : (n) سوراخ کو بھرنے والا؛ سوراخ میں ڈاٹ لگانے والا۔

Tamper : (v) (۱) کام کرنا؛ کسی مقصد کے لئے اپنے آپ کو مشغول کرنا؛ خاکہ کھینچنا؛ منصوبہ باندھنا؛ کچھ کرنا ۔ (۲) سازش کرنا؛ خفیہ سازباز کرنا؛ سانٹھ گانٹھ کرنا؛ ناجائز(خفیہ) اثر ڈالنا۔ (۳) دخل دینا؛ مداخلت کرنا؛ بیجا دست اندازی کرنا؛ دخل درمعقولات کرنا؛ مخل ہونا؛ تعرض کرنا ۔(٤) تحریف کرنا (ناجائز طور پر دستاویز وغیرہ میں)۔

Tamperer : (n) سازش کرنے والا؛ دست اندازی کرنے والا ؛ تصرف کرنے والا شخص؛ تحریف کرنے والا شخص۔

Tampering : (n) (۱) تحریف ۔(۲) سازباز ۔

Tamping : (n.) بھرت؛ وہ چیز جو بارود کی تہ پر ڈاٹ کی طرح لگائی جائے یعنی مٹی وغیرہ؛ ڈاٹ لگانے کا عمل۔

Tamping-bar : (n) دیکھو Stemmer

Tamping-iron : (n) دیکھو Tamping-bar

Tamping-plug : (n) برما سے چھید کئے ہوئے سوراخ کو بند کرنے کی ڈاٹ یا پھر۔

Tamping-rod ; (n) ٹھوکن سلاخ ۔

Tampion/Tompion : (n) [Fr. 'tampon'.] (۱) (فوج) (لکڑی کی) ڈاٹ (توپ کی نال کا منہ بند کرنے کی پانی وغیرہ سے محفوظ رکھنے کے لئے) ۔ (۲) ارگن باجے کی نلکیوں کی) ڈاٹ ۔

Tampon : (n) [Fr.] (۱) ڈاٹ؛ ٹھیننی؛ سدادہ؛ بتی (زخم کے خون کو روکنے کے لئے) فتیلہ ۔ (۲) گدی جسے بالوں پر رکھ کر پٹی وغیرہ باندھتے ہیں؛ (طباعت میں تختے وغیرہ پر روشنائی پھیرنے کی) گدی ۔

Tampon : (v) ڈاٹ لگانا (زخم کا خون روکنے کے لئے) فتیلہ گزاری کرنا ۔

Tamponade : (n) (جراحی) ڈاٹ بندی (زخم کی) ۔

Tamponage : (n) ڈاٹ بندی (کا طریقہ) فتیلہ گزاری ۔

Tamponment : (n) ڈاٹ بندی؛ فتیلہ بندی ۔

Tan : (n) [med. L. 'Tannum'.] (۱) بلوط یا دوسرے درخت کی پسی ہوئی چھال ۔ (۲) شاہ بلوط کیکر وغیرہ کی چھال جس سے کھالیں رنگتے ہیں؛ چمڑا کمانا؛ کسّا؛ پوست دباغی ۔ (۳) اسی چھال کا رنگ؛ کتھئی رنگ؛ گندمی رنگ؛ چمپئ رنگ ۔ (٤) (دھوپ میں تپی جلد کا) سانولاپن ۔

Black and tan : ابلق (کتا) ۔

Spent tan : کسا کا پھوک جو تیزاب نکالنے کے بعد رہ جاتا ہے (سڑک وغیرہ پر بچھانے کے کام آتا ہے)۔

The tan : سرکس ۔

Tan : (a) کتھئ رنگ کا؛ خرمائی؛ اسمر ۔

Tan : (v) [Late OE. 'tannian'.] (۱) چمڑا کمانا (جس سے کچی کھال استعمال کےقابل بن جائے) دباغی کرنا ۔ (۲) چمڑے کا رنگ وغیرہ) سانولا کردینا یا ہوجانا؛ سنولانا؛ خرمائی رنگ میں رنگنا؛ بھورا بنانا ۔(۳) (نقلی مرمر ، مچھلی کے جال وغیرہ کو کسّے کے عرق وغیرہ میں رنگ کر) سخت کرنا ۔ (٤) (عامیانہ) مارنا؛ پیٹنا؛ کندی کرنا ۔

To tan (a person's) hide : (عامیانہ) مارنا؛ پیٹنا ؛ زد و کوب کرنا ۔

Tan : (ریاضی) Tangent کا مخفف ۔

Tan-balls : (n) کسا پھوک کے گولے(جو ایندھن کے کام آتے ہیں)۔

Tan-bark : (n) کسّا؛ پوست دباغی ۔

Tan-bed : (n) بلوط کی چھال کی تہ ۔

Tan-vat : (n) دبّاغی کی ناند ۔

Tan-wood : (n) دبّاغی کی لکڑی ۔

Tan-yard : (n) (معاشیات) دبّاغ خانہ ۔

Tana : (n) [Hindi. 'thana'.] تھانا؛ (ہندوستان میں) پولس اسٹیشن؛ چوکی (کوتوالی یا فوج کی) ۔

Tanadar : (n) تھانیدار؛ پولیس اسٹیشن کا انچارج ؛ داروغہ ۔

Tanager : (n) [mod. L. 'Tanagra'.] (طیرانیات) شمالی اور جنوبی امریکا کا ایک پرندہ؛ امریکی پرندوں کی بعض قسمیں جو قدوقامت میں چھوٹے اور اکثر چمکیلے پروں سے مزین ہوتے ہیں ؛ (حیوانیات) برقیش امریکی؛ تنگرا ۔

Tanagra : (n) پکائی ہوئی مٹی؛ سرخی مائل بادامی رنگ کی مورتیاں یا مجسمے جو Boeotia میں Tanagra کے قرب و جوار میں پائے جاتے ہیں ۔

Tanagrine : (a) تنگرا سے متعلق یا اس کا ۔

Tanagroid/Tangarid : (a) تنگرا مانند ۔

Tandan : (n) [Native name in Australia] ایک قسم کی آسٹریلیائی مچھلی ۔

Tandem : (n) [L.] (۱) ٹم ٹم؛ دوچکے یا پہیے والی گاڑی جسے دو گھوڑے کھینچتے ہیں ۔ (۲) دو اسپہ گاڑی؛ دو نشستی گاڑی (بائیسکل یا تپہیا سائیکل جس میں ایک دوسرے کے پیچھے دو یا زیادہ نشستیں ہوں) ۔

Tandem : (adv.) (۱) ایک دوسرے کے پیچھے؛ آگےپیچھے (گاڑی میں جُتے ہوئے گھوڑوں کے متعلق) دوگال؛ دواسپہ ۔

To drive Tandem : دو اسپہ ہانکنا ۔

Tandem bicycle/-tricycle/-canoe : (n) دو نشستی بائیسکل؛ ٹرائیسکل یا چھوٹی کشتی جس میں ایک شخص دوسرے شخص کے پیچھے بیٹھا ہو۔

Tandem connection : (n) (الیکٹرک) سلسلہ جوڑ۔

Tandem engine : (n) وہ اسٹیم انجن جس میں دو اسٹینڈ آگے پیچھے ہوں اور فشارگز پر دو فشارے کام کر رہے ہوں۔

Tandstickor : (n) [Sw.] (سوئیڈن کی) دیا سلائی؛ کبریت سویدی۔

Tang : (n) [ON. 'tange'.] (۱) (چھینی وغیرہ کی) نوک (جو دستے کے اندر بٹھادی جاتی ہے)؛ نوکدار حصہ یا نوک دار اوزار۔ (۲) سانپ کی زبان، نیش؛ سانپ کا زہری دانت؛ کسی کیڑے کا ڈنک (اب بول چال)۔ (۳) (بول چال) تیز نوک یا لوہے کی نوکدارسلاخ؛ دو شاخے کی نوک؛ بارہ سنگھے کا سینگ۔ (٤) کانٹا (بکسوے کا)؛ پھل (چاقو کا)۔ (٥) تیزبو؛ تیز چاشنی؛ تند مزہ؛ تند رائحہ؛ تیز ذائقہ؛ خِلش۔

Tang : (n) [Echoic.] غنغنی آواز؛ غنغنا لہجہ؛ ایک قسم کی سخت آواز؛ ٹن، ٹن یا چھن چھن کی آواز؛ جھنکار (تار کی)۔

Tang : (n) [Of Norse origin.] (نباتیات) ایک قسم کا بحری نرسل؛ تھانگ؛ قسم کائی۔

Tang/Tangue : (n) [f. native name.] تینریک؛ مڈغاسکر کا ایک دودھ پلانے والا جانورجو سیہی سےمشابہ ہوتا ہے۔

Tang : (v) (۱) نوکدار میخ لگانا؛ سلاخیں یا ڈنڈے لگاکر مضبوط کرنا؛ باڑھ یا ککر لگانا۔ (۲) بدبو سے متاثر ہونا۔

Tang : (v) [Mainly echoic.] (۱) بجانا (گھنٹی وغیرہ)؛ بجنا؛ ٹن ٹن، چھن چھن بجنا یا بجانا۔ (۲) غنغنی آواز میں بولنا۔ (۳) (گھنٹی وغیرہ کی آواز سے مہال کی مکھیوں کو) بلانا یا بٹھانا؛ جھنکارنا؛ جھنجھنانا۔

Tanga/Tangka/Tank/Tankah : (n) [Pg. 'Tanga'] مشرقی علاقے کے مختلف سکوں کے نام؛ ہندوستان کا ایک سکہ (تانبے کا)۔

Tangalung : (n) [Malay.] سماترا اور جاوا کا مشک بلاؤ۔

Tangara : (n) (۱) تنگارا؛ قدیم یونان کا شہر۔ (۲) مٹی کی مورتیاں جو تنگارا کے مقبروں میں پائی گئی تھیں یا اس طرز کی دوسری مورتیاں۔

Tangency : (n)[f. L.'tangentem'.] (ہندسہ) تماس؛ حالت مماس۔

Tangent : (a) (۱) (ہندسہ) تماس؛ مماس؛ دائرے، سطح وغیرہ کو صرف ایک نقطے پر چھونے والا (خط)۔ (۲) سائیکل کے چکوں کے متعلق کہا جاتا ہے جس کے ارّے (Spokes) ناف چرخ سےمماس ہوتے ہیں۔ (۳) (مجازاً) یکایک بات بدل دینے والا؛ منحرف؛ ڈانواں ڈول؛ حرکت دولابی رکھنےوالا۔ (٤) متصل؛ قریب؛ ملحق؛ مقرون۔

Tangent : (n) (۱) خط مماس۔ (۲) (ریاضی) ظِل؛ خط مماس۔ (۳) (Tangent scale) کا مخفف۔ (٤) ریلوے کی سڑک کا مستقیم حصہ (امریکا، بول چال)۔ (٥) دیکھو Digression۔

To fly, go, off at a tangent : درپیش معاملےیا مسئلے کو چھوڑ کر یکایک کچھ اورکہنےلگنا یا کرنے لگنا؛ یکایک یا اچانک بات بدل دینا۔

Tangent backsight : (n) (بندوق) ایک قسم کی نال کی مکھی جس میں مختلف کھڈوں کی اونچائی زاویہ ارتفاع کے خط مماس کے برابر ہوتی ہے۔

Tangent-balance : (n) ترازوئےمماسی (ایک قوس کی شکل کے ڈائل پر جس میں مختلف درجوں کے نشانات بنے ہوتے ہیں، ایک سوئی وزن بتاتی ہے)؛ (طبیعیات) مماسی ترازو۔

Tangent galvanometer : (n) (الیکٹرک) مماسی روپیما؛ مماسی مقناطیسی برق پیما۔

Tangent law : (n) (طبیعیات) کلیّہ مماس۔

Tangent line : (n) (ہندسہ) خط مماس۔

Tangent of an angle : (n) (ہندسہ) نسبت مماسی؛ قدرمماسی؛ وہ نسبت جو قائم الزاویہ مثلث میں خط عمودی کے قاعدے سے ہو؛ (ریاضی) ظِلّ زاویہ۔

Tangent-saw : (v) (لکڑی کا کندا) لمبائی میں چیرنا۔

Tangent scale : (n) (۱) (بندوق) ایک قسم کی نال کی مکھی جس میں مختلف کھڈوں کی اونچائی زاویہ ارتفاع کے خط مماس کے برابر ہوتی ہے۔ (۲) درجہ بند پیمانہ جس سے زاویوں کے

خطوط مماس ظاہر ہوتے ہیں ۔ (۳) (الیکٹرک انجینیئرنگ) ظلّی پیمانہ؛ مماسی پیمانہ ۔

Tangent screw : (n) مماسی پیچ ۔

Tangent sight : (n) دیکھو Tangent scale

Tangent triangle : (n) (ریاضیات) مماسی مثلث ۔

Tangental : (a) مماسی؛ ظلّی ۔

Tangential : (a) [f.L.'tengentem'.] (۱) مماسی؛ مماس کا یا اس سے متعلق؛ ظلّی ۔ (۲) (مجازاً) یکایک بدل جانے والا؛ منحرف؛ ڈانواں ڈول ۔ (۳) وہ چیز جو صرف کسی موضوع یا بات کی طرف اشارہ کرتی ہو یا بتاتی ہو ۔

Tangential : (n) (ہندسہ) وہ نقطہ جس پر خط مماس دوبارہ منحنی کو قطع کرتا ہے ۔

Tangential focus : (n) (بصریات)مماسی ماسکہ ۔

Tangential force : (n) (طبیعیات) مماسی قوت؛ قوت مماسیہ ۔

Tangentially : (adv.) مماس کی طرح سے؛ مماس کے رخ پر ۔

Tangently : (adv) مماس کی طرح سے؛ مماس کے رخ پر ۔

Tangerine : (a) [f. Tanger, + INE.] (جغرافیہ) طنجوئی یا اس کے متعلق ۔

Tangerine : (n) طنجہ کا باشندہ (مراکشی) ۔

Tangerine orange : (n) چکنی سنترہ (طنجہ کا)؛ طنجہ کی نارنگی کی ایک قسم؛ (نباتیات) طنجوی نارنگی ۔

Tanghin : (n) [Malagasy, 'tangena'.] (۱) مڈغا سکر کا ایک درخت جس کی زہریلی چھال قدیم زمانے میں بے گناہی کے ثبوت میں کھلائی جاتی تھی ؛ تن جنا ۔ (۲) تن جنا کا درخت ۔

Tangi : (n) [Maori.] سوگواری؛ نوحہ؛ عزا؛ عزا داری ۔

Tangi : (n) [Per. 'tangi'.] تنگی؛ عسرت ۔

Tangibility : (n) محسوسیت؛ ملموسیت؛ ممسوسیت؛ لمس پذیری؛ واقعیت؛ بیّن یا واضح ہونا؛ جسمیت ۔

Tangible : (a) [L.'tangibilis'.] (۱) محسوس؛ معلوم؛ ملموس؛ جو چھونے سے محسوس ہو؛ قابل لمس؛ چھونے کے قابل ۔ (۲) بیّن ؛ واضح ؛ ہویدا ؛ پیدا ؛ ظاہر؛ صاف ؛ روشن ؛ واقعی (نہ کہ خیالی) ۔ (۳) (قانون) معقول؛ قابل تقویم ۔ (٤) (قانون) جسمی؛ جسمانی؛ مادی ۔

Tangible objects : (n) (طبیعیات) ملموسات؛ مادّہ اجسام ۔

Tangibleness : (n) دیکھو Tangibility

Tangibly : (adv.) بیّن طور پر؛ صاف صاف؛ واضح طور پر ۔

Tangier : (n) (جغرافیہ) طنجہ ۔

Tangle : (n) [Norw. 'taangel'.] (۱) ایک قسم کا بحری نرسل ؛ تھانگ؛ قسم کائی ۔ (۲) Laminaria جنس کی بحری گھاس ؛ جلبک دریائی کی ایک قسم ۔

Tangle : (n) [f. Tangle. (v).] (۱) گلجھٹی؛ الجھاؤ ؛ پیچ ؛ جعد مو؛ طرہ زلف؛ زلف آشفتہ ۔ (۲) (مجازاً) پیچیدگی؛ الجھن؛ اضطراب؛ مخمصہ؛ درہمی؛ برہمی؛ آشفتگی بےترتیبی؛ گڈمڈ ۔ (۳) دلیل؛ دعویٰ، حجت؛ قوت استدلال؛ بحث ومباحثہ؛ تصادم؛ مجادلہ ۔

Tangle : (n) ایک قسم کا پودا ۔

Tangle : (v) [a nasalized var. of obs. tagle, prob. of Scand. origin.] (۱) الجھانا ؛ الجھنا (تاروں یا بالوں کا) ؛ درہم برہم کرنا ۔ (۲) پھانسنا؛ پھنسا دینا؛ دام میں پھانسنا؛ جال میں پکڑنا ۔ (۳) پیچیدہ بنا دینا؛ الجھن میں ڈالنا (معاملےکو) ژولیدہ کرنا؛ آشفتہ کرنا؛ پیچیدہ کرنا ۔ (٤) باہم وابستہ کرنا؛ خلط ملط کرنا ۔ (٥) ٹکرانا؛ تصادم ہونا ۔

Tangle-berry : (n) دیکھو Dangle berry

Tangle fish : (n) دیکھو Needle-fish

Tangle head : (n) ایک سدا بہار گھاس ۔

Tangle net : (n) دیکھو Gill net

Tangle picker : (n) چڑیا کی ایک قسم ۔

Tangle root : (n) اننّاس کی غیرمعمولی حالت جس میں اس کی جڑیں اصلی حالت پر نہیں رہتی ہیں بلکہ جڑ کے تنے کے چاروں طرف لپٹ جاتی ہیں (زمین کے اندر بڑھنے کے بجائے) ۔

Tangle-tail : (n) پتھر بیل؛ ایک قسم کی بیل جو عموماً چٹانوں اور دیواروں پر چڑھتی ہے ۔

Tangle wrack : (n) ایک قسم کی دریائی گھاس جو بطور کھاد استعمال ہوتی ہے۔

Tangled : (a) (۱) پیچیدہ؛ اشفتہ؛ الجھاہوا ۔(۲) بہت زیادہ پھنسا ہوا؛ انتہائی بے ترتیب ۔

Tangled affair : (n) پیچیدہ معاملہ؛ الجھا ہوا مسئلہ ؛ کار غامض۔

Tangled hair : (n) ژولیدہ بال؛ اشفتہ مو ۔

Tanglefoot : (a) (۱) پاپیچ ؛ پاؤں پھانسنے یا الجھانے والا ۔

Tanglefoot : (n) چیز پاگیر؛ وہ چیز جس سے پاؤں پھنس جائے؛ (خصوصاً امریکا عامیانہ) گھنیا ؛ نیز وہسکی؛ شراب؛ منشیات؛ مقوی مشروب کی ایک قسم ۔

Tanglement : (n) پیچیدہ حالت؛ الجھاؤ کی حالت؛ ابتر ہونے کی حالت ۔

Tanglesome : (a) پیچیدہ؛ الجھا ہوا ۔

Tangling : (n) پیچیدگی؛ اشفتگی؛ الجھن ۔

Tanglingly : (adv.) پیچیدگی کے طور پر؛ الجھن کے ساتھ۔

Tangly : (a) جلبک دریائی سے بھرا ہوا ۔

Tangly : (a) درہم برہم؛ پیچیدہ؛ ژولیدہ؛ الجھا ہوا ۔

Tango : (n) [Amr.-Sp.] تانگو؛ رقص تانگو؛ ہسپانوی یا جنوبی امریکا کا ایک رقص یا ناچ؛ اس رقص کی موسیقی ۔

Tango : (v) تانگو رقص کرنا ۔

Tangoreceptor : (n) (حیوانیات) لمس حسّاسہ ۔

Tangram : (n) [Origin obsc.] چینی گورکھ دھندا جس میں ایک مربع کے سات ٹکڑوں سے طرح طرح کی شکلیں بنتی ہیں ۔

Tangue : (n) [Malagasy, tandeke.] مڈغاسکر کا ایک دودھ پلانے والاجانور جو سیہی سے مشابہ ہوتا ہے اور کیڑے کھاتا ہے ۔

Tangun : (n) (حیوانیات) تبت اور بھوٹان کا ٹٹو؛ ٹانگن (عام طور پر ابلق یا چتکبرا) ۔

Tangy/Tangey : (a) تیز بو والا؛ تیز مہک والا؛ تیز ۔

Tanha : (n) [Pali, 'Tanha' f. Skt. 'trsna'.] زندہ رہنے کی شدید خواہش ؛ تمنا ۔

Tania/Tan(n)ier : (n) [Tupi. 'tana'.] Caladium جنس کا ایک پودا ۔

Tanist : (n) [Ir. and Gael. 'tanaiste'.] (تاریخ) (قلطی یا کلٹی Celtic رئیس کا) ولی عہد جو عموماً اس کے خاندان کا سب سے قوی بالغ شخص ہوا کرتا تھا اور رئیس کی زندگی ہی میں اس کا انتخاب ہوا کرتا تھا ۔

Tanistry : (n) (قدیم آئرستان میں) وارث کے انتخاب کا ایک طریقہ جس میں جاگیردار کے فوت ہوجانے پر اس کے سب سے بڑے اور لائق لڑکے کو اہل خاندان وارث منتخب کرتے تھے ۔

Tank : (n) [L.'stagnum'.] (۱) ٹنکی ؛ حوضک؛ (جغرافیہ) تالاب؛ حوض؛ دھات وغیرہ کا بہت بڑا ظرف جس میں پانی یا گیس وغیرہ بھری رہے۔(۲) (موسیقی) تانک ؛ ٹانک ۔ (۳) انجن کا وہ علاحدہ حصہ جس میں پانی بھرلیتے ہیں ؛ ٹنکی ؛ حوض ۔ (٤) (جزائر شرق الہند) ذخیرۂ آب؛ تالاب (خصوصاً مصنوعی جس میں پانی محفوظ رکھاجا سکے) ۔(٥) جہاز کا وہ خانہ جس میں تیل ؛ پانی وغیرہ جمع کر کے رکھتے ہیں ۔ (٦) (کار، ٹرک، ہوائی جہاز میں) وہ حصہ جس میں تیل رہتاہے ۔

Male tank/Female- : بڑے اور چھوٹے قسم کا ٹینک ۔

Tank : (n) (فوج) جنگی آہن پوش گاڑی جس میں آدمی اور توپیں وغیرہ ہوتی ہیں ؛ ٹینک ؛ قلعہ رواں ۔

Tank : (v) حوض، تالاب، حوضک وغیرہ میں جمع کرنا؛ ٹینک میں رکھنا؛ ٹینک میں ڈالنا ۔

To tank (up) : (۱) بہت زیادہ پینا (شراب)؛ پیٹ بھر کے کھانا۔ (۲) ہوائی جہاز موٹر گاڑی میں دوبارہ ایندھن ڈالنا ۔

Tank : (n) [Imit.] (۱) (خصوصاً انگریزی بول چال) مکا؛ وار؛ گھونسا؛ ضرب ؛ چوٹ ؛ دھماکا؛ ضرب کی آواز ۔

Tank : (n) [f. Skt. 'Tanka'] وزن کی ایک ہندوستانی اکائی جو موتی وغیرہ وزن کرنے میں استعمال ہوتی ہے (یہ 10.15 اونس کے مساوی ہوتی ہے) ۔

Tank barge : (n) (جنگی جہاز کی) ٹنکیوں سے بھری ہوئی کشتی؛ رقیق شے (تیل وغیرہ) لے جانے کےلئے ۔

Tank car : (n) ریلوے کی گاڑی جس میں رقیق اشیاء (مثلاً پانی، تیل وغیرہ) یا گیس لے جاتے ہیں؛ وہ ویگن جس میں رقیق اشیاء (تیل، پانی وغیرہ) لے جاتے ہیں ۔

Tank cart : (n) حوض گاڑی ۔

Tank dome : (n) Tank car کے اوپر کا عمودی خانہ ۔

Tank drama : (n) (تھیٹر) ہنگامہ خیز ناٹک جس میں ڈوبتے کو بچانے کا منظر دکھانے میں سچ مچ کے حوض سے کام لیا جائے ۔

Tank engine : (n) (انجینیئرنگ) حوض دار انجن ۔

Tank farm :(n) وہ علاقہ جہاں ٹینک میں پٹرول بھراجاتاھے۔

Tank farming :(n) بغیر مٹی کے حوضِ آب میں پودوں کی کاشت ۔

Tank-iron-plate : (n) موٹے لوھے کی چادر جس سے ٹینک بنائے جاتے ہیں ۔

Tank-steamer : (n) اسٹیمر جس میں ٹنکی لگی ہوتی ھے رقیق اشیاء (پانی، تیل وغیرہ) لے جانے کے لئے خاص کر معدنی تیل کافی مقدار میں لے جانےکے لئے ۔

Tank-town : (n) (۱) وہ شہر جہاں ریل گاڑی پانی لینےکےلئے رکتی ھے ۔(۲) غیر اہم چھوٹا شہر ۔

Tank-truck : (n) ٹرک جو نفت کش گاڑی کےطور پر استعمال ہو ۔

Tank-turnip : (n) بڑی قسم کا شلجم ۔

Tank-wagon : (n) گھوڑے سے کھینچی جانے والی گاڑی جو نفت کش گاڑی کے طور پر استعمال ہو ۔

Tank-worm : (n) ایک پتلا استوانی شکل کا کیڑا جو ہندوستانی تالابوں کی کیچڑ میں رہتا ھے ۔

Tanka/Tankia/Tanchia : (n) [Chinese-tan+Cantonese, ka in South Mandarin kia 'North Mandarin, 'chia'.] کینٹن (Canton) میں کشتیوں میں رہنےوالے لوگوں کی آبادی ۔

Tanka : (n) [Jap.] پانچ اشعار کی مختصر جاپانی نظم ۔

Tanka : (n) [Tibetan thanka.] تبتی مذہبی تصویریں (زربفت پر بنی ہوئی) جو جلوسی جھنڈے کے طور پراستعمال ہوتی ہیں ۔

Tanka boat : (n) کینٹن کی کشتی جس میں لوگ رہتے ہیں ۔

Tankage : (n) (۱) ذخیرہ سازی؛ حوض بھرائی؛ حوض وغیرہ میں جمع کرنے کی اجرت ۔ (۲) حوض کی مکعب وسعت یا گنجائش (آب)؛ سمائی ۔ (۳) ایک قسم کی کھاد جو چربی سے نکالتے ہیں؛ پیپہ کھاد؛ کھاد چربی ۔

Tankard : (n) [Du. Tanckaert.] آفتابہ؛ بڑا آبخورا؛ بڑا سا ڈھکن دار پیالہ (خصوصاً چاندی یا جست کا) جس میں شراب پی جاتی تھی ۔

Cool tankard : شراب، پانی اور عرق لیموں کا شربت ۔

Tankard-turnip : (n) (نباتیات) ولایتی شلغم یا شلجم جس کی جڑ بڑی اور عموماً زمین کے اوپر تک نکلی ہوتی ھے ۔

Tanked : (a) مخمور؛ مست؛ پئے ہوئے (شراب) ۔

Tanker : (n) (۱) حوض دار؛ روغن بردار؛ تیل بردار(جہاز) جس میں تیل بھرنے کا حوض بنا ہوتا ھے؛ (بحری) حوض دار جہاز؛ نفت کش گاڑی؛ پٹرول لےجانے والی گاڑی ؛ آتومبیل نفت کش ۔ (۲) مسلح فوجی دستے کی زرہ پوش شاخ کا ایک فرد؛ ٹینک چلانے والا فوجی ۔ (۳) ہوائی جہاز جس میں ایندھن کی بڑی ٹنکیاں لگی ہوتی ہیں اگلے ہوائی اڈوں پرایندھن لےجانے کے لئے یا دوبارہ (وقت ضرورت) ایندھن بھرنے کے لئے ۔

Road Tanker : تیل، پانی یا دوسری رقیق اشیاء کی ڈھلائی کرنے والی گاڑی ۔

Rail Tanker : خاص ویگن جس میں تیل وغیرہ کی ریلوے سے ڈھلائی ہوتی ھے ۔

Tankettie : (n)[tank+ette] چھوٹا فوجی ٹینک ۔

Tanking : (n) بھرنا؛ رکھنا ۔

Tannage : (n) (۱) دباغی؛ دباغی کا ہنر یا عمل؛ دباغی کا ماحصل ۔(۲) دباغ خانہ ۔

Tannate : (n) ٹینن کا نمک؛ ملح مازو ۔

Tanned : (a) (۱) دباغی شدہ؛ کمایا ہوا (چمڑا) ۔(۲) تیز سبز رنگ کا ۔

Tanner : (n) [OE. 'tannere'.] (معاشیات) دباغ؛ کھٹیک ۔

Tanner : (n) [Origin obsc.] (عامیانہ) چھ پینس کا سکہ ۔

Tannery : (n) (۱) دباغ خانہ؛ وہ مقام جہاں چمڑے کی دباغی ہوتی ہے یا چمڑا کمایا جاتا ہے؛ کارخانہء دباغت ۔(۲) دباغی ۔

Tannic : (a) شاہ بلوط کی چھال کا؛ کسّے کا؛ مازوئی ۔

Tannic acid : (n) مازو کا تیزاب؛ کسّے کا تیزاب، تینن کا تیزاب جو چمڑا کمانے اور دواؤں میں کام آتا ہے ۔

Tanniferous : (a) مرکب جس میں تینن کاجز کم اور آکسیجن وغیرہ زیادہ ہو ؛ مازودار؛ تینن دار ۔

Tannin : (n) [Fr. 'tanin'.] (۱) (کیمیا) تینن؛ کسّا؛ جوہر مازو ۔ (۲) (کیمیا) مازو کا تیزاب ۔

Tanning : (a) دباغی؛ چرم سازی ۔

Tannish : (a) کسی قدر دباغت شدہ (چمڑا) ۔

Tanno-: سابقہ بمعنی "جوہر مازو" ۔

Tannocaffeic acid : (n) دیکھو Caffetannic acid

Tannogallic : (a) دیکھو Gallotannic

Tannoid : (a) تینن نما؛ تینن جیسا؛ مازونما ۔

Tannoid : (n) تینن نما چیز ۔

Tanrec/Tenrec : (n) [Fr. 'tanrec'.] تینرک؛ مڈغاسکر کا ایک دودھ پلانے والا جانور جو سیہی سے مشابہ ہوتا ہے اور کیڑے کھاتا ہے ۔

Tansy : (n) [OFr. 'tanesie'.] تینزی؛ ایک خوشبودار بوٹی جس کے پھول زرد اور پتیاں کڑوی اور دندانے دار ہوتی ہیں (دوا کے طور پر استعمال ہوتی ہے اور کھانے میں ڈالی جاتی ہے)؛ (نباتیات) قرنفل ۔

Tantalate : (n) [f. Tantalum+-ATE.] (کیمیا) ٹنٹالک ایسڈ کا؛ نمک ؛ طنطلوم کا نمک؛ ٹنٹالیٹ ۔

Tantalic : (a) طنطلوم سے نکالا ہوا؛ طنطالم کا ۔

Tantalic acid : (n) (کیمیا) طنطلوم کا تیزاب ۔

Tantalite : (n) [G. and Sw. tantalit'.] (کیمیا) ٹنٹالائٹ ۔

Tantalization : (n) (۱) ترسانا یا ترسایاجانا ۔(۲) (نفسیات) بیم ورجا ۔

Tantalize : (v) [f. Tantalus+-Ize] (۱) ترسانا (امید میں یا لالچ دےدےکر) ؛ ستانا ؛ کلپانا ؛ آزار دینا ، پہنچانا؛ ناامید کرنا؛ سخت اذیت دینا؛ شدید تکلیف کا باعث ہونا؛ ناک میں دم کر دینا (وعدہ کر کے یا امید بندھا کر) ۔ (۲) (مجازاً) مصنوعی یا بناوٹی شکل میں تکلیف دینا؛ تنگ کرنا؛ دق کرنا ۔

Tantalizer : (n) مٹانے والا؛ بیم و رجا میں رکھنےوالا؛ تکلیف دینے والا ۔

Tantalizing : (a) بیم ورجا میں رکھنے والا؛ ستانے والا؛ آزار دہندہ؛ تکلیف دہ؛ اشتعال انگیز؛ مضحکہ خیزی سے دق کرنے والا ۔

Tantalizingly : (adv.) ترساتے ہوئے؛ بیم ورجا میں رکھتے ہوئے ۔

Tantalous : (a) [f.next +-ous] (کیمیا) ایسے مرکب کےلئے استعمال ہوتا ہے جس میں ٹنٹالم زیادہ ہوتا ہے ۔

Tantalum : (n) [L.] ٹنٹالم ؛ ایک کمیاب دھات جو برقی چراغوں کے موصل کے طور پر استعمال ہوتی ہے؛ (کیمیا) طنطلوم ۔

Tantalum lamp : (n) طنطلوم لیمپ ۔

Tantalus : (n) [Gr. (taniaos)] (۱) ٹنٹالوس؛ یونانی افسانوں میں ذیوس (Zeus) دیوتا کا بیٹا جو ٹھڈی تک پانی میں کھڑا ہے مگر جب پانی پینے کے لئے وہ جھکتا ہے تو پانی نیچے اتر جاتا ہے؛ اسی طرح پھلدار شاخیں اس کے اوپر لٹکی رہتی ہیں مگر ہمیشہ اس کی گرفت سے دور ہو جاتی ہیں ۔(۲) (طیرانیات) جنس جنگلی لقلق؛ لقلق امریکی ۔(۳) بوتلوں کی کھلی الماری جس میں ایک سلاخ لگی ہوتی ہے اورجسے مقفل کرنے کے بعد بھی بوتلیں اس کے باہر سےنظر آتی ہیں ۔

Tantalus-cup : (n) (کھلونا) کاس طنطالوس؛ ایک طرح کا کھلونا جس میں انسانی تصویر کے جھکنے اور اٹھنے سے سیفن کا اصول سمجھایا گیا ہے ۔

Tantamount : (a) [It. 'tanto montare'.] مساوی؛ برابر؛ مرادف؛ مترادف؛ معادل۔

Tantara/Tantarara/Tarantara/Taratantera : (n) [Echoic.] (۱) بگل یا ترم کی آواز؛ ترئی یابگل کا بجنا ۔ (۲) بگل کی طرح کی آواز ۔

Tantarabobus : (n) (انگریزی بول چال) ہوّا؛ بچوں کو ڈرانے والی عجیب الخلقت شے ۔

Tantaric : (a) (فلسفہ) تنتری ۔

Tanti : (interj) [L.] اتنی قیمت کا ؛ ارے اتنے کا ؛ ایسی قیمت ۔

Tanti : (n) [Skt.] آسام اور بنگال کا ہندو جولاہا ۔

Tantieme : (n) [Fr.] بونس؛ نفع کافی صد حصہ؛ انعام ۔

Tantivy : (adv.) [Origin Unkn.] (قدیم) تیزی سے؛ جلدی سے تندی کے ساتھ۔

Tantivy : (n) (۱) شکاریوں کی آواز؛ زفیل ۔(۲) دوڑ؛ جھپٹ تیزگام ۔ (۳) چارلس دوم اور جیمس دوم کے زمانے میں رومن کیتھولک کا عرفی نام ۔

Tantivy : (a) تیز؛ تیزی کا؛ زود ۔

Tanto : (adv.) [L. 'tantum.] (موسیقی) اتنا؛ ایں قدر ۔

Allegro non Tanto : اتنا زیادہ تیزنہیں؛ زورسےلیکن اتنا زیادہ زورسے نہیں ۔

Tantony : (n) [Shortened form of St. Anthony] انتونی مقدس ۔

Tantony bell : (n) (مجازاً) کلیسا کا چھوٹا ناقوس؛ زنگ دستی ؛ ہاتھ گھنٹی ۔

Tantony pig : (n) جھول کا سب سے چھوٹا سُور ۔

Tantra : (n) [Skr.] تنترا؛ سنسکرت کی مقدس کتابیں جن میں زیادہ تر سحر و نیز نجات کا ذکر ہے ۔

Tantrism : (n) تنترو کے نظریات ۔

Tantrist : (n) تنتری ؛ تنتروں کا معتقد ۔

Tantrum : (n) [Origin Unkn.] (نفسیات) غضب؛ خشم؛ غیظ ؛ قہر؛ جذبۂ غضب؛ کج خلقی ۔

Tao : (n) [Tag.] (فلپائن) آدمی؛ کسان ۔

Taoiseach : (n) [Ir Gael.] (آئرستان) وزیر اعظم؛ پرائم منسٹر۔

Taoism : (n) [Chinese tao+ism] مذہب تاؤ؛ چینی حکیم لاؤتنزے کا مذہب یا شریعت جس کا تقریباً ۵۰۰ ق ۔ م میں آغاز ہوا ۔

Taoist/Taoistic : (a) مذہب تاؤ کا یا اس سے متعلق ۔

Taotai : (n) [Chinese tao+tai] تاؤ کا افسر ۔

Tap : (n) [OE.'taeppa'.] (۱) ٹونٹی، جس سے پیپے میں سے شراب وغیرہ نکالیں؛ ٹیپ (امریکا) شراب وغیرہ کے پیپے کا نلکا ۔(۲) ڈاٹ ؛ ٹھینٹی ۔ (۳) (شراب کی خاص قسم کی) کشید ۔(٤) (بول چال) شراب کا کمرہ (کلال خانےیا ہوٹل میں) ۔ (٥) (انجینیئرنگ) بزال؛ درپیچ تراش؛ جس سے کسی چیز کے اندر چوڑیاں یا پیچ بنائے جائیں ۔(٦) (مجازاً) خاص قسم کا زور؛ خاص قسم کا لہجہ ؛ خاص قسم کی چیز (بول چال) ۔ (۷) (میکانیات) دھاگا کاٹنے کا آلہ ۔(۸) برف کی قلم۔

On (in) tap : خود ہی استعمال کے لئے تیار؛ آمادہ ۔

On tap : (۱) ڈاٹ لگا ہوا (پیپا) سوراخ دار ۔ (۲) (شراب) ڈاٹ دار پیپے میں کہ جب چاہیں نکال لیں ۔ (۳) (خصوصاً) (ثریزری بل) مخصوص شرح پر جب اور جس طرح چاہیں حاصل کرلیں۔

Tap : (v) [OE. 'toeppian'.] (۱) کاگ یا ڈاٹ لگانا (پیپے میں) ۔ (۲) برمانا؛ چھیدنا؛ سوراخ کرنا (پیپے سے شراب وغیرہ لینے کےلئے) پیپے سے چھید کرکے نکالنا (شراب) ۔(۳) (جراحی) پیپ نکالنا؛ مواد نکالنا (اس غرض سے عمل جراحی کرنا) ۔ (٤) رس لینا (درخت کی شاخ میں سوراخ کر کے) ۔(٥) پھیل جانا؛ تعلقات پیدا کرنا؛ کاروبار پھیلانا (کسی علاقے میں) ۔ (٦) رجوع کرنا؛ درخواست کرنا (کسی شخص سے کسی کام کے لئے) ۔ (۷) چھیڑنا (کسی مضمون کو) ۔ (۸) برقی رو کا رخ بدل دینا (برقی پیام اڑا لینے کی غرض سے) ۔ (۹) چوڑیاں بنانا؛ پیچ بنانا (کسی چیز کے اندر) یا بولٹ (Bolt) کو پیچ میں تبدیل کرنا ۔ (۱۰) باہر نکالنا؛ شیرہ نکالنا ؛ مائع نکالنا ؛ ٹیپ سے نکالنا؛ نکالنا اور کم مقدار میں بیچنا۔ (۱۱) تقاضا کرنا ۔

(۱۲) (رقص میں) زمین پر پاؤں پٹکنا ۔
(۱۳) (عامیانہ) ناک سے خون نکالنا ، کھینچنا ۔
(۱۴) (مجازاً) کھولنا؛ واکرنا؛ چیرنا؛ پھاڑنا؛ داخل ہونا؛ ٹکڑے ٹکڑے ہونا ؛ استعمال کرنے لگنا ۔ (۱۵) (پودے کو) جڑ کے اصلی حصے سے اکھاڑ دینا ۔

To tap one's claret : اس طرح مارنا کہ ناک سےخون بہنےلگے؛ ناک سے خون بہانا؛ ناک پر گھونسہ مارکر خون نکال دینا ۔

Tap : (v) [ME. 'tappin'.] (۱) کھٹ کھٹانا؛ کھٹ کھٹ کرنا ۔ (۲) کسی چیز پر (پاؤں یا ہاتھ کو) ہلکے سے مارنا؛ دھم دھم کرنا؛ ٹھوکنا (ماتھا) ۔ (۳) کھٹ سے مارنا (against کے ساتھ) ۔ (٤) دستک دینا (دروازے پر) تھپکی دینا (at کے ساتھ) ۔ (٥) (امریکا) جوتے کی ایڑی پر چمڑا لگانا ۔

Tap : (n) [ME. 'tappen'.] (۱) دستک؛ تھپکی؛ کھٹ کھٹ کی آواز ۔ (۲) (جمع میں) کھانے کی گھنٹی یا پکار ۔ (۳) (امریکا) (چھاؤنی میں رات کے وقت روشنی بجھانے کی) نوبت یا نقارہ ۔ (٤) چمڑے کا ٹکڑا (جوتے کی ایڑی میں لگانے کو)؛ لوہے کا ٹکڑا (جس سےجوتے کی ایڑی کو مضبوط کیاجائے) ۔

To tap-tap : بار بار تھپکی دینا ۔

Tap-bolt : (n) معمولی پیچ؛ سرا دار پیچ ۔

Tap borer : (n) برما، جس سے پیپے میں سوراخ کرتے ہیں ۔

Tap-dance : (n) دیکھو Step dance

Tap-dancer : (n) اسٹیپ ڈانس (رقص) کرنے والا ۔

Tap-dancing : (n) پاکوبی؛ ایشیائی طرز کا رقص جس میں پیر زمین پر مارتے جاتے ہیں ۔

Tap holder : (n) فیتہ گرفت کرنے کا ایک آلہ یا مشین ۔

Tap-hole : (n) (۱) پیپے کا سوراخ ؛ حوض کا سوراخ (جس میں ڈاٹ لگا دیا جائے) ۔ (۲) گلخن کا چھوٹا سوراخ جس سے دھات اور اس کا میل باہر نکلتا ہے ۔

Tap-house : (n) (۱) میخانہ؛ شراب خانہ ۔(۲) کسی سرائے کا شراب کا کمرہ ۔

Tap-lash : (n) (۱) (بول چال) شراب کا فضلہ؛ گلاس وغیرہ کا دھوون ؛ دُرد ؛ تلچھٹ ۔ (۲) باسی ؛ پرانا یا فرسودہ شراب ۔

Tap line : (n) صنعتی ریلوے لائن ۔

Tap rate : (n) (مالیات) شرح حالیہ؛ برطانوی خزانے کے زائد تمسکات کی رائج الوقت شرح ۔

Tap-room : (n) کلال خانے یا ہوٹل میں شراب کا کمرہ ۔

Tap-root : (n) (نباتیات) اصلی جڑ؛ موسلی؛ جڑ کا اصلی یا بڑا حصہ؛ ریشہء اصلی ۔

Tap water : (n) نل کا پانی ۔

Tapa/Tappa : (n) [Com. Polynesian, 'tapa'.] جزائر بحر الکاہل (پولی نیشیا Poly nesia) کے ایک درخت کی چھال جس سے کپڑے ، چٹائیاں وغیرہ تیار کرتے ہیں؛ ٹاپا چھال ۔

Tapa cloth : (n) ٹاپا چھال کے کپڑے ۔

Tapa mat : (n) ٹاپا چھال کی چٹائی ۔

Tapas : (n) (دینیات) تپسّیہ؛ ریاضت ۔

Tapayaxin : (n)[Native Mexican.] دائرہ نما سینگ دار گرگٹ ۔

Tape : (n) [Relation to OE. 'toeppan'.] (۱) فیتہ؛ پتلی سی نواڑ جس سے ناپنے یا پارسل وغیرہ باندھنے کا کام لیتے ہیں ۔ (۲) فیتے کی حد؛ فیتہ جو گھڑ دوڑ کی منزل کے ستونوں کے درمیان تنا ہوتا ہے ۔ (۳) پٹا جو کلوں میں چرخیوں پر چڑھا ہوتا ہے ۔ (٤) کاغذ کی مسلسل دھجی جس پر تار کی خبر چھپتی جاتی ہے؛ چھاپ فیتہ ۔ (٥) ناپنے کا فیتہ ۔ (٦) فیتے کی شکل کا کیڑا جو معدے کی نالی میں ہوتا ہے ؛ کیچوا ۔ (۷) (عامیانہ) شراب؛ ایک قسم کی شراب (Gin) جو غلے سے بنتی ہے ۔(۸) دیکھو Magnetic tape نیز ٹیپ پر ریکارڈنگ ۔

I have got you taped : میں نے بھانپ لیا ہے کہ تم کس قسم کے آدمی ہو اور کیا چاہتے ہو ۔

Red tape : دفتری کھس کھس؛ دفتری طوالت ؛ دفتر پرستی ۔

To breast the tape : (مجازاً) دوڑ جیتنا؛ فیتہ چا لینا ۔

White tape : ایک قسم کی شراب (Gin) ۔

Tape : (v) [f. prec.] (۱) فیتہ لگانا یا باندھنا ؛ نواڑ سے باندھنا ۔(۲) (اوراق فیتے سے) جوڑنا ، شیرازہ بندی کرنا ؛ فیتے سے کتاب کو جوڑنا ۔ (۳) (عامیانہ) (کسی شخص کو دیکھ کر) بھانپ لینا (کہ کس قسم کا آدمی ہے) فیتے سے ناپنا؛ اندازہ لگانا (میٹر یا فیتے سے)؛ پیمائشی فیتے سے اندازہ لگانا ۔ (٤) Magnetic tape پر ریکارڈ کرنا ۔

To have (a person) taped : کسی شخص کو جانچنا ؛ کسی شخص کا اندازہ لگانا ۔

Tape-fish : (n) دیکھو Ribbon - fish

Tape-grass : (n) دریائی پودا(جس کی پتیاں گھاس نما ہوتی ہیں)۔

Tape-line : (n) ناپنے کا فیتہ؛ پیمائشی فیتہ؛ سروے فیتہ ۔

Tape-machine : (n) (۱) (تلغرافی) خود نگار تاربرقی؛ آلہ برقیہ نگار؛ ٹیپ مشین ۔ (۲) ٹیپ ریکارڈر ۔

Tape-measure : (n) ناپنے کا فیتہ؛ پیمائشی فیتہ ۔

Tape-needle : (n) فیتہ لگانے کے لئے مستاری یا سوا ؛ جوال دوز ۔

Tape-record : (v) ٹیپ ریکارڈ کرنا ۔

Tape recorded : (a) ٹیپ ریکارڈ کیا ہوا ۔

Tape recorder : (n) ٹیپ ریکارڈر؛ مقناطیسی فیتے پر آواز، تصویر وغیرہ کو ریکارڈ کرنے کا آلہ ۔

Tape recording : (n) ریکارڈ کرنے کا عمل؛ ٹیپ ریکارڈنگ؛ مقناطیسی فیتے پر ریکارڈ کرنا ۔

Tapeless : (a) بے فیتے کا ۔

Taper : (n) [OE. tapur,-or,-er'.] (۱) شمع؛ موم بتی ۔ (۲) (مجازاً) وہ چیز جس سے روشنی ہو ؛ وہ چیز جس سے ہلکی سی روشنی نکلتی ہو ۔

Taper : (n) (۱) آہستہ آہستہ تقلیل؛ گھٹائی ہوئی شے مجازاً حرکت، عمل، طاقت اور قوت میں تخفیف یا کمی (آہستہ آہستہ)؛ بتدریج کمی ۔ (۲) کوئی چیز جو آہستہ آہستہ کم ہو جائے ۔

Taper : (n) دیکھو Tadpole

Taper : (a) (۱) باریک ہونے والا؛ کم ہونے والا ۔(۲) (اب صرف شعر یا خطابت میں مستعمل ہے) مخروطی؛ گاؤ دُم ۔

Taper : (v) (۱) (اکثر Off کے ساتھ) گاؤ دُم بنانا یا ہو جانا؛ مخروطی شکل کا بنانا یا ہو جانا ۔ (۲) پتلا ہوتے جانا ؛ کم کم باریک ہونا یا کرنا ۔ (۳) گھٹانا؛ کم کرنا؛ تخفیف کرنا؛ کوتاہ کرنا ۔

Taper holder : (n) شمع دان ۔

Taper-stick : (n) شمع دان (چھوٹی شمع دانی، موم بتی رکھنے کے لئے)۔

Taper washer : (n) (میکانیات) خار حلقہ ۔

Tapered : (a) روشن کیا ہوا؛ مومی شمع سے روشن کیا ہوا ۔

Tapered : (a) آہستہ آہستہ کم ہونے والا؛ گھٹنے والا؛ مخروطی؛ گاؤدُم ۔

Tapered dowel : (n) گاودُم کیل ۔

Taperer : (n) (۱) موم بتی اٹھانے والا (مثلاً مذہبی جلوس میں) ۔(۲) ٹیپ کرنے والا ۔

Tapering : (n) (نباتیات) گاؤ دُم ۔

Taperingly : (adv.) اس طور پر کہ گاؤدُم ہوتا جائے ۔

Taperness : (n) مخروطی شکل؛ مخروطیت؛ نکیلاپن ۔

Taperwise : (adv.) مخروطی شکل میں ۔

Tapester : (n) پارچہ پردہ باف ۔

Tapestried : (a) شجرے منڈھا ہوا؛ مشجری ۔

Tapestry : (n) [Corruption of tapesry, tapisserie.] نقش دار پردہ؛ قالی بافت؛ موٹا بُنا ہوا کپڑا جو آرائش کے لئے دیواروں پر لٹکاتے ہیں یا غلاف وغیرہ کے کام آتا ہے؛ (ٹیکسٹائل) گل کاری؛ پھلکاری ۔

Bayeux tapestry : مرقع بایوئی؛ مشجر کے لپٹے ہوئے خریطے جن پر ولیم اول کے واقعات زندگی کی تصویریں بنی ہوتی ہیں جو مقام بایو (فرانس) میں محفوظ ہیں ۔

Russian tapestry : ایک طرح کا سن یا کتان جس کے پردے دروازے پر لٹکاتے ہیں۔

Tapestry : (v) [f. prec.] (۱) مشجر سے آراستہ کرنا؛ قالیچہ نما پردے سے سجانا ؛ منقش پردے سے آراستہ کرنا ۔ (۲) مشجر میں نقشہ کھینچنا؛ مشجر سے کام کرنا ۔

Tapestry Brussels : (n) برسّل کا قالیچہ (غالیچہ)؛ برسّل کا قالین ۔

Tapestry-carpet : (n) برسّل مانند غالیچہ جس کے نقش و نگار رنگین ہوں۔

Tapestry-moth : (n) بید فرش؛ کپڑوں کا ایک کیڑا ۔

Tapestry-needle : (n) کشیدہ کاری کی سوئی ۔

Tapestry of creation : (n) کائنات کی گلکاریاں ۔

Tapestry-stitch : (n) کشیدہ کاری کا ٹانکا ۔

Tapestry velvet carpet : (n) برسّل قالین کی طرح بنا ہوا مخملی قالین ۔

Tapestry-weaving : (n) ٹیپسٹری کی بُنائی؛ٹیپسٹری بُننے کا ایک طریقہ ۔

Tapestry-work : (n) دیکھو Tapestry

Tapetal : (a) (حیوانیات) حریری۔

Tapeti : (n) [Tupi.] برازیلی خرگوش ۔

Tapetum : (n) [late and med. L.for L. 'tapete'.] (۱) (تشریح) جانوروں کی آنکھ کی مشیمہ نما جھلّی کا ایک حصہ جو چمکتا ہے؛ (حیوانیات)عکاّسیہ چشم حریر؛ (تشریح) صلبی ریشے ۔ (۲) (نباتیات) بر حلمی خلیوں کی تہ جو تخمک دان کے استر کا کام دیتی ہے؛ تاپتم؛ بر اولین؛ بذرہ ۔

Tapeworm : (n) (۱) فیتے کی شکل کے کیڑے جو آدمی اور بڑے جانوروں کی غذا کی نالی میں پائے جاتے ہیں؛ کینچوا ؛ کرم کدو؛ کدو دانہ ؛ گینڈوا ۔ (۲) (مجازاً) طفیلی کیڑا ۔

Tapeworm plant : (n) صدپایہ پودا ۔

Taphephobia : (n) [Gr.] (نفسیات) دفن ترسی؛ زندہ دفن ہونے کا خوف۔

Tapia : (n) [Sp.] مٹی، گیہڑ (دیوار کے لئے)؛ خشت؛ خصوصاً کچی اینٹ ۔

Tapinocephalic/Tapeino-: [Gr tapinos+cephale'+-ic] چپٹا ؛ چھوٹے سر والا یا اس طرح کا ۔

Tapinosis : (n) [L.] (معانی، بیان) ابتذال ادبی ۔

Tapioca : (n) [Pg.'tapioca'.] ٹیپو کا؛ کساوا کی سوجی؛ ایک طرح کی سوجی جو جزائر غرب الہند کے پودے کساوا (Cassava) وغیرہ سے نکالی جاتی ہے؛ (نباتیات) شجر الخبز کی سوجی ۔

Tapir (n) : (a) [Tupi, 'tapira'.] تاپیر؛ خوک خرطوم دار؛ برازیل کاایک سُم دار جانور جو کچھ سوّر اور کچھ گینڈے سے مشابہ ہوتا ہے ۔

Tapirine : (a) تاپیر سے متعلق ۔

Tapiroid : (a) تاپیر نما ۔

Tapirroid : (n) تاپیریہ ۔

Tapis : (n) [late L. 'tapetium'.] (قدیم فرانسیسی) قالین (اب صرف On (upon)the tapis کے معنی میں مستعمل ہے) ۔

On (upon)the tapis : (۱) زیر تجویز؛ زیرغور؛ زیر بحث ۔(۲) میز پوش پر ۔

To come on the tapis : زیر بحث آنا؛ معرض غور میں آنا ۔

Tapotement : (n) [Fr. f. 'tapoter'.] (طب) مُکّی؛ ضرب خفیف؛ ضرب مالش؛ رگڑ؛ گھسّا (مالش کا) ۔

Tappen : (n) [Sw. and Norw.] وہ ڈاٹ جس سے جاڑے کے موسم میں بھالو کے مبرز کو بند کرتے ہیں ۔

Tapper : (n) (۱) (تلغرافی) کلید دستگاہ تار برقی؛ زنندہ؛ کھٹکا ۔(۲) (ریڈیو) اتصال توڑ ۔(۳) (بول چال) دھاری دار بد بد ۔ (٤) ہلکے سے مارنے والا (گھنٹی بجانے کے لئے) ۔

Tappet : (n) کھٹکا؛ تھپکنی؛ دستکی؛ ٹیپٹ؛ مشین کا ایک پرزہ جس سے وقفے کے ساتھ حرکت پیدا ہوتی ہے ۔

Tappet loom : (n) دستکی کرگھا جس میں دستکی کے زور سے ہتھوڑیاں کام کرتی ہیں ۔

Tapping : (n) (۱) ڈاٹ لگانے کا عمل؛ ذرائع جن سے ڈاٹ لگاتے ہیں؛ دستک دینے والا ۔ (۲) (جراحی) ہزل ۔

Tapping board : (n) دستک تختہ ۔

Tapping drill : (n) (اوزار) خاکہ برما ۔

Tapping key : (n) کھٹکا کنجی؛ داب کنجی ۔

Tappit : (a) (اسکاتستانی) کلاہ دار؛ تاج دار؛ کاکل دار؛ کلغی دار ۔

Tappit hen : (n) (۱) کلغی دار مرغی؛ چوٹی دار مرغی ۔ (۲) پینے کا پیالہ (برتن) جس کے ڈھکن پر کلغی کی تصویر بنی ہوتی ہے ۔

Tapster : (n) [OE.'taeppstre'.] شراب فروش جو ہوٹل یا شراب خانے میں (ٹونٹی دار پیپے سے نکال کر) شراب بیچتا ہے؛ ساقی؛ نوشابہ گزار ۔

Tapstress : (n) شراب بیچنے والی ؛ ساقن ؛ زنِ نوشابہ فروش ۔

Tapu : (n) دیکھو Taboo

Tar : (n) [OE. 'teru'.] (۱) تارکول؛ قیر؛ کول تار؛ گندہ بروزہ؛ قطران ۔ (۲) (مجازاً) حبشی اور سیاہ فام نسل کےخون کی آمیزش ۔ (۳) جہاز کا ملازم؛ ملاح ۔

A touch of the tar-brush : (مجازاً) حبشی خون کی آمیزش (جو رنگ سے ظاہر ہو) ۔

Tar : (v) [OE. teoru, teorw'.] (۱) تارکول سے ملنا؛ تارکول لگانا ۔ (۲) میلا کرنا؛ گندا کرنا؛ آلودہ کرنا (تارکول سے) ۔

To tar and feather : بدن پر تارکول پھیر کر پر چپکا دینا؛ (بطور سزا امریکا میں) ۔

To tar with the same stick (or brush) : ایک ہی طرح کےاشتباہات کا ہونا؛ ایک ہی طرح کی بیہودہ صفات کا ہونا؛ (ایک شخص میں) اس قسم کے عیوب موجود ہونا (جیسے دوسروں میں ہوں)؛ ایک ہی تھیلے کے چٹے بٹے ہونا ۔

Tar acid : (n) تارکول سے نکالا ہوا ایسڈ؛ کول تار ایسڈ ۔

Tar-acid oil : (n) کول تار ایسڈ کا تیل ۔

Tar-barrel : (n) بشکہ قیر؛ تارکول کا پیپا ۔

Tar-board : (n) مضبوط دفتی جو جلد ساز استعمال کرتے ہیں ۔

Tar-brush : (n) (۱) تارکول پھیلانے یا ملانے کا برش ۔ (۲) (مجازاً) حبشی اور ہندوستانی نسل کی مخلوط قوم ۔

A dash or touch of the tar-brush : (مجازاً) حبشی اور ہندوستانی خون کا (چہرے کے رنگ کے لحاظ سے)۔

Knight of the tar-brush : جہازراں ؛ ملاح ۔

Tar-macadam : (n) (۱) سڑک بنانے کےلوازمات جس میں ٹوٹے ہوئے پتھر، کنکر لوھے کے ٹکڑے، تارکول وغیرہ شامل ہیں ۔ (۲) (سڑک کوٹنے کی) تارکولی روڑی؛ کول تار ملے ہوئے پتھر وغیرہ کے ریزے ۔

Tar-water : (n) (۱) آب قیر جو دوا میں مستعمل ہے ۔ (۲) تارکول امونیا ملا ہوا پانی جو گیس بنانے میں حاصل ہوتا ہے ۔

Tara : (n) نیوزی لینڈ کا ایک بڑا فرن درخت جو ترکاری کے طور پر استعمال ہوتا ہے؛ تارافرن ۔

Taradiddle/Tarradiddle : (n) (بول چال) دروغ؛ جھوٹی بات ؛ بے پر کی بات؛ گپ؛ گڑھنت ۔

Tarantas : (n) [Russ. 'tarantas'] چار چکے والی روسی مسافر گاڑی؛ طرنطاس؛ روسی بگّی؛ چوپہیا (گاڑی) ۔

Tarantella-elle : (n) [It dim. formation from 'Taranto'.] (۱) ترنتیل؛ چک پھیر رقص (جنوبی اٹلی کا جو پہلے جنونِ رقص (رقص مانیا) کا علاج سمجھا جاتا تھا پندرھویں صدی عیسوی میں ۔ (۲) گت؛ موسیقی (جو اس رقص کے ساتھ ہوتی ہے) ۔

Tarantism : (n) [mod. L.'tarantismus'.] (طب)ناچ مانیا؛ جنون رقص؛ ناچ روگ (جو لوگوں کے خیال میں تارنتو کی مکڑی کے کاٹنے سے ہو جاتا تھا) ۔

Tarantula : (n) [L.'tarantum'.] (۱) جنوبی یورپ کی ایک بڑے قسم کی مکڑی (خصوصاً شہر Toranto کی)؛ رتیل ۔ (۲) تارنتو کی مکڑی جس کے متعلق یہ کہا جاتا تھا کہ اس کے کاٹنے سے ایک قسم کا جنون ہوجاتا تھا جس میں انسان ہر وقت ناچتا رہتا ہے ۔ (۳) مکڑی کی بعض اور قسموں کے نام ؛ شبّت ؛ شبت ۔

Tarantula-hawk/-killer : (n) بھڑ کی مختلف قسموں کے نام ؛ زنبور کی ایک قسم جو رتیل کو شکار کرتا ہے۔

Tantular : (a) رتیل مکڑی کا؛ مکڑی کا سا۔

Tarantulate : (v) جنون رقص سے متاثر ہونا؛ جنون رقص میں مبتلا ہونا۔

Tarantulated : (a) (۱) رتیل گزیدہ۔(۲) جنونِ رقص میں مبتلا۔

Tarata/Taratah : (n) نیوزی لینڈ کا ایک سدا بہار چھوٹا درخت۔

Taratantara/Tarantara : (n) [Echoic.] قرنا یا ترم کی آواز؛ دھوتو تو؛ دھوتو۔

Taraxacin : (n) [f. next+IN] (کیمیا) عصارہ تلخ؛ ایک تلخ بلوری مادہ جو گل قاصدی سے حاصل ہوتا ہے۔

Taraxacum : (n) [med.L.] (۱) (نباتیات) گل قاصدی؛ ککروندا؛ دندانہ دار پتوں والے درختوں کی بعض قسموں کا نام جن میں ککروندا بھی شامل ہے؛ شیر دندان۔(۲) تارا کیسکم؛ کاسنی زرد؛ ایک دوا جو شیر دندان سے حاصل ہوتی ہے (جو جگر کی بیماریوں میں مقوی دوا کا کام دیتی ہے)۔

Tarazed : (n) (علم النجوم) طائر الصید (ستارہ)۔

Tarboosh/Tarbush/Tarboush : (n) [Arab. 'tarbush'] طربوش ؛ اونچی باڑ کی ترکی ٹوپی؛ ایک قسم کی لال ٹوپی۔

Tardamente : (adv) (موسیقی) آہستہ آہستہ؛ بآہستگی؛ ہولے ہولے۔

Tardenoisian : (a) (آثار قدیمہ) عہد حجر وسطی کا؛ حجر الوسطی (تاردینوا جس کی نسبت سے یہ لفظ بنا ہے؛ فرانس کا ایک مقام جہاں اس عہد کے آثار موجود ہیں)۔

Tardigrade : (a) [L.'tardigradus'.] (۱) (حیوانیات) آہستہ خرام (جانور)؛ آہستہ آہستہ جانے والا یا چلنے والا؛ کاہل الوجود؛ آرام طلب۔(۲) سینہ یا جانور سے متعلق۔

Tardigrade : (n) (۱) دودھ پلانے والا ایک جانور جس کے پیر پنجوں کی طرح ہوتے ہیں اورزیادہ تر درختوں میں رہتا ہے؛ جانورتنبل۔(۲) دیکھو Water bear۔ (۳) آہستہ خرام جانور۔

Tardigradous : (a) [f. L.'tardigradus'+. -ous.] (حیوانیات) بطی السیر؛ آہستہ خرام (جانور)۔

Tardily : (adv.) آہستگی سے؛آہستہ آہستہ؛ سُستی سے؛ بہ تعویق؛ تاخیر سے ؛بچکچاتےہوئے؛رکتے ہوئے۔

Tardiness : (n) سُستی؛ تاخیر؛ تعویق؛ تامل؛ بچکچاہٹ۔

Tardive : (a) (شاذ) سست ہونے والا؛ کُند کرنے والا؛ بطی۔

Tardle : (n) طرہء زلف؛ جعد مو ؛ چین و شکن گیسو۔

Tardo : (a) [f. L.'tardus'.] (موسیقی) آہستہ آہستہ ؛ بآہستگی۔

Tardy : (a) [Fr. 'tardif,-ive.'] (۱) سُست؛ کند؛ تُبل ؛ کام میں دیر کرنے والا ۔ (۲) دیر میں آنے یا واقع ہونےوالا؛ دیر کا؛ بعد از وقت، جس میں تاخیر یا تعویق ہوگئی ہو؛ جو وقت پر کام نہ کرے ؛ پھسڈی (جو پیچھے رہ جائے)۔(۳) متامّل؛ بچکچانے والا (کسی کام کےکرنے میں) تامل کا (انداز)؛ نارھامند؛ بےدل۔

Tardy : (quasi-adv.) بعد از وقت؛ دیر سے؛ بادرنگ۔

Tare : (n) [origin obsc.] مونھ کی قسم کا دانہ (جو چارے کے کام آتا ہے) ؛ (نباتیات) موٹھ؛ تلخہ؛ ویچ؛ ایک قسم کا پھل دار پودا جو خودرو بھی ہے اور جس کی کاشت بھی ہوتی ہے (عموماً چارے کے طور پر استعمال کےلئے)۔

Tare : (v) [Arab. 'tarhah'.] (۱) دھڑا؛ ویگن یا ظرف کاوزن جو مال کے وزن سے کم کر دیا جائے؛ گردا کٹوتی۔ (۲) موٹر گاڑیوں کا اصلی وزن جس میں تیل وغیرہ شامل نہ ہو یا وزن صحیح۔(۳) (کیمیا) دھڑا؛ وزن ظرف۔

Tare : (v) دھڑا نکالنا؛ گردا معلوم کرنا؛ دریافت کرنا (وزن ظرف)؛ پتا چلانا (اصلی وزن)۔

Tare and tret : حساب کا قاعدہ جس سے اصلی وزن اور دھڑا نکالتے ہیں (وزن) ظرف ومظروف۔

Tared : (a) اصلی وزن (پتا چلایا ہوا)۔

Tarfa : (n) (tarfa) [Arab. 'tarfa'.] ایک قسم کی جھاڑی جس سے گوند نکلتا ہے۔

Targe : (v) [Origin unkn.] (۱) (خصوصاً اسکاٹستانی) کچھ تفصیل سے سوال کرنا ؛ پوچھنا ؛ استفسار کرنا ۔ (۲) (خصوصاً اسکاٹستانی) نظم وترتیب کی رعایت کرنا؛ ترتیب دینا۔ (۳) (خصوصاً اسکاٹستانی) مارنا؛ سرزنش کرنا؛ تعقیر کرنا ۔

Target : (n) [dim. of OFr.'targe'.] (۱) (خصوصاً تاریخ) آماج ؛ سپر ہدف ؛ نشانہ؛ جس پر نشانہ لگاتے ہیں ؛ چاند ۔ (۲) (مجازاً) ہدف؛ نشانہ؛ (ملامت، طعن، پھبتی وغیرہ کا) تمسخر؛ تضحیک (کسی شخص کی) ۔ (۳) (ریل کا) چھوٹا گول سگنل؛ نیچا بتھا؛ (بھیڑ کا) اوپر کا دھڑ (گردن اور سینہ ملا ہوا) ۔ (٤) چھوٹی ڈھال ؛ سپرچہ ۔ (٥) (فوج) ہدف؛ چاند ۔ (٦) نتیجہ (مثلاً تعداد ، روپیوں کا حساب)؛ منزل مقصود؛ مقصود؛ مطمح نظر ۔ (۷) جو چیزیں سپر نما ہوں ۔ (۸) مرغ بادنما؛ سمت نما۔ (۹) ابھارنے والی چیز؛ محرک شے ۔

Target : (v) (۱) (امریکا) چھوٹے گول سگنل کے ذریعے ریل کی پوزیشن دینا ؛ (ریلوے) علامت دینا (مخصوص نشان کے ذریعے) ۔ (۲) نشانہ بنانا؛ ہدف قراردینا ۔ (۳) سپروار کرنا ۔

Target-card : (n) چاند ماری کی کتاب؛ ہدف نامہ جس میں تیر اندازی کی کیفیت درج کی جاتی ہے ۔

Target date : (n) مقصود حاصل کرنے کی تاریخ؛ اہم واقعہ کے لئے مقررہ تاریخ ۔

Target day : (n) چاند ماری کا دن؛ تیر اندازی کا دن؛ نشانہ گیری کا دن؛ نشانہ بازی کا دن ۔

Target lamp/-lantern : (n) وہ لیمپ یا لالٹین جو ریلوے کے چھوٹے گول سگنل کے لئے استعمال ہو ۔

Target man : (n) (ریلوے) علامت راہ نما یا نشان دہندہ ؛ چھوٹا گول سگنل دکھانے والا ۔

Target pistol : (n) نشانہ بازی کا پستول ۔

Target practice : (n) چاند ماری؛ نشانہ گیری؛ نشانہ بازی ۔

Target range : (n) چاند ماری ، نشانہ بازی کے لئے مختصر علاقہ ۔

Target rifle : (n) نشانہ بازی کی رائفل ۔

Targeted : (a) سپربند؛ ڈھال لئےیا لگائے ہوئے؛ سپر مانند ۔

Targum : (n) [Chaldee. targum.] تفسیر تورات؛ تراجم (قدیم کلدانی یا ارمی زبان میں) ترجمہ ترگم ۔

Targumic/-al : (a) تفسیر تورات کے متعلق؛ ترجمنی؛ ترگم کا یا اس سے متعلق ۔

Targumist : (n) مفسر تورات ؛ عالم ترجمات ترگم ۔

Targumistic : (a) (۱) تفسیر تورات کے متعلق ۔ (۲) مفسر تورات کا۔

Tarheel : (n) (بول چال امریکا) شمالی کا رولینا کا باشندہ ۔

Tariff : (n) [It. 'tariffa'.] (۱) فہرست محاصل بحری؛ جس میں درآمد برآمد مال کے محصول کی شرح درج ہو؛ فرد محاصل؛ محصول نامہ ۔ (۲) مجموعی محاصل درآمد و برآمد (مجموعی کروڑ گیری کی مجموعی رقم) ۔ (۳) قانون محاصل؛ قانون کروڑگیری ۔ (٤) محصول درآمد یا برآمد (جو کسی مال پر لگایا جائے) ۔ (٥) شرح نامہ ؛ نرخ نامہ ؛ اجرت ، قیمت یا کرائے کی فرد ۔ (٦) (معاشیات) نرخ نامہ (ٹیکس)؛ کروڑ گیری؛ شرح نامہ؛ نرخ عوارض؛ حقوق ۔

Hotel tariff : شرح نامہ ہوٹل؛ ہوٹل کے اشیاء کی قیمت کی فہرست۔

Preferential tariff : ترجیحی کروڑ گیری؛ رعایتی کروڑگیری؛ محاصل رعایتی جو دوست دار ممالک سے لئے جائیں ۔

Railroad or railway tariff : ریلوئے کا شرح نامہ ؛ ریلوےکرائے کی فہرست؛ کرایہ کی فرد ۔

Retaliatory tariff : جوابی کروڑگیری؛ انتقامی یا جوابی محاصل (وہ محصول جو دوسرے ملک کے جواب میں لگائے جائیں جو اس نے لگائے ہیں)۔

Tariff : (v) (۱) محصول مقررکرنا؛ فرد محاصل بنانا؛ محصول نامہ تیار کرنا(ہر قسم کے مال کا) ؛ نرخ بندی کرنا ۔ (۲) (مال کی) قیمت تشخیص کرنا ؛ آنکنا ۔ (۳) شرح نامہ کے مطابق (کسی چیز کی) قیمت مقرر کرنا ۔

Tariff act : (n) قانونِ محصولات۔

Tariff-reform : (n) (معاشیات) اصلاح محاصل؛ توازن محاصل (برطانیہ میں بے قید تجارت کے مخالف اپنی

تحفظی پالیسی کو اسی نام سے موسوم کرتے تھے)۔

Tariff-reformer : (n) محاصل کی اصلاح کرنے والا ۔

Tariff-wall : (n) دیوار محاصل؛ بیرونی تجارت کی روک جو بھاری محصول لگا کر پیدا کی جائے تاکہ ملک کی تجارت اس کے اندر محدود رہے ۔

Tariffless : (a) بغیر محصولات کے؛ شرح نامہ کے بغیر ۔

Tarin/Terin : (n) [Fr. prob. of imit. origin] ایک قسم کا یورپی خوش الحان پرندہ جس کا رنگ عموماً زیتون کا سا سبز ہوتا ہے ۔

Taring : (n) مال کے زوائد کا تخمینہ اور تخفیف ۔

Tarish : (a) اشک مانند؛ اشک وار؛ اشکی ۔

Tarlatan : (n) [Fr.'tarlatane.'] باریک ململ ۔

Tarmac: (n) (۱) تارکول میکاڈم کا رجسٹرڈ ٹریڈ نشان ۔ (۲) کوئی سطح جو اس سے بنائی گئی ہو ۔ (۳) خصوصاً ہوائی اڈے کا "رَن وے" ۔

Tarn : (n) [ME. 'terne'.] (۱) (جغرافیہ) چھوٹی پہاڑی جھیل؛ پوکھر ۔(۲) (جغرافیہ) دلدل ۔

Tarnal : (a) (۱) (عامیانہ عموماً امریکا) مردود ؛ ملعون ؛ جہنم واصل؛ سزاوار نفریں؛ (تنفر، تحقیر یا غصے کا کلمہ) کم بخت؛ منحوس ؛ ناشدنی ۔ (۲) پرلے سرے کا؛ نہایت؛ بہت (عموماً بُری صفات کے لئے)۔

Tarnally : (adv.) لعنت کے طور پر؛ نفریں کے ساتھ۔

Tarnation : (n) (عام) نفریں؛ لعنت؛ پھٹکار؛ خلود فی النار ۔

Tarnation : (a) [Variant of darnation.] (امریکا عامیانہ) (تنفر، تحقیر یا غصے کا کلمہ) کم بخت؛ منحوس ۔

Tarnish : (v) [Fr. 'terniss'.] (۱) دھندلا کرنا؛ ماند کرنا؛ بےآب کر دینا؛ دھندلا یا ماند پڑجانا؛ بے رونق ہونا؛ بےرونق کرنا؛ تیرہ کرنا؛ رنگ بدل دینا؛ دو رنگ کر دینا ۔(۲) (مجازاً) نام یا آبرو میں بٹّا لگانا؛ داغ لگانا؛ دھبا لگانا؛ آب وتاب یا شان کم کردینا؛ آلودہ کر دینا؛ داغدار کر دینا ۔ (۳) خراب کرنا؛ بگاڑ دینا ۔(٤) پژمردہ ہوجانا؛ مرجھا جانا؛ کمہلانا؛ رنگ اتر جانا؛ پھیکا یا ہلکا پڑجانا؛ پیلا پڑ جانا ۔

Tarnish : (n) (۱) تیرگی؛ عیب؛ کدورت ۔(۲) دھندلاپن؛بےآبی؛ بے رونقی ؛ داغ دھبا؛ کلنک ۔ (۳) (معدنیات) داغ، میل (جو معدنی شے پر جم جائے) ۔

Tarnish proof : (a) بے داغ ہونے کی صلاحیت والا ۔

Tarnishable : (a) میلا ہو جانے والا؛ داغ پذیر؛ کدورت پذیر؛ عیب پذیر ۔

Tarnisher : (n) دھندلا کرنے والا؛ داغدار بنانے والا؛ بے رونق کرنے والا ۔

Taro : (n) [Native Polynesian name.] گرم خطوں کے بعض پودے جو " Arun " کے مانند ہوتے ہیں اور ان کی جڑیں کھانے کے کام آتی ہیں ؛ تارو؛ (نباتیات) ثوف؛ تارو؛ قلقاس؛ گوش فیل ۔

Tarot/Taroc : (n) [It. 'tarocco.' of unkn. origin.] (۱) تاش کا ایک کھیل جو پہلی دفعہ اٹلی میں چودھویں صدی عیسوی میں کھیلا گیا نیز پیش گوئی کے طور پر بھی استعمال ہوا؛ اٹھتریا ۔ (۲) اس تاش کا کوئی پتّا ۔

Tarpan : (n)[Kirghiz Tatar name.] (حیوانیات)تاتاری گھوڑا؛ تاتار کا جنگلی گھوڑا؛ ترپان؛ ترکی؛ قبچاقی ۔

Tarpaper : (n) تارکول پلایا ہوا موٹا کاغذ جو تعمیرات میں استعمال ہوتا ہے؛ رال چڑھایا ہوا کاغذ ۔

Tarpaulin (n) [Perh. f. Tar (n)+PALL (n)+ING.] (۱) ترپال؛ رال چڑھایا ہوا ٹاٹ یا کرمچ؛ برزنت ۔(۲) اس کا بڑا سا ٹکڑا ۔(۳) ملاح کی داغ دار تیلیا ٹوپی ۔ (٤) (روزمرہ) ملاح؛ جہازی؛ جہاز کا ملازم ۔

Tarpaulin : (v) ترپال سے ڈھانکنا؛ رال چڑھانے ہونے ٹاٹ یا کرمچ سے چھپانا ۔

Tarpeian : (a) [f. L.'Tarpeius'.] تارپی یا تارپیوسی (چٹان) جس پر سے قدیم رومی مجرموں کو گرا کر ہلاک کرتے تھے ۔

Tarpon : (n) [Origin Unkn.] ترپن : مچھلی کی ایک قسم جو ریاستہائے متحدہ امریکا کے جنوبی ساحل پر پکڑی جاتی ہے ۔

Tarpum : (n) [by alter. TARPON] دریائی مچھلی کی ایک قسم۔

Tarradiddle : (n) Tarradiddle کا متبادل ۔

Tarragon : (n) [Arab."tarkhon'.] طرخون ؛ ایک پودا جو اچار وغیرہ بنانے میں کام آتا ہے اور اس سے سرکہ بناتے ہیں؛ طرخان؛ ترخون ۔

Tarragona : (a) (۱) طرغونہ ؛ مے ارغوانی ؛ اسپین کی ایک ہلکی شراب ۔ (۲) اسپین کے ایک قصبے کا نام ۔

Tarriance : (n) (۱) (قدیم) تاخیر ۔ (۲) عارضی قیام ۔

Tarrier : (n) [f. TARRY+ER] (۱) (قدیم) تاخیر کرنے والا ۔ (۲) ٹھہرنے والا ۔

Tarrier : (n) [OFr. 'tarere'.] سوراخ کن؛ سوراخ کرنے کا آلہ ؛ برما ۔

Tarriness : (n) تارکول کی طرح کا ہونا؛ سیاہی ۔

Tarrock : (n) [Origin obsc.] (۱) چلچلہ؛ دریائی؛ مرغابی کا بچہ ؛ (حیوانیات) بط کا بچہ ۔ (۲) مرغابی کی ایک خاص قسم ۔ (۳) گلّی موت ۔ (٤) (حیوانیات) بحری ابابیل ۔

Tarry : (n) [f. TARRY. (v)] عارضی قیام ؛ اقامت ؛ اقامت موقتی (اب عموماً امریکا) ۔

Tarry : (a) [f. TAR+-Y.] (۱) رال یا تارکول کا ۔ (۲) رال کا سا؛ قیری؛ تارکول کی طرح ۔ (۳) جس پر رال یا تارکول لگا ہو ؛ کثیف ؛ تیرہ ۔

Tarry : (v) [Origin obsc.] (۱) (خصوصاً انشا پردازی میں) ٹھہرنا؛ اقامت اختیار کرنا؛ قیام کرنا؛ مقیم ہونا ۔ (۲) ٹھہرنا؛ توقف کرنا؛ انتظار کرنا (For کے ساتھ) کچھ کرنے سے قبل انتظار کرنا ۔ (۳) راہ دیکھنا؛ منتظر ہونا؛ منتظر رہنا؛ خیال کرنا ۔ (٤) دیر لگانا؛ تاخیر کرنا؛ درنگ کرنا؛ دیر میں آنا یا پہنچنا؛ پیچھے آنا؛ ٹھہرتے ٹھہراتے چلنا؛ راستے میں دیر لگانا ۔

To tarry a reply : جواب میں تاخیر کرنا ۔

Tarry-breeks/-jacket/-john : (n) (مزاح) ملاح کے عرفی نام ۔

Tarry matter : (n) (کیمیا) تارکولی مادّہ ۔

Tarsal : (a) [mod. L.'tarsalis'.] (۱) مچ پائی؛ کف پائی؛ ٹخنے کی ہڈی سے متعلق؛ مشط پائی ۔ (۲) آنکھ کے اوپری پلک کے غضروف سے متعلق ۔

Tarsal : (n) کعب؛ عظم الکعب؛ ٹخنا ۔

Tarsal bone/-joint : (n) (تشریح) عظم الکعب؛ ٹخنا ۔

Tarsale : (n) (تشریح) عظم الکعب؛ ٹخنا؛ استخوان مچ پا ۔

Tarsalgia : (n) (طب) درد کف پا ۔

Tarsia : (n) [It.] رنگ برنگ کے منقش چوبی کام کی ایک وضع کا نام ۔

Tarsier : (n) [Fr., f. 'tarse'.] (حیوانیات) کعبیّہ ؛ تختہ پا؛ افریقی لنگور جس کا پاؤں چپٹا ہوتا ہے اور رات کو نکلتا ہے ۔

Tarsipes : (n) موش کیسہ دار ؛ آسٹریلیا کے کیسہ دار جانوروں کی ایک قسم (چوہے کے مانند) ۔

Tarsius : (n) (حیوانیات) جنس کعبیہ ۔

Tarso- : سابقہ بہ معنی "کف پا" ؛ غضروف، پلک چشم ۔

Tarsome : (n) خشمگینی؛ ناراضگی؛ آزردگی ۔

Tarsometatersal : (a) ساق و مُشط پا کا یا اس سے متعلق ۔

Tarsometatarsus : (n) (حیوانیات) (پرند) ساق ومشط پا ۔

Tarsorrhaphy : (n) پپوٹے کے زندہ نسیج کا جوڑ ۔

Tarsotomy : (n) [Gr.] عظم الکعب کے حصے یا ٹخنے کی کرکری ہڈی کو ہٹانا ۔

Tarsus : (n) [mod. L.] (۱) ٹخنے کی ہڈیاں ؛ عظام قدم ؛ کف پا ۔ (۲) پرند کا ٹخنا؛ ساق؛ (حیوانیات) ساقِ پائے پرند ۔ (۳) (حشریات) (کیڑے کے پیر وغیرہ کا) سرا؛ پائے حشرہ ۔ (٤) پپوٹوں میں رگوں کا جال؛ پپوٹا جال ۔

Tart : (n) [med. L.'tarta'] میوہ دار کلوچہ؛ نان مربّانی؛ میٹھا سموسہ جس میں پھل (سیب وغیرہ) کاٹ کر بھرے ہوں ۔

Apple tart : سیب سموسہ ۔

Cherry-tart : شاہ دانہ سموسہ ۔

Jam tart : جام ٹارٹ؛ ایک قسم کا چھوٹا کیک جس پر جام لگا ہوتا ہے ۔

Tart : (n) [Shortened f. SWEETHEART.] (عامیانہ) جوان لڑکی؛ عورت؛ آوارہ عورت ۔

Tart : (v) (۱) جوان لڑکی یا فاحشہ عورت کی طرح سنورنا؛ آراستہ ہونا؛ بناؤ سنگار کرنا ۔ (۲) شیپ ٹاپ کے ساتھ خاص طرح کی پوشاک پہننا۔

Tart : (a) [OE. 'teart'.] (۱) کھٹا؛ ترش؛ (مزے میں) تیز؛ تند ۔ (۲) تیز (مزاج)؛ چڑچڑا؛ ترش روئی کا (انداز)؛ آتش مزاج ؛ تند ۔ (۳) (مجازاً) دنداں شکن؛ چبھتا ہوا؛ تلخ؛ تیکھا (جواب وغیرہ)۔

Tartan : (n) [Origin obsc.] (۱) چارخانہ اونی کپڑا خصوصاً وہ جسے اسکاتستان کے پہاڑی علاقوں کے لوگ پہنتے ہیں ۔ (۲) اس طرح کا کوئی کپڑا ۔ (۳) اسکاتستان کا چارخانہ کپڑا جس کی ہر قبیلے میں ایک مخصوص بناوٹ ہوتی ہے ۔ (٤) اسکاتستان کے پہاڑی علاقوں کا رہنے والا؛ پہاڑی اسکاتستانی؛ تارتان پہننے والا ۔ (٥) اس علاقے کا رہنے والا سپاہی؛ گھاگھرے والا سپاہی ۔

Tartan : (n) چارخانہ دار اونی کپڑا پہننا؛ تارتان ؛ ایک مستول والی کشتی جو بحیرۂ روم میں استعمال ہوتی ہے جس کا بڑا تکونہ بادبان ہوتا ہے ۔

Tartan/Tartane/Tartana : (n) [Fr. 'tartane'.] ایک مستول کی کشتی جو بحیرۂ روم میں چلتی ہے ۔

Tartan : (n) [Assyrian] قدیم اسیریا (Assyria) کا سپہ سالار ۔

Tartar : (n) [med. L. 'tartarum'.] (۱) (کیمیا) دُرد؛ شور؛ پوتاش اور چونے کا مرکب جو شراب کے پیپے میں جما رہ جاتا ہے؛ شراب کی تلچھٹ ۔ (۲) دانت کا میل؛ زردی جو دانت پر جم جاتی ہے؛ تہ نشیں ؛ رسوب ۔ (۳) شور آمیز ایسڈ کے نمک کا عام نام ۔

Cream of tartar : (کیمیا) ایک قسم کی روغنی دوا؛ طرطیر ۔

Tartar/Tatar : (n) [med. L. 'Tartarus'.] (۱) (جغرافیہ) تاتار؛ تتار ۔ (۲) تاتار کا باشندہ ۔ (۳) (مجازاً) غیر مہذب؛ غیر متمدن شخص ؛ وحشی؛ نا مانوس آدمی ۔ (٤) (عورت کے لئے) بد مزاج ؛ لڑاکا ؛ زبان دراز (عورت) ۔ (٥) تاتاری زبان ۔

To catch a tarter : زیادہ طاقت ور حریف سے جا بھڑنا یا سابقہ پڑنا ؛ سیر کو سوا سیر ملنا ۔

Tartar : (a) تاتاری؛ تاتار کا؛ (باشندے یا پودے ، جانور وغیرہ) جو تاتار سے متعلق ہوں) ۔

Tartar emetic : (n) (۱) قے آور یا مسہل دوا؛ پوتاشیم اور سرمے کا شور ۔ (۲) (طب) قے آور طرطیر ۔

Tartar horse : (n) دیکھو Tarpan

Tartar sauce/Tartare- : (n) [Fr. sauce 'tartare.'] ایک قسم کا مزیدار اچار۔

Tartarated : (a) [f.TARTAR(n)+-ATE+ -ED.] (کیمیا) دُرد سے ملا ہوا؛ شور آمیزہ ۔

Tartarated iron : (n) شور آمیز لوہا ۔

Tartarated soda : (n) شور آمیز سوڈا ۔

Tartarean : (a) [f. L. Tartareus+ - AN.] (۱) دوزخی ؛ جہنمی؛ شیطانی ۔ (۲) تاتاری؛ تاتار کا یا اس سے متعلق ۔

Tartareous : (a) [f. mod. E. tartareus+–ous.] (۱) دُرد آسا ۔ (۲) (نباتیات) چھلکا نما ۔

Tartarian :(n) [OFr. 'Tartarien.] تاتار؛ تاتاری شخص ۔

Tartarian : (a) تاتاری نسل کا یا تاتاری اشیاء سے متعلق ۔

Tartaric : (a) [f.TARTAR(n)+IC] (۱) دُردی؛ شراب کی تلچھٹ کا؛ دُرد یا شور کا یا اس سے مشابہ ۔ (۲) شور آمیز ۔

Tartaric/Tataric : (a) [f. TARTAR. (n)2+IC] تاتاری ؛ تتاری ۔

Tartaric acid : (n) (کیمیا) طرطیر کا تیزاب؛ شراب کی تلچھٹ سے نکالی ہوئی شراب ۔

Tartarin : (n) ایک کردار جو تقریر میں بھاری بھرکم الفاظ استعمال کرتا تھا ۔

Tartarin : (n) [Fr. probably from Tartari.] مقدس بندر جس کی قدیم مصری پرستش کرتے تھے ۔

Tartarish : (a) (۱) مائل بہ شکل دُرد ۔ (۲) دُرد ساز ۔ (۳) موجد بارۂ دنداں ۔

Tartarize : (v) [f. TARTAR (n) I+IZE.] (کیمیا) شور ملانا یا ڈالنا (کسی چیز میں) ؛ شوری نمک کے ذریعہ صاف کرنا ؛ طرطیر سے صاف کرنا ۔

Tartarize/Tatarize : [f. TARTAR(n) 2+-IZE.] (۱) تاتاری بنانا؛ تاتاری کرنا؛ (مجازاً) وحشی بنانا ۔ (۲) عالم اسفل میں بھیجنا؛ دوزخی بنانا ۔

Tartarized antimony : (n) Tartar emetic دیکھو

Tartarly : (a) (۱) وحشی؛ فسادی۔(۲) تند خو؛ آتش مزاج؛ سرگرم؛ جوشیلا۔

Tartarus : (n) [L.] (۱) (یونانی دیومالا) طرطروس؛ دوزخ کے نیچے کا گڑھا۔(اساطیر) سقر ؛ (دوزخ کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے)۔(۲) برزخ۔

Tartary : (n) [med. L.'Tartaria'.] (جغرافیہ) توران؛ تاتاریوں کا ملک۔

Chinese tartary : (جغرافیہ) ختن۔

Tarted (up) : (a) مزین؛ آراستہ؛ زرق برق۔

Tartine : (n) [Fr. f. 'tarte'.] مکھن لگا ہوا روٹی کا ٹکڑا۔

Tartish : (a) تند مزہ؛ ہلکا ترش۔

Tartlet : (n) [Fr. 'tartelette'] چھوٹا میٹھا سموسہ۔

Tartness : (n) تندی؛ تیزی۔

Tartralic : (a) [Fr.' tartralique'] دیکھو Ditarataric

Tartralates : (n) (کیمیا) Ditartaric ایسڈ کا نمک۔

Tartramates : (n) طرطیر کے تیزاب سے نکالے ہوئے ایسڈ کا نمک۔

Tartramic : (a) [f.TARTRO-+ AMMO-NIUM+-IC] (کیمیا) طرطیر کے تیزاب سے نکالا ہوا ایسڈ $(C_4 H_7 NO_5)$۔

Tartramide : (n) $C_4 H_4 (NH_2)_2 O_4$ - طرطیر کےتیزاب کا امائڈ

Tartrate : (n) [Fr. f. 'tartre'.] (کیمیا) طرطیری تیزاب کا نمک؛ تیزاب شوری کا نمک۔

Tartrated : (a) دیکھو Tartarated

Tartrelates : (n) Tartrelic ایسڈ کا نمک۔

Tartrelic : (a) [Fr. 'tartrelique'.] طرطیری تیزاب کے ایسڈ کی ایک قسم $(C_4 H_4 O_5)$۔

Tartro-/Tartr- : سابقہ بہ معنی "طرطیر کے تیزاب سے مشتق"۔

Tartrazine : (n) گہرا نارنگی رنگ جو اون ، غذا ، ریشم اور دوا وغیرہ کے رنگنے میں کام آتا ہے۔

Tartrethylic acid : (n) $(C_6H_{10}O_6)$ - ٹارٹ ای تھیلک ایسڈ

Tartronates : (n) ٹارٹرونک ایسڈ کا نمک۔

Tartronic acid : (n) $(C_3H_4O_5)$ - ٹارٹرونک ایسڈ

Tartrovinic acid : دیکھو Tartrethylic acid

Tartuffe/Tartufe : (n) [OFr. 'tartuffe'.] مولیر کے مشہور فرانسیسی ناٹک کامرکزی کردار؛ ریاکار زاہد؛ بگلا بھگت ؛ عابد ریاکار؛ سالوس ؛ مقدس ریائی۔

Tartufferie/-ery : (n) عابد ریاکار کا کردار؛ ریاکاری؛ حیلہ سازی۔

Tartuffian/Tartuf(f)ish : (a) (۱) ریاکارانہ؛ پُرفریب؛ مکارانہ۔ (۲) ریاکاری کا یا اس سے متعلق۔

Tartuffism : (n) ریاکاری؛ زہد ریائی۔

Tarty : (a) زرق برق؛ بھڑکیلا؛ نمائشی۔

Tarzan : (n) ٹارزن؛ سورما صفت؛ مضبوط اور چست؛ پھرتیلا آدمی۔

Tasajo : (n) [Sp.] دھوپ میں خشک کئے ہوئے بھینس کے گوشت کے ٹکڑے۔

Tasbih : (n) [Arab.] تسبیح؛ تسبیح کے دانے۔

Tascometer : (n) (طبیعیات) بگاڑ پیما۔

Tashkent/Tashkend : (a) شہر تاشقند کا یا اس سےمتعلق ؛ روسی شہرتاشقند سے متعلق؛ تاشقند طرز کا۔

Tasimeter : (n) [Gr. 'tasis'+-meter.] (موسمیات) برقی موسم پیما؛ بجلی کا آلہ جس سے موسم کے درجہ حرارت ، لمبائی وغیرہ کے خفیف تغیرات معلوم ہوتے ہیں۔

Tasimetric : (a) موسم پیمائی کا یا اس سے متعلق۔

Tasimetry : (n) (موسمیات) موسم پیمائی؛ دباؤ پیمائی۔

Task : (n) [OFr. 'tasche'.] (۱) مقررہ کام؛ کار مفروضہ؛ کام جو کسی کے سپرد کیا جائے؛ امر مہم؛ کار؛ وظیفہ؛

تکلیف ۔ (۲) سبق (جو مدرسے یا اسکول میں پڑھایا یا تیار کیا جائے)؛ مدرسے یا اسکول کا کام؛ استاد کی طرف سے دیا ہوا کام (مطالعہ کے لئے) ۔ (۳) کام جو خود اپنے ذمےلے لیا جائے ۔

To take to task : سرزنش کرنا؛ اظہار ملامت کرنا؛ زجروتوبیخ کرنا ۔

To take person to task : تنبیہ کرنا (کسی کام کے بارے میں)۔

Task : (v) [f. prec.] (۱) کام تفویض کرنا؛ کام مقررکرنا: (کام) سپرد کرنا ۔ (۲) وظیفہ مقررکرنا ۔ (۳) دبا کے یا مجبور کرکے کام لینا؛ سخت محنت سے کام کرانا؛ (مجازاً) پورے طور یا تکلیف دہ طور پر مشغول رکھنا (کام میں)؛ زیادہ بوجھ ڈالنا ۔ (٤) تہمت لگانا؛ متہم کرنا ؛ گناہ کو کسی کی گردن پر ڈالنا ۔ (٥) قبضہ کرنا؛ خدمت لینا ۔ (٦) آزمانا یا آزمائش کرنا؛ جانچ کے لئے پیش کرنا ۔ (۷) (خصوصاً) (جہازکی لکڑیوں کی) صحت یا درستگی کو جانچنا ۔

Task force : (n) (۱) (امریکا) فوج جو ایک کمانڈر کے ماتحت مخصوص نقل وحرکت کے لئے نام زد کی گئی ہو ۔ (۲) لوگوں کی ایک جماعت جو مختلف مخصوص مسائل کے متعلق چھان بین کرنے کےلئے متعین کی گئی ہو ۔

Task group : (n) (۱) بحری فوج جس کا کام ایک کمانڈر کے ماتحت مخصوص نقل و حرکت کرنا ہو ۔ (۲) لوگوں کی ایک جماعت جو مختلف مخصوص مسائل کی چھان بین کے لئے مقرر ہو۔

Task-work : (n) (۱) دیکھو Piece works ۔ (۲) سخت کام؛ محنت کا کام؛ بھاری کام؛ ظالمانہ کام : زبردستی کا کام ۔

Tasker : (n) (۱) کام لینے والا؛ کار فرما؛ وہ شخص جو کام سپرد کرتا ہے ۔ (۲) کارگر : کام انجام دینے والا ؛ مزدوری پر کام کرنے والا ؛ ٹھیکے کا کام کرنے والا ؛ اجرت پر کام کرنے والا ۔ (۳) (خصوصاً)وہ شخص جو خرمن کوب یا موگرے سے اناج گاہتاہے ۔

Taskmaster : (n) کار فرما؛ تحمیل کنندہ؛ سرکار؛ وہ جو کام کرنے کو دیتاہے اور اس کے انجام دہی کو دیکھتا ہے؛ ناظر کار؛ اوورسیر؛ کام لینے والا؛ نیز (مجازاً) کارمنصبی تفویض کرنے والا؛ ٹیوٹی بانٹنے والا ؛ کام سپرد کرنے والا؛ سخت بوجھ لادنے والا ۔

Taskmastership : (n) کار فرما کا عہدہ؛ ناظر کار کا منصب ۔

Taskmistress : (n) کام لینے یا سپرد کرنے والی عورت؛ زن کارفرما۔

Tasmanian : (a) تسمانی ؛ تسمانیا کا رہنے والا؛ تسمانیا (آسٹریلیا) کا یا اس سے متعلق ۔

Tasmanian Devil : (n) (حیوانیات) تسمانی بن بلاؤ؛ بلی کی قسم کا گوشت خوار جانور جو درخت پر رہتا ہے ۔

Tasmanian myrtle : (n) آسٹریلیائی سدا بہار درخت ۔

Tasmanian wolf/-tiger : (n) (حیوانیات) تسمانی بھیڑیا؛ زبراگرگ ؛ بھیڑیے کی قسم کا گوشت خور جانور ۔

Tass : (n) [OFr. 'tas'.] (روز مرہ) انبار؛ ڈھیر؛ تودہ؛ ڈھیری؛ ثال؛ خرمن۔

Tass : (n) [f. initials of Russ. Telegraphnoye Agentstvo SSSR.] طاس؛ سوویت یونین (روس) کی تلغرافی خبر ایجنسی ۔

Tasse : (n) [OFr. 'tasse'.] (۱) (خصوصاً اسکاتستانی) فنجان؛ پیالہ ؛ ساغر ؛ جام ۔ (۲) (برانڈی وغیرہ کا) چھوٹا گھونٹ؛ چسکی۔

Tassel : (n) [OFr. 'tasel'.] (۱) پھندنا؛ جھالر (ڈورے جو ٹوپی یا گدوں وغیرہ کے کناروں سے لٹکتے رہتے ہیں)؛ ریشہ ۔ (۲) پودوں کے اوپر پھولوں کا گچھا؛ طرہ (خصوصاً مکئی کے پودے کا) ۔ (۳) فیتہ (جو کتاب میں نشان کے لئے لگا دیتے ہیں)؛ نشان فیتہ؛ نشانی ۔ (٤) بونڈی؛ چنور؛ طرہ ۔

Tassel/Torsel : (n) [mod. Fr. 'tasseau'.] (تعمیرات) داسا، لکڑی وغیرہ کا ٹکڑا جسے دیوار پر رکھ کر بان ڈالتے ہیں؛ سہارا؛ لکڑی یا پتھر کا ٹکڑا جو دیوار کا وزن تقسیم کرنے کی غرض سے شہتیر کے نیچے رکھ دیتے ہیں۔

Tassel : (v) (۱) پھندنا لگانا؛ جھالر لگانا؛ جھالر سے آراستہ کرنا ۔ (۲) (پودے کو قوت دینے کے لئے) طرے چھانٹنا؛ ریشہ ٔ ذرات نکالنا ۔ (۳) (مکئی ، گنا

وغیرہ) طرہ کی شکل اختیار کرنا (مثلاً غنچہ کھلنا) (خصوصاً امریکا)۔

Tassel bush : (n) (۱) امریکا کی ایک جھاڑی (بحر الکاہل کے ساحلی علاقے کی)۔ (۲) مغربی امریکا کی ایک جھاڑی جس کے پتے چمک دار ہوتے ہیں۔

Tassel-flower : (n) (۱) جھالر نما پھول؛ طرہ نما پھول۔ (۲) Inga جنس کی جھاڑی یا درخت۔

Tassel-grass : (n) Ruppia maritima جنس کی دریائی جڑی بوٹی۔

Tassel-hyacinth : (n) ایک قسم کا پودا جس کی ڈانٹ اور پھول طرہ نما ہوتے ہیں؛ کلاغک۔

Tassel pondweed : (n) ایک قسم کی دریائی جڑی بوٹی۔

Tasseler : (n) جھالر بنانے والا؛ پھندنا بنانے والا؛ طرہ بنانے والا۔

Tassel(l)ed : (a) طرہ دار؛ ریشہ دار۔

Tassely/Tasselly : (a) (۱) طرہ سے آراستہ؛ جھالر سے مزین۔ (۲) ریشہ دار؛ طرہ دار۔

Tassets : (n) [Fr. 'tassette'.] دیکھو Tasse

Tassie : (n) (خصوصاً اسکاتستان) چھوٹا پیالہ۔

Tastable : (a) Tasteable کا متبادل۔

Taste : (n) [OFr.' tast'.] (۱) مزہ؛ ذائقہ (جو کسی چیز کے کھانے یا چکھنے سے زبان کو محسوس ہو)؛ طعم؛ لذت؛ رائحہ۔ (۲) چسکی؛ گھونٹ؛ جرعہ۔ (۳) (مجازاً) معمولی تجربہ؛ کسی حالت یا صفت کی ہلکی نمائش؛ مثال؛ سلیقہ۔ (٤) قوت ذائقہ۔ (٥) (قدیم) چکھنا؛ چکھائی۔ (٦) بانگی؛ نمونہ (وہ ذرا سا حصہ جو بطور نمونہ دیا جائے)۔ (۷) (عضویات) مزہ؛ شوق؛ مذاق۔ (۸) ذوق؛ مذاق (خصوصاً فنون لطیفہ یا ادبیات میں)؛ رغبت۔ (۹) میلان؛ جھکاؤ؛ میل؛ تمائل۔ (۱۰) ذوق جمالیات۔

A man of taste : صاحب ذوق شخص۔

Composed in admirable taste : اس کو لکھنے میں حسن ذوق سے کام لیا گیا ہے؛ بہت لطیف انداز میں لکھا گیا ہے۔

False taste : ناقص مذاق؛ بد ذوقی۔

The remark was in bad taste : بدمذاقی کی بات تھی؛ ناشائستہ بات تھی۔

True taste : صحیح مذاق؛ ذوق سلیم۔

Taste : (n) [Origin obsc.] (امریکا) باریک یا کم چوڑے ریشمی فیتے کی قسم؛ ایک قسم کا باریک یا کم چوڑا پتلا ریشمی فیتہ۔

Taste : (v) [ME. 'tasten'.] (۱) (مجازاً) محسوس کرنا؛ تجربہ رکھنا؛ علم رکھنا؛ کسی چیز کا معمولی تجربہ ہونا؛ سمجھنا۔ (۲) (جہاز سازی) بسولا؛ تیشے سے لکڑی چھیلنا (خرابی دور کرنے کے لئے)۔ (۳) چکھنا؛ ذائقہ لینا؛ مزہ لینا۔ (٤) کسی چیز کے چکھنے کا کام کرنا (فرض منصبی کے طور پر)۔ (٥) ذرا سا چکھنا؛ منہ پر رکھنا۔ (٦) ذائقہ یا مزا محسوس کرنا۔ (۷) (قدیم) لطف اٹھانا؛ مزا لینا۔ (۸) مزا دیکھنا؛ تجربہ کرنا؛ تجربہ میں آنا۔ (۹) چاشنی رکھنا؛ مزا ہونا۔ (۱۰) لذت حاصل کرنا؛ اٹھانا؛ متلذذ ہونا؛ مسرت حاصل کرنا۔

Taste beaker : (n) زبان کا عضو ذائقہ؛ زبان کی لعاب دار جھلی جس سے ذائقہ محسوس کیا جاتا ہے۔

Taste bud : (n) ذائقہ مہرہ : قوت ذائقہ کا نرم ونازک سا ریشہ جو زبان کی لعاب دار جھلی کی بالائی سطح پر ہوتا ہے۔

Taste bulb/-goblet : (n) دیکھو Taste beaker

Taste tetrahedron : (n) (نفسیات) ذوقی چو ضلعہ۔

Tasteable : (a) با مزا؛ مزہ دار؛ خوش مزا؛ قابل ذائقہ؛ جو چکھا جا سکے؛ چکھنے کے لائق۔

Tasteful : (a) (۱) باذوق؛ خوش ذائقہ۔ (۲) صاحب ذوق؛ با مذاق (شخص)۔ (۳) مذاق سلیم کے مطابق؛ دل پسند؛ دلپذیر؛ لطیف؛ نفیس؛ خوش ذوق؛ خوشنما؛ پسندیدہ۔

Tastefully : (adv.) خوشنمائی سے؛ تناسب کے ساتھ؛ خوش سلیقگی سے؛ خوش ذوقی سے۔

Tastefulness : (n) دل پسندی؛ نفاست؛ خوش نمائی؛ خوش ذوقی؛ خوش سلیقگی؛ لطافت؛ مذاق سلیم۔

Tasteless : (a) (۱) بے مزہ؛ بے سلیقہ؛ بے ذائقہ؛ پھیکا؛ سیٹھا؛ غیر دلچسپ ۔ (۲) محروم ذائقہ؛ عدیم الذائقہ؛ جس کو قوت ذائقہ نہ ہو ۔ (۳) بے ذوق ؛ بد مذاق (جس کو فنون لطیفہ وغیرہ کا کوئی ذوق نہ ہو) ۔ (٤) مذاق سلیم کے خلاف؛ ناپسندیدہ؛ نا شائستہ (گفتار، کردار وغیرہ)۔

Tastelessly : (adv.) بے مزگی سے؛ پھیکے پن سے؛ بے ذوقی سے؛ بدمذاقی سے ؛ ناشائستہ طور پر ۔

Tastelessness : (n) بے مزگی؛ سیٹھاپن؛ پھیکاپن؛ بے ذوقی؛ بدمذاقی ؛ ناشائستگی؛ ناپسندیدگی ۔

Taster : (n) [OFr. 'tasteur '.] (۱) چکھنے والا ؛ چاشنی گیر ؛ چیزوں کی صفت بتانے والا ۔ (۲) وہ شخص جس کا کام یہ ہوکہ شراب، چائے وغیرہ کو چکھ کر حُسن و قبیح بتائے ؛ مے چش؛ چائے چش ؛ مزہ چش؛ شراب کی قسم کی جانچ کرنے والا ۔ (۳) (تاریخ) خاصہ چش؛ وہ جو بادشاہ وغیرہ کےکھانے سے پہلے کھانے کو پہلے ہی چکھ لیا کرتاتھا یہ معلوم کرنے کے لئے کہ ان میں زہر نہ ہو یا انہیں زہر کا وہم نہ رہے ؛ آقا کے کھانے اور مشروب کو چکھنے والا شخص ۔ (٤) (مجازاً) وہ شخص جو ناشر کتب کی طرف سے کتابوں کے مسودے پڑھنے پر مقرر ہو؛ ناقد ۔ (٥) ساغر مے چش؛ مے چشوں کا چھوٹا پیالہ ۔ (٦) (آلہ) پنیر چش جس سے پنیر کے اندر کا گول سا ٹکڑا بطور نمونہ نکالتے ہیں ۔ (۷) ایک آلہ جس سے کسی چیز کا مختصر حصہ جانچنے کےلئے لیا جائے۔ (۸) غذا وغیرہ کا معمولی حصہ (نمونے کےلئے)۔

Taster : (n) [G.] دیکھو Hydrocyst

Tastily : (adv.) پسندیدہ طور پر؛ نفاست کے ساتھ؛ لذت کے ساتھ ؛ مزہ لےکر؛ لذیذ طور پر؛ دلچسپی سے؛ سلیقے سے ۔

Tastiness : (n) (مے، شراب وغیرہ کا) مزہ ؛ ذائقہ ؛ مزے دار ہونے کی حالت؛ نفاست؛ خوشنمائی ۔

Tasting : (n) (۱) چکھنے کا عمل؛ مزہ چکھنا ۔ (۲) نمونے کے طور پر لیا ہوا کسی چیز کا حصہ (جانچنے کے لئے) ۔ (۳) (مے، شراب وغیرہ کا) مزا ۔

Tasting-knife : (n) پنیر چش ؛ پنیر چکھنے والا چاقو ۔

Tasty : (a) (۱) لذیذ؛ مزہ دار؛ خوش ذائقہ؛ خوش طعم؛ بامزا ۔ (۲) نمکین؛ چٹ پٹا؛ رغبت انگیز؛ بہت دلکش یا دلچسپ (مثلاً کباب) ۔ (۳) (سوقیانہ) با سلیقہ؛ نفیس (لباس یا آرائش وغیرہ)؛ پاکیزہ ۔

Tasty : (n) کھانے کی اچھی چیز؛ کوئی چیز جو کھانے میں اچھی ہو؛ مٹھائی؛ میٹھی گولیاں ۔

Tat : (n) [Origin unkn.] (عامیانہ) دیکھو Dice

Tat/Taut : (n) [Hindi 'tat'] (ہندوستانی) ٹاٹ ۔

Tat/Tatt : (n) : [Short for TATTOO'] (ہندوستانی) ٹٹو ؛یابو ۔

Tat : (n) (۱) (محاورہ میں) جیسے کوتیسا ۔(۲) دیکھو Tit ۔

Tat/Tatt : (v) [Origin unkn.] جھالرگوتھنا؛ گوتھواں کشیدے کا کام کرنا ۔

Tat : (v) [Perh. of imit. origin.] (خصوصاً بول چال) آہستہ آہستہ چھونا؛ تھپتھپانا ۔

Tat : (n) [Russ. f. Turk.] (۱) زراعت پیشہ لوگ جو تازکستان کے مختلف علاقوں میں چھوٹی چھوٹی ٹولیوں میں رہتے ہیں ؛ ایسی جماعت کا ایک فرد ۔(۲) ایسےلوگوں کی ایرانی زبان ۔

Tat-tat/Tat-tat-tat : [imit.] دیکھو Rat-a-tat

Tatami : (n) [JAP] پیال یا پوال کی بنی چٹائی جو جاپانی گھروں میں زمین کے فرش کے طور پراستعمال ہوتی ہے ۔

Tatar : (n) تاتار ۔

Tatarian/Tataric: (a) تاتاری ۔

Tatarian honeysuckle : (n) ایک قسم کی تاتاری بیل جس میں زرد خوشبودار پھول ہوتے ہیں ۔

Tatarize : (v) تاتاری بنانا ۔

Tate (n) [Perh. of Scand. origin.] (۱) (برطانیہ بول چال) چھوٹا ٹکڑا (اون وغیرہ کا) ۔(۲) (برطانیہ بول چال) جُفد؛ بال کا گچھا؛ چوٹی (بال) ۔

Tate Gallery : (n) ٹیٹ گیلیری؛ لندن کا ایک مشہور تصویر خانہ جس میں برطانوی مصوروں کی تصاویر نمائش کے لئے رکھی رہتی ہیں ۔

Tatianist : (n) دیکھو Encratite

Tatoo : (n) Tattoo کا متبادل ۔

Tatou/Tatu : (n) [Native name in tupi.] (حیوانیات) ٹاٹو ؛ امریکی مورخور ۔

Tatouay/Tatou-aiba : (n) (۱) زخمی ٹاٹو ۔(۲) بڑا ٹاٹو ۔

Tatter : (n) [of Scand origin.] (۱) (عموماً صیغہ جمع میں) چیتھڑا؛ پرزہ؛ تکہ، پارچہ؛ دھجی (کپڑے یا کاغذ کی)؛ لباس پارہ پارہ؛ لمبا پتلا ٹکڑا؛ پھٹے کپڑے ۔ (۲) خستہ حال؛ چیتھڑے لگا شخص؛ گڈریا۔

Tatter : (v) [a back formation from TATTERED.] (۱) پرزہ پرزہ کردینا؛ پارہ پارہ کردینا؛ ٹکڑے ٹکڑے کر دینا؛ (پھاڑ کے) چیتھڑا بنا دینا ۔(۲) پارہ پارہ ہو جانا؛ ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا؛ (پھٹ کر) چیتھڑا بن جانا ۔

Tatterdemalion/Tatterdemallion : (n) (۱) خستہ حال آدمی؛ چیتھڑے لگا شخص؛ پھٹے کپڑے میں ملبوس شخص ۔ (۲) بھیک منگا؛ میلا کچیلا آدمی؛ پھٹیچر ۔

Tattered : (a) (۱) پھٹا چٹا؛ پارہ پارہ؛ پھٹا ہوا؛ پھٹا پرانا ۔ (۲) پھٹے کپڑے والا؛ درہم شکستہ؛ خراب شدہ ۔

Tattery : (a) دیکھو Tattered

Tattie : (n) (اسکاتسان) آلو ۔

Tatting : (n) ایک قسم کا جھالردار فیتہ؛ حاشیہ، لباس ۔

Tatting : (n) جھالر گوتھنے کا کام؛ گوتھواں کشیدے کاکام ۔

Tattle : (n) [f. next.] بک بک؛ بکواس؛ گپ شپ؛ واہی تباہی باتیں؛ ہرزہ گوئی؛ یاوہ گوئی؛ فضول گوئی؛ بیہودہ گوئی ۔

Tattle : (v) [LG. 'tateln'.] (۱) بک بک کرنا؛ بکواس کرنا؛ گپ شپ کرنا؛ بکنا؛ فضول بکنا؛ یاوہ گوئی کرنا؛ زٹل ہانکنا ۔(۲) (کوئی بات) بے سوچے سمجھے کہہ ڈالنا؛ بکواس میں کچھ کہہ جانا ۔

Tattler : (n) (۱) باتونی ؛ یاوہ گو ؛ بک بک کرنے والا ؛ بکواس کرنے والا ۔(۲) چغل خور؛ غماز؛ بدگو ۔ (۳) (طیوریات) Totanus جنس کی چڑیا ۔ (٤) (حیوانیات) زَمارالرّمل؛ بلوہ ۔(٥) اسٹیپل اور ایڈیسن کا مشہور رسالہ ۔

Tattletale : (n) یاوہ گو؛ باتونی؛ جاسوس؛ پیشہ ور مخبر؛ خبر دہندہ؛ خبر رساں؛ چغل خور؛ غمّاز ۔

Tattletale gray : (n) بھورا مائل سفید ۔

Tattling : (a) بات بنانے والا؛ یاوہ گو؛ بک بک کرنے والا؛ چغل خوری کرنے والا ۔

Tattlingly : (adv.) بکواس کرتے ہوئے؛ زٹل ہانکتے ہوئے؛ بات بناتے ہوئے؛ فضول گوئی کرتے ہوئے ۔

Tattoo/Tatoo : (n) [DU. 'taptoe'.] (۱) (فوج) (۱۰ بجے) رات کی نوبت ؛ قرنا یا نقارے کی آواز کہ سپاہی اپنے اپنے مقام پر آجائیں ؛ شب نالے ۔ (۲) فوجی تفریح (فاضل موسیقی اور فوجی ورزش کے ذریعے) ۔ (۳) طبل زدگی (آگاہ کرنے ، متوجہ کرنے کے لئے) ، (نمائش کرنے کے لئے) ۔ (٤) ارتعاش؛ ضرب (طبل کی)؛ مارنے کا عمل۔

To beat the devil's tattoo : انگلیوں سے طبلہ سا بجانا (شغل کے طور پر) ۔

Tattoo : (n) [In 18th Century. 'tattaow' Polynesian, 'tatau'.] گودنے کے نشان یا نقوش؛ گودنا؛ خال کوبی؛ کبودی۔

Tattoo : (n) [Hindi. 'tattu'] (ہندوستانی) ٹٹو؛ یابو ۔

Tattoo : (n) [f. TATTOO(n)] (۱) (میز وغیرہ پر) انگلیوں سے جلدی جلدی اور باربار کھٹ کھٹ کرنا ۔ (۲) انگلیوں سے طبلہ سا بجانا۔ (۳) (میز وغیرہ پر) ٹنڈا مارنا؛ زور زور سے ہاتھ مارنا۔

Tattoo : (v) گودنا؛ (جسم پر) گود کر نقش بنانا؛ خال کوبی کرنا۔

Tattooage : (n) گودنا؛ خال کوبی ۔

Tattooer : (n) گودنے والا؛ جسم پر گود کر نقش بنانے والا ۔

Tattooing : (n) گودنے کا عمل؛ گودنا ۔

Tatty : (n) [Hindi. 'tatti.] (ہندوستان) ٹٹی؛ خس کی ٹٹی ۔

Tatty : (a) [related in form and sense to OE. 'tattec'] (۱) (اسکاتستان) (بال) لمبےموٹے بالوں والا؛ جھبرا ۔ (۲) (بول چال) ذلیل؛ حقیر؛ ادنیٰ؛ کمینہ؛ فرومایہ؛ خستہ؛ بھڑکیلا اور بھونڈا ۔

Tau : (n) [Gr. 'tau'.] (۱) یونانی اور عبرانی میں حرف T کا نام ۔ (۲) حرف T کی شکل کا نشان (متبرک نشان کے طور پر استعمال ہوتا ہے)؛ سینٹ انتھونی کی صلیب ۔ (۳) امریکی ٹوڈ مچھلی؛ مچھلیوں کی بعض قسمیں جو اس حرف سے مشابہ ہوتی ہیں یا ان پر ایسے نشان نظر آتے ہیں؛ طائیہ ۔

Tau : (a) (T) شی نما؛ T صورت ۔

Tau-cross (n) نیم چلیپائی؛ نیم چلیپائی صلیب؛ صلیب انتھونی مقدس ۔

Taube : (n) [Gr.] جرمن ہوائی جہاز کی ایک قسم؛ قمری طیارہ؛ تاوبہ ۔

Tauchnitz : (n) (سلسلہ) تاوخ نتزکی کتاب (تاوخ نتزلانپزك کا مشہور اشاعت خانہ) ۔

Taufer : (n) [Origin obsc.] دیکھو Dunker

Taught : (a) Teach (v) کا فعل ماضی ۔

Taunt : (n) [Origin obsc.] (۱) طعنہ ؛ ملامت ؛ سرزنش ؛ شماتت ؛ طنز؛ جلی کٹی بات ؛ رمزو کنایہ ۔ (۲) نشانہ ملامت؛ ہدف مطاعن؛ استہزا؛ تضحیک ۔

Taunt : (a) [Origin obsc.] (بحری) (مستول کے لئے) بہت بلند؛ بہت اونچا ۔

Taunt : (v) [See. TAUNT. (n)] (۱) طعنہ زنی کرنا؛ طنزکرنا؛ سرزنش کرنا؛ ملامت کرنا؛ طعنہ دینا (کسی بات کا) ۔ (۲) غضب ناک کرنا؛ غصہ دلانا؛ غیظ وغضب میں لانا؛ طیش دلانا؛ برانگیختہ کرنا؛ اکسانا؛ بھڑکانا؛ اشتعال دینا ۔

Taunter : (n) طعنہ دینے والا؛ ملامت کرنے والا؛ طنز کرنے والا شخص ۔

Taunting : (a) طعنہ دینے والا؛ طنز کرنے والا؛ ملامت کرنے والا؛ اشتعال دے کر غصہ دلانے والا ۔

Tauntingly : (adv.) از راہ ملامت؛ طعن وتشنیع سے ؛ طعن آمیز طور پر ۔

Tauri : (n) (علم النجوم) الدُبران (ستارہ) ۔

Tauri-/Taur - : [L.f. 'taurus'] جزو ترکیبی بمعنی "گاو نر"؛ "بیل"؛ "ثور" ۔

Tauri : (n) [L. f. Gr. 'Tauroi'.] جنوبی کریمیا (Crimea) کے قدیم باشندے ۔

Tauric : (a) [Gr. 'taupos'.] (۱) بیل کا ؛ سانڈ کا ۔ (۲) دیکھو Taurine ۔

Taurid : (n) [f. TAURUS'.] (علم النجوم) (جمع میں) ثوریہ ۔

Tauriform: (a) [L.'tauriformis', f.'taurus'.] گاؤ مانند؛ گاوی ؛ بیل نما؛ بیل جیسا ۔

Taurine : (n) [f. TAYRI-in TAUROCHOLIC+-INE.] ایک قسم کا بےرنگ قلم پذیر مادہ جو انسان اور حیوان کے صفرا میں پایا جاتا ہے ($C_2 H_7 NSO_3$) ۔

Taurine ; (a) [L. 'taurinus', f. 'taurus'.] (۱) بیل کا؛ سانڈ کا ۔ (۲) گاؤنما؛ بیل جیسا؛ سانڈ کا سا ۔ (۳) برج ثور کا؛ ثوری ۔

Tauro- : [Gr. 'tauro'] سابقہ بمعنی "گاؤ"؛ "بیل"؛ "سانڈ" ۔

Taurobolium/Tauroboly : (n) [L.] بیل؛ سانڈ کی قربانی ۔

Taurocholic : (a) (کیمیا) ثورو کولك ایسڈ؛ ایک قسم کا ایسڈ ($C_{26} H_{45} NSO_7$) جو سانڈ کے پت (صفرا) میں اور دوسرے جانور کے پت میں پایا جاتا ہے؛ بیل؛ (حیوانیات) بیل صفراوی (مزاج کا) ۔

Taurocol(l) : (n) سریس جو بیل کے چمڑے سے بنایا جاتا ہے (شاذ) ۔

Tauromachian : (a) سانڈوں کی لڑائی سے متعلق ۔

Tauromachy : (n) [Gr. 'tauromachia'] سانڈوں کی لڑائی؛ سانڈوں کی لڑائی کی رسم ؛ جنگ گاوان ۔

Tauromorphic : (a) (حیوانیات) بیل شکلہ ۔

Taurus : (n) [L.] (۱) (علم النجوم) (برج) ثور؛ بزکہہ ۔ (۲) ستاروں کی ایک صورت یا مجموعہ ۔

Taurus Poniatowski : (n) (علم النجوم) ثور اصغر ۔

Taurylic : (a) [f. L.'taurus'+-YL+-IC] (کیمیا) ثوریلك ایسڈ ؛ بے رنگ کا تیل(C_7H_8O) جو کاربولك ایسڈ کے ساتھہ آدمی کے پیشاب اور بیل، گھوڑے کے پیشاب سے نکلتا ہے ۔

Taut/Taught : (a) [ME.] (۱) (بحری) (بندھا ہوا رسا)تنا ہوا ۔ (۲) درست؛ (کیل کانٹے سے) لیس؛ (جہاز

وغیرہ) ٹھیک ٹھاک ۔ (۳) (مجازاً) (شخص) سخت گیر؛ سختی کرنے والا (ضابطے کی پابندی میں یا ڈیوٹی میں) ۔ (٤) زیور تہذیب سے آراستہ؛ مرتب؛ ترتیب دیا ہوا؛ باترتیب؛ سجا سجایا ۔

Taut : (v) [Origin Unkn.] (اسکاتستان) دیکھو Tangle

Taut : Tautology کا مخفف ۔

Tautegorical : (a) ایک چیز کو مختلف طریقے سے ظاہر کرنے والا ۔

Tauten : (v) (۱) تننا؛ تاننا ۔ (۲) مرتب کرنا؛ ٹھیک ٹھاک کرنا؛ درست کرنا ۔

Tautly : (adv.) (۱) تان کر ۔ (۲) ٹھیک طور پر ۔

Tautness : (n) (۱) تنا ہوا ہونا؛ تناؤ ؛ تناوٹ ۔ (۲) ٹھیک ٹھاک ہونا ؛ درست ہونا ۔

Tauto - : [Gr. 'Tauto'.] جزو ترکیبی بمعنی "یکساں" ؛ "مساوی" ؛ "شبیہ" ۔

Tauto ousian/-ious: (a) [Gr.] ہم ماہیت ؛ ایک ہی ذات کا ۔

Tautobaryd : (n) (طبیعیات) ہم ثقل (منحنی)؛ مساوی الثقل؛ منحنی مساوی الوزن (جس میں کسی شے کی کشش ثقل سے، گھومنے میں ہر حصے پر مساوی وزن یا دباؤ پڑتا ہو) ۔

Tautochrone : (n) [TAUTO-+ Gr. 'Chronos'.] (ارضیات) منحنی مساوی الزماں (جس میں کسی شے کے ہر نقطے سے پھیل کر سب سے نیچے نقطے پر گرنے میں مساوی وقت صرف ہوتا ہو)؛ (طبیعیات) ہم وقت (منحنی) ۔

Tautochronism : (n) انحنا مساوی الزماں ۔

Tautochronous : (a) (طبیعیات) ہم وقتی (منحنی)؛ مساوی الزماں (منحنی) ۔

Tautog/Tautaug : (n) [Narragansett, 'tant-auog'.] شمالی امریکا کی ایک قسم کی مچھلی؛ (حیوانیات) سیاہ ماہی ۔

Tautological : (a) [f. Gr.] مکرر بالمعنی؛ جس میں تکرار یا معنی ہو ؛ ایک ہی بات کو مختلف طریقے سے بیان کرنے سے متعلق ۔

Tautologically : (adv.) تکرار معنی کے ساتھ ۔

Tautologism : (n) تکرار بالمعنی کا استعمال ۔

Tautologist : (n) تکرار بالمعنی کا استعمال کرنے والا؛ تکرار پسند؛ جس کی عبارت میں تکرار معنی ہو ۔

Tautologize : (v) [f.Gr.] ایک ہی بات کو مختلف الفاظ کے ذریعے اظہار کرنا؛ تکرار معنی کرنا؛ مکررات استعمال کرنا ۔

Tautologous : (n) [f. Gr.] دیکھو Tautological

Tautologously : (adv.) دیکھو Tautologically

Tautology : (n) [late L. 'tautologia'.] (۱) ایک ہی بیان کی تکرار ۔ (۲) ایک ہی بات کا مختلف پیرائے میں بیان؛ ایک ہی بات کا مختلف الفاظ میں دہرایا جانا ۔ (۳) تکرار بالمعنی؛ تکرار معنی ۔ (٤) ہم معنی الفاظ کی بہرتی؛ تکرار حشو و زوائد؛ حشو قبیح ۔ (٥) زیادتی؛ کثرت؛ فراوانی؛ زائد ہونا؛ فضول ہونا ۔

Tautomer : (n) (کیمیا) حرَکی ہم ترکیب ۔

Tautomeric : (a) حرَ کی ہم ترکیبی سے متعلق ۔

Tautomerism : (n) [TAUTO-+Gr. 'meros'.] (کیمیا) حرَ کی ہم ترکیبی (CH : C (OH) or CH_2 CO) ۔

Tautonym : (n) (حیوانیات) تکرار نام؛ متکرّر ۔

Tautophonic/-al : (a) تکرار صوت کا یا اس سے متعلق؛ ایک ہی آواز کو بار بار دہرانے والا ۔

Tautophony : (n) [Gr. 'tautophonia'.] تکرار صوت ۔

Tautozonal : (n) ایک ہی منطقے کا؛ ایک ہی منطقے میں واقع ؛ ایک ہی زون (Zone) کا ۔

Tave : (v) [ME. 'Taven'] (بول چال برطانیہ) سخت کوشش کرنا؛ بڑی دقت سے یا کشمکش کے بعد آگے بڑھنا یا گزرنا ۔

Taver : (v) [freq. of tave] (۱) (اسکاتستان) گشت لگانا؛ گھومنا؛ سیر کرنا ۔ (۲) (اسکاتستان) بےوقوفی سے باتیں کرنا؛ بڑبڑانا؛ بڑ ہانکنا؛ بک بک کرنا ۔

Tavern : (n) [OFr., 'taverne'.] میخانہ؛ کھانے پینے اور شراب کی دکان؛ شراب خانہ۔

Tavern table : (n) شراب پینے کی میز؛ ایک چھوٹا ٹیبل جس پر بیٹھ کر شراب خانے میں شراب پی جاتی تھی۔

Tavernier : (n) [OFr. 'tavernier'.] (شاذ) صاحب میخانہ؛ میخانہ‌دار؛ میفروش۔

Tavernless : (a) بغیر میخانہ کے۔

Taw : (n) [Origin obsc.] (۱) گولیوں کا کھیل؛ گولیاں؛ تیلہ بازی؛ مہرہ بازی۔ (۲) گولی اننا؛ تیلہ۔ (۳) گولیوں میں حد کی لکیریں جہاں سے تیلہ باز گولی مارتے ہیں (کھیل میں)؛ پالا۔

Taw : (v) [OE. 'tawian'.] (۱) چمڑا کمانا؛ چمڑا بنانا (بغیر کسا استعمال کئے خصوصاً پھٹکری اور نمک میں ڈبو کے)۔ (۲) (پیٹ کر) چمڑے کو نرم کرنا؛ ٹکڑے ٹکڑے کرنا؛ قیمہ کردینا۔

Tawdrily : (adv.) بھدی آرائش کے ساتھ؛ بھڑک دار اور بھدے طریقے سے۔

Tawdriness : (n) بھدی آرائش؛ بھڑک دار اور بھدا ہونا؛ بھڑکیلا اور بھداپن۔

Tawdry : (n) بھدا اور بھڑکیلا لباس؛ زیور یا آرائش کا سامان۔

Tawdry : (a) (۱) بھڑک دار اور بھدا؛ بھڑکیلا اور بھونڈا؛ بد مذاقی سے آراستہ کیا ہوا۔ (۲) گندم گونی؛ سبزگی۔ (۳) (مجازاً) نمائشی طور پر عمدہ۔

Tawer : (n) (۱) دبّاغ؛ کھٹیک؛ چمڑا رنگنے یا تیار کرنے والا۔ (۲) تیلہ باز؛ مہرہ باز۔

Tawery : (n) دبّاغ خانہ؛ کارخانۂ دبّاغی؛ کھٹیک کی دکان۔

Tawniness : (n) گندم گونی؛ چمپئی رنگ ہونا۔

Tawny : (a) [late ME. 'tauny'] سانولا؛ گندمی؛ چمپئی؛ گندم گوں۔

Tawny : (n) (۱) گندمی رنگ۔ (۲) (نقابت) دیکھو Tenne۔

Taws/Tawse : (n) (خصوصاً اسکاتستانی) لڑکوں کو سزا دینے کا چابک؛ کوڑا؛ تسمہ۔

Taws/Tawse : (v) تسمے سے تادیب کرنا؛ چابک یا کوڑے سے سزا دینا (لڑکوں کو)۔

Tax : (n) [ME. 'taxe'.] (۱) ٹیکس؛ محصول؛ کر؛ لگان؛ باج؛ خراج۔ (۲) بوجھ؛ بار (کسی ذمہ داری یا کام کا کسی شخص پر)؛ اکثر ("Upon" کے ساتھ) جرمانہ؛ تاوان۔ (۳) درس عبرت؛ ملامت؛ تہمت؛ سخت گیری۔

Capitation : دیکھو Capitation tax

Direct tax : (معاشیات) محصول یا ٹیکس بلا واسطہ۔

Income tax : انکم ٹیکس؛ آمدنی ٹیکس؛ محصول آمدنی۔

Indirect tax : (معاشیات) محصول بالواسطہ۔

Land tax : زمینی محصول یا زمین کا محصول۔

Poll-tax : جزیہ (اسلامی حکومت میں غیر مسلموں پر سالانہ محصول)؛ محصول تن جو فی کس پر عائد کیا جائے۔

Progressive tax : (معاشیات) محصول متزائد؛ بڑھنے والا محصول۔

Property tax : محصول جائداد۔

Proportionate tax : (معاشیات) محصول متناسب۔

Single tax : محصول مالیت (جو زمین کی قیمت پر بلحاظ توفیر آمدنی لگایاجائے)؛ املاکیہ۔

Subject of tax : (معاشیات) مورد محصول۔

Tax : (v) [OFr. 'taxer'.] (۱) محصول یا لگان عائد کرنا؛ کرلگانا؛ ٹیکس لگانا (رعایا، اجناس تجارت، اراضی وغیرہ پر)۔ (۲) (انجیل کی اصطلاح میں) اندراج اسامی کرنا؛ تشخیص محاصل کے لئے لوگوں کے نام درج فہرست کرنا۔ (۳) (مجازاً) زیادہ بوجھ ڈالنا یا زور ڈالنا (کسی شخص کے وسائل، قوی وغیرہ پر) سخت محنت لینا؛ بار ڈالنا۔ (٤) (قانون) جانچ کرمنظور کرنا یا نامنظور کرنا (مصارف مقدمہ وغیرہ کے مدات کو)۔ (٥) الزام دینا؛ ملزم ٹھہرانا (کسی فعل یا خطا کا)؛ ملامت کرنا؛ مذمت کرنا؛ الزام لگانا؛ زجر وتوبیخ

گرنا؛ تنبیہ کرنا؛ سرزنش کرنا ۔ (٦) ذمہ داری عاید کرنا؛ مستوجب ٹھہرانا؛ سپرد کرنا؛ تفویض کرنا ۔

Tax authority : (n) (سیاسیات) حاکم محصول ۔

Tax-collector/-gatherer : (n) ٹیکس کلکٹر؛ محصل؛ محصول وصول کنندہ ۔

Tax due : (n) (معاشیات) واجب الادا محصول ۔

Tax-exempt : (a) (١) ٹیکس یا محصول معاف کیا ہوا : لا محصولی؛ محصول سے بری یا مستثنیٰ ۔ (٢) وفاقی یا اسٹیٹ انکم ٹیکس سے بری ۔

Tax-farmer : (n) ٹھیکہ دار؛ محصل جو حکومت سے محصول وصول کرنے کا ٹھیکہ لیتا ہے ۔

Tax-free : (a) دیکھو Tax-exempt

Tax in kind : (n) نقد کے بجائے مال / پیداوار سے محصول ادائیگی ۔

Tax (-) payer : (n) محصول دہندہ؛ محصول گزار؛ مال گزار ۔

Taxability : (n) قابل محصول ہونے کی حالت؛ محصول ہونا؛ قابل محصول ہونا؛ محصول پذیری شے یا شخص کی ۔

Taxable : (a) [Fr.] (١) محصولی (مال وغیرہ)؛ قابل محصول؛ محصول پذیر : قابل مالیات ۔ (٢) (قانون) قانونی محصول یا فیس ۔

Taxable : (n) لائق محصول شخص؛ قابل محصول شخص؛ (خصوصاً جمع میں) اشیا یا اشخاص جو ٹیکس لگائے جانے کے لائق ہوں ۔

Taxableness : (n) دیکھو Taxability

Taxably : (adv.) قابل محصول ہوتے ہونے یا ہوکر ۔

Taxaceae : (n) سدا بہار درخت کی ایک قسم ۔

Taxaceous : (a) [f. mod. L. 'Taxaceae'.] (نباتیات) سدا بہار درخت سے متعلق ۔

Taxaspidean : (a) [f. mod.L. 'Taxaspidea'.] (طیوریات) عصفوریہ قسم کے پرند سے متعلق ۔

Taxation : (n) [L.'taxationem'.] (١) محصولات؛ محاصل؛ محصول بندی؛ مالیات بندی ۔ (٢) تحصیل یا تشخیص محاصل؛ تشخیص (محاصل) کا اصول یا طریقہ ۔ (٣) نرخ بندی؛ تعین نرخ؛ تثبیت قیمت ۔ (٤) (تاریخ) وکلا یا دوسرے لوگوں کی فیس کا ٹیکس معاف کرنے کی اجازت دینا یا نہ دینا (کسی افسر مقررہ عدالت کا) ۔

Taxation on land : (n) (معاشیات) لگان زمین ۔

Taxational : (a) محصول بندی سے متعلق ۔

Taxative : (a) (١) (شاذ) مالیاتی؛ محصولاتی ۔ (٢) محصول بندی سے متعلق ۔

Taxator : (n) [med. L. f. 'taxare'.] ٹیکس لگانے والا؛ ٹیکس تشخیص کرنے والا؛ محصول بند ۔

Taxeater : (n) وہ شخص جسے عوامی چندہ سے مدد کی جائے؛ دوسروں کی امداد پر زندگی بسر کرنے والا شخص ۔

Taxeopodous : (a) [Gr. 'taxes'+'Podos'.] (حیوانیات) کف پا ترئیبہ؛ کلائی یا ٹخنوں کی ہڈیوں کی جوڑ بندی سے متعلق ۔

Taxer/Taxor : (n) [AFr. 'taxour'.] ٹیکس لگانے والا؛ ٹیکس تشخیص کرنے والا؛ محصول بند ۔

Taxi : (n) Taxi Cab. Taxiplane, (١) (بول چال) ٹیکسی ؛ Taxi meter کا مخفف ؛ کرایہ کی موٹر جس میں کرایہ نگارلگا ہوتا ہے؛ وہ موٹر جس میں میٹر کے ذریعے کرایہ معلوم کیا جاتا ہے؛ مسافرموٹر ۔ (٢) اس وضع کی دوسری موٹریں؛ ٹیکسی بان؛ کرایہ کی موٹر چلانے والا ۔

Taxi : (v) (١) ٹیکسی میں سفر کرنا؛ کرائے کی موٹر میں سفر کرنا ؛ ٹیکسی میں جانا یا لے جانا ۔ (٢) (ہوائی جہاز کا نیچے زمین یا پانی پر) چلنا یا دوڑنا (اڑنے سے قبل یابعد میں) ۔

Taxi-cab/Taxicab : (n) ٹیکسی؛ کرائے کی موٹر جس میں میٹر لگا ہوتا ہے؛ کرائے کی بگھی جس میں کرایہ نگار لگا ہوتا تھا ۔

Taxi-dance : (n) (امریکا) وہ رقص جس کے شُرکاء (پارٹنرز) کرائے پر بلائے جاتے ہیں ۔

Taxi-dance hall : (n) وہ رقص گاہ جہاں مردوں کے لئے کرائے پر لڑکیاں شریک رقص کے طور پر رکھی جاتی ہیں ۔

Taxi-dancer : (n) کرائے پر رقص کرنے والی لڑکیاں؛ ٹیکسی ڈانس ہال میں رقص کرنے والی ۔

Taxi-man : (n) ٹیکسی ڈرائیور؛ ٹیکسی بان؛ کرائے کی موٹر چلانے والا ۔

Taxi stand : (n) (۱) ٹیکسی اسٹینڈ؛ ٹیکسی پڑاؤ ۔ (۲) دیکھو Cabstand ۔

Taxi strip : (n) ہوائی اڈے کا فرش بند راستہ جس پر جہاز آہستہ آہستہ چلتا ہے ۔

Taxi track : (n) (برطانیہ) دیکھو Taxi strip

Taxi-way : (n) دیکھو Taxi strip

Taxiarch : (n) (قدیم یونانی تاریخ) فوجی دستے کا کمانڈر یا فوجی رسالے کا سردار ۔

Taxicorn : (a) [mod. L 'Taxicornes'.] (تشریح) سفتہ محاس والا (بھونرا) ۔

Taxicorn : (n) ایک قسم کا بھونرا جس کے سرے پر محاس نکلے ہوتے ہیں ۔

Taxidermic/Taxidermal : (a) (آرٹ) پوست انبازی کا؛ تصبیر کا ۔

Taxidermist : (n) (فن) پوست انباز ؛ مُصبِر ۔

Taxidermy : (n) [f. Gr. 'Taxis'+'derma'.] (فن) جانوروں کی کھال میں بھس بھرنے کا فن یا پیشہ؛ پوست انبازی؛ تصبیر (جلود) ۔

Taximeter : (n) (۱) ٹیکسی میٹر ۔ (۲) کرایہ نگار یا شرح نما میٹر جو کرائے کی موٹروں میں لگا ہوتا ہے اور وقت اور فاصلہ گزرنے کے ساتھ ساتھ خود بخود کرایہ دکھاتا رہتا ہے ۔

Taxin : (n) [f. L. 'taxus'+-IN.] (کیمیا) صمغ صور؛ اکھل کا گوند ؛ (ایک صنوبری قسم کے درخت کے) پتوں کا گوند؛ صمغ صنوبری ؛ پت گوند ۔

Taxine : (n) تلخ الکولائیڈ جو صنوبری قسم کے درخت کے پتوں میں پایا جاتا ہے $(C_{37}H_{51}NO_{10})$ ۔

Taxing : (n) محصول بندی؛ مُقوم؛ ٹیکس تشخیص کرنے والا؛ محصول کا اندازہ لگانے والا ۔

Taxing-master : (n) تنقیح کنندہ ؛ عدالت کا وہ افسر جو عدالت کے مشیر قانونی کی بل کے متعلق اخراجات مقدمہ کی جانچ کرتا ہے اور غیر ضروری مدات کو کالعدم قرار دیتا ہے یا نامنظور کرتا ہے ۔

Taxinomy : (n) (حیوانیات اور نباتیات کے مختلف گروہوں میں) تقسیم کے اصول ؛نظام تقسیم ۔

Taxiplane : (v) ہوائی جہاز، جو ٹیکسی کی طرح کرایہ پر لیا جا سکتا ہے ۔

Taxis : (n) [Gr. 'taxis'.] (۱) (جراحی) (ہاتھ کی) داب؛ دباؤ ؛ جس سے اپنی جگہ سے ہٹے ہوئے اعضا اپنی جگہ ٹھیک بیٹھ جائیں؛ دستی جاندازی بر ۔ (۲) (قدیم یونانی تاریخ) فوجی دستہ؛ جماعت (فوجی) خصوصاً پیادہ فوج کی ۔ (۳) (حیاتیات) ترتّب؛ حرکت انگیزی ۔ (٤) (حیوانیات) تجنیس؛ صنف بندی؛ تقسیم ۔ (٥) (خطابت) ترتیب (الفاظ کی دروبست) ۔

Taxiless : (a) لا محصول ؛ جس پر کوئی محصول نہ ہو؛ بغیر ٹیکس والا ۔

Taxlessly : (adv.) لا محصول طور پر؛ بغیر محصول کے ۔

Taxlessness : (n) لا محصولیت ۔

Taxology : (n) (حیوانیات ، نباتیات) مبحث تقسیم ؛ صنفیات؛ علم تجنیس ۔

Taxonomer : (n) (حیاتیات) صنف بند؛ ماہر تجنیس؛ عالم صنف بندی؛ عالم تجنیس ۔

Taxonomic/-al : (n) مبحث تقسیم سے متعلق؛ طبقہ بندی کا یا اس سے متعلق؛ مبحث تقسیمی ۔

Taxonomically : (adv.) مبحث تقسیم کے طور پر؛ نظام تقسیم کے ساتھ ؛ اصول تقسیم یا نظام تقسیم کے مطابق ۔

Taxonomist : (n) دیکھو Taxonomer

Taxonomy : (n) [Fr. 'taxonomie'.] (تاریخ موالید) (حیوانیات اور نباتات کے مختلف گروہوں میں) تقسیم کے اصول؛ نظام تقسیم؛ طبقہ بندی؛ سائنسی تقسیم کے عام اصول کا مطالعہ؛ اصول تجنیس ۔

Classical taxonomy : قدیم صنف بندی؛ شکل صنف بندی ۔

Experimental taxonomy : (حیاتیات) ارتقائی صنف بندی ؛ تجربی صنف بندی ۔

Taxus : (n) [L.] (نباتیات) نعناشی اور سجاوٹ کے پودوں کی ایک قسم۔

Taxus Baccata : (n) (نباتیات) ہُور؛ برمی؛ اکھل۔

Tayassu/Tayacu : (n) [Tupi. 'tayacu'.] سور کے مانند ایک پیستاندار امریکی جانور۔

Tayra : (n) [Tupi. 'taira'.] نیولے کی جنس کا دودھ پلانےوالا یک برازیلی جانور۔

Tazia : (n) [Arab. 'taziyah'.] تعزیہ۔

Tazza : (n)[Arab. 'tass, tassah'.] کھلے منہ کا اتھلا پیالہ۔

Tcheka/Che(-) ka :(n) [Russ.] ایک تحقیقاتی تنظیم جو سنہ ۱۹۱۷ء میں روس میں قائم کی گئی تھی جس کا مقصد جوابی انقلابی تحریک کا پتا چلاناتھا۔

Tchetvert : (n) [Russ.] اناج کا روسی پیمانہ؛ اناج ناپنے کا روسی پیمانہ۔

Tchick : (n) ٹک ٹک کی آواز؛ ہیں ہیں کی آواز (خصوصاً گھوڑے کو تیز چلانے کی غرض سے)؛ ٹٹکاری۔

Tchick : (v) ٹک ٹک کرنا؛ ٹٹکاری مارنا۔

Te Deum : (n) T. D. laudamy (۱) حمد؛ شکرانہ؛ (لاطینی الفاظ سے شروع ہوتا ہے جن کے معنی ہیں "اے خدا ہم تیری حمد کرتے ہیں" حمد صبح کی نماز میں شکرانے کے موقعوں پر گائی جاتی ہے)۔ (۲) وہ گت جو اس موقع پر بجائی جاتی ہے؛ حمد کی گت؛ شکرانے کی گت۔

To sing Te Deum : (مجازاً) شادیانے بجانا؛ فتح یا خوشی کے ترانے گانا۔

Televisionally : (adv.) ٹیلی ویژن کے طور پر؛ دورنمائی کے ساتھ ۔

Televisionary : (a) دورنمائی کا؛ ٹیلی ویژن سے متعلق ۔

Televisor : (n) آلہ غائب بین؛ دورنما؛ دورنما آواز گیر ؛ دورنما رسیور؛ دورنما سیٹ ۔

Televisual : (a) (۱) ٹیلی ویژن سے متعلق؛ دورنمائی کا یا اس سے متعلق ۔(۲) دیکھو Telegenic ۔

Telewriter : (n) (ٹیلی گرام) دور نویس؛ دور خودنویس آلہ ۔

Telex : (n) [f.Tele+ex.] ٹیلیکس (Telex) : سلسلہ پیام رسانی کا ایک طریقہ جس سے کوئی شخص اپنے ٹیلی پرنٹر سے پیغام بھیج سکتا ہے ۔

Telex : (v) ٹیلیکس سے خبر بھیجنا ۔

Teli : (n) [Hindi teli.] تیلی؛ تیل بنانے والا یا اس کی تجارت کرنے والا ۔

Telic/- al : (a) [Gr. 'teliko'.] (نفسیات) ازادی ؛ مقصدی ؛ موافق منشا؛ مطابق مقصد؛ متضمن مقصود ۔

Telically : (adv.) مقصد کے طور پر ۔

Telinga : (n) [Dravidian origin.] (۱) تلگو زبان ۔(۲) تلگوعوام میں سے ایک ۔(۳) دیکھو Sepoy ۔

Telinga Potato : (n) (۱) (نباتیات) ایک قسم کی ترکاری ؛ کچا آلو ؛ اروی ؛ رتالو ۔(۲) آلو ؛ شکر قند ۔

Teliosorus : (n) (نباتیات) بذروی انبار ۔

Telium : (n) دیکھو Teliosorus

Tell : (n) [f. Tell. (v)] (۱) (اب بول چال) کہانی؛ حکایت؛ داستان ؛ بیان ؛ گفتہ ؛ توضیح ؛ توجیہ ۔ (۲) گفتگو؛ بات چیت؛ بول چال؛ گپ شپ؛ اِدھر اُدھر کی باتیں ۔

Tell/Tel : (n) [Arab. 'tall'.] مصنوعی پہاڑی یا ٹیلے کا نام ۔

Tell : (v) [OE. 'tellan'.] (۱) کہنا؛ بیان کرنا (زبانی یاتحریراً)؛ نقل کرنا؛ ترتیب سے بیان کرنا ۔ (۲) بتانا؛ اظہار کرنا؛ فاش کرنا؛ رپورٹ کرنا؛ کہانی کہنا؛ مشہور کرنا؛ اعلان کرنا؛ اشاعت کرنا؛ شائع کرنا؛ تشہیر کرنا ۔ (۳) بولنا (سچ، جھوٹ)؛ کہنا؛ زبان سے نکالنا؛ پڑھنا (عبارت وغیرہ) ۔ (٤) حکم دینا؛ ہدایت کرنا؛ کہنا؛ فرمانا؛ تقاضا کرنا ۔ (٥) تفصیل سے کہنا؛ وضاحت کرنا ؛ ظاہر کرنا؛ توضیح دینا یا کرنا؛ شرح دینا؛ وضاحت کرنا ۔(٦) (قطعی طور پر)

بتا سکنا؛ فیصلہ کرسکنا ۔ (۷) تمیز یا شناخت کرسکنا؛ سمجھنا؛ فرق ظاہر کرنا؛ جاننا؛ فیصلہ کرنا ۔ (۸) وثوق سے کہنا؛ یقین دلانا؛ اطمینان دلانا ۔(۹) کارگر ہونا؛ نمایاں اثرکرنا؛ اپنا اثر دکھانا؛ اہمیت دینا؛ مؤثر واقع ہونا ۔ (۱۰) گننا؛ شمار کرنا؛ خصوصاً رائے شماری کرانا (دارالعلوم میں) ؛ اعلان دینا ۔ (۱۱) درد دل کہنا ۔ (۱۲) آشکار ہونا؛ مشخص ہونا؛ مشہور ہونا ۔ (۱۳) الفاظ میں اظہار کرنا (خیالات وغیرہ) ۔ (۱٤) رازفاش کرنا؛ افشا کرنا؛ بتا دینا (پوشیدہ چیز کو) ۔(۱۵) سکھانا؛ درس دینا؛ اطلاع دینا ۔(۱٦) (مجازاً) گواہی دینا) ۔ (۱۷) حساب کتاب کرنا؛ اندازہ لگانا؛ مختص بالکیفیت کا اندازہ لگانا ۔

Don't tell on me : (بچوں کی زبان) میری چغلی نہ کھانا؛ میری مخبری یا شکایت نہ کرنا ۔

I can tell you : میں تمہیں یقین دلا سکتا ہوں ۔

I 'll tell you what : میں تمہیں بتلاؤں گا کہ یہ کیا ہے؟ میں تمہیں کچھ بتلاؤں گا ۔

That tells a tale : یہ پُر معنی بات ہے؛ یہ کچھ معنی رکھتا ہے ۔

To hear tell : دیکھو Hear (v)

To tell a lie : جھوٹ بولنا؛ دروغ گوئی کرنا ۔

To tell a person : (کسی شخص کو) آگاہ کرنا؛ ہوشیار کرنا؛ اطلاع دینا (کسی چیز کی) ۔

To tell a person good-bye : (امریکا) خداحافظ کہنا؛ رخصت ہونا ۔

To tell a story : کہانی کہنا؛ داستان بیان کرنا ۔

To tell a tale : قصہ کہنا؛ داستان بیان کرنا ۔

To tell any one his own : اپنی غلطی کو صاف صاف کہنا؛اپنی غلطی کا اظہار کرنا ۔

To tell fortunes : قسمت کی آگاہی کرنا؛ جوتشی کا کام کرنا ۔

To tell its own tale : معنی خیز ہونا ۔

To tell nose : سرگھنا؛ مزید دیکھو Nose (n) ۔

To tell off : (۱) مامور کرنا؛ مقرر کرنا (کسی کام پر) ؛ متعین کرنا ۔(۲) (عامیانہ) قلعی کھولنا؛ کھری کھری سنانا؛ توبیخ کرنا ۔

To tell one's beads : تسبیح پڑھنا؛ مالا جپنا ۔

To tell one's tale : کسی کی بات کہنا؛ کسی کاواقعہ دہرانا؛ کسی کی کہانی کہنا؛ کسی کا پیغام کہنا ۔

To tell tales : دیکھو Tale (n)

To tell the tale : گھڑے ہوئے قصے بیان کرنا؛ (عامیانہ) مصیبت کا قصہ گھڑ کر بیان کرنا کہ لوگ سن کر ترس کھائیں ۔

To tell (the) truth : سچ بولنا؛ حقیقت بیانی کرنا؛ صحیح صحیح اظہار بیان کرنا ۔

To tell the world : (امریکا) کھلم کھلا بیان کرنا؛ کھلے طور پر اعلان کرنا؛ کھلے بندوں کہنا؛ ڈنکے کی چوٹ کہنا ۔

You are telling me : مجھ سے کہنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے؛ میں اس سے اچھی طرح واقف ہوں (امریکا بول چال) ۔

You never can tell : ظاہری حالت کی بنا پر حکم نہیں لگانا چاہیئے؛ ظاہری حالت سے اکثر غلط اندازہ ہوتا ہے ۔

Tell down : (v) (اسکاٹستان) فوراً ادا کرنا ۔

Tell it not in Gath : (کہاوت) (مزاحاً) یہ خبر دشمن تک نہ پہنچنے دو کہ وہ سن کر خوش ہو ۔

Tell off : (v) (۱) علاحدہ کرنا؛ شمار کرنا؛ خاص کام کےلئے متعین کرنا؛ کسی کام کے لئے تفویض کرنا۔ (۲) (عامیانہ) زجر و توبیخ کرنا؛ سختی سے ڈانٹنا؛ تنبیہ کرنا؛ سرزنش کرنا۔

Tell-tale : (n) (۱) کہانی گو؛ داستان گو؛ چغل خور؛ بدگو ؛ غماز؛ لترا؛ سخن چیں ؛ خبر کش ۔(۲) (مجازاً) کوئی ایسی چیز یا موقع جس سے بھید یا حال ظاہر ہو جائے ؛ بھید کھول دینے والا ۔ (۳) گھنٹکا؛ گھنٹی یا کوئی اور آلہ جس سے مقررہ وقت پر لوگوں کی حاضری کا اندراج یا علم ہو جاتا ہے؛ حاضر شمار ۔(٤) حوض بھر جانے کی خبر دینے والی گھنٹی یا آلہ ؛ پن گجر ۔ (۵) (جہاز میں) ایک آلہ جو پہیے کے

دستے کے قریب لگا ہوتا ہے اور جہاز کا رخ بتاتا ہے؛ رخ نما؛ اشارہ کرنے والا؛ راستہ دکھانے والا آلہ ۔ (٦) Sandpiper کی ایک جنس (خصوصاً امریکا میں) ۔ (٧) کسی چیز کی اطلاع یا تاکید ۔

Tell-tale compass : (n) (جہاز میں) سمت بتانے والا آلہ ۔

Tell that to the (horse)marines : یہ فتوے کسی اور کو دو ۔

Tellable : (a) قابل بیان؛ کہنے کے لائق؛ جو کہا جاسکے ۔

Tellen : (n) [L.'tellina'.] سیپی کی جنس کا ایک جانور ۔

Teller : (n) (١) بیان کرنے والا ؛ کہنے والا ؛ ناقل ؛ گفتگو کرنے والا ؛ خبر کرنے والا ؛ داستان گو ۔ (٢) (سیاسیلت) رائے شمار (مختلف پارٹیوں کے ان دو دو اشخاص میں سے جو دارالعوام میں رائیں شمار کرنے کی غرض سے مقرر ہوتے ہیں) ۔ (٣) زر شمار، جو ساہوکاروں کی کوٹھیوں یا بینکوں میں روپیہ دینے یا لینے پر مقرر ہوتا ہے ۔ (٤) (خصوصاً) بینک کا وہ افسر جو کھڑکی پر روپیہ لیتا اور دیتا ہے؛ بینک میں رقم لینے اور دینے والا ۔ (٥) دیکھو Annunciator ۔

Tellership : (n) رائے شماری کی خدمت یا کام نیز زرشماری کی خدمت ۔

Tellin : (n) دیکھو Tellen

Telling : (a) (١) موثر؛ کارگر؛ کاری؛ گویا ۔ (٢) نمایاں ۔ (٣) اظہار پذیر ۔

Telling : (n) بیان؛ گفتار؛ افشاء؛ ابراز ۔

That's (or that would be)telling: اس سے افشائے راز ہوجائے گا؛ یہ افشائے راز ہوگا ۔

Tellingly : (adv.) (١) کارگر طور پر؛ مؤثر طور پر ۔ (٢) نمایاں طور پر ۔

Tellur-/Telluri - : سابقہ بمعنی تلوریم ۔

Tellural : (n) (جغرافیہ) ارضی؛ زمینی؛ ساکنان ارض کا ۔

Tellurate : (n) تلوریم کا نمک؛ تلوریٹ؛ ارضین کےترشے پر (تلورک ایسڈ) کا نمک ۔

Telluret/Telluride : (n) ارضین (تلوریم) کا مرکب؛ (کیمیا) مرکب تلوریم؛ تلورٹ ۔

Telluretted : (a) (اب شاذ) تلوریم سے مرکب شدہ؛ ارضین آمیختہ؛ جس میں تلوریم کا جزو شامل ہو ۔

Tellurian : (a) (جغرافیہ) ارضی؛ کرۂ ارض کا؛ (باشندہ) ۔

Tellurian : (n) (جغرافیہ) ارض باشی؛ ساکن ارض؛ کرۂ ارض کا باشندہ ۔

Tellurian lines : (n) (جغرافیہ) ارضی خطوط ۔

Telluric : (a) [f.Tellurium + - ic.] (کیمیا) ارضینی تلوریم کا؛ تلوریم دار؛ تلورک ایسڈ ۔

Telluric : (a)[f. L.'Tellus'+-ic.] زمینی؛ آبی؛ زمین سے متعلق؛ کرۂ ارض کا ۔

Telluric acid : (n) تلوریم کا ایسڈ ۔

Telluride : (n) (کیمیا) تلوریم کا ایک مرکب جس میں ہائیڈروجن کے ساتھ دھات ملی ہوتی ہے ۔

Telluride of bismuth : (n) تلوریم کا بسمتھ (ایک قسم کی دھات)؛ بوروناٹ ۔

Telluride of gold and silver : (n) دیکھو Sylvanite

Telluride of hydrogen : (n) تلوریم کا ہائیڈروجن ۔

Tellurion/Tellurium : [f. L. 'tellus'.] حرکات ارض نما؛ ارضیہ؛ ایک آلہ جس سے زمین کی حرکت، دن رات اور موسموں کے تغیرات دکھائے جاتے ہیں ؛ Orrery کی معمولی قسم ۔

Tellurism : (n) (١) مقناطیسی اثر یا اصول جو بعضوں کے مطابق تمام فطرت پر پھیلے ہوئے ہیں یا جو عالمگیر ہیں اور جن سے حیوانی مقناطیسیت کا مظاہرہ ہوتا ہے ۔ (٢) تولید امراض میں مٹی کا اثر ۔

Tellurite : (n) (١) تلوریم کا آکسائڈ؛ تلوریم آمیختہ ایک قسم کی مٹی جس میں لوہا ملا ہوا ہوتا ہے جس سے ہلکا بادامی رنگ بنتا ہے ۔ (٢) ارضین آمیختہ ایسڈ کا نمک ۔

Tellurium : (n) [mod. L. f. L. 'tellus'.] (کیما) تلوریم؛ ارضین (دھات، عنصر)؛ ایک کم یاب عنصر جو سیلنیم اور گندھک سے مشابہ چمکدار نقرئی رنگ کا ہوتا ہے ۔

Graphic tellurium : دیکھو Sylvanite

Tellurium glance : (n) دیکھو Nagyagite

Tellurous : (a) ارضین آمیختہ؛ تلوریم صفت ۔

Tellurous acid : (n) ارضین آمیختہ ایسڈ ۔

Tellus : (n) [L.] (۱) (رومن اساطیر) زمین کی دیوی؛ دھرتی دیوی؛ طلوس ۔ (۲) (جغرافیہ) کرہ ٔ ارض؛ ارض؛ زمین ۔

Tellus-mater : (n) (اساطیر) دھرتی ماتا؛ زمین دیوی ؛ Television کا مخفف ۔

Telly-/Telo -: (n) سابقہ بمعنی انتہا؛ کامل ۔

Telo - : سابقہ بمعنی دور؛ دور دست ۔

Teloblast : (n) (حیوانیات) کامل نُہوض؛ بُعد نُہوض ۔

Teloblastic : (a) کامل نُہوضی ۔

Telocentine : (n) بُعد مرکزی ۔

Telocoele : (n) (حیوانیات، تشریح) قعر پس دماغ؛ بُعد قعر ۔

Telodendron : (n) (حیوانیات) پس ریشک؛ پس شجریہ ۔

Telodynamic/Teledynamic : (a) بعید منتقلی ٔ قوت (پاور) کا یا اس سے متعلق (طناب یا تار کے ذریعے) ۔

Telokinesis : (n) کامل حرکیت؛ بعد حرکیت ۔

Telolecithal : (a) (حیوانیات) کامل زردوی؛ بعد زرد بینی ۔

Telolemna : (n) (حیوانیات) بعد ردا؛ پوشش ظریفی کے آخری رشتہ ٔ عضلاتی کو احاطہ کرتا ہے ۔

Telomere : (n) بعد پارہ؛ کامل پارہ ۔

Telomitic : (a) بعد خیطی؛ کامل خیطی ۔

Telophase : (n) (حیوانیات) بعد ہیئت ۔

Telophragma : (n) (حیوانیات) بعد فرغمہ ۔

Telos : (n) [Gr.] ہدف غائی؛ مقصود نہائی؛ (فلسفہ) غایت الغایات ۔

Telosynapsis : (n) (قلمیات) کامل (لونیہ) جُفتی ۔

Telosyndesis : (n) (حیوانیات) بعد قرن ۔

Telotaxi : (n) (حیوانیات) مقصدی حرکات ۔

Telotroch : (n) (۱) کثیر ابریہ کنڈل کیڑے کے پہل روپ کے منہ اور مبرز کے گرد بالوں کا حلقہ ۔ (۲) اس قسم کا پہل روپ ۔

Telotrochal/Telotrochous : (a) Telotroch کی صفت کا ۔

Telotype : (n) (۱) (ٹلگرام) تار چھاپ مشین؛ ٹیلو ٹائپ؛ تاربرقی کا آلہ جس میں تار کا مضمون خود بخود چھپ جاتا ہے ۔ (۲) چھپا تار؛ تار جو اس آلہ سے چھپا ہو؛ چھاپا تار؛ ٹیلو ٹائپ کا تار ۔

Telpher : (a) [Syncopated form of 'telepher' or 'telephore'.] برقی بار برداری کا یا اس سے متعلق؛ برقی نقل و حمل سے متعلق؛ جس میں بذریعہ ٔ قوت برقی حمل ونقل ہو؛ برقی؛ بجلی کی (ریل وغیرہ) ۔

Telpher : (n) (۱) (الیکٹرک) برقی نقل و حمل ۔ (۲) برقی بار بردار موٹر؛ تلفر ۔

Telpher : (v) برقی بار برداری کے ذریعے (سامان، اسباب وغیرہ) بھیجنا ۔

Telpher line/-railway : (n) (الیکٹرک)بجلی کی لائن؛ تارنقالہ؛ بجلی کا سلسلہ ۔

Telpher man : (n) تلفر آپریٹر؛ برقی نقل و حمل کا ماہر ۔

Telpher train : (n) برقی ٹرین؛ بجلی کی ٹرین ۔

Telpherage : (n) (۱) برقی باربرداری ۔ (۲) برقی باربرداری کا سامان ۔

Telson : (n) [Gr.] (حیوانیات) مُوخّر شکمہ؛ مُوخّر حلقہ ٔ شکم؛ حیوانات قشریہ کے دھڑ کا آخری جوڑ ۔

Telsonic : (a) مُوخّر شکمہ کا یا اس سے متعلق ۔

Telugu/Teloogoo : (n) (۱) شمالی مدراس (ہندوستان) کے علاقے میں بولی جانے والی ایک زبان؛ تلگو؛ ڈراویڈی نسل کی ایک زبان ۔ (۲) ڈراویڈی نسل کے لوگ جو تلگو زبان بولتے ہیں ۔

Telugu/Teloogoo : (a) تلگو زبان؛ تلگو نسل کے لوگوں سے متعلق۔

Telum : (n) (حیوانیات) مُؤخّر حلقہ؛ مُوخّر حلقہ؛ شکم؛ دُم حلقہ۔

Temenos : (n) [Gr.] صحن مقدس؛ محوطہ مقدس ؛ (قدیم) یونانی مندر کا احاطہ؛ حرم۔

Temerarious : (a) [f. L. 'temerarius'.] بے پروا؛ بےباک ؛ جانباز ؛ متہور؛ تند؛ تصادقی؛ سرفروش؛ بیباکانہ؛ سرفروشانہ (صرف ادبی تحریر میں)۔

Temerariously : (adv.) بیباکی کے ساتھ ؛ تندی سے؛ بےپروائی کے طور پر۔

Temerariousness : (n) بیباکی؛ بےپروائی؛ جانبازی؛ تہوّر۔

Temerity : (n) [L.'temeritos'.] بےپروائی؛ تہوّر؛ بےباکی؛ جسارت؛ جانبازی؛ سرفروشی۔

Temia : (n) جاوا کا کوّا۔

Temp : (لاطینی Tempore کا مخفف خصوصاً خوش‌طبعی کے علم کا اظہار کرنے کے موقع پر استعمال ہوتا ہے) یہ عہد؛ عہد میں؛ زمانے میں۔

Tempe : (n) [L. 'Tempe'.] Thessaly کی ایک وادی کا نام ؛ لاطینی ادب میں خوبصورت وادی کے لئے استعمال ہوتا ہے؛ فرحت بخش دیہاتی مقام۔

Tempean : (a) تھسلی کی وادی تپیسی کا یا اس سے منسوب؛ تیمیری؛ جس کے مناظر کو یونانی اور لاطینی شعراء نے خوب خوب سراہا ہے۔

Temper : (n) [OE.'temprian'.] (۱) مرکب (خصوصاً چونےوغیرہ کا)؛ (تعمیرات) (مناسب مقدار میں) گارا؛ ریختہ ۔ (۲) صحیح ترکیب یا امتزاج؛ دماغی توازن ؛ سکون قلب ؛ دماغ کی اصلی حالت ۔ (۳) پختگی اور لچک (دھات، خصوصاً فولاد کی) ۔ (٤) (عضویات) مزاج؛ حالت؛ خو؛ مزاجی کیفیت؛ میل؛ رجحان؛ قلبی یا دماغی کیفیت؛ سرشت؛ فطرت ۔ (٥) (نفسیات) بدمزاجی؛ غصہ؛ تندی؛ آتش مزاجی؛ تندخوئی؛ خشم؛ غضب؛ غیظ ۔ (٦) (سمعیات) اعتدال؛ امتزاج؛ متوسط؛ میانہ ۔ (۷) (فلزیات) آب؛ ترکیب؛ اختلاط ۔ (۸) ٹین اور تانبا کی ملاوٹ؛ مختلف دھاتوں کا مرکب۔

A fiery temper : آتش مزاجی؛ تندی؛ تندخوئی۔

Bad temper : بدمزاجی؛ بدخوئی۔

Fit of temper : غم و غصے کی شدت۔

Found him in a good temper : اسے خوش یا خوش مزاجی کی کیفیت میں پایا۔

Found in a bad temper : خفگی یا بدمزاجی کی کیفیت میں پایا۔

Good temper : خوش خوئی؛ خوش خلقی؛ خوش طبعی۔

Ill temper : بد مزاجی۔

To be out of temper : آشفتہ ہونا؛ برہم ہونا؛ جھلاّ جانا ؛ غصے میں آنا؛ خشمگیں ہونا؛ غضبناک ہونا۔

To keep, control (one's)temper : غصے کو قابو میں رکھنا؛ غصے کو روکنا؛ متین ہونا؛ سنجیدہ ہونا؛ اپنے کو کنٹرول کرنا۔

To lose (one's) temper : غصے میں آجانا ؛ برہم ہو جانا۔

Temper : (v) [OE. 'temprian'.] (۱) متہنا؛ گوندھنا(مٹی وغیرہ کو بھگو کر) ۔ (۲) (دھات، خصوصاً فولاد کو) تیار کرنا؛ پختہ کرنا؛ اعتدال پر لانا (باربار گرم و سرد کرکے تاکہ حسب ضرورت سخت اورلچکدار ہو جائے)؛ محکم کرنا ۔ (۳) تیار ہو جانا؛ پختہ ہو جانا؛ اعتدال پر آنا؛ اصلی حالت پرلانا ۔ (٤) معتدل بنانا؛ نرم یا ملائم کرنا؛ امتزاج کرنا؛ ہلکا کرنا ۔ (٥) کم کرنا؛ دھیما کرنا (شدت، تیزی وغیرہ کو) ۔ (٦) (موسیقی) سُر ٹھیک کرنا (پیانو وغیرہ کا)؛ ہم آہنگ بنانا ۔ (۷) مخلوط کرنا؛ ملانا ۔ (۸) کسی صفت سے متصف کرنا؛ سزاوار بنانا ۔ (۹) حد کے اندر رکھنا؛ قابو میں رکھنا؛ روکنا؛ باز رکھنا؛ ضبط کرنا؛ دبانا ۔ (۱۰) گارا بنانا ۔ (۱۱) رنگ تیار کرنا ۔ (۱۲) (فلزیات) آب دینا ؛ کمانا ۔ (۱۳) پانی چڑھانا۔

Temper hardening : (n) (فلزیات) آبی سختاؤ۔

Tempera/Tempora : (n) [It.] لعابی رنگ کے ساتھ نقاشی؛ Distemper میں نقاشی کرنے کا ایک طریقہ۔

Temperability : (n) اعتدال؛ امتزاج ۔

Temperable : (a) [med. L. 'temperabilis.'] (اب شاذ) اعتدال پذیر؛ قابل امتزاج ؛ میانہ رو؛ معتدل ۔

Temperality : (n) مزاج؛ حالت؛ خو ؛ خُلق ۔

Temperament : (n) [L. 'temperamentum.'] (۱) (طبیعت کی اُفتاد؛ مزاج؛ سرشت؛ حالت ۔ (۲) (موسیقی) پیانو وغیرہ باجوں کے سُروں کی درستی؛ سُر ملانا یا ٹھیک کرنا ؛ خصوصاً اس طرح کہ بارہ سرتیاں برابر فاصلے پر ہوں ؛ تعدیل فواصل ۔ (۳) (سمعیات) خصلت ؛ خو ۔ (٤) (موسیقی) اعتدال؛ امتزاج ۔

Animal temperament : حیوانی خصلت؛ جانور جیسا مزاج ۔

Artistic temperament : فنکارانہ مزاج؛ شاعرانہ ۔ طبیعت۔

Atrabilious temperament : سوداوی مزاج ۔

Bilious temperament : (طب) صفراوی مزاج ۔

Choleric temperament : (طب) صفراوی مزاج ۔

Equal temperament : (سمعیات) مساوی امتزاج ۔

Lymphatic temperament : (طب) بلغمی مزاج ۔

Melancholic temperament : (طب) سوداوی مزاج ۔

Nervous temperament : عصبی مزاج ؛ کمزور طبیعت کا آدمی ۔

Phlegmatic temperament : (طب) بلغمی مزاج ۔

Sanguine temperament : (طب) دموی مزاج ۔

Scrofulous temperament : (طب) خنازیری مزاج ۔

Temperamental : (n) (۱) مزاجی؛ مزاج کے متعلق؛ خوشی ؛ خُلقی ۔ (۲) (موسیقی) جس کے مزاج کا رنگ جلد جلد بدلتا ہو؛ متلون (مزاج)؛ تنک مزاج ۔ (۳) لہری؛ موجی؛ وہمی؛ متلون؛ من موجی؛ ناپائیدار؛ تغیر پذیر ۔

Temperamentally : (adv.) متلون مزاجی کے طور پر؛ تنک مزاجی کے ساتھ۔

Temperance : (n) [A.Fr. 'temperaunce',] (۱) اعتدال (خصوصاً کھانےپینے میں)؛ میانہ روی؛ ضبط نفس؛ ضبط (گفتگو، عمل وغیرہ میں) ۔ (۲) مزاج؛ حالت؛ طبیعت؛ افتاد ۔ (۳) پرہیز (منشیات سے)؛ (مے نوشی میں) اعتدال (یا اس سے کلی اجتناب) ؛ (بسیار خوری سے) پرہیز ۔ (٤) سنجیدگی؛ متانت؛ معقولیت؛ فرزانگی ۔

Temperance drink : (n) مشروب غیر الکحلی ۔

Temperance hotel /-inn : (n) وہ ہوٹل، سرائے یا مسافر خانہ جہاں منشیات کا استعمال ممنوع ہو؛ وہ طعام خانہ جس میں شراب نہ دی جاتی ہو ۔

Temperance movement/-society : (n) تحریک یا انجمن ترک مے نوشی؛ وہ انجمن جس کی تحریک شراب خوری کو ممنوع قرار دیتی ہو ۔

Temperate : (a) [L. 'temperatus'.] (۱) میانہ رو ؛ معتدل ؛ پرہیزگار؛ اعتدال پسند (خصوصاً کھانے پینے میں)؛ ضابطہ ۔ (۲) اعتدال پسندانہ ۔ (۳) معتدل (موسم کے لحاظ سے) ۔

North temperate zone : منطقہ معتدلہ شمال ۔

Temperate zone : (n) منطقہ معتدلہ (جو منطقہ حارّہ و بارد کے درمیان ہو)۔

Temperately : (adv.) اعتدال سے؛ میانہ روی کے ساتھ۔

Temperateness : (n) (۱) اعتدل پسندی؛ اعتدال؛ معتدلیت ۔ (۲) (طب) پرہیز ۔

Temperature : (n) [L. temperatura'.] (۱) حرارت ؛ درجہ حرارت (جو تپش پیما سے معلوم ہو) ۔ (۲) (طب) حرارت (جسمانی) ؛ درجہ حرارت ۔ (۳) (طبیعیات) تپش؛ (عضویات) حرارت غریزی ؛ (طب) مزاج ۔

Absolute zero of temperature : صفر مطلق؛ حرارت کی پیمائش میں ایسا نقطہ جہاں وہ سالمات جن کی حرکت سےحرارت پیدا ہوتی ہے بالکل ساکن ہوں ۔

High temperature : زیادہ تپش؛ گرمائی زیاد ۔

Low temperature : کم تپش؛ گرمائی کم ۔

Normal temperature : (صـــمیات) طبعی تپش؛

حرارت طبعی؛ معتدل حرارت جو تندرست آدمی کے جسم میں ہوتی ہے ۔

To have a temperature : حرارت طبعی سے زیادہ حرارت ہونا ۔

Temperature anomaly : (n) (موسمیات) تپشی بے قاعدگی ۔

Temperature-bath : (n) (طب) گرمابہ ۔

Temperature-chart : (n) حرارت کا اتار چڑھاؤ معلوم کرنے کا کارڈ یا چارٹ؛ تپشی کارڈ یا چارٹ ۔

Temperature-coefficient : (n) (طبیعیات) قدر تپش؛ تپشی شرح ۔

Temperature-gradient : (n) (طبیعیات) تپش کی ڈھال ۔

Temperature-inversion : (n) (موسمیات) انقلاب تپش ۔

Temperature-scale : (n) (۱) تپشی اسکیل؛ درجۂ حرارت کا اسکیل ۔(۲) حرارت پیمائی کا ایک طریقہ ۔

Temperature sensation : (n) حرارت کا احساس؛ سردی گرمی کا احساس ۔

Tempered : (a) (۱) معتدل؛ اعتدال پسند ۔(۲) امتزاجی ۔ (۳) محدود ۔

Tempered scale : (n) (موسیقی) امتزاجی پیمانہ ۔

Temperer : (n) غصے میں آنے والا ۔

Tempering : (n) (فلزیات) آب دینا؛ تاؤ دینا ۔

Temperish : (a) کج خلقی؛ بہت جلد غصہ میں آنے والا ؛ تندمزاج؛ جھلا؛ چڑچڑا؛ زود رنج ۔

Tempersome : (a) (بول چال) تندخو؛ محول؛ بے پروا؛ کج خُلق؛ بہت جلد غصہ میں آنے والا ۔

Tempersomeness : (n) تندخوئی ۔

Tempest : (n) [OFr. 'tempeste'.] (۱) طوفان (آندھی جس کے ساتھ اکثر بارش اور برف باری ہوتی ہے) ؛ برف و باراں؛ باد و باراں؛ تندباد؛ (بول چال) گرج دار طوفان ۔(۲) (مجازاً) ہنگامہ؛ ہل چل؛ طوفان؛ تندی؛ جوش و خروش؛ ہیجان؛ فساد؛ بلوہ؛ شورش؛ پریشانی؛ اضطراب؛ گھبراہٹ؛ اُدھیڑبن ۔ (۳) (سیاسیات) ہنگامہ؛ شوروغل؛ غوغا؛ جھپٹ؛ حملہ؛ ہلاّ ۔ (٤) اجتماعِ شورش؛ فسادی بھیڑ ۔

Political tempest : سیاسی طوفان ۔

Tempest : (v) [OFr. 'tempester'.] طوفان مچانا؛ طوفان زدہ ہونا؛ طوفان سے متاثر ہونا؛ شورشرابا کے ساتھ تحریک کرنا؛ ہنگامہ برپا کرنا؛ طوفانی ہونا ۔(۲) (مجازاً) ہیجان برپا کرنا؛ تہیج پیدا کرنا؛ شدت سے تکلیف دینا؛ تشدد کرنا؛ شدت سے زحمت دینا (شخص یا دماغ کو) ۔

Tempest-tossed/-tost : (a) طوفانی شدہ؛ متلاطم؛ منقلب ۔

Tempestive : (a) (قدیم) موسمی؛ وقت پر؛ وقتی ۔

Tempestively : (adv.) موسمی انداز سے ۔

Tempestous : (a) [L.'tempestuosus'.] (۱) طوفانی؛ طوفان خیز (موسم) ۔ (۲) (سیاسیات) پُرآشوب؛ متلاطم؛ درہم برہم؛ مضطرب ۔ (۳) ہنگامہ خیز؛ پُر آشوب (زمانہ) ۔(٤) تند مزاج (شخص)؛ شدید؛ تند (جذبہ وغیرہ)؛ سخت برہم؛ تندخو؛ گرم مزاج؛ آشفتگی یا بے چینی (کی کیفیت) سرکش؛ شورش پسند؛ فتنہ پرداز؛ غصیلا؛ غصہ ور؛ مفسد ۔(٥) پُرشور؛ پُرہنگامہ ۔

Tempestuously : (adv.) (۱) طوفان کی طرح ۔(۲) تندی سے؛ بےچینی کے ساتھ؛ آشفتگی سے ۔

Tempestuousness : (n) طوفان خیزی؛ ہنگامہ خیزی؛ تندی؛ آشفتگی ؛ بے چینی ۔

Templar : (n) [AFr. 'templer'.] (۱) زائر بیت المقدس ۔ (۲) ٹمپلر ؛ ان بانکوں کی جماعت کا کوئی شخص جو محاربات صلیبیہ کے زمانے میں مسلمانوں سے لڑنے اور مسیحی مقامات مقدسہ کی حفاظت کے لئے اپنی زندگی کو وقف کرتے تھے ۔ (۳) قانون کا طالب علم یا وکیل وغیرہ جو لندن کی مشہور عمارت ٹمپل میں رہتا ہو یا کام کرتا ہو ۔ (٤) Good templar کا مخفف ۔

Free, good templars : ترک مے نوشی کی خفیہ انجمن ۔

Templar : (a) [late L. 'templaris'.] معبدی؛ وابستہ معبد یا پرستش گاہ (یہودیوں کی) ۔

Templary : (n) [med. L. 'templarius'] ٹمپلر کی پوری جماعت؛ (تاریخ) ٹمپلر کی جماعت یا تنظیم کا طریقہ؛ فرامیسن کی انجمن۔

Templet : (n) Templet کا متبادل۔

Temple : (n) [OE. 'templ'.] (۱) معبد؛ پرستش گاہ؛ مندر؛ ہیکل(خصوصاً قدیم مصر و یونان وغیرہ کی)؛ دیوی؛ شوالا ۔ (۲) یہود کے تین مشہور معابد واقع بیت المقدس میں سے کوئی معبد خصوصاً مسجد اقصیٰ ۔ (۳) کلیسا؛ دَیر (خصوصاً فرانس کے پروٹسٹنٹ فرقے کا) ۔ (٤) (مجازاً) خدا کا گھر؛ خانہء خدا ۔ (٥) (خصوصاً) لندن کے Inns of court کے دو نام(Inner and Middle temple)؛ (دینیات) بت خانہ؛ بتکدہ؛ دیکھو Idol temple ۔

Fire temple : (دینیات) آتشکدہ ۔

Inner temple/Middle- : لندن کی چار قانونی انجمنوں میں سے دو انجمنیں جن کے سوا کسی اورادارے کو بیرسٹری کی سند دینے کا اختیار نہیں ہے ۔

Temple : (n) [L. 'Tempula'.] (تشریح) صُدغ ؛ کنپٹی ۔

Temple : (n) [Fr.] کرکھے کی ایک کل جس سے کپڑا کھنچا رہتا ہے اور اس میں شکن نہیں پڑنے پاتی ہے؛ شکنجی؛ پارچہ کش؛ پنک (اکثر جمع میں) ۔

Temple : (v) (۱) معبد بنانا؛ مندر بنانا ۔(۲) معبد کا احترام کرنا؛ عبادت کرنا۔

Temple-bar : (n) ٹیمپل بار؛ لندن شہر کا مغربی دروازہ جو ۱۸۷۸ء تک اس بلدیہ کی مغربی حد سمجھا جاتا تھا اور وہ سنہ مذکور میں ہٹا دیاگیا ۔

Templet/Template : (n) [Origin obsc.] (۱) (تعمیرات) درسہ؛ شکلہ ؛ (معماروں کا) نمونے کا تختہ جس کو سامنے رکھ کر پتھر وغیرہ تراشتے ہیں ۔ (۲) (تعمیرات) سانچہ؛ قالب؛ سہارا؛ لکڑی یا پتھر کا ٹکڑا جو د یوار کا وزن تقسیم کرنے کی غرض سے شہتیر کے نیچے لگاتے ہیں ۔ (۳) (تعمیرات) نمونہ ۔ (٤) پچر جو جہاز کے پیندے اور اس کندے کے درمیا ن لگا دیتے ہیں جس پر رکھ کر جہاز بنایا جاتا ہے ۔ (٥) (بائیوکمسٹری) وہ سالمہ جو سالمہء اکبر کے نظام کی ترتیب کرتا ہے ۔

Templet : (n) چھوٹا معبد؛ چھوٹا مندر ۔

Templet /-ette: (n) [origin uncertain.] نکاس کی سطح کے چار پہلوؤں میں سے ایک ۔

Tempo : (n) [L. 'tempus'.] (۱) (موسیقی) رفتار ؛ چال ؛ تال؛ ضربہ ۔ (۲) حرکت کا طرز؛ چال ۔ (۳) وقت ؛ زمان ؛ گام۔

Tempo primo : (n) موسیقی کی ہدایت کا پہلا وقت ۔

Tempo rubato : (n) تیز یا کم وقت (موسیقی کی ہدایت کے لئے)۔

Tempolabite : (a) (کیمیا) تبدیل پذیر؛ تخریب پذیر ۔

Temporal : (a) [L. 'temporalis'.] (۱) دنیوی (اخروی کےمقابلے میں) ؛ ارضی؛ دنیاوی ۔ (۲) زمانی؛ زمنی؛ زمانہ ظاہر کرنے والا یا اس سے متعلق؛ وقتی؛ (قواعد) زمانہ کو ظاہر کرنے والا؛ وقت کو بتانے والا ۔ (۳) (یونانی صرف و نحو) مد کا؛ اعراب زائد کا یا اس سے متعلق ۔ (٤) غیر مذہبی ؛ متشکک ؛ (قانون) دیوانی؛ عوامی؛ (دستور) حکومتی؛ عرفی؛ دولتی ۔

Lords temporal : Lord (n) دیکھو

Temporal : (n) (۱) وہ چیز جو وقتی یا زمانی ہو ؛ دنیاوی شے ۔(۲) وقتی طاقت؛ قوت؛ وقتی دولت؛ وقتی ملکیت؛ دنیوی املاک؛ اوقاف (خصوصاً جمع میں) ۔(۳)نیز لاطینی فورم Temporate ؛ (رومن کیتھولک) اس کتاب کا حصہ جس میں ہر روز کی دعائیں لکھی ہوتی ہیں ۔

Temporal : (a) [L. 'temporalis'.] (تشریح) صُدغی؛ کنپٹی کا ۔

Temporal : (n) کنپٹی کی ہڈی؛ عظم صُدغی ۔

Temporal affairs : (n) امور دنیوی ۔

Temporal artery : (n) (حیوانیات، تشریح) شریان صُدغی؛ کنپٹی کی شہ رگ ۔

Temporal augment : (n) (یونانی قواعد) مد؛ اعراب زائد ۔

Temporal bone : (n) استخوانِ شقیقہ؛ کنپٹی کی ہڈی؛ عظم صُدغی۔

Temporal conjunctions : (n) عطف زمانی ۔

Temporal crest : (n) (تشریح) فرازِ صُدغی؛ کنپٹی کا ابھار ۔

Temporal emotions : (n) (نفسیات) وقتی جذبات؛ زمانی جذبات ۔

Temporal foscia : (n) (تشریح) ردائے صُدغی ۔

Temporal fossa : (n) (حیوانیات) حُفرہ صُدغی ۔

Temporal lobe : (n) (حیوانیات) فصِّ صدغی (کنپٹی)؛ صدغی لختہ۔

Temporally lords: (n) (انگلستان میں)ملکی امراء (عمائد کلیسا کےمقابلے میں)۔

Temporal muscle : (n) (حیوانیات، تشریح) عضلہ صُدغی ۔

Temporal nerve : (n) صدغی عصب؛ صدغی رگ؛ کنپٹی کی رگ۔

Temporal power : (n) (سیاسیات) دنیوی اقتدار ۔

Temporal punishment : (n) دنیوی سزا؛ دنیوی عقوبت ۔

Temporal region : (n) (حیوانیات، تشریح) صُدغی خطّہ ۔

Temporal sign : (n) (نفسیات) زمانی علامت ۔

Temporal superficial : (a) صُدغی سطحی ۔

Temporalis : (n) (حیوانیات) صُدغیہ؛ عضلہ صُدغی ۔

Temporalism : (n) (۱) دیکھو Secularism ۔(۲) دنیا گرائی؛ مادی گرائی؛ مادیات پر توجہ ۔

Temporality : (n) [late L. 'temporalitas'.] (۱) دنیوی املاک ؛ خصوصاً کلیسا یا مذہبی اداروں کی املاک ؛ اوقاف ؛ معافیات (عموماً جمع میں) ۔ (۲) (قانون) عارضی ہونا؛ وقتیت؛ وقتی ہونا؛ فانی ہونا۔

Temporally : (adv.) دنیوی طور پر؛ دنیوی حیثیت سے ۔

Temporalness : (n) دنیویت ۔

Temporarily : (adv.) مقرر وقت میں؛ متعین اوقات کے درمیان؛ عارضی طور پر؛ وقتیہ؛ مختصر طور پر ۔

Temporariness : (n) عارضیت؛ وقتیت؛ ہنگامی یا چندروزہ ہونا۔

Temporary : (a) [L. 'temporarius'.] عارضی؛ وقتی؛ ہنگامی؛ آنی؛ موقتی؛ زود گزر؛ لمحاتی؛ معین مدت تک کےلئے؛ ناپائدار ۔

Temporary : (n) (۱) وہ شخص جو عارضی طور پر بحال کیا جائے ۔(۲) دنیوی چیز؛ موقتی شے ۔

Temporary chairman : (n) عارضی رئیس؛ رئیس موقت؛ عارضی صدر ۔

Temporary commitment : (n) عارضی پابندی ۔

Temporary debt : (n) (معاشیات) میعادی قرضہ ۔

Temporary duty : (n) وقتی ملازمت؛ عارضی ڈیوٹی (فوج میں) ۔

Temporary hardness : (n) (کیمیا) عارضی سنگینی ۔

Temporary magnetism : (n) (مقناطیسیت) عارضی مقناطیسیت ۔

Temporary stars : (n) (علم النجوم) ہنگامی ستارے ؛ عارضی ستارے ؛ وقتی ستارے ۔

Temporary tooth : (n) دودھ کا دانت؛ ناپائدار دانت ۔

Temporary works : (n) (تعمیرات) تعمیراتِ عارضی ۔

Temporization : (a) (۱) (سماجیات) دفع الوقتی؛ ٹال مٹول؛ لیت ولعل؛ تعویق؛ تاخیر؛ درنگ ۔ (۲) ابن الوقتی؛ زمانہ سازی ۔ (۳) عارضی بندوبست؛ کام چلانا ۔

Temporize : (v) [Fr. 'temporiser'.] (۱) ابن الوقت ہونا؛ جیسا موقع دیکھنا ویسا رنگ اختیار کرنا ۔ (۲) دفع الوقتی کرنا؛ ٹالنا (تاکہ آئندہ فرصت سے فیصلہ کیا جاسکے) ۔ (۳) (کسی نہ کسی طرح) کام نکالنا یا چلا لینا؛ عارضی طور پر کوئی بندوبست کر لینا؛ مقتضیات وقت کے مطابق عمل کرنا ۔ (٤) تسکین دینا؛ آرام کرنا ۔ (٥) مذاکرہ کرنا؛ گفتگو کرنا؛ گفت وشنید کرنا؛ معاملہ کرنا۔ (٦) دو طرفہ بازی کرنا ۔ (٧) انتظام کرنا؛ عہد و پیمان کرنا (دو شخصوں کے درمیان) ؛ صلح و آشتی کرنا (دو آدمیوں کے درمیان) ۔

Temporizer : (n) (۱) ابن الوقت؛ وقت گزارنےوالا؛ مقتضیات وقت کے مطابق کام کرنے والا ۔(۲) دفع الوقتی کرنے والا ۔

Temporizingly : (adv.) (۱) ابن الوقت بن کر ۔(۲) دفع الوقتی کے طور پر ۔(۳) کام چلانے کے لئے؛ عارضی طور پر ۔

Temporo - : [L. 'tempora'.] سابقہ بمعنی صُدغ؛ کنپٹی ۔

Temporo - auricular : (n) اُذنی کنپٹی؛ صُدغ اذنی ۔

Temporofacial : (n) (تشریح) صُدغی وجہی؛ چہرے اور کنپٹی کا ۔

Temporofacial : (n) صُدغ وجہی ۔

Temporomalar : (n) صُدغ رخسار؛ گال کی ہڈی ۔

Temporomastoid : (n) (تشریح) پستان نما صُدغ ۔

Temporomaxillary : (n) (حیوانیات، تشریح) صُدغ فکّی؛ جبڑے کی ہڈی ۔

Tempt : (v) [L. 'temptare'.] (۱) (قدیم، تورانی) آزمانا؛ عزم؛ عقیدے کا امتحان کرنا؛ ابتلا میں ڈالنا؛ آزمائش کرنا ۔ (۲) تحریص یا ترغیب دینا؛ اکسانا؛ بھڑ کانا؛ اُبھارنا (کسی کام خصوصاً برائی پر)؛ آمادہ کرنا؛ راغب کرنا؛ برانگیختہ کرنا؛ متحرک کرنا ۔ (۳) لبھانا؛ رغبت دلانا؛ (قدیم تورانی) غصہ دلانا؛ ٹوکنا؛ ملتفت ہونا؛ مائل ہونا؛راغب ہونا؛ جھکانا؛ شوق دلانا(کسی چیز یا کسی کام کا) ۔

I am tempted to question this : بے اختیار اعتراض کرنے کو جی چاہتا ہے ۔

To tempt God : خدا کے اختیارکو بے باکانہ آزمانا ۔

To tempt providence/-fate/-fortune : جوکھم کا کام کرنا؛ خطرے کا کام کرنا ۔

To tempt(the storm, flood, sea etc.) : خطرے میں ڈالنا؛ جوکھم میں ڈالنا؛ (کسی بات کا) خطرہ برداشت کرنا (طوفان ، سیلاب ، سمندر وغیرہ کا) ۔

Temptability : (n) تحریص پذیری؛ ترغیب پذیری ۔

Temptable : (a) (۱) تحریص پذیر؛ ترغیب پذیر؛ فریفتہ شدنی؛ فریفتنی ۔(۲) قابل آزمائش؛ امتحان کے لائق ۔

Temptableness : (n) تحریص پذیری؛ترغیب پذیری؛ آزمائش؛ امتحان ۔

Temptation : (n) [OFr. 'temptacion'.] (۱) ترغیب؛ گیرائی؛ کشش ؛ تحریص ؛ وسوسہ نفس ؛ لبھاؤ ؛ پھسلاہٹ؛ بہکاؤ؛ جھانسا ۔ (۲) (قانون) اغوا؛ ترغیب؛ (نفسیات) لالچ ؛ (دین) امتحان؛ آزمائش؛ ابتلا ۔ (۳) وہ شے جس سے ترغیب ہوتی ہو؛ وجہ ترغیب؛ وجہ رغبت؛ دلکش یا دل فریب چیز ۔ (٤) وہ چیز جو بُرے کام پر ابھارتی ہے؛ وجہ تحرص؛ حرص کا پھندا ۔

Temptational : (a) ترغیب کا؛ تحریص کا یا اس سے متعلق؛ وسوسہ انگیز؛ آزمائش کا یا اس سے متعلق ۔

Temptations : (a) پُرفریب؛ وسوسہ نفس سے بھرا ہوا؛ ترغیب انگیز؛ تحریص سے پر ۔

Tempter : (n) [late ME. 'temptour'.] فریب دینے والا؛ ترغیب یاتحریص دینے والا؛ لالچ دینے والا ۔

The tempter : (خصوصاً) شیطان؛ ابلیس ۔

Tempting : (a) (۱) وسوسہ انگیز؛ تحریص دلانے والا؛ ترغیب دینے والا ۔ (۲) دلکش؛ موجب ترغیب؛ پھسلا لینے والا؛ جاذب؛ کشش رکھنے والا؛ دعوت دینے والا؛ راغب کرنے والا؛ لبھانے والا ۔

Temptingly : (adv.) لبھاتے ہوئے؛ رغبت دلاتے ہوئے ۔

Temptingness : (n) رغبت؛ دلکشی؛ ترغیب؛ تحریص ۔

Temptress : (n) پُرفن اور مکّار عورت؛ وسوسہ ڈالنے والی عورت؛ وہ عورت جو لوگوں کو بُرے کام پر اُکساتی ہو یا لگاوٹ کی باتوں سے اپنے دام محبت میں گرفتار کرتی ہو؛ بہکانے والی یا لگاوٹ باز عورت ۔

Tempura : (n) [Jap.] ایک قسم کا جاپانی کھانا (جس میں مچھلیاں اور سبزیاں مکھن میں تلی ہوتی ہیں)۔

Tempus : (n) [L.] (۱) (تشریح، حیوانیات) صُدغ؛ کنپٹی ۔ (۲) (موسیقی) تال؛ سم؛ ضربہ؛ گام ۔

Temsem : (n) [OE.] (اب بول چال) چھلنی؛ غربال؛ (تعمیرات) جھنجھری۔

Temse : (v) چھلنی سے چھاننا (آٹا وغیرہ) ۔

Temse-bread : (n) نان دوالکہ؛ وہ روٹی جو آٹا چھان کر بنائی گئی ہو۔

Temse-loaf : (n) ڈبل روٹی جو چھانے ہوئے آٹے یعنی میدے سے بنی ہو ؛ نان دوالکہ۔

Temsed : (a) چھانی ہوئی؛ دوالکہ۔

Temulence : (n) [L. 'temulentia'.] (شاذ) مستی؛ بیخودی۔

Temulency : (n) (شاذ) مستی؛ مدھوشی؛ شراب خواری؛ میخواری؛ مخمور رہنے کی عادت۔

Temulent : (a) [L. 'temulentus'.] (شاذ) میخوار؛ مست؛ ازخود بےخبر ؛ مدھوش۔

Ten : (n) [OE. 'tien'.] (۱) دہ : دس ؛ پانچ کا دوگنا؛ دس کی گنتی؛ شمارہ دہ۔ (۲) دس چیزوں یا اشخاص کا سیٹ (Set)۔ (۳) (غیر معین عدد کے طور پر کثرت کے معنی میں) متعدد؛ کئی (کئی درجے آسان (Ten times as lazy)۔

Hart of ten : وہ ہرن جس کےہر سینگ میں دس دس شاخیں ہوں۔

Upper ten/Upper ten thousand : طبقہ اُمراء۔

Ten commandments : (n) اوامر عشرہ؛ حضرت موسیٰ کے دس فرمان۔

Ten-foot : (a) دس فیٹ کا۔

Ten-foot coal : (n) (یارک شائر میں) موٹی تہ؛ موٹا پرت۔

Ten-footer : (n) دس فٹ مربّع میں بنی ایک چھوٹی عمارت، جو نیوانگلینڈ میں جوتے کے کارخانے کے طور پر استعمال ہوتی تھی۔

Ten-hours act : (n) ایک قانون جس کی رو سے فیکٹریوں میں اوقات کار متعین کئے گئے ہیں؛ خصوصاً وکٹوریہ کے عہد کا قانون؛ دس گھنٹوں کا ایکٹ۔

Ten-hour law : (n) (امریکا) دس گھنٹے کا قانون (فیکٹریوں میں کام کرنے کے اوقات)۔

Ten O'clock : (n) ایک قسم کا امریکی پھول۔

Ten pence : (n) دس پینس کا سکّہ۔

Ten penny : (a) دس پینس کے برابر؛ دس پینس کا۔

Ten penny : (n) دس پینس۔

Ten-penny nail : (n) دیکھو Penny

Ten penny-worth : (a) دس پینس کی قیمت کا۔

Ten pins : (n) (خصوصاً امریکا) ایک قسم کا کھیل جس میں دس پن استعمال کئے جاتے ہیں۔

Ten pointer : (n) سینگوں میں کئی شاخوں والا بارہ سنگا۔

Ten-pound : (a) دس پونڈ قیمت کا نیز دس پونڈ وزن کا؛ خصوصاً Ten pound house holder۔

Ten-pound house holder : دیکھو Ten pound

Tea-pounder : (n) (۱) (تاریخ انگلستان) وہ مالگذار جو دس اشرفی یا زیادہ لگان دینے کی وجہ سے پارلیمنٹ کے انتخابات میں رائے دینے کا مجاز رکھتا تھا۔ (۲) دس پونڈ کی چیز (بال، مچھلی وغیرہ)۔ (۳) ایک توپ جو دس پونڈ وزن کا گولہ پھینکتی ہو۔ (٤) دس پونڈ رقم کی کوئی چیز۔ (٥) دس پونڈ کا نوٹ۔

Ten-spot : (n) (امریکا) دس ڈالر کا بل۔

Ten words : (n) دیکھو Ten Commandents

Tenability : (n) (۱) قابل مدافعت ہونا؛ استحکام۔ (۲) معقولیت بہ قرین عقلی۔

Tenable : (a) (۱) جسے حملے سےبچایا جاسکے؛ قابل مدافعت؛ نگاہ داشتنی؛ قابل تصرف؛ مستحکم (قلعہ، مورچہ وغیرہ) جس کی مدافعت کی جائے۔ (۲) بہ ظاہر معقول، قرین عقل (نظریہ، دلیل وغیرہ)۔ (۳) (سیاسیات) مُوقت؛ ایک خاص میعاد تک رہنے والا یا ملنے والا (عہدہ، وظیفہ وغیرہ) جو ایک شخص کے پاس ایک خاص میعاد تک رہ سکے۔

Tenableness : (n) دیکھو Tenability

Tenably : (adv.) معقولیت کے ساتھ۔

Tenace : (n) [Sp.'tenazalit'.] (۱) تاش کے کھیل (Whist) میں کسی رنگ کے دو پتے جن میں سے ایک حریف کے اس رنگ کے سب سے بڑے پتے سے اگلا اور دوسرا اس سے پچھلا ہو؛ اگلے، پچھلے پتوں کا جوڑا۔ (۲) کسی کھلاڑی کے پاس یہ جوڑا ہونا۔

Major tenace/Minor- : ان جوڑوں کی مختلف قسمیں جن کی نوعیت غیرمعین ہے ۔

Tenacious : (a) [f.L.'tenax'.] (۱) مضبوطی سے پکڑ رکھنے والا ؛ محکم ؛ سخت (گرفت وغیرہ) ۔ (۲) مضبوطی سے قائم؛ جما ہوا (املاک، حقوق یا اصول پر)؛ کٹر؛ پختہ (عقائد وغیرہ میں) ۔ (۳) (حافظے کے لئے) قوی؛ گیرا؛ ماسک؛ قوی حافظے کا (شخص) ۔ (٤) چپکنا؛ چپکنے والا؛ چسپندہ ؛ لاصق؛ لصیق؛ اتصال پذیر؛ مائل؛ متصل؛ چپچپا؛ لسدار ۔ (٥) جس کے مختلف اجزا باہم پیوست ہوں ؛ پیوست ؛ ملتصق ۔ (٦) (طبیعیات) لوچدار؛ (نفسیات) قوی (حافظہ) ۔ (۷) مستقیم؛ استوار؛ ثابت قدم؛ دلیر؛ جیوٹ؛ باہمت؛ مستقل مزاج؛ ثابت قدم ۔ (۸) ضدی؛ ہٹیلا؛ خودرائے؛ متمرد؛ خودسر؛ سرکش ۔

Tenacious memory : (n) (نفسیات) قوی حافظہ ۔

Tenaciously : (adv.) سختی سے؛ مضبوطی سے؛ محکم طور پر ۔

Tenaciousness : (n) محکم گیری؛ مضبوطی؛ کٹرپن؛ گیرائی؛ سختی؛ سقتی؛ اصرار؛ ماسکیت؛ چسپیدگی؛ پیوستگی؛ (طبیعیات) لوچ؛ لصیق ۔

Tenacity : (n) [Late L. 'tenacitas'.] (۱) چسپیدگی؛ لصق؛ بجلی پن؛ پیوستگی؛ ماسکیت ۔ (۲) محکم گیری؛ مضبوطی؛ سختی؛ سقتی؛ کٹرپن؛ گیرائی؛ ضریب استحکام ۔ (۳) (طبیعیات)لوچ ۔

Tenaculum : (n) [mod. uses of L. 'tenaculum', f. 'tenere'.] (۱) (جراحی) شص؛ رگ گیر؛ شریان گیر؛ قلاب جراحی؛ سرجنوں کا باریک دھار کا آنکڑا جس سے رگیں وغیرہ پکڑ کر اٹھاتے ہیں ۔ (۲) (حیوانیات) وَترِ چشم ۔

Tenaille : (n) [L.'tenacula'.] (قلعہ بندی) دمدمہ؛ مورچہ جو دو برجوں کے درمیان بڑی خندق کے کنارے بنا دیتے ہیں؛ پیش مورچہ ۔

Tenaillon : (n) [Fr.] (قلعہ بندی) بیرونی دمدمہ ؛ مورچہ (خندق قلعہ کے باہر جسے زاویہ نما اور دو رُخ رکھ کر بناتے ہیں)۔

Tenancy : (n) (۱) (قانون) اجارہ داری؛ مدت اجارہ؛ مالکیت موقت؛ کرایہ داری؛ لگان داری ۔ (۲) (زراعت) مزارعت؛ دخیل کاری ۔ (۳) کرایہ داری وغیرہ کی میعاد ۔ (٤) مکان، جائداد وغیرہ جو کرائے پر ہو ۔

Tenancy act : (n) (قانون) قانون دخیل کاری؛ قانون لگان داری ۔

Tenant : (n) [L.'tenere'.] (۱) کرایہ دار ؛ لگان دار ؛ اسامی جو کرائے سے دوسرے کے مکان یا زمین سے کام لیتا ہے؛ اسامی؛ کاشت کار ۔ (۲) (قانون) قابض؛ متصرف (غیر منقولہ جائداد پر خواہ ملکیت سے یا کرائے سے عارضی یا دائمی طور پر) ۔ (۳) (غیر منقولہ جائداد کے مقدمے میں) اصلی مدعا علیہ ۔

Tenant : (v) (۱) متصرف ہونا ۔(۲) لگان دار یا کرایہ دار یا اسامی کی حیثیت سے رہنا (مکان میں) ۔ (۳) جوتنا (زمین) ؛ قابض ہونا (جائداد پر) ۔

Tenant at will : (n) (قانون) غیر دخیل کار؛ وہ کرایہ دار جو موجر (ٹھیکہ دینے والا) کی خواہش یا خوشی پر اجارہ لیتا ہے ۔

Tenant by copy of court roll/-the verge : (n) دیکھو Copy holder

Tenant farmer : (n) (زراعت) مزارع؛ کاشت کار ۔

Tenant - right : (n) کرایہ دار یا لگان دار کا دوامی حق (کہ جب تک لگان ادا کرتا رہے بے دخل نہیں کیا جائے گا اور اگر کیا جائے تو اسے ہرجانہ ملے گا)؛ حق مستاجر ۔

Tenant welfare : (n) (سماجیات) بہبودیِ مزارعین ۔

Tenantable : (a) قابل کرایہ ؛ (لگان یا کرایہ پر) اُٹھانے کے لائق ؛ قبضہ کے لئے درست ۔

Tenantableness : (n) قابل کرایہ ہونا ۔

Tenantless : (a) جس میں کوئی کرایہ دار یا پٹہ دار نہ ہو ؛ خالی ۔

Tenantry : (n) (۱) پٹّہ؛ لگان داری ؛ پٹّہ داری؛ کی شرط ۔ (۲) لگان داران؛ کرایہ داران؛ اسامی (صیغہ جمع میں) ؛ رعایا ۔ (۳) زمین جو پٹّے پر لگادی گئی ہو ؛ نیز اسی زمین کا نفع ۔ (٤) کسی ملکیت یا علاقہ کے کرایہ داروں کی جماعت ۔

Tenantship : (n) پٹہ؛ تصرف؛ پٹہ داری؛ دخل؛ کرایہ داری؛ کرایہ داری کی شرط ۔

Tench : (n) [OFr.'tenche'.] کارپ کی قسم کی چھوٹی مچھلی جو ممالک یورپ کی ندی نالوں میں ہوتی ہے؛ ولایتی سنگھاڑا مچھلی ۔

Tend : (v) [Fr. 'attendre, 'entendre'.] (۱) صلاحیت ہونا؛ مادہ ہونا ۔(۲) وسائل فراہم کرنا؛ نگہبانی کرنا اور خدمت میں حاضر رہنا (بیمار یا بےیارو مددگار کی) ؛ خیال کرنا؛ تیمارداری کرنا (بیمار کی) ؛ توجہ کرنا؛ مخاطب ہونا؛ نگہبانی کرنا ۔ (۳) خدمت کے لئے کھڑا ہونا (With, on or upon)؛ نوکر ہونا؛ خبر گیری کرنا؛ نگہبانی کرنا ؛ رکھوالی کرنا (گلے کی) ۔ (٤) حاضر ہونا (جلسہ یا تقریب میں) (امریکا بول چال) ۔ (٥) دیکھ بھال کرنا (کل، مشین وغیرہ کی) ۔(٦) خدمت کرنا؛ کام کاج کرنا ۔

Tend : (v) [Fr. 'tendre'.] (۱) آگے بڑھنے، حرکت کرنے کی صلاحیت رکھنا؛ آگے بڑھنے کا رجحان رکھنا ۔ (۲) (کسی سمت) بڑھنے کا فطری رجحان رکھنا ۔ (۳) (مجازاً) آگے بڑھنے کی صلاحیت رکھنا؛ محبت میں آگے بڑھنا؛ (کسی نقطہ، حالت، صفت، وقت تک) پہنچنے کی صلاحیت رکھنا ؛ تکمیل تک پہنچنا ۔ (٤) باعث ہونا ؛ (کسی طرف کو) مائل ہونا ؛ میلان ہونا ؛ جھکنا ؛ ڈھلنا؛ جھکاؤ ہونا ؛ رخ ہونا ؛ متوجہ ہونا ۔ (٥) کسی عمل کی طرف مائل ہونا؛ رہنمائی کرنا (کسی عمل کی طرف) ۔ (٦) (جہازرانی) لنگر کے رسّے کی دیکھ بھال کرنا تاکہ اس میں بل نہ پڑ جائے ۔(۷) (To کے ساتھ) حوالہ کرنا؛ سروکار رکھنا؛ لگاؤ رکھنا؛ مؤثر ہونا ۔

Tendance : (n) [Aphetic f. Attendance] (۱) توجہ؛ نگہداری؛ مواظبت ؛ پرستار ی ؛ دیکھ بھال؛ ملازمت ۔ (۲) احتیاط ؛ تیمارداری ؛ خبرگیری ۔ (۳) اجتماعی طور پر نگہداشت؛ ملتزمین؛ خدم و حشم؛ نوکر چاکر ۔

Tendency : (n) [med. L. 'tendentia'.] (۱) (نفسیات) میلان ؛ رجحان ؛ تمایل ؛ میل ؛ توجہ ؛ بہاؤ ؛ رو ۔ (۲) استعداد؛ زمینہ؛ علاقہء مختصر ۔(۳) کسی طرف، سمت بڑھنے کا رجحان؛ میلان (کسی شے یا کام کرنے کی طرف) ۔(٤) مقصد؛ منشاء؛ مفہوم؛ مطلب ۔

Adversive tendency : (نفسیات) نا موافق رجحان ۔

Collecting tendency : (حیوانیات) ذخیرہ اندوزی رجحان ۔

Tendential : (a) متمایل؛ متوجہ؛ تمایلی؛ رجحان رکھنے والا۔

Tendentious : (a) [med. L. 'tendentia'.] (۱) متمایل؛ متوجہ؛ رجحان رکھنے والا ۔ (۲) (تحریر وغیرہ کے متعلق) جو خاص مقصد، خیال یا تحریک کی تائید یا تردید میں ہو؛ تابع مقصد؛ مقصد پر مبنی۔

Tendentiously : (adv.) توجہ کے طورپر؛ میلان کے ساتھ؛ رجحان کے طور پر ۔

Tendentiousness : (n) توجہ؛ میلان؛ رجحان ۔

Tender : (n) [Fr. 'attendre'.] (۱) دیکھ بھال کرنے والا؛ نگہبانی کرنے والا (مشین، تجارت وغیرہ) ۔ (۲) چھوٹی کشتی جو جہاز کے ساتھ خوراک لانے یا پیام لےجانے کےلئے ہوتی ہے؛ چھوٹی کشتی جو کسی جہاز کےماتحت ہو؛ بڑی کشتی کے ساتھ رہنے والی چھوٹی کشتی ۔ (۳) چھوٹا جہاز جو بڑے جہاز پر مسافر، سامان، ڈاک وغیرہ لانے اور لے جانے کےلئے ہو ۔ (٤) انجن کے ساتھ کی گاڑی یا خانہ جس میں اس کا ایندھن اور پانی وغیرہ بھرا ہوتا ہے؛ انجن کوٹھی؛ ایندھن گاڑی ۔ (٥) کونچی میں چھوٹا سا خانہ جس میں پانی بھرا ہوتا ہے ۔

Tender : (n) [L.'tendere'.] (۱) پیش کرنے کا عمل؛ کوئی چیز جو پیش کی جائے؛ ٹھیکے کا تخمینہ ۔(۲) رقم جو قرض کی ادائیگی کے لئے دی جائے؛ چکوتی کی رقم ۔ (۳) (معاشیات) نرخ طلبی؛ (رقم وغیرہ میں) پیشداد ٹینڈر ۔ (٤) (قانون) پیشداد پیشکش (ایک پارٹی کی طرف سے دوسری کو)؛ خصوصاً رقم کی پیشکش یا اس طرح کی چیز (قرض کی ادائیگی میں) ۔ (٥) قبول کرنے کے لئے کسی چیز کی پیشکش ۔ (٦) پیش نہاد مناقصہ یا مزایدہ ۔

Common tender /Legal-/ Lawful : - زر قانونی جسے قانون زر رائج الوقت تسلیم کرتا ہے اور جس سے قرض ادا کیا جائے تو قرض خواہ اس کے لینے سے انکار نہیں کرسکتا؛ رقم رائج قانونی ۔

Plea of tender : (قانون)اقرار ادائیگی کی درخواست مدعاعلیہ کی طرف سے جواب دعویٰ میں کہ وہ مطالبہ ادا کرنے پر آمادہ تھا اور اب عدالت میں رقم پیش کرتا ہے ۔

Tender : (a) [L. 'tenerum'.] (۱) نازك؛ حساس؛ لطيف؛ نرم ؛ ملائم؛ جس میں سختی نہ ہو؛ آسانی سے ٹوٹ جانے والا ۔ (۲) دلسوز؛ نازك؛ جسے جلد صدمہ یا آنچ پہنچ جائے؛ دکھتا ہوا (جسم کا حصہ) ۔ (۳) کمزور؛ نا اُستوار؛ کاہو بھوجو؛ نازك (لغوی اور مجازی دونوں معنوں میں)؛ زن نما؛ زنخا ۔ (٤) شفیق؛ محبت آمیز؛ چاہنے والا؛ محبت بھرا؛ مہربان؛ شریف ۔ (٥) ہر وقت خیال رکھنے والا (عزت، نیك نامی وغیرہ کا) ۔ (٦) بہت محتاط؛ پھونك پھونك کر قدم رکھنے والا (کہ کہیں لغزش نہ ہو جائے)؛ نازك مزاج؛ متدین؛ احتیاط پسند؛ شکی؛ وہمی ۔ (۷) جس میں بہت احتیاط کی ضرورت ہو؛ نازك (معاملہ وغیرہ)؛ بہت احتیاط سے کرنے کا (کام) ۔ (۸) (پودے یا جانور وغیرہ) چھریرا؛ دبلا پتلا؛ ہلکا؛ سبك؛ نازك ؛ (۹) ناقص؛ ناتمام؛ ادھورا؛ ناپختہ؛ غیرمکمل؛ نوجوان؛ نوخیز؛ کم عمر ۔ (۱۰) بیدار؛ ہوشیار؛ چوکنا؛ محتاط؛ چوکس؛ متامل؛ ٹھس ۔ (۱۱) (جہاز) ڈگمگاتا ہوا (جہاز یا کشتی جس کے الٹ جانے کا اندیشہ ہو) ۔ (۱۲) جلد متاثر ہونے والا؛ زود اثر پذیر؛ ہمدرد ؛ دردمند؛ تاثر پذیر ۔

A tender heart : نازك دل؛ کمزور ۔

Of tender age : کمسن؛ کم عمر؛ خُرد سال ۔

The tender passion /- sentiment : جنسی محبت ۔

Tender : (v) [L. 'tendere'.] (۱) (قانون) پیش کرنا(عذر، دلیل، معاملہ، دعویٰ، حتمی بیان، گواہی وغیرہ)؛ دائر کرنا؛ آگے بڑھانا ۔ (۲) (خصوصاً) اداکرنا (رقم) (قرض کی ادائیگی میں) ۔ (۳) (کوئی چیز) منظوری یا قبولیت کے لئے پیش کرنا؛ پیشکش کرنا؛ نذر کرنا ۔ (٤) ٹینڈر دینا؛ ٹھیکے دار کا تخمینہ دینا؛ پیش کرنا (کسی کام کے مصارف یا مال کی قیمت کا) ۔

To tender an oath : عہد لینا؛ قسم کھانا؛ حلف وفاداری اٹھانا ۔

Tender : (v) چھوٹی کشتی پر (سامان، ڈاك وغیرہ) لادنا یا لے جانا ۔

Tender-dying : (a) جواں مرگ ۔

Tender emotion : (n) (نفسیات) نازك جذبہ ۔

Tender-eyed : (n) (۱) محبت بھری آنکھ والا ۔ (۲) ضعیف العمر ۔

Tender-foreheaded : (a) منکسر؛ شرمیلا؛ باحیا؛ سیدھا سادا ۔

Tender-hearted : (a) (۱) نازك دل ؛ رقیق القلب؛ کمزور دل والا ؛ نرم دل ۔ (۲) محبت کرنے والا؛ محبت آمیز؛ شفیق؛ دردمند؛ رحیم ۔

Tender-heartedly : (adv.) نرم دلی کے ساتھ ؛ رقیق القلبی سے؛ دردمندی کے طور پر ۔

Tender-heartedness : (n) نرم دلی؛ مہربانی؛ رقیق القلبی؛ دردمندی ۔

Tender-mouthed : (a) (۱) (گھوڑا) لگام کا فوراً اثر قبول کرنے والا؛ چھوٹے منہ والا ۔ (۲) بول چال میں شریف ۔

Tender-nosed : (n) تیز بو والا ؛ تیز مہك والا ؛ تیز خوشبو ۔

Tender of issue : (n) ایسا عذر جس کا مخالف بھی ساتھ دیتا ہے ۔

Tender reputation : (n) نا اُستوار شہرت ۔

Tender years : (n) جوانی؛ ایام جوانی ۔

Tenderer : (n) پیش دادی؛ ٹینڈر دینے والا ۔

Tenderfoot : (n) (امریکا اور نوآبادیوں کی اصطلاح میں) نو وارد؛ نیا آدمی؛ ناتجربہ کار آدمی ۔

Tenderfooted : (a) (۱) ڈرپوك ؛ بودا ۔ (۲) جھینپنے والا؛ شرماؤ ؛ حد سے زیادہ شرمیلا ۔

Tenderling : (n) (۱) بچہ؛ کودك ؛ چھوٹا بچہ؛ کم عمر آدمی ۔ (۲) کمزور آدمی؛ نازك شخص ۔

Tenderloin : (n) (۱) نیم ران؛ ران کا نچلا حصہ؛ گائے کے پٹھے کا گوشت جو ہڈی کے نیچے ہو؛ گوشت پشت مازو؛ گوشت مازہ ۔ (۲) (امریکا) نیویارك یا دوسرے شہروں کی عیش گاہیں ؛ وہ محلے یا مقامات جہاں عیش و تفنن کے سامان ہوں ۔

Tenderly : (adv.) مشفقانہ؛ ازروئے شفقت؛ دل سوزی کے ساتھ ؛ نرمی سے؛ نازك طور پر؛ ملائمت کے ساتھ ؛ محبت کے ساتھ ؛ نہایت احتیاط سے ۔

Tenderness : (n) (۱) (نفسیات) نزاکت جذبی ۔ (۲) ملائمت؛ نرمی ؛ نزاکت ۔ (۳) دکھتا ہونا ؛ دکھن ۔

(٤) رحم دلی ؛ رقیق القلبی - (٥) شفقت ؛ محبت - (٦) محتاط ہونا (اخلاقی معاملات میں)-

Tending : (n) (طب) نگہداشت -

Tendinous : (a) [Gr. 'tendineux'.] وتری؛ نسیلا؛ وتر کا؛ وتر نما -

Tendo : (n) [med. L.] وتر -

Tendo Achillis : (n) (تشریح) وَترِ اَخیلی ؛ وَتر عرقوب -

Tendo Calcaneus : (n) (تشریح، حیوانیات) ایڑی کی نس -

Tendo-synovitis : (n) وتری ورم جس سے لعاب جیسی رطوبت نکلتی ہو -

Tendon : (n) [med. L. 'tendo, 'tendonem'.] (تشریح،حیوانیات) وَتر؛ وَتر العضلہ؛ وہ نس جو پٹھوں کے سرے پر ہوتی ہے یا ایک کو دوسرے سے جوڑتی ہے-

Tendon cells : (n) (تشریح) وتری خلیات -

Tendon of Achilles : (n) (تشریح) ایڑی کی نس (یونانی سورما (Achilles) کی طرف منسوب ہے، اس لئے کہ اس کے جسم میں اس نس کے سوا کسی دوسری جگہ ہتھیار کارگر نہیں ہوتا تھا) -

Tendonous : (a) (تشریح) وتری؛ وتری مانند؛ نسیلا -

Tendon reflex : (n) (حیوانیات) وتر عکس؛ وتری انعکاس -

Tendril : (n) [Origin obsc.] (نباتیات) جفتہ؛ بیل ٹورا؛ بیل سوت؛ درخت کا سوت یا داڑھی جس کے سہارے سے وہ دوسرے درخت سے مل جائے -

Tendrilled/-iled : (a) بیل سوت والا؛ ذوجفتہ؛ سوت دار-

Tendriliferous : (a) سوت دار؛ بیل ٹورا والا -

Tendrillar : (a) (١) بیل ٹورا مانند؛ بیل ٹورا جیسا - (٢) سوت دار -

Tendrilly : (a) دیکھو Tendrilar

Tendrilous : (a) دیکھو Tendrillar

Tendron : (n) [Fr. f. 'tendre'.] (١) (نباتیات) نبتہ؛ کونپل ؛ کلی ؛ غنچہ - (٢) (نباتیات) بیل سوت - (٣) (جمع میں) گائے، ہرن کی غضروف سینہ؛ غضاریف ضلع؛ پسلی کی کُریاں -

Tenebrae : (n) [L.] مسیحی ہفتہء مقدس کے آخری تین روز کی صبح تڑکے اور آدھی رات کی مناجاتیں، جن میں شمعیں گل کرنے کی رسم ادا ہوتی ہے؛ اندھیرے کی مناجاتیں -

Tenerbrific : (a) [f. L. 'tenebrae'.] تاریک آور؛ تاریکی آور؛ مظلم؛ ظلمت گر -

Tenebrific stars : (n) (علم النجوم) شب آور ستارے؛ وہ ستارے جن کی نسبت خیال ہے کہ ان کے نکلنے سے رات ہوتی ہے -

Tenebrio : (n) (حیوانیات) جنسِ طعمی بھونرا؛ ظلمت بھونرا-

Tenebrionidae : (n) (حیوانیات) ظلمت بھونرے -

Tenebrious : (a) [altered f.'Tenebrous'.] (١) اندھیرے سے بھرا ہوا ؛ تیرہ ؛ تاریک ؛ اندھیرا - (٢) (مجازاً) بے نور کا؛ بے رونق -

Tenebrity (n) تیرگی؛ ظلمت -

Tenebrose : (a) [L.'tenebrosus'.] تاریک؛ تیرہ؛ (نیز مجازاً) دماغی اور اخلاقی طور پر تیرہ وتاریک ؛ بےنور کا؛ بے رونق -

Tenebrosity : (n) ظلمت؛ تاریکی -

Tenebrous : (a) [L. 'tenebrosus'.] دیکھو Tenebrious (a)

Tenebrousness : (n) تاریکی؛ تیرگی؛ ظلمت -

Tenement : (n) [med. L. 'tenementum'.] (١) اراضی (جو مالک کے پاس ہو) ؛ ملک؛ زمین - (٢) (قانون) لگان یا کرانے کی جائداد غیر منقولہ (مثلاً مکان، اراضی وغیرہ) ؛ جاگیر؛ امراء کا منصب یا خطاب؛ جائداد مقبوضہ - (٣) مکان مسکونہ؛ گھر؛ حصہء مکان؛ رہنے کی جگہ؛ قیام کرنے کی جگہ - (٤) (انگلینڈ میں) مکان کا ایک حصہ جس میں ایک کنبہ رہ سکے؛ فلیٹ؛ درجہ؛ چال؛ نیز جانوروں کے رہنے کی جگہ -

Free tenement : دیکھو Freehold

Tenement house : (n) (امریکا) کرایہ دار کےلئے علاحدہ مکان؛ کرایہ کی حویلی ۔

Tenement householder : (n) علاحدہ مکان میں رہنے والا کرایہ دار ۔

Tenemental : (a) (۱) لگان یا کرائے کی جائداد کے متعلق؛ جاگیری ۔ (۲) سکونتی؛ مکان مسکونہ کے متعلق ۔(۳) لگان یا کرائے کا ۔

Tenementary : (a) (۱) لگان یا کرائے کی جائداد کے متعلق؛ جاگیری ۔ (۲) جو لگان یا کرایہ پر دیا جائے؛ لگان یا کرائے کا ۔(۳) لگان داری یا کرایہ داری کا (حق وغیرہ) ۔

Tenendas : (n) [L.] (انگریزی قانون) دستاویز کا وہ حصہ جو ملکیت یا لگان داری کے اصول کو واضح کرتاھے ۔

Tenendum : (n) [L.] Tenendas (اسکاتستانی قانون) دیکھو

Teneral : (a) [f. L. tener +- AL.] (تشریح) طفلی؛ مرحلہ٭ نرم بندی۔

Tenesmic : (a) (۱) زُحار کی صفت کا ۔(۲) سلسل البول کی صفت کا ۔

Tenesmus : (n) [L. 'tenesmos'.] (۱) (مرضیات) زُحارت؛ زُحار؛ شدید پیچش؛ مروڑ؛ آنتوں کی کمزوری جس کی وجہ سے بار بار پاخانے کی حاجت سوزش کے ساتھ ہوتی ہے ۔ (۲) (طب) سلسل البول؛ مثانے کی خرابی جس کی وجہ سے بار بار پیشاب کی حاجت سوزش کے ساتھ ہوتی ہے ۔

Tenet : (n) [L. 'tenet'.] (۱) عقیدہ؛ اصول؛ مرام (کسی مذہب کا یا کسی شخص کا) ۔(۲) کوئی نظریہ؛ کوئی خیال ۔

Religious tenets : عقائد مذہبی؛ اصولِ مذہبی ۔

Tenfold : (a) دہ برابر؛ دہ چنداں؛ دہ گانہ؛ دس گنا ۔

Tenfold : (adv.) (رقم یا ذگری میں) دس گنا؛ دہ چند؛ دس گُنے کے ذریعے ۔

Tenia : (n) (حیوانیات) جنس کدودانہ؛ حیات؛ جنس فیتہ ۔

Teniacide : (n) (طب) کدودانہ کُش ؛ فیتہ کُش ۔

Teniafuge : (n) (طب) دافع کدودانہ؛ دافع فیتہ ۔

Teniasis : (n) (طب) مرض کدودانی؛ مرض فیتوی ۔

Tennantite : (n) [Named after 'Smithson'.] (کان کنی) تانبےاور لوھے کا گندھکی آرسینائد ۔

Tenne/Tenny : (n) [Fr. 'tenne'.] قہوہ مانند نارنجی رنگ ۔

Tenne/Tenny : (a) (بعض مصنف کے مطابق) عمودی؛ (بعض کے مطابق) اُفقی ۔

Tenner : (n) (بول چال) دس کا عدد ؛ دس کی رقم؛ خصوصاً دس پونڈ کا نوٹ ؛ (امریکا) دس ڈالر کا بل ۔

Tennis : (n) [late ME. 'tenetz'.] ٹینس؛ ایک کھیل کا نام ۔

Lawn Tennis: لان ٹینس ۔

Table Tennis : ٹیبل ٹینس ۔

Tennis-arm/-elbow : (n) (طب) ٹینس کہنی؛ ورم مرفق؛ ہاتھ کا جھٹکا یا موچ جو ٹینس کھیلنے میں آجائے؛ ٹینس موچ ۔

Tennis-ball : (n) ٹینس بال؛ ٹینس کھیلنے کی گیند ۔

Tennis-court : (n) ٹینس کورٹ ۔

Tennis-knee : (n) گھٹنے کا جھٹکا جو ٹینس کھیلنے میں ہو جائے ۔

Tennis-play : (n) ٹینس کا کھیل ۔

Tennis-player : (n) ٹینس کا کھلاڑی ۔

Tennysonian : (a) [f. name of the poet Alfred Lord Tennyson (1809-1892)+-IAN.] ٹینیسن سے متعلق یا اس کے طرز کا یا اس کے کام (تصنیف) سے متعلق ۔

Tennysonian : (n) ٹینیسن کا مداح، مقلد، پیرو؛ ٹینیسن کا طالب علم ۔

Teno - : [Gr. 'teno'.] سابقہ بمعنی وتر ۔

Tenology : (n) علم تشریح کا وہ حصہ جو وتر سے بحث کرتا ہو ۔

Tenon : (n) [Fr. f. 'tenir'.] چول؛ سرا (خصوصاً لکڑی کا) جو جوڑنے کےلئے کسی خانے یا چول میں بٹھا دیا جاتا ہے ؛ (بڑھئی) جوڑ چول ۔

Tenon : (v) (۱) چول تراشنا یا بنانا؛ چول سے جوڑنا؛ چول بٹھانا ۔ (۲) چول کے ذریعے درست کرنا۔

Tenon-joint : (n) چول جوڑ ۔

Tenon-saw : (n) چول آری؛ باریک آری؛ کرونی یا آری (باریک کام کے لئے) ۔

Tenoner : (n) (۱) چول بنانے یا بٹھانے والا ۔ (۲) چول بنانے یا بٹھانے کا آلہ ۔

Tenonian : (a) [f. name of J.R. Tenon, a French anatomist (1724+1816).] (تشریح) ٹینن کا بیان کردہ؛ ٹینن کی تحقیق کا ۔

Tenonian fascia/-capsule : (n) ریشہ دار یا پٹھے کا ہلکا سا غلاف جو آنکھ کی پتلی کے گرد ہوتا ہے ۔

Tenonitis : (n) (طب) ورم وتر ۔

Tenonto -: [f. Gr.] سابقہ بمعنی وتر ۔

Tenontology : (n) دیکھو Tenology

Tenor : (n) [L. 'tenorem'.] (۱) روش؛ رفتار (کسی چیز کی، مجازاً زندگی یا طرز عمل کی) رویہ؛ تمایل ۔ (۲) (تقریر و تحریر وغیرہ کا) منشا؛ مدعا؛ عام رنگ؛ مطلب؛ معنی؛ مفہوم؛ خلاصہ؛ حاصل؛ انجام ۔ (۳) (قانون) اصلی نیت؛ مقصود؛ مقصد؛ (نفسیات) مشیت ۔ (٤) (قانون) نقل صحیح؛ نقل مطابق اصل ۔ (٥) (موسیقی) مردانہ آواز کا سب سے اونچا سُر؛ دھیوت؛ اس سُر میں گانے والا شخص ؛ صدائے اوج مرد ۔ (٦) بعض اقسام کے ساز خصوصاً اونچے سرگم کا چوتارا ۔

Tenor : (a) مردانہ آواز کے سب سے اُونچے سُر سے متعلق ۔

Tenor bell : (n) (گھنٹوں کے سلسلے میں سب سے) بڑا گھنٹا ۔

Tenor violin : (n) ایک قسم کی بڑی ولایتی سارنگی ۔

Tenor voice : (n) اونچی آواز یا سُر ۔

Tenorist : (n) دھیوت یا اونچے سُروں میں گانے یا بجانے والا ۔

Tenorrhaphy : (n) (جراحی) وتر پیوندی ۔

Tenosporri cordifolia : (n) (نباتیات) گِلو ۔

Tenosynovititis : (n) (طب) ورم غلاف وتر ۔

Tenotome : (n) جراح کی ہلکی چھری ۔

Tenotomy : (n) [Fr. 'tenotomie'.] (جراحی) وتر شگافی؛ وَتَر تراشی؛ قطع وتر؛ ایڑی کے اوپر کی نس کاٹنا (خصوصاً پاؤں کی کجی دور کرنے کی غرض سے)۔

Tenovaginitis : (n) (طب) ورم غلافِ وتر ۔

Tenrec/Tanrec : (n) تنریک؛ حشرات خور (مڈغاسکر کا)؛ مڈغاسکر کا ایک دودھ پلانے والا جانور جو سیہی سے مشابہ ہوتا ہے اور کیڑے کھاتا ہے ۔

Tense : (n) [L. 'tenous'.] (۱) (قواعد) زمانہ؛ زمان؛ فعل کی صورت جس سے اس کا حال، مستقبل یا ماضی میں واقع ہونا معلوم ہوتا ہے ۔ (۲) تصریف؛ فعل کی گردان (ضمائر کے لحاظ سے) ۔

Aorist tense : (قواعد) مضارع ۔

Future tense : مستقبل؛ زمانہ مستقبل؛ آنے والا زمانہ۔

Historic tense : (فعل) ماضی بیانیہ ۔

Past tense : (قواعد) ماضی مطلق؛ زمانہ گذشتہ ۔

Pluperfect tense : (قواعد) ماضی بعید ۔

Present tense : فعل حال؛ زمانہ موجودہ ۔

Sequence of tense : دیکھو Sequence

Tense : (a) [L.'tensus'.] (۱) تنا؛ تنا ہوا؛ کشیدہ؛ کھینچی ہوئی یا تنی ہوئی (جھلی، نس وغیرہ) ۔ (۲) (مجازاً) شدید (جذبہ) ؛ ہوش میں اتنی ہوئی (طبیعت) ؛ کشاکش کی حالت میں؛ بےچین ؛ بر انگیختہ ؛ ہیجان میں آیا ہوا ۔ (۳) کھنچاؤ کا ؛ کشیدگی کا (انداز) ۔ (٤) مڈغاسکر کی ایک قسم کی پستاندار سیہی یا سابی جو بغیر دُم کے ہوتی ہے ۔

Tense moment : (n) تناؤ کا وقت؛ کشاکش کا لمحہ ۔

Tenseless : (a) لازمانی ؛ جس کا زمانہ متعین نہ ہو ؛ بےزمان۔

Tensely : (adv.) کھنچاؤ یا تناؤ کی حالت میں؛ شدت جوش سے؛ بے چینی سے؛ کشاکش کے ساتھ۔

Tenseness : (n) کھنچاؤ؛ تناؤ ؛ شدت (جذبات کی) ؛ جوش ؛ بیچینی؛ کشاکش۔

Tenser/-or : (n) [OFr. 'f. 'tenser'.] (تاریخ) کسی شہر کا باشندہ ؛ دوسرے شہر کا مقیم۔

Tensibility : (n) کھنچنےیا تننے کی صلاحیت ؛ (طبیعیات) تمدد؛ تنش پذیری۔

Tensible : (a) [mod.L. 'tensibilis'.] تننے والا؛ کھنچنے والا؛ (طبیعیات) مُتمدد؛ تنش پذیر۔

Tensibleness : (n) تناؤ ؛ کھنچاؤ ؛ تنش پذیری ۔

Tensibly : (adv.) تناؤ کے ساتھ ؛ تنش پذیری کے طور پر ۔

Tensile : (a) [mod. L. 'tensilis'.] (۱) کھنچاؤ یا تناؤ کا؛ لچک دار؛ملائم؛ نرم؛ جو پیٹنے سے بڑھ سکے ۔ (۲) جو کھینچا جاسکے ۔(۳) کھینچنے والا؛ تننے والا ۔ (٤) (طبیعیات) تنشی ۔ (٥) قابل کشش؛ قابل تمدد۔

Tensile force : (n) تناؤ کی قوت ۔

Tensile strength : (n) (طبیعیات) تنشی طاقت ۔

Tensile strain : (n) (طبیعیات) تنشی بگاڑ؛ تنشی فساد ۔

Tensilely : (adv.) تناؤ کے طور پر؛لچک داری کے ساتھ۔

Tensileness : (n) تناؤ؛ لچک داری؛ تَنَش ۔

Tensility : (n) (طبیعیات) تنش پذیری؛ تننے کی صلاحیت ۔

Tensimeter : (n) (کیمیا) تنش گیس پیما؛ فشار پیما ۔

Tension : (n) [late L. 'tensionem'.] (۱) کھنچاؤ؛ تناؤ؛ امتداد؛ تمدد ۔ (۲) جذبے کی شدت ؛ جوش ؛ بےچینی ؛ کشاکش ۔ (۳) نازک حالت ؛ بیچینی کی حالت؛ کشاکش (سیاسی، عمرانی وغیرہ) ۔ (٤) (میکانکی) تناؤ ؛ جس کے زورسے مشین کا کوئی ڈنڈا یا پٹّا کھنچتا یا حرکت میں آتا ہے؛ تنش ۔(٥) پھیلن؛ گیس یا بخار کے پھیلنے کی قوت ۔ (٦) (نفسیات) ہیجان؛ (الیکٹرک) وولتاژ؛ برقی حرکی قوت ؛ (سیاسیات) کشاکش ۔ (۷) (عضویات و مرضیات) جسم کے حصے کی حالت کشش ؛ تناؤ ؛ سختی کا احساس ۔ (۸) (نباتیات) پودوں کی نسیج کا دباؤ (بڑھنے کے وقت) ۔ (۹) (طبیعیات) ذروں کے تناؤ کی حالت؛ کسی جسم کے ذروں کے تناؤ کی حالت۔

High tension : سخت تناؤ ؛ امتداد بلند؛ سخت کشاکش؛ خصوصاً برقی حرکی قوت کا تناؤ ۔

High tension battery : بلند قُوّہ بیٹری۔

Low tension : کم تناؤ ؛ برقی محرک قوت کا کم تناؤ ۔

Tension : (v) کھینچنا؛ تاننا؛ کھینچا جانا؛ سخت بنانا ۔

Tensional : (a) تناؤ کا؛ کھنچاؤ کا؛ کشاکش کا یا اس سے متعلق ۔

Tensioned : (a) تنا ہوا؛ کھینچا ہوا؛ متمدد ۔

Tensionless : (a) بغیر تناؤ کے ۔

Tensity : (n) (طبیعیات) تنشیت؛ قوت تنش؛ قوت کشش؛ شدت؛ وخالت ۔

Tensive : (a) [Fr. 'tensif, -ive.'] تناؤ کا؛ کشیدنی؛ کھینچاؤ والا۔

Tenson/Tenzon : (n) [Fr.] (۱) شعر خوانی کا مقابلہ، شاعروں کے درمیان ۔ (۲) قرون وسطیٰ کے فرانسیسی مغنی شعراء (Troubadour) کا باہمی مقابلہ؛ کبت کہنے کا مقابلہ ۔(۳) کبت جو ایسے موقع کے لئے کہے جاتے تھے ۔

Tensor : (n) [mod. f. 'tendere'.] (۱) (تشریح) عضلہء ناشرہ؛ عضلہء ممددہ؛ وہ پٹھا جو جسم کے کسی حصے کو تنا ہوا رکھتا ہے ۔ (۲) (ریاضیات) ٹنسر؛ پیمانشی رقم ۔ (۳) (الیکٹرک انجینیئرنگ) کلاہ؛ حد اکثر ۔

Tent : (n) [L.'tenta'.] (۱) خیمہ؛ ڈیرا ۔(۲) خیمہ کی طرح کی کوئی چیز ۔ (۳) (فوٹو گرافی) سفری ڈارک روم؛ اندھیری چھولداری جس میں تصویر تیار کرتے ہیں ۔(٤) (مجازاً) قیام گاہ؛ مکان؛ مسکن؛ مقام ۔ (٥) (اسکاٹستانی تاریخ) نقل پذیر منبر جسے کھلی فضا میں رکھا جاتا ہے ۔

Bell tent : یك چوبا؛ تنبو؛ چھوٹا خیمہ جس کے بیچ میں ایك نلی گڑی ہوتی ہے؛ خیمہ قلندری۔

To have, pitch one's tent : قیام کرنا؛ مسکن اختیار کرنا۔

Tent : (n) [Aphetic f. Attent.] (اسکاتستانی) توجه ؛ دهیان؛ لحاظ؛ التفات؛ غور؛ خیال۔

Take tent : توجه دینا؛ دهیان رکهنا؛ خیال کرنا؛ دیکهہ بهال کرنا۔

Tent : (n) [L. 'temptare'.] (جراحی) فتیله؛ بتی؛ پهایا (زخم کا) ؛ بتی (کپڑے وغیره کی) جو زخم میں رکهہ دیتے ہیں که اس کا منه نه بند هونے پائے۔

Tent : (n) [L. 'Tinctus'.] ایک قسم کی سرخ میٹهی شراب جو عموماً اسپین سے آتی هے اور عشائے ربانی میں استعمال هوتی هے۔

Tent : (n) [Shortened from Tenter.] (زردوزی ، کشیده کاری) تاننے والا فریم؛ کسنے والا فریم۔

Tent : (v) [f. Tent.n.2] (۱) توجه دینا؛ خیال کرنا؛ دهیان دینا؛ خیال رکهنا؛ لحاظ رکهنا؛ دیکهہ بهال کرنا ۔ (۲) توجه کرنا؛ دهیان رکهنا؛ (کسی شخص کی بات کا) خیال رکهنا۔

Tent : (v) [f. Tent. (n)3] (قدیم) بتی رکهنا؛ فتیله رکهنا (زخم پر)؛ فتیله سے ڈاٹ لگانا۔

Tent : (v) [f. Tent (n)1] (۱) خیمه میں رهنا؛ ڈیرے میں رهنا؛ ڈیرا ڈال کر رهنا؛ پڑاؤ کرنا؛ خیمه میں گزاره کرنا۔(۲) خیمه چهانا؛ خیمه لگانا؛ ڈهاپنا؛ سایه کرنا (خیمے جیسی شے سے)؛ خیمه نصب کرنا ۔ (۳) (مجازاً) قیام کرنا؛ عارضی طور پر رهنا؛ عارضی قیام کرنا ۔

Tent-barge : (n) وه کشتی جس میں خیمه نما شامیانه هوتا هے۔

Tent-bed : (n) خیمه، مسهری یا چهپرکهٹ جس کی چهت خیمے کی سی هوتی هے ۔

Tent-caterpillar : (n) (حیوانیات) بافنده سرفه؛ بافنده لاروا۔

Tent-door : (n) خیمے کا دروازه ۔

Tent-fly : (n) آفتاب گیر؛ پیش چوبه؛ خیمه کے آگے کا چهجا یا چهوٹا سا بر آمده ۔

Tent-maker : (n) خیمه بنانے والا؛ خیمه ساز؛ خیّام ۔

Tent-mate : (n) ایک ہی خیمه میں رهنے والا؛ شریک خیمه؛ هم خیمه ۔

Tent of meeting : (n) چهولداری؛ چهوٹا اور هلکا مکان جسے منتقل کر سکتے هوں ۔

Tent-peg : (n) ڈیرا لگانے کی میخ؛ خیمه لگانے کی چوبی میخ ۔

Tent-pegging : (n) میخ اُکهاڑنا؛ سواروں کا گهوڑے دوڑا کر میخ اکهاڑنے کا کهیل یا کرتب ۔

Tent shell : (n) دیکهو Limpet

Tent-stitch : (n) [Origin of first element obsc.] (زردوزی) کیکری؛ سلائی میں مثلث یا خیمے کی شکل کا بخیه ۔

Tent worm : (a) دیکهو Tent- caterpillar

Tentability : (n) [f. L. 'tentabilis'] دیکهو Temptability

Tentacle : (n) [mod. L. 'tentaculum'.] (۱) (حیوانیات) شاخک؛ محاس (واحد محس) ؛ گیره؛ لامس جانوروں کا آگے کو نکلا هوا عضو جس سے وه ٹٹولنے یا کسی شے کو پکڑنے میں مدد لیتے ہیں ۔ (۲) (نباتیات) موئے حساس؛ ریشهٔ حاسّه؛ بعض پودوں کا رواں جس میں حِس کی قوت هوتی هے ۔

Tentacle-sheath : (n) (صدفه) خول نما ساخت ۔

Tentacled : (a) گیره دار؛ حاسّه دار ۔

Tentacular : (a) گیره نما؛ حاسّه نما؛ محسی ۔

Tentaculate : (a) [f.mod. L.Tentaculum+-ATE.] محس دار ؛ گیره دار؛ حاسّه دار ۔

Tentaculated : (a) گیره دار؛ حاسّه دار ۔

Tentaculi-: [Combining form of mod. L. Tentaculum] سابقه بمعنی ریشهٔ حسّاس ۔

Tentaculiferous : (a) گیره دار؛ حاسّه دار؛ گیره بر ۔

Tentaculiform : (a) گیره نما؛ حاسّه نما ۔

Tentaculite : (n) [mod.L. 'tentaculites'.] ایک قسم کا متحجر صدف ۔

Tentaculocyst : (n) گیرانباں؛ دریائی جانور کا مثانوی تھیلی کا گیرہ۔

Tentaculozooid : (n) (حیوانیات) گیرہ حُوین۔

Tentaculum/Tentacule : (n) [mod.L. f. 'tentare'.] دیکھو Tentacle

Tentage : (n) خیمہ زنی؛ وسائل خیمہ۔

Tentamen : (n) [L. f.'tentare'.] امتحان؛ آزمائش؛ ابتلا؛ تجربہ۔

Tentation (n) [L.'tentationem'.] آزمائش؛ امتحان؛ تجربہ؛ عملِ آزمائشی۔

Tentative : (a) [med. L. 'tentativus'.] آزمائشی؛ امتحانی؛ تجرباتی؛ تجربہ کی صفت کا؛ تجربی۔

Tentative : (n) (۱) امتحان؛ آزمائش۔(۲) آزمائشی تجویز یا نظریہ؛ عملِ تجربی؛ کوششِ آزمائشی۔

Tentatively : (adv.) تجرباتاً؛ آزمائش کے طور پر؛ بہ طریق آزمائش۔

Tentativeness : (n) آزمائش؛ امتحان۔

Tented : (a) (۱) خیمہ زدہ؛ خیمہ سے بھرا ہوا۔(۲) خیمے کی شکل کا؛ خیمہ نما۔(۳) خیمہ میں رہنے والا (آدمی)؛ خیمہ میں پناہ لئے ہوئے۔

Tented abri : (n) چھولداری۔

Tented arch : (n) (تعمیرات) مخروطی محراب۔

Tented wagon : (n) چھپا ہوا ویگن۔

Tenter : (n) [Off. 'tentour'.] کپڑا پھیلانے کا فرما؛ ایک آلہ جس پر کپڑا سکھانے یا تہ کرنے کےلئے پھیلاتے ہیں؛ نکڑی؛ انکسی۔

Tenter : (n) [f. Tent(v) - ER.] (۱) (بولی) نگراں؛ خصوصاً وہ شخص جو کارخانے میں کلوں کا نگراں ہو؛ محافظ آلات؛ محافظ۔(۲) وہ ملازم جو ماہر فن (آلات وغیرہ) کے ساتھ اس کی مدد کے لئے ہوتا ہے۔

Tenter : (v) انکسی پر کپڑا تاننا؛ انکسی پر کپڑا پھیلانا۔

Tenter - hook : (n) (۱) تناؤ ہک؛ انکسی کا ہک؛ نوکدار میخ؛ لوہے کی نوکدار سلاخ۔(۲) (مجازاً) ناراضی۔

To be on (the) tenter-hooks /-on the tents : مخمصے میں ہونا؛ (قدیم) خلجان کی حالت میں ہونا؛ کانٹوں پر لوٹنا۔

Tenth : (a) [OE. 'Tenpe'.] دسواں؛ دہم؛ عشر۔

Tenth : (v) ہر دس میں ایک کو قتل کرنا۔

Tenthly : (adv.) دسویں۔

Tenthmetre : (n) میٹر کا دسواں حصہ؛ $\frac{1}{10}$ میٹر۔

Tenthrate : (a) بہت معمولی۔

Tenthredo : (n) [Latinized form of Gr.] (حیوانیات) ذباب المنشاری؛ آرہ مکھیاں؛ آرہ دار مکھیاں۔

Tentigo : (n) (۱) (طب) دائم خیزی؛ نعظ۔(۲) (عضویات) شدید شہوت۔

Tentillum : (n) (حیوانیات) مُحَیسہ؛ گیرشاخہ۔

Tentless : (a) (اسکاتستانی) دیکھو Careless/Heedless

Tentless : (a) بغیر خیمے کا؛ بغیر پناہ کا۔

Tentorial : (a) خیمۃ الدماغ کا یا اس سے متعلق۔

Tentorium : (n) [L.] (تشریح) خیمۃ الدماغ؛ سَہاڑ۔

Tentwort : (n) [Origin doubtful.] چھوٹے فرن (fern) کا قدیم نام؛ سداب دیواری۔

Tenty/Tentie : (a) (اسکاتستانی) دیکھو Attentive

Tenue : (n) [Fr.] طور؛ طریق؛ طرز؛ وضع؛ رفتار؛ سلوک؛ طرزِ لباس۔

Tenui - : [Comb. form of L. 'tenuis'.] سابقہ بمعنی لاغر، کمزور؛ نازک، باریک۔

Tenuifolious : (a) [L.'folium'.] باریک پتوں والا؛ گھنے پتوں والا۔

Tenuious : (a) [f. L. tenuis + -Ous.] نازک؛ لاغر؛ باریک۔

Tenuiroster : (n)[mod.L.'tenuirostris'.] باریک منقار کا پرندہ؛ پتلی چونچ والا پرندہ؛ کنجشک سے مشابہ ایک چڑیا۔

Tenuirostral : (a) پتلی چونچ والے پرندے کا یا اس سے متعلق۔

Tenuis : (n) [L.] یونانی کے تین حروف صحیحہ K P T میں ایک۔

Tenuity : (n) [L. 'tenuitas'.] (۱) لطافت (ہَوا یا سیال اشیاء کی)؛ ہلکاپن؛رقت ؛ پھیکاپن (روشنی) ؛ باریکی (آواز کی) ۔(۲) (بال وغیرہ کی) باریکی؛ (کاغذ وغیرہ کا) پتلاپن ۔ (۳) (طرز تحریر وغیرہ کا) ہلکاپن ؛ شوکت الفاظ سے خالی ہونا ۔ (٤) (طبیعیات) رقت؛ (نفسیات) سادگی؛ نازکی؛ ندرت ۔ (٥) (مجازاً) لاغری؛ قلت؛ بےمائگی؛ کمزوری؛ نزاکت؛ ضعف؛ غربت۔

Tenuous : (a) [f.L.'tenuis'+ -Ous.] (۱) پتلا؛ باریک؛ مہین؛ چھوٹا؛ لطیف؛ رقیق؛ نازک؛ دقیق؛ ہلکا؛ سبک ۔ (۲) بہت باریک یا نازک (فرق) ۔ (۳) نازک اندام؛ دبلا پتلا؛ چھریرا ۔ (٤) پھیلی ہوئی؛ آبادی (وغیرہ) جو گھنی اور گنجان نہ ہو؛ بہت ہی کم؛ نادر؛ کمیاب ۔(٥) (مجازاً) کمزور؛ دبلا؛ لاغر؛ نحیف؛ ناقص؛ نامکمل؛ دھان پان؛ کم حیثیت۔

Tenuously : (adv.) لطافت کے ساتھ؛ باریکی کے طور پر ۔

Tenuousness : (n) لطافت؛ باریکی؛ رقت؛ لاغری؛ کمزوری۔

Tenure : (n) [OFr. 'teneure'.] (۱) تصرف؛ حق ملکیت؛ حق قبضہ؛ حق لگان داری (خصوصاً جائداد غیر منقولہ کا)؛ ملکیت یا لگان داری کا اصول یا طریقہ؛ نگابداری ۔ (۲) (دخل وقبضہ یا عہدہ داری کا) زمانہ ؛ عہد ؛ میعاد؛ مدت اجارہ داری ۔ (۳) وضع ؛ حالت ؛ شرائط ؛ وضعیت ۔ (٤) (اراضی) حقیّت؛ (قانون) میعاد قبضہ؛ (سیاسیات) زور ۔(٥) خدمت کے شرائط ؛ کرایہ دار کے زمین دار سے تعلقات؛ کرایہ دار کے حقوق وفرائض (زمیں دار سے متعلق)؛ شرائط ملکیت؛ کنٹرول؛ قبضہ؛ اختیار؛ اقتدار ۔

Alloidal tenure : (قانون) زمینداری۔

During his tenure of office : اس کے عہدہ داری کے زمانےمیں۔

Feudal tenure : (قانون) جاگیرداری۔

Land tenure : (قانون) حقیّتِ اراضی ۔

Military tenure : فوجی جاگیر (جو فوجی خدمت ادا کرنے سے مشروط ہو) ۔

Tenure-horn/-sword : (n) (تاریخ) جاگیرداری کی تلوار یا قرنا جو قدیم زمانے میں جاگیر یا معافی کی سند یا نشان کےطور پر پیش کیا جاتا تھا ۔

Tenure of office : (n) (سیاسیات) میعاد ملازمت؛ میعاد عہدہ ۔

Tenure of teachers : (n) وضعیتِ معلمین ۔

Tenurial : (a) [f. med. L. tenura+-IAL.] تصرفی؛ مدت اجارہ سےوابستہ؛ حق ملکیت کا یا اس سے متعلق ۔

Tenuto : (a&adv.) [It.] (موسیقی) مسلسل (سُر وغیرہ کے متعلق)۔

Tenzon : Tenson کا متبادل ۔

Teocallie : (n) [Mexican, f. 'teotl+calli'.] (امریکا) عبادت خانہ؛ مندرامریکی؛ میکسیکو اور امریکا کے قدیم باشندوں کا مندر؛ دیوی۔

Teosinte : (n) [Mexican, 'teocintli'.] ایک قسم کی امریکی گھاس۔

Tepa : (n) (۱) ایک امریکی درخت ۔(۲) اس درخت کی لکڑی ۔

Tepal : (n) (نباتیات) ٹیپل؛ ٹیپل ۔

Tepee/Teepee : (n) [Sious or Dakota Indian, 'tipi'.] ٹیپی؛ امریکا کے قدیم باشندوں کا مخروطی شکل کا خیمہ؛ پہلے چمڑے کا ہوتاتھا اب کرمچ یا کپڑے کا ہوتا ہے ۔

Tepefaction : (n) (طبیعیات) کنکناپن؛ نیم گرم ۔

Tepefy/Tepify : (v) [f.L.'tepefacere'.] (۱) نیم گرم کرنا یا ہونا؛ کنکنانا ۔ (۲) سست کرنا؛ ملول بنانا؛ مست ہونا ۔

Tephillim/-in : (n) [Rabbinical Heb. 'Tiphillim'.] دعائے یہود کی کتاب؛ دعائے یہود؛ نمازنامہ ۔

Tephrigam : (n) (موسمیات)نقشہء حرارت و ناکارکردگی؛ حرارت جس میں یہ دکھایا جائے کہ اجسام میں کس قدر حرارت ہے اور اس میں سے کتنی میکانکی قوت ایسی ہے جو پیدا کرنے کے کام نہیں لائی جاسکتی ہے ۔

Tephrite : (n) [f. Gr. 'tephros'.] (معدنیات) جدید آتش فشاں چٹان (جو آتش فشاں کے لاوا سے بنتی ہو)؛ (ارضیات) راکھی چٹان؛ جدید چٹان؛ تفریت۔

Tephritic : (a) جدید آتش فشاں چٹان سے متعلق۔

Tephroite : (n) [Gr. 'tephroit'.] (معدنیات) (قرمزی رنگ) خاکستری رنگ کے میگنیز کا سلیکیٹ۔

Tephromancy : (n) [f. Gr. 'tephra' +-mancy.] راکھی تفاءُل ؛ راکھ کے ذریعے سے پیشن گوئی۔

Tepid : (a) [L.'tepidus'.] (۱) نیم گرم؛ دھیما؛ کنکنا؛ معتدل۔ (۲) (جذبہ وغیرہ) جس میں گرم جوشی کم ہو؛ دھیما؛ ہلکا؛ سست؛ سرد مہر۔

Tepidarium : (n) [L. 'tepidus'.] (۱) نیم گرم حمام؛ (طب) نیم گرم خانہ؛ قدیم زمانے کے رومی حمام کا وسطی کمرہ جس میں معتدل حرارت ہوتی تھی؛ نیم گرم درجہ۔ (۲) (حمام کی) بھٹی؛ آتش دان۔

Tepidity : (n) [med. L. 'tepiditas'.] (۱) ہلکا؛ کنکناپن۔ (۲) (نفسیات) سستی؛ دھیماپن؛ سرد مہری۔

Tepidly : (adv.) بغیر گرم جوشی کے۔

Tepidness : (n) دیکھو Tepidity

Tepoy : Teapoy کا متبادل۔

Tequila : دیکھو Pulque ؛ میکسیکو کے ایک قصبے کا نام۔

Ter -: [L.] سابقہ بمعنی تین بار ، سہ گانہ (خصوصاً موسیقی کی اصطلاح میں)۔

Ter-sanctus : (n) [L. 'ter + Sanctus'.] عشائے ربانی کی رسم کے شروع میں پڑھی جانے والی مناجات کا لاطینی عنوان۔

Ter-etto : (n) [It.] (موسیقی) سہ صوتی گت؛ سہ آوازی چیز یا گت؛ تین آدمیوں کے مل کر گانے کی چیز یا گت۔

Terai : (n) [Hindi. 'tarai'.] دُہرے چندوے اور چوڑے چھجے کی فیلٹ ہیٹ جو یورپ والے گرم ملکوں میں پہنتے ہیں۔

Teraph/Teraphim : (n) [eccl. L. 'theraphim'.] وہ پُتلے جو گھروں میں رکھے ہوتے تھے جن سے قدیم یہودی استخارہ کرتے تھے۔

Teras/Terata : (n) [mod. L.] (حیاتیات ، مرضیات) عجوبہ ؛ عجیب الخلقت پیدائش؛ غیرطبعی پیدائش۔

Terato - : جزوترکیبی بمعنی عجوبہ؛ غیر طبعی شکل یا جسامت کا پودا یا جانور؛ خارق؛ وہ چیز جو خلاف عادت ہو۔

Teratogen : (n) جنین میں نقص پیدا کرنے والا مادہ۔

Teratogenesis : (n) [mod. L.] (حیاتیات ، مرضیات) عجیب الخلقت کا وجود؛ عجوبہ پیدائش۔

Teratogenic/Terotogenetic : (a) خوارق آفرینی کا یا تولید عجوبات کا؛ عجیب الخلقت پیدائش سے متعلق؛ عجوبات زا؛ جنین میں نقص پیدا کرنے والا۔

Teratogenicity : (n) عجوبات زائی؛ جنین میں نقص پیدا کرنے والی خاصیت۔

Teratogency : (n) (حیوانیات) عجوبات زائی؛ خوارق آفرینی یا تولید عجوبات۔

Teratoid : (a) [f. Gr. 'teros'.] (طب) سلعۂ ثلاثی؛ توموری جو مختلف جنینی نسیجوں سے تشکیل پاتی ہے؛ سہ جلدی سلعہ۔

Teratolite : (n) (کان کنی) شفا منی ؛ گل شفا؛ سیکسنی میں ایک قسم کی منی جو پہلے بعض امراض کی دوا مانی جاتی تھی؛ گل عجیب۔

Teratological : (a) خرقیاتی؛ عجوبیاتی؛ (حیاتیات) عجوبانی؛ علم خوارق سے متعلق؛ عجیب الخلقت پیدائش سے متعلق۔

Teratologist : (n) (حیاتیات) عالم عجوبیات؛ ماہر خرقیات؛ ماہر عجوبیات۔

Teratology : (n) [f. Gr.] (۱) (حیاتیات) خرقیات؛ علم خوارق۔ (۲) عجوبیات ؛ حیاتیات میں غیر طبعی پودوں اور جانوروں کی بحث؛ علم عجائب شناسی۔

Teratoma : (n) [mod.L.f. Gr.] دیکھو Teratoid

Teratosis : (n) (طب) ناقص الخلقی۔

Terbium : (n) [mod. L.] (کیمیا) تربیم (عنصر، دھات)۔

Terce : Tierce کا متبادل۔

Tercel/Tiercel : (n) [OFr. 'tercel'.] شکرا؛ جرہ؛ نرباز؛ شاہین؛ قوش نر؛ نرسیل۔

Tercelet/Tiercelet : (n) [Fr. 'tiercelet'.] دیکھو Tercel

Tercel gentle/Tercel- gentle : (n) قوشِ نر؛ نرخاص باز ؛ شکرا۔

Tercentenary : (a) سہ صد سالہ؛ سہ قرنی؛ تین سو سال کا ۔

Tercentenary : (n) تین سو سال کی مدت؛ سہ صد سالہ جشن وغیرہ؛ سہ صدی۔

Tercentenrial : (a) تین سو سال کی مدت کا؛ سہ صد سالہ جشن کا۔

Tercentennial : (n) سہ صد سالہ جشن؛ تین سو سال کا جشن۔

Tercet : (n) [It. 'terzetto'.] (علم البدیع) ہم قافیہ مثلث ؛ سہ سطور اشعار ہم قافیہ؛ سمط؛ سانٹ کی آخری چھ سطروں کا نصف حصہ ۔

Tercine : (n) [L.'tertius'.] (نباتیات) تخمچہ پُوش ۔

Tercio/Tertio : (n) [L.'tertium'.] (تاریخ) (سولہویں، سترھویں صدی عیسوی میں) اسپانوی پیدل فوج کا ایک دستہ؛ اسی عہد کی اطالوی فوج کے دستے کے لئے بھی استعمال ہوتا تھا؛ پیادہ فوج کا ایک دستہ۔

Terdiurnal : (a) دن بھر میں تین دفعہ؛ دن میں تین بار ۔

Terebate : (n) نمک ، تارپین اور گندھک کےکیمیائی عمل کا نتیجہ۔

Terebene : (n) [f. Tereb inth +-Ene.] (کیمیا) تَربین؛ تارپین کےتیل اور گندھک کا ایک مرکب جو جراثیم کُش دوا کےطور پر استعمال ہوتا ہے؛ ترپیناب ۔

Terebenthene : (n) [L.'terebinthina'.] Terpene کے لئے Berthelot کا نام ۔

Terebic : (a) تارپین اَمیختہ ۔

Terebic acid : (n) تارپین اَمیختہ ایسڈ - $(C_7 H_{10} O_4)$

Terebinth : (n) [L. 'terebinthus'.] شجرِ تارپین؛ تارپین کا درخت؛ بطم۔

Oil of terebinth : تارپین کا تیل؛ گندا بیروزہ ۔

Terebinthina : (a) [med. L.] تربانثین؛ سُقز ؛ Terpentine کا قرابادینی نام ۔

Terebinthinate : (a) [med. L. 'terebinthinatus'.] تربانثین صفت؛ سُقز دار؛ تارپینی؛ تارپین سے بھرا ہوا ۔

Terebinthinate : (n) تارپینی پیداوار ۔

Terebinthinate : (v) تارپین سے بھرنا ۔

Terebinthine : (a) [L. 'terebinthinus'.] تارپینی؛ تارپین کے درخت کا ۔

Terebinthine : (n) تارپین کا درخت؛ تارپین ۔

Terebra : (n) [L.] (۱) (انجینیئرنگ) برماله؛ مستقاب ۔ (۲) (حیوانیات، تشریح)نیشی؛ بیض ریز؛ برما؛ کیڑے کا برمانے والا عضو ۔ (۳) (حیوانیات) برما صدفہ ۔

Terebrant : (a) [L. 'terebrantem'.] نیش دار؛ برمدار؛ سوراخ کرنے والا ۔

Terebrate : (a) نیش دار؛ سوراخ دار؛ سوراخ شدہ ۔

Terebrate : (v) [f. L. 'terebrat.'] (۱) (شاذ) سوراخ کرنا؛ برمانا۔ (۲) سوراخ ہونا؛ سوراخ کرکے داخل کرنا ۔

Terebratula : (n) [mod. L.] (حیوانیات) بازو پایان کی ایک ۔ جنس۔

Terebratular : (a) بازوپایان کی جنس سے متعلق ۔

Terebratuliform : (a) بازوپایان کی جنس سے مشابہ ۔

Teredo : (n) (۱) (حیوانیات) برما کیڑا؛ کرم کشتی؛ ایک قسم کا کیڑا جو جہازوں میں چھید کردیتا ہے؛ صدف میں سوراخ کرنے والا Lamillibranch کی جنس کا کیڑا، خاص کر جہازی کیڑا۔(۲) پودوں کی کوئی بیماری جو کیڑوں کے سوراخ کرنے کی وجہ سے ہو جاتی ہے ۔

Terentian : (a) [L.'terentianus'.] قدیم رومی شاعر ٹرنس (Terence) کی طرز کا یا اس سے متعلق ۔

Terephthalate : (n) تارپین پر آکسیجن کے عمل سے حاصل ہونے والے تیزاب کا نمک ۔

Terephthalic : (a) (کیمیا) تارپین پر آکسیجن کے عمل سے حاصل ہونے والا تیزاب $C_8 H_6 O_4 = C_6 H_4 (CO_2 H)_2$ ۔

Teres : (n) (حیوانیات) گاؤ دُم؛ عضلہ؛ مُدوّر ۔

Terete : (a) [L.'teres', 'teretem'.] (نباتیات) گاؤدم؛ اسطوانی؛ ستونی؛ مُدوّر؛ گرد ۔

Tereti : [comb. form of L. 'teres'.] سابقہ بمعنی "گرد"؛ "مُدوّر" ۔

Tereticaudate : (a) (حیوانیات) مُدوّر دم والا؛ گول دُمہ ۔

Teretish : (a) کسی قدر مدوّر؛ کچھ گرد ۔

Tereu : (n) [Vocative of Gr. L. 'Tereus'.] بلبل کی بناوٹی یا مصنوعی آواز ۔

Tergal : (a) [f. L. 'tergum + -AL.] (حیوانیات) ظہری؛ پشتی؛ پیٹھ کا ۔

Tergant/Tergiant : (a) پشت نما؛ پیٹھ دکھلانے والا ۔

Tergeminate : (a) [f. L. 'tergeminus'.] (نباتیات) سہ ثُوام؛ تین جوڑے والی (پتیاں)؛ سہ جفتی برگچہ ۔

Tergeminate : (a) پتی جو تین جزواں پتیوں سے مرکب ہو ۔

Tergiferous : (a) دیکھو Dorsiferous

Tergite : (n) [f. L. 'tergum' + -ITE.] (حیوانیات) ظہر حلقہ ؛ پشتینہ ۔

Tergitic : (a) پشتینہ سے متعلق ۔

Tergiversate : (v) [f. L.'tergiversat.'] (۱) رنگ بدلنا؛ مسلک یا عقیدہ بدلنا؛ مرتد ہوجانا؛ منحرف ہو جانا؛ پھرجانا؛ پلٹ جانا (اپنے عقائد یا گروہ سے)؛ تناقض گوئی کرنا؛ مذہب ترک کرنا یا چھوڑنا؛ تبدیل مذہب کرنا۔ (۲) کبھی کچھ کہنا کبھی کچھ کہنا؛ متضاد باتیں کہنا؛ بار بار پہلو بدلنا؛ ایک بات پر قائم نہ رہنا؛ پیٹھ گھمانا؛ پھیرنا ۔

Tergiversation : (n) [L.'tergiversationem'.] (۱) ارتداد؛انحراف؛ مسلک یا عقیدے کی تبدیلی؛ برگشتگی؛ تناقض گوئی؛ عُدول ۔ (۲) متضاد باتیں؛ ایک بات پر قائم نہ رہنا؛ ٹال مٹول؛ بےثباتی؛ گول بات، مکھم یا مبہم ۔

Tergiversator : (n) (۱) مُرتد؛ عُدول کنندہ ؛ اپنے عقیدے یا گروہ سے پھر جانے والا؛ تارک دین؛ بےوفا؛ بدعہد؛ غدار (اپنے گروہ یا اصول کو چھوڑ کر دوسری طرف جاملنے والا) ۔ (۲) متضاد باتیں کرنے والا؛ بار بار پہلو بدلنے والا؛ ایک بات پر قائم نہ رہنے والا ۔

Tergiversatory : (a) مرتد ہونے والا؛ اپنے عقیدے سے پھر جانے والا ۔

Tergiverse : (v) دیکھو Tergiversate

Tergo -: [comb. form repr. L. 'tergum'.] سابقہ بمعنی "ظہری"؛ "پشتی"؛ "پیٹھ کا" ۔

Tergolateral : (a) (حیوانیات) پشتی بغلی؛ پشتیہ کا ۔

Tergum : (n) [L.] (حیوانیات) ظہر حلقہ؛ پشتیہ ۔

Term : (n) [L. 'terminum'.] (۱) حد؛ انتہا؛ (خصوصاً وقت کی) میعاد؛ انتہائی مدت؛ دورۂ مدت خدمت ۔ (۲) مدت (معینہ) ؛ زمانہ ؛ دورۂ انتصاب ۔ (۳) (مدارس وعدالت) میقات؛ عدالت کے اجلاس یا مدرسوں ، اسکولوں کی تعلیم کا زمانہ ۔ (٤) مقررہ تاریخ ؛ مقررہ وقت ۔ (٥) دیکھو Quarter-day : دیکھو Quarter ۔ (٦) میعادی قبضہ یا دخل یا حصّہ (جائداد وغیرہ میں) ۔ (۷) (ریاضیات) رقم (جو کسی دوسرے عدد میں جوڑی یا گھٹائی جائے)؛ مقدار؛ جز نسبت ریاضی ۔ (۸) (منطق) حد الفاظ جو کسی قضیے کے مبتدا یا خبر ہوں) ۔ (۹) اصطلاح (کسی علم یا فن کی)؛ جملہ؛ عبارت ۔ (۱۰) (جمع میں) لین دین خصوصاً خرید و فروخت کی ؛ (مجازاً) دام ؛ (جمع میں) شرائط ؛ مناسبات ۔ (۱۱) (جمع میں) الفاظ؛ طرز بیان ؛ پیرایۂ بیان ۔ (۱۲) (جمع میں) تعلقات (آپس کے) ۔ (۱۳) (ہندسہ) انتہا؛ (قانون) میقات؛ شرط ۔ (۱٤) موافقت؛ سازش ۔ (۱٥) حدود ؛ محدودیت ؛ حدوحصر؛ قیود ۔ (۱٦) فصل؛ موقع؛ ہنگام ۔ (۱۷) (طب) دوران حاملگی؛ بچہ پیدا ہونے کی طبعی مدت؛ میعاد حمل ۔ (۱۸) (علم النجوم) منطقۂ البروج کا کچھ حصہ ۔ (۱۹) سال کا مقررہ دن جب کرایہ، مزدوری اور دوسرے مطالبات ادا کئے جائیں ۔ (۲۰) اُبھرے ہوئے نقوش کا تختہ ۔

Abstract term : (منطق) مد مُجرّدہ ۔

Am on bad, good, familiar terms with him : اس کے ساتھ اچھے، برے یا بےتکلفی کے تعلقات ہیں ۔

Categorematic term : (منطق) حد مُواطی ۔

Collective term : (منطق) حدمجموعی ۔

Concrete term : (منطق) حدمقرون ۔

Connotive term : (منطق) حد تضمین ۔

Contradiction in terms : بیان یا الفاظ کا تناقض یا تضاد؛ تناقض ۔

For term of (one's) life : عمر بھر ۔

General term : (منطق) حد کلّی ۔

His terms are two rupees a lesson : اس کے یہاں دو روپیہ فی سبق مقرر ہے ۔

Inclusive terms : شرائط محتوی ۔

Indefinite term : (منطق) حدغیر معین ۔

In term : مقررہ میعاد میں ۔

In terms of : کسی خاص محاورے یا اصطلاح میں ۔

In the most flattering terms : نہایت تعریف کے الفاظ یا پیرائے میں ۔

Major term : (منطق) حد اکبر ۔

Middle term : (منطق) حد اوسط ۔

Minor term : (منطق) حد اصغر ۔

On or upon terms : (۱) چند شرائط پر؛ بعض شرائط پر : شرائط کے ساتھ؛ مشروط طور پر ۔ (۲) معاہدے کے ساتھ ۔

On terms : دوستانہ؛ بےتکلف؛ یارباش ۔

Outstanding term : وہ جاگیر جو معینہ مدت تک قائم رہے ۔

Relative term : (منطق) حداضافی ۔

Set terms : مقررہ یا معینہ الفاظ ۔

Singular term : (منطق) حد جُزئی ۔

Satisfied term : وہ جاگیر جو جاگیرداروں کے مرنے پر ختم ہو جائے (اگر ایسے شرائط ہوں ورنہ مقررہ مدت تک جاگیرداری قائم رہےگی) ۔

Technical term : اصطلاح علمی؛ اصطلاح فنّی ۔

They are not on speaking terms : ان کی آپس میں بات چیت نہیں ہے ۔

To bring to terms : شرائط منوا لینا ۔

To come to terms : شرائط مان لینا؛ شرائط پر راضی ہوجانا؛ راہ پر آجانا؛ دب جانا ۔

To come to terms with : قرار داد کرنا؛ سمجھوتہ کرنا ۔

To keep terms : تعلقات بحال رکھنا ۔

To make terms with : معاہدہ کرنا؛ سمجھوتہ کرنا؛ قرارداد کرنا ۔

Term : (v) [OFr. 'termer'.] (۱) (کسی خاص) نام سے یاد کرنا؛ موسوم کرنا؛ کہنا؛ نام رکھنا؛ نام دینا؛ پکارنا؛ ملقب کرنا ۔(۲) اصطلاح میں اظہار کرنا ۔

Term attendant : (n) دیکھو Outstanding term

Term of reference : (n) موضوع تحقیق؛ دریافت طلب مسئلہ (جو فیصلے یا رپورٹ کے لئے کسی شخص یا جماعت کے سپرد کیا جائے) ۔

Term of thought : (n) قیاس فکری ۔

Term-time : (n) (۱) دورہ تحقیقی؛ یونیورسٹی یا اسکول کی مدت تعلیم ۔(۲) عدالت کے اجلاس کا زمانہ ۔

Terma : (n) (تشریح) ثرما؛ حدّ دماغ ۔

Termagancy : (n) شورہ پشتی؛ فسادی پن؛ شرارت؛ عادی غصہ ور ۔

Termagant : (n) [In early ME. 'Tervagant'.] (۱) (تاریخ) قرون وسطیٰ کے فرنگیوں کے خیال باطل میں مسلمانوں کا مفروضہ خدا جو شروفساد کا بانی ہے؛ اہرمن ۔ (۲) غیر متمدن شخص؛ وحشی آدمی؛ سفاک؛ ظالم آدمی؛ شرارت کرنےوالا؛ شریر؛ متکبر شخص؛ دبنگ آدمی ؛ جھگڑالو آدمی ؛ اودھم مچانے والا شخص ۔ (۳) (خصوصاً) لڑاکا عورت؛ بد مزاج یا زبان دراز عورت ۔

Termagant : (a) شورہ پشت؛ فسادی؛ جھگڑالو؛ لڑاکا(عورت)؛ پُرآشوب؛ مفسد؛ فتنہ پرور؛ سرکش؛ شورش پسند؛ فتنہ انگیز ۔

Termagantish : (a) دیکھو Shrewish

Termagantly : (adv.) شورہ پشتی سے؛ فتنہ پروری کےساتھ؛ مفسدانہ؛ شرارت سے ۔

Termatic : (a) (تشریح) ثرمانی؛ حدّی ۔

Termatic artery : (n) (تشریح) حدشریان ۔

Termer : (n) (۱) (قانون) میعادی پٹہ دار ۔(۲) وہ شخص جو خاص مدت تک لندن میں مقیم رہا (خواہ عدالت میں کسی کام کےلئے یا تفریح کے لئے یا کالے دھندے کےلئے) ۔

Termes : (n) [mod.L.]۔ Termite (۱) دیمک؛ موریانہ ۔(۲) دیکھو

Terminability : (n) (۱) اختتام پذیری ؛ فسخ پذیری ؛ محدودیت ۔ (۲) میعادی یا موقت ہونا ۔

Terminable : (a) (۱) فسخ پذیر؛ قابل فسخ؛ انقضا پذیر؛ خاتمہ پذیر؛ اختتام پذیر؛ محدود؛ ختم کرنے کے لائق؛ قابل اختتام؛ قائم نہ رہنے والا؛ غیر دائمی ۔ (۲) میعادی؛ موقت (جو ایک مقررہ میعاد کے بعد ختم ہوجائے) ۔

Terminable annuity : (n) دیکھو Annuity

Terminable annuitant : (n) میعادی سالیانہ رکھنے والا ۔

Terminableness : (n) دیکھو Terminability

Terminably : (adv.) اختتام پذیری کے طور پر؛ میعاد کے ساتھ ۔

Terminal : (a) [L. 'terminalis'.] (۱) دُھرکا؛ سرے کا؛ حد کا؛ حد بنانے والا یا حد سے منسوب ؛ آخری ؛ ختم کرنے والا (حد) ۔ (۲) (ریاضیات) مجمل ۔ (۳) (نباتیات) (شاخ یا ٹہنی کے) سرے کا ؛ منتہی ۔ (٤) (حیوانیات وغیرہ) سلسلے کا؛ آخری ؛ نہائی ۔(٥) مدت مقررہ پر کیا جانے یا واقع ہونے والا؛ میعادی؛ میقاتی؛ ہر ایک مدت پر واقع ہونے والا ۔(٦) اصطلاحی؛ میعادی؛ ایک مدت تک رہنے والا ۔ (۷) ریلوے لائن کے آخیر میں واقع؛ ریلوے ثرمنس ؛ منتہی ریلوے ۔ (۸) سلسلے کا آخری ؛ مختتم؛ بنیادی؛ اساسی ۔

Terminal : (n) (۱) آخری حصّہ؛ سرا؛ منتہا؛ سلسلے کے آخر میں آنے والی یا ختم ہونے والی شے، خصوصاً برقی مورچے کے دونوں پیچوں میں سے ایک پیچ؛ سرا ۔(۲) (برقیات) سرا پیچ؛ منتہا پیچ ۔ (۳) (ریلوے) آخری اسٹیشن؛ دھر کا اسٹیشن؛ ثرمنس ۔ (٤) (تعمیرات) آخری نشان، سرا ۔ (٥) آخری علامت؛ آخری ہجا؛ آخری حرف؛ آخری لفظ ۔(٦) (جمع) ریلوے کمپنی کی طرف سے مال اتارنے یا لادنے کا کرایہ ثرمنس کے استعمال پر ۔

Terminal joint : (n) مفاصل نہائی؛ آخری جوڑ ۔

Terminal market : (n) کھیت کی پیداوار کےلئےخریدوفروخت کی مرکزی جگہ یا مقام ۔

Terminal organ : (n) (حیوانیات، تشریح) انتہائے عضو ۔

Terminal point : (n) نقطۂ اختتام ۔

Terminal screw : (n) (برقیات) آخری پیچ ۔

Terminal station : (n) آخری اسٹیشن ۔

Terminal value : (n) مقدار مجمل ۔

Terminal velocity : (n) آخری رفتار ۔

Terminalia : (n) (۱) (نباتیات) جنس ہڑ (ہلیلہ) ۔(۲) منتہا ۔

Terminalia Arjuna : (n) (نباتیات) ارجن ۔

Terminalia Belerica : (n) (نباتیات) ہلیلہ؛ بہیڑا ۔

Terminalia chebula : (n) (نباتیات) ہلیلہ؛ ہڑ ؛ ہَرڑ ۔

Terminalization/-sation : (n) (حیوانیات) منتہیت ۔

Terminally : (adv.) (۱) سرے کے طورپر؛ آخری حد پر؛ آخیر میں ؛ خاتمے یا حد پر ۔ (۲) ہر میقات میں؛ میقاتاً ۔

Terminate : (a) [L. 'terminatus'.] محدود؛ انتہائی؛ ختم شدہ ؛ حدتک لایاھوا؛ حدبنایا ہوا؛ منتہیٰ؛ انتہا کو پہنچنے والا؛ جو ایک حد پر ختم ہوجائے ۔

Terminate : (v) [f. L. terminat-, terminare'.] (۱) محدود کرنا ؛ حدبنانا؛ حدبندی کرنا؛ سرحد ہونا ؛ آخیر میں واقع ہونا ۔(۲) ختم کرنا یا ہونا؛ خاتمہ کرنا؛ نتیجے پر آنا یا پہنچنا؛ نتیجہ نکالنا ۔

(۳) (الفاظ کا) (کسی حرف یا حرکت پر) ختم ہونا؛ (حرف یا حرکت کے لفظ کے) آخیر میں ہونا ۔ (٤) بند کرنا؛ آخیر میں آنا (وقت)؛ آخر ہونا ۔ (٥) خارج ہونا؛ برآمد ہونا؛ منتج ہونا؛ نتیجہ نکلنا یا ہونا؛ انجام ہونا یا پانا ۔

Terminate decimal : (n) (ریاضیات) اعشاریہ محدودہ ۔

Terminating : (n) مختتم ۔

Termination : (n) [L. 'terminationem'.] (۱) اختتام؛ انجام؛ خاتمہ ؛ انتہا؛ انقضا ۔ (۲) فسخ ؛ ختم ؛ نتیجہ ۔ (۳) حدبندی ۔ (٤) لفظ کا آخری حرف یا رکن؛ آخر کلمہ؛ جُز؛ آخری کلمہ لاحقہ؛ (قواعد) آخری علامت ۔ (٥) نقطہ اختتام ۔

To bring to a termination : ختم کرنا ؛ نتیجہ نکالنا ۔

To put a termination to : ختم کردینا ۔

Terminational : (a) (۱) آخری؛ انتہائی؛ فائنل؛ بند کرنےوالا ۔ (۲) جو کلمے کے اخر میں ہو ؛ بجا ، آخری کلمے سے متعلق ۔

Terminative : (a) [See Terminate v. and-Ative.] (۱) خاتمے کا ؛ ختم کرنے والا؛ انتہائی؛ قطعی؛ آخری؛ تصفیہ کن ۔ (۲) فعل کی ابتداء اور انتہا کو ظاہر کرنے والا ۔

Terminative : (n) انتہائی حالت؛ قطعی حالت ۔

Terminatively : (adv.) ختم کرتے ہوئے؛ خاتمے کے طور پر ۔

Terminator : (n) [late L.] (۱) مختتم ؛ خاتم؛ جو اختتام کو پہنچانے ۔ (۲) (بینت) حد نورو ظلمت ؛ فاصل نوروظلمت؛ خط نوروظلمت (جو چرم سماوی کے روشن اور تاریک حصوں کو جدا کرتا ہے) ۔

Terminatory : (a) ختم کرنےوالا؛ خاتمے کا؛ انتہائی ۔

Terminer : (n) (قانون) قطعہ؛ فیصلہ؛ دیکھو Oyer ۔

Oyer and terminer : (قانون) سماعت وفیصلہ ۔

Terminism : (n) [f. L. 'terminus'.] (۱) دیکھو Nominalism ۔ (۲) (دینیات) یہ عقیدہ کہ ہر شخص کے لئے توبہ کا ایک محدود زمانہ ہوتا ہے؛ تحدید اتابت؛ (دینیات) محدودیت؛ (فلسفہ) اسمیت؛ حدیت ۔

Terminist : (n) (۱) تحدید اتابت کا معتقد ۔ (۲) اسمیّت پسند؛ اسمی ۔

Terminological : (a) [f. L. 'terminus'.] (تعلیمات) اصطلاحی ؛ اصطلاحیاتی ؛ مصطلحات کے استعمال کا ۔

Terminological inexactitude : (n) (مزاحاً) غلط بیانی؛ جھوٹ ۔

Terminologically : (adv.) اصطلاحات کے نقطہ نظر سے ۔

Terminologist : (n) ماہر اصطلاحات ۔

Terminology : (n) [f.L.'terminus'.] (۱) (تعلیمات) مصطلحات؛ علمی اصطلاحات ؛ اصطلاحات؛ علم المصطلحات کے صحیح استعمال کا علم ۔ (۲) کسی علم یا فن کی اصطلاحات؛ بیانی اصطلاحات؛ نام رکھنے کا اصول؛ اصطلاحات علمیہ ۔

Medical terminology : (طب) طبی اصطلاحات ۔

Termius : (n) [L.] (۱) (رومی اساطیر) ترمینوس؛ سرحدوں کا دیوتا؛ دیوتائے حدود (کلکی) ۔ (۲) مورتی پایہ؛ نیم قد مورت جس کے پنجے کا حصہ ایک چوکور ستون ہو ۔ (۳) مقصد؛ منزلِ مقصود؛ منتہا؛ (کبھی کبھی) نقطہ آغاز کے معنی میں استعمال ہوتا ہے ۔ (٤) ریلوے کی آخری لائن؛ آخری اسٹیشن (جس کے بعد لائن ختم ہوجاتی ہے)؛ ٹرمنس؛ دھرکا اسٹیشن ۔ (٥) آخری حصہ؛ حد؛ انتہا؛ وہ حد یا نقطہ جہاں کوئی چیز ختم ہوجاتی ہے ۔

Terminus ad quem/-ante-quem : (n) انتہا؛ نقطہ اختتام ؛ مقصود؛ مقصد؛ منزلِ مقصود ۔

Terminus-post quem/-a quo : ابتداء؛ نقطہ آغاز؛ وہ مقام جہاں سے کوئی سفر شروع کیا جائے؛ مبداء ؛ خط مبداء ۔

Termitarium/Termitary : (n) (حیوانیات) خانہ دیمک؛ دیمکوت؛ دیمک کا گھر ۔

Termite : (n) [L.'termes, termitem'.] (حیوانیات) دیمک؛ ارضیہ؛ موریانہ ؛ سیونک ۔

Termite-proof : (n) دیمک روک؛ ایسا مکان جس میں دیمک نہ لگ سکے؛ غیر دیمکی چیز ۔

Termitic : (a) دیمکی ؛ دیمک کا ۔

Termito - : [mod L.'Termit-'.] سابقہ بمعنی "دیمک" ۔

Termitologist : (n) دیمک کا علم رکھنے والا؛ دیمک کا مطالعہ کرنے والا؛ ماہرِ دیمک؛ دیمک داں۔

Termitophile : (n) (۱) دیمک پسند؛ موریانہ دوست۔(۲) ایک کیڑا جو عام طور سے دیمک کے ساتھ اس کے گھر میں رہتا ہے۔

Termitophilous : (a) (۱) دیمک پسند کا یا اس سے متعلق۔ (۲) اس کیڑے سے متعلق جو دیمک کے گھروں میں اس کے ساتھ رہتا ہے۔

Termitorium : (n) (حیوانیات) دیمک کا گھر؛ دیمکوٹ۔

Termless : (a) (۱) بے انتہا؛ بےحدود؛ بےحد۔(۲) بلاشرط؛ بےقید۔

Termly : (adv.) ہر میقات پر؛ میقاتاً؛ میقات کے طور پر؛ مدت معینہ کے طور پر۔

Termly : (a) (شاذ) میقاتی (جو ہر میقات پر واقع ہویا ادا کیا جائے)۔

Termolecular : (a) (کیمیا) سہ سالمی۔

Termon : (n) [Ir.] ترمون؛ (اَئرلینڈ کے کلیسا میں) موقوفہ کلیسا۔

Termor : (n) [AFr. 'termes'.] (قانون) میعادی پٹہ دار؛ حین حیاتی پٹہ دار؛ تمام عمر کا لگان دار۔

Terms : (n) (قانون) شرائط؛ (طب) ایامِ حیض؛ (ریاضیات) ارقام۔

Tern : (n)[of Norse origin.] (حیوانیات) خرشنہ؛ بحری ابابیل؛ ایک قسم کا دریائی پرند جس کا قد معمولی مرغابی سے چھوٹا مگر چونچ بڑی ہوتی ہے؛ چلچہ دریائی۔

Tern : (n) [Fr. 'terne'.] (۱) تین کا جوڑ؛ تگڈم؛ ٹکڑی خصوصاً قرعہ اندازی کے تین نمبر جو اکٹھے نکل آئیں تو بڑا انعام ملتاہے؛ انعامی نمبروں کی ٹکڑی۔ (۲) انعام جو اس طرح ہاتھ آئے؛ ٹکڑی کا انعام۔ (۳) دیکھو Ternate۔(٤) تین Stanzas کا گروپ۔

Ternal : (a) تین کا؛ ثلاثی؛ سہ گانہ۔

Ternary : (a) [late L. 'ternarius'.] (۱) سہ گانہ؛ تہرا؛ ثلاثی؛ ٹکڑی؛ تین گنا؛ تین کا۔(۲) (ریاضیات) ثلاثی؛ جس میں تین (مقادیر) متغیر ہوں؛ سہ متغیری۔(۳) (کیمیا) سہ جزئی؛ (نباتیات) سہ رُکنہ۔

Ternary system : (n) (تقسیم کا طریقہ) حصہ جس کے تین حصے ہوں۔

Ternate : (a) [mod. L. 'ternatus'.] (۱) (نباتیات) (پتی) جو تین چھوٹی چھوٹی پتیوں سے مرکب ہو؛ سہ رکنی؛ تین تین؛ سہ ثانی۔ (۲) تین تین کا؛ ٹکڑی؛ جیسے تین تین میں مرکب کیا گیا ہو۔ (٤) تپتیا؛ سہ برگہ۔

Ternately : (adv.) (۱) تین تین کرکے۔(۲) سہ رکنی ترکیب سے۔

Ternatus : (a) سہ برگہ۔

Terne/Tern(e)-plate : (n) [Fr. 'terne'.] ادنیٰ درجے کا ٹین جس میں سیسے کی آمیزش زیادہ ہو؛ گھٹیا ٹین؛ تیرہ رنگ۔

Ternifolius : (a) سہ برگہ۔

Ternion : (n) [L. 'ternionem'.] (۱) (تین شخص، چیزکا) جوڑ؛ گروہ سہ ثانی۔(۲) کاغذ کے دستے کے تین شیٹ کا مجموعہ۔

Terotechnology : (n) انجینیئرنگ اور ٹکنالوجی کی وہ شاخ جو مشین، اس کے کل پُرزے اور سازو سامان کی دیکھ بھال سے سروکار رکھتی ہے۔

Terpene : (n) [f. terp-interpentin'] (کیمیا) ٹارپینہ؛ ہائیڈرو کاربن کا ایک نام $(C_{10}H_{16})$۔

Terpenylic : (n) ٹارپینی ایسڈ $(C_8H_{12}O_4)$۔

Terpin : (n) ٹارپین $(C_{10}H_{18}(OH)_2)$۔

Terpin hydrate : (n) ٹارپین ہائیڈریٹ $(C_{10}H_{18}(OH)_2H_2O)$۔

Terpineol : (n) ٹار پینول $(C_{10}H_{17}OH)$۔

Terpinol : (n) دیکھو Terpineol

Terpsichore : (n) [Gr. 'Terpsichore'.] (۱) ناچ کا گیت؛ (اساطیر) ناچ کی دیوی؛ رقص کی دیوی؛ قدیم یونانیوں کی ناچ کی دیوی؛ ترپس قوری؛ رقص بحیثیت فن۔(۲) (مجازاً) رقص؛ رقاص۔

Terpsichorean : (a) (۱) رقص کی دیوی سے متعلق؛ ترپس قور سے منسوب۔(۲) رقاص سے متعلق؛ رقاصی۔

Terpsichorean art : (n) فن رقاصی ۔

Terra : (n) [L.] زمین؛ خاك؛ ارض؛ مٹی؛ اکثر لاطینی اور اطالوی جملوں میں مستعمل ہے ۔

Terra a terra/Terre a terre : (n) [It 'Terra terra'.] ایك قسم کا رقص؛ جست‌وخیز۔

Terra-alba (n) (۱) سفید مٹی ۔(۲) میگنیشیا ۔(۳) دیکھو Pipeclay ۔

Terra cariosa : (n) چونے کے پتھر کی مٹی جو مانجھنے کے کام آتی ہے؛ سنگ جلا ۔

Terra-cotta : (n) [L. 'terra cocta.'] (۱) بادامی پختہ مٹی؛ سفالینہ؛ پکائی ہوئی مٹی، سرخی مائل بادامی رنگ کی جس سے عمارتوں میں آرائشی چیزیں یا مورتیں وغیرہ بناتے ہیں ۔(۲) اس قسم کی مٹی کا پُتلا ، مورتی ۔ (۳) سرخی مائل بادامی رنگ؛ رنگ سفالین ۔

Terra-culture : (n) زراعت ۔

Terra firma : (n) [L.] (۱) خشکی؛ خشك زمین؛ زمین (پانی سے علاحدہ)؛ قطعۂ اصلی جزیرے کےبغیرخطہ ۔ (۲) جنوبی امریکا کا شمالی ساحلی علاقہ؛ نیز ننگۂ پناما ۔

Terra incognita : (n) [L.] (۱) (جغرافیہ) نامعلوم خطّہ؛ نامعلوم ملك؛ نئی سر زمین ؛ نیا خطہ (جس کی جغرافیائی تحقیقات نہیں ہوئی ہو) ۔ (۲) (مجازاً) نیا میدان (غورو فکر یا علمی تحقیقات کا)۔

Terra japonica : (n) [mod. L.] جاپانی مٹی؛ گل جاپانی؛ ایك قسم کی مٹی جو چمڑا رنگنے وغیرہ میں کام آتی ہے ۔

Terra merita : (a) (۱) ہلدی۔ (۲) دیکھو Turmeric ۔

Terra-rosa : (n) (ارضیات) سرخ مٹی؛ گلابی مٹی ۔

Terra verda/-verde : (n) سبز مٹی یا ہری مٹی جسے رنگ کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ۔

Terrace : (n) [Fr.] (۱) (ارضیات) مرتفع؛ عقبہ؛ اونچی کھلی ہوئی ہموار جگہ؛ ڈھلوان مقام جو مسطح کرلیا گیا ہو؛ ڈھلوان چبوترہ ۔ (۲) (طبقات، جغرافیہ) ساحل مرتفع؛ سمندر کا بلند کنارہ؛ ٹیلا؛ سطح مرتفع ۔ (۳) (تعمیرات) مکانوں کی قطار جو پہاڑی پر یا سڑك سے بلندی پر واقع ہو ۔ (٤) سڑکوں کے نام کا جز ؛ تیریس ۔(٥) (تعمیرات) شرفہ؛ مہتابی؛ ایوان ۔ (٦) (تعمیرات) چبوترہ ۔

Terrace : (v) [Fr. 'terrasser'.] (۱) چبوترہ بنانا یا نکالنا؛ ایوان دار کرنا ۔(۲) مرتفع سطح بنانا؛ مہتابی بنانا ۔

Terrace : (a) چبوترے سے متعلق؛ ارض مرتفع کا یا اس سے متعلق؛ ایوانی؛ مہتابی سے متعلق ۔

Terrace-cultivation : (n) (زراعت) پہاڑی کے اطراف میں بلند مقام پر کاشتکاری۔

Terrace-epoch : (n) (ارضیات) وہ عہد یا زمانہ جب شمالی امریکا کی ندی کے کذارے مرتفع بنائے گئے ۔

Terrace house/Terraced- : (n) مشترکہ دیوار کے ذریعے بنائے ہوئے گھروں کی ایك قطار ۔

Terraced : (a) (تعمیرات) پختہ چھت؛ کھلی مرتفع سطح کے ساتھ تعمیر کیا ہوا؛ چبوترے کے ساتھ بنایا ہوا۔

Terraced jack arch : (تعمیرات) مسطح کمانچہ ۔

Terraced roof : (n) کھلی مسطح چھت (جیسی ہندوستان کے مکانوں میں ہوتی ہے) ۔

Terraceous : (a) خاکی؛ زمینی؛ ارضی ۔

Terracer : (n) (۱) ڈھلوان چبوترہ یا کشادہ نالا بنانے والی مشین ۔(۲) بلند مسطح جگہ بنانے والی مشین ۔

Terraciform : (a) (۱) ارض مرتفع کی طرح کا ۔(۲) چبوترہ نما ۔

Terracing : (n) (۱) مہتابی بنانا؛ چبوترہ بنانا ۔(۲) ارض مرتفع کی بناوٹ، ساخت ۔

Terrachina : (n) دیکھو Chian earth

Terrae filius : (n) [L] (۱) ادنیٰ خاندان کا آدمی؛ وہ آدمی جس کے باپ ماں کا کوئی پتا نہ ہو ۔ (۲) پہلے آکسفورڈ یونیورسٹی کے خوش بیان مقرر، خطیب کے لئے مستعمل تھا جو عوام کے سامنے مزاحیہ اور بجو آمیز نکتہ چینی اپنی تقریر میں کیا کرتے تھے ۔

Terrain : (n) [Fr.] (۱) (جغرافیہ طبعی) قطعہء زمین؛ خطہ ۔ (۲) (فن جنگ) (موقع کی) زمین ۔ (۳) (ارضیات) چٹان کا سلسلہ؛ طبقات الارضی زیر تقسیم؛ تشکیل؛ تشکیلات ۔

Terrain : (n) قطعہء زمین کا یا اس سے متعلق؛ زمینی؛ ارضی ۔

Terramare : (n) [It. 'terramara'.] (۱) جنوبی یورپ کی قبل تاریخ زمانے کی مٹی کی تہ جس میں ہڈیاں ، کوڑیاں وغیرہ ملی ہوتی تھیں؛ کوڑیا مٹی ۔ (۲) ہڈیوں وغیرہ کے باقیات کی قسم جو زمین میں دبی ہونی پائی جاتی ہے اور کھاد کے کام آتی ہے؛ استخوانی کھاد ؛ ہاڑ کھاد ۔

Terraneous : (a) [f. L. 'terraneus'.] (۱) زمینی؛ خاکی؛ ارضی ۔ (۲) (نباتیات) زمینی نبات؛ وہ نباتات جو صرف خشکی پر اگتی ہوں؛ بری (نباتات) ۔

Terrapin : (n) [of Algonquin origin] (۱) شمالی امریکا کا ایک قسم کا کچھوا جو ندی میں رہتا ہے؛ تراپین؛ بیرا پشت کچھوا؛ قسم کچھوا ۔ (۲) ایک قسم کا کچھوا جس کا گوشت عمدہ غذا سمجھاجاتا ہے؛ اس کچھوے کا گوشت ۔

Diamond back terrapin : بیرا پشت کچھوا ۔

Red-bellied terrapin : سرخ پیٹ والا کچھوا ۔

Yellow-bellied terrapin : زرد پیٹ والا کچھوا ۔

Terraqueous : (a) [f. L. terra+ -Aqueous] (۱) (ارضیات) خاک آبی ؛ برّ بحری ؛ (زمین کی صفت) جو پانی اور خشکی دونوں پر مشتمل ہے؛ زمینی و دریائی ۔ (۲) زمین پر اور پانی میں رہنے والا (مثلاً پودا)؛ زمین پر اور پانی پر پھیلنے والا ۔

Terrarium : (n) (حیوانیات) تہل گھر؛ ارضی جانوروں کا گھر ۔

Terrazzo : (n) [It.] مرمرنما موزائک ۔

Terre-tenant : (n) [AFr. 'terre tenaunt'.] (قانون) وہ شخص جو زمین پر حقیقتاً قابض ہے؛ زمین کا دخیل کار؛ مستاجر زمین ۔

Terre-verte : (n) [Fr. 'terre verte'.] سبز مٹی؛ نرم سبز مٹی ۔

Terremotive : (a) (ارضیات) زلزالی؛ محرّکہء ارضی ۔

Terrene : (a) [L. 'terrenus'.] (۱) زمینی؛ ارضی ؛ خاکی؛ برّی؛ دنیاوی ۔ (۲) زمین پر واقع ہونےوالا ۔ (۳) دیکھو Terrestrial ۔

Terrene : (n) (۱) زمین؛ ارض ۔ (۲) دنیا؛ سطحِ زمین؛ فرشِ زمین؛ علاقہ ۔

Terrenely : (adv.) سطح زمین کے طور پر؛ بطور دنیاوی ۔

Terrenness : (n) (شاذ) زمین کا ہونا؛ سطحِ ارض کا ہونا ۔

Terreno : (n) [L.'terrenum'.] وہ طبقہ جو ہم سطح زمین ہے؛ دیوان خانہ؛ بیٹھک؛ نشست کا کمرہ؛ منزل زیریں ۔

Terreous : (a) زمینی؛ ارضی ۔

Terreplein : (n) [Fr. f. terre+ -plein.] (جنگی) دمدموں کے عقب میں مسطح زمین جس پر توپ جمائی جاتی ہے؛ توپ چبوترہ ۔

Terrestrial : (a) [f. L.'terrestrist' +-AL.] (۱) دنیاوی ؛ زمینی ؛ ارضی؛ دنیا کے متعلق ؛ ارضی (خصوصاً فلکی کے مقابلے میں)؛ کرہء ارض یا زمین کا ۔ (۲) دنیاوی؛ عالم سفلی کا ۔ (۳) برّی؛ خشکی کا ۔ (٤) (حیوانیات) (آبی یا دریائی کے مقابلے میں) خشکی کا؛ برّی ۔ (٥) (طبعی تاریخ) زمین پر واقع ہونے والا ۔ (٦) (نباتیات) مٹی میں بڑھنے والی ۔

Terrestrial : (n) (۱) زمین کا باشندہ؛ خاکی؛ آدمی؛ ساکنِ زمین ۔ (۲) (جمع میں) زمینی جانور ۔

Terrestrial animals : (n) جانوران ارضی؛ حیوانات زمینی ۔

Terrestrial circle (n) (جغرافیہ) دائرہء ارضی ۔

Terrestrial claim : (n) دعویٰ ارضی ۔

Terrestrial equator : (n) (جغرافیہ) خطِ استواء ۔

Terrestrial eyepiece : (n) (بصریات) ارضی چشمہ ۔

Terrestrial globe : (n) کرہء ارض ؛ کرہء ارض کا نمونہ ؛ کرہء زمین؛ کرہء خاکی ۔

Terrestrial interests : (n) کرہء ارض کے مفادات ۔

Terrestrial latitude : (n) (جغرافیہ) عرض البلد ۔

Terrestrial longitude : (n) (جغرافیہ) طول البلد ۔

Terrestrial magnetism : (n) (الیکٹرک انجینیئرنگ) ارضی مقناطیسیت؛ کرہ ارض کی مقناطیسی کشش ۔

Terrestrial meridian : (n) (جغرافیہ) ارضی نصف النہار ۔

Terrestrial poles : (n) (جغرافیہ) قطبین ارضی ۔

Terrestrial radiation : (n) ارضی اشعاع (شعاع ریزی) ۔

Terrestrial telescope : (n) (بصریات) ارضی دوربین ۔

Terrestrially : (adv.) دنیاوی طور پر ؛ ارضی یا بری طریق پر ۔

Terret/Territ : (n) [OFr. 'toret'.] (۱) گول حلقہ؛ (گاڑی کے گھوڑے کے) زین کا حلقہ جس میں سے باگ گزرتی ہے ۔ (۲) کتے کی گردن کا قلادون (رنگ، حلقہ) ۔

Terreted (a) حلقہ دار؛ زنجیر دار؛ زین میں حلقہ لگایا ہوا ۔

Terrible : (a) [L.'terribilis'.] (۱) وحشت ناک؛ خوفناک؛ ہولناک؛ ترسناک؛ مہیب؛ مخوّف ۔ (۲) نہایت شدید؛ سخت متشدد ؛ سخت گیر ؛ جابر ؛ بےدرد ۔ (۳) (بول چال) سخت بلاکا؛ انتہائی بلاکا؛ بہت بڑا؛ بہت زیادہ؛ بے حد؛ بے شمار ۔

Terrible : (n) (خصوصاً جمع میں) مخوف شخص یا چیز؛ خوفناک آدمی یا شے ۔

A terrible bore : بلا کا مغز چٹ ۔

Terrible : (adv.) مہیبانہ؛ بطور ترسناک ۔

Terribleness : (n) (۱) ترسناکی؛ وحشت ناکی؛ وحشت انگیزی ۔ (۲) شدت زیادتی ۔

Terribly : (adv.) (۱) وحشت انگیز طور پر ؛ ہولناکی کے ساتھ ۔ (۲) بہت شدت سے؛ زیادتی کے ساتھ ۔ (۳) (بول چال) بہت ۔

Terricole : (a) [L.'terricola'.] (۱) (نباتیات) زمین پر بڑھنے والا ۔ (۲) (حیوانیات) زمین پر رہنے والا (جانور)؛ زمینی ۔

Terricole (n) (۱) زمین پر رہنےوالا جانور ۔ (۲) زمینی کیڑا؛ خاکی خراطین ۔

Terricoline : (a) زمین پر یا زمین کے اندر رہنے والا؛ زمینی (کیڑا وغیرہ) خصوصاً کیچوے کی قسم کا ؛ خراطینی ۔

Terricolous : (a) [f. as prec. + OUS.] دیکھو Terricoline

Terrier : (n) [med. L. 'terrarius'.] (تاریخ) خسرہ (رجسٹر) جس میں زمینوں کی حدود وغیرہ تحریر ہوتی ہیں؛ ایک کتاب جس میں جائداد، اس کا رقبہ، حدود وغیرہ درج ہوتے تھے؛ فہرست اشیاء؛ فہرست جائداد؛ (جاگیردار کا) کھاتہ یا کھتونی جس میں کاشتکاروں اور پٹہ داروں کا حساب درج ہوتا ہے ۔

Terrier : (n) [Fr.] (۱) سگ شیریر؛ ایک قسم کا ولایتی کتا جو پنجوں سے مٹی کھودتا ہے؛ بوگیر؛ ایک قسم کا ہوشیار اور تیز کتا جو لومڑی وغیرہ کا پتہ چلاتا ہے ۔ (۲) مقامی علاقے کا ذومعنی اصطلاحی نام ۔

Black and tan terrier/Short or smooth-haired terrier : چھوٹے بال والے شیریر کی قسم ۔

Bull terrier/Fox - : چھوٹے بالوں والے شیریر کی قسمیں ۔

Irish, long or rough-haired, Scotch, Skye, Yorkshire terrier : سخت بالوں والے شیریر کی قسمیں ۔

Terrific : (a) [L. 'terrificus'.] (۱) دہشت انگیز ؛ ہولناک ؛ ترسناک ؛ مخوف ؛ مہیب ؛ فوق العادت ۔ (۲) قیامت کا؛ بلا کا شدید؛ عظیم ۔ (۳) عظیم الشان؛ شاندار؛ پرتکلف؛ گراں قدر؛ حیرت خیز ۔ (٤) عجیب وغریب؛ طرفہ؛ تعجب انگیز ۔

Terrific explosion : (v) انفجار مہیب ۔

Terrific spectacle : (n) ہولناک منظر؛ منظرہ مخوف ۔

Terrifically : (adv.) مہیبانہ؛ دہشت انگیزی کے ساتھ ؛ خوفناک طور پر ۔

Terrificly : (adv.) شاندار طور پر؛ گراں قدری سے؛ غیر معمولی طور پر ۔

Terrificness : (n) دہشت انگیزی؛ خوفناکی؛ ہولناکی؛ ترسناکی ۔

Terrify : (v) [L. 'terrificare'.] (۱) دہشت پیدا کرنا؛ شدت سے خوف زدہ کرنا ؛ ہولا دینا ؛ خوف دلانا ۔ (۲) ستانا ؛ آزردہ کرنا ؛ سخت اذیت دینا ؛ دق کرنا ؛ پریشان کرنا؛ ناک میں دم کرنا ۔ (۳) غصہ دلانا ؛ برافروختہ کرنا ۔

Terrigenous : (a) [f. L. 'terrigenus'.] (شاذ) زمین آفریدہ؛ خاک زاد؛ جو زمین سے پیدا ہوا ہو ۔

Terrigenous metals : (n) مٹی میں ملی ہوئی دھاتیں مثلاً الومینیم۔

Terrine : (n) [Original form of Tureen.] قفلی؛ پیالہ: مٹی کا برتن جس میں کھانے کی کوئی چیز رکھ کر بیچتے ہیں (مثلاً نمش کا پیالہ یا کھیرکا پیالہ)۔

Territorial : (a) [late L. 'territorialis'.] (۱) زمینی؛ ارضی: ملکی ؛ محلی ؛ وطنی ؛ داخلی ؛ علاقائی۔ (۲) قلمرو یا ملک محروسہ کا؛ ایک ناحیہ سے محدود۔ (۳) مقامی علاقے یا صوبے سے مختص یا محدود ؛ مخصوص علاقے سے متعلق۔ (٤) (امریکا) ولایات متحدہ امریکا کے کسی صوبے کا ۔ (٥) (کلیسائی اصطلاح) ملکی؛ دیوانی: جس میں ملکی حکومت کا دینی و دنیوی اقتدار مسلم ہو ۔ (٦) علاقہ داری؛ علاقائی ۔ (۷) جاگیرداری سے متعلق؛ زمینی جائداد سے متعلق۔

Territorial : (n) علاقائی فوج کا ایک فرد یا سپاہی؛ وطنی فوج کا رکن۔

The right was strictly territorial : یہ حق قطعی طور پر اسی علاقے میں محدود تھا۔

Territorial army/-force : (n) وطنی فوج ؛ رضاکاروں کی فوج جو انگلستان کے صوبوں میں قدیم شہری فوج (Militia) کی جگہ بھرتی کی جاتی ہے اور ملک کی حفاظت میں معمولی فوج کی مدد کرتی ہے۔

Territorial law : (n) علاقائی قانون۔

Territorial limits : (n) (جغرافیہ) علاقائی حدود۔

Territorial possessions : (n) مقبوضات ملکی۔

Territorial reserve : (n) علاقائی فوج؛ وہ مخصوص فوج جو کسی خطے یا علاقے کے لئے ریزرو ہو۔

Territorial system : (n) نظام علاقہ داری؛ نظام مُلکی؛ نظام دیوانی جس میں ملکی حکومت دینی و دنیوی اقتدار اعلیٰ رکھتی ہو۔

Territorial waters : (n) (سیاسیات) ملکی سمندر؛ علاقائی سمندر۔

Territorialism : (n) (۱) نظام علاقہ داری؛ طریقۂ ارباب و رعیتی؛ ملکیت؛ نظام ملکی کا نظریہ یا اصول؛ ملکی حکومت کے دینی و دنیوی اقتدار کا نظریہ یا اصول ۔ (۲) علاقہ کے فرماں روا کو اختیارات کامل کی تفویض ؛ جاگیر داری ۔ (۳) علاقائی بنیاد پر فوج کی تنظیم۔

Territorialist : (n) ملکی نظام کے نظریہ کا حامی؛ ملکیت پسند؛ نظام علاقہ داری کا حامی۔

Territoriality : (n) علاقائی صفت؛ علاقائیت؛ علاقائی حالت؛ داخلی حیثیت؛ علاقائی حیثیت ؛ ملکی حیثیت۔

Territorialization : (n) علاقائی بنانے کا عمل؛ کسی ایک خطے سے محدود کرنا؛ ملک محروسہ میں داخل کرنے کا عمل۔

Territorialize : (v) (۱) (ملک کو) نئے علاقوں کے الحاق سے توسیع دینا؛ علاقائی بنانا ۔ (۲) ملک محروسہ میں داخل کرنا؛ مقبوضات میں شامل کرنا؛ اپنے صوبے کا ایک صوبہ بنا لینا؛ کسی ایک خطے سے محدود کردینا۔

Territorially : (adv.) علاقے کے لحاظ سے؛ مقبوضات ملکی کے نقطۂ نظر سے؛ ملکی تقسیم کے لحاظ سے۔

Territory : (n) [L. 'territorium'.] (۱) قلمرو؛ عمل داری ؛ ملک محروسہ ؛ سلطنت یا ریاست؛ جو کسی بادشاہ یا حکومت کے زیرنگیں ہو؛ جغرافیائی علاقہ جو کسی سیاسی اقتدار کے ماتحت ہو ۔ (۲) زمین کا وسیع قطعہ؛ علاقہ؛ کشور؛ ملک؛ صوبہ؛ سر زمین؛ ناحیہ؛ منطقہ ۔ (۳) (امریکا) صوبہ جسے ریاست کے پورے حقوق حاصل نہ ہوں ۔ (٤) (تجارت) تجارتی ایجنٹ کا حلقہ؛ (امریکا) وہ ضلع جس میں تجارتی ایجنٹ، دلال کاروبار کرتا ہے (نمونے دکھا کر فرمائشیں (آرڈر) حاصل کرتا ہے) ۔ (٥) فٹ بال، ہاکی کے میدان کا نصف حصہ جو ایک ٹیم کے لئے مخصوص ہو ۔ (٦) (مجازاً) سائنس، صنعت، جماعت، الفاظ وغیرہ کی دنیا یا علاقہ؛ علم کا حلقہ یا علاقہ ۔ (۷) (قانون اسکاٹستان) عدالتی اختیار کا حلقہ؛ عدالتی دائرۂ اختیار ۔ (۸) (حیوانیات) زمین کا وہ علاقہ جو جانوروں کے گروہ کے قبضے میں ہو۔

Terror : (n) [L. 'terrorem'.] (۱) شدید خوف؛ دہشت؛ ہیبت؛ ہول؛ رعب؛ جلال؛ اندیشہ؛ خطرہ ۔ (۲) وہ چیز یا شخص جس سے دہشت پیدا ہو؛ باعث دہشت؛ ہوّا؛ خوف کی وجہ ۔ (۳) (بول چال) شریر، تکلیف دہ بچہ وغیرہ؛ شیطان؛ موذی؛ خوف دلانے والی شے۔

King of terrors : (تورات) موت ؛ ملك الموت ؛ عزرائیل۔

Red Terror : انقلابیوں کا عہد خونریزی۔

Reign of terror/-the terror : انقلاب فرانس میں سنہ ۹۴۔۱۷۹۳ء کا زمانہ؛ ایام خونیں؛ (مجازاً) اسی قسم کا عہد خونریزی جس میں عوام پر موت کا خوف طاری رہتاتھا۔

Was a terror to evildoers : بدکار لوگ اس کے نام سے کانپ جاتےتھے، لرزتےتھے۔

White terror : رجعت پسندوں یا رجعتیوں کا عہد خونریزی۔

Terror-striken/Terrorstruck : (n) ہیبت زدہ؛ دہشت زدہ؛ خوفزدہ۔

Terrorific : (a) وحشت انگیز ؛ ہول انگیز؛ ہولناك ؛ ہراسناك۔

Terrorism : (n) [Fr. 'terrorisme'] (۱) دہشت کا ایك طریقہ؛ حکومت ارعاب وتہدید؛ خوف وہراس کی حکومت ۔ (۲) دہشت پسندی؛ تخویف پسندیدی؛ تخویفی طریقہ یا اصول ۔ (۳) خوف گردی۔

Terrorist : (n) [Fr. 'terroriste'.] (۱) تخویف پسند؛ دہشت پسند جو حکومت یا اہل ملك کو دہشت انگیز طریقوں سے مرعوب یا مغلوب کرتا ہو یا ان طریقوں کا حامی ہو ۔(۲) طرفدار ارعاب و تہدید ؛ طرفدار حکومت ارعاب و تہدید ۔ (۳) خصوصاً انقلاب فرانس میں فرقہ جیکوبی کا فرد؛ جیکوبی ۔(۳) روس کا انقلاب پسند ۔(٤) دہشت انگیز خبریں پھیلانے والا ۔

Terroristic/-al : (a) دہشت پرستانہ؛ تخویف پسندانہ ۔

Terrorization : (n) : (۱) تخویف؛ خوف زدہ کرنا یا کیا جانا۔ (۲) تخویفی طریقوں کا استعمال ۔

Terrorize : (v) (۱) تخویفی طریقوں سے مرعوب کرنا؛ تہدید و ارعاب کے ساتھ کام انجام دینا ۔ (۲) ڈرا دھمکا کر کام لینا؛ خوف زدہ کرنا؛ ڈرانا؛ خوف دلانا ۔(۳) تہدید ، رعب و داب کے ساتھ حکومت کرنا؛ ڈرانے دھمکانے کا طریقہ اختیار کرنا ۔

Terrorless : (a) بغیر دہشت کے؛ بےخوف وہراس ۔

Terrorsome : (a) وحشت ناك؛ ترسناك؛ موحش ۔

Terry : (n) [Origin obsc.] ادنی قسم کا اونی کپڑا جس کے گھونگر کاٹے نہ گئے ہوں؛ کھیس؛ گرہ دار مخمل؛ روئیں دار کپڑا ۔

Terry : (a) روئیں دار کپڑے سےمتعلق؛ گرہ دار مخمل سے متعلق۔

Terry cloth : (n) ملائم، نرم روئیں دار کپڑا ۔

Terry fabric : (n) روئیں دار کپڑا ۔

Terry velvet : (n) گرہ دار مخمل ۔

Terse : (a) [L. 'tersus'.] (۱) مختصر اورجامع؛ قل و دل؛ گٹھی ہوئی تحریر وتقریر وغیرہ ۔ (۲) (نباتیات) بےشاخ وبرگ ۔

Tersely : (adv.) اختصار اور جامعیت کے ساتھ ؛ ایجاز سے ۔

Terseness : (n) اختصار اور جامعیت؛ ایجاز ۔

Tertia : (n) [altered f. Tercio.] دیکھو Tercio

Tertial : (a) (طیوریات) تیسری قطار کے پَر سے متعلق ۔

Tertial : (n) (طیوریات) تیسری قطار کا پَر؛ سوم پَر؛ سوم درجہ پَر؛ پَر ثالث ۔

Tertian : (a) [late ME. in fever 'terciane', 'or terciane'.] (۱) (مرضیات) (بخار) باری کا؛ ایك دن بیچ ہونے والا؛ (بخاروغیرہ) ثلاثی ؛ تیسرے دن کا ۔ (۲) (موسیقی) اوسط سُر کے لئے مستعمل ہے؛ صدائے متوسط کا ۔(۳) یسوعی جو آزمائش یا امتحان کی تیسری منزل میں ہو (اس موقع کےلئے بھی استعمال ہوتا ہے) ۔

Tertian : (n) باری کا بخار؛ ہر تیسرے دن کا بخار ۔

Tertian ague/-fever : (n) (۱) باری کا جاڑا بخار ۔(۲) آرگن (باجے) کا ایك پردا ۔

Tertian father : (n) یسوعی جو آزمائش یا امتحان کی تیسری منزل میں ہے ۔

Tertian ship : (n) یسوعی کی تربیت یا امتحان کی تیسری منزل۔

Tertiary : ([f. L.'tertiarius'.] (۱) تیسرے درجے کا؛ تیسرے نمبر کا؛ ثالث؛ ثلاثی؛ سہ گانہ ۔ (۲) (کیمیا)

امونیا سےمتعلق جو الکحل سےتین ہائیڈروجن ایٹم کے بدلنے سے بنتا ہے ۔ (۲) (ارضیات) تیسرا سلسلہ بتانے والا (زمین کی ساخت کا)؛ تیسرے ارض عہد کے متعلق؛ نوحیاتی ۔ (٤) دو ثانوی رنگ کے اشتراک سے بنے ہوئے رنگ کےلئے بھی مستعمل ہے ۔ (٥) (مرضیات) دورۂ سوم؛ آتشک کے تیسرے یا آخری مرحلے سے متعلق ۔ (٦) تیسرے درجے کے پادری سے متعلق ۔ (۷) (طیوریات) (طیور کے اڑنے کے پروں کی) تیسری قطار کا ۔ (۸) سوم قطاری (پَر) ۔

Tertiary : (n) (۱) تیسرے درجے کا پادری یا راہب ۔ (۲) (ارضیات) دورثالث؛ تیسرا جگ (زمین کی ساخت کا) ۔ (۳) (طیور جمع میں) طیور کے اڑنے کے پروں کی تیسری قطار؛ دُم کا پورا پَر ۔ (٤) (مرضیات) آتشک کا تیسرا مرحلہ ۔ (٥) (نقاش) ثلاثی رنگ؛ تیسرے درجے کا رنگ ؛ دو ثانوی رنگوں کا آمیزۂ رنگ ۔

Tertiary age : (n) (ارضیات) دور سومین ۔

Tertiary alcohol : (n) ثلاثی الکحل ۔

Tertiary alloy : (n) سگانہ بھرت ۔

Tertiary qualities : (n) (فلسفہ) کوائف ثالثہ ۔

Tertio : دیکھو Primo

Tertium quid : (n) [L.] تیسری چیز؛ شےثالث؛ خصوصاً روح اور مادے کے درمیان یا بین الضدین کوئی چیز؛ مابین الضدین ۔

Tertius : (a) [L.] (۱) (اسکول میں) (ایک نام کے لڑکوں میں سے) تیسرا : ثالث ۔ (۲) (تاریخ) ثالث ۔

Tertius gaudens : (n) ثالث دانا؛ جو دواشخاص کے جھگڑے میں خود فائدہ اٹھائے ۔

Teru-tero : (n) [From its noisy cry.] جنوبی امریکا کا ہُد ہُد ۔

Tervalent : (a) (کیمیا) سہ گرفتہ؛ تگرفتا ۔

Terylene : (n) ٹیریلین ۔

Terza rima : (n) [It.] (۱) سہ قافیہ ترتیب (مثلث کی) جس میں قافیوں کی ترتیب یہ ہوتی ہے (ا ب ا؛ ب ج ب ؛ ج د ج) ۔ (۲) سہ قافیہ مثلث ۔

Tesla : (n) امریکی ماہر برقیات کا نام نیکولاٹسلا (NikolaTesla) جو سنہ ۱۸۵۷ء میں پیدا ہوا تھا۔

Tesla coil : (n) ٹسلا کائل؛ ٹسلا لچھا؛ ایک قسم کا امانی لچھا؛ (برقیات) لچھا جو بہت زیادہ ارتعاش کی متبادل رو پیدا کرتا ہو ۔

Tesla tube : (n) وہ ٹیوب جو Tesla coil کے قریب رکھنے سے روشن ہوتا ہے ۔

Tessare-/Teseara- : [Gr.] سابقہ بمعنی "چار" ۔

Tessareglot : (a) چار زبانوں سے متعلق؛ چار زبانوں کا ۔

Tessella : (n) [L.dim. of Tessera.] (تعمیرات) پچی ؛ ربع نما چھوٹا ٹکڑا؛ چہار ضلعی ۔

Tessellar : (a) چوپڑ کا ۔

Tessellate : (v) [med. L. 'tessellare'.] (۱) موزیک بنانا؛ موزیک سے آراستہ کرنا ۔ (۲) چارخانہ بنانا؛ چوپڑ بنانا۔(۳) موزیک میں اپنی جگہ رکھنا؛ موزیک بنانے کےلئے ملانا ۔

Tessellate : (a) (۱) چارخانہ دار؛ چوپڑ کا ۔ (۲) (نباتیات و حیوانیات) باقاعدہ شطرنجی وضع کا؛ چارخانہ دار؛ خانہ بخانہ ۔ (۳) موزیک سے آراستہ کیا ہوا؛ موزائیکی ۔

Tessellated : (a) [f. L. 'tessellatus'.] دیکھو Tessellate

Tessellated pavement : (n) چوپڑ کا فرش ۔

Tessellation : (n) (۱) مفروش سازی ؛ پچی کاری ۔ (۲) موزیک کاری؛ چوپڑ کا فرش؛ چوپڑ کا کام ۔

Tessellite : (n) (معدنیات) Apophyllite کی ایک قسم ۔

Tessera : (n) [L.] (۱) (قدیم روم) لکڑی، ہڈی، ہاتھی دانت وغیرہ کے مکعب ٹکڑے جو مختلف کاموں کے لئےاستعمال ہوتے تھے(مثلاً غیر سرکاری سکّے، ٹوکن وغیرہ کے طور پر) ۔ (۲) (مجازاً) لفظ یا الفاظ جن سے ایک جماعت کا نصب العین ظاہر ہو؛ امتیازی نشان، علامت پیرول ؛ لفظ شناخت ۔ (۳) شیشے، پتھر وغیرہ کا ٹکڑا جو پچی کاری میں استعمال ہوتا ہے؛ مربع نما ٹکڑا ۔ (٤) (مجازاً) چوپہلو کا کوئی ضلع جس میں ایک سطح متقاطع لکیر کے ذریعے منقسم

ہو ۔ (۵) (حیوانیات) Armadillo کے قشریوں کا اوپری خول ۔ (٦) (تعمیرات) پچی ۔

Tesseral : (a) (۱) مربع نما ٹکڑوں کا ؛ مکعبی ۔ (۲) بلور شناسی؛ متقارن ۔ (۳) (ریاضیات) کروی سطح کے ٹکڑوں سے متعلق ۔

Tesseral system : (n) (قلمیات) مکعبی نظام ۔

Tessular : (a) مکعبی؛ مربع نما ٹکڑوں کا؛ مربع نما شکل کا ۔

Test : (n) [L.'testum'.] (۱) آزمائش؛ امتحان؛ جانچ ۔ (۲) وہ اسباب یا ذرائع جن سے آزمائش کی جائے؛ معیار؛ کسوٹی؛ جانچ کا اصول ۔ (۳) کسی چیز کو قبول یا رد کرنے کی بنا، شرط ، معیار ۔ (٤) (کیمیا) کوئی عامل کیمیاوی جس کے ملانے سے دوسرے مرکب کے اجزاء کا پتا چل سکے؛ کاشف ؛ مُعرف ۔ (٥) متحرک داسا جس پر بھٹی میں چاندی اور سیسہ الگ کرتے ہیں ۔ (٦) (حیوانیات) صدفہ ؛ خول ؛ غلاف ؛ قشرہ ۔ (۷) (نباتیات) قشر تخم ؛ غلاف ۔ (۸) کھریا ؛ کٹھالی (سونے، چاندی کو تاؤ دینے کی) ۔ (۹) کرکٹ Test-match کا مخفف ۔ (۱۰) (خرد بینیات اسکوپ) جانچنے کی چیز ۔ (۱۱) یقین دہانی کی قسم ۔ (۱۲) ہائیڈروکاربن کے نقطہ اشتعال کو جانچنے کا آلہ ۔

To bring or put to the test/To hear or stand the test : آزمانا ؛ آزمائش کرنا؛ امتحان لینا؛ امتحان میں کامیاب ہونا؛ آزمائش میں پورا اترنا؛ جانچ میں کامیاب ہونا ۔

To take the test : امتحان لینا؛ جانچنا ۔

Test : (n) [L. 'testa'.] (حیوانیات) بعض جانوروں کا سخت خول؛ قشر؛ صدفہ ۔

Test : (v) [L. 'testari', f. 'testis'.] (قانون انگریزی) کسی حکم نامے کے آخری حصے پر (جس میں منتخب شدہ آدمی کا نام ہوتا ہے) تاریخ کے ساتھ دستخط کرنا ۔

Test : (v) [f. TEST. (n)] (۱) جانچنا؛ پرکھنا؛ آزمانا؛ کسنا (آدمی، شے یا قابلیت وغیرہ کو)؛ امتحان لینا ۔ (۲) سخت امتحان لینا؛ بہت بوجھ ڈالنا (قوت برداشت وغیرہ پر) ۔ (۳) سودھنا؛ صاف کرنا (دھات کو) ؛ کسوٹی پر کسنا؛ آنکنا ۔ (٤) (کیمیا) کاشف کے ذریعے امتحان کرنا؛ اجزاء معلوم کرنا ۔ (٥) تصفیہ کرنا؛ معائنہ کرنا؛ آزمائش کے لائق قرار دینا ؛ آزمائش کرنا؛تجربہ کرنا؛ ابتلا میں ڈالنا؛ مصیبت میں ڈالنا ۔

Test-bed : (n) ایک قسم کا ڈھانچہ/بنیاد جس پر ہوائی جہاز کے انجن کو رکھ کر جانچا جاتا ہے ۔

Test case : (n) (قانون) آزمائشی مقدمہ جس سے کسی اصول کو طے کرنا یا آزمانا مقصود ہو ۔

Test charge : (n) (برقیات) امتحانی بار؛ آزمائشی بار ۔

Test chart : (n) (طب) نقشہ امتحان طبی ۔

Test check : (n) آڈٹ (جانچ) کرنے کا ایک طریقہ جو انتخابی اور با اصول نظیر پر مبنی ہو ۔

Test check : (v) ٹیسٹ چک کے ذریعے جانچنا ۔

Test-fire : (v) آزمائشی فائرنگ کرنا؛ تجرباتی فائرنگ ۔

Test flight : (n) (ہوائی جہاز کی) آزمائشی اڑان؛ تجرباتی اُڑان؛ وہ اڑان جو ہوائی جہاز کو جانچنے کے لئے ہو ۔

Test-fly : (v) (ہوائی جہاز) تجرباتی اڑان کرنا؛ تجربہ کے طور پر ہوائی جہاز کو اڑانا ۔

Test-frame : (n) لوہے کا فریم جس میں کٹھالی رکھی جاتی ہے ۔

Test-furnace : (n) ایک قسم کی بھٹی جس میں بھرت دار چاندی صاف کی جاتی ہے ۔

Test-glass : (n) (کیمیا) امتحانی استوانہ؛ جانچنے کا گلاس؛ تجربہ گلاس ۔

Test-match : (n) (کرکٹ) ٹیسٹ میچ؛ آزمائشی میچ؛ کرکٹ کے کئی مقابلوں میں سے ایک مقابلہ جو دو ملکوں کی ٹیموں کے درمیان ہوتے ہیں جس سے کسی ملک کے کرکٹ کھیل کا اندازہ لگایا جاتا ہے ۔

Test-meter : (n) آزمائشی میٹر جس کے ذریعے گیس کی مقدار کو ناپا جاتا ہے ۔

Test-mixer : (n) تجربہ ظرف ۔

Test-object : (n) (۱) مائیکروسکوپ کی طاقت کو آزمانے کی باریک چیز ۔ (۲) ایک شے جس کے ذریعے آزمائشی تجربہ کیا جاتا ہے ۔

Test-paper : (n) (۱) (امریکا) کسی تحریر کے سوال کا فیصلہ کرنے کے لئے عدالت میں دستاویز پیش کرنا ۔ (۲) کیمیاوی اجزاء ملایا ہوا کاغذ جو دوسرے کیمیاوی اجزاء کے شمول سے رنگ بدلتا ہے ۔ (۳) ٹیسٹ پیپر؛ وہ امتحانی سوال جو فائنل امتحان سے قبل اس بات کی جانچ کے لئے تیار کیا جاتا ہے کہ کیا طالب علم امتحان کے لائق اور تیار ہے ۔

Test-pilot : (n) (ہوائی جہاز) ہوائی جہاز کو جانچنے کےلئے ہوائی جہاز کا اڑانے والا پائلٹ؛ آزمائشی اڑان کا پائلٹ ۔

Test pump : (n) (طبیعیات) آزمائشی پمپ ۔

Test- roll : (n) پارلیمنٹ کے دارالامراء یا دارالعوام کے رکن کا حلف لے کر رجسٹر پر دستخط کرنا ۔

Test solution : (n) کیمیاوی جانچ میں استعمال ہونے والی تحلیل ۔

Test-tube : (n) تجربہ نلکی (شیشے کی)؛ جانچ نلکی؛ گولہ آزمائشی ۔

Test-tube baby : (n) ٹیسٹ ٹیوب بےبی، وہ بچہ، جو والدین کے نر اور مادہ مادّے کو، ماں کے جسم سے باہر ملانے، اور اس کے بعد ماں کی بچہ دانی میں ارتقائی مرحلے طے کرنے کےبعد پیدا ہو ۔

Tes-tube child/-puppy : (n) دیکھو Test-tube baby

Test-tube holder : (n) (کیمیا) امتحانی نلی گیر؛ نلی کی چمٹی ۔

Test-type : (n) آنکھ جانچ کرنے کے حروف جو ایک چارٹ پر ہوتے ہیں ۔

Testa : (n) [L.] (۱) (حیوانیات) صدفہ؛ خول؛ قشرہ؛ کاسہ ۔ (۲) (نباتیات) قشرتخم؛ غلاف ۔

Testability : (n) امتحان پذیری ؛ آزمائش کی صلاحیت ۔

Testable : (a) امتحان پذیر؛ آزمائشی؛ آزمودنی؛ آزمائش کے قابل ۔

Testacea : (n) [L.'testaceus'.] (۱) (حیوانیات) صدف داران ۔ (۲) مادہ صدفی ۔

Testacean : (a) (۱) (حیوانیات) صدف دار؛ صدفیہ؛ سخت خول یا صدفہ رکھنے والا (جانور) ۔ (۲) صدفی ۔

Testacean : (n) سخت خول یا صدفہ رکھنے والا جانور ؛ صدفہ نما جانور ۔

Testaceo- : [Comb. form of L. 'testaceus'.] سابقہ بمعنی "صدف" ۔

Testaceography : (n) بیانی، توصیفی صدفیّات ۔

Testaceology : (n) (حیوانیات) صدفیّات؛ صدف دار جانوروں کا علم ۔

Testaceous : (a) [f. L. 'testaceus'.] (۱) سخت قشری؛ صدفی؛ صدفہ یا صدف ماہی کے متعلق ۔ (۲) صدف دار؛ مصدف؛ جس کا سخت اور مسلسل خول ہو؛ سیپوں بھرا ۔ (۳) (نباتیات و حیوانیات) خشت رنگ؛ سرخ اینٹ کے رنگ کی؛ کم سرخ؛ سرخی مائل بھورا ۔

Testamentally : (adv.) وصیت کے طور پر ۔

Testamentary : (a) وصیتی ؛ وصیت کےمتعلق؛ وصیت کے ذریعے چھوڑا یا مقرر کیا ہوا؛ وابستہ بہ وصیت نامہ ۔

Testamentary capacity : (n) وصیتی ریاست یا املاک ۔

Testamentary guardian : (n) (۱) وصیتی ولی، محافظ؛ کسی دستاویز کے ذریعے مقرر کیا ہوا ولی ۔ (۲) دیکھو Statutory ۔ (۳) دیکھو Guardian ۔

Testamentary succession : (n) وصیتی جانشینی؛ وصیت کے ذریعے جانشینی ۔

Testamentary trust : (n) وصیتی ٹرسٹ؛ وقف ۔

Testamentum : (n) [L.] دیکھو Testament

Testamur : (n) [f. L.'testamur'.] (یونیورسٹی) سند امتحان؛ امتحان میں کامیابی کا صداقت نامہ؛ سند؛ گواہی مہارت ۔

Testate : (a) [L.'testatus'.] (۱) وصیت کردہ (جائز وصیت نامے کی رو سے) ۔ (۲) وصیت کے ذریعے طے کیا ہوا ۔

Testate : (n) وصیت کرنے والا شخص؛ وہ شخص جو مرنے کے بعد جائز وصیت نامہ چھوڑ گیا ہے ۔

Testate : (v) (۱) (شاذ) تصدیق کرنا؛ شہادت دینا ۔ (۲) (شاذ) وصیت کرنا؛ وصیت نامہ چھوڑ جانا؛ وصیت نامہ لکھنا ۔

Testation : (n) [L.'testationem'.] تدوین وصیت نامہ ؛ نگارش وصیت؛ وصیت کے ذریعے جائداد کا بندوبست یا علاحدگی ۔

Testator : (n) [late L. 'testatorem'.] (قانون) موصی ؛ وصیت کنندہ ؛ وصیت کرنے والا ؛ وصیت چھوڑکر مرنے والا ۔

Testatrix : (n) [late L.] (قانون) موصیہ؛ وصیت کرنے والی ۔

Testatum : (n) دستاویز کا تصدیقی حصہ ۔

Teste : (n) [L.] (۱) فرمان کا آخری حصہ ؛ فرمان کی آخری مشق ۔(۲) گواہی ۔

Tested : (a) (۱) آزمایا ہوا؛ جانچا ہوا؛ آزمودہ ۔(۲) مصدقہ؛ تصدیق کیا ہوا؛ سندی ۔

Testee : (n) امتحان لینے والا؛ ممتحن؛ جانچنے والا ۔

Tester :(n) [L. 'testerium'.] (۱) شامیانہ؛ چھتر؛ نمگیرا (خصوصاً چھپرکھٹ یا مسہری کا) ۔ (۲) تخت خواب کے اوپر کا سائبان؛ چھپرکھٹ؛ شامیانہ فریم کے ساتھ ۔ (۳) (مجازاً) کوئی چیز جو اوپر سے لٹکتی ہو؛ آویزاں چیز؛ مقبرہ؛ چتر اُمرائی یا شاہی ۔ (٤) (مجازاً) خطبہ گاہ یا ممبر پر لگایا ہوا آلہ جو سامعین تک (خطیب کی) آواز پہنچانے کےلئے استعمال ہوتا ہے ۔

Tester : (n) [f. TEST(v)2] (۱) امتحان لینے والا؛ جانچنےوالا؛ ممتحن ۔(۲) آزمائشی مشین؛ جانچ کی مشین ۔

Tester : (n) (شاذ) ہنری ہشتم کے زمانے کا شلنگ؛ (قدیم مزاحیہ) چھ پینس کا سکہ ۔

Testicardines : (n) [mod. L. f. 'testa+cardo'.] جوڑدار صدفہ والا خیشوم پا ۔

Testicardinate : (a) جوڑدار صدفہ والا (خیشوم پا) ۔

Testiclo : (n) [L. 'testioulus'.] (حیوانیات) خصیہ؛ خایہ؛ فوطہ ؛ ثثا؛ بیضہ؛ تخم ۔

Testicular : (a) [f. L. 'testiculus'.] خصیئی؛ خایوی؛ فوطےکا یا اس سے متعلق؛ خصیے کا؛ بیضہ مانند ۔

Testiculate : (a) [Late L. Testiculatus '.] (۱) خصیہ مانند؛ بیضے کی شکل کا ؛ خصیہ نما ؛ فوطہ نما ۔ (۲) خصیےدار؛ خایہ دار ۔(۳) (نباتیات) خصیے جیسے دو عضو رکھنے والا ؛ دو فوطیہ ۔

Testifier : (n) شاہد؛ گواہ؛ مصدق؛ تصدیق کرنے والا ۔

Testify : (v) [med. L. 'testificare'.] (۱) تصدیق کرنا؛ توثیق کرنا (کسی بیان کی)؛ گواہی دینا؛ شہادت دینا؛ شاہد ہونا؛ ثبوت فراہم کرنا ۔ (۲) (قانون) حلفاً یا ایمانداری سے بیان کرنا؛ اظہار یا بیان لکھنا؛ شہادت لینا؛ گواہی لینا؛ ثبوت لینا ۔ (۳) (اشیاء کا) دلالت کرنا؛ ثبوت ہونا؛ دلیل ہونا ۔

Testifly : (adv.) زود رنجی سے؛ تنک مزاجی کے ساتھ ؛ چڑچڑے پن سے؛ جھلا کر ۔

Testimonial : (a) [late L. 'testimonialis'.] (۱) تصدیق سے متعلق؛ حلفی بیان یا اظہار کا یا اس سے متعلق ۔(۲) گواہی سے متعلق؛ شہادتی ۔

Testimonial : (n) (۱) گواہی نامہ؛ رضائیت نامہ؛ تصدیق نامہ؛ شہادت نامہ ۔ (۲) صداقت نامہ؛ تصدیق (تحریری قابلیت و چال چلن وغیرہ کی) ۔ (۳) سند خوشنودی؛ سند قابلیت، صلاحیت؛ صلہء خدمت (خصوصاً جو سر جلسہ یا سرکاری طور پر دیا جائے) عزت ؛ وقعت ۔(٤) (شخص یا چیز کے لئے) سفارشی خط ۔

Testimonialize : (v) سفارشی خط دینا؛ رضائیت نامہ دینا؛ شہادت نامہ دینا؛ صداقت نامہ یا صلہء خدمت دینا؛ صلاحیت و قابلیت کی سند دینا ۔

Testimonium : (n) [L.f. testis+-monium.] (۱) کسی شخص کی پاکبازی اور علمی صلاحیت جانچ لینے کے بعد اسے پادری کا کوئی عہدہ دینے کے لئے سفارشی خط؛ نیز دیکھو Testamur ۔(۲) (قانون) جملہ متضمن گواہی؛ شہادت نامہ یا گواہی نامہ کی وہ قسم جس کا آغاز In witness where of سے ہو یعنی "اس امر کے واسطے شہادت" ۔

Testimony : (n) [L. 'testimonium'.] (۱) شخصی یا دستاویزی شہادت (کسی بیان یا امر واقعی کے متعلق)؛ گواہی؛ شہادت؛ تصدیق؛ ثبوت ۔ (۲) (عدالت) حلفی بیان یا اظہار؛ شہادت (تحریری یا زبانی)؛ حلفی شہادت؛ اظہار ۔ (۳) اقوال؛ بیانات ۔ (٤) (قدیم) احتجاج ؛ اعتراض ؛ عذر ۔ (٥) خصوصاً (The tables of the testimony) اوامر عشرہ و بائبل کے احکام شرعی ؛ موسوی قانون ۔ (٦) وحی الٰہی؛ کتاب الٰہی؛ انجیل (خصوصاً اوامر عشرہ بائبل کے)؛ احکام شرعی؛ (دینیات) توریت موسیٰ ۔ (۷) اقرار؛ اعتراف؛ اقرار صالح ۔

Ark of (the) testimony/Ark of the covenant : وہ صندوق جس میں احکام موسوی اور دوسری مقدس یادگاریں رکھی ہوئی ہوں ۔

Tabernacle or tent of(the) testimony : اٹھاؤمکان جس میں 'Ark' ہوں ۔

The two tables of testimony : احکام عشرہ؛ قانون موسوی۔

Testimony meeting/Experience- : (n) وہ جلسہ جس میں لوگ اپنے مذہبی تجربات بیان کرتے ہیں ۔

Testiness : (n) جھلاہٹ؛ چڑچڑاپن؛ تنک مزاجی ۔

Testing : (n) جانچ؛ امتحان؛ آزمائش ۔

Testing : (a) تجرباتی؛ آزمائشی؛ آزمائش کرنے والا؛ جانچنے والا ۔

Testing clause : (n) (قانون ، اسکاٹستان) دیکھو Testimonium (2) ۔

Testing instruments : (n) (انجینیئرنگ) آلات امتحان ۔

Testing machine : (n) (انجینیئرنگ) جانچ مشین ۔

Testingly : (adv.) آزمائش کے طور پر؛ جانچ کر؛ امتحان لے کر ۔

Testis : (n) [Etym. Uncertain.] (۱) (تشریح) دیکھو Testicle ۔ (۲) دماغ کے پچھلے حصے کا عضو جس سے بینائی ہوتی ہے ۔

Testor : (n) شاہد؛ گواہ ۔

Testudinal : (a) (۱) (حیوانیات) سنگ پشتی ۔ (۲) مانند سنگ پشت؛ کچھوا نما ۔

Testudinarious : (a) [L. 'testido'+-ARIOUS.] (۱) کچھوے کے خول کے رنگ کا؛ سہ رنگی چتی دار؛ جس پر کچھوے کے خول کی طرح سرخ ، زرد اور سیاہ چتیاں پڑی ہوں ۔ (۲) مانند سنگ پشت؛ کچھوانما ۔ (۳) سنگ پشتی ۔

Testudinaria : (n) جنوبی افریقہ کی گھاس کی ایک قسم ۔

Testudinata : (n) [L.'Testudo'+ata.] (حیوانیات) سنگ پشتان؛ کچھوے ۔

Testudinate : (a) [late L. 'testudinatus'.] حدبی؛ سلحفی؛ کچھوے کی پیٹھ کی طرح؛ ڈھلوان؛ ڈھال کا سا؛ سنگ پشتی ۔

Testudinate : (n) سنگ پشت؛ کچھوا ۔

Testudinated : (a) حدبی؛ گنبد مانند ۔

Testudineous : (a) [f. L. 'testudineus'.] (۱) سنگ پشت نما؛ کچھوے کی پیٹھ جیسا ۔ (۲) آہستہ؛ سست؛ دیر لگانے والا؛ کچھوے کی چال کا ۔

Testudo : (n) [L. 'testudo'.] (۱) (مرضیات) گومڑی جو سر وغیرہ میں ہو ۔ (۲) (حیوانیات) سبز کچھوا؛ سنگ پشت بری؛ لاک پشت ۔ (۳) (قدیم روم) سپر بندی آڑ؛ صف بندی جس میں سپاہی پاس پاس کھڑے ہوکر ڈھال سے ڈھال ملا کر صف بندی کرتےتھے یا صف باندھتے تھے ۔ (٤) (اسی قسم کی) آڑ (جو کان کی زمین کھودنے میں بنالیتے ہیں تاکہ زمین کے دھنسنے کی حالت میں دبنے نہ پائیں) ۔ (٥) (قدیم موسیقی) ایک طرح کا بربط یاچنگ ۔

Testy : (a) [AFr. 'testif'.] (۱) زود رنج؛ کج خلق؛ جھلا؛ چڑچڑا؛ تنک مزاج؛ نازک مزاج ؛ چڈی ؛ برہم؛ برافروختہ ۔ (۲) جلانے والا ؛ کاوی ؛ حارق؛ سوزش ناک ۔

Tetanic : (a) [L. 'tetanicus'.] (۱) اینٹھن کے درد سے متعلق ۔ (۲) (طب) کزاز آور (دوا) ۔

Tetanic : (n) کزازی کیفیت پیدا کرنے والی دوا؛ کزاز آور دوا (مثلاً کچلا) ۔

Tetanic contraction : (n) (طب) کزازی انقباض ۔

Tetanic spasm : (n) کزازی کیفیت پیدا کرنے والی دوا (مثلاً کُچلا) ۔

Tetanically : (adv.) کزاز کے طور پر ۔

Tetaniform : (n) کزازی شکلہ ۔

Tetanilla : (n) کزاز خفیف ۔

Tetanine : (n) [f. Tetanis+ine.] پٹومین؛ مادّہ عفونت جو گوشت کے سڑنے سے پیدا ہوتا ہے $(C_{13}H_{30}N_2O_4)$ ؛سم کُزاز۔

Tete : (n) [Fr.] (تاریخ) عورتوں کے مصنوعی بال ۔

Tete-a-tete : (adv.) [Fr.] تخلیے میں؛ خلوت میں؛ محرمانہ؛ دوبدو؛ روبرو ۔

Tete-a-tete : (a) تخلیے کی؛ خلوت کی؛ رازکی؛ رازونیاز کی ۔

Tete-a-tete : (n) (۱) رازونیاز کی گفتگو؛ تخلیے کی بات؛ خلوت کی گفتگو؛ دواشخاص کے درمیان گفتگو، نیز دو اشخاص کی پارٹی؛ خلوت کی ملاقات یا گفتگو ؛ سرگوشیاں ۔ (۲) دو آدمیوں کے بیٹھنے کا صوفہ ۔

Tete-beche : (n) [Fr.] (ٹکٹ فراہمی) معکوس چھپا ہوا؛ معکوس ۔

Tether : (n) [Origin. a northern word.] (۱) لمبی رسی یا زنجیر جس سے جانورکو باندھ کر چرنے کے لئے چھوڑ دیتے ہیں؛ دنبالہ؛ مہار ؛ کمند ۔(۲) (مجازاً) احاطہ؛ دائرہ؛ حد (علم، اختیار وغیرہ کی)؛ حدود وسعت ۔(۳) قید؛ بند ۔

Beyond his tether : دائرہ؛ معلومات یا حد اختیار سے باہر ۔

The end (length) of one's tether : برداشت؛ تحمل ۔

Was tat the end of his tether : آگے اس کا بس نہیں چلتا تھا؛ اس سے بن نہ پڑتا تھا ۔

Tether : (v) (۱) رسی سے باندھنا؛ (چرتے جانور کو) کھونٹے سے باندھ دینا۔(۲) کسنا؛ باندھنا ۔(۳) (مجازاً) قید لگانا؛ شرائط سے پابند کردینا؛ باندھ دینا؛ حالات کی بنا پر قید عائد کردینا؛ (کسی بات کی) قید لگا دینا؛ (کوئی قید لگاکر) روک رکھنا ۔

Tethys : (۱) (اساطیر) ساگردیوی؛ طیطس ۔ (۲) (جغرافیہ) بحر طیطس ۔

Tetra-/Tetr- : (۱) سابقہ بمعنی "چار" "چہار" "اربع" "چو" ۔ (۲) چوگنا ۔

Tetra-icosane : (n) [f. Gr. 'tetra' + 'icosi'+-ANE] (کیمیا) ۲٤ کاربن کاپیرافن ($C_{24}H_{50}=CH_3(CH_2)_{22}(H_3)$) ۔

Tetrabasic : (a) (کیمیا) (ایسڈ) چواساسی؛ چواسالوی (ہائیڈروجن کے چار ایٹم والے) ۔

Tetrabasicity : (n) چواسالویت ۔

Tetanization : (n) (۱) (طب) کزازیت؛ کزاززدگی ۔(۲) کزازی حالت؛ کزازی کیفیت؛ کزاز پیدا کرنا یا ہونا ۔

Tetanize : (v) [f. Tetanus+-ize.] کزازی کیفیت پیدا کرنا۔

Tetano- : [Comb. form of Gr. 'tetanos'.] سابقہ بمعنی" کزاز"؛ کُزازی" ۔

Tetanogenic : (a) کزازی کیفیت پیدا کرنے والی ۔

Tetanoid : (a) کزازی؛ کزاز صفت؛ کزاز کی طرح کا ۔

Tetanoid : (n) کزازی کیفیت؛ کزازی حملہ ۔

Tetanolysin : (n) زہر جو کزازی جرثومہ سے پیدا ہو ۔

Tetanomotor : (n) اعصاب میں کزاز پیدا کرنے کا ایک آلہ ۔

Tatanus : (n) [L.] (۱) (طب) کزاز؛ ایک مرض جس میں بعض اعصاب میں سخت تشنج پیدا ہوجاتا ہے؛ تشنج ۔(۲) کزازی انقباض ۔

Tetanus neonatorum : (n) (طب) کزاز اطفال ۔

Tetany : (n) [Fr. 'tetanic'.] (طب) نوبتی کزاز ۔

Grass Tetany : (بیطاری) مرض گیاہ؛ گھاس کی بیماری۔

Tetarto- : [Comb. form of Gr. 'tetartos'.] سابقہ بمعنی "چوتھا"؛ "رُبع" ۔

Tetartohedral : (a) [Gr.] رُبع سطحی ۔

Tetartohedrally : (adv.) ربع سطح کے طور پر؛ ربع سطحی کے انداز پر ۔

Tetartohedrism : (n) (قلمیات) ربع سطحی شکل میں قلمیانا ۔

Tetch : (n) [Origin obsc.] (بول چال) کج خلقی؛ اوقات تلخی؛ غیظ؛ رنجش؛ غصہ ۔

Tetchily : (adv.) چڑچڑے پن سے؛ جھلا کر؛ تنک مزاجی ۔

Tetchiness : (n) تنک مزاجی؛ جھلاہٹ؛ چڑچڑاپن ۔

Tetchy/Techy : (a) [Origin uncertain.] زود رنج؛ تند مزاج؛ تنک مزاج؛ جھلا؛ چڑچڑا؛ کج خلق؛ بدخلق؛ جلد غصہ ہونے والا ۔

Tetrabrach : (n) [Gr. 'tetrabrachus'.] (قدیم عروض میں) چار مختصر ہجا والا لفظ۔

Tetrabranch : (n) (حیوانیات) چار گلپھڑے والا جانور؛ سر پایہ جانور ۔

Tetrabranch : (a) (حیوانیات) چوخیشومی؛ چار گلپھڑے والا؛ سرپایہ جانور سے متعلق ۔

Tetrabranchiate : (a) [mod. L. 'tetra-branchiatum'.] دیکھو Tetrabranch (a)

Tetrabranchiate : (n) (حیوانیات) چار گلپھڑےوالا جانور؛ سرپایہ جانور ۔

Tetracarpellary : (a) (نباتیات) چوسینگا؛ چہار قرنہ ۔

Tetracerous : (a) (حیوانیات) چوبقچوی۔

Tetrachloride : (n) کلورین کے چار ایٹم کا مرکب ۔

Tetrachord : (n) [Gr. 'tetrachordon'.] (۱) (موسیقی) دانگ ۔ (۲) چوتارا؛ قدیم سرگم جس میں چار سُر ہوتےتھے؛ چار سُرکا سرگم۔

Tetrachordal : (a) چوتارا کا یا اس سےمتعلق؛ چار سُروں کا ۔

Tetrachotomous : (a) (حیوانیات، نباتیات) چوفرعی؛ دو گاٹ مضاعف؛ چہار مقطعی؛ چار شاخ والا ۔

Tetrachotomy : (n) چو فرعیّت ۔

Tetrachromatic : (a) چہار رنگی ۔

Tetrachromatism : (n) چورنگی نظریہ ۔

Tetracid : (a) (کیمیا) چوترشہ؛ چوگرفتہ ۔

Tetracoccous/-ccus : (a) [Tetra + Gr. 'Kokkas'] (۱) چوپھلیا؛ چومغزہ ۔(۲) چونبقہ ۔

Tetracolon : (n) (یونانی نثر) چوسطری بند ۔

Tetracoral : (n) چوپردہ مرجان ۔

Tetract : (a) (حیوانیات) چہار شعاعی؛ چوگرنہ ۔

Tetractinal : (a) چہار شعاعی؛ چار شعاع والا یا چارشعاع کا ۔

Tetractine : (n) چوگرنہ ۔

Tetractys : (n) چار کا گروپ؛ مجموعہ؛ چار؛ اربعہ؛ چار کا ایک گروہ ۔

Tetracyctic : (a) (نباتیات ، حیوانیات) چہار حلقہ؛ جس میں چار حلقے یا لچھے ہوں؛ چوحلقوی ۔

Tetracycline : (n) ضد نامیہ؛ ضد حیاتیہ دوا کی ایک قسم ($C_{22}H_{24}O_8$) ۔

Tetracyte : (n) چو خلیّہ ۔

Tetrad : (n) [Gr. 'tetrad'.] (۱) چہار؛ چار چیزوں کا مجموعہ؛ اربعہ؛ چار کا عدد ۔ (۲) چوگروی ۔ (۳) (کیمیا) چوگرفتہ (عنصر)؛ عنصر یا جوہر فرد جو ہائیڈروجن کے جوہروں کے برابر قوت ترکیب رکھتا ہے ۔(٤) (حیاتیات) چار خلیوں والا ۔

Tetradactyl(e) : (a) چوانگشتا؛ چہار انگشتی ۔

Tetradactylity/Tetradactyly : (n) چارانگشتی جانور؛ خصوصاً نقرہ دار جانور؛ ریڑھ کی ہڈی والا جانور ۔

Tetradactylous : (a) چوانگشتا؛ چہار انگشتی ۔

Tetradecane : (n) (کیمیا) پیرافین ہائیڈروکاربن ($C_{14}H_{30}$) ۔

Tetradecapod : (a) (حیوانیات) چودہ پایہ ۔

Tetradic : (a) (۱) چار کے عدد کا یا اس سے متعلق ؛ چہار ظرفیتی ۔ (۲) (کیمیا) جو کہ چوگرفتہ ہو (سر) ۔(۳) (قدیم عروض) چار مختلف رکن والا ۔

Tetradidymous : (a) (نباتیات) چوبلا؛ چوتہا ۔

Tetradite : (n) [late Gr. 'tetradites'.] (جمع میں) (دینیات) اربعی؛ معتقدانہ اربعی؛ چہار گانگی خدا کا معتقد۔

Tetradrachm : (n) [Gr. 'tetradrachmon'.] قدیم یونان کا چاندی کا ایک سکہ جس کی قیمت چار درہم کے برابر تھی۔

Tetradrachmal : (a) چو درہمی چاندی کے سکے سے متعلق ۔

Tetradymite : (n) [G.'tetradymit'.] (معدنیات) تلورات بسمتھ (Bismuth) جس میں فلزی چمک ہوتی ہے اور جس کا فارمولا (Bi_2Te_{25}) ہے۔

Tetradynamia : (n) [mod. L. f. Gr. 'tetra+dynamis'.] (نباتیات) چوجفتاں۔

Tetradynamian : (a) (نباتیات) چوجفت نرہ؛ چوکافتہ؛ شش پرچمی جس میں دو بڑے ہوتے ہیں ۔

Tetradynamious : (n) Tetradynamian دیکھو

Tetradynamous : (a) Tetradynamian دیکھو

Tetraethyl lead : (n) زہر آلود روغنی سیال $(C_2 H_5)4 Pb$ ۔

Tetragamy : (n) چہار ازدواجی؛ چہار مسہری؛ چار بیوی یا چار شوہر کا انتخاب۔

Tetraglot/Tetraglotic : (n) چہار زبانی؛ چار زبان میں لکھا ہوا۔

Tetragon : (n) [Gr. 'tetragonon'.] (۱) (ہندسہ) ذو اربعۃ الزوایا؛ چوگوشہ شکل؛ چار ضلعوں والا زاویہ۔ (۲) (علم النجوم) چاروں طرف سے دیکھا جانے والا ستارہ؛ چہار جانبی ستارہ۔

Tetragonal : (a) چوگوشہ؛ چہار ضلعی؛ چہار جانبی؛ چہار زاویائی؛ (نباتیات) چودھارا۔

Tetragonally : (adv.) چوگوشہ شکل سے؛ چہار جانبی طریقے سے۔

Tetragonalness : (n) چہارضلعی زاویہ؛ چوگوشہ شکل۔

Tetragonous : (n) (نباتیات) چودھارا۔

Tetragram : (n) [Gr. 'tetragrammon'.] (۱) (ہندسہ) چار حرفی لفظ۔ (۲) چارضلعوں کی شکل؛ ذو اربعۃ الاضلاع۔

Tetragrammaton : (n) [Gr. 'tetragrammaton'.] کلمہء چہار حرفی خصوصاً عبرانی میں چو حرفی اسم الہی؛ خداوند تعالیٰ کا نام Yhwa یا Jhvh جسے انگریزی میں Jehovah لکھا جاتا ہے؛ چار حرفی لفظ۔

Tetragynia : (n) [mod. L. f. Tetra-+ Gr. 'gyne'.] (نباتیات) چہار تخمدانی گھاس۔

Tetragynian/Tetragynious : (a) (نباتیات) چہار تخمدانی گھاس سے متعلق؛ چہار تخمدانی۔

Tetragynous : (a) (نباتیات) جس میں چار بقچہء گل ہوں؛ چہار بقچوی؛ چومادینہ۔

Tetrahedral : (a) [f. late Gr. 'tetrahedros'.] (ہندسہ) چوسطحی؛ چہار ضلعی؛ ذواربعۃ السطوح۔

Tetrahedral angle/-quoin : (n) چہار وجہی زاویہ؛ چار ضلعی زاویہ۔

Tetrahedral kite : (n) چوسطحی پتنگ؛ ذو اربعۃ السطح کے مانند پتنگ۔

Tetrahedral theory : (n) (ہندسہ) چوسطحی نظریہ۔

Tetrahedrally : (adv.) چارضلع کے طور پر؛ چار ضلع کے ساتھ۔

Tetrahedric/-al : (a) چوسطحی۔

Tetrahedrite : (n) (معدنیات) خاکی کچتانبہ ۔ $(Cu, Fe)_{12} S_{64} S_{13}$

Tetrahedroid : (a) ذو اربعۃ السطوح مانند۔

Tetrahedron : (n) [Gr. 'tetrahedron'.] (۱) (ہندسہ) ذواربعۃ السطوح ؛ چار سطحی مجسم ؛ چہار ضلعی زاویہ ۔(۲) (تعمیرات) برمِ چوگوشہ۔

Tetrahexahedron : (n) (ہندسہ) چوبیس سطح والا زاویہ؛ چوبیس سطحی شکل۔

Tetrakis-hexahedron : (n) [f. Gr.] چوبیس مساوی مثلث نما سطح رکھنے والی ٹھوس شکل۔

Tetrakontan : (n) چوبیلا۔

Tetralemma : (n) (منطق) چارطریقہء آخر ظاہر کرنے والی حالت۔

Tetralogic : (a) چار تقریری مجموعے سے متعلق۔

Tetralogue : (n) مکالمہء اربعہ؛ چار آدمیوں کی گفتگو۔

Tetralogy : (n) [Gr. 'tetralogia'.] (۱) چار ناٹکوں کا مجموعہ خصوصاً (قدیم یونان) تین المیہ اور ایک طنزیہ ڈرامے کا مجموعہ ۔ (۲) چار تقریروں کا مجموعہ۔

Tetrameral : (a) چار حصوں کا؛ چار جزئی؛ چار حصے والا۔

Tetramerism : (n) چار جزئی حالت۔

Tetramerous : (a) [f. mod. L. 'tetramerus'.] (۱) چار حصوں کا ؛ چارجزئی؛ چارچار؛ چوپارہ ۔ (۲) چار پٹیوں

والا ۔ (۳) (تشریح) چہار مفصلی؛ چہار بندی ۔ (٤) چہار شعاعی (مانند Star-fish) ۔

Tetrameter : (n) [L.'tetrametrus'.] چار رکنی بحر یا اس بحر کی نظم ۔

Tetrameter : (a) چہار وزنی؛ چہار رکنی ۔

Tetramita : (n) (حیوانیات) چوخیطہ ۔

Tetramorph : (n) [Gr. 'tetramorphon'.] ایک پردار تصویر میں چار حواریوں کی خصوصیات کا مجموعہ؛ مبلغین مسیحی کی چار تصویریں ۔

Tetramorphic : (a) (۱) (تاریخ طبعی) چار مختلف شکلوں میں ظاہر ہونے والا ۔ (۲) چہار تصویر مبلغین مسیحی والا یا اس سے متعلق ۔

Tetramorphous : (a) (کیمیا) چوقلمہ؛ چوقلمی شکلہ ۔

Tetrandria : (n)[mod. L.] (نباتیات) چونری پودے ؛ چہار پرچمی گھاس؛ چار حاصل زر پودے ۔

Tetrandrian : (a) چار حاصل زر رکھنے والا ۔

Tetrandrious/Tetrandrous : (a) چونرا؛ جس میں چارحاصل زرھوں ۔

Tetranominal : (a) (ریاضیات) چہارقدری (الجبرا)؛ ذو اربعة الحدود ۔

Tetraonid : (a) [f. mod. L. 'Tetraonidae'.] (طیوریات) Gallinaceous جنس کے پرندوں سے متعلق ۔

Tetraonid : (n) Gallinaceous جنس کا پرندہ ۔

Tetrapetalous : (a) (نباتیات) چوپنکھڑیا؛ چہار گلبرگہ؛ چار پنکھڑیوں کا ۔

Tetraphyllous : (a) (نباتیات) چوپتیا؛ چہار برگہ ؛ چار پتیوں کا ۔

Tetrapla : (n) [Gr.] صفحہ چہار ستونی؛ متن چہار ستونی (خصوصاً توریت میں) ۔

Tetraplegia : (n) (طب) فالج (ہاتھ پاؤں کا) ۔

Tetraploid : (a) چولونیوی؛ چہار لا؛ چہارگانہ ۔

Tetrapneumonian : (a) چار پھیپھڑوں والے عنکبوت کی ایک قسم سے متعلق ۔

Tetrapneumonian : (n) چار پھیپھڑے والے عنکبوت کی ایک قسم ۔

Tetrapneumonous : (a) چار پھیپھڑے والا یا تنفسی عضو والا ۔

Tetrapod : (n) [mod.L. 'tetrapodus'.] (حیوانیات) چوپایہ؛ چہار پا حشرہ؛ چار پاؤں والا ۔

Tetrapod : (n) چہارپا تتلی؛ چار پاؤں والا جانور ۔

Tetrapoda : (n) (۱) چہار پا حشرات؛ چہار پایاں ۔ (۲) چوپائے ۔

Tetrapodic : (a) چاررکنی شعر کا یا اس سے متعلق ۔

Tetrapodous : (a) چہار پا ۔

Tetrapody : (n) [Gr. 'tetrapodia'.] (عروض) چار رکنی شعر ؛ چار رکنی بحر ؛ چاررکنی مصرعوں کی نظم؛ چار رکنوں کا مجموعہ یا قطعہ ۔

Tetrapolis : (n) چار شہری ضلع؛ چار شہر کا ضلع؛ چار شہر کا صوبہ ۔

Tetraptaran : (a) (۱) چار پر والا ؛ چوپرا ؛ چہار بالا ۔ (۲) (تشریح) چار پروالی مکھیوں کے لئے استعمال ہوتا ہے؛ چہارجناحی ۔ (۳) (نباتیات) چار پتوں والے پھل کے لئے بھی مستعمل؛ چار بال والا ۔

Tetrapteran : (n) چار پر والا کیڑا؛ چارجناحی کیڑا ۔

Tetrapterous : (a) [f. mod. L.'tetrapterus'.] Tetrapteran دیکھو

Tetraptote : (n) اسم چہار حالتی؛ چار حالت والا اسم ۔

Tetrapylon : (n) (تعمیرات) چو دری ۔

Tetraquetrous : (a) (نباتیات) چو دھارا ۔

Tetrach : (n) [late L. 'tetrarcha'.] (۱) (روما) ملک یا صوبے کے چوتھائی حصے کا حاکم ، عامل ۔ (۲) حاکم رُبع صوبہ ۔ (۳) (نباتیات) چو خشبہ ریشمی ۔

Tetrarchate : (n) (۱) عامل کا عہدہ ۔ (۲) عامل کا دائرہ حکومت ۔

Tetrarchic : (a) [Gr. 'tetraronious'.] (۱) حاکم ربع صوبہ سے متعلق؛ عامل کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) حکومت چہارنفری سے متعلق ۔

Tetrarchical : (a) عامل کا؛ عاملی ۔

Tetrarchy : (n) [L. 'tetrarchia'.] (۱) عامل کا عہدہ ۔ (۲) عامل کا دائرہ٭ حکومت ۔ (۳) (سیاسیات) چوتھائی صوبہ؛ رُبع صوبہ ۔ (٤) حکومت چہار نفری؛ چار اشخاص کی مشترکہ حکومت ۔

Tetraselenodont : (a) چوہلال دندانہ ۔

Tetrasepalous : (a) (نباتیات) چو سنبلہ؛ چو پھول پتیا ۔

Tetraspermous : (a) (نباتیات) چوبیجہ؛ چوتخمہ ۔

Tetraspore : (n) چوبذرہ ۔

Tetrasporic : (a) چوبذروی ۔

Tetrasporous : (a) چوبذرہ ۔

Tetrastich : (n) [L. 'tetrastichon'.] (عروض) چار مصرعوں کا بند؛ رباعی؛ چارمصرعوں کا مجموعہ یا قطعہ؛ چہار بیتی ۔

Tetrastichous : (a) (نباتیات) چہار منزلہ : چوقطارہ ؛ چہار جزئی۔

Tetrastyle : (n) [L.'tetrastylos'.] (تعمیرات) چہار ستونی؛ عمارت کا حصہ جو چارستونوں پر قائم ہو خصوصاً برساتی یا چھت کا سہارا؛ چہار ستونی عمارت؛ چوستونی مندر ۔

Tetrastyle : (a) چہار ستونہ؛ چہار ستونی ۔

Tetrastylic : (a) چہار ستونی ۔

Tetrasulphide : (n) (کیمیا) دوعنصری مرکب جس میں آکسیجن کے چار جوہر ہوتے ہیں (مثلاً نائٹروجن، ٹٹروکسائیڈ) NO_4 : چو اکسائیڈ؛ ٹٹروکسائیڈ۔

Tetrasyllabic/-al : (a) چار رکنی ؛ چار بول کا؛ چار ہجائی ۔

Tetrasyllable : (n) چار رکنی لفظ ؛ چہار ہجائی لفظ ؛ چار بول کا لفظ ۔

Tetrasyllable : (a) دیکھو Tetrasyllabic

Tetrathecal : (a) [Gr.] (نباتیات) چوصُروی؛ (حیوانیات) چار خلیوں والا ۔

Tetrathionic : (a) بے رنگ اور بے باس کا ایک ایسڈ $H_2 S_4 O_6$ ۔

Tetrathionate : (n) اس $(H_2 S_4 O_6)$ ایسڈ کا نمک ۔

Tetratonic : (a) (۱) (کیمیا) چوجوہرہ؛ چہار جوہرہ ۔ (۲) (کیمیا) چوگرفتہ ۔

Tetravalence : (n) دیکھو Quadrivalence

Tetravalent : (a) [f. Gr.] (کیمیا) چوگرفتہ؛ چہاربنیانی؛ چہار ظرفیتی ۔

Tetraxial : (a) چار محور والا ؛ چہار محوری ۔

Tetraxile : (a) چار محور والا ۔

Tetraxon : (n) (حیوانیات) چومحورہ؛ چہارمحوریّہ ۔

Tetraylous : (a) چار انگشتیا (پنجے کا) (جانور) ۔

Tetraylous : (n) چار پنجے کا جانور ۔

Tetrazone : (n) (کیمیا) ایک مرکب جس میں چار نائٹروجن جوہر ہوتے ہیں $(R_2 NN : NNR_2)$ ۔

Tetrazooid : (a) (حیوانیات) چوحوین ۔

Tetrobol : (n) [Late. L.'Tetrobolan'.] چار Oboli کی مساوی قیمت کا قدیم چاندی کا ایک سکہ ۔

Tetrode : (n) (ریڈیو) چو برقیرہ؛ چو برقیری والو ۔

Tetrodon : (n) [mod. L.] گول مچھلی کی ایک قسم ۔

Tetrodont : (a) گول مچھلی کی ایک قسم سے متعلق؛ چار دانت والی ایک قسم کی مچھلی سے متعلق ۔

Tetrodont : (n) چار دانت والی ایک قسم کی مچھلی ؛ گول مچھلی کی ایک قسم ۔

Tetronymal : (a) چہار اسمی ۔

Tetrous : (a) [L. Taeter'.] (شاذ) ابانت آمیز؛ نفرت انگیز؛ بد ۔

Tetroxide : (n) دیکھو Tetrasulphide

Tetryl : (n) (کیمیا) ٹٹرا کاربن کا یک گرفتہ جزو مستقل جس کا فارمولا یہ ہے $(C_4 H_9)$ اسے Butyl بھی کہتے ہیں ؛ مادہ متغیرہ ۔

Tetrylic : (a) ٹٹرائل کا؛ ٹٹرانائٹرک ایسڈ سے متعلق ۔

Tetter : (n) [OE. 'teter'.] (۱) جلدی مرض (مثلاً داد، ایگزیما وغیرہ) ؛ (طب) جمرہ؛ نملہ ۔(۲) جانور خصوصاً گھوڑے کا جلدی مرض ۔

Crusted, pustular, running tetter : جلدی بیماریاں جن میں پھنسیاں نکلتی ہیں ۔

Eating tetter : ایک جلدی مرض: لیوپس ۔

Honeycomb tetter : دیکھو Favus

Humid tetter/Moist- : ایگزیما ۔

Scaly tetter : دیکھو Psoriasis

Tetter-berry : (n) (۱) بیل دار پودوں کی جنس؛ ہزار چشاں ۔ (۲) نیز اس کا پھل؛ میوہ ہزار چشاں ۔

Tetterous : (a) جمرہ زدہ؛ جمرہ مانند؛ جمرثی ۔

Tetterworm : (n) ایک جلدی بیماری؛ داد کی ایک شکل؛ ایک قسم کی کھجلی؛ خارش یا خارشت ۔

Tetterwort : (n) (نباتیات) مامیران؛ بڑے قسم کا سیلن ڈائن (Celandine) جو ان امراض کی دوا سمجھا جاتا ہے ۔

Tettix : (n) [Gr.] (۱) زنجرہ؛ خزوک ؛ ٹِڈی ۔(۲) ٹِڈے کی قسم کا ایک کیڑا ۔

Golden tettix : سولن کے عہد سے قبل ایتھینی باشندوں کے بالوں میں لگانے کا ایک زیور جسے وہ لوگ ملکی ہونے کی علامت کے طور پر لگایا کرتے تھے ۔

Teucrian : (n) قدیم یونانی شہر ٹرائے کا باشندہ؛ ٹروجن ۔

Teucrian : (a) ٹروجن کا یا اس سے متعلق ۔

Teuto- : [Comb. form irreg. f. Teuton.] سابقہ بمعنی "جرمنی"؛ ٹیوٹونی؛ ٹیوٹن کی ترکیبی صورت ۔

Teutonania : (n) ٹیوٹونی مانیا؛ خبط ٹیوٹونی؛ جنون جرمن۔

Teutophile/-phil : (n) جرمن اور جرمن کا دوست؛ مُحب جرمن یا جرمنی ۔

Teutophile : (a) محبت جرمن سے متعلق ۔

Teuton : (n) [L. 'Teutones'.] (۱) ٹیوٹن؛ جرمن؛ قدیم جرمن قوم کا فرد ۔(۲) (جمع) جرمن کے قدیم قبیلوں میں سے ایک جس کی نسل کا پتا نہیں ۔ (۳) ٹیوٹانی زبان بولنے والے ۔

Teutonic : (a) [L. 'Teutonicus'.] (۱) ٹیوٹانی؛ جرمنی؛ ٹیوٹانی قوم کا یا اس سے متعلق ۔(۲) موجودہ جرمانی قوم کا؛ جرمانی؛ (وسیع معنی میں یہ لفظ جرمن قوم کے علاوہ ناروے، سوئڈن کے باشندوں اور اینگلو سیکسن قوم کے لوگوں پر حاوی ہے)۔

Teutonic : (n) ٹیوٹن اقوام کی زبان؛ جرمن زبان ۔

Teutonic knights/-order : (n) جرمن Knights کا فوجی سلسلہ ۔

Teutonic languages : (n) فصیح اور دیہاتی جرمن زبانیں اور ناروے، سوئڈن کی زبانیں ۔

Teutonicism : (n) ٹیوٹانی زبان کا محاورہ؛ ٹیوٹانی اظہارِ بیان؛ ٹیوٹانی قوم کی خصوصیت ۔

Teutonism : (n) (۱) ٹیوٹانی زبان کا محاورہ ۔(۲) ٹیوٹانی قوم کی خصوصیت ۔ (۳) ٹیوٹانی طرز یا اصول؛ جرمن کا احساس اور عمل ۔

Teutonist : (n) (۱) ٹیوٹانی قوم کی تاریخ، زبان وغیرہ کا ماہر ۔(۲) ٹیوٹانی طرز کا ماہر ۔

Teutonization : (n) ٹیوٹانی بنانا یا بنایا جانا؛ ٹیوٹانی رنگ چڑھانا یا چڑھایا جانا ۔

Teutonize : (v) (۱) جرمنی بنانا؛ ٹیوٹانی بنانا؛ ٹیوٹانی رنگ چڑھا دینا ۔(۲) ٹیوٹانی طرز قبول کرنا یا اختیار کرنا ۔

Tewel : (n) (فلزیات) ہَوا دھونک نلی؛ ٹیول؛ دودکش ۔

Tewhit/Tewit : (n) [Origin. echoic, see Pewit.] (حیوانیات) نباح؛ ہُدہُد ۔

Tewtaw : (v) [Origin obsc.] (بول چال) دیکھو Taw (v) ۔

Texan : (a) [f. next.] تکزاسی؛ تکزاس ریاست سے متعلق؛ جانوروں اور پودوں کے بعض مخصوص ناموں کے لئے بطور صفت استعمال ہوتا ہے ۔

Texan : (n) تکزاس کا باشندہ یا دیسی آدمی یا جانور ۔

Texas : (n) (۱)تکزاس یا تکزاس ۔(۲) تکزاس کے سرخ پوست قبائل ؛ سرخ پوست تکزاسی ۔ (۳) (مغربی امریکا) دریائی اسٹیمر کی بالا ترین ساخت جس میں جہازراں کا مکان اور افسران کی رہائش گاہیں ہوتی ہیں ؛ بلند دالان یا غلام گردش گنبددار منارہ نما دود دان سے مشابہ ۔ (٤) دیسی یا ملکی پودوں اور جانوروں کے نام ۔ (٥) امریکا کے ناموں میں سے ایک نام ۔

Text : (n) [Fr. 'texte'.] (۱) مصنف کے اصلی الفاظ؛ کتاب کی اصلی عبارت (شرح وغیرہ سے قطع نظر کر کے) ۔ (۲) متن ؛ نص ؛ نص الکتاب ؛ موضوع ؛ عبارت اقتباسی؛ جلی خط ۔ (۳) درسی کتاب ۔ (٤) کتاب الٰہی (انجیل وغیرہ) کی ترتیب یا آیات جو کسی وعظ یا مقالے کے موضوع یا سند کے طور پر استعمال کی جائیں ۔ (٥) مفاد؛ مفہوم؛ مضمون؛ شکل ۔ (٦) (مجازاً) موضوع بحث؛ موضوع تقریر ۔

Church text : کتبۂ قبر؛ کتبۂ لوح ۔

German text : قدیم ٹائپ کے انگریزی حروف (جو جرمن حروف سے مشابہ ہیں) ۔

The text is hope lessly corrupt : متن میں بہت کچھ تصرف کیا گیا ہے، بہت مسخ ہوگیا ہے ۔

Text blindness : (n) الفاظ کوری ؛ معنی کوری ۔

Text-book : (n) درسی کتاب؛ کسی ایک موضوع پر اصلی کتاب؛ رسالہ؛ نصابی کتاب ۔

Text-bookish : (a) درسی کتاب سے متعلق؛ درسی کتاب مانند ۔

Text-cut-engraving-picture : (n) کوئی بھی نقشہ جو کتاب کے متن میں تشریح کے طور پر شامل ہو؛ متن کا تشریحی نقشہ ۔

Text edition : (n) اسکول اور کالج کے لئے تیار کی ہوئی کتابیں؛ ٹیکسٹ ایڈیشن؛ نصابی ایڈیشن ۔

Text-hand : (n) (۱) جلی خط؛ دستخط درشت ۔(۲) دستی تحریر (Hand writing) کے لئےاسکولی تحریر جو نصف انچ کشادہ ایک لائن میں ہوتی ہے؛ تحریر کا ایک طرزجو بڑے حروف میں لکھا جاتا ہے ۔

Text-title : (n) کسی کتاب کے آغاز میں نصف ٹائٹل یا عنوان ۔

Text-writer : (n) (۱) کاتب متون؛ کتاب یا رسالے کے متن کا لکھنے والا ۔ (۲) قانونی کتاب کا لکھنے والا؛ قانونی کتاب کا مصنف ۔

Textile : (a) [L. 'textilis'.] (۱) بافتہ؛ منسوج؛ جو بُنا گیا ہو؛ بافتگی ۔(۲) بُننے سے متعلق؛ پارچہ بافی سے متعلق؛ بُنا ہوا یا بُننے کا ۔(۳) (تاریخ طبعی) بُنی ہوئی سطح کے مانند نشان والا ۔

Textile : (n) (۱) بُنا ہوا کپڑا؛ منسوج کپڑا؛ پارچہ بافتہ ۔ (۲) کپڑا؛ پارچہ ۔

Textile art : (n) فن پارچہ بافی؛ منسوجات؛ بافندگی؛ نساجی ۔

Textile chemistry : (n) (کیمیا) کپڑے کی صنعت سے متعلق علم کیمیا ۔

Textile industry : (n) (معاشیات) صنعت پارچہ بافی ۔

Textile Manufacturing : (n) پارچہ بافی ۔

Textile : (n) بُنا ہوا کپڑا ؛ دھاگا ۔

Textilist : (n) متخصص نساجی؛ کارگر نساجی؛ منسوجات فروخت کرنے والا ۔

Textorial : (a) [f. L. textor'.] بافتہ؛ منسوج؛ بافتنی؛ جولاہوں سے متعلق یا بنائی سے متعلق ۔

Textual : (a) [Late ME. 'textuel.'] متن کا؛ متن سے متعلق؛ متنی؛ نصّی؛ لفظی (خصوصاً کتاب الٰہی کا) ۔

Textually : (adv.) متن کے لحاظ سے؛ کتاب کے اصل الفاظ میں ۔

Textualism : (n) (۱) لفظ پرستی؛ ترجمہ یا نقل مطلب میں پیروی ؛ تعلیم مذہبی کی پیروی ۔ (۲) اسکالرشپ کا محکمہ جو بائبل کے متن سے بحث کرتا ہے؛ متنی تنقید؛ کُلا لفظی ۔

Textualist : (n) (۱) بائبل کا ماہر؛ ہر موقع پر کتاب الٰہی کی سند پیش کرنے والا؛ تعلیم مذہبی کا پیرو ۔ (۲) لفظ پرست؛ وہ شخص جو کتاب کے الفاظ یا اس کے لفظی معنی کا سختی سے پابند ہو ۔

Textuary : (a) [f. med. L. 'textus.'] کتابی؛ درسی؛ متنی؛ متن سے متعلق؛ لفظی ۔

Textuary : (n) (۱) ترجمہ تحت اللفظی کا حامی ۔ (۲) کتاب الٰہی کا حوالہ دینے والا شخص ۔

Textural : (a) [f. L. 'textura'.] نسیج سے متعلق؛ بافت سے متعلق؛ ساخت یا بافت کا منسوج؛ بافتہ ۔

Texture : (n) [L. 'textura'.] (۱) تاروپود؛ بناوٹ؛ بافت؛ منسوج؛ بُنا ہوا کپڑا؛ پارچہ ۔ (۲) (ارضیات) بناوٹ؛ ساخت؛ ترکیب؛ ترتیب؛ بنیاد؛ اصول ۔ (۳) (تصویر میں) سطح کاری؛ اشیاء کی سطح کو دکھانا۔ (٤) (حیاتیات) نسیج؛ نسیج کی ساخت؛ بافت ۔ (٥) (مجازاً) فطرت؛ صفت؛ بناوٹ ۔ (٦) (دماغ) مزاج؛ افتاد؛ طبیعت ۔

Textureless : (a) بغیر کسی مخصوص ساخت کا؛ بے شکلہ ۔

Textus : (n) [L.] کتابِ الٰہی؛ متن انجیل ۔

Textus receptus : (n) مسیحیوں کی مقدس کتاب؛ حاصل کی ہوئی کتاب ۔

Tezkere : (n) [Turk. (Arab.)] تذکرے ۔

Th : قدیم انگریزی میں یہ دو مختلف صوت " ذ " اور "تھ"، کے لئے استعمال ہوتا تھا جیسے Thin, Bath اور Then, Bathe ۔

Th/Th' : The کی مخفف شکل ۔

-th : (۱) لاحقہ جو اسماء کے آخر میں آتا ہے اور Ness کی طرح کیفیت، حالت یا صفت کے معنی دیتا ہے جیسے: Strength, wealth, Breadth, truth وغیرہ ۔ (۲) کبھی کبھی نتیجے یا عمل کے معنی دیتا ہے جیسے: Stealth, spilth, growth وغیرہ۔

-th /-eth لاحقہ اعداد ترتیبی اور اعداد کسری کے آخر میں آتا ہے جیسے: (۱) چوتھا، چوتھائی (Fourth) ۔ (۲) چالیسواں، چالیسواں حصہ (Fortieth) ۔

Thack : (v) [OE. Paec'.] (۱) (بول چال) چھپر بنانا ۔ (۲) پیال سے چھت چھانا؛ چھت کو پیال یا پوال سے ڈھانکنا۔

Thack : (n) (بول چال) چھپر بنانا ۔

Thackless : (a) (۱) بے کاہ وبرگ ۔ (۲) (مجازاً) بے کلاہ ۔

Thae : (خصوصاً اسکاتستان) Those کا متبادل ۔

Thae : (خصوصاً اسکاتستان) These کا متبادل ۔

Thai : (n) (۱) تھائی لینڈ کا باشندہ ۔ (۲) تھائی زبان؛ تھائی لینڈ کی سرکاری زبان ۔ (۳) زبانوں کا ایک مجموعہ جن میں Thai, Lao, Shan, Khamli and Ahom شامل ہیں اورجن کو بعض لوگ Sino- Tibetan (زبان) کا مجموعہ سمجھتے ہیں ۔

Thailand : (a) تھائی لینڈ کا یا اس سے متعلق؛ تھائی لینڈ کی قسم یا طرح کا(جو تھائی لینڈ میں مروج ہے) ۔

Thairm : (n) (بول چال خصوصاً اسکاتستان) دیکھو Catgut ۔

Thakur/Thakoor : (n) [Skr. 'thakkura', Hindi 'thakur'.] (۱) (ہندوستان میں) آقا، یہ لفظ عزت و احترام کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔ (۲) نجیب زادہ؛ شریف کے لئے مستعمل ہے، کشتریوں، راجپوت نسل کے لئے ۔

Thalamencephalon : (n) [f. Thalam (o-+Encephalon] (تشریح) میان دماغ؛ عرشیِ دماغ؛ مغزمیانی ۔

Thalami : (n) (نباتیات، حیوانیات) سریرات ۔

Thalamic : (a) [mod. L. 'thalamicus'.] عرشیِ دماغ سے متعلق ؛ مغزمیانی سے وابستہ؛ مبداء عصب سے متعلق ۔

Thalamiflorae : (n) (نباتیات) سریر گلاں ۔

Thalamifloral : (a) [mod.L. 'Thalamiflorae'.] (نباتیات) سریر گلہ؛ زیر بقچی ۔

Thalamiflorous : (a) دیکھو Thalamifloral

Thalamo-/Thalam- سابقہ بمعنی "بطن"؛ "اطاق"؛ حفر"؛ جوف"۔

Thalamocoele : (n) (تشریح) دماغ کا تیسرا جوف؛ بطن سوم مغز ۔

Thalamus : (n) [L.] (۱) (تشریح) وہ مقام جہاں اعصاب دماغ سے باہر نکلتے ہیں؛ مبداء عصب؛ مغزمیانی ۔ (۲) (نباتیات) پھول کا خانہ؛ مسند گل؛ سریر؛ طبق؛ پھول کی کرسی؛ ڈنڈی کا وہ حصہ جہاں سے پھول اگتا ہے ۔ (۳) (حیوانیات) اندرون حرم ۔ (٤) دیکھو Thallus ۔ (٥) قدیم یونانی مکان کا اندرونی حصہ؛ زنانہ ۔

Optic thalamus : مبداء عَصبِ بَصَر ۔

Thalassa : (n) (جغرافیہ) بُحیرہ؛ چھوٹا سمندر ۔

Thalassarctine : (a) (حیوانات) خَرس قطبی سے متعلق ۔

Thalassarctos : (n) (حیوانیات) خرس قطبی ۔

Thalassian : (a) [f. Fr. 'thalassios'.] دریائی؛ اقیانوسی؛ بحری؛ خصوصاً در یائی کچھوے سے متعلق ۔

Thalassian : (n) بحری یا دریائی کچھوا؛ سنگ پشت دریائی۔

Thalassic : (a) [Fr 'thalassique'.] (۱) بحری؛ دریائی؛ (جغرافیہ) بحیری ۔(۲) (حیوانیات) بحرباش ۔

Thalassinian : (a) [f. mod. L. Thalassina +- IAN] بحری یا دریائی کچھوے سے متعلق ۔

Thalassinian : (n) سمندری یا دریائی کچھوا ۔

Thalasso-/Thalassio- : سابقہ بمعنی "دریا" ۔

Thalassocracy : (n) [Gr. 'thalasscratia'.] (سیاسیات) بحری حکومت؛ سلطنت دریائی ۔

Thalassocrat : (n) سمندر پر قبضہ و اختیار رکھنے والا ؛ وہ جسے سمندر پر اقتدارِ اعلیٰ حاصل ہے ۔

Thalassocraty : (n) بحری حکومت ۔

Thalassographer : (n) دریائی جغرافیہ کا ماہر ۔

Thalassographic/-cal : (a) دریائی جغرافیہ سے متعلق ۔

Thalassography : (n) (جغرافیہ) جغرافیہ کاوہ شعبہ جو دریا اور اوقیانوس کے متعلق بحث کرتا ہے؛ جغرافیائے دریائی؛ بحریات ۔

Thalassoid : (a) (حیوانیات) بحری نما ۔

Thalassometer : (n) مدّ و جزر پیما ۔

Thalassophyte/Thalassiophyte : (n) (نباتیات) ایک قسم کا دریائی پودا؛ کائی (بحری) ۔

Thaler : (n) [G.] Taler کا متبادل؛ چاندی کا سکہ جو پہلے جرمنی میں رائج تھا؛ ڈالر ۔

Thales : (n) (تاریخ) طالیس ۔

Thalia : (n) [Gr.] (۱) تھالیا؛ جو کامیڈی (مزاحیہ ڈراما) اور شبانی (Pastoral) شاعری کی دیوی ہے ۔(۲) Ma-rantaceae جنس کا ایک پودا ۔(۳) (علم النجوم) تینیسواں (۲۳ واں) سیارچہ ۔

Thaliacean : (a) [f. mod. L.Thaliacea'.] (حیوانیات) غلاف پوش جنس کے حیوان سے متعلق ۔

Thaliacean : (n) (حیوانیات) غلاف پوش جنس کا حیوان ۔

Thalian : (a) تھالیا سے متعلق؛ مزاحیہ شاعری سے متعلق؛ مزاحیہ؛ طربیہ (شاعری) ۔

Thalidomide : (n) ایک قسم کی مسکّن خواب آور دوا (جس کا استعمال دوران حمل میں اکثر جنین پر خراب اثر ڈالتا ہے) ۔

Thalidomide baby/-child : (n) وہ لڑکا جو مسکن خواب آور دوا کے اثر سے پیدا ہوا ہو ۔

Thaliform : (a) تالوسی شکل ۔

Thallic : (a) [f. Thallium+-IC.] (کیمیا) تھیلیم کا (مرکب) جس میں آکسیجن زیادہ ہو ۔

Thallic oxide : (n) تھیلیم ثرائی اوکسائیڈ (Tl_2O_3) ۔

Thalline/-in : (n) [f. Gr. 'thallin'+-INE.] بےرنگ کا ایک مرکب جو کیتھ لین سے حاصل ہوتا ہے ۔

Thalline : (a) [f. Thallus +-INE.] (نباتیات) غصنہ سے متعلق؛ مضغہ سے متعلق ۔

Thallious : (a) (کیمیا) تھیلیم کا (مرکب) جس میں آکسیجن کم ہو ۔

Thallium : (n) [f. Gr. 'thallos'] (کیمیا) تھیلیم (عنصر، دھات)؛ ایک کمیاب سفید نرم فلزی عنصر ۔

Thallodic : (a) تالوسی ۔

Thallogen : (n) [f. Thallus +- GEN.] (نباتیات) تالوسی پودا ؛ تالوس زا ۔

Thalloid/-al : (a) (نباتیات) مضغہ نما ۔

Thallophyte : (n) [f. mod. L. 'Thallophyta '.] (نباتیات)تالوسی پودا؛ ساقہ دار پودا (مثلاً جلبک وغیرہ) ۔

Thallous : (a) [f. Thallium +- ous] Thallious دیکھو (کیمیا)

Thallus/ Thallome : (n) [L.] (نباتیات) مضغہ؛ جسم نباتی جس میں جڑ ، تنا اور پتا نہ ہو (مثلاً کائی ، غیرہ)؛ غصنہ؛ تالوس ۔

T(h)alweg : (n) [G., f. t(h)al+weg.] (ارضیات) وادیٔ راہ ۔

Thames : (n) [L.Tamesa'.] ٹیمس (Tames) ایک ندی کا نام جس پر لندن شہر واقع ہے ۔

To set the Thames on fire : تعجب خیز کام انجام دینا ۔

Thamin : (n) [Burmese. 'thamin'.] برما اور سیام کا شاخ دار ہرن ۔

Thamuz/Tammuz : (n) [Heh.'tammuz'] تموز ؛ یہودی سرکاری سال کا دسواں مہینہ اور چوتھا مذہبی سال کا، جس میں اُنتیس دن ہوتے ہیں اس کے کچھ حصے جون اور جولائی کے مطابق ہوتے ہیں نیز شامی (Syrian) دیوتا کا نام جس کا سالانہ تیوہار اس ماہ کے چاند کے آغاز سے شروع ہوتا ہے ۔

Than : (conj.) [OE. 'panne'.] (۱) بہ نسبت؛ بہ مقابلہ ؛ سے؛ تا؛ کہ؛ تااین کہ؛ بجز؛ غیراز ۔ (۲) عام طور پر Else, Other کے بعد استعمال ہوتا ہے ۔

Thanage : (n) [AFr. 'tha(y)nage'.] چودھرات (Thane) یا چودھری کا منصب؛ چودھری کا علاقہ ۔

Thanatism : (n) (دینیات) فنائیت روح (عقیدہ) ۔

Thanatist : (n) معتقد موت روح؛ معتقد فنائیت روح ۔

Thanato-/Thanat-: [comb. form of Gr. 'thanatos'.] سابقہ بمعنی "موت"؛ مرگ" ۔

Thanatognomonic : (a) (طب) علامت موت سے متعلق ۔

Thanatography : (n) (طب) بیان موت؛ موت نامہ؛ شرح مرگ ۔

Thanatoid : (a) (۱) (حیوانیات) زہریلا؛ مہلک؛ مرگ بار؛ قاتل ۔ (۲) (طب) مردہ سا؛ مردہ نما؛ موت کا سا؛ مُردے کا سا ۔

Thanatological : (a) (قدیم) علم موت سے متعلق ۔

Thanatology : (n) (فلسفہ) علم موت؛ موتیات؛ مرگ شناسی؛ مبحث مرگ ۔

Thanatomania : (n) (نفسیات) جنونِ کُشتن ؛ موت مانیا ۔

Thanatometer : (n) مرگ سنج ۔

Thanatophidia : (n) (حیوانیات) زہریلا سانپ ۔

Thanatophobia : (n) (نفسیات) موت ترسی ۔

Thanatopsis : (n) (۱) فکر موت ۔ (۲) (فلسفہ) نظریۂ موت ۔

Thanatos : (n) [Gr.] (اساطیر) غانقاریا ؛ خورہ ؛ موت عضو ؛ الہ مرگ جسے خدائے خواب کا بھائی اور خدائے شب کا لڑکا کہا جاتا ہے ۔

Thanatosis : (n) (طب) موت مجسم؛ مجسمۂ موت ۔

Thanatotic : (a) Thanatos سے متعلق ۔

Thane/Thegn : (n) [OE. 'pegn'.] (۱) انگلستان کی قدیم تاریخ موروثی امراء اور عوام کے درمیانی طبقے کا شخص ؛ ملک ؛ چودھری ؛ خان ؛ تیولدار ۔ (۲) (اسکاتستانی تاریخ) رئیس قبیلہ؛ قبیلے کا سردار ۔ (۳) نجیب زادۂ اسکاتستانی؛ اسکاتستانی آقا؛ مالک ۔

Thane-land/Thegn-land : (n) چودھری کا علاقہ یا خان کی قلمرو، علاقہ ۔

Thanedom/Thegndom : (n) [ME. 'thayndom'.] چودھرات؛ چودھری کا علاقہ یا حلقہ ۔

Thanehood/Thegnhood : (n) چودھری کا منصب؛ چودھرات ۔

Thaneship : (n) چودھری کا منصب یا عہد حکومت ۔

Thaness : (n) اسکاتستانی رئیس کی بیوی ۔

Thank : (n) [OE. 'Panc'.] (۱) تشکر؛ امتنان؛ سپاس گذاری؛ شکر؛ شکریہ ۔ (۲) اظہار تشکر ۔

Best thanks : بہت بہت شکریہ ۔

Many thanks : بہت بہت شکریہ ۔

Much thanks I got for it : (طنزاً) خوب قدردانی ہوئی ۔

No thanks to : (طنزاً) کوئی تشکر نہیں ۔

To give thanks : اظہار تشکر کرنا؛ شکریے کا اظہار کرنا؛ خصوصاً خدا کا شکر ادا کرنا ۔

To return thanks : کوئی فائدہ حاصل ہونے پر شکریہ ادا کرنا یا اظہار تشکر کرنا ۔

Thank : (v) [OE. 'pancian'] (۱) (کسی کا) شکریہ ادا کرنا؛ شکرگذار ہونا؛ شکر ادا کرنا؛ اظہار تشکر کرنا؛ امتنان کا اظہار کرنا ۔ (۲) (مستقبل میں) گزارش کرنا؛ التماس کرنا؛ سپاس گذاری کرنا (کسی احسان کے لئے) ۔ (۳) ذمہ داری لینا؛ (طنزاً) الزام لگانا؛ قابل گرفت قرار دینا ۔

Has only himself to thank for that : اس میں خوداسی کا قصور ہے؛ اس کی ذمہ داری خود اسی پر ہے ۔

Thank-offering : (n) (۱) قربانی یا نذر جو یہودی خوشی کے موقع پر دیتے تھے ۔ (۲) شکرانے کی نذر یا قربانی؛ پیشکش؛ ہدیہ؛ شکرگذاری؛ تشکر ۔

Thank you : (n) شکریہ؛ آپ کا شکریہ؛ تسلیم ۔

Thank you for nothing : (حقارت سے انکار کے موقع پر) جی بس معاف کیجئے ۔

Thank-you maam : (n) (امریکا بول چال) سڑک میں دو ڈھلوان سطحوں کا خط اتصال؛ سڑک میں شیار؛ (سڑک میں) خالی یا کھوکھلی جگہ ۔

Thankee : (n) (بازاری بول چال) شکریہ؛ تسلیم؛ آپ کا شکریہ ۔

Thankful : (a) (۱) سپاس گذار؛ متشکر؛ ممنون؛ شاکر؛ شکر آمیز؛ احسان مند ۔ (۲) شکریے کے، شکرگذاری کے (الفاظ) ۔

Thankfully : (adv.) شکر گذاری سے؛ شکریے کے ساتھ؛ شکر گذار ہوکر؛ احسان مند ہوکر ۔

Thankfulness : (n) شکرگذاری؛ احسان مندی؛ ممنونیت ۔

Thankless : (a) ناشکرا؛ ناسپاس؛ حق ناشناس؛ احسان فراموش؛ بیہودہ؛ بےارزش؛ غیر قابل تشکر؛ بے صلے کا؛ بے حس؛ غیر اثر پزیر ۔

A thankless task : وہ کام جس کی کوئی قدر نہ ہو؛ جس کا کوئی صلہ نہ ملے؛ بے صلہ خدمت یا محنت؛ بیہودہ کام؛ بے کار کام ۔

Thanklessly : (adv.) ناشکر گذاری سے؛ حق ناشناسی سے؛ ناسپاسی کے طور پر ۔

Thanklessness : (n) ناشکرگذاری؛ حق ناشناسی؛ احسان فراموشی ۔

Thanks : (n) آپ کا شکریہ؛ تسلیم ۔

Thanksgiver : (n) سپاس گذار؛ شکر گذار ۔

Thanksgiving : (n) (۱) سپاس گذاری؛ شکرگذاری؛ اظہار تشکر؛ اظہار امتنان؛ ادائے شکر (خصوصاً بارگاہِ الٰہی میں)؛ شکرانہ ۔ (۲) دعائے شکر ۔ (۳) (انجیل) شکرانے کی نذر یا قربانی ۔ (٤) (خصوصاً امریکا میں) یوم تشکر ۔

General thanks giving : عیسائیوں کی دعا کی کتاب (Prayer book) میں دعائے شکر ۔

Thanksgiving day : (n) یوم شکریا تشکر؛ وہ دن جو ریاستہائے متحدہ امریکا میں خدائے تعالیٰ کا شکر ادا کرنے کے لئے مقرر کیا جاتا ہے جو عموماً نومبر کی آخری جمعرات ہوتی ہے ۔

Thankworthily : (adv.) مناسب یا عمدہ سپاس گذاری سے ۔

Thankworthiness : (n) سزاوار امتنان ہونا؛ مناسب یا عمدہ سپاس گزاری ۔

Thankworthy : (a) قابل سپاس گذاری؛ قابل تشکر؛ قابل شکر؛ سزاوار امتنان ۔

Thar : (n) [Native name] (۱) (حیوانیات) تہار؛ نیپال میں بکری سے مشابہ ہرن ۔ (۲) اس کا اطلاق تہریا ہمالیائی جنگلی بکری پر بھی ہوتا ہے ۔

Tharf : (a) [OE.] (بول چال) سنگین؛ خشک؛ شق؛ غیرخمیری؛ فطیری ۔

Tharf-cake : (n) غیر خمیری کیک ۔

Tharm: (n) [OE. 'parm'.] (بول چال) (جمع) روده؛ شکم؛ آنت ۔

That : (a) [OE. 'poet. 'paet'.] (۱) وہ ؛ یہ ؛ اسم اشارہ جو کسی چیز کو ظاہر کرے ۔ (۲) تلفظ (dhat) اتنا؛ اس قدر ۔ (۲) (بطور اسم موصول) جو ؛ جوکہ ۔ (۳) اسم مرجع کے طور پر استعمال کرتے ہیں؛ اسم یا جملہ محولہ جس کی طرف ضمیر یا متعلق فعل رجوع کرے ۔ (٥) Relative clause کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔

After that : اس کے بعد (واقع ہوا)؛ اس وقت کے بعد؛ اس کے بعد ۔

All that : یہ اور اسی قسم کی ساری چیزیں ۔

And all that : اور اس پر قیاس کرو ۔

At that : (۱) فوراً اس کے بعد ۔ (۲) اسی طور پر؛ اسی شکل میں ۔

By that : اس وقت جب کہ واقع ہو؛ اس وقت ۔

Come out of that : (عامیانہ) بھاگ جاؤ ؛ چلے جاؤ ؛ نکل جاؤ ۔

For all that : باایں ہمہ؛ باوجود ان سب کے؛ ان سب باتوں کے باوجود ۔

I was that angry I could have struck him : (سوقیانہ) اس قدر غصہ آیا کہ جی چاہتا تھا کہ مار بیٹھوں ۔

Like that : اس طرح؛ اُس طرح؛ بدیں گونہ؛ ایں طور ۔

Not so.. as all that : بالکل ایسا نہیں جیسا وہ ۔

Put this and that together : مختلف واقعات پر مجموعی طور سے نظر ڈالو ۔

So that's that : یہ قصہ ہے؛ یہ بات ہے (گفتگو یا بیان کے ختم ہونے کے موقع پر کہتے ہیں) ۔

Talked about responsibilities and all that : ذمہ داریوں وغیرہ (اسی قسم کی پیش پا افتادہ باتوں) کا ذکر کرتا رہا ۔

This that and the other : مختلف چیزیں؛ مختلف باتیں ۔

Went to this doctor and that or to this and doctor : کبھی اس ڈاکٹر کبھی اس ڈاکٹر کے یہاں ؛ بہت سے ڈاکٹروں کے یہاں گیا ۔

Wouldn't give that for it : (انگلیاں چٹخا کر کہتے ہیں) مجھے اس کی ذرہ برابر پرواہ نہیں ؛ میری جوتی سے ۔

That : (relative pron.) ضمائر موصولہ کے مختلف طریقوں میں استعمال ہوتا ہے ۔

That : (conj.) (۱) کہ ۔ (۲) تاکہ ۔ (۳) کہ اس کی وجہ سے ۔ (٤) اس وجہ سے کہ ؛ اس لئے کہ ۔ (٥) کاش ۔ (٦) چونکہ ۔ (۷) قریب قریب ۔ (۸) جب سے کہ ۔ (۹) لیکن؛ لیکن یہ ۔

It is rather that he has not the time : زیادہ تر اس وجہ سے کہ اس کے پاس اتنا وقت نہیں ہے ۔

Now that : چونکہ اب ؛ اس لئے کہ اب ۔

Not that I have any objection : اس وجہ سے نہیں کہ مجھے کوئی اعتراض ہے ۔

That far : (بول چال) اتنی دور ۔

That is not fair : یہ بات انصاف کی نہیں ہے ۔

That is to say : یعنی؛ یہ عبارت دیگر ۔

Thataway : (adv.) (۱) (بول چال) اس سمت میں ۔ (۲) (بول چال) اس طریقے سے؛ اس طرح ۔

Thatch : (n) [A late collateral form of Thack (n)] (۱) چھپر ؛ پوال یا پیال کی چھت؛ کاہگل؛ چھپر چھانے کا سامان ۔ (۲) (بول چال) چھپر کے بال؛ سر کے گھنے بال ۔ (۳) ویسٹ انڈیز میں مختلف قسم کی کھجور کے درخت کے نام جن کے پتے چھپر چھانے یا چھت بنانے میں استعمال کئے جاتے ہیں ۔

Thatch : (v) [O Teut. 'bakjan'.] (۱) (خصوصاً) پوال یا پیال کی چھت ڈالنا؛ پھونس کی چھت بنانا؛ نرسل وغیرہ کی چھت ڈالنا؛ ارلکا قسم کی جھاڑیوں سے چھت چھانا ۔ (۲) (مجازاً) چھپر ڈالنا؛ چھپر چھانا ۔ (۳) چھانا؛ ڈھانکنا؛ چھت بنانا؛ کاہگل کرنا؛ مکان پر چھت ڈالنا ۔

Thatch-palm : (n) کھجور کا درخت؛ کھجور کے پتے ۔

Thatched roof : (n) (تعمیرات) پھونس کی چھت؛ چھپر ۔

Thatcher : (n) کاہگل کرنے والا؛ چھت چھانے والا؛ چھت بنانے والا ۔

Thatching : (n) چھت بنانے یا چھانے کا عمل؛ چھت؛ پھونس کی چھت؛ پوال یا پیال کی چھت ۔

Thatness : (n) [f. That dem. pron.+-Ness] (فلسفہ) ہونا ۔

That's dear : شاباش تم بڑے اچھے ہو (بات مان لینے کے شکریے میں یا التجا کے طور پر چھوٹوں سے یا دوستوں سے کہا جاتا ہے) ۔

That's right : (۱) (عام) بہت خوب ۔ (۲) (سوقیانہ) ہاں ۔

Thaumato- : [comb. form of Gr. 'thauma'.] سابقہ بمعنی عجیب شے؛ معجزہ ؛ معجزہ آسا؛ سحر و افسوں۔

Thaumatogeny : (n) (دینیات) (نظریہ) معجزانی تخلیق۔

Thaumatography : (n) عجائبات نگاری؛ تشریح وتوصیف عجائب طبعی۔

Thaumatolatry : (n) (دینیات) عجائبات پرستی۔

Thaumatology : (n) معجزہ کا علم؛ تشریح معجزہ؛ کرامات کا علم؛ کراماتی بحث؛ معجز نما بحث؛ معجز نما بیان۔

Thaumatrope : (n) [irreg. f. Gr. 'thauma'+ 'trophos'.] (۱) (بصریات) چرخ حیرت ؛ گردش نما۔ (۲) سیربین؛ جس میں ایک گول شیشے پر تصویریں بنی ہوتی ہیں اور تیزی سے چکر دینے سے حرکت کرتی ہوئی نظر آتی ہیں۔

Thaumatropic : (a) گردش نما کا یا اس سے متعلق؛ سیربین سے متعلق۔

Thaumaturge : (n) [med. L. 'thaumaturgus'.] (۱) (دینیات) معجزہ کار ؛ معجزہ نما ؛ معجزہ دکھانے والا۔ (۲) جادوگر۔(۳) صاحبِ کرامات و خرقِ عادات۔

Thaumaturgic/-al : (a) (۱) جادو کا؛ جادو کی قسم کا ؛ سحر انگیز ۔ (۲) حیرت انگیز؛ معجزہ آسا؛ خارق العادت۔(۳) شعبدہ بازی سے متعلق۔

Thaumaturgics : (n) (۱) جادو کےکھیل؛ عملیات خارق العادت۔ (۲) فن جادوگری و ساحری۔

Thaumaturgism : (n) (دینیات) معجزہ؛ کرامت۔

Thaumaturgist : (n) جادوگر؛ شعبدہ باز؛ ساحر۔

Thaumaturgus : (n) (دینیات) عامل عجائبات؛ صاحب کرامت۔

Thaumaturgy : (n) [Gr. 'thomaturgia'.] (۱) (اساطیر) جادو ؛ شعبدہ بازی ۔ (۲) (دینیات) معجزہ؛ اعجاز؛ کرامت؛ خرق عادت۔

Thaw : (n) (۱) برف پگھلنا؛ برف پگھلنے کا موسم۔(۲) برف پگھلنے کی گرمی یا برف پگھلنے کے لائق گرمی ۔(۳) موسم کی حالت درجہء حرارت کے بڑھنے سے ۔(٤) گداختگی ؛ گدازش ؛ یخ کشا ۔(٥) (موسمیات) ذوبان ؛ سیلان الثلج ۔ (٦) (موسمیات) موسم ذوبان۔

Thaw : (v) [OE. 'pawian'.] (۱) پگھلنا؛ گھلنا (برف اور جمی ہوئی چیزوں کا) ۔ (۲) (موسم میں) اتنی گرمی پیدا ہونا کہ برف پگھل جائے؛ حرارت کا نقطہء انجماد ۳۲ درجے سے بڑھ جانا ۔ (۳) سرد مہری یا رکاوٹ دور ہونا؛ بےتکلیف ہونا؛ کھلنا؛ (ملاقات میں) گرم جوشی پیدا کرنا ۔ (٤) پگھلانا؛ گھلانا ۔(٥) سردمہری یا رکاوٹ دور کرنا ۔(٦) (مجازاً) زندہ دل ہونا؛ خوش مزاج ہونا ۔ (۷) (مجازاً) نرم ہونا ؛ مہربان ہونا۔

Thawless : (a) کبھی نہ پگھلنے والا؛ (برف) پانی نہ ہونے والی۔

Thawy : (a) برف پگھلنے کا؛ برف پگھلنے کے متعلق۔

The : (a) [late OE. 'pe'8.] (۱) عموماً حرف تخصیص یا حرف تعریف کے معنی میں اسمائے نکرہ سے پہلے آتا ہے ۔ (۲) بعض اوقات واحد کے پہلے آکر کسی جنس یا جماعت کے نمائندے کے معنی پیدا کرتا ہے (مثلاً شیر بہ حیثیت اپنی جنس کے نمائندے کے The lion) ۔ (۳) بہ عض اسماء سے پہلے آکر ان کے معنی کو محدود کرتا ہے اور عموماً شغل یا پیشے کے معنی پیدا کرتا ہے (تھیٹر کا ایکٹر (The stage) ؛ پادری یا واعظ کا پیشہ The pulpit ۔ (٤) بیماریوں وغیرہ کے نام سے پہلے (اب یہ استعمال کسی قدر قدیم سمجھا جاتا ہے (The Small pox) ۔(٥) شرح یا در بتانے کےلئے "فی" کے معنی میں (چار پینس فی پونڈ (4d the pound) ۔(٦) بعض اوقات اس طرح استعمال ہوتا ہے کہ اس کے بعد موصول کی ضرورت ہوتی ہے جو عموماً مقدر ہوتا ہے (وہ کتاب جو تم نے مستعار لی تھی The) book you borrowed ۔(۷) اسم صفت سے پہلے آکر اسم جمع یا اسم مجرد کے معنی پیدا کرتا ہے (شوکت The sublime حسن The beautiful) ۔(۸) (تلفظ dhe عموماً ترچھے تاکیدی حروف میں لکھتے ہیں) شخص یا چیز کے نام سے پہلے جب اس نام کا سب سے مشہور شخص یا چیز مراد ہو ۔ (۹) اکثر ایسے لفظ کے شروع میں استعمال ہوتا ہے جس سے وقت کا اظہار ہوتا ہے جیسے The time, the day, the hour وغیرہ ۔ (۱۰) تعداد کےپہلے استعمال ہوتا ہے جس سے سال کا اظہار ہوتا ہے ۔ (۱۱) پہاڑ، دریا، جزیرے کے نام کےپہلے استعمال ہوتا ہے (The high street, The matter horn) ۔ (۱۲) سمت

کے پہلے استعمال ہوتا ہے جیسے The north, the east وغیرہ ۔(۱۳) علوم کے پہلے ۔(۱٤) اخبار اور رسائل کے قبل استعمال ہوتا ہے ۔(۱۵) زبان کے پہلے استعمال ہوتا ہے ۔(۱٦) بڑے عہدے کے ساتھ استعمال ہوتاھے جیسے The king, the prince ۔(۱۷) معروف مفنی اور ایکٹر کے نام کے پہلے ۔(۱۸) جسم کے کسی عضو کے ساتھ ۔ (۱۹) رشتہ دار کے ساتھ۔(۲۰) وزن اور پیمانے کے پہلے استعمال ہوتا ہے ۔(۲۱) دنوں کے قبل استعمال ہوتا ہے ۔

اس کے لئے برا ہے؛ بہت برا ہے ۔ : So much the worse for him

یہ تو اور بھی برا ہے ۔ : That makes it all the worse

The : (adv.) [OE. 'pe'.] (۱) جتنا؛ اتنا ہی ۔(۲) اس قدر؛ اس وجہ سے ۔(۳) تاکید یا تکرار کےلئے آتا ہے ۔ (٤) برچہ؛ ہماں قدر؛ ہم چناں ۔

Thea : (n) [mod. L. f. 'thea'.] (نباتیات) جنس چائے ۔

Theaceae : (n) (نباتیات) چائیہ ۔

Theaceous : (a) (نباتیات) چائی ۔

Theandric : (a) [Gr. 'theadrikos'.] (مسیح کی ذات میں) الوہیت و بشریت کے اجتماع کا (عقیدہ وغیرہ)؛ (دینیات) اوتاری۔

Theanthropic : (a) (۱) (دینیات) اوتاری؛ اوتار کا (عقیدہ)؛ خدا کے انسانی شکل میں ظاہر ہونے کا (عقیدہ) ۔(۲) (دینییات) خدائی وانسانی؛ الٰہی وبشری۔

Theanthropism : (n) (عقیدہ) اوتاریت ۔

Theanthropist : (n) اوتاریت کا حامی ۔

Theanthropos : (n) [eccl. Gr.] (عیسیٰ مسیح کا خطاب) خدا اور انسان کی صفات ۔

Theanthropy : (n) (عقیدہ) اوتاریت ۔

Thearchic : (a) حکومت الٰہی سے متعلق؛ دیوتاؤں کے راج کا یا اس سے متعلق ۔

Thearchy : (n) [eccl. Gr. 'thearchia'.] (۱) (دینیات) حکومت الٰہی ۔ (۲) (اساطیر) دیوتا شاہی؛ دیوتاؤں کا راج ۔(۳) (سیاسیات) ارباب نامہ ؛ سلسلہ؛ دیوتایان ؛ دیوتاؤں کا طبقہ یا سلسلہ ۔ (٤) (سیاسیات) مذہبی حکومت ۔

Olympian thearchy : کوہ المپس کے دیوتا ۔

Theatine : (n) [mod. L. Theatinus'.] مسیحیوں کی ایک جماعت کا رکن جیسے Regular clerks جن کو (کشیشان رسمی) کہا جاتا ہے اس جماعت کی تشکیل سنہ ۱۵۲٤ء میں ہوئی اور سنہ ۱٦۰۰ء میں راہبہ کی ایک جماعت قائم ہوئی ۔

Theatine : (a) اس جماعت سے متعلق ۔

Theatral : (n) [L. 'theatralis'.] (شاذ) تھیٹر سے متعلق ؛ تماشاگاہ سے متعلق ۔

Theatre : (n) [L. 'theatrum.] (۱) (یونان قدیم) کھلی جگہ میں ڈراما تھیٹر یا ناٹک دکھلانے کا مقام ۔ (۲) تھیٹر ؛ تماشاگاہ؛ ناٹک گھر؛ بازیگرخانہ ۔ (۳) تھیٹر؛ لیکچر وغیرہ کا کمرا جس میں نشست گاہوں کی قطاریں تدریجاً بلند ہوتی جاتی ہیں ۔(٤) تمثیلی ادب؛ کسی قوم یا کسی دورکے ناٹک کی کتابیں بہ حیثیت مجموعی ۔ (۵) فن تمثیل ؛ ناٹک کا فن؛ فن تماشا؛ ڈراما ۔ (٦) موقع میدان ؛ میدان جنگ ؛ رزم گاہ ۔ (۷) اسٹیج یا پلیٹ فارم تماشا کے لئے یا جس پر تماشا دکھلایا جائے ۔(۸) ڈراما دیکھنے والے؛ تماشابین ۔ (۹) عوامی تقریب کے لئے عارضی اسٹیج، ڈانس وغیرہ ۔ (۱۰) (مجازاً) کوئی چیز جو تھیٹر کے طور پر پیش کی جائے ۔ (۱۱) کوئی جگہ جہاں کچھ کام شروع ہوتا ہے؛ مقام عمل ۔

Good theatre : وہ تھیٹر جو اسٹیج پر کامیاب ہو ۔

Operating theatre : آپریشن تھیٹر جس میں طبی مدرسے کا استاد جراحی طلبا کے سامنے عمل جراحی کرتا ہے ۔

Patent theatre : انگلستان کا وہ تھیٹر جو لارڈ چیمبرلین کے لائسنس سے نہیں بلکہ سند شاہی کے ذریعے قائم ہوا ہو؛ تھیٹر منظور شاہی۔

Picture theatre : سنیما ہال؛ تماشا گاہ؛ وہ جگہ جہاں سنیما دکھلایا جاتا ہے ۔

Theatre-goer : (n) تھیٹر دیکھنے کا عادی ؛ تھیٹر کا شائق ۔

Theatre-going : (n) تھیٹر دیکھنے یا تھیٹر جانے کی عادت، معمول، شوق ۔

Theatre-going : (a) تھیٹر دیکھنے والا ۔

Theatre-in-the-round : (n) ایسے اسٹیج پر نمائش کرنا جس کے چاروں طرف نمائش بیں ہوں؛ دیکھو Arena theatre ۔

Theatre of war : (n) (فوج) میدان جنگ؛ رزم گاہ ۔

Theatre sister : (n) (برطانیہ) آپریشن تھیٹر کی نرس ۔

Theatric : (a) [late L. 'theatricus'.] (۱) تھیٹر کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) تھیٹر کے رنگ کا؛ تھیٹرپن کا؛ اثر جمانے کے ڈھب کا؛ تصنع آمیز؛ بناوٹ کا؛ دکھاوے کا؛ نمائشی ۔ (۳) تھیٹری طرز و وضع کا؛ نمود ونمائش کا؛ نمود و نمائش والا ۔

Theatrical : (a) (۱) تھیٹر کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) تھیٹرپن کا ؛ تصنع آمیز ؛ بناوٹ کا ؛ نمائشی ۔ (۳) تھیٹر کے لائق ۔ (٤) ایکٹنگ کا یا ایکٹروں کا؛ اداکاروں کا ۔ (٥) مصنوعی؛ اغراق آمیز ۔ (٦) متاثر؛ تاثری ۔

Theatrical : (n) (۱) (جمع) ناٹک کے تماشے؛ ناٹک خصوصاً اتائیوں کا ناٹک ۔ (۲) پیشہ ور ایکٹر ۔ (۳) (مجازاً) ایکٹنگ ؛ ڈرامائی کردار کی اداکاری ۔

Private threatricals : اتائیوں کا ناٹک ۔

Theatrical performance : (n) نمائش؛ تھیٹر کا تماشا ۔

Theatricalism : (n) (۱) ڈرامائی طرز یا کردار ۔ (۲) تھیٹر کے مانند ہونے کی حالت؛ نمودونمائش؛ تھیٹر پن؛ تصنع؛ بناوٹ ۔ (۳) تھیٹر کا محاورہ؛ تھیٹر کی چیز ۔

Theatricality : (n) (۱) تھیٹرپن؛ تصنع؛ بناوٹ ۔ (۲) تھیٹر بازی؛ نمائش ۔

Theatricalize : (v) (۱) تھیٹر بن جانا یا بنا دینا؛ تھیٹر کا رنگ پیدا ہوجانا؛ پیدا کردینا ۔ (۲) اسٹیج پر ایکٹ کرنا؛ اداکاری کرنا؛ نمائش دکھلانا ۔

Theatrically : (adv.) تھیٹر کے رنگ میں؛ تھیٹرپن کےانداز سے؛ تصنع یا بناوٹ سے ۔

Theatricalness : (n) تھیٹرپن؛ تصنع؛ بناوٹ ۔

Theatrician : (n) تھیٹر آرٹ کا ماہر؛ کارگرداں؛ تھیٹر کا تکنیکی ماہر ۔

Theatricism : (n) دیکھو Theatricalism

Theatro- : [comb. form of Gr. 'theatron'.] سابقہ بمعنی "تماشا خانہ" "تھیٹر" "تیاتر" ۔

Theatrocracy : (n) قدیم ایتھینی جمہوریہ کی طاقت مطلق یا اختیار مطلق ۔

Theatrophobia : (n) تھیٹر سے خوف؛ تھیٹرجانے سےنفرت؛ نفرت سنیما ۔

Theave/Thaive : (n) [Origin Unkn.] جوان بھیڑی (یک یا دو سالہ) جس کو ابھی بچہ نہیں ہوا ہو ۔

Thebaic : (a) [L.'Thebaicus'.] سواحل نیل کے شہر تیبیس (Thabes) کا یا اس سے متعلق ۔

Thebaic : (a) [f. as prec.] (کیمیا) تریاقی؛ افیون سے نکالا ہوا ۔

Thebaic electecary : (n) تریاق ۔

Thebaic extract/-tincture : (n) شیرۂ افیون؛ الکحل اور افیون کا مرکب ۔

Thebaic marble/-stone : (n) تھیبیس (Thebes) کی سانینہ؛ ایک قسم کی قلمی قلوی چٹان جو آتش فشاں مادے سے ملتی ہے اور جس میں سنگ مردہ یا تو بہت کم ہوتا ہے یا بالکل نہیں ہوتا ۔

Thebaid : (n) [L. 'Thebais,-id-'.] (۱) تھیبیس کا علاقہ (مصر میں) ۔ (۲) نظم جس کا موضوع تھیبس (Thebes) کا محاصرہ ہو؛ جنگ نامۂ تھیبس (خصوصاً Statius کا مصنف ۔

Thebaid : (a) (Thebes) تیبس سے متعلق ۔

Thebaine : (n) مادہ سمی قلیائی؛ زہر آلود قلیائی مادہ جو افیون سے حاصل کیا جاتا ہے($C_{19}H_{21}NO_3$) ۔

Theban : (a) [L. 'Thebanus', f. Thebae'.] شہر تیبس کا یا اس سے متعلق ۔

Theban : (n) تھیبس (Thebes) کا باشندہ؛ تھیبس کا شہری ۔

Theban drug : (n) افیون یا شیرۂ افیون ۔

Theban year : (n) مصری سال (جو ۳٦٤ ۱/٤ دنوں کا ہوتا ہے)۔

Theca : (n) [L.] (۱) کیسہ؛ غلاف؛ پوشش؛ کیپسول؛ محفظہ ۔ (۲) (نباتیات) زرریشہ؛ حامل زر؛ کیسہء زر۔ (۳) (حیوانیات) غلاف؛ صُرّہ؛ جھلی؛ خول ۔

Thecacyst : (حیوانیات) صُرّ انبان ۔

Thecal : (a) کیسہ سے متعلق؛ کیسہء زر سے متعلق ؛ جھلی صفت۔

Thecal abscess : (n) (طب) غلافی پھوڑا ۔

Thecate : (a) غلاف دار؛ خول دار؛ کیسہ دار؛ کیپسول دار؛ صُرّوی۔

Theciferous : (a) (نباتیات) کیسہ دار ۔

Theclan : (a) [f. mod. L. 'Thecla.'] (تشریح) Thecla کی جنس کا پتنگا ۔

Theco-/Theca- : سابقہ بمعنی "صُرّ"؛ "محفظہ و مخزن" ۔

Thecodactyle : (a) [Gr. 'daktolos'.] موٹے چنگل یا پنجے والا / والی (جیسے بعض چھپکلی)۔

Thecodactyle : (n) ایک قسم کی چھپکلی ۔

Thecodactylous : (a) چنگل یا پنجہ نما ۔

Thecocodont : (n) (حیوانیات) صُرّ دنداں ۔

Thecodont : (a) صُرّ دندان والا ۔

Thecophore : (n) (۱) صرّہ بردار۔ (۲) دیکھو Gynophore ۔

Thecosomata : (n) غلاف تنہ؛ صُرِ بدنہ ۔

Thecosomate/Thecosomatous : (a) غلاف تنہ سے متعلق ۔

Thecospore : (n) کیسہ بذرہ؛ صُرّ بذرہ ۔

Thecosporous : (a) کیسہ بذرہ والا ۔

Thedansant : (n) [Fr.] دوپہر کے بعد کی مجلسِ رقص جس میں چائے تقسیم کی جاتی ہے ۔

Thee : (pers.pron.) [L. 'te'.] ضمیر کی مفعولی حالت؛ تجھ کو؛ دیکھو Thou کسی کو تُو کہنا؛ تو کہہ کے مخاطب کرنا ۔

Thee : (a) (۱) وہ شخص جس کو مخاطب کیا جائے ۔(۲) یہ لفظ کسی کو خطاب کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے (قدیمی)۔

Thee : (v) [f. Thee. (pron).] ضمیر Thee کو کسی کو مخاطب کرنے کےلئے استعمال کرنا (قدیمی) ۔

Theek : (v) [ME. 'thekan', perh. of Scand origin.] ڈھانکنا؛ چھپانا؛ چھانا؛ چھپر چھانا ۔

Theft : (n) [ME. thiefthe'.] (۱) چوری ؛ سرقہ؛ دزدی ؛ چوری کرنے کا عمل ۔ (۲) مال مسروقہ؛ چوری کی ہوئی یا چرائی ہوئی چیز ۔

Theft insurance : (n) وہ بیمہ جو کسی نقصان یا جانداد یا مال کے غیرقانونی طور سے لئے جانے کے برخلاف کرایا گیا ہو؛ سرقہ بیمہ ۔

Theft proof : (a) سرقہ یا چوری سے محفوظ؛ چوروں کے خلاف مزاحم ہونے والا ۔

Theftuous : (a) چوری کا؛ سرقہ ۔

Theftuously : (adv.) چوری سے؛ چوری کے طور پر ۔

Thegither : (اسکاتستان) Together کا متبادل ۔

Thegn : Thane کا متبادل ۔

Thegnhood : (n) Thane کا عہدہ؛ Thane کا حکم ۔

Theic : (n) کثرت سے چائے پینے والا ۔

Theine : (n) [f. mod. L. 'thea'+-INE.] (کیمیا) قہویہ؛ تھینن؛ کیفین۔

Their : (a) ان کا؛ اُس کا؛ ان لوگوں کا ۔

Theirs : (poss.pron.) [f. Their +- es] Their کی شکل جو اسم کے بعد استعمال ہو ؛ ان لوگوں کا ۔

Theism : (n) (f. Gr. 'theos +- ISM) (۱) (دینیات) الٰہیات؛ توحید ؛ خدا پرستی ؛ خدا شناسی ؛ خدا کا عقیدہ ؛ یہ عقیدہ کہ خدا موجود ہے اور اسی کی طرف سے بندوں کی ہدایت کے لئے وحی نازل ہوتی ہے (مقابلے کے لئے دیکھو Deism) ؛ یہ عقیدہ کہ خدا قادر مطلق ہے ۔ (۲) (فلسفہ) عقیدہء علت العلل۔

Theism : (n) [f. mod. L. 'thea'+-ISM.] (۱) کثرت چائے نوشی ۔ (۲) (طب) سمّیت چائے؛ کثرت چائے نوشی سے ہونے والی کسالت؛ درد اختلاج قلب اور فقدان نیند کی بیماری ۔

Theist : (n) [f. Gr.] (۱) (دینیات) معتقداللّٰہ؛ معتقدوحدانیت خدا ؛ معتقد یك خدا ؛ موحّد ؛ خدا پرست ۔ (۲) (دینیات) قائل وحی؛ خدا کے وجود اور وحی کا قائل ۔

Theistic/-al : (a) خدا پرستی کا ۔

Theistically : (adv.) خدا پرستی کے طور پر ۔

Thelematism : (n) (فلسفہ) ارادیّت ۔

Thelematology : (n) ارادیّات ۔

Thelitis : (n) (طب) ورم سر پستان ؛ ورم حُلمہ ۔

Thelium : (n) (تشریح) نوك پستان ۔

Thelyblast : (n) (حیوانیات) مادہ نہوض ۔

Thelygenic : (a) (حیوانیات) کلّی طور پر یا زیادہ صرف مادہ پیدا کرنے والی ۔

Thelytokcus : (a) [f. Gr. 'thelytokos' +- OUS] صرف مادہ پیدا کرنےوالی ۔

Thelytoky : (n) (حیوانیات) مادہ زائی ۔

Them : (pron.) [ME. 'pein'] ضمیر شخصی؛ دیکھو The؛ ان لوگوں کو ۔

Thema : (n) (۱) موضوع (تقریر یا خیال کا)؛ مطلب ۔ (۲) دیکھو Theme ۔

Thematic/-al : (a) [Gr. 'thematiko'.] (۱) (موسیقی) موضوع نغمہ کا؛ ترجیعی سُر کا ۔ (۲) (قواعد) اصل یا مادے کا یا اس کےمتعلق ۔

Thematic form : (n) اصلی صورت ۔

Thematic-catalogue/-index/-summary : (n) ترتیب یا فہرست جس میں نغموں کے موضوع اور اس کے کچھ حصے درج ہوں؛ اُہنگی فہرست ۔

Thematic vowel : (n) اصلی حرف علت ۔

Thematically : (۱) موضوع کے لحاظ سے ؛ ترجیعی سُر کے لحاظ سے ۔ (۲) اصل یا مادے کے اعتبار سے ۔ (adv.)

Theme : (n) [ME. 'teme'.] (۱) موضوع (تقریر، خیال کا)؛ مطلب ؛ موضوع گفتگو ؛ موضوع بحث ۔ (۲) مشقی مضمون جو خصوصاً اسکول میں لکھوایا جاتا ہے؛ انشاء ۔ (۳) (موسیقی) موضوع نغمہ؛ وہ خیال جو ادا کیا جائے؛ ترجیعی سُر؛ وہ سُر جو بار بار آئے ۔ (٤) (لسانیات) مادہ؛ اصل (اسم یا فعل کی جس کے ساتھ اور اجزا ملا کر مشتقات بنتے ہیں) ۔ (٥) (علم النجوم) مدار ۔ (٦) (قدیم تاریخ) بازنطینی (Byzantini) سلطنت کے ۲۹ صوبوں میں سے کوئی صوبہ جس میں بازنطینی سلطنت تقسیم ہوگئی تھی ۔

Theme : (v) موضوع مرتب کرنا؛ترجیعی سُر مکمل کرنا ۔

Theme song : (n) ترجیعی نغمہ؛ فلم یا غنائی ناٹك میں وہ گیت جو بار بار آتا ہے ۔

Themis : (n) [Gr.] (۱) (قدیم یونان) انصاف کی دیوی ؛ تھیمس؛ آلہ داد گستری؛ الہ عدالت ۔ (۲) قانون اورانصاف (مجسم شکل میں) ۔ (۳) چوبیسویں سیارچے کا نام ۔

Themselves : (pron.) (۱) اپنے آپ کو؛ خود کو ۔ (۲) (تاکیدی) خود ۔

To be themselves : اپنی اصلی حالت میں ہونا ۔

Then : (adv.) [OE. 'panne'.] (۱) اس وقت؛ اس زمانے میں؛ تب ؛ مخصوص وقت کے بتانے میں استعمال ہوتا ہے ۔ (۲) پھر ؛ اس کے بعد؛ تب بعد؛ آئندہ ۔ (۳) ایسی صورت یا حالت میں ؛ تب تو ؛ پھر تو ۔ (٤) (با دل ناخواستہ یا بھلا کر کسی بات کو قبول کرنے کے موقع پر) خیر؛ اچھا صاحب ۔ (٥) اس زمانے یا وقت کا؛ جو اس زمانے میں تھا ۔ (٦) وہ وقت ۔ (۷) کبھی کبھی؛ وقتاً فوقتاً؛ مختلف اوقات میں ۔ (۸) کسی عمل کے فوراً بعد کے لئے استعمال ہو ۔ (۹) لیکن ایك ہی وقت میں ۔ (۱۰) اس لئے؛ ایسا ۔ (۱۱) (اسم اور صفت کے طور پر) اس وقت ؛ اب ؛ اس موقع سے ۔

By then that : اس وقت کے مطابق؛ اس وقت سے ۔

Every now and then : وقتاً فوقتاً؛ اکثر؛ گاہے گاہے ۔

Go then : اچھا صاحب جائیے ۔

Now and then : کبھی کبھی؛ وقتاً فوقتاً ۔

Take it then : خیر لے لو ۔

There and then : اس خاص وقت میں؛ فوراً؛ بروقت ۔

The then existing system : وہ طریقہ جو اس وقت رائج تھا ۔

The then ruler : اس وقت یا زمانے کا حاکم یا بادشاہ ۔

Then-a-days : (adv.) (شاذ) ان دنوں میں؛ اس موقع سے؛ اس وقت (گزشتہ) ۔

Then and there : (adv.) فوراً؛ بر وقت ۔

Then-clause : (n) جواب شرط ۔

Thenad : (adv.) [f. Thenar+-ed.] (تشریح) راحی کی طرف؛ کفِ دست خارجی کی طرف ۔

Thenal : (a) [f. Thenar.+-AL.] (۱) (تشریح) راحی؛ کفِ دست کا یا اس سے متعلق ؛ کفِ دستی ۔ (۲) کف پائی ۔

Thenar : (n) [mod. L.] (۱) (تشریح) کف دست ؛ ہتھیلی ؛ راحۃ الید؛ ہتھیلی کی گدی؛ ہتھیلی کا خارجی حصہ ۔ (۲) کفِ پا؛ تلوا ۔

Thenar : (a) کف دست کا؛ ہتھیلی کا؛ تلوے کا ۔

Thenar ominence/-prominence : (n) ہتھیلی کی گدی؛ ہتھیلی کی مچھلی؛ فراز ابہام ۔

Thenar mucles : (n) وہ عضلہ جو فراز ابہام کی تشکیل کرتا ہے ۔

Thenardite : (n) [f. name of L. j. Thenard, French chemist.] خشک سوڈیم سلفیٹ جو بھورے یا سفید بلور کی شکل میں نمودار ہوتا ہے جس کا فارمولا یہ ہے (Na_2SO_4) ۔

Thence : (adv.) [ME. 'pannes'.] (۱) اس جگہ سے؛ اس مقام سے ؛ وہاں سے ۔ (۲) اس بات سے؛ اس وجہ سے ۔ (۳) دوری سے؛ دور سے ؛ دور کے مقام سے؛ غیر حاضر ۔ (٤) (شاذ) اس وقت سے؛ اس کے بعد سے ۔

Thence after : (adv.) اس کے بعد ؛ بعدہٗ ۔

Thence-from : (adv.) (شاذ) اس مقام سے؛ اس جگہ سے؛ اس وقت سے ۔

Thence-forth : (adv.) [origin two words.] (۱) اُس وقت سے ؛ تب سے ۔ (۲) اس مقام سے ؛ وہاں سے ۔

Thence-forth : (n) وہ وقت ؛ وہ مقام ۔

Thence-forward : (adv.) [origin. two words.] (۱) اس وقت سے؛ اس جگہ سے ۔ (۲) اس کے بعد؛ اس کے بعد سے ۔

Thenceward : (adv.) اس کے بعد سے ؛ اس جگہ سے؛ اس وقت سے ۔

Thenness : (n) اس وقت کی کیفیت و حالت؛ اس وقت کی موجودیت ۔

Theo-/The- : سابقہ یونانی لفظ بمعنی "خدا"؛ "دیوتا" ۔

Theobroma : (n) [mod. L.] (نباتیات) جنس کوکو؛ جنس مارجیل ۔

Theobromic : (a) (کیمیا) تھیبرومک ایسڈ ۔

Theobromic acid : (a) ایک ایسڈ جو کوکو مکھن سے نکلتا ہے ($C_{64}H_{128}O_2$) ۔

Theobromine : (n) تلخ متلون الکوحل ($C_7H_8N_4O_2$) جو کوکو درخت سے حاصل ہوتا ہے ۔

Theocentric : (a) (دینیات) خدا مرکزی ۔

Theochristic : (a) [Gr. 'theochristos'.] خدائی و مسیحائی ۔

Theocracy : (n) [Gr. 'theokratia'.] (۱) حکومت الٰہی؛ جس میں وحیِ الٰہی کے مطابق حکومت کی جائے ۔ (۲) وہ حکومت جس کے قوانین اور عدلیہ مذہب کی شرع کے مطابق ہو ۔ (۳) دینی حکومت؛ مذہبی حکومت جس میں پیشوایان دین نائب الٰہی کی حیثیت سے حکومت کرتے ہیں ؛ (سیاسیات) دینی راج یا حکومت ۔

Theocrasy : (n) [Gr. 'theokrasis'.] (۱) (قدیم اساطیر) (دینیات) وصل خدا ؛ فنا فی اللّٰہ کا درجہ ؛ روح کا وصل ؛ خدا سے فکر اور مراقبے کے ذریعے؛ خصوصاً اشراقیوں اور بدھ مت والوں کے یہاں ۔ (۲) (دینیات) اختلاط مذاہب ۔ (۳) شرک؛ ارباب پرستی ۔

Theocrat : (n) (۱) خداوند کشور؛ بادشاہ؛ دینی حکومت کا حاکم یا محکوم؛ حکومت الٰہی میں رہنے والا ۔ (۲) طرفدار حکومت الٰہی ۔

Theocratic/-al : (a) [f. Gr. 'theokratia'.] حکومت الٰہی کا؛ مذہبی حکومت کا یا اس سے متعلق؛ ملکوت خدائی ۔

Theocratically : (adv.) حکومت الٰہی کے طریقے سے ۔

Theocratist : (n) حکومت الٰہی کا حامی یا معتقد ۔

Theodicy : (n) [Fr. 'Theodicee'.] (دینیات) اثبات عدل الٰہی؛ عدل پروردگار پر اعتقاد؛ دنیا میں شر کے وجود کی تاویل اور توجیہ کرکے ذات الٰہی کو بے انصافی کے الزام سے بری ثابت کرنا ۔

Theodolite : (n) [Origin Unkn.] (سروے) زاویہ گیر؛ زاویہ پیما؛ ایک دستی پیمائشی آلہ جس میں دوربین کے افقی اور عمودی زاویوں کی پیمائش ہوتی ہے؛ تھیوڈولائٹ؛ زاویہ پیما دوربین ۔

Theodolitic : (a) زاویہ پیما آلے سے متعلق؛ زاویہ پیما آلہ سے پیمائش کی ہوئی ۔

Theodosian : (a) [f. the name 'Theodosius'.] رومی شہنشاہ تھیوڈوسیوس دوم (۴۵۰ ۔ ۴۰۸ء) کا یا اس سے متعلق ۔

Theodosian : (n) (۱) تھیوڈوسیوس کا حامی یا پیرو (جو Monophysites فرقے کا رہبر یا لیڈر تھا) ۔ (۲) تھیوڈوسیوس، ایک روسی راہب (Monk) کے قائم کردہ فرقے کا ایک رکن ۔

Theodosian code : (n) ضابطہ تھیوڈسیوس؛ ضابطہء قانون جو تھیوڈوسیوس ثانی المتوفی سنہ ۴۵۰ء کے عہد میں اس کی ہدایت کے مطابق مرتب ہوا اور سنہ ۴۳۸ء میں شائع ہوا تھا ۔

Theogonic : (a) دیوتاؤں کے نسب نامے سے متعلق ۔

Theogonism : (n) دیوتاؤں کے شجرے کا طریقہ یا اصول ۔

Theogonist : (n) دیوتاؤں کا نسب نظم کرنے والا شاعر ۔

Theogony : (n) [Gr. 'theogonia'.] نسب نامہء ارباب؛ دیوتاؤں کا شجرہ؛ دیوتاؤں کے اجداد و اعقاب کا مطالعہ اور شناسائی؛ وہ (نظم جس میں دیوتاؤں کا نسب نامہ بیان کیا جائے) ۔

Theolatry : (n) [Gr.] خدا پرستی؛ دیوتاؤں کی پرستش؛ پرستش ارباب انواع ۔

Theologal : (n) [L. 'theologus'.] (کلیسا) کتاب مقدس اور خدا شناسی کے متعلق سخن رانی یا لیکچر ۔

Theologaster : (n) [mod.L. (Luther 1518) ,f.theologus'.] کم مایہ عالم‌دین؛ دین کا تھوڑا علم رکھنے والا ۔

Theologer : (n) (شاذ) خدا شناس؛ متخصص الٰہیات؛ عالم علم الٰہیات ۔

Theologian : (n) [L. theologia'.] (۱) عالم دین؛ دینیات کا عالم؛ الٰہیات داں؛ خدا شناس؛ متخصص الٰہیات ۔

Canon theologian : دیکھو Theologal

Theologic : (a) [L.'theologicus'.] علم دین سے متعلق؛ مربوط بہ الٰہیات ۔

Theological : (a) [med. L. 'theologicalis'.] دینی؛ دینیات کا؛ علم دین سے متعلق؛ علم الادیانی ۔

Theological : (n) عالم الٰہیات؛ مذہبی کالج کا تربیت یافتہ شخص ۔

Theological science : (n) (دینیات) علم الکلام ۔

Theologically : (adv.) علم دین کی رو سے؛ علم دین کے مطابق؛ دینی نظریہ کے مطابق ۔

Theologician : (n) [f. L. theologicus+- IAN.] دیکھو Theologian

Theologico- : [comb. form from Gr.'theologikos'.] سابقہ بمعنی "علم دین کا"؛ "مربوط بہ الٰہیات" ۔

Theologico-metaphysical : (a) الٰہی اور مابعد الطبیعی ۔

Theologico-political : (a) الٰہی اور سیاسی ۔

Theologism : (n) اصول خدا شناسی و دین داری ۔

Theologist : (n) [med. L. 'theologista'.] عالم علم الٰہیات ؛ ماہر دینیات ؛ دینیات داں ؛ خداشناس ۔

Theologize : (v) [med. L. 'theologizare'.] (۱) دینیات کا رنگ چڑھا دینا ؛ مذہبی کردار پیش کرنا ۔ (۲) دینیات کا مطالعہ یا دینیات پر بحث کرنا؛ الٰہیات کے بارے میں بحث کرنا ۔ (۳) علم دین کے بارے میں غور و فکر کرنا ۔

Theologizer : (n) دیکھو Theologer

Theologo - : سابقہ بمعنی متخصص الٰہیات؛ علم دین کا ماہر ۔

Theologo-inquisitorial : (a) سرکاری طور پر علم دین کے تحقیق کرنے والے سے متعلق ۔

Theologue : (n) [L. 'theologus'.] (۱) (شاذ) دیکھو Theologian ۔ (۲) علم دین کا طالب علم؛ دینیات کا متعلم (امریکا بول چال) ؛ طلبہء علوم دین ۔

Theology : (n) [L. 'theologia'.] (۱) علم دین؛ الٰہیات؛ دینیات؛ علم مذہب ۔ (۲) (دینیات) علم لاھوت؛ الٰہیات؛ مبحث خدا شناسی ۔

Dogmatic theology : (دینیات) اعتقادی دینیات ؛ دینیات اذعانی؛ جو کتاب مقدس کی تعلیم اور کلیسا کے احکام پر مبنی ہو ۔

Natural theology : (دینیات) فطری دینیات؛ دینیات عقلی؛ جس کا اصول یہ ہے کہ خدا کی معرفت کا ذریعہ مشاہدہء فطرت اور عقلی ہے ۔

Pastoral theology : دینیات روحانی؛ دینیات کا وہ علم جو مذہبی صداقت پر انسان کی روحانی ضروریات کے تعلق سے بحث کرنا ۔

Positive theology /Revealed- : دینیات تنزیلی جو وحی و تنزیل پر مبنی ہو ۔

Spaculative theology:: دینیات قیاسی؛ عقلی دینیات:: علم الکلام؛ جو محض احکام وحی تک محدود نہ ہو ۔

Systematic theology:: منظم دینیات؛ دینیات نظامی:: جس میں دینی عقائد ایک منطقی نظام کی شکل میں مرتب کئے گئے ہوں ۔

Theomachist : (n) خدا کا مخالف؛ خدا کی مخالفت کرنے والا؛ خدا کے خلاف جنگ کرنے والا ۔

Theomachy : (n) [Gr. 'theomachia'.] (۱) (اساطیر) دیوتاؤں کی جنگ؛ حرب الٰہیہ ۔ (۲) مخالف الٰہی؛ مخالف رضاء الٰہی ۔ (۳) دیوتاؤں کی باہمی جنگ ۔

Theomagy : (n) حکمت الٰہی ۔

Theomancy : (n) [Gr. 'theomantia'.] دیوتائی تفاءُل؛ الہام غیبی کے ذریعے پیشگوئی ۔

Theomania : (n) (۱) (طب) جنون الوہیّت؛ اپنے آپ کو خدا سمجھنے کا جنون؛ خبط الوہیت ۔ (۲) مذہبی دیوانگی؛ مذہبی جنون ۔

Theomaniac : (n) مذہبی دیوانہ ۔

Theomicrist : (n) کفر گو؛ کافر؛ وہ شخص جو خدا اور الوہیت کو تحقیر کی نگاہ سے دیکھتا ہے ۔

Theomorphic : (a) [f. Gr. 'theomorphos'.] (۱) (اساطیر) دیوتا شکل ۔ (۲) مانند خدا؛ شبیہ خدا؛ متصف بہ صفات خدائی ۔

Theomorphism : (n) صفات خدائی؛ خصوصیات خدائی ؛ خدا صفتی ۔

Theonomy : (n) [Gr.] حکومت الٰہی؛ خدا کی حکومت ۔

Theopantiam : (n) تصوف کا ایک عقیدہ کہ خدا اکیلا مالک حقیقی ہے ۔

Theopaschite : (n) [L. 'theopaschita.'] (تاریخ کلیسا) چھٹی صدی عیسوی کے مونو خیزیت فرقے کا رکن جس کا عقیدہ تھا کہ حضرت عیسیٰ کو عذاب صلیب دیئے جانے میں خدا بھی اذیت میں مبتلا ہوا ۔

Theopathetic : (a) [f. next, after pathetic.] مجذوب خدا؛ مسائل مذہبی میں انجذاب؛ مجذوبیت سے متعلق ۔

Theopathic : (a) مجذوبیت سے متعلق ۔

Theopathy : (n) [f. Theo+-pathy.] (دینیات) انجذاب روحانی؛ مجذوبیت؛ حالت انجذاب قادر مطلق میں؛ واصل باللّٰہ ہو جانا ۔

Theophanic : (a) تجلّی الٰہی کا یا اس سے متعلق ۔

Theophany : (n) [L. 'theophania'.] تجلّی؛ تجلّی باری تعالیٰ؛ رویت الٰہی؛ انسان کو خدا کا جلوہ نظر آنا؛ خدا کی بہ صورت انسانی تجلی ۔

Theophilanthropic : (a) محبت یا عشق خدا و بشر کا یا اس سے متعلق ۔

Theophilanthropist : (n) [Fr. 'theophilanthrope'.] (۱) اس فرقے کا رکن جس کا عقیدہ خدا کے وجود کا اقرار مگر نزول وحی سے انکار کا تھا یہ فرقہ

فرانس میں سنہ ۱۷۹۶ء میں وجود میں آیا تھا ۔ (۲) وہ شخص جو خدا اور انسان دونوں سے محبت رکھتا ہو؛ محبِ خدا و بشر ۔

Theophilanthropism : (n) محبت خدا وبشر؛ خدا و خلق دوستی؛ انجمن خدا پرستانی کہ پیغمبروں اور دینی مسائل پر عقیدہ نہیں رکھتے تھے، صرف وجود خدا اور بقائے روح کے قائل تھے ۔

Theophilanthropy : (n) دیکھو Theophilanthropism

Theophile : (n) خدا دوست ۔

Theophobia : (n) (۱) خوف خدا؛ خداترسی ۔ (۲) خداگریزی؛ نفرت خدا ۔

Theophobist : (n) (۱) خدا ترس ۔ (۲) خدا سے متنفر؛ خدا سے گریز ۔

Theopneust : (a) [Gr. 'theopneustos'.] ملہم؛ وحی شدہ؛ الہامی ۔

Theopneustic : (a) دیکھو Theopneust

Theopneustia : (n) وحی؛ الہام الٰہی ۔

Theopneusty : (n) وحی؛ الہام الٰہی ۔

Theor/Theorus : (n) [Gr. 'Theoros'.] (یونان قدیم) سفیر؛ کسی ملک کی طرف سے بھیجا ہوا نمائندہ خصوصاً مذہبی امور کےلئے ۔

Theorbist : (n) اس قسم کی سارنگی بجانے والا ۔

Theorbo : (n) It. 'tiorba'.] ایک قسم کا عود یا سارنگی جس کا سترھویں صدی میں رواج تھا ۔

Theorem : (n) [late L.'theorema'.] (۱) (ہندسہ) قضیہ؛ مسئلہ؛ اثباتی؛ جبر و مقابلے کا مسئلہ؛ استدلال پذیر عملی فیصلہ ۔ (۲) (ریاضیات) شکل؛ شکل ہندسی؛ قاعدہ جبری ۔ (۳) اصول؛ کلیہ؛ نظری حقیقت یا مسلمہ؛ برہان؛ کوئی مخصوص سائنس یا تکنیکی مضمون ۔

Binomial theorem : مسئلہ ثنائی ۔

Theorem : (v) قضیہ کے ذریعہ اظہار کرنا؛ مسئلہ اثباتی پیش کرنا ۔

Theorematic/-al : (a) [Gr. 'theorematikos'.] (ہندسہ) قضیوی؛ مبنی بر قاعدہ؛ اشکال ہندسی کا؛ کلیہ یا اصول کا ۔

Theorematically : (adv.) اشکال ہندسی کے طور پر ۔

Theorematist : (n) کلیے یا اصول قائم کرنے والا ۔

Theoretic : (a) [late L. 'theoreticus'.] (۱) نظری؛ علمی ۔ (۲) قضیوں؛ کلیے کا یا اس سے متعلق؛ اصول سے متعلق؛ اصولی؛ فرضی؛ اصول نظری ۔

Theoretic : (n) (جمع) کسی سائنس کا نظری حصہ؛ نظریات ۔

Theoretical : (a) (۱) نظری ؛ علمی ؛ اصول ؛ جسے عمل سے تعلق نہ ہو ؛ فرضی ؛ کلیے سے متعلق ۔ (۲) (نفسیات) خیالی؛ جسے حقیقی واقعات سے تعلق نہ ہو ۔ (۳) (شخص) نظری خیالی؛ اصول کے ساتھ کام کرنے والا؛ مستغرق؛ دھیان والا؛ عقلی؛ ذہنی ۔

Theoretical : (n) (جمع) نظری نکات؛ قضیوی نکات؛ اصولی بات ۔

Theoretical and practical : (n) علمی وعملی؛ نظری و عملی ۔

Theoretical Astronomy : (n) (علم النجوم) نظری ہئیت ؛ نظریاتی ہئیت ۔

Theoretical Economics : (adv.) (معاشیات) معیشت اصولی؛ اصولی معاشیات ۔

Theoretical reason : (n) علمی سبب؛ نظری سبب ۔

Theoretically : (adv.) نظری طور پر؛ نظری اعتبار سے؛ علمی طور پر ۔

Theoretician : (n) (۱) نظریہ کار؛ شخص اصول نظری ۔ (۲)دیکھو Theorist ۔

Theoretics : (n) علم نظری؛ نظریات ۔

Theoric : (n) [late ME. 'theorique'.] نظریہ؛ اصول؛ عقیدہ ۔

Theoric : (a) [Gr. 'theorikos'.] (یونان قدیم) عام تماشوں اور مذہبی رسومات سے متعلق ۔

Theoric fund : (n) تماشا فنڈ جس سے غریبوں کو تھیٹر دیکھنے کے لئے امداد دی جاتی تھی ۔

Theorician : (a) [f. (after) Fr. 'theoricien'.] (۱) نظریہ کا حامل؛ اصول پر چلنے والا ۔(۲) دیکھو Theorist ۔

Theoricon : (n) [Gr.] (یونان قدیم) تماشا فنڈ قدیم ایتھنس میں ۔

Theorics : (n) فرض علمی؛ اصول نظری؛ علوم نظری ۔

Theorist : (n) [f. Theory+ist.] (۱) نظریہ کار؛ طرفدار استدلال نظری ؛ متخصص اصول نظری ۔ (۲) غیرعملی آدمی ۔(۳) نظریہ قائم کرنے والا ۔

Theorization : (n) تحقیقات نظری؛ استدلال نظری؛ نظریہ قائم کرنا ۔

Theorize : (v) [f. as prec. + IZE.] (۱) نظریہ قائم کرنا؛ نظریہ تشکیل کرنا؛ نظریہ پیش کرنا ۔ (۲) اصول بنانا؛ نظریہ بنانا؛ نظری تحقیقات کرنا؛ فرضیہ وجود میں لانا ۔(۳) فرضیے کی بنیاد ڈالنا ۔(٤) نظری استدلال کرنا ۔

Theorizer : (n) نظریہ قائم کرنے والا؛ اصول پیش کرنے والا شخص؛ نظری استدلال کرنے والا ۔

Theory : (n) [late L. 'theoria'.] (۱) نظریہ؛ اصولی مسئلہ ۔ (۲) قیاس؛ خیال؛ رائے؛ کوئی کام کرنے کی ذہنی یا دماغی ترکیب؛ انکل ؛ اندازہ ؛ ظن ۔ (۳) نظریات دائرہ؛ اصول غور و فکر کا میدان ۔ (٤) اصول؛ نظریات؛ اصول نظری؛ مفروضہ؛ فرضیہ ۔ (٥) (ریاضیات) بحث ؛ اصول بحث ۔ (٦) (دینیات) عقیدہ ۔(۷) علم نظری؛ اصل کلی؛ فرض علمی؛ تحقیقات نظری ۔ (۸) آرٹ یا تکنیکی موضوع کا شعبہ ۔(۹) انفرادی نظریہ یا خیال ۔

Analytic theory : نظریہ تحلیل ۔

Atomic theory : نظریہ جوہرفرد ۔

Dualistic theory : نظریہ دوقطبی ۔

Physiologic theory : نظریہ بدنی ۔

Theory : (n) [Gr. 'theoria'.] (یونان قدیم) سفیروں یا نمائندوں کی ایک جماعت جو کسی ملک کی جانب سے کوئی مذہبی رسوم یا فرائض انجام دینے کے لئے کہیں بھیجی جائے؛ مذہبی و رسمی نمائندگی یا نیابت ۔

Theory of chances : (n) اصول امکانات ۔

Theory of equations : (n) (ریاضیات) بحث مساوات ۔

Theory of epigenesis : (n) نظریہ تخلیق حیات ۔

Theory of evolution : (n) نظریہ ارتقاء ۔

Theory of exchanges : (n) نظریہ تبادلات ۔

Theory of gravitation : (n) نظریہ کششِ ثقل ۔

Theory of interest : (n) (معاشیات) مسئلہ سود ۔

Theory of predicate : (n) نظریہ محمولات ۔

Theory of relaxation : (n) (طب) نظریہ آرام ۔

Theosis : (n) (فلسفہ) فنائیت ۔

Theosoph : (n) [med. L. 'theosophus'.] عارف؛ اہل عرفان؛ تھیوسوف؛ معتقد عرفان ۔

Theosopher : (n) (۱) عارف؛ اہل عرفان ۔(۲) دیکھو Theosophist ۔

Theosophic/-al : (a) عرفان؛ تھیوسوف کا؛ تھیوسوفیانہ؛ تھیوسوف میں کامل ۔

Theosophically : (adv.) عرفان کے طور پر؛ تھیوسوفیانہ طریقے سے ۔

Theosophism : (n) عقیدہ عرفان؛ نظریہ عرفان و عمل ؛ صالت عرفان ۔

Theosophist : (n) (۱) عارف؛ تھیوسوف؛ اہل عرفان ۔ (۲) عقیدہ عرفان پر یقین رکھنے والا؛ عرفان کا حامی ۔ (۳) تھیوسوفیکل سوسائٹی کا رکن؛ اس سوسائٹی کے ایک جریدے یا رسالے کا نام ۔

Theosophistic/-al : (a) تھیوسوف کا؛ تھیوسوفیانہ؛ عقیدہ عرفان کا یا اس سے متعلق ۔

Theosophize : (v) عقیدہ عرفان رکھنا؛ تھیوسوفی کا عامل ہونا؛ عرفانی بحث کرنا ۔

Theosophy : (n) [med. L. 'theosophia'.] عرفان؛ تھیوسوفی؛ یہ عقیدہ کہ ہر شخص بلاواسطہ خدا کی معرفت

روحانی وجد اور وجدان سے حاصل کر سکتا ہے۔

Theotechnic : (a) مافوق الفطرت کارخانے کا ۔

Theotechny : (n) [f. Gr. 'theos'+'tekni'] مافوق الفطرت کارخانہ؛ عالم وہمی؛ عالم خیالی؛ وہمی و خیالی دنیا ۔

Theotokos : [Gr.] دیکھو Deipara

Theow/Thew : (n) [OE. 'piow'.] (۱) (تاریخ) غلام؛ بردہ؛ حلقہ بگوش ۔(۲) پست ۔

The(o)wdom : (n) بندگی ؛ غلامی ۔

-ther : لاحقہ جو ضمائر اور (Adverbs) وغیرہ میں آتا ہے مثلاً whether, further, either, after وغیرہ ۔

Therapeutae : (n) [eccl. L.] یہودی متصوفین اور زاہدین کا ایک گروہ جو پہلی صدی عیسوی میں مصر میں رہتا تھا ۔

Therapeutic : (n) [mod. L. 'therapeutica'.] (طب) علم علاج؛ معالجات ؛ دافع مرض دوا ؛ شافی دوا ؛ شفا بخش دوا؛ طب کی وہ شاخ جس میں علاج امراض اور خاصیت ادویہ سے بحث ہوتی ہے ۔

Therapeutic (a) [mod. L. 'therapeuticus'.] (۱) دافع مرض؛ شفابخش ۔(۲) علم العلاج کا یا اس سے متعلق؛ معالجاتی؛ علاج امراض سے متعلق ۔(۳) یہودی زاہدوں، کاہنوں کے ایک فرقے سے متعلق جو مصر میں زندگی گزارتے تھے ۔

Therapeutical : (a) معالجاتی؛ شفا بخش؛ شفائی ۔

Therapeutically : (adv.) (۱) علم علاج کی رو سے ۔(۲) دافع امراض کے طور پر ۔

Therapeutics : (n) (۱) (طب) علاجیات؛ علم معالجہ ۔(۲) (طب) ادویات دافع مرض؛ معالجات ۔

Therapeutist : (n) معالج؛ ماہر معالجات؛ ماہر علاج ۔

Therapsida : (n) (حیوانیات) پستان دار خزندگان ۔

Therapy : (n) [mod. L. Therapia'.] (۱) (طب) علاجیات؛ علم العلاج ۔(۲) (طب) معالجہ ۔

Radio therapy : شعائی علاج؛ شعاعی طریقہ علاج ۔

There : (adv.) [OE. 'paer'.] (۱) اس جگہ پر؛ وہاں ۔(۲) یہاں ؛ اس موقع پر؛ اس بات میں ۔(۳) وہاں؛ اس مقام کو؛ اس مقام پر ۔ (٤) حشو یا حرف زائد کے طور پر محض حسن بیان کے لئے؛ یہاں (اس کا تلفظ عموماً (dhar) ہوتا ہے ۔(٥) وہ مقام؛ وہاں ۔ (٦) فجائیہ کے طور پر اپنی توقع پوری ہونے سے یا اندیشے کے صحیح ثابت ہونے سے ملول ہوکر ۔(۷) بچوں وغیرہ کو دلاسا دینے کے لئے (جانے دو اس کی پروا نہ کرو) ۔

There : (n) وہ جگہ؛ وہ مقام ۔

All there : (عامیانہ) ہوش میں؛ صحیح الدماغ ؛ صحیح العقل ۔

Have been there before : (عامیانہ) میں سب جانتا ہوں ؛ یہاں سب کچھ معلوم ہے ۔

Here and there : اِدھر اُدھر؛ کہیں کہیں؛ خال خال ۔

Here, there and everywhere : یہاں وہاں اور ہر جگہ ۔

Neither here nor their : (۱) بے محل؛ بے جوڑ؛ بے موقع؛ مہمل ۔(۲) غیر اہم ۔

To be there : موجود ہونا؛ قریب ہونا ۔

To be all there : ہوشیار ہونا؛ چوکنّا ہونا؛ حاضر جواب ہونا؛ طرح دار ہونا ۔

To get there : (عامیانہ) کامیاب ہونا ۔

You had him there : یہاں تم نے اسے چت کر دیا، زک دے دی ۔

You there : دیکھنا بھئی ۔

There about : (adv.) [OE. 'paer abutan.'] (۱) وہیں کہیں؛ اسی کے قریب؛ کوئی چیز کمتر یا بیشتر ۔(۲) اس کے لگ بھگ ؛ قریب قریب ؛ تقریباً؛ تخمیناً ۔ (۳) (مجازاً) اس حالت کے قریب ۔

There abouts : (adv.) دیکھو There about

There around : (adv.) پڑوس میں؛ نزدیک میں؛ حدود کےاندر ؛ اس حدود کے اندر ۔

There he (or she) goes : اس کی حرکت کو دیکھو یا دیکھ ۔

There, I agree with you : اس بات میں میں آپ سے متفق ہوں۔

There is (or comes in) the difficulty : یہی تو مشکل ہے؛ یہیں پرتو آن پڑتی ہے ۔

There it is on the sofa : وہ دیکھو صوفے پر رکھا ہے ۔

There it (the trouble) is you see : یہ مشکل یا دقّت ہے دیکھا تم نے ۔

There or there abouts : (adv.) اس (مقدار یا وقت کے) قریب قریب۔

There they go : ان کی حرکت دیکھو ۔

There you go : اپنی حرکت دیکھو ۔

Thereafter : (adv.) [OE. 'paer aefter'.] (۱) اس کے بعد؛ بعد ازاں؛ بعد میں؛ آگے چل کر ۔ (۲) اس کے مطابق ۔

Thereagainst : (adv.) اس کے برعکس؛ اس کے الٹا؛ اس کے خلاف۔

Thereamong : (adv.) ان لوگوں میں؛ اس میں؛ اس کے درمیان۔

Thereanent : (adv.) (اسکاتستانی) اس کے متعلق ؛ اس موضوع سے متعلق؛ اُس معاملے سے متعلق ۔

Thereas : (adv.) (۱) اس جگہ؛ اس جگہ سے ۔ (۲) حالانکہ ۔ (۳) اس کے بعد ۔

Thereat : (adv.) [OE. paeraet] . (۱) (قدیم) اس جگہ؛ اس موقع پر یا اس کے واقع ہونے کے بعد ۔ (۲) اس وجہ سے ۔ (۳) اس کے بعد ۔

Thereaway : (adv.) تقریباً ؛ قریب قریب؛ اس کے حدود میں ؛ اس کے لگ بھگ ؛ اسی کے قریب ۔

Therebefore : (adv.) اس وقت سے قبل ؛ اس موقع سے پہلے ۔

Therebeside : (adv.) (قدیم) اس کے پہلو میں؛ اس کے بعد؛ نزدیک میں؛ قریب میں ۔

Therebetween : (adv.) درمیان میں؛ جگہ کے درمیان ۔

Thereby : (adv.) [OE. paerbi'.] (۱) اس سے؛ اس کے ذریعے سے؛ اس وجہ سے؛ اس بدولت؛ اس کی وجہ سے؛ اس کے وسیلے سے ؛ اس کی نسبت سے ۔

(۲) (قدیم) اس کے قریب؛ اس کے نزدیک؛ نزدیک؛ اس سے سٹے ہوئے ۔ (۳) (اسکاتستانی) (عدد میں) اس کے بہت ہی قریب ۔

Thereby hangs a tale : ان واقعات کے سلسلے میں ایک بات کہنی ہے ۔

Therefore/Therefor : (adv.) [OE. 'paer +fore'.] (قدیم) اس مقصد کے لئے؛ اس کے لئے؛ اس وجہ سے؛ چنانچہ؛ لہذا؛ اس لئے؛ اس بنا پر ۔

Therefore : (n) پس؛ اس وجہ سے؛ چنانچہ؛ لہذا ۔

Therefrom : (adv.) [Origin. two words] (۱) (قدیم) اس جگہ سے؛ وہاں سے؛ وہاں سے ہٹ کر ۔ (۲) اس سے؛ اس کے ذریعہ سے ۔

Therein : (adv.) [OE. 'paerin'.] (۱) (قدیم) اس جگہ میں؛ اس وقت کے دوران؛ اس وقت میں ۔ (۲) اس مقام پر؛ وہاں ۔ (۳) اس بات میں؛ اس لحاظ سے؛ اس حیثیت سے؛ ان حالات میں؛ اس معاملے میں ۔

Therein after : (adv.) (اسی دستاویز، تقریر وغیرہ میں) اس کے پیچھے؛ آگے چل کر؛ اس کے بعد؛ اس کی پیروی میں ۔

Therein before : (adv.) (اسی دستاویز، تقریر وغیرہ میں) اس سے پہلے؛ اس کے ماقبل ۔

Therein to : (adv.) (قدیم) (مقام) میں؛ اس ضمن میں ؛ اس جز میں ۔

Therein under : (adv.) (اسی دستاویز، تقریر وغیرہ میں) درمیان میں، بیچ میں ۔

Thereof : (adv.) [OE. 'paer of'.] (۱) (قدیم) اس کا؛ اس کے متعلق ۔ (۲) اس جگہ سے؛ یہاں سے؛ خاص جگہ ۔

Thereologist : (n) ماہر علاجیات؛ علم علاج کا ماہر ۔

Thereology : (n) علاجیات ؛ علم علاج ۔

Thereon : (adv.) [OE. 'paeron'.] (قدیم) اس پر؛ اس بات پر؛ چنانچہ؛ اس کے نتیجے کے طور پر ۔

Thereout : (adv.) [OE. 'paerut (e)'] (قدیم) اس میں سے؛ اس جہت سے؛ اس جگہ سے علاحدہ، دور ۔

Thereover : (adv.) [OE. 'paefofer'.] (۱) اس سے پرے ؛ اس سے بالاتر ؛ اس سے پیشتر ۔ (۲) اس سے متعلق؛

اس سے وابستہ؛ (مجازاً) اس کے حوالے سے (جو زیر غور یا زیر مطالعہ ہے)۔

Thereright : (adv.) فوراً؛ اسی وقت؛ اسی دم۔

There's a dear : دیکھو That's a dear

Therethrough : (adv.) [Early ME. 'per purh'.] (قدیم) اس وجہ سے؛ اس ذریعے سے؛ اس نتیجہ میں؛ اس میں ہوکر؛ اس کے ذریعے سے۔

Thereto : (adv.) [OE. 'paerto'.] (۱) (قدیم) اس میں؛ اس کی طرف؛ اس کے علاوہ۔ (۲) اوپر؛ اس مقصد میں؛ اس معاملے میں۔

Thereto attached : (a) اس کا ضمیمہ؛ اس سے ملا ہوا۔

Theretofore : (adv.) [ME. 'pertofore'.] (قدیم)اس وقت سے قبل؛ اس کے پہلے۔

Thereunder : (adv.) [OE. 'paerunder'.] (۱) اس کے نیچے؛ اس کے اندر؛ اس کے ذیل میں۔ (۲) اس کے ضمن میں؛ اس عنوان کے تحت۔

Thereunto : (adv.) (قدیم) اس سے؛ اس کے ساتھ۔

Thereupon : (adv.) (۱) اس پر؛ اس بات پر؛ اس کے نیچے کے طور پر؛ چنانچہ۔ (۲) اس کے بعد ہی؛ فوراً ہی؛ معاً؛ بے درنگ۔ (۳) (قدیم) اس کے اوپر۔

Therewhile : (adv.) جس وقت کہ؛ ہنگامیکہ۔

Therewith : (adv.) [OE. 'paerwip'.] (۱) اس کے ساتھ؛ اس بات پر؛ اس کے نتیجے کے طور پر؛ اس کے ذریعے سے؛ اس وجہ سے۔ (۲) اس کے بعد ہی؛ فوراً ہی؛ معاً؛ بے درنگ۔ (۳) اس کے علاوہ۔

Therewithal : (adv.) [orig. two words] (۱) (قدیم) اس کےعلاوہ۔ (۲) اس کے ساتھ۔

Therewithin : (adv.) [Early ME. 'perwipinen'.] (قدیم) اس جگہ کے بیچ؛ اس درمیان؛ اس ضمن میں۔

Theriac : (n) [late L. 'theriaca'.] سم تریاق؛ زہریلے جانوروں کے کاٹے کی دوا؛ (کیمیا) شربت قند۔

Theriac/-al : (a) تریاقی۔

Therianthropic : (a) (۱) (حیوانیات) حیوان انسانی؛ انسان اور حیوان سے مرکب (فرضی مخلوق مثلاً سیمرغ، ہما، برزخ پیکر)۔ (۲) برزخ پیکر کی پرستش کا۔

Therianthropism : (n) (دینیات) حیوان انسانی پرستی؛ سیمرغ پرستی؛ برزخ پیکر کی پرستش؛ (حیوانیات) حیوان انسانیت۔

Theriatrics : (n) حیوانات کے علاج کا علم۔

Thericlean : (a) [L. 'Thericleus'.] تھریکل کا؛ تھریکل کی بنائی ہوئی شکل کا(پیالہ کی طرح) (تھریکلس ایک مشہور کورنتھی کمہار)۔

Theridiidae : (n) تارباف عنکبوت کا خانوادہ؛ جنس تارباف عنکبوت۔

Therio/Theri- : سابقہ بمعنی حیوان وحشی؛ حیوان۔

Theriodic : (a) شریر؛ بدطینت؛ جانور صفت۔

Theriodont : (n) [med. L. 'Theriodontia'.] متحجر شدہ رینگنے والا جانور جس کے دانت دودھ پلانے والے جانور کے مانند ہوتے ہیں۔

Theriomency : (n) حیوانی تفاءُل؛ حیوانات وحشی کے مشاہدہ سے پیشین گوئی۔

Theriomorph : (n) [Gr. 'theriomorphos'.] حیوانی شکل کی چیز ؛ جانور ساں شے۔

Theriomorphic : (a) حیوان مانند؛ حیوان جیسا؛ حیوان شکلہ؛ جانورساں۔

Theriomorphism : (n) جانوروں کی شکل میں دیوتاؤں کی تجسیم۔

Theriomorphous : (n) دیکھو Theriomorphic

Theriotomy : (n) (جراحی) تشریح حیوانات؛ حیوان شگافی؛ جراحی حیوانات؛ جراحی جو حیوانوں پر کی جاتی ہے۔

Therm : (n) [L. 'thermae'.] (قدیم) حمّام؛ گرم پانی کا چشمہ۔

Therm : (n) [f. Gr. 'thermos'.] (۱) (طبیعیات)تھرم (حرارت کی عملی اکائی)؛ حرارہ ؛ وہ مقدار حرارت جو پوری کثافت کے ایک گرام پانی میں ایک درجہ سینٹی گریڈ گرمی زیادہ کردے۔ (۲) کوئلا گیس ناپنے کی اکائی (مثلاً (One hundred thou- sand british thermal units)۔

Thermae : (n) [L.] (۱) (قدیم یونان) گرم پانی کے چشمے؛ حمام خصوصاً سرکاری حمّام، جو عوام کےلئے بنائے گئے تھے؛ حمّات؛ چشمہء آبِ گرم ۔ (۲) (طب) حمّامات ۔

Thermal : (a) [f. Gr. 'thermos'.] (۱) گرمائی؛ حرارتی؛ حرارت کا؛ حرّی؛ حراری ۔ (۲) گرم پانی کے چشموں یا حماموں کے متعلق ۔ (۳) (طبیعیات) حارّ؛ گرم ۔ (٤) (مجازاً) عاشقانہ؛ پرجوش؛ پُرشوق ۔

The British thermal unit : B. Th. U. مخفف حرارت کی مقدار جو ایک پونڈ پانی میں ایک درجہ فارن ہائٹ گرمی زیادہ کر دے ۔

Thermal ammeter : (n) (الیکٹرک) حرّی؛ برقی رو پیما؛ حرّی امپیر پیما ۔

Thermal analysis : (n) (دھات) حرّی تجزیہ ۔

Thermal capacity : (n) (طبیعیات) استعداد حرارت ۔

Thermal conductivity : (n) (طبیعیات) ایصالیتِ حرارت ۔

Thermal effect : (n) (حیاتیات) حرّی اثر ۔

Thermal enissivity : (n) (طبیعیات) اخراجیت حرارت ۔

Thermal equator : (n) (موسمیات) خطِ استوائیِ حرارت؛ کرہء زمین کے گرد وہ فرضی خط جو سب سے زیادہ گرم خطے سے گزرتا ہے ۔

Thermal microphone : (n) (صوتیات) حرّی مائکروفون ۔

Thermal neutrons : (n) (الیکٹرک) حرّی عدلیّہ /نیوٹرون ۔

Thermal power : (n) حرّی قوت؛ تھرمل پاور؛ قوتِ حرارت؛ حراری طاقت ۔

Thermal sensation : (n) (طبیعیات) حرّی حس؛ حسِ حرارت ۔

Thermal spring : (n) گرم پانی کا چشمہ؛ حمہ؛ حمام ۔

Thermal unit : (n) حرارت کی اکائی جس سے اشیاء کی حرارت ناپتے ہیں؛ حرارہ ۔

Thermal value : (n) (کیمیا) حرارتی قیمت ۔

Thermalgesia : (n) (طب) حرّ درد حسّی؛ گرمائی بدن ۔

Thermalgia : (n) (طب) حرّ درد؛ شدید درد ۔

Thermally : (adv.) حرارت کے اعتبار سے ۔

Thermanesthesia : (n) (طب) حرّ بے حسّی ۔

Thermantidote : (n) [f. Gr. 'therme' +Antidote.] (طبیعیات) خُنکالہ؛ ہوا خنکالہ؛ ہوا خنک کرنے والا؛ ہوا کو ٹھنڈا کرنے کے سامان جو ہندوستان اور دوسرے گرم ملکوں میں استعمال ہوتے ہیں ۔

Thermatology : (n) (۱) (طب) حرّی علاجیات ۔ (۲) حمّی علاجیات ۔

Thermic : (a) حرارت کا؛ حرارتی؛ گرمائی ۔

Thermic balance : (n) دیکھو Bolometer

Thermic fever : (n) گرمائی بخار؛ گرمازدگی کا بخار؛ لوُ کا بخار؛ تپ ضربة الشمس ۔

Thermidor : (n) [Fr.] تھرمی ڈور؛ فرانس کے انقلابیوں کی تقویم کا گیارھواں مہینہ (سنہ ۱۷۹٤ میں ۱۹/جولائی سے ۱۷/ اگست تک) ۔

Thermidorian : (n)[Fr. 'thermidorien'.] (تاریخ فرانس) تھرمی ڈوری؛ روبیس پیر (Robespierre) کے قتل کا حامی (جو ۹ تھرمی ڈور یعنی ۲۷/جولائی سنہ ۱۷۹٤ کو قتل کیا گیا) ۔

Thermidorian : (a) تھرمی ڈور کا یا اس سے متعلق؛ تھرمی ڈوری سے متعلق ۔

Thermion : (n) (الیکٹرک) حدّ رواں؛ برق پارہ جو کسی دہکتی ہوئی چیز سے پیدا ہو؛ حر برق پارہ ۔

Thermionic : (a) (الیکٹرک) حرّ روانی؛ حرّ برق پارے کا ۔

Thermionic valve : (n) (ریڈیو) حرّ روانی والو؛ خلاکی نلکی جس میں برق پارے کثرت سے پیدا ہوتے ہیں، لاسلکی شعاعوں کو بڑھانے کے لئے استعمال ہوتی ہے ۔

Thermionically : (adv.) حرّ رواں کے ساتھ ۔

Thermionics : (n) (الیکٹرک) حرّ روانیات ۔

Thermistor : (n) (الیکٹرک) برقی مقاومت ۔

Thermite/Thermit : (n) [Gr. 'thermit'.] تھرمائٹ؛ باریک پسے ہوئے ایلومینیم اور لوہے کے رنگ کا مرکب جو جلانے سے بہت اونچا درجہء حرارت پیدا

کرتا ہے، دھات کو جوڑنے اور بم بنانے کے کام آتا ہے۔

Thermo-/Therm- : [comb. form Gr. 'thermo'.] سابقہ بمعنی حرارت؛ گرمی؛ تپش۔

Thermo-battery : (n) (الیکٹرک) حرّ برقی بیٹری۔

Thermo-cautery : (n) (جراحی) اصلی وشام؛ داغ دینے کا ایک آلہ؛ حرّ داغ؛ آہن داغ۔

Thermo flask : (n) (طبیعیات) تھرماس؛ ظرف خلا۔

Thermo galvanometer : (n) (الیکٹرک) حرّ روپیما۔

Thermo-magnetic : (a) مقناطیسی حرارت سے متعلق؛ حرّ مقناطیسیت سے متعلق۔

Thermo-magnetism : (n) حرّ مقناطیسیت۔

Thermo-multiplier : (n) Thermopile کا قدیم نام۔

Thermoanalysis : (n) دیکھو Thermal analysis

Thermobarograph : (n) وہ آلہ جو ایک ہی وقت میں حرارت اور ہوائی دباؤ کو ریکارڈ کرتا ہے؛ حرارت اور ہوا کا دباؤ ناپنے کا آلہ۔

Thermobarometer : (n) (۱) (موسمیات) حرّ باد پیما؛ جس میں ہوا کا دباؤ پانی کے نقطۂ جوش کے ذریعے معلوم کیا جاتا ہے۔ (۲) سیفن باد پیما جو تپش باد پیما کا کام دیتا ہے۔

Thermochemical : (a) حرّ کیمیا سے متعلق۔

Thermochemically : (adv.) حرّ کیمیا کے ساتھ۔

Thermochemistry : (n) (کیمیا) حرّ کیمیا۔

Thermochroic : (a) تپش کی شعاعوں کی رنگت سے متعلق۔

Thermochrosy : (n) اشعۂ حرارتی کی خاصیت؛ اشعۂ حرارتی کی رنگت۔

Thermocouple : (n) (الیکٹرک) حراری جفت؛ دو دھاتوں سے بنے ہوئے تاروں کا اتصال۔

Thermocurrent : (n) (الیکٹرک) حرّ برقی رو۔

Thermodynamic/-al : (n) (طبیعیات) حرکیات حرارت کے متعلق؛ حرّ حرکی۔

Thermodynamic temperature scale : (n) (طبیعیات) حرّ حرکی تپش پیما۔

Thermodynamic system : (n) حرّ حرکی طریقہ؛ حرارت (توانائی) کے میکانیکی حرکت میں بدل جانے کا عمل۔

Thermodynamically : (adv.) حرّ حرکی کے ساتھ۔

Thermodynamics : (n) حرّ حرکیات؛ حرکیات حرارت؛ طبیعیات کی وہ شاخ جس میں حرارت سے مشینوں وغیرہ کی حرکت کا تعلق دکھایا جاتا ہے۔

Thermoelectric : (a) (الیکٹرک) حرّ برقی۔

Thermoelectric constant : (n) (طبیعیات) حرّ برقی مستقلہ۔

Thermoelectric current : (n) (الیکٹرک) حرّ برقی رو۔

Thermoelectric diagram : (n) (الیکٹرک) حرّ برقی نقشہ۔

Thermoelectric power : (n) (الیکٹرک) حرّ برقی طاقت۔

Thermoelectric series : (n) (الیکٹرک) حرّ برقی سلسلہ۔

Thermoelectrical : (a) (الیکٹرک) حرّ برقی۔

Thermoelectrically : (a) حرّ برقی طور پر۔

Thermoelectricity : (n) (۱) (الیکٹرک) حرّ برقیات۔ (۲) (الیکٹرک) حرّ برقی؛ وہ برقی رو جو تپش کے تفاوت سے پیدا ہوتی ہے۔

Thermoelectrometer : (n) (الیکٹرک) حرّ برق پیما؛ جس سے برقی رو کی قوت حرارت معلوم ہوتی ہے۔

Thermoelectromotive force : (الیکٹرک) حرّ محرکہ برقی قوت۔

Thermoelement : (n) حرّ عنصر؛ حراری پیما۔

Thermoesthesiometer : (n) (طب) حرّ حس پیما۔

Thermogenerating set : (n) (الیکٹرک) حرّ برقی سیٹ۔

Thermogenesis/Thermogency : (n) (حیوانیات) حرارت زائی؛ حرارت جسم زائی۔

Thermogenetic : (a) (حیوانیات) حرارت زا؛ تولید حرارت کا۔

Thermogenic : (a) تولید حرارت کا؛ حرارت زا۔

Thermogram : (n) نقشہء تپش؛ نقشہء حرارت (خود نویس تپش پیما کا نوشتہ)۔

Thermograph : (n) خود نویس تپش پیما؛ تپش نگار؛ گرما نگار۔

Thermograph charts : (n) تپش نگار نقشے۔

Thermographer : (n) تپش نگاری میں مشغول رہنے والا۔

Thermographic : (a) تپش نگاری کا یا اس سے متعلق۔

Thermographically : (adv.) تپش نگاری کے طور پر۔

Thermography : (n) تپش نگاری؛ گرما نگاری۔

Thermohyperesthesia : (n) (طب) حرارت کے متعلق؛ شدید حسّاسیت۔

Thermokinematics : (n) محرکہ حرارت کا نظریہ یا اصول۔

Thermolabile : (a) (کیمیا) حرّ حسّاس؛ حر ناپائدار۔

Thermolability : (n) حرّ حسّاسیت؛ حر ناپائداری۔

Thermological : (a) علم الحرارت سے متعلق۔

Thermology : (n) [Fr. 'thermologie'.] (طبیعیات)علم الحرارت؛ گرماشناسی؛ علم گرما؛ طبیعیات کا وہ شعبہ جو حرارت سے متعلق ہوتا ہے۔

Thermolyse : (v) حرارت کے عمل سے اجزاء علاحدہ کرنا۔

Thermolysis : (n) [f. THERMO+Lysis] (کیمیا) حرّ پاشی؛ (حیوانیات) حرارت پاشی؛ تحلیل حرارت جسمانی۔

Thermolytic : (a) حرارت پاشی سے متعلق۔

Thermolytic : (n) حقیقت حرارت پاشی؛ عامل حرارت پاشی۔

Thermometer : (n) [Fr. 'Thermometre'.] گرما سنج؛ میزان الحرارت تھرما میٹر؛ تپش پیما؛ حرّ پیما؛ حرارت ناپنے کا ایک آلہ؛ عموماً ایک شیشے کی نلکی جس کے اندر باریک سی نالی میں پارہ وغیرہ بھرا ہوتا ہے اور باہر کی طرف نشان لگے ہوتے ہیں۔

Air thermometer : ہوا کا تھرما میٹر۔

Beckman thermometer : (طبیعیات) حساس تھرما میٹر؛ بیکمینی تپش پیما۔

Centigrade thermometer : سینٹی گریڈ تھرما میٹر؛ جس میں نقطہء انجماد صفر اور نقطہء جوش ۱۰۰ درجے پر رکھا گیا ہے۔

Clinical thermometer : (طب) طبی تھرما میٹر؛ گرما سنج طبی؛ جس میں صرف حرارت کے ۲۵ درجوں یا اس سے کم کے نشانات ہوتے ہیں۔

Differential thermometer : فرق نما تھرما میٹر پیما۔

Fahrenheit thermometer : فارن ہائیٹ تھرما میٹر پیما؛تپش پیما جس میں پانی کا نقطہء انجماد ۳۲ درجہ پر اور نقطہء جوش ۲۱۲ پر رکھا گیا ہے۔

Maximum thermometer : (موسمیات) اعلیٰ تپش پیما؛ اعلیٰ مقیاس الحرارت۔

Metalic thermometer : فلزیاتی تپش پیما۔

Minimum thermometer : (موسمیات) ادنیٰ تپش پیما۔

Reaumur thermometer : ریومر تھرما میٹر، جس میں نقطہء انجماد صفر اور نقطہء جوش ۸۰ درجے پر رکھا گیا ہے۔

Register thermometer : رفتار یا قوت دکھانے والا ایک آلہ۔

Thermometric/-al : (a) (طبیعیات) تپش پیمایانہ؛ وابستہ بہ گرما سنج؛ تپش پیما کا؛ تھرما میٹر سے معلوم کیا ہوا۔

Thermometrically : (adv.) تھرما میٹر کے ذریعے سے۔

Thermometrograph : (n) تھرما میٹر جو درجہء حرارت خود بخود ریکارڈ کرتا ہے۔

Thermometry : (n) (طبیعیات) تپش پیمائی؛ سائنس کا وہ شعبہ جو تھرما میٹر کی ساخت سے بحث کرتا ہے؛ تھرما میٹر کا سائنٹفک استعمال؛ حرارت کی پیمائش؛ حرّ پیمائی ۔

Thermomotor : (n) (انجینیئرنگ) حرّ حرکی انجن؛ حرّ موٹر؛ وہ موٹر جو گرم ہوا سے چلتا ہے ۔

Thermonastic : (a) حرّ حرکیت سے متعلق؛ تاثر حرارت کا یا اس سے متعلق ۔

Thermonastically : (adv.) حرّ حرکیت کے ساتھ ۔

Thermonasty : (n) حرّ حرکیت؛ تاثرِ حرارت ۔

Thermonuclear : (a) نیوکلیر عمل سے پیدا ہونے والی حرارت سے متعلق ۔

Thermophil/-phile : (a) (جرث) حرارت پسند؛ اونچی حرارت پر بڑھنے والا (جرثومہ) ۔

Thermophile : (n) وہ جرثومہ جو ان گرم علاقوں میں ہوتا ہے جہاں درجہ° حرارت ۴۵ ڈگری سیلسیس یا زیادہ ہوتا ہے ۔

Thermophilic : (a) دیکھو Thermophile

Thermophilic bacteria : (n) حرارت پسند جراثیم ۔

Thermophone : (n) (صوتیات) حرّ فون ۔

Thermophone : (n) (طبیعیات) حرارت بر؛ آلہ° حرارت ۔

Thermophylactic : (a) (حیوانیات) حرّ گزاری ۔

Thermophyte : (n) (نباتیات) حرّ پودا ۔

Thermopile : (n) (الیکٹرک) حرّ انبار؛ حرّ برقی انبار؛ حرّ برقی شعاع پیما؛ جس سے شعاعی حرارت کی چھوٹی سی مقدار بھی ناپی جا سکتی ہے ۔

Thermoplastic : (a) حرّ ملائم (اشیاء) ۔

Thermoplastic : (n) حرّ ملائم اشیاء ۔

Thermoplegia : (n) (طب) حرارت زدگی ۔

Thermopreceptor : (n) (تشریح) حرّ آخذہ؛ حرّ حساسہ ۔

Thermoregulator : (n) (کیمیا) حراری ضبط ؛ حرّ ناظم ۔

Thermos : (n) [Gr.] زمزمیہ؛ ظرف خلا؛ تھرمس؛ دُہرے شیشے کی بوتل جس کے دونوں شیشوں کے درمیان خلا ہوتا ہے اور اس میں گرم یا ٹھنڈی چیز اپنی اصلی حالت میں محفوظ رہتی ہے ۔

Thermosbottle : (n) تھرماس؛ تھرمَس ۔

Thermoscope : (n) تفاوت پیما؛ جس سے اشیاء کی حرارت یا تپش کا فرق ظاہر ہو جاتا ہے لیکن درجہ° حرارت نہیں ناپا جاسکتا؛ فرق تپش نما ۔

Thermoscopic/-al : (a) تفاوت پیما کا ؛ (طبیعیات) تپش نما؛ (حیاتیات) تپش حِسّہ ۔

Thermoset : (a) جو حرارت کی وجہ سے جم جائے اور پھر گرم کرنے سے نہ بدلے ۔

Thermoset : (n) حرارت کی وجہ سے جم جانے اور پھر گرم کرنے سے نہ بدلنے والی اشیاء ۔

Thermosetting : (a) (طب) جو حرارت کی وجہ سے جم جائے اور پھر گرم کرنے سے نہ بدلے ۔

Thermosflask : (n) (طبیعیات) حرّ صراحی؛ تھرماس؛ تھرمس ۔

Thermosiphon : (n) (طبیعیات) حرّ سیفن ۔

Thermostability : (n) (کیمیا) حرّ پائداری ۔

Thermostable : (a) (کیمیا) حرّ پائدار ۔

Thermostage : (n) (نباتیات) حرارتی حالت ۔

Thermostat : (n) [f. Thermo + Gr. 'statos'.] (طبیعیات) تپش قرار؛ مستقل تپشی آلہ؛ توازنِ حرارت ۔

Thermostatic : (a) توازن حرارت کا؛ (طبیعیات) حرّ سکونی؛ حرّ قراری ۔

Thermostatically : (adv.) حرّ سکونی کے طور پر؛ توازن حرارت کے طور پر ۔

Thermostatics : (n) (طب) نظریہ° توازن حرارت ؛ حرّ سکونیات ۔

Thermosystaltic : (a) حرارت کی وجہ سے نبضی حرکت کے متعلق؛ حرارت کی وجہ سے جس میں باری باری سے انقباض اور انبساط ہو۔

Thermotactic : (a) (حیاتیات) حرّ لمسہ؛ حرّ حسّہ۔

Thermotaxic : (a) حرّ رُخ؛ حرّ حسّہ۔

Thermotaxis : (n) (۱) (حیاتیات) حرّ ترتیب؛ حرّ حسی۔ (۲) (عضویات) ضبطِ حرارت غریزی۔

Thermotelephone : (n) حرِ الیکٹرک فون۔

Thermotensible : (n) (طبیعیات) حرّ تنشی۔

Thermotension : (n) حرِ تنشی قوت کو جانچنے کے لئے زور یا تناؤ۔

Thermotherapy : (n) (طب) حرارتی علاج۔

Thermotic/-al : (a) [f. Gr. 'thermotikos'.] (طبیعیات)حرارت کا یا اس سے متعلق؛ حرارتی؛ گرمائی؛ خصوصاً علم الحرارت سے متعلق۔

Thermotically : (adv.) علم الحرارت کے ساتھ؛ حرارت سے۔

Thermotics : (n) (طبیعیات) علم الحرارت؛ مطالعہء حرارت؛ گرما شناسی۔

Thermotobrant : (a) (طب) حرِ تاب آور؛ حرّ متحملی۔

Thermotropism : (n) حرّ رُخی۔

Thermotype : (n) (طباعت) حرّ چھاپا۔

Thero - : [Gr. 'thero' comb. form.] سابقہ بمعنی حیوان، وحشی۔

Theroid : (a) حیوان نما؛ حیوانی؛ جانور کی طرح کا؛ (ضعیف العقل شخص) جس میں حیوانوں کی سی خصلتیں ہوں۔

Therologist : (n) ماہر ذوات الثّدی؛ ان جانوروں کا ماہر، جو اپنے بچوں کو دودھ پلاتے ہیں۔

Therology : (n) (حیوانیات) علم ذوات الثدی؛ وہ حیوانات جن کےپستان ہوتے ہیں؛ مبحث ذوات الثدی؛ علم حیوانات کی وہ شاخ جس میں دودھ پلانے والے جانوروں کا ذکر ہے۔

Theromorph : (n) [f. mod. L. 'Theromorpha'.] رینگنے والے پستان دارجانوروں کی بعض خاصیتیں رکھنے والے جانور جو تقریباً ناپید ہیں۔

Therophyllous : (a) (نباتیات) برگ ریز؛ پت جھڑ۔

Therophyte : (n) (نباتیات) صیفی پودا۔

Theropoda : (a) ایک مہیب رینگنے والے گوشت خور جانور سے متعلق۔

Theropoda : (a) ڈائناسور کی ایک قسم، جو گوشت خور تھے۔

Theropodous : (a) [f. mod. L. 'theropoda'.] Theropoda دیکھو

Thesaurus : (n) [L.] (۱) گنج؛ خزانہ؛ مخزن؛ انبار۔(۲) کنز اللغات؛ فرہنگ؛ قاموس؛ معلم؛ جامع اور بسیط لغت کی کتاب۔(۳) بحر العلوم۔

These : (dem.pron and a) [OE. 'pas.'] This کی جمع؛ یہ سب۔

Thesis : (n) [Gr.] (۱) عروض میں Arsis کی ضد۔(۲) (منطق) قضیہ؛ دعوی؛ نظریہ؛ شرط اصلی۔(۳) مقالہ؛ مقالہء علمی؛ وہ مقالہ جو سند حاصل کرنے کے لئے لکھا جائے؛ تحقیقی مقالہ۔(٤) اسکول یا کالج کی مشق؛ درسی مشق؛ مشقی مضمون۔ (٥) انگریزی شعری تقطیع میں لفظ کا وہ جز جس پر آواز کا زور نہیں پڑتا ہے؛ بے تاکید جز؛ جزو خفی۔ (٦) (موسیقی) ضرب بالا: ضرب قوی۔

Thesmothete : (n) [Gr.] (۱) قانون گزار؛ مقنّن۔(۲) (قدیم روم) چھ عالی مقام افسروں میں سے ایک جو جمہوری قدیم روم کےقانون گزار اور قاضی تھے۔

Thesocyte : (n) (حیوانیات) انبار خلیّہ۔

Thespian : (a) [Gr. 'thespis' + -AN.] تھسپی؛ (یونانی المیہ ڈرامے کا بابائے آدم 'Thespis' جو چھٹی صدی عیسوی میں تھا) ؛ المیہ ڈرامے کا یا اس سے متعلق؛ ڈرامائی فن سے متعلق؛ ڈرامائی۔

Thespian : (n) (۱) المیہ نگار۔(۲) ایکٹر یا ایکٹریس۔

The Thespian art : تھسپی فن؛ ڈراما؛ تمثیل نگاری۔

Theta : (n) [Gr.] تھی تا؛ یونانی حروف تہجی کا آٹھواں حرف θ۔

Theta-function : (n) (ریاضیات) حساب کے ایک سلسلہ (n = − ∞ to n =+∞) کی میزان جس کا اظہار اس طرح کرتے ہیں ($n^2a + 2na$) ۔

Thete : (n) [Gr. 'thetes'] (قدیم یونان) قدیم ایتھنس میں ادنیٰ درجے کا آزاد شخص ۔

Thetic : (a) [Gr. 'thetikos'] (۱) وضع شدہ؛ مقرر؛ معین؛ ثابت؛ مطلق ۔ (۲) (عروض) بجائے موکد ۔

Thetical : (a) قطعی؛ مسلم؛ مطلق؛ مقرر؛ آمرانہ؛ اصول کے متعلق؛ غیر استدلالی ۔

Thetically : (adv.) مطلقیت کے ساتھ؛ معین طور پر ۔

Thetics : (n) (فلسفہ) اثباتات ۔

Thetis : (n) [Gr. 'thetis'.] (۱) (یونان اور روم اساطیر) دریائی حور، جو (Achilles) کی ماں تھی؛ بحری پری میں سے ایک؛ اکیلس ۔ (۲) سترھویں ستارچہ کا نام ۔

Theurgic/-al : (a) (۱) (دینیات) سحری؛ جادوئی؛ سحرانگیز ؛ جادو کا ۔ (۲) کراماتی ۔

Theurgically : (adv.) سحر انگیزی کے طور پر؛ جادو کے طور پر؛ کرامت کے انداز سے ۔

Theurgist : (n) (۱) جادو گر؛ ساحر ۔ (۲) معجزہ کار ۔ (۳) عامل ۔

Theurgy : (n) [L. 'theurgia'.] (۱) جادو کا ایک طریقہ؛ مافوق الفطرت قوت (خصوصاً وہ جس کا دخل انسانی معاملات میں ہو)؛ غیبی قوت؛ تصرف غیبی ۔ (۲) غیبی قوت کی مدد حاصل کرنے کا فن ؛ عملیات ۔ (۳) اشراقیوں کا فن سحر ۔ (٤) معجزہ (سفلی جادو کے مقابلے میں)؛ کرامت ۔ (٥) جادو؛ سحر ۔

Thew : (n) دیکھو Theow

Thew : (n) [OE. 'peaw'.] (۱) (جمع) پٹھے؛ عضلے؛ نس ۔ (۲) دماغی قوت؛ اخلاقی قوت ۔ (۳) جسمانی قوت؛ قوت؛ طاقت ۔

Thewed : (a) (خاص قسم کے) رگ پٹھے والا ۔

Thewless : (a) (۱) کمزور؛ ڈھیلا (جسمانی حیثیت سے)؛ جس میں دماغی یا اخلاقی زور اور قوت نہ ہو ؛ ضعیف؛ ناتواں؛ بے طاقت ۔

Thewy : (a) قوی ؛ گٹھا ہوا؛ گٹھیلا ۔

They : (pron.) [Early ME.] He ,She, It (۲) (۱) وہ؛ وہ لوگ ۔ کی جمع ۔ (۳) عوام؛ عام لوگ؛ لوگ ۔

They say : لوگ کہتے ہیں؛ کہا جاتا ہے ۔

Thiamin/Thiamine : (n) (کیمیا) وٹامن بی؛ تھائی ایے من؛ اینورین ۔

Thiasus : (n) [L.] (قدیم یونان) ایک اجتماع جو دیوتا کی عبادت کے لئے ہوتا تھا ۔

Thick : (a) [OE. 'picce'.] (۱) موٹا ؛ دبیز ؛ ضخیم ۔ (۲) سُوجا ہوا ۔ (۳) موٹی (لکیر) ۔ (٤) (حرف، ٹائپ وغیرہ) جلی؛ موٹا ۔ (٥) (بال وغیرہ) گھنا؛ گنجان ۔ (٦) بہت سا؛ انبوہ؛ بھیڑ؛ کثیر؛ فراواں؛ متعدد؛ وافر ۔ (۷) بھرا ہوا؛ لدا ہوا ۔ (۸) گاڑھا؛ ٹھوس؛ منجمد؛ کثیف؛ نیم سیال ۔ (۹) گدلا ۔ (۱۰) ابر آلود؛ کُہر آلود؛ دھندلا سا؛ تاریک ۔ (۱۱) کڑا؛ سخت؛ کرخت؛ درشت؛ بے لوچ ۔ (۱۲) (نفسیات) غبی؛ کند ذہن؛ ٹھس؛ بیوقوف؛ احمق؛ سست ۔ (۱۳) (آواز) بیٹھی ہوئی؛ غیر واضح ؛بھاری؛ گلوگرفتہ؛ بھرائی ۔ (۱٤) (بول چال) (آپس میں) گاڑھی دوستی رکھنے والا؛ قلبی؛ بے تکلف؛ گہرا ۔ (۱٥) کسی چیز کا گنجان حصہ (خصوصاً لڑائی کا گھمسان) ۔ (۱٦) (بول چال) احمق ؛ کوڑھ مغز ۔ (۱۷) (عامیانہ) کولو (پینے کی چیز) ۔ (۱۸) محزون ۔ (۱۹) غلیظ ۔ (۲۰) گہرا؛ غامض ۔ (۲۱) غیر محتاط؛ حدود معقولیت سے متجاوز؛ مسرف ؛ غالی ؛ لٹاؤ ۔ (۲۲) مرکز سے بعید ترین ؛ نہایت ؛ سخت ؛ شدید؛ انتہا پسند ۔ (۲۳) بیہودہ؛ غیر مہذب؛ ناشائستہ ۔

A bit thick/Rather thick/ A little thick : (عامیانہ) یہ تو بہت مبالغہ ہے؛ یہ تو عقل میں نہیں آتا ۔

A board two inches thick : دو انچ موٹا تختہ ۔

As thick as glue : گہری دوستی ۔

As thick as peas in a shell : گہری دوستی؛ گاڑھی دوستی ۔

As thick as three in a bed : گہری دوستی ۔

As thick as (two)thieves : گہری دوستی ۔

In the thick of the fight : گھمسان کی لڑائی میں؛ سخت ترین مرحلۂ جنگ میں ۔

Thick-head : (n) (۱) بیوقوف آدمی؛ احمق؛ گاؤدی شخص ؛ سادہ لوح آدمی ؛ کند ذہن شخص؛ نادان آدمی؛ کم ہوش شخص ۔ (۲) آسٹریلیا کی ایک چڑیا جس کی چونچ سخت اور سر بڑا ہوتا ہے ۔

Thick-headed : (a) نادان؛ کم ہوش؛ خرف؛ بیوقوف؛ ٹھس ؛ کند ذہن؛ غبی؛ سُست ۔

Thick-headedness : (n) نادانی؛ بیوقوفی؛ احمق پن ۔

Thick-knee/Thicknee : (n) (حیوانیات) کردان ؛ طلق ؛ Dedicnemus کی جنس کا پرندہ جس کے پاؤں بڑے ہوتے ہیں ۔

Thick-kneed : (a) بڑے پاؤں والا (پرندہ) ۔

Thick-leaf : (n) (نباتیات) حیّ العَلَم ۔

Thick-leaved/-leafed : (a) پُر برگ؛ گھنے پتوں والے(درخت) ۔

Thick-lipped : (a) موٹے ہونٹ والا؛ سخت ہونٹ والا؛ بھرے بھرے ہونٹ والا ۔

Thick-lips : (n) بھرے بھرے ہونٹوں والا آدمی؛ وہ آدمی جس کے ہونٹ موٹے ہوں ۔

Thick register : (n) (آواز) سب سے کم آہنگ؛ دھیمی آواز ۔

Thick-skinned : (a) (۱) موٹے چمڑے کا؛ موٹی کھال والا ۔ (۲) (مجازاً) بے حس؛ بے عاطفہ؛ دیر حس؛ کُند حس؛ وہ شخص جس پر بات کا اثر کم ہو ؛ (زود حس کی ضد) ۔

Thick-skull : (n) خشک مغز آدمی؛ کند ذہن شخص ۔

Thick-skulled : (a) (۱) غبی؛ ٹھس؛ خشک مغز ۔(۲) (مجازاً) نادان؛ بیوقوف ۔

Thick-sown : (a) جڑا ہوا ؛ متصل ؛ قریب قریب سیا ہوا ۔

Thick-witted : (a) غبی؛ ٹھس؛ بے ذوق؛ خشک مغز؛ کند ذہن ۔

Thicken : (v) (۱) موٹا کرنا یا ہونا؛ گھنا کرنا یا ہونا؛ گنجان کرنا یا ہونا ۔ (۲) گدلا کرنا یا ہونا؛ دھندلا ہونا؛ غیر شفاف ہونا ۔ (۳) ابر آلود ہونا ۔ (٤) گاڑھا کرنا یا ہونا (شوربے وغیرہ کا)؛ غلیظ کرنا ۔ (٥) (آواز کا) بیٹھ جانا؛ دشوار ہونا؛ غیر واضح ہونا؛ مبہم ہونا۔ (٦) زیادہ پیچ درپیچ ہونا (افسانے کے پلاٹ یا واقعات کا) ؛ پیچیدہ ہونا ۔ (۷) ضخیم کرنا ۔

Spread the butter thick : بہت سا مکھن لگاؤ ؛ مکھن کی موٹی تہ لگاؤ ۔

To give person a thick ear : مُکّا مار کر کان سُجا دینا ۔

Thick : (n) (۱) گھنا درخت؛ گھنا جنگل؛ گھنی جھاڑی؛ انبار لگی ہوئی چیز ۔ (۲) (مجازاً) سخت ترین مرحلہ ۔(۳) انتہائی عمل (کسی چیز کا) ۔ (٤) جسم کا موٹا حصہ ؛ ہاتھ پاؤں کا موٹا حصہ ۔ (٥) (عامیانہ) کند ذہن آدمی؛ بیوقوف شخص۔

Thick : (adv.) (۱) گھنا گھنا؛ موٹی تہ میں ؛ موٹائی کے ساتھ۔(۲) بیٹھی ہوئی آواز میں ۔(۳) لگاتار؛ تابڑ توڑ ۔ (٤) بہت گہرا؛ کثیر تعداد میں؛ فراواں ؛ وافر طور پر ؛ شدت کے ساتھ ۔ (٥) تیزی سے؛ لگاتار ۔ (٦) بھاری آواز میں؛ بھرائی ہوئی آواز میں؛ بیٹھی ہوئی آواز کے ساتھ ۔ (۷) ٹھوس پن سے؛ گنجانی سے؛ گھنے طور پر ۔

Snow was falling thick : لگاتار برف باری ہو رہی تھی ۔

To lay it on thick : (عامیانہ) بہت موٹا ردّا جمانا؛ بہت زیادہ تعریف یا خوشامد کرنا؛ (مجازاً) زیادتی سے کوئی کام کرنا ۔

Thick and fast : (adv.) مسلسل؛ لگاتار؛ تابڑ توڑ؛ تیزی سے ۔

Thick and thin : (n) تمام رنج و راحت؛ تمام تکلیف اور رکاوٹ؛ پکّا رفیق؛ رنج و راحت کا رفیق ۔

Through thick and thin : (۱) مردانہ وار ۔(۲) رنج و راحت میں؛ ہر حال میں؛ درہمہ حال ۔

Thick and thin : (a) (۱) رنج و راحت کا؛ پکا (رفیق)؛ گہرا (دوست)؛ راسخ؛ ثابت قدم؛ باوفا ۔ (۲) (جہاز رانی) چرخی کا (جس پر رسی پھرتی ہے)؛ دوسرے سے ایک چرخی زیادہ والا ۔ (۳) اندھی تقلید؛ آنکھ بند کرکے ماننے والا ۔

Thick and threefold : (adv.) (۱) پے درپے؛ لگاتار؛ متواتر؛ اکثر؛ باربار ۔ (۲) بڑی تعداد میں ۔ (۳) تیزی سے ۔

Thick ear : (n) پھولا ہوا کان؛ سوجا ہوا کان ۔

(٨) غیر مشخص ہونا ۔ (٩) تاریک ہونا ۔ (١٠) اژدہام ہونا؛ بھیڑ ہونا؛ کثرت میں ہونا؛ وافر ہونا ۔ (١١) جمنا؛ جمانا؛ بستہ ہونا؛ منجمد ہونا؛ سخت ہونا ۔ (١٢) کثیر تعداد میں جمع ہونا ۔ (١٣) (مجازاً) مضبوط کرنا؛ مستحکم کرنا؛ تقویت دینا؛ پختہ کرنا ۔

The plot thickens : پلاٹ پیچیدہ ہورہا ہے ۔

Thickener : (n) (١) ضخیم ساز؛ موٹا بنانے والا؛ گنجان کرنے والا؛ گاڑھا بنانے والا ۔ (٢) وہ شے جو رنگ کو گاڑھا کرتی ہے ۔

Thickening : (n) (١) تغلیظ؛ ضخیم سازی ۔ (٢) موٹا یا گاڑھا ہونا ۔ (٣) گاڑھا کرنے والی شے؛ کوئی شے جس سے شوربہ وغیرہ گاڑھا کیا جائے ۔ (٤) کوئی چیز یا کوئی حصہ جو موٹا ہو گیا ہو ۔

Thicket : (n) [OE. 'pieccet'.] (١) گنجان جھاڑیوں کا سلسلہ؛ جھاڑی بن؛ جھاڑی ؛ (نباتیات) بیشہ؛ جنگل؛ گھن جھاڑی ۔ (٢) وہ جگہ جہاں چھوٹے چھوٹے درخت اور جھاڑیاں گھنے طور پر اُگتی ہیں ۔

Thicketed : (a) جھاڑی دار؛ جھاڑی سے چھپا ہوا؛ جھاڑی سے بھرا ہوا ۔

Thickety : (a) جھاڑی دار؛ جھاڑی سے بھرا ہوا ۔

Thickish : (a) (١) کسی قدر موٹا؛ گھنا یا گاڑھا ۔ (٢) کسی قدر گدلا یا ابر آلود ۔ (٣) کسی قدر بیٹھی ہوئی (آواز) ۔ (٤) کسی قدر ٹھس یا بیوقوف ۔

Thickly : (adv.) (١) گھنا گھنا؛ موٹی تہ میں ۔ (٢) بیٹھی ہوئی آواز میں ۔ (٣) لگاتار ؛ تابڑ توڑ ۔ (٤) بطور ضخیم؛ موٹے طور پر ۔

Thickness : (n) [OE. 'picness'.] (١) موٹائی؛ دبازت؛ موٹا یا گاڑھا ہونا؛ گنجان ہونا؛ ضخامت ۔ (٢) گدلا یا ابر آلود ہونا ۔ (٣) (آواز کا) بیٹھا ہوا ہونا ۔ (٤) انبوہی؛ کثرت؛ زیادتی ۔ (٥) (نفسیات) کند ذہنی؛ ٹھس پن؛ سستی ۔ (٦) موٹا حصہ؛ وہ چیز جو موٹی ہو ۔ (٧) تہ ۔

Thicknessing : (n) (١) موٹا یا گاڑھا ہونا؛ گنجان ہونا ۔ (٢) تعین ضخامت (مثلاً چوب) ۔

Thickset : (a) گھنا؛ ٹھوس؛ گٹھا ہوا؛ گٹھیلا؛ نزدیک نزدیک سجایا ہوا؛ قریب قریب رکھا ہوا ۔

Thickset : (n) (١) گھنی جھاڑی؛ گھنی جھاڑیوں کا سلسلہ ۔ (٢) ایک قسم کا موٹا سیاہ رنگ کا سوتی کپڑا (گبرون)۔

Thickskin : (n) بے حس شخص؛ بےعاطفہ شخص؛ موٹےچمڑے کا آدمی ۔

Thickun : (a) (عامیانہ) گھنی ۔

Thief : (n) [OE. 'peof'.] (١) چور؛ دزد؛ سارق ۔ (٢) بتی کاگل ۔ (٣) شہدا؛ بدمعاش؛ بدذات؛ پاجی؛ بےاصول شخص ۔ (٤) (عامیانہ) وہ گھوڑا جو ریس میں اصل مقام تک نہیں پہنچ سکے ۔

Thief-catcher : (n) (١) وہ شخص جو چور کو پکڑتا ہے؛ دزد گیر؛ چور پکڑنے والا ۔ (٢) چور کو پکڑنے والا؛ وہ شخص جو جرنیلی سڑکوں پر چوروں، ڈاکوؤں کو پکڑتا ہے ۔

Thief-taker : (n) دیکھو Theif-catcher

Thief-tube : (n) کاسٹک سے سیال کو نکالنے والی ٹیوب ۔

Thiefdom : (n) چوری؛ دُزدی ۔

Thieve : (v) [OE. 'peofian'.] (١) چوری کرنا؛ چرانا؛ چور کی طرح غُل کرنا ۔ (٢) کوئی چیز چرانا ۔

Thievery : (n) (١) چوری؛ سرقہ؛ دزدی؛ چوری کی عادت ؛ چرانے کا فعل ۔ (٢) مال مسروقہ؛ چوری کی ہوئی شے ۔

Thieves' Latin : (n) چوروں کی زبان ۔

Thieves' vinegar : (n) ساج کی پتیوں کا عرق، جو پہلے پلیگ کے لئے استعمال کیا جاتا تھا ۔

Thievingly : (adv.) چوری کے طور پر ۔

Thievish : (a) (١) دزدکی؛ دزدوار؛ چوری کا ۔ (٢) بے ایمان ۔ (٣) چور صفت ۔ (٤) چرایا ہوا؛ خفیہ طور پر حاصل کیا ہوا ۔

Thievishly : (adv.) (١) چوری سے؛ چور کی طرح ۔ (٢) بےایمانی سے ۔

Thievishness : (n) چوری؛ چوٹاپن ۔

Thigh : (n) [OE. 'peoh'.] (تشریح) پاؤں کا اوپری حصہ چوتڑ سے گھٹنےتک؛ ران؛ جانگھ ؛ فخذ ۔

Thigh-bone : (n) (تشریح) استخوان ران؛ ران کی ہڈی ؛ عظم الفخذ ۔

Thigh-boot : (n) وہ بوٹ جس کا اوپری حصہ ران کو چھپاتا ہے؛ چکمہ ۔

Thigh-piece : (n) ران کے لئے ایک زرہ بکتر ۔

Thigmaesthegia : (n) لمس؛ مس ۔

Thigmo- : [f. Gr. 'Thigma'.] سابقہ بمعنی لمس؛ تماس ۔

Thigmocyte : (n) لمس خلیہ؛ دلہ ساز خلیہ ۔

Thigmomorphosis : (n) لمس شکلی ۔

Thigmotaxis : (n) (حیاتیات) لمس ترتیب ۔

Thigmotropism : (n) (حیاتیات) لمس رُخی ۔

Thilk : (a) [ME. 'pilke'.] اشارہ کردہ؛ اسی طرح؛ یہ ؛ وہ ۔

Thilk : (pron.) وہ (یا یہ) چیز یا شخص ۔

Thill : (n) [Origin absc.] گاڑی کا بم یا دُھرا؛ مال بند ۔

Thill : (n) [Origin Unkn.] آتش مٹی کی باریک پرت؛ فرش معدن ۔

Thill-horse : (n) اسپ چرخ کش؛ گاڑی میں جُوتا جانے والا گھوڑا ۔

Thiller : (n) اسپ چرخ کش؛ گاڑی کھینچنے والا گھوڑا ۔

Thimble : (n) [OE. 'pymel'.] (۱) انگشتانہ؛ دھات کی ٹوپی جو سیتے وقت انگلی میں پہن لیتے ہیں ۔ (۲) (میکانیات) چھوٹی سی دھات کی نلکی ۔ (۳) دھات کا حلقہ جس میں باہر کی طرف نالی بنی ہوتی ہے اور جو رسی میں یا بادبان کے سروں پر رگڑ سے بچانے کے لئے لگا دیا جاتا ہے ۔ (٤) مختلف پھولوں اور پودوں کے لئے استعمال ہوتا ہے مثلاً Harebell, Sea campion, Fox-glove اور The Cup of an ocron کے لئے بولا جاتا ہے ۔

Thimble : (v) انگشتانہ استعمال کرنا؛ سینا ۔

Thimble-berry : (n) امریکا کا ایک پھل جو انگشتانہ کی شکل کا ہوتا ہے ۔

Thimble-eye : (n) (۱) (جہاز رانی) پلیٹ کی آنکھ جس کے ذریعے رسّی گزاری جاتی ہے ۔ (۲) ایک قسم کی مچھلی ۔

Thimble-man : (n) مہرہ باز؛ فنجان باز ۔

Thimble- pie : (n) سزا کے طور پر انگشتانہ سر پر مارنا ۔

Thimble-plating : (n) استوانہ نما نلکی کا بن جانا ۔

Thimble scale : (n) ٹوپی دار پیمانہ ۔

Thimbled : (a) انگشتانہ دار ۔

Thimbleful : (n) چمچی بھر؛ بہت تھوڑی سی مقدار (برانڈی وغیرہ کی، پینے کے لئے) ۔

Thimblerig : (n) (۱) مہرہ بازی؛ فنجان بازی؛ ہاتھ کی صفائی کا کھیل جس میں مٹر کا دانہ وغیرہ تین انگشتانوں میں سے کسی کے نیچے چھپا دیتے ہیں اور تماشائی شرط لگا کر بتاتا ہے کہ وہ تینوں میں سے کس کے نیچے ہے ۔ (۲) یہ کھیل دکھانا ۔ (۳) ٹھگنا ۔

Thimblerig : (v) مہرہ بازی کرنا؛ فریب دینا؛ دھوکا دینا؛ مغبون کرنا ۔

Thimblerigger : (n) (۱) یہ کھیل دکھانے والا؛ مہرہ باز ۔ (۲) ٹھگ؛ فریبی؛ بنے باز ۔

Thimblerigging : (n) مہرہ بازی ۔

Thimblerigging : (a) مہرہ بازی سے متعلق ۔

Thin : (a) [OE. 'pynne'.] (۱) پتلا؛ مہین؛ باریک؛ نازک ۔ (۲) ہلکی؛ سبک (Thin air) (موسمیات) لطیف (ہوا) ۔ (۳) خالی خالی ؛ جس میں مجمع کم ہو ۔ (٤) پتلا (شوربا وغیرہ) ۔ (٥) جس میں اجزا کی کمی ہو ؛ ہلکا؛ پتلا؛ قلیل المقدار ۔ (٦) کمزور (آواز) ؛ خفیف ۔ (۷) بے مغز؛ پھسپھسا ۔ (۸) جو آسانی سے کھل جائے یا پہچان لیا جائے؛ بھونڈا ؛ ناقص ؛ ناکافی ؛ قلیل ۔ (۹) دُبلا؛ چھریرا؛ لاغر؛ نزار ۔ (۱۰) باریک؛ پتلی (لکیر وغیرہ) ۔ (۱۱) باریک ؛ خفی (تحریر ، ٹائپ وغیرہ) ۔ تکلیف دہ ؛ ناگوار ۔ (۱۳) (جنگلات) چھدرا (جو گھنا نہ ہو) ۔ (۱٤) رقیق ؛ کم مایہ ۔ (۱٥) تنگ ؛ سست ۔ (۱٦) شفاف؛ نرمل ۔ (۱۷) کھلی ہوئی؛ بیّن ۔ (۱۸) غیر محسوس؛ ناقابل فہم ۔

Into thin air : قطعاً؛ بالکل؛ سراسر؛ مکمل طور پر ۔

On thin ice: مہارت سے؛ سبک دستی سے؛ کاریگری سے ۔

Out of thin air: بغیر بنیاد کے؛ بغیر گواہی کے ۔

That is too thin: (بول چال) یہ تو کھلا ہوا بہانہ ہے؛ یہ بہت ناکافی عذر ہے؛ یہ تو بہت بھونڈا قصہ گھڑا ۔

To have a thin time: کوفت میں وقت گزارنا۔

Thin : (v) [OE. 'Pynnian'.] (۱) نازک کرنا؛ کم کرنا؛ رقیق کرنا؛ لاغر کرنا ۔ (۲) (انگور وغیرہ کے) کچھ کچے پھل توڑ ڈالنا (تاکہ باقی ماندہ کی نشو و نما بہتر ہو) ۔ (۳) نازک ہونا؛ کم ہونا؛ گھٹنا؛ تعداد یا حجم کم ہونا؛ تنگ ہونا؛ گہرائی میں کم ہونا؛ دبلا پتلا ہونا؛ قلیل ہونا؛ کمزور ہونا ۔ (٤) بھیڑ کم ہونا ۔ (٥) ہلکا ہونا؛ پھیکا ہونا (رنگ کا)؛ (مجازاً) بے مزا ہونا؛ بے لطف ہونا ۔ (٦) کم گاڑھا ہونا؛ کم کثیف ہونا؛ رقیق ہونا ۔

To thin off/-down: آہستہ آہستہ گھٹانا یا گھٹنا؛ آہستہ آہستہ کم ہونا یا کم کرنا ۔

To thin out (off, away): آہستہ آہستہ پتلا ہوتے جانا؛ آہستہ آہستہ کم ہوتے جانا ۔

To thin out seedling: نونہال پودوں کو ذرا دور دور لگانا ۔

Thin : (adv.) [ME. 'thinne'.] (۱) بطور لاغر؛ ناکافی طور پر ؛ چھدرا ۔ (۲) دیکھو Thinly ۔

Thin : (n) [ME. 'thinne'.] باریک حصہ؛ پتلی چیز؛ رقیق شے ۔

Thin board : (n) نازک تختہ ۔

Thin coal : (n) وہ کوئلہ جو پرت سے نکالا جائے ۔

Thin miner : (n) کان کن جو پرت سے کوئلہ نکالتا ہے ؛ پرت سے کوئلہ نکالنے والا کان کن ۔

Thin-skinned : (a) (۱)(مجازاً) زودحس؛ تنک مزاج؛ زود رنج؛ حساس ۔(۲) (حیوانیات) لطیف جلدہ؛ نازک پوست والا ۔

Thin-skinnedness : (n) تنک مزاجی؛ حسّاسیت ۔

Thin-sown : (a) کم بویا ہوا؛ کم کم لگایا ہوا ۔

Thin-spun : (a) باریک بنا ہوا ۔

Thin-worn : (a) دھاگا صفت؛ نخ نما ۔

Thine : (a &pron.) [OE. 'pin'.] Thou کی اضافی صورت؛ تیرا ۔

Of thine: وہ تیرا ہے؛ تمہارا ۔

Thing : (n) [OE. 'ping'.] (۱) چیز ؛ شے ؛ کام ؛ اسباب ۔ (۲) اظہار؛ اسلوب بیان؛ وضع؛ بیان ۔(۳) خیال؛ تصور؛ اندازہ؛ رائے؛ نظریہ ۔ (٤) جاندار خصوصاً انسان کو تحقیر، ترس، محبت ظاہر کرنے کے لئے کہہ دیتے ہیں ۔ (٥) موجود؛ حقیقی؛ ہستی ۔(٦) کوئی چیز؛ کچھ ۔(٧) بات؛ امر ؛ واقعہ ؛ معاملہ ؛ اہم واقعہ ؛ وقوع ۔ (٨) بے روح شے؛ بے جان چیز ۔(٩) جاندار چیز خصوصاً پودوں کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔ (١٠) نمونہ (کسی مال ، کام وغیرہ کا) ۔ (١١) شخص کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔ (١٢) (صفت ، فن یا ادب کا) انفرادی کام ۔ (١٣) (قانون، جمع) ملک؛ جائداد ۔(١٤) دلچسپی؛ جوہر؛ صلاحیت؛ خصوصیت ۔ (١٥) (جمع) (صفت سے پہلے عموماً مزاحیہ) امور ؛ معاملات ۔ (١٦) سر انجام ؛ انصرام ؛ کاروائی؛ معاملات ؛ تجربہ ۔(١٧) (جمع) جامہ ؛ لباس؛ خصوصاً عورتوں کا وہ لباس جسے پہن کر وہ باہر نکلتی ہیں (گھر کے لباس کے علاوہ) ۔

A little thing of mine I should like to read to you: میری ایک چھوٹی سی نظم یا کتاب ہے جو میں آپ کو پڑھ کر سنانا چاہتا ہوں ۔

Am not feeling at all the thing: طبیعت ٹھیک نہیں ہے ۔

And things: (بول چال) وغیرہ ۔

Dear old thing: پیارا ۔

Dumb things: بے زبان مخلوق؛ گونگے ۔

For another thing: دوم ۔

For one thing: اولاً ۔

Got my things wet: میرے کپڑے بھیگ گئے ۔

Latest thing in hats: ہیٹ کا نیا نمونہ ۔

Made a good thing of: اس سے خوب نفع کمایا ۔

No great things : کوئی چیز بڑی نہیں ہے؛ کوئی چیز زیادہ نہیں ہے (بول چال) ۔

Not the thing : یہ ٹھیک نہیں ہے؛ دستور کے خلاف ہے ۔

Poor thing : غریب؛ دکھیا؛ بیچارہ ۔

Soft things : عاشقانہ گفتگو؛ رازو نیاز کی باتیں ۔

(The) first thing : اولاً؛ وہ چیز جو پہلے کی جائے؛ پہلے پہل؛ فوراً ۔

(The) last thing : آخر میں ۔

(The) next thing : آئندہ ۔

The thing : (۱) (بول چال) صحیح چیز ؛ ٹھیک معاملہ؛ موزوں؛ مناسب؛ درست ۔ (۲) (شخص) اچھی حالت میں ؛ اچھی شکل میں ؛ درست؛ ٹھیک ۔ (۳) قابل ذکر؛ مشہور؛ مخصوص نقطہ ۔

The thing is to improve the pace : اصل مقصد یہ ہے کہ رفتار بڑھائی جائے ۔

To be upto a thing or two : بڑا تجربے کار ہونا؛ بڑا سیانا ہونا ۔

To do one's (own) thing : اپنا مخصوص کام کرنا ۔

To do the handsome thing by : اچھا سلوک کرنا ۔

To have a thing about : وہم ، خیال وغیرہ کا دل میں بیٹھ جانا ۔

To know a thing or two : بڑا تجربے کار ہونا؛ بڑا سیانا ہونا ۔

To learn, to show a thing or two : سبق سکھانا ۔

To make a good thing of : نفع حاصل کرنا ۔

To make a thing of : نتیجہ نکالنا؛ کسی چیز کے بارے میں جوشیلا ہونا ۔

Thing : (n) [ON. 'ping'.] (اسکاٹستانی ممالک میں) پبلک میٹنگ؛ جلسہء عام؛ مجمع قضائی؛ جلسہء دادگاہ؛ (خصوصاً لیجسلیٹو کاؤنسل، پارلیمنٹ کی) مجلس شوریٰ؛ (قانون) انجمن دادگستری ۔

Thing a bob/-mabob : (n) (شخص یا چیز جس کا نام گفتگو میں یادنہ آتا ہو) وہ ..... دیکھو بھلا سا نام ہے؛ فلاں شخص؛ فلاں چیز ۔

Thingamy/Thingumajig/Thingummy : Thing a bob دیکھو

Thinginess : (n) واقعیت؛ حقیقت ۔

Thing-in-itself/-themselves : (n) (فلسفہ) حقیقت غائی؛ نفس خود میں شے؛ بذات خود چیز ۔

Thingman : (n) [ON. 'pingmacn'] پارلیمنٹ کا ممبر ؛ خصوصاً دیکھو House - carl ۔

Thingness : (n) واقعیت؛ حقیقی ہونے کی حالت؛ حقیقت ۔

Things personal : (n) غیر منقولہ جائداد؛ ذاتی جائداد ۔

Things real : (n) منقولہ جائداد ۔

Thingum : (n) Thing a bob دیکھو

Thingumajig/Thingamajig : (n) Thing a bob دیکھو

Thingumbob/Thingume/Thingummybob : (n) Thing a bob دیکھو

Thinhouse : (n) خالی خالی تھیٹر ۔

Think : (n) [f. Think v.] (۱) (بول چال) غور و فکر؛ تامل؛ تفکر؛ مراقبہ؛ دھیان؛ اندیشہ ۔ (۲) خیال؛ نظریہ؛ عقیدہ؛ فکر ۔

Think : (v) [OE. 'Pencan'.] (۱) سمجھنا؛ خیال کرنا؛ فکرکرنا؛ گمان کرنا؛ ذہن میں رکھنا ۔ (۲) ارادہ کرنا؛ چاہنا؛ ارادہ رکھنا؛ قصد کرنا ۔ (۳) تصور کرنا یا کر سکنا؛ فرض کرنا؛ خیال میں لانا ۔ (٤) علم ہونا؛ خبر ہونا ۔ (٥) سوچنے یا خیال کرنے سے کوئی حالت پیدا کرنا ۔ (٦) غور کرنا؛ اونچ نیچ سمجھنا؛ سوچ بچار کرنا؛ جتن کرنا؛ صورت نکالنا؛ تدبیر نکالنا ۔ (۷) کچھ کچھ ارادہ رکھنا ۔ (۸) توجہ کرنا؛ التفات کرنا ۔ (۹) یاد کرنا؛ ذہن میں لانا ۔ (۱۰) شادی کرنے کی خواہش رکھنا؛ (شادی) چاہنا ۔ (۱۱) خیال کرنا؛ قیاس کرنا؛ فیصلہ کرنا؛ انصاف کرنا ۔ (۱۲) امید رکھنا؛ توقع رکھنا؛ (روز مرہ) سمجھنا؛ خیال کرنا ۔ (۱۳) یقین رکھنا؛ اعتماد رکھنا؛ اچھی نظر سے دیکھنا ۔ (۱٤) کسی چیز، شخص کے متعلق (اچھا، برا یا دوسری طرح کا) نظریہ رکھنا؛ اندازہ لگانا (کسی چیز کا) ۔

He thought fit to : اس کی عقل میں یہی آیا کہ ..... ۔

Think-piece : (n) (خصوصاً) اخبار یا رسائل کا عام مضمون۔

Think-so : (n) (بول چال) محض خیال؛ معمولی فکر ۔

Think up : (v) (بول چال ، امریکا) تدبیر کرنا؛ تجویز کرنا؛ ترکیب نکالنا؛ ایجاد کرنا؛ ترکیب سوچنا؛ اختراع کرنا؛ ایجاد کرنا ۔

Thinkable : (a) (۱) قابل فکر؛ غور کے لائق؛ قابل خیال ؛ جس کا خیال کیا جاسکے ۔(۲) جو تصور میں آسکے؛ تصور پذیر؛ قیاس پذیر؛ اندیشہ پذیر ۔

Thinkable : (n) وہ چیز جو غور کیا جائے ۔

Thinkably : (adv.) سوچتے ہوئے؛ قیاس کے طور پر ۔

Thinkableness : (n) قابل غور و فکر ہونا ۔

Thinker : (n) (۱) متفکر؛ فکور ۔(۲) خیال کرنے والا؛ غور و فکر کرنے والا ؛ سوچنے والا ؛ اندیشندہ ۔ (۳) صاحبِ فکر؛ حکیم؛ فلسفی؛ مفکّر ۔

Thinking : (n) (۱) سوچنے کا عمل؛ غور و فکر کا عمل ۔ (۲) تفکر؛ اندیشہ؛ تدبیر؛ خیال؛ غور و فکر ۔ (۳) (جمع میں) افکار؛ عقائد ۔

Exact thinking : (نفسیات) دُرست خیالی ۔

To my thinking : میرے خیال میں ۔

Thinking : (a) (۱) متفکرانہ؛ متصورانہ؛ تفکر پسند ۔ (۲) متفکر؛ غورو فکر کرنے والا؛ باشعور؛ معقول؛ قوت رکھنے والا؛ مدبّر؛ سنجیدہ؛ غورو فکر کا عادی ۔(۳) (انسان کے متعلق) ناطق ۔

All thinking men : سب معقول لوگ (یعنی جو میرے ہم خیال) ہیں ۔

Man is a thinking animal : انسان حیوان با شعور ہے ۔

Thinking cap : (n) تفکر؛ طرز تفکر ۔

Thinking part : (n) (تھیٹر، بول چال) ایسا پارٹ جس میں ایکٹر کو بولنے کےلئےالفاظ نہیں ہوتے ۔

Thinkingly : (adv.) غور کرتے ہوئے؛ تفکر کے انداز سے ۔

I don't think : (عامیانہ) اجی توبہ کیجئے (طنز، تعریف وغیرہ کر کے کہتے ہیں) ۔

I think better of him than to believe that .... : اس کی نسبت اتنی اچھی رائے رکھتا ہوں کہ مجھے برگز یقین نہیں آتا کہ ..... ۔

To think about : غور کرنا (خصوصاً کسی چیز پر عملی طور پر) ۔

To think aloud : جس طرح بات دل میں ہو اسی طرح زبان پر آجانا ؛ خیالات کا خود بخود زبان پر آجانا ۔

To think better of : (۱) کچھ سوچ کر ترک کردینا (ارادہ) ۔(۲) کسی شخص کی نسبت بہتر رائے رکھنا ۔

To think fit/To think good : مناسب سمجھنا؛ عقل میں آنا (خصوصاً اس موقع پر آتا ہے جب کوئی شخص حماقت یا خود رائی سے کسی بات کا ارادہ کرے) ۔

To think highly of : بہت قدر کرنا؛ بہت اچھی رائے رکھنا ۔

To think in German : جرمن زبان میں سوچنا ۔

To think little of/To think nothing of : حقیرسمجھنا؛ خاطر میں نہ لانا ۔

To think much of : قدر کرنا ۔

To think of : (۱) سوچنا؛ خیال کرنا ۔ (۲) دل میں ارادہ کرنا ۔(۳) سوچ کر نکالنا؛ (تجویز وغیرہ) سمجھ میں آنا؛ سوجھنا ۔

To think of his not guessing it : بھلا یہ بات خیال میں آتی ہے کہ وہ اسے نہیں سمجھے گا ۔

To think out : (۱) اچھی طرح غور کرنا؛ آخرتک سوچنا؛ مکمل فکر کرنا ۔ (۲) سوچ کرنکالنا (تدبیر وغیرہ) ۔(۳) فکر کے ذریعے (مسئلہ) حل کرنا ۔

To think over : غور کرنا؛ فکر کرنا؛ تدبیر کرنا ۔

To think so : اس خیال کا ہونا؛ ایسا سوچنا ۔

To think with : ایک ہی خیال کا ہونا ۔

Thinktank : (n) (۱) (امریکا) (عامیانہ) دماغ ۔(۲) (امریکا) باشعور اور مدبر اشخاص کی جماعت اور ان کے کام، خصوصاً ادارہ٘ تحقیقات جو قومی اور تجارتی مسائل پر اپنی رائے اور صلاح دیتا ہے ۔

Thinly : (adv.) بطور لاغر ؛ نا کافی طور پر ؛ کم کم ؛ چھدرا چھدرا؛ رقیق طور پر ؛ ہلکے پن یا دُبلے پن کے ساتھ ؛ بھونڈے طریقے سے ؛ ناقص طور پر ۔

Thinner : (n) پتلا کرنے والا؛ رقیق کرنے والا؛ کم کرنےوالا ۔

Thinness : (n) باریکی؛ پتلاپن؛ دبلاپا؛ ہلکاپن ۔

Thinning : (n) (نباتیات) چھٹائی؛ چھدرائی ۔

Heavy thinning : (نباتیات) بھرپور چھٹائی ۔

Light thinning : (نباتیات) ہلکی چھٹائی ۔

Moderate thinning : (نباتیات) اوسط ..ٹائی ۔

Thinning shears : (n) بال کاٹنے کی ایک قسم کی قینچی ۔

Thinnish : (a) کسی قدر ہلکا؛ دبلا پتلا ۔

Thinseams : (n) پرت کا کوئلہ (جس کی موٹائی ۳ فٹ سے کم ہو)۔

Thio- : [Gr. 'thion'.] جزو ترکیبی بمعنی سلفر؛ گندھک ؛ کبریت ۔

Thio-acid : (n) (کیمیا) گندھک کا وہ تیزاب جس میں سے آکسیجن کا جزو ، کُلّی یا جزوی طور پر نکل جائے ۔

Thiocarbonate : (n) گندھکی کاربونک ایسڈ کا نمک ۔

Thiocarbonic : (a) گندھکی کاربونک (ایسڈ) ۔

Thiocyanate : (n) (تھائیوسینک ایسڈ) گندھکی نیلگوں ایسڈ کا نمک ۔

Thiocyanic : (a) گندھکی نیلگوں (ایسڈ) ۔

Thiogen : (n) (جرثومہ) گندھک زا ۔

Thiol - : [arbitrarity f. THIO-] (کیمیا) THIO- کا متبادل ۔

Thion- : [Gr. 'thion'] جزوِترکیبی بمعنی گندھکی ۔

Thionaphthene : (n) (کیمیا) ایک بے رنگ بلوری مرکب $(C_8 H_6S)$ ۔

Thionic : (a) (کیمیا) کبریتی؛ گندھکی ۔

Thionic acid : (n) کبریتی ایسڈ $(H_2 S_n O_6)$ ۔

Thionine : (n) بھورا سیاہ رنگ $(SC_{12} H_9 N_3)$ ۔

Thionyl : (n) (کیمیا) جزو مستقل (SO) ۔

Thiophene : (n) بے رنگ کا ایک مائع $(C_4 H_4S)$ ۔

Thiophenic : (a) تھائیو فینک (ایسڈ) $(C_4 H_3 S CO_2 H)$ ۔

Thiophenol : (n) ایک بے رنگ کا مائع $(C_6 H_5 SH)$ ۔

Thiosulphate : (n) تھائیو گندھک کے تیزاب کا نمک ۔

Thiosulphuric : (a) تھائیو گندھک کا (ایسڈ) ۔

Thiosulphuric acid : (n) (کیمیا) تھائیو گندھک کا تیزاب $(H_2 S_2 O_3)$ ۔

Thiotoluene : (n) بے رنگ کا ایک روغنی مرکب $C_4 H_3 (CH_3)S$ ۔

Thiourea : (n) گندھکی یوریا؛ گندھکی مادہ٘ تیزاب ۔

Thioxene : (n) ایک قسم کا مرکب $C_4 H_2 (CH_3)_2S$ ۔

Third : (a) [OE. 'pridda'.] (۱) تیسرا؛ ثلث؛ سوم ۔(۲) ہر دو کے بعد والا ۔

Third : (n) (۱) تیسرا شخص یا شے؛ ثلث؛ تیسرا حصہ (کسی چیز کے تین مساوی حصوں میں سے ایک حصہ)۔ (۲) دقیقہ؛ وقت یا زاویے کے ایک ثانیہ (سیکنڈ) کا ساٹھواں حصہ ۔(۳) (موسیقی) کسی سُر اور اس کے بعد کے تیسرے سُر کا فاصلہ یا ان دونوں کا میل ۔ (٤) (قانون) ثلث؛ شوہر کی املاک کا تیسرا حصہ جو بعض صورتوں میں زوجہ کو ملتا ہے ۔(٥) (جمع) (تجارت) تیسرے درجے کا مال ۔

Third : (v) تین برابر حصوں میں تقسیم کرنا ۔

Third class/Third-class : (n) تیسرا درجہ ۔

Third class : (a) (بےجا استعمال) ادنیٰ قسم کا؛ گھٹیا؛ تیسرے درجے سے متعلق ۔

Third class : (adv.) تیسرے کلاس کی سواری ہے ۔

Third day : (n) منگل؛ تیسرا دن ۔

Third degree : (n) (۱) (امریکا) اقبال جرم کرانے کےلئےپولس کا ملزم پر سختی کرنا؛ تشدد بفرض اقبال جرم ۔(۲) تشدد کا طریقہ ۔

Third estate : (n) (انقلاب سے قبل) شرفائے فرانس؛ طبقہ٭ عوام ۔

Third floor : (n) طبقہ٭ سوم؛ تیسری منزل (امریکا)؛ چوتھی منزل (برطانیہ) ۔

Third force : (n) پارٹی یا جماعت جو دو جماعتوں کےدرمیان تفرقے کا نپٹارا کرتی ہے ۔

Third hand/Third-hand : (n) (۱) دست سوم ۔ (۲) استعمال کی ہوئی چیز کو تیسرے آدمی کا لینا ۔ (۳) فیکٹری کا ملازم جو Operator کی مدد کرتا ہے ۔

Third-hand : (a) (۱) دو درمیانی شخص سے حاصل کیا ہوا ۔ (۲) دو شخص کا استعمال کیا ہوا ۔

Third man : (n) (۱) شخص ثالث ۔(۲) (کرکٹ) تھرڈ مین؛ فیلڈر جو وکٹ سے دور پوائنٹ اور شورٹ سلپ کے درمیان کھڑا ہوتا ہے ۔

Third party : (n) شخص ثالث؛ تیسرا آدمی جو دو شخصوں کے جھگڑے کے وقت موجود ہو ۔

Third-party insurance/-risk : (n) (بیمہ میں) علاوہ اس شخص کے جس کا بیمہ ہوا ہو کسی تیسرے شخص کا نقصان جس کی تلافی کا بیمہ کرنے والا ذمہ لے ۔

Third person : (n) (قواعد) ضمیر غائب؛ صیغہ غائب ۔

Third personal : (a) ضمیر غائب سے متعلق ۔

Third - rate : (a) ادنیٰ قسم کا؛ گھٹیا ۔

Third-rate : (n) (جہاز رانی) گھٹیا قسم کا جنگی جہاز ۔

Third sex : (n) دیکھو Homosexuals

Third story : (n) تیسری منزل؛ چوتھی منزل (برطانیہ) ۔

Third ventricle : (n) جوفہ٭ سوم ۔

Third world : (n) ایشیا، افریقہ اور لیٹن امریکا کے ممالک ۔

Thirdling : (n) تیسرا گروہ ۔

Thirdly : (adv.) تیسرے ۔

Thirdsman : (n) شخص ثالث؛ بیچ بچاؤ کرانے والا؛ مصالحت کرانے والا ۔

Thirl : (n) [OE. 'pyrel'.] (۱) (بول چال) سوراخ؛ چھید؛ حفرہ ۔ (۲) نتھنا؛ سوراخ بینی؛ منخر ۔(۳) درز دیوار؛ دیوار کا منہ ۔

Thirl : (n) (۱) (اسکاتستانی قانون) بعض رعیتوں کے ساتھ یہ شرط کہ وہ ایک ہی آٹا چکی یا بڑھئی کی دکان سے کاروبار رکھیں گے ۔(۲) اس طریقے کے مطابق پسائی ۔(۳) رہن؛ گرو ۔

Thirlage : (n) [f. 'thirl'. var. 'Thrall'.] دیکھو Thirl

Thirling : (n) اطاعت؛ انقیاد؛ مقہور سازی؛ مطیع سازی ۔

Thirst : (n) [OE. 'purst'.] (۱) پیاس؛ تشنگی؛ عطش ۔ (۲) آرزو مندی؛ اشتیاق؛ طلب؛ لگن؛ بے حد شوق یا خواہش ۔ (۳) بغیر پانی کا علاقہ یا خطّہ؛ بے آب خطّہ ۔

Thirst : (v) [OE. 'pyrstan', f. 'purst'.] (۱) پیاس لگنا؛ پیاسا ہونا؛ تشنہ ہونا ۔(۲) طلب یا لگن ہونا؛ بے حد خواہش ہونا؛ آرزومند ہونا ۔ (۳) شراب وغیرہ کو جی چاہنا ۔

To have a thirst : (بول چال) شراب وغیرہ پینے کی خواہش ہونا ۔

Thirst out : (v) غالب آنا؛ زیر کرنا؛ مطیع کرنا؛ (ملک کا) فتح کرنا؛ جیتنا؛ تسخیر کرنا؛ سرکرنا؛ مغلوب کرنا؛ حاصل کرنا ۔

Thirster : (n) پیاسا؛ جسے پیاس لگی ہو ۔

Thirstily : (adv.) (۱) تشنگی سے؛ پیاس کے ساتھ ۔(۲) آرزو مندی کے ساتھ ۔

Thirstiness : (n) پیاس؛ عطش؛ تشنگی ۔

Thirsting : (n) (۱) تشنگی؛ پیاس ۔(۲) آرزو؛ اشتیاق شدید؛ بے حد خواہش ۔

Thirstless : (a) جسے پیاس نہ ہو؛ بغیر پیاس کے ۔

Thirsty : (a) [OE. 'purstiz'.] (۱) تشنہ؛ پیاسا ۔ (۲) شراب کا شائق ۔ (۳) بے آب ؛ خشک (زمین یا موسم) ۔ (٤) (بول چال) پیاس لگانے والا؛ جس سے پیاس لگے؛ عطش آور ۔ (٥) (مجازاً) آرزو مند؛ مشتاق؛ تشنہ؛ خواہش مند؛ لالچی ۔

To be thirsty : پیاس لگنا؛ پیاسا ہونا ۔

Thirstywork : (n) پیاس لگانے والا کام؛ محنت کا کام ۔

Thirteen : (a & n) [OE. 'pre-coliene'.] (۱) تیرہ ؛ سیزدہ ۔ (۲) تیرہ کی تعداد ۔

The thirteen superstition : تیرہ کے منحوس ہونے کا توہم۔

Thirteener : (n) (۱) (کرکٹ) تیرہ رن کے لئے ضرب ۔ (۲) سلسلہ کا تیرھواں حصہ ۔

Thirteenth : (a) تیرھواں؛ سیزدہم ۔

Thirteenth : (n) (۱) تیرھواں حصہ ۔ (۲) (انگریزی تاریخ) سالانہ ٹیکس کا تیرھواں حصہ ۔ (۳) (موسیقی) دو سُروں کے درمیان کا وقفہ ۔

Thirteenthly : (adv.) تیرھویں مقام پر ۔

Thirtieth : (a) تیسواں ۔

Thirtieth : (n) (۱) تیسواں حصہ؛ تیسویں تاریخ ۔ (۲) اشیائے منقولہ کا تیسواں حصہ (جو مدد کے طور پر دیا جائے) ۔

Thirty : (a) [OE. 'pritiz'] (۱) تیس ۔ (۲) تیس سال کا ۔

Thirty : (n) تیس کا عدد ۔

Thirty sixes/Thirtysixmo : (n) (۱) کتاب کی تقطیع جو ایک تختہ کے چھتیسویں حصے کے برابر ہو ۔ (۲) اس تقطیع کی کتاب ۔ (۳) چھتیس برگی ۔

Thirtyfold : (n&a) تیس گنا ۔

Thirtynine Articles : (n) انتالیس عقائد یا اصول جن کا کلیسائے انگلستان کے ہر پادری کو اقرار کرنا پڑتا ہے ۔

Thirtytwomo/Thirty-twos : (n) (۱) کتاب کی تقطیع جو ایک تختہ کے بتیسویں حصے کے برابر ہو ۔ (۲) اس تقطیع کی کتاب ۔ (۳) بتّیس برگی ۔

This : (pron.) (۱) یہ ۔ (۲) نزدیک ۔ (۳) اس ۔ (٤) اس وقت ۔ (٥) یہاں (بول چال) ۔ (٦) اس جگہ ۔ (۷) پچھلا ۔ (۸) اب ۔

Before this : اس وقت سے پہلے؛ اب سے پہلے ۔

By this time : اس موقع تک؛ اس وقت تک ۔

For all this : باوجود اس کے ۔

Like this : اس طرح؛ اس طریقے سے؛ چنیں ؛ ایں طور ۔

Ought to be ready by this : اب تک تیار ہوگیا ہوگا ۔

These (or this) weeks : اگلے تین ہفتے ۔

This : (adv.) [OE. 'pys'] اتنا؛ اس قدر ۔

This-a-way : (adv.) بایں ترتیب؛ اس ترتیب سے ۔

This afternoon : (n) آج کی سہ پہر ۔

This and that : (n) یہ اور وہ ۔

This and the other/That- : (n) (۱) مختلف چیزیں؛ مختلف باتیں ۔ (۲) ہر چیز ادراک پذیر ۔

This day : (n) آج ۔

This evening : (n) آج شام ۔

This morning : (n) آج صبح ۔

This much : (adv.) اتنا؛ اس قدر ۔

This world : (n) موجودہ دنیا؛ دنیائے حاضر؛ یہ دنیا؛ یہ زمانہ؛ دنیائے مادی؛ عالم جسمانی ۔

This-worldly : (a) اس دنیا سے مختص؛ اہل ایں دنیا؛ اس دنیا کا ۔

This-worldness : (n) اس دنیا سے مختص ہونا ۔

Thisness : (n) (۱) یہ ہونا ۔ (۲) (مسیحی علم کلام) انفرادیت؛ تشخص؛ تعین ۔

Thissen : (adv.) (انگریزی بول چال) اس طریقے سے؛ اس طرح۔

Thistle : (n) [OE. 'pistil'.] (۱) (نباتیات) گوکھرو؛ بھٹ کٹیا؛ اونٹ کٹارا ۔ (۲) (اسکاتستان کا) قومی نشان؛ (مقابلے کےلئے) دیکھو Rose ۔ (۳) خار؛ خارشتر؛ کنگراوتی۔

Blessed thistle : (نباتیات) شوک مبارک؛ یاد آورد ۔

Bull thistle : امریکا اور آئرلینڈ کا ایک پودا ۔

Canada thistle/Corn-/Creeping- : امریکا کا ایک تکلیف دہ پودا ۔

Gentle thistle : ایک قسم کا پودا ۔

Holy thistle : (نباتیات) شوک مبارک ۔

Order of the thistle : اسکاتستان میں نائٹوں (Knights) کا ایک سلسلہ ۔

Russian thistle : ایک بحری پودا ۔

Scotch thistle : ایک قسم کا اسکاتستانی پودا ۔

Silver thistle : ایک قسم کا پودا جس سے روئی حاصل کی جاتی ہے ۔

Yellow thistle : ایک قسم کا پودا ۔

Thistle : (v) بے خار کرنا؛ ریشہ باہر نکالنا؛ گھوکرو کو صاف کرنا ۔

Thistle-ball : (n) گوکھرو کے دانے کا کروی سرا ۔

Thistle-bird : (n) ایک قسم کی خوبصورت گانے والی چڑیا (خصوصاً امریکا کی) جس کے پنکھ پر سنہرے داغ ہوتے ہیں؛ سہرہ ۔

Thistle-butterfly : (n) نارنجی رنگ کی تتلی جس پر سیاہ چتّیاں ہوتی ہیں۔

Thistle-cock : (n) (بول چال) دانے کی جھنڈیاں ۔

Thistle-crown/-dollar : (n) اسکاتستانی سکّوں کے نام ۔

Thistle-down : (n) وہ روئیں یا ریشے جو گوکھرو کے بیج میں ہوتے ہیں ۔

Thistle-finch : (n) دیکھو Goldfinch

Thistle funnel : (n) (کیمیا) کنول قیف ۔

Thistle noble : (n) اسکاتستان کا ایک سکہ ۔

Thistled : (a) خاردار ۔

Thistly : (a) (۱) خاردار؛ خار مانند ۔ (۲) گوکھرو کا سا؛ گوکھرو بھرا ۔

A thistly wilderness : بیابان خار دار ۔

Thither : (adv.) [OE. 'pider'.] اُنجا؛ اُس جگہ؛ اُس جگہ کو؛ وہاں۔

Hither and thither : یہاں وہاں؛ ایں جا و آں جا ۔

Thither : (a) اُس سمت کو؛ اُدھر؛ دورتر ۔

Thitherward(s) : (adv.) [OE. 'piderweard'.] اس طرف (کو) ؛ ادھر (کو) ؛ وہاں ؛ اس سمت میں ۔

Thitsi/Thitsee : (n) [Burmese 'pitsi'.] سیاہ وارنش درخت؛ نیز اس درخت سے حاصل ہونے والا روغن ۔

Thixotropic : (a) بعض ژلاتینی مواد کی خاصیت سے متعلق ۔

Thixotropy : (n) [f. Gr.] بعض ژلاتینی مواد کی خاصیت ۔

Thlipsis : (n) (طب) انقباض عُروق ۔

Tho : Though کا مخفف ۔

Thole : (v) [OE. 'poklan] (۱) (قدیم) برداشت کرنا؛ اٹھانا؛ سہنا؛ بھگتنا؛ تکلیف اٹھانا؛ مصیبت اٹھانا؛ تحمل کرنا ۔ (۲) جائز رکھنا؛ روا رکھنا؛ گوارا کرنا؛ جائز سمجھنا ۔ (۳) گنجائش ہونا ۔ (٤) اجازت دینا ۔

Thole : (n) [OE. 'poklan'] (۱) (جہاز رانی) نصاب پتوار؛ (کشتی کے اوپر کے کنارے میں پتوار کی ٹیک یا نصاب) ؛ وہ کیل یا کانٹا جس پر پتوار ٹکی ہوتی ہے اور گھومتی ہے؛ چپو کانٹا؛ چپو اُنکڑا ۔ (۲) کانٹا یا پن؛ کیل ۔ (۳) سطح مقعر ۔

Thole-pin : (n) دیکھو Thole

Tholus : (n) [L.] (۱) (تعمیرات) قبّہ؛ گنبد؛ سطح مقعر ۔ (۲) (روم قدیم) گنبدی شکل کا مقبرہ؛ گنبد دار عمارت ۔

Thomaean : (a) [f. med. L. 'Thomaeus'.] سینٹ طامس کے گرجا سے متعلق ۔

Thomaean : (n) سینٹ طامس کے گرجا کا رُکن ۔

Thomas : (n) [L.] (۱) توماس؛ توما (اسم خاص) : طامس ۔ (۲) حضرت عیسیٰ کے ۱۲ حواریوں میں سے ایک ۔ (۳) (مجازاً) آدمِ شکاک؛ شکّی آدمی؛ دیر سے یقین کرنے والا ۔

Doubting Thomas : وہ شخص جو جب تک دیکھ نہ لے یقین نہ کرتا ہو؛ شکّی آدمی؛ دیر سے یقین کرنے والا ۔

Thomas Atkins : (n) برطانوی فوج کے ایک مشہور سپاہی کا نام ۔

Thomism : (n) [f. pree. + ISM.] (دینیات) طامسیت؛ طامس اکوئنی ناس (المتوفی ۱۲۷٤ء) کا مذہب جو مسئلہ تقدیر اور رحمت کا قائل مگر حضرت مریم کی معصومیت کا منکر تھا ۔

Thomist : (n) [med. L. 'Thomista'.] طامسی؛ طامس کا پیرو ۔

Thomite : (n) دیکھو Thomaean

Thomsenolite : (n) [Named after Julius Thomsen of Copenhagen.] (معدنیات) المونیم؛ کیلشیم اور سوڈیم کا ہائیڈرس فلورائڈ ($NaCa\ AlF_6, H_2O$) ۔

Thomsen's disease : (n) [Named after Dr. Thomsen of Schleswig-Holstein, who first described it.] (مرضیات) ایک خاص مادرزاد بیماری جس میں عضلات کو کھینچنے کے بعد پھر انہیں فوراً ڈھیلا نہیں کیا جاسکتا ۔

Thomson effect/-heat : (n) (طبیعیات) ثامسن اثر ۔

Thomsonian : (a) (۱) ڈاکٹر سیموئیل ثامسن (۱۷۶۹ـ۱۸٤۳) کے طریقہء علاج سے متعلق ۔ (۲) شاعر جیمس ثامسن (مصنف The sea sons) کی خصوصیت کا یا اس سے متعلق ۔

Thomsonian : (n) ڈاکٹر سیموئل ثامسن کے طریقہء علاج کا پیرو ۔

Thomsonianism : (n) ڈاکٹر سیموئل ثامسن کا طریقہء علاج ۔

Thomsonite : (n) (معدنیات) المونیم؛ کیلشیم اور سوڈیم کا ہائیڈرس سلیکیٹ ($Na\ Ca_2\ Al_5\ SI_5\ O_{20}, 6H_2O$) ۔

Thong : (n) [OE. 'Pwang'.] تسمہ؛ قیش (چمڑے کا) ۔

Thong : (v) (۱) تسمہ لگانا (چابک ، باگ وغیرہ میں)؛ تسمے سے باندھنا ۔ (۲) تسمے سے مارنا؛ کوڑے مارنا ۔

Thooid : (a) [Thos or Thous + - OID] (۱) (حیوانیات) گرگ مانند؛ بھیڑیا مانند؛ گرگی ۔ (۲) کتا؛ گیدڑ مانند؛ سگی (Thous کی جنس کا) ۔

Thooid : (n) گرگ کی طرح کا جانور ۔

Thor : (n) [ON. 'porr'] (۱) (علم النجوم) برج ثور؛ گاؤ ۔ (۲) (اساطیر) رعد دیوتا ۔ (۳) تھار؛ اہل اسکینڈینیویا کا دیوتا جو رعد، زراعت اور جنگ کا دیوتا مانا جاتا ہے ۔

Thor-hammer : (n) (اوزار) چقماقی بتھوڑا؛ چقماق کا تبر ۔

Thoracentesis : (n) (جرّاحی) صدر سوزنی ۔

Thoraci - : [Comb. from of L. 'thorax.'] جزو ترکیبی بمعنی سینہ ؛ صدر ۔

Thoracic : (a) [med L. 'thoracicus'.] (۱) (تشریح) سینے کا؛ چھاتی کا؛ سینے سے متعلق ۔ (۲) سینے سے ملا ہوا ۔ (۳) مچھلی کے پیٹ کے پروں سے متعلق ۔

Thoracic : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Thoracic cavity : (n) (تشریح) قصبہء سینہ؛ قصبہء صدری ۔

Thoracic duct : (n) (تشریح) مجرائے سینہ؛ قنات صدر؛ سینہ کی نالی ۔

Thoracic vertebrae : (n) فقرات الصدر؛ سینے کے مہرے ۔

Thoraciform : (a) سینہ کی شکل کا؛ صدر نما ۔

Thoraco-/Thorac - : [Comb. from of Gr. 'Thorax'.] جزو ترکیبی بمعنی سینہ؛ صدر ۔

Thoraco-acromial : (a) (تشریح) صدری اُخری (شریان) ۔

Thoracocentesis : (n) صدر سوزنی ۔

Thoracodorsal : (a) (تشریح) صدر ظہری (شریان) ۔

Thoracodynia : (n) (طب) سینے کا درد ۔

Thoracometer : (n) (تنفس میں) سینے کی نالی کی حرکت کو دیکھنے کا آلہ (Stethometer) ۔

Thoracopagus : (n) (طب) صدر پیوستہ؛ سینہ جُڑواں ۔

Thoracoplasty : (n) (جراحی) صدر پیوندی ۔

Thoracoscope : (n) (جراحی) پیُورابیں؛ غشاء الریہ بیں ۔

Thoracoscopic : (a) غشاء الریہ بیں سے متعلق ۔

Thoracoscopy : (n) تحقیق و تفتیشِ صدر؛ سینہ کی جانچ پڑتال ۔

Thoracostracous : (a) [Thoraco -+ Gr. 'strakon'.] قشری جنس کے جانور سے متعلق ۔

Thoracotomy : (n) (جراحی) صدر شگافی ۔

Thoral : (a) عروسی؛ بستری؛ فراشی؛ (مجازاً) نکاحی ؛ ازدواجی ۔

Thoral line : (n) خطِ عروسی ۔

Thorax : (n) [L.. from 'thoraces'.] (۱) (تشریح ، حیوانیات) صدر؛ سینہ (انسانوں اور جانوروں کا) ۔ (۲) گردن اور پیٹ کے درمیان کا عضو ۔

Thore : (n) زفاف؛ فراش ۔

Thoria : (n) (کیمیا) تھوریم کا اکسائڈ (ThO_2) ۔

Thorianite : (n) مادہ* معدنی جس میں تھوریم کا اکسائڈ زیادہ ہوتا ہے اور جو سیلون کے جنوب مغربی علاقے میں پایا جاتا ہے ۔

Thorite : (n) [SW. 'thorit'.] (معدنیات) تھورائیٹ؛ تھوریم سلیکیٹ؛ ایک سیاہ، ٹھوس معدنی شے ۔

Thorium : (n) [f. 'Thor'.] تھوریم (عنصر، دھات)؛ ایک شعاع افریں دھات جس کے اکسائڈ سے گیس لیمپ کی ٹوپی بنتی ہے ۔

Thorn : (n) [OE. 'porn'.] (۱) کانٹا (درخت کا) : خار ۔ (۲) خار دار پودا؛ جھاڑی؛ عضاۃ؛ جھاڑی دار درخت؛ ایک قسم کی خار دار جھاڑی ۔ (۳) (مجازاً) کوئی چیز جس سے تکلیف ہو؛ موجب ناراحتی؛ موجب درد و آلام ۔ (٤) (جانور میں) ریڑھ؛ ابھرا ہوا حصہ (مثل ماہی پشت) ۔ (٥) جھاڑی دار درخت کی لکڑی ۔ (٦) انگریزی حروف تہجی کے متروک حرف کا نام جس کا تلفظ 'th' تھا ۔

A thorn in the flesh/-side : سوہانِ روح؛ وہ چیز جس سے ہر وقت تکلیف ہو ۔

Egyptian thorn/Thorn of sweet lote : (نباتیات) خارِ مغیلاں ؛ خار مصری ۔

Goat's thorn : (نباتیات) کیز؛ گون ۔

To walk upon thorns/To sit-/To stand- : (۱) کانٹوں پر لوٹنا؛ بے چین یا مضطرب ہونا ۔ (۲) ہر وقت ڈرتے رہنا (جرم وغیرہ کے کھل جانے کے اندیشے سے) ۔

Thorn-apple : (n) دیکھو Burn- weed

Thorn-bill : (n) (حیوانیات) جنس شکر خورا؛ خار منقار ۔

Thorn-bird : (n) جنوبی امریکا کی ایک چڑیا ۔

Thorn-bush : (n) خار دار جھاڑی؛ دیکھو Hawthorn ۔

Thorn devil : (n) آسٹریلیائی گرگٹ ۔

Thorn forest : (n) (نباتیات) جنگل عضاۃ؛ خاربیشہ ۔

Thorn-head/Thorn-headed worm : (n) جنس Acantkocephala کا کیڑا ۔

Thorn-hedge : (n) خار دار احاطہ؛ جھاڑی دار باڑھ ۔

Thorn hedged : (a) جھاڑی دار احاطہ کا ۔

Thorn-hopper : (n) جھاڑی دار ٹڈے کی قسم کا پودا ۔

Thorn palm : (n) کھجور کے درخت کی ایک قسم : خار دار نخل ۔

Thorn plum : (n) خار دار نخل کی ایک قسم ۔

Thorn poppy : (n) خار دار کوکنار ۔

Thorn-tree : (n) خار دار درخت؛ (برطانیہ) جھاڑی والا درخت ۔

Thorn-tree fly : (n) مصنوعی مکھی جو ثراوٹ مچھلی کو پکڑنے کے لئے استعمال ہوتی ہے ۔

Thornback : (n) (۱) ماہی خار پشت؛ مچھلی جس کی پُشت اور دُم پر کانٹے ہوتے ہیں ۔ (۲) ایک قسم کا پتلی ٹانگوں کا کیکڑا جو برطانیہ میں ہوتا ہے ۔

Thornback crab : (n) کیکڑا جس کی ٹانگیں لمبی اور پتلی ہوتی ہیں۔

Thornback ray : (n) ماہی خار پشت ۔

Thorned : (a) خار دار؛ تیغ دار ۔

Thornily : (adv.) خار دار طور پر؛ کانٹے کے ساتھ ۔

Thorniness : (n) کانٹا دار ہونا؛ خار دار ہونے کی حالت ۔

Thornless : (a) بغیر کانٹے کا؛ بے خار ۔

Thornlessness : (n) بے خار کا ہونا ۔

Thornlet : (n) چھوٹا کانٹا؛ خارچہ ۔

Thornlike : (a) خار مانند؛ کانٹے کی طرح ۔

Thorntail : (n) شکر خورے کی ایک قسم ۔

Thorny : (a) [OE. 'pornig'.] (۱) خار دار؛ پُرخار؛ کانٹوں بھرا ۔ (۲) (مجازاً) پُر آزار؛ مزاحم؛ دشوار؛ دل آزار؛ کٹھن؛ تکلیف دہ؛ پُر محنت؛ مشکل؛ پیچیدہ ۔ (۳) (جانور) پُرخار؛ کانٹے کی مانند عضو والا ۔ (٤) جھاڑی دار؛ جھاڑی سے بھرا ہوا ۔ (٥) زود حس؛ سریع الحس؛ نازک مزاج ۔

Thorny ground : (n) خار دار زمین؛ خارستان ۔

Thoro - : [Comb. from 'Thorium'.] جزو ترکیبی بمعنی تھوریم۔

Thorogummite : (n) (معدنیات) یورانیم کا ہائیڈرو تھورو سلیکیٹ ۔

Thorough : (prep.) [later OE. 'puruh'] (۱) ایک سرے سے دوسرے سرے تک ؛ شروع سے آخر تک؛ آغاز سے انجام تک ۔(۲) ذرائع ؛ ایجنسی ۔

Thorough : (adv.) (۱) حرف ربط؛ بواسطہ؛ بذریعہ؛ ذریعہ سے ۔(۲) دیکھو Through ۔

Thorough : (a) (حرکت و عمل) پورا؛ مکمل؛ کامل؛ تمام؛ پکا؛ جامع؛ تکمیل؛ پرلے سرے کا ۔

Has caught a thorough chill : وہ اچھی طرح سردی کھا گیا ہے ۔

Thorough : (n) (۱) (تاریخ) (چارلس اول شاہ انگلستان کے زمانے میں اسٹریفرڈ Strafford اور لالڈ Lalid کی) متشددانہ پالیسی ۔(۲) (زراعت) ریگھاری؛ شیار؛ نالی جو آب پاشی کے لئے کھیت میں بنائی جاتی ہے ۔

Thorough- : جزو ترکیبی بمعنی تماماً؛ پورے طور پر ۔

Thorough-band/Thoroughband : (n) خندق یا دیوار کی چوڑائی کو پتھر وغیرہ سے باندھنا ۔

Thorough bass : (n) (موسیقی) دیکھو Continuo

Thorough-bind : (v) (دیوار وغیرہ) پتھر سے محکم کرنا؛ پتھر سے مضبوط کرنا ۔

Thorough-drain : (n) نالی کے ذریعے سے پانی نکالنا ۔

Thorough-draught/-drought : (n) کمرے سے گزرنے والی ہوا کی رو ۔

Thorough-edged : (a) پورے طور پر دھار دار ۔

Thorough-felt : (a) پورا محسوس کیا ہوا ۔

Thorough-hearted : (a) مخلصانہ؛ دلی؛ پورا پورا؛ مکمل دل لگا ہوا ۔

Thorough-paced : (a) (۱) (مجازاً) خوش گام؛ خوش روش؛ ہر چال سیکھا ہوا (گھوڑا)؛ تربیت یافتہ ۔ (۲) تمام؛ مکمل؛ پورا؛ کٹر؛ پکا؛ پرلے سرے کا ۔

Thorough-paced horse : (n) خوش روش گھوڑا؛ تربیت یافتہ گھوڑا ۔

Thorough-paced rascal : (n) پکا بد ذات ۔

Thorough-pin : (n) (بیطاری) موتھرا؛ ایک بیماری جس میں گھوڑے کی پچھلی ٹانگ کے ٹخنے کے قریب ورم ہو جاتا ہے ۔

Thorough ripe/Thorough-ripe : (a) پورے طور پر پکا؛ مکمل پختہ۔

Thorough-sped : (a) دیکھو Thorough-paced

Thorough-winded : (a) بانپتا ہوا ۔

Thoroughbrace : (n) (امریکا) تسمے جو بگھی کی حلقہ نما کمانیوں کے بیچ میں ہوتے ہیں ۔

Thoroughbraced : (a) تسمہ وار (جو بگھی کے حلقہ نما کمانیوں کے بیچ میں ہوتے ہیں) ۔

Thoroughbred : (a) (۱) کاملاً تربیت شدہ؛ مکمل طور پر تربیت دیا ہوا؛ پورے طور پر تعلیم حاصل کئے ہوئے؛ مکمل؛ تماماً ۔ (۲) اصیل (جانور خصوصاً گھوڑا) ؛ خالص نسل کا (جانور) ۔ (۳) خالص نسل کا (آدمی کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے) ۔

Thoroughbred : (n) (۱) اصیل گھوڑا؛ خالص نسل کا جانور ۔ (۲) اچھی طرح سے تعلیم یافتہ شخص؛ تربیت یافتہ آدمی؛ اچھی طرح موٹر یا سائیکل سیکھا ہوا شخص ۔ (۳) عالی خاندان ۔ (٤) عالی ہمت؛ عالی ظرف؛ بہادر ۔

Thoroughbredness : (n) عالی ہمت؛ عالی ظرف ۔

Thoroughfare : (n) [ME. 'thurghfare'.] (۱) شارع عام؛ شاہ راہ؛ سڑک؛ راہ عبور؛ معبر ۔ (۲) ندی یا نہر جس سے ہوکر جہاز وغیرہ گزرسکے ۔

No thoroughfare : یہ شارع عام نہیں ہے ۔

Thoroughfare : (a) شاہ راہ سے گزری ہوئی (ٹریفک) ۔

Thoroughfare : (v) شارع عام سے گزرنا؛ شاہ راہ سےگزرنا ۔

Thoroughgoing : (a) بے قید و شرط؛ مطلق؛ تمام و کمال؛ کامل؛ پورا؛ پکا؛ کٹر؛ سخت ۔

Thoroughgoingly : (adv.) پورے طور پر؛ کاملاً ۔

Thoroughgoingness : (n) کاملیت؛ اتمام؛ پورا ہونا ۔

Thoroughly : (adv.) پورے طور پر؛ کاملاً؛ تماماً؛ سراسر؛ مکمل طور پر؛ پوری طرح؛ پورا پورا ۔

Thoroughness : (n) مکمل ہونا؛ پورا ہونا؛ کاملیت؛ تمامیت؛ کمال؛ تمام؛ جامعیت؛ جامع الاطرافی ۔

Thoroughwax : (n) گوش خر گوش؛ ایک قسم کی چھتردار گھاس ۔

Thoroughwort : (n) شمالی امریکا کا ایک قسم کا پودا ۔

Thorp/Thorpe : (n) [OE. and ME. 'prop.'] (تاریخ) گاؤں ؛ بستی؛ دہ کدہ؛ موضع؛ خصوصاً زراعتی گاؤں؛ (اکثر بستیوں کےنام کا جز ہوتا ہے) ۔

Thos : (n) [L.] کتے یا گیدڑ کی جنس کا جانور ۔

Those :(pron.a) [OE. 'pas'.] that کی جمع؛ وہ؛ وہ لوگ؛ وہ سب (چیز اور شخص کو ظاہر کرنے والا) ۔

Thoth : (n) (اساطیر) (مصر قدیم میں) دیوتائے حکمت؛ خدائے عقل و جادو ۔

Thou : (n) (بول چال) Thousand کا مخفف؛ خصوصاً ہزار پونڈ (Thousand pound) کا مخفف ۔

Thou : [L. 'pu'.] تو؛ (ضمیر جس کے ذریعےشخص یا چیز کو مخاطب کیا جاتا ہے) ۔

Thou : (n) (۱) وہ شخص جس کو مخاطب کیا جائے ۔ (۲) دیکھو Thee ۔

Thou : (v) تو کہہ کر مخاطب کرنا؛ تو سے خطاب کرنا؛ کسی کو تو کہنا؛ (حقارت کے لئے) تو کہنا ۔

Though/Tho : (adv.) [ME. 'poh'.] (۱) کتنابی؛ کیسابی ۔ (۲) تاہم؛ باوجود اس کے؛ بہر حال؛ پھر بھی؛ گو ؛ مگر؛ بہر جہت ۔ (۳) کیسے؛ کیوں کر ۔

Though/Tho : (conj.) (۱) جبکہ؛ جس وقت میں؛ جس عرصے میں؛ جس اثنا میں ؛ جب تک ۔ (۲) درآں حالیکہ؛ اگرچہ؛ گرچہ؛ برچند؛ باوجود اینکہ ۔ (۳) یہاں تک کہ؛ حتی کہ ۔ (٤) خواہ ۔ (٥) حرف زائد کے طور پر تاکید کے لئے جیسے: Though you never know ۔

As though : گویا؛ جیسے ۔

He finished first though he began last : اس نے پہلے ہی ختم کردیا اگرچہ اس نے بعد میں شروع کیا ۔

I wish you had told me though : تم مجھ سے کہہ تو دیتے ۔

It is better to ask him though he should refuse : ان سے پوچھنا بہتر ہے خواہ وہ انکار کردیں ۔

What though the way is long : رستہ لمبا ہے تو کیا؛ رستہ لمبا ہے تو ہوا کرے ۔

Thought : (n) [OE. 'Poht'.] (۱) قوت خیال؛ خیال کرنے کا فعل یا عمل؛ قوت تعقل؛ سوچنے کی صلاحیت ۔ (۲) عقل؛ ادراک؛ فہم؛ اندیشہ؛ خیال؛ ذہن میں خیال کا آنا؛ بصیرت ۔ (۳) سوچ؛ ادھیڑبُن؛ جو ذہن میں ہو ۔ (٤) غور و فکر؛ غور و خوض؛ سوچنا سمجھنا ؛ تفکر ؛ استدلال ؛ تامل ۔ (٥) خیال؛ بات جو خیال میں آئے؛ تخیل؛ تصور؛ قیاس؛ توجہ؛ دھیان ؛ لحاظ؛ غور؛ مراقبہ؛ التفات؛ سوچ سمجھ ۔ (٦) کچھ کچھ

ارادہ؛ منشا ۔ (۷) (عموماً جمع) رائے؛ خیالات؛ افکار ۔ (۸) موضوع خیال؛ وہ بات جس کا خیال یا جس کی فکر ہو ۔ (۹) عقیدہ ؛ مفروضہ؛ راسخ خیال؛ قوت فیصلہ ۔ (۱۰) مقصد؛ سر مطلب؛ ارادہ؛ منصوبہ؛ منشاء؛ مدعا؛ غایت ۔ (۱۱) معنی خیز نظر؛ نظر ۔ (۱۲) سمجھ؛ تمیز؛ عقل سلیم ۔ (۱۳) معمولی رقم؛ بہت ہی کم؛ اندک؛ تھوڑا؛ خفیف یا ادنیٰ سی چیز؛ خفیف سی مقدار ۔

Acts without thought : بے سوچے سمجھے عمل کرتا ہے ۔

After serious thought : سوچ، گہری فکر کے بعد ۔

A happy thought : بر محل، عمدہ، معقول خیال ۔

A penny for your thoughts : میں کچھ نذر کرنے کو تیار ہوں اگر یہ معلوم ہو جائے کہ آپ کیا سوچ رہے ہیں (یہ ایسے شخص سے کہا جاتا ہے جو اپنے خیال میں مستغرق ہو) ۔

A thought : ذرا سا؛ تھوڑا سا؛ کسی قدر ۔

First thoughts : تصور اوّل؛ فکر اوّل ۔

Free thought : (مذہبی معاملے میں) آزاد رائے ۔

In thought : سوچ میں؛ خیال میں ؛ فکر میں؛ تصور میں ۔

Object of thought : (نفسیات) مفکور؛ مرکزِ فکر ۔

Quick as thought : بہت تیز؛ نہایت تیز ۔

Second thoughts : (۱) بعد کا خیال؛ بعد کو سوچی ہوئی بات ۔ (۲) مزید غور ۔

Second thoughts are best : بعد کو سوچی ہوئی بات بہتر ہوتی ہے ۔

To take thought : سوچنا؛ سمجھنا؛ تفکر کرنا؛ غوروفکر کرنا؛ منصوبہ باندھنا؛ ارادہ کرنا؛ قصد کرنا ۔

Word thought : لفظ باخیال ۔

Thought : Think کا ماضی؛ فکر کیا؛ سوچا ۔

Thought-executing : (a) (۱) نرم خیالی سے نفاذ کرنے والا ۔ (۲) فکر کی تعمیل کرنے والا ۔

Thought link : (n) (نفسیات) روابط خیال ۔

Thought-out : (a) فکر شدہ؛ خیال کیا ہوا؛ سوچا ہوا؛ غور کیا ہوا ۔

Thought proper : (n) (نفسیات) حقیقی خیال ۔

Thought-read : (v) قوت اشراق سے دوسرے کے خیالات معلوم کرنا؛ دوسرے کے خیالات سے واقف ہونا ۔

Thought-reader : (n) ضمیر داں؛ قوت اشراق سے دوسرے کے خیالات معلوم کرنے والا ۔

Thought-reading : (n) (۱) دوسرے کے خیال کو جاننا؛ قوت اشراق سے دوسرے کے خیالات معلوم کر لینا ۔ (۲) عملی اشراق؛ دل بدل؛ دوسرے کے خیال اور باطن کی اطلاع ۔ (۳) ضمیر دانی ۔

Thought-reading : (a) عملی اشراق سے دوسرے کے خیالات کو جاننے والا ۔

Thought transference : (n) اشراق؛ خیال رسانی؛ توجس؛ انتقال خیالات ۔

Thought wave : (n) (نفسیات) موج خیال (جس کے ذریعے سے اشراق کے قائلوں کے نزدیک خیالات منتقل ہوتے ہیں) ۔

Thoughted : (a) پُراندیشہ؛ خیالات کا ۔

Thoughtful : (a) (۱) متفکر؛ خیالات میں ڈوبا ہوا؛ غوطے میں یا سوچ میں؛ دھیان والا ۔ (۲) سوچنے والا؛ فکر کرنے والا؛ غور کرنے والا؛ غور و فکر کا عادی؛ جس میں غور و فکر کا مادہ ہو ۔ (۳) صاحب فکر؛ پُر فکر؛ جس میں اچھوتے یا گہرے خیالات ہوں ۔ (٤) دوسروں کا دل رکھنے والا؛ دوسروں کا لحاظ رکھنے والا؛ با مروت (شخص) ؛ لحاظ کا ؛ مروت کا؛ دل جوئی کا (برتاؤ وغیرہ) ۔ (٥) باملاحظہ؛ بافکر؛ فکور؛ اندیشناک؛ تفکر پسند؛ مستغرق ۔ (٦) دوسروں کا خیال رکھنے والا؛ محتاط؛ ہوشیار ۔

Thoughtfully : (adv.) (۱) تامل سے؛ غور و فکر کے ساتھ؛ سوچ سمجھ کر ؛ دھیان میں رکھ کر ۔ (۲) مروت سے؛ دل جوئی سے ۔

Thoughtfulness : (n) (۱) سوچ سمجھ میں ہونا ۔ (۲) غور و فکر کا عادی ہونا ۔ (۳) پُرفکر ہونا؛ اندیشناکی ۔ (٤) مروت؛ خاطر داری ۔

Thoughtless : (a) (۱) بے فکر؛ لاقید؛ ناشی ۔(۲) ناعاقبت اندیش ؛ بے پروا ؛ لا ابالی ؛ بے پروائی یا لاابالی پن کا ۔(۳) بے مروت؛ بے درد؛ بے مروتی یا بے دردی کا ؛ دوسروں کے جذبات کا لحاظ نہ کرنے والا ۔ (٤) بے سوچا سمجھا؛ بے خیالی کا؛ غافل؛ بےخبر؛ بے احتیاط؛ بے اعتنا ۔

Thoughtlessly : (adv.) (۱) بے پروائی کے ساتھ ؛ بے اعتنائی کے ساتھ ؛ ناعاقبت اندیشی سے ۔(۲) بے مروتی یا بے دردی سے؛ لا ابالی پن سے ۔(۳) بے سوچے سمجھے؛ بے خیالی میں؛ بے خبری میں ۔

Thoughtlessness : (n) (۱) بے پروائی؛ ناعاقبت اندیشی؛ بےمروتی؛ بےدردی؛ بےاعتنائی؛ بےخیالی؛ لاأبالی پن؛ بےخبری ۔

Thoughtlet : (n) چھوٹا فکر؛ معمولی فکر ۔

Thoughtway : (n) طرزِ فکر ۔

Thoughty : (a) (خصوصاً بول چال) دیکھو Thoughtful

Thous : (n) [mod. L.] (حیوانیات) ایشیا اور افریقہ کے کتے یا گیدڑ کی جنس کا جانور ۔

Thousand : (n & a) [OE. 'pusend'.] (۱) ہزار؛ تعداد میں ہزار ہونا ۔(۲) (بے جا استعمال) بہت سے؛ ہزاروں؛ بہت بڑی تعداد ۔

A thousand apologies : بے حد عذر؛ بےحد ندامت کا اظہار ۔

A thousand thanks : بہت بہت شکریہ ۔

One in a thousand : ہزاروں میں ایک؛ بے مثال ۔

One - thousand : ایک ہزار ۔

Several thousands : کئی ہزار ؛ ہزاروں ۔

Upper ten thousand : طبقہء امراء ۔

Thousand and one : (a) بے شمار؛ بسیار؛ ہزاروں ۔

Thousandfold : (a) ہزار گنا؛ ہزار برابر؛ ہزارگانہ ۔

Thousandfold : (adv.) ہزار بار (مقدار میں) ۔

Thousandfold : (n) ہزار گنا رقم یا تعداد ۔

Thousandth : (a) ہزاروں؛ہزار میں ایک ۔

Thousandth : (n) ہزارواں حصہ ۔

Thousandth part : (n) ہزار برابر حصوں میں سے ایک حصہ ۔

Thousandweight : (n) پونڈ کے برابر کی اکائی؛ ایک ہزار رطل (وزن) ۔

Thowless : (a) [ME. 'thowles'.] (اسکاتستانی)ضعیف؛ ناتواں؛ مدھم؛ دھیما؛ سست؛ کام چور؛ کاہل ۔

Thowt : (انگریزی بول چال) Thought کا متبادل ۔

Thraldom : (n) [f. next + -DOM.] حلقہ بگوشی؛ غلامی؛ بندگی؛ عبودیت ۔

Thrall : (n) [OE. 'prael'.] (۱) (تاریخ) بندہ؛ غلام؛ زرخرید؛ حلقہ بگوش ؛ مطیع ؛ تابع دار ؛ نوکر ۔ (۲) بندگی؛ غلامی؛ عبودیت ۔ (۳) جس کی آزادی سلب کرلی گئی ہو؛ جنگی قیدی ۔

Thrall : (a) محبوس؛ قیدی؛ اسیر؛ غلام ۔

Thrall : (v) [Early ME.] (قدیم) غلام بنانا؛ حلقہ بگوش کرنا؛ آزادی سلب کر لینا؛ قید کر لینا؛ مقید کر دینا؛ اسیر کرنا ۔

Thranite : (n) [Gr. 'thranites'.] (یونان قدیم) قدیم یونانی جنگی جہاز میں سب سے اوپری قطار کا کھویّا ۔

Thrapple : (n) [alter. of 'thropple'.] (اسکاتستان) حلق؛ گلا؛ نرخرا؛ سانس لینے کی نلی ۔

Thrash/Thresh : (v) [OE. 'perscan'.] (۱) گاہنا (غلے کو) ؛ کوٹنا؛ چھلکا باہر نکالنا؛ میکانیکی ذرائع سے دانہ وغیرہ دانٹ سے الگ کرنا ۔ (۲) (out کے ساتھ) (مجازاً)؛ معاملے کی چھان بین کرنا؛ ہر پہلو پر غور کرنا؛ فکر اور کاوش کے بعد پالینا (حقیقت)؛ ڈھونڈ نکالنا (قافیہ وغیرہ)۔ (۳) (چرخی درخت کی شاخ وغیرہ کا) تڑا تڑ لگانا؛ سوئنے کی طرح لگانا ۔ (٤) (جہاز کا) لہروں سے ٹکرانا؛ لہروں کو پیٹنا؛ ہوا کو یا لہروں کو ڈھکیل کر آگے بڑھنا؛ ہوا کے مخالف کام کرنا ۔ (٥) پیٹنا؛ کوڑے لگانا؛ سوئنے سے خبر لینا؛ دُھنکنا؛ کندی کرنا؛ سزا کے طور پر مارنا؛ ڈنڈے لگانا؛ پورے طور پر مارنا ۔(٦) شکست دینا؛ ہرانا؛ سبقت لے جانا؛ مات کر دینا؛ مغلوب کرنا؛ مغلوب بنانا ۔

(۷) تیزی سے جانا آنا؛ کبھی ادھر اور کبھی ادھر ہٹانا؛ تیزی سے چلے جانا؛ زور سے وار کرنا۔

To thrash straw : غیر نفع بخش کام کرنا۔

To thrash out (a subject) : جامع طور پر بحث کرنا۔

Thrash : (n) (۱) گاہنے کا عمل؛ ٹنٹھل سے غلہ الگ کرنے کا عمل۔(۲) کشتی کا ہَوا کےرخ پر چلانے کاعمل۔

Thrash out : (v) معاملے کی چھان بین کرنا؛ ہرپہلو پر غور کرنا۔

Thrasher/Thresher : (n) (۱) گاہنے والا؛ دانہ الگ کرنے والا؛ غلہ نکالنے والا۔(۲) دانہ الگ کرنے والی مشین؛ گاہنے کی مشین؛ (زراعت) درَاسہ؛ خرمن کوب؛ غلہ نکالنے کی کل؛ غلہ صاف کرنے والی مشین۔ (۳) غلہ نکالنے والا شخص یا مزدور۔(٤) شارک مچھلی کی ایک قسم ؛ روباہ شارک؛ ثعلب البحر۔ (٥) دوسروں کو مارنے والا۔

Thrasher : (n) Harporhynchus جنس کا شمالی امریکا کا ایک پرندہ۔

Thrasher-fish/-shark : (n) شارک مچھلی کی ایک قسم۔

Thrasher-whale : (n) ایک قسم کی وہیل مچھلی۔

Thrashing : (n) (زراعت) گاہ؛ گہاؤ؛ درس؛ بالیوں سے غلہ نکالنے کا عمل؛ خرمن کوبی۔

Thrashing : (n) ٹھکائی؛ پٹائی؛ مرمت۔

Thrashing-floor/Threshing- : (n) خرمن کوبی کی جگہ؛ گاہنے کا فرش؛ سخت اور مسطح زمین جہاں غلّے کو گاہتے ہیں۔

Thrashing-machine/Threshing- : (n) گاہنے کی مشین؛ خرمن کوب مشین؛ درَاسہ۔

Thrashing mill/Threshing- : (n) گاہنے کی مل؛ ایک جگہ گاڑی (fix کی) ہوئی خرمن کوب مشین۔

Thraso : (n) [L.] لاف زن؛ فخر کرنے والا؛ ڈینگ ہانکنے والا؛ شیخی بگھارنے والا۔

Thrasonic : (a) (۱) لاف زن؛ مغرور؛ شیخی باز۔(۲) شیخی کا یا اس سے متعلق۔

Thrasonical : (a) [f. L. 'thrason' - + ical] لاف زن؛ شیخی باز کی طرح کا؛شیخی باز؛ مغرور۔

Thrasonically : (adv.) شیخی سے؛ غرور کے طور پر؛ لاف زنی کے ساتھ۔

Thrave/Threave : (n)[Of Scand. origin.] (۱) اناج کے دو Shocks (ایک Shock، اناج کی بارہ پولیوں کا گٹھا)۔ (۲) (مجازاً) بڑی تعداد؛ کثیر؛ جمعیت؛ ازدحام؛ بھیڑ؛ مجمع۔(۳) تعداد؛ مقدار۔

Thraw : (n) (اسکاٹستانی) حالت نزع؛ رنج؛ درد؛ عصبانیت؛ خشم۔

Thraw : (v) [ME. 'thrawen'.] (۱) (اسکاٹستانی) گردش کرنا؛ گھومنا؛ چکر کھانا۔ (۲) مزاحم ہونا؛ حائل ہونا؛ دشواری پیدا کرنا۔(۳) درد ہونا؛ نزاع میں ہونا۔

Thrawart : (a) (۱) خود سر؛ کج خلق؛ ضدی؛ سرکش؛ متمرد؛ خود رائے۔ (۲) نفرت انگیز ؛ قہقرائی۔ (۳) عصباتی؛ تنک مزاج؛ چڑچڑا؛ نازک مزاج۔ (٤) مڑا ہوا؛ خم دار؛ بل کھایا ہوا۔

Thrawn : (a) [ME. (Sc) 'thrawin'.] (۱) (اسکاٹستانی) گمراہ؛ بے راہ رو؛ بے راہ؛ ضدی؛ متمرد؛ خودسر؛ منحرف؛ اڑیل۔(۲) خم دار؛ بل کھایا ہوا؛ مڑا ہوا ؛ بد قطع؛ بد شکل ؛ بد صورت ؛ کریہہ۔ (۳) خفا؛ بیزار؛ آزردہ؛ افسردہ؛ اداس؛ ملول محزون؛ غمگین۔

Thrawnly : (adv.) (۱) بے راہ روی کے ساتھ ؛ خود سری سے۔ (۲) بدشکلی کے طور پر۔(۳) بیزاری کے ساتھ ؛ افسردگی سے؛ اداسی کے طور پر۔

Thread : (n) [OE. 'praed'.] (۱) تار؛ دھاگا؛ ریشہ (سوت وغیرہ کا)؛ ریشمان؛ سوت۔ (۲) تاگا؛ ڈورا؛ (جمع میں) تاگے کی اقسام۔(۳) تار کے مشابہ چیز (مثلاً پیچ کش کا پیچ)۔(٤) (کان میں) درز جس میں کچی دھات بھری ہو۔(٥) (مجازاً) رشتہ°حیات۔(٦) (میکانیات) چوڑی (پیچ کی)۔ (۷) سلسلہ؛ رشتہ۔ (۸) پیچیدگی؛ الجھن؛ پریشانی؛ اضطراب؛ تشویش۔(۹) سلسلہ° خیال۔

Air threads : شیطان کی ڈور۔

Gold thread : زری کا تار؛ سونے کا تار ریشم وغیرہ کے تار سے لپٹا ہوا؛ کلابتو کا تار۔

Lost the thread of his argument : استدلال کا سلسلہ گم ہو گیا؛ استدلال بے ربط سا ہوگیا ۔

Not a dry thread on one : سر سےپاؤں تك بھیگا ہوا۔

Old lady of Thread needle street : بنك آف انگلینڈ ۔

To gather up the threads : (تقریر وغیرہ میں) مضمون کو سمیٹنا؛ علاحدہ علاحدہ بحث کرنے کے بعد مجموعی طور پر نظر ڈالنا ۔

To hang by a thread : (۱) (جان وغیرہ کا) خطرناك یا نازك حالت میں ہونا؛ ذرا سے سہارے سے اٹکا ہونا۔(۲) (اہم معاملے کا) ایسی حالت میں ہوناکہ ادھر یا ادھر فیصلہ ہونے والا ہو اور وہ کسی نامعلوم چیز پر موقوف ہو: نازك حالت میں ہونا ۔

To take up the thread of : جہاں سے چھوڑا تھا وہیں سے شروع کرنا ۔

Thread : (v) (۱) سوئی میں دھاگا ڈالنا یا پرونا ۔(۲) (پوتھ وغیرہ) پرونا: (دھاگے میں) پرو کر لڑی بنانا: گتھی ہوئی ڈوری سے بنانا (ہار وغیرہ): ہارلپیٹنا؛ گوتھنا ۔(۳) دقت سے گزرنا (بھول بھلیاں ، مجمع وغیرہ سے) ۔(٤) (بالوں کی) پٹیاں جمانا؛ (کسی چیز میں) دھاریاں یا لکیریں ڈالنا ۔(٥) ایك ساتھ ڈوری، فیتہ یا بند لگانا: فیتہ یا بند باندھنا ۔ (٦) (مجازاً) سرایت کرنا؛ رچنا؛ گھسنا؛ بیٹھنا؛ رگ و پے میں سرایت کرنا؛ نفوذ کرنا ۔ (۷) باہم وابستہ کرنا؛ خلط ملط کرنا؛ ملا کر گوندھنا ۔ (۸) دھاگے سے کسنا؛ تاگے سے تاننا ۔ (۹) پیچ کش سے کسنا (بولٹ وغیرہ) ۔ (۱۰) فلم سے کیمرہ بھرنا؛ کیمرہ میں فلم رکھنا ۔

Thread and thrum : (adv.) سب ایك ساتھ ؛ اچھا بُرا سب ۔

Thread-animalcule : (n) چھوٹے کیڑے کی ایك قسم ۔

Thread-cell : (n) (۱) (حیوانیات) خیطی خلیہ ۔(۲) نیش کیسہ؛ ایك کیسہ جو (Jelly fish) لعاب مائی وغیرہ میں پایا جاتا ہے، اس میں دھاگے کی ایك لچھی ہوتی ہے جس کا ایك سرا ٹنك مارتے وقت باہر نکل آتا ہے ۔(۳) (حیوانیات) نر کی منی میں بارور مادہ ۔

Thread-drawing : (n) کپڑے پر دھاگوں سے نقوش بنانا ۔

Thread-fin : (n) Polynemoid جنس کی ایك مچھلی ۔

Thread-fish : (n) (۱) Polynemoid جنس کی ایك مچھلی ۔ (۲) ویسٹ انڈین کوبلر مچھلی (Cobbler fish) ۔ (۳) Cutlass مچھلی ۔

Thread-gauge : (n) اوزاروں اور تار وغیرہ کی جسامت معلوم کرنے کا آلہ ۔

Thread generator : (n) ایك مشین جس میں Screwthread تیار کئے جاتے ہیں ۔

Thread-lace : (n) دھاگے یا کروشیا سے بنی ہوئی لیس ؛ مشین سے بنی ہوئی لیس ۔

Thread-line fishing : (n) دیکھو Spinning

Thread-mark : (n) دھاگے کا نشان (جو بینك کے نوٹوں کے کاغذپر ریشمی دھاگے سے بنا دیا جاتا ہے) ۔

Thread-needle/Thread-the-needle : (n) بچوں کا ایك کھیل (جس میں کھیلنے والے ایك دوسرے کا ہاتھ پکڑتے ہیں اور ایك لائن میں سیدھے کھڑے ہوتے ہیں اور ایك طرف سے دوسرے کے ہاتھ کے درمیان پار کرتے ہیں ؛ اس طرح سے آخر تك گھیرا لگادیا جاتا ہے) ۔

Thread-needle/Thread-the-needle : (v) اس طرح کا ایك کھیل کھیلنا ۔

Thread of life : (n) (حیاتیات) رشتہء حیات ۔

Thread of mercury : (n) (طبیعیات) پارے کا ڈورا؛ سیمابی ڈورا (تھرما میٹر میں) ۔

Thread-paper : (n) (۱) بہت پتلا نرم کاغذ جو دھاگا لپیٹنے میں‌کام آتا ہے ۔(۲) (مجازاً) لاغر و کمزور شخص ۔

Thread-plant : (n) ایسا پودا جس کے ریشے سے دھاگے تیار کئے جاتے ہیں ۔

Thread-worm : (n) نارو؛ تاگے کا سا کیڑا جو انسان کے جسم سے ایك بیماری میں نکلتا ہے؛ (حیوانیات) چرنا؛ چلونہ؛ خیطیہ ۔

Thread-worm : (a) (۱) مندرس؛ کہنہ؛ فرسودہ؛ معمولی؛ کمینہ؛ رذیل ۔ (۲) (شخص) پھٹا کپڑا پہنے ہوئے ۔

Threadbare : (a) (۱) تارتار (کپڑا) : اس قدر پرانا کہ تارتار نظر آنے لگیں ۔ (۲) گھسے کپڑے پہنے؛ پھٹے کپڑوں میں ؛ خستہ؛ قابل حرمت ۔(۳) فرسودہ؛

پامال (مضمون ، دلیل) ؛ کہنہ؛ پیش پا افتادہ؛ مبتذل ۔(٤) (مجازاً) ذلیل؛ حقیر؛ ادنیٰ؛ کمینہ؛ فرومایہ ؛ سفلہ ۔ (٥) (مجازاً) قلیل؛ قلیل المقدار؛ ناکافی؛ معمولی؛ فرسودہ ۔

Threadbare topics : (n) موضوعاتِ مبتذل ۔

Threadbareness : (n) فرسودگی؛ ابتذالی ؛ پامال ہونا (مضمون، دلیل وغیرہ کا)؛ قلت ؛ حقارت؛ کمینگی۔

Threaded : (a) تار دار؛ دھاگے سے بنایا ہوا ۔

Threaden : (a) (بول چال) دھاگے سے بنایا ہوا؛ خصوصاً ریشمی دھاگے سے بنایا ہوا ۔

Threader : (n) (١) (میکانیات) چوڑی ساز (مشین) ۔ (٢) دھاگے سے کپڑا بننے والا ۔

Threadflower : (n) Nematanthus جنس کے مختلف پودے ۔

Threadfoot : (n) Podostemon جنس کا ایک پودا ۔

Threadgage : (n) Screwthread کو ناپنے کا ایک اوزار ۔

Threadiness : (n) دھاگے کا سا ہونا ۔

Threading machine : (n) Screwthread کاٹنے کی مشین ۔

Threadle : (v) (انگریزی بول چال) دیکھو Thread

Threadless : (a) بغیر دھاگے کے؛ تار کے بغیر ۔

Threadlike : (a) ریشہ دار؛ ریشہ سان ۔

Threadneedle street : (n) لندن کی ایک گلی؛ انگلینڈ کےبینک کا علاقہ ۔

Threadrush : (n) ایک قسم کا پودا (Funcus filiformis)

Threadwinder : (n) (میکانیات) تاگا لپیٹ مشین ۔

Thready : (a) (١) دھاگا مانند؛ باریک؛ نازک؛ دھاگے کا سا؛ بال جیسا ۔(٢) تارکا؛ دھاگے کا ۔(٣) (مائع) جس پر تہ درتہ جم گئی ہو ؛ نیم سیال ؛ گاڑھا ۔ (٤) (آواز) باریک اور خشک ۔

Threap : (v) {OE. 'preapian'.} (١) (اسکاتستانی اور بول چال) سرزنش کرنا؛ ڈانٹنا؛ برا بھلا کہنا؛ جزرو توبیخ کرنا ؛ تنبیہ کرنا؛ ملامت کرنا؛ دھمکانا؛ جھڑکنا؛ گوشمالی کرنا ؛ چشم نمائی کرنا ۔ (٢) اعتراض کرنا؛ نقص نکالنا؛ حجت کرنا؛ مخالف ہو جانا؛ جھگڑا کرنا؛ تکرار کرنا؛ اختلاف رائے ہونا؛ اختلاف کرنا؛ ناساز گار ہونا؛ مجادلہ کرنا ۔(٣) شکایت کرنا؛ گلہ کرنا ۔(٤) تمرد سے تائید کرنا ۔

Threap : (n) (١) سرزنش کرنے کا عمل؛ تہمت؛ اتہام؛ ادعا ۔ (٢) داستان؛ گزارش؛ افسانہ ۔

Threat : (n) {OE. 'preat'.} (١) تہدید؛ دھمکی؛ ڈراوا؛ تخویف ۔ (٢) (قانون) تخویف مجرمانہ ۔ (٣) اندیشہ ۔ (٤) (منطق) اجبار؛ خطر؛ بدبختی ۔

Threat : (v) {OE 'preatian.'} ڈرانا؛ دھمکانا؛ خوف دلانا ۔

Threaten : (v) {OE. 'preatmian'.} (١) کسی شخص کو ڈرا کر متاثر کرنا ۔(٢) ڈرانا؛ دھمکانا؛ خوف دلانا؛ تہدید کرنا ۔

Clouds threaten : بادلوں سے برسنے کے آثارظاہر ہیں ۔

The practice threatens to become general : آثار ایسے ہیں کہ یہ دستور عام ہو جائے گا ۔

Threatener : (n) دھمکی دینے والا؛ سرزنش کرنے والا؛ تہدید کرنے والا ۔

Threatening : (a) دھمکی آمیز؛ تہدید کرنے والا؛ تہدید آمیز ۔

Threateningly : (adv.) دھمکاتے ہوئے؛ ڈراوے کے طور پر؛ تہدید آمیز طریقے سے ۔

Threatful : (a) دھمکی آمیز؛ تہدید آمیز ۔

Threatfully : (adv.) خوفناک طریقے سے؛ تہدید آمیز طریقے سے ۔

Threatly : (adv.) دھمکی کے طور پر؛ تہدید کے ساتھ ۔

Three : (a) {OE. 'Pri, prie'.} تین؛ سہ؛ شمارہ ٣ ۔

Three : (n) (١) تین کا عدد ۔(٢) تین چیزیں یا تین اشخاص کا مجموعہ یا گروپ ۔ (٣) (اسکیٹنگ) ان چار گردشوں میں سے ایک گردش جن میں رخ بھی بدلا جاتا ہے اور اسکیٹ کا محور بھی ۔ (٤) (کرکٹ) ایک ضرب جس سے تین رن حاصل

Three-cornered contest : (n) تین فریقوں کا مقابلہ ۔

Three-cuspid : (n) (نباتیات، حیوانیات) سہ شُرفہ؛ سہ نُکا ۔

Three-decker : (n) (۱) سہ منزلہ جہاز ، کشتی ، جنگی کشتی ۔ (۲) (تعمیرات) سہ منزلہ؛ سہ عرشہ ۔ (۳) سہ منزلہ ممبر (واعظوں کا) ۔ (٤) (مجازاً) بڑے سائز یا بڑی اہمیت کی چیز یا شخص کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔ (٥) تین حصوں والی چیز؛ مثلاً تین جلدوں والا ناول ۔

Three-dimensions : (n) (طبیعیات) ابعاد ثلاثہ (لمبائی ، چوڑائی اور گہرائی) (جسے مخفف طور پر 3-D لکھتے ہیں) ۔

Three-dimensional : (a) ابعاد ثلاثہ والا ۔

Three-eight : (n) (موسیقی) وقت اور آہنگ ظاہر کرنےوالا تین مدھم سروں کا اشارہ ۔

Three-electrode valve : (n) (ریڈیو) سہ برقیری والو ۔

Three estates : (n) دیکھو Estate (n)

Three-farthing : (a) تین فاردنگ کے برابر کا ۔

Three-farthings : (n) (۱) دیکھو Farthing ۔ (۲) تین فاردنگ کے برابر کا سکہ؛ ملکہ الیزبیتھ کا جاری کردہ چاندی کا ایک سکہ ۔

Three-field : (a) تین کھیتی کا؛ سہ مزرعہ والا؛ سہ زمینی ۔

Three fold : (a) (۱) تہرا؛ تین برابر؛ تین دفعہ؛ سہ مرتبہ ؛ سہ گانہ ۔ (۲) تین طرح کا؛ تین بار؛ تین قسم کا ۔

Three fold : (adv.) تہرے طور پر؛ تین گنا کے طور پر؛ تین دفعہ؛ تین بار ۔

Three-foot : (a) تین فٹ کا ۔

Three- footed : (a) تین فٹ کا ۔

Three-four : (n) (موسیقی) چوتھائی سُر کی علامت (وقت اور آہنگ ظاہر کرنے والا) ۔

Three-fourth : (a) ۳/٤ چار حصوں میں سے تین حصے ۔

Three F's : (n) آئرستان کی انجمن دیہی (Land-league) کےتین مطالبات فروخت کی آزادی، پٹّے کا مستقل ہوتے ہیں ۔ (٥) (فوجی ڈرل میں) جب کہ ہر تین آدمی ایک یونٹ بنالیتے ہیں ۔ (٦) تین حصے یا تین ڈویژن ۔

Rule of three : (ریاضیات) اربعہ متناسبہ؛ حساب اربعہ ۔

The three kings, magi, or wise men : Wiseman دیکھو

The three persons : Person (n) دیکھو

The three R's : (Reading, Writing, Arithmetic) لکھنا، پڑھنا اور حساب ۔

Three-arm protractor/Three-armed protractor : (n) Station pointer دیکھو

Three-ball : (n) (Carom billiards) ایک قسم کا کیرم بلیرڈ کھیل ۔

Three-bottle : (a) اس شخص کے لئے استعمال ہوتا ہے جو ایک ہی نشست میں تین بوتل شراب پی جائے ۔

Three-bottleman : (n) پرانی وضع کا شرابی (جو تین بوتلیں پیتا ہو) ۔

Three-card : (a) تین کارڈ کا یا اُس سے متعلق ۔

Three-card trick : (n) کُھڑ دوڑ کے عیار کی ایک چال ۔

Three-coat : (a) (نقاشی میں) تین لپیت (روغن کی تہ) کی ضرورت ۔

Three-colour : (a) (فوتوگرافی) سہ رنگی؛ رنگین فوٹو گرافی یا چھپائی کے عمل کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔

Three-colour process : (n) (۱) (فوٹوگرافی) سہ رنگی عمل ۔ (۲) (چھپائی)قدرتی رنگ پیدا کرنے کا عمل (سرخ، نیلے اور زرد رنگ کے بلاکوں سے) ۔

Three-corner : (a) سہ گوشہ ۔

Three-cornered : (a) (۱) سہ گوشہ؛ سہ زاویائی ؛ مثلث ۔ (۲) ایسے حلقہء انتخاب کے لئے استعمال ہوتا ہے جس کی نمائندگی تین ممبر کرتے ہوں ۔ (۳) تین شخصوں کے درمیان مقابلہ یا بحث کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔ (٤) گھوڑا بھونڈے طرز کا؛ بدوضع صورت کا (بول چال)؛ بے مصرف ۔ (٥) (مجازاً) بد وضع ؛ بھونڈا ؛ نا کارہ ؛ بےمصرف؛ نازک مزاج؛ تنک مزاج؛ چڑچڑا ۔

Three-pair (of room) : (a) تین زینوں کی بلندی کا (کمرہ) ۔

Three-part : (a) تین حصوں والا؛ شامل سہ قسمت ۔

Three-parted : (a) سہ حصہ؛ جو تین حصوں میں تقسیم ہو؛ سہ طرفہ ۔

Three parts : (n) چار برابر حصوں میں سے تین حصے؛ تین چوتھائی۔

Three parts : (adv.) تین چوتھائی تک بڑھایا ہوا ؛ قریب قریب۔

Three pennorth : (a) Three penny worth کا مخفف ۔

Three per cent : (a) تین فیصد سود کا؛ ہر سود میں تین حصہ ملا ہوا ۔

Three per cents : (n) تین فیصد سود کے سرکاری تمسکات ۔

Three phase : (a) (الیکٹرک انجینیئرنگ) سہ بیئتی ؛ سہ فیزی۔

Three-phase mains : (n) (الیکٹرک انجینیئرنگ) سہ بیئتی شہ تار ۔

Three-pile : (a) تین تہ والی (مخمل اور قالین وغیرہ کےلئے استعمال ہوتا ہے) ۔

Three-piled : (a) تین تہ والی ۔

Three-ply : (a) تین تہوں کا؛ تین تہوں کا (لکڑی کا تختہ) ۔

Three-ply : (n) تین تہوں کا؛ لکڑی کا تختہ ۔

Three-point landing : (n) ہوائی جہاز کا اس طرح اڑنا کہ تینوں پہیے ایک ساتھ زمین کو چھوتے ہوں ۔

Three-point turn : (n) محدود گول جگہ میں گاڑی گھمانے کا ایک طریقہ (جس میں گاڑی تین دائروں میں حرکت کرتی ہے، یعنی آگے، پیچھے اور پھر آگے)۔

Three-pounder : (n) تین پونڈ وزن کی چیز؛ تین پونڈ وزن کا گولا پھینکنے والی توپ ۔

Three quarter/-quarters : (n) (۱) چار برابر حصوں میں سے تین حصے؛ کسی چیز کا بڑا حصہ ۔ (۲) (فٹ بال) ان تین یا چار کھلاڑیوں میں سے کوئی کھلاڑی جو ہاف بیک کھلاڑیوں کے پیچھے کھڑے ہوتے ہیں ۔

(Free- sale, fixity of ten- ure, fair rent) ہونا اور واجبی لگان ۔

Three-halfpence : (n) ڈیڑھ پینی؛ ملکہ الیزبیتھ کا جاری کیا ہوا چاندی کا سکّہ جو ڈیڑھ پینی کے برابر تھا ؛ نیز ولیم چہارم اور وکٹوریہ کا چاندی کا ایک سکہ جو سیلون میں جاری تھا ۔

Three-halfpenny : (a) ڈیڑھ پینی کی قیمت کا ۔

Three-halfpenny : (n) ڈیڑھ پینی ۔

Three-halfpenny worth : (a) ڈیڑھ پینی کی قیمت ۔

Three-handed/Three-hand : (a) تین کھلاڑیوں سے کھیلا جانے والا؛ تین ہاتھوں والا؛ تین آدمیوں کے (خصوصاً اسکاتستانی) کھیلنے کا (کھیل) ۔

Three-haporth : (n) Three-half penny worth کا مخفف ۔

Three-inch : (a) تین انچ لمبائی یا ضخامت (موٹائی) والی (چیز)۔

Three-in-one : (n) توحید فی التثلیث؛ عقیدہء تثلیث ۔

Three kings day : (n) حضرت عیسیٰ کا ظہور؛ کسی مافوق البشر کا ظہور ۔

Three-legged : (a) تین پاؤں والا ؛ سہ پائی ۔

Three-legged stool : (n) تین پاؤں والی تپائی یا چھوٹی میز؛ تپایہ اسٹول ۔

Three-legged race : (n) تین ٹانگوں کی دوڑ؛ تین پاؤں کی دوڑ؛ وہ دوڑ جس میں دو آدمی کے ایک ایک پاؤں کو یعنی ایک کے داہنے پاؤں کو دوسرے کے بائیں پاؤں سے باندھ دیتے ہیں ۔

Three-line/Three-lined : (a) تین لائن والا؛ تین خطوط والا ۔

Three-man : (a) سہ نفرہ؛ سہ نفرنی؛ تین شخص کا ۔

Three-mast : (a) سہ مستولی؛تین مستولوں کا؛ سہ بادبانی ۔

Three-masted : (a) سہ بادبانی؛ سہ مستولی ۔

Three-master : (n) سہ بادبانی کشتی؛ تین مستولی کشتی ۔

Three-pair (of stairs) : (n) تین منزل سے متعلق ؛ تیسری منزل کا؛ تین منزلوں والا؛ تین زینوں والا ۔

Three-quarter : (a) (۱) سہ ربعی ؛ تین چوتھائی حجم یا تعداد کا؛ کسی چیز کی تین چوتھائی ۔ (۲) کمر تک کی (تصویر) ؛ تین چوتھائی چہرے کی (تصویر) (۳۰ انچ بائی ۲۵ انچ) ۔

Three-quarter back ; (n) (Rugby football) اُن دو ، تین یا چار کھلاڑیوں میں سے ایک جو ہاف بیک اور فل بیک کے بیچ کھڑا ہوتا ہے ۔

Three-quater binding : (n) جلد سازی کا ایک طریقہ جس میں ہاف بائنڈنگ سے زیادہ چمڑا ہو ۔

Three-quarters face : (n) کسی (رُخ) چہرے کا تین چوتھائی ۔

Three-quarter time : (n) دیکھو Three-four

Three-ring circus/-ringed- : (n) (۱) تین رنگ والا سرکس ۔ (۲) (مجازاً) بھڑکیلا نظارہ؛ زرق برق منظر یا تماشا ۔

Three sided : (a) سہ جانبی؛ سہ طرفی؛ سہ حرفی؛ ثلاثی؛ سہ قسمتی ؛ تین طرف والا ؛ تین حصوں یا پہلوؤں والا ۔

Three-sided stem : (n) تین مسطّح پہلوؤں والا تنا (ڈنٹھل) ۔

Three-square : (a) تین برابر طرف والا؛ سہ طرفہ؛ سہ پہلو برابر والا؛ تین مساوی ضلع والا؛ مثلث متساوی الاضلاع کی شکل کا؛ (مجازاً) تہرا ۔

Three-stranded : (a) سہ لا؛ سہ لڑا ۔

Three-striper : (n) امریکی بحریہ کا کمانڈر ۔

Three times three : (n) نو (مرتبہ تالیاں بجانا) ۔

Three-way : (a) (راستہ، ندی، نالا) ترابی؛ سہ راہ؛ سہ راہی؛ جہاں تین راستے ملتے ہوں ۔

Three-way tube : (n) (کیمیا) ترابی نلی ۔

Three went way : (n) ترابا ۔

Three-wheeler : (n) (گاڑی) تین پہیے والی گاڑی؛ تین پہیے والی سائیکل؛ وہ موٹر گاڑی جس میں تین پہیے ہوتے ہیں (ایک آگے اور دو پیچھے) ۔

Three-wire system : (n) (الیکٹرک انجینیئرنگ) سہ تاری نظام ۔

Three-year/-years : (a) سہ سالہ؛ تین سال کا؛ تین سال کی عمر کا ۔

Three-year-old : (n) (خصوصاً) تین سال کی عمر کا گھوڑا؛ سہ سالا ۔

Threeling : (n) (۱) ہیجان خیز ؛ لرزا دینے والا ۔ (۲) دیکھو Trilling ۔

Threeness : (n) تثلیث؛ سہ گانگی ۔

Threepence : (n) (۱) تین پینی کے برابر کی رقم ۔ (۲) چاندی کا ایک سکّہ جو تین پینی کے برابر تھا؛ سہ پینی سکّہ ۔ (۳) تین پینی کا ٹکڑا ۔

Threepenny : (n) تین پینی کا سکّہ ۔

Threepenny : (a) (۱) تین پینی کی قیمت کا؛ تین پینی کا ۔ (۲) (مجازاً) حقیر؛ ادنیٰ؛ بے حقیقت؛ معمولی؛ سستا؛ بیکار ۔

Threepenny bit /-piece : (a) (مجازاً) حقیر شے؛ معمولی چیز؛ بے حقیقت شے ۔

Threepennyworth : (a) تین پینی کی قیمت کا ۔

Threescore : (a) تین بیسی؛ ساٹھ ۔

Threescore : (n) ساٹھ سال کی عمر ۔

Threescore and ten : (n) ستر برس کی عمر؛ عمر طبیعی ۔

Threesome : (n) (۱) (خصوصاً اسکاتستانی) تین آدمیوں کی جماعت؛ تین آدمی ایک ساتھ ۔ (۲) (گولف) ایک کھیل جس میں ایک آدمی دو آدمی کے مقابلے میں کھیلتا ہے ۔

Threesome : (a) (۱) (کھیل) تین کے کھیلنے کا ۔ (۲) ثلاثی؛ تین شخص کا کیا ہوا ۔

Thremmatology : (n) [f. Gr.'thremma' +-LOGY] (۱) (جانوروں کی) افزائش نسل یا ترقی نسل کا فن؛ حیوانات پروری ۔ (۲) فن ترقیء نباتات؛ نباتات پروری ۔

Threnode : (n) (۱) آہ و بکا؛ ماتم؛ بین (جو کسی کے مرنے پر کئے جائیں) ۔ (۲) ماتمی گیت؛ نوحہ؛ مرثیہ؛ مرثیہ خوانی؛ سوگواری ۔

Threnodial/Threnodian/Threnodic : (a) آہ و بُکا سے متعلق؛ ماتم سے متعلق؛ غمناک؛ پُر درد ۔

Threnodist : (n) مرثیہ خواں؛ سوز خواں؛ نوحہ خواں ۔

Threnody : (n) [Gr. 'threnodia'.] Threnode دیکھو

Threnos : (n) [Gr.] نوحہء عزا؛ مرثیہ ؛ سوگ ۔

Threpsology : (n) (طب) غذائیات؛ علم تغذیہ؛ مبحث تغذیہ ۔

Threptic : (a) تغذیہ سے متعلق؛ پرورش نوزاد ۔

Thresh : (v) Thrash (v) دیکھو

Thresh : (n) Thrash (n) دیکھو

Thresh out : (v) Thrash out (v) دیکھو

Thresher : (n) (زراعت) درّاسہ؛ گہائی مشین ۔

Threshing : (n) (زراعت) گاہ؛ گہائی ۔

Threshing machine : (n) (زراعت) درّاسہ؛ گہائی مشین ۔

Threshold : (n) [OE. 'perscold'.] (۱) (گھر، گرجا وغیرہ کی) دہلیز؛ چوکھٹ؛ آستان ۔ (۲) (بیجا استعمال خصوصاً مجازاً) آغاز ۔ (۳) (حیوانیات) آغاز تاثر؛ حدّ تاثر ۔ (٤) (مجازاً) بوَتر؛ حدود؛ حد (کسی علاقے کا)۔

Threshold of consciousness : (n) (نفسیات) اقل شعور؛ اقَلِ حس۔

Threshold of hearing : (n) سماعتی گراف؛ سماعت نگارش ۔

Threshold frequency : (n) (الیکٹرک) آغازی تعُّد ۔

Threw : (v) Throw کا فعل ماضی ۔

Thrice : (adv.) [ME. 'pries'.] (۱) تین بار؛ تین دفعہ ؛ سہ مرتبہ ۔ (۲) تگنا؛ سہ چند ۔ (۳) (مرکبات میں) نہایت؛ بہت دفعہ ۔

Thrice-blessed : (a) نہایت متبرک؛ نہایت مبارک ۔

Thrice-favoured : (a) نہایت عزیز؛ بڑا منظور نظر ۔

Thrid : (v) Thread (قدیم) دیکھو

Thridace : (n) [mod. L. 'thridacium'.] کاہوکا گاڑھا کیا ہوا عرق جو مسکن دوا کا کام دیتا ہے؛ عُصارہء کاہو ۔

Thrift : (n) [f. Thrive- (v)+-T] (۱) (معاشیات) نفع ؛ بچت ؛ کفایت شعاری؛ ؛ کفایت؛ حاصل کی ہوئی دولت؛ فائدہ؛ منفعت ۔ (۲) پودوں کی مختلف قسموں کے نام، خصوصاً ایک گہرے شوخ رنگ کے پھولوں کا پودا جو سمندر کے کنارے اُگتا ہے ۔ (۳) بحری گلاب؛ ارغوانی پھول؛ سوسنی رنگ کا پھول ۔

Thrift : (v) کفایت شعاری کرنا؛ بچانا ۔

Thriftily : (adv.) (۱) کفایت شعاری سے ۔ (۲) طاقت سے ؛ قوت سے؛ مضبوطی سے؛ جان دار طریقے سے؛ پرزور یا مؤثر طریقے سے ۔

Thriftiness : (n) کفایت شعار ہونے کی حالت؛ خوش حالی ؛ کفایت شعاری؛ صرفہ جوئی ۔

Thriftless : (a) (۱) (شاذ)غیرنفع بخش؛ بیکار ؛ غیرفائدہ مند۔ (۲) فضول خرچ ؛ مسرف ؛ ناعاقبت اندیش ۔ (۳) فضول خرچی کا؛ مسرفانہ ۔

Thriftlessly : (adv.) غیر نفع بخش طور پر ؛ فضول خرچی کے ساتھ۔

Thriftlessness : (n) فضول خرچی؛ اسراف ۔

Thrifty : (a) (۱) کفایت شعار ۔(۲) مرفہ الحال؛ خوش حال؛ آسودہ ۔ (۳) کامیاب؛ بامراد؛ سرسبز؛ پھلا پھولا؛ خوش قسمت؛ مبارک؛ نیک ۔ (٤) اچھی حالت میں؛ صحت مند ۔ (٥) مآل اندیش؛ عاقبت بیں؛ دوربیں ۔

Thrill : (n) [f. next :] (۱) لرزہ؛ ارتعاش؛ ابتزاز؛ تپش؛ تھرتھری ؛ کپکپی ۔ (۲) جذبات کی لہر ؛ جوش کی کیفیت؛ پھریری؛ جھرجھری ۔ (۳) دھڑکن؛ اختلاج ؛ پھڑک ؛ تڑپ ۔ (٤) (طب) ابتزاز ؛ دھڑکن؛ حرکت نبض یا حرکت قلب کی کیفیت ۔ (٥) (عامیانہ) ہیجان خیز (قصہ وغیرہ) ۔ (٦) گونج؛ گمک؛ سرسراہٹ؛ بزبزاہٹ ۔

A thrill of joy : مسرت کی لہر ۔

Thrill : (v) [Metathetic from of THIRL.v.] (۱) (دل میں)جذبات کی ایک لہر سی دوڑا دینا؛ ابتزاز کی کیفیت پیدا کردینا؛ جوش پیدا کردینا؛ بے چین کردینا؛

بیجان پیدا کردینا؛ رگ و پے میں اثر کر جانا؛ دل ہلا دینا؛ مرتعش ہونا ۔ (۲) جذبات کی ایک لہر سی دوڑ جانا؛ ابتزازکرنا؛ پھریری آجانا؛ جوش پیدا ہوجانا؛ بیجان سا اٹھنا؛ دل ہل جانا؛ بیتاب ہوجانا (خوشی، غصے وغیرہ سے)؛ رگ و پے میں دوڑ جانا ۔ (۳) جوش سے لرزنا (آواز وغیرہ کا) ۔ (٤) کانپنا؛ تھرتھرانا؛ لرزنا؛ ہلکی مگر تیز حرکت ہونا (آواز، روشنی وغیرہ کی) ۔ (٥) ابتزاز میں پھینکنا؛ ابتزازی حرکت میں ڈالنا ۔

Fear thrilled through my veins : خوف میرے رگ و پے میں سرایت کرگیا ۔

Thriller : (n) (۱) جوش پیدا کرنے والا؛ مرتعش کرنے والا؛ مختلج ۔ (۲) بیجان خیز ناول ، فلم یا ناٹک ۔

Thrilling : (a) (۱) بیجان خیز؛ لرزا دینے والا ۔ (۲) جوش سے لرزتی ہوئی (آواز وغیرہ) ۔ (۳) (طب) مختلج؛ مرتعش ۔

Thrilling pulse : (n) (طب) مختلج نبض ۔

Thrillingly : (adv.) بیجان خیز طریقے سے؛ مرتعش طورپر ۔

Thrillingness : (n) بیجان خیزی؛ ارتعاش ۔

Thrilly : (a) ہنگامہ خیز؛ جوش انگیز؛ سنّاٹے میں لانے والا ۔

Thrimble : (انگریزی بول چال) Tremble کا متبادل ۔

Thrimsa/Thrymsa : (n) [OE. primsa.] (تاریخ)روم کا ایک سکہ؛ (وزن کے طور پر) Drachma ۔

Thrinter : (n) [Three+winter] (برطانیہ بول چال) تین سالہ بھیڑ؛ گوسفند سہ سالہ ۔

Thrinter : (a) تین سال کا؛ سہ سالہ ۔

Thrippence : (n) [Thrippence alter of threepence.] دیکھو Three pence

Thrips : (n) [L. 'thrips'(pliny).] (۱) ترپسہ؛ نبات چوس کیڑا ۔ (۲) (بیجا استعمال) انگور کی بیل کا کیڑا ۔

Thrive : (v) [ME. 'prive'.] (۱) بڑھنا؛ ترقی کرنا؛ فروغ پانا؛ پھلنا؛ پھولنا؛ کامیاب ہونا۔ (۲) دولت مند ہو جانا؛ دولت کمانا؛ قسمت ور ہونا ۔ (۳) پنپنا؛ بہت جلد بڑھنا (پودے یا جانور کا)؛ شاداب ہونا؛ سرشارہونا؛ آباد ہونا؛ سرسبز ہونا؛ بارآور ہونا؛ برومند ہونا ۔ (٤) (شخص کو) کامیاب کرنا؛ بامراد کرنا؛ بارورکرنا؛ سرسبز کرنا؛ دولت بڑھانا؛ دولت میں اضافہ کرنا ۔ (٥) (چیز وغیرہ) کامیاب ہونا؛ اچھا ہونا ۔

Thriveless : (a) ناکام؛ بےتوفیق؛غیرسودمند؛ بغیرفائدہ کے ۔

Thriver : (a) (اب شاذ) ترقی کرنے والا؛ کامیاب ہونے والا؛ ترقی پانےوالا؛ فروغ پانےوالا ۔

Thriving : (a) (۱) کامیاب؛ خوش بخت؛ سرشار؛ بامراد؛ سرسبز؛ پھلا پھولا ۔ (۲) ترقی کرنے والا؛ پنپنے والا ۔ (۳) اقبال مند؛ خوش قسمت؛ بھاگوان ۔ (٤) مبارک؛ سعید؛ موافق؛ مسعود ۔

Thrivingly : (adv.) ترقی کرتے ہوئے؛ پنپتے ہوئے؛ دولت کماتے ہوئے ۔

Thrivingness : (n) ترقی کی حالت؛ پنپنا؛ دولت کی ترقی؛ سرشاری؛ سرسبزی ۔

Thro : دیکھو Through

Throat : (n) [OE. 'prote'.] (۱) گلا؛ گُلو؛ حلق ۔ (۲) نرخرہ؛ حنجرہ ۔ (۳) گلے کی شکل کی چیز؛ خصوصاً پہاڑوں کے درمیان دریا کا تنگ حصہ؛ تنگنائے؛ درہ؛ دہنہ ۔ (٤) تنگ راستہ؛ خصوصاً کسی چیز میں داخل ہونے کی جگہ؛ کسی راستے کا تنگ حصہ ۔ (٥) (تعمیرات) قلعے کی بیرونی فصیل کا دہانہ ۔ (٦) چمنی میں آتش دان کے اوپر کا حصہ ۔ (۷) (جہاز سازی) Knee timber کے جھکاؤ کا مجوف ۔ (۸) (جہاز سازی) gaff کے شکنجے کا باہری انحنا ۔ (۹) (جہاز سازی) Floor timber کے بیچ کا حصہ ۔

At the top of one's throat : بلند آواز سے؛ تیز آواز سے ۔

Clergyman's throat : حلق کا اعصابی درد(جو واعظوں یا مقرروں کو اکثر ہوجاتا ہے) ۔

Sore throat : (طب) درد گلو ؛ حلق کا درد ۔

The words stick in my throat : لفظ گلے میں اٹک گئے ۔

To cut one anothers' throats : ایک دوسرے کا گلا کاٹنا؛ ایک دوسرے کی بربادی کا سامان کرنا ۔

To cut one's (own) throat : اپنےہاتھوں اپنا گلا کاٹنا؛ خودکشی کرنا؛ خودہی اپنی تباہی کا سامان کرنا ۔

To cut one's throat : گلا کاٹنا؛ ذبح کرڈالنا۔

To give person the lie in his throat : کسی پر دروغ گوئی کا الزام لگانا ۔

To jump down one's throat : فوراً کسی کی تقریر کے سلسلے کو منقطع کر دینا ۔

To lie in one's throat : صریحی جھوٹ بولنا؛ سراسر جھوٹ بولنا۔

To pour (send) down the throat : (روپے ، جائداد کو) کھانے پینے (شراب وغیرہ) میں برباد کردینا ۔

To ram down one's throat/ To cram-/To thrust- : کسی پر (اپنا خیال وغیرہ) قبول کرنے کے لئے دباؤ ڈالنا ۔

To take by the throat : گلا دبانا ۔

To thrust thing down one's throat : کسی شخص کو کسی بات کی طرف زبردستی توجہ دلانا ۔

Throat : (v) (کسی چیز میں) نالیاں بنانا یا کاٹنا؛ گہری دساریاں یا خیار بنانا یا کاٹنا ۔

Throat band : (n) (زین سازی) گھوڑے کے گلے کے اندر کا ایک تسمہ جس سے لگام کو اپنی حالت پر رکھا جاتا ھے۔

Throat cough : (n) سُعال حلقی؛ حلقی کھانسی ۔

Throat-cut : (n) گلو بریدگی ۔

Throat-deafness : (n) حلق کی ایک بیماری سے بہراپن ۔

Throat-halyard : (n) (Gaff) کانٹے کو لٹکانے والی رسّیاں ۔

Throat lash/-latch : (n) دیکھو Throat band

Throat-pipe : (n) (تشریح) نرخرا؛ (جہاز رانی) اسٹیم انجن کی نلی جس سے اسٹیم پاس ہوتی ھے ۔

Throat-register : (n) سب سے کم آواز کا ٹیپ ۔

Throated : (a) گلو دار؛ حلقی؛ حلق کا ۔

Throatily : (adv.) حلق کے طور پر؛ حلقی تلفظ کے مطابق ۔

Throatiness : (n) (۱) حلقی آواز ہونا؛ حلقی تلفظ کا ہونا؛ حلقیت ۔(۲) بڑے حلق کا ہونا ۔

Throating : (n) گلو سازی ۔

Throatless : (a) بغیر گلے کا ۔

Throatwort : (n) ایک قسم کا پھول ۔

Throaty : (a) (۱) حلق؛ حرف جس کا مخرج حلق ہو؛ (آواز) گلو گرفتہ؛ بھاری؛ بیٹھی ہوئی ۔(۲) (جانور) بڑے حلق والا؛ جس کا گلا بہت بڑا یا موٹا ہو ۔

Throb : (n) [app. echoic.] (۱) (طب) دھڑکن؛ اختلاج ۔ (۲) (طب) لرزہ؛ تھرتھری؛ خلجان ۔(۳) (روشنی) بھڑک ۔

In the throbs of : کشمکش میں؛ تگ و دو میں؛ الجھن میں ۔

Throb : (v) (۱) (دل ، سینہ، کن پٹی وغیرہ کا) دھڑکنا؛ پھڑکنا؛ (خصوصاً غیر معمولی تیزی سے) دل کا دھک دھک کرنا ۔(۲) (مجازاً) جذبات کی لہر دوڑ جانا ؛ ابتزاز کی کیفیت پیدا ہونا؛ (وفورِ جذبات سے) ارتعاش سا پیدا ہونا ۔(۳) لرزنا؛ تھرانا؛ تھرتھرانا؛ (نبض کا) جنبش کرنا؛ مرتعش ہونا ۔

Throbbingly : (adv.) (۱) دھڑکتےہوئے ۔(۲) ابتزاز یا ارتعاش کی حالت میں ۔(۳) کرب کے طورپر ۔

Throe : (n) (۱) دورہ (کسی بیماری کا)؛ درد کی ٹیس؛ فوری یا شدید صدمہ یا دھچکا؛ سخت جسمانی یا دماغی تکلیف؛ کرب؛ محنت؛ سینہ سوزی ۔ (۲) (جمع) دردزہ؛ بچہ پیدا ہونے کے وقت کا درد ۔(۳) موت کی تکلیف ۔(٤) (مجازاً) تشنج؛ لرزہ۔

Throe : (v) مصیبت برداشت کرنا؛ کرب برداشت کرنا؛ تکلیف اٹھانا؛ درد سہنا ۔

Throgmorton Street : (n) (۱) لندن کا صرافہ ۔(۲) لندن کے صرافے والے ۔(۳) ان کی کاروائیاں ۔

Thrombase : (n) (طبیعیات، کیمیا) خمیر خون؛ دلہ ساز مادہ۔

Thrombectomy : (n) (جراحی) دلہ براری ۔

Thrombin : (n) [f. Gr. 'thrombos'.] (طبیعیات، کیمیا) خمیر خون؛ دلہ سازمادہ ۔

Thrombo-/Thromb : جزوترکیبی بمعنی دلہ ؛ لختہء خون ۔

Thrombo-arteritis : (n) شریانی ورم جس سے انجمادِ خون ہوجاتا ہے ۔

Thrombocyte : (n) خلیّہ دلی ۔

Thrombocytic : (a) خلیّہ دلی سے متعلق ۔

Thrombocytopenia : (n) خلیّہ دلی کی کمی ۔

Thrombocytopenic : (a) خلیّہ دلی کی کمی سے متعلق ۔

Thrombocytosis : (n) خلیّہ دلی میں اضافہ ۔

Thrombophilia : (n) (طب) دلی میلان ۔

Thrombosis : (n) [mod. L.] (طب) خون بستگی؛ دلیت؛ تجمد؛ انجماد خون؛ کسی عضو یا شریان میں خون جم جانا ۔

Thrombotic : (a) انجماد خون سے متعلق ۔

Thrombus : (n) [mod. L.] (طب) دلہ رگ؛رگ میں دورانِ خون کا رُک جانا؛ رگ میں انجماد خون ۔

Throne : (n) [L. 'thronus'.] (۱) تخت (شاہی)؛ سریر؛ اورنگ؛ گدی؛ راج گدی؛ سنگھاسن ۔ (۲) اسقف وغیرہ کے اجلاس کا تخت؛ مسند ۔ (۳) اقتدار شاہی؛ حکومت؛ سلطنت؛ راج ۔ (٤) فرشتوں کے نوطبقوں میں تیسرا طبقہ ۔ (٥) (مجازاً) سلطنت بادشاہی ۔ (٦) (سیاسیات) تخت؛ حکومت ۔(۷) شبیہ نگار کی طرف سے پیش کی ہوئی نشست (کرسی وغیرہ) (دوسروں کے بیٹھنے کے لئے) ۔(۸) (مجازاً) اقتدارکی کرسی؛ برتری وعظمت کی کرسی ۔ (۹) اقتدارِ اعلیٰ؛ عہدہء اعلیٰ : اختیار اعلیٰ : فرماں روائی ۔ (۱۰) فرماں روا؛ حکمراں ۔

The throne of grace /The throne : کرسیِ عرش؛ وہ مقام جہاں خداوندقدوس بندوں کی فریاد سننے کے لئے متمکن ہوتا ہے ۔

Throne : (v) [f.- prec.] (۱) دیکھو Enthrone ۔ (۲) تخت پر بٹھانا؛ تخت نشیں کرنا؛ مسند نشیں کرنا؛ سلطنت پر بٹھانا؛ تخت پر بٹھانا ۔ (۳) (کسی مرتبے پر) فائز کرنا ۔

Throne and alter : (n) مدنی اور کلیسائی طریقہ ۔

Throneless : (a) بغیر تخت کے؛ بغیر سلطنت کے؛ بغیر مسند کے؛ بےتخت؛ بے سلطنت ۔

Throng : (n) [ME. 'prang'.] (۱) اژدہام (ازدحام) ؛ ہجوم ؛ مجمع ؛ انبوہ ؛ جمعیت ؛ بھیڑ؛ جم غفیر ۔ (۲) (چھوٹی سی جگہ میں) آدمیوں کی یا چیزوں کی کثرت؛ چپقلش ۔ (۳) کثرت تعداد؛ تعداد کثیر؛ جمگھٹ ۔ (٤) (بول چال) کام کی زیادتی یا دباؤ ۔ (٥) (بول چال شاذ) جور؛ ظلم؛ ستم؛ تعدی؛ ضیق؛ کشمکش؛ مصیبت؛ تنگدستی؛ خطرہ ۔

Throng : (a) [late ME. 'prang'.] (۱) پُرازدحام؛ پُر جمعیت؛ بھیڑ ہی بھیڑ؛ پُرہجوم ۔ (۲) لوگوں سے بھرا ہوا؛ نوکروں کا جمگھٹا ۔ (۳) مشغول؛ پُر کار؛ کام سے لداہوا ۔ (٤) (شخص) (کام یا تجارت میں) مشغول؛ مصروف؛ منہمک؛ سرگرم ۔

Throng : (adv.) (۱) متانت سے؛ سنجیدگی کے ساتھ ۔ (۲) دائماً؛ پیوستہ ۔ (۳) انہماک سے؛ سرگرمی سے؛ مصروفیت سے ۔

Throng : (v) [ME. 'prange'.] (۱) کثیر تعداد میں جمع ہونا؛ بھیڑ لگانا؛ ازدحام ہونا؛ گروپ کی شکل میں جمع ہونا؛ کثیر تعداد میں جانا ۔ (۲) ہجوم ہونا؛ تھٹ لگ جانا؛ ریل پیل ہونا؛ یورش ہونا ۔ (۳) (سڑک وغیرہ کو) آدمیوں یا چیزوں سے بھر دینا ۔ (٤) (قدیم) (کسی شخص کے گرد) نرغہ کرنا ۔ (٥) دھکم دھکا کرنا؛ دھکا دینا ۔ (٦) ٹھونسنا؛ بھرنا؛ ٹھونس ٹھونس کربھرنا ۔ (۷) مکمل طورپر قبضہ کرلینا (جگہ وغیرہ)؛ بھیڑ لگاکر جگہ بھر دینا ۔

Thropple/Thrapple : (n) [Origin obsc.] (اسکاٹستان اوربول چال) گلو؛ حلق؛ گلا؛ خصوصاً سانس لینے کی نلی؛ نرخرا ۔

Throstle : (n) [OE. 'prostle'.] (۱) (حیوانیات) طُرقہ؛ مُغنی چڑیا؛ تُرغہ؛ ایک خوش الحان پرند جو یورپ میں پایا جاتا ہے ۔(۲) اون، سوت وغیرہ بننے کی مشین (میکانیات) چرخہ مشین ۔

Throstle-cock : (n) نر ترغہ؛ نرجنس کا خوش الحان پرندہ ۔

Throttle : (n) [History obsc.] (بول چال) حلق؛ گلا؛ گلو؛ نرخرا؛ حنجرہ ۔(۲) کُھل مُندن انجن کی بھاپ نکلنے کے لئے بخارہ؛ باب النفس؛ خانق والو ۔

Throttle : (v) [late ME. 'throtel'.] (۱) گلا گھونٹنا؛ گلا گھونٹ کر مارڈالنا؛ گلا دبا دینا؛ گلا دبا کر سانس

روک دینا؛ گلو گرفتہ کردینا ۔ (۲) (مجازاً) کسی شخص کی بات گو زبردستی روک دینا : بولنے سے روک دینا ۔ (۳) بخارے سے انجن کی بھاپ نکلنے کو کم یا زیادہ کرنا؛ (انجن کی) اسٹیم یا گیس کو باضابطہ کردینا ۔

Throttle-lever : (n) کھولنے یا بند کرنے کے لئے بیرم ۔

Throttle-valve : (n) کھل مندن انجن کی بھاپ نکلنے کےلئے بخارہ؛ باب النفس؛ خانق والو ۔

Throttling : (n) (۱) (طب) خنق؛ گلا گھونٹنا ۔ (۲) (طب)خانق ۔ (۳) بھاپ بندی؛ (انجینیئرنگ) اختناق ۔

Through : (a) (۱) گزرنے والا؛ جانے والا؛ ادھر سے اُدھر تك پہنچنے والا ۔ (۲) ایك مقام سے دوسرے مقام تك کا؛ ایك مقام سے دوسرے مقام تك سیدھا جانے والا؛ راست ؛ سیدھا؛ مستقیم؛ سرتا سر؛ براہ راست ۔

Through/Thro : (prep. & adv.) [OE. 'purh'.] (۱) حرف ربط ؛ حرف جار، تعلقات کو ظاہر کرنے والا؛ از میان؛ بواسطہ؛ بذریعہ؛ ذریعہ سے؛ وجہ کر؛ سبب سے؛ بدولت؛ بخاطر ۔ (۲) سرتا سر؛ ایك سرے سے دوسرے تك ؛ آرپار؛ کسی چیز میں سے ہوکر یا گزرکر ۔ (۳) ادھر سے اُدھر تك؛ اول سے آخرتك؛ از اول تا آخر؛ ایك طرف سے دوسری طرف تك؛ پورا کا پورا؛ یہاں سے وہاں تك؛ مکمل؛ آغاز سے انجام تك ۔ (٤) تمام مدت میں؛ تمام اوقات میں ۔ (٥) کنارے کنارے ؛ ایك سطح سے دوسری سطح تك ؛ راستے بھر ؛ تمام راستے میں سفر کے آخر تك ؛ آخر تك ۔ (٦) (خصوصاً امریکا میں) تك؛ یہاں سے یہاں تك (بشمول مخصوص تاریخ اور نمبر) (جیسے Monday through thursday یعنی منگل سے جمعرات تك 17 through 19th) ۔

Are you through with : (بول چال) تم نے یہ کام ختم کرلیا۔

Got through : (امتحان میں) کامیاب ہوا ۔

Lasted all through : آخر تك قائم رہا؛ چلتا رہا ۔

Looked him through and through : اس کو خوب غور سے دیکھا؛تجسس کی نظر سے دیکھا ۔

Read it through and through: باربار اول سے آخر تك؛ پڑھا۔

Read it carefully through : اول سے آخر تك غور سے پڑھا۔

To be through : (امریکا) ختم کرنا؛ پورا کرنا ۔

To be through with : ختم کرنا؛ مکمل کرنا؛ کام انجام دینا؛ معاملات کو ترتیب دینا ۔

To carry through/To drop-/To fall-/To pull - : مشکلوں اور دقتوں سے صاف نکل آنا؛ نکال لے جانا؛ انجام کو پہنچانا؛ تکمیل کرنا ۔

To go through : (۱) گزرنا (خیال کا دل میں) ؛ غور کرنا؛ تفصیل کے ساتھ بحث کرنا ۔ (۲) برداشت کرنا؛ پورا کرنا؛ انجام دینا ۔

To go through with : پورا کرنا؛ تمام کرنا ۔

To let through : اندر آنے دینا؛ داخل ہونے دینا ۔

To see through : سمجھ جانا ۔

To speak through the throat/-the nose : حلق سےبولنا؛ ناك سے بولنا ۔

To pay through the nose : Nose (n) دیکھو

Through-: جزو ترکیبی ۔

Through and through : (prep. & adv.) پورا کا پورا؛ کامل؛ ازبمہ جہت؛ سر تا سر؛ ازاول تا آخر ۔

Through bear : (v) تحمل کرنا؛ برداشت کرنا؛ متحمل ہونا؛ خیال کرنا؛ نگہداری کرنا ۔

Through-bolt : (n) بولٹ جو کسی چیز کے آر پار ہوجانے ۔

Through bond : (n) سر تا پا بندش ۔

Through bridge : (n) وہ پُل جس سے سڑك اور ریل دونوں گزرتے ہوں ۔

Through fall : (n) جنگل کے علاقے میں بارش ۔

Through gang : (n) (۱) عام سڑك؛ شارع عمومی ۔ (۲) پورا معائنہ ۔ (۳) زحمت؛ طاقت ۔

Through-joint : (n) کسی چیز کی گہرائی سے گزرنے والا جوڑ ۔

Through one's hands/Through a machine : (adv.) ہاتھ کے ذریعے؛ مشین کے ذریعے ۔

Through-passage : (n) شارع عام؛ عام گزرگاہ؛ راہ عبور ۔

Through proper channel : (n) (سیاسیات) بوساطت مجاز ۔

Through road : (n) دو شہروں کے درمیان کی شاہراہ ۔

Through-stone : (n) [OE 'pruh'. +STONE'] (۱) عمودی سنگ قبر؛ عمود شکلی قبر کا پتھر ۔

Through-stone/Thorough- : (n) Bond-stone (تعمیرات) دیکھو

Through thick and thin : (adv.) Thick and thin دیکھو

Through-toll : (n) کسی مخصوص راستے سے گزرنے پر آدمی، جانور یا اسباب وغیرہ پر لگایا گیا محصول؛ باج راہ؛ مالیات عبور؛ راستہ ٹیکس؛ محصول سڑک؛ سڑک کی چنگی ۔

Through train : (n) ایک مقام سے دوسرے مقام تک براہ راست جانے والی گاڑی۔

Through-way/Through way/Thru way : (n) خصوصاً موٹر کا راستہ ؛ دیکھو Thorough fare ۔

Throughly : (adv.) (۱) پورے طور پر؛ مکمل؛ کاملاً؛ سراسر ۔ (۲) پوری گہرائی سے گزر کر؛ پورے کا پورا ۔

Throughout : (prep) سراسر؛ بالکل؛ ہرحصے میں؛ تماماً؛ ہر جگہ میں؛ تمام مدت میں؛ سب کہیں؛ شروع سے آخر تک ۔

Throughout : (adv.) (۱) ہر جگہ؛ پورے جسم سے؛ پورے وقت پر یا سے ۔ (۲) ازبمہ جہت؛ برسمت سے؛ ہر لحاظ سے؛ برلحہ ۔ (۳) اول سے آخر تک؛ اِس سرے سے اُس سرے تک ۔

Throughout the length and breadth of the country : ملک بھر میں ؛ سارے ملک میں ۔

Throughput : (n) تقسیم شدہ شے کی قیمت؛ کسی چیز کی پیش کردہ رقم؛ میزان محصول ۔

Throve : (v) Thrive کا فعل ماضی ۔

Throw : (n) [f. Throm. (v)] (۱) مزنا؛ موڑ یا چکّر ؛ گردش ؛ بَل؛ پیچ؛ بَل دینے کا عمل ۔ (۲) (اسکاتستان) سنسی؛ پیچ کش؛ اَنکس؛ تانا؛ اینٹھن؛ نیز کُنجی کُھمانے کا عمل ۔ (۳) (میکانیات) چکر کہنی؛ گھمیا؛ دُبری پھیر ۔ (٤) خراد مشین؛ لیتھ مشین ۔ (٥) پھینکنے کا عمل؛ قلاب اندازی؛ پھینک مارنے کا ہتھیار؛ تیررس؛ پانے کی پھینک؛ ٹپہ؛ پلّہ؛ پانسہ؛ پو ۔ (٦) دوری جس سے کوئی چیز پھینکی جاتی ہے ۔ (۷) پانسے کا نمبر ۔ (۸) جال کا پانسہ؛ مچھلی کی شست پھینکنے کا فاصلہ ۔ (۹) (کشتی) پٹخنی؛ کشتی میں گرانا یا گرایا جانا۔ (۱۰) بولر کی بےقاعدہ گیند ۔ (۱۱) (کان کنی، ارضیات) طبقات کی ساخت کا نقص ۔ (۱۲) تیزی سے چکر دینے کی کل؛ مقناطیسی برق پیما سوئی کی اچانک گوشہ دار حرکت ۔

A stone's throw : (بے جا استعمال) تھوڑا سا فاصلہ ۔

To have a throw at : (مجازاً) حملہ کرنا ۔

Throw : (n) Throe (n) کی ایک شکل ۔

Throw : (v) [OE. "prawan'.] (۱) پھینکنا؛ ڈالنا؛ گرادینا ۔ (۲) (مجازاً) مشکل میں ڈال دینا ۔ (۳) (کرکٹ) بولر کا بے قاعدہ گیند پھینکنا ۔ (٤) (کُشتی میں) دے مارنا؛ پٹخ دینا؛ چت کردینا؛ گرادینا؛ فرش کردینا؛ (مجازاً) مقابلے میں شکست دینا؛ برادینا ۔ (٥) (گھوڑے کا سوار کو) گرادینا؛ الٹ دینا ۔ (٦) (امریکا) مقابلے یا دوڑ میں ہار جانا ۔ (۷) (کپڑے وغیرہ) بے پروائی سے یا جلدی جلدی پہننا یا اتارنا ۔ (۸) (سانپ کا) (کینچلی) ڈالنا؛ گرانا۔ (۹) (خرگوش وغیرہ کا) بچے دینا ۔ (۱۰) پر پھینکنا ۔ (۱۱) ریشم کے دھاگے بٹنا؛ بانٹ کر شکل دینا ۔ (۱۲) (گھڑے وغیرہ کو) کمہار کے سانچے میں گھڑنا ۔ (۱۳) جھکانا ؛ موڑنا ؛ بلانا (جسم کے کسی حصے کو) ۔ (۱٤) گھمانا؛ اینٹھنا؛ بَل دار بنانا؛ مروڑنا؛ مروڑ ڈالنا؛ گونتھنا؛ بارلپیٹنا؛ کُنجی وغیرہ گھمانا ۔ (۱٥) خراد میں (لکڑی وغیرہ کو) گھمانا ۔ (۱٦) ترتیب دینا؛ ڈھالنا (پگھلی ہوئی دھات کو کسی شکل میں) ؛ متشکل کرنا ۔ (۱۷) کارڈ پھینکنا؛ تاش کا پتّا پھینکنا ۔ (۱۸) ووٹ دینا ۔ (۱۹) جاری کرنا ؛ رائج کرنا (روشنی ، حرارت وغیرہ کا) ۔ (۲۰) سفر کرنا؛ گزرنا ۔ (۲۱) آہستہ سے لینا (بوسہ) ۔ (۲۲) اُچٹتی ہوئی نظر ڈالنا ؛ دیکھنا ۔ (۲۳) تکمیل کرنا؛ انجام کو پہنچانا ۔ (۲٤) (درخت، تعمیر وغیرہ) کاٹ دینا؛ گرادینا؛ گر پڑنا ؛ توڑ دینا ؛ ڈھادینا ۔ (۲٥) (مجازاً) کسی جگہ جانا یا آنا ؛ جلدی سے آنا ۔ (۲٦) جوڑنا؛ ملانا؛ اضافہ کرنا؛ بڑھانا؛ پھیلانا ۔

To throw light on the matter : معاملے پر روشنی ڈالنا؛ توضیح کرنا ۔

To throw one a kiss : ہاتھ کو چوم کر اس سے کسی کی طرف اشارہ کرنا ۔

To throw one's daughter at the head of : گلے منڈھنا؛ ماں کا اپنی بیٹی کو کسی مرد سے بیاہنے کی کوشش کرنا ۔

To throw oneself at the head of : گلے پڑنا؛ عورت کا کسی سے کھلے بندوں شادی کی کوشش کرنا ۔

To throw oneself down : لیٹنا ۔

To throw-oneself into : کسی کام کو زور شور سے اٹھانا؛ سرگرمی سے مصروف یا منہمک ہو جانا ۔

To throw oneself into the arms of : کسی کی بیوی ہو جانا؛ کسی کی بیگم بن جانا ۔

To throw oneself or be thrown at or at the head of : اپنے آپ کو کسی کے راستے میں ڈال دینا؛ گلے پڑجانا ۔

To throw oneself on /-upon : اپنے آپ کو چھوڑ دینا (مثلاً عدالت کے رحم پر)؛ پورے طور پر تسلیم کرلینا ۔

To throw oneself upon : تیزی سے حملہ کرنا؛ ٹوٹ پڑنا؛ گرپڑنا ۔

To throw one's eye/- eyes/- a glance/-a look up : دہشت اور نفرت سے حیادار شخص کا بےحیائی کی حرکت سے بکّا بکّا رہ جانا ۔

To throw one's soul/-heart/-spirit/-energy : کسی کام کو دل سے کرنا؛ کسی کام کو زور شور سے اٹھانا؛ انہماک کے ساتھ کام میں لگنا ۔

To throw open (apart, asunder) : (۱) دفعتاً کھول دینا (دروازہ) ۔ (۲) داخل ہونے کی اجازت دے دینا ۔

To throw one's doors to : (۱) مہمان کے طور پر استقبال کرنا ۔ (۲) راہ کھول دینا؛ ممکن بنا دینا ۔

To throw stones : (۱) پتھر یا ڈھیلے پھینکنا ۔ (۲) اعتراض کرنا؛ انگشت نمائی کرنا ۔

(۲۷) زبردستی قیدکرنا ۔ (۲۸) مخصوص انداز میں اظہارکرنا؛ دوسری زبان میں ترجمہ کرنا؛ دوسری شکل میں بدلنا ۔ (۲۹) (امریکا بول چال) (تجویز کو) الٹ دینا؛ باطل کرنا؛ (کام) بگاڑ دینا؛ مضطرب کرنا؛ گھبرا دینا؛ بدحواس کردینا؛ تعجب کا اظہارکرنا؛ تعجب کرنا ۔

To throw a chest : سینہ تان کر کھڑا ہونا ۔

To throw a cloud over : Cloud (n) دیکھو

To throw a fit : (امریکا) دورہ پڑنا ۔

To throw a fly : چارہ لگاکر شست پھینکنا ۔

To throw a gloom over : Gloom (n) دیکھو

To throw (a) light on : کسی چیز پر روشنی ڈالنا؛ کسی چیز کی وضاحت کرنا ۔

To throw a lustre over : Lustre (n) دیکھو

To throw a party : (عامیانہ) پارٹی دینا؛ دعوت کرنا ۔

To throw a shadow over : Shadow (n) دیکھو

To throw a sop to : کسی خطرناک انسان یا جانور کو پرچانے کے لئے کوئی چیز پھینکنا ۔

To throw a veil over : چھپانا؛ پردہ ڈالنا ۔

To throw cold water on : دبانا (کسی کام یا منصوبے کو)۔

To throw down the glove : مقابلے کی دعوت دینا ۔

To throw dust in a person's eyes : جُل دینا؛ دھوکا دینا؛ کسی کی آنکھوں میں دھول جھونکنا ۔

To throw good money after bad : نقصان کی تلافی کی کوشش میں اور روپیہ برباد کرنا ۔

To throw in one's lot with : کسی کے ساتھ شریک ہو جانا؛ کسی کی رفاقت اختیار کرنا ۔

To throw in one's teeth : (کسی بات پر) ملامت کرنا ۔

To throw into prison : زبردستی مقید کرنا ۔

To throw the feet : (گھوڑے کو) گھومنے میں اچھی طرح سے اُٹھنے دینا ۔

To throw true : بچے پیدا کرنا ۔

Throw - : جزو ترکیبی ۔

Throw about : (v) (۱) فوراً گھومنا یا گھمانا ۔(۲) مارا مارا پھرنا۔ (۳) کوشش کرنا؛ سعی کرنا؛ جدوجہد کرنا ۔

Throw aside : (v) (۱) ایک طرف ہوجانا ؛ ایک جانب جھکنا؛ ایک طرف کھینچنا ۔ (۲) خصوصاً (تاش کےپتّے کا) چھانٹنا ۔ (۳) ترک کرنا؛ چھوڑنا؛ برطرف کرنا؛ الگ کرنا ۔

Throw away : (v) (۱) رد کرنا؛ پھینک دینا۔(۲) (مجازاً) ضائع کردینا؛ کھو بیٹھنا (بے پروائی یا غفلت سے) ۔ (۳) برباد کرنا؛ فضول خرچی کرنا؛ اسراف کرنا؛ پھونک دینا؛ بغیر فائدہ اور مقصد کے خرچ کر دینا ۔ (٤) فائدہ اٹھانے سے کترانا ۔ (٥) (خصوصاً تاش میں) تاش کے کسی پتے کا چھانٹنا۔(٦) (تھیٹر) فی البدیہہ طور پر اظہار کرنا ۔

To throw oneself away: کسی عورت کی نامناسب یا نا موزوں شادی ہو جانا ۔

Throw-away : (a) (۱) قابل ترک ؛ قابل فروخت ؛ قابل استعمال؛ استعمال پذیر؛ جو استعمال کے بعد پھینک دیا جائے ۔(۲) فی البدیہہ؛ اتفاقی ۔

Throw back : (v) (۱) موروثی سیرت کی طرف رجوع کرنا؛ پرکھوں سے مشابہت رکھنا؛ اصل کی طرف لوٹنا ۔ (۲) تاخیر کرنا؛ دیر کرنا ۔ (۳) ترقی روکنا؛ آگے بڑھنے میں رفتار سست کردینا ۔ (٤) (Upon کے ساتھ) پیچھے ہٹنے پر مجبور کر دینا ۔ (٥) پچھلے واقعات کی طرف مڑنا؛ قدیم زمانے کی طرف لوٹنا ۔

Throw-back : (n) (۱) موروثی سیرت کی طرف رجوع ۔ (۲) رجعت؛ واپسی؛ مراجعت ۔

Throw-crook /Thraw- : (n) (اسکاتستانی اوربول چال) رسی بانٹنے کا ایک آلہ (گھاس، پیال وغیرہ کی) ۔

Throw-crank : (n) گھمیا؛ دھری پھیر ۔

Throw disk/-lever : (v) گول دھری پھیر ۔

Throw down : (v) (۱) تہ وبالا کرنا؛ زیروزبر کرنا ۔ (۲) طاقت توڑنا؛ قوت توڑنا ۔(۳) خاتمہ کردینا؛ برباد کردینا ؛ شکست دینا ؛ مغلوب کرنا ۔ (٤) سر کے بل گرانا؛ ڈالنا؛ پھینکنا؛ گرانا؛ ڈھا دینا ۔ (٥) چھانٹنا ؛ ترک کرنا ؛ چھوڑنا؛ مسترد کرنا؛ نامنظور کر دینا؛ قبول نہ کرنا ۔ (٦) (مجازاً) مرتبہ کم کردینا؛ عہدہ گھٹا دینا؛ تنزل کرنا ۔

To throw down one's arms : سپرد کرنا؛ حوالے کرنا؛ دست بردار ہو جانا؛ مزاحمت یا مقابلے سے باز آنا؛ اطاعت قبول کرلینا ۔

To throw down one's brief (of a barrister) : (بیرسٹر کا) کسی مقدمے میں جانے سے انکار کردینا ۔

To throw down one's tools : (مزدور کا) کام چھوڑدینا یا بند کردینا؛ ہڑتال کرنا ۔

Throw in : (v) (۱) جمع کرنا؛ اضافہ کرنا؛ ضمیمہ کے طورپر بڑھانا۔(۲) شرکت کرنا (کسی حرف میں) مہیا یا فراہم کرنا؛ سبب ہونا ؛ مدد ہونا (کسی شے کے واقع ہونے میں) ؛ داخل یا شریک کرنا ۔ (۳) متوجہ کرنا؛ کام میں لگانا۔ (٤) گھاٹے یا روکن میں دے دینا؛ اوپر سے یا الگ سے دینا ۔ (٥) جملۂ معترضہ کے طور پر کہنا؛ بیچ میں کہہ اٹھنا (کوئی بات) ۔ (٦) (مچھیرے کا) جال ڈالنا ۔(۷) (شکار میں) شکاری کتے کا شکار کی تلاش کرنا ؛ کھوج لگانا؛ سونگھ کر معلوم کرلینا۔ (۸) (کُشتی اور مکّابازی) چیلنج کرنا یا چیلنج قبول کرنا ۔(۹) (فٹ بال، کرکٹ) بال پھینکنا ۔

To throw in one's hand : (۱) (پوکر) پتےکو کھیل ختم کرنے سے پہلے ہی پھینک دینا ۔ (۲) شکست تسلیم کرلینا؛ مقابلے سےباز آجانا ۔

To throw in one's lot with : انجمن میں شریک ہونا؛ جماعت میں شریک ہونا؛ کسی کی رفاقت اختیار کرنا ۔

To throw in the sponge/-towel : (پہلوانوں کا محاورہ) اسفنج کو پھینکنا (مجازاً) ہار مان لینا؛ مقابلے سے دست بردار ہونا ۔

Throw lathe : (n) چھوٹا دستی خراد ۔

Throw line : (n) مچھلی کی ڈور؛ شست ۔

Throw-off : (n) (۱) (لومڑی کا شکار) شکار یا دوڑ کا آغاز ۔ (۲) ایک تکنیک جس سے مشین کے پُرزے الگ کر دیئے جائیں یا اس کا عمل رد کر دیا جائے ۔ (۳) شاخ؛ فرع۔

Throw off : (v) (۱) ترک کردینا؛ (ملاقات، دوستی) ۔ (۲) نجات پانا؛ پیچھا چُھڑانا (بیماری سے یا تکلیف دہ شخص سے)؛ پیچھا چھڑانا (جوا، بندش، طوق، بوجھ وغیرہ سے) ۔ (۳) (بہروپ یا بھیس) اتار پھینکنا؛ لباس وغیرہ اتار دینا؛ عادت وغیرہ چھوڑ دینا ۔ (٤) (نظم یا عمدہ فقرہ) کہہ ڈالنا ۔ (٥) (کتوں کا) بُو پر چلنا؛ شکار کا آغاز کر دینا؛ شکار کا پیچھا شروع کر دینا؛ شکار شروع کرنا ۔ (٦) (گفتگو، کھیل وغیرہ) شروع کرنا ۔ (۷) جلدی سے علاحدہ رکھنا؛ ہٹانا کسی چیز کا (استعمال یا خیال) ۔ (۸) بے دخل کردینا؛ نکال دینا؛ اخراج کرنا (کسی مادے کا)؛ چھوڑدینا؛ خصوصاً بیکار چیز کو ضائع کر دینا ۔ (۹) (برگ وبار) باہر نکالنا؛ برگ و بارلانا ۔ (۱۰) نقشہ کھینچنا؛ اسکیچ اتارنا؛ نقش ثبت کرنا ۔ (۱۱) (عکاسی) تصویر چھاپنا؛ منفی پلیٹ سے روشنی گزارکر تصویر بنانا ۔

Throw on : (v) (۱) (کپڑا وغیرہ) جلدی سے پہننا ۔ (۲) بُو پر شکار کو چھوڑ دینا ۔

Throw out : (v) (۱) باہر پھینکنا؛ زمین سے نئے پودوں کو اکھاڑ پھینکنا ۔ (۲) (مکان کا حصہ وغیرہ) آگے کو بڑھا کر بنانا؛ آگے کو نکالنا؛ آگے بڑھانا ؛ بڑھانا ؛ اضافہ کرنا ۔ (۳) کنایتاً کہنا؛ اشارتاً کہنا ؛ پردے پردے میں کہنا ۔ (٤) نامنظور کرنا؛ مسترد کرنا (مسودہ قانون پارلیمنٹ میں)؛ قبول نہیں کرنا؛ انکارکرنا ۔ (٥) کسی شخص کی گفتگو یا کام میں خلل ڈال کر اسے گڑ بڑادینا ۔ (٦) (کرکٹ) فیلڈر کا وکٹ میں گیند مار کر کھلاڑی کو آؤٹ کردینا۔ (۷) (گرمی اور روشنی) شعاع ڈالنا؛ نوریا حرارت پھیلانا؛ ضو افگنی کرنا (مرکز سے) ۔ (۸) رسنا؛ پسیجنا؛ پسینہ نکلنا ۔ (۹) مشورہ دینا؛ اشارہ کرنا ۔ (۱۰) (فوج) نوک جھونک ختم کردینا ۔ (۱۱) دور کردینا؛ دور ہونا ۔

Throw over : (v) چھوڑ دینا (بے وفائی سے)؛ قطع تعلق کر لینا؛ ساتھ چھوڑ دینا ۔

Throw over : (n) (۱) چھوڑ دینے کا عمل ۔ (۲) ایک قسم کا کشادہ لباس؛ لبادہ؛ شال وغیرہ ۔

Throw overboard : (v) چھوڑ دینا؛ ترک کردینا ۔

Throw-stick : (n) (۱) گھما کر پھینکنے کی لکڑی ۔ (۲) (آسٹریلیا کا) لکڑی کا ایک قدیم ہتھیار جو پھینکنے والے کے پاس واپس آجاتا ہے (مثلاً گرز یا چقماق)۔

Throw together : (v) (۱) جلدی جلدی ایک ساتھ ملانا؛ جلدی سے ایک ساتھ رکھنا ۔ (۲) اتفاقی طورپر (شخص کو) جماعت یا انجمن میں لانا ۔

Throw up : (v) (۱) قے کرکےخارج کرنا؛ قےکرنا؛ (کہانی ہونی چیز)ڈال دینا؛ قےمیں گرادینا۔ (۲) (آنکھ، ہاتھ وغیرہ) اچانک یا جلدی سے اُٹھانا ۔ (۳) اٹھانا؛ چڑھانا (کھڑکی کا شیشہ وغیرہ) ۔ (٤) چھوڑ دینا؛ استعفادے دینا (ملازمت سے)؛ واگذاشت کرنا (عادت، منصوبہ، حق یا قبضہ) ۔ (٥)جلدی جلدی تعمیر کرنا؛ جلدی جلدی مرتب کرنا ۔ (٦) ممتاز بنانا؛ مشہور دکھانا ۔ (۷) (جہاز رانی) ہوا کے رُخ پر جہاز کو پھیر دینا ۔ (۸) (شکار میں) زمین سے سر اُٹھالینا؛ بُو کا ضائع ہوجانا ۔

To throw up in (into, on) the wind : ہوا کے رخ پر جہاز کو گھما دینا ۔

To throw up the game /-one's cards : کھیل بند کرنے کے لئے تاش کے پتوں کو ٹیبل پر پھینک دینا ۔

To throw up the sponge : Sponge (n) دیکھو

To throw up one's hands : شکست تسلیم کرلینا ۔

Throw wheel : (n) خراد کا پہیّا (کھینچنے والا) ۔

Thrower : (n) (۱) پھینکنے والا ؛ ڈالنے والا ۔ (۲) کوزہ گر؛ سفال گر؛ مٹی کا برتن بنانے والا (مزدور، کمہار) ۔ (۳) ریشم کے دھاگے بٹنے والا ۔

Throwing : (n) (۱) پھینکنے کا عمل ۔ (۲) طاس ریزی؛ قلاب اندازی۔

Throwing-balls : (n) (جنوبی امریکا) دیکھو Bolas

Throwing-knife/-iron : (n) چاقو کے مانند ہتھیار جسے غیر مہذب افریقی استعمال کرتے تھے ۔

Throwing-mill : (n) کچے ریشم کو دھاگے میں تبدیل کرنے والی مشین ۔

Throwing-stick : (n) (۱) لکڑی کا ایک چھوٹا آلہ جس سے نیزہ، تیر وغیرہ پھینکتے ہیں ۔ (۲) گھما کر پھینکنے کی لکڑی۔

Throwing wheel : (n) کمہار کا چکّا ۔

Thrown : (a) (۱) خراد پر گھمایا ہوا (بول چال) ۔(۲) کمہار کے چکّے پر بنایا ہوا ۔ (۳) (ریشم) دھاگے میں بٹا ہوا ۔

Thrown silk : (n) ریشم کا دھاگا جو دو یا زیادہ دفعہ باٹا گیا ہو : دوہرا بٹا ہوا ریشم کا دھاگا ۔

Thrown singles : (n) اکہرا بٹا ہوا ریشم کا دھاگا ۔

Throwster : (n) (۱) ریشم کے دھاگے بٹنے والا: پشم باف ۔ (۲) ریشم کے دھاگے بٹنے والی عورت ۔

Thru : Through کا متبادل ۔

Thrum : (n) [ME. 'throm'.] (۱) (بنائی) ریشم کی جھالر جو کھڈی سے تھان کاٹ لینے کے بعد اس پر لگی رہتی ہے ۔(۲) اس کا کوئی تار یا ریشہ ۔ (۳) کوئی ٹوٹا ہوا تار یا جھالر کا گچھا: طرہ : لچھا (تانتوں کا) ۔ (٤) دھاگوں کی جھالر ۔ (٥) (جہازرانی) معمولی ریشم کےچھوٹےٹکڑے ۔ (مجازاً) (جمع) پرزہ: دھجی: کترن: چھیلن ۔

Thread and thrum : سب ایک ساتھ: اچھا بُرا سب ۔

Thrum : (n) [Echoic] مختلف آواز پیدا کرنے والا لفظ : تن تن (کی آواز): تپ تپ کی آواز: (بول چال) بلّی کی سی آواز ۔

Thrum : (v) [f. Thrum. (n)] (۱) ریشم کی جھالر بنانا ۔ (۲) رونیں دار بنانا: جھالی دار بنانا: ریشے دار بنانا ۔(۳) (جہاز رانی) رسّے کی لڑیوں کو بادبان میں سینا ۔

Thrum : (v) [Echoic] (۱) اناڑی پن سے بجانا: تن تن کرنا (ستاروغیرہ) ۔ (۲) (انگلیوں سے میز وغیرہ پر) کھٹ کھٹ کرنا: طبلہ سا بجانا۔(۳) اناڑی پن سے بجانا یا بجایا جانا ۔(٤) پیانو وغیرہ چھیڑنا (خصوصاً اناڑی پن سے) ۔(٥) ایک سُر پر بجانا: اول سے آخر تک ایک انداز سے بجانا ۔(٦) غنغناہٹ کی آواز نکالنا: غنغنانا ۔ (۷) بڑ بڑانا: منہ ہی منہ میں بولنا ۔

Thrum eye : (n) ایک طرح کی ریشے دار معدنی چیز جس کا غیر اشتعال پذیر تختہ بنایا جاسکتا ہے؛ Asbestos کا ایک نام ۔

Thrummy : (a) (اب شاذ) گچھے دار: جھالردار: لچھے دار: پشمالو : ژولیدہ : لمبے بالوں والا: مخمل نما: مخمل سا ۔

Thrumwort : (n) (۱) ایک قسم کا جھالردار درخت ۔ (۲) ایک قسم کا آبی پودا ۔ (۳) ایک ارغوانی رنگ کی بالیوں کا سنبل نما پودا جو باغوں میں بویا جاتا ہے ۔

Thrush : (n) [OE. 'prysce'.] (۱) ایک خوش الحان پرند جو یورپ میں پایا جاتا ہے: ترغہ: طوطی: طرقہ: باسترک: (حیوانیات) ذُج ۔ (۲) Turdus جنس یا Turdidae خاندان کی مختلف قسموں کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔

Migratory thrush : امریکی رابن (Rabin) ۔

New York thrush : امریکی آبی پرندہ ۔

Pacific thrush : پولی نیشیائی پرند ۔

Shrike-thrush : دیکھو Shrike

Wilson's thrush : شمالی امریکا کا ایک پرند ۔

Thrush : (n) [Origin obsc.] (۱) (طب) قُلاع: منہ آنا: ایک مرض جو خصوصاً بچوں کے منہ اور حلق میں ہو جاتا ہے جس سے موتیوں کی طرح کے چمکتے ہوئے چھالے پیدا ہوجاتے ہیں ۔ (۲) (بیطاری) قلاع جو گھوڑے کے سُم کے بیچ میں ہو جاتا ہے ۔

Thrush-fungus : (n) اسفندی قسم کا ایک فاسد دُنبل ۔

Thrush-nightingale : (v) ایک قسم کا خوش الحان بلبل ۔

Thrush-tit : (n) چین اور جاوا کے علاقوں میں پایا جانے والا Cochoa جنس کا ایک پرند ۔

Thrust : (n) [f. thrust v.] (۱) زور کا دھکّا ۔(۲) ہولا: وار (نیزے وغیرہ کا) ۔ (۳) شدید حملہ : یلغار : یورش ۔ (٤) (مجازاً) چوٹ: طعن: ضرب ۔ (٥) (محراب، شہتیر وغیرہ کا) دباؤ: مجموعی دباؤ: ڈھکیل ۔ (٦) (کونلے کی کان وغیرہ میں) چھت کے بوجھ سے ستونوں کابیٹھ جانا۔(۷) ازدحام: جمعیت ۔ (۸) ہوائی جہاز یا راکٹ کے جیٹ کا اگلا دباؤ ۔

Thrust : (v) [Early ME. 'prustan'.] (۱) لپکانا: چلانا: جھٹکے کے ساتھ بڑھ جانا (ہاتھ وغیرہ) ۔ (۲) ٹھونسنا: زور سے ڈالنا یا رکھنا ۔ (۳) چبھونا: بھونکنا: گڑونا: نوکدار ہتھیار گھسا دینا ۔ (٤) چھید ڈالنا: خنجر وغیرہ بھونک کر آرپار کردینا: سوراخ کرنا : رخنہ کرنا: برمانا: بیندھنا ۔ (٥) ہولا مارنا : وار کرنا : حملہ کرنا ۔ (٦) ڈھکیلنا: زور سے ہٹانا: ٹھیلنا ۔(۷) گھسنا: دھکا دے کر بڑھ جانا یا نکل جانا: دھکم دھکا

کر کے آگے بڑھنا؛ بڑھنا؛ نکلنا (جڑ وغیرہ کا) ۔
(۸) مجمع لگانا ؛ بھیڑ لگانا ؛ ازدحام لگانا ۔
(۹) داخل ہو جانا؛ گھس جانا؛ چھیدنا ۔
(۱۰) (مجازاً) (کسی کی خواہش کے خلاف) بہ زور کسی حالت میں پہنچا دینا ۔ (۱۱) اضافہ کرنا؛ بڑھانا؛ الحاق کرنا ۔ (۱۲) زبر دستی داخل کرنا؛ ٹھونسنا؛ زبر دستی لادنا (کسی شخص کو کسی شخص پر) ۔

Home thrust : تیر کا نشانے پر لگنا ۔

To thrust oneself or one's nose in : ٹانگ اڑانا؛ خواہ مخواہ دخل دینا ۔

Was thrust from his rights : اپنے حقوق سے محروم کر دیا گیا ۔

Thrust-block : (n) فریم یا سانچا جس پر (جہاز وغیرہ کے انجن میں) بیلن کا دباؤ پڑتا ہے ۔

Thrust fault : (n) دیکھو Over fault

Thrust hoe : (n) (اوزار) کُھرپا ۔

Thruster : (n) [f. prec+ER.] (۱) ٹھونسنے والا؛ چھید ڈالنے والا؛ چبھونے والا؛ ٹھکیلنے والا؛ دھکا دے کر بڑھ جانے والا ۔ (۲) (شکار، عامیانہ) لومڑی کا شکاری جو آگے بڑھنے کے شوق میں دوسرے شکاریوں اور کتوں کو خطرے میں ڈال دے ۔

Thrustful : (a) پُرزور؛ طاقت ور؛ مضبوط؛ بااثر؛ حملہ آور ۔

Thrustfulness : (n) طاقت وری؛ مضبوطی؛ حملہ آوری ۔

Thrusting : (n) (۱) فشار؛ زور؛ تحمیل ۔ (۲) (جمع میں) چھاچھ (پنیر سے نکالا ہوا) ۔

Thrusting-screw : (n) پنیر کو دبانے والی ایک مشین ۔

Thrutch : (v) [OE. 'pryc-c(e)an.] (۱) نچوڑنا؛ کچلنا؛ دبانا ۔ (۲) دھکاپیل کرکے گھس جانا؛ ٹھنس جانا؛ دھنسے پڑنا؛ ٹکرانا؛ دھکالگانا ۔ (۳) مجبور کرنا؛ دباؤ ڈالنا؛ زور ڈالنا ۔ (٤) (مجازاً) جبر و تعدی کرنا؛ جابرانہ حکومت کرنا؛ زیر کرنا ۔ (٥) (خصوصاً) نکالنا؛ رس نکالنا؛ عرق نکالنا (پنیر کا) ۔

Thruway : (n) Through-way کا متبادل ۔

Thud : (n) [Orig. Sc.] (۱) (اسکاتستانی اور بول چال) طوفان؛ گردباد؛ برف وباراں؛ باد و باراں؛ جھکڑ یا آندھی ۔ (۲) ٹھونسنا؛ ضرب؛ لگاتارضرب؛ تپ تپ؛ بھدا کا؛ گدا کا؛ بھد سے گرنے کی آواز ۔

Thud : (v) [Origin. Sc.] (۱) (اسکاتستانی) طوفان کی مانند حرکت کرنا ۔ (۲) بھد سےیا گد سےگرنا ۔ (۳) اس طرح گرنے کی آواز ہونا؛ بھداکا ہونا؛ گداکا ہونا ۔

Thug : (n) [Hindi, 'thag, Marathi, thak'.] (۱) ٹھگ (ہندوستان کے ڈاکوؤں کی ایک خاص جماعت جس کا سنہ ۱۸۲٥ میں خاتمہ کر دیا گیا) ۔ (۲) بدمعاش؛ گنڈا؛ خونی؛ لچّا؛ شُہدا؛ سفّاک (اب امریکا) ۔

Thug : (v) ڈاکازنی کے ذریعے قتل کرنا ۔

Thuggee : (n) [Hindi,'thagi'.] ٹھگوں کا پیشہ؛ ٹھگوں کے ذریعہ ڈاکازنی کا طریقہ؛ ٹھگی؛ بدمعاشی ۔

Thuggery/Thuggism : (n) دیکھو Thuggee

Thuja : (n) [mod. L. (Linn.).] تھوجا؛ سدا بہار جھاڑی جسے تھویا بھی کہتے ہیں ۔

Oil of thuja : تھوجا کی لکڑی سے تیار کیا ہوا تیل ۔

Thuja occidentalis : (n) تھوجا کی لکڑی اور اس سے تیار کی ہوئی دوا ۔

Thule : (n) [L.] (۱) وہ نام جو قدیم جغرافیہ دانوں نےبرطانیہ کے شمال کے کسی جزیرے یا ملک کا رکھا تھا اور جو دنیا کا شمالی سرا سمجھا جاتا تھا ۔ (۲) (مجازاً) نصف النہار؛ سمت الراس؛ دنیا کا چھور ۔

Ultima thule : کوئی دور دراز نا معلوم مقام ؛ دنیا کا چھور ۔

Thulium : (n) (کیمیا) تھولیم (عنصر، دھات) ۔

Thumb : (n) [OE. 'thuma'.] (۱) انگوٹھا؛ ابہام ؛ انگشت نر؛ نر انگشت ۔ (۲) چوپایوں کے پنجے میں اس کے مقابل کی انگلی ۔ (۳) دستانے کاحصہ جو انگوٹھے کو چھپاتا ہے ۔ (٤) انگوٹھے کی طرح کی کوئی چیز ۔ (٥) (ناپ میں) انگوٹھے کی لمبائی جو ایک انچ کے برابر استعمال ہوتی ہے ۔

A golden thumb/ Miller's thumb/Thumb of gold :
(۱) آٹا پیسنے والے کی بےایمانی یا آٹا چُرا لینا ۔
(۲) کاروبار کا نفع؛ تجارت کی منفعت ۔

One's fingers all thumbs : ایسے شخص کے متعلق کہا جاتا ہے جو بے ڈھنگا یا پھوہڑ ہو؛ بد سلیقہ آدمی؛ کُڈھنگا ۔

(Put your) thumbs up : خوش ہو؛ مسکراؤ ۔

Rule of thumb : وہ قاعدہ جو روز مرہ کے تجربے پر مبنی ہو؛ روز مرہ کے تجربے کا ۔

To bite one's thumbs : غصہ یا گھبراہٹ کا اظہار کرنا؛ پریشانی کا اظہار کرنا ۔

To bite the thumbat : Bite (v) دیکھو

To turn up(down)the thumb (s) : پسندیدگی کا اظہار کرنا یا ناپسندیدگی کا اظہار کرنا ۔

Under the thumb of/Underone's thumb : کسی کےقابو میں؛ کسی اشارے پر؛ مٹھی میں؛ کسی کے ماتحت ۔

Thumb : (v) (۱) انگوٹھے سے کھس ڈالنا؛ میلا کردینا (کتاب کےصفحے وغیرہ)؛ (مجازاً) زیادہ پڑھنا؛ بے شعوری یا اناڑی پن سے پیانو وغیرہ بجانا ۔ (۲) چھونا؛ ہاتھ لگانا؛ ہاتھ پھیرنا؛ انگوٹھے سے محسوس کرنا ۔ (۳) انگوٹھے سے دبانا؛ انگوٹھےسے پھیلانا؛ انگوٹھے سے ملنا؛ انگوٹھے سےلینا ۔ (٤) توپ کے مسالے کے سوراخ کو انگوٹھے سے چھپانا ۔ (٥) (امریکا) لفٹ مانگنا (گاڑی وغیرہ پر سوار ہونے کے لئے)؛ انگوٹھے سے اشارہ کرکے سواری وغیرہ پر سوار ہونے کے لئے درخواست کرنا ۔

To thumb one's nose : لمبی ناک نکالنا؛ تمسخر کرنا ۔

Thumb-bird : (n) Goldcrest کا مقامی نام ۔

Thumb-blue : (n) نیل کی ٹکیا جو دھلائی کے کام آتی ہے ۔

Thumb bottle : (n) چھوٹی شیشی خصوصاً عرق یا رقیق دوا کی ۔

Thumb box : (n) چھوٹا بکس جس میں Painting کا سامان رکھا جاتا ہے ۔

Thumb down : (v) رد کردینا؛ مسترد کردینا ۔

Thumb-index : (n) کنارے کی انڈیکس ؛ اوراق کتاب کے سامنے کے کنارے پرکٹے ہوئے نشانات جس پر حروف تہجی ترتیب وارلکھے ہوتے ہیں اور انڈیکس کا کام دیتے ہیں ۔

Thumb-latch : (n) چٹکی جو انگوٹھے سے دباکر کھولی اور بند کی جاتی ہے ۔

Thumb-mark : (n) (کتاب پر) انگوٹھے کا نشان؛ دھبا؛ اثر ابہام ؛ انگوٹھے کا نشان (پہچان کےلئے) ۔

Thumb-mark : (v) انگوٹھے کا نشان لگانا ۔

Thumb-nail : (v) (۱) انگوٹھے کا ناخن ۔(۲) پور بھر کی تصویر ؛ انگوٹھے کے ناخن کے برابر کی تصویر ۔ (۳) (مجازاً) مختصر لفظی تصویر؛ سرسری خاکا ۔

Thumb-nail sketch : (n) (۱) انگوٹھے کے برابر تصویر ۔ (۲) سرسری خاکہ (کسی شخص یا چیز کا الفاظ میں) ۔

Thumb-nut : (n) ڈھبری، انگوٹھے سےپھرانے کی؛ (میکانیات) مہرۂ خروسک ۔

Thumb pin : (n) چپٹی کیل ۔

Thumb-pot : (n) مختصر سائز کا پھول کا گملا؛ گلدان کوچک؛ چھوٹا پھولدان ۔

Thumb-print : (n) شناخت کے لئے انگوٹھے کا نشان؛ اثر ابہام۔

Thumb-ring : (n) ابہامی انگشتری؛ تلوار کا محافظ دستہ ۔

Thumb-rule : (n) Rule of thumb دیکھو

Thumb-rope : (n) گھاس یا پیال کی انگوٹھے سے اینٹھ کر بنائی ہوئی رسی ۔

Thumb-screw/Thumbscrew : (n) (۱) (میکانیات) شکنجہ: ابہام: انگوٹھوں کا شکنجہ ۔(۲) انگوٹھے دباکر تعذیب کرنے کا ایک آلہ؛ ایسا پیچ یا ڈھبری جس میں گھمانے کے لئے تتلی کے سے پر بنے ہوں؛ پیچ خروسک ۔

Thumb-screw/Thumbscrew : (v) انگوٹھے کے شکنجوں کے ذریعے اذیت دینا؛ انگوٹھے دبا کر تعذیب کرنا ۔

Thumb-stall : (n) (۱) انگوٹھے کی حفاظت کے لئے گدی یا خول ۔(۲) موچی کا انگشتانہ ۔

Thumb-tack : (n) چپٹی کیل ۔

Thumbed : (a) (۱) انگوٹھے والا؛ ابہام نما (کنگھی وغیرہ) ۔ (۲) کثیف شدہ (انگلی کے اثر سے)؛ گندہ؛ (کتاب وغیرہ) زیادہ استعمال کی ہوئی ۔

Thumbikins/Thumbkinds : (n) دیکھو Thumb-screw

Thumbless : (a) (۱) بےانگوٹھے کا؛ بے ابہام کا ۔(۲) (مجازاً) خام دست؛ بے مہارت ۔ (۳) Spider- monkey کے متعلق استعمال ہوتا ہے جس کا انگوٹھا کام نہیں کرتا ہے ۔

Thumbs down : (n) علامت مخالفت ۔

Thumbs up : (عامیانہ) اہاہا؛ واہ وا ۔

Thumby : (a) (۱) بے دست وپا ۔(۲) دیکھو Clumsy ۔

Thummin : (n)[Heb. Hedi 'tummim'.] بیش قیمت پتھر پھینک کر فال نکالنے کا ایک طریقہ جس کا ذکر عہد نامہ عتیق میں ہے ۔

Thump : (n) [Echoic.] (۱) گھونسا؛ تھپڑ؛ ڈنڈا ۔(۲) اس قسم کے گھونسے کی سخت آواز ۔ (۳) لگاتار گھونسا؛ لگاتارضرب ۔ (٤) (خصوصاً) کھٹکھٹاہٹ؛ تھپتھپاہٹ ۔ (٥) (جمع میں) گھوڑے کے سینے کو تھپتھپانا؛ (آدمی میں) ہچکی کی طرح کی کوئی صورت ۔

Thump : (v) [Echoic.] (۱) ضرب لگانا؛ زورسے مارنا؛ زور سے ہاتھ مارنا؛ گھونسا مارنا (میز وغیرہ پر)؛ ڈنڈا مارنا؛ ہتھوڑے مارنا؛ پیٹنا ۔(۲) گھونسے لگانا؛ ڈنڈے رسید کرنا؛ ٹھونکنا؛ مرمت کرنا؛ مکّوں، گھونسوں سے مارنا ۔ (۳) (پاؤں) زمین پر پٹکنا؛ زور سے پیٹنا (زمین پر) ۔ (٤) (جسم کا) ٹکرانا؛ تصادم ہونا؛ شدت سے مارنا؛ شدت سے وار کرنا ۔ (٥) (مجازاً) (لڑائی میں) مارنا؛ (لڑائی میں) ہرانا؛ بازی جیت لے جانا؛ سبقت لے جانا ۔ (٦) ٹپ ٹپ کر کے چلنا؛ قدم کی تیز آواز کے ساتھ چلنا ۔ (۷) بچکولے کے ساتھ بڑھنا؛ جھٹکے کے ساتھ حرکت کرنا ۔ (۸) دل کا تیز چلنا؛ (دل کا) دھڑکنا ۔

To thump a cushion/-the pulpit : (جوشیلے واعظ کا اپنے وعظ میں) میزکےتختے پرگھونسا مارنا ۔

Thumper : (n) (۱) گھونسا مارنے والا؛ ضرب لگانے والا؛ پیٹنے والا؛ مُشت زن؛ گھونسے باز ۔ (۲) (بول چال) لمبا تڑنگا آدمی؛ بڑی سی چیز ۔(۳) سفید جھوٹ؛ سخت جھوٹ ۔

Thumping : (a) (۱) سنگین؛ بزرگ؛ زوردار (آواز) دھماکا ۔ (۲) (مجازاً) سخت (جھوٹ)؛ بہت بڑا؛ بڑا بھاری؛ زبردست ۔

Thunder : (n) [OE. 'thunor'.] (۱) (بادل کی) گرج؛ (بجلی کی) کڑک؛ رعد ۔(۲) بجلی (جو گرتی ہے)؛ بجلی کا کڑکا؛ صاعقہ ۔ (۳) (تعریف وغیرہ کا) شور، ڈونگرا ۔ (٤) ہنگامہ خیز؛ ہیجان خیز؛ معرکے کا (ناول وغیرہ) ۔ (٥) (جمع) زور شور کے اعتراضات؛ لعن طعن؛ دھمکیاں ۔ (٦) رعد کی مانند کوئی چیز؛ رعد آسا آواز؛ گرجدار آواز ۔ (۷) نگاہ غضب آلود ۔ (۸) (جمع) (مجازاً) بلائے ناگہانی ۔ (۹) کوئی سخت آواز یا بازگشت ۔ (۱۰) (مجازاً) دہشت زدگی؛ تہدید؛ سرزنش (آمرانہ انداز میں)؛ ڈراوا؛ تخویف؛ خشمگی؛ تیزی؛ تندی ۔ (۱۱) گھڑ گھڑ؛ گرج ؛ قراقر؛ گڑگڑ ؛ دھماکا ؛ بندوق کی آواز ؛ ضرب کی آواز ۔(۱۲) (عامیانہ اور بول چال) فجائیہ میں غیر واضح طور پر استعمال ہوتا ہے ۔

The thunder of cannon : توپ کی رعد آسا آواز ۔

The thunders of the times/-the church : زوروشور کے اعتراضات؛ لعن طعن؛ دھمکیاں ۔

To steal (a person's) thunder : کسی کی سوچی ہوئی چال پہلے سے چل جانا؛ کوئی معرکے کی بات جو وہ کہنے والا ہے پہلے سے کہہ دینا؛ کسی کی ایجاد، منصوبے وغیرہ کو لے اڑنا۔

Thunder : (v) [OE. thunrian.] (۱) گرجنا (بادل کا) ؛ بجلی کا کڑکنا۔(۲) (مجازاً) گونجنا؛ گرجنا (آواز وغیرہ کا) ۔ (۳) سختی سے ڈانٹنا؛ ڈپٹنا؛ دھمکانا؛ گرجنا ۔ (٤) رعد کی طرح گرجنا؛ زور سے چیخنا؛ دہاڑنا؛ ڈکارنا؛ شورکرنا ۔(٥) کسی پر برق کی طرح حملہ کرنا؛ لگاتار ضرب لگانا؛ بوچھارکردینا؛ گولے باری کرنا ۔(٦) اوپر سے بوجھ لاد دینا؛ حاوی ہو جانا؛ چھاجانا (زوردار آواز سے) ۔(۷) بجلی کی طرح چمکنا؛ تڑاقے یا دھماکے کے ساتھ پھٹنا ۔(۸) چیخ کر کہنا؛ گلا پھاڑ کر کہنا؛ شور مچانا؛ غل مچانا؛ زور سے چلّانا ۔

Thunder and lightning : (n) (۱) (موسمیات) رعد و برق ۔ (۲) (مجازاً) گالیوں کی بوچھار؛ شدید طعن؛ سب و شتم ۔

Thunder and lightning : (a) رنگارنگ؛ ایک گہرے بھورے رنگ کے کپڑے کےلئے استعمال ہوتا ہے؛ رنگارنگ

کپڑے کی مانند جو اٹھارھویں صدی میں استعمال ہوتا تھا؛ دو رنگ؛ چند رنگ ۔

Thunder ball : (n) پتھر کے ٹکڑے جن کے متعلق خیال ہے کہ بجلی کے ساتھ گرتے ہیں ۔

Thunder-bearer : (n) رعدوبرق لانے والا؛ جوپیٹر کا لقب ۔

Thunder-bird : (n) (۱) آسٹریلیا کا ایک پرندہ ۔(۲) اساطیری چڑیا جس کے متعلق مشہور ہے کہ برق ورعد میں موجود ہوتی ہے ۔

Thunder-blast : (n) (۱) زور کی آواز؛ گرج؛ کڑک ۔(۲) صاعقہ؛ کڑک کی آواز ۔

Thunder-blasted : (a) بجلی گری ہوئی؛ دھماکا؛ رَعد زَدہ ۔

Thunder-clap : (n) (۱) رعد؛ کڑک (بجلی کی) ۔(۲) (مجازاً) ہنگامہ خیز واقعہ یا خبر؛ بلائے ناگہانی؛ رعد آسا حادثہ ۔ (۳) گرج دار آواز ۔

Thunder-cloud : (n) صاعقہ دار ابر؛ گرجنے والا بادل ۔

Thunder crack : (n) دیکھو Thunder-clap

Thunder-dint : (n) صاعقہ زدگی؛ اصابتِ صاعقہ؛ بجلی کا کڑکا۔

Thunder-disease : (n) (طب) سکتہ ۔

Thunder-drop : (n) رعد کے وقت کا بڑا قطرہ (پانی کا) ۔

Thunder-fish : (n) (۱) افریقی ندیوں کی ایک مچھلی ۔ (۲) جزیرہ٭ قبرص کی ایک مچھلی ۔

Thunder flower : (n) ایک چھوٹا پودا جس میں کھڑا ڈنٹھل اور سفید ستارہ نما پھول ہوتے ہیں ۔

Thunder-gust : (n) بادوباراں کے ساتھ رعدوبرق؛ طوفان برق وباد؛ ہَوا کے ساتھ کڑکا ۔

Thunder-hammer : (n) کانسے یا پتھر یا لوھے کا بنا ہوا قبل تاریخی بسولی نما اوزار کی ایک قسم ۔

Thunder-head : (n) رعدوبرق سے پہلے آسمان میں ظاہر ہونے والا ابر کا ایک ٹکڑا ۔

Thunder lizard : (n) دیکھو Brontosaurus

Thunder mug : (n) دیکھو Chamber pot

Thunder-pumper/-pump : (n) (۱) بگلے کی قسم کا ایک امریکی پرندہ ۔(۲) ایک قسم کی امریکی مچھلی ۔

Thunder-shower : (n) رعدوبرق کے ساتھ بارش ۔

Thunder-snake : (n) (۱) Ophibolus جنس کا ایک سانپ ۔ (۲) ایک قسم کا سانپ (شمالی امریکا کا) ۔

Thunder squall : (n) (موسمیات) طوفانِ باد و برق ۔

Thunder-stick : (n) دیکھو Bull-roarer

Thunder-stone : (n) (۱) (ارضیات) سنگ رعد ۔ (۲) (موسمیات) صاعقہ؛ رعد؛ برق ۔

Thunder-storm : (n) (موسمیات) طوفانِ رعدوبرق ؛ طوفانِ برق و باد؛ طوفانِ برق و باراں ۔

Thunderbolt : (n) (۱) بجلی کا کڑکا ۔(۲) بجلی جو گرتی ہے؛ گری ہوئی بجلی؛ صاعقہ؛ پتھر کے ٹکڑے جن کے متعلق خیال ہے کہ بجلی کے ساتھ گرتے ہیں ۔ (۳) سنگ رعد ۔ (٤) ناگہانی؛ ناگوار واقعہ یا خبر؛ غیبی گولا ۔ (٥) (مجازاً) تہدید سخت؛ شدیدخشم وغضب؛ آتش پارہ؛ صاعقہ مانند آدمی ۔

Thunderbolt beetle : (n) بھنورے کی ایک قسم ۔

Thunderer : (n) (۱) گرجنے والا؛ کڑکنے والا ۔(۲) صاعقہ آسا آواز نکالنے والا ؛ زور سے بولنے والا ۔ (۳) جوپیٹر؛ رعد زن؛ اندر دیوتا؛ سیارہ٭ مشتری ۔ (٤) (مجازاً) پُرزور خطیب؛ جوشیلی تقریر کرنے والا ۔ (٥) (مجازاً) لندن کا اخبار ٹائمز ۔

The thunderer : (اساطیر) جوپیٹر؛ مشتری ؛ رعدزن؛ اندردیوتا ۔

Thunderful : (a) گرج دار؛ پُررعد ۔

Thundering : (n) (۱) گرج؛ گرجنے والا؛ رعدزن ۔(۲) (مجازاً) شور کرنے والا؛ دھمکی دینے والا ۔

Thundering : (a) (۱) گرجتا ہوا؛ کڑکتا ہوا؛ گرج دار؛ صاعقہ انداز؛ وہ جو گرجتا ہے ۔ (۲) غیر معمولی عجیب؛ سخت ۔ (۳) بہت ہی طاقت ور؛ بہت بڑا؛ خوفناک؛ ہولناک؛ مہیب؛ نہایت شدید؛ (عامیانہ اور بول چال) ۔

The thundering legion : قدیم روما کا وہ لشکر جس میں عیسائی سپاہی تھے؛ مشہور ہے کہ ان کی دعا سے برق و باد کا طوفان آگیا تھا جس سے دشمن خوف زدہ ہوگیا ۔

Thundering : (adv.) (۱) غیر معمولی طور پر؛ شدت کے ساتھ؛ زیادتی کے ساتھ ۔ (۲) بےحد؛ بے اندازہ؛ بےپایاں ؛ نہایت ۔ (۳) خوفناک طور پر؛ مہیبانہ؛ ہولناک انداز سے ۔

Thunderingly : (adv.) دیکھو Thundering

Thunderless : (a) بےگرج؛ بےکڑک ۔

Thunderlight : (n) برق ۔

Thunderous : (a) (۱) گرج دار؛ کڑک دار؛ پُررعد؛ رعد آسا؛ صاعقہ وار ؛ کڑک کی طرح کی (آواز) ۔ (۲) (مجازاً) خشمگیں؛ عصابی؛ ترش رو؛ مہیب؛ ڈراؤنا (گرج کی طرح کا) ۔

Thunderously : (adv.) کڑک کے طور پر؛ گرجتے ہوئے؛ گرج دار انداز سے ۔

Thunderousness : (n) گرج داری؛ کڑکا ۔

Thunderpeal : (n) دیکھو Thunder-clap

Thunderstricken : (a) (۱) بجلی زدہ؛ رعدزدہ؛ بجلی گری ہوئی؛ جس پر بجلی گرے ۔ (۲) ہکّا بکّا؛ حیران؛ بھونچکا؛ (نفسیات) مبہوت ۔

Thunderstrike : (v) [pa. t. thunderstruck] (۱) رعد وبرق سے دوچار ہونا؛ کڑکا گرنا؛ رعدوبرق کا گرنا ۔ (۲) (مجازاً) رعد کی طرح گرجنا ۔ (۳) مبہوت ہونا؛ حیرت کرنا؛ مات ہونا ۔

Thunderstroke : (n) صاعقہ زدگی؛ اصابتِ صاعقہ؛ بجلی کا کڑکا ۔

Thunderstruck : (a) دیکھو Thunderstricken

Thunderworm : (n) Leposternidae جنس کا ایک کیڑا ۔

Thundery : (a) (۱) رعد آسا؛ کڑک نما؛ رعد سے متعلق ۔ (۲) (مجازاً) افسردہ؛ غمگین؛ ملول؛ محزوں؛ خشمگیں ۔

Thunge : (n) [Imit.] (برطانیہ بول چال) صدائے بلند؛ بلند آواز؛ کڑک دار آواز؛ صدائے رعد آسا ۔

Thunnus : (n) [mod.L.] ایک قسم کی سمندری مچھلی ۔

Thur land : (n) (زراعت) تھور زمین ۔

Thuri- : سابقہ بمعنی بخور؛ لاطینی Thuris بہ معنی بخور کی ترکیبی صورت ۔

Thurible : (n) [L. 'turibulum'.] بخوردان؛ اگردان؛ لوبان سوز؛ عود سوز ۔

Thurifer : (n) [mod. L.] بخور بردار؛ مجمر بردار؛ گرجاکا ملازم جو بخور دان اٹھاتا ہے ۔

Thuriferous : (a) بخوری؛ جس میں بخور ہوں ۔

Thurification : (n) [f. eccl. L. 'thurificare'.] (کیمیا) بخور سلگانا؛ بخور سوزی؛ لوبان سوزی ۔

Thurify : (v) [Fr. 'thurifier'.] بخورسلگانا؛ بخور جلانا؛ بخور کے ساتھ جلانا؛ بخورات سے معطر کرنا (پرستش کےوقت)؛ بخور دینا؛ خوشبودار کرنا ۔

Thuringite : (n) [G. thuringit', f. 'thuringia'.] (معدنیات) المونیم اور لوہے کا ہائیڈرس سلیکیٹ ۔

Thurl : (n) (انگریزی بول چال) Thirl کا متبادل ۔

Thurl : (n) [Origin doubtful'.] جانوروں کے کولہے کا جوڑ ۔

Thursday : (n) [OE. 'thunnes'.] ہفتے کاپانچواں دن؛ جمعرات؛ پنجشنبہ ۔

Holy thursday : (۱) یوم معراج مسیح؛ وہ دن (جمعرات) جب حضرت عیسیٰ آسمان پر گئے ۔ (۲) مقدس ہفتے (ایسٹر کے ہفتے) کی جمعرات ۔

Maundy Thursday : خیراتی جمعرات (ایسٹر سے قبل کی جمعرات) ۔

Thus : (n) [Late. 'L. tus, tur'.] (۱) (نباتیات) لُبان؛ لُوبان؛ کُندر ۔ (۲) رال؛ گوند ۔

Thus : (adv.) [OE. 'thus'.] (۱) اس طریقے سے؛ اس طور پر؛ چنیں؛ اس طرح سے ۔

Thus far : (adv.) اس نقطہ تک؛ اس درجہ تک ۔

Thus much : (adv.) اس قدر؛ ایں قدر ۔

Thusly : (adv.) اس طرح پر؛ اس طور پر ۔

Thusness : (n) (بول چال) (مزاحاً) اس طرح سے ہونا ۔

Thuswise : (adv.) [f. Thus+wise.] Thus دیکھو

Thuya : (n) [An irregular repr. of Gr. 'thuya'.] سرو؛ کاجی کی ایک قسم؛ تھوجا ۔

Thwack : (n) [f. next.] ڈنڈے وغیرہ کی مار یا ضرب ۔

Thwack : (v) [app. echoic.] (۱) زور سے مارنا؛ ڈنڈے سے مارنا؛ پیٹنا؛ مرمت کرنا۔ (۲) دھماکا پیدا کرنا؛ پٹک دینا؛ پچھاڑ دینا؛ مغلوب کرنا؛ پست کرنا ۔ (۳) تالیاں بجانا؛ ایک ساتھ تالیاں پیٹنا؛ باندھنا (سامان، اسباب، شخص وغیرہ)؛ لپیٹنا؛ کسنا ۔

Thwait (e) : (n)[ON. 'thveit'.] (بول چال) قطعہء ارض خصوصاً بنجر ز مین جو قابلِ کاشت بنالی گئی ہو؛ (اب بستیوں کے نام کا جزو ہوتا ہے) مثلاً Crosthwaite, Applethwaite وغیرہ ۔

Thwart : (n) [Early ME. 'thwert'.] کھویا کی نشست گاہ؛ کھویّا کی بنچ ؛ کھویّوں کے بیٹھنے کا تختہ جو کشتی میں آڑا آڑا لگا ہوتا ہے ۔

Thwart : (adv.) [Early ME. 'thwert'.] ایک طرف سے دوسری طرف (کسی چیز کی)؛ اِدھر سے اُدھر تک ۔

Thwart : (prep.) اِدھر سے اُدھر تک؛ جہاز کے اس سرے کے آرپار ۔

Thwart : (a) (۱) اِدھر سے اُدھر تک؛ ترچھے خط میں ؛ آڑا آڑا ؛ آرپار ۔ (۲) آڑا؛ ترچھا؛ جو عرضاً واقع ہو؛ عرضی؛ اُریب؛ مائل؛ متقاطع ۔ (۳) (مجازاً) (شخص) مخالف؛ بدخو؛ بے راہ رو؛ متمرد؛ خود سر؛ ہٹ دھرم؛ ضدی؛ سرکش ۔ (٤) (چیز) نقصان دہ؛ مضرت رساں؛ مضر؛ ناموافق؛ ناسازگار؛ تکلیف دہ؛ نامسعود؛ مخالف (ہَوا) ۔

Thwart : (v) (۱) مرضی کے خلاف کرنا؛ مخالفت کرنا ۔ (۲) (خواہش یا ارادے میں) حائل ہونا؛ رکاوٹ ڈالنا؛ مزاحم ہونا؛ پورا نہ ہونے دینا؛ (حکم سے) سرتابی کرنا ۔ (۳) بے نتیجہ چھوڑ دینا؛ باطل کرنا ۔ (٤) ایک سرے سے دوسرے تک عرضاً سفر کرنایا واقع ہونا ۔ (٥) آڑا ترچھا کاٹنا ۔ (٦) پسپا کردینا؛ روکنا؛ مارکربھگا دینا؛ مات کردینا؛ ناکام کرنا؛ بےاثر کرنا؛ شکست دینا ۔

Thwart over : (a) (۱) متقاطع؛ اریب ۔ (۲) خود سر؛ متمرد؛ خودرائے ۔ (۳) (بول چال انگریزی) برخلاف؛ معکوس؛ متقابل؛ متضاد ۔

Thwart- ship/Thwartship : (a) (۱) آڑا آڑا ۔ (۲) کشتی کی لمبائی میں جا گرفتہ؛ عرضاً کشتی میں رکھا ہوا ۔

Thwart- ship/Thwartship : (adv.) جہاز کے اس سرے سے اُس سرے تک؛ کشتی کی لمبائی میں ۔

Thwart-ships : (adv.) Thwart-ship دیکھو

Thwart the hawse : جہاز کے اس سرے کے آرپار جس میں رسّوں کے سوراخ ہوتے ہیں ۔

Thwartedly : (adv.) متمردانہ؛ سرکشی سے؛ مخالفت کے ساتھ ۔

Thwarter : (n) باطل کرنے والا؛ توڑ دینے والا؛ مسدود کنندہ ۔

Thwarting : (a) خود سر ؛ متمرد؛ ضد و نقیض ۔

Thwartingly : (adv.) خود سری سے؛ متمردانہ؛ ضد کے ساتھ؛ نقیض کے طور پر؛ مزاحمانہ انداز سے؛ مزاحمت کرتے ہوئے ۔

Thwartly : (adv.) Thwartingly دیکھو

Thwartwise : (adv.) عرضاً؛ عرض میں؛ بطور متقاطع؛ بطور اریب ۔

Thwartwise : (a) اریب؛ متقاطع؛ عرضی؛ جو عرضاً واقع ہو ۔

Thwittle : (n) (برطانیہ) چاقو؛ چُھری؛ کارد ۔

Thy : (a) [Early 'ME. 'thi'.] These, those کی اضافی صورتیں ؛ تیرا ۔

Thyestean : (a) [f. L. 'Thyesteus'.] Thyestes (قدیم یونانی) سے متعلق جو (Atreas) کا بھائی تھا، جس کے بارے میں مشہور ہے کہ جس نے کسی ضیافت میں اپنے دو لڑکوں کا گوشت کھلایا تھا ۔

Thyiad/Thyad : (n)[Gr. 'thyias'.] باخوس کا پجاری؛ مےنوشی میں مست عورت ۔

Thyine : (a) [L. 'thyinus'.] افریقی درخت سندروس (معطر درخت) سے متعلق ۔

Thylacine : (n) [mod. L. 'Thylacinus'.] تسمانی بھیڑیا؛ تسمانیا کا ایک گوشت خور تھیلی دار جانور ۔

Thyme : (n) [Fr. 'Thym'.] (نباتیات) صَعتر؛ سَعتر؛ پودینہء صحرائی؛ ایک پودا جس کی پتیوں میں بڑی

لمحے کا تخمینہ کرنا ۔ (٦) (گھڑی وغیرہ کا) وقت کے لئے ٹھیک کرنا ۔ (٧) وقت کا خیال رکھنا؛ کوئی کام کرنے کےلئے وقت رکھنا ۔ (٨) طول دینا؛ طوالت سے انجام دینا ۔(٩) وقت کے مطابق کام کرنا ۔ (١٠) (میکانیات) مشین کے پرزوں کو ٹھیک کرنا تاکہ معینہ وقوف کے بعد حرکت ہو ۔(١١) وقت کا معلوم کرنا (جس میں کوئی چیز وقوع پذیر ہوئی ہو) ۔ (١٢) مشین کی حرکت کو با ضابطہ کرنا (وقفہ وغیرہ) ۔ (١٣) آہنگ کو نمایاں کرنا؛ سریلے یا بے سریلے طور پر گانا ۔

Time about : (adv.) باری باری سے؛ متبادل طریقے سے : نوبت بہ نوبت ۔

Time and again : (adv.) مکرر؛ باربار؛ بارہا ۔

Time-ball : (n) گولا جو ایک بجے دن کو وقت بتانے کے لئے رصدگاہ میں ایک اونچے کھم سے نیچے گرایا جاتا ہے۔

Time-bargain : (n) پیشگی سودا؛ کسی آئندہ مقررہ وقت پر تمسکات وغیرہ بیچنے یا خریدنے کا معاہدہ (اکثر یہ سٹّے کی ایک صورت ہوتی ہے) ۔

Time-barred : (n) (قانون) زائد المیعاد ۔

Time-bill : (n) (١) نظم اوقات؛ ریلوے ٹائم ٹیبل ۔(٢)ریکارڈ بُک جس میں گارڈ ہر اسٹیشن سے گاڑی کے چھوٹنے کا وقت درج کرتا ہے ۔ (٣) ہنڈی جو مقررہ تاریخ تک واجب الادا ہو ۔

Time-bomb : (n) میعادی بم؛ ٹائم بَم ۔

Time-book : (n) (١) کتاب اوقات؛ تختہء اوقات؛ فرد اوقات جس میں یہ درج کیا جاتا ہے کہ مزدوروں نے کتنی دیر کام کیا ہے ۔(٢) دیکھو Time - bill۔

Time-card : (n) مزدوروں کے کام کا ریکارڈ کارڈ؛ تختہء اوقات ۔

Time-clock : (n) ملازمین کی آمد و رفت کے اوقات ریکارڈ کرنے والی گھڑی ۔

Time-constant : (n) (الیکٹرک) وقتی مستقل ۔

Time-course : (n) (جہاز رانی) لہر میں چلنے والا جہازجس میں پہیوں کی رفتار سے وقت اور سمت کا پتا چلایا جاتا ہے ۔

Time-detector : (n) وہ گھڑی جو مزدوروں کےآنے اورجانے کے وقت کو بتاتی ہے ؛ وقت دریافت کرنے والی گھڑی ۔

Time-element : (n) (الیکٹرک انجینیئرنگ) زمانی عنصر ۔

Time-error : (n) (نفسیات) وقتی خطا ۔

Time expired : (a) گزشتہ وقت؛ جس کی مشغولیت کا وقت ختم ہوگیا ہو ۔

Time-exposure : (n) (فوٹوگرافی) متعینہ وقت کے لئے تکشف ؛ وقتی تعریہ؛ وقتی دکھاؤ ۔

Time-fuse : (n) (فوج) میعادی گدازہ؛ ساعتی فتیلہ؛ جو ایک مقررہ وقت تک جلتا رہتا ہے ۔

Time-honoured : (a) قدیم اور مقدس (رسم وغیرہ) : قدامت کی وجہ سے قابلِ احترام ۔

Time is up : وقت ہو گیا ۔

Time-keeper/Time keeper : (n) (١) مزدوروں کےوقت کاحساب رکھنے والا؛ حاضری نویس؛ متصدیِ اوقات ۔ نگہدار وقت ۔ (٢) ٹائم ریکارڈ کرنے والا ۔ (٣) گھڑ دوڑ میں وقت ریکارڈ کرنے والا ۔ (٤) شخص یا چیز جو(اچھے یا بُرے) وقت کا حساب رکھتا ہے ۔(٥) ٹائم پیس؛ وقت نما ۔

Time-lag : (n) (الیکٹرک انجینیئرنگ) وقتی تاخُر ۔

Time-limit : (n) مہلت؛ محدود مدت؛ معین وقت (انجام دہی یا مکمل کرنے کے لئے) ۔

Time-lines : (n) (تاریخ) شجرہء تواریخ ۔

Time-lock : (n) قفل ساعت؛ ایسا تالا جو مقررہ وقت پر کھلتا ہے ۔

Time-meter : (n) (الیکٹرک انجینیئرنگ) وقت پیما ۔

Time of day : (n) (١) وقت (گھڑی کے حساب سے)؛ وقت روز۔ (٢) زمانِ حال؛ اکنوں ۔(٣) حقیقتِ اَمر؛ حقیقت واقع ۔

Time out : (n) وقفہ؛ فاصلہ ۔

Time out of mind : (n) عہدِ دقیانوس؛ پرانا زمانہ ۔

Time-perception : (n) (نفسیات) ادراک زماں ۔

Time-period : (n) (طبیعیات) وقتِ دوراں ۔

Time-program : (n) اوقات نما ۔

Time-rate : (n) (ریاضیات) زمان شرح ۔

Time-recorder : (n) وقت نگار آلہ ۔

Time-roster : (n) (معاشیات) جدولِ اوقاتِ کار ۔

Time-scale : (n) اوقاتی پیمانہ ۔

Time-selling : (n) قسط وار فروخت ۔

Time-sense : (n) (عضویات) حسِ زمانی ۔

Time-server : (n) زمانہ ساز؛ ابن الوقت ۔

Time-serving : (n) ابن الوقتی؛ مناسب زماں؛ زمانہ سازی؛ وقت کے مطابق کام کرنے والا ۔

Time-serving : (a) ابن الوقت ۔

Time-sheet : (n) (معاشیات) فرد اوقات؛ کتاب اوقات، جس میں یہ درج کیا جاتا ھے کہ مزدوروں نے کتنی دیر کام کیا ھے ۔

Time-shutter : (n) (فوٹو گرافی) وقتی تعریہ کے لئے عدسے (lens) کا ڈھکن ۔

Time-signal : (n) (ریڈیو) نشرِ اوقات ۔

Time-signature : (n) (موسیقی) آہنگ کو ظاہر کرنے کا ایک نشان ۔

Time-spirit : (n) روح عصر؛ ماہیت عصر؛ حقیقت زماں ۔

Time-table : (n) (۱) نظام الاوقات؛ جدول ساعت کار؛ اوقات نامہ ۔ (۲) ٹائم ٹیبل؛ ریل گاڑیوں کی آمدو رفت کے اوقات کی کتاب ؛ اسکول کا نظام اوقات ۔

Time-value : (n) (۱) محنت کے گھنٹوں سے قیمت کا تعین ۔ (۲) مال کی موصولی کی تاریخ کےاعتبار سے قیمت ۔ (۳) (خصوصاً) گانے کے سروں میں نسبتی وقفہ ۔

Time-watch : (n) دیکھو Time Detector

Time-work : (n) کام جس کا معاوضہ وقت کے حساب سے دیا جائے؛ امانی کا کام ۔

Time-worn : (a) کہنہ ؛ قدیمی ۔

Time-zone : (جغرافیہ، علم النجوم) منطقہ میقات؛ منطقہ وقت ۔

Timed : (a) موقت؛ وقتی ۔

Ill-timed : (کام) جو نامناسب وقت پر کیا جائے؛ بے محل؛ بے وقت ۔

Well-timed : (کام) جو مناسب وقت پر کیا جائے؛ بر محل؛ بر وقت ۔

Timeful : (a) (شاذ) بہ موقع؛ مناسب موقع؛ برمحل؛ بر وقت ۔

Timefully : (adv.) وقتی طور پر؛ مناسب وقت پر ۔

Timeless : (a) (۱) بے محل؛ نامناسب؛ بے موقع؛ بے وقتی؛ بےانتہا؛ لامتناہی ۔ (۲) (فلسفہ) لازماں؛ ابدی؛ تمام نہ ھونے والا ۔(۳) (قواعد) وقت کو ظاہر نہ کرنے والا ۔

Timelessly : (adv.) بغیر وقت کے حوالہ کے ۔

Timelia : (n) [Altered from Timalia'.] (طیوریات) مشرقی ہندی اور جاوا نیز نیپال میں پائی جانے والی ایک قسم کی چڑیا ۔

Timelian/Timeliine : (a) Timelia سے متعلق ۔

Timeliness : (n) مناسبت؛ بہ ہنگامی؛ بروقت ھونا؛ برمحل ھونا ۔

Timely : (a) برمحل؛ بر وقت؛ بہت موقعے کا؛ بجا ۔

Timely : (adv.) [late OE. 'timlice'.] جلدی؛ جلدی سے؛ وقت پر ۔

Timenoguy : (n) [OFr. timon'.] (جہاز رانی) ریسما جو اگلے مستول سےلنگر میں بندھی ھوئی ھو تاکہ اگلا بادبان پھٹ نہ جائے ۔

Timeo Danaos et dona ferenies : (لاطینی) دشمن لاکھ دوستی کا دم بھرے اس پر اعتبار نہ کرنا چاہیئے (لفظی معنی یہ ہیں کہ یونانی تحفہ لے کر آئے تب بھی میں اس سے ڈرتا ھوں) ۔

Timeous/Timous : (a) بہ موقع؛ بجا؛ بر وقت؛ برمحل ۔

Timeous : (adv.) جلدی سے؛ فوری طور پر ۔

Timeously : (adv.) جلدی طور پر؛ بجا طور پر ۔

Timepiece : (n) ٹائم پیس؛ میز گھڑی؛ وقت نما ۔

Timer : (n) (۱) وقت شمار؛ زماں سنج ۔(۲) وقت کا حساب رکھنے والا شخص ۔(۳) وقت کا اندازہ کرنے کا آلہ ۔ (٤) چل رُکنی گھڑی ۔ (٥) وہ شخص جو کسی کام کو معین وقت میں ختم کرتا ہے ۔

Fast timer : وہ شخص جو دوڑ وغیرہ جلدی سے مکمل کر لیتا ہے ۔

Full timer : کل وقتی کام کرنے والا ۔

Half timer : نصف وقتی کام کرنے والا ۔

Old timer : کہنہ کار؛ زمانِ قدیم سے متعلق ۔

Timid : (a) [L. 'timidus'.] (۱) ڈرپوک؛ خوف زدہ؛ کچ دلا؛ بودا؛ ترسو ۔(۲) جھیپنے والا؛ شرماؤ؛ حد سے زیادہ شرمیلا؛ محجوب ۔

Timidity : (n) [L. 'timiditas'.] (۱) (نفسیات) ڈرپوک ہونا؛ حجب ؛ حد سے زیادہ شرمیلا پن ؛ جھینپ ۔ (۲) ڈرپوک ہونا؛ بوداپن؛ ترسوئی؛ خوف زدگی ۔

Timidly : (adv.) (۱) ڈرتے ڈرتے؛ ہچکچاتے ہوئے ۔ (۲) بودے پن سے ۔

Timidness : (n) بوداپن؛ ترسوئی؛خوف زدگی؛ شرمیلاپن ۔

Timing : (n) (۱) وقت کا تعین یا اندازہ ۔(۲) اوقات (ریل وغیرہ کے) ؛ تساوی وقت ۔ (۳) حادثہ؛ اتفاق؛ روئداد ۔(٤) انطباق زمان ۔

Timish : (a) متداول ؛ مد ۔

Timist : (n) (۱) وہ شخص جس کی نگاہ زمانے پر ہو؛ نگہدار وقت ۔ (۲) ابن الوقت ۔ (۳) موسیقی میں صحیح وقت رکھنے والا ۔

Timocracy : (n) [OFr. 'tymocracie'.] (سیاسیات) حکومت دولت منداں؛ ملکیہ؛ ملکی حکومت؛ وہ طرز حکومت جس میں سیاسی قوت صاحبانِ املاک کے ہاتھ میں ہو ۔

Timocratic/-al : (a) ملکی؛ ملکی حکومت کے متعلق ۔

Timon : (n) [Gr.] انسان گریز؛ انسان سے نفرت کرنےوالا ؛ مردم بیزار ۔

Timonism : (n) (فلسفہ) مردم بیزاری؛ آدم گریزی ۔

Timonist : (n) (نفسیات) ٹائمون؛ مردم بیزار ۔

Timorous : (a) [OFr. 'timonier'.] بزدلی؛ ترسو؛ ڈرنے والا؛ خوف زدہ؛ ڈرپوک ؛ کچ دلا ؛ خائف ۔

Timorously : (adv.) کچ دلی سے ۔

Timorousness : (n) ڈرپوک ہونا؛ کچ دلی ۔

Timorsome : (a) بزدل؛ ڈرنے والا ۔

Timothy : (n) ایک قسم کی گھاس جو چارے کے کام آتی ہے؛ تموتھی ۔

Timothy grass : (a) تموتھی گھاس؛ ایک قسم کی امریکی گھاس ۔

Timous : (a) (اسکاتستان) بر وقت؛ بر محل؛ موقع کا ۔

Timously : (adv.) بڑے موقعے سے؛ بر محل ۔

Timpano : (n) (موسیقی) نقارہ؛ دُہل ۔

Tin : (a) [OE. 'tin'.] (۱) رانگ؛ رانگا (عنصر دھات) ۔ (۲) ٹین ؛ قلعی کی ہوئی لوہے کی چادر ۔ (۳) قلع ؛ حلب ۔(٤) پانی پینے کا ایک برتن ۔ (٥) (عامیانہ) روپیہ ؛ پیسہ ۔

Bar tin : فلزّاتی ٹین ۔

Black tin : ٹین؛ دھات؛ عنصر (SnO_2, dioxide) ۔

Block tin : دیکھو Bar tin

Cry of tin : کھٹاکا؛ وہ آواز جو ٹین کو موڑتے ہوئے پیدا ہوتی ہے ۔

Grain tin : بہت ہی خالص ٹین ۔

Phosphor tin : فاسفورس اور ٹین کا مصنوعی مرکب ۔

Stream tin : شفاف ٹین (بالو وغیرہ سے صاف کیا ہوا) ۔

White tin : صاف کیا ہوا فلزیاتی ٹین ۔

Tin : (v) [f. prec.] (۱) قلعی کرنا؛ ٹین چڑھانا ۔(۲) ٹین کے ڈبّوں میں بند کرنا ۔

Tin : (a) (۱) حلبی؛ قلعی ۔(۲) رانگ کا؛ ٹین کا ۔

Tin clad : (a) (۱) مسلح ۔(۲) حلبی دار؛ قلعی دار ۔

Tin god : (n) (دینیات) جھوٹا معبود؛ وہ شخص جس کی بےجا پرستش یا عزت و حرمت کی جائے ۔

Tin-hat : (n) (سپاہیوں کی بول چال) فولادی ٹوپی ۔

Tin-kettle : (n) لوھے کی قلعی کی ھوئی کیتلی ۔

Tin-liquor : (n) رانگے کا محلول، جو انگریزی رنگ پختہ کرنے کے لئے استعمال کرتے ہیں ۔

Tin-lizzie : (n) فورڈ موٹر کار کو تمسخر سے کہتے ہیں ۔

Tin-pest : (n) (طب) قلعی روگ ۔

Tin-plate : (n) قلعی دار پلیٹ؛ ٹینی چادر ۔

Tin-plate : (v) قلعی کرنا ۔

Tin-plated : (a) قلعی کیا ھوا؛ قلعی شدہ ۔

Tin-plater : (n) قلعی گر ۔

Tin-pot : (n) (۱) ظرف حلبی؛ وہ برتن جو قلعی کیا ھوا ھو ۔ (۲) ٹین کا برتن ۔

Tin-pot : (a) (۱) ٹین کے برتن کی طرح؛ ظرف حلبی مانند ۔ (۲) ادنی؛ فرومایہ؛ حقیر؛ پست؛ سستا ۔

Tin-pyrite : (n) (کان کنی) ٹینی چقماق ۔

Tin-shears : (n) (اوزار) ٹین قینچی ۔

Tin-stone : (n) کچے ٹین کا خاص جزو؛ (کان کنی) معدن قلعی ۔

Tin-tack : (n) میخچہ جس پر ٹین چڑھایا ھوا ھو؛ قلع شدہ میخچہ ۔

Tin-type : (n) (فوٹوگرافی) تصویر کشی (مثبت) جو ورق قلع پر کی جائے ۔

Tin-ware : (n) ٹین کے برتن ۔

Tin-white : (a) نیلگوں سفید ۔

Tin works : (n) کارخانہ ٹین؛ قلعی کاری؛ کارخانہ قلعی کاری ۔

Tinamou : (n) [Fr.] تیتر کی قسم کا پرند جو جنوبی امریکا میں ھوتا ھے ۔

Tincal/Tincar : (n) [Skr. "tankana'.] ٹنکار؛ خام سہاگا؛ کچا سہاگا ۔

Tinchel : (n) [Gael, 'tinchioll'.] (اسکاٹستانی) شکاریوں کا حلقہ جو ہرن کو قریب کرنے کےلئے کیاجاتا ھے ۔

Tinct : (n) [L. 'tinctus'.] رنگ؛ ہلکا سا رنگ؛ جھلک ۔

Tinct : (a) [L. 'tinctus'.] رنگین؛ رنگ زدہ؛ رنگی؛ ہلکے رنگ کا؛ ہلکی سی جھلک کا؛ رنگ میں رنگا ھوا ۔

Tinction : (n) (کیمیا) صباغت ۔

Tinctorial : (a) (۱) صباغی ۔(۲) رنگی؛ صبغی ۔(۳) (کیمیا) رنگ زدہ؛ رنگا ھوا ۔(٤) رنگ کا؛ رنگ ریزی کا ۔(٥) جس سے رنگ پیدا ھو ۔

Tinctorially : (adv.) صباغت کے طور پر؛ رنگ زدہ اندازمیں؛ رنگ ریزی کے ساتھ ۔

Tinctorious : (a) (کیمیا) رنگ خیز ۔

Tincture : (n) [L. 'tinctura'.] (۱) صبغہ ۔(۲) کسی (نباتی) دوا کا محلول روح شراب میں ۔(۳) چاشنی؛ خفیف سامزہ؛ پٹ؛ خفیف سی مقدار ۔(٤) خفیف سا رنگ؛ ذرا سی جھلک (لغوی اور مجازی معنی میں) ۔(٥) (نقابت) (ڈھال کی) رنگ کاری (جس میں پارے کا نقرئی یا طلائی رنگ اور مختلف رنگوں کی بندکیاں شامل ہیں) ۔(٦) (طب) مصبوغ؛ خیساندہ؛ ٹنکچر؛ الکحل کا محلول ۔ (۷) مہک ؛ خوشبو ؛ مخصوص مزہ یا لذت ۔ (۸) کسی زبان یا مضمون کا تھوڑا سا علم؛ شدید (علم کا) ۔

Tincture : (v) (۱) ذرا سا رنگ یا چاشنی دینا؛ ہلکی سی پُٹ دینا؛ ہلکی سی جھلک پیدا کرنا ۔ (۲) (کسی صفت کا) ذرا سا شائبہ؛ خفیف سا رنگ یا جھلک ھونا ۔(۳) رنگنا؛ رنگ چڑھانا؛ کسی چیز پر رنگ چڑھانا یا کھلنا؛ کسی رنگ میں رنگ

دینا ۔ (٤) رنگ ملانا ؛ رنگ آمیزش کرنا ۔ (٥) داغ لگ جانا یا داغ لگانا؛ ملوث کرنا یا ہونا ۔

Tincture of iodine : (n) (طب) مصبوغ ید؛ تمغن ید؛ ٹنکچر آئیوڈین ۔

Tindal : (n) [Malyalam, 'Tandal Telugen, taindelu'.]
(١) ملاحوں کا جمعدار؛ صدر ملاح؛ بڑا ملاح ۔ (٢) مزدوروں کا پیش دست یا داروغہ جو دوسرے مزدوروں کے کام کی نگرانی کرتا ہے ۔ (٣) ذاتی پیش خدمت ۔

Tinder : (n) [OE. 'tynder'.] (١) سوختہ؛ کوئی چیز خصوصاً جلا ہوا سن کپڑا جو بہت جلد آگ پکڑ لیتا ہے ۔ (٢) آتش افروز ۔ (٣) (کیمیا) قو ؛ فتیلہ، فندک ۔

German tinder : (کیمیا) قُو؛ شتابہ، جو جلانے اور خون بند کرنے کے کام آتا ہے ۔

Tinder-box : (n) (کیمیا) قوبکس؛ قودان؛ فندک؛ چقماق؛ ٹبیا جس میں چقماق کو سوختے پر رگڑ کر آگ نکالتے ہیں ۔

Tinder-fungus : (n) سمارو غ کُکُرمُتّا جس سے قو بنایا جاتا ہے ۔

Tinder-polypore : (n) سمارو غ کی ایک قسم ۔

Tindery : (a) سوختے کا سا؛ جلد آگ پکڑنے والا؛ آتش گیر (مجازاً)تند مزاج؛ غصیلا؛ پرجوش؛ گرم مزاج ۔

Tine : (n) [OE. 'tind'.] (١) نوک؛ شاخ (بارہ سنگھے، میز کے کانٹے وغیرہ کی) ۔ (٢) (حیوانیات) شاخہ، سینگ ۔

Tine/Tyne : (n) (v)[ON. 'tyna'] دیکھو Lose (v)

Tinea : (n)[L.] (١) (مرضیات) داد؛ کھجلی ۔ (٢) (تشریح و حیوانیات) جنس بید؛ جنسِ کرم لباس ۔

Tinea circinata : (n) (طب) داد؛ کھجلی ۔

Tinea tarsi : (n) (طب) ورم مژگاں ۔

Tinea versicolor : (n) (طب) بہق؛ چھیلب؛ پھلبہری ۔

Tinean/Tineid : (a) جنس بید سے متعلق ۔

Tined : (a) شاخ والا؛ سینگ دار (ہرن وغیرہ) ؛ دندانہ دار؛ نوک تیز ۔

Tineidae : (n) (حیوانیات) بیدان؛ جنس بید ۔

Tinfoil : (n) ورقہ، قلع؛ (ٹین کی) پنی؛ ورق حلب ۔

Tinfoil : (v) ورقہ، قلع لپیٹنا؛ قلعی لگانا؛ پنی چڑھانا ۔

Tinfoiled : (a) قلعی دار؛ ورقہ، قلعی چڑھایا ہوا ۔

Ting : (n) [Echoric.] (١) ٹن ٹن کی آواز ۔ (٢) گھنٹی بجنے کی آواز ۔

Ting : (v) [Echoic.] (١) ٹن ٹن بجنا ۔ (٢) گھنٹی کی آواز ہونا؛ گھنٹی بجانا ۔ (٣) گھنٹی سے آواز پیدا کرنا ۔

Ting-a-ling/-ring : (n) ٹن کی آواز؛ گھنٹی کی آواز ۔

Ting-tang : (n) ٹن کی آواز؛ صدائے زنگ ۔

Tinge : (n) [f.Tinge. v.] (١) ہلکا سا رنگ؛ جھلک؛ ہلکی جھلک ۔ (٢) (مجازاً) خفیف سا مزہ؛ چاشنی؛ پُٹ ۔

Tinge : (v) [L. 'tingere.] (١) ہلکا سا رنگ یا ہلکی سی جھلک پیدا کرنا ۔ (٢) ملانا؛ آمیزش کرنا ۔ (٣) خفیف سامزہ پیدا کرنا؛ ہلکی خوشبو بنانا۔ (٤)(مجازاً) کسی صفت سے متصف کرنا؛ کسی شے میں کوئی وصف معین کرنا ۔ (٥) معتدل کرنا؛ ہلکا کرنا؛ شدت کم کرنا ۔

Tingle : (n) [late ME. modification of Tinkle.] (١) جھنجھناہٹ ۔ (٢) (طب) ظن؛ ملنین؛ کان بجنا ۔ (٣) (عضویات) غل؛ حسِ غل ۔

Tingle : (v) [f. prec.] (١) جھنجھنانا؛ جھنجھناہٹ پیدا کرنا ۔ (٢) (مجازاً) بے چین ہونا ؛ بے تاب ہونا ۔ (٣) ٹیس اٹھنا؛ جلن ہونا (زخم وغیرہ میں) ؛ بے چین کر دینا؛ ہیجان سا اٹھنا؛ اہتزاز کرنا؛ ابتزاز ہونا؛ ارتعاش ہونا ۔ (٤) شدید درد ہونا؛ ٹنک مارنا؛ کاٹ کھانا؛ تحریک پیدا کرنا؛ مہیج ہونا؛ اُکسانا؛ ابھارنا ۔

Tingler : (n) سنسناہٹ پیدا کرنے والا؛ ٹنک مارنے والا ۔

Tingling : (n) (عضویات) حس نملی؛ سنسناہٹ ۔

Tinglingly : (adv.) سنسناہٹ کے طور پر ۔

Tink : (n) [Echoic.] (۱) گھنٹے کی آواز؛ ٹن ٹن کی آواز ۔ (۲) ٹن کی آواز (ایک بار) ۔

Tinker : (n) (۱) دھات کے ٹوٹے برتن جوڑنے والا؛ پھیری والا؛ ٹھٹھیرا ۔ (۲) پھوہڑپن سے کام کرنے والا؛ پھوہڑ؛ پھوہڑپن کا کام؛ بے ڈھنگا کام؛ بے ڈھنگا آدمی ؛ اناڑی (نیز مجازاً امریکا میں) ۔ (۳) ایک قسم کی مچھلی؛ ایک چھوٹی سی مچھلی جس کی پشت پر خار ہوتے ہیں ۔ (٤) ایک قسم کا دریائی پرندہ ۔ (٥) ایک قسم کا "Seol" ۔ (٦) (اسکاتستانی) ایک خانہ بدوش قوم؛ جپسی ۔ (۷) (مقامی نام) اسکیٹ؛ برف پر چلنا ۔ (۸) (امریکا) ماکریل؛ ایک قسم کی بحری مچھلی جو گرمیوں میں گروہ در گروہ کنارے پر آکر انڈے دیتی ہے اور کھانے میں لذیذ ہوتی ہے۔ (۹) (توپ) ایک قسم کی چھوٹی توپ ۔

Not to be worth a tinker's curse/- damn : پروا نہ کرنا ۔

Not to care a tinker's curse /- damn : پروا نہ کرنا؛ اپنی جوتی کی نوک سمجھنا ۔

Tinker : (v) (۱) برتنوں کی مرمت کرنا؛ ٹانکا لگانا؛ ٹھٹھیرا کا کام کرنا ۔ (۲) بھدے طریقے سے مرمت کرنا؛ بھدا جوڑا لگانا ۔ (۳) (مجازاً) دفع الوقتی کے لئے معمولی درستی کر دینا ۔ (٤) اناڑی پن یا بے ڈھنگے پن سے کام کرنا؛ (کوئی کام) بے دلی یا سرسری طور پر کرنا ۔ (٥) جھگڑا چکانا ۔

Tinker's curse/-cuss : (n) معمولی اور بے قیمت چیز ۔

Tinker's damn/-dam : (n) دیکھو Tinker' s curse

Tinker's root/-weed : (n) دیکھو Feverroot

Tinkershere/-shire : (n) ایک قسم کا سیاہ دریائی پرندہ ۔

Tinkle : (n) صدائے جرنگ؛ گھنٹی کی آواز ۔

Tinkle : (v) [freg. of Tink (v).] (۱) ٹن ٹن بجانا یا بجنا ۔ (۲) (گھنٹی ، آلۂ موسیقی وغیرہ) بجانا ۔ (۳) جھنکارنا؛ جھنجھنانا ۔

Tinkler : (n) (۱) ٹھٹھیرے کاکام کرنے والا ۔ (۲) (اسکاتستانی) جپسی ؛ خانہ بدوش قوم ؛ ولگرد ؛ آوارہ ۔ (۳) زنگ؛ ناقوس ۔

Tinkling : (n) (۱) ٹھٹھیرے کا کام کرنا ۔ (۲) ایک قسم کا دریائی پرندہ ۔

Tinkling : (a) (۱) وہ جو ٹھیٹھرے کا کام کرتا ہے ۔ (۲) ایک قسم کے دریائی پرندہ سے متعلق ۔

Tinklingly : (adv.) ٹن ٹن کے طور پر؛ ٹن بناتے ہوئے ۔

Tinkly : (a) طنین دار ۔

Tinman : (n) (۱) قلعی کرنے والا؛ قلعی کا کام کرنے والا؛ قلعی گر ۔ (۲) ٹین کے برتن بنانے والا ۔

Tinned : (a) (۱) قلعی دار؛ قلعی کیا ہوا؛ پنی چڑھایا ہوا؛ حلبی دار؛ قلعی شدہ ۔ (۲) ٹین میں رکھا ہوا؛ ٹین بند ۔

Tinner : (n) (۱) ٹین کا کام کرنے والا؛ قلعی کا کام کرنے والا؛ قلعی گر؛ حلبی ساز ۔ (۲) ٹین کے ڈبوں میں گوشت وغیرہ بھرنے والا ۔

Tinnery : (n) قلعی سازی؛ حلبی سازی؛ قلعی کا کام ۔

Tinning : (n) (۱) قلعی کاری ؛ حلبی سازی ۔(۲) قلعی چڑھانا۔ (۳) گوشت، مچھلی وغیرہ ٹین میں بھرنا ۔

Tinnitus : (n) [L.f. 'tinnire.'] (طب) طنین؛ طنطنہ؛ کان بجنا؛ کانوں میں خود بخود جھنکارسی سنائی دینا ۔

Tinnitus aurum : (n) دیکھو Tinnitus

Tinny : (a) (۱) قلعی دار؛ قلعی ۔(۲) رانگ یا ٹین کا سا؛ جس میں رانگ یا ٹین ہو ۔ (۳) حلبی ساز؛ قلعی کار ۔(٤) (عامیانہ) دولت مند ۔

Tinoceratid : (a)[f. Gr. 'tinin'] ایک بڑے متحجر دودھ پلانے والے جانور سے متعلق ۔

Tinoceratid : (n) ایک بڑا متحجر دودھ پلانے والا جانور ۔

Tinsel : (n) [f. OFr. 'estincelle'.] (۱) لچکا؛ گوٹا؛ کناری؛ کرن؛ چشکی وغیرہ ؛ پارچۂ زری؛ پارچۂ زربفت ۔ (۲) جھوٹی ٹیپ ٹاپ؛ اوپری چمک دمک؛ تڑک بھڑک ۔

Tinsel : (a) بھڑکیلا؛ بھڑکدار؛ زرق برق والا ۔

Tinsel : (v) (۱) لچکا، کرن، گوٹا وغیرہ ٹانکنا ۔(۲) جھوٹی ٹیپ ٹاپ سے سجانا؛ مزیّن کرنا؛ آراستہ کرنا؛ زرق برق دار کرنا ۔

Tinselled : (a) لچکا لگایا ہوا؛ کرن، گوٹا وغیرہ سے آراستہ؛ بھڑک دار ۔

Tinselly : (a) (۱) بھڑک دار؛ چمکیلا؛ زرق برق دار ۔(۲) نقلی؛ مصنوعی؛ بناوٹی ۔

Tinsmith : (n) دیکھو Tinman

Tinsmithy : (n) قلعی گر کا کارخانہ؛ وہ جگہ جہاں قلعی گر کام کرتا ہے ۔

Tinspore : (n) (نباتیات) جنس گِلو ۔

Tint : (n) [altered from 'Tinct'.] (۱) کسی رنگ کا کوئی روپ، خصوصاً ہلکاروپ؛ ہلکاسا رنگ ۔(۲) (مصوری) رنگ کی قسم؛ رنگ کی تہ؛ مختصر رنگ؛ خصوصاً سفید کے ساتھ رنگ کا مخلوط ۔ (۳) (مجازاً) حالات میں کمی پیدا کرنا؛ شدت کی کمی (کسی چیز میں) ۔(٤) جھلک؛ رنگ کی جھلک؛ لوین؛ جھلک (ایک رنگ کی دوسرے رنگ میں) ۔(٥) ذوق ؛ تمایل ؛ میل ؛ مزہ ؛ چشائی ۔ (٦) (کندہ کاری) متوازی خطوط جو رنگ میں یکسانی پیدا کرنے کے لئے کھنیچے جاتے ہیں ۔

Autumn tints : خزاں رسیدہ پتوں کا رنگ ۔

Crossed tint : بلاک کی سطح جس میں متقاطع خطوط سے کام لیا گیا ہو ۔

Ruled tint : بلاک کی سطح جس میں متوازی خطوط سے کام لیا گیا ہو ۔

Tint : (v) [f. prec.] کسی رنگ کی ہلکی سی جھلک پیدا کرنا؛ ہلکا سا رنگ دینا ۔

Tint : Tine کا فعل ماضی ۔

Tint-block : (n) خطوط کی بلاک؛ جس میں وہ چھپ جو چھاپنا ہے خطوط سے بنائی جاتی ہے ۔

Tint-tool : (n) آلہ رنگ کش؛ خط کش؛ جس سے کندہ کاری میں کام لیتے ہیں ۔

Tintage : (n) رنگ آمیزی ۔

Tintamarre : (n) (شاذ) شور و غل؛ غوغا؛ ہنگامہ؛ ہیاہو ۔

Tinter : (n) (۱) رنگ کا سلائڈ؛ رنگ انداز سلائڈ ۔(۲) رنگ ساز؛ رنگ کرنے والا ۔ (۳) رنگ کرنے کا آلہ؛ رنگرز ۔(٤) سیربیں کا رنگین شیشہ ۔

Tintinnabulant : (n) ٹن ٹن بجنے والا؛ ٹن ٹن والا ۔

Tintinnabular : (a) [L. 'tintinnabulum'.] (۱) گھنٹیوں کا ۔ (۲) ٹن ٹن کا؛ ٹن ٹن کی آواز کی طرح ۔(۳) ٹن ٹن کرتا ہوا مطنطن ۔

Tintinnabulary : (a) دیکھو Tintinnabular

Tintinnabulation : (n) گھنٹی کا بجنا؛ ٹن ٹن؛ طنطنہ ۔

Tintinnabulous : (a) گھنٹی دار؛ ناقوسی ۔

Tintinnabulum : (n) [L.f., 'tintinnare'.] (۱) گھنٹی؛ خصوصاً چھوٹی سی گھنٹی؛ زنگولہ ۔ (۲) (گھنٹیوں کی) ٹن ٹن؛ (دھات کے برتنوں کی) جھنکار ۔

Tintless : (a) بے رنگ؛ بے جھلک ۔

Tintometer : (n) مقیاس الالوان؛ رنگ کسوٹی؛ رنگ پیما؛ کاشف الوان؛ وہ آلہ جس سے رنگ پرکھے اور پہچانے جاتے ہیں؛ رنگ نما ۔

Tiny : (a) [f. Tine.+ -Y] بہت چھوٹا؛ ننھا؛ خفیف؛ ہلکا؛ ادنی؛ معمولی؛ ذرا سا؛ جزوی ۔

Tiny : (n) چھوٹا بچا؛ ننھا بچا ۔

-tion : [L.'- tio, '-tionem'.] لاحقہ، ان اسماء کے آخر میں آتا ہے جو حاصل مصدر کے معنی دیتے ہیں، یعنی فعل یا حالت ظاہر کرتے ہیں ، مثلاً 'Caution, - deception

-tious : [L. '-t - iosus.] لاحقہ صفت کے معنی پیدا کرنے کے لئے آتا ہے، جیسے -Ambitious, Cautious

Tip : (n) [Orgin uncertain.] (۱) سرا؛ نوک (خصوصاً کسی چھوٹی یا گاؤدم چیز کی) ۔(۲) سر قلم؛ راس؛ کسی چیز کی انتہا؛ منتہا شے ۔ (۳) ایک قسم کی کوچی جو سونے کا ملمع کرنے میں کام آتی ہے ۔(٤) کوئی چھوٹی سی چیز جو کسی چیز کے سرے پر لگی ہو؛ شام (چھڑی کی) ۔ (٥) دم کا سرا ۔(٦) بنسی کے جوڑ کا اوپری سرا ۔ (۷) نوک کلاہ ۔

Bird measures 15 in. from tip (of one wing) to tip : پرند کی چوڑائی ایک بازو کے سرے سے دوسرے بازو کے سرے تک پندرہ انچ ہے ۔

From tip to toe : سر سے پاؤں تک ۔

On (or at) the tip of one's tongue : کہنے کو تیار ؛ بولنے کو ہی، کہنے کے لئے تیار ۔

So at the tips of one's fingers : انجام دینے کو تیار؛ کرنے پر آمادہ ۔

Tip : (n) [mod. G. 'tippen'.] ہلکا گھونسا؛ ضرب؛ بغیر آواز کی تھپکی ۔

Tip : (n) [Origin obscure.] انعام؛ ٹپ؛ بخشش؛ شکرانہ ۔

Tip : (n) [Origin doubtful.] (۱) (بول چال، عامیانہ) دوستانہ اشارہ ، خصوصاً مشورہ (سٹہ بازار میں) ۔ (۲) حکمت؛ تدبیر (سٹہ بازی میں) ۔ (۳) خفیہ اطلاع (گھڑ دوڑ ، صرافے وغیرہ کے متعلق) ۔ (٤) عمدہ ترکیب؛ گُر (کسی کام کے کرنے کا) ۔

Might have tipped me the wink : ذرا اشارہ کردیا ہوتا ۔

The straight tip . کسی موضوع پر براہ راست اشارہ ۔

To miss one's tip : اپنے مقصد میں نا کام رہنا ۔

Will give you straight tip : تمہیں ٹھیک ٹھیک اطلاع دے گا ۔

Tip : (n) [Origin obsc.] (۱) میلان؛ جھکاؤ؛ میل؛ رغبت ۔ (۲) وہ مقام جہاں کوئلے کی ویگن یا ٹرک کھڑی ہو اور کوئلا اس سے گاڑیوں پر لادا جاتا ہو ۔ (۳) کوئلا لادنے کا ویگن یا ٹرک ۔ (٤) کوڑا کرکٹ کا ڈھیر؛ کاٹ کباڑ کا میدان ۔

Tip : (v) [mod. G. 'tippen'.] (۱) ہلکے سے ضرب لگانا؛ ہلکے سے تھپتھپانا؛ بغیر آواز کے کھٹکھٹانا ۔ (۲) (کرکٹ) بلے کے کنارے سے گیند کو مارنا ۔ (۳) تیزی اور نزاکت سے چلنا؛ اٹھلا کر چلنا ۔

Tip : (v) [origin obsc.] (۱) تہ و بالا کرنا؛ زیر و زبر کرنا؛ مغلوب کرنا؛ پست کرنا؛ برباد کرنا؛ الٹ دینا؛ چھکے چھڑا دینا ۔ (۲) پن لگانا یا نکالنا ۔ (۳) جھک جانا؛ ترچھا ہو جانا؛ الٹ جانا؛ ڈھلک جانا؛ ڈگمگا کر گرجانا؛ ایک طرف سے جھکنا دوسری طرف سے اٹھنا؛ ٹیڑھا ہونا ۔ (٤) جھکا دینا؛ ترچھا کردینا؛ گرا دینا؛ الٹ دینا ؛ خم کرنا ۔ (٥) چھو دینا ۔ (٦) ڈھکیل دینا؛ پھینک دینا؛ گر پڑنا ۔ (۷) انڈیل دینا؛ (ویگن، گاڑی وغیرہ) خالی کرنا؛ الٹ دینا (گاڑی وغیرہ) ۔ (۸) اٹھانا؛ ایستادہ کرنا؛ بلند کرنا؛ تھمیر کرنا ۔ (۹) پھینکنا؛ ڈالنا؛ گرانا ۔

To tip off, tip (over) the perch : (عام) مرجانا؛ معدوم ہوجانا ۔

To tip the scales : پیمانے کو اُلٹ دینا؛ (ترازو کے) پلے کو الٹ دینا ۔

Tip : (v) [Origin uncertain] (۱) سرے یا نوک پر کوئی چیز لگانا ۔ (۲) شام لگانا (چھڑی میں) ۔ (۳) سرے کو آراستہ کرنا ؛ نوکدار کرنا ۔

Tip : (v) [Origin obsc.] (۱) کسی کو کوئی چیز دینا؛ حوالہ کرنا ؛ دینا؛ سونپنا؛ پیش کرنا ۔ (۲) (عام ، بول چال) بخشش دینا ؛ انعام دینا؛ (دوسرے کے نوکر کو) کچھ دینا؛ (قلی، چپراسی وغیرہ کو) ٹپ دینا ۔ (۳) کوئی چیز سرسری طور سے دے دینا ۔

To tip the (or a) wink : (کسی شخص کو پلکوں کے اشارے سے) تنبیہ کرنا؛ (کسی شخص کو) خفیہ طور پر اشارہ کرنا ۔

Tip : (v) (۱) (بول چال) خفیہ اطلاع دینا (گھڑدوڑ ، کھیل وغیرہ یا صرافے کے متعلق) ۔ (۲) آگاہ کر دینا؛ ہوشیار کردینا ۔

Tip - : سابقہ بمعنی "واژگون" ؛ "کج ہونے والا" ۔

Tip-and-run : (n) ٹپ رن ؛ ایک طرح کا کرکٹ جس میں گیند بلے سے چھو جائے تو کھیلنے والے کو دوڑنا پڑتا ہے ۔

Tip-blight : (n) پودوں کی ایک بیماری جس میں پھنگیاں مرجھا جاتی ہیں ۔

Tip burn : (n) آلو کی ایک بیماری جس میں دھوپ کی تمازت یا گرمی سے اس کے پتّے سوکھ جاتے ہیں ۔

Tip cart/-car : (n) ایک قسم کی گاڑی جس کی نشست پیچھے جھکائی جا سکتی ہے (سامان خالی کرنے کے لئے)؛ ٹپ گاڑی ۔

Tip-cat : (n) گلی ڈنڈا ؛ ایک قسم کا بچوں کا کھیل ۔

Tip cheese : (n) گلی ڈنڈے کی طرح کا بچوں کا ایک کھیل ۔

Tip-it/Tippit : (n) ایک قسم کا کھیل جس میں چیز کھلاڑی کے ہاتھ میں چھپی رہتی ہے ۔

Tip-off : (n) اشارہ ؛ آگاہی ۔

Tip table : (n) عمدہ میز؛ اعلیٰ ترین ٹیبل ۔

Tip tail : (n) ایک قسم کا دھاری دار پرندہ جو مرطوب ریتیلے مقامات میں رہتا ہے ۔

Tip-tilted : (a) (ناک) جس کی نوک اوپر کو اٹھی ہو ۔

Tip-toe/Tiptoe: (n) (۱) (جمع) پاؤں کی انگلیوں کا سرا ۔ (۲) نوک پا ۔ (۳) (مجازاً) ہوشیار ۔

Tip-toe/Tiptoe : (adv.) پنجوں کے بل پر ۔

Tip-toe/Tiptoe : (a) (۱) پنجوں کے بل ۔ (۲) (مجازاً) پُر امید؛ خاموش ۔

Tip-toe : (v) (۱) پنجوں کے بل کھڑا ہونا ۔ (۲) پنجوں کے بل چلنا؛ پنجوں کے بل جانا ۔

Tip-top : (n) (۱) بہت اونچامقام؛ بلندترین مقام؛ اعلیٰ مقام ۔ (۲) (مجازاً) بلند مرتبہ؛ بلند ترین اونچائی؛ نصف النہار؛ اوج؛ عروج؛ حد؛ درجہء کمال؛ چوٹی ۔

Tip-top : (a) (۱) بلند ترین؛ اعلیٰ تر درجے کا؛ چوٹی کا؛ بہترین ۔ (۲) بہت اونچا واقع ۔ (۳) (مجازاً) بہترین قسم کا ۔

Tip-top : (adv.) حد درجے کے طور پر؛ اعلیٰ عہدے پر ؛ بہ درجہ اعلیٰ؛ بے حد؛ نہایت؛ نہایت عمدہ طور پر ۔

Tip topper : (n) اول درجہ حاصل کرنے والا ۔

Tip-truck : (n) انڈیل گاڑی ۔

Tip-up : (n) امریکی Sandpiper کا نام ۔

Tip-up : (a) اوپر اٹھا ہوا؛ اٹھواں ۔

Tip-up seat : (n) تھیٹر وغیرہ کی نشست جو پیچھے کو اٹھ جاتی ہے؛ اٹھواں نشست ۔

Tip us a copper : پینی یا آدھی پینی ہمیں دے ڈالو ۔

Tip us you fin : ذرا ہاتھ ملانا ۔

Tipful : (a) لبالب؛ لبریز؛ اوپر تک بھرا ہوا؛ پُر ؛ مالا مال ۔

Tippable : (a) قابلِ انعام؛ بخشش کے لائق ۔

Tipped : (a) (۱) نوک دار ۔ (۲) انعام دیا ہو ۔

Tippee : (n) بخشش لینے والا؛ انعام پانے والا یا لینے والا؛ ٹپ لینے والا ۔

Tipper : (n) (۱) (اوزار) انڈیلنی ۔ (۲) جھکانے کا آلہ؛ جھکانے والا ۔ (۳) انعام دینے والا ۔

Tipper : (n) [From name of Thomas Tipper d. 1785.] ایک قسم کی شراب ۔

Tipperary : (n) ٹپریری کا گیت جو سنہ ۱۹۱٤ء میں برطانوی افواج میں رائج تھا (اس کا پہلا مصرع یہ تھا (It's a long way to Tipper-ary ۔

Tippet : (n) [Origin Obsc.] (۱) بے آستین کی نیم قبا جو عورتیں پہنتی ہیں اور پادریوں اور ججوں کی منصبی پوشاک میں شامل ہے ۔ (۲) پرندوں کے گلوں یا کنٹھوں کا بال یا حلقہ ۔ (۳) ماہی گیری کا قلاب؛ مچھلی پکڑنے کا کانٹا ۔

Tippet cuckoo : (n) ایک قسم کا پرند ۔

Tippet-grebe : (n) ایک قسم کا پرندہ جو پانی میں ڈبکی لگاتا ہے اور جس کی گردن پر حلقہ نما بال ہوتے ہیں ۔

Tippet grouse : (n) ایک قسم کا پاموز پرندہ جس کی گردن پر حلقہ نما بال ہوتے ہیں ۔

Tipping : (n) (۱) ضرب لگانا؛ ہلکی ضرب ۔ (۲) دیکھو Toriguing ۔

Tipping ladle : (n) (اوزار) ڈلاؤ کرچھا ۔

Tipple : (n) (عام، بول چال) مشروب؛ بہت زیادہ پینا (شراب) ۔

Tipple : (n) [Origin obsc.] (۱) (امریکا) وہ جگہ جہاں کوئلے کے ویگن یا ٹرک کو گراتے ہیں ۔ (۲) وہ جگہ یا وہ چھکڑا یا آلات جن سے کوئلہ بھری گاڑیوں کو ترچھا کر کے خالی کیا جائے ۔

Tipple : (v) [Related to Norw. dial. 'tipla'.] (۱) بہت زیادہ پینا (شراب) ۔ (۲) بہت تیز شراب کا عادی ہونا؛ بلانوش ہونا ۔ (۳) مزے لے لے کر شراب کے جام پر جام چڑھانا ۔

Tipple : (v) [Origin obsc.] (۱) الٹ دینا؛ گرادینا؛ انڈیل دینا ۔ (۲) پھینک دینا؛ پھینکنا؛ گرانا ۔

Tippler : (n) گرہ باز کبوتر؛ لوٹن کبوتر ۔

Tippler : (n) مے گُسار؛ بلانوش؛ تیز شراب کثرت سے پینے والا۔

Tippy : (a) (چائے) جس میں شگوفے کثرت سے ہوں ۔

Tippy : (a) (۱) بہترین؛ اعلیٰ درجے کا؛ نہایت عمدہ ۔ (۲) ناپائیدار؛ نااستوار ۔

Tippy -toe : (n) [by alter.] دیکھو Tip-toe

Tipsify : (v) مست کرنا؛ متوالا بنانا؛ مدھوش کرنا؛ نشے میں لانا ۔

Tipsily : (adv.) مدھوشی کے انداز میں؛ مدھوشوں کی طرح ۔

Tipsiness : (n) مدھوشی ۔

Tipstaff : (n) [coutr. of 'tipped or tipt staff.'] (۱) شام چڑھایا ہوا عصا جو قرق امین (Bailiff) کے عہدے کی علامت سمجھاجاتا تھا ۔ (۲) قرق امین ۔

Tipster : (n) (۱) (گھوڑ دوڑ وغیرہ کے متعلق) پوشیدہ خبر دینے والا؛ شرط بندی وغیرہ کے متعلق رازدارانہ اطلاع دینے والا ۔ (۲) ٹپ دینے والا ۔

Tipsy : (a) (۱) مست؛ متوالا؛ مخمور؛ مدھوش ۔ (۲) نشے کا؛ جس سے نشے میں ہونا ظاہر ہو ؛ جو نشے کی وجہ سے سرزد ہو ۔ (۳) ایک طرف سے جھکنے والا ۔

Tipsy - cake : (n) کیک جو اسفنج کی شکل کا بنایا جاتا ہے اور اس پر کریم، بادام وغیرہ کی تہ ہوتی ہے ۔

Tipsy dance and jollity : (n) مدھوشی کی حالت میں رقص اور اظہارِ انبساط ۔

Tipula : (n) [L. 'tippula'.] (تشریح) جنس کلنگ مکھی؛ دریائی مکڑا ۔

Tipulary : (a) کلنگ مکھی سے متعلق ۔

Tipuloidea : (n) کلنگ مکھیاں ۔

Tir-wit : (n) (حیوانیات) ہد ہد ۔

Tirade : (n) [It. 'tirata'.] (۱) لمبی پُر جوش تقریر (خصوصاً ملامت میں)؛ ہجو؛ وعظ (طنزیہ معنی میں) ۔ (۲) طول طویل نظم، خطبہ وغیرہ ۔ (۳) کتھا (طنزیہ معنی میں) ۔ (٤) (موسیقی) آواز کی کشش جس سے سُروں کے درمیان کا فصل پُر کیاجائے۔

Tirailleur : (n) [Fr. f. 'tirailler.'] (۱) تفنگ دار؛ گل چلا ؛ عمدہ نشانہ لگانے والا ۔ (۲) چھوٹی ٹکڑیوں میں لڑنے والا سپاہی، خصوصاً انقلاب فرانس (سنہ ۱۷۹۲ء) کا سپاہی ۔

Tire : (n) [aphet. f. 'atir'.] (۱) عورتوں کےسر کا لباس؛ سر کی پوشش (ٹوپی وغیرہ) ۔ (۲) بالا پوش؛ بچوں کے لباس کے اوپر کا کوٹ جو کپڑوں کی حفاظت کے لئے پہنا دیا جاتا ہے ۔

Tire/Tyre : (n) [prob. the same word as prec.] (۱) (موٹر یا بگھی کا) ٹائر ۔ (۲) (بیل گاڑی وغیرہ کا) ہال ۔

Pneumatic tire : ہَوا دار ٹائر؛ ٹائر جس میں ہَوا بھری ہو ۔

Tire : (v) [OE. 'tiorican'.] (۱) تھکنا؛ تھک جانا؛ تھکانا؛ کمزور ہوجانا؛ چورہوجانا ۔ (۲) اکتا جانا؛ (زندگی سے) سیر ہوجانا؛ تنگ آجانا؛ سیر کردینا؛ آسودہ کرنا۔ (۳) اکتا دینا؛ سیر کردینا (زندگی وغیرہ سے)؛ ناک میں دم کردینا ۔

To tire down : (شکاری کا جانور کو) تھکادینا ۔

To tire out, to tire to death : (بول چال) زندگی سے بیزار کردینا ۔

Tire : (v) [Aphetic f. Attire] (۱) (بول چال) (عمارت کو) سجانا؛ پلاسٹرکرنا۔ (۲) (شاذ) (ٹوپی وغیرہ) زیب تن کرنا؛ پہننا؛ آراستہ کرنا (بال وغیرہ) ۔

Tire : (v) (۱) ٹائر چڑھانا ۔ (۲) ہال چڑھانا ۔

Tire gauge : (n) ٹائر گیج؛ ٹائر میں ہوَا کے دباؤ کو ناپنے والا پیمانہ ۔

Tire-glass : (n) آرائشی شیشہ؛ بال سنوارنے کا آئینہ ۔

Tire-man : (n) (۱) ٹائر بنانے والا؛ ٹائر کا تاجر ۔ (۲) بسوں کے ٹائر کو بدلنے والا ۔

Tire-room : (n) کپڑے بدلنے کا کمرہ؛ آراستہ ہونے کا کمرہ ۔

Tire-woman : (n) (قدیم) مشّاطہ؛ کپڑے پہنانے والی خادمہ ۔

Tired : (a) (۱) تھکا ہوا؛ خستہ؛ کمزور ۔(۲) بیزار ؛ سیر ۔

Tiredly : (adv.) تھکاوٹ کے طورپر؛ بیزاری کے ساتھ ؛ تھک کر؛ تکان کے ساتھ۔

Tiredness : (n) (۱) تکان؛ تھکا ہونا ۔(۲) اکتایا ہوا ہونا ؛ عاجز ہونا ۔

Tireless : (a) (۱) ان تھک؛ نہ تھکنے والا ۔(۲) بے حد محنتی؛ انتھک (کوشش وغیرہ)؛ انتہا سےزیادہ سرگرم؛ مستقل؛ پیہم۔

Tirelessly : (adv.) انتہائی سرگرمی کے ساتھ ؛ استقلال کے ساتھ؛ بےحد محنت سے ۔

Tirelessness : (n) انتہائی سرگرمی؛ استقلال ؛ بےحد محنتی ہونا۔

Tiresome : (a) (۱) تھکانے والا؛ گھٹن؛ اجیرن؛ بار خاطر ۔ (۲) اکتا دینے والا ؛ بےلطف ؛ طاقت فرسا ۔ (۳) تکلیف دہ؛ ماند کرنے والا؛ اچاٹ کرنے والا؛ مخل؛ مزاحم۔

How tiresome I have left my watch behind : کیسی تکلیف دہ بات ہے، میں اپنی گھڑی پیچھے بھول آیا ۔

Tiresomely : (adv.) (۱) تکلیف دہ طور پر؛ اجیرن کےطورپر؛ گھٹن کے ساتھ۔(۲) بے لطفی سے؛ غیر دلچسپ طور پر ۔

Tiresomeness : (n) (۱) تکلیف دہ ہونا ۔(۲) بے لطفی ؛ غیر دلچسپی؛ طاقت فرسائی ۔

Tiring : (n) آراستہ ہونا؛ آراستگی ؛ کپڑا بدلنا ؛ آرائش؛ مشاطہ گری۔

Tiring-house : (n) تھیٹر کا وہ حصہ جہاں ایکٹر لباس وغیرہ بدلتا ہے ۔

Tiring-irons : (n) معمائے فلزی؛ بازیٔ حلقہ ۔

Tiring-room : (n) لباس تبدیل کرنے کا کمرہ، خاص طور سے تھیٹر میں ۔

Tiro/Tyro : (n) [L. 'tiro'.] (۱) مبتدی؛ نوآموز؛ تازہ کار ۔ (۲) وہ شخص جو کسی مذہب میں نیا داخل کیا گیا ہو ۔

Tirocinium : (n) [L.] (۱) نوآموزی؛ کار آموزی؛ کام سیکھنے کا زمانہ؛ مبتدی؛ تازہ کار ۔(۲) نابالغی؛ کم سنی؛ (مجازاً) طالب علمی ۔ (۳) (فن) مبادیات فن؛ مبادی ۔(٤) کار آموز کی پابندی ۔

Tironian : (a) [L. 'tironianus'.] ٹیرو "Tiro" شاگرد آزادہ سیسرو (روم کا) سے متعلق ۔

Tironian notes : (n) مختصر نویسی (Short-hand) کا ایک طریقہ جو قدیم روم میں Tiro نے ایجاد کیاتھا ۔

Tirra - birra : (n) [Echoic.] اظہار مسرت کی آواز؛ لَوا کی آواز ۔

Tirrit : (n) [perh. illiterate for 'terr'.] (شاذ) اضطراب؛ آشفتگی؛ بہم خوردگی ۔

Tirshatha : (n) [Opers. 'tarsata'.] ایرانی وائسرائے کا خطاب ۔

Tis: "It is" کا مخفف ۔

Tisane : (n) (طب) جوشاندہ ۔

Tishri/Tisri : (n) [late Heb. 'tishri'.] تشرین؛ یہودی سال کا پہلا مہینہ؛ (عیسائی مذہب کا) ستمبر اور اکتوبر کا حصہ ۔

Tissue : (n) [OFr. 'tissu'.] (۱) بافت؛ باریک بنی ہوئی چیز ۔ (۲) (حیوانیات) نسیج؛ خلیوں وغیرہ کا سلسلہ ۔ (۳) مجموعہ؛ پوٹ (جھوٹ، جرائم وغیرہ کی) ۔ (٤) پارچہ؛ بافتہ ۔ (٥) زربفت؛ (کاغذ) حریری کاغذ ۔ (٦) سب سے اہم حصہ؛ نچوڑ؛ مغز؛ ساخت؛ بناوٹ ۔ (۷) (تصویر کشی) جلاٹین کا کاغذ ۔

Adipose tissue: (حیوانیات، تشریح) نسیج شحمی ۔

Cellular tissue: (حیوانیات) نسیج خلوی ۔

Connective tissue : (حیوانیات) نسیج الحاقی؛ نسیج ملتحمہ ۔

Epithetical tissue : (حیوانیات) نسیج بشری ونخاطی ۔

Gold tissue: زربفت ۔

Muscular tissue : (حیوانیات) نسیج عضلاتی ۔

Nervous tissue : (حیوانیات) نسیج اعصابی ۔

Radiating tissue : شعاعی بافت؛ نسیج اعصابی۔

Tissue-culture : (n) (نباتیات، حیوانیات) ٹشو کلچر ؛ نسیج پروری۔

Tissue-paper : (n) زرورقی کاغذ؛ حریری کاغذ؛ (جو تصویر وغیرہ پر حفاظت کے لئے لگاتے ہیں)۔

Tissue system : (n) (نباتیات) ٹشو سسٹم ؛ ٹشو کا نظام ؛ نظام بافتی۔

Tissue tension : (n) (نباتیات) ریشوں کا تناؤ؛ بافتی تناؤ۔

Tissued : (a) بافتہ؛ منسوج؛ نسیج دار؛ نسیجی۔

Tissues : (n) نسائج؛ منسوجات۔

Tit : (n) [OE. 'titt'.] (۱) ایک گھونسے کے بدلے ایک گھونسا؛ جیسے کو تیسا؛ ادلے کا بدلے؛ ترکی بہ ترکی جواب؛ انتقام؛ مکافات۔ (۲) ہلکی ضرب؛ چپت؛ تھپڑ۔

Tit : (n) [app. of onomatopoeic origin.] (۱) (قدیم) چھوٹا سا مریل گھوڑا ۔ (۲) (عام) لڑکی؛ جوان عورت؛ خصوصاً شوخ چشم لڑکی؛ دیدہ دلیر لڑکی؛ چنچل لڑکی۔ (۳) چھوٹے پرندوں کی قسموں کے نام، مثلاً Titmouse, Tomtit, Titlark وغیرہ۔

Tit : (v) (بول چال) تھپتھپانا؛ ہلکے سے مارنا ؛ ہلکی ضرب لگانا۔

Tit-babbler : (n) پہاڑی پرندوں کی ایک قسم۔

Tit-bit/Tid- (n) دیکھو Tid bit

Tit-warbler : (n) ایک پرندہ۔

Titan : (n) [L.] (یونانی دیومالا) ٹائی ٹن؛ ایک دیوپیکر نسل کا فرد جو (Uranus) یورینس اور گےآ (Gaea) کی اولاد سمجھا جاتا تھا ۔ (۲) سورج دیوتا ۔ (۳) مافوق الفطرت جسمانی یا ذہنی قوت رکھنے والا شخص؛ نہایت عالی دماغ شخص۔ (٤) دریا کی تہ سے کیچڑ وغیرہ نکالنے والی مشین؛ دمکلا (وزن اٹھانے کا ایک بڑا آلہ)؛ سماک۔(٥) (علم النجوم) سیارہ زحل کا نام۔

The weary titan : سلطنت برطانیہ یا کوئی بڑی سلطنت۔

Titan : (n) عالی دماغ آدمی؛ عظیم الجثّہ مرد؛ پہلوان ؛ غُول۔

Titan : (a) عظیم الجثہ؛ بزرگ؛ غول آسا۔

Titan crane : (n) بھاری وزن اٹھانے والا جرِّ ثقیل۔

Titanate : (a) [f. 'Titanium.'] ٹٹانیم کا نمک؛ ٹٹانیٹ۔

Titanesque : (a) (۱) ٹائی ٹن کا سا؛ ٹٹانوں کی شان کا ۔ (۲) عظیم الجثہ۔

Titaness : (n) (۱) دیونی؛ دیو پیکر عورت ۔(۲) عالی دماغ عورت۔

Titania : (n) (۱) (علم النجوم) طیطانیہ (قمر زحل) ۔ (۲) (اساطیر) طیطانیہ؛ پریوں کی ملکہ۔

Titanian : (a) (۱) عظیم الجثہ؛ فوق البشر؛ نہایت زبردست؛ دیوپیکر ۔(۲) (کیمیا) ٹٹانیم کا۔

Titanic : (a) دیکھو Titanian

Titanic iron-ore : (n) دیکھو Ilmenite

Titanic schorl : (n) دیکھو Rutile

Titaniferous : (a) ٹٹانیم والا؛ وہ کچی دھات جس سے ٹٹانیم حاصل کرتے ہیں۔

Titanism : (n) [Fr. 'titanisme'.] (۱) غُول آسائی؛ تنومندی؛ بزرگی ۔ (۲) نظم عالم کے خلاف شورش ۔ (۳) عظیم قوت یا طاقت۔

Titanite : (n) [G. 'titanit'.] دیکھو Sphene

Titanium : (n) ٹٹانیم؛ طیطانیم (عنصر، دھات)؛ ایک فلزی عنصرجو سیاہی مائل بھورے رنگ کا ہوتا ہے؛ ایک سفید بے مزہ سفوف (TiO_2)۔

Titano - : [Gr. 'titano'.] سابقہ بمعنی "غول" ۔

Titano - : [f. Titanium] سابقہ بمعنی "ٹٹانیم"؛ معدنیات اور کیمیائی مرکبات کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

Titanomachy : (n) دیو کی لڑائی۔

Titanosaurus : (n) (حیوانیات) عظیم سوسمار۔

Titanous : (a) ٹٹانیم دار؛ ٹٹانیم ملا ہوا۔

Titanous oxide : (n) (کیمیا) ٹٹانیم کا آکسائیڈ ۔

Tithable : (a) [late ME. 'thie'.] قابل عشر؛ مستوجب عشر؛ جس سے عشر وصول کیا جاسکے ۔

Tithe : (n) [Early ME. 'thie'.] (۱) عشر ؛ دہ یکی ؛ کسی جنس کا دسواں حصہ جو بطور محصول لیا جائے ۔ (۲) (جمع) فصل (زمین کی پیداوار) کا دسواں حصہ جو کلیسا کے لئے وصول کیا جائے ۔ (۳) اشخاص کی کمائی کا دسواں حصہ جو کلیسا کےلئےوصول کیاجاتا ہے۔(٤) (معاشیات) عشری محصول؛ کسی قسم کا ٹیکس جو دسواں حصہ ہو ۔(٥) کسی چیز کا دسواں حصہ ۔

Mixed tithes : سوروں ، بھیڑوں وغیرہ کی چرائی کا محصول ۔

Personal tithes : افراد کی کمائی کا دسواں حصہ ۔

Predial tithes : کھیتوں کی پیداوار کا عُشر ۔

Tithe : (a) فصل ۔

Tithe : (v) [OE. 'teozothian'.] (۱) عُشر لینا؛ دسواں حصہ لینا (۲) عُشر ادا کرنا (خصوصاً کلیسا کو) ۔ (۳) کسی شخص پر عشر کی ادائیگی مقرر کرنا۔ (٤) (اسباب کا) عشر لینا؛ عشر کے طور پر (پیداوار میں سے) لینا ۔

To tithe mint(and anise) and cummin : جزئیات کا خیال کرنا لیکن اہم چیزوں سےغفلت برتنا ۔

Tithe - barn : (n) عشر رکھنے کی کوٹھی ۔

Tithe commissioner : (n) افسر مال گذاری؛ جو عشر کے بدلے میں روپیا وصول کرنے وغیرہ کا انتظام کرتے ہیں ۔

Tithe-man : (n) عَشر کا محصّل؛ عشر وصول کرنے والا ۔

Tithe-pig : (n) سور جو عشر کے طور پر لیا جائے ۔

Tithe-proctor : (n) عشر(محصول) جمع کرنےوالا؛ عامل عشر۔

Tither : (n) (۱) عشر وصول کرنے والا؛ عشر گیر ۔ (۲) کلیسائی عَشر کے نظام کا حامی ۔

Tithing : (n) [OE.'tiothung'.] (۱) عشر کی وصولی ۔(۲) عشرہ ۔ (۳) دس گنبہ دار؛ ایک دوسرے کے پڑوس میں رہنے والے جو ایک دوسرے کی نیک چلنی کے ضامن ہوتے ہیں ۔

Tithing-man : (n) عشر وصول کرنے والا؛ عامل عشر ۔

Tithingman : (n) (۱) (تاریخ) میر محلہ (انگلستان میں پہلے دس خاندانوں میں ایک میر خاندان مقرر ہوتا تھا جس کے فرائض میر محلہ کی طرح ہوتے تھے) ۔(۲) ادنیٰ سپاہی؛ کم رتبہ سپاہی ۔

Tithonic rays : (n) (کیمیا) کیمیائی شعاعیں ۔

Tithonicity : (n) (طبیعیات ، کیمیا) کیمیائی شعاعیت ؛ کرنیت ۔

Tithonometer : (n) (طبیعیات، کیمیا) کرنیّت پیما ۔

Titian : (n) [(۱) وینس کا مشہور مصور ٹیشینن (جو سنہ ۱۵۷٦ء میں وفات پا گیا) ۔(۲) ٹیشینن کی بنائی ہوئی تصویر ۔(۳) چمکدارسرخی مائل سنہری رنگ ۔

Titianic : (a) ٹیشینن کی بنائی ہوئی تصویر سے متعلق ۔

Titianesque : (a) ٹیشینن کے طرز کا ۔

Titillate : (v) [f. L. 'titillat, titillare'.] (۱) گدگدی کرنا ۔ (۲) گدگدانا؛ خوشگوار بے چینی کی کیفیت پیدا کرنا ۔

Titillating : (n) گدگدی ۔

Titillatingly : (adv.) گدگدی کے طور پر ؛ گدگداتے ہوئے ۔

Titillation : (n) [L. 'titillationem'.] (۱) گدگدی؛ ہیجان ۔ (۲) خوشی؛ مسرت؛ تسکین؛ اطمینان؛ سیری ۔ (۳) برافروختگی ۔

Titillative : (a) قابل گد گدی؛ خوشی کے لائق ۔

Titivate/Tittivate : (v) [In early example 'tiddiva'.] (۱) (بول چال) بننا؛ سنورنا؛ ٹھاٹھ کے کپڑے پہننا؛ آرائش کرنا؛ آراستہ کرنا ۔ (۲) (خود کو) سنوارنا؛ زرق برق کپڑے پہننا ۔

Titivation/Tittivation : (n) آراستگی؛ بننا؛ سنورنا ۔

Titlark : (n) دیکھو Meadow pipit

Title : (n) [L. 'titulus'.] (۱) عنوان؛ سرخی (باب ، نظم وغیرہ کی) ۔(۲) (کتاب کے) سر ورق کا مضمون ۔

(۳) نام (کتاب کا) ۔ (٤) (قانونی تمسکات، ضابطہء قانون وغیرہ کا) عنوان ۔ (٥) خطاب؛ اسم؛ لقب؛ منصب یا عہدے وغیرہ کا نام؛ سند؛ طرز ۔ (٦) (تعظیمی) لفظ یا الفاظ جس سے کسی کو مخاطب کریں (Mr. , Mrs. , Sir. , Ma-dame) ۔ (۷) (قانون) حق ملکیت ؛ حقیت ۔ (۸) بنائے حقیت ۔ (۹) دستاویز ملکیت (بیع نامہ، قبالہ وغیرہ) ۔ (۱۰) استحقاق (کسی چیز کا) ۔ (۱۱) بنائے استحقاق ۔ (۱۲) سونے کے کھرے ہونے کا درجہ جو قیراط سے ظاہر کرتے ہیں ۔ (۱۳) مقررہ حلقہء کار اور ذریعہء آمدنی جس کا ہونا پادری بنائے جانے کے لئے ضروری ہے ۔ (١٤) (روم میں) ہر گرجے کا حلقہ ۔ (١٥) قبالہ؛ بیع نامہ ۔

Title : (v) (۱) عنوان مقرر کرنا؛ (کتاب میں) عنوان لکھنا ۔ (۲) مخصوص نام سے ظاہر کرنا؛ نسبت دینا؛ اسناد دینا ۔ (۳) خطاب دینا؛ لقب دینا؛ ملقب کرنا؛ نام رکھنا ۔ (٤) حقوق و مراعات دینا؛ عہدہ دینا ۔

Title-deed : (n) (قانون) قبالہ؛ بیع نامہ؛ سند مالکیت ۔

Title-holder : (n) (قانون) خطاب یافتہ؛ حقیت دار ۔

Title-page : (n) (کتاب کا) سرورق؛ وہ صفحہ جس پر عنوان درج ہو ۔

Title-part : (n) ناٹک میں اس کیریکٹر کا پارٹ جس کے نام سے کتاب منسوب ہے ۔

Title-role : (n) دیکھو Title-part

Titled : (a) (۱) عہدہ دار ؛ منصب دار ۔ (۲) صاحب لقب؛ لقب دار ؛ ملقب؛ خطاب یافتہ ۔ (۳) ذی حق ؛ مالک ۔

Titleless : (a) (۱) بے لقب؛ بےخطاب؛ بے عنوان ؛ بے نام ۔ (۲) بے استحقاق؛ بے ملکیت ۔

Titler : (n) صاف مخروطی چینی کا تجارتی نام ۔

Titling : (n) (۱) لَوا ؛ قنبرک ۔ (۲) (اسکاچستان، بول چال) دیکھو Hedge-Sparrow ۔ (۳) دیکھو Titlark ۔ (٤) (شاذ) دیکھو Titmouse ۔

Titling : (n) کتاب کی پُشت پر سونے کے حروف میں نام چھاپنا ۔

Titmouse : (n) [ME. 'titmose'.] (۱) Paras جنس کا ایک پرندہ؛ قرقف؛ پُھدکی ۔ (۲) (مجازاً) معمولی آدمی؛ حقیر شے؛ ادنیٰ چیز ۔

Blue titmouse : ایک قسم کا پرندہ؛ پُھدکی کی ایک قسم۔

Coal titmouse : پُھدکی کی ایک قسم ۔

Creasted titmouse : پُھدکی کی ایک قسم ۔

Great titmouse : گاؤ دیدہ پرند ۔

Long-tailed titmouse : لمبی دم والا ایک پرندہ ۔

Marsh titmouse : پُھدکی کی ایک قسم ۔

Titrate : (v) [f. Fr. 'titrer'.] (کیمیا) معائرہ کرنا؛ معائرت کرنا؛ کسی مرکب میں ایک خاص چیز کی مقدار معلوم کرنے کے لئے اس میں کسی دوسری چیز کا مقررہ قوت کا محلول ملانا اور دیکھنا کہ اس کی کتنی مقدار اس مرکب کی شکل وغیرہ بدلنے کےلئے کافی ہے ۔

Titrated : (a) (کیمیا) معائرہ شدہ ۔

Titration : (n) (کیمیا) معائرہ؛ معائرت؛ (گیس کی) پیمائش حجم کا تجزیہ ۔

Titre/Titer : (n) [Fr.] (۱) سونے یا چاندی کی نفاست ۔ (۲) (کیمیا) (معائرہ کی وجہ سے) محلول کی قوت؛ عیّار ۔

Titrimeter : (n) (کیمیا) برقی معائر ۔

Titrimetric : (a) معائرت سے متعلق ۔

Titrimetrically : (adv.) معائرت کے طور پر ۔

Titrimetry : (n) [Fr. 'titre'.] دیکھو Titration

Titter : (n) آہستہ ہنسی؛ دبی ہوئی ہنسی ۔

Titter : (v) [echoic.] (۱) دبی ہوئی ہنسی ہنسنا؛ منہ دبا کر ہنسنا؛ آہستہ ہنسنا ۔ (۲) بڑبڑانا؛ ہنستے ہوئے کہنا ۔

Titter : (v) [late ME. 'titer'.] (۱) لڑکھڑاتے ہوئے چلنا؛ ڈگمگانا؛ جھکولے کھانا ۔ (۲) ہنڈولے یا جھولے

کی طرح آگے پیچھے حرکت کرنا ۔ (۲) پالیسی یا طرز عمل میں متلون یا مذبذب ہونا ۔

Titter-totter : (n) See-saw دیکھو

Titter-totter : (adv.) لڑکھڑاتے ہوئے؛ (مجازاً) گھبراتے ہوئے؛ پس وپیش کے ساتھ۔

Titter-totter : (v) See-saw (v) دیکھو

Titterer : (n) دبی ہنسی ہنسنے والا ۔

Tittle : (n) [late ME. 'titel'.] (۱) (تحریر وغیرہ میں) نقطہ ؛ ہمزہ؛ حرف کے اوپر کا نقطہ مثلاً 'i' 'j' میں ۔ (۲) (مجازاً) ذرہ؛ رتی؛ شمہ؛ معمولی رقم ۔

Jot or tittle : Jot دیکھو

To a tittle : ٹھیک شمہ برابر ہونا ۔

Tittle : (v) (۱) (بول چال) ہلکی آواز میں گفتگو کرنا ؛ زیر لب بولنا؛ بہت آہستہ بولنا؛ کُھسر پُھسر باتیں کرنا ۔ (۲) گپ شپ کرنا؛ بکواس کرنا ۔

Tittle-bat/-back : (n)[Childish origin] خارپشت مچھلی؛ زمّیر؛ ماہی آبنوس ۔

Tittle-tattle : (n) [A reduplicated compound of Tattle. (n)] (۱) گپ شپ ؛ بکواس ۔ (۲) طفلانہ گفتگو ؛ بچوں کی سی باتیں؛ بسیار گوئی ۔

Tittle-tattle : (a) یاوہ گو؛ وراّج؛ بکواس کرنے والا ۔

Tittle-tattle : (v) گپ شپ کرنا؛ بکواس کرنا؛ یاوہ گوئی کرنا ۔

Tittle-tattling : (n) گپ شپ کرنا؛ بکواس کرنا ۔

Tittle-tattling : (a) بکواس کرنے والا؛ یاوہ گو ۔

Tittup : (n) [Echoic, from the sound of the horse's feet.] (۱) گھوڑے کا پویہ؛ ہلکی سرپٹ چال؛ چھلانگ؛ جست و خیز؛ ترارا ؛ لنگوری کلیل ۔ (۲) شوخ و طرّار عورت یا لڑکی؛ ہوشیار عورت یا لڑکی؛ چنچل عورت ۔

Tittup : (v) [Goes with prec.] (۱) (گھوڑے کا) اچھلنا کودنا؛ ترارے بھرنا؛ جست وخیز کرنا؛ چھلانگ لگانا ۔ (۲) (بحری، عام) سکہ اچھال کر فیصلہ کرنا کہ

سب کو شراب کون شخص پلائے ۔ (۲) لڑکھڑاتے ہوئے چلنا؛ اتراکر چلنا ۔

Tittupy : (a) (۱) (بول چال) لرزاں ؛ مرتعش ؛ جنباں ؛ متزلزل ؛ ڈگمگاتا ہوا ؛ غیر مستقل ؛ تغیر پذیر ۔ (۲) جست وخیز کرنے والا؛ اچھل کود کرنے والا؛ چلبلا؛ شوخ ۔

Titty : (n) چھاتی؛ سینہ ؛ ماں کا دودھ ؛ شیر پستان ۔

Titubancy : (n) [late L. 'titubantia'.] (شاذ) مدہوشی؛ مستی؛ بے استقلالی ؛ تلون ۔

Titubant : (a) [L. 'titubantin'.] (شاذ) نااستوار ؛ ناپائیدار ؛ مست؛ مدہوش؛ متوالا؛ (مجازاً) تتلاہٹ؛ حیص بیص۔

Titubate : (v) [L. 'titubare'.] (۱) (شاذ) ڈگمگانا؛ لڑکھڑانا ؛ پس وپیش کرنا؛ ہچکچانا؛ رکنا؛ تامل کرنا ۔ (۲) ہلانا؛ ہلنا؛ جھومنا ۔ (۳) (مجازاً) رک رک کر بولنا؛ ہکلانا؛ تتلانا ۔

Titubation : (n) [L. 'titubationem'.] (۱) بےقراری ؛ لرزش ؛ مدہوشی ۔ (۲) (طب) لکنت؛ لڑکھڑاہٹ؛ اعصابی کمزوری سے اعضاء کی اضطراری حرکت خصوصاً پیروں کا ڈگمگانا ۔ (۳) (مجازاً) گھبراہٹ؛ الجھن؛ پریشانی؛ رکاوٹ ۔

Titular : (a) [L. 'titularis'.] (۱) خطاب سے متعلق ؛ مبنی برخطاب ۔ (۲) برائے نام ؛ نام کا ؛ لقبی ۔ (۳)رسمی؛ افتخاری؛ عنوانی ۔ (٤) لقب دار؛ صاحب لقب؛ عہدہ دار؛ منصب دار؛ خطاب یافتہ ۔ (٥) دیکھو Title -role (٦) جس سے خطاب لیا جائے؛ جس سے نام لیا جائے ۔ (۷) اصلی؛ بنیادی۔

Titular : (n) (۱) صاحبِ لقب؛ وہ شخص جسے خطاب ملا ہو؛ عہدہ رکھنے والا ۔ (۲) بلا خدمت عہدہ دار خصوصاً پادری؛ برائے نام اسقف ۔ (۳) ملقب شخص؛ صاحبِ القاب ۔

Titular bishop : (n) (رومی کلیسا) برائےنام اسقف ، جو کسی ایسے حلقے کا اسقف کہلاتا ہے جو عیسائیوں کےہاتھ سے نکل کر مسلمانوں کی حکومت میں چلا گیا ہو ۔

Titular character : (n) Title-role دیکھو

Titularly : (adv.) برائے نام؛ نام کے طور پر ۔

Titulary : (a) (شاذ) لقبی؛ اسمی؛ افتخاری : لقب دار : صاحب لقب۔

Titule : (v) [f. L. 'titulare'.] مشخّص کرنا؛ عنوان دینا؛ عنوان لگانا۔

Tituled : (a) مشخّص؛ عنوان زدہ؛ عنوان لگایا ہوا؛ ملقّب۔

Tiver : (n) [OE. 'teafor'.] لال رنگنے کی چیز، خصوصاً بھیڑ کو نشان لگانے کے لئے۔

Tiver : (v) نشان لگانا؛ Tiver سے رنگنا۔

Tiza : (n) [Quichua(peruvian)'t'isa'.] (معدنیات) سوئے اور چونے کا بوریٹ۔

Tizzy : (n) [Origin obsc.] چھ پینس کا سکہ۔

Tmesis : (n) [Gr. 'tmesis'.] (صرف ونحو) ایک لفظ کے اجزا کو کوئی اور لفظ یا الفاظ بیچ میں داخل کرکے جدا کردینا۔

T.N.T. : (n) بہت قوی پھٹنے والا مادہ جو جنگ عظیم میں استعمال ہوتا تھا۔

To : (prep.) [OE. 'to'.] (۱) کو؛ کی طرف؛ پر؛ میں ؛ کے لئے ؛ بسوئے؛ سوئے۔ (۲) تک؛ حد تک؛ تا۔ (۳) مقابلے میں؛ نسبت سے؛ بہ نسبت۔ (٤) مطابق؛ مناسبت سے؛ برحسب؛ بنا پر۔ (٥) (قدیم) بطور؛ بحیثیت۔ (٦) (امریکا) میں؛ سلسلے میں؛ متعلق؛ مقابل میں؛ برابر میں۔ (۷) کو؛ کے؛ ساتھ۔ (۸) واسطے۔ (۹) کا۔ (۱۰) بہ طور علامت مصدر (خواہ وہ فعل کے معنی میں ہو یا اسم کے)۔ (۱۱) مصدر کے بدل یا قائم مقام کے طور پر۔ (۱۲) پیش؛ نزد۔ (۱۳) ذیلی صورتوں میں استعمال ہوتا ہے: حرکت، عمل ظاہر کرنے کےلئے؛ سمت بتانے کےلئے؛ میلان ظاہر کرنے کےلئے؛ دوری ظاہر کرنے کےلئے؛ حد ظاہر کرنے کے لئے؛ مقرر وقت ظاہر کرنے کے لئے؛ پابندی وقت کو نمایاں کرنے کے لئے؛ مقصد ظاہر کرنے کے لئے؛ نتیجہ، اثر بتانے کے لئے؛ خواہش ظاہر کرنے کے لئے؛ قبضہ ظاہر کرنے کے لئے؛ ساتھ ظاہر کرنے کے لئے؛ شرائط ظاہر کرنے کے لئے؛ مقابلہ بتانے کے لئے؛ موازنہ کرنے کے لئے؛ دو چیزوں کے نام جوڑنے کےلئے؛ دو تعداد جوڑنے کے لئے۔ (١٤) گفتگو کے اظہار کے لئے؛ اچھی تمنا یا خواہش ظاہر کرنے کے لئے؛ جواب کے اظہار کے لئے؛ رد عمل کے لئے؛ بیان یا سوال کے جواب کے لئے؛ جذبات، احساسات کے اظہار کےلئے۔

From day to day: لگاتار؛ تکرار کے ساتھ (وقت کا)۔

That's all there is to it : اضافہ کرنے کے لئے کچھ نہیں ہے۔

Would to God that : کاش ایسا ہوتاکہ۔

To : (adv.) (۱) مطلوبہ حالت یا مقام میں؛ طبیعی یا اصلی حالت پر؛ ایک سمت میں؛ سکون کی حالت پر؛ نزدیک سے ؛ دوبارہ۔ (۲) کسی شخص یا چیز کی طرف بتانے کےلئے استعمال ہوتا ہے۔ (۳) تعلق پیدا کرنے کے لئے یا خیال دلانے کےلئے استعمال ہوتا ہے۔ (٤) مکرر درمکرر۔

The door is to : دروازہ کچھ کچھ کھلا ہے۔

To : (conj.) (۱) مختلف طور پر استعمال ہوتا ہے جیسے As not to (ایسا نہیں)۔ (۲) مختلف معنوں میں استعمال ہوتا ہے جیسے The first to come (آنے والا پہلا شخص)۔ (۳) مصدر وغیرہ کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ (٤) خوشی، عزت وغیرہ ظاہر کرنے کےلئے استعمال ہوتا ہے۔

To - : (prefix) سابقہ کے طور پر استعمال ہوتا ہے اسم، فعل اورصفت کے ساتھ۔

To and fro : (adv.) ادھر ادھر؛ آگے پیچھے؛ ادھر سے ادھر ؛ پس وپیش کے ساتھ؛ اوپر نیچے۔

To and fro : (prep.) آگے پیچھے۔

To and fro : (n) (۱) (جمع) آگے پیچھے کی حرکت ؛ حرکت پس و پیش۔ (۲) تغیر؛ جنبش۔ (۳) (مجازاً) حیص بیص؛ تذبذب۔

To and fro : (a) پس وپیش کرنے والا؛ عقب و جلو میں جانے والا؛ آگے پیچھے ہونے والا۔

To and fro : (v) آگے پیچھے کر کے گزرنا؛ ادھراُدھر جانا۔ (۲) حیص بیص کرنا۔ (۳) اِدھر اُدھر رہنمائی کرنا۔

To-be : (n) آئندہ؛ مستقبل؛ ہونے والا۔

To-be : (a) آئندہ کا؛ ہونے والا۔

To-fall : (n) (۱) (اسکاچستان اور بول چال) سائبان ؛ اسارا؛ برآمدہ؛ چھجا؛ شامیانہ؛ پال۔ (۲) خاتمہ؛ زوال؛ نیچے آنے کا عمل۔

To-fall of the day or night : (n) دن یا رات کا خاتمہ ۔

To-morn : (adv.) کل کے لئے؛ کل؛ فردا ۔

To-morrow : (adv.) [ME. 'tomorwen'.] دیکھو To-morn

To-morrow : (n) (۱) کل؛ کل کا دن؛ آئندہ آنے والا دن ۔(۲) کل کے دن؛ فردا ۔

To-morrow comes never : کل کبھی نہیں آتا ۔

To-morrow week : (n) اب سے آٹھ دن بعد؛ آج کے نویں دن ۔

To-name : (n) [OE. 'tonama'.] (۱) نام کا زائد جز ۔(۲) لقب؛ خاندانی نام؛ عرفی نام ۔

To year : (adv.) امسال ؛ اس سال ۔

Toad : (n) [Origin unkn.] (۱) ایک قسم کا بھدے جسم کا مینڈک؛ غوک سام؛ برمی مینڈک ۔ (۲) قابلِ نفرت چیز ۔(۳) قابلِ نفرت یا مکروہ شخص ۔ (٤) ذلیل خوشامدی؛ کاسہ لیس ۔

Running toad : بری نوی مینڈک؛ ایک قسم کا بری نوی جس کی پیٹھ پر زرد دھاریاں ہوتی ہیں ۔

To eat (any one's) toads : ذلیل طریقہ سے خوشامد کرنا؛ کاسہ لیسی کرنا؛ کسی کا عبدوعبید ہونا ۔

Toad : (v) خوشامد کرنا؛ کاسہ لیسی کرنا ۔

Toad-cheese : (n) ایک زہریلا سماروغ ۔

Toad-eat : (v) (شاذ) چاپلوسی کرنا؛ خوشامد کرنا؛ ضرورت سے زیادہ تعریف وتوصیف کرنا ۔

Toad-eater : (n) (۱) خوشامد کرنے والا؛ ذلیل خوشامدی : کاسہ لیس؛ چاپلوس ۔ (۲) نیم حکیم کا عطّار؛ بازاری طبیب کا ملازم ۔(۳) معمولی دوست؛ ذلیل نوکر ۔

Toad-eating : (n) خوشامد؛ خوشامد کرنا ۔

Toad-eating : (a) خوشامدانہ ۔

Toad-fish : (n) (۱) کپامچھلی؛ ایک طرح کی مچھلی جو پھول کر کپے کی طرح ہو جاتی ہے ۔ (۲) شیطان مچھلی ۔(۳) ایک قسم کی امریکی مچھلی ۔

Toad-flax : (n) ایک سدا بہار درخت جس کے پھول زرد رنگ کے مشکیزہ دار ہوتے ہیں اور ان میں نارنجی داغ ہوتے ہیں ؛ کتان وحشی ۔

Toad-head : (n) امریکی سنہرا پلاور؛ زقزاق ؛ طیرباراں ۔

Toad in a hole : (n) انڈے ، دودھ اور آٹے میں پکایا ہوا گائے کا گوشت ۔

Toad-lizard : (n) (۱) سینگ دار مینڈک ۔ (۲) متحجر بحری جانور جس کے دانت پُر پیچ ہوتے تھے ۔

Toad-pipe : (n) Equisetum جنس کا پودا ۔

Toad-rush : (n) ایک قسم کا سینٹھا ۔

Toad-snatcher : (n) دیکھو The reed-bunting

Toad-spit/-spittle : (n) دیکھو Cuckoo-spit

Toadish : (a) غوک مانند؛ زشت؛ کاسہ لیس ۔

Toadishness : (n) کاسہ لیسی ۔

Toadless : (a) بغیر خوشامد کے ۔

Toadlet : (n) چھوٹا بھدا مینڈک ۔

Toadling : (n) دیکھو Toadlet

Toado : (n) [Toad + - O.] دیکھو Globefish

Toad's cheese : (n) (بول چال) زہریلا کُکُرمتّا ۔

Toad's mouth : (n) گل میمون؛ ایک قسم کا پھول جس کی شکل تھیلے کی سی ہوتی ہے ۔

Toadstone : (n) [L. 'batrachites'.] غوک پتھر؛ ٹوڈ پتھر؛ ایک طرح کا پتھر جس کی بعض اقسام قیمتی ہوتی ہیں ۔

Toadstone : (n) [G. 'todtesgestein.'] دیکھو Paddock stone؛ غوک پتّھر؛ پتھر یا پتھر سی کوئی چیز جو مینڈک جیسی ہو ۔

Toadstool : (n) زہریلا ککرمتا؛ زہریلی کھمبی؛ فطری نبات ۔

Toady : (n) چاپلوس؛ متملق؛ کاسہ لیس؛ ذلیل خوشامدی ۔

Toady : (v) خوشامد کرنا؛ چاپلوسی کرنا؛ متملق ہونا ؛ کاسہ لیسی کرنا؛ ذلیل طریقے سے خوشامد کرنا۔

Toadyish : (a) خوشامدانہ؛ خوشامدی۔

Toadyism : (n) ذلیل خوشامد؛ کاسہ لیسی؛ چاپلوسی ؛ تملق۔

Toarcian : (n) [f. L. 'Toarcium'.] (ارضیات) زمین کی پرتوں کے سلسلے سے متعلق۔

Toast : (n) [OFr. 'toster'.] (۱) توس؛ ڈبل روٹی کا سینکا ہوا ٹکڑا۔(۲) توس کا ٹکڑا شراب میں ڈوبا ہوا۔

As warm as a toast : گرما گرم۔

On toast : توس پر رکھ کر کوئی چیز پیش کرنا۔

To have (a person) on toast : اپنی گرفت میں رکھنا؛ کسی شخص کو اپنے پنجے میں رکھنا؛ بس میں رکھنا۔

Scrambled egg etc. on toast : انڈے کا خاگینہ وغیرہ توس پر رکھا ہوا۔

Toast : (n) [A fig. application of prec.] (۱) وہ خوبصورت عورت جس کی ہر جگہ مانگ ہو یعنی ہر دعوت میں اسے بلایا جائے ۔ (۲) وہ شخص خصوصاً عورت جس کا جام صحت پیا جائے؛ وہ چیز جس کی سلامتی کا جام پیا جائے۔

Toast : (v) [OFr. 'toster.] (۱) اپنے آپ کو ٹھیک سے گرم کرنا؛ آگ میں تاپنا ؛ (ہاتھ پاؤں وغیرہ) سینکنا ۔ (۲) توس بنانا یا بننا؛ سینکنا (روٹی، پنیر، گوشت وغیرہ کا)۔

Toast : (v) (۱) کسی شخص کا جام صحت پینا ؛ کسی شخص کو جام صحت کےلئے دعوت دینا ۔(۲) کوئی چیز یا کسی شخص کے اعزاز میں شراب پینا۔

Toast-master : (n) وہ شخص جو سرکاری دعوتوں میں جام صحت تجویز کرتا ہے۔

Toast-rack : (n) توس گیر، جس کھانے کی میز پر توس رکھے جاتے ہیں۔

Toast-water : (n) توس کا پانی؛ جس میں توس پڑا رہا ہو، ٹھنڈک کےلئے پیا جاتا ہے۔

Toaster : (n) (۱) توس بنانے والا؛ وہ شخص جو آگ پر کوئی چیز سینکتا ہے ۔(۲) توس سینکنے کا آلہ ۔ (۳) (مزاحاً) نیمچہ ؛ کٹاری ؛ ہلکی تلوار ۔ (٤) ایک قسم کی پنیر ، روٹی جو اچھی طرح سینکی گئی ہو۔

Toasting : (n) (۱) توس سینکنا ۔(۲) سینکنا یا سنکنا؛ جام صحت پینا یا پیا جانا۔

Toasting-fork : (n) (۱) توس سینکنے کا کانٹا ۔(۲) (مجازاً) کٹاری؛ تلوار۔

Toasty : (a) توس بنایا ہوا؛ بھونا ہوا۔

Toat : (n) (نجاری) دستہ، رندہ۔

Tobacco : (n) [Altered from Sp. 'tabaco'.] (۱) تمباکو کا پودا؛ تمباکو ۔ (۲) بنی ہوئی تمباکو کی پتیاں جس سے سگریٹ وغیرہ بناتے یا پائپ میں پیتے ہیں۔

Indian Tobacco : (۱) شمالی امریکا کا ایک پودا جو دوا کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔ (۲) ہندوستانی بھنگ؛ حشیش۔

Mountain tobacco : ایک قسم کاپودا (Arnica mountana)۔

Wild Tobacco : شمالی امریکا کا ایک پودا جس سے دوا بناتے ہیں۔

Tobacco-box : (n) (۱) تمباکو دان؛ تمباکو رکھنے کا ڈبّا ۔ (۲) شمالی امریکا کی ایک مچھلی ۔ (۳) بعض قسم کی مچھلی (Sunfish, skate وغیرہ)۔

Tobacco-cutter : (n) (۱) تمباکو تراش، جس سے تمباکو کے ریشے الگ الگ کرتے ہیں ۔ (۲) تمباکو کاٹنے والا آدمی۔

Tobacco heart : (n) (مرضیات) تمباکو کے زیادہ استعمال سے اختلاجِ قلب کی بیماری۔

Tobacco mosaic virus : (n) تمباکو کے پودوں کی ایک متعدی بیماری۔

Tobacco-pipe : (n) (۱) تمباکو پائپ؛ (تمباکو نوشی کا) پائپ ۔(۲) (امریکا) ایک قسم کا پودا۔

King's (Queen's) tobacco-pipe : دیکھو Pipe

Tobacco-pipe clay : (n) دیکھو Pipe clay

Tobacco-plant : (n) (۱) تمباکو کا پودا ۔ (۲) نیکوٹیانا (Nicotiana) جنس کا پودا ۔

Tobacco-pouch : (n) تمباکو کی تھیلی یا بٹوا؛ کھینی کا بٹوا ۔

Tobacco-stopper : (n) پائپ میں تمباکو بھرکر دبانے کا آلہ ۔

Tobacco-worm : (n) کرم تمباکو؛ تمباکو کا کیڑا ۔

Tobacconist : (n) تمباکو فروش؛ تمباکو بنانے والا ۔

Tobe : (n) [Arab.] ایک قسم کا سوتی کپڑا ۔

Tobin's tube : (n) ایک قسم کا روشن دان ۔

Toboggan : (n) [Adaptation of a Canadian Indian name of a sleigh or sledge.] (۱) برف پر چلنے کی بے پہیے کی برف گاڑی؛ برف گاڑی ۔ (۲) برف گاڑی میں پھسلنے کا کھیل ۔

Toboggan : (v) برف گاڑی میں چلنا یا پھسلنا؛ برف گاڑی سے پہاڑی پر سے پھسلنا ۔

Toboggan-shoot/-slide : (n) ڈھلان، جس پہ برف گاڑی پر بیٹھ کر پھسلتے ہیں ۔

Tobogganer : (n) برف گاڑی میں چلنے والا؛ برف گاڑی سے پھسلنے والا ۔

Tobogganing : (a) برف گاڑی میں پھسلنا ۔

Tobogganist : (n) دیکھو Tobogganer

Toby : (n) [Familiar form of Christian name 'Tobias'.] (۱) سرین؛ چوتڑ ۔ (۲) جگ (خصوصاً ایک بوڑھے کی شکل کا جس کے سر پر تکونی ٹوپی رکھی ہو)؛ اسے Toby fillpot بھی کہتے ہیں ۔ (۳) (نصف انیسویں صدی کا) تربیت یافتہ کتا ۔

Toby collar/-frill : (n) چوڑا، مڑا ہوا خیارہ دار کالر، جھالر ۔

Toc H : (n) [Signaller's name for T+H, denoting Taibo House] (سنہء ۱۸-۱۹۱٤ کے درمیان) ایک انجمن جو جنگ عظیم کے زمانے میں اس غرض سے قائم ہوئی تھی کہ اس وقت کے دوستانہ تعلقات آئندہ برقرار رکھے جائیں ۔

Toccata : (n) [It. f.'toccare'.] (موسیقی) مشق نغمہ؛ ایک طرح کا نغمہ جو پیانو؛ آرگن باجے وغیرہ کی مشق کے لئے مرتب کیا گیا تھا ۔

Toccatella/Toccatina : (n) چھوٹا سا مشقی نغمہ ۔

Tocher : (n) [OGael. 'tochar'.] نا چیز؛ حقیر شے ۔

Toco : (n) [Native name in 'Guiana'.] (طیوریات) امریکا کے گرم سیر خطے کا ایک پرند جس کی چونچ بہت بڑی ہوتی ہے ۔

Toco/Toko : (n) [Origin obsc.] (۱) تادیب؛ عذاب؛ عقوبت؛ گوشمالی؛ سرزنش؛ سزا؛ تنبیہ ۔ (۲) تکلیف ۔

Toco - : [Comb. form of Gr. toko ...] سابقہ بمعنی "وضع حمل" "دایہ گیری" ۔

Tocologist : (n) ماہر قبالت؛ دایہ گیری میں ماہر؛ بچّا جنوانے کا ماہر؛ ماہر زچگی ۔

Tocology : (n) قبالت؛ فن قبالت؛ دایہ گیری؛ بچّا جنوانے کا علم؛ زچگی کا علم ۔

Tocopherol : (n) (۱) (طب) ولادت آور ۔ (۲) وٹامن ای (Vitamin E) ۔

Tocostome : (n) (حیوانیات) افزائشی دہن ۔

Tosin : (n) [OFr. 'toquassen'.] (۱) خطرے کی نشانی؛ خطرے کی اطلاع ۔ (۲) آژمیر؛ اخطاری گھنٹی؛ خطرے کی گھنٹی ۔

Tod : (n) [Origin unkn.] (۱) لومڑی؛ روباہ ۔ (۲) (مجازاً) حیلہ گر آدمی؛ مکّار؛ فریبی ۔

Tod : (n) [EFris. 'todde'.] (۱) ایک وزن (۲۸ پونڈ کا) ؛ تولنے کا پیمانہ (خصوصاً اون وغیرہ کے لئے) ۔ (۲) بوجھ؛ کھیپ کا مقرر وزن ۔ (۳) جھاڑی؛ گھنے پتوں کا مجموعہ ۔

Tod-lowrie : (n) (۱) (حیوانیات) شہ روباہ؛ لومڑی ۔ (۲) (مجازاً) مکّار؛ حیلہ گر آدمی ۔

Today : (adv.) (۱) آج؛ آج کل میں؛ اس نئی روشنی کے زمانے میں ۔ (۲) موجودہ زمانے میں؛ موجودہ دور میں؛ ان دنوں؛ اس زمانے میں ۔

Today : (n) (۱) آج؛ آج کا دن؛ امروز ۔ (۲) موجودہ دور ؛ آج کل ۔

Toddle : (n) [f. next.] (۱) بچوں کی سی ڈگمگاتی چال ۔ (۲) چہل قدمی ؛ ہَوا خوری ؛ سیر گشت ۔ (۳) (بول چال) ڈگمگاتا ہوا لڑکا؛ بچہ ۔

Toddle : (v) [Origin unkn.] (۱) بچے کا یا بچے کی طرح ڈگمگا کر چلنا ۔ (۲) (کسی مقام تک) ٹہلتے ہوئے جانا؛ چہل قدمی کرنا؛ ہوا خوری کرنا ۔ (۳) سیر گشت کرنا؛ ادھر ادھر پھرنا ۔

Toddler : (n) ڈگمگا کر چلنے والا، خصوصاً بچہ جو پاؤں چلنا سیکھ رہا ہو ۔

Toddle round : (v) چکر لگانا ۔

Toddle-top : (n) (میکانیات) چکنی ۔

Toddy : (n) [Hindi. 'tari'.] (۱) تاڑی؛ تاڑ کا منشی عرق ۔ (۲) ایک مشروب جو شراب میں پانی اور شکر ملا کر بناتے ہیں ۔

Toddy-bird : (n) پرندوں کی ایک قسم ۔

Toddy-cat : (n) دیکھو Palm-cat

Toddy-palm : (n) کھجور کا درخت؛ نخل ۔

Todo/To-do : (n) ہیاہو ؛ شور و غل؛ آشوب؛ ازدحام؛ ہنگامہ؛ اضطراب ۔

Tody : (n) [L. 'todus'.] Todus جنس کی چڑیا؛ امریکا کا ایک پرند (رام چڑیا کی قسم کا) ؛ رام چڑیا؛ سبز چڑیا ۔

Toe : (n) [OE. 'ta'.] (۱) انگشت پا؛ پاؤں کی انگلی ۔ (۲) ناخن حیوان ؛ جانور یا چڑیا کا پنجہ ۔ (۳) (گھوڑے کے) کُھر کا اگلا حصہ ۔ (٤) جوتے یا جراب کا پنجہ ۔ (٥) لوہے کا ٹکڑا جو نعل کے آگے ٹھوک دیا جاتا ہے ؛ پنجہء نعل ۔ (٦) (تعمیرات) پشتے کی بیٹھک ۔ (۷) گولف کے ڈنڈے کا چوڑا سرا جو آگے نکلا ہوتا ہے؛ پنا ۔ (۸) (میکانیات) پایہء شہتیر ؛ لوہے کے ڈنڈے یا شہتیر کا پایہ ۔ (۹) (انجینیرنگ) زیر گوشہ ۔ (۱۰) اس گھومنے والے ڈنڈے کا بازو جو دُخانی انجن کے کھل مندن کو اٹھاتا رہتا ہے ۔

Ball of toe : پیر کی انگلیوں کے نیچے پاؤں کی گدی پر گوشت کا حصہ ۔

Big toe/Great- : شست پا؛ پاؤں کا انگوٹھا ۔

From top to toe : سر سے پاؤں تک ؛ سر تا پا؛ بالکل ؛ سراسر ۔

Heel and toe walking : پورا پیر زمین پر رکھتے ہوئے چلنا ۔

Little toe : پاؤں کی سب سے چھوٹی انگلی ۔

To be on one's toes : مستعد رہنا؛ تیار رہنا ۔

The light fantastic toe : (مزاحاً) ناچ؛ رقص ۔

To kiss the pope's toe : پوپ کے داہنے پاؤں کے سنہرے سینڈل کو چومنا؛ پوپ کی عزت کرنا ۔

To step or tread on the toes of : جذبات کو ٹھیس لگانا ؛ تنگ کرنا؛ دق کرنا؛ پریشان کرنا ۔

To turn one's toes up : مرنا؛ مرجانا؛ جان دینا ۔

Toe : (v) (۱) (جوتے، جراب وغیرہ میں) پنجہ لگانا ؛ پنجے کی مرمت کرنا ۔ (۲) (اسکول کے بچوں کی بول چال میں) ٹھوکر مارنا ۔ (۳) دوڑ شروع کرتے وقت (لکیر وغیرہ کو) پاؤں کی انگلی سے چھونا ۔ (٤) (گولف) گیند کو ڈنڈے کے پنے سے مارنا ۔ (٥) پنجے سے ٹھوکر مارنا ۔ (٦) رقص کرنا؛ پاؤں بٹھا کر رقص کرنا ۔ (۷) نعل سے جوڑنا؛ مضبوط کرنا؛ مستحکم کرنا ۔

To toe a or the line, mark, scratch, crack : پاؤں پر کھڑے ہونا ؛ ایک لائن پر کھڑے ہونا؛ (مجازاً) مجبوراً اپنی پارٹی کے اصولوں پر عمل کرنا؛ چاروناچار پارٹی کا ساتھ دینا؛ اپنے آپ کو مقابلے کے لئے تیار رکھنا ۔

Toe-ball : (n) پاؤں کی انگلی کے نیچے گوشت کی موٹی تہ ۔

Toe-cap : (n) بوٹ یا شو کا پنجہ جو الگ بنا کر لگایا جاتا ہے ۔

Toe-clip : (n) (۱) سائیکل کے پیڈل کے اوپر لگا ہوا چمڑا جس پر پاؤں کی انگلیاں رکھی جاتی ہیں تاکہ پاؤں پھسل نہ سکے ۔ (۲) نعل کا مڑا ہوا سرا (جوتے کو اصل حالت میں رکھنے کے لئے) ۔

Toe-crack : (n) گھوڑے کے سُم کا شگاف ۔

Toe-dancer : (n) پاؤں کی انگلیوں کے سرے پر ناچنے والا ؛ پنجے پر رقص کرنے والا ۔

Toe-drop : (n) پاؤں کی انگلیوں کا رہ جانا، فالج کے اثر سے۔

Toe-hardy : (n) ٹھنڈے لوہے کے کاٹنے چھانٹنے کے لئے فولادی چھینی۔

Toe-hold : (n) (کُشتی) وہ داؤں جس میں کُشتی لڑنے والا اپنے حریف کے پاؤں کو بَجھا کر گرادیتا ہے۔

Toe in : (v) چلنے میں پاؤں کی انگلیاں اندر سمیٹنا۔

Toe-nail : (n) (۱) پاؤں کی انگلیوں کے ناخن۔(۲) میخ جو لکڑی کے سرے پر ترچھی ٹھونکی جاتی ہے۔

Toe-nail : (v) میخ سے مضبوط کرنا۔

Toe-step : (n) (میکانیات) وہ خانہ جس میں دُھرے کا سِرا رہتا ہے؛ دھرے کے سرے کا خانہ۔

Toed : (a) (۱) پنجہ دار؛ انگشت پا والا؛ انگلیوں کا؛ پنجے کا۔(۲) اٹکاؤ کا۔(۳) (نجاری) کانٹی سے جوڑا ہوا۔

Toeless : (a) بے انگلیوں کا؛ بے پنجے کا۔

Toff : (n) [Perh. perversion of TUFT.] (۱) (عام) بڑا آدمی؛ ٹھاٹھ کا آدمی؛ عمدہ لباس پہننے والا شخص؛ معزز آدمی؛ امراء کے طبقے کا شخص۔ (۲) چھیلا۔(۳) وہ شخص جو شریف بنا ہوا ہو۔

Toffee/Toffy : (n) [alt. of Taffy.] ٹافی؛ ایک قسم کی مٹھائی۔

Can't shoot for toffee : اسے گولی چلانا نہیں آتا۔

Not for toffee : (عامیانہ محاورہ) کسی صورت حال میں نہیں۔

Not to be able to do a thing for toffee : (عام) نا اہل ہونا؛ نالائق ہونا۔

Toffee-apple : (n) لکڑی میں لگی ہوئی ٹافی جس میں سیب کا ذائقہ ہوتا ہے۔

Toffee-nose : (n) (عام) اپنے آپ کو بڑا سمجھنے والا؛ وہ شخص جسے اپنی شرافت اور حیثیت پر گھمنڈ ہو؛ امارت پرست شخص۔

Toffee-nosed : (a) امارت پرست؛ گھمنڈی (دولت و شرافت پر)۔

Toffish : (a) چھیلا مانند؛ زیبا۔

Toft : (n) [late OE. 'topt'.] (۱) (قانون) مکان مع متعلقات؛ حویلی۔(۲) وہ زمین جس پر پہلے کوئی حویلی رہی ہو۔ (۳) مزرع؛ کھیت۔ (٤) (ارضیات) ٹیلا؛ بلند زمین؛ چھوٹی پہاڑی۔

Toftman : (n) حویلی کا مالک؛ (تاریخ) حویلی کا مکین۔

Tog : (n) [app. a shortening of Togeman(s, Togman.] (۱) (عام بول چال) کوٹ؛ کوئی اوپری لباس۔(۲) (جمع) لباس؛ کپڑے؛ پوشاک۔

Long togs : (جہازیوں کی اصطلاح)خشکی پر پہننے کے کپڑے۔

Tog : (v) [from prec.] (اکثر up کے ساتھ) کپڑے پہننا؛ لباس بدلنا۔

Toga : (n) [L.] چوغہ؛ قدیم روم کا لباس جو روم میں شہرت یا دیوانی عہدے کا نشان سمجھا جاتا تھا؛ لڑکے چودہ برس کی عمر کے بعد پہن سکتے تھے، اس لئے بلوغ کا نشان بھی تھا؛ لبادہ؛ فرغل؛ ردا۔

Togaed/Toga'd : (a) ردا پوش؛ فرغل پہنے ہوئے؛ چوغہ پوش۔

Togate : (a) [L. 'togatus'.] دیکھو Togaed

Togated : (a) [f. as prec. +ED.] (۱) چوغہ پہنے ہوئے؛ فرغل پوش۔ (۲) (مجازاً) پُرامن؛ باوقار؛ باشکوہ؛ مہذّب۔ (۳) (الفاظ) بلند؛ پُرشوکت؛ پُر تکلف (زبان)؛ شاندار۔

Togavirilis : (n) بالغ مردوں کا چوغہ۔

Together : (adv.) [OE. 'togadore'.] (۱) اکٹھے؛ ساتھ ساتھ؛ مل کر؛ باہم دگر؛ ایک دوسرے کے ساتھ۔ (۲) ایک ہی وقت میں؛ ایک ساتھ؛ ایک دفعہ؛ ایک ہی جگہ میں؛ ساتھ ہی ساتھ۔ (۳) مسلسل؛ لگاتار؛ بغیر وقفے کے۔(٤) ملا کر؛ متحد ہوکر؛ اتحاد کے ساتھ۔ (٥) ایک ہی اجتماع میں۔ (٦) آپس میں؛ باہمی طور پر؛ دونوں طرف سے؛ ایک دوسرے سے؛ دونوں طرف کے۔

Compared together : جب ایک دوسرے کا مقابلہ کیا جائے۔

Get together : جمع کرنا؛ اکٹھا کرنا؛ جمع ہونا؛ اکٹھا ہونا۔

Hang together : (۱) مربوط ہونا۔(۲) ساتھ رہنا؛ مل جل کر رہنا۔

Together : (a) (بول چال) اچھی طرح منظم؛ مطمئن؛ منضبط ۔

Together with : (adv.) (۱) ایک ساتھ؛ مع؛ اور اس کے ساتھ؛ اضافہ کے ساتھ ۔ (۲) باتفاق؛ بہ ہمراہ؛ ساتھ ساتھ ۔ (۳) ایک ہی وقت میں ۔

Togetherness : (n) ایک دوسرے کے ساتھ تعلق؛ باہمی اتصال؛ اتفاق؛ قربت ۔

Togger : (n) (۱) کشتیوں کی دوڑ جو آکسفورڈ کے کالجوں کے دوسرے نمبر کے کھویوں میں ایسٹر سے پہلے تعطیل کے زمانے میں ہوتی ہے ۔ (۲) کشتی جو اس دوڑ میں شامل ہو ۔

Toggery : (n) (۱) (عام بول چال) لباس؛ پوشاک؛ کپڑے ۔ (۲) (جمع) پیشہ وری لباس؛ سرکاری لباس ۔ (۳) گھوڑے کا ساز ، خصوصاً آرائشی سازو سامان ۔

Long toggery : دیکھو Long togs

Toggle : (n) [Origin nautical ; closely related to Taggle(v). and Tangel.] (۱) (بحری) میخ جو رسی کے پھندے میں لگا کر ایک جگہ جڑ دیتے ہیں ۔ (۲) دو ٹنڈیاں یا تیاں جو قبضے کے ذریعہ جڑی ہوئی ہوتی ہیں اور کسی چیز پر زاویہ قائمہ سے زور لگانے میں کام آتی ہیں ۔ (۳) کہنی جوڑ ۔ (٤) کوتاہ حلقہ والا طناب ۔

Toggle : (v) Toggle سے کسنا؛ اس سے مضبوط کرنا ۔

Toggle-bolt : (n) پن والی چٹخنی ۔

Toggle-harpoon/-iron : (n) وہیل کے شکار کا کانٹا (ہارپون) جس میں آنکڑوں کی جگہ متحرک پھل لگا ہوتا ہے ۔

Toggle-joint : (n) (میکانیات) کہنی جوڑ ۔

Togue : (n) [Adaptation of Indian name.] شمالی امریکا کی ٹراؤٹ مچھلی کی ایک قسم ۔

Tohu-bohu : (n) [Heb. 'thohu wa-bhohu'.] گڈمڈ؛ افراتفری؛ ابتری؛ درہم برہم؛ بےنظمی؛ اغتشاش؛ اختلال ۔

Tohunga : (n) [Maori] (۱) کاہن؛ کشیش ۔ (۲) دانشمند؛ حکیم؛ طبیب؛ ڈاکٹر ۔

Toil : (n) [OFr. 'tooil'.] (۱) محنت؛ مشقت؛ رنج؛ الم ۔ (۲) محنت کا کام؛ سخت کام ۔ (۳) پیکار؛ جنگ؛ مجادلہ؛ ستیز ۔ (٤) زحمت کش؛ طبقہ کارگر؛ کام کرنے والوں کی جماعت ۔

Toil : (n) [OFr. 'teile'.] (۱) (اب صرف جمع میں) پھندا؛ جال (لغوی اور مجازی معنوں میں) ۔ (۲) (مجازاً) سیاق عبارت؛ سیاق و سباق؛ اوپر نیچے کی عبارت ۔

Toil : (v) [AFr. 'toiler'.] (۱) سخت محنت کرنا؛ مشقت کرنا؛ زحمت اٹھانا ۔ (۲) بڑی مشکل سے قدم اٹھانا؛ گھسیٹ کر چلنا ۔ (۳) (مجازاً) ذہنی طور پر جدوجہد کرنا؛ دماغی محنت کرنا ۔ (٤) سدھار کرنا؛ اپنی حالت میں لانا؛ (محنت سے) حاصل کرنا؛ بہم پہنچانا ۔ (٥) اکتا دینا؛ ناک میں دم کر دینا؛ بیزار کر دینا؛ تھکانا؛ چور کر دینا ۔

To toil at work/-on-/-through- : کام نہایت محنت سے انجام دینا ۔

Toil : (v) (۱) جال میں پھنسانا؛ پھندے میں پھانسنا ؛ جال میں کھینچنا (ایک کھیل) ۔ (۲) (مجازاً) دشواری میں ڈالنا؛ الجھانا ۔ (۳) جال لگانا؛ پھندا لگانا ۔

Toil out : (v) سخت محنت سے تھک جانا ۔

Toil-worn : (a) خستہ؛ تھکا ماندہ ۔

Toile : (n) [L. 'tila'.] باریک قسم کا مومی کپڑا؛ ریشم اور لِنن ملا ہوا کپڑا ۔

Toile colbert : (n) کشیدہ کاڑھنے کی جالی ۔

Toile d'Alsace/- de vichy : (n) لِنن کے کپڑے کی قسمیں، عورتوں کی پوشاک کے لئے ۔

Toiler : (n) سخت کام کرنے والا؛ محنت کا کام کرنے والا ؛ زحمت کش؛ نہایت محنتی شخص ۔

Toilet : (n) [Fr. 'toilette'.] (۱) (امریکا) بیت الخلا؛ جائے ضرورت؛ پاخانہ؛ کمرہ جس میں منہ ہاتھ دھونے کا انتظام ہو ۔ (۲) آرائشی میز کے لئے میز پوش ۔ (۳) آرائشی سامان؛ کپڑے بدلنے میں استعمال ہونے والا سامان؛ سنگار میز کا فرنیچر ۔ (٤) کپڑے بدلنا؛ کپڑے بدلنے کا عمل؛ بال بنانا؛ سنوارنا؛ سنگار کرنے کا عمل ۔ (٥) لباس؛ پوشاک؛ لباس کی وضع؛ سج دھج؛ آرائش؛ سنگار ۔ (٦) سنگارمیز ۔ (۷) (طب) عملِ جراحی کے بعد کسی عضو کی سشت و شو؛ (جراحی) زخم پٹی ۔ (۸) کسی عورت کے

ذریعہ مہمانوں کا استقبال ۔ (۹) طرز آرائش؛ آرائش کا طور طریقہ؛ وضع قطع ۔ (۱۰) گلی کی صفائی ۔ (۱۱) تعمیل کے لئے تیاری؛ بجا آوری کے لئے تیاری ۔

Toilet-articles : (n) لوازم آرائش؛ لوازم سنگار ۔

Toilet-case : (n) سنگار دان ۔

Toilet-cloth/-cover : (n) سنگار میز کی پوشش؛ سنگار میز پوش ۔

Toilet-glass : (n) سنگار آئینہ؛ آرائشی آئینہ ۔

Toilet-mirror : (n) سنگار آئینہ؛ سنگار شیشہ ۔

Toilet-powder : (n) سنگار پاؤڈر؛ آرائشی پاؤڈر ۔

Toilet-paper : (n) ٹائیلٹ پیپر؛ جائے ضرورت کے لئے کاغذ ۔

Toilet-roll : (n) لپٹا ہوا کاغذ مستراح ۔

Toilet-room : (n) (۱) (امریکا) مستراح؛ بیت الخلاء ۔ (۲) سنگار کا کمرہ؛ کپڑا بدلنے کا کمرہ ۔

Toilet-set : (n) سنگار کا سامان ۔

Toilet-soap : (n) ہاتھ منہ دھونے، نہانے کا صابن ۔

Toilet-table : (n) سنگار میز؛ آرائشی میز ۔

Toilet-training : (n) بچوں کو پیشاب پاخانے کی تربیت ۔

Toilet-vinegar : (n) خوشبودار سرکہ جسے منہ دھونے کے پانی میں ملاتے ہیں ۔

Toileted : (a) مزین؛ آراستہ کیا ہوا؛ سنوارا ہوا ۔

Toilful : (a) صعب؛ کٹھن؛ پُرمشقت؛ زحمت کش؛ دشوار ؛ رنج آور؛ پُر زحمت ۔

Toilfully : (adv.) (۱) سخت محنت سے ۔ (۲) صعوبت کے ساتھ ۔

Toilinet/-ette/lenette : (n) [Fr. 'toile' after satinet,ette.] اونی کپڑے کی ایک قسم ؛ ٹالی نیٹ ؛ ایک کپڑا جو اون، ریشم اور سوت کو ملا کر بنایا جاتا ہے ۔

Toilless : (v) بے زحمت؛ بے درد سر ؛ بے صعوبت ؛ سہل ؛ بے مشقت ۔

Toilsome : (a) صعب ؛ کٹھن؛ پُرمشقت ؛ پُرزحمت ؛ زحمت کش ؛ محنتی؛ تھکا دینے والا ۔

Toilsomely : (adv.) صعوبت کے ساتھ ؛ سخت محنت کے طور طور پر ۔

Toilsomeness : (n) صعوبت؛ کٹھن ہونا؛ پُر مشقت ہونا؛ زحمت کشی ۔

Toise : (n) [OFr. 'toise'.] (۱) چھ فرانسیسی فٹ کی ایک پیمائش (خصوصاً فوجی استعمال میں) ۔ (۲) $6\frac{2}{5}$ فٹ ۔

Toison d'or : (n) [Fr.] دیکھو The golden fleece

Tokay : (n) ٹوکے (ہنگری کے ایک قصبے کا نام)؛ ایک خوشبودار اور مسالادار شراب جو ٹوکے (ہنگری) میں بنتی ہے ۔

Tokay : (n) [Malay 'toke'.] برما ، سیام کی ایک قسم کی چھپکلی ۔

Tokay grape : (n) ایک قسم کا انگور ۔

Token : (n) [OE. 'tacen'.] (۱) نشانی؛ علامت؛ نشان؛ علامت رمزی ؛ کلمۂ رمزی ؛ علامت شناسی ۔ (۲) دوستی کی نشانی؛ یادگار؛ کوئی تحفہ جو یادگار کے طور پر دیا جائے ۔ (۳) چھلا ، انگوٹھی، سکّہ وغیرہ جو ثبوت یا تصدیق کے طور پر دیا جائے ۔ (٤) (بائبل) مقررہ یا موعودہ نشانی ۔ (٥) (تاریخ) علامتی سکّہ، جو تاجرحکومت کی منظوری کے بغیر چلاتے تھے ۔ (٦) شہادت؛ گواہی؛ تصدیق واقعہ ؛ تصدیق بیان ۔ (۷) (طباعت) مطبع کے کام کی مقدار ۔ (۸) (بینک) ٹوکن ۔ (۹) واؤچر یا ثبوت جسے سامان کے لئے تبدیل کیا جاسکے ۔

By the same token/By this (or that) token : (۱) (پندرھویں صدی میں) ایک ہی طریقے سے؛ ایک ہی وجہ سے ۔ (۲) (سولھویں صدی سے) اپنے قول کے ثبوت میں ۔

More by token : ابھی تک زیادہ ۔

Token coin/-coinage/-currency : (n) (۱) (معاشیات) علامتی زر ؛ اصل قیمت سے زیادہ پر چلنے والا سکہ ۔ (۲) دیکھو Token money ۔

Token demand : (n) (معاشیات) علامتی مطالبہ ۔

Token-money : (n) (۱) (معاشیات) علامتی زر؛ جو اصل قیمت سے بہت زیادہ پر چلتا ہے اور زر مستند سے بدلا جا سکتا ہے؛ اصلی قیمت سے زیادہ پر چلنے والا سکہ ۔ (۲) پرائیویٹ ٹوکن جو تاجر یا کمپنی دیتی ہے تاکہ تاجر اور خریدار کے درمیان تبادلہ ہو سکے ۔

Token-payment : (n) علامتی ادائی؛ غیر ملکی قرضے میں سے برائے نام رقم کی ادائی یہ ظاہر کرنے کو کہ قرضہ تسلیم ہے ۔

Token-sheet : (n) (طباعت) ہر ٹوکن کی آخری شیٹ ۔

Token-vote : (n) (پارلیمنٹ) علامتی ووٹ، کسی رقم کی منظوری کا جس سے مراد یہ ہوتی ہے کہ رقم اصولاً منظور ہے اور اس کی مقدار حسب ضرورت بڑھائی جاسکتی ہے ۔

Tokened : (a) علامت رمزی والا ؛ نشان دیا ہوا ۔

Tokenhouse yard : (n) اراضی کی نیلام گاہ ۔

Tokenism : (n) خفیف رعایت دینے کا عمل؛ معمولی چھوٹ ۔

Tokenless : (a) بے علامت؛ بلانشانی ۔

Toko : دیکھو Toco

Tokology : (n) (طب) فن قبالت؛ دائی گیری ۔

Tol der rol : (n) ٹیپ کی آواز ۔

Tol-lol : (a)[f. the first syllable of Tolerab.] (عام)قابل برداشت؛ قابل گزر؛ قابل عبور؛ متوسط؛ میانہ؛ خاصا ۔

Tola : (n) [Hindi 'tola'.] (۱) (ہندوستان میں) تولا؛ ۱۸۰گرین وزن کے برابر ۔(۲) اس وزن کا ایک سکہ ۔

Tolbooth/Toll-booth : (n) (۱) قصبے کا جیل خانہ ۔(۲) ٹاؤن ہال؛ شہر کا وہ ہال جہاں سرکاری ضیافتیں اور بلدیہ کے جلسے ہوتے ہیں ۔

Toledo : (n) (جغرافیہ) طیطلہ (اسپین میں ایک شہر کا نام) ؛ عمدہ قسم کی تلوار یا تلوار کا پھل جو ٹولیڈو (طیطلہ) ہسپانیہ میں بنتا ہے ۔

Tolerability : (n) اچھا خاصا ہونا؛ اوسط درجے کا ہونا ؛ قابل برداشت ہونا ۔

Tolerable : (a) [L. 'tolerabilis'.] (۱) قابل برداشت؛ جو سہا جاسکے ؛ قابل تحمل ۔ (۲) میانہ ؛ متوسط ۔ (۳) اچھا خاصا؛ خاصا؛ اوسط درجے کا ۔

Tolerable : (adv.) خاصا؛ متوسط طور پر؛ بطور قابل تحمل؛ تحمل کے ساتھ ۔

Tolerableness : (n) اچھا خاصا ہونا؛ اوسط درجے کا ہونا ؛ قابل برداشت ہونا ۔

Tolerably : (adv.) خاصا؛ متوسط کے طور پر؛ بطور قابل تحمل ؛ تحمل کے ساتھ ۔

Tolerance : (n) [L. 'tolerantia'.] (۱) تحمل؛ بردباری؛ رواداری؛ برداشت ۔ (۲) (طب) قدرت؛ تحمل دوا یا زہر؛ تاب آوری ۔ (۳) استعداد؛ توانائی ۔ (٤) آزادی؛ آزاد منشی ۔

Tolerant : (a) [L. 'tolerantem'.] (۱) متحمل؛ بردبار؛ شکیبا؛ حساس؛ برداشت کرنے والا ۔(۲) رواداری برتنے والا؛ بے تعصب؛ روادار ۔ (۳) (طب) تاب آور؛ ہیجان میں لانے والی (دوا) ؛ برداشت کرنے والی(دوا)؛ جو دوا کے اثر کو سہہ سکے؛ عادی (تیز دواؤں کا) ۔

Tolerant : (n) (۱) بردبار شخص؛ حساس آدمی؛ رواداری برتنے والا شخص ۔(۲) آزاد منش؛ شخص جس میں تحمل ہو ۔

Tolerantly : (adv.) بردباری سے؛ رواداری سے ۔

Tolerate : (v) [L. 'tolerare'.] (۱) روا رکھنا؛ جائز رکھنا؛ گوارا کرنا؛ برداشت کرنا؛ تحمل کرنا ۔(۲) روا داری برتنا (کسی شخص ، فرقے یا عقیدے سے) ۔ (۳) کسی شخص کی صحبت برداشت کرنا؛ میل جول روا رکھنا یا گوارا کرنا ۔(٤) اٹھانا؛ برداشت کرنا (تکلیف وغیرہ) ۔ (٥) (طب) (دوا وغیرہ کو) سہہ لینا؛ ضرر نہ ہونا ۔

Toleration : (n) [L. 'tolerationem'.] (۱) برداشت؛ تحمل؛ بردباری؛ اغماض؛ مسامحہ؛ درگذر کی عادت ۔ (۲) آزادی؛ آزادگی؛ آزاد منشی ۔ (٤) مذہبی رواداری؛ آزادیٔ عقائد کی حمایت؛ (سیاسیات) مذہبی آزادی ۔(٤) (طب) تاب آوری؛ برداشت ۔

Act of toleration/Toleration act : قانون روا داری جو سنہ ۱٦۸۹ء میں انگلستان میں منظور ہوا اور اس کی رو سے غیر مقلدوں کو بعض شرائط کے ساتھ مذہبی آزادی عطا کی گئی ۔

Tolerationism : (n) اصول یا طریقے کے طور پر مذہبی اختلافات کی رواداری؛ مذہبی روا داری۔

Tolerationist : (n) مذہبی روا داری کا قائل یا حامی؛ عقائد کی آزادی کا حامی۔

Toll : (n) [L. 'telonium'.] (۱) محصول چنگی؛ تہ بازاری؛ محصول سڑک، پُل وغیرہ؛ راہ داری ؛ گزرانہ؛ راہ پٹی ۔(۲) پسائی (کا غلہ) جو پن چکی والا اپنے حق کے طور پر لیتا ہے ۔(۳) کرایہ حمل و نقل (ریلوے وغیرہ)۔

To take toll of : (مجازاً) کوئی چیز جبراً لے لینا؛ کسی چیز کا ایک حصہ وصول کرنا۔

Toll : (n) (گھنٹے یا گھڑی کی) چوٹ؛ بجنے کی آواز ۔

Toll/Tole : (v) [ME. 'tollen'.] لبھانا؛ پھسلانا؛ ورغلانا؛ حرص دلانا؛ سبز باغ دکھانا؛ لالچ دے کر پھانسنا۔

Toll : (v) (۱) گھنٹا بجانا (آہستہ آہستہ تال کے ساتھ)۔ (۲) (گھڑی کا) گھنٹا ، گجر وغیرہ بجنا؛ (گھنٹے کا) تال کے ساتھ بجنا ۔(۳) کسی کی موت وغیرہ کا اعلان کرنا؛ (ماتمی) گجر بجانا؛ ناقوس کے ذریعے خبر دینا۔

Toll : (v) [f. TOLL. (n)] (۱) (شاذ) محصول وصول کرنا؛ محصول ادا کرنا؛ چنگی وصول کرنا۔

Toll : (v) [L. 'tollere'.] (قانون) منسوخ کرنا؛ اٹھا دینا؛ مٹا دینا؛ معدوم کرنا۔

To toll an entry : داخل ہونے کا اختیار چھین لینا؛ کسی علاقے میں داخل ہونے کا اختیار منسوخ کر دینا۔

Toll-bar : (n) چنگی روک؛ زنجیر راہداری۔

Toll-booth : (n) (۱) چنگی کی چوکی؛ چنگی گھر؛ کسٹم ہاؤس ۔(۲) (خصوصا اسکاچستان) ٹاؤن ہال ۔ (۳) (اسکاچستان) جیل؛ قیدخانہ؛ قصبے کا جیل خانہ۔

Toll-bridge : (n) وہ پُل جہاں سے گزرنے کے لئے محصول لیا جاتا ہے۔

Toll-call : (n) (ٹیلیفون) شہر سے باہر ٹیلی فون سے بات کرنا، جس کی در مقامی کال سے زیادہ ہوتی ہے۔

Toll-collector : (n) چنگی وصول کرنے والا؛ ٹیکس محصل۔

Toll-corn : (n) وہ اناج جو پن چکی والا محصول کے طور پر جمع کرتا ہے۔

Toll-dish : (n) دیکھو Multure-dish

Toll-farmer : (n) کسی خاص جگہ پر ٹیکس لگانے والا۔

Toll-free : (a) چنگی معاف؛ محصول معاف؛ بغیر چنگی کا۔

Toll-gate : (n) چنگی کا پھاٹک؛ چنگی روک۔

Toll-house : (n) (۱) چنگی کی چوکی ؛ چنگی گھر ؛ (معاشیات) محصول گھر ؛ راہدار خانہ۔ (۲) چنگی روک کے نزدیک ٹیکس وصول کرنے کا مقام۔

Toll in : (v) گجر بجا کر گرجا میں عبادت کے لئے لوگوں کو بلانا۔

Toll-keeper : (n) راہدار؛ چنگی روک کا محافظ۔

Toll-man : (n) (۱) محصول لینے والا؛ ٹیکس لینے والا۔ (۲) چنگی روک کا نگہبان ۔

Toll-road : (n) (اسکاچستان اور امریکا) سڑک جس پر روک پھاٹک ہو۔

Toll through/-thorough : (n) محصول گزر، جو کوئی قصبہ ، سڑک یا پُل سے گزرنے کا لیتا ہو۔

Toll traverse/-travers : (n) محصول گزر؛ کسی کی ذاتی زمین سے گزرنے کا محصول۔

Toll-turn : (n) میلہ یا بازار سے واپسی پر جانور وغیرہ کے نہ بکنے پر ٹیکس کی ادائیگی۔

Toll way : (n) دیکھو Toll road

Tollable : (a) مستوجب ادائے محصول؛ (شخص یا مال) قابل محصول۔

Tollage : (n) باجِ راہ؛ عوارض راہداری؛ محصول؛ چنگی۔

Toller : (n) چنگی لینے والا؛ ٹیکس وصول کرنے والا ؛ محصل چنگی۔

Toller/Toler : (n) پھسلانے والا؛ پھنسانے والا؛ لالچ دے کر پھانسنے والا۔

Toller : (n) گھنٹی بجانے والا؛ گجر بجانے والا؛ موت کی اطلاع دینے والا (گھنٹی بجا کر)۔

Tolling : (n) (۱) فریب؛ تطمیع ۔(۲) ناقوس بجانا؛ گجر بجانا ۔

Tolly : (n) [alter. of 'tallow'.] شمع؛ موم بتی ۔

Tolly : (n) [native name in southern Africa] ۔ جوان بیل؛ بچھڑا

Tolly : (n) (اسکول کی بول چال) اسکول کی گھنٹی ۔

Tolsel/Tolzey : (n) [ME.] (۱) ادارہ° وصول مالیات ۔ (۲) دیکھو Town hall ۔

Tolstoyan/Tolstoian : (a) [f. proper name Tolstoi + AN.] ٹالسٹائی کا یا اس سے متعلق ۔

Tolstoyan : (n) ٹالسٹائی کا پیرو ۔

Tolt : (n) [med. L. 'tolta'.] (قدیم قانون) کورٹ بیرن-(Court-baron) سے کاؤنٹی کورٹ (County court) میں منتقل کرنے کی رٹ؛ ایک عدالت سے دوسری عدالت میں مقدمہ منتقل کرنے کا حکم ۔

Toltec : (n) ٹالٹک؛ اس نسل کا فرد جس کے متعلق مشہور ہے کہ ازٹیک قوم سے پہلے میکسیکو پر حکمراں تھی ۔

Toltecan : (a) ٹالٹک نسل کا ۔

Tolu : (n) [f. Tolu(now Santiago de tolu)] (کیمیا) بلسم ٹولو؛ ایک رال جو جنوبی امریکا میں ایک درخت سے نکلتی ہے، عطریات و ادویہ میں استعمال ہوتی ہے ۔

Tolu - : سابقہ بمعنی "مربوط بہ ٹولو" ۔

Tolu balsam/Balsam of tolu : (n) بلسم ٹولو ۔

Tolu tree : (n) شجر ٹولو ۔

Toluate : (n) ٹولوٹک ایسڈ کا نمک ۔

Toluene/Toluol : (n) ہائیڈروجن کاربن جو ٹولو اور تارکول سے نکلتے ہیں ($C_7 H_8$)، رنگنے اور بم بنانے میں کام آتے ہیں ۔

Toluic : (a) ٹولو کا یا اس سے متعلق ۔

Toluic acid : (n) ٹولو کا تیزاب ($C_8 H_8 O_2$) ۔

Toluides : (n) ٹولو کا ایک مرکب جس میں Amilides شامل ہوتا ہے ۔

Toluidine : (n) ایک قسم کا کیمیا ۔

Toluoxyl : (n) ٹولوٹک ایسڈ سے نکالا ہوا ایک مادہ ۔

Tolurates : (n) ٹولورک ایسڈ کا نمک ۔

Toluric acid : (n) ٹولورک ایسڈ ($C_{10} H_{11} NO_3$) ۔

Toluyl : (n) کسی مرکب میں وہ جوہر یا عنصر جو تمام کیمیاوی تغیرات کے بعد باقی رہے ($C_8 H_9$) ۔

Toluylene : (n) دیکھو Stilbene

Toluylic : (a) Toluyal کا یا اس سے متعلق ۔

Tolyl : (n) (کیمیا) ٹولو کا ایک مرکب ($C_7 H_7$) ۔

Tolypeutine : (a) [f. mod. L. Tolypeutes + INE.] (حیوانیات) مسلح اونت (Armadillo) کا یا اس سے متعلق ۔

Tolypeutine : (n) (حیوانیات) مسلح اونت کی ایک جنس ۔

Tom : (n) حیوان نر ۔

Tom : (n) Thomas کا مخفف ۔

Blind Tom : آنکھ مچولی؛ ایک قسم کا کھیل ۔

Long Tom : (بحری) لمبی نالی کی توپ، خصوصاً مڑنے والی پہیے دار توپ جو جہاز پر ہوتی ہے ۔

Old Tom : جَو کی تیز شراب ۔

Tom and Jerry : (n) ایگن (Egan) کی کتاب Life in London کے دو مرکزی کردار ۔

Tom and Jerry shop : (n) شراب کی معمولی دکان ۔

Tom-cod : (n) مختلف چھوٹی مچھلیوں کے نام (Rock fish, Jack- fish, Frost fish, King fish) ۔

Tom, Dick and Harry : (n) (۱) عَمرو، بکر، زید؛ غیر معین اشخاص ۔ (۲) معمولی لوگ؛ ایرے غیرے، نتھو خیرے ۔

Tom Farthing : (n) بے وقوف؛ احمق ۔

Tom-fool/Tomfool : (n) (۱) نادان شخص؛ بیوقوف آدمی؛ احمق ۔ (۲) مسخرہ؛ خفیف الحرکات؛ دل لگی باز ۔ (۳) گاؤدی؛ کاٹھ کا الّو ۔

Tom fool : (v) حماقت کی باتیں کرنا؛ لغو حرکتیں کرنا ۔

There is more knows Tom Fool thanTom Fool know : محض مشہور ہو جانے میں کوئی عزت نہیں، شہرت گدھوں کو بھی حاصل ہو جاتی ہے ۔

Tom Long : (n) وہ شخص جو آنے میں زیادہ وقت لگاتا ہے یا کہانی ختم کرنے میں دیر کرتا ہے ۔

Tom-noddy : (n) احمق؛ نادان؛ الّو ؛ کاٹھ کا الو ۔

Tom o'Bedlam : (n) پاگل؛ بد دماغ ۔

Tom Thumb : (n) [In ref. to diminutive stature.] (۱) ایک بالشتیا جس کا ذکر کہانیوں میں آتا ہے ۔ (۲) بونا؛ پست قد آدمی؛ بے اہمیت شخص ۔ (۳) بعض پودوں کی پست قد اقسام ۔

Tom Tiddler's ground : (n) (۱) بچوں کا ایک کھیل ۔ (۲) روپے کا کھیت؛ وہ جگہ جہاں روپے بکھرے پڑے ہوں جو چاہے اٹھالے ۔

Tom Tiler /-Tyler : (n) (۱) معمولی آدمی ۔ (۲) زن مرید ؛ بیوی کا غلام ۔

Tom-tit/Tomtit : (n) (۱) قرقف؛ پھدکی؛ پدڑی؛ چھوٹے پرندوں کی قسم ۔ (۲) بات بنانے والے شخص کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے ۔

Tom-tom : (n) [Hind. 'tam-tam'.] (۱) ڈھول ۔ (۲) گھنٹا؛ گھڑیال ۔ (۳) ڈھول پیٹنے کی آواز ۔

Tom-tom : (v) (۱) ڈھول بجانا؛ گھنٹا بجانا ۔ (۲) ڈھول بجا کر توجہ مبذول کرنا ۔ (۳) پیانو وغیرہ چھیڑنا ۔

TomTower : (n) (آکسفورڈ) کرائسٹ چرچ کا مغربی مینار ۔

Tomahawk : (n) [Renape. 'tamahak.'] ٹومہاک؛ شمالی امریکا کے وحشیوں کا ہتھیار، سینگ، پتھر یا لوہے کے دستے کا تیر ۔

To bury or lay aside the tomahawk : ہتھیار پھینک دینا ؛ جنگ و جدل ختم کر دینا؛ ملاپ کرنا ۔

To digup, raise or take up the tomahawk : لڑائی شروع کرنا؛ جنگ و جدل کا آغاز کرنا ۔

Tomahawk : (v) [f. prec.] (۱) ٹومہاک سے قتل کرنا یا وار کرنا ۔ (۲) بے دردی سے تنقید کرنا؛ تنقید میں قیمہ کر ڈالنا (مضمون وغیرہ کا) ۔

Tomalley : (n) [Said to be a Carib word.] جھینگا مچھلی کی کلیجی جو چٹنی کے طور پر استعمال کرتے ہیں ۔

Toman : (n) [Pers. 'Tuman'.] تومان؛ ایران کا طلائی سکّہ (تقریباً پانچ روپے کے برابر) ۔

Toman : (n) [Gaelie, dim. of tom.] پشتہ؛ خاک ریز؛ پہاڑی ؛ ٹیلا ۔

Tomato : (n) [Fr. 'tomate'.] ٹماٹر ۔

Currant tomato : چھوٹا ٹماٹر ۔

Tree tomato : بڑی قسم کے ٹماٹر کا پودا جو درخت کی طرح سیدھا اگتا ہے ۔

Tomato hawk-moth/-sphinx : (n) ایک قسم کا امریکی پتنگا ۔

Tomato-worm : (n) ایک قسم کی تتلی جو ٹماٹر کے پتے کھاتی ہے ۔

Tomb : (n) [Early ME. 'toumbe'.] (۱) دفن کرنے کی جگہ ؛ قبر ؛ گور ؛ آرام گاہ ابدی ۔ (۲) مردوں کے رکھنے کا تہ خانہ ۔ (۳) مقبرہ ؛ مزار ؛ مرقد ۔ (٤) (مجازاً) موت؛ اجل ۔

Tomb : (v) [f. prec.] (۱) (شاذ) (مجازاً) کسی چیز کے اندر دبا دینا؛ چھپا دینا ۔ (۲) قبر کی طرح چھپا لینا؛ آغوش میں لے لینا ۔ (۳) دفن کرنا؛ گاڑنا (نقش وغیرہ کو)؛ قبر میں رکھنا ۔

Tomb-bat : (n) Taphozous جنس کی چمگادڑ جو غاروں یا مقبروں میں رہتی ہے ۔

Tomb-stone/Tombstone : (n) لوحِ مزار؛ سنگِ قبر ۔

Tombac : (n) [Malay. 'tambaga'.] تمبک؛ تانبے اور جست کا مرکب جس سے سستے زیور بنتے ہیں ۔

Tombhouse : (a) مرقد ؛ مقبرہ ۔

Tombless : (a) بے گور ؛ بے مزار؛ جسے قبر نصیب نہ ہو ۔

Tombola : (n) [It. f. 'tombolare'.] (فرانس اور جنوبی امریکا) تمبولا؛ ایک قسم کی لاٹری۔

Tomboy : (n) ہڑدنگو لڑکی؛ شیطان لڑکی؛ وحشی لڑکی۔

Tomcat : (n) گربہء نر ؛ بلاّ۔

Tome : (n) [L. 'tomus'.] (۱) مجلّد ضخیم کتاب۔ (۲) کتاب کی کئی جلدوں میں سے ایک جلد۔ (۳) (تاریخ) مکتوبِ حواری۔

- tome : یونانی لفظ (Tome) کی ترکیبی صورت جو کاٹنے کے معنی میں آتا ہے: (۱) کٹا ہوا حصہ؛ قطعہ۔ (۲) آلات جراحی کے ناموں کا جز۔

Tomentose : (a) [mod. L. 'tomentosus'.] (۱) (نباتیات) خمکی؛ کرک دار؛ کمل کی طرح کا روئیں دار؛ روئیں دار؛ ملائم۔ (۲) اون کے گچھوں کی طرح؛ کچے ریشم کی طرح؛ پشم دار؛ اون جیسا۔

Tomentous : (a) دیکھو Tomentose

Tomentum : (n) [L.] (۱) خمل؛ کمل کے سے روئیں۔ (۲) خمل دماغ؛ اس طرح کے روئیں جو دماغ کی اندرونی جھلی میں اندر کی طرف ہوتے ہیں۔

Tomfoolery : (n) (۱) حماقت کی باتیں؛ لغو حرکتیں۔ (۲) مہمل چیزیں؛ مہملات۔

Tomial : (a) [mod. L. tomium + Al.] ٹومیم کا یا اس سے متعلق؛ نوکِ منقار کا یا اس سے متعلق۔

Tomin : (n) [Sp.] چاندی کا وزن کرنے کے لئے ہسپانوی وزن جو ۹۰۲۶ گرین کے برابر ہوتا ہے؛ نیز امریکا اور اسپین میں چاندی کے چھوٹے سکوں کے نام۔

Tomium : (n) [mod. L.] (طیوریات) ٹومیم؛ نوکِ منقار ؛ منقار کی دھار۔

Tommy : (n) [dim. or pet form of Tom.] (۱) Tom کی جگہ بےتکلفی یا پیار میں کہتے ہیں۔ (۲) (عام) فوج کا سپاہی ؛ برطانوی سپاہی۔ (۳) (میکانیات) ایک قسم کا پیچ کش یا مارتول؛ مارتول کا لمبا دستہ یا سلاخ۔ (٤) روٹی یا کھانے پینے کی چیزیں جو مزدوروں کو مزدوری کے بدلے دی جائیں۔ (٥) مزدوری کے بدلے روٹی وغیرہ دینے کا طریقہ جو اب ممنوع ہے۔ (٦) کھانا جو مزدور اپنے ساتھ لے جاتے ہیں۔ (۷) سیدھاسادہ آدمی؛ سادہ لوح شخص؛ بے وقوف؛ احمق۔ (۸) گربہء نر ؛ بلاّ۔ (۹) کارخانے میں اشیائے خوردنی کی دکان۔

Soft tommy : (بحری) نرم یا تازہ روٹی۔

Tommy Atkins : (n) برطانوی سپاہی۔

Tommy - bar : (n) (انجینئیرنگ) سیخچہ۔

Tommy Dod(d) : (n) (قرعہ اندازی) وہ شخص جس کی رائے طاق عدد کی کمیٹیوں وغیرہ میں فیصلہ کن ہو۔

Tommy gun : (n) ٹامی گن؛ ہلکی مشین گن۔

Tommy gunner : (n) ٹامی گن چلانے والا۔

Tommy-rot : (n) حماقت محض؛ بیہودہ گفتگو؛ مہملات۔

Tommy-shop : (n) (۱) پہلے اس دکان کو کہتے تھے جہاں سے مزدوروں کو روٹی لینی پڑتی تھی۔ (۲) (اب) کارخانے میں اشیائے خوردنی کی دکان۔ (۳) نانبائی کی دکان۔

Tommy system : (n) مزدوری کےبدلےاسباب دینے کا طریقہ۔

Tomography : (n) ٹوموگرافی؛ لاشعاعیات طبقہء جسم۔

Tonight : (adv.) [OE. 'to-night] (۱) آج کی رات؛ امشب (وہ رات جو اس وقت ہے یا یہ دن گزارکر آئےگی)۔ (۲) آج رات کو۔

Tonight : (n) یہ رات ؛ آج کی رات۔

Tompion : Tampion کا متبادل۔

- tomy : [mod. L. 'tomia'.] یونانی لفظ tomia- سے مشتق لاحقہ بمعنی« قطع » ؛ قطع عمل اور جراحی کی اصطلاحوں میں آتا ہےمثلاً anatomy و Phleboto- my وغیرہ۔

Ton : (n) [In origin the same word as Tun] (۱) ٹن ؛ تولنے کا پیمانہ یا وزن جو ۲۲٤۰ پونڈ یا امریکا میں ۲۰۰۰ پونڈ کا ہوتا ہے (۲۷ اور ۲۸ من کے درمیان)۔ (۲) مختلف اشیا کے پیمانوں کا نام۔ (۳) جہاز کی اندرونی وسعت کا پیمانہ = ۱۰۰ مکعب فٹ؛ جہاز کی بار برداری کی گنجائش کا پیمانہ = ٤۰ مکعب فٹ۔ (٤) (بول چال) بہت بڑی تعداد یا مقدار (خصوصاً جمع میں)۔

(۵) ایک سو پونڈ کی قیمت ۔ (٦) فی گھنٹا سو میل کی رفتار ۔

Metric ton : ایک ہزار کلو گرام ۔

Ton : (n) [L. 'tonus'.] (۱) (شاذ) مروجہ وضع؛ فیشن ۔ (۲) فیشن پرست دنیا؛ فیشن پرست آدمی ۔

In the ton : فیشن کے مطابق ۔

Ton-fathom : (n) ایک ٹن کو چھ فٹ کے برابر اٹھانے کا کام ۔

Tonal : (a) [med. L. 'tonalis'.] لہجے یا سروں سے متعلق ؛ لَے کے متعلق؛ صوتی؛ سُری (نظام) ؛ آہنگی ؛ (طبیعیات) ٹونل (قوت) ۔

Tonal standard : (n) معیار سُر ۔

Tonality : (n) (۱) آہنگ؛ لے؛ سروں کا سلسلہ یا نظام ۔ (۲) کیفیت رنگ؛ (مصوری) رنگ کاری کا اصول؛ رنگوں کی ترتیب ۔

Tonally : (adv.) لہجے کے طور پر؛ لَے کے لحاظ سے ۔

Tonant : (a) (موسمیات) رعدی؛ گرجتا ہوا ۔

Tondino : (n) (۱) گول تصویر؛ عمارت کے نقش و نگار کا دائرہ جس کے بیچ میں پیالہ سا بنا ہو ۔ (۲) دیکھو Astragal ۔

Tondo : (n) [It.] (۱) کوئی تصویر جو دیوار کے تختے یا پردہء تصویر پر بنی ہو ۔ (۲) ابھرے ہوئے نقش و نگار کا دائرہ (چھت وغیرہ میں) ؛ ابھرواں گول نقش ۔

Tone : (n) [L. 'tonum'.] (۱) آواز؛ گمک ۔ (۲) سُر ۔ (۳) لہجہ ؛ لحن ؛ صوتی اظہار؛ لَے ؛ آواز کا اتار چڑھاؤ ۔ (٤) (صرف و نحو) زور جو لفظ کے ایک ٹکڑے پر دیا جائے ؛ پُر زور رکن تہجی ۔ (٥) (موسیقی) قدیم (خصوصاً گریگوری کے زمانے کا) بھجن کا سُر ۔ (٦) سرگم کے دو سُروں کے درمیان کا فاصلہ ۔ (۷) (طب) اعضا اور قویٰ کی صحیح حالت؛ مزاج صحیح؛ حالت سلامتی ۔ (۸) عام اخلاقی حالت؛ عام رنگ؛ (اخلاق و معاشرت وغیرہ کا) عام معیار ۔ (۹) تصویر میں رنگوں یا روشنی اور تاریکی کا امتزاج؛ آب و رنگ؛ کیفیت رنگ ۔ (۱۰) رنگ؛ روپ ۔ (۱۱) رنگ کی چمک یا آب و تاب کا درجہ؛ رنگ کی تدریجی کیفیت ۔ (۱۲) تیار فوٹو کا رنگ ۔

(۱۳) (عضویات) لوچ (عضلات) : تاثیر پذیری ۔ (۱٤) طرز فکر؛ وضع؛ بہبود؛ مزاج؛ حالت ۔

Compound tone : مرکب سُر ۔

Fundamental tone : بنیادی سُر جس پر نغمہ کی بنیاد ہوتی ہے ۔

Harmonic tone : موسیقی کے سُر ۔

Heart tones : دل کی حرکت کی آواز جو طبی معائنے میں سنی جاتی ہے ۔

Lack of tone: (نفسیات) بد مزاجی ۔

Major tone : (موسیقی) کبیر سُرتی ۔

Minor tone : (موسیقی) چھوٹی سُرتی ۔

Partial tone : دیکھو Partial

Pure tone : خالص سُر ۔

Tone : (v) (۱) (آواز وغیرہ میں) گمک پیدا کرنا ؛ لحن سے پڑھنا ؛ خاص لہجے میں ادا کرنا ۔ (۲) (کسی چیز میں) مناسب رنگ دینا یا بھرنا ۔ (۳) (موسیقی) باجے کے سُر ملانا؛ سُر ٹھیک کرنا ۔ (٤) (فوٹوگرافی) تصویر کو کیمیاوی محلول سے تیار کرنا؛ (تصویر کا) تیار ہونا؛ حسنِ ترتیب پیدا کرنا (رنگ آمیزی میں) ۔(٥) میل کھانا؛ ہم آہنگ ہونا؛ ہم آہنگ کرنا؛ ہم ساز کرنا؛ موافق یا مطابق کرنا (آہنگ کے) ۔ (٦) تصویر کے رنگ کو ہلکا کرنا؛ ملائم کرنا ۔(۷) تیز کردینا؛ گہرا کر دینا(رنگ وغیرہ کو)۔

To tone down : (۱) تصویر کےرنگ کو ہلکا کردینا ۔ (۲) (عبارت وغیرہ کو) مدھم کرنا؛ ملائم کرنا ۔ (۳) سُر کم کرنا؛ سُر میں کمی کرنا؛ آواز میں کمی کرنا؛ آواز کم کرنا ۔

To tone up : (۱) تیز کرنا؛ گہرا کر دینا ۔(۲) سُر کو بڑھا دینا؛ سُر کو اونچا کر دینا ۔ (۳) (اخلاقی حالت وغیرہ کا) معیار بلند کر دینا ۔ (٤) عام صحت کو درست کر دینا؛ قوت بڑھانا؛ تقویت پہنچانا ۔

Tone-arm : (a) دیکھو Sound-box

Tone-colour : (n) آواز کی کیفیت جو ہر باجے میں الگ ہوتی ہے ۔

Tone-deaf : (a) سُر نا شناس ۔

Tone Island : (n) سُرتی مقام ۔

Tone Generator : (n) سُرتی جنك ؛ سرتی برق زا ۔

Tone-painting : (n) (سُرتی اثرات مرتب کرنے کے لئے) لَے کا استعمال ۔

Tone-painter : (n) لَے کا استعمال کرنے والا ۔

Tone-picture : (n) (آرکسٹرا کےلئے) موسیقی کی ترتیب ۔

Tone-poem : (n) (۱) وہ نغمہ جس میں کوئی شاعرانہ خیال ادا کیا گیا ہو؛ شعرِ نغمہ ۔(۲) تصویر جس کے رنگوں کی ترتیب میں شعر کی سی کیفیت ہو؛ شعر تصویر ۔

Tone-poet : (n) شاعرِ نغمہ؛ موسیقی ترتیب دینے والا ۔

Tone-poetry : (n) موسیقی کی ترتیب ۔

Tone-syllable : (n) زور دار رکن ہجا ۔

Tone-variator : (n) مبدل سُر ۔

Toned : (a) (۱) آہنگ دار؛ موزوں ۔(۲) (جسم یا دماغ) مقوی؛ تقویت پہنچایا ہوا؛ تقویت شدہ ۔ (۲) رنگ بھرا ہوا؛ رنگین ۔ (٤) (فوٹو گرافی) رنگ آمیزہ ۔ (٥) صفتی معنوں میں استعمال ہوتا ہو، جیسے Deep - toned (گہرے رنگ کا)؛ High-toned (بلند آہنگ کا) ۔

Toned paper : (n) رنگین کاغذ خصوصاً حنائی رنگ کا ۔

Toneless : (a) (۱) بے آہنگ؛ ناموزوں؛ بے صدا؛ خاموش ۔ (۲)جس میں گمك نہ ہو؛ بے گمك ۔(۳) بےرنگ؛ بے آب؛ بے رونق ۔ (٤) جس میں کوئی خاص اخلاقی رنگ یا خصوصیت نہ ہو؛ بے رنگ؛ بے کیفیت ۔(٥) سست؛ نڈھال ۔

Tonelessly : (adv.) خاموشی سے؛ بے آوازی سے؛ بے رنگی کے ساتھ؛ بے کیفی کے طور پر ۔

Tonelessness : (n) (۱) بےآوازی؛ خاموشی ۔ (۲) گمك نہ ہونا۔ (۳) ناموزونیت ؛ بے آہنگی ۔ (٤) بے رونقی ؛ بے آبی؛ بے رنگی ۔(٥) سستی؛ بے کیفی ۔

Tong : (n) [Chinese 't'ang'.] ٹونگ؛ چین کی خفیہ انجمن ۔

Tonga : (n) [Hindi 'tanga'.] تانگہ ۔

Tonga : (n) [Arbitrary.] ایك قسم کی دوا جو اعصابی بیماری میں کام دیتی ہے ۔

Tongrian : (a) [f. 'tongres'.] (ارضیات) بلجیم کے Lower-oligocene کے سمندری طبقہ سے متعلق ۔

Tongs : (n) [OE. 'tong.'] سنسی؛ چمٹا؛ چمٹی؛ انبر ۔

Asparagus tongs/Sugar- : مختلف چیزوں کو اٹھانے کی چمٹیاں ۔

Blacksmith's tongs : سنسی ۔

Coal-tongs : چمٹا؛ دسپنا ۔

Fire-tongs : چمٹا؛ دسپنا (دست پناہ) ۔

Hammer & tongs : پوری طاقت سے؛ ایڑی چوٹی کا زور لگا کر ۔

Lazy-tongs : دور کی چیزوں کواٹھانے کا بیرم دار آلہ ۔

Not to touch with a pair of tongs : چمٹے سے بھی نہ چھونا؛ ایسی چیز کے پاس بھی نہ پھٹکنا (مکروہ چیز یا شخص کے متعلق استعمال) ۔

Tongue : (n) [OE. 'tunge'.] (۱) زبان؛ جیب ۔(۲) جانوروں کی زبان (پکی ہوئی یا پکانے کے لئے) ۔ (۳) قوتِ گفتار؛ گویائی؛ اندازِ گفتگو؛ طرزِ بیان؛ زبان؛ نطق؛ اندازِ بیان؛ بیان ۔(٤) بولی؛ زبان؛ لسان (کسی قوم کی) ؛اپنی زبان بولنے والی قوم ۔ (٥) کوئی گاؤدم چیز جو شکل میں زبان سے مشابہ ہو یا جس سے آواز پیدا ہوتی ہو ؛ مثلا (الف) زمین کا پتلا سا قطعہ جو پانی میں دورتك چلا گیا ہو ؛ راس ؛ خاکنائے ۔ (ب) بوٹ وغیرہ کی زبان، نرم چمڑے کا ٹکڑا جو تسمے کے سوراخوں کے نیچے لگا ہوتا ہے ۔(ج) گھنٹی کا گھنگرو ؛ زبان جرس ۔ (د) بکسوئے کا سوا ۔ (ہ) تختے کا آگے کو نکلا ہوا سرا جو دوسرے کی سال (کٹی ہوئی جگہ) میں ٹھیك بیٹھ جائے ۔ (و) ترازو وغیرہ کا نمائندہ؛ لوئی؛ زبان ۔ (ز) الغوزے کی قسم کے باجوں میں پتلا سا ٹکڑا جو بجانے سے حرکت میں آتا ہے؛ زبان ۔ (ح) شعلے کی لو ۔ (ط) ریل کی سوئچ کی نوکدار پٹری ۔ (٦) وہ چیز جو زبان سے بیان ہو ؛ تہمت ؛ افترا؛ شہرت؛ نیك

نامی ۔ (۷) کسی زبان کا استعمال؛ کسی زبان کا علم۔

All tongues : ہر زبان کے لوگ ۔

Confusion of tongues : زبانوں کی گڈمڈ؛ گڑبڑ جو زبانوں کے اختلاف سے مینار بابل کی تعمیر میں مچی تھی ۔

Furred or dirty tongue : میلی زبان (جو بیماری کی علامت ہے) ؛ زبان کا میلا ہونا ۔

Gift of tongues : اجنبی زبانوں میں گفتگو کا ملکہ جو قرونِ اولیٰ کے عیسائیوں کو کرامات کے طور پر عطا ہوا تھا ۔

Long tongue : گز بھر کی زبان؛ بکواس کی عادت ۔

One's mother tongue : مادری زبان ۔

On the tongues of man : مشہور؛ جس کا بہت چرچا ہو ۔

Sharp tongue : تیز زبان ۔

The tongues : غیر ملکی زبان، خصوصاً کلاسیکی یا مہذب زبان ۔

To find one's tongue : زبان کھلنا؛ گفتگو کی ہمت کرنا ۔

To give or throw (its) tongue : (شکاری کتوں کا) شکار کی بو پا کر بھونکنا ۔

To have lost one's tongue : شرم سے بات نہ کرسکنا؛ شرم سے زبان بند ہونا ۔

To hold one's tongue : خاموش رہنا؛ چپ ہوجانا ؛ چپ رہنا ۔

To keep a civil tongue in one's head : تہذیب سے گفتگو کرنا؛ بدتہذیبی سے پرہیز کرنا ۔

To put or speak with, one's tongue in one's cheek : کسی شخص کو بنانا؛ ایسی باتیں کرنا جن سے وہ خوش ہو مگر درپردہ اس کی تضحیک مقصود ہو ۔

To put one's tongue out : زبان نکالنا(کسی کو چڑانے یا ڈاکٹر کو دکھانے کے لئے) ۔

تحقیر : To stick (or thrust)one's tongue in one's cheek یا ظرافت کا اظہار کرنا ۔

To wag one's tongue : بکواس کرنا؛ راز کی باتوں کا چرچا کرنا ۔

Tongue : (v) [f. prec.] (۱) طعنہ دینا؛ ملامت کرنا؛ زجر و توبیخ کرنا ؛ دھمکانا ؛ جھڑکنا ؛ ڈانٹنا ۔ (۲) روانی سے گفتگو کرنا؛ بکواس کرنا؛ چخ چخ کرنا؛ حدسے زیادہ بولنا ۔(۳) (شکاری کتے کا) شکار کی بو پا کر بھونکنا ۔(٤) زبان سے نکالنا؛ زبان سے ادا کرنا؛ تلفظ کرنا ۔(٥) زبان سے چھونا؛ زبان سےچکھنا ۔(٦) (بانسری وغیرہ بجانے میں) زبان سے کام لینا؛ زبان کی نوک سے بجانا ۔ (۷) زبان سے پورا کرنا (مجازاً) ۔ (۸) شعلے کی لو کا نکلنا ۔(۹) بکسوئے کے سوے سے ملنا ۔ (۱۰) تختے کے جوڑ میں سال اور سرا کاٹنا ۔

Tongue and groove joint : (n) (انجینیئرنگ) جیب نالی جوڑ؛ جیب جھری جوڑ ۔

Tongue-bird : (n) ہدہد کی قسم کی چڑیا ۔

Tongue-bit : (n) ایک قسم کی گھوڑے کی لگام ۔

Tongue-bone : (n) زبان کی جڑ کی ہڈی؛ استخوانِ لامی ۔

Tongue-fence : (n) بحث و تمحیص؛ مباحثہ؛ مناظرہ ۔

Tongue-fish : (n) حلوا مچھلی؛ ایک قسم کی چپٹی مچھلی جو بہت لذیذ سمجھی جاتی ہے ۔

Tongue-grafting : (n) دو رسیوں یا لکڑی کے دو ٹکڑوں کا جوڑ ۔

Tongue-hero : (n) لاف زن؛ زبان دراز؛ بکواس کرنے والا ۔

Tongue-lash : (v) ڈانٹنا؛ جھڑکنا؛ سرزنش کرنا؛ زجر و توبیخ کرنا؛ ملامت کرنا ۔

Tongue-man : (n) سخن گو؛ بات بنانے والا ۔

Tongue-pipe : (n) دیکھو Reed-pipe

Tongue-shaped : (a) زبان صورت ۔

Tongue-sole : (n) دیکھو Tongue fish

Tongue-tacked : (a) (۱) زبان بستہ؛ گنگ؛ گونگا ۔ (۲) دیکھو Tongue-tied ۔

Tongue-test : (n) برقی رو کی قوت کو جانچنا ۔

Tongue-tie : (n) (طب) عقدۃ اللسان؛ بولنے میں رکاوٹ جو زبان کے ایک خاص پٹھے کے چھوٹے ہونے سے پیدا ہوتی ہے؛ زبان گرفتگی ۔

Tongue-tie : (v) لکنت زبان کا ہونا؛ بولنے سے روک دینا؛ بولنے میں رکاوٹ پیدا کرنا ۔

Tongue-tied : (a) (۱) زبان بستہ؛ گنگ؛ گونگا ۔ (۲) (طب) زبان بند؛ خاموش؛ چُپ ۔ (۳) جسے عقدۃ اللسان کی شکایت ہو؛ جس کی زبان بند ہو؛ جسے مجال گفتگو نہ ہو ۔ (٤) (مجازاً) کم سخن؛ کم گو؛ ضابط ۔

Tongue-twister : (n) وہ کلمہ یا عبارت جس کا تلفظ مشکل ہو ۔

Tongue-worm : (n) (۱) دیکھو Pentastom ۔ (۲) دیکھو Lytta ۔

Tongued : (a) (۱) زبان دار؛ زبانہ دار؛ زبان والا ۔ (۲) (مجازاً) مصوّت؛ با آواز ۔ (۳) شفاہی؛ صدائی؛ صوتی ۔ (٤) پُرمعنی؛ گویا ۔

Tongueless : (a) (۱) بےزبان؛ گنگ؛ خاموش؛ گونگا ۔ (۲) جس کو زبان نہ ہو ۔ (۳) بے گویائی ۔

Tonguelet : (n) (۱) چھوٹی زبان ۔ (۲) زبان کی طرح کی چیز ۔ (۲) دیکھو Pentastom ۔

Tonguey : (a) (۱) باتونی؛ بکّی ۔ (۲) (شکاری کتا) بو پا کر بھونکنے والا ۔

Tonguiness : (n) باتونی ہونا ۔

Tonguing : (n) (۱) زبان زنی ۔ (۲) آہنگ کو زیر و بم کرنے کے لئے زبان کا استعمال ۔ (۳) دیکھو Scolding ۔

Tonic : (a) [Gr. 'tonikos'.] (۱) مقوی (دوا) ؛ تقویت بخش ؛ طبیعت کو ابھارنے والی؛ حوصلہ افزا (کامیابی، مصیبت، سزا وغیرہ) ۔ (۲) سروں کا؛ سروں کے (خصوصاً بنیادی سر) کے متعلق؛ آہنگی؛ صدائی ۔ (۳) بول چال میں زور دینے سے متعلق ؛ لفظ پر زور دینے سے متعلق ۔ (٤) (عضویات) لوچی ۔

Tonic : (n) (۱) مقوی دوا؛ تقویت بخش چیز؛ باعث تقویت چیز ۔ (۲) بنیادی سُر ۔

Tonic : (v) قوت دینا؛ تقویت پہنچانا؛ نیرومند بنانا ۔

Tonic accent : (n) زور جو لفظ کے کسی بول پر دیا جائے ۔

Tonic chord : (n) سُر والی تانت ۔

Tonic contraction : (n) لگاتار عضلاتی انقباض؛ مسلسل عضلاتی کھنچاؤ ۔

Tonic convulsion : (n) لوچی تشنج؛ مسلسل تشنج؛ تشنج مستمر ۔

Tonic solfa : (n) سولفا؛ تحریر نغمہ کا ایک طریقہ جس میں سرگم کے سُر حرفوں سے ظاہر کئے جاتے ہیں ۔

Tonic -solfaist : (n) سولفا کے طریقے کا حامی؛ سولفا کا ماہر ؛ موسیقی کے ایک طریقے کا ماہر ۔

Tonic spasm : (n) دیکھو Tonic convulsion

Tonic water : (n) کاربونائیٹ بنائی ہوئی شراب ۔

Tonically : (adv.) (۱) سُر کے اعتبار سے ۔ (۲) مقوی طور پر؛ وجہ تقویت کے طور پر ۔

Tonicity : (n) (۱) سُر ؛ صدا ۔ (۲) (عضویات، حیوانیات) تناؤ ؛ لوچ ؛ لوچ عضلات ؛ انقباض عضلاتی ۔ (۳) تقویت؛ مقوی ہونا؛ قوت؛ باعث تقویت ہونا؛ قوت بخشی ۔

Tonics : (n) مقویات ۔

Toning : (n) (فوٹو گرافی) رنگ دینا؛ ٹون کرنا ۔

Tonish/Tonnish : (a) (شاذ) فیشن کے لائق؛ طرح دار ؛ زیبا؛ وضع دار؛ عمدہ وضع کا یا سج دھج کا؛ خاص وضع یا رنگ کا ۔

Ton(n)ishness : (n) فیشن کے مطابق ہونا؛ طرح داری ؛ وضع داری ۔

Tonite : (n) [f. L. 'tonare'.] پھٹنے والا گولا جو شورے اور بندوق روئی (گن کاٹن) سے بناتے ہیں ۔

Tonk : (v) [Echoic] زور سے بٹ مارنا (گیند میں)؛ زور سے مارنا؛ (کسی شخص کو) ٹھونکنا؛ بری طرح برانا (مقابلے میں) ۔

Tonk : (n) ناموزوں آواز؛ زور کی ضرب ۔

Tonka : (n) [Negro name in Guiana of the bean] (۱) ٹونکابین؛ نیگروگائنا کے ایک درخت کا بیج جو خوشبو وغیرہ کے تیار کرنے میں استعمال ہوتا ہے ۔ (۲) اس درخت کی لکڑی ۔

Tonnage/Tunnage : (n) [OFr. f. tonne+AGE.] (۱) فی ٹن کے حساب سے ادائیگی؛ فی ٹن کے حساب سے محصول ۔ (۲) (انگریزی تاریخ) شراب کے اوپر فی ٹن کے حساب سے ٹیکس ۔ (۳) کرایہ فی ٹن کے حساب سے (کار کے اوپر) ۔ (٤) جہاز کی اندرونی وسعت ٹنوں کے حساب سے (ایک ٹن = ایک سو مکعب فٹ) ۔ (٥) جہاز کی باربرداری کی گنجائش ٹنوں کے حساب سے (ایک ٹن = چالیس مکعب فٹ) ۔ (٦) ملک کی مجموعی بحری درآمد و برآمد ۔ (۷) محصول جو جہازوں سے لیا جاتا ہے (پہلے وزن کے حساب سے لیا جاتا تھا اب جسامت کے لحاظ سے لیا جاتا ہے) ۔

Tonnage : (v) جہاز پر مال لادنے میں ٹن کے حساب سے محصول لینا ۔

Tonnage and poundage : (n) محصول آبکاری و چنگی کی آمدنی جو وقتاً فوقتاً انگلستان کے بادشاہ کو دی جاتی تھی (چودھویں سے اٹھارھویں صدی تک) اور جسے چارلس اول نے ناجائز طور پر بغیر پارلیمنٹ کی منظوری کے وصول کیا تھا ۔

Tonnage-deck : (n) (جہاز میں) دوسری منزل کا عرشہ ۔

Tonne : (n) میٹری ٹن؛ ۱۰۰۰ کلو گرام ۔

Tonneau : (n) [Fr.] ٹونو؛ بعض موٹرکاروں کا پچھلا حصہ جس میں نشستیں ہوتی ہیں ۔

Tonner : (n) کئی ٹن وزن لادنے کا جہاز ۔

Tono -: سابقہ بمعنی "کشش" "آہنگ" "لحن" ۔

Tonograph : (n) تنش نگار؛ تنش عروق نگار ۔

Tonology : (n) سُر شناسی؛ آہنگ شناسی ۔

Tonometer : (n) (۱) سُر پیما ۔ (۲) (آلہ) سُرزا ۔ (۳) امتداد پیما؛ وہ آلہ جس سے سُر کا امتداد ناپا جاتا ہے ۔ (٤) تنش مائع پیما ۔ (٥) تنش مقلہ پیما؛ عروق کے اندر خون کا دباؤ جانچنے کا آلہ ۔ (٦) ایک آلہ جس سے موتیابند کے تشنج کو ناپا جاتا ہے ۔

Tonometric : (a) آواز یا تشنج کی پیمائش سے متعلق ۔

Tonometry : (n) آواز یا تنش کی پیمائش ۔

Tonoplast : (n) (نباتیات) غشاء خلیہ پیما؛ تن مایہ ۔

Tonoscope : (n) صوت نما؛ صوت بین ۔

Tonotaxis : (n) (حیوانیات) تن ترتیب ۔

Tonsil : (n) [L.'tonsillae'.] (تشریح، حیوانیات، لوزہ؛ کوّا؛ گلے کی گلٹی؛ لوزۃ الحلق؛ گوشت کے ٹکڑوں میں سے ایک حلق کے دونوں طرف لٹکے رہتے ہیں ۔

Tonsillae : (n) (تشریح، حیوانیات) لوزتین ۔

Tonsillar : (a) [mod. L. 'tonsillaris'.] لوزیہ؛ لوزی؛ گلے کی گلٹی سے متعلق ۔

Tonsillar voice : (n) لوزی آواز ۔

Tonsillary : (a) دیکھو Tonsillar

Tonsillectome : (n) لوزہ تراش ۔

Tonsillectomy : (n) لوزہ براری؛ گلے کی گلٹی کو نکالنا ۔

Tonsillitic : (a) ورم لوزہ سے متاثر ۔

Tonsillitis : (n) [f. L. 'tonsilla'+ITIS.] (طب) ورم لوزہ؛ زہرباد؛ گلے کی گلٹیوں کا سوجنا؛ التہابِ لوزہ ۔

Tonsillotome : (n) لوزہ تراش ۔

Tonsillotomy : (n) لوزہ تراشی؛ عمل جراحی سے گلے کی گلٹی کو باہر کرنا؛ لوزہ شگافی ۔

Tonsils : (n) لوزتین؛ غدود جو گلے میں ہوتے ہیں ۔

Tonsor : (n) [L. f. 'tondere'.] حجام؛ نائی ۔

Tonsorial : (a) [f. L. 'tonsorius+-AL.] (۱) حجام کا؛ حجامت کا ۔ (۲) (مزاحاً) فنکار حجامت ۔

Tonsure : (n) [L. 'tonsura'.] (۱) سر مونڈنے کا عمل؛ سر کے سارے بال منڈوانا یا مونڈنے کا عمل ۔

(۲) (رومی کلیسا میں) چندیا مونڈنے یا (یونان کلیسا میں) پورا سر منڈنے کی رسم جو پادریوں یا راہبوں کے سلسلے میں داخل ہونےوالوں کو ادا کرنا پڑتی تھی ۔(۳) (راہبوں یا پادریوں کے) سر کا منڈا ہوا حصہ ۔ (٤) (مجازاً) راہبوں یا پادریوں کے سلسلے میں داخلہ ۔

Tonsure : (v) (۱) سرمونڈنے کی رسم ادا کرنا ۔(۲) پادریوں یا راہبوں کے سلسلے میں داخل کرنا ۔ (۳) (مجازاً) پادری بننا یا بنایا جانا ۔

Tonsured : (a) (۱) سر منڈا ہوا ۔(۲) (مجازاً) گنجا یا جزوی طور پر گنجا ۔

Tontine : (n)[Fr. f. name of Lorenzo Tonti a Neapolitan banker, who initiated the scheme in France, 1653.] حین حیاتی شرکت؛ وہ طریقہ جس میں قرض کےتمسکات وغیرہ کی سالانہ آمدنی میں کئی اشخاص شریک ہوتے ہیں؛ ان میں ہر ایک کے مرنے کے بعد دوسروں کا حصہ بڑھتا جاتاھےیہاں تک کہ آخر میں ایک شخص کل کا مالک ہو جاتا ہے ۔

Tontine : (a) حین حیاتی شرکت کا یا اس سے متعلق ۔

Tontine policy of insurance : (n) مشترکہ موقت بیمہ؛ جس میں کئی افراد مل کر بیمہ کراتے ہیں اور یہ شرط ہوتی ہے کہ ان میں سے کوئی ایک خاص میعاد تک جو معیاد التوا (Tontine period) کہلاتی ہے کسی قسم کا منافع وغیرہ وصول نہیں کرے گا ۔

Tonus : (n) (عضویات، مرضیات) مسلسل تشنج ؛لوچ عضلہ؛ تناؤ ۔

Tony : (a) وضع دار؛ شان دار؛ ٹھاٹھ کا ۔

Too : (adv.) [Stressed form of To.] (۱) حد سے زیادہ؛ مقررہ یا مطلوبہ معیار سےزیادہ؛ ضرورت سے زیادہ؛ بہت زیادہ ۔ (۲) (بول چال) بہت؛ نہایت؛ فضول؛ انتہا سے بڑھ کر؛ بے حد۔ (۳) بھی ۔ (٤) علاوہ ازیں ؛ اور پھر یہ ؛ اور لطف یہ ۔ (٥) نہایت پر جوش ۔

Too : (a) (۱) زیادہ؛ بے حساب؛ بے شمار ۔(۲) نہایت؛ آخری؛ انتہا؛ حد؛ سرا ۔

Mean to do it too : میں سچ مچ یہ کروں گا(صرف زبان سےنہیں کہتابلکہ کرنے کابھی ارادہ ہے) ۔

(ls) too ripe for cooking : اتنا پکا (پھل) کہ اب پکانے کے کام کا نہیں رہا ۔

Too much : (adv.) بہت زیادہ؛ حد سے زیادہ ۔

Too-too : (v) [Echoic.] توتو کرنا؛ توتو کی آواز نکالنا ۔

Tool : (n) [OE. 'tool'.] (۱) اوزار؛ ہتھیار؛ ابزار۔ (۲) (میکانیات) آلہ؛ آلہ جو مشین کے بنانے میں استعمال ہو مثلاً خراد ۔(۳) (کسی کام کے انجام دینے کا) سامان ؛ اسباب ؛ لوازمات ۔ (٤) (مجازاً) آلہء کار؛ وہ شخص جس سے کوئی دوسرا جس طرح چاہے کام لیتا ہو ۔(٥) نقش، جو جلد کی پشت یا کناروں پر اوزاروں کو گرم کرکے بناتے ہیں ۔(٦) چھینی، ٹانکی وغیرہ کی بڑی قسم ۔(۷) (عام) بے تدبیر آدمی؛ بے ہنر شخص ۔

Broad tool : سنگ تراش کی چوڑی چھینی؛ رندا ۔

Edge-Tool/Edged : دھار دار آلہ ۔

Tool : (v) [f. prec.] (۱) کسی اوزار سے کام کرنا؛ (خصوصاً) چھینی وغیرہ سے عمارت کے پتھر کو مسطح کرنا؛ (پتھر کو) چھینی سے چکنا یا ہموار کرنا؛ مسطح کاری کرنا۔(۲) جلد کے کناروں پر گرم کئے ہوئے اوزار سے نقش و نگار بنانا؛ داغ کاری کرنا ۔(۳) کسی آلے یا اوزار سے کام کرنا ۔ (٤) (عام) چلانا ، ہانکنا (گاڑی، یکّہ وغیرہ) ۔(٥) گاڑی یا گھوڑے پر سوار ہو کر چلنا (بغیر کسی خاص مقصد کے یا آہستہ آہستہ) ۔(٦) ساتھ جانا؛ سفر کرنا ۔

Tool - box : (n) اوزار بکس ۔

Tool - clamp : (n) (انجینیئرنگ) اوزاری شکنجہ ۔

Tool-grinder : (n) سان ۔

Tool-holder : (n) (۱) آلہ گیر (خراد کا وہ حصہ جس میں وہ آلہ جسے خراد پر چڑھانا ہے رکھا جاتا ہے) ۔ (۲) دستہ (جو مختلف قسم کے اوزاروں میں لگایا جا سکتا ہے) ۔

Tool-post : (n) اوزاری شکنجہ؛ خرادمیں کاٹنے والی چھری کی بیٹھک ۔

Tool-rest : (n) خراد میں کاٹنے والی چھری کا سہارا ۔

Tool-stock : (n) دیکھو Tool - post

Tooled : (a) (جلد سازی) طلاکوبی کیا ہوا؛ جلد مزین کی ہوئی؛ راچھا؛ راچھا ہوا ۔

Tooler : (n) راچھ؛ راچ کی چھینی؛ رندا؛ سنگ تراش کی چوڑی چھینی ۔

Tooling : (n) (۱) (متوازی خطوط کھینچ کر) پتھر کو ہموار کرنا؛ مسطح کاری ۔ (۲) (جلد کی پشت اور کناروں پر) گرم کئے ہوئے اوزاروں سے نقش و نگار بنانا؛ داغ کاری ۔

Tools : (n) اوزار؛ آلات ۔

Tools and implements : (n) آلات و اوزار ۔

Tools and plants : (n) (انجینیئرنگ) اوزار و نصبیات ۔

Toom : (a) [OE. 'tom'.] (۱) (اسکاچستان اور بول چال) خالی؛ تہی؛ فاقد ۔ (۲) کمزور؛ لاغر؛ باریک ۔

Toom : (v)[f. prec.] (۱) (اسکاچستان اوربول چال) خالی کرنا (برتن وغیرہ)؛ خصوصاً سب پی جانا ۔ (۲) باہر گرا دینا؛ خالی کر دینا ۔

Toon/Tun : (n) [Hindi. 'tun'.] ایک ہندوستانی درخت؛ تن (کا درخت) جس کی لکڑی سرخ رنگ کی ہوتی ہے اور فرنیچر بنانے میں کام آتی ہے، جسے ہندوستانی مہوگنی بھی کہتے ہیں ۔

Toot : (n) [DU. 'tuyten'.] دھوتو؛ قرنا یا بگل کی آواز ۔

Toot : (v) [f. prec.] (۱) (قرنا، بگل، سیٹی وغیرہ) بجانا؛ پھونکنا ۔ (۲) دھوتو کی آواز نکالنا یا نکلنا ۔ (۳) گراؤس (Grouse) کا بولنا ۔ (٤) گدھے کی طرح آواز نکالنا ۔ (٥) زور سے چلانا؛ زور سے چیخنا ۔

Toot : (v) [OE. 'totian'.] (۱) (بول چال) آگے بڑھانا؛ آگے کو یا باہر کو نکالنا؛ دھکیلنا؛ آگے کو یا باہر کو نکلنا ۔ (۲) جھانکنا؛ غور سے دیکھنا؛ نظر آنا؛ نمودار ہونا؛ گھورنا؛ ٹکٹکی لگا کر دیکھنا ۔ (۳) تاک جھانک کرنا؛ ٹوہ لگانا؛ تفتیش کرنا؛ راز جوئی کرنا ۔

Toot : (v) [Origin unkn.] بلا نوش کی طرح پینا؛ خوب پینا؛ ایک سانس میں چڑھا جانا؛ پیالے کو خالی کر دینا ۔

Toot : (n) [Origin unkn.] (بول چال) بیکار شخص؛ احمق؛ بے قیمت آدمی ۔

Toot : (n) [Origin unkn.] (۱) جرعہ ۔ (۲) عیاشی؛ خوشی؛ نشاط؛ مستی ۔

Tooter : (n) قرنا بجانے والا؛ بگل بجانے والا ۔

Tooth : (n) [OE. 'toth'.] (۱) دانت؛ دندان ۔ (۲) دانت کی شکل کی کوئی چیز؛ دندانہ؛ دانتا؛ چرخی؛ آرے ؛ کنگھے ۔ (۳) اشتہا؛ اشتیاق؛ بجھانے کی خواہش؛ مزہ ۔ (٤) علامت بلوغ؛ سن شخص ۔ (٥) مضر چیز؛ چنگال ۔ (٦) (جمع) (عام) توپخانہء کشتی ۔ (۷)ہاتھی کا دانت (ظاہری)؛ عاج ۔ (۸) (مجازاً) اظہار ؛ کسی خصوصیت کے اظہار کا ڈھنگ ۔

Armed to the teeth : سر سے پاؤں تک مسطح ۔

Artificial tooth/False tooth : مصنوعی دانت ۔

Canine tooth : کچلی؛ ناب؛ کتے کے سامنے کے چار بڑے دانتوں میں سے ایک بڑا دانت ۔

Eye tooth : وہ دانت جو آنکھ کے بالکل نیچے، اوپر یا نیچے کے جبڑے میں ہو ۔

From the teeth forward (s) /- outwords (s)/ From one's teeth : حقیقت میں نہیں بلکہ پیشہ میں ؛ جھوٹ موٹ؛ دل سے نہیں ، بناوٹ سے ۔

Incisor tooth : اگلا دانت؛ سامنے کے کاٹنے والے دانتوں میں سے کوئی دانت ۔

In spite of one's teeth : کسی کی مخالفت کےباوجود ۔

In the teeth of : براہ راست مقابلے میں؛ روبرو ؛ سامنے کرنا ۔

In the teeth of : باوجودیکہ؛ اس کے باوجود ۔

In the teeth of : موجودگی میں ؛ سامنے؛ آمنے سامنے ۔

Long in the teeth : سن رسیدہ؛ معمّر؛ بوڑھا ۔

Milk tooth : دودھ کا دانت ۔

Molar tooth : چبانے والا دانت ۔

On the teeth of : (۱) علی الرغم؛ باوجود ۔ (۲) برخلاف (ہدایت احکام کے) ۔ (۳) مخالف رخ (ہوا کے) ۔

Sweet tooth : مٹھائی کا شوق ۔

To cast (a thing) in a person's teeth/To throw - : کسی بات کا طعنہ دینا؛ ملامت کرنا؛ سرزنش کرنا۔

To cut one's eye-teeth : سمجھ آنا؛ دنیا کا تجربہ حاصل کرنا ۔

To escape by the skin of one's teeth : بال بال بچ جانا؛ زمانے کے ستم سے بھاگنا ۔

To fight, struggle, tooth & nail : جان توڑکے لڑنا یا کوشش کرنا؛ سخت محنت کرنا ۔

To lie in one's teeth : بے دریغ جھوٹ بولنا؛ صاف جھوٹ بولنا ۔

To (one's) teeth, to the teeth of : براہ راست اور کھلّم کھلا؛ صاف صاف ۔

To set one's teeth on edge : چڑ چڑا کرنا؛ گھن دلانا ۔

To show one's teeth : تہدید کرنا؛ دھمکانا؛ غصے یا خفگی کا اظہار کرنا ۔

To take the bit between one's teeth : قابو سے باہر ہو جانا ۔

Tooth : (v) [f. prec.] (۱) دانت چڑنا یا لگانا؛ دندانے بنانا؛ دانتے بنانا ۔(۲) (دندانے دار پہیوں یا چرخیوں کو) ایک دوسرے میں پھنسانا ۔ (۳) کترنا؛ کاٹنا ۔

Tooth and nail : (adv.) پر زور طور پر ؛ مضبوطی سے ؛ جان دار طور پر ۔

Tooth - back : (n) Notodontidae خاندان کا پتنگا ۔

Tooth-billed : (n) (پرند) دندانے دار چونچ کے جانور ۔

Tooth-bone : (n) (۱) دیکھو Dentine ۔(۲) ہڈیوں کا سب سے اہم حصہ ۔

Tooth-brush/-mustache : (n) (۱) مسواک ؛ ٹوتھ برش ؛ دانتوں کا برش ۔ (۲) چھوٹی کڑے بال والی مونچھ۔

Tooth-comb : (n) باریک دندانوں کا کنگھا ۔

Tooth-coralline : (n) دیکھو Sertularia

Tooth-drawer : (n) دندان کش؛ دندان ساز؛ دانت بنانے والا ؛ دانت ساز ۔

Tooth ivory : (n) دیکھو Dentine

Tooth-mark : (n) دانت کا نشان (کاٹنے میں) ۔

Tooth-ornament /Dog-tooth : (n) (تعمیرات) چھوٹے آرائشی منارے (نارمن اور قدیم انگریزی طرز عمارت میں)۔

Tooth-paste : (n) ٹوتھ پیسٹ؛ خمیر دندان؛ لپسٹی دانت؛ دانت صاف کرنے کی کریم۔

Tooth-plane : (n) دندانہ دار رندا ۔

Tooth-powder : (n) منجن؛ ٹوتھ پاؤڈر ۔

Tooth-rail : (n) ٹرام وے ریل ؛ دندانہ دار ریل ۔

Tooth-rash : (n) دانت نکلتے وقت بچوں کی ایک بیماری (Strophulus) ۔

Tooth-sac : (n) دانت کی گلٹی ۔

Tooth-shell : (n) نلکی دار گھونگا (جو دانت جیسا ہوتاہے) ۔

Tooth-wheel : (n) دندانہ دار چرخ؛ دندانے؛ دانت (پہیے کے) ۔

Toothache : (n) دانت کا درد؛ دندان درد ۔

Toothache-grass : (n) شمالی امریکا کی ایک قسم کی گھاس ۔

Toothache-tree : (n) شمالی امریکا کے مختلف درختوں کے نام۔

Toothbill : (n) ایک قسم کا کبوتر ۔

Toothed : (a) دانتوں کا؛ دندانوں کا؛ دندانہ دار ؛ دندانہ دندانہ ۔

Toothed medick : (n) (نباتیات) مینا ۔

Toothed ornament : (n) (تعمیرات) چھوٹے آرائشی منارے (نارمن اور قدیم انگریزی طرز عمارت میں) ۔

Toothed vertebra : (n) پنڈلی کی ہڈی کا ابھار ۔

Toothed wheel : (n) (طبیعیات) دندانہ دار چرخ ۔

Toother : (n) آرے کا دندانہ بنانے والا ۔

Toothful : (n) (۱) (خصوصاً شراب کا) ذرا سا گھونٹ ؛ چند قطرے ؛ جرعہ، آب ۔ (۲) لقمہ؛ لقمہ، غذا ۔

Toothful : (a) دندانہ دار؛ دانتوں سے بھرا ہوا ۔

Toothing : (n) (۱) دانت لگانا؛ دندانے بنانا؛ دندان سازی ؛ تسنین ۔ (۲) کنگرہ؛ دندانہ گزاری؛ پتھر یا اینٹیں جو دیوار کے سرے کے آگے نکلی ہوئی چھوڑ دیتے ہیں کہ اگر ضرورت ہوتو وہ آگے بڑھائی جا سکیں ۔

Toothing-plane : (n) کھریرا یا کھریرے دار رندہ (سطح کو ناہموار کرنے کے لئے) ۔

Toothless : (a) (۱) بے دانتوں کا؛ بے دندانے کا؛ بغیر دانت کے ۔ (۲) (مجازاً) بچکانہ؛ کود کانہ؛ ناتواں؛ ضعیف ۔ (۳) کہا جانے والا؛ گھلا دینے والا؛ تیزی کا نہ ہونا؛ بغیر دھار کے ۔

Toothlessly : (adv.) بغیر دندانہ کے طور پر ۔

Toothlessness : (n) بغیر دانت کے ہونا ۔

Toothlet : (n) چھوٹا سا دانت؛ چھوٹا سا دندانہ ۔

Toothlike : (a) دندانہ جیسا؛ دانت جیسا؛ دندانہ دار ؛ آرا نما ۔

Toothpick : (n) (۱) خلالہ؛ خلال دندان؛ دانت کریدنی ۔ (۲) (جمع) لکڑی کی چھیلن؛ کرچ؛ پارہ؛ ٹکڑا؛ ماچس کی لکڑی ۔ (۳) (امریکی عامیانہ) دودھاری سرے کا بڑا چاقو ۔ (٤) ایک قسم کی کشتی جو بہت ہی محدود اور نوکیلی ہو ۔

Smashed (etc.) into toothpick : پرخچے اڑایا ہوا؛ دھجیاں اڑایا ہوا ۔

Toothsome : (a) (۱) لذیذ؛ مزے دار؛ خوش ذائقہ ۔ (۲) عمدہ دانت والا ۔

Toothsomely : (adv.) خوش ذائقی کے ساتھ؛ لذیذ طور پر ۔

Toothsomeness : (n) خوش ذائقی؛ لذت ۔

Toothwort : (n) مختلف قسم کے پودوں کے نام ۔

Toothy : (a) (۱) دندانہ دار؛ بڑے دانت والا ۔ (۲) دانتوں سے بھرا ہوا ۔ (۳) (مجازاً) حریص؛ گرسنہ؛ نازک مزاج؛ زود رنج؛ چڑچڑا ۔

Toothy-peg : (n) دانت کے لئے بچوں کا لفظ ۔

Tootle : (n) [Frequent f. TOOT(v)+LE.] (۱) قرنا کی آواز ؛ صدائے نَے ۔ (۲) بکواس ؛ مہمل باتیں ۔

Tootle : (v) [f. prec.] (۱) بانسری بجانا؛ (بگل وغیرہ کو) آہستہ آہستہ یا بار بار بجانا ۔ (۲) (چڑیوں کا) لگاتار آواز نکالنا ۔ (۳) (مجازاً) مہمل اور بیکار باتیں لکھنا ۔

Tootle-te-tootle : (n) لگاتار بگل بجنے کی صدا ۔

Tootsy/Tootsy-wootsy : (n) (بچوں کی زبان میں) پاؤں ؛ عورتوں کا چھوٹا پاؤں ۔

Top : (n) [OE. 'top.'] (۱) چوٹی؛ سب سے اونچا سرا؛ پھننگ؛ نوک ؛ راس ؛ کسی چیز کا اوپری سرا ۔ (۲) (تعمیرات، اساطیر، تشریح) چندیا؛ سر ؛ (موٹر) سب سے اونچا گیرا ۔ (۳) سر پوش؛ ٹاپ ۔ (٤) پتیاں (شلجم ، مولی وغیرہ کی) ۔ (٥) مسطح زمین ؛ بالائی سطح (میز وغیرہ کی) ۔ (٦) (جوتے کا) پنا؛ لوگی ۔ (۷) (گاڑی کا) ٹپ؛ گاڑی کا ہڈ (hood) ۔ (۸) ساس پین (Sauce-pan) کا ڈھکنا ۔ (۹) (کتاب کے صفحے کا) اوپر کا حصہ ۔ (۱۰) (کتاب کا) اوپر کا کنارہ ۔ (۱۱) چوٹی؛ سب سے بلند مرتبہ یا جگہ؛ صدر ۔ (۱۲) چوٹی کے لوگ ۔ (۱۳) منتہا؛ انتہائی زور ۔ (۱٤) (برج کا کھیل) کسی رنگ کے دو سب سے بڑے پتے (اکّہ، بادشاہ) ۔ (۱٥) (جہاز) چبوترہ جو سب سے نیچے مستول کی چوٹی کے گرد ہوتا ہے جس پر کھڑے ہو کر اوپر سے بادبان پھیلائے جاتے ہیں ؛ مستول کا مچان ۔ (۱٦) دھات کے بٹن جس میں صرف اوپر کی طرف قلعی وغیرہ ہوتی ہے ۔ (۱۷) بالوں ، ریشوں وغیرہ کا لچھا (ڈیڑھ پونڈ وزن کا)؛ کاکل؛ پیشانی کے بال؛ جعد ۔ (۱۸) سب سے بلند یا برتر چیز؛ سب سےاونچی چیز؛ سب سے تیز چیز؛ پہلا درجہ ۔ (۱۹) اوج ؛ حد اعلیٰ ۔ (۲۰)صاف کئے ہوئے اون کا گٹھر ۔ (۲۱) دستانے کا اپنی حصہ ۔ (۲۲) (وقت) کسی عہد کاسب سے پہلے کا حصہ ۔ (۲۳) (کسی عہدہ کا) اعلیٰ افسر؛ سردار؛ سربراہ؛ (فیملی کا) سردار ۔ (۲٤) اعلیٰ ڈگری؛ سب سے بالا سند؛ بلند ترین نقطہ؛ منتہائے کمال؛ نقطہ، عروج ۔ (۲٥) مکمل ترین مثال؛ سب سے اعلیٰ قسم کی چیز ۔

Top : (n) [late OE. 'top'.] (۱) لٹو؛ ایک قسم کا کھلونا ۔(۲) لٹو صدف؛ بحری صدف ۔ (۳) لکڑی کا مخروطی ٹکڑا ۔

Humming-top : غنغناتا ہوا لٹو ۔

Parish top/Town top : شہر کا بڑا لٹو جو عام لوگوں کے استعمال کےلئے رکھا جاتا ہے ۔

Peg top : کیل دار لٹو ۔

Old top : (عام) پرانا دوست؛ ارے یار؛ ارے دوست ۔

To sleep like (as sound or as fast as) a top : گہری نیند سونا ۔

Whipping - top : کوڑا لٹو ؛ وہ لٹو جسے کوڑا مار کر نچاتے ہیں ۔

Top : (v) (۱) چوٹی لگانا؛ ٹپ چڑھانا؛ ڈھکنا رکھنا یا لگانا ۔ (۲) ٹاپ ہیٹ سر پر رکھنا؛ سر پر تاج پہنانا ۔ (۳) (بحری) بلّی وغیرہ کے ایک سرے کو دوسرے سے اونچا کر دینا ۔ (٤) پودے کی پھننگ یا پتیاں چھانٹ دینا (تاکہ وہ اور بڑھے) ۔(٥) چوٹی پر پہنچ جانا (پہاڑی وغیرہ کی) ۔ (٦) (کسی سے) قد میں لمبا ہونا؛ اونچا ہونا؛ قد میں بڑھ جانا؛ اونچائی میں بڑھ جانا نیز وزن میں بڑھ جانا ؛ تعداد میں بڑھ جانا ۔ (۷) بڑھ جانا؛ سبقت لے جانا؛ بلند تر ہونا ۔ (۸) (گولف) گیند کے اوپر کے سرے پر ہاتھ پڑنا؛ چھچھولتا ہوا پڑنا ۔ (۹) اونچا ہونا؛ لمبا ہونا (اتنے فٹ یا اتنے گز وغیرہ) ۔ (۱۰) نوکدار کرنا؛ راس والا بنانا؛ انتہا کو پہنچانا ۔ (۱۱) مکمل کر دینا؛ ختم کر دینا (کوئی چیز) ۔ (۱۲) سبقت لے جانا؛ فوقیت لے جانا؛ بڑھ جانا؛ نقطۂ عروج کو پہنچ جانا؛ اونچائی پر ہونا ۔(۱۳) اچھا درجہ حاصل کرنا ۔ (۱٤) (عام) سولی پر لٹکانا؛ قتل کرنا؛ پھانسی دینا ۔

He tops 6 ft : وہ چھ فٹ کا ہے ۔

To top a ball (Golf.) : (گولف) بال کے مرکز کے اوپر ہٹ کرنا ۔

To top a saw : آرے میں کوئی سخت پیمانہ لگا دینا جس سے وہ زیادہ گہری کاٹ نہ کرسکے ۔

To top off /-up : مکمل کر دینا؛ جو کچھ کمی ہو اسے پورا کر دینا ۔

At top/On top : (۱) اعلیٰ؛ اوپر؛ سب سے بلند یا نمایاں ۔(۲) حاکم؛ غالب؛ فرماں روا ۔

At the top of the tree : (۱) درخت کی پھننگ پر ۔ (۲) (مجازاً) چوٹی پر؛ سب سے بلند درجے پر (پیشے وغیرہ میں) ۔

Called at the top of his voice : خوب چلا کر بولا ۔

Canetop : (نباتیات) اکھولا ۔

From top to bottom : اوپر سے نیچے تک ۔

From top to toe : (۱) سر سے پاؤں تک؛ ہر حصہ میں ۔ (۲) (مجازاً) پورے طور پر؛ مکمل طور پر ۔

From top to tail : (۱) سر سے پاؤں تک ۔(۲) (مجازاً) پورے طور پر؛ مکمل ۔

On the top of : علاوہ ۔

On top : اوپر ۔

The top of one's bent : دیکھو Bent

The top of one's voice : بلند ترین آواز سے چلانا ؛ چیخنا ۔

The top of the market/- tide : وہ لمحہ جب کہ قیمتیں سب سے زیادہ بڑھی ہوں ۔

The top of the morning : (آئرستانی) صبح کا سلام؛ صبح سویرے تہنیت پیش کرنا ۔

The top of the table : میز کا صدر (مقام) ۔

The top of the tree : (مجازاً) سب سے اعلیٰ عہدے پر؛ سردار؛ سب سے بڑا افسر ۔

The tops : اشراف؛ اعلیٰ درجے کی چیز؛ اعلیٰ درجے کے لوگ ۔

To go over the top : (حملہ کرنے کے لئے) خندق کے دمدمے پر چڑھنا ۔

Top : (a) بالائی؛ فوقانی؛ اوپری؛ منتہا درجہ ؛ حد اعلیٰ ؛ سب سے بڑی (رقم) ؛ بہت بلند؛ بہت بڑا ؛ عمدہ ۔

(۱) اپنا کام نہایت خوبی سےانجام: To top one's part دینا ۔(۲) اپنا پارٹ خوبی سے ادا کرنا؛ کمال کر دینا ۔

(۱) (بحری) (صمن کا) ڈھلوان ہونا (ایک طرف اُٹھا ہوا اور دوسری طرف جھکا ہوا) ۔ (۲) ڈھلوان حالت میں ہونا؛ ایک طرف سے جھکا ہوا اور دوسری طرف سے اٹھا ہونا ۔ Top : (v)

پورا؛ مکمل؛ ہر حصہ ۔ Top and tail : (n)

(۱) (خصوصاً جمع میں) اونچی ایڑی کےجوتے جو شکاری پہنتا ہے؛ ٹھنگنے کے پہننے کا جوتا ۔(۲) لمبے اوراونچے جوتے کےلئے استعمال ہوتاہے ۔ Top-boot : (n)

دیکھو Brass Top-brass : (n)

مستول کے سرے پر آرائشی گرہ ۔ Top-button : (n)

خمیدہ دندانہ دار لکڑی کا چپٹا ٹکڑا جو دھنکی مشین میں لگا ہوتا ہے ۔ Top-card : (n)

جالی دار کپڑا ۔ Top-cloth : (n)

اُوور کوٹ ۔ Top-coat : (n)

اُوور کوٹ پہنے ہوئے ۔ Top-coated : (a)

(بول چال) سانڈ؛ بیل ۔ Top-cow : (n)

غالب؛ زبردست؛ آقا؛ غالب شخص؛ غالب جماعت ۔ Top dog : (n)

منظم؛ قابو میں لایا ہوا ۔ Top-down : (a)

(۱) اعلیٰ عہدہ؛ سماج کا اعلیٰ شخص ۔ (۲) صندوق کی اوپری دراز ۔ Top drawer : (n)

اچھی نسل کا ہونا؛ اچھے خاندان کا ہونا ۔ To come out of the top drawer :

زمین میں کھاد ہل چلا کر ملانے کے بجائے اوپر سے بچھا دینا ۔ Top-dress : (v)

اوپر اوپر کھاد دینے والا؛ سطحی کھاد دینے والا ۔ Top-dresser : (n)

بالائی کھاد ؛ سطحی کھاد دینا؛ کھاد کی تہ؛ کھاد کی تہ دینا ۔ Top-dressing : (n)

سر سوکھا ۔ Top dry : (n)

پُر؛ لبالب؛ مالامال ۔ Top filled : (a)

(تعمیرات) بالائی پن آڑ ۔ Top-flashing : (n)

اعلیٰ درجے کا کار نمایاں؛ اعلیٰ درجے کی حیثیت ۔ Top-flight : (n)

(شاذ) پُر ؛ لبریز ؛ مالامال ۔ Top-full : (a)

(موٹر) اوپر کا گیرہ؛ ٹاپ گیئر ۔ Top-gear : (n)

(بحری) اوپر کے ہلکے بادبان، بلیاں رسیاں وغیرہ ۔ Top-hamper : (n)

ٹاپ ہیٹ؛ اونچی ریشمی ہیٹ ۔ Top-hat : (n)

(باغبانی) پودوں کے لئے شیشے کا گھر ؛ کسی فریم میں گرمی پہنچانا ۔ Top-heat : (n)

(۱) اوپر بھاری، نیچے ہلکا (جس کے گرنے کا خوف ہو) ۔ (۲) (مجازاً) (صیغہ یا محکمہ وغیرہ) جس میں افسر بہت زیادہ تنخواہ کے ہوں ۔ (۳) مست؛ متوالا؛ مدھوش کو بھی کہا جاتا ہے ۔ Top-heavy : (a)

(عام) عالی؛ بلند درجے کا؛ اعلیٰ درجے کا ؛ ٹھاٹھ کا ۔ Top-hole : (a)

بتی جو جہاز کے آگے لگی ہوتی ہے ۔ Top-lantern/-light : (n)

(۱) سر صفحہ؛ عنوان ۔(۲) بالائی سطر ۔ Top-line : (n)

داسا؛ سردل ۔ Top-lintel : (n)

سب سے اوپر کا سوراخ ۔ Top-notch : (n)

عالی مرتبہ ۔ Top-notcher : (n)

سب سے اونچا سُر ۔ Top note : (n)

(۱) شاہکار ۔(۲) سر؛ رئیس؛ راس ۔(۲) (جوتا سازی) ایڑی کو اونچا کرنے کےلئے نعل لگانا ۔ Top-piece : (n)

تقدیم فائق ۔ Top-priority : (n)

نہایت گھمنڈی ۔ Top-proud : (a)

سر پٹی ۔ Top-rail : (n)

Top-rope : (n) وہ رسی جو اوپر کے مستول کو جھکانے یا اٹھانے کے لئے استعمال ہوتی ہے ۔

Top-sawyer : (n) (۱) (بڑے آرے کے چلانے میں) اوپر کا آرہ کش ۔ (۲) (مجازاً) بڑا آدمی؛ اونچے درجے کا آدمی ؛ عمدہ آدمی؛ اچھا عہدہ رکھنے والا شخص ۔ (۳) ممتاز آدمی ۔

Top sergeant : (n) (امریکا بول چال) سرجنٹ اول ؛ پہلا سرجنٹ ۔

Top secret : (a) خفیہ ترین (راز، چیز وغیرہ)؛ اشد خفیہ ۔

Top shaped : (a) (نباتیات) لٹونما؛ مخروط مقلوب ۔

Top-shell : (n) (حیوانیات) لٹو صدفہ؛ ایک طرح کی صدف ماہی جس کا خول لٹو کی شکل کا ہوتا ہے ۔

Top-stone : (n) سنگ راس؛ وہ پتھر جو کسی چیز کے اوپر رکھا ہو؛ چوٹی کا پتھر ۔

Top story : (n) گھر کی سب سے بالائی منزل ؛ (مجازاً) دماغ ۔

Top-timber : (n) (بحری) حصہ بالائے آب کا ایک شہتیر؛ جہاز کے کنارے کا بالا ترین شہتیر ۔

Top-tool : (n) آہن گر کا اوزار جسے وہ کسی چیز پر رکھ کر اس چیز کو ہتھوڑے سے مارتا ہے ۔

Top-weight : (n) (۱) گھڑ دوڑ میں گھوڑے کے اٹھانے کا سب سے زیادہ وزن ۔ (۲) دوڑ میں سب سے زیادہ وزن اٹھانے والا گھوڑا ۔

Topaesthesia : (n) (طب، حیوانیات) مقامِ حسّی ۔

Toparch : (n) [Gr. 'toparches'.] حاکم شہر؛ فرمانروائے شہر؛ معمولی بادشاہ ۔

Toparchial : (a) حاکم شہر یا چھوٹے ضلع سے متعلق ۔

Toparchy : (n) [L. 'toparchia.'] چھوٹا ضلع یا علاقہ (جو toparch کے ماتحت ہو) ۔

Topass : (n) [Malayalam form of Hindi 'dobashi'.] سیاہ فام پرتگالی دوغلا ۔

Topaz : (n) [OFr. 'topaze'.] (۱) یاقوت زرد؛ پکھراج ؛ زبرجد ہندی؛ ٹوپاز ۔ (۲) ایک پرند کا نام جو شکرخورے سے مشابہ ہوتا ہے ۔

False topaz : (معدنیات) زرد رنگ کا کوارٹز پتھر ؛ زرد گار؛ حیوان زرد؛ نقلی فیروزہ ۔

Oriental topaz : زرد کڑنڈ ۔

Pink topaz : گلابی رنگ کا یاقوت ۔

Topaz humming-bird : (n) جنوبی امریکا کی چڑیوں کے نام (جو چمکیلے رنگ کی ہوتی ہیں) ۔

Topazolite : (n) ایک قسم کا زرد یا سبز زجاجی پتھر ؛ یاقوتِ زرد ؛ لعل یاقوتی زرد ۔

Tope : (n) [perh. Cornish name.] چھوٹی شارک ؛ نیز سگ ماہی ۔

Tope : (n) یورپ کی گانے والی ایک چڑیا کا مقامی نام ۔

Tope : (n) [Tamil. 'toppu'.] درختستان؛ کُنج اَم؛ اَم کے درختوں کا یا اور کسی قسم کے درختوں کا کنج؛ اَم کا باغ؛ درختوں کا جھنڈ ۔

Tope : (n) [Skr. 'Stupa'.] بودھ یا جین مت کی یادگار؛ ٹوپ؛ گنبد کی شکل کا تودہ؛ گنبد بودھ مت ۔

Tope : (v) (اب صرف ادبی معنوں میں) بہت کثرت سے شراب پینا؛ عادت کے طور پر شراب پینا ۔

Toper : (n) بہت زیادہ شراب پینے والا؛ مَے گسار؛ بادہ خوار؛ شرابی؛ دائم الخمر ۔

Topee/Topi : (n) [Hindi. 'Topi'.] ٹوپی؛ خَودنمابیٹ؛ کلاہ آہنی نماٹوپ ۔

Topgallant : (n) (۱) مستول، بادبان، بلی وغیرہ جو سب سے اونچے مستول سے بھی اوپر ہو ۔ (۲) (مجازاً) ہر چیز کا نقطۂ عروج؛ اوج؛ منتہا؛ معراج؛ کمال ۔

Topgallant : (a) (۱) سب سے اونچے مستول سے متعلق ۔ (۲) (مجازاً) اعلیٰ؛ رفیع؛ سربہ فلک ۔

Tophaceous : (a) [L. 'tophaceus'.] (۱) ریتیلا؛ کرکرا؛ ٹوفسی؛ ریگ کاسا؛ پتھریلا؛ سنگی ۔ (۲) (مرضیات) کسکسا؛ آبکی (گٹھیا، نقرس کی بیماری میں) ۔

Tophet : (n) [Heb. 'topheth'.] (۱) بیت المقدس کے قریب وادی بنام جہاں رسوم بت پرستی ادا کی جاتی تھیں اور پھر شہر کا کوڑا کرکٹ ڈالا جانے لگا

جس کے جلانے کے لئے آگ روشن رہتی تھ ۔
(۲) (مجازاً) دوزخ؛ جہنم؛ ظلمت؛ تاریکی مطلق ۔

Tophus : (n) [L. 'tophus'.] (۱) ریگ جو جوڑوں میں جمع ہو جاتی ہے یا چونا جو دانتوں میں جم جاتا ہے (جس سے تنفس کا مرض پیدا ہوتا ہے) ۔ (۲) (طب) کلسی مادہء نقرس؛ ثوفس؛ (ارضیات) کلسی ثوفا ۔

Tophus-stone : (n) ایک قسم کا مسام دار ہلکے زرد رنگ کا پتھر جو اطالیہ میں تعمیری کام میں استعمال ہوتا ہے ۔

Topi/Topee : (n) [Hindi. 'topi'.] دیکھو Sola

Topia : (n) دیوار کے نقش ونگار کا قدیم رومی طرز جس میں مختلف قسم کے قدرتی مناظر ہوتے ہیں؛ قدرتی مناظر کے نقش ونگار ۔

Topiarian : (a) [f. L. 'topiarius'.] خوش تراشی سے متعلق؛ درختوں کی تزئین سے متعلق ۔

Topiarist : (n) خوش تراش؛ گل کار ۔

Topiarius : (a) [L.] خوش تراش؛ گل کار ۔

Topiary : (a) [L. 'topiarius'.] دیکھو Topiarian

Topiary : (n) خوش تراشی؛ جھاڑیوں اورپودوں کو خوشنما شکلوں میں کاٹنے چھانٹنے کا فن؛ درختوں کی تزئین وآرائش کا فن؛ باغبانی؛ گل کاری؛ خوش نما کٹائی ۔

Topic : (a) [Gr. 'topikos'.] (۱) مقامی؛ کسی خاص جگہ سے متعلق ۔ (۲) (طب) جس کا اثر کسی ایک عضو تک محدود ہو ۔

Topic : (n) (۱) رسالات ارسطو ۔ (۲) (جمع) مضمون ؛ مبحث؛ موضوع بحث؛ سرفصل ۔ (۳) ضابطہ؛ قاعدہء استدلال ۔ (٤) استدلال کا ایک طریقہ؛ استدلال ظنی ۔

Topic method : (n) عنوانی طریقہ ۔

Topical : (a) (۱) مقامی؛ علاقائی؛ کسی جگہ سے متعلق ۔ (۲) (طب) جس کا اثر کسی ایک عضو تک محدود ہو ۔ (۳) اصولی؛ عام موضوع یا مبحث کے متعلق ۔ (٤) مسائل حاضرہ کے متعلق؛ مقامی مسائل یا چیزوں کے متعلق ۔

Topical : (n) وہ فلم جو مسائل حاضرہ پر روشنی ڈالتی ہو ۔

Topically : (adv.) (۱) موضوع کے لحاظ سے؛ مقامی حیثیت سے ۔ (۲) مسائل حاضرہ کے اعتبار سے ۔

Topknot : (n) (۱) بالوں کا گچھا؛ چوٹی جو چندیا پر ہو ؛ کلغی ۔ (۲) فیتہ وغیرہ جو اس جگہ لگایا جائے ۔ (۳) وہ شخص جو بالوں کا گچھا لگاتا ہے ۔ (٤) یورپ کی مچھلیوں کے نام ۔

Topknotted : (a) کاکل دار؛ بالوں کا گچھا بندھا ہوا ۔

Topless : (a) (۱) بے نوک؛ بے سرا ۔ (۲) (مجازاً) بے انتہا؛ بلند؛ نامحدود؛ عالی ۔ (۳) بغیرصدری کا (کپڑا) ۔

Topman : (n) (۱) (بڑے آرے کے چلانے میں) اوپر کا آرا کش ۔ (۲) مستول چڑھانے والا (جہاز کا ملازم) ۔ (۳) کان کَن ؛ کان کھودنے والا ۔

Topmast : (n) نچلے مستول سے اوپر کا مستول ۔

Topmost : (a) سب سے بلند؛ سب سے اونچا ۔

Topo- : [Gr. 'topo'.] سابقہ بمعنی "جگہ" "محل" "مکان" ۔

Topochemical : (a) مقام کیمیائی ۔

Topochemistry : (n) (کیمیا) مقامی کیمیا ۔

Topographer : (n) [f. Gr. 'topographos'+ -ER.] (۱) کسی مقام کا جغرافیائی مطالعہ کرنےوالا ۔ (۲) نقشہ ساز؛ مقام نگار؛ عالم طبوغرافیہ ۔

Topographic/-al : (a) (۱) جغرافیائی مطالعہ یا نقشہ سازی کے متعلق ۔ (۲) جس میں کسی خطّے کے جغرافیائی حالات کا مطالعہ ہو ۔ (۳) جغرافی؛ طبوغرافی؛ مقامی جغرافیائی ۔

Topographical map : (n) (جغرافیہ)مقامی نقشہ؛ نقشہ خطہ ۔

Topographical tape : (n) (سروے) مقام نگاری کا فیتہ ۔

Topographically : (adv.) نقشے کےلحاظ سے؛ جغرافیائی حالات کے لحاظ سے؛ جغرافی مطالعہ کی رو سے ۔

Topographize : (v) (۱) موضع نگاری کرنا؛ مقام نگاری کرنا؛ نقشے کے لحاظ سےبیان کرنا؛ جغرافی حالات کا بیان کرنا ۔ (۲) مقامی جغرافیہ کی تحقیق کرنا ۔

Topography : (n) [late L. 'topographia',] (۱) جغرافی مطالعہ ؛ نقشہ سازی (کسی خطے کی) - (۲) جغرافیہ؛ جغرافی حالات ؛ جغرافی خصوصیات - (۳) (تشریح) اعضائے بدن کی نقشہ سازی؛ ناحیہء عضو نگاری ؛ بیان حصہء جسم - (٤) (جغرافیہ) مقام نگاری؛ مقامی جغرافیہ؛ جغرافیہء خطہ؛ طبوغرافیہ - (٥) (جغرافیہ) مقامی نقشہ کشی -

Topological psychology : (n) مقامیاتی نفسیات -

Topologist : (n) ماہرِمقامیات

Topology : (n) (۱) (جغرافیہ) کسی مقام کا سائنسی مطالعہ؛ علمِ مقامات؛ مقامیات - (۲) (تشریح) اعضائی تشریح -(۳) (ہندسہ) مقامی ہندسہ؛ (ریاضیات) ریاضی کی ایک شاخ -

Toponym : (n) (۱) (حیاتیات) مقامی نام؛ منطقہ کا نام - (۲) (تشریح) نام حصہء جسم -

Toponymic/-al : (a) مقامی نام سے متعلق -

Toponymy/Toponomy : (n) (۱) (جغرافیہ) تسمیہء مقامات ؛ مقامات کےناموں کا مطالعہ؛ مقامات کے نام - (۲) (تشریح) تسمیہء اعضا؛ اعضائے جسم کے ناموں کا مطالعہ؛ اعضا کے نام -

Topophone : (n) سمتِ صوت نما -

Topotaxis : (n) (حیاتیات) محرکہء رحی؛ مقامِ ترتیب -

Topotype : (n) (حیوانیات) مقامی قسم -

Topped : (a) (۱) نوک دار؛ راس دار؛ سرا والا -(۲) (درخت) پھننگی والا؛ شاخ بریدہ؛ شاخ کٹا ہوا؛ منڈا (درخت)-

Topper : (n) (۱) سب سے اعلیٰ چیز یا شخص؛ بہتر شخص؛ سب سے اعلیٰ درجہ حاصل کرنے والا؛ ٹاپ کرنے والا - (۲) (بول چال) ٹاپ ہیٹ -(۳) (دکان داری) عمدہ مال (پھل وغیرہ) جو دکھانے کے لئے اوپر رکھا جائے -

Topping : (n) (۱) کاکل؛ طرہء گیسو؛ تاج؛ کلغی؛ پودے کی پھننگ وغیرہ کو تراشنا؛ قد میں لمبا ہونا؛ چوٹی پر پہنچ جانا - (۲) چڑیا کی کلغی (مزاحاً) سر -(۳) وہ چیز جو سب سے بلند ہو، سب سے بہتر ہو - (٤) سب سے اونچا طبق؛ پرت -(٥) (جمع) (نباتیات) توڑکات؛ درخت کے سرے کو کاٹنا - (٦) (بول چال) دودھ سے دوسری مرتبہ ملائی نکالنا - (۷) (بول چال) سب سے عمدہ بھوسا -

Topping : (n) (بحری) خم سازی؛ کج سازی -

Topping : (a) (۱) بلند؛ اوچ دار؛ منبع؛ سردار -(۲) عالی مرتبہ؛ درجہ اول کا؛ ممتاز؛ بہت خوب؛ دل پسند؛ نہایت عمدہ؛ بڑے لُطف کا -(۳) باشکوہ؛ زیبا؛ لطیف؛ دلاور ؛ دلیر ؛ جری ؛ بیباک - (٤) مغرور؛ لاف زن؛ بات بنانے والا؛ پرمدعا؛ پرلاف وگزاف -(٥) آگے کو نکلا ہوا -

Topping-lift : (n) وہ رسّی جو مستول کے نچلے سرے سے بادبان کے نیچے کی بلّی تک ہوتی ہے -

Toppingly : (adv.) ممتاز طور پر؛ عمدہ طریقے سے؛ بیباکی سے؛ لاف زنی کے ساتھ ؛ نہایت خوبی سے؛ نہایت اعلیٰ طور پر -

Toppingness : (n) (۱) بلندی ؛ سرداری -(۲) عمدگی ؛ دل پسندی؛ عالی مرتبت - (۳) زیبائش؛ لطافت؛ بیباکی؛ دلیری - (٤) لاف زنی؛ پرلاف وگزاف ہونا -

Topple : (v) (۱) ڈگمگا کر گرنا؛ گرپڑنا؛ قلابازی کھانا - (۲) گرادینا؛ پھینک دینا؛ الٹ دینا؛ الٹ کر گرادینا - (۳) آگے کو نکالنا؛ سرانکالنا؛ نوک دار بنانا -

Topsail : (n) (۱) چوکور بادبان جو نچلے بادبان سے اوپر ہوتا ہے -(۲) بالا ترین بادبان -

Topside : (n) (۱) کسی چیز کا اوپری حصہ -(۲) (جہازسازی) جہاز کا اوپری حصہ؛ حصہ بالائےآب؛ جہاز کا وہ حصہ جو سطح آب سے اوپر ہو -

Topside : (adv.) سرے پر؛ سب سے اوپر -

Topsill : (n) (تعمیرات) داسا؛ سَردَل -

Topsman : (n) (۱) (بول چال اور عامیانہ) رئیس؛ ناظر ؛ ضابط ؛ تعلقداروں کا کارندہ - (۲) چوبدار - (۳) (عام) جلاّد -

Topsy turvification : (n) (مزاحاً) الٹ پلٹ کرنا یا کیا جانا؛ افراتفری-

Topsy turvify : (v) (مزاحاً) الٹ پلٹ کردینا؛ درہم برہم کردینا۔

Topsy-turvily : (adv.) الٹ پلٹ کر؛ درہم برہم طور پر؛ افراتفری کے ساتھ۔

Topsy-turviness : (n) اُشفتگی؛ بہم ریختگی؛ افراتفری؛ گڑبڑی۔

Topsy-turvy/-turvey : (adv.) الٹا؛ اوندھا؛ افراتفری کے ساتھ؛ گڑبڑی کے طور پر ؛ الٹ پلٹ کے طور پر؛ واژگونہ؛ واژگون؛ نیچے اوپر۔

Topsy-turvy : (a) اُلٹ پلٹ ؛ درہم برہم؛ ابتر ؛ الٹا؛ اوندھا؛ اوپر نیچے کیا ہوا۔

Topsy-turvy : (n) گڑبڑی؛ افراتَفری؛ ابتری؛ الٹا پلٹا ہونا؛ اُشفتگی؛ اغتشاش۔

Topsy-turvy : (v) درہم برہم کرنا؛ اُلٹ پلٹ کردینا؛ اوندھا کردینا؛ (مجازاً) الٹ دینا؛ کایا پلٹ کردینا۔

Topsy-turvydom : (n) (مزاحاً) طوفان بے تمیزی؛ افراتفری۔

Toque : (n) [It. 'tocca'.] (۱) (تاریخ) ایک قسم کی چھوٹی گول ٹوپی؛ خصوصاً عورتوں کی ۔ (۲) بانٹ؛ بے چھجے کی ٹوپی جو ڈوریوں سے کھلتی اور بند ہوتی ہے ۔(۳) ایک قسم کا بندر جس کے سر کے بال ٹوپی کی طرح معلوم ہوتے ہیں۔

Toque monkey : (n) (سری لنکا کا) ایک قسم کا بندر؛ بانٹ بندر۔

Tor : (n) [Gael. 'to 'rr'.] قُلّہ؛ پہاڑی؛ پہاڑی کی چوٹی، خصوصاً علاقہ ڈارٹ مور میں۔

-tor : (لاحقہ) علامت فاعلی جیسے Narrator اور doctor میں۔

Tor ouzel : (n) ایک پرند جو blackbird سے مشابہ ہوتا ہے ۔

Torah : (n) [Heb. 'torah'.] (دینیات) تورات؛ توریت ؛ انجیل مقدّس کے عہد قدیم کی پانچ کتابیں جو شرع موسوی کی حامل ہیں؛ موسوی قانون۔

Torbanite : (n) [f. 'Torbane'.] (معدنیات) گہرے بھورے رنگ کا Shale (Shale سلیٹ سے مشابہ ایک قسم کا نرم پتھر ہے جس کے آسانی سے باریک پرت ہوجاتے ہیں)۔

Torbernite : (n) [G. 'torbernit'.] (معدنیات) یورینیم اورتانبے کا فاسفیٹ۔

Torch : (n) [OFr. 'torche'.] (۱) ٹارچ؛ مشعل ۔(۲) (مجازاً) آتش زدگی؛ آگ ۔ (۳) ایک سرخ پھول کا نام؛ (جمع) ایک قسم کی بڑی بوٹی جس کی پتّیاں نرم روئیں دار اور پھول زرد رنگ کے ہوتے ہیں۔

Electric torch : برقی ٹارچ ۔

To carry a torch : والہانہ محبّت ہونا ۔

To hand on the torch : علوم وفنون کو زندہ رکھنا اور آئندہ نسل کے سپرد کرجانا۔

Torch : (v) ٹارچ دکھانا؛ مشعل دکھانا ۔

Torch-bearer : (n) ٹارچ رکھنے والا ۔

Torch-fishing : (n) ٹارچ کی روشنی سے رات میں مچھلی کا شکار کرنا۔

Torch-light : (n) (۱) ٹارچ کی روشنی؛ تنویرِ مشعل ۔(۲) وہ وقت جب ٹارچ جلائی جاتی ہے؛ شام (کا وقت)؛ تاریکی کا وقت۔

Torch-lily : (n) (نباتیات) سرشگافہ؛ نغوفیا؛ ایک قسم کا پھول ؛ دیکھو Red-hot pocer ۔

Torch of Hymen : (n) (نفسیات) جذبۂ عشق ۔

Torch-race : (n) مشعل دوڑ؛ قدیم یونانی مقابلہ جس میں کئی ٹولیوں کے آدمی تھوڑے تھوڑے فاصلے پر کھڑے ہوجاتے ہیں، ہرٹولی کاایک ایک آدمی آگے مشعل لے کر دوڑتا ہے اور مرحلے پر پہنچ کر اپنے ساتھی کو مشعل دے کر روانہ کردیتا تھا۔

Torch-singer : (n) مشہور جذباتی نغمۂ محبت گانے والا ۔

Torch-song : (n) (امریکا) مشہور جذباتی نغمۂ محبت ۔

Torch-thistle : (n) (نباتیات) صَبّاریہ ۔

Torch-wood : (n) (۱) رال صفت لکڑی جس کی مشعل بنتی ہے ۔(۲) Amyris جنس کا درخت ۔(۳) Cactus کی ایک قسم۔

Torchon : (n) [Fr.] تصویر بنانے کا کاغذ ۔

Torchon board : (n) تختہ جس پر یہ کاغذ منڈھا ہو ۔

Torchon lace : (n) ایک قسم کی موٹی لیس جو کسانوں کی عورتیں بناتی ہیں ۔

Torchon mat : (n) چوکھٹے میں لگی ہوئی تصویر کا کھردرا سنہرا حاشیہ ۔

Torchon paper : (n) ایک قسم کا کھردرا کاغذ جس پر مصور آبی تصویر بناتے ہیں ۔

Torcular : (n) [L.] (تشریح،جراحی) شریان بند؛ شریان روک؛ ایک آلہ جس میں پیچ کسنے سے شریانوں کا خون بہنا موقوف ہو جاتا ہے ۔

Torcular : (a) شریان بند سے متعلق ۔

Tore : (n) [L. 'torus'.] (۱) (تعمیرات) ابھرا ہوا گول آرائشی حاشیہ جو کرسیء ستون کے گرد بنا ہوتا ہے؛ ہلالی گولا؛ تور ۔(۲) (ہندسہ) مجسم مخروطی؛ تور ۔

Tore : دیکھو Tear

Toreador : (n) [Sp. f. 'torear'.] ہسپانیہ کا پہلوان جو گھوڑے پر سوار سانڈ سے لڑتا ہے؛ تورادور ۔

Torero : (n) [Sp.] ہسپانوی پہلوان جو زمین میں سانڈ سے لڑتا ہے ۔

Toreutic : (a) [Gr. 'toreutikos'.] منبت کاری کا؛ کندہ کاری سے متعلق؛ سادہ کاری کا؛ دھات پر کھدے ہوئے یا اُبھرے ہوئے نقش ونگار کا ۔

Toreutic : (n) (خصوصاً جمع) منبت کاری؛ کندہ کاری ؛ دھات پرکھدے ہوئے یا ابھرے ہوئے نقش ونگار ۔

Toreutic art : (n) منبت کاری ؛ کندہ کاری ۔

Torfaceous : (a) (نباتیات) ثرفی؛ دلدلی ۔

Torgoch : (n) [Welsh, f. tor+coch.] سرخ شکم ماہی؛ ایک قسم کی ٹراؤٹ مچھلی جس کا پیٹ سرخ ہوتا ہے ۔

Toric : (a) (ریاضیات) ہلالی؛ توری ۔

Toric lens : (n) (بصریات) توری عدسہ ۔

Torii/Tori/Torij : (n) (جاپان) شنتو مندر کا خاص وضع کا پھاٹک ۔

Torment : (n) [L. 'tormentum'.] (۱) (نفسیات) اذیت؛ سوہانِ روح؛ عذابِ جان؛ زجر؛ عذاب؛ عذابِ جہنّم؛ آزار؛ زحمت ۔ (۲) شدید جسمانی یا روحانی تکلیف ؛ اذیت ؛ کرب ۔(۳) وہ چیز جو اذیّت کا باعث ہو؛ موجبِ عذاب ۔(٤) اذیّت دینے کا آلہ ۔ (٥) اس شخص کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے جو اذیّت میں مبتلا ہو ۔

This child is a positive torment : یہ لڑکا تو عذابِ جان ہو گیا ہے۔

Torment : (v) [OFr. 'tor-tourmenter'.] (۱) سخت اذیّت دینا؛ شدید تکلیف کا باعث ہونا؛ عذابِ جان ہوجانا؛ ناک میں دم کردینا ۔ (۲) عذاب دینا؛ کرب میں مبتلا کردینا؛ اذیّت میں گرفتار کردینا؛ تکلیف دینا؛ دق کرنا؛ پریشان کرنا ۔ (۳) (مجازاً) مسخ کرنا؛ شکل بگاڑنا؛ حلیہ بگاڑنا؛ غلط بیان کرنا (مفہوم وغیرہ) ۔

Tormentil : (n) [med. L. 'tormentilla'.] گل پنج انگشت کی ایک قسم؛ ایک بوٹی جس کے پھول زرد ہوتے ہیں اور جس کی جڑ سخت قابض دوا کے طور پر استعمال ہوتی ہے ۔

Tormenting : (a) اذیّت دینے والا؛ عذاب دہندہ؛ موجبِ تصدیع خاطر؛ موجبِ اذیت؛ وہ جو کرب میں مبتلا کرتا ہے؛ تکلیف دہ ۔

Tormentingly : (adv.) سخت تکلیف دہ طریقے سے ۔

Tormentingness : (n) موجبِ اذیّت ہونا؛ عذاب دہندہ ہونا ۔

Tormentor : (n) [AFr. 'torment(e)our'.] (۱) موذی؛ اذیّت دینے والا (شخص یا چیز)؛ جلاّد ۔ (۲) بڑا کانٹا جس سے جہاز پر دیگ سے گوشت نکالتے ہیں ۔ (۳) (سنیما) آوازگیر؛ ثارمنٹر ۔ (٤) (زراعت) دندانہ دار سہاگا؛ دندانے دار سراون جس میں پہیّے لگے ہوتے ہیں ۔

Tormentress : (n) [AFr. 'tormenteresse'.] اذیّت دینے والی ؛ کرب میں مبتلا کرنے والی ۔

Tormina : (n) [L.] (طب) قولنج؛ قولنج امعاء ۔

Torminal : (a) قولنج کا یا اس سے متعلق ۔

Torn : (pa. pple.) Tear فعل کا ماضی ۔

Tornada : (n) [Prov., f. pa. pple. of 'tornor'.] ایک قسم کی فرانسیسی نظم کا مثلثی آخری بند ۔

Tornadic : (a) طوفانی؛ عاصفہ سے متعلق؛ آندھی کا سا ۔

Tornado : (n) [Sp. 'tronado'.] (۱) (موسمیات) عاصفہ ؛ جھکڑ ؛ گردباد؛ بگولا؛ طوفان پیچاں ۔ (۲) زور کی آندھی جو تھوڑی سی دیر چلتی ہے (مغربی افریقہ میں برسات کے آخر میں اور شروع میں اور شمالی امریکا میں اپریل سے جولائی تک چلتی ہے)؛ (جمع) طوفان افریقہ؛ ٹارنیڈو ۔ (۳) طوفان؛ طوفانِ بادوباراں ۔ (٤) بوچھار (نعرہ ہائے تحسین وتُفریں یا پھینک کر مارنے کی چیزوں کی)۔

Tornal : (a) کیڑوں کے بال سے متعلق ۔

Tornaria : (n) [L. 'tornus'.] (حیوانیات) پھرکیہ ۔

Tornus : [L.] (حشریات) حشرہ کے ڈینے (بال) کا زاویہ خارجہ۔

Toroid : (a) ریاضیات) مخروطی نما؛ ثورنما؛ ثور ۔

Toroidal : (a) مخروطی؛ ثوری۔

Toroidal surface : (n) (بصریات) سطح ثوری ۔

Toroidal winding : (n) (برقیات) حلقوی پیست؛ چھلاً؛ پیچہ ۔

Torose/Torous : (a) [L. 'torosus'.] (۱) (حیاتیات) آمالیا؛ گومڑےدار؛ توریہ ۔ (۲) (نباتیات) استوانی شکل کا جس میں جابجا گومڑے پڑے ہوں؛ گومڑے دار ۔ (۳) (حیوانیات) گومڑے دار؛ گومڑی دار ۔

Torpedo : (n) [L.] (۱) تارپیڈو مچھلی(جو اپنی برقی قوت سے شکار کو بے حس کر کے ماردیتی ہے)؛ رعّاد (ماہی) ۔ (۲) ایک قسم کی سرنگ ۔ (۳) (فوج) اژدر؛ تارپیڈو؛ منجنیق ۔ (٤) ایک قسم کا پھٹنے والا گولا ۔(٥) تارپیڈو؛ سگار کی شکل کی پھٹنے والی چیز جو پانی کے اندر جاکر جہاز میں لگتی ہے اور پھٹ کر اُسے اُڑا دیتی ہے ۔(٦) تارپیڈو کی شکل کی موٹرکار ۔ (۷) (مجازاً) بے حس کردینے والا اثر ۔(۸) دیکھو Fog-signal ۔(۹) تیل کے کنویں میں کارتوس کا پھٹنا (بہاؤ کو تیز کرنے کے لئے)۔

Aerial torpedo : ہوائی تارپیڈو(جو ہوائی جہاز سے پھینکی جاتی ہے)۔

Torpedo : (v) (۱) تارپیڈوسے حملہ کرنا؛ تارپیڈو سے برباد کرنا ؛ تارپیڈو مارنا ؛ تارپیڈو سے اڑانا ۔ (۲) (مجازاً) (کسی تحریک یا ادارے کو) برباد کردینا؛ بے کار کردینا ۔ (۳) (تیل کے کنویں میں) تارپیڈو کا پھٹنا (تاکہ بہاؤ تیز ہوجائے)۔

Torpedo-anchor : (n) تار پیڈولنگر ۔

Torpedo-beard : (n) نوک دار داڑھی؛ چُگّی داڑھی ۔

Torpedo boat : (n) (فوج) اژدر افگن جہاز؛ تارپیڈوکشتی ؛ چھوٹی دخانی تیزرو کشتی جس میں سے تارپیڈو مارتے ہیں۔

Torpedo boat catcher : (n) جہاز جو تارپیڈو کشتیوں کو گرفتار کرتا ہے؛ تارپیڈوگیر ۔

Torpedo boat destroyer : (n) چھوٹی تیز رو کشتی جس سے تارپیڈو کشتیاں گرفتار کرتے ہیں؛ یا تارپیڈو مارتے ہیں۔

Torpedo-body : (n) تارپیڈونما کار ۔

Torpedo-boom : (n) تارپیڈو بَلّی (جس سے جہاز کا مستول وغیرہ بنایا جاتا ہے)۔

Torpedo catcher/-gun boat : (n) دیکھو Torpedo boat catcher

Torpedo destroyer : (n) دیکھو Torpedo boat destroyer

Torpedo gun : (n) (۱) اژدر انداز؛ تارپیڈو نلکی ۔ (۲) دیکھو Torpedo-tube ۔

Torpedo-net : (n) تارپیڈو جال جو تارپیڈو یا تارپیڈو کشتیوں سے بچنے کے لئے جہاز کے گرد لگا دیا جاتا ہے ۔

Torpedo-ram : (n) تارپیڈونلکی کے ساتھ(جہاز کی) پھالی (جس سے دشمن کے جہاز کو پھوڑنے کا کام لیتے ہیں)۔

Torpedo-spar : (n) تارپیڈو بلی جو تارپیڈو کشتی میں لگا ہوتا ہے۔

Torpedo-tube : (n) اژدرانداز؛ تارپیڈو نلکی ، جس میں رکھ کر تارپیڈو مارتے ہیں۔

Torpescence : (n) (حیوانیات) بےحرکتی؛ سستی؛ بےحالی ۔

Torpescent : (a) سُست؛ بے حال؛ بے حرکت ۔

Torpid : (a) [L. 'torpidus'.] (۱) خوابیدہ؛ سویا ہوا؛ سُست؛ بے حال؛ بےحس؛ سُن۔ (۲) (طب) سست؛ بےحس۔ (۳) بے حس وحرکت (اس جانور کے لئے آتا ہے جو جاڑے بھر بے حس وحرکت پڑا رہتا ہے)۔ (٤) سست؛ مٹھا؛ مجہول؛ بےحِس؛ آرام طلب؛ کاہل الوجود؛ بےشغل۔

Torpid : (n) (۱) (جمع) کشتیوں کی دوڑ جو آکسفورڈ کے کالجوں کے دوسرے نمبر کے کھویّوں میں ایسٹر سے پہلے تعطیل کے زمانے میں ہوتی ہے۔ (۲) کشتی جو اس دوڑ میں شامل ہو۔

Torpidity : (n) (۱) سستی؛ کاہلی؛ بے حسی؛ بے حالی۔ (۲) (طب) خدر؛ سن ہوجانا۔ (۳) (حیوانیات) بےحسی۔

Torpidly : (adv.) سستی سے؛ کاہلی کے ساتھ۔

Torpidness : (n) Torpidity دیکھو

Torpitude : (n) (شاذ) بےحسی؛ سستی۔

Torpor : (n) [L. f. 'torpere'.] (۱) (طب) تخدر؛ خدر؛ رخوت۔ (۲) بے حسی؛ بےحرکتی؛ سستی کی حالت؛ کاہلی۔

Torporific : (a) [f. L. 'torporem'-+- FIC.] سُستی آور؛ سُستی یا کاہلی پیدا کرنے والی؛ (مجازاً) مدھوش کردینے والی (چیز)؛ مخدر؛ بےحسی آور۔

Torquate : (a) [L. 'torquatus'.] (حیوانیات) طوق دار؛ طوقی؛ کنٹھ دار (پرند جس کی گردن میں خاص رنگ یا خاص قسم کا حلقہ ہو)۔

Torquated : (a) (۱) طوق پہنے ہوئے؛ طوق نما؛ مالا جیسا۔ (۲) طوق دار۔

Torque/Torc : (n) [L. 'torques'.] (۱) پھرایا جا سکنے والا طوق یا مالا (جو قدیم گال (Gaul) قوم میں پہنی جاتی تھی)۔ (۲) (میکانیات) شارک؛ پیچہ؛ مروڑ۔

Torque : (n) [f. L. 'torquere'.] (طبیعیات) قوت پیچہ؛ وہ قوت جس سے کوئی چیز مروڑی جاتی ہے۔

Torque ball : (n) وہ گولہ جو گھمایا جاسکے۔

Torqued : (a) [L. 'torqere'.] مروڑا ہوا؛ پیچیدہ؛ پیچ دیا ہوا؛ گشتاوری؛ (نقابت) حرف S کی طرح موڑا ہوا۔

Torquemeter : (n) (طبیعیات) شارک پیما؛ پیچہ پیما۔

Torques : (n) [L. f. 'torquere'.] (۱) مروڑی دار طوق یا مالا۔ (۲) (حیوانیات) گلوبند؛ جانور کے گردن کے اوپر انگوٹھی نما گول نشان (جو بال یا پر وغیرہ سے بن جاتا ہے)۔

Torr : (۱) (طبیعیات) بادپیمائی کی اکائی۔ (۲) Torricell کا مخفف۔

Torrefaction : (n) [f. L. 'torrefacere'.] (۱) سُکھانے اور بھوننے کا عمل؛ سکھانا یا سُکھایا جانا؛ بریاں کرنا یا ہونا؛ خشک سازی۔ (۲) (کیمیا) خشکاؤ؛ (کیمیا) اختراق؛ اختراق دھات۔

Torrefy : (v) [Fr. 'torrefrer'.] (کچی دھات یا دواؤں کو) سکھانا؛ بھوننا؛ خشک کرنا۔

Torrent : (n) (۱) (جغرافیہ) سیل؛ تیزدھارا؛ سیلاب؛ پہاڑی جھرنا۔ (۲) تیز بہنے والی ندی؛ نشیب میں تیزی سے گرنے والی ندی۔ (۳) (مجازاً) بوچھار (گالیوں، سوالوں کی)؛ پرجوش الفاظ وغیرہ۔ (٤) تیزجھرنا؛ تیز بارش کی بوچھار؛ سیلاب؛ طوفان (غم والم کا)۔

Torrent : (a) سیل کی طرح تیز بہنے والا؛ سیل مانند۔

Torrential : (a) (۱) سیلاب مانند؛ سیل آور؛ سیلاب کا سا؛ تیز بہنے والا؛ تند و پُرشور؛ بہت زور کا۔ (۲) (مجازاً) سیل کی طرح لبریز؛ بھرا ہوا۔

Torrentially : (adv.) سیلاب کی طرح؛ تیزی اور تندی سے؛ بہت زور شور سے۔

Torrenticole : (n) (حیوانیات) سیل باش۔

Torricelli : (n) (تاریخ) ٹاری سلی (ایک اطالوی عالم طبیعیات و ریاضی داں)۔

Torricellian : (a) [f. name of Torricelli'.] ٹاری سلی کا یا اس سے متعلق۔

Torricellian experiment : (n) (سنہء ١٦٤٣ میں ٹاری سلی نے ایک تجربہ کیا) ٹاری سلی کا تجربہ جس نے ایک نلکی میں پارہ بھرکر ہوا کا دباؤ دریافت کیا تھا؛ اسی کی بنا پر مقیاس الہوا یا بادپیما ایجاد ہوا۔

Torricellian tube : (n) (طبیعیات) باد پیما ٹاری سلی؛ ٹاری سلی نلکی۔

Torricellian vacuum : (n) (طبیعیات) خلائے ٹاری سلی ۔

Torrid : (a) [L. 'torridus'.] زیادہ گرم؛ حارّ؛ محترق؛ جلادینے والا؛ سوزاں ۔

Torrid zone : (n) (جغرافیہ) منطقہ حارہ؛ خطوط جدی اور سرطان کے درمیان کی سرزمین ۔

Torridity : (n) (طبیعیات) گرمی؛ سوزندگی؛ جلادینے کی حالت؛ حدت؛ سخت گرم ہونا ۔

Torridly : (adv.) حدت کے ساتھ؛ سخت گرمی کے طور پر ۔

Torridness : (n) دیکھو Torridity

Torrify : (v) Torrefy کا متبادل ۔

Torsal : (n) (۱) داسا؛ لکڑی وغیرہ کا ٹکڑا جسے دیوار پر رکھ کر بان ڈالتے ہیں ۔ (۲) بل دار یا مروڑی دار آرائشی کام ۔

Torse : (n) (tois) [Fr. 'torse'.] (نقابت) اینٹھا ہوا فیتہ جس سےخود کو طغرے سے ملایاجاتا ہے ۔

Torse : (n) [It. 'torso'.] (۱) (تشریح) بدن؛ دھڑ ۔ (۲) دیکھو Torso ۔

Torse : (n) [f. med. L. 'torsus'.] (ہندسہ) ترقی پذیر سطح ۔

Torsibility : (n) مروڑ پذیری ۔

Torsile : (a) [f. L. 'tors - +-IL'] پیچیدہ؛ تابدار؛ مروڑا ہوا ۔

Torsiograph : (n) (انجینیئرنگ) مروڑی ارتعاش نگار؛ مروڑنگار ۔

Torsion : (n) [late L. 'torsionem'.] (۱) (میکانیات) مروڑ ؛ قوت مروڑ ۔ (۲) (حیوانیات، نباتیات) مروڑ؛ مروڑی دار ہونا ۔ (۳) بٹائی؛ بٹنا یا بٹاجانا؛ مروڑا جانا؛ انقباض پیچی ۔ (٤) (طب، جراحی) عملِ جراحی کےبعد شریانوں کے سروں کو موڑنا تاکہ خون بند ہوجائے؛ تفتیل ۔

Angle of torsion : (۱) زاویہ پیچ خوردگی؛ وہ زاویہ جو سلاخ کے ایک سرے کے مروڑنے سے بنتا ہے جبکہ دوسرا سرا متحرک نہیں ہوتا ۔ (۲) (ہندسہ) خفیف ترین زاویہ جو ایک دوسرے کو چھوتی ہوئی پیچیدہ خموں کی سطحوں سے بنتا ہے ۔

Balance of torsion : (۱) (طبیعیات) مروڑی ترازو ۔ (۲) دیکھو Torsion -balance ۔

Torsion-balance : (n) (طبیعیات) مروڑی ترازو؛ مروڑ کانٹا جس میں تاریک بل دار تار کے ذریعے برقی قوتوں وغیرہ کا باریک فرق ناپا جاتا ہے ۔

Torsion-curve : (n) مروڑی خَم؛ وہ خَم جو مروڑ کی وجہ سے ہو ۔

Torsion-galvanometer : (n) (برقیات) مروڑی رَو پیما ۔

Torsional : (a) بل یا مروڑ کا؛ مروڑی ۔

Torsional Hysteresis : (n) (میکانیات) مروڑ پسماندگی ۔

Torsional pendulum : (n) (گھڑی سازی) مروڑی پنڈولم ۔

Torsional vibration : (n) (میکانیات) مروڑی اِرتعاش ۔

Torsionally : (adv.) بل یا مروڑ دے کر ۔

Torsionless : (a) بےمروڑ؛ بے بَل کا ۔

Torsive : (a) مروڑی دار؛ بَل دار ۔

Torsk : (n) [Norw. 'torsk, tosk.] کاڈ مچھلی کی ایک قسم ۔

Torso : (n) [L. 'thyrsus'.] (۱) (تشریح) بدن؛ دھڑ ۔ (۲) (آرٹ) بدنِ مجسمہ؛ مجسمے کا دھڑ (سر اور ہاتھ پاؤں سے الگ) ۔ (۳) (مجازاً) ادھورا کام؛ نامکمل چیز؛ کٹا ہوا حصہ یا ٹکڑا؛ ناقص کام؛ ابتر کام ۔

Tort : (n) [med. L. 'tortum'.] (انگریزی قانون) ٹارٹ؛ خطا؛ دیوانی حرجانہ؛ وہ ہرجہ جس سے کسی کو نقصان پہنچے اور جس کا ہرجانہ دیوانی میں مل سکے ۔

Torta : (n) [late L. 'torta'.] (معدنیات) دھات کے بڑے مسطح گول انباروں میں سے ایک؛ سنگ نقرہ ۔

Torteau [Fr.] (نقابت) سرخ رنگ کا گول تمغا ۔

Tortfeasor : (n) [OFr.] (قانون) گناہ گار؛ خطاکار؛ تجاوزکار؛ مداخلتِ بےجا کرنے والا ۔

Torticollis : (n) [mod. L. f. -L. 'tortus'.] (طب) صمر ؛ انعطاف گردن؛ گردن سیخی؛ وجع مفاصل سے گردن کے عضلات کا اینٹھ جانا ۔

Torticone : (n) (حیوانیات) مروڑی صدف؛ مروڑی مخروط ۔

Tortile : (a) [L. 'tortilis'.] (شاذ) (۱) (نباتیات)پیچیدہ؛ بل دار؛ کنڈلی دار؛ بل کھایا ہوا؛ مڑا ہوا؛ خمیدہ ۔ (۲) مرغولہ دار؛ کنڈلی دار ۔

Tortilis : (n) (نباتیات) کنڈلی گیر ۔

Tortility : (n) خمیدگی؛ مرغولہ دار ہونا؛ کنڈل؛ پیچیدگی ۔

Tortilla : (n) [Sp. dim of 'torta.'] (میکسیکو میں) مکئی کا کیک؛ مکئی کی روٹی ۔

Tortious : (a) [Anglo - Fr. 'torcious'.] (قانون) مجرمانہ؛ خطایانہ۔

Tortiously : (adv.) مجرمانہ طور پر ۔

Tortive : (a) [L. 'tortivus'.] (شاذ) پیچیدہ؛ مڑا ہوا ؛ خمیدہ ۔

Tortoise : (n) [Fr. 'tortue'.] (۱) (حیوانیات) کچھوا ؛ سنگ پشت ۔ (۲) کٹکھنا کچھوا ۔ (۳) (قدیم روما) صف بندی جس میں سپاہی ڈھال سے ڈھال ملاکر دیوار سی بنا لیتے تھے ۔(٤) کچھوے کی شکل؛ کچھوے کا نقشہ جو حرکت کی کمی کو دکھانے کے لئے بنایا گیا ہو ۔ (٥) بہت سست آدمی کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے؛ سست آدمی؛ کاہل شخص ۔

Tortoise-beetle : (n) کچھوا نما بھونرا ۔

Tortoise-lyre : (n) پوست کچھوا سے بنی ہوئی ایک قسم کی بربط ۔

Tortoise-plant : (n) جنوبی افریقہ کا ایک قسم کا پودا ۔

Tortoise-shell : (n) (۱) (حیوانیات) پوستِ سنگ پشت : بعض کچھوؤں کا رنگ برنگ کا چتی دار خول جس کی کنگھیاں وغیرہ بنتی ہیں ۔ (۲) (حیوانیات) دھاری دار تیتری ۔

Tortoise-shell : (a) پوستِ سنگ پُشت سے بنی ہوئی ۔

Tortoise-shell butterfly : (n) سیاہ اور زرد چتّیوں کی تتلی؛ دھاری دار تیتری ۔

Tortoise-shell cat : (n) دھاری دار بلّی؛ سیاہ اور زرد چتّیوں کی بلّی ۔

Tortoise turtle : (n) ایک قسم کا کچھوا ۔

Tortricid : (a) [f. mod. L. 'Tortricidae'.] (۱) ایک قسم کے پرند سے متعلق ۔ (۲) Tortrix (ایک قسم کا سانپ) کی جنس سے متعلق ۔

Tortricid: (n) Tortrix کی قسم کی ایک جنس ۔

Tortrix : (n) [mod. L.] (۱) ایک قسم کا کیڑا ۔ (۲) (حیوانیات) مار پیچی؛ ایک قسم کا سانپ ۔

Tortuosity : (n) [L. 'tortuositas'.] لہردار ہونا؛ پیچیدگی ؛ پیچ دار ہونا ۔

Tortuous : (a) [L. 'tortuosus'.] (۱) پیچ در پیچ ؛ بل سے بھرا ہوا ؛ پیچ و خم دار ؛ کج ؛ مروڑی دار ۔ (۲) (ہندسہ) غیر مستقیم ۔ (۳) (مجازاً) (پالیسی وغیرہ) پیچ دار؛ چکر کی؛ فریب آمیز؛ کائیاں پن کی؛ نادرست؛ غیر صحیح؛ اُریب؛ کج ۔

Tortuously : (adv.) پیچ در پیچ طریقے سے؛ کائیاں پن سے؛ فریب آمیز طریقے سے ۔

Tortuousness : (n) پیچیدگی؛ پیچ دار ہونا؛ فریب آمیز ہونا ۔

Torturable : (a) قابلِ تعذیب؛ اذیت کے لائق ۔

Torture : (n) [L. 'tortura'.] (۱) ٹارچر؛ تعذیب؛ سخت جسمانی اذیت جو کوئی بات قبول کرانے کے لئے دی جاتی ہے ۔(۲) شدید جسمانی یا روحانی اذیت؛ کرب ۔ (۳) شکنجہ؛ عذاب؛ زجر؛ عدالتی سزا ۔ (٤) باعثِ کرب؛ باعثِ اذیّت ۔(٥) (مجازاً) سخت دباؤ؛ شدید عمل؛ سخت آزمائش؛ امتحان؛ اختبار ۔

Instruments of torture : آلاتِ تعذیب ۔

To put to (the) torture : تعذیب دینا؛ سخت اذیت میں مبتلا کرنا ۔

Torture : (v) [f. prec.] (۱) تعذیب دینا؛ سخت اذیت پہنچانا؛ کرب میں مبتلاکرنا؛ جسمانی یا روحانی عذاب میں مبتلا کرنا ۔ (۲) توڑ مروڑ دینا؛ کھینچ تان کر کچھ کا کچھ بنا دینا (عبارت، الفاظ وغیرہ یا ان کے معنی کو) ۔(۳) سزا دینا؛ ستانا؛ بہت زیادہ پریشان کرنا ۔ (٤) (مجازاً) غلط ظاہر کرنا؛ غلط بیان کرنا (مطلب وغیرہ) ۔

Torturer : (n) معذب؛ تعذیب دینے والا؛ اذیّت پہنچانے والا؛ کرب میں مبتلا کرنے والا ۔

Torturingly : (adv.) تعذیب کے ساتھ؛ سخت اذیت دہ طریقے سے؛ کرب میں مبتلا کرتے ہوئے ۔

Torturous : (a) [OFr. 'tortureus'.] پُرتعذیب؛ اذیت دہ؛ تعذیبی؛ زجردار؛ کرب سے بھرا ہوا ۔

Torula : (n) [mod. L. dim. of TORUS.] (۱) (نباتیات) طبیق: سریرک؛ گومڑک ۔ (۲) کُکُرمتّے یا کھمبی کی ایک قسم جو خمیر کی طرح ہوتی ہے؛ فطر سیاہ؛ فطرخمیر نما ۔ (۳) (جراثیم) تورولا: نظام مدوّر جراثیم؛ مدوّر جراثیم کا سلسلہ ۔ (٤) چھوٹی کرسی (پھول کی) ۔

Toruliform : (a) سلسلہ جراثیم کی شکل کا؛ مالاجیسی ؛ تسبیح نما ۔

Torulose/Torulous : (a) (نباتیات) طوق نما؛ مروڑیاں دار ؛ (حیوانیات) تورینہ دار ۔

Torulosis : (n) (طب) تورولازدگی؛ مریض تورولا ۔

Torulus : (n) (حیوانیات) تورینہ ۔

Torus [L.] (۱) (تعمیرات) نیم مدوّر حاشیہ؛ بلالی گولا؛ تور؛ خصوصاً ستون کی کرسی کا سب سے نچلا حصہ ۔ (۲) پھول کی کرسی؛ ڈنڈی کا وہ حصہ جہاں سے پھول اگتا ہے ۔ (۳) (تشریح) عضلات وغیرہ کا ابھرا ہوا حصہ؛ کسی عضو کا آگے نکلا ہوا حصہ ؛ لوزہ ؛ ورمہ؛ مچھلی ۔ (٥) (ہندسہ) تور ۔

Torus Palatinus : (n) (تشریح) ورمۂ حنکی ۔

Tory : (n) [Anglicozed spelling of Irish 'toraidhe'.] (۱) توری؛ انگلستان کی قدیم (سترھویں صدی عیسوی میں) سیاسی پارٹی کا رکن جو موجودہ قدامت پسند (Conservative) پارٹی کی پیشرو تھی ۔ (۲) (امریکا) شاہ پرست ۔

Tory : (a) توری کا یا اس سے متعلق ۔

Tory Democracy : (n) توری ڈیمو کریسی؛ قدامت پرست جمہوریت؛ وہ جمہوریت جو قدامت پرستی کے ماتحت ہو ۔

Tory Democrat : (n) توری ڈیموکریٹ؛ وہ قدامت پرست جو جمہوریت کی طرف مائل ہو ۔

Toryish : (a) توری ڈیموکریسی سے متعلق ۔

Toryism : (n) توری پارٹی کا اصول؛ قدامت پرستی؛ توری پارٹی کا طریقہ کار ۔

Tosca : (n) [Sp. fem. of 'tosco'.] ایک قسم کا ملائم گہرے بھورے رنگ کا چونا پتھر ۔

Tosh : (n) [Perh. back-formation from next.] (۱) (عام) فضول باتیں؛ مہمل گفتگو؛ بےمعنی کلام ۔ (۲) (کرکٹ، ٹینس) گیند جو آسانی سے کھیلی جاسکے ۔

Tosher : (n) [Joc. deformation of 'unattached + ER.] (عام) یونیورسٹی کا طالب علم جس کا تعلق کسی کالج سےنہ ہو ؛ بیرونی طالب علم ۔

Toss : (n) [Origin unkn.] (۱) اچھالنے کا عمل؛پھینکنےکا عمل؛ ادھر ادھر گھمانا ۔ (۲) تلاطم؛ اضطراب؛ اچانک جھٹکا؛ تشنج اتفاقی؛ سر کا جھٹکا ۔ (۳) سکہ اچھالنے کا عمل؛ سکہ اچھال کر فیصلہ کرنا؛ شرط بندی ۔ (٤) قاصد کبوتر کو یہ آزمانے کے لئے اڑانا کہ وہ گھر پہنچتا ہے کہ نہیں ۔ (٥) ٹاس ۔

Full toss : (عام) (کرکٹ میں) گیند جو اس طرح پھینکی جائے کہ بالکل وکٹ کے پاس گرے ۔

Pitch - and - toss : ایک مہارت اور اتفاق کا کھیل جس میں سکے نشانے پر پھینکے جاتے ہیں ۔

To argue the toss : ثابت کرنا؛ ظاہر کرنا؛ دعویٰ کرنا؛ بحث کرنا ۔

To take a toss : گھوڑے سے گرنا ۔

To win the toss : ٹاس جیتنا؛ سکہ اچھالنے کے بعد موافق فیصلہ ہونا یا کرنا ۔

Toss/Tost : (v) [Origin unkn.] (۱) پھینکنا؛ اچھالنا (خصوصاً ہتھیلی پر رکھ کر) ۔ (۲) (سانڈ وغیرہ کا سینگ کی ٹکر سے دور پھینک دینا (شخص یا چیز کو) ۔ (۳) بے پروائی سے پھینک دینا؛ ڈال دینا ۔ (٤) سکے کو اچھال کر اس کے چت یا پٹ گرنے سے کسی سوال کا فیصلہ کرنا ۔ (٥) (ٹینس) اونچا مارنا؛ اچھالنا (گیند کو) ۔ (٦) (حقارت یا خفگی کے طور پر) سر کو جھٹکا دینا ۔ (۷) (کسی چیز کو) کبھی ادھر ہٹانا کبھی ادھر ؛ ادھر اُدھر کرنا ۔ (۸) بے چینی سے پہلو بدلنا؛ کروٹیں بدلنا ۔ (۹) (موجوں کا جہاز یا درخت کی شاخ کا) لہریں لینا؛ اٹھنا اور گرنا ۔ (۱۰) سکے کا اچھالنا یا اچھالا جانا؛

تاس کرنا ۔(۱۱) گھوڑے سے گرنا ۔(۱۲) پریشان کرنا؛ الجھن میں ڈالنا ۔ (۱۳) تیزی سے حرکت کرنا؛ متلاطم ہونا؛ غصے میں آنا ۔ (۱٤) بلانا؛ جھنجھوڑنا ۔ (۱۵) (مجازاً) تنگ کرنا؛ بے چین کرنا؛ تشویش میں ڈالنا ۔ (۱۵) مباحثہ کرنا؛ بحث کرنا؛ مناظرہ کرنا؛ موضوعِ گفتگوبنانا ۔ (۱٦) ہَوا میں اچھالنا (سکّے کو) ۔

To toss a pancake : اس طرح اوپر اچھالنا کہ گرتے وقت کرچھے میں الٹا گرے ۔

To toss from pillar to post : Pillar دیکھو

To toss in a blanket : کسی شخص کو کمبل میں ڈال کر اچھالنا ۔

Toss off : (v) (۱) ایک دم میں چڑھا جانا ۔(۲) جھٹ پٹ کر کے پھینک دینا ۔ (۳) (کام) چٹکی بجاتے میں کر ڈالنا؛ جلدی سے کام انجام دینا ۔(٤) جلق لگانا؛ مشت زنی کرنا ۔

Toss up : (v) (۱) کسی بات کا فیصلہ کرنے کے لئے سکے کو اچھالنا ۔(۲) کھانا جلدی سے پکا ڈالنا ۔

Toss-up : (n) (۱) سکّے کو اچھالنا ۔(۲) مشتبہ امر؛ دھندھے کا معاملہ ۔

Tosser : (n) اچھالنے والا؛ سکہ اچھالنے والا ۔

Tosspot : (n) بہت زیادہ پینے والا؛ پکا شرابی؛ بلا نوش ۔

Tost : Toss کا فعل ماضی ۔

Tosticate : (v) (۱) مست کرنا؛ مست ہونا ۔(۲) عاجز کرنا؛ اذیت دینا ۔

Tot : (n) [L. 'totum'.] (۱) (ریاضیات) میزان ارقام ؛ جوڑی ہوئی رقم ۔ (۲) (بول چال) وہ رقمیں جن کا میزان دینا ہو ۔

Tot : (n) [Origin obsc.] (۱) چھوٹا بچّہ؛ ننھا بچّہ ۔(۲) (بول چال) ایک گھونٹ شراب ؛ جرعہء شراب ۔ (۳) بہت چھوٹی چیز ۔

Tot : (n) [Origin unkn.] ہڈی؛ کوڑا کرکٹ کے ڈھیر سے کوئی چیز چننا ۔

Tot : (v) (بول چال) ایک ساتھ جوڑنا؛ میزان دینا؛ (رقموں یا مدات کا) بڑھتے جانا؛ بڑھتے رہنا ۔

To tot up (to) : میزان ہونا؛ میزان کرنا ۔

Total : (a) [L. 'totalis'.] (۱) کل؛ مجموعی؛ تمام؛ پورا کا پورا؛ سب کا سب ۔(۲) قطعی؛ کامل؛ تام؛ مطلق؛ کُلّی ۔

Total : (n) کل جمع؛ میزان؛ میزانِ کل؛ حاصلِ جمع؛ سر جمع؛ مجموعہ ۔

Total : (v) (۱) میزان لگانا؛ میزان دینا؛ جوڑنا ۔(۲) کل تعداد کا ہونا؛ مکمل ہونا ۔

Total abstainer : (n) منشیات سے کُلّی اجتناب کرنے والا ۔

Total abstinence : (n) منشیات سے قطعی یا کُلّی اجتناب ۔

Total colour blindness : (n) (طب) کامل رنگ کوری ۔

Total eclipse : (n) خسوف کامل؛ پورا گرہن ۔

Total intelligence : (n) (نفسیات) مجموعی ذہانت ۔

Total intelligence : (n) (نفسیات) مجموعی ذہانت ۔

Total internal reflection : (n) (بصر یات) کُلّی داخلی انعکاس ۔

Total modulation : (n) (ریڈیو) مکمل زیر و بم ۔

Total pressure : (n) مجموعی دباؤ؛ دھکیل ۔

Total reflection : (n) (بصریات) انعکاس کُلّی ۔

Total war : (n) وہ جنگ جس میں عوام اورفوج سبھی شامل ہوں ۔

Totalitarian : (n) (سیاسیات) ہمہ گیر ۔

Totalitarian : (a) یک حزبی حکومت سے متعلق ۔

Totalitarianism : (n) (سیاسیات) ہمہ گیریت؛ یک حزبی حکومت ۔

Totality : (n) [L. 'totalilas'.f 'totalis'.] (۱) کلیت؛ تمامیت؛ جامعیت؛ مجموعیت ۔ (۲) مقدار کل؛ کل تعداد؛ پوری رقم ۔(۳) (علم النجوم) کسوف یا خسوف کُلّی ۔

Totalization : (n) مجموعہء کُلّی؛ میزان دینا یا دیاجانا؛ میزانے سے حساب کرنا یا کیا جانا؛ جمع زنی ۔

Totalizator : (n) میزانہ؛ میزانیہ؛ میزان کرنے کی مشین یا آلہ۔

Totalize : (v) (۱) جمع کرنا؛ میزان کرنا؛ میزان معلوم کرنا؛ میزان لگانا۔ (۲) (گھڑ دوڑ میں) میزانے سے حساب کرنا۔

Totalizer : (n) ایک آلہ جس سے گھڑ دوڑ کی شرطوں کی مجموعی رقم معلوم کی جاتی ہے اور وہ ان لوگوں پر تقسیم کردی جاتی ہے جنہوں نے جیتنے والے گھوڑے پر شرط لگائی تھی؛ میزانہ۔

Totalling : (n) جوڑ؛ میزان۔

Totally : (adv.) کُلّی طور پر ؛ پورے طور پر ؛ میزان کے طور پر ؛ بالکل۔

Totally reflected : (a) (بصریات) کُلّی منعکس۔

Totanus : (n) (حیوانیات) جنس سرخپا۔

Totara : (n) [Maori.] نیوزی لینڈ کا ایک درخت۔

Tote : (n) (۱) تعداد مجموعی؛ مجموعی رقم۔ (۲) Total کا مخفف۔ (۳) منشیات سے کلی اجتناب کرنے والا۔ (٤) میزانہ؛ میزان کرنے کی مشین۔

Tote : (v) [Origin obsc.] (امریکا) پہنچانا؛ لے جانا (رسد وغیرہ)۔

Totem : (n) [From ojibwa, or some kindred Algonquian dialect.] (۱) ٹوٹم؛ مظاہر فطرت میں سے کوئی چیز خصوصاً کوئی جانور یا پودا جسے شمالی افریقہ کے دیسیوں کے کسی قبیلے نے باطنی تعلق کے اعتقاد کی بنا پر اپنا نشان قرار دیا ہو۔ (۲) ٹوٹم کی شبیہہ یا بت۔

Totem-exogamy : (n) ٹوٹم کی رسم شادی۔

Totemic : (a) ٹوٹم کا؛ ٹوٹم کے عقیدے کا۔

Totemism : (n) (سماجیات) ٹوٹمیت (عقیدہ)؛ ٹوٹمی رسوم؛ وہ رسوم جو اس سے متعلق ہیں ؛ ٹوٹم پرستی۔

Totemist : (n) (۱) ٹوٹم قبیلے کا رکن؛ ٹوٹم عقیدے کا پیرو۔ (۲) ماہر ٹوٹم؛ وہ شخص جو تاریخ ٹوٹم کا ماہر ہو۔

Totemistic : (a) ٹوٹم کا؛ ٹوٹم کے عقیدے کا۔

Tother /T'other : (pron.) [ME. 'the tother'.] (۱) دوسرا (دو میں سے) دیگرے ؛ دیگر؛ دومی۔ (۲) (جمع) دوسرے ؛ باقی۔

To tell or 'other from which : (مزاحاً) دو چیزوں میں فرق یا تمیز کرنا۔

Tother : (a) (۱) دوسرا (دو میں سے)۔ (۲) دوسرا (دن)۔ (۳) چند (دن) پہلے کا۔

Totidem verbis : (adv.) [L.] انہیں الفاظ میں؛ بدیں الفاظ۔

Toties quoties/Totiens- : (adv.) [L.] ہر مرتبہ؛ ہر بار۔

Totipalmate : (a) [f. L. toti + Palmate.] (طیوریات) کامل پردہ پا؛ مکمل جھلی دار پنجوں والا۔

Totipalmate : (n) مکمل جھلی دار پنجوں والا پرند۔

Totipalmation : (n) مکمل جھلی دار پنجوں والاہونا۔

Totipotent : (a) (حیاتیات) کامل بروزی؛ کامل تفرقی؛ کامل قوی۔

Totitient : (n) (ریاضیات) مفردات کمتر؛ اصغرات۔

Totitive : (a) (ریاضیات) مفرد کمتر؛ اصم اصغر۔

Toto : (a) [L. 'totus.] مکمل؛ تمام۔

Toto - : [form of L. 'totus.'] سابقہ بمعنی "پورے طور پر"۔

Toto caelo : (adv.) (۱) بہت زیادہ۔ (۲) بالکل۔

To differ toto caelo : زمین آسمان کا فرق ہونا۔

Toto-congenital : (a) مکمل پیدائشی؛ مکمل طبعی۔

Toto-mute : (a) مکمل گونگا؛ مکمل خاموش؛ مکمل صامت۔

Toto-partial : (a) (منطق) جس میں ایک اصطلاح عمومی ہو اور دوسری مخصوص۔

Toto-total : (a) (منطق) جس میں دونوں اصطلاحیں عمومی ہوں۔

Totter : (n) [f. Totter (v).] لڑ کھڑانے کا عمل؛ تزلزل ؛ لڑکھڑاہٹ؛ اہتزاز؛ جنبش (آگے پیچھے)۔

Totter : (n) [f. Tot. (n.)] چیتھڑے اور ہڈی وغیرہ چننے والا۔

Totter : (v) [Norw. dial. 'tutra'.] (۱) پیر لڑکھڑانا ۔ (۲) لڑکھڑاتے ہوئے چلنا (خصوصاً چھوٹے بچوں کا) ۔ (۳) (مینار اور مجازاً سلطنت، نظام وغیرہ کا) گرتی ہوئی دیوار ہونا؛ گرنے کے قریب ہونا؛ بربادی کے قریب ہونا ۔ (٤) (آگے پیچھے) جنبش کرنا؛ لڑکھڑانا؛ ڈگمگانا؛ افتاں و خیزاں ہونا ۔

Totterer : (n) لڑکھڑانے والا؛ ابتزاز کرنے والا ۔

Tottering : (a) لڑکھڑاتے ہوئے (قدم)؛ لغزاں ۔

Totteringly : (adv.) لڑکھڑاتے ہوئے ۔

Tottery : (a) (۱) لڑکھڑاتا ہونا؛ لغزاں ۔ (۲) نہایت کمزور؛ کاجو بھوجو ۔

Totting : (n) ردی کی ٹوکری سے کوئی کام کی چیز چننا ۔

Totty : (a) [f. totter.] افتاں و خیزاں؛ لغزاں؛ لڑکھڑاتا ہوا؛ متزلزل؛ جو مضبوطی سے قائم نہ ہو ۔

Toucan : (n) [Sp. 'tucan'.] (۱) ٹوکانا؛ طویل المنقار چڑیا ؛ امریکا کے گرم سیر خطے کا پرند جس کی چونچ بہت بڑی ہوتی ہے ۔ (۲) (علم النجوم) جنوبی ستاروں کا مجمع؛ تارا منڈل ۔

Toucanet : (n) طویل المنقار چڑیوں کی چھوٹی قسم ۔

Touch : (n) [OFr. 'touche'.] (۱) چھونا یا چھوا جانا؛ مس ؛ لمس ۔ (۲) چھونے کی قوت؛ لامسہ؛ قوت لامسہ؛ احساس (چھونے سے) ۔ (۳) مو قلم یا پنسل کا ہلکا ساخط ۔ (٤) خفیف سی مقدار؛ پٹ؛ خفیف سا اثر ۔ (٥) باجے کے پردوں کو چھیڑنے کا طریقہ ۔ (٦) باجے کی گمک؛ گانے کا طرز؛ موسیقی کا طرز ؛ کاریگر کا طریقہ ؛ ہاتھ ۔ (۷) مصنف کا طرزِ تحریر؛ قلم ۔ (۸) روابط؛ تعلقات (ملنے جلنے، خط و کتابت وغیرہ کے) ۔ (۹) مقناطیس سے بار بار مس کر کے فولاد کو مقناطیس بنانا ۔ (۱۰) (طب) ٹٹول کر اعضا کی کیفیت دیکھنا؛ خصوصاً دائی یا ڈاکٹر کا پیٹ کو اس طرح دیکھنا؛ ٹٹول ؛ ہاتھ سے چھو کر دیکھنا ۔ (۱۱) (فٹ بال) وہ جگہ جو فیلڈ کے کناروں اور گول کے توسیع شدہ خطوط کے درمیان ہوتی ہے ۔ (۱۲) تاثیر ؛ جذبہ ۔ (۱۳) ایما ؛ (موسیقی) چھیڑ ۔ (۱٤) جنسی تعلقات ۔ (۱٥) بچوں کا ایک قسم کا کھیل جس میں چور دوسرے کو چھوتا ہے ۔ (۱٦) مس؛ اتصال ؛ ربط ؛ تعلق ۔ (۱۹) سطح پر کوئی نشان یا اثر کا ہونا مثلاً ڈیش (-) ؛ کوئی نشان وغیرہ؛ ہلکا خط یا نشان ۔ (۲۰) پٹ؛ ہلکی ضرب ؛ کھٹکھٹانا ۔ (۲۱) (مجازاً) طنز کا حملہ ۔ (۲۲) (سونا یا چاندی وغیرہ جانچ کے لئے) کسوٹی؛ محک ۔ (۲۳) سونے یا چاندی پر ایسا نشان جس سے معلوم ہوکہ یہ کسوٹی پر جانچ لی گئی ہے ۔ (۲٤) (مجازاً) جانچ؛ کسوٹی؛ امتحان ؛ اصول ؛ جانچ کا اصول ؛ معیار ۔ (۲٥) دماغ یا روح پُر اثر ؛ قوت مدرکہ ۔ (۲٦) دماغی یا اخلاقی ادراک؛ دماغی یا اخلاقی شعور ۔ (۲۷) خصلت؛ امتیازی وصف ۔ (۲۸) ہلکا سا رنگ (کسی صفت کا) ؛ شائبہ؛ جھلک ۔ (۲۹) ٹیس؛ خلش؛ چبھن ۔

A touch of the tar-brush : جس کی رگوں میں حبشی خون کا کچھ حصہ ہو ؛ دوغلا ۔

Divided touch : (مقناطیس) مسِ انفعالی ۔

Double touch : (مقناطیس) مس مزدوج ۔

External touch : (عضویات) بیرونی لمس ۔

Faculty of touch : (عضویات) حسِ لامسہ ؛ قوتِ لامسہ ۔

Finishing touches : آخری خطوط (جن سے تصویر مکمل ہوتی ہے) ۔ آخری درستی (جس سے کام کی رہی سہی کمی پوری ہو جائے) ۔

Has a light touch : اس کا قلم سبک ہے یعنی طرز تحریر سادہ اور بے تکلف ہے ۔

Has a light touch on piano : پیانو بجانے میں اس کی انگلیاں بڑی ہلکی ہیں ۔

In touch with : واسطہ رکھنا؛ تعلقات رکھنا ۔

Out of touch with : واسطہ نہیں رکھنا؛ تعلقات نہیں رکھنا ۔

Royal touch : بادشاہ کا ہاتھ لگا دینا جو کنٹھ مالا کا علاج سمجھا جاتا تھا ۔

Single touch : (مقناطیس) مس مفرد ۔

The Nelson touch : نیلسن کا مخصوص طریق کار ؛ نیلسن کا انداز ۔

(۲۹) جانچ لینے کے بعد دھات پر نشان لگانا (سرکاری مہر کے ساتھ) ۔ (۳۰) جتنی دور ہوسکے جانا؛ پہنچنا ۔ (۳۱) جہاز کو ہوا کے موافق رکھنا ۔ (۳۲) وابستہ ہونا؛ تعلق رکھنا؛ متعلق ہونا؛ سروکار رکھنا؛ موزوں ہونا ۔ (۳۳) ذہنی اور اخلاقی طور پر اثر پذیر ہونا؛ کسی جذبے یا احساس سے متاثر ہونا ۔ (۳٤) غصہ ہونا؛ ناگوار خاطرہونا؛ بگڑنا؛ زور سے لگنا (چوٹ) ۔

Brass polish won't touch these candlesticks : پیتل کی پالش ان شمع دانوں میں کچھ کام نہیں دے گی ۔

Can just touch bottom : (دریا کی) تہ میں پیر لگتے ہیں ۔

Couldn't touch the algebra paper : الجبرا کے پرچے کو میں بالکل نہیں کرسکا ۔

Dare not touch beer : کیا مجال کہ بیئر کو ہاتھ لگائے ۔

I never touch him : میں نے تو اسے ہاتھ بھی نہیں لگایا یعنی اسے مارا نہیں؛ کسی طرح کا نقصان نہیں پہنچایا ۔

(It) touched him home : یہ بات اسے تیر کی طرح لگی ۔

Morality touches with emotion : وہ اخلاق جس میں جذبات کی چاشنی ہو ۔

No one can touch him for purity of style: اسلوب بیان کی پاکیزگی میں کوئی اس کو نہیں پہنچ سکتا ۔

The question touches you nearly : اس بات کا تم سے بہت تعلق ہے ۔

To touch at : (بحری) ٹھہرنا؛ جانا (جہاز کا بندرگاہ وغیرہ پر) ۔

To touch bottom : تہ تک پہنچنا؛ معاملے یا بات کی تہ کو پہنچ جانا؛ آخری حد تک پہنچ جانا ۔

To touch and go : حالات کے مطابق حل کرنا ۔

To touch one's cap/-hat : (ٹوپی کو ہاتھ لگا کر یا اٹھاکر) سلام کرنا ۔

To break touch : تعلقات منقطع کر لینا ؛ واسطہ ختم کر لینا ۔

To keep in touch with : ملتے جلتے رہنا؛ خط و کتابت جاری رکھنا؛ حالات سے با خبر رہنا ۔

To loose touch with : خط و کتابت جاری نہیں رکھنا؛ حالات سے با خبر نہیں رہنا ۔

To near touch : بال بال بچنا ۔

To put to the touch : کسوٹی پر جانچنا؛ پرکھنا (سونا، چاندی وغیرہ) ۔

Touch : (v) [OFr. 'tochier.'] (۱) (کسی چیز سے) ملا ہوا ہونا؛ متصل ہونا ؛ چھونا ؛ لگنا ؛ مس ہونا ۔ (۲) چھونا؛ مس کرنا؛ لگانا؛ ہاتھ لگانا ۔ (۳) دو چیزوں کو ایک دوسرے سے مس کرنا؛ چھوانا ۔ (٤) (ہندسہ) مماس ہونا ۔ (٥) آہستہ سے دبانا، ہلانا، بجانا وغیرہ ۔ (٦) (باجے کے تار یا پردے کو) چھیڑنا ۔ (۷) (مو قلم یا پنسل سے یا تصویر میں) ہلکے خطوط کھینچنا؛ خط و خال بنانا ۔ (۸) (کسی چیز میں) برابری کرنا؛ ٹکر کا ہونا؛ پہنچنا ۔ (۹) ہاتھ پہنچنا؛ چھو سکنا ۔ (۱۰) اثر کرنا؛ اثر ڈالنا؛ (دل کو) لگنا؛ متاثر کرنا؛ مؤثر واقع ہونا؛ متاثر ہونا ۔ (۱۱) نشتر یا تیر کی طرح لگنا؛ سخت ناگوار ہونا ۔ (۱۲) کسی موضوع پر سرسری بحث کرنا؛ ضمناً ذکر کرنا؛ اچٹتی سی نظر ڈالنا؛ اشارہ کرنا ۔ (۱۳) تعلق ہونا ۔ (۱٤) (عموماً منفی جملوں میں) ہاتھ لگانا ؛ واسطہ رکھنا؛ مربوط ہونا ۔ (۱٥) خفیف سا نقصان پہنچانا ۔ (۱٦) (ایک چیز میں دوسری چیز کا) ہلکا سا رنگ پیدا کرنا؛ چاشنی دینا ۔ (۱۷) (منفی جملوں میں) کچھ کر سکنا؛ کچھ کام دینا ۔ (۱۸) (for کے ساتھ) وصول کرنا؛ قرض لینا (رقم)؛ روپیا حاصل کرنے میں کامیاب ہونا ۔ (۱۹) (مجازاً) چکھنا؛ کھانا؛ کسی چیز میں مشارکت کرنا ۔ (۲۰) جنسی تعلقات قائم کرنا؛ کسی کے ساتھ جنسی مقاربت کرنا ۔ (۲۱) صدمہ پہنچانا؛ ستانا؛ آزاد کرنا یا دینا؛ توبیخ کرنا ۔ (۲۲) آزمانا؛ کسوٹی پر جانچنا؛ محک کرنا۔ (۲۳) تحریک پیدا کرنا؛ احساس دلانا ۔ (۲٤) چھوکر جانچنا (بیماری وغیرہ) ۔ (۲٥) (فٹ بال) گیند کو اپنے یا حریف کے گول پوسٹ کے پیچھے چھونا ۔ (۲٦) قریب واقع ہونا؛ کنارے پر واقع ہونا؛ ساحل یا دیوار کے کنارے کنارے چلنا ۔ (۲۷) ہلکے سے ضرب لگانا ۔ (۲۸) گھن لگنا؛ کھا جانا ؛ گھس جانا ۔

To touch on /- upon : کسی موضوع پر مختصر سی بحث کرنا؛ سرسری نظر ڈالنا ۔

To touch pitch : ناپاک کام یا ناپاک شخص سے تعلق رکھنا ۔

To touch the gums : (طب) لعاب خیزی کی ترغیب دینا، جیسے پارے کے استعمال سے ۔

To touch to the quick : دل پر نشتر لگانا؛ سخت رنج پہنچانا ۔

To touch the spot : سمجھ جانا کہ کس بات کی ضرورت ہے؛ جس بات کی ضرورت ہے وہی کرنا ۔

To touch wood : بڑا بول بولنے کے بعد انتقام کی دیوی کے قہر سے بچنے کے لئے لکڑی کو چھو لینا ۔

Was touched by the king : بادشاہ نے اسے ہاتھ لگایا (یہ کنٹھ مالا کا علاج سمجھا جاتا تھا) ۔

Wouldn't touch him with a barge-pole : اس کے سائے سے پرہیز کرتا ہوں ۔

Touch : جزو ترکیبی کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔

Touch and go : (n) (۱) کوئی کام جلدی ہونا؛ حالات کے مطابق ہونا۔ (۲) غیر اختیاری حالت؛ محتاج ثبوت حالت یا چیز؛ مشتبہ حالت ۔ (۳) بال بال بچنا، خطرے کی حالت سے ۔

Touch and go : (a) (۱) مشتبہ؛ مخدوش؛ خطرے کی حالت میں؛ خطرے کا؛ بال بال بچنے کی حالت میں ۔ (۲) سرسری؛ مجمل؛ اتفاقی؛ آنی؛ ایک لمحے میں واقع ہونے والا ۔

A touch-and-go business : مخدوش معاملہ ۔

It was touch-and-go whether we got past : یہ امر مشتبہ تھا کہ ہم گذر جائیں گے یا نہیں ۔

We were touch and go all the time : ہم برابر خطرے کی حالت میں تھے ۔

Touch-back : (n) (رگبی فٹبال) گول لائن کے پیچھے بال کا زمین چھونے کا عمل ۔

Touch body/-corpuscle : (n) لمسی جسم یا جسمیہ (جس کا تعلق چھونے سے ہو) ۔

Touch down : (n) (۱) (رگبی فٹ بال) گیند کو حریف کے گول لائن کے پیچھے چھونے کا عمل ۔ (۲) ہوا سے زمین پر اترنے کا عمل ۔

Safety touch down : گول پوسٹ کے پیچھے گیند کو چھوانا تاکہ حریف پارٹی کا کھلاڑی ایسا نہ کر سکے ۔

Touch down : (v) (۱) گیند کو عموماً حریف کی گول لائن کے پیچھے چھونا ۔ (۲) ہوا سے زمین پر اترنا؛ لینڈ کرنا ۔

Touch-hole : (n) توپ کے مسالے کا سوراخ (جس میں رنجک رکھ کر توپ چلاتے ہیں) ۔

Touch in : (v) (ڈرائنگ) پنسل یا نوک قلم سے درست کرنا ۔

Touch-in-goal : (n) چاروں کونے جو فیلڈ کے کناروں اور گول کے خطوط سے محدود ہوتے ہیں ۔

Touch-judge : (n) (رگبی فٹ بال) امپائر ۔

Touch-last : (n) بچوں کا ایک کھیل ۔

Touch-line : (n) (۱) (فٹ بال) چاروں طرف کی باؤنڈری لائن؛ خطوط حدود (فٹ بال کے میدان کا) ۔ (۲) جہاز کے نقشے کی وہ لکیر جو اس کے پچھلے حصے کی حد بندی کرتی ہے ۔

Touch-me-not : (n) (۱) گل حنا ۔ (۲) (طب) مرض آکلہ؛ ذئبہ ۔ (۳) زرد بلسان؛ زرد گل بندی؛ Impatiens کی ایک جنس ۔ (٤) شخص یا چیز جسے چھونا منع ہو ۔ (٥) مغرور شخص؛ متکبر؛ الگ تھلگ رہنے والا شخص ۔

Touch-me-not : (a) اجتناب کرنے کے لائق؛ مت چھونا؛ الگ تھلگ رہنے والا ۔

Touch-needle : (n) کسوٹی سونے؛ سونے کے مرکب کی سوئی جسے دوسری دھاتوں سے مقابلے کے لئے کسوٹی پر کستے ہیں ۔

Touch off : (v) (۱) (کسی چیز کا) خاکہ جھٹ پٹ کھینچ دینا۔ (۲) چلا دینا (توپ) ۔ (۳) ٹیلیفون کی گفتگو ختم کر دینا؛ بند کر دینا ۔

Touch-pan : (n) پرانے طرز کی بندوق کا پیالہ جس میں بارود رکھتے تھے ۔

Touch-paper : (n) فتیلہ؛ شورہ پلایا ہوا کاغذ جو توپ چلانے میں فتیلے کے طور پر استعمال ہوتا تھا۔

Touch-piece : (n) (۱) وہ سکہ یا میڈل جو کسی فرمانروا کی طرف سے دیا جائے ۔ (۲) مشین وغیرہ کا وہ حصہ جس کے چھونے سے وہ چلنے لگے ۔

Touch-plate : (n) جستےکے برتن بنانے والی کمپنیوں کا برتن پر مستند مارکہ ۔

Go into training : دوڑ وغیرہ کے لئے ریاضت کرنا ۔

Training-bit : (n) منہ زور گھوڑے کے دہانے کےلئے کڑا ؛ پوزمان ۔

Training-College/-School : (n) ٹریننگ کالج؛ ٹریننگ اسکول؛ تعلیم المعلمین کا مدرسہ، اسکول یا کالج ۔

Training-day : (n) [L.'Tractus'.] تربیت کے لئے مخصوص دن ۔

Training-ship/-vessel : (n) ٹریننگ جہاز؛ تربیتی جہاز ، جن پر لڑکوں کو جہازرانی سکھاتے ہیں ۔

Trainless : (n) بے دنبالہ؛ بغیر ٹرین کا ۔

Traipse : (n) پھوہڑ عورت ۔

Trait : (n) [L. 'Trac+us'.] (۱) خصلت؛ خصوصیت؛ امتیازی وصف؛ (کسی شخص کی طبیعت یا سیرت کا) ۔ (۲) ہلکا سا خط ؛ ذراسی پٹ یا رنگ (ظرافت وغیرہ کا) ۔

Traiteur : (n) [F., 'traiter.'] (فرانس، اٹلی وغیرہ) طعام کا مہتمم جو حکم کے مطابق کھانے کا انتظام کرے ۔

Traitor : (n) [OFr. 'traitre'.] غدار؛ نمک حرام؛ ملک وملت ؛ بادشاہ یا پارٹی یا تحریک سے بے وفائی کرنے والا۔

Traitorous : (a) [app. ad. OFr. 'traitreus'.] غدّاری کی خاصیت یا اس کے کردار کا حامل؛ غدار؛ نمک حرام؛ غدّارانہ؛ نمک حرامی کا ۔

Traitorously : (adv.) غدّاری سے؛ نمک حرامی سے؛ بے وفائی سے ۔

Traitorousness : (n) غداری؛ نمک حرامی؛ بے وفائی ۔

Traitress/Traitoress : (n) [- OFr. traitresse, fem. of traitre.] غدار عورت ؛ دھوکے باز عورت ۔

Traject : (n) [- L. 'trajectus.'] (۱) راستہ یا پارکرنے کی جگہ ؛ خصوصاً کشتی ۔ (۲) زمین؛ چشمہ یا دریا وغیرہ سے گزرنے کا عمل؛ راستہ ۔

Traject : (v) [L. 'traject-'] (۱) پار لے جانا؛ نقل و حمل کرنا ۔ (۲) (روشنی، سایہ یا رنگ) منتقل کرنا ۔

Trajection : (n) [-L. 'trajectionem'.] (۱) پھینکنا یا پار لے جانا۔ (۲) تقلیب۔

Trajectory : (n) [med. L. 'trajectorius.'] (۱) (طبیعیات) دی ہوئی قوتوں کے عمل سے متحرک کسی جسم کا راستہ ۔ (۲) (ہندسہ) دیئے ہوئے لفظوں سے گزرنے والا خط منحنی یا کوئی سطح یا کسی دیئے ہوئے قانون کے مطابق خطوط منحنی یا سطوح میں سے ہر ایک کا باہمی تقاطع ۔

Trajet : (n) [- F. -L- 'trajectus'.] راستہ ؛ چوراہا ۔

Tralatitious : (a) [- L. 'tralaticius.'] (۱) انتقال کی خصوصیت کا حامل خصوصاً الفاظ یا محاورات سے متعلق ۔ (۲) نسلاً بعد نسل نقل شدہ؛ روایتی؛ ایک کے بعد دوسرے سے دہرایا ہوا ۔

Tralatitiously : (adv.) استعارے کے طور پر ۔

Tram : (n) [Fr. 'trame.'] ریشم کا دہرا تار جو بُننے میں کام آتا ہے؛ پود خصوصاً ریشمی؛ بہترین ریشمی پارچوں کے دھاگوں کے لئے مستعمل ہے ۔

Tram : (n) [app. the same word as LG. 'traam.] (۱) ٹرام (T- car) گاڑی ۔ (۲) ٹرام کی پٹری ۔ (۳) (t-line) ٹرام لائن ۔ (٤) چوپہیا گاڑی جو کوئلے کے کانوں میں پٹری پر چلتی ہے ۔

Tram : (v) [t. prec.] (۱) ٹرام گاڑی سے سفر کرنا؛ ٹرام سے سفر کرنا ۔ (۲) (کان کنی) ٹرام گاڑی سے (کوئلہ، کچی دھات وغیرہ) لے جانا؛ کان میں سرنگ تک اور وہاں سے (ٹرام وغیرہ کو) دھکا دے کر لے جانا، تھیل کر لے جانا ۔

Tram-car : (n) ٹرام گاڑی جو مسافروں کو لے جاتی ہے ۔

Tram-line : (n) [f. tram + line.] ٹرام کا راستہ ۔

Tram-man : (n) ٹرام گاڑی کا ملازم خصوصاً ٹرام کا ڈرائیور یا کنڈکٹر ۔

Tram-road : (n) [f. Tram + Road.] (تاریخ) سڑک جس پر پہیّوں کے لئے لکڑی یا پتھر یا لوہے کی پٹری بنی ہوتی تھی ۔

Tramway : (n) [f. Tram + way.] ٹرام کی سڑک جس پر ٹرام گاڑیاں چلتی ہیں اور مسافر سفر کرتے ہیں ۔

Trammel : (n) [In sense1 OFr. tramail, the history of the other senses is obscure.] (۱) مچھلی پکڑنے کے جال کی کئی قسموں کے نام، خصوصاً تہرا جال جو کھینچا جاتا ہے ۔ (۲) پابند؛ زنجیر؛ کڑا وغیرہ جس سے گھوڑے کے پاؤں باندھ کر اسے دوگامہ چلنا سکھاتے ہیں ۔ (۳) ہُک جس سے کیتلی وغیرہ کو آتشدان میں اٹکاتے ہیں ۔ (٤) شکل؛ ہلیلجی کھینچنے کی پرکار ۔ (٥) گھٹتی بڑھتی پرکار ۔ (٦) (جمع) بیڑیاں ۔ (۷) (مجازاً) رکاوٹ؛ بندش؛ قیود؛ پابندیاں ۔

Trammel : (v) [f. prec.] (۱) مچھلی پکڑنے کا جال استعمال کرنا ، جال سے (مچھلی یا پرندے) پکڑنا ۔ (۲) (مجازاً) مقید کرنا؛ پابند کرنا؛ پاؤں میں زنجیر، بیڑیاں ڈالنا؛ پابندیوں سے جکڑ دینا؛ رکاوٹ ڈالنا ۔

Trammel-net : (n) [f. trammel, n + Net] دیکھو Trammel

Trammer : (n) (۱) (کوئلے کی کان) کوئلے کی ٹرام لے جانے والا ۔ (۲) ٹرام گاڑی کا ملازم؛ نیز گاڑی لے جانے والا گھوڑا ۔

Tramontane : (n) [It. 'tramontana.'] (۱) بحرِروم خصوصاً اٹلی کی بادشمال: ٹھنڈی ہوا پہاڑ کے سلسلوں سے آنے والی ۔ (۲) پہاڑوں سے دور رہنے والا؛ اٹلی کا غریب الدیار، اجنبی؛ خارجی؛ بیرونی ۔

Tramontane : (a) [f. prec.] (۱) دور رہنے والا ؛ پہاڑوں سے دوررہنے والا؛ خارجی؛ بیرونی؛ اجنبی؛ گنوار؛ ناشائستہ ۔ (۲) (ہواؤں سے متعلق) پہاڑوں کے پار سے آنے والی خصوصاً اٹلی کے سلسلے میں: سلسلۂ آلپس کے پار سے آنے والی ہوا ۔

Tramp : (n) [f. next.] (۱) انسان یا جانور کے چلنے کی آواز ؛ آہٹ؛ رپ رپ (کی آواز) ۔ (۲) پیدل سفر؛ پیدل چلنا ۔ (۳) لوہے کا تلا جو کھدائی کا کام کرنے والے اپنے بوٹ کے تلے کی حفاظت کے لئے لگا لیتے ہیں ۔ (٤) آوارہ گرد ۔ (٥) آوارہ گردی ۔ (٦) مال جہاز جس کا تعلق کسی باقاعدہ لائن سے نہ ہو ۔

Tramp : (v) [Late ME. 'trampen'.] (۱) بھاری قدم سےچلنا ؛ رپ رپ کرتے ہوئے چلنا ۔ (۲) پیدل چلنا؛ پیدل سفر کرنا؛ پیدل گھسٹنا (بد دلی اور دقت سے راستہ طے کرنا) ۔ (۳) آوارہ گردی کرنا؛ مارامارا پھرنا ۔ (٤) (گھوڑے سے متعلق) ایک ٹانگ کو دوسری ٹانگ پر رکھ کر خود کو زخمی کرنا ۔

Tramper : (n) [f. prec + - er.] (۱) بھاری قدم سے چلنے والا ۔ (۲) پیدل چلنے والا خصوصاً آوارہ گرد ۔

Tramping-card : (n) تجارتی تنظیم کے رکن کو جاری ہونے والی سرٹیفکٹ جس کے تحت وہ نان ونفقہ کا حقدار ہوجاتا ہے جب تک وہ بیروزگار ہے ۔

Trample : (n) [f. the Vb.] روندنا؛ کچلنا ۔

Trample : (v) [Late ME. 'trampelen.'] (۱) روندنا؛ پامال کرنا؛ پیروں سے کچلنا (trampled to death by ele- phants) ۔ (۲) بھاری قدم سے چلنا ۔ (۳) (مجازاً) نہایت سختی یا ذلت کا برتاؤ کرنا؛ چیونٹی کی طرح کچل ڈالنا (کسی شخص کو)؛ پامال کرنا (جذبات کو) ۔

Trampler : (n) پامال کنندہ؛ کچلنے والا ۔

Tran- : (Prefix.) [- OFr. 'transe.'] (سابقہ trans) ان الفاظ سے پہلے آتا ہے جو "S" سے شروع ہوتے ہیں ۔

Trance : (n) (۱) (صوفیوں کے عقیدے میں) وہ حالت جس میں روح جسم سے جدا ہو کر عالمِ ملکوت کی سیر کرتی ہے اور اس پر روحانی حقائق منکشف ہوتے ہیں ۔ (۲) وجد؛ روحانی ابتزاز ۔ (۳) (طب) سکتہ ۔ (٤) نوم توجہ کی حالت: اثر پذیر حالتِ نوم ۔

Hypnotic trance : تنویمی بے خودی ۔

Trance : (v) [In sense 1, - OFr. transir, in sense2, f -Prec.] (۱) (متروک) فوت کرنا؛ بے ہوش ہو جانا ۔ (۲) (شعر) (فرط مسرت وغیرہ سے) بے خود کر دینا ؛ وجد طاری کر دینا ۔

Tranche : (a) [Fr.] (نقابت) ایک قسم کا مارکہ (کٹا ہوا دائیں سے بائیں) ۔

Tranquil : (a) [L. tranquillus.] پُرسکون؛ خاموش؛ پُر امن ؛ اطمینان بخش: (اشیاء یا افعال کے لئے) باقاعدہ؛ مستقل؛ یکساں ۔

Tranquillity : (n) [Fr. 'tranquillite'.] خاموشی؛ امن، سکون ۔

Tranquillness : (n) امن، سکون کی حالت یا کیفیت ۔

Tranquilly : (adv.) پُرسکون طور سے؛ خاموشی سے ۔

Tranquillization : (n) پُرسکون کرنے یا ہونے کی حالت ۔

Tranquillize : (v) [f. Tranquil, a + - ize.] پُرامن یا پرسکون بنانا یا ہونا؛ سکون پیدا کرنا؛ سکون پانا ۔

Tranquillizer : (n) مسکن؛ خواب آور؛ سکون بخش (دوا) ۔

Tranquillo : (adv.) [It.] (موسیقی) پرسکون طرز یا کیفیت سے؛ خاموشی سے ۔

Trans : ('S' سے پہلے trans ' باقی حروف سے پہلے کبھی کبھی tra ہو جاتا ہے) سابقہ (۱) آرپار؛ میں سے؛ پیچ سے مثلاً transfix ۔ (۲) ماورا ؛ پار ۔ (۳) پر سے ۔ (٤) (کیمیا) آرپار ترکیب، ٹرانس ۔ (٥) کسی اور شکل یا حالت میں مثلاً translate, transform وغیرہ ۔

Trans-border : (a) [f. Trans - + Birder.] سرحد کے پار یا سرحد کے پار واقع؛ سرحد کے پار علاقہ رکھنے والا ۔

Trans-coloration : (n) (اب شاذ یا متروک) تبدیل رنگ؛ رنگ کا متغیر ہونا۔

Trans-continental : (a) [f. Trans -+ 'continental'.] برِّ اعظمی ؛ جو کسی برِّ اعظم کو پار کرے۔

Trans-frontier : (a) کسی ملک کی سرحد کے پار واقع یا رہنے والا۔

Trans-ocean : (a) سمندر پار۔

Trans-oceanic : (a) [Trans+ oceanic.] (۱) سمندر پار کا ؛ آنسوے بحر؛ ورائے بحر۔(۲) سمندر کو عبور کرنے والا؛ عبور بحر کا (T. flight of birds) ۔

Trans-Pacific : (a) بحر اوقیانوس کے اس طرف واقع ؛ بحر اوقیانوس کے اس طرف کا باشندہ؛ بحر اوقیانوس سے گزرنے والا۔

Trans-shape : (v) (اب شاذ) شکل یا فارم بدلنا؛ تبدیل کرنا۔

Trans-subjective : (a) مافوق تجربات ذاتی۔

Transaccidentation : (n) یہ اعتقاد کہ عشائے ربانی کی شراب ونان انسانی بدن میں جیسے ہی داخل ہوئی وہ حضرت عیسیٰ کے بدن و خون میں منتقل ہو گئی۔

Transact : (v) [L. 'transact-',] (۱) انجام دینا؛ کرنا(کام، معاملہ، کاروائی) ۔(۲) معاملہ کرنا؛ گفت وشنید کرنا (کسی کے ساتھ) لین دین کرنا۔

Transaction : (n) [- L. 'transactioner'.] (۱) سر انجام؛ انصرام ۔ (۲) معاملہ (خصوصاً تجارت کا)؛ سودا؛ لین دین ۔ (۳) کاروائی، روداد (علمی انجمن کے جلسے وغیرہ کی) ۔(٤) (قانون) سمجھوتا؛ صلح نامہ ۔(٥) قانونی معاملہ یا کاروائی۔

Transactor : (n) معاملہ گر؛ سوداگر؛ لین دین کرنے والا؛ معاملہ کرنے والا۔

Transalpine : (a) آلپ پہاڑوں کے پار۔

Transalpine : (n) کوہ آلپ کے پرے کا (رہنے والا) (خصوصاً اطالوی نقطہء نظر سے)۔

Transanimation : (n) دیکھو Metempsychosis

Transatlantic : (a)[f. Trans -+ Atlantic.] (۱) ماورائے اوقیانوس کا؛ امریکی ۔(۲) اوقیانوس کو عبور کرنے والا؛ اوقیانوس سے گزرنے والا۔

Transatlantic : (n) وہ (شخص یا چیز) جو اوقیانوس سے اُدھر کا ہو؛ خصوصاً امریکی۔

Transcalency : (n) حرّ گزار ہونے کی خاصیت۔

Transcalent : (a) [Trans - + L. 'calentem.'] حرّگزار؛ تیزحدّت کو منتقل کرنے کی خاصیت رکھنے والا۔

Transcend : (v) [f. Trans -+ 'scandere'.] (۱) کمال حاصل کرنا؛ مہارت رکھنا؛ سبقت لے جانا؛ بڑھ جانا؛ بالاتر ہونا؛ مافوق ہونا؛ فائق ہونا؛ کسی چیز سے تجاوز کرنا ۔ (۲) (انسانی تجربے، عقل، بیان، قیاس وغیرہ کے) ماورا ہونا۔

Transcendence : (n) [med. L. 'transcendentia.'] برتری؛ تفوق؛ سبقت؛ ماورائے ادراک ہونا۔

Transcendency : (n) [f. as prec.] برتری ؛ تفوق؛ سبقت ؛ برتر ہونے کی حالت یا کیفیت۔

Transcendent : (a) [L. 'transcendentem'.] برتر؛ فائق؛ افضل؛ مافوق؛ عالمِ ادراک کے ماورا؛ عالم مادّی کے ماورا؛ تاریک؛ مبہم۔

Transcendent : (n) (۱) جو (شخص یا شے) عالم ادراک سے پرے ہو ۔(۲) (ارضیات) غیر جبری عمل۔

Transcendental : (a) [L. 'transcendentalis.'] (۱) جو (شے یا شخص) درجگی سے پرے ہو ۔(۲) (فلسفہ) کسی واحد خانہ کے حدود سے باہر ہو؛ مافوق التجربہ؛ فوق تجربی؛ سترھویں صدی میں مابعدالطبعیاتی کے مترادف معنوں میں مستعمل ۔(۳) اعلیٰ؛ افضل؛ غیرمعمولی؛ عام تجربے کےحدود سے پرے ؛ ماورائی؛ فوقِ فطری۔ (٤) (ریاضیات) علوی؛ غیر جبری؛ جو جبر و مقابلے کی جمع، ضرب وغیرہ اور ان کے برعکس اعمال سے جدا نہ کیا جاسکے؛ ماورائی ۔(٥) (عام بول چال) دقیق؛ مبہم؛ غیر واضح؛ خیالی ۔ (٦) (شیلنگ کا فلسفہ) موضوعی؛ جس میں اشیائے خارجی موضوع یعنی نفس مدرکہ کی پیدا کی ہوئی قرار دی جائیں۔

Transcendental : (n) ایک موضوعی تصور، اصطلاح یا مقدار۔

Transcendental anatomy : (n) تشریح سامّی۔

Transcendental cognition : (n) (فلسفہ) فوق تجربی ادراک۔

Transcendental equation : (n) (ریاضیات) عُلوی مساوات۔

Transcendentalism : (n) موضوعیت؛ موضوعی فلسفہ؛ شیلنگ اور اس کے پیروؤں مثلاً ایمرسن کا نظریہ جس کی رو سے خارجی اشیاء حقیقت میں وجود نہیں رکھتیں بلکہ نفس مدرکہ کی پیدا کی ہوئی ہوتی ہیں؛ جہانِ مادی وتجربہ سے خارج کا فلسفہ ۔

Transcendentalist : (n) موضوعی فلسفہ کا معتقد ۔

Transcendentalist : (n) موضوعی؛ موضوعیت پسند ۔

Transcendentalize : (v) [f. as prec+ize.] : (adv.) موضوعی سمجھنا؛ موضوعی قرار دینا ۔

Transcendentally : (adv.) (۱) بدیہی طور پر ، بے تجربے اور مشاہدے کے ۔(۲) مبہم یا دقیق طور پر ۔

Transcension : (n) [med. L. Transean Sionen] (شاذ) برتری ؛ تفوق ؛ سبقت ؛ اولیت ۔

Transcribble : (v) [f. Trans - + 'scribble'.] (شاذ) بےتوجہی سے کتابت کرنا ۔

Transcribbler : (n) بے توجہی سے کتابت کرنے والا ۔

Transcribe : (v) [L. 'transcribere'.] (۱) نقل کرنا (تحریر کی)؛ اتارنا؛ استنساخ کرنا ۔ (۲) (موسیقی) (کسی تصنیف کو) آواز یا موسیقی کے موافق کرنا ۔ (۳) (قانونِ روم) دوسرے کو منتقل کرنا ۔

Transcriber : (n) کاتب؛ نقل نویس ۔

Transcript : (n) [OFr. 'transcrit': - L. 'transcriptum.'] (۱) نقل؛ خصوصاً (قانون میں) قانونی دستاویز کی نقل ۔(۲) (مجازاً) نقل؛ نقل کیا ہوا نسخہ ۔

Transcription : (n) [L. 'transcriptionem'.] (۱) نقل کرنےکا عمل ۔ (۲) نقل؛ استنساخ ۔ (۳) (موسیقی) کسی آواز یا آلہء موسیقی کے مطابق کسی تصنیف کی ترتیب یا ترمیم ۔ (٤) (قانونِ روما) تبدیلی؛ (کسی قرض یا معاہدے کا) تعین ۔

Transcriptive : (a) [f. L. 'transcript'- + ive.] (۱) نقل کےمتعلق؛ نقل کا؛ نقل کئے جانے کی صفت کا حامل ۔ (۲) (قانونِ روما) قانونی معاہدے کو منتقل کرنا ۔

Transdialect : (v) [f. Trans - + Dialect.] (شاذ) ایک بولی سے دوسری بولی میں ترجمہ کرنا ۔

Transduction : (n) [L. 'tra(ns)ductionem.'] (شاذ) انتقال ؛ عبور؛ کسی چیز کے ماورا گزرنا ۔

Transect : (v) [f. Tran(s-) + sect-,] (۱) عرضی قطع کرنا ۔ (۲) (تشریح) عرضی طور پر قطع کرنا ۔

Transection : (n) عرضی قطع کرنے کا عمل؛ عرضی قطع ۔

Transelement : (v) [f. Trans - + element.] عناصر کو بدلنا یا قلبِ ماہیّت کرنا ۔

Transelementation : (n) کسی شے کے عناصر کےبدلنے کا طریقہ یا عمل ۔

Transept : (n) [Trans - + L. 'elementum'.] (۱) صلیب نما گرجے کاعرضی حصہ ۔ (۲) اس حصے کے دونوں بازوؤں میں سے کوئی بازو ۔

Transeptal : (a) گرجے کے عرضی حصے کا ۔

Transfashion : (v) بدلنا؛ (کسی چیز کی) طرز بدلنا ۔

Transfer : (n) [f. next.] (۱) تبدیلی؛ بدلی؛ نقل : انتقال ۔ (۲) انتقال ملکیت یا دستاویز ۔ (۳) نقشہء منتقل؛ نقشہ وغیرہ جسے ایک سطح سے دوسری سطح پر منتقل کرنا ہو ۔ (٤) چھوٹی رنگین تصویر جو بازار سے خرید کر البم وغیرہ پر منتقل کرلی جاتی ہے؛ اتاری تصویر ۔ (٥) سپاہی جو ایک دستہ فوج سے دوسرے میں بدل کر جاتا ہے ۔ (٦) منی آرڈر بذریعہ تار ۔ (۷) مسافر اور سامان کا ایک ریلوے اسٹیشن سے دوسرے اسٹیشن پر لے جانا ۔

Transfer : (v) [f. Trans - + 'ferre'.] (۱) منتقل کرنا (ایک جگہ سے دوسری جگہ یا ایک شخص سے دوسرے کو) ۔ (۲) بدلنا؛ تبدیل کرنا (عہدہ دار یا غلام کو) ایک جگہ سے دوسری جگہ بھیجنا ۔ (۳) (جائداد وغیرہ کو) دوسرے کے قبضے میں دینا؛ دوسرے کے نام کرنا؛ منتقل کرنا ۔ (٤) (نقشے وغیرہ کا) دیوار یا لکڑی کی سطح سے (پردہء تصویر پر) منتقل کرنا ۔

Transfer-book : (n) رجسٹر انتقال ملکیت ۔

Transfer-day : (n) مقررہ دن جن میں بینک آف انگلینڈ میں تمسکات قرض وغیرہ کا انتقال بغیر فیس کے ہو سکتا ہے (اتوار اور ہفتے کے علاوہ سب دن) ۔

Transfer-ink : (n) چربے کی روشنائی ۔

Transfer-paper : (n) چربے کا کاغذ ۔

Transfer-printing : (n) ڈیزائن چھاپنے کا ایک طریقہ ۔

Transfer-table : (n) (امریکا) ریلوے کا عرضی جدول ۔

Transfer-ticket : (n) ٹکٹ جس کی رو سے مسافر ایک راستے سے دوسرے راستے میں سفر کرسکتا ہے ۔

Transferability : (n) منتقل ہونے کی صفت ۔

Transferable : (a) قابل تبدل؛ قابل انتقال (خصوصاً بل، ڈرافٹ، چیک وغیرہ ایک شخص سے دوسرے شخص کو)۔

Transferee : (n) جس کے نام ملکیت منتقل کی جائے؛ منتقل الیہ ۔

Transference : (n) (تحلیل نفسی) احساس و خواہش کا نئے مقصد کی طرف انتقال؛ نقل؛ انتقال ۔

Transferor : (n) ملکیت منتقل کرنے والا ۔

Transferrable/-rible : (a) لائق تبدیلی ؛ دیکھو Transferable ۔

Transferrer : (n) منتقل کرنے والا؛ تبدیل کرنے والا ۔

Transfigurate : (v) [L. 'transfigurat'.] (۱) ہئیت بدل دینا؛ شکل بدل دینا ۔(۲) دیکھو Transfigure ۔

Transfiguration : (n) [ad. L. 'transfigurationem'.] (۱) تبدیل شکل؛ تبدیلِ ہئیت ۔ (۲) حضرت عیسیٰ کی تبدیل شکل جو معجزے کے ذریعے ہوئی تھی ۔ (۳) وہ تہوار جو اس تبدیلی کی یادگار میں منایا جاتا ہے (۶/ اگست)؛ عید معجزۂ تبدیل ۔

Transfigure : (v) [L. 'transfigurare.'] (۱) ہئیت بدل دینا؛ شکل بدل دینا ۔ (۲) پہلے سے کہیں زیادہ حسین اور شاندار بنا دینا؛ روحانی بنا دینا ۔

Transfission : (n) [f. Trans -+ fission.] (حیاتیات) کسی خلیے یا عضو کا عرضی انشقاق تولید نسل کے طور پر ۔

Transfix : (v) [L. 'transfix.'] (۱) (نیزے وغیرہ سے) چھید ڈالنا؛ سوراخ کرنا؛ سینا ۔ (۲) (دہشت یا خوف سےکسی کو) مبہوت کردینا ۔ (۳) محکم کردینا؛ اپنی جگہ پر ٹھٹک جانا ۔

Transfixion : (n) [f. as prec.] سوراخ کرنا؛ چھیدنے کا عمل ؛ پہلو سے کسی اندام کو سوراخ کرنا اور اندر سے باہر کی طرف اسے کاٹنا؛ ایک ساتھ سینا؛ حیرت زدگی ۔

Transfluent : (a) [L. 'transfluentem.'] (شاذ) رواں ؛ جاری ؛ ساری ؛ درمیان سے جاری شدہ ۔

Transfluvial : (a) [L. trans - + 'fluvius.'] (شاذ) ندی کی دوسری طرف واقع؛ ندی میں واقع؛ ندی کی دوسری طرف کا رہنے والا؛ ندی کے پار۔

Transforation : (n) سوراخ ۔

Transform : (v) [L. 'transformare'.] (۱) شکل یا ہیئت بدل دینا ۔ (۲) سیرت بالکل بدل دینا؛ کایا پلٹ دینا ۔(۳) قلب ماہیت کر دینا ؛ قلب ماہیت ہونا (اب شاذ) ۔ (٤) برقی رو کو بدلنا ۔ (٥) (طبیعیات) (توانائی کی ایک شکل کو) دوسری شکل میں منتقل کرنا ۔(٦) (ریاضیات) ایک سے دوسری شکل میں بدلنا (لیکن قیمت کے اعتبار سے یکساں رکھنا) ۔

Transformable : (a) قابل تبدل؛ قابل تبدیلی ۔

Transformance : (n) (۱) فارم، شکل یا صورت میں بدلنے کا عمل ۔ (۲) سیرت، کیفیت وغیرہ میں مکمل تبدیلی ۔ (۳) (حیوانیات) حیوانی زندگی میں تبدیل صورت ؛ (عضویات و مرضیات) کسی عضو ، نسیج وغیرہ میں تغیر صورت ۔ (٤) (ریاضیات) مقدار یا قیمت میں تغیر کے بغیر تبدیل شکل ۔(٥) (طبیعیات) کسی شے کا ایک حالت سے دوسری حالت میں تبدیل ہونا جیسے ٹھوس سے مائع یا گیس یا اس کے برعکس؛ (کیمیا) کیمیاوی ترکیب میں تبدیلی جیسے کسی مرکب کے ایک جزو کا دوسرے جزو میں متبدل ہو جانا؛ توانائی کا ایک شکل سے دوسری شکل میں بدلنا ۔ (٦) (برقیات) برقی رو کا مختلف قوت یا قسم میں تبدیل ہونا ۔ (۷) مصنوعی بالوں کا سر (عورتوں میں مستعمل) ۔

Transformation : (n) [L. 'transformationem'.] دیکھو Transformance

Transformative : (a) قابل تبدیل؛ جس میں تغیر کی صلاحیت ہو؛ قابل تغیر؛بدلنےوالا؛ قلب ماہیت کرنےوالا ۔

Transformer : (n) [f. Transform + - er.] (۱) وہ جو بدلتا ہو ؛ تبدیل کرنے والا ۔(۲) (برقیات) برقی توانائی کو بدلنے والا ۔

Transformism : (n) [Fr. 'transformisme'.] (۱) یہ مفروضہ کہ موجودہ انواع جانداروں کی دوسری شکلوں کے تدریجی ارتقاء ہیں؛ انواع حیات کے تدریجی ارتقاء کا اصول؛ تغیر نوعی؛ ایک نوع حیوانی سے دوسری نوع بننا؛ تحول نوعی ۔(۲) اخلاقی اور سماجی تعلقات کے تدریجی ارتقاء کا اصول؛ نیز یہ ارتقاء ۔

Transformist : (n) تغیر نوعی یا قول نوعی کا قائل ۔

Transformistic : (a) تغیر نوعی یا تحول نوعی کا ۔

Transfrontal : (a) پیشانی یا مغز کے اگلے حصے کے عبور سے متعلق ۔

Transfuse : (v) [L. 'transfus-'.] (۱) (رطوبت وغیرہ کو) ایک شریان وغیرہ سے دوسری میں منتقل کرنا ۔ (۲) (صفات وغیرہ کا) ایک سے دوسرے میں نفوذ کرنا ۔ (۳) (طب) خون کو ایک شخص کی رگوں سے دوسرے کی رگوں میں منتقل کرنا؛ نقل خون کرنا ۔ (٤) جس سیال کی خون میں کمی ہو اسے پچکاری سے داخل کرنا ۔(٥) نقل خون (یا دوسرے محلول) سے (کسی شخص کا) علاج کرنا ۔

Transfusible : (a) (شاذ) قابلِ نقل خون ۔

Transfusion : (n) [L. 'transfusionem'.] (۱) انتقال رطوبت؛ ادخال رطوبت؛ نفوذ ۔(۲) نقلِ خون ۔(۳) خلط؛ باہم مل جل جانا؛ نفوذ باہمی (صفات، عناصر وغیرہ کا) ۔

Transfusive : (a) [L. 'transfus -, + - ive.] نقلِ خون یا انتقال رطوبت کی صفت یا رجحان کا حامل ۔

Transgress : (v) [trans, + gradi.] (۱) عدول کرنا؛ انحراف کرنا؛ خلاف ورزی کرنا (احکام وغیرہ کی) ۔(۲) قانون کی خلاف ورزی کرنا؛ ارتکاب جرم کرنا؛ خطا کرنا؛ گناہ کرنا ۔

Transgression : (n) (۱) انحراف؛ خلاف ورزی؛ حد سے تجاوز کرنے کا عمل ۔ (۲) خطا ؛ جرم ؛ گناہ ۔ (۳) (ارضیات) سمندر کا برّی حصے پر پھیلنا ۔

Transgressional : (a) انحراف یا خلاف ورزی کی نوعیت کا یا اس کے متعلق ۔

Transgressive : (a) [L. 'transgress' - + - ive.] (۱) انحراف ؛ خلاف ورزی کی نوعیت یا صفت کا حامل ؛ خطا کار؛ کسی حد سے تجاوز کرنے والا (شاذ) ۔ (۲) پورا ڈھک کے باہر نکلا ہوا ۔

Transgressively : (adv.) خلاف ورزی کرتے ہوئے؛ انحراف کرتے ہوئے ۔

Transgressor : (n) منحرف؛ خلاف ورزی کرنے والا؛ قانون شکن؛ خطا کار؛ گنہگار ۔

Tranship/Transship : (v) [f. trans - + ship. v.] (۱) ایک جہاز (یا ایک ریلوے ٹرین یا دوسری سواری) سے دوسرے جہاز میں بدلنا ۔ (۲) (مسافروں کو) ایک جہاز سے دوسرے جہاز میں سوار کرنا؛ ایک سواری سے دوسری سواری میں منتقل کرنا ۔

Transshipment : (n) بدلنا یا بدلا جانا (جہاز یا کسی اور سواری کا) ۔

Transhuman : (a) [f. Trans - + Human.] فوق انسانی؛ بشر کی قوت سے باہر؛ انسانی طاقت سے باہر؛ انسانی قوت سے پرے ۔

Transhumance : (n) مویشیوں کی پہاڑوں کی طرف موسمی حرکت ۔

Transhumanize : (v) فوق انسانی بنانا؛ انسانی طاقت سے باہر کرنا ۔

Transience : (n) (۱) بے ثباتی؛ ناپائداری ۔ (۲) دیکھو Transcendence ۔

Transiency : (n) (۱) بے ثباتی؛ ناپائداری؛ بے ثبات ہونے کی صفت یا حالت ۔(۲) فانی شے؛ ناپائدار وجود ۔

Transient : (a) [L. 'transiens.'] (۱) فانی؛ ناپائدار؛ تیزرو؛ غیر حقیقی؛ بے ثبات؛ تغیر پذیر؛ آنی جانی ۔ (۲) دم بھر کا؛ ذرا سی دیر کا؛ ایک لحظے کا؛ سرسری ۔ (۳) (موسیقی) درمیانی؛ جو محض دو سُروں وغیرہ کو جوڑنے کا کام دے ۔

Transient : (n) (۱) ناپائدار شے یا وجود ۔ (۲) (امریکا، عامیانہ) وہ شخص جو کسی جگہ میں تھوڑے عرصہ کے لئے رہتا ہو یا وہاں سے جلد گزرتا ہو خصوصاً ہوٹل کا مہمان ۔

Transient chord : (n) درمیانی میل (سُروں کا) ۔

Transiently : (adv.) (۱) دم بھر کو؛ آناً فاناً ۔(۲) عارضی طور پر ۔

Transient : (n) [Fr., or L. 'transitio-'.] (۱) نقل مکان ؛ عبور ؛ تغیر (حالات یا کیفیات میں)؛ بدلنا (گفتگو کا موضوع وغیرہ) ۔ (۲) (موسیقی) بنیادی سُر کا بدل جانا؛ عبور ۔ (۳) (فنون لطیفہ) طرز کا بدلنا؛ تبدل خصوصاً انگلستان میں نارمن طرز عمارت کے بجائے ابتدائی انگریزی طرز کا اختیار کیا جانا ۔ (٤) (بہ طرز صفت سابقہ) تغیر کا؛ تبدل کا ۔ (٥) (علم اللسان) زبان کا ایک متعین مرحلے سے دوسرے مرحلے میں تغیر؛ نیز درمیانی عرصہ کے لئے مستعمل؛ برزخ۔

Transition period : (n) عہد تغیر؛ عہد تبدل ۔

Transition stage : (n) حالت تبدل؛ نوبت تغیر ۔

Transition tumour : (n) وہ رسولی جس میں یہ اندیشہ ہو کہ کاٹنے کے بعد دوبارہ نکل آنے یا بہت شدید صورت اختیار کرلے ۔

Transitional/Transitionary : (a) (۱) تغیر کا ؛ تبدل کا ۔ (۲) تغیر پذیر؛ تبدل پذیر؛ عارضی ۔

Transitionally : (adv.) عارضی طور پر؛ تغیر پذیر طور پر ۔

Transitive : (n) [L. 'transitivus.'] (حرف) فعل متعدی ۔

Transitive : (a) (۱) متعدی ۔ (۲) (فلسفہ) غیر خلقی؛ غیر طبعی ۔

Transitively : (adv.) فعل متعدی کے طور پر ۔

Transitiveness : (n) متعدی ہونا ۔

Transitorily : (adv.) مختصر عرصے کےلئے؛ عارضی طور پر ۔

Transitoriness : (n) ناپائداری؛ عارضی ہونا ۔

Transitory : (a) [L. 'transitoire.'] عارضی ؛ چند روزہ ؛ ناپائدار ؛ مختصر ۔

Transitory action : (n) (قانون) چارہ جوئی یا مقدمہ جو ہر ملک میں دائر ہو سکتا ہے بلا لحاظ اس کے کہ مابہ النزاع امر کہاں واقع ہوا تھا ۔

Translatable : (a) [Translate, + - Able.] قابل ترجمہ؛ قابل تغیر وغیرہ۔

Translate : (v) [L. 'translatus'.] (۱) ترجمہ کرنا؛ ایک زبان سے دوسری زبان میں منتقل کرنا (عبارت، کتاب

Transientness : (n) ناپائداری ۔

Transilience : (n) (شاذ) ایک حالت سے دوسری حالت میں تبدل ؛ تغیر عمل ؛ شدید تغیر؛ ایک مرحلے سے دوسرے مرحلے میں منتقل ہونا؛ اچانک تغیر ۔

Transilient : (a) [f. trans + salire'.] (۱) ایک شے یا حالت سے دوسری شے یا حالت میں آنا؛ ایک سرے سے دوسرے سرے تک پہنچنے والا ۔ (۲) (کان کنی) ایسی چٹان کے لئے مستعمل جو اچانک دوسری قسم کی چٹان میں بدل جائے ۔ (۳) (تشریح) عابر؛ (عصبی ریشہ) جو دماغ کی ایک تہ سے دوسری تہ تک پہنچتا ہو ۔

Transilluminate : (v) [Trans - + illuminate.] جسم کے ایک حصے سے دوسرے حصے میں روشنی کا عبور کرنا؛ عضو کے اندرونی حصے کو روشن کرنا (طبی معائنے کے لئے)؛ نور افگنی سے معائنہ کرنا ۔

Transillumination : (n) تنویر عبوری؛ تشخیص مرض کےلئے کسی عضو کے اندر ایک تیز روشنی ڈالنا ۔

Transire : (n) [L. f. trans + ire.] سامان لے جانے کا پروانہ ؛ اجازت نامہ جو چنگی کے دفتر سے مال لے جانے کے لئے ملتا ہے ۔

Transit : (n) [ad. L. transitus.] (۱) عبور کرنا ؛ گزرنا؛ نقل ؛ لانا ؛ لےجانا ۔ (۲) راہ ؛ رستہ ۔ (۳) T.combain, T-circle, کےمعنی میں بھی آتا ہے ۔ (٤) عبور؛ مرور؛ کسی رصدگاہ کے خط نصف النہار پر سے کسی جرم فلکی کا گزرنا ۔ (٥) عبور تابع؛ عبور قمر؛ کسی سیارے (خصوصاً سورج) کے قرص پر سے کسی تابع (خصوصاً مریخ یا زہرہ) کا گزرنا ۔ (٦) (تابع کا) قرص شمسی سے گزرنا ۔

Overland transit : خشکی کا راستہ ۔

Transit-circle/-instrument. : (n) آلہ رصد عبور؛ دائرہ رصد عبور؛ نظارہ عبور؛ وہ آلہ جس سے کسی جرم فلکی کا نصف النہار پر سے گزرنا رصد کرتے ہیں۔

Transit-compass : (n) زاویہ پیما؛ زاویہ افقی کی پیمائش کا آلہ جو مسافت میں استعمال ہوتا ہے ۔

Transit-duty : (n) محصول عبور (جو مال کے کسی ملک سے گزرنے کا لیا جاتا ہے) ۔

وغیرہ کو) ۔ (۲) ترجمہ ہو سکنا ۔ (۳) (کسی اصول وغیرہ کو) ایک فن سے دوسرے فن میں منتقل کرنا : لانا ۔ (٤) تعبیر آنا؛ سمجھنا ۔ (٥) (مجازاً) سمجھانا؛ تشریح کرنا (اشارات، حرکات، طرزعمل وغیرہ کی) ۔ (٦) (اسقف کو) ایک علاقے سے دوسرے علاقے میں تبدیل کرنا ۔ (۷) (کسی بزرگ یا ولی کی لاش یا تبرکات کو) ایک جگہ سےدوسری جگہ لے جانا ۔ (۸) (بائبل) موت سے پہلے آسمان پر پہنچنا؛ زندہ اٹھا لینا ۔ (۹) (قدیم) قلب ماہیت کردینا؛ کایا پلٹ کردینا ۔ (۱۰) (تاربرقی) (ایک ہی مضمون کا تار) دوبارہ بھیجنا ۔ (۱۱) (عامیانہ) پرانی چیز (خصوصاً جوتی وغیرہ) سے نئی چیز تیار کرنا ۔ (۱۲) (میکانیات) (کسی جسم کو) ایک ہی خط میں حرکت دینا (اس طرح کہ اس کے کل اجزاءایک ہی سمت حرکت کریں) ۔ (۱۳) بغیر گھمائے (کسی جسم کو) ایک جگہ یا نقطہ سے دوسری جگہ منتقل کرنا ۔

Translating : (n) ترجمہ کرنے کا عمل ۔

Translating-relay : (n) (تیلگراف) ایک آلہ جس کے ذریعے بڑے فاصلے پر بھی پیام رسانی ممکن ہے ۔

Translating-roller/-screw : (n) ایک قسم کا پیچ ۔

Translating-station : (n) ٹیلی گراف کااسٹیشن جہاں خودکار آلہ کام کرتا ہے ۔

Translation : (n) [OFr. or L. 'translationem'.] (۱) ترجمہ ۔ (۲) انتقال: بدلی؛ تبادلہ (اسقف کا) ۔ (۳) زندہ اٹھا لیا جانا ۔ (٤) لاش یا تبرکات کا نقل مکان ۔ (٥) ایک خط میں حرکت ۔ (٦) (طب) مرض کا ایک شخص سے دوسرے شخص میں پھیلنا یا ایک حصہ سے دوسرے حصہ میں منتقل ہونا ۔ (۷) مخابرہ بذریعہ ٹیلی گراف ۔

Translation wave : (n) سمندری لہر جس کی رو آگے کی طرف ہو ۔

Translational : (a) ترجمے وغیرہ کا؛ تفسیر سے متعلق؛ خصوصاً (میکانیات) حرکت مستقیم کا ۔

Translative : (a) (۱) مجازی؛ استعارہ سے متعلق ۔ (۲) انتقال دہندہ ۔ (۳) (قانون) انتقال مالکیت سے متعلق ۔ (٤) ترجمہ، تفسیر سے متعلق ۔ (٥) (طبیعیات) گردش کے بغیر آگے کی طرف کی حرکت سے متعلق ۔

Translator : (n) [OFr. or L.] (۱) مترجم ؛ ترجمہ کرنے والا ؛ ترجمہ کا مصنف ۔ (۲) بدلنے یا تبدیل کرنے والا خصوصاً موچی جو پرانے جوتوں کو پہننے کے لائق بنا دیتا ہے ۔ (۳) طویل فاصلے پر پیام رساں خود کار آلہ ۔

Translatorship : (n) مترجم کا کام ۔

Translatory : (a) ترجمہ کا یا اس کے متعلق ۔

Translatress/Translatrix : (n) خاتون مترجم ۔

Transliterate : (v) [f. Trans - + L. 'littera'. + - ATE.] (ایک زبان کے الفاظ وغیرہ کو) حتی الامکان صحت کے ساتھ دوسری زبان کے حروف میں لکھنا ۔

Transliteration : (n) نقل لفظ ؛ ایک زبان کے حروف کو دوسری زبان کے حروف میں صحت کے ساتھ منتقل کرنا ۔

Transliterator : (n) نقل لفظ کرنے والا ۔

Translocate : (v) ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنا؛ (شاذ) نکال باہر کرنا ۔

Translocation : (n) [Trans + Location.] ایک جگہ سے دوسری جگہ بدلنا؛ اپنی جگہ سے خارج کرنا؛ نقل مکان؛ (نباتیات) پودے کے ایک نقطے سے دوسرے نقطے تک غذائی مواد کا انتقال ۔

Translucence : (n) نیم شفافی؛ شفاف ہونے کی حالت یا صفت ۔

Translucent : (a) [L. 'translucentum.'] (۱) نیم شفاف ؛ جس میں سے روشنی گزر سکے مگر آرپار دکھائی نہ دے ۔ (۲) (بیجا استعمال) شفاف؛ جس میں سے روشنی گزر سکے ۔

Translucently : (adv.) نیم شفاف طور پر ۔

Translucid : (a) [L. 'translucidus'.] نیم شفاف ۔

Translunary : (a) [Trans - + L. 'Luna'.] ماورائے ماہ ؛ چاند کے ماورا یا اس کے اوپر واقع؛ (خصوصاً مجازی معنوں میں) لطیف؛ ابتری؛ وہمی؛ نازک؛ آسمانی؛ روحانی؛ علوی ۔

Transmake : (v) [Trans - + Make.] از سر نو بنانا؛ مختلف شے میں تبدیل کرنا؛ کایا پلٹ دینا ۔

Transmarine : (a) [L. 'transmarinus'.] (۱) سمندر کے اس پار واقع یا موجود؛ سمندر کے اس پار سے متعلق ۔

(۲) سمندر پار کا رہنے والا؛ سمندر پار ملکوں کا رہنے والا۔

Transmentation : (n) توبہ؛ پشیمانی۔

Transmeridional : (a) قاطع مدار نصف النہار؛ مشرق و مغرب سے گزرنے والا۔

Transmew/Transmue : (v) [Fr. 'transmuer'.] تبدیل کرنا؛ مسخ کرنا؛ قلب ماہیت کرنا؛ مختلف ہونا؛ مسخ ہونا۔

Transmigrant : (a) [L. 'transmigrant'.] (۱) ایک ملک سے دوسرے ملک میں ہجرت کرنے والا۔ (۲) وہ شخص جو اپنے وطن سے دوسرے ملک میں ہجرت کرنے کے لئے تیسرے ملک سے گزرتا ہو۔

Transmigrate : (v) [L. transmigrat'.] (۱) ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا (خصوصاً اشخاص یا قبیلے کے لئے)؛ ہجرت کرنا؛ نقل وطن کرنا۔ (۲) (روح کا) موت کے بعد دوسرے جسم میں حلول کرنا؛ قالب بدلنا؛ تناسخ واقع ہونا۔

Transmigration : (n) [L. 'transmigrationem'.] (۱) تناسخ۔ (۲) کوچ؛ ہجرت؛ نقل وطن خصوصاً ایک ملک سے دوسرے ملک میں۔ (۳) خلیے کا جسم کے ایک حصے سے دوسرے حصے میں انتقال۔

Transmigrationism : (n) مذہب تناسخ؛ تناسخ کا قائل؛ تناسخ پسندی۔

Transmigrator : (a) (۱) قالب بدلنے والی (روح)۔ (۲) مہاجر؛ نقل وطن کرنے والا۔

Transmigratory : (a) [f. Transmigrate+- ory.] (۱) تناسخ پذیر؛ قالب بدلنے والی (روح)؛ تناسخ سے متعلق؛ تناسخی۔ (۲) مہاجر؛ ہجرت پذیر؛ کوچ کرنے والا۔

Transmissibility : (n) (۱) انتقال پذیری؛ ترسیل پذیری۔ (۲) سرایت پذیری۔

Transmissible : (a) [f. L. 'transmiss' - + ible.] (۱) انتقال پذیر؛ ترسیل پذیر۔ (۲) گزر پذیر؛ سرایت پذیر۔

Transmission : (n) [L. 'transmissionem'.] (۱) ترسیل؛ انتقال۔ (۲) گزر (حرارت وغیرہ کا)؛ سرایت۔ (۳) (طبیعیات) ترسیل؛ ایصال؛ کسی میڈیم جیسے روشنی، حرارت، آواز وغیرہ کے ذریعے ایصال یا گزر۔ (٤) (حیاتیات) کسی عضویہ کی خاص فطرت یا آواز کا آنے والی نسل میں ایصال۔ (٥) (میکانیات) ایک جگہ سے دوسری جگہ میں حرکتِ قوت کا تبدل؛ ایسی تبدیلی میں لانے والا آلہ۔ کار۔

Transmissive : (a) [f. transmiss + - ive.] انتقال پذیر؛ سرایت پذیر؛ قابل انتقال؛ انتقال شدہ؛ بھیجنے والا؛ گذرپذیر؛ ترسیل پذیر۔

Transmissivity : (n) انتقال پذیری؛ نقل وانتقال کی قابلیت؛ ترسیل پذیری۔

Transmit : (v) [L. 'transmittere'.] (۱) ایک سے لے کر دوسرے کو دینا؛ بھیجنا؛ ارسال کرنا؛ منتقل کرنا؛ پہنچانا (وارثوں، آئندہ نسلوں وغیرہ کو)۔ (۲) (طبیعیات، میکانیات) (حرارت، روشنی، آواز، بجلی وغیرہ کو) اپنے اندر سے گزرنے دینا؛ واسطہ ہونا۔ (۳) (خبر کا) بھیجنا، پہنچانا؛ (اپنے جذبات) دوسروں میں ساری کردینا؛ (جذبات کا) ایک سے دوسرے میں سرایت کر جانا۔ (٤) (جسم کا) ایک حصے سے دوسرے حصے میں (قوت یا حرکت) منتقل کردینا۔

Transmittal : (n) (شاذ) ارسال کرنے کا عمل؛ ایصال؛ ارسال؛ سرایت۔

Transmitter : (n) (۱) ارسال کرنے والا؛ بھیجنے والا؛ فرستندہ؛ منتقل کرنے والا۔ (۲) (ریڈیو) آلہ ترسیل۔ (۳) ریڈیو، ٹیلی ویژن، ٹیلی فون وغیرہ کا آلہ ترسیل۔

Transmogrification : (n) جادو کی سی کایا پلٹ؛ حیرت انگیز کایا پلٹ؛ (عجیب وغریب) تغیر۔

Transmogrify : (v) [Origin obsc.] (مزاحیہ) جادو یا حیرت انگیز طریقے سے کایا پلٹ کردینا۔

Transmontane : دیکھو Tramontane

Transmundane : (a) [Trans + L. 'mundus'.] ماورائے دنیا کا باشندہ؛ ماورائے جہانی؛ دنیا کے اُس طرف واقع۔

Transmutability : (n) تقلیب پذیری؛ استحالہ پذیری؛ قلب ماہیت کی استعداد۔

Transmutable : (a) [L. 'transmutare'.] قابل تبدیل؛ قلب ماہیت پذیر؛ استحالہ پذیر؛ جس میں قلب ماہیت ہو سکے؛ تقلیب پذیر۔

Transmutably : (adv.) قلب ماہیت کی حالت میں؛ استحالہ پذیری سے ۔

Transmutation : (n) [L. 'transmutationem'.] (۱) تقلیب : قلب ماہیت؛ شکل، طبیعت یا جوہر بدلنا یا بدل جانا ؛ استحالہ ۔ (۲) (کیمیا) ادنیٰ دھاتوں کا سونا وغیرہ بن جانا ؛ کیمیا بن جانا ۔ (۳) (ہندسہ) تحویل؛ ایک شکل ہندسی کو مساوی رقبے کی دوسری شکل میں تبدیل کرنا ۔ (٤) (حیاتیات) تقلیب نوع؛ ایک نوع کا دوسری نوع میں بن جانا (لامارک کے اصول کے مطابق) ۔ (٥) (قانون) انتقال ملکیت ۔

Transmutationist : (n) (حیاتیات) تغیر خصوصاً تقلیب نوعی کا قائل ۔

Transmutative : (a) [L. 'transmutat-, transmutare.] استحالے کا؛ قابل تغیر؛ تبدیل شدنی؛ قابل تبدیل ۔

Transmute : (v) [L. 'transmutare'.] (کیمیا) کسی شے کی شکل ، طبیعت یا جوہر کو بدل دینا؛ قلب ماہیت کرنا؛ تقلیب کرنا؛ استحالہ کرنا ۔

Transmuter : (n) استحالہ کرنے والا؛ قلب ماہیت کرنے والا ۔

Transmutual : (a) دوجانبہ؛ دوطرفہ؛ متقابل؛ بین الاثنین ۔

Transnature : (v) [Trans + Nature.] (شاذ) قلب ماہیت کرنا؛ کسی شخص یا چیز کی فطرت بدل دینا ۔

Transnormal : (a) [Trans + normal.] معمولی یا طبعی سے بڑھ کر؛ ورائے طبعی ۔

Transom : (n) [L. 'transtrum.'] (۱) دروازے یا کھڑکی کی سردل ۔ (۲) افقی سلاخ یا پٹی جو کھڑکی کے بیچ میں لگی ہو ۔ (۳) (قلب جہاز میں) اُن افقی کڑیوں میں سے کوئی کڑی جو پتوار کھمبے میں لگی ہوتی ہے ۔ (٤) شہتیر جو دو دستی آرے کے گڑھے پر رکھا ہوتا ہے ۔ (٥) افقی سلاخ جو مضبوطی کے لئے لگا دیتے ہیں ۔

Transom-bar : (n) دروازے پر کی سردل ۔

Transom-knee : (n) (جہاز سازی) ٹیڑھی لکڑی جس سے کڑی بندھی ہوتی ہے ۔

Transom-window : (n) (۱) دروازے میں اوپر کی کھڑکی ۔ (۲) کھڑکی جس کے بیچ میں پٹی یا سلاخ ہو ۔

Transomed : (a) سردل دار ؛ جس میں افقی کڑی یا سلاخ لگی ہو ۔

Transpadane : (a) [L. transpadanus.] دریائے پو کے پرے (عموماً شمال کی طرف) ۔

Transpadane : (n) دریائے پو کے پرے رہنے والا ۔

Transparence : (n) (۱) شفافی؛ شفاف ہونا ۔ (۲) منور تصویر یا کتبہ (جو کرمچ یا ململ پر بنا ہو اور پیچھے روشنی رکھ کر نمائش کیا جائے) ۔ (۳) منور تصویر کا چوکھٹا ۔ (٤) (فوٹو گرافی) مثبت تصویر جو شیشے پر ہو اور آرائش کے لئے گھاٹی یا جادو کی لالٹین میں دکھائی جائے ۔ (٥) ابھرا ہوا نقش جو چینی پر بنا ہو (اور اس کے خطوط کہیں موٹے کہیں باریک ہوں) ۔ (٦) (مضحکہ خیز خطاب، یہ جرمن لفظ Durchlaucht کا ترجمہ) حضور سراپا پرنور ۔

Transparency : (n) [med. L.'transparentia'.] دیکھو Transparence

Transparent : (a) [med. L. 'transparentem'.] (۱) شفاف؛ نرمل ۔ (۲) سطحی؛ جھرجھرا (بہانہ یا بھیس وغیرہ) جس کی اصلیت آسانی سے پہچان لی جائے ۔ (۳) (مجازاً) کھلی ہوئی؛ بیّن؛ ظاہر (کیفیت، نیت وغیرہ) ۔ (٤) صاف؛ کھری؛ بے بناوٹ ۔

Transparently : (adv.) شفاف طور پر؛ بیّن طور پر؛ صاف طور پر ۔

Transparentness : (n) (۱) شفافی ۔ (۲) جھر جھرا پن ؛ سطحیت ۔ (۳) کھلا ہوا ہونا ۔ (٤) کھراپن؛ صفائی ۔

Transpeciate : (v) [Trans - + L. species, - Ate.] ماہیت میں تغیر پیدا کرنا؛ مسخ کرنا؛ شکل میں تبدیلی پیدا کرنا ۔

Transpicuity : (n) شفافیت؛ شنی؛ آشکارا ہونا ۔

Transpicuous : (a) [mod. L. 'transpicuous'.] شفاف؛ روشن؛ آشکار؛ واضح ۔

Transpierce : (v) (۱) چھید ڈالنا ۔ (۲) سرتا سر سوراخ ہونا ؛ آرپار ہو جانا ۔

Transpirable : (a) [mod. L. 'transpirabilis'.] جو بخار کی صورت میں خارج ہو سکے ۔

Transpiration : (n) (۱) اخراج بخارات ۔ (۲) بخارات جو پھیپھڑے یا جلد سے خارج ہوں ۔

Transpiratory : (a) اخراج بخارات کا ۔

Transpire : (v) [f. Trans - + 'spirare'.] (۱) بھاپ کی شکل میں خارج کرنایا ہونا؛ جلد یا پھیپھڑے سےبخارات خارج کرنا یا ہونا ۔ (۲) (نباتیات) بخارات خارج کرنا ۔ (۳) (مجازاً) کھل جانا؛ ظاہر ہو جانا (راز وغیرہ کا) ۔ (۵) (سوقیانہ) واقع ہونا (امریکا میں پہلے) ۔

Transplace : (v) [Trans + place.] کسی کی واقفیت میں اس کی جگہ سے ہٹانا؛ مقدم ومؤخر کرنا؛ پودے کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لگانا ۔

Transplant : (v) [Trans -+'plantare'.] (۱) ایک جگہ سےاُکھاڑکر دوسری جگہ لگانا (پودوں کو) ۔ (۲) منتقل کرنا؛ ایک جگہ سے دوسری جگہ جمانا (کارخانہ وغیرہ کو)؛ ایک جگہ سے لے جاکر دوسری جگہ بسانا (لوگوں کو) ۔ (۳) (جراحی) ایک مقام سے کاٹ کر دوسرے مقام پر یا دوسرے جسم میں لگانا (نسیج یا عضو کو)؛ عمل نقل کرنا ۔

Transplantable : (a) انتقال پذیر؛ نقل پذیر ۔

Transplantation : (n) (۱) نقل (پودے کی) ۔ (۲) عمل نقل (جراحی کا) ۔ (۳) منتقلی (اشخاص یا اشیاء کی) ۔ (٤) افسوں؛ جادو ۔

Transplanter : (n) (۱) منتقل کرنے والا ۔ (۲) آلہ نقل ؛ وہ اوزار یا مشین جس سے پودے اس طرح اکھاڑے جاتے ہیں کہ ان کی جڑ کے گرد مٹی کا گولا لگا رہتا ہے ۔

Transplendent : (a) [Trans-+ L.'splendentem'.] (شاذ) درخشاں؛ غیر معمولی شفاف؛ مجلل ؛ باشکوہ ۔

Transplendently : (adv.) درخشاں طور پر؛ مجلل طریقے سے ۔

Transpontine : (a) [Trans - + L. 'pons, pontem'. + - ine'.] (۱) پل کےپار کا خصوصاً ٹیمز کے پار کا؛ لندن کے اس محلے کا جو ٹیمز کے دوسرے کنارے پر ضلع "سرے" کی طرف واقع ہے ۔ (۲) سطحی قسم کا جذبات پرستانہ ناٹک جیسا کسی زمانے میں اس محلے میں پسند کیا جاتا تھا ۔

Transport : (n) [f. next.] (۱) نقل وحمل؛ مال یا مسافروں کا ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا؛ سواری اور باربرداری ۔ (۲) (نیز t. ship , vessel) سواری یا باربرداری کا جہاز؛ سپاہیوں اور رسد کے لے جانے کا جہاز ۔ (۳) مجرم جس کو کالے پانی کی سزا ہوئی ہو؛ عبور دریائے شور کا سزایاب ۔ (٤) شدید جذبہ؛ جوش، خوشی کے مارے آپے سے باہر تھا ۔ (٥) حمالوں وغیرہ کی انجمن ۔

Transport : (v) [Fr.'transporter', or L. 'transportore'.] (۱) ایک جگہ سے دوسری جگہ لےجانا؛ (مسافر، فوج وغیرہ کے) نقل وحمل کا انتظام کرنا ۔ (۲) کالے پانی لے جانا (مجرم کو)؛ عبور دریائے شور کی سزا دینا ۔ (۳) (مجازاً) (عموماً صیغہ مجہول میں) بے خود ہو جانا؛ آپے سے باہر ہو جانا (خوشی، غصہ وغیرہ میں) ۔

Transport-buoy : (n) جہازوں کےلئےاستعمال ہونے والا پیپا ۔

Transportability/Transportableness : (n) نقل پذیری؛ قابل نقل وحمل ہونا ۔

Transportable : (a) (۱) قابل نقل وحمل؛قابل حمل؛ حمل پذیر ۔ (۲) کالے پانی بھیجے جانے کے قابل؛ قابل عبور دریائے شور ۔

Transportal/Transportance : (n) نقل وحمل؛ سواری ۔

Transportation : (n) (۱) ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا یا پہنچایا جانا؛ نقل وحمل؛ بارکش ۔ (۲) عبور دریائے شور؛ تبعید ۔ (۳) (امریکا) ٹکٹ یا عوامی سواری کے ذریعہ سفر کرنے کا پاس ۔ (٤) (ارضیات) نقل مادہ (ندیوں ، سمندر کی دھاراؤں ، گلیشیر اور ہواؤں وغیرہ سے) ۔ (٥) (متروک) (احساس شدید کا) انتقال ۔

Transported : (a) (۱) ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل شدہ؛ تبعید شدہ (کسی دوسرے ملک میں لازمی طور پر) ۔ (۲) احساسات شدید سے مغلوب ہو کر؛ بےخود ۔

Transportedly : (adv.) بے خود ہو کر؛ شدید احساس سے مغلوب ہو کر ۔

Transportedness : (n) بےخود ہونےکی حالت؛ شدید احساسات سے مغلوب ہونے کی کیفیت ۔

Transporter : (n) (۱) نقل وحمل کا انتظام کرنے والا ۔ (۲) نقل وحمل کا وسیلہ خصوصاً گھاٹ یا ایک جہاز سے دوسرے جہاز میں رکھنے کا آلہ کار ۔

Transporter-bridge : (n) قابل کشتی رانی؛ آبی راستے کا اتنا اونچا پُل کہ کشتی رانی میں خارج نہ ہو ۔

Transposable : (a) قابل تبدیل عمل؛ جابجا شدنی؛ جگہ بدلنے والا یا والی ۔

Transposal : (a) (۱) (شاذ) تبدیل محل؛ تبدیل ترتیب ۔(۲) وہ چیز جس کا محل یا ترتیب بدلی گئی ہو ۔

Transpose : (v) [Fr. 'transposer'.] (۱) ایک جگہ یا وقت سے ہٹا کر دوسری جگہ یا وقت میں رکھنا؛ منتقل کرنا؛ بدلنا (لغوی ومجازی معنوں میں)؛ جگہ بدلنا؛ ادل بدل کرنا ۔(۲) (الجبرا) مساوات میں ایک رقم کو دوسری طرف علامت بدل کر لے جانا؛ عمل نقل کرنا ۔(۳) (صرف ونحو) جملے میں کسی لفظ کو مقررہ محل سے یا موجودہ محل سے ہٹاکر کہیں اور رکھنا؛ تبدیل محل کرنا؛ (الفاظ کی مقررہ یا موجودہ) ترتیب بدلنا ۔(٤) (موسیقی) نغمے کو کسی اور آہنگ میں لکھنا یا بجانا؛ سُر بدلنا ۔

Transposer : (n) محل یا ترتیب بدلنے والا ۔

Transposition : (n) (۱) تبدیل محل؛ تبدیل ترتیب ۔(۲) بدلا ہوا محل؛ بدلی ہوئی ترتیب (خصوصاً کسی لفظ میں حرف کی یا کسی جملے میں الفاظ کی) ترتیب؛ ایسے عمل کا نتیجہ ؛ محل بدلا ہوا لفظ یا جملہ ۔ (۳) (موسیقی) سُر کا بدلنا ۔ (٤) (الجبرا) مساوات میں ایک رقم کو بہ تبدیلیء علامت دوسری طرف لے جانا ۔ (٥) (تشریح) اعضائے جسمانی کی خلاف معمول حالت؛ اعضاء کی بےقاعدہ بناوٹ یا ترتیب۔

Transpositive : (a) تبدیل محل یا تبدیل ترتیب کی خاصیت کا حامل؛ تبدیل محل کا ۔

Transprose : (v) [Trans -+Prose] نثر میں ڈھالنا؛ نثر میں بدلنا ۔

Transrhenane : (a) [L. 'transrhenanus'.] راٹن ندی کے اس پار؛ لہذا آلمانوی برخلاف رومی یا فرانسیسی کے؛ (مجازاً) آلمانوی ۔

Transubstantial : (a) [Trans - + L. 'substantialis'] تبدیل ہونے والا؛ قلب ماہیت کے لائق ۔

Transubstantiate : (v)[Trans - + 'substantia'.] ایک شے سے دوسری شے میں تبدیل کرنا؛ قلب ماہیت کرنا؛ تبدیل جوہر کرنا؛ تبدیل مادہ کرنا؛ استحالہ کرنا ۔

Transubstantiation : (n) (۱) قلب ماہیت ؛ استحالہ ؛ ایک جسم سے دوسرے جسم میں تبدیلی ؛ تبدیل مادّہ ۔ (۲) (مذہب عیسوی) عشائے ربانی میں روٹی اور شراب کا مسیح کے جسم اور خون میں بدل جانا؛ استحالہء عشائی ۔

Transudate : (n) ترشح؛ تراوش؛ مواد مترشحہ ۔

Transudation : (n) [f. trans + sudatio.] تراوش؛ ترشح؛ نفوذ ۔

Transudatory : (a) تراوش کرنے والا؛ نفوذ کرنے والا ۔

Transude : (v) [f. Trans - + sudare, to sweat.] نفوذ کرنا (سیال شے یا گیس وغیرہ کا مسامات وغیرہ سے)؛ نکلنا (جسے پسینے کا) ۔

Transume : (v) (۱) (قانون) دستاویز کی باضابطہ نقل تیار کرنا ۔(۲) (متروک) تبدیل کرنا؛ بھیجنا ۔

Transumpt : (n) [L. 'tran(s)-sumer'.] نقل؛ (خصوصاً) کسی دستاویز، وثیقہ یا دوسرے قانونی کاغذات کی نقل۔

Transumptive : (a) [transumpt-. + - ivus.] (قدیم) نقل یا استنساخ کا؛ استعاری۔

Transvaal : (n) [Trans - + vaal a tributory of the Orange river in S.Africa.] ٹرانسوال ؛ یونین آف ساؤتھ افریقہ کی ایک ریاست جسے وال ندی اورینج فری اسٹیٹ سے جدا کرتی ہے ۔

Transvase : (v) [Fr. 'transvaser'.] (شاذ) ایک ظرف سے دوسرے ظرف میں ڈالنا؛ دوسرے برتن میں انڈیلنا ۔

Transversal : (a) قاطع؛ جو خطوط کے ایک سلسلے کو قطع کرتا ہو ۔

Transversal : (n) (۱) خط قاطع ۔(۲) (تشریح) (عموماً transversus (pl-i).یا transversaa) (pl-es) وہ عضلہ وغیرہ جو افقاً جسم کےبعض حصوں سے گزرتا ہو ؛ معترض ؛ جملہء معترضہ ۔ (۳) (مجازاً) انحراف (شاذ) ۔

Transversally : (adv.) افقاً؛ عرض میں ۔

Transverse : (a) [L. 'transversus'.] عرضی؛ معترض؛ جو عرضاً واقع ہو؛ مورّب ۔

Transverse : (n) جو مقاطع ہو؛ جو عرضاً واقع ہو ۔

Transverse : (adv.) (شاذ یا شعر میں مستعمل) عرضاً؛ عرض میں ۔

Transverse : (v) [OFr. 'transverser' or med. L. 'transversare'.] (۱) (اب شاذ) عرضاً واقع ہونا؛ پار کرنا ؛ گزرنا ۔ (۲) الٹ دینا؛ سرنگوں کردینا؛ منتشر کردینا (اب شاذ یا متروک) ۔ (۳) کسی مختلف شے میں تبدیل کردینا ۔

Transverse : (v) [Trans - + verse.] شعر میں ڈھالنا؛ شعرمیں ترجمہ کرنا ۔

Transverse artery : (n) شریانِ معترض ۔

Transverse axis : (n) (۱) محور جو اصلی محور سے عرضاً واقع ہو ، جیسے بلور میں ۔ (۲) (علم ہندسہ) مخروطی تراش سے گزرنے والا محور ۔

Transverse muscle : (n) ان مختلف عضلات میں سے کوئی ایک جو دوسرے حصوں میں پھیلے ہوئے ہیں ۔

Transverse process : (n) ریڑھ کی ہڈی کا ایک بغلی عمل ۔

Transverse suture : (n) سامنے اور چہرے کی ہڈیوں کے درمیان کا جوڑ ۔

Transversely : (adv.) عرضاً بطور اریب یا متقاطع ۔

Transversion : (n) شعر میں منتقل کرنا؛ کسی شےکا موزوں بیان ۔

Transversion : (n) [L. 'transvers-.] ترچھا رکھنے کا عمل ؛ اندرونی تراش؛ کسی مختلف شےمیں تبدیلی؛ تبدیل مقام ۔

Transversus : (n) (تشریح) شکم کا عرضی عضلہ ۔

Transwritten : (a) ترجمہ شدہ؛ استنساخ شدہ؛ نقل شدہ ۔

Trant : (v) حمال یا بار بردار کا پیشہ اختیار کرنا ۔

Tranter : (n) [f. 'traventer'.] حمال؛ باربردار؛ خصوصاً وہ شخص جو گھوڑے اور گاڑی سے کمائے ۔

Trantlum : (n) (۱) حقیر شے؛ جزوی شے (چیز) ۔ (۲) (جمع میں) گوناگوں؛ متفرقہ ۔ (۳) (اسکاٹ لینڈ) مہمل۔

Trap : (n) [Late OE. 'treppe'. ME. 'trapp'.] (۱) گڑھا؛ پھندا؛ کھٹکے دار پنجرا (جانوروں کو پکڑنے کے لئے) ۔ (۲) (مجازاً) بھرّا؛ دم؛ فقرہ یا چال جس کے ذریعہ کسی شخص سے کوئی بات کہلائی جائے یا کوئی کلام کرایا جائے ۔ (۳) اڑاؤ پنجرا جس میں کبوتر وغیرہ کو اڑا کر نشان لگاتے ہیں ۔ (٤) اچھل کھٹکا؛ جوتے کی شکل کا آلہ جس میں ایک طرف بلاّ مارنے سے دوسری طرف گیند اچھلتی ہے ۔ (٥) حرف "U" کی شکل کا گیس پائپ؛ نعل نما پائپ جس کو کھول دینے سے ایک طرف سے پانی آکر گیس کی واپسی کو روک دیتا ہے ۔ (٦) ٹم ٹم یا اسی قسم کی کوئی اور گاڑی ۔ (۷) (عامیانہ) پولیس کا سپاہی؛ پولیس والا ۔ (۸) دیکھو Trap -door۔ (۹) حرف "L" کی شکل کی کھونچ جو کپڑے وغیرہ میں لگ جانے ۔ (۱۰) (عامیانہ یا بول چال) مکر؛ دھوکا؛ فریب؛ چال بازی ۔ (۱۱) وہ دروازہ جس سے ہوا آتی جاتی رہے ۔

Fly trap : مکھیوں کے پکڑنے کا پھندا ۔

Rat trap : چوہے دان؛ موش دان ۔

To understand trap : اپنے مفاد کا علم رکھنا ۔

To be up to trap : باشعور یا ہوشیار ہونا ۔

Trap : (n) [Swed. 'trapp'.] (۱) (کان کنی) سیاہ رنگ کی ستون نما آتش فشاں چٹان ؛ زینہ چٹان ۔ (۲) اتھاؤ زینہ؛ سیڑھی ۔

Trap : (v) (۱) (مجازاً) پھندے وغیرہ میں پھانسنا؛ بھرے پر چڑھانا؛ دام میں لینا؛ پھانسنا ۔ (۲) پھندے وغیرہ میں وحشی جانوروں کو پکڑنے کی مشق کرنا ۔ (۳) تھیٹر کے اسٹیج میں فرشی دروازے لگانا ۔ (٤) گیس کو نعل نما پائپ کے ذریعہ روک دینا ۔ (٥) موری وغیرہ سے نعل نما پائپ لگانا ۔ (٦) بھاپ کا پائپ وغیرہ میں رک جانا ۔

Trap : (v) [F. 'drap'.] (گھوڑے ، خچر وغیرہ کو) ساز و زین سے آراستہ کرنا ۔

Trap - ball : (n) [f. Trap + Ball.] اچھل گیند؛ وہ کھیل جو اس آلے سے کھیلا جاتا ہے ۔

Trap - hat : (n) دام میں لانے کے لئے استعمال ہونے والا بلاّ نیز یہ عمل ۔

Trap - cellar : (n) تہیٹر کےاسٹیج کا تہ خانہ؛ چورتہ خانہ ۔

Trap - creel : (n) وہ ٹوکری جس سے جھینگا مچھلی پکڑی جاتی ھے ۔

Trap - cut : (n) ہیرے تراشنے کا ایک طریقہ جس میں سطوح مرکز کے گرد متوازی ہوتی ہیں ۔

Trap - door : (n) (۱) دروازہ جو چھت یا فرش میں لگا ھو ؛ فرشی دروازہ؛ سقفی دروازہ ۔ (۲) (کان کنی) ھَوا کی رو کے لئے دروازہ؛ موسمی دروازہ ۔ (۳) L شکل کی کھونچ جو کپڑے وغیرہ میں لگ جائے ۔

Trap - door spider : (n) ایک قسم کی مکڑی جو اپنے جالے کے اوپر قبضہ دار دروازہ بناتی ھے ۔

Trap - drummer : (n) ڈھول اور دوسرے سازوں کو بجانے والا شخص ۔

Trapes : (n) دیکھو Traipse

Trapes/Traipse : (v) [Origin unkn.] (۱) گھسیٹ گھسیٹ کر چلنا ۔ (۲) پاننچے گھسیٹتے چلنا؛ اس طرح چلنا کہ دامن وغیرہ زمین میں گھسٹتے ہوں ۔ (۳) مارامارا پھرنا ۔ (٤) دوڑا دوڑا پھرنا ۔

Trapeze : (n) [F. 'trapeze'.] (۱) ایک ورزشی جھولا؛ جمناسٹک کا جھولا؛ دو عمودی ڈنڈے جن میں ایک افقی ڈنڈا لگا ھوتا ھے، رسی سے لٹکائے جاتے ہیں اوران پر جمناسٹک کی مشقیں کی جاتی ہیں ۔ (۲) مربع منحرف؛ جس کے دو ضلعے متوازی نہ ہوں یا صرف دو ضلعے متوازی ہوں ۔

Trapeziform : (a) مربع منحرف کا؛ ٹریپزیم کی شکل کا ۔

Trapezium : (n) [mod. L.] (۱) منحرف؛ ایک ذواربعۃ الاضلاع جس کے صرف دو متقابل اضلاع متوازی ہوں ۔ (۲) (تشریح) کلائی کی ایک ہڈی جو انگوٹھے کی ہڈی کے ساتھ جڑی ھوتی ھے ۔ (۳) نسیج کے ریشے جو دماغ کے pons vardii میں ھوتے ہیں ۔

Trapezius : (n) [mod. L. 'trapezius'.] (تشریح) دوہڑے مثلث نما عضلات میں سے ہر ایک (جن سے منحرف کی شکل بنتی ھے) جو گردن کے عقب اور قریبی اعضاء میں پھیلے ھوتے ہیں ۔

Trapezius muscle : (n) منحرف نما عضلہ ۔

Trapezohedral : (a) ایسی ٹھوس نما شکل جس کےرخ منحرف ہوں یا اس سے متعلق ۔

Trapezohedron : (n)['trapezo'+hedron form.](ہندسہ وقلمیات) ٹھوس نما شکل جس کے رخ منحرف نما ہوں ۔

Trapezoid : (n) [mod. L. 'trapezoides'.] (۱) (ہندسہ) مربع منحرف ؛ جس کے کوئی دو ضلعے متوازی نہ ہوں یا صرف دو ضلعے متوازی ہوں ۔ (۲) (تشریح) کلائی کی ہڈی ۔

Trapezoid/-al : (a) جن کی شکل مربع منحرف کی ھو ؛ ایسے ذواربعۃ الاضلاع سے متعلق جس کے کوئی دو ضلعے متوازی نہ ہوں ۔

Trapfall : (n) [Trap + fall.] پیچھے کی طرف کھلنےوالا دریچہ؛ چھپا ھوا گڑھا؛ دام ۔

Trapiche : (n) [Amer. Sp.] گنا یا کچی دھات پیسنے والی مِل ۔

Trappean : (a) [Trap, n^2 + - ean.] (کان کنی) آتش فشانی چٹان سے متعلق، اس کی نوعیت کا یا اس پر مشتمل ۔

Trapper : (n) [L. 'trappatura'.] (تاریخ قدیم) باربردار جانور کا غلاف یا خول جو دھات یا چرم سے دفاع کی خاطر بنایا گیا ھو یا کپڑے سے بنا ھو تاکہ آرائش کا کام لیا جائے ۔

Trapper : [f. Trap, v. and n.] (۱) پھندے سے شکار کرنے والا خصوصاً وہ شکاری جو جانوروں کو ان کی کھال اورسمور کی خاطر پکڑتا ھے ۔ (۲) (کوئلے وغیرہ کی کان میں) روشن دانوں کا محافظ ۔

Trapping : (n) [Chiefly in pl. trappings.] (خصوصاً جمع میں) گھوڑے کا ساز؛ خصوصاً آرائشی سازوسامان؛ خارجی اور اونی سجاوٹ ۔ (۲) کسی عہدے یا منصب کی وردی اور آرائشی سازوسامان ۔

Trappist : (n) [Fr. 'trappiste', from La Trappe, name of the Convent] کیتھولک راہبوں کی ایک جماعت کا رکن جو سنہ ١٦٦٤ میں ترمانڈی میں قائم ھوئی تھی اور جس کی خصوصیات میں بہت سی ریاستیں داخل تھیں ۔

Trappist : (a) اس جماعت سے تعلق رکھنے والا ۔

Trappose : (a) [Trap, n^2 + - ose.] آتش فشانی چٹان کا یا اس کی نوعیت کا حامل ۔

Traps : (n) [app. shortened from trappings.] سازو سامان؛ اسباب۔

Trapstick : (n) ٹنڈا جو ایک قسم کے کھیل (اچھل گیند) میں استعمال ہوتا ہے۔

Trash : (n) [Origin obsc.] (۱) نکمی چیز؛ فضول چیز؛ ردی چیز ۔ (۲) کترن (پودوں وغیرہ کی) ۔ (۳) گنے کی پتیاں جو ایندھن کے کام آتی ہیں ؛ خنزر پنزر؛ کھونٹی (گنے کا پھوک جو رس نکالنے کے بعد رہ جاتا ہے) ۔ (٤) مہمل کتاب، مضمون وغیرہ؛ لغویات ۔ (٥) مہمل گفتگو؛ بکواس ۔ (٦) (عامیانہ) بے ہودہ شخص؛ آشفتہ حالت ۔ (٧) (مجازاً) عوام ۔

Cane trash : گنے کا پھوک اور پتی وغیرہ جو ایندھن کے کام آتی ہے ۔

White trash : (امریکا) جنوبی ریاستوں کے گوری نسل کے غریب باشندے؛ غریب گورے ۔

Trash : (n) (بول چال) تسمہ یا ڈوری جس سے کتے کو باندھ کر لے جاتے ہیں ۔

Trash : (v) [Origin unkn.] (۱) (متروک) تسمہ یا ڈوری سے باندھنا؛ روکنا؛ مزاحم ہونا۔(۲) (امریکا) مٹانا ۔

Trash : (v) [Norse.] (۱) (قدیم) ہانپتے ہوئے دوڑنا خصوصاً کیچڑ میں ۔ (۲) تھکا دینا (دوڑا کر یا چلا کر) ۔

Trash : (v) [f. Trash, n.] (۱) گنے کی پتیاں چھانٹنا (تاکہ گنا جلد تیار ہو جائے) ؛ پتیاں الگ کرنا ۔(۲)فضول اور مہمل چیز سے پاک کرنا ۔

Trash house : (n) گنے کے فارم میں پھوک رکھنے کی جگہ ۔

Trash-ice : (n) برف کا چور یا چورا پانی میں ملا ہوا ۔

Trashily : (adv.) مہمل طریقے سے؛ مہمل اسلوب میں ۔

Trashiness : (n) لغویت؛ نکما پن؛ مہمل پن ۔

Trashy : (a) مہمل؛ لچر؛ نکمی؛ لغو ۔

Trass : (n) دیکھو Tarras

Trattoria : (n) [It.] ریستوران؛ اطالوی طعام خانہ؛ اطالوی ہوٹل (کھانے کا) ۔

Traulism : (n) لکنت؛ ہکلا پن ۔

Trauma/Traumata/Traumas : (n) [Gr.'Trauma'.] (۱) (طب) زخم؛ جراحت؛ چوٹ؛ نیز ایسی کیفیت؛ مجروحیت ۔ (۲) (نفس تجزیہ) ایسا اضطراب ناک تجربہ جس سے دماغ یا اعصاب اس طرح مجروح ہو جائیں کہ ہسٹریا یا نفسیاتی حالات پیدا ہو جائیں؛ دماغی صدمہ ۔

Traumatic : (a) [Late L. 'traumaticus'.] زخم، چوٹ یا صدمے کا یا اس سے متعلق یا اس سے پیدا ہونے والا ۔

Traumatism : (n) [Gr. 'trauma' + - ism.] (طب) جراحت کی وجہ سے نظام اعصاب کی مریضانہ حالت؛ مجروحیت ۔

Traumato - : [Gr.] مستعمل بطور سابقہ بمعنی "زخم ، چوٹ، جراحت" ۔

Traumatology : (n) جراحت شناسی؛ مبحث زخم ۔

Travail : (n) [OFr. 'travailler'.] (۱) درد زہ ۔(۲) رنج؛ زحمت ۔

Travail : (v) (۱) درد زہ میں مبتلا ہونا ۔ (۲) عرق ریزی کرنا؛ سخت محنت کرنا؛ شدید مشقت یا زحمت اٹھانا ۔

Travailous : (a) [OFr. 'travaillos'.] (قدیم یا متروک) زحمت دینے والا؛ خستہ کنندہ؛ طاقت فرسا ۔

Trave : (n) [OFr. 'trave'.] (۱) شہتیر ۔ (۲) فریم یا احاطہ جس میں سرکش گھوڑے کو نعل لگائی جاتی ہے ۔

Travel : (n) [Orign. the same word as Travail.] (۱) سفر (خصوصاً غیر ممالک کا)؛ سیاحت ۔ (۲) (جمع) سیاحت؛ سفرنامہ ۔ (۳) (مشین کے پرزے کی) حرکت؛ حرکت کی حد، رفتار وغیرہ ۔

Travel : (v) [Origin the same word as Travail, v.] (۱) سفر کرنا؛ سیاحت کرنا ۔ (۲) کسی تجارتی کارخانے کی طرف سے مال کے نمونے دکھا کر آرڈر حاصل کرنے کےلئے سفر کرنا؛ کارخانے کے ایجنٹ کے طور پر سفر کرنا ۔(۳) (مشین یا اس کے پرزے کا) حرکت کرنا؛ آگے پیچھے ہٹنا (کسی ٹنڈے پر یا نالی میں) ۔(٤) جائزہ لینا؛ مشاہدہ لینا۔ (٥) (جانور خصوصاً ہرن کا) چرتے چرتے آگے بڑھنا ۔ (٦) (کسی خاص انداز یا رفتار سے) چلنا؛ قطع مسافت کرنا ۔ (٧) (ملک وغیرہ کے) اس سرے سے اُس سرے تک سفر کرنا؛ دیکھ ڈالنا ۔ (٨) (جانوروں کے گلے وغیرہ) ہنکانا؛ لے جانا۔

Travel in tea etc. : چائے وغیرہ کے ایجنٹ کے طور پر سفر کرنا۔

Travel out of record : (تقریر، بحث وغیرہ کے) موضوع سے ہٹ جانا۔

Travelled/(Chiefly U.S.) Traveled : (a) (۱) جہاں دیدہ ؛ مشاق سفر؛ آزمودہ کار سیاح۔ (۲) (ارضیات) (گھسی چٹان وغیرہ کے متعلق) اپنی اصلی جگہ سے منتقل شدہ؛ غیر مستقل۔

Traveller : (n) (۱) مسافر؛ سیاح۔ (۲) حرکت کرنے والی مشین؛ خصوصاً تار میں لٹکا ہوا دمکلا جو پٹری پر چلتا ہے۔ (۳) پھیری والا؛ سوداگروں کا کارندہ یا دلال جو نمونے دکھا کر آرڈر حاصل کرتا ہے۔ (٤) گھوڑے یا گاڑی وغیرہ جو فاصلہ طے کرتی ہے۔ (٥) آلۂ کار جو کسی چیز کے سہارے حرکت کرتا ہو یا تیزی سے چلتا ہو۔ (٦) (جہاز رانی) آہنی حلقہ جو رسی یا چھڑی میں ہو۔ (۷) (ماہی گیری) رسا چرخی جس سے چارا پانی میں نیچے کی طرف اترتا ہے۔

Bonafide traveller : مستحق مسافر؛ وہ شخص جو تین میل پیدل چلنے کے بعد اتوار کو راہ میں سرائے سے شراب وغیرہ خریدنے کا مستحق ہوتا ہے۔

Traveller's joy : (n) جنگلی جھاڑی جو راستے کے کنارے آرائش کے لئے ہوتی ہے؛ ایک بیل کا نام۔

Traveller's palm/-tree : (n) بعض درختوں کے نام جن سے لعاب یا پانی نکلتا ہے اور جسے مسافر پیاس بجھانے کے لئے استعمال کرتے ہیں۔

Travelling/Traveling (U.S.) : (n) سفر کرنے کا عمل۔

Travelling allowance : (n) سفر خرچ؛ سفری بھتہ۔

Travelling-cap/-dress : (n) سفری ٹوپی؛ پوشاک جو سفر کے لئے موزوں ہو۔

Travelling-carriage : (n) مضبوط گاڑی جو سفر کے لئے ریل کی ایجاد سے پہلے استعمال ہوتی تھی۔

Travelling-fellowship/-scholarship : (n) وہ وظیفہ جو مطالعہ یا تحقیق کے لئے دیا جاتا ہے۔

Travelling-microscope : (n) سیار خردبین۔

Travelogue : (n) باتصویر لیکچر سیاحت کی مہم وغیرہ پر؛ تقریر متعلق سیاحت؛ سفر داستان۔

Travels : (n) سفر نامہ۔

Traversable : (a) (۱) قابل عبور؛ قابل گزر؛ پار کرنے کے لائق۔ (۲) قابلِ تردید۔

Traverse : (n) (۱) کوئی چیز جو کسی چیز میں سے عرضاً گزرتی ہو خصوصاً چھت کی کڑی وغیرہ؛ آڑی کڑی؛ عرضی تیر۔ (۲) (قلعہ بندی) دمدمہ جو مسقف راستے کے لئے بنایا جائے۔ (۳) خندق میں دہرا یا چوہرا زاویہ قائمہ (⌐ ¬) جو گولہ باری سے حفاظت کے لئے بنایا جائے۔ (٤) گرجے کی عرضی غلام گردش۔ (٥) (ہندسہ) قاطع؛ خط قاطع؛ خط متقاطع۔ (٦) (مساحت) پیمائش کا اکہرا خط (جو کمپاس اور چرب کی مدد سے ڈالا جاتا ہے)۔ (۷) جہاز کی پرخم یا لہردار رفتار (مخالف ہوا سے بچنے کے لئے)۔ (۸) مشین کے پرزے کی عرضی حرکت۔ (۹) (کھڑی یعنی دیوار نما پہاڑی پر چڑھنے میں) عرضی حرکت چڑھائی کے ایک خط سے دوسرے خط تک؛ وہ مقام جہاں عرضی حرکت کی ضرورت ہو۔ (۱۰) (قانون) تردید خصوصاً واقعات کی؛ عذر۔ (۱۱) (قدیم) مانع؛ رکاوٹ؛ وقت۔ (۱۲) (انجینیئرنگ) آڑا رنداؤ۔

Work, solve a traverse : اس کا حساب لگانا کہ پرخم رفتار سے یہ خط مستقیم کتنی مسافت طے کی گئی۔

Traverse : (a) [OFr. 'travous'.] (شاذ) افقی؛ عرضی۔

Traverse : (v) [Fr. 'traverser'.] (۱) (توپ کا) حسب ضرورت رخ بدلنا؛ پھیرنا یا پھیراجانا۔ (۲) ایک سرے سے دوسرے سرے تک عرضاً سفر کرنا یا واقع ہونا؛ گزرنا (عرضاً)۔ (۳) دیوار نما پہاڑی پر چڑھنے میں چڑھائی کے ایک خط سے دوسرے خط تک عرضاً حرکت کرنا۔ (٤) (مجازاً) (موضوع کے) ہر پہلو پر نظر ڈالنا یا غور کرنا؛ جامع انداز سے بحث کرنا۔ (٥) (توپ کا رخ) پھیرنا۔ (٦) لکڑی پر اس کی اندرونی دھاریوں یا جوہر کے اعتبار سے عرضاً رندہ کرنا۔ (۷) انکار کرنا؛ خصوصاً (قانون) عدالت کے سامنے تردید کرنا۔ (۸) (تدبیر کی) کاٹ کرنا؛ پلٹ دینا؛ چلنے نہ دینا؛ (رائے کی) مخالفت کرنا۔ (۹) (قطب نما کی سوئی وغیرہ کا) محور پر گھومنا؛ پھرجانا۔ (۱۰) (گھوڑے کا) عرضاً چلنا۔ (۱۱) (سڑک، ندی وغیرہ) کا

راستہ بنانا ۔ (۱۲) (شاہین بازی) پہلو بہ پہلو چلنا؛ پیچ وخم کے ساتھ اوپر جانا ۔ (۱۳) (کوہ پیمائی) پہاڑ یا چٹان کے پار افقی یا عرضی سمت میں راستہ بنانا ۔

To traverse an indictment : استغاثہ کی تردید کرنا یا ایسی حالت میں معاملے کی تیاری کرنا ۔

To traverse an office : فرض منصبی کی تفتیش کی صحت سے انکار کرنا یا اس پر اعتراض کرنا ۔

Traverse - board/Travis - : (n) (بحری) ایک گول بورڈ جس پر کمپاس سے نقطے بنے ہوتے ہیں اور اس میں سوراخ اور کیل ہوتے ہیں جن سے جہاز کے راستے کا پتا چلتا ہے ۔

Traverse - circle : (n) مدور یا قطعہ دار راستہ جس پر بندوق گاڑی ہوتی ہے تاکہ بندوق کا رخ مطلوبہ سمت میں ہو ۔

Traverse -drill : (n) (سوراخ کرنے کا) برما جس میں سوراخ کرنے کا آلہ مخصوص گہرائی پر بغلی حرکت رکھتا ہے ۔

Traverse jury : (n) جیوری جو دوسری جیوری کے فیصلے پر رائے دینے کا حق رکھتی ہے ۔

Traverse-map : (n) نامکمل نقشہ ۔

Traverse-sailing : (n) جہاز وغیرہ کا لہراتے ہوئے چلنا : پرخم یا لہردار رفتار ۔

Traverse-table : (n) (۱) نقشہ حساب جس کی مدد سے یہ معلوم کیا جاتا ہے کہ جہاز نے پُرخم رفتار سے بہ خط مستقیم کتنی مسافت طے کی؛ نقشہ تحویل مسافت ۔ (۲) وہ تختہ جس کے ذریعے سے ریل کا انجن ایک پٹری سے دوسری پٹری پر لایا جاتا ہے؛ تختہ تحویل ۔

Traverser : (n) [Fr. 'traverser'.] (۱) شخص یا چیز جو پار کرے یا گزرے ۔ (۲) (قانون) وہ جو عذر کی تردید کرے ۔ (۳) (ریل) پہیوں پر گردش کرنے والا پلیٹ فارم جس سے ٹرک یا گاڑی پٹریوں سے دوسری متوازی پٹریوں پر بدلی جاسکے ۔

Traversing-bridge : (n) چلتا پُل ۔

Traversing-pulley : (n) چرخی جو رسی پر اِدھر اُدھر چلتی ہے ۔

Travertine/-in : (n) It. 'travertino'.] دیکھو Tiburtine-stone

Travesty : (a) [Origin Fr. 'travesti'.] اس طرح ملبوس کہ تمسخر پیدا ہو ۔

Travesty : (n) (۱) بہروپ؛ تمسخرانہ روپ؛ کسی سنجیدہ تصنیف کی تمسخرانہ نقل؛ اس نوعیت کی ادبی تصنیف ۔ (۲) (لفظاً) لباس یا شکل کا بدلنا؛ بھیس (شاذ) ۔

Travesty : (v) (۱) کسی موضوع کو بالارادہ یا بلا ارادہ مضحک طریقے سے ادا کرنا؛ مضحک بنا دینا ۔ (۲) (شخص، چیز یا خصوصاً کتاب کی، دوسروں کی) بگڑی ہوئی شکل ہونا؛ منہ چڑانا ۔ (۳) مضحک بنانا یا بنایا جانا ۔

Travis : (n) دیکھو Traverse

Trawl : (n) [Origin obsc.] (۱) تھیلے کی شکل کا بڑا جال جسے دریا کی تہ میں ڈال کر کشتی سے کھینچتے ہیں ۔ (۲) (نیز T. line) بڑی شست جس میں بہت سی چھوٹی چھوٹی شستیں لگی ہوتی ہیں ۔

Trawl : (v) (۱) ایسے جال سے مچھلی پکڑنا جسے دریا کی تہ میں ڈال کر کشتی سے کھینچتے ہیں ۔ (۲) اس طرح یا دام کشتی سے مچھلی مارنا (خصوصاً چپٹی مچھلیاں) ۔ (۳) ہیرنگ مچھلی کے جھنڈ کے گرد یا اس کے پیچھے جال کھینچنا (تاکہ مچھلیوں کو گھیر کر پکڑا جائے) ۔ (٤) بڑے جال سے مچھلی پکڑنا ۔

Trawl - anchor : (n) بڑی شست کا لنگر ۔

Trawl - beam : (n) بڑا جال جس کے منہ پر لٹھا لگا ہوتا ہے ۔

Trawl - boat : (n) دام کشتی (جس میں بڑی شست ڈالی جاتی ہے یا بڑا جال کھینچا جاتا ہے) ۔

Trawl - head : (n) تھیلے کی شکل کا بڑا جال ۔

Trawl-net : (n) (۱) تھیلے کے مانند بڑا جال ۔ (۲) ہیرنگ اور دوسری مچھلیوں کو گھیرنے اور پکڑنے میں کام آنے والا جال ۔

Trawl - warp : (n) دام کشتی کی رسی ۔

Trawler : (n) (۱) بڑے جال کو کھینچنے والا ۔ (۲) بڑے جال سے مچھلی پکڑنے میں استعمال ہونے والی کشتی؛ دام کشتی ۔

Tray : (n) [OE. 'treg'.] (۱) کشتی؛ لکڑی یا دھات یا دوسری چیز کی چھوٹی سینی؛ طشت ۔ (۲) کشتی نما خانہ (ٹرنک یا صندوقچے میں) ۔

Developing tray : (تصویر) دھونے کی قاب ؛ طشت ۔

Pen -tray : کشتی نما قلم دان ۔

Tea - tray : چائے کی کشتی؛ چائے کا طشت ۔

Tray : (n) [Same word as Trey.] بارہ سنگھے کے سینگ کی تیسری شاخ ۔

Tray - cloth : (n) ٹرے یا طشت پر ڈالا ہوا کپڑا جس پر طشتری وغیرہ رکھتے ہیں ۔

Trayful : (a) کشتی بھر؛ طشت بھر ۔

Treacherous : (a) [OFr. 'trecher'.] (۱) (اشخاص وغیرہ کےلئے) غدار؛ دغاباز؛ دھوکاباز؛ بے وفا ۔ (۲) ناقابل اعتبار؛ پُرفریب؛ دھوکے کا ۔ (۳) (زمین ، برف کے لئے) غیر محفوظ؛ غیر مستقل ۔

Treacherously : (adv.) غداری سے؛ دغا سے؛ دھوکا دے کر ؛ بےوفائی سے ۔

Treacherousness : (n) غداری؛ دغا؛ دھوکا؛ بے وفائی ۔

Treachery : (n) [OFr. 'treacherie'.] غداری ؛ دغا؛ بے وفائی ؛ (کسی بادشاہ، حکمراں یا امیر کے خلاف) غداری، دغا کی مثال یا عمل ۔

Treacle : (n) [OFr. 'triacle'.] (۱) شیرہ٘ قند ۔ (۲) تریاق ۔ (۳) (بیجا استعمال) راب ۔ (٤) درختوں کی رطوبت جس میں شکریں پائی جانے مثلاً صنوبر کا رس ۔

Treacle : (v) (۱) شیرہ٘ قند ملانا؛ شیرہ٘ قند ڈالنا ۔ (۲) درخت میں شیرہ٘ قند لگا کر پتنگوں کو دام میں لانا ۔

Treacle Bible : (n) بائبل کے کسی انگریزی ترجمے یا ایڈیشن کے لئے مرتب کا نام ۔

Treacle-mustard : (n) ایک پودے (Thlaspi arvense) کا نام جس میں دافع امراض کی خصوصیات پائی جاتی ہیں ۔

Treacle - posset : (n) سیب کی شراب یا دودھ اور شیرے سے تیار کیا ہوا مشروب ۔

Treacle - vinegar/-water : (n) ایک قسم کی خوشبودار شراب ۔

Treacly : (a) (۱) شیرہ٘ قند کے مانند یا اس کے ہم شکل ۔ (۲) (مجازاً) شیریں؛ شہد آگیں ۔

Tread : (n) [OE. 'tredan'.] (۱) نقش پا ۔ (۲) چال؛ قدم؛ چلنےکی آواز ۔ (۳) جفتی میں چڑے کا عمل ۔ (٤) زینے کی سب سے اونچی سیڑھی ۔ (٥) پاؤں چکی کی سیڑھی ۔ (٦) ربر یا دھات کا ٹکڑا جو سیڑھی پر جڑ دیتے ہیں ۔ (۷) ننوں کی اونچی بیساکھی کا ڈنڈا جس پر پاؤں رکھتے ہیں ۔ (۸) (ریل گاڑی کے) پہیے کا وہ حصہ جو زمین یا پٹری سے متصل ہو ۔ (۹) جوتے کے تلے کا وہ حصہ جو زمین پر ٹکا ہوتا ہے ۔ (۱۰) بائیسکل کے پیڈلوں کے بیچ کا فاصلہ؛ پائدان ۔ (۱۱) خال جو انڈے کی زردی پر ہوتا ہے ۔ (۱۲) (بیطاری) گھوڑے کی ٹانگ پر کا زخم ۔

Tread : (v) [OE. 'tredan'.] (۱) چلنا؛ قدم رکھنا؛ رکھا جانا (قدم کا) ۔ (۲) چلنا (زمین وغیرہ پر)؛ پیروں سے کچلنا (کسی چیز کو) ۔ (۳) کسی خاص طریقے سے چلنا یا قدم اٹھانا ۔ (٤) (مرغی کا) جفتی کھانا ؛ (پرندوں کا) جفتی کھانا ۔ (٥) (مجازاً) کچل دینا؛ ظلم وستم کرنا؛ بے رحمی سے پیش آنا ۔ (٦) پیروں سے (غلے کو) گاہنا؛ بیلوں سے گاہنا؛ پیروں سے کچل کر انگور سے عرق نکالنا ۔ (۷) (باغبانی) پیروں سے زمین کو ہموار کرنا ۔ (۸) پیروں سے مار کر آگ بجھانا ۔

To tread a measure : (ناچ میں) گَت پر قدم اٹھانا ۔

To tread down : کچلنا؛ روند ڈالنا؛ برباد کرنا ۔

To tread grapes : انگوروں کو پیروں سے کچل کر رس نکالنا ۔

To tread in : پاؤں سے گاڑ دینا (کسی چیز کو زمین میں)۔

To tread in person's foot-steps : (کسی شخص کی) تقلید کرنا؛ نقشِ قدم پر چلنا ۔

To tread lightly : (مجازاً) پھونک پھونک کر قدم رکھنا؛ بہت احتیاط سے کام لینا ۔

To tread on air : مستی سے چلنا؛ خوشی سے پھولے نہ سمانا ۔

To tread one's shoe awry : عفت سے دور ہونا ۔

To tread on or as on eggs : ایسا موقع آن پڑنا جس میں نہایت احتیاط کی ضرورت ہو ۔

To tread on person's corns or toes : (مجازاً) ایسی بات کرنا جس پر (کسی شخص کو) غصہ آئے؛ (کسی شخص کو) خفا کردینا؛ دل آزاری کرنا ۔

To tread on the heels of : (۱) کسی کے پیچھے پیچھے پہنچنا ۔(۲) (مجازاً) ایک واقعےکے بعد دوسرے کا ہونا ۔

To tread on the neck of person : (۱) کسی کی گردن کو پیروں تلے کچلنا۔(۲) (مجازاً) مغلوب کردینا ۔

To tread out : (۱) پیر سے بجھا دینا (آگ) ۔ (۲) (مجازاً) فرو کر دینا (بغاوت) ۔(۳) کچل کر نکالنا (شراب وغیرہ)۔

To tread the deck : جہاز پر ہونا؛ جہازراں ہونا ۔

To tread the ground : چلنا؛ گامزن ہونا ۔

To tread this earth/-shoe -leather : زندہ رہنا؛ رہنا ۔

To tread the stage/-boards : ایکٹ کرنا؛ اسٹیج پر آنا ۔

To tread under foot, to pieces etc. : (مجازاً) برباد کردینا؛ حقارت سے پیش آنا ۔

To tread water : (تیرنے میں) گہرے پانی میں سیدھا کھڑا رہنا ۔

Tread mill : (n) [Tread + Mill.] (۱) پاؤں چکی جس میں متحرک سیڑھیاں ہوتی ہیں اور وہ ان پر قدم رکھنے سے چلتی ہے؛ جیل خانوں میں قیدیوں سے چلوائی جاتی ہے ۔(۲) (مجازاً) بندھا ٹکا کام جس سے طبیعت اکتا جائے؛ چکی ۔

Tread - wheel : (n) [f. Tread + wheel.] پاؤں چکی یا اسی قسم کا کوئی آلہ ۔

Treadle : (n) پائدان؛ پاؤں سے چلنے والا بیرم (خراد ، سلائی کی مشین؛ بائیسکل، آرگن باجے وغیرہ کا) ۔

Treadle : (v) پائدان پر پاؤں رکھ کر چلانا؛ پاؤں سے چلانا ۔

Treadle machine/-press : (n) پاؤں سے چلنے والی چھاپے کی مشین؛ ٹریڈل مشین ۔

Treason : (n) [AFr. 'tresun, treysoun'.] (۱) بغاوت بہ خلاف فرمانروا، حکومت؛ فرمانروا یا جماعت کی اطاعت سے انحراف (مثلاً فرمانروا کا) قتل یا قتل کی سازش، اس سے لڑائی چھیڑنا، اس کے دشمنوں سے سازباز رکھنا؛ ملکہ یا ولی عہد کو قتل کردینا؛ ملکہ یا سب سے بڑی ناکتخدا شہزادی یا ولی عہد کی بیوی کی آبروریزی کرنا، چانسلر، خازن یا جسٹس (یعنی جج) کا قتل؛ نابالغ بادشاہ کی شادی میں اعانت کرنا (بغیر ولی یا پارلیمنٹ کی تحریری منظوری کے) ۔ (۲) غداری ؛ بدعہدی ؛ نمک حرامی ؛ بےوفائی ۔

Constructive treason : فعل بمنزلہ بغاوت؛ جو بغاوت کی حیثیت سے نہ کیا گیا ہو مگر قانوناً بغاوت میں داخل ہو ۔

Misprision of treason : اخفائے بغاوت؛ اخفائےسازش باغیانہ۔

Treason-felony : (n) جرم بغاوت؛ بادشاہ کو تخت سےاتارنے یا اس سے جنگ کرنے کی کوشش بہ غرض تبدیلیء نظام؛ پارلیمنٹ کو دھمکانا یا کسی غیر ملک سے اپنے ملک پر حملہ کرانے کی تحریک کرانا ۔

Treasonable : (a) بغاوت کی نوعیت کا؛ باغیانہ؛ بغاوت کی خصوصیت کا حامل یا اس سے متعلق؛ دھوکےباز؛ دغاباز ۔

Treasonableness : (n) باغی یا باغیانہ ہونا ۔

Treasonably : (adv.) غداری سے؛ باغیانہ طور پر ۔

Treasonous : (a) باغیانہ؛ غدارانہ؛ بغاوت سے مملو ۔

Treasure : (n) [OFr. 'tresor'.] (۱) زر و جواہر؛ مال ودولت کا ذخیرہ؛ خزانہ؛ گنج ۔(۲) بیش بہا خزانہ (جو کوئی چیز ندرت صفت یا کسی بڑے آدمی یا واقعے کی نسبت کی وجہ سے قابل قدر سمجھی جاتی ہو) ۔ (۳) (بول چال) پیارا؛ محبوب شخص؛ خصوصاً بچہ ۔(٤) بڑا قابل یا کام کا آدمی مثلاً نوکر؛ لاکھ روپے کا آدمی ۔

Art treasures : آرٹ کےخزانے؛ آرٹ کے نادربیش بہا نمونے۔

Buried treasure : دفینہ ۔

Hidden treasure : دفینہ ۔

My treasure : میرے پیارے ؛ میری پیاری ۔

The girl is a perfect treasure : لڑکی (قدرت کی طرف سے عطا کیا ہوا) ایک مکمل خزانہ ہے ۔

Was absorbed in his latest treasure : اپنی نئی دولت (تصویر یا کتاب) میں محو تھا ۔

Treasure : (v) [f. prec.] (۱) قابل قدر سمجھ کر حفاظت سے رکھنا؛ خزانے کی طرح رکھنا ۔ (۲) قدر کرنا؛ عزیز رکھنا ۔ (۳) حافظے میں محفوظ رکھنا؛ یاد رکھنا ۔

Treasure-house : (n) خزانہ خصوصاً نادر چیزوں کا جیسے ادب کا ۔

Treasure-trove : (n) (۱) (برطانوی قانون) برآمد شدہ دفینہ جو زمین سے برآمد ہو اور جس کے مالک کا پتا نہ ہو ۔ (۲) گنج باد آورد ۔

Treasurer : (n) [ME. 'treso(u)rer'.] (۱) خازن؛ وہ شخص جس کی تحویل میں کسی انجمن، کلب، کمپنی وغیرہ کا سرمایہ ہو ۔ (۲) خزانچی؛ تحویل دار؛ حاکم خزانہ؛ افسر خزانہ ۔ (۳) (مجازاً) شخص یا کوئی ادارہ جس کی ذمہ داری میں کوئی قیمتی یا گراں قدر شے رکھی گئی ہو ۔

Treasureship : (n) خازن؛ خزانچی یا حاکم خزانہ کا عہدہ یا عہدِ کارکردگی ۔

Treasuress : (n) (اب شاذ) خاتون خازن یا خزانچی ۔

Treasury : (n)[OFr. 'tresorie'.] (۱) خزانہ ۔ (۲) محکمۂ خزانہ ۔ (۳) (تاریخ) خزانۂ ریاست؛ کمرا یا عمارت جہاں قیمتی اشیاء محفوظ رہتی ہیں ۔ (٤) مخزنِ معلومات (کتاب یا شخص)؛ گنجینۂ علوم ۔

Treasury-balance : (n) بچت؛ فاضلات (رقم) ۔

Treasury-bench : (n) صف وزرا؛ برطانیہ اور دوسرے ملکوں کے دارالعوام میں صدر کے داہنے ہاتھ کی پہلی بنچ جس پر وزیر اعظم اور دوسرے وزرا بیٹھتے ہیں ۔

Treasury-bill : (n) سرکاری ہنڈی جو خزانے کی طرف سے عارضی ضرورت (تین یا چھ ماہ کے لئے) پوری کرنے کے لئے جاری کی جاتی ہے ۔

Treasury -board : (n) [Lords (Commissioners) of theTreasury.] مجلس خزانہ ؛ حکام خزانہ جو برطانیہ کے خزانے کے نگراں ہیں جن میں First Lord of the Treasury یعنی وزیر اعظم، اعلیٰ افسر مالیات اور تین حکام خزانہ شامل ہیں ۔

Treasury bond : (n) محکمۂ خزانے کا بونڈ ۔

Treasury department : (n) ریاستہائے متحدہ امریکا کا شعبۂ مالیات جو محکمۂ خزانہ کے سکریٹری کے ماتحت ہوتا ہے ۔

Treasury minute : (n) محکمۂ خزانہ کے ما تحت کسی شعبے کا انتظامی اصول یا قانون ۔

Treasury-note : (n) خزانے کے نوٹ جو سرکاری مطالبے کی ادائی میں کام آتے ہیں ۔

Treasury officer : (n) افسرِ خزانہ ۔

Treasury-warrant : (n) محکمۂ خزانہ کا حکم ادائی ۔

Treat : (n) (۱) لطف کی چیز؛ نعمت؛ مسرت؛ لذت یا تسکین ۔ (۲) دعوت (کھانے یا تفریحی جلسے وغیرہ کی) ۔

Treat : (v) [OFr. 'tretier, traitier'.] (۱) پیش آنا؛ برتاؤ کرنا؛ سلوک کرنا ۔ (۲) (بات کو) کسی خاص رنگ میں لینا ۔ (۳) علاج کرنا؛ تدبیر کرنا ۔ (٤) کوئی عمل کرنا ؛ کوئی کیمیاوی جز ملانا یا داخل کرنا ۔ (٥) (کسی خیال یا مضمون کو) ادا کرنا (ادب یا آرٹ میں) ۔ (٦) ضیافت کرنا؛ کھانا کھلانا؛ تماشا دکھانا ۔ (۷) (کاؤنسل وغیرہ کے امیدوار کا) رائے دہندوں کی دعوت یا خاطر تواضع کر کے ان کی رائے پر اثر ڈالنا ۔ (۸) گفت و شنید کرنا (صلح وغیرہ کی) ۔

Treatable : (a) (۱) سلوک کے قابل ۔ (۲) نرم ؛ مطیع ؛ قابل معالجہ ۔ (۳) دلپذیر؛ صلح آمیز؛ مطبوع؛ دلپسند؛ معتدل؛ مناسب ۔ (٤) (لحن و صدا) فصیح ؛ منفرد ۔ (٥) عمل میں لائے جانے کے لائق ۔

Treatably : (adv.) (۱) سلوک کے ساتھ ۔ (۲) صلح کے ساتھ ۔ (۲) مناسب طور پر؛ دلپسند طریقے سے ۔

Treater : (n) [In sense, OFr. traiteor; in other senses, f. Treat V.] (۱) گفت وشنید کرنے والا ؛ میانچی ۔ (۲) برتاؤ کرنے والا ۔ (۳) ادا کرنے والا ۔ (٤) پذیرائی یا مہمانداری کرنے والا ؛ ضیافت کرنے والا ۔

Treatise : (n) [AFr. 'tretiz'.] مقالہ؛ رسالہ (جو کسی موضوع پر لکھا جائے) ۔

Treatment : (n) (۱) برتاؤ ؛ سلوک ؛ طرز؛ عمل ۔ (۲) علاج ؛ تدبیر ۔ (۳) عمل ؛ کسی کیمیاوی جز کا ملانا یا داخل کرنا ۔ (٤) ادب یا آرٹ میں کسی موضوع کو پیش کرنے کا طریقہ یا عمل؛ ادبی یا فنی عمل خصوصاً اسلوب کے لحاظ سے ۔

Treaty : (n) [OFr. 'trait(i)e'.] (۱) عہدنامہ (جو قوموں کے مابین باضابطہ کیا جائے) ؛ صلح نامہ ۔ (۲) قرارداد؛ معاہدہ (اشخاص کے ما بین) ۔

Be in treaty : خرید و فروخت کی بات ہونا؛ گفت و شنید ہونا ۔

Treaty coast/-shore : (n) وہ ساحل جس پر کسی دوسری قوم کا معاہدے کی رو سے حق ہو ۔

Treaty-port : (n) وہ بندرگاہ جو غیر ملکیوں کی تجارت کے لئے حسب معاہدہ کھلی رکھنی پڑتی ہے ۔

Treble : (n) [OFr.] (۱) سہ چند ۔ (۲) سہ گونا رکاوٹ؛ تین متواتر احاطوں کی رکاوٹ ۔ (۳) بچے کی آواز؛ دیکھو Soprano ۔ (٤) (کاغذ سازی) تازہ چھپے ہوئے کاغذ کو خشک کرنے کا فریم ۔ (٥) ایک قسم کا رقص؛ نیز اس کا وزن یا موسیقی ۔ (٦) تاش، برج (کھیل) کی ایک اصطلاح جس میں ایک طرف پانچ کی بازی ہوتی ہے اور دوسری طرف صفر ۔ (۷) تیز آواز یا لَے ۔ (۸) کسی آلہء موسیقی کا تار جس سے تیز آواز پیدا ہوتی ہو ۔

Treble : (a) [OFr.] (۱) سہ گونا؛ تگنا ۔ (۲) سہ گوناخصوصیت یا استعمال کا؛ تین حالتوں یا طریقوں میں واقع یا موجود ہونے والا ؛ تین قسموں کا ۔ (۲) (موسیقی) کسی متوازن ترتیب موسیقی کے بلند ترین مقام کا، اس کے متعلق یا اس سے موافق ۔ (٤) بلند آہنگ؛ باریک اور تیز آواز ۔

Treble : (adv.) (۱) سہ چند؛ تین درجوں یا قطاروں میں ۔ (۲) تیز آواز میں ۔

Treble : (v) [f. prec.] (۱) تین سے ضرب دینا؛ تگنا کرنا ؛ سہ چند کرنا ۔ (۲) تگنا ہو جانا؛ سہ چند ہو جانا ۔

Treble bell : (n) گھنٹی ۔

Treble clef : (n) ایک علامت جس سے امتداد نوا معلوم ہو ۔

Treble voice : (n) (۱) دیکھو Soprano ۔ (۲) بچے کی سی آواز ۔

Trebly : (adv.) تہرا تہرا؛ سہ گانہ ۔

Trebuchet : (n) [a. OFr. 'trebuchet'. also 'trebuket'.] آلہء سنگ جس سے پتھر پھینکے جاتے تھے؛ سنگ انداز؛ منجنیق ۔ (۲) ایک طرح کا کانٹا ہلکی چیزوں کو تولنے کے لئے ۔ (۳) کھٹکے دار پنجرا (چھوٹی چیزوں کو پکڑنے کے لئے) ۔

Trecentist : (n) [It. pl. -isti.] چودھویں صدی کا اطالوی مصنف یا فن کار ۔

Trecento : (n) [It.] اطالوی آرٹ اور ادب کی چودھویں صدی ۔

Treddle : (n) [OE. 'tyrdel'. dim of 'tord'.] بھیڑی یا بکری کی مینگنی کی گولی ۔

Treddle : دیکھو Treadle

Tredrille/Tredille : (n) [f. 'Quadrille'.] تاش کا ایک کھیل جس میں تین افراد شریک ہوتے ہیں اور عموماً یہ تیس پتوں سے کھیلا جاتا ہے ۔

Tree : (n) [OE. 'treow'.] (۱) پیڑ؛ درخت؛ شجر ۔ (۲) لکڑی کا ڈھانچا یا چوکھٹا مختلف کاموں کے لئے ۔ (۳) (قدیم) پھانسی؛ سولی؛ صلیب (خصوصاً جس پر حضرت عیسیٰ علیہ السلام مصلوب ہوئے) ۔ (٤) دیکھو Christmas tree ۔ (٥) (ریاضیات) شجرہ؛ نقشہ منشعب؛ نقشہ جس میں شاخ در شاخ ہوں ۔ (٦) شجرۂ نسب (family or geneologi-cal tree) ۔ (۷) نیزہ؛ برچھی ۔ (۸) کوئی چیز جو درخت سے مشابہ ہو ۔ (۹) کوئی قدرتی یا مصنوعی شکل جو شاخ دار ہیئت کی حامل ہو ۔

At the top of the tree : چوٹی پر؛ انتہائی عروج پر (اپنے پیشے یا فن میں) ۔

To bark up the wrong tree : اپنے مقصود (پیشے یا فن) میں غلطی کرنا ۔

Tree of the knowledge of good and evil : شجرممنوعہ؛ شجر علم (نیک و بد) (انجیل مقدّس سوم پیدائش) ۔

Tree of liberty : شجر حریت؛ جسے آزادی کے نشان کے طور پر منظر عام پر نصب کرتے ہیں ۔

Tree of life : شجر حیات (پیدائش باب ۲ آیت ۹) ۔

Up a tree : (مجازاً) زچ؛ ضیق میں ۔

Tree : (v) [f. prec.] (۱) درخت ہونا ۔ (۲) (جانور یا انسان کو) گھیر کر درخت پر چڑھانا؛ درخت پر پناہ لینے پر مجبور کرنا ۔ (۳) جوتے کو قالب پر چڑھا کر ڈھیلا کرنا ۔ (٤) (مجازاً) مشکل پیدا کرنا؛ دشواری میں ڈالنا ۔ (٥) درخت پر چڑھنا؛ درخت پر پناہ لینا (شکاری یا حملہ آور کے ڈر سے) ۔

Tree - agate: (n) عقیق شجری؛ سنگ شجری ۔

Tree-bear : (n) دیکھو Racoon

Tree-bug : (n) ایک قسم کا کیڑا جو درختوں اور جھاڑیوں کے رس پر زندہ رہتا ہے ۔

Tree-calf : (n) چمڑے کی جلد جس پر درختوں کے نقوش ہوں؛ شجر چرمی جلد ۔

Tree cat : (n) ایک قسم کا جانور ۔

Tree-clover : (n) دیکھو Melilotus alba؛ ایک قسم کا پودا جس میں گلابی پھول ہوتے ہیں ۔

Tree-coffin : (n) ماقبل تاریخی کفن جو درخت کے کھوکھلے تنے سے تیار کیا جاتا تھا ۔

Tree-cotton : (n) ایک قسم کا پودا جو خاص طور پر زینت و آرائش کے لئے لگایا جاتا ہے ۔

Tree-crab : (n) زمینی کیکڑے کی ایک نوع ۔

Tree-creeper : (n) ایک قسم کا چھوٹا پرند ۔

Tree-cricket : (n) ایک قسم کا جھینگر ۔

Tree-crow : (n) مشرقی کوے کی ایک نوع ۔

Tree-dove : (n) ہندوستان، آسٹریلیا اور دوسرے ممالک کی شجری فاختاؤں کی مختلف اقسام میں سے کوئی ایک ۔

Tree-duck : (n) لمبی گردنوں والی شجری بطوں میں سے کوئی ایک قسم جو گرم ملکوں میں پائی جاتی ہیں ۔

Tree-fern : (n) اونچی قسم کا فرن ۔

Tree-frog : (n) ایک قسم کا جل بھومیا (پانی اور خشکی میں رہنے والا) جانور جو مینڈک سے مشابہ ہوتا ہے اور درخت پر چڑھ سکتا ہے ۔

Tree-goose : (n) شمالی ہنس ۔

Tree-hopper : (n) ایک قسم کا کیڑا جو عموماً شاخوں اور ٹہنیوں کا رس چوس کر زندہ رہتا ہے ۔

Tree-line : (n) پہاڑوں یا بلند عرض البلد پر شجری نشوونما کی حد ۔

Tree-lizard : (n) ایک قسم کی چھپکلی ۔

Tree-lobster : (n) شجری کیکڑا ۔

Tree-louse : (n) شجری جوں ۔

Tree-marble/-marbling : (n) (جلد سازی) شجرنما نقش ونگار بنانا ۔

Tree-moss : (n) کائی نما پودا جو درختوں پر اگتا ہے ؛ خصوصاً بعض کائی نما نبات کے لئے مستعمل ۔

Tree-mouse : (n) شجری چوہے کی کوئی نوع ۔

Tree-nymph : (n) پری جو درخت پر رہنے والی سمجھی جاتی ہے ۔

Tree-oyster : (n) ایک قسم کا صدفہ جو چمرنگ کی جڑوں میں رہتا ہے ۔

Tree-pie : (n) ایک قسم کا پرندہ جو ہندوستان میں پایا جاتا ہے ۔

Tree-pigeon : (n) ایشیا، افریقہ اور آسٹریلیا میں پائے جانے والے شجری کبوتروں کی قسموں میں سے کوئی ایک ۔

Tree-planting : (a) شجر کاری ۔

Tree-porcupine : (n) امریکا اور ویسٹ انڈیز میں پایا جانے والا خار پشت جو درختوں پر رہتا ہے اور جس کی دم میں طاقتِ گرفت ہوتی ہے ۔

Tree-rat : (n) ایک شجری چوہا ۔

Tree-sparrow : (n) گوریا کی ایک قسم جو یورپ اور ایشیا میں پائی جاتی ہے ۔

Tree-tiger : (n) پلنگ؛ تیندوا ۔

Tree-toad : (n) ایک قسم کا مینڈک جس میں شجری عادات ہوتی ہوں اور جو امریکا کے گرم علاقوں میں پایا جاتا ہے؛ شجری غوک ۔

Tree-top/Tree top : (n) درخت کی پھننگ؛ درخت کی چوٹی؛ درخت کی بلندی ۔

Tree-warbler : (n) ایک قسم کا پرندہ ۔

Tree-wool : (n) اونی قسم کا مادہ جو درخت سے خارج ہوتا ہے ۔

Treeless : (a) درختوں سے خالی ۔

Treelessness : (n) درختوں سے خالی ہونے کی حالت ۔

Treen : (a) [OE. 'treowen'.] (قدیم) شجری؛ درخت کا ۔

Treenail/Trenail : (n) [Tree, + Nail.] سخت لکڑی کی بنی ہوئی مخروطی کھونٹی جو جہاز سازی میں استعمال ہوتی ہے ۔

Trefa/Trifa : (n) [Heb.] (دین یہود) گوشت جو مناسب طور پر ذبح کئے ہوئے (جانور) کا نہ ہو وہ یہودیوں کے لئے ممنوع ہے ۔

Trefle : (n) [Fr. 'trefle'.] (۱) (فوج) لوہے کی تین خانوں والی نلکی؛ بحری سرنگ ۔ (۲) (فوج) دیکھو Trefoil ۔

Trefle/Treflee : (a) [Fr. 'Trefle', Trefoil.] (نقابت) سہ گوشہ نقش و نگار سے آراستہ ۔

Trefoil : (n) [L. 'trifolium'.] (۱) تپتیا پودا جس میں پھلیاں لگتی ہیں ۔ (۲) کئی اور پودوں کے نام جن کی پتیاں سہ گوشہ ہوتی ہیں ۔ (۳) تپتیا کام؛ سہ گوشہ نقش و نگار (کٹاؤ وغیرہ کے کام میں) ۔

Treefoil : (a) (۱) تپتیا؛ سہ برگہ؛ گشنیزی ۔ (۲) سہ گوشہ وضع سے آراستہ ۔

Treefoiled : (a) سہ گوشہ وضع کا بنا ہوا؛ سہ برگہ ۔

Tregetour : (n) [OFr. 'tre(s) - geteo(u)r'.] جادوگر، ساحر ؛ شعبدہ باز؛ فریب کار؛ دھوکے باز ۔

Trehala/Tricala : (n) [Turk. 'tiqalah'.] تیغال؛ شیر درخت کی قسم کی چیزجو ترکی اورایران میں ایک کیڑے کے فضلے سےکوے کی شکل میں بنتی ہے ۔

Trehalose : (n) (کیمیا) سفید بلوری شکر ۔

Treillage : (n) [f. 'treille' + - age.] (۱) جالی کا کام؛ در بست جس پر انگور کی بیل یا آرائشی پودے چڑھائے جاتے ہیں ۔ (۲) کمرے کی جالی ۔

Trek : (n) [Cape Du.] (۱) بیل گاڑی کا سفر ۔ (۲) نقل مکان؛ نقل وطن؛ ایسے سفر کی ہر منزل ۔

Trek : (v) [Du. 'trekken'.] (۱) (جنوبی افریقہ) بیل گاڑی میں سفر کرنا ۔ (۲) (بیل کا) گاڑی کھینچنا؛ بوجھ گھسیٹنا ۔ (۳) نقل وطن کرنا؛ نقل مکان کرنا ۔ (٤) (عامیانہ) بوریا باندھنا؛ اٹھانا؛ چل دینا ۔

Trekker : (n) بیل گاڑی میں سفر کرنے والا؛ نقل وطن کرنے والا ۔

Trekschuit/Treck- : (n) [Du.] مسافر اور سامان ڈھونے والی ایک کشتی جو ندی یا نہر میں چلتی ہے ۔

Trellis : (n) [OFr. 'treliz'.] (۱) جعفری؛ (لکڑی، لوہے یا تار کی) جالی ۔ (۲) جعفری یا جالی کا چھوٹا سا بنگلہ (جو باغ میں بنا ہو) ۔ (۳) دار بست جس سے بیلوں یا پھل دار درختوں کو سہارا ملتا ہے ۔

Trellis : (v) (۱) انگور (کی لت کو) جعفری یا ٹٹی پر چڑھانا ۔ (۲) دار بست تیار کرنا؛ ٹٹی بنانا ۔

Trellis-work : (n) جالی کا کام؛ نیز کوئی ایسی شے جو اس سے مشابہ ہو ۔

Trellised : (a) شبکہ دار؛ دار بست سے آراستہ ؛ مشبک ؛ ٹٹی لگی ہوئی؛ جعفری سے آراستہ ۔

Trematode : (n) [mod. L. 'Trematoda'.] (حیوانیات) ایک قسم کا جرثومہ جو مختلف حیوانات کے بدن میں پایا جاتا ہے؛ وشیعات ۔

Trematode : (a) Trematode کی نوع سے متعلق (جرثومہ جو مختلف جانوروں کے بدن میں پایا جاتا ہے اور جن کی شکل مخروطی یا چپٹی ہوتی ہے) ۔

Trematoid : (n) وشیعات سے مشابہ جرثومہ ۔

Tremble : (n) (۱) لرزش ؛ لرزہ ؛ تھر تھراہٹ ؛ کپکپی؛ ارتعاش ۔ (۲) لرزنے کی بیماری خصوصاً مویشی کی ۔

All of a tremble/On the tremble : (بول چال) لرزش خصوصاً کسی اشتعال یا اضطراب کی وجہ سے ۔

Tremble : (v) [Fr. 'Trembler f. tremere.'] (۱) کانپنا؛ لرزنا؛ رعشہ ہونا ۔ (۲) (مجازاً) خوف یا دہشت طاری ہونا؛ خوف سے لرزنا ۔ (۳) پتوں وغیرہ کا ہوا سے تھرتھرانا ۔ (٤) تھرانا؛ لرزانا؛ رعشہ پیدا کرنا ۔

Hear and tremble : سنو اور ڈرو ۔

His fate trembles in the balance : اس کے لئے بڑا نازک وقت ہے ۔

His life trembles in the balance : اس کی جان خطرے میں ہے ۔

I tremble for his safety : مجھے اس کی سلامتی کی طرف سے سخت اندیشہ ہے ۔

Trembling poplar : بید مجنوں ۔

Was all of a tremble : (بول چال) سر سے پاؤں تک کانپ رہا تھا ۔

Tremblement : (n) (شعر) لرزہ؛ تھرتھری؛ ارتعاش؛ کپکپی ۔

Trembler : (n) (۱) کانپنے والا وغیرہ خصوصاً خوف زدہ شخص ۔ (۲) (برقیات) مرتعش نَے جو خود بخود برقی حلقے کو توڑتی جوڑتی رہتی ہے ۔

Trembler bell : (n) برقی گھنٹی ۔

Trembling : (a) لرزاں؛ لرزہ کی خاصیت کا حامل؛ لرزہ؛ رعشہ؛ کپکپی ۔

Trembling bog : (n) دلدل جو ہر چاپ سے لرزاں ہو ۔

Trembling-grass : (n) کاہ لرزاں ۔

Trembling palsy : (n) فالج جس میں سر یا کنارے رعشہ میں ہوں ۔

Trembling-poplar : (n) بید مجنوں؛ سفیدا ۔

Tremblingly : (adv.) کانپتے ہوئے؛ ڈرتے ہوئے ۔

Trembly : (a) لرزاں ۔

Tremella : (n) [mod. L.] (نباتیات) سماروغ کی ایک قسم جو زیادہ تر سڑی لکڑیوں پر ہوتی ہے اور اس کی بعض قسم زمین پر بھی ہوتی ہے ۔

Tremellose/Tremelloid : (a) (نباتیات) لرزاں ۔

Tremendous : (a) [f. L. 'tremendus'.] (۱) خوفناک ؛ ہولناک ؛ مہیب؛ نہایت شدید ۔ (۲) (بول چال) بڑا؛ بہت ۔

Tremendously : (adv.) (۱) خوفناک طور پر؛ خوفناک حد تک ۔ (۲) (بول چال) بہت؛ نہایت ۔

Tremendousness : (n) (۱) مہیب ہونا؛ خوفناک ۔ (۲) (بول چال) بہت بڑا ہونا ۔

Tremogram : (n) [Gr. 'Tremo, + - gram.] وہ آلہ جو عضلات کے غیر ارادی حرکات کو ریکارڈ کرے ۔

Tremograph : (n) آلے کے ذریعہ عضلات کی حرکات کا ریکارڈ ۔

Tremolando/Tremulando : (a) (موسیقی) لرزاں؛ لرزتا ہوا ۔

Tremolando/Tremulando : (adv.) (موسیقی) لرزتی ہوئی آواز میں ۔

Tremolant : (n) (۱) لرزانک ؛ صوت لرزاں ؛ لرزش دار ۔ (۲) لرزش؛ لرزشِ صدا؛ لرزشِ تحریر ۔

Tremolite : (n) [f. Tremola, in Switzerland where found+-ite.] ٹرمولائٹ ؛ Amphibole کی سفید یا بھوری (بعض اوقات شفاف) قسم جو ریشہ دار تودہ یا بلوری شکل میں پائی جاتی ہے ۔

Tremolo : (n) [It . L. 'tremulus'.] (۱) (موسیقی) لرزہ؛ لرزشِ آواز؛ بعض آلۂ موسیقی یا گانے کے وقت انسانی آواز میں پیدا ہونے والی لرزش خصوصاً جب جذبے کی شدت کا اظہار ہو ۔ (۲) آلۂ موسیقی کا کوئی ایسا پرزہ جس سے ایسا تاثر پیدا کیا جائے ۔

Tremor : (n) [OFr. 'tremor.'] (۱) لرزش؛ جنبش؛ رعشہ؛ لرزہ؛ احساساتی ہیجان؛ کسی جسمانی کمزوری، خوف یا دوسرے شدید جذبے سے پیدا ہونے والی جسمانی یا عضوی حرکت یا ارتعاش؛ (مجازاً) جذبے یا اشتعال سے پیدا ہونے والا عصبی اہتزاز ؛ نیز گھبراہٹ کی کیفیت ۔ (۲) لرزش؛ ارتعاش؛ لرزہ جو کسی خارجی تحریک سے پیدا ہو ۔ (۳) آواز میں لرزش یا ارتعاش؛ لرزاں آواز یا لے ۔

Intention tremor : رعشہ قصدی؛ جو کسی عضو میں اس وقت پیدا ہوتا ہے جب اس سے کام لینے کا قصد کیا جائے ۔

Metallic tremor : رعشہ جو دھات کے کام کرنےوالوں کو ہو جاتا ہے ۔

Tremorless : (a) بے لرزہ؛ بے رعشہ ۔

Tremulant : (a) [L. 'tremulantem'.] لرزاں؛ لرزتا ہوا ۔

Tremulant : (n) (موسیقی) کسی آلہء موسیقی کا پرزہ جس سے آواز میں لرزش پیدا ہو ۔

Tremulous : (a) [L. 'tremulus'.] (۱) (اشخاص ، ان کے اعضاء وغیرہ)لرزش یا ارتعاش زدہ یا اس میں مبتلا؛ بزدل؛ ڈرپوک، بچکچانےوالا؛ نیز ایسی تحریر جو کانپتے ہوئے ہاتھ کی ہو ۔ (۲) (اشیاء سے متعلق) تھرتھراہٹ یا ارتعاش کی خصوصیت کا حامل ؛ کسی تحریک کے زیر اثر لرزاں ہونے کے لئے تیار ۔

Tremulously : (adv.) (۱) کانپتے ہوئے ۔(۲) ڈرتے ہوئے؛ بچکچاتے ہوئے ۔

Tremulousness : (n) (۱) لرزاں ہونا ۔(۲) کچ دلاپن ؛ بزدل پن ؛ بچکچاہٹ ۔

Trenail : دیکھو Treenail

Trench : (n) [OFr. 'trenche'.] (۱) کھائی؛ گہری نالی ۔ (۲) (فوج) خند ق ۔ (۳) خندق کے مانند کوئی شے؛ چہرے پر کوئی نشان یا گہری جھری ۔ (٤) (نباتیات و حیوانیات) شگاف؛ دڑاڑ؛ جوف؛ گڑھا ۔

To mount, relieve the trenches : خندق میں پہرادینا؛ ان لوگوں کو چھٹی دینا جو وہاں کام پر تھے ۔

To open the trenches : خندق کی کھدائی شروع کرنا۔

To open trenches : محاصرے والے مقام تک پہنچنے کےلئے کھدائی کرنا ۔

Trench : (v) [OFr. 'trenchier'.] (۱) خندق کھودنا؛ گہری نالی کھودنا؛ شہر یا فوج کے گرد خندق کھودنا ۔ (۲) چھوٹے چھوٹے گڑھے پاس کھود کر مٹی کو الٹ پلٹ کرنا؛ (کھیت وغیرہ کی) کھدائی کرنا ۔ (۳) (لکڑی میں) نالیاں بنانا؛ خیارے بنانا یا کاٹنا ۔ (٤) خندق کھودتے ہوئے آگے بڑھنا ۔ (٥) مداخلت کرنا (حقوق میں) ؛ خلل انداز ہونا (خلوت ، اوقات وغیرہ میں) ۔ (٦) (الحاد، بیہودگی وغیرہ کی) حد تک پہنچنا ۔

To trench on/-upon : کسی دوسرے کے علاقے میں مداخلت کرنا ۔

Trench-cavalier : (n) (فوج) محاصرہ کرنے والوں کے لئے بنایا جانے والا دھس یا مورچہ ۔

Trench-coat : (n) سپاہیوں کی برساتی؛ باران کوٹ ۔

Trench-feet : (n) خندقی پا؛ پاؤں کی کھال کا پانی میں کھڑے رہنے کی وجہ سے گل جانا ۔

Trench-fever : (n) خندقی بخار ۔

Trench-kiln : (n) خندقی بھٹا ۔

Trench-motar : (n) خندق توپ؛ ہلکی توپ جو تھوڑے فاصلے پرشدت سےگولہ باری کرتی ہے؛ خندقی توپ ۔

Trench-plough/-plow : (v) جوتنا اس طرح کی نچلی زمین سطح پر آجائے ۔

Trench-plough : (n) ایک قسم کا ہل ۔

Trenchancy : (n) زور؛ سختی؛ حدت؛ تیزی ؛ تلخی ۔

Trenchant : (a) [OFr.] (۱) تیز؛ براں (قدیم و شاعرانہ) ۔ (۲) پُر زور؛ گرم؛ سخت (اسلوب بیان، تنقید، پالیسی وغیرہ) ۔

Trenchantly : (adv.) پرزور طریقے سے؛ گرم طریقے سے؛ سختی سے ۔

Trenchantness : (n) پرزور طریقے سے ہونا؛ سختی ۔

Trencher : (n) [AFr. 'trenchour'.] (۱) کٹھوتی؛ لکڑی کی بڑی رکابی جس میں نان پاؤ رکھ کر کاٹتے ہیں ۔ (۲) (قدیم) دستر خوان کے طشت، سامان خورد و نوش ۔ (۳) لکڑی کا چپٹا ٹکڑا (چوکور یا مدور) جس پر گوشت رکھ کر میز پر لگاتے ہیں یا کاٹتے ہیں ۔

Great, small, poor & C.trenchermen : خوش خوراک ؛ پُرخور ؛ کم خوراک ۔

To lick the trencher : کاسہ لیسی کرنا ؛ خوشامد کرنا ۔

Trencher : (n) Trench کا اسم فاعل ؛ خندق کھودنے والا ؛ زمین کاٹنے یا کھودنے والا ۔

Trencher cap : (n) چوکور ٹوپی جو کالجوں میں پہنتے ہیں ۔

Trencher companions : (n) طفیلی رفیق یا دوست ۔

Trencher - fed : (a) (شکاری کتے) جو ایک ساتھ نہیں رکھے جاتےبلکہ مختلف شکاری انہیں الگ الگ پالتے ہیں ۔

Trencher-man : (n) کھانے والا؛ خورد و نوش کرنے والا ؛ طفیلی؛ مفت خور ، چاپلوس؛ متملق ۔

Trencher-valiant : (n) دسترخوان کا بہادر ۔

Trenchmore : (n) [Origin obsc.] برطانیہ کا ایک قدیم دیہاتی دلچسپ رقص۔

Trenchmore : (v) برطانیہ کا قدیم دیہاتی رقص پیش کرنا ۔

Trend : (n) (۱) (بحری) لنگر کی انتہا جہاں سے یہ موٹا ہونا شروع ہوتا ہے؛ لنگر کی سمت اور جہاز کے پیندے کے درمیان کا زاویہ ۔(۲) روش ؛ جہت ؛ طرف ؛ تمایل ؛ انحراف؛ میلان ؛ رخ ۔

Trend : (v) [OE. 'trendan'.] (۱) کوئی خاص رخ ہونا؛ کسی خاص سمت میں مڑنا ۔ (۲) (مجازاً) مائل ہونا؛ میلان ہونا؛ رجحان ہونا؛ اپنی راہ اختیار کرنا ۔ (۳) اون اور اس قسم کی چیزوں کو لپیٹنا ۔

Trendle : (n) [OE. 'trendel'.] (۱) پہیا (قدیم) ۔(۲) اون کابنڈل ۔

Trental : (n) [L. 'trentale'.] (کیتھولک) روزانہ تیس دعاؤں کا سلسلہ (جو مردے کی مغفرت کے لئے پڑھی جائیں)۔

Trente et quarante : (n) [Fr.] تاش کا ایک کھیل جس میں میز پر سرخ اور سیاہ نشان بنے ہوتے ہیں جن پر داؤں کی رقم رکھی جاتی ہے ۔

Trentine : (a) [f. Trent, a city of the Tyrol + - ine.] شہر ٹرنٹ سےمتعلق (جو اٹلی میں واقع ہے)؛ اس کیتھولک جلسے کے متعلق (جو اس شہر میں منعقد ہوا تھا) ۔

Trenton : (a) [f. Trenton, New Jersey.] ٹرنٹن کا یا اس سے متعلق (جو نیو جرسی کا دارالسلطنت ہے)؛ اس شہر میں رائج طرز سے متعلق ۔

Trenton : (n) [f. Trenton Falls, New York] (ارضیات) چٹانوں کے سلسلوں کا ایک حصہ ۔

Trepan : (n) [Fr. 'trepan'] (۱) تریاق؛ استوانی شکل کاجراحی منشار (چھوٹا آرہ) جس سے کھوپڑی کی ہڈی کاٹ کر سوراخ کرتے ہیں ۔ (۲) برما مشین (جس سے کان میں کھڑی سرنگ کھودی جاتی ہے)۔

Trepan/Trapan : (n) [Origin trapan. prob. formed from Trap. n] (۱) (قدیم) حیلہ گر؛ فریب کار؛ دھوکا باز ۔ (۲) دام ؛ حیلہ؛ مکر؛ فریب ۔

Trepan : (n) [fr.Trepaner] ترپان سے کھوپڑی میں سوراخ کرنا؛ کاٹ ڈالنا (جیسے کھوپڑی کی ہڈی) ۔

Trepang : (n) [Malay 'tripang'.] دیکھو Teatfish

Trepanner : (n) [f. Trepan] دھوکے باز؛ مکار؛ ٹھگ ۔

Trephination : (n) ترفین سے عمل جراحی ۔

Trephine : (n) [Origin 'trafine'.] (۱) ترفین؛ ترپان کی ترقی یافتہ شکل ۔(۲) کھوپڑی میں سوراخ کرنا کا آلۂ جراحی ۔

Trephine : (v) ترفین سے کھوپڑی یا دیدے پر عمل جراحی کرنا ۔

Trepid : (a) [L. 'trepidus'.] (شاذ) لرزاں؛ ترساں؛ ترسناک؛ مرتعش ۔

Trepidate : (v) (شاذ) رعشہ بر اندام ہونا؛ مرتعش ہونا؛ کپکپانا ۔

Trepidation : (n) [L. 'trepidare'.] (۱) خوف ؛ گھبراہٹ ؛ بے چینی ۔ (۲) رعشہ جو فالج وغیرہ کی وجہ سے ہو جاتا ہے ۔(۳) (تاریخ ہیئت) سیر شمس کا اہتزاز جو پہلے اعتدال شب و روز کا سبب سمجھا جاتا تھا ۔

Trepididity : (n) گھبراہٹ؛ بے چینی؛ خوف ۔

Tresaiel/Tresayle : (n) [f. tri-tri - + aieul.] پردادا؛ جد اعلیٰ ؛ پدر پشت چہارم (باپ کا دادا) ۔

Trespass : (n) [OFr. 'trespasser'.] (۱) خلاف ورزی؛ قصور؛ خطا؛ عہد شکنی؛ خلاف ۔ (۲) (قانون) خلاف ورزی قانون؛ خلاف قانون فعل یا ترک فعل ۔ (۳) (قانون) مداخلت بیجا یا مجرمانہ ۔ (٤) نیز (action of t.) مداخلت بیجا کی بنا پر ہو جانے کا دعویٰ ۔

Trespass : (v) [OFr. 'trespasser'.] (۱) تجاوز کرنا؛ خلاف ورزی کرنا؛ عہد شکنی کرنا؛ جسارت کرنا ؛ مداخلت بیجا کرنا؛ مخل ہونا ۔ (۲) (مجازاً) (تکلف کی گفتگو میں) زحمت دینا؛ بار ڈالنا؛ بیجا فائدہ اٹھانا ۔ (۳) (اب صرف ادبی زبان کے لئے مخصوص) خلاف ورزی کرنا (قانون یا اصول کی)؛ پامال کرنا (حقوق کا)؛ قصور کرنا (کسی شخص کا) ۔

To trespass one's time : کسی کے وقت یا توجہ میں بے جا مداخلت کرنا ۔

Trespass-offering : (n) قربانی جو شریعت موسوی سے انحراف کرنے والا کفارے کے طورپر کرے؛ قربانیٔ کفارہ ۔

Trespass on one's preserves : کسی کے مخصوص میدان یا دائرہ عمل میں مداخلت کرنا ۔

Trespasser : (n) (۱) مداخلت بیجا کرنے والا ۔ (۲) خطا کار؛ قصور وار؛ عہد شکن ؛ متجاوز ۔

Tress : (n) [Fr. 'tresse'.] (۱) طرّہ؛ گیسو؛ چین وشکن گیسو؛ سر کے بالوں کی لٹ؛ زلف؛ کاکل ۔ (۲) (جمع) سر کے بال (خصوصاً عورتوں یا لڑکیوں کے) ۔ (۳) (مجازاً) نازک پتیوں یا درخت کے سوت یا ڈاڑھی یا سورج کی کرنوں کے لئے مستعمل ۔

Tress : (v) [f. prec.] زلفیں بنانا ۔

- tress : ایک لاحقہ جو فاعل جنس مؤنث کی دلیل ہو جیسے Actress وغیرہ ۔

Tressed : (a) [Tress + ed.] بالوں کا؛ زلفوں کا ۔

Tressful : (a) زلفوں سے آراستہ ۔

Tressure : (n) [OFr. 'tressure'.] (۱) (متروک) سر بند؛ کلاہ زنانہ ۔ (۲) (نقابت) نجابت کا ایک مارکہ ۔ (۳) (سکہ سازی) چاندی یا سونے کے قدیم سکّوں کا حاشیہ ۔

Tressy : (a) زلفوں کے مشابہ یا ان سے آراستہ ۔

Trestle : (n) [OFr. 'trestel.'] (۱) قینچی دار پایوں کی بیٹھک جس پر تختہ رکھ کر میز وغیرہ بنا لیتے ہیں؛ قینچی دار گھوڑی ۔ (۲) (نیز T - work) (پل وغیرہ کے) قینچی دار پایوں کا سلسلہ ۔ (۳) (بحری، نیز T. tree) نچلے مستول میں دُہری افقی لکڑیاں جن کے سہارے سب سے اونچا مستول کھڑا رہتا ہے ۔ (٤) (مجازاً) (خصوصاً جمع میں) پایوں کے لئے مستعمل ۔ (٥) (نقابت) چھوٹا اسٹول یا بنچ جو نشان کے طور پر استعمال کیا جائے ۔

Trestle-bed : (n) پایوں پر گھومنے والا پلنگ جو اسپتالوں میں استعمال ہوتا ہے ۔

Trestle-board : (n) نقشہ بنانے کی میز ۔

Trestle-bridge : (n) پایوں کے سلسلے پر کا پُل ۔

Trestle-table : (n) بورڈ سے بنی میز یا ستون پر کا ٹیبل ۔

Trestle-tree : (n) (بحری) دُہری افقی لکڑیوں کے سہارے سب سے اونچا کھڑا مستول ۔

Trestlework : (n) کئی پایوں کے سلسلوں پر مشتمل چوکھٹا جو پُل کے لئے سہارے کا کام دیتا ہے ۔

Tret : (n) [Origin obsc.] گھاٹا؛ زائد مقدار جو بعض اشیاء کے خریداروں کو دیتے ہیں تاکہ جتنا حصہ نقل و حمل میں ضائع ہو اس کی کمی پوری ہو جائے ۔

Trews : (n) [Ir. 'trius.' Gae. 'triubhas'.] اسکاٹستان کے پہاڑیوں کی دھاری دار چست پتلون ۔

Trey : (n) [L. 'tres'] (۱) (تاش) تگی ۔ (۲) تیّا؛ پانسہ جس پر تین صفر بنے ہوں ۔

Tri - : سابقہ لاطینی اور یونانی سے ماخوذ بمعنی "تہرا"؛ "تگنا" ؛ سہ بند وغیرہ ۔

Tri-coloured/-colored : (a) سہ رنگا؛ ترنگا ۔

Tri - pack : (n) [f. Tri-+Pack.] رنگوں کی مصوری میں تین اثر پذیر فلمیں ۔

Tri-personal : (a) (دینیات) تین اشخاص پر مشتمل ؛ ثالوث سے متعلق ؛ الوہیت کی تین شخصیتوں سے متعلق؛ خدائی کے بارے میں ۔

Tri-personalist : (n) الوہیت کی تین شخصیتوں کا معتقد ۔

Tri-personality : (n) ثالوث ۔

Triable : (a) [Try + able.] (۱) قابل آزمائش؛ تجربے کے لائق؛ قابل امتحان ۔ (۲) (قانون) جس پر عدالت میں کاروائی ہو سکے ۔

Triacontad : (n) [Gr. 'Triakontad'.] عدد تیس کا یا تیس (۳۰) کا ایک مجموعہ ۔

Triacontahedral : (a) تیس ضلعوں یا سطحوں کا ؛ سی سطحی؛ سی ضلعی ۔

Triaconter : (n) ایک قدیم یونانی جہاز جس میں ۳۰ چپو ہوا کرتے تھے ۔

Triad : (n) [Fr. 'triade'.] (۱) تین کا جوڑ یا مجموعہ؛ تکڑی؛ تثلیث ۔ (۲) (کیمیا) وہ عنصر جس کا ایک جوہر ہائڈروجن کے تین جوہروں سے مرکب ہو سکے ۔ (۳) (موسیقی) تین سُروں کا ۔ (٤) ویلش زبان میں نظم و نثر کی وہ صنف جس میں ہر موضوع تین حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے؛ سہ فقرہ ۔ (٥) (علم ہندسہ) تین نقطوں کا سلسلہ ۔

Triadelphous : (a) جن کے حامل زر کے تین الگ الگ حصے ہوں : (نباتیات) سہ بندہ؛ سہ پیوندہ ۔

Triadic: (a) (۱) تثلیثی ۔ (۲) سہ فقری ۔

Triadical : (a) تثلیثی؛ سہ فقری؛ تین فقروں پر مشتمل ۔

Triadically : (adv.) تثلیث کے لحاظ سے ۔

Triage : (n)[Fr. Trier+Age.] خوبی کے لحاظ سے علاحدہ کرنے کا عمل ؛ بُن کا پھوک جو قہوہ بنانے کے بعد باقی رہ جاتا ہے ۔

Triakis-: (n) یونانی سابقہ بمعنی "سہ برابر" "تگنا" "تین بار" ۔

Triakisoctahedrron : جیسے ، یعنی کثیر الاضلاع (چوبیس سطحی شکل) ۔

Trial : (n) [a. AFr. 'trial, triel.'] (۱) آزمائش؛ جانچ؛ تجربہ؛ امتحان ۔ (۲) آزمائشی تجربہ ۔ (۳) T-match کا مخفف) آزمائشی مقابلہ (فٹ بال وغیرہ کا) ۔ (٤) دوڑ وغیرہ کا ابتدائی مقابلہ (فائنل سے پہلے) ۔ (٥) تکلیف دہ چیز یا شخص ۔ (٦) مصیبت؛ تکلیف ۔ (۷) عدالتی تحقیقات؛ مقدمہ؛ سماعت ۔ (۸) کوشش؛ سعی؛ کچھ کرنے کی کوشش ۔ (۹) (سفال سازی) نمونہ ۔

Method of trial and error : (ریاضیات) آزمائشی طریقہ جس میں نا معلوم رقم کی کوئی قیمت فرض کر کے دیکھتے ہیں کہ جواب میں کس حد تک غلطی ہے اور پھر اس سے صحیح قیمت معلوم کرتے ہیں ؛ طریقۂ آزمائش و خطا؛ انسان تجربہ کر کے دیکھ لیتا ہے کہ یہ غلط ہےتو اسے چھوڑ دیتا ہے پھر اپنے تجربوں سے صحیح راہ دریافت کرلیتا ہے ۔

On trial : امتحاناً؛ اس شرط پر کہ اگر اچھا ہو تو رکھا جائے ورنہ واپس ۔

Stood of underwent trial for murder : اس پر قتل کا مقدمہ چلایا گیا ۔

Was on his trial : اس پر مقدمہ چل رہا تھا ۔

Trial : (a) [L. tia-+-Al.] آزمائشی؛ تجربی ۔

Trial balance : (n) دو رقمی حساب میں آزمائشی بقایا؛ میزان جمع خرچ کا مقابلہ جس سے کھاتے کی غلطی معلوم کی جاتی ہے ۔

Trial eight : (n) آزمائشی فریق؛ کشتی چلانے والوں کے آٹھ آٹھ آدمیوں کے دو فریق جن میں کشتی رانی کے مقابلے کے لئے ٹیم منتخب کی جاتی ہے ۔

Trial list : (n) اسباب یا قیدیوں کی فہرست جن کے مقدمہ کی سماعت ہونے والی ہے ۔

Trial-marriage : (n) آزمائشی شادی؛ مرد عورت کا بے نکاح کے میاں بیوی کی طرح رہنا ۔

Trial piece : (n) نمونہ خصوصاً سکّے کا؛ ٹیزائن کا نمونہ ۔

Trial proof : (n) پلیٹ کا پروف کندہ کار کے دوران تاکہ اس کی حالت کا اندازہ لگایا جائے ۔

Trial run : (n) موٹر کار کا آزمائشی چکر ۔

Trial square : (n) بڑھئی کا گنیا ؛ ٹیڑھی چیز کو سیدھا کرنےوالا آلہ ۔

Trial -trip : (n) (۱) آزمائشی سفر؛ جہاز کی رفتار معلوم کرنے کی خاطر ۔ (۲) آزمائشی تجربہ ۔

Triality : (n) تثلیث؛ سہ گانگی؛ تین گونہ ہونے کی حالت یا صفت۔

Trialouge : (n)[mod. L. 'trialogus'.] سہ شخصی مکالمہ؛ مکالمہ تین افراد میں۔

Triandria : (n)[mod. L.] (نباتیات) سہ نری پودے۔

Triandrian/Triandrious/Triandrous : (a) سہ نری؛ جس میں تین حامل زر ہوں۔

Triangle : (n) [Fr. or L. 'triangulum'.] (۱) مثلث۔(۲) مثلث کی شکل؛ فرضی مثلث تین لفظوں کے درمیان جو ایک سیدھ میں نہ ہوں سمجھ لیا جائے۔ (۳) مثلث شکل کا اوزار مثلاً گنیا۔ (٤) تکڑا؛ تین لٹھوں کو ملا کر بنائی ہوئی چیز جس سے زور لگا کر بوجھ اٹھاتے ہیں۔ (٥) (موسیقی) (صیقل شدہ فولاد کا) تکونا کڑا، ایک کونے پر کھلا ہوا جو فولاد کے ڈنڈے سے بجایا جاتا ہے؛ نیز اس کا بجانے والا۔(٦) (تاریخ) ٹکنکی، جس سے باندھ کر سپاہیوں کو کوڑے لگائے جاتے تھے۔(۷) (T) (ہیئت) صور شمالیہ میں سے ایک صورت۔(۸) (مجازاً) تین کا مجموعہ۔(۹) (علم النجوم) ستاروں کا جھمگا۔

Circular triangle : تین متقاطع دائروی قوسوں سے بننے والا مثلث۔

Colour triangle : مثلث الوان۔

Equilateral triangle : مثلث مساوی الاضلاع۔

Isosceles triangle : مثلث مساوی الساقین۔

Right-angled triangle : قائم الزاویہ مثلث۔

Scalene triangle : مثلث مختلف الاضلاع۔

Solution of a triangle : مثلث کا حل؛ دیئے ہوئے ضلعوں اور زاویوں سے بقیہ ضلعوں اور زاویوں کا معلوم کرنا۔

Spherical triangle : مثلث کروی (جو سطح کروی پر تین بڑے دائروں کے تقاطع سے پیدا ہو)۔

The eternal triangle : ناگزیر تثلیث؛ عاشق و معشوق اور رقیب کی۔

The triangles of the neck : گردن کے دو مثلث حصے جو جراحی کے نقطہ نظر سے کنے گئے ہیں۔

Triangle of forces : (۱) قوتوں کا مثلث؛ جس کے اضلاع مقدار اور سمت کے لحاظ سے تین متوازن قوتوں کو ظاہر کرتے ہیں۔ (۲) یہ مسئلہ کہ تین متوازن قوتیں ہمیشہ ایک مثلث سے ظاہر کی جاسکتی ہیں۔

Triangular : (a) [L. 'triangularis'.] (۱) مثلث شکل کا؛ تکونا؛ تین ضلعی۔ (۲) مثلث کا یا اس سے متعلق۔ (۳) (مجازاً) تین اشخاص یا جماعتوں کے متعلق یا ان تین اشخاص کے درمیان واقع ہونے والا۔ (٤) (نباتیات) سہ شاخہ۔ (٥) (تعمیرات) مثلث القاعدہ۔

Triangular compasses : (n) سہ پایہ پرکار؛ سہ پایہ کمپاس۔

Triangular number : (n) اعداد مسلسل ۱ - ۲ - ۳ - ٤ وغیرہ کی میزانوں کا سلسلہ ۱ - ۳ - ٦ - ۹ وغیرہ۔

Triangularity : (n) مثلثیت۔

Triangularly : (adv.) مثلث کی شکل میں۔

Triangulate : (a) [med. L. 'triangulatus'.] (۱) (تاریخ) مثلث نما؛ جس میں تین زاویے ہوں۔ (۲) مثلثوں پر مشتمل۔ (۳) مثلثی نشانات کا حامل۔ (٤) (حیوانیات) مثلثوں میں تقسیم کیا ہوا؛ مثلثیت۔

Triangulate : (v) [L. 'triangulum'.] (۱) مثلث بنا دینا؛ مثلث کی شکل کا بنا دینا۔(۲) رقبے کو مثلثوں میں تقسیم کرنا (پیمائش کی سہولت کی غرض سے)۔ (۳) (رقبے کے مثلث بناکر) فاصلہ یا بلندی معلوم کرنا۔

Triangulately : (adv.) مثلثوں میں؛ مثلث حصوں میں۔

Triangulation : (n) [med. L. 'triangulationem'.] (۱) مثلثی تقسیم؛ مثلثی پیمائش؛ کسی رقبے یا خطے کی پیمائش کے لئے مثلثوں کے ذریعے مدد لینے کا عمل؛ مثلث بندی۔ (۲) مستقیمی شکل کو مثلثوں میں تقسیم کرنے کا عمل۔

Trianguloid : (a) (ہندسہ) مثلث نما۔

Triangulum : (n) (انجینیئرنگ) مثلثہ۔

Triapsidal : (a) سہ طاقہ؛ جس میں تین محراب دار طاق ہوں۔

Triarch : (n) (۱) کسی ملک یا خطے کے تین حصوں میں سے کسی ایک کا حکمراں ۔ (۲) (نباتیات) سہ خُشبہ ریشی ۔

Triarchy : (n) [Tri - + Gr. 'archia'.] (۱) (سیاسیات) سہ عملی؛ کسی ملک کا تہائی حصہ یا اس کی حکومت ۔ (۲) تین اضلاع کا مجموعہ جس کا ہر حصہ الگ الگ کسی ایک حکمراں کے ماتحت ہو ۔ (۳) حکومت یا اختیار حکمراں ۔ (٤) تین حکمرانوں کی حکومت بالاشتراک ۔

Triarticulate : (a) سہ مفصلہ؛ سہ مفصل ۔

Trias : (n) [Late L. Gr. 'trias'.] (۱) تین کاعدد؛ تین کامجموعہ ۔ (۲)(ارضیات زیر جوراسی چٹانوں کا طبقہ؛ وہ طبقہ جو Incassic چٹانوں کے نیچے اور Permian چٹانوں کے اوپر واقع ہو؛ تین گروہوں میں تقسیم ہونے کی وجہ سے اس طرح موسوم ۔

Triassic : (a) [Origin unkn.] (۱) (ارضیات) ترياسی؛ سہ گانہ ۔ (۲) زیر جو راسی ۔

Triaster : (a) سہ نجمہ ۔

Triatic : (a) (بحری) اس رسے کے متعلق جو دو مستولی کشتیوں میں اگلے اور پچھلے مستول کی چوٹیوں کو جوڑتا ہے ۔

Triatic stay : (n) (بحری) وہ رسا جو دو مستولی کشتیوں میں اگلے اورپچھلےمستول کی چوٹیوں کو جوڑتا ہے ۔

Triatomic : (a) (۱) (کیمیا) سہ جوہر؛ سہ جوہریہ ؛ سالمہ جس میں تین جوہر ہوں ۔ (۲) (کیمیا) سہ گرفتہ ۔

Tribade : (n) [Fr. or L. 'tribas'.] وہ عورت جو خلاف وضع فطری فعل دوسری عورت کے ساتھ کرے ۔

Tribadism : (n) خلاف وضع فطری فعل جو ایک عورت دوسری عورت کے ساتھ کرتی ہے؛ طبق زنی؛ چپٹی؛ مساحقہ؛ سحاق ۔

Tribal : (a) [L. 'tribus'.] کسی قبیلے یا قبیلوں کا یا اس سے متعلق؛ قبائلی ۔

Tribal area : (n) قبائلی علاقہ؛ قبائلی تقسیم ۔

Tribalism : (n) قبائلی تعلقات یا قبائلی تنظیم؛ معاشرے کی تقسیم قبیلوں میں ؛ قبائلی تقسیم ۔

Tribally : (adv.) قبائلی لحاظ سے ۔

Tribasic : (a) (۱) سہ با سہ؛ سہ اساسیہ؛ (ایسڈ) ایسی خصوصیت کا حامل جس سے ہائیڈروجن کے تین جوہر پوٹا شیم یا سوڈیم کے تین جوہر میں بدل کر نمک بنائیں ۔ (۲) (نمک) اساسی اکسائیڈ کے تین سالمے رکھنے والا ۔

Tribble : Treble کی متروک شکل ۔

Tribe : (n) [OFr. 'tribu'.] (۱) جرگہ ؛ قبیلہ ؛ غیر متمدن انسانوں کاگروہ جو ایک سردار کےماتحت ہو ۔ (۲) (تاریخ روما) ان جماعتوں میں سے ایک جماعت جن میں اہل روما سیاسی اعتبار سے منقسم تھے، معشر ۔ (۳) جماعت؛ گروہ؛ فرقہ؛ شعبہ ۔(٤) پودوں اورجانوروں کی ایک قسم جو جنس سے چھوٹی اور صنف یا خاندان سے بڑی ہو ؛ گروہ ۔ (٥) (عموماً حقارت کے موقع پر) کسی خاص پیشے وغیرہ کے لوگ؛ ٹولی؛ قوم (the whole tribe of parasites) ۔ (٦) اشخاص یا حیوانات کی ایک جماعت ۔ (۷) (جمع میں) گروہ؛ بڑی تعداد ۔ (۸) (سماجیات) جماعت؛ ٹولی۔

The lost tribes : جلا وطن اسباط؛ اسباط عشرہ ؛ جو جلا وطن کردیئے گئے تھے ۔

The scribling tribe : اہل قلم کی ٹولی ۔

The ten tribes : (بنی اسرائیل کے) شعب عشرہ؛ (یہود اور بن یامین کے شعبوں کو چھوڑ کر) اسباط عشرہ ۔

The twelve tribes of the Israelites : بنی اسرائیل کے بارہ شعب یا اسباط ۔

Tribe : (v) (شاذ) قبیلوں میں تقسیم کرنا ۔

Tribeship : (n) قبیلہ یا گروہ ہونے کی حالت یا کیفیت ۔

Tribesman : (n) (۱) قبائلی؛ کسی قبیلے کا مرد ۔ (۲) اپنے قبیلے کا آدمی؛ ہم قبیلہ ۔

Triblet/Tribolet : (n) [F. triboulet, of unkn. origin.] سُنبہ؛ میلہ ۔

Tribo-electricity : (n) (برقیات) فرکی برق؛ رگڑی برق ۔

Triboluminescence : (n) (طبیعیات) فرکی نورانیت ۔

Tribometer : (n) [Gr. 'tribos' + metre.] رگڑ پیما؛ فرک پیما؛ برف گاڑی کی شکل کاآلہ جس سے رگڑ ناپتے ہیں ۔

Tribonyx : (n) مرغ آبی (آسٹریلیا) ۔

Tribrach : (n) [Tri + 'Brachus'.] (عروض) ایک رکن؛ جس میں تین مختصر بول ہوں؛ ثلاثی قصیر ۔

Tribrachial : (a) تین ہتھوں کا (اوزار خصوصاً چقماق پتھر کا) ۔

Tribrachic : (a) ثلاثی قصیر کا؛ مختصر بول کا ۔

Tribracteate : (a) (نباتیات) سہ برگوی؛ تپھول پتیا ۔

Tribrom-/Tribromo - : (کیمیا) ایک کیمیاوی عمل جس میں ہائیڈروجن کے بدلے برومن کے تین جوہر آجاتے ہیں ۔

Tribual : (a) [L. 'tribus'.] قبائلی؛ قبیلے کا یا اس سے متعلق ۔

Tribulate : (v) [L. 'tribulat-'] دکھ پہنچانا؛ اذیت دینا؛ زحمت دینا؛ مصیبت میں ڈالنا ۔

Tribulation : (n) [OFr. 'tribulacion'.] مصیبت : دکھ؛ اذیت ۔

Tribunal : (n) [L. 'tribunal'.] (۱) کرسی عدالت؛ مسند عدالت؛ مجسٹریٹ یا جج کی نشست ۔ (۲) (خطابت) عدالت ۔ (۳) (جنگ عظیم اول) مقامی کمیٹی جو فوجی خدمت سے استثنا کی درخواست پر غور کرتی تھی ۔

Tribunal : (a) مسند عدالت کا یا اس سے متعلق ۔

Tribunate : (n) [L. 'tribunatus'.] (۱) وکیل جمہور کا دفتر ؛ وکیل جمہور کے ذریعے انتظام حکومت ۔ (۲)(فرانسیسی تاریخ) انقلابی تقویم (۱۸۰۰-۱) کے آٹھویں سال کے دستور کے تحت تشکیل شدہ مجلس قانون ساز کا نمائندہ ۔

Tribune : (n) [L. 'tribunus'.] (۱) (تاریخ روما) وکیل جمہور (ان دو یا دس اشخاص میں سے ایک جو جمہور کی طرف سے منتخب کئے جاتے تھے اور حکومت کے مقابلے میں ان کے حقوق کی حفاظت کرتے تھے) ۔ (۲) (تاریخ روما) فوجی افسر ؛ مالی افسر وغیرہ ؛ حاکم ۔ (۳) (عموماً) (اخبار کے نام کے طور پر) حامیء جمہور ۔(٤) (مجازاً) مشہور لیڈر ۔

Tribune : (n) [It and med. L. 'tribuna'.] (۱) فلورنس کی ایک عمارت کا دیوان خانہ جہاں تصویریں آویزاں تھیں ۔(۲) کسی گرجا گھر کا نیم قوسی طاق ۔ (۳) منبر؛ اونچی جگہ؛ چبوترہ ؛ اسقف کا تخت یا وہ محراب جس میں یہ تخت رکھاہو ۔ (٤) گرجا کی غلام گردش (گیلری) یا کوئی بلند مقام ۔

Tribuneship : (n) وکیل جمہور کا عہدہ؛ عہدے کی کارکردگی؛ اس عہدے کی مدت ۔

Tribunitial/-icial : (a) [L. 'tribunicius'.] رومی وکیل جمہور کے متعلق ۔

Tribunitian/-ician : (a) (۱) رومی وکیل جمہور کا یا اس سے متعلق یا اس کے عہدے سے متعلق ۔(۲) (مجازاً) رومی وکیل جمہور کی طرح حق استرداد رکھنے والا؛ فتنہ انگیز خطیب کی طرح ۔

Tributary : (a) [L. 'tributarius'.] (۱) باج گزار ۔(۲) امدادی (فوج وغیرہ) ۔(۳) معاون (دریا) ۔

Tributary : (n) (۱) باج گزار ۔(۲) باج گزار ریاست یا شخص؛ معاون دریا ۔ (۳) معاون دریا جو بڑے دریا یا جھیل میں گرتا ہو ۔

Tribute : (n) [L. 'tributum'.] (۱) باج ؛ خراج ؛ خراج جو ایک ریاست یا حکمراں دوسرے کو ادا کرے ۔(۲) باج گزاری کی حالت ۔ (۳) (مجازاً) خراج عقیدت؛ نذر عقیدت؛ خراج تحسین؛ نذر؛ ہدیہ (Tributes of admirers) ۔ (٤) (کان کنی) کچی دھات جو مزدوروں کو اجرت کے طور پر دی جائے؛ معاوضہ بالجنس (کان کنوں کا) ۔

Floral tributes : گل ہائے عقیدت؛ پھولوں کی نذر جو ایکٹریسوں وغیرہ کو یا قبر پر پیش کی جائے ۔

To work on tribute/- on the tribute system : معاوضہ بالجنس لے کر یا دے کر کام کرنے کا منصوبہ ۔

Under tribute : باج ادا کرنے کا احساس فرض ۔

Tribute money : (n) خراج کے طور پر ادا کی ہوئی رقم ۔

Tribute work : (n) وہ کام جومعاوضہ بالجنس پر کرایاجائے ۔

Tric-trac/Trick-track : (n) [Fr. so called from the clicking sound made by the pieces in playing the game.] تختہء نرد کا چوسر کی طرح کا ایک پیچیدہ کھیل ۔

Tricapsular : (a) (نباتیات وحیوانیات) سہ قبہ؛ جس کے ہر پھول میں تین ڈوڈیاں ہوں۔

Tricar : (n) تین پہیوں کی موٹر کار۔

Trice : (n)[Found first in phrase, at a trice.] لمحہ؛ وقفہ؛ لحظہ؛ پل؛ دم۔

In a trice : دم بھر میں؛ چشم زدن میں۔

Trice : (v) [MDu. 'trisen', Du. 'trijsen'.] (۱) (بحری) چڑھانا (بادبان) (عموماً up کے ساتھ) ۔ (۲) کھینچنا؛ گھسیٹنا ۔ (۳) باندھنا۔

-trice/-trix : یہ کلمات بطور لاحقہ استعمال ہوتے ہیں اور اسم مؤنث کی علامت پہلے trice استعمال ہوتا تھا مگر اب زیادہ trix استعمال ہوتا ہے۔

Tricenary : (a) [L. 'tricenarius'.] (۱) تیس روز پر مشتمل ؛ تیس عدد پر حاوی (اب شاذ یا متروک)۔

Tricennial : (a) سی سالہ؛ ہر تیس سال میں ایک بار۔

Tricentenary : (a) [Tri-+ centengy.] تین سو سال کے متعلق؛ تین سو سالہ۔

Tricentenary : (n) تین سوسال کا دور؛ تین سو سال کا جشن۔

Triceps : (n) [L.] (حیوانیات) عضلہ سر: عضلہ بازو ؛ سہ راسی۔

Triceps : (a) عضلہ بازو کا: عضلہ سہ سر سے متعلق۔

Trichi : (n) (عامیانہ یا بول) Trichinopoli کا مخفف۔

Trichia : (n) پڑبال؛ شعر منقلب۔

Trichiasis : (n) [Late L. or Gr. 'trichiasis'.] (۱) (طب) شَعر بولی: بالدار پیشاب؛ ایک مرض جس میں پیشاب میں بال جیسے ریشے خارج ہوتے ہیں۔ (۲) (طب) شعرۃالعین؛ پڑبال؛ آنکھوں کا مرض جس میں پپوٹے کے اندر بال نکل آتے ہیں۔ (۳) ورم پستان ؛ (زچہ کے) پستان کا ورم جس کی وجہ سے دودھ کم نکلتا ہے ۔ (٤) ایک بیماری جس میں بال الجھ کر رہ جاتے ہیں۔

Trichina : (n) [mod. L. Gr. 'trichinos'.] ترخنیا؛ بال کے مانند کیڑا جو سور، چوہے وغیرہ کے جسم میں ہوتا ہے اور سور کا کم گلا ہوا گوشت کھانے سے انسان کے جسم میں داخل ہو جاتا ہے اور اکثر مہلک مرض پیدا کرتا ہے۔

Trichinal : (a) ترخنیا کا یا اس سے متعلق۔

Trichiniasis : (n) (طب) مرض ترخنیا؛ ایک قسم کا مرض جو ترخنیا نام کے جرثومے سے پیدا ہوتا ہے؛ جس میں نظام ہاضمہ بگڑ جاتا ہے اور تھوڑا بخار، درد، ورم اور عضلات کمزور ہو جاتے ہیں۔

Trichinization : (n) ترخنیا کا مرض ہو جانا یا پیدا کرنا۔

Trichinize : (v) ترخنیا کا مرض ہونا یا پیدا کرنا۔

Trichinous : (a) (۱) جس میں ترخنیا کیڑے ہوں۔(۲) ترخنیا کا مریض: ترخنیا زدہ۔(۳) ترخنیا کی نوعیت کا۔

Trichinopoli/Trichinopoly : (n) ترچناپلی، جنوبی ہندوستان کا ایک شہر ؛ ترچنا پلی کا بنا ہوا جوت یا سگار۔

Trichinosis : (n) [mod. L.] دیکھو Trichiniasis

Trichite : (n) [Gr. Trich + - ite.] (۱) (کان کنی) چٹانوں میں ہونےوالےبال جیسے سیاہ اجسام ؛ شعربلورہ۔ (۲) (حیوانیات) سوزن اسفنج؛ مُویائیہ۔

Trichitic : (a) چٹانوں میں بال جیسے سیاہ اجسام والا۔

Trichiurid : (n) [mod. L. 'Trichiuridae'.] مُودمہ مچھلی ، (Trichurus) کے خاندان کی ایک مچھلی جس کا جسم فیتےجیسا ہوتا ہے۔

Trichiuriform-/Trichiuroid : (a) اس خاندان کی مچھلیوں جیسی شکل رکھنے والا۔

Trichlor-/Trichloro-: ایک کیمیاوی ترکیب جس میں ہائیڈروجن کےبدلے کلورین کے تین جوہر آجاتے ہیں جیسے $C_6 H_3 Cl_3$ trichilorobenzene میں۔

Tricho - : (ترکیبی صورت) حرف علت کے پہلے trich یونانی لفظ thrix, trikhos سےماخوذ جس کے معنی بال کے ہیں۔

Trichobranchia : (n) (حیوانیات) گلپھڑوں کے لئے نام جو سوت جیسے ہوتے ہیں۔

Trichobranchial/Trichobranchiate : (a) سوت جیسے گلپھڑوں سے متعلق یا ویسے گلپھڑوں والا۔

Trichocyst : (n) (حیوانیات) موانبان Coilentrates کے سوتی خلیے جیسے اجسام جن میں سے ہر ایک میں لپٹا ہوا دھاگا سا ہوتا ہے ۔

Trichocystic : (a) سوتی خلیے جیسے اجسام سے متعلق ۔

Trichogen : (n) بال بڑھانے کی دوا ۔

Trichogenous : (a) بال بڑھانے والی (دوا)؛ موافزا (دوا) ۔

Trichogyne : (n) (نباتیات) شعری بقچہ؛ بعض الگا اور سماروغ میں مادہء تولیدی عضو کا سوت نما اخذ پذیر حصہ ۔

Trichogynial/Trichogynic : (a) شعری بقچہ سے متعلق ۔

Trichology : (n) بالوں کا علم؛ بالوں کی ترکیب؛ عمل اور امراض کا علم ؛ شعریات؛ مبحث شعر؛ تشریح کا وہ حصہ جس میں بالوں کا مطالعہ کیا جاتا ہے ۔

Trichoma : (n) (۱) بال کی ایک بیماری ۔(۲) Nostochineae جنس کے پودوں کے مضغہ کا ریشہ ۔

Trichomanes : (n) (نباتیات) فرن کی ایک قسم ۔

Trichome : (n) [mod. L. Gr. trichoma] (۱) بال کی ایک بیماری ۔(۲) (نباتیات) روئیں یا اور کوئی چیز جو پودوں کی چھال پر اگتی ہے؛ رونیدگی ۔

Trichopathic : (a) بالوں کے علاج کے متعلق ۔

Trichopathy : (n) بالوں کے امراض کا علاج ۔

Trichophore : (n) (نباتیات) وہ جس سے شعری بقچہ وابستہ ہو ؛ (حیوانیات) کیسہء ابریہ ؛ ابریہ بردار ؛ مو بردار ۔

Trichophoric : (a) کیسہء ابریہ کے متعلق ۔

Trichophyte : (n) مختصر سماروغ کی ایک قسم ۔

Trichopter : (n) (حشریات) شعری پران؛ مئی مکھیاں ؛ Tricoptera خاندان کے حشرات سے تعلق رکھنے والا حشرہ جس کے پر بال جیسے ہوتے ہیں ۔

Trichopteran : (a) شعری پران سے متعلق ۔

Trichopterous: (a) بال جیسے پر رکھنے والا ۔

Trichord : (n) (۱) (موسیقی) ستار؛ سہ تارہ؛ تین تار کا باجا خصوصاً ستار وغیرہ ۔ (۲) تثلیث ۔

Trichord : (a) (۱) ستار سے متعلق ۔ (۲) ہر سر کے تین پردوں والا ۔

Trichosis : (n) بالوں کی بیماری؛ مرض شعری ۔

Trichotomize : (v) [f. as next. + - ize.] تین حصوں میں تقسیم کرنا؛ تین حصوں میں ترتیب یا درجہ بندی کرنا ۔

Trichotomous : (a) [Gr. 'trica'+ -'tomos' + -ous.] (۱) (نباتیات) تین شاخوں میں بٹا؛ سہ شاخہ ۔ (۲) تین حصوں درجوں اور طبقات میں تقسیم کرنے والا؛ تقسیم ثلاثی کا ۔

Trichotomy : (n) تقسیم ثلاثی؛ کسی چیز کی تقسیم تین حصوں میں خصوصاً وجود انسانی کی جسم، نفس اور روح میں ۔

Trichroic : (a) [Gr. 'trichroos'.] سہ رنگا؛ سہ الوانہ؛ (خصوصاً بلور سے متعلق) تین مختلف رنگوں کو ظاہر کرنے والا جب تین سمتوں میں دیکھا جائے ۔

Trichroism : (n) سہ رنگا ہونے کی خاصیت ؛ ترنگے کی خاصیت رکھنا خصوصاً بلور میں ۔

Trichromatic : (a) (۱) تین رنگوں کا حامل؛ ظاہر کرنے والا اور ان سے متعلق؛ سہ رنگ میں؛ سہ رنگا؛ (خصوصاً بصریات میں) عام بصارت؛ تین بنیادی الوانی احساسات(سرخ، سبز اور بنفشی یعنی سرخ، سبز اور ارغوانی رنگ پہچاننے کی قوت رکھنے والی) ۔ (۲) تین رنگوں میں لیتھو کی چھپائی کے لئے بھی مستعمل ۔

Trichromatic photography : (n) سہ رنگی طریق مصوری ؛ جس میں سرخ، نیلے اور زرد رنگ کی آمیزش سے منظر/چیزوں کا اصلی رنگ دکھایا جاتا ہے ۔

Trichromatism : (n) سہ رنگ بینی ۔

Trichromic : (a) سہ الوانہ؛ سہ رنگا ۔

Trick : (n) [In OFr. dial. 'trique'.] (۱) چال؛ فریب؛ جوڑ ۔ (۲) خاص ترکیب؛ گھات؛ ڈھب ؛ داؤں ؛ پیچ؛

کرتب ۔ (۳) خاص عادت؛ حرکت، انداز وغیرہ ۔ (٤) بری حرکت ؛ شیطانی حرکت ، شرارت ۔ (٥) کھلونا؛ چھوٹی موٹی آرائشی چیزیں (جمع میں) ۔ (٦) (تاش) ہاتھ ؛ پتے جو ایک بار میں کھیلے جائیں ۔ (۷) (بحری) پتوار چلانے کی ایک باری (جو عموماً دو گھنٹے کی ہوتی ہے) ۔ (۸) (نقابت) قلم اور روشنائی سے بنا ہوا مارکہ ۔

Conjurer's tricks : مداری کے کرتب ۔

Lost, saved the trick : ہاتھ کھودیا، لے لیا ۔

Shall soon get or learn the trick of it : اس کا ڈھب بہت جلد آجائےگا ۔

That'll do the trick : اس سے کام بن جائے گا؛ مقصد حاصل ہو جائے گا ۔

Trick of the trade : کسی پیشے کا گُر ۔

Trick : (v) [f. prec.] (۱) فریب دینا؛ دھوکا دینا؛ دھوکا دے کر پھانسنا؛ کچھ لے لینا؛ کوئی کام کرانا وغیرہ ۔ (۲) دغا دینا؛ (کسی چیز کا) توقع کے مطابق نہ ثابت ہونا؛ یکایک واقع ہونا؛ بے خبری میں آلینا ۔ (۳) شرارت کرنا؛ شیطانی حرکت کرنا ۔ (٤) پہنانا (لباس) ؛ آراستہ کرنا ۔ (٥) (نقابت) خاندانی مارکہ ۔

Trick cyclist : (n) سائیکل کے کرتب دکھانے والا ۔

Trick line : (n) لاگ ڈوری؛ چپ سوانگ میں وہ ڈوری جس سے منظر بدلنے میں کام لیا جاتا ہے ۔

Trick scene : (n) وہ منظر جو پردہ گرائے بغیر دکھایا جائے ۔

Trick wig : (n) سر کےمصنوعی بالوں کا قالب جس کےذریعہ بال کھڑے بھی ہو جاتے ہیں ۔

Tricker : (n) Trigger کی ابتدائی شکل ۔

Trickery : (n) فریب؛ دھوکا؛ دغا بازی ۔

Trickily : (adv.) دھوکا بازی سے؛ دغابازی سے؛ چالاکی سے ۔

Trickiness : (n) دھوکا بازی؛ ہوشیاری؛ چالاکی ۔

Trickish : (a) فریبی؛ دھوکا باز؛ دغاباز؛ چالاک ؛ کائیاں ؛ ہوشیار ۔

Trickishly : (adv.) دغابازی سے؛ چالاکی سے ۔

Trickishness : (n) دغا بازی؛ چالاکی ۔

Trickle : (n) [f. next.] رسنا؛ ٹپکنا؛ مائع کی چھوٹی سی مقدار؛ قطروں کا سلسلہ؛ پتلی سی دھار ۔

Trickle : (v) [Perh. origin 'strikle'.] (۱) (سیال شے کا) قطرہ قطرہ ہو کر گرنا یا بہنا؛ ٹپکنا ؛ رسنا ۔ (۲) (مجازاً) بات پھوٹنا؛ (خبرکا) ظاہر ہو جانا؛ آنسو بہنا ۔ (۳) قطرہ قطرہ کرکے گرانا؛ ٹپکانا۔

The information trickled out : خبر ظاہر ہوگئی ۔

Trickle charger : مخزن برق جس سے (مورچےوغیرہ میں) بہت آہستہ آہستہ بجلی بھری جاتی ہے ۔

Trickle : (v) [V. of Truckle, v.] (گولف) گیند کو آہستہ آہستہ لڑھکانا؛ لڑھکنا ۔

Trickment : (n) (شاذ) آرائش؛ آراستگی ۔

Tricksily : (adv.) شوخی سے؛ دغادے کر ۔

Tricksiness : (n) شوخی؛ دغابازی ۔

Trickster : (n) دغاباز؛ دھوکا باز؛ فریبی؛ فریب کار ۔

Tricksy : (a) (۱) چنچل؛ شوخ؛ اچپل ۔ (۲) انوکھا؛ نرالا ؛ عجیب ۔ (۳) دغاباز؛ دھوکا باز؛ چالاک؛ مکار ۔

Tricky : (a) (۱) فریبی؛ دغاباز ۔ (۲) چالاک ؛ کائیاں ؛ ہوشیار ۔

Triclinial : (a) کھانے کی میز کے متعلق ۔

Triclinium : (n) [L.] (۱) (قدیم روما) کھانے کی میز جس کے بائیں طرف کو کوچیں لگی ہوتی تھیں ۔ (۲) وہ کمرا جس میں یہ میز ہو؛ کھانے کا کمرا ۔

Tricolour/Tricolor : (a) [Late L. 'tricolor'.] سہ رنگا؛ تین رنگوں والا ۔

Tricolour : (n) (۱) ترنگا جھنڈا خصوصاً فرانس کا قومی پرچم (سرخ، سفید، نیلے رنگ کا) جو انقلاب کے بعد اختیار کیا گیا ۔ (۲) (مجازاً) ترنگا جھنڈا ۔

Tricorn : (n) (۱) سہ شاخہ؛ سہ گوشہ ۔ (۲) سہ قرنہ؛ تین سینگ کا ۔ (۳) سہ گوشہ بینت ۔

Tricorn : (n) (۱) ایک (خیالی) سہ قرنہ مخلوق ۔ (۲) سہ گوشہ ٹوپی ۔

Tricorporal/Tricorporate : (a) (نقابت) (وہ شکل) جس میں تین دھڑ اور ایک سر ہو؛ سہ پیکر ۔

Tricosane/Tri-i-cosane : (n) [Gr.'tri, three+twenty+-Ane.] (کیمیا) پیرافین سلسلے کا ایک ہائیڈرو کاربن جس میں کاربن کے ۲۳ جوہر ہوتے ہیں ۔

Tricot : (n) [Fr. 'tricoter'.] (۱) ٹریکو ایک قسم کا ہاتھ کا بُنا ہوا اُونی کپڑا ۔ (۲) نقلی ٹریکو ۔ (۳) ایک قسم کا ابھری ہوئی دھاریوں کا کپڑا ۔

Tricot-stitch : (n) کروشیا کا ایک خاص ٹانکا ۔

Tricotyledonous : (a) (نباتیات) سہ فلقہ، فلقوی؛ جس میں تین دالیں ہوں ۔

Tricrotic : (a) سہ ضربی؛ نبض جس میں تین ضربیں ہوں ۔

Tricuspid/Tricuspidate/Tricuspidal : (a) (نباتیات، حیوانیات) سہ نوکی ؛ سہ نُکّا ؛ سہ شرفہ ؛ سہ کنگری ۔

Tricycle : (n) [tri + Gr. 'cyclos'.] تین پہیوں کی سائیکل؛ تپہیا؛ ٹرائسیکل ؛ سہ چرخہ ۔

Tricycle : (v) ٹرائسیکل چلانا ۔

Tridacna : (n) [mod. L. f. Gr.] (حیوانیات) صدف نما جانور کی نوع ؛ مقمّہ صدف ۔

Tridactylous : (a) تین انگلیا؛ سہ انگشت؛ جس کے ہاتھ یا پیر میں تین انگلیاں ہوں ۔

Tridecane : (n) [f. Gr. 'tria', + deca, + - Ane.] (کیمیا) پیرافین سلسلے کا ایک بےرنگ ہائیڈروکاربن جس میں کاربن کے تیرہ جوہر ہوتے ہیں ۔

Tridecyl : (n) اس کیمیاوی مادے کا اصلیہ ($C_{13}H_{27}$) ۔

Trident : (n) [L. 'tridens'.] (۱) سہ شاخہ اوزار مثلاً مچھلی مارنے کا سہ پہلو برچھا ۔ (۲) سہ شاخہ برچھا؛ ترشول (سمندر کے دیوتا نپچون کا) ۔ (۳) (ہندسہ) سہ شاخہ اوزار جیسی ہندسی شکل ۔

Tridental : (a) سہ شاخہ؛ سہ پہلو ۔

Tridentate : (a) سہ دندان؛ سہ شاخہ؛ سہ دندانہ ۔

Tridented : (a) سہ شاخہ دار ۔

Tridentine : (a) [med. L. 'Tridentinus'.] اس مجلس کے کلیسا سے متعلق جو ٹرنٹ میں (۱۵۴۵۔ ۱۵۶۳) تک قائم رہی اور جس نے کیتھولک مذہب کے عقائد کی تدوین کی ۔

Tridentine : (n) رومن کیتھولک مذہب کا پیرو ۔

Tridentine theology : (n) مجلس ٹرینٹ کے مرتب کردہ عقائد؛ عیسائی دینیات ۔

Tridimensional : (a) سہ ابعادی ۔

Triduan : (a) [L. 'triduanus'.] سہ روزہ؛ تین دنوں تک چلنے والا؛ نیز ہر تیسرے دن واقع ہونے والا ۔

Triduo : (n) [It and Sp. L. triduum.] تین دنوں کی عبادت (جو کسی ولی کے عرس سے قبل یا اس کی شفاعت حاصل کرنے کےلئے کی جاتی ہے) ۔

Triduum : (n) [L.] دیکھو Triduo

Triduus : (n) (نباتیات) سہ روزہ پودا ۔

Tridymite : (n) [Gr. 'tridymit'.] (کان کنی) سلیکا (Silica) کی بلوری شکل جو آتشی چٹانوں میں پائی جاتی ہے اور یہ شش پہلو ہوتی ہے ۔

Tried : (a) آزمودہ؛ ثابت شدہ ۔

Triennial : (a) [L. 'triennis'.] سہ سالہ؛ جو تین سال کے بعد ہو یا تین سال تک رہے ۔

Triennial : (n) (۱) سہ سالہ (تین سال تک رہنے والا) پودا ۔ (۲) سہ سالہ دعا جو تین سال تک مردے کی بخشش کے لئے پڑھی جاتی تھی ۔ (۳) سہ سالہ سالگرہ یا جشن (کسی واقعے کی یادگار جو ہر تین سال پر منائی جائے) ۔

Triennial Act : (n) ۱۶۴۰ء کا ایکٹ جس کی روسے انگستان میں پارلیمنٹ کی مدت تین سال کی ہوگئی تھی یہ قانون ۱۷۱۶ء میں منسوخ ہوگیا ۔

Triennially : (adv.) ہر تیسرے سال؛ تین سال میں ایک بار ۔

Triennium : (n) [L.] تین سال کا وقفہ ۔

Triens/Trientes : (n) [L.] کسی چیز کا تیسرا حصہ خصوصاً قدیم روما کا ایک تانبے کا سکہ جو ۱/۳ اَس (as) کے برابر ہوتا تھا؛ نیز مشرقی روم کا ایک طلائی سکہ ۔

Trier : (n) [TRY+ - ER.] (۱) try کا اسم فاعل ۔(۲) فیصلہ کنندہ جو اس غرض سے مقرر کیا جاتا ہے کہ جیوری پر لگائے ہونے الزام کی تحقیقات کرے ۔ (۳) (تاریخ جمع میں) بادشاہ کے حکم سے تشکیل پانے والی کمیٹی جس کے فیصلے کی روسے عرضیاں خاص خاص عدالتوں میں تقسیم کی جاتی تھیں ۔ (٤) (جمع میں) دارالامرا کے ارکان جو کسی امیر کے مجرمانہ فعل یا بغاوت کی سماعت میں جیوری کی حیثیت سے بیٹھیں (Lord triers) ۔ (٥) آزمانے والا؛ ثابت کرنے والا؛ جو کسی چیز کو ثابت کرے یا اس کی تحقیق کرے ۔ (٦) جو کسی کام کو انجام دینے کی کوشش کرے؛ (عامیانہ) جو کسی کام میں لگارہے ۔ (۷) جو صبر آزما یا دشوار طلب ہو؛ جو کسی کی خوبی کا پتا لگائے ۔

Trierarch : (n) [L. 'trier -archus'.] (۱) (تاریخ یونان) سہ طبقہ جنگی جہاز کا کپتان ۔(۲) ایک شہری جو تنہا یا دوسرے لوگوں کے ساتھ عوامی خدمت کے لئے جنگی جہاز کےانتظام کا ذمہ دار ہو : ترارک ۔

Trierarchal : (a) ترارکی ۔

Trierarchy : (n) سہ طبقہ جنگی جہاز کے کپتان کا عہدہ: ترارکی بیڑا: جنگی جہازوں کا بیڑا جو دولتمند لوگوں کو تیار کرنا پڑتا تھا ۔

Trieteric : (a) [L. 'trietericus'.] ہر ایک سال بعد واقع ہونے والا (جیسے باخوس (Bcchus) کا تہوار) ۔

Trieteric : (n) کوئی تہوار خصوصاً باخوس کا جو ہر ایک سال بعد منایا جاتا ہے ۔

Triethyl : (n) [Tri-+ Ethyl.] (کیمیا) ایک مرکب جس میں تین ایتھل (Ethyl) گروپ ($C_2 H_5$) موجود ہوں خصوصاً وہ شے جس میں ہائیڈروجن کے تین جوہر کے بدلے تین ایتھل گروپ آجائیں ۔

Trifacial/Trigeminus : (a&n) عصب مثلثی کا؛ عصب مثلثی ۔

Trifarious : (a) [f. L. 'trifarius' + - ous.] (۱) (شاذ) تین قسموں کا ؛ تین جہتوں کا؛ سہ جہتی ۔ (۲) (نباتیات) تین قطاروں میں سجا ہوا ؛ سہ حلقہ زدہ ۔

Trifid : (a) [L. 'trifidus'.] (حیوانیات، نباتیات) سہ زخمہ؛ جس کا کل یا جزو تین حصوں میں شگافتہ ہو؛ سہ جزئی؛ سہ شاخہ ۔

Trifle : (n) [OFr. 'trufle'.] (۱) خفیف یا ادنیٰ سی چیز؛ ادنیٰ سی بات؛ کھلونا ۔ (۲) چھوٹی سی رقم؛ خفیف سی مقدار ۔(۳) کسی قدر؛ تھوڑا سا ۔(٤) کوئی تصنیف یا نغمہ ۔(٥) نمش کیک؛ چھوٹا سا کیک جس میں شراب، میوہ وغیرہ ڈالتے ہیں اور اس کے اوپر دودھ کی نمش یا انڈے کی سفیدی کے جھاگ کی تہ ہوتی ہے ۔(٦) بھرت؛ سیسے یا رانگ کا مرکب ۔

Trifle : (v) [OFr. 'truffler'.] (۱) فضول باتیں کرنا؛ فضول حرکتیں کرنا؛ خفیف الحرکتی سے کام لینا ۔ (۲) (وقت، روپے وغیرہ کو کسی کام میں) ضائع کرنا؛ بےکارصرف کرنا؛ اڑانا۔(۳) بازیچہ قرار دینا؛ کسی چیز سے کھیلنا؛ ناچیز سمجھنا ۔

Trifle ring : (n) گورکھ دھندا؛ ایک قسم کا پیچ در پیچ چھلا ۔

Trifle with : (v) (۱) (شخص، چیز یا معاملے کو) چٹکیوں میں اڑانا؛ ہنسی میں ٹالنا؛ ہنسی اڑانا؛ اہم یا سنجیدہ نہ سمجھنا؛ کھیل سمجھنا ۔(۲) (کسی چیز سے) کھیلنا؛ شغل کرنا ۔

Trifler : (n) (۱) Trifle کا اسم فاعل ۔(۲) سبک سر یا خفیف الحرکات شخص؛ سطحی قسم کا آدمی ۔

Trifling : (n) Trifle کا عمل ۔

Trifling : (a) معمولی؛ ادنیٰ؛ خفیف؛ غیر اہم؛ احمقانہ ۔

Triflingly : (adv.) (۱) خفیف الحرکتی سے؛ سبک سری سے؛ تضحیک کےطور پر؛ شغل کے طور پر ۔(۲) ایک ذرا؛ خفیف حد تک ۔

Trifloral/Triflorous : (a) (نباتیات) سہ گلہ؛ جس میں تین پھول آئیں ۔

Trifoliate : (a) [Tri - + L. 'foliatus'.] سہ برگہ خصوصاً (نباتیات) تپتیا؛ (نیز مجازاً) ایسی پتی کی شکل کا ۔

Trifoliated : (a) (۱) (نباتیات) سه برگه؛ تپتیا؛ سه ورقی پتیوں والا (پودا) ۔ (۲) تین قوسوں والا؛ تپتیا نقش و نگار کا ۔

Trifolium : (n) [L.] (نباتیات) جنس شفتل؛ ایک پودا جس میں تین پتیاں ہوتی ہیں ۔

Trifolium repens : (n) (نباتیات) شفتل ۔

Triforium : (n)[med.(Anglo) L; etym. unk.] (تعمیرات) مسقف غلام گردش (گرجے کے وسطی حصے، سماع خانے اور دونوں پہلوؤں کے اوپر)؛ سہ در گیلری۔

Triform : (a) [L. 'triformis'.] (۱) تین شکل والا؛ سہ شکلی: تین مختلف شکلوں کا حامل: سہ صورتی؛ سہ گانہ ۔ (۲) تین مختلف جہتوں میں ظاہر ہونے والا؛ تہرا؛ جس کے تین حصے یا جسم ہوں ۔

Triformity : (n) سہ شکلی ہونے کی صفت ۔

Trifurcate : (a) سہ شعبہ؛ سہ شاخہ ۔

Trifurcate : (v) تین شاخوں یا شعبوں میں منقسم ہونا یا کرنا ۔

Trig : (n) (۱) (میکانیات) پہیا روک؛ آڑ واڑ؛ عائق؛ بریک ۔ (۲) (ریاضیات) مخفف؛ علم مثلثات ۔

Trig : (a) [ON. 'tryggr'.] (۱) سچا ؛ وفادار ؛ معتمد (اب عامیانہ) ۔ (۲) صاف ؛ ستھرا ؛ درست ؛ ٹھیک ۔ (۳) مضبوط ؛ درست ؛ محکم ؛ مستقل ۔ (٤) درست؛ ٹھیک؛ بے لوچ ۔

Trig : (v) [Origin unkn. Perh. ad. ON. 'tryggja'.] (۱) حرکت سے باز رکھنا؛ پہیے میں پتھر یا لکڑی ڈالنا؛ بریک لگانا؛ پہیے میں روک لگانا ۔ (۲) مرتب کرنا؛ منظم کرنا؛ محکم کرنا؛ سنوارنا (عموماً up کے ساتھ) ۔

Trig : (v) [f. Trig, a.] (۱) (عامیانہ) منظم کرنا؛ عمدہ لباس پہنانا؛ (اکثر out کے ساتھ مستعمل) ؛ آراستہ کرنا؛ سجانا ۔ (۲) بھر دینا؛ پر کردینا ۔

Trigamist : (n) سہ زوج؛ تین بیوی والا؛ تین شوہر والی ۔

Trigamous : (a) [Gr. 'trigamos'.] (۱) سہ زوجی، جس کی تین شادیاں ہوئی ہوں یا ایک وقت میں تین شوہر یا بیویاں ہوں ۔ (۲) (نباتیات) سہ گلہ؛ جس میں نر مادہ اور نر، مادی پھول ایک ہی پودے میں آتے ہوں ۔

Trigamy : (n) [Late L. 'trigamia'.] (۱) تین نکاح ایک وقت میں کرنے کی رسم؛ سہ زوجی؛ ایک شخص کی تین بیویاں یا شوہر ہونا ۔ (۲) (قانون) شوہر یا بیوی کی وفات کے بعد تیسری بار نکاح کرنا یا شوہر ہونا ۔

Trigeminal : (a) [L. 'trigeminus'.] (۱) (تشریح) کاسۂ سر کے پانچویں جوڑے کے لئے مستعمل؛ سہ توام؛ تہرا ۔ (۲) عصب مثلثی کے متعلق یا اس میں واقع ہونے والا یا اس سے متاثر کرنے والا ۔

Trigeminus : (n) [L. Tri - + L. 'geminus'.] (حیوانیات) عصب مثلثی؛ سہ توامی عصب ۔

Trigesimal : (a) [L. 'trigesimus'.] تیس کا ۔

Trigger : (n) [Origin 'tricker', Du. 'trekker.'] گھوڑا؛ لبلبی؛ وہ پرزہ جس کے دبانے سے کوئی کھٹکا یا کمان کھلتی ہے اور کل چلنے لگتی ہے خصوصاً بندوق وغیرہ کا گھوڑا ۔

Trigger : (n) (۱) کسی ڈھلوان سے گزرنے والی گاڑی کی حرکت کم کرنے یا روکنے کا کوئی طریقہ ۔ (۲) (جہاز سازی) روک؛ آڑواڑ ۔

Trigger action : (n) لبلبی عمل ۔

Trigger finger : (n) لبلبی انگلی؛ شہادت کی انگلی جس سے گھوڑا دبایا جاتا ہے ۔

Trigger-fish : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Trigger question : (n) لبلبی سوال ۔

Trigintal : (n) [med. L. 'triguitale'.] دیکھو Trental

Triglot : (a) سہ لسانی؛ تین زبانوں میں لکھا ہوا ۔

Trigly : (adv.) منظم طور پر ۔

Trigness : (n) منظم ہونا ۔

Triglyph : (n) [L. 'triglyphus'.] (تعمیرات) چھری دار مربع؛ ڈورک طرز کے آرائشی حاشیے میں ابھرا ہوا مربع جس میں چھریاں کٹی ہوتی ہیں ۔

Triglyphic/Triglyphical : (a) جھری دار مربع کا یا اس سے متعلق ۔

Trigon : (n) [L. 'trigonum'.] (۱) ایک شکل جس میں تین زاویے اور تین اضلاع ہوں؛ مثلث ۔ (۲) (علم النجوم) راس چکر میں تین تین راسوں کے چار مجموعوں میں سے کوئی مجموعہ؛ سہ برج ۔ (۳) ایک تکونا اوزار جو گھڑی وغیرہ کے ڈائل بنانے میں استعمال ہوتا ہے؛ تکنیا ۔ (٤) (علم النجوم) ستاروں کی وہ حالت جب ان میں (۱۲۰) درجے کا فرق ہوتا ہے ۔ (٥) (قدیم یونانی) گیند کا ایک کھیل تین آدمیوں کے کھیلنے کا ۔ (٦) (نیز trigonon) مثلث بربط؛ ایک قسم کا ستار ۔ (۷) (ریاضیات) مثلث ۔

Trigonal : (a) (۱) سہ برجہ ۔ (۲) مثلثی (علم ہندسہ)؛ مثلث شکل کا ۔ (۳) (نباتیات وحیوانیات) سہ پہلو؛ سہ کنار؛ جس کا افقی قطعہ مثلث ہو ۔

Trigonally : (adv.) سہ پہلو شکل میں ۔

Trigone : (n) [L. 'trigonum'.] (تشریح) تین ضلعوں والی شکل؛ پیشاب کی نلی کے قاعدے پر کا مثلثی رقبہ ۔

Trigoneutic : (a) (حشریات) سال میں بچوں کے تین جھول نکالنے والا ۔

Trigono - : [Gr. 'Trigonos'.] سابقہ بمعنی "تین ضلعوں والا"؛ تین گوشوں والا جیسے Trigononetry اور Trigonella وغیرہ ۔

Trigonocerous : (a) (حیوانیات) مثلث نما سینگوں والا ۔

Trigonometer : (n) (۱) علم مثلث کا ماہر ۔ (۲) (ریاضیات) مثلث پیما (آلہ) ۔

Trigonometric/-al : (a) علم مثلث کا یا اس سے متعلق ۔

Trigonometrical function : (n) کسی زاویے یا تجریدی تعداد کا وہ تفاعل جو علم مثلث میں استعمال ہوتا ہے ۔

Trigonometrical ratio : (n) مثلثاتی نسبت ۔

Trigonometrical survey : (n) کسی ملک یا خطے کی وہ پیمائش جو مثلثی تقسیم کی مدد سے کی جائے ۔

Trigonometrically : (adv.) علم مثلث کی رو سے؛ علم مثلث کے مطابق ۔

Trigonometry : (n) [mod. L. 'trigonometria'.] علم مثلث؛ ریاضی کا وہ شعبہ جو مثلث کے ضلعوں اور زاویوں کی باہمی نسبت سے بحث کرتا ہے خصوصاً ان کے زاویوں کے خاص تفاعل سے یا عام زاویوں سے (جب، مم، تقاطع وغیرہ) اس طرح مثلثوں، زاویوں اور دوسرے تفاعل کا مطالعہ بھی شامل ہے ۔

Trigonon : (n) [Gr. 'Trigonon'.] (قدیم) ایک قدیم مثلث نما بربط ۔

Trigonous : (a) [a. Gr.] (نباتیات) تہ دھارا؛ تکونیہ؛ سہ کنار؛ سہ پہلو ۔

Trigram : (n) [Tri - + 'gramma'.] (۱) تین حروف کا مجموعہ جو ایک آواز دے ۔ (۲) (ہند سہ) تین خطوں کا مجموعہ خصوصاً ایک سطح میں تین خطوط مستقیم سے بننے والی شکل جو ایک نقطے پر نہ ملیں ۔

Trigrammatic/Trigrammic : (a) تین حروف پر مشتمل ۔

Trigrammatism : (n) ثلاثیت ۔

Trigraph : (n) [Gr. Tri + 'graph'.] تین حروف کا مجموعہ جو ایک آواز کا حامل ہو جیسے ean فرانسیسی لفظ leeau ۔

Trigyn : (n) Trigynia جنس کا ایک پودا ۔

Trigynia : (n) [Tri - + Gr. Gyn] (نباتیات) پودوں کی ایک نوع جس میں تین بقچے ہوتے ہیں؛ سہ بقچہ پودا ۔

Trigynian/Trigynious : (a) سہ بقچہ پودوں سے متعلق ۔

Trigynous : (a) سہ بقچہ؛ جس میں تین بقچۂ گل ہوں؛ سہ بقچوی ۔

Trihedral/-Triedral : (a) (ہندسہ) سہ سطحی؛ جس میں تین سطحیں یا پہلو ہوں؛ مثلث نما ۔

Trihedral : (n) (ہندسہ) سہ سطحی شکل ۔

Trihedral angle/-quoin : (n) ایک ٹھوس زاویہ جو ایک نقطے پر ملنے والی تین سطحوں سے بنتا ہو ۔

Trihedron : (n) سہ سطحی مخروط؛ سہ سطحی مجسم ۔

Trijugate : (a) سہ جفتہ؛ سہ چوگا ۔

Trike : (n) Tricycl کا مخفف (بول چال) ۔۲۱۷

Trilabe : (n) سہ شاخی سنسی؛ جراحی کا ایک سہ شاخا اوزار پتھری وغیرہ نکالنے کا ۔

Trilabiate : (a) تین ہونٹوں والا؛ سہ لبہ ۔

Trilateral : (n) [L. 'trilaterus'.] مثلث ۔

Trilateral : (a) سہ پہلو؛ تین ضلعوں سے گھرا؛ سہ ضلعی؛ سہ طرفہ ۔

Trilaterally : (adv.) سہ ضلعی طور پر؛ سہ طرفہ طریقے سے۔

Trilateralness : (n) سہ ضلعی ہونا؛ سہ طرفگی ۔

Trilby : (n) (۱) (جمع) (عامیانہ) پنیر ۔(۲) ایک ناول کی ہیروئن کا نام ۔

Trilemma : (n) [after Dilemma.] تین میں سے ایک چننے کا اختیار؛ ایسی بحث جس میں تین شقوق ہوں؛ ایسی حالت جب کہ انسان تین مشکل صورتوں سے دوچار ہو جائے؛ تہری شکل ۔

Trilinear : (a) [Tri + L. 'linearis'.] جو تین خطوں سے بنا ہو؛ سہ خطی؛ سہ خطہ ۔

Trilinear co-ordinates : (n) منظم خطوط کا سلسلہ جو ایک سطح میں کسی نقطے کو اس کے فاصلوں سے متعین سمتوں میں ناپے جاتے ہیں ۔

Triliteral : (a) [Tri + L. 'littera' +-Al.] سہ حرفی؛ ثلاثی ۔

Triliteral : (n) ثلاثی؛ سامی زبان میں اکثر مادوں میں تین حروف صحیح ہوتے ہیں ۔

Triliteralism/Triliterality : (n) دیکھو Trigrammatism

Triliterally : (adv.) ثلاثی نوعیت کے لحاظ سے ۔

Triliteralness : (n) ثلاثی نوعیت ۔

Trilith/Trilithon : (n) [Tri + 'lithos'.] سنگ درہ؛ قدیم زمانے کی یادگار جس میں دو کھڑے پتھروں پر ایک بڑا پتھر رکھ کر در کی شکل بنا دیتے ہیں ۔

Trilithic : (a) سنگ درے کا ۔

Trill : (n) [Goes with 'trill'.] (۱) (موسیقی) کھنک؛ کھنکتی ہوئی آواز خصوصاً گٹکری ۔ (۲) وہ حرف جو کھنکتی ہوئی آواز سے ادا کیا جائے، مثلاً " r " ۔ (۳) (صوتیات) کسی حرف صحیح کا زبان کے تحرک سے تلفظ خصوصاً " r " کا نیز حرف صحیح جو اس طرح کھنکتی آواز سے ادا کیا جائے ۔

Trill : (v) [ME. 'trille'.] گھمانا؛ گردش میں لانا ۔

Trill : (v) [Perh. developed from prec.] (۱) (آنسو، پانی، چشمہ) ہلکے طور پر بہنا ۔(۲) اس طرح (پانی، آنسو کا چشمہ) بہانا ۔

Trill : (v) [It 'trillare'.] (۱) کھنکنا؛ کھنکتی ہوئی آواز پیدا کرنا ۔(۲) گٹکری بھرنا؛ گٹکری کے ساتھ گانا ۔ (۳) (کسی حرف صحیح خصوصاً 'r' کو) زبان کے تحرک سے ادا کرنا ۔

Trilling : (n) [Da.. Sw. 'trilling'.] (۱) (کان کنی) تہرا بلور (جس میں تین بلور ایک ساتھ جڑے ہوئے ہوں) ۔ (۲) تین جڑواں بچوں میں سے ہر بچہ ۔

Trilling laughter : (n) گٹکری دار قہقہہ ۔

Trillion : (n) [It. 'trillione'.] (۱) مہاسنکھ؛ ہزار سنکھ ۔ (۲) دس کھرب؛ (امریکا) کروڑ ۔

Trillionth : (n) کروڑوں کھرب کا ایک حصہ ۔

Trillionth : (a) کروڑ کھربواں ۔

Trillium : (n) [mod. L.] (جنس) امریکی سوسن؛ تپتیا سوسن ۔

Trillo : (n) [It.] دیکھو Trill (n)

Trilobite : (n) [Tri - + lobe + - ite.] سہ فلقہ؛ ابتدائی دور حیات کا وہ جانور جس کا جسم تین حصوں میں منقسم ہوتا تھا ۔

Trilobitic : (a) سہ فلقی ۔

Trilogic/-al : (a) سہ المیہ، سہ مقالہ وغیرہ سے متعلق ۔

Trilogy : (n) [Tri - + logos.] (۱) (قدیم یونان) سہ المیہ؛ تین المیہ ڈرامے جو ایک سلسلے میں دکھائے جاتے تھے۔ (۲) سہ نثر، سہ نظم، سہ افسانہ، سہ مقالہ وغیرہ؛ نثر یا نظم کے تین مضامین جو ایک ہی موضوع پر ہوں اور ساتھ ساتھ شائع کئے جائیں ، (نیز مجازاً) تین متعلقہ مضامین کا مجموعہ ۔

Trim : (n) [f. Trim, v.] (۱) (تیاری یا درستی کی) حالت؛ قرینہ؛ ترتیب ۔ (۲) عمدہ حالت؛ عمدہ ترتیب ۔ (۳) (بحری) (تیاری کی) حالت ؛ درستی ۔ (٤) زینت؛ آرائش ۔ (٥) توازن ۔

Am in no trim for rough work : میری (صحت یا پوشاک وغیرہ کی) حالت موٹے کام کے لائق نہیں ہے ۔

In fighting trim : سامان حرب سے آراستہ؛ لڑائی کے لئے تیار (جہاز اور مجازاً شخص وغیرہ) ۔

In trim : درست حالت میں؛ با ترتیب خصوصاً جہاز کے بادبان وغیرہ ۔

Out of trim : خراب حالت میں ؛ بے ترتیب ؛ نامرتب ۔

The trim of the masts : (بحری) مستولوں کی ترتیب یا مناسب جگہ ۔

Trim : (a) [Hist. obsc.] منظم ؛ مرتب ؛ آراستہ پیراستہ ؛ تیار؛ مجہز؛ درست؛ مناسب؛ موزوں نیز خوب؛ حسین؛ پاکیزہ؛ صاف؛ ستھرا ۔

Trim : (v) [OE. 'trymian'.] (۱) سلیقے سے ترتیب دینا؛ سنوارنا؛ سجانا؛ صاف ستھرا بنانا؛ کاٹ چھانٹ کر درست کرنا (جھاڑی وغیرہ کو) ؛ تراش کر درست کرنا (داڑھی)؛ گل کترنا (چراغ وغیرہ کا) ۔ (۲) (Trim off/- away) چھانٹ دینا؛ چھیل دینا ؛ تراش دینا (بیکاریا بدنما اجزاء کو) ۔ (۳) (لباس وغیرہ) بنانا سنوارنا؛ بننا سنورنا؛ سج سجا کر تیار کرنا یا ہونا ۔ (٤) (کپڑے پریس، فیتہ وغیرہ) ٹانکنا؛ جھالر وغیرہ لگانا ۔ (٥) (بحری) (جہاز یا کشتی کا) بوجھ برابر کرنا؛ توازن درست کرنا (مال یا مسافروں کو ادھر اُدھر ہٹا کر) ۔ (٦) مستولوں یا بادبانوں وغیرہ کی ترتیب ہوا کے لحاظ سے بدلنا؛ نیز اسی لحاظ سے جہاز کا رخ بدلنا ۔ (۷) (کسی معاملے میں خصوصاً سیاست میں) دو اصولوں یا فریقوں کے بین بین رہنا ۔ (۸) (بول چال) جھاڑنا؛ اڑے ہاتھوں لینا؛ (معاوضے یا سودے میں) فائدے میں رہنا ۔ (۹) (عامیانہ) ٹھگنا؛ مونڈنا؛ دھوکے سے روپیہ وغیرہ وصول کرنا ۔ (۱۰) (نجاری) کسی لکڑی کے ٹکڑے کو خاص شکل میں لانا؛ رندہ کرنا ۔ (۱۱) توازن درست کرنا؛ برابر کرنا (وزن) ۔ (۱۲) مصلحت کے مطابق اپنے کو ڈھالنا؛ وقت کے تقاضے کا لحاظ رکھنا ۔ (۱۳) مخالف جماعتوں میں سرخرو رہنے کے لئے اپنے رویے کو بدلنا ۔

Trimellitic : (a) [Tri - + mellitic.] (کیمیا) ایک قسم کا ایسڈ ۔

Trimeran : (a) (حشریات) سہ مفصل داران ۔

Trimeran : (n) اس قسم کا حشرہ ۔

Trimerous : (a) [f. mod. L. 'trimerus' + - ous.] (۱) تین جوڑ کا؛ سہ پارہ ؛ جب کہ پھولوں کے حصے یا پتوں کے سلسلے تین حلقوں میں ہوں؛ سہ عضوی ۔ (۲) (حشریات) تین حصوں والا؛ سہ مفصلی ۔

Trimesic : (a) (کیمیا) ایک تیزاب $C_6H_3(CO_2H)_3$ ۔

Trimester : (n) [F. 'trimestris'.] تین مہینوں کی مدت یا وقفہ ۔

Trimestrial : (a) [L. 'trimestris' + -Al.] تین مہینوں پر مشتمل یا تین مہینوں کا؛ ہر تین ماہ پر واقع ہونے والا ۔

Trimestrial : (n) سہ ماہی اشاعت ۔

Trimeter : (n) [Tri+Metre.] تین بحروں والی نظم یا مصرع اور جس میں چھ رکن ہوں ؛ بعض بحروں میں سہ رکنی نظم ۔

Trimeter : (a) چھ رکنی مصرع جس کے ہر رکن میں پہلا بول غیر تاکیدی اور دوسرا تاکیدی ہو ۔

Trimethyl : (n) [Tri -+ Methyl.] (کیمیا) ایک ایسی ترکیب جب کسی مرکب میں تین میتھل گروپ (CH_3) موجود ہوں ۔

Trimethylic : (a) ایسے مرکب سے متعلق ۔

Trimetric(al) : (a) شش رکنی؛ چھ رکنی ۔

Trimly : (adv.) ترتیب سے؛ سلیقے سے؛ ستھرے طریقے سے ۔

Trimmer : (n) (۱) Trim کا اسم فاعل ۔ (۲) وہ شخص جو کپڑوں میں لیس وغیرہ ٹانکتا ہے ۔ (۳) وہ شخص جو سیاست وغیرہ میں دو اصول یافریقوں کے بین بین رہتا ہے؛ تھالی کا بیگن؛ ابن الوقت ۔ (٤) گل گیر؛ باغبان کی قینچی وغیرہ؛ کسی چیز کے چھانٹنے یا تراشنے کا آلہ ۔ (٥) وہ افقی لکڑی جو آتشدان وغیرہ میں کڑیوں کا

بوجھ سنبھالتی ھے؛ کڑی ٹیک ؛ پیرایندہ ۔
(٦) مال جہازمیں سامان ٹھیک سےرکھنے والا ۔
(٧) (ماہی گیری) مچھلی پکڑنے کے لئے کنارے
کنارے دوڑنے والا ۔

Trimming : (n) (١) Trim کا حاصل مصدر ۔(٢) زینت؛ آرائش
خصوصاً لباس میں لیس وغیرہ کا اضافہ ۔
(٣) (خصوصاً جمع میں) لوازمات (خصوصاً
کھانے کی چیز کے) (٤) ابالی ہوئی ران کا
گوشت مع لوازمات ۔(٥) زجر و توبیخ ۔

Trimming : (n) (١) Trim کا اسم فاعل (مختلف معنوں
میں) ۔(٢) آرائش کرنے والا؛ لوازمات آرائش؛
وسیلہء آرائش ۔

Trimness : (n) خوش ترتیبی؛ آراستگی؛ ستھراپن ۔

Trimorph : (n) سہ شکلی شے؛ سہ روپ ۔

Trimorphic : (a) (١) (کیمیا) سہ شکلی؛ سہ روپا؛ سہ شکلہ ۔
(٢) سہ شکل گلی؛ سہ شکلی؛ جو تین الگ الگ
صورتوں میں موجود ہو ۔

Trimorphism : (n) (١) (پودے ، حیوانات یا بلوری شے کی) تین
مختلف شکلوں میں واقع سہ شکلی حالت؛ تین
شکلوں کا ہونا ۔ (٢) (کیمیا) سہ شکلی قلماؤ؛
سہ شکلیت ۔(٣) سہ شکلی (حیاتیات) ۔

Trimorphous : (a) دیکھو Trimorphic

Trimorphy : (n) (نباتیات) سہ شکل گلی ۔

Trimurti : (a) ترمورتی؛ مورتی تثلیث(برہما، وشنو، شیو)۔

Trimyaria : (n) (حیوانیات) سہ مقرّبہ داران ۔

Trimyarian : (a) (حیوانیات) سہ مقرّبہ دار ۔

Trinacrian : (a) [L. 'Trinacria'.] (١) صقلیہ کا؛ صقلیہ کاربنے
والا؛ صقلیہ کے متعلق ۔(٢) سہ نوکا؛ سہ شاخہ ۔

Trinakria : (n) (جغرافیہ) صقلیہ؛ سِسلی ۔

Trinal : (a) [L.'trinus'.] (١) سہ گانہ؛ تہرا؛ سہ برابر؛ تین گنا؛
جس میں تین حصے یا اجزا ہوں ۔ (٢) (قواعد)
تین کا عدد بتانے والا ۔

Trinary : (a) [Late L. 'trinarius'.] (١) (شاذ) سہ گانہ؛ تہرا؛
تین کے مجموعے پر مشتمل ؛ ثلاثی ۔
(٢) (نباتیات) سہ جزہ؛ سہ ثانی ۔

Trindle : (n) [Early ME. trindel, a parallel form to trendle.]
(١) پہیا ؛ چکی ۔(٢) (جلد سازی) دھات یا لکڑی
کی چکیاں جن سے جلد سازی میں کام لیا جاتا
ھے ۔

Trindle : (v) (١) (قدیم یا مقامی بولی) (پہیے وغیرہ کو)
گھمانا؛ لڑھکانا۔(٢) گھومنا؛ چکر کاٹنا؛ لڑھکنا ۔

Trine : (a) [F. 'trin, trine'.] (١) سہ گانہ؛ تہرا؛ جس میں تین
اجزا یا حصے ہوں ۔ (٢) (علم النجوم) دوسرے
ستارے سے ثلث دائرے یا ١٢٠ درجے کا بُعد
رکھنے والا ۔

Trine : (n) (علم النجوم) دو ستاروں میں ثلث دائرے یا ١٢٠
درجے کا بُعد Trine as person or in version : تہرا
چھیننا پانی ۔

Trine : (v) (شاذ) سہ تائی حالت میں رکھنا؛ تہرا بنانا ۔

Tringle : (n) [F.] (١) پردا لٹکانے کا ڈنڈا ۔(٢) مسہری کا
ڈنڈا ۔ (٣) (تعمیرات) (کارنس وغیرہ کی
آرائش میں) چھوٹا سا مربع ۔ (٤) (گولہ
اندازی) پچھلی روک؛ وہ سلاخ یا تختہ جو
توپ کے پیچھے اس کے دھکے کو روکنے کے لئے
لگا دیتے ہیں ۔

Trinidado : (n) [Sp.] ترینیداد کا ایک قسم کا تمباکو ۔

Trinitarian : (a) [L. 'trinitarius' + - An.] (١)ثالوث سے متعلق ۔
(٢) تثلیث کے عقیدے کا حامل؛ توحید فی
التثلیث کا معتقد ۔(٣) سہ گانہ؛ تثلیثی ۔

Trinitarian : (n) معتقد ثالوث؛ تثلیثیث کا پیرو ۔

Trinitarianism : (n) تثلیثی عقیدہ ۔

Trinitrate : (n) [Tri + Nitrate.] (کیمیا)نائٹرکسایئڈ (HNO_3)
کےتین سالموں سے بننے والا ایک مرکب جس
میں ہائیڈروجن کے تین جوہر کے بدلے کوئی
سہ گرفتہ عنصر یا اصلیہ ہوتا ھے ۔

Trinitrin : (n) دیکھو Nitroglycerine

Trinitro-: [Tri - + Nitro.] ایک سابقہ بمعنی تین نائٹرو گروپ NO_2 رکھنے والا جو براہ راست کاربن کے جوہر
سے مل جاتے ہیں ۔

Trinitro-phenol : (n) ایک قسم کا ایسڈ ۔

Trinitro-toluene : (n) [abbrev. trotyl, and T.N.T.] بہت قوی پھٹنے والا مادہ جو جنگ عظیم میں استعمال ہوتا تھا۔

Trinity : (n) [OFr. 'trinite-' L. 'trinitate'.] (۱) تثلیث؛ تین ہونا؛ سہ گانگی ۔ (۲) تین کا مجموعہ ۔ (۳) (فنون لطیفہ میں) تمثیل (symbol) جو تثلیث کو ظاہر کرتی ہو ۔ (٤) پائپ صاف کرنے کا آلہ جس میں تین تہیں ہوتی ہیں ۔

The trinity : باپ بیٹے روح القدس کا ذات باری میں متحد ہونا؛ توحید فی التثلیث ۔

Trinity House : (n) ایک انجمن جو ناخداؤں کو لیسنس دیتی ہے اور سمندر میں رہنما منارتعمیر کراتی ہے ۔

Trinity ring : (n) قدیم زمانے کی کانسے کی انگوٹھیاں جن پر تین پھول بنے ہوتے ہیں اور یہ آئرستان میں پائی جاتی ہیں ۔

Trinity Sunday : (n) ایسٹر کے چودھویں دن کا اتوار ۔

Trinity term : (n) میقات؛ زمانہء تعلیم مدارس یا عدالت کا ۔

Trinket : (n) [Origin obsc.] (۱) زیور کی قسم میں سے کوئی کم قیمت یا چھوٹی چیز۔ (۲) کوئی چھوٹی سی پر تکلف چیز ۔

Trinketry : (n) چھوٹے موٹے زیور؛ ٹوم چھیلا؛ آرائشی سازو سامان ۔

Trinkety : (a) (۱) نقلی جواہر سے متعلق ۔ (۲) غیر اہم؛ بے قیمت؛ معمولی ۔

Trinomial : (a) [Formed with Tri-after Binial.] (۱) سہ اسمی؛ تین ناموں والا ؛ تین ناموں سے عبارت ۔ (۲) (ریاضیات) سہ رقمی جملہ ۔ (۳) (تاریخ طبیعی) سہ اسمہ؛ سہ نامی؛ ایسا نام جس میں تین اجزا ہوں یعنی جنس ، نوع اور نوع فرعی ۔

Trinomial : (n) (۱) ایسا جملہ جس میں تین رقمیں ہوں جو + یا ۔ سے مربوط ہوں ۔ (۲) (تاریخ طبیعی) نوع فرعی یا قسم کا نام جو تین اصطلاحوں سے عبارت ہو (جنس ، نوع اور نوع فرعی کا نام) ۔

Trio : (n) [It.] (۱) (موسیقی) تین مختلف آوازوں میں گانے یا تین باجوں پر بجانے کا راگ؛ سہ سنگیت ؛ سہ انترہ (راگ) ۔ (۲) تین گانے یا بجانے والوں کا طائفہ یا چوکی ۔ (۳) مارچ، منوئٹ وغیرہ کا دوسرا حصہ ۔ (٤) تین آدمیوں کی ٹولی؛ ٹکڑی ۔ (٥) تاش کے کھیل (Piquet) تین تصویروں کا مجموعہ؛ تکڈم ۔

Triobol/Triobolus : (n) [Tri - + 'obolos'.] ایک یونانی سکہ جس کی قیمت تین روبل کے برابر ہوتی تھی یا آدھے "دراکما" کے برابر ۔

Trioctile : (n) [Tri - + L. 'octo'.] زمین سے دو ستاروں کا مقام جب کہ ان کا باہمی فاصلہ ۱۳٥ درجے کا ہو ۔

Triode : (n) (لاسلکی) سہ برقیری والو ؛ سہ برقیرہ ؛ سہ قطبی جس میں تین برقی قطب ہوں ۔

Triode valve : (n) سہ برقیری وَالوَ ۔

Trioecia : (n) [Gr. Tri - + 'oiko'.] (نباتیات) ایسے پودوں کی قسم جن میں نر ، مادہ اور مخنث پھول ہو ۔

Trioecious/Trioicous : (a) اس قسم سے متعلق؛ سہ جدا گانہ ۔

Triolet : (n) [- F., dim. of 'trio'.] (عروض) ثرایولیٹ؛ آٹھ مصرعوں کی نظم جس میں پہلے مصرعے کی تکرار چوتھے اور ساتویں مصرعے میں اور پانچواں اس کا ہم قافیہ ہوتا ہے، اسی طرح دوسرے کی تکرار آٹھویں میں اور چھٹا ہم قافیہ ہوتا ہے ۔

Trional : (n) [Tri +- onal of 'snephonal'.] ٹریونال؛ ایک خواب آور اور مخدر (سُن) کر دینے والی دوا ۔

Triones : (n) بنات النعش؛ سپت رشی ۔

Trionyx/Trionychida : (n) [Tri - + 'ony'.] سہ پنجہ سنگ پشت ۔

Trioxide : (n) [Tri - + oxide.] کسی عنصر یا اصلیہ اور آکسیجن کے تین جوہر والا ایک مرکب ۔

Trip : (n) [f. Trip, v.] (۱) سفر (خشکی یا سمندر کا) ؛ مختصرتفریحی سفر؛ سیر (خشکی یا سمندر کی) ۔ (۲) قدم جو تیزی اور نزاکت سے اٹھایا جائے ۔ (۳) ٹھوکر ؛ لغزش ۔ (٤) ٹھوکر کھانا؛ اڑنگا لگانا ۔ (٥) غلطی؛ قصور؛ خطا؛ غلط اقدام؛ لغزش زبان؛ لغزش کلام ۔ (٦) (کشتی یا جہاز کے) ایک پھیرے میں پکڑی ہوئی مچھلیاں ۔

Round trip : چکر؛ جانا اور واپس آنا ۔

Trip : (n) [Etym. obsc.] جھنڈ (بکریوں، بھیڑوں یا خرگوش وغیرہ کا) ۔

Trip : (v) [OFr. 'treper'.] (۱) تیزی اور نزاکت سے چلنا یا ناچنا؛ سبک رفتاری سے چلنا؛ اچھلنا کودنا؛ چھلانگ مارنا ۔ (۲) (شعر وغیرہ میں) روانی ہونا؛ رواں ہونا ۔ (۳) (کسی مقام کی) سیر کو جانا؛ سفر کرنا؛ سیاحت کرنا ۔ (٤) ٹھوکر کھانا ۔ (٥) غلطی کرنا؛ لغزش کرنا؛ خطا کرنا؛ لڑکھڑا جانا؛ لغزش کھانا؛ لغزش دینا ۔ (٦) اڑنگا لگانا؛ ٹانگ مار کر گرانا؛ کسی چیز کا سامنے آجانا (اور اس سے کسی شخص کا ٹھوکر کھانا) ۔ (۷) کسی کی غلطی پکڑنا ۔ (۸) (جہاز رانی) رسے وغیرہ سے لنگر کو جنبش دینا؛ لنگر کھینچنا ۔ (۹) (جہاز رانی) بلی وغیرہ کو) گرانا (یعنی عمودی حالت سے افقی حالت میں لانا)؛ ایک طرف سے جھکنا دوسری طرف سے اٹھنا ۔ (۱۰) (مشین کسی حصے کو) کھٹکا دبا کر کھول دینا؛ چلا دینا ۔ (۱۱) رہا کرنا ۔ (۱۲) ماہی گیری کرنا ۔ (۱۳) مانع ہونا؛ مسدود کرنا ۔ (۱٤) بولنے میں لڑ کھڑانا یا تتلانا؛ بولنے میں پس و پیش کرنا؛ ہچکچانا ۔

Trip-hammer : (n) گھن ؛ مُدّھان ۔

Trip-madam : (n) دیکھو Prick-madam

Tripartite : (a) [L. 'tripartitus.'] (۱) سہ حصہ؛ جو تین حصوں میں تقسیم ہو ۔ (۲) (نباتیات) سہ درزہ (پتی)؛ جو قریب قریب ٹہنل تک تین حصوں میں تقسیم ہو ۔ (۳) سہ طرفہ؛ جو تین فریقوں کے درمیان ہو ۔

Tripartitely : (adv.) تین حصوں میں؛ تین فریقوں میں ۔

Tripartition : (n) [L. 'tripartitus'.] تین حصوں میں تقسیم (کی ہوئی کوئی چیز) ۔

Tripe : (n) [OFr. 'tripe'.] (۱) شکمبہ؛ اوجھڑی؛ بیل وغیرہ کے معدے کا وہ حصہ جو پکا کر کھاتے ہیں ۔ (۲) (جمع، سوقیانہ) آنتیں؛پیٹ ۔ (۳) (عامیانہ) نکمی چیز؛ مہمل چیز؛ بیکار چیز ۔ (٤) (کرکٹ) گھٹیا گیند (جس کا کھیلنا سہل ہو) ۔

Plain tripe : شکم اول یا جگالی کرنے والے جانوروں کا پہلا معدہ ۔

Honeycomb tripe : شکم دوم یا جگالی کرنے والے جانوروں کا دوسرا معدہ ۔

Tripe de roche : (n) [Fr.] ایک تلخ چیز جو کائی کی قسم کے نباتات سے نکلتی ہے اور شکاری وغیرہ ضرورت کے وقت غذا کے طور پر استعمال کرتے ہیں جو کسی قدر مقوی ہوتی ہے، مگر تلخ اور اسہال آور ہے ۔

Tripe man : (n) اوجھڑی بیچنے والا ۔

Tripery : (n) اوجھڑی کی دکان ۔

Tripetaloid : (a) سہ گلبرگہ؛ سہ پرا ۔

Tripetalous : (a) [Tri - + L. petalum+ - ous.] (نباتیات) سہ پنکھڑیاں ؛ سہ برگہ؛ سہ گلبرگہ ۔

Triphane : (n) [Fr.] دیکھو Spodumene

Triphthong : (n) [Fr. Triphtongue'.] (۱) تین حروف صدا دار جن سے ایک بجا تشکیل پائے (جیسےfire اور Sour جو بطور faeerاور Saoer ادا کئے جاتےہیں) ۔ (۲) ایک بول میں تین حروف علت کی صدا ہے ۔

Triphthongal : (a) ایک بول میں تین حروف علت کی صدا سے متعلق ۔

Triplane : (n) سہ تختہ طیارہ (جس کے نیچے مضبوطی کے لئے تختے لگائے گئے ہوں) ۔

Triple : (n) [Sb. use of next.] (۱) سہ گونہ مقدار، جمع یا عدد ۔ (۲) جادو بتی جس میں تین بصری ٹیوب ایک ہی میں لگے ہوں ۔ (۳) (موسیقی) سہ ضربی آہنگ؛ سہ ضربی گام ۔

Triple : (a) [L. 'triplus'.] تہرا؛ سہ گونہ؛ ثلاثی؛ تین حصوں کا ۔

Triple : (adv.) تین مساوی طور پر، سہ گونہ طریقے سے ۔

Triple : (v) [med. L. 'triplare'.] (۱) سہ گونہ ہو جانا؛ تہرا ہو جانا؛ سہ گونہ کرنا؛ تین سے ضرب دینا۔ (۲) تگنا ہونا ۔ (۳) (میکانیات) (انجن کے بیان میں) بھاپ کو تگنا کر دینا ۔

Triple Alliance : (n) (۱) اتحادثلاثہ ۔ (۲) وہ اتحادجوانگلستان، سوئیڈن اور نشیبستان (Netherlands) میں سنہ ۱٦۸۸ء میں لوئی چہاردہم کے خلاف ہوا

تھا ۔ (۳) جو فرانس، برطانیہ اور نشیبستان میں سنہ ۱۷۱۷ء میں ہسپانیہ کے خلاف ہوا تھا ۔ (٤) جو جرمنی، آسٹریا اور اٹلی میں سنہ ۱۸۸۲ء میں روس اور فرانس کے خلاف ہوا تھا ۔ (٥) جو ریل ، کان کنی اور بار برداری کے مزدوروں میں سنہ ۱۹۲۱ء تک رہا ۔

Triple crown : (n) کلاہ پاپائی؛ پاپائے روم کا تاج ۔

Triple entente : (n) اتحادِ ثلاثہ (انگلستان، روس اور فرانس کے درمیان) ۔

Triple expansion : (n) بھاپ کی مقدار میں اضافہ ۔

Triple expansion engine : (n) سہ مدی انجن ۔

Triple-headed : (a) سہ سرا ۔

Triple line/-plane : (n) (ہندسہ) تین خطوط یا سطوح کے اتحاد سے بننے والا خط یا سطح ۔

Triple-nerved : (a) سہ عصبی ۔

Triple point : (n) (ہندسہ) خط منحنی کی تین شاخوں کا مشترک نقطہ؛ نقطۂ ثلاثی ۔

Triple-ratio : (n) ۳ : ۱ کا تناسب ۔

Triple-rhythm : (n) (موسیقی) سہ گونہ آہنگ جس میں ایک بھاری اور دو ہلکے آہنگ ہوں ۔

Triple-salt : (n) (کیمیا) نمک جس کی تین مختلف اساس ہوں ۔

Triple-screw : (n) جس میں تین پیچ ہوں ۔

Triple-star : (n) نجوم ثلاثی ۔

Triple-time : (n) (موسیقی) تہری تال ۔

Triple-tree : (n) دار؛ پھانسی کا چوکھٹا ۔

Triplet : (n) [after Doublet.] (۱) تین چیزوں کا مجموعہ ؛ تین ۔ (۲) تکڑی ہم قافیہ مصرعے؛ ہم قافیہ مثلث ۔ (۳) (موسیقی) تین سُر جو دو سُروں کی تال پر بجائے یا گائے جائیں ۔ (٤) (پول چال) تین جڑواں بچوں میں سے کوئی بچہ ۔ (٥) (بحری) رسے اور لنگر کے حلقے کے درمیان زنجیر کی تین کڑیاں ۔ (٦) (تعمیرات) تین روشنیوں کی کھڑکی ۔

Triplex : (a) [a. L.] (۱) (موسیقی) تہری تال ۔ (۲) (موسیقی) تحریر نغمہ جو تین حصوں میں منقسم ہو ۔ (۳) سہ تہ؛ تین پرتوں کا موٹرکار کا شیشہ جس کی دو تہوں کے بیچ میں سیلولائیڈ کی تہ مضبوطی کے لئے دیتے ہیں ۔

Triplicate : (a) [L. 'triplicatus, triplicare'.] تہرا؛ خصوصاً جس کے تین نسخے ہوں؛ تین مساوی نسخوں کا حامل ۔

Triplicate : (n) تین نسخوں میں سے ایک؛ تین نسخوں میں ہونا ۔

Triplicate : (v) [L. 'triplicat-.'] (۱) تین سے ضرب کرنا؛ تین گونہ اضافہ کرنا ؛ تگنا کرنا ؛ تہرا کرنا ۔ (۲) تین نسخوں میں مہیا کرنا یا تین نسخے تیار کرنا ۔

Triplice : (n) [It. 'triple'.] اتحادِ ثلاثہ جو روس اور فرانس کے خلاف جرمنی، آسٹریا اور اٹلی میں ہوا تھا ۔ (سنہ ۱۸۸۲ء اور سنہ۱۸۸۳ء کے درمیان) ۔

Triplicity : (n) [late L. 'triplicitatem'.] (۱) (ریاضیات) سہ چندی؛ تثلیث ۔ (۲) تہرا ہونا؛ سہ گانگی؛ سہ برابری ۔ (۳) تین چیزوں کا مجموعہ ۔ (٤) (علم النجوم) راس چکر میں تین تین راسوں کے چار مجموعوں میں سے کوئی مجموعہ؛ سہ بُرج ۔

Triplicostate : (n) (حیوانیات) ثلاثی ضلعی ۔

Triplinerved : (n) (نباتیات) سہ رگہ ۔

Triplite : (n) [G. 'triplit'.] (معدنیات) لوہے اور میگنیز کا فاسفیٹ ۔

Triplo-/Tripl- : جزو ترکیبی بمعنی "تین گنا" ؛ "سہ گنا" ۔

Triploblastic : (a) (حیاتیات) سہ تہی نہوضی؛ سہ نہوضی ۔

Triploblastica : (n) سہ نہوضی جانور ۔

Triplocaulessent : (a) (نباتیات) ساق درساق دار ۔

Triploid : (a) (بلور) سہ لونیوی ۔

Tripod : (n) [L. 'tripus'.] (۱) (یونان اور روم قدیم) تین پاؤں والی گاڑی؛ سہ پایہ دیگ یا برتن ۔ (۲) ڈیلفی کا دارالاستخارہ (جہاں بیٹھ کر پجارن غیب کی باتیں بتایا کرتی تھی) ؛ دارالاستخارہ کی

نشست ۔ (۳) تپائی ؛ تین پائے کی میز، اسٹول وغیرہ ۔ (٤) (کیمرے وغیرہ کی) تپائی؛ سہ پایہ کیمرا ۔ (٥) کسی چیز کا سہ پایہ سہارا خصوصاً فریم یا اسٹینڈ جو تین پائے پر ہو ۔ (٦) سہ رکنی چیز ۔

Tripod/-al : (a) تین پائے والا؛ سہ پائی؛ تپائی کی شکل کا؛ سہ رکنی؛ (تشریح) تین شعاعوں والا؛ تین عمل والا ۔

Tripodial : (a) دیکھو Tripod

Tripodian : (a) دیکھو Tripod

Tripodism : (n) سہ پائیگی ۔

Tripointed : (a) سہ نقطی؛ تین نوک والا ۔

Tripolar : (a) (حیوانیات) سہ قطبہ ۔

Tripoli : (n) [Fr. f. 'Tripoli'.] (جغرافیہ) طرابلس؛ شہر طرابلس۔

Tripoli/Tripolite : (n) (معدنیات) طرابلس پتھر؛ سنگ جلا ؛ ایک قسم کا چونے کا کنکر جو دھات صاف کرنے کے کام آتا ہے ۔

Tripoline : (a) سنگِ جَلا سے متعلق یا سنگ جلا کا ۔

Tripos : (n) [alteration of L. 'tripus'.] (۱) (کیمبرج یونیورسٹی)امتیازی سند کاامتحان؛ امتیازی بی ۔ اے ؛ (تعمیرات) ترائپوس ۔ (۲) امتحان کے کامیاب امیدواروں کی فہرست ۔ (۳) مزاحیہ نظم کا مجموعہ ۔ (٤) ریاضی میں بی ۔ اے کی ڈگری، سند (کیمبرج یونیورسٹی) ۔

Tripos list : (n) امتحان کے کامیاب امیدواروں کی فہرست (ترائپوس کی) ۔

Tripos paper : (n) ترائپوس امتحان کا کوئی پرچہ (سوالات امتحان) ۔

Tripos speech : (n) مزاحیہ یاطنزیہ تقریر (جو ترائپوس کے ذریعے ہو) ۔

Tripos verses : (n) مزاحیہ نظمیں ۔

Tripot : (n) قمار خانہ ۔

Trippant : (a) [OFr.] (نقابت) (بارہ سنگھا) تین پاؤں پربائیں جانب چلتے ہوئے اور اگلا پاؤں اٹھائے ہوئے ۔

Tripper : (n) (۱) سیاح؛ مسافر؛ ثورسٹ ۔ (۲) تیز قدم چلنے والا؛ رقص کرنے والا۔ (۳) سفر پر جانے والا؛ سیر سپاٹا کرنے والا ۔

Trippery : (a) سیاحی سے متعلق ۔

Tripping : (n) سیاحی ؛ مٹرگشتی ؛ سیر سپاٹا ؛ سیر و سیاحت۔

Tripping : (a) (۱) تیز؛ پھرتیلا؛ چست و چالاک ۔ (۲) گرتا ہوا؛ ٹھوکر کھایا ہوا؛ غلطی کرنے والا؛ گناہگار؛ قصوروار؛ خطا کار۔ (۳) (نقابت) (بارہ سنگھا) تین پاؤں پر بائیں جانب چلتے ہوئے اگلا پاؤں اٹھائےہوئے ۔

Tripping-line : (n) (جہاز رانی) ہلکا نشان جو سہارے کی بلی جھکانے کے لئے بناتے ہیں ۔

Trippingly : (adv.) (۱) تیزی سے؛ پھرتیلے پن کے ساتھ۔ (۲) گناہ کرتے ہوئے؛ خطا کاری کے ساتھ ؛ قصور کے طور پر ۔

Trippist : (n) مسافر؛ جہانگرد؛ سیاح ۔

Tripsis : (n) (۱) (طب) مالش ۔ (۲) (کیمیا) سفوف سازی ۔

Tripterous : (a) (حیوانیات) سہ پرّا؛ سہ جناحہ؛ تین پروں والا؛ تین ڈینوں والا ۔

Triptote : (n) [L. 'triptota'.] اسم (یا دوسرا حرف) جو تین حالتوں میں استعمال ہو ۔

Triptote : (a) تین حالتوں والا ۔

Triptreaty : (n) (قانون) سہ طرفہ عہد نامہ ۔

Triptych : (n) [f. TRI - after Diptych.] (۱) (فوٹوگرافی، آرٹ) سہ لوحی تصویر ؛ سہ عکسی تصویر ۔ (۲) قلمی یا عکسی تصویر؛ کندہ کاری کی تصویر جو تین جڑی ہوئی لبوتری تختیوں پر بنی ہو ۔ (۳) ایک سلسلے کی تین تصویریں جو جڑی ہوئی تختیوں پر ہوں؛ سہ تصویر ۔ (٤) تین جڑی ہوئیں تختیاں (لکھنے کی)؛ سہ تختی۔

Tripudiant : (a) ناچنے والا؛ باغ باغ ہونے والا؛ خوشی سے اترانے والا ۔

Tripudiary : (a) [L. 'tripudium'.] (۱) (شاذ) (روم قدیم) پرندوں کے طور طریقے سے الہام گوئی کرنے والا ۔ (۲) رقص سہ گامی سے متعلق ۔

Tripudiate : (v) [L. 'tripudiat'.] (۱) (خوشی میں) رقص کرنا؛ سرور میں ناچنا؛ باغ باغ ہو جانا؛ پھولے نہ سمانا ۔ (۲) خوشی میں اچھلنا؛ کودنا (کسی چیز کے لئے) حقارت میں یا کامیابی کی حالت میں ناچنے لگنا (خوشی میں فخر وغیرہ سے) ۔

Tripudiation : (n) رقص و سرود؛ فخر و مباہات؛ خوشی سے پھولے نہ سمانا ۔

Tripus : (n) (حیوانیات) عظم دینبری؛ تپائیہ ۔

Triquetra : (n) [L. fem. of 'triquetrus'.] ایک زیور جس میں قوس گندھے ہوئے ہوتے ہیں؛ مثلثی زیور ۔

Triquetral : (a) [f. L. 'triquetrus + - AL.] (۱) تکون؛ مثلث؛ سہ سطحی؛ جس میں تین سطحیں ہوں ۔ (۲) دیکھو Triquetrous ۔

Triquetrous : (a) [f. L. 'triquetrus'.] (۱) تکون؛ مثلث؛ سہ سطحی؛ جس میں تین سطحیں ہوں؛ تکونیہ ۔ (۲) سہ گوشہ؛ سہ کنار (درخت کا تنا)؛ جس کے تین کونے یا کنارے ہوں ۔ (۳) (ہند سہ) سہ جادہ زاویائی؛ (نباتیات) تِدھارا؛ تگونیہ ۔

Triquetrum : (n) (تشریح) درمی ہڈی ۔

Triquinate : (a) سہ پنجہ ۔

Triradial/Triradiate : (a) (حیوانیات) سہ کرنہ ۔

Trireme : (n) [f. L. 'triremis'.] (قدیم یونانی) جنگی جہاز جس میں چپوؤں کی تین قطاریں ہوتی تھیں؛ سہ قطاری کشتی ۔

Trireme : (a) (بحری) سہ طبقہ (جہاز) ۔

Trisagion/Trisagium : (n) [Gr.] یونانیوں اور قدیم مشرقی اقوام کی ایک مناجات ۔

Trisect : (v) (ہندسہ) تین برابر حصوں میں تقسیم کرنا؛ تثلیث کرنا ۔

Trisected : (a) (نباتیات) سہ پارہ؛ سہ حصوی؛ تین حصوں والا ۔

Trisection : (n) (ہندسہ) عمل تثلیث؛ تین برابر حصوں میں تقسیم کرنا ۔

Trisector : (n) (ہندسہ) خط تثلیث؛ مثلث ۔

Trisepalous : (a) (نباتیات) سہ پھول پتیا؛ سہ کاسہ؛ سہ سنبلہ ۔

Triseptate : (a) (نباتیات) سہ فواصل دار؛ سہ فصلہ ۔

Triserial : (a) (نباتیات) سہ قطارہ ۔

Trisetum : (a) سہ خارہ ۔

Triskele : (n) [Gr. 'tri + skelos'.] سہ پائی شکل جس میں ایک مرکز سے شعاع نکلتی ہے ۔

Trismus : (n) [mod. L.] (مرضیات) کُزازفکی؛ ایک مرض جس میں عضلات کے اکڑ جانے سے جبڑا بیٹھ جاتا ہے ؛ منہ کا بند ہو جانا؛ دندیاں پڑجانا؛ فک بستگی ۔

Trisoctahedron : (n) [Gr.] (بلور و ہندسہ) چوبیس سطحی مجسمہ؛ ۲۴ (چوبیس) وجہی کثیر الاضلاع ۔

Trisomic : (a) (بلور) سہ مورثہ؛ سہ جسمہ ۔

Trispermous : (a) (نباتیات) سہ تخمہ ۔

Trispermum : (n) (طب) سہ تخمی پُلٹس ۔

Trisplanchnic : (a) (تشریح) سہ احشائی ۔

Trisporic : (a) (نباتیات) سہ بذروی ۔

Tristachys : (n) (نباتیات) سہ سنبل ۔

Tristesse : (n) [OFr. 'tristesce'.] حزن؛ اندوہ؛ غم گیتی؛ رنجیدگی؛ رنج؛ ملال ۔

Tristetrahedron : (n) وہ بلور جو ۱۲ سطحی مثلث ہو ۔

Tristful : (a) (شاذ) غم گین؛ محزون؛ دلگیر؛ اداس؛ مغموم؛ ملول ۔

Tristfullness : (n) اداسی؛ غمگینی؛ حزن؛ ملال ۔

Tristfully : (adv.) اداسی سے؛ غمگینی سے؛ مغموم حالت میں؛ حزن و ملال کے طور پر ۔

Tristich : (n) [after Distich.] (عروض) تین مصرعوں کا بند؛ تین مصرعوں کے مجموعے کی نظم۔

Tristichous : (a) (۱) (نباتیات) سہ منزلہ؛ سہ قطاری۔ (۲) (حیوانیات) سہ قطارہ۔

Tristigmatic : (a) (نباتیات) سہ بقچوی؛ سہ مادگی۔

Tristis : (n) ماند۔

Tristylous : (a) (۱) (نباتیات) سہ گردنہ؛ سہ خامہ۔ (۲) (تعمیرات) سہ ستونی؛ سہ پایہ۔ (۳) تین طرز کا۔

Trisul/Trisula : (n) [Skr. 'trisula'.] (۱) ترشول؛ تین نوک کا نیزہ یا بھالا۔ (۲) شیو جی کا ہتھیار۔

Trisulcate : (a) (۱) (نباتیات) سہ جھریا؛ سہ میزانیہ؛ سہ دندانہ۔ (۲) (حیوانیات) سہ انگشتیا؛ سہ نوکہ۔ (۳) (حیوانیات) سہ سُمہ۔

Trisyllabic/-al : (a) [Fr. 'trissyllabique'.] سہ ہجائی؛ تین ہجا والا؛ تین بول کا۔

Trisyllabically : (adv.) تین بول کے الفاظ میں؛ تین ہجا کے طور پر۔

Trisyllabism : (n) کلمۂ سہ ہجائی؛ ترکیب سہ ہجائی؛ ثلاثی۔

Trisyllabity : (n) دیکھو Trisyllabism

Trisyllable : (n) کلمۂ سہ ہجائی؛ تین بول کا لفظ۔

Trisyllable : (a) سہ ہجائی۔

Tritagonist : (n) [Gr. 'tritagonistes'.] یونانی ناٹکوں میں تیسرا ایکٹر۔

Tritanopia : (n) (طب) بنفشی رنگ کوری۔

Trite : (a) [L. 'tritus'.] (۱) کہنہ؛ بوسیدہ؛ مبتذل۔ (۲) پیش پا افتادہ؛ معمولی؛ فرسودہ (فقرہ، خیال، مقولہ وغیرہ)؛ پامال (مضامین)۔ (۳) گھسا ہوا؛ (سڑک و راستہ) کہنہ۔

Tritely : (adv.) فرسودہ طریقے سے؛ معمولی طور پر؛ بوسیدہ حالت میں۔

Triteness : (n) بوسیدگی؛ کہنگی؛ فرسودگی؛ معمولی ہونا۔

Triternate : (a) (نباتیات) سہ رکنی مکرر؛ سہ ثلاثی۔

Tritheism : (n) (دینیات) تثلیث (عقیدہ)؛ سہ الٰہیت؛ سہ خدائی؛ تین خدا کا عقیدہ۔

Tritheist : (n) (دینیات) معتقد تثلیث؛ تثلیث کا قائل؛ سہ خدا پرست؛ تثلیث پرست؛ تین خدا کا ماننے والا۔

Tritheistic/-al : (a) تثلیثی؛ عقیدۂ تثلیث کا یا اس سے متعلق۔

Tritheite : (n) دیکھو Tritheist

Trithing/Thrithing : (n) [Late OE. 'thriding'.] دیکھو Riding (n)

Trithionic : (a) (کیمیا) سہ کبریتہ۔

Trithionic acid : (n) سہ کبریتی تیزاب۔

Tritibial : (a) (حیوانیات) سہ ساقوی؛ سہ مقوی۔

Tritical : (a) [f. Trite. (a)] دیکھو Trite

Tritically : (adv.) دیکھو Tritely

Triticalness : (n) دیکھو Triteness

Triticin : (n) [L. 'triticum'.] کاربوہائیڈریٹ جو Couch-grass کی جڑ سے حاصل ہوتا ہے۔

Triticism : (n) عبارت مبتذل و کہنہ۔

Triticum : (n) (نباتیات) جنس گندم۔

Triticum sativus : (n) گندم؛ گیہوں۔

Tritium : (n) (کیمیا) ثریشیم؛ ثلاثی ہائیڈروجن۔

Trito - : جزو ترکیبی بمعنی "تیسرا"؛ "سوم"۔

Tritoblast : (n) (حیوانیات) ثلاث نہوضی؛ سوم نہوض۔

Tritocerebrum : (n) سوم حلقۂ سر؛ سوم دماغ؛ حشرات مغز کی تیسری قسم۔

Tritoma : (n) (نباتیات) افریقی سوسن؛ نفوضیا؛ سہ شگافہ پھول۔

Triton : (n) [L. 'triton'.] (۱) (یونانی دیومالا) ٹرائٹن؛ سمندر کا ایک چھوٹا دیوتا جس کا باپ پوسائیڈن اور ماں ایمفی ٹرائٹ (Amphitrite) تھی؛ ساگر دیوتا ۔ (۲) سمندر کے چھوٹے دیوتاؤں میں سے کوئی دیوتا جس کی دم مچھلی کی سی ہوتی ہے اور ہاتھ میں گھونگے کا بگل ہوتا ہے ۔ (۳) (حیوانیات) اَبی چھپکلی ۔ (٤) گھونگے اور سمندری (کیڑے) کی ایک قسم؛ سنگھی گھونگا ۔

Triton of or among the minnows : (n) دیکھو Minnow

Tritone : (n) (موسیقی) سہ سرا بُعد؛ فاصلۂ سہ اَہنگ ۔

Tritor : (n) (حیوانیات) ماضغہ؛ ماضغہ دندان ۔

Tritorium : (n) (طبیعیات) فارق المائعات ۔

Tritorum : (n) بیضہ کا تیسرا مرحلہ ۔

Tritozooid : (n) ثلث حوین؛ تیسرے درجے کا خلیہ ۔

Tritubercular : (a) سہ شرفی (دانت)؛ سہ بصیلی؛ سہ دندانہ والا ۔

Triturable : (a) (۱) جو باریک پیسا جاسکے ۔ (۲) چبانے کے قابل ۔

Triturate : (v) (۱) پیس کر باریک کر دینا؛ پیسنا : سفوف کرنا؛ باریک یا مہین کرنا ۔ (۲) خوب اچھی طرح جمانا ۔ (۳) چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا؛ پرزے پرزے کرنا؛ چھوٹے چھوٹے حصے کر دینا ۔

Trituration : (n) (۱) (کیمیا) سفوف سازی؛ نرم سازی ؛ خرد سازی ۔ (۲) (حیوانیات) مضغِ کامل ۔ (۳) (طب) چورن ۔ (٤) باریک پیسنا یا پیسا جانا ۔ (٥) چبانا یا چبایا جانا ۔

Triturator : (n) (۱) باریک پیسنے والا؛ چبانے والا ۔ (۲) باریک پیسنے والا آلہ ۔

Trityly : (n) (حیوانیات) سہ میلیّت ۔

Triumph : (n) [OFr. 'triumphe'.] (۱) (تاریخ روم) جشن فتح؛ فتح یاب سپہ سالار کا جلوس ۔ (۲) فتح مندی؛ فتح و ظفر ؛ نصرت ؛ کامیابی؛ کارنمایاں ۔ (۳) فتح کی خوشی؛ فخر؛ اظہار فخر و مسرت؛ انبساط؛ حسرت ۔

In triumph : (۱) فتح مند؛ کامیاب ۔ (۲) نازاں ۔ (۳) پُر مسرت؛ پُر فخر ۔

Triumph : (v) [OFr. 'triumpher'.] (۱) (تاریخ روم) فاتح کا جلوس نکلنا؛ خوشی منانا؛ جشن فتح کرنا ۔ (۲) فتح پانا؛ کامیابی حاصل کرنا؛ کامیاب ہونا؛ غالب آنا؛ فتح مند ہونا؛ فوقیت پانا ۔ (۳) فخر کرنا؛ اترانا (کسی بات پر یا کسی شخص کے مقابلے میں)؛ نازاں ہونا ۔ (٤) شان و شوکت سے زندگی گزارنا؛ کروفر کے ساتھ رہنا ۔

Triumphal : (a) [L. 'triumphalis'.] جشن فتح کا؛ فاتح کے جلوس کا؛ جشن فتح سے متعلق ۔

Triumphal arch : (n) طاقِ نصرت؛ محرابِ فتح ؛ فتح دروازہ (جو کسی فتح کی یادگار میں بنوایا جائے) ۔

Triumphal chaplet : (n) فتح کا سہرا؛ فتح کا ہار ۔

Triumphal crown : (n) کامیابی کا تاج؛ لارل (ایک قسم کا پودا) کا مکٹ جو روما میں فتح یاب سردار کے سر پر رکھا جاتا تھا ۔

Triumphal garland : (n) دیکھو Triumphal chaplet

Triumphal wreath : (n) فتح یابی کا ہار؛ فتح یابی کا سہرا ۔

Triumphancy : (n) نصرت؛ فتح مندی؛ کامیابی ۔

Triumphant : (a) [L. 'triumphantum'.] (۱) فتح مند؛ فاتح؛ منصور؛ فتح یاب؛ کامیاب؛ ظفر یاب؛ جیتنے والا ۔ (۲) (اپنی فتح یا کامیابی پر) نازاں؛ خوشی سے اترانے والا؛ نہایت خوش ۔ (۳) پُر فخر؛ پر مسرت؛ فخر کا؛ فخریہ (تقریر، لہجہ وغیرہ) ۔

Church triumphant : دیکھو Church

Triumphantly : (adv.) فتح مندی سے؛ کامیابی کے ساتھ؛ نصرت کے طور پر؛ فخر سے؛ فخریہ طریقے سے ۔

Triumphator : (n) (روم قدیم) فاتح؛ منصور؛ نصرت حاصل کرنے والا ۔

Triumpher : (n) وہ شخص جس کا فتح مندی کی وجہ سے استقبال ہوتا ہے؛ وہ شخص جو فتح و کامیابی کی وجہ سے جشن مناتا ہے ۔

Triumphing : (a) جشن منانے والا؛ فتح کی خوشی منانےوالا؛ فرحاں ؛ شاداں ؛ فخر کرنے والا ۔

Triumphingly : (adv.) فخر سے؛ فخریہ طور پر؛ اتراتے ہوئے۔

Triumvir : (n) [L. back-formation from trium virorum'.] (۱) (روما تاریخ) ترام ویر؛ مجلس ارباب ثلاثہ کا رکن (جو سلطنت روما کی فرمانروائی کے فرائض انجام دیتی تھی)؛ حکومت سہ نفری؛ سہ تائی ۔ (۲) تاریخ روما میں پہلی اور دوسری مجلس ارباب ثلاثہ کے کسی رکن کے لئے آتا ہے ۔

Triumviral : (a) ترام ویری؛ حکومت سہ نفری کے متعلق ۔

Triumvirate : (n) [L. 'triumviratus'.] (۱) (تاریخ روما) منصب ترام ویر۔ (۲) (سیاسیات) حکومت ثلاثہ؛ (تاریخ) اتحاد ثلاثہ؛ اتحاد سہ گانہ ۔ (۳) مجلس ترام ویری؛ مجلسِ ارباب ثلاثہ(یامپی، جولیس سیزر اور کریسس کی سنہ ۶۰ ق ۔ م ۔ مارک انٹونی اکیوین اور لیپی ڈس کی سنہ ۱۳۰ ق ۔ م) ۔ (٤) تکڑی؛ تین آدمیوں کا گروہ یا جتھا ۔

First triumvirate : (تاریخ روما) پہلی مجلسِ ارباب ثلاثہ ۔

Second triumvirate : (تاریخ روما) دوسری مجلس ارباب ثلاثہ

Triunal : (a) واحد فی التثلیث؛ جو تین ہونے پر بھی ایک ہو ؛ سہ اقنومی؛ ثلاثہ فی الواحد ۔

Triune : (a) [TRI - = L. 'unus'.] دیکھو Triunal

Triune : (n) (۱) تین چیزوں کا اتحاد ۔ (۲) تثلیث فی التوحید ۔

Triungulin : (n) سہ چنگلہ ۔

Triunity : (n) (۱) سہ گانگی؛ اتحاد ثلاثہ ۔(۲) تثلیث فی التوحید؛ ایک میں تین ہونا ۔ (۳) (دینیات) ثالوث ۔

Trivalence/Trivalency : (n) سہ گرفتگی ۔

Trivalent : (a) [TRI + Valent.] (۱) (کیمیا) سہ گرفتہ؛ سہ ظرفیتی؛ سہ بُنیانی ۔(۲) تہرا لونیہ ۔

Trivalve : (a) سہ والو؛ سہ صمامہ؛ سہ صمامیہ؛ سہ دریچی ۔

Trivet : (n) [L. 'tripedem'.] (۱) لوہے کی تپائی (کیتلی وغیرہ کو آگ پر رکھنے کے لئے) ؛ دیگپایہ ۔(۲) بریکٹ جو آتش دان میں اس مقصد کےلئےلگا ہوتا ہے ۔

As right as a trivet : (۱) (بول چال) بالکل ٹھیک ؛ کاملاً راست ۔ (۲) تندرست؛ خوش حالی یا تندرستی کے ساتھ ۔

Trivet table : (n) تپائی؛ تین پائے کی میز؛ میز سہ پایہ ۔

Trivial : (a) [L. 'trivialis'.] (۱) قرون وسطیٰ کے مدارس کے نصاب تعلیم سے متعلق ۔ (۲) معمولی؛ ادنیٰ؛ خفیف ؛ کم مایہ ؛ جزئی ؛ فرومایہ ؛ مبتذل ۔ (۳) (نباتیات) غیر علمی؛ مخصوص؛ انفرادی (نام) ۔(٤) نکما؛ سطحی قسم کا؛ نا اہل (آدمی) ۔ (٥) معمولی؛ پھیکا؛ بے لطف ۔ (٦) مشہور؛ ملکی؛ دیسی؛ عامیانہ؛ بازاری ۔

The trivial round : روز مرہ کی بے لطف زندگی ۔

Trivial : (n) (۱) قرون وسطیٰ کے مدارس کے نصاب تعلیم میں تین مضامین ۔ (۲) ادنیٰ بات؛ معمولی چیز؛ خفیف چیز؛ ابتذال؛ بے مانگی ۔(۳) پیش پا افتادگی ۔

Trivial name : (n) (نباتیات) مشہور نام؛ عرف ۔

Trivialism : (n) (۱) مبتذل موضوع؛ بیان مبتذل ۔(۲) ادنیٰ یا خفیف چیز ۔ (۳) غیر علمی نام ۔

Triviality : (n) [L. 'trivialitatem'.] (۱) دیکھو -Trivialness (۲) ادنیٰ یا خفیف چیز ؛ ابتذال ؛ بے مانگی ۔ (۳) پیش پا افتادگی؛ بے اہمیتی ۔ (٤) سخن عامیانہ؛ عامیانہ بات چیت ۔

Trivialization : (n) بے اہمیت ہونے کا عمل ؛ ابتذال ؛ کم مانگی ۔

Trivialize : (v) (۱) خفیف ہونا؛ نکما ہونا؛ بےلطف ہو جانا؛ بے اہمیت ہونا یا کرنا ۔(۲) بے لطف کر دینا ۔

Trivially : (adv.) خفیف سمجھ کر؛ معمولی طور سے ؛ سرسری طور پر ۔

Trivialness : (n) ادنیٰ یا خفیف ہونا؛ نکماپن؛ کم مانگی ؛ بے لطفی ۔

Trivium : (n) [L.] (۱) (تاریخ) قرون وسطیٰ کے مدارس کے نصاب تعلیم میں پہلے تین فنون شریفہ ؛

معانی و بیان (صرف و نحو)، خطابت اور منطق ؛ علوم ثلاثہ (منطق ، نحو ، بیان) ۔ (۲) خار پشت جانوروں کے اگلے تین منقال ۔

- trix : لاحقہ ، جس اسم فاعل مذکر کے آخر میں 'tor' ہو اس کی مونث کے آخر میں آتا ہے، جیسے Administratrix ۔

Trizoic : (a) (حیوانیات) سہ حیوانی ۔

Troat : (v) [OFr. 'trout'.] مست ہرن کی (سی) آواز نکالنا ۔

Troat : (n) مست ہرن کی آواز ۔

Trocar : (n) [Fr. 'troquart'.] (طب) مبزل؛ ایک آلہ جس سے استسقاء کے مریض کے جسم سے رطوبت نکالتے ہیں؛ منیشتر ۔

Trochaic : (a) [L. 'trochaicus'.] (عروض) بحر ثروکی کا ؛ ثروکی کی طرح؛ (جس کے ہر رکن میں پہلا بول تاکیدی اور دوسرا غیر تاکیدی ہو) ۔

Trochaic : (n) ثروکی بحر کی نظم ۔

Trochaic spondee : (n) (عروض) وہ وزن جس میں دو طویل ارکان ہوں اور پہلے پر زور ہو ۔

Trochal : (a) [Gr. 'trochos'.] (حیوانیات) پہیّا نما؛ چرخی؛ دولابی؛ پہیے کی شکل کا؛ دولاب نما ۔

Trochal disc : (n) (حیوانیات) چرخیٔ قرص ۔

Trochanter : (n) [Fr.] (۱) (تشریح و حیوانیات) مدور فخذ : ہڈیوں کا سلسلہ جو ران کی ہڈی کے اوپر ہوتا ہے؛ طروخا ۔ (۲) کیڑے کی ٹانگ کا دوسرا جوڑ؛ (حیوانیات) بند دوم یا پائے حشرہ ۔

Great trochanter (trochanter major) : طروخاءِ کبیر ۔

Lesser trochanter (trochanter minor) : طروخاءِ صغیر ۔

Trochanteric : (a) طروخا کا یا اس سے متعلق ۔

Trochantin : (n) (حیوانیات) طروخچہ ۔

Trochate : (a) (حیوانیات) چرخ نما ۔

Troche : (n) [L. 'trochiscus'.] (دواؤں کے) قرص یا لوز؛ گولی؛ ٹکیہ ۔

Trochee : (n) [L. 'trochaeus'.] ثروکی؛ وہ بحر جس کے ہر رکن میں پہلا بول تاکیدی اور دوسرا غیر تاکیدی ہو ۔

Trochelminthes : (n) (حیوانیات) دیدانِ دوّار؛ دوّار کیڑے ۔

Trochidae : (n) لٹو صدفیّات؛ دوّار نرم تناں ۔

Trochilic : (a) [Gr. 'trochilos'.] گردشی؛ دوّار؛ پہیے سے متعلق ۔

Trochilics : (n) علم گردش؛ دوریّات؛ چکر چال بدیا ؛ چکر چال کا علم ۔

Trochilidine : (a) [mod. L. 'Trochilidoe'.] خانوادۂ طوطی و فاختہ سے متعلق ۔

Trochilus : (n) [L.] (۱) (طیوریات) چھوٹے پرندوں کی ایک قسم خصوصاً شکر خورہ ۔ (۲) قدماء کے خیال کے بموجب ایک مصری پرندہ جو مگرمچھ کے دانت کے ریشے صاف کرتا تھا؛ مگر طیر ۔

Trochilus : (n) [L.] (تعمیرات) پایہ کی کنگنی؛ مقعّر گولا ۔

Trochlea : (n) [L.] (۱) (تشریح) چرخی نما حصہ؛ چرخی نما کڑی؛ غضروف؛ چرخینہ ۔ (۲) (میکانیات) چرخی؛ غرغر ۔

Trochlear : (a) [mod. L. 'trochbaris'.] (تشریح،نباتیات) چرخی نما؛ چرخینی ۔

Trochlear muscle : (n) آنکھ کا غیر مستقیم عضلہ ۔

Trochlear nerve : (n) چرخی نما عصب (آنکھ کا) ۔

Trochleate : (a) (نباتیات، تشریح) چرخی دار؛ چرخی ۔

Trochleate nerve : (n) (حیوانیات) عصب چرخی ۔

Trocho-/Troch- : سابقہ بمعنی چرخ؛ گردش ۔

Trochoblast : (n) (حیوانیات) چرخ نہوض ۔

Trochoid : (n) [Gr. 'trochoides'.] : Cycloid (۱) (ہندسہ) دیکھو (ریاضیات) استداری خط ؛ مستدیر ۔ (۲) (تشریح) مفصل مداری؛ اپنے محور پر گردش کرنے والا جوڑ ۔ (۳) (حیوانیات) ایک طرح کی صدف ماہی جس کا صدف لٹو کی شکل کا ہوتا ہے ۔

Trochoid : (a) (۱) (ہندسہ) دوار؛ چرخندہ ۔ (۲) (تشریح) مداری ؛ اپنے محور پر گردش کرنے والا ۔ (۳) لٹو کی شکل کی (محراب) ؛ لٹونما؛ پھرکی نما ۔ (٤) (حیوانیات) چرخی دار؛ چولدار ۔

Trochoid joint : (n) (تشریح، حیوانیات) مفصل چرخی ؛ چولدار جوڑ ۔

Trochoidal : (a) (۱) مداری؛ (ریاضیات) مستدیر؛ (ریاضیات) مستدیری؛ محوری خاصیت والا ۔ (۲) مفصل مداری کے متعلق ۔

Trochometer : (n) (میکانیات) مسافت پیما ۔

Trochophora : (n) (حیوانیات) دوّاران ۔

Trochophore /Trochosphere : (n) (حیوانیات) ہدبی حلقہ ۔

Trochus/Trochuses : (n) [L.] (۱) (یونان اور روما قدیم) پہیّا ۔ (۲) جھلا ۔ (۳) ہدبی حلقہ ؛ ٹروکس چرخیہ ۔ (٤) جنس لٹو صدفیہ؛ دوار نرم تن ۔

Trod : (n) [OE.] (بول چال) راستہ؛ فٹ پاتھ ؛ ٹہلنے کا راستہ؛ پگڈنڈی ۔

Trodden کا مخفف ۔ : Trod : (a)

Tread کا فعل ماضی ۔ : Trod : (a)

Trodden : (a) [Late ME. 'troden'.] جس پر چلا جائے؛ قدم رکھا ہوا؛ قدمچہ دار؛ پامال کیا ہوا ۔

Troglodytal : (a) غار نشیں سے متعلق؛ غار نشینی کا ۔

Troglodyte : (n) [L. 'troglodyta'.] (۱) (تاریخ) غارنشیں؛ گپھا میں رہنے والا (خصوصاً قبل تاریخی عہد میں مغربی یورپ کا) ۔ (۲) (مجازاً) تارک الدنیا زاہد؛ راہب؛ گوشہ نشیں ۔ (۳) ایک قسم کا پرندہ سُکسُکہ؛ پھوکی (دیکھو wren) ۔ (٤) ایک قسم کا بندر جو انسان سے مشابہ ہوتا ہے ۔

Troglodyte : (a) دیکھو Troglodytal

Troglodytic/-al : (a) [L. 'troglodylicus'.] (۱) غارنشینی کا یا اس سے متعلق؛ غارزی؛ غارنشیں؛ گپھا میں رہنے والا ۔ (۲) راہبانہ ؛ گوشہ نشینی کا ۔ (۳) راہب مانند؛ حالات سے واقف رہنے والا ۔

Troglodytism : (n) (۱) غارنشینی؛ سکونت غار ۔ (۲) (دینیات) رہبانیت ۔

Trogon : (n) [mod. L.] (حیوانیات) ٹروگن؛ قارض (پرند) ؛ امریکا کا ایک پرند جس کی منقار چھوٹی اور داندنے دار ہوتی ہے ۔

Troic : (a) [Gr. 'troikos'.] ٹروائی؛ شہر ٹرائے کا یا اس سے متعلق ۔

Troika : (n) [RUSS.] ایک روسی گاڑی جس میں تین گھوڑے پہلو بہ پہلو جوتے جاتے ہیں ۔

Troika : (n) (۱) تین آدمیوں کی جماعت ۔ (۲) تین آدمیوں کی انتظامیہ کاؤنسل ۔

Troilite : (n) [f. the name of Dominico Troili.] (معدنیات) لوہے کا سلفائڈ جو حجر شہابی میں پایا جاتا ہے ۔

Trojan : (a) [L. 'troianus'.] (۱) شہر ٹرائے کا؛ اہل ٹرائے سے وابستہ ۔ (۲) اہل رزم؛ بڑی طاقت ۔

Trojan : (n) (۱) شہر ٹرائے کا باشندہ؛ اہل ٹرائے ۔ (۲) جفاکش؛ بہادر آدمی؛ طاقتور شخص ۔ (۳) موافق دوست؛ فیاض ساتھی؛ ہنس مکھ احباب؛ نیز اچھا دوست ۔

Like a trojan : نہایت محنت اور جفاکشی سے ۔

Trojan war : (n) جنگ ٹرائے جو یونانیوں اور ٹرائے والوں میں ہوئی تھی ۔

Troll : (n) [f.Troll (v)] (۱) گیت جس کے ٹکڑے کئی آدمی باری باری سے گائیں؛ باری کا گیت ۔ (۲) گردش؛ چکر؛ دور ۔ (۳) (مچھلی مارنے کی) بنسی کی ریل (جس میں ڈور خود بخود لپٹتی اور کھلتی ہے)؛ قلاب ماہی گیری ۔ (٤) ٹھیلا ۔

Troll : (n) [ON. and Swed. 'troll'.] (۱) (اساطیر) جن ۔ (۲) بھتنا (ناروے اور سوئیڈن کی دیومالا) ایک قسم کا بالشتیا جو انسانوں کا دوست مگر شریر ہوتا ہے ۔

Troll : (v) [OFr. 'troller'.] (۱) ادھر اُدھر گھومنا؛ دائرہ وار حرکت کرنا ؛ دائرے کی شکل میں ناچنا ۔ (۲) (پہیے ٹھیلے وغیرہ کا) لڑھکنا؛ لڑھکانا؛ گیند کو لڑھکانا ۔ (۳) گھمانا؛ چکر دینا؛ پھرانا ۔ (٤) ہلنا ؛ ہلانا؛ کسی چیز کو حرکت دینا ۔ (٥) (گیت کے ٹکڑوں کو کئی آدمیوں کا) باری باری سے گانا ۔ (٦) بے پروائی سے گانا ۔ (۷) خوشی سے گانا؛ مسرت میں الاپنا؛ خوشی میں گنگنانا؛ نغمہ سرائی کرنا؛ الاپنا؛ خوشی

کے گیت گانا ۔ (۸) (گھنٹی کا) زور سے بجنا؛ پر زور آواز میں بجنا ۔ (۹) پر زور آواز میں گانا؛ زور سے تقریر کرنا ۔ (۱۰) (دریا میں) مچھلی کا شکار کھیلنا؛ مچھلی مارنا؛ قلاب کے ذریعے ماہی گیری کرنا ۔ (۱۱) (بوتل یا شیشے کو) گردش میں لانا؛ دور چلنا ۔

Troller : (n) (۱) خوشی میں ناچنے والا ۔ (۲) ماہی گیر ۔

Trolley/Trolly/Trawley : (n) [perh. from Troll. v.] (۱) (ریلوے) ٹرالی؛ ٹھیلا (جس میں قلی اسٹیشن پر اسباب لاتے لے جاتے ہیں) ۔ (۲) ٹھیلا گاڑی (جو ریل کی پٹری پر دستی بیرم کے دبانے سے چلتی ہے) ۔ (۳) لکڑی کا ٹھیلا (جس میں سبزی فروش وغیرہ اپنا مال رکھ کر بیچتے پھرتے ہیں) ۔ (٤) ٹرالی؛ وہ پھرکی جسے بجلی کے تار میں لگا کر ٹرام ریل وغیرہ چلاتے ہیں ۔ (٥) ایک قسم کی موٹے کام کی لیس یا بیل ۔ (٦) (امریکا) Trolley - car کا مخفف ۔

Trolley-car : (n) (امریکا) ٹرام گاڑی؛ برقی رو سے چلنے والی ٹرالی ۔

Trolley-pole : (n) ٹرالی ڈنڈا؛ جس کا ایک سرا گاڑی میں لگا ہوتا ہے اوردوسرے سرے پر ٹرالی ہوتی ہے ۔

Trolley-wheel : (n) وہ ٹرالی پہیّا جو ریلوے لائن پر چلتی ہے ۔

Trolley-wire : (n) وہ برقی تار جو سر کے اوپرہوتا ہے اور جس کی مدد سے ٹرام گاڑی چلتی ہے ۔

Trolling : (n) (۱) چرخش؛ پیچ ۔ (۲) ماہی گیری ۔

Trollman : (n) جادوگر ۔

Trollop : (n) [perh. conn. W. Troll. (v)] (۱) پھوہڑ عورت ۔ (۲) کسبی؛ آوارہ عورت؛ زن ہرزہ ۔

Trollop : (v) بے سلیقے سے کام کرنا؛ پھوہڑپن سے کوئی کام کرنا ۔

Trollopish : (a) پھوہڑ؛ آوارہ ۔

Trollopy : (a) دیکھو Trollopish

Trolly : (n) ایک قسم کی موٹے کام کی لیس یا بیل ۔

Tromba : (n) [It.] (موسیقی) ترم؛ بگل؛ تری ۔

Trombash : (n) سوئیڈن کا ایک ہتھیار جو پھینکنے والے کے پاس واپس آجاتا ہے ۔

Trombone : (n) [It. 'trombone'.] (۱) (موسیقی) ایک قسم کا بڑا ترم یا بگل؛ ترم بلند ۔ (۲) یہ ترم بجانے والا ۔

Tromboni : (n) دیکھو Blunderbuss

Trombonist : (n) ترم بجانے والا ۔

Trommel : (n) [G. fr. MHG 'trummel'.] (کان کنی) ڈھول کی شکل کی گھومنے والی چھلنی جس میں کچی دھات چھانتے ہیں؛ چکر چھلنی؛ معدنی شے چھاننا؛ ٹرومل ۔

Tromometer : (n) [Gr. 'tromos'. + - METER.] (جغرافیہ) لرز پیما؛ زلزال پیما؛ ایک آلہ جس سے زلزلے کے خفیف جھٹکے ناپے جاتے ہیں ۔

Tromometric/-al : (a) زلزال پیما کا یا اس سے متعلق ۔

Tromometry : (n) زلزال پیما کا سائنٹفک استعمال ۔

Tromophonia : (n) (طب) لرزاں آوازی؛ لرزاں صوتی ۔

Trompe : (n) [Fr.] (کیمیا) پن دھونکنی؛ بھٹی میں آگ دھونکنے کا ایک آلہ جو پانی کے گرنے کی قوت سے کام کرتا ہے ۔

Trompe oeil : (n) [Fr.] نقاشی کا ایک طرز ۔

Tron : (n) [L. 'trutina'.] (۱) (تاریخ، خصوصاً اسکاتستانی) شہر میں عوام کے وزن کرنے کا ایک آلہ ۔ (۲) بازاری جگہ؛ بازار کی جگہ ۔

Trona : (n) [Swed. app. f. Arab. 'tron'.] (معدنیات) شمالی افریقہ اور امریکا میں پایا جانے والا پُر آب سوڈیم کاربونیٹ ۔

Tronage : (n) [AFr. 'tronage'.] (۱) عوامی مشین پر وزن کرنا ۔ (۲) ٹرون پر وزن کرنے کا محصول ۔ (۳) محصول لینے کا حق ۔

Tronk : (n) [Pg. 'tronco'.] (۱) زندان؛ حبس؛ قید ۔ (۲) قید خانہ؛ جیل خانہ ۔

Troolie : (n) [Tupi 'tururi'.] ایک قسم کے (Bussu) نخل کی پتی ۔

Troolie hut : (n) ایک قسم کے نخل کی پتیوں سے بنا ہوا جھونپڑا ۔

Troop : (n) [OFr. 'trope'.] (۱) سپاہیوں کی جماعت ۔ (۲) پارٹی؛ جھنڈ؛ کمپنی؛ گروہ؛ ٹولی؛ مجمع؛ دستہ ۔ (۳) (جانوروں کا) غول؛ گلہ؛ ریوڑ؛ جھنڈ؛ (پرندوں کا) جھنڈ ۔ (٤) (جمع) فوج؛ لشکر؛ سپاہ ۔ (٥) ترپ؛ سواروں کا دستہ (جس میں عموماً ٦٠ سوار دولفٹننٹ اور ایک کپتان ہوتا ہے) ۔ (٦) ترپ کی کمان؛ فوج کی کمان ۔ (۷) کوچ کا نقارہ؛ ڈھول کی ایک آواز جس سے کوچ کا حکم دیا جاتا ہے؛ فوج کے جمع ہونے کا حکم ۔ (۸) (تھیٹر کے ایکٹروں یا کسی اور قسم کے) تماشے والوں کی منڈلی؛ کمپنی ۔ (۹) ہوائی اسکاؤٹ کی کمپنی ۔

To get one's troop : کپتان کے عہدے پر ترقی پانا ۔

Household troops : شاہی محافظ فوج؛ فوج کا وہ دستہ جو بادشاہ کی حفاظت کرے یا خاصہ بردار ۔

Troop : (v) [f. prec.] (۱) (up کے ساتھ) جمع ہونا ؛ اکٹھا ہونا؛ کمپنی میں اکٹھا ہونا؛ مجمع ہونا؛ جھنڈ میں ہونا؛ ایک ساتھ ہونا ۔ (۲) بہت بڑی تعداد میں آنا؛ (in, out, along کے ساتھ) جانا؛ چلنا (فوج کی فوج ، جھنڈ کے جھنڈ آنا) ۔ (۳) (off, away کے ساتھ) چل دینا؛ روانہ ہونا؛ (تیزی سے) چلے جانا ۔ (٤) صف میں کوچ کرنا؛ صف میں روانہ ہونا؛ قطار میں چلنا(بول چال) ۔ (٥) کثیر تعداد میں جانا؛ جھنڈ میں جانا ۔ (٦) (فوج کو) ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا ۔ (۷) فوجی رسم ادا کرنا، جس میں پرچم دیا جاتا ہے ۔

To troop the colour /- colours : جھنڈے کی پریڈ کرنا؛ جھنڈے کی فوج کی صفوں میں سے گزرنے کی رسم ادا کرنا جو قلعے کا پہرا بدلتے وقت ادا کی جاتی ہے ۔

Troop-bird : (n) (امریکا) ایک قسم کا پرندہ ۔

Troop-boot : (n) (امریکا) رسالے کا جوتا ۔

Troop-duck : (n) دیکھو Greater scaup

Troop-fowl : (n) (امریکا) دیکھو Scaup - duck

Troop-horse : (n) رسالے کا گھوڑا ۔

Troop-leader : (n) رہبر گروہ؛ سردار دستہ؛ ترپ کا سردار ۔

Troop-ship : (n) باربرداری کا جہاز؛ سپاہیوں اور اسباب کو لانے لے جانے والا جہاز ۔

Trooper : (n) (۱) رسالے کا سپاہی؛ اسوار؛ اسپ سوار ۔ (۲) رسالے کا گھوڑا ۔ (۳) (فوج کا) بار برداری کا جہاز ۔ (٤) (آسٹریلیا) سوار سپاہی ۔

To lie like a troper/To swear- : بیحد قسم کھانا؛ کثرت سے سوگند کھانا ۔

Troopial/Troupial : (n) [Fr. 'troupiale'.] Icteridae جنس کا امریکی پرندہ ۔

Trooping the colour(s) : (n) جھنڈے کی پریڈ؛ جھنڈے کی فوج کی صفوں میں سے گزرنے کی رسم جو قلعے کا پہرا بدلتے وقت ادا کی جاتی ہے ۔

Troostite : (n) [f. name of Prof. G. Troost of Nashville.] (۱) (معدنیات) willemite کی ایک قسم ۔ (۲) (دھات) اسپات، فولاد کا تغیر پذیر عنصر ۔

Tropaeolin : (n) [f. next+ IN.] نارنجی رنگوں میں سےکوئی ۔

Tropaeolum : (n) [mod. L.] ایک قسم کی بیل جس میں زرد اور مشکیزہ دار پھول آتےہیں؛ (نباتیات) جنسِ کاہو؛ امریکی بیل ۔

Tropal : (a) استعاری؛ صفت معنوی سے متعلق ۔

Trope : (n) [L. 'tropus'.] (۱) صفت معنوی؛ مجاز؛ استعارہ؛ مجازی زبان ۔ (۲) (مغربی کلیسا) استعارے یا اشعار جو پادری وعظ میں استعمال کرے ۔ (۳) (ہندسہ) سطح کے اوپر مرکزی نقطے کا مقلوب ۔

Trophallaxis : (n) (حیوانیات) تغذیاتی تعاون ۔

Trophamnion : (n) (حیوانیات) غذائی حشیمہ؛ تغذا سنیاں ۔

Trophesy : (n) (طب) سوء تغذیہ ۔

Trophi : (n) [mod. L., Pl. of 'trophus'.] (۱) (تشریح) دہان حشرہ ۔ (۲) دندان دوار ۔ (۳) (حیوانیات، تشریح) اعضاءِ غذا ۔

Trophic/-al : (a) [Gr. 'trophicos'.] غذائی؛ جو تغذیہ سے متعلق ہو ؛ تغذیائی ۔

Trophic nerves : (n) غذائی اعصاب ۔

Trophically : (adv.) غذا کے طور پر؛ تغذیاتی حالت میں ۔

Trophied : (a) Trophy سے سجایا ہوا ۔

Tropho - : جز و ترکیبی بمعنی "غذا"، "تغذیہ" ۔

Trophobiosis : (n) (حیوانیات) غذائی تعاون ۔

Trophoblast : (n) غذا نہوضہ؛ تغذِ نہوض ۔

Trophocyte : (n) (حیوانیات) غذا خلیہ؛ تغذِ خلیہ (خصوصاً کیڑے میں) ۔

Trophoderm : (n) دیکھو Trophoblast

Trophodisc : (n) (حیوانیات) تغذ قرص ۔

Trophology : (n) (طب) غذائیات؛ تغذیات ۔

Trophoneurosis : (n) (طب) غذائی خلل اعصاب؛ اعصابی سوء تغذیہ؛ تغذیے کی خرابی جو اعصابی شکایت کی وجہ سے ہو ۔

Trophosperm : (n) (حیوانیات) آنول ۔

Trophosphere : (n) (حیوانیات) غذا حلقہ ۔

Trophospongium : (n) (حیوانیات) تغذِ اسفنجیت ۔

Trophotaxis : (n) (حیاتیات) تغذ ترتیب؛ غذائی تاثر ۔

Trophotherapy : (n) (طب) غذائی علاج ۔

Trophotropism : (n) (نباتیات) تغذ رخی؛ غذا رخی ۔

Trophozoite : (n) (۱) (حیوانیات) تغذ طفیلی ۔
(۲) (حیوانیات) تغذیاتی روپ ۔

Trophozooid : (n) (حیوانیات) تغذیائی حوین؛ معدی حوین ۔

Trophy : (n) [Fr. 'trophee',] (۱) (یونان اور روما قدیم) شکست خوردہ دشمن، اسلحہ وغیرہ جو میدان جنگ میں یا کسی اور جگہ نمائش کے لئے رکھے جائیں؛ نمائشات فتح ۔ (۲) (روما) یادگار فتح؛ مجسمہ وغیرہ یا اور کوئی مستقل چیز؛ نشان ظفر ۔ (۳) فتح کی نشانی؛ دشمن سے چھینا ہوا جھنڈا وغیرہ؛ (مجازاً) کامیابی کی یادگار یا نشانی ۔ (٤) نشانی؛ یادگار (کسی چیز کی) ۔ (٥) وہ سامان جو کسی چیز کی نشانی یا نمونے کے طورپر دیوار وغیرہ پر سجائے جائیں ۔ (٦) انعام؛ یادگاری؛ انعام جو یادگار کے طور پر دیا جائے؛ دستۂ گل یا کوئی چیزجو فتح مندی کے انعام میں دیا جائے؛ ثروفی ۔ (۷) کوئی چیز جو جنگ میں لی جائے یا شکار میں حاصل کی جائے؛ مال غنیمت ۔ (۸) شجاعت کے طور پر دی گئی کوئی چیز ۔

Trophy : (v) (۱) انعام عطا کرنا؛ فتح مندی میں کسی چیز سے سرفراز کرنا ۔ (۲) ثروفی سے سجانا ۔

Trophy-money/-tax : (n) (تاریخ) وہ ٹیکس جو اگلے زمانے میں فوجیوں کے مصارف کے لئے لگایا جاتا تھا ۔

Tropic : (n) [L. 'tropicus',] (۱) خط سرطان؛ ۲۳ درجے ۲۸ دقیقے کا عرض البلد شمالی ۔ (۲) خط جدی ؛ ۲۳ درجے ۲۸ دقیقے کا عرض البلد جنوبی ۔ (۳) (جمع) خط انقلاب ۔ (٤) (علم النجوم) مدار شمس؛ نقطۂ انقلاب؛ ان دونوں دائروں میں سے کوئی دائرہ جہاں سے آفتاب میل کے انتہائی نقطے پر پہنچنے کے بعد پھرتا ہوا نظر آتا ہے ۔ (٥) (مجازاً) حدود؛ حد ۔

The tropics : منطقۂ حارہ ؛ خط جدی اور خط سرطان کے بیچ کا خطہ ۔

Tropic : (a) [L. 'tropicus',] منطقۂ حارہ کا؛ کرم ملکوں کا؛ کرم سیر خطے کا؛ (جغرافیہ) حارّی ؛ (حیوانیات، نباتیات) رُخی ۔

Tropic : (a) [Arbitrarily f. Atropic.] (کیمیا) اتروپین کے ایسڈ سے متعلق؛ عرق مکو سے تیار ہونے والے ایسڈ کا یا اُس سے متعلق ۔

Tropic bird : (n) ایک قسم کی چھوٹی مرغابی جس کی چونچ بہت لمبی ہوتی ہے؛ بحری ابابیل؛ دراز دُم ۔

Tropic grape : (n) ایک قسم کی بحری گھاس ۔

Tropic of cancer : (n) (۱) (جغرافیہ) خط سرطان ۔ (۲) دائرۂ راس السّرطان ۔ (۳) (علم النجوم) کیکڑا منڈل ۔

Tropic of capricorn : (n) (۱) (جغرافیہ) خط جدی ۔ (۲) (علم النجوم) دائرہ راس ابجدی؛ مکر منڈل ۔

Tropical : (a) (۱) (علم النجوم) مداراینی؛ مدار شمس سے متعلق ۔ (۲) (جغرافیہ) حارّی؛ منطقہ حارہ کا؛

گرم ملکوں کا؛ گرم سیر (خطے کا) ۔(۳) منطقہ حارہ کا سا؛ گرم ملکوں کا سا ۔ (٤) (مجازاً) پُرجوش؛ شدت کا؛ بہت گرم؛ کثیر؛ فراواں؛ تند خو؛ آتش مزاج ۔ (٥) کسی صنعت معنوی کا؛ مجازی؛ استعاری؛ مستعار۔(٦) ایک بیماری سے متعلق جو گرم ملکوں میں رہنے کی وجہ سے ہوتی ہے ۔

Tropical abscess : (n) جگر کا پھوڑا جو گرم آب و ہَوا میں رہنے کی وجہ سےہوجاتا ہے ۔

Tropical cyclone : (n) حارّی جھکّڑ؛ حاری بگولا ۔

Tropical duckweed : (n) آبی کاہو؛ آبی سلاد ۔

Tropical lilac : (n) امریکی بنفشہ ۔

Tropical month : (n) (علم النجوم) ماہِ اعتدال ۔

Tropical rain forest : (n) (نباتیات) استوائی جنگل ۔

Tropical storm : (n) حارّی طوفان ۔

Tropical year : (n) (علم النجوم) سال اعتدالی ۔

Tropicality : (n) منطقہء استوائی؛ حالت استوائی ۔

Tropicalize : (v) استوائی کرنا ۔

Tropically : (adv.) (۱) استعاری طور پر۔(۲) شدت کے ساتھ؛ پُر جوش طور پر ۔ (۳) فراوانی کے ساتھ؛ افراط کے طور پر ۔

Tropicopolitan : (a) [after cosmopolitan.] گرم سیری؛ گرم ملکوں کا؛ گرم آب و ہَوا کا ۔

Tropicopolitan : (n) (حیوانیات) حارّی حیوان؛ (نباتیات) حارّی نباتات؛ گرم ملکوں کا پودا یا جانور ۔

Tropics : (n) (جغرافیہ) خطوط سرطان وَجَدی ؛ (علم النجوم) مدارین۔

The tropics : (جغرافیہ) منطقہء حارہ ۔

Tropidine : (n) [Arbitrarily f. Tropine.] (کیمیا) بے رنگ روغنی الکحل جو ٹروپین سے حاصل ہوتا ہے ۔($C_3 H_{13} N$)

Tropilidine : (n) ہائیڈرو کاربن مائع ($C_7 H_8$) جو خشک ٹروپین کو پانی ملے چونے میں ملانے سے حاصل ہوتا ہے ۔

Tropine : (n) [Arbitrarity f. Atropine.] (کیمیا) القلی نما مادہ $(C_8 H_{15} NO)$

Tropism : (n) [The second element of Heliotropism.] (۱) (حیاتیات) رخ گردی؛ رخیت؛ عوامل کے اثر میں زندہ رہنے والی موجود حرکت غیرارادی ۔ (۲) (عضویات) اضطرار تام ۔(۳) (لاحقہ) رُخی ۔

Tropist : (n) (دینیات) معتقد مجازیت؛ مفسر مجازی ؛ مجازی یا استعاری تفسیر کرنے والا ۔

Tropo - : [Gr. 'tropos'.] جزوِ ترکیبی بمعنی "گھومنے والا" ۔

Tropologic/-al : (a) [Late L. 'tropologicus'.] مجازی یا استعاری تفسیر کا؛ مجاز گوئی کا یا اُس سے متعلق ۔

Tropologically : (adv.) مجازی یا استعاری تفسیر کی روسے۔

Tropologist : (n) (دینیات) مفسّر مجازی ۔

Tropology : (n) [Late L. 'tropologia'.] (۱) تقریر و تحریر میں استعارے کا استعمال؛ صنائع معنوی (مجازاً استعارہ وغیرہ) ۔ (۲) اخلاقی وعظ؛ اخلاقی خطبہ ۔(۳) مجازی تفسیر (خصوصاً بائبل کی)؛ استعاری تفسیر ؛ ترجمہ یا تفسیر مجازی ۔ (٤) (دینیات) تفسیر مجازی؛ مجازی تعبیر کتاب مقدس ۔ (٥) (لسانیات) مجازی زبان؛ سخن رانی یا نگارش مجازی۔

Tropometer : (n) جسم کے بل یا مروڑ کو ناپنے والا ایک آلہ (لمبی ہڈی وغیرہ یا آنکھ کے دیدہ کو)؛ گرایش سنج ۔

Tropopause : (n) (موسمیات) کرہء وسطی؛ کرہء ساکتہ ۔

Troposphere : (n) (موسمیات) ہَوا کا کرہء اول جو سطح زمین کے گرد سات میل سے بارہ میل تک ہے اور جس میں اوپر چڑھنے سے حرارت کم ہوتی جاتی ہے؛ کرہء متغیرہ ۔

Tropotaxis : (n) (حیاتیات) رُخ ترتیب ۔

Troppo : (adv.) بھی؛ ایضاً؛ وغیرہ؛ بشرحِ صدر (مگر نہ اتنا کہ حد سے زیادہ) ۔

Trot : (n) [Fr. f. 'trotter'.] (۱) (گھوڑے کی) دلکی چال؛ دوڑنے کی ورزش؛ دوڑانے اور آہستہ چلنے کے درمیان کی چال ۔ (۲) دوڑ دھوپ ۔ (۳) محنت اور مستعدی کا کام ۔ (٤) چھوٹا بچہ جو ڈگمگا کر چلتا ہو ؛ نیز چھوٹا جانور (بول چال) ۔ (٥) دلکی چال کی آواز ۔ (٦) (امریکا) (عامیانہ) دیکھو Crib ۔ (۷) (مچھلی کے شکار میں) بڑی شست جس میں بہت سی چھوٹی چھوٹی شستیں لگی ہوتی ہیں ۔

Trot : (n) [Origin doubtful.] (۱) بوڑھی عورت (عام طور پر بدنام) ۔ (۲) بڑھیا؛ لڑاکو عورت؛ ڈائن؛ ساحرہ؛ جادوگرنی ۔

Trot : (v) [OFr. 'troter.'] (۱) (گھوڑے کا) دلکی چلنا؛ (آدمی کا) دلکی چلنا ۔ (۲) دلکی چلانا ۔ (۳) آہستہ آہستہ دوڑنا؛ تیزی سے جانا ۔ (٤) (فاصلہ، مسافت وغیرہ) دوڑ کر طے کرنا ۔ (٥) دوڑا مارنا؛ دوڑا کر تھکانا؛ مار ڈالنا ۔ (٦) دوڑ دھوپ کرنا؛ سرگرمی دکھانا (بول چال) ۔ (۷) دلکی گھوڑے پر سوار ہونا؛ دلکی ہونے کا سبب ہونا ۔ (۸) (شخص کی) کسی مقام تک رہنمائی کرنا ۔ (۹) کندھے پر لڑکے کو لے کر روانہ ہونا؛ کندھے پر سوار کرنا ۔

To trot out : (۱) گھوڑے کو دلکی چلا کر دکھانا ۔ (۲) کسی شخص، بات یا خبر وغیرہ کو اتنے اہتمام سے پیش کرنا کہ لوگ تعریف کریں ۔

Trot : (v) (بڑھیا کا) جادو کرنا؛ ساحری کرنا ۔

Troth : (n) [Early ME. 'trowthe'.] (۱) (شاذ) ایمانداری؛ وفاداری؛ نمک حلالی؛ راستی؛ حقیقت؛ سچائی؛ سچ (قدیم) ۔ (۲) نرم دلی : کسی کے نرم الفاظ ۔ (۳) وعدہ : قول؛ معاہدہ ۔

By my troth/In troth : سچ کہتا ہوں؛ قسمیہ کہتا ہوں ۔

To plight one's troth : قول دینا، خصوصاً نکاح کا؛ منگنی کا ۔

Troth-plight : (n) (شاذ) وعدہ کرنے کا عمل؛ قول و قرار؛ خصوصاً شادی کا قول و قرار؛ منگنی؛ سگائی ۔

Troth-plight : (a) (شاذ) منگیتر؛ قول وقرار گیا ہوا (شادی کےلئے)۔

Trothless : (a) بے وفا؛ دھوکے باز؛ غدار؛ بے ایمان ۔

Trotter : (n) [f. TROT (v) + ER.] (۱) دلکی چال چلنے والا (گھوڑا) ۔ (۲) ایک خاص نسل کا گھوڑا جو دلکی چلنے میں مشہور ہے ۔ (۳) (جمع میں) جانور کے پائے جو پکاکر کھاتے ہیں ۔ (٤) (مزاحاً) انسان کے پیر ۔ (٥) تیزی سے اور لگاتار چلنے والا ۔

Trotter : (n) مچھوا جو شست کا استعمال کرتا ہے ۔

Trottie : (n) چھوٹا بچہ : ڈگمگا کر چلنے والا بچہ ۔

Trotting : (n) دُلکی چال ۔

Trotting race : (n) دُلکی چال کی دوڑ ۔

Trottoir : (n) [Fr. f. 'trottor'.] سڑک کی پٹری (کھڑنجے کی): پیادہ رو ؛ پیدل چلنے کا راستہ؛ فٹ پاتھ ۔

Trotty : (a) زندہ دل؛ تیز؛ طرّار؛ سر گرم؛ چاق و چوبند؛ پھرتیلا ۔

Trotyl : (n) [f. trot of trinitrotoluol+-YL] بہت بڑی قوت کا پھٹنے والا مادہ جو جنگ عظیم میں استعمال ہوتا تھا ۔

Trou-de-loup/Trous-de-loup : (n) [Fr.] (فوج) قلعہ سازی کے میدان میں؛ مخروطی خندق جس کے مرکز میں نوکدار لکڑی عموداً گاڑ دی جاتی ہے ۔

Troubadour : (n) [Fr.] (۱) قرون وسطیٰ کے غنائی شاعروں میں سے ایک (گیارھویں صدی سے تیرھویں صدی تک) ؛ جنوبی فرانس، مشرقی اسپین، شمالی اٹلی کا غنائی نظم گو ۔ (۲) نظم کہنے والا یا نظم لکھنے والا؛ رزمیہ نگار ۔

Troubadour : (v) (۱) غنائی نظم کہنا ۔ (۲) رزمیہ نظم نگاری کرنا ۔

Troubadourish : (a) غنائی نظم گو مانند ۔

Trouble : (n) [OFr. 'truble'.] (۱) زحمت؛ درد سر؛ موجب تصدیع خاطر؛ باعث زحمت ۔ (۲) تکلیف؛ مصیبت؛ مزاحمت؛ سختی؛ناخوشی؛ پریشانی؛ دکھ درد؛ بپتا؛ گھبراہٹ ۔ (۳) مرض؛ شکایت؛ بیماری ۔ (٤) (کان کنی) ذرا سا رخنہ (کان کے سلسلے یا سطح میں) ۔ (٥) (جمع میں) بد قسمتی؛ نکبت؛ حادثہ؛ بد بختی؛ قہر؛ صدمہ؛ آفت سماوی ۔ (٦) تکلیف دہ چیز یا شخص ۔ (۷) انتشار ؛ بے ترتیبی ؛ ابتری ؛ گڑبڑی ۔ (۸) محنت؛ مشقت؛ کوشش؛ سعی ۔ (۹) درد زہ؛

نیز جانوروں کے بچہ جننے کے وقت کی تکلیف ۔ (۱۰) سزا ؛ قید با مشقت ۔

No trouble (at all) : (مہذب گفتگو) عین راحت ہے؛ قطعاً کوئی پریشانی نہیں ۔

To ask for trouble /To look - : جھگڑے میں پڑنا؛ جھمیلے میں پڑنا؛ اپنے سر مصیبت لینا ۔

To be in, get into trouble : معتوب ہونا؛ مورد عتاب ہونا؛ مورد سرزنش ہونا؛ سزا ملنا۔

To put anyone to trouble : کسی کو زحمت میں ڈالنا؛ اذیت میں گرفتار کرنا ۔

To put to, to take (the) trouble : محنت کرنا؛ کوشش کرنا؛ سعی کرنا؛ زحمت اٹھانا ۔

Trouble : (v) [OFr. 'troubler'.] (۱) تلاطم پیدا کرنا یا پیدا ہونا ۔ (۲) بے چین کرنا؛ بے چین ہونا؛ پریشان ہونا؛ فکرمند ہونا ۔ (۳) زحمت دینا؛ تکلیف دینا؛ زحمت گوارا کرنا؛ تکلیف اٹھانا (عموماً مہذب گفتگو میں استعمال ہوتا ہے) ۔ (٤) تشویش میں ڈالنا؛ پریشان کرنا؛ حیران کرنا؛ زخمی کرنا؛ مجروح کرنا ۔ (٥) دماغی پریشانی میں مبتلا کرنا؛ اذیت دینا؛ بے دم کرنا؛ عاجز کردینا؛ الجھانا؛ الجھن میں ڈالنا ۔ (٦) جبرو تعدی کرنا؛ ظلم کرنا؛ مضمحل کرنا ۔ (۷) مرض کا ہونا؛ بیماری کا ہونا؛ بیماری کا اثر کرنا ۔ (۸) مزاحم ہونا؛ روڑا اٹکانا؛ سد راہ ہونا ۔ (۹) سخت اصرار کرنا؛ پیچھے پڑ جانا ۔ (۱۰) کسی شخص کو کوئی کام کرنے کی تکلیف دینا ۔

May I trouble you to shut the door : آپ کو اتنی زحمت دیتا ہوں کہ ذرا دروازہ بند کر دیجئے ۔

Trouble-maker : (n) تکلیف دینے والا؛ تکلیف دہ آدمی ؛ زحمت دینے والا ۔

Trouble making : (n) تکلیف دہ آدمی کا چلن؛ تکلیف دینے والے کی فطرت؛ تکلیف دینا ۔

Trouble-shooting : (n) (۱) خراب مشین کو درست کرنا ۔ (۲) سفارتی تعلقات کی ترجمانی کرنا ۔

Troubled : (a) تکلیف دیا ہوا؛ مصیبت ظاہر کرنے والا؛ زحمت زدہ ۔

Troubled waters : (n) پریشانیاں؛ مشکلات ۔

Troubledly : (adv.) اذیت کے طور پر؛ مصیبت کے ساتھ؛ تکلیف کی حالت میں ۔

Troubledness : (n) تکلیف دہ ہونے کی حالت؛ زحمت دیا ہوا ہونا ۔

Troubleman : (n) خراب مشین کو ٹھیک کرنے والا؛ تعمیرکار ۔

Troublement : (n) زحمت ؛ مزاحمت ؛ درد و داغ ؛ موجب زحمت۔

Troubleproof : (a) جس پر مصیبت کا اثر نہ ہو؛ مصیبت سے آزاد ۔

Troubler : (n) مزاحم؛ زحمت دینے والا؛ تکلیف میں مبتلا کرنے والا؛ انتشار کرنے والا؛ ظالم؛ جابر؛ مردم آزار۔

Troubleshoot : (v) مشینری کے پارٹ پُرزوں کو ٹھیک کرنا ؛ مشین کی خرابی کو درست کرنا ۔

Troubleshooter : (n) (۱) مشین کی خرابی دور کرنے والا ؛ خراب کل پرزوں کو درست کرنے والا ۔ (۲) سفارتی تعلقات؛ صنعتی معاملات کی ترجمانی کرنے والا ۔

Troublesome : (a) (۱) پُرزحمت؛ طاقت فرسا؛ تکلیف دہ (چیز، کام) ۔ (۲) دق کرنے والا (شخص)؛ دوبھر؛ اجیرن ۔

Troublesomely : (adv.) تکلیف دہ طور پر ؛ پُر زحمت انداز میں ۔

Troublesomeness : (n) تکلیف دہ ہونا ۔

Troublous : (a) (۱) (شاذ) پُر آشوب؛ہنگامے کا؛ بے چینی کا؛ مزاحم؛ پُر زحمت؛ غیر مطمئن؛ منتشر ۔ (۲) بے چین؛ مضطرب؛ پُر اضطراب ۔ (۳) تکلیف دہ؛ ضرررساں؛ مہلک ۔

Troublously : (adv.) بے چینی کےطور پر؛ اضطراب کی حالت میں؛ انتشار کے ساتھ؛تکلیف دہ حالت میں ۔

Troublousness : (n) بے چینی؛ اضطراب؛ پُر زحمت ہونا ۔

Trough : (n) [OE. 'trog'.] (۱) لگن؛ ناند (کاٹھ یا مٹی کی)؛ کونڈا؛ طشت ۔ (۲) آب راہ؛ کھلا نل دار رستہ

(سیّال شے کے لئے)؛ پنالی؛ آبریز ۔ (۳) نشیب؛ حضیض ۔ (٤) (موسمیات) حضیضی دباؤ ۔

Trough battery : (n) خانہ دار مورچہ ۔

Trough girder : (n) لگن نما لوہے کا شہتیر ۔

Trough gutter : (n) نالیوں کا پانی نکالنے کی بکس نما نہر؛ اس شکل کی (برسات کے پانی کے لئے) پائپ ۔

Trough of barometric depression : (n) (طبیعیات) ہَوا کے دباؤ میں خط انخفاض ۔

Trough of the sea : (n) خالی جگہ جو دو موجوں کے بیچ میں ہوتی ہے؛ خیارہ بحر؛ حضیض بحر ۔

Trough shell : (n) Mectridae نسل کا صدفہ ۔

Trounce : (v) [Origin obsc.] (۱) سختی سے تنبیہ کرنا؛ سر زنش کرنا؛ سزا دینا ۔ (۲) زدوکوب کرنا؛ کندی کرنا؛ سونٹے سے پیٹنا؛ ڈنڈے لگانا؛ چابک یا قمچی سے مارنا ۔ (۳) الزام لگانا؛ الزام عائد کرنا؛ مقدمہ چلانا (اب بول چال) ۔ (٤) ملامت کرنا؛ مذمت کرنا ۔ (٥) شکست دینا ۔

Trounce : (v) [Prob. alter of trance.] پیدل سفر کرنا؛ آوارہ گردی کرنا؛ مارا مارا پھرنا ۔

Trounce : (n) لمبی مسافت (پیدل)؛ تھکا دینے والا سفر ۔

Trouncer : (n) (۱) سرگرداں ۔ (۲) دیکھو Waister ۔ (۳) شرک کا مددگار (Helper) ۔ (٤) وہ شخص جس کی رائے طاق عدد کی کمیٹیوں وغیرہ میں فیصلہ کن ہو ۔

Trouncing : (n) زدو کوب؛ مار؛ کندی ۔

Troupand : (n) جنوبی افریقہ کی ایک چڑیا ۔

Troupe : (n) [Fr. 'Troop'.] تھیٹر کے ایکٹروں ، نٹوں وغیرہ کی ٹولی؛ رقاصوں کی جماعت یا کمپنی؛ بازیگروں کا دستہ ۔

Troupe : (v) (۱) دستہ یا جماعت کے ساتھ سفر کرنا ۔ (۲) تھیٹر کے ایکٹروں کا تماشا دکھانا ۔

Trouper : (n) ایکٹر؛ تھیٹرکمپنی کا رکن ۔

Troupial/Troopial : (n) [Fr. 'troupiale'.] Icteridae جنس کی ایک چڑیا ۔

Trous - le- loup : (n) [Fr.] (جمع) میخ گڑھے؛ مخروطی شکل کے گڑھے جن میں ہر ایک کے بیچ میں میخ گڑی ہوتی ہے، لڑائی میں سواروں کے حملے کو روکنے کے لئے کھودے جاتے ہیں ۔

Trouse : (n) [mod. Ir. 'trius'.] (تاریخ) (خصوصاً) اسکاتستان کے پہاڑی لوگوں کی دھاری دار پتلون ۔

Trouser : (a) شلوار سے متعلق؛ پاجامے سے متعلق ۔

Trouser : (v) (عامیانہ) پاجامے کی جیب میں روپیہ رکھنا؛ جیب میں رکھنا ۔

Trouser-button : (n) پتلون کے بٹن ۔

Trouser-press : (n) پتلون، پاجامے کی شکنیں دور کرنے والی استری ۔

Trouser-stretcher : (n) پتلون کا شکنجہ جس میں پتلون کو دباتے ہیں تاکہ شکن نہ پڑنے پائے ۔

Trousered : (a) شلوار پوش؛ پاجامہ پہنے؛ پتلون پہنے ۔

Trousering : (n) پتلون کا کپڑا ۔

Trousers : (n) [Extended form of prec.] (۱) (جمع) پاجامہ؛ شلوار؛ پتلون ۔ (۲) (واحد سوقیانہ) پاجامہ؛ پتلون ۔ (۳) (انیسویں صدی کے اوائل میں) عورتوں کا جھالر دار پاجامہ ۔ (٤) پاجامے کی طرح کا زنانہ کپڑا؛ زیر جامہ؛ سائیکل سواری کا نیکر ۔

Trousseau/Trousseaux/Trousseaus : (n) [Fr.] (۱) دلہن کا جوڑا؛ جامۂ عروسی ۔ (۲) جواہرات و لباس عروسی ۔ (۳) مجموعۂ جواہرات و اثاثۂ عروس ۔

Trout : (n) [OE. 'truht'.] (۱) ٹراؤٹ؛ ایک قسم کی مچھلی جو میٹھے پانی میں پائی جاتی ہے اور جس کا گوشت بہت لذیذ سمجھا جاتا ہے ۔

Bastard trout : (امریکا) دیکھو Squeteague

Brook trout : ایک قسم کی مچھلی (Salmo fario) ۔

Brown trout : ایک قسم کی ٹراؤٹ مچھلی ۔

Grey trout : دیکھو Squeteague

Lake trout : ایک قسم کی مچھلی ۔

Rainbow trout : کیلیفورنیا کی ایک مچھلی ۔

Red-bellied trout : دیکھو Char

Rock trout : مچھلی کی ایک قسم ۔

Trout : (v) ٹراؤٹ مچھلی کا شکار کرنا ۔

Trout-bird : (n) دیکھو Golden Plover

Trout-colored/-coloured : (a) : ابلق (گھوڑے کے لئے آتا ہے) : (سفید گھوڑا) جس پر سیاہ یا کشمشی رنگ کے دھبے ہوں ۔

Trout-fly : (n) (۱) ایک موسمی کیڑا ۔(۲) ٹراؤٹ مچھلی کے شکار کے لئے بناوٹی کیڑا ۔

Trout lily/-flower : (n) ایک قسم کی بنفشہ جس میں خوشبو نہیں ہوتی ہے ۔

Trout perch : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Trouter : (n) ٹراؤٹ مچھلی کا شکار کرنے والا ۔

Trouting : (n) ٹراؤٹ کا شکار ۔

Troutlet : (n) چھوٹی ٹراؤٹ ۔

Troutling : (n) چھوٹی ٹراؤٹ ۔

Trouty : (n) چھوٹی ٹراؤٹ ۔

Trouty : (a) جس میں ٹراؤٹ کثرت سے ہوں ۔

Trouvaille : (n) [Fr. f. 'trouver'.] نعمت غیر مترقبہ؛ خدا کی دین۔

Trouvere/Trouveur : (n) [OFr. 'trovere'.] شمالی فرانس کا رزمیہ نگار شاعر؛ رزمیہ گو ۔

Trove : دیکھو Treasure - Trove

Trover : (n) [Fr. 'trouver'.] (۱) (قانون)حصول جائدادمنقولہ ۔ (۲) دیوانی کی نالش جائداد منقولہ کی بازیابی کے لئے؛ دعویٰ بابت جائداد منقولہ ۔

Trow : (n) انگلینڈ کے جنوبی ساحل پر مچھلی کا شکار کرنے کی کشتی۔

Trow : (v) [OE. 'truwian'.] (۱) (قدیم) سمجھنا؛ خیال کرنا ۔ (۲) فکر ہونا ۔ (۳) یقین کرنا (بیانات وغیرہ کا)؛ سچائی کے طور پر قبول کرنا ۔(٤) تصور کرنا؛ خیال کرنا؛ فرض کرنا ۔

I trow : میں فرض کرتا ہوں ۔

What ails him, I trow : مجھے یہ فکر ہے کہ اُسے شکایت کیا ہے ۔

Trowel : (n) [OFr. 'truele'.] (۱) کرنی؛ کرنڈی؛ جس سے راج گارا پھیلاتا ہے ۔ (۲) بیلچہ؛ باغبانی؛ مالہ؛ مالی کا گہرا بیلچہ جس میں پودے رکھ کر اٹھاتا ہے؛ مالچ ۔(۳) باورچی خانے کی ڈوئی ۔

To lay it on with a trowel : خوشامد کے ردے پر ردے چڑھانا؛ بھونڈے طریقے سے بیحد خوشامد کرنا ۔

Trowel : (v) [f. prec.] (۱) گارا پھیلانا؛ گارے کا ردا چڑھانا ۔ (۲) (مجازاً) بُری طرح خوشامد کرنا؛ بھونڈے طریقے سے بیحد خوشامد کرنا ۔

Trowel - bayonet : (n) کرنی کی طرح کی سنگین ۔

Trowelful : (a) کرنی بھر؛ جتنا کرنی پر آ سکے ۔

Trowelman : (n) کرنی استعمال کرنے والا؛ راج مزدور ۔

Troy : (n) یونان کے ایک قدیم شہر کا نام ۔

Troy : (n) [app. named from a weight used at the Troyese to France.] (سونے چاندی تولنے کے لئے) ٹرائے وزن ۔ (۱ پونڈ = ۵۷٦۰ گرین)۔

Troy-fair/-town : (n) (مجازاً) (اب بول چال) گڑبڑ؛ ابتری؛ پراگندگی؛ انتشار ۔

Troy pound : (n) ٹرائے پونڈ = ۱۲ اونس یا ۵۷٦۰ گرین ۔

Troy weight : (n) ٹرائے وزن ۔

Trs : Transpose کا مخفف ۔

Truancy : (n) (۱) کام سے بھاگنا؛ مکتب گریزی ۔ (۲) بھگوڑاپن؛ گریزپائی؛ آوارہ گردی؛ وقت گزرانی۔

Truant : (n) [OFr. 'truant'.] (۱) سست آدمی؛ کاہل شخص؛ خصوصاً اسکول سے بھاگنے والا لڑکا؛ بھگوڑا

لڑکا؛ طفل گریزپا ۔ (۲) کام چور آدمی؛ کام چھوڑ کر بھاگا ہوا شخص؛ فرائض منصبی سے کوتاہی کرنے والا آدمی ۔

To play truant : کام سے بھاگ جانا؛ اسکول سے بھاگ جانا ۔

Truant : (a) (۱) کام چور؛ سست؛ کاہل؛ کام یا مدرسے سے بھاگا ہوا؛ گریزپا ۔ (۲) ادھر اُدھر گھومنے والا؛ آوارہ گرد ۔ (۳) بھگوڑے پن کا (طرز عمل وغیرہ) ۔ (٤) آوارہ؛ منتشر؛ سیماب وش (خیالات) ۔

Truant : (v) (۱) مارا مارا پھرنا؛ آوارہ گردی کرنا ۔ (۲) اسکول سے بھاگنا؛ کام چھوڑ کر بھاگنا ۔

Truant officer : (n) دیکھو Attendance Officer

Truant-school : (n) صنعتی اسکول جس میں کام سے بھاگنے والے بچوں کی تعلیم کا خاص انتظام ہوتا ہے ۔

Truantly : (adv.) بھگوڑوں کی طرح؛ گریز پائی سے ۔

Truantry : (n) دیکھو Truancy

Truce : (n) [OE. 'treow'.] (۱) عارضی صلح؛ التوائے جنگ؛ چند روزہ صلح ؛ ہنگامی صلح ؛ وقتی امن ۔ (۲) وقفہ؛ مہلت (کام سے، تکلیف سے)؛ التوا؛ فراغت ۔ (۳) صلح؛ امن (بغیر مدت کے صلح) ۔

A truce with/A truce to : بس (-) کو ختم کرو ۔

Flag of truce : سفید جھنڈا جو التوائے جنگ کی علامت سمجھا جاتا ہے ۔

Truce : (v) عارضی صلح کرنا؛ التوائے جنگ کرنا ۔

Truce of God : (n) (تاریخ) التوائے خانہ جنگی خصوصاً عیسائی مذہب کے کسی تہوار کے دوران میں ۔

Truceless : (a) بے التوا؛ عارضی صلح کے بغیر ۔

Trucial : (a) عارضی التوا کا یا اُس سے متعلق؛ عارضی صلح کا پابند؛ شرائط عارضی صلح سے متعلق ۔

Truck : (n) [AFr. 'truke'.] (۱) مبادلہ؛ ادل بدل؛ مال کے بدلے مال لینے کا عمل؛ چیز کے بدلے چیز کا لین دین؛ اشیاء کا باہمی تبادلہ ۔ (۲) (جمع میں) بیوپار؛ معاملہ ؛ پیشہ ؛ حرفہ ؛ کاروبار ؛ تجارت ؛ لین دین ۔ (۳) چھوٹی موٹی چیزیں ؛ چھوٹا موٹا مال ۔ (٤) (امریکا) ترکاریاں جو بازار میں بیچی جائیں ۔ (٥) (بول چال) ردی مال ؛ نکمی چیز؛ متفرق چیزیں ؛ معمولی چیز ۔ (٦) (مجازاً) مہملات؛ لغویات؛ فضول یا مہمل باتیں ۔ (۷) روپیہ کے علاوہ مزدوری میں کوئی اور شے دینا؛ وہ طریقہ جس میں تاجر مزدوروں کو روپے کی جگہ مال دیتا ہے یا روپیہ اس شرط پر دیتا ہے کہ وہ سب چیزیں اسی کے یہاں سے خریدیں ۔ (۸) آمدو رفت؛ رسل و رسائل ۔

To have no truck with : واسطہ نہ رکھنا؛ دور رہنا ۔

Truck : (n) [deriv. of L. 'trochus'.] (۱) سخت لکڑی کا چھوٹا پہیا یا رولر؛ چھوٹا بےٹائر کا پہیا ۔ (۲) (جہاز رانی) لکڑی کا گردہ جو مستول کی چمٹی پر ہوتا ہے اور جس میں بادبان کےرسوں کے لئے سوراخ ہوتے ہیں ۔ (۳) مال کے لے جانے کی بڑی گاڑی یا لاری ؛ چھکڑا ۔ (٤) مال گاڑی کا ڈبّا ؛ کھلا ڈبّا؛ ٹرک ۔ (٥) ٹھیلا جس میں قلی اسٹیشن پر اسباب لاتے لے جاتے ہیں ؛ ہلکے دو پہیوں کی ہاتھ گاڑی ؛ ہتھ گاڑی ؛ ٹھیلا ؛ سامان لے جانے کی گاڑی ۔ (٦) ریل کے ڈبے ؛ موٹر وغیرہ کا نچلا ڈھانچا ۔

Truck : (v) [ME. 'trukie'.] (۱) مبادلہ کرنا؛ ادل بدل کرنا؛ ایک شے کا دوسری شے سے بدلنا؛ چیز کے بدلے چیز بدلنا یا لینا ۔ (۲) معاملہ کرنا؛ بیوپارکرنا؛ سودا کرنا؛ فروخت کرنا؛ تجارت کرنا؛ کاروبارکرنا ۔ (۳) پھیری میں بیچنا؛ (مال) بیچتے پھرنا ۔ (٤) معمولی چیز کے بدلے لینا ۔ (٥) گفت و شنید کرنا؛ کاروبار یا مصالحت کی گفتگو کرنا ۔ (٦) ہنڈی کو بھنانا ۔ (۷) اجناس کا مبادلہ کرنا ۔ (۸) مزدور کو روپے کے علاوہ اجناس دینا؛ روپے کے بدلے مال دینا ۔

Truck : (v) (۱) ٹرک پر لادنا؛ ٹرک پر لےجانا؛ ٹرک کے ذریعے منتقل کرنا ۔ (۲) ٹھیلے، لاری وغیرہ میں لے جانا ۔

Truck acts : (n) سنہ ۱۸۳۱ اور سنہ ۱۸۷۰ کے قانون جو بارٹر طریقے کی تحقیقات یا ممانعت کے لئے وضع کئے گئے تھے ۔

Truck - bolster : (n) موٹر کے نچلے ڈھانچے میں لوہے کا افقی شہتیر جو مضبوطی کے لئے لگاتے ہیں ۔

Truck farm : (n) وہ فارم جس میں بازار میں فروخت کےلئے سبزیاں اُگائی جاتی ہیں ۔

Truck farmer : (n) سبزی کی کھیتی کرنے والا ۔

Truck garden : (n) سبزی کا باغ؛ وہ باغ جس میں فروخت کرنے کے لئے سبزیاں بوئی جاتی ہیں ۔

Truck gardener : (n) سبزی کا باغ رکھنے والا: سبزی کاری کرنے والا (تجارت کےلئے) ۔

Truck house : (n) اشیائے مبادلہ کے رکھنے کی جگہ ۔

Truck man : (n) (۱) ٹرک پر سامان لے جانے والا ۔ (۲) ٹرک ڈرائیور ۔

Truck patch : (n) گھریلو استعمال کے لئے سبزیاں اُگانے کی چھوٹی جگہ ۔

Truck-shop/-store : (n) دکان جو چیز کے بدلے چیز کے مبادلے پر چلائی جائے ۔

Truck-system : (n) وہ طریقہ جس میں تاجر مزدوروں کو روپے کی جگہ مال دیتا ہے؛ بارٹر سسٹم؛ مال کے بدلے مال دینے کا طریقہ؛ اشیائے اُجرت ۔

Truck way : (n) وہ سڑک جس پر ٹرک چلتی ہے ۔

Truckage : (n) (۱) ٹرک وغیرہ میں مال لے جانا ۔(۲) ٹرک کا محصول ۔

Trucker : (n) (خصوصاً امریکا) وہ جو باغ میں سبزیاں اُگاتا ہے؛ بازار میں سبزیاں بیچنے والا ۔

Trucking : (n) مبادلہ؛ ردوبدل؛ چیز کے بدلے چیز دینا یا لینا ۔

Truckle : (n) [L. 'trochlea'.] (۱) چرخی؛ گھرنی ۔(۲) نیچا پہیےدار پلنگ جو لڑھکا کر بڑے پلنگ کے نیچے آسکے (پہلے خدمت گاروں کے لئے ہوتا تھا) ۔(۳) Truckle-bed کا مخفف ۔(٤) نچلے پہیے دار گاڑی؛ ٹرک؛ ٹھیلا ۔

Truckle : (v) (۱) عاجزی سے پیش آنا؛ بالکل دب جانا؛ دُبک جانا ۔ (۲) خدمت انجام دینا؛ کسی شخص کے ماتحت ہونا ۔(۳) چاپلوسی کے ساتھ کام کرنا ۔

Truckle-bed : (n) نیچا پہیے دار پلنگ جو لڑھکا کر بڑے پلنگ کے نیچے رکھا جاتا ہے ۔

Truckle bedstead : (n) پہیے دار پلنگ ۔

Truckler : (n) دبّو؛ دبنے والا ۔

Truculence : (n) [L. 'truculentia'.] تند خوئی؛ جنگ جوئی؛ درندہ خوئی؛ غیر متمدنیت؛ سفّاکی؛ خونخواری؛ وحشی پن؛ بربریت ۔

Truculency : (n) دیکھو Truculence

Truculent : (a) [L. 'truculentus'.] (۱) تند خو ؛ درندہ خو ؛ جنگ جو؛ ظالم؛ جابر؛ خونخوار ۔ (۲) وحشی؛ بے رحم؛ شقی القلب؛ مخرب ۔ (۳) غیر مہذب؛ غیر متمدن ۔ (٤) سفّاکانہ؛ جابرانہ؛ تند خوئی کا؛ جنگ جویانہ ۔ (٥) (تحریر وتقریر) ضرر رساں؛ ناہموار؛ پُر جوش؛ والہانہ؛ ہیجانی ۔ (٦) حقیر؛ ادنیٰ درجے کا؛ کم حیثیت؛ اپنا نفع سوچنے والا؛ خود غرض ۔

Truculently : (adv.) تند خوئی یا جنگ جوئی کے انداز سے؛ جابرانہ طور پر؛ غیر مہذب طور پر ۔

Truculentness : (n) خونخواری؛ درندہ خوئی؛ غیر مہذب ہونا؛ بے رحمی؛ وحشی پن ۔

Trudge : (n) راہ پیمائی؛ آہستہ قدم؛ وہ چال جس میں بڑی دقت سے قدم اٹھتا ہو ۔

Trudge : (v) [Origin obsc.] (۱) دقت سے چلنا؛ مشکل سے قدم رکھنا؛ جفا کشی سے چلنا ۔(۲) روانہ ہونا؛ چل دینا؛ راہ لینا ۔ (۳) رخصت ہونا؛ بھاری قدم سے چلنا ۔(٤) پیدل سفر کرنا؛ بد دلی اور دقت سے سفر کرنا یا راستہ طے کرنا ۔

Trudgen/Trudgeon : (n) [f. proper name 'Trudgen'.] تیرا کی کا وہ طریقہ جس میں سیدھا ہاتھ اور اُلٹا ہاتھ باری باری سے مارتے ہیں ۔

Trudgen stroke : (n) دیکھو Trugden

Trudger : (n) راہ پیما؛ سالک؛ دقت سے چلنے والا ۔

True : (a) [OE. 'treowe'.] (۱) راست؛ سچا؛ سچ ؛ واقعے کے مطابق ۔(۲) صحیح؛ درست ۔(۳) اصلی؛ حقیقی؛ سچ مچ کا ۔(٤) بالکل مطابق (نمونے کے) ۔(٥) ہم آہنگ؛ ٹھیک (آواز، سُر وغیرہ) ۔ (٦) وفادار؛ نمک حلال؛ سچا؛ پکا ۔(۷) سیدھا؛ ٹھیک؛ ہموار (پہیا، کھمبا، گڑی وغیرہ) ۔ (۸) (قدیم) راست گو؛ سچ بولنے والا؛ بے لاگ ۔ (۹) دیانت دار؛ راست باز؛ کھرا ۔(۱۰) ثابت؛ واقعی؛ خالصانہ ۔ (۱۱) قابل احترام؛ قابل اعتماد؛ بھروسے کا ۔ (۱۲) خالص ؛ بے شائبہ ؛ صادق ؛ مخلص ۔ (۱۳) بہ موقع؛ بہ حق ؛ قانونی ؛ مشروع ؛

شرعی ۔ (۱۴)(مجازاً) (چیز) قابل اعتماد؛ استوار؛ پختہ؛ راسخ ۔ (۱۵) (احساسات) پُرخلوص؛ بے تصنع ۔(۱۶) ٹھیک ٹھیک؛ صحیح؛ بے کم و کاست؛ (شخص) باقاعدہ؛ باضابطہ؛ مستند ۔ (۱۷) صحیح طریقے سے رکھا ہوا؛ درست کیا ہوا ۔ (۱۸) فطری؛ حقیقی؛ غیر بناوٹی؛ غیر مصنوعی ۔(۱۹) (حیاتیات) اصیل ۔

His words have come true : اس کی بات پوری ہوئی؛ جو اس نے کہا تھا وہی ہوا ۔

To come true : صحیح ثابت ہونا؛ پورا ہونا ۔

True : (n) (۱) وہ جو کہ سچ ہے؛ سچائی؛ صدق؛ حقیقت ۔ (۲) اصلی حالت ؛ حقیقی واقعہ ؛ اصلی ہم آہنگی؛ ترتیبِ واقعی ۔

Out of (the) true : حقیقت سے باہر؛ حقیقت سے پَرے ۔

True : (adv.) (۱) ٹھیک ٹھیک؛ صحیح طور پر؛ سچائی کے ساتھ ۔(۲) وفاداری سے ؛ نمک حلالی سے ۔ (۳) بغیر تبدیلی کے؛ اصلی حالت میں؛ حقیقی شکل میں ۔

To breed true : صحیح النسل کا ہونا؛ اصل نسب کا ہونا؛ اصیل ہونا ۔

True : (v) (۱) (پہیے، اوزار وغیرہ کو) ٹھیک حالت میں لے آنا؛ ٹھیک کرنا؛ درست کرنا ۔ (۲) ٹھیک ٹھیک کرنا یا بنانا؛ اصلاح کرنا ۔

True balance : (n) (طبیعیات) صحیح ترازو ۔

True bill : (n) فرد قرارداد جرم جس کی تصدیق بڑی جیوری نے کر دی ہو ۔

True blue : (n) اپنے اصول کا اور دوستی کا پکا شخص؛ وضع دار آدمی؛ وفادار شخص؛ پاکباز آدمی ۔

True-blue : (a) وضع دار؛ اپنے اصول کا اور دوستی کا پکا؛ وفادار؛ پاکباز؛ خالص ۔

True-born : (a) کھرا؛ خالص؛ بےریا؛ حقیقی؛ اصیل زادہ ؛ نجیب زادہ ۔

True-bred : (a) (۱) حلال زادہ؛ صحیح النسب ؛ اصل نسل ؛ کھرا ۔(۲) خالص نسل کا؛ عمدہ نسل کا؛ اصیل ۔ (۳) عمدہ تربیت کا ۔

True bug : (n) Hemiptera جنس کا ایک کیڑا ۔

True copy : (n) نقل اصل کے مطابق؛ اصل کی نقل ؛ طبق الاصل۔

True discount : (n) ریاضی کا گھٹاؤ ۔

True-hearted : (a) بےریا؛ پاکباز؛ پاک دل؛ وفادار؛ ایماندار ۔

True-heartedness : (n) وفاداری؛ ایمانداری؛ پاکبازی ۔

True horizon : (n) (علم النجوم) افقِ حقیقی ۔

True it would cost more : آپ نے ٹھیک کہا کہ اس کا دام تو زیادہ ہوگا ۔

True-life : (a) حقیقی زندگی کا یا اس سے متعلق ۔

True-love : (n) (۱) خالص عشق؛ پاک عشق ۔(۲) محبوب ؛ معشوق ۔ (۳) ایک پودا جس کی پتیاں دُہری گتھی ہوئی گرہ سے مشابہ ہوتی ہیں ۔

True-love knot/True lover's knot : (n) دُہری گتھی ہوئی گرہ؛ (مجازاً) عشق حقیقی؛ تعلق قلبی؛ پاک عشق ۔

True-man : (n) وفادار مرد ؛ درست کار ۔

True motion : (n) (میکانیات) ذاتی حرکت ۔

True ribs : (n) (تشریح) اصلی پسلیاں؛ جو سینے کی ہڈیوں سے جڑی ہوتی ہیں ۔

True sun : (n) (علم النجوم) شمس حقیقی ۔

True time : (n) (علم النجوم) اصل وقت؛ حقیقی وقت ۔

Trueness : (n) (۱) درستی؛ صداقت؛ بے ریائی؛ حقیقی؛ وفاداری ۔ (۲) پاکی ؛ صفا ؛ راستی ؛ خلوص ۔ (۳) صحت؛ ٹھیک ہونا ۔

Truepenny : (n) (قدیم) کھرا آدمی؛ وفادار آدمی؛ ایماندار آدمی۔

Truffle : (n) [a deriv of Fr. Trufe.] (نباتیات) ترفاس؛ دُنبلان؛ ایک طرح کی کھمبی جو زمین کے نیچے اُگتی ہے اور اس سے کھانے کی قابیں سجاتے ہیں ۔

Truffle : (n) ایک قسم کا چاکلیٹ ۔

Truffle-dog/-pig : (n) تربیت یافتہ کتا یا سُور جو ترفاس کو تلاش کرتا ہے ۔

Truffle worm : (n) کھمبی پیدا کرنے والا ایک قسم کا کیڑا ۔

Truffled : (a) ترفاس سے سجائی ہوئی؛ دنبلان دار؛ شبیہ دنبلان ۔

Trug : (n) (۱) لکڑی کا دودھ دان؛ دودھ کا بادیہ (کاٹھ کا) ۔ (۲) سینی یا تغار (پھل، ترکاری وغیرہ لانے کے لئے)۔

Truing : (n) راست کرنا ۔

Truism : (n) [f. True+ -ism.] (۱) (منطق) بدیہی امر ؛ مسلمہ حقیقت؛ بداہت ۔ (۲) قضیہ مکررہ؛ جس میں کوئی ایسی بات نہ کہی جائے جو اس کے ایک حصے سے خود بخود ظاہر نہ ہو ۔ (۳) پیش پا افتادہ بات ؛ فرسودہ مقولہ ؛ بےمزگی؛ ابتذال ۔

Truistic/-al : (a) بدیہی؛ بے مزہ؛ لطف سے خالی ۔

Trull : (n) [G. 'trulle'.] فاحشہ عورت؛ قحبہ؛ کسبی؛ داشتہ ؛ طوائف؛ بیسوا ۔

Truly : (adv.)[OE. 'trewlice'.] (۱) وفاداری سے؛ ایمانداری سے؛ خلوص سے؛ نمک حلالی سے ۔ (۲) صدق دلی سے؛ سچائی سے؛ سچائی کے طور پر؛ صحیح صحیح؛ ٹھیک طور پر؛ ٹھیک طرح ۔ (۳) بے کم وکاست؛ بعینہ؛ بجنسہ؛ ہوبہو ۔ (٤) بجا طور پر؛ صحیح طور پر ۔ (٥) فطرتاً؛ فطری طور پر؛ لازمی طور پر ۔ (٦) نسلی؛ صحیح النسبی کے طور پر ۔ (۷) سچ مچ کا؛ دل سے؛ بےبناوٹ؛ حقیقت میں ؛ حقیقی طور پر ؛ خلوص سے ۔ (۸) اظہار بیان کو زور دینے کے لئے استعمال ہوتا ہے؛ فی الحقیقت؛ درحقیقت ۔ (۹) خط میں جو ایسے شخص کے نام ہو جس سے زیادہ تعلقات نہ ہوں لکھنے والا اپنے نام کے ساتھ لکھتا ہے (جیسے yours truly, N.R.) ۔ (۱۰) بہ طور فقرہ معترضہ، اب صرف ادبی زبان میں آتا ہے ۔ (۱۱) (مزاحاً) آپ کے نیاز مند کے لئے یہ کافی نہیں ہے ۔

Truly : (n) (برطانیہ) سچائی؛ صداقت؛ راست گوئی ۔

Trumeau : (n) (تعمیرات) ستون یا دیوار کا وہ حصہ جو کھڑکیوں ، دروں وغیرہ کے بیچ میں ہو؛ خصوصاً وہ ستون جو بڑے دروازے کو دو حصوں میں تقسیم کرتا ہے؛ فاصل ۔

Trump : (n) [Fr. 'trompe'.] (۱) (موسیقی) (قدیم شعر میں) ترم ؛ بگل ؛ تری؛ بوق ؛ بگل یا اس کی آواز ۔

(۲) (مجازاً) زور سے پکارنے والا؛ بلند آواز سے اعلان کرنے والا ۔

Last trump doom/Trump of fame : صور قیامت ۔

Trump : (n) [Corruption of Triumph.] (۱) ترپ؛ (تاش کا) رنگ؛ ترپ کا پتا ۔ (۲) (بول چال) نہایت بہادر؛ خوش تدبیر یا فیاض آدمی؛ بڑا عمدہ آدمی؛ نیک دل آدمی ۔ (۳) (مجازاً) سیاق و سباق ۔

A call for trumps : ترپ چلنے کی فرمائش (اپنے ساتھی سے) ۔

To put (a person) to his trumps : (۱) (مجازاً) کسی شخص کو اس پر مجبور کرنا کہ اپنے آخری وسائل سے کام لے ۔ (۲) تاش کھیلنے والے کو اپنے ترپ کھیلنے پر مجبور کرنا ۔

To turn up trumps : (۱) (بول چال) توقع سے بہتر ثابت ہونا ۔ (۲) غیر متوقع کامیابی کا ہونا ۔

Trump : (v) [f. Trump.] (۱) ترپ لگانا؛ ترپ کھیلنا ۔ (۲) (مجازاً) حکمی تدبیر یا آخری وسیلے سے کام لینا ۔ (۳) (مجازاً) ٹوپی پہننا یا پہنانا ۔ (٤) ایجاد کرنا؛ گھڑلینا؛ جھوٹ موٹ بنا لینا ۔

To trump up : گڑھ لینا؛ جھوٹ موٹ بنا لینا ۔

Trump card : (n) (۱) ترپ کا پتا ۔ (۲) (مجازاً) حکمی تدبیر؛ نہایت عمدہ تدبیر؛ دلیل قاطع ودندان شکن ۔

Trump of fame : (n) آوازہ شہرت ۔

Trumpery : (n) [Fr. 'tromperie'.] (۱) نیم تام؛ محض نمائشی ساز و سامان ۔ (۲) گھٹیا اوربھڑک دار چیزیں ۔ (۳) ردی یا نکمی چیزیں ۔ (٤) مہملات؛ لغویات؛ سخن مہمل ۔

Trumpery : (a) (۱) گھٹیا قسم کا؛ بھڑک دار ۔ (۲) سطحی؛ معمولی؛ ادنی؛ بیکار؛ ردّی؛ نکمّا ۔

Trumpet : (n) [Fr. 'trompette'.] (۱) تُرم؛ تری؛ بگل؛ بوق؛ نفیری ۔ (۲) ترمچی؛ ترم بجانے والا؛ بگل بجانے والا؛ (کان کنی) ترمچی جو قاصد کی حیثیت سے بھیجا جاتا تھا ۔ (۳) آرگن باجے کا پردہ ۔ (٤) ترم کی شکل کی کوئی چیز مثلاً ایک قسم کی قیف ۔ (٥) ترم کی یا ترم کی سی آواز ؛ ہاتھی کی زور دار آواز ؛ ہاتھی کی چنگھاڑ ۔ (٦) آواز کو دور تک پہنچانے کا ایک

آلہ؛ آواز رساں؛ کان کا آلہ؛ اُذنک (وہ آلہ جس کی مدد سے بہرے سنتے ہیں) ۔ (۷) (مجازاً) آگاہ کرنے کا ذریعہ؛ آگاہ کرنے والا ۔ (۸) اطلاع دینے والا ۔

Ear - trumpet : کان کا آلہ؛ اُذنک (وہ آلہ جس کی مدد سے بہرے سن سکتے ہیں) ۔

Feast of trumpets : یہودیوں کی عید نوروز (جس میں خاص طور پر قرنا بجاتے ہیں) ۔

Flourish of trumpets : سنکھ یا قرنا کی آواز جو کسی شخص کا استقبال کرنے کےلئے بجائے جائیں ۔

Sea-trumpet : گھونگے کی قسمیں ۔

Speaking trumpet : آواز کو دور تک پہنچانے کا ایک آلہ؛ آواز رساں ۔

To blow one's own trumpet : (۱) اپنے منہ میاں مٹھو بننا ۔ (۲) اپنی تعریف آپ کرنا ۔

Trumpet : (v) [f. prec.] (۱) ترم بجانا؛ بگل بجانا؛ بوق بجانا ۔ (۲) ترم بجا کر اعلان کرنا ؛ بگل کے ذریعے بلانا ۔ (۳) (مجازاً) بہ بانگ دُہل اعلان کرنا؛ دھوم مچا دینا ۔ (٤) (ہاتھی وغیرہ کا غصے سے) چنگھاڑنا ۔ (٥) ترم کی آواز نکالنا؛ ترم کی طرح آواز نکالنا ۔

Trumpet animalcule : (n) Stentor جنس کا infusoria (ترم نما ایک کیڑا) ۔

Trumpet-call : (n) (۱) ترم کی پکار ۔ (۲) (مجازاً) شدید تقاضائے عمل؛ دعوت عمل ۔

Trumpet-conch : (n) گھونگے کی ایک قسم ۔

Trumpet creeper : (n) ترم بیل ۔

Trumpet daffodil : (n) آبی نرگس کی ایک قسم؛ ڈیفوڈل کی ایک قسم ۔

Trumpet-fish : (n) مچھلی کی ایک قسم : ترم مچھلی ۔

Trumpet-flower : (n) (۱) (نباتیات) ترم پھول؛ پودوں کی ایک قسم جن کے پتے یا پھول ترم کی شکل کے ہوتے ہیں ۔ (۲) دیکھو Trumpet creeper ۔

Trumpet-leaf : (n) پودوں کی ایک قسم جن کے پتّے یا پھول ترم کی شکل کے ہوتے ہیں ۔

Trumpet-lily : (n) سفید سوسن یا زنبق ۔

Trumpet-major : (n) ترم میجر؛ رسالے کے ترمچیوں کا افسر ۔

Trumpet-shaped : (a) مخروطی؛ مخروط کی شکل کا؛ بگل جیسا؛ بگل نما؛ بگل کی شکل کا ۔

Trumpet-shell : (n) ترم صدفہ؛ گھونگے کی قسم ۔

Trumpet-tongued : (a) تیز آواز والی؛ اونچی آواز والی؛ چیخنےوالا؛ پرخروش ۔

Trumpet-tree : (n) مغربی ہند اور جنوبی امریکا کا ایک درخت ۔

Trumpet-vine : (n) دیکھو Trumpet creeper

Trumpet-weed : (n) (۱) دیکھو Sea-Trumpet ۔ (۲) شمالی امریکا کی Lettuce کی جنس کی گھاس ۔ (۳) ایک قسم کا سن والا پودا ۔

Trumpet-wood : (n) ایک قسم کا امریکی درخت ۔

Trumpeter : (n) [Fr. 'trompeteur'.] (۱) (موسیقی) ترمچی؛ قرنا بجانےوالا ۔ (۲) رسالے کا سپاہی جو ترم سے کسی حکم کا اعلان کرتا ہے ۔ (۳) ایک قسم کا کبوتر؛ کوئی اور پرند جس کی آواز ترم سے مشابہ ہو؛ ترم سارس ۔ (٤) ایک قسم کا راج ہنس جو شمالی امریکا میں ہوتا ہے؛ (حیوانیات) ترم راج ہنس؛امریکی راج ہنس ۔ (٥) ترم کے ذریعے اعلان کرنے والا؛ بلند گو ۔ (٦) Latris جنس کی مچھلی (جو آسٹریلیا، تسمانیہ اور نیوزی لینڈ میں پائی جاتی ہے) ۔

To be one's own trumpet : اپنے منہ میاں مٹھو بننا ۔

Trumpeter hornbill : (n) Bycanistes جنس کی افریقی چڑیا ۔

Trumpeter swan : (n) شمالی امریکا کا راج ہنس ۔

Trumpetry : (n) ترم کی آواز؛ بگل کی آواز ۔

Trumpety : (a) ترم کی شکل کا؛ بگل کی شکل کا ۔

Truncal : (a) [f. L. 'truncus'.] (۱) (تشریح) بدنی؛ انسان کے دھڑ کا ۔ (۲) (نباتیات) ساقی؛ تَنَنی؛ (درخت کے) پتے کا ۔

Truncate : (v) [f. L. 'truncat'.] (۱) پھننگ کاٹنا؛ (درخت کی) شاخیں کاٹنا ۔ (۲) (مخروطی یا استوانی شکل کی چیز کا) چوٹی یا سرا کاٹنا ۔ (۳) سر، ہاتھ پیر وغیرہ کاٹنا (انسان کے دھڑ سے)؛ لنگڑا کرنا؛ لولا کرنا؛ ہاتھ پیر کاٹ ڈالنا ۔ (٤) شروع یا آخر کے جملے حذف کردینا (عبارت سے)؛ کاٹنا چھانٹنا؛ قطع و برید کرنا ۔ (٥) (قلم یا بلور کو) تراشنا؛ کناروں کو تراش کر پہلو نکالنا ۔ (٦) (مجازاً) بیکار کر دینا ۔

Truncate : (a) (۱) (نباتیات) کٹواں؛ مقطوع؛ پتّی یا پَروغیرہ جس کا سر کٹا ہوا معلوم ہو ۔ (۲) سرکٹا؛ مقطوع؛ سربریدہ؛ مقطوع الاطراف؛ فاقد راس؛ بے سر ۔ (۳) کٹی چھنٹی (عبارت) ۔

Truncated : (a) [f. 'truncatus'.] (۱) کٹا ہوا؛ مقطوع؛ مقطوعِ الاطراف ۔ (۲) بے سر ؛ بریدہ ؛ مقطوع ؛ ناقص؛ سر، ہاتھ پیر وغیرہ کٹا ہوا؛ بُریدہ ۔ (۳) (ہندسہ) مخروطی شکل کا ۔ (٤) کٹی چھنٹی (عبارت)؛ مختصر ۔ (٥) (قلم یا بلور) تراشا ہوا ۔

Truncated cone : (n) (ہندسہ) مخروطِ ناقص ۔

Truncated cube : (n) مکعبِ ناقص ۔

Truncated pyramid : (n) (تعمیرات) ہَرم ناقص ۔

Truncately : (adv.) مقطوع طور پر؛ مخروطی شکل میں ؛ سر بریدہ حالت میں ۔

Truncation : (n) [Late L. 'truncationem'.] (۱) قطع سر ؛ سر زنی؛ ابترسازی ؛ کاٹ چھانٹ ؛ قطع وبرید ۔ (۲) قطع اطراف؛ بُریدگی ۔ (۳) عبارت کی کاٹ چھانٹ ؛ (حیوانیات) مقطوعیت ۔

Truncature : (n) دیکھو Truncation

Truncheon : (n) [OFr. 'tranchan'.] (۱) ڈنڈا؛ سونٹا (خصوصاً پولس کے سپاہیوں کا) ۔ (۲) عصا جو کسی منصب کی نشانی ہو ۔ (۳) (نقابت) ارل مارشل کا عصا (ڈھال کے مارکے میں) ۔

Truncheon : (v) ڈنڈے یا سونٹے سے مارنا؛ عصا سے مارنا ۔

Truncheoned : (a) عصا دار؛ ڈنڈے سے مسلح ۔

Truncheoner : (n) عصا رکھنے والا (سپاہی) ۔

Truncus : (n) [L.] (۱) وعا الدّم ؛ شہ رگ ۔ (۲) (نباتیات ، حیوانیات) تنا؛ (حیوانیات)بدنہ ۔ (۳) (تشریح) صدر ؛ سینہ (انسانوں اور جانوروں کا) ۔

Truncus arteriosus : (n) (حیوانیات، تشریح) شریانی تنا ۔

Trundle : (n) [Parallel form to Trendle.] (۱) چھوٹا سا چوڑا پہیا مثلاً کرسی یا میز کے پائے کا ۔ (۲) چھوٹی چرخی جس کے دندانے استوانی شکل کے ہوں ۔ (۳) نیچے پہیوں کا ٹھیلا یا گاڑی ۔ (٤) (جہاز کے) دھرے چرخ کے نچلے حصے کا سرا ۔ (٥) (میکانیات) چرخک ؛ چھوٹا پہیا ۔ (٦) دیکھو Lantern-wheel ۔ (۷) دیکھو Truckle-bed ۔

Trundle : (v) [Parallel form to Trendle. (n)] (۱) لڑھکنا؛ لڑھکانا (پہیے، ٹھیلے وغیرہ کا) ۔ (۲) (عامیانہ) (کرکٹ) گیند پھینکنا ؛ بولنگ کرنا ۔ (۳)گھمانا؛ چکردینا؛ پھرانا؛ چرخے کی طرح گھمانا؛ پھرنا؛ چکر کھانا ۔ (٤) پہیے پر گھومنا یا گھمانا ۔ (٥) (ہاتھ گاڑی ، پہیے دار کرسی وغیرہ کو) ٹھیلنا یا کھینچنا (کسی خاص رخ پر) ۔ (٦) سائیکل پر جانا؛ سائیکل چلانا؛ پہیے دار گاڑی پر جانا ۔ (۷) (مجازاً) جانا؛ ٹہلنا؛ تیزی سے دوڑنا ؛ آسانی سے دوڑنا ؛ چلے جانا ۔ (۸) نکال دینا؛ بھیج دینا؛ جانے دینا؛ علاحدہ کرنا؛ برخاست کرنا ۔

Trundle-bed : (n) دیکھو Truckle-bed

Trundle-head : (n) (جہاز رانی) لنگرِ چرخ کا مدوّر نچلا سرا ۔

Trunk : (n) [Fr. 'tron(c)k'.] (۱) (نباتیات) تنا (درخت کا)؛ ساق ۔ (۲) دھڑ (انسان یا جانور کا)؛ (تشریح) تن بدن؛ (تشریح) شریان کی اصلی ۔ (۳) کسی چیز کا اصل حصہ؛ دھڑ ۔ (٤) ریل یا نہر کی اصلی لائن (ریلوے) شاہراہ ۔ (٥) شریک لائن؛ ٹیلفون، ٹیلیگراف کی اصل لائن خصوصاً وہ جو ایک شہر سے دوسرے شہر تک جاتی ہو ۔ (٦) ٹرنک ؛ پیٹی ؛ کپڑے رکھنے کا صندوق ۔ (۷) لکڑی کا مستطیل ظرف یا آبریز؛ کان کنی میں دھاتوں کو الگ کرنے کے لئے مستطیل شکل کا روشن دان وغیرہ ۔ (۸) ڈھول کی شکل کا فشارہ جو بعض انجنوں میں استعمال ہوتا ہے ۔ (۹) (حیوانیات) ہاتھی کی سونڈ؛ خرطوم ۔ (۱۰) کمر سے گھٹنوں تک کی برجس جو سولہویں اور سترھویں صدی میں پہنتے تھے ۔ (۱۱) (تعمیرات) ساقِ ستون ؛ بدن العمود ۔ (۱۲) (سمعیات) بول نلی ۔ (۱۳) ایک قسم کا

صندوق یا بکس جس میں زندہ مچھلی رکھی جاتی ہے؛ صندوق ماہی ۔ (١٤) ڈھلوان نالی؛ نالی یا نلی جو سیال اشیاء کو منتقل کرے ۔ (١٥) ورزشی کوتاہ شلوار ۔

Trunk : (v) (دھات وغیرہ کو) چکنا کرنا (پانی میں گرم کرکے)۔

Trunk-breeches : (n) (اب صرف تاریخ میں) دیکھو Trunk-Hose ۔

Trunk-call : (n) ٹرنک کال؛ دوسرے شہر میں ٹیلیفون کے ذریعے بات چیت ۔

Trunk-circuit : (n) (ٹیلی فون) شاہ دور؛ ٹرنک دَور؛ ٹرنک سرکٹ ۔

Trunk deck : (n) عرشہء کشتی کا بالائی حصہ ۔

Trunk drawers : (a) پتلون کے نیچے پہننے کا گھٹنوں تک کا پاجامہ ۔

Trunk-engine : (n) ڈھول نما فشارے کا انجن؛ نلی دار فشارے کا انجن ۔

Trunk-fish : (n) Ostracion جنس کی مچھلی ۔

Trunk-hose : (n) (١) کمر سے گھٹنوں تک کی برجس جو سولہویں اور سترھویں صدی میں پہنتے تھے ۔ (٢) (برجس پہنے ہوئے) قدیم طرز ۔

Trunk line : (n) (١) (ٹیلیفون) شاہ دَور ۔(٢) (ریل وغیرہ) شاہراہ؛ اصل سڑک ۔

Trunk main : (n) پانی کا نل؛ پانی کا بڑا پائپ ۔

Trunk-maker : (n) ٹرنک بنانے والا؛ بکس بنانے والا ۔

Trunk-nail : (n) بڑی خوشنما کیل جو ٹرنک یا تابوت وغیرہ میں لگاتے ہیں ۔

Trunk-road : (n) شاہراہ؛ بڑی سڑک؛ اصل سڑک ۔

Trunked : (a) (١) تنا والا؛ شاخ دار ۔(٢) خرطوم دار ۔

Trunkful : (a) ٹرنک بھر؛ صندوق بھر ۔

Trunkless : (a) بے دھڑ کا؛ بے تنے کا ۔

Trunnion : (n) [Fr. 'trognon'.] (١) (اسلحہ) محور حامل ؛ سر محور(توپ) ۔ (٢) توپ کی کیل؛ توپ کا پتلا سرا (جو دونوں طرف نکلا ہوتا ہے)؛ بازو؛ دستہ ۔(٣) انجن کے بوائلر کا پتلا سا دودکش ۔

Trunnion-box : (n) توپ کی کیل کے اوپر لگایا ہوا دھات کا بکس۔

Trunnion-carriage : (n) چھوٹی توپ کا بالائی حصہ ۔

Trunnion-plate : (n) توپ گاڑی کے بغل کا آہنی پلیٹ ۔

Trunnion-ring : (n) توپ کے گرد کی گولائی ۔

Trunnioned : (a) نلی دار؛ دودکش دار ۔

Truss : (n) [Fr. 'trousse'.] (١) (تعمیرات) پیل پایہ؛ قینچی ؛ اڑواڑ؛ دھرا؛ بیچ میں جڑا ہوا کھمبا؛ کھمبا جس میں آڑی ٹیکن لگی ہو ؛ چوب بندی ۔ (٢) خشک گھاس کا پرانا گٹھا (٥٦ پونڈ کا)؛ نیا گٹھا (٦٠ پونڈ کا)؛ پیال کا گٹھا (٣٦ پونڈ کا) ۔ (٣) پھولوں کا گچھا یا طرہ ۔(٤) درسا جس پر کوئی مجسمہ وغیرہ قائم ہو؛ پایہء مجسمہ ۔ (٥) (جہاز) لوہے کا بریکٹ جس سے نیچے کی افقی بلیاں مستول سے جکڑی ہوتی ہیں ۔ (٦) (جراحی) پیٹی یا کمانی جس سے فتق کی بیماری میں کام لیتے ہیں؛ فتق بند؛ حفاض ۔ (٧) (نباتیات) گٹھا؛ پولا؛ پولی ۔ (٨) چست وتنگ شلوار یا جامہ ۔

Truss : (v) [Fr. 'trousser'.] (١) پیل پایہ یا کھم لگا کر سہارا دینا (چھت، بلی وغیرہ کو) ۔ (٢) (پکانے سے پہلے) پرند کے بازو باندھ دینا ۔ (٣) مشکیں کسنا؛ بازو کولہوں پر باندھ دینا۔(٤) پھانسی دینا۔ (٥) (بازو وغیرہ کا) دبوچنا؛ (پرند کو) پکڑ لینا ۔(٦) محکم کرنا؛ مضبوط کرنا؛ پٹی یا پٹکے سے کسنا ۔(٧) گرہ دینا؛ آراستہ کرنا؛ سجانا؛ بال سنوارنا؛ ربن وغیرہ سے بال باندھنا ۔ (٨) ایک ساتھ باندھنا؛ گٹھا بنانا ۔ (٩) سامان سفر باندھنا ۔

Truss-bridge : (n) قینچی پُل؛ پیل پایہ دار پُل ۔

Truss-beam : (n) قینچی دار شہتیر ۔

Truss-rod : (n) پیل پایہ کسنے کا راڈ؛ چوب تختہ بندی ۔

Trussing : (n) (١) مشکیں کسنے کا عمل؛ کھم لگاکر سہارا دینے کا عمل ۔(٢) محکم سازی؛ چوب بست زنی ۔

Trussing machine : (n) وہ مشین جس کے ذریعے کھم لگایا جاتا ہے؛ مشینِ چوب بست زنی ۔

Trust : (n) [Early ME. 'trost(e), truste'.] (۱) اعتماد ؛ بھروسا؛ اطمینان؛ توکل ۔ (۲) امید واثق؛ پوری امید؛ پوری توقع؛ امانت؛ وثوق ۔ (۳) وہ شخص یا چیز جس پر بھروسا یا جس سے امید ہو؛ امیدوں کا مرکز ۔ (٤) حُسن ظن ؛ اعتبار (جو بغیر ثبوت یا تصدیق کے کرلیا جائے) ۔ (٥) ساکھ؛ اعتبار؛ اعتقاد؛ عہدہ داری ۔ (٦) ذمہ داری (جو اعتبار کی وجہ سے ہو) ۔ (۷) (قانون) تولیت (املاک یا جائداد کی)؛ وقف؛ جائداد جو زیر تولیت ہو؛ ترسٹ؛ وثیقہ ۔ (۸) امانت؛ ودیعت؛ کارمفوضہ ۔ (۹) (تجارت) ترسٹ؛ اتحاد تجارت (کئی تجارتی کمپنیوں کا متحدہ کاروبار جس کی غرض عموماً یہ ہوتی ہے کہ مقابلے میں حریفوں کو شکست دے، ایک مرکزی کمیٹی حصہ داروں کے تمسکات کا بڑا حصہ خرید لیتی ہے، انہیں ووٹ کا حق نہیں رہتا، صرف منافع ملتا ہے)؛ ایتلاف ۔ (۱۰) (قانون) متولی؛ ترسٹی؛ امین؛ ترسٹی کا رکن۔

Takes every thing on trust : ہر بات پر اعتبار کرلیتا ہے؛ ہر چیز میں حسنِ ظن سے کام لیتا ہے ۔

To take on or upon trust : بغیر تحقیق اور ثبوت کے قبول کرنا؛ آنکھ بند کرکے اعتماد کرلینا ۔

Trust : (v) [f. Trust (n)] (۱) اعتماد کرنا؛ بھروسا کرنا ؛ اعتبار کرنا؛ باور کرنا؛ مطمئن ہونا؛ کسی پر توکل کرنا؛ رازدار بنانا ۔ (۲) (چیز کو کسی کی) امانت میں دینا؛ سپرد کرنا؛ (امانت) رکھوانا؛ امین ترکہ کرنا ۔ (۳) گاہک کو مال ادھار دینا ۔ (٤) امید کرنا؛ (شاذ) امید واثق رکھنا۔ (٥) یقین دلانا؛ اعتبار کرانا ۔ (٦) تفویض کرنا ۔

Trust-certificate/Trust-share certificate : (n) ایسے حصص جن میں منافع تو ملتے ہوں لیکن ووٹ دینے کا حق حصہ دار کو نہ ہو ۔

Trust company : (n) (امریکا) ترسٹیوں کی جماعت جس میں ترسٹیوں کے فرائض انجام دیئے جاتے ہیں ۔

Trust deed : (n) (۱) تولیت نامہ ؛ (قانون) وقف نامہ ؛ وہ دستاویز جس کے رو سے مالک اپنی جائداد کسی متولی یا قرض خواہوں کے سپرد کردے کہ وہ قرض چکانے کے بعد واپس کردیں ۔

(۲) وثیقہ نامہ؛ تولیت نامہ جس کی رو سے جائداد کسی خاص غرض سے تولیت میں دی جائے۔

Trust estate : (n) وہ علاقہ جو وقف ہو؛ وقف املاک ۔

Trust fund : (n) (۱) املاکِ وقف؛ چیز یا رقم جو وقف کردی گئی ہو ۔ (۲) وہ جائداد جو وقف کردی گئی ہو؛ ترسٹ کا فنڈ ۔

Trust house : (n) وہ ہوٹل یا عوامی ادارہ جو ترسٹ کمپنی کے ذریعے چلائی جائے ۔

Trust indenture : (n) دستاویز جس کے ذریعے وقف کیاجائے؛ دستاویز وقف ۔

Trust investment : (n) ترسٹ کی رقم کا راس المال ؛ نیز ترسٹی اسٹاک ۔

Trust-money : (n) رقم زیر تولیت ؛ ترسٹ کی رقم ۔

Trust property : (n) جائداد وقف ؛ وقف کی جائداد ؛ وقف شدہ جائداد ۔

Trustability : (n) قابل اعتماد ہونے کی حالت؛ قابل اعتمادی ؛ قابل اعتباری ۔

Trustable : (a) قابل اعتماد ؛ قابل اعتبار ؛ قابل امانت ۔

Trustee : (n) [f. Trust (v)+ EE.] (۱) (قانون) متولی ۔ (۲) (عام معنی) ترسٹی؛ امین؛ امانت دار؛ اس جماعت کا رکن جس کے سپرد کسی کالج یا ادارے کا انتظام ہو ۔ (۳) کسی چیز کے انتظام اور حفاظت کا ذمہ دار ۔

The public trustee : متولی عام ؛ ایک سرکاری عہدہ دار جو انگلستان میں سنہ ۱۹۰۸ میں مقرر کیا گیا ہے اور جو کوئی چاہے وہ اپنی وصیت کا عمل درآمد اس کے سپرد کر سکتا ہے ۔

Trustee : (v) (۱)(شخص یا اس کی جائداد کو) ترسٹی، امین کے ہاتھ میں رکھنا ۔ (۲) امین کے طور پر کام کرنا؛ امانت کے لئے سپرد کرنا؛ تولیت میں دینا ۔ (۳) Trustee process میں (کسی شخص کو) امین مقرر کرنا ۔ (٤) امانت قبول کرنا ۔ (٥) قرض دار کی ملکیت کو تیسرے شخص کے حوالے کر دینا ۔

Trustee process : (n) (۱) (امریکا) مقروض کی جائداد کےعلاوہ ساری چیزوں کی قرقی کا عمل جو چیزیں کسی تیسرے شخص کے قبضے میں ہوں ۔

Trustee security : (n) بڑا اسٹاک جس میں ٹرسٹ فنڈ ہو یا جسے قانونی طور پر خرچ کیا جائے ۔

Trustee stock : (n) دیکھو Trustee security

Trusteeism : (n) امانت سپاری؛ تعین امین؛ تولیت ۔

Trusteeship : (n) متولی یا ٹرسٹی کا منصب؛ امانت داری؛ تولیت ۔

Trusten : (v) (انگریزی بول چال) دیکھو Trust (v)

Truster : (n) (۱) امانت گزار؛ ودیعہ گزار؛ وقف کرنے والا ۔ (۲) اطمینان کرنےوالا؛ اعتبار کرنے والا؛ اعتماد کرنے والا ۔ (۳) قرض دینے والا ۔

Trustful : (a) بااعتماد؛ پُراعتماد؛ معتمد؛ مطمئن؛ اعتماد کرنےوالا؛ اعتبار کرنے والا؛ جس کی طبیعت میں دوسروں پر اعتماد کرنے کا مادّہ ہو ۔

Trustfully : (adv.) بااعتماد طور پر؛ اعتماد کرتے ہوئے؛ بھروسا کرتے ہوئے ۔

Trustfulness : (n) قابل اعتماد ہونا؛ اعتبار یا اعتماد کا مادّہ؛ اطمینان ۔

Trustification : (n) وقف میں تبدیلی؛ وقف کی تشکیل ۔

Trustify : (v) (معاشیات) وقف میں تبدیلی کرنا؛ وقف کی تشکیل کرنا ۔

Trustily : (adv.) قابلِ اعتمادطریقے سے؛ قابلِ اعتبار طور پر۔

Trustiness : (n) معتبری؛ قابل اعتماد ہونا ۔

Trusting : (a) معتمد؛ بااطمینان؛ اطمینان کرنے والا ۔

Trustingly : (adv.) اعتماد کرکے؛ اعتبار کرکے؛ بھروسا کرکے ۔

Trustingness : (n) معتبری۔

Trustle : (n) (بول چال) Trestle کا متبادل ۔

Trustless : (a) (۱) ناقابل اعتماد؛ بےاعتماد؛ دغاباز؛ غدار ؛ بے وفا؛ دھوکے کا؛ جس پر بھروسا نہ ہو ۔ (۲) اعتبار نہ کرنے والا؛ شکی؛ بدگمان ۔

Trustlessly : (adv.) بے اعتمادی سے؛ بے وفائی سے ؛ دھوکے کے ساتھ۔

Trustlessness : (n) بےاعتمادی؛ بے اعتباری ۔

Trustman : (n) امین؛ امینِ ترکہ ۔

Trustor : (n) معطی؛ عطا کرنےوالا؛ ہبہ کرنے والا ۔

Trustwoman : (n) امین عورت ؛ وہ عورت جس کا کام وقف سے متعلق ساری چیزوں کی دیکھ بھال یا حساب کتاب وغیرہ کرنا ہو ۔

Trustworthily : (adv.) قابل اعتمادی کے ساتھ ؛ معتبری کے ساتھ۔

Trustworthiness : (n) قابل اعتماد ہونا؛ قابل وثوق ہونا ؛ قابل اعتبار ہونا؛ معتبری۔

Trustworthy : (a) قابل اعتماد؛ معتمد؛ موثق؛ درست ؛ امین؛ معتبر؛ قابل اعتبار؛ قابل وثوق؛ بھروسے کے لائق؛ بھروسے کا ۔

Trusty : (a) قابل اعتماد؛ معتبر؛ موتمن؛ مورد اطمینان ؛ امین؛ اطمینان بخش؛ بھروسے کا؛ قابل اعتبار؛ قابل وثوق؛ جس پر بھروسا کیا جائے؛ جس پر اعتماد رکھا جائے ۔

Trusty : (n) (۱) (امریکا) نیک چلن قیدی ؛ جس کے ساتھ خاص مراعات ہوتی ہے ۔ (۲) اعتماد کرنے والا ۔

Truth : (n) [OE. 'triowth'.] (۱) سچائی؛ راستی؛صدق؛ صحت؛ دیانت ؛ خلوص؛ وفاداری؛ نمک حلالی؛ خیر خواہی ۔ (۲) ٹھیک حالت؛ درست حالت؛ صحت ۔ (۳) سچ؛ سچی بات؛ حق؛ حقیقت؛ صداقت؛ درستی؛ اصلیت؛ دیانتداری ۔ (٤) اثبات حقیقت مطلق ؛ روحانی صداقت ۔ (٥) حقائق؛ واقعیات ؛ واقعیت ؛ وجود ۔ (٦) میثاق؛ پیمان؛ عہد؛ قرارداد ۔ (۷) ایمان؛ اعتماد؛ عقیدہ؛ راسخ الاعتقادی؛ تقلید پسندی ۔ (۸) درستکاری؛ پاکی؛ حقانیت؛ بدیہیات ۔ (۹) علم؛ معلومات؛ وقوف؛ ادراک ۔ (۱۰) (قدیم مصری دیو مالا) سچائی کے دیوتاؤں میں سے ہر ایک ۔

Am a lover of truth : میں حق پرست ہوں؛ حق کا شیدائی ہوں ۔

God's truth : حقیقت محض؛ بالکل سچی بات ۔

Gospel truth : انجیل کےحقائق؛ کوئی بات جو انجیل کی طرح سچی ہو ؛ آیت؛ حدیث ۔

In truth : (ادبی زبان) حقیقت میں؛ واقعی ۔

Of a truth : (قدیم) حقیقت میں؛ واقعی ۔

Out of truth : حقیقت کے خلاف ۔

Rational truth : (فلسفہ) حقیقت عقلی ؛ عقلی صداقت ۔

Tell (speak) the truth and shame the devil : Shame (v) دیکھو

To say, speak, or tell the truth : سچ بولنا؛ حقیقت بیان کرنا؛ کسی واقعہ کو صحیح صحیح بیان کرنا یا رپورٹ کرنا ۔

Truth drug : (n) (نباتیات) نباتات صداقت؛ مکو ۔

Truth drug : (n) وہ دوا جس کے استعمال سے لوگ حقیقت بیان کرنے لگیں ۔

Truth frequency : (n) (فلسفہ) تعدد صداقت؛ تکرار صداقت ۔

Truth function : (n) (فلسفہ) وظیفہ صداقت ۔

Truth functional : (a) (فلسفہ) وظیفہ صداقت کا یا اس سے متعلق ۔

Truth functionally : (adv.) (فلسفہ) وظیفہ صداقت کے طور پر ۔

Truth lover : (n) طالب حقیقت؛ عاشق راستی ۔

Truth speaker : (n) راست گو؛ حقیقت گو؛ راست گفتار ؛ سچ بولنے والا ۔

Truth value : (n) (فلسفہ) صداقتی قدر ۔

Truthful : (a) (۱) سچا؛ راست گو؛ صادق؛ سچ بولنے والا ؛ صادق القول ۔(۲) سچا؛ حقیقت پر مبنی (قصہ وغیرہ)۔

Truthfully : (adv.) صداقت کے طور پر؛ راست گوئی کے ساتھ؛ سچائی سے؛ سچ مچ ۔

Truthfulness : (n) صداقت؛ راست گوئی؛ سچائی؛ راستی ؛ حقیقت۔

Truthless : (a) (۱) جھوٹا؛ غلط (بیان وغیرہ)؛ دروغ گو ؛ کاذب ۔(۲) بے وفا؛ بدعہد (شخص) ۔

Truthlessness : (n) (۱) دروغ گوئی؛ کذب ۔(۲) بے وفائی ؛ بد عہدی۔

Truths : (n) (فلسفہ) حقائق ۔

Empirical truths : (فلسفہ) حقائقِ تجربی ۔

Home truths : کھری کھری باتیں؛ چبھتی ہوئی باتیں؛ کسی شخص کی واقعی برائیاں جو اس کے سامنے کی جائیں اور اسے ناگوار ہوں ۔

Primary truths : (فلسفہ) حقائق اوّلیہ ۔

Rational truths : (فلسفہ) حقائق عقلی ۔

Truthsman : (n) حقیقت جُو آدمی؛ حقیقت کی تلاش کرنے والا شخص؛ طالب حق ۔

Truthy : (a) دیکھو Truthful

Try : (n) [f. Try.(v)] (۱) آزمائش؛ امتحان؛ (شاذ) تجربہ ۔ (۲) کوشش؛ جدوجہد؛ سعی ۔ (۳) (فٹ بال رگبی) لڑائی؛ ایک فریق کا یہ حق کہ وہ گیند کو گول کے سامنے رکھ کر ٹھوکر مار کر گول کرنے کی کوشش کرے ۔(٤) عدالتی جانچ پڑتال؛ عدالتی تحقیقات ۔

Try : (v) [OFr. 'trier'.] (۱) آزمائش کرنا؛ آزمانا؛ تجربہ کرنا۔ (۲) ابتلا میں ڈالنا؛ مصیبت میں ڈالنا؛ تکلیف دینا ۔ (۳) آزما کر دیکھنا؛ کرکے دیکھنا؛ کسی چیز کے اثرات کو جانچنا؛ پرکھنا ۔(٤) عدالتی تحقیقات کرنا؛ سماعت کرنا (مقدمے کی)؛ مقدمہ چلانا (کسی شخص پر)؛ (کسی جرم میں) ماخوذ کرکے تحقیقات کرنا؛ انصاف کرنا ۔ (٥) کسی کام کی کوشش کرنا ۔ (٦) جدوجہد کرنا؛ کوشش کرنا؛ کسی چیز کا پتہ چلانے کی کوشش کرنا؛ تلاش کرنا ۔(۷) کُھردرے تختے کو رندا کر کےصاف کرنا ۔ (۸) (دھات یا چربی یا تیل کو) پگھلا کر جوش دے کر صاف کرنا؛ چربی پگھلانا؛ تانا؛ تاکر نکالنا ۔(۹) شہد سے موم نکالنا ۔

Must try and get it finished tonight : (بول چال) کوشش کرکے اسے آج رات ختم کردینا چاہئیے ۔

To try a door/- window : کوشش کرکے کھول لینا؛ کوشش کرکے معلوم کرلینا ۔

To try an experiment : تجربہ کرنا؛ نتیجہ پر غور کئے بغیر کوئی کام کرنا ۔

To try (one's) hand : پہلی دفعہ کوئی کام کرنے کی کوشش کرنا؛ کسی شخص کی صلاحیت وغیرہ کی جانچ کرنا ۔

To try it on the dog : اس طرح جانچنا یا تجربہ کرنا کہ نقصان صرف کمزور کو ہی ہوگا ۔

To try it (one's tricks) with person : (کسی شخص کے ساتھ) چھیڑ؛ شرارت وغیرہ شروع کرنا ۔

To try out : اچھی طرح آزمانا؛ آزمائش کرنا ۔

To try over : جانچ پڑتال کرنا؛ آزمانا ۔

Try - : جزو ترکیبی بمعنی کوشش؛ جدوجہد ۔

Try a fall : (n) کشتی ۔

To try a fall : کشتی میں چت ہونا ۔

Try at : (v) کوئی کام کرنے کی کوشش کرنا؛ جدو جہد کرنا؛ سعی کرنا ۔

Try back : (v) (۱) (شکاری کتوں کے لئے) کھوج لگانے کے لئے پیچھے لوٹنا ۔ (۲) گھوم پھر کر اسی بات پر آجانا ۔ (۳) (شکاری کتوں کو) واپس بلانا ۔

Try-cock : (n) دیکھو Gauge-cock

Try conclusions : (n) (کسی فن میں) آزمائش یا مقابلہ ۔

Try for : (v) (۱) اختیار کرنے کی کوشش کرنا؛ کسی چیز کے درپے ہونا؛ حاصل کرنے کی سعی کرنا ۔ (۲) مقابلہ کرنا یا درخواست دینا (ملازمت وغیرہ کے لئے) ۔

Try it on : (v) (عامیانہ) دھوکا دہی کی کوشش کرنا؛ (خصوصاً چوری میں) چوری پر زندگی گزارنا ۔

Try on : (v) (کپڑا) پہن کر دیکھنا (کہ ٹھیک ہے یا نہیں) ۔

Try-on : (n) (بول چال) دھوکا دینے کی کوشش ۔

Try out : (v) آزمائش کرنا؛ آزمانا ۔

Try-out : (n) آزمائش ۔

Try square : (n) بڑھئی کا گنیا؛ ٹیڑھی چیز کو سیدھا کرنے والا آلہ ۔

Try your hand at : (v) اُسے کرنے کی کوشش کرو؛ اس پر اپنا تیر آزماؤ ۔

Trygon : (n) [L.] (حیوانیات) ٹنگ مچھلی کی جنس ۔

Trying : (n) کوشش؛ سعی؛ جدوجہد؛ ساعی؛ کوشش کرنے والا ۔

Trying : (a) پُرزحمت؛ طاقت فرسا؛ سخت؛ کٹھن؛ دشوار ؛ صعب؛ تکلیف دہ ۔

Trying-plane : (n) لمبا بھاری رندہ ۔

Trying-square : (n) بڑھئی کا گُنیا؛ ٹیڑھی چیز کو سیدھا کرنے والا آلہ ۔

Tryingly : (adv.) تکلیف دہ طور پر؛ دشواری کے ساتھ ؛ پُرزحمت انداز سے ۔

Tryingness : (n) دشواری؛ سختی ۔

Tryma : (n) [mod. L.] (نباتیات) گٹھل دار پھل کے مانند ایک پھل ۔

Trypanosoma : (n) [mod. L.] خون کا طفیلی جرثومہ جس سے مرض النوم اور دوسری بیماریاں پیدا ہوتی ہیں ۔

Trypsin : (n) [Perh. f. Gr.] ٹرائپسین؛ لبلبے کی رطوبت کا ہاضم مادہ ۔

Trypsinogen : (n) لبلبے کی رطوبت کا دانہ دار ہاضم مادہ ۔

Tryptic : (a) ٹرائپسین کا یا اس سے متعلق ۔

Tryptone : (n) پیپٹون؛ ایک قسم کا البومنی مادہ ۔

Trysail : (n) (جہاز رانی) چھوٹا بادبان جو طوفانی موسم میں مستول پر چڑھایا جاتا ہے اور ایک لٹھے سے بندھا رہتا ہے ۔

Tryst : (n) [Origin the same word as ME. 'Triste'.] (۱) مقررہ وقت اور مقررہ مقامات پر ملاقات ۔ (۲) ملاقات کا وعدہ؛ موعودہ ملاقات ۔

To bide tryst : مقررہ مقام اور مقررہ وقت پر ملاقات کا انتظار ۔

To break tryst : موعودہ ملاقات کی خلاف ورزی کرنا؛ ملاقات کی عہد شکنی کرنا ۔

مخصوص مقام اور مخصوص وقت پر ملاقات کرنا ۔ To hold, keep tryst :

مخصوص مقام اور مخصوص وقت پر ملنے کا وعدہ کرنا ۔ To make tryst :

(۱) ملاقات کا وعدہ کرنا ۔ (۲) ملاقات کا وقت متعین کرنا ۔ (۳) کسی شخص کے ساتھ کوئی کام کرنے کا وعدہ کرنا، خصوصاً ملنے کے لئے وقت اور جگہ متعین کرنا ۔ (٤) مخصوص وقت اور مخصوص جگہ پر ملاقات کرنا یا ملاقات کا وعدہ کرنا ۔ (٥) موعودہ مقامات یا وقت پر ملنا ۔ Tryst : (v)

ملاقات کا وعدہ کرنے والا؛ میعادگاہ اور وقت مقررہ پر ملاقات کرنے والا ۔ Tryster : (n)

ملاقات کرنا؛ میعادگاہ اور وقت مقررہ پر ملنا ۔ Trysting : (n)

موعودہ ملاقات کا دن ۔ Trysting day : (n)

وہیل کی چربی کے جانچنے کا آلہ ۔ Tryworks : (n)

دیکھو Czar Tsar : (n) [Russ.]

جنوبی افریقہ کی ایک مکھی (جس کے کاٹنے سے مویشی، کتے وغیرہ مر جاتے ہیں) ۔ Tsetse : (n)[Sechwana. i.e.Bechuana language.]

مجمع الجزائر توامونو کا یا اُس سے متعلق یا وہاں کے باشندوں سے متعلق ۔ Tu-a-motuan : (a)

جزائر توامونو کا پیدائشی باشندہ ؛ توامونو ۔ Tu-a-motuan : (n)

ایک بڑا رینگنے والا حشرہ جو عام طور پر نیوزی لینڈ میں پایا جاتا تھا اور اب چند چھوٹے چھوٹے جزیروں کے ساحل ہی تک محدود ہے، اس کی شکل عموماً چھپکلی جیسی ہوتی ہے ۔ Tu-a-ta-ra/Tuatara : (n) [Maori. 'tua' + 'tara'.]

آسٹریلیا کا ایک درخت جس سے سفید گوند رستا ہے (یوکلپٹس، ببول وغیرہ) جس کی لکڑیاں سخت اور دیرپا ہوتی ہیں ۔ Tu-art/Touart : (n)

جنوبی چین کے طے (Tai) کی مختلف جماعتوں میں سے ایک ۔ Tu-jen : (n)

تم بھی؛ جوابی الزام ؛رد الزام ؛ یہ کہ تم بھی تو ایسے ہی ہو؛ تم نے بھی تو یہی کیا ۔ Tu quoque : (n)

الّو کی آواز کی نقل ؛ اس چیخ کا اظہار؛ الّو کی بولی ۔ Tu-whit/Tu-whoo : (n) [Imitative.]

الّو کی آواز یا بولی کی نقل کرنا یا نقل اتارنا ۔ Tu-whoo : (v)

(۱) مرکزی اور مغربی Sahara (صحارا) کے برسراقتدار خانہ بدوشوں کا کوئی ایک فرد ۔ (۲) مرکزی اور مشرقی Sahara کے باشندوں کی بربر زبان ۔ Tua-reg/Touareg : (n) [Ar. Tawariq.]

جزیرہ توامونو (بحرالکاہل) کے باشندوں کی بولی نیسی زبان ۔ Tuamo-tu : (n)

مَلایا زبان میں کسی معزز مرد کو مخاطب کرنے کا طریقہ (مثلاً عالی جناب، حضور، حضور اعلیٰ، اعلیٰ حضرت وغیرہ) ۔ Tuan : (n) [Malay]

مَلایا کا کوئی یورپی حاکم اعلیٰ ۔ Tuan besar : (n) [Malay]

(۱) قوم؛ جماعت؛ قبیلہ ۔ (۲) وہ خطہ جو کسی قبیلے کے قبضے میں ہو ۔ Tuath : (n) [Irish.]

(۱) ناند (لکڑی کا)؛ (کپڑے دھونے یا نہانے کا) ٹب ؛ مکھن وغیرہ رکھنے کا چھوٹا ٹب ۔ (۲) چائے، غلہ، مکھن وغیرہ ناپنے کا پیمانہ جو مختلف معیار کا ہوتا ہے ۔ (۳) نہانے کا چھوٹا ٹب؛ غسل کرنے کا ٹب ۔ (٤) (کان کنی) ناند یا صندوق (کچی دھات یا کوئلہ اٹھانے کے لئے) ۔ (٥) (تحقیراً) بھدی سست رفتار کشتی؛ نیز چھوٹی چوڑی کشتی ۔ (٦) چھوٹی سی کشتی جس پر کشتی رانی کی مشق ہوتی ہے ۔ (۷) (تحقیراً یا مذاقاً) واعظ یا خطیب خصوصاً غیر مقلد واعظ ۔ (۸) سرنگ کا سہارا ۔ (۹) نیلم کے رنگ کی ایک قسم کی مچھلی ۔ (۱۰) ناند یا ٹب سے مشابہ کوئی چیز، جیسے پرانی قسم کا منبر یا خطبہ گاہ ۔ (۱۱) انتہائی مضحک شخص ۔ (۱۲) (پرانی قسم کا) ہاتھ سے چلا کر آگ بجھانے والا انجن ۔ (۱۳) ٹب بھر کسی چیز کی مقدار ۔ (۱٤) (برطانیہ) قریب چارگیلن والا چھوٹا پیپا ۔ (۱٥) دوچپوؤں والی ہلکی کشتی جو خاص طور پر ملاحوں کی تربیت میں استعمال ہوتی تھی ۔ (۱٦) سب سے نیچے کے بادبان کے اوپر والے بادبان کا شکنجہ (مستول پر رسی چڑھانے کے لئے) ۔ (۱۷) (مستول پر) نگراں کا احاطہ ۔ (۱۸) ہم وقت تیراکی کا مظاہرہ ۔ Tub : (n) [LDu.]

Cold tub : ٹھنڈے پانی کا غسل ۔

Let every tub stand on its own bottom : ہر شخص کو اپنی فکر کرنی چاہئیے ۔

Tub : (a) ناند یا ٹب کی طرح کا یا اس سے متعلق ؛ ٹب میں رکھا ہوا ۔

Tub : (v) (۱) ٹب میں نہانا یا نہلانا؛ کپڑا دھونا ۔(۲) ناند میں پودا لگانا ۔(۳) چھوٹی کشتی کھینا ۔ (٤) چھوٹی کشتی میں کشتی کھینا سکھانا ۔ (٥) (کان کنی) لکڑی یا لوھے کا خول چڑھانا (صندوق وغیرہ پر) ۔(٦) ٹب میں نہانا یا غسل کرنا (خاص کر سویرے اُٹھ کر) ۔ (۷) لکڑی، پتھر یا لوھے کے پن روک ڈبے سے سرنگ کو سہارا دینا؛ اس طرح (پانی کو) بند کرنا؛ سرنگ یا ٹینل میں (پانی کو) بند کرنا ۔ (۸) ٹب میں رکھنا یا جمع کرنا ۔ (۹) (کشتی کھینے والےکو) ٹب میں تربیت دینا ۔(۱۰) غسل کے ٹب کو استعمال کرنا ۔

Tub basket : (n) لکڑی کے پیندے والا گول ٹوکرا یا ڈلیا (باسکٹ) جس میں لکڑی کے ترشے ہونے سیدھے ڈنڈے لگے ہوں ۔

Tub butter : (n) ٹبوں میں بند مکھّن (رکھنےیا برآمد کےلئے)۔

Tub-cart : (n) بلکی دوپہیوں والی گاڑی ۔

Tub-chair : (n) ایک قسم کی بڑی، گول، گدّے دار آرام کرسی ۔

Tub-desk : (n) مختلف خانوں کا بغیر پٹ کا ڈسک (کارڈ کو الگ الگ رکھنے کے لئے) ۔

Tub-door : (n) بعض جوش دانوں میں دھواں نکلنے کا دہانہ ۔

Tub-gig : (n) دو پہیوں والی گاڑی ۔

Tub-man/Tubman : (n) (۱) (اگلےزمانےکی) انگلستان کی ایک قانونی عدالت کا بیرسٹر (یہ عدالت بعد میں Kings'Bench میں تبدیل ہو گئی) ۔(۲) ٹب یا بڑی ناند کو استعمال کرنے والا شخص یعنی وہ جو سور کی لاش کو بال صاف کرنے سے قبل بھاپ میں جلاتا ہے؛ مزدور جو موزے یا بنے ہوئے سامان کو ناندوں یا رنگنے والی مشین میں رنگتا ہے ۔

Tub-pair : (n) دو کھویوں کی مشقی کشتی ۔

Tub-preacher : (n) (تحقیراً) غیر مقلد واعظ ؛ کلیسائے انگلستان کی تقلید سےانحراف کرنےوالا واعظ ۔

Tub-size : (v) ٹب یا ناند میں جلاطین یا سریش کے محلول سے (کاغذ کو) سائز کے مطابق گزارنا ۔

Tub-thumper : (n) (تحقیراً) وہ مقرر یا واعظ جو دران تقریر یا وعظ (وعظ یا تقریر پر زور ڈالنے کے لئے) میز پر ہاتھ مارتا ہے؛ پُرجوش مقرر یا واعظ؛ چلاچلا کر وعظ کہنے یا تقریر کرنے والا ۔

Tub-thumping : (n) مقرر یا واعظ کا (دوران تقریر یا واعظ) میز پر ہاتھ مارنا، پٹکنا، تھپ تھپانا ۔

Tub-thumping : (a) ہاتھ سے تھپ تھپایا ہوا؛ تھپ تھپانے والا۔

Tub-wheel : (n) ڈھول کی شکل کا ٹب؛ گھومنے والا ٹب (کھالیں دھونے کے لئے) ۔

Tuba : (n) [L. 'tuba'] (۱) (موسیقی) ٹوبا؛ نفیری ؛ قدیم روم کا سیدھا کانسے یا پیتل کا جنگلی دُہل ۔ (۲) آرگن باجے کے زیروبم کے آٹھویں درجے کے نقطہء عروج کا پردا ۔ (۳) آرگن باجا یا دُہل بجانے والا شخص ۔ (٤) غنیم کے راڈار کو روکنے کے لئے ایک بہت طاقتور ٹرانسمیٹر راڈار ۔

Tuba : (n) [Arab.] بہشت کا ایک درخت؛ طوبا ۔

Tuba : (n) [Togalog. 'tuba'.] (۱) مختلف زہریلے مادوں میں سے کوئی ایک جو پودوں کے رس، پوست اور بیجوں سے حاصل کیا جاتا ہے اور جو خاص کر ملیشیا اور فلپائن میں زہر ماہی کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔(۲) پودا جس سے زہر ماہی حاصل کیا جائے؛ تاڑ اور کھجور کا تخمیری عرق؛ تاڑی؛ فلپائن کی ایک تیز شراب جو خاص قسم کی کھجور کے درختوں کے تخمیری رس سے تیار ہوتی ہے (Beno) ۔ (۳) تاتاری سائبیریائی شخص ۔

Tuba clarion : (n) چار فٹ کی نرسنگے کی قسم کی نفیری ۔

Tuba major : (n) سولہ فٹ کی نرسنگے کی قسم کی نفیری ۔

Tuba mirabilis : (n) بلند بانگ دُہل ۔

Tubage : (n) نلکی کی لمبائی یا اس کا ٹکڑا؛ بندوق کی نال میں لوھے کی نلکی داخل کرنے کا عمل جس سے بندوق کی زد میں توانائی بڑھ جائے ۔

Tubaic acid : (n) (کیمیا) ایک بلوری فنائل ایسڈ $(C_3 H_5 C_8 H_5 O(OH) COOH)$ -

Tubal : (a) [Mod. L. 'Tubalis'.] (تشریح) قناتی نلی یا نلکی کی قسم کا یا اس سے متعلق -

Tubal cough : (n) قناتی کھانسی؛ سُرفہ؛ سعال -

Tubal dropsy : (n) قناتی استسقاء (مرض) -

Tubal nephritis : (n) قناتی ورم گردہ -

Tubal pregnancy : (n) قنات فلوپی کے ذریعے استقرار حمل -

Tubate : (a) (حیوانیات) نلی دار؛ نلی کی شکل کا -

Tubatulabal : (n) جنوبی مرکزی کیلیفورنیا یاباالائی دریائے کرن کی وادی کے شوشونین کے افراد یا لوگ؛ ایسی قوم کا کوئی فرد؛ اس خطے کی زبان -

Tubbable : (a) لائق شُستنی؛ دھونے کے لائق؛ بغیر نقصان کے دھوئے جانے کے لائق -

Tubbal : (n) (روزمرّہ انگریزی) ایک طرح کی کھال -

Tubber : (n) کان کنی کی کارنیوالی گینتی (کدال) -

Tubber : (n) (۱) ٹب یا پیپا ساز یا اس سے کام لینے والا ؛ کُپّی ساز؛ ٹب کو استعمال کرنے والا - (۲) ایک کارندہ جو جواہرات کو صیقل مشین پر صاف کرتا ہے -

Tubbie : (n) (انگریزی روزمرہ) کپی ساز یا اُس کا مددگار -

Tubbiness : (n) مٹاپا؛ فربہی؛ کُپا جیسا ہونے کی صفت یا حالت -

Tubbing : (n) (۱) ٹب بنانا؛ ناند بنانا؛ ٹب یا ناند بنانے کے سازوسامان - (۲) کان میں سُرنگ کے لئے لکڑی یا فلزاتی شے کا پن روک سہارا - (۳) ٹب میں کشتی رانی کی تربیت یا مشق -

Tubbish : (a) ٹب کی شکل کا؛ گول یا موٹا -

Tubby : (a) (۱) ٹب کی شکل کا؛ گول مثول؛ موٹا؛ بھدا ؛ بدنما - (۲) بے گمک ؛ بھدی آواز کا (باجا) - (۳) لمبائی کے تناسب سے زیادہ مضبوط اور چوڑا چکلا -

Tube : (n) [Fr 'tube' or L 'tubus'. rel to Tuba.] (۱) نلی؛ نلکی (دھات یا ربر کی) - (۲) ٹیوب (دھات کی، نلکی کی شکل کی ، روغن وغیرہ رکھنے کے لئے) - (۳) پھونک باجوں کا اصل حصہ ؛ نلکا - (٤) (تشریح) نالی؛ قنات؛ مجری؛ نلی؛ نلکی - (٥) ٹیوب ریل؛ لندن کی زیر زمین برقی ریل یا اُس کی کوئی لائن ؛ ٹیوبنگ ؛ نلکی کا سلسلہ (خاص کرتجربہ نلکی کا) - (٦) نلی نما شکل کا عینی یا بصری آلہ خاص کر دُوربین - (۷) (موسیقی) ہَوا باجا مثلاً نَے وغیرہ - (۸) ہَوائی ارسالی ٹیوب یا نلکی - (۹) استوانی سرنگ جس میں زیر زمین برقی ریل چلتی ہے؛ نیز (روزمرہ) زیر زمین برقی ریل - (۱۰) (طبیعیات) نلکی نما یا نلی دار شکل جو قوت کی لکیروں کے ایک بند منحنی کے ہر نقطے سے گزرنے سے بنتی ہے - (۱۱) (تشریح وحیوانیات) ایک کھوکھلا استوانہ نما عرق ، رگ یا عضو (جانور کے جسم میں)؛ ہوا کی نالی، نلکی، راستہ یا نلی - (۱۲) صدف نما جانور کی خمدار نلکیوں میں سے کوئی ایک - (۱۳) پودے میں کھوکھلی استوانہ نما نلی (خاص کر نباتات میں) - (۱٤) اس کا اطلاق دوسری نلی نما یا استوانہ نما چیزوں پر بھی ہوتا ہے - (۱٥) عورتوں کا ایک تنگ وچست لباس -

Bronchial tube : قنات شعبی؛ نرخرے کے دو شعبوں میں سے کسی شعبے کی نالی جس میں سے ہوا پھیپھڑوں میں آتی جاتی ہے -

Crookes's tube : ایک قسم کی خلائی نلکی جس سے گیس کی بعض خاصیتیں دکھائی جاتی ہیں -

Pneumatic tube : وہ نلکی جس میں خط وغیرہ رکھ کر ہوا کے دباؤ سے ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچاتے ہیں -

Test tube : تجربہ نلکی؛ جانچ نلکی -

Tube : (v) (۱) نلکی لگانا؛ نلکی میں رکھنا؛ ٹیوب میں رکھنا؛ نلکی کے ذریعے گزرنا یا نلکی میں بند کرنا - (۲) زمین دوز ریل کے ذریعے سفر کرنا -

Tube-case : (n) بھاپ والے انجن میں وہ خانہ جس میں آلہء تکثیف کی نلکیاں لگی ہوتی ہیں -

Tube-colour : (n) رنگ جو ٹیوب میں رکھے جاتے ہیں -

Tube-condenser : (n) نلکی نما آلہء تکثیف -

Tube-coral : (n) آرگن نلی نما مونگا ۔

Tube-hearted : (a) جوف عظمی کی وساطت سے قلب کی طرح کام کرنے والا ۔

Tube-maker : (n) جو ٹیوب بنانے خصوصاً وہ جانور یا پہل روپ جو اپنے خود ساختہ نلکی نما خول میں رہتا ہے ۔

Tube-man : (n) (برطانیہ) زمین دوز راستےپر متعین ملازم ۔

Tube-medusa : (n) سیفن برادران کا ایک رکن ۔

Tube-mill : (n) پیسنے کی چکی جس میں لمبی گھومنے والی نلکی ہوتی ہے ۔

Tube-nosed : (a) نلکی نما ناک رکھنے والا ۔

Tube-pan : (n) ایک گہرا گول برتن جس میں بڑے بڑے کیک بنائے جاتے ہیں اور جس کے بیچ میں خلا دار ٹیوب ہوتا ہے ۔

Tube-plate : (n) سوراخ دار پلیٹ جس میں گرم کرنے والی نلکیاں لگی ہوں ۔

Tube railway : (a) (برطانیہ) زمین دوز ریل ۔

Tube saw : (n) (۱) دیکھو Tublar saw ۔ (۲) استوانی آرہ (گول سوراخ بنانے کے لئے) ۔ (۳) تاج آرہ (Crown saw) ۔

Tube-shell : (n) دیکھو Blind shell ؛ کورسیپ (صدف) ۔

Tube-snout : (n) ایک نازک سمندری مچھلی ۔

Tube-spinner : (n) مکڑے کی ایک قسم جو نلکی نما جال بنتا ہے جس میں خود چھپتا ہے ۔

Tube-transmitter : (n) ایک ترسیلی ریڈیوسٹ جس میں برق زا نلکی لگی ہو ۔

Tube-weaver : (n) دیکھو Tube spinner

Tube-well : (n) ٹیوب ویل؛ نل کوپ؛ وہ کنواں جس سے نل کے ذریعہ پانی نکالا جاتا ہے؛ نل کنواں ۔

Tube-worm : (n) نلکی نما کیڑا یا جونک ۔

Tube-wrench : (n) پائپ یا ٹیوب کو کسنے والا پیچ کش ۔

Tubecell : (n) (نباتیات) دانہء گندم کی دو خلیوں میں سے کوئی ایک ۔

Tubectomy : (n) (تشریح) قنات فلوپی یا بیض نالی کو جراحی سے نکال دینا ۔

Tubelike : (a) نلکی نما ۔

Tuber : (n) [L. 'tuber'] (۱) (نباتیات) بصلہ؛ پودوں کا چھوٹا اور دبیز تنا جو زمین کے نیچے ہوتا ہے مثلاً آلو وغیرہ کا گٹھا ۔ (۲) تُرفاس؛ ایک قسم کی کُھمبی جو زیر زمین اگتی ہے ۔ (۳) (تشریح) گومڑی؛ ورم؛ گلٹی (غدود کا ورم) ۔

Tuber : (n) (۱) ٹیوب کا کام کرنے والا (مستری) ؛ مشین چلانے والا کارندہ ۔ (۲) کپڑوں کو تہان بنا بنا کر لپیٹنے والا ۔ (۳) چمڑے کے لمبے لمبے ٹکڑوں سے گول گول تسمے بنانے والا مزدور ۔

Tuber fern : (n) علاقہء منطقہء حارہ کا ایک پودا (فرن) جس کی چمک دار سبز پتیاں ہوتی ہیں ۔

Tuber flea beetle : (n) ایک قسم کا بھونرا جو مغربی کناڈا اور ممالک متحدہ کے علاقہ میں ہوتا ہے اور جو آلو یا دیگر پودوں کو برباد کردیتا ہے ۔

Tuber indexing : (n) (۱) دیکھو Eye indexing ۔ (۲) آلو کی کاشت سے پہلے انکھوا (آلو) کو الگ الگ کرنا ۔

Tuber root : (n) دیکھو Butterfly weed

Tubercle : (n) [L. 'Tuberculum'.] (۱) (تشریح، حیوانیات) ایک چھوٹی سی گانٹھ خصوصاً ہڈی پر یا مختلف جانوروں کے جسم کی سطح پر ۔ (۲) دق کا دانہ؛ دانہ جو کسی عضو میں خصوصاً پھیپھڑے میں فاسد مادے سے پیدا ہوتا ہے اور دق یا سل کا باعث ہوتا ہے؛ (مجازاً) دق یا سل کا مرض ۔ (۳) (نباتیات) بیخ دانہ؛ دانہ؛ چھوٹی گنٹھی جو درختوں کی جڑ میں پیدا ہو جاتی ہے؛ پودوں میں چھوٹی گمزی ۔

Tubercle bacillus : (n) جرثومہ کی ایک جنس جس سے مرض دق یا سل پیدا ہوتا ہے ۔

Tubercled : (a) مرض دق یا سل میں مبتلا ۔

Tubercular : (a) [L. 'Tuberculum'.] (۱) دق یا سل میں مبتلا ۔ (۲) دیکھو Tuberculous ۔

Tubercular : (n) مرض دق یا سل میں مبتلا انسان ۔

Tubercularia : (n) دق کے جرثومہ کی ایک جنس ۔

Tubercularization : (n) دق کا اثر پہنچانا یا پہنچایا جانا ۔

Tuberculize : (v) دق کے جراثیم داخل کرنا؛ دق کا اثر پہنچانا؛ دق میں مبتلا ہونا ۔

Tubercularly : (adv.) مرض دق کے طور پر؛ دق کے انداز کا؛ مسلول کی طرح سے ۔

Tuberculate : (a) دیکھو Tubercled یا Tubercular

Tuberculate : (n) لوھے کی نلکی میں گمڑیوں کا مجموعہ ۔

Tuberculated : (a) جس میں دق کے دانے نکلے ہوں ۔

Tuberculately : (adv.) گمڑی یا گلٹی کے طور پر ۔

Tuberculation : (n) (۱) دق کے دانوں کا نکلنا؛ دق کے دانوں کا سلسہ ۔(۲) دق کے جراثیم سے متاثر ہونا ۔ (۳) لوھے کی نلکی میں یا اس کے اوپر گمڑیوں کا مجموعہ ۔(٤) دیکھو Tuberculate ۔

Tubercule : (n) (۱) دیکھو Tubercle ۔(۲) لوھے کی نلکی کے اندر یا باہر ایک چھوٹی گرہ یا گمڑی ۔

Tuberculid/Tuberculide : (n) دق کے جراثیم کے باعث کوئی جلدی مرض یا خلل ۔

Tuberculiform : (a) کافی چھوٹا اور گٹھل جو گمڑی کے مشابہ ہو ۔

Tuberculin : (n) [L. 'tuberculum'.] (طب) ٹیوبرکولین؛ ایک عرق جو دق کے پرورده جراثیم سے بنایا جاتا ہے اور جس کا انجکشن دفع مرض کے لئے لگایا جاتا ہے؛ اب خصوصاً اس کا استعمال دق کے مرض کی جانچ کے لئے ہوتا ہے ۔

Tuberculin test : (n) دق کے جراثیم سے تیار کردہ عرق کو جسم میں انجکشن دے کر دق کے مرض کی جانچ ۔

Tuberculization : (n) دق کا مرض ہو جانا؛ دق کی بیماری لگ جانا یا اس میں مبتلا ہو جانا ۔

Tuberculize : (n) دق میں مبتلا کرنا؛ دق میں مبتلا ہونا ۔

Tuberculose : (a) دیکھو Tuberculate

Tuberculosis : (n) سِل؛ تپ دِق ۔

Tuberculous : (a) (۱) مسلول؛ مدقوق ۔(۲) سل یا دق کا یا اس کی خاصیت کا ۔(۳) مادہ سل کی موجودگی یا اس کے اثر سے ہو جانے والا (مرض) ۔ (٤) دیکھو Tubercular ۔ (٥) سِل کے دانوں سے بھرا ہوا ۔

Tuberculously : (adv.) مسلول کی طرح سے ۔

Tuberculum : (n) دیکھو Tubercle

Tuberiferous : (a) [L. 'Tuber'.] (نباتیات) بصلہ دار ۔

Tuberiform : (a) (تاریخ، طبیعیات و تشریح) گومڑی نما ۔

Tuberization : (n) بصلہ بننے کا عمل ۔

Tuberless : (a) بے بصلے کا؛ بے گمڑی کا ۔

Tubermoth : (n) (۱) دیکھو Potatomoth ۔(۲) ایک بھورے رنگ کا پتنگا جس کا پہل روپ آلو کا گمڑی دار کیڑا ہوتا ہے ۔

Tuberoid : (a) [L. 'Tubrose'.] بصلہ نما؛ گمڑی نما ۔

Tuberose : (a) (۱) بصلہ دار؛ بصلی ۔ (۲) گومڑی دار ۔ (۳) بصلہ کی طرح کا ۔

Tuberose : (n) میکسیکو کا ایک بصلہ دار پودا جس میں سفید رنگ کے خوشبو دار پھول ہوتے ہیں؛ گُل شبو؛ گُل زنبق ۔

Tuberosity : (n) [Fr. 'Tuberosite'.] (نباتیات) بصلیت؛ بصلی دار ہونا؛ گومڑی دار ہونا ۔

Tuberous : (a) [Fr. 'Tubereux ' or L. 'Tuberosus'.] دیکھو Tuberose (a)

Tuberous root : (n) کوئی دبیز مغزدار جڑ جو بصلہ کے مانند ہو لیکن اس میں کلیاں اور پتے نہ ہوں؛ بصلہ دار جڑ ۔

Tuberous water lily : (n) شمالی جنوبی امریکا کا ایک قسم کا کنول جس میں بڑے بڑے سفید یا زردی مائل غیر خوشبودار گلاب جیسے پھول ہوتے ہیں ۔

Tuberously : (adv.) بصلہ داری کے ساتھ؛ گومڑی کی طرح سے ۔

Tuberousness : (n) بصلہ داری ؛ گومڑی دار ؛ بصلیت ۔

Tubeset : (n) ریڈیوسیٹ جس میں الیکٹرون ٹیوب لگے ہوں ۔

Tubfast : (a) خانگی طور پر کپڑا دھونے کے دوران رنگ روغن کو محفوظ رکھنے والا ۔

Tubfile : (n) کارڈ یا کاغذ کی فائل اس طرح سے رکھی ہو کہ سب کا سب یا اس کا ایک معتدبہ حصہ ایک ہی دفعہ میں کھل جائے ۔

Tubfish : (n) نیلم کے رنگ کی مچھلی کی ایک قسم ۔

Tubfront : (n) دیکھو Block front : کسی عمارت، زمین یا دراز کے سامنے کے حصے کی روک ۔

Tubful : (n) ناند بھر؛ ٹب بھر ۔

Tubi - : جزوترکیبی؛ لاطینی لفظ Tubus بمعنی نلکی؛ دیکھو Tube ۔

Tubi fex : (n) ایک نازک سُرخ یا بھورے رنگ کا کیڑا جو بکثرت مچھلی کی غذا ہوتا ہے ۔

Tubicola : (n) Amelida کی جنس کا نلکی نما کیڑا ۔

Tubicolae : (n) مکڑوں کی ایک جماعت جو نلکی نما جال بُنتے ہیں ۔

Tubicolar : (a) [mod. L. 'Tubicola'.] نلی باش: (ان کا اطلاق حلقہ دار کیڑے اور پہیے کی طرح گھومنے والے کیڑے پر ہوتا ہے) ۔

Tubicole : (a) دیکھو Tubicolar

Tubicole : (n) نلی باش کیڑے؛ حلقے دار اور پہیے کی طرح گھومنے والے کیڑے ۔

Tubicolous : (a) دیکھو Tubicolar

Tubicorn : (n) [L. 'Cornu'.] کھوکھلے سینگوں کا جگالی کرنے والا جانور ۔

Tubicorn : (a) [L. 'Cornu'.] کھوکھلے سینگوں کا (جگالی کرنے والا جانور) ۔

Tubicornous : (a) نلی یا نلکی نما؛ نلکی کی شکل کا؛ نلی دار ۔

Tubifacient : (a) نلکی بنانے والا؛ نلی ساز ۔

Tubiform : (a) نلکی کی شکل کا؛ نلکی نما؛ نلی دار ۔

Tubinarial : (a) [L. 'Naris'.] نلی نما نتھنے والا ۔

Tubinarine : (a) دیکھو Tubinarial

Tubing : (n) (۱) سلسلہء انابیب ؛ ٹیوب کی لمبائی یا اس کا ٹکڑا ۔ (۲) انبوبہ؛ ٹیوبنگ ۔ (۳) ٹیوب لگانے کا عمل ۔

Tubipora : (n) مونگے کی ایک قسم ۔

Tubipore : (n) Tubipora جنس کا ایک رکن جس کے ہر کٹیرپا میں مرجانی مسام ہوتا ہے ۔

Tubipore : (a) مونگے یا مرجان کی قسم کا؛ آرگن نلکی نما مرجان کا ۔

Tubiporite : (n) آرگن نلکی نما مرجان کا سنگوارہ؛ فوسل ۔

Tubivalve : (a) صدفی نلی دار ۔

Tubivalve : (n) نلکی دار صدف؛ دوصمامہ صدفیہ یا رخوہ (صدفی نلی والا) ۔

Tubo - : جزوترکیبی بمعنی "نلکی" ۔

Tuboid : (a) ٹیوب یا نلکی سے مشابہ؛ تقریباً نلی کی شکل کا ۔

Tuborchard : (n) ناند میں اُگایا ہوا پھل دار درختوں کا جھنڈ ۔

Tubsugar : (n) ایک درخت کی چھال سے بنی ہوئی نرم چینی جس کو لکڑی یا ٹن کے ڈبوں میں محفوظ رکھا جاتا ہے ۔

Tubular : (a) [L. 'Tubulus'.] (۱) نلی یا نلکی کی شکل کا ۔ (۲) نلی دار؛ نلی یا نلکی کا بنا ہوا؛ نلکیوں میں رکھا ہوا ۔ (۳) (تنفس کی ایک کیفیت) قناتی؛ جس سے اس طرح کی آواز نلکتی ہو جیسے ہوا کسی ٹیوب میں سے گزرتی ہے ۔ (٤) نلیوں سے بنا ہوا یا نلیوں پر مشتمل ۔ (٥) (نباتیات) پھول یا گُلچہ خاص کر نلی کا بنا ہوا ۔ (٦) نلیوں کا بنا ہوا ۔

Tubular-bells : (n) انگلیوں سے دبا کر بجایا جانے والا ایک قسم کا آلہء موسیقی ۔

Tubular-boiler : (n) نلی دار جوش دان؛ بوائلر جس میں پانی یا بھاپ نلیوں سے گزرتی ہے ۔

Tubular-bridge : (n) مستطیل نلی کی شکل کا رستہ جس میں سے ریل وغیرہ گزرتی ہے ۔

Tubular chimes : (n) دیکھو Tubular bells

Tubular fabric : (n) بغیر سیون یا جوڑ کے بنی ہوئی جرسی یا گنجی وغیرہ ۔

Tubular floret : (n) نلی دار پھولوں میں سے کوئی ایک گلچہ ۔

Tubular lock : (n) حلقہ دار تالا ۔

Tubular-pile : (n) لوہےکی نلی نما سلاخ جو زمین میں چھری بھرنے کے لئے گاڑی جاتی ہے ۔

Tubular pneumatic action : (n) آرگن باجے کے دہانے کو ہوا کے دباؤ سے کھولنے اور بند کرنے کا عمل ۔

Tubular rivet : (n) دو نوک دار کیل نلکی نما دستے کے ساتھ ۔

Tubular saw : (n) (۱) دیکھو Crownsaw ۔(۲) استوانی آرہ (گول سوراخ بنانے کے لئے) ۔

Tubular skate: (n) برف پر چلنے کی کھڑاؤں جس کا فریم نلکی کا بنا ہوا ہو ۔

Tubularia : (n) [L. 'Tubuluo, Tubule'.] مرجانی حوین ۔

Tubularian : (a) مرجانی حوین کی جنس سے متعلق ۔

Tubularity : (n) نلی دار ہونے کی صفت یا حالت ۔

Tubularly : (adv.) نلی یا نلکی کی شکل میں ؛ نلکی کی طرح کا ۔

Tubulary : (a) [L. 'Tubulus'.] نیوب یا نلی کی بنا ہوا یا نیوب کا ۔

Tubulate : (a) [L. 'Tubulatus'.] (۱) نلی دار ۔(۲) نلی کا شکل کا ۔

Tubulated : (a) دیکھو Tubulate

Tubulation : (n) [L.] (۱) نلی کی شکل دینا یا بنانا یا نلی لگانا ۔(۲) نلیوں کی ترتیب یا انتظام؛ نلی نما ٹکڑا ۔

Tubulature : (n) نلیوں کی ترتیب یا انتظام؛ نلی کی شکل کا ٹکڑا ۔

Tubule : (n) [L. 'Tubulus'.] چھوٹی نلی؛ جانور یا پودے کے جسم میں ایک چھوٹی نلی نما ساخت؛ (حیوانیات) قنات صغیر؛ مسام نلیّہ ۔

Tubuli-: جزوترکیبی جدید لاطینی Tubulus-

Tubulidenate : (a) [L. 'Dentatus'.] Tubulidentata (حیوانیات) کی جنس کا یعنی غیر دندانی جماعت کا (یہ ایک دودھ پلانے والے جانور کی معدوم قسم ہے)۔

Tubuliferous : (a) (تاریخ، طبیعیات) چھوٹی نلیوں والا ۔

Tubulifloral : (a) نلکی نما پھول والا ۔

Tubuliform : (a) (نباتیات) نلی نما ساخت کی شکل کا؛ انبوب شکل؛ نلیّہ شکل؛ انبوبی تارہ ۔

Tubulipore : (n) [L. 'porus'.] (حیوانیات) Tubulipora کی جنس کا حوین مجتمعہ ۔

Tubulous/Tubulose : (a) (۱) دیکھو Tubular ۔(۲) نلی نما یا نلیوں کا بنا ہوا؛ (اسٹیم بوائلر) گیس یا پانی کی نلکیوں والا؛ نلیہ بردار؛ انابیب دار ۔

Tubulously : (adv.) نلکی نما طریقے سے ۔

Tubulure : (n) چھوٹا نلکی دار سوراخ قرنبیق میں داخل کرنے کےلئے ۔

Tubulus : (n) [L. dim of 'tubus'.] (۱) دیکھو Tubule ۔ (۲) قنات صغیر؛ مسامِ نلیّہ ۔

Tucandera/Tucondera : (n) [Pg.'Tocandera'.] مختلف Ponerine جنس کی چیونٹیوں میں سے کوئی ایک جو مرکزی جنوبی امریکا میں پائی جاتی ہے ۔

Tucano : (n) (۱) کولمبیا اور شمالی Ecuador کے لوگوں کی ایک جماعت ۔ (۲) ایسی جماعت کا کوئی ایک فرد ۔(۳) ٹوکانو کے لوگوں کی زبان ۔

Tucanoan : (a) ٹوکانو کے لوگوں اوران کی زبان سے متعلق ۔

Tuchun : (n) [Chinese.] (۱) چین کے ایک صوبے کا فوجی گورنر ۔(۲) عظیم فوجی لیڈر ۔

Tuchunate : (n) چینی فوجی عہدہ ۔

Tuchung : (n) ایک بہت سخت چینی کھردرے دانے دار پتیوں والا درخت جو ربر کا بڑا ذریعہ ہے؛ یہ Elm درخت سے صورتاً مشابہ ہوتا ہے ۔

Tuchunism : (n) چینی گورنری ۔

Tuck : (n) {Late ME.} (۱) کپڑے کی چنٹیں، پلیٹیں، خواہ لباس کو چھوٹا کرنے کے لئے یا بطور آرائش ہو ۔ (۲) جہاز کے ڈھانچے کا وہ حصہ جہاں پچھلے تختے آکر مل جاتے ہیں ۔ (۳) کھانے کی چیزیں خصوصاً مٹھائی ، چھوٹے کیک وغیرہ (عامیانہ اسکولی) ۔ (٤) کوئی چیز جو چھوٹی کر دے ، گھٹادے یا کم کردے ۔ (٥) وافر کھانے کی چیز ۔ (٦) خاصی میٹھی غذا ۔ (۷) سگار کا آخری حصہ جس کو پھر جلایا جائے ۔ (۸) تیراکی، جمناسٹک یا رقص میں جسم کو اس طرح رکھنا جس میں ٹخنے جھکے ہوئے ہوں اور جانگھ سینے سے سخت طور پر سٹے ہوں اور دونوں ہاتھ پنڈلی کے آخری حصے میں چمٹے ہوں ۔

Nip and tuck : برابر برابر ۔

Tuck : (v) {OE.} (۱) کپڑے کو چن کر ٹانکے لگانا؛ پلیٹیں ڈالنا ۔ (۲) سمیٹنا (دامن وغیرہ)؛ اڑسنا؛ لپیٹنا؛ چڑھانا (آستین) ۔ (۳) سکیڑنا؛ چنٹوں سے چھوٹا کرنا خاص کر آراستہ کرنے کے لئے ۔ (٤) اچھی طرح ڈھک لینا یا لپیٹ لینا ۔ (٥) رکھ دینا (ایک طرف یا کونے میں) ۔ (٦) (فالتو اشیاء کا) اٹھا کر رکھ دیا جانا ۔ (۷) (بڑے جال میں سے) نکال کر چھوٹے جال میں رکھنا (مچھلی) ۔ (۸) پھانسی دینا (مجرم کو) ۔ (۹) کپڑے کو بُنکر کے یہاں سے آنے کے بعد درست کرنا ۔ (۱۰) (مچھلی کا شکار) (بڑے جال سے) مچھلیوں کو چھوٹے جال کے ذریعے نکالنا ۔ (۱۱) پلیٹ یا پلیٹوں میں اکٹھا کرنا خاص کر لباس میں گھیرا ڈالنا ۔ (۱۲) ڈھول بجانا؛ آواز پیدا کرنا ۔

Tuck-boat : (n) ماہی گیری کا چھوٹا جال لے جانے والی کشتی (یہ جال مچھلیوں کو جمع کرنے اور سطح پر لانے میں استعمال ہوتا ہے) ۔

Tuck-box : (n) (برطانیہ) گھر کی (بنی) اچھی غذاؤں کا بکس ۔

Tuck-comb : (n) کنگھی بالوں کو اپنی جگہ پر رکھنے کے لئے ۔

Tuck-in : (n) (۱) ٹھ کر کھانا؛ پیٹ بھر کھانا ۔ (۲) بڑی مقدار میں کھانے کی چیز ۔ (۳) پلیٹیں یا چنٹیں ڈالنے کا سامان ۔

Tuck-in : (a) چنٹیں ڈالا ہوا (کپڑا) ۔

Tuck-out : (v) دیکھو Tuck-in

Tuck-plate : (n) ڈھالی ہوئی پرت یا پلیٹ جو جہاز کی بیرونی پتروں کو قائم رکھنے کے لئے استعمال ہوتی ہے ۔

Tuck-point : (v) (اینٹوں یا پتھروں کے درمیان مسالے کے جوڑ کا) کام پورا کرنا ۔

Tuck-pointing : (n) (اینٹوں کی دیوار وغیرہ کے) جوڑ میں رنگین مسالے بھرنا ۔

Tuck-rail : (n) پٹری جو موٹے سرے کو بند کرنے میں کٹاؤ کا کام دیتی ہے ۔

Tuck-seine/-net : (n) بہت بڑا جال (قریب ستّر فیدم لمبا اور بیچ میں بہت گہرا جو اس سے بڑے جال سے مچھلیاں لینے میں استعمال ہوتا ہے) ۔

Tuck-shop : (n) پیسٹری بنانے والے کی دکان؛ پیسٹری، مٹھائیاں، پھل اور اس طرح کی دوسری چیزیں فروخت کرنے کے لئے (خاص کر اسکولی بچوں کے لئے) حلوائی کی دکان ۔

Tuck-stitch : (n) مدور بنے ہوئے کپڑے کے لئے مثالی ٹانکا ۔

Tuck-up : (n) پسلیوں کے عقب میں افقی خط کا تیز بالائی خم ۔

Tuckahoe : (n) {Powhatan or Virginian 'tockawhoughe'.} دو امریکی جڑ ڈنٹھل والے پودوں میں سے کوئی جسے ہندوستانی بطور غذا استعمال کرتے ہیں؛ Tuck a hoe کی جڑ ڈنٹھل جو غذا کی طرح کھائی جاتی ہے ۔

Tuckaway : (a) موڑے جانے اور راستے سے ہٹا دینے کے لائق ۔

Tucker : (n) (۱) کپڑے کو درست کرنے، صاف کرنے یا موٹا بنانے والا شخص ۔ (۲) کندھے پر ڈالنے کا رومال یا جالی جو عورتیں ۱۷ویں یا ۱۸ویں صدی میں استعمال کرتی تھیں ۔ (۳) ٹک؛ سلائی کی مشین کا وہ پرزہ جس سے پلیٹیں ڈالتے ہیں ۔ (٤) (آسٹریلیائی عام) سونے کے کان

کن (مزدوروں) کے لئے روزانہ سامان خوردو نوش کی بہم رسانی۔

Best bib and tucker : بہترین لباس (لڑکیوں، عورتوں یا مردوں کا)۔

Tucker : (v) (امریکا روز مرہ) تھکا دینا؛ تھکا مارنا۔

Tucker bag : (n) ایک بیگ یا تھیلا جو سیاح جنگل میں کھانا رکھنے کے لئے استعمال کرتے تھے۔

Tucket : (v) ترم یا بگل بجا کر کسی کا استقبال کرنا؛ فوجی مارچ کا اشارہ کرنا (یہ گھڑسوار استعمال کرتے تھے)۔

Tucket : (n) [Algonquian origin.] غلے کا سبز خوشہ۔

Tucking : (n) بنا ہوا یا سلا ہوا پلیٹ دار کپڑا یا چنٹوں والا کپڑا۔

Tucking-comb : (n) ایسی کنگھی جو بطور آرائش جوڑے میں لگائی جاتی ہے۔

Tucky/Tuckylily : (n) (۱) مشرقی اور مرکزی شمالی امریکا کا عام آبی سوسن۔(۲) Nuphar کی جنس کا ایک پودا۔

Tuco-tuco/Tucu-tucu : (n) [Amer Sp. 'tucutuco'.] مختلف قسم کے جنوبی امریکا کے خارپشتوں میں سے کوئی۔

Tucondera : دیکھو Tucandera

Tucum/Tucuma : (n) [Tupi 'tucuma'.] برازیلی کھجور جو برازیل کے لوگ غذا کے طور پر استعمال کرتے ہیں اور اس کے ریشوں سے رسیاں بناتے ہیں۔

Tucuman : (a) ارجنٹائن اور ٹکمان شہر کا؛ ٹکمان کی قسم یا ٹکمان میں مروج طرز کا۔

Tucunare : (n) جنوبی امریکا کی سچلڈ ندی کی مچھلیوں میں سے کوئی پن بھیڑیا سے مشابہ مچھلی۔

Tucutucu/Tuco-tuco : (n) [Native name.] Ctenomys کی جنس کا بھٹ یا بل کھودنے، کترنے والا جانور؛ نیز اس کی آواز۔

-tude : (Suffix) لاحقہ بمعنی اسمائے مجرد (Abstract nouns) بنانے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

Tudesque : (a) جرمن۔

Tudor : (a) انگلستان کے شاہی خاندان ٹیوڈر (یعنی ہنری ہفتم سے ایلیزبتھ تک) کے زمانے کا۔

Tudor arch : (n) نیچی بیضوی محراب تین، چار یا پانچ مرکزوں سے کھنچی ہوئی خاص کر ایک نوکیلی محراب چار مرکزوں سے کھنچی ہوئی۔

Tudor flower : (n) ایک قسم کا سہ گوشہ نقش یا پھول ٹیوڈر طرز عمارت کا۔

Tudor-rose : (n) پنج گوشہ پھول جو ٹیوڈر طرز عمارت میں بہت استعمال ہوتا تھا؛ ایک روایتی گلاب کے پھول کی تصویر جسے ہنری ہفتم نے بطور نشان (بلّا) ٹیوڈر کے زمانے میں آرائش کے لئے جاری کیا تھا۔

Tudoresque : (a) ٹیوڈر کے زمانے کے طرز سے متعلق یا اس سے مشابہ۔

Tuedian : (a) [med. L. Tueda.] (ارضیات) کاربن خیز یا کوئلہ خیز۔

Tueiron : (n) بھٹی کا ہَوا دان؛ ہَوا نل (جس میں سے ہَوا آتی ہے)۔

Tuesday : (n) [OE. 'Tuiesday'.] ہفتے کا تیسرا دن؛ منگل یا سہ شنبہ۔

Tuesdays : (adv.) (۱) ہر منگل کو۔(۲) کسی منگل کو۔

Tufa : (n) [It. local var of 'tufo'.] (۱) (ارضیات) مسام دار پتھروں کے جنسی یا عام نام۔ (۲) توفا: کھردری یا خانہ دار ساخت کی چٹان (آتش فشانی یا کسی اور مادے کی)۔

Calcareous tufa : مسام دار یا بلبلے نما چونے کا کاربونیٹ۔

Volcanic tufa : آتش فشانی مادے کے پتھر کے ٹکڑے۔

Tufaceous : (a) توفائی؛ اس چٹان کا؛ آتش فشانی مادے کے چٹان کا۔

Tufan : (n) [Arab 'tufan'. Grk. 'typhon'.] طوفان؛ شدید آندھی؛ سیلاب عظیم۔

Tuff : (n) [It. 'tufa'.] آتش فشانی مادے کے پتھر کے ٹکڑے؛ مسام دار چٹان۔

Tuff-cone : (n) آتش فشانی مخروطی ڈھیر جو آتش فشانی راکھ سے بنتا ہے ۔

Tuffaceous : (a) مسام دار چٹان سے متعلق یا اس کی شکل کا ۔

Tuffet : (n) (۱) دیکھو Tuft ۔ (۲) پس تپائی ۔

Tuffoon : (n) Typhone کا متبادل ۔

Tuft : (n) [Late ME.] (۱) گچھا؛ طرہ (گھاس یا پروں کا)؛ لچھا (تاگوں کا) ۔ (۲) (تشریح) چھوٹی شریانوں کا گچھا ۔ (۳) ریش بچہ ؛ تھوڑی کے بال جو داڑھی منڈانے والے رکھ لیتے ہیں ؛ زلف ۔ (٤) یونیورسٹی کا طالب علم جو لارڈ وغیرہ کا خطاب یافتہ ہو ۔ (٥) (نباتیات) چھوٹے ڈنٹھلوں کی پتیوں یا پھولوں کا گچھا ۔ (٦) درختوں یا جھاڑیوں کا جھنڈ ۔ (۷) (تاریخ) ٹوپی کے اوپر آرائشی جھالر یا پھندنا خاص کر سونے کی جھالر (والی ٹوپی) جو (آکسفورڈ اور کیمبرج کا) بی ۔ اے کا طالب علم پہنتا ہے ۔

Tuft : (v) (۱) گچھا لگانا؛ (گدے وغیرہ میں) تاگے ڈالنا ؛ نگندے ڈالنا ۔ (۲) گچھے کی شکل میں اُگنا ۔ (۳) گچھا یا گچھے بنانا ۔ (٤) ہرن کے شکار میں ہانکا کرنا (جنگل میں) ۔ (٥) شکار کو ہانکا کرکے باہر نکالنا ۔

Tuft-hunted : (a) جو رئیسوں یا اونچے درجے کے لوگوں کی صحبت کے لئے کوشش کرے ۔

Tuft-hunter : (n) (۱) رئیسوں کی صحبت کے شائق ۔ (۲) جھوٹا آدمی؛ ظاہر دار؛ امارت پرست شخص ۔

Tuft-hunting : (n) رئیسوں کی صحبت کا شوق؛ بڑے لوگوں کی صحبت کا شوقین ہونا ۔

Tuft-hunting : (a) رئیسوں یا بڑے لوگوں کی صحبت کے شائقین کا یا اُن سے متعلق ۔

Tuftaffeta/Tuftattety : (a) (۱) ایک قسم کا چمک دار سادی بناوٹ کا ریشمی کپڑا نرم روئیں دار گچھوں سے بھرا ہوا ۔ (۲) چمک دار سادی بناوٹ کے ریشمی کپڑے سے بنا ہوا ۔ (۳) چمک دار سادی بناوٹ کے ریشمی کپڑے میں ملبوس؛ پرتکلف طور پر ملبوس ۔

Tuftaffeta : (n) تافتہ؛ ایک قسم کا چمک دار ریشمی کپڑا ۔

Tufted : (a) (۱) گچھے دار یا گچھے یا گچھوں سے آراستہ ۔ (۲) گچھے کی شکل میں بنا ہوا ۔ (۳) (تاریخ، طبیعیات ، نباتیات) گچھے دار پھولوں کا ۔ (٤) (نباتیات و حیوانیات) گچھوں میں اُگا ہوا؛ (پرند) سر پر پروں کا گچھا رکھنے والا؛ چوٹی دار ۔

Tufted coquette : (n) ایک قسم کی مرکزی امریکا کی چوٹی دار چڑیا ۔

Tufted deer : (n) ایک قسم کا ہرن جس کے چھوٹے سینگ گچھے دار بالوں میں چھپے رہتے ہیں ۔

Tufted duck : (n) چوٹی دار بطخ ۔

Tufted hair grass : (n) (۱) مختلف قسم کی گھاسوں میں سے کوئی یا سوان کی قسم کی گھاس جو دلدلی زمین پر اگتی ہے اور یہ چارے کے لئے نہایت عمدہ ہوتی ہے ؛ آسٹریلیائی گھاس ۔ (۲) دیکھو Smut grass ۔ (۳) ویسٹ انڈیز کی گھاس لیکن یہ جنوبی امریکا میں عام ہے ۔ (٤) دیکھو Great bulrush ۔ (٥) Scripus کی جنس کے چند بڑے پودوں میں سے کوئی ۔

Tufted loose strife : (n) دلدلی پودا ۔

Tufted pansy : (n) یورپی گل بنفشہ ۔

Tufted puffin : (n) شمالی بحر الکاہل کی ایک سیاہی مائل بھورے رنگ کی چڑیا جس کی دونوں آنکھوں پر لانبے لانبے زرد پر ہوتے ہیں ۔

Tufter : (n) (۱) تربیت یافتہ شکاری کتا جو ہرن کو اس کی پناہ گاہ سے نکال لاتا ہے ۔ (۲) ایک کاریگر جو گدے دار توشک، رضائی وغیرہ تیار کرتا ہے ۔

Tuftily : (adv.) گچھے دار طور پر؛ گچھے میں اُگی حالت میں ۔

Tufting : (n) (۱) گچھا بنانا یا لگانا؛ گچھا بنانے کا عمل ۔ (۲) گچھے، طرے، خاص کر جب گچھے آرائشی طور پر استعمال کئے جائیں ۔

Tuftlet : (n) چھوٹا گچھا یا طرہ ۔

Tufty : (a) (۱) گچھے دار؛ گچھوں سے آراستہ کیا ہوا ۔ (۲) گچھا بنا ہوا؛ گچھے میں اُگا ہوا ۔

Tug : (n) (۱) سخت کوشش؛ (مجازاً) جھٹکا؛ چوٹ؛ کھینچنے کا عمل؛ زور سے کھینچنا ۔ (۲) (اینٹ

اسکول، عامیانہ) اُن قدیم ستّر طلبا میں سے کوئی شخص جو ابتدا میں ایٹن میں داخل ہوئے تھے) ۔ (۳) نیز (Tug boat) آگ بوٹ جس سے دوسری کشتیوں کو کھینچتے ہیں ۔ (٤) (گھوڑے کی کاٹھی میں) چھلا، گاڑی کے بم یا رسوں کو اٹکانے کے لئے ۔ (٥) (کان کنی) وہ حلقہ جس میں چرخیوں کا سلسلہ اٹکاتے ہیں ۔ (٦) دو طاقتوں یا آدمیوں میں سخت مقابلہ ۔

To tug at the (an) oar : جہاز پر سزا یافتہ غلام کی طرح کشتی کھینا؛ (مجازاً) بغیر رُکے ہوئے محنت کرنا؛ غلامی کرنا ۔

Tug boat : (n) بہت مضبوط بنا ہوا طاقتور جہاز یا کشتی جو دوسرے جہاز یا کشتی کو کنارے پر کھینچنے کے لئے استعمال ہوتی ہے ۔

Tug chain : (n) (۱) ایک چھوٹی زنجیر بگھی کے بم کے تسمے کے آخیر میں ۔ (۲) (گھوڑے کی کاٹھی کا) چھلا؛ بگھی کے سازو سامان ۔

Tug of war : (n) رسّا کشی؛ رسّا کھینچنے کا مقابلہ ۔

Tugger : (n) (۱) زور سے کھینچنے والا؛ جھٹکا دینےوالا شخص ۔ (۲) چھوٹا دستی مرفع (اسباب کو اوپر لے جانے کی کل) جو کان میں استعمال کی جاتی ہے ۔

Tuggingly : (adv.) زور سے کھینچتے ہوئے؛ جھٹکا دیتے ہوئے ۔

Tugless : (a) بے تسمے کا؛ بے رسّے یا زنجیر کا ۔

Tugman : (n) Tug boatپر کام کرنے والا شخص ۔

Tugrik/Tughrik : (n) [Mongole 'dughurik'.] (۱) منگولی جمہوریہ کے لوگوں کی مالی قدر کی بنیادی اکائی ۔ (۲) نوٹ یا سکّہ ایک تگرک کے مانند ۔

Tugurium : (n) Tegurium کا متبادل ۔

Tui : (n) [Maori] بہت زیادہ چمکیلا سیاہ (رنگ کا) نیوزی لینڈ کا شہد کھانے والا پرندہ؛ ملا پرندہ ۔

Tuile/Tuille : (n) [ME. 'Toile'.] جانگھہ کی حفاظت کے لئے آویزان پتر ۔

Tuillette : (n) [F. 'Tuilette'. ME. 'Tuille'.] زرہ میں ایک چھوٹا پتر حفاظت کے لئے ۔

Tuilyle/Tuilzie : (n&v) [ME. (Sc) 'tuilie'.] (۱) جھگڑا؛ سخت کوشش ۔ (۲) جھگڑا کرنا؛ سخت کوشش کرنا؛ لڑنا ۔

Tuinga : (n) سفید کئے ہوئے انسانی بالوں سے بنا ہوا سر کا ایک لباس جو Samoa کے اعلیٰ طبقے کے باشندے (عورت، مرد) مخصوص تقریبوں اور رقص کی مجلسوں میں پہنتے ہیں ۔

Tuism : (n) (۱) مخاطبیت؛ صیغہء حاضر کا استعمال ۔ (۲) یہ نظریہ کہ انسان کو جو خیال آتا ہے اس میں ہمیشہ کسی دوسرے سے مخاطبت ہوتی ہے ۔ (۳) اس طرح کی مخاطبت کا استعمال ۔

Tuistic : (a) اس نظریہ سے متعلق کہ تمام خیالات کی مخاطبت دوسرے سے ہوتی ہے ۔

Tuition : (n) [Late ME. OFr. 'tuition', L. 'Tuitio'.] (۱) معلمی؛ اتالیقی؛ تعلیم دینے کا پیشہ؛ اتالیق یا معلم کا درس؛ تعلیم؛ تدریس ۔ (۲) بچوں کی حفاظت؛ خبرگیری؛ نگرانی خاص کر والدین یا ولی کی طرح ۔ (۳) معلمی کا معاوضہ یا تنخواہ؛ تعلیم کی فیس ۔

Tuitional : (a) معلمی یا اتالیقی سے متعلق؛ تدریسی ؛ تعلیمی ۔

Tuitionary : (a) دیکھو Tuitional

Tukra : (n) [Hindi tukra.] ہندوستانی توت کے درخت اور شاخوں کی بے ترتیبی جو آردی کرموں کے نقصان پہنچانے سے واقع ہوتی ہے جس سے مخصوص طور پر پتیاں مُڑ جاتی ہیں ۔

Tukulor/Tukuler/Toucouleur : (n) مشرقی سینیگال کی حبشی اقوام کی ملی جلی ایک جماعت، یہ لوگ لمبے اور سیاہ رنگ کے ہوتے ہیں اور خاص کر (وہاں کے باشندے) مسلمان ہیں ۔

Tuku tuku : (n) [Maori.] موراثی کا، جالی کا آرائشی کام ۔

Tul-tul : (n) پولی نیشیائی ملکی سردار کا معاون یا ٹپٹی ۔

Tula : (n) [f. Tula in U.S.S.R.] (۱) ایک طرح کا مسالا جو چاندی اور دوسری دھاتوں پر کُھدے ہوئے نقش میں بھرا جاتا ہے، یہ مسالا روس کے شہر تولا میں بنتا ہے ۔ (۲) قسم اور طرز جو تولا میں مروج ہے ۔

Tula : (a) شہر تولا کا یا وہاں سے وابستہ؛ تولا کے طرز کا جو وہاں مروج ہے ۔

Tuladi : (n) Lake trout دیکھو

Tulafale : (n) [Samoan 'tulafale'.] ساموئی (جزیرہ سماوا کا) ملکی سردار جو عوامی پالیسی کے مسئلہ پر بحیثیت مشیرکار اور مناظر کام کرتا ہو اور جو مکمل طور پر روایتی اصول و قواعد سے باخبر ہو ۔

Tulao : (n) [China Pek 'tulav'.] جنوبی چین کے طے (Tai) کی مختلف جماعتوں میں سے کوئی ۔

Tulapai : (n) جوش دیا ہوا مشروب جسے غلہ کے انکوا کو مختلف جڑی بوٹیوں کے ساتھ جوش دے کر قدیم امریکی ہندوستانی قبیلے تیار کرتے ہیں ۔

Tulare : (n) [Amer. Sp. 'tulares'.] وہ زمین جس میں موتھا بکثرت پیدا ہو ۔

Tularemia : (n) [mod. L.] آدمی یا پالتو جانوروں کی شدید وبائی بیماری۔

Tularemic : (a) اسی وبائی بیماری سے متعلق ۔

Tulasi/Tulsi : (n) [skr. 'Tulasi'.] کالی تلسی؛ بادروج؛ یازبو: دیکھو Holy Basil ۔

Tulbaghia : (n) [mod. L.] Agapanthus کی جنس کا ایک پودا ۔

Tulchan/Tulchin : (n) بچھڑے کی کھال میں (کوئی چیز) بھر کر نقلی بچھڑا بنانا خاص کر اس غرض سے کہ اسے دیکھ کر گائے دودھ دے؛ نقلی بچھڑا ۔

Tule/Tula : (n) [Aztec. 'tullin'.] (نباتیات) ٹیول: امریکی بڑا موتھا ۔

Tule beetle : (n) کیلیفورنیا کے مرطوب علاقوں کا ایک قسم کا بھونرا ۔

Tule fog : (n) ایک گہرا نیچی سطح پر سیلان پذیر غبار یا دھند جو خاص کرسینفرانسسکو کے علاقے میں ہوتا ہے ۔

Tule goose : (n) قاض یا راج ہنس جو کیلیفورنیا کے سیکراھینٹو ترائی میں جاڑا گزارتا ہے ۔

Tule mint : (n) (۱) ایک قسم کا امریکی پودا ۔(۲) دیکھو West Canada Mint ۔

Tule potato/-root : (n) ان دو پودوں میں سے ایک جن کے کنٹھے کھائے جاتے ہیں ۔

Tule land : (n) وہ زمین جس میں موتھا بکثرت پیدا ہو ۔

Tule wren : (n) مغربی امریکا کے دلدلی علاقے کی ایک لمبی چونچ کی گانے والی چھوٹی چڑیا ۔

Tuliac : (n) [Origin unkn.] (۱) دیکھو Skua ۔ (۲) (روزمرہ انگریزی) ایک قسم کی مُرغابی ۔

Tulip : (n) [mod L. 'tulipa', Fr. 'tulipan', 'tulipe' Turk- tul(i) band'.] (۱) گُل لالہ؛شقائق؛ نافرمان؛ ایک پودے کا نام جس میں گھنٹی کی شکل کے اور مختلف رنگوں کے پھول آتے ہیں ۔ (۲) گھنٹی کی شکل کا قدیم طرز کی بندوق کا دہانہ ۔(۳) کوئی چیز جو گل لالہ کے مانند ہو ۔ (٤) شراب کا پیالہ، جام یا سبو جس کا خاکہ گل لالہ سے مشابہ ہو ۔ (٥) عورتوں کے لباس کا ایک خاص طرز جو الٹے گُل لالہ کے مانند ہو ۔ (٦) باعزت، زربرق اور ذی حیثیت شخص ۔

Tulip-ear : (n) نوکیلا کھڑا کان (جیسے کتے کا) جس کا سرا جھکا ہوا ہو ۔

Tulip-eared : (a) کھڑے کان والا ۔

Tulip-fire/-blight : (n) گلہائے شقائق کی مہلک بیماری ۔

Tulip-flower : (n) (۱) آسٹریلیا کا ایک درخت ۔(۲) دیکھو Wheel tree ۔

Tulip-grass : (n) جنوبی افریقہ کی Homeria کی جنس کی چند زہریلی جڑی بوٹیوں میں سے کوئی ۔

Tulip lance wood : (n) (آسٹریلیا) درخت کی لکڑی؛ گل لالہ کی لکڑی۔

Tulip-mold : (n) دیکھو Tulip-fire ؛نیز سمارو غ یا کھمبی جس سے بیماری ہوتی ہے ۔

Tulip-mosaic : (n) گل لالہ یا شقائق کا متعدی مرض ۔

Tulip-oak : (n) Tarrietia کی جنس کا آسٹریلیائی درخت ۔

Tulip-orchid : (n) میکسیکو کا طفیلی ثعلبیہ ۔

Tulip-poppy : (n) ایشیائے کوچک کی عام طور پر سالانہ کاشت کی ہوئی مثیالی یا آبی سبز رنگ کی کوکنار (خشخاش) ۔

Tulip-root : (n) (۱) گُلِ لالہ کی جڑ یا گنٹھی ۔ (۲) جنس کے پودوں ، مختلف گھاسوں ، خاص کر اناج دار گھاس کی ایک بیماری ۔

Tulip-shell : (n) (۱) Tellina کی جنس کا دوصماصہ ۔ (۲) Fasciolariadae کے خاندان کا ناعمہ یا معدہ پا ۔

Tulip-tree/-poplar : (n) شمالی امریکا کا ایک بڑا پھول دار درخت جس میں پھول زردی مائل سبز رنگ کے اور اندر سے نارنجی رنگ کے ہوتے ہیں ۔

Tulip-tree scale : (n) چھلکا جو خاص کر امریکا کے مشرقی نصف حصے میں جنس چمپا، درخت حور اور چند دوسرے درختوں پر ہوتا ہے ۔

Tulip-wood : (n) (۱) گلِ لالہ کی لکڑی؛ ایک آرائشی لکڑی جو بڑھئی کام میں لاتا ہے ۔ (۲) مختلف قسم کی رنگین دھاری دارلکڑیوں میں سے کوئی یا ایسے درخت جن کی ایسی لکڑیاں ہوں ۔

Tulipa : (n) [mod. L.] یوریشین کی بڑی جنس کا بصلہ نما یا گھنٹی دار پودا ۔

Tulipomania : (n) گل لالہ کو حاصل کرنے یا اُگانے کا بےانتہا خبط یا جوش (خاص کر ایسا جنون ہائی لینڈ میں سنہ ۱۶۳٤ء میں لوگوں کوتھا) ۔

Tulipomaniac : (n) گلِ لالہ کا بے انتہا شوقین شخص ۔

Tulisan : (n) فلیپائن کا لٹیرا؛ چور؛ ڈاکو؛ باغی ۔

Tulle : (n) [F. fr. 'Tulle', city in Central France.] بوبن سے بنا ہوا ریشمی جالدار (کپڑا) جو عورتیں بطور لباس یا برقع استعمال کرتی ہیں ۔

Tulle gauze : (n) عمدہ قسم کا باریک کپڑا روغن لگا ہوا جو مریضوں کے زخم وغیرہ میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

Tullibee/Tulibbi : (n) [North Amer. Indian.] شمالی امریکا کی ایک قسم کی سفید مچھلی ۔

Tully's powder : (n) ایک قسم کا پاؤڈر جو افیون کے سلفیٹ، کافور وغیرہ کی آمیزش سے پیس کر تیار کیا جاتا ہے ۔

Tulnic : (n) [Romanian.] ایک بہت لمبا لکڑی کا قرنا جو پہلے کسی حملے کے خطرے سے متنبہ کرنے کے لئے استعمال ہوتا تھا ۔

Tulsa : (a) ['Tulsa' Okla.] شہر تُلسا اوکلا کا یا اُس سے متعلق ؛ اس قسم یا طرز کا جو تُلسا میں مروج ہے ۔

Tulsan : (n) تُلسا کا ملکی باشندہ ۔

Tulsi : (n) دیکھو Tulasi

Tulu : (n) (۱) ہندوستانی ڈراویڈی قوم کا ایک فرد سنگاپور کا ساحلی باشندہ ۔ (۲) جنوبی ہندوستان کے صوبہ میسور (کرناٹک) کے مغربی ساحلی علاقے کی ڈراویڈی زبان ۔

Tulwar/Tulwaur/Tarwar : (n) [Hindi 'talwar' Skr. 'tarwar'.] تلوار ؛ ہندوستانی سیف ۔

Tum : (v) [Origin unkn.] (۱) تومنا یا دھنکنا (اون) تومائی سےقبل ۔ (۲) (اون کو) تومنے سے قبل کھولنا یا صاف کرنا ۔

Tum : (n) (۱) شکستہ تار یا ڈوری کی آواز (جیسے بینجو کی) ۔ (۲) ڈھول کی آواز ۔

Tum : (v) ٹونی ہوئی ڈوری یا تار یا ڈھول کی سی آواز پیدا کرنا ۔

Tum-tum/Tumti- : (n) [Reduplication of Tum](امریکا روزمرہ) تارلگے باجے یا باجوں کی آواز کی نقل خاص کر جب ایک سُرے پن سے بجایا جائے؛ اناڑی پن سے چھیڑے ہوئے ساز کی آواز ۔

Tum-tum : (v) ایک سُرے پن سے بجانا؛ یکساں طور پر، اول سے آخر تک ایک آواز سے بجانا؛ پیانو وغیرہ بجانا (خصوصاً اناڑی پن سے) ۔

Tum-tum : (n) (۱) شمشم؛ یکہ (جس میں گھوڑا جوتا جائے) ۔ (۲) جزائر غرب الہند کا ایک کھانا جو کیلے کو پیس کر پکایا جاتا ہے ۔ (۳) کتا گاڑی ۔

Tuman : Toman کا متبادل ۔

Tumatakuru/Tumatukuru : (n) [Maori 'tumatakuru'.] نیوزی لینڈ کی جھاڑی یا درخت ۔

Tumbak/Tumbaki/Tumbek/Tumbeki : (n) [Arab.'Tumak'.] فارس کا گھٹیا تمباکو جو شاید امریکا کے منطقہء حارہ کے علاقے کے پودے سے تیار کیا جاتا ہے ۔

Tumble : (n) [ME. 'tumbel'.] (۱) گرنا؛ افتاد؛ اچانک یا اتفاقی افتاد ۔ (۲) قلابازی یا نٹوں کا کوئی اورکرتب ۔

(۳) گڑبڑی؛ بےترتیبی؛ پراگندگی؛ بےترتیب ڈھیر؛ لڑکھڑاہٹ ۔ (٤) اچانک بلندی سےنیچے کی طرف گرنا؛ نرخ کی گراوٹ ۔

Tumble : (v) [ME. 'Tumblen'.] (۱) تباہ ہونا؛ زوال پذیر ہونا ؛ اچانک شکست کھا جانا ۔ (۲) (موجوں کا) متلاطم ہونا؛ اچھلنا گرنا ۔ (۳) جھپٹنا؛ گڑتے پڑتے جانا؛ بدحواسی میں دوڑنا یا چلنا ۔ (٤) قلابازی کھانا؛ نٹوں کے کرتب دکھانا ۔ (٥) نوچنا؛ کھسوٹنا (کپڑے یا بال وغیرہ) ۔ (٦) الٹ دینا؛ گرادینا؛ ڈھکیل دینا؛ پھینک دینا؛ چیزوں کو الٹ پلٹ کر دینا؛ بےترتیبی سے ڈھیرلگا دینا ۔ (۷) گرانا (پرند کو نشانہ لگاکر) ۔ (۸) ڈھلی ہوئی چیزوں پر صیقل کرنا (صیقل چرخ سے) ۔ (۹) لڑھکنا چاروں طرف زمین پر، پانی یا ہوا میں؛ کیچڑ، بالو وغیرہ میں لوٹنا؛ باربار پہلو بدلنا ۔ (۱۰) بےچینی کی حالت میں خود کو گرا دینا بستر یا صوفے پر؛ اچھالنا؛ بیمار کا تڑپنا ۔ (۱۱) (کبوتر کا) اڑنے کے دوران میں پشت کی طرف الٹ جانا ۔ (۱۲) (گولہ اندازی میں) گولے کا قلابازی کھاتے ہوئے اڑنا (جانا) ۔ (۱۳) گرنا خاص کر بےچارگی یا بیکسی میں؛ سر کے بل گرنا ۔ (۱٤) (عمارت کا) بیٹھ جانا؛ قدروقیمت یا مقدار کا تیزی سے کم ہو جانا ۔ (۱٥) (مجازاً) غیر واضح طور پر بیان کی ہوئی بات کو سمجھ لینا؛ پوشیدہ ارادے کو یا علامت کومعلوم کرلینا یا سمجھ جانا ۔

Tumble-bug : (n) (امریکا) مختلف قسم کے بھونروں میں سے کوئی؛ ایک گُبریلا کیڑا ۔

Tumble cart/-car: (n) ایک ادنیٰ قسم کی گاڑی جس کا دھڑ جھکایا جاسکے، جس کے چکے تھوس ہوں اور محور سے مضبوطی کے ساتھ لگے ہوں ۔

Tumble down : (a) زوال آمادہ؛ پرشکستہ؛ ٹوٹا پھوٹا؛ خراب و خستہ ۔

Tumble-dung : (n) دیکھو Tumble

Tumble-grass : (n) Panicum (گھاس کی)جنس کی چندقسموں کی گھاس میں سے کوئی ۔

Tumble-home : (n) (بحری) جہاز کے بغل کے بالائی حصے کا اندرونی جھکاؤ سب سے زیادہ چوڑائی کی طرف سے ۔

Tumble home : (v) (۱) (بحری) خط آب پر اندر کی طرف جھکانا ۔ (۲) دیکھو Fall home ۔ (۳) اندر کی طرف جھکانا (جہاز کی لکڑی کو) ۔

Tumble in : (v) (۱) ایک لکڑی کو دوسری لکڑی میں جمانا یا بٹھانا ۔ (۲) دیکھو Tumble home ۔ (۳) سونے کی خاطر لیٹنا؛ بستر پر لیٹنا ۔

Tumble-mustard : (n) ایک یورپین دوسالہ جھاڑی ۔

Tumble to : (v) سمجھ میں آجانا (بات وغیرہ)؛ اپنے کو منطبق کرنا؛ (حالات سے) مطابقت کرلینا ۔

Tumble up : (v) عرشے پر تیزی سے آنا جانا؛ آمدورفت کرنا؛ (روزمرہ) گھاس کو لپیٹ کر بنڈل بنانا چھاؤنی وغیرہ کے لئے ۔

Tumble-weed : (n) (امریکا) مختلف پودوں میں سے کوئی جو کروی جھاڑی کی شکل کا ہوتا ہے؛ لپٹ جانے یا مُڑجانے والا پودا ۔

Tumbler : (n) [ME.] (۱) گرانے والا شخص ۔ (۲) نٹ ؛ قلابازی کھانے والا؛ کھیلنے والا ۔ (۳) گرہ باز کبوتر؛ لوٹن کبوتر ۔ (٤) کھلونا جو چھونے سے جھولنے لگتا ہے ۔ (٥) چپٹے پیندے کا گلاس ؛ تمبلر ۔ (٦) (میکانیات) قفل یا بندوق کے گھوڑے کا ایک پرزہ ۔ (۷) چھوٹے تازی کتے کی طرح کا ایک کتا؛ دوغلا کتا جس سے اکثر چوری سے شکار کرنے والے کام لیتے ہیں ۔ (۸) دیکھو Tumble-dung ۔ (۹) کپڑے کو خشک کرنے کی ایک ترکیب ۔ (۱۰) تالے کا بیرم ۔ (۱۱) ایک کارندہ جو مشینوں اور اس کے کل پُرزوں کو گھما پھرا کر صاف کرتا ہے ۔

Tumbler bearing : (n) کوئی درمیانی چول یا محور دار چول مربع نما سہارے کے لئے ۔

Tumbler cart : (n) (۱) گھوڑا گاڑی ۔ (۲) سیال شے کے لئے دو پہیوں کی کاشتکار کی گاڑی تنکی کے ساتھ ۔

Tumbler cup : (n) مشروبی پیالہ (نُکیلے پیندے کا) ۔

Tumbler-drier : (n) ایک مشین جس سے گردشی ڈرم یا شب میں خشک دھلائی (کپڑے کی) ہوتی ہے ۔

Tumbler gear : (n) کوئی رفتار بدلنے والا گیربکس یا گراری دان ۔

Tumbler switch : (n) خود کار سوئچ جس میں اوپر اُٹھ جانے یا نیچے گرجانے والے بلیڈ کام کرتے ہوں ۔

Tumblerful : (n) بھر گلاس؛ ٹمبلر بھر ۔

Tumbling : (n) [Late ME.] (۱) اچانک گرنے، قلابازی کھانے یا نٹوں کا سا کوئی کرتب دکھانے کا عمل ۔ (۲) جمناسٹک کا کوئی کرتب دکھانے کی مشق یا اس کا ہنر ۔ (۳) مسلسل شدت سے نیچے کی طرف (ہوائی جہاز کا) گھومتے ہوئے جھکنا ۔

Tumbling : (a) [ME.] عمودی حالت میں دائیں یا بائیں جھکا ہوا یا ترچھا ۔

Tumbling-barrel : (n) گھومنے والا پیپا یا بکس (جس میں مختلف قسم کی چیزیں مثلاً دھات کے چھوٹے ٹکڑے اور دوسری چھوٹی چیزیں، پلاسٹک کے سامان وغیرہ صاف اور پالش کئے جاتے ہیں) ۔

Tumbling-bay : (n) نہر کا مُخرج بند؛ دہانہ بند ۔

Tumbling-box : (n) دیکھو Tumbling-barrel

Tumbling-mustard : (n) دیکھو Tumble mustard

Tumbling pig weed : (n) سدا بہار پھول (Amaranthus) کی جنس کے چند پودوں میں سے کوئی ۔

Tumbling-rod : (n) ایک کیم یا بیرم دار سلاخ وقفے کےساتھ حرکت دینے کے لئے ۔

Tumbling-shaft : (n) (۱) (مشین کا) چھوٹا دھرا درمیانی گیئر کے ساتھ حرکت دینے کے لئے ۔ (۲) دیکھو Camshaft ۔ (۳) دیکھو Counter shaft ۔

Tumbling-verse : (n) جدید انگریزی شاعری کی ایک ابتدائی شکل ۔

Tumboa : (n) جنوبی مغربی افریقہ کا قائم شکلہ درخت جس کا تنا ایک فٹ سے کم اونچا مگر جس کا گھیر ٦ فٹ ہوتا ہے ۔

Tumbrel/Tumbril : (n) [OFr. tomb, 'tumberel'.] (۱) (تاریخ) سزا دینے کا ایک آلہ، سولھویں صدی سے (مروج) عام طور پر تادیبی کرسی سے مشابہ ۔ (۲) ایک گاڑی اس طرح بنی ہوئی کہ اس کا دھڑ پشت کی طرف جھک جاتا ہےاندر کے سامان کو خالی کرنے کے لئے خاص کر کھاد لے جانے والی گاڑی یا کھادی گاڑی ۔ (۳) (فوج) دو پہیوں کی چھت دار گاڑی، فوج کے لئے گولہ بارود، اوزار یا کبھی روپیہ وغیرہ لے جانے کے لئے ۔ (٤) کھلی گاڑی جس میں انقلاب فرانس کے زمانے میں بٹھاکر لوگوں کو مقتل میں لے جاتے تھے ۔

Tumbu fly : (n) [Tumbu fly of Bantu origin akin to Kongo timuk fly.] افریقی مکھی ۔

Tumefacient : (a) [L. 'Tumefacient, 'Tumefaciens'.] (۱) متورم؛ پھولا ہوا؛ سوجا ہوا ۔ (۲) متورم کرنے والا؛ سوجن پیدا کرنے والا ۔

Tumefaction : (n) [Fr. 'Tumefaction', L. 'Tumefacere'.] (۱) پھلانے یا سجانے کا عمل؛ سوج جانے کی حالت؛ ورمی کیفیت ۔ (۲) پھولایا سوجا ہوا حصہ؛ ورم؛ رسولی ۔

Tumefactive : (a) [L. 'Tumefactus'.] سوجن پیدا کرنے والا؛ متورم کرنے والا ۔

Tumefy : (v) (۱) سوجنا؛ سُجانا؛ رسولی ہوجانا ۔ (۲) پھولنا؛ متورم ہو جانا ۔ (۳) (مجازاً) غرور سے پھولنا؛ کسی جگہ پر رسولی پیدا کرنا ۔

Tumeric : Turmeric کا متبادل ۔

Tumescence : (n) [L. 'Tumrescens'.] (۱) خفیف سوجن یاورم ۔ (۲) متورم حصہ ۔ (۳) مباشرت کے لئے عضو مخصوص کی آمادگی ۔

Tumescent : (a) (۱) کسی قدر سوجا ہوا؛ قدرے متورم ۔ (۲) متورم ہو جانے والا؛ بیجا لفظی یا عبارت آرائی ۔

Tumfie : (n) [Origin unkn.] احمق یا ناکارہ شخص؛ ہونق ۔

Tumid : (a) [L. 'tumidus'.] (۱) سوجا ہوا؛ پھولا ہوا؛ متورم ۔ (۲) (مجازاً) (اسلوب بیان) جس میں بیجا لفاظی یا عبارت آرائی ہو ؛ لفاظانہ ۔ (۳) مریضانہ طور پر متاثر ۔

Tumidity : (n) سوجا یا پھولا ہوا ہونا؛ ورم؛ متورم ہونے کی صفت یا حالت ۔

Tumidly : (adv.) (۱) ورم کے ساتھ ۔ (۲) لفاظی سے؛ بے جا عبارت آرائی سے ۔

Tumidness : (n) سوجاہوا ہونا؛ پھولا ہوا ہونا؛ ورم ۔

Tumion : [Gr.'Thumion'.] (۱) دیکھو Torreya ۔(۲) ایشیائی اور جنوبی درختوں کی جنس ۔

Tumion : (n) (۱) دیکھو Stinking cedar ۔(۲)فلوریڈا کا سدابہار درخت بدبودار پتیوں والا ۔(۳) کیلیفورنیائی جائفل۔

Tummer : (n) رونی کی دُبری تومانی میں پہلے بیلن سے دوسرے بیلن کو روئی منتقل کرنے کے لئے چھوٹا بیلن ڈوفر (Doffer) جیسا ۔

Tummock : (n) دیکھو Hillock : پہاڑی ۔

Tummy : (n) [Origin infantile.] (روزمرہ) پیٹ؛ معدہ وغیرہ (بچوں کے لئے بولتے ہیں) ۔

Tumour/Tumor : (n) [L. Tumor, Tumere.] (۱) ورم؛ رسولی ۔ (۲) فخر؛ غرور؛ اکڑ ۔(۳) لفاظی؛ بیجا عبارت آرائی۔

Tumoral : (a) ورم یا رسولی کا یا اُس سے متعلق؛ بیجا لفاظانہ؛ مغرورانہ ۔

Tumorlike : (a) رسولی سے مشابہ ۔

Tumorous : (a) رسولی سے متعلق یا رسولی سے مشابہ؛ سوجا ہوا؛ پھولا ہوا ۔

Tump : (n) [Origin unkn.] (۱) چھوٹی پہاڑی ؛ ٹیلا؛ خاک کا تودہ؛ مٹی کا ڈھیر جو چھچھوندرلگاتی ہے؛ دمکوزا؛ چیونٹی یا دیمک کے گھروں کے اوپر مٹی کا مخروطی شکل کا ڈھیر ۔(۲) درختوں، جھاڑیوں اور گھاس کا جھنڈ ۔

Tump : (v) درخت کی جڑ کے چاروں طرف مٹی کا ڈھیر لگانا ۔

Tump : (v) [Origin unkn.] (امریکا) تسمے یا پٹے کے ذریعہ کھینچنا یا لے جانا ۔

Tump-line : (n) ایک تسمہ یا پٹا پیشانی یا سینے پر لگا ہوا، پیٹھ پر لدے ہوئے بوجھ کو سہارا دینے کے لئے ۔

Tumphy : (n) Tumfie کا متبادل ۔

Tumular : (a) [L. 'Tumulus'.] ٹیلے یا مٹی کے ڈھیر کا یا اس سے متعلق یا اونچی قبر سے متعلق ۔

Tumulary : (a) (۱) قبرستان کا یا اس سے متعلق یا مقبرے پر رکھا ہوا ۔(۲) دیکھو Tumular ۔

Tumulose/Tumulous : (a)[L. 'Tumulosus'.] پہاڑیوں یا پہاڑوں سے بھرا ہوا ۔

Tumult : (n) [Fr.'tumulte' or L. 'tumultus'.] (۱) مجمع کا شور ۔ (۲) شورش؛ ہنگامہ؛ فساد؛ بلوہ ۔(۳) چیخ پکار؛ شوروغُل؛ غوغا؛ افراتفری ۔ (٤) بے چینی؛ اضطراب؛ ہیجان؛ شورش قلب؛ جوش جذبات؛ انتہائی جذباتی ہیجان یا جوش؛ قابو سے باہر جو ش وخروش کا اظہار ۔

Tumult : (v) شوروغُل کرنا؛ غوغا کرنا؛فساد یا بلوہ کرنا؛ اضطراب میں ڈالنا؛ شدت سے ہنگامہ کرنا ۔

Tumultuarily : (adv.) بے قاعدگی سے؛ بےترتیبی سے ؛ غیر منظم طور پر ؛ افراتفری کی حالت میں؛ شورش پسند طور پر۔

Tumultuariness : (n) بے قاعدگی؛ بے ترتیبی؛ بے نظمی ۔

Tumultuary : (a) [L. 'Tumutuarius'.] (۱) جلدی، تیزی اور غیر منظم طور پر جمع کی ہوئی؛ بغیر کسی نظم کے، بے قاعدہ، غیر تربیت یافتہ (فوج)؛ نیز غیر منظم فوج سے لڑی ہوئی (جنگ) ۔(۲) بے ترتیبی سے؛ ابتر حالت میں؛ اتفاقی طور پر؛ بے قاعدہ جلدی میں کیا ہوا (کام) ۔(۳) شورش پسندانہ؛ شورش پسند ۔

Tumultuary : (n) (جمع) بے قاعدہ اور غیر منظم، غیر تربیت یافتہ فوج ۔

Tumultuate : (v) [L. 'Tumultuatus'.] ہنگامہ کرنا: فساد برپا کرنا؛ بلوہ کرنا؛ شوروغُل کرنا ۔

Tumultuation : (n) [L. 'Tumultuation','Tumulluatio'.] ہنگامہ؛ فساد؛ شوروغُل کرنےکا عمل؛ فساد؛ شوروغوغا؛ شورش؛ بلوہ وغیرہ؛ ہنگامہ آرائی ۔

Tumultuous : (a) (۱) پُرجوش؛ شدید ۔ (۲) پُرشور؛ ہنگامہ خیز؛ ہنگامہ آرا؛ (نیز مجازاً) ہیجان انگیز ۔

Tumultuously : (adv.) (۱) جوش سے؛ شدت سے ۔(۲) شورو شغب کے ساتھ ؛ شورش یا ہنگامے کے ساتھ۔

Tumultuousness : (n) جوش؛ شدت؛ شورش؛ پُرشوری؛ ہنگامہ خیزی۔

Tumulus : (n) [L. 'tumere'.] قدیم مصنوعی ٹیلا یا قدیم مقبرہ (پہاڑی نما): چھوٹا گنبد نما لاوے کا ایک تودہ ۔

Tun : (n) [OE. 'tune'. ME. 'tonne'.] (۱) شراب، بیئر وغیرہ کا بڑا پیپا جوپہلے پیمانے کے طور پر رائج تھا (شراب کے ۲۵۲ گیلن کے برابر تھا) ۔(۲) کافی گنجائش والا پیپا؛ گنجائش والا پیمانہ ۔ (۳) کوئی چیز جو بڑے پیپے سے مشابہ ہو (روزمرہ انگریزی) ۔ (٤) آتش دان: دودبان: دودکش؛ چمنی ۔(٥) دیکھو Chimney pot؛ چمنی سے لگی ہوئی نلکی مٹی یا دھات کی دھواں نکلنے کے لئے ۔ (٦) دیکھو Chimney stack ۔ (۷) دود کش ۔

Tun : (v) [ME. 'tonnen, tunnen'.] (۱) (قدیم) بڑے پیپے میں رکھنا یا محفوظ کرنا (شراب کا) ۔ (۲) (قدیم) کسی چیز میں ڈھالا جانا جیسے پیپے میں؛ ڈھانا: تریرا دینا؛ کھنگالنا؛ پانی ڈال کر صاف کرنا ۔

Tun : (n) [Mayan.] مائی تقویم کے ۳٦۰ دنوں کی مدت (بیس بیس دنوں کے اٹھارہ مہینے) جس میں ۳٦٥ دن پورا کرنے کے لئے بغیر نام کے پانچ دن کا اضافہ کیا جاتا تھا ۔

Turn-buckle : (n) (۱) کھڑکی کے جھروکے یا جھلملی یا دروازے کو بند ہونے سے روکنے کے لئے پتلے چپٹے چھڑ کی محور دار اڑانی یا بندھن۔ (۲) دھات کے ٹنکے کے مختلف حصوں کو جوڑنے کی بکسوے کی قسم کی چیز۔ (۳) (مجازاً) بجلی کے تاروں کو جوڑنے کی ترکیب۔ (٤) جھلملی، زنجیر کے سرے یا تالے کو لگانے کے لئے ایک پُر کشش گرفت۔

Turn button : (n) لمبوترا لکڑی یا لوہے کا ٹکڑا، کانٹی یا پن لگا یا پیچدار، دروازے یا کھڑکی کو مضبوطی

To turn to : (۱) رجوع کرنا۔ (۲) سند ڈھونڈنا (کتاب وغیرہ سے)۔ (۳) کام میں لگ جانا؛ محنت سے کام کرنا۔

To turn to bay : شکار کا اپنی مدافعت یا بچاؤ کے لئے پلٹ کر حملہ آور ہونا۔

To turn turtle : (بحری عامیانہ) الٹ دینا۔

To turn up : (۱) اوپر کی طرف رُخ کرنا یا جھکانا؛ اوپر تلے کرنا؛ کسی چیز کو الٹ پلٹ کر دیکھنا (کہ اس کے نیچے کیا ہے)۔ (۲) لباس کو موڑنا (چھوٹا کرنے کے لئے) نیز لباس کے حاشیے کو موڑ دینا؛ زمین کو جوت کر (مٹی) الٹ پلٹ کر دینا؛ کھولنا (ترپ کا پتا)۔ (۳) کسی کتاب یا کاغذات سے کسی عبارت یا دستاویز کو نکالنا یا استناد کرنا۔ (٤) کسی آدمی یا جانور کو پیٹھ کے بل لٹا دینا مار ڈالنے یا ذبح کرنے کے لئے۔ (٥) لیمپ کی بتی کو تیز کرنے یا نل گیس سے گیس کے بہاؤ میں اضافہ کرنے کے لئے معدل گھمانا تاکہ روشنی تیز ہو۔ (٦) (بحری) افق کے اوپر ظاہر ہونا؛ نظر آنا۔ (۷) (بحری) عرشے پر (ملاح یا جہاز راں کو) بلانا؛ اوپر جھکنا؛ اٹھانا۔ (۸) (بحری) ہوا کے رُخ سے فائدہ اٹھانے کے لئے جہاز کو ایک طرف موڑنا۔ (۹) (کسی شخص یا چیز کا) ظاہر ہونا؛ موجود ہونا؛ کبھی کبھی یا اچانک کسی چیز یا شخص کا موجود ہو جانا۔ (۱۰) واقع ہونا؛ دریافت ہونا؛ مڈبھیڑ ہونا؛ مدمقابل ہونا؛ کسی چیز کا مخصوص طور پر ظاہر ہونا یا پایا جانا۔

To turn up (a person's) heels : نیچے گرا دینا؛ پچھاڑنا؛ مار ڈالنا۔

To turn up one's heels/-toes : مرنا؛ فوت ہو جانا؛ دنیا سے گزر جانا۔

Turn about : (n) (۱) پلٹ جانے کا عمل یا کوئی مثال؛ رُخ کی تبدیلی یا رُخ کا بدلنا؛ ایک کا ساتھ چھوڑ کر دوسرے کے ساتھ ہو جانا؛ ایک کی وفاداری سے منہ موڑ کر دوسرے کا ہو جانا۔ (۲) غدار؛ نمک حرام؛ بے وفا۔

Turn about : (adv.) باری باری سے؛ متبادل طریقے سے۔

Turn about : (v) گھوم جانا؛ رُخ، روش اور پالیسی کا پلٹ جانا، الٹ جانا۔

سے بند کرنے کے لئے؛ کواڑوں کو بند رکھنے کی بلّی۔

Turn cap : (n) دود کش کا گھومنے والا ڈھکن یا ڈھکنا؛ چمنی کا ڈھکن جو ہَوا کے رُخ کو موڑتا ہے۔

Turn-down : (n) (۱) کسی چیز کا مڑا ہوا حصہ؛ کوئی چیز مڑی ہوئی یا الٹی ہوئی ؛ خاص کر الٹا یا مڑا ہوا کالر ؛ دہرانے یا الٹ دینے کا عمل۔ (۲) (عامیانہ) نا منظوری؛ نا پسندیدگی۔

Turn-down : (a) دہرا کیا ہوا (کالر)؛ جس کو دہرا کیا جا سکے۔

Turn-down : (v) (۱) نشیبی راہ اختیار کرنا یا نشیب کی طرف رُخ کرنا۔ (۲) موڑے جانے یا دوہرا کئے جانے کے قابل ہونا (کالر وغیرہ)۔ (۳) موڑنا، لپیٹنا یا دوہرا کرنا۔ (٤) اوپر سے نیچے الٹ دینا؛ الٹنا؛ الٹا کرنا؛ اوندھا کرنا؛ ترتیب الٹ دینا؛ تقلیب کرنا؛ (موسیقی) سُروں کی ترتیب بدلنا۔ (٥) صمام یا کھلمندن کو گھما کر بلندی یا شدت کم کرنا۔ (٦) قبول کرنے سے انکار کرنا یا قبول نہ کرنا؛ نامنظور کرنا۔ (۷) (خاص کر برطانیہ) افزائش نسل کے لئے آزاد کرنا یا چھوڑ دینا (بیلوں وغیرہ کو)۔

Turn furrow : (n) (۱) لوہے کا ٹیڑھا پتر جو ہل کے پھالے میں لگا ہوتا ہے جس سے مٹی اٹھائی اور الٹی جاتی ہے؛ چپٹا اور خم بلیڈ (جیسے بلڈوزر کا) جو سامان ایک طرف ٹھیل دیتا ہے جیسے جیسے مشین آگے بڑھتی ہے۔ (۲) تختوں میں سے ایک جس سے کنکریٹ کا سانچہ بنتا ہے۔

Turn-in : (v) (۱) دے دینا؛ حوالے کرنا؛ سپرد کرنا؛ مخبری کرنا؛ دغا سے حوالے کرنا؛ دھوکا دینا؛ امید کے مطابق انجام دینا؛ اچھی طرح (کسی کام کو) انجام دینا۔ (۲) سڑک یا راستے سے مڑ جانا، پلٹ جانا۔ (۳) آرام کرنا؛ سونا۔

Turn-in : (n) کوئی چیز جو اندر کی طرف مڑ جاتی ہے یا مڑی ہوئی ہو۔

Turn-indicator : (n) ایک آلہ جو ہَوائی جہاز کے عمودی دُھرے کے چاروں طرف مڑنے کی تعداد یا شرح بتاتا ہے۔

Turn in upon oneself : (v) اپنے خیالات، احساسات یا تاثرات میں غرق ہونا یا ہو جانا؛ (خیالات کو) اندر کی طرف موڑنا؛ باطنی مطالعہ کرنا۔

Turn-key job : (n) ایک کام یا ٹھیکہ معاہدہ جس کی رو سے ٹھیکے دار اس بات پر رضامند ہوتا ہے کہ وہ کسی عمارت کی تعمیر اور تنصیب کا کام تیاری کے (مقررہ) وقت میں مکمل کردے گا تاکہ وہ تصرف یا قبضے میں لائی جا سکے۔

Turn-meter : (n) ہَوائی جہاز کا زاویائی رفتار پیما آلہ۔

Turn of a hair : (n) (۱) ذرا سا کے لئے موقعے کا ہاتھ سے نکل جانا۔ (۲) بال بال بچ جانا۔

Turn off : (v) (۱) برخاست کرنا (ملازمت سے)؛ الگ کردینا؛ بیچ ڈالنا؛ چھٹکارا پانا (کسی سے)۔ (۲) ہٹانا؛ کنارہ کر دینا؛ الگ کردینا؛ پھر جانا؛ منحرف کرنا یا ہونا؛ ٹالنا؛ بچ نکلنا۔ (۳) نکالنا؛ پیدا کرنا؛ پیش کرنا؛ پورا کرنا؛ تعمیل کرنا؛ عمل میں لانا؛ بجا لانا۔ (٤) بند کر دینا یا بہاؤ کو روک دینا۔ (٥) لٹکانا پھانسی پر یا پھانسی کے ذریعے مار ڈالنا؛ (برطانیہ) مناکحت کرنا۔ (٦) ہٹانا (سامان) موڑ کر یا پھیر کر؛ موڑ کر کوئی شکل دینا یا بنانا۔ (۷) ہٹنا یا ہٹ جانا؛ پھر جانا سیدھی راہ سے یا صدر سڑک یا راستے سے پھر جانا۔ (۸) (برطانیہ) خراب ہوجانا یا کر دینا؛ مخصوص حالت میں تبدیل کرنا یا ہونا۔ (۹) بیکار ہوجانا؛ خراب ہوجانا؛ برباد ہوجانا؛ تبدیل ہوجانا۔

Turn off : (n) (۱) مڑی ہوئی چیز؛ مڑنے کی جگہ ؛ بغلی سڑک یا راستہ یا شاخ؛ شاہراہ کی طرف سے جانے والا موڑ؛ مکمل تیار شدہ مال (مثلاً گرگھےوغیرہ سے)۔ (۲) فروخت شدہ مویشیوں کی تعداد یا وزن۔

Turn of life : (n) (۱) دیکھو Change of life۔ (۲) کسی حالت یا صفت میں کوئی تبدیلی (جمع) (مثلاً ایام حیض وغیرہ)۔

Turn of speed : (n) تیزی کی صلاحیت؛ تیز دوڑنے یا چلنے کی صلاحیت۔

Turn of the bilge : (n) جسم جہاز کا حصہ جہاز کے پیندے اور عمودی اطراف کے درمیان۔

Turn of the market : (n) قیمت میں اتار چڑھاؤ ؛ قیمت خرید اور قیمت فروخت میں فرق؛ اس اختلاف قیمت سے جو منافع ہو۔

Turn of the scale : (n) ترازو کے پلڑے کا جھکاؤ؛ (خریدار کی جنس خریداری میں ہلکا سا اضافہ جس سے ترازو کا پلڑا جھک جائے) ؛ بہت مختصر۔

Turn of the tide : (n) رُخ کا بدل جانا؛ دوسرا رُخ اختیار کر لینا؛ سیلاب کا رُخ پھر جانا ۔

Turn on : (v) (۱) (بول چال) راغب کرنا؛ شوق دلانا ۔ (۲) دلچسپی پیدا کرنا؛ توجہ دلانا؛ متوجہ کرنا ۔ (۳) ابھارنا؛ اشتعال دینا؛ جگانا؛ اُکسانا؛ بیدار کرنا خاص کر (کسی کو) ؛ جنسی یا شہوانی طور پر دوا استعمال کرنے کے لئے آمادہ کرنا ۔ (٤) پانی بہنے دینا (پائپ وغیرہ سے) ۔ (٥) (ریڈیو وغیرہ کو) چلانا ۔

Turn-out : (n) (۱) باہر نکل پڑنے یا باہر آجانے کا عمل ؛ برآمدگی؛ باہر نکل جانا (بستر وغیرہ سے) ؛ کام پر حاضر ہونے کا بلاوا، خاص کر آرام کے وقت میں فوجی کام کے لئے ۔ (۲) ہڑتال (مزدوروں کی) ؛ ہڑتال کرنے والا شخص ۔ (۳) کسی خاص مقصد کے لئے لوگوں کا اجتماع؛ وہ راستہ جہاں سے دوسرا راستہ نکلتا ہے؛ موڑ ۔ (٤) شاہراہ پر کشادہ جگہ گاڑیوں کے آنے جانے کے لئے یا پڑاؤ کے لئے ۔ (٥) ریل کی پٹریوں کا نظام جس سے گاڑیاں ایک پٹری سے دوسری پر منتقل ہو سکیں ۔ (٦) کوئی ترکیب یا ساخت جس کے ذریعے نہر کا پانی زراعت کے لئے مہیا کیا جائے ۔ (۷) صفائی یا انخلا؛ صفائی اور درستگی ۔ (۸) گاڑی (گھوڑے، سازو سامان اور ملازم کے ساتھ) ۔ (۹) سازو سامان؛ لوازمات ۔ (۱۰) کسی چیز کی نوک پلک درست کرنے کا طریقہ؛ کسی چیز کو آراستہ و پیراستہ کرنے کا طریقہ ۔ (۱۱) کیل کانٹے سے درستگی؛ کسی چیز کو باہر نکالنے کا طریقہ ۔ (۱۲) طرز لباس: کسی موقعے کا خاص لباس ۔ (۱۳) کل پیداوار (صنعتی) یا حاصل ۔ (۱٤) Turn outs (جمع) آگ بجھانے والوں کا لباس ۔ (۱٥) سنگت ناچ میں قدم رکھنے کا ایک طرز ۔ (۱٦) (کسی چیز کو) نکالنے کے سازو سامان ۔

Turn out : (v) (۱) نکال باہر کرنا؛ دور کرنا؛ نکال دینا ۔ (۲) مویشی کو چراگاہ کی طرف ہانک دینا ۔ (۳) (جیب کو) الٹ کر باہر نکال دینا (یہ دکھانے کے لئے کہ خالی ہے) ۔ (٤) جھاڑ پونچھ کرنا یا کمروں کی صفائی کرنا ۔ (٥) (جوتے کی نوک کو) باہر کی طرف نمایاں کرنا (رقاص کی طرح) ۔ (٦) (کسی برتن سے) چیزوں کو نکال دینا (صاف کرنے کے لئے) ۔ (۷) مشین کی طرح کام کرنا (تیزی سے) ۔ (۸) ہوشیاری اور دیدہ ریزی سے کسی کام کو انجام دینا ۔ (۹) روشنی گُل کر دینا (سونچ گھما کر) ۔ (۱۰) دستۂ فوج کو اپنی آرام گاہ سے کسی خاص مقصد کے لئے بلا لینا ۔ (۱۱) کسی فوری ضرورت کےلئے بلاوے پر گھر سے باہر نکل آنا ۔ (۱۲) بستر سے اُٹھ جانا ۔ (۱۳) نتیجے کے طور پر ثابت ہو جانا ۔ (۱٤) اختتام پذیر ہونا؛ نتیجے کا ظاہر ہونا ۔

Turn-out : (a) نکلنے والا؛ باہر ہونے والا (مختلف معنوں میں)۔

Turn-over : (v) (۱) ایک جانب سے دوسری جانب الٹ دینا یا الٹ پلٹ کر دینا ۔ (۲) مٹی کے پرت کو الٹ دینا ۔ (۳) ایک ایک چیز کو الٹ پلٹ کر کے تلاش کرنا ۔ (٤) غورو فکر کرنا ۔ (٥) پڑھنا یا کتاب کی ورق گردانی کرنا ۔ (٦) حوالے کر دینا ؛ منتقل کرنا ۔ (۷) خرید و فروخت کرنا؛ تجارتی کاروبار کرنا ۔ (۸) منتقل کرنا ۔ (۹) الٹ جانا (کشتی وغیرہ) ۔ (۱۰) گھوم جانا؛ گردش میں آنا ۔ (۱۱) طبیعت کا مالش کرنا؛ متلانا ۔ (۱۲) کلیجہ منہ کو آنا ۔

Turn-over : (n) (۱) الٹ دینا (خاص کر سیاست میں)؛ (عامیانہ) ووٹوں کو ایک پارٹی سے دوسری پارٹی کی طرف منتقل کرنا ۔ (۲) تنظیم جدید (کسی پارٹی کے اراکین میں نا اتفاقی پیدا کرنے کے لئے) ۔ (۳) کسی کارآموز کا معاہدہ (کام سیکھنے کا) جو پہلے مالک سے دوسرے مالک کو منتقل ہو جاتاہے، پہلا مالک کام سے دست بردار ہو جائے یا کام میں کامیاب نہ ہو؛ نیز ایک کارآموز کو منتقل کرنے کا عمل ۔ (٤) (اسباب، جانور یا اشخاص وغیرہ کی) ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقلی ۔ (٥) کوئی حصہ (کسی چیز کا) یا چیز جو موڑی، الٹی یا تہ کی جاتی ہے ۔ (٦) کوئی مضمون جو کسی اخبار کے آخر کالم میں شروع ہو اور دوسرے صفحے تک پہنچے ۔ (۷) ایک قسم کا میٹھا سنبوسہ جو پھل یا جیلی بھر کر تیار کیا جاتا ہے ۔ (۸) مقررہ مدت کی بکری یا کاروبار کی کُل رقم؛ سامان کی کُل مقدار جو صنعت گر نے تیار کی ہو اور فروخت کی ہو؛ نیز کاروبار میں لگائے ہوئے سرمایہ کی نکاسی ؛ نیز کل منافع جو کاروبار سے مقررہ مدت میں حاصل ہوا ہو ۔ (۹) کام کی کسی خاص جگہ پر مزدوروں کی جماعت میں تبدیلی ۔ (۱۰)تجارتی مال کی خریدو فروخت؛ اشیاء کی شرح فروخت؛ خریدو فروخت کا دور؛ مقررہ مدت میں مندرجہ فہرست اشیاء کی فروخت کا تناسب ۔ (۱۱) کام کرنے والوں کی تعداد جو مخصوص مدت میں مقرر کی جائے کام کرنے کے لئے ان لوگوں کی جگہ پر جنہوں نے کام چھوڑ دیا ہو یا جو برخاست کر دینے گئے

ہوں؛ کام کرنے والوں کی تعداد کا تناسب ۔ (۱۲) دیکھو Turn over frequency ۔

Turn rail : (n) (۱) گردشی پلیٹ فارم، میز، چکّا وغیرہ ۔ (۲) ریل گاڑی کو ایک پٹری پر سے دوسری پٹری پر لے جانے کی سوئچ ۔

Turn round : (n) Turn around کا متبادل ۔

Turn round : (n) (۱) بندرگاہ میں جہاز کے داخل ہونے، مال اتارنے اور لدوانے اور روانہ ہونے کا عمل ۔ (۲) مجازاً (موٹر گاڑی) نقل و حمل ۔

Turn round/Turn-round : (n) (۱) چاروں طرف گھومنے کی جگہ ۔ (۲) اُلٹ دینے جانے کے قابل لباس ۔

Turn round/Turn-round : (v) (۱) کسی محور پر گھومنا؛ کسی مرکز پر چاروں طرف گھومنا، گردش کرنا۔ (۲) گھوم جانا؛ رخ بدل دینا؛ ایک طرف سے دوسری طرف گھوم جانا ۔ (۳) اپنے خیالات یا پالیسی بدل دینا ۔ (٤) (Upon یا On کے ساتھ) اچانک حملہ کرنا؛ اچانک چڑھائی کرنا؛ کسی پر ٹوٹ پڑنا ۔

Turn shoe/Turned- : (n) بلکا مڑ جانے والا اکہرے تلے کا جوتا یا سلیپر جو عام طور پر عورتیں پہنتی ہیں ۔

Turn-sick : (a) دورانِ سر میں مبتلا ۔

Turn-sick : (n) (۱) دورانِ سر؛ چکر۔ (۲) بھیڑوں کے دورانِ سر کی بیماری جو دماغ میں کیچوے ہونے کی وجہ سے ہو جاتی ہے ۔

Turn the trencher : (n) (۱) دیکھو Spin the plate ۔ (۲) ایک قسم کا کھیل جس میں کوئی مدور چیز (مثلاً پلیٹ وغیرہ) جس کو اس کے کنارے سے گھمایا جاتاہے اور کھیلنے والے کا نام پکارا جاتا ہے جس کو اس پلیٹ کو گرنے سے پہلے پکڑنا پڑتا ہے ورنہ جُرمانہ دینا پڑتا ہے ۔

Turn-to : (n) (۱) کشمکش؛ گتھم گتھی ؛ دھینگا مشتی؛ لڑائی بھڑائی ؛ قوت آزمائی کا مقابلہ ۔ (۲) کسی کی توجہ اور کوشش اس کے کاروبار یا کام میں جو اس کے ہاتھ میں ہو؛ کام میں لگ جانا ۔

Turn to : (v) خود کو کام میں لگانا؛ محنت و مشقت سے کام کرنا ۔

Turn-tree : (n) (برطانیہ) بوجھ اٹھانے کی چرخی کا پیپا، ڈرم۔

Turn under : (v) (۱) نیچے کی طرف جھکانا یا موڑنا؛ لپیٹنا۔ (۲) ہل جوت کر یا کھود کر (مٹی) سطح سے نیچے رکھنا ۔

Turn-under : (n) (۱) نیچے موڑنے یا جھکانے کا کام ۔ (۲) خم یا جھکاؤ کسی پر یا نیچے کی طرف یا ایسی خمیدگی کی مقدار ۔

Turn up : (v) (۱) خلاف امید ظاہر ہونا ؛ گم ہو کر ظاہر ہونا؛ حاضر ہو جانا؛ ظاہر ہونا؛ نمایاں ہونا ۔ (۲) مقررہ وقت پر یا امید کے مطابق پہنچ جانا ۔ (۳) الٹنا یا موڑنا؛ نچلے حصے کو اوپر لانے کے لئے یا باہر نکالنے کے لئے؛ (سانے کا) سنجاف یا گوٹ موڑ کر چھوٹا کرنا یا سنجاف کی چوڑائی بڑھا کر چھوٹا کرنا؛ آستین کے نچلے حصے کو الٹ کر کف بنانا ۔ (٤) نیچے سے بالائی سطح پر لانا؛ پانا؛ حاصل کرنا؛ انکشاف کرنا؛ معلوم کرنا ۔ (٥) صمام یا ٹونٹی کو الٹ کر اٹھانا یا بڑھانا ۔ (٦) (برطانیہ) کتاب میں (کوئی لفظ) تلاش کرنا؛ دیکھنا ۔ (۷) چت لٹا دینا؛ مار ڈالنا ۔ (۸) (جہاز راں یا ملاح کو) عرشے پر بلانا ۔ (۹) اوپر رُخ کی طرف (کارڈ کو) الٹ دینا ۔ (۱۰) (برطانیہ) چھوڑ دینا؛ ترک کردینا؛ دست کش یا د ست بردار ہو جانا؛ تج دینا؛ ڈھیلا کرنا؛ آزاد کرنا ۔ (۱۱) محوری گردش کی رفتار تک پہنچنا (کسی چیز کا)؛ طاقت بڑھانا (انجن کی طاقت کی حد تک) ۔ (۱۲) خلاف امید واقع ہونا ۔ (۱۳) (جہاز کا) رُخ پھیرنا؛ راستہ بدلنا ۔

To turn up one's nose : اظہار نفرت کرنا؛ حقارت ظاہر کرنا ۔

To turn up one's toes : (عامیانہ) مرنا؛ فوت ہونا؛ معدوم ہونا؛ نیست و نابود ہو جانا؛ موت کا سا دکھ سہنا؛ روحانی حیثیت سے مردہ ہو جانا؛ کُل ہو جانا؛ مند جانا؛ محو ہو جانا ۔

Turnable : (a) گھوم جانے یا الٹ جانے کے قابل؛ گھما دینے یا اُلٹ دینے جانے کے قابل ۔

Turnback : (n) (۱) وہ شخص جو بزدلی سے پسپا ہو جائے یا کسی چیز سے باز آجائے ؛ بزدل؛ باز آجانے والا؛ دست کش ہونے والا ۔ (۲) کسی چیز کا وہ حصہ (خاص کر لباس کا) جو موڑ دیا جائے یا موڑ دیا گیا ہو ۔

Turnback : (a) مڑا ہوا؛ لپیٹا ہوا؛ الٹا ہوا ۔

Turnback : (v) (۱) آگے بڑھنے سے روک دینا؛ آگے جانے کو منع کرنا؛ دوسرے رُخ جانا؛ لوٹ جانا یا لوٹ آنا؛ واپس آنا یا ہونا ۔(۲) اگلے وقت یا جگہ کا حوالہ دینا؛ پیچھے پھیرنا؛ لوٹانا؛ دوسرے رخ پر لوٹانا؛ (کسی کی) پیش قدمی روک دینا؛ روکنا ۔ (۳) پیچھے یا نیچے جھکا دینا (کسی چیز کے کسی حصے کو) ۔

Turncoat : (n) اپنا اصول یا پارٹی تبدیل کرنے والا شخص؛ نمک حرام؛ غدار؛ بے وفا؛ بد عہد؛ بے اصولا ۔

Turncoat : (a) اصول یا پارٹی تبدیل کرنے یا بد عہدی کرنے والا؛ بے وفائی کرنے والا؛ اصول بدلنے والا ۔

Turncock : (n) (۱) کارخانہ آب رسانی کا افسر جو پانی کے نل کی لائن کو نلوں میں پانی پہنچانے کے لئے کھولتا ہے ۔ (۲) روک ٹاٹ؛ ٹونٹی جو کھولنے اور بند کرنے کے لئے گھمائی جاتی ہے؛ کھلمندن ۔

Turndun : (n)[Native name of Australia.]۔ (۱) دیکھو Bullro arer (۲) لکڑی کی پتلی پٹی (چمڑے کے) تسمے کے آخر میں بند ھی ہوئی جس کو گھمایا جاتا ہے تو اس سے زور کی آواز وقفے کے ساتھ نکلتی ہے، خاص کر آسٹریلیا کے قدیم باشندے اپنے مذہبی رسوم ادا کرنے میں اس کو استعمال کرتے ہیں یا مغربی ممالک کے لوگ بچوں کے کھلونے کی طرح اسے گھماتے ہیں؛ زوردار آواز کا بچوں کا ایک کھلونا؛ ٹرو ۔

Turned : (a) [ME.] (۱) کسی شکل کا بنایا جیسے خرادا ہوا ۔ (۲) الٹا ہوا؛ مڑا ہوا یا پھیرا ہوا ۔

Turned trump : (n) (۱) دیکھو Trumpcard ۔(۲) تاش کے کھیل میں تُرپ جو تاش کے کھیل میں آخر میں کام میں لایا جاتا ہے ۔ (۳) فیصلہ کن عنصر ؛ مستحکم کرنےوالا ؛ بند کرنےوالا؛ برہان قاطع ۔

Turnel : (n) (۱) (انگریزی روزہ مرہ) دیکھو Tub ۔(۲) ٹب؛ ناند ۔

Turner : (n) [OFr. 'tornere'.] (۱) گھمانے والا شخص یا جو لکڑی ، دھات ، ہڈی کی چیزوں کی شکل و صورت ، تراش خراش درست کرتا ہے ۔ (۲) کمہار، کوزہ یا سفال گر خاص کر وہ جو برتنوں کو مکمل طور پر بناتا ہے اور چکنا کرتا ہے؛ خرّاد کرنے والا ۔(۳) (عام) گھمانے والا؛ چکر کھانے والا ؛ گھومنے والا ۔(٤) ایک قسم کا لوٹن کبوتر یا گرہ باز کبوتر ۔ (٥) ورزشی انجمن کا ایک رکن جو جرمنی میں F. L. John نے۱۸۵۲۔۱۷۷۸ میں قائم کی تھی ۔(٦) جواہرات یا گھڑی کے پرزوں کو تراشنے والی مشین کا چلانے والا؛ لباس تیار کرنے والا جو تیار کئے ہوئے حصوں کو موڑتا ہے ۔

Turner : (n) اسکاٹ لینڈ کا سترھویں صدی کا دو اسکاٹ پینی قیمت کا سکہ ۔

Turner : (n) جمناسٹک یا کھیل کی انجمن کا ایک رکن؛ جمناسٹک کا ماہر ۔

Turner harp : (n) قطب شمالی کی عام سہ سالہ سگ ماہی ۔

Turner hood : (n) سہ سالہ کلاہ دار سگ ماہی ۔

Turnera : (n) [mod. after William Turner.] امریکی منطقہ حارہ کی بڑی جنس کا پودا جس میں پتے اور زرد پھول متبادل طور پر ہوتے ہیں ۔

Turneraceae : (n) امریکی منطقہ حارہ کی بیشتر جنس کے پودے یا جھاڑیوں کا خاندان ۔

Turneraceous : (a) مذکورہ بالا پھول سے متعلق ۔

Turneresque : (a) (۱) M. W. Turner (مصور) کی تصاویر سے مشابہ یا اس کی طرف ذہن کو منتقل کرنے والا ۔(۲) Turner کی مناظری تصویروں کے طرز کا جن میں تیز رنگ ہو ۔

Turnerite : (n) [f. name of C.H. Turnert+ -ITE.] (کان کنی) ایک قسم کی دھات جو زرد یا بھورے (رنگ کے) بلور میں ہوتی ہے ۔

Turner's yellow : (n) ہڑتال ؛ زر نیخ زرد ۔

Turnery : (n) (۱) خراد کا سامان ۔(۲) خراد کرنا؛ خراد کا کارخانہ؛ خراد خانہ ۔ (۳) خراد کا فن؛ خراد کے ذریعے چیزوں کو یا ان کے نقشوں کو پایہ تکمیل تک پہنچانا ۔ (٤) (جمع) خراد کا کام؛ خرادی کا برتن ۔(٥) مشین کی دکان ۔

Turngate : (n) (۱) چکر دروازہ؛ گھومنے والا دروازہ ۔ (۲) دیکھو Turnstile ۔

Turnhalle/Turnhall : (n) ایک عمارت جو بطور جمناسٹک اسکول یا ورزش گاہ استعمال ہوتی ہے ۔

Turnices : (n) (ایک قسم کی چڑیا) Gruniformes کی چھوٹی شاخ۔

Turnicidae : (n) خشکی پر رہنے والی یورپی چڑیوں کا ایک قائم شکلہ خاندان۔

Turnicine : (a) مذکورہ بالا چڑیوں سے متعلق۔

Turnicomorphae : (n) Tunices کے مساوی (چڑیا کا) اعلیٰ خاندان۔

Turning : (n) (۱) محور کے چاروں طرف گردش؛ گردش؛ دور؛ دُھرے کے چاروں طرف گردش؛ صحیح راستے سے انحراف۔ (۲) خراد کے ذریعے کسی چیز کی صورت گری کرنا؛ کسی چیز کی صورت گری کا فن خراد کے ذریعے؛ خراد کا کام؛ (جمع) ٹکڑوں یا کسی چیز کی تراش خراش؛ خراد (مشین پر)؛ جھکاؤ؛ خم؛ خمیدگی؛ موڑ۔ (۳) (ادبی تخلیقات کو) کاٹ چھانٹ کر آخری شکل دینا؛ درست کرنا۔ (٤) کسی چیز کے طرز یا رُخ کو متحرک کر کے تبدیل کرنا (جیسے محور پر)۔ (٥) ورزش کی مشق F. L. John Turner کے طرز پر۔ (٦) کایا پلٹ؛ تقلیب۔ (۷) جھکانے یا لپٹنے کا کام یا لپیٹے جانےیا تہ کئے جانے کی حالت؛ شکن؛ تہ۔ (۸) حرکت کی سمت یا راستے میں تبدیلی؛ جھکاؤ؛ انحراف؛ پیچ و خم؛ چکر؛ پیچ دار راستہ۔ (۹) خراد کرنا؛ دو راہا، موڑ جہاں ایک سڑک دوسری سڑک سے ملتی ہے یا وہ سڑک جو ملتی ہے۔ (۱۰) خراد کا کام؛ خراد (کی مشین پر) کسی چیز کو کاٹ چھانٹ کر درست کرنا؛ کسی چیز کی تراش خراش خراد پر۔ (۱۱) راستے کا حرکت کے رخ بدلنے کا کام۔ (۱۲) (مجازاً) تغیر؛ کایا پلٹ؛ رو گردانی؛ (اپنی جماعت سے منحرف ہو کر) دوسری طرف ہو جانا۔ (۱۳) تبدیلی؛ تغیر حالات؛ نشیب و فراز؛ تبادل۔

Turning : (a) گھومنے والا؛ پھرنے والا؛ چکر دار۔

Turning bar : (n) (۱) دیکھو Horizontal bar۔ (۲) افقی شکل میں گاڑی ہوئی سلاخ جمناسٹکی ورزش کے لئے۔

Turning basin : (n) کشتیوں کو گھمانے کے لئے کشادہ جگہ نہر کے آخر یا کم چوڑے نالے کے آخر میں۔

Turning bridge : (n) (۱) دیکھو Turn bridge۔ (۲) دیکھو Pivot bridge۔ (۳) اُٹھاؤ پل؛ وہ پل جو ضرورت کے وقت اُٹھایا جا سکے۔

Turning chisel : (n) چھینی جو خراد مشین پر بنائی ہوئی چیزوں کو آخری شکل دینے میں کام آتی ہے۔

Turning engine : (n) خراد؛ ایک چھوٹا انجن بڑے انجن کو الٹنے پلٹنے، معائنہ کرنے یا اس کو درست کرنے کے لئے۔

Turning gauge : (n) ایک اوزار جو خراد میں سطحی پہلوؤں کو درست کرنے میں استعمال ہوتا ہے۔

Turning movement : (n) غنیم کی فوج کے ایک بازو یا دونوں بازوؤں پر یا اس کے عقب سے حملہ اور عموماً سامنے سے بھی؛ دشمنوں کو گھیر کر حملہ آور ہونا۔

Turning plow : (n) (۱) دیکھو Mold board plow۔ (۲) ایسا ہل جس میں خمدار لوہا لگا ہو جس سے مٹی اُلٹ پلٹ کی جاتی ہے۔

Turning-point : (n) (۱) نقطہء عود؛ نقطہء تغیر؛ نقطہء انقلاب؛ نقطہء عروج۔ (۲) (مجازاً) ایک نقطہ جس پر کسی قسم کی فیصلہ کن تبدیلی واقع ہوتی ہے؛ نازک نقطہ؛ نازک حالت؛ نازک مرحلہ۔

Turning rest : (n) چکردار اوزار کے لئے ایک ٹیک آلہ۔

Turning saw : (n) (۱) دیکھو Compass saw۔ (۲) پتلے مخروطی بلیڈ کا دستی آرہ، چھوٹا دائرہ، خمدار شکل یا بے قاعدہ دھار بنانے کے لئے۔

Turning sickness : (n) افریقی مویشیوں کی ایک قسم کی بیماری۔

Turning spur : (n) صدر لائن سے مڑی ہوئی ریل کی وہ پٹری جو گاڑی کے رُخ کو بدلتی ہے۔

Turning square : (n) لکڑی کا چوکھونٹا ٹکڑا جو بیلن بنانے کے لئے موزوں ہو۔

Turning-table : (n) (۱) متحرک پُل۔ (۲) دیکھو Turntable۔

Turnip : (n) (۱) شلجم کا پودا۔ (۲) شلجم؛ شلغم۔ (۳) ایک بڑی دبیز جیبی گھڑی۔ (٤) ایک بے وقوف شخص؛ احمق۔ (٥) غیر دلچسپ اور مدھم کام۔

Turnip-aphid/-aphis : (n) روکھے جوں؛ ایک قسم کا درخت کا کیڑا۔

Turnip-bean : (n) (۱) گرم ملکوں کا گول جڑ کا پودا ۔ (۲) منطقۂ حارہ کا پیچاں پودا جس کی جڑیں بصلہ دار ہوتی ہیں شلغم سے مشابہ ۔

Turnip-beetle/-flea : (n) بالکل چھوٹا چمکیلا سیاہ پھلانگنے والا بھونرا جو شلجم کی نوخیز پتیوں کو اور دوسرے چھاربرگوں کو کھاتا ہے ۔

Turnip-cabbage : (n) (۱) دیکھو Kohlrabi ۔ (۲) (نباتیات) گانٹھ کی گوبھی ۔ (۳) دیکھو Rutabaga ۔ (٤) بڑا شلجم زردی مائل جڑ والا ۔

Turnip-flea/Turnip flea/-jack : (n) (۱) دیکھو -Striped flea beetle (۲) ایک چھوٹا کودنے والا کیڑا جس کے ہر بازو کے بیرونی خول پر زرد خط ہوتا ہے، اس کو شلجم اور دوسرے پودوں کا کیڑا کہا جاتا ہے ۔

Turnip-fly : (n) (۱) دیکھو Turnip-flea ۔ (۲) شلجم کے کیڑے کا بڑا پہل روپ ۔ (۳) یورپی آرہ مکھی جو شلجم کی پتیوں کے کنارے پر انڈا دینے کے لئے شگاف کاٹتی ہے؛ کرم شلجم؛ شلجم خور بھونرا ۔

Turnip-lantern : (n) شلجم کا خول دار پوست ۔

Turnip leaf miner : (n) چھوٹی مکھی کا بڑا پہل روپ ۔

Turnip-maggot : (n) کرم شلجم کا پہل روپ ۔

Turnip radish/Turnip-rooted radish : (n) کسی قدرگڑوی جڑوں کی مختلف قسم کی مولیوں میں سے کوئی ۔

Turnip-rooted : (a) گول چپٹی جڑ والا ۔

Turnip-rooted celery/Turnip celery : (n) (۱) دیکھو Celeriac ۔ (۲) اجمود؛ اجوائن خراسانی ۔

Turnip-rooted chervil : (n) یورپی دو سالہ (پودے کا) غذائی تکلا نما بصلہ یا گنٹھی؛ نیز پودا ۔

Turnip-rooted parsley : (n) (۱) دیکھو Hamburg parsley ۔ (۲) اجمود کی قسم کی نبات؛ ایک چھتردار پودا جس کی پتیاں مڑی ہوئی نہیں ہوتی ہیں، پھول خوشبودار اور سفید ہوتے ہیں ۔

Turnip sawfly : (n) یورپی آرا مکھی ۔

Turnip-shell : (n) Turbinellidae کے خاندان کا صدف؛ خاص کر Rapa کی جنس کا صدف؛ ایسے صدف کا خول ۔

Turnip-tops/-greens : (n) (عموماً جمع میں) شلجم کے تازہ پتے جو بطور سبزی استعمال ہوتے ہیں؛ شلجم کے نو خیز پتے ۔

Turnip weed : (n) (۱) دیکھو Joe-pyeweed ۔ (۲) Eupatorium کی جنس کے چند امریکی پودوں میں سے کوئی، خاص کر دو لمبے سال بھر رہنے والے امریکی پودوں میں سے کوئی ۔

Turnip wood : (n) (۱) دیکھو Bastard rosewood ۔ (۲) Meliaceae کے خاندان کا ایک آسٹریلیائی درخت ۔ (۳) Bastard rose wood کی سخت قیمتی لکڑی ۔ (٤) منطقۂ حارہ کا ایک آسٹریلیائی درخت جس کی تازہ چھال شلجم کی طرح مہکتی ہے ۔

Turnipfoot : (n) (فرنیچرکا) گنبد نما پایا جس میں لمبی خمیدہ گردن بنی ہو ۔

Turnipghost : (n) بیچا؛ ہوّا ۔

Turnipgrass : (n) جنوب مغربی امریکا اور متصل میکسیکو کی ایک قسم کی گھاس جو بطورچارہ استعمال کی جاتی ہے ۔

Turnipy : (a) (۱) شکل اور ذائقے میں شلجم سے مشابہ ۔ (۲) بے طاقت؛ بے خون؛ بے روح؛ بے جان ۔

Turnix : (n) [mod. L. Short for L. 'coturnix'.] بٹیر یا سلوا کی طرح کی چڑیوں کے جنس کی تین انگوٹھے والی چڑیاں جو جنوبی یورپ اور ایشیا اور شمالی افریقہ کے گھاس والے میدانوں میں رہتی ہیں ۔

Turnkey : (n) (۱) قیدخانے کا کلید بردار؛ سُجّان؛ خاص طور پر ماتحت افسر؛ داروغۂ جیل ۔ (۲) دندان سازی کا اوزار؛ دانت نکالنے کا اوزار یا آلہ ۔

Turnover : (a) تبدل پذیر؛ مڑا ہوا؛ الٹا ہوا ۔

Turnover frequency : (n) کسی چیز کی بار بار حرکت کا بار بار اعادہ ۔

Turnover hinge : (n) ایسا قلابہ بنایا ہوا جس سے کواڑ دیوار سے لگ کر (اس کی وجہ سے) پورے طور پر کھل جائے ۔

Turnover tax : (n) (برطانیہ) ایک ٹیکس کُل کاروبار پر یا جملہ فروخت پر ۔

Turnpike : (n) [Late ME.] (۱) سڑك یا راستے پر لگایا هوا نوکدارراہ بند ۔(۲) چنگی کی ادائی تك کے لئے سڑك پر لگایا هوا راہ بند؛ چنگی دروازہ ۔ (۳) چنگی سڑك خاص کر وہ سڑك جس پر چنگی کی وصولی کے لئے راہ بند لگایا گیا هو یا لگایا گیا تھا؛ سڑك یا شاہراہ جس کے استعمال پر چنگی یا ٹیکس وصول کیا جاتا هے؛ شاہراہ؛ عام راستہ ۔ (٤) (اسکاٹ لینڈ) زینے کا پیچدار راستہ ۔

Turnpike : (v) (۱) چنگی وصول کی جانے والی شاہراہ کی طرح (سڑك) بنانا۔(۲) راہ بند کے ساتھ (سڑك) بنانا ۔

Turnpike geranium : (n) یورو شلم کا شاہ بلوط ۔

Turnpike man : (n) چنگی وصول کی جانے والی سڑك؛ چنگی وصول کرنے والا شخص ۔

Turnpiker : (n) اُس شاہراہ پر سفر کرنے والا شخص جس پر چنگی دینا پڑتی هے ۔

Turnpin : (n) مخروطی شکل کی بنائی هوئی سخت لکڑی کی کھونٹی جو جست کے پائپ کے آخری حصوں کو وسیع کرنے میں استعمال هوتی هے ۔

Turnplate/Turns ratio : (n) (۱) (ریل) گردشی اڈا یا پلیٹ فارم ؛ (انجن کا رُخ پھیرنے کے لئے) گردشی میز؛ وہ گردشی پلیٹ فارم جو مرکزی محور پر گھومتا هے ۔(۲) دیکھو Turn sheet ۔

Turnplow /-plough : (n) (۱) دیکھو Mold board plow ۔(۲) ہل کے پھال میں لگا هوا آہنی خمدار پلیٹ ۔

Turnrow : (n) بغیر فصل والے کھیت کا لمبا پتلا ٹکڑا (کنارے پر یا آخر میں تاکہ ہل موڑا جا سکے) ۔

Turns : (n) گھڑی ساز کا خراد یا خرادی مشین ۔

Turnscrew : (n) پیچ کش ۔

Turnsheet : (n) بھاری، چپٹا آہنی یا فولادی پتر یا پلیٹ ۔

Turnsole : (n) [Late ME. - (O)Fr. 'tournsole'.] (۱) بنفشی نیلا یا ارغوانی رنگ کا مادہ جو Crozophora tinctoria سے حاصل هوتا هے ۔(۲) ایک پودا جس کے پھول یا پتے سورج رُخ گھوم جاتے ہیں؛ سورج مکھی ۔(۳) سالانہ آئولیہ پودا (یورپین) ۔

Turnspit : (n) (۱) سیخ کباب کو گھمانے والا ۔(۲) سیخ کباب لگی هوئی آنکڑدار پہیا ۔ (۳) لڑکا یا کوئی آدمی، کباب کی سیخ کو گھمانے والا؛ نیز یہ تحقیراً بھی مستعمل هے ۔

Turnstile : (n) چکر دروازہ؛ لکڑی یا لوهے کے چار بازوؤں کا گھومنے والا دروازہ ایسا جس سے آدمی گزر سکے مگر جانور نہیں یا اس طرح کی ایک ترکیب دروازے میں بنائی هوئی، داخل هونے والے آدمیوں کو کنٹرول یا شمار کرنے کے لئے ۔

Turnstone : (n) (۱) ایک قسم کی چڑیا جو پتھروں کو الٹ کر چھوٹے چھوٹے کیڑے کھانے کے لئے نکالتی هے؛ آبی بٹیر ۔(۲) پیچ کش؛ سنسنی ۔

Turntable : (n) دیکھو Turnplate

Turntable ladder : (n) (۱) دیکھو Aerial ladder ۔(۲) وسعت پذیر آگ بجھانے والی سیڑھی جو عام طور پر سڑك پر رکھی رہتی هے ۔

Turntail : (n) دُم دبا کر بھاگ جانے والا شخص؛ ساتھ چھوڑ دینے والا شخص؛ بے وفائی کرنے والا شخص ؛ بزدل ؛ ڈرپوك شخص ۔

Turnup : (n) (۱) کسی چیز کا مڑا هوا حصہ؛ خاص کر لباس کا؛ (جمع) پاجامے کے کنارے کا مڑا هوا حصہ ۔ (۲) تاش یا جوئے کے کھیل میں مخصوص پتے یا پانسے کا پلٹاؤ یا پلٹ جانا؛ پلٹا هوا کارڈ یا پانسہ؛ (مجازاً) محض اتفاق؛ سکے کا اچھالنا؛ نتیجہ مطلقاً قسمت کی بات هے ۔ (۳) مکّہ بازی کا مقابلہ ۔

Turnup : (a) (۱) مڑا هوا؛ پلٹا هوا (مختلف معنوں میں) ۔ (۲) موڑے جانے کے قابل بنا هوا (جیسے کالر) ۔

Turnverein : (n) ورزش کرنے والوں اور کھلاڑیوں کی انجمن؛ ورزشی کلب ۔

Turnwrest/Turnwrist : (n) (۱) دیکھو Swievel plow ۔ (۲) (برطانیہ) ایسا ہل جس کے پھال میں الٹ دینے والی آہنی پلیٹ لگی هو جس سے مٹی دائیں یا بائیں پھینکی جائے ۔

Turnwrest/Turnwrist : (a) الٹ پلٹ کر دینے والی آہنی پلیٹ لگی هوئی (ہل کے پھال میں) ۔

Turonian : (n) (ارضیات) ماقبل عہد انسانیت کا یا اُس سے متعلق ۔

Turophile : (n) پنیر کا شائق؛ پنیر کا ماہر ۔

Turp : (v) (۱) تارپین ؛ روغنی رال ۔(۲) دیکھو Turpentine۔

Turpentine : (n) [ME. 'terebentyne'.] (۱) تارپین؛ روغنی رال جو بعض صنوبری درختوں سے نکلتی ہے، خصوصاً جو تارپین کے درخت سے نکلتی ہے؛ نیز (عام) تارپین روح یا روغن تارپین ۔ (۲) تارپین کا درخت؛ تارپین کا پودا ۔

Turpentine : (v) (۱) (روغن تارپین سے) علاج کرنا؛ ملنا؛ لگانا ۔(۲) صنوبر کے درخت سے تارپین نکالنا؛ تارپین جمع کرنا یا بنانا (روغن تارپین) ۔

Turpentine beetle : (n) درختوں کی چھال میں رہنے والے بھونروں میں سے Dendroctonus کی جنس کا کوئی بھونرا ۔

Turpentine-borer : (n) سوراخ کرنے والا بھونرا یعنی سنہرے بھونرے کا پہل روپ ۔

Turpentine moth : (n) چند چھوٹےکیڑوں میں سے Retinea کی جنس کا کوئی کیڑا جس کا پہل روپ صنوبر کی ٹہنیوں کو اورخردرخت کی نازک کونپلوں کو کھا جاتا ہے ۔

Turpentine oil : (n) تارپین کا تیل؛ روغن تارپین ۔

Turpentine pine : (n) (۱) دیکھو Long leaf pine ۔ (۲) جنوبی امریکا کا صنوبر کا درخت جس کے پتے بہت لمبے، سیاہی مائل سبز ہوتے ہیں ۔

Turpentine state : (n) شمالی کیرولینا؛ یہ ریاست تارپین کی گراں قدر مقدار کی وجہ سے مشہور ہے ، کیونکہ روغن تارپین صنوبر کے جنگلوں سے حاصل ہوتا ہے ۔

Turpentine tree : (n) تارپین کا درخت ؛ کوئی درخت جس سے تارپین نکلتا ہے ؛ خاص کر صنوبر کا درخت ۔

Turpentine weed : (n) شمالی امریکا کے چند پودوں میں سے کوئی جس کی بُو یا خوشبو تارپین کی بُو سے مشابہ ہوتی ہے ۔

Turpentiner : (n) مزدور جو تارپین جمع کرتا ہے ۔

Turpentinic/Turpentinus/Turpentiny : (a) (۱) تارپین کا؛ تارپینی یا تارپین سے متعلق ۔(۲) تارپین سے مشابہ؛ تارپین نما ۔

Turpeth/Turbith : (n) [med. L. 'turbithum'. 'turpethum' Arb. 'turbid'.] جنوبی ایشیا اور آسٹریلیا کے ایک پودے کی جڑ جو مسہل کے لئے استعمال ہوتی تھی ؛ ترپد؛ دست آور دوا؛ ایک ہندوستانی اور آسٹریلیائی پودا؛ نیز پودا یا اس کی جڑ؛ تربد؛ نسوت ۔

Turpeth mineral : (n) Calomel رَس کپور (دست آور دوا) ۔

Turpinite : (n) آتش گیر مادہ جو بم بنانے میں استعمال ہوتا ہے ۔

Turpis causa : (n) [L.] غیر معقول اور ناجائز وجہ جو تعہدی یا پابندی کے لئے کافی نہیں ہے ۔

Turpis contractus : (n) [L.] غیر اخلاقی یا غیر مہذب معاہدہ جو ناقابل نفاذ ہو ۔

Turpitude : (n) [L. 'turpitudo'.] بُرا چال چلن؛ شرمناک چال چلن؛ بُرا اخلاق؛ شرارت؛ کمینہ پن؛ فسق و فجور؛ خباثت؛ بد نفسی ۔

Turps : (n) Turpentine کا متبادل یا مخفف ۔

Turquoise : (n) [Late ME. 'turkeis'.] (۱) ایک بیش بہا پتھر؛ قیمتی پتھر جو ملک فارس میں پایا جاتا ہے؛ فیروزہ ۔(۲) ایک رنگ کا نام ۔

Turquoise : (a) بیش بہا پتھر یا فیروزے کے رنگ کا ۔

Turquoise berry : (n) (۱) تسمانیا کا ایک پودا Liliaceae کے خاندان کا جس کے پھول سفید اور پھل نیلے ہوتے ہیں ۔ (۲) دیکھو Asiatic sweet leaf : ایک مشرقی ایشیائی جھاڑی ۔

Turquoise blue : (n) تغیر پذیر رنگ؛ اوسطاً ہلکا سبزی مائل نیلا ۔

Turquoise green : (n) تغیر پذیر رنگ ہلکا نیلا مائل سبز ۔

Turret : (v) مضبوط کرنا؛ مستحکم کرنا یا گھومنے والے برج توپ سے آراستہ کرنا ۔

Turret : (n) [OFr 'torete'.] (۱) برجی؛ منارچہ؛ منار ۔ (۲) (فوج) برج گردان؛ چھوٹا سا گھومنے والا برج توپ اور توپچیوں کے لئے (قلعے یا جہاز میں) ۔ (۳) کئی منزل کی پہیے دار عمارت جو قلعے پر حملہ کرنے میں کام آتی ہے ۔ (٤) (امریکا) ریلوے کی مسافر گاڑی کی چھت

کا بالائی مرکزی حصہ ۔ (۵) خراد یا برما وغیرہ سے منسلکہ چیز، گول یا کثیر الاضلاعی بلاک پر مشتمل خانوں کے ساتھ مختلف ٹھپوں یا تراشنے والے اوزاروں کے لئے جو گھمائے جانے کے قابل ہوں ۔ (٦) (نقابت) چھوٹا منار ایک بڑے منار کے سرے پر ۔ (۷) چند قسم کے آلات کے دستے ۔ (۸) دیکھو Turret nozzle ۔ (۹) دیکھو Turret pipe۔ (۱۰) آگ بجھانے والے ٹرک پر خطرے کی خبر دینے والا ۔

Turret angle-rack tool : (n) خراد (مشین) میں چھوٹی مخروطی شکل کی چیزوں کو موڑنے کا ایک آلہ یا اوزار ۔

Turret captain : (n) ایک ادنیٰ افسر (جیسا کہ امریکی بحریہ میں ہوتا ہے) ۔

Turret clock : (n) دیوار گھڑی مینار کے لئے جس میں ایک یا زیادہ ڈائل ہوتے ہیں؛ مینار گھڑی ۔

Turret cutter : (n) کوئلہ کاٹنے کا آلہ یا اوزار ۔

Turret-deck : (n) مال بردار جہاز کا بالائی عرشہ جس میں جہاز کے بغلی حصے اصل عرشے سے کروی طور پر اوپر کی طرف جھکے ہوتے ہیں ۔

Turret drier : (n) لکڑی کی عمارت عام پانچ منزلی ہَوا آنے اور گرم رہنے کی ترکیبوں کے ساتھ جسے چمڑے کو سکھانے کے لئے کام میں لایا جاتا ہے ۔

Turret drill : (n) یک تکلا برما یا چند منسلک بر مے (ایک ساتھ) ۔

Turret-head : (n) (۱) محوردار آلہ گیر ۔ (۲) دستہ جومختلف قسم کے اوزاروں میں لگایا جاتا ہے ۔

Turret-lathe : (n) ایک خراد یا برما ۔

Turret-ship : (n) جنگی جہاز گھومنے والے برج توپوں کے ساتھ ؛ جہاز جس کے برج گرداں میں توپیں ہوں ۔

Turret spider : (n) کیلیفورنیا کا مکڑا ۔

Turret steamer : (n) ایک اسٹیمر (پشت وبیل ماہی نما)کثیرے دار چھوٹے چھوٹے دروازوں کے ساتھ ۔

Turret tuner : (n) ریڈیو کی آواز کو مختلف اسٹیشنوں سے منسلک کرنے والا سوئچ ۔

Turreted : (a) (۱) برجی دار؛ میناردار؛ برجی سےمشابہ کسی چیز سے آراستہ؛ خاص کر ۔ (۲) دیکھو Turrieted۔

Turrical : (a) [L. 'turris'.] برجی یا مینار کا یا اس سے متعلق یا اس سے مشابہ؛ برجی نما ۔

Turricula : (n) برتن یا زیور مینار یا بُرجی سے مشابہ ۔

Turricular : (a) برجی یا مینار کی شکل کا یا اس سےمشابہ ۔

Turriculate/Turriculated : (a) [L. 'turricula'.] (۱) چھوٹی برجی والا؛ چھوٹی برجی جیسا بنا ہوا ۔ (۲) برجیوں سے آراستہ ۔ (۳) دیکھو Turreted ۔

Turriferous : (a) [L. 'turrifer', 'turriferous'.] برجیوں والا؛ میناروں والا ۔

Turrilite : (n) [mod. L. 'turrilites'.] Turrities کی جنس کا ایک سنگوارہ سرپایہ ۔

Turrilites : (n) [L. 'turris'.] چاکی امونی فوسل سر پایہ کی جنس۔

Turris : (n) [L.] چھوٹے سمندری گھونگے کی جنس ۔

Turritella : (n) [irreg fr. L.'turris'.] ایک قسم کاسمندری بل دار گھونگا۔

Turrited/Turrite : (a) [L. 'turritus'.] (۱) دیکھو Turreted ۔ (۲) (خاص کر گھونگا) لمبے کلس والے مینار سے مشابہ۔

Turritellid : (n) [mod. L.'turritellidae'.] (حیوانیات) Turritellidae کی جنس کا نا عمہ یا معدہ پا؛ پیچ دار صدف ۔

Turritelloid : (a) پیچ دار صدف سے مشابہ ۔

Turritid : (a) [L. 'turridae' + 'turritidae'.] Turritidae کایا اُس سے متعلق۔

Turritid/Turrid : (n) Turritidae کے خاندان کا صدف ۔

Turritidae : (n) [L. irreg fr. 'turris'.] وسیع طور پر پھیلے ہوئے خاندان کا بحری معدہ پا صدف ۔

Turrum : (n) [Native of Australia.] ایک آسٹریلیائی غذائی مچھلی Carnax کی جنس کی ۔

Turse : (n) [ME.] (۱) دیکھو Bundle ۔ (۲) دیکھو Load ۔

Tursiops : (n)[L. fr 'tursio'.] Dolphion بڑی بھاری جسم والی کی جنس کی (مچھلی) ۔

Turtle : (n) [OE. 'turtla'. OHG 'turtulo'.]۔ Turtle-dove دیکھو (۱) (۲) (مجازاً) آدمی کےلئے پیار و محبت کی اصطلاح یا خاص کر عشاق کے لئے یا شادی شدہ لوگوں کے لئے؛ کنایتاً قمری کی محبت جو اسے اپنے رفیق سے ہوتی ہے ۔

Turtle : (n) [Fr. 'turtue'.] (۱) بحری کچھوؤں کی ایک قسم نیز دوسرے کچھوے ؛ مختلف قسم کے کچھوؤں کا گوشت جو بطور غذا استعمال ہوتا ہے ۔ (۲) (طبیعیات) ایک خمدار تختہ جس میں ٹائپ کے حروف یا چھپائی کی تختیاں مضبوطی سے لگادی جاتی ہیں جو گردشی طباعتی پریس کے کسی ایک بیلن پر چپکادی جاتی ہیں ۔

Alligator-turtle : اسے Aligator tortoise بھی کہتےہیں ۔

Chicken-turtle : کچھوے کی ایک قسم ۔

Green turtle : خار پشتان (Chetonia) کی مختلف قسمیں جن کے سبز خول ہوتے ہیں ۔

Greenland turtle : شمالی امریکا کے ایک شمال مشرقی بڑے جزیرے کا ایک قسم کا سیاہ دریائی پرند ۔

Sea-turtle : دیکھو Greenland turtle

To turn turtle : کچھوا پکڑنا (پشت کی طرف الٹ کر)؛ مجازاً الٹ جانا؛ اوندھا ہو جانا (کشتی وغیرہ کا) ۔

Turtle-back : (n) (اثریات) اسٹیمر کے عرشے کے اوپر ایک محراب دار ساخت، کمان یا قوس پر اور کبھی دنبالہء جہاز پر طوفانی یا متلاطم سمندر سے ہونے والے نقصان سے بچانے کے لئے پتھر کا کھردرا بنایا ہوا ٹکڑا جس کا ایک یا دونوں رخ کسی قدر محدب ہو ۔

Turtle back/-backed : (a) کچھوے جیسی پشت والا ۔

Turtle-back scale : (n) نرم چھلکا ۔

Turtle-back shooting : (n) زمین پر لیٹ کر تیراندازی (پوری قوت کے ساتھ نشانے پر مارنے کے لئے) ۔

Turtle-branacle : (n) بحر منجمد شمالی کا ہنس جس کی خوراک بحری کچھوا ہے ۔

Turtle bloom : (n) شمالی امریکا کا ایک قسم کا پودا ۔

Turtle-catcher : (n) کچھوے کا شکاری؛ کچھوا پکڑنے والا شخص ۔

Turtle-cowry/-cowrie : (n) خوبصورت وضع کی بڑی کوڑی ۔

Turtle-crab : (n) ہر ملک کا بحری کیکڑا ۔

Turtle-crawl: (n) (۱) کچھوے کا دنبالہ اس کے رہنے کی جگہ سےپانی تک ۔ (۲) باڑہ جس میں کچھوے رہتے ہیں ۔

Turtle-deck : (n) دیکھو Turtle back

Turtle-dove : (n) [ME.] Turtur کی جنس کی فاختہ خاص کر عام یورپی قسم کی قمری، جنگلی فاختہ، ٹوٹرو ۔

Turtle dove : (v) صاف طور پر محبت کا اظہار کرنا ۔

Turtle fishing : (n) کچھوا پکڑنا یا اس کا شکار کرنا ۔

Turtle-grass : (n) دو بحری پودوں میں سے ایک جس کے پتے کم چوڑے گھاس کی طرح ہوتے ہیں ۔

Turtle green : (n) معتدل زردی مائل سبز ۔

Turtle head : (n) دیکھو Turtle bloom

Turtle neck : (n) [Origin U.S.] چست سوئٹر یا جرسی ۔

Turtle-neck : (a) گول گلے والی (سوئٹر یا جرسی) ۔

Turtle-necked : (a) (سوئٹر یا جرسی) گول گلے والی ۔

Turtle peg : (n) الگ کئے جانے کے قابل دھار دار فولادی لوہا ۔

Turtle-shell : (n) (۱) کچھوے کا خول ۔(۲) دیکھو Turtle cowry

Turtle stone : (n) کیلسیم دار انجماد یا آبکی انجماد ۔

Turtler : (n) آدمی یا جہاز جو کچھوا پکڑنے کے لئے مقرر کیا جاتا ہے یا جو کچھوا پکڑتا ہے یا اس کے

انڈوں کو جمع کرنے والا شخص؛ کچھوے کا بیوپار کرنے والا شخص۔

Turtlet : (n) کم عمر یا چھوٹا کچھوا۔

Turtling : (n) کچھوا پکڑنے یا شکار کرنے کا عمل ؛ کچھوا پکڑنا یا شکار کرنا۔

Turtosa : (n) [Origin unkn.] افریقی شاہ بلوط۔

Tuscan : (a) [Fr. 'tuscan'.] (۱) دیکھو Etruscan ۔ Etruria (۲) کایا قدیم Etruria سے متعلق یا وہاں کے باشندوں کا ۔ (۲) ٹسکنی کا؛ (تعمیرات) یونان کے پانچ قدیم طرزوں میں سب سے سادہ اور بھدے طرزوں سے متعلق ۔ (۳) گیہوں کی پتلی ڈانٹ کا یا اس سے متعلق (ہیٹ بنانے کے لئے)؛ نیز اس کے سنہرے زرد رنگ سے متعلق۔

Tuscan : (n) (۱) دیکھو Etruscan ۔ (۲) قدیم Etruria کا باشندہ ۔ (۳) Etriuscan قوم کی زبان ۔ (٤) ٹسکن کا باشندہ ۔ (٥) ٹسکنی زبان۔

Tuscan brown : (n) معتدل بھورے سے سرخ بھورے رنگ تک یعنی پنسل سے زیادہ سیاہ۔

Tuscan red : (n) (۱) معتدل سرخی مائل بھورا ۔ (۲) ارغوانی مائل سرخ رنگنے کا رنگ۔

Tuscan tan : (n) (۱) دیکھو Sauterne ۔ (۲) ہلکا بھورا۔

Tuscany : (n) (۱) دیکھو Colcothar ۔ (۲) معتدل سرخی مائل بھورا۔

Tuscarora : (n) (۱) شمالی کیرولینا کی آئی رو کوئین ۔ (۲) (Iroquoian) قوم اور بعد ازآں نیو یارک اور اُنٹیریو (Ontario) کی قوم کا ایک فرد۔ (۳) ٹس کیرورا (Tuscarora) قوم کی زبان۔

Tusch : (n) سنکھ یا قرنا یا ترنی باجا اور ڈھول۔

Tusche : (n) سنگی طباعت والی روشنائی کی قسم کی چیز جو نقش و نگار بنانے میں استعمال ہوتی ہے۔

Tuscher : (n) چھاپے کے پتھر یا پتر پر نقش و نگار یا تصویر بنانے والا شخص۔

Tusculan : (a) [L. Tusculanus'.] (Tusculum) قدیم شہر ٹسکولم کا یا اس سے متعلق۔

Tush : (n) [ME. ' tus(s)ch, tos(s)ch.'] لمبا نوک دار دانت خاص کر گھوڑے کی کُچلی؛ کلبی دانت خاص کر گھوڑے کا ؛ بعض ہندوستانی ہاتھیوں کے ٹھنٹھ دانت۔

Tush : (n) (۱) (قدیم) بُشت (حقارت یا خفگی کے موقع پر آتا ہے) ؛ اظہار نفرت و حقارت کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔ (۲) کلمۂ حقارت۔

Tush : (v) تضحیک کرنا؛ تحقیر کرنا؛ بے چینی ظاہر کرنا ۔

Tush/Tushin : (n) ٹفلس کے شمال کی جارجین قوم کا ایک فرد۔

Tushed : (a) (۱) نوکدار دانتوں والا ۔ (۲) دیکھو Tusked ۔ (۳) ناب کا؛ دانت کا۔

Tushery : (n) (۱) ادنیٰ قسم کی قدیم (ادبی زبان) ۔ (۲) R. L. Stevenson کا نام رومانی طرز تحریر کے لئے۔

Tusi/Tussi/Tutsi : (n) (Urundi) (۱) مشرقی افریقہ کےیورنڈی اور رُنڈی (Rundi) کا ۔ (۲) مویشی رکھنے والا حکمراں۔

Tusk : (n) (۱) دیکھو Cusk ۔ (۲) بڑی سمندری مچھلی، جو کھائی جاتی ہے۔

Tusk : (n) [OE. 'tux'.] (۱) لمبا نوکیلا دانت؛ ناب (خصوصاً ہاتھی، والرس وغیرہ کا) ؛ دندان دراز ؛ عاج ۔ (۲) (سراون، قفل وغیرہ کا) لمبا دندانہ ۔ (۳) (خاص کر لمبا یا اگلا) دانت جیسا کہ ہاتھی کا؛ گھوڑے کے اگلے دانت کو بھی کہتے ہیں ۔ (٤) نکلا ہوا حصہ یا نکلی ہوئی چیز جانور کے لمبے دانت سے مشابہ۔

Tusk : (v) (۱) ناب چبھونا؛ ناب سے پھاڑنا یا زخمی کرنا ؛ کھود ڈالنا (زمین) ۔ (۲) دانت دکھانا؛ ناب استعمال کرنا یا گھسنا؛ (گھوڑا) سختی سے کھینچنا؛ ہاتھی کی طرح دانت سے کاری ضرب لگانا؛ چبھونا ۔ (۳) (نقابت) فیل دنداں سے آراستہ کرنا ۔ (٤) دانت کٹکٹانا یا پیسنا؛ دانت دکھانا۔

Tusk-shell : (n) دیکھو Tooth-shellناب صدفاں کی جنس کا صدف۔

Tusk-tenon : (n) چول جو ایک یا زیادہ چھوٹے چھوٹے لکڑی کے ٹکڑوں سے مضبوط کی گئی ہو۔

Tusked : (a) (۱) دراز دنداں؛ لمبے دانتوں والا؛ دانت کا ۔ (۲) (نقابت) دانتوں والا یا لمبے نوک داردانتوں والا ۔

Tuskegee : (n) (۱) مشرقی مرکزی الاباما (Alabama) کی مسکوجین (Muskogean) قوم ۔ (۲) Tuskegee قوم کا ایک فرد ۔

Tusker : (n) دراز دنداں چوپایا (خاص کر نر ہاتھی) یا دراز دنداں جنگلی بھال ۔

Tuskless : (a) بے نوک دار یا لمبے دانت والا؛ بغیر عاج کا ۔

Tusklike : (a) ہاتھی دانت سے مشابہ خاص کر مخصوص سائز یا مخصوص شکل کی وجہ سے؛ فیل دنداں نما ۔

Tuskey : (a) دراز دنداں؛ لمبے نوک دار دانت کا؛ ناب دار ۔

Tussal : (a) [L. 'tussis'.] کھانسی سے متعلق یا کھانسی کے ذریعے ظاہر کیا ہوا ۔

Tusseh/Tussore/Tusser/Tussur : (n) [Hindi. 'tasar'.] (۱) تسر؛ مشرقی ریشم کا کیڑا یعنی پروانے کا پہل روپ ۔ (۲) کھر درا رنگین ریشہ جو چین اور ہندوستان کے ریشم کے کیڑے پیدا کرتے ہیں ۔ (۳) ایسے ریشم سے مختلف بنے ہوئے کپڑوں میں سے کوئی ۔

Tussic : (a) [late L. 'tussicus'.] دیکھو Tussal

Tussie-mussie : (۱) Tuzzy - muzzy کا متبادل ۔ (۲) پھولوں کا ہار؛ گلدستہ ۔

Tussilago : (n) [L.] زمینی بیل کے مخلوط زرد پھولوں کے سدا بہار پودوں کی ایک قائم شکلہ جنس ۔

Tussis : (n) [L.] کھانسی؛ سرفہ؛ سعال ۔

Tussive : (a) [L. 'tussis'.] کھانسی سے متعلق؛ کھانسی کی قسم کا؛ سعالی؛ کھانسی سے ہو جانے والا (مرض) ۔

Tussle : (n) (۱) کشمکش؛ گتھم گتھی؛ دھینگامشتی؛ لڑائی؛ جھگڑا؛ جوتی پیزار؛ ہاتھا پائی ۔ (۲) ہاتھ پاؤں مارنا (بچ نکلنے کے لئے) ؛ سخت کوشش؛ سخت مقابلہ ۔ (۳) (مجازاً) تیز ، سخت اور بالارادہ مخاصمت یا جھگڑا ، لڑائی ۔ (۴) کشمکش حیات؛ سخت بحث و مباحثہ ۔

Tussle : (v) [ME 'Tussillen'.] (۱) لڑنا خاص کر زور دار طریقے سے، شدت کے ساتھ ؛ زور سے ڈھکیلنا یا کھینچنا؛ ہاتھا پائی کرنا؛ دھینگا مشتی کرنا ۔ (۲) کسی کے ساتھ لڑ پڑنا؛ زور سے دھکا دینا یا کہنی مارنا (نیز مجازاً) ۔

Tussock : (n) [Origin unkn.] (۱) گھنے بالوں کا گچھا؛ لٹ؛ پولا ۔ (۲) گھاس کا گچھا ۔ (۳) سرفہ؛ بھوا؛ تتلی کا لاروا یا پہل روپ ۔ (٤) دیکھو Tussock sedge ۔ (٥) گھاس کے گچھوں سے بھری ہوئی زمین ۔ (٦) دیکھو Tussock moth ۔

Tussock bellflower : (n) سدا بہار جرسی پھول ؛ لالہ کوہی ۔

Tussock caterpillar : (a) (۱) Tussock - moth کا لاروا ۔ (۲) ایک قسم کا پروانہ جس کا لاروا گچھے کی شکل کا ہوتا ہے ۔

Tussock-grass : (n) دیکھو Tufted hair grass

Tussock-moth : (n) مختلف مدھم رنگ کے کیڑوں میں سے کوئی ۔

Tussock sedge : (n) شمالی امریکی عام سوان گھاس جو دلدلی نرم اور سیلابی زمینوں پر ہوتی ہے ۔

Tussocked : (a) گچھے دار؛ لٹ دار؛ نیز گھاس کے گچھے سے ڈھکا ہوا ۔

Tussocker : (n) (نیوزی لینڈ) دیکھو Tramp

Tussocky : (a) گچھے دار؛ Tussah کا متبادل ۔

Tussore : دیکھو Seashell pink

Tussore : (n) ہلکے سے لے کر معتدل زردی مائل گلابی ۔

Tussore : (n) دیکھو Tusseh

Tussore-moth : (n) ایک قسم کا پروانہ جس کا پہل روپ گچھے کی شکل کا ہوتا ہے؛ کوئی پروانہ جس کا لاروا تسر پیدا کرتا ہے؛ کاکلی پروانہ ۔

Tussore-(silk)worm : (n) تسر پیدا کرنے والا کوئی ریشم کا کیڑا ۔

Tut : (n) [Origin unkn.] (۱) (مغربی بول چال) چھوٹی جگہ بیٹھنے کی یا پیال کا بنا ہوا گدا؛ مسند یا گدا اس پر جھکنے کے لئے ۔ (۲) گیند کا ایک کھیل نیز Rounders کے کھیل میں آغاز کی جگہ ۔

Tut : (n) [A natural utterance] ہٹ (فجائیہ) ؛ جھلاہٹ ، حقارت اور سرزنش کے موقعوں پر بولتے ہیں ۔

Tut : (n) [Origin Unkn.] (کان کنی) کام؛ مزدوری ؛ مزدور کا کام ۔

Tut : (n) [Origin Unkn.] ٹھیکے کا کام؛ اجرتی کام؛ اجرت کا کام ۔

Tut : (v) چیخ کی آواز نکالنا؛ چیخنا ۔

Tut tut : (n) یہ کلمہ اظہار ناپسندیدگی کے لئے استعمال ہوتا ہے ؛ اظہار ناپسندیدگی کے لئے ٹٹ ٹٹ کی آواز نکلنا ۔

Tutania : (n) [f. Tutin, inventor's name.] برطانوی دھات کا سابق نام؛ دوسری دھاتوں کے ساتھ ٹن کا سفید مخلوط دھات (مثلاً سرمہ، تانبا) ۔

Tutball : (n) (۱) (روز مرہ انگریزی) قدیم انگریزی کھیل کرکٹ کی طرح کا جسے خاص کر عورتیں کھیلا کرتی تھیں ۔(۲) دیکھو Rounders ۔(۳) گیند اور بلے کا انگریزی کھیل جس میں کھلاڑیوں کو چکر لگانا پڑتا ہے ۔

Tutchone : (n) (۱) جنوبی مغربی یوکون (Yokon) ، الاسکا (Alaska) کی Athapaskan قوم ۔(۲) Tutchone قوم کا ایک فرد، رکن ۔

Tutee : (n) متعلم؛ شاگرد ۔

Tutela : (n) [L.] (۱) (قانون رومن، عدالتی اور اسکاٹ لینڈ) اتالیق کا حق اور اختیار اپنے وارڈ (زیر نگرانی یا ولایت) پر ؛ وارڈ یا زیر نگرانی نابالغ یا شاگرد سے اتالیق کا رشتہ یا تعلق ۔ (۲) (رومن قانون) ولایت عورت کی بلالحاظ عمر جو مارشل کے تحت میں نہیں ہے یا پدرانہ اختیار میں کسی کے جسے اس کا کوئی رشتے دار قانونی طور پر رکھتا ہو ۔

Tutelage : (n) [L. 'tutela'.] (۱) ولی یا محافظ کا عہدہ یا کام؛ تحفظ؛ خبر گیری؛ سر پرستی کسی زیر ولایت نابالغ کی؛ تولیت ۔(۲) تعلیم ؛ درس ؛ معلمی؛ اتالیقی ۔(۳) کسی کے زیر پرستی یا نگرانی میں رہنے کی حالت ۔(٤) دیکھو Instruction ۔ (٥) اثر کسی آدمی، اسکول یا تحریک کا جو کسی فرد پر ڈالا جائے ۔

Tutelar : (a) [L. 'tutelaris'.] (۱) ولیانہ؛ سر پرستانہ؛ ولی یا سرپرست کا ۔(۲) دیکھو Tutelary ۔

Tutelar : (n) مربی دیوتا؛ فرشتہ؛ بزرگ (خدا رسیدہ) ۔

Tutelary : (a) [L. 'tutelarius.] (۱) (فوق الفطرت قدرت کا) محافظ؛ ولی یا سرپرست یا مربی کا درجہ رکھنے والا ، خاص کر کسی مخصوص آدمی یا چیز کی حفاظت یا نگہبانی کرنے والا ۔ (۲) حفاظت یا محافظ یا سر پرست سے متعلق یا اس تحفظ سے متعلق جو کسی ولی یا محافظ سے ملتا ہے ۔

Tutelary : (n) حفاظتی اختیار یا حفاظت کا اختیار یا قدرت؛ مربی دیوتا ؛ دیوتا کا سا اختیار رکھنے والا۔

Tutelo : (n) (۱) ورجینیا (Virginia) اور شمالی کیرولینا کی Siouan قوم ؛ ایسی قوم کا ایک فرد ۔ (۲) Tutelo قوم کی زبان ۔

Tutenage : (n) [Marathi, 'Tuttinag'.] کسی قدر سفید تانبے، جست اور نکل کی بھرت تھوڑے لوہے، چاندی یا آرسنک کے ساتھ جو جرمن سلور سے مشابہ ہوتی ہے؛ جرمن سلور کی ایک مخلوط دھات ۔

Tutin : (n) ایک زہریلا بلوری گلوکو سائیڈ (شکر) $C_{15} H_{18} O_6$ ۔

Tutiorism (n) [L. 'tutior'.] محتاطیت (عقیدہ) ۔

Tutiorist : (n) [L. 'tutior'.] اخلاقی طور پر بہت زیادہ محتاط؛ (عقیدہ) محتاطیت کا حامی ۔

Tutlus : (n) (روز مرہ انگلش) اجرتی کام کی ادائی ۔

Tutmoney : (n) نابی یا وزن سے کام کی اجرت یا مزدوری ۔

Tutor : (n) [Late ME.] (۱) گھر پر پڑھانے والا معلم ؛ خانگی معلم ۔(۲) اتالیق جس کے سپرد کسی کی پوری تعلیم و تربیت ہو ۔ (۳) (انگریزی یونیورسٹیاں) ٹیوٹر؛ (طالب علموں کی تعلیم کا) نگراں ۔ (٤) ولی (نابالغ) ۔ (٥) (قانون ۔ رومن اور اسکاٹ لینڈ) (کسی شخص کے نا اہل ہونے کی حالت میں یا نا کام ہونے کی صورت میں) (نابالغ) کے باپ کے (انتظام جائداد میں) سرپرست؛ ولی؛ متولی؛ کسی ریاست کا نگراں، نماننده اور منتظم ۔ (٦) (امریکن یونیورسٹیوں اور کالجوں میں) معلم پروفیسر کے ماتحت ۔

Tutor : (v) (۱) کسی کا اتالیق ہونا؛ تعلیم دینا ؛ سکھانا ۔ (۲) قابو میں رکھنا (جذبات وغیرہ کو) ۔

(۳) اتالیقی کا کام یا پیشہ کرنا ۔ (٤) (کسی کو) کیا کرنا یا کیا کہنا چاہیئے یہ بتانا یا سکھانا (برے معنی میں بھی) ؛ (گواہ یا اس کی گواہی میں) تحریف کرنا؛ ناجائز اثر ڈالنا ۔ (٥) (امریکا) کسی اتالیق سے تعلیم پانا خاص کر نجی طور پر ۔

Tutor dative : (n) [L. 'tutor dativus'.] وصیتی ولی کی عدم موجودگی میں رومن مجسٹریٹ کا مقرر کردہ ولی یا قانونی ولی قریبی رشتے دار میں سے جس کو اس بات کا مجاز ہو کہ وہ کسی مجسٹریٹ کی منظوری کے بغیر بعض ترجیحی حکم کے مطابق کام کرے ؛ مختار عام ؛ (بعض موقع پر) وصیتی ولی (بھی کہتے ہیں) ۔

Tutorage : (n) (۱) اتالیقی؛ معلمی؛ معلم کا عہدہ ؛ نگرانی؛ ولایت ؛ (خاص کر یونیورسٹی میں) اس کی فیس یا اجرت ۔ (۲) دیکھو Tutorship ۔ (۳) دیکھو Tuition ۔

Tutoress : (n) معلمہ؛ خاتون ولی یا سرپرست ۔

Tutorhood : (a) دیکھو Tutorage

Tutorial : (a) [L. 'tutorius'.] (۱) معلم یا اتالیق سے متعلق؛ (اکسفورڈ عامیانہ) ٹیوٹر (اتالیق) کا؛ حلقہء درس یا کلاس ۔ (۲) (قانون رومن اور اسکاٹ لینڈ) قانونی سرپرست سے متعلق ۔ (۳) معلم یا اتالیق سےمتعلق خاص کر کالج کے اتالیق سے متعلق ۔

Tutorial : (n) وہ کلاس یا سیمینار جس میں معلم یا اتالیق صرف ایک یا چند متعلم کو گفت و شنید کے ذریعے تعلیم دیتا ہے ۔

Tutorially : (adv.) اتالیقی یا معلمی کے طور پر ؛ معلمی کے طریقے سے ۔

Tutorize : (v) معلم یا اتالیق کی طرح کام کرنا؛ معلم یا اتالیق ہونا؛ معلم یا اتالیق کی طرح کام کرنا؛ معلم یا اتالیق کی حیثیت سے تعلیم دینا ۔

Tutorless : (a) بغیر معلم یا اتالیق کا ۔

Tutorly : (a) معلم یا اتالیق کا یا اس سے متعلق یا اس کے لئے موزوں؛ استادانہ ۔

Tutorship : (n) (۱) اتالیقی؛ معلمی؛ اتالیق یا معلم کا کام یا عہدہ؛ ولی ۔ (۲) دیکھو Tutelage ۔

Tutoyer : (v) [F to address with the pronoun tu] بے تکلفی سے مخاطب کرنا ۔

Tutress : (n) [OFr .'tutresse', L. 'tutrix'.] دیکھو Tutoress

Tutrix : (n) دیکھو Tutoress

Tutsan : (n) [ME, 'totsane'.] مختلف پودوں کا ایک نام جو اندمال کے لئے فائدہ بخش ہیں ۔

Tutsi : Tusi کا متبادل ۔

Tutti : (n) [It] (۱) (موسیقی) (موسیقی میں متفقہ طور پر گانے کی ہدایت کہ) سب گانے والے مل کر ایک ساتھ گائیں ۔ (۲) کئی آدمیوں کے مل کر گانے، کئی باجوں پر ساتھ بجانے کی چیز نیز گانے میں وہ حرکت جو سب گانے والے مل کر ایک ساتھ کریں؛ ایک ساتھ مل کر گانے بجانے کا مجموعی اثر ۔

Tutti : (a) ساتھ مل کر ہدایت دینے والا ۔

Tutti-frutti : (n) مٹھائی یا آئس کریم ۔

Tutty : (n) [ME 'tutie'.] ملونی کا زنک اکسائڈ جو صیقل کرنے میں کام آتا ہے ۔

Tutty : (n) (روز مرہ انگریزی) پھول؛ چھوٹے پھولوں کا گچھا؛ گلدستہ ۔

Tutu : (n) کوئی یا چند نیوزی لینڈ کی جھاڑیاں Coriaria کی جنس کے چھوٹے درخت خاص کر جھاڑی دار درخت ۔

Tutu : (n) [Fr.] بہت نیچا باہر لٹکا ہوا لہنگا جسےبال ڈانس کرنے والیاں پہنا کرتی ہیں؛ سنگت ناچ؛ رقاصاؤں کا جھالر دار لہنگا ۔

Tutu : (n) (۱) دیکھو Granny ۔ (۲) دیکھو Grandpa ۔

Tutuilan : (a) جزیرہ Tutuila سے متعلق؛ وہاں واقع ؛ وہاں کا رہنے والا یا وہاں سے آنے والا ۔

Tutuilan : (n) Tutuila کا باشندہ ۔

Tutulus : (n) (قدیم روم) سر کا لباس جو مخصوص دیوتا کے پجاری اور اس کی بیوی پہنا کرتے تھے ۔

Tututaglioni : (n) ٹخنے تک لمبا یا نیچا لہنگا ۔

Tututni : (n) (۱) نشیبی علاقے کی روگ (Rogue) ندی کی Athpaskan قوم یا اس قوم کی جماعت اور نزدیک ہی Oregon میں بحر الکاہل کے ساحلی علاقے کے لوگوں کی جماعت۔(۲) Tututini قوم کا یا اس قوم کی جماعت کا ایک فرد۔

Tutwork : (n) (انگریزی) ٹھیکے کا کام؛ اجرتی کام یا اجرت کا کام؛ خاص کر ایسا کام جس کی اجرت پیمائش یا وزن پر مقرر ہو۔

Tux-: (n) (۱) اکہرے صدر یا دوہرے صدر کا جیکٹ عام طور پر سیاہ یا گہرے نیلے رنگ کا۔ (۲) دیکھو Tuxedo۔

Tuxedo : (n) (۱) اکہرے صدر یا دوہرے صدر کا جیکٹ عام طور پر سیاہ یا گہرے نیلے رنگ کا؛ اسے Tuxe-do jacket بھی کہتے ہیں؛ نیم رسمی شام کا مردوں کا لباس؛ ڈنر کے وقت پہننے کا جیکٹ۔ (۲) Tuxedo coat بغیر بلٹ یا تسمے کا زنانہ کوٹ۔(۳) نیو یارک میں ایک کلب کا نام۔

Tuxedo sofa : (n) کمانی دار اور گدے دار صوفہ کسی قدر خمدار بازوؤں والا جس کی اونچائی اس کی پشت کے برابر ہو۔

Tuyere : (n) [Fr.] بھٹی کا ہَوادان؛ ہَوا نل (جس میں سے ہَوا آتی ہے)۔

Tuyere arch : (n) بھٹی کی محراب جس کے ذریعے ہَوا داخل ہوتی ہے۔

Tuyere box : (n) ہَوائی بلٹ یا ہَوائی خانہ جس کے ذریعے بھٹی کے ہَوا دانوں کو ہَوا مہیا کی جاتی ہے۔

Tuyere notch/-arch : (n) درز یا چوڑا سوراخ بھٹی کے چولہے کی دیوار میں یا بھٹی کی ہَوادان کٹھالی۔

Tuza : (n) [Sp. -Mexican.] میکسیکو کا تھیلی دار چوہا۔

Tuzla : (n) [Turk fr. Lake Tuza, Turkey.] مرکزی اناطولی کمبل (Rug) ؛ترکش رگ تقریباً (Konia) جیسا جو عام طور پر ہلکے سرخ، نیلو اور زرد رنگ کا بنا ہوا ہوتا ہے۔

Tuzzy-muzzy/Tussie-mussie : (n) [ME] (۱) پھولوں کا ہار۔ (۲) دیکھو Nosegay۔(۳) گلدستہ۔

TV : ٹیلیویژن (Television) کا مخفف۔

TV. : معیادی رفتار (Terminal velocity) کا مخفف۔

TVI. : (Television interference) کا مخفف۔

Tw. : (۱) Twaddell(ہائیڈرو میٹر) کا متبادل۔ (۲) Twisted کا متبادل۔

Twa/Twae : (اسکاٹ لینڈ) Two کا متبادل۔

Twa : (n) (۱) مرکزی اور جنوبی افریقہ کی چند مختلف قوموں میں سے کوئی۔(۲) Twa قوم میں سے کوئی فرد۔

Twaddell : (n) پانی سے زیادہ وزنی سیالوں کے ناپنے کا پیمانہ؛ سیال پیما۔

Twaddell : (a) آب پیما کے اندراج کے مطابق۔

Twaddell hydrometer : (n) آب پیما یا سیال پیما۔

Twaddle : (a) مہمل، لغو یا ادنیٰ قسم کی بات یا تحریر کا۔

Twaddle : (n) مہمل؛ بے معنی؛ لغو یا ادنی قسم کی باتیں یا تحریر؛ پھیکی یاپھسپھسی باتیں؛ بے معنی طویل نویسی؛ بے کیف بکواس؛ لغو گوئی؛ یاوہ گوئی؛ مہمل اور لغو باتیں کرنے والا شخص۔

Twaddle : (v) (۱) مہمل باتیں کرنا؛ بکواس کرنا ؛ لغویات، مہملات بولنا یا لکھنا۔ (۲) مہمل طور پر بے لطف (باتیں) بولنا۔(۳) دیکھو Twaddler۔

Twaddler : (n) بکی؛ بکو؛ بکواس کرنے والا؛ مہملات بولنے یا لکھنے والا؛ فضول گو؛ یاوہ گو۔

Twaddles : (n) بکواس؛ بک بک؛ چخ چخ؛ فضول گوئی ؛ یاوہ گوئی۔

Twaddling : (a) (۱) نا اہل؛ نکما؛ سطحی قسم کا؛ معمولی ؛ ادنیٰ ؛ خالی خولی ؛ تہی مغز ؛ بے مغز ۔ (۲) فضول گو؛ لغوگو؛ مہمل۔

Twaddly : (a) بے معنی؛ لغو؛ مہمل؛ بے لطف؛ بے مزہ ؛ لغو گو؛ لغویت سے بھرا ہوا۔

Twain : (a) [ME 'tweyin', 'twein', 'twain'.] (۱) دو۔(۲) جوڑی؛ جوڑا۔(۳) علاحدہ؛ الگ کیا ہوا؛ جدا جدا۔

Twain : (Pron.) [ME.] (بطور نمبر) دو۔

Twain : (n) [ME. 'tweyen', 'twein', 'twain'.] (۱) دو۔(۲) جوڑا؛ جفت۔

In twain : دو حصوں میں؛ نصفا نصف؛ علاحدہ ؛ الگ الگ تقسیم کرنا؛ علاحدہ کرنا؛ الگ الگ کرنا۔

Twain cloud : (n) افقی گھٹائیں؛ دل بادل ۔

Twait/Twaite/Thwaite/Thwait shad : (n) [Origin unkn.] شاڈ مچھلی؛ ایک قسم کی یورپی مچھلی جس کا گوشت بہت لذیذ ہوتا ہے ۔

Twal/Twall : (اسکاٹ لینڈ) Twelve کا متبادل ۔

Twana : (n) (۱) واشنگٹن کے ہوڈ کے نہری علاقہ کی سیلیشن (Salishan) قوم؛ ایسی قوم کا ایک فرد ۔ (۲) ٹوانا لوگوں کی زبان ۔

Twang : (n) [Imitative.] (۱) ٹن ٹن کی آواز؛ تارکی آواز ۔ (۲) غنغنی آواز؛ غنغنا لہجہ؛ تیز بجنے کی آواز ۔ (۳) (مجازاً) بجنے کی آواز یا گمک؛ سر ۔ (٤) خاص لہجہ خاص کر وہ جو کسی خاص ضلع یا علاقے سے تعلق رکھتا ہے ۔ (٥) جھٹکے سے توڑنے کا عمل؛ شدید دھچکا ۔ (٦) خلش؛ ٹیس؛ چبھن؛ شدید صدمہ ۔ (۷) آواز کی نقالی؛ اسی قسم کی آواز؛ (مجازاً) جھنجھناتی ہوئی آواز ۔

Twang : (v) (۱) (آواز) بجنا یا بجانا(ستار وغیرہ)؛ ٹن ٹن کرنا۔ (۲) (حقارتاً) ستار وغیرہ اناڑی پن سے بجانا ۔ (۳) ناک سے بولنا؛ غنغنانا؛ ٹن ٹن کی آواز پیدا کرنا ۔ (٤) کھینچنا یا توڑنا (کمان کی ڈوری یا تانت) تیر چلانے کے لئے ۔(٥) کمان کی ڈوری یا تانت کو زور سے جھٹکادے کر چھوڑنا؛ کمان کی ڈوری یا تانت کو جھٹکے سے چھوڑنا (تیر) ؛ تیر چلانا ۔

Twang : (n) (۱) تیز ذائقہ؛ مخصوص لذت یا خوشبو (عام طور پر ناپسندیدہ)؛ دیر پا مہک ۔(۲) (مجازاً) چٹخارہ؛ چٹ پٹا؛ لمس؛ ہلکا سا رنگ؛ ایک جھلک (رنگ کی) ۔(۳) شائبہ؛ اشارہ؛ تجویز وغیرہ ۔

Twanginess : (n) ٹوٹی ہوئی ڈوری یا تانت کی گونج کی صفت یا حالت یا ناک کی غنغناہٹ؛ ناک کی آواز ۔

Twangle : (n) ٹن ٹن کی آواز؛ مسلسل گونج دار آواز عام طور پر ہلکی بہ نسبت گمک دار آواز کے ۔

Twangle : (v) (۱) (ستار یا ستار باز) ہلکے سے مسلسل یا بار بار بجانا؛ جھنکارنا ۔(۲) یکنے سے بجانا؛ اڈنی یا اناڑی پن سے بجانا (کوئی باجا) ؛ اس طرح گانا (کسی باجے پر) ۔

Twangy : (a) (۱) ٹوٹی ہوئی ڈوری یا تانت کی گونج رکھنے والی (آواز) ۔(۲) ناک کی آواز کی گونج رکھنے والی؛ غنغنی ۔

Twank : (v) بے ربط ٹن ٹن کی آواز دینا یا بجنا؛ بے ربط ٹن ٹن کی آواز کے ساتھ(باجا) بجوانا۔

Twankay : (n) [Chinese 'Tong'.] ایک قسم کی سبز چائے ۔

Twankay tea/Twankey- : (n) ادنیٰ قسم کی اور کھلی پتیوں کی سبز چائے ۔

'twas : It was کا مخفف ۔

Twasome : Twosome کا متبادل ۔

Twat : (n) [Origin unkn.] (۱) (تشریح) سوراخ، خصوصاً عورتوں کے اندام نہانی؛ فرج ۔ (۲) (عامیانہ) سورین؛ چوتڑ ۔(۳) (عامیانہ) عورت ۔

Twatchel : (n) کیچوا (جسے مچھوا چارے کےطور پراستعمال کرتا ہے) ۔

Twattle : (v) (روزمرہ) لغو گفتگو کرنا؛ بك بك کرنا؛بکواس کرنا؛ مہملات بولنا یا لکھنا؛ بے لطف باتیں کرنا ۔

Twattle : (n) (روز مرہ) مہمل، لغو گفتگو ؛ بك بك ؛ بکواس؛ لغو گوئی؛ یاوہ گوئی ۔

Tway : Two کا متبادل ۔

Twayblade : (n) دو برگ؛ ایک قسم کا ثعلبیہ پودا جس کے پھول سبز یا ارغوانی ہوتے ہیں اور جس میں دو پتے ہوتے ہیں؛ توام برگہ (سحلب)؛ چند سحلب میں سے کوئی ۔

Tweag : Tweak کا متبادل ۔

Tweak : (n) (۱) جھٹکا؛ کھنچاؤ یا مڑوڑ؛ زوردار مڑوڑنےوالا کھنچاؤ ؛ نوچ ؛ کھسوٹ ۔ (۲) (عامیانہ) چال ؛ ترکیب ؛ گُر کی بات ۔(۳) شورش؛ ہیجان؛ آفت؛ مصیبت؛ سخت خطرہ؛ اضطرار؛ بیچینی؛ اضطراب ۔

Tweak : (v) [ME, 'twikken', OE 'twiccian'.] (۱) نوچنا؛ کھسوٹنا؛ جھٹکے سےتوڑنا؛ جھٹکےسے کھینچنا۔ (۲) پکڑنا اور زور سے کھینچنا مروڑنے کے طور پر؛ کھینچنا؛ (کسی آدمی کو) ناک پکڑ کر کھینچنا (تحقیراً یا ذلیل کرنے کی غرض سے) ۔

(۳) چٹکی لینا اور اچانک جھٹکے سے کھینچنا اور مروڑنا ۔ (٤) جھٹکا دینا؛ ٹھیلنا؛ جھنجھوڑنا؛ اپنی طرف متوجہ کرنے کے لئے ٹھوکا دینا ۔

Tweaky : (a) (۱) پتلا؛ بے چین؛ پریشان؛ بے حد زود حس ؛ تشنجی حرکت والا ۔ (۲) ترش؛ تند و تیز؛ تیز ۔

Twee : (a) (بول چال) دلکش؛ نازک؛ طرحدار؛ وضعدار ؛ باریک اور تیز آواز کا؛ نے جیسی سریلی (آواز یا جے یا چھوٹی چڑیا کی) ۔

Twee : (n) سریلی، ہلکی آواز (باجے یا چھوٹی چڑیا کی) ۔

Tweed : (n) (۱) ٹوئیڈ؛ ایک قسم کا دہرے دھاگے کی بناوٹ کا کھردرا اونی یا سوتی کپڑا ؛ اونی کوٹ اور سوٹ کا کپڑا اسکاٹ لینڈ والا ؛ اس طرح کے کپڑے کی نقل؛ اسی طرح کا نقلی کپڑا ۔ (۲) ایک تجارتی نشان ۔

Tweeddale : (a) (۱) دیکھو Peeblesshire ۔ (۲) Peebles کے ضلعے کا یا اس سے متعلق (جنوبی اسکاٹ لینڈ) ۔

Tweeded : (a) ٹوئیڈ (کپڑا) پہنے ہوئے؛ اونی یاسوتی ٹوئیڈ میں ملبوس؛ ٹوئیڈ کپڑے میں ملبوس ۔

Tweediness : (n) ٹوئیڈ میں ملبوس ہونے کی صفت یاحالت؛ سادہ؛ بے ضابطہ یا بیرونی وضع جو کسی کو ٹوئیڈ کے لباس میں دیکھ کر نظر آئے ۔

Tweedle : (v) (۱) (موسیقی) (باجا یا اس کا بجانے والا) امتدادی باریک تیز آواز تسلسل کے ساتھ پیدا کرنا، نیز ادنیٰ طور پر یا بے دلی کے ساتھ باجا بجانا ۔ (۲) گانے سے لبھانا ۔ (۳) پھسلانا؛ تملق دینا؛ چاپلوسی کرنا ۔

Tweedle : (n) چیخنے، چلانے کی آواز ۔

Tweedle : (n) Twiddle کا متبادل ۔

Tweedle-dee : (v) بجانا (باجا) یا بلند سُر میں گانا نیز بے دلی سے گانا یا ادنیٰ طور پر بجانا ۔

Tweedledum/Tweedledee : (n) (۱) (مجازاً) دو جزو یا فریق جس کے درمیان محض معمولی فرق ہے ۔ (۲) تقریباً نا قابل امتیاز جوڑا ۔

Tweedy : (a) ٹوئیڈ کا؛ ٹوئیڈ سے مشابہ رنگ یا شکل و صورت میں ٹوئیڈ کا سوٹ پہنے ہونے یا ٹوئیڈ پہننے کا شائق؛ سادہ؛ بے ضابطہ یا باہر گھومنے پھرنے والا یا باہری زندگی گزارنے والا ۔

Tweeg : (n) (۱) دیکھو Hell bender ۔ (۲) (امریکا) سمندر آبی؛ ایک بڑا دم دار آبی پیٹو جانور جو عام طور پر اوہائیو وادی کی ندیوں میں پایا جاتا ہے ۔

Tweel : Twill کا متبادل ۔

Tweel : (n) [F. 'tuile'.] شیشے کی بھٹی کی بندش؛ بھٹی کے دہانے کا مٹی کا ڈھکن؛ بھٹی کا ہم وزن دروازہ ۔

Tween : (Prep.) [ME.] (۱) Atween between کی سرسقاطی شکل ۔ (۲) درمیان ۔

Tween-brain : (n) (۱) دیکھو Diencephalon ۔ (۲) دماغ کے اگلے حصّے کے آخری جزو کی تقسیم ۔

Tween-decks : (n) (۱) دیکھو Between- decks ۔ (۲) جہاز کا کوئی عرشہ لیکن بالائی یا سب سے نیچے کا عرشہ عام طور پر؛ جہاز راں ۔

Tweeny/Tweenie : (n) (۱) دیکھو Between maid ۔ (۲) ملازمہ جو دو نوکروں (مثلاً باورچی اور ماما) کی مدد کے لئے ہو؛ مدد گار ماما ۔ (۳) چھوٹا سگار ۔

Tweer : Twire کامتبادل ۔

Tweet : (n) چھوٹی چڑیا کی آواز کی نقل نیز اس کی تکرار؛ چہچہاہٹ؛ چوں چوں ۔

Tweet : (v) (مجازاً) چھوٹی چڑیا کی آواز کی نقل اتارنا؛ چہچہانا؛ چوں چوں کرنا ۔

Tweeter : (n) ایک چھوٹا آواز رساں (لاؤڈ اسپیکر) جو تیز تعددی سگنل کی نقل معیار کے مطابق اتار سکے ۔

Tweetle : (v) دیکھو Tweedle

Tweez : (v) جراح کی چمٹی سے کھینچ لینا؛ نکال لینا ۔

Tweez/Tweese : (n) (۱) چھوٹے اوزاروں کا غلاف ۔ (۲) دیکھو Etui ۔ (۳) چھوٹی چھوٹی چیزوں کامنقش غلاف ۔

Tweezer : (n) جراح کی چمٹی کی طرح بنا ہوا آلہ ۔

Tweezer : (v) جراح کی چمٹی استعمال کرنا؛ جراح کی چمٹی سے کھینچ لینا؛ نکال لینا ۔

Tweezer : (n) [Origin unkn.] (روز مرہ) شمالی امریکا کی غوطہ لگانے والی عام بطخ۔

Tweezer-case : جراح کی چمٹی یا آلات جراحی اور دوسرے آلے رکھنے کا ڈبا؛ چھوٹی ڈبیا یا جراح کا ڈبا۔

Tweezers : (n) (جمع) جراح کی چمٹی، چہرے ک بال نوچنے یا اکھاڑ ڈالنے کے لئے یا چھوٹی چھوٹی چیزوں کو پکڑنے کے لئے۔

Twelfth : (a) [OE. 'twelfta'.] بارھواں؛ دوازدہم۔

Twelfth : (n) (۱) کسی چیز کے بارہ مساوی حصوں میں سے ایک ؛ بارھواں حصہ ؛ بارھویں اگست (جب بَن مرغی کے شکار کا زمانہ قانوناً شروع ہوتا ہے)؛ بارھواں دن یا بارھویں تاریخ وغیرہ؛ کسی عدد کو بارہ سے تقسیم کرنے پر جو حاصل قسمت ہو۔(۲) (موسیقی) کوئی سُر جو بارہ ہشت سُرے سرگم کے اوپر یا نیچے ہو؛ (عام طور پر) وقفہ جو دو ایسے سُروں کے درمیان ہو۔

The twelfth of August : (بَن مرغی Grouse) کا شکار شروع ہونے کی تاریخ۔

Twelfth-cake/Twelfth-night cake : (n) (۱) بارھویں کی رات کا کیک؛ ایک بڑا کیک جو بارھویں کی رات کے جشنوں میں استعمال ہوتا ہے ۔ (۲) دیکھو Twelfth night۔

Twelfth cranial nerve/Twelfth nerve : (n) (۱) دیکھو Hypoglo-ssal nerve ۔ (۲) دماغ سے زبان تک اعصاب کے ریشے، جن سے نطق ممکن ہوتا ہے۔

Twelfth day : (n) بارھویں؛ بڑے دن (کرسمس) کے بعد بارھواں دن؛ عید ظہور مسیح (کا دن)؛ چھٹی جنوری جب عید ظہور مسیح کا جشن منایا جاتا ہے۔

Twelfth-night : (n) بارھویں کی رات (کرسمس کے بعد) ؛ (چھٹی جنوری) جب جشن عید ظہور مسیح منایا جاتا ہے۔

Twell : (بول چال) Till کا متبادل۔

Twelve ; (a) [OE. 'twelf'.] بارہ؛ دوازدہ۔

Twelve : (n) [Late ME.] (۱) بارہ عدد ۔(۲) بارہ آدمیوں کی ٹولی یا بارہ چیزوں کا مجموعہ، خاص کر کسی کھیل میں بارہ کھلاڑیوں کی ٹولی ۔ (۳) کوئی چیز یا آدمی جو بارہ کی تعداد سے پہچانا جائے؛ بارھویں سائز کا جوتا، دستانہ وغیرہ ۔ (٤) کوئی چیز جو بارہ کی عدد سے امتیاز کی جائے ۔(٥) کتاب (کے کاغذ) کا تختہ جو بارہ اوراق میں تہ کیا ہوا ہو؛ ایک کتاب (یا کتابیں) جس کا ہر تختہ بارہ اوراق میں موڑا ہوا ہو ۔(٦) (جمع) دیکھو Twelves ۔

To strike twelve the first time (or all at once) : (مجازاً) (کسی کام کی) پہلی انجام دہی میں اپنی تمام صلاحیتوں کو بروئے کار لانا۔

Twelve-bore : (a) (بندوق) جس کی نال کا قطر ایک پاؤنڈ کی بارہ گولیوں کے قطر کے موافق ہو۔

Twelve-bore : (n) بارہ گولیوں کے قطر کی نالی والی بندوق۔

Twelve-eight : (n) (موسیقی) ایک تال میں بارہ گٹکری کے ساتھ کا وقفہ۔

Twelve-fold : (a) بارہ گنا؛ بارہ حصوں میں بنایا ہوا ۔

Twelve-fold : (adv.) مقدار میں بارہ گنا؛ بارہ گنا تک ۔

Twelve hours : (n) (۱) (اسکاٹ لینڈ) دوپہر؛ آدھی رات ۔ (۲) (اسکاٹ لینڈ) دوپہر کا کھانا۔

Twelve-men's morris : (n) ایک قسم کا کھیل جو بارہ گوٹیوں سے کھیلا جاتا ہے۔

Twelve-mile limit : (n) حد سمندر کے کنارے سے بارہ میل تک جس میں کسی ریاست کے علاقائی دریا بھی شامل ہیں۔

Twelve month : (n) [OE. twelf.] بارہ ماہ کی مدت یا زمانہ؛ سال۔

Twelve monthly : (adv.) ہر بارہ ماہ پر؛ سالانہ۔

Twelve-note : (n) (موسیقی) ہشت سُرے سر گرم سے بارہ ڈگری کم یا زیادہ سُر والا یا اس سے متعلق۔

Twelv · pence : (n) [Late ME.] (شاذ) ایک رقم بارہ پینی کے برابر۔

Twelve penny : (a) ایک شیلنگ کی قیمت کا ؛ ایک شیلنگ میں فروخت کیا ہوا۔

Twelve-pounder : (n) توپ جس سے بارہ پونڈ وزن کا گولا پھینکا جاتا ہے ۔

Twelve score : (n) بارہ کوڑی؛ دوسو چالیس ۔

Twelve-spotted asparagus beetle : (n) یورپی ہالون پا مار چوبہ ناگدون بھونرا ۔

Twelve-tone : (a) دیکھو Twelvet note

Twelve-wired bird of paradise : (n) طیر فردوس؛ جنت کی چڑیا ۔

Twelvemo : (n) کاغذ کے پورے ورق کے بارہ حصوں کی تقطیع؛ اس ناپ کا ایک صفحہ ۔

Twelver : (n) شیعہ فرقے کا ایک رکن (یہ فرقہ جو بارہ اماموں کا پیرو ہے) : اثناء عشری شیعہ ۔

Twentieth : (a) [ME. 'twentithe'. fr. OE 'twentigotha'.]
(۱) بیسواں ۔ (۲) بیس مساوی حصوں میں سے بیسواں ۔

Twentieth : (n) [ME.] (۱) عددبیس ۔ (۲) بیس سے تقسیم شدہ اکائی کا حاصل قسمت؛ کسی چیز کے بیس مساوی حصوں میں سے ایک ۔

Twentieth-century cut : (n) خاص قسم کی تراش خراش کا ہیرا ۔

Twenty : (a) [ME fr. OE. 'twentig'.] بیسواں ۔

Twenty : (pron.) بیس اشخاص یا اشیاء بطور ضمیر کے ۔

Twenty : (n) (۱) عدد بیس ۔ (۲) بیس اکائیاں یا چیزیں ؛ بیس کا ایک مجموعہ یا سیٹ ۔ (۳) بیس ۔ (٤) بیسواں ایک سیٹ یا سلسلے میں ۔ (٥) بیس پونڈ کا نوٹ؛ بیس ڈالر کا بل ۔

Twenty : (n) [Late ME.] (۱) آدمی یا چیز جو اس نمبر سے امتیاز کی جاتی ہے ۔ (۲) ایک جماعت بیس آدمیوں کی یا بیس چیزوں کا مجموعہ؛ کوئی چیز کسی اکائی کے بیس حصوں کے مساوی مثلا بیس پونڈ کا بینک نوٹ؛ ایک تختہ (کتاب کا) بیس اوراق میں تہ کیا ہوا (٥ x ٤) یا ایسے تختے کا ہر ورق ۔ (۳) کوئی چیز جو کسی طرح پر بیس کی عدد سے امتیاز کی جائے ۔ (٤) (جمع) تعداد بیس سے انتیس تک؛ (صدی کا بیس سے انتیس) سال یا (کسی کی زندگی کا) یا کسی ترتیب کے درجے (مثلا تھرما میٹرکے) ۔

Twenty-eight : (a) اٹھائیسواں ۔

Twenty-eight : (pron.) اٹھائیس اشخاص یا چیزیں (بطور ضمیر) ۔

Twenty-eight : (n) (۱) اٹھائیس ۔ (۲) اٹھائیس اکائیاں یا چیزیں ؛ اٹھائیس کا ایک مجموعہ یا سیٹ ۔ (۳) اٹھائیس ۔ (٤) اٹھائیسواں ایک سیٹ یا سلسلے میں؛ خاص کر کوئی پہننے کی چیز اٹھائیسویں سائز کی ۔

Twenty-eight : (n) مغربی آسٹریلیا کا چھوٹا توتا جس کی گردن کے پر زرد رنگ کے ہوتے ہیں ۔

Twenty-eight : (a) (۱) اٹھائیسواں ۔ (۲) اٹھائیس مساوی چیزوں میں سے اٹھائیسواں ۔

Twenty-eighth : (n) (۱) عدد اٹھائیس ۔ (۲) اٹھائیس مساوی حصوں میں سے ایک ۔

Twenty-fifth : (a) (۱) پچیسواں ۔ (۲) کسی چیز کے پچیس مساوی حصوں میں سے پچیسواں ۔

Twenty-fifth : (n) (۱) پچیسواں عدد ۔ (۲) کسی چیز کے پچیس مساوی حصوں میں سے ایک ۔

Twenty-first : (a) (۱) اکیسواں ۔ (۲) اکیس مساوی حصوں میں سے اکیسواں ۔

Twenty-first : (n) (۱) عدد اکیس ۔ (۲) کسی چیز کے اکیس مساوی حصوں میں سے ایک ۔

Twenty-firster : (n) اکیسویں سالگرہ کا جشن ۔

Twenty-five : (n) (رگبی فٹ بال وغیرہ) زمین جو ہر گول سے ۲٥ گز پر ہو اس کے آرپار کھنچا ہوا خط نیز وہ جگہ جو اس طرح گھیری ہوئی ہو اور (ہاکی میں) گول سے ۲٥ گز والے خط پر کھلاڑیوں کا نرغہ ۔

Twenty-five : (a) پچیسواں ۔

Twenty-five : (pron.) پچیس اشخاص یا اشیاء(بطورضمیر) ۔

Twenty-five : (n.) (۱) عدد پچیس ۔ (۲) پچیس اکائیاں یا چیزیں ؛ پچیس کا ایک مجموعہ یا سیٹ ۔ (۳) پچیس ۔ (٤) پچیسواں ایک سیٹ یا سلسلے میں خاص کر کوئی پہننے کی چیز؛ پچیسویں سائز کی ۔ (٥) پستول جس کی نال کا قطر ۲٥ ہو ۔

Twenty-fold : (a) بیس گنا؛ بیس سے ضرب دیا ہوا ۔

Twenty-fold : (adv.) بیس گنا (مقدار میں) ؛ بیس گنا زیادہ ۔

Twenty-four : (a) چوبیسواں ۔

Twenty-four : (pron.) چوبیس اشخاص یا اشیاء (بطور ضمیر) ۔

Twenty-four : (n) (۱) عدد چوبیس ۔ (۲) چوبیس اکائیاں یا چیزیں؛ چوبیس کا ایک مجموعہ یا سیٹ؛ چوبیس تہ میں موڑا ہوا تختہ (کاغذ کا) ؛ کتاب جس میں تختے اس طرح موڑے جاتے ہیں ۔ (۳) چوبیس ۔ (٤) چوبیسواں ایک سیٹ یا سلسلے میں خاص کر کوئی پہننے کی چیز چوبیسویں سائز کی ۔ (٥) دیکھو Twenty - four-mo ؛ کاغذ کے ایک ٹکڑے کا ناپ جو ایک صفحہ چوبیس حصوں میں کاٹا گیا ہو؛ نیز اس سائز کا کاغذ ۔

Twenty-fourmo : (n) (۱) کاغذ کے پورے ورق کے چوبیسویں حصے کی تقطیع ۔ (۲) ان تقطیعوں کی کتاب ۔

Twenty-fourth : (a) (۱) چوبیسواں ۔ (۲) چوبیس مساوی حصوں میں چوبیسواں ۔

Twenty-fourth : (n) (۱) چوبیس ۔ (۲) کسی چیز کے چوبیس مساوی حصوں میں سے ایک ۔

Twenty-nine : (a) انتیسواں ۔

Twenty-nine : (pron.) انتیس اشخاص یا اشیاء (بطور ضمیر) ۔

Twenty-nine : (n) (۱) انتیس ۔ (۲) انتیس اکائیاں یا چیزیں ؛ انتیس کا ایک مجموعہ یا سیٹ ۔ (۳) انتیس ۔ (٤) انتیسواں ایک سیٹ یا سلسلے میں خاص کر کوئی پہننے کی چیز انتیسویں سائز کی ۔

Twenty-ninth : (a) (۱) انتیسواں ۔ (۲) انتیس حصوں میں انتیسواں ۔

Twenty-ninth : (n) (۱) قابل شمار سلسلے میں عدد انتیس ۔ (۲) کسی چیز کے انتیس حصوں میں سے ایک ۔

Twenty-one : (a) اکیسواں ۔

Twenty-one : (pron.) اکیس اشخاص یا اشیاء (بطور ضمیر) ۔

Twenty-one : (n) (۱) اکیس ۔ (۲) اکیس اکائیاں یا چیزیں؛ اکیس کا ایک مجموعہ یا سیٹ ۔ (۳) اکیس ۔ (٤) اکیسواں ایک سیٹ یا مجموعے میں ، خاص کر کوئی پہننے کی چیز اکیسویں سائز کی ۔ (٥) تاش کا کھیل ۔

Twenty-penny nail : (n) چار انچ کی کانٹی ۔

Twenty questions : (n) ایک قسم کا کھیل جس میں ایک کھلاڑی زیادہ سے زیادہ سوالات کر کے یہ پتا چلاتا ہے کہ دوسرے کھلاڑی نے کس لفظ یا شے کا انتخاب کیا ہے ۔

Twenty-second : (a) (۱) بائیسواں ۔ (۲) بائیس مساوی حصوں میں بائیسواں ۔

Twenty-second : (n) (۱) قابل شمار سلسلے میں عدد بائیس ۔ (۲) بائیس مساوی حصوں میں سے ایک ۔ (۳) نے دار ارغنوں کے پردے کا ایک فٹا اوج ۔

Twenty-seven : (a) ستائیسواں ۔

Twenty-seven : (pron.) ستائیس قابل شمار اشخاص یا اشیاء ۔

Twenty-seven : (n) (۱) عدد ستائیس قابل شمار سلسلے میں ۔ (۲) ایک اکائی کا حاصل قسمت؛ کسی چیز کے ستائیس مساوی حصوں میں سے ایک ۔

Twenty-seventh : (a) (۱) ستائیسواں ۔ (۲) ستائیس مساوی حصوں میں ستائیسواں ۔

Twenty-seventh : (n) (۱) عدد ستائیس ۔ (۲) ستائیس سے تقسیم ہونے پر کسی اکائی کا حاصل قسمت؛ کسی چیز کے ستائیس مساوی حصوں میں سے ایک ۔

Twenty-six : (a) چھبیسواں ۔

Twenty-six : (pron.) چھبیس اشخاص یا اشیاء (بطور ضمیر) ۔

Twenty-six : (n) (۱) عدد چھبیس ۔ (۲) چھبیس اکائیاں یا چیزیں ؛ چھبیس کا ایک مجموعہ یا سیٹ ۔ (۳) چھبیس ۔ (٤) چھبیس ایک سیٹ یا سلسلے میں خاص کر کوئی پہننے کی چیز چھبیسویں سائز کی ۔

Twenty-six : (n) جوئے کا کھیل جس میں وہ شخص جیت جاتا ہے جو اپنا منتخب کردہ عدد چھبیس یا اس سے زیادہ لے آتا ہے (دس پانسوں کے تیرہ ہاتھ میں) ۔

Twenty-sixth : (a) (۱) چھبیسواں ۔(۲)چھبیس مساوی حصوں میں چھبیسواں ۔

Twenty-sixth : (n) (۱) عدد چھبیس قابل شمار سلسلے میں ۔ (۲) چھبیس سے تقسیم شدہ اکائی کا حاصل قسمت؛ کسی چیز کے چھبیس مساوی حصوں میں سے ایک ۔

Twenty-third : (a) (۱) تئیسواں ۔(۲) تئیس مساوی حصوں میں تئیسواں ۔

Twenty-third : (n) (۱) عدد تئیس قابل شمار سلسلے میں ۔ (۲) تئیس سے تقسیم شدہ اکائی کا حاصل قسمت؛ تئیس مساوی حصوں میں سے ایک ۔

Twenty-three : (a) تئیسواں ۔

Twenty-three : (pron.) تئیس اشخاص یااشیاء (بطورضمیر)۔

Twenty-three : (n) (۱) تئیس ۔(۲) تئیس اکائیاں یا چیزیں ؛ تئیس کا ایک مجموعہ یا سیٹ ۔(۳) تئیس ۔ (٤) تئیسواں ایک سیٹ یا سلسلے میں، خاص کر کوئی پہننے کی چیز تئیسویں سائز کی ۔ (٥) ایک تلغراف سگنل کسی فوری اہم پیغام کے لئے ۔(٦) خاتمہ؛ بس؛ فقط ۔

Twenty-three skiddoo : (v) (۱) دیکھو Scram ۔(۲) (حکماً) ہٹ جاؤ؛ دور ہو جاؤ؛ یہاں سے چلے جاؤ؛ فوراً چلے جاؤ (ایسے شخص کو کہا جائے جو مختلف القول ہو)۔

Twenty to one : (n) قوی امکان (کسی بات کا) ۔

Twenty-twenty : (a) نارمل بصارت انسانی رکھنے والا جو بیس فٹ کی دوری پر ایسے حروف کو پڑھ سکے جو قطر میں ایک تہائی انچ ہو ۔

Twenty-two : (a) بائیسواں ۔

Twenty-two : (pron.) بائیس اشخاص یا اشیاء (بطورضمیر)۔

Twenty-two : (n) (۱) عدد بائیس ۔ (۲) بائیس اکائیاں یا چیزیں ؛ بائیس کا ایک مجموعہ یا سیٹ ۔ (۳) بائیس کا ۔ (٤) بائیسواں ایک سلسلے یا سیٹ میں، خاص کر کوئی پہننے کی چیز بائیسویں سائز کی ۔(٥) ایک رائفل یا پستول جس کی نال کا قطرہ بائیس ہو ۔

'twere : It were کا مخفف ۔

Twerp/Twirp : (n) (عامیانہ) ادنیٰ قسم کا آدمی؛ احمق اور قابل اعتراض یا قابل تحقیر شخص ۔

Twi-/Twy- : جزو ترکیبی بمعنی دو یا دگنا؛ دوگنے طور پر ۔

Twi-: [ME fr. OE. akin to OFris. and OS twi.] سابقہ بمعنی "دو" ؛ "دوگنا"؛ "دوبارہ" ۔

Twi : (n) Twilight کا مخفف ۔

Twi/Tshi/Tchi : (n) (۱) Akwapin قوم کی Alkan زبان ۔ (۲) ایک ادبی زبان جس کی بنیاد (Twi) زبان پر ہو اور جو Ashanti, Akwapin,Alkim اور دیگر Akan زبان بولنے والی قومیں استعمال کرتی ہیں ۔

Twi-night : (a) ایک قسم کے دو کھیلوں سے متعلق جو متحدہ امریکا میں رائج ہیں، یہ کھیل دو مرتبہ کھیلے جاتے ہیں، ایک دو پہر کے بعد اور دوسرا شام کو ۔

Twibil/Twi-/Twy- : (n) [OE. 'twi bill' and 'twi bile'.] (۱) دودھاری تلوار، دو پھلا تیر ؛ نیز اسی قسم کا اوزار جو کان کنی میں استعمال ہوتا ہے ؛ بنسیا جو سیم اور کراؤ کاٹنےمیں کام آتا ہے ۔ (۲) دوہرے پھل والی جنگی کلہاڑی یا ہتھیار (پرانے زمانے کا) ۔

Twice : (adv.) [ME. 'twigs'.] (۱) دونے (پہاڑوں میں)؛ پہلی اور دوسری دفعہ؛ دو موقعوں پر ۔ (۲) دوبارہ؛ دو سے ضرب دے کر؛ دونی مقدار میں، رقم یا درجہ ۔

At twice : (۱) دو وقتوں میں یا دو موقعوں پر ۔ (۲) دوسری مرتبہ؛ دوسری بار ۔

Twice : (a) دوبارہ انجام دیا ہوا؛ دو بار واقع ہوا ہو ؛ دیا گیا ہو، دو بار کیا گیا ہو ۔

Once or twice : ایک مرتبہ یا دوبارہ ۔

Twice or thrice : دوبارہ یا سہ بارہ ۔

To think twice : کسی بات کو دوبارہ غور کرنا (فیصلہ کرنے سے پہلے) ۔

Twice-accented octave : (n) (۱) موسیقی میں دوہرے تال یا دور کا سرگرم ۔(۲) دیکھو Two line octave ۔

Twice-baked : (a) دوبارہ پکائی ہوئی (روٹی) ۔

Twice-boiled : (a) دوبارہ جوش دیا ہوا؛ دوبارہ ابالا ہوا ۔

Twice-born : (a) [ME.] (۱) دوسری جنم کا؛ دوسری بار پیدا شدہ ۔ (۲) ہندوؤں کی تین اونچی ذاتوں میں سے کسی ایک ذات کا (جس میں اس ذات کے بچوں کی رسم زنار بندی ہوتی ہے) ۔ (۳) دیکھو Reincarnated ۔ (٤) تجسیم نو کیا ہوا؛ دوبارہ تجسیم پایا ہوا ۔ (٥) بنیادی، اخلاقی اور روحانی تجدید کا مخصوص تجربہ پایا ہوا ۔

Twice-laid : (a) پرانے استعمال شدہ رسے کے حصوں سے بنا ہوا ۔

Twice-married : (a) دوبارہ شادی شدہ ۔

Twice-stabbed ladybird : (n) ایک چھوٹا سیاہ شکارخور بھونرا ۔

Twice-told : (a) دوبارہ بیان کیا ہوا؛ فرسودہ(حکایت) ۔

Twicer : (n) (۱) کسی کام کو دوبارہ کرنے والا یا دو کام کرنے والا شخص (مثلاً اتوار کو گرجا میں دو دفعہ عبادت کرنے والا شخص ؛ (برطانیہ) طابع جو حروف جمانے اور چھاپنے کا دونوں کام کرتا ہے ۔ (۲) (خاص کر برطانیہ) فریبی؛ بدمعاش؛ بدقماش؛ دوبارہ نقصان اٹھانے والا شخص ۔

Twicet : Twice کا متبادل ۔

Twichild : (n) پیرانا سالی؛ سٹھیاپا؛ پیر فرتوت ۔

Twickenham : (a) Twickenhamکا یا اس کے میونسپل قصبے کا؛ Twickenham میں بروج قسم یا اس کے طرز کا یا اس سے متعلق ۔

Twiddle : (v) [Probably Combination of Twirl and Fiddle.] (۱) ادنیٰ سی چیز میں لگ جانا؛ مشغول ہونا؛ فضول باتیں کرنا؛ محض شغل کے طور پر گھمانا؛ فضول حرکتیں کرنا؛ خفیف الحرکتی سے کام لینا؛ (وقت، روپیہ وغیرہ کو) کسی کام میں ضائع کرنا؛ کسی چیز سے بے دلی سے، بے پروایانہ کھیلنا؛ شغل کرنا ۔ (۲) (کسی چیز کو) گھمانا، چکر دینا (خاص کر انگلیوں سے) ؛ مروڑنا؛ اینٹھنا؛ کھینچنا؛ بے کار اور مہمل باتیں کرنا؛ اوچھاپن کرنا؛ جلدی جلدی گھمانا؛ پھرانا؛ چکر دینا؛ کسی چیز سے کاہلی کے ساتھ یا بے خیالی سے شغل کرنا ۔ (۳) (کسی چیز کو) شغل کے طور پر حرکت دینا؛ گھمانا، پھرانا؛ ہلکے یا ادنیٰ طور پر؛ کانپنا؛ تھرتھرانا ۔

To twiddle one's thumbs or fingers : انگوٹھوں یا انگلیوں کو ایک دوسرے میں بے خیالی میں گھماتے رہنا ؛ (مجازاً) بے کار رہنا؛ بے شغل ہونا ۔

Twiddle : (n) گھمانے کا عمل؛ گھمانا پھرانا؛ کسی چیز کو جلدی جلدی گھمانا شغل کے طور پر؛ اینٹھنا؛ اینٹھن؛ تیز چکر؛ تیز گھمانے یا اینٹھنے کا نشان؛ احمقانہ بات؛ مہمل گفتگو؛ لغویات ۔

Twiddle : (v) معمولی یا ادنیٰ، غیر اہم کاموں میں مشغول ہونا؛ کسی چیز سے بے دلی سے بے پروایانہ کھیلنا، شغل کرنا؛ بے کار وقت ضائع کرنا؛ بے کار اور مہمل باتیں یا حرکتیں کرنا؛ اوچھاپن کرنا ۔ (۲) ہلکے سے گھمانا؛ دھیرے دھیرے چلانا؛ کانپنا؛ تھرتھرانا؛ چکر دینا؛ چکر کھانا ۔

Twiddle : (v) (۱) (یلور کا) کلکلانا؛ چوں چوں کرنا ۔ (۲) (انسان کا) بڑ مارنا؛ بکواس کرنا؛ ہرزہ گوئی کرنا؛ یا وہ گوئی کرنا؛ بك بك کرنا یا لگانا؛ بیہودہ بکنا؛ احمقانہ گفتگو کرنا؛ بے موقع بولنا۔ (۳) (دانت کا) بجنا؛ کٹکٹانا؛ کڑکڑانا؛ ڈگ لگانا؛ نیز مشین کے ڈھیلے حصوں کا بجنا؛ کھٹ کھٹ ہونا؛ زور دار آواز سے تیزی سے پڑھنا ۔ (٤) جلدی جلدی بولنا؛ تیزی سے بولنا ۔ (٥) بے خیالی سے باجا بجانا ۔

Twiddle-twaddle : (n) لغو ؛ مہمل بات؛ احمقانہ گفتگو ؛ مہمل گفتگو ۔

Twiddly : (a) خفیف؛ ادنیٰ؛ بے دلانا؛ احمقانہ ۔

Twifold/Twyfold : (a) [OE. 'twifeald'.] (۱) دوگنا؛ دونا؛ دوہرا ۔ (۲) دیکھو Twofold ۔

Twiformed/Twiform : (a) دو شکلہ؛ دوجسمہ؛ غیر متناسب حصوں کو جوڑنے والا یا بےمیل متناسب ٹکڑوں سے وابستہ ۔

Twig : (v) [Origin unkn.] (۱) (عامیانہ بول چال) سمجھنا (کسی شخص کا مطلب، الفاظ کا مفہوم وغیرہ) ۔ (۲) تاڑ جانا؛ (مجازاً) بھانپ جانا؛ نظر پڑنا ۔ (۳) دیکھ بھال کرنا؛ نگرانی کرنا؛ دیکھنا؛ معائنہ کرنا؛ دیکھ کر کسی چیز سے واقف ہو جانا؛ پہچان لینا ۔

Twig: (n) [Origin unkn.] فیشن؛ طرز؛ طور طریق؛ انداز۔

Twig : (n) سخت کوشش؛ چوٹ؛ جھٹکا؛ کھینچ؛ کھنچاؤ ؛ کھینچاتانی؛ کشمکش۔

Twig : (v) کھینچنا؛ مروڑنا ۔

Twig : (v) درخت کی ٹہنی سے مارنا، گویا چھڑی سے مارنا ۔

Twig : (n) [OE. Late Northumb twigge.] (۱) چھوٹی سی شاخ ؛ ٹہنی ؛ ڈالی؛ (درخت یا پودے کی) ۔ (۲) (تشریح) غضنہ ؛ شیریان کی پتلی سی شاخ ۔ (۳) (برقیات) چھوٹی سی موصول برق جو رَو کو ادھر اُدھربھیجتی ہے ۔ (٤) طلسمی لکڑی؛ دوشاَخا لکڑی جس کی مدد سے یہ معلوم کیا جاتا ہے کہ پانی یا معدنیات کس جگہ نکلیں گے ۔

Twig-beetle : (n) (۱) مختلف بھونروں میں سے کوئی جو درخت کی ٹہنیوں میں سوراخ کرتا ہے ۔ (۲) دیکھو Bark beetle ۔

Twig-blight : (n) درخت کی شاخوں کا اوپر سے نیچےتک خشک ہو جانا، مردہ ہو جانا یا لکڑی والے پودوں کا مردہ ہو جانا ۔

Twig-borer : (n) مختلف چھوٹے بھونروں میں سے کوئی یا ان کا لاروا یا چھوٹے کیڑوں کا لاروا جو درختوں کی ٹہنیوں میں یا جھاڑیوں میں سوراخ کرتے ہیں ۔

Twig-budding : (n) تبدیل شدہ سپر نما کلیاؤ ۔

Twig caterpillar : (n) چند نازک کنڈلی مارکیڑوں (مثلاً تتلی کا لاروا) میں سے کوئی جو درخت کی ٹہنیوں پر رہتا ہے ۔

Twig drop : (n) درخت کی ٹہنیوں کی یا چھوٹی شاخوں کی کاٹ چھانٹ ۔

Twig gall : (n) متعدد گمڑیوں میں سے کوئی جو درختوں کی ٹہنیوں یا جھاڑیوں پر ہو جاتی ہیں ۔

Twig-girdler : (n) (۱) (کیڑا) جو درختوں کی ٹہنیوں میں حلقے بناتا ہے، خاص کر وہ جو درخت کی چھالوں سے اپنی غذا مہیا کرتا ہے اور کتر کتر کر ان میں خانے بناتا ہے ۔ (۲) ایک امریکی بھونرا جو اپنے انڈوں کو ٹہنیوں کے سروں میں جمع کرتا ہے ۔

Twig-insect : (n) (۱) دیکھو Stick insect ۔ (۲) چھڑی کی طرح کا کیڑا؛ Phasmatidae اور متعلقہ خاندان کے مختلف کیڑوں میں سے کوئی ۔

Twig pruner : (n) متعدد چھوٹے بھونروں میں سے کوئی جس کا لاروا درختوں کی ٹہنیوں میں سوراخ کرتا ہے اور گاٹ ڈالتا ہے ۔

Twig-rush : (n) ایک لمبا دلدلی پودا جس کے پتے بہت لمبے، پتلے اور سخت ہوتے ہیں ۔

Twigged : (a) شاخ دار؛ گمڑی دار ۔

Twiggen : (a) (۱) ٹہنیوں سے بنا ہوا یا بنے ہوئے بید کا بنا ہوا؛ نیز بید کے بنے ہوئے کام کا؛ بید سے بنی ہوئی چیزوں سے ڈھکا ہوا ۔ (۲) جلی ہوئی ٹہنیوں سے پیدا شدہ ۔

Twiggery : (n) جھاڑی یا درختوں کی کل ٹہنیاں ۔

Twiggy : (a) (۱) ٹہنی کی طرح کا ؛ نازک؛ پتلا؛ چھریرا ۔ (۲) شاخ دار یا شاخوں سے ڈھکا ہوا؛ غضنہ دار؛ جھاڑی دار ۔

Twiglet : (n) چھوٹی ٹہنی ۔

Twiglike : (a) ٹہنی سے مشابہ ۔

Twigwithy : (n) (۱)یورپی بید کا درخت ۔(۲) دیکھو Osier ۔

Twilight : (n) [Late ME.] (۱) شفق؛ صبح کا دھندلکا؛ صبح یا خصوصاً شام کا جھٹ پٹا ۔ (۲) مدھم روشنی؛ وہ مدت جب تک دن کی روشنی اور رات کے درمیان ایسی حالت رہے ۔ (۳) (مجازاً) نا مکمل واقفیت یا فہم کی حالت؛ دھندلکے کی سی کیفیت؛ اندھیرا ۔ (٤) (کسی مقام کو) مدھم روشنی سے روشن کرنے کا عمل ۔ (٥) صبح کا دھندلکا جو صبح ہونے کے بعد طلوع آفتاب تک رہتا ہے ۔ (٦) مدھم روشنی جو شفق سے مشابہ ہوتی ہے ۔ (۷) (مجازاً) درمیانی حالت یا مدت؛ مکمل پختگی کے قبل یا بعد کی حالت؛ غیر متیقن کیفیت یا حالت ۔

Twilight : (a) (۱) شفق یا صبح کے دھندلکے سے متعلق ؛ دھندلکےمیں کیا ہوا یا دیکھا ہوا ۔ (۲) (مجازاً) درمیانی خصوصیت کا حامل؛ شفق کی روشنی سے روشن کیا ہوا؛ مدھم؛ دھند؛ دھندلا، نیز (مجازاً) سویرے کا ۔ (۳) (مجازاً) نامکمل ذہنی فہم و ادراک سے متعلق ۔

Twilight arch : (n) زمین کا عکس فضا میں جو شام کے دھندلکے میں پورب کی طرف دکھائی دیتا ہے؛ محراب شفق۔

Twilight band : (n) وہ تنگ علاقہ یا کم کشادہ علاقہ جس میں پائلیٹ صحیح اور غلط راستوں کے دونوں سگنل معلوم کرسکے کہ آیا وہ صحیح راستے پر ہے یا غلط راستے پر ۔

Twilight blue : (n) (۱) تغیر پذیر رنگ۔(۲) سرخی مائل زرد نیلا۔

Twilight of the gods : (ناروے کی دیو مالا) وہ لڑائی جس میں دیو اور اجنا وغیرہ آپس میں لڑ کر مارے گئے۔

Twilight-sleep : (n) (۱) ایسی حالت جس میں تکلیف کا احساس کم ہو جائے (انجکشن وغیرہ کے ذریعے سے) ۔(۲) بچہ جنانے کا ایک جدید طریقہ جس میں زچہ کو تکلیف نہیں ہوتی ۔ (۳) شفق نیند؛ نیم بیہوشی۔

Twilight state : (n) خواب کی سی حالت جو مرگی اور ہسٹریا وغیرہ میں ہوتی ہے ۔

Twilight vision : (n) تاریک بصری؛ تاریک نظری۔

Twilight zone : (n) (۱) دو ممیز علاقوں کے درمیان کا رقبہ جس میں دونوں (علاقوں) کی خصوصیات ہوں ۔ (۲) (مجازاً) قدیم اور رو بہ تنزل عمارتوں کا شہری علاقہ۔

Twilighted : (a) (۱) شفق سے روشن کیا ہوا گویا شفق کی طرح روشن کیا ہوا ۔(۲) مدھم؛ کم روشن ۔

Twilighty : (a) شفق کا رنگ یا چمک؛ درخشانی؛ ضیا؛ شفقی۔

Twilit : (a) دیکھو Twilighted

Twill/Tweel : (n) [north and Sc. forms of ME .'Twile Twilly'.] (۱) ٹوئیل ؛ دو سوتی بناوٹ کا ایک کپڑا ۔ (۲) اس طرح کی بناوٹ کا طریقہ؛ نیز ابھرواں شکل یا اس طرح سے بنے ہوئے سامان کا وتری نمونہ۔

Twill/Tweel : (v) (۱) ٹوئیل کی طرح بننا؛ دوسوتی بناوٹ سے بننا ۔(۲) بننا (اس طرح کہ کپڑے کی سطح پر وتری لکیریں بنتی جائیں) ۔

Twill : (n) دیکھو Quill

Twilled : (a) ٹوئیل کی طرح دوہرے سوت کا بنا ہوا ۔

Twilling : (n) دو سوتی بناوٹ کا بنا ہوا کپڑا یا حصہ ، کام یا عمل جس سے یہ تیار ہوتا ہے ۔

Twilly/Twilley : (n) [by alter.] دُھننے کی مشین؛ نیز مختلف آلےاور مشینوں کے نام؛ پارچہ بافی کی مشین ۔

Twilly : (v) دھننا ۔

Twilt : (بول چال) Quilt کا لسانی متبادل ۔

Twin : (a) [Late OE. 'twinn'.] (۱) جڑواں؛ توام ۔(۲) (نباتیات) توام (پودے) ۔ (۳) ایک دوسرے کے ہم صحبت، شریک کار؛ ہمزاد؛ ہم رشتہ ۔(٤) ایک قسم کے دو مساوی حصوں سے بنا ہوا؛ ایک دوسرے سے منسلک؛ جڑا ہوا ۔ (٥) (فطری تاریخ) نکالنے والا؛ اپجنے والا ۔

Twin : (n) [ME.] (۱) دو جڑواں چیزوں میں سےایک ؛ دو توام بچوں میں سے ایک ۔ (۲) مرکب قلم (کیمیاوی یا معدنی اشیاء کی) ۔(۳) جڑواں بچے یا وہ جو ایک ساتھ پیدا ہوں ۔ (٤) (علم النجوم) بروجی جھمکا(ستاروں کا) اور جوڑا ۔ (٥) (مجازاً) (جمع) دو اشخاص یا چیزیں جو بہت اچھی طرح متحد ہوں، ہم صحبت ہوں ؛ دو چیزوں میں سے ایک (ہم صحبت ، شریک کار ، ہم رشتہ) ۔(٦) توام بچوں کا یا دو کم عمر آدمیوں کا جوڑا ۔

Twin : (v) [Late ME.] (۱) جوڑ دینا یا جڑجانا؛ جڑواں کردینا یا ہو جانا (دو چیزوں یا آدمیوں کا اچھی طرح، جزو لاینفک طور پر)؛ متحد کر دینا ۔(۲) دو بچوں کا ایک ساتھ ، ایک پیدائش میں پیدا ہونا؛ توام پیدا ہونا ۔(۳) جڑواں حاملہ ہونا یا پیدا کرنا؛ ایک ساتھ پیدا ہونا؛ بہ یک وقت پیدا ہونا۔(٤) (دو بلورین کو) جوڑ دینا کسی مخصوص اصول یا قاعدے کے مطابق توام بلورین بنانے کے لئے ۔ (٥) مثنیٰ؛ مساوی یا مقابل ہونا یا بنانا ۔

Twin-axis : (n) توام قلم (بلورین) میں جوڑنے کا محور ۔

Twin band mill : (n) کارخانۂ آرہ کشی جس میں دونوں قسم کے، دائیں ہاتھ اور بائیں ہاتھ دونوں سے چلائے جانے والے آروں سے کام لیا جاتا ہے ۔

Twin-beds : (a) توام پلنگ کا ۔

Twin-beds : (n) توام پلنگ میں سے ایک ۔

Twin berry : (n) (۱) شمالی امریکا کی جھاڑی دار بیل جس میں زردخوشبودار پھول آتے ہیں ۔(۲) امریکی چڑھنے والی بیل Partridge berry ۔

Twin bill : (n) (۱) دیکھو Double header ۔(۲) دروازے یا کھڑکی کا سردل (اوپر کی چوکھٹ) ۔

Twin-birth : (n) جڑواں پیدائش؛ توام پیدا ہونا ۔

Twin-born : (a) جڑواں ، توام یا ایک ساتھ پیدا ہونے والا ۔

Twin-brother : (n) بھائی جو ایک ساتھ پیدا ہو؛ جڑواں بچوں میں سے ایک بھائی؛ جڑواں بھائی ۔

Twin city : (a) Minueapolis and St. Paul minn ملحقہ شہروں کا یا ان سے متعلق ۔

Twin disease : (n) Twin- lamb disease کا متبادل ۔

Twin-engine/-engined : (a) (۱) دو استوانے والا یا استوانوں کی دو قطاریں ۔ (۲) دو انجنوں والا (ہَوائی جہاز) ۔

Twin disease/Twin-lamb disease : (n) (۱) دیکھو Pregnancy disease ۔ (۲) حاملہ بھیڑ کی ایک بیماری ۔

Twin-lens camera : (n) دو عدسی کیمرا ۔

Twin-plane : (n) توام قلم کے جڑواں محور کا ایک عمودی رندا ۔

Twin-screw : (a) جڑواں پیچوں والا (خاص کر اسٹیمر کا) ؛ جڑواں پیچ والا ڈھکیلو جداگانہ لمبے دھرے پر ۔

Twin-screw pump : (n) جدا ہو جانے والا پمپ ۔

Twin-set : (n) اَستین دار یا بلا اَستین کی بنی ہوئی واسکٹ کے ساتھ والی جمپر ۔

Twin-sister : (n) (۱) جڑواں بچے پیدا ہونے والوں میں ایک لڑکی ۔(۲) دیکھو Twin flower ۔

Twin valve : (n) کُھلمندن جس میں دو راستے ہوتے ہیں ایک داخل ہونے کے لئے اور دوسرا نکلنے کے لئے ۔

Twindle : (n) (زوز مرہ) دیکھو Twin

Twine : (n) [ME 'twin twyne'.] (۱) ڈوری؛ سوتری؛ رسی؛ ستلی ۔ (۲) بل؛ چکر؛ مروڑی؛ پیچ ۔ (۳) گتھی ہوئی چیز؛ الجھی ہوئی چیز یا حصہ؛ جڑواں تنا یا پودے کی شاخ، ٹہنی؛ موڑی ہوئی یا لپیٹی ہوئی کوئی چیز ۔ (٤) گانٹھ ؛ گرہ؛ پیچیدگی ۔(٥) ہلکا بھورا مائل زیتونی رنگ ۔

Twine : (v) [ME. 'twinen'.] (۱) مروڑنا؛ اینٹھنا؛ (ڈوری بنانے کےلئے) ۔(۲) بٹنا؛ ڈوری بنانا ۔(۳) گتھے ہوئے ڈوروں سے بنانا (ہار وغیرہ) ۔(٤) ہار لپیٹنا؛ گوتھنا۔(٥) لپیٹنا (کسی چیز کے گرد) ۔(٦) بل دینا (کسی چیز کے گرد) ۔(۷) سوت کی ڈوری بنانا ۔(۸) گھمانا؛ گھومتے ہوئے بڑھنا؛ جھکنا چکر کی طرح سے؛ پیچدار طور پر چاروں طرف گھومنا ؛ (سانپ وغیرہ) لہر دار طور پر رینگنا ۔ (۹) جسم کو مروڑنا؛ بل دینا؛ تشنج پیدا کرنا؛ پیچ وتاب کھانا (کیڑے کا) ۔

Twine reeler : (n) ایک قسم کی کاتنے کی، ڈوری یا ستلی بٹنے کی مشین ۔

Twiner : (n) (۱) بل کھانے والا؛ رینگنے والا؛ مروڑنے والا؛ اینٹھنے یا بٹنے والا ۔(۲) عادتاً بٹ جانے (والی شاخ کا) پودا ۔(۳) دیکھو Twine reeler ۔(٤) بٹنے والا پودا ۔

Twinflower : (n) (۱) Linnaea کی جنس کاایک پودا ۔(۲) یورپ اور ایشیا کے شمالی علاقوں کا ایک چھوٹا افتادہ سدا بہار پودا : شمالی امریکا کے شمالی علاقے کا ایسا ہی پودا ۔

Twinge : (v) [OE. 'twengan'] (۱) ٹیس، خلش پیدا کرنا ۔ (۲) (مجازاً) رہ رہ کے بے چین کرنا؛ چٹکی لینا ۔ (۳) مروڑنا؛ دبانا؛ چبھونا؛ تشنجی حرکت ہونا؛ چٹکی لینا ۔

Twinge : (v) [ME. 'twengen'.] (۱) (روزمرہ) توڑنا ۔ (۲) نوچنا؛ کھسوٹنا؛ جھٹکے سے توڑنا؛ جھٹکے سے کھینچنا ۔ (۳) (تھوڑا سا جھٹکا دے کر) کھینچنا؛ گھسیٹ لینا؛ (آستین وغیرہ) پکڑ کر کھینچنا ۔(٤) (کسی کا) تیز یا شدید درد میں مبتلا ہونا؛ چبھنا؛ اچانک مقامی تیز درد محسوس کرنا ؛ چہرے کے زخم جیسا احساس ہونا یا شدید (درد کا) احساس ہونا ۔

Twinge : (n) (۱) تیز چبھتا ہوا یا اینٹھن والا درد؛ گٹھیا کے درد کو بھی کہتے ہیں؛ ٹیس؛ چبھن ؛ خلش ۔ (۲) (مجازاً) تیز ذہنی الجھن؛ تکلیف؛ تیز احساس ندامت؛ صدمۂ ندامت ؛ ضمیر کی سرزنش۔

Twingle : (v) (۱) (روزمرہ برطانیہ) دیکھو Twist ۔ (۲) (کیڑے وغیرہ کا) بل کھانا؛ لہرانا ۔ (۳) (آدمی یا جانور کا) کیڑے کی طرح بل کھانا ۔ (٤) (مجازاً) ٹال مٹول کرنا؛ حیلے بہانے کرنا ۔ (٥) بل کھاکر جانا، آنا، نکلنا ۔

Twingle-twangle/Twing-twang : (n) بربط یا دوسرے ایسے باجے کی طرح کی آواز؛ باجے کے ٹن ٹن کی آواز؛ باجے کے تار کی آواز ۔

Twining : (a) بل کھانے والا؛ پیچاں (پودا)؛ چکر دار (مختلف معنوں میں) خاص کر اس پودے کے بارے میں جو بل کھاتے ہوئے اپنے سہارے کے چاروں طرف بڑھتے ہیں ۔

Twink : (v)[Late ME. 'twinken'] (۱) دیکھو Twinkle ۔ (۲) چمکنا؛ دمکنا؛ جگ مگ کرنا؛ جھلکنا؛ رہ رہ کر چمکنا؛ ٹمٹمانا ۔ (۳) طبیعت کا جولانی پر ہونا ۔

Twink : (n) [Late ME.] (۱) جھپکی (نیندکی) ؛ وقت جو اس میں لگا ۔ (۲) ٹمٹماہٹ؛ چشمک زنی؛ لحظہ ؛ لمحہ؛ چشم زدن میں؛ آنکھ جھپکتےہی In a twink ۔

Twink : (n) (۱) دیکھو Chaffinch ۔ (۲) چرجزیا؛ ایک قسم کی گانے والی چڑیا ؛ سرشور ۔

Twink : (v) [Origin unkn.] (روز مرہ انگریزی) سزا دینا؛ ضرر پہنچانا؛ عقوبت پہنچانا؛ تعزیر کرنا؛ جرمانہ کرنا؛ (مکے بازی میں حریف پر) ضرب شدید لگانا؛ تڑاتڑ لگانا؛ سونٹے کی طرح لگانا ۔

Twinkle : (v) [OE. 'twinclian'.] (۱) چمکنا دمکنا (روشنی، ستارے وغیرہ کا)؛ دمکنا ۔ (۲) جلدی جلدی جھپکنا(پلکوں کا)؛ جلدی جلدی رہ رہ کر چمکنا ۔ (۳) جلدی جلدی آگے پیچھے ہٹنا (پودوں کا) (ہوا سے جھومنے میں) ۔ (٤) آنکھوں میں ہنسی کی جھلک نظر آنا ؛ چمک اٹھنا ۔ (٥) جھپکنا؛ جھپکانا(آنکھ ، پلک) ۔ (٦) تیزی سے رہ رہ کر ضیا باری کرنا ۔ (۷) اشارہ یا پیغام پہنچانا (چمکا کر آنکھ کے اشارے سے) ۔ (۸) (شاعری میں) آنکھ کے اشارے سے رہنمائی کرنا ۔ (۹) جلدی جلدی آنکھ کھولنا بند کرنا؛ آگے پیچھے یا اندر باہر کھسکنا، جلدی جلدی تبدیلی کے ساتھ ؛ جلد جلد ظاہر ہونا اور چھپ جانا، لرزش کرنا، تھر تھرانا؛ روشنی کا جھلملانا ۔

Twinkle : (n) (۱) (پلکوں کی) جھپک؛ آنکھ کا جھپکنا؛ آنکھ کی جھپکی ۔ (۲) چمک دمک؛ ہنسی کی جھلک (آنکھوں میں) ؛ آنکھوں کی جھپک کا وقفہ ۔ (۳) تیز حرکت (پیروں کی) ۔ (٤) جگمگاہٹ، جوت، آنکھ جھپکانے کا عمل؛ آنکھ کا اشارہ ۔ (٥) جھپکی؛ ہلکی نیند؛ جھلک؛ ایک اچٹتی نظر، ہلکی یا عارضی چمک دمک؛ ضیاباری؛ (مجازاً) جھلملاہٹ؛ پھڑک؛ ارتعاش؛ کپکپی؛ تھرتھراہٹ؛ کھلتی بند ہوتی ہوئی روشنی ۔ (٦) بال رقص میں قدم کا ایک خاص انداز میں جلدی جلدی آگے پیچھے ہٹنا ۔

Twinkler : (n) کوئی چیز جو باربار ضیا باری کرتی ہو یا جو ہلکی چمک ظاہر کرتی ہو؛ کبھی کبھی آنکھوں کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے ۔

Twinkling : (n) (۱) چمکنے کا عمل؛ ہلکے طور پر جھلکنے یا چمکنے کا عمل؛ آنکھ جھپکنا یا جھپکانا؛ ٹمٹماہٹ ؛ چشمک زنی ۔ (۲) آنکھ کے جھپکنے کا ایک لمحہ؛ تیز چمک دار حرکت ۔

In a twinkling : ہم تم سے بہت جلد ملیں گے۔

In the twinkling of an eye : فوراً ہی؛ ایک لمحہ میں ؛ پلک جھپکاتےہی ۔

Twinkly : (a) (۱) دیکھو Twinkling ۔ (۲) دیکھو Beaming ۔ (۳) دیکھو Smiling ۔

Twinleaf : (n) ایک امریکی سدا بہار پودا ۔

Twinly : (n) جڑواں کا یا اس سے متعلق یا اس کے لئے موزوں، مناسب ۔

Twinned : (a) (۱) توام ؛ جڑواں ؛ دو ایک ساتھ پیدا شدہ (بچے) ۔ (۲) پورے طور پر وابستہ اور متحد، نیز ایک طرح کے، یکساں ۔ (۳) دو مرکب بلورین ۔

Twinner : (n) جڑواں بچے جننے والی ۔

Twinning : (n) (۱) دو بچوں کے ایک ساتھ پیدا ہونے کا عمل؛ ایک کے بجائے توام پیدا ہونا ۔ (۲) جوڑا؛ اتحاد یا دو آدمیوں یا چیزوں کا مقابلہ ۔ (۳) دو یا زیادہ بلورین یا بلورین کے حصوں کا مجموعہ غیر متوازی مگر معقول حالت میں ۔ (٤) دیکھو Secondary twinning ۔ (٥) بلورین کا بیرونی جوڑ یا جت جانا ۔

Twinning-axis : (n) دیکھو Twin - axis

Twinning-law : (n) دو بلورین کو جوڑنے یا متحد کرنے کا اصول یا قاعدہ ۔

Twinship : (n) (۱) توام یا جڑواں ہونے کی حالت ۔(۲) توام بچوں کا ایک دوسرے سے تعلق؛ قریبی یکسانیت، مشابہت؛ روابط ۔

Twinspur : (n) سالانہ اگنے والا عمودی پودا جس کے پھول رنگین ہوتے ہیں ۔

Twinter : (n) [ME. fr. OE. 'twi winter'.] (روز مرہ برطانیہ) بھیڑ، بیل یا گھوڑا جو دوسال تک زندہ رہا ہو ۔

Twinter : (a) [ME.] دو سالہ؛ دوسال کا ۔

Twiny : (a) (۱) ڈور، ستلی وغیرہ کا یا ان سے متعلق ۔ (۲) دیکھو Twinning ۔(۳) دیکھو Inter lacing ۔

Twire/Tweer : (v) [Of unkn. origin.] (شاذ، روز مرہ) دزدیدہ نظر سے دیکھنا؛ جھانکنا؛ تاکنا؛ (مجازاً) روشنی وغیرہ جھلکنا ۔

Twirl : (n) (۱) گھمانے کا عمل یا گھمائے جانے کی حالت ۔ (۲) گھماؤ؛ تیز گردش؛ تیز چکر؛ مروڑ؛ بل ۔ (۳) کوئی چیز جو گردش کرے یا گردش میں لائی جائے ۔

Twirl : (v) (۱) جلدی جلدی گھمانا؛ چکر دینا؛ چاروں طرف چکر دینا؛ پھرانا؛ گھومنا؛ پھرنا؛ چکر کھانا ۔ (۲) شغل کے طور پر حرکت دینا؛ گھمانا (انگلی یا انگوٹھے کو تیزی سے) ؛ (دماغ یا سرکا) چکرانا ۔ (۳) اینٹھنا (خصوصاً مونچھوں کو)؛ سانپ کی طرح کنڈلی مارنا؛ بلے باز کو گیند پھینک کر دینا ۔

Twirler : (n) (۱) گھومنے والا یا گھومنے والی یاگھمائے جانے والی چیز ۔ (۲) Base ball کے کھیل میں گیند پھینکنے والا۔(۳) ڈنڈا گھمانے والا ۔(٤) مختلف قسم کے گھومنے والے کھلونوں میں سے کوئی ۔

Twirligig : (n) [by alter. of 'whirligig'] (۱) ایک طرح کا کھلونا ۔ (۲) (مجازاً) چکر؛ گردش؛ چکر جھولا جس میں کاٹھ کے گھوڑے وغیرہ لگے ہوتے ہیں اور بچوں کو اس پر بٹھا کر چکر دیا جاتا ہے ؛ چرخ چوں ۔

Twirling : (n) گھمانے یا چکر دینے والےکا عمل یا مشق، خاص کر Base ball کے کھیل میں گیند پھینکنے والے کا عمل یا اصول فن (تکنیک) ۔

Twirly : (a) پیچ و خم سے بھرا ہوا؛ پیچ و خم والا؛ خمدار؛ پیچدار ۔

Twirp : Twerp کا متبادل ۔

Twist : (v) [of mixed origin.] (۱) لہروں کو ملا کر بل دینا؛ بٹنا (رسی وغیرہ) ۔ (۲) گوتھنا؛ گوندھنا ۔ (۳) بل دار بنانا؛ مرغولہ بنانا(ستون وغیرہ کو) ۔ (٤) بل کھانا؛ بل دار شکل میں اگنا یا بڑھنا ۔ (٥) گیند کا (خصوصاً اننے کے کھیل میں) چکر کھاتے ہوئے مڑ جانا ۔ (٦) (بار) گوندھنا یا گوتھنا ۔ (۷) پیچ و خم کے ساتھ چلنا؛ بل کھاتے ہوئے چلنا؛ آگے بڑھنا؛ گزرنا (مجمع میں سے) ۔ (۸) مروڑنا ۔ (۹) توڑ مروڑ کر کچھ اور معنی پہنانا (الفاظ کو) ۔ (۱۰) جوڑنا؛ متحد کرنا ۔(۱۱) دو یا زائد سوت یا ریشوں کو (کسی مناسب چیز کے) بل دے کر دھاگایا ڈوری بنانا؛ سوت کو بل دے کردھاگا یا ڈوری بنانا ۔(۱۲) گھما کر یا ملا کر جوڑنا یا متحد کرنا؛ ایک ساتھ جوڑنا؛ ایک چیز کو دوسرے کے ساتھ بٹ دینا؛ ایک دوسرے کے ساتھ جوڑنا؛ بننا۔ (۱۳) (مجازاً) متحد کرنا؛ جوڑنا؛ ملانا؛ اچھی طرح وابستہ کرنا؛ ڈوری میں لڑوں کی طرح پورے طور پر وابستہ کرنا؛ ملانا ۔ (۱٤) (دھاگے یا اسی طرح کی کوئی چیز) کسی پر چڑھانا یا اس کے چاروں طرف لپیٹنا؛ اس طرح منسلک کرنا (کسی چیز کو) کسی چیز سے یا دھاگے سے گھیرنا یا کسی دوسری چیز میں لپیٹ لینا؛ پیچ و خم کے ساتھ آگے بڑھنا؛ پیچدار حرکت کے ساتھ کسی چیز کو کسی چیز میں گھسیڑنا؛ داخل کرنا ۔(۱٥) دبا کر شکل بدل دینا خاص کر دبانا (عضو وغیرہ) چاروں طرف موچ آنے کے لئے ۔(۱٦) گھما کر ترچھا کر دینا؛ شکل صورت (کسی چیز کی مروڑ دینا) ؛ بل دینا؛ مسخ کرنا(شکل وغیرہ) ۔(۱۷) (مجازاً) اصل شکل کو مسخ کرنا یا کھینچ تان کر غلط معنی پہنانا ۔ (۱۸) جھکا دینا؛ کھینچ لینا؛ باہر نکالنا؛ زور سے مروڑنا؛ دبانا (چہرے پر) بل دینا ۔ (۱۹) چکر دار شکل میں تبدیل کرنا؛ جھکانا؛ خم کرنا؛ چکر دار طور پر لپیٹنا؛ پیچ کس دینا ۔ (۲۰) (بیمہ) (امریکا) (کسی آدمی کو) کسی ایک کمپنی کی بیمہ پالیسی کو موقوف کرنے اور دوسری کمپنی کی نئی پالیسی لینے کی ترغیب دینا ۔(۲۱) جی کھول کر یا پیٹ بھر کر کھانا ۔(۲۲) محور کی طرح گردش کرانا؛ (کسی چیز کو) چاروں طرف گھمانا ۔ (۲۳) گھومنا؛ گردش کرنا؛ پیچ و خم والا راستہ اختیار کرنا؛ (راہ میں) متعدد موڑوں کے ساتھ بڑھنا ۔ (۲٤) جسم کو بل دے کر رقص کرنا ۔

To twist (a person) round one's finger : اپنی مرضی کے مطابق دوسرے پر دباؤ ڈالنا؛ پورے طور پر حاوی ہو جانا ۔

To twist one's arm : کسی پر تحکمانہ دباؤ ڈالنا؛ مجبور کرنا ۔

To twist the lion's tail : برطانیہ کو دق کرنا یا غصہ دلانا ۔

Twist : (n) [ME.] (۱) تقسیم شدہ کوئی چیز یا حصہ؛ کسی چیز کا وہ حصہ جہاں سے وہ الگ ہوتا ہے (خصوصاً) جانگھوں کا اتصال؛ دو شاخہ (خاص کر بھیڑ یا مویشی کا) ۔ (۲) دھاگے کو بل دے کر ڈوری بنانے کا عمل؛ ریشم، اون، سوت، سن وغیرہ کے ریشوں سے بٹا ہوا دھاگا یا ڈوری ۔ (۳) (بحری) (بٹی ہوئی) رسی کا ہر لہر ۔ (٤) مخلوط مشروب مثلاً چائے اور کافی یا جن اور برانڈی ۔ (٥) موٹی ڈوری کی طرح بنا ہوا تمباکو؛ اس طرح کے تمبا کو کا ایک ٹکڑا یا اس کی "لمبائی" ۔ (٦) گوندھے ہوئے آٹے کی بنی ہوئی بل دار روٹی ۔ (۷) ایک محور کے گرد چکر کھاتے ہوئے آگے بڑھنے کی حرکت؛ اینٹھن؛ گردش؛ بل؛ پیچ؛ جھکاؤ ۔ (۸) (ٹینس وغیرہ) چکر جو گیند کو پھینکنے سے پہلے دیا جاتا ہے تاکہ ایک خاص طریقے سے مڑ جائے ؛ اس طرح چکر دی ہوئی گیند ۔ (۹) (طبیعیات) قوت تفتیل؛ مقدار تفتیل؛ زاویہء تفتیل (وہ زاویہ جو سلاخ وغیرہ کے بل کو ظاہر کرتا ہے) ۔ (۱۰) حرکت دولابی ۔ (۱۱) تفتیل؛ بل دینے کا انداز یا درجہ؛ خصوصاً رائفل کی نالیوں کا جھکاؤ ۔ (۱۲) (طبیعت یا سیرت کا) رجحان؛ افتاد طبع ۔ (۱۳) (بول چال) زبردست، شدید بھوک، اشتہا ۔ (١٤) بے قاعدہ جھکاؤ ؛ بل ؛ خم؛ پیچ ۔ (۱۵) انحراف؛ پھر جانا؛ (مجازاً) مواقع کی تبدیلی؛ تغیر حالات؛ نیز راستے کا موڑ ۔ (١٦) (مجازاً) مخبوطی یا انحرافی رجحان یا طور طریقہ خاص کر انوکھا دماغی رجحان؛ جانور کی خمدار دم ۔ (۱۷) ذہنی یا اخلاقی تعصب یا کجی؛ خبط ؛ سنک ؛ سُر ۔ (۱۸) چھین جھپٹ؛ کج روی؛ مسخ کرنا ۔ (۱۹) ایک رقص جس میں ایک طرف سے دوسری طرف جسم کو بل دیا جاتا ہے، خاص کر اس طرح کا رقص سنہ ۱۹٦۰ کے آغاز میں عام پسند تھا ۔

A twist in one's tongue : صاف طور پر بولنے سے معذور؛ لکنت ۔

Round the twist : (۱) پاگل؛ دیوانہ؛ سڑی ؛ مجنوں ؛ سودائی؛ مخبوط الحواس ۔ (۲) دیکھو Twist dis-ease ۔ (۳) رائی اور گیہوں کے پودے کی ایک بیماری جو سمارو سے پیدا ہوتی ہے ۔

Twist bit : (n) سوراخ کرنے کی سنسی برمے کی طرح کے اوزار سے مشابہ ۔

Twist barrel : (n) بندوق کی نال لوہے کے لمبے چکر کی طرح پر اینٹھے ہوئے ٹکڑے یا ٹکڑوں سے بنی ہوئی ۔

Twist disease : (n) (۱) سالمن رنگ کی نوخیز مچھلیوں کی ایک مہلک بیماری ۔ (۲) گندم اور رائی کی بیماری۔

Twist-dive : (n) ایک قسم کی مقابلے کی غوطہ زنی ۔

Twist-drill : (n) برما کی طرح کا اوزار (زمین میں سوراخ کرنے کا) ۔

Twist-yarn : (n) لپیٹا ہوا یا بٹا ہوا سوت ۔

Twisted : (a) (۱) دو یا دو سے زائد دھاگوں یا ڈوریوں والا یا اسی طرح کی ایک ساتھ جڑی ہوئی (چیز) : ڈوری بنی ہوئی ایک دوسرے کے ساتھ بٹ کر یا وابستہ ہو کر؛ گوتھا یا گوندھا ہوا؛ ایک دوسرے پر چڑھایا ہوا؛ ایک دوسرے کے ساتھ بنا ہوا؛ شکل مروڑی ہوئی؛ مسخ کیا ہوا؛ گھمایا ہوا ؛ چکر دار ؛ ترچھا جھکایا ہوا ۔ (۲) خاص کر نباتیات میں، دیکھو Contorted ۔ (۳) خمدار؛ پر پیچ؛ مروڑا ہوا؛ مرغولہ دار ۔ (٤) (نباتیات) پیچیدہ؛ بلدار؛ مروڑی ۔

Twisted-bit : (n) برمے کی انی جس کا سرا مربع سلاخ کا ہوتا ہے جو چکر دار طور پر اینٹھا ہوتا ہے ۔

Twisted cubic : (n) بے قاعدہ رندے سے تین مقام پر ایک مکعب ٹیڑھی کاٹی ہوئی جگہ ۔

Twisted curve : (n) (۱) دیکھو Space curve ۔ (۲) خم تین ابعادی مقاموں پر۔

Twisted drill : (n) دیکھو Twist drill

Twisted flower : (n) Strophanthus کی جنس کا پودا ۔

Twisted-gear wheel : (n) پیچ کا پہیّا جو پیچ سے چلتا ہو خاص کر وہ جس کا دھرا دوسرے پہیے کے دھرے کے متوازی ہو ۔

Twisted heath : (n) ایک چھوٹا سدا بہار پودا ۔

Twisted pair : (n) برقی طناب ایک ساتھ بٹے ہوئے دو منفصل موسلوں پر مشتمل ۔

Twisted pine : (n) ادنیٰ قسم کا ساحلی اناس؛ اندرونی علاقے کا سیدھا اناس ۔

Twisted shovel : (n) خم اور مڑے ہوئے پھال کا میکانکی بیلچہ بوئی ہوئی فصلوں کی جڑوں میں مٹی پھینکنے کے لئے ۔

Twisted-stalk : (n) ایک قسم کا پودا Rose mandarin ؛ شمالی امریکا کے مشرقی علاقے کے گلاب کے پھول جیسا سرخ پھولوں والا پودا ۔

Twisted stomach worm/Twisted wireworm : (n) مختلف خیطیہ؛ کیڑوں میں سے کوئی جو طفیلی کیڑوں کی طرح دودھ پلانے والے جانوروں یا چڑیوں کے پیٹ میں ہوتا ہے، خاص عام طور پر جگالی کرنے والے پالتو جانوروں کے پیٹ میں ہوتا ہے ۔

Twistedly : (adv.) اینٹھے ہوئے یا مڑے ہوئے طور پر ؛ اینٹھ کر یا موڑ کر ۔

Twister : (n) (۱) شہتیر؛ گرڈر ۔(۲) وہ جو (یا جو) دھاگا، ڈوری یا اسی طرح کی چیز بناتا ہے خاص کر وہ جو نئے تانے کے دھاگوں کو موڑتا ہے ۔ (۳) دھاگا وغیرہ بنانے کی ایک میکانکی ترکیب ۔ (٤) چاروں طرف ایک کنارے سے دوسرے کنارے تک گھمانے یا موڑنے والا یا اس طرح یا اُس طرح موڑتا ہے ۔(٥) (مجازاً) وہ جو چکمہ یا فریب دیتا ہے ؛ (کرکٹ وغیرہ) چکر کھانے والی گیند ۔ (٦) کسی چیز کو خم کرنے والا؛ جھکانے والا یا لپیٹنے والا شخص ۔ (۷) مروڑنے والی یا مروڑی یا تشنج پیدا کرنے والی چیز؛ خاص کر (مجازاً) درہم برہم کرنے والی اور حیرت میں ڈالنے والی کوئی چیز ۔ (۸) (عامیانہ) چکرا دینے والا مسئلہ؛ اعتراض یا دلیل ۔ (۹) کوئی مشکل، شدید، پریشان کن اور حیران کن مسئلہ ۔

Twister-in : (n) پارچہ بافی کا کارندہ جو (سوت) بٹتا ہے یا تانے کے لئے دھاگوں کو آخری حصوں میں جو پہنی یا کنگھی کرنے میں چھوٹ گئے ہوں باندھتا ہے ۔

Twisthand : (n) فیتہ ساز؛ تسمہ ساز؛ قیطون یا جھالر ساز۔

Twistical : (a) دیکھو Crooked؛ خم دار؛ مڑا ہوا؛ بل کھایا ہوا؛ ٹیڑھا میڑھا؛ دیکھو Devious ؛ پیچ دار؛ چکر کا؛ کج راہ؛ کج رو ؛ دیکھو Tortuous؛ پیچ در پیچ؛ پیچ دار؛ (نباتیات) مروڑی دار ۔

Twistification : (n) (۱) اینٹھنے، مروڑنے، بٹنے، بل دینے کا عمل؛ کوئی مروڑی ہوئی بل دی ہوئی چیز ؛ دیکھو Tortuosity ؛ پیچدگی ؛ پیچ دار ہونا ۔ (۲) South and midland ایک قسم کا رقص ۔

Twistify : (v) اینٹھنا؛ مروڑنا؛ بل دینا؛ پیچدار بنانا؛ بٹنا ۔

Twistiness : (n) چکر دار یا پیچ دار ہونے کی صفت یا حالت دیکھو Tortuosity؛ پیچیدگی؛ پیچ دار ہونا؛ دیکھو Sinuosity؛ لہر دار؛ چکر دار؛ پیچدار ۔

Twisting : (n) فریب کاری سے کسی کی بیمہ پالیسی کو تمادی کرا دینا اور دوسری کمپنی کی پالیسی دلوانا ۔

Twisting-in : (n) نئے تانوں کے آخری حصوں کو پرانے تانوں کے حصوں سے ملا دینا یا منسلک کر دینا ۔

Twistle : (n) دیکھو Twist

Twists and turns : (n) زور کا جھٹکا؛ زور سے مروڑنا؛ کھینچنا؛ سنسی؛ پیچ کش؛ پیچیدہ موڑ ۔

Twisty : (a) پیچ دار؛ بلدار؛ اینٹھا ہوا؛ بٹا ہوا؛ چکر سے بھرا ہوا؛ چکر دار؛ خمدار؛ مروڑ یا بل سے بھرا ہوا؛ پیچ در پیچ؛ (مجازاً) بے ایمان؛ پیچ و خم والا؛ دیکھو Devious؛ دیکھو Evasive ؛ ٹالنے والا؛ لیت ولعل کرنے والا؛ حیلہ ساز ؛ دیکھو Tricky ؛ دغا باز؛ چالباز؛ فریبی؛ کائیاں ؛ ہوشیار؛ چالاک؛ عیار ۔

Twit : (n) (۱) مضحکہ خیزی؛ طعنہ زنی یا ملامت کرنے کا عمل؛ (ہلکے طور پر) ملامت یا سرزنش؛ طعنہ ۔(۲) (برطانیہ) احمق؛ زود رنج یا چڑی شخص ۔(۳) عصبی المزاج ہونے یا دفعتاً چڑھ جانے کی حالت ۔

Twit : (n) دیکھو Chirp

Twit : (n) [Origin unkn.] سوت میں یا اون یا روئی کی پونی میں نقص ۔

Twit : (v) (۱) الزام دینا؛ ملامت کے ساتھ قصور نکالنا؛ (کسی شخص کو) جھڑکنا ؛ ملامت کرنا

(خاص کر ہلکے طور پر یا غصہ ظاہر کرتے ہوئے) ؛ (کسی پر) تہمت دھرنا؛ طعنہ دینا ۔ (۲) قصوروار ٹھہرانا؛ سرزنش کرنا؛ جھڑکنا؛ ڈانٹنا؛ توبیخ کرنا؛ خواہ مخواہ اعتراض کرنا؛ نکتہ چینی کرنا ۔ (۳) مضحکہ یا ملامت کا نشانہ بنانا ۔

Twit-twat : (n) کنجشک خانہ؛ گوریا؛ دیکھو House sparrow ۔

Twitch : (n) (۱) جھٹکا؛ اچانک زور کا جھٹکا یا کھینچاؤ؛ جنبش؛ پھڑک؛ توڑنا؛ چھیننا؛ ہلکا جھٹکا؛ ہلکی حرکت ۔ (۲) شدید درد؛ چبھن؛ چٹکی؛ درد کی ٹیس؛ خلش؛ مروڑ؛ اینٹھن؛ چبھن؛ اکثر ذہنی تکلیف ۔ (۳) سرک پھندا یا پھندا؛ ایک خاص قسم کا آلہ جس کی وجہ سے عمل جراحی کے دوران گھوڑا حرکت نہیں کر سکتا ۔ (٤) (کان کنی) رگ معدن کے اندر یا اس کا حصہ جہاں پر یہ دبایا جاتا ہے اور چھوٹا کیا جاتا ہے ۔ (٥) تیز، بلا ارادہ یا قصد عام طور پر پٹھے یا عضلے وغیرہ کی ہلکی حرکت یا جنبش (خاص طور پر اعصابی، عضلاتی) لرزہ آور یا تشنجی جھٹکا یا تھرتھراہٹ ۔

Twitch : (n) ایک قسم کی گھاس جس کی جڑیں دور تک پھیلتی ہیں؛ دوب ۔

Twitch/Twitch-grass : (n) (۱) ایک قسم کی گھاس جیسے Triti-cum repens ۔ (۲) ایک قسم کی گھاس، Couch grass, Fox-tail گھاس کی ایک قسم ۔ (۳) نجیل؛ دوب؛ بید گیاہ ۔

Twitch : (v) (۱) دفعتاً یا اچانک جھٹکا دینا؛ توڑنا؛ جنبش دینا؛ پھڑکنا ۔ (۲) (کسی چیز کو) تیزی سے یا زور سے کھینچنا؛ گھسیٹ لینا؛ تشنجی حرکت دینا یا ہونا ۔ (۳) جھٹکے سے یا اچانک کھینچنا یا لے لینا؛ توڑنا؛ چھین لینا ۔ (٤) سنسی سے یا اسی طرح کی کوئی چیز سے چٹکی لینا؛ کھینچنا؛ تکلیف دینا (چٹکی وغیرہ لے کر) ۔ (٥) (کان کنی) (کچی دھات کی رگ معدن) گھٹنا؛ ختم ہو جانا؛ نیز (مجازاً) (چٹان کا) (کسی چیز پر) جھکنا اور گھٹنا یا بند کرنا ۔ (٦) ڈوری سے یا اسی طرح کی کوئی اور چیز سے خوب کسنا؛ مضبوط باندھنا؛ مضبوطی سے (باندھ کر) محفوظ کرنا ۔

Twitch : (v) (بول چال) گھاس کو اکٹھا کرنا اور ضائع کرنا؛ نیز (مجازاً) (زمین کو) گھاس سے صاف کرنا ۔

Twitch road : (n) وہ سڑک جس کے ذریعے لکڑی کے کندے لے جائے جاتے ہیں (تجارت کے لئے) ۔

Twitchel : (n) [ME.] (۱) پھندا ۔ (۲) جھاڑیوں کے درمیان کا راستہ ۔

Twitchels : (v) (انگریزی روز مرہ) سرک پھندے سے باندھ دینا ۔

Twitcher : (n) جھٹکا دینے والا؛ کس کر باندھنے والا؛ کھینچنے والا؛ دفعتاً جھٹکا یا جنبش دینے والا ۔

Twitchfire : (n) زمین کی گھاس کو جلانے کے لئے آگ ۔

Twitchy : (a) بے قرار؛ بے چین؛ چلبلا ۔ ۔

Twite : (n) [Imitative.] زو فنیقیہ کوہ ؛ پہاڑی چڑیا؛ لینٹ (linnet) کی قسم کا ایک پرند ۔

Twite-finch : (n) ایک قسم کی چھوٹی سی پہاڑی چڑیا ۔

Twitelark : (n) دیکھو Meadow pipit ؛ (روز مرہ انگریزی) عام قسم کا چنڈول (پرند) ۔

Twitten : (n) (مقامی انگریزی) تنگ یا کم چوڑی گلی ۔

Twitter : (n) (۱) دہشت انگیز ہل چل یا تحریک ؛ وحشیانہ اشتعال یا جوش کی انتہا؛ تھرتھرانا یا کانپنا ؛ تھرتھری؛ کپکپی ۔ (۲) چڑیوں کی چہچہاہٹ ؛ چڑیوں کی چوں چوں؛ ٹر ٹر؛ بڑ بڑ؛ بکواس ۔

Twitter : (n) (۱) سفید بھُر بھرے روغنی مادے والی وہیل مچھلی کے غلاف کا فضلہ تیل نکالے جانے کے بعد ۔ (۲) اسپرم وہیل کے غلاف پر استر کا کام دینے والی موٹی، سخت نسیج ۔

Twitter : (n) [Late ME.] (۱) (حیوانیات) چہچہا؛ چہچہانے یا چوں چوں کرنے یا لرزاں جوش کی حالت؛ بیجانی حالت ؛ پھڑپھڑاہٹ ؛ تھر تھراہٹ ۔ (۲) ہلکی لرزش کے ساتھ چوں چوں؛ نیز (مجازاً) اس کے مشابہ آواز ۔

Twitter : (v) (۱) (چڑیا) ہلکی تھر تھراہٹ کے ساتھ سُر میں مسلسل بولنا؛ کانپتے ہوئے مسلسل چوں چوں کرنا یا چہچہانا ۔ (۲) (مجازاً) (آدمی کے لئے) گانا؛ ہلکے ہلکے ہنسنا؛ احمقانہ ہنسی ۔ (۳) (چڑیا) چہچہانا یا چوں چوں کر کے ظاہر کرنا ۔ (٤) لرزاں؛ تھر تھراتے ہوئے، کانپتے ہوئے آگے بڑھنا خاص کر جوشِ جذبات، اشتیاق میں یا خوف سے کانپنا؛ گھبراہٹ یا بے چینی میں ہونا ۔

Twitteration : (n) (۱) دیکھو Flutter ۔ (۲) دیکھو Twitter ۔ (۳) دیکھو Tizzy ۔ (٤) انتہائی جذباتی اور احمقانہ طور پر پریشان کن، حیران کن دماغی حالت، خاص کر ادنیٰ سی بات کے لئے ۔

Twitterboned : (a) (روز مرہ برطانیہ) (گھوڑا) کُھر؛ سُم پر پھوڑا، پھنسی والا۔

Twitterer : (n) چہچہانے والا پرند؛ جوش و جذبات یا خوف سے کانپنے والا؛ تھر تھرانے والا شخص ۔

Twittering : (n) چڑیوں کا ہلکی لرزش کے ساتھ چوں چوں کرنا؛ لرزاں آواز یا اسی طرح کی آواز ۔

Twittery : (a) اعصابی طور پر یا زود حسی سے پر ہیجان یا علیل (عورت)۔

Twitty : (a) (۱) (روز مرہ برطانیہ) بد مزاج؛ چڑچڑا؛ نازک مزاج؛ تنک مزاج؛ زودرنج ۔ (۲) دیکھو Chirping ۔

Twitty : (a) (سوت) قطر یا موٹائی میں تبدیل پذیر یا مروڑ سے بھرا ہوا؛ کافی بل دار؛ الجھا ہوا ۔

Twixt : (prep.) [ME.'twix' short for 'betwix'.] کی Atwix betwix سر سقاطی شکل ۔

Twizzle : (v) (برطانیہ) دیکھو Spin ۔

Twizzle-twig : (n) شمالی (Temperate zone) کے علاقے کے مختلف پودوں میں سے کوئی پودا جو عام طور پر ہوتا ہے، خاص کر (Juncus and scirpus) کی جنس کا پودا ۔

Two : (n) [OE. 'twa'.] (۱) دو، ۲ (عدد) ۔ (۲) دو (عدد) جس سے شخص یا چیز ظاہر ہو۔ (۳) جفت؛ ایک کارڈ؛ کھیل کا مہرہ یا پانسے کا ایک رخ جس پر دو نشان یا نقطے ہوں ۔ (٤) (فوج) دو آدمیوں کا جوڑا جو فوجی ورزش میں پوری صف کے ساتھ گھومے ۔ (٥) دو ڈالر کا بل ۔

Two : (a) (۱) دوسرا دو مختلف (چیزیں) ۔ (۲) دو ممتاز (شخص یا اشخاص) ۔ (۳) (غیر معین مختصر امداد) محض دو تین ۔ (٤) (کرکٹ) ایک ضرب میں دو "رن" (بنائے جائیں) ۔

In two : دو ٹکڑوں میں یا حصوں میں ؛ دو زیادہ یا دو کم مساوی حصوں میں ۔

In two twos : بہت ہی کم وقت میں؛ بہت جلد ۔

One and two : چند؛ کچھ؛ دو ایک ۔

To be in two minds : حیص بیص میں ہونا؛ تذبذب میں ہونا، ڈانوا ڈول ہونا ۔

To divide in two parts : دو حصوں میں تقسیم کرنا ۔

To put two and two together : چند باتوں کو سوچنا یا ان پر غور کرنا اور نتیجہ نکالنا ۔

To say and to do are two things : کہنے اور کرنے میں بہت فرق ہے؛ کہنا اور ہے اور کرنا اور ۔

Two : (n) [ME. twa two.] دو عدد ۔

Two : (pron.) (۱) دو اشخاص یا اشیاء ۔ (۲) کسی چیز کی ظاہر کی ہوئی اندازاً چھوٹی تعداد ۔

Two : (n) (۱) دو ۔ (۲) دو اکائیاں یا چیزیں؛ دو کا مجموعہ یا سیٹ ۔ (۳) ۲ بندسے ۔ (٤) دو بجے (گھڑی) ۔ (٤) دوسرا ایک منٹ یا سلسلے میں ۔

Two-a-day : (a) (۱) ایک دن میں دو مرتبہ استعمال کیا ہوا یا پیش کیا ہوا ۔ (۲) غنائی ناٹک کا پورا کھیل دوبارہ روزانہ پیش کرنے والا ۔

Two-a-day : (n) دوبار روزانہ استعمال کی ہوئی یا پیش کی ہوئی چیز خاص کر غنائی ناٹک کا کھیل دو تماشوں کے ساتھ روزانہ ۔

Two-along/-on : (adv.) ساتھ سے سلے ہوئے دھاگوں سے (کتاب کے) ایک کے بعد دوسرے حصوں کے آخری سروں پر باندھا ہوا ۔

Two-and one-half striper : (n) بحری افسر لفٹیننٹ کمانڈر سے نیچے درجے کا اور لفٹیننٹ جونیر سے اوپر ۔

Two and two : (n) دو سیٹ میں ۔

Two and two make four : ناقابلِ انکار بیان کے لئے استعمال ہوتا ہے؛ بدیہی؛ ناقابلِ تردید ۔

Two-arched : (a) دو عظم صدغی درزوں والا ۔

Two-base hit/-bagger : (n) (کرکٹ) بلے باز کا گیند کو اس طرح سے مارنا کہ وہ دوسرے (Base) تک بہ آسانی پہنچ سکے؛ double base تک ۔

Two-beat : (a) (۱) یکے بعد دیگرے تالوں سے زور دیا ہوا ۔ (۲) دو تالے کا بجانے والا یا اس کا شائق ؛ دو تالا (jazz) رقص کرنے والا ۔

Two-bid : (n) دو کی بولی کسی رنگ میں ؛ ایک قسم کےتاش کے کھیل میں خاص کر ابتدائی بولی ۔

Two-bill : (n) دیکھو Twi bill

Two-bit : (a) (۱) دو چھوٹے سکوں کی قیمت کا ۔ (۲) ادنیٰ؛ غیر اہم ۔

Two bits : (n) (۱) چوتھائی ڈالر کی قدرو قیمت ۔ (۲) کوئی چیز ادنیٰ یا معمولی قسم کی؛ کم قدر و قیمت کی چیز؛ حقیر چیز ۔

Two-block : (v) (۱) (بادبان چڑھانے، اتارنے کےسازو سامان (مثلاً رسی، چرخی وغیرہ) کھینچنا۔(۲) انھانا؛ بلند کرنا؛ چڑھانا (مثلاً سگنل کا جھنڈا یا لنگر) ۔

Two-blocks : (adv.) (۱) نزدیک نزدیک ۔ (۲) بھر پور ؛ کھچا کھچ ۔

Two-body problem : (n) دو اجرام فلکی کے مرکز ثقل، حجم، مقام اور رفتار جب دیئے گئے ہوں تو ان کی سابق یا مابعد حرکت اور مقادیر معلومات کو طے کرنے کا مسئلہ یا قضیہ ۔

Two-bottle : (n) وہ جو دو بوتل شراب ایک محفل میں پی سکتا ہے؛ ایک ساتھ دو بوتل شراب چڑھا جانے والا۔

Two-bottom plow : (n) دو ریگھاری بہ یک وقت بنانے کے لئے لوھے کی دو پتر والا پھال ۔

Two- by - four : (n) ایک لکڑی کا ٹکڑا جس کی لمبائی $۱\frac{۵}{۸}$ انچ اور چوڑائی $۳\frac{۵}{۸}$ انچ ہو ۔

Two-by-four : (a) (۱) دو اکائی کو چار سے تقسیم کرنے والا ۔ (۲) چھوٹا؛ ادنیٰ؛ اینٹھا ہوا؛ مڑا ہوا ۔

Two-by-twice : (a) سائز میں محدود؛ چھوٹا؛ دبایا ہوا ؛ اینٹھا ہوا ۔

Two by two : (adv.) دو بہ یک وقت؛ دو دو کر کے ۔

Two can play at that game : (دھمکی کے موقع پر) ہم کو بھی آتا ہے؛ اچھا دیکھا جائے گا ۔

Two-card-poker : (n) تاش کا کھیل جس میں ہر کھلاڑی کے ہاتھ میں صرف دو پتے ہوتے ہیں ، جوڑا سب سے اونچا ہاتھ ہوتا ہے ۔

Two-centered arch : (n) محراب جس کا اندرونی خم دو مرکزوں سے بنایا جاتا ہے ۔

Two-cents : (n) (۱) کوئی رقم یا چیز بہت کم قیمت کی ؛ حقیقتاً کچھ نہیں ؛ حقیر رقم ۔ (۲) دو مرکزی محرابیں ۔

Two-cents worth : (n) کسی مسئلے پر دی ہوئی بے وقعت رائے ۔

Two-charge rate : (n) ایک شرح مقدار کی بنیاد پر (مثلاً بجلی) جسے خرچ کرنے والے نے استعمال کیا ہو اور اس کے زیادہ سے زیادہ مطالبے پر (مقرر ہو) ۔

Two-cleft : (a) (نباتیات) شگافتہ ؛ جوتقریباً دو حصوں میں منقسم ہو ۔

Two-club-system : (n) تاش کے (Contract bridge) کھیل میں بولی کا ایک طریقہ ۔

Two-colour : (a) (۱) دو رنگی؛ دو رنگ والا ۔ (۲) (فوٹو میکانکی عمل کے) دو رنگوں میں چھپی ہوئی (تصویر) ۔

Two-control airplane : (n) بغیر متحرک ضمنی حصے والا ہوائی جہاز جسے پچھلے بازو کے پنکھ سے کنٹرول کیا جاتا ہے ۔

Two-course : (a) کھیت کو دو حصوں میں تقسیم کرکے یکے بعد دیگرے جوتنے اور کاٹنے والا؛ کاشتکاری طریقہ ۔

Two-cycle : (a) دو ضربی سائیکل رکھنے والا ۔

Two-decker : (n) (۱) پرانے زمانے کا دو عرشوں والا جہاز یا کشتی، خاص کر جنگی جہاز جس کے دو عرشوں پر توپیں وغیرہ رکھی جاتی تھیں ۔ (۲) (مجازاً) کوئی چیز جو دو درجوں پر مشتمل ہو؛ ٹرام گاڑی وغیرہ جس میں بیٹھنے کی جگہ اوپر چھت پر ہو اور اس پر دوسری چھت ہو؛ دو سطحوں والی گاڑی ۔

Two-decker : (a) دو عرشوں، سطحوں، طبقوں یا درجوں والا؛ دو عرشوں والا ۔

Two-demand bid : (n) تاش کے برج کھیل میں ایک بولی جس میں شریک کھیل کا ایک خاص رد عمل ۔

Two-demand system : (n) تاش کے Contract bridge کھیل میں بولی کا ایک طریقہ ۔

Two-dimensional : (a) (۱) دو ابعاد کا خاص کر اس کے نقطوں کے خطوط والا جن کا انحصار دو آزاد تغیر پذیر چیزوں پر ہے؛ دو ابعادی ۔(۲) ابتداً بنایا ہوا جیسے زمین کی سطح کی ترتیب؛ میکانکی؛ چوبی ۔ (۳) سیرت یا کردار نگاری میں ادبی گہرائی کا فقدان ۔(٤) خاص کر ایسا نہیں بنایا ہوا کہ گہرائی کا دھوکا ہو یا تغیر پذیر دوری معلوم ہو ۔

Two-dimensional motion : (n) ہم سطحی حرکت ۔

Two-dimensional jet engine : (n) ہوائی جہاز کےجیٹ قسم کے انجن کا دھکیلو نظام ۔

Two-dimensionality : (n) دو ابعادی پہلو یا صفت والی چیز ۔

Two-dimensionally : (adv.) دو ابعاد سے یا دو ابعاد کے ساتھ۔

Two-dollar broker : (n) وہ دلال جو دوسرے مہاجنی (کاروبار) رکن کے لئے ایک سو ڈالر پر دو ڈالر کمیشن لیتا ہے ۔

Two-double : (a) دو گنا؛ دوہرا ۔

Two-edged : (a) (۱) (تلوار وغیرہ) دو دھاری؛ دو دُم؛ ذوالفقار۔(۲) (مجازاً) دو رخی؛ دو جہتی؛ ذو معنی (دلیل، تعریف وغیرہ) ۔(۳) دیکھو Double- edged ۔

Two-egg : (a) (۱) دیکھو Dizygotic ۔(۲) برادرانہ ۔

Two-em dash : (n) طباعتی نشان، چھوٹے ہوئے حروف یا الفاظ ظاہر کرنے کا (– –) – (طباعتی نشان) جو دو ایم چوڑا ہو ؛ پیمانہ جس سے ایک سرے کی مقدار مطبوعہ کا حساب کرتے ہیں ۔

Two-ended : (a) دو مقصد رکھنے والا، خصوصاً دو مختلف خصوصیات کا حامل مثلاً سنگ مقناطیس ۔

Two-eye-berry : (n) (۱) امریکی چڑھنے والا پودا (بیل) ۔ (۲) دیکھو Twin flower ۔

Two-eyed : (a) دو آنکھوں والا (عینک وغیرہ) جو دونوں آنکھوں سے مطابقت رکھتا ہو ۔

Two-faced : (a) (۱) دیکھو Double- faced ۔(۲) فریبی ؛ مکار؛ جھوٹا؛ دغاباز؛ دھوکے باز ۔

Two-facedly : (adv.) فریب سے؛ دغابازی سے ۔

Two-facedness : (n) مکاری؛ چالاکی؛ عیاری؛ دغابازی ۔

Two-family house : (n) ایسا مکان جس میں دو خاندان اس طرح رہیں کہ بیچ میں ایک قناتی دیوار ہو اور دونوں اغل بغل رہیں یا ایسا مکان (دومنزلہ) جس میں دو خاندان اوپر اور نیچے کی منزلوں میں رہیں ۔

Two-field : (a) دیکھو Two-course

Two-fisted : (a) قوی؛ پُرزور؛ قوی الباہ؛ ہٹاکٹا؛ طاقت ور؛ مردانہ؛ مردانگی ۔

Two-foot : (a) ناپ دوفٹا، لمبا، چوڑا یا موٹا؛ دوفٹا (رول) ۔

Two-footed : (a) [Late ME.] دو فٹا، دوفٹ کا؛ دو پاؤں کا ۔

Two-foot octave : (n) دیکھو One- line octave

Two-foot pitch : (n) نے دار ارغنوں کا سُر ۔

Two-forked : (a) دو حصوں میں تقسیم کیا ہوا، جیسےکسی قدر کانٹے سے کٹا ہو ؛ دو فرعی؛ دوکاٹ؛ دو قسمی؛ دوشاخی ۔

Two-forty : (n) میل کی رفتار دو منٹ اور چالیس سکنڈ میں؛ تیز رفتاری ۔

Two-four/Two four-time : (n) تیز رقص ۔

Two-gun : (a) دو بندوقیں لے جانے والا؛ دو بندوقیں استعمال کرنے میں ماہر ۔

Two-hand : (n) [Late ME.] (۱) دو ہتھا؛ دونوں ہاتھوں سے کام کرنے کے لائق ۔(۲) دیکھو Two- handed ۔

Two-handed : (a) (۱) دوہتھا؛ دونوں ہاتھوں سے کام کرنے کے لائق؛ دونوں ہاتھوں سے چلایا ہوا؛ دونوں ہاتھوں سے کیا جانے والا (مثلاً آرہ کشی) ؛ دو آدمیوں سے مل کر کیا جانے والا (کام) ۔(۲) دو دستی؛ دو دستہ (تلوار وغیرہ) ؛ قابل؛ ماہر؛ سبک دست؛ طاقتور؛ قوی؛ تنومند؛ مضبوط؛ تندرست؛ توانا؛ دونوں ہاتھوں سے یکساں کام کرنے والا ۔(۳) (تاش) دو آدمیوں سے کھیلنے کا ۔

Two-handedly : (adv.) دونوں ہاتھوں سے کام کرتے ہوئے ؛ دونوں ہاتھوں سے (مضبوطی سے پکڑ کر) ۔

Two-handedness : (n) دونوں ہاتھوں سے کام کا ہونا؛ انجام پانا ۔

Two-headed : (a) (۱) دو سر کا ۔ (۲) (مجازاً) دو افسر یا

Two-man : (a) (۱) دو افراد کا یا ان سے متعلق؛ دو افراد کا کیا ہوا، پیش کیا ہوا ۔(۲) جس سے دو ماہرین فن کے کام کا خاکہ ظاہر ہو ۔

Two-master : (n) دو مستولی جہاز۔

Two-minded : (a) کسی چیز کی طرف دو مخالفانہ یا غیر مناسب رویہ رکھنے والا ۔

Two-monthly : (a) ہر دو ماہ پر واقع ہونے والا؛ دو ماہی ؛ دوماہا ۔

Two-name paper : (n) قابل انتقال دستاویز جس پر دو دستخط ہوتے ہیں دونوں فریقوں کے جو پابند ادائی ہوتے ہیں (واجب الادا رقم کی) ۔

Two-nerved : (a) دو اعصابی، خاص کر دو اصل رگ والا ۔

Two-oar : (n) دو چپوؤں والی کشتی ۔

Two-old cat/Two o'cat : (n) ایک قسم کا کھیل جو دو بلے بازوں کے ساتھ کھیلا جاتا ہے ۔

Two-on : Two- along کا متبادل ۔

Two-pair : (a) (۱) (برطانیہ) تیسری منزل پر واقع دو مسلسل سیڑھیوں کے اوپر ۔(۲) دو جوڑے والا ۔

Two-pair : (n) تیسری منزل پر قیام گاہ ۔

Two-part : (a) دو حصوں پر مشتمل (جیسے موسیقی کا کوئی ایک حصہ یا دو ایکٹروں کے لئے کسی ڈرامے میں ادا کاری) ۔

Two-part : (n) دوتہائی؛ تین حصوں میں سے ایک ۔

Two-parted : (a) دو حصوں میں منقسم؛ دو درزہ ۔

Two-part time/Two-part measure : (n) دیکھو Duple-time

Two-party : (a) (امریکا سیاسیات) دو بڑے سیاسی فریقوں پر مشتمل (جماعت) جن کی ووٹ کی طاقت تقریباً یکساں ہو اور ایک کو دوسرے فریق سے کسی طرح کی مخالفت نہ ہو ۔

Two-piece : (a) دو علاحدہ ٹکڑوں پر مشتمل خاص کر لباس ملتا جلتا، لیکن اوپر اور نیچے کے حصوں کے اعتبار سے الگ ۔

Two-piece/-piecer : (n) لباس (رنگ اور تراش کے لحاظ سے)

حکمراں والا یا دو افسروں یا حکمراں کے تابع (شخص)۔

Two-headed snake : (n) (۱) ایک سانپ گھٹل دُم والا جو سر سے مشابہ ہوتی ہے ۔(۲) Amphisbaenidae کی جنس کی لنجی چھپکلی ۔

Two-high : (a) اوپر تلے دو بیلنوں کے ساتھ بیلن دار مل کا ۔

Two-hole : (n) (دلکی یا قدم چال کی گھڑ دوڑ میں) جڑے ہوئے گھوڑوں کی گھڑ دوڑ میں عقبی گھوڑے کی پوزیشن بہ نسبت پیش رو گھوڑے کی جو بائیں طرف ہو بہتر ہو ۔

Two-holer : (n) دو سوراخوں والا بیت الخلا ۔

Two kettle : (n) ڈکوٹا (Dakota) قوم، ٹیٹن (Tetons) قوم کا ایک حصہ یا جزو ۔

Two-leaved : (a) (۱) دو پتیوں کا؛ دو مڑنے والے حصوں کا یا دو قلابوں کا (مثلاً دروازہ ، ٹیبل وغیرہ) ۔ (۲) بغیر پنکھڑیوں کے پتے والا یا دو پنکھڑیوں کا؛ جڑواں پتیوں کا؛ دوبرگہ ۔

Two-leaved Soloman's seal : (n) (۱) شمالی امریکا اور کناڈا کے علاقوں کا چھوٹا دولبہ پودا ۔(۲) دیکھو Mid- dle and leg ۔

Two-leg : (n) وہ کھلاڑی جو بیچ اور دائیں جانب کے وکٹوں کی حفاظت کرتا ہے ۔

Two-legged : (a) دو پاؤں والا ۔

Two-line : (a) (طبیعیات) (مقررہ) سائز سے دگنے سائز کا (ٹائپ)۔

Two-lined chestnut borer : (n) شاہ بلوط کے درخت میں سوراخ کرنے والا کیڑا ، خاص کر گہری سیاہی مائل زرد رنگ کا دھاری دار بھونرا ۔

Two-lipped (lipt) : (a) دولبہ؛ (خاص کر نباتیات میں) کاسبہء گل؛ برقعہء گل؛ مسند گل ۔

Two-man : (a) (۱) دو افراد کا یا ان سے متعلق؛ دو افراد پر مشتمل؛ دو افراد کا کیا ہوا؛ لایا ہوا یا پیش کیا ہوا ۔(۲) دو ماہرین فن کا بنایا ہوا (خاکہ) دو افراد کے لئے مخصوص کیا ہوا یا محدود کیا ہوا؛ دو آدمیوں کا انتظام کیا ہوا یا منضبط کیا ہوا ۔

لیکن اوپر نیچے کے حصے علاحدہ، جیسے کوٹ اور پتلون۔

(۱) مخمل کا (جس میں تانے دو دھاگوں سے دونی دبازت کے لئے بنائے جاتے ہیں)۔(۲) پانی گرم کرنے یا بھاپ بنانے کی ایک ترکیب سے متعلق۔ Two-pile : (a)

اس طرح کے ریشم سے بنا ہوا۔ Two-piled : (a)

فٹ بال کھیل میں جارحانہ اور مدافعانہ کھیل کی الگ الگ مشق۔ Two-platoon system : (n)

(۱) دوہرے کپڑے کی طرح بنا ہوا۔ (۲) دو پرتوں پر مشتمل۔ Two-ply : (a)

دو پرتوں پر مشتمل ایک تختہ۔ Two-ply : (n)

(۱) دو نقطوں یا دو لفظوں والا۔ (۲) دو نقطوں سے ملا ہوا یا دو نقطوں پر سہارا دیا ہوا۔ Two-point : (a)

ہوائی جہاز کا اترنا جس میں یہ اول زمینی سطح پر دو مخصوص پہیوں کے ذریعے اترتا ہے۔ Two-point landing : (v)

اجناس کی قیمت سے متعلق قانون جس کی رو سے درون ملک فروخت کے لئے نرخ مقرر ہو لیکن بر آمدی فروخت کے لئے قیمت کی پابندی نہ ہو۔ Two-price : (n)

(۱) دو نشستی موٹر گاڑی یا ہوائی جہاز جس میں دو آدمیوں کے لئے بیٹھنے کی جگہیں ہوں۔(۲) کوئی چیز خاص کر موٹرگاڑی جس میں دو بیٹھنے کی جگہیں ہوں، آگے اور پیچھے۔ Two-seater : (n)

دوبار اون تراشی ہوئی بھیڑ۔ Two-shear : (n)

دوبار اون تراشی ہوئی (بھیڑ)۔ Two-shear : (a)

فوٹو کیمرا سے لی ہوئی دو آدمیوں کی تصویر۔ Two-shot : (n)

دو طرفہ؛ دوجانبہ؛ (مجازاً) دو حصوں یا پہلوؤں کا؛ دو رُخا؛ فریبی۔ Two-sided : (a)

دو جانبیت؛ دو رخاپن۔ Two-sidedness : (n)

دورُخا؛ دو پہلوؤں کا؛ یا دو فریقوں کا۔ Two-speed : (a)

بائیسکل وغیرہ جس کی رفتار دو نمبر بڑھائی جا سکتی ہے۔ Two-speed : (n)

(۱) غیر اہم شخص یا چیز، خاص کر تاش کے ایک رنگ کے کوئی دو پتے۔(۲) دو ڈالر کا بل۔ Two-spot : (n)

ایک یورپی بادامی رنگ کا شکار خور بھونرا جو اب شمالی امریکا میں عام طور پر پایا جاتا ہے۔ Two-spotted ladybird : (n)

(۱) اوسط درجہ افضلیت کا۔(۲) (فوجی عہدہ) میجر جنرل کا یا نائب امیر البحر سے نیچے درجے کا۔ Two-star : (a)

(۱) گردشی رقص پھسلتے قدموں کے ساتھ دوہرے سُروں میں۔(۲) ایک قسم کی ساتھ کی موسیقی؛ سنگت ناچ۔(۳) ایک قسم کا رقص۔ Two-step : (n)

دو قدمی گردشی رقص کرنا۔ Two-step : (v)

دو منزلہ (عمارت)۔ Two-story/-storied : (a)

چھوٹی سونڈ والا ملخ؛ ٹڈا جس جس کی پیٹھ پر دو چوڑی دھاریاں ہوتی ہیں؛ کھیتوں میں لگی فصلوں کےلئے تباہ کن کیڑا۔ Two-striped grasshopper : (n)

(۱) دیکھو Lieutenant۔(۲) بحری افسر لفٹیننٹ کمانڈر سے نیچے درجے کا اور لفٹیننٹ جونیر گریڈ سے اوپر۔ Two-striper : (n)

دو ضربی احتراقی انجن۔ Two-stroke : (n)

دو ضربی احتراقی انجن والی سائیکل۔ Two-stroke cycle : (n)

(۱) (تاش) برج میں ایک کھلاڑی کے پاس تیرہ پتوں میں جب صرف حکم، پان، اینٹ اور پھول میں سے دو رنگ ہوں، اور دونوں کے پانچ یا سات پتے ہوں۔ (۲) ایک آدمی کے کپڑے رکھنے کی الماری (Ward robe) کا خانہ اس طرح بنا ہوا ہو کہ اس میں دو سوٹ اور اس کے لوازمات رکھے جائیں۔ Two-suiter/Two-suit hand : (n)

دو پوائنٹ میں سے کسی ایک سمت برقی رو کو چلانے یا بند کرنے کا طریقہ۔ Two switch : (n)

وہ کار آموز طابع جس نے کارآموزی کی مدت میں کافی کام کیا ہو۔ Two-thirder : (n)

جب حکمران پارٹی ایوان نمائندگان Two-thirds rule : (n)

میں معمولی اکثریت کے بجائے دو تہائی اکثریت سے حکومت کرے ۔

Two-thirds vote : (n) ووٹ جس کےلئے کسی سیاسی منظم جماعت کے دوتہائی ممبران کا ہم رائے ہونا ضروری ہو ۔

Two-three : (a) چھوٹا عدد؛ چند ۔

Two-throw : (a) (۱) دوہرے خم والا؛ دو رخا؛ دو سمتوں میں پھینکے جانے یا گھمائے جانے کے لائق، عام طور پر ایک دوسرے کے مخالف ۔ (۲) دو گردانہ یا گھمیا ایک ساتھ نزدیک ہی ایک دوسرے کے مخالف بٹھایا ہوا ۔

Two-time : (v) (۱) (عامیانہ مجازاً) دھوکا دینا؛ ٹھگ لینا ؛ فریب دے کر لوٹنا؛ فریب سے اڑا لینا (رقم)؛ کسی دوسرے سے محبت کرنا؛ (زوج یا عاشق کو) دھوکا دینا ۔ (۲) دیکھو Double - cross ۔

Two-time : (a) کوئی کام کیا ہوا؛ برداشت کیا ہوا؛ کوئی چیز دوبارہ پایا ہوا (جیسے میڈل یافتہ) ۔

Two-timer : (n) فریبی شخص ؛ دھوکے باز شخص؛ جھوٹا عاشق ۔

Two-timing : (a) فریبی؛ پر فریب؛ دھوکے باز ۔

Two-to-one : (a) گیرے کا یا گیرے والا، رفتار کو کم کرنےیا بڑھانے کے لئے دو میں ایک کے تناسب سے ۔

Two-toed : (a) ہر پاؤں میں دو انگوٹھے رکھنے والا ۔

Two-toed anteater : (n) گلہری کے سائز کا جنوبی امریکا کا دودھ پلانے والا شجری جانور جو زیادہ تر یا بالکل چیونٹیوں کو بطور غذا کھاتا رہتا ہے، یہ خوبصورت سلکی سبز روئیں کی وجہ سے ممتاز سمجھا جاتا ہے ۔

Two-toed sloth : (n) ایک قسم کادودھ پلانےوالا Choloepus کی جنس کا جانور جس کے دو عملی پنجے ہوتے ہیں ہر سامنے کے پاؤں میں اور تین ہر پچھلے پاؤں میں، خاص کر یہ مرکزی امریکا میں پایا جاتا ہے ۔

Two-tone/-toned : (a) کچھ حصے ایک رنگ کے اور دوسرے ، دوسرے رنگ کے یا مختلف درجوں کے مگر ایک ہی رنگ کے؛ دو رنگا ۔

Two-tongued : (a) (۱) (مجازاً) دو زبان کا ۔ (۲) مکار؛ دغاباز؛ دھوکے باز؛ فریبی ۔

Two-tooth : (n) (برطانیہ) مستقل دو دانت والی بھیڑ، جو عام طور پر ڈیڑھ سال کی ہوتی ہے ۔

Two-toothed longhorn : (n) نیوزی لینڈ میں Cerumbycidae کی جنس کا بھونرا جس کا پہل روپ لکڑی میں سوراخ کرکے تباہی کا باعث ہوتا ہے ۔

Two-track : (v) (گھوڑے کا)ایک طرف بہ یک وقت بغیر گردن یا جسم کو موڑے ہوئے آگے بڑھنا ۔

Two-track : (n) (گھوڑے کا) ایک طرف بہ یک وقت بغیرگردن یا جسم کو موڑے ہوئے آگے بڑھنے کا عمل یا حرکت ۔

Two-twenty : (n) ۲۲۰ گز کی دوڑ (دوڑنے یا برف پر پھسلنے یا تیرنے میں) ۔

Two-up : (n) جوئے کا کھیل جو دو سکوں کو لکڑی کے چھوٹے ٹکڑوں سے اچھال کر کھیلا جاتا ہے اور جس میں کھلاڑی سکوں کے چت یا پٹ گرنے کی بازی لگاتے ہیں ۔

Two-valued : (a) سچائی اور جھوٹ میں صرف سچائی کی قدر و قیمت کا حامل ۔

Two-way : (a) دو راہوں ، دو راستوں ، سڑکوں یا نلوں سے ملحق ؛ (ریاضیات) دو شکلی؛ دو جانبہ ، دو ابعاد یا دو جہتوں کی گردان والا؛ دو سمتوں والا۔

Two-way plow : (n) (۱) دیکھو Swivel plow ۔ (۲) ہل کے پھال کے اوپر ٹیڑھا لوہے کا پتر لگا ہوا جس کے ذریعے مٹی اٹھائی اور الٹ دی جاتی ہے ۔

Two-way plug : (n) (۱) دیکھو Current tap ۔ (۲) پلگ (کلید اتصال) لگا کر صدر دور میں ضمنی برقی دور لگانے کی ایک ترکیب ۔

Two-way stretch : (n) (۱) بعض مادی چیزوں میں دو سمتی وسعت پذیری کی خصوصیت ۔ (۲) دو طرفہ بڑھنے والی چیز کا عورتوں کا پٹکا ۔

Two-way switch : (n) دو برقی سوئچوں میں سے ایک جو ایک نکاس کو کنٹرول یا ایک ہی نکاس کا ضابط ہے؛ دو راہی سوئچ ۔

Two-way traffic : (n) دو طرفہ راہ گزار ۔

Two-wheeler : (n) (۱) دو پہیوں کی گاڑی؛ یکہ؛ ٹمٹم ۔ (۲) بچوں کو سکھلانے والی بائیسکل ۔

Two-winged : (a) دو ڈینوں یا بازوؤں والا ۔

Two-winged fly : (n) Diptera کی قسم کا دو پروں والا اِماگی یا اتم یورپی کیڑا ۔

Two-worlds theory : (n) فلسفیانہ ثنویت، خاص کر تعاملی نظریہ کے حاملوں کی ثنویت ۔

Two-year-old : (a) دو سال کی عمر کا؛ دو سالہ (خاص کر جانوروں کے بارے میں بالخصوص بچھیڑا) ۔

Two-year old : (n) ایک جانور (بالخصوص بچھیڑا) یا دو سال کی عمر کا لڑکا ۔

Twofer : (n)[alternative 'two for'.] (۱)تجارت کی ارزاں چیزیں، خاص کر ایک سگار جو ایک نیکل (سکہ جو امریکا میں پانچ سنٹ کا ہوتا ہے) میں فروخت ہوتا ہے ۔ (۲) مفت کا کوپن جس کے بدلے ٹکٹ گھر سے ایک ٹکٹ کی قیمت پر دو ٹکٹ کسی خاص ناٹک کے لئے مل سکیں ۔

Twofold : (a) [ME.] (۱) دوہرا ؛ دو حصوں پر مشتمل ۔ (۲) دگنا؛ دورخا ۔ (۳) (مجازاً) دودلا ۔(٤) سائز، مقدار، رقم وغیرہ میں دگنا ۔ (٥) دو دھاگوں سے بٹا ہوا ۔

Twofold : (adv.) دوتہوں میں ؛ دوتہ کر کے؛ دوگنی رقم کرکے؛ دونا کر کے؛ خمیدہ پشت ہو کر (ضعیفی سے) ۔

Twofoldness : (n) دونا یا دو چند ہونے کی حالت یا صفت ۔

Twofold truth : (n) یہ نظریہ کہ سچائی لازمی طورپر اکائی نہیں ہوتی ہے لیکن اس کا مذہبی اور فلسفیانہ رخ ہو سکتا ہے، ان میں ہر ایک اپنے اپنے دائرے میں صحیح ہوتا ہے تاہم ایک دوسرے کی تردید کر سکتا ہے ۔

Twoling : (n) جڑواں بلور؛ توام بلور ۔

Twoness : (n) دوئی؛ دو ہونا؛ دو ہونے کی حالت یا حقیقت؛ تثنیہ ؛ تثنویت؛ دوہرا ہونا یا دونا ہونا ۔

Twopence/Tuppence : (n) (۱) دو پینی کی مساوی رقم ۔ (۲) دو پینی کے مساوی چاندی کا انگریزی سکہ؛ اس قیمت کے تانبے کا سکہ جو جارج سوئم کی حکومت میں جاری ہوا تھا ۔ (۳) ایک طرح کی بہت قلیل رقم ۔

Not to care twopence : دو پینس کی حقیقت کیا ہے ؛ کچھ پروا نہ کرنا ۔

Twopence-coloured : (a) سستا؛ بھڑک دار ۔

Twopenny : (a) (۱) دو پینس کی قیمت کا؛ جس میں دو پینس خرچ ہوں ۔ (۲) (مجازاً) کم مایہ؛ بہت قلیل قیمت کا؛ حقیر؛ ادنیٰ؛ بے حقیقت؛ سستا؛ محض نمائشی؛ ردی؛ گھٹیا اور بھڑک دار؛ بے مصرف؛ ناکارہ ۔

Twopenny : (n) (۱) Twopenny ale کا مخفف ۔(۲) بچے یا کمسن یا کم رتبہ آدمی کو پکارنے کا ایک طریقہ ۔ (۳) (بول چال) (بطور صفت) چھوٹے دماغ کا ۔

Twopenny ale : (n) ایک قسم کی شراب جس کی قیمت ابتدا میں فی quart دو پینس تھی ۔

Twopenny-grass : (n) Money-wort چڑھنے والا، نرم پتے والا پودا ۔

Twopenny-halfpenny : (a) (۱) دو پینس نصف پینی کی قیمت کا ۔ (۲) محض کم قیمت کا؛ ادنیٰ یا معمولی قیمت کا ۔

Twopenny-tube : (n) لندن کی مرکزی ریلوے کا ابتدائی نام، یہ ریلوے سنہ ۱۹۰۰ میں چالو ہوئی تھی، اس کا کرایہ کسی مسافت کے لئے دو پینس تھا ۔

Twopenny worth : (a) دو پینس کی قیمت کا؛ (مجازاً) ایک قلیل رقم ۔

Twos : (v) مخالف جنس کے ایک رکن کے ساتھ ارد گرد گھومنا ۔

Twoscore : (n) تعداد میں چالیس ۔

Two score : (a) چالیسواں؛ ایک چلے کا ۔

Twosome : (a) (۱) دو آدمی ایک ساتھ ؛ دو آدمیوں کی ٹولی یا جماعت یا دو چیزوں کا مجموعہ ؛ جوڑا ۔ (۲) دو آدمیوں کا گولف (کھیل) یا ناچ وغیرہ ۔

Twp : Township کا مخفف ۔

Twr : Tower کا مخفف ۔

Twyer : (n) (۱) دیکھو Tuyere ۔ (۲) دہانہ جس کے ذریعے بھٹی میں ہوا پہنچائی جاتی ہے؛ بوائلر کے درمیان کا منفذ ۔

Tx. : Tax کا مخف ۔

Txn. : Taxation کا مخفف ۔

- ty : (suffix) [ME.] لاحقہ عموماً اسمائے مجردات (abstract nouns) کے آخر میں آتا ہے، جو صفت یا درجہ کی حالت ظاہر کرتا ہے؛ دہائی کے عددوں کو ظاہر کرتا ہے مثلاً twenty,thirty وغیرہ ۔

Ty : Territory, truly or type کا مخفف ۔

Tyburn : (n) [LATE ME.] Middlesex میں مجرموں کو پھانسی دینے کا ایک مقام ۔

Tyburn tree : (n) پھانسی؛ سولی؛ دار ۔

Tyburnia : (n) لندن کے امراء کے رہنے کا علاقہ جو ہائیڈ پارک کے شمال میں واقع ہے ۔

Tychism : (n) مَقسومیّت؛ بختیّت؛ یہ نظریہ کہ سب کچھ قسمت سے ہوتا ہے ۔

Tychite : (n) ایک معدنی شے ۔ $Na_6\ Mg_2\ (SO_4)\ (C_30)$

Tychius : (n) [Gr. tychios] پھونروں کی ایک جنس جو پھلوں اور پتوں کو برباد کردیتے ہیں، تپتیا گھاس ان کی خاص غذا ہے ۔

Tychonian : (a) ٹنمارک کے ہیئت داں عالم Tycho Barhe کا یا اس کے متعلق؛ علم نجوم سے متعلق ۔

Tychonian : (n) Tycho barhe ہیئت داں کا شاگرد یا اس کا پیرو ۔

Tychonic : (a) [mod. L. 'Tychon'.] Tychonian دیکھو

Tychoparthenogenesis : (n) کسی جنس میں خودزائی صفت کاپیدا ہو جانا (جو عام طریقہ پیدائش سے مختلف ہو)۔

Tychopotamic : (a) ساکن پانی میں خاص طور پر بڑھنےوالا (جیسے تالاب میں) اور بہتے ہوئے پانی میں اتفاقاً ۔

Tycoon : (n) [Jap. 'taikun'.] (۱) وہ لقب جو غیر ملک کے لوگ جاپان کے موروثی سپہ سالار کے لئے استعمال کرتے ہیں ۔ (۲) (امریکا) بڑا کھٹمل ۔ (۳) غیر معمولی مالدار ، با اثر ، بارسوخ تاجر ۔ (٤) عظیم؛ قوی العزم رہنما؛ لیڈر؛ قائد اعظم ۔ (٥) دیکھو Shogun ۔ (٦) (قدیم) جاپان کا فوجی گورنر ۔

Tydden/Tyddyn : (n) [L. 'tegeredun'] ایک چھوٹا مزرَعہ اور کھیت سے ملحق مکان ۔

Tydie : (n) [ME. 'tydife'.] ایک قسم کی چھوٹی چڑیا ۔

Tye : (n) کچی دھات دھونے کا آب گزر یا نل ۔

Tye : (n) کچی دھات کو آب گزر میں دھونا یا صاف کرنا ۔

Tye : (n) [Origin unkn.] (بول چال) ایک بڑی عام چراگاہ ۔

Tye : (n) [ME. 'tie'.] ایک زنجیر یا رسی جس کا ایک سرا مستول سے گزرتا ہے اور اس کا دوسرا سرا رسا چرخی سے باندھ دیا جاتا ہے جس کے ذریعے سہارا بلی کو اونچا یا نیچا کیا جاتا ہے ۔

Tyee : (n) [Fr.] سردار؛ افسر؛ لیڈر؛ رہنما؛ قائد ۔

Tyee salman : (n) بڑی سالمن مچھلی؛ شاہ سالمن ۔

Tyer : Tier کا متبادل ۔

Tyfon : (n) ایک قسم کا قرنا جو خاص کر سمندر میں کُہر کے وقت ہوشیار کرنے کے لئے بجایا جاتا ہے ۔

Tyg/Tig : (n) [Of unkn. origin.] دو یا زیادہ دستوں والا پینے کا پیالہ جو ۱۷ویں اور ۱۸ویں صدی میں رائج تھا۔

Tyigh : (n) (۱) مغربی مرکزی Oregon کے Shahaptian باشندے ۔ (۲) Tyigh کی قوم کا ایک فرد ۔

Tying : (n) باندھنے کا کام؛ باندھنا؛ کوئی چیز جس سے باندھا جائے؛ ٹائی؛ نکٹائی ۔

Tying : (a) ٹائی؛ نکٹائی؛ بندش کا؛ بندش سے متعلق؛ باندھنے کا؛ وابستہ ۔

Tying agreement : (n) خریدوفروخت سے متعلق عموماً کوئی غیر قانونی معاہدہ ۔

Tying-in : (n) نئی رسی کے سروں کو پرانی رسی کے سروں سے ملا کر باندھنا یا باندھنے کا عمل ۔

Tyke/Tike : (n) [ON. 'tik'] دیکھو Tike

Tyl-/Tylo- : [Gr.'tylos'.] جزوترکیبی بمعنی گانٹھ ؛گدی؛ پیڈ۔

Tylarus : (n) [Gr. Tylaros.] چڑیا کے پنجے کے نیچے کی تہ یا گدی؛ چڑیا کا گدی دار پنجہ ۔

Tylaster : (n) چھوٹا سخت اسفنجی مادہ ۔

Tyle : Tile کا متبادل ۔

Tylench : (n) [Mod. L. 'tylenchus'.] Tylenchae کی جنس کا ایک کیڑا ۔

Tylenchid : (a) [mod. L. 'tylenchidae'.] Tylenchidae کا یا اس سے متعلق ۔

Tylenchid : (n) دیکھو Tylench

Tylenchidae : (n) [mod. L. 'tylenchus'.] مٹی کے اندر رہنے والے کیڑے یا طفیلی نباتی کیڑے کا خاندان ۔

Tylenchoid : (a) [mod. L.'tylenchoidea'.] طفیلی نباتی کیڑوں سے متعلق یا اس کے خاندان کا ۔

Tylenchoidea : (n) طفیلی نباتی کیڑے کا خاندان ۔

Tylenchulus : (n) [mod. L. 'tylenchus'.] خیطیہ کیڑوں کی ایک جنس ۔

Tylenchus : (n) خیطیہ کیڑوں کی ایک جنس جوعموماً مٹی کےاندر رہتے ہیں یا پائے جاتے ہیں اور جو پودوں کی جڑوں کو کھا جاتے ہیں ۔

Tyler : Tiler کا متبادل ۔

Tylo-: سابقہ بمعنی "گدی" ۔

Tylopod : (a) گدی دار پیروں والا ۔

Tylopod : (n) گدی پایاں حیوانات کی جنس کی ایک شاخ ۔

Tylopoda : (n) گدی دار پیروں والا جانور؛ گدی پا حیوانات (مثلاً اونٹ وغیرہ)۔

Tylopodous : (a) گدی دار پیروں کا (جانور)۔

Tylorian : (a) Sir E. B. Tylor عالم انسانیت کی تحریر یا اُس کے اصول کا یا اُس سے متعلق ۔

Tylosaurus : (n) [mod. L.] ایک چھوٹے جسم، بڑی دم اور پنچ انگشتی اعضاء والا جانور ۔

Tylose : (n) [F.] (۱) (مرضیات) التہاب اجفان ؛ پپوٹوں کی سوجن ۔ (۲) تصلب جلد ؛ سختی ؛ مثاپا ؛ عَجریت ۔(۳) گومڑی (نباتیات) ۔

Tylosis : (n) [mod. L.] دیکھو Tylose

Tylostyle : (n) ایک نوکدار سخت اسفنجی مادہ جس کے آخر میں گومڑی ہوتی ہے ۔

Tylostylus : (n) دیکھو Tylostyle

Tylosurus : (n) نوکیلے جبڑوں والی مچھلی کی ایک قسم جس کی تجارت بطورغذا استعمال کرنے کے لئے کی جاتی ہے ۔

Tylotate : (a) دونوں طرف گانٹھ یا گمڑی رکھنے والا؛ عَجَردار ۔

Tylote : (n) [L.] (حیوانیات) اسفنج کا استوانی شکل کا خار جس کے دونوں سروں پر چھوٹی گومڑیاں ہوتی ہیں ؛ گومڑی دار سوزن اسفنج ۔

Tylotic : (a) (۱) جس کے پپوٹوں پر ورم اور سوزش ہو؛ التہاب اجفان کا (مریض) ۔(۲) گومڑدار؛ عَجَری ۔

Tylotoxea : (n) ڈنڈا نما سخت اسفنجی مادہ جس کا ایک سرا تیز اور دوسرا گرہ دار ہوتا ہے ۔

Tylotoxeate : (a) اس اسفنجی مادے کا یا اس سے متعلق ۔

Tylotus : (a) گومڑی دار ۔

Tylotus : (n) گومڑی ۔

Tylus : (n) بعض گھٹملوں کے سر کے سامنے کا مرکزی نمایاں بالائی حصہ ۔

Tylwythteg : (n) ویلس کی لوک کہانی یا دیہاتی کہانی کی پریاں۔

Tymbal : Timbal کا متبادل ۔

Tymbalon : (n) [by alteration.] دیکھو Tymbal

Tymp : (n) [app. abbrev. Of tympan.] (۱) بھٹی کے چولہے کا دہانہ جس سے پگھلی ہوئی دھات نکلتی ہے ۔ (۲) (کوئلہ کان) افقی لکڑی کا ٹکڑا چھت کو سہارا دینے کے لئے جس کو ٹوپی یا ڈھکن بھی کہتے ہیں ۔

Tymp stick : (n) طبلی نقارے کی چوب ۔

Tympan/Timpan : (n) [L. 'tympanum'.] (۱) ڈھول یا اسی طرح کا دوسرا باجا؛ طبلہ؛ ڈرم ۔ (۲) ایک قدیم آئرستانی تانت والا باجا جو کمان سے بجایا جاتا تھا ۔ (۳) (طبیعیات) استر؛ کاغذ یا جھلی کا تختہ جو چھپنے والی کاپی کے نیچے رکھتے ہیں تاکہ دباؤ یکساں رہے ۔ (٤) طبلہ؛ جھلی کا پردا؛ جھلی کی سطح ۔ (٥) دیکھو Tympanum؛ (تشریح) طبلہء گوش؛ کان کا پردا ۔

Tympan paper : (n) تیل یا گلیسرین لگا ہوا ایک سخت کاغذ جو طباعت میں کام آتا ہے؛ روغنی کاغذ ۔

Tympan-sheet : (n) کاغذ وغیرہ کا تختہ یا استر جو چھاپے جانے والے تختوں کے نیچے رکھا جاتا ہے ۔

Tympanal : (a) (۱) (تشریح وحیوانیات) طبلی ؛ جھلی کی سطح کا ۔ (۲) طبلی یا اس سے مشابہ ۔

Tympanal : (n) عظم طبلی؛ وہ ہڈی جس پر کان کا پردہ تنا ہوتا ہے ۔

Tympanectomy : (n) پردہء گوش کو کاٹ کر نکال دینا ۔

Tympani : (a) طبلی ۔

Tympanic : (a) (۱) (تشریح وحیوانیات) طبلی؛ جھلی کی سطح کا سا ۔ (۲) طبلہء گوش کا؛ کان کے پردے کا ۔ (۳) (مرضیات) نفخ شکم کا ۔

Tympanic bone : (n) عظم طبلی؛ وہ ہڈی جس پر کان کا پردا تنا ہوتا ہے ۔

Tympanic-canal : (n) چھوٹی نالی جو کان کے وسطی حصے تک جاتی ہے ۔

Tympanic-cavity : (n) کان کے وسطی حصے کا جوف ۔

Tympanic-membrane : (n) کان کا پردا؛ طبل گوش ۔

Tympaniform : (a) [L. tympanum.] (۱) (تاریخ، طبیعیات) طبلہء گوش کی شکل کا یا عموماً پردہء گوش کی جھلی کا؛ پردہء گوش کی جھلی کی طرح پھیلا ہوا ، خاص کر چڑیوں کے نرخرے کی دو نالیوں سے متعلق (جو بولا جاتا ہے) ۔ (۲) (نباتیات) طبل نما ۔

Tympaning : (n) طباعتی استر ۔

Tympanism : (n) (مرضیات) نفخ شکم؛ پیڑو؛ رحم ۔

Tympanist : (n) ڈھول، طبلہ وغیرہ بجانے والا؛ طبلچی ۔

Tympanites : (n) [Late L.] دیکھو Tympanism

Tympanitic : (a) [L. 'tympaniticus'.] نفاخی کا یا نفاخی سے متعلق؛ ڈھول کی سی؛ ڈھول کی سی ڈھب ڈھب آواز کا؛ طبلی آواز کا ۔

Tympanitis : (n) (۱) Tympanites کا متبادل ۔ (۲) ورم طبلی؛ ورم طبل گوش؛ کان کے بیچ کے پردے کی سوزش ۔

Tympano/Tympanohyal : (a) (۱) جزو ترکیبی بمعنی "کان کا پردا" ؛ "درمیانہء گوش" کان کے بیچ کا حصہ ۔ (۲) کان کے پردے اور زبان کی جڑ کی محراب نما ہڈی سے متعلق ۔ (۳) چھوٹی یا کُرکُری ہڈی کی وصف کا ۔

Tympanohyal : (n) کان کے پردے اور زبان کی جڑ کی چھوٹی یا کُرکُری ہڈی ۔

Tympanon : (n) [Gr.] پردہء طبل ؛ دیکھو Tympan ۔

Tympanuchus : (n) [Gr. 'tympanon' + 'ochos'.] امریکی پاموز پرندے کی ایک جنس ۔

Tympanum/Tympanums : (n) [L.] (۱) طبلہ یا اسی قسم کا ایک باجا مثلاً تنبورہ اور ڈھولک ۔ (۲) ڈھول کی منڈھی ہوئی جھلی؛ ڈھول کا مدورسرا ۔ (۳) (تشریح) کان کاپر دا؛ درمیانہ گوش؛ کان کے بیچ کا حصہ ۔ (٤) (طیوریات) بطخ وغیرہ کی ہوا کی نالی کا سرا ۔ (٥) (تعمیرات) روکار کی تکونی لوح ۔ (٦) دروازے کی اوپری چوکھٹ اور محراب کے بیچ کی جگہ ۔ (۷) (میکانیات) طبل نما چرخی پانی کھینچنے کے لئے ۔

Tympany : (n) [Gr. 'tympanias'.] (۱) دیکھو Tympanites ۔ (۲) (مجازاً) غرور، گھمنڈ، مشیخیت وغیرہ سے پھولنا مرض کی حد تک ؛ پھول جانے کی حالت (غرور سے)؛ کسی بات کی زیادتی ورم

کی حد تک؛ نفخ شکم؛ استسقائے طبلی؛ ورم طبلی ۔ (۳) (مجازاً) بیجا لفاظی یا عبارت آرائی۔

Tyndall effect/Tyndalphenomenon : (a) ٹنڈل اثر (روشنی کی پھیلتی ہوئی شعاع)۔

Tyne : (n) Tine کا متبادل ۔

Tynwald : (n) [Late ME.] جزیرہ مان کا سالانہ اجتماع جس میں گورنر (بحیثیت شاہی نمائندہ) شریک ہوتا تھا؛ دارالامراء میں کام کرنے والی ایک کاؤنسل House of keys جہاں وضع کردہ قوانین عوام میں مشتہر کئے جاتے ہیں۔

Type : (۱) ٹائپ کی مشین Type writer کا مخفف ۔(۲) ٹائپ کیا ہوا؛ Type written کا مخفف ۔ (۳) مثالی Typical کا مخفف ۔ (٤) طابع ؛ پرنٹر ؛ مواد طباعت ؛ طباعتی Typographer کا مخفف ۔

Typable/Typeable : (a) ٹائپ کرنے یا ہونے کے قابل ۔

Typage : (n) (۱) چھاپے کے حروف ڈھالنا ۔(۲) دیکھو Type-casting ۔

Typal : (a) (۱) ٹائپ کا یا اس سے متعلق ۔(۲) ٹائپ جیسا کام کرنے والا؛ طباعتی ۔ (۳) مثالی؛ تمثیلی؛ نمونے کے طرز کا؛ نمونے کےطور پر کام آنےوالا ؛ نمائندہ ۔ (٤) مخصوص طرز کا ۔ (٥) طباعتی ٹائپ کا یا اس سے متعلق؛ ٹائپ کی طباعت کا یا اس سے متعلق۔

- type : (a) اصل؛ نمونہ اصلی (Antitype) ؛ نمونہ اولیں ؛ اصل (Archetype)؛ چربہ؛ شہ نقل؛ شہ عکس (Autotype) ؛ سریشی طباعت؛ کولو طباعت (Collotype) ؛ برقی ٹائپ (Electrotype) ؛ پلاتینی ٹائپ؛ نقریائی چھپائی (Platinotype) ؛ نسخہ اصلی؛ اصلی نمونہ (نباتیات) اول نامیہ (Proto type) ۔

Type : (n) [Fr. 'type' or L. 'typus'.] (۱) مثال؛ شخص یا چیز جو کسی دوسری سےیا کسی صنف اشیاء کا نمونہ یا اسی خصوصیات کی مظہر ہو ۔ (۲) اشارت؛ علامت؛ نشانی خصوصاً عہد نامہ عتیق میں کسی شخص ، چیز یا واقعہ کی طرف اشارہ یا نشانی جو آنے والی چیز کی خبر دے ۔(۳) قسم؛ قبیل ۔(٤) (حیاتیات وغیرہ) ساخت کا طبعی طرز ؛ طبعی ساخت ۔ (٥) (حیوانیات) حیوانات کی بڑی قسمت؛ ساخت کے لحاظ سے طبقہ ۔(٦) وہ جسم حیوانی یا نباتی جس میں اپنے طبقے کی اہم خصوصیات موجود ہوں ۔ (۷) مرکب کیمیاوی جس کی ساخت اور بہت سے مرکبات کی ساخت کا نمونہ ہو ۔ (۸) (ہندسہ) نشان کا تسلسل جو جوڑ (plus) اور گھٹاؤ (minus) سے اثر پذیر ہو ۔(۹) (فنون لطیفہ) نمونہ؛ وہ چیز یا خیال یا صناعی جو اور صناعوں کے لئے قابل تقلید ہو ۔ (۱۰) (طبیعیات) سیسے وغیرہ کا ڈھلا ہوا حرف یا حروف ٹائپ ۔ (۱۱) (طبیعیات) (جمع) ٹائپ کی قسمیں ۔ (۱۲) (سکہ سازی) سکے یا تمغے کے ہر دوجانب کوئی نقش یا تصویر؛ ٹھپا ۔ (۱۳) (مرضیات) خاص قسم کا بخار؛ خاص کر تپ میعادی ۔ (۱٤) ایک عام شکل؛ ساخت یا صفت جو کسی خاص قسم کے طبقے کی چیزوں سے ممیز ہو ۔ (۱٥) (دینیات) شہنشاہ کونسٹینس ثانی (Constans II) کا وہ فرمان (٦٤٨ عیسوی) جس کی رو سے توحید پرستی کے اختلافی مسئلہ پر بحث ومباحثہ کی ممانعت کردی گئی تھی ۔ (۱٦) کسی مخصوص صفت کی بنا پر کسی چیز، طبقے یا سلسلے کا امتیاز؛ (مجازاً) شخص یا چیز جو کسی مخصوص جماعت کی خصوصیات ظاہر کرے؛ ایک مخصوص مثالی؛ مثالی نمونہ ۔ (۱۷) کسی چیز کی عام صفت کو ظاہر کرنے کے لئے مرکب میں استعمال ہوتا ہے ۔ (۱۸) کسی مخصوص صفت سے متصف شخص؛ (بول چال) ایک آدمی ۔

Type : (v) (۱) بطور نمونہ پہلے سے تصویر یا نقشہ بنا کر دکھا دینا؛ پیغمبرانہ مماثلت کے ساتھ پیش کرنا یا دکھلا دینا؛ آنے والے واقعات کی خبر دینا؛ نمائندگی کرنا ۔(۲) کسی طبقے یا خاندان کے لئے مخصوص نمونے کے طور پر کام آنا؛ لازمی خصوصیت ظاہر کرنا؛ بطور مثال پیش کرنا ۔(۳) چھاپنا؛ ٹائپ سے چھاپنا؛ ٹائپ میں چھپا ہوا ہونا ۔ (٤) مرض تشخیص کرنا یا بتانا خاص کر خاص قسم کا خون تجویز کرنا ۔ (٥) (کسی چیز یا آدمی کو) کسی خاص کام پر یا مخصوص ٹائپ ڈھالنے میں لگانا ۔ (٦) ڈرامے میں اداکاری کرنا ۔

Type-bar : (n) ٹائپ رائٹر کی سلاخوں میں سے ایک وہ سلاخ جس میں ٹائپ کے حروف لگے رہتے ہیں؛ ٹائپ بار؛ ٹائپ کی پوری کی پوری ڈھلی ہوئی سطر۔

Type-carriage : (n) چھاپے کی مشین میں ایک فریم جس میں ٹائپ کا مجموعہ ہو ۔

Type-cutter : (n) جو ٹھپا جماتا ھے؛ جس سے ٹائپ کے حروف ڈھالے جاتے ہیں۔

Type-cylinder : (n) استوانہ یا سلنڈر جس پرحروف ٹائپ یا پلیٹ چپکائے جاتے ہیں، گردشی پریس یا مطبع۔

Type-genus : (n) جنس انموذ؛ وہ جنس جس میں پورے طبقے کی خصوصیات موجود ھوں اور جس کے نام پر پورے طبقے کا نام رکھا جائے۔

Type height : (n) (۱) دیکھو Height to paper۔(۲) انگریزی زبان بولے جانے والے ممالک میں ٹائپ کا مخصوص سائز جو نیچے سے اوپر تک ۰٫۹۱۸۶ انچ ھو۔

Type-high : (a) (۱) (کندہ کاری وغیر) جو اونچائی کے لحاظ سے ٹائپ میں چھاپنے کے قابل ھو۔ (۲) Type height کےمطابق چھاپے جانے کے قابل ھو۔

Type-letter : (n) ٹائپ کے یا ٹائپ کرنے کی مشین کے حروف میں سے ہر ایک۔

Type-metal : (n) سیسے اور سرمے کی بھرت؛ کبھی کبھی ٹین یا پھول کانسی کے ساتھ جس کے طباعتی ٹائپ ڈھالے جاتے ہیں۔

Type page : (n) ایک صفحے کا چھپا ھوا حصہ (حوض)۔

Type-revolving press : (n) قدیم گردشی چھاپ مشین۔

Type-script : (n) ٹائپ شدہ یا ٹائپ کی ھوئی چیز یا ٹائپ کاپی (کسی چیز کی)؛ ٹائپ میں چھپی ھوئی عبارت۔

Type section : (n) ابتدائی طبقات کا تسلسل جو کسی مخصوص علاقے میں ھو۔

Type station/Typesite : (n) وہ جگہ جہاں پر ماقبل تاریخ آثار باقیہ کا انکشاف ھوا ھو۔

Type-theory : (n) (کیمیا) مرکب بنانے کا اصول۔

Type-wash : (n) روشنائی کا محلل ٹائپ یا طباعت کے پلیٹوں کو صاف کرنے کے لئے۔

Type wheel : (n) ٹائپ پہیا، جس پر اُبھرے ھوئے حروف سے بنےھوتے ہیں؛ بعض ٹائپ رائٹر اور تاربرقی مشینوں میں ھوتے ہیں۔

Typecase : (n) اُتھلا نشست خانہ دار طباعت کے حروف رکھنے کے لئے۔

Typecast : (v) کسی اداکار یا ایکٹر کو اس کے مزاج یا طبیعت کے موافق حقیقی طور پر اداکاری کے لئے تیار کرنا۔

Typecasting : (n) کسی اداکار کو ایسی اداکاری سپرد کرنا جو اس کے مزاج سے ہم آہنگ ھو؛ چھاپے کے حروف سانچے میں ڈھالنا۔

Typeface : (n) کسی چیز کا خاکہ یا کوئی شکل جو چھاپے کےٹائپ کی سطح سے بن گئی ھو؛ چھاپ۔

Typefounder : (n) فلزّی چھاپے کے حروف کو ڈھالنے والا شخص۔

Typefounding : (n) (۱) چھاپے کے حروف ڈھالنے کا پیشہ یا کاروبار؛ چھاپے کےحروف کی صنعت۔

Typefoundry : (n) چھاپے کے حروف ڈھالنے کا کاروبار۔

Typeholder : (n) جلد ساز کا وہ اوزار جس سے جلدپر حروف جمائے جاتے ہیں۔

Typer : (n) ٹائپسٹ؛ ٹائپ کرنے والا۔

Typeset : (v) چھاپے کے حروف مرتب کرنا یا ترتیب دینا۔

Typesetting : (a) حروف ٹائپ بٹھانے یا جمانے والا۔

Typesetting : (n) حروف کاری یا حروف چینی۔

Typesetting machine : (n) چھاپے کے حروف جمانے کے لئے مختلف کلیدی تختے کی مشینوں میں سے کوئی۔

Typewrite : (v) ٹائپ مشین سے چھاپنا؛ ٹائپ کرنا؛ ٹائپ کرنے کی مشق کرنا؛ ٹائپ مشین استعمال کرنا۔

Typewriter : (n) ٹائپ مشین۔

Typewriting : (n) (۱) ٹائپ نویسی؛ ٹائپ مشین استعمال کرنے کا ہنر؛ ٹائپ کیا ھوا کاغذ۔

Typewriting : (a) ٹائپ نویسی کا یا اس سے متعلق۔

Typewritten : (a) ٹائپ شدہ، ٹائپ کیا ھوا۔

Typey : Typy کا متبادل ۔

Typh/Typho : (n) [mod. L. 'Typhus'.] محرقہ، دماغی ٹائفس کی قسم کا ۔

Typha : (n) [mod. L.] سیدھی لمبی جنس کا پودا ۔

Typhic : (a) ٹائیفائڈ سے متعلق ۔

Typhl-/Typhlo- : (n&a) جزوترکیبی بمعنی "اندھا" "اندھاپن" "کور آنت" ۔

Typhlitic : (a) [mod. L.] (مرضیات) کان، آنت کے ورم سے متعلق ۔

Typhlitis : (n) کان آنت کا التہاب زائدہ؛ دوآنتوں کی سوزش اور ورم ۔

Typhlology : (n) (۱) نابینائی کے اسباب؛ اثرات اور انسداد کا عملی مطالعہ ۔ (۲) بینائی سے متعلق شعبہ، علم ۔

Typhlopidae : (n) سانس کی ایک جنس جس کو Blind snake بھی کہتے ہیں ۔

Typhlosole/Typhlosolis : (n) (حیوانیات) کورتہ ؛ آنتوں کی اندرونی دیوار کی حد تک ابھری ہوئی نالی یا تہ ۔

Typho - : سابقہ بمعنی "احتراق" ۔

Typhoean : (a) [Gr. 'Typhoeas'.] یونانی اساطیر کے ایک دیو (Typhoeus) کی خصوصیت کا یا اس سے متعلق ۔

Typhoeus : (n) یونانی علم الاصنام کا ایک عفریت ۔

Typhoid : (a) [Fr. 'typhoide'.] ٹائفس کی قسم کا یا اس سے مشابہ یا ٹائفس کی خصوصیت کا ۔

Typhoid : (n) میعادی بخار؛ تپ محرقہ ۔

Typhoid fever : (n) (۱) میعادی بخار جس میں سرخ دانے چھاتی اور پیٹ پرنکل آتے ہیں اور آنتوں میں سخت جلن ہوتی ہے ۔ (۲) میعادی بخار کا مریض ۔

Typhoidal : (a) میعادی بخار سے متعلق؛ میعادی بخار کی خصوصیت کا یا اس سے مشابہ ۔

Typhomalarial : (a) اس بخار سے متعلق جس میں تپ محرقہ اور ملیریا کی علامتیں ہوں ۔

Typhomania : (n) ہذیان؛ ہذیاں محرقی جو ٹائفس اور دوسرے بخاروں میں ہوتا ہے؛ سرسام ۔

Typhon : (n) [L 'Typhon'.] (اساطیر) بگولوں کا دیوتا؛ ٹائفون؛ (قدیم یونان اساطیر میں) ایک دیو کا نام ۔

Typhonian : (a) ٹائفون یا یونانی بگولوں کے دیوتا سے متعلق ۔

Typhonic : (a) (۱) زوردار آندھی؛ جھکڑ یا گردباد کی خصوصیت کا؛ طوفانی؛ طوفان خیز ۔ (۲) دیکھو Typhonian ۔

Typhoon : (n) [Arb. 'Tufan'.] طوفانی ہوا جو چین کے سمندروں اور قریبی علاقوں میں خاص طور پر جولائی اور اکتوبر کے درمیان چلتی ہے؛ ہوائی طوفان؛ بگولا؛ گردباد ۔

Typhous : (a) (مرضیات) ٹائفس سے متعلق یا ٹائفس کی خصوصیت کا یا طرح کا ۔

Typhus : (n) [Late L.] (۱) ایک قسم کا بخار جس میں ارغوانی دانے نکلتے ہیں اور ضعف بےحد ہو جاتا ہے اور عموماً ہذیان بھی ہوتا ہے ۔ (۲) ٹائفس بخار؛ محرقہ، دماغی؛ ٹیفومین ۔

Typhus-fever : (n) [NL. typhus fr. Gk. typhos.] محرقہ، دماغی؛ ٹیفوس؛ ٹیفوسیہ ۔

Typic : (a) [F 'typique', L. 'typicus'] (۱) مثالی ؛ نوعی ؛ تمثیلی ۔ (۲) (بخار سے متعلق) میعادی؛ نوبتی ۔ (۳) دیکھو Typical ۔

Typic : (n) (۱) باری کا بخار ۔ (۲) معینہ قسم کا بخار؛ تپ نوبہ ۔

Typical : (a) [mod. L. 'typicalis' , Late L. 'typicus'.] (۱) مثالی؛ نوعی ؛ تمثیلی ۔ (۲) اشارتی؛ کسی واقعے کی خبر دینے والا ۔ (۳) مخصوص نوع کا؛ امتیازی؛ خاص نمونے کا ۔ (٤) (طبیعیات) خاص قبیلے یا جنس کا ۔

Typicality : (n) تمثیلیت؛ مثالیت؛ مخصوصیت؛ امتیازیت ۔

Typically : (adv.) مثالی طور پر؛ مخصوص یا امتیازی طور پر ۔

Typicalness : (n) دیکھو Typicaliy

Typicon/Typikon : (n) [Gr. 'typikon'.] وہ کتاب جس میں ایسٹرن چرچ کی سالانہ مذہبی عبادت کے متعلق قواعد اور عنوانات درج ہوتے ہیں ۔

Typification : (n) مثال کے ذریعے اظہار؛ کسی علامت یا نشان کے ذریعے بیان کرنا، نیز وہ چیز جس سے ظاہر ہو یا جس کے ذریعے بیان کیا جائے ۔

Typify : (v) [L. 'typus'.] (۱) مثال کے ذریعے ظاہر کرنا ۔ (۲) آنے والے واقعے کی خبر دینا؛ نشانی ہونا ۔ (۳) مثال یا نمونہ ہونا؛ کسی چیز کی امتیازی خصوصیت ظاہر کرنا ۔ (٤) پہلے سے تصویر بنا کر ظاہر کرنا؛ پہلے سے مثال یا نمونہ پیش کرنا۔ (٥) (کسی طبقے، خاندان کا) مخصوص نمونہ ہونا ۔

Typiness : (n) مثال ہونے کی صفت یا حالت ۔

Typing : (n) دیکھو Typewriting

Typist : (n) ٹائپ کار؛ ٹائپسٹ؛ حروف کار؛ حروف چیں؛ پیشہ ورانہ ٹائپ کار؛ ٹائپ کے ذریعے چھاپنے والا۔

Typo : (n) (۱) Typographer,Typhographic کا مخفف ۔ (۲) طابع؛ چھاپنے والا ، خاص کر چھاپے کے حروف یا ٹھپے جمانے والا؛ حروف کار؛ حروف چیں۔

Typo-: جزوترکیبی بمعنی "طباعی" ۔

Typo : (a) (۱) (طبیعیات) ٹائپ کی چھپائی ۔ (۲) چھاپے کے ٹھپے جمانے والا ۔

Typograph : (n) [Fr. 'typographe' or mod. L.'typographus'.] (۱) طابع ؛ پرنٹر ؛ ٹائپ بنانے یا حروف کاری کی مشین ۔(۲) اندھوں کے لئے لکھنے کی مشین ۔

Typographer : (n) [Fr. 'typographe' or mod. L. 'typographus'.] فن طباعت کا ماہر ؛ طابع ۔

Typographic : (a) [mod. L. 'typographicus'.] دیکھو Typo (a)

Typographical : (a) فن طباعت سے متعلق؛ طباعت یا چھپائی کا؛ طباعتی ۔

Typographically : (adv.) چھپائی یا طباعت کے لحاظ سے؛ طباعت کے طور پر ۔

Typography : (n) (۱) فن طباعت؛ طباعت؛ چھپائی،خاص کر حروف ٹائپ کا جمانا اور اس کی ترتیب ؛ طبع شدہ چیزوں کا ظہور ؛ شکل وصورت ۔ (۲) چھپائی کا کام؛ (مجازاً) چھپی ہوئی چیزیں؛ مطبوعہ؛ ٹائپ میں چھپی ہوئی چیزیں ۔(۳) دیکھو Letter press ۔(٤) ٹائپ سازی؛ طرز طباعت؛ طبع الحروف ۔

Typologic/-al : (a) علم انواع وغیرہ سے متعلق؛ صنفیات سے متعلق؛ صنفیاتی؛ تمثیلیاتی ۔

Typologically : (adv.) علم انواع کے ذریعے؛ صنفیاتی طور پر۔

Typologist : (n) علم انواع یا صنفیات کا طالب علم ۔

Typologize : (v) ٹائپ کے ذریعے واضح کرنا؛ تشریح کرنا ۔

Typology : (n) (۱) علم انواع؛ صنفیات؛ تمثیلات ۔(۲) علامتی خاکے کا مطالعہ خاص کر اس کی ابتدا اور مذہبی کتابوں کے نمونوں کا (مطالعہ)؛ (نیز مجازاً) مثالی اہمیت ؛ خاکہ ؛ نقشہ ؛ نمائندگی یا اس کا مخصوص عمل ۔ (۳) اشاریت ۔ (٤) مطالعہ یا طباعتی نمونوں کے متعلق گفتگو؛ اظہار خیال ۔ (٥) (اثریات) آثاراور نمونوں کی درجہ بندی جو ان کے طرز یا ارتقاء سے ظاہر ہو ۔(٦) یہ نظریہ کہ عہدنامۂ عتیق میں ان واقعات کی خبر دی جاچکی ہے جن کے واقع ہونے کا تذکرہ عہدنامۂ جدید میں ہے ۔

Typomorphic : (a) مخصوص طور پر خاص حالات کے تحت واقع ہونے والا یا تشکیل کی مخصوص صورت میں واقع ہونے والا ۔

Typonym : (n) (تاریخ، طبیعیات) کسی نمونے یا قسم پر ہو؛ انموذجی نام؛ طبقے کا نام جو اس کے انموذج یعنی اس جنس کے نام پر رکھا جائے جس میں طبقے کی پوری خصوصیات موجود ہوں ۔

Typonymal : (a) انموذجی نام کا ۔

Typonymic : (a) دیکھو Typonymal

Typophile : (n) طبع شدہ چیزوں کا شائق یا طباعت کا شائق (شخص)۔

Typophilic : (a) طبع شدہ چیزوں کا شوق رکھنے والا ۔

Typoscript : (n) (۱) ٹائپ شدہ چیزیں ۔(۲) دیکھو Typescript ۔

Typotelegraph : (n) طباعتی تلغراف (ٹیلی گراف) ۔

Typotelegraphy : (n) طباعتی تلغراف کا فن ۔

Typotheria : (n) عہد قدیم کے پستانی جانوروں کی ایک قسم ۔

Typothetae : (n) (طبیعیات) طباعان؛ انجمن ماہر طبعان ۔

Typp : (n) ہزار گز سوت (دھاگا) کی ایک اکائی جس کا وزن ایک پاؤنڈ ہوتا ہے ۔

Typw : Typewriter کا مخفف ۔

Tyr-/Tyro- : (n) [Gr. fr. 'tyroschees'.] جزوترکیبی بمعنی "پنیر" ۔

Tyranness : (n) [L. 'tyrannus'. Med. L. 'tyrannissa'.] جابر یا ظالم مطلق العنان خاتون حکمراں؛ اپنے محکوم پر جابرانہ اختیار رکھنے والی حکمراں ۔

Tyrannic/-al : (a) [(o) fr. 'tyrannique'.] (۱) حاکم جابر ؛ غاصب یا مطلق العنان فرمانروا کا سا؛ مطلق العنان یا جابر حکمراں یا اس کی حکومت سے متعلق؛ مستبدانہ؛ ظالمانہ ۔ (۲) ظالم کی فطرت یا خصوصیت کا؛ ظالمانہ، جابرانہ طور پر حکومت کرنے والا؛ سخت ظالم؛ ظالمانہ حد تک درشت ۔

Tyrannically : (adv.) جابرانہ؛ ظالمانہ؛ مستبدانہ طریقے سے؛ جابر یا غاصب فرمانروا کی طرح؛ استبداد سے؛ جبر سے ۔

Tyrannicalness : (n) مطلق العنانی ؛ مستبدانہ ہونا؛ استبداد؛ استبدادیت ۔

Tyrannicidal : (a) جابر یا ظالم حکمراں کے قتل سے متعلق یا اس کے قتل پر مائل ۔

Tyrannicide : (n) [Fr. 'tyrannicide', L.'tyrannicida'] (۱) جابر اور ظالم حکمراں یا فرمانرواکا قتل کرنے والا یا قاتل ۔ (۲) قتلِ غاصب؛ قتلِ جابر، ظالم ۔

Tyrannicide : (n) ظالم، جابر حکمراں کا قتل ۔

Tyrannid : (n) Tyrannidae کے خاندان کی چڑیا ۔

Tyrannidae : (n) چڑیوں کا بڑا خاندان خاص کر امریکی (چڑیوں کا) ۔

Tyrannis : (n) [L.] مطلق العنان حکومت ۔

Tyrannize : (v) [(O) Fr, 'tyranniser'.] جابر؛ ظالم؛ مطلق العنان فرمانروا ہونا؛ جابرانہ یا مستبدانہ حکومت چلانا؛ جابرانہ طور پر حکومت کرنا؛ جبر کرنا؛ تشدد کرنا؛ ظلم کرنا؛ ظالمانہ طور پر سلوک کرنا؛ جابرانہ طور پر دبانا ۔

Tyrannizer : (n) تشدد کرنے، ستانے یا ظلم کرنے والا شخص؛ ظالم شخص ۔

Tyrannosaur/Tyrannosaurus : (n) [mod. L. 'tyrannosaurus'.] ایک بہت بڑا مہیب دو پایا گوشت خور سوسمار جو شمالی امریکا کے بعض علاقوں میں پایا جاتا ہے ۔

Tyrannous : (a) (۱) ظلم صفت؛ ظلم واستبداد کا میلان رکھنے والا ؛ جورو ستم کی طرف مائل ؛ جابرانہ طور پر حکومت کرنے والا ، عمل کرنے والا ۔ (۲) (مجازاً) فطرتاً ظالم، ناانصاف، جابر، متشدد، خود مختار ۔

Tyrannously : (adv.) مستبدانہ طور پر؛ جابرانہ یا ظالمانہ طریقے سے ۔

Tyrannousness : (n) استبدادیت؛ مطلق العنانیت؛ جبریت پسندی ۔

Tyranny : (n) [(O) Fr, 'tyrannie' Late L. 'tyrannia'.] (۱) جابر و ظالم کی حکومت یا مطلق العنان فرمانروا؛ ظالم کا مرتبہ یا اس کی حکومت؛ (عام) مطلق العنان بادشاہت؛ جابرانہ حکومت؛ ریاست جو ایک ظالم، جابر اور مطلق العنان فرمانروا کے زیرنگین ہو؛ استبداد؛ جابرانہ حکومت؛ جور ۔ (۲) جابرانہ ومستبدانہ حکومت کرنے والے حکمراں کا فعل یا حکومت؛ ظالم یا غیر منصفانہ طور پر متشدد حکومت ۔ (۳) مطلق العنان یا ظالمانہ طور پرطاقت کا استعمال؛ اپنی طاقت یا اختیار کا بے جا استعمال؛ سخت گیر؛ متشدد؛ بے رحمانہ فعل، عمل ۔

Tyrant : (a) جورو ستم کی طرف مائل؛ جابرانہ حکومت کرنے والا؛ ظالم؛ غاصب؛ جابر؛ متشدد؛ مطلق العنان حکمراں کا سا؛ مستبدانہ؛ ظالمانہ؛ جابرانہ ۔

Tyrant : (n) [L. 'tyrannus'.] (۱) ظالم یا جابر فرمانروا ۔ (۲) (تاریخ یونان) مطلق العنان غاصب فرمانروا ۔ (۳) وہ جو غیر قانونی طور پر کسی ریاست میں شاہانہ اختیارات قبضہ میں کر لیتا ہے؛ مطلق العنان فرمانروا؛

غاصب ۔ (٤) ایک بادشاہ یا حکمراں جو اپنے اختیارات ظالمانہ اور غیر منصفانہ طور پر استعمال کرتا ہے؛ ظالم جو اپنے زیرحکومت لوگوں کے ساتھ ظالمانہ طور پر پیش آتا ہے؛ (مجازاً) وہ جس کا فعل ظالم، جابر اور غاصب فرمانروا کی طرح ہو؛ (اساطیر) Tyrannidae کے خاندان کی کوئی چڑیا خاص کر Tyrannus کی جنس کی چند قسموں میں سے کوئی جو کسی دوسری چڑیا پر جو اس کے گھونسلے کے پاس آئے اس پر حملہ کرنے اور بھگا دینے کے لئے مشہور ہے ۔

Tyrant : (v) جابر یا ظالم کا کردار ادا کرنا؛جابرانہ یا مستبدانہ حکومت کرنا؛ جبر کرنا؛ تشدد کرنا؛ ظلم کرنا ۔

Tyrant-bird : (n) Tyrannidae کے خاندان کی کوئی چڑیا خاص کر Tyrannus کی جنس کی قسموں میں سے کوئی چڑیا جو اپنے گھونسلے کے پاس کسی دوسری چڑیا کو آنے نہیں دیتی؛ طیر الجبار ۔

Tyrant-fly catcher/Tyrant bird : (n) ایک قسم کی چڑیا جو امریکا میں ہوتی ہے؛ طیرالجبار : دیکھو Tyrant -bird ۔

Tyrant-shrike : (n) Tyrannus کی جنس کی قسموں میں سے کوئی چڑیا ۔

Tyrant-wren : (n) Fly catcher چھوٹی زرد کلغی دار امریکی چڑیا ۔

Tyre : (n)[Var of TIRE] (۱) پہیے کا اُبنی ہال خاص کر ریلوے انجن کے حرکے پہیے کا ہال ۔ (۲) ربر کی گدی بائیسکل، موٹرگاڑی وغیرہ کے پہیے کے چاروں طرف؛ (موٹر یا بگھی کا) ٹائر ۔

Tyre : (n) جما ہوا دہی، ملائی ۔

Tyred : (a) ٹائر لگا ہوا ۔

Tyrian : (a) {L. 'tyrius, tyrian'} (۱) قدیم ٹائر (Tyre) شہر کا یا وہاں کے لوگوں سے متعلق یا ٹائر شہر میں بنا ہوا (ٹائر ایک قدیم شہر Phoencia جو ساحل بحیرہ روم پر واقع ہے، ایک وسیع تجارتی مرکز ہے)؛ ٹیرین ارغوانی رنگ کا ۔

Tyrian : (n) ٹائر (Tyre) شہر کا دیسی یا باشندہ ۔

Tyrian alphabet : (n) ملک شام کی ایک قدیم سلطنت، Moab کے علاقے کی زبان کے حروف تہجی جو فونیشیا میں رائج تھے ۔

Tyrian-blue : (n) خاکستری مائل نیلا سے خاکستری سرخی مائل نیلا کی حد تک ۔

Tyrian-pink : (n) گہرے گلابی سے لے کر شوخ مائل ارغوانی سرخ رنگ تک ۔

Tyrian purple : (n) (۱) قرمزی یا ارغوانی رنگ نیل کی قسم کا جسے قدیم رومن استعمال کرتے تھے ۔ (۲) گہرے سے لے کر شوخ ارغوانی مائل سرخ تک ۔

Tyrian rose : (n) شوخ ارغوانی مائل سرخ ۔

Tyro : دیکھو Tiro

Tyro/Tiro : (n) [med. L. 'tyron, tyro, tiron'.] کسی میدان میں شروعات ؛ آغاز ؛ وہ جو کسی کام کی بنیادی باتوں سے تو واقف ہو مگر عملی تجربے سے محروم؛ مبتدی؛ نو آموز ۔

Tyrol green : (n) قدرتی طور پر (خاص کر لوہے میں) پیدا ہو جانے والے مختلف سلیکیٹ میں سے کوئی ایک جو سبز رنگ کے بنانے میں بنیادی عنصر کا کام دیتے ہیں ۔

Tyrolean/Tirolean : (a) ٹائرول کا (ٹائرول آسٹریلیا، ہنگری کا صوبہ) ۔

Tyrolean : (n) ٹائرول کا دیسی یا باشندہ ۔

Tyrolese : (a &n) دیکھو Tyrolean

Tyrolese green : (n) سبز خام تانبہ ۔

Tyrolian : دیکھو Tyrolean

Tyrolienne : (n) ٹائرول کے کسانوں کا گیت یا نغمہ ۔

Tyrolite : (n) [G. 'tirolite'.] آب دار آرسینیٹ زردی مائل سبزرنگ کا جو گردہ نما کثیر مقدار میں پایا جاتا ہے ۔

Tyrosine : (n) [Gr. 'tyros' + - ine.] (کیمیا) ایک سفید بلوری مادہ ($C_9 H_{11} NO_3$) جو پروٹین یا بیضیہ کے تحلیل کرنے سے پیدا ہوتا ہے ۔

Tyrosinosis : (n) [mod. 'tyrosine'.] غذا کے ناقص استحالہ کی حالت جس سے پیشاب میں Tyrosine غیر معمولی مقدار میں خارج ہوتا ہے ۔

Tyrosinuria : (n) پیشاب میں غیر معمولی مقدار میں Tyrosine کا اخراج ۔

Tyrotoxicon : (n) [Gr. 'tyros + toxicon'.] (کیمیا) ایک زہریلا مادہ، عفونت ($C_6 H_5 N N OH$) ایک قسم کا سمی القلی جو سڑے ہوئے پنیر اور دودھ کے جرثومہ سے پیدا ہوتا ہے؛ زہر پنیر ۔

Tyrotoxin : (n) دیکھو Tyroxicon

Tyrrhene : (a & n) [L. Tyrrhenus.] ٹائر ہینی (Tyrrheni) اور ان کے ملک سے متعلق ۔

Tyrrheni : (n) Etruscans کے مفروضہ اسلاف مہاجرین ۔

Tyrrhenian : (a) [L. Tyrrhenus'.] ٹائرہینی (Tyrrheni) اور ان کے ملک سے متعلق؛ قدیم ایٹروویا کا (باشندہ) ۔

Tyrrhenian : (n) ٹرہینی (Tyrrheni) میں سے کوئی ایک؛ ایٹروویا کا باشندہ ۔

Tyrrhenian sea : (n) براعظم اٹلی اور جزائر کورسیکا؛ سارڈینیا اور سسلی کے درمیان واقع سمندر ۔

Tyrtaean : (a) [f. proper name 'Tyrteaus'] (Tyrtaeus) ٹار ٹیئس اور اس کے طرز سے متعلق (یہ ساتویں صدی قبل مسیح کا ایک یونانی شاعر تھا جو رجز (جنگی نغمہ) لکھا کرتا تھا ۔

Tysonite : (n) [f.name of S. T. Tyson.] ایک معدنی شے ۔ $(Ce, La\ Nd) F_3$

Tystie : (n) [Scand origin.] غوطہ مار چڑیوں کی ایک جنس جس کا رنگ سیاہ اور پاؤں سرخ ہوتے ہیں ۔

Tythe : Tithe کا متبادل ۔

Tyto : (n) [mod. L.'tytou'] اُلو کی ایک جنس جو ہر ملک میں پائی جاتی ہے ۔

Tytonidae : (n) ایک قسم کا یک جنسی اُلو ۔

Tzaddik/Tzadik : (n) Zaddik کا متبادل بمعنی صادق (عبرانی وعربی)۔

Tzar : (n) Czar کا متبادل (زار۔شہنشاہ روس کا لقب) ۔

Tzedakah/Tsedakah : (n) [Heb- 'sedaqah', Ar. 'sadaqah'.] صدقہ ؛ خیرات؛ رضاکارانہ امداد ۔

Tzeltal : (n) (۱) میکسیکو کے مرکزی حصے کے انڈین لوگ ۔ (۲) ان لوگوں میں سے کوئی ایک فرد ۔ (۳) ان لوگوں کی زبان (Mayan) ۔

Tzigane : (n) [Fr. 'tzigane' with tz of G. origin] بنگری کی جپسی (خانہ بدوش) قوم؛ (عام) جپسی ۔

Tzigane : (a) بنگری کی جپسی، خانہ بدوش قوم کا یا اس سے متعلق؛ جپسی قوم کے طرز یا قسم کا ۔

Tzimmes/Tzimes : (n) [Yiddish 'tsimes'.] سبزی اور گوشت سے ملا کر بنایا ہوا میٹھا سالن ۔

Tzitzith/Tzitzis: Zizith کا متبادل؛ بٹی ہوئی ڈوری یا دھاگا جو گلے اور بغل کےدرمیان ڈال لیتے ہیں؛ زُنّار۔

U

Ubaid/Al' ubaid : (a) [f. 'al' ubaid, locality in southern Iraq.] تین ہزار سال قبل مسیح میسو پوٹامیہ کے کانسوی عہد کی قدیم تہذیب کا یا اس سے متعلق۔

Uberous : (a) [L. 'uber' + - ous] (۱) (شاذ) (جانور، مادہ) جو خوب دودھ دینے والی یا چھاتی (عورت کی) یا تھن جانور کا دودھ سے بھرا ہوا ۔ (۲) (شاذ) کثیر (مقدار)؛ فراواں۔

Uberrima fides : (n) [L.] صدق نیت ؛ صدق ارادہ ؛ دیکھو Good faith ؛ با ایمان و اطمینان کامل۔

Uberty : (n) [L. 'ubertas'.] (۱) فراوانی؛ زرخیزی؛ ثمربخشی، افراط ۔ (۲) کثیر باروری ؛ کثیر شیری (نباتیات)۔

Ubi supra : (adv.) (کسی کتاب وغیرہ میں) مذکورہ بالا مقام پر؛ اسی مقام پر (جس کا ذکر آگے آچکا ہے)۔

Ubication : (n) [med. L. 'ubicatio'.] کسی مخصوص مقام پر قائم ہونا؛ تعین مقام (فلسفہ) اینیت۔

Ubiety : (n) [mod. L. 'ubietas'.] کسی معین مقام پر موجود ہونا؛ نسبت مکانی؛ تعین مکانی؛ تعین مقام؛ (طبیعیات وغیرہ) مکانیت۔

Ubiquitarian : (a) اس بات کا معتقد کہ حضرت عیسیٰ ہر جگہ جسماً موجود ہیں؛ (دینیات) معتقد حاضریت؛ حاضریت پسند۔

Ubiquitarianism : (n) (۱) عقیدہ حاضریت؛ حاضریت پسندی؛ یہ عقیدہ کہ حضرت عیسیٰ جسماً ہر جگہ موجود ہیں۔(۲) (سیاسیات) ہر جائیت۔

Ubiquitary : (n) [mod. L. 'ubiquitarius'.] ہرجائی شخص یا چیز، وہ شخص یا چیز جو ایک ہی وقت میں ہر جگہ موجود ہو۔

Ubiquitary : (a) (۱) جو ہر جگہ موجود ہو؛ ہر جگہ حاضر رہنے والا ۔ (۲) (مزاحاً) (وہ شخص) جو ہر جگہ موجود رہے؛ ہرجائی ۔ (۳) (بحیثیت طبقہ یا

U : (n) (۱) انگریزی حروف تہجی کا اکیسواں اور قدیم رومن حروف تہجی کا بیسواں حرف جو پہلے V کی طرح لکھا جاتا تھا ؛ سولھویں صدی عیسوی میں بعض مطابع نے U اور V میں امتیاز پیدا کیا ۔ (۲) حرف U ۔ (۳) بجائے You یعنی " تم " ۔ (٤) حرف U کی شکل کا (خصوصاً بطور صفت) ۔ (٥) سلسلہ وار نمبر ۲۱۔ (٦) Uranium کا مخفف ؛ Upper - class کا مخفف ۔ (۷) مطبع کا حرف U یا اس حرف کی مہر۔

U and O : Use and occupancy کا مخفف۔

U-boat : (n) المانیہ؛ جرمن آبدوز؛ یوبوٹ۔

U-bolt : (n) یو (U) کی شکل کی چٹخنی؛ یو بولٹ؛ دونوں سروں پر مڑی ہوئی پیچ ؛ (میکانیات) پیچ خمیدہ دو سر۔

U.C. : (n) Upcast shaft کا مخفف۔

U.D.C. : Universal Decimal Classification کا مخفف۔

U.D.I. : Unilateral declaration of independence کا مخفف۔

U.F.O. : Unidentified flying object کا مخفف۔

U.H. : Upper half کا مخفف۔

U.H.F. : Ultra high frequency کا مخفف۔

U.K. : United Kingdom کا مخفف۔

U.like : (a) یو (U) کی شکل کا؛ یو نما۔

U.N. : United Nations کا مخفف۔

Uang : (n) [Atjehnese 'Ueng'.] ایک قسم کا بھونرا۔

Uayeb : (n) [Mayan.] پانچ دنوں کی وہ مدت جو مایا کیلنڈر میں سال کے ۳٦٥ دن پورے کرنے کے لئے جوڑ دی جاتی ہے۔

اس کے اراکین) جو ہر جگہ موجود ہوں یا وسیع دائرے میں پھیلے ہوئے ہوں۔

Ubiquitism : (n) [f. ubiquity.] دیکھو Ubiquitarianism

Ubiquitous : (a) دیکھو Ubiquitary

Ubiquitously : (adv.) حاضریت کی شان سے؛ ہر جگہ موجود رہ کر یا رہتے ہوئے۔

Ubiquitousness : (n) حاضریت؛ ہر جگہ موجود ہونا۔

Ubiquity : (n) [f. L. 'ubique' + -ITY.] (۱) (دینیات) حاضریت، حاضریت عیسیٰ؛ حضرت عیسیٰ یا ان کے جسم کا ہر جگہ موجود ہونا جیسا کہ معتقد حاضریت عقیدہ رکھتے ہیں۔ (۲) ایک ہی وقت میں ہر جگہ موجود ہونے کی صفت یا صلاحیت؛ (بطور عام استعمال) خدا کی ایک صفت؛ کسی حکمراں کا عدالتوں سے جو رابطہ ہوتا ہے اس کو ظاہر کرنے کے لئے۔ (۳) (سیاسیات) ہرجائیت۔

Ubiquity of the king : (n) (قانون) یہ نظریہ کہ بادشاہ ججوں کی ذات میں عدالت میں موجود ہوتا ہے؛ حاضریتِ بادشاہ۔

Udal : (n) [Orkney and Shetland form of Odal.] (قانون) قبضہء مخالفانہ؛ ملکیت موروثی بر بنائے قبضہ؛ زمین داری کا وہ نظام جو نظام جاگیرداری سے قبل شمالی یورپ، جزائر شیٹ لینڈ اور آرکنی میں اب بھی رائج ہے جس کی رو سے وہ شخص جو ایک مدت تک مسلسل زمین پر قابض رہا ہو وہ اس کا مالک مطلق ہو جاتا ہے۔

Udaller/Udalman : (n) مالک بر بنائے قبضہ۔

Udally : (adv.) ملکیت مسلسل قبضہ کی رو سے۔

Udder : (n) [OE. 'uder'.] (۱) (مادہ جانور کا) تھن؛ کھیری۔ (۲) (حیوانیات) مرغ؛ حوانہ؛ لیوا۔

Uddered : (a) تھن دار؛ تھن والا؛ (۔) تھن کا۔

Udderless : (n) بے تھن کا؛ غیر تھن دار۔

Udograph : (n) باران نگار۔

Udometer : (n) مقیاس المطر؛ باران پیما؛ بارش کی مقدار معلوم کرنے کا آلہ۔

Udometric : (a) باران پیما کا؛ باران پیمائی سے متعلق۔

Udometry : (n) باران پیمائی۔

Ufer : (n) [Du. 'juffer'.] سروکا کھمبا یا شہتیر جو ٤ تا ٧ انچ موٹا اور ٢٠ تا ٤٠ فٹ لمبا ہو۔

Ugh : (n & int.) [Imitative.] (۱) اُہ؛ کھانسنے کی آواز۔ (۲) (فجائیہ) (نفرت یا کراہت اور خوف کے موقع پر) اُوہ؛ لاحول ولا قوۃ؛ توبہ توبہ؛ اے غضب۔

Ugli : (n) [f. ugly (a).] موٹے چھلکےوالا گول پیوندی لیموں جس کا رنگ سبز اور زرد ہوتا ہے اور جو غالباً Grapefruit اور Tangerine کی پیوند کاری سے اگایا گیا ہو، ابتداً یہ جمائیکا میں دریافت ہوا اور وہیں اس کی کاشت کی گئی۔

Uglification : (n) بد شکل بنانے کا عمل۔

Uglifier : (n) شکل بگاڑنے والا؛ بد شکل یا بد صورت بنانے والا۔

Uglify : (v) [f. ugly(a)] شکل بگاڑنا؛ بد شکل یا بد صورت بنانا؛ بد صورت یا بد نما کر دینا؛ خوفناک شکل کا بنا دینا۔

Uglily : (adv.) بدصورتی سے؛ بد نما یا معیوب طریقے سے؛ خوفناک طورپر؛ وحشت انگیز طورپر؛ مہیب انداز میں۔

Ugliness : (n) (۱) بدصورتی؛ بدہئیتی؛ بھونڈاپن؛ بدصورت یا مکروہ چیز؛ بد خصالی۔ (۲) مکروہیت؛ بد نمائی؛ بد صورت ہونے کی حالت؛ نفرت انگیز شباہت۔ (۳) اخلاقی گھناؤناپن۔

Ugly : (a) [ON. 'uggligr'.] (۱) بدصورت؛ بد شکل؛ بدقطع؛ بدہئیت؛ بھونڈا؛ بھدا؛ کریہہ المنظر؛ مکروہ شکل کا؛ ڈراؤنی شکل والا۔ (۲) مکروہ؛ برا؛ قابلِ نفرت؛ (اخلاقی اعتبار سے) معیوب؛ بد نما؛ ناگوار؛ خطرناک۔ (۳) منحوس؛ ڈراؤنا؛ نامبارک؛ تکلیف دہ؛ خوفناک؛ ناپسند؛ نامطبوع۔ (٤) (موسم، آسمان وغیرہ) طوفانی، خوفناک؛ ڈراؤنا؛ مہیب؛ بدمنظر۔ (٥) (وہ شخص) جس سے مقابلہ کرنا یا جس سے معاملہ کرنا دشوار ہو۔ (٦) بد مزاج؛ چڑچڑا؛ بد خو۔

An ugly joh : بری بات؛ ناگوار واقعہ؛ بے ڈھب واقعہ۔

Ugly : (n) (۱) بد صورت یا ڈراؤنی شکل والا آدمی یا جانور۔ (۲) زنانہ ہیٹ کا (ایک قسم کا) چھجا۔

Ugly : (v) دیکھو Uglify

Ugly : (adv.) دیکھو Uglily

Ugly customer : (n) بے ڈھب آدمی، خوفناک آدمی؛ وہ شخص جس کا مقابلہ کرنا یا جس سے معاملہ کرنا دشوار ہو؛ پر ہیبت شخص۔

Ugly duckling : (n) وہ شخص جو خاندان میں سب سے بد تر سمجھا جاتا ہو مگر سب سے بہتر ثابت ہو؛ تلمیح: اینڈرسن کی کہانی سے لی گئی ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ ایک ہنس کا بچہ بطخ کے بچوں میں مل گیا تھا وہ سب سے بد صورت سمجھا جاتا تھا مگر بڑا ہو کر سب سے شاندار نکلا۔

Ugni blanc : (n) [Fr. f. 'ugni', name of a type of grape+'blanc'.] شابلی جیسی سفید کھانے کے وقت کی شراب جو کیلیفورنیا میں بنتی ہے۔

Ugrian/Ugric : (a) [f. 'Ugry, 'the name given by early Russian writers to an Asiatic race dwelling east of the Ural mountains'.] Ural-Altaic قوم کا یا اس سے متعلق جس میں Finns اور Magyars شامل ہیں : فنی قوم کا۔

Ugrian : (n) (۱) Ugrian قوم کا کوئی فرد یا رکن۔ (۲) Ugrian زبان۔

Ugrug : (n) [ESK.] (الاسکا) داڑھی والی سیل (مچھلی)؛ بھوری یا زردی مائل بزی قطب شمالی سیل جس کی تھوتھنی کے دونوں جانب سخت اور چپٹے بالوں کا گچھا ہوتا ہے۔

Ugsome : (a) [ME. 'ugge'.] (اسکاتستان) ڈراؤنا؛ بدہئیت ؛ خوفناک ؛ مکروہ؛ کریہہ المنظر؛ قابلِ نفرت ؛ گھناؤنا؛ ناگوار؛ نفرت انگیز۔

Ugsomely : (adv.) ڈراؤنے انداز میں ؛ مکروہ طور پر؛ ناگوار طور پر، گھناؤنےپن سے۔

Ugsomeness : (n) ڈراؤنا پن؛ بدہئیتی ؛ مکروہیت؛ کراہت انگیزی ؛ ناگواریت۔

Uhlan : (n) [Fr. 'uhlan'.] نیزہ بردار سوار جو یورپ کےبعض ملکوں کی فوج میں ہوتے ہیں (ابتدءاً پولینڈ کی فوج میں اور بعدہٗ جرمن فوج میں)۔

Uigur/Ouigour : (n) [East Turk. 'uighar'.] (۱) مشرقی شاخ کے ترک جو وسطی ایشیا میں آٹھویں سے بارھویں صدی تک ممتاز رہے؛ ایگور۔ (۲) مشرقی ترکوں کی زبان۔

Uigur : (a) مشرقی شاخ کے ترکوں کا یا ان سے متعلق۔

Uigurean/Uigurian/Uiguric : (a) دیکھو Uigur

Uitlander : (n) [S. Afr. Du.] (جنوبی افریقہ) غیر ملکی۔

Ukase/Ukaz : (n) [Russ. 'ukaz'.] (۱) شہنشاہ روس کا فرمان یا حکومت روس کا فرمان ۔ (۲) کوئی بھی آمرانہ حکم۔

Ukiyo/Ukiyoe/Ukiyoye : (n) [Jap. f. 'ukiyo+e'.] جاپانی آرٹ اسکول جو نچلے طبقوں کی عام زندگی سے مواد لے کر اسے فطری انداز میں لکڑی کے بلاک پر بنا کر چھاپتے ہیں۔

Ukrainian : (a) (۱) یوکرین کا؛ یوکرینی ۔(۲) روس کے ایک مغربی قصبے کا نام یوکرین۔

Ukrainian : (n) (۱) یوکرین کا باشندہ؛ یوکرینی ۔ (۲) یوکرینی سلانی (Slavanic) بولی۔

Ukulele/Ukelele : (n) [Hawaiian.] جزیرہء ہوائی کا چوتارہ؛ چارتاروں کا گٹار؛ چوتارہ؛ اُوکولیلی۔

-ular : (suffix) لاحقہ؛ ULE- سے مشتق صفاتی لاحقہ جو "کا" "کے" "کی" وغیرہ کے معنی دیتا ہے۔

Ulcer : (n) [L. 'ulcus'.] (۱) جسم کے باہر یا اندر کےرخ کا زخم جس میں پیپ ہو؛ (طب) قرحہ (جمع قرح)؛ ناسور؛ زخم؛ زخم معدہ ۔ (۲) (مجازاً) ناسور کی طرح زہر پھیلانے والی چیز؛ اخلاقی ناسور؛ فاسد مادہ یا اثر۔

Corroding ulcer : (طب) اَکلہ۔

Ulcer disease : (n) تراوٹ مچھلی کے بچوں کو ہونے والی ایک عام مہلک جرثومی بیماری جو ان کی جلد پر اثر انداز ہوتی ہے۔

Ulcerable : (a) قرح پذیر؛ جس میں قرحہ پڑ جانے کی صلاحیت ہو۔

Ulcerate : (v) [L. 'ulcerare'.] (۱) قرحہ پڑنا؛ قرحہ ڈال دینا ۔ (۲) قرحہ بن جانا؛ قرحہ بنا دینا۔ (۳) (مجازاً)

اخلاقی ناسور بن جانا یا پیدا کردینا ۔ (٤) فاسد مادہ پیدا ہو جانا یا کر دینا ۔

Ulcerated : (a) مقروح؛ جس میں قرحہ پڑگیا ہو؛ جو قرحہ میں مبتلا ہو؛ قرحہ دار ۔

Ulceration : (n) [L. 'ulceratio'.] (١) تقرّح؛ قرحت؛ قرحہ بننا؛ قرحہ دار ہونا یا ہو جانا؛ قرحیت؛ مقروحیت؛ قرحہ دار ہونے کی حالت ۔ (٢) قرحہ یا قرحوں کا مجموعہ ۔

Ulcerative : (a) (١) قرحہ دار؛ قرحی ۔ (٢) قرحہ بننے والا یا قرحہ ڈالنے والا؛ قرح خیز؛ قرح زا ۔ (٣) قرحہ سے پیدا شدہ ۔ (٤) قرحہ جیسا ۔

Ulcerative colitis : (n) قرحہ دار ورم قولون؛ ایک مرض جس میں نامعلوم یا غیر مخصوص سبب سے بڑی آنت متورم ہوجاتی ہے اور پیٹ میں درد کے ساتھ خون آمیز آنو کے دست آتے ہیں، آنت کی بلغمی جھلی بھی متورم ہو جاتی ہے اور اس میں زخم ہو جاتا ہے ۔

Ulcerative lymphangitis : (n) مویشیوں کی ایک بیماری ۔

Ulcered : (a) دیکھو Ulcerated

Ulcerous : (a) [L. 'ulcerosus'.] (١) قرحہ جیسا؛ قرحہ کی نوعیت کا ۔ (٢) قرحہ دار؛ مقرح ۔ (٣) قرحوں سے پیدا شدہ ۔

Ulcerously : (adv.) قرحہ دار زخم کی طرح ۔

Ulcerousness : (n) قرحیت؛ قرح دار ہوجانا ۔

Ulcus : (n) [L.] دیکھو Ulcer

-ule : (suffix) لاحقہ جو اسم تصغیر بنانے کے لئے استعمال ہوتا ہے؛ علامت تصغیر مثلاً Capsule' Rodule' Postule وغیرہ ۔

Ulema : (n) [Arab. 'ulama'.] (١) (جمع) علماء ماہرین دینیات و فقہ اسلامی؛ (خصوصاً) جماعت جو شیخ الاسلام کے ما تحت ہو ۔ (٢) (بطور واحد) عالم؛ مسلم عالم دین یا روحانی پیشوا ۔

-ulent : (suffix) لاحقہ جو صفات کے آخیر میں آتا ہے ۔

Ulex : (n) [mod. L.] خاردار جھاڑیوں کی ایک جنس؛ جنس رَتَم؛ جنس لوبیا ۔

Ulexine : (n) (کیمیا) Gorse (ایک خاردار جھاڑی کے زرد پھول) کے بیج سے تیار کیا ہوا الکلائڈ (القلی) ۔

Ulexite : (n) (معدنیات) سوڈے اور چونے کا بوریٹ ۔

Ulicon : Olakan کا متبادل ۔

Uliginal : (a) (نباتیات) دلدلی؛ دلدل نمو؛ مرطوب مقامات پر اگنے والا ۔

Uliginose : (a) (نباتیات) دلدلی؛ دلدل میں پیدا ہونے والا ۔

Uliginous : (a) (١) مرطوب؛ پانی جیسا؛ دلدلی ۔ (٢) (مٹی یا مقامات) مرطوب؛ جہاں پانی رہتا ہو ۔

Ullage : (n) [AFr. 'ulliage'.] (١) کمی؛ چھیج ؛ بھروت؛ کسرہ ؛ وہ مقدار جو پیپے یا اور کسی برتن کے پورا بھر جانے میں باقی ہو؛ پیپا وغیرہ جو پوری طرح بھرا نہ ہو ۔ (٢) شراب کی مقدار کسی برتن میں جو پوری طرح بھرا ہوا نہ ہو ۔ (٣) (عامیانہ) استعمال کئے ہوئے گلاسوں کی بچی ہوئی شراب ۔ (٤) رساؤ (کسی مرطوب مادے کا) ۔ (٥) کندہ کاری کے اوزار سے چھل کر نکلی ہوئی بیکار دھات ۔ (٦) (بحری) بیکار چیزیں یا ناکارہ یا بھدا آدمی ۔ (٧) (کیمیا) تلچھٹ ۔

On ullage : (پیپا وغیرہ) جو پوری طرح بھرا نہ ہو ۔

Wet ullage : شراب کی مقدار کسی ایسے برتن میں جو پوری طرح بھرا ہوا نہ ہو ۔

Ullage : (v) (١) (پیپے وغیرہ میں) شراب کی مقدار کا اندازہ لگانا (جس سے پیپا بھر جائے) ۔ (٢) تھوڑا نکال لینا، کم کر دینا ۔ (٣) کمی کو پورا کر دینا؛ (پیپے وغیرہ میں) بھرنے کے لئے مطلوبہ مقدار کو پورا کرنا یا اس میں بھر دینا ۔

Ullaged : (a) (بوتل یا پیپا) جو تھوڑا خالی رہ گیا ہو ؛ جو پوری طرح بھرا ہوا نہ ہو؛ جس میں چھیج ہو؛ جس میں موجودہ چیز کی مقدار کم ہو؛ (شراب وغیرہ) کم؛ جو پوری نہ ہو اور اس طرح نقصان ہوا ہو؛ (کوئی بھی) ادنیٰ چیز؛ (کسی چیز کا) بیکار (حصہ)؛ فضلہ؛ بچا کھچا ۔

Ullager : (n) کمی کو ناپنے والا؛ کمی کا اندازہ لگانے والا ۔

Ulmaceae : (n) [mod. L. 'ulmus'.] درختوں اور جھاڑیوں کا ایک خاندان؛ (نباتیات) دردار یّہ؛ دیودار یّہ ۔

Ulmaceous : (a) (نباتیات) دیوداری؛ بقی ۔

Ulmannite : (n) [f. name of 'J. C. Ullmann'.] نیکل کا سلفینٹنو مائڈ ۔

Ulmate : (n) (کیمیا) Ulmic acid کا نمک ۔

Ulmic : (a) [Fr. 'ulmique'.] Ulmic acid میں آتا ہے ۔

Ulmic acid : (n) (کیمیا) المن؛ وہ سیاہ گوند کا سا مادہ جو elm وغیرہ کے درختوں اور کسی چیز پر جمنے والی کائی میں پایا جاتا ہے ۔

Ulmin : (n) [f. L. 'ulmus, 'named by Thomson.] دیکھو Ulmic acid

Ulmus : (n) [mod. L. f. 'elm'.] (نباتیات) جنس دیودار؛ جنس بُق ۔

Ulmus levigata : (n) (نباتیات) مَنُّو ۔

Ulmus wallichiana : (n) (نباتیات) کاشن ۔

Ulna : (n) [L.] (۱) (تشریح) زند اسفل؛ کلائی کی دو ہڈیوں میں سے نیچے کی لمبی ہڈی ۔ (۲) چوپانے کے اگلے پاؤں اور پرند کے بازو کی وہی ہڈی ۔

Carpel end of ulna : (تشریح) کُرسوع ۔

Uland : (adv.) (تشریح) زند رُو؛ زند اسفل کی جانب ۔

Ulnage : (n) Alnage کا متبادل ۔

Ulnager : (n) دیکھو Alnager

Ulnar : (a) زندی؛ زند اسفل کا یا اس سے متعلق ۔

Ulnar : (n) زندی عصب؛ زند اسفل سے متعلق عصب ۔

Ulnar artery : (n) زندی شریان ۔

Ulnar vein : (n) زندی ورید؛ زندی رگ ۔

Ulnare/Ulnar : (n) [mod. L. 'ulnare'.] فانہ نما ہڈی ۔

Ulno - : (comb) Ulnar جزو ترکیبی بمعنی ۔

Ulno-carpal : (a) زندی رُسغی ۔

Ulo-: (comb) [mod. L. 'ula'.] جزو ترکیبی بمعنی مسوڑھے سے متعلق؛ لِثوی ۔

Uloborid : (a) [f. mod. L. 'uloboridae'.] Uloboridae کا یا اس سے متعلق ۔

Uloborid : (n) Uloboridae کے خاندان کی مکڑی ۔

Uloboridae : (n) [mod. L. 'uloborus + idae'.] گول جالے بُننے والی مکڑیوں کا خاندان ۔

Uloborus : (n) [mod. L. f. Gr. 'ouloboros'.] گول جالے بُننے والی مکڑیوں کی جنس ۔

Ulorrhagia : (n) (طب) نزف لِثہ ۔

-ulose : (suffix) صفتی لاحقہ جو لاطینی لاحقے Ulasus کا مترادف ہے ۔

Ulotrichan : (a) [f. Ulotrichous.] پشم مو ؛ صوف مو ؛ اون جیسے بالوں والا (انسان) ۔

Ulotrichan : (n) [as prec.] پشم مو انسان؛ اس نسل کا انسان جس کے بال اون کی طرح گھونگریالے ہوتے ہیں ۔

Ulortichous/Oulotrichous : (a)[f. mod. L.'Ulotrichi'.](بشریات) Ulotrichi نسل کا؛ اس نسل انسانی کا جس کے بال گھونگریالے ہوتے ہیں؛ پشم مو؛ صوف مو ۔

-ulous : (suffix) لاحقہ جو لاطینی لاحقے Ulosus – اور Ulus ۔ دونوں کی نمائندگی کرتا ہے ۔

Ulster : (n) (۱) اُلسٹر؛ کنگ آف آرمس ۔ (۲) السٹر ؛ لمبا ڈھیلا ڈھالا لبادہ اور کوٹ جس میں پٹی لگی ہو ۔ (۳) اُلسٹر کے ایک علاقے کا نام ۔

Ulster custom : (n) حقیت کاشتکاری کی وہ شکل جو السٹر واقع اُلسٹر میں رائج ہے جس کی رو سے ایک رُعیت کو اپنی زمین پر قبضہ رکھنے، اسے فروخت یا علاحدہ کرنے، اس کا معاوضہ پانے کے متعلق بعض حقوق حاصل ہیں ۔

Ulster tenant-right : (n) دیکھو Ulster custom

Ulstered : (n) السٹر پہنے ہوئے؛ السٹر پوش ۔

Ulsterette : (n) چھوٹا یا ہلکا السٹر ۔

Ulstering : (n) السٹر بنانے کا کپڑا؛ وہ کپڑا جس کا السٹر بنایا جائے یا بنتا ہو ۔

Ulsterman : (n) اُلسٹرستانی صوبہ السٹر کا رہنے والا ؛ السٹری؛ السٹر کا باشندہ ۔

Ult : Ultimo کا مخفف ۔

Ulterior : (a) [L 'ulterior'.] (۱) پرے کا؛ پرلا؛ جو کسی چیز کے ماورا ہو، ماوری ۔ (۲) زیادہ دور کا؛ بعید؛ بعد کا؛ آئندہ کا؛ آجل ۔ (۳) در پردہ ؛ تہ میں چھپا ہوا ؛ مخفی ۔

Ulteriority : (n) دور کی چیز؛ آئندہ یا بعد کی بات ۔

Ulteriorly : (adv.) (۱) آگے چل کر؛ آئندہ مرحلے پر ۔ (۲) بعد میں؛ آخیر میں؛ آخری مرحلے پر ۔ (۳) در پردہ ۔

Ultima : (a)[L. fem. of 'ultimus'.] (۱) کسی لفظ کا آخری ہجا ۔ (۲) آخری ؛ بعید تر ۔

Ultima ratio : (n) آخری دلیل؛ (خصوصاً زور یا تشدد بطور آخری دلیل کے) ۔

Ultima ratio regum : (n) بادشاہوں کی آخری حجت ، فوج کشی ۔

Ultima Thule : (n) (جغرافیہ) خطۂ دور ترین؛ خطۂ آخری ؛ کوئی دور دراز نا معلوم مقام؛ دنیا کا چھور ۔

Utimacy : (n) [f. ultimate.] قطعیت، ختمیت؛ آخری یا مختتم ہونے کی حالت یا صفت ۔

Ultimate : (a) [Late and med. L. 'ultimatus'.] (۱) مختتم ؛ آخری؛ قطعی؛ فیصلہ کن؛ حتمی ۔ (۲) بنیادی ؛ (حیوانیات) اساسی؛ اصلی؛ حقیقی؛ عنصری ۔ (۳) (ریاضیات) (U. ratio) دو متغیر اعداد کے درمیان آخری تحدیدی تناسب ۔ (٤) بالآخر واقع ہونے والا؛ شدنی؛ منتج ہونے والا ۔ (٥) آخری (ہجا یا تاکید) لفظ کی آخری ہجا پر ہونے والی (تاکید) ۔

Ultimate : (n) (۱) نقطۂ آخر؛ انجام؛ نتیجہ؛ اختتام؛ آخری زینہ؛ آخری قدم ۔ (۲) بنیادی اصول ؛ اصل حقیقت ۔

Ultimate : (v) (۱) مکمل کرنا؛ پایۂ تکمیل تک پہنچانا؛ انجام کو پہنچانا؛ آخری مرحلے پر لانا؛ ختم کرنا؛ پورا کرنا ۔ (۲) آخری نتیجے پر ہونا؛ ختم ہونا؛ مختتم ہونا ۔

Ultimate : (v) [Back-formation from ultimatum] آخری شرط رکھنا یا پیش کرنا؛ اتمام حجت کرنا ۔

Ultimate analysis : (n) (کیمیا) مختتم تجزیہ؛ آخری تجزیہ ۔

Ultimate cause : (n) علت اولیٰ؛ (فلسفہ) علت العلل ۔

Ultimate elongation : (n) (طبیعیات) انتہائی تطویل ۔

Ultimate lines : (n) امتیازی خطوط ۔

Ultimate resistance : (n) (برقیات) انتہائی مزاحمت ۔

Ultimate truths : (n) (فلسفہ) حقائق اصلی ۔

Ultimate value : (n) (فلسفہ) قدر نہائی ۔

Ultimately : (adv.) آخر کار؛ بالآخر؛ انجام کار؛ آخر الامر؛ آخرش؛ آخر میں ۔ (۲) قطعی طور پر؛ بنیادی طور پر ۔ (۳) فیصلہ کن طور پر ۔

Ultimateness : (n) آخریت؛ قطعیت؛ بنیادیت ۔

Ultimatum/Ultimata : (n) [Subst. use of n. of'ultimatus in the med. L.] (۱) اتمام حجت؛ حرف آخر؛ اُلٹیمیٹم؛ آخری تجویز یا شرائط جنہیں فریق ثانی منظور نہ کرے تو دونوں فریقوں میں قطع تعلق ہو جاتا ہے یا جنگ چھڑ جاتی ہے؛ آخری شرط یا پیشکش ۔ (۲) آخری نتیجہ؛ آخری حد؛ انتہائی حد؛ آخری نشانہ ۔ (۳) بنیادی اصول؛ اصل اصول؛ وہ چیز جو ناقابل تجزیہ ہو؛ اساسی چیز ۔ (٤) بعید ترین نقطہ؛ دور ترین مقام (جہاں پہنچنا ہو) ۔

Ultimatum : (v) آخری شرط رکھنا یا پیش کرنا؛ اتمام حجت کرنا؛ اُلٹیمیٹم دینا ۔

Ultimo : (adv.) [L.] پچھلے مہینے کا؛ گذشتہ ماہ کا؛ (در) ماہ گزشتہ (مخفف .U l t) ۔

Ultimobranchial bodies : (n) (حیوانیات) مابعد خیشومی غدود ۔

Ultimogeniture : (n) [f. L. ultimess' after primogeniture.] (قانون) حق خردی ؛ وراثت اصغر؛ وراثت فرزند اصغر؛ وہ اصول وراثت جس کی رو سے سب سے چھوٹا لڑکا وارث ہوتا ہے ۔

Ultonian : (a & n) [f. med. L. 'ultonia'.] السٹر کا ؛ السٹری ؛ السٹر کا باشندہ ۔

Ultra : (a) [Independent use of ultra-.] (۱) حامیِ بادشاہت ۔ (۲) انتہا پسند؛ انتہا پسندانہ خیالات یا نظریات کا حامل ۔ (۳) بے حد؛ بے حساب؛ حد سے گزرا ہوا ۔ (٤) انتہا پسندی میں حد سے بڑھا ہوا ۔ (٥) بہت باریک پیمائشوں کے لئے بنا ہوا (آلہ)؛ بہت خفیف مقدار کی یا بہت چھوٹی چیز کی پیمائش کرنے والا؛ بہت قوی (آلہ)۔

Ultra : (n) [as prec.] (۱) حامیِ بادشاہت (فرانسیسی) ۔ (۲) سیاسیات یا مذہبی امور میں انتہا پسندی سے کام لینے والا؛ انتہا پسند شخص ۔ (۳) فیشن میں انتہا کو پہنچا ہوا؛ انتہائی فیشن پرست شخص ۔

Ultra : (prep.) [L.] آگے، پرے : بالا؛ ورا؛ حد سے زیادہ ۔

Ultra- : (prefix) سابقہ بمعنی (۱) بالا؛ ورا؛ حد سے زیادہ ۔ (۲) انتہا پسند؛ انتہائی ۔

Ultra-centenarian : (a) سو سال سے زیادہ زندہ رہنے والا؛ جو سو سال سے اوپر ہو ۔

Ultra-classical : (a) حد سے زیادہ کلاسیکی ۔

Ultra-conservative : (a) (سیاسیات) زیادہ قدامت پسند؛ حد سے زیادہ قدامت پسند ۔

Ultra-gaseous : (a) (طبیعیات) ورا گیسی؛ اشعاعی مادہ ۔

Ultra-orthodox : (a) حد سے زیادہ تقلید پسند؛ حد سے زیادہ قدامت پسند؛ حد سے زیادہ راسخ العقیدہ ۔

Ultra-rapid picture : (n) انتہائی تیز متحرک تصویر ۔

Ultra-red : (a) انتہائی سرخ؛ زیر سرخ ۔

Ultra-religious : (a) (دینیات) شدید مذہبی؛ کٹر مذہبی؛ انتہائی مذہبی ۔

Ultra-sensual : (a) (نفسیات) ورائے حسی، حد درجے کا حسی ۔

Ultra-short waves : (n) (ریڈیو) قصیر تر امواج ۔

Ultra-violet : (a) بالائے بنفشی؛ ورائے بنفشی ۔

Ultra-violet cell : (n) (فوٹو گرافی، برقیات) بالا بنفشی خانہ ۔

Ultra-violet microscope : (n) (بصریات) بالا بنفشی خردبین ۔

Ultra-violet rays : (n) (طبیعیات) بالا بنفشی شعاعیں ۔

Ultra-violet therapy : (n) (طب) بالا بنفشی علاج : بالا بنفشی شعاعوں کے ذریعہ علاج ۔

Ultrabasic : (a) انتہائی بنیادی یا اساسی؛ جس میں سلیکا بہت کم ہو اور Ferromagnesian معدنیات بہت زیادہ ہوں ۔

Ultracentrifuge : (n) (کیمیا) ورا مرکز گریزہ؛ تیز مرکز گریزہ ۔

Ultracrepidarian : (a) اپنی حد سے تجاوز کرنے والا؛ اپنے حلقۂ اختیار سے باہر جانے والا ۔

Ultracrepidarian : (n) حد سے تجاوز کرنے والا شخص؛ (خصوصاً) جاہل، ناواقف یا گستاخ نقاد ۔

Ultracrepidarianism : (n) حد سےتجاوزکرنا(خصوصاً نقاد کا) ۔

Ultracrepidation : (n) حد سے تجاوز کرنا (خصوصاً نقاد کا) ۔

Ultrafashionable : (a) حد سے زیادہ فیشن پرست؛ انتہائی فیشن پرست ۔

Ultrafidian : (a) [f. the L. phr. 'ultra fidem'.] آنکھ بند کرکے مان لینے والا؛ سریع الاعتقاد ۔

Ultraism : (n) (خیالات یا عقائد میں) تشدد؛ (سیاسیات) انتہا پسندی ۔

Ultraist : (n) متشدد؛ انتہا پسند؛ سیاسیات یا مذہب وغیرہ میں انتہا پسندانہ عقائد رکھنے والا ۔

Ultraistic : (a) انتہا پسندانہ؛ انتہا پسندی کا ؛ متشددانہ ۔

Ultralimunal : (a) (نفسیات) متسامی؛ زیر شعوری ۔

Ultramafic : (a) دیکھو Ultrabasic

Ultramarine : (a) وراء البحر؛ ورائے بحری ؛ جو سمندر پار واقع ہو ۔

Ultramarine : (n) (Lapis Lazuli) نیلا رنگ جو لاجورد معدنی سے بنتا ہے؛ اس طرح کا نیلا رنگ؛ (روشنی) لاجورد نیلا ۔

Artificial ultramarine : مصنوعی نیلا رنگ جو کاربونیٹ سوڈا، گندھک اور رال سے ملا کر بنایا جاتا ہے ۔

Ultramarine ashes : (n) درد لاجورد، تلچھٹ جو لاجورد معدنی کو نکالنے کے بعد باقی رہ جاتی ہے اور مصور خاکستری رنگ بنانےمیں استعمال کرتے ہیں۔

Ultramarine blue : (n) دیکھو Ultramarine

Ultramicrobe : (n) ورا میکروب؛ ورا زندك ۔

Ultramicrone : (n) (طبیعیات) ورا مائیکرون ۔

Ultramicroscope : (n) (بصریات) وراخردبین ؛ ماوراخردبین ۔

Ultramicroscopic : (a) (بصریات) ورا خردبینی؛ خردبین سے بھی نظر نہ آنے والا ۔

Ultramodern : (a) الٹرا موڈرن؛ حد سے زیادہ جدید خیالات و نظریات کا؛ حد سے زیادہ نئی روشنی کا ۔

Ultramontane : (a) [med. L. 'ultramontanus'.] (۱) ورائے الپ؛ کوہ آلپس کے شمال کا ؛ ورائے کوہ ۔ (۲) (جغرافیہ) اطالوی۔

Ultramontane : (n) (۱) معتقد یا حامیٔ اقتدار پاپائی ۔ (۲) کوہِ آلپس کے شمال کا رہنے والا ۔

Ultramontanism : (n) [Fr. 'ultramontanisme'.] عقیدۂ اقتدار پاپائی؛ (دینیات) عظمت پوپ (عقیدہ) ۔

Ultramontanist : (n) دیکھو Ultramontane

Ultramundane : (a) [L. 'ultramundanus'.] (۱) ماورائے دنیا؛ ماورائے نظام شمسی؛ (علم النجوم)وراءالدنیا ۔ (۲) اُخروی؛ عالم آخرت کا؛ (دینیات) عاقبتی ۔

Ultranationalism : (n) انتہا پسندانہ قوم پرستی ؛ قومی مفاد یا حقوق کی حد سے زیادہ حمایت بخلاف بین الاقوامی مفاد ۔

Ultranationalist : (n) انتہا پسند یا حد سے زیادہ قوم پرست ۔

Ultrasonic : (a) بالاصوتی؛ (آواز کی لہریں یا ارتعاشات) جن کی تیزی یا تعدد حد سماعت سے زیادہ ہو یعنی HZ ۲۰,۰۰۰ ۔ ۱۵,۰۰۰ سے بڑھ کر ہو؛ ماورائے صوت؛ ورائے صوت ۔

Ultrasonic frequency : (n) (صوتیات) بالا صوتی تعدّد ۔

Ultrasonically : (adv.) بالاصوتی پر؛ ورائے صوتی انداز میں ۔

Ultrasonics : (n) (۱) بالاصوتی لہریں ۔ (۲) بالا صوتیات؛ بالا صوتی لہروں کے مطالعے اور استعمال سے متعلق علم۔

Ultrasound : (a) بالا صوتی تعدد والی آواز؛ بالا صوتی لہریں (بحیثیت مجموعی)۔

Ultrastructural : (a) (حیاتیات) اس حیاتی ساخت سے متعلق جسے معمولی خرد بین سے نہیں دیکھا جاسکتا ۔

Ultrastructure : (n) (حیاتیات) وہ حیاتیاتی ساخت جسے معمولی خردبین سے نہیں دیکھا جا سکتا ۔

Ultratropical : (a) ورا منطقوی ۔

Ultravires : (adv.) [L.] خارج از قدرت؛ خارج از اختیار ۔

Ultravirus : (n) ورائے خرد بینی زہر یا زہریلا مادہ جو باریك ترین جراثیمی فلٹر سے بھی گزر جائے ۔

Ultrazodiacal : (a) (علم النجوم) خارج المنطقه البروج ۔

Ultrazodiacal planets : (n) (علم النجوم) سیارات خارج المنطقه۔

Ultroneous : (a) [L. 'Ultroneus'.] از خود؛ خود بخود؛ بالارادہ ؛ رضاکارانہ؛ (اسکاتسانی قانون) (گواہ) جسے بلایا نہ گیا ہو بلکہ وہ خود ہی گواہی دینے کو تیار ہو یا اس کی پیشکش کرے ۔

Ultroneously : (adv.) اپنے آپ؛ خودبخود؛ رضا کارانہ طور پر ۔

Ulu : (n) [Malay.] وہ مقام جہاں سے کوئی ملیشیائی دریا نکلا ہو، ملیشیائی دریا کا منبع؛ ملیشیائی جزیرہ نما کے قلب میں واقع دیہات یا جنگل ۔

Ulu/Ulo : (n) [Inupik.] اسکیمو (شمالی امریکا کی نسل کی) عورت کا چاقو جو غذائی اشیاء کاٹنے والی چھری یا چھرے سے مشابہ ہوتا ہے ۔

Ulu : (n) [Prob. Fr. Bengali, 'ulla grass'.] ایك ہندوستانی گھاس جو چارے کے کام آتی ہے ۔

Ulua : (n) [Hawiian.] ہوائنا (Hawaiina) کی چند مچھلیوں میں سے کوئی مچھلی جو غذائی اور شکاری مچھلیوں میں بہت عمدہ، بیش بہا سمجھی جاتی ہے ۔

Ululant : (a) زور زور سے رونے، چلانے یا بھونکنے والا؛ گریہ کا؛ آہ وزاری کا، آہ وزاری کی طرح ۔

Ululate : (v) [f. L. 'Ululare'.] بلند آواز سے رونا؛ آہ وزاری کرنا؛ گریہ کرنا؛ واویلا مچانا؛ (جانوروں کا مثلاً کتوں، بھیڑیوں وغیرہ کا) زور زور سے چلانا، بھونکنا یا رونا۔

Ululation : (n) زور زور سے رونا؛ چلانا یا بھونکنا (کتے کا)؛ واویلا؛ فریاد؛ چیخ و پکار؛ بھیڑیئے یا اُلّو کی آواز؛ (انسان کی) چیخ وپکار؛ آہ وزاری؛ نالہ و شیون۔

Ululant دیکھو Ululatory : (a)

Ulva : (n) [L.] (نباتیات) Ulvaceae جنس کی ایک کائی؛ بحری کا ہو ؛ سلاد؛ ایک قسم کی صوف البحر جو کھانے کے کام آتی ہے۔

Ulysses : (n) [Gr. 'Olysseus'.] یولیسس؛ شاہ ایتھا کا (Ithaca) اور اوڈی سی کا ہیرو۔

Ulyssean : (a) [L. 'Ulysses'.] یولیسس کا یا اس سے متعلق؛ یولیسین؛ یولیسس جیسا عیار یا اس کی طرح بہت زیادہ سیاحت کا شائق۔

Um/'um : (pron.) (بول چال) 'Em' (بجائے Them) کا متبادل۔

Um : (int.) [Imitative.] دیکھو Hum

Umbel : (n) [L. 'umbella'.] (۱) (نباتیات) چتر ؛ چھتر : پھولوں کا گچھا جس میں ڈنڈیاں ہوتی ہیں جو لمبائی میں تقریباً مساوی ہوتی ہیں اور ایک ہی مرکز سے نکلی ہوئی، چپٹی، دبی یا ابھری ہوئی سطح بناتی ہیں۔ (۲) چھترنما ترتیب؛ چھترنما حصے۔

Umbella : (n) [L.] (۱) (نباتیات) چتر؛ چھتر۔ (۲) (حیوانیات) قدرے محدب قرص جو Jelly fish کے ٹنولنے والے عضو (گیرہ) کو سہارا دیتا ہے۔

Umbellar : (a) چھتر کا۔

Umbellate : (a) (۱) (نباتیات) (پھول) جو چھتر سا بنا تے ہوں؛ (پودے) ایسے پھول والے (پودے)؛ چھتر دار؛ چھتر نما۔ (۲) (حیوانیات) چھتردار؛ چھتر بنانے والا؛ چھتر نما عضو۔

Umbellated : (a) چھتر بنانے والے (پھول)؛ چھتر دار؛ چھترنما؛ (پودے) جن میں ایسے پھول ہوں۔

Umbellately : (adv.) چھتردار طور پر؛ چھتر نما ہو کر۔

Umbelled : (a) دیکھو Umbellate

Umbellet : (n) چھتری؛ ننھی سی چھتری؛ چَتَرچہ۔

Umbellifer : (n) (نباتیات) چھتردار پودا؛ چھتر پودا؛ گزری پودا۔

Umbelliferae : (n) گزَریہ؛ گاجریّہ ؛ چھتردار پودوں کا خاندان۔

Umbelliferone : (n) (کیمیا) ایک بے رنگ، بے مزہ قلمی مادہ جو ماذریون کی چھال اور دیگر مختلف چھتردار پودوں سے تقطیر کے ذریعے حاصل کیا جاتا ہے۔

Umbelliferous : (a) (۱) چھتردار؛ چھتر دار پھولوں والا Umbelliferae کے خاندان کا۔ (۲) چھتر دار پودوں سے نکالا ہوا۔

Umbelliform : (n) چھتر نما؛ چھتر سا۔

Umbellule : (n) [mod. L. 'umbellula'.] (نباتیات) جزوی یا ثانوی چھتر؛ چھتری؛ ننھی سی چھتری؛ چَتَرچہ۔

Umber : (n) [L. 'umbra'.] (بول چال) سایہ؛ ظلّ۔

Umber : (n) [L. 'umbra'.] دیکھو Grayling

Umber : (n) [as prec.] (۱) امبر؛ اُخری مٹی؛ ایک گہرے بادامی رنگ کی مٹی جو قدرتی رنگ کے طور پر کام آتی ہے اور جلانے سے اس کا رنگ سرخ ہو جاتا ہے۔ (۲) پتنگا ، تتلی : خاکی تتری ؛ امبر۔ (۳) بطور صفت مثلاً Umber - coloured۔

Burnt Umber : ایک مخصوص رنگ جو سرخ ہوتا ہے اور امبر مٹی کو جلا کر تیار کیا جاتا ہے۔

Umber : (a) گہرے بادامی رنگ کا؛ سانولا؛ سیابی مائل؛ امبر کا یا اس سے متعلق؛ کچی یا جلی ہوئی امبر کے رنگ کا۔

Umber : (v) امبر کا رنگ دینا؛ امبر سے داغ لگانا یا داغ لگنا ؛ گہرے بادامی رنگ میں رنگنا۔

Umber bird : (n) زاغ افریقی؛ نیز Umberlle؛ گہرے بادامی رنگ کے پروں والا افریقی پرند؛ بگلے کی قسم کا ایک افریقی پرند؛ افریقی بگلا۔

Umbered : (a) امبر سے رنگا ہوا؛ گہرے بادامی رنگ میں رنگا ہوا۔

Umbery : (a) امبر کے رنگ کا؛ گہرا بادامی ۔

Umbil root : (n) شمالی امریکی ثعلبیہ جس کے گلابی و سفید پھول نہایت حسین ہوتے ہیں ۔

Umbilectony : (n) (جرّاحی) ناف براری ۔

Umbilic : (n) [L. 'umbilicus'.] (ہندسہ) (کسی منحنی) سطح کا وہ نقطہ جہاں تمام انحنائیں برابر ہوں ۔

Umbilical : (a) (۱) قریب ناف؛ ناف کا؛ ناف کی شکل کا؛ (تشریح) نافی؛ سُرّی ۔ (۲) مرکزی ۔ (۳) دختری؛ خواہری؛ (سماجیات) مادری یا ننہالی (رشتہ، سلسلہ، نسب وغیرہ) ۔ (٤) ناف دار؛ ناف کی تشکیل کرنے والا ۔ (٥) (ہندسہ) ناف خطوط (Umbilicus) کا یا اس کی تشکیل کرنے والا ۔ (٦) جو مرکزی مقام پر ہو؛ مرکزی؛ نافی ۔

Umbilical ancester : (n) ننہالی بزرگ ۔

Umbilical arteries : (n) نافی شریانیں؛ نافی شرائین ۔

Unbilical cord : (n) (۱) بچے کی نال جو آنول سے جڑی ہوتی ہے؛ حبلِ سُری؛ نال؛ ناڑ ۔ (۲) (نباتیات) ناف؛ تخم؛ بیج کے اکھوے سے جڑی ہوئی ڈنٹی یا غصنہ۔

Umbilical fistula : (n) ناسور سُری؛ ناسور ناف ۔

Umbilical hernia : (n) فتق سُری ۔

Unbilical point : (n) (ہندسہ) ماسکہ؛ ناف خطوط ۔

Umbilical region : (n) نافہ؛ حلقۂ ناف ۔

Umbilical vein : (n) بچے کی نال سے ہو کر گزرنے والی رگ جس کے ذریعے آنول سے صالح خون اور غذا بچے کو ملتی ہے ۔

Umbilically : (adv.) مرکزی طور پر؛ بطور ناف؛ سری طور پر ؛ مادری رشتے سے؛ ننہالی رشتے میں ۔

Umbilicar : (a) (ہندسہ) ماسکی؛ ماسکہ کا یا اس سے متعلق؛ ناف خطوط کا یا اس سے متعلق ۔

Umbilicate : (a) (۱) ناف کی شکل کا؛ ناف نما ۔ (۲) ناف دار؛ جس میں ناف جیسا گڑھا ہو ۔

Umbilicated : (a) دیکھو Umbilicate

Umbilication : (n) (مرضیات) چیچک کے دانے یا کسی اور چھالے کے منہ پر کا گڑھا؛ اس طرح کا گڑھا ہو جانے کی حالت ۔

Umbilici : (n) Umbilicicus کی جمع ۔

Umbilicular : (a) ناف سے متعلق؛ نافی ۔

Umbilicular contemplation : (n) مراقبۂ نافی؛ وہ مراقبہ جو ناف پر نظر جما کر ہندوستان کے جوگی کرتے ہیں ۔

Umbilicus/Umbilici : (n) [L.] (۱) ناف ۔ (۲) (حشریات ، حیوانیات) سُرّہ ؛ نافہ؛ (گھونگوں وغیرہ) میں ناف کی شکل کا گڑھا ۔ (۳) (نباتیات) ناف تخم (سیم کی قسم کے بیجوں میں) ؛ ناف ۔ (٤) (ہندسہ) سطح کا وہ نقطہ جس سے تمام خطوط انحرافی گزرتے ہیں؛ ناف خطوط؛ ماسکہ ۔ (٥) (قدیم روما) اس لکڑی کے دونوں سروں کا لٹو جس پر مسوّدہ لپیٹا جاتا تھا ۔ (٦) مرکزی نقطہ؛ مرکزہ ۔

Umbiliferous : (a) (حیوانیات) ناف دار ۔

Umbiliform : (a) ناف شکل؛ ناف نما ۔

Umbles : (n) [Var of Numbles.] (۱) کسی جانور خصوصاً ہرن کے جسم کے اندرونی اعضاء جنہیں کھایا جا سکتا ہو ۔ (۲) توصیفاً (جیسے Umblepic) ۔

Umbo/Umbones/Umbos : (n) [L.] (۱) ڈھال کا ابھرا ہوا حصہ؛ (خصوصاً) وسط کا ابھرا حصہ؛ ڈھال کا پھول؛ قبۂ سپر ۔ (۲) (نباتیات، حیوانیات) گومڑی؛ گانٹھ ؛ حیدہ ؛ (حیوانیات) مسّا ؛ گُندمہ ۔ (۳) (مرضیات) جلدی بیماری میں بیچ کا ابھار یا مرکزی دھبا ۔ (٤) (تشریح) کان کی طبلی جھلی کے گڈھے کا گہرا ترین نقطہ ۔

Umbonal : (a) کان کی طبلی جھلی کے سب سے زیادہ گہرے نقطے یا مقام کا، اس کے پاس واقع یا اس کو تشکیل دینے والا؛ گومڑی کا؛ گانٹھ کا ۔

Umbonate : (n) حیدہ دار؛ گومڑدار؛ گومڑی دار؛ گانٹھ دار (خاص کر نباتیات میں) مسّادار (حیوانیات میں)۔

Umbones : (n) [L. Pl. of 'umbo'.] Umbo کی جمع ۔

Umbonic/Umbonial : (a) دیکھو Umbonal

Umbos : (n) دیکھو Umbo

Umbra/Umbrae : (n) [L.] (۱) سایہ؛ بھوت؛ مردہ انسان کی روح؛ بھتنا ۔ (۲) (قدیم روما) ناخواندہ مہمان جسے کوئی مہمان ساتھ لایا ہو : طفیلی ۔ (۳) ظلّ؛ زمین یا چاند کا سایہ جو گرہن کے وقت پڑتا ہے؛ (علم النجوم) کسوف کامل ؛ سورج گرہن ۔ (٤) سورج کا مرکزی دھبایا داغ ۔ (٥) الجبرا کی ایک علامت جسے تعداد بتانے کے لئے کسی دوسری علامت کے ساتھ ہونا لازمی ہوتا ہے ۔ (٦) (بصریات) ظلّ تام؛ ظلّ محض ۔

Umbra : (n) [L. umber.] (۱) (شاذ) دیکھو Grayling ۔ (۲) Umbrine جنس کی Sciaenoid مچھلی ۔

Umbraculiferous : (a) (حیوانیات) چتردار ۔

Umbraculum : (n) (نباتیات) لاحقہ چتری؛ چترچہ ۔

Umbrae : (n) Umbra کی جمع ۔

Umbrage : (n) [OFr. 'umbrage'.] (۱) سایہ؛ (خصوصاً) در ختوں کےسائے؛ پتیاں جن کا سایہ پڑتاہے۔ (۲) بیولی؛ دھندلی شبیہ ؛ سایہ (کسی کا) (شاذ) ۔ (۳) خفگی ؛ آزردگی ؛ ناگواری ؛ بیزاری؛ (نفسیات) رنجش ۔

To give umbrage : آزردہ کرنا؛ ناراض کرنا ۔

To take umbrage : آزردہ ہونا؛ ناراض ہونا؛ برا ماننا ۔

Umbrage : (v) (۱) سایہ ڈالنا؛ سایہ فگن ہونا؛ (مجازاً) سایہ کرنا؛ سائے میں رکھنا؛ حفاظت یا پناہ میں رکھنا؛ سایۂ عافیت میں رکھنا ۔ (۲) خفگی ظاہر کرنا؛ آزردہ خاطر ہونا (شاذ) ۔

Umbrageous : (a) (۱) سایہ دار؛ گھنے سائے والا ۔ (۲) گھنی پتیوں کا (سایہ)؛ گھنا (سایہ) ۔ (۳) مشتبہ؛ مشکوک (حالت) شبہ کرنے والا؛ رشک یا رقابت رکھنے والا؛ حاسد؛ بدظن؛ بد گمان؛ آمادۂ تکرار؛ زود رنج؛ آزردہ؛ خفا ۔

Umbrageously : (adv.) سایہ دار طور پر؛ مشکوک انداز میں؛ بد گمانی سے؛ آزردہ ہو کر ۔

Umbrageousness : (n) سایہ داری ؛ اشتباہ ؛ شک ؛ شبہ ؛ آزردگی؛ خفگی۔

Umbral : (a) (۱) (الجبرا) امبرا پر مبنی یا مشتمل ۔ (۲) (علم النجوم) ظلّی؛ تام سورج کے دھبوں کا؛ گرہن کے سایوں کا ۔

Umbrally : (adv.) امبرا پر مبنی یا مشتمل ہوکر؛ ظلّی طور پر ۔

Umbrated : (a) [f. PPle. Stem. Of L. 'Umbrare'.] (نقابت) صرف خاکہ کھینچا ہوا تاکہ ڈھال کی سطح نمایاں ہو ۔

Umbratile : (n) [L. 'umbratilis'.] سائے میں بیٹھ کر وقت گزارنے والا شخص؛ کاہل؛ بےعمل؛ تارک الدنیا؛ عزلت گزیں؛ زاہد؛ سنیاسی؛ اصحاب کہف میں سے کوئی ایک ۔

Umbratile : (a) (۱) گوشہ گیر؛ گوشہ نشیں؛ عزلت گزیں ؛ تارک الدنیا؛ سنیاسی؛ زاہد؛ مرتاض، عالمانہ؛ غیر عامی؛ غیر عملی؛ معقولی ۔ (۲) سائے کا؛ سائے جیسا؛ سایہ نما ۔ (۳) سایہ دار؛ تاریک؛ بے اصل؛ بے حقیقت (اب شاذ ہے) ۔ (٤) سایہ کناں؛ سایہ فگن؛ سایہ دینے والا؛ پناہ دینے والا ۔

Umbration : (n) (بصریات) سایہ؛ تاریکی ۔

Umbratree : (n) جنوبی امریکی درخت جس کے پتے بڑے بڑے ہوتے ہیں اور جس کی جنوبی یورپ میں کاشت کی جاتی ہے ۔

Umbre/Umber : (n) [Fr. 'ombre', or L. 'Umbra'.] گہرے بادامی پروں والی افریقی چڑیا؛ افریقی زاغ؛ بگلے کی قسم کا ایک افریقی پرند؛ افریقی بگلا ۔

Umbrella : (n) [It. 'ombrella, ombrello'.] (۱) چھتری؛ چھاتا؛ چھتر ؛ چتر (جسے مشرق اور افریقہ میں شان وشکوہ کی علامت سمجھا جاتا ہے) ۔ (۲) (مجازاً) ایسی تجویز یا سمجھوتا جس سے مختلف سیاسی خیالات کے لوگ متفق ہو سکیں ۔ (۳) جیلی مچھلی (Jelly fish) وغیرہ کے جسم میں وہ لسلسی نکیاں جن کے سکڑنے اور پھیلنے سے وہ تیرتی ہیں ۔ (٤) چھتری کی شکل کے گھونگے (نیز Umbrella shell) ۔ (٥) دھوپ، بارش وغیرہ سے بچانے والی کوئی چیز ۔ (٦) چھتری نما کوئی ساخت؛ (نباتیات) کسی پودے کا وہ حصہ جو چھتری نما ہو؛ (حیوانیات) جیلی مچھلی کی جلا تینی قرص یا گھنٹی نما ساخت ؛ چھتر ؛ چتر ۔ (۷) Umbrella جنس کا معدہ پاقشریہ؛ ایسے قشریے کا وہ عضو جو کھلے ہونے چھاتے کے

مشابہ ہوتا ہے۔(۸) مربوط یا متحد کرنے والا ادارہ؛ تنظیم، عامل وغیرہ : جوڑنے یا یکجا کرنے والی طاقت۔

Umbrella aerial : (n) (ریڈیو) چھتری نما ہوائیہ۔

Umbrella ant : (n) پتیاں کترنے والی چیونٹی (جو کبھی کبھی اپنی پیٹھ پر کتری ہوئی پتیاں لے کر چلتی ہے)۔

Umbrella bird : (n) چھتر چڑیا؛ جنوبی امریکا کا ایک پرند جس کی کلغی چھتری کی طرح پھیلی ہوئی ہوتی ہے؛ (حیوانیات) چھتر پرند؛ چتر پرند۔

Umbrella bush : (n) چھوٹا آسٹریلوی ببول جو باڑ لگانے کے کام آتا ہے۔

Umbrella fern : (n) ایک قسم کی آسٹریلیائی فرن۔

Umbrella grass : (n) چھتنار پھولوں والے مختلف پودوں میں سے کوئی۔

Umbrella leaf : (n) چھتر پتیا؛ ایک شمالی امریکی بوٹی۔

Umbrella magnolia : (n) (۱) (نباتیات) امریکی چمپا؛ چھترپات۔(۲) دیکھو Umbrella-tree۔

Umbrella pine : (n) ایک لمبا جاپانی سدا بہار درخت۔

Umbrella plant : (n) (۱) ایک افریقی جھاڑی۔(۲) ایک مغربی امریکی پودا۔

Umbrella roof : (n) چھترنما محرابی چھت؛ گنبد یا گنبد نما چھت۔

Umbrella sail : (n) ایک قسم کا بادبان جسے فوراً کھولا یا بند کیا جا سکے۔

Umbrella sedge : (n) دیکھو Umbrella plant

Umbrella shell : (n) ایک بحری معدہ پاقشریہ۔

Umbrella stand : (n) چھتردان؛ چھتریاں بند کرکے رکھنے کا ڈھانچہ جس کے نیچے لگن سا ہوتا ہے تاکہ اس میں پانی گرکر جمع ہو سکے۔

Umbrella tent : (n) چھاتا نما خیمہ جس کے بیچ میں ایک ستون ہوتا ہے اور جس سے ملحق مضبوط کمانیوں کا ڈھانچہ ہوتا ہے۔

Umbrella thorn : (n) افریقی ببول کی ایک قسم۔

Umbrella-tree : (n) (۱) (نباتیات) امریکی چمپا؛ چھترپات؛ چھوٹی قسم کا منگولیائی (درخت) جس کی پتیاں شاخ کے سرے پر چھتری کی طرح ہوتی ہیں۔ (۲) (بول چال) چھتری نما درخت جو چھتری کی وضع کا اُگایا گیا ہو؛ چھتنار درخت۔

Umbrella wort : (n) Mirabilis جنس کا ایک پودا۔

Umbrellaed/Umbrella'd : (a) (۱) چھتردار؛ چھتری نما۔ (۲) چھتری لئے ہوئے۔

Umbrellaless : (a) بے چھتر؛ بے چھاتا یا چھتری۔

Umbrellalike/Umbrella-like : (a) چھترنما؛ چھاتانما؛ چھتری نما؛ چھاتے یا چتر جیسا۔

Umbrette : (n) [mod. L. 'Umbretta'.] دیکھو Umbre

Umbrian : (a) [f. L. 'Umber' or 'Umbria'.] (۱) قدیم امبریا کا؛ امبریا کے باشندوں کا : امبریائی زبان کا۔ (۲) عہد وسطیٰ یا عہد جدید کے امبریا کا : دیکھو Umbrian school۔

Umbrian : (n) (۱) مرکزی اطالیہ کے صوبے امبریا کا باشندہ؛ (خصوصاً) اطالوی نسل کا وہ شخص جو عہد قدیم میں وہاں رہتا تھا؛ قدیم امبریا کا باشندہ۔(۲) قدیم امبریائی زبان۔

Umbrian school : (n) امبرین اسکول؛ پندرھویں صدی کا مصوری کا وہ اسکول جو امبریا میں پھلا پھولا اور جس سے رنائل کا تعلق تھا۔

Umbridae : (n) [mod. L. f. 'Umbra'.] دریا یا جھیل کی تہ میں رہنے والی چھوٹی مچھلیوں کا ایک خاندان جس میں Umbra جنس کی مچھلی بھی شامل ہے۔

Umbriferous : (a) [f. L. 'umbrifer'.] سایہ دار؛ سایہ انداز؛ سایہ فگن۔

Umbril : (n) [Earlier 'Umbrel'.] مغفر؛ خود کا وہ حصہ جس سے چہرے کی حفاظت ہوتی ہے۔

Umbrina : (n) [It. 'umbrina'.] Umbrina جنس کی ایک مچھلی جو خاص کر گرم سمندروں میں پائی جاتی ہے۔

Umbrine : (n) [mod. L. f. prec.] Umbrina جنس کی کھائی جانے والی مچھلیوں میں سے کوئی ۔

Umbro- : (comb.) لاطینی جزو ترکیبی بمعنی "Umbrian" ۔

Umbrose : (a) [L.'Umbrosus'.] (۱) (شاذ) سایہ دار؛ سایہ انداز؛ سایہ فگن ۔ (۲) (نباتیات) سیاہ فام ۔

Umbrosus : (n) [L.] (نباتیات) سایہ نمو؛ سایہ رو ؛ سایہ پسند ۔

Umbrous : (a) [f. prec.] زیر سایہ؛ سائے میں؛ سایہ دار؛ سایہ پسند؛ جس پر سایہ کیا ہوا ہو ۔

Umiak/Umyak : (n) Oomiak کی متبادل شکلیں؛ کشتی جسے اسکیمو عورتیں چلاتی ہیں ۔

Umlaut : (n) [G. f. 'um+laut'.] (لسانیات) جرمن زبانوں میں علامت کی تبدیلی؛ صوت یا اماله جو حروف علت پر لگاتے ہیں ۔

Umlaut : (v) علامتِ اماله لگانا؛ اماله کرنا ۔

Umlauted : (a) علامت اماله کے ذریعے تبدیل شدہ؛ اماله کردہ ۔

Umph : (n&v) [Imitative.] دیکھو Humph

Umpirage : (n) [f. next + -AGE.] ثالثی؛ امپائری ۔

Umpire : (n) [OFr. 'nonper'.] (۱) امپائر؛ حکم ۔ (۲) (قانون) ثالث ۔ (۳) امپائر؛ کرکٹ وغیرہ کھیلوں میں وہ شخص جو فریقین کے باہمی تنازعات کا فیصلہ کرنے کے لئے مامور کیا جاتا ہے ۔ (٤) کوئی چیز جو کسی بات کا فیصلہ کرنے میں کام آئے یا فیصلہ کن ثابت ہو ۔

Umpire : (v) (۱) حکم ہونا؛ حکم یا امپائر کی حیثیت سے کسی بات کا فیصلہ کرنا؛ (کسی چیز کا) فیصلہ کن ہونا ۔ (۲) (کھیل وغیرہ میں) امپائری کرنا؛ امپائر یا ثالث کے فرائض انجام دینا؛ امپائر کی حیثیت سے کام کرنا ۔

Umpireship : (n) امپائری؛ ثالثی؛ ثالث کا عہدہ ۔

Umpiress : (n) امپائرس؛ خاتون ثالث؛ وہ عورت جو امپائری یا ثالثی کرے ۔

Umpiring : (n) (خصوصاً کھیلوں میں) امپائری کرنا؛ امپائری کی حیثیت سے کام کرنا ۔

Umpteen : (n) قابلِ لحاظ تعداد؛ خاصی تعداد ۔

Umpteenth/Umptieth : (a) قابلِ تعداد والا؛ کئی واں ۔

Umpty : (n) [Signaller's slang for 'dash'.] (فوجی عامیانہ) غیر معینہ تعداد؛ کئی؛ بہت سے، بہت سارے ۔

Umquhile/Umwhile : (adv.) [repr. OE 'ymbhwile'.] (متروك) قبلاً ؛ سابقاً ؛ پہلے کسی زمانے میں ۔

Umquhile/Umwhile : (a) (متروك) سابق؛ (شخص) مرحوم ؛ مغفور؛ جو گزر چکا ۔

Umteen : (n) دیکھو Umpteen

Umteenth : (a) دیکھو Umpteenth

Umwhile : (adv. & a) دیکھو Umquhile (adv. &a)

Un/'un : (pers. Pron.) (بول چال) ضمیر مفعولی Hine, him Hin, کا متبادل ۔

Un/'un: (pron.) بول چال میں One (بطور ضمیر) کا متبادل ۔

Un- : (prefix) سابقہ جو (۱) اظہار نفی کرتا ہے ۔ (۲) منسوخی یا محرومی ظاہر کرتا ہے ۔

Un-American : (a) غیر امریکی؛ امریکا کے رسم و رواج کے خلاف؛ اہل امریکا کے خیالات یا جذبات کے خلاف ۔

Un-British : (a) غیر برطانوی؛ جو برطانوی رواج و روایات یا عادات سے میل نہ کھاتا ہو ۔

Un-English : (a) غیر انگریزی ؛ انگریزی کی سیرت یا طریقے سے مختلف یا مخالف ؛ انگریزی زبان یا تلفظ سے مختلف ۔

Un-French : (a) (خصوصیات، طور طریقہ، لہجہ، تلفظ وغیرہ) غیر فرانسیسی ۔

Un-Greak : (a) غیر یونانی ۔

Un-Irish : (a) آئرستانی خصوصیات کے خلاف ؛ غیر آئرستانی ۔

Una : (n) (۱) ایک قسم کی کشتی جس میں صرف ایک مستول اور ایک ہی بادبان ہوتا ہے؛ (نیز توصیفاً) ۔ (۲) ایک کشتی کا نام جو ۱۸۵۳ء میں امریکا سے برطانیہ لائی گئی تھی ۔

Una boat : (n) دیکھو Una

Una voce : (adv.) [L.] دیکھو Unanimously

Unabashable : (a) غیرمنفعل؛ غیرشرمندہ؛ غیرانفعال پذیر؛ جسےشرمندہ نہ کیا جاسکے ؛ بے چھینپ ؛ بے شرم۔

Unabashed : (a) (۱) بےشرم؛ بےحجاب ۔(۲) بے باک؛ بےبراس ۔

Unabashedly : (adv.) بے شرمی سے؛ بے حجابی سے؛ بےباکی سے ۔

Unabated : (a) (۱) بے تخفیف؛ جس میں کمی نہ ہوئی ہو؛ بغیر کمی ۔ (۲) یکساں شدت کا؛ پوری قوت یا پوری شدت پر ۔

Unabatedly : (adv.) بے تخفیف طور پر؛ یکساں شدت کے ساتھ ؛ بغیر کسی کمی کے؛ پوری قوت یا پوری شدت کے ساتھ۔

Unabating : (a) غیر تخفیف کن؛ جس سے کوئی کمی واقع نہ ہو؛ کوئی کمی نہ کرنے والا ۔

Unabatingly : (adv.) بغیر تخفیف کئے ہوئے؛ بغیر کم کئے یا گھٹائے ہوئے۔

Unabbreviated : (a) غیر مخفف ۔

Unabetted : (a) بلا اعانت؛ جس میں کسی کی مدد شامل نہ ہو۔

Unabiding : (a) ناپائدار؛ غیر مستقل ۔

Unabidingly : (adv.) ناپائدار طور پر؛ غیر مستقل طور پر ۔

Unable : (a) (۱) (کوئی کام کرنے کے) ناقابل؛ معذور؛ قاصر ۔ (۲) (ضرورت یا کام کے اعتبار سے) نا مناسب؛ نا اہل ۔ (۳) (اسکاتستان) جسمانی طور پر کمزور؛ معذور؛ مجبور؛ بے دست و پا ۔

Unabridged : (a) (۱) غیر مختصر؛ غیر ملخص؛ غیر تلخیص شدہ؛ بے اختصار؛ مکمل ۔ (۲) اپنے زمرے کی مکمل ترین (کتاب)۔

Unabridged : (n) کامل یا مکمل ڈکشنری؛ غیر مختصر لغت؛ غیر ملخص لغت۔

Unabrogated : (a) غیر منسوخ (شدہ)؛ غیر متروک ۔

Unabsolved : (a) غیر معاف (شدہ)؛ جسے چھٹکارا، رہائی، معافی، خلاصی نہ ملی ہو؛ غیر بری الذمہ ۔

Unabsorbable : (a) ناقابل جذب؛ ناقابل انجذاب؛غیرمنجذب ۔

Unabsorbed : (a) غیر جذب شدہ؛ غیر منجذب ۔

Unabsorbent : (a) غیر جاذب ۔

Unabsorbing : (a) غیردلچسپ ۔

Unabused : (a) (۱) غیر فریب یافتہ؛ غیر گمراہ کردہ؛ جسے دھوکا نہ دیا گیا ہو یا جسے گمراہ نہ کیا گیا ہو ۔ (۲) جس کا غلط مصرف نہ لیا گیا ہو؛ جسے غلط استعمال نہ کیا گیا ہو ۔

Unacademic/-al : (a) غیر علمی؛ غیر عالمانہ؛ عامیانہ ۔

Unaccented : (a) بے تاکید؛ غیر تاکیدی؛ خصوصاً لفظ کا ٹکڑا جس پر زور یا دباؤ نہ ہو ۔

Unaccentuated : (a) (۱) بےتاکید؛ بے علامت تاکید ۔(۲) جس پر زور نہ دیا گیا ہو ۔

Unacceptable : (a) ناقابل قبول؛ نا خوشگوار؛ ناگوار ۔

Unacceptableness : (n) ناقابل قبول ہونا؛ ناگوار ہونا؛ نامعقولیت۔

Unacceptably : (adv.) ناقابل قبول انداز میں؛ ناگوارطور پر ۔

Unacceptance : (n) نامنظوری؛ نامقبولیت؛ ناگواری۔

Unaccepted : (a) نا منظور؛ غیر مقبول ۔

Unaccessible : (a) دیکھو Inaccessible

Unaccessory : (a) غیر معاون؛ غیر ملحق ۔

Unacclimated : (a) غیر خوگرفتہ؛ غیر عادی (نئی آب و ہَوا کا) ؛ جسے نئی آب وہوا راس نہ آئی ہو؛ اجنبی۔

Unacclimatized : (a) دیکھو Unacclimated

Unaccommodated : (a) بے سرو سامان؛ بے گھر ۔

Unaccommodating : (a) بے مروت؛ غیر آشتی پسند؛ سخت مزاج؛ نہیں دبنے والا ۔

Unaccompanied : (a) (۱) اکیلا ؛ تنہا ؛ بے کس ؛ بے یار ؛ بے ساتھی ؛ بے ہمنشیں ۔ (۲) (موسیقی) بے سنگت؛ بے ساز ۔

Unaccomplished : (a) (۱) ناتمام؛ نامکمل ۔(۲) غیر واقع؛ غیر حاصل؛ جو حاصل نہ ہوا ہو ۔ (۳) بے کمال؛ بےہنر؛ بے حاصل ۔

Unaccomplishment : (n) بے کمالی؛ بے ہنری؛ غیر اتمام؛ غیر اکملیت؛ بے حاصلی ۔

Unaccordant : (a) (۱) (نغمہ یا سُر) بے میل؛ بے آہنگ ۔ (۲) (صوتیات) بے آہنگ ۔

Unaccorded : (a) غیر متفقہ؛ غیر عطا شدہ ۔

Unaccountability : (n) ناقابل توجیہہ ہونا؛ عجیب ہونا ۔

Unaccountable : (a) (۱) غیر جواب دہ ۔(۲) ناقابل توجیہہ؛ عجیب ۔

Unaccountable : (n) عجیب و غریب شخص، چیز یا واقعہ ؛ نا قابلِ توجیہہ واقعہ، چیز یا شخص ۔

Unaccountableness : (n) ناقابل توجیہہ ہونا؛ عجیب ہونا ۔

Unaccountably : (adv.) نہ جانے کسی وجہ سے؛ناقابل توجیہہ طریقے سے؛ عجیب طور پر ۔

Unaccounted : (a) بے توجیہہ؛ جس کی توجیہہ نہ کی گئی ہو؛ جس کی کوئی وجہ نہ بتائی گئی ہو؛ جس کا کوئی شمار نہ ہو ؛ بے وقعت ؛ بے قدر؛ بے عزت ۔

Unaccoutred : (a) جس کے پاس فوجی لوزامہ نہ ہو؛ بے ساز وسامان ۔

Unaccredited : (a) (۱) غیرمعتبر؛ غیرنامور ۔(۲) غیرمسلمہ؛ غیرمصدقہ ۔

Unaccursed/Unaccurst : (a) غیر ملعون؛ غیر لعنت زدہ؛ نامردود؛ نا منحوس؛ نا قابل نفرت ۔

Unaccusable : (a) ناقابل الزام؛ ناقابل تہمت ۔

Unaccusably : (adv.) ناقابل الزام طور پر ۔

Unaccused : (a) غیر ملزم؛ غیرمتہم ۔

Unaccustomed : (a) (۱) غیر عادی؛ عادت نہ رکھنے والا؛ (حیوانیات) غیر مانوس ۔ (۲) غیر معمولی؛ خلاف معمول؛ عجیب؛ انوکھا؛ نیا؛ نرالا ۔

Unaccustomedness : (n) نامانوسیت؛ غیر عادی ہونا؛ غیر معمولی پن؛ عجیب؛ انوکھا پن ۔

Unachievable : (a) ناقابلِ حصول؛ ناقابلِ یافت ۔

Unachieved : (a) نا حاصل؛ غیر حاصل شدہ؛ غیر یافتہ؛ غیر حاصل؛ جو حاصل نہ ہوا ہو ۔

Unaching : (a) بے کسک؛ بے ٹیس؛ غیر درد رساں؛ نہ دکھنے والا ؛ بغیر درد کا ۔

Unacknowledged : (a) (۱) بے رسید؛ جس کی رسید نہ ملے ۔ (۲) بے جواب؛ جس کا جواب نہ ملے ۔(۳) غیر تسلیم شدہ؛ غیر مصدقہ ۔(٤) غیراعتراف شدہ؛ جس کا اعتراف نہ ہوا ہو ۔

Unacknowledging : (a) رسید نہ بھیجنے والا؛ تصدیق نہ کرنے والا؛ اعتراف نہ کرنے والا؛ تسلیم نہ کرنے والا؛ جواب نہ دینے والا ۔

Unacquaint : (a) ناواقف؛ انجان؛ نا آشنا؛ اجنبی؛ ناشناس ۔

Unacquaintance : (n) ناواقفیت؛ عدم واقفیت؛ انجاناپن؛ نا آشنائی؛ اجنبیت؛ نا شناس ہونا ۔

Unacquainted : (a) نا واقف؛ انجان؛ ناآشنا؛ اجنبی؛ ناتجربہ کار؛ بے بہرہ؛ ناشناس ۔

Unacquaintedness : (n) نا واقفیت؛ انجاناپن؛ ناشناس ہونا؛ نا آشنائی؛ اجنبیت؛ بے بہرہ ہونا؛ عدم واقفیت؛ ناشناسائی؛ ناتجربہ کاری ۔

Unacquirable : (a) ناقابلِ حصول؛ نا قابلِ تحصیل ۔

Unacquired : (a) (۱) غیر حاصل شدہ؛ نا حاصل (شاذ) ۔ (۲) غیر کسبی ؛ پیدائشی ؛ خلقی ؛ فطری ؛ جبلی؛ طبعی؛ غیر تحصیلی؛ ذاتی؛ وہبی ۔

Unactable : (a) ناقابلِ عمل؛ ڈرامائی پیش کش کے ناقابل یا نامناسب ۔

Unacted : (a) (۱) ناکردہ؛ جو کیا نہ گیا ہو؛ غیر عملی ۔ (۲) (تماشا) جو اسٹیج پر نہ دکھایا گیا ہو ۔

Unacted on/-up on : (a) جو متاثر نہ کیا گیا ہو؛ جس پر اثر

نہ ڈالا گیا ہو؛ جو زیر اثر نہ لایا گیا ہو؛ غیر متاثر۔

Unactive : (a) بے عمل ؛ غیر مؤثر؛ غیر عملی؛ سست؛ کاہل؛ نکما ؛ نیز دیکھو Inactive ۔

Unactively : (adv.) غیر مؤثر طور پر؛ بے عمل ہو کر؛ سستی یا کاہلی سے ۔

Unactiveness : (n) غیر مؤثر ہونا؛ بے عملی؛ کاہلی؛ سستی؛ نکماپن۔

Unactivity : (n) بے عملی؛ بے حرکتی؛ نا مستعدی؛ کاہلی؛ سستی؛ نکماپن۔

Unactuated : (a) بے حرکت؛ غیر متحرک؛ جسے حرکت میں نہ لایا گیا ہو ۔

Unadaptability : (n) غیر مطابقت پذیری؛ نا قابلِ مطابقت ہونا۔

Unadaptable : (a) غیر مطابقت پذیر؛ ناقابلِ مطابقت؛ ناقابلِ تطبیق؛ غیر تصرف پذیر ۔

Unadapted : (a) (۱) غیر مطابق؛ غیر تطبیق شدہ ۔ (۲) ناموزوں (کسی خاص مقصد کے لئے) ۔

Unaddicted : (a) غیر عادی ۔

Unaddressed : (a) (۱) غیر مخاطب؛ جس سے خطاب نہ ہو ۔ (۲) بے پتے کا (خط وغیرہ) ۔

Unadept : (a) نو آموز؛ بے ہنرمند؛ جو اپنے فن میں ماہر نہ ہو۔

Unadept : (n) نو آموز؛ وہ شخص جو اپنے فن میں استاد نہ ہو۔

Unadjourned : (a) جاری؛ غیر ملتوی ۔

Unadjudged : (a) (۱) غیر ثابت شدہ ؛ غیر فیصل شدہ ۔ (۲) غیر عطا شدہ ۔

Unadjusted : (a) (۱) نادرست؛ غیر مطابق؛ نا موافق؛ غیر ہم آہنگ؛ غیرمنظم؛ غیر مربوط ۔(۲) غیر تصفیہ شدہ۔

Unadministered : (a) بے انتظام؛ بغیر بندوبست؛ غیر انجام شدہ؛ بے استعمال؛ غیر استعمال شدہ (دوا)؛

(قسم) جو نہ لی گئی ہو؛ (حلف) جو نہ اٹھوایا گیا ہو۔

Unadmired : (a) غیر ممدوح؛ جوسراہا نہ گیا ہو؛ ستائش نایافتہ؛ نا پسندیدہ؛ غیر مستحسن؛ تعریف سے محروم ۔

Unadmiring : (a) مدح و ستائش نہ کرنے والا؛ توصیف و تعریف نہ کرنے والا؛ نا پسندیدہ؛ غیر مستحسن۔

Unadmiringly : (adv.) ناپسندیدہ انداز میں؛ غیر مستحسن طور پر؛ کسی تعریف و توصیف کے بغیر ۔

Unadmitted : (a) غیر مسلّم؛ غیر تسلیم شدہ؛ غیر قبولیت یافتہ؛ نامقبول ۔

Unadmonished : (a) بے تنبیہہ؛ جس کی سرزنش نہ ہوئی ہو ۔

Unadopted : (a) (۱) بے اختیار کیا ہوا؛ غیر متبنّی ۔ (۲) نئی سڑکیں جنہیں میونسپلٹی یا ڈسٹرکٹ بورڈ وغیرہ نے اپنے انتظام میں نہ لیا ہو ۔

Unadorned : (a) غیر آراستہ؛ بے آرائش؛ سادہ؛ بے زیب و زینت ۔

Unadornedly : (adv.) سادگی سے ؛ غیر آراستہ طور پر؛ بغیر آرائش کے؛ بے زیب و زینت ۔

Unadornedness : (n) سادگی؛ غیر آراستگی؛ بےآرائش ہونا ۔

Unadulterate : (a) بے آمیزش؛ خالص؛ بے ملاوٹ ۔

Unadulterated : (a) دیکھو Unadulterate

Unadulteratedly/Unadulterately : (adv.) بغیر ملاوٹ کے؛ خالص طور پر ۔

Unadvanced : (a) (۱) غیر ترقی یافتہ ۔(۲) غیر پیشگی ۔

Unadventurous : (a) (۱) غیر مہم جو؛ من چلے پن سے خالی ۔ (۲) بےمہم؛ اہم یا دلچسپ واقعات سے خالی ۔

Unadventurously : (adv.) غیر مہم جویانہ ۔

Unadventurousness : (n) غیر مہم جوئی ۔

Unadvertised : (a) غیر اعلان شدہ؛ غیر مشتہر؛ غیر مشہور؛ غیر شہرت یافتہ ۔

Unadvisability : (n) غیر معقولیت؛ نامناسب یا خلافِ مصلحت ہونا ۔

Unadvisable : (a) نامناسب؛ غیر معقول؛ خلافِ مصلحت ۔

Unadvisably : (adv.) نامناسب یا غیر معقول انداز میں؛ خلاف مصلحت طور پر ۔

Unadvised : (a) (۱) (قول یا فعل وغیرہ) نا عاقبت اندیشانہ؛ جلد بازی کا ۔ (۲) (اشخاص ، مزاج وغیرہ) نا سمجھ ؛ نادان ؛ نادانی کا؛ بے جا جرأت کا؛ خلاف احتیاط؛ جلد بازی کا؛ بے مشورہ ؛ بے رائے۔(۳) محروم مشورہ؛ بے مشیر ۔

Unadvisedly : (adv.) ناعاقبت اندیشانہ؛ جلد بازانہ؛ بے جا جرأت سے؛ ناسمجھی سے؛ ناعاقبت اندیشی سے؛ سے؛ بے مشورہ طور پر؛ محروم مشورہ رہ کر؛ بغیر معقول مشورہ کے؛ بے سوچے سمجھے ۔

Unadvisedness : (n) ناعاقبت اندیشی؛ ناسمجھی ؛ نادانی؛ بے مشورگی؛ جرأتِ بیجا ۔

Unaesthetic : (a) غیر جمالیاتی؛ غیر حسن پسندانہ ۔

Unafear(e)d : (a) (متروک) غیر خائف؛ ناخائف؛ غیر خوف زدہ؛ غیر دہشت زدہ ۔

Unaffable : (a) کج خلق؛ بے مروت ۔

Unaffected : (a) (۱) بے تصنع؛ بے ساختہ؛ سیدھا سادہ؛ فطری؛ غیر ادعائی ۔ (۲) سچا؛ پر خلوص؛ بے بناوٹ؛ مخلص ۔ (۳) جوں کا توں؛ غیر متغیر؛ غیر متاثر ۔ (٤) غیر متاثر (بیماری وغیرہ سے)؛ غیر مبتلا ۔

Unaffectedly : (adv.) بلا تصنع؛ بے بناوٹ کے؛ سادگی سے؛ فطری طور پر خلوص سے؛ غیر متاثر انداز میں؛ غیر متاثر رہ کر ۔

Unaffectedness : (n) بے ساختہ پن؛بے تکلفی؛ بے بناوٹ ہونا؛ سادگی؛ خلوص ۔

Unaffecting : (a) اثر انداز نہ ہونے والا؛ بے اثر ۔

Unaffectionate : (a) غیر مشفق؛ خشک مزاج؛ محبت نہ کرنے والا؛ غیر مشفقانہ (برتاؤ وغیرہ) ۔

Unaffectionately : (adv.) غیر مشفقانہ طور پر؛ غیرمشفقانہ انداز میں ۔

Unaffiliated : (a) غیر ملحق ۔

Unafflicted : (a) مصؤن؛ مصیبت سے محفوظ؛ جسے تکلیف یا ایذا نہ دی گئی ہو ۔

Unaffrighted : (a) غیر دہشت زدہ؛ نڈر؛ غیر خوف زدہ؛ غیر خائف۔

Unaffrightedly : (adv.) بے خوف ہو کر؛ بے دھڑک طور پر؛ غیر خائف انداز میں ؛ نڈر ہو کر ۔

Unaffronted : (a) برملا توہین سے محفوظ؛ جس کی اہانت نہ کی گئی ہو ۔

Unafraid : (a) بے خوف؛ غیر خائف؛ غیر دہشت زدہ؛ نڈر ۔

Unageing : (a) سدا جوان؛ بوڑھا نہ ہونے والا؛ جس پر عمر یا ایام کا اثر نہ ہو ۔

Unaggravated: (a) بد تر نشدہ؛ نابر انگیختہ؛ غیر مشتعل ۔

Unaggressive : (a) (۱) غیر جارحانہ؛ صلح پسندانہ؛ غیرجنگ جویانہ ۔(۲) بدتمیزی سے خالی؛ معقولیت کا ۔

Unagitated : (a) غیر مشتعل؛ بے ہیجان؛ غیر متہیج؛ جسے مشتعل، متحرک یا متہیج نہ کیا گیا ہو ۔

Unagitatedly : (adv.) غیر مشتعل طور پر؛ غیر متہیج طور پر۔

Unagreeable : (a) ناگوار؛ نا پسندیدہ ۔

Unagreeably : (adv.) ناگوار انداز میں ؛ ناپسندیدہ طور پر ۔

Unagreed : (a) غیر متفق؛ غیرموافق ؛ جو ہم رائےیا ہم خیال نہ ہو؛ جس پر اتفاق یا رضامندی نہ ہو سکے؛ غیر مطابق؛ ناسازگار ۔

Unaidable : (a) ناقابلِ اعانت؛ ناقابلِ امداد؛ناقابلِ استعانت ۔

Unaided : (a) (۱) مدد سے محروم؛ بے مدد گار ۔(۲) بلا امداد غیر کے؛ بغیر کسی کی مدد کے ۔

Unaimed : (a) بے نشانہ؛ بے ہدف؛ بے نصب العین؛ بے مقصد؛ جس کا کوئی مخصوص یا معینہ مقصد نہ ہو؛ بے مقصود؛ بےتک؛ اٹکل پچو؛ باد ہوائی ۔

Unaired : (a) غیرهوا دار؛ حبس؛ جس میں کھڑکیاں یا ہوا گزار نہ ہوں؛ بے روزن؛ بے رخنہ۔

Unakin : (a) غیر قرابتی؛ غیر قرابت دار؛ غیر رشتہ دار؛ غیر؛ بیگانہ۔

Unalarming : (a) (۱) غیر خائف؛ غیر خوف زدہ؛ غیر متنبہ۔ (۲) خطرے کے احساس سے خالی؛ نچنت۔

Unalarming : (a) متنبہ نہ کرنے والا؛ خطرے کا احساس نہ دلانے والا؛ غیر خائف یا نچنت۔

Unalienable : (a) غیر انتقال پذیر؛ ناقابل منتقلی؛ الگ نہ ہونے والا؛ ناقابل علیحدگی؛ بیگانہ نہ ہونے والا؛ غیر منفک؛ ناقابل انفکاک۔

Unalienably : (adv.) غیر انتقال پذیر طور پر؛ الگ یا بیگانہ نہ ہونے والے انداز میں؛ غیر منفک طور پر۔

Unalienated : (a) غیر منفک؛ غیر منحرف؛ غیر منتقل؛ نابرگشتہ؛ اپنا؛ یگانہ؛ شریک۔

Unalike : (a) غیر یکساں؛ بے میل۔

Unalive : (a) سست ادراک؛ سست احساس؛ غیر زندہ دل؛ مردہ دل۔

Unallayed : (a) بے میل؛ بے آمیزش؛ خالص؛ بے ملاوٹ۔

Unalleviated : (a) بے تخفیف؛ بے تسکین؛ بے افاقہ؛ پوری شدت پر؛ پورے زور پر۔

Unalliable : (a) ناقابلِ اشتراک؛ ناقابلِ اتحاد؛ ناقابلِ یگانگت۔

Unallied : (a) (۱) بے تعلق؛ بے رشتہ؛ بے ربط؛ بے ارتباط؛ غیر مربوط؛ غیر مشترک؛ غیرمتحد؛ بیگانہ۔ (۲) بے شریک؛ بےساجھی؛ بے رفیق؛ بے حلیف؛ اکیلا۔

Unallotted : (a) (۱) غیر تقسیم شدہ۔ (۲) غیر نامزد شدہ۔

Unallowable : (a) ناقابلِ اجازت؛ ناقابل؛ ناجائز۔

Unallowed : (a) غیر اجازت یافتہ۔

Unalloyed : (a) بے میل؛ بے آمیزش؛ خالص؛ بے ملاوٹ۔

Unalluring : (a) غیر جالب؛ غیر دلکش؛ سادہ؛ جو موہ نہ سکے؛ جو رجھا نہ سکے؛ جو للچا نہ سکے؛ جو ورغلا نہ سکے۔

Unalphabeted : (a) [after L. 'analphabetus'.] ناخواندہ؛ جاہل؛ جو الف بے سے بھی واقف نہ ہو؛ نپٹ جاہل؛ نرا جاہل؛ ان پڑھ۔

Unalterability : (n) غیر تغیر پذیری؛ ناقابل تغیر ہونا؛ اٹل ہونا؛ غیر تبدل پذیری۔

Unalterable : (a) جس میں تبدیلی نہ ہو سکے؛ غیر تبدل پذیری؛ غیر تغیر پذیر؛ ناقابل تغیر؛ ناقابل تبدیلی؛ اٹل۔

Unalterably : (adv.) ناقابل تغیر انداز میں؛ غیر تغیر پذیر طور پر؛ اٹل طور پر۔

Unalterableness : (n) دیکھو Unalterability

Unaltered : (a) غیر تغیر شدہ۔

Unamazed : (a) غیر متعجب؛ بے استعجاب؛ غیر متحیر۔

Unambiguous : (a) غیر مبہم؛ غیر مشکوک؛ بے ابہام؛ صریح؛ واضح۔

Unambiguously : (adv.) غیر مبہم طور پر؛ صریحاً؛ واضح طور پر؛ غیر مشکوک طور پر؛ صریحی طور پر؛ بلا کسی ابہام کے۔

Unambiguousness : (n) ابہام سے خالی ہونا؛ وضاحت؛ صراحت۔

Unambition : (n) بے حوصلگی؛ بے امنگ ہونا؛ بلند ہمتی یا اولوالعزمی سے خالی ہونا؛ حب جاہ سے خالی ہونا؛ بے مدعا ہونا؛ بے غایت ہونا؛ بے منتہا ہونا۔

Unambitious : (a) بے امنگ؛ پست ہمت؛ پست حوصلہ؛ بے آرزو؛ بے شوق؛ غیر جاہ پسند؛ حب جاہ سے خالی۔

Unambitiously : (adv.) غیر جاہ پسندانہ طریقے سے؛ حب جاہ سے خالی ہو کر؛ غیر مشتاقانہ؛ پست حوصلگی سے؛ بے آرزو ہو کر۔

Unambitiousness : (n) غیر جاہ پسندی؛ حب جاہ سے خالی ہونا؛ بے امنگ و بے حوصلہ ہونا؛ بے مدعا ہونا۔

Unamenable : (a) غیر اثر پذیر؛ ناقابل آزمائش ۔

Unamendable : (a) ناقابلِ ترمیم ۔

Unamended : (a) غیر ترمیم شدہ ۔

Unamiability : (n) (۱) غیر دلکش ہونا؛ غیر دلکشی ۔ (۲) کج خلقی؛ کھراپن ۔

Unamiable : (a) (۱) غیر دلکش ۔ (۲) غیرخلیق؛ کج خلق؛ کھرا ۔ (۳) کج خلقی کا؛ کھرے پن کا ۔

Unamiableness : (n) (۱) غیر دلکش ہونا؛ غیر دلکشی ۔ (۲) کج خلقی؛ کھراپن ۔

Unamiably : (adv.) غیر دلکش طور پر؛ کج خلقی سے؛ کھرے پن سے ۔

Unamused : (a) ناخوش؛ اداس ۔

Unamusing : (a) غیر دلچسپ ۔

Unamusingly : (adv.) غیر دلچسپ طور پر ۔

Unanalogical : (a) غیر تمثیلی؛ غیر نظیری؛ جو نظریے یا قیاس کے مطابق نہ ہو ۔

Unanalogous : (a) غیر مماثل؛ غیر مشابہ؛ نامثل ۔

Unanalysable : (a) (۱) ناقابلِ تحلیل؛ ناقابلِ تجزیہ؛ (نفسیات) تحلیل ناپذیر ۔ (۲) ناقابلِ تشریح ۔

Unanalysed : (a) (۱) غیر تحلیل شدہ ۔ (۲) بے تشریح؛ غیر تشریح شدہ ۔

Unanalytical : (a) (۱) غیر تحلیلی؛ غیر تجزیاتی ۔ (۲) غیر تشریحی؛ (لسانیات) غیر تصریفی ۔

Unanchor : (v) لنگر کھولنا؛ لنگر اٹھانا ۔

Unanchored : (a) لنگر کھولا ہوا؛ (جہاز) جس نے لنگر اٹھا دیا ہو؛ جس کا لنگر کھول دیا گیا ہو ۔

Unaneled : (a) (متروک) جس کی بھر پور خوشامد نہ ہوئی ہو؛ جو پوری طرح جوش میں نہ آیا ہو ۔

Unanimate : (a) [f.L. 'unanimus'.] متفق الرائے کرنا؛ یک زبان کرنا؛ ایک رائے کرنا ۔

Unanimated : (a) (۱) جوش سے خالی؛ بے جوش؛ غیر زندہ دل؛ جوشِ حیات سے خالی ۔ (۲) بے جان؛ بے روح؛ جس میں زندگی نہ ہو ۔ (۳) غیر تحریک یافتہ؛ فیضان ناگرفتہ ۔

Unanimism : (n) یہ نظریہ کہ جماعتوں کو متحد کرنے کا اصول افراد کی انفرادی خصوصیات سے زیادہ اہم ہے ۔

Unanimist : (n) [Fr. 'Unanimiste'.] فرانسیسی شعراء کے ایک دبستان پر اطلاق ہوتا ہے ۔

Unanimity : (n) اتفاق رائے؛ یک زبان؛ یک رائے ہونا؛ اجماع؛ اتفاق ۔

Unanimous : (a) (۱) متفق الرائے؛ یک زبانی؛ یک رائے ۔ (۲) جس سے اتفاق رائے ظاہر ہو؛ جو اتفاق رائے پر مبنی ہو ۔

Unanimously : (adv.) یک زبان ہوکر؛ بہ اتفاق رائے؛ متفق الرائے ہوکر؛ متفقہ طور پر ۔

Unanimousness : (n) دیکھو Unanimity

Unannealed : (a) ناپختہ (برتن)؛ جسے تاؤ نہ دیا گیا ہو ۔

Unannotated : (a) غیر محشّٰی؛ غیر مشروح؛ جس پر حاشیہ نہ لکھا گیا ہو یا جس کی شرح نہ کی گئی ہو ۔

Unannounced : (a) (۱) بے اعلان ؛ جس کا اعلان نہ ہوا ہو ۔ (۲) بے اطلاع ؛ جس کی اطلاع نہ ہوئی ہو ۔

Unannoyed : (a) ایذا نارسیدہ؛ جسے چھیڑا یا ستایا نہ گیا ہو ۔

Unanointed : (a) غیر مالش شدہ؛ رسوم مذہبی ادا نہ شدہ ۔

Unanswerability : (n) ناقابلِ تردید ہونا ۔

Unanswerable : (a) (۱) ناقابلِ تردید؛ ناقابلِ جواب ۔ (۲) غیر جواب دہ؛ جو (کسی بات کےلئے) جوابدہ نہ ہو سکتا ہو؛ غیر ذمہ دار ۔

Unanswerableness : (n) ناقابلِ تردید ہونا ۔

Unanswerably : (adv.) ناقابلِ تردید طریقے پر ۔

Unanswered : (a) لاجواب؛ بے جواب؛ جس کا جواب نہ ملے ۔

Unantagonized : (a) جس کی تردید نہ کی گئی ہو؛ جس کی مخالفت نہ کی گئی ہو ۔

Unanticipated : (a) غیر متوقع؛ اچانک؛ ناگہاں ۔

Unanxious : (a) غیر متفکر؛ غیر مضطرب؛ غیر متردد؛ غیر مشوش؛ غیر پریشان؛ غیر بیتاب ۔

Unanxiously : (adv.) غیر متفکر طور پر؛ غیر متردد انداز میں؛ غیر بیتابانہ؛ اطمینان سے ۔

Unapocryphal : (a) غیر مشکوک؛ غیر مشتبہ؛ غیر فرضی؛ غیر وضعی؛ غیر جعلی؛ غیر منحرف؛ صحیح؛ مستند؛ جس کے استناد پر شبہ نہ کیا جا سکے؛ موثق؛ معتبر ۔

Unapologetic : (a) غیر نادم؛ غیر منفعل ۔

Unapostolic/-al : (a) (۱) خلاف طریق حواریین ۔(۲) خلاف طریق پاپائے روم ۔

Unapostolically : (adv.) خلاف طریق حواریین؛ خلاف طریق پاپائے روم ۔

Unappalled : (a) غیر خوف زدہ؛ غیر خائف ۔

Unapparel : (v) (کسی کو)بے لباس کرنا؛ (کسی کے) کپڑے اتار لینا ۔

Unapparelled : (a) غیر ملبوس؛ بے لباس؛ عریاں ۔

Unapparent : (a) غیر ظاہر؛ غیر مرئی ۔

Unappealable : (a) ناقابلِ اپیل؛ ناقابلِ مرافعہ ۔

Unappealing : (a) غیر دلکش؛ غیر جاذب؛ غیر دلفریب؛ غیر مؤثر ۔

Unappeasable : (a) غیر تسکین پذیر؛ ناقابل تسکین؛ جو فرو نہ ہو سکے ۔

Unappeasableness : (n) غیر تسکین پذیری؛ ناقابل تسکین ہونا ۔

Unappeasably : (adv.) غیر تسکین پذیر طور پر؛ ناقابل تسکین انداز میں ۔

Unappeased : (a) بے تسکین؛ جسے تسکین نہ ہوئی ہو؛ جو فرو نہ ہوا ہو ۔

Unappetizing : (a) (۱) مکروہ؛ نامرغوب ۔(۲) غیر مشتہی؛ جس سے بھوک نہ پیدا ہو ۔

Unappetizingly : (adv.) (۱) مکروہ طور سے؛ نامرغوب طور سے ۔(۲) غیر مشتہی طریقے سے ۔

Unapplauded : (a) بے تحسین؛ بے ستائش؛ جس کی تعریف یا واہ واہ نہ ہوئی ہو ۔

Unapplied : (a) غیر مستعمل؛ جو کسی خاص مقصد کے لئے استعمال نہ کیا گیا ہو ۔

Unappointed : (a) غیر مقرر؛ غیر معین؛ جسے نامزد یا تعینات نہ کیا گیا ہو ؛ تقرر نایافتہ ۔

Unappreciated : (a) بے قدر؛ بے وقعت ۔

Unappreciative : (a) ناقدری کا؛ غیر قدر افزا ۔

Unapprehended : (a) (۱) غیر گرفتار؛ غیر ماخوذ ۔(۲) غیر مفہوم؛ جو سمجھا نہ گیا ہو؛ نا اندیشہ؛ نافہمیدہ ۔

Unapprehending : (a) غیر تشویشناک ؛ غیر مخدوش ؛ بے اندیشہ ۔

Unapprehensive : (a) (۱) بے اندیشہ ؛ بے خوف ۔(۲) نافہم ؛ بے ادراک ۔

Unapprehensiveness : (n) بے خوفی؛ نافہمی؛ بے اندیشگی؛ بےادراکی ۔

Unapprised : (a) بے اطلاع؛ جس کی پہلے سے اطلاع نہ ہوئی ہو ۔

Unapproachability : (n) (۱) ناقابلِ رسائی ہونا؛ ناقابلِ حصول ہونا ۔(۲) ناآشنائی؛ نا آمیزی؛ اپنے کو دور کھینچنا ۔

Unapproachable : (a) (۱) ناقابلِ رسائی؛ رسائی سے باہر ناقابلِ حصول ۔(۲) اپنے کو دور کھینچنے والا؛ نا آشنا؛ کم آمیز؛ جو کسی سے بےتکلف نہ ہو ۔

Unapproachable : (n) (بطور اسم) کم آمیز؛ ناقابلِ رسائی ۔

Unapproachableness : (n) دیکھو Unapproachability

Unapproachably : (adv.) ناقابلِ رسائی یا ناقابلِ حصول طریقے پر؛ نا آشنائی کے انداز سے؛ اپنے کو دور کھینچتے ہوئے ۔

Unappropriate : (a) (۱) غیر مختص؛ غیرمتصرفہ ۔(۲) دیکھو Inappropriate ۔

Unappropriated : (a) (۱) غیرمختص؛ رقم جو کسی خاص کام کےلئے مخصوص نہ کی گئی ہو ۔ (۲) بے تصرف ؛ غیر متصرفہ ؛ وہ رقم جو کسی خاص مقصد کے لئے کام میں نہ لائی گئی ہو ۔ (۳) غیر مختص؛ غیر متصرفہ یا غیر مقبوضہ (اراضی)۔

Unappropriated blessing : (n) نعمت غیر متصرفہ؛ (مزاحاً) سن رسیدہ کنواری۔

Unapproved : (a) (۱) غیر منظور شدہ؛ غیر منظوری ؛ جس کی منظوری نہ ہوئی ہو ۔(۲) ناپسندیدہ ۔

Unapproving : (a) (۱) نامنظوری کا؛ ناپسندیدگی کا ۔ (۲) نامنظور یا ناپسند کرنے والا ۔

Unapprovingly : (adv.) نامنظوری کےانداز سے؛ ناپسندیدگی کے طریقے سے؛ نامنظور یا ناپسند کرتےہوئے ۔

Unapt : (n) (۱) غیر مستعد؛ سست یا کند ذہن ۔(۲) ناموزوں؛ بے موقع؛ بےمول؛ بے تکا؛ نا مناسب؛ ناقص ۔ (۳) (زبان وغیرہ) نامناسب؛ بھونڈی؛ غیر شستہ ۔

Unaptly : (adv.) غیر مستعدی سے؛ بے محل یا بے موقع طور پر ؛ نامناسب انداز میں؛ بے تکے پن سے ۔

Unaptness : (n) (۱) غیر مستعدی ۔(۲) بے تکاپن؛ بے محل یا بے موقع ہونا ۔

Unarch : (v) بے محراب رکھنا؛ محراب نہ بنانا ۔

Unarched : (a) بے محراب؛ جس میں محراب نہ ہو ۔

Unarchitectural : (a) (۱) غیر تعمیراتی؛ تعمیراتی اصول کے منافی جو اصول تعمیرات کے مطابق نہ ہو ۔ (۲) جو ماہرِ تعمیرات نہ ہو؛ جو فنِ تعمیر میں ماہر نہ ہو ۔

Unarguable : (a) ناقابلِ بحث ۔

Unargued : (a) غیر بحث شدہ؛ جس پر بحث نہ کی گئی ہو ۔

Unargumentative : (a) غیر منطقی؛غیر مدلل؛غیر استدلالی ۔

Unargumentatively : (adv.) غیر مدلل طور پر؛ غیر منطقی طریقے سے ۔

Unarm : (v) زرہ بکتر اتارنا یا چھین لینا؛ ہتھیارچھین لینا یا الگ کردینا؛ بےہتھیار کرنا؛ غیرمسلح کرنا ۔

Unarmed : (a)(نباتیات) (۱) غیر مسلح؛ بے ہتھیار؛ نہتا ۔(۲) بے خار ۔

Unarmoured : (a) (۱) بے زرہ بکتر ۔(۲) غیر آہن پوش (جنگی جہاز)۔

Unarraigned : (a) غیر متہم؛ غیر ملزم؛ بے الزام؛ بے تہمت ۔

Unarranged : (a) (۱) غیر مرتب؛ بے ترتیب ۔(۲) بلا اہتمام؛ جس کا پہلے سے اہتمام نہ ہو ۔

Unarrayed : (a) (۱) غیر صف بستہ؛ غیر مرتب ۔(۲) غیر آراستہ۔

Unarrested : (a) (۱) بے روک؛ بے رکاوٹ ۔(۲) غیر گرفتار ۔

Unarrived : (a) نا آمدہ؛ ناوارد؛ ناموروذ؛ جو نہ آیا یا نہ پہنچا ہو؛ غیر وقوع پذیر ۔

Unartful : (a) (۱) بے ہنر؛ اناڑی؛ ناتراشیدہ؛ انگھڑ ؛ غیر ماہر؛ جو تکنیکی مہارت نہ رکھتا ہو ۔(۲) بے تصنع؛ سادا؛ بھولا؛ معصوم ۔

Unartfully : (adv.) بے ہنر طورپر؛ اناڑی پن سے؛ غیرماہرانہ انداز میں؛ سادگی سے؛ معصومانہ؛ بے تصنع انداز میں ۔

Unarticulated : (a) (۱) غیر ممیز؛ غیر ممتاز ؛ غیر واضح ؛ بےترتیل ۔ (۲) بے جوڑ؛ بغیر جوڑ کا؛ بغیر جوڑا؛ بے پور؛ بے گرہ؛ غیر پوردار؛ غیر ذی مفاصل؛ بے فصل ۔

Unartificial : (a) غیر مصنوعی؛ بے بناوٹ؛ قدرتی؛ فطری؛ سادہ۔

Unartificially : (adv.) غیر مصنوعی طریقے پر؛ بے تصنع؛ قدرتی یا فطری طریقے سے؛ سادگی سے ۔

Unartistic : (a) غیر صنعت کارانہ؛ غیر صناعانہ؛ جسے صناعی سے تعلق نہ ہو ۔

Unary : (a) [L. 'unus' + -ARY] (۱) ایک ہی قسم کے سالمات میں واقع ہونے والا ۔(۲) (کیمیا) یک عنصرہ؛ یک عنصری۔

Unascended : (a) غیر بلند؛ غیر ارفع؛ غیر بالا؛ جو اوپرنہ چڑھا ہو یا جسے اوپر نہ اٹھایا گیا ہو؛ جسے بلند نہ کیا گیا ہو؛ غیر مرفوع ۔

Unascertainable : (a) ناقابلِ تحقیق؛ ناقابلِ دریافت ۔

Unascertained : (a) غیر متحقق؛ نا معلوم؛ غیر محقق ۔

Unashamed : (a) (۱) غیر نادم؛ غیر محجوب ۔ (۲) بے شرم؛ بے باک ۔

Unashamedly : (adv.) نادم نہ ہو کر؛ بے حجابانہ؛ بے شرمی سے؛ بے باکانہ ۔

Unashamedness : (n) بے حجابی؛ بے باکی؛ بے شرمی؛ دیدہ دلیری؛ غیر نادمانہ انداز ۔

Unasked : (a) (۱) بے استفسار؛ بن پوچھا ۔ (۲) بے طلب؛ بن مانگا ۔

Unasking : (a) بےطلب؛ جس کی کوئی طلب نہ ہو؛ نہ مانگنے والا؛ کوئی خواہش ظاہر نہ کرنے والا ۔

Unaspirated : (a) بے تلفظ ہائے مخلوط؛ جس میں دو چشمی "ھ" کا تلفظ نہ ہو ۔

Unaspiring : (a) غیر جاہ پسند؛ قناعت پسند ۔

Unaspiringly : (adv.) قناعت پسندی سے ۔

Unaspiringness : (n) قناعت پسندی؛ غیرجاہ پسندی ۔

Unassailable : (a) (۱) ناقابلِ حملہ؛ حملےسےمحفوظ؛ جس پر حملہ نہ ہو سکے؛نہایت مستحکم ۔ (۲)ناقابلِ تردید ۔

Unassailableness : (n) حملے سےمحفوظ یا ناقابلِ حملہ ہونے کی حالت؛ ناقابلِ تردید ہونا ۔

Unassailably : (adv.) حملے سے محفوظ رہ کر؛ ناقابلِ حملہ طور پر؛ ناقابلِ تردید انداز میں ۔

Unassailed : (a) حملے سے محفوظ؛ جس پر حملہ نہ ہوا ہو؛ جس پر چڑھائی نہ کی گئی ہو ۔

Unassayed : (a) (۱) جس کی کوشش نہ کی گئی ہو؛ بن کیا ۔ (۲) بن پرکھا؛ بن کسا؛ بن جانچا؛ غیر آزمودہ؛ امتحان نہ کردہ ۔

Unassertive : (a) غیر ادعائی؛ غیر قطعی؛ غیر زعیمانہ ۔

Unassigned : (a) غیر مفوضہ؛ غیر محولہ؛ جو حوالے نہ کیا گیا ہو؛ جو تفویض نہ کیا گیا ہو؛ جو سپرد نہ کیا گیا ہو ۔

Unassignable : (a) (۱) ناقابلِ تحویل؛ ناقابلِ تفویض؛ ناقابلِ سپردگی ۔ (۲) ناقابلِ منسوبی ۔

Unassimilable : (a) غیرجذب پذیر؛ غیر ہضم پذیر ۔

Unassimilated : (a) غیر جذب کردہ؛ غیر منجذب؛ غیر منہضم؛ جو جذب یا ہضم نہ ہوا ہو ۔

Unassisted : (a) بے امداد؛ بے اعانت؛ (خصوصاً) ننگی (آنکھ)؛ بے چشمہ یا بے عینک (آنکھ) ۔

Unassociated : (a) غیر شریک؛ نامربوط ۔

Unassorted : (a) بغیر چھانٹا ہوا؛ ملا جلا؛ مخلوط ۔

Unassuaged : (a) بے دلاسا؛ بے تشفی؛ بے تسلی؛ جسے تشفی یا تسلی نہ دی گئی ہو؛ جسے ٹھنڈا نہ کیا گیا ہو (جذباتی اعتبار سے)؛ (بھوک، خواہش وغیرہ) جسے کم، ہلکا یا ٹھنڈا نہ کیا گیا ہو؛ غیر تسکین یافتہ ۔

Unassuming : (a) بے رعونت؛ سادہ مزاج؛ منکسر؛ سیدھا؛ بے نمود؛ بے ادعا ۔

Unassumingly : (adv.) بے رعونتی سے؛ سادہ مزاجی سے؛ منکسرانہ ۔

Unassumingness : (n) بے رعونتی؛ سادہ مزاجی؛ انکسار؛ سادگی؛ بے ادعائیت ۔

Uncle : (n) [Late. L. 'aunculus'.] (۱) چچا؛ ماموں؛ پھوپھا؛ خالو ۔ (۲) (خود سے بڑے لوگوں کو مخاطب کرنے کے لئے بولتے ہیں) چچا؛ بڑی عمر کا آدمی جس سے بے تکلفی کے تعلقات ہوں ۔ (۳) جرائد و رسائل میں نوجوانوں کے لئے مضامین لکھنے والوں کا خطاب؛ لاسلکی نشر و اشاعت میں اس شخص کا خطاب جو بچوں کے لئے تفریحی پروگرام نشر کرتا ہے ۔ (٤) گروی دار؛ وہ شخص جو چیزیں رہن رکھ کر قرض دیا کرتا ہے ؛ مامون ۔

Dutch uncle : محاورہ میں مستعمل؛ دیکھو محاورہ ۔

To talk to (a person) like a Dutch uncle : محبت آمیز سختی سے گفتگو کرنا؛ بزرگانہ طریقے سے تنبیہ کرنا ۔

Welsh uncle : ماں یا باپ کا چچیرا بھائی؛ چچیرا چچا یا ماموں ۔

Uncle : (v) (کسی کو) چچا یا ماموں کہہ کر مخاطب کرنا؛ (کسی کو) چچا یا ماموں کہنا ۔

-uncle : (suffix) لاطینی لاحقہ جو بعض اسماء کے آخر میں cule یا culus کی جگہ آتا ہے اور تصغیر کے معنی پیدا کرتا ہے مثلاً 'Carbuncle, Furuncle انگریزی میں uncule ۔بھی آتا ہے مثلاً Homun-cule ۔

Uncle : (n) پیغام رسانی میں حرف U کو ظاہر کرنے کے لئے علامت کے طور پر بولتے ہیں ۔

Uncle-in-law : (n) پھوپھا؛ خالو؛ چچیا سسر؛ ممیا سسر ؛ خلیا سسر ۔

Uncle-Tom : (n) امریکی حبشی؛ چچا ٹام جو سفید فام امریکیوں کا مطیع اور چاپلوس تھا؛ منکسر مزاج یا اطاعت شعار حبشی؛ وہ حبشی جس کا رویہ یا نظریہ عاجزانہ یا اطاعت شعارانہ ہو ۔

Unclean : (a) [OE. 'uncleane'.] (۱) ناپاک؛ پلید؛ گندہ؛ آلودہ؛ غیر پاکیزہ ۔ (۲) (شرعاً) نجس ۔ (۳) فحش؛ غیر مہذب؛ زشت ۔ (٤) (زبان) میلی؛ جس میں کانٹے پیدا ہو گئے ہوں ۔ (٥) (مچھلی) جو اچھی حالت میں نہ ہو؛ جس کا کھانا مضر صحت ہو؛ جس نے جلد ہی انڈے دینے ہوں ۔

Unclean spirit : (n) ناپاک روح؛ نفسِ امّارہ ۔

Uncleanly : (a) (۱) (اخلاقی یا روحانی حیثیت سے) ناپاک؛ پلید؛ آلودہ؛ ملوث ۔ (۲) (جسمانی حیثیت سے) گندہ؛ ناپاک؛ نجس؛ میلا؛ ناصاف ۔

Uncleanly : (adv.) ناپاک طور پر؛ آلودہ ہوکر؛ نجس طور پر؛ فحش انداز میں ۔

Uncleanness : (n) ناپاکی؛ گندگی؛ نجاست؛ فحش یا غیر مہذب ہونا۔

Uncleansed : (a) میلا؛ بغیر دھلا ہوا؛ ناصاف؛ جسے جھاڑا پونچھا نہ گیا ہو ؛ جسے دھوکر صاف نہ کیا گیا ہو؛ ناپاک؛ جسے گناہوں سے پاک نہ کیا گیا ہو؛ غیر تندرست؛ جس پر دستِ شفا نہ پھیرا گیا ہو۔

Unclear : (a) ناصاف؛ غیر شفاف؛ غبار آلود؛ ابر آلود؛ داغدار؛ غیر واضح؛ مبہم؛ غیر نمایاں؛ غیر یقینی؛ غیر خالص؛ آلودہ؛ گندہ۔

Uncleared : (a) (۱) غیر صاف؛ غیر بے باق؛ قائم؛ باقی۔ (۲) (زمین وغیرہ) جسے درختوں سے صاف نہ کیا گیا ہو۔ (۳) جس پر تہمت یا الزام باقی ہو۔ (٤) غیر واضح ؛ غیر صریح ؛ غیر مفصل۔ (٥) (سیال) گندہ؛ ناپاک؛ غیر شفاف؛ غیر خالص؛ آلودہ۔

Unclearly : (adv.) گندے طور پر؛ غیر شفاف طور پر؛ مبہم انداز میں؛ غیر واضح طور پر؛ غیر یقینی طور پر؛ غیر خالص طور پر؛ آلودگی کےساتھ۔

Unclearness : (n) گندگی؛ آلودگی؛ غیر خالصیت؛ ابہام؛ غیر شفاف یا غیر واضح ہونا؛ صاف نہ ہونا۔

Unclehood : (n) عمویت؛ چچا یا ماموں وغیرہ ہونے کی حالت ؛ چچا یا ماموں وغیرہ ہونا۔

Unclench : (v) (۱) (مٹھی وغیرہ) کھولنا؛ (زبردستی) کھولنا یا ڈھیلا کرنا؛ بھنچی ہوئی چیز (مثلاً مٹھی یا دانتی) کھولنا ۔ (۲) گرفت سے آزاد کرنا؛ شکنجے سے نکالنا؛ گرفت سے آزاد ہونا؛ خلاصی پانا؛ کھلنا۔

Unclerical : (a) پادریوں کے طریقے یا اصول کے خلاف؛ پادریوں کے اسلوب یا تحریر کے خلاف۔

Unclerkly : (a) غیر منشیانہ؛ غیر محررانہ۔

Unclesam : (n) (۱) امریکا کی حکومت ؛ امریکی حکومت۔ (۲) امریکی قوم یا امریکی باشندوں کا مثالی نام؛ اضلاع متحدہ امریکا کا باشندہ۔

Uncleship : (n) عمویت؛ چچا یا ماموں وغیرہ ہونے کی حالت، یا صفت، چچا، ماموں وغیرہ کا رشتہ ؛ چچا، ماموں وغیرہ ہونا۔

Unclever : (a) سادہ لوح؛ بدھو؛ بے وقوف؛ غبی؛ کم فہم؛ بے ہنر؛ نا سمجھ؛ غیر زیرک؛ غیر طباع۔

Uncleverly : (adv.) سادہ لوحی سے؛ بے وقوفانہ؛ غبی کے سے انداز میں؛ کم فہمی سے۔

Unclerverness : (n) سادہ لوحی؛ بدھوپن؛ بیوقوفی؛ غبی ہونا؛ کم فہمی؛ نازیرکی۔

Unclew/Unclue : (v) (۱) کھولنا؛ ادھیڑنا؛ مٹانا؛ کالعدم کرنا؛ (مجازاً) برباد کرنا؛ تباہ کرنا ؛ بگاڑنا۔ (۲) (بادبان کے) پیچک یا نچلے حصے کو اتارنا یا نیچا کرنا۔

Unclimbable : (a) جس پر چڑھنامکن نہ ہو؛ناقابل چڑھائی؛ ناقابل تسخیر۔

Unclimbed : (a) جس پر چڑھا نہ گیا ہو؛ جسے سر نہ کیا گیا ہو؛ غیر مغلوب؛ غیر مفتوح؛ جس پر چڑھائی نہ ہوئی ہو۔

Unclinch : (v) دیکھو Unclench

Unclipped/Unclipt : (a) ناتراشیدہ؛ نابریدہ؛ غیر مقطوع؛ جسے کاٹا یا چھانٹا نہ گیا ہو؛ جسے قلم نہ کیا گیا ہو؛ (سکہ) جس کے کنارے نہ تراشے گئےہوں۔

Uncloak : (v) (۱) لبادہ یا فرغل اتارنا۔(۲) (مجازاً) کھولنا؛ ننگا کرنا ؛ برہنہ کرنا ؛ بے پردہ کرنا؛ بے نقاب کرنا۔

Uncloaked : (a) بے لبادہ؛ کھلا ہوا؛ عریاں؛ برہنہ؛ بے پردہ؛ بے نقاب۔

Unclog : (v) رکاوٹ کو دور کرنا۔

Unclogged : (a) رکاوٹ دور کیا ہوا؛ بے روک۔

Uncloister : (v) خانقاہ سے خارج کرنا۔

Uncloistered : (a) خانقاہ سے خارج کیا ہوا۔

Unclose : (v) (۱) کھولنا؛ واکرنا۔(۲) (مجازاً) کھولنا؛ منکشف کرنا؛ انکشاف کرنا؛ ظاہر کردینا؛ بے نقاب کرنا ۔ (۳) کھلنا؛ واہونا؛ منکشف ہونا؛ ظاہر ہونا؛ بے نقاب ہونا۔

Unclosed : (a) کھلا ہوا؛ ظاہر؛ منکشف؛ بے نقاب؛ بے پردہ؛ وا۔

Unclosing : (a) کھولنے والا؛ وا کرنے والا؛ ظاہر کرنے والا؛ منکشف کرنےوالا؛ بےپردہ یا بےنقاب کرنےوالا ۔

Unclothe : (v) (۱) (کسی کو) ننگا کرنا؛ لباس اتارنا؛ بےلباس کرنا ؛ پوشش سے محروم کرنا ۔ (۲) پتے جھاڑنا؛ چھال اتارنا؛ چھیلنا ۔ (۳) کپڑا ہٹانا؛ کپڑے اتارنا؛ بے پردہ کرنا؛ کھولنا؛ بے نقاب کرنا؛ عریاں کرنا؛ ظاہر کرنا ۔

Unclothed : (a) بے لباس؛ ننگا؛ عریاں؛ برہنہ؛ کھلا ہوا؛ بے پردہ؛ ظاہر؛ بے نقاب؛ غیر پوشیدہ ۔

Uncloud : (v) (۱) بے ابر کرنا؛ بادلوں کو ہٹانا ۔ (۲) (مجازاً) تاریکی دور کرنا؛ اندھیرا دور بھگانا؛ابہام دور کرنا؛ واضح کرنا؛ روشن کرنا ۔ (۳) صاف ہونا؛ بے ابر ہونا؛ واضح ہونا؛ روشن ہونا؛ بے داغ ہونا ۔

Unclouded : (a) (۱) بے ابر؛ کھلا ۔ (۲) واضح؛ روشن؛ صاف ۔ (۳) خالص؛ بے داغ ۔

Uncloudedly : (adv.) صاف طور پر؛ واضح طور پر؛ بے داغ طور پر ۔

Uncloudedness : (n) صفائی؛ روشنی؛ واضح ہونا؛ بے داغ ہونا ۔

Uncloven : (a) جڑا ہوا؛ بے درز؛ بے دراڑ؛ بے شگاف؛ بغیر پھٹا ہوا ۔

Uncloyed : (a) غیر سیر شدہ؛ ناسیر؛جس کا جی نہ بھرا ہو؛ بھوکا؛ خواہاں؛ گرسنہ ۔

Uncloying : (a) سیر نہ کرنے والا؛ جو سیر نہ کرے؛ جس سے جی نہ بھرے ۔

Unclubbable/Unclubable : (a) جو کلب یا کسی انجمن (کی رکنیت) کے قابل نہ ہو؛ ناملنسار؛ کم آمیز؛ دیر آشنا؛ غیر صحبت پسند ۔

Unclutch : (v) دیکھو Unclench

Unclutter : (v) پریشانی دور کرنا؛ بے تربیتی دور کرنا؛ صاف ستھرا کرنا؛ درست کرنا؛ ٹھیک کرنا؛ ترتیب میں لانا؛ ابتری دور کرنا؛ بوکھلاہٹ یا سراسیمگی دور کرنا ۔

Uncluttered : (a) صاف؛ ستھرا؛ درست؛ ٹھیک؛ حسبِ ترتیب ۔

Unco : (a) [clipped f. uncouth(a).] (۱) (اسکاچستانی)نامعلوم؛ اجنبی؛ غیر معمولی؛ انوکھا؛ فوق الفطرت؛ پر اسرار؛ ہیبتناک؛ نرالا؛ عجیب ۔ (۲) قابلِ لحاظ؛ ممتاز؛ نمایاں؛ مشہورو معروف؛ نامور؛ بڑا؛ بزرگ؛ عظیم ۔

Unco : (adv.) غیر معمولی طور پر؛ بہت زیادہ؛ انتہائی ۔

The unco guid : انتہا پسند مذہبی لوگ ؛ کٹر مذہبی لوگ؛ وہ لوگ جو مذہب و اخلاق میں انتہا پسند ہوں ۔

Unco : (n) (۱) اجنبی چیز یا قصہ؛ انوکھی کہانی؛ عجیب و غریب یا انوکھی چیزیں (عموماً جمع) ۔ (۲) اجنبی شخص ۔

Unco-ordinated : (a) غیر ہم پلہ؛ غیر ہموزن؛ غیر مربوط؛ غیر مرتب؛ غیر منظم ۔

Uncoagulated : (a) غیر منجمد؛ نابستہ؛ جسے جمنے سے بچا لیا گیا ہو ۔

Uncoated : (a) بے استر؛ بے قلعی؛ بے ملمع؛ بے پچارا؛ بغیر لیپا ہوا ۔

Uncock : (v) بندوق کا چڑھا ہوا گھوڑا اس طرح گرانا کہ بندوق نہ چھوٹنے پائے؛ (گھوڑا) گرانا یا اتارنا؛ ڈھیلا کرنا ۔

Uncocked : (a) (بندوق) جس کا گھوڑا گرا ہوا ہو؛اتارا ہوا؛ ڈھیلا ۔

Uncodified : (a) جس کی تبویب یا تدوین نہ ہوئی ہو ۔

Uncoerced : (a) بے دباؤ؛ بے جبر؛ غیر مجبور؛ جسے مجبور نہ کیا گیا ہو؛ جس پر دباؤ نہ ڈالا گیا ہو ۔

Uncoffin : (v) تابوت سے نکالنا؛ تابوت سے باہر لانا ۔

Uncoffined : (a) غیر مدفون؛ جسے تابوت میں نہ رکھا گیا ہو؛ بے کفن؛ بے دفن ۔

Uncognizable : (a) (۱) ناقابلِ سماعت عدالت؛ بیرون از اختیاراتِ عدالت ۔ (۲) ناقابلِ شناخت؛ ناقابلِ فہم؛ ناقابلِ ادراک ۔

Uncognoscible : (a) نا ممکن العلم؛ جسے نہ جانا جا سکے ۔

Uncoif : (v) (متروک) ٹوپی اتارنا؛ کلاہ اتارنا؛ خَود اتارنا ۔

Uncoifed : (a) (متروك) بے ٹوپی؛ بے کلاہ؛ بغیر خود کے؛ ننگے سر؛ کلاہ بدست ۔

Uncoil : (v) لچھے وغیرہ کے چکر کھولنا؛ کنڈی کھولنا ۔

Uncoined : (a) غیر مسکوك ۔

Uncollated : (a) غیر مقابلہ شدہ؛ (کتاب وغیرہ کے مختلف نسخے) جو ایك دوسرے سے ملائے نہ گئے ہوں ۔

Uncollected : (a) (۱) مضطرب؛ پریشان؛ بدحواس؛ غیرخاطر جمع؛ گھبرایا ہوا ۔ (۲) غیر مجموع؛ غیر مجتمع؛ بکھرا ہوا؛ جسے جمع یا یکجا نہ کیا گیا ہو ۔ (۳) غیر وصول؛ غیر بیباق؛ غیر تحصیل شدہ؛ جو ادا نہ ہوا ہو؛ باقی ۔

Uncollectible : (a) ناقابلِ وصول (قرض)؛ ناقابل ادائی؛ جو وصول کئے جانے کے لائق نہ ہو ؛ جس کی وصولی کی امید نہ ہو ۔

Uncollectible : (n) ناقابلِ وصول کھاتہ؛ ناقابل وصول قرض؛ ڈوبا ہوا قرض (جس کی ادائیگی کی امید نہ ہو) ۔

Uncolloquial : (a) (لفظ) علمی؛ غیر عامی؛ جو روز مرہ بول چال کا نہ ہو ۔

Uncoloured : (a) (۱) بے رنگ ۔ (۲) غیر رنگیں ؛ معمولی (زندگی)؛ سیاہ و سفید (تصویر) ۔ (۳) بے مبالغہ ؛ بے لوث؛ جس پر کسی جذبے، احساس وغیرہ کا رنگ نہ چڑھا ہو؛ سادہ ۔

Uncombated : (a) بلا مقابلہ؛ بغیر لڑے ہوئے ۔

Uncombed : (a) بے کنگھی کئے ہوئے ؛ بے نیاز شانہ ؛ غیر آراستہ؛ الجھی ہوئی ؛ پریشان؛ برہم (زلف) ۔

Uncombine : (v) الگ کرنا یا ہونا؛ جدا کرنا یا ہونا؛ توڑنا؛ ٹوٹنا؛ بکھرنا؛ بکھیرنا؛ متحد نہ ہونا ۔

Uncombined : (a) غیر متحد؛ جدا؛ آزاد ۔

Uncombining : (a) توڑنے والا؛ الگ کرنے والا؛ جدا کرنے والا؛ غیر متحد کرنے والا یا ہونے والا ۔

Uncome-at-able : (a) پہنچ سے باہر؛ ناقابلِ رسائی؛ دسترس سے باہر ؛ نا قابلِ دسترس ؛ نا قابلِ حصول؛ ناممکن الحصول؛ نایاب ۔

Uncomeliness : (n) (۱) بد صورتی؛ بھداپن ۔ (۲) نازیبائی ۔

Uncomely : (adv.) (۱) بد صورت؛ بد زیب؛ بھدا ۔ (۲) نامناسب؛ نازیبا ۔

Uncomfortable : (a) (۱) بے آرام؛ جو تکلیف میں ہو؛ بے چین؛ غیر مطمئن ۔ (۲) تکلیف دہ؛ غیر آرام دہ؛ غیر اطمینان بخش ۔ (۳) مشکل؛ نا معقول ۔

Uncomfortableness : (n) بے چینی؛ بے آرامی؛ تکلیف دہ ہونا؛ آرام دہ نہ ہونا ۔

Uncomfortably : (adv.) بے چینی سے؛ تکلیف دہ طور پر؛ غیر اطمینان بخش طور پر ۔

Uncomforted : (a) بے آرام؛ بے چین؛ جسے آرام نہ پہنچایا گیا ہو؛ جس کی تشفی یا تسلی نہ کی گئی ہو ۔

Uncommanded : (a) (۱) غیر مامور؛ جسے حکم نہ دیا گیا ہو ۔ (۲) قابو سے باہر؛ جو قابو میں نہ ہو ۔

Uncommendable : (a) ناقابلِ تعریف؛ غیر پسندیدہ؛ ناقابلِ سفارش؛ ناقابلِ تفویض ۔

Uncommendably : (adv.) غیر پسندیدہ طور پر ۔

Uncommended : (a) غیر مفوضہ؛ جس کی تعریف و توصیف یا سفارش نہ کی گئی ہو ۔

Uncommercial : (a) (۱) غیر تجارتی؛ خلاف اصول تجارت ۔ (۲) جو تجارت میں مشغول نہ ہو؛ غیر تجارت پیشہ؛ جو تجارت سے منسلك نہ ہو ۔

Uncommissioned : (a) غیر سند یافتہ؛ غیر کمیشنڈ؛ غیر اجازت یافتہ؛ کمتر درجے کا؛ کم رتبہ ۔

Uncommitted : (a) (۱) غیر پابند؛ آزاد ۔ (۲) ناکردہ؛ بن کیا؛ جس کا ارتکاب نہ ہوا ہو ۔ (۳) جو کسی کمیٹی کے حوالے نہ کیا گیا ہو ؛ جو کسی کمیٹی میں نہ بھیجا گیا ہو ؛ جو کسی کمیٹی کے سپرد نہ کیا گیا ہو ۔ (٤) جو کسی عملے یا نمائندے کے حوالے نہ ہو ۔

Uncommon : (a) (۱) غیر معمولی؛ عجیب ۔ (۲) شاذ ؛ نادر ۔

Uncommon : (adv.) (روز مرہ یا بول چال) بہت ؛ نہایت ؛ غیر معمولی طور پر ۔

Uncommonly : (adv.) غیر معمولی طور پر؛ عجیب طور پر ۔

Uncommonness : (n) غیر معمولی ہونا ۔

Uncommunicable : (n) ناقابلِ ترسیل ؛ ناقابلِ گوش گزاری؛ غیر ابلاغ پذیر ۔

Uncommunicably : (adv) ناقابلِ ترسیل انداز میں ؛ غیر ابلاغ پذیرانہ؛ ناقابلِ اطلاع طور پر ۔

Uncommunicated : (a) (۱) جس کی اطلاع نہ دی گئی ہو؛ جو اطلاع نہ بھیجی گئی ہو؛ غیر مرسلہ؛ ناگفتہ؛ ان کہی؛ بے خبر ؛ غیر مطلع؛ نا آگاہ ۔ (۲) جو عشائے ربانی میں شریک نہ ہوا ہو ۔

Uncommunicating : (a) مطلع نہ کرنے والا؛ آگاہ نہ کرنے والا؛ غیر خبر رساں ۔

Uncommunicative : (a) (۱) خاموش؛ کم گو؛ باتیں کرنے میں محتاط؛ اپنے خیالات ظاہر نہ کرنے والا ۔ (۲) غیر آمادہء گفتگو؛ جو (کسی بات سے) مطلع نہ کرنا چاہتا ہو ۔

Uncommunicatively : (adv.) کم گوئی سے؛ کم سخنی سے؛ آمادہء گفتگو نہ ہو کر؛ بہ انداز کم گوئی یا کم سخنی؛ اظہار خیال میں احتیاط برتتے ہوئے ۔

Uncommunicativeness : (n) کم گوئی؛ کم سخنی؛ آمادہء گفتگو نہ ہونے کی صفت یا حالت؛ خاموشی؛ اظہار خیال میں احتیاط ۔

Uncompacted : (a) جو آپس میں خوب گتھا ہوا یا کسا ہوا نہ ہو؛ (مٹی) جو تہ بہ تہ کسی ہوئی یا جمی ہوئی نہ ہو؛ پھولی ہوئی؛ ڈھیلی ۔

Uncompanied : (a) دیکھو Unaccompanied

Uncompanionable : (a) (۱) ناقابل صحبت ۔ (۲) نا ملنسار؛ غیر صحبت پسند؛ کم آمیز ۔

Uncompanioned : (a) تنہا؛ اکیلا؛ بے ساتھی؛ بے ہمجولی؛ بے یارو مددگار؛ اکیلا رہنے والا؛ تنہائی پسند؛ غیر غول پسند (جانور)؛ یکہ و تنہا؛ بے کس؛ واحد؛ بلا شرکتِ غیرے؛ خلوت پسند؛ گوشہ نشیں؛ تارک الدنیا ۔

Uncompassed : (a) غیر محصور؛ غیر محیط؛ نا تمام ۔

Uncompassionate : (a) سنگدل؛ سخت دل؛ بے رحم؛ بے درد؛ بے حس ۔

Uncomplaining : (a) بے شکایت؛ صابر؛ متحمل؛ صبر و تحمل کا؛ صبرو تحمل والا؛ حلیم؛ مستقل مزاج ۔

Uncomplainingly : (adv.) سنگدلی سے؛ بے رحمی سے؛ بے رحمانہ؛ بے دردی سے ۔

Uncomplainingness : (n) سنگدلی؛ بے رحمی؛ بے دردی ؛ سخت دلی؛ بے حسی ۔

Uncomplaisant : (a) غیر مجبور؛ جس پر جبر نہ کیا گیا ہو؛ جس پر دباؤ نہ ڈالا گیا ہو؛ جس کے ساتھ زور زبردستی نہ کی گئی ہو ۔

Uncomplaisantly : (adv.) بے مروتی سے؛ کج خلقی سے ۔

Uncompleted : (a) نامکمل؛ ناتمام؛ ادھورا ۔

Uncompliant : (a) غیر مطیع؛ نافرمان؛ غیر فرماں بردار؛ حکم کی تعمیل نہ کرنے والا ۔

Uncomplicated : (a) غیر پیچیدہ؛ بے الجھاؤ؛ سیدھا؛ سادہ ؛ سلجھا ہوا ۔

Uncomplimentery : (a) (۱) غیر تعریفی؛ مذمت کا ۔ (۲) خلافِ تواضع؛ خلافِ ادب؛ خلافِ اخلاق؛ توہین آمیز ۔

Uncomplying : (a) غیر اطاعت شعار؛ حکم کی تعمیل نہ کرنے والا؛ تسلیم نہ کرنے والا؛ نہ ماننے والا ۔

Uncomposed : (a) (۱) بے ترتیب؛ بکھرا ہوا ؛ تتر بتر ۔ (۲) برہم؛ الجھا ہوا؛ مشتعل ؛ ہیجان میں؛ غصے میں؛ مضطرب؛ پریشان؛ غیر ساکن؛ بے قاعدہ ۔ (۳) بے میل؛ غیر موافق؛ غیر متفق؛ غیر ہم آہنگ؛ غیر متحد؛ ناساز؛ نامساعد؛ غیر مطابق؛ مختلف ۔

Uncompounded : (a) (۱) سادہ ۔ (۲) (کیمیا) غیر مرکب؛ مفرد

Uncompoundedly : (adv.) سادہ طور پر؛ غیر مرکب طور پر؛ مفرداً؛ مفرد طور پر ۔

Uncompoundedness : (a) سادگی؛ غیر مرکب یا مفرد ہونا؛ مفردیت ۔

Uncomprehended : (a) غیر مدرکہ؛ نہ سمجھا گیا؛ جو سمجھا نہ گیا ہو ۔

Uncomprehending : (a) ادراک نہ کرنے والا؛ نہ سمجھنے والا ۔

Uncomprehendingly : (adv.) ادراک نہ کرتے ہوئے؛ نہ سمجھتے ہوئے؛ بے خدشہ طور پر ۔

Uncomprehensive : (a) غیر مدرکہ (قوت)؛ غیر جامع؛ غیر وسیع؛ غیر محیط؛ جس میں کوئی چیز شامل یا داخل نہ ہو؛ غیر محتوی؛ غیر مشتمل۔

Uncompromising : (a) (۱) بے آشتی؛ غیر مصالحت پسندانہ؛ سخت؛ بے لوچ؛ اٹل۔ (۲) ناقابلِ مصالحت؛ جس میں مصالحت کی گنجائش نہ ہو۔

Uncompromisingly : (adv.) غیر مصالحت پسندانہ طور پر؛ سختی سے؛ قطعی طور پر؛ اٹل طور پر؛ ناقابلِ مصالحت طریقے سے۔

Uncompromisingness : (n) غیر مصالحت پسندی؛ مصالحت ناپسندی؛ سختی؛ بےلوچ یا اٹل ہونے کی حالت یا صفت؛ ناقابلِ مصالحت ہونا۔

Unconcealable : (a) ناقابلِ اخفا؛ جو چھپانے کے قابل نہ ہو ؛ جسے پنہاں یا پوشیدہ نہ رکھا جاسکے۔

Unconcealed : (a) غیر پوشیدہ؛ غیر پنہاں؛ غیر مخفی؛ غیر نہاں؛ عیاں؛ ظاہر و بابر؛ بے پردہ؛ بے نقاب۔

Unconceivable : (a) (شاذ) ناقابلِ فہم؛ ناقابلِ ادراک؛ غیر ادراک پذیر؛ سمجھ یا تصور میں نہ آنے والی (بات)۔

Unconceivably : (adv.) ناقابلِ فہم انداز میں؛ ناقابلِ ادراک طور پر۔

Unconceived : (a) (۱) غیر حاملہ؛ جس نے نطفہ قبول نہ کیا ہو؛ بغیر پیٹ والی۔ (۲) غیر متصور؛ غیر خیال کردہ؛ غیر قیاس کردہ؛ بغیر سوچا ہوا؛ غیر مدرکہ۔

Unconceiving : (a) غبی؛ کند ذہن؛ ٹھس؛ بودا۔

Unconcern : (n) بے توجہی؛ بے پروائی؛ غیر جانبداری؛ بےاعتنائی؛ سلامت طبع؛ اطمینان؛ سکونِ قلب؛ بے فکری؛ غیر فکر مندی۔

Unconcerned : (a) (۱) غیر متعلق؛ الگ۔ (۲) غیر جانبدار؛ بے پروا۔ (۳) بے تعلق ؛ جسے دلچسپی نہ ہو۔ (٤) بے فکر؛ مطمئن۔

Unconcernedly : (adv.) بے تعلقی سے؛ بے پروائی سے؛ غیر جانبدارانہ؛ بے فکری سے؛ بہ اطمینان؛ مطمئن رہ کر۔

Unconcernedness : (n) بے تعلقی؛ بے پروائی؛ غیر جانبداری؛ بے فکری؛ اطمینان۔

Unconcerning : (a) (شاذ) غیر اہم؛ غیر متعلق؛ بے جوڑ؛ بے تک؛ بے ربط؛ بے موقع؛ بے محل؛ غیر مناسب؛ خارج از بحث۔

Unconcernment : (n) بےتعلقی؛ بے فکری؛ لاپروائی؛ اطمینان؛ خاطر جمعی؛ غیر اہم یا بے موقع ہونا۔

Unconcerted : (a) غیر متفقہ؛ غیر طےشدہ؛ جسےآپسی صلاح و مشورے سے طے نہ کیا گیا ہو۔

Unconcluded : (a) ناتمام؛ جو انجام کو نہ پہنچا ہو؛ غیر منتج؛ جس سے کوئی نتیجہ اخذ نہ کیا گیا ہو؛ غیر طے شدہ؛ غیر تصفیہ شدہ۔

Unconcocted : (a) (قصہ، ثبوت وغیرہ) بن گھڑا؛ بغیر بنایا ہوا؛ بغیر مرتب کیا ہوا۔ (کوئی مخلوط یا مرکب، صابن، شربت وغیرہ) جسے پکایا یا بنایا نہ گیا ہو۔

Uncondemned : (a) (۱) غیرملامت شدہ؛ جس کی مذمت نہ کی گئی ہو؛ جس کو ملامت نہ کی گئی ہو؛ بے الزام ؛ بے ملامت ، غیر مردود؛ غیر ملعون۔ (۲) جسے قصور وار نہ ٹھہرایا گیا ہو؛ غیر قصور وار؛ جس کے خلاف فیصلہ نہ دیا گیا ہو؛ جسے عیب نہ لگایا ہو؛ غیر ملزم؛ جسے ملزم نہ ٹھہرایا گیا ہو؛ بے سزا؛ جسے سزا نہ دی گئی ہو۔

Uncondensed : (a) (۱) غیر منجمد؛ (کیمیا) غیر مکثف؛ جس کی تکثیف نہ ہوئی ہو۔ (۲) جسے گاڑھا نہ کیا گیا ہو؛ جسے خلاصہ نہ کیا گیا ہو۔

Unconditional : (a) (قانون) غیر مشروط؛ غیر پابند؛ قطعی؛ مطلق؛ آزاد؛ (نفسیات) غیر ساختہ؛ بیساختہ؛ فطری۔

Unconditional reflex : (a) (نفسیات) فطری اضطرار؛ بے ساختہ اضطرار؛ خلقی معکوسہ۔

Unconditional sale : (n) (قانون) بیع کامل؛ بیع لا کلامی۔

Unconditionality : (n) غیر مشروطیت؛ قطعیت؛ مطلقیت؛ بیساختگی؛ فطری پن۔

Unconditionally : (adv.) غیر مشروط طور پر؛ بیساختہ طور پر؛ قطعاً؛ مطلقاً؛ فطری طور پر؛ قطعی طور پر۔

Unconditionalness : (n) دیکھو Unconditionality

Unconditioned : (a) (۱) دیکھو Unconditional ۔(۲) (فلسفہ) تعینات سے بری؛ مطلق؛ طلق؛ نا محدود؛ جس کا انحصار شرط ماقبل پر نہ ہو ۔

Unconditioned reflex : (n) (نفسیات) جبلی یا خلقی رد عمل؛ نفی اضطرار ؛ فطری اضطرار ؛ بیساختہ اضطرار ۔

Unconfessed : (a) (۱) جس نے (کسی بات کا) اقبال یا اقرار نہ کیا ہو؛ (شخص) جس نے (خود سے متعلق کسی بات کا) اعتراف نہ کیا ہو ؛ غیر معترف؛ جس نے کسی بات کو تسلیم نہ کیا ہو ۔ (۲) جس نے (گناہوں کا اعتراف کرکے) توبہ نہ کی ہو، غیر تائب؛ جو توبہ یا کفارہ کے ذریعہ گناہوں سے پاک نہ ہوا ہو ۔

Unconfident : (a) جس کو اعتماد نہ ہو؛ غیر بھروسہ مند؛ غیر متیقن ۔

Unconfidential : (a) جو صیغہء راز میں نہ ہو؛ غیر مخفی؛ غیر خفیہ؛ کھلا ہوا؛ عام؛ غیر محرم راز ۔

Unconfinable : (a) ناقابلِ روک؛ ناقابلِ قید؛ ناقابلِ بندش؛ جسے روکا یا قید نہ کیا جا سکے ۔

Unconfine : (v) قید سے چھٹکارا دینا؛ آزاد کرنا؛ بندش ہٹانا؛ چھوڑنا ۔

Unconfined : (a) بے قید؛ غیر مقید؛ آزاد؛ قید سے رہائی پایا ہوا؛ جسے روکا یا قید نہ کیا گیا ہو ۔

Unconfirmed : (a) (۱) غیر مصدقہ؛ بے تصدیق (افواہ) ۔ (۲) بے توثیق؛ جس کی رسم توثیق عیسائیت ادا نہ ہوئی ہو ۔

Unconformability : (n) عدم مطابقت؛ منافی ہونا ۔

Unconformable : (a) (۱) غیر مطابق؛ مخالف؛ منافی ۔(۲) جو برطانوی چرچ کی روایات کے مطابق نہ ہو ۔ (۳) (ارضیات) جس میں پرتوں یا طبقات کا رخ یا سطح یکساں نہ ہو ۔

Unconformableness : (n) دیکھو Unconformability

Unconformably : (adv.) غیر مطابق طور پر؛ مخالفانہ یا منافیانہ طور پر ۔

Unconformed : (a) (ارضیات) غیر یکساں (رخ یا سطح والی)۔

Unconformity : (n) (کسی چیز کے ساتھ) مطابقت نہ ہونا؛ عدم امتثال؛ (ارضیات) غیر مطابقت؛ عدم مطابقت؛ عدم مشابہت؛ عدم تطابق؛ بے میل ہونا ۔

Unconfounded : (a) ترتیب وار؛ جو درہم برہم یا پریشان نہ ہو؛ غیر ناکام؛ جسے زک نہ دیا گیا ہو؛ جسے شرمندہ نہ کیا گیا ہو؛ غیر شرمندہ ۔

Unconfronted : (a) غیر روبرو؛ غیر مقابل؛ جو روبرو یا مقابل نہ آیا ہو؛ جس نے سامنا نہ کیا ہو؛ جو دوچار نہ ہوا ہو ۔

Unconfused : (a) غیر ابتر ؛ غیر گڈمڈ؛ جس میں خلط مبحث نہ ہوا ہو؛ جو بے ترتیب یا درہم برہم نہ ہو؛ واضح ؛ صاف؛ درست ۔

Unconfusedly : (adv.) واضح طور پر؛ صاف طور پر؛ غیرابتر طریقے سے؛ درست طور پر ۔

Unconfutable : (a) (۱) جس کو خطا وار ثابت نہ کیا جا سکے۔ (۲) ناقابل تغلیط (دلیل)؛ جس کو غلط ثابت نہ کیا جا سکے ۔

Unconfuted : (a) غیر خطا وار؛ جسے خطا وار ثابت نہ کیا گیا ہو؛ دلیل جسے غلط ثابت نہ کیا گیا ہو؛ غیر تغلیط شدہ؛ صحیح؛ درست ۔

Uncongeal : (v) غیر منجمد کرنا؛ جماؤ کو دور کرنا؛ پگھلانا؛ یخ بستگی دور کرنا ۔

Uncongealed : (a) غیر منجمد کیا ہوا؛ پگھلایا ہوا؛ یخ بستگی کی حالت سے سیال کی حالت میں لایا ہوا؛ غیر منجمد؛ سیال؛ نہ جمایا ہوا ۔

Uncongenial : (a) (۱) جو ہم مزاج یا ہمدرد نہ ہو؛ غیرہمدرد؛ بے رحم؛ نا مہربان؛ بے درد؛ غیر درد مند؛ جو دکھ درد کا شریک نہ ہو ۔(۲) غیر موافق؛ غیر مطابق ۔ (۳) ناموافق؛ خلاف طبیعت؛ ناگوار؛ جو ہم مذاق نہ ہو ۔

Uncongeniality : (n) غیر ہم مزاجی؛ غیر ہم مذاقی؛ بے رحمی؛ بیدردی؛ نا موافقت؛ عدم مطابقت؛ ناگواری ۔

Uncongenially : (adv.) طبیعت کے خلاف؛ ناگوار طور پر؛ ناموافق طور پر؛ غیر ہم مذاقانہ ۔

Unconjecturable : (a) ناقابلِ قیاس آرائی ۔

Unconjugal : (a) غیر ازدواجی ۔

Unconnected : (a) (۱) بے جڑا ہوا؛ الگ؛ جدا ۔(۲) بے سلسلہ؛ بے ربط؛ غیر مربوط ۔(۳) بے تعلق؛ بے رشتہ؛ جن میں کوئی رشتہ نہ ہو؛ غیر رشتہ دار ۔

Unconnectedly : (adv.) جدا طور پر؛بے سلسلہ طور پر؛ بے ربط انداز میں ؛ بے تعلقی سے ؛ بے رشتہ طور پر؛ غیر رشتہ دارانہ ۔

Unconnectedness : (n) جدا ہونا؛ بے سلسلہ یا غیر مربوط ہونا؛ بے تعلقی؛ بے رشتگی ۔

Unconnection : (n) بے تعلقی؛ بے رشتگی ۔

Unconquerable : (a) (۱) ناقابلِ فتح؛ جو مغلوب نہ ہو سکے؛ اجیت؛ جسے طاقت سے دبانا ممکن نہ ہو؛ نہ دبنے والا ؛ (مجازاً ذہن وغیرہ) ناقابلِ فتح ۔ (۲) بے قابو؛ قابو میں نہ آنے والا؛ جسے قابو میں نہ لایا جا سکے ۔

Unconquerableness : (n) ناقابلِ فتح ہونا ۔

Unconquerably : (adv.) ناقابلِ فتح طور پر ۔

Unconquered : (a) غیر مفتوح؛ غیر مغلوب؛ غیر مفتوحہ؛ بے قابو ۔

Unconscientious : (a) بے دیانت؛ غیر متدین؛ (اخلاقیات) بے اصول؛ اخلاقی اصول کی پروا نہ کرنے والا ۔

Unconscientiously : (adv.) بے دیانتی سے؛ بے اصولی سے؛ غیر دیانت دارانہ ۔

Unconscientiousness : (n) بے دیانتی؛ بے اصولی ۔

Unconscionable : (a) (۱) اخلاقی احساس سے محروم ؛ بے ضمیر؛ بے ایمان ۔ (۲) بے ایمانی کا ۔ (۳) بالکل غیر واجب؛ نا واجب ۔

Unconscionable : (adv.) (۱) بے ایمانی؛ نا واجبیت ۔(۲) دیکھو Unconscionably ۔

Unconscionable bargain : (n) (قانون) ناواجبی سودا یا معاملہ ۔

Unconscionably : (adv.) بے ایمانی سے؛ نا واجبی طور پر ؛ غیر واجبی طور پر؛ بے ضمیری کی حد تک ۔

Unconscionableness : (n) بےایمانی؛ ناواجبیت؛ناواجبی ہونا؛ غیر واجب ہونا ۔

Unconscious : (a) (۱) ناواقف؛ بے خبر؛ غافل ۔(۲) بے ہوش؛ بےحس ۔ (۳) غیر شعوری؛ جس کا احساس یا شعور نہ ہو ۔(٤) بے قصد؛ جو جان بوجھ کر نہ کیا گیا ہو ۔(٥) لاشعوری ؛ جو نفس کے اندر واقع ہو مگر اس کا شعور یا ارادے سے تعلق نہ ہو ۔(٦) غیر ذی روح ۔ (۷) (بطور اسم) دیکھو The Unconcious ۔

The Unconcious : لاشعور؛ تحلیل نفسی کی رو سے ذہن یا نفس کا وہ حصہ جو شعور کی حد سے باہر ہے؛ بیرونِ شعور ۔

Unconscious cerebration : (n) (نفسیات) لاشعوری دماغی عمل۔

Unconscious mind : (n) (نفسیات) لاشعوری ذہن؛ عقل باطن ۔

Unconsciously : (adv.) (۱) بے خبری میں؛ غفلت میں ۔ (۲) بے ہوشی کی حالت میں ۔ (۳) بے قصد ۔ (٥) غیر شعوری طور پر؛ لاشعوری طور پر ۔

Unconsciousness : (n) (۱) غفلت؛ بے خبری ۔ (۲) بے ہوشی ۔ (۳) بےقصد ہونا ۔ (٤) لاشعوریت؛ عدم شعور؛ غیر شعوری ہونا؛ لاشعور ۔

Unconsecrate : (v) وقف (مذہبی) نہ کرنا؛ بھینٹ نہ چڑھانا؛ نذر نہ گزارنا؛ (کسی دینی کام کے لئے) مخصوص یا موسوم نہ کرنا ۔

Unconsecrate : (a) غیر مقدس؛ غیر متبرک؛ غیر موقوفہ ؛ جسے بھینٹ نہ چڑھایا گیا ہو؛ غیر نذر شدہ ۔

Unconsecrated : (a) (۱) غیر وقف شدہ؛ غیر نذرشدہ؛ غیر موقوفہ ۔(۲) غیر مقدس؛ غیر متبرک ۔

Unconsequential : (a) دیکھو Inconsequential

Unconsidered : (a) (۱) غیر ملحوظ؛ ناقابل لحاظ؛ نظر انداز ۔(۲) جو کسی غور و فکر کا نتیجہ نہ ہو؛ بے سوچا سمجھا ۔

Unconsidering : (a) (شاذ) غورو فکر نہ کرنے والا؛ لحاظ نہ کرنے والا؛ ملحوظ نہ رکھنے والا ۔

Unconsolable : (a) دیکھو Inconsolable

Unconsolably : (adv.) دیکھو Inconsolably

Unconsoled : (a) جسے تسلی نہ دی گئی ہو؛ جس کی ڈھارس نہ بندھائی گئی ہو یا دلجوئی نہ کی گئی ہو؛

جس کے آنسو نہ پونچھے گئے ہوں؛ جس کی تشفی نہ کی گئی ہو۔

Unconsolidated : (a) (۱) (مٹی) غیر پرت دار؛ نابستہ؛ غیر سخت؛ ڈھیلی ڈھالی۔ (۲) کمزور؛ نا استوار؛ غیر ملحق؛ غیر منظم۔

Unconsonant : (a) دیکھو Inconsonant

Unconspicuous : (a) دیکھو Inconspicuous

Unconstilated : (a) جھرمٹ سے الگ؛ تارا منڈل سے جدا؛ تنہا (ستارہ)۔

Unconstitutional : (a) غیر آئینی؛ بے ضابطہ؛ خلاف دستور اساسی؛ (قانون) خلافِ قانون۔

Unconstitutionality : (n) غیر آئینی ہونا؛ بے ضابطگی۔

Unconstitutionally : (adv.) دستور اساسی کے خلاف؛ غیر آئینی طور پر؛ بے ضابطگی سے۔

Unconstrained : (a) (۱) غیر مجبور؛ غیر پابند؛ اپنے فعل میں آزاد۔ (۲) بے مزاحمت؛ بے جبر؛ آزادانہ۔ (۳) بے تکلف؛ بے تکلفانہ؛ بے روک؛ فطری۔ (٤) غیر ممنوع؛ بلا ممانعت؛ بے ضبط؛ بے قابو۔

Unconstrainedly : (adv.) (۱) بے مزاحمت یا جبر کے؛ آزادی سے۔ (۲) بے تکلفی سے؛ کھلے دل سے۔

Unconstraint : (n) آزادی؛ بے تکلفی۔

Unconsulted : (a) بے مشورہ؛ بے رائے؛ بے اطلاع کئے؛ بغیر رجوع کئے ہوئے۔

Unconsumeable : (a) جسے خرچ نہ کیا جاسکے؛ ناقابل مصرف؛ ناقابل صرف؛ جو جلایا جا نہ سکے۔

Unconsumed : (a) غیر خرچ شدہ؛ غیرصرف شدہ؛ جس کا مصرف نہ لیا گیا ہو یا جسے خرچ نہ کر ڈالا گیا ہو؛ جسے کھا پی کر یا استعمال کرکے ختم نہ کردیا گیا ہو؛ غیر صرف شدہ؛ جو صرف نہ ہوا ہو؛ جو چل نہ سکا ہو۔

Unconsuming : (a) (۱) غیرمسرف؛ اسراف بے جا نہ کرنےوالا؛ برباد نہ کرنے والا؛ جو تنگی یا افلاس میں مبتلا نہ ہو؛ بچا کر خرچ کرنے والا؛ خرچ نہ کرنے والا۔ (۲) نہ جلانے والی (آگ)؛ جو جلاتی نہ ہو۔

Unconsummate/Unconsummated : (a) غیر کامل؛ غیر پختہ؛ نامکمل؛ ناپختہ؛ ناقص (خصوصاً نکاح جس میں خلوت صحیحہ نہ ہوئی ہو)۔

Uncontainable : (a) (۱) ناقابل شمول۔ (۲) نہ سمانے والا۔ (۳) نہ رکنے والا؛ نہ دبنے والا۔

Uncontaminate/Uncontaminated : (a) (۱) خالص؛ غیر آلودہ؛ اچھوتا۔ (۲) غیر نجس؛ بے چھوت؛ پاک۔

Uncontemned : (a) جسے حقیر نہ بتایا گیا ہو؛ جس کی ذلالت نہ ہوئی ہو؛ جس کے ساتھ اہانت آمیز سلوک نہ کیا گیا ہو؛ جسے خفیف نہ کیا گیا ہو۔

Uncontemplated : (a) (۱) بن سوچا؛ بے ارادہ؛ بے مقصد۔ (۲) غیر متوقع؛ اچانک۔

Uncontent : (a) غیر مطمئن؛ غیر قانع؛ ناخوش؛ نا آسودہ۔

Uncontented : (a) دیکھو Uncontent

Uncontentious : (a) غیر جھگڑالو؛ ملنسار؛ مصالحت جو؛ امن پسند؛ صلح جو۔

Uncontestable : (a) ناقابلِ جنگ؛ناقابلِ جدل؛ناقابلِ مبارزت؛ ناقابلِ مقابلہ۔

Uncontested : (a) بلا مقابلہ؛ بغیر جنگ کے؛ بغیر لڑے ہوئے؛ بغیر مقابلہ کئے۔

Uncontestedly : (adv.) بلا مقابلہ؛ جنگ کئے بغیر؛ لڑے بغیر۔

Uncontracted : (a) بن سکڑا؛ جو سکڑ کر چھوٹا نہ ہوا ہو۔

Uncontradicted : (a) بے تردید؛ جس کی تردید نہ ہوئی ہو؛ مسلمہ؛ مانا ہوا۔

Uncontrollable : (a) (۱) ناقابلِ ضبط۔ (۲) بے قابو؛ سرکش۔

Uncontrollableness : (n) (۱) ناقابلِ ضبط ہونا۔ (۲) بے قابو پن؛ سرکشی۔

Uncontrollably : (adv.) ناقابلِ ضبط طریقے سے؛ سرکشی سے۔

Uncontrolled : (a) (۱) بے ضبط؛ جو ضبط نہ کیا جاسکے؛ غیر منضبط۔ (۲) بے قابو؛ مطلق العنان؛ بے لگام۔

Uncontrolledly : (adv.) (۱) بے ضبطی سے ۔(۲) بے روک ٹوک؛ مطلق العنانی سے ۔

Uncontroversial : (a) غیر متنازع؛غیر نزاعی؛ بے حجت؛ جس میں نزاع یا حجت کی گنجائش نہ ہو ۔

Uncontroversially : (adv.) غیر نزاعی طور پر؛ بلا حجت ۔

Uncontroverted : (a) (۱) بےنزاع؛جس میں نزاع نہ کیا جائے ۔ (۲) (منطق) مسلمہ؛ مانا ہوا؛ نابحث طلب ۔

Uncontrovertibility : (n) دیکھو Incontrovertibility

Uncontrovertible : (a) دیکھو Incontrovertible

Uncontrovertibly : (adv.) دیکھو Incontrovertibly

Unconventional : (a) (۱) خلاف رسم و رواج؛ خلاف دستور ۔ (۲) آزادہ رو؛ آزاد؛ غیر پابند رسم؛ غیررسمی؛ آزادانہ؛ آزادہ روی کا ۔

Unconventionalism : (n) (۱) خلاف رسم و رواج ہونا؛ خلاف دستور ہونا ۔(۲) غیر رسمیت؛ آزادہ روی ۔

Unconventionality : (n) دیکھو Unconvenitonalism

Unconventionally : (adv.) رسم ورواج یا دستور کے خلاف؛ غیر رسمی طور پر؛ آزادہ روی سے ۔

Unconventionalness : (n) دیکھو Unconventionalism

Unconversable/Unconversible : (a) (۱) غیر خوش بیان ؛ ناگویا؛ بد تقریر ۔ (۲) جس سے سابقہ مشکل ہو ۔(۳) نا ملنسار؛ نا آمیز؛ اکل کھرا ۔

Unconversant : (a) ناواقف (کسی فن یا کسی چیز سے) ۔

Unconversible : (a) دیکھو Unconversable

Unconvert : (v) (مذہب، رائے وغیرہ) تبدیل نہ کرنا؛ تبدیل نہ کرانا؛ نہ بدلنا ۔

Unconverted : (a) (۱) غیر منقلب؛ غیر تحویل شدہ؛ جو بدلا نہ ہو ۔(۲) جس نے مذہب یا عقیدہ نہ بدلا ہو؛ جس نے رائے نہ بدلی ہو ۔

Unconvertible : (a) غیر تغیر پذیر؛ غیر مبادلہ پذیر؛ ناقابل بدلی؛ جس کو تبدیل نہ کیا جا سکتا ہو ۔

Unconvicted : (a) غیر سزا یافتہ؛ جسے مجرم قرار نہ دیا گیا ہو؛ جس کو سزا نہ سنائی گئی ہو؛ (قانون) غیر سزا یاب ۔

Unconvinced : (a) غیر قایل؛ جسے یقین نہ آیا ہو ۔

Unconvincing : (a) غیر معقول؛ ناقابل یقین؛ جس پر یقین نہ کیا جا سکے ۔

Unconvincingly : (adv.) غیر معقول طور پر؛ ناقابل یقین انداز میں ۔

Uncooked : (a) بغیر پکایا ہوا؛ ناپخت؛ نا پختہ ۔

Uncool : (a) (عامیانہ) (رقص و موسیقی) ناگوار؛ سمع خراش (موسیقی)؛ ناخوب ۔

Uncooled : (a) بغیر ٹھنڈا کیا ہوا؛ جس کو ٹھنڈا نہ کیا گیا ہو ۔

Uncoop : (v) جھولے میں سے نکالنا؛ ٹوکری میں سے نکالنا ۔

Uncord : (v) رسی کھولنا ۔

Uncordial : (a) غیر قلبی؛ بے دل کا؛ غیر مخلصانہ ۔

Uncordially : (adv.) بے دلی سے؛ غیر مخلصانہ طور پر ۔

Uncork : (v) (۱) بوتل کا کاگ کھولنا ۔(۲) (بول چال) (جذبات وغیرہ) ظاہر کرنا ۔

Uncorked : (a) (۱) بے کاگ؛ جس میں کاگ نہ ہو ۔(۲) بےپردہ؛ بے نقاب؛ ظاہر؛ کھلا ہوا ۔

Uncorrected : (a) غیر تصحیح شدہ؛ غیر اصلاح شدہ؛ نادرست؛ غیر صحیح ۔

Uncorroborated : (a) غیر مصدقہ؛ بے تصدیق؛ بے ثبوت ۔

Uncorroded : (a) (۱) غیرزنگ آلود ۔(۲) بےگلا ہوا؛ جو تیزاب سے گلا نہ ہو ۔

Uncorrupt : (a) غیر فاسد؛ غیر ناقص؛ غیر تصحیف شدہ؛ غیر تحریف شدہ (عبارت) ؛ غیر رشوت خوار؛ شریف؛ راست باز؛ خوش اطوار؛ خوب؛ بہتر؛ درست؛ صحیح حالت میں؛ جو بگڑا یا خراب نہ ہوا ہو ۔

Uncorrupted : (a) (۱) بن سڑا؛ جو خراب نہ ہوا ہو ۔(۲) بن بگڑا ۔(۳) بے رشوت؛ جسے رشوت نہ دی گئی ہو ۔

Uncorruptedly : (adv.) درست طور پر ؛ غیر ناقص طور پر ؛ راست بازی سے ؛ بہتر طور پر؛ خوبی کے ساتھ ؛ بے رشوت طور پر ؛ بغیر رشوت لئے ہوئے۔

Uncorruptedness : (n) درستی؛ راستی؛ بہتری؛ خوبی؛ خوش اطواری؛ خوش خلقی؛ غیر رشوت خور ہونا ۔

Uncorruptible : (a) جو نہ سڑے نہ خراب ہو؛ ناقابل تحریف یا تصحیف ؛ جو رشوت خوار نہ بن سکے؛ جسے بگاڑا نہ جا سکے (اخلاقی یا دیگر اعتبار سے)؛ غیر فساد پذیر؛ غیر رشوت پذیر ۔

Uncorruption : (n) راستی؛ درستی؛ غیر رشوت خوری؛ خوش اطواری؛ راست بازی؛ خوش خلقی؛ خوبی؛ اچھائی؛ بہتری۔

Uncorruptly : (adv.) غیر فاسد یا غیر ناقص طور پر؛ غیر رشوت خوارانہ؛ بغیر رشوت لئے؛ راستی سے؛ خوبی سے؛ خوش اطواری سے ۔

Uncorruptness : (n) غیر رشوت خوری؛ خوش اطواری؛ راستی؛ راست بازی؛ اچھائی؛ خوبی؛ بہتری۔

Uncorseted : (a) (عورت) جو پیٹی کسے ہوئے نہ ہو ۔

Uncostly : (a) غیر قیمتی؛ کم قیمت؛ ارزاں ۔

Uncounselled : (a) بے مشورہ؛ بے صلاح؛ جس کو کوئی صلاح یا مشورہ نہ دیا گیا ہو؛ بے ترغیب؛ بے سفارش۔

Uncountable : (a) (۱) بےشمار؛ لاتعداد؛ ناقابل شمار؛ (نبض وغیرہ) ناقابل شمار حد تک تیز ؛ بہت تیز (اتنی کہ جسے شمار نہ کیا جا سکے) ۔ (۲) ناقابل تخمینہ؛ بے اندازہ؛ اندازے سے باہر؛ بے انتہا؛ بے حد؛ بے پایاں ۔

Uncounted : (a) (۱) غیر شمردہ؛ غیر محسوب؛ جسے گنا نہ گیا ہو ۔(۲) جو شمار میں نہ آیا ہو ؛ جس کو شامل حساب نہ کیا گیا ہو ۔(۳) جسے بچارا نہ گیا ہو؛ (کوئی شے) جس کا خیال نہ کیا گیا ہو۔

Uncountenanced : (a) (۱) بے تائید؛ بے حمایت؛ جسے دوسروں کی حمایت یا تائید حاصل نہ ہو؛ جس کی پشت پناہی نہ ہوئی ہو ۔(۲) بے منظوری؛ جو منظور نہ ہوا ہو؛ غیر منظور شدہ؛ جس کو جائز نہ رکھا گیا ہو ۔

Uncounterfeit : (a) غیر نقلی؛ غیر مصنوعی؛ غیر بناوٹی؛ غیر ملتبس۔

Uncounterfeited : (a) غیر جعلی؛ غیر نقلی؛ اصلی؛ جو بناوٹی نہ ہو؛ جو نقلی یا جعلی نہ بنایا گیا ہو ۔

Uncouple : (v) (۱) (جوڑا جوڑا بندھے ہوئے کتوں کو) تسمے یا ڈوری سے کھول دینا؛ (شکار کا پیچھا کرنے کےلئے) بندھے ہوئے کتے کو آزاد کرنا ۔(۲) ریل کے ڈبوں کو الگ کرنا؛ جدا کرنا؛ علاحدہ کرنا؛ جوڑ کھولنا ۔

Uncoupled : (a) (۱) (رسی یا زنجیر سے) کھلا ہوا (کتا)؛ (شکار کا پیچھا کرنے کے لئے) کھولا ہوا (کتا) ۔ (۲) بے جڑا؛ الگ کیا ہوا؛ علاحدہ کیا ہوا ۔

Uncoursed : (a) (تعمیرات) بے ردہ ۔

Uncoursed rubble : (n) (تعمیرات) بے ردہ گند ۔

Uncourted : (a) جس نے دربار داری نہ کی ہو؛ جسے دربار داری کے آداب نہ معلوم ہوں؛ جسے خوشامد کرنی نہ آتی ہو؛ جو رجھانا نہ جانتا ہو ۔

Uncourteous : (n) غیر خلیق؛ کج خلق؛ غیر مہذب؛ غیر شائستہ؛ بے ادب ۔

Uncourteously : (adv.) غیر مہذب طور پر؛ کج خلقی سے؛ غیر شائستہ انداز میں۔

Uncourteousness : (n) کج خلقی؛ بے ادبی؛ بد تہذیبی؛ ناشائستگی۔

Uncourtliness : (n) (۱) غیر درباری ہونا ۔(۲) بھدا پن؛ بے سلیقگی؛ بے تمیزی۔

Uncourtly : (a) (۱) غیر درباری ۔(۲) بھدا؛ بے سلیقہ؛ بے تمیزی کا ۔

Uncouth : (a) {OE. 'uncup'.|:نرالا (۱) (قدیم یا متروک) انوکھا؛ غیر معمولی ۔ (۲) (ادبی زبان میں) سنسان؛ ویران؛ ناگزار (مقام) ۔ (۳) غیر متمدن؛ بدویانہ؛ بے آرام (زندگی) ۔ (٤) بے ہنگم؛ بد قطع؛ بھدا؛ اجڈ؛ بھونڈا؛ بے ڈول؛ بے ڈھنگا؛ گنوارو (شخص، وضع قطع، معاشرت، حرکات وغیرہ) ۔ (٥) ثقیل ؛ نا ہموار؛ مغلق؛ بے لوچ؛ درشت (زبان)۔

Uncouth : (n) (بول چال) (جمع) خبریں ۔

Uncouthly : (adv.) (۱) غیر متمدن طریقے سے ۔(۲) بے ہنگم یا بھدے طریقے سے؛ گنوارپن سے؛ اجڈپن سے؛ بھونڈے طریقے سے ۔ (۳) مغلق یا ثقیل الفاظ میں۔

Uncouthness : (n) (۱) بدویت؛ غیر متمدن ہونا ۔(۲) بھدا پن؛ گنوارپن؛ اجڈپن؛ بھونڈا پن؛ بے ڈھنگا پن ۔ (۳) ثقالت؛ بے لوچ پن ۔

Uncovenanted : (a) (۱) غیر موعود؛ جن کا وعدہ یا اقرار نہ ہو ۔ (۲) بے معاہدہ؛ جس کے متعلق کوئی معاہدہ نہ ہو ۔

Uncovenanted civil service : (n) ہندوستان کی سول سروس کی وہ شاخ جس میں میعادِ ملازمت کی پابندی نہیں ہے اور پنشن نہیں ملتی ۔

Uncover : (v) (۱) سرپوش اٹھانا؛ کھولنا؛ غلاف اتارنا؛ خوان پوش ہٹانا ۔ (۲) ظاہر کرنا؛ بے پردہ کرنا؛ بے نقاب کرنا؛ منکشف کرنا ۔ (۳) ٹوپی سر سے اتارنا (احترام کے خیال سے) ۔ (٤) (فوج) (اگلی صف کا) دائیں یا بائیں طرف گھومنا اور پچھلی صف کا گولہ باری کی زد پر آنا ۔ (٥) ننگا ہونا؛ لباس اتارنا؛ بے لباس ہونا؛ برہنہ ہونا؛ عریاں ہونا؛ بے پردہ ہونا؛ بے نقاب ہونا ۔

Uncovered : (a) (۱) بے چھت؛بغیر چھت کا؛ اوپر سے کھلا ہوا؛ بغیر چھپر کا ۔ (۲) بے لباس؛ غیر ملبوس؛ عریاں؛ برہنہ؛ ننگا؛ بے پردہ؛ بے نقاب؛ سر کھلا؛ ننگے سر؛ بے دستار ۔ (۳) (عورت) بے پردہ؛ بے نقاب ۔(٤) بغیر ڈھکا؛ کھلا؛ بے غلاف؛ بے سرپوش ۔ (٥) غیر محفوظ ؛ بے حفاظت ۔ (٦) جس کا بیمہ نہ ہوا ہو؛ بغیر بیمہ ۔

Uncovered school : (n) (تعلیمات) زیر سما مدرسہ ۔

Uncoveted : (a) غیر مرغوب؛ نا مرغوب؛ جس کی کسی کو خواہش یا طمع نہ ہو؛ غیر مطبوع ۔

Uncovetous : (a) بے لالچ؛ بے حرص؛ بے طمع؛ جو بندۂ حرص و ہوس نہ ہو؛ غیر لالچی؛ غیر حریص؛ غیر طامع۔

Uncowl : (v) جبہ یا کلاہ اتارنا؛ راہبوں کے حلقے سے خارج کرنا؛ راہب کا درجہ چھین لینا ۔

Uncracked : (a) جو ٹوٹا یا تڑقا ہوا نہ ہو؛ جس میں درز یا شگاف نہ پڑا ہو؛ (شیشہ) جس میں بال نہ آیا ہو۔

Uncramped : (a) جس میں اڑواڑ نہ لگی ہو؛ جس میں کلاب نہ باندھی گئی ہو؛ (پٹھا) جس میں اینٹھن یا اکڑن نہ ہو؛ جو اکڑا ہوا نہ ہو ۔

Uncrannied : (a) بے درز؛ بے شگاف؛ بے روزن؛ جس میں سوراخ یا دراڑ نہ ہو؛ جو درزدار نہ ہو ۔

Uncreate : (v) نیست و نابود کرنا؛ مٹانا؛ خاک میں ملانا؛ ناپید کرنا؛ معدوم کرنا ۔

Uncreated : (a) (۱) نامخلوق؛ جو تخلیق کے خصوصی عمل کے ذریعہ وجود میں نہ لایا گیا ہو؛ جو عمل تخلیق کے بغیر موجود ہو؛ جو خلق نہ ہوا ہو اور موجود ہو؛ از خود موجود؛ قدیم؛ ازلی؛ جسے کسی نے بنایا نہ ہو؛ جو ہمیشہ سے موجود ہو کبھی پیدا نہ کیا گیا ہو ۔(۲) جس کی ابھی تخلیق نہ ہوئی ہو؛ ناپید؛ غیر تخلیق شدہ؛ نا آفریدہ؛ جو ابھی پیدا نہ کیا گیا ہو ۔

Uncreatedness : (n) (۱) نامخلوقیت؛ ازلیت؛ قدامت ۔(۲) غیر تخلیق شدہ ہونا؛ نا آفریدگی ۔

Uncreditable : (a) غیرمستحسن؛نا پسندیدہ؛ ناقابلِ تعریف؛ موجب بے اعتباری ؛ ناقابلِ اعتبار؛ باعثِ بدنامی؛ شرمناک ۔

Uncredited : (a) جس پر اعتبار نہ کیا گیا ہو؛ جس پر یقین نہ کیا گیا ہو؛ جسے تسلیم نہ کیا گیا ہو؛ بے اعتبار ۔

Uncrested : (a) بے کلغی؛ غیر کلغی دار؛ بے تاج (پرند) ۔

Uncrippled : (a) بے لڑکھڑاہٹ؛ بے جھجک؛ بغیر لنگڑائے ہوئے؛ بےلنگ؛ اس طرح کہ چال نہ بگڑے؛ بے لغزش ۔

Uncritical : (a) (۱) بےتنقید؛ غیر معترض؛ غیر تنقیدی؛ غیر معترضانہ؛ جو تنقید پر مائل نہ ہو ۔(۲) غیر نقادانہ؛ غیر مبصرانہ؛ غیر نقاد؛ غیر مبصر ۔ (۳) خلافِ اصول تنقید؛ خلافِ اصول نقادی۔

Uncritically : (adv.) (۱) غیر تنقیدی طور پر ۔ (۲) غیر مبصرانہ یا غیر نقادانہ طور پر ۔ (۳) اصولِ تنقید کے خلاف ۔

Uncriticized : (a) جس پر تنقید نہ ہوئی ہو؛ جو تنقید کی زد میں نہ آیا ہو؛ جس پر تبصرہ نہ کیا گیا ہو۔

Uncropped : (a) (۱) (پھول وغیرہ) جن کے سرے جانوروں نے نہ چر لئے ہوں؛ بغیر چرا ہوا؛ (مجازاً) جس کے پھول نہ توڑ لئے گئے ہوں؛ باکرہ؛ با عصمت؛ کنواری؛ جس کی عصمت دری نہ ہوئی ہو؛ جس کا ازالہء بکارت نہ ہوا ہو ۔ (۲) جسے کاٹا یا چھانٹا نہ گیا ہو؛ جسے کاٹ کر چھوٹا نہ کیا گیا ہو ۔ (۳) افتادہ؛ پریت؛ بغیر جوتی ہوئی (زمین)؛ پڑتی ۔

Uncross : (v) ایک دوسرے پر ترچھی رکھی ہوئی چیز(ہاتھ، پاؤں، میز کے کانٹوں وغیرہ) کو سیدھا کرنا ۔

Uncrossed : (a) (۱)بے صلیب بنائے؛ بغیر ایک دوسرے کو کاٹے ہوئے ۔ (۲) بے مخالفت؛ بے مزاحمت ۔ (۳) بے لکیروں کا؛ (بینک کا) معمولی چیک جس پر دو تر چھی لکیریں نہ ہوں اور جسے چیک بردار بغیر کسی قید کے وصول کر سکے؛ نا خط کشیدہ ۔

Uncrowded : (a) بے بھیڑ؛ بے ازدحام؛ جہاں زیادہ بھیڑ بھاڑ نہ ہو ۔

Uncrown : (v) (بادشاہ) کو معزول کردینا؛تخت سےاتار دینا؛ تاج و تخت سے محروم کر دینا ۔

Uncrowned : (a) (۱) جس کی رسم تاجپوشی نہ ادا ہوئی ہو۔ (۲) بے تاج کا؛ جو بادشاہ نہ ہو مگر شاہی اقتدار یا مرتبہ رکھتا ہو ۔

Uncrowned king : (n) بے تاج کا بادشاہ؛ وہ جسے بادشاہ کا لقب حاصل نہ ہو مگر شاہانہ قوت اور عزت رکھتا ہو ۔

Uncrumple : (v) جھرّیاں یا شکنیں دور کرنا؛ جھرّیوں یا شکنوں سے پاک ہونا؛ استری کرنا؛ سلوٹیں دور کرنا؛ چکنا کرنا ۔

Uncrumpled : (a) شکن دور کیا ہوا؛ چکنا کیا ہوا؛ استری کیا ہوا؛ سلوٹیں دور کیا ہوا ۔

Uncrushable : (a) جسے کچلا یا پیسا نہ جا سکے ؛ مضبوط؛ سخت؛ قوی ۔

Uncrushed : (a) بغیر پیسا ہوا؛ بغیر کچلا ہوا ۔

Uncrystallizable : (a) غیر قلم پذیر؛ جو قلم بننے کے لائق نہ ہو؛ جسے قلمایا نہ جا سکتا ہو ۔

Uncrystallized : (a) بغیر قلمایا ہوا ۔

Unction : (n) [L. 'unctio, unction'.] (۱) رسم تدہین؛ پاک روغن کی مالش کی رسم جو کیتھولك فرقے میں نزع کے وقت اور بادشاھوں کی تاجپوشی کے وقت ادا ھوتی ھے ۔ (۲) (روغن کی) مالش علاج کے طورپر ۔(٤) مالش کی دوا ۔(٥) (مجازاً) روغنِ قاز؛ خوشامد کی باتیں یا حرکتیں؛ چکنی چپڑی باتیں ۔ (٦) رقت؛ دلسوزی (لہجے یا الفاظ میں) ۔(٨) لطف؛ مزہ (بیان میں) ۔

Tell the story with much unction : کسی قصے کومزے لے لے کر بیان کرنا ۔

Unctional : (a) روحانی جوش و خروش سے پُر؛روحانی جوش سے بھرا ہوا ۔

Unctuosity : (n) [med. L. 'unctuositas'.] (۱) چکنا چپڑا ہونا ۔ (۲) مصنوعی جوشیلاپن ۔

Unctuous : (a) [med. L. 'unctuosus'.] (۱) چکنی؛ چرب دار؛ روغنی (گوشت) ؛ روغن دار (معدنیات) ۔ (۲) نرم ، زرخیز اور لسلسی (چکنی مٹی) ۔ (۳) روغنی اجزاء سے پُر (بھاپ) ۔ (٤) چکنی؛ روغنی (چھونے یا دیکھنے میں) ۔(٥) پُر جوش؛ خصوصاً مصنوعی جوش یا رقت کا؛ مصنوعی جوش یا رقت ظاہر کرنے والا؛ چکنی چپڑی باتیں بنانے والا ۔

Unctuously : (adv.) (۱) چکنی چپڑی باتوں کے انداز میں ۔ (۲) پُر جوش طریقے سے (خصوصاً مصنوعی جوش سے) ۔

Unctuousness : (n) (۱) چکنا چپڑا ہونا ۔(۲) مصنوعی جوشیلاپن ۔

Unculled : (a) بے چُنے (پھول)؛ بے اکٹھا کئے ہوئے (پھول وغیرہ)؛ غیر منتخبہ؛ بن چھنٹا ۔

Unculpable : (a) بے گناہ؛ جس نے جرم نہ کیا ہو؛ جو سزا کا مستحق نہ ہو ۔

Uncultivable : (a) ناقابلِ کاشت ۔

Uncultivate : (v) (۱) کاشت نہ کرنا؛ فصل نہ اُگانا۔(۲) وحشی بنانا؛ ذوق نفاست و لطافت اور تہذیب سے بے بہرہ کرنا ۔(۳) ترقی کو روک دینا ۔

Uncultivated : (a) (۱) غیر مہذب؛ غیر متمدن؛ ناشائستہ؛ وحشی؛ وحشیانہ؛ ذوق حسن و لطافت سے محروم ۔ (۲) بے بویا ہوا؛ جنگلی (پودا،

درخت) ۔ (۳) غیر مزروعہ؛ افتادہ (کھیت)؛ پڑتی ۔ (٤) غیر تربیت یافتہ ۔ (٥) (مجازاً) غیر مروجہ؛ غیر رائج؛ غیر ترقی یافتہ ۔

Uncultivation : (n) (۱) غیر مزروعہ ہونا؛ کاشت نہ ہونا ۔ (۲) وحشت؛ تہذیب اور ذوق حسن و لطافت سے عاری ہونا ۔

Unculture : (v) وحشی بنانا؛تہذیب اورذوق نفاست ولطافت سے بے بہرہ کرنا ۔

Uncultured : (a) غیر مہذب؛ غیر متمدن؛ غیر تعلیم یافتہ؛ غیر تربیت یافتہ ۔

Uncunning : (a) سیدھا سادہ؛ جو عیار و مکار نہ ہو ۔

Uncunningly : (adv.) سیدھے سادے طور پر؛ بے چالاکی سے؛ غیر عیارانہ ۔

Uncunningness : (n) سیدھا سادہ ہونا؛ غیر عیاری ۔

Uncurable : (a) لا علاج ۔

Uncurb : (v) آزاد چھوڑ دینا؛ بے لگام چھوڑ دینا ۔

Uncurbable : (a) جس کو دبایا نہ جا سکے؛ جس کی روک تھام نہ ہو سکے ۔

Uncurbed : (a) (۱) بے روک؛ آزاد؛ بےمہار ۔ (۲)بے نمد؛ بے دہانے کی (لگام) ۔ (۳) (مجازاً) بے ضبط کیا ہوا؛ بےروکا ہوا ۔

Uncurdled : (a) غیر منجمد؛ بے جما ۔

Uncured : (a) غیر تندرست؛ بیمار؛ شفا نا یافتہ ۔

Uncurious : (a) (۱) دیکھو Incurious ۔(۲) غیر متجسس؛ جو آگہی طلب نہ ہو ۔

Uncuriously : (adv.) غیر متجسسانہ؛ بغیر تجسس کے ۔

Uncurl : (v) اینٹھن دور کرنا؛ خم دور کرنا ؛ پیچ دور کرنا؛ سیدھا ہونا یا کرنا ۔

Uncurled : (a) سیدھا کیا ہوا؛ خم دور کیا ہوا ۔

Uncurling : (a) خم دور کرنے والا؛ اینٹھن دور کرنے والا ۔

Uncurrent : (a) غیر مروجہ ۔

Uncurse : (v) کسی کو بددعا سے آزاد کرنا؛ (کسی پر سے) شراپ واپس لینا؛ شراپ کےاثر سےنجات دینا ۔

Uncursed/-st : (a) شراپ سے نجات دلایا ہوا ۔

Uncurtailed : (a) مختصر نہ کیا ہوا؛ چھوٹا نہ کیا گیا ہوا؛ پورا ۔

Uncurtain : (v) بے حجاب کرنا؛ بے پردہ کرنا ۔

Uncurtained : (a) بےحجاب؛ بے پردہ ۔

Uncus : (n) [L.] آنکُس؛ آنکُس کی طرح ابھار ۔

Uncushioned : (a) بے گدّوں کا ۔

Uncustomary : (a) رسم و رواج اور دستور کے خلاف ۔

Uncustomed : (a) (۱) لا محصول اور چنگی سے بری ۔(۲) بے محصول ؛ جس کی چنگی ادا نہ ہوئی ہو ۔ (۳) غیر عادی (قدیم) ۔

Uncut : (a) (۱) کٹا ہوا نہیں بلکہ زخمی شدہ ۔ (۲) بغیر کٹا ہوا ۔ (۳) غیر ترا شیدہ ۔ (٤) خصوصاً کتاب کے بے کٹے ہوئے صفحے ۔ (٥) غیر مخلص؛ غیر مختصر شدہ (ڈراما وغیرہ) ۔

Undam : (v) باندھ یا بند توڑنا؛ سدّ راہ کو ہٹانا ۔

Undamaged : (a) (۱) بے نقصان؛ نقصان سے محفوظ ۔ (۲) بن بگڑا؛ بے داغ؛ جو خراب نہ ہوا ہو ۔ (۳) سالم؛ صحیح سلامت ۔

Undamned : (n) (۱) نا ملعون؛ نامردود ۔(۲) غیر دوزخی ۔

Undamped : (a) (۱) غیر افسردہ؛ غیر پژمردہ ؛ گھٹن سے محفوظ ۔ (۲) شکست حوصلہ سے بچا ہوا ۔ (۳) (جو نمی اور رطوبت کی وجہ سے) سڑا نہ ہو (پودے کے لئے) ۔

Undangerous : (a) خطرہ سے خالی؛ جوکھم سے خالی ۔

Undaring : (a) (۱) بے ہمت؛ بزدل ۔(۲) بزدلانہ ؛ بے حوصلگی کا ۔

Undarkened : (a) روشن؛ تاریکی سے دور ۔

Undarned : (a) بے رفو ۔

Undashed : (a) (۱) غیر برباد شدہ؛ ریزہ ریزہ ہونے سے محفوظ ۔ (۲) بے نقصان (مجازی) ۔ (۳) حوصلہ مند ۔

Undated : (a) (۱) بےتاریخ؛ جس پر تاریخ نہ ہو ۔ (۲) بےتعین تاریخ؛ جس کی تاریخ یا زمانہ تحقیق نہ ہوا ہو ۔ (۳) کسی اہم واقعہ یا حادثے سے خالی ۔

Undaunted : (a) (۱) بے خوف؛ جو ڈرا نہ ہو؛ غیر خائف ۔ (۲) نڈر ؛ دلیر ؛ جری؛ بہادر؛ دلیرانہ ۔

Undauntedly : (adv.) بہادری سے؛ بے فکری سے؛ دلیری سے؛ بے خوفی سے ۔

Undauntedness : (n) بہادری؛ بے خوفی؛ دلیری ۔

Undazed : (a) (۱) باھوش وحواس ۔ (۲) جس کےجسم واعضاء ٹھنڈک سے شل نہ ہوئے ہوں ۔ (۳) غیر ضائع شدہ؛ بے سڑی ہوئی (روئی، لکڑی وغیرہ) ۔

Undazzled : (a) (۱) آنکھیں جو خیرہ نہ ہوئی ہوں ۔(۲) جو مرعوب نہ ہوا ہو ؛ جو بوکھلایا نہ ہو (مجازاً) ۔ (۳) جو چمک دمک سے مات نہ کھایا ہو ۔

Undazzling : (a) (۱) جو خیرہ نہ کرے (آنکھوں کو) ؛ جس سے آنکھیں نہ چندھیائیں ۔(۲) جو حواس باختہ نہ کرے ؛ جو اپنی چمک دمک سے مرعوب نہ کرے ۔

Undeadened : (a) (۱) جو مرا نہ ہو؛ جسے مارا نہ گیا ہو ۔ (۲) جس میں قوت، احساس اورجوش باقی ہو ۔

Undeadly : (a) غیر مہلک؛ جو جان لیوا نہ ہو ۔

Undealt : (a) (۱) غیر تقسیم شدہ؛ بے دیا ہوا ۔(۲) جس کے ساتھ میل جول نہ رکھا گیا ہو؛ جس کے ساتھ سلوک نہ کیا گیا ہو (اچھا یا برا)؛ جس کے ساتھ کاروبار نہ کیا گیا ہو ۔(۳) جس موضوع پر بحث نہ ہوئی ہو ۔

Undear : (a) نا پسندیدہ؛ ناگوار خاطر؛ جو پیارا نہ ہو ۔

Undebarred : (a) (۱) غیر خارج شدہ ۔ (۲) غیر ممنوعہ ۔ (۳) غیرمحروم شدہ؛ جسے باز نہ رکھا گیا ہو؛ جسے روکا نہ گیا ہو ۔

Undebased : (a) جسے حقیر و ذلیل نہ کیا گیا ہو؛ جو بے قدر نہ ہو؛ کھرا؛ جو کھوٹا نہ ہو؛ جس میں آمیزش نہ ہو ۔

Undebated : (a) بے بحث؛ بے مباحثہ؛ جس پر مباحثہ نہ ہوا ہو ۔

Undecayable : (a) (۱) جو زائل نہ ہو؛ جو خراب و برباد نہ ہو ۔ (۲) (طاقت، صحت، حسن وغیرہ) غیر زوال پذیر ۔(۳) جس میں کمی نہ ہو ۔

Undecayed : (a) غیر ضائع شدہ؛ جو زوال سے محفوظ ہو؛ غیر برباد شدہ ۔

Undecaying : (a) برباد اور خراب نہ ہونے والا؛ ضائع نہ ہونے والا؛ غیر زوال پذیر ۔

Undeceivable : (a) جسے فریب نہ دیا جاسکے؛ جسے ٹھگا نہ جاسکے ؛ فریب نا پذیر ۔

Undeceivableness : (n) فریب ناپذیری ۔

Undeceivably : (adv.) فریب نا پذیری سے ۔

Undeceive : (v) کسی کو فریب سے نجات دلانا؛ غلط اور مہمل خیال سے نجات دینا؛ صحیح بات بتانا ۔

Undeceived : (a) غیر فریب خوردہ؛ بے دھوکا کھایا ہوا؛ جس نے دھوکا نہ کھایا ہو ۔

Undeceiver : (n) فریب سے نجات دلانے والا؛ صحیح بات بتانے والا ۔

Undeceiving : (n) غلط اور مہمل خیالات سے نجات دینا ۔

Undeceiving : (a) فریب سے نجات دینے والا؛ غلط خیالات سے چھٹکارا دینے والا؛ فریب کا پردہ ہٹاکر حقیقت سے آشنا کرنے والا ۔

Undecent : (a) (بول چال) ناشائستہ؛ بے شرم؛ بے حیا؛ فحش؛ بے حیائی کا؛ بے شرمی کا ۔

Undeception : (n) (۱) فریب سے نجات دینا؛ دھوکے سے چھٹکارا پانا ۔ (۲) سچائی ۔

Undecided : (a) (۱) غیر فیصل شدہ؛ غیر طے شدہ ۔(۲) بے ٹھکانے (موسم) ۔ (۳) بےقوت فیصلہ؛ قوت فیصلہ سے محروم ؛ (عمل ، خیال وغیرہ) جو کسی نتیجہ کو نہیں پہنچ سکے ۔(٤) مذبذب؛ غیر معین ۔

Undecidedly : (adv.) مذبذب طریقے سے؛ غیر یقینی طور پر؛ دگدا کی حالت میں ۔

Undecimal : (a) [L. 'undecim'.] گیارہ کی عدد سے متصف ۔

Undecipher : (v) (۱) کسی مبہم چیز کا مطلب سمجھنا؛ (رموزی عبارت کو) معمولی تحریر میں لکھنا۔ (۲) نا قابل فہم بنانا؛ نا قابل تعبیر بنا دینا؛ نا قابل حل بنادینا ۔

Undecipherable : (a) نا قابل حل؛ نا قابل فہم؛ ناقابل تعبیر؛ جو پڑھا نہ جاسکے یا حل نہ کیا جاسکے ۔

Undeciphered : (a) جسے حل نہ کیا گیا ہو؛ جس کی تعبیر نہ کی گئی ہو؛ جسے پڑھا نہ جا سکا ہو ۔

Undecisive : (a) غیر فیصلہ کن؛ غیر نتیجہ رس ۔

Undecisively : (adv.) غیر فیصلہ کن انداز میں ۔

Undecisiveness : (n) غیر فیصلہ کن ہونا؛ غیر نتیجہ رس ہونا ۔

Undeck : (v) آرائش سے علاحدہ کرنا؛ بے آراستہ کرنا یا ہونا ۔

Undeclared : (a) غیر اعلان شدہ؛ غیر اعلان کردہ ۔

Undeclinable : (a) (۱) نا قابل انحطاط؛ غیر زوال پذیر ۔ (۲) جس میں انحطاط نہ آسکے (اخلاقاً) ۔ (۳) ناقابل رد؛ ناقابل انکار (دعوت، پیشکش وغیرہ)۔

Undeclined : (a) (۱) غیر زوال شدہ ۔(۲) جس میں انحطاط نہ ہوا ہو (اخلاقاً) ۔(۳) جسے رد نہ کیا گیا ہو؛ جسے قبول کرنے سے انکار نہ کیا گیا ہو ۔

Undecompounded : (a) بے سڑا ہوا؛ بے گلا ہوا؛ غیر منتشر ۔

Undedicated : (a) (۱) نذر نہ کیا ہوا؛ مخصوص نہ کیا ہوا؛ وقف نہ کیا ہوا ۔ (۲) غیر معنون؛ غیر منسوب؛ تہدیہ نہ کیا ہوا ۔

Undee/Unde'(e) : (a) [F. 'unde',' undee'.] لہر دار؛ لہر کی شکل کا ۔

Undeemed : (a) بے سمجھا ہوا؛ بے جانا ہوا؛ جس کے متعلق قیاس نہ کیا گیا ہو؛ غیر تصور کردہ؛ غیر شمردہ ۔

Undefaced : (a) (۱) اصلی شکل یا ہئیت والا؛ غیر مسخ شدہ؛ جسے بدنما نہ کیا گیا ہو ۔ (۲) (مجازاً) جسے مٹایا یا ماند نہ کیا گیا ہو ۔

Undefamed : (a) نیک نام؛ جو رسوا نہ ہو؛ غیر متہم؛ ہتک عزتی سے بری ۔

Undefeatable : (a) ناقابل شکست؛ جسے مغلوب نہ کیا جاسکے؛ جو ہرایا نہ جاسکے ۔

Undefeated : (a) غیر شکست خوردہ؛ جسے ہزیمت نہ ہوئی ہو ؛ جو مغلوب یا زیر نہ ہوا ہو ۔

Undefended : (a) (۱) (حملہ یا ضرب سے) غیر محفوظ؛ بے حفاظت ۔ (۲) نامعقول ؛ ناقابل توجہ ۔ (۳) بے پیروی؛ بے جواب دہی؛ بے پیروکار؛ بے وکیل ۔

Undefied : (a) جس سے مقابلہ نہ کیا گیا ہو؛ جسے چیلنج نہ دیا گیا ہو ۔

Undefiled : (a) (۱) غیر آلودہ؛ غیر ملوث؛ جو آلودہ یا خراب نہ ہوا ہو ۔ (۲) پاک ؛ بے داغ ؛ اچھوتا ۔ (۳) بے میل؛ خالص (دھات) ۔

Undefiledly : (adv.) (۱) صفائی سے؛ غیر آلودہ طریقے سے؛ آلائش سے بچتے ہوئے ۔ (۲) پاکی سے؛ اچھوتے پن سے ۔

Undefiledness : (n) (۱) آلائش اور گندگی سے پاک ہونا ۔ (۲) پاکی؛ اچھوتا پن ۔

Undefinable : (a) ناقابل تعریف ؛ ناقابل تشریح و وضاحت؛ غیر تعریف پذیر ۔

Undefinableness : (n) نا قابل تعریف ہونا؛ ناقابل وضاحت ہونا؛ غیر تعریف پذیری ۔

Undefinably : (adv.) غیر تعریف پذیر انداز میں ۔

Undefined : (a) (۱) غیر واضح ؛ مبہم ؛ غیر معین ۔ (۲) بے تعریف؛ جس کی تعریف نہ کی گئی ہو ۔

Undefinedly : (adv.) ابہام سے؛ عدم وضاحت سے؛ غیر صریح انداز میں ۔

Undefinedness : (n) ابہام؛ وضاحت؛ صراحت کا فقدان ۔

Undeflowered : (a) باکرہ؛ عفیف؛ اچھوتی (عورت، لڑکی) ۔

Undeformed : (a) غیر مسخ شدہ؛ جس کی صورت، ہئیت نہ بگاڑی گئی ہو ۔

Undegenerate : (a) (۱) شریف ونجیب؛ سپوت ۔ (۲) باکردار؛ باصفت ۔

Undegraded : (a) (۱) غیر زوال رسیدہ(درجہ، کردار اوراخلاق میں) ؛ باقدر و باعزت ۔ (۲) جس میں نسلی انحطاط نہ ہو ۔

Undeify : (v) دیوتا کے زمرے سے خارج کر دینا ۔

Undejected : (a) مطمئن؛ غیر رنجیدہ؛ غیر افسردہ ۔

Undelayed : (a) بلا تاخیر ۔

Undelaying : (a) تاخیر نہ کرنے والا ۔

Undelibrate : (a) (۱) غیر ارادی؛ بغیر قصد کے؛ بے سوچے سمجھے ۔ (۲) غیر محتاط؛ بے سوچے سمجھے فیصلہ کرنے والا ۔

Undelight : (v) مغموم کرنا؛ مکدر کرنا (لطف و انبساط کو)؛ انبساط سے محروم کرنا ۔

Undelighted : (a) مغموم؛ افسردہ ۔

Undelightful : (a) غیر دلچسپ؛ غیر فرحت بخش؛ لطف و انبساط سے خالی ۔

Undelightfully : (adv.) غیر دلچسپ طریقے سے؛ غیر فرحت بخش طور پر؛ غیر مسرت انگیز طریقے سے ۔

Undelightfulness : (n) غیر دلچسپ ہونا؛ دلکشی سے عاری ہونا؛ لطف و انبساط سے خالی ہونا ۔

Undelivered : (a) (۱) غیر رہا شدہ؛ چھوڑا نہ گیا ۔ (۲) غیر زائیدہ ۔ (۳) ظاہر نہ کیا ہوا(خیال)؛ بغیر کی ہوئی تقریر ۔ (٤) ترک نہ کیا ہوا؛ جس سے کوئی دست بردار نہ ہوا ہو ۔ (٥) بے تقسیم شدہ (خطوط وغیرہ)؛ بے پہنچایا ہوا (پیام) ۔ (٦) (قانون) پیش نہ کیا ہوا؛ باضابطہ حوالہ نہ کیا ہوا ۔

Undelved : (a) (۱) غیر کندہ؛ بے کھودا ہوا ۔ (۲) غیر تحقیق و تفتیش شدہ؛ جس کی چھان بین نہ کی گئی ہو؛ جس کی کرید نہ کی گئی ہو ۔

Undemanded : (a) غیر مطلوبہ؛ جس کی مانگ نہ کی گئی ہو ۔

Undemocratic : (a) غیر جمہوری؛ جمہوری مزاج کے خلاف؛ غیر جمہوریت پسندانہ ۔

Undemocratically : (adv.) غیر جمہوری طریقے سے ۔

Undemolished : (a) (۱) غیر منہدم؛ غیرمسمار شدہ؛ بے ڈھایا ہوا؛ غیر تلف کردہ ۔ (۲) باطل نہ کیا ہوا؛ غلط ثابت نہ کیا ہوا؛ جس کی دھجیاں نہ اڑائی گئی ہوں ۔

Undemonstrated : (a) (۱) دلیل و برہان سے غیر ثابت کردہ ۔ (۲) (نمونہ دکھا کر یا تجربہ کرکے) جس کی تشریح و توضیح نہ کی گئی ہو ۔ (۳) جس کا مظاہرہ نہ کیا گیا ہو ۔

Undemonstrative : (a) (۱) غیر اظہار پسند ۔ (۲) اپنے جذبات کو ظاہر نہ کرنے والا؛ خموش؛ چپ ۔ (۳) غیر مدلّل ۔

Undemonstratively : (adv.) (۱)غیر واضح طریقے سے ۔ (۲) غیر مدلّل طریقے سے ۔ (۳) چھپاتے ہوئے (احساس و جذبات کو) ۔

Undemonstrativeness : (n) غیر وضاحت؛ خموشی؛ گنگ ہونا؛ غیر مدلّل ہونا ۔

Undeniable : (a) ناقابلِ انکار؛ نا قابل تردید؛ مسلّم؛ یقینی؛ عمدہ ۔

Undeniably : (adv.) ناقابل انکار طور پر؛ مسلمہ طور پر ۔

Undenominational : (a) غیر فرقہ وارانہ؛ بےتخصیص مذہب ؛ جو کسی خاص مذہب سے مخصوص نہ ہو ۔

Undeplored : (a) بے نوحہ؛ بے ماتم؛ جس پرافسوس نہ کیا گیا ہو ؛ جس کا ماتم نہ کیا جائے ۔

Undepraved : (a) اچھے اخلاق و کردار والا؛ جس کا اخلاقی زوال نہ ہوا ہو ۔

Undepressed : (a) (۱) بےجھکا ہوا ۔ (۲) غیرملول؛ جو افسردہ یا بد دل نہ ہو؛ غیر دل شکستہ؛ جس نے حوصلہ اور ولولہ نہ کھویا ہو ۔

Undeprived : (a) غیر محروم؛ جس سے کوئی شے نہ چھین لی گئی ہو؛ جسے لطف اندوزی سے نہ روکا گیا ہو ۔

Under : (a) نچلا؛ زیریں؛ نیچے کا ۔

Under : (prep.) (۱) نیچے؛ تلے؛ زیر ۔ (۲) تحت ۔ (۳) مطابق؛ بموجب ۔ (٤) سے؛ میں ۔ (٥) کم ۔

Under : (adv.) (۱) نیچے کی طرف ۔(۲) پستی کی حالت کو ۔ (۳) کم ۔

From under : نیچے سے ۔

Under : (prefix) یہ لفظ سابقہ کے طور پر آتا ھے بمعنی زیریں، نیچے کا ۔

Under-achiever : (n) توقع سے کم حاصل کرنے والا ۔

Under-action : (n) (۱)ضمنی رول یاپارٹ (کسی ڈرامے میں) ۔ (۲) غیر مکمل؛ ناقص؛ ادھورا کام ۔

Under-age : (a) نا بالغ؛ قانونی طور پر جو عمر کی حد مقرر کی گئی ھو اس سے کم ۔

Under-arm : (a) (۱) (کرکٹ) ہاتھ نیچےکرکےپھینکاجانےوالا ۔ (۲) جس میں بانہہ پانی سے اوپر نہ اٹھائی جائے (تیراکی) ۔

Under-board : (n) دھونکنی کا نچلا تختہ ۔

Under-body : (n) (۱) کسی جانور کے جسم کا اندرونی حصہ ۔ (۲) جہاز کے ڈھانچے کا وہ حصہ جو زیر آب ھوتا ھے ۔

Under-breath : (n) (۱) سرگوشی؛ زیرِ لب گفتگو؛ خفیف سی آواز ۔(۲) افواہ (جو سرگوشی سے پھیلی ھو) ۔

Under-breath : (a) زیرِ لب؛ خفیف ۔

Under-breath : (adv.) بطور سرگوشی؛ زیرِ لب طور پر؛ مدھم آواز میں ۔

Under-carriage : (n) ھوائی جہاز کے نزولی پہیے ۔

Under-chap : (n) نچلا جبڑا ۔

Under-colour : (n) اندر کا رنگ (جو باہری رنگ کے اندر ھوتا ھے) جیسا کہ پر، روئیں وغیرہ کا ھوتا ھے ۔

Under-cover : (a) خفیہ؛ پوشیدہ؛ جاسوس کسی اور بھیس میں ۔

Under-covert : (n) (۱) بڑے درختوں کے نیچے اُگی ھوئی جھاڑی ۔ (۲) چڑیوں کے پنکھ یا دم کے زیریں چھوٹے پر ۔

Under-deck : (n) (جہاز یا بڑی کشتی کا) نچلا عرشہ ۔

Under-dip : (a) (کان کنی) انجن گڑھے کے پیندے سےنیچے کا ۔

Under-down : (n) چڑیوں کے باہری پروں کے اندر کے روئیں ۔

Under-drain : (n) زمین دوز بد رو؛ زیر زمین نالا ۔

Under-drift : (n) زیریں لہر ۔

Under-earth : (n) زمین کا زیریں حصہ ۔

Under-earth : (a) زمین دوز؛ زمین کے نیچے کا ۔

Under-estimate : (v) اصل سے کم اندازہ لگانا؛ کم قیمت لگانا ۔

Under-estimate : (n) ناکافی اندازہ؛ کم اندازہ؛ اصل سے کم تخمینہ ۔

Under-expose : (v) (فوٹو گرافی) (پلیٹ کو) ناکافی روشنی پہنچانا ۔

Under-exposed : (a) (فوٹو گرافی) ناکافی روشنی پہنچائی ھوئی (پلیٹ) ۔

Under-floor : (a) زیرِ فرش؛ زیر زمیں ۔

Under-frame : (n) ریل گاڑی کے ڈبے کا نچلا ڈھانچہ ۔

Under-garment : (n) زیر جامہ؛ اندر کے کپڑے ۔

Under-glaze : (n) (صیقل سے قبل) مٹی کےبرتنوں پر چڑھایا ھوا رنگ ۔

Under-hanging : (n) نچلے جبڑے کا آگے کی طرف کچھ نکلا ھوا ھونا ۔

Under-jaw : (n) نچلا جبڑا ۔

Under-king : (n) (بڑے بادشاہ یا شہنشاہ کے) ماتحت بادشاہ؛ خراج گزار بادشاہ؛ باج گزار راجا ۔

Under-kingdom : (n) ماتحت بادشاہت؛ خراج گزار بادشاہت ۔

Under-lid : (n) (۱) آنکھوں کا نچلا پپوٹا ۔ (۲) اُوپری ڈھکن کے نیچے والا ڈھکن ۔

Under-line : (n) (۱) (جانوروں کے) جسم کے نچلے حصے کا خط ۔ (۲) لفظ یا عبارت کے نیچے کھینچا ھوا خط ۔ (۳) شفاف یا نیم شفاف کاغذ کے نیچے رکھے ھوئے کاغذ کی لکیریں (تاکہ لکھنے میں

سطریں سیدھی رہیں) ۔ (٤) ذیلی اشتہار یا اعلان: آئندہ تماشے کا اعلان جو تھیٹر کے اشتہار کے آخر میں ہوتا ہے ۔

Under-line : (v) (۱) الفاظ کے نیچے خط کھینچنا (اہمیت ظاہر کرنے کے لئے یا یہ بتانے کے لئے کہ یہ الفاظ اطالوی حروف میں چھاپے جائیں) ۔ (۲) (مجازاً) قوت نطق میں زور دینا؛ اظہار بیان میں زور ڈالنا ۔

Under line : (v) استر سے مکمل کرنا؛ استرکاری کرنا ۔

Under-match : (v) نچلے طبقہ کے فرد سے شادی کرانا ۔

Under-mentioned : (a) مندرجہ ذیل؛ نیچے لکھے ہوئے ۔

Under-print : (v) (نقش یا تصویر کو) ناکافی گہرائی یا ناکافی صفائی سے چھاپنا ۔

Under-protest : (n) (سیاسیات) زیر احتجاج ۔

Under-runner : (n) ضمنی یا ذیلی نوٹ جو کتاب کے نچلے حاشیہ پر لکھا ہوا ہو ۔

Under-school : (n) جونیر اسکول ۔

Unfaded : (a) تازه؛ شگفته؛ غیر پژمرده؛ بے مرجھایا هوا؛ جو مٹا نه هو ؛ جو سوکھا نه هو ۔

Unfading : (a) کبھی نہ مٹنے والا؛ کبھی نہ مرجھانے والا؛ لازوال؛ دائمی؛ ان مٹ۔

Unfadingly : (adv.) (۱) لازوال طور پر۔ (۲) بے مرجھائے ہوئے۔

Unfadingness : (n) بقائے دوام؛ لازوال ہونا۔

Unfailing : (a) (۱) بے خطا؛ حکمی؛ یقینی؛ اچوک۔(۲) جو کبھی ختم نہ ہو؛ غیرمحدود؛ بے انتہا۔(۳) جو کبھی دغا نہ دے؛ نہایت وفادار۔

Unfailingly : (adv.) (۱) حکمی طورپر؛ بے خطا طورپر؛ اچوک طریقے سے۔ (۲) اس طرح سے کہ کبھی ختم نہ ہو۔(۳) نہایت وفاداری سے۔

Unfailingness : (n) (۱) حکمی یا یقینی ہونا۔(۲) غیرمحدود ہونا۔ (۳) انتہائی وفاداری۔

Unfain : (a) (قدیم یا بولی) ناخوش۔

Unfair : (a) (۱) غیر منصف؛ بے انصاف؛ غیر منصفانہ؛ دھاندلی کرنے والا۔ (۲) ناواجب؛ بے جا؛ کم (اُجرت)۔(۳) ناموافق (ہوا)۔

Unfairly : (adv.) (۱) غیر منصفی سے؛ بے انصافی سے؛ دھاندلی سے۔(۲) غیرواجب اور بےجا طور پر۔

Unfairness : (n) بےانصافی؛ دھاندلی؛ ناواجب اور بےجا ہونا۔

Unfaithful : (a) (۱) بے وفا؛ نمک حرام؛ غیرمخلص؛ جھوٹا۔ (۲) شرائط نکاح کی خلاف ورزی کرنے والا؛ بدکاری کامرتکب۔(۳) غیرمطابق اصل؛ ناقص؛ غلط۔

Unfaithfully : (adv.) (۱) نمک حرامی سے؛ بے وفائی سے۔ (۲) اس طرح کہ اصل کے مطابق نہ ہو؛ ناقص طور پر۔

Unfaithfulness : (n) (۱) نمک حرامی؛ بےوفائی۔(۲)غیرمطابق اصل ہونا۔(۳) ناقص یا غلط ہونا۔

Unfallen : (a) بے گرا ہوا؛ جس کا زوال نہ ہوا ہو؛ جو گرا نہ ہو۔

Unfaltering : (a) (۱) نہ ڈگمگانے والا؛ سچّا (قدم)۔(۲) نہ لرزنے والی؛ ہموار؛ یکساں (آواز)۔ (۳) نہ جھپکنے والی؛ جمی ہوئی (نظر)۔(٤) (مجازاً) مستحکم؛ مصمم؛ استوار؛ پکّا؛ مستقیم۔

Unfalteringly : (adv.) بغیر ڈگمگاتے ہوئے؛ مضبوطی سے؛ مصمم طور پر؛ استقامت سے۔

Unfamed : (a) غیر مشہور؛ غیر معروف۔

Unfamiliar : (a) (۱) بے جانا بوجھا؛ غیر مانوس؛ اجنبی۔ (۲) ناواقف؛ ناآشنا؛ بیگانہ۔

Unfamiliarity : (n) (۱) اجنبیت؛ غیر مانوس ہونا۔(۲) ناواقفیت؛ ناآشنائی۔

Unfamiliarized : (a) اجنبی؛ نامانوس؛ غیر عادی۔

Unfanatical : (a) غیر متشدّدانہ۔

Unfancied : (a) جو تصور میں نہ لایا گیا ہو۔

Unfantastic : (a) جو عجیب وغریب نہ ہو۔

Unfashion : (v) مروّجہ فیشن کے خلاف بنانا؛ فیشن کو بگاڑنا۔

Unfashionable : (a) مروّجہ فیشن کے خلاف (کپڑا، خیال، طورطریقہ)؛ خلافِ فیشن؛ اہل فیشن کے طور کے خلاف؛ غیرفیشن پسند۔

Unfashionableness : (n) مروجہ فیشن کے غیر مطابق ہونا؛ خلاف فیشن ہونا؛ غیرفیشن پسندی۔

Unfashionably : (adv.) غیر فیشن پسندانہ طریقے سے؛ خلافِ فیشن کےطور پر۔

Unfashioned : (a) (۱) غیر متشکل؛ جس کی تشکیل نہ ہوئی ہو۔(۲) بے شکل؛ بے ہئیت؛ بے ڈول؛ ان گھڑ۔

Unfasten : (v) کھولنا؛ ڈھیلا کرنا؛ الگ کرنا؛ کُھلنا؛ ڈھیلا ہونا؛ الگ ہونا۔

Unfastened : (a) جو بند نہ ہو؛ کُھلا ہوا۔

Unfastidious : (a) لاپروا؛ غیر نفاست پسند؛ بے سلیقہ۔

Unfathered : (a) بے باپ کا؛ ناجائز؛ حرامی؛ پدر سے لاعلم۔

Unfathomable : (a) (۱) لاانتہا؛ اتھاہ؛ جس کی تھاہ نہ ملے؛ (گہرائی) جسے ناپا نہ جاسکے۔ (۲) ناقابلِ ادراک؛ ناقابلِ فہم؛ ناقابلِ حل۔

Unfathomableness : (n) اتھاہ ہونا؛ ناقابلِ ادراک وفہم ہونا۔

Unfathomably : (adv.) (۱) اتھاہ کے طور پر؛ اس طرح سے کہ تھاہ نہ ملے ۔(۲) ناقابلِ ادراک طور پر؛ ناقابلِ حل طور پر ۔

Unfathomed : (a) جس کی تھاہ دریافت نہ کی گئی ہو ؛ جس کی گہرائی نہ ناپی گئی ہو؛ جس کا ادراک نہ کیا گیا ہو؛ جس کا حل دریافت نہ ہوا ہو ۔

Unfatiguable : (a) اَن تھک ۔

Unfatigued : (a) بے تھکا ہوا؛ غیر ماندہ؛ غیر کمزور ۔

Unfatiguing : (a) نہ تھکنے والا؛ کمزور نہ کرنے والا ۔

Unfaulty : (a) بے عیب؛ غیر ناقص؛ مکمل ۔

Unfavourable : (a) نامساعد؛ ناموافق؛ ناسازگار؛ مخالف ۔

Unfavourableness : (n) نامساعد ہونا؛ ناموافق ہونا؛ ناساز گاری۔

Unfavourably : (adv.) ناموافق یا ناسازگار طور پر ۔

Unfavoured : (a) جس پر التفات نہ کیا گیا ہو؛ لطف و کرم سے محروم ۔

Unfavouring : (a) نامہربان ۔

Unfeared : (a) جس سے خوف نہ ہو ۔

Unfearful : (a) (۱) غیر مہیب؛ غیر خوفناک ۔(۲) بے ڈرا ہوا؛ بے سہما ہوا ۔

Unfearfully : (adv.) (۱) غیرمہیب طورپر ۔ (۲) بے سہمے ہوئے۔

Unfearing : (a) بے خوف ۔

Unfearingly : (adv.) بے خوفی سے ۔

Unfeasible : (a) ناقابلِ عمل ۔

Unfeather : (v) پَر نوچنا؛ بے بال وپر کرنا ۔

Unfeathered : (a) بے بال وپر؛ مُنڈا ہوا ۔

Unfeatured : (a) بے وضع؛ بے ڈول؛ بے ہئیت؛ بے خط وخال ۔

Unfecundated : (a) غیر حاملہ؛ غیرثمرور ۔

Unfed : (a) (۱) بے غذا؛ بے کھلایا ہوا؛ جسے غذا نہ پہنچائی جائے؛ بھوکا ۔ (۲) بے غذا؛ بے رسد (مشین وغیرہ)؛ جس کے چلانے کا سامان بہم نہ پہنچایا جائے ۔

Unfeed : (a) بے انعام؛ جسے بخشش نہ دی جائے ۔

Unfeeling : (a) (۱) بے حس؛ احساس سے خالی؛ بے احساس ۔ (۲) سخت دل؛ سنگ دل؛ بے درد ۔

Unfeelingly : (adv.) بے حسی سے؛ سخت دلی سے؛ بے دردی سے ۔

Unfeelingness : (n) بے حسی؛ سنگ دلی؛ بے دردی ۔

Unfeigned : (a) بے تصنّع؛ بے بناوٹ؛ سچّا؛ سچ مچ کا؛ حقیقی؛ پرخلوص ۔

Unfeignedly : (adv.) بغیر تصنّع کے؛ درحقیقت؛ پُرخلوص طور پر ۔

Unfeigning : (a) تصنّع نہ کرنے والا؛ بناوٹ سے پاک؛ پُرخلوص ۔

Unfeigningly : (adv.) بغیر تصنّع کے؛ بغیر بناوٹ کے؛ پُرخلوص طور پر ۔

Unfellowed : (a) (یونیورسٹی کی) مجلسِ رفقاء کی رکنیت سے ہٹایا یا خارج کیا ہوا ۔

Unfelt : (a) غیر محسوس؛ نامعلوم ۔

Unfeminine : (a) خلاف نسائیت؛ عورتوں کی سیرت یا طریقے کے خلاف؛ نزاکت سے عاری ۔

Unfemininess : (a) خلاف نسائیت ہونا؛ عورتوں کی سیرت یا طریقے کے خلاف ہونا ۔

Unfenced : (a) (۱) (قدیم) غیرمحفوظ ۔(۲) بے گھیرے کا؛ بے احاطہ ۔(۳) بے نگہبان ۔

Unfermented : (a) (۱) بے خمیر؛ جس کا خمیر نہ اُٹھایا گیا ہو ۔ (۲) بے ہیجان؛ جس میں ہیجان نہ پیدا کیا گیا ہو ۔

Unfertile : (a) غیر زرخیز؛ بنجر ۔

Unfertilized : (a) (۱) جو زرخیز یا قابل کاشت نہ بنائی گئی ہو ۔ (۲) (نباتیات) غیرمزدوج؛ جوبارور یا خمیرور نہ بنایا گیا ہو ۔

Unfetter : (v) (بیڑیوں سے) رہا کرنا؛ آزاد کرنا ۔

Unfettered : (a) (۱) (بیڑیوں سے) رہا کیا ہوا ۔(۲) خیال اور عمل میں آزاد؛ بے قید؛ آزادانہ ۔

Unfigured : (a) (۱) صنائع وبدائع میں بیان نہ کیا گیا؛ صنائع و بدائع سے عاری ۔ (۲) بے عدد ۔ (۳) (حیوانیات) بے شکل ۔(٤) (منطق) جو رائج قیاس منطقی میں نہ ہو ۔(٥) بے تصویر؛ جس میں تصویریں نہ بنی ہوں ۔

Unfiled : (a) (۱) ریتی سے رگڑ کر چکنا اور ہموار نہ کیا ہوا ۔ (۲) (مجازاً) ناشائستہ ؛ غیر متمدن ۔ (۳) ریتی سے رگڑ کر چھوٹا نہ کیا ہوا (سکّہ) ۔

Unfiled : (a) جو قطار میں نہ لگایا گیا ہو؛ جس کی صف بندی نہ کی گئی ہو ۔

Unfilial : (a) جو بیٹے کے لئے سزاوار نہ ہو؛ ناخلفی کا؛ ناخلفانہ۔

Unfilially : (adv.) ناخلفی سے؛ ناخلفی کے طور پر ۔

Unfillable : (a) (شاذ) جسے پُر نہ کیا جا سکے ۔

Unfilled : (a) بغیر بھرا ہوا؛ خالی ۔

Unfiltered : (a) (کیمیا) غیر مُقطّر؛ بے چھانا ہوا ۔

Unfingered : (a) (۱) بے انگلی کا؛ بے انگشت ۔ (۲) انگلی نہ لگایا ہوا؛ ہاتھ سے نہ چھوا ہوا ۔

Unfired : (a) (۱) آگ نہ لگایا ہوا ۔(۲)آگ میں نہ جھونکا ہوا ۔ (۳) (بندوق وغیرہ) نہ چھوڑی ہوئی ۔

Unfirm : (a) (۱) غیرسخت اور غیرمضبوط؛ بے ٹھوس ۔ (۲) متزلزل؛متلون؛ ڈگمگاتا ہوا؛ جو مضبوطی سے کسی جگہ پر قائم نہ ہو ۔

Unfirmly : (adv.) ڈگمگاتے ہوئے؛ متزلزل طورپر؛ متلون انداز میں۔

Unfit : (a) (۱) ناقابل؛ نااہل؛ ناموزوں؛ نامناسب ۔(۲) غیر تندرست؛ غیرصحیح الجسم؛غیرصحیح الدماغ؛ جس میں کوئی جسمانی یا دماغی نقص ہو ۔

Unfitly : (a) ناموزوں یا نامناسب طور پر ۔

Unfitness : (n) (۱) ناموزونی؛ نامناسب ہونا؛ نااہلی؛ ناقابلیت ۔(۲) غیر تندرست؛ غیرصحیح الجسم؛ غیر صحیح الدماغ ہونا ۔

Unfit : (v) ناموزوں یا نامناسب قرار دینا؛ نااہل قراردینا؛ غیر تندرست قرار دینا ۔

Unfitted : (a) (۱) ناموزوں؛ نامناسب ۔(۲) بے سازوسامان؛ غیر آراستہ ۔

Unfitting : (a) نامناسب؛ ناموزوں؛ نازیبا؛ ناسزاوار؛ جو زیب نہ دیتا ہو ۔

Unfittingly : (adv.) نامناسب طور پر؛ ناموزوں طور پر ؛ نازیبا طور پر ۔

Unfittingness : (n) ناموزونیت؛ نازیبائی؛ نامناسب ہونا ۔

Unfix : (a) (۱) اُکھاڑنا؛ الگ کرنا؛ ڈھیلا کرنا؛ کھولنا ۔ (۲) مشکوک کرنا ۔ (۳) ڈھیلا ہونا؛ کھل جانا؛ الگ ہونا؛ اُکھڑ جانا ۔

Unfixed : (a) (۱) کسی خاص جگہ یا مقام پر نہ جما ہوا؛ ڈھیلا ؛ اُکھڑا ہوا ؛ الگ ؛ کھلا ہوا ؛ آزاد ۔ (۲) (سنگین) رائفل میں نہ جوڑا ہوا ۔(۳) غیر طے شدہ؛ غیر فیصل؛ غیر متعین؛ غیر مقرر ۔ (٤) غیر استوار؛ متلون ۔

Unflagging : (a) (۱) نڈھال نہ ہونے والا؛ ڈھیلا یا سُست نہ ہونے والا ۔(۲) کم نہ ہونے والا؛ ان تھک؛ ثابت قدم۔

Unflaggingly : (adv.) اَن تھک طور پر؛ نڈھال نہ ہوتے ہوئے؛ ثابت قدمی سے؛ استقلال سے ۔

Unflanked : (a) بے میمنہ؛ بے میسرہ ۔

Unflappability : (n) طمانیت؛ اطمینان؛ طبیعت کا سکون ۔

Unflappable : (a) (بحران اور شورش میں بھی) پُرسکون؛ پُراطمینان ۔

Unflattered : (a) خوشامد ناپذیر؛ جس پر خوشامد کا اثر نہ ہوا ہو؛ خوشامد یا تملق سے متاثر نہ ہونے والا۔

Unflattering : (a) (۱) غیر خوشامدانہ؛ خوشامد سے پاک ۔ (۲) کھرا جس میں تالیف قلب یا دل جوئی مدِّ نظر نہ ہو ۔(۳) ناگوار مگر سچّا ۔

Unflatteringly : (adv.) غیر خوشامدانہ طور پر؛ کھرے طریقے سے؛ ناگوار سچّائی سے ۔

Unflawed : (a) بے عیب؛ مکمل ۔

Unflecked : (a) بے داغ ۔

Unfledged : (a) (۱) جس کے پر اچھی طرح نہ نکلے ہوں ۔ (۲) (مجازاً) جس نے پوری طرح نشوونما نہ پائی ہو ۔ (۳) خام؛ غیرپختہ؛ ناقص؛ ناتمام؛ نامکمل؛ ناتجربہ کار ۔

Unflesh : (v) گوشت الگ کرنا ۔

Unfleshed : (a) (۱) جس نے گوشت کا مزہ نہ چکھا ہو (کتّا، شیر) ۔ (۲) (آدمی) ناتجربہ کار؛ خام ۔ (۳) بے گوشت کا (ہڈی، کھوپڑی) ۔ (٤) خون نادیدہ ۔

Unfleshly : (a) غیرجسمانی؛ غیر نفسانی؛ غیر شہوانی؛ روحانی ۔

Unflinching : (a) (۱) بے جھجک ۔ (۲) مصمّم؛ استوار؛ مستقل؛ مضبوط ۔

Unflinchingly : (adv.) (۱) بےجھجک طریقے سے ۔ (۲) مضبوطی سے؛ استقلال سے؛ استواری سے ۔

Unfluctuating : (a) غیرمتغیّر ۔

Unfoiled : (a) جو شکست خوردہ نہ ہو؛ جو ناکام نہ ہوا ہو؛ جسے حصول مقصد سے روکا نہ گیا ہو ۔

Unfold : (v) [OE.'Unfealdan'.] (۱) تہ کھولنا؛ کھول کر پھیلانا ۔ (۲) کھولنا (لب، چشم، گیٹ وغیرہ) ۔ (۳) ظاہر کرنا؛ افشا کرنا ؛ تشریح کرنا ۔ (٤) دکھانا؛ نمائش کرنا ۔ (٥) کُھلنا؛ پھیل جانا؛ صریح ہونا ۔

Unfold : (v) (بھیڑوں کو) باڑے سے نکالنا ۔

Unfolded : (a) (۱) تہ کھولا ہوا؛ کھولا ہوا ۔ (۲) بیان کیا ہوا؛ تشریح کیا ہوا؛ ظاہر کیا ہوا ۔

Unfolded : (a) باڑے سے نکالا ہوا ۔

Unfolder : (n) (۱) تہ کھولنے والا؛ کھولنے والا ۔ (۲) بیان کرنے والا؛ تشریح کرنے والا؛ دکھانے والا ۔

Unfollowed : (a) بغیر پیرو؛ بے مرید ۔

Unfool : (v) بے وقوفی دورکرنا ۔

Unfooled : (a) جو بے وقوف نہ بنا ہو ۔

Unfooted : (a) جس پر سے کوئی نہ گزرا ہو؛ جس پر انسان کے قدم نہ پڑے ہوں ۔

Unforbid : (a) غیرممنوع ۔

Unforbidden : (a) غیرممنوع ۔

Unforbiddenly : (adv.) غیرممنوع طریقے سے ۔

Unforbiddenness : (n) غیرممنوع ہونا ۔

Unforced : (a) (۱) بلاجبر واکراہ؛ بے دباؤ ۔ (۲) فطری ۔ (۳) خودرو (پودا) ۔

Unforcedly : (adv.) بے جبر طریقے سے؛ فطری طور پر ۔

Unfordable : (a) غیرپایاب؛ (دریا) جسے چل کر عبور نہ کرسکیں ۔

Unforeknown : (a) جس سے پہلے سے آگاہی نہ ہو ؛ جس کا پیش علم نہ ہو ۔

Unforeseeable : (a) جسے قبل ازوقت نہ دیکھا جاسکے ۔

Unforeseeableness : (n) ناقابلِ پیش بینی ہونا ۔

Unforeseeably : (adv.) ناقابلِ پیش بیں طریقے سے ۔

Unforeseeing : (a) غیر پیش بیں ۔

Unforeseeingly : (a) غیر پیش بینی سے ۔

Unforeseen : (a) غیر پیش دیدہ؛ نامعلوم؛ جو پہلے سے معلوم نہ ہو؛ پہلے سے جس کا اندازہ نہ ہو ۔

Unforest : (v) جنگل کو کاٹ کر صاف کرنا ۔

Unforested : (a) کاٹ کر صاف کیا ہوا (جنگل) ۔

Unforewarned : (a) پہلے سے متنبہ نہ کیا ہوا ۔

Unforfeit : (a) غیرضبط شدہ ۔

Unforfeitable : (a) ناقابلِ ضبطی ۔

Unforfeited : (a) غیرضبط شدہ ۔

Unforged : (a) اصلی؛ غیرمخترع؛ جو بناوٹی نہ ہو ۔

Unforgettable : (a) جوبھلایا نہ جاسکے؛ ناقابلِ فراموش؛ جسے کبھی نہ بھول سکیں ۔

Unforgettably : (adv.) ناقابلِ فراموش طور پر ۔

Unforgetting : (a) فراموش نہ کرنے والا ۔

Unforgiv(e)able : (a) ناقابلِ معافی؛ ناقابلِ عفو؛ ناقابلِ درگزر ۔

Unforgiv(e)ably : (adv.) ناقابلِ عفو طور پر؛ ناقابلِ درگزر طریقے سے ۔

Unforgiven : (a) غیرمعاف شدہ؛ بے بخشا ہوا؛ جسے معاف نہ کیا گیا ہو ۔

Unforgiveness : (n) غیرعفو پسندی؛ کینہ پروری ۔

Unforgiving : (a) معاف نہ کرنے والا؛ غیرعفو پسند؛ کینہ پرور ۔

Unforgivingness : (n) دیکھو Unforgiveness

Unforgot : (a) جسے بھلایا نہ گیا ہو؛ غیر فراموش؛ بے بھولا ہوا؛ جو یاد ہو ۔

Unforgotten : (a) دیکھو Unforgot

Unform : (v) غیرمتشکل کرنا؛ بے ڈول کرنا ۔

Unformal : (a) دیکھو Informal

Unformed : (a) (۱) غیرمتشکل؛ بے شکل؛ بےہئیت ۔
(۲) ادھورا ؛ نامکمل ؛ خام (غیر مادی شے) ۔
(۳) غیر ترقی یافتہ ؛ غیر تربیت یافتہ ۔
(٤) غیر تخلیق کردہ؛ بے بنایا ہوا ۔

Unformidable : (a) جس کا مقابلہ کرنا دشوار نہ ہو؛ غیر مرعوب کُن ۔

Unformulable : (a) ناقابلِ انضباط؛ جسے ضابطے یا اصول کی صورت نہ دی جاسکے؛ جو ضابطے میں نہ لایا جاسکے ۔

Unformulated : (a) غیرمنضبط؛ جسے ضابطے یا اصول کی صورت نہ دی گئی ہو ۔

Unforsaken : (a) جسے چھوڑا نہ گیا ہو؛ غیرترک کردہ ۔

Unfortified : (a) غیرمستحکم؛ غیر قلعہ بند؛ جس میں قلعہ بندی نہ ہو ۔

Unfortunate : (a) (۱) بدقسمت؛ بدنصیب ۔ (۲) بدقسمتی کا؛ نا مبارک ؛ نا مسعود ؛ بدشگون ؛ بدفال ۔
(۳) افسوس ناک؛ ناکام ۔

Unfortunate : (n) (۱) بد قسمت آدمی ؛ بدنصیب شخص ۔
(۲) کسبی ؛ فاحشہ ۔

Unfortunately : (adv.) (۱) بدقسمتی سے؛ بدنصیبی سے ۔
(۲) ناکامی سے ۔ (۳) افسوس کے ساتھ ۔

Unfortunateness : (n) بدقسمتی؛ بدنصیبی؛ ناکامی؛نامبارک اور نامسعود ہونا ۔

Unfostered : (a) بے پالا ہوا؛ بے پوسا ہوا؛ جس کی پرورش نہ کی گئی ہو ۔

Unfought : (a) بے لڑا ہوا؛ (جنگ) جو لڑی نہ گئی ہو ۔

Unfound : (a) نایافتہ؛ نامعلوم؛ لاپتا ۔

Unfounded : (a) بے بنیاد؛ سراسر غلط؛ جو حقائق پر مبنی نہ ہو ۔

Unfoundedly : (adv.) بے بنیاد طور پر ۔

Unframe : (v) توڑنا؛ برباد کرنا؛ بے چوکھٹا ۔

Unframed : (a) بے چوکھٹے کا؛ جس میں چوکھٹا نہ لگایا گیا ہو ۔

Unfranchised : (a) حق رائے دہندگی سے محروم ۔

Unfranked : (a) بے دستخط؛ بے اجازت؛ بے محصول معاف شدہ ۔

Unfraternal : (a) غیر برادرانہ ۔

Unfree : (a) (۱) غیر آزاد؛ غلام ۔ (۲) (ٹیکس، کام، مصروفیت وغیرہ سے) غیر آزاد؛ غیرفارغ ۔

Unfreed : (a) غلام؛ غیر آزاد کردہ ۔

Unfreedom : (n) غلامی ۔

Unfreeman : (n) (قدیم) آدمی جو آزاد نہ ہو ۔

Unfreeze : (v) پگھلانا ۔

Unfrequent : (a) کبھی کبھی کا ۔

Unfrequented : (a) بے آمدورفت؛ سُونا؛ جہاں کوئی نہ آتا جاتا ہو۔

Unfrequentedness : (n) بے آمدو رفت ہونا۔

Unfrequently : (adv.) کبھی کبھی۔

Unfretted : (a) بے گھِسی ہوئی؛ رنجیدہ اور پریشان نہ کیا ہوا۔

Unfriend : (n) جو دوست نہ ہو؛ دشمن۔

Unfriended : (a) بے یارومددگار؛ جس کا کوئی دوست نہ ہو۔

Unfriendliness : (n) (۱) مخالفت؛ دشمنی۔(۲) بے مروّتی ؛ نامہربانی۔

Unfriendly : (a) بےمروّت؛ نامہربان؛ غیردوستانہ؛ معاندانہ؛ دشمنانہ۔

Unfriendship : (n) دشمنی۔

Unfrighted : (a) بے خوف؛ بے ہراس۔

Unfrightened : (a) بے خوف؛ بے ڈر۔

Unfrock : (v) راہب یا پادری کو تفویض کردہ چغے سےمحروم کرنا؛ پادریت کے عہدے سے برطرف کرنا۔

Unfrocked : (a) پادریت کے عہدے سے برطرف کردہ۔

Unfrozen : (a) پگھلایا ہوا۔

Unfructuous : (a) (شاذ) لاحاصل۔

Unfrugal : (a) غیرکفایت شعار؛ فضول خرچ۔

Unfruitful : (a) (۱) بے ثمر (درخت)۔(۲) بے نتیجہ؛ بے فائدہ؛ لاحاصل۔(۳) (زمین) بنجر؛ اوسڑ۔

Unfruitfully : (adv.) بے ثمری سے؛ بے فائدہ طریقے سے؛ بے نتیجہ خیز طور پر؛ لاحاصل طریقے سے۔

Unfruitfulness : (n) بے ثمری؛ بے حاصلی؛ بے نتیجہ خیزی؛ بے سود مندی۔

Unfrustrable : (a) جسے ناکام نہ بنایا جاسکے؛ جسے مایوس نہ کیا جاسکے؛ جسے بے اثر نہ کیا جاسکے؛ غیر شکست پذیر۔

Unfrustrably : (adv.) غیر شکست پذیر طور پر؛ ناکام یا مایوس نہ ہو کر۔

Unfuelled/Unfueled : (a) بے ایندھن؛ ایندھن بہم نہ پہنچایا ہوا۔

Unfulfilled : (a) (۱) جو پورا نہ ہوا ہو؛ جس کی تسکین نہ ہوئی ہو۔ (۲) ناکام۔

Unfulfilment : (n) کسی چیز کا پورا نہ ہونا؛ عدم تکمیل ؛ عدم تعمیل؛ غیرپابندی۔

Unfunded : (a) قابلِ واپسی (سرکاری قرضہ)؛ (معاشیات) بے سرمایہ۔

Unfunded debt : (n) چلّت قرضہ۔

Unfunny : (a) غیرمضحکہ خیز؛ غیر قہقہہ انگیز۔

Unfurl : (v) (۱) (پرچم یا مال کو) پھیلانا یا کھولنا۔ (۲) آنکھوں کے سامنے پھیلانا؛ کھولنا۔

Unfurnish : (v) سجاوٹ اور آرائش کی تمام چیزوں سے خالی کرنا۔

Unfurnished : (a) غیرآراستہ؛ جس کی تزئین اور آرائش نہ ہوئی ہو ؛ بے سازوسامان؛ بے فرنیچر؛ متعلق لوازمات سے عاری۔

Unfurred : (a) بے پوستین؛ بے سمور۔

Unfurrowed : (a) (۱) (کھیت) بے جوتا ہوا؛ جس پر ہل نہ چلایا گیا ہو۔(۲) بے شکن؛ بے جھرّی۔

Unfused : (a) ناآمیختہ؛ بے جُٹا ہوا؛ بے جڑا ہوا؛ بے پگھلا ہوا؛ بے جلا ہوا۔

Unfussy : (a) حقیر باتوں کو اہمیت نہ دینے والا؛ ذرا سی بات میں نہ گھبرانے والا۔

Ung : (n) لاطینی لفظ Unguentum کا مخفف بمعنی مرہم۔

Ungag : (v) منہ کھول دینا؛ خصوصاً سینسر سے آزاد کرنا۔

Ungain : (a) (۱) بس سے باہر؛ مشکل (بولی)۔(۲) بدنما ؛ بے ڈول؛ بھدّا۔

Ungained : (a) غیرحاصل شدہ؛ جو نہ ملا ہو۔

Ungainful : (a) (۱) غیرسودمند؛ غیر فائدہ مند (خصوصاً مالی منفعت) ۔(۲) (شاذ) غیرنفع بیں ۔

Ungainliness : (n) بے ڈھنگا پن؛ بدنمائی ۔

Ungainly : (a) بھدّا؛ بےڈھنگا؛ بدنما؛ بے ڈول ۔

Ungainly : (adv.) بھدّے طریقے سے؛ بے ڈھنگے طور پر ۔

Ungainsaid : (a) جس کی مخالفت یا تردید نہ کی گئی ہو ۔

Ungainsayable : (a) ناقابلِ تردید؛ جس کی مخالفت نہ کی جاسکے؛ جس سے انکار نہ کیا جاسکے ۔

Ungainsayably : (adv.) ناقابلِ تردید طریقے سے؛ ناقابلِ انکار طور پر؛ اس طرح کہ مخالفت نہ کی جاسکے ۔

Ungallant : (a) غیر زن نواز؛ جو عورتوں کی زیادہ خاطر نہ کرتا ہو ۔

Ungallantly : (adv.) غیرزن نوازانہ طور پر ۔

Ungalled : (a) غیررنجیدہ؛ غیرمغموم؛ غیر تکلیف رسیدہ ۔

Ungarbled : (a) بے تحریف؛ بے تلبیس؛ بے مسخ کیا ہوا؛ سچا؛ صحیح ۔

Ungarmented : (a) بے لباس؛ ننگا؛ برہنہ ۔

Ungarnered : (a) جو گودام میں اکٹھا نہ کیا گیا ہو؛ جس کا ذخیرہ نہ جمع کیا گیا ہو ۔

Ungarnish : (v) تزئین و آرائش سے عاری کرنا ۔

Ungarnished : (a) (۱) سجاوٹ اور تزئین سے عاری؛ سادہ؛ غیر آراستہ؛ غیرمزّین ۔(۲) بے سجائی ہوئی (کھانے کی طشتری یا پلیٹ وغیرہ) ۔

Ungarrisoned : (a) جو فوجی حفاظت میں نہ ہو ۔

Ungarter : (v) موزے اتارنا ۔

Ungartered : (a) بے موزہ؛ بے جراب ۔

Ungathered : (a) (۱) غیرجمع کردہ؛ غیرمجتمع ۔(۲) نہ کاٹی ہوئی (فصل) ۔

Ungauged : (a) بے ناپا ہوا؛ بے پیمائش ۔

Ungauntleted : (a) بے دستانہ؛ دستانے نہ پہنے ہوئے ۔

Ungear : (v) (۱) (بولی) (گھوڑے کو) ساز سے الگ کرنا ۔ (۲) گیرہ سے رابطہ کاٹ دینا ۔

Ungeared : (a) (۱) (گھوڑا) ساز سے الگ کیا ہوا ۔(۲) گیرہ سے رابطہ کاٹا ہوا ۔

Ungelded/Ungelt : (a) غیرآختہ؛ بے بدھیا؛ خصیہ نہ نکالا ہوا ۔

Ungenerated : (a) غیرپیدا کردہ ۔

Ungenerosity : (n) (۱) بُخالت ۔(۲) کم ظرفی؛ تنگ دلی؛ تنگ نظری ۔

Ungenerous : (a) (۱) غیرفیّاض؛ بخیل؛ غیرفیّاضانہ ۔(۲) غیر عالی ظرف ؛ غیر شریف النفس ؛ غیر کریم النفس ؛ کم ظرف ؛ کم ظرفی کا ۔(۳) غیرفراخ دل؛ تنگ دل؛ تنگ نظر ۔

Ungenerously : (adv.) (۱) کنجوسی سے؛ بخالت سے ۔(۲) کم ظرفی سے؛ تنگ دلی سے؛ تنگ نظری سے ۔

Ungenerousness : (n) (۱) کنجوسی؛ بُخالت ۔(۲) کم ظرفی؛ تنگ دلی؛ تنگ نظری ۔

Ungenial : (a) (۱) نا خوشگوار ۔(۲) غیرخوش مزاج ؛ خشک ؛ روکھا ۔

Ungenially : (adv.) (۱) غیرصحت بخش طور پر؛ ناخوشگوار طور پر ۔(۲) غیرخوش مزاجی سے؛ خشکی سے؛ روکھے پن سے ۔

Ungenteel : (a) (۱) غیررئیسانہ ۔(۲) جو تھات یا ٹھسّے کا نہ ہو؛ کھنیا ۔ (۳) غیر طرح دار؛ جو خوش پوشاک یا سجیلا نہ ہو ۔

Ungenteelly : (adv.) بغیر ٹھاٹ کے؛ غیررئیسانہ طور پر ؛ گھٹیا طریقے سے؛ غیرطرح داری سے ۔

Ungenteelness : (n) گھٹیا پن؛ بےٹھسّے کا ہونا؛ غیررئیسانہ ہونا؛ نفاست ونزاکت کا فقدان ۔

Ungentility : (n) اکھڑپن؛ سخت مزاجی؛ ناشائستگی ؛ بدتہذیبی ۔

Ungentle : (a) (۱) غیر شریف؛ غیر شریفانہ ۔(۲) سخت مزاج؛ کھرا؛ بدتہذیب؛ غیرشائستہ ۔(۳) سختی کا؛ کھرے پن کا؛ بدتہذیبی کا ۔

Ungentleman : (v) (شاذ)غیرشریف بنانا؛ غیرشائستہ بنانا؛ بدتہذیب کرنا ۔

Ungentlemanlike : (a) غیر شریف؛ ناشائستہ؛ غیرشریفانہ؛ بیہودہ ۔

Ungentlemanlike : (adv.) غیرشریفانہ طور پر؛ ناشائستہ طور پر ۔

Ungentlemanliness : (n) غیرشریف ہونا؛ بدتہذیبی ؛ ناشائستگی ۔

Ungentlemanly : (a) غیرشریف؛ بدتہذیب؛ غیرشریفانہ ؛ بدتہذیبی کا؛ بیہودہ ۔

Ungentlemanly : (adv.) غیرشریفانہ طورپر؛ بدتہذیبی سے؛ ناشائستہ طور پر ۔

Ungentleness : (n) اکھڑپن؛ سخت مزاجی؛کھراپن؛بدتہذیبی ۔

Ungently : (adv.) اکھڑپن سے؛ درشتی سے؛ کھرے طریقے سے؛ بدتہذیبی سے ۔

Ungenuine : (a) (شاذ) غیرحقیقی؛ غیراصلی؛ جعلی؛ نقلی؛ جھوٹا ۔

Ungenuineness : (n) غیرحقیقی ہونا؛ جعلی ہونا؛ غیراصلی ہونا ۔

Ungeometrical : (a) غیرہندسیہ ۔

Unget : (v) فراہم نہ کرنا؛ حساب سے نہ آنا ۔

Ungetatable : (a) بس سے باہر؛ دسترس سے باہر ۔

Unghostly : (a) (۱) غیر روحانی ۔(۲) جو بھوت کی طرح نہ ہو ۔

Ungifted : (a) نااہل؛ خداداد قابلیت سے محروم؛ صلاحیت اور اہلیت سے عاری ۔

Ungild : (v) بے ملمّع کرنا؛ ننگا کرنا؛(عیب وغیرہ کو) ظاہر کرنا؛ بے پردہ کرنا؛ اوپری رنگ وروغن اور ظاہری چمک دمک سے محروم کرنا ۔

Ungilded/Ungilt : (a) بے ملمّع؛ بے رنگ وروغن ۔

Unginned cotton : (n) کپاس؛ جس میں سے بنولے الگ نہ کئے گئے ہوں ۔

Ungird : (v) کمربند کھول دینا ۔

Ungirded : (a) بے کمر بند ۔

Ungirdled : (a) بے پٹکا؛ بے کمر بند ۔

Ungirt : (a) (۱) بغیرکمربند پہنے ہونے ۔(۲) (مجازاً) غیر آمادہ؛ غیرمستعد ۔

Ungirth : (v) گھوڑے کے زیربند کو ڈھیلا کرکے کھولنا ۔

Ungirthed : (a) زیربند سے الگ کیا ہوا ۔

Ungiven : (a) بے دیا ہوا؛ غیرداده ۔

Ungiving : (a) (۱) نہ دینےوالا؛ بخیل؛ غیرفیاض ۔(۲) سخت ۔

Unglad : (a) نا خوش؛ مغموم؛ اداس ۔

Ungladdened : (a) غیر مسرور؛ ناشاد ۔

Ungladly : (adv.) ناخوشی سے؛ اداسی سے ۔

Ungladness : (n) ناخوشی؛ اداسی ۔

Unglazed : (a) (۱) غیر مجلاّ ۔(۲) بے شیشےکا؛ جس میں شیشے نہ لگے ہوں ۔ (۳) بے روغن؛ جس پر شیشے کا روغن نہ ہو ۔ (٤) بے چمکایا ہوا (چمڑا، کپڑا وغیرہ)۔

Ungleaned : (a) بے چنا ہوا ۔

Unglorified : (a) غیرستودہ؛ جس کی عظمت اور بڑائی بیان نہ کی گئی ہو ؛ جس کی تعریف نہ کی گئی ہو؛ جسے بڑھایا چڑھایا نہ گیا ہو ۔

Unglorify : (v) تعریف نہ کرنا؛ بڑائی نہ کرنا ۔

Unglorious : (a) Inglorious کی قدیم شکل ۔

Unglossed : (a) بے ملمّع؛ بے حاشیہ ۔

Unglossy : (a) غیر چمک دار؛ غیر بھڑکیلا ۔

Unglove : (v) (ہاتھ کو) دستانے سے الگ کرنا؛ دستانے میں سے نکالنا ۔

Ungloved : (a) بے دستانہ ۔

Unglue : (v) (۱) (چپکی ہوئی شے کو) نوچنا ۔(۲) (مجازاً) کھولنا؛ الگ کرنا ۔(۳) الگ ہونا ۔

Unglutted : (a) غیر پر شکم؛ جسے ٹھونس کر نہ کھلایا گیا ہو ۔

Ungod : (v) دیوتا کے رتبے سے الگ کرنا ۔

Ungoddess : (v) دیوی کے مرتبے سے محروم کرنا ۔

Ungodlike : (a) غیر دیوتائی؛ غیر دیوتا نما ۔

Ungodlily : (adv.) خدا نا ترسی سے ؛ بے دینی سے؛ غیر خدا پرستی سے ۔

Ungodliness : (n) ناخدا ترسی؛ بے دینی؛ بد اعمالی ۔

Ungodly : (a) غیرخدا پرست؛ ناخداترس؛ بے دین؛ بداعمال ۔

Ungodly : (adv.) (قدیم اور بولی) خدا ناترسی سے؛ بے دینی سے؛ بے عملی سے ۔

Ungorged : (a) بھرا نہ ہوا؛ ٹھونسا نہ ہوا؛ غیر شکم سیر ۔

Ungospellike : (a) غیر انجیلی ۔

Ungot/Ungotten : (a) نایافتہ؛ غیر حاصل شدہ ۔

Ungovernable : (a) ناقابلِ ضبط ؛ بے قابو ؛ بے کنٹرول ؛ بے قبضہ ؛ بے لگام؛ سرکش ؛ جسے قابو میں نہ لایا جا سکے؛ جسےقبضے میں نہ رکھا جا سکے ۔

Ungovernableness : (n) بے ضبط ہونا؛ بے قابو ہونا؛ بے لگام ہونا؛ بے ضبطی؛ بے لگامی؛ سرکشی ۔

Ungovernably : (adv.) (۱) ناقابلِ ضبط طریقے سے ۔ (۲) سرکشی سے ۔

Ungoverned : (a) بے قبضہ؛ بے قابو؛ بے روک؛ آزاد؛ سرکش

Ungowned : (a) گون (چغا) نہ پہنایا ہوا ۔

Ungrace : (n) (شاذ) خوش نمائی اور خوش ادائی کا فقدان ۔

Ungraced : (a) بھدّا؛ بد زیب؛ غیر خوشنما ۔

Ungraceful : (a) غیر خوش نما؛ غیر خوش ادا؛ غیر دل کش؛ بد زیب؛ بھدا؛ بھونڈا؛ بے ڈھنگا؛ بد نما ۔

Ungracefully : (adv.) بدنما طریقے سے؛ غیر خوش ادائی سے؛ بھدے اور بھونڈے طریقے سے ۔

Ungracefulness : (n) بد زیبی؛ بد نمائی؛ بھدا پن؛ بھونڈا پن ۔

Ungracious : (a) (۱) ناخوشگوار ۔(۲) بد نما؛ غیر دلکش ۔ (۳) غیر خوش خلق؛ بے مہر؛ کج خلق؛ بے مہری کا؛ کج خلقی کا؛ دوسروں کے احساسات و جذبات کو ٹھیس پہنچانے والا ۔

Ungraciously : (adv.) (۱) نا خوش گوار طریقے سے ۔ (۲) غیر دلکش طور پر؛ بد نمائی سے ۔(۳) بے مہری سے؛ کج خلقی سے؛ کج ادائی سے ۔

Ungraciousness : (n) (۱) ناخوش گواری ۔(۲) بد نمائی ؛ بھداپن ۔(۳) بے مہری؛ کج خلقی؛ کج ادائی ۔

Ungraded : (a) جس کی درجہ بندی نہ کی گئی ہو؛ غیر درجہ بند ۔

Ungraduated : (a) (۱) غیر سند یافتہ ۔(۲) غیر درجہ بند؛ بےتدریج؛ غیر درجہ وار؛ (طبیعیات) نا درجہ وار ۔ (۳) درجوں میں تقسیم نہ کیا ہوا؛ جو درجہ بہ درجہ نہ رکھا گیا ہو ۔

Ungrafted : (a) قلم نہ لگایا ہوا ۔

Ungrammatic/-al : (a) قواعد کے خلاف؛ قواعد صرف و نحو کی رو سے غلط ۔

Ungrammatically : (adv.) قواعد کی رو سے غلط طریقے پر ۔

Ungrammaticalness : (n) قواعد کی رو سے غلط ہونا؛ اصولِ صرف و نحو کے خلاف ہونا ۔

Ungranted : (a) غیر عطا کردہ ۔

Ungranted land : (n) (ارضیات) شاملات ۔

Ungraspable : (a) ناقابلِ فہم؛ ناقابلِ گرفت ۔

Ungrasped : (a) جسے سمجھا نہ گیا ہو؛ نا فہمیدہ ۔

Ungrateful : (a) (۱) ناشکرا؛ احسان فراموش ۔(۲) (زمین) اوسز ؛ بے اپجاؤ ۔(۳) ناگوار ۔

Ungratefully : (adv.) ناشکری سے؛ احسان فراموشی سے۔

Ungratefulness : (n) ناشکری؛ احسان فراموشی ۔

Ungratified : (a) غیر تسکین یافتہ ۔

Ungrave : (v) قبر سے نکالنا؛ دفن نہ کرنا؛ سپرد خاک نہ کرنا؛ نہ دفنانا ۔

Ungraven : (a) کندہ نہ کیا ہوا؛ غیر کندہ ۔

Ungreased : (a) چربی یا چکنائی نہ لگایا ہوا؛ چکنا نہ کیا ہوا ۔

Ungreeted : (a) جس کو خوش آمدید نہ کہا گیا ہو ۔

Ungregarious : (a) عزلت پسند؛ غیر صحبت پسند ۔

Unground : (a) بے کوٹا ہوا؛ بے پیسا ہوا ۔

Ungrounded : (a) (۱) بے بنیاد؛ غلط ۔(۲) غیر مدلّل ۔ (۳) کم علم ۔

Ungroundedly : (adv.) (۱) بے بنیاد طور پر؛ غیر مدلّل اور غلط طریقے سے ۔(۲) کم علمی سے ۔

Ungroundedness : (n) بے بنیاد ہونا؛ غلط ہونا؛ غیر مدلل ہونا ۔

Ungrown : (a) (۱) بے اُگا ہوا؛ بے بڑھا ہوا؛ غیر نمو یافتہ ۔ (۲) بے اُگایا ہوا؛ بغیر کاشت کیا ہوا ۔

Ungrudged : (a) بے دریغ؛ بخل نہ کیا ہوا ۔

Ungrudging : (a) خوش دل؛ خوش دلی کا؛ بے دریغ ۔

Ungrudgingly : (adv.) خوش دلی سے؛ فیاضی سے ۔

Ungrudgingness : (n) فیاضی؛ عدم بخالت ۔

Ungual : (a) [L. 'unguis'.] ناخن دار؛ سم دار؛ ناخنی ۔

Ungual : (a) ناخن؛ کُھر؛ چنگل ۔

Ungual bone : (n) ناخنی ہڈی ۔

Unguaranteed : (a) بےضمانت؛ جس کی ضمانت نہ کی گئی ہو ۔

Unguard : (v) بےحفاظت چھوڑنا؛ محافظت اور نگہبانی اٹھا لینا ۔

Unguarded : (a) (۱) بے نگہبان؛ غیر محفوظ ۔(۲) (شطرنج اور تاش) کسی دوسرے پتے یا مہرے سے نہ بچایا ہوا ۔ (۳) غفلت شعار ۔ (٤) بے احتیاطی کا؛ ناعاقبت اندیشی کا ۔

Unguardedly : (adv.) عدم تحفظ سے؛ غیر محفوظ طور پر ۔

Unguardedness : (n) عدم تحفظ ۔

Unguent : (n) [L. 'Unguentum'.] (طب) مرہم ۔

Unguentarium : (n) [L. 'Unguentarius'.] (طب) مرہم دان ۔

Unguentary : (n) [L. 'Unguentarius'.] مرہم بنانے یا بیچنے والا ۔

Unguentary : (a) [L. 'Unguentum'.] مرہم کے لئے مناسب ؛ مرہم سے متعلق ۔

Unguerdoned : (a) غیر انعام یافتہ؛ غیر صلہ یافتہ ۔

Unguessable : (a) ناقابل قیاس؛ جس کا قیاس یا گمان نہ کیا جا سکے ۔

Unguessed : (a) (۱) قیاس سے باہر ۔(۲) غیر پیش دیدہ؛ جس کا قیاس یا گمان نہ کیا گیا ہو ۔

Unguiculate : (a) [L. 'unguiculatus'.] (۱) (نباتیات) پنجہ دار ۔ (۲) (حیوانیات) چنگل دار؛ ناخن دار ۔

Unguiculate : (n) کُھردار جانور؛ ناخن دار چوپایہ ۔

Unguiculated : (a) ناخن دار؛ چنگل دار؛ کُھر والا ۔

Unguided : (a) (۱) جس کو راستہ نہ دکھایا گیا ہو؛ جس کی رہبری نہ کی گئی ہو ۔(۲) گم کردہ (راہ)؛ بے سمت ۔(۳) (مجازاً) بے روک ۔

Unguiform : (a) [L. 'unguis'.] چنگل کی طرح؛ ناخن نما ۔

Unguillotined : (a) غیر بریدہ؛ (جانور کا سر ، کاغذ وغیرہ) مشین سے نہ کاٹا ہوا ۔

Unguiltily : (adv.) معصومی سے ؛ بے گناہی سے ۔

Unguis : (n) [L.] (۱) (نباتیات) ڈنٹھل ؛ پنکھڑی کا تنگ حصہ جس کے سہارے یہ کرسی سے جڑا رہتا ہے ۔ (۲) ناخنک؛ پنجہ ؛ چنگل ۔

Unguitractor : (a) (حیوانیات) ناخن بردار ۔

Ungulate : (n) [L. 'Ungulatus'.] (۱) ناخن کی شکل کا ۔ (۲) (چوپائے) ناخن اور کُھر والے ؛ سم دار ۔

Ungulate : (n) کُھر والا یا ناخن دار چوپایہ ؛ ناخن دار دودھ پلانے والا چوپایہ ؛ سم دار جانور؛ ذو حوافر ۔

Unguled : (n) [L. 'Ungula'. + ED.] جسم کے رنگ سے مختلف رنگ کا کُھر یا چنگل رکھنے والا ۔

Ungulite : (n) [f. L. 'Ungula' +ITE] ابتدائی دور حیات کا بازو پا ۔

Ungum : (v) (۱) (کسی چپکی یا سٹی ہوئی چیز کو) نوچنا؛ اجاڑنا۔(۲) (کسی چیز کو) گوند سے الگ کرنا ؛ (کسی شے پر لگے ہوئے گوند کو) ہٹانا؛ صاف کرنا ۔

Ungummed : (a) بے گوند لگایا ہوا ۔

Ungyve : (v) بیڑی سے آزاد کرنا ۔

Ungyved : (a) غیر مقید؛ آزاد؛ بے روک ۔

Unhabitable : (a) دیکھو Inhabitable

Unhabituated : (a) غیر عادی ۔

Unhacked : (a) بے کاٹا ہوا؛ ٹکڑے نہ کیا ہوا ۔

Unhackneyed : (a) غیرپامال؛ غیر فرسودہ؛ اچھوتا (خیال ، فقرہ، استعارہ وغیرہ) ۔

Unhailed : (a) (۱) خوش آمدید نہ کہا ہوا؛ استقبال نہ کیا ہوا ۔ (۲) نہ پکارا گیا؛ نہ بلایا گیا (جہاز، شخص وغیرہ)۔

Unhair : (v) (۱) (سر کو) بے بال کا کرنا ۔(۲) (چمڑے میں سے) بال کو دور کرنا ۔ (۳) بے بال کا ہونا؛ چندلا ہونا ۔

Unhallow : (v) ناپاک کرنا؛ خراب کرنا؛ بگاڑنا ۔

Unhallowed : (a) (۱) ناپاک؛ غیر مقدس؛ غیر متبرک ۔ (۲) خبیث؛ بد معاش ۔(۳) ناجائز؛ پُر شہوت ۔

Unhalter : (v) (گھوڑے کی گردن کا) حلقہ کھول دینا ۔

Unhalting : (a) بےتذبذب؛ بےتامل؛ بے روک؛ بے جھجک ؛ بے بچک ۔

Unhampered : (a) بے رکاوٹ؛ بے مزاحمت؛ آزادانہ ۔

Unhand : (v) اپنی گرفت سے آزاد کرنا؛ چھوڑ دینا؛ جانے دینا ۔

Unhandcuffed : (a) بے ہتکڑی ۔

Unhandily : (adv.) بھنگم طور پر؛ بد سلیقگی سے؛ بھدے طریقے سے؛ بے ڈھنگے طریقے سے؛ غیر سبک دستی سے ۔

Unhandiness : (n) بھنگم پن؛ بھاری پن؛ بد سلیقگی؛ بے ڈھنگا پن ۔

Unhandled : (a) بے سدھایا ہوا ۔

Unhandsome : (a) (۱) بدصورت؛ بد نما؛ غیر حسین؛ سادہ ۔ (۲) کج خلقی کا؛ کم ظرفی کا ؛ غیر شریفانہ؛ غیر عالی ظرفی کا (برتاؤ وغیرہ) ۔ (۳) نا مناسب؛ نازیبا؛ ناشائستہ؛ حقیر ۔

Unhandsomely : (adv.) (۱) بد صورتی سے؛ بد نمائی سے ۔ (۲) کج خلقی سے؛ غیر شریفانہ طور پر ۔ (۳) نامناسب طور پر؛ نازیبا طریقے سے؛ ناشائستگی سے ۔

Unhandsomeness : (n) (۱) بد نمائی ۔(۲) کج خلقی؛ کم ظرفی ۔ (۳) نازیبائی ۔

Unhandy : (a) (۱) غیر سبک؛ بھاری بھرکم (جسے برتنے میں اور لانے لے جانے میں مشکل ہو)؛ بھنگم؛ بے ڈول ۔ (۲) غیرسبک دست (کاریگر)؛ بد سلیقہ ۔

Unhang : (v) (۱) لٹکتی ہوئی چیز کو اُتارنا ۔(۲) (بحری) پتوار کو ہٹا دینا؛ پانی میں سے اوپر کر لینا ۔ (۳) پھانسی سے بچا لینا ۔

Unhanged : (a) (۱) بے لٹکایا ہوا ۔(۲) پھانسی سے بچا ہوا ۔

Unhappily : (adv.) (۱) بد قسمتی سے؛ بد نصیبی سے ۔ (۲) ناکامیابی کے ساتھ؛ افسوس ناک طور پر ۔ (۳) نا شاد رہ کر؛ رنج و الم کے ساتھ۔

Unhappiness : (n) (۱) غم؛ رنج و الم ۔(۲) ناشاد ہونا؛ غمگینی ۔(۳) مصیبت ناک ہونا۔(٤) مصیبت ۔

Unhappy : (a) (۱) ناشاد؛ غمگین؛ رنجیدہ ۔(۲) بد نصیب؛ مصیبت زدہ؛ پریشان حال ۔ (۳) مصیبت ناک؛

مصیبت کی؛ تکلیف اور پریشانی کی (زندگی وغیرہ) ۔(٤) نامبارک؛ منحوس ۔(٥) بے موقع؛ بے محل ۔(٦) خراب؛ خستہ ۔

Unharbour/Unharbor : (v) جھاڑی سے(ہرن وغیرہ کو) بھگانا ۔

Unharden : (v) نرم کرنا؛ پگھلانا ۔

Unhardened : (a) نرم؛ کڑا یا سخت نہ کیا ہوا ۔

Unhardy : (a) غیر جفا کش؛ جو مشقت نہ برداشت کر سکے؛ کمزور؛ نازک ۔

Unharmed : (a) (١) نقصان سے محفوظ ۔(٢) صحیح سالم ۔

Unharmful : (a) غیر نقصان دہ؛ غیر ضرر رساں ۔

Unharmfully : (adv.) غیر ضرر رساں طور پر؛ نقصان نہ پہنچاتے ہوئے ۔

Unharming : (a) بے ضرر ۔

Unharmonious : (a) غیر ہم آہنگ ؛ بے آہنگ ۔

Unharmoniously : (adv.) غیر ہم آہنگ طور پر ۔

Unharness : (v) گھوڑے کو بگھی کے سازو سامان سے آزاد کرنا۔

Unharnessed : (a) (١) (گھوڑا) بگھی کے سازو سامان سے غیر آراستہ ۔ (٢) کام میں نہ لگایا ہوا؛ مصرف میں نہ لایا ہوا ۔

Unharvested : (a) فصل نہ کاٹی ہوئی ۔

Unhasp : (v) کھولنا؛ قفل کھولنا ۔

Unhasting : (a) غیر جلد باز؛ غیر جلد بازی کا؛ محتاط؛ سوچ سمجھ کر فیصلہ کرنے والا؛ غیر عجلت پسند؛ غیر عاجلانہ ۔

Unhasty : (a) سست؛ غیر جلد باز؛ غیر عجلت پسند؛ غیر عجلت پسندانہ ۔

Unhat : (v) احتراماً ہیٹ اتار لینا؛ ننگے سر (احتراماً) ۔

Unhatched : (a) (١) بے سیا ہوا (انڈا) ۔(٢) جوانڈے سے نہ نکلا ہو ۔(٣) (تدبیر ، اسکیم وغیرہ) جو گھڑی نہ گئی ہو ۔

Unhatted : (a) احتراماً ہیٹ اتارے ہوئے ۔

Unhaunted : (a) (١) (ذہن، دماغ) جس میں خیالات بار بار نہ آتے ہوں ۔(٢) (جگہ) جہاں آنا جانا نہ ہوتا ہو ۔ (٣) (مکان یا شخص) جس پر بھوت یا روحیں نہ منڈلاتی ہوں ۔

Unhazarded : (a) داؤں پر نہ لگایا ہوا ۔

Unhazardous : (a) خطرے سے خالی؛ بے جوکھم کا ۔

Unhead : (v) (کسی چیز کا) سرا کاٹنا ۔

Unheaded : (a) سرا کاٹا ہوا ۔

Unhealable : (a) ناقابلِ اندمال : (زخم)جو مندمل نہ ہوسکے؛ (مرض جسم یا دل کا) جو اچھا نہ ہو سکے؛ لاعلاج ۔

Unhealed : (a) غیر مندمل؛ غیر شفا یافتہ ۔

Unhealthful : (a) (١) غیر صحت بخش؛ مضر صحت ۔ (٢) مخرب اخلاق ۔

Unhealthfulness : (n) (١) مضر صحت ہونا۔(٢) مخرب اخلاق ہونا ۔

Unhealthily : (adv.) (١) غیر صحت مند طریقے سے ۔ (٢) مخرب اخلاق طریقے سے ۔

Unhealthiness : (n) (١) عدم صحت؛ غیر تندرست ہونا ۔ (٢) مضر صحت یا مخرب اخلاق ہونا ۔

Unhealthy : (a) (١) غیر تندرست ؛ بیمار۔(٢) غیرصحت بخش ۔ (٣) مخرب اخلاق ۔ (٤) خرابیٔ صحت کرنے والا ۔ (٥) (فوج عامیانہ) غیر محفوظ ؛ خطرناک گولہ باری کی زد میں ۔

Unheard : (a) (١) ناشنیدہ؛ بے سُنا ہوا؛ ان سُنی؛ اَن سُنا ۔ (٢) بے سماعت؛ (مقدمہ) جس کی سماعت نہ ہوئی ہو۔ (٣) جو کبھی پہلے سننے میں نہ آیا ہو؛ انوکھا (ہمیشہ Of کے ساتھ) ۔

Unheart : (v) حوصلہ شکنی کرنا ۔

Unheated : (a) (١) ٹھنڈا؛ غیر جوشیدہ ۔(٢) غیر مشتعل ۔

Unheaven : (v) جنت سے نکالنا ۔

Unheavenly : (a) (١) ارضی (جو سماوی نہ ہو) ۔(٢)گناہگار ۔

Unhedged : (a) غیر محفوظ ۔

Unheed : (v) توجہ نہ کرنا؛ دھیان نہ دینا ۔

Unheeded : (a) توجہ سے محروم؛ جس پر توجہ نہ کی جائے یا دھیان نہ دیا جائے ۔

Unheedful : (a) بے پروا؛ بے توجہ؛ بے دھیان؛ جو توجہ نہ کرتا ہو یا دھیان نہ دیتا ہو ۔

Unheedfully : (adv.) بے پروائی سے؛ بے توجہی سے ۔

Unheedfulness : (n) بے توجہی ؛ بے پروائی ۔

Unheeding : (a) بے پروا؛ بے توجہ؛ دھیان نہ دینے والا ۔

Unheedingly : (adv.) بے توجہی سے؛ بے پروائی سے؛ دھیان نہ دیتے ہوئے ۔

Unhelm : (v) خود اتارنا ۔

Unhelmed : (a) بیلمٹ یا خودنہ پہنے ہوئے؛ بغیر بیلمٹ کے۔

Unhelmeted : (a) بیلمٹ (آہنی توپ) نہ پہنے ہوئے ۔

Unhelpable : (a) ناقابلِ امداد ۔

Unhelped : (a) جس کی مدد نہ کی گئی ہو ۔

Unhelpful : (a) بے فیض؛ جس سے مدد نہ ملے؛ مدد نہ کرنے والا؛ غیر کارآمد؛ بے کار ۔

Unhelpfulness : (n) بے مدد ہونا؛ غیر کارآمد ہونا؛ بے کار ہونا ۔

Unhelping : (a) مدد نہ کرنے والا؛ جس سے مدد نہ ملے ۔

Unhemmed : (a) بے سنجاف؛ بے مغزی؛ بے جھالر؛ بےحاشیہ ۔

Unheralded : (a) (۱) بے اعلان؛ بے منادی؛ جس کا اعلان نہ کیا گیا ہو ۔(۲) بے اطلاع؛ بے صدائے نقیب ۔ (۳) جس کی پہلے سے خبر نہ کی گئی ہو ۔

Unheroic : (a) (۱) غیر اولو العزم؛ غیر رستم وقت ۔(۲) غیر رستمانہ؛ اولو العزمی یا بہادری کے خلاف ۔

Unheroically : (adv.) غیر اولو العزمی سے؛ غیر رستم صفتی سے ۔

Unhesitating : (a) بے ہچکچاہٹ؛ بے پس و پیش؛ بے حیص و بیص۔

Unhesitatingly : (adv.) بغیر ہچکچائے ہوئے؛ بلا پس و پیش کئے ہوئے۔

Unhesitatingness : (n) ہچکچاہٹ کا نہ ہونا؛ پس و پیش ہونا ۔

Unhewed/Unhewn : (a) (۱) بے کٹا ہوا ۔(۲) ناتراشیدہ ؛ بےتراش خراش ۔(۳) (مجازاً) کھردرا؛ ناتراش؛ بھدا؛ لطافت و نزاکت سے عاری۔

Unhid/Unhidden : (a) ظاہر؛ کھلا ہوا؛ عیاں؛ غیر مخفی ۔

Unhide : (v) عیاں کرنا؛ ظاہر کرنا ۔

Unhindered : (a) بے مزاحمت؛ بے رکاوٹ ۔

Unhinge : (v) (۱) (کواڑ وغیرہ کو) قلابے سے نکال کے الگ کرنا؛ قلابے الگ کرنا ۔(۲) غیر متوازن کرنا؛ الٹ پلٹ دینا (کسی شخص ، اس کے دماغ، خیال ، یقین وغیرہ کو) ۔(۳) استحکام سے محروم کرنا ۔ (٤) چیزوں کی مقررہ اور مستحکم ترتیب میں انتشار پیدا کرنا۔ (٥) کسی چیز سے الگ کرنا یا ہٹانا ۔

Unhingement : (n) (۱) (کواڑ کو) قلابے سے الگ کرنا ۔ (۲) غیر متوازن کرنے کا عمل ۔

Unhired : (a) بھاڑے یا کرانے پر نہ لیا ہوا ۔

Unhistorical : (a) (۱) غیر تاریخی؛ جو تاریخ سے ثابت نہ ہو ۔(۲) محض افسانے کی حیثیت رکھنے والا ۔

Unhistorically : (adv.) غیر تاریخی طور پر؛ اس طور پر کہ تاریخی مطابقت نہ ہو ۔

Unhitch : (v) (۱) (گھوڑے کو بگھی سے) الگ کرنا ۔(۲) الگ کرنا یا کھولنا ۔

Unhive : (v) (شہد کی مکھیوں کو) چھتے سے بھگانا ۔

Unhoard : (v) جمع کی ہوئی چیزوں کو نکالنا ۔

Unholily : (adv.) غیر متبرک طور پر؛ ناپاکی سے؛ خباثت سے ۔

Unholiness : (n) غیر متبرک ہونا؛ غیر مقدس ہونا؛ ناپاکی؛ خباثت ۔

Unholy : (a) (۱) غیر متبرک؛ غیر مقدس؛ ناپاک؛ بد معاش؛ خبیث (روح وغیرہ) ۔ (۲) (روزمرّہ) بہت شدید؛ بہت سخت ۔

Unhomely : (a) غیر سادہ؛ پر تکلف؛ پر تصنع؛ ٹیم نام کا ۔

Unhomogeneous : (a) (۱) مختلف الجنس؛ مختلف النوع ؛ بےمیل؛ ناجنس ۔ (۲) غیر متجانس ۔

Unhonest : (a) (قدیم یا بولی) دیکھو Dishonest

Unhonoured/Unhonored : (a) بے عظمت؛ بے توقیر؛ عزت سے محروم؛ عظمت سے محروم ۔

Unhood : (v) سرپوش کو الگ کرنا؛ ظاہر کرنا ۔

Unhooded : (a) بے کلاہ؛ بے سرپوش ۔

Unhook : (v) (۱) ہک سے الگ کرنا ۔ (۲) (لباس میں لگے ہوئے) ہک کو کھولنا؛ الگ کرنا ۔ (۳) (کسی کی بانہہ سے اپنی بانہہ) چھڑانا ۔

Unhoped : (a) (قدیم) غیر متوقع ۔

Unhoped-for (a) غیر متوقع ۔

Unhopeful : (a) (۱) نا امید؛ مایوس ۔ (۲) غیر امید افزا ۔

Unhopefully : (adv.) ناامیدی سے؛ مایوسی سے؛ غیرامید افزا طور پر ۔

Unhopefulness : (n) ناامیدی؛ یاس؛ قنوطیت ۔

Unhoping : (a) ناامیدی کا؛ مایوسانہ ۔

Unhorned : (a) بے سینگ ۔

Unhorse : (v) (۱) گھڑ سوار کو گھوڑے پر سے پھینک دینا (خصوصاً جنگ میں) ۔ (۲) (مجازاً) شکست دینا؛ چت کرنا؛ چھکے چھڑا دینا؛ بدحواس کرنا (اب شاذ) ۔ (۳) گھوڑے کو بگھی سے الگ کرنا ۔

Unhorsing : (n) پھینک دیا جانا (گھوڑے پر سے)؛ الٹ دیا جانا؛ شکست؛ ہزیمت ۔

Unhospitable : (a) (شاذ) غیرمہمان نواز ؛ دیکھو Inhospitable ۔

Unhostile : (a) غیر مخالفانہ؛ غیر معاندانہ ۔

Unhouse : (v) بے گھر کرنا؛ بے پناہ کرنا ۔

Unhoused : (a) بے گھر؛ بے پناہ ۔

Unhouseled : (a) جو شرکت عشائے ربانی سے محروم ہو ۔

Unhuman : (a) (۱) (شاذ) بے رحم؛ بے درد ۔ (۲) فوق البشری؛ صفات انسانی سے بالا تر ۔ (۳) غیر انسانی؛ غیر بشری؛ خلاف انسانیت؛ بے دردانہ؛ سنگدلانہ؛ بے درد؛ سنگدل ۔

Unhumanize : (v) انسانی صفات و خصوصیت سے محروم کرنا ؛ دیکھو Dehumanize ۔

Unhumble : (a) غیر منکسر مزاج؛ مغرور ۔

Unhumbled : (a) غیر منکسرانہ ۔

Unhumorous : (a) غیر ظریفانہ؛ سنجیدہ ۔

Unhung : (a) بے لٹکا ہوا ۔

Unhunted : (a) (۱) (علاقہ) جہاں شکار نہ کیا گیا ہو ۔ (۲) شکار نہ کیا ہوا؛ تعاقب نہ کیا ہوا (ہرن وغیرہ) ۔

Unhurried : (a) سست؛ آہستہ ۔

Unhurriedly : (a) سستی سے؛ سست روی سے ۔

Unhurrying : (a) غیرعاجلانہ؛ غیر عجلت پسند؛ سست ۔

Unhurt : (a) چوٹ سے محفوظ؛ ضرر سے محفوظ؛ صدمے سے محفوظ ۔

Unhurtful : (a) بے ضرر ؛ غیر نقصان دہ ؛ چوٹ نہ پہنچانے والا ۔

Unhurtfully : (adv.) بے ضرر طور پر؛ اس طور پر کہ چوٹ نہ پہنچے ۔

Unhurtfulness : (n) بے ضرر ہونا؛ غیر نقصان دہ ہونا ۔

Unhurting : (a) شفیق؛ نیک دل ۔

Unhusbanded : (a) (۱) بے کاشت؛ بے جوتا ہوا؛ بے بویا ہوا ۔ (۲) بے شوہر ۔

Unhusk : (v) (۱) چھلکے یا بھوسے سے الگ کرنا ۔ (۲) (مجازاً) بے نقاب کرنا؛ بے پردہ کرنا؛ ظاہر کرنا ۔

Unhusked : (a) چھلکے یا بھوسے سے الگ نہ کیا ہوا ۔

Unhygienic : (a) صحت کے لئے مضر؛ حفظان صحت کے خلاف ۔

Unhygienically : (adv.) حفظانِ صحت کے خلاف طریقے سے؛ اس طور پر کہ صحت کے لئے مضر ہو ۔

Unhymned : (a) جس کی تعریف میں نہ گایا گیا ہو؛ جس کی تعریف وتوصیف نہ کی گئی ہو ۔

Unhypothecated : (a) غیر مکفول ۔

Unhysterical : (a) (۱) جو اختناق الرحم میں مبتلا نہ ہو ۔ (۲) جو ہیجان جذبات سے بے قابو نہ ہو ۔

Uni- : (Prefix) سابقہ بمعنی " ایک " ؛ "واحد" ۔

Uniarticulate : (a) (حشریات، حیوانیات) جس میں صرف ایک جوڑ ہو؛ واحد مفصلی ۔

Uniat/Uniate : (a) [Russ. 'Uniyat', L. 'Unio'.] یونانی؛ مشرقی عیسائیوں کی ایسی جماعت کا رکن جو پوپ کو اپنا پیشوا مانتی ہے مگر اپنا علاحدہ طریقِ عبادت رکھتی ہے ۔

Uniauriculated: (a) (۱) (حیوانیات) یک اذنیہ ؛ یک اُذینُ القلبی ۔ (۲) یک گوشہ ۔

Uniaxial : (a) (بصریات، قلمیات) یک محورہ ۔

Uniaxial crystal : (n) (قلمیات) یک محوری بلور ۔

Uniaxial joint : (n) یک محوری جوڑ ۔

Unica : (n) Unicum کی جمع ۔

Unicameral : (a) یک ایوانی (پارلیمنٹ) ۔

Unicapsular : (a) (۱) (تشریح) یک غلافی؛ یک کیسوی ۔ (۲) (نباتیات) یک قبوی؛ یک ڈوڈیا ۔

Unicell : (n) یک خلویہ ناسیہ ۔

Unicellular : (a) یک خلویہ ۔

Unicellular animal : (n) یک خلویہ جاندار ۔

Unicellular organism : (n) یک خلویہ نامیہ ۔

Unicellularity : (n) یک خلویہ ہونا ۔

Unicentric : (a) یک مرکزہ ۔

Unicist : (n) [Unicus + IST.] (۱) موحد؛ یکتائی اور وحدانیت کا ماننے والا ۔ (۲) (طب) اس نظریے کا ماننے والا کہ آتشک کا مرض صرف ایک قسم کے جماعی زہریلے مادہ سے ہوتا ہے ۔

Unicity : (n) [L. 'Unicitas'.] (۱) یکتائی؛ وحدانیت ۔ (۲) (طب) یہ نظریہ کہ آتشک کی بیماری صرف ایک قسم کے جماعی زہریلے مادے سے ہوتی ہے ۔ (۳) بے مثل ہونا؛ یکتا ہونا؛ بے نظیر ہونا ۔

Unicolorous : (a) یک رنگ ۔

Unicolour/Unicolor : (a) یک رنگ ۔

Unicoloured/Unicolored : (a) یک رنگ ۔

Unicorn : (n) [Fr. 'Unicorne', L. 'Unicornis'.] (۱) ایک فرضی جانور جس کے متعلق یہ خیال کیا جاتا ہے کہ اس کا جسم گھوڑے کا سا، اس کے سر پر صرف ایک کھڑا سینگ ، اس کی پچھلی دو ٹانگیں ہرن کی سی اور اس کی دم شیر کی سی ہوتی ہے ۔ (۲) (نقابت) اس طرح کے گھوڑے کی شکل جو ڈھال یا سکّے پر بنی ہوتی ہے ۔ (۳) بحیر شمالی کی وہیل مچھلی جس کے سر پر ایک یا دو سینگ ہوتے ہیں ۔ (٤) پندرھویں اور سولھویں صدی عیسوی میں اسکاٹ لینڈ میں رائج ایک سکّے کا نام جس پر مذکورہ بالا قسم کے جانور کی تصویر ہوتی تھی ۔ (٥) ایک جنوبی مجموعۂ نجوم ۔ (٦) ایک قسم کی گھوڑا گاڑی جس میں تین یا تین سے زیادہ گھوڑے لگے ہوتے ہیں اور ایک بیچ والا گھوڑا سب سے نمایاں طور پر آگے ہوتا ہے ۔ (۷) ایک قسم کا گھونگا ۔ (۸) ایک سینگ جسے لوگ تریاق، تعویذ اور گنڈے کے طور پر استعمال کرتے تھے اور سمجھتے تھے کہ مذکورہ بالا قسم کے جانور کا سینگ ہے ۔

Unicorn : (a) [L. 'Unicornis'.] یک قرنی؛ واحد القرن؛ ایک سینگیا یا سینگ کی طرح کی بناوٹ رکھنے والا ۔

Unicorn-antelope : (n) تبتیٰ ہرن کی ایک قسم ۔

Unicorn-bird : (n) ایک سینگ دار چیخنے والی چڑیا ۔

Unicorn-fish : (n) سینگ دار سمندری مچھلی ۔

Unicorn horn/Unicorn's horn : (n) سینگ دار وہیل مچھلی یا گینڈے کا سینگ جسے لوگ تریاق، تعویذ اور گنڈے کے طور پر استعمال کرتے تھے ۔

Unicorn-plant : (n) شمالی امریکا کا ایک پودا جس کےسفیدی یا زردی مائل پھول کے اندرونی حصے میں ارغوانی یا پیلے رنگ کے چھینٹے ہوتے ہیں اور جس کا ڈوڈا سینگ کی شکل کا ہوتا ہے ۔

Unicorn-shell : (n) ایک معدہ پا جس کا ہونٹ سینگ نما ہوتا ہے ۔

Unicorn-whale : (n) سینگ دار وہیل مچھلی ۔

Unicorneal : (a) (تشریح) واحد القرنیہ (چشم) ۔

Unicostate : (a) یک ضلعی؛ ایک پسلی کا ۔

Unicum : (n) [L. 'Unicus'.] بے مثال شے؛ واحد بچا ہوا نمونہ ۔

Unicursal : (a) [UNI + L. 'curcus' + AL.] (ریاضیات) یک سمتی ۔

Unicursal : (n) یک سمتی خم ۔

Unicuspidate : (a) جس میں ایک نوک یا سرا ہو ۔

Unideal : (a) (۱) غیر عینی؛ مادی؛ واقعیت پسندانہ؛ جو مادی یا واقعی چیزوں سے تعلق رکھتا ہو ۔ (۲) غیر مثالی؛ غیر معیاری؛ معمولی؛ ادنیٰ درجے کا؛ گھٹیا ۔

Unidentified : (a) غیر شناخت کردہ؛ جس کی شناخت نہ کی گئی ہو ۔

Unidimensional : (a) واحد بُعدی ۔

Unidiomatic : (a) کسی زبان کے محاورے کے خلاف؛ غیر محاوراتی ۔

Unidiomatically : (adv.) غیر محاوراتی طور پر ۔

Unidirectional : (a) یک سمتی ۔

Unidirectional current : (n) یک سمتی رو ۔

Unidolatrous : (a) غیر بت پرستانہ ۔

Uniface/Unifaced : (a) جس میں ایک ہی جانب کوئی ڈیزائن ہو ۔

Unifacial : (a) یک رُخا ۔

Unifiable : (a) جسے ایک کیاجا سکے؛ جسے متحد کیاجا سکے؛ جسے یکساں کیا جا سکے ۔

Unific : (a) [L. 'Unificus'.] متحد کرنے والا؛ یکساں اور یک رنگ کرنے والا؛ ایک کرنے والا ۔

Unification : (n) اتحاد؛ ایک کرنا یا کیا جانا؛ یکساں کرنا یا کیا جانا ۔

Unified : (a) ایک کیا ہوا؛ متحد کیا ہوا ۔

Unifier : (n) ایک کرنے والا؛ یکساں کرنے والا؛ متحد کرنے والا ۔

Unifilar : (a) ایک دھاگا یا تار والا ۔

Uniflorous/Unifloral : (a) یک گُلہ؛ جس میں صرف ایک پھول ہو ۔

Uniflow/Unaflow : (a) یک سمتی ۔

Unifoliate/Unifoliolate : (a) (نباتیات) یک برگہ ۔

Uniform : (n) (۱) یونیفارم؛ یکساں وضع اور رنگ کا لباس جسے کسی سرکاری یا غیر سرکاری ادارے کے تمام لوگ پہنتے ہیں ۔ (۲) یونیفارم کورٹ ۔ (۳) یونیفارم پہنے ہونے سپاہی، آدمی وغیرہ ۔

Uniform : (a) (۱) یکساں؛ ایک جیسا؛ غیر متبدل ۔ (۲) عام اور مستقل (قانون، محصول وغیرہ)؛ جو ہر جگہ اور ہر زمانے میں یکساں نافذ ہو ۔ (۳) ایک ہی قاعدے اور اصول کے مطابق؛ یکساں رو ۔

Uniform : (v) (۱) یکساں کرنا ۔ (۲) یونیفارم پہنانا ۔

Uniform flow : (n) یکساں بہاؤ ۔

Uniformal : (a) (قدیم یا شاذ) یونیفارم کا ۔

Uniformist : (n) وہ شخص جو یکسانیت کا ماننے والا اور حمایتی ہو، خصوصاً مذہبی اصول وعقائد اور اس کی پابندی کے معاملے میں ۔

Uniformitarian : (n) (ارضیات) جو ارضیاتی مظاہر اور عمل کو مسلسل اور یکساں طور پر کار فرما طاقتوں سے منسوب کرتا ہے ۔

Uniformitarian : (a) (۱) مذکورہ بالا عقیدہ رکھنے والوں سےمتعلق ۔ (۲) مذکورہ بالاعقیدہ رکھنے والوں

کے نظریے سے متعلق ۔ (۳) یکسانی نظریہ یا اس سے متعلق ۔

Uniformitarianism : (n) (ارضیات) یہ نظریہ یا عقیدہ کہ ارضیاتی مظاہر اور عمل کو ایسی طاقتیں متاثر کرتی ہیں جو مسلسل اور یکساں طور پر کار فرما ہیں ۔

Uniformity : (n) یکسانی؛ یک رنگی؛ ایک طرح کا ہونا؛ یکسانیت ۔

Uniformity of nature : (n) یکسانی فطرت ۔

Uniformize : (v) یکساں کرنا؛ ایک طرح کا کرنا ۔

Uniformless : (a) بےیونیفارم کے؛ یونیفارم نہ پہنے ہوئے ۔

Uniformly : (adv.) یکساں طور پر؛ یکساں روی سے ۔

Uniformness : (n) یکسانی؛ یک رنگی؛ ایک طرح کا ہونا ۔

Unify : (v) [Fr. 'unifier'.] ایک کرنا؛ متحد کرنا؛ ملا کر ایک کرنا؛ جوڑنا ۔

Unifying : (a) ملا کر ایک کرنے والا؛ ایک کرنے والا؛ متحد کرنے والا؛ جوڑنے والا ۔

Unigeniture : (n) [L. 'Unigenitus'.] (۱) (دینیات) اکلوتا ہونا۔ (۲) ایک ہی بیٹا رکھنے کا رواج ۔

Unigravida : (n) [Uni + L. 'gravida'.] عورت جو پہلی بار حاملہ ہوئی ہو ۔

Unilabiate : (a) (نباتیات و حشریات) واحد لبہ ۔

Unilateral : (a) [Fr. 'Unilateral'.] (۱) (نباتیات) ایک ہی جانب پھول یا شاخ رکھنے والا ۔ (۲) یک جانبہ ؛ یک پہلو ؛ یک رخی ۔ (۳) (قانون) یک طرفہ ۔ (٤) جانب دار ۔

Unilateral contract : (n) یک طرفہ معاہدہ ۔

Unilateral leaves : (n) یک رخی پتیاں جو تنے یا ڈنٹھل کے صرف ایک طرف ہوں ۔

Unilaterality : (n) (۱) یک طرفہ ہونا؛ یک رخا ہونا؛ ایک ہی جانب یا پہلو ہونا ۔

Unilaterally : (adv.) (۱) ایک ہی رخ پر؛ یک طرفہ طور پر ۔ (۲) ایک ہی فریق کی طرف سے ۔

Unilinear : (a) (ریاضیات) یک خطی ۔

Unilingual : (a) یک لسانی ۔

Uniliteral : (a) یک حرفی ۔

Unilluminated : (a) (۱) بے نورباطن؛ بے بصیرت؛ غیر روشن ضمیر؛ نور علم سے محروم ۔ (۲) بے چراغاں؛ تاریک ۔

Unilluminating : (a) (۱) دیکھو Unilluminated ۔ (۲) منور اور روشن نہ کرنے والا؛ وضاحت اور تشریح نہ کرنے والا ۔

Unillumined : (a) (۱) بے نور باطن؛ بے بصیرت؛ غیر روشن ضمیر؛ نور علم سے محروم ۔ (۲) بے چراغاں؛ تاریک؛ غیر مجلّیٰ ۔

Unillustrated : (a) (۱) بے مثالوں کا ۔ (۲) بے تصویروں کا؛ بے تصویر ۔

Unilobular : (a) (مرضیات) یک گوشک؛ یک گوشکہ ۔

Unilocular : (a) ایک خانے کا؛ واحد درجہ؛ واحد درجی؛ یک جوفہ ۔

Unimaged : (a) (۱) جس کی شبیہ نہ بنائی گئی ہو؛ جس کی مورت یا تصویر نہ بنائی گئی ہو ۔ (۲) جس کا بیان نہ کیا گیا ہو ۔ (۳) جو منعکس نہ کیا گیا ہو ۔

Unimaginable : (a) ناقابلِ تصوّر؛ خارج از تصور ۔

Unimaginableness : (n) ناقابلِ تصوّر ہونا ۔

Unimaginably : (adv.) ناقابلِ تصوّر طور پر؛ اس طور پر کہ وہ ناقابلِ تصوّر ہو ۔

Unimaginative : (a) بے تصوّر؛ بے تخیل؛ تخیل سے محروم ۔

Unimaginatively : (adv.) بغیر تخیل سے کام لئے ہوئے ۔

Unimaginativeness : (n) بے تخیلی؛ تخیل سے محروم ہونا ۔

Unimagined : (a) (۱) بے سوچا ہوا؛ بے تصور کیا ہوا ؛ جسے ابھی سوچا نہ گیا ہو ۔ (۲) ناقابلِ تصوّر ۔

Unimitated : (a) (۱) جس کی تقلید یا پیروی نہ کی گئی ہو ۔ (۲) جس کی نقل نہ اتاری گئی ہو ۔ (۳) جس کی مشابہت اختیار نہ کی گئی ہو ۔

Unimmersed : (a) جسے غوطہ نہ دیا گیا ہو، خصوصاً جس کا بپتسما نہ ہوا ہو۔

Unimmortal : (a) فانی۔

Unimpairable : (a) (۱) جسے نقصان نہ پہنچایا جا سکے؛ جسے بگاڑا نہ جا سکے۔ (۲) جسے گھٹایا نہ جا سکے؛ جسے کمزور نہ کیا جا سکے۔

Unimpaired : (a) (۱) بے خلل؛ جس میں خلل نہ آیا ہو؛ بےضعف؛ جس میں ضعف نہ آیا ہو؛ جس میں بگاڑ نہ آیا ہو؛ جس میں کمی نہ آئی ہو۔

Unimparted : (a) غیر دادہ؛ غیر عطا کردہ؛ غیر بخشیدہ؛ غیر مطلع کردہ۔

Unimpassioned : (a) بے اشتعال، بے جوش؛ ٹھنڈا۔

Unimpeachability : (n) بے داغ ہونا؛ الزام سے پاک ہونا۔

Unimpeachable : (a) (۱) جس پر حرف نہ رکھا جا سکے؛ الزام سے پاک؛ بے داغ۔ (۲) غیر مشتبہ؛ ناقابلِ اعتراض۔

Unimpeachableness : (n) دیکھو Unimpeachability

Unimpeachably : (adv.) ناقابلِ اعتراض طریقے سے؛ اس طور پر کہ کوئی حرف نہ رکھ سکے؛ بے داغ طور پر۔

Unimpeached : (a) جس پر حرف نہ رکھا گیا ہو؛ جس پر الزام نہ رکھا گیا ہو؛ بے داغ۔

Unimpeded : (a) بے رکاوٹ؛ بے مزاحمت؛ آزادانہ۔

Unimplored : (a) جس کی منت سماجت نہ کی گئی ہو؛ جس سے التجا نہ کی گئی ہو۔

Unimportance : (n) عدم اہمیت۔

Unimportant : (a) غیر اہم؛ غیر ضروری؛ معمولی؛ ادنیٰ۔

Unimposing : (a) غیر مرعوب کن۔

Unimpregnated : (a) (۱) غیر حاملہ۔ (۲) غیر معنی خیز؛ غیر لبریز۔

Unimpressed : (a) غیر متاثر؛ غیر مرعوب۔

Unimpressible : (a) جسے متاثر نہ کیا جا سکے؛ جو مرعوب نہ ہو سکے۔

Unimpressionable : (a) غیر اثر پذیر؛ بے حس؛ جو اثر قبول نہ کرے۔

Unimpressive : (a) (۱) غیر مؤثر۔ (۲) غیر مرعوب کن؛ متاثر یا مرعوب نہ کرنے والا۔

Unimpressively : (adv.) غیر مؤثر طور پر؛ بے رعب طریقے سے۔

Unimpressiveness : (n) غیر مؤثر ہونا؛ غیر مرعوب کن ہونا۔

Unimprisoned : (a) بے قید؛ آزاد۔

Unimprovable : (a) ناقابلِ اصلاح؛ ناقابلِ درستی؛ ناقابلِ ترقی؛ غیر اصلاح پذیر؛ غیر ترقی پذیر۔

Unimproved : (a) جس کی اصلاح اور ترقی نہ ہوئی ہو؛ بے ترقی؛ بے اصلاح؛ جس میں سدھار نہ لایا گیا ہو۔

Unimproving : (a) (۱) جس سے ترقی یا اصلاح میں مدد نہ مل سکے۔ (۲) ترقی نہ کرنے والا؛ جو اصلاح پذیر نہ ہو؛ جو مائل بہ اصلاح نہ ہو۔

Unimpugnable : (a) ناقابلِ گرفت؛ ناقابلِ تردید؛ ناقابلِ اعتراض۔

Unimpugned : (a) جس پر اعتراض نہ کیا گیا ہو؛ جس کی تردید یا گرفت نہ کی گئی ہو۔

Unimpulsive : (a) تھس؛ دھیما۔

Unimpulsiveness : (n) دھیما پن۔

Unincarnate : (a) غیر مجسم۔

Unincensed : (a) (لوبان وغیرہ کی) خوشبو میں نہ بسایا ہوا۔

Unincluded : (a) غیر شمولہ۔

Unincorporate : (a) غیر متشکل۔

Unincorporated : (a) غیر متحد۔

Unincreased : (a) بے اضافہ۔

Unindebted : (a) (۱) غیر مقروض ۔(۲) غیر احسان مند ؛ جو مرهون منت نه هو ۔

Unindebtedness : (n) (۱) غیرمقروض ۔(۲) عدم احسان مندی ۔

Unindented : (a) بےنشان؛ جس پر دندانے دار نشان نه بنایا گیا هو ۔

Unindexed : (a) بےانڈیکس؛ بے اشاریه؛ (کتاب) جس میں اشاریه نه هو ۔

Unindifference : (n) (۱) جانب داری؛ طرف داری ۔(۲) جھکاؤ؛ دلچسپی؛ التفات ۔

Unindifferent : (a) (۱) (قدیم) جانب دار؛ طرف دار ۔(۲) لگاؤ رکھنے والا ؛ دلچسپی رکھنے والا ۔

Unindifferently : (adv.) (۱) جانب داری سے ۔(۲) دلچسپی سے؛ التفات سے ۔

Unindorsed : (a) غیر توثیق شده ۔

Unindustrious : (a) غیر محنتی؛ سست ۔

Uninfected : (a) (۱) چھوت کی بیماری سے محفوظ؛ بیماری کے جراثیم سے محفوظ ۔(۲) (مجازاً) (مسموم خیالات) سے محفوظ؛ اڑ کر لگنے والی بیماری سے بچا هوا ۔

Uninfectious : (a) غیر متعدی؛ اڑ کر نه لگنے والی ۔

Uninfested : (a) (حشرات، امراض، چور اور لٹیروں وغیره کے) حمله، یلغار اور ایذا رسانی سے محفوظ ۔

Uninflamed : (a) (۱) بے جوش و خروش ۔(۲) (مرضیات) بے سوجن اور جلن ۔

Uninflammable : (a) (۱) جسے مشتعل نه کیا جا سکے؛ غیر اشتعال پذیر ۔(۲) (کیمیا) غیر آتش گیر ۔

Uninflated : (a) (۱) بے هوا بھرا هوا؛ هَوا یا گیس نکالا هوا ۔ (۲) (زبان، اسلوب) لفاظی اور بے جا عبارت آرائی سے پاک ۔(۳) غیر متکبر؛ بے غرور ۔

Uninflected : (a) (۱) (موسیقی) زیر و بم پیدا نه کی هوئی (آواز) ۔(۲) (قواعد) بے تصریف (لفظ) ۔

Uninfluenced : (a) غیر متاثر ۔

Uninformed : (a) (۱) غیر مطلع؛ بے خبر؛ جسے خبر نه کی گئی هو؛ ناواقف ۔(۲) بے علم؛ جاہل ۔

Uninforming : (a) جس سے کچھ واقفیت یا علم حاصل نه هو ۔

Uninfringed : (a) (۱) (وعده، قسم، معاہده وغیره) بے توڑا هوا؛ غیر شکسته ۔(۲) جس میں دست اندازی نه کی گئی هو ۔

Uningenious : (a) (۱) غیر مخترع؛ ایجاد و اختراع کا ماده نه رکھنے والا؛ غیراختراعی ۔(۲) غیر ہنرمندانه؛ بے سلیقگی کا؛ جس میں کاریگری اور اپج نه هو ۔

Uninhabitable : (a) ناقابل سکونت؛ (جگه، مکان وغیره) جو رہنے کے قابل نه هو ۔

Uninhabitableness : (n) رہنے کے قابل نه هونا ۔

Uninhabited : (a) غیر مسکونه؛ غیرآباد؛ خالی؛ جس میں کوئی نه رہتا هو ۔

Uninhibited : (a) جسے کچھ کرنے میں کوئی رکاوٹ یا جھجک نه هو؛ رسمی رکاوٹوں سے آزاد ۔

Uninhibitedly : (adv.) بے رکاوٹ اور بے جھجک طور پر ۔

Uninitiate : (a) ناتجربه کار ؛ ناآشنا؛ غیر عارف؛ جو حقیقت یا راز سے ناواقف هو ۔

Uninitiate : (n) نا تجربه کار آدمی ۔

Uninitiated : (a) دیکھو Uninitiate

Uninitiation : (n) ناتجربه کاری؛ ناآموزی ۔

Uninjured : (a) غیر مجروح؛ چوٹ سے محفوظ؛ ضرر سے محفوظ؛ صدمے سے محفوظ ۔

Uninjurious : (a) بے ضرر ؛ غیر نقصان ده ۔

Uninjuriously : (adv.) بے ضرر طریقے سے ۔

Uninked : (a) روشنائی سے خالی؛ بے روشنائی کا ۔

Uninodal : (a) یك گانٹھی؛ جس میں ایك گانٹھ هو ۔

Uninominal : (a) [Fr. 'Uninominal'.] (۱) اس اصول پر قائم که ایك رکن الگ الگ برحلقه انتخاب سے منتخب هو ۔(۲) ایك نام سے متعلق ۔

Uninquiring : (a) غیر مستفسرانہ ۔

Uninquisitive : (a) غیر متجسس ۔

Uninscribed : (a) غیر کندہ؛ غیر منقش ۔

Uninspected : (a) بے معائنہ؛ بے ملاحظہ؛ جس کا معائنہ نہ کیا گیا ہو؛ جس کی جانچ نہ کی گئی ہو ۔

Uninspired : (a) (۱) بے القا؛ بے الہام؛ جو الہام سے خالی ہو ۔ (۲) روحانی تاثیر یا فیضان سے محروم؛ بے کیف؛ وجدان سے خالی ۔ (۳) جو کسی کے اشارے سے نہ لکھا گیا ہو ۔

Uninspiring : (a) جو ابھار نہ سکے؛ جو جوش، ولولہ نہ پیدا کرسکے؛ جو تخلیقی صلاحیت کو مہمیز نہ کر سکے ۔

Uninstructed : (a) (۱) کندۂ ناتراش؛ جاہل؛ بے علم؛ اَن پڑھ ۔ (۲) بے سکھایا ہوا؛ جسے کوئی ہدایت نہ دی گئی ہو ۔

Uninstructedness : (n) جہالت؛ لاعلمی ۔

Uninstructive : (a) غیر اَموز؛ مفید معلومات سے خالی؛ کچھ نہ سکھانے والا ۔

Uninstructively : (adv.) غیر اَموز طور پر؛ غیر معمولی طریقے سے ۔

Uninsulate : (v) (برق و حرارت) متصل کرنا؛ درمیان میں رکھے ہوئے حاجز کو ہٹا دینا ۔

Uninsulated : (a) (برق وحرارت) غیر منفصل؛ غیر محجوز ۔

Uninsurable : (a) جو بیمے کے قابل نہ ہو ۔

Uninsured : (a) غیر بیمہ شدہ؛ بغیر بیمے کا؛ جس کا بیمہ نہ کرایا گیا ہو ۔

Unintellectual : (a) غیر دانشور؛ غیر عالمانہ؛ غیر فاضلانہ ۔

Unintelligence : (n) بے وقوفی؛ کند ذہنی ۔

Unintelligent : (a) (۱) غیر ذہین ؛ غیر ذکی ؛ کند ذہن؛ غبی ؛ بے وقوف ۔ (۲) بے وقوفی کا ؛ جس سے بے وقوفی ظاہر ہو ۔

Unintelligently : (adv.) بے وقوفی سے ؛ کند ذہنی سے ۔

Unintelligibility : (n) ناقابلِ فہم ہونا ۔

Unintelligible : (a) ناقابلِ فہم؛ جو سمجھ میں نہ آئے ۔

Unintelligibleness : (n) ناقابلِ فہم ہونا ۔

Unintelligibly : (adv.) ناقابلِ فہم طور پر؛ اس طور پر کہ سمجھ میں نہ آئے ۔

Unintended : (a) بے نیت؛ بے ارادہ؛ بے قصد ۔

Unintendedly : (adv.) بے قصد کئے؛ بے ارادہ کئے ؛ بغیر نیت کئے ۔

Unintentional : (a) بے نیت؛ بے قصد؛ بے ارادہ؛ جو عمداً نہ کیا گیا ہو ۔

Unintentionally : (adv.) بے قصد کئے؛ بے ارادہ کئے؛ بغیر نیت کئے؛ بلا قصد؛ بلا ارادہ ۔

Uninterested : (a) (۱) دلچسپی نہ رکھنے والا ۔ (۲) بے غرض؛ جو غرض پر مبنی نہ ہو؛ غیر جانب دار ۔

Uninterestedly : (adv.) (۱) عدم دلچسپی سے ۔ (۲) بے غرضی سے؛ غیر جانبداری سے ۔

Unpadlocked : (a) غیر مقفل ۔

Unpaged : (a) بے نشان (صفحات)؛ جس پر صفحوں کے نمبر نہ پڑے ہوں ۔

Unpaid : (a) (۱) غیر ادا شدہ؛ بے چکایا ہوا ۔(۲) بے تنخواہ؛ بے اجرت (کام یا کام کرنے والا)؛ اعزازی ۔

Unpained : (a) درد سے محفوظ؛ بے تکلیف ۔

Unpainful : (a) غیر تکلیف دہ؛ غیر ایذا رساں ۔

Unpainfully : (adv.) غیر تکلیف دہ طور پر ؛ غیر ایذا رساں طور پر ۔

Unpaint : (v) بے رنگ کرنا ۔

Unpaintable : (a) ناقابلِ تصویر کشی؛ جس کی تصویر بنانی جانے کے قابل نہ ہو ۔

Unpainted : (a) بے رنگا ہوا؛ جس پر رنگ کی تہ نہ چڑھائی گئی ہو ۔

Unpaired : (a) (۱) بے میل ۔(۲) بے جوڑ؛ جو جوڑوں میں تقسیم نہ ہوا ہو ۔

Unpalatable : (a) (۱) بدمزہ؛ بد ذائقہ ۔(۲) ناخوش گوار؛ ناگوار ۔

Unpalled : (a) بے چادر ۔

Unpalliated : (a) بے تخفیف؛ شدید؛ سنگین ۔

Unpalpable : (a) دیکھو Impalpable

Unpampered : (a) جسے لاڈ پیار سے خراب نہ کیا گیا ہو؛ جس کی عادت نہ بگاڑی گئی ہو ۔

Unpanelled : (a) جس پر یا جس میں تختہ نہ لگایا گیا ہو ۔

Unpaper : (v) آرائشی کاغذ نوچ کر الگ کرلینا ۔

Unpapered : (a) (دیوار) جس پر آرائشی کاغذ نہ لگایا گیا ہو ۔

Unparadise : (v) (۱) جنت سے نکالنا ۔(۲) بہشتی خصوصیات سے محروم کرنا ۔

Unparagoned : (a) بے مثل؛ یکتا؛ بے نظیر ۔

Unparallel : (a) غیر متوازی ۔

Unparallelable : (a) ناقابلِ موازنہ؛ یکتا؛ بے نظیر ۔

Unparalleled : (a) لاثانی؛ بے نظیر؛ بے مثال ۔

Unparalleledly : (adv.) لاثانی طور پر ۔

Unparalleledness : (n) بے مثالی؛ یکتائی؛ بے نظیری ۔

Unparalyzed : (a) غیر مفلوج ۔

Unparacelled : (a) غیر تقسیم شدہ ۔

Unpardonable : (a) ناقابلِ معافی؛ ناقابلِ عفو ۔

Unpardonableness : (n) ناقابلِ عفو ہونا ۔

Unpardonably : (adv.) ناقابلِ عفو طریقے پر ۔

Unpardoned : (a) جسے معاف نہ کیا گیا ہو؛ غیرمعاف شدہ ۔

Unpardoning : (a) معاف نہ کرنے والا ۔

Unpared : (a) بے تراشا ہوا؛ بے چھلا ۔

Unparented : (a) بے ماں باپ کا؛ یتیم ۔

Unpark : (v) پڑاؤ سے نکالنا؛ الگ کرنا ۔

Unparliamentarily : (adv.) غیر پارلیمانی طریقے سے ۔

Unparliamentary : (a) غیر پارلیمانی؛ خلافِ دستورِ پارلیمنٹ؛ خلافِ آدابِ پارلیمنٹ ۔

Unparriable : (a) (حملہ)جسے دفع نہ کیا جا سکے؛(وار ، ضرب) جسے روکا نہ جاسکے؛ جس سے پہلو نہ بچایا جا سکے ۔

Unparted : (a) الگ نہ کیا ہوا ۔

Unpartial : (a) دیکھو Impartial

Unparticipated : (a) یکتا ۔

Unparticipating : (a) حصہ نہ لینے والا؛ خصوصاً جو نفع میں ساجھی نہ ہو ۔

Unparticularized : (a) غیر تخصیص کردہ؛ غیر مخصوص ۔

Unpartitioned : (a) غیر منقسم ۔

Unpassable : (a) دیکھو Impassable

Unpassed : (a) غیر عبور کردہ ۔

Unpassionate : (a) ٹھنڈے مزاج کا؛ دھیما؛ غیر پر جوش؛ غیر پر شوق؛ غیر والہانہ ۔

Unpassionately : (adv.) غیر پر جوش طریقے سے؛غیر والہانہ طور پر؛ سردمزاجی سے؛ غیرجذباتی طور پر ۔

Unpassionateness : (n) سرد مزاجی؛ دھیماپن؛ غیر پُر جوش ہونا؛ غیر پر شوق ہونا ۔

Unpassioned : (a) (۱) دیکھو Dispassionate ۔(۲)جذبات سے آزاد؛ جذبات سے غیر متاثر؛ پر سکون؛ ٹھنڈا؛ غیر جانب دار؛ منصفانہ؛ بے لاگ ۔

Unpastoral : (a) (۱) غیر راعیانہ؛ غیر شبانہ ۔(۲) (شاعری) جس کا موضوع دیہی زندگی نہ ہو ۔

Unpastured : (a) جسے چراگاہ میں نہ چھوڑا گیا ہو ۔

Unpatented : (a) بے پیٹنٹ کیا ہوا؛ غیر رجسٹری شدہ؛ بے تحفظ شدہ (جس کے بنانے اور بیچنے کا حق محفوظ نہ ہو) ۔

Unpathed : (a) بے راستہ ۔

Unpathetic : (a) غیر افسوس ناک؛ ناقابلِ افسوس؛ ناقابلِ رحم؛ غیر حسرت انگیز؛ غیر درد انگیز ۔

Unpatriotic : (a) غیر وطن دوست؛ خلاف حُب وطن؛منافی حُب وطن ۔

Unpatriotically : (adv.) غیر وطن دوستی سے؛ حُب وطن کو پامال یا نظر انداز کرتے ہوئے ۔

Unpatronized : (a) سرپرستی یا امداد سے محروم ۔

Unpatterned : (a) (۱) نقش و نگار سے آراستہ نہ کیا ہوا ۔ (۲) بے مثال؛ بے نظیر (قدیم) ۔

Unpausing : (a) بے وقفہ؛ مسلسل ۔

Unpave : (v) پتھر کے فرش کو توڑ دینا ۔

Unpaved : (a) بے کھڑنجے کا؛ بے فرش بندی کا؛ جس پر پتھر کا فرش نہ ہو ۔

Unpavilioned : (a) بے خیمہ؛ بے شہ نشیں ۔

Unpawned : (a) جو گروی نہ رکھا گیا ہو ۔

Unpayable : (a) غیر نفع بخش ۔

Unpaying : (a) پیسے ادا نہ کرنے والا ۔

Unpeace : (a) شورش؛ لڑائی؛ چپقلش ۔

Unpeaceful : (a) بے امن؛ بے سکون؛ پر شورش؛ پُر اضطراب؛ غیر صلح پسند ۔

Unpedantic : (a) غیر فضیلت نما؛ اظہارِ علمیت نہ کرنے والا؛ جس میں نمائش علمیت نہ ہو ۔

Unpedantically : (adv.) بغیر نمائش علمیت کے ۔

Unpedestal : (v) بے توقیر کرنا؛ مسندِ عزت سے الگ کرنا ۔

Unpedigreed : (a) مجہول النسب؛ جو عالی نسب نہ ہو؛ جس کا نسب معلوم نہ ہو ۔

Unpeel : (v) چھلکا اتارنا؛ چھیلنا ۔

Unpeeled : (a) بے چھلکا ؛ جس کا چھلکا اتارا نہ گیا ہو ؛ بے چھلا ۔

Unpeered : (a) (قدیم) بے مثل؛ یکتا؛ بے نظیر ۔

Unpeg : (v) (۱) کھونٹی نکالنا ۔(۲) کھولنا؛ بازار کی قیمت کو آزاد چھوڑ دینا ۔

Unpen : (v) آزاد کرنا ۔

Unpenetrated : (a) جس میں کوئی شے داخل نہ ہوئی ہو ۔

Unpenitent : (a) (شاذ) غیر شرمسار؛ جو نادم یا پشیمان نہ ہو ۔

Unpensioned : (a) بے پنشن؛ بے وظیفہ ۔

Unpent : (a) غیر مقید؛ غیر محبوس؛ آزاد ۔

Unpeople : (v) غیر آباد کرنا ۔

Unpeopled : (a) غیر آباد ۔

Unperceivable : (a) جسے دیکھا یا محسوس نہ کیا جاسکے ۔

Unperceivably : (adv.) ناقابلِ محسوس طور پر؛ اس طور پر کہ دیکھا یا محسوس نہ کیا جاسکے ۔

Unperceived : (a) (۱) بے دیکھا ہوا؛ نظروں سے بچا ہوا ۔ (۲) غیر محسوس ۔

Unperceivedly : (adv.) بے دیکھے ہوئے؛ غیر محسوس طور پر ۔

Unperceiving : (a) نہ دیکھنے والا؛ محسوس نہ کرنے والا ۔

Unperceptive : (a) بے ادراک؛ بے حس ۔

Unperch : (v) پرندے کو اس کے بیٹھنے کی جگہ سے اتارنا؛ الگ کرنا ۔

Unperfected : (a) (۱) نامکمل؛ ناتمام ۔ (۲) بے ہنر ۔

Unperforated : (a) غیر سوراخ دار؛ بے چھید؛ بے سوراخ ۔

Unperformable : (a) جسے کرنا مشکل ہو ۔

Unperformed : (a) بے انجام؛ غیر ادا شدہ (فرض)؛ (کام) جسے کیا نہ گیا ہو؛ (ڈراما) جسے اسٹیج نہ کیا گیا ہو ۔

Unperforming : (a) (کام) نہ کرنے والا ۔

Unperfumed (a) بے خوشبو؛ غیر معطر ۔

Unperilous : (a) بے خطرہ؛ خطرے سے خالی ۔

Unperishable : (a) (شاذ) دیکھو Imperishable

Unperished : (a) زندہ ۔

Unperishing : (a) اَمر؛ لازوال؛ غیر فانی ۔

Unperjured : (a) غیر مرتکب دروغ حلفی؛ جس نے جھوٹا حلف نہ اٹھایا ہو ۔

Unpermanent : (a) عارضی؛ غیر مستقل ۔

Unpermissive : (a) سخت؛ با اصول ۔

Unpermitted : (a) ممنوع ۔

Unperplex : (v) الجھن سے نکالنا؛ پریشانی دور کرنا ۔

Unperplexed : (a) (۱) غیر سرا سیمہ ۔ (۲) غیر پیچیدہ؛ سیدھا سادہ؛ صاف ۔

Unpersecuted : (a) ایذا رسانی سے محفوظ ۔

Unperson : (n) ایسا شخص جس کا نام و نشان کسی گروہ یا قوم کے حافظے یا علم سے محو کر دیا گیا ہو (خصوصاً سیاسی اسباب کی بناء پر) ۔

Unpersuadable : (a) ناقابلِ ترغیب؛ غیر ترغیب پذیر؛ جسے ترغیب نہ دی جاسکے؛ جو آمادہ نہ کیا جاسکے ۔

Unpersuadableness : (n) نا قابلِ ترغیب ہونا ؛ غیر ترغیب پذیر ہونا ۔

Unpersuaded : (a) جسے ترغیب نہ دی گئی ہو ؛ جو آمادہ نہ کیا گیا ہو ۔

Unpersuasive : (a) غیر ترغیب دہ؛ غیر شوق انگیز؛ غیر دلنشیں ۔

Unpersuasively : (adv.) غیر دل نشیں طور پر ۔

Unperturbed : (a) غیر مضطرب؛ غیر پریشان؛ مطمئن؛ پُرسکون؛ بے تشویش؛ پُر اطمینان ۔

Unperturbedness : (n) اطمینان؛ سکون؛ غیر مضطرب اور بےتشویش ہونا ۔

Unperverted : (a) غیر منحرف؛ بے بگاڑا ہوا؛ جو راہ راست سے ہٹایا یا بگاڑا نہ گیا ہو؛ جو گمراہ نہ ہو ۔

Unpestered : (a) جسے ستایا یا دق نہ کیا گیا ہو؛ آزار سے محفوظ ۔

Unphilosophic/-al : (a) غیر فلسفیانہ ۔

Unphilosophically : (adv.) غیر فلسفیانہ طور پر ۔

Unphonetic : (a) علم الاصوات کے خلاف؛ ایسا رسم الخط جس میں حروف اور اصوات کے مابین باقاعدہ ہم آہنگی نہ ہو ۔

Unphrased : (a) جسے لفظوں کا جامہ نہ پہنایا گیا ہو ۔

Unphysical : (a) (۱) غیر جسمانی؛ روحانی؛ دماغی یا ذہنی ۔ (۲) علم طبیعیات کے اصول اور قاعدے کےخلاف ۔

Unphysicked : (a) بے علاج؛ جس کو دوا نہ دی گئی ہو ۔

Unpick : (v) بناوٹ کھولنا یا بخیہ ادھیڑنا ۔

Unpickable : (a) جسے کھولا نہ جاسکے ؛ جو کُھل نہ سکے ۔

Unpicked : (a) غیر منتخب؛ بے چنے ہوئے؛ بے چھنٹے ہوئے؛ بے توڑے ہوئے (پھول)۔

Unpicketed : (a) جسے کام سے نہ روکا گیا ہو۔

Unpictorial : (a) غیر مصوّر۔

Unpicturesque : (a) غیر دلکش؛ غیر دل آویز۔

Unpicturesquely : (adv.) غیر دلکش طور پر؛ غیر دل آویز طریقے پر۔

Unpicturesqueness : (n) غیر دلکشی؛ غیر دل آویزی۔

Unpierceable : (a) جسے چھیدا نہ جاسکے۔

Unpierced : (a) بے چھیدا ہوا۔

Unpigmented : (a) بے رنگا ہوا۔

Unpile : (v) (۱) ڈھیر یا انبار سے الگ کرنا۔(۲) ڈھیر یا انبار سے الگ ہونا۔

Unpillowed : (a) بے تکیہ۔

Unpiloted : (a) (۱) بے رہنما (بحری یا ہوائی جہاز)۔(۲) بے ہدایت؛ بے رہنمائی؛ ہدایت یا رہنمائی سے محروم؛ بے سمت و منزل۔

Unpin : (v) (۱) پن نکالنا۔(۲) پن نکال کر کسی چیز کو ڈھیلا کرنا؛ کھولنا یا الگ کرنا۔

Unpinioned : (a) (۱) بے پر۔(۲) بے باندھا ہوا؛ آزاد۔

Unpiteous : (a) ناقابلِ رحم؛ ناقابلِ ہمدردی؛ جو ترس کھانے کے قابل نہ ہو۔

Unpiteously : (adv.) غیر ہمدردانہ طور پر۔

Unpitiable : (a) ناقابلِ رحم۔

Unpitied : (a) جس سے ہمدردی نہ کی گئی ہو؛ رحم سے محروم؛ دل سوزی یا ہمدردی سے محروم۔

Unpitiful : (a) بے رحم؛ بے درد۔

Unpitifully : (adv.) بے رحمی سے؛ بے دردی سے۔

Unpitying : (a) بے رحم؛ بے درد؛ بے رحمی کا؛ بے دردی کا۔

Unpityingly : (adv.) بے رحمی سے؛ بے دردی سے۔

Unplace : (v) (شاذ) کسی جگہ سے ہٹا دینا۔

Unplaced : (a) (۱) کسی مخصوص جگہ، عہدہ یا منصب پر مقرر نہ کیا ہوا۔(۲) (گھڑ دوڑ کا گھوڑا) جیتنے والے پہلے تین نمبروں سے محروم۔

Unplagued : (a) جو دق نہ کیا گیا ہو۔

Unplait : (v) شکن دور کرنا؛ کسی گوندھی ہوئی چیز کو کھولنا۔

Unplaited : (a) (۱) بے شکن۔(۲) کھلا ہوا؛ بے اینٹھن۔

Unplaned : (a) بے رندا کیا ہوا۔

Unplanned : (a) (۱) بے منصوبہ؛ بے اصول؛ جس کے اصول پہلے سے متعین نہ کئے گئے ہوں۔(۲) غیر متوقع۔

Unplanted : (a) (۱) خود رو؛ بے لگایا ہوا (پودا)۔(۲) غیر نصب شدہ۔

Unplastered : (a) بے استرکاری؛ بے پلاسٹر کا؛ جس پر پلاسٹر نہ کیا گیا ہو۔

Unplausible : (a) بہ ظاہر ناقابلِ قبول؛ نامعقول۔

Unplausibly : (adv.) ایسے طریقے سے جو بظاہر ناقابلِ قبول ہو۔

Unplayable : (a) جسے آلۂ موسیقی پر بجایا نہ جاسکے؛ (کیند) ایسی جگہ پر جسے مارا نہ جاسکے؛ (میدان) جو کھیلے جانے کے قابل نہ ہو۔

Unplayed : (a) جسے بجایا نہ گیا ہو۔

Unpleadable : (a) ناقابلِ وکالت؛ ناقابلِ بحث۔

Unpleasant : (a) ناخوشگوار؛ ناگوار؛ نا مرغوب؛ ناپسندیدہ؛ ناشائستہ؛ مکروہ۔

Unpleasantly : (adv.) ناگوار طریقے سے؛ ناپسندیدہ طور پر۔

Unpleasantness : (n) (۱) ناگوار ہونا؛ ناپسندیدہ ہونا؛ مکروہ ہونا۔(۲) رنجش؛ جھگڑا۔

Unpleasantry : (n) (۱) ناخوشگوار واقعہ۔(۲) اہانت؛ توہین؛ کلمۂ اہانت۔

Unpleased : (a) ناخوش ۔

Unpleasing : (a) (۱) غیر خوش کن؛ غیر خوش آئند؛ ناگوار؛ بے لطف ۔(۲) غیر دلچسپ؛ غیر دلکش ۔

Unpleasingly : (adv.) ناگوار طور پر؛ غیر خوش کن طریقے سے ۔

Unpleasingness : (n) ناگوار ہونا؛ غیر خوش کن ہونا؛ غیر دلچسپ ہونا ۔

Unpleasurable : (a) غیر مسرت بخش؛ غیر نشاط افزا ۔

Unpleasurably : (adv.) غیر مسرت بخش طور پر ۔

Unpleated : (a) بے چُنٹ ۔

Unpledged : (a) جس نے وعدہ نہ کیا ہو خصوصاً جس نے کسی خاص امیدوار کو ووٹ دینے کا وعدہ نہ کیا ہو ۔

Unpliable : (a) (۱) ضدی ۔(۲) بےلوچ؛ بےلچک ۔(۳) غیرتربیت پذیر؛ غیر اثر پذیر ۔

Unpliableness : (n) (۱) ضدی پن ۔(۲) بے لوچ ہونا؛ بے لچک ہونا ۔

Unpliancy : (n) (۱) بے لچک ہونا؛ بےلوچ ہونا ۔(۲) ضدی پن؛ خود سری؛ غیر اثر پذیری ۔

Unpliant : (a) (۱) بے لچک؛ بے لوچ ۔(۲) ضدی؛ خود سر ۔ (٤) غیر اثر پذیر؛ غیر تربیت پذیر ۔

Unploughed/Unplowed : (a) جس میں ہل نہ چلایا گیا ہو؛ غیر مزروعہ؛ بے کاشت؛ بے جوتا ہوا ۔

Unplucked : (a) (پھول وغیرہ) بے توڑا ہوا؛ بے پَر نُچا ہوا (پرندہ)۔

Unplumbed : (a) (۱) ساھول سے جس کو جانچا نہ گیا ہو ۔ (۲) جس کی تھاہ دریافت نہ کی گئی ہو؛ بے انتہا ۔(۳) جس کی تہ کو کوئی نہ پہنچا ہو: جو حل نہ ہوا ہو ۔

Unplume : (v) پَر نُوچنا؛ بے بال و پَر کرنا ۔

Unplumed : (a) بے پَر؛ جو پَروں سے سجایا ہوا نہ ہو ۔

Unplundered : (a) بے تاخت و تاراج؛ جسے لوٹا نہ گیا ہو ۔

Unpocket : (v) جیب سے نکالنا ۔

Unpoetic/-al : (a) غیر شاعرانہ؛ جس میں شاعری نہ ہو؛ جس میں شعریت نہ ہو ۔

Unpoetically : (adv.) غیر شاعرانہ طور پر ۔

Unpointed : (a) (۱) بے نوک؛ کُند ۔(۲) بے اعراب؛ بے اوقاف ؛ بے نقطوں کا ۔ (۳) (عمارت میں اینٹوں یا پتھروں کے جوڑ) جو گچ سے نہ بھرے ہوں ۔

Unpoise : (v) توازن بگاڑنا ۔

Unpoised : (a) غیر متوازن ۔

Unpoison : (v) زہر کے اثر کو زائل کرنا ۔

Unpoisoned : (a) جس کو زہر نہ دیا گیا ہو ۔

Unpolarized : (a) غیر تقطیب شدہ ۔

Unpoliced : (a) جہاں پولس کا انتظام نہ ہو ۔

Unpolicied : (a) (۱) خلاف مصلحت؛ ناعاقبت اندیشانہ؛ غیر محتاط ۔(۲) کوتاہ اندیش؛ ناعاقبت اندیش؛ بے تدبیر؛ بے احتیاط ۔

Unpolishable : (a) ناقابلِ صیقل؛ ناقابلِ جلا؛ جس پر پالش نہ ہو سکے ۔

Unpolished : (a) (۱) بے صیقل؛ بے جلا؛ بے روغن؛ بے چمک؛ بے پالش ۔(۲) جس میں نفاست ولطافت نہ ہو؛ بھدا؛ غیر مہذب ۔

Unpolite : (a) کج اخلاق؛ نا شائستہ؛ بد خُلق ؛ اکھڑ ۔

Unpolitely : (adv.) کج اخلاقی سے؛ ناشائستگی سے؛ کج روی سے؛ بد خلقی سے ۔

Unpoliteness : (n) کج اخلاقی؛ ناشائستگی؛ بد خلقی ۔

Unpolitic : (a) دیکھو Impolitic

Unpolitical : (a) غیر سیاسی؛ جسے سیاست سے کوئی تعلق نہ ہو ۔

Unpollarded : (a) جس کی شاخیں نہ کاٹی گئی ہوں ۔

Unpolled : (a) (۱) جس نے ووٹ نہ دیا ہو ۔(۲) (ووٹ) جو دیا نہ گیا ہو ۔

Unpolluted : (a) غیر آلودہ؛ صاف ۔

Unpope : (v) پوپ کے منصب سے برطرف کرنا ۔

Unpopular : (v) غیر مقبول؛ نامقبول ؛ جسے قبول عام حاصل نہ ہو؛ جسے عام طور پر لوگ پسند نہ کرتے ہوں؛ غیر ہر دلعزیز ۔

Unpopularity : (n) نا مقبولیت؛ غیر ہر دلعزیزی ۔

Unpopulated : (a) غیر آباد ۔

Unpopulous : (a) جس کی آبادی کثیر یا گھنی نہ ہو ۔

Unportable : (a) (بڑا یا بھاری ہونے کےسبب) جسےبہ آسانی ایک جگہ سےدوسری جگہ لایا لے جایا نہ جاسکے ۔

Unportioned : (a) (۱) غیر تقسیم شدہ؛ جس کے حصے نہ کئے گئے ہوں ۔ (۲) حصے سے محروم؛ جہیز سے محروم ۔

Unpossessed : (a) (۱) غیر مملوکہ؛ جو کسی کی ملک نہ ہو ۔ (۲) نہ رکھنے والا؛ محروم ۔

Unpossessedness : (n) غیر مملوکہ ہونا ۔

Unpossible : (a) دیکھو Impossible

Unposted : (a) (۱) (خط و غیرہ) جسے ڈاک کے سپرد نہ کیا گیا ہو ۔ (۲) ناواقف؛ جسے اطلاع نہ ہو ۔

Unpowdered : (a) بے پسا ہوا؛ جسے سفوف نہ کیا گیا ہو ۔

Unpowered : (a) جس میں میکانکی طاقت نہ ہو ۔

Unpowerful : (a) (شاذ) غیر طاقت ور؛ غیر مؤثر ۔

Unpracticable : (a) نا قابلِ عمل ۔

Unpracticableness : (n) ناقابلِ عمل ہونا ۔

Unpractical : (a) (۱) غیر عملی؛ جو عمل سے بے تعلق ہو ؛ غیر کار آمد ۔ (۲) دیکھو Impractical ۔

Unpracticality : (n) (۱) غیر عمل ہونا؛ غیرعملیت ۔ (۲) دیکھو Impracticality ۔

Unpractically : (adv.) غیر عملی طور پر ۔

Unpracticalness : (n) غیر عملی ہونا؛ غیر عملیت ۔

Unpractised/Unpracticed : (a) (۱)جو عمل میں نہ لایا گیا ہو ۔ (۲) بے مہارت؛ ناتجربہ کار؛ بے مشق ۔

Unpraised : (a) غیر ممدوح؛ تعریف سے محروم؛ جس کی تعریف و توصیف نہ کی گئی ہو ۔

Unpray : (v) دعا نہ مانگنا؛ طلب نہ کرنا ۔

Unprayed : (a) (۱) جس سے دعا نہ مانگی گئی ہو ۔ (۲) بِن مانگا؛ غیر طلبیدہ؛ غیر مطلوبہ ۔

Unpreach : (v) وعظ میں کہی ہوئی باتوں کو واپس لینا ۔

Unpreaching : (a) وعظ میں کہی ہوئی باتوں کو واپس لینے والا ۔

Unprecarious : (a) غیر پُر خطر؛ محفوظ ۔

Unprecedented : (a) جس کی پہلے سے کوئی مثال یا نظیر نہ ہو؛ نیا؛ انوکھا ۔

Unprecedentedly : (adv.) انوکھے طور پر؛ اس طور پر کہ جس کی پہلے سے کوئی مثال یا نظیر نہ ہو ۔

Unprecedentedness : (n) پہلے سے کسی مثال یا نظیر کا نہ ہونا۔

Unprecise : (a) جو ٹھیک ٹھیک نہ ہو؛ (معنی کے اعتبار سے) غیر معین ۔

Unprecisely : (adv.) غیر معین طور پر ۔

Unpredictable : (a) ناقابل پیش گوئی؛ جس کے متعلق پہلے سے کچھ کہا نہ جاسکے ۔

Unprefaced : (a) بے دیباچہ؛ بے تمہید ۔

Unpreferred : (a) بے ترجیح؛ غیر مرجّح؛ جس کو ترجیح نہ دی گئی ہو ۔

Unpregnant : (a) (متروک) ناموزوں ۔

Unprejudiced : (a) بے تعصب؛ بے لاگ؛ غیر جانبدار ۔

Unprejudicedly : (adv.) بے تعصبی سے؛ غیر جانبداری سے ۔

Unprejudicedness : (n) بے تعصبی؛ غیر جانب داری ۔

Unprelatical : (a) غیر اسقفی؛ اسقف کی شان کے خلاف ۔

Unpremeditated : (a) جس پر پہلے سے غور نہ کیا گیا ہو؛ بے سوچا سمجھا؛ بے قصد؛ بے ساختہ ۔

Unpremeditatedly : (adv.) بغیر پہلے سے غور کئے ہوئے؛ بے سوچے سمجھے؛ بلا قصد؛ بے ساختہ ۔

Unpremeditatedness : (n) بے سوچا سمجھا ہوا ہونا؛ بلاقصد ہونا ۔

Unpreoccupied : (a) غیر مشغول؛ جو کسی خیال میں محو نہ ہو؛ جس پر پہلے سے کسی کا قبضہ نہ ہو ۔

Unprepare : (v) غیر آمادہ کرنا ۔

Unprepared : (a) (۱) غیر آمادہ ۔(۲) پہلے سے تیار نہ کیا ہوا؛ فی البدیہہ ۔(۳) غیر متوقع؛ بغیر تیاریوں کے ۔ (٤) غیر مرتب؛ نا مکمل ۔(٥) جو تیار نہ ہوا ہو؛ جس نے تیاری نہ کی ہو ۔

Unpreparedly : (adv.) بغیر تیاری کئے ہوئے؛ غیر آمادگی سے ۔

Unpredaredness : (n) غیر آمادگی؛ تیار نہ ہونا ۔

Unprepossessed : (a) غیر متعصب ۔

Unprepossessing : (a) غیر دلکش؛ غیر دل آویز؛ ناخوشگوار؛ بھونڈا ۔

Unprescient : (a) غیر دور اندیش؛ غیر پیش بیں ۔

Unprescribed : (a) غیر تجویز کردہ؛ بے تجویز کیا ہوا ۔

Unpresentability : (n) مجلس میں جانے کے قابل نہ ہونا ۔

Unpresentable : (a) ناقابلِ مجلس؛ نامرغوب؛ بھونڈا؛ جو لباس کی خرابی وغیرہ کی وجہ سے ستھری صحبت میں جانے کے قابل نہ ہو ۔

Unpresentableness : (n) مجلس میں جانے کے قابل نہ ہونا ۔

Unpresented : (a) غیر پیش کردہ ۔

Unpressed : (a) بے استری ۔

Unpresuming : (a) بے تمکنت؛ منکسر؛ منکسرانہ؛ سیدھا سادہ؛ بے ادعا ۔

Unpresumingness : (a) منکسر مزاجی؛ انکسار ۔

Unpresumptuous : (a) غیرگستاخ؛ غیرمتکبر؛ غیرگستاخانہ؛ غیر متکبرانہ ۔

Unpresumptuously : (adv.) غیر گستاخانہ طور پر ؛ غیر متکبرانہ طور پر ۔

Unpretending : (a) بے بناوٹ؛ بے تصنع؛ بے حیلہ؛ بے بہانہ؛ منکسر؛ منکسرانہ ۔

Unpretendingly : (adv.) بے بناوٹ کے؛ بغیر تصنع کے؛ بغیر حیلہ کے ۔

Unpretendingness : (n) بے تصنع ہونا؛ ظاہر داری سے پاک ہونا ۔

Unpretentious : (a) بے ادعا؛ منکسر؛ جو نمائش کرنے والا نہ ہو؛ بے نمود؛ بے طمطراق؛ سیدھا سادہ ۔

Unpretentiously : (adv.) نمود و نمائش نہ کرتے ہوئے؛ بے طمطراق کے ؛ انکسار کے ساتھ ۔

Unpretentiousness : (n) انکسار ؛ سادگی؛ نمود و نمائش سے پاک ۔

Unpretty : (a) (۱) بد صورت ۔(۲) قابلِ ملامت ۔

Unprevailing : (a) غیر مؤثر ۔

Unpreventable : (a) جو روکا نہ جاسکے؛ ناقابلِ انسداد؛ ناقابلِ امتناع ۔

Unpreventableness : (n) ناقابلِ انسداد ہونا ۔

Unpreventably : (adv.) ناقابلِ انسداد طور پر ۔

Unprevented : (a) بے روکا ہوا؛ بے انسداد ۔

Unpriced : (a) بے تصریح قیمت؛ جس کی قیمت کا تعین یا تصریح نہ ہوئی ہو ۔

Unpricked : (a) جس میں کانٹا نہ چبھا ہوا ہو ۔

Unpriest : (v) پادری کے منصب سے الگ کرنا ۔

Unpriestly : (a) پادری کے طریقے یا منصب کے خلاف ۔

Unprimitive : (a) ترقی یافتہ ۔

Unprincely : (a) شاہزادے یا رئیس کے طریقے یا شان کے خلاف ۔

Unprincipled : (a) (۱) بے اصول؛ جو کسی اخلاقی اصول کا پابند نہ ہو؛ بے ایمان ۔ (۲) بے اصولی کا؛ بے ایمانی کا ۔

Unprintable : (a) ناقابلِ طباعت (خصوصاً فحش یا کلمات کفر وغیرہ کے لئے آتا ہے) ۔

Unprinted : (a) غیر مطبوعہ؛ بے چھپا ہوا؛ جو صرف قلمی مسودے کی صورت میں ہو ۔

Unprison : (v) قید سے آزاد کرنا ۔

Unprivileged : (a) بے مراعات؛ مراعات یا خاص حقوق سے محروم ۔

Unprized : (a) بےقدر و قیمت؛ جس کی قدر نہ کی جاتی ہو ۔

Unprobed : (a) غیر تحقیق شدہ؛ جس کی چھان بین نہ کی گئی ہو ؛ (زخم) جو سلائی سے نہ ٹٹولا گیا ہو ۔

Unproclaimed : (a) بے اعلان؛ جس کا اعلان یا منادی نہ ہوئی ہو ۔

Unprocurable : (a) ناقابلِ حصول؛ جو دستیاب نہ ہو سکے ۔

Unproduced : (a) بے بنایا ہوا ؛ پیدا نہ کیا ہوا ۔

Unproductive : (a) (۱) غیر زر خیز؛ بنجر؛ پیدا نہ کرنے والا؛ غیر منفعت بخش ۔ (۲) (معاشیات) جو دولت پیدا نہ کرتا ہو؛ غیر پیدآور ۔ (۳) غیر نتیجہ خیز؛ لاحاصل؛ بے سود؛ بے کار ۔

Unproductively : (adv.) غیرنفع بخش طریقے سے؛ غیرپیدآور طریقے سے؛ بے سود طریقے سے ۔

Unproductiveness : (n) (۱)غیر زرخیزی؛ غیرمنفعت بخشی ۔ (۲) غیر پیدآوری ۔ (۳) لاحاصل یا بےسود ہونا ۔

Unprofaned : (a) غیر آلودہ؛ آلودگی یا نجاست سے پاک ۔

Unprofessed : (a) جو مذہبی عہد کا پابند نہ ہو ۔

Unprofessional : (a) غیر پیشہ وَر ؛ غیر پیشہ ورانہ ۔

Unprofessionally : (adv.) غیر پیشہ ورانہ طور پر ۔

Unprofitable : (a) بے منفعت؛ غیر منفعت بخش؛ فضول؛ غیر مفید؛ غیر نفع بخش ۔

Unprofitableness : (n) بے منفعتی؛ غیر نفع بخش ہونا ۔

Unprofitably : (adv.) غیر نفع بخش طور پر؛ غیر مفید طریقے سے ۔

Unprofited : (a) بے نفع؛ بلامنفعت ۔

Unprofiting : (a) غیر نفع بخش؛ غیر سود مند ۔

Unprogressive : (a) غیر ترقی پسند؛ غیر اصلاح پسند؛ رجعت پسند؛ رجعت پسندانہ ۔

Unprogressively : (adv.) غیر ترقی پسندانہ طور پر؛ رجعت پسندی سے ۔

Unprogressiveness : (n) رجعت پسندی؛ غیر ترقی پسندی؛ اصلاح و ترقی کی مخالفت ۔

Unprohibited : (a) غیر ممنوعہ؛ جس کی ممانعت نہ ہو ۔

Unprojected : (a) بے منصوبہ؛ جس کا منصوبہ نہ بنایا گیا ہو ۔

Unprolific : (a) (۱) غیر کثیر زا؛ (مجازاً) جس کے کم بچے ہوں ۔ (۲) غیر زرخیز؛ بنجر؛ (مصنف) جو کم لکھتا ہو ۔ (۳) غیر فراواں؛ قلیل ؛ جس میں کسی چیز کی قلت ہو (of کے ساتھ) ۔

Unpromising : (a) جو ہونہارنہ ہو ؛ غیر امید افزا ۔

Unpromisingly : (adv.) غیر امید افزا طور پر ۔

Unprompted : (a) بے تحریک خارجی؛ جو کسی شخص نے خود بخود کیا ہو ۔

Unpromulgated : (a) (۱) غیر مشتہر؛ بے تشہیر ؛ بے اعلان؛ جس کی تشہیر یا اعلان نہ ہوا ہو ۔ (۲) بے اشاعت؛ بے پھیلایا ہوا؛ بے ترویج ۔

Unpronounceable : (a) (۱) ناقابلِ تلفظ؛ جس کے صحیح تلفظ کرنےمیں دشواری ہو ۔ (۲) ناقابلِ اظہار؛ ناقابلِ بیان ۔

Unpronounced : (a) جو بولا نہ گیا ہو؛ اظہار نہ کیا ہوا ۔

Unpropertied : (a) بے ملکیت؛ بے جائداد ۔

Unprophetic : (a) غیر پیمبرانہ؛ غیر پیشن گویانہ ۔

Unprophetically : (adv.) غیر پیمبرانہ طور پر؛ غیر پیش گویانہ طور پر ۔

Unpropitious : (a) (۱) ناموافق؛ ناساز گار ۔(۲) نامسعود ؛ نامبارک؛ منحوس ۔

Unpropitiously : (adv.) (۱) ناموافق طور پر؛ ناساز گار طور پر ۔(۲) نامسعود طریقے سے ۔

Unproportionable : (a) بے تناسب؛ غیر تناسب ۔

Unproportionate : (a) (شاذ) غیر متناسب ۔

Unproportionately : (adv.) غیر متناسب طور پر ۔

Unproportioned : (a) غیر متناسب ۔

Unpropped : (a) بے سہارا؛ بے ٹیک ۔

Unprosecuted : (a) جس پر مقدمہ نہ چلایا گیا ہو ۔

Unprosperity : (n) بدحالی؛ ناکامیابی ۔

Unprosperous : (a) (۱) غیر مرفہ الحال؛ تنگ دست ۔ (۲) نا کامیاب ۔(۳) نا سازگار؛ نا مبارک ۔

Unprosperously : (adv.) (۱) تنگ دستی سے؛ بدحالی کی حالت میں ۔ (۲) نامرادی سے؛ ناکامیابی سے ۔ (۳) ناسازگار طور پر؛ نامبارک طور پر ۔

Unprosperousness : (n) (۱) غیر مرفہ الحالی؛ تنگ دستی ۔ (۲) نا کامیابی؛ نامرادی ۔ (۳) ناسازگاری؛ نامبارک ہونا ۔

Unprostituted : (a) (صلاحیت وغیرہ) جسے ذلیل کام میں لگا کر برباد نہ کیا گیا ہو ۔

Unprotected : (a) بے حفاظت؛ بے حامی و مدد گار؛ غیر محفوظ؛ غیر مسلح؛ غیر مستحکم؛ بے تامین (صفت وغیرہ) ۔

Unprotectedly : (adv.) غیر محفوظ طور پر ۔

Unprotectedness : (n) بے حفاظتی ؛ غیر محفوظ ہونا ۔

Unprotestant : (a) غیر پروٹسٹنٹ ۔

Unprotestantize : (v) غیر پروٹسٹنٹ بنانا ۔

Unproud : (a) غیر مغرور؛ منکسر مزاج ۔

Unprovable : (a) ناقابلِ ثبوت؛ جسے ثابت نہ کیا جاسکے ۔

Unproved : (a) غیرثابت شدہ؛ بے ثبوت ۔

Unprovided : (a) (۱) تہی دست ۔(۲) خالی (روپے، پیسے وغیرہ سے) ؛ جسے فراہم نہ کیا گیا ہو ۔ (۳) غیر آمادہ؛ جو تیار نہ ہو ۔(٤) غیر متوقع ۔

Unprovidedly : (adv.) بغیر فراہم کئے ہوئے ۔

Unprovidedness : (n) نافراہمی؛ غیر فراہمی ۔

Unprovocative : (a) غیر اشتعال انگیز؛ غیر طیش آور؛ جو جوش و خروش نہ ابھارے ۔

Unprovoked : (a) بے اشتعال؛ جسے اشتعال نہ دیا گیا ہو؛ جو بغیر اشتعال کے کیا جائے ۔

Unprovokedly : (adv.) بغیر اشتعال کے ۔

Unprovokedness : (n) بے اشتعال ہونا ۔

Unprovoking : (a) غیر اشتعال انگیز ۔

Unprudential : (a) غیر محتاط؛ غیر مصلحت اندیشانہ؛ غیر دانشمندانہ ۔

Unpruned : (a) جس کی کاٹ چھانٹ نہ کی گئی ہو؛ بے قطع و برید ۔

Unpublishable : (a) ناقابلِ اشاعت ۔

Unpublishably : (adv.) ناقابلِ اشاعت طور پر ۔

Unpublished : (a) غیر شائع شدہ ۔

Unpulled : (a) بے کھینچا ہوا ۔

Unpunctual : (a) (۱) غیر پابند اوقات ۔(۲) مقررہ وقت کے بعد آنے والا (شخص) یا ہونے والا (کام) ۔

Unpunctuality : (n) غیر پابند اوقات ہونا؛غیر پابندیٔ اوقات؛ مقررہ وقت کے بعد آنا یا کیا جانا ۔

Unpunctually : (adv.) بے پابندیٔ اوقات؛ مقررہ وقت کے گزر جانے کے بعد ۔

Unpunctuated : (a) بےعلامت اوقاف؛ علامت اوقاف سے خالی ۔

Unpunishable : (a) ناقابلِ تعزیر؛ ناقابلِ سزا ۔

Unpunished : (a) جسے سزا نہ دی گئی ہو؛ سزا سے بچا ہوا ۔

Unpurchas(e)able : (a) (۱) ناقابلِ خرید؛ جسے خریدا نہ جاسکے۔(۲) جسے رشوت دے کر خریدا نہ جاسکے ۔

Unpurchased : (a) جسے خریدا نہ گیا ہو ۔

Unpurged : (a) جسے پاک نہ کیا گیا ہو ۔

Unpurified : (a) غیر مطہر؛ غیر خالص؛ جو خالص نہ کیا گیا ہو؛ جو پاک نہ کیا گیا ہو ۔

Unpurposed : (a) (۱) بے قصد ۔(۲) بے مقصد ۔

Unpurse : (v) (۱) بٹوا یا پرس سے پیسے نکالنا ۔(۲) کسی کا پرس چرا لینا ۔(۳) پھیلانا؛ پھیلنا؛ کھولنا؛ کھلنا ۔

Unpursued : (a) جس کا پیچھا یا تعاقب نہ کیا گیا ہو ۔

Unput : (a) (شے) جسے کسی جگہ پر رکھا نہ گیا ہو؛ (مسئلہ، مطالبہ، سوال وغیرہ) جسے پیش نہ کیا گیا ہو ۔

Unputdownable : (a) (کتاب وغیرہ) اتنی دلچسپ کہ جسے بغیر ختم کئے ہوئے رکھنے کو جی نہ چاہے ۔

Unputrefied : (a) بے سڑا ہوا؛ بے گلا ہوا؛ غیر متعفن (نیز مجازاً)۔

Unquailing : (a) بے خوف؛ نڈر ۔

Unquailingly : (adv.) بے خوف کھائے ہوئے؛ بے سہمے ہوئے ۔

Unquakerish : (a) "خائفین" (Quaker) کے خصائص یا طرزِ عمل کے خلاف ۔

Unqualifiable : (a) جو مطلوبہ استعداد، اہلیت یا صفات پر پورا نہ اتر سکے ۔

Unqualified : (a) (۱) ناقابل؛ نااہل؛ غیر مجاز؛ جو مطلوبہ صلاحیت یا صفات پر پورا نہ اترتا ہو ۔ (۲) غیرمشروط؛ جس میں کوئی قید یا شرط نہ ہو؛ قطعی ۔

Unqualifiedly : (adv.) (۱) بغیر قابلیت یا اہلیت کے ۔(۲) بغیر قانونی یا سرکاری اجازت کے ۔(۳) غیرمشروط طور پر ۔

Unqualifiedness : (n) نااہلیت؛ غیر مشروط ہونا؛ بے قید یا بے شرط ہونا ۔

Unqualify : (v) دیکھو Disqualify

Unqualitied : (a) (شاذ) معمولی یا عام صلاحیت سے محروم ۔

Unquarried : (a) جسے کھود کر نکالا نہ گیا ہو (نیز مجازاً) ۔

Unqueen : (v) رانی یا ملکہ کے منصب سے الگ کرنا ۔

Unqueenly : (a) جو ایک ملکہ کے شایانِ شان نہ ہو؛ ملکہ کی شان اور منصب کے خلاف ۔

Unquelled : (a) غیر فرو شدہ؛ بے دبایا ہوا؛ غیر مغلوب ۔

Unquenchable : (a) (۱) (آگ) جسے بجھایا نہ جاسکے؛ ناقابلِ اطفا؛ جو نہ بجھ سکا نہ کیا جاسکے ۔ (۲) (تشنگی، شوق وغیرہ) جسے بجھایا نہ جاسکے؛ جسے دبایا نہ جاسکے ۔

Unquenchably : (adv.) ناقابلِ اطفا طور پر؛ اس شدت سے کہ بجھایا نہ جاسکے یا روکا نہ جاسکے ۔

Unquenched : (a) بے اطفا؛ بے بجھایا ہوا؛ بے دبایا ہوا ۔

Unquestionable : (a) ناقابلِ شبہ؛ بے شبہ؛ لاکلام؛ یقینی؛ مسلمہ ۔

Unquestionably : (adv.) بلاشبہ؛ بلاحجت؛ یقینی طور پر؛ مسلمہ طور پر ۔

Unquestioned : (a) (۱) جس سے سوال نہ کیا گیا ہو ۔(۲) جس پر شبہ نہ ظاہر کیا گیا ہو؛ بے چوں و چرا؛ جس میں حجت نہ کی گئی ہو ۔

Unquestioning : (a) چوں و چرا نہ کرنے والا ۔

Unquestioningly : (adv.) بغیر چوں و چرا کے ۔

Unquickened : (a) مردہ؛ بے جان؛ قوت اور جوش سے عاری ۔

Unquiet : (v) دیکھو Disquiet

Unquiet : (n) (۱) بے کلی؛ بے چینی؛ اضطراب ۔(۲) شورش؛ ہنگامہ ۔

Unquiet : (a) (۱) پر آشوب؛ پر شورش؛ پُر ہنگامہ ۔(۲) بے چین؛ مضطرب؛ بے قرار ۔

Unquietly : (adv.) (۱) پُرآشوب طور پر؛ پُرشورش طور پر ۔ (۲) بے چینی سے؛ اضطراب سے؛ بے قراری سے ۔

Unquietness : (n) (۱) شورش؛ ہنگامہ ۔ (۲) بے چینی؛ بے کلی؛ اضطراب ۔

Unquivering : (a) غیر لرزاں ۔

Unquotable : (a) ناقابلِ نقل؛ ناقابلِ ذکر (فحش وغیرہ ہونے کے سبب) ۔

Unquote : (v) لکھاتےوقت واوین سے شروع ہونےوالی عبارت جب ختم ہوتی ہے تب یہ لفظ کہا جاتا ہے ۔

Unquoted : (a) غیر منقول؛ جو نقل نہ کیا گیا ہو؛ جس کا حوالہ نہ دیا گیا ہو ۔

Unrailed : (a) جس میں ریلنگ نہ ہو ۔

Unraised : (a) جسے اٹھایا نہ گیا ہو؛ جسے بلند نہ کیا گیا ہو ۔

Unraked : (a) صاف نہ کیا ہوا ۔

Unrallied : (a) اکٹھا نہ کیا ہوا؛ منتشر؛ غیر مجتمع ۔

Unransacked : (a) بے لوٹا ہوا؛ جسے تاخت و تاراج نہ کیا گیا ہو ۔

Unransomed : (a) جسے فدیہ دے کر نہ چھڑایا گیا ہو ۔

Unratable : (a) ناقابلِ محصول؛ غیر محصول پذیر ۔

Unrated : (a) جس کی قیمت متعین نہ کی گئی ہو؛ جس کی قدر و قیمت کا تعین نہ ہوا ہو ۔

Unratified : (a) غیر توثیق شدہ ؛ غیر منظور شدہ ۔

Unravaged : (a) جسے تاراج نہ کیا گیا ہو؛ جسے تباہ و برباد نہ کیا گیا ہو ۔

Unravel : (v) (۱) (بُنی یا الجھی ہوئی شے کو) کھولنا؛ سلجھانا ۔ (۲) (بُنی یا الجھی ہوئی شے کا) کھلنا؛ سلجھنا ۔ (۳) پیچیدگی دور کرنا؛ فاش کرنا؛ ظاہر کرنا ۔

Unraveller : (n) کھولنے والا؛ سلجھانے والا؛ اینٹھن دور کرنے والا ۔

Unravelling : (n) کھلنا؛ سلجھنا؛ سلجھاؤ؛ حل ۔

Unravelment : (n) کھلنا؛ سلجھنا؛ سلجھاؤ؛ حل؛ کھلنے اور سلجھنے کا عمل ۔

Unravished : (a) (۱) (عورت) جس کی عصمت دری نہ کی گئی ہو ۔ (۲) جو بے خود نہ ہوا ہو؛ بے حال و قال ۔ (۳) تشدد سے جسے قبضہ میں نہ لایا گیا ہو ۔

Unrazored : (a) جسے استرا نہ لگا ہو؛ بے منڈا ہوا ۔

Unreachable : (a) دست رس سے باہر؛رسائی سے باہر؛ناقابل رسائی؛ ناقابل حصول ۔

Unreachably : (adv.) اس طور پر کہ دسترس سے باہر ہو ۔

Unreached : (a) جہاں رسائی نہ ہوئی ہو؛ جہاں پہنچا نہ گیا ہو ۔

Unread : (a) (۱) (تحریر وغیرہ) جسے پڑھا نہ گیا ہو؛ بے جانچا ہوا ۔ (۲) جس نے پڑھا نہ ہو؛ جو واقف نہ ہو (کسی علم یا فن سے) ۔

Unreadability : (n) بدخط ہونا؛ ناخواندنی ہونا؛ غیردلچسپ ہونا ۔

Unreadable : (a) (۱) جو پڑھا نہ جاسکے؛ نہایت بد خط ۔ (۲) غیر دلچسپ؛ اکتا دینے والا (ناول وغیرہ) ۔ (۳) جو فحش وغیرہ ہونے کی وجہ سے پڑھنے کے قابل نہ ہو؛ ناخواندنی؛ ناخواندہ بہ ۔

Unreadableness : (n) دیکھو Unreadability

Unreadily : (adv.) غیر آمادگی سے؛ غیر مستعدی سے ۔

Unreadiness : (n) غیر آمادگی؛ غیر مستعدی ۔

Unready : (a) غیر آمادہ؛ غیر مستعد؛ سست ۔

Unreal : (a) غیر حقیقی؛ غیر واقعی؛ جو حقیقت میں نہیں صرف خیال و وہم میں وجود رکھتا ہو؛ خیالی؛ موہوم؛ غلط ۔

Unrealistic : (a) خلافِ حقیقت؛ خلافِ واقعیت؛ حقیقت سے بعید ۔

Unreality : (a) موہومیت؛ غیر واقعیت؛ غیر حقیقی یا خیالی ہونا؛ حقیقت سے بعید ہونا؛ خلافِ حقیقت ہونا ۔

Unrealizable : (a) (۱) جسے محسوس نہ کیا جاسکے؛ جس کا ادراک نہ ہو سکے؛ ناقابلِ فہم؛ خیالی؛ موہوم ۔

(۲) جو عمل میں نہ آسکے؛ جسے عملی جامہ نہ پہنایا جاسکے ۔

Unrealize : (v) غیر حقیقی بنانا؛ خیالی یا موہوم بنانا ۔

Unrealized : (a) (۱) جو پورا نہ ہوا ہو؛ جسے عملی جامہ نہ پہنایا گیا ہو ۔ (۲) جو عقل میں نہ آیا ہو؛ جس کا ادراک نہ ہوا ہو ۔

Unreaped : (a) بے کٹی ہوئی (فصل)؛ جو کاٹی نہ گئی ہو؛ بے حاصل کیا ہوا ۔

Unreason : (n) (۱) عمل جو عقل و فہم پر مبنی نہ ہو ۔ (۲) سمجھ بوجھ کی کمی؛ بے عقلی؛ حماقت ۔ (۳) پراگندگی؛ بے ترتیبی؛ انتشار ۔

Unreasonable : (a) (۱) غیر معقول؛ جو عقل پر مبنی نہ ہو ۔ (۲) غیر معقول پسند؛ جومعقول بات کو نہ مانتا ہو؛ غیر معقول پسندانہ ۔ (۳) غیر واجبی؛ ناواجب؛ بے حد گراں ۔ (٤) ناواجب مطالبہ کرنے والا ۔

Unreasonableness : (n) نامعقولیت؛ غیر معقول پسندی؛ غیر واجبیت ۔

Unreasonably : (adv.) غیر معقول طور پر؛ غیر معقول پسندانہ طور پر؛ ناواجب طور پر ۔

Unreasoned : (a) جو عقل پر مبنی نہ ہو؛ بے استدلال ؛ جس پر عقلی حیثیت سے غور نہ کیا گیا ہو ۔

Unreasoning : (a) (۱) غیر عقلی؛ جس کا عقل سے تعلق نہ ہو ۔ (۲) غیر عقلیت پسند؛ غیر عقلیت پسندانہ ۔ (۳) غیر معقول؛ ناواجب ۔

Unreasoningly : (adv.) غیر عقلی طریقے سے؛غیر معقول طور پر؛ غیر عقلیت پسندانہ طور پر ۔

Unrebellious : (a) غیر باغیانہ ۔

Unrebuked : (a) جس کی سرزنش یا ملامت نہ کی گئی ہو ؛ جس پر سرزنش یا ملامت کا اثر نہ ہوا ہو ۔

Unrecalled : (a) (۱) جو واپس نہ بلایاگیا ہو۔(۲)غیرمنسوخ؛ جو منسوخ نہ کیا گیا ہو ۔

Unreceipted : (a) بے رسید؛ جس کی رسید نہ دی گئی ہو ۔

Unreceivable : (a) نا قابلِ قبول ۔

Unreceived : (a) غیر وصول شدہ؛ جو ملا نہ ہو؛ جسے قبول نہ کیا گیا ہو؛ جس کا استقبال نہ کیا گیا ہو ۔

Unreceptive : (a) غیر اثر پذیر؛ خیالات وغیرہ کو جلد قبول نہ کرنے والا ۔

Unreckoned : (a) غیر شمار کردہ؛ جس کا حساب یا تخمینہ نہ کیا گیا ہو؛ جو حساب یا تخمینے میں شامل نہ ہو ۔

Unreclaimable : (a) ناقابلِ اصلاح؛ (زمین) جو کاشت کے قابل نہ بنائی جاسکے ۔

Unreclaimably : (adv.) ناقابلِ اصلاح طریقے سے ۔

Unreclaimed : (a) (۱) بےاصلاح؛ جس کی اصلاح نہ ہوئی ہو ۔ (۲) (زمین) جو قابل کاشت نہ بنائی گئی ہو؛ ناقابلِ کاشت ۔

Unrecognition : (n) قدر ناشناسی ۔

Unrecognizable : (a) (۱)ناقابلِ شناخت؛ جو پہچانا نہ جاسکے ۔ (۲) ناقابلِ اعتراف؛ ناقابلِ منظوری ۔

Unrecognizably : (adv.) ناقابلِ شناخت طور پر ؛ ناقابلِ اعتراف طور پر ۔

Unrecognized : (a) غیرشناخت کردہ؛ بے پہچانا ہوا؛ غیر منظور شدہ؛ غیر اعتراف کردہ؛ بے اعتراف؛ اعتراف یا صلے سے محروم؛ قدردانی سے محروم ۔

Unrecognizing : (a) اعتراف نہ کرنے والا ۔

Unrecognizingly : (adv.) اعتراف نہ کرتے ہوئے ۔

Unrecollected : (a) غیر مجتمع ؛ (یاد وغیرہ) جسے حافظہ میں مجتمع نہ کیا گیا ہو ۔

Unrecommended : (a) جس کی سفارش نہ کی گئی ہو؛ غیر سفارش شدہ ۔

Unrecompensed : (a) بے اجر؛ اجر سے محروم؛ معاوضے سے محروم ۔

Unreconcilable : (a) (۱) ناقابلِ صلح ۔ (۲) ناقابلِ تطبیق؛ ناقابلِ مطابقت ۔ (۳) جس میں ملاپ یا صفائی ممکن نہ ہو ۔

Unrefined : (a) (۱)گنوار؛ بھدا؛بھنگم؛ غیر مہذب؛ اکھڑ؛ اجڈ ۔(۲) گنوارو؛ اجڈپن کا؛ عامیانہ ۔ (۳) بے صاف کیا ہوا؛ غیر خالص؛ غیر ضروری اجزاء اور گندگی سے پاک نہ کیا ہوا ۔

Unreflected : (a) (۱) جس پر غور و خوض نہ کیا گیا ہو ۔ (۲) غیر منعکس ۔

Unreflecting : (a) (۱) غیرمنعکس؛ جس میں انعکاس نہ ہو ۔ (۲) غورنہ کرنے والا؛ بے فکرا و بے پروا ۔

Unreflectingly : (adv.) بے فکری و بے پروائی سے ۔

Unreflective : (a) غیر تفکر پسند؛ جو غور و خوض کا عادی نہ ہو؛ غیر مفکرانہ ۔

Unreflectively : (adv.) غیر مفکرانہ انداز میں؛ غیر تفکر پسند طور پر ۔

Unreformable : (a) ناقابلِ اصلاح؛ جس میں سدھار نہ ہو سکے ۔

Unreformed : (a) بے اصلاح؛ بے سدھار؛ غیر اصلاح شدہ ۔

Unrefracted : (a) (روشنی) غیر منعطف ۔

Unrefreshed : (a) غیر تازہ دَم ۔

Unrefreshing : (a) غیر فرحت بخش ۔

Unrefusable : (a) ناقابلِ انکار ۔

Unrefutable : (a) دیکھو Irrefutable

Unrefuted : (a) بے رد کیا ہوا؛ بے تردید؛ جس کی تردید نہ ہوئی ہو ۔

Unregal : (a) غیر شاہانہ؛ جس میں بادشاہ کی شان نہ ہو ۔

Unregarded : (a) غیر ملحوظ؛ جس کا لحاظ نہ رکھا جائے؛ جس سے غفلت برتی جائے؛ جسے نظر انداز کر دیا گیا ہو ۔

Unregardedly : (adv.) لحاظ نہ رکھتے ہوئے؛ غفلت برتتے ہوئے؛ نظر انداز کرتے ہوئے ۔

Unregardful : (a) لحاظ نہ رکھنے والا؛ توجہ نہ دینے والا ۔

Unregarding : (a) بے لحاظ؛ غفلت برتنے والا۔

Unreconciled : (a) (۱) (دوست) جن میں ملاپ یا صفائی نہ ہوئی ہو؛ روٹھے ہوئے ۔ (۲) بے تطبیق؛ (خیالات، اصول وغیرہ) جن میں مطابقت نہ پیدا کی گئی ہو ۔

Unreconstructed : (a) قدیم خیالات کا حامل ۔

Unrecorded : (a) (۱)غیر قلم بند؛ جو ضبط تحر یر میں نہ آیا ہو ۔ (۲) غیر مندرج؛ جس کا اندراج دستاویز یا کاغذات میں نہ ہو ۔

Unrecoverable : (a) (۱) ناقابلِ باز یافت؛ جس کے ملنے کی امید نہ ہو؛ ناممکن الحصول؛ ہاتھ نہ آنے والا ۔ (۲) لاعلاج؛ جس کا علاج نہ ہوسکے؛ (ایسا بیمار) جو اچھا نہ ہو سکے؛ شفا نہ پا سکے ۔

Unrecovered : (a) (۱) (کھوئی ہوئی شے) جو پھر نہ ملی ہو؛ جس کی بازیافت نہ ہوئی ہو ۔ (۲) جو مرض کے بعد پھر صحت مند نہ ہوا ہو؛ بیمار ۔

Unrecruited : (a) (۱) فوج میں بھرتی نہ کیا ہوا ۔(۲) (فوج) مضبوط نہ کی ہوئی ۔

Unrectified : (a) (۱) بے درست کی ہوئی (غلطی) ۔(۲) بےرفع کی ہوئی (خرابی، شکایت وغیرہ) ۔(۳) (کیمیا) غیر مصفا؛ بے تقطیر مکرر؛ جو تقطیر مکرر سے صاف نہ کیا گیا ہو ۔

Unredeemable : (a) دیکھو Irredeemable

Unredeemed : (a) (۱) غیر ایفا کردہ؛ بے پورا کیا ہوا (وعدہ، قول) ۔ (۲) غیر منفک؛ بے چھڑایا ہوا؛ جو رہن سے چھڑایا نہ گیا ہو ۔ (۳) (عیب) جس کی تلافی (کسی خوبی سے) نہ ہوئی ہو ۔ (٤) بے چکایا ہوا (قرضہ، بنڈی وغیرہ) ۔

Unredressed : (a) بےتلافی؛ بےتدارک؛ جس کا تدارک یا تلافی نہ ہوئی ہو ۔

Unreduced : (a) کم نہ کیا ہوا؛ گھٹایا نہ ہوا ۔

Unreducible : (a) دیکھو Irreducible

Unreel : (v) (۱) دھاگے کے گولے یا ریل سے دھاگا کھولنا ۔ (۲) دھاگے کا ریل سے کھلنا ۔

Unreelable : (a) دھاگا جسے ریل میں لپیٹا نہ جاسکے ۔

Unreeve : (v) جہاز کے کندے، حلقے یا کسی سوراخ سے رسی کو کھینچ لینا ۔

Unregeneracy : (n) (۱) ندامت کا نہ ہونا ۔(۲) پرانے خیالات سے چمٹنا ۔(۳) ضد؛ سرکشی؛ ہٹ ۔

Unregenerate/Unregenerated : (a) (۱) (اپنے گناہوں پر) غیر نادم ؛ غیر پشیمان ۔ (۲) پرانے خیالات سے چمٹا ہوا ۔ (۳) ہٹیلا ؛ ضدی ؛ سرکش ۔ (٤) سرکشانہ؛ ہٹیلے پن کا؛ ضد سے بھرا ہوا ۔

Unregeneration : (n) دیکھو Unregeneracy

Unregistered : (a) (۱) غیردرج شدہ؛ غیرمندرج؛ رائےدہندوں کی فہرست میں جس کے نام کا اندراج نہ ہوا ہو ۔(۲) غیر رجسٹری شدہ؛ بے رجسٹری ۔

Unregretted : (a) (۱) جس پر اظہار ندامت نہ کیا گیا ہو ؛ جس پر افسوس نہ کیا گیا ہو ۔ (۲) بے ماتم ؛ جس کا ماتم نہ کیا گیا ہو ۔

Unregulated : (a) (۱) غیر منظم؛ غیر منضبط؛ بے ضابطہ ؛ بے قاعدہ ۔ (۲) غیر معدل؛ بے تعدیل؛ گھڑی وغیرہ جس کی رفتار کی تعدیل نہ کی گئی ہو ۔

Unrehearsed : (a) (۱) جس کی پہلے سے مشق نہ کی گئی ہو؛ جس کی آزمائشی نمائش نہ کی گئی ہو ۔ (۲) بے ساختہ؛ فی البدیہہ ۔

Unrein : (v) بے لگام کرنا؛ لگام ڈھیلی کرنا ۔

Unreined : (a) بے لگام؛ بے روک ۔

Unrejoicing : (a) غیر مسرور؛ غیر شادماں ۔

Unrelated : (a) (۱) بےبیان کیا ہوا (قصہ وغیرہ) ۔(۲)بےتعلق باہمی؛ بے نسبت باہمی؛ غیر مربوط؛ علاحدہ ۔

Unrelative : (a) غیر متناسب؛ بے ربط باہمی ۔

Unrelaxed : (a) (۱) جس میں ڈھیل نہ دی گئی ہو؛ بے رعایت؛ بےملائمت ۔(۲) جس میں تخفیف نہ ہوئی ہو؛ بے تخفیف ۔

Unrelaxing : (a) ڈھیل نہ دینے والا؛ رعایت نہ کرنے والا؛ تخفیف نہ کرنے والا ۔

Unreleased : (a) جسے چھوڑا نہ گیا ہو؛ جسے آزاد نہ کیا گیا ہو؛ (فلم وغیرہ) جس کی نمائش نہ ہوئی ہو یا نمائش کی منظوری نہ ملی ہو ۔

Unrelenting : (a) (۱) کٹر؛ متشدد؛ متشددانہ ۔(۲) پکا؛ سخت؛ مضبوط؛ بااستقلال ۔ (۳) بے درد؛ بے رحم؛ بےدردانہ؛ بے رحمانہ ۔

Unrelentingly : (adv.) (۱) کٹرپن سے ۔(۲) مضبوطی سے؛ استقلال سے ۔(۳) بے رحمی سے؛ بے دردی سے ۔

Unrelentingness : (n) (۱) کٹرپن؛ تشدد ۔(۲) مضبوطی؛ استقلال ۔(۳) بے رحمی؛ بے دردی ۔

Unreliability/Unreliableness : (n) غیر معتبر ہونا؛ نا قابلِ اعتبار ہونا ۔

Unreliable : (a) غیر معتبر؛ ناقابلِ اعتبار؛ جس پر بھروسہ نہ کیا جاسکے ۔

Unrelievable : (a) غیر نجات پذیر؛ ناقابلِ دست گیری ۔

Unrelieved : (a) (۱) بے مدد؛ بے تسکین؛ بے کمک ؛ مدد وغیرہ سے محروم؛ (مرض) بے تخفیف ؛ بے افاقہ ۔ (۲) یکساں؛ غیر متنوع ۔

Unrelievedly : (adv.) (۱) بغیر مدد کے؛ بغیر تسکین کے؛ بے تخفیف یا افاقہ کے ۔ (۲) یکساں طور پر؛ بغیر تنوع کے ۔

Unreligious : (a) غیر مذہبی؛ مذہب سے تعلق نہ رکھنے والا؛ بے تعلق مذہب ۔

Unreligiously : (adv.) مذہب سے تعلق نہ رکھتے ہوئے ۔

Unreligiousness : (n) بے تعلق مذہب ہونا ۔

Unrelinquished : (a) جسے ترک نہ کیا گیا ہو؛ جس پر ہاتھ نہ اٹھایا گیا ہو؛ جسے چھوڑا نہ گیا ہو ۔

Unreluctant : (a) رضامند؛ بے تامل ۔

Unreluctantly : (adv.) رضامندی سے؛ بغیر تامل کئے ۔

Unremarkable : (a) ناقابلِ ذکر؛ معمولی؛غیر ممتاز؛غیر اہم ۔

Unremarked : (a) جس کی طرف توجہ یا نظر نہ کی گئی ہو؛ جسے دیکھا نہ گیا ہو ۔

Unremedied : (a) بے اصلاح؛ بے تدبیر؛ بے چارہ؛ بے علاج ۔

Unrememberable : (a) یاد نہ رکھنے کے قابل؛ یاد نہ کرنے کے قابل ۔

Unremembered : (a) جو یاد نہ ہو؛ بھولا ہوا؛ فراموش شدہ ۔

Unremembering : (a) یاد نہ کرنے والا؛ بھلا دینے والا ۔

Unremitted : (a) (۱) (جرمانہ، قرض وغیرہ) غیر منسوخ کردہ؛ غیر معاف کردہ ۔ (۲) (محنت، کوشش وغیرہ) لگاتار؛ مسلسل ۔ (۳) (شخص) اَن تھک؛ ثابت قدم؛ جما رہنے والا؛ مستقل مزاج ۔

Unremittedly : (adv.) (۱)(جرمانہ، قرض وغیرہ)منسوخ نہ کرتے ہوئے؛ معاف نہ کرتے ہوئے ۔ (۲) مسلسل طور پر؛ لگاتار ۔ (۳) ثابت قدمی سے؛ مستقل مزاجی سے ۔

Unremitting : (a) (۱) غیر منقطع؛ مسلسل؛ دائمی ۔ (۲) اَن تھک؛ بااستقلال؛ ثابت قدمانہ ۔

Unremittingly : (adv.) لگاتار؛ مسلسل طور پر؛ اَن تھک طریقے سے ۔

Unremittingness : (n) (۱) لگاتار اور مسلسل ہونا ۔ (۲) اَن تھک ہونا؛ بااستقلال ہونا؛ ثابت قدم ہونا ۔

Unremorseful : (a) (۱) غیر منفعل؛ غیر پشیماں ۔ (۲) معصوم؛ معصومانہ ۔

Unremorsefully : (adv.) غیر منفعل طور پر؛ معصوما نہ طور پر ۔

Unremovable : (a) (شاذ) دیکھو Irremovable

Unremoved : (a) (۱) علاحدہ نہ کیا ہوا ۔ (۲) ہٹا کر ایک مقام سے دوسرے مقام نہ کیا گیا ۔ (۳) اٹل؛ ایک جگہ پر قائم اور استوار ۔

Unremunerated : (a) جسے اجرت نہ دی گئی ہو ۔

Unremunerative : (a) (۱) بے اجرت؛ بے صلہ؛ بے اجر ۔ (۲) بے منفعت؛ بے فائدہ؛ لاحاصل؛ جس میں نفع نہ ہو ۔

Unremuneratively : (adv.) بے منفعت طریقے سے؛ لاحاصل طور پر؛ بغیر اجر یا صلہ کے ۔

Unremunerativeness : (n) بے صلہ ہونا؛ بے اجر ہونا؛ لاحاصل ہونا؛ بے منفعت ہونا ۔

Unrenderable : (a) غیر؛ ترجمہ پذیر؛ جس کا ترجمہ نہ کیا جاسکے ۔

Unrendered : (a) (۱) جس کا ترجمہ نہ کیا گیا ہو ۔ (۲) جسے ادا نہ کیا گیا ہو؛ جسے پیش نہ کیا گیا ہو ۔

Unrenewed : (a) (۱) بے تجدید؛ جس کی تجدید نہ ہوئی ہو ۔ (۲) جو دوبارہ شروع نہ کیا گیا ہو ۔

Unrenowned : (a) غیر معروف؛ گمنام ۔

Unrent : (a) نادریدہ؛ بے پھٹا؛ بے نچا؛ مسلم؛ پورا پورا ۔

Unrepaid : (a) (۱)(روپیہ) ادا نہ کیا ہوا؛ چکایا نہ ہوا ۔ (۲) بدلا نہ اتارا ہوا ۔ (۲) عوض نہ دیا ہوا؛ صلہ یا اجر نہ دیا ہوا ۔

Unrepair : (n) بے مرمتی ۔

Unrepaired : (a) بے مرمت ۔

Unrepassable : (a) جو واپسی میں دوبارہ گزرنے کے قابل نہ ہو ۔

Unrepealable : (a) ناقابلِ تنسیخ؛ جسے منسوخ نہ کیا جاسکے ۔

Unrepealed : (a) غیر منسوخ؛ جو منسوخ نہ ہوا ہو ۔

Unrepeatable : (a) ناقابلِ اعادہ؛ جسے مکرر کیا یا کہا نہ جائے ۔

Unrepeated : (a) جسے مکرر کیا یا کہا نہ گیا ہو ۔

Unrepelled : (a) پیچھے نہ ڈھکیلا ہوا؛ پسپا نہ کیا ہوا؛ دفع نہ کیا ہوا؛ دبایا نہ ہوا؛ رد نہ کیا ہوا؛ جس کی حوصلہ شکنی نہ کی گئی ہو ۔

Unrepentance : (n) کٹرپن؛ بے ندامتی؛ ناپشیمانی ۔

Unrepentant : (a) اپنے کئے پر نہ پچھتانے والا ؛ بے ندامت ؛ نا پشیمان ۔

Unrepented : (a) (گناہ) جس پر ندامت یا پچھتاوا نہ ہوا ہو ۔

Unrepenting : (a) (۱) بے ندامت؛ غیر پشیماں ۔ (۲) غیر پشیمانہ؛ بے ندامت کا ۔

Unrepentingly : (adv.) بے ندامت کے؛ بے پچھتاوے کے ۔

Unrepentingness : (n) بے ندامتی؛ ناپشیمانی ۔

Unrepining : (a) (۱)غیر ملول ؛ جو کڑھتا نہ ہو ۔(۲) بے شکایت ؛ شکایت سے خالی ۔

Unrepiningly : (adv.) (۱)بے کڑھے ہوئے ۔(۲)بغیر شکایت کے ۔

Unreplaceable : (a) غیر بدل پذیر؛ جس کا قائم مقام نہ ہو سکے؛ بے بدل ۔

Unreplenished : (a) جو دوبارہ نہ بھرا گیا ہو؛ غیر معمور؛ غیر لبریز؛ غیر مملو؛ خالی ۔

Unreplying : (a) جواب نہ دینے والا ۔

Unreportable : (a) (گھٹیا یا فحش ہونے کے سبب) جس کی اطلاع نہ دی جاسکے یا جسے کہا نہ جاسکے؛ جسے بیان نہ کیا جاسکے ۔

Unreported : (a) جس کی اطلاع نہ دی گئی ہو ؛ جس کا ذکر عدالتوں یا پارلیمنٹ کی روداد میں نہ ہو ۔

Unrepresentative : (a) (۱) غیر نمائندہ؛ جو کسی ایک جماعت یا مختلف جماعتوں کی نمائندگی نہ کرتا ہو ۔ (۲) غیر مثالی؛ جو کسی جنس کی مثال یا نمونے کا کام نہ دیتا ہو ۔ (۳) غیر نیابتی؛ (حکومت) جو جمہور کی نیابت پر مبنی نہ ہو ۔

Unrepresented : (a) (۱) بے نیابت؛ نیابت سے محروم؛ جس کے نمائندے کسی جلسے یا مجلس مقننہ میں موجود نہ ہوں ۔ (۲) بے اظہار؛ جو الفاظ میں بیان یا تصویر میں ظاہر نہ کیا گیا ہو ۔

Unrepressed : (a) جسے دبایا نہ گیا ہو ۔

Unreprievable : (a) (قتل کی سزا) ناقابلِ التوا یا ناقابلِ معافی ۔

Unreprievably : (adv.) (سزائے قتل) نا قابلِ التوا طور پر ؛ نا قابلِ معافی طور پر ۔

Unreprieved : (a) (سزائے قتل) جو معاف یا ملتوی نہ کی گئی ہو ۔

Unreprinted : (a) جسے دوبارہ چھاپا نہ گیا ہو ۔

Unreproached : (a) ملامت سے محفوظ؛ جسے ملامت یا سرزنش نہ کی گئی ہو ۔

Unreproachful : (a) غیر ملامت آمیز؛ ملامت سے خالی ۔

Unreproachfully : (a) غیر ملامت آمیز طور پر؛ بغیر لعنت ملامت کے ۔

Unreproaching : (a) لعنت ملامت نہ کرنے والا ۔

Unreproducible : (a) (۱) جسے دوبارہ پیدا نہ کیا جاسکے ۔ (۲) جس کا چربہ نہ اتارا جاسکے؛ جس کی نقل نہ کی جاسکے؛ جس کی شبیہ نہ اتاری جاسکے ۔

Unreprovable : (a) (شاذ) بے الزام؛ بے قصور ۔

Unreproved : (a) انگشت نمائی اور سرزنش سے محفوظ ۔

Unrepugnant : (a) (۱) غیر متخالف؛ غیر متباین ۔(۲) جو خلاف مزاج نہ ہو؛ جو ناگوار خاطر نہ ہو ۔

Unrequested : (a) جس سے درخواست یا التجا نہ کی گئی ہو ۔

Unrequired : (a) غیر ضروری؛ غیر مطلوبہ ۔

Unrequitable : (a) جس کا بدلا یا عوض نہ دیا جاسکے؛ ناقابلِ اجر؛ ناقابلِ صلہ ۔

Unrequited : (a) بے جزا؛ بے اجر؛ بے صلہ ؛ بدلا یا صلہ نہ دیا ہوا ۔

Unrequitedly : (adv.) بدلا یا صلہ نہ دیتے ہوئے ۔

Unrequitedness : (n) بدلا یا صلے کا نہ دیا جانا ۔

Unresembling : (a) غیر مشابہ ۔

Unresented : (a) جس سے ناپسندیدگی کا اظہار نہ کیا گیا ہو؛ جس کا برا نہ مانا گیا ہو؛ جس سے لوگ آزردہ نہ ہوئے ہوں ۔

Unresentful : (a) غیر آزردہ؛ غیر کشیدہ خاطر؛ بے خفگی کا ۔

Unresentfully : (a) بغیر آزردگی کے ؛ بے خفگی کے ؛ بغیر کشیدہ خاطری کے ؛ برا نہ مانتے ہوئے ۔

Unresentfulness : (n) غیر آزردگی ۔

Unresenting : (a) ناپسند نہ کرنے والا؛ غیر آزردہ؛ آزردگی سے خالی ۔

Unreserve : (n) بے تکلفی ۔

Unreserved : (a) (۱) غیر مشروط؛ بے استثنا؛ قطعی؛ پورا ۔ (۲) ریزرو نہ کیا ہوا؛ پہلے سے کسی شخص کے لئے محفوظ نہ کیا ہوا ۔ (۳) بے تکلف؛ کھل کر ملنے والا ۔

Unreservedly : (adv.) (۱) غیر مشروط طور پر؛ قطعی طور پر؛ پورے طور پر ۔ (۲) بے تکلفی سے؛ کھل کر ۔

Unreservedness : (n) بے تکلفی ۔

Unresisted : (a) جس کی مزاحمت نہ کی گئی ہو؛ جس کی مخالفت نہ کی گئی ہو ۔

Unresistible : (a) (شاذ) دیکھو Irresistible

Unresisting : (a) بے مزاحمت؛ مزاحمت نہ کرنے والا؛ مزاحمت سے خالی ۔

Unresistingly : (adv.) بغیر مزاحمت کے ۔

Unresistingness : (n) عدم مزاحمت؛ مزاحمت سے خالی ہونا؛ بے مزاحمت ہونا ۔

Unresolvable : (a) ناقابلِ حل؛ جسے حل نہ کیا جاسکے ۔

Unresolved : (a) (۱) (سوال وغیرہ) غیر حل شدہ ۔ (۲) مذبذب؛ جو کوئی قطعی فیصلہ نہ کرسکا ہو ۔ (۳) جس کی تحلیل یا تجزیہ نہ ہوا ہو ؛ غیر تحلیل شدہ ۔

Unrespectable : (a) غیر عزت دار؛ غیر شریف؛ ناقابل عزت؛ بے توقیر ۔

Unrespected : (a) عزت و توقیر سے محروم؛ بے توقیر ؛ غیر معزز؛ بے وقعت ۔

Unrespective : (a) (۱) (شاذ یا قدیم) بے پروا؛ پروا نہ کرنے والا ۔ (۲) فرق و امتیاز نہ کرنے والا ۔

Unrespirable : (a) (ہَوا وغیرہ) جو سانس لینے کے قابل نہ ہو ۔

Unrespited : (a) جسے مہلت نہ دی گئی ہو (خصوصاً سزائے موت کے معاملے میں) ۔

Unresponsible : (a) دیکھو Irresponsible

Unresponsive : (a) (۱) ردِ عمل کی صلاحیت نہ رکھنے والا ؛ بے حس ۔ (۲) غیر اثر پذیر؛ غیر متاثر ۔ (۳) غیر ہمدرد؛ ہمدردی نہ رکھنے والا ۔

Unresponsively : (adv.) غیر اثر پذیری سے؛ بے حسی سے ۔

Unresponsiveness : (n) بے حسی؛ غیر اثر پذیری ۔

Unrest : (a) اضطراب؛ افرا تفری؛ شورش؛ ہنگامہ؛ ہل چل ۔

Unrestful : (a) مضطرب؛ بے چین ۔

Unrestfulness : (n) اضطراب؛ بے چینی ۔

Unresting : (a) آرام نہ لینے والا؛ دم نہ لینے والا ۔

Unrestored : (a) (۱) جو واپس نہ کیا گیا ہو ۔ (۲) جو بحال نہ ہوا ہو؛ جو اپنی اصلی حالت یا اصلی جگہ پر نہ لایا گیا ہو ۔

Unrestrainable : (a) ناقابلِ ضبط؛ ناقابلِ انسداد؛ قابو سے باہر ۔

Unrestrained : (a) بے ضبط ؛ آزاد ؛ بے لگام ؛ بے قابو ۔

Unrestrainedly : (adv.) بے ضبطی سے؛ آزادی سے؛ بے لگامی سے ۔

Unrestricted : (a) غیر محدود؛ بے قید؛ پابندیوں سے آزاد ۔

Unrestrictedly : (adv.) غیر محدود طور پر؛ بغیر پابندی کے ۔

Unrestrictedness : (n) غیر محدودیت؛ بے قید ہونا؛ پابندیوں سے آزاد ہونا ۔

Unretarded : (a) جس کی ترقی نہ روکی گئی ہو؛ جس کی رفتار سست نہ کی گئی ہو؛ بے تاخیر؛ بے تعویق ۔

Unretentive : (a) (۱) غیر ماسک؛ (حافظہ یا ذہن) جو معلومات کو دیر تک محفوظ نہ رکھ سکے ۔ (۲) غیر ممسک؛ جو رطوبت کو دیر تک نہ رکھ سکے ۔

Unretracted : (a) جسے واپس نہ لیا گیا ہو؛ جسے منسوخ نہ کیا گیا ہو ۔

Unreturnable : (a) ناقابلِ واپسی ۔

Unreturned : (a) (۱) جو لوٹایا نہ گیا؛ جو واپس نہ دیا گیا؛ جو پھیرا نہ گیا ہو؛ جو جواباً یا بدلے میں نہ دیا گیا ہو ۔ (۲) جو لوٹ کر نہ آیا ہو؛ جو واپس نہ آیا ہو ۔

Unreturning : (a) واپس نہ کرنے والا؛نہ پھیرنے والا؛نہ لوٹانے والا ۔

Unreturningly : (adv.) واپس نہ کرتے ہوئے؛ نہ لوٹاتے ہوئے ۔

Unrevealed : (a) جو ظاہراً نہ کیا گیا ہو؛ جو افشا نہ کیا گیا ہو ؛ پوشیدہ؛ مخفی ۔

Unrevealing : (a) ظاہر نہ کرنے والا؛ افشا نہ کرنے والا ۔

Unrevenged : (a) بے انتقام؛ جس کا انتقام نہ لیا گیا ہو ۔

Unrevengeful : (a) غیر منتقمانہ ۔

Unreverenced : (a) جس کی تعظیم و تکریم نہ کی گئی ہو ۔

Unreverend : (a) ناقابلِ تکریم ۔

Unreverent : (a) (شاذ) دیکھو Irreverent

Unreversed : (a) (۱) جو الٹا نہ گیا ہو یا پلٹا نہ گیا ہو ۔ (۲) غیر منسوخ ۔

Unreviewed : (a) (۱) معائنہ نہ کیا ہوا ۔(۲) (کتاب وغیرہ) جس پر تبصرہ یا ریویو نہ کیا گیا ہو ۔

Unrevised : (a) بے نظر ثانی؛ بے تنقیح مکرر؛ جس پر دوبارہ غور نہ کیا گیا ہو ۔

Unrevived : (a) جس کا احیاء نہ کیا گیا ہو؛ جس کی تجدید نہ کی گئی ہو؛ جسے دوبارہ زندہ نہ کیا گیا ہو ۔

Unrevoked : (a) غیر منسوخ؛ غیر فسخ شدہ ۔

Unrewarded : (a) بے صلہ؛ بے اجر؛ صلے یا اجر سے محروم ۔

Unrewarding : (a) بے فائدہ؛ لاحاصل؛ بے منفعت ۔

Unrhetorical : (a) (تقریر ، عبارت وغیرہ) بے خطیبانہ؛ سادہ؛ لسانی سے پاک ۔

Unrhymed : (a) غیر مقفا؛ بے قافیہ؛ (نظم) معرّیٰ ۔

Unrhythmic/Unrhythmical : (a) (۱)ناموزوں ؛ بے وزن ؛ نا مناسب ۔(۲) بے آہنگ؛ بے لے؛ آہنگ یا لے سے عاری ۔(۳) غیر تناسب؛ بے تناسب ۔

Unrhythmically : (adv.) بے آہنگی سے ۔

Unribbed : (a) بے پسلی ۔

Unridden : (a) جس پر سواری نہ ہوئی ہو ۔

Unriddle : (v) حل کرنا؛ سلجھانا ۔

Unriddler : (n) حل کرنے والا؛ سلجھانے والا ۔

Unrid(e)able : (a) (سائیکل یا گھوڑا) ناقابلِ سواری؛ جس پر سواری ممکن نہ ہو ۔

Unrifled : (a) جسے لوٹا نہ گیا ہو ۔

Unrig : (v) (۱) (جہاز کو) مستول، رسے، بلیوں وغیرہ سازو سامان سے عاری کرنا ۔(۲) ننگا کرنا؛ کپڑے اتار لینا ۔

Unrigged : (a) (۱) (جہاز) جسے مستول، رسے، بلیوں وغیرہ سے عاری کر دیا گیا ہو ۔(۲) کپڑے سے محروم؛ بے لباس؛ ننگا ۔

Unright : (a) (قدیم) غلط؛ غیر منصفانہ ۔

Unrighted : (a) (۱) (غلطی) جو درست نہ کی گئی ہو ۔ (۲) (ظلم وغیرہ) جس کی تلافی نہ کی گئی ہو؛ تلافی سے محروم؛ بے تلافی ۔

Unrighteous : (a) (۱) غیر متقی؛ غیر صالح؛ بد؛ بے انصاف؛ بے ایمان؛ غیر عادل؛ فاسق ۔(۲) فاسقانہ؛ بد؛ بے ایمانی کا؛ بے انصافی؛ بدمعاشی کا ۔

Unrighteously : (adv.) بے انصافی سے؛ بے ایمانی سے؛ فسق و فجور کے ساتھ ۔

Unrighteousness : (n) فسق؛ بدی؛ بے ایمانی؛ ناانصافی ۔

Unrightful : (a) (شاذ)غلط؛ غیر منصفانہ؛نا جائز؛ بے انصافی کا ۔

Unrightfully : (adv.) بے انصافی سے؛ غلط طور پر؛ ناجائز طریقے سے ۔

Unrightfulness : (n) بے انصافی؛ زیادتی ۔

Unrightly : (adv.) غلط طور پر؛ غیر منصفانہ طور پر ۔

Unringed : (a) بے انگشتری؛ بے انگوٹھی ۔

Unrinsed : (a) جسے پانی یا کسی دوسری سیال شے سے نہ دھویا گیا ہو ۔

Unrip : (v) (۱) چاک کرنا؛ پھاڑنا ۔(۲) فاش کرنا؛ افشا کرنا؛ کھولنا ۔

Unripe : (a) (۱) غیر پختہ؛ کچا؛ خام؛ (مجازاً) خام کار ۔ (۲) غیر آمادہ؛ بے موقع؛ بے محل ۔

Unripely : (adv.) کچے پن سے؛ خام کاری سے؛ ناپختہ طور پر ۔

Unripened : (a) خام؛ کچا؛ ناپختہ ۔

Unripeness : (n) کچاپن؛ خام کاری؛ ناپختگی ۔

Unrippled : (a) بے لہر؛ جس میں لہر یا ہلکورا نہ ہو ۔

Unrisen : (a) (۱) جو اٹھا نہ ہو ۔ (۲) جو بڑھا نہ ہو ۔ (۳) غیر طلوع شدہ؛ جو نکلا نہ ہو ۔

Unrivalled/Unrivaled : (a) جس کا کوئی حریف یا مد مقابل نہ ہو ؛ یکتا؛ لاجواب ؛ بے مثل ؛ لاثانی ۔

Unriven : (a) جسے چیرا نہ گیا ہو ؛ جسے پھاڑا نہ گیا ہو؛ جو ٹکڑے نہ کیا گیا ہو ۔

Unrivet : (v) (۱) کیل ہٹا کر الگ کرنا یا کھولنا ۔ (۲) الگ کرنا ؛ کھولنا ۔

Unroasted : (a) جسے آگ پر جھلسایا نہ گیا ہو؛ بےبُھنا ہوا ۔

Unrobbed : (a) جسے لوٹا نہ گیا ہو ۔

Unrobe : (v) کپڑے اتارنا؛ ننگا کرنا ۔

Unrobed : (a) ننگا؛ برہنہ ۔

Unroll : (v) (لپیٹی ہوئی کسی شے کو) پھیلانا؛ کھولنا ۔

Unrolled : (a) (لپیٹی ہوئی شے)جسے کھول کر پھیلایا گیا ہو ۔

Unromanized : (a) غیر کیتھولک ۔

Unromantic : (a) (۱) غیر رومانی؛ غیر رومان پسند؛ رومان سے خالی؛ تخیل اور جذبات کے جوش سے خالی؛ غیرتخیلی؛ غیرتخیل پرست؛ تخیل وجذبات سے کورا؛ جس میں جذبات یا تخیل پرستی نہ ہو ۔(۲) بے ذوق؛ خشک ۔

Unromantically : (adv.) (۱) غیر رومانی طور پر؛ غیررومان پسند طریقے سے؛ غیر تخیلی طورپر ۔(۲) بے ذوقی سے؛ خشک طریقے سے ۔

Unroof : (v) بے چھت ، بے چھپر یا مسقف کرنا ۔

Unroofed : (a) غیرمسقف؛ بے چھت کا ۔

Unroost : (v) (۱) (شاذ) ڈربے سے نکالنا ۔(۲) ڈربا چھوڑنا ؛ ڈربے سے نکلنا ۔

Unroot : (v) (۱) جڑ سے اکھاڑنا؛ اکھاڑنا؛ بیخ کنی کرنا ۔ (۲) اکھڑنا ؛ جڑ سے الگ ہو جانا ۔

Unrooted : (a) (۱) جسےجڑ سےاکھاڑا نہ گیا ہو ۔(۲) بےجڑکا ۔

Unrope : (v) رسی کھولنا؛ رسی کھول کر الگ کرنا؛ رسی کو الگ کرنا ۔

Unroped : (a) جس کو رسی سے باندھا نہ گیا ہو ۔

Unrotted : (a) (۱) بے سڑا ہوا بے گلا ہوا ۔(۲) غیر بوسیدہ ۔ (۳) جو ناقص یا خراب نہ ہو ۔

Unrotten : (a) (۱) بے سڑا ہوا؛ بے گلا ہوا ۔(۲) غیر بوسیدہ ۔ (۳) جو ناقص یا خراب نہ ہو ۔

Unround : (a) (آواز) جس کے نکالنے یا ادا کرنے میں ہونٹ سکڑ کر گول نہ ہوں بلکہ سیدھے پھیلے رہیں ۔

Unround : (v) (۱) (ہونٹ کو) سیدھے پھیلانا ۔(۲) ہونٹ کو کم سکیڑ کر یا بغیر سکیڑے ہوئے کوئی آواز نکالنا ۔

Unrounded : (a) سیدھے پھیلے ہوئے (ہونٹ) ۔

Unroused : (a) خوابیدہ؛ جسے جگایا نہ گیا ہو ۔

Unroyal : (a) غیرشاہانہ؛ جو بادشاہ کے شایان شان نہ ہو ؛ جو بادشاہ کا سا نہ ہو ۔

Unrubbed : (a) بے مٹایا ہوا ۔

Unruffle : (v) (۱) پُرسکون ہونا؛ تھم جانا ۔(۲) خاموش اور پُرسکون کرنا؛ تسکین دینا؛ تسلی دینا ۔

Unruffled : (a) غیرمتموج؛ جو مضطرب یا برہم نہ ہو ؛ پُرسکون ؛ پُراطمینان ۔

Unruffledness : (n) سکون؛ خاطرجمعی ۔

Unruined : (a) جو اجاڑا ہوا نہ ہو؛ جو مسمار یا پامال کیا ہوا نہ ہو؛ غیربرباد شدہ؛ جو کھنڈر یا خرابہ نہ ہو ۔

Unrulable : (a) ناقابلِ ضبط؛ بے قابو؛ بے لگام ۔

Unrule : (v) بے قابو کرنا؛ بے لگام کرنا ۔

Unruled : (a) (۱) غیرمحکوم؛ جس پر کسی کی حکومت نہ ہو ۔ (۲) بے ضبط؛ بے قابو ۔ (۳) غیر سطردار؛ جس پر سطریں نہ کھینچی ہوں ۔

Unruliness : (n) سرکشی؛ تمرّد؛ بغاوت ۔

Unruly : (a) غیرمطیع؛ سرکش؛ متمرد؛ باغی ۔

Unrumple : (v) شکن دور کرنا؛ سلوٹ دور کرنا ۔

Unrumpled : (a) بے شکن؛ بے جھری؛ بے سلوٹ ۔

Unrung : (a) (گھنٹی) جو بجی نہ ہو ۔

Unruptured : (a) بے ٹوٹا ہوا؛ بے پھٹا ہوا؛ صحیح سالم ۔

Unrusted : (a) بے زنگ؛ جس میں زنگ نہ لگا ہو ۔

Unruth : (n) (قدیم) بے رحمی؛ سخت دلی ۔

Unsacerdotal : (a) (۱) غیرمشائخانہ؛ غیرپروہتی ؛ غیر متبرک؛ غیر مقدس ۔ (۲) غیرپیر پرست؛ غیر مشائخ پرست ۔

Unsacked : (a) بورے سے باہر نکالا ہوا ۔

Unsacred : (a) غیرمقدس؛ ناپاک ۔

Unsaddle : (v) گھوڑے پر سے زین اتارنا ۔

Unsaddled : (a) جس پر زین نہ رکھا گیا ہو؛بےزین؛ (گھوڑا) جس پر زین نہ کسا گیا ہو ۔

Unsafe : (a) غیر محفوظ؛ پُر خطر؛ خطرناک ۔

Unsafely : (adv.) غیر محفوظ طور پر؛ پُرخطر طریقے سے ۔

Unsafeness : (n) غیرمحفوظ ہونا؛ پُرخطر ہونا ۔

Unsafety : (n) عدم حفاظت؛ غیرمحفوظ ہونا؛ پرخطر ہونا ۔

Unsaid : (a) بن کہا؛ بے کہا ہوا؛ ناگفتہ ۔

Unsailed : (a) (جہاز، کشتی وغیرہ) جس نے دریائی یا سمندری سفر نہ کیا ہو ۔

Unsailorlike : (a) غیرملاحانہ ۔

Unsaint : (v) رشی یا ولی کے منصب سے الگ کرنا ۔

Unsainted : (a) جسے ولی یا رشی کی فہرست میں داخل نہ کیا گیا ہو ۔

Unsaintly : (a) غیر ولی صفت؛ جس میں ولی کی صفات نہ ہوں؛ شان تقدس سے خالی؛ جو ولی کے شایانِ شان نہ ہو؛ بے تقدس؛ غیر ولیانہ ۔

Unsalaried : (a) غیر تنخواہ دار؛ بے تنخواہ؛ اعزازی ۔

Unsaleability : (n) ناقابلِ فروخت ہونا ۔

Unsaleable : (a) ناقابلِ فروخت؛ نہ بکنے والا ۔

Unsaleableness : (n) نا قابلِ فروخت ہونا ۔

Unsalted : (a) بے نمک کا؛ جس میں نمک نہ ڈالا گیا ہو ۔

Unsalutary : (a) مضر؛ نقصان دہ ۔

Unsaluted : (a) جسے سلامی نہ دی گئی ہو ۔

Unsalvable : (a) جسے بچایا نہ جاسکے؛ جس کی نجات نہ ہو سکے ۔

Unsampled : (a) بے نمونہ؛ جس کا نمونہ نہ دکھایا گیا ہو ۔

Unsanctified : (a) غیر مقدس؛ غیر متبرک؛ ناپاک ۔

Unsanctify : (v) (۱) غیر مقدس بنانا؛ غیر متبرک بنانا ۔ (۲) ناپاک کرنا ۔

Unsanctimonious : (a) بے ریا؛ ظاہرداری سے پاک ۔

Unsanctimoniously : (adv.) بےریائی سے؛ بے ریا طریقے سے ۔

Unsanctioned : (a) غیرمنظورشدہ؛ بے منظوری؛ بے اجازت؛ نا جائز ۔

Unsandalled/Unsandaled : (a) بے چپل پہنے ہوئے ۔

Unsanguinary : (a) غیر خونی؛ غیر خون آلود ۔

Unsanguine : (a) غیر رجائی؛ غیررجائیت پسندانہ؛ جو امید یا ولولے سے پُر نہ ہو ۔

Unsanitary : (a) (۱) غیر مفید صحت؛ غیر صحت بخش؛ مضر صحت ۔ (۲) اصول حفظان صحت کے خلاف؛ منافیِ حفظان صحت ۔

Unsated : (a) غیر آسودہ؛ جو سیر نہ ہوا ہو ؛ جسے تسکین نہ ہوئی ہو ۔

Unsatiable : (a) دیکھو Insatiable

Unsatiated : (a) غیر آسودہ؛ بے تسکین ۔

Unsatisfaction : (n) عدم تسکین؛ عدم تشفی؛ عدم اطمینان ۔

Unsatisfactorily : (adv.) ناقابل اطمینان طور پر؛ غیر خاطر خواہ طور پر؛ غیر معقول طور پر ۔

Unsatisfactory : (a) (۱) غیر اطمینان بخش؛ ناقابل اطمینان؛ غیر تسلی بخش ؛ جو خاطر خواہ نہ ہو ۔ (۲) غیر معقول ؛ نا کافی ۔

Unsatisfiable : (a) جس کی تسکین، تشفی یا اطمینان نہ ہوسکے ۔

Unsatisfied : (n) (۱) غیر مطمئن؛ جسے اطمینان نہ ہوا ہو ۔ (۲) بے تسکین؛ جسے تسکین نہ ہوئی ہو ۔

Unsatisfiedness : (n) غیر مطمئن ہونا؛ بے تسکین ہونا ۔

Unsatisfying : (a) غیر اطمینان بخش؛ آسودگی اور تسکین نہ بخشنے والا ۔

Unsaturated : (a) جس میں کچھ اور زیادہ جذب ہو سکے؛ غیر معمور ۔

Unsaved : (a) (۱) بے بچایا ہوا ۔ (۲) بے پس انداز کیا ہوا ۔ (۳) غیر ناجی؛ بےنجات ؛ روحانی نجات سے محروم ۔

Unsavourily/Unsavorily : (adv.) بدمزگی کے ساتھ ؛ ناگوار طور پر؛ مکروہ طریقے سے ۔

Unsavouriness/Unsavoriness : (n) (۱) بدمزگی ۔ (۲) ناگوار ہونا؛ مکروہ ہونا ۔

Unsavoury/Unsavory : (a) (۱) غیر خوش ذائقہ ؛ جو مزے دار نہ ہو ؛ بدمزہ ۔ (۲) ناگوار؛ نا مرغوب؛ مکروہ؛ غیر دلکش ۔

Unsawn : (a) جسے آرے سے چیرا نہ گیا ہو ۔

Unsay : (v) کہے ہوئے کو واپس لینا؛ منسوخ کرنا ۔

Unsayable : (a) جو کہا نہ جاسکے ۔

Unscabbard : (v) نیام سے باہر نکالنا؛ نیام سے باہر کھینچنا ۔

Unscabbarded : (a) بے نیام؛ ننگی (تلوار) ۔

Unscalable : (a) جس پر چڑھنا ممکن نہ ہو ۔

Unscale : (v) چھیلنا؛ چھلکا اتارنا؛ ورق اتارنا؛ تہ الگ کرنا؛ پرت نوچنا ۔

Unscaled : (a) (مقام) جس پر چڑھا نہ گیا ہو ۔

Unscalped : (a) جس کے سر کا چمڑا نہ اتارا گیا ہو ۔

Unscannable : (a) جس کی تقطیع نہ ہو سکے؛ غیر تقطیع پذیر ؛ بے وزن ۔

Unscanned : (a) جس کی تقطیع نہ ہوئی ہو؛ بے تقطیع (شعر یا مصرعہ) ۔

Unscared : (a) غیر خائف؛ جو ڈرا نہ ہو ۔

Unscarred : (a) جس پر زخم کا نشان نہ ہو؛ جس پر داغ نہ ہو ۔

Unscathed : (a) (۱) ضرر سے محفوظ؛ صحیح سالم؛ جس پر آنچ نہ آئی ہو ۔ (۲) بے داغ؛ پاک؛ اخلاقی ضرر سے محفوظ ۔

Unscented : (a) بے سونگھا ہوا؛ بے خوشبو ؛ بے مہک؛ جو خوشبو میں بسا ہوا نہ ہو؛ بے صولجان ۔

Unsceptred/Unsceptered : (a) عصائے شاہی سے محروم؛ جو شانِ شاہی یا علامتِ شاہی نہ رکھتا ہو ۔

Unscheduled : (a) جس کی فہرست نہ بنی ہو؛ جو فہرست میں شامل نہ ہو؛ جس کا تعین نہ ہوا ہو؛ غیر معمولی؛ زائد ۔

Unscholarlike : (a) غیر عالمانہ؛ جو ایک عالم کے شایان شان نہ ہو ۔

Unscholarly : (a) غیر عالم؛ علمیت سے کورا؛ غیر محقق؛ غیر عالمانہ؛ عالمانہ شان کے خلاف؛ غیر محققانہ ۔

Unscholastic : (a) غیر تعلیمی؛ جس کا تعلق تعلیم وتعلم سے نہ ہو ۔

Unschool : (v) اسکول جانے سے بے توجہی یا بے التفاتی پیدا کرنا ۔

Unschooled : (a) (۱) بے پڑھا؛ اَن پڑھ؛ جاہل ، خصوصاً وہ جس نے اسکول میں تعلیم حاصل نہ کی ہو ۔ (۲) بے تربیت ؛ غیر تعلیم یافتہ ؛ بے ضبط ۔ (۳) غیر مصنوعی؛ فطری ۔

Unscience : (n) علم یا معلومات کی کمی؛ جہالت ۔

Unscientific : (a) غیر علمی؛ علمی اصول کے خلاف؛ غیر سائنٹیفک؛ سائنٹیفک اصول اور طریقوں کے خلاف ۔

Unscientifically : (adv.) غیر علمی یا غیر سائنٹیفک طور پر ۔

Unscissored : (a) جسے قینچی یا مقراض سے نہ کاٹا گیا ہو ۔

Unscorched : (a) بے جھلسا ہوا؛ بے جلا ہوا ۔

Unscored : (a) بے گنا ہوا؛ غیر شمردہ ۔

Unscorned : (a) جس سے نفرت یا حقارت نہ کی گئی ہو ۔

Unscoured : (a) (۱) بے صاف کیا ہوا؛ بے مانجھا ہوا؛ جو رگڑ کر صاف نہ کیا گیا ہو ؛ جو کھنگالا نہ گیا ہو ۔ (۲) بے داغ دور کیا ہوا؛ جس کا دھبا نہ مٹایا گیا ہو ۔

Unscourged : (a) (۱) بے سزا؛ سزا سے محفوظ ۔ (۲) ظلم و جور سے محفوظ ۔

Unscramble : (v) بے ربطی کو درست کرنا؛ خصوصاً (کسی بے ربط پیغام کی) تشریح اور وضاحت کرنا ۔

Unscraped : (a) بے چھیلا ہوا؛ بے کھرچا ہوا ۔

Unscraped ginger : (n) دیکھو Black ginger

Unscratched : (a) بے خراش؛ جس پر خراش نہ ہو ۔

Unscreen : (v) (شاذ) پردہ ہٹانا؛ ظاہر کرنا؛ بے نقاب کرنا ۔

Unscreened : (a) (۱) بے اوٹ کا؛ جس میں اوٹ یا آڑ نہ ہو؛ جس پر پردہ نہ ہو ۔ (۲) بے چھنا ہوا؛ بے چالا ہوا ۔

Unscrew : (v) (۱) پیچ نکالنا؛ پیچ کھول کر ڈھیلا کرنا ۔ (۲) ڈھکن یا پیچ کی طرح گھما گھما کر کھولنا؛ ڈھیلا کرنا یا نکالنا ۔ (۳) بے پیچ ہونا؛ ڈھیلا ہونا ۔

Unscripted : (a) (تقریر وغیرہ) جو ضبطِ تحریر میں لائے بغیر کی جائے؛ برجستہ؛ فی البدیہہ ۔

Unscriptural : (a) خلافِ بائبل؛ مذہبی کتابوں کے خلاف؛ جو بائبل کے مطابق یا آیاتِ مقدسہ کے منافی ہو ۔

Unscripturality : (n) مذہبی کتابوں کے خلاف ہونا؛ آیاتِ مقدسہ کے منافی ہونا؛ خلافِ بائبل ہونا ۔

Unscripturally : (adv.) اس طریقے سے کہ بائبل یا مذہبی کتابوں کے خلاف ہو ۔

Unscripturalness : (n) دیکھو Unscripturality

Unscrubbed : (a) بے مانجھا ہوا؛ جو رگڑ رگڑ کر صاف نہ کیا گیا ہو ۔

Unscrupulous : (a) (۱) غیر محتاط ۔ (۲) بے ایمان؛ بے باک؛ جسے بُرے سے بُرے کام میں باک نہ ہو ۔ (۳) بے ایمانی کا ۔

Unscrupulously : (adv.) (۱) غیر محتاط طریقے سے ۔ (۲) بے ایمانی سے؛ بے باکی سے ۔

Unscrupulousness : (n) (۱) بے احتیاطی ۔ (۲) بے ایمانی؛ بے باکی؛ بے ڈھب پن ۔

Unscrutinized : (a) بے جانچا ہوا؛ جس کی جانچ پڑتال نہ کی گئی ہو ۔

Unsculptured : (a) جس پر صورت گری ، کندہ کاری اور تراش خراش کا کام نہ ہوا ہو؛ بے نقش ونگار؛ غیر منقش؛ ہموار؛ مسطح ۔

Unseal : (v) مُہر توڑنا؛ ضبط، روک یا بندش سے آزاد کرنا ۔

Unsealed : (a) (۱) بے مُہر کیا ہوا؛ غیر سر بہ مُہر؛ جس پر مُہر نہ لگی ہو ۔ (۲) مُہر شکستہ؛ جس کی مُہر ٹوٹی ہوئی ہو ۔

Unseam : (v) ٹانکا، بخیہ یا سلائی کھولنا ۔

Unseamanlike : (a) غیر ملاحانہ؛ جہازرانوں کی خصوصیت کے خلاف ۔

Unseamed : (a) (۱) بے شکن؛ بے بَل ۔ (۲) بے بخیہ؛ بے دوخت؛ بے سلائی ۔

Unsearchable : (a) (۱) ناقابلِ تلاش؛ ناقابلِ جستجو؛ جو ڈھونڈا نہ جاسکے ۔(۲) پُر اسرار ۔

Unsearchableness : (n) ناقابلِ جستجو ہونا؛ ناقابلِ تلاش ہونا؛ پُراسرار ہونا ۔

Unsearchably : (adv.) اس طور پر کہ ڈھونڈا نہ جاسکے؛ پُر اسرار طور پر ۔

Unsearched : (a) بے ڈھونڈا ہوا؛ جو ڈھونڈا نہ گیا ہو؛ جس کی تلاشی نہ کی گئی ہو؛ جسے چھانا نہ گیا ہو ۔

Unseared : (a) (۱) (زخم وغیرہ) بے داغا ہوا؛ بے جلایا ہوا ۔ (۲) (قلب، ضمیر) جو مردہ نہ ہوا ہو؛ جو بے حس نہ ہوا ہو ۔

Unseason : (v) (۱) بے مزہ کرنا؛ بے چٹخارہ کرنا ۔(۲) غیر دلچسپ بنانا ۔

Unseasonable : (a) (۱) بے وقت؛ نامناسب؛ بےموقع؛ بےمحل ۔ (۲) بے موسم؛ بے فصل کا ۔

Unseasonableness : (n) بے محل ہونا؛ بے موقع ہونا ۔

Unseasonably : (adv.) بے محل طریقے سے ؛ بے موقع طور پر ۔

Unseasonal . (a) (۱) جو موسم کی مناسبت یا لحاظ سے نہ ہو ۔(۲) بے موسم؛ بے وقت ۔

Unseasoned : (a) (۱) بے مسالے کا؛ جو مسالے دار یا چٹپٹا نہ ہو ۔ (۲) ناپختہ؛ ناتجربہ کار؛ غیرموسم دیدہ؛ غیرسرد و گرم چشیدہ ۔

Unseat : (v) (۱) نشست سے الگ کرنا، خصوصاً گھوڑے کی پشت پر سے ہٹانا ۔ (۲) کسی عہدے، منصب وغیرہ سے الگ یا برطرف کرنا ۔

Unseaworthiness : (n) بحری سفر کے ناقابل ہونا ۔

Unseaworthy : (a) بحری سفر کے ناقابل ۔

Unseconded : (a) (۱) بے تائید؛ (تجویز) جس کی کسی نے تائید یا حمایت نہ کی ہو ۔ (۲) بے ساتھی کا؛ جس کو ڈوئیل کے لئے ساتھی نہ ملا ہو ۔

Unsecret : (a) (شاذ) غیرمخفی؛ غیرپوشیدہ؛ کھلا ہوا؛ ظاہر۔

Unsectarian : (a) غیرفرقہ وارانہ؛ فرقہ واری یا مذہبی تعصب سے پاک؛ جو کسی ایک گروہ کو پیش نظر نہ رکھے؛ فرقہ واری قیود اور حدود سے آزاد ۔

Unsectarian : (n) غیر فرقہ پرست؛ وہ شخص جو گروہ یا فرقہ وارانہ تعصب سے پاک ہو ۔

Unsecular : (a) غیرسیکولر؛ جس میں مذہبی تفریق و امتیاز کو روا رکھا جائے ۔

Unsecured : (a) (۱) غیرمستحکم ۔(۲) جو مضبوطی سے بند نہ کیا گیا ہو ۔(۳) بے کفالت (قرض) ۔

Unseduced : (a) (۱) جو پھسلایا نہ گیا ہو؛ جو پھسلانےمیں نہ آیا ہو ۔(۲) (عورت) جو ورغلا کر بےعصمت نہ کی گئی ہو؛ جس کی آبرو ریزی نہ کی گئی ہو ۔

Unseeable : (a) جو نظر نہ آسکے؛ جسے دیکھا نہ جاسکے ۔

Unseeing : (a) (شعوری طور پر) نہ دیکھنےوالا؛ قوت مشاہدہ سے خالی؛ بے مشاہدہ؛ نابینا؛ اندھا؛ شبہے سے خالی؛ شبہ نہ کرنے والا ۔

Unseeingly : (adv.) (شعوری طور پر) نہ دیکھتے ہوئے ۔

Unseemliness : (n) نازیبائی؛ نامناسب ہونا؛ ناشائستگی؛ بیہودہ پن ۔

Unseemly : (a) نامناسب؛ نازیبا؛ ناشائستہ؛ بیہودہ ۔

Unseemly : (adv.) نا زیبا طور پر ؛ نا شائستہ طور پر ۔

Unseen : (a) اَن دیکھا؛ جسے دیکھا نہ گیا ہو؛ نا دیدہ؛ غیرمرئی؛ جو نظر نہ آئے ۔

Unsegmented : (a) جو ٹکڑے ٹکڑے نہ کیا گیا ہو ۔

Unsegregated : (a) علاحدہ نہ کیا ہوا ۔

Unseizable : (a) (۱) ناقابلِ گرفت؛ جو گرفت میں نہ آسکے ۔ (۲) ناقابلِ ضبطی؛ جو چھینا یا قبضے میں نہ لایا جاسکے ۔

Unseized : (a) جو گرفت میں نہ ہو؛ غیرضبط شدہ ۔

Unseldom : (adv.) اکثر؛ بارہا ۔

Unselect : (a) غیرمنتخب؛ غیر چیدہ؛ بے چنا ہوا؛ جس میں صرف چیدہ افراد نہ ہوں بلکہ ہرقسم کے لوگ ملے جلے ہوں ۔

Unselected : (a) غیر منتخب؛ بے چُنا ہوا؛ جو منتخب نہ کیا گیا ہو۔

Unself : (v) خود غرضی سے پاک کرنا۔

Unselfconscious : (a) غیر خود آگاہ؛ غیر خود شعور۔

Unselfconsciously : (adv.) غیر خود آگاہانہ۔

Unselfconsciousness : (n) غیر خود آگاہی۔

Unselfish : (a) خود غرضی سے مبرا؛ جو خودغرض نہ ہو : بےغرض؛ بے لوث؛ بے غرضی کا؛ بے غرضانہ۔

Unselfishly : (adv.) بے غرضانہ طور پر ؛ بے غرضی سے؛ بے لوث طریقے سے۔

Unselfishness : (a) بے غرضی۔

Unsensational : (a) غیرسنسنی خیز؛ غیرہیجان انگیز : سنسنی نہ پیدا کرنے والا؛ جو طبیعتوں میں ہل چل، ہیجان یا سنسنی نہ پیدا کرے۔

Unsensationally : (adv.) غیر سنسنی خیز طور پر : بے سنسنی پیدا کئے ہوئے۔

Unsense : (v) (شاذ) بے حِس کرنا۔

Unsensed : (a) مبہم؛ جو کوئی واضح معنی نہ رکھتا ہو۔

Unsensible : (a) دیکھو Insensible

Unsensitive : (a) دیکھو Insensitive

Unsensualize : (v) حِسی سطح سے بلند کرنا؛ ارفع کرنا۔

Unsent : (a) بے بھیجا ہوا؛ جسے بھیجا نہ گیا ہو؛ غیر ارسال کردہ۔

Unsentenced : (a) جسے سزا نہ دی گئی ہو؛ سزاسےمحفوظ۔

Unsentient : (a) غیر ذی حس؛ غیر مدرک؛ جس میں حِس نہ ہو۔

Unsentimental : (a) غیر جذباتی؛ غیر جذبات پرست؛ غیر جذبات پرستانہ؛ جذباتیت سے خالی۔

Unsentimentality : (n) غیر جذباتیت؛ جذباتیت سے خالی ہونا۔

Unsentimentally : (adv.) غیر جذباتی طور پر؛ جذباتیت سے الگ ہوکر۔

Unseparated : (a) علاحدہ نہ کیا ہوا؛ جو الگ نہ کیا گیا ہو۔

Unsepulchred/Unsepulchered : (a) غیرمدفون۔

Unserious : (a) غیرسنجیدہ؛ متانت اور سنجیدگی سے عاری۔

Unserved : (a) (۱) جس کی خدمت نہ کی گئی ہو۔(۲) (کھانا وغیرہ) جو میز پر نہ لگایا گیا ہو۔(۳) (سمن وغیرہ) جو پہنچایا نہ گیا ہو۔(٤) (کلیسا) جس میں پادری نہ ہو۔

Unserviceable : (a) (۱) غیر کار آمد؛ جو کام میں نہ آسکے۔ (۲) جو فوجی کام کرنے کے قابل نہ ہو۔

Unserviceableness : (n) غیر کار آمد ہونا۔

Unserviceably : (adv.) غیر کار آمد طور پر۔

Unservile : (a) غیرغلامانہ۔

Unset : (v) جگہ سے ہٹانا۔

Unset : (a) (۱) بے جڑا ہوا؛ جسےفریم وغیرہ میں جڑا نہ گیا ہو۔ (۲) بے بٹھایا ہوا ؛ اکھڑا ہوا (عضو، ہڈی وغیرہ)۔ (۳) جو غروب نہ ہوا ہو۔ (٤) بےلگایا ہوا (پھندا)۔

Unsetting : (a) غروب نہ ہونے والا۔

Unsettle : (v) (۱) جگہ سے ہٹانا۔(۲) خلل ڈالنا؛ الٹ پلٹ کرنا؛ درہم برہم کرنا۔ (۳) الجھن میں ڈالنا؛ پریشان کرنا۔(٤) جگہ سے ہٹنا؛ الٹ پلٹ ہونا؛ الجھن میں پڑنا؛ درہم برہم ہونا۔

Unsettled : (a) (۱) بے سکون؛ بے چین؛ مضطرب؛ درہم برہم۔ (۲) جو ایک مقررہ حالت پر نہ رہے؛ تغیر پذیر ؛ جو تبدیلی اور حرکت کی حالت میں ہو۔(۳) جو پس و پیش کی حالت میں ہو۔ (٤) غیر فیصل؛ جس کا فیصلہ نہ ہوا ہو۔ (٥) جس کی کوئی مستقل قیام گاہ نہ ہو؛ بے ٹھکانا۔(٦) (خطہء زمین) غیرآباد۔(۷) (دماغی اعتبار سے) غیرمتوازن؛ مختل۔(۸) بے چکایا ہوا؛ ادا نہ کیا ہوا (قرض وغیرہ)۔

Unsettledness : (n) (۱) اضطراب؛ بے سکونی؛ بے چینی۔ (۲) تغیر پذیری۔(۳) پس وپیش کی حالت میں

ہونا ۔ (٤) غیر فیصل ہونا؛ غیر فیصلہ شدہ ہونا ۔ (٥) بے ٹھکانے ہونا؛ بے گھر ہونا ۔ (٦) غیرآباد ہونا ۔ (٧) (دماغی) عدم توازن ۔ (٨) بے چکایا ہوا ہونا؛ بے ادا کیا ہوا ہونا (قرض وغیرہ)۔

Unsettlement : (n) عدم استقرار؛ بے سکونی؛ اضطراب؛ بے چینی؛ الٹ پلٹ ۔

Unsettling : (a) بوکھلا دینے والا؛ پریشان کر دینے والا؛ الجھن میں ڈالنے والا ؛ (دماغ کو) مختل کر دینے والا؛ الٹ پلٹ کر دینے والا ۔

Unsevered : (a) غیر منقطع؛ جو جدا یا الگ نہ کیا گیا ہو ؛ مربوط؛ جڑا ہوا ۔

Unsew : (v) بخیہ ادھیڑنا؛ سلائی کھولنا ۔

Unsewed/Unsewn : (a) بے سلا ہوا ۔

Unsewered : (a) بے نالیوں کا؛ جہاں نالیوں کا انتظام نہ ہو ۔

Unsex : (v) (١) جنسی قوت سے محروم کرنا ۔(٢) صنفی خصوصیت سے محروم کرنا (خصوصاً صنف لطیف کو)۔

Unsexed : (a) (١) جنسی قوت سے محروم ۔(٢) صنفی خصوصیت سے محروم ۔

Unsexual : (a) غیر جنسی؛ جو جنس سے متعلق نہ ہو؛ غیرشہوانی۔

Unsexually : (adv.) غیر جنسی طور پر؛ غیر شہوانی طور پر ۔

Unshackle : (v) بیڑی سے آزاد کرنا؛ چھڑانا؛ آزاد کرنا ۔

Unshackled : (a) (١) جس کے پاؤں میں بیڑیاں نہ ہوں ۔ (٢) (مجازاً) آزاد؛ غیرمقید ۔

Unshaded : (a) (١) بے سایہ؛ جس پر سایہ نہ پڑتا ہو؛ کھلا ہوا ۔(٢) جس میں روشنی کی آڑ نہ ہو ۔ (٣) (ڈرائنگ) بے سایہ؛ جس میں ہلکے اور گہرے رنگوں سے سائے اور روشنی کا فرق نہ دکھایا گیا ہو ۔

Unshadow : (v) (١) سائے سے الگ کرنا؛ (دھوپ یا بارش میں) رکھ دینا ۔(٢) ظاہر کرنا؛ کھولنا ۔

Unshadowed : (a) جو سائے سے دھندلا نہ ہوا ہو؛ بے سایہ؛ جس پر سایہ نہ پڑ رہا ہو؛ ظلمت سے پاک ۔

Unshakeable/Unshakable : (a) جسے ہلایا نہ جاسکے؛ جو نہ ہلے؛ مضبوط؛ مستحکم؛ استوار ۔

Unshak(e)ableness : (n) مضبوطی؛ محکمی؛ استواری؛ ثابت قدمی۔

Unshakeably/Unshakably : (adv.) مضبوطی سے؛ استواری سے؛ ثابت قدمی سے ۔

Unshaken : (a) (١) بے ہلایا ہوا؛ جو ہلا نہ ہو؛ اٹل ۔ (٢) غیرمتزلزل؛ استوار؛ مضبوط؛ مستحکم؛ ثابت قدم ۔

Unshamed : (a) غیر شرمندہ؛ غیر شرمسار ۔

Unshape : (v) ہئیت بگاڑنا؛ صورت مسخ کرنا ۔

Unshaped : (a) بے ہئیت؛ بدہئیت؛ جسے مناسب شکل یا ہئیت نہ دی گئی ہو ۔

Unshapeliness : (n) غیرمتناسب ہونا؛ بے ڈول ہونا؛ بھداپن؛ بدصورتی۔

Unshapely : (a) غیرمتناسب؛ بے ڈول؛ بد صورت؛ بد قطع ؛ بھدا؛ بدقوارہ؛ کریہہ منظر ۔

Unshapen : (a) دیکھو Unshaped

Unshared : (a) بے شرکت؛ جس میں کوئی شریک نہ ہو؛ غیرمنقسم؛ جو حصوں میں تقسیم نہ ہو ۔

Unshattered : (a) (١) غیرشکستہ؛ جو پاش پاش یا ریزہ ریزہ نہ ہوا ہو ۔(٢) جو برباد اور ضائع نہ ہوا ہو ۔ (٣) غیرمضمحل؛ جو تھک کر چور چور نہ ہوا ہو ۔ (٤) غیرمنتشر؛ بے بکھرا ہوا ۔

Unshaved : (a) بے مونڈی ہوئی ۔

Unshaven : (a) جس نے ڈاڑھی نہ مونڈی ہو؛ بے منڈی؛ بڑھی ہوئی (داڑھی والا)؛ ڈھیل ۔

Unshawl : (v) (اپنی) شال اتارنا ۔

Unsheathe : (v) نیام سے باہر نکالنا؛ کھولنا؛ ننگا کرنا ۔

Unsheathed : (a) نیام سے باہر؛ ننگا؛ کھلا ہوا ۔

Unshed : (a) (پتے) بے جھڑے ہوئے؛ بے گرائے ہوئے؛ (آنسو) بے بہایا ہوا۔

Unshell : (a) خول توڑ کر نکالنا؛ چھلکا الگ کرنا۔

Unshelled : (a) خول توڑ کر باہر نکالا ہوا؛ بے پوست کیا ہوا۔

Unsheltered : (a) (۱) غیر محفوظ (حملےوغیرہ سے)؛ کھلا ہوا (جس مے ہوپ، بارش وغیرہ کابچاؤ نہ ہو)۔ (۲) بے تامیر؛ جو تامینی محصول سے محفوظ نہ کی گئی ہو۔

Unsheltering : (a) پناہ نہ لینے والا۔

Unshent : (a) (قدیم) نقصان نہ پہنچایا ہوا؛ برباد نہ کیا ہوا۔

Unshepherded : (a) حفاظت ونگہداشت سےمحروم ؛بےراعی۔

Unshielded : (a) غیرمحفوظ؛ بے بچاؤ۔

Unshifted : (a) بے بدلا ہوا؛ جسے بدلا نہ گیا ہو؛ جسے تبدیل نہ کیا گیا ہو۔

Unshifting : (a) نہ بدلنے والا۔

Unship : (v) (۱) جہاز سےسامان اتارنا۔(۲) (بحری) (پتوار، مستول وغیرہ کو) بندھی ہوئی جگہ سے ہٹانا یا الگ کرنا۔

Unshipment : (n) (۱) جہاز سے سامان کا اتارا جانا۔ (۲) (بحری) (پتوار، مستول وغیرہ کا) بندھی ہوئی جگہ سے ہٹایا جانا یا الگ کیا جانا۔

Unshipped : (a) (مال) جسے جہازپر چڑھایا یا لادانہ گیا ہو۔

Unshocked : (a) جس کو صدمہ نہ پہنچا ہو؛ جس کو دھچکا نہ لگا ہو؛ صدمے یا دھچکے سے محفوظ۔

Unshod : (a) (۱) ننگے پاؤں؛ جوتا نہ پہنے ہوئے۔(۲) (گھوڑا) بے نعل؛ جس کے نعل نہ جڑے ہوں۔(۳) (پہیا) جس میں ٹائر یا ہال نہ ہو۔(٤) جس میں لوہے کی تیز نوک نہ ہو۔

Unshoe : (v) (پاؤں سے) جوتے اتارنا۔

Unshorn : (a) (۱) غیربریدہ؛ بے کٹا ہوا۔(۲) (کھیت وغیرہ) جس میں سے فصل نہ کاٹی گئی ہو۔(۳) کم نہ کیا ہوا؛ گھٹایا نہ ہوا؛ بے تخفیف۔

Unshortened : (a) کم نہ کیا ہوا؛ جو مختصر نہ کیا گیا ہو؛ بے تخفیف؛ بے چھوٹا کیا ہوا؛ بے گھٹایا ہوا۔

Unshot : (a) (۱) بے چھوڑی ہوئی (بندوق)۔(۲) بے چلایا ہوا (تیر)۔(۳) جس پر ضرب یا نشانہ نہ لگایا گیا ہو۔(٤) خلط ملط نہ کیا ہوا۔

Unshoulder : (v) کندھے سے الگ کرنا؛ کندھے سے اتارنا۔

Unshowered : (a) بے ترشح؛ ترشح نہ کیا ہوا۔

Unshown : (a) بے دکھایا ہوا؛ جس کی نمائش نہ کی گئی ہو۔

Unshowy : (a) غیر زرق برق؛ غیر بھڑکیلا۔

Unshrine : (v) روضہ یا درگاہ سے الگ کرنا؛ کسی مقدس مقام سے ہٹانا۔

Unshrinkable : (a) نہ سکڑنے والا؛ جو نہ سکڑے ؛(کپڑا وغیرہ) جو سکڑ کر چھوٹا یا تنگ نہ ہو۔

Unshrinking : (a) نہ سکڑنے والا۔

Unshrinkingly : (adv.) نہ سکڑتے ہوئے ؛ بغیر سکڑے ہوئے۔

Unshriven : (a) جو کفارہ ادا کرکے گناہوں سے پاک نہ ہوا ہو ؛ گنہگار۔

Unshroud : (v) بے پردہ کرنا؛ ظاہر کرنا؛ کھولنا۔

Unshrouded : (a) بے پردہ؛ کھلا ہوا؛ نمایاں؛ ظاہر۔

Unshrunken : (a) بے سکڑا ہوا۔

Unshuffled : (a) جو گڈمڈ نہ کیا ہوا ہو؛ بے ملایا ہوا۔

Unshunnable : (a) ناقابلِ احتراز؛ نا قابلِ حذر ؛ جس سے گریزممکن نہ ہو؛ جس سے کترانا ممکن نہ ہو۔

Unshut : (v) (شاذ) کھولنا۔

Unshut : (a) کھلا ہوا؛ جو بند نہ ہو؛ کبھی بند نہ ہونے والا؛ ہمیشہ کھلا رہنے والا۔

Unshutter : (v) جھلملی اٹھانا؛ جھلملی کھولنا۔

Unshuttered : (a) جس کی جھلملی یا تختہ اٹھا ہوا ہو۔

Unshy : (a) غیر شرمیلا؛ بے جھپک؛ بے شرم؛ بے حیا ۔

Unshyly : (adv.) بے جھپک طریقے سے؛ بے لجائے ہوئے ۔

Unsifted : (a) (۱) بے چھنا ہوا؛ جسے چھانا نہ گیا ہو ۔ (۲) جس کی چھان بین نہ کی گئی ہو؛ بے جانچی ہوئی ۔

Unsighing : (a) آہ نہ کرنے والا؛ آہ نہ کھینچنے والا ۔

Unsight : (v) دیکھنے نہ دینا؛ دیکھنے سے باز رکھنا ۔

Unsight/Unsighted : (a) بے دیکھا ہوا؛ بے جانچا ہوا؛ جسے اچھی طرح دیکھا اور پرکھا نہ گیا ہو ۔

Unsightliness : (n) بدصورتی؛ بدنمائی ۔

Unsightly : (a) بد صورت؛ بدنما؛ کربیہہ ۔

Unsignalled : (a) بے اشارہ کیا ہوا ۔

Unsigned : (a) بے دستخط؛ جس پر دستخط نہ کیا گیا ہو ۔

Unsignificant : (a) دیکھو Insignificant

Unsignifying : (a) معنی ظاہر نہ کرنے والا؛ دلالت نہ کرنے والا۔

Unsilenceable : (a) جسے خاموش نہ کیا جاسکے؛ جسے چپ نہ کیا جاسکے ۔

Unsilenced : (a) غیرخاموش؛ جسے چپ نہ کیا گیا ہو ۔

Unsilvered : (a) (۱) جس پر چاندی کی قلعی نہ کی گئی ہو ۔ (۲) (آئینہ) جس کی پشت پر پارہ نہ چڑھایا گیا ہو ۔ (۳) جو چاندی کی مانند سفید نہ کیا ہوا ہو ۔

Unsimilar : (a) غیرمماثل؛ غیرمشابہ؛ برعکس؛ بر خلاف ۔

Unsimple : (a) غیرسادہ ۔

Unsin : (v) بعد کے عمل سے (گناہ کو) کالعدم کرنا یا مٹانا ۔

Unsincere : (a) دیکھو Insincere

Unsinew : (v) کمزور کرنا ۔

Unsinewed : (a) کمزور کیا ہوا؛ غیر قوی ۔

Unsinkableness/Unsinkability : (n) ڈوب نہ سکنا ۔

Unsinking : (a) غرق نہ ہونے والا ۔

Unsinning : (a) گناہ نہ کرنے والا ۔

Unsister : (v) بہن کے زمرے سے خارج کرنا ۔

Unsisterly : (a) غیرخواہرانہ؛ جو بہن کے لئے زیبا نہ ہو ۔

Unsizeable/Unsizable : (a) نامناسب سائز کا؛ چھوٹا ۔

Unsized : (a) (۱) یکساں سائز کا نہ بنایا ہوا ۔ (۲) جس پر ایک خاص قسم کے گوند کا کلف نہ چڑھایا گیا ہو ۔

Unskilful/Unskillful : (a) غیرمشتاق؛ غیرماہر؛ بے مہارت؛ بے سلیقہ؛ اناڑی ۔

Unskilfully/Unskillfully : (adv.) عدم مہارت سے ؛ غیر چابک دستی سے ۔

Unskilfulness/Unskillfulness : (n) مہارت اور کارکردگی کا فقدان ۔

Unskill : (n) عدم مہارت؛ ناآموزی؛ غیرماہر؛ بے تربیت یافتہ؛ بے سیکھا؛ اناڑی؛ ناآموز ۔

Unskilled : (a) جو ماہر یا مشتاق نہ ہو؛ ناتجربہ کار؛ جس نے تکنیکی تربیت حاصل نہ کی ہو ۔

Unskimmed : (a) (۱) (دودھ) جس کی بالائی نہ اتا ری گئی ہو ۔ (۲) جس پر ایک باریک تہ نہ چڑھائی گئی ہو ۔

Unskinned : (a) جس کی کھال نہ کھینچی گئی ہو؛ جس کا پوست نہ اتارا گیا ہو ۔

Unslacked : (a) (۱) بے ڈھیلا کیا ہوا ۔ (۲) بے دھیما یا کم کیا ہوا؛ بے تخفیف؛ بے بجھایا ہوا ۔

Unslackened : (a) جو ڈھیلا نہ ہوا ہو؛ جو سست نہ ہوا ہو؛ بے تخفیف؛ جس کی شدت میں کمی نہ آئی ہو ۔

Unslackening : (a) ڈھیل نہ دینے والا؛ تخفیف نہ کرنے والا؛ سخت؛ شدید ۔

Unslain : (a) جسے قتل نہ کیا گیا ہو ۔

Unslaked : (a) (۱) بے بجھی ہوئی (پیاس) ؛ جس کا خاتمہ یا تخفیف نہ ہوئی ہو ۔(۲) (چونا) بے بجھا ۔

Unslate : (v) سلیٹوں کو الٹ دینا ۔

Unslaughtered : (a) ذبح نہ کیا ہوا ۔

Unslave : (v) غلامی سے نجات دینا؛ آزاد کرنا ۔

Unsleeping : (a) (۱) بے خواب؛ نہ سونے والا؛ غیرخوابیدہ ۔ (۲) سدا چوکس؛ ہمیشہ فعال اور ہوشیار رہنے والا ۔

Unslept : (a) (۱) بے خواب؛ بے سویا ہوا ۔(۲) (بستر وغیرہ) جس پر نہ سویا گیا ہو ۔

Unsling : (v) الگ کرنا؛ جدا کرنا؛ کھولنا ۔

Unslip : (v) آزاد کرنا؛ کھلا چھوڑنا ۔

Unslipping : (a) غیر آزادانہ ۔

Unsluice : (v) (۱) بہنے دینا ۔(۲) نکاسی کی صورت پیدا کرنا ۔

Unslumbering : (a) (۱) نہ سونے والا ۔(۲) سدا چوکس؛ ہمیشہ فعال اور ہوشیار رہنے والا ۔

Unsmart : (a) (۱) غیر ہوشیار؛ جو تیز اور حاضر جواب نہ ہو ۔(۲) غیرطرح دار ۔

Unsmeared : (a) بے داغ؛ بے دھبّا ۔

Unsmelted : (a) (کچی دھات) پگھلا کر صاف نہ کی ہوئی ۔

Unsmiled : (a) جو نہ مسکرایا ہو ۔

Unsmiling : (a) غیرمتبسّم ۔

Unsmilingly : (adv.) بے مسکراہٹ کے؛ بغیرتبسم کئے ۔

Unsmilingness : (n) غیرمتبسم ہونا ۔

Unsmirched : (a) بے داغ؛ بے دھبّا ۔

Unsmitten : (a) غیر مغلوب ۔

Unsmoked : (a) (۱) بے پیا ہوا (سگریٹ وغیرہ) ۔(۲) جو دھواں لگنے سے خراب نہ ہوا ہو؛ جو دھوئیں میں نہ پکایا گیا ہو ۔

Unsmooth : (a) کھردرا؛ کھرکھرا؛ ناہموار ۔

Unsmooth : (v) کھردرا بنانا؛ ناہموار کرنا ۔

Unsmoothed : (a) کھردرا؛ ناہموار؛ جسے ہموار یا چکنا نہ کیا گیا ہو ۔

Unsmotherable : (a) (معاملہ، بات وغیرہ) جسے دبایا نہ جاسکے؛ جسے چھپایا نہ جاسکے؛ جسے ظاہر ہونے سے روکا نہ جاسکے ۔

Unsnap : (v) ڈھیلا کرنا؛ کھولنا ۔

Unsnarl : (v) سُلجھانا؛ گانٹھ یا گرہ کھولنا؛ عُقدہ حل کرنا ۔

Unsnubbable : (a) جس پر ڈانٹ کا کوئی اثر نہ ہو ۔

Unsnuffed : (a) (شمع ، بتی) جس کا گُل نہ تراشا گیا ہو ۔

Unsober : (a) (۱) اعتدال سے متجاوز ۔(۲) غیر سنجیدہ؛ غیر متین ۔(۳) نشے میں دُھت ۔

Unsoberly : (adv.) (۱) اعتدال سے تجاوز کرکے ۔ (۲) غیر سنجیدہ طور پر؛ بے متانت کے ۔(۳) نشے میں دُھت ہوکر ۔

Unsoberness : (n) (۱) اعتدال سےتجاوز کرنا ۔(۲) غیرمتانت؛ غیر سنجیدگی ۔ (۳) نشے میں دُھت ہونا؛ مخمور ہونا ۔

Unsociability : (n) (۱) کم آمیزی؛ دیرآشنائی؛ ناملنساری ۔ (۲) بے میل ہونا؛ بے جوڑ ہونا؛ متبائن ہونا ۔

Unsociable : (a) (۱) ناملنسار؛ کم آمیز؛ دیر آشنا ۔(۲) غیر صحبت پسندانہ؛ کم آمیزی کا ۔ (۳) بے میل؛ بےجوڑ؛ متبائن ۔

Unsociableness : (n) دیکھو Unsociability

Unsociably : (adv.) (۱) ناملنساری سے؛ کم آمیزی سے ۔ (۲) بے میل طور پر؛ بے جوڑ طریقے سے ۔

Unsocial : (a) (۱) غیر معاشرت پسند؛ غیرمعاشرت پسندانہ ۔(۲) غیرسماجی؛ غیرمعاشرتی ۔ (۳) سماج دشمن؛ سماج مخالف ۔

Unsociality : (n) (۱) غیرمعاشرت پسندی ۔(۲) سماج دشمنی؛ سماج مخالفت ۔

Unsocket : (v) بے خانہ کرنا؛ بے ساکٹ کرنا؛ ساکٹ سے الگ کرنا۔

Unsodden : (a) بے بھیگا ہوا؛ خُشک۔

Unsoftened : (a) جو نرم یا ملائم نہ کیا گیا ہو؛ سخت؛ کڑا؛ ناملائم۔

Unsoiled : (a) (۱) جو گرد یا مٹی سے آلودہ نہ ہوا ہو؛ جو میلا نہ ہو ۔ (۲) بے داغ؛ آلودگی سے پاک؛ بدنامی سے محفوظ۔

Unsold : (a) جسے بیچا نہ گیا ہو؛ غیرفروخت کردہ۔

Unsolder : (v) جدا کرنا؛ الگ کرنا۔

Unsoldered : (a) (۱) جسے جوڑا نہ گیا ہو ۔(۲) الگ کیا ہوا۔

Unsoldier : (v) فوجیوں کے زُمرے سے خارج کرنا۔

Unsoldierlike : (a) غیرسپاہیانہ؛ جوفوجیوں کی طرح نہ ہو۔

Unsoldierly : (a) غیرسپاہیانہ؛ غیربہادرانہ؛ جو فوجی خصوصیات کا حامل نہ ہو ؛ جو فوجی خصوصیات سے مطابقت نہ رکھتا ہو۔

Unsolemn : (a) (۱) غیرسنجیدہ؛ بے رُعب ۔(۲) (وصیت نامہ) جس پر وصی کا نام نہ ہو۔

Unsolicited : (a) بن مانگا؛ غیرطلبیدہ؛ جوخودبخود دیاجائے۔

Unsolicitous : (a) غیرآرزومند؛ جسےآرزو نہ ہو (کسی خاص چیز کی) ۔ (۲) غیر متفکر؛ غیر متردد؛ جو فکرمند یا پریشان نہ ہو۔

Unsolid : (a) (۱) جو ٹھوس نہ ہو؛ غیرجامد ۔(۲) کم زور؛ نا مضبوط؛ غیرمستحکم ۔ (۳) بے بنیاد؛ ناقابلِ اعتبار ۔(٤) غیرمعقول؛ غلط؛ غیرمدلل۔

Unsolidly : (a) غیرجامد طور پر؛ کم زورطور پر۔

Unsolidness : (n) غیرجامد ہونا؛ ٹھوس نہ ہونا؛ کم زوری۔

Unsolvable : (a) ناقابلِ حل۔

Unsolved : (a) غیرحل شدہ؛ لاینحل؛ جو حل نہ ہوا ہو۔

Unson : (v) (بیٹے کو) عاق کرنا۔

Unsonlike : (a) جو بیٹے کے شایانِ شان نہ ہو؛ غیر پسرانہ۔

Unsoothed : (a) (۱) بے تسکین؛ بے تخفیف؛ جس میں تسکین یا تخفیف نہ ہوئی ہو ۔ (۲) جس کی خفگی دورنہ ہوئی ہو؛ جس کا غصہ فرو نہ ہوا ہو۔

Unsophistical : (a) غیرمغالطہ آمیز؛ جس میں دھوکا دینے والے استدلال سے کام نہ لیا گیا ہو۔

Unsophistically : (adv.) غیرمغالطہ آمیز طور پر۔

Unsophisticate : (a) (۱) بے میل؛ خالص؛ جس میں تبدیلی یا بگاڑ پیدا نہ ہوا ہو ۔(۲) بھولا بھالا؛ سادہ لوح؛ سادہ دل ۔(۳) سادہ؛ بے تصنع؛ بے بناوٹ۔

Unsophisticated : (a) (شاذ) دیکھو Unsophisticate

Unsophistication : (n) (۱) تبدیل یا بگاڑ سے محفوظ ہونا؛ بے میل ہونا؛ خالص ہونا ۔ (۲) بھولاپن؛ سادہ لوحی؛ سادہ دلی ۔(۳) سادگی؛ عدم تصنّع۔

Unsorted : (a) بے چھانٹا ہوا؛ جسے الگ الگ نہ کیا گیا ہو۔

Unsought : (a) (۱) بے ڈھونڈا ہوا؛ جس کی تلاش نہ کی گئی ہو؛ جس کے حصول کے لئے سعی نہ کی گئی ہو ۔(۲) غیرطلبیدہ؛ بِن مانگا۔

Unsoul : (v) روح سے محروم کرنا؛ بے روح کرنا۔

Unsouled : (a) بے روح۔

Unsound : (a) (۱) بیمار؛ غیرصحت مند ۔(۲) غیرصحیح؛ جس میں مرض کی علامات پائی جائیں ؛ خراب ؛ ناقص ۔(۳) سڑا ہوا ؛ بگڑا ہوا ۔ (٤) غیرمعقول؛ غیرمدلل؛ غلط؛ ناقابلِ قبول۔

Unsoundable : (a) جس کی گہرائی معلوم نہ ہو سکے۔

Unsounded : (a) (۱) جس کی گہرائی یا تہاہ معلوم نہ کی گئی ہو؛ جس کا عندیہ معلوم نہ کیا گیا ہو ۔ (۲) جس کا تلفظ نہ کیا گیا ہو؛ جسے بولا نہ گیا ہو؛ بے تلفظ؛ بے آواز ۔(۳) بے بجایا ہوا۔

Unsoundly : (adv.) (۱) غیرصحت مند طور پر ۔(۲) غیر صحیح طور پر؛ خراب اور ناقص طریقے سے ۔ (۳) نامعقول اور غلط طریقے سے؛ ناقابلِ قبول طور پر۔

Unsoundness : (n) (۱) بیماری؛ غیرصحت مندی ۔(۲) خرابی؛ نقص؛ بگاڑ ۔ (۳) نامعقولیت؛ غلطی؛ غیرمدلل ہونا؛ ناقابلِ قبول ہونا۔

Unsoured : (a) (۱)جو کھٹّانہ ہوا ہو ۔(۲) جس میں بدمزاجی پیدا نہ ہوئی ۔(۳) جس میں بدمزاجی نہ پیدا ہونی ہو ۔

Unsown : (a) (۱) (بیج) جسے بویا نہ گیا ہو؛ بے بویا ہوا ۔ (۲) (کھیت) جس میں تخم ریزی نہ ہوئی ہو ۔

Unspared : (a) غیر زائد؛ بے بچا ہوا؛ غیرپس انداختہ؛ جو وقت ضرورت کے لئے اٹھا نہ رکھا گیا ہو ۔

Unsparing : (a) (۱) بے رحم؛ سخت گیر؛ بے درد؛ سخت گیرانہ؛ بے رحمانہ؛ بے دردانہ ۔ (۲) فیاض؛ جوکفایت شعار نہ ہو؛ بے دریغ؛ بے اندازہ؛ فیاضانہ ۔

Unsparingly : (adv.) (۱) بے رحمی سے؛ بے دردی سے ؛ سخت گیری سے ۔(۲) بےدریغ؛ دل کھول کر؛ فیاضانہ ۔

Unspawned : (a) غیر پیدا کردہ ۔

Unspeak : (v) اپنی بات واپس لینا ۔

Unspeakable : (a) (۱) (اچھے معنی میں) ناقابلِ بیان؛ بیان سے باہر ۔(۲) ناگفتہ بہ؛ بہت بُرا؛ ہولناک ۔

Unspeakableness : (n) (۱) بیان سے باہر ہونا ۔(۲) ناگفتہ بہ ہونا؛ بہت برا ہونا ۔

Unspeakably : (adv.) (۱) ناقابلِ بیان طریقے سے ۔(۲) ناگفتہ بہ انداز میں ۔

Unspeaking : (a) نہ بولنے والا؛ خاموش؛ چُپ ۔

Unspecialized : (a) (خاص مقصد یا کام کے لئے) مخصوص نہ کیا ہوا ۔

Unspecific : (a) عام؛ غیرمخصوص؛ جو کسی خاص موضوع سے متعلق نہ ہو؛ غیرمقرّرہ؛ غیرمعیّنہ ۔

Unspecified : (a) غیر مصرح؛ بے تصریح؛ جس کی تصریح نہ کی گئی ہو ۔

Unspectacled : (a) چشمہ نہ لگائے ہوئے ۔

Unspeculative : (a) (۱) جس میں غوروفکر نہ ہو؛ جو غور وفکر کا عادی نہ ہو ۔(۲) جس میں خطرہ نہ ہو؛ خطرے سے خالی ۔

Unsped : (a) ناکامیاب؛ نامراد؛ ناتمام ۔

Unspell : (v) جادو کے اثر کو زائل کرنا؛ جادو کے اثر سے نکالنا ۔

Unspellable : (a) جس کی ہجّے نہ کی جا سکیں ۔

Unspent : (a) (۱) غیرصرف شدہ؛ بے صرف کیا ہوا؛ بے خرچ کیا ہوا؛ جسے استعمال نہ کیا گیا ہو ۔(۲) بے تھکا ہوا؛ جو شل نہ ہوا ہو ۔

Unsphere : (v) دائرے سے الگ کرنا؛ جگہ سے ہٹانا ۔

Unsphered : (a) دائرے سے الگ کیا ہوا؛ اپنی جگہ سے ہٹایا ہوا ۔

Unspiced : (a) بے مسالا؛ جس میں گرم مسالا نہ دیا گیا ہو ۔

Unspied : (a) (۱) جس کی جاسوسی نہ کی گئی ہو؛ خفیہ طور پر جس کی نگرانی نہ کی گئی ہو ۔ (۲) بے دیکھا ہوا؛ بے جانچا ہوا ۔

Unspike : (v) کانٹی یا میخ نکالنا یا الگ کرنا؛ کیل نکال کر بندوق یا توپ کے پیالے کا منہ کھولنا ۔

Unspilled/Unspilt : (a) بے گرایا ہوا؛ بے بہایا ہوا ۔

Unspin : (v) اینٹھن کھولنا؛ اینٹھن دور کرنا ۔

Unspiritual : (a) غیرروحانی؛ خلافِ روحانیت؛ مادّیت پسند؛ مادّی؛ دنیاوی ۔

Unspiritually : (adv.) غیر روحانی طریقے سے؛ مادیّت پسندی سے ۔

Unspiritualness : (n) غیر روحانی ہونا؛ مادّیت پسندی ؛ مادیّت ۔

Unspiritualize : (v) غیر روحانی بنانا؛ مادّی بنانا؛ روحانی خصوصیات سے محروم کرنا ۔

Unsplit : (a) غیر منقسم؛ جو ٹکڑے نہ ہوا ہو ۔

Unspoiled/Unspoilt : (a) جو تباہ یا برباد نہ ہوا ہو؛ جو خراب نہ ہوا ہو؛ جو بگڑا نہ ہو ۔

Unspoken : (a) (۱) جسے زبان سے ادا نہ کیا گیا ہو؛ ناگفتہ ؛ بن کہا ۔ (۲) جو کہا نہ گیا ہو ۔ (۳) خاموش ۔

Unspontaneous : (a) جس میں بے ساختہ پن نہ ہو؛ جس میں آورد ہو ؛ بناوٹ کا؛ تکلّف کا ۔

Unsporting/Unsportmanlike : (a) جس میں سچّے کھلاڑی کی شان نہ ہو؛ جو سچے کھلاڑی کے شایان نہ ہو؛ (بول چال) خلاف مردانگی؛ بانکپن کے خلاف ۔

Unspotted : (a) (۱) بے دھبّے کا؛ جس پر داغ نہ ہوں ۔ (۲) غیر آلودہ؛ پاک؛ بے داغ؛ ہر طرح کے الزام سے پاک ۔

Unspread : (a) بے پھیلایا ہوا ۔

Unspun : (a) (اون یا کپاس) بے کاتا ہوا ۔

Unspurred : (a) مہمیز نہ کیا ہوا؛ جسے ایڑ نہ لگائی گئی ہو ۔

Unsquandered : (a) (روپے، جانداد وغیرہ) جسے فضول خرچی سے برباد نہ کیا گیا ہو؛ جسے پھونکا نہ گیا ہو؛ جس کا اسراف نہ کیا گیا ہو ۔

Unsquared : (a) جو مربع نہ کیا گیا ہو؛ جو چورس یا ہموار نہ کیا گیا ہو؛ جو تصفیہ کر کے ہموار نہ کیا گیا ہو ۔

Unsqueezed : (a) غیر افشردہ؛ بے نچوڑا ہوا ۔

Unstability : (n) دیکھو Instability

Unstable : (a) (۱) جو مضبوطی سے قائم نہ ہو؛ ناپائیدار؛ متزلزل ۔ (۲) تغیر پذیر؛ بدلنے والا ۔ (۳) ناقابلِ اعتبار؛ متلون ۔ (٤) غیروفادار؛ بےوفا ۔ (٥) غیر متوازن؛ بےتوازن ۔

Unstableness : (n) (۱) ناپائیداری؛ تزلزل ۔ (۲) تغیر پذیری؛ بدلتے رہنے کی صفت؛ تلوّن ۔

Unstably : (adv.) ناپائیداری سے؛ متزلزل طور پر؛ تغیر پذیری سے؛ بدلتے ہوئے ۔

Unstaid : (a) (۱) بے قابو؛ بے ضبط ؛ (قدیم) غیر سنجیدہ؛ غیر متین؛ سبک سر؛ خفیف الحرکات ۔ (۲) متلون؛ بدلنے والا ۔

Unstaidly : (adv.) (۱) بے ضبطی سے؛ غیر سنجیدگی سے؛ سبک سری سے؛ خفیف الحرکتی سے ۔ (۲) تلوّن سے ۔

Unstaidness : (n) (۱) بے ضبطی ؛ غیر سنجیدگی ؛ سبک سری ؛ خفیف الحرکتی ۔ (۲) تلوّن؛ تزلزل ۔

Unstainable : (a) جس پر داغ نہ لگ سکے ۔

Unstained : (a) جس پر دھبا نہ ہو؛ بے داغ؛ بے دھبا؛ الزام سے پاک ۔

Unstamped : (a) بے اسٹامپ کا؛ بے ٹکٹ لگا ہوا ۔

Unstanchable : (a) (زخم) جس سے خون کا بہنا روکا نہ جا سکے ۔

Unstanched : (a) (زخم) جس سے ہنوز خون بہہ رہا ہو ۔

Unstarched (a) بے کلف ۔

Unstarred : (a) جو ستاروں سے نہ سجایا گیا ہو؛ (عبارت یا لفظ) جس پر نجمہ یا ستارے کا نشان نہ بنایا گیا ہو ۔

Unstartled : (a) جو چونکایا نہ گیا ہو؛ جو چونک نہ اٹھا ہو ۔

Unstate : (v) مملکت کے مرتبے یا عہدے سے محروم کرنا ۔

Unstated : (a) بے بیان کیا ہوا؛ بے تصریح؛ جو الفاظ میں ظاہر نہ کیا گیا ہو؛ صریحی ۔

Unstatesmanlike : (a) غیر مدبّرانہ؛ خلاف تدبّر ۔

Unstatutable : (a) غیر قانونی؛ جو ضابطے یا قانون کے خلاف ہو؛ خلافِ قانون؛ خلافِ ضابطہ ۔

Unstatutably : (adv.) غیر قانونی طور پر؛ خلافِ قانون طریقے پر ۔

Unstayed : (a) (۱) بے مزاحمت ۔ (۲) بے سہارا ۔ (۳) غیر مستقیم ۔

Unstaying : (a) نہ ٹھہرنے والا؛ قیام نہ کرنے والا؛ گریز پا ۔

Unsteadfast : (a) (۱) غیر مستقل؛ غیر ثابت قدم ؛ ارادے کا کچا؛ بے استقلال؛ مذبذب ۔ (۲) متلوّن ۔

Unsteadfastly : (adv.) (۱) بے استقلالی سے؛ غیر ثابت قدمی سے؛ تذبذب کے ساتھ ۔ (۲) تلوّن سے ۔

Unsteadfastness : (n) (۱) بے استقلالی؛ غیر ثابت قدمی؛ تذبذب ۔ (۲) تلوّن ۔

Unsteadily : (adv.) (۱) ڈگمگاتے ہوئے ۔ (۲) غیر مستقل یا غیرمعین طور پر ۔ (۳) بے استقلالی یا تلوّن سے ۔ (٤) بد چلنی سے ۔

Unsteadiness : (n) (۱) ڈگمگاتا ہوا ہونا؛ نا مضبوطی۔ (۲) غیر مستقل یا غیر معین ہونا؛ بے استقلالی؛ تلوّن۔ (۳) بد چلنی؛ آوارگی۔

Unsteady : (a) (۱) متزلزل؛ ڈگمگاتا ہوا؛ جو مضبوطی سے قائم نہ ہو۔ (۲) غیر مستقل؛ تغیر پذیر۔ (۳) متلوّن؛ مذبذب؛ ڈانوا ڈول۔ (٤) بدچلن؛ برچلنی؛ آوارہ۔

Unsteady : (v) متزلزل کرنا؛ ہلا دینا۔

Unsteel : (v) نرم کرنا۔

Unsteeped : (a) غیر شرابور؛ جو غرق یا ڈوبا ہوا نہ ہو۔

Unstep : (v) مستول کو اس کے چبوترے یا خانے سے الگ کرنا۔

Unsterilized : (a) جسے نباتی جراثیم سے پاک نہ کیاگیا ہو۔

Unstick : (v) (۱) چھڑانا؛ کسی چیز کو علاحدہ کر نا کہ وہ پھر نہ چپکے۔ (۲) (طیارہ) اڑانا۔

To come unstuck : (روز مرّہ) نا کام ہونا؛ مغموم و مایوس ہونا۔

Unstick : (n) اڑان۔

Unstiffen : (v) ملائم کرنا؛ کڑا پن دور کرنا؛ لچک دار بنانا؛ لوچ دار بنانا۔

Unstiffened : (a) نرم؛ لچک دار؛ کڑاپن دور کیا ہوا۔

Unstifled : (a) جس کا گلا نہ گھونٹا گیا ہو۔

Unstilled : (a) بے سکون؛ بے تسکین؛ دھیما نہ کیا ہوا۔

Unstimulated : (a) بے ابھارا ہوا؛ بے اکسایا ہوا؛ بے تحریک؛ جسےتحریک نہ دی گئی ہو۔

Unstimulating : (a) نہ ابھارنے والا؛ غیر محرّک۔

Unstinted : (a) بے دریغ؛ وافر؛ کثیر۔

Unstintedly : (adv.) بے دریغ طور پر؛ وافر طور پر۔

Unstinting : (a) فیاض؛ فیاضانہ؛ کثیر؛ بہت زیادہ۔

Unstintingly : (adv.) فیاضانہ طور پر؛ کثرت سے؛ بہتات سے۔

Unstirred : (a) (۱) بے ہلایا ہوا؛ بے جنبش۔ (۲) غیر مشتعل؛ بے بھڑکایا ہوا؛ بے چلایا ہوا؛ جوش میں نہ لایا ہوا؛ بے ابھارا ہوا۔

Unstirring : (a) نہ بھڑکانے والا؛ حرکت میں نہ لانے والا؛ جوش میں نہ لانے والا؛ غیر اشتعال انگیز۔

Unstitch : (v) سلائی یا بخیہ کھولنا۔

Unstitched : (a) بے بخیہ؛ بے ٹانکا۔

Unstock : (v) (۱) جہاز کے رسّوں کو لکڑی کے کندے سے کھول دینا۔ (۲) (بندوق کا) کندا الگ کرنا۔ (۳) مویشیوں، رہنے والوں اور پودوں سے خالی کرنا۔

Unstocked : (a) (۱) بے کندا؛ (بندوق) جس میں کندا نہ لگا ہو۔ (۲) بے ذخیرہ؛ (ذخیرہ سے) خالی۔

Unstockinged : (a) موزے نہ پہنے ہوئے۔

Unstooping : (a) نہ جھکنے والا۔

Unstop : (v) (۱) کھولنا؛ کسی قسم کی رکاوٹ سےآزاد کرنا۔ (۲) کارک یا ڈاٹ وغیرہ الگ کرنا۔

Unstoppable : (a) جسے روکا نہ جا سکے؛ جسے ٹھہرایا نہ جا سکے۔

Unstopped : (a) (۱) بند نہ کیا ہوا؛ بے روکا ہوا۔ (۲) بے رکاوٹ۔ (۳) (صوت) (مصمتہ) کسی قدر کھلا ہوا۔ (٤) ایسی سطر جس کے معنی دوسری سطر کے بغیر مکمل نہ ہوں۔

Unstopper : (v) بے کارک کرنا؛ بے ڈاٹ کرنا۔

Unstore : (v) گودام سے نکالنا؛ ذخیرے سے باہر نکالنا۔

Unstored : (a) (۱) جس میں (کسی خاص چیز کا) ذخیرہ نہ ہو؛ خالی (کسی خاص چیز سے)۔ (۲) جو گودام میں نہ رکھوایا گیا ہو۔

Unstow : (v) بوجھ اتارنا۔

Unstrain : (v) تناؤ دور کرنا۔

Unstrained : (a) (۱) بے کھینچا ہوا۔ (۲) جو آورد نہ ہو؛ فطری؛ برجستہ۔ (۳) بے چھنا ہوا؛ جسے چھان کر صاف نہ بنایا گیا ہو۔

Unstrap : (v) فیتے کو کھولنا یا ڈھیلا کرنا ۔

Unstratified : (a) جو طبق در طبق نہ ہو؛ جس کا جماؤ تہ بہ تہ نہ ہوا ہو ۔

Unstreaked : (a) بے دھاری؛ بے لکیر؛ جس پر دھاریاں نہ کھینچی گئی ہوں ۔

Unstrengthen : (v) کم زور کرنا؛ ناتواں کرنا ۔

Unstrengthened : (a) کم زور؛ ناتواں ۔

Unstressed : (a) (۱) جس پر زور نہ دیا گیا ہو ۔(۲) لفظ کا وہ بول جس پر تاکید نہ ہو ۔

Unstretch : (v) (۱) تناؤ کم کرنا ؛ ڈھیلا کرنا ۔(۲) ڈھیلا ہونا؛ سست ہونا ۔

Unstricken : (a) بے ضرب؛ جس پر ضرب نہ لگی ہو ۔

Unstring : (v) (۱) (کمان یا آلۂ موسیقی کے) تار کو ڈھیلا کرنا یا الگ کرنا ۔(۲) بٹوے کی ڈوری کھولنا ۔ (۳) دھاگے سے الگ کرنا ۔ (٤) کمزور کرنا؛ متغیر کرنا؛ مضطرب کرنا ۔

Unstringed : (a) دیکھو Unstrung

Unstriped : (a) بے دھاری والا؛ جس پر دھاریاں نہ ہوں ۔

Unstripped : (a) جو ننگا نہ ہو؛ غیر برہنہ؛ جو بے غلاف نہ ہو ۔

Unstruck : (a) جس پر ضرب نہ لگی ہو ۔

Unstructured : (a) بے ساخت؛ بے تعمیر ۔

Unstrung : (a) (۱) جس کے تار ڈھیلے کر دیئے گئے ہوں یا کھول دیئے گئے ہوں ۔(۲) مضطرب؛ پریشان؛ گھبرایا ہوا ۔

Unstudied : (a) (۱) بے پڑھا ہوا؛ بے علم ۔ (۲) جس میں کوشش یا صنعت کو دخل نہ ہو؛ بے ساختہ؛ قدرتی ۔

Unstudious : (a) (طالب علم) جو محنتی نہ ہو؛ جو مطالعہ میں غرق نہ رہتا ہو ۔

Unstuffed : (a) (۱) بے بھرائی؛ جس کے اندر کوئی چیز بھری ہوئی نہ ہو ۔(۲) بے بھرا ہوا؛ بے ٹھونسا ہوا ۔

Unstuffy : (a) غیر رسمی ۔

Unstung : (a) (۱) بے ڈنک مارا ہوا ۔(۲) جسے چوٹ نہ لگی ہو یا صدمہ نہ پہنچا ہو ۔

Unstylish : (a) غیر وضع دار؛ غیر شان دار؛ بے وضع ۔

Unsubduable : (a) جسے زیر نہ کیا جا سکے؛ جسے دبایا نہ جا سکے ۔

Unsubdued : (a) (۱) غیر مغلوب؛ غیر مفتوح؛ جس پر غلبہ یا فتح نہ حاصل ہوئی ہو ۔ (۲) جو دبایا یا روکا نہ گیا ہو ۔

Unsubduedness : (n) غیر مغلوب ہونا؛ غیر مفتوح ہونا ۔

Unsubject : (a) (۱) غیر ماتحت؛ غیر محکوم ۔(۲) (برائی، بیماری وغیرہ کا) مادہ نہ رکھنے والا ۔(۳) جس کو نقصان یا خطرہ نہ ہو ۔ (٤) غیر مشروط؛ بے شرط ۔

Unsubjected : (a) (۱) غیر مغلوب؛ غیر محکوم ۔(۲) جسے ہدف نہ بنایا گیا ہو؛ جسے تختۂ مشق نہ بنایا گیا ہو ۔

Unsubjugated : (a) غیر مسخّر ؛ غیر مفتوح ؛ غیر مطیع ۔

Unsublimed : (a) (۱) بے تصعید؛ جس کی تصعید نہ کی گئی ہو ۔(۲) جسے پاکیزہ تر اور لطیف تر نہ بنایا گیا ہو ۔(۳) جسے اوج پر نہ پہنچایا گیا ہو ۔

Unsubmerged : (a) جو غرقاب نہ ہوا ہو؛ جو تہِ آب نہ ہوا ہو ۔

Unsubmissive : (a) (۱) غیر مطیع؛ غیر اطاعت شعار؛ غیر منکسر؛ بے عاجزی یا لجاجت کا ۔ (۲) غیر اطاعت شعارانہ؛ غیر منکسرانہ ۔

Unsubmissively : (adv.) غیر اطاعت شعاری؛ غیر منکسرانہ ۔

Unsubmissiveness : (n) غیر اطاعت شعاری؛ عدمِ اطاعت؛ عدمِ عجز ۔

Unsubmitting : (a) غیر اطاعت پذیر؛ اپنے آپ کو حوالے نہ کرنے والا؛ سرِ تسلیم خم نہ کرنے والا ۔

Unsuborned : (a) (جھوٹی شہادت دینے یا غلط کام کرنے کے لئے) جسے رشوت نہ دی گئی ہو ۔

Unsubscribed : (a) (۱) بے دستخط کا؛ جس پر دستخط نہ ہوئے ہوں ۔ (۲) جس کے لئے چندہ نہ ہوا ہو ۔

Unsubscribing : (a) مدد نہ کرنے والا؛ چندہ نہ دینے والا ۔

Unsubsidized : (a) (ریاست کی جانب سے) جس کی امداد نہ ہو؛ جس کی مالی امداد نہ ہو ۔

Unsubstantial : (a) (۱) غیر حقیقی؛ خیالی؛ موہوم ۔ (۲) برائے نام؛ خفیف ۔ (۳) بہت چھوٹا یا تھوڑا؛ بہت ہلکا یا پتلا؛ کمزور ۔

Unsubstantiality : (n) (۱) خیالی یا موہوم ہونا ۔ (۲) برائے نام ہونا؛ خفیف ہونا ۔ (۳) چھوٹا یا تھوڑا ہونا؛ بہت ہلکا یا پتلا ہونا؛ کمزور ہونا ۔

Unsubstantially : (adv.) (۱) غیر حقیقی یا خیالی طور پر ۔ (۲) برائے نام ؛ نہایت خفیف مقدار میں ۔ (۳) بہت کم تعداد میں؛ کم زور؛ ہلکی یا پتلی ساخت کے ساتھ ۔

Unsubstantiate : (v) غلط ثابت کرنا ۔

Unsubstantiated : (a) غیر مصدقہ؛ بے ثبوت؛ بے دلیل ۔

Unsubverted : (a) (مذہب یا اخلاقی اصول) جن کی تخریب نہ کی گئی ہو ؛ جسے برباد نہ کیا گیا ہو؛ جسے مٹایا نہ گیا ہو؛ جسے زیر و زبر نہ کیا گیا ہو ۔

Unsuccess : (n) ناکامی؛ ناکامیابی ۔

Unsuccessful : (a) ناکامیاب؛ ناکام ۔

Unsuccessfully : (adv.) ناکامیابی کے ساتھ ؛ ناکامی سے ۔

Unsuccessfulness : (n) نا کامیابی ؛ نا کامی ۔

Unsuccessive : (a) (شاذ) غیر سلسلہ وار ۔

Unsuccoured : (a) جس کی دست گیری نہ کی گئی ہو ؛ (آڑے وقت پر) جس کی مدد یا اعانت نہ کی گئی ہو ۔

Unsucked : (a) بے چوسا ہوا ۔

Unsued : (a) جس پر مقدمہ نہ کیا گیا ہو ۔

Unsufferable : (a) Insufferable (شاذ) دیکھو

Unsufferably : (adv.) Insufferably (شاذ) دیکھو

Unsufficed : (a) (ضرورت) جو پوری نہ ہوئی ہو ۔

Unsugared : (a) بے شکر؛ جس میں شکر نہ ڈالی گئی ہو ۔

Unsuggestive : (a) (۱) یاد نہ دلانے والا؛ جھلک نہ رکھنے والا (کسی چیز کی) ۔ (۲) غیر معنی خیز؛ جو پُر معنی یا پُر اشارات نہ ہو ۔

Unsuit : (v) نامناسب بنانا؛ ناموزوں بنانا؛ نا اہل بنانا ۔

Unsuitability : (n) (۱) ناموزونیت ۔ (۲) غیر خاطرخواہ ہونا ۔ (۳) نازیبائی؛ نامناسب ہونا ۔

Unsuitable : (a) (۱) (کسی چیز کے لئے) ناموزوں ۔ (۲) جو حسب منشا نہ ہو؛ غیرخاطر خواہ ۔ (۳) نازیبا؛ نا مناسب ۔

Unsuitableness : (n) Unsuitability دیکھو

Unsuitably : (adv.) ناموزوں طور پر؛ نا مناسب طریقے سے ۔

Unsuited : (a) ناموزوں؛ بے جوڑ؛ بے میل؛ مطلوبہ خصوصیات سے عاری ۔

Unsuiting : (a) میل نہ کھانے والا؛ زیب نہ دینے والا؛ نہ پھبنے والا ۔

Unsullied : (a) بے داغ؛ بے دھبا؛ الزام یا بدنامی سے پاک ۔

Unsulliedness : (n) بے داغ ہونا؛ بے دھبا ہونا ۔

Unsummed : (a) بے میزان؛ بے جوڑا ہوا؛ جس کی میزان نہ دی گئی ہو ۔

Unsummerlike : (a) غیر تابستانی ۔

Unsummoned : (a) (۱) بن بلایا؛ بے طلب؛ جسے بلایا نہ گیا ہو؛ جسے طلب نہ کیا گیا ہو ۔ (۲) عدالت سے جس کی طلبی نہ ہوئی ہو ۔

Unsung : (a) (۱) بے گایا ہوا ۔ (۲) نغمہ یا گانے میں جس کی مدح نہ کی گئی ہو؛ گیت یا گانے کے ذریعہ جس کی تعریف نہ کی گئی ہو ۔

Unsunk : (a) جو غرقاب نہ ہوا ہو؛ جو ڈوبا نہ ہو ۔

Unsunned : (a) (۱) جسے دھوپ نہ دی گئی ہو؛ جس نے دھوپ نہ کھائی ہو ۔ (۲) جس پر سورج کی گرمی

یا روشنی کا اثر نہ پڑا ہو ۔ (۳) ڈھکا چھپا؛ جسے منظر عام پر نہ لایا گیا ہو ۔

Unsuperfluous : (a) جو ضرورت سے زیادہ نہ ہو : جو فاضل نہ ہو؛ جو غیر ضروری نہ ہو ۔

Unsupervised : (a) بے نگرانی؛ جس کی دیکھ بھال نہ ہو ۔

Unsupped : (a) بے پیا ہوا ؛ جسے تھوڑا تھوڑا کرکے نہ پیا گیا ہو ۔

Unsupplied : (a) جسے پورا نہ کیا گیا ہو؛ غیر مہیا؛ جو مہیّا نہ کیا گیا ہو ؛ جس کے لئے (کوئی چیز) مہیّا نہ کی گئی ہو ۔

Unsupportable : (a) نا قابلِ برداشت ؛ بےیارو مددگار؛ ناقابلِ مددگار؛ نا قابلِ حمایت ۔

Unsupported : (a) (۱) بے دلیل ؛ بے ثبوت ۔(۲) بے سہارا ؛ بے یارومددگار؛ بے حمایت؛ بے تائید ۔ (۳) بے اڑواڑ؛ جسے نیچے سے کوئی چیز اٹھائے ہوئے نہ ہو ۔

Unsupposable : (a) جو فرض نہ کیا جاسکے ۔

Unsuppressed : (a) (۱) جسے دبایایا کچلا نہ گیاہو ؛ جو روکا نہ گیا ہو ؛ جو چھپایا نہ گیا ہو ۔ (۲) جو فرو نہ ہوا ہو ؛ جو بند نہ ہوا ہو ۔

Unsure : (a) (۱) غیر یقینی؛ غیر حکمی ۔(۲) نا قابل اعتبار؛ غیر معتبر ۔(۳) کم زور ؛ بودا ؛ یقین نہ رکھنے والا ؛ شبہ رکھنے والا ؛ مذبذب ۔

Unsurely : (adv.) غیر یقینی طور پر ؛ مشتبہ طور پر ؛ مشکوک طور پر ؛ بے یقینی سے ؛ بے اعتمادی سے ۔

Unsureness : (n) بے یقینی ؛ بے اعتمادی ؛ شبہ ؛ شک ؛ نا قابلِ اعتماد ہونا؛ غیر حکمی ہونا ۔

Unsurmountable : (a) نا قابلِ عبور ؛ جسے عبور نہ کیا جاسکے ؛ (مشکل) جو حل نہ ہوسکے ۔

Unsurpassable : (a) جس پر کوئی سبقت نہ لے جاسکے ۔

Unsurpassably : (adv.) اس طرح کہ کوئی سبقت نہ لے جاسکے ۔

Unsurpassed : (a) جس پر کوئی سبقت نہ لے جاسکا ہو ۔

Unsurprised : (a) غیر متعجب ؛ غیر متحیّر ۔

Unsurprising : (a) غیر تعجب خیز ؛ غیر حیرت انگیز ۔

Unsurrendered : (a) جو حوالے نہ کیا گیا ہو ؛ جو چھوڑا نہ گیا ہو ۔

Unsurrounded : (a) جسے گھیرے میں نہ لیا گیا ہو ؛ جو گھرا ہوا نہ ہو ۔

Unsurveyable : (a) نا قابلِ پیمائش ۔

Unsurveyed : (a) (۱) جس کا معائنہ نہ کیا گیا ہو ۔ (۲) بے پیمائش ؛ سروے نہ شدہ ؛ غیر پیمائش شدہ؛ جس کی پیمائش نہ ہوئی ہو ۔

Unsusceptibility : (n) غیر اثر پذیری ؛ بے حسی ۔

Unsusceptible : (a) غیر اثر پذیر ؛ غیر حساس ؛ جو زودحس نہ ہو ۔

Unsuspected : (a) (۱) غیر مشتبہ ؛ غیر مشکوک ۔ (۲) جسے شک و شبہ کی نگاہ سے دیکھا نہ گیا ہو ؛ جس پر شک نہ کیا گیا ہو ۔ (۳) جس کے ہونے کا گمان نہ ہو ۔

Unsuspectedly : (adv.) غیر مشتبہ طور پر ۔

Unsuspecting : (a) شک نہ کرنے والا ؛ شک و شبہ سے خالی ۔

Unsuspectingly : (a) بلا شک و شبہ ۔

Unsuspectingness : (n) شک و شبہ سے خالی ہونا ۔

Unsuspended : (a) غیر معلّق ؛ جسے لٹکایا نہ گیا ہو ۔

Unsuspicion : (n) بے گمانی ؛ عدم شک ۔

Unsuspicious : (a) (۱) جو شکی نہ ہو ؛ شبہ نہ کرنے والا ۔ (۲) جس سے شبہ نہ پیدا ہوتا ہو ؛ غیر شبہ انگیز ؛ غیر مشتبہ ۔

Unsuspiciously : (adv.) (۱) بغیر شبہ کئےہوئے ۔(۲) غیر مشتبہ طور پر ۔

Unsuspiciousness : (n) (۱) شبہ نہ کرنا ؛ شکی نہ ہونا ۔ (۲) غیر مشتبہ ہونا ۔

Unsustainable : (a) (۱) نا قابلِ برداشت ۔(۲) جسے سہا را یا مدد نہ دی جاسکے ۔(۳) ناقابلِ تصدیق ۔(٤) جو قائم نہ رکھا جاسکے ۔

Unsustained : (a) بےتصدیق ؛ بےثبوت ؛ بے سہارے ؛ بے امداد؛ بے تقویت ؛ جسے جاری اور قائم نہ رکھا گیا ہو۔

Unsustaining : (a) سہارا نہ دینے والا ؛ امداد نہ کرنے والا ؛ جاری اور قائم نہ رکھنے والا۔

Unswaddle : (v) لپٹے ہوئے کپڑوں سےالگ کرنا؛ لپٹی ہوئی چادر یا پٹیوں سے الگ کرنا۔

Unswallowed : (a) بے نگلا ہوا۔

Unswathe : (a) دیکھو Unswaddle

Unswayed : (a) غیر متاثر ؛ جس پر (خارجی محرّکات کا) اثر یا دباؤ نہ پڑے۔

Unswear : (v) زور دے کر کہی ہوئی بات کو واپس لینا ؛ منسوخ کرنا؛ اپنے قول یا قسم کو واپس لینا۔

Unsweet : (a) (۱) ناخوشگوار۔(۲) غیر شیریں ؛ بد ذائقہ۔ (۳) ناگوار (سماعت کے لئے)۔(٤) بدبو دار ؛ خراب مہک والا۔

Unsweetened : (a) میٹھا نہ بنایا ہوا ؛ پھیکا۔

Unsweetly : (adv.) ناخوشگوار طور پر۔

Unswell : (v) (۱) (شاذ) سوجن کا کم ہونا۔(۲) سوجن کو کم کرنا۔

Unswept : (a) بے جھاڑا ہوا ؛ جہاں جھاڑو نہ دی گئی ہو۔

Unswerving : (a) (۱) بے انحراف ؛ غیر منحرف ؛ انحراف نہ کرنے والا؛ ادھر اُدھر نہ مُڑنے والا۔(۲) (مجازاً) پکّا ؛ ثابت قدم ؛ ثابت قدمانہ۔

Unswervingly : (adv.) غیر منحرف طریقے پر ؛ ثابت قدمی سے۔

Unswollen : (a) بے سوجا ہوا۔

Unsworn : (a) بے حلف ؛ جس سے حلف نہ اٹھوایا گیا ہو۔

Unsyllabled : (a) جسے ارکانِ ہجا میں ادا نہ کیا گیا ہو۔

Unsymmetrical : (a) غیر متناسب ؛ جو سڈول نہ ہو ؛ غیر ہم آہنگ؛ بے تشاکل ؛ جس میں تشاکل نہ ہو ؛ (کیمیا) غیر متشاکل ؛ بے ڈول (نباتیات)؛ بے قاعدہ (پھول)۔

Unsymmetrically : (adv.) غیرمتناسب طور پر ؛ بےڈول انداز سے ؛ اس طور پر کہ متناسب یا سڈول نہ ہو۔

Unsymmetry : (n) (کیمیا) عدم تشاکل ؛ بے ڈولی۔

Unsympathetic : (a) غیر ہم درد ؛ غیر ہمدردانہ؛ بے درد ؛ بے حس ؛ بے دردانہ ؛ برعکس مزاج یا مابیت کا ؛ متبائن خلاف طبع ؛ طبعاً مخالف ؛ نفرت رکھنے والا۔

Unsympathetically : (adv.) غیر ہم دردانہ طور پر؛ بے دردی سے۔

Unsympathizing : (a) ہمدردی نہ کرنے والا ؛ غیر ہمدرد ؛ غیر ہمدردانہ۔

Unsympathizingly : (adv.) غیر ہمدردانہ طور پر۔

Unsystematic/-al : (a) (۱) بے نظام ؛ جس کا کوئی نظام نہ ہو۔(۲) بے اصول ؛ جو کسی اصول پر مبنی نہ ہو؛ جس میں کوئی ترتیب و تنظیم نہ ہو۔

Unsystematically : (adv.) بے نظام طور پر ؛ بے اصول طور پر۔

Unsystematized : (a) بے ترتیب ؛ بے تنظیم ؛ بے اصول ؛ ترتیب ، تنظیم اور باقاعدگی سے عاری۔

Untack : (v) الگ کرنا ؛ غیر منسلک کرنا۔

Untackle : (v) (۱) (کشتی یا جہاز کو) رسّے ، چرخی وغیرہ سے خالی کرنا۔(۲) (گھوڑے کا) ساز اتارنا۔ (۳) رسّا ، چرخی یا بندھن سے آزاد کرنا۔

Untactful : (a) غیر ہوشیار ؛ غیر موقع شناس۔

Untailed : (a) بے دُم۔

Untainted : (a) (۱) چھوت سے پاک ؛ نجاست سے پاک ؛ سمیّت سے پاک۔(۲) بے داغ؛ بے نقص۔(۳) اخلاقی گندگی سے پاک ؛ آلودگی سے پاک۔

Untaken : (a) (۱) قبضہ نہ کیا ہوا ؛ غیر مفتوح ؛ غیر مقبوض۔(۲) کام میں نہ لایا ہوا۔

Untaking : (a) غیر دلکش ؛ غیر دلربا؛ جو فریفتہ کرنے والا نہ ہو۔

Untalented : (a) (۱) بے استعداد ؛ بے ہنر ؛ بےجوہر۔(۲) (کسی خاص فن کی) استعداد نہ رکھنے والا۔

Untalked : (a) جس کے متعلق گفتگو نہ کی گئی ہو ؛ جس کا ذکر نہ کیا گیا ہو ؛ غیر مذکور ۔

Untame : (a) بے سدھایا ہوا ؛ پالتو نہ بنایا ہوا ؛ وحشی ؛ نامانوس ؛ سرکش ۔

Untam(e)able : (a) جسے سدھایا نہ جاسکے ؛ جو رام نہ ہوسکے ؛ نامانوس ؛ وحشی ۔

Untam(e)ableness : (n) غیرمانوس ہونا؛ رام نہ کیاجا سکنا؛ وحشی ہونا ۔

Untam(e)ably : (adv.) وحشیانہ ؛ غیر مانوس انداز میں ؛ اس طور پر کہ رام نہ کیا جاسکے ۔

Untamed : (a) جو رام نہ ہوا ہو ؛ غیر مانوس ؛ وحشی ؛ سرکش ۔

Untamedly : (adv.) وحشت کے ساتھ ؛ وحشیانہ طور پر ؛ سرکشی سے ۔

Untamedness : (n) بے سدھایا ہوا ہونا ؛ وحشت ؛ سرکشی ۔

Untameness : (n) بے سدھایا ہوا ہونا؛ وحشت ؛ سرکشی ۔

Untampered : (a) جس میں تحریف نہ کی گئی ہو ۔

Untangle : (v) سیدھا کرنا ؛ سلجھانا ؛ کھولنا ؛ حل کرنا ۔

Untanned : (a) (۱) (چمڑا) بے کمایا ہوا ۔ (۲) بےسنولایا ہوا؛ جو سورج کی گرمی سے سانولا نہ ہوا ہو ۔

Untapped : (a) (۱) (درخت) جس سے رس یا گوند نہ نکالا گیا ہو ۔ (۲) غیر مستعمل ؛ جسے استعمال میں نہ لایا گیا ہو (ذخیرہ) جسے ابھی کام میں نہ لایا گیا ہو ۔

Untarnished : (a) جو ماند نہ ہوا ہو ؛ مصفّا ؛ آب دار ۔

Untarred : (a) جس پر کول تار نہ لگایا گیا ہو ؛ غیر آلودہ ۔

Untasted : (a) نا چشیدہ ؛ بے چکھا ہوا ۔

Untaught : (a) (۱) بے پڑھا ہوا ؛ جاہل ؛ غیر تعلیم یافتہ ؛ بے سکھایا ۔ (۲) غیر کتابی؛ قدرتی؛ فطری؛ خداداد ۔

Untax : (v) ٹیکس سے بری کرنا ۔

Untaxable : (a) جس پر ٹیکس یا محصول نہ لگایا جاسکے ۔

Untaxed : (a) جس پر ٹیکس نہ لگایا گیا ہو ؛ جس پر محصول نہ لگایا گیا ہو ؛ بے محصول ؛ محصول سے بری ۔

Unteach : (v) پہلےسیکھی ہوئی باتوں کو ذہن سےمحو کرنا ۔

Unteachable : (a) (۱) نا قابل تعلیم ؛ جس کو سکھایا نہ جاسکے ۔ (۲) جو سکھایا نہ جاسکے ۔

Untearable : (a) جو پھٹ نہ سکے ؛ نہ پھٹنے والا ۔

Untechnical : (a) غیر صنعتی؛ غیر تکنیکی ؛ غیر اصطلاحی؛ جو اصول فن سے بے تعلق یا اس کے خلاف ہو ۔

Untechnically : (adv.) غیر تکنیکی طریقے سے ۔

Untellable : (a) نا قابل بیان ؛ جسے لفظوں میں ظاہر نہ کیا جاسکے ۔

Untellably : (adv.) نا قابل بیان طور پر ۔

Untempered : (a) (۱) غیر معتدل ؛ اعتدال پر نہ لایا ہوا ؛ جس کی شدت میں کمی نہ لائی گئی ہو ۔ (۲) (اسپات وغیرہ) سخت نہ بنایا ہوا ۔ (۳) (موسیقی) بے امتزاج ؛ خالص ؛ بے ملاوٹ ۔

Untempted : (a) جسے تحریص نہ دی گئی ہو ؛ جو تحریص یا لالچ میں نہ آیا ہو ۔

Untempting : (a) غیر دلکش ؛ غیر پُرکشش؛ خواہش کو نہ ابھارنے والا ۔

Untenability : (n) غیر مستحکم ہونا ؛ بودا پن ؛ کمزوری ۔

Untenable : (a) (۱) (جگہ یا حالت) جو قائم نہ رکھی جاسکے؛ جس کی حفاظت نہ کی جاسکے ۔ (۲) (نظریہ) غیر مستحکم ؛ بودا ؛ کمزور ۔

Untenableness : (n) دیکھو Untenability

Untenant : (v) (۱) رعیت یا کرایہ دار کو نکالنا ۔ (۲) چھوڑنا؛ خالی کرنا ۔

Untenantable : (a) جو سکونت اختیار کرنے کے قابل نہ ہو؛ نا قابل سکونت ؛ جو رہنے کے قابل نہ ہو ؛ جولگان یا کرائے پر اٹھانے کےقابل نہ ہو ۔

Untenanted : (a) جس میں کرایہ دار نہ ہوں ؛ (مکان) خالی ۔

Untended : (a) جس کی دیکھ بھال یا خبرگیری نہ کی جائے؛ جس سے غفلت کی جائے ۔

Untender : (a) (۱) غیر شفیق ؛ نرمی اور گداز سے عاری ۔ (۲) سخت ؛ کڑا ۔

Untendered : (a) جو پیش نہ کیا گیا ہو ؛ غیر پیش شدہ ۔

Untenderly : (adv.) غیر مشفقانہ طور پر ؛ نا ملائمیت سے ؛ سختی سے؛ درشتی سے ۔

Untenderness : (n) عدم شفقت ؛ سختی ؛ نا ملائمیت ۔

Unterrified : (a) غیر مخوف ؛ بے خوف ؛ نڈر ؛ جو دہشت زدہ نہ ہو ۔

Unterrifying : (a) غیر خوف انگیز ؛ جو خوف ناک یا بھیانک نہ ہو ۔

Untested : (a) بے جانچا ہوا ؛ بے آزمایا ہوا؛ آزمائش یا تجربے سے جو ثابت نہ کیا گیا ہوا ۔

Untether : (v) کھول دینا ؛ آزاد کردینا ۔

Unthanked : (a) جس کا شکریہ ادا نہ کیا گیا ہو ؛ جس کی تعریف نہ کی گئی ہو ۔

Unthankful : (a) (۱) ناگوار ؛ نامرغوب ؛ بےقدر ؛ ناپسندیدہ ۔ (۲) نا شکر گزار ؛ نا شکرا ۔ (۳) احسان فراموش ۔

Unthankfully : (adv.) (۱) ناگواری سے ؛ نا پسندیدگی سے ۔ (۲) نا شکری سے ؛ احسان فراموشی سے ۔

Unthankfulness : (n) (۱) ناگواری ؛ بے قدری ؛ نا پسندیدگی ۔ (۲) نا شکر گزاری ؛ نا شکری ۔ (۳) احسان فراموشی ۔

Unthatched : (a) بے چھپّر کا ؛ جس پر چھپّر نہ ہو ۔

Unthaw : (v) (بول چال) پگھلنا ؛ پگھلانا ۔

Unthawed : (a) بے پگھلا ہوا ؛ منجمد ۔

Untheatrical : (a) (۱) جو تھیٹر کے انداز کا نہ ہو ؛ جو تھیٹر کے ڈھب کا نہ ہو ۔ (۲) تصنّع اور نمائش سے عاری ۔

Untheological : (a) جو دین یا دینیات سے متعلق نہ ہو ۔

Unthickened : (a) گھنا نہ کیا ہوا ؛ گاڑھا نہ کیا ہوا ؛ پیچ در پیچ نہ کیا ہوا (افسانے کے پلاٹ ، واقعات وغیرہ) ۔

Unthink : (v) (۱) خیال کے سلسلے کو ختم کرنا ۔ (۲) دماغ سے نکالنا ؛ بھول جانا ۔

Unthinkable : (a) (۱) نا قابل تصور ؛ جس کا تصور نہ کیا جاسکے ۔ (۲) (بول چال) جو بعید از قیاس ہو ؛ محال ۔

Unthinkably : (adv.) نا قابل تصور طور پر ؛ بعید از قیاس طور پر ۔

Unthinking : (a) (۱) بے اعتنا ؛ تغافل شعار ۔ (۲) غور و فکر سے عاری ۔ (۳) سوچنے سمجھنے کی صلاحیت نہ رکھنے والا ۔

Unthinkingly : (adv.) (۱) بے توجہی سے ؛ بے اعتنا ئی سے ۔ (۲) غور و فکر سے عاری طور پر ۔

Unthinkingness : (n) (۱) بے توجہی ؛ بے اعتنائی ۔ (۲) غور و فکر سے عاری ہونا ۔ (۳) سوچنے سمجھنے کی صلاحیت سے عاری ہونا ۔

Unthinned : (a) جو کم نہ ہوا ہو ؛ جو گھٹا نہ ہو ؛ جو حجم یا تعداد میں کم نہ ہوا ہو ۔

Unthought : (a) (۱) جس کا خیال تک نہ آیا ہو ؛ بے سان و گمان ۔ (۲) بے سوچا ہوا ۔ (۳) غیر متوقع ۔

Unthoughtful : (a) (۱) غیر سنجیدہ ؛ غور و فکر نہ کرنے والا ۔ (۲) سنجیدہ خیالات سے خالی ۔ (۳) بے پروا؛ لاابالی ؛ بے پروائی کا ۔ (٤) بے اعتنا ؛ تغافل شعار ؛ بے اعتنائی کا ؛ غفلت کا ۔

Unthoughtfully : (adv.) غیر سنجیدگی سے ؛ بے فکری اور بے پروائی سے ؛ غفلت شعاری سے ۔

Unthoughtfulness : (n) غور و فکر کی کمی ؛ غیر سنجیدہ ہونا ؛ غیر سنجیدگی؛ بے پروائی؛ بےاعتنائی غفلت شعاری ؛ لا ابالی پن ۔

Unthrall : (v) غلامی سے آزاد کرنا ۔

Unthrashed : (a) بے کوٹا ہوا ؛ جو پٹا نہ ہو ؛ جس میں اچھی طرح غور نہ ہوا ہو ۔

Unthread : (v) (۱) دھاگا نکالنا؛ بے دھاگا کرنا ۔ (۲) جوڑ ڈھیلا کرنا ۔ (۳) (کسی چیز کے درمیان سے) اپنا راستہ نکالنا ۔

Unthreatened : (a) بے دھمکایا ہوا ۔

Unthrift : (n) (۱) فضول خرچی ۔ (۲) فضول خرچ شخص (شاذ)۔

Unthrift : (a) فضول خرچ ؛ مُسرف ؛ غیر کفایت شعار؛ غیر کفایت شعارانہ ۔

Unthriftily : (adv.) (۱) غیر سود مند طور پر ۔ (۲) بدحالی سے ؛ پس ماندہ طور پر ۔ (۳) فضول خرچی سے؛ اسراف سے ؛ غیر کفایت شعاری سے ۔ (٤) کمزوری سے ؛ غیر نمو پذیری سے ۔

Unthriftiness : (n) (۱) غیرسود مندی ۔ (۲) بدحالی ؛ معاشی پس ماندگی ۔ (۳) فضول خرچی ؛ اسراف ؛ غیر کفایت شعاری ۔ (٤) ناتوانی ؛ کمزوری ؛ غیر نمو پزیری۔

Unthrifty : (a) (۱) غیرفائدہ مند؛ غیرسودمند؛ نقصان دہ ۔ (۲) بدحال ؛ (مالی اعتبار سے) پس ماندہ ۔ (۳) فضول خرچ؛ مُسرف؛ غیرکفایت شعار؛ غیرکفایت شعارانہ ۔ (٤) کمزور؛ غیرنمو پذیر؛ جو پھلنے پھولنے والا نہ ہو ۔

Unthriving : (a) جو رو بہ فروغ نہ ہو؛ جو رو بہ ترقی نہ ہو؛ جو پنپتا ہوا نہ ہو؛ جو بڑھتا ہوا نہ ہو ۔

Unthrivingly : (adv.) ترقی نہ کرتے ہوئے؛ فروغ نہ پکڑتے ہوئے؛ نہ پنپتے ہوئے؛ نہ پھلتے پھولتے ہوئے ۔

Unthrivingness : (n) پس ماندگی؛ غیر رو بہ فروغ ہونا؛ غیر رو بہ ترقی ہونا ۔

Unthrone : (v) تخت سے الگ کرنا؛ گدی سے اتارنا ۔

Unthrown : (a) بے پھینکا ہوا ۔

Unthumbed : (a) (کتاب کے صفحے وغیرہ) جو انگوٹھے سے گھس کر میلے نہ ہوئے ہوں ۔

Unuseful : (a) غیر فائدہ مند؛ غیر مفید؛ غیرنفع بخش ۔

Unusefully : (adv.) غیر فائدہ مند طور پر؛ غیر نفع بخش طورپر ۔

Unusefulness : (n) غیر فائدہ مند ہونا؛ غیر مفید ہونا؛ غیر سود مند ہونا ۔

Unusual : (a) غیر معمولی؛ انوکھا؛ جو معمولاً نہ ہوتا ہو؛ غیر حسب معمول؛ غیر حسب عادت؛ غیر حسب رواج یا دستور ۔

Unusuality : (n) (۱) غیرحسب معمول ہونا؛ انوکھاپن ۔ (۲) کوئی انوکھی شے ۔

Unusually : (adv.) خلاف معمول طور پر؛ غیر معمولاً ۔

Unusualness : (n) خلاف معمول ہونا ۔

Unutterable : (a) ناقابلِ بیان؛ بیان سے باہر؛ ناگفتہ بہ؛ ناگفتنی؛ پرلے سرے کا ۔

Untied : (a) (۱) بے باندھا ہوا؛ بے بندھا ہوا؛ غیربستہ ۔ (۲) جس پر پابندی یا حد عائد نہ کی گئی ہو ۔

Untight : (a) ڈھیلا ؛ جو کَسا ہوا نہ ہو ؛ جو تَنا ہوا نہ ہو ۔

Untighten : (v) ڈھیلا کرنا؛ تناؤ میں کمی کرنا ۔

Until : (prep.) تک؛ تا؛ یہاں تک کہ ۔

Until : (conj.) جب تک نہ ۔

Untile : (v) چھت کے ٹائلوں کو الگ کردینا؛ (چھت کو) بے ٹائل کرنا ۔

Untiled : (a) بے ٹائل؛ بے کھپریل؛ جو کھپریل سے چھایا ہوا نہ ہو؛ جس میں کھپروں کی تختہ بندی نہ ہو؛ جس پر ٹائلیں نہ لگائی گئی ہوں ۔

Untillable : (a) جسے جوتا بویا نہ جاسکے؛ ناقابلِ کاشت؛ بنجر ۔

Untilled : (a) (زمین) بے جوتی ہوئی؛ بے کاشت ۔

Untimbered : (a) (۱) جس میں لکڑی نہ لگائی گئی ہو؛ جو لکڑی سے نہ بنا ہو؛ غیر چوبی ۔ (۲) جس میں چوب عمارتی کے درخت نہ ہوں ۔

Untimely : (a) (۱) قبل از وقت ۔ (۲) بے وقت؛ بے موقع؛ بے محل۔

Untimely : (adv.) (۱) بے وقت؛ بے موقع طور پر ۔ (۲) قبل از وقت۔

Untimeous : (a) دیکھو Untimely

Untimeously : (adv.) دیکھو Untimely

Untinctured : (a) (۱) غیرمحلول؛ جو روغ شراب میں حل نہ کیا گیا ہو ۔ (۲) جس میں (کسی چیز یا کسی

صفت کی) چاشنی نہ ہو یا (رنگ کی) جھلک نہ ہو۔

Unto : (prep.) "to" کی جگہ کل معنوں میں آتا ہے سوائے علامت مصدر کے۔

Untoiled : (a) (۱) محنت سے جس پر غلبہ حاصل نہ کیا گیا ہو۔ (۲) جس کے لئے محنت یا عرق ریزی نہ کی گئی ہو۔

Untold : (a) (۱) بن کیا؛ جو ظاہر نہ کیا گیا ہو۔ (۲) بے حد؛ بے حساب؛ بے شمار؛ بے اندازہ۔

Untomb : (v) قبر سے نکالنا؛ کھود کر نکالنا؛ گڑی ہوئی چیز کھودنا۔

Untombed : (a) غیرمدفون۔

Untongue : (v) (شاذ) گونگا کرنا؛ قوت گویائی سے محروم کرنا۔

Untongued : (a) (شاذ) گونگا؛ گویائی سے محروم؛ بے زبان۔

Untoothsome : (a) بے مزہ؛ غیرمزے دار؛ بد ذائقہ۔

Untormented : (a) جسے تکلیف یا اذیت نہ دی گئی ہو؛ جو ستایا یا دق نہ کیا گیا ہو۔

Untorn : (a) نادریدہ؛ بے پھٹا؛ بے نُچا؛ ثابت۔

Untouchability : (n) چھوا چھوت کی رسم۔

Untouchable : (a) (۱) پہنچ سے باہر۔ (۲) (مجازاً) جس کی برابری نہ کی جاسکے۔ (۳) مقدس، جسے چھونا منع ہو۔ (٤) جس میں قانوناً مداخلت کرنا منع ہو؛ جس کا قانوناً استعمال میں لانا منع ہو۔ (٥) جو چھونے کے قابل نہ ہو۔

Untouchable : (n) اَچھوت؛ (ہندوؤں میں) ایسی ذات کا فرد جس کے چھولینے سے آدمی یا کھانے پینے کی چیزیں تک ناپاک سمجھی جاتی ہیں۔

Untouched : (a) اچھوتا؛ بے چھوا؛ جسے ہاتھ نہ لگایاگیا ہو۔

Untouching : (a) غیر رقت انگیز؛ غیر مؤثر؛ جو دل پر اثر کرنے والا نہ ہو؛ بے اثر۔

Untoward : (a) (۱) غیرمطیع؛ بے لگام؛ منہ زور؛ متمرّد؛ باغی؛ سرکش۔ (۲) ضدی؛ بے قابو؛ بے لوچ؛ غیرتربیت پذیر؛ سر پھرا۔ (۳) ناموافق؛ نامبارک؛ بدقسمتی کا۔ (٤) نامناسب؛ نازیبا؛ احمقانہ۔

Untowardly : (adv.) (۱) شہ زور طور پر؛ سرکشی سے؛ بے لوچ طریقے سے۔ (۲) ناموافق طور پر؛ نا مبارک طور پر۔ (۳) نامناسب طور پر؛ نازیبا طور پر؛ احمقانہ طور پر۔

Untowardness : (n) (۱) سرکشی؛ تمرّد؛ بغاوت؛ ضد؛ بے لوچ ہونا؛ غیرمطیع ہونا؛ غیرتربیت پذیر ہونا۔ (۲) ناموافق ہونا؛ نامبارک ہونا۔ (۳) نامناسب ہونا؛ نازیبا ہونا؛ حماقت؛ بیوقوفی۔

Untraceable : (a) (۱) ناقابل سراغ؛ جس کا پتا نہ چل سکے۔ (۲) جس کا چربہ نہ اتارا جاسکے۔

Untraceableness : (n) ناقابلِ سراغ ہونا۔

Untraceably : (adv.) ناقابلِ سراغ طور پر۔

Untraced : (a) بے سراغ؛ بے کھوج؛ جس کا پتا نہ چلا ہو۔

Untracked : (a) (۱) جہاں رَوش یا راستہ نہ ہو؛ بے لیک۔ (۲) بے سراغ؛ لاپتا؛ جس کا سراغ نہ لگایا گیا ہو۔ (۳) بے نقش قدم۔

Untractable : (a) (شاذ) دیکھو Intractable

Untrained : (a) (۱) غیرتربیت یافتہ؛ جس نے کسی خاص فن کی تربیت نہ پائی ہو؛ بےسیکھا ہوا؛ جس نے کسی ہنر کو نہ سیکھا ہو۔ (۲) نا تجربہ کار؛ نا آموز؛ بے مشق؛ بے ریاضت۔ (۳) غیرقواعد داں؛ جس نے فوجی قواعد نہ سیکھی ہو۔

Untrainedness : (n) غیرتربیت یافتہ ہونا؛ ناتجربہ کاری؛ ناآموزی۔

Untrammelled/Untrammeled : (a) رکاوٹوں سے آزاد؛ قیود سے آزاد؛ بے رکاوٹ۔

Untrampled : (a) جسے کچلا نہ گیا ہو؛ جسے روندا نہ گیا ہو؛ جسے پامال نہ کیا گیا ہو؛ غیرپامال شدہ۔

Untranquil : (a) پُراضطراب؛ غیر پُرسکون؛ مُتَموّج۔

Untransferable : (a) ناقابلِ انتقال؛ جو دوسروں کو منتقل نہ کیا جاسکے۔

Untransformable : (a) جس کی شکل وصورت میں تبدیلی نہ لائی جاسکے؛ جسے بدلا نہ جاسکے؛ جس کی قلب ماہیت نہ ہو سکے ۔

Untransformed : (a) جس میں تبدیلی نہ آئی ہو؛ جس کی شکل وصورت نہ بدل گئی ہو ۔

Untranslatable : (a) ناقابلِ ترجمہ ۔

Untranslatableness : (n) ناقابلِ ترجمہ ہونا؛ غیرترجمہ پذیر ہونا ۔

Untranslatably : (adv.) غیرترجمہ پذیرطور پر؛ ناقابلِ ترجمہ طور پر؛ اس طرح کہ ترجمہ نہ ہوسکے ۔

Untranslated : (a) (۱) جس کا ترجمہ نہ ہوا ہو ۔ (۲) جس کی جگہ یا حالت تبدیل نہ کی گئی ہو ۔

Untransparent : (a) غیرشفاف ۔

Untransposed : (a) (۱) جس کی جگہ نہ بدلی گئی ہو؛ جس کی ترتیب نہ بدلی گئی ہو؛ جسے ادل بدل نہ کیا گیا ہو ۔ (۲) (صرف ونحو) لفظ سے مقررہ محل سے ہٹا کر کہیں اور نہ رکھا گیا ہو ۔ (۳) (موسیقی) نغمہ جسے کسی اور آہنگ یا سُر میں نہ بجایا گیا ہو؛ جس کا سُر نہ بدلا گیا ہو ۔

Untravelled/Untraveled : (a) (۱) غیر سفر آزمودہ؛ غیرجہاں دیدہ؛ جس نے دنیا کا سفر نہ کیا ہو ۔ (۲) جس کا سفر نہ کیا گیا ہو؛ جسے عبور نہ کیاگیا ہو ۔

Untraversed : (a) (خطہ) جسے عبور نہ کیا گیا ہو؛جس سے گزرا نہ گیا ہو ۔

Untread : (v) الٹے پاؤں واپس ہونا؛ رجعت قہقری کرنا ۔

Untreasure : (v) (۱) دولت یا خزانے سے محروم کرنا ۔ (۲) (بیش قیمت شے) پیش کرنا؛ سامنے لانا؛ نمائش کرنا ۔

Untreatable : (a) لاعلاج؛ جس کا علاج نہ ہو سکے؛ ناقابلِ علاج ۔

Untreated : (a) (۱) جس کا علاج نہ ہوا ہو؛ بےعلاج ۔ (۲) جس پر کیمیائی عمل نہ کیا گیا ہو ۔

Untrembling : (a) غیرلرزاں؛ بے کانپتا ہوا؛ غیرمتزلزل ۔

Untremulous : (a) غیر لرزاں ؛ غیر متزلزل ؛ جما ہوا؛ تھما ہوا ؛ قائم مستحکم ۔

Untrenched : (a) بے خندق ۔

Untressed : (a) پریشان؛ الجھا ہوا (بال)؛ غیرآراستہ (زلف)؛ بے بال سنوارے ہوئے ۔

Untried : (a) (۱) ناآزمودہ؛ ناتجربہ کار؛ ناآزمودہ کار ۔ (۲) (مقدمہ) جس کی ابتدائی تحقیقات نہ ہوئی ہو؛ جس کی سماعت نہ ہوئی ہو؛ (ملزم، قیدی) جسے عدالت میں حاضر نہ کیا گیا ہو ۔

Untried horse : (n) گھوڑا جو گھڑ دوڑ میں پہلی بار شامل ہو ۔

Untrilled : (a) (۱) (گانا) جو گونج اورتھرتھراہٹ یا گٹکری کے ساتھ نہ گایا گیا ہو ۔ (۲) وہ حرف جو کھنکتی ہوئی آواز سے ادا نہ کیا گیا ہو ۔

Untrim : (v) بےترتیب کرنا؛ غیرآراستہ کرنا ۔

Untrimmed : (a) بے جھالر وغیرہ کے؛ بے آرائشی کام کے؛ ناپیراستہ؛ جو کاٹ چھانٹ کر درست نہ کیا گیا ہو؛ (بحری) غیرمتوازن؛ (کشتی) جس کا وزن برابر نہ کیا گیا ہو ۔

Untrod/Untrodden : (a) غیرپامال شدہ؛ جسے روندا نہ گیا ہو؛ جسے عبور نہ کیا گیا ہو؛ بے آمد ورفت؛ جس پر آمد و رفت نہ ہوئی ہو ۔

Untroubled : (a) (۱) غیر مضطرب؛ غیر پریشان؛ مطمئن؛ پرسکون ۔ (۲) ساکن ۔

Untroublesome : (a) غیرتکلیف دہ؛ غیرپریشان کن ۔

Untrue : (a) (۱) غلط؛ خلاف واقعہ؛ جھوٹ؛ غیرصحیح ۔ (۲) بے وفا؛ غیر مخلص؛ جھوٹا ۔

Untruly : (adv.) غلط یا خلاف واقعہ طورپر؛ غیرصحیح طورپر۔

Untruss : (v) (۱) گٹھری یا بقچہ وغیرہ کھولنا؛ بندھن سے آزاد کرنا ۔ (۲) (تاریخ) پوشاک کے تکمے کو کھولنا؛ (متروک) اپنا لباس یا برجس اتارنا ۔ (۳) (کسی کا) لباس اتارنا یا کھولنا ۔

Untrussed : (a) (چڑیا) جس کے بازو، پر یا پیر نہ باندھے گئے ہوں؛ بے بازو بندھی ۔

Untrust : (n) (شاذ) بے اعتباری؛ بے اعتمادی؛ شبہ؛ شک ؛ بدگمانی ۔

Untrusted : (a) جس پر بھروسا نہ کیا گیا؛ جس پر اعتماد نہ کیا گیا ہو؛ بے اعتماد ۔

Untrustworthiness : (n) ناقابلِ اعتبار ہونا ۔

Untrustworthy : (a) ناقابلِ اعتماد؛ ناقابلِ اعتبار؛ بےبھروسا۔

Untrusty : (a) ناقابلِ اعتبار؛ ناقابلِ اعتماد ۔

Untruth : (n) (۱) جھوت؛ کذب؛ دروغ ۔(۲) جھوٹی بات؛ غلط بیان ۔

Untruthful : (a) (۱) جھوٹا؛ کاذب؛ دروغ گو ۔(۲) غلط ؛ جھوٹا۔

Untruthfully : (adv.) غلط طور پر؛ جھوٹ بول کر؛ دروغ گوئی سے؛ غلط بیانی سے ۔

Untruthfulness : (n) غلط ہونا ؛ جھوٹا ہونا ؛ دروغ گوئی ؛ غلط بیانی ۔

Untuck : (v) (سکڑی یا سمٹی ہوئی چیز کو) پھیلانا ۔

Untumbled : (a) جسے گرایا نہ گیا ہو؛ جسے ڈھکیلا نہ گیا ہو ؛ جسے الٹا نہ گیا ہو ۔

Untumultuous : (a) شورش یا ہنگامہ سے خالی؛ پرسکون ۔

Untunable : (a) (موسیقی) بے سرا؛ آہنگ نا پذیر؛ کرخت؛ ناگوار ۔

Untunableness : (n) (موسیقی) بے سُراپن؛ کرختگی؛ بے آہنگ ہونا ۔

Untunably : (adv.) (موسیقی) بے سُرے پن سے؛ بے آہنگ طور پر؛ کرخت اور ناگوار طریقے سے ۔

Untune : (v) (۱) بے آہنگ کرنا؛ بم آہنگی ختم کرنا؛ الٹ پلٹ کرنا؛ بےتال کرنا؛ بے سرا کرنا ۔(۲) پریشان کرنا؛ الجھن میں ڈالنا؛ مضطرب کرنا ۔

Untuned : (a) (۱) کرخت؛ ناگوار ۔(۲) جس کا سُر درست نہ کیا گیا ہو ۔(۳) بے سرا ۔

Untuneful : (a) بے سرا؛ بے آہنگ؛ خارج از آہنگ؛ کرخت؛ ناگوار ۔

Untunefully : (adv.) بے سُرے پن سے ۔

Untunefulness : (n) بے سرا پن؛ کرخت اور ناگوار ہونا؛ ناخوشگوار ہونا ۔

Unturn : (v) مخالف سمت میں موڑنا؛ الٹی طرف پھیرنا ۔

Unturned : (a) بے الٹا ہوا ۔

Leave no stone unturned : کوئی دقیقہ اٹھا نہ رکھنا۔

Unturning : (a) نہ گھومنے والا؛ نہ مڑنے والا؛ نہ الٹا جانے والا۔

Untutored : (a) (۱) غیرتعلیم یافتہ؛ بے تربیت یافتہ ۔ (۲) سیدھا سادہ ۔ (۳) ناآموز؛ بے سکھایا یا غیرمہذب۔

Untwine : (v) (۱) (گانٹھ الجھاوا، بندھن یا لپٹی ہوئی چیز کو) سلجھانا؛ کھولنا ۔(۲) سلجھنا؛ کھلنا ۔

Untwist : (v) (۱) (الجھی ہوئی چیز کو) سلجھانا؛ کھولنا ۔ (۲) ناکامیاب بنانا ۔

Untwisted : (a) بے پیچ؛ بے اینٹھن؛ بے بل ۔

Untwisting : (n) سلجھانے کا عمل؛ کھولنے کا عمل ۔

Untypical : (a) غیرمثالی؛ جو نمونہ نہ ہو؛ جو نمائندہ نہ ہو ۔

Ununderstandable : (a) ناقابلِ فہم؛ سمجھ سے باہر ۔

Ununderstanding : (a) بے سمجھ؛ بے عقل وفہم ۔

Ununderstood : (a) بے سمجھا ہوا؛ نافہمیدہ ۔

Ununiform : (a) غیر یکساں ۔

Ununiformly : (adv.) غیر یکساں طور پر ۔

Ununited : (a) غیر متحد؛ علاحدہ؛ متفرق ۔

Unupbraided : (a) جس کی سرزنش نہ کی گئی ہو؛ جسے ملامت نہ کی گئی ہو؛ جس پرسخت تنقید نہ کی گئی ہو ۔

Unupbraiding : (a) ملامت نہ کرنے والا؛ غیر ملامت آمیز ۔

Unupholstered : (a) (کمرا) جسے پردوں اور فرش وغیرہ سے آراستہ نہ کیا گیا ہو ۔

Unurbane : (a) غیر مہذب؛ غیر شائستہ؛ گنوار؛ اُجڈ؛ بھدّا ۔

Unurged : (a) بے تاکید؛ بے اصرار؛ جس پر زور نہ دیا گیا ہو؛ جسے زور دے کر پیش نہ کیا گیا ہو ۔

Unurged : (adv.) بے رضاو رغبت؛ بلا جبر و اکراہ؛ مرضی ۔

Unusable : (a) ناقابلِ استعمال ؛ جو کام کے لائق نہ ہو ؛ بے کار؛ بے مصرف ۔

Unused : (a) غیرعادی؛ جس کا استعمال نہ ہوا ہو؛ غیر مستعمل ۔

Unutterable : (a) (جمع) جوباتیں کہی جانے کے قابل نہ ہوں ۔

Unutterably : (adv.) ناقابلِ بیان طور پر؛ ناگفتہ بہ طریقے سے ۔

Unuttered : (a) ناگفتہ؛ بن کہا؛ غیر اظہار کردہ؛ جو الفاظ میں ظاہر نہ کیا گیا ہو مگر دل میں ہو ۔

Unvaccinated : (a) بے ٹیکا لگایا ہوا؛ جس کو چیچک کا ٹیکا نہ لگایا گیا ہو ۔

Unvaluable : (a) (۱) کم قیمت؛ جو بیش قیمت نہ ہو ۔ (۲) بے قدروقیمت؛ بے وقعت ۔

Unvalued : (a) (۱) غیر اہم؛ معمولی؛ ادنیٰ ۔(۲) بے قدر؛ جس کی قدر نہ ہو؛ جس کی قیمت کا اندازہ نہ کیا گیا ہو ۔

Unvanquishable : (a) ناقابلِ فتح؛ جس کو ہرایا نہ جاسکے؛ جسے مغلوب نہ کیا جاسکے ۔

Unvanquished : (a) غیرمغلوب؛ غیرمفتوح؛ جس پر غلبہ حاصل نہ ہوا ہو ۔

Unvariable : (a) (شاذ) دیکھو Invariable

Unvaried : (a) غیر تنوع؛ غیرمتغیر؛ بے تنوع؛ یک رنگ؛ یکساں؛ اول سے آخر تک ایک انداز کا؛ دائمی ۔

Unvarnished : (a) (۱) مادہ، جوہر؛ (عبارت، بیان) جو مرصع اور رنگین نہ ہو؛ صحیح صحیح؛ سیدھا سادہ؛ بے رنگ آمیزی ۔(۲) (شخص) تکلف اور تصنع سے عاری ۔(۳) جس پر وارنش نہ کیا گیا ہو؛ بے روغن؛ بے وارنش ۔

Unvarying : (a) یکساں؛ غیرمتغیر ۔

Unvaryingly : (adv.) غیرمتغیر طور پر؛ بلا تغیر ۔

Unvaryingness : (n) یکسانی؛ عدم تغیر ۔

Unveil : (v) (۱) نقاب کشائی کرنا ۔ (۲) بے نقاب کرنا؛ بےپردا کرنا ۔ (۳) (مجازاً) ظاہر کرنا؛ کھولنا؛ نمایاں کرنا ۔(٤) بے نقاب ہونا؛ ظاہر ہونا ۔

Unveiled : (a) بے نقاب ؛ ظاہر ؛ کھلا ہوا ؛ بے پردا ۔

Unveiling : (n) نقاب کشائی؛ پہلی بار کسی چیز کی نمائش، پیشکش یا اظہار ۔

Unvendible : (a) نا قابلِ فروخت ۔

Unvenerable : (a) نا قابلِ احترام ؛ نا قابلِ تعظیم ؛ غیر محترم ۔

Unvented : (a) (احساس ، غصہ وغیرہ) غیر اظہار کردہ ۔

Unventilated : (a) (۱) غیر ہَوادار؛ جس میں ہَوا اور روشنی کا انتظام نہ ہو ۔ (۲) جس پر بحث نہ ہوئی ہو ؛ جس پر اظہارِ خیال نہ ہوا ہو ۔

Unventured : (a) جس کی جسارت نہ کی گئی ہو ؛ جس کا جوکھم نہ اٹھایا گیا ہو ۔

Unveracious : (a) (۱) غلط ؛ جھوٹا ؛ خلافِ واقع ۔(۲) دروغ گو ؛ کاذب ۔

Unveraciously : (adv.) غلط طور پر ؛ غلط بیانی سے ؛ خلاف واقع طور پر ؛ دروغ گوئی سے ۔

Unveracity : (n) کذب ؛ جھوٹ ؛ دروغ ؛ دروغ گوئی ؛ غلط بیانی ۔

Unverbalized : (a) لفظوں میں جس کا اظہار نہ کیا گیا ہو ۔

Unverifiable : (a) نا قابلِ تصدیق ۔

Unverified : (a) غیر مصدقہ ؛ جس کی تصدیق نہ کی گئی ہو ۔

Unversed : (a) جو مشاق نہ ہو ؛ جو ماہر نہ ہو ؛ غیر ماہر ؛ ناواقف ؛ غیر واقف ۔

Unvest : (v) کلیسائی یا پادریوں والا لباس اتارنا ۔

Unvexed : (a) غیر آزردہ ؛ بے جھلایا ہوا ۔

Unviable : (a) نا قابلِ نمو ؛ غیر نمو پذیر ؛ غیر ترقی پذیر ۔

Unvicious : (a) نیک ؛ شریف ؛ شریفانہ ؛ بیہودگی سے پاک ؛ برائی سے پاک ۔

Unvictorious : (a) شکست خوردہ؛ غیر فتح مند ؛ غیر فتح مندانہ ۔

Unvictualled : (a) بے سامان خورد ونوش ؛ جسے غذا یا کھانا مہیا نہ کیا گیا ہو ۔

Unviewed : (a) بے دیکھا ہوا ؛ جس کا معائنہ نہ ہوا ہو ۔

Unvigilant : (a) (۱) غافل ؛ غیر ہوشیار ۔(۲) غفلت کا ۔

Unvindicated : (a) (۱) بے حمایت ؛ جس کی حمایت نہ کی گئی ہو ۔ (۲) جو صحیح یا بجا ثابت نہ کیا گیا ہو ۔

Unvindictive : (a) غیر منتقمانہ؛ انتقام نہ لینے والا ؛ درگزر کرنے والا ؛ عفو سے کام لینے والا ۔

Unviolated : (a) (۱) جو توڑا نہ گیا ہو؛ جس کی خلاف ورزی نہ ہوئی ہو ؛ ناشکستہ ؛ غیرشکستہ ۔(۲) ہتک یا بے حرمتی سے محفوظ ۔(۳) عصمت دری سے محفوظ ۔ (٤) بے خلل ؛ جس میں خلل نہ پڑا ہو ۔

Unviolent : (a) جو تند و تیز نہ ہو ؛ غیر متشدد ؛ غیر متشددانہ ؛ غیر ہیجانی ۔

Unvirtuous : (a) بد ؛ بدکردار ؛ بدکار ؛ غیرصالح ؛ غیرراست باز ؛ سیاہ کار ؛ گنہ گار ۔

Unvirtuously : (adv.) بدی سے ؛ بدکرداری سے ؛ سیاہ کاری سے ؛ غیر راست بازی سے ۔

Unvirtuousness : (n) بدی ؛ بد کرداری ؛ سیاہ کاری ؛ غیر راست بازی ۔

Unvisited : (a) (۱) نظر انداز کیا ہوا ؛ جہاں کوئی نہ جائے ۔ (۲) جس کے پاس کوئی حاضر نہ ہوا ہو ؛ جس کی رفاقت نہ ہوئی ہو ۔

Unvisored : (a) (۱) بے مغز ؛ بے خود ۔(۲) (مجازاً) بے نقاب ۔

Unvital : (a) (۱) بے جان ؛ جو حیات سے بھر پور نہ ہو ۔ (۲) غیر منطقی ؛ جس میں منطقی ترتیب نہ ہو ؛ بے ربط ؛ بے تکا ۔

Unvitiated : (a) نجاست سے پاک ؛ غیر آلودہ ؛ جو خراب نہ ہوا ہو ؛ جس کا اخلاق نہ بگڑا ہو ؛ بے بگڑا ؛ معصوم ۔

Unvitrifiable : (a) جسے شیشہ یا شیشے کے مانند نہ بنایا گیا ہو ۔

Unvitrified : (a) جسے شیشہ یا شیشے کے مانند نہ بنایا گیا ہو ۔

Unvocal : (a) (۱) بے زبان ؛ چپ رہنے والا ۔(۲) جو سریلی نہ ہو ؛ جو خوش الحان نہ ہو ؛ بے آہنگ ؛ بے سُرا؛ موسیقی سے خالی ۔

Unvoice : (v) بے صوت کرنا ؛ بے آواز کرنا ۔

Unvoiced : (a) (۱) خاموش ؛ دبا ہوا ؛ چھپا ہوا ؛ جو ظاہر نہ ہو ۔ (۲) غیر مسموع (حرف یا آواز) جو محض سانس سے ادا کیا جائے اور جس کی ادائیگی میں حنجرے کی جھلی میں تھرتھراہٹ نہ ہو ؛ جو بغیر آواز کے ادا ہو ؛ مختفی ؛ بے صوت؛ جو آواز نہ دیتا ہو ۔

Unvouched : (a) (۱) بے ضمانت ؛ جس کا کوئی ضامن نہ ہو ۔ (۲) بے تصدیق ۔(۳) بےتائید ۔

Unvowed : (a) جس سے حلف نہ اٹھوایا گیا ہو ۔

Unvoyageable : (a) نا قابلِ عبور ؛ جسے کشتی یا جہاز سے عبور نہ کیا جاسکے ۔

Unvulgar : (a) غیر سوقیانہ ؛ غیر عامیانہ ؛ شائستہ ؛ مہذب ؛ جو بیہودہ اور بازاری نہ ہو ۔

Unwaked/Unwakened : (a) بے جگایا ہوا ؛ جسے جگایا نہ گیا ہو ۔

Unwalled : (a) جو دیوار کے گھیرے میں نہ ہو ؛ جس کے چاروں طرف دیوار نہ ہو ؛ کھلا ہوا ۔

Unwandered : (a) جگہ یا خطہ جہاں سے کوئی نہ گزرا ہو ۔

Unwandering : (a) غیر منحرف؛ اِدھر اُدھر نہ مڑنے والا ؛ ثابت قدم ۔

Unwaning : (a) نہ گھٹنے والا ؛ مستقل ؛ دائمی ۔

Unwanted : (a) غیر مطلوب ؛ بے ضرورت؛ جس کی خواہش یا ضرورت نہ ہو ۔

Unwarded : (a) (حملہ وغیرہ) جسے روکا نہ گیا ہو ؛ جس کی کاٹ نہ کی گئی ہو ۔

Unwares : (adv.) (قدیم) غیر متوقع طور پر ؛ یکایک ؛ اچانک انجانے طور پر ۔

Unwarily : (adv.) غفلت سے ؛ نا عاقبت اندیشی سے ۔

Unwariness : (n) غفلت ؛ نا عاقبت اندیشی ۔

Unwarlike : (a) (۱) غیر جنگ جو ؛ غیر جنگ جویانہ ؛ غیر سپاہیانہ ؛ غیر فوجی ۔(۲) صلح جویانہ ؛ صلح کا ۔

Unwarmed : (a) بے گرم کیا ہوا ۔

Unwarming : (a) گرمی نہ بخشنے والا ؛ ٹھنڈا ۔

Unwarned : (a) (۱) جو آگاہ نہ کیا گیا ہو ؛ جسے اطلاع نہ دی گئی ہو ؛ بے خبر ۔(۲) جسے تنبیہہ نہ کی گئی ہو ۔

Unwarp : (v) سیدھا کرنا ؛ خَم یا اینٹھن دور کرنا ۔

Unwarped : (a) (۱) بے اینٹھا ہوا ؛ بے پیچ و خم ۔(۲) بے لاگ؛ بے تعصب ؛ غیر متعصبانہ ۔

Unwarrantable : (a) نا قابل حمایت ؛ جس کی حمایت میں کچھ نہ کیا جا سکے ؛ ناجائز ؛ ناروا ۔

Unwarrantableness : (n) ناروا ہونا ؛ بےجا ہونا ۔

Unwarrantably : (adv.) بے جا طور پر ؛ ناروا طور پر ۔

Unwarranted : (a) بے ضمانت ؛ بے سند ؛ بے تصدیق ۔

Unwarrantedly : (adv.) ناجائزطور پر؛ غیرمجازانہ طورپر۔

Unwary : (a) غیر ہوشیار ؛ غافل ؛ ناعاقبت اندیشانہ ؛ غفلت کا ۔

Unwashed : (a) (۱) بے دھلا ہوا ؛ بے نہایا ہوا ؛ مَیلا ۔ (۲) گنوار ؛ انگھڑ ؛ جاہل ۔

Unwashed : (n) عوام الناس ؛ اَن پڑھ لوگ ؛ گنوار اور جاہل لوگ ۔

Unwashen : (a) دیکھو Unwashed (قدیم)

Unwasted : (a) (۱) (قدیم) جس پر کٹاؤ کا عمل نہ ہوا ہو؛ جسے ضائع نہ کیا گیا ہو ۔(۲) (قدیم) جسے تباہ و برباد نہ کیا گیا ہو ؛ جسے تاراج نہ کیا گیا ہو ۔

Unwasteful : (a) غیر مُسرف؛ غیر مسرفانہ ؛ کفایت شعار ؛ کفایت شعارانہ ۔

Unwastefully : (adv.) غیر مسرفانہ طور پر ؛ کم خرچی سے ۔

Unwasting : (a) (قدیم) جس میں کمی یاتخفیف واقع نہ ہو ۔

Unwatched : (a) (۱) نظرانداز کیا ہوا ۔(۲) جس کی نگہبانی نہ کی گئی ہو ۔

Unwatchful : (a) غیر خبردار ؛ بےتوجہ ؛ غیر ہوشیار؛ جو چوکس اور خبردار نہ ہو ۔

Unwatchfully : (adv.) بے توجہی سے ؛ غفلت شعاری سے ۔

Unwatchfulness : (n) بے توجہی ؛ غفلت شعاری ۔

Unwater : (v) (کھیت، کان وغیرہ کو) پانی سے خالی کرنا ۔

Unwatered : (a) (۱) بے پانی ملا ؛ خالص ۔(۲) بے آب ؛ خشک؛ سوکھا ہوا ۔(۳) جس میں پانی نہ دیا گیا ہو ؛ بے سینچا ؛ جو پانی سے تر نہ ہو؛ بے بھگویا ۔

Unwatery : (a) (۱) غیر آبی ؛ جو پانی کا نہ ہو ؛ جو پانی سے بھرا نہ ہو ۔(۲) جو پانی سے تر نہ ہو ؛ خشک ۔(۳) پانی سے غیر مشابہ ؛ جو پانی کی طرح نہ ہو ۔

Unwaved : (a) (بال وغیرہ) جو لہردار نہ ہو ؛ سیدھا ۔

Unwavering : (a) غیر متزلزل ؛ مضبوط؛ غیر مذبذب ؛ مستقل ؛ پُر استقلال ۔

Unwaveringly : (adv.) غیر متزلزل طور پر ؛ مضبوطی سے ؛ استقلال سے ۔

Unwaving : (a) بے ہلتا ہوا ؛ بے لہراتا ہوا ۔

Unwaxed : (a) جس میں موم نہ ملایا گیا ہو ۔

Unweakened : (a) کمزور نہ کیا ہوا ؛ مضبوط ۔

Unwealthy : (a) جو دولت مند نہ ہو ؛ غریب ؛ مفلس ۔

Unweaned : (a) بے دودھ چُھٹا ؛ دودھ پیتا؛ شیر خوار ۔

Unweaponed : (a) غیرمسلح ؛ جو اسلحوں سے آراستہ نہ ہو۔

Unwearable : (a) جو پہننے کے قابل نہ ہو ؛ پھٹا ہوا: بدنما۔

Unweariable : (a) اَن تھک ؛ نہ تھکنے والا ۔

Unweariableness : (n) اَن تھک ہونا ۔

Unweariably : (adv.) اَن تھک طور پر ۔

Unwearied : (a) تازہ دم ؛ بے تھکا ہوا ؛ جو عاجز یا درماندہ نہ ہو ؛ جو اکتا نہ گیا ہو ؛ سرگرم ؛ محنتی؛ مستعد ۔

Unweariedly : (adv.) تازہ دمی سے ؛ سرگرمی سے ؛ مستعدی سے ؛ محنت سے ؛ بغیر تھکے ہوئے ۔

Unweariedness : (n) تازہ دمی ؛ سرگرمی؛ مستعدی۔

Unweary : (a) بے تھکا ہوا ؛ جو عاجز یا درماندہ نہ ہو ۔

Unwearying : (a) (۱) نہ تھکنے والا ؛ اَن تھک ؛ مسلسل ۔ (۲) تھکاوٹ اور اکتاہٹ پیدا نہ کرنے والا ۔

Unwearyingly : (adv.) (۱) بےتھکے ہوئے ؛ اَن تھک یا مسلسل طور پر ۔ (۲) بے تکان پیدا کئے ہوئے ۔

Unweathered : (a) جس پر سردی ، گرمی، ہَوا اور بارش کا کوئی اثر نہ ہوا ہو ۔

Unweave : (v) ادھیڑنا ؛ (بُنی ہوئی چیز کو) کھولنا ۔

Unwebbed : (a) بے جھلی دار پنجوں کا ؛ (چڑیوں کے پنجے) بے جھلی دار ؛ جس میں بطخ کے پنجوں کی طرح جھلی نہ ہو ۔

Unwed/Unwedded : (a) غیر شادی شدہ ؛ بِن بیاہا ؛ مجرد ؛ کنوارا ۔

Unwedge : (v) (۱) بے پچّر کرنا ۔ (۲) تنگ مقام سے نکالنا؛ بہ دقت باہر نکالنا ۔

Unwedgeable : (a) جسے پھاڑا نہ جاسکے ؛ جسے ٹکڑے نہ کیا جاسکے ؛ سخت ۔

Unweeded : (a) بے ترایا ہوا ؛ جس کی ترائی نہ ہوئی ہو: جس میں سے گھاس پھوس دور نہ کیا گیا ہو ۔

Unweeting : (a) (قدیم) نا دانستہ ۔

Unweetingly : (adv.) (قدیم) نا دانستہ طور پر ۔

Unweighed : (a) (۱) بے تولا ہوا ؛ بے وزن کیا ہوا ۔ (۲) (مجازاً) نا سمجھی کا ؛ نادانی کا ۔

Unweighted : (a) (۱) جسے بھاری بھرکم نہ بنایا گیا ہو؛ جسے بوجھل نہ بنایا گیا ہو ۔ (۲) جو اعداد و شمار کے اعتبار سے حاصل نہ ہوا ہو (قدروقیمت کے اعتبار سے نہیں)۔

Unwelcome : (a) ناپسندیدہ ؛ ناگوار ؛ نا مرغوب ؛ غیر مطبوع؛ جس کے آنے یا ملنے سے خوشی نہ ہو ۔

Unwelcome : (n) سرد مہری ۔

Unwelcome : (v) بغیر گرم جوشی کے استقبال کرنا؛ بے تپاک ہوکر کسی چیز کو لینا ۔

Unwelcomed : (a) جس کا خیرمقدم نہ کیا گیا ہو ؛ جس کا استقبال نہ کیا گیا ہو ۔

Unwelcomeness : (n) ناگواری ؛ نا پسندیدگی ۔

Unwelded : (a) بے جوڑا ہوا ؛ جس کی وائرنگ نہ ہوئی ہو ۔

Unwell : (a) (۱) بیمار؛ غیرصحت مند ۔ (۲) (عورت) حائضہ؛ جو حیض میں مبتلا ہو ۔

Unwellness : (n) (۱) بیماری ۔ (۲) حیض (شاذ) ۔

Unwemmed : (a) (قدیم بول چال) بے عیب ؛ بے داغ ۔

Unwept : (n) بے نوحہ ؛ بے ماتم؛ جس کے لئے کوئی رویا نہ ہو ۔

Unwet : (n) بے بھگویا ؛ بے نم (خصوصاً جو آنسو سے نم نہ نہ ہو) ۔

Unwetted : (a) دیکھو Unwet

Unwheel : (v) بے پہیا کرنا ۔

Unwhetted : (a) (۱) جس پر سان نہ کیا گیا ہو ؛ جسے رگڑ کر تیز نہ کیا گیا ہو ۔ (۲) (مجازاً) (خواہش ، بھوک وغیرہ) جسے بھڑکایا نہ گیا ہو ؛ جسے تیز نہ کیا گیا ہو ۔

Unwhipped/Unwhipt : (a) جسے کوڑے نہ لگائے گئے ہوں ؛ جسے سزا نہ دی گئی ہو ۔

Unwhiskered : (a) جسے مونچھیں نہ ہوں ۔

Unwhispered : (a) جسے زیر لب یا سرگوشی کے انداز میں نہ کہا گیا ہو ۔

Unwhitewashed : (a) جس پر سفیدی نہ کی گئی ہو ۔

Unwholesome : (a) (۱) مضر صحت ۔ (۲) مخرب اخلاق ۔ (۳) (اخلاقی یا جسمانی طور پر) غیرصحت مند ۔

Unwholesomely : (adv.) مُضر طور پر ؛ غیر صحت مندانہ طورپر؛ مخرب اخلاق طریقے سے ۔

Unwholesomeness : (n) مضر صحت ہونا ؛ مخرب اخلاق ہونا ۔

Unwieldily : (adv.) (۱) بھاری بھرکم طور پر ؛ بے ڈھنگے طریقےسے ۔ (۲) غیر عملی طریقےسے ۔ (۳) بھدے طور پر ۔

Unwieldiness : (n) (۱) بھاری بھرکم پن ؛ بے ڈھنگاپن ۔ (۲) غیر عملی ہونا ۔ (۳) بدنمائی ؛ بھداپن ۔

Unwieldy : (a) (۱) بھاری بھرکم ؛ بے ڈھنگا ۔ (۲) غیر عملی ؛ الجھا ہوا ۔ (۳) بدنما ؛ بد صورت ۔ (٤) بڑا اور بھدا ؛ بے ڈول ۔

Unwifely : (a) جو بیوی کی سی نہ ہو ؛ جو بیوی معلوم نہ ہو ؛ جو بیوی کے شایانِ شان نہ ہو ؛ جو بیوی کے لئے مناسب نہ ہو ۔

Unwigged : (a) بغیر وگ لگائے ۔

Unwilful : (a) (۱) جو ضدی ، خود رائے اور خود سر نہ ہو ۔ (۲) بلا ارادہ ؛ بے مقصد ۔

Unwill : (v) (خواہش یا منشا کو) بدل دینا ؛ تردید کرنا ۔

Unwilled : (a) بے قصد ؛ بلا ارادہ ۔

Unwilling : (a) نا رضامند ؛ بے دل ؛ نا خوش ۔

Unwillingly : (adv.) نا رضامندی سے ۔

Unwillingness : (n) نا رضامندی ؛ نا خوشی ؛ بے دلی ۔

Unwilted : (a) (۱) بے مرجھایا ہوا ؛ جو خشک نہ ہوا ہو ۔ (۲) (مجازاً) غیر پژمردہ ؛ جو بے جان اور کمزور نہ ہوا ہو ۔

Unwily : (a) سیدھا سادہ ؛ بھولا بھالا ؛ بے ریا ۔

Unwincing : (a) بے جھجک ؛ بے خوف ۔

Unwind : (v) (۱) (لپٹی ہوئی چیز کو) کھولنا ۔ (۲) (لپٹی ہوئی چیز کا) کھلنا ۔ (۳) کھوج لگانا ۔ (٤) آزاد کرنا ۔ (٥) پُرسکون ہونا ؛ دھیما پڑنا ۔

Unwinding : (n) (۱) (لپٹی ہوئی چیز کا) کھلنا یا کھولا جانا ۔ (۲) تلاش ؛ کھوج ۔

Unwindy : (a) جہاں تیز ہَوا نہ چلتی ہو ؛ پُر سکون ۔

Unwinged : (a) بے پر ۔

Unwinking : (a) جو پلک نہ جھپکاتا ہو ؛ یکساں طور پر مرکوز ؛ چوکس ؛ ہوشیار ۔

Unwinnable : (a) جسے جیتا نہ جاسکے ؛ (خصوصاً) نہایت مستحکم ، مضبوط جس پر حملہ نہ ہوسکے ۔

Unwinning : (a) (۱) (شاذ) ہارنے والا ؛ جو جیت نہ سکے ؛ جس کی ہار ہو ۔ (۲) غیر دلکش ۔

Unwinnowed : (a) جسے بھوسا اڑا کر صاف نہ کیا گیا ہو ؛ بے اُسایا ہوا ۔

Unwiped : (a) بے پونچھا ہوا ؛ داغدار ؛ دھبے پڑا ۔

Unwired : (a) بے تار لگایا خصوصاً جس میں بجلی کے تار نہ لگائے گئے ہوں ۔

Unwisdom : (n) بیوقوفی ؛ نا عاقبت اندیشی ؛ غیر دانشمندی ۔

Unwise : (a) (۱) غیردانشمند ؛ بیوقوف؛ نا عاقبت اندیش ۔ (۲) غیر دانشمندانہ ؛ حماقت کا ؛ ناعاقبت اندیشانہ ۔

Unwisely : (adv.) حماقت سے ؛ نا عاقبت اندیشی سے؛ غیر دانشمندانہ طور پر ۔

Unwiseness : (n) بیوقوفی ؛ نا عاقبت اندیشی ؛ نادانی؛ حماقت ۔

Unwish : (v) (۱) (اپنی کسی خواہش کو) واپس لینا یا منسوخ کرنا ۔ (۲) کسی چیز کے نہ ہونے کی خواہش کرنا ؛ کسی چیز کی ہلاکت یا فنا کی خواہش کرنا ۔

Unwished : (a) نا خواستہ ؛ غیر مطلوب ؛ جس کی خواہش نہ ہو ۔

Unwishful : (a) غیر آرزومند ؛ غیر خواہش مند ۔

Unwist : (a) (قدیم، متروک) بے جانا ہوا ؛ نا معلوم ۔

Unwitch : (v) (قدیم) جادو کے اثر سے آزاد کرنا ۔

Unwithdrawing : (a) واپس نہ لینے والا ۔

Unwithdrawn : (a) جو واپس نہ لیا گیا ہو ۔

Unwithered : (a) غیر پژمردہ ؛ جو مرجھایا نہ ہو ۔

Unwithering : (a) نہ مرجھانے والا ۔

Unwithstood : (a) جس کی مزاحمت نہ کی گئی ہو ؛ جس کا مقابلہ نہ کیا گیا ہو ۔

Unwitnessed : (a) (۱) بے دیکھا ؛ جو دیکھا نہ گیا ہو ۔(۲) بے شاہد ؛ بے گواہ ؛ بے شہادت ۔ (۳) بے دستخط شاہد ؛ جس پر گواہ کے دستخط نہ ہوں ۔

Unwittily : (adv.) غیر بذلہ سنجی سے ؛ غیر نکتہ سنجی سے ۔

Unwitting : (a) نا دانستہ ؛ انجانا ؛ بے ارادہ ؛ بے قصد ۔

Unwittingly : (adv.) انجانے طور پر ؛ نادانستہ طور پر ؛ بے ارادہ طور پر ۔

Unwittingness : (n) (۱) نا دانستگی ؛ انجاناپن ۔(۲) بےقصد و بے ارادہ ہونا ۔

Unwitty : (a) غیر بذلہ سنج ؛ غیر نکتہ سنج ؛ غیر ظریف الطبع ؛ مقطع ؛ غیر بذلہ سنجانہ ؛ غیر نکتہ سنجانہ ۔

Unwive : (v) بیوی کی حیثیت سے محروم کرنا ۔

Unwived : (a) مجرد ؛ بے بیوی ؛ بغیر بیگم ۔

Unwoman : (v) نسوانی یا زنانہ خصوصیات سے محروم کرنا ۔

Unwomanly : (a) غیر نسوانی ؛ غیرنسائی ؛ خلاف نسائیت؛ عورتوں کی سیرت یا طریقے کے خلاف ۔

Unwomanly : (adv.) غیر نسائی طور پر ۔

Unwon : (a) غیر مفتوح ؛ بے جیتا ہوا؛ (عورت) جو حاملہ نہ ہوئی ہو ۔

Unwont : (a) (شاذ ، متروک) غیر عادی ۔

Unwonted : (a) (۱) خلاف معمول ؛ خلاف عادت ۔(۲) غیرعادی؛ جو کسی چیز کا عادی یا خوگر نہ ہو ۔

Unwontedly : (adv.) خلاف معمول طور پر ؛ خلاف عادت طور پر ۔

Unwontedness : (n) خلاف معمول ہونا ؛ خلاف عادت ہونا ؛ انوکھاپن ۔

Unwooded : (a) بے اشجار ؛ درختوں سے خالی ؛ جس میں جنگل نہ ہو ۔

Unwooed : (a) جس سے معاشقہ نہ کیا گیا ہو ؛ جس کو شادی کا پیغام نہ دیا گیا ہو ؛ جس کی طلب گاری نہ کی گئی ہو ۔

Unwordable : (a) جسے لفظوں میں بیان نہ کیا جاسکے ۔

Unworded : (a) بیان نہ کیا ہوا ؛ جسے الفاظ کا جامہ نہ پہنایا گیا ہو ۔

Unworkability : (n) نا قابلِ عمل ہونا ۔

Unworkable : (a) نا قابلِ عمل ؛ نہ چلنے والا ۔

Unworkableness : (n) دیکھو Unworkability

Unworked : (a) (۱) (چقماق) مصنوعی طریقے سے جس کی تراش خراش نہ کی گئی ہو ۔ (۲) جسے استعمال میں نہ لایا گیا ہو ۔(۳) جس میں یا جس پر عمل نہ ہوا ہو ۔

Unworking : (a) بے کار ؛ نکما ۔

Unworkmanlike : (a) جس میں اچھی کاریگری نہ ہو؛ خراب بنا ہوا؛ بھدا ۔

Unworld : (v) مادّی سطح سے اوپر اٹھانا ۔

Unworldliness : (n) دنیا سے بے تعلقی؛ روحانیت ۔

Unworldly : (a) (۱) غیر دنیوی؛ غیر ارضی ۔(۲) روحانی ۔ (۳) دنیاوی معاملے میں جو ہوشیار نہ ہو ۔ (٤) جو مادی چیزوں (دولت وغیرہ) کا پجاری نہ ہو ۔

Unworn : (a) (۱) غیر فرسودہ؛ بے گھسا ہوا ۔ (۲) بے پہنا (کپڑا) ۔ (۳) تازہ؛ نیا؛ اصلی ۔

Unworried : (a) غیر متفکر؛ غیرپریشان؛ مطمئن؛ پُرسکون ۔

Unworshipful : (a) غیر معظم؛ غیر محترم ۔

Unworshipped/Unworshiped : (a) جس کی پرستش نہ کی گئی ہو ۔

Unworshipping/Unworshiping : (a) پرستش نہ کرنے والا ۔

Unworth : (a) (۱)بے کار؛ مہمل؛ بے مصرف؛ بے قدر و قیمت ۔ (۲) شرمناک ؛ ذلیل ؛ گرا ہوا ؛ ذلت آمیز ۔ (۳) غیر مستحق؛ ناسزاوار؛ نااہل ۔ (٤) بے جا ۔

Unworth : (n) نا اہلی؛ نالائقی (کسی چیز کا) مستحق یا سزاوار نہ ہونا ۔

Unworthily : (adv.) (۱) بے استحقاق کے؛ بے اہلیت کے ۔ (۲) نااہلی سے؛ نالائقی سے ۔ (۳) شرم ناک طور پر؛ ذلت آمیز طور پر ۔ (٤) بیجا طور پر ۔

Unworthiness : (n) (۱) بے کار ہونا؛ بے قدر و قیمت ہونا؛ مہمل ہونا ۔ (۲) شرمناک ہونا؛ گرا ہوا ہونا؛ ذلیل ہونا ۔ (۳) غیر مستحق ہونا؛ ناسزاوار یا نااہل ہونا ۔ (٤) بے جا ہونا ۔

Unworthy : (a) دیکھو Unworth

Unworthy : (n) نا اہل شخص ۔

Unwound : (a) (۱) بے کوک دی ہوئی (گھڑی) ۔ (۲) کھلا ہوا؛ بےلپٹا ہوا ۔

Unwoundable : (n) جس کو زخم نہ پہنچایا جاسکے ۔

Unwounded : (a) زخم سے محفوظ؛ بغیر زخم کا؛ صحیح و سالم ؛ مسلم ۔

Unwoven : (a) بے بُنا ۔

Unwrap : (v) (لپیٹی یا تہ کی ہوئی چیز کو) کھولنا ۔

Unwreaked : (a) جس کا بدلا یا انتقام نہ لیا گیا ہو؛ بن لیا (انتقام)؛ بغیر عمل میں آیا ہوا ۔

Unwreathe : (v) لپیٹی ہوئی چیز کو کھولنا ۔

Unwreathed : (a) بے مکٹ؛ جو ریشم یا پھولوں کا ہار نہ پہنے ہو؛ بغیر ہار پہنے ہوئے ۔

Unwrecked : (a) (جہاز خصوصاً) جو تباہ و برباد نہ ہوا ہو؛ جو طوفان کی زد میں نہ آیا ہو ؛ جو غرق نہ ہوا ہو ۔

Unwrench : (v) کھولنا ۔

Unwrenched : (a) کھولا ہوا ۔

Unwrested : (a) (۱) بغیر توڑا مروڑا ہوا ۔ (۲) (واقعات، عبارت وغیرہ) جسے مسخ کرکے بیان نہ کیا گیا ہو؛ جسے مسخ نہ کیا گیا ہو؛ کھینچ تان کر جس کا غلط مطلب نہ نکالا گیا ہو ۔

Unwrinkle : (v) شکن مٹانا؛ دور کرنا؛جُھرّی دور کرنا؛ مٹانا ۔

Unwrinkled : (a) بے شکن؛ بے جُھرّیوں کا؛ جس پر جُھرّیاں نہ پڑی ہوں ۔

Unwrite : (v) مٹانا؛ قلم زد کرنا ۔

Unwriteable/Unwritable : (a) ناقابل تحریر؛ جو تحریر میں نہ لایا جاسکے ۔

Unwritten : (a) (۱) غیر تحریری؛ غیر نوشتہ؛ بے لکھا ۔ (۲) (ورق، کاغذ وغیرہ) بغیر لکھا ہوا؛ سادہ ۔

Unwronged : (a) (۱) جس کے ساتھ ناانصافی یا تعصب نہ برتا گیا ہو؛ جس کے ساتھ بے دردی کا سلوک نہ کیا گیا ہو؛ جو ستایا نہ گیا ہو؛ جس کے ساتھ کوئی زیادتی نہ کی گئی ہو ۔ (۲) جس پر غلط الزام نہ دھرا گیا ہو؛ جسے برا یا قصوروار نہ سمجھا گیا ہو ۔ (۳) جسے ٹھگا نہ گیا ہو؛ جسے دھوکا نہ دیا گیا ہو ۔

Unwrought : (a) (۱) نامکمل؛ ناتمام ۔ (۲) خام؛ ناساختہ؛ بے بُنا ہوا ۔ (۳) (کان کنی) بغیر معدنیات نکالی ہوئی؛ جس میں سے معدنیات نہ نکالی گئی ہوں ۔

Unwrung : (a) جس پر کوئی اثر نہ ہو؛ بے مروڑا ہوا ۔

Unyeaned : (a) نازائیدہ؛ جو پیدا نہ ہوا ہو (خصوصاً میمنا، بھیڑ کا بچہ) ۔

Unyielded : (a) جس نے سر تسلیم خم نہ کیا ہو؛ جس نے (کسی کی) بات نہ مانی ہو؛ جو دبا نہ ہو؛ نہ دبنے والا ۔

Unyielding : (a) (۱) سخت؛ کڑا؛ بے لوچ ۔(۲) نہ دینے والا ؛ اپنی رائے میں سخت؛ ضدی؛ خود رائے؛ ضد کا؛ خود رائی کا ۔

Unyieldingly : (adv.) بے لوچ طریقے سے ؛ سختی سے ؛ خودرائی سے؛ ضد سے ۔

Unyieldingness : (n) بے لوچ پن ؛ سختی ؛ کڑا پن ؛ ضد ؛ خود رائی ؛ خودرائے ہونا ۔

Unyoke : (v) (۱) (جانوروں کو) جوئے سے الگ کرنا ۔ (۲) محکومی اور چیرہ دستی، ظلم و استبداد سے آزاد کرنا یا نجات دلانا ۔ (۳) علاحدہ کرنا؛ الگ کرنا ۔

Unyoked : (a) (۱) بے جتا ہوا؛ جوئے میں نہ لگا ہوا؛ (مجازاً) بے قابو؛ آزاد؛ بے مہار ۔(۲) جوئے سے الگ کیا ہوا؛ محکومی اور ظلم سے نجات دلایا ہوا یا نجات پایا ہوا ۔

Unzealous : (a) غیر سرگرم؛ بے جوش؛ جو سرگرمی اور جوش سے خالی ہو ۔

Unzealously : (adv.) غیرسر گرم طریقے سے؛ بغیر جوش اور ولولے کے ۔

Unzip : (v) (۱) (زپ کو) کھولنا ۔(۲) (زپ کھینچ کر جیب، تھیلے اور بیگ وغیرہ کو) کھولنا؛ زپ کے سہارے جیب ، تھیلے وغیرہ کا کھلنا ۔

Unzipper : (v) دیکھو Unzip

Unzoned : (a) (۱) جس کی حد بندی نہ کی گئی ہو؛ بغیر حد بندی کا؛ جس کی حدود کا تعین نہ کیا گیا ہو؛ (جغرافیہ) منطقہ ۔ (۲) (قدیم) بے پٹکا؛ بے گھیرا؛ غیر محدود ۔

- uous : (suffix) لاحقہ بمعنی "نما" "کی طرح کا" "دار" ۔

Up : (n) (۱) اونچ؛ فراز؛ بلندی؛ اونچائی ۔(۲) عروج؛ ترقی ۔ (۳) (قیمت یا قدر میں) اضافہ؛ چڑھاؤ ۔(٤) اپ ٹرین۔

Up : (a) (۱)(خطہ یا اس کے رہنے والے) اونچا؛بلند ۔(۲) (ریل گاڑی یا بس) اوپر یا بلندی کو جانے والی؛ اوپر یا اونچائی پر جانے والی ریل گاڑی سے متعلق ۔ (۳) (شراب، بیر، سوڈا واٹر وغیرہ) پرجوش؛ کھدبد کرنے والا ۔ (٤) (مجازاً) پرجوش؛ زندہ دل؛ بشاش؛ شگفتہ ۔(٥) مائل بہ فراز؛ چڑھتا ہوا؛ اوپر کا؛ اوپر کی طرف کا ۔ (٦) کھڑا ہوا (اور تقریر کرتا ہوا) ۔

Up : (v) (۱) (بطخ وغیرہ کو) نشان لگانے کے لئے ہانکنا ۔ (۲) (اسلحہ) اٹھانا (خصوصاً کندھے پر یا کندھے تک) ۔ (۳) (بحری) کشتی یا جہاز کے پتوار یا مچھلی پکڑنے کے بڑے جال کو اٹھانا ۔ (٤) کھڑا ہونا؛ اٹھنا؛ بستر سے اٹھنا ۔ (٥) بڑھانا (دام، قیمت، تنخواہ وغیرہ) ۔

To up and (do something) : یکایک یا دلیری سے کچھ کرنے لگنا ۔

To up and down : باری باری اٹھنا اور گرنا ۔

To up with : (اسلحہ وغیرہ) اٹھانا؛ بلند کرنا ۔

Up : (adv.) (۱) اوپر؛ اوپر کو؛ اوپر کی طرف؛ اوپر تک ۔ (۲) سطح زمین سے کچھ بلند ۔ (۳) گھوڑے پر ۔ (٤) کسی اہم مقام کو ۔ (٥) ہوا کے رخ ۔ (٦) نیچے سے اوپر کے درجے کو ۔ (۷) بلند تر اخلاقی یا روحانی سطح کی جانب ۔ (۸) انبساط یا عزم صحیح کی جانب ۔(۹) عمل، حرکت، ہل چل اور جوش کی حالت میں ۔ (۱۰) اپنے پاؤں پر ۔(۱۱) پختگی یا مہارت کی جانب ۔(۱۲) اتنا بلند کہ سنا جاسکے ۔ (۱۳) مجسٹریٹ کے سامنے یا رو برو ۔ (۱٤) تکمیل یا انجام کی جانب ۔(۱٥) ڈھک لینے یا ملفوف کرلینے کے طور پر ۔(۱٦) خلا میں یا ہوا میں (معلق) ۔ (۱۷) (چاند، سورج وغیرہ) افق سے نمودار ۔(۱۸) استادگی کی حالت میں؛ کھڑا ہوا ۔ (مجازاً) : (۱) انتشار یا ابتری کی حالت میں ؛ بغاوت کی حالت میں ۔ (۲) اضطراب، ابہار یا اعتماد کی حالت میں ۔ (۳) ترقی، ارتقاء، رواج یا انجام دہی کی حالت میں ۔ (٤) (شاذ) جس کا بڑا چرچا ہو ۔(٥) (روز مرہ) ہوتا ہوا؛ جو ہو رہا ہے (ناخوشگوار اور معمول کے خلاف واقعہ کے طور پر) ۔(٦) کسی سے لڑائی یا جھگڑے کی حالت میں؛ کشیدگی کی حالت میں ۔ (۷) مکمل؛ ختم؛ برخاست (اسمبلی وغیرہ) ۔(۸) ناخواستہ اور بے نتیجہ انجام کو ۔(۹) مقام، عہدہ یا قیمت میں بلند تر ۔(۱۰) قوت میں بڑھا ہوا؛ عمل کے لئے تیار ۔(۱۱) تعداد، قدر و قیمت اور بہاؤ میں بڑھا ہوا ۔ (۱۲) حریف یا مقابل سے آگے ۔ (۱۳) فروخت کے لئے لگایا ہوا یا پیش کردہ ۔

A hundred up : سو نمبر ہوگئے (کسی کھیل میں نمبروں کے تختے پر) ۔

All up : بالکل ختم ۔

Beer is up : بیر (شراب) کی تیزی جاتی رہی ۔

Eat up : سموچا کھا جانا ۔

His blood is up : اس کو غصہ یا جوش آگیا ۔

Is up against a hard job : سخت کام سے سابقہ ہے ۔

It is all up with him : اس کی حالت مایوسی کی ہے ۔

It is up to us : یہ ہمارا کام ہے؛ یہ ہم پر ہے؛ یہ ہمارے ذمے ہے ۔

Live up to his income : وہ اپنی ساری آمدنی خرچ کر دیتا ہے ۔

Not up to much : جو بڑی صلاحیت، اہمیت یا قیمت کا نہ ہو ۔

Not up to travelling : سفر کے قابل نہیں؛ سفر کرنے کے لائق نہیں ۔

Parliament is up : پارلیمنٹ برخاست ہو گئی ۔

Speak up : زور سے بولو ۔

Time is up : وقت پورا ہو گیا ۔

What is up : کیا ہے؟ کیا ہو رہا ہے؟

Up : (prep.) (۱) اوپر کی طرف؛ اوپر کو ۔ (۲) (ندی وغیرہ کے) منبع کی جانب ۔ (۳) کسی دور دراز علاقے کی جانب یا میں؛ کسی کمرے کے آخری سرے کی طرف یا تک ۔ (٤) کسی گلی، سڑک، شہر، راستہ یا لکیر کے دوسرے سرے تک یا اس کی جانب ۔ (٥) بلند تر مقام پر یا دور دراز حصے میں ۔ (٦) چوٹی پر؛ سطح زمین سے بلند ۔

Up - : (prefix) دیگر الفاظ کے ساتھ بطور سابقہ آتا ہے؛ ان تمام معنوں میں جن معنوں میں متعلق فعل up (adv.) آتا ہے ۔

Up-a-daisy : (int.) (بولی یا روز مرہ) ہمت بندھانے کے لئے چھوٹے بچے کو کہتے ہیں جب وہ گر جاتا ہے یا جب اسے ہاتھ میں لے کر اوپر اٹھاتے ہیں ۔

Up against : (a) (مشکلات وغیرہ سے) دوچار ۔

To knock or run up against : اچانک ملاقات ہو جانا ۔

Up-anchor : (v) لنگر کو تولنا؛ ہاتھ میں لے کر اس کے وزن کا اندازہ کرنا ۔

Up-and-comer : (n) ہونہار شخص؛ جو ترقی کی جانب تیزی سے گام زن ہو اور جس کا مستقبل امید افزا ہو ۔

Up and coming : (a) فعال؛ چوکس؛ آمادہ؛ جو کھم اٹھانے والا؛ ہونہار؛ ترقی کی جانب گامزن ۔

Up and down : (adv.) (۱) آگے پیچھے؛ ادھر ادھر؛ اوپر نیچے؛ ایک سرے سے دوسرے سرے تک ۔ (۲) پورا پورا؛ اوپر سے نیچے تک؛ ہر طرح سے ۔ (۳) (بحری) عمودی حالت میں ۔ (٤) (روز مرہ) بد تمیزی سے؛ منہ پھٹ طریقے سے؛ دو ٹوک طور پر ۔

Up and down : (prep.) (۱) آگے پیچھے ۔ (۲) باری باری سے (کبھی کسی پہاڑی وغیرہ کے اونچے حصے پر اور کبھی نچلے حصے پر) ۔ (۳) کسی چیز میں یا کسی چیز پر؛ یہاں وہاں ۔

Up-and-down : (a) (۱) اٹھتا گرتا ہوا؛ کبھی بلند اور کبھی پست ہوتا ہوا ۔ (۲) عمودی؛ (جو ڈھلواں یا افق کے متوازی نہ ہو) ۔ (۳) صاف؛ سیدھا؛ واضح؛ دو ٹوک ۔ (٤) اوبڑ کھابڑ؛ غیر مسطح؛ اونچا نیچا؛ ناہموار ۔

Up and down : (n) (۱) اتار چڑھاؤ؛ اٹھنا گرنا (خصوصاً مجازی معنوں میں) ۔ (۲) لہردار سطح یا نشان ۔ (۳) ایک سرسری جائزہ لینے والی نگاہ ۔

Up a tree/Up the pole/Up the sport : ضیق میں؛ مشکل میں؛ پریشانی میں؛ تنگی میں ۔

Up coast : (a) ساحل سے دور اور بلندی پر واقع ۔

Up-country : (n) ملک کا اندرونی یا دور دراز علاقہ ۔

Up-country : (a) ملک کے اندرونی یا دور دراز علاقے کا؛ ملک کے اندرونی علاقے والا؛ ملک کے اندرونی علاقے میں واقع ۔

Up-country : (adv.) ملک کے اندرونی علاقے کی طرف ۔

Up-draw : (v) اوپر کھینچنا ۔

Up-draw : (n) اوپر کی طرف یا اوپر کی جانب کھینچاؤ یا کھینچا جانا ۔

Up-end/Upend : (v) (۱) سیدھا کھڑا کرنا ۔(۲) الٹ دینا ۔ (۳) اساسی طور پر متاثر کرنا ۔(٤) کھڑا ہونا ۔

Up-grade : (n) (۱) چڑھائی ۔(۲) اضافہ؛ زیادتی؛ بیشی ۔ (۳) ترقی؛ اچھی حالت کی جانب اُٹھان ۔

On the up-grade : رو بہ ترقی؛ مائل بہ عروج ۔

Up-grade : (adv.) بلند تر سطح یا چڑھائی کی جانب ۔

Up-grade : (v) (۱) اونچے درجے کا کرنا ۔(۲) عہدے میں بڑھا دینا (کہ اسے زیادہ اجرت ملے) ۔

Up-headed : (a) سر کو بالکل سیدھا رکھتے ہوئے (جو سر کو جھکائے ہوئے نہ ہو) ۔

Up-in : (adv.) (روز مرہ) (کسی چیز میں) ماہر ۔

Up in arms : لڑنے کی لئے مستعد ۔

Up-tempo : (n) (موسیقی یا جاز کی) تیز دھن ۔

Up-till : (prep.) (وقت کے سلسلے میں) تک؛ تا ۔

Up-tilt : (v) اوپر کو اٹھانا ۔

Up to : (a) (۱) کرنے یا سمجھنے کے لائق؛ مناسب اور اس کام کی صلاحیت رکھنے والا ۔ (۲) ماہر تیار؛ مستعد ۔(۳) معیاریا مقدارمیں برابر؛ ہم پلہ ۔

Up to : (prep.) (۱) (جگہ، سطح، نقطہ ، وغیرہ) تک ۔ (۲) (گنجائش کے معنی میں) حد تک ۔(۳) (دن، تاریخ، وقت، لمحہ) تک (اتین اسکول کی) ۔

Up to : (adv.) (اصطلاح میں) درجے میں فلاں ماسٹر کے ۔

Up to date : (adv.) (۱) موجودہ وقت تک؛ اس وقت تک ۔ (۲) جدیدترین معلومات اور وسائل وغیرہ کے ساتھ ۔(۳) وقت کے ساتھ ۔

Up-to-date : (a) نیا ؛ جدید (شخص) جو جدید ترین معلومات، فیشن یا روش سے ہم آہنگ ہو؛ جس میں جدید طریقوں اور وسائل سے کام لیا جاتا ہو ۔

Up-to-deteness : (n) نیاپن؛ جدید ترین ہونا؛ جدید ترین معلومات؛ فیشن یا روش سے ہم آہنگی ۔

Up to snuff : (عامیانہ) خاصاً ہوشیار؛ چلتا پرزہ ۔

Up to mark : (a) معیار پر پورا اترنے والا ۔

Up-to-the-minute : (a) بالکل جدید؛ جدید ترین؛ جو جدید فیشن، ایجاد، علم یا ترقیات پر مبنی ہو ۔

Up town/Up-town/Uptown : (adv.) کسی شہر کے شمالی حصے میں، کی طرف یا تک؛ کسی شہر کے رہائشی علاقے میں، کی طرف یا تک ۔

Up-town/Uptown : (a) (۱) کسی شہر کے شمالی حصے میں واقع؛ کسی شہر کے شمالی حصے کا ۔(۲) کسی شہر کے رہائشی علاقے میں واقع یا کسی شہر کے رہائشی علاقے کا ۔

Up-town : (n) (۱) کسی شہر کا شمالی حصہ ۔ (۲) کسی شہر کا رہائشی علاقہ ۔

Up-towner : (n) کسی شہر کے شمالی حصہ یارہائشی علاقے کا رہنے والا۔

Up-wind/Upwind : (adv.) ہوا کی مخالف سمت میں ۔

Up-wind : (n) مخالف سمت یا رخ میں بہنے والی ہوا ۔

Up-wind : (a) جس طرف سے ہوا آرہی ہو اسی رخ کا؛ ہوا کے مخالف رخ کا ۔

Up-with : (a) ہم سطح ۔

Upanished/Upanisad : (n) سنسکرت میں ایسے رسالے جو فلسفیانہ اور مابعد الطبیعاتی مسائل سے متعلق ہیں اور جو ویدوں کے عہد کے ادب کا ایک حصہ ہیں ۔

Uparise : (v) اٹھنا؛ اٹھ کھڑے ہونا؛اٹھ پڑنا؛ بستر سے اٹھنا؛ پھر زندہ ہو جانا؛ قبر سے اٹھنا؛ ابھرنا؛ پیدا ہونا؛ نکلنا ؛ اوپر اٹھنا؛ چڑھنا ۔

Uparising : (a) اوپر اٹھتا ہوا؛ ابھرتا ہوا ۔

Upas : (n) [Malay] (۱) یوپاس (یوپس)؛ملک جاوا کا ایک درخت جس میں سے ایک طرح کا عرق نکلتا ہے جس سے تیر زہر آلود کئے جاتے ہیں؛ اگلے وقتوں میں یہ عقیدہ تھا کہ اس درخت کے قریب جو چیز آجائے گی اسے زہر لگ جائےگا ۔ (۲) ایسے درختوں سے حاصل کردہ زہریلا رس یا زہر ۔ (۳) (مجازاً) مہلک اثر زہر؛ مہلک یا مضر فعل ۔

Upbear : (v) اوپر اٹھائے رکھنا؛ سنبھالے رکھنا ۔

Upbearing : (n) اوپر اٹھائے رکھنے اور سنبھالے رکھنے کا عمل۔

Upbeat : (n) (موسیقی) آہستہ اور ہلکی ضرب خصوصاً آخری۔

Upbeat : (a) رجائی؛ انبساط و رجائیت سے مملو ۔

Upbend : (n) اسکی (Ski) کا اگلا حصہ جو اوپر کی طرف مڑا ہوا ہوتا ہے ۔

Upblast : (n) جھونکا یا دھمک جس کا زور اوپر کی جانب ہو ۔

Upblaze : (v) بھڑک اٹھنا ۔

Upblow : (v) پھونکنا؛ دھونکنا ۔

Upblown : (a) پھلایا ہوا ۔

Upboil : (v) کھولا ڈالنا؛ ابال لینا ۔

Upbraid : (v) [Late OE. 'upbredan'.] لعنت ملامت کرنا؛ سرزنش کرنا؛ جھڑکنا ۔

Upbraider : (n) سرزنش کرنے والا؛ لعنت ملامت کرنے والا ۔

Upbraiding : (n) لعنت ملامت؛ سرزنش؛ جھڑکیاں ۔

Upbraiding : (a) ملامت آمیز ۔

Upbraidingly : (adv.) سرزنش کے طور پر ۔

Upbreak : (v) توڑ ڈالنا؛ کھول ڈالنا ۔

Upbreak : (n) کسی چیز کا پھٹنا ۔

Upbreathe : (v) (باہر کو) سانس چھوڑنا ۔

Upbrimming : (a) لبریز؛ لبالب؛ چھلکتا ہوا ۔

Upbringing : (n) پرورش و پرداخت اورتعلیم و تربیت ۔

Upbubbling : (n) بلبلے کی طرح اوپر نکلنا ۔

Upbuild : (v) بنانا؛ بنا ڈالنا؛ تعمیر کرنا ۔

Upbuilder : (n) تعمیر کرنے والا؛ بنانے والا ۔

Upbuoy : (v) (۱) (مجازاً) ابھارنا (ہمت وغیرہ) ۔(۲) سطح آب پر ابھارنا ۔

Upcall : (v) پکارنا ۔

Upcast : (n) (۱) (شاذ) ناگہانی؛ اتفاق ۔(۲) (اسکاٹ لینڈ) ملامت؛ لعن طعن ۔(۳) (کان کنی اور ارضیات) پرت یا درز کا اوپر اٹھ جانا؛ اس سے پیدا ہونے والا نقص ۔(٤) (کان کنی) ہوا کے باہر نکلنے کا راستہ ۔(٥) وہ چیزیں جو کھودنے میں باہر پھینکی جاتی ہیں ۔

Upcast : (a) (آنکھ یا نظر) اوپر کی جانب اٹھی ہوئی؛ اوپر مڑی ہوئی ۔

Upcast : (v) اوپر پھینکنا ۔

Upcasting : (n) اوپر پھینکا جانا ۔

Upcheck : (n) کسی جانچ میں اطمینان بخش کامیابی خصوصاً طیارے کی آزمائشی پرواز میں ۔

Upchoked : (a) جس کا گلا گھونٹ دیا گیا ہو ۔

Upchuck : (v) الٹی کر دینا؛ قے کردینا ۔

Upclimb : (v) اوپر چڑھنا ۔

Upclimber : (n) اوپر چڑھنے والا ۔

Upclose : (v) بند کرنا ۔

Upcome : (n) (۱) (کسی شخص کی)ظاہر وضع قطع اور شکل و صورت ۔(۲) نتیجہ؛ حاصل ۔

Upcoming : (n) عمل میں آنا؛ معرض عمل میں آنا ۔

Upcoming : (a) معرض عمل میں آنے والا ۔

Upcreeping : (a) اوپر کی جانب رینگتا ہوا؛ اوپر کو چڑھتا ہوا ۔

Upcropping : (n) ابھار؛ ظہور؛ سر اٹھانا؛ باہر نکلنا ۔

Upcurl : (v) اوپر موڑنا؛ اوپر کی طرف موڑنا ۔

Upcurve : (n) بالائی خم؛ اوپر کا خم ۔

Upcurved : (a) اوپر کی جانب مڑا ہوا ۔

Update : (v) جدید بنانا؛تجدید کرنا؛ جدید معلومات، ایجادات، فیشن اور دیگر تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا۔

Updated : (a) جدید معلومات وایجادات وغیرہ سے ہم آہنگ۔

Updater : (n) جدید بنانے والا؛ جدید معلومات و ایجادات سے ہم آہنگ کرنے والا۔

Updraft : (n) اوپر کی طرف ہوا یا کسی دوسری گیس کی حرکت۔

Updraft kiln : (n) ایک عمودی بھٹی جس سے ہو کر حرارت اوپر کی جانب نکلے۔

Updrag : (v) اوپر کھینچنا یا گھسیٹنا۔

Uperization : (n) (دودھ کا) بہت تھوڑی دیر کے لئےنسبتاً تیز آنچ پر گرم کیا جانا تاکہ اتلاف جراثیم ہو جائے۔

Uperize : (v) (دودھ کو) بہت تھوڑی دیر کے لئے نسبتاً اونچی حرارت پر گرم کرنا تاکہ اتلاف جراثیم ہو جائے۔

Upeygan : (n) کالا گینڈا۔

Upfeed : (a) جس میں گرم پانی وغیرہ اوپر کی طرف جائے۔

Upfill : (v) بھر دینا۔

Upfitter : (n) (۱) لکڑی کے فرنیچر میں کناری، جھالر وغیرہ لگانے والا۔(۲) ڈبا، بٹی، صندوقچہ وغیرہ میں ڈھکن لگانے والا۔(۳) قلابہ، قبضہ وغیرہ لگانے کا کام کرنے والا۔(٤) موٹر گاڑیوں کے دروازوں میں دستہ اور اس کے ڈھانچے پر لوہے وغیرہ کا سامان لگانے والا۔

Upflare : (n) شعلے کا بھڑک اٹھنا۔

Upflashing : (a) شعاع اور چمک بکھیرتا ہوا۔

Upfling : (v) اوپر پھینکنا۔

Upflung : (a) اوپر پھینکا ہوا۔

Upflow : (n) اوپر کے رخ بہاؤ۔

Upfly : (v) اڑ جانا۔

Upfold : (v) تہ کر لینا۔

Upfold : (n) پہاڑ کا ابھرا ہوا حصہ جس میں پتھروں کے طبقات ایک دوسرے کے مخالف سمت میں مائل ہوں اور مختلف سمتوں میں ڈھلاؤ رکھتے ہوں۔

Unfurled : (a) اوپر کے رخ سمٹا ہوا؛ اوپر کےرخ ٹھہرا ہوا۔

Upgang : (n) (اسکاٹ لینڈ) چڑھائی۔

Upgather : (v) مجتمع کرنا؛ اکٹھا کرنا۔

Upglide : (n) اوپر کے رخ ہونے والی خفیف حرکت۔

Upgliding : (a) (ایسا جزواں مصوتہ)جس کی ادائیگی میں زبان نیچے سے اوپر کی طرف خفیف سی حرکت کرے۔

Upgo : (v) چڑھنا۔

Upgo : (n) چڑھائی۔

Upgrowth : (n) (۱) نشوونما؛ ترقی؛ ارتقاء؛ بالیدگی؛ ابھرنا۔ (۲) وہ چیز جو ابھرے یا نشو و نما پائے۔

Upgushing : (a) اوپر کو اُبلتا ہوا؛ اوپر کو اُچھلتا ہوا۔

Upgushing : (n) اوپر کو اُبلنا؛ اوپر کےرخ اُبال۔

Uphang : (v) لٹکانا؛ ٹانگنا؛ معلق کرنا۔

Upheaped : (a) ڈھیر لگایا ہوا؛ انبار کیا ہوا۔

Upheaval : (n) (۱)(طبق) (زمین کا) اُتھل پتھل:تہ و بالا یا الٹ پلٹ ہونا۔ (۲) (جغرافیہ) تراکم : ابھار۔ (۳) (سماجیات) انقلاب عظیم؛ اتھان : تغیر عظیم (خصوصاً معاشرتی یا سیاسی)۔

Upheavalist : (n) ایسا شخص جس کا نظریہ ہو کہ ارضیاتی تبدیلیاں زمین کے الٹ پلٹ ہونے سے ہوتی ہیں۔

Upheave : (v) (۱) اوپر اٹھانا۔ (۲) (طبق) (خصوصاً) اوپر کی طرف زور سے اور جھٹکے سے پھینکنا۔ (۳) (مجازاً) الٹ پلٹ کر دینا؛ درہم برہم کردینا۔(٤) اٹھنا؛ زور سے اوپر اٹھنا۔

Upheaved : (a) (۱) اوپر اٹھایا ہوا۔(۲) جسے اوپر کی طرف زور سے اور جھٹکے سے پھینکا گیا ہو۔

(۳) جسے الٹ پلٹ کردیا گیا ہو؛ جسے درہم برہم کر دیا گیا ہو ۔

Upheavement : (n) دیکھو Upheaval

Upheaver : (n) اوپر اٹھانے والا؛ اوپر کی طرف زور سے اور جھٹکے سے پھینکنے والا؛الٹ پلٹ کرنے والا؛ درہم برہم کرنے والا ؛ شدید طور پر شورش پیدا کرنے والا ۔

Upheaving : (n) (۱)(طبق) اوپر کی جانب زور سے اور جھٹکے سے پھینکا جانا ۔ (۲) (مجازاً) الٹ پلٹ؛ خلل؛ شورش ۔ (۳) دھکے اور طاقت سے یکایک اوپر اٹھ جانا ۔

Upheaving : (a) اوپر کو اٹھتا ہوا؛ اوپر کی طرف طاقت اور جھٹکے سے پھینکتا ہوا ؛ الٹ پلٹ اور درہم برہم کرتا ہوا ۔

Uphill/Up-hill : (n) اونچی اور کھڑی چڑھائی ۔

Uphill : (a) (۱) (شہر، مقام وغیرہ) بلند سطح پر واقع ۔ (۲) چڑھائی والا ؛ اوپر کو چڑھتا ہوا ۔ (۳) مشکل ؛ دشوار ؛ سخت ؛ مشقت طلب ۔ (٤) مشکلات سے مقابلہ کرتا ہوا ۔

Uphill : (adv.) (۱) بلند تر سطح کی طرف ۔(۲) پہاڑی پر اوپر کی جانب؛ پہاڑ کے اوپر کو؛ بلندی کو؛ بلندی کی طرف ۔(۳) مشکلات کے باوجود ۔

Uphill and down dale : (a) (تلاش میں) چپا چپا ۔

Uphillward : (adv.) بلند تر سطح کی جانب؛ پہاڑی کی بلندی کی طرف ۔

Uphold : (v) (۱) اوپر اٹھائے رکھنا؛ سیدھاکھڑا رکھنا؛ اٹھائے رہنا؛ سہارا دیتے رہنا ؛ ڈوبنے یا گرنے سے بچائے رکھنا ۔ (۲) حمایت کرنا؛ تائید کرنا ۔ (۳) روحانی سہارا دینا ۔ (٤) اچھی اورمناسب حالت میں برقرار رکھنا ۔(٥) اوپر اٹھانا؛ بلند کرنا ۔

Upholder : (n) (۱) (شاذ) فرنیچر یا گھر کے دیگر سامان آرائش کو بنانے یا مرمت کرنے والا ۔ (۲)(تاریخ) تجہیز و تکفین کا بندوبست کرنے والا؛ تابوت بردار ۔ (۳) حمایت کرنے والا؛ مدافعت کرنے والا؛ تائید کرنے والا ۔ (٤) سہارا؛ اڑواڑ؛ ٹیک ۔

Upholster : (v) (۱) کمرے کو فرش، صوفے، پردے، فرنیچر اور دیگر سازو سامان سے آراستہ کرنا؛ سجانا؛ گدے وغیرہ پر غلاف چڑھانا ۔ (۲) فرش و فروش سے آراستہ کرنا اور صوفہ سازی کا کام کرنا ۔

Upholstered : (a) (۱) کمرہ جو پردے اورفرش وغیرہ سے آراستہ کردیا گیا ہو ۔ (۲) گدا جس پر غلاف چڑھا دیا گیا ہو ۔

Upholsterer : (n) (۱) کمرے کو فرش وغیرہ اور دیگر سازو سامان سے آراستہ کرنے والا؛ صوفہ ساز؛ گدا وغیرہ پر غلاف چڑھانے والا ۔ (۲) کمرے کی سجاوٹ کے سامان، مثلاً فرنیچر، پردہ، فرش و فروش بیچنے والا ۔

Upholsterer bee : (n) پتیوں کو کترنے والی شہد کی مکھی ۔

Upholsteress/Upholstress : (n) فرش و فروش بیچنے والی؛ صوفہ سازی وغیرہ کا کام کرنے والی؛ صوفوں، کرسیوں وغیرہ کے گدے پر غلاف بنانے والی ۔

Upholstering : (n) (۱) صوفے، پردے، فرش،گدے، غلاف وغیرہ بنانے یا فروخت کرنے کا کام ۔ (۲) کمرے کے ساز و سامان ؛ فرنیچر اور فرش فروش ۔ (۳) صوفوں اورکرسیوں کے گدے، غلاف وغیرہ ۔ (٤) صوفہ سازی۔

Upholstery : (n) دیکھو Upholstering

Upholstery leather : (n) مویشیوں کا چمڑا جسے فرنیچر اور موٹرگاڑیوں کے گدوں میں بہ طور غلاف لگاتے ہیں ۔

Uphung : (a) لٹکایا ہوا؛ معلق ۔

Upkeep : (n) (۱) اچھی حالت میں رکھنا؛ نگہداشت؛ خبر گیری ۔(۲) اخراجات؛ نگہداشت کے مصارف ۔

Upkeep : (v) اچھی حالت میں بر قرار رکھنا ۔

Upkeeping : (a) اچھی حالت میں برقرار رکھنے والا ۔

Upland : (n) (۱) (قدیم) دیہی علاقہ؛ اندرون ملک ۔ (۲) پٹھار؛ سطح مرتفع؛ بلند حصہ ملک؛ زمین کا اونچا حصہ (خصوصاً جو سمندر سے دور ہو) ۔ (۳) زمین جس کی سطح سیلاب سے بلند ہو ۔

Upland : (a) (۱) بلندی پر واقع ۔(۲) گرد و پیش سے بلند ۔ (۳) اونچے مقام پر پیدا ہونے، رہنے اور پایا

جانے والا؛ پہاڑی علاقے کا ۔ (٤) (پانی) بلند تر علاقے سے بہنے والا ۔

Upland : (adv.) بلند تر اور اندرونی علاقوں میں ۔

Upland boneset : (n) شمالی امریکا کے جنوبی حصّے میں پیدا ہونے والی ایک قسم کی جڑی بوٹی ۔

Upland cotton : (n) ایک قسم کی کپاس جو ریاستہائے متحدہ امریکا کے گرم خطوں میں پیدا ہوتی ہے ۔

Upland cranberry : (n) دیکھو Bearberry

Upland cress : (n) ایک قسم کا پودا جس کی پتیاں سلاد اور چٹنی میں استعمال ہوتی ہیں اور جس کے پھول پیلے ہوتے ہیں ۔

Upland goose : (n) ایک قسم کی بطخ جو پٹاگونیا اورفاک لینڈ جزائر میں پائی جاتی ہے ۔

Upland hickory : (n) ایک قسم کا لمبا اورسیدھا جنگلی درخت جو شرقی اور درمیانی ریاستہائے متحدہ امریکا کے تمام حصوں میں اُگتا ہے، خاص طور سے ایسے نشیبی علاقوں میں جہاں کی زمین مرطوب ہے ۔

Upland plover/-sandpiper : (n) شمالی امریکا کے مشرقی علاقوں میں پایا جانے والا ایک قسم کا پرندہ جو اپنی عادت اور شکل و صورت میں پلوور سے مشابہ ہوتا ہے اور اس کی چھوٹی چونچ بھی اسی کی چونچ کے مانند ہوتی ہے ۔

Upland rice : (n) دھان جو آب پاشی کے بغیر زیادہ بارش والےعلاقوں میں اُگایا جائے ۔

Uplander : (n) پہاڑی علاقے کا رہنے والا؛ اونچے خطے کا باشندہ ۔

Uplay : (v) جمع کرنا؛ ذخیرہ کرنا؛ اکٹھا کرنا ۔

Upleap : (v) پھلانگنا؛ کود جانا؛ اوپر کو جست لگانا ۔

Upleap : (n) پھلانگ؛ چھلانگ؛ جست ۔

Uplift : (n) (١) اٹھان؛ ابھار؛ ارتفاع ۔ (٢) (خصوصاً) زمین کی سطح میں ابھار ۔ (٣) اخلاقی یا روحانی اثر؛ اخلاقی یا روحانی اصلاح یا ترقی؛ اخلاقی یا روحانی جوش ۔

Uplift : (v) (١) اوپر اٹھانا؛ بلند سطح پر لے جانا ۔ (٢) (شاذ) عزت؛ شہرت؛ منصب کی بلندی پر لے جانا ۔ (٣) روحانی طور پر بلند کرنا ۔ (٤) بلند کرنا (آواز، ترانہ ، حمد ، تعریف ، چیخ وغیرہ) ۔ (٥) (اسکاٹ لینڈ) کرایہ وغیرہ وصول کرنا؛ اجرت وصول کرنا ۔

Uplift/Uplifted : (a) بلند کیا ہوا؛ اونچا کیا ہوا؛ ترقی کو پہنچایا ہوا ۔

Uplifter : (n) اٹھانے والا؛ بلند کرنے والا؛ اونچا کرنے والا ۔

Uplifting : (n) بلند کیا جانا؛ اٹھایا جانا؛ ترقی؛ اصلاح ۔

Upliftment : (n) اصلاح؛ ترقی؛ اٹھان ۔

Uplock : (v) مقفل کرنا ۔

Uplock : (n) ہَوا ئی جہاز کے نزولی پہیوں کو مقفل کرنے کا ایک طریقہ ۔

Uplong : (n) ہوائی کی چکی (پون چکی)کے باد گیر کو مضبوط کرنے والی سلاخ یا ڈنڈا ۔

Uplook : (v) اوپر کو دیکھنا ۔

Uplook : (n) اوپر کی جانب دیکھنا؛ اوپر کی جانب نگاہ ۔

Uplooker : (n) اوپر کی جانب دیکھنے والا ۔

Uplying : (a) اونچی زمین پر واقع یا پیدا ہونے والا ۔

Upmaking : (n) تلافی؛ کسر پوری کرنا؛ کمی یا خامی کو دور کرنا ۔

Upmaking : (a) (اسکاٹ لینڈ) کسر پوری کرنے والا؛ کمی پوری کرنے والا؛ تلافی کرنے والا ۔

Upmost : (a) دیکھو Uppermost

Upness : (n) بلندی؛ سر بلندی؛ سرفرازی؛ اعلیٰ ہونا؛ بلندو بالا ہونا ۔

Upon : (prep.) (کسی جگہ یا چیز) پر ۔

Upper : (n) (١) (عموماً جمع) جوتے کا اوپری حصہ؛ جوتے کا تلے اور ایڑی سے اوپر کا حصہ ۔ (٢) ساق پوش (جو ایڑی سے ٹخنےتک پہنتے ہیں)؛ گیٹس؛ موزہ بند ۔ (٣) اوپری (جبڑا)؛ اوپر کے (دانت)؛

بالائی دندانی تختی (جس پر مصنوعی دانت جڑے ہوئے ہوتے ہیں)۔

On one's uppers : معاشی بدحالی میں ہونا۔

Upper : (a) (۱) اوپر کا؛ بالائی۔(۲) اونچے درجے کا؛ اعلیٰ؛ بلند تر۔ (۳) (پوشاک) اوپر پہننے کی۔ (٤) سطح زمین سے اوپر کا۔

Upper class : (n) سماج کا اعلیٰ طبقہ؛ طبقۂ امراء۔

Upper-class : (a) اعلیٰ طبقے کا؛ اعلیٰ طبقے کی خصوصیات رکھنے والا؛ طبقۂ امراء سے تعلق رکھنے والا۔

Upper crust : (n) (۱) اعلیٰ طبقہ؛ طبقۂ امراء۔(۲) (ڈبل روٹی یا پائی کی) روٹی کی اوپری پرت۔ (۳) (عامیانہ) آدمی کا سر۔

Upper-crust : (a) اعلیٰ طبقے کا؛ طبقۂ امراء کی خصوصیات رکھنے والا؛ اعلیٰ طبقے سے تعلق رکھنے والا۔

Upper-cruster : (n) طبقۂ امراء کا فرد؛ اعلیٰ طبق کاشخص۔

Upper-cut : (n) (مکّابازی) ٹھوڑی یا جبڑے کی چوٹ۔

Upper-cut : (v) ٹھوڑی یا جبڑے پر مکّا مارنا کہ سر جھنجھنا جائے۔

Upper deck : (n) (جہاز کا) بالائی عرشہ۔

Upper hand : (n) بالادستی؛ قابو؛ غلبہ۔

Upper house /-chamber : (n) ایوانِ بالا (پارلیمنٹ یا اسمبلی وغیرہ کا)؛ ایوانِ خاص۔

Upper leather : (n) (۱) جوتےیا بوٹ کے اوپری حصہ کا چمڑا۔ (۲) چمڑا جو جوتے کا اوپری حصہ بنانے کے لئےمناسب ہو۔

Upper limb : (n) سورج، چاند وغیرہ کا بالائی حصہ۔

Upper lip : (n) اوپری ہونٹ۔

Upper story : (n) (۱) (مکان یا عمارت کی) بالائی منزل؛ بالاخانہ۔ (۲) (عامیانہ) دماغ؛ بھیجا۔

Upper ten/-ten thousand : (n) سماج کے سب سے اعلیٰ طبقے کےلوگ۔

Upper tendom : (n) (۱) سماج کا سب سے اعلیٰ طبقہ؛ طبقۂ اُمراء و شرفاء۔

Upper transit : (n) (علم النجوم) عُبور اعلیٰ۔

Uppermost : (adv.) (۱) سب سے برتر۔(۲) (اہمیت، منصب اور تسلسل کے اعتبار سے) سب سے اوّل و برتر۔(۳) سب سے آگے؛ حیثیت میں سب سے بڑھا ہوا۔

Uppermost : (a) (۱) (مقام کے اعتبار سے) بلند ترین۔ (۲) (پوشاک وغیرہ) سب سے بالائی؛ سب سے باہر کا۔(۳) (منصب، اہمیت اور تسلسل کے اعتبار سے) اولین؛ بلند ترین۔(٤) غالب۔

Upperworks : (n) (۱) جہاز کے ڈھانچے کا وہ حصہ جو سطحِ آب سے اوپر رہتا ہے؛ اوپری ڈھانچا۔ (۲) (عامیانہ) دماغ؛ بھیجا۔

Upperworld : (n) سماج کا وہ حصہ جو قانون کی پابندی کرتا ہے۔

Upping : (n) (۱) بلند ہونے یا اوپر اٹھنے کا عمل۔(۲) بلند ہونے والا؛ اوپر اٹھنے والا۔

Upping : (a) بڑھتا ہوا؛ چڑھتا ہوا؛ اوپر اٹھتا ہوا؛ بلند ہوتا ہوا۔

Uppish : (a) (۱) تصنع اور احساسِ برتری سے بھرا ہوا؛ گستاخ؛ مغرور؛ متکبّرانہ۔(۲) تھوڑا سا اٹھا ہوا اور اوپر کی جانب مڑا ہوا۔

Uppishly : (adv.) تصنع اور احساسِ برتری کے ساتھ؛ گستاخی سے؛ کبروِنخوت سے۔

Uppishness : (n) تصنع اور احساسِ برتری؛ کبروِنخوت؛ گستاخی۔

Uppity : (a) (روزمرّہ) احساسِ برتری میں مبتلا؛ متکبّر؛ مغرور؛ متکبّرانہ۔

Upputting/Upput : (n) (اسکاٹ لینڈ) قیام گاہ؛ لاج (Lodge)۔

Uppraise : (v) (۱) اوپر اٹھانا؛ بلند کرنا۔(۲) (گری ہوئی حالت سے) اٹھانا؛ اُداسی اور غم کی کیفیت سے نکالنا؛ مدد کرنا؛ ہمت بلند کرنا۔ (۳) (شاد) تعمیر کرنا؛ (مکان، عمارت وغیرہ) بنانا۔

Upraised : (a) اوپر اٹھایا ہوا؛ بلند کیا ہوا؛ اداسی اور غم کی کیفیت سے نکالا ہوا؛ ہمت بلند کیا ہوا؛ (گری ہوئی حالت سے) اٹھایا ہوا۔

Upraising : (a) اوپر اُٹھانے والا؛ بلند کرنے والا؛ ہمت بڑھانے والا؛ (گری ہوئی حالت سے) اُٹھانے والا؛ غم کی سطح سے بلند اُٹھانے والا ۔

Upraising : (n) اوپر اُٹھایا جانا؛ بلند کیا جانا؛ ہمت افزائی ۔

Uprear : (v) (۱) اٹھانا؛ اوپر اٹھانا ۔ (۲) تعمیر کرنا؛ بنانا ۔ (۳) عزت و مرتبے میں بلند کرنا ۔ (٤) اوپر اُٹھنا؛ بلند ہونا ۔

Upreared : (a) اٹھایا ہوا؛ بلند کیا ہوا؛ تعمیر کردہ؛ عزت و مرتبے میں بلند کیا ہوا ۔

Uprearing : (n) اوپر اٹھایا جانا؛ تعمیر ہونا؛ عزت و مرتبے میں بلند کیا جانا ۔

Upright : (a) [OE. 'upriht'.] (۱) بالکل سیدھا؛ کھڑا؛ عمودی؛ جوجھکا ہوا نہ ہو؛ انتصابی ۔ (۲) (مجازاً) راست باز؛ دیانت دار؛ ایمان دار؛ راست بازی کا ؛ دیانت داری کا؛ ایمان دارانہ ۔ (۳) (تعمیرات) تھم ۔

Upright : (n) (۱) عمودی حالت ۔ (۲) کوئی شے جو بالکل سیدھی یا عمودی حالت میں ہو؛ خصوصاً کسی ڈھانچے کے عمودی حصوں یا ٹکڑوں میں سے کوئی حصہ یا ٹکڑا ۔ (۳) پیانو جس کے تار عمودی ہوتے ہیں؛ عمودی پیانو ۔ (٤) ایک قسم کی بنسی (مچھلی پکڑنے کی) ۔ (٥) (عامیانہ) ایک قسم کا مشروب جس میں بیر اور جِن (Gin) ملا ہوا ہوتا ہے ۔

Upright : (adv.) عمودی طور پر اوپر کی جانب؛ کھڑے یا سیدھے اوپر کو ۔

Upright : (v) سیدھا کرنا؛ عمودی حالت میں کرنا ۔

Upright drill : (n) کھودنے والی مشین جس میں عمودی چھڑ لگا ہوا ہو ۔

Upright piano : (n) عمودی پیانو؛ ایسا پیانو جس کے تار عمودی ہوں ۔

Uprighteously : (adv.) راست بازی سے؛ دیانت داری سے؛ ایمان داری سے ۔

Uprighteousness : (n) راست بازی؛ دیانت داری؛ ایمان داری ۔

Uprightly : (adv.) (۱) راست بازی سے؛ ایمان داری سے؛ دیانت داری سے ۔ (۲) (شاذ) عمودی حالت میں ۔

Uprightness : (n) (۱) راست بازی؛ ایمان داری؛ دیانت داری ۔ (۲) عمودی حالت میں ہونا؛ بالکل کھڑا اور سیدھا ہونا ۔

Uprisal : (n) (۱) طلوع ہونا؛ اوپر اٹھنا ۔ (۲) دیکھو Uprising ۔

Uprise : (n) (۱) پَو پھٹنا؛ سورج کا طلوع ہونا ۔ (۲) اوپر چڑھنا؛ اوپر اٹھنا ۔ (۳) ترقی؛ اضافہ (اقتدار، منصب عزت اور دولت میں) ۔ (٤) وجود میں آنا یا منظرِ عام پر آنا ۔ (٥) زمین پر وہ حصہ جہاں سے اُبھار شروع ہوتا ہے ۔

Uprise : (v) (۱) اپنے پاؤں پر کھڑا ہونا ۔ (۲) بستر سے اٹھنا (۳) (سورج کے لئے) اُگنا؛ طلوع ہونا؛ نکلنا ۔ (٤) اوپر چڑھنا؛ اوپر اٹھنا ۔ (٥) عالمِ اسفل سے آنا ۔ (٦) مردہ سے زندہ ہونا ۔ (۷) نیچے سے نگاہ کے سامنے آنا ۔ (۸) وجود میں آنا ۔

Uprisen : (a) (۱) اٹھ کر اپنے پاؤں پر کھڑا ہونا؛ بستر سے اٹھا ہوا؛ طلوع شدہ ۔ (۲) اوپر اٹھا ہوا؛ نیچے سے نگاہ کے سامنے آیا ہوا ۔ (۳) عالمِ اسفل سے آیا ہوا ۔ (٤) وجود میں آیا ہوا؛ منصۂ شہود پر آیا ہوا ۔

Uprising : (a) اٹھتا ہوا؛ اپنے پاؤں پر کھڑا ہوتا ہوا؛ بستر سے اٹھتا ہوا؛ طلوع ہوتا ہوا ؛ ترقی کرتا ہوا؛ اوپر چڑھتا ہوا؛ نیچے سے نگاہ کے سامنے آتا ہوا ۔

Uprising : (n) (۱) (شاذ) بغاوت؛ تحریکِ بغاوت ۔ (۲) بیٹھے جھکے یا لیٹے ہوئے حالت سے اٹھنا؛ بستر سے اٹھنا ۔ (۳) گرنے کے بعد اٹھنا ۔ (٤) طلوع ہونا؛ اوپر اٹھنا ۔ (٥) (شاذ) منصب اور اقتدار میں ترقی ۔ (٦) (شاذ) حیات بعد ممات؛ قبر سے اٹھنا؛ خواب اجل سے بیدار ہونا ۔ (۷) وجود میں آنا یا منصۂ شہود پر آنا ۔

Upriver : (a) ندی کے منبع کے قریب واقع ۔

Upriver : (adv.) ندی کے منبع کی جانب ۔

Uproar : (n) [Du. 'oproer'.] (۱) (قدیم یا شاذ) بغاوت؛ بغاوت کی تحریک ۔ (۲) شور؛ ہنگامہ؛ غوغا؛ چیخ پکار ۔

In an uproar : کھلبلی، ہلچل یا شورش کی حالت میں ۔

Uproar : (v) (۱) شورش میں ڈالنا ۔ (۲) شور کرنا؛ غل مچانا ۔

Uproarious : (a) (۱) پُرغوغا؛ پرشور؛ ہنگامہ خیز ۔(۲) حد درجہ قہقہہ خیز یا قہقہہ انگیز (کامیڈی وغیرہ)۔

Uproariously : (adv.) شوروغل کے ساتھ؛ شور مچاتے ہوئے؛ ہنگامہ خیزی سے ۔

Uproariousness : (n) پُر غوغا ہونا؛ ہنگامہ خیزی ۔

Uproll : (v) اوپر کی جانب لپیٹنا؛ لپیٹ کر گول یا بیلن جیسا بنانا ۔

Uproot : (v) (۱) اکھاڑنا؛ جڑ سے اکھاڑنا ۔(۲) (مجازاً)بیخ کنی کرنا؛ استیصال کرنا؛ خاتمہ کرنا؛ بیخ وبُن سے اکھاڑنا ۔

Uprooted : (a) (۱) جڑ سے اُکھاڑا ہوا ۔(۲) (مجازاً) خاتمہ کیا ہوا؛ جسے بیخ وبُن سے اُکھاڑ دیا گیا ہو؛ اپنی مستحکم جگہ سے ہٹایا ہوا ۔

Uprootedness : (n) جڑ سے اُکھڑا ہوا ہونا ۔

Uprooter : (n) جڑ سے اُکھاڑنے والا؛ خاتمہ کرنےوالا؛ استیصال کرنے والا ۔

Uprouse : (v) اُبھارنا؛ مشتعل کرنا؛ جوش میں لانا ۔

Uprush : (n) اوپر کی طرف تیز اور زور دار بہاؤ ۔

Uprush : (v) اوپر کی طرف تیزی اور زور سے بہنا یا دڑنا۔

Ups and downs : (n) (۱) نشیب وفراز؛ ناہمواری؛ اتارچڑھاؤ؛ انقلاب؛ تغیرِ حالات؛ گردش ۔

Upsaddle : (v) گھوڑے پر زین کسنا ۔

Upseeking : (a) ڈھونڈنے والا؛ ڈھونڈتا ہوا (اوپر کی جانب نگاہ کر کے)۔

Upsend : (v) اوپر کی جانب بھیجنا ۔

Upset : (n) (۱) کسی چیز کا اُلٹ جانا ۔(۲) جسمانی یا دماغی گڑبڑی ؛ ذہنی بوکھلاہٹ ۔ (۳) جھگڑا؛ غلط فہمی۔

Upset : (a) (۱) (شاذ) تعمیر کردہ؛ قائم کردہ؛ (عمارت وغیرہ) اٹھائی ہوئی ۔ (۲) جذباتی طور سے پریشان؛ مضطرب؛ بوکھلایا ہوا؛ سراسیمہ ۔ (۳) اُلٹا ہوا؛ اوندھا ہوا ۔

Upset : (v) (۱) (مجازاً) زیروزبر کرنا؛ درہم برہم کرنا؛برباد کرنا ۔(۲) پٹے ہوئے دھات کے چھڑ کے سرے پر ہتھوڑے مارنا (کہ وہ سکڑ جائے) ۔(۳) الٹ دینا؛ اوندھا کرنا ۔ (٤) ذہنی طور سے بوکھلا دینا؛ گھبرا دینا؛ پریشان کرنا ۔ (٥) (کشتی، گاڑی وغیرہ کا) الٹ جانا؛ اوندھا ہونا ۔

Upset price : (n) کم سے کم قیمت جو نیلام یا فروخت کرنے والے نے مقرر کی ہو جس پر جائداد بیچی یا نیلام کی جائے گی ۔

Upsetter : (n) کسی چیز کو الٹ دینے والا؛ ابتری پیدا کرنے والا؛ گڑبڑی پیدا کرنے والا؛ بوکھلاہٹ اور اضطراب پیدا کرنے والا ۔

Upsetting : (n) (۱) کسی چیز کا الٹ جانا ۔(۲) ذہنی بوکھلاہٹ ۔ (۳) ابتری ؛ گڑبڑی ؛ الٹ پلٹ ۔ (٤) بربادی؛ زیروزبر ہونا ۔

Upsetting : (a) ذہنی خلل پیدا کرنے والا؛ جذباتی طور پر پریشان کرنے والا ۔

Upshoot : (v) (۱) (کونپل اور شاخوں کا) پھوٹنا؛ بڑھنا ؛ نکلنا ۔(۲) اوپر کی جانب زور سے نکلنا ۔

Upshoot : (n) (۱) تیز اور زوردار اخراج (اوپر کے رُخ) ۔ (۲) (کونپل، شاخوں وغیرہ کا) پھوٹنا؛ نکلنا؛ بڑھنا ۔

Upshot : (n) (۱)نتیجہ؛ حاصل؛ ماحصل ۔(۲) خلاصہ؛لب لباب؛ نچوڑ ۔

In the upshot : آخر میں؛ آخر کار ۔

Upsidaisy : (int.) Up-a-daisy کا متبادل ۔

Upside : (n) (۱) اوپری حصہ (کسی چیز کا) ۔(۲) قیمتوں اورتمسکات میں بڑھوتری کا رجحان ۔

Upside down : (adv.) الٹی ہوئی حالت میں؛ اوندھی ہوئی صورت میں۔

Upside-down/Upsidedown : (a) الٹاہوا؛ اوندھا ہوا؛واژگوں ۔

Upsidedownness : (n) اوندھا ہونا؛ واژگونی ۔

Upsides : (adv.) (۱) (بولی یا روزمرّہ) اُسی سطح پر؛ برابری کی حالت میں ۔(۲) برابر؛ یکساں طور پر بڑھا ہوا؛ پہلو بہ پہلو ۔

Upsilon : (n) [Gr.] یونانی حروف تہجّی کا بیسواں حرف جس کے لئے 'y' یا 'V' کا نشان استعمال کرتے ہیں۔

Upslope : (n) نشیب سے فراز کی طرف چڑھائی۔

Upslope : (adv.) اوپر کی جانب؛ اوپر کی سمت؛ چڑھائی کے رُخ۔

Upslope fog : (n) کُہر جو نم ہواؤں کے چلنے سے پہاڑ کے چڑھائی والے حصوں میں پیدا ہوتی ہے۔

Upsoar : (v) اوپر کی جانب پرواز کرنا؛ اوپر چڑھنا؛ بلند ہونا۔

Upspring : (v) (۱) اُگنا؛ (شاخ، کونپل وغیرہ کا) پھوٹنا؛ نکلنا؛ بڑھنا۔ (۲) وجود میں آنا؛ پیدا ہونا۔ (۳) اُچھلنا؛ اوپر کی طرف جست لگانا؛ اپنے پاؤں پر اُچھل کر کھڑا ہونا؛ اُبھرنا۔

Upspringing : (n) (۱) اُگنا؛ (شاخ، کونپل وغیرہ کا) پھوٹنا؛ بڑھنا۔ (۲) وجود میں آنا؛ پیدائش۔ (۳) اُبھرنا؛ اوپر کی طرف جست لگانا؛ اپنے پاؤں پر اچھل کر کھڑا ہو جانا۔

Upstage : (adv.) اسٹیج کے سب سے پچھلے حصے کی جانب۔

Upstage : (a) (۱) اسٹیج کے سب سے پچھلے حصے کا یا اُس سے متعلق۔ (۲) جو اسٹیج کے سب سے پچھلے حصے پر قبضہ کئے ہوئے ہو کہ دوسرے ایکٹروں کو اپنی پشت تماشہ بینوں کی طرف کرنا پڑے۔ (۳) مغرور؛ امارت پرست؛ اعلیٰ درجے کا؛ اعلیٰ طبقے کا۔

Upstage : (n) اسٹیج کا سب سے پچھلا حصہ۔

Upstage : (v) (۱) دوسرے ایکٹر سے آگے بڑھ کر اسٹیج کے پچھلے حصہ میں چلے جانا تا کہ دوسرے ایکٹر کو اپنی پشت تماشہ بینوں کی جانب کرنا پڑے۔ (۲) اہمیت یا قدروقیمت میں دوسروں سے بڑھ جانا؛ اپنی چمک دمک سے دوسروں کی چمک دمک کو ماند کرنا۔

Upstair/Upstairs : (adv.) اوپر؛ اوپر کی منزل پر؛ اوپر کی منزل کو؛ بالائی منزل کی جانب۔

Upstairs : (n) بالائی منزل۔

Upstairs/Upstair : (a) (۱) اوپر کی منزل کا؛ اوپر کی منزل سے متعلق۔ (۲) بالائی منزل پر واقع۔

Upstairs man : (n) کھانا کھلانے والا جو ریل گاڑی میں "ڈائننگ کار" سے باہر کھانا پہنچاتا ہے۔

Upstand : (v) کھڑا ہونا۔

Upstand : (n) کھڑا ہونے والا خصوصاً عمودی ڈھانچہ۔

Upstander : (n) سلیج میں لگے دستے کی سلاخوں میں سے ایک سلاخ۔

Upstanding : (a) (۱) کھڑا؛ سیدھا؛ ایستادہ۔ (۲) جس کی قامت یا چال میں کوئی کجی نہ ہو۔ (۳) (مجازاً) سیدھا؛ ایمان دار؛ راست باز۔

Upstandingness : (n) (۱) ایستادگی۔ (۲) کجی سے پاک ہونا (گھوڑے کی چال وغیرہ کا)۔ (۳) ایمان داری؛ راست بازی۔

Upstart : (v) اپنے پاؤں پر بڑبڑا کر کھڑا ہونا؛ اُچھل پڑنا؛ چونک اٹھنا۔

Upstart : (n) نَو دولتا۔

Upstart : (a) (۱) نیا۔ (۲) نو دولتیا؛ نئی دولت والا؛ نیا اقتدار والا۔ (۳) نو دولتانہ؛ متکبّرانہ؛ دولت کے غرور سے بھرا ہوا۔

Upstartness : (n) (۱) نیاپن۔ (۲) نو دولتی؛ غرور؛ نئی دولت پر اترابٹ اور شیخی۔

Upstate : (adv.) ریاست کے کسی خطّے میں یا اس کی طرف جو خطّہ کسی بڑے شہر سے دور ہو خصوصاً جو شمال کی جانب ہو۔

Upstate : (a) ریاست کے کسی خطّے سے متعلق یا اس کی خصوصیت رکھنے والا جو خطّہ کسی بڑے شہر سے دور ہو خصوصاً جو شمال کی جانب ہو۔

Upstate : (n) ریاست کا کوئی علاقہ یا خطّہ جو کسی بڑے شہر سے دور ہو خصوصاً جو شمال کی جانب ہو۔

Upstater : (n) ریاست کے کسی ایسے خطّے کا رہنے والا جو خطّہ کسی بڑے شہر سے دور ہو اور خصوصاً جو شمال کی جانب ہو۔

Upstay : (v) سہارا دینا؛ اُٹھانے رکھنا؛ گرنے یا ڈوبنے نہ دینا؛ تھامے رہنا۔

Upstir : (v) اُکسانا؛ اُبھارنا؛ بھڑکانا؛ حرکت دینا؛ ہلانا۔

Upstraight : (a) سیدھا؛ عمودی ۔

Upstream : (adv.) نہر کے منبع کے رُخ ۔

Upstream : (a) نہر کے منبع کی جانب واقع؛ نہر کے منبع کے رُخ کا؛ نہر کے منبع کے قریب کا ۔

Upstreet : (adv.) سڑک کے اوپر کی جانب ۔

Upstretched : (a) اوپر کی طرف کھینچا یا تانا ہوا ۔

Upstroke : (n) (۱) ایسی ضرب جس سے کوئی چیز اوپر کی طرف اُٹھے ۔ (۲) (خصوصاً) قلم کی اوپر کو ہونے والی جنبش جو حروف کے اوپری شوشے بنانے میں ہوتی ہے ۔ (۳) بالائی شوشہ یا کشش۔

Upsun : (n) (اسکاٹ لینڈ) طلوع آفتاب اور غروب آفتاب کے درمیان کا وقت ۔

With up sun : جب سورج نکلا رہے ۔

Upsun : (adv.) آفتاب کے رُخ؛ آفتاب کی جانب؛ سورج کو اپنی آنکھوں کے سامنے دیکھتے ہوئے ۔

Upsurge : (v) اُبلنا؛ اوپر کی طرف موجیں مارنا؛ امنڈنا؛ تیزی سے بڑھنا ۔

Upsurge : (n) اوپر کی طرف اُبال، اُٹھان؛ سیل؛ یکایک اور تیز اضافہ۔

Upsurgence : (n) دیکھو Upsurge

Upsweep : (v) (کنگھی یا برش سے) اوپر کے رُخ جھاڑنا، بُہارنا یا سمیٹنا ۔

Upsweep : (n) (۱) کسی جانور کے نچلے جبڑے یا تھوتھنی کا اوپر کے رُخ خم ۔ (۲) چڑھائی؛ کھڑی ڈھال ۔ (۳) بالوں کی سجاوٹ کا ایک انداز جس میں چاروں طرف سے بال اوپر کی طرف لے جائے جاتے ہیں اور کنگھی یا پن کے سہارے ٹانک دیئے جاتے ہیں ۔

Upswell : (v) پھولنا ۔

Upswelling : (n) پھولنا؛ پھولنے کا عمل ۔

Upswept : (a) (۱) جسے اوپر کے رُخ برش یا کنگھی سے جھاڑ یا سمیٹ دیا گیا ہو ۔ (۲) اوپر کی جانب مڑا ہوا؛ اوپر کی طرف جُھکا ہوا ۔

Upswing : (n) اوپر کی طرف اُٹھان؛ ترقی؛ تیزی؛ اضافہ ۔

Uptake : (v) (خصوصاً اسکاٹ لینڈ میں) سمجھنا ۔

Uptake : (n) (۱) سمجھنا؛ سمجھنے کی حالت ۔ (۲) چمنی؛ ایسا پائپ جس سے گندی ہَوا اوپر نکلتی ہے ۔

Uptear : (v) جڑ سے اکھاڑنا؛ جڑ سے نوچنا؛ برباد کرنا؛ اُجاڑنا؛ نیست ونابود کرنا ۔

Upthrow : (v) اوپر پھینکنا؛ اوپر اُچھالنا ۔

Upthrow : (n) (۱) (ارض کا) زمین کے طبقات کا اوپر اُٹھ جانا۔ (۲) (ارضیات) طبقات الارض کے اوپر اٹھنے کا عمل۔

Upthrown : (a) اوپر کی جانب پھینکا ہوا یا اُچھالا ہوا؛ خصوصاً جو ارضیاتی ٹوٹ پھوٹ یا ہل چل کے سبب اوپر اُٹھ گیا ہو ۔

Upthrust : (v) اوپر کی طرف زور سے ڈھکیلنا ۔

Upthrust : (n) ارضیاتی شکست کے سبب زمین کے ایک حصے کا اوپر اُٹھ جانا؛ اُبھار ۔

Uptie : (v) باندھنا ۔

Uptight : (a) (۱) (روز مرّہ) عمدہ؛ بہت اچھا ۔ (۲) تنا ہوا؛ کھینچا ہوا؛ آمادۂ پیکار؛ غصہ؛ فکرمند؛ پریشان۔

Upturn : (v) (۱) اُلٹ دینا؛ اکھاڑ پھینکنا ۔ (۲) تہ وبالا کرنا؛ زیروزبر کرنا ۔ (۳) (آنکھ چہرہ وغیرہ کو) اوپر کی طرف اٹھانا یا موڑنا ۔ (٤) اوپر گھومنا؛ اوپر مڑنا؛ اوپر کو بڑھنا ۔

Upturn : (n) (۱) افراتفری؛ شورش؛ ابتری ۔ (۲) الٹا یا اوندھا ہوا حصہ ۔ (۳) اوپرکے رُخ موڑ یا اٹھان خصوصاً اچھی حالت یا اونچی قیمت کی طرف۔

Upturned : (a) (۱) اوپر کی جانب گھوما ہوا یا مڑا ہوا ۔ (۲) اُلٹا ہوا؛ اوندھا ہوا؛ کھود کر نکالا ہوا ۔ (۳) نوک یا سرے کے پاس اوپر کی طرف مُڑا ہوا۔

Upturning : (n) (۱) الٹ دینا؛ اکھاڑپھینکنا ۔ (۲) تہ وبالا کرنا؛ زیر و زبر کرنا ۔ (۳) (آنکھ چہرہ وغیرہ کو) اوپر کی طرف اٹھانا، گھمانا ۔ (٤) اوپر مڑنا؛ اوپر کو بڑھنا ۔

Upward/Upwards : (adv) [OE. 'Upweard'.] (۱) اوپر کی طرف؛ بلند تر سطح کی جانب؛ نسبتاً بلند تر مقام یا سطح پر ۔ (۲) کسی علاقے کے اندرونی اور دور دراز مقام کی طرف؛ ندی کے منبع کی جانب ۔ (۳) مرکز کی جانب؛ کسی بڑے شہر کی جانب ۔ (٤) اوپر کے حصے میں (خصوصاً جسم کے بالائی حصے میں)؛ سر کی جانب ۔ (٥) بلند تر اور بہتر حالت ، مقام یا سطح کی جانب ۔ (٦) قدروقیمت؛ تعداد؛ مقدار وغیرہ کی بلند سطح کی طرف ۔ (۷) بلند تر منصب، مقام یا درجے کی طرف ۔

Upward : (a) [OE. 'upweard'.] (۱) اوپر کو چڑھتا ہوا؛ بلند ہوتا ہوا ۔ (۲) اوپر کا ؛ بلندی پر واقع ۔ (۳) اوپر کے رُخ ہونے والا ۔ (٤) نہر یا ندی کے بہاؤ کے مخالف سمت کا؛ ندی کے منبع کے رُخ کا ۔ (٥) اوپر اٹھتا ہوا ۔ (٦) جس کا رُخ اوپر کی طرف ہو ۔

Upward of/Upwards of : (adv.) (۱) سے زیادہ ؛ سے زائد ۔ (۲) سے کچھ کم ؛ لگ بھگ؛ تقریباً ۔

Ur : (interj.) یہ ایک مہمل لفظ یا آواز ہے جو بولنے یا تقریر کرنے کے دوران میں اُس وقت نکلتی ہے جب مقرر یا بولنے والا اپنے مفہوم کی ادائیگی کے لئے مناسب لفظ تلاش کرتا ہے اور وہ اُسے نہیں ملتا ہے ۔

Ur-: (Prefix) [Gr.] سابقہ بمعنی "قدیم" "ابتدائی" ۔

Ural : (n) [f. UR (Ethane)+al] (طب) ایک بے ہوش کرنے والی دوا ۔

Ural : (n) ایک سلسلہ کوہ کا نام جو ایشیا اور یورپ کے درمیان سرحد کا کام کرتا ہے ۔

Ural : (a) یورال پہاڑ کا؛ یورال پہاڑ کے خطے کا؛یورال پہاڑ کےقرب وجوار کا؛ یورال سے متعلق یا وابستہ ۔

Uralian/Uralic : (a) یورال کا؛ اس سے متعلق؛ یورال پہاڑ کے قریب کا؛یورال پہاڑ کے علاقے کا (باشندہ، بولی، زبان، نباتات وغیرہ) ۔

Uralite : (n) (۱) (کیمیا) یورالائٹ ۔ (۲) (کان کنی) یورالی سنگھیا ۔

Uralitic : (a) یورالائٹ سے متعلق؛ یورالائٹ کا ۔

Uralium : (n) ایک بے ہوش کرنے والی دوا ۔

Uralo - : جزوترکیبی مثلاً - Uralo-Atlantic, Uralo-Caspian

Uramil : (n) [- G. 'uramil'.] (کیمیا) ایک قسم کا ارغوانی تیزاب ۔

Uran - : جزوترکیبی بمعنی "آسمان" فلک یا تالو" ۔

Uran - : (جزو ترکیبی) یورینائٹ یا یورینیم کے لئے ہمیشہ مرکب الفاظ میں آتا ہے ۔

Uranate : (n) [f. Uranic+ate] (کیمیا) ہم رشتہ ترشہ پر یورینی تیزاب کے عمل سے بنایا ہوا نمک ۔

Urania : (n) [mod. L. f Gr. 'ourania'.] (۱) ایسی نظم یا کتاب کےعنوان کے طور پر استعمال ہوتا ہے جس کا موضوع آسمانی اور ملکوتی ہو ۔ (۲) چھوٹا ستارا یا چھوٹا سیارہ ۔ (۳) ایک قسم کا رنگین کپڑا جو تتلی سے مشابہ ہوتا ہے اور ویسٹ انڈیز اور امریکا میں پایا جاتا ہے ۔ (٤) (اساطیر) فلکیات کی دیوی، یورینیا؛ محبت کی دیوی رتی ۔

Uranian : (a) (۱) آسمانی؛ سماوی؛ بہشتی؛ مقدس ۔ (۲) (علم النجوم) فلکیاتی ۔ (۳) (وینس کے لئے خصوصی لقب کے طور پر استعمال ہوتا ہے) روحانی؛ آسمانی ۔ (٤) محبت کی دیوی یا فلکیات کی دیوی کے نام معنون؛ محبت کی دیوی کا؛ محبت کی دیوی سے متعلق ۔

Uranian : (a) یورانس یا یورے نس سیارے کا؛ یورانسی ۔

Uranian : (n) یورانس پر رہنے والا ۔

Uranic : (a) [f. Uranium + ic] (۱) (کیمیا) یورینیم کے اونچے درجے کے آکسائیڈ سے بنایا ہوا یا اس سے متعلق ۔

Uranic : (a) [f. Gr. Uran + ic] محراب دہن یا تالو سے متعلق؛ تالو کا ۔

Uraninite : (n) (کان کنی) پچ بلنڈ؛ نمکِ یورینیم ۔

Uraniscus : (n) محرابِ دہن؛ تالو ۔

Uranism : (n) [G. 'Uranismus'.] ہم جنسی میلان ۔

Uranite : (n) [G. 'Uranit, or Fr. Uranite'.] (کان کنی) یورینی کچ دھات؛ یورینائٹ ۔

Uranitic : (a) یورینائٹ یا یورینیم کے اجزاء سے مرکب؛ یورینائٹ یا یورینیم کا۔

Uranium : (n) یورینیم؛ ایک کمیاب وزنی بھورے رنگ کی دھات کی قسم کا عنصر جو رال میں پایا جاتا ہے۔

Urano - : [Gr. 'Ouran, Ourano'.] جزوترکیبی بمعنی "آسمان" "فلک یا تالو"۔

Urano - : [mod. L. 'Uranium'.] (جزوترکیبی) یورینائٹ یا یورینیم کے لئے ہمیشہ مرکب الفاظ میں آتا ہے۔

Uranographer/Uranographist : (n) ماہر فلکیات؛ علم ہئیت کا جاننے والا۔

Uranographic/-al : (a) فلکیات سے متعلق؛ علم ہئیت کا۔

Uranography : (n) علم تشریح افلاک؛ علم ہئیت؛ تشریحی یا بیانی حصہ۔

Uranological : (a) علم ہئیت سے متعلق۔

Uranology : (n) علم ہئیت؛ فلکیات۔

Uranometrical : (a) غیر متحرک ستاروں کے حجم اور ان کی اضافی دوری کی پیمائش سے متعلق۔

Uranometry : (n) (۱) علم مساحت افلاک۔(۲) نقشہء کواکب؛ اجرام فلکی خصوصاً غیر متحرک ستاروں کا ایک نقشہ یا چارٹ۔

Uranoplastic : (a) تالو کے سخت حصے کی پیوندی جراحی سے متعلق۔

Uranoplasty : (n) تالو کے سخت حصے کی پیوندی جراحی۔

Uranoscopus : (n) ایک قسم کی مچھلی جس کی آنکھیں سر پر ہوتی ہیں۔

Uranoso - : جزو ترکیبی مثلاً Uranoso-ammonic, Uranoso-uranic۔

Uranous : (a) [F. Uranium+ous] (۱) (کیمیا) کم درجے کے یورینیم آکسائیڈ سے متعلق یا بنا ہوا۔ (۲) یورینیم کا؛ یورینیم سے متعلق۔

Uranus : (n) [L. 'uranus'.] (علم النجوم) یورے نس یا یورانس؛ نظام شمسی کا ایک سیارہ جو زحل اور نیپچون کے درمیان میں ہے اور سب سے پہلی بار اس کا پتا سرولیم برسل نے ۱۷۸۱ء میں لگایا تھا۔

Uranyl : (n) [f. Uranium + yl] (کیمیا) یورینیم کے بہت سے مرکبات میں پایاجانے والا ایک اساسی جز (UO_2)۔

Urate : (n) [Fr. 'urate'.] (کیمیا) پیشابی تیزاب کا نمک؛ نمک بولی؛ یوریٹ۔

Urban : (a) [L. 'urbanus'.] شہری؛ شہر کا؛ شہری خصوصیت کاحامل؛ شہر میں واقع؛ شہر میں بسنے یا جانداد رکھنے والا۔

Urban : (n) (شاذ) شہر میں رہنے والا؛ شہر کا باشندہ۔

Urban culture : (n) (۱) ایسا سماج جو خالص صنعتی تہذیب کی دین ہو۔(۲) دیکھو Urban society۔

Urban quaestor : (n) قدیم روما میں ایک عہدے دار کا لقب جو سلطنت کےخزانچی کی خدمات انجام دیتاتھا۔

Urban revolution : (n) مدنی انقلاب؛ تمدنی ارتقاء کا ایک دور جس میں شہروں کی تیز رفتاری سے ترقی ہوئی۔

Urban society : (n) ایسا سماج جو خالص صنعتی تہذیب کی دین ہو؛ جو غیر متجانس تمدنی روایات کا حامل ہو اور سیکولر قدروں پر زور دیتا ہو۔

Urban sociology : (n) سماجیات کا ایک شعبہ جو شہری طبقوں کی ترقیات اور سماج پر ان طبقوں کے اثرات کا مطالعہ کرتا ہے۔

Urbane : (a) [-(O) Fr. urbain,-aine or L. urbanus] (۱) مہذب؛ شائستہ؛ اعلیٰ ذوق کا حامل؛ نستعلیق؛ خوش خلق۔ (۲) ایسا انداز، سلیقہ، شائستگی اور شستگی کا حامل جو شہر کے لئے مخصوص ہو۔ (۳) شائستگی کا؛ اعلیٰ ذوق کا؛ خوش خلقی۔

Urbanely : (adv.) بلند ذوقی سے؛ شائستگی سے؛ خوش خلقی سے۔

Urbanism : (n) (۱) شہری منصوبہ بندی؛ شہری تعمیرات و تمدن کا مطالعہ۔ (۲) شہر میں تبدیل کرنا؛ شہری خصوصیات پیدا کرنا۔

Urbanist : (n) (۱) شہری تعمیرات و تمدن کا ماہر ؛ شہری منصوبہ بندی کا ماہر ۔ (۲) غریب کلیئر سلسلے کی ایک شاخ کی راہبہ جو پوپ اربن چہارم کے ۱۲٦٤ء کے تخفیف کردہ اصول کی پیروی کرتی ہے ۔

Urbanistic : (a) شہری طرزِ زندگی سے متعلق ۔

Urbanite : (n) شہر میں رہنے والا ۔

Urbanities : (n) خوش خلقی، شائستگی کا عمل یا سلوک ۔

Urbanity : (n) [-(O) Fr. 'urbanite' or L. 'urbanitus'.] (۱) تہذیب؛ شائستگی؛ خوش خلقی؛ اعلیٰ ذوقی، شستہ اور نستعلیق ہونا ۔ (۲) شہریت؛ شہری زندگی ۔ (۳) شستہ اورنستعلیق گفتگو جس میں بذلہ سنجی ہو ۔

Urbanization : (n) شہری بنایا جانا؛ شہری خصوصیات کا پیدا کیاجانا؛ شہری خصوصیات کا حامل بنایا جانا ۔

Urbanize : (v) (۱) (شاذ) مہذب اور شائستہ بنانا ۔ (۲) شہر میں بدلنا؛ شہری علاقے میں شامل کرنا ۔ (۳) (کسی شخص کو) شہری طرزِ زندگی، عادات اور ذمہ داریوں کا حامل بنانا ۔

Urbiculture : (n) ایسے رسم و رواج اور مسائل جو خالص بڑے شہروں اور شہری زندگی کے پیدا کردہ ہیں ۔

Urceiform : (a) صراحی نما ۔

Urceolar : (a) صراحی نما ۔

Urceolate : (a) [f. Urceolus+Ate] (نباتیات) گھڑے کی شکل کا؛ صراحی نما؛ جس کا منہ تنگ اور چھوٹا ہو اور جسم بڑا ہو ۔ (۲) صراحی نما ٹیوب والا؛ صراحی نما عضو یا حصے والا ۔

Urceolated : (a) (حیوانیات) صراحی نما ۔

Urceolus : (n) [L. 'urceus'.] پودوں یا جانوروں میں ایک صراحی نما ٹیوب یا خول خصوصاً حفاظتی عضو یا حصے کے طور پر ۔

Urceus : (n) [L. 'urceus'.] قدیم روما کی ایک صراحی یا سبو جس میں صرف ایک جانب دستہ لگا ہوتا تھا ۔

Urchin : (n) [ME. 'urcheon, hirchon'.] (۱) خارپشت؛ ساہی ؛ سیہی (جانور جس کے جسم پر کانٹے ہوں اور جو گول مٹول ہو جائے) ۔ (۲) سمندری خار پشت ۔ (۳) کبڑا؛ خمیدہ پشت ۔ (٤) شریر اور نٹ کھٹ لڑکا ؛ کھلنڈرا چھوکرا ۔ (٥) کیوپڈ کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے بمعنی شریر، خوب گھومنے والا، کھلنڈرا اور شوخ و شنگ ۔ (٦) چھوٹا لڑکا؛ طفل ۔ (۷) روئی وغیرہ دھنکنے کی مشین میں لگے ہوئے تیزی سے گھومنے والے دو بیلنوں میں سے ایک بیلن ۔

Urdee/Urd'e/urdy : (a) [Origin obsc.] (۱) (نقابت) (کراس) تیز نوک والا؛ نکیلا ۔ (۲) (لہسا خم) جس میں متوازی نکیلے ٹکڑے لگے ہوں ۔

Urdu : (n) [Turk. 'Ordu'.] اردو زبان ۔

Ure : (suffix.) [Fr. 'ure', L. - 'ura'.] لاحقہ بمعنی: (۱) عمل؛ عمل یا تعمیر کا مرحلہ ۔ (۲) نتیجہ ؛ حاصل؛ پیداوار ۔ (۳) حالت ؛ منصب ؛ دفتر؛ شعبہ ؛ کام ۔ (٤) (کام کرنے والی) جماعت ۔ (٥) جس سے عمل متاثر ہو؛ بولنا ۔

Urea : (n) [mod. L. -Fr, 'uree'.] ایک قسم کا شورینی مرکب؛ وہ دانے دار بے رنگ حل پذیر مرکب جو جانوروں (بالخصوص دودھ پلانے والے جانوروں) کے پیشاب میں پایا جاتا ہے ۔

Ureal : (a) بولینا سے متعلق ۔

Uredine : (n) (نباتیات) سماروغ؛ پھپھوندی ۔

Uredine : (a) (نباتیات) سماروغ سے متعلق ۔

Uredines : (n) [L. pl. of Uredo.] (نباتیات) سماروغ کی قسم جو پودوں کو نقصان پہنچاتی ہے ۔

Uredinous : (a) [L. 'uredin-'.] (نباتیات) سماروغ کی قسم کا ۔

Uredo : (n) [L. (pl. 'uredines'.] (۱) (نباتیات) (اناج کے دانوں اور دوسرے پودوں پر ہونے والا) سماروغ، پھپھوندی، زنگ نباتی، فطر بذروی ۔ (۲) سماروغ کا پودا ۔

Uredo-fruit : (n) فطر بذروی کا گچھا ۔

Uredo stage : (n) فطر بذروی حالت؛ بعض زنگ نباتی کا گرمائی دور ۔

Uredospore : (n) فطر بذرہ؛ ربیعی بذرہ ۔

Ureide : (n) [f. Urea + ide] (کیمیا) بولینا سے مشتق ایک مادہ جس میں تیزاب کے اساسی اجزاء ہوں ۔

Ureo - : Urea کی ایک ترکیبی شکل ۔

Ureometer : (n) ایک آلہ جس سے خون یا پیشاب میں نمک (یوریا) کی مقدار کا اندازہ لگایا جاتا ہے ۔

Ureosecretory : (a) بولینا یا یوریا کے اخراج یا ریزش سے متعلق ۔

Uresis : (n) [G.'ouresis'.] اخراجِ پیشاب ۔

-uret : (suffix) [mod. L. 'uretum-oretum'.] لاحقہ جواب ide کی شکل میں مستعمل ہے ۔

Ureter : (n) [Fr. 'uretire or mod. L. ureter'.] حالب ؛ پیشاب کی نالی؛ قنات گردہ؛ وہ نالی جس کے راستے سے پیشاب گردے سے مثانے میں پہنچتا ہے ۔

Ureteral/Ureteric : (a) حالبی ؛ قنات گردے سے متعلق؛ پیشاب کی نالی کا ۔

Ureteritis : (n) (مرضیات) التہاب حالب؛ ورم قنات گردہ؛ پیشاب کی نالی کا ورم اور سوزش ۔

Uretero - : جزو ترکیبی بمعنی "حالب" حالب آور ۔

Ureterogenital : (a) (ران کی رگ) حالب اور عضو تناسل سے متعلق ۔

Ureterogram : (n) حالب کا ایکسرے فوٹو ۔

Ureterograph : (n) حالب نگار ۔

Ureterography : (n) حالب نگاری؛ حالب عکاسی ۔

Ureterointestinal : (a) حالب اور آنت دونوں سے متعلق ۔

Ureterotomy : (n) جراحیِ حالب ۔

Ureterovesical : (a) حالب اور مثانے سے متعلق ۔

Urethane : (n) [-Fr. 'urethane'.] (کیمیا) ایک کیمیائی مادہ جسے بے ہوش کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے ۔

Urethra : (n) [L. 'urethra'.] (تشریح) شرمگاہ؛ مجری البول؛ نالی جس کے ذریعے پیشاب مثانے سے خارج ہوتا ہے ۔

Urethral : (a) مبالی؛ مجری البولی ۔

Urethritis : (n) (مرضیات) التہابِ شرمگاہ؛ ورمِ شرمگاہ؛ مجری البول کا ورم اور سوزش ۔

Urethro - : [f. Urethra.] جزو ترکیبی بمعنی شرمگاہ ۔

Urethrocele : (n) (مرضیات) فتقِ شرمگاہ؛ صنف اناث کی مبالی لس دار جھلی کا آگے کو نکل جانا ۔

Urethrogram : (n) (شرمگاہ) مبال کا ایکسرے فوٹو ۔

Urethroscope : (n) مبال بین ۔

Urethrosexual : (a) مبالی و جنسی ۔

Urethrotomy : (n) جراحیِ مبال؛ مبال شگافی (خصوصاً تفتیق مبال سے آرام کے لئے) عمل جراحی جو مجری البول پر کیا جائے ۔

Urethylane : (n) (کیمیا) متھیل کاربامیٹ؛ بولینا کے ترشے کے نمک کا ایک فرضی ایک کاربنی اساس ($NH_2 COO CH_3$) ۔

Uretic : (a) (۱) پیشاب آور ۔(۲) پیشابی؛ بَولی ۔

Urge : (n) زور دار مطالبہ؛ تقاضا؛ اصرار؛ قوی محرک؛ لگن؛ طلب؛ شوق ۔

Urge : (v) [L. 'urgere'.] (۱) زوردار انداز میں پیش کرنا ۔ (۲) شدید مطالباتی اندازمیں کہنا یا رکھنا ۔ (۳) وکالت کرنا؛ موافقت میں بحث کرنا، کسی چیز کا دعویٰ کرنا ۔ (٤) سخت اصرار یا تاکید سے کہنا؛ بہت زور دینا ۔ (٥) ابھارنا؛ اکسانا؛ اشتعال دینا؛ ترغیب دینا ۔ (٦) عمل یا اظہار کے لئے ابھارنا؛ جوش میں لانا ۔ (۷) اضافہ کرنا؛ تیز کرنا؛ شدید کرنا، بنانا ؛ بڑھانا ۔ (۸) کسی سمت یا رخ میں ڈھکیلنا یا لے جانا ۔ (۹) رفتار تیز کرنا؛ پرواز یا تلاش کو جاری رکھنا ۔

Urgence : (n) (۱) نہایت ضروری؛ نہایت تاکیدی ۔(۲) دیکھو Urgency ۔

Urgency : (n) (۱) نہایت ضروری ہونا؛ نہایت تاکیدی ہونا ۔ (۲) فوری تعمیل کی ضرورت؛ نہایت عجلت والی ضرورت ۔ (۳) بے حد اصرار، التجا، التماس ۔ (٤) اشد اور فوری تعمیل طلب، ضرورت یا موقع ۔ (٥) ہَوا کا دباؤ ؛ موسم کا دباؤ ۔(٦) ابھارنے یا ترغیب دینے والی قوت یا

صفت ۔ (۷) ڈھکیلنے یا مجبور کرنے والی ترنگ یا من کی موج ۔

Urgent : (a) [-(O)Fr. 'urgent' -L. 'urgens, urgent'.] (۱) نہایت ؛ شدید؛ اشد ضروری؛ نہایت تاکیدی ؛ فوری تعمیل طلب ۔(۲) بے حد مصر؛ شدت سے اصرار کرنے والا ۔(۳) (شاعرانہ) عاجل؛ عجلت سے آگے بڑھنے والا ۔

Urgently : (adv.) (۱) نہایت تاکید سے؛ بےحد اصرار سے، بہت شدت کے ساتھ ۔(۲) فوری طور پر؛ عجلت سے ۔

Urger : (n) بہت زور دینے والا؛ سخت اصرار کرنے والا؛ شدید طور پر مطالبہ کرنے والا؛ ابھارنے یا اُکسانےوالا؛ ترغیب دینے والا؛ وکالت کرنے والا؛ موافقت میں بحث کرنے والا؛ محرک ۔

Urging : (n) زور دے کر کہنا؛ مطالباتی انداز میں پیش کرنا؛ وکالت کرنا (کسی کی)؛ ابھارنا؛ اکسانا؛ ترغیب دینا ۔

Urging : (a) زوردار، شدید؛ تاکیدی؛ بہت دباؤ دینے والا؛ اصرار کرنے والا؛ مجبور کرنے والا؛ اُکسانے والا؛ ابھارنے والا؛ ترغیب دینے والا ۔

Urgingly : (adv.) تاکیدی طور پر؛ زور دار طریقے سے؛ بہت اصرار کے ساتھ ؛ بہت دباؤ دے کر ۔

Uria : (n) [Gr. 'ouria'.] ایک آبی پرندہ ۔

-uria : [mod. L. f. Gr. -'ouria' f. 'ouron'.] لاحقہ بمعنی پیشاب کی مریضانہ حالت ۔

Urial/Oorial : (n) [Panjabi 'hureal'.] جنوبی اور وسطی ایشیا کے پہاڑی علاقوں میں پائی جانے والی ایک قسم کی جنگلی بھیڑ جو سرخی مائل بھوری ہوتی ہے اور جس کی گردن کا رنگ سفید ہوتا ہے اور جسے ایک لمبی داڑھی ہوتی ہے ۔

Uric acid : (n) [-Fr. 'urique' f. 'urine'+Fr. acide] یورک ایسڈ ؛ ایک قلم پذیر تیزاب ($C_5 H_4 N_4 O_3$) جو آدمی کے پیشاب اور بعض جانوروں کے پیشاب میں پایاجاتا ہے ۔

Uricaemia : (n) [mod. L.] (مرضیات) یورائیّت خون؛ خون میں یورک ایسڈ کا زیادہ ہوجانا ۔

Uricaemic : (a) یورائیّتِ خون سے متعلق ۔

Uriconian : (a) [f. 'Uriconium,' name of a Roman town + AN] آتش فشانی چٹانوں پر مشتمل؛ آتش فشانی چٹانوں سے متعلق ۔

-urient : (suffix) [-L. -'urient'] جزو ترکیبی بمعنی (کچھ کرنے کی) خواہش رکھنے والا؛ آرزومند ۔

Urim and Thummim : (n) [-Heb. 'urem wethummem'.] دیکھو Thummin

Urinal : (n) [- Late L. 'urinal'.] (۱) پیشاب خانہ ۔(۲) (طب) ۔ قارورہ ۔ (۳) ربر یا پلاسٹک کی ایسی تھیلی جو سلسل البول کے مریض لگاتے ہیں تاکہ پیشاب اس میں جمع ہوتا رہے ۔

Urinal : (a) [-F.r. 'urinal'] (۱) اخراجِ پیشاب کے لئے راستے کی گنجائش رکھنے والا ۔ (۲) (شاذ، متروک) دیکھو Urinary ۔

Urinary : (a) [-med. L. 'urinarius'.] (۱) اخراجِ پیشاب کے لئے راستے کی گنجائش رکھنے والا؛ اخراجِ پیشاب میں معاون یا اس پر اثر انداز ہونے والا ۔ (۲) پیشاب کی طرح ہونے والا ؛ پیشاب کی طرح خارج ہونے والا ۔ (۳) پیشاب کے راستے پر استعمال کرنے کے لئے بنایا ہوا ۔ (٤) جسے پیشاب جمع کرنے کے کام میں لایا جائے ۔ (٥) پیشاب کی تھیلی یا اعضائے بَولی میں پایا جانے یا پیدا ہونے والا ۔(٦) بَولی؛ پیشاب سے متعلق ۔

Urinate : (v) [L. 'Urinatus'.] (۱) پیشاب کرنا ۔(۲) پیشاب سے تر کرنا ۔ (۳) پیشاب سے خارج کرنا؛ پیشاب کے ذریعے یا پیشاب کی طرح خارج کرنا ۔

Urination : (n) پیشاب کرنا یا ہونا؛ اخراجِ پیشاب ۔

Urine : (n) [-L. 'urina'.] پیشاب ؛ بَول ۔

Uriniferous : (a) [mod. L. 'Uriniferus'.] پیشاب بردار؛ پیشاب لے جانے والا (ٹیوب وغیرہ) ۔

Urino - : [L. 'urina'.] جزو ترکیبی بمعنی پیشاب ۔

Urinogenital : (a) بَولی؛ تناسلی ۔

Urinologist : (n) ماہرِ امراض بول ۔

Urinology : (n) علم البول؛ علم امراض بول ۔

Urinomancy : (n) پیشاب کی جانچ سے امراض کی تشخیص کرنا؛ تشخیصِ مرض یا امراض ۔

Urinometer : (n) پیشاب کی کثافت نوعی کے اندازہ لگانے کا آلہ۔

Urinoscope : (n) آلہ بول بیں؛ تشخیص امراض کے لئے پیشاب جانچنے کا آلہ۔

Urinoscopic : (a) بَول بینی سے متعلق ؛ پیشاب کی جانچ سے متعلق۔

Urinoscopist : (n) بَول میں؛ ایک خاص طرح کے آلے سے پیشاب کو دیکھ کر مرض کی تشخیص کرنے والا۔

Urinoscopy : (n) بَول بینی؛ معائنہ بَول۔

Urinous : (a) [f. Urine+ous] بَولی؛ پیشاب کا؛ پیشاب کی قسم کا؛ پیشابی اجزاء سے پر؛ پیشاب کی خصوصیات کا۔

Urn : (n) [-L. 'urna'.] (۱) مٹی یا دھات کا مرتبان نما ظرف جس میں قدیم رومی، یونانی اور دوسری قومیں اپنے مردوں کی راکھ رکھتی تھیں۔ (۲) (قدیم روم میں) ایسا برتن جس میں ووٹ یا قرعہ ڈالا جاتا تھا۔ (۳) مٹی کا ایک کھوکھلا بیضوی برتن جو مختلف مصرف میں کام آتا ہے۔ (٤) کندہ اور تراشیدہ بویام (مرتبان)۔ (٥) بیضوی مرتبان نما صراحی، مٹکا یا کوئی اور برتن جس میں شراب، پانی وغیرہ رکھا جائے۔ (٦) ایسا بیضوی شکل کا بند برتن جس میں چائے، قہوہ وغیرہ رکھا جائے۔ (۷) نہر یا چشمے کا منبع ؛ چشمہ ؛ جھرنا۔ (۸) اشک دان؛ آنسو دان۔ (۹) صورت البروج۔ (۱۰) (نباتیات) بیضوی ڈوٹے کا غلاف۔ (۱۱) (حیوانیات) جسم پر کوئی بیضوی شکل کا ابھار۔

Urn : (v) بڈی یا راکھ کو خاکدان میں رکھنا؛ بیضوی مرتبان نما ظرف میں بند کرنا؛ بویام میں بند کرنا۔

Urn-moss : (n) (نباتیات) بیضوی ڈوڈا۔

Urning : (n) ہم جنسی میلان رکھنے والا مرد؛ لوطی۔

Uro - : [L. 'urine'.] جزو ترکیبی بمعنی پیشاب۔

Uro - : [f. Gr. 'ura'.] جزو ترکیبی بمعنی "دُم"؛ دُم کی سی بناوٹ۔

Urobenzoate : (n) گھوڑے کے پیشاب کا نمک۔

Urobenzoic acid : (n) گھوڑے کے پیشاب کا تیزاب۔

Urobilin : (n) پیشاب میں پایا جانے والا رال صفت بھورا رنگ۔

Urobilinuria : (n) یوروبلین بَولی۔

Urochord : (n) حَبلِ دُم؛ حَبلِ دُم گاہ۔

Urochrome : (n) لون بَول؛ پیشاب میں پایاجانے والا بےشکل پیلا رنگ۔

Urodela : (n) (حیوانیات) دُم داران؛ دُم دار جل تھلیے؛ ایسے جان دار جن کے بچپن کی دُم بڑے ہونے پر بھی باقی رہتی ہے۔

Urodele/Urodelan : (n) دُم دار جل تھلیا۔

Urodele/Urodelous : (a) دُم دار جل تھلیے کے زمرے کا؛ دم دار جل تھلیے سے متعلق۔

Uroerythrin : (n) بخار خصوصاً وجعِ مفاصل کے بخار میں مبتلا مریض کے پیشاب میں پایا جانے والا لال رنگ۔

Urogenital : (a) بَولی تناسلی۔

Urogenous : (a) (۱) پیشاب سے حاصل کردہ؛ پیشاب میں ہونے والا۔

Uroglaucin : (n) سرخ بخار میں، پیشاب میں پایا جانے والا نیلا رنگ۔

Urohaematin : (n) سیاہ نیل گوں مادے کی ایک قسم جس سے پیشاب کا رنگ بنتا ہے۔

Urohyal : (a) (مچھلیوں اور پرندوں میں) پس لامیّہ محراب یا ابھار سے متعلق۔

Urological : (a) علم البولی؛ علم امراضِ بَول سے متعلق۔

Urologist : (n) ماہرِ امراض بَول۔

Urology : (n) [f. URO-+ LOGY] علم البول؛ علم امراض بول۔

Uroo : (n) [Austral. Native name] کنگارو کی ایک قسم۔

Uropoietic : (a) [f. Uro + Gr. 'poietikos'.] پیشاب کی ریزش سے متعلق ؛ پیشاب نکالنے والا ؛ پیشاب کو باہر خارج کرنے والا۔

Uropygial/Uropygeal : (a) دُم گاہ سے متعلق ؛ دُم گاہ کا؛ دُم گاہ پر واقع ۔

Uropygial : (n) دُم والے پر؛ دُم گاہ کے بال و پَر ۔

Uropygium : (n) [med. L. 'uropygium'.] (طیوریات) دُم گاہ؛ پرندے کے جسم کے پچھلے سرے پر ایک ابھار جس پر دُم والے پَر نکلے ہوتے ہیں ۔

Uroscopic : (a) پیشاب کی جانچ سے متعلق ۔

Uroscopist : (n) پیشاب جانچ کرنے والا ۔

Uroscopy : (n) پیشاب جانچ ۔

Urostyle : (n) عظم دُم؛ دُم شاخہ ۔

Urotoxic : (a) پیشاب کے اجزاء سےمتعلق؛ بول سمّی؛ پیشاب کی سمیّت سے متعلق ۔

Urotoxicity/Urotoxy : (n) پیشاب کا زہریلاپن؛ پیشاب کی سمیّت ۔

Urrhodin : (n) [-G. 'urorhodin'.] (کیمیا) بیمار کے پیشاب میں پایا جانے والا لال رنگ ۔

Urrhodinic : (a) پیشاب میں پائے جانے والے لال رنگ سے متعلق ۔

Ursa : (n) [L. 'ursus'.] (۱) (علم النجوم) دُبِّ اکبر ۔(۲) ریچھ کی خاصیت کا آدمی ۔

Ursa Major : (n) (۱) (علم النجوم) دُبِ اکبر ۔(۲) ریچھ کی خاصیت کا آدمی ۔

Ursa Minor : (n) (علم النجوم) دُبِ اصغر ۔

Ursal : (a) ریچھ جیسا؛ ریچھ کی خاصیت کا ۔

Ursine : (a) [L. 'ursinus'.] (۱) دُبّی، خرسی؛ ریچھ سے متعلق؛ ریچھ کی خصوصیت کا؛ ریچھ جیسا؛ ریچھ نما؛ خرس نما۔(۲) (نباتیات) خاردار؛(حشریات) خار دار ۔

Urson : (n) [Fr. 'ourson'.] (حیوانیات) کناڈا میں پایا جانے والا ایک قسم کا خارپشت؛ کناڈا کا خار پشت ۔

Ursone : (n) [L. 'ursi' + one] (کیمیا) ایک شفاف عرق جسے بیر ، بیری کی پتیوں سے حاصل کرتے ہیں ۔

Ursuline : (n) [f. name of St. Ursula + INE] راہباؤں کا ایک سلسلہ جسے ۱۵۷۲ء میں لڑکیوں کی تعلیم و تربیت، بیماروں کی خدمت و تیمارداری اور اسی سلسلے سے منسلک لوگوں کے تزکیہء نفس کے لئے سینٹ اگسٹائن کے اصول پر قائم کیا گیا تھا ۔

Ursuline : (a) راہباؤں کے مندرجہ بالا سلسلے سے متعلق ۔

Urtica : (n) [L. 'urtica'.] (نباتیات) جنس قرّاص؛ جنس بچھوا ۔

Urticaceous : (a) (نباتیات) قرّاصی ۔

Urtical : (a) [L. 'urtica' + -AL] (نباتیات) قرّاصی؛ جنس بچھوا سے متعلق ۔

Urtical : (n) خاردار پودے کی ایک قسم؛ بچھوا کی ایک قسم ۔

Urticaria : (n) [mod. L. f. L. 'urtica'.] (مرضیات) بچھوا چٹھے؛ کَہیر؛ پتّی (ایک جلدی بیماری جس میں جسم پر چٹھے پڑ جاتے ہیں) ۔

Urticarial/Urticarious : (a) بچھوا چٹھے سے متعلق؛ بچھوا چٹھے جیسا؛ بچھو چٹھے کی خصوصیت کا ۔

Urticate : (v) [L. 'urticatus'.] (۱) بچھوانا؛ چبھونا؛ بچھوا پودے کی طرح ڈنک مارنا ۔(۲) کسی عضو کو جو سُن ہو گیا ہو بچھوا لگانا تاکہ اس میں احساس پیدا ہو ۔

Urtication : (n) [L. 'urtication'.] (۱) نیش زنی؛ بچھواؤ ۔ (۲) چبھن ۔ (۳) تہیج بالا نجرہ؛ بچھوا لگا کر اس حصے یا عضو میں جو سن ہو گیا ہو احساس پیدا کرنا ۔

Urubu : (n) [Brazilian (Tupi) 'urubu'.] جنوبی ریاستہائے متحدہ اور جنوبی امریکا کا سیاہ کرگس ۔

Urucu : (n) [Brazilian (Tupi) 'urucu'.] رنگ کا مسالا پیدا کرنے والا ایک درخت جسے Annatto کہتے ہیں ۔

Urucuri : (n) [Brazilian (Tupi) 'urucuri'.] برا زیل میں پایاجانے والا کھجور کا درخت ۔

Urus : (n) [L. 'urus'.] (۱) (حیوانیات) جنگلی بیل؛ ارنا بھینسا؛ جنگلی سانڈ؛ یورس ۔ (۲) جرمنی کے جنگلوں میں پایا جانے والا لمبے سینگ کا جنگلی سانڈ جس کی نسل اب معدوم ہے ۔

Us : (refl. pron.) [OE. 'us'.] (۱) ہم کو؛ ہم لوگوں کو؛ ہمیں ۔ (۲) (بولی عامیانہ) ہم ۔ (۳) (بحری) ہمارا جہاز ۔

Usability : (n) قابلِ استعمال ہونا ۔

Usable/Useable : (a) [Fr. 'usable'.] قابلِ استعمال؛ مصرف کے قابل؛ کام کے لائق ۔

Us(e)ableness : (n) دیکھو Usability

Usage : (n) [(O) Fr. 'usage'.] (۱) چلن؛ رواج؛ مروّجہ رسم؛ دستور؛ طریقہ؛ عادت ۔ (۲) (الفاظ و محاورات کا) استعمال ؛ چلن ؛ طریقۂ استعمال ۔ (۳) استعمال؛ مصرف؛ نام ۔ (٤) عمل؛ سلوک؛ برتاؤ ۔ (٥) سود مندی، فائدہ ۔ (٦) کلیسا کے رسوم و عبادات خصوصاً عشائے ربانی اور اس سے متعلق دیگر رسوم اور دعائیں ۔

Usager : (n) انگلستان اور اسکاٹ لینڈ کے ایک خاص کلیسائی مسلک کا فرد جو عشائے ربانی کی رسم ادا کرتا ہے اور نذرکردہ شے پر روح القدس کے نزول کے لئے نیز مردوں کے لئے دعائیں کرتا ہے ۔

Usance : (n) [-(O)Fr. 'usance'.] (۱) (تجارت) میعاد ادائی (خصوصاً غیرممالک کی ہنڈیوں کی) ۔ (۲) قرض کے روپے پر لگنے والا سود ۔

Use : (n) [-L. 'usus'.] (۱) استعمال؛ مصرف؛ نام ۔ (۲) کام میں لانا؛ برتنا یا برتا جانا؛ مصرف میں لانا؛ استعمال میں لانا ۔ (۳) فائدہ ؛ نفع ۔ (٤) عادت؛ رسم ؛ چلن ؛ رواج ؛ دستور ۔ (٥) قوت استعمال؛ مصرف یا استعمال میں لانے کی صلاحیت ۔ (٦) موقع استعمال؛ محلِ استعمال؛ رسمِ استعمال؛ رواجِ استعمال؛ دستورِ استعمال ۔ (۷) طریقۂ استعمال ؛ اندازِ استعمال ۔ (۸) مقصد ؛ حاصل ۔ (۹) افادیت ۔ (۱۰) ضرورت؛ ضرورتِ استعمال ۔ (۱۱) ایک خاص کلیسائی مسلک یا فرقے کے رسوم و عبادات ۔ (۱۲) (قانون) تصرف؛ قبضہ ۔

To have no use for : (روزمرہ) بےضرورت اورفضول خیال کرنا؛ ناپسند کرنا؛ باعثِ زحمت سمجھنا ۔

Use : (v) [(O) Fr. 'user'.] (۱) (قدیم) (کسی رسم یا رواج کی) پابندی کرنا، پیروی کرنا ۔ (۲) (قدیم) (کسی چیز کو) طرزِ زندگی کے طور پر اپنانا یا اختیار کرنا؛ طرزِ عمل کے طور پر اختیار کرنا ۔ (۳) (مشق سے) عادی کرنا؛ (کثرتِ استعمال سے) خوگر بنانا ۔ (٤) عمل میں لانا؛ کام میں لانا؛ کام میں لگانا؛ استعمال کرنا؛ مصرف میں لانا ۔ (٥) (کسی چیز کو کھانے، پینے، پہننے، اوڑھنے یا لکھنے بولنے وغیرہ کے لئے) استعمال کرنا ۔ (٦) (استعمال کر کے) خرچ کرنا؛ صرف کرنا؛ برتنا ۔ (۷) (شاذ) کسی جگہ بار بار جانا؛ (کسی مقام پر) منڈلانا ۔ (۸) پیش آنا؛ برتاؤ کرنا ؛ سلوک کرنا ۔ (۹) (عورت کو) جنسی آسودگی کے لئے استعمال کرنا ۔ (۱۰) اپنی غرض کے لئے کسی کو استعمال کرنا (عموماً Passive voice میں) ۔ (۱۱) عادی ہونا یا بنانا؛ کچھ کرنے کی مشق کرنا ؛ خوگر ہونا ۔ (۱۲) (مستقل پناہ گاہ میں یا کسی مقام پر گھر کے طور پر) رہنا، بسنا ۔

To use up : (۱) (استعمال کرکے) کسی ذخیرے کو ختم کردینا ۔ (۲) (روز مرّہ) تھکا دینا؛ قوت ختم کر دینا؛ بے قوت کر دینا؛ کمزور کردینا یا بنا دینا ۔

To use the seas : (قدیم) ملاح بننا یا ہونا ۔

To use language : فضول قسمیں کھانا ۔

Use and wont : (n) رواج؛ چلن ۔

Use-money : (n) سود؛ بیاج؛ روپے کےاستعمال کا معاوضہ ۔

Use up : (v) (۱) سب خرچ کردینا ۔ (۲) تمام قوت و صلاحیت ختم کر دینا؛ تھکا دینا ۔

Used : (a) (۱) کام میں لایا ہوا؛ مصرف میں لایا ہوا؛ استعمال کیا ہوا ۔ (۲) عادی؛ خوگر ۔

Useful : (a) مفید؛ کارآمد؛ سود مند؛ فائدہ مند؛ نفع بخش ۔

Usefully : (adv.) مفیدطریقے سے؛ کارآمد طورپر؛ سودمندی سے؛ فائدے مندی کے ساتھ ۔

Usefulness : (n) سود مندی؛ فائدہ مندی؛ مفید ہونا؛ کارآمد ہونا؛ فائدہ مند ہونا ۔

Useless : (n) (۱) بے فائدہ؛ بے کار؛ بے مصرف؛ جو کسی کام میں نہ آئے ۔ (۲) (شخص) ناکارہ؛ جو کسی کام کا نہ ہو؛ غیر مفید ۔

Uselessly : (adv.) خواہ مخواہ؛ بے فائدہ؛ غیر مفید طور پر ۔

Uselessness : (n) بے مصرف اور بے کار ہونا؛ بے فائدہ ہونا؛ غیر مفید ہونا۔

User : (n) استعمال کرنے والا خصوصاً الکحلی مشروب اور دیگر منشیات استعمال کرنے والا۔

User : (n) [back formation f. non-user.] (قانون) حق تصرف؛ حقِ استعمال؛ طویل مدت تک مسلسل تصرف میں رکھنے سے پیدا ہونے والا حقِ استعمال۔

Ushabti : (n) [Egyptian.] ملازموں کے مجسمے جو قبر میں حنوط شدہ لاشوں کےساتھ رکھ دیئے جاتے تھے۔

Ushak /Oushak : (n) (۱) ایک قسم کا بھاری اونی کمبل۔ (۲) ترکی کے ایک شہر کا نام۔

Usher : (n) [AFr. 'usser'.] (۱) دربان؛ راہنما یا رہنما؛ پیشرو؛ نقیب؛ وہ عہدہ دار یا ملازم جو سنیما یا بڑے ہال (کمرے) میں نشست گاہ تک لوگوں کو لے جاتا ہے اور مقررہ جگہوں پر بٹھاتا ہے۔ (۲) ایسا ملازم یا افسر جو عدالت یا کسی رئیس کے مکان یا رہائش گاہ میں معزز لوگوں کے آگے آگے چلتا ہے۔ (۳) پیش رو، وہ شخص جو کسی اعلیٰ عہدےدار کے آگےچلتا ہے۔ (٤) (مجازاً) وہ جو پہلے آکر کسی کی آمد یا پہنچنے کی خبر دے۔ (٥) (حشریات) ایک خاص طرح کا پتنگا۔ (٦) (اب صرف روایتی خطاب یا تحقیر آمیز مترادف کے طور پر) اسکول ماسٹر کا معاون؛ ماتحت استاد۔

Usher : (v) (۱) اندر لے جانا؛ (مہمان یا آنے والے شخص کی) رہنمائی کرنا؛ لوگوں کو لےجا کر مقررہ جگہوں پر بٹھانا۔ (۲) (صاحب خانہ کو کسی کی آمد کی) اطلاع دینا، نقیب کی خدمات انجام دینا۔ (۳) کسی امیر یا معزز شخص کے آگے آگے چلنا۔ (٤) متعارف کرنا؛ دنیا کے سامنے لانا۔

Usher in : (v) (۱) افتتاح کرنا۔(۲) ابتداء کرنا، شروعات کرنا ؛ آغاز کرنا۔(۳) لانا۔

Usherer : (n) [usher+er] دیکھو Usher

Usheress/Usherette : (n) عورت جو دربانی یا آنے والوں کو اندرلے جانے اور بٹھانے کا کام کرتی ہے؛ نقیب کی خدمات انجام دیتی ہے، خاتون دربان یا خاتون نقیب۔

Usherless : (a) بے دربان؛ بے نقیب؛ بے پیش رو۔

Ushership : (n) دربان، نقیب وغیرہ کا عہدہ یا کام۔

Usine : (n) [Fr.] مِل، خصوصاً ویسٹ انڈیز کی شکر کی مل۔

Using : (a) (گھوڑا) تفریح کے لئے نہیں بلکہ کام کے لئے جس کی تربیت کی گئی ہو۔

Using-ground : (n) وہ جگہ جہاں شکار کے جانور یا پرندے آتے ہوں۔

Usnea : (n) [med. L. f. Arab 'ushnah'.] کائی نما نباتات کی ایک جنس۔

Usnic acid : (n) (کیمیا)ایک قسم کا تیزاب جو کائی میں پایا جاتا ہے۔

Usnin : (n) دیکھو Usnic acid

Usquebaugh : (n) [Gaelic 'uisqe beatha'.] (۱) وہسکی۔ (۲) آئرلینڈ کا ایک مفرح شربت جو برانڈی سے بنایا جاتا ہے۔

Ustilagines : (n) Ustilago کی جمع۔

Ustilagineous : (a) سماروغی؛ سماروغ کا۔

Ustilaginous : (a) جنس کرنجوا کی طرح؛ سماروغ جیسا؛ سماروغ سے متعلق۔

Ustilago : (n) (نباتیات) جنس کرنجوا؛ سماروغ۔

Ustulation : (n) [L. 'ustulatio, - on'.] جلنا؛ جلایا جانا خصوصاً آگ پر سینکنا یا بھوننا۔

Usual : (a) [L. 'usualis'.] معمولی؛ جو معمولاً ہوتا ہو؛ حسبِ عادت؛ حسبِ رواج؛ حسبِ دستور؛ جو عام طور پر اور اکثر دیکھنے میں آتا ہو؛ جو عام یا نارمل حالت میں ہوتا ہو یا پایا جاتا ہو؛ جو عام طور پر واقع ہوتا ہو۔

Usual : (n) معمولاً ہونے والی کوئی بات یا چیز؛ حسبِ عادت یا حسبِ دستور یا حسبِ معمول ہونے والی بات۔

Usually : (adv.) معمول کے مطابق؛ حسبِ معمول طریقے سے؛ عام طور پر؛ حسبِ رواج یا دستور کےطور پر۔

Usualness : (n) حسبِ معمول، حسبِ رواج، حسبِ عادت ہونا۔

Usucapient : (n) [L. 'usucapiens, -ent'.] (قانون) حق دار ملکیت بر بنائے قبضہ۔

Usucapio : (n) (قانون) طویل مدت یا عرصے تک (کسی جائداد پر) قابض رہنے یا اس پر تصرف رکھنے سے پیدا ہونے والا حق؛ ملکیت بر بنائے قبضہ؛ وہ حق جو کسی جائداد پر ایک مدت تک مسلسل بلا مزاحمت قابض رہنے کی وجہ سے پیدا ہو جاتا ہے۔

Usucapion : (n) [L. 'usucapion, usucapio'.] دیکھو Usucapio

Usucapt : (v) [L. 'usucapt'.] قبضے کی بنیاد پر حق ملکیت حاصل کرنا۔

Usucaption : (n) قبضے کی بنیاد پر حق ملکیت (کسی جائداد پر)۔

Usucaptor : (n) قبضے کی بنیاد پر حق ملکیت کا دعویدار۔

Usufruct : (n) [L. 'usufructus'.] (قانون) حق واصلات؛ استفادہ؛ حق استفادہ؛ عارضی قبضہ، استعمال یا فائدہ اٹھانے کا حق اس طرح کہ اصل جائداد کو کوئی نقصان نہ پہنچے۔

Usufructuary : (n) [L. 'usufructuarius'.] (قانون) حق واصلات یا حق استفادہ رکھنے والا (شخص)۔

Usufructuary : (a) [L. 'usufructuarius'.] حق واصلات سے متعلق۔

Usurer : (n) [L. 'usurarius'.] ربا خور ؛ بھاری سود پر روپے قرض دینے والا ؛ سودی کاروبار کرنے والا؛ سود خور۔

Usurious : (a) (۱) بھاری سود پر قرض دینے والا؛ قرض کی رقم پر ناجائز اور بھاری یا حد سے زیادہ سود لینے والا۔ (۲) (سود کا در) بے اندازہ؛ بہت زیادہ؛ حد درجہ؛ ربائی۔

Usuriously : (adv.) ناجائز طور پر حد سے زیادہ سود لیتے ہوئے۔

Usurp : (v) [L. 'usurpare'.] (۱) ناجائز طور پر قبضہ کرنا؛ غصب کرنا؛ بزور لینا؛ ناجائز طور پر کسی چیز پر قبضہ کر لینا؛ غاصبانہ قبضہ کرنا؛ بتھیا لینا؛ دبا بیٹھنا؛ (دولت، ملکیت، تخت و تاج، عہدہ یا خطۂ ارض پر) غاصبانہ قبضہ کرنا۔

Usurpation : (n) [-(O)Fr. 'usurpation'.] (۱) غصب؛ ناجائز قبضہ؛ غاصبانہ قبضہ؛ نا جائز طور پر بتھیا لینے کا عمل۔ (۲) (شاذ) استعمال میں یا کام میں لگانا؛ کسی چیز کو کام یا استعمال میں لگا لینے کا عمل۔

Usurpative : (a) غاصبانہ۔

Usurpatory : (a) غاصبانہ۔

Usurpature : (n) دیکھو Usurpation

Usurper : (n) [OFr. 'usurpeur'.] غاصب؛ بلا استحقاق اور ناجائز قبضہ کرنے والا؛ غلط طور پر ہڑپ لینے والا (کوئی چیز، جائداد وغیرہ)۔

Usurpingly : (adv.) غاصبانہ طور پر۔

Usury : (n) [L. 'usuria'.] (۱) ربا خوری؛ سود خوری؛ بھاری سود پر قرض دینے کا کاروبار۔ (۲) ربا ؛ سود۔

Usward : (adv.) [ME.] ہماری طرف؛ ہم لوگوں کی جانب۔

Ut : (n) [-(O)Fr. 'ut'.] (موسیقی) گونیڈو (Guido) کے شش سری نظام کا پہلا سُر۔

Utas : (n) [- Fr. 'outaves'.] (۱) (کلیسا) کسی تہوار کے بعد کے آٹھ دن۔ (۲) تہوار کے دن سے شروع ہونے والی آٹھ دنوں کی مدت۔

Utensil : (n)[-L 'utensile'.] (۱) برتن؛ باورچی خانے کے ظروف۔ (۲) کوئی بھی کار آمد ظرف یا آلہ۔ (۳) کاریگر، کسان وغیرہ کے استعمال کرنے کا اوزار یا ہتھیار۔ (٤) مقدس برتن (جو پوجا کے موقع پر استعمال ہو)۔

Kitchen utensil : باورچی خانے کے ظروف و آلات؛ برتن وغیرہ۔

Uter - : [L. 'uterus'.] جزو ترکیبی بمعنی "رحم" رحمی اور ــ

Uterine : (a) [L. 'uterinus'.] (۱) ایک ہی رحم سے پیدا ہونے والا۔ (۲) رحمی؛ رحم سے متعلق؛ رحم کا؛ اخیافی۔ (۳) (جراحی) رحم میں لگانے یا استعمال کرنے کے لئے بنایا ہوا۔ (٤) (لکھنے کی جھلی) جو ساقط الحمل بچھڑے یا میمنے کے چمڑے سے بنایا گیا ہو۔

Uteritis : (n) (مرضیات) ورم رحم؛ سوزش رحم؛ التہاب رحم۔

Utero - : [L. 'uterus'.] Uterus کی ترکیبی صورت جو طب اور جراحی کی اصطلاحات میں آتی ہےبمعنی "رحم کا"۔

Utero-abdominal : (a) رحم شکمی کا؛ رحم اور شکم دونوں سے متعلق۔

Utero-gestation : (n) رحم میں بچے کی نشو و نما ۔

Utero-intestinal : (a) رحم اور آنت دونوں سے متعلق ۔

Utero-ovarian : (a) رحم اور بیضہ دان سے متعلق ۔

Uterotome : (n) رحم میں چیرا لگانے کا آلہ ۔

Uterotomy : (n) جراحی رحم۔

Uterovaginal : (a) رحم اور فرج دونوں سے متعلق ۔

Uterus : (n) [L. 'uterus'.] رحم۔

Utile : (a) [L. 'utilis'.] (شاذ) مفید؛ فائدہ مند؛ کار آمد؛ نفع بخش۔

Utilitarian : (n) [f. 'utility + arian'.] افادیت پسند؛ ایسا شخص جو صرف افادیت اور مادی منفعت پر نظر رکھتا ہو؛ افادیت کو معیار یا مقصد (زندگی) بنانے والا شخص؛ ایسا شخص جو اس نظریے کا حامی ہو کہ تمام اخلاقی، سماجی اور سیاسی عمل کا مقصد، زیادہ سے زیادہ لوگوں کو زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچے ان کے لئے اسباب مسرت وشادمانی مہیا ہوں ۔

Utilitarian : (a) (۱) افادیت پسند؛ افادی ۔(۲)افادیت پسندانہ؛ مادی اور افادی ۔ (۳) (کسی چیز کی) حوبصورتی پر اس کی افادیت کو ترجیح دینے والا ۔(٤) افادیت اور مادی منفعت سے متعلق ۔ (٥) اس نظریے کا حامی کہ تمام اخلاقی، سماجی اور سیاسی اعمال کا مقصد زیادہ سے زیادہ لوگوں کو زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچانا اور مسرت وشادمانی فراہم کرنا ۔

Utilitarianism : (n) [f. 'utilitarian' + ism] افادیت پسندی؛ افادیت پسندی کا نظریہ؛ غرض پرستی ؛ خصوصاً جرمی بینتھم، جیمز اور جان اسٹوارٹ مل کا نظریہ کہ تمام اخلاقی، سماجی اور سیاسی اعمال کا مقصد دکھ درد کی بہ نسبت زیادہ سے زیادہ سکھ ، خوشی یا زیادہ سے زیادہ لوگوں کو زیادہ سے زیادہ خوشی و شادمانی فراہم کرتا ہو ۔

Utility : (n) [Fr. 'utilite'.] (۱) فائدہ مندی؛ انتفاع؛ افادہ ؛ افادیت؛ سود مندی ۔ (۲) (فلسفہ) کسی شخص کی صلاحیت یا اس کا عمل یا کوئی چیز ایسی ہو جس سے زیادہ سے زیادہ لوگوں کی ضرورتیں اور خواہشیں پوری ہو سکیں ۔ (۳) مفید شے؛ فائدے کی چیز ۔ (٤) (معاشیات) ایسی شے جو انسانی ضرورت پوری کر سکے ۔ (٥) Utility actor کے لئے بہ طور مخفف استعمال ہوتا ہے ۔

Utility : (a) [L. 'utilitas'.] (۱) بہت سے کردار میں سے کوئی کردار ادا کرنے کی صلاحیت رکھنے والا ۔ (۲) جسے مالی فائدے کے لئے رکھا یا پالا گیا ہو (نمائش کے لئے نہیں) ۔ (۳) جس کا تعلق افادیت سے ہو حسن سے نہیں ، جو بنیادی طور پر افادی ہو حسین نہیں ۔ (٤) (کہانی، ڈراما وغیرہ) جو بہت سی ضرورتوں میں کام آتا ہو ۔ (٥) چھوٹا سا کردار ادا کرنے والا (تھیٹر وغیرہ میں) ۔ (٦) افادیت عامہ سے متعلق۔

Utility actor : (n) کسی ڈرامے وغیرہ میں بہت چھوٹا سا رول ادا کرنے والا اداکار ۔

Utility man : (n) (۱) (ڈراما یا تھیٹر میں) بہت چھوٹا چھوٹا رول یا اداکاری کرنے والا ایکٹر ۔(۲) بیس بال (Base - ball) میں ہر طرح سے اور ہر مقام پر کھیلنے والا ۔(۳) متفرق قسم کے کام کرنے والا شخص ۔ (٤) باورچی خانے کے کام میں ہاتھ بٹانے والا، مدد کرنے والا ۔

Utility pole : (n) بجلی یا ٹیلیفون کا کھمبا ۔

Utility principle : (n) نظریہء افادیت؛ اصول افادیت؛ زیادہ سے زیادہ لوگوں کو زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچانے اور ان کے لئے سامان مسرت و شادمانی مہیا کرنے کا نظریہ یا اصول؛ سب سے زیادہ خوشی کا اصول یا نظریہ ۔

Utility room : (n) رہائشی مکان کا ایک ایسا کمرا جس میں ضرورت کی مختلف اشیاء رکھی جاتی ہیں ۔

Utilizable : (a) قابل استعمال؛ قابل مصرف؛ کام کا؛ جو کام میں لایا جا سکے ۔

Utilization : (n) [Fr. 'utilisation'.] استفادہ؛ استعمال؛ مصرف؛ استعمال یا مصرف میں لانا ۔

Utilization coefficient : (n) شرح استفادہ؛ (ٹیبل لیمپ وغیرہ کی) کُل روشنی کے عکس کا وہ حصہ جو میز

وغیرہ کی ایسی مطلوبہ جگہ پر پڑتا ہے جہاں اس کا واقعی استعمال ہوتا ہے ۔

Utilize : (v) [- Fr. 'utiliser'.] مفید طور پر استعمال کرنا؛ استعمال میں لانا؛ مصرف میں لانا ۔

Utilizer : (n) استعمال میں لانے والا؛ مصرف میں لانے والا؛ مفید طور پر استعمال کرنے والا ۔

Utmost : (a) [OE. 'utmest'.] (۱) حد درجہ؛ انتہائی؛ بے حد ، پرلے سرے کا ۔ (۲) بعید ترین؛ سب سے دور کا یا دور کی ۔ (۳) آخری؛ سب سے بعد کا ۔

Utmost : (n) (۱) (قدیم) سب سے دور؛ سب سے دور مقام ۔ (۲) بلند ترین درجہ؛ آخری حد ۔ (۳) انتہائی کوشش۔

Utopia : (n) [mod. L. 'utopia'.] (۱) یوٹوپیا؛ ایک کتاب جو سرٹامس مور نے ۱۵۱۶ء میں شائع کی جس میں ایک ایسے فرضی جزیرے کا ذکر ہے جس میں ایک مکمل اور مثالی تمدن و سیاسی نظام رائج تھا ۔ (۲) ایسا فرضی مقام جہاں ایک مثالی تمدنی نظام قائم ہو ۔ (۳) ایسا مقام یا ایسی ریاست جو حکومت، قانون اور سماجی حالات کے معاملے میں مکمل اور مثالی ہو ۔ (٤) نا قابلِ عمل اور نا ممکن الوجود نظام (خصوصاً سماجی اصلاح کے لئے) ۔

Utopian : (a) [L.'utopianus'.] (۱) یوٹوپیا کے خیالی جزیرے یا وہاں کے لوگوں سے متعلق؛ یطوپی ۔ (۲) ناقابلِ عمل طور پر مثالی؛ ناممکن الوجود اورخیالی ۔ (۳) سماجی فلاح کے لئے مکمل اور مثالی نظام کی بات کرنے والا؛ ناقابلِ عمل اور مثالی منصوبے بنانے والا؛ مثالیت پرست ۔

Utopian : (n) [L. 'utopianus'.] (۱) یوٹوپیا کا باشندہ؛ یوٹوپیا کا رہنے والا؛ خیال پرست ۔ (۲) سیاسی اور سماجی حالات کو مثالی مقام پر پہنچانے کے لئے منصوبے سوچنے یا بنانے والا ۔ (۳) خیالی اور مثالی اصلاح کا حامی؛ مثالیت پرست ۔

Utopian socialism : (n) یطوپی اشتراکیت؛ مثالی سوشلزم؛ خیالی اور ناممکن الوجود سوشلزم؛ سوشلزم کا یہ تصور کہ پیداوار کے وسائل پر سماجی ملکیت کے ذریعے بے روزگاری کا خاتمہ اور معاشی ضمانت اس طور پر ممکن ہے کہ اہلِ سرمایہ اپنے سرمایہ سے بخوشی، بلا جبر پرامن طور پر دست بردار ہو جائیں ۔

Utopianism : (n) (۱) مثالی اور خیالی نظریہ ۔ (۲) مثالیت پرستی؛ خیال پرستی؛ انسانی اور سماجی اصلاح کے لئے مثالی اور خیالی منصوبے ۔

Utopianist : (n) مثالیت پرست؛ خیالی و مثالی اصلاح کا حامی؛ انسانی فلاح کے لئے ناممکن الوجود اور مثالی نظام پر یقین رکھنے والا ۔

Utopianize : (v) مثالی بنانا؛ یطوپی بنانا (کسی ریاست یا سماج میں) مثالی اور مکمل نظام قائم کرنا یا برپا کرنا ۔

Utopism : (n) دیکھو Utopianism

Utopist : (n) دیکھو Utopian

Utopistic : (a) خیالی؛ مثالی؛ ناممکن الوجود ۔

Utraquism : (n) کیلکسٹن (Calixtin) اور اس کے ماننے والوں کا عقیدہ، نظریہ ۔

Utraquist : (n) [mod. L. 'utraquista'.] کیلکسٹن Calixtin کا پیرو ۔

Utrecht : (a) [Fr. 'utrecht'.] (شمالی نیدرلینڈ کا ایک شہر (یوٹرخت) شہر کا؛ یوٹرخت میں رائج قسم اور طرز کا ۔

Utrecht velvet : (n) ایک قسم کا دبیز اور مضبوط کپڑا جسے گدا بنانے میں استعمال کرتے ہیں ۔

Utricle : (n) [L. 'utriculus'.] (۱) بوتل نما حصہ؛ غشاء ثمر؛ خول ثمر ۔ (۲) (تشریح اور حیوانیات) تھیلی کاسا غشائی ظرف جو حیوانی اجسام میں پایا جاتا ہے؛ انباچہ؛ حُویصلہ ۔ (۳) کان کی پیچیدہ جھلی دار بناوٹ کی دو تھیلیوں میں سے بڑی تھیلی ۔ (٤) (تشریح) مردوں کے مجری البول کے غدہ مثانے والے حصے میں پائی جانے والی چھوٹی پوٹلی؛ غدہ مثانہ کا بُلبُلہ ۔ (٥) چھوٹی گولی جیسی بناوٹ ۔

Utricular : (a) رحم یا شکم سے متعلق ۔

Utricularia : (n) [mod. L. 'utricularia'.] (نباتیات) ایک قسم کا پودا جس کے پتوں کے حاشیے پر تھیلی نما بناوٹ ہوتی ہے؛ ایک قسم کا کلاہ پوش آبی سدا بہار پودا ۔

Utriculus : (n) [L. 'utriculus'.] (حیوانیات و تشریح) دیکھو Utricle ۔

Utriform : (a) [mod. L. 'utriformis'.] چرمی بوتل نما ۔

Utter : (n) کسی سطح پر بے قاعدہ نشانات جو اوزار کے ارتعاش یا حد درجہ دباؤ کے سبب بن گئے ہوں ۔

Utter : (a) [OE. 'utera, uterra'.] (۱) آخری حد پر واقع؛ دور؛ الگ ۔ (۲) قطعی؛ مکمل؛ انتہائی ؛ حد درجہ ؛ کُلّی ؛ پورا پورا ۔ (۳) (پُر تصنع استعمال میں) حد درجہ خوبصورت؛ شدید؛ جمالیاتی ۔

Utter : (v) [ME. 'uttren'.] (۱) خوشی، درد و غم یا حیرت کا اظہار چیخ کر کرنا؛ چیخ مارنا ؛ آہ بھرنا ۔ (۲) ظاہر کرنا؛ زبان سے نکالنا؛ زبان یا قلم سے ادا کرنا؛ لفظوں میں اپنے جذبات و خیالات کا اظہار کرنا؛ منہ سے نکالنا ۔ (۳) کہنا بولنا؛ چلانا (نوٹ، جعلی سکّہ وغیرہ) ۔

Utter barrister : (n) جونیر بیرسٹر؛ دوسرے درجے کا بیرسٹر ۔

Utterability : (n) قابلِ بیان ہونا؛ قابلِ اظہار ہونا ۔

Utterable : (a) قابلِ گفتنی؛ قابلِ بیان ؛ قابلِ اظہار ؛ ایسی بات جو کہی جا سکے ۔

Utterance : (n) [f. Utter+ance] (۱) منہ سے نکالی جان والی آواز ؛ چیخ ۔ (۲) بیان ؛ اظہار ۔ (۳) تقریر ۔ (٤) نطق؛ قوتِ گویائی؛ طرزِ تقریر؛ بولنے کا انداز ۔

Utterance : (n) [OFr. 'outrance'.] اب اس کا استعمال صرف اس فقرے میں جیسے:۔ To the utterance (آخر دم تک) ۔

Utterer : (n) چیخنے والا؛ بولنے والا؛ کہنے والا؛ منہ سے (مسرت ، درد و غم یا حیرت کی آواز) نکالنے والا؛ بیان کرنے والا؛ اظہار کرنے والا ۔

Utterest : (a) To the utterest : اب ایسے فقرے میں جیسے (انتہائی، انتہائی درجے تک، آخری حد تک) ۔

Utterless : (a) ناقابلِ اظہار؛ ناقابلِ بیان ۔

Utterly : (adv.) بالکل؛ کلی طور پر؛ سراسر؛ قطعاً ۔

Uttermost : (a) [f. Utter + most.] (۱) بعید ترین؛ دور دراز ۔ (۲) انتہائی، حد درجہ ۔ (۳) (قدیم) آخری ۔

Uttermost : (n) انتہائی کوشش؛ انتہا درجے کی کوئی چیز ۔

Utterness : (n) (شاذ) کلیت؛ قطعیّت؛ انتہائی ہونا ۔

Utu : (n) [- Maori] نقصان کا بدلا؛ نقصان کا عوض؛ نقصان کا چُکاؤ ۔

Uva : (n) [L. 'uva'.] (نباتیات) ایک منہ بند گودے دار پھل ؛ انگور کے جیسا ایک پھل؛ انگور؛ عنب ۔

Uva grass : (n) امریکا کے منطقہء حارّہ کی گھاس کی ایک قسم جو بہت مرصع ہوتی ہے اور جس کی اونچائی ۳۰ فٹ یا اس سے بھی زیادہ ہوتی ہے ۔

Uva ursi : (n) بیر بیری (Bear berry) ؛ ایک قسم کا گودے دار پھل ۔

Uvarovite : (n) [Named after count S.S. Uvarov, + ITE] یاقوت سبز ۔

Uvea : (n) [L. uva] (تشریح) عنبیّہ ۔

Uveal : (a) عنبی ۔

Uveitis : (n) ورم عنبیہ ۔

Uvula : (n) [L. 'uvula'.] (۱) لہات؛ لہاتِ حلق؛ حلق کا کوّا ۔ (۲) لہاتِ مثانہ ۔ (۳) لہاتِ دماغ ۔

Uvular : (a) لہاتی ۔

Uvularia : (n) [mod. L.] شمالی امریکا کی جڑی کی ایک جنس جس کے تنے سیدھے، پتیاں بے ڈنٹھل کی اور پھول جھکے ہوئے زردی مائل گھنٹے کی شکل کے ہوتے ہیں ۔

Uvularly : (adv.) بھاری آواز سے ۔

Uvulatome/Uvulotome : (n) لہات کو کاٹنے اور الگ کرنے کا آلہ ۔

Uvulatomy/Uvulotomy : (n) جرّاحی لہات ۔

Uvulitis : (n) [f. Uvula + itish] (مرضیات) ورم لہات ۔

Uxorial : (a) [f. L. 'uxor' + Ial] (۱) بیگم یا بیگمات کا ۔ (۲) (عمل وغیرہ) اپنی بیگم کے لئے حد سے زیادہ محبت سے بھر پور؛ بیگم پرستانہ؛ زوجہ نوازانہ ۔

Uxoricide : (n) [L. 'uxoricidium'.] بیوی کا اپنے شوہر کے ہاتھ سے قتل۔

Uxoricide : (n) [L. 'usor' +i + cide] اپنی بیوی کا قاتل؛ اپنی زوجہ کا قاتل؛ اپنی بیگم کا قاتل۔

Uxorious : (a) [f. L. 'uxoriosus' or 'uxor + i+ous'] (۱) بیگم پرست؛ زوجہ نواز؛ اپنی بیگم کو حد سے زیادہ چاہنے، محبت کرنے والا۔ (۲) (عمل وغیرہ) بیگم پرستانہ، زوجہ نوازانہ؛ زن مریدانہ؛ زن مریدی؛ اپنی بیوی سے حد سے زیادہ محبت سے بھر پور۔

Usoriously : (adv.) اپنی بیوی، بیگم سے، حد سے زیادہ محبت کرتے ہوئے؛ زن پرستی یا زن مریدی سے، اپنی بیوی کے جذبات اور خوشی کا لحاظ کرتے ہوئے۔

Uxoriousness : (n) زن پرستی؛ زن مریدی؛ بیگم پرستی؛ بیگم نوازی۔

V

V : (n) (۱) انگریزی حروف تہجی کا بائیسواں حرف جو "واؤ" کی آواز دیتا ہے ۔ (۲) "V" کی شکل کا جوڑ۔ (۳) (رومی ہندسوں میں) پانچ کا ہندسہ ۔ (٤) "V" حرف کا ٹائپ ۔ (٥) پوشاک کا "V" شکل کا گلا ۔ (٦) حرف "V" کی شکل کی کوئی چیز ۔

Vaad/Vaadim : (n) [L. Heb. 'Wa' ad'.] یہودیوں کی مستند نمائندہ جماعت جو یہودی فرقے کی دیکھ بھال کرتی ہے اور اسے مشورے وغیرہ دیتی ہے ۔

Vaal : (n) [MDu. 'Vale'.] جنوبی افریقہ کے ہرن کی ایک قسم۔

Vaalhaai : (n) [Afr. 'Vaal'.] چھوٹی شارک مچھلی کی ایک قسم۔

Vac : (n) Vacation کا مخفف ۔

Vacance : (n) (۱) خالی کرنا یا کیاجانا؛ خالی ہونا ۔ (۲) تعطیل؛ چھٹی ۔ (۳) (اسکاچستان) دیکھو Vacation ۔

Vacancy : (n) [med. L. 'Vacantia'.] (۱) خالی ہونا ۔(۲) خالی جگہ؛ خالی اسامی ۔ (۳) خالی الذہن ہونا؛ بے خیالی؛ بے شغلی؛ (دماغ کا) مٹھاپن؛ بیکاری ۔ (٤) شگاف ۔ (٥) (مجازاً) خلا؛ کمی ۔ (٦) بے مغزی ۔ (۷) فراغت ۔ (۸) بلّور کا ایک نقص جو کسی جوہر یا برق پارے کی کمی کی وجہ سے پیدا ہو ۔

Vacancy clause/-permit : (n) جائداد کےبیمہ کی ایک مخصوص تصدیق جس کی رو سے معاہدے کے بعد مکان وغیرہ خالی رہنے پر بھی بیمہ شدہ رہتا ہے ۔

Vacant : (a) [Fr.] (۱) خالی؛ جس میں کوئی نہ ہو ۔(۲) خالی؛ تقرر طلب ۔ (۳) کھوکھلا ؛ سپاٹ ؛ بے مغز؛ مٹھا (دماغ)؛ بے سوچ ۔ (٤) بے معنی؛ بے کار ۔ (٥) لاوارث ۔

Vacant post : (n) خالی اسامی ۔

Vacantia/Vacantia bona : (n) [L.] لاوارث مال یا وراثت ۔

Vacantly : (adv.) خالی پن سے؛ بے وقوفی سے؛ حماقت سے؛ بے معنی طور پر ۔

Vacantness : (n) بے معنی ہونا؛ خالی الذہن ہونا ۔

Vacatable : (a) قابلِ انخلا؛ جسے خالی کیا جا سکے ۔

Vacate : (v) [L. 'Vacare'.] (۱) منسوخ کردینا؛ فسخ کردینا؛ (معاہدہ ، قانون وغیرہ) ۔ (۲) خالی کرنا یا کرانا ۔(۳) چھوڑ کر چلا جانا ۔(٤) (عامیانہ) چلا جانا؛ فرار ہوجانا ۔(٥) نجات دلانا (فکرو تردد سے) ۔(٦) چھٹیاں منانا؛ تعطیل گزارنا ۔

Vacation : (n) (۱) خالی کرنا یا کیا جانا؛ خالی ہونا ۔ (۲) تعطیل ؛ چھٹی ۔ (۳) فرصت ؛ فراغت ۔ (٤) بے شغلی؛ بے عملی ۔(٥) تنسیخ؛ منسوخی ۔ (٦) وقفہ؛ سکون ۔

Vacation : (v) چھٹیاں گزارنا؛ چھٹی لینا ۔

Vacation land : (n) تفریح گاہ، تعطیل گاہ ۔

Vacationer : (n) تفریح گاہ میں چھٹیاں گزارنے والا ۔

Vacationist : (n) دیکھو Vacationer

Vacationless : (a) بے تعطیل؛ بے چھٹی کا ۔

Vacatur : (n) مقدمے کو منسوخ کرنے کا عدالتی حکم ۔

Vaccaria : (n) [mod. L.] یوریشین سالانہ بوٹی کی ایک جنس۔

Vaccary : (n) [med. L. 'Vaccaria'.] (تاریخ) گاؤ شالہ؛ شیر خانہ ۔

Vaccinal : (a) ویکسینی؛ ویکسین کا؛ جُدرینی ۔

Vaccinal fever : (n) ویکسینی بخار ۔

Vaccinate : (v) (۱) چیچک کا ٹیکا لگانا؛ چیچک کی ویکسین کا ٹیکا لگانا ۔(۲) کسی اور ویکسین کا ٹیکا لگانا ۔

Vaccinate : (n) ٹیکا لگایا ہوا شخص ۔

Vaccination : (n) ٹیکا لگانا یا لگنا؛ جدرین کاری؛ ویکسینی ٹیکا؛ چیچک کاری ۔

Vaccination Act : (n) قانون چیچک کاری ۔

Vaccinationist : (n) چیچک کا ٹیکا جبراً لگانے کا حامی؛حامی چیچک کاری ۔

Vaccinator : (n) (۱) ٹیکے والا؛ ٹیکا لگانے والا؛ چیچک کار ۔ (۲) ٹیکےلگانے کا آلہ ۔

Vaccine : (n) ویکسین؛ ٹیکا دینے کا مادہ؛ جدرین؛ مصل چیچک ۔

Vaccine : (a) [L. 'Vaccinus'.] (۱) گائے سے متعلق؛ گائے کا ۔ (۲) چیچک وغیرہ کے ٹیکے کا ۔ (٤) گوتھن سیتلا سے متعلق یا اس جیسا ۔

Bovine vaccine : گائے سے حاصل کی ہوئی ویکسین؛ مصل البقر؛ گاوی ویکسین ۔

Vaccine disease : (n) گوتھن سیتلا؛ جدرین البقر؛ تھنوں کے دانے (جن سے ٹیکے کا مادہ حاصل کرتے ہیں) ۔

Vaccine innoculation : (n) دیکھو Vaccination

Vaccine lymph : (n) ویکسینی لف؛ جدرینی لف ۔

Vaccine matter : (n) دیکھو Vaccine-lymph

Vaccine pock : (n) دیکھو Vaccine-disease

Vaccine virus : (n) دیکھو Vaccine-lymph

Vaccinia : (n) [mod. L. vaccinus'.] (مرضیات) گوتھن سیتلا؛ جدری البقر؛ مصنوعی چیچک جو ٹیکا لگانے سے پیدا ہوتی ہے ۔

Vacciniaceae : (n) [mod. L.] جھاڑیوں اور درختوں کا ایک خاندان ۔

Vaccinial : (a) گوتھن سیتلا کا یا اس سے متعلق ۔

Vacciniform : (a) گوتھن سیتلا سے مشابہ، جدری البقر جیسا۔

Vaccinist : (n) ٹیکے لگانے والا؛ چیچک کے ٹیکے جبراً لگانے کا حامی۔

Vaccinium : (n) [L. 'Vaccinium'.] پودوں کی ایک جنس؛ اس جنس کا کوئی پودا؛ خصوصاً بلبیری (Bilberry) ۔

Vaccinoid : (a) دیکھو Vacciniform

Vachette clasp : (n) [Fr.] مضبوط لوہے کے تار کا ٹکڑا جس کا سرا مڑا ہوا اور نوکدار ہوتا ہے اور جسے گھوڑے کی نعل میں لگاتے ہیں ۔

Vacillancy : (n) (۱) حیص بیص؛ پس و پیش؛ تذبذب؛ دو دلی؛ (۲) تلون ۔(۳) لہر چال ۔

Vacillant : (a) [L. Vacillare'.] (۱) مذبذب؛ متلون؛ پس و پیش میں ۔(۲) (حشریات) متلون؛ جھولنے والا ۔

Vacillate : (v) (۱) ادھر ادھر ہلنا؛ جھولنا؛ ڈگمگانا ۔ (۲) پس وپیش کرنا؛ مذبذب ہونا۔ (۳) باربار رائے بدلنا؛ متلون ہونا ۔

Vacillating : (a) (۱)پس وپیش کرنےوالا؛مذبذب ۔ (۲) متلون ۔(۳) تغیر پذیر؛ کبھی کچھ کبھی کچھ ؛ بدلتے رہنے والا ۔

Vacillatingly : (adv.) حیص بیص میں؛ پس و پیش کرتے ہوئے ۔

Vacillation : (n) دیکھو Vaccillancy

Vacillator : (a) جھولنے والا؛ پس و پیش کرنے والا؛ باربار رائے بدلنے والا ۔

Vacillatory : (a) مذبذب؛ متلون؛ پس و پیش کرنے والا ۔

Vacoa : (n) [Native name in Mauritius.] ایک قسم کا صنوبر ۔

Vacreator : (n) پاسچر کے طریقے سے دودھ کے مکھن کو صاف کرنے کی ایک مشین کا تجارتی نام ۔

Vacua : (n) (۱) خلا؛ وہ جگہ جو مادے سے مطلقاً خالی ہو ۔ (۲) دیکھو Vacuum ۔

Vacuist : (n) [mod. L. 'Vacuista'.] معتقدِ خلا ۔

Vacuity : (n) [Fr. 'Vacuite'. or L. 'Vacuitas'.] (۱) خالی ہونا؛ خلا ۔(۲) بےمغزی ۔(۳) بے معنی ہونا ۔(٤) خالی الذہن ہونا۔(٥) فقدان ۔(٦) بے شغلی؛ بے کاری ۔

Vacuolar : (a) خلال کا؛ خلال دار؛ خالیوی ۔

Vacuolate : (a) خالیہ دار؛ خلال دار؛ جوف دار ۔

Vacuolate : (v) خلال یا خلایہ بننا ۔

Vacuolated : (a) دیکھو Vacuolate

Vacuolation : (n) خلال داری؛ خالیہ داری ۔

Vacuole : (n) [Fr.] (۱) خلال؛ خالیہ؛ کسی عضو میں باریک جوف جس میں ہوا یا سیّال شے ہو ۔ (۲) (دمدار تارے کا) خالی حصہ یا جگہ ۔

Vacuolization : (n) (۱) دیکھو Vacuolation ۔ (۲) خلایہ سازی ۔

Vacuome : (n) خالینہ ۔

Vacuometer : (n) (۱) خلا پیما ۔ (۲) معیاری بار پیما ۔

Vacuous : (a) [L. 'Vacuus'.] (۱) خالی؛ جس میں خلا ہو ۔ (۲) کھوکھلے دماغ کا؛ بے مغز ۔ (۳) بے معنی ۔ (٤) بے شغل؛ بے کار؛ کاہل؛ مجہول ۔

Vacuously : (adv.) بےمغزی سے؛ بے معنی طور پر ۔

Vacuousness : (n) خالی ہونا؛ بے مغزی؛ بے معنی ہونا؛ بے شغلی ۔

Vacuum : (n) [L.] (۱) خلا؛ وہ جگہ جو مادے سے مطلقاً خالی ہو ۔ (۲) وہ ظرف یا مکان جس سے ہَواکش کے ذریعے ہَوا نکال لی گئی ہو ۔ (۳) ہوا کے دباؤ کا طبعی حد سے کم ہونا ۔ (٤) بیرونی اثر یا عناصر سے علاحدگی ۔ (٥) کوئی ترکیب جس میں جزوی خلا پیدا کیا جا سکے یا جو ضروری خلا کی وجہ سے کام کرے، خصوصاً گرد کش ۔

Absolute vacuum : خلائے مطلق ۔

Guerickia vacuum : خلا جو ہوا کش سے پیدا کیا جائے ۔

Torricellian vacuum : خلا جو پارے کے پمپ سے پیدا کیا جائے ۔

Vacuum : (a) (۱) خلائی؛ خلا سے متعلق ۔ (۲) خلا پیدا کرنے والا ۔ (۳) جزوی خلا پیدا کرنے والا ۔ (٤) خلا پیدا کرکے بنایا ہوا ۔

Vacuum : (v) (۱) خلائی ترکیب استعمال کرنا ۔ (۲) گرد کش سے صاف کرنا ۔

Vacuum-back : (n) خلائی پلیٹ (کیمرے کی) ۔

Vacuum-bottle : (n) فلاسک؛ دھات یا شیشے کی بوتل جس میں چیز بہت دیر تک گرم یا ٹھنڈی رہتی ہے ۔

Vacuum-brake : (n) خلا روک؛ خلائی بریک جس سے ریل یا گاڑی کو روکتے ہیں ۔

Vaccum-clean : (v) گرد کش کے ذریعہ صاف کرنا ۔

Vacuum-cleaner : (n) گردکش؛ آلہ جو ہَوا کے ساتھ گرد کو بھی کھینچ لیتا ہے ۔

Vacuum-coffee maker : (n) کافی بنانے کی مشین ۔

Vacuum-cup : (n) ربر وغیرہ کا نیم کھوکھلا کرہ جو کسی ٹھوس سطح پر چپک سکتا ہے ۔

Vacuum-desiccator : (n) خلائی خشکالہ ۔

Vacuum-distillation : (n) خلائی کشید ۔

Vacuum-filter : (n) خلائی مقطار ۔

Vacuum-flask : (n) ظرف خلا؛ خلا بوتل؛ دہری بوتل جس کے دونوں حصے کے بیچ میں خلا ہوتا ہے جس کی وجہ سے اندر کے حصے میں جو چیز ہو وہ گرم یا ٹھنڈی رہتی ہے ۔

Vacuum-gauge : (n) خلا کا بار پیما؛ خلا پیما؛ خلا ناپ ۔

Vacuum packed : (a) (۱) ایسے ڈبے میں بند جس میں سے زیادہ تر ہوا نکال لی گئی ہو ۔

Vacuum-pan : (n) ایک قسم کا قرنبیق جو جزوی طور پر خالی آلے سے سلا رہتا ہے اور چینی بنانے میں کام آتا ہے ۔

Vacuum-pump : (n) خلا پمپ؛ ہوا پمپ ۔

Vacuum-system : (n) خلائی نظام ۔

Vacuum-tube : (n) خلا نلکی؛ خلائی نلی؛ جو ہوا سے بالکل خالی کر کے سر بہ مہر کردی گئی ہو ۔

Vacuum-valve : (n) (۱) خلائی صمام؛ کھلمندن جو اندر کی طرف کھلتا ہے ۔(۲) دیکھو Vacuum-tube ۔

Vacuum-ventilation : (n) ہَوا داری جس میں نکاس پنکھا کے ذریعہ ہوا باہر سے اندر لائی جاتی ہے ۔

Vacuum-weight : (n) خلائی وزن؛ وہ وزن جو خلائی وزن کے برابر ہو ۔

Vacuumize : (v) (۱)خلا پیدا کرنا ۔(۲)خلائی ترکیب سےصاف کرنا، خشک کرنا یا بند کرنا ۔

Vade-mecum : (n) [L.] (۱) کوئی کتاب (مثلاً دستور العمل وغیرہ) جو ہمیشہ ساتھ رہتی ہو؛ کتاب الجیب ۔ (۲) رفیق (کتابوں کے نام کا جزو) ۔ (۳) کوئی چیز جو ہر وقت ساتھ رہتی ہو ۔

Vadimonium : (n) [L.] بعض قسم کی قانونی گروی یا ضمانت۔

Vadose : (a) [L. 'Vadosus'.] زیر زمین سطح آب سے نیچے کے پانی کا یا اس سے متعلق ۔

Vaesite : (n)[Johannes Vaes, a Belgian minerologist.] ایک معدنی شے جس میں نیکل کا سلفائڈ ہوتا ہے ۔(NiS_2)

Vag : (n) [by shortening] (۱) خانہ بدوش ۔(۲) آوارہ گرد؛ مارا مارا پھرنے والا ۔(۳) دیکھو Vagrant ۔

Vag : (v) خانہ بدوش سمجھ کر گرفتار کر لینا ۔

Vagabond : (a) [Fr., or L. 'Vagabondus'.] (۱) خانہ بدوش ۔ (۲) جو مارا مارا پھرے؛ آوارہ ۔ (۳) سیلانی؛ چلنے پھرنے والی (مکڑی) ۔ (٤) آوارہ گرد ۔ (٥) (عامیانہ) بد معاش؛ لچّا ۔

Vagabond : (n) (۱) خانہ بدوش ۔(۲) آوارہ گرد شخص ؛ بدمعاش شخص؛ بدنام آدمی ۔

Vagabond : (v) آوارہ گردی کرنا؛ مارا مارا پھرنا ۔

Vagabondage : (n) (۱) آوارگی؛ آوارہ گردی ۔(۲) آوارہ گرد لوگ ۔

Vagabondia : (n) آوارگی؛ آوارہ گردی ۔

Vagabondish : (a) (۱) آوارہ جیسا؛ خانہ بدوش سے مشابہ ۔ (۲) آوارہ گرد؛ آوارہ مزاج ۔ (۳) آوارگی کا؛ آوارہ گردوں کا ۔

Vagabondism : (n) آوارگی؛ آوارہ گردی ۔

Vagabondize : (v) (۱) آوارہ گردی کی زندگی بسر کرنا ۔ (۲) مارا مارا پھرنا ۔

Vagabondry : (n) دیکھو Vagabondage

Vagabond's disease : (n) مرض آوارگان؛ جلد کی ایک بیماری۔

Vagal : (a) [f. Vagus + - AL.] تانوی؛ عصب تایہ سے متعلق یا اس پر اثر کرنے والا؛ کھوپڑی سے نیچے جانے والے عصبہ/ پٹھے سے متعلق ۔

Vagal nerve : (n) عصب تایہ ۔

Vagarious : (a) (۱) وہمی؛ متلون ۔(۲) مارا مارا پھرنے والا؛ گشت لگانے والا ۔

Vagary : (n) [L. 'Vagari'.] (۱) خیال پریشاں؛ وہم؛ بے سرو پا خیال ۔ (۲) من کی موج؛ لہر ۔ (۳) انوکھی حرکت؛ اپج کی حرکت ۔(٤) انحراف ۔(٥) قدرت کا کھیل؛ غیر متوقع حرکت ۔

Vagile : (a) آزادانہ حرکت کرنے والا ۔

Vagility : (n) آزادانہ حرکت کرنے کی صفت یا حالت؛ کسی جسم نامی کی زندہ رہنے کی صلاحیت ۔

Vagin-/Vagini : جزو ترکیبی بمعنی " فرج " "مہبل" "غلاف" ۔

Vagina : (n) [L.] (۱) (تشریح، مرضیات) فرج ؛ مہبل ؛ اندام نہانی ۔(۲) نیام؛ غلاف ۔(۳) (نباتیات) وہ غلاف جو اس مقام پر بن جاتا ہے جہاں پتیاں تنے سے ملتی ہیں ۔(٤) مورتی پایہ کا اوپری حصہ جہاں سے مورت کا حصہ شروع ہوتا ہے ۔

Vaginal : (a) (۱) فرج کا؛ مہبلی ۔(۲) (نباتیات) غلاف نما ۔ (۳) (اوزار) فرج کی جراحی میں استعمال ہونے والا۔

Vagina masculina : (n) مہبل مردانہ ۔

Vagina synovialis : (n) (ہاتھ یا پیر کے) وتر کا زلالی غلاف ۔

Vagina tendinis : (n) دیکھو Vagina synovialis

Vaginal : (n) فرج کا شریان یا عضلہ؛ مہبلی شریان یا عضلہ۔

Vaginal artery : (n) مہبلی شریان ۔

Vaginal process : (n) مہبلی زائدہ ۔

Vaginant : (a) (نباتیات) غلاف دار ۔

Vaginate : (a) (شاذ) غلاف دار ۔

Vaginicola : (n) [mod. L.] مودار حونیات ابتدائی کی ایک جنس۔

Vaginicolous : (a) غلاف باش؛ مہبل باش ۔

Vaginiferous : (a) مہبل بردار ۔

Vaginismus : (n) تشنج مہبل؛ تضیق مہبل ۔

Vaginitis : (n) ورم مہبل؛ سوزش مہبل؛ التہاب فرج ۔

Vaginopennate : (a) غلاف پرا ۔

Vaginoscope : (n) مہبل بین ۔

Vaginotomy : (n) مہبل تراشی؛ فرج کا عمل جراحی ۔

Vaginula : (n) [mod. L. dim. or Vagina.] (نباتیات) غلافچہ ۔

Vaginulate : (a) غلافچہ دار ۔

Vaginule : (n) دیکھو Vaginula

Vago-depressor : (n) عصب تائیہ پر انخفاضی اثر پیدا کرنے والی (دوا یا اس کا اثر)۔

Vagotomize : (v) عصب تائیہ کی جراحی تقسیم کرنا ۔

Vagotomy : (n) عصب تائیہ کی جراحی تقسیم ۔

Vagotonia/Vagotony : (n) عصب تائیہ کی حد سے زیادہ اشتعال پذیری؛ ہیجان تائیہ ۔

Vagotropic : (a) صرف عصب تائیہ پر اثر کرنے والی (دوا) ۔

Vagrance : (n) آوارہ گردی ۔

Vagrancy : (n) دیکھو Vagrance

Vagrant : (a) [AFr. 'Vagarant'.] (۱) سیلانی؛ خانہ بدوش؛ خانہ بدوشانہ؛ سفری ؛ دورہ کرنے والا ۔(۲) پریشان خیال؛ منتشر (دماغ)؛ پریشان؛ بے سر و پا (خیالات) ۔ (۳) آوارہ گرد؛ متلون ۔ (٤) ادھر ادھر پھرنے والا؛ غیر ساکن ۔

Vagrant : (n) (۱) خانہ بدوش ۔(۲) آوارہ گرد؛ مارامارا پھرنے والا؛ بے سمت، بے مقصد پھرنے والا۔ (۳) جانور جو غذا کی تلاش میں ادھر ادھر مارے پھرتے ہیں ۔

Vagrantly : (adv.) (۱) سیلانیوں کی طرح ۔(۲) آوارہ گردوں کی طرح۔

Vagrom : (a) [Illiterate alteration of Vagrant.] آوارہ گرد؛ سیلانی؛ خانہ بدوش ۔

Vague : (a) [Fr. or L. 'Vagus'.] (۱) غیر واضح؛ دھندلا ۔ (۲) مبہم؛ مگہم؛ گول مول ۔ (۳) کھویا ہوا؛ پراگندہ دماغ ۔(٤) دھندلے خیالات رکھنے والا؛ مگہم بات کہنے والا ۔ (٥) (مصری سال یا مہینے) مختلف موسموں سے شروع ہونےوالا ۔

Vague : (n) (۱)(کسی چیز کا) مبہم پہلو ۔(۲)غیر معین حالت؛ غیر معین پھیلاؤ ۔

In the vague : اکثر؛ عموماً؛ بیشتر ۔

Vague : (adv.) غیر واضح طور پر؛ مبہم طور پر ۔

Vague year : (n) قدیم مصریوں کا تین سو پینسٹھ (۳٦٥) دنوں کا سال جو رومی فتح سے پہلے رائج تھا ۔

Vaguely : (adv.) (۱) غیر واضح طور پر؛ مبہم طور پر ۔ (۲) مگہم الفاظ میں؛ گول مول الفاظ میں ۔

Vagueness : (n) (۱) غیر واضح ہونا؛ دھندلاپن؛ دھندلا ہونا؛ ابہام؛ مگہم پن ۔(۲) کھویا ہواہونا؛ پراگندگی دماغ۔

Vaguish : (a) کسی قدر مبہم ۔

Vagus : (n) [L.] (تشریح، مرضیات) شش معدی اعصاب؛ عصب تائیہ؛ عشریہ ۔

Vagus nerve : (n) عصب تائیہ؛ عصب شش معدی ۔

Vahine : (n) [Tahitian.] مرکزی پولی نیشیا (Polynesia) کی عورت۔

Vai/Vei : (n) (۱) لائبیریا کےحبشی لوگ ۔(۲) ان کا ایک فرد ۔(۳) ان لوگوں کی مینڈے (Mande) زبان ۔

Vaibhasika : (n) [Skr.] بودھ فلسفے کا ایک عملی نظریہ ۔

Vail : (v) [Fr. 'Valoir'.] بخشش(جو نوکروں کو دی جاتی ہے)؛ انعام ۔

Vail : (v) (۱) (قدیم و شعر) (طرّے ، تاج، وغیرہ کو) اظہارِ اطاعت کے لئے جھکانا ۔(۲) تعظیم کے لئے ٹوپی اتارنا ۔(۳) (مجازاً) اطاعت قبول کرنا؛ جھکنا ۔

Vain : (a) [Fr. 'Vain, Vaine'.] (۱) بے بنیاد؛ خالی خولی؛ بے حقیقت ۔ (۲) جزوی؛ بہت خفیف یامعمولی ۔ (۳) بے فائدہ ؛ بے نتیجہ ؛ لاحاصل ؛ فضول ۔ (٤) خود پسند؛ خود نما؛ جسے اپنی خوبصورتی یا لیاقت پر حد سے زیادہ ناز ہو ۔

In vain : بے فائدہ؛ لاحاصل ؛ بے کار ۔

To take (esp. God's) name in vain : بے ادبی سے ذکر کرنا ۔

Vainglorious : (a) شیخی باز؛ لاف زن ۔

Vaingloriously : (adv.) شیخی سے؛ لاف زنی سے ۔

Vaingloriousness : (n) شیخی بازی۔

Vainglory : (n) (۱) شیخی؛ لاف زنی؛ بےجا غرور ۔ (۲) بےجا نمود؛ نمائش ۔

Vainglory : (v) شیخی کرنا؛ بےجا غرور کرنا ۔

Vainly : (adv.) (۱) بے فائدہ ۔(۲) خود پسندی سے؛ خود نمائی سے ۔

Vainness : (n) (۱) بے فائدہ ہونا ۔(۲) بے بنیاد یا بے حقیقت ہونا ۔

Vair : (n) [Fr.] (۱) (نقابت) چھوٹی چھوٹی سپر نما شکلوں کا سلسلہ جو باری باری سے نقرئی اور لاجوردی رنگ کی ہوتی ہیں ۔(۲) (قدیم) گلہریوں کا سمور ۔(۳) (قدیم) نیولا؛ ایک قسم کا سمور دار جانور ۔

Vairy : (a) (نقابت) (مارکہ وغیرہ) دو یا زیادہ رنگوں کا؛ بوقلموں ۔

Vaisheshika/Vaisesika : (n) [Skr.] ہندو دھرم کا کٹر فلسفیانہ نظام جس میں علم کائنات کے جوہری نظریے پر یقین ہوتا ہے ۔

Vaishnava/Vaisnava : (n) [Skr.] وشنو کی پوجا کرنے والا ۔

Vaisya : (n) [Skr.] ویش؛ ہندوؤں کی چار ذاتوں میں سے تیسری ذات جس میں بنیا اور کایستھ وغیرہ شامل ہیں ۔

Vaivode : (n) [early Magyar 'Vajvoda'.] جنوب مشرقی یورپ کے بعض ممالک کا مقامی حکمراں یا افسر ۔

Vajrayana : (n) [Skr.] تنتری بدھ مذہب ۔

Vakass : (n) [Arm. 'Vagas'.] آرمینی کلیسا کے پادریوں کی کلاہ ۔

Vakeel/Vakil : (n) [Urdu, 'Vakil'.] (۱) نمائندہ؛ سفیر؛ وکیل ۔ (۲) وکیل؛ پلیڈر ۔

Valance : (n) [AFr.] (۱) مسہری کا پردہ ۔(۲) ٹوپی کا چھجا (دھوپ وغیرہ سے حفاظت کےلئے) ۔(۳) (مونچھ وغیرہ کے) جھالر کی طرح لٹکتے ہوئے بال ۔

Valanced : (a) (۱) جس پر پردے لٹکے ہوں ۔(۲)جس میں لٹکتا ہوا بال ہو ۔

Valdepenas : (n) [Sp.] ایک قسم کی شراب (جو عموماً سرخ یا سفید ہوتی ہے) ۔

Vale : (n) [Fr. 'Val'.] (۱) وادی؛ گھاٹی؛ درہ؛ فراخ وادی ۔ (۲) پرنالہ یا نالی جس میں بمبے وغیرہ کا پانی گرتا ہے ۔(۳) دنیا؛ زندگی ۔

The vale of years : ضعیفی؛ زندگی کے آخری دن ۔

Vale : (Int.) خیر باد؛ الوداع؛ خدا حافظ ۔

Vale : (n) الوداع؛ رخصت؛ خیر باد ۔

Valediction : (n) [L. 'Vale, or Valedicere'.] (۱) خدا حافظ کہنا؛ الوداع کہنا ۔(۲) الوداعی الفاظ؛ رخصتی الفاظ ۔

Valedictorian : (n) کالج کے سینیر طالب علم جو الوداعی تقریر کرتے ہیں ۔

Valedictorian : (a) الوداعی تقریر یا تقریر کرنے والے سے متعلق ۔

Valedictory : (a) الوداعی؛ رخصتی ۔

Valedictory : (n) (۱) الوداعی تقریر جو سینیر طلباء ڈگری لینے کے بعد بعض دوسرے موقعوں پر کرتے ہیں ۔(۲) الوداعی تقریر یا بیان ۔

Valence : (n) (۱) (کیمیا) گرفت؛ گرفت کی اکائی ؛ ہائیڈروجن کے ایک جوہر کی قوتِ ترکیبی ۔ (۲) (طبیعیات) قوت؛ فعال طاقت ۔

Valencia/Valentia : (n) (۱) ہسپانیہ کاصوبہ بلنسیہ ۔(۲) اون اور سوت یا ریشم ملا ہوا کپڑا ۔(۳) بلنسیہ کا بادام یا کشمش ۔(٤) ایک قسم کی نارنگی ۔

Valencia/Valentia : (a) بلنسیہ کا یا وہاں سے متعلق ۔

Valencia cocktail : (n) خوبانی کی شراب اور نارنگی کےرس کا مرکب مشروب ۔

Valencian : (a) دیکھو Valencia

Valencian : (n) بلنسیہ کا باشندہ ۔

Valenciennes : (n) (۱) شمالی فرانس کا ایک شہر ۔(۲) ایک قسم کی لیس ؛ اس لیس کی جھالر (جسے Valenciennes lace بھی کہتے ہیں) ایک قسم کی بھاری کام کی بیل ۔

Valency : (n) [L. 'Valentia'.] (۱) (کیمیا) گرفت؛ گرفت کی اکائی؛ ہائیڈروجن کے ایک جوہر کی قوتِ ترکیبی ۔(۲) (طبیعیات) قوت؛ فعال طاقت ۔

Valency electron : (n) گرفتی برقیے ۔

Valency shell : (n) جوہر کا سب سے باہری خول جس میں گرفتی برقیے رہتے ہیں ۔

Valent : (a) گرفتہ؛ گرفت دار ۔

Valentine : (n) [Fr. 'Valentin'.] (۱) یوم ویلنٹائن؛ ۱٤/فروری کی تاریخ جب مقدس ویلنٹائن کو سولی دی گئی تھی؛ عام عقیدے کے مطابق اس روز پرندے اپنے جوڑے بناتے ہیں ۔(۲) معشوق جو اس روز منتخب کیا جائے ۔ (۳) عاشقانہ یا طنزیہ خط یا تصویر جو اس دن مرد عورت کو یا عورت مرد کو بھیجتی ہے؛ محبت نامہ ۔ (٤) معشوق کے انتخاب کا قرعہ ۔

Valentine day : (n) یوم ویلنٹائن ۔

Valentinian : (n) غناسطی فرقہ کا بانی مصری عالم دین ویلنٹینن کا پیرو یا معتقد ۔

Valentinian : (a) بانی بدعت ویلینٹینس (Valentinus) کے غناسطی فرقے سے متعلق یا پیروی کرنے والا ؛ ویلینٹینس یا اس کے معتقد کا پڑھایا ہوا یا اشاعت کیا ہوا ۔

Valentinianism : (n) غناسطیت جس کا بانی ویلینٹینس تھا۔

Valer aldehyde : (n) چارسیال الڈی ہائیڈوں میں سے کوئی ایک $(C_4 H_9 CHO)$ ۔

Valeramide : (n) چار بلوری امائیڈ (amides) $(C_4 H_9 CO\ NH_2)$ میں سے کوئی ایک جو سنبل کے تیزاب سے حاصل کیا جاتا ہے ۔

Valerate : (n) (کیمیا) ایک نمک جو کسی اساس پرولیرین کے ترشے کے عمل سے بنتا ہے ۔

Valerian : (n) [Fr. 'Valeriane'.] (۱) ولیرین؛ ایک قسم کا پودا جس میں چھوٹے چھوٹے گلابی اور سفید پھول ہوتے ہیں جن کی تیز خوشبو بلیوں اور چوہوں کو مرغوب ہے اور جسے دواؤں میں استعمال کیا جاتا ہے؛ جنسِ سنبل؛ جنسِ بالچھڑ؛ بلی لوٹن ۔(۲) اس کی جڑ سے نکالی ہوئی دوا جو بطور مفرح استعمال کی جاتی ہے ۔

Valerian family : (n) سنبلیہ ۔

Valerian oil : (n) ناخوشگوار بو کا ایک تیل جو آفتاب پرست پھولوں کی جڑوں سے حاصل کیا جاتا ہے ۔

Valeriana : (n) [mod. L.] سالانہ بوٹیوں کی ایک جنس ۔

Valerianaceae : (n) [L.] سنبلیہ ۔

Valerianate : (n) دیکھو Valerate

Valerianic : (a) ولیرین کا؛ سنبل کا؛ سنبلی ۔

Valeric : (a) ولیرین کی جڑ کا ۔

Valeric acid : (n) سنبل کا تیزاب؛ ایک روغنی ترشہ $(C_5 H_{10} O_2)$ ۔

Valerin : (n) گلیسرین کا مرکب اثیر جو سنبل کے تیزاب کو گلیسرین کے ساتھ گرم کرنے سے حاصل ہوتا ہے ۔

جزو ترکیبی بمعنی "سنبلی" "ولیرین کا" ۔ Valero/Valer :

ایک شفاف، بے رنگ،حرکت پذیر سیال؛ سنبل کے تیزاب کا کیٹون ۔ Valerone : (n)

(کیمیا) سنبل کے تیزاب کا فرضی یک گرفتہ اصلیہ(C_5H_9O) ۔ Valeryl : (n)

(۱) خاص خدمت گار(جو کپڑے پہنانے وغیرہ کا کام کرتا ہے) ۔ (۲) ہوٹل وغیرہ کا خاص ملازم ۔ (۳) آنکس یا چھڑی جس کے سرے پر لوہا لگا رہتا ہے ۔ (٤) کپڑے یا دوسری ذاتی چیزوں کے رکھنے کا ایک قسم کا فریم یا چوکھٹا ۔ Valet : (n) [Fr.]

خدمت گار ہونا؛ خدمت گار کا کام انجام دینا ۔ Valet : (v)

دیکھو Valet Valet-de-chambre : (n) [Fr.]

رہبر؛ رہنما؛ پیشرو ۔ Valet-de-place : (n) [Fr.]

خدمت گاران ۔ Valetaille : (n) [Fr.]

ذاتی خدمت گاران ۔ Valetry : (n)

سدا روگی؛ دائم المریض؛ کم زور صحت کا شخص ۔ Valetudinarian : (n)

(۱) کم زور صحت کا ؛ دائم المریض ؛ کم زور ۔ (۲) جویائے صحت ۔ (۳) اپنی صحت کا حد سے زیادہ فکر کرنے والا شخص؛ صحت کا سودائی؛ وسواسی ۔ Valetudinarian : (a)

دائم المریض ہونا ؛ صحت کا سودا ؛ کم زور صحت ۔ Valetudinarianism : (n)

(۱) دائم المریض؛ وسواسی ۔ (۲) کم زور صحت کا ۔ Valetudinary : (a) [L. 'Valetudinarius'.]

صحت کا سودائی؛ کم زور صحت کا شخص ۔ Valetudinary : (n)

(مرضیات) روح القدم؛ ٹانگ یا پاؤں کی مڑی ہوئی ہڈیوں کی حالت؛ ٹانگ کی ہڈی کی خمیدگی ۔ Valgus : (n) [L.]

(۱) (اسکینڈی نیویا کی دیو مالا) ولہالا؛ قصر شہداء؛ وہ قصر جس میں مقتول سورماؤں کی ارواح جمع ہو کر جشن مناتی ہیں ۔ (۲) (مجازاً) روضہ؛ مقبرہ ۔ (۳) وہ عمارت جس میں کسی قوم کے مشاہیر کا مدفن ہو یا ان کے مجسمے وغیرہ نصب ہوں ۔ Valhalla : (n) [mod. L.]

ترکی صوبے کا گورنر ۔ Vali : (n) [Turk.]

(۱) بہادری؛ شجاعت ۔ (۲) (قدیم) کارنمایاں ۔ Valiance : (n) [AFr.]

دیکھو Valiance Valiancy : (n)

(۱) بہادر؛ شجاع ۔ (۲) بہادرانہ؛ بہادری کا؛ شجاعانہ؛ مردانہ؛ مردانگی کا ۔ (۳) عمدہ؛ قابلِ ذکر ۔ Valiant : (a) [AFr. 'Valiaunt'.]

بہادر؛ بہادر شخص ۔ Valiant : (n)

مردانہ وار؛ بہادری سے ۔ Valiantly : (adv.)

مردانہ وار ہونا؛ بہادری؛ شجاعت ۔ Valiantness : (n)

(۱) معقول؛ مضبوط؛ بجا؛ صحیح (دلیل، اعتراض وغیرہ)؛ درست؛ واجب ۔ (۲) (قانون) باضابطہ؛ جائز؛ جو قانون کے مطابق اور ضابطے کے لحاظ سے مکمل ہو ۔ (۳) (کلیسا) تکنیکی طور پر مکمل یا مجرب ۔ (٤) با اثر؛ مؤثر؛ پُراثر ۔ (٥) صحت مند؛ مضبوط؛ موٹا تازہ؛ ہٹاکٹا ۔ Valid : (a) [Fr. 'Valide' or L. 'Validus'.]

(۱) جائز قرار دینا؛ مباح کرنا ۔ (۲) توثیق کرنا؛ تصدیق کرنا ۔ Validate : (v) [med. L. 'Validare'.]

توثیق؛ جواز نامہ ۔ Validation : (n)

توثیقی ۔ Validatory : (n)

(۱) باضابطہ ہونا؛ جائز ہونا ۔ (۲) معقولیت؛ صحت ؛ بجا ہونا ؛ جواز ؛ صحت قانونی ۔ (۳) تاثیر؛ قوت؛ اثر ۔ Validity : (n)

(۱) باضابطہ طور پر؛ جائز طور پر ۔ (۲) بجا طور پر؛ صحیح طور پر ۔ Validly : (adv.)

دیکھو Validity Validness : (n)

ایک سفید بلوری امینوایسڈ جو لحمیہ میں پایا جاتا ہے اور انسانی غذا کے لئے اہم جزو ہے ($(CH3)_2$ CHCH (NH_2) COOH) ۔ Valine : (n) [f. val(eric)]

(۱) ایک قسم کا بیگ یا پورٹ منٹو ۔ (۲) (فوج) سپاہیوں کا پیٹھ پر باندھنے کا تھیلا ۔ Valise : (n) [Fr.]

Valkyr : (n) (اسکینڈی نیویائی دیومالا میں) والکیر؛ دیوتا اوڈن کی بارہ پیش خدمتوں میں سے کوئی ایک جو اس کا فیصلہ کرتی ہیں کہ لڑائی میں کون کون شخص قتل ہوگا ۔

Valkyrian : (a) والکیر یا جنگ سے متعلق ۔

Valkyrie : (n) [ON. 'Valkyrja'.] دیکھو Valkyr

Vallance : (n) دیکھو Valance

Vallar : (a) [L. 'Vallaris'.] (قدیم روم) (مکث یا ہار) اس سپاہی کو دیا ہوا جو سب سے پہلے دشمن کے مورچے پر حملہ /دھاوا کرتا ہے ۔

Vallary : (a) دیکھو Vallar

Vallate : (a) [L. 'Vallatus'.] کاسی ۔

Vallecula : (n) [L. 'Vallicula'.] (تشریح، نباتیات) خیارہ؛ گہری لکیر؛ شیار؛ جھری؛ تجویف ۔

Valleculer : (a) خیارہ نما؛ شیار دار؛ جھری دار ۔

Valleculate : (a) خیارہ دار ۔

Valleriite : (n) [Sw. 'Valleriit'.] ایک معدنی شے جس $Cu_2 Fe_4 S_7$ میں تانبے اور لوہے کا سلفائیڈ رہتا ہے ۔

Valley : (n) [AFr. 'Valey'.] (۱) وادی؛ گھاٹی؛ تنگ درہ ۔ (۲) وادی نما نشیب ۔ (۳) (تعمیرات) اندرونی زاویہ جو ڈھلوان چھتوں کے اتصال سے بنتا ہے ۔ (٤) شطر دماغ کا نشیب ۔ (٥) سوسن کی قسم کا ایک پھول (Lily of the valley) ۔

Valley of the shadow (of death) : انتہائی آلام و مصائب (کا زمانہ) ۔

Valley board : (n) (تعمیرات) اندرونی زاویے کے پاس کی سیسے کی نالی ۔

Valley breeze : (n) وادی میں چلنے والی بادِ نسیم ۔

Valley fever : (n) ایک قسم کا بخار جو انسانوں اور جانوروں کو آتا ہے ۔

Valley flat : (n) چشمے کے کنارے کی نشیبی سطح زمین ۔

Valley lily : (n) سوسن کی قسم کا ایک پھول ۔

Valley of tears : (n) دنیا ۔

Valley quail : (n) بٹیر کی ایک قسم ۔

Valley of elevation : (n) طبقات الارض کے شگاف سے نکلنے والی وادی ۔

Valley wind : (n) باد وادی ۔

Vallisneria : (n) [med. L.] سطح سمندر سے نیچے کے آبی پودوں کی ایک جنس ۔

Vallota : (n) [mod. L., after Antoine Vallot, a Fr. Physician] جنوبی افریقہ کی گٹھی دار بوٹیوں کی ایک جنس ۔

Vallum : (n) [L.] (۱) دمدمہ؛ پشتہ خصوصاً وہ جو رومیوں نے انگلستان اور مرکزی اسکاچستان میں بنایا تھا ۔ (۲) (تشریح) ابرو؛ بھوں ۔

Valois : (a) [Fr.] فرانس کے اس شاہی خاندان کا یا اس سے متعلق جو سنہ ۱۳۲۸ سے ۱۵۸۹ء تک حکومت کرتا تھا ۔

Valonia : (n) [It. 'Vallonia'.] کاس بلوط؛ ولونیا ۔

Valor : (n) [Var. of Valour.] (۱) طاقت ؛ قوت؛ اہمیت ۔ (۲) شجاعت ؛ بہادری ۔

Valorization : (n) [Fr.] تعین قیمت (سرکاری طور پر)؛ سرکاری قیمت بندی ۔

Valorize : (v) سرکاری طور پر کسی چیز کی قیمت بڑھانا یا معین کرنا ۔

Valorous : (a) [OFr. 'Valerous'.] (۱) بہادر؛ شجاع ۔ (۲) بہادرانہ؛ شجاعانہ ۔

Valorously : (adv.) شجاعت سے؛ بہادری سے ۔

Valorousness : (n) بہادری؛ شجاعت ۔

Valour : (n) [OFr.] دیکھو Valor

Valsalva maneuver : (n) (تشریح) ناک منہ بند کرکے اور گالوں کو پھلا کر کان کے درمیانی حصے کو ہوا دینا ۔

Valsalvan : (a) [f. A.M. Valsalva, an Italia anatomist.] اعضاء سماعت پر ویل سیلوا کی تحقیق سے متعلق ؛ ویل سیلوا کا پیش کیا ہوا یا استعمال کیا ہوا ۔

Valse : (n) [Fr.] والز ناچ جس میں ناچنے والوں کی جوڑی ایک دوسرے کی کمر میں ہاتھ دے کر چکر کھاتی ہوئی آگے بڑھتی ہے ۔

Valse : (v) والز ناچ ناچنا ۔

Valuable : (a) (۱) بیش قیمت: بیش بہا: قیمتی: گراں قدر: قابل قدر ۔(۲) قابل تعین قیمت: جس کی قیمت کی تشخیص کی جاسکتی ہو ۔

Valuable : (n) (عموماً جمع میں) ذاتی استعمال کی قیمتی شے یا اشیاء (زیورات وغیرہ) ۔

Valuable consideration : (n) تلافی: معاوضہ: اجر ۔

Valuableness : (n) بیش قیمتی ہونا: گراں قدر ہونا: گراں قدری ۔

Valuably : (adv.) قیمتی طور پر: گراں قدری سے ۔

Valuate : (v) قیمت آنکنا: قیمت کا تعین کرنا: قیمت لگانا ۔

Valuation : (n) (۱) اندازہ قیمت:تشخیص قیمت: تشخیص مالیت: تثمین ۔ (۲) تشخیص کردہ قیمت: مالیت ۔(۳) قدر و قیمت کا اندازہ ۔(٤) جانچ ۔

Valuation survey : (n) مالیتی سروے ۔

Valuational : (a) مالیتی: تشخیص قیمت سے متعلق ۔

Valuationally : (adv.) تشخیص قیمت کی طرح یا رُو سے ۔

Valuative : (a) دیکھو Vauational /Evaluative

Valuator : (n) قدر و قیمت کا اندازہ کرنے والا: تشخیص کرنے والا: تخمینہ کرنے والا ۔

Value : (n) [OFr.] (۱) قدر و قیمت: قدر: افادہ ۔(۲) قیمت ۔ (۳) (معاشیات) قدر مبادلہ: قدر: دوسری اشیاء کو خریدنے کی قوت جو کسی شے میں ہو ۔ (٤) بدل : مساوی چیز ۔ (٥) (لفظ کا) مفہوم ۔ (٦) (مصوری) تصویر کے روشن اور تاریک حصوں کا تناسب ۔ (۷) (جبر و مقابلہ) قیمت (رقم کی) ۔ (۸) (حیاتیات) درجہ (تقسیم کے لحاظ سے) ۔ (۹) (رخ) ذاتی قدر و قیمت رکھنے والی چیز ۔ (۱۰) (موسیقی) سُر کی نسبتی لمبائی یا وقفہ ۔ (۱۱) (جمع) اصول یا معیار: قدر شناسی ۔

Of value : قیمتی: گراں قدر ۔

Of.....value : ..... قیمت کا ۔

Out of value : (مصوری) تصویر حد سے زیادہ روشن یا تاریک ۔

Surplus value : قدر زائد: محنت کی پیداوار جو مزدور اور اس کے بیوی بچوں کی خوراک نکالنے کے بعد بچ رہے ۔

To set a value on /-upon : کسی مخصوص در سے تشخیص کرنا ۔

Under value : مناسب قیمت سے کم کا ۔

Value : (v) (۱) قیمت کا تعین یا تشخیص کرنا ۔(۲) قدر کرنا: قابل قدر سمجھنا: عزیز رکھنا: فخر کرنا: غرور کرنا ۔

Value added : (n) (۱) (لاگت سے) قدر مزید ۔

Value judgement : (n) اندازہ قدر ۔

Value of service : (n) سب سے زیادہ کرایہ جو تاجر جہاز سے مال ڈھونے پر دے سکتا ہے ۔

Value system : (n) حتمی قدروں کا نظام ۔

Valued : (a) (۱)تخمینہ کیا ہوا:تشخیص شدہ ۔(۲) قابل قدر: قابل احترام: محترم: معظم ۔

Valued policy : (n) مالیتی بیمہ ۔

Valueless : (a) بے مصرف: ناکارہ: نکمی: کم قدر ۔

Valuelessness : (n) ناکارہ ہونا: بے مصرف ہونا: نکما پن ۔

Valuer : (n) (۱) تشخیص کنندہ ۔(۲) قدرداں : قدر کرنےوالا ۔

Valuta : (n) [It.] (۱) زر: زرنقد ۔(۲) زر مبادلہ ۔

Valva : (n) [mod. L.] (۱) باب: صمام ۔ (۲) صدف پارہ ۔

Valval : (a) درے کا ۔

Valval/Valver : (a) (۱) صمامی: بابی ۔ (۲) درہ دار: کھلمندیلا ۔ (۳) دیکھو Valvular ۔

Valvar : (a) کھلمندن کا: صمام کا: صدف کا ۔

Valvata : (n) [mod. L.] درہ داران: والو داران ۔

Valvate : (a) [L. 'Valvatus'.] (نباتیات) دره دار؛ کھلمندیلا؛ دریچہ دار ۔

Valve : (n) [L. 'Valva'.] (۱) کھلمندن؛ مشین کا وہ پرزہ جس سے گیس یا سیال شے کا راستہ کسی نالی میں حسب ضرورت از خود کھل جائے اور بند ہو جائے؛ صمام؛ والو ۔ (۲) (تشریح) صمام؛ باب؛ وہ جھلی جس میں سے خون وغیرہ ایک طرف بہتا رہے مگر دوسری طرف نہ بہہ سکے ۔ (۳) (صدفیات) صدف یا اس کا ایک علاحدہ حصہ؛ صدف پارہ ۔ (٤) (حیوانیات) پردہ ؛ غلاف ۔ (٥) (نباتیات) درہ؛ دریچہ؛ ڈوڈے یا حامل زر کی ایک پھانک ۔ (٦) آب بند کا دروازہ ۔ (۷) (برتن) بجلی کے قمقمے میں موصل کی ایک ترکیب جو بجلی کی رَو کو منضبط کرتی ہے؛ خلائی نلی ۔ (۸) مٹی یا پتھر کے قالب کا ایک حصہ (جو قدیم باشندے کانسے کی چیزیں ڈھالنے کے لئے استعمال کرتے تھے) ۔ (۹) کھلمندن سے مشابہ کوئی چیز ۔ (۱۰) (تعمیرات) مصراع؛ کواڑ ۔ (۱۱) (ریڈیو) صمام؛ والو ۔

Double beat valve : دو ضربی وَالوَ ۔

Key valve : آرگن باجے؛ بانسری وغیرہ کا کھلمندن ۔

Safety valve : حفاظتی وَالوَ ۔

Slide valve : پھسلواں وَالوَ ۔

Thermionic valve : حرروانی وَالوَ ۔

Wireless valve : لاسلکی صمام؛ وائرلیس والو ۔

Valve chamber : (n) (استوانہ) وہ خانہ جہاں سے بھاپ استوانہ میں جاتی ہے ۔

Valve gear : (n) وہ گیرہ جس کے ذریعہ حرکت انجن کےصمام تک پہنچائی جاتی ہے ؛ وَالوی گیرہ ۔

Valve lifter : (n) درون سوز انجن کے استوانہ کے صمام کو کھولنے کی ایک ترکیب ۔

Valve motion : (n) دیکھو Valve- gear

Valve pilot : (n) (بھاپ انجن کا) بھاپ نما ۔

Valve seat : (n) وہ حلقہ جس پر درون سوز انجن کا کھلمندن بند حالت میں رہتا ہے ۔

Valve set : (n) وَالوَ دار ریڈیو یا لاسلکی آلہ ۔

Valve shell : (n) ایک قسم کا معدہ پا ۔

Valve snail : (n) ایک قسم کا گھونگا ۔

Valve trombone : (n) صمام دار ترم ۔

Valved : (a) صمام دار؛ دریچہ دار ۔

Valveless : (a) بے کھلمندن؛ بے صمام ۔

Valvelet : (n) (۱) (تشریح) چھوٹا سا صمام؛ صمیم ۔ (۲) (نباتیات) چھوٹا سا درہ یا دریچہ ۔

Valviferous : (a) (۱) جس میں کھلمندن ہوں ۔ (۲) پرصمام ۔ (۳) دریچہ دار ۔

Valviform : (a) کھلمندن؛ صمام یا صدف پارے کی شکل کا ۔

Valving : (n) صمام کا نظام یا ترتیب ۔

Valvotomy : (n) صمام تراشی ۔

Valvul/Valvulo : جزو ترکیبی بمعنی چھوٹا صمام؛ چھوٹا باب ۔

Valvula : (n) [mod. L.] صمام یا صمیم؛ چھوٹا باب یا پردہ ۔

Valvula connivens : (n) سلوٹ ۔

Valvular : (a) (۱) صمامی؛ بابی ۔ (۲) درہ دار؛ کھلمندیلا ۔ (۳) (تعمیرات) مصراعی ۔

Valvulate : (a) صمیم دار؛ دریچہ دار ۔

Valvule : (n) (۱) چھوٹا صمام؛ وَالوَ صغیر ۔ (۲) چھوٹا سا درہ؛ چھوٹا سا دریچہ ۔

Valvulitis : (n) التہاب صمام؛ ورم باب دل ۔

Valvuloplasty : (n) صمام تراشی ۔

Valvulotome : (n) صمام تراشی کا آلہ ۔

Valvulotomy : (n) دیکھو Valvuloplasty

Valylene : (n) [Valerian + - YL.] (کیمیا) ایک ہائیڈروکاربن $(C_5 H_6)$ ۔

Vambrace : (n) [ME.Vaun (t) bras.] ساعد پوش؛ زرہ کا وہ حصہ جس سے پیش بازو کی حفاظت ہوتی ہے ۔

Vambraced : (a) (نقابت) پیش بازو کا زرہ پہنے ہوئے ۔

Vamose/Vamoose : (v) [Sp. 'Vamos'.] (۱) (امریکی عامیانہ) (کسی جگہ سے) بھاگ جانا؛ چل دینا؛ فرار ہو جانا ۔ (۲) چھوڑ دینا ۔

Vamp : (n) [AFr. 'Vaumpe'.] پنجہ؛ جوتے موزے وغیرہ کے اوپر کے چمڑے کا اگلا حصہ؛ چھوٹا موزہ ۔

Vamp : (n) (۱) پیوند؛ جوڑ ۔ (۲) متفرق مضامین کی کتاب؛ فرسودہ ادبی مضمون ۔ (۳) باجے کا جوڑ (جو گانے کے ساتھ وقت کے وقت ملا دیا جاتا ہے) ۔

Vamp : (n) قحبہ؛ عیارہ ۔

Vamp : (v) ورغلانا؛ بہکانا؛ پھسلانا (عشوہ گری سے) ۔

Vamp : (n) [Origin unkn .] رضا کار آگ بجھیا ۔

Vamp : (v) (۱) (جوتے میں) نیا پنجہ لگانا ۔ (۲) پیوند لگانا؛ جوڑ لگانا ۔ (۳) (گانے کے ساتھ) وقت بے وقت برا بھلا جوڑ لگانا ۔ (٤) ادھر ادھر سے متفرق خیالات لے کر مضمون لکھ ڈالنا ۔ (٥) پیدل چلنا ۔ (٦) گھڑنا؛ بنانا ۔

Vamp-trap : (n) (تھیٹر کا) (دو پٹ کا کمان دار) چور دروازہ ۔

Vamped : (a) (۱) درست کیا ہوا؛ پیوند لگا ۔ (۲) فرسودہ ۔ (۳) من گھڑت؛ گھڑا ہوا ۔

Vamper : (n) (۱) پیوند لگانے والا ۔ (۲) جوتوں میں پنجے لگانے والا ۔

Vamphorn : (n) مکبر الصوت جو اٹھارھویں اور انیسویں صدی میں کلیسا میں استعمال کیا جاتا تھا ۔

Vampire : (n) [Fr. or G. Vampir .] (۱) خونخوار بھوت جو رات کو قبر سے نکل کر سوتے ہوئے انسان کا خون پی لیتا ہے؛ مصاص روح ۔ (۲) دوسروں کا خون چوسنے والا؛ سختی سے روپے وصول کرنے والا ۔ (۳) خونخوار چمگادڑ؛ ایک قسم کی چمگادڑ جو گھوڑے اور مویشی وغیرہ اور سوتے ہوئے انسان کا خون پی لیتی ہے؛ مصاص (چمگادڑ) ۔ (٤) (تھیٹر) (دو پٹ کا کمانی دار) چور دروازہ جس میں سے ایک شخص دفعتاً نکل آتا ہے یا غائب ہو جاتا ہے ۔

False vampire : مصاص کاذب ۔

True vampire : مصاص حقیقی ۔

Vampire bat : (n) مصاص چمگادڑ ۔

Vampire-trap : (n) (تھیٹر کا) (دو پٹ کا کمانی دار) چور دروازہ ۔

Vampiric : (a) خون چوسنے والا؛ طفیلی؛ خونخوار بھوت یا خونخوار چمگادڑ کا سا ۔

Vampirish : (a) مصاص روح یا چمگادڑ سے متعلق یا اس کی صفت رکھنے والا ۔

Vampirism : (n) (۱) خونخوار بھوت کا عقیدہ؛ مصاصیت ۔ (۲) خون چوسنا؛ خون پینا (معنوی اور مجازی معنوں میں) : امتصاص ۔

Vampirize : (v) (۱) مصاص کا کام کرنا ۔ (۲) خونخوار چمگادڑ یا خونخوار بھوت کی طرح بالکل چوس لینا ۔

Vampish : (a) عیارہ یا قحبہ جیسی ۔

Vampishness : (n) قحبہ یا عیارہ ہونا ۔

Vamplate : (n) [AFr. 'vauntplate '.] (تاریخ) آہنی تختی جو ہاتھ کی حفاظت کے لئے نیزہ زنی کے وقت استعمال کی جاتی تھی؛ دست بند ۔

Vampyrella : (n)[mod. L .] حونیات ابتدائی کی ایک جنس ۔

Vampyrum : (n) [mod. L. 'Vampyrus'.] جنوبی اور مرکزی افریقہ کی چمگادڑوں کی ایک جنس ۔

Van : (n) [Var. of fan.] (۱) پچھوڑنے کی کل؛ سُوپ ۔ (۲) بیلچہ جس سے کوئلہ یا جانچنے کے لئے کچی دھات اٹھاتے ہیں ۔ (۳) کچی دھات کو بیلچے پر جانچنے کا ایک طریقہ ۔ (٤) اس طرح نکلی ہوئی دھات ۔ (٥) پون چکی کا باد گیر ۔ (٦) پنکھے کی شکل کی کوئی چیز ۔ (۷) پرند یا حشرات کا بازو؛ پنکھ ۔

Van : (n) (۱) ہراول؛ فوج کا اگلا حصہ؛ مقدمۂ لشکر ۔ (۲) جہازوں کے بیڑے کا اگلا حصہ ۔ (۳) وہ لوگ جو کسی تحریک میں پیش پیش ہوں؛ قائدین ۔ (٤) (میدان جنگ میں) صف اول ۔ (٥) Vanguard کا مخفف ۔

Van : (n) (۱) بند چھکڑا ۔ (۲) ریل گاڑی کا ڈبہ ۔(۳) گاڑی کا ڈبہ ۔(٤) Caravan کا مخفف ۔

Van : (n) (ثینس) Vantage کا مخفف ۔

Van : (v) ڈبے میں بھیجنا؛ بند چھکڑے میں بھیجنا ۔

Van : (v) بیلچے پر دھو کر کچی دھات کو الگ کرنا یا جانچنا ۔

Van Allen (radiation) belt : (n) (۱) زمین کے گرد (خط استوا پر دو ہزار اور دس ہزار میل اونچائی پر) کے ان دوفضائی طبقوں میں سے ایک جس میں زمین کے مقناطیسی میدان میں پھنسے ہوئے لاتعداد توانائی سے پُر ذرات ہیں ۔ (۲) جیمز ۔ اے ۔ وین ۔ ایلن (James A. Van Allen) ایک امریکی طبیعیات داں کا نام ۔

Van-bird : (n) (۱) ہراول چڑیا؛ سیلانی پرندوں میں پہلا پرند جو اوروں کے آنے کی خبر دیتا ہے۔(۲) (مجازاً) پیش خیمہ؛ وہ چیز جو کسی آنے والے واقعے کی خبر دے ۔

Van-bras : دیکھو Vambrace

Van-courier : (n) نقیب؛ چاؤش؛ پیش سوار ۔

Van-foss(e) : (n) [Fr.'avant-fosse'.] (فوج) قلعے کے پشتے کے باہری طرف کا گڈھا جس میں پانی بھرا رہتا ہے ۔

Van-winged hawk : (n) ایک قسم کا چھوٹا باز ۔

Vanadate : (n) [f. Vanadium+ - ate] وانڈیم کا نمک؛ وانڈیٹ ۔

Vanadiate : (n) دیکھو Vanadate

Vanadic : (a) وانڈیم کا (ایسا مرکب جس میں اس دھات کا جزو کم ہو) ۔

Vanadic acid : (n) وانڈیم کا تیزاب ۔

Vanadiferous : (n) جس میں وانڈیم ہو ۔

Vanadinite : (n) ایک معدنی شے جس میں شیشے کا وینڈیٹ ور کلورائیڈ ہوتا ہے ۔

Vanadious : (a) وانڈیم کا (ایسا مرکب جس میں اس دھات کا جزو زیادہ ہو) ۔

Vanadite : (n) وانڈیم کے تیزاب کا نمک ۔

Vanadium : (n) [mod. L.] وینڈیم؛ وانڈیم؛ ایک کمیاب سفید فلزی عنصر جس کے بعض نمکوں سے پکا سیاہ رنگ بنتا ہے ۔

Vanaprastha : (n) [Skr.] جنگل باش ہندو جوگی؛ خصوصاً برہمنی زندگی کے تیسرے دور کا جوگی ۔

Vanaspati : (n) [Skr.] وناسپتی؛ ہائیڈروجن آمیزنباتی تیل ۔

Vanbrace : دیکھو Vambrace

Vancouveria : (n) [mod. L.] شمالی امریکا کی بوٹیوں کی ایک جنس ۔

Vand der waals equation : (n) [after John D. Van der Waal] مساوات وان ڈی وال ۔

Vanda : (n) [Skr. ' Vanda'.] (نباتیات) ایشیا کے گرم خطوں میں پائی جانے والی طفیلی ثعلبیہ کی ایک جنس ۔

Vandal : (n) [L. 'Vandalus'.] (۱) ونڈال؛ اس جرمنی نسل کا رکن جس نے فرانس، اسپین ، شمالی افریقہ اور روم کو تاراج کیا تھا اور فنون لطیفہ کے کارناموں اور کتابوں کو برباد کیا تھا ۔ (۲) ونڈال کی طرح وحشی؛ کسی اچھی چیز کو برباد کرنے والا ۔ (۳) ان عمارتوں یا نشانیوں کو خراب یا برباد کرنے والا جنہیں محفوظ رکھنے کی ضرورت ہے ۔

Vandal : (a) (۱) تہذیب سوز؛ غارت گر تہذیب؛ تہذیب کی نشانیوں خصوصاً فنون لطیفہ اور علوم کے مظاہر کو مٹانے والا ۔ (۲) ونڈال سے متعلق ۔ (۳) وحشی؛ غیرمہذب ۔

Vandalic : (a) ونڈالی؛ ونڈالیوں کا سا؛ تہذیب سوزی کا ۔

Vandalish : (a) وحشی؛ تہذیب سوز ۔

Vandalism : (n) تہذیب سوزی؛ غارت گری تہذیب؛ وحشی پن ۔

Vandalistic : (a) دیکھو Vandalish

Vandalize : (v) وحشی بنانا؛ تہذیب سوز بنانا؛ غارت کرنا؛ برباد کرنا ۔

Vandemonian/Vandiemenian/Vandiemonian : (n) تسمانیہ کا سفیدفام باشندہ؛ خصوصاً وہ جسے سنہ ۱۹۳۳ء سے پہلے جلا وطن کرکے لایا گیا تھا ۔

Vandemonian : (a) (۱) تسمانیہ کے سفید فام باشندے سے متعلق ۔ (۲) بدمعاش؛ متشدد ۔

Vandenbrandeite/Vandenbrandite : (n) [Fr.] ایک معدنی شے $(CUO_4 2H_2O)$ ۔

Vandyke : (n) [f. name of Sir Anthony Vandyke, a Flemish painter.] (۱) وان ڈائیک کی بنائی ہوئی تصویر ۔ (۲) دندانے دار جھالر یا اس کا ایک دندانہ ۔ (۳) (جمع) دندانے دار جھالر کا گریبان یا قبا ۔ (٤) دندانے دار کنارا ۔ (٥) دیکھو Vandyke beard۔

Vandyke : (a) وان ڈائیک یا اس کی تصویروں سے متعلق؛ اس طرز کا جو وان ڈائیک کی تصویروں کے لباس کی عموماً ہوتی ہے ۔

Vandyke : (v) (جھالر وغیرہ میں) دندانے کاٹنا ۔

Vandyke beard : (n) ایک طرح کی ترشی ہوئی نوکدار داڑھی ۔

Vandyke brown : (n) گہرا بادامی ۔

Vandyke red : (n) خاکستری مائل سرخ ۔

Vane : (n) [Var. of Fane.] (۱) مرغ باد نما؛ مرغ کی شکل یا کسی اور شکل کی گھومنے والی چیز جو مناروں وغیرہ کے کلس میں ہوا کا رخ بتانے کے لئے لگائی جاتی ہے ۔ (۲) سمت نما؛ اسی قسم کی چیز جو آب پیما میں پانی کے بہنے کا رخ بتاتی ہے ۔ (۳) جہاز کا مخروطی باد پیما ۔ (٤) (پون چکی یا جہاز چلانے کے پنکھے کا) پنکھ ۔ (٥) (پیمائش کے آلات ، زاویہ پیما وغیرہ کا) دیدبان ۔ (٦) پر کا ریشہ ؛ پرہ ۔ (۷) (مجازاً) متلون مزاج شخص؛ شخص یا چیز جو ہمیشہ بدلتی رہے ۔

Vaned : (a) جس میں بادنما وغیرہ لگا ہو ۔

Vaneless : (a) بے باد نما یا سمت نما؛ بے پنکھے کا؛ بےدیدبان ۔

Vanellus : (n) [mod. L. fr. Fr. 'Vanneau'.] پرندوں کی ایک جنس ۔

Vanessa : (n) [mod. L.] تتلیوں کی ایک جنس؛ اس جنس کی تتلی ۔

Vang : (n) [Later Var. of Fang.] (بحری) ان دو طنابوں میں سے ایک جو اگلے اور پچھلے بادبان کی اوپر کو نکلی ہوئی بلی سے عرشے تک تنی ہوتی ہے ۔

Vanguard : (n) [ME. 'Avaunt garde'.] (۱) (فوج) ہراول دستہ؛ ہراول گارڈ ۔ (۲) ایک قسم کا شفتالو ۔ (۳) کسی تحریک کا ہراول ۔

Vanguard : (n) مال گاڑی کا گارڈ ۔

Vanguardism : (n) ان لوگوں کے رویے، خیالات یا سرگرمیاں جو اپنے آپ کو کسی تحریک کا ہراول تصور کرتے ہیں ۔

Vanguardist : (n) ہراول دستے کا رکن ۔

Vangueria : (n) [mod. L.] افریقہ اور ایشیا کےگرم خطوں کے درختوں یا جھاڑیوں کی ایک جنس ۔

Vanilla : (n) [Sp. 'Vainilla'.] (۱) ونیلا؛ ثعلبیہ کی اقسام میں سےایک اونچا پودا جس کے پھول خوشبودار ہوتے ہیں ۔ (۲) اس درخت کی پھلی کا بیج؛ ونیلابُن ۔ (۳) ونیلابُن کا جوہر جو کھانے کی چیزوں میں خوشبو کے لئے دیتے ہیں ۔

Vanilla-grass : (n) ایک قسم کی گھاس ۔

Vanilla plant : (n) ایک قسم کا ونیلا ۔

Vanillate : (n) ونیلا کا نمک ۔

Vanille : (n) [Fr.] (۱) ونیلا کا جوہر ۔ (۲) دیکھو Vanille-ice ۔

Vanille-ice : (n) ملائی برف جس میں ونیلا کا جوہر ڈالا گیا ہو ۔

Vanillery : (n) ونیلا کی کاشت ۔

Vanillic acid : (n) جوہر ونیلا؛ وینیلین ۔

Vanillin : (n) ونیلا کا خوشبو دار جوہر ۔

Vanillism : (n) ونیلی خارش؛ خارش جو ونیلا کے کارخانوں میں کام کرنے سے پیدا ہوتی ہے ۔

Vanillon : (n) [Fr.] بعض قسم کا ونیلا جس کی خوشبو گھٹیا قسم کی ہوتی ہے ۔

Vanilloyl : (n) ایک یک گرفتہ اصلیہ جو جوہر ونیلا سے حاصل کیا جاتا ہے ۔

Vanish : (v) [ME. 'Vanisshen'.] (۱) دفعتاً غائب ہو جانا؛ اک بارگی نظر سے اوجھل ہو جانا ۔ (۲) رفتہ رفتہ غائب ہو جانا؛ بتدریج زائل ہو جانا ۔

(۳) گزر جانا؛ جاتا رہنا ۔ (٤) مٹ جانا؛ معدوم ہو جانا ۔ (٥) (ریاضیات) صفر ہو جانا ۔ (٦) غائب کر دینا ؛ نظر کے سامنے سے ہٹا دینا ۔

Vanish : (n) خفیف زائد آواز جو کسی حرف کی اصلی آواز کے بعد نکلتی ہے ۔

Vanisher : (n) غائب کرنے یا ہونے والا ۔

Vanishing : (n) غائب ہو جانا؛ صفر ہو جانا ۔

Vanishing : (a) (۱) غائب ہونے والا ۔ (۲) صفر ہونے والا؛ متعدّم ۔

Vanishing cream : (n) چہرے پر لگانے کی کریم جو لگنے کے بعد نظر نہیں آتی ہے ۔

Vanishing fraction : (n) کسر متعدّم؛ وہ کسر جس کی مقدار متغیرہ کی ایک خاص قیمت قرار دینے سے کل کی قیمت صفر ہو جائے ۔

Vanishing line : (n) خط متعدّم؛ خط انعدام فصل؛ نا محدود فاصلے پر وہ خیالی خط جہاں تمام متوازی سطحیں دی ہوئی سطح کو قطع کرتی ہیں ۔

Vanishing point : (n) نقطۂ متعدم؛ متناظر (یعنی چیزوں کو فاصلے کے لحاظ سے چھوٹا بڑا دیکھنے میں وہ نقطہ جس پر متوازی خطوط ملتے ہوئے نظر آتے ہیں؛ نقطۂ انعدام فصل؛ نقطۂ متلاشی ۔

Vanishingly : (adv.) غائب ہوتے ہوئے؛ صفر ہوتے ہوئے ۔

Vanishment : (n) غائب ہو جانا؛ صفر ہو جانا ۔

Vanitory : (n) کمرہ جس میں غسل خانہ ، بیت الخلا اور سنگار میز سبھی ہوں ۔

Vanitous : (a) خود نما؛ خود پسند ۔

Vanity : (n) [Fr. 'Vanite'.] (۱) بے بنیادی؛ بے حقیقی؛ ہیچ ہونا ۔ (۲) بے بنیاد شے؛ ہیچ ۔ (۳) بیجا غرور؛ بے بنیاد گھمنڈ؛ خود بینی؛ خود نمائی؛ خود پسندی ۔ (٤) نمود؛ نمائش؛ شیم شام ۔ (٥) (تورات) دیوتا؛ کافروں کے معبود ۔ (٦) وہ چیز جس پر بیجا غرور ہو ۔ (۷) بیکار چیز؛ چیز یا حرکت جس کی قدر و قیمت نہ ہو ۔ (۸) ٹیپ ٹاپ؛ نمودونمائش کی چیزیں ۔ (۹) عورتوں کے سنگار کا چھوٹا بٹوہ ۔ (۱۰) سنگار دان؛ سنگار میز ۔ (۱۱) ایک ہلکا زردی مائل گلابی رنگ ۔

Vanity bag : (n) خواتین کا سنگار دان ۔

Vanity-box : (n) دیکھو Vanity-bag

Vanity-case : (n) دیکھو Vanity-bag

Vanity fair : (n) مایا کا کھیل؛ دنیا ۔

Vanity plate : (n) موٹر گاڑی کا حرف، نمبر وغیرہ جو مالک کی مرضی کے مطابق دیا گیا ہو ۔

Vanity press : (n) وہ مطبع جو کتابیں مصنف کے خرچ پر چھاپتا ہے ۔

Vanity publisher : (n) دیکھو Vanity-press

Vanman : (n) وین چلانے والا ۔

Vanner : (n) (۱) (کان کنی) کچی دھات کو بیلچے پر دھو کر اس کی صفتوں کی جانچ کرنے والا ۔ (۲) مٹی سے کچی دھات الگ کرنے کی مشین ۔

Vanner : (n) گھوڑا جو بند چھکڑا چلانے کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔

Vannerman : (n) مٹی سے کچدھات الگ کرنے والی مشین کا آپریٹر ۔

Vanning : (n) بیلچے پر کچدھات کو صاف کرنے کا عمل ۔

Vanoxite : (n) ایک معدنی شے جس میں وینڈیم کا ابدار آکسائیڈ ہوتا ہے ۔

Vanquish : (v) [ME. 'Venquissen'.] (۱) فتح کرنا؛ فتح پانا؛ غالب آنا ۔ (۲) (مجازاً) روحانی قوت کے ذریعہ مغلوب کرنا ۔ (۳) (خواہشات وغیرہ کو) دبانا؛ مغلوب کرنا؛ مطیع کرنا؛ قابو میں کرنا ۔

Vanquish : (n) بھیڑوں اور مویشیوں کی ایک بیماری ۔

Vanquishable : (a) قابلِ فتح؛ قابلِ تسخیر ۔

Vanquisher : (n) فاتح؛ تسخیر کرنے والا ۔

Vanquishment : (n) (۱) فتح؛ تسخیر ۔ (۲) شکست ۔

Vansire : (n) [Fr.] (حیوانیات) دلدلی علاقے میں رہنے والا ایک قسم کا نیولا جو گھڑیال کے انڈے توڑتا ہے۔

Vant- : (prefix) سابقہ بمعنی دیکھو Avaunt

Vantage : (n) [AFr.] (۱) تفوق؛ برتری۔(۲) (کسی کے) فائدے کی چیز؛ فائدہ ۔ (۳) (ٹینس کی اصطلاح) وینٹیج؛ پہلا پوائنٹ جو گیم میں دونوں طرف کے تین یا زیادہ مساوی پوائنٹ ہو جانے کے بعد جیتا جائے۔

Coign of vantage/Place-/Point- : نظارہ گاہ؛ دیدبان؛ وہ جگہ جہاں سے کوئی چیز صاف دکھائی دے۔

For the vantage/To- : نیز؛ مزید برآں۔

To catch at vantage/Have-/Hold-/Take (one)- : برتری حاصل کرنا۔

Vantage : (v) فائدہ پہنچانا؛ نفع بخش ہونا۔

Vantage-ground : (n) بہتر جگہ؛ مقام تفوق۔

Vantbrace : (n) دیکھو Vambrace

Vanward : (a) آگے کا۔

Vanward : (adv.) آگے کی طرف۔

Vapid : (a) [L. 'Vapidus'.] (۱) پھیکا؛ سیٹھا؛ بے مزہ۔ (۲) (طب) (خون) سست رَو ۔ (۳) (مجازاً) بےلطف؛ خشک؛ مجہول؛ مردہ دل؛ افسردہ خاطر۔

Vapidity : (n) (۱) پھیکاپن؛ سیٹھا پن؛ بے لطفی؛ خشکی۔ (۲) کوئی بے لطف یا خشک چیز۔

Vapidly : (adv.) پھیکے پن سے؛ بے مزہ طور پر؛ بے لطف طریقے سے۔

Vapidness : (n) دیکھو Vapidity

Vapo- : جزوترکیبی بمعنی "بھاپ"؛ "بخار"۔

Vapo-dusting : (n) کرم کش دواؤں کے چھڑکاؤ کا ایک طریقہ جس میں ان کی پھواریں بناکر چھڑکاؤ کیا جاتا ہے۔

Vapography : (n) عکسِ بخارات؛ بخارات نگاری۔

Vaporability : (n) تبخیر پذیری۔

Vaporable : (a) تبخیر پذیر۔

Vaporetto : (n) [It. 'Vapore'.] اٹلی میں استعمال ہونے والا چھوٹا دخانی جہاز۔

Vaporiferous : (a) آبخرہ انگیز۔

Vaporific : (a) (۱) تبخیری؛ بخارات زا۔(۲) پُر بخارات۔

Vaporiform : (a) تبخیر نما؛ بخار سا؛ آبخرہ نما۔

Vaporimeter : (n) (۱) بخار پیما؛ بخاری دباؤپیما؛ آبخرہ پیما۔(۲) طیران پیما۔

Vaporizable : (a) تبخیر پذیر۔

Vaporization : (n) تبخیر؛ تبخّر۔

Vaporize : (v) (۱) بخار بننا یا بنانا؛ تبخیر ہونا یا کرنا۔ (۲) بخاراتی بننا۔(۳) پھوار بناکر (چھڑکنا)۔ (٤) شیخی بگھارنا۔

Vaporizer : (n) آلۂ تبخیر؛ مُبخرّہ؛ مانع پاش۔

Vaporizing : (n) شیخی بازی؛ لایعنی گفتگو۔

Vaporous : (a) [Late L. 'Vaporosus'.] (۱) پُر بخارات۔ (۲) بخار نما؛ بخارات جیسا۔(۳) بخارات دینے والا ۔ (٤) وہمی؛ خیالی؛ غیرحقیقی (خیالات وغیرہ)؛ دھندلا؛ غیرواضح ۔ (٥) (کپڑا یا پوشاک) باریک اور شفاف۔(٦) (انسان، دماغ وغیرہ) دھندلا؛ مگہم بات کہنے والا۔

Vaporously : (adv.) پُربخار طور پر؛ خالی خولی؛ غیر واضح طور پر۔

Vaporousness : (n) پُربخار؛ دھندلا؛ غیرواضح ہونا۔

Vapour/Vapor : (n) [Fr. 'Vapeur' or L. 'Vapor'.] (۱) ہَوا کی رطوبت؛ کہر ۔ (۲) بادل کی سی چیز مثلاً دھواں۔(۳) (طبیعیات) بخار؛ آبخرہ؛ جامد یا سیّال کی گیسی شکل۔(٤) (ناک کے) بھپارے کی دوا۔(٥) موہوم شے؛ بے بنیاد یا فانی چیز۔ (٦) وہم باطل؛ خیال خام۔(۷) (قدیم) خالی خولی شیخی؛ بے بنیاد شیخی ۔ (۸) (جمع) خفقان؛ مراق؛ بخارات معدہ۔

The vapours : مراق ۔

Vapour : (v) (۱) (کسی چیز میں سے) بخارات اٹھنا یا اٹھانا ۔ (۲) بخارات میں تبدیل کردینا ۔ (۳) خالی خولی شیخی بگھارنا؛ لایعنی گفتگو کرنا ۔ (٤) نمائش کرنا ۔ (٥) تنگ کرنا؛ بد دل کرنا ۔

Vapour barrier : (n) دیوار یا فرش میں بخارات کے انجذاب کو روکنے کے لئے لگائی جانے والی تہ (رنگ، کاغذ وغیرہ کی) ۔

Vapour-bath/Vapour bath : (n) (۱) بھاپ کا غسل ۔ (۲) بھاپ کے غسل کا آلہ ۔ (۳) بھاپ کا حمام ۔

Vapour burner : (n) بخارسوز؛ بھاپ کی انگیٹھی یا لیمپ ۔

Vapour density : (n) کثافت بخار ۔

Vapour engine : (n) بخاری انجن، جو کسی قسم کی بھاپ سے چلتا ہو ۔

Vapour lamp : (n) (۱) بخارات سے جلنے والا لیمپ ۔ (۲) لیمپ جس میں بجلی فلزی بخار سے گزرتی ہے ۔

Vapour-lock : (n) درون سوز انجن میں بخارات کے بلبلے بننے کی وجہ سے ایندھن کی نلی میں رخنہ پڑ جانا ۔

Vapour pressure : (n) بخاراتی دباؤ ۔

Vapour proof : (a) ابخرہ روک ۔

Vapour-tension : (n) بخاراتی تنش ۔

Vapour seal : (n) دیکھو Vapour-barrier

Vapour trail : (n) منجمد ابخروں کی لکیر جو بہت اونچی پرواز کرنے والے ہوائی جہاز یا راکٹ کے پیچھے بن جاتی ہے ۔

Vapoured : (a) افسردہ؛ مضمحل ۔

Vapourer : (n) شیخی باز؛ بکی؛ لایعنی گفتگو کرنے والا ۔

Vapourer-moth : (n) مادہ پروانہ جس کے پر نہیں ہوتے ۔

Vapouring : (n) شیخی بازی؛ لایعنی گفتگو ۔

Vapouring : (a) شیخی باز؛ لایعنی گفتگو کرنے والا ۔

Vapouringly : (adv.) شیخی سے؛ ٹینگ مارتے ہوئے ۔

Vapourish/Vaporish : (a) (۱) پُربخارات ۔ (۲) مراقی؛ خفقانی ۔ (۳) افسردہ ؛ مضمحل ۔ (٤) افسردگی یا اضمحلال سے متعلق یا پیدا ہونے والا ۔

Vapourishness : (n) خفقانیت؛ مراقیت ۔

Vapourless : (a) بے بخار ۔

Vapoury : (a) (۱) بخاراتی؛ بخاری؛ بخارات کا ۔ (۲) غیر حقیقی؛ خیالی؛ موہوم ۔ (۳) کہریلا ۔

Vapulation : (n) (شاذ) بید بازی ؛ کوڑے بازی ؛ بید لگانا؛ کوڑے لگانا ۔

Vapulatory : (a) بید بازی کی؛ کوڑے بازی کی ۔

Vaquero : (n) [Sp. 'Vaca'.] گلہ بان؛ چرواہا ۔

Vaquez's disease : (n) کثیر ذرات خون ۔

Varlect : (n) [L. 'varia lectio'.] مختلف نسخہ؛ دوسرا نسخہ ۔

Vara : (n)[Sp. & Pg.] اسپین، پرتگال اور جنوبی امریکا کا لمبائی ناپنے کا ایک پیمانہ ؛ ہسپانوی گز ۔

Varactor : (n) [f. Var(ying+re)actor] نیم موصل دو برقیرہ جس کی ظرفیت وولٹیج (Voltage) پر منحصر ہوتی ہے ۔

Varan : (n) [mod. L. 'Varanus'.] ایک قسم کی چھپکلی ۔

Varangian (n) [med. L. 'Varangus'.] وارنگی؛ ناروے کا ڈاکو؛ خصوصاً ان ڈاکوؤں میں سے ایک جو نویں صدی میں ساحل بالتک کو تاراج کیا کرتا تھا ۔

Varangian : (n) وارنگی سے متعلق؛ وارنگی کا ۔

Varangian guard : (n) وارنگی گارڈ؛ بازنطینی شہنشاہوں کا محافظ دستہ جس میں ناروے کے ڈاکو بھی شامل تھے ۔

Varanian : (n&a) [mod. L 'Varanus'.] ایک قسم کی چھپکلی یا چھپکلی جیسی ۔

Varanid : (n) [mod. L.] ایک قسم کی چھپکلی ۔

Varanus : (n) [Arab 'Waran'.] یورپی چھپکلیوں کی ایک جنس۔

Vare : (n) نیولا۔

Varec/Varech : (n) [Fr. 'Varec(h)'] : (۱) سمندری گھاس؛ کائی صوف البحر۔ (۲) وارک سوڈا؛ بغیر صاف کیا ہوا سوڈا جو بریٹینی کے علاقے میں تیار ہوتا ہے۔

Varella : (n) [Pg. and It., of doubtful origin.] مخروطی شکل کا مندر۔

Vargueno : (n) [Sp. 'Bargueno'.] ایک قسم کی لکھنے کی آرائشی میز۔

Vari : (n) [Malagasi 'Varika'.] بندر کی قسم کا ایک جانور۔

Vari-Vario- : جزوترکیبی بمعنی "متنوع"؛ "مختلف"۔

Vari-coloured/Varicoloured : (a) (۱) رنگ برنگ؛ بچ رنگی۔ (۲) (مجازاً) مختلف۔

Varia : (n) [mod. L.] (۱) معجون مرکب؛ بچ میل مجموعہ۔ (۲) مجموعۂ مضامین کی کتاب۔

Variability : (n) تبدیل پذیری؛ تغیر پذیری۔

Variable : (a) [Fr.] (۱) تبدیل پذیر؛ بدلنے والا؛ گھٹنے بڑھنے والا۔ (۲) تغیرپذیر؛ رنگ بدلنے والا؛ غیر مستقل؛ متلون۔ (۳) (ریاضیات) متغیر؛ مقدار جس کی قیمت متعین نہ ہو بلکہ بدلتی رہے۔ (٤) (نباتیات، حیوانیات) متنوع؛ غیریکساں (قسم جس میں غیر معمولی نمونے بھی پائے جائیں)۔ (٥) (حیاتیات) ساخت یا وظیفے کے لحاظ سے تغیر پذیر(جسم نامی)۔ (٦) (تاریخ طبیعی) موسم کے لحاظ سے رنگ بدلنے والا۔

Variable : (n) (۱) تبدیل پذیر یا تغیر پذیر چیز؛ مقدار متغیر۔ (۲) (بحریات) رخ بدلتی ہوئی ہوا۔ (۳) ہئیت متغیر؛ نجم متغیر؛ جس کی چمک اور جسامت بدلتی رہے۔ (٤) (جمع) وہ خطہ جو شمالی مشرقی اور جنوبی مشرقی کے Trade winds کے درمیان واقع ہے۔ (٥) نصاب تعلیم جو بچوں کے پروگرام میں شامل کیا جائے یا شامل نہ بھی کیا جائے۔

Variable cost : (n) قیمت متغیرہ؛ قیمت جو پیداوار کے ساتھ بدلتی رہتی ہے۔

Variable error : (n) متغیر غلطی۔

Variable gear : (n) مختلف رفتاروں کا گیرہ۔

Variable inductor : (n) متغیر اِمالی مشین۔

Variable nebula : (n) صحابیہ جس کی روشنی تغیر پذیر ہوتی ہے؛ متغیر صحابیہ۔

Variable resistance : (n) متغیر مزاحمت۔

Variable star : (n) نجم متغیرہ؛ متغیرہ ستارہ۔

Variable toad : (n) ایک قسم کا مینڈک۔

Variableness : (n) دیکھو Variability

Variably : (adv.) تبدیل پذیر یا تغیر پذیر طریقے سے۔

Variag : (n) [Russ. 'Varyag'.] دیکھو Varangian

Variance : (n) [OFr.] (۱) اختلاف؛ اختلاف رائے؛ نااتفاقی؛ نزاع۔ (۲) عدم مطابقت۔ (۳) (قانون) دعوے اور ثبوت یا تحریر اور بیان کا اختلاف۔ (٤) معیاری انحراف کا مربع۔

At variance : (۱) دشمنی کی حالت میں۔(۲) اختلاف کی حالت میں؛ غیر متفق۔

Variant : (n) (۱) مختلف نسخہ؛ دوسرا نسخہ۔(۲) ایک ہی چیز کی مختلف شکل۔ (۳) مختلف خواندگی۔ (٤)بدلی ہوئی شکل؛ مختلف شکل۔(٥) دوسرے بجے (کسی لفظ کے)۔

Variant : (a) (۱) مختلف؛ جدا؛ جداگانہ؛ جداجدا؛ الگ الگ۔ (۲) تغیرپذیر؛ بدلنے والا۔ (۳) منحرف؛ قدرے مختلف۔(٤) ترمیم شدہ۔

Variation : (n) (۱) اختلاف؛ مقررہ نمونے سے انحراف؛ فرق۔ (۲) (صرف و نحو) تصریف؛ گردان۔ (۳) (فلکیات) اجرام فلکی کا محوری حرکت سے انحراف۔ (٤) (مقناطیسی سوئی کا) میل؛ انحراف (شمال و جنوب سے)۔ (٥) (حیاتیات) اصل نمونے سے انحراف ساخت یا وظیفے میں؛ انحراف؛ اختلال قلیل۔(٦) (الجبرا) ایک ہی مقدار کی مختلف شکلوں کی باہمی نسبت؛ اس نسبت کا اصول یا نظریۂ تغیر۔ (۷) (الجبرا) ترتیب۔ (۸) منحرف؛ وہ چیز جو اصل نمونے سے انحراف رکھتی ہے۔

(۹) (موسیقی) ایک ہی نغمہ جو طرز بدل کر ادا کیا جائے ۔(۱۰) (علم النجوم) انحراف مدار؛ انحراف قمر ۔(۱۱) تبدیلی کرنا ۔(۱۲) سنگت ناچ میں ایک شخص کا ناچ ۔

Annual variation : (علم النجوم) اختلاف سالانہ (آسمان میں سیاروں و ستاروں کے مقام کا) ۔

Lunar variation : اختلاف قمر ۔

Magnetic variation : میل مقناطیسی؛ تغیر مقناطیسی ۔

Periodic variation : اختلاف وقتی؛ وقتی انحراف جو جلد دور ہو جائے ۔

Secular variation : اختلاف دوری؛ دورانی انحراف جو ایک مدت کے بعد دور ہو ۔

Variational : (a) اختلاف یا انحراف کار؛ اختلافی؛ انحرافی؛ تفرقی ۔

Variationist : (n) ایسے نغمے بنانے والا جسے طرز بدل کر ادا کیا جائے ۔

Variative : (a) اختلاف؛ انحراف یا تغیر سے متعلق ۔

Variator : (n) متغیر ہونے والا؛ خصوصاً ایک قسم کا جوز جو درجہ حرارت میں تبدیلی کی وجہ سے لمبائی میں تبدیلی کی تلافی کرتا رہتا ہے ۔

Variatus : (n) [mod. L.] ایک قسم کی مچھلی ۔

Varicated : (a) (صدفیات) ابھردار؛ جس کے چکروں کے بیچ میں ابھار ہوں ۔

Varication : (n) ابھار دار ہونا ۔

Varicella : (n) [mod. L.] (مرضیات) جُدیری؛ موتیا ستیلا ؛ چھوٹی چیچک ۔

Varicellate : (a) ابھار دار ۔

Varicelliform : (a) چھوٹی چیچک سے مشابہ ۔

Varicelloid : (a) جدیری نما؛ چھوٹی چیچک کی قسم کا ۔

Varicocele : (n) [L. 'Varic'+Gr. 'kele'.] گلٹی جو فوطے کی رگوں کے پھولنے کی وجہ سے ہو جاتی ہے ۔

Varicoid : (a) دَوالی وریدوں سے مشابہ ۔

Varicose : (a) [L. 'Varicosus'.] (۱) (مرضیات، طب) پھولی ہوئی (ورید)؛ دوا لی ۔ (۲) تمدد ورید کا؛ جو تمدد ورید کے سبب سے ہو ۔(۳) تمدد ورید میں استعمال ہونے والا ۔ (٤) (حشریات، نباتیات) غیر معمولی طور پر بڑا یا پھولا ہوا ۔(٥) تمدد ورید میں مبتلا یا اس سے مشابہ ۔

Varicose vein : (n) پیر کی رگوں کا خلاف معمول طور پر پھول جانا ۔

Varicosed : (a) جسے تمدد ورید ہو؛ تمدد ورید میں مبتلا؛ جس کی رگیں پھولی ہوئی ہوں ۔

Varicoseness : (n) تمدد ورید؛ رگ کا پھولا ہوا ہونا ۔

Varicosis : (n) رگوں کا پھول جانا؛ دَوالیت ۔

Varicosity : (n) دوالیت؛ تمدد ورید؛ ورید کا پھیلاؤ ۔

Varied : (a) (۱) مختلف؛ متغیر؛ تغیر پذیر ۔(۲) گھٹتا بڑھتا ۔(۳) پچ رنگ؛ رنگ برنگ کا ۔

Varied bunting : (n) میکسیکو اور جنوبی ٹیکساس کا ایک پرندہ جس کے نر کا پربہت خوشنما ہوتا ہے ۔

Varied thrush : (n) مغربی شمالی امریکا کا ایک خوش الحان پرند ۔

Variedly : (adv.) مختلف طور پر ۔

Variegate : (v) [L. 'Variegare'.] (۱) رنگ برنگ کا بنانا؛ پچ رنگی بنانا ۔(۲) بوقلموں بنانا ۔

Variegated : (a) (۱) رنگ برنگ؛ پچ رنگی؛ بوقلموں ۔ (۲) (نباتیات) مختلف النوع؛ جو سبزی کے ساتھ زردی وغیرہ لئے ہو ۔(۳) (دوسری چیزوں سے) مختلف ۔

Variegation : (n) رنگ برنگ ہونا؛ پچ رنگی؛ بوقلمونی؛ گوناگونی ۔ (۲) (جمع) پچ رنگی نشانات ۔ (۳) (نباتیات) دو یا زیادہ رنگوں کا ہونا ۔ (٤) بوقلموں بنانا ۔

Variegator : (n) رنگ برنگ بنانے والا ۔

Varier : (n) مختلف ہونے والا؛ بدلنے والا ۔

Varietal : (a) (نباتیات، حیوانیات) فرعی؛ نوعی؛ فرع سے متعلق

Varietal wine : (n) شراب جس پر اس انگور کی قسم لکھی ہو جس سے وہ بنی ہو ۔

Varietally : (adv.) فرعی طور پر ۔

Varietas : (n) (۱) تنوع؛ گونا گونی؛ قسم قسم کا ہونا ۔ (۲) مختلف قسمیں ؛ مختلف چیزوں کا مجموعہ ۔(۳) دیکھو Variety ۔

Varietist : (n) نمونے سے مختلف چیز یا شخص ۔

Variety : (n) [Fr. 'Variete' or L. 'Varieta'.] (۱) تنوع ؛ گونا گونی؛ قسم قسم کا ہونا ۔(۲) مختلف قسمیں؛ مختلف چیزوں کا مجموعہ ۔ (۳) ذیلی قسم؛ ضمنی قسم ۔ (٤) (حیاتیات) فرع؛ کسی قسم میں سے ایک فرد یا مجموعہء افراد جوکسی خاص چیز میں بقیہ افراد سے ممتاز ہو؛ نوع؛ اختلاف خفیف ۔ (٥) انواع واقسام ۔ (٦) تفریح، جس میں مسلسل غیرمربوط تماشے ہوں ؛ رنگا رنگ تماشا ۔ (۷) رنگا رنگ تماشا کرنا ۔ (۸) تنوع کا اثر؛ بوقلمونی کا اثر ۔

Climatic variety : فرع آب و ہوائی؛ جو کسی خاص آب وہوا سے مخصوص ہو ۔

Geographical variety : فرع جغرافی؛ جو کسی خاص رقبے میں محدود ہو ۔

Variety meat : (n) ذبح کئے ہوئے جانور کا دل، کلیجی، زبان، پھیپھڑا وغیرہ ۔

Variety shop : (n) دکان جس میں مختلف قسم کی چھوٹی چھوٹی چیزیں ملتی ہیں ۔

Variety show : (n) رنگا رنگ تماشا؛ پچ میل تماشا؛ چوں چوں کا مربّا؛ جس میں ناچ گانا اور نٹوں کے کرتب وغیرہ دکھاتے ہیں؛ بہانت بہانت کا تماشا ۔

Variety store : (n) دیکھو Variety-shop

Varifocal lens : (n) کیمرے کا عدسہ جس میں طول ماسکہ اور تصویر کا سائز بدلتا رہتا ہے تاکہ تصویر ہمیشہ ماسکہ کے اندر رہے ۔

Variform : (a) مختلف النوع؛ مختلف الاشکال؛ مختلف قسموں یا صورتوں کا؛ گوناگوں ۔

Variformly : (adv.) مختلف النوع صورت میں ۔

Variola : (n) [late L. and med. L.] چیچک؛ جدری ؛ ماتا؛ سیتلا ۔

Variola equina : (a) چیچک اسپ ۔

Variola vaccinia : (n) گوتھن سیتلا؛ جدری البقر ۔

Variolar : (a) (۱) جدروی؛ چیچک کا؛ چیچک سے مشابہ ؛ چیچکی ۔ (۲) چیچک کے سے داغ رکھنے والا ۔

Variolate : (v) چیچک میں مبتلا کرنا؛ چیچک کے جراثیم ٹیکے کے ذریعے داخل کرنا ۔

Variolate : (a) چتی دار؛ جس میں چیچک کے سے داغ ہوں ۔

Variolation : (n) چیچک کاری؛ چیچک کا ٹیکہ ۔

Variole : (n) (نباتیات، حیوانیات) چیچک کا سا داغ؛ چتی ۔

Variolic : (a) (۱) چیچک کے داغ رکھنے والا ۔ (۲) چیچک کا؛ چیچک سے مشابہ؛ چیچک سے متعلق ۔(۳) چیچک زدہ؛ مجدر ۔

Varioliform : (a) جدری نما؛ چیچک سے مشابہ ۔

Variolite : (a) (ارضیات) چتی دار چٹان؛ جس میں دوسری قسم کی چٹان کی سفید سفید چتیاں ہوں ۔

Variolitic : (a) چتی دار چٹان کا ۔

Varioloid : (a) چیچک کا سا؛ جدری نما ۔

Varioloid : (a) ہلکی چیچک جو ٹیکا لگانے کے بعد نکلے ۔

Variolous : (a) دیکھو Variolic

Variolous matter : (n) چیچک کا سمی مادہ (خصوصاً ٹیکہ لگانے کےلئے) ۔

Variometer : (n) مبدّل؛ وہ آلہ جس سے لاسلکی کا مقناطیسی امالہ گھٹایا یا بڑھایا جاتا ہے ۔

Variorum : (n) [L.] جامع ایڈیشن جس میں مختلف شارحوں کے حاشیے جمع کر دیئے گئے ہوں (Variorum edition بھی کہتے ہیں) ؛ متعدد تفسیری طبع ؛ متعدد حاشیے دار ۔

Various : (a) [L. 'Varius'.] (۱) مختلف؛ کئی طرح کا ۔ (۲) متعدد اور مختلف؛ جدا جدا ۔ (۳) (عام) کئی؛ بعض ۔ (٤) (آدمی) متلون ؛ تغیر پذیر ۔ (٥) رنگا رنگ؛ رنگ برنگا؛ بوقلموں ۔ (٦) مختلف موضوع یا موضوع بحث کا ۔ (۷) انفرادی؛ منفرد ۔ (۸) طرح طرح کا ؛ گونا گوں ۔ (۹) غیرمشابہ؛ غیریکساں؛ مختلف ۔ (۱۰) ایک دوسرے سے مختلف؛ مختلف قسم کا ۔

Various : (n) مختلف لوگ ۔

Various reading(s) : (n) مختلف خواندگی ۔

Variously : (adv.) مختلف طریقوں سے؛ جداجدا طریقوں سے ۔

Variousness : (n) مختلف ہونا؛ جداجدا ہونا ۔

Variscite : (n) [G. 'Variscit'.] ایک قسم کا قیمتی پتھر جو فیروزے سے بہت زیادہ مشابہت رکھتا ہے ۔

Varisized : (a) مختلف سائزوں کا ۔

Varister : (n) (برقیات) ایک مزاحم آلہ جس کی مزاحمت کا انحصار وولتاژ (Voltage) پر ہوتا ہے ۔

Varix : (n) [L.] (۱) (طب، مرضیات) تمدد وريد؛ بڑی یا چھوٹی رگ کا غیرمعمولی اور مستقل طور پر پھول جانا ۔ (۲) (صدفیات) وہ ابھار جو گھونگے کے چکروں کے بیچ میں ہوتا ہے؛ ابھارصدف ۔

Varlet : (n) [OFr.] (۱) (تاریخ) نائٹ کا کم سن خدمت گزار جو اسکوائر بننا چاہتا ہے ۔ (۲) شیطان؛ بدمعاش ۔ (۳) حقیر شخص؛ کمینہ آدمی ۔

Varletry : (n) خدمت گاروں کی جماعت ۔

Varment/Varmint : (n) [Var. of Varmin'.] (۱) شریر یا بُرا شخص؛ شریر جانور ۔ (۲) (شکاریوں کی اصطلاح) لومڑی جس کا تعاقب کیا جارہا ہو ۔ (۳) شخص؛ مردک ۔ (٤) کرم؛ حشرہ ۔

Varment/Varmint : (a) تیز؛ کائیاں؛ چَتُر ۔

Varmint gun/-rifle : (n) ایک قسم کی رائفل (جنگلی جانوروں کو مارنے کی) ۔

Varminter : (n) دیکھو Varmint-gun

Varna : (n) [Skr.] ہندوؤں کی قدیم چار سماجی ذاتوں میں سے ایک ۔

Varnish : (n) [ME 'Vernisch'.] (۱) روغن (جو لکڑی، دھات وغیرہ پر چمک پیدا کرنے کے لئے لگاتے ہیں)؛ وارنش ۔ (۲) مٹی کے برتن وغیرہ کا روغن ۔ (۳) مصنوعی یا قدرتی چمک ۔ (٤) ملمع کاری؛ تہذیب کا رنگ وروغن؛ ظاہری نستعلیق پن؛ سطحی شائستگی (آداب واطوار کی) ۔ (٥) لیپ پوت؛ اچھی شکل جو برے کام کو دی جائے ۔ (٦) (عام) (جمع) مسافر بردار ریل گاڑی جو ایک مقام سے دوسرے مقام تک سیدھی جائے ۔ (۷) ناخن پالش ۔ (۸) ایندھن اور چکنائی کی تکسید اور کثیر سالماؤ سے بننے والا مادہ جو انجن میں جمع ہو جاتا ہے ۔ (۹) بہت زیادہ رنگ وروغن کی ہوئی چوبی ریل گاڑی کا چوبی ڈبہ ۔

Varnish : (n) روغن پھیرنا؛ رنگ روغن کرنا؛ وارنش کرنا ۔

Varnish : (v) (۱) روغن پھیرنا؛ روغن کرنا؛ وارنش کرنا ۔ (۲) (مجازاً) ظاہری رنگ روغن پھیرنا؛ ملمع کاری کرنا؛ (واقع کے بیان میں) رنگ آمیزی کرنا ۔ (۳) (مجازاً) لیپ پوت کرنا ۔

Varnish gum : (n) قدرتی یا مصنوعی رال جو وارنش بنانے میں استعمال ہوتی ہے ۔

Varnish tree : (n) بعض قسم کے درخت جن سے دودھیا رس نکلتا ہے جس سے وارنش یا روغن بناتے ہیں ۔

Varnished : (a) (۱) رنگ روغن چڑھایا ہوا؛ لیپ پوت کیا ہوا؛ ملمع کیا ہوا ۔ (۲) روغنی؛ وارنشی ۔

Varnisher : (n) رنگ روغن کرنے والا؛ وارنش کرنے والا ۔

Varnishing : (n) روغن پھیرنا؛ وارنش کرنا ۔

Varnishing day : (n) روغن پھیرنے کا دن؛ تصویروں کی نمائش سے ایک روز پہلے جب تصویروں کے مالکوں کو روغن وغیرہ کرنے کی اجازت ملتی ہے ۔

Varnishy : (a) وارنش سے متعلق یا مشابہ؛ رنگ روغن کیا ہوا ۔

Varronia : (n) [mod. L.] امریکا کے گرم خطوں کے درختوں اور جھاڑیوں کی ایک بڑی جنس ۔

Varronian : (a) [L. 'Varronianus'.] رومی مصنف M. Terentius Varro کا یا اس سے متعلق؛ ویرو کا تصدیق شدہ۔

Varsal : (a) [Abbreviation of universal.] عالم گیر؛ کلی۔

In the varsal world : پوری دنیا میں۔

Varsity : (n) دیکھو University

Varsovian : (n) پولینڈ کے شہر وارسا (Warsaw) کا یا وہاں کی صفت رکھنے والا۔

Varsoviana/Varsouviana : (n) [Sp.] یورپی ملکوں، میکسیکو اور امریکا کا ایک حسین رقص یا اس رقص کی موسیقی۔

Varsovienne : (n) دیکھو Varsoviana

Vartabed/Vartabied/Vartabet : (n) [Armenian.] آرمینی کلیسا کا واعظ۔

Varus : (n) [L.] (۱) قدع القدم؛ ٹیکا؛ حنف؛ بیماری جس میں پاؤں اندر کی طرف مڑ جاتا ہے۔ (۲) جس کو یہ بیماری ہو۔

Varus : (n) [L.] مہاسا؛ چیچک کا داغ۔

Varve : (n) [Sw.] واروی رسوب؛ باریک اور موٹی تہ نشیں مٹی یا دوسرے مادے کی باری باری تہیں۔

Varvel : (n) [Fr. 'Vervelle'.] باز کے پاؤں کے تسمے سے لگا دھات کا چھلا جس سے ڈوری کو باندھتے ہیں۔

Vary : (v) [Fr. 'Varier' or L. 'Variare'.] (۱) بدلنا؛ گھٹانا بڑھانا؛ تبدیل کرنا؛ تبدیل کرتے رہنا؛ تنوع پیدا کرنا۔ (۲) (موسیقی) ایک ہی نغمے کو طرز بدل بدل کر ادا کرنا۔ (۳) بدل جانا؛ بدلتے رہنا؛ مختلف ہونا؛ کئی طرح کا ہونا۔ (٤) منحرف ہونا۔ (٥) متناقض ہونا؛ اختلاف کرنا۔

To vary directly as : ایک عدد کا دوسرے کے تناسب سے بڑھنا گھٹنا۔

To vary inversely as : ایک عدد کا دوسرے کے برعکس تناسب سے بڑھنا گھٹنا۔

Varying : (a) بدلنے والا؛ تبدیل ہونے والا۔

Varying : (n) بدلنا؛ تبدیلی؛ اختلاف۔

Varying hare : (n) ایک قسم کا پہاڑی خرگوش جس کا سمور موسم سرما میں سفید ہو جاتا ہے۔

Varying lemming : (n) قطب شمالی کا ایک کترنے والا جانور جس کا سمور جاڑے میں بالکل سفید ہو جاتا ہے۔

Varyingly : (adv.) بدلتے ہوئے؛ اختلاف کرتے ہوئے۔

Vas : (n) [L.] (تشریح) عرق؛ قنات؛ رگ؛ جسم کے اندر چھوٹی سی رگ یا نالی جس کے ذریعے رطوبت بہتی ہے۔

Vas : (n) [L.] عدالت میں دوسرے کی حاضری کی ضمانت۔

Vas-/Vasi-/Vaso- : جزوترکیبی بمعنی "رگ" "عرق" "قنات"۔

Vas aberrans : (n) [mod. L.] قنات خاطی؛ عرق خاطی۔

Vas deferens : (n) عرق منی؛ حبل المنی؛ قنات برندہ؛ خصیے میں چھوٹی سی نالی جس میں سے منی خارج ہوتی ہے۔

Vasa : (n) [L.] (نباتیات) عروق؛ رگیں۔

Vasa deferentia : (n) [mod. L.] عروق ناقلہ۔

Vasa efferentia : (n) [mod. L.] عروق برآور؛ عروق منی۔

Vasa murrhina : (n) [mod. L.] انیسویں صدی میں امریکا میں بننے والے ایک قسم کے شیشے کے ظروف۔

Vasa parrot : (n) مڈغاسکر کا توتا۔

Vasa vasorum : (n) [L.] عروق درعروق۔

Vasabrevia : (n) [mod. L.] قنات قصیر۔

Vasal : (a) عرقی؛ قناتی۔

Vasates : (n) [mod. L.] دیمک کی ایک جنس جو درختوں کو نقصان پہنچاتی ہے۔

Vascon : (n) دیکھو Basque

Vascul-/Vasculo- : جزوترکیبی بمعنی "عروق"؛ "رگ"۔

Vascular : (a) [mod. L. 'Vascularis'.] (۱) عروق یا نالیوں کا یا ان سے بنا ہوا؛ عرقی؛ قناتی۔ (۲) رگ دار۔

(۳) عرق نما ۔ (٤) نظام عروقی کو متاثر کرنے والا ۔ (٥) پرجوش؛ زندہ دل؛ خوش دل ۔

Vascular bed : (n) چھوٹی چھوٹی رگوں کا پیچیدہ جال ۔

Vascular bundle : (n) حُزمۂ قناتی ۔

Vascular cryptogam : (n) بے گلا پودا جس میں قناتی بافتیں ہوتی ہیں ۔

Vascular cylinder : (n) استوانۂ قناتی ۔

Vascular functions : (n) وظائف دورانِ خون ۔

Vascular plants : (n) عروقی پودے؛ نبات قناتی ؛ پودے جن کے اندر عرق کی گردش کے لئے چھوٹی چھوٹی نالیاں ہوتی ہیں ۔

Vascular ray : (n) عروقی کِرن ۔

Vascular sensation : (n) عروقی حس ۔

Vascular system : (n) نظام دورانِ خون؛ نظامِ عروقی ۔

Vascular tissue : (n) نسیجِ عروقی؛ قناتی بافت؛ (دورانِ خون کی) نسیجِ عروق ۔

Vascularity : (n) عرقیت؛ عرقی ہونا؛ عروقیت ۔

Vascularization : (n) عروق سازی؛ عرقی ساخت؛ عروق پیدا کرنا یا کیا جانا ۔

Vascularize : (v) (پودے وغیرہ میں) عروق پیدا کرنا؛ عرقی بنانا ۔

Vasacularly : (adv.) عرقی ساخت کے ساتھ ۔

Vasculation : (n) پودوں میں عروق کی تشکیل یا ترتیب ۔

Vasculature : (n) (کسی عضو یا کسی حصے میں) عروق کی ترتیب ۔

Vasculose : (n) (نباتیات) عرقی مادہ ۔

Vasculum : (n) (۱) (نباتیات) سبوہ؛ صراحیہ ۔ (۲) (ٹین کا) ڈبّا جس میں نباتیات کا مطالعہ کرنے والے نمونے جمع کرتے ہیں؛ نمونہ دان ؛ نبات دان ۔ (۳) قضیب ؛ مردوں کا عضو تناسل ؛ ذکر ۔ (٤) (تشریح) قنات؛ عرق ۔

(۱) چینی وغیرہ کا ظرف جو آرائش کے لئے استعمال ہوتا ہے؛ واز ۔ (۲) سنگ مرمر کا ترشا ہوا ظرف جو عموماً پھاٹک کے کھمبوں کی آرائش کے لئے رکھ دیا جاتا ہے ۔ (٤) مسند گل یا واز سے مشابہ کوئی اور روئیدگی ۔ Vase : (n) [Fr.]

Flower vase : گل دان ۔

Vase clock : (n) گھڑی جس کا منقش خانہ واز کی شکل کا ہوتا ہے ۔

Vase rug : (n) سولھویں صدی میں فارس میں بننے والا خوبصورت کمبل ۔

Vasectomize : (v) قنات منی کو کات دینا ۔

Vasectomy : (n) قنات منی کو کات دینا؛ قنات تراشی ۔

Vaseful : (n) واز بھر؛ بہ قدر ایک واز کے ۔

Vaselike : (a) واز سے مشابہ (خصوصاً خاکے میں) ۔

Vaseline : (n) ویسلین : [G.'Wasser'+ Gr. 'El-aeu'+ - INE.] ایک طرح کا خوشبودار موم، روغن ؛ وازلین ۔

Vaseline : (v) ویسلین لگانا ۔

Vasi-/Vaso- : (prefix) [L. 'Vas'.] سابقہ بمعنی قناتی؛ عرقی ۔

Vasicine : (n) [mod. L.] ایک بلوری القلی نما $(C_{11} H_{13} N_2O)$ ۔

Vasifactive : (n) عروق خون ساز ۔

Vasiform : (a) (۱) عرق نما؛ قنات نما؛ نلی کی شکل کا ۔ (۲) واز کی شکل کا ۔

Vasiform tissue : (n) عرق نما نسیج ۔

Vaso-active : (a) رگوں پر اثر یا کام کرنے والا ۔

Vaso-cellular : (a) قناتی خلیوی؛ قناتی کسیوی ۔

Vaso-constricting : (a) انقباض عروق خون پیدا کرنے والا ۔

Vaso-excitor : (n) قابض عروق ؛ قابض شرائین؛ وہ دوا یا اعصاب جن سے عروق سکڑتی ہیں ۔

Vaso-ganglion : (n) عقدۂ عروق ۔

Vaso-motor : (a) (۱) محرک عروق؛ متحرک عروق؛ عروق حرکی ۔ (۲) محرک عروق والےاعصاب یا مراکز

پر اثر کرنے والا ۔ (۳) عروق کو حرکت میں لانے والی ۔

Vaso-motor : (n) اعصاب عروق حرکی ۔

Vasoconstriction : (n) انقباض عروق خون ۔

Vasoconstrictive : (a) انقباض عروق خون پیدا کرنے والا ۔

Vasoconstrictor : (n) دیکھو Vaso-exictor

Vasodepressor : (n) متمدد عروق؛ متمدد شرائین ؛ باسط شرائین؛ وہ دوا یا اعصاب جن سے عروق پھیلتی ہیں ۔

Vasodilatation : (n) انبساط عروق خون ۔

Vasodilatin : (n) انبساط عروق خون پیدا کرنے والا مادہ ۔

Vasodilator : (n) دیکھو Vasodepressor

Vasoformative : (a) عروق خون ساز ۔

Vasoinhibitory : (a) محرک عروق کو روکنے یا مندا کرنے والا۔

Vasoligation : (a) قنات منی کو پتی باندھ کر بند کردینا ۔

Vasomotion : (n) حرکت عروق ۔

Vasomotive : (a) حرکت عروق سے متعلق ۔

Vasopressin : (n) دو یکساں ہارمونوں میں سے ایک جو گردے کے ذریعے پیشاب میں پانی کے نکلنے کو کم کرتا ہے اور جب اس کی مقدار بڑھ جاتی ہے تو خون کا دباؤ بڑھ جاتا ہے ۔

Vasopressor : (a) تنش خون افزائندہ؛ خون کے دباؤ کو بڑھانے والا ۔

Vasopressor : (n) قابض شرائین؛ شریانی عضلات کو بھینچنے والا۔

Vasosensory : (a) عروقِ حسّی؛ عروق میں حس پیدا کرنے والی؛ حسِ عروق سے متعلق ۔

Vassal : (n) [Fr.] (۱) (تاریخ) وابستہ؛ نظام جاگیرداری کا لگان دار یا اسامی؛ جاگیری آسامی؛ آسامی ۔

(۲) غلام؛ تابع دار؛ حلقہ بگوش ۔ (۳) حقیر یا کمینہ شخص ۔

Great vassal : وہ جو براہ راست بادشاہ سے اراضی حاصل کرے ؛ وابستہ شاہی ۔

Rear vassal : جو شاہی لگان دار سے اراضی حاصل کرے ؛ وابستہ شکمی ۔

Vassal : (a) (۱) تابع دار؛ محکوم؛ ماتحت ۔ (۲) وابستہ سے متعلق؛ غلام سے متعلق ۔

Vassalage : (n) [OFr.] (۱) وابستگی؛ نظام جاگیر داری کا اسامی ہونا؛ اس کے فرائض وغیرہ ۔ (۲) حلقہ بگوشی؛ تابعداری؛ غلامی ۔ (۳) وابستگان یا حلقہ بگوشوں کی جماعت ۔

To hold (lands) in vassalage : بطور وابستہ اراضی حاصل کرنا ۔

Vassalic : (a) جاگیری اسامی سے یا اس نظام سے متعلق ۔

Vassalize : (v) (۱) جاگیری اسامی بنانا ۔ (۲) غلام بنانا؛ حلقہ بگوش بنانا ۔

Vassalry : (n) (۱) غلامی؛ حلقہ بگوشی ۔(۲) وابستوں یعنی جاگیری لگان داروں کی جماعت ۔

Vassalship : (n) وابستگی؛ نظام جاگیری کا لگان دار یا آسامی ہونا ۔

Vast : (n) (۱) وسیع خطہ؛ وسیع فضا؛ بے پایانی ۔(۲) بہت بڑی مقدار یا تعداد ۔

Vast : (a) [L. 'Vastus'.] (۱) نہایت وسیع ؛ بہت ہی بڑا ؛ بےکراں؛ بے شمار ۔(۲) بہت ۔

Vast : (adv.) بہت؛ نہایت ۔

Vastation : (n) خالص اور بے ضرر بنانا ۔

Vastily : (adv.) بہت؛ نہایت ۔

Vastitude : (n) (۱) وسعت؛ بے کرانی؛ بے پایانی؛ بڑائی ۔ (۲) وسیع فضا یا حد ۔

Vastly : (adv.) نہایت؛ بہت ۔

Vastness : (n) انتہائی وسعت؛ بے کرانی؛ بے پایانی ۔

Vasty : (a) بہت وسیع؛ بہت ہی بڑا؛ بے شمار ۔

Vat : (n) [Southern and Western Var. of FA.] (۱) بڑی ناند؛ حوض؛ وہ ظرف جس میں کوئی سیال شے رکھی جائے یا تیار کی جائے ۔ (۲) رنگ ریزی میں استعمال ہونے والا بڑا ظرف یا ناند ۔ (۳) (رنگ ریزی) رنگ کا محلول ۔ (٤) پنیر بنانے کا سانچہ ۔ (٥) خشک چیزوں کو رکھنے کا پیپا ۔ (٦) (کان کنی) کچی دھات دھونے کا برتن ۔ (۷) (نمک سازی) نمک کا گڑھا ۔ (۸) وہ ظرف جس میں چمڑا رنگنے کا عرق رکھتے ہیں ۔

Vat : (v) (۱) ناند یا حوض میں رکھنا، بھگونا وغیرہ ۔ (۲) رنگ کے محلول میں ڈبونا؛ رنگ کا محلول بنانا ۔

Vat paper : (n) ہاتھ کا بنا ہوا کاغذ ۔

Vateria : (n) [f. Abraham Vater a German botanist.] ایشیائی درختوں کی ایک جنس ۔

Vaterite : (n) [f. Heinrich Vater, a 'German minerolgist'.] ایک معدنی شے ($CaCO_3$) ۔

Vates : (n) [L.] (۱) الہامی شاعر ۔ (۲) (جمع) قدیم فرانسیسی کاہنوں کی جماعت ۔

Vatful : (n) ناند بھر؛ حوض بھر ۔

Vatic : (a) الہامی؛ پیغمبرانہ ۔

Vatican : (n) [Fr. or L. 'Vaticanus'.] (۱) ویٹیکن؛ پاپائے روما کی محل سرا جو شہر روما میں ویٹیکن پہاڑی پر واقع ہے ۔ (۲) پاپائی حکومت ۔ (۳) ویٹیکن کے فنی یا ادبی نمونے ۔

Vatican : (a) ویٹیکن کا؛ ویٹیکن سے متعلق ۔

Vatican city : (n) ویٹیکن کا؛ شہرویٹیکن کا ۔

Vatican Council : (n) تمام دنیا کے عیسائیوں کی مجلس جو سنہ ۱۸٦۹ء سے ۱۸۷۰ء تک ویٹیکن میں منعقد ہوئی اور جس میں یہ طے ہوا کہ پاپائے روم جب منصبی حیثیت سے منبر پر تقریر کر رہا ہو تو معصوم ہے ۔

Vaticanism : (n) معصومیت پاپائی کا عقیدہ ۔

Vaticanist : (n) معصومیت پاپائی کا قائل ۔

Vaticanist : (a) معصومیت پاپائی کے عقیدے سے یا اس کے معتقدوں سے متعلق ۔

Vaticide : (n) نبی کُش ۔

Vaticinal : (a) [L. 'vaticinus'.] الہامی؛ پیغمبرانہ ۔

Vaticinate : (v) [L. 'vaticinari'.] پیشن گوئی کرنا؛ آنے والے واقعات کی خبر دینا ۔

Vaticination : (n) (۱) پیشن گوئی؛ پیش گوئی؛ خبرغیب ۔ (۲) پیغمبرانہ صلاحیت یا قابلیت ۔

Vaticinator : (n) (شاذ) نبی؛ پیشن گو ۔

Vatman : (n) وہ شخص جو ناند میں دھوتا، رنگتا یا پکاتا ہے ۔

Vatted : (a) ناند میں رکھی ہوئی (خصوصاً شراب)؛ پکی (شراب) ۔

Vau : (n) [Gr.'Wau'.] قدیم یونانی حروف تہجی کا چھٹا حرف ۔

Vaucheria : (n) [f. Jean Pierre Etrenne Vaucher a Swiss botanist.] (۱) سبزاشنا کی ایک جنس ۔ (۲) سبزاشنا؛ ہری کائی ۔

Vaude : (n) (۱) غنائی ناٹک؛ مختصر ناٹک جس میں بیچ بیچ میں گانا بجانا بھی ہوتا ہے ۔ (۲) ٹیپ دار گیت جو فرانسیسی گاتے ہیں اور جو عموماً طنزیہ ہوتا ہے ۔ (۳) پچ میل تماشا؛ چوں چوں کا مربا ۔ (٤) (تاریخ) دوستوں کی سنگت کا گیت (خصوصاً نارمنڈی کے شاعر بیسلین کا) ۔

Vaudeville : (n) [Fr.] دیکھو Vaude

Vaudevillian : (n) غنائی ناٹک یا پچ میل تماشے کا ایکٹر ۔

Vaudevillian : (a) غنائی ناٹک یا پچ میل تماشے سے متعلق ۔

Vaudevillist : (n) دیکھو Vaudevillian

Vaudois : (n) [Fr.] (جمع) والڈوی؛ ووڈی؛ سوئٹستان کے مقام ووڈ کا باشندہ یا وہاں کی بولی ۔

Vaudois : (a) ووڈی؛ مقام ووڈ کا ۔

Vaudoux : (n) [Fr.] (۱) سفلی جادو ۔ (۲) دیکھو Voodoo ۔

Vaudy : (a) [Origin unkn.] (۱) (اسکاچستان) مسرور؛ شاداں ۔ (۲) (اسکاچستان) بھڑکیلا؛ نمائشی؛ فوق البھڑک ۔

Vault : (n) [ME.'Voute, Vaute'.] (۱) محرابی یا قوسی چھت ؛ مسلسل محراب؛ بم مرکز محرابوں کا سلسلہ ۔ (۲) محراب نما یا گنبد نما چیز جو چھت کی طرح سایہ کئے ہو ۔ (۳) محرابی چھت کا کمرا؛ دالان ۔ (٤) گرجے یا مقبرے کا تہ خانہ جس میں مردے دفن ہوتے ہیں ۔ (٥) (تشریح) عقد (کسی جوف کا)؛ محرابی یا قوسی ساخت (بدن کے کسی حصے کا) ۔ (٦) گنبدِ فلک ۔ (۷) فولاد کی بھٹی کا اندرونی حصہ ۔ (۸) تہ خانہ؛ سردابہ؛ قُبہ ۔ (۹) غار؛ کھوہ؛ کھف ؛ گپھا ۔ (۱۰) کھڈی کا گڑھا ۔ (۱۱) ابتدائی سوسینہ کے بازوؤں کے درمیان کا محرابی غلاف ۔ (۱۲) فرج کے اوپر کا محرابی حصہ جو فم رحم کے گرد ہوتا ہے ۔ (۱۳) کھوپڑی ۔

The vault of heaven : گنبدِ فلک ۔

Vault : (n) زقند؛ کود؛ جست؛ چھلانگ ۔

Vault : (v) (۱) قوسی چھت بنانا؛ محراب بنانا ۔ (۲) محراب کی طرح بن جانا؛ محراب سی بنانا (کسی چیز کے اوپر) ۔ (۳) محرابی شکل میں موڑنا یا اٹھانا ۔ (٤) محراب یا قوس کی شکل میں‌مڑنا ۔ (٥) (قدیم) دفن کرنا ۔

Vault : (v) [OFr. 'volter, voulter'.] (۱) جست کرنا؛ کودنا؛ اچھلنا (خصوصاً ہاتھ یالکڑی ٹیک کر) ۔ (۲)ہاتھ یا لکڑی ٹیک کر پھاند جانا (پھاٹک وغیرہ کو) ۔ (۳) تیزی سے حاصل کرنا؛ جلد حاصل کرنا یا کرانا ۔

Vault rib : (n) محرابی چھت کی محراب ۔

Vaultage : (n) محراب دار جگہ؛ قوسی تہ خانہ ؛ محرابوں کا سلسلہ ۔

Vaulted : (a) (۱) محرابی؛ قوسی؛ محراب دار؛ محراب نما ۔ (۲) محرابی چھت کا ۔

Vaulter : (n) جست کرنے والا (خصوصاً لکڑی ٹیک کر) ۔

Vaulting : (n) (۱) محراب دار چھت یا کمرے کی ساخت ؛ محراب دار چھت یا کمرہ بنانا ۔ (۲) محرابی چھت کی عمارت ۔ (۳) محرابوں کا مجموعہ؛ محرابوں کا نمونہ ۔

Vaulting : (n) جست لگانا (خصوصاً لکڑی ٹیک کر ورزشی مشق کے لئے) ۔

Vaulting horse : (n) جست کی مشق کے لئے لکڑی کا گھوڑا ۔

Vaultman : (n) (۱) برف کے کارخانے یا شیر خانے کا ملازم ۔ (۲) فلم کی نیگیٹو رکھنے کے کمرے کا محافظ ۔

Vaulty : (a) محرابی چھت سے مشابہ؛ محراب نما؛ قوسی ۔

Vaunt- : (prefix) دیکھو Vant

Vaunt : (n) شیخی؛ ڈینگ ۔

Vaunt : (v) [AFr. 'Vaunter'.] (۱) شیخی بگھارنا؛ ڈینگ مارنا ۔ (۲) (کسی چیز پر) فخر کرنا ۔

Vaunt - courier : (n) [Fr. 'avant courrier'.] ہراول ؛ نقیب ؛ پیش‌سوار؛ پیش رو ۔

Vaunted : (a) بہت زیادہ تعریف کیا ہوا؛ آسمان پر چڑھایا ہوا ۔

Vaunter : (n) (قدیم) شیخی باز؛ لاف زن؛ ڈینگیا ۔

Vauntery : (n) شیخی بازی؛ لاف زنی ۔

Vauntful : (a) شیخی باز؛ لاف زن ۔

Vauntingly : (adv.) شیخی سے؛ ڈینگ مارتے ہوئے ۔

Vauntlay : (n) شکار کے گزر جانے کے بعد اور جھنڈ کے بقیہ جانوروں کےآنے سے پہلے کتوں کو شکار پر چھوڑنا ۔

Vaunty/Vauntie : (a) شیخی باز؛ لاف زن ۔

Vauquelinite : (n) [f. L. N. Vauquelin, a French Chemist.] (معدنیات) سیسہ اور تانبے کا کرومیٹ ۔ $(Pb\ Cu)_3\ (Cr\ O_4\ PO_4)_2$

Vaurien/Vaut- rien/Vaut rien : (n) [Fr.] بے مصرف آدمی؛ بے کار؛ اوباش ۔

Vauxite : (n) [f. George Vaux, an American lawyer and naturalist.] ایک معدنی شے $(Fe\ AL_2\ (PO_4)\ (OH)_2\ 7H_2O)$ ۔

Vavasory : (n) درمیانی وابستہ کی اراضی ۔

Vavasour : (n) [OFr. 'vavas(s)our'.] تعلق دار سے نیچے کا لگان دار؛ درمیانی وابستہ؛ نظام جاگیرداری میں وہ لگان دار جو بادشاہ یا بڑے جاگیردار سے اراضی پاتا تھا اور اپنی طرف سے چھوٹے اسامیوں کو دیتا تھا ۔

Vaward : (n) (۱) (قدیم) دیکھو Vanguard ۔ (۲) سب سے آگے کا حصہ؛ اگلا حصہ ۔

've : have کا اختصار ۔

Veadar/We-adar : (n) [Heb. 'We- adhar'.] یہودی سال کا ماہ کبیسہ جو انتیس دنوں کا ہوتا ہے ۔

Veal : (n) [AFr. 'Vel', 'Veel'.] بچھڑے کا گوشت (پکانے کے لئے ۔

Veal : (v) گوشت کے لئے بچھڑے پالنا؛ بچھڑے کو کاٹنا اور پکانا ۔

Veal cutlet : (n) بچھڑے کے گوشت کے ٹکڑے ۔

Veal skin : (n) بچھڑے کی کھال ۔

Vealer : (n) (گوشت کے لئے) ذبح کرنے کے لائق بچھڑا ۔

Vealiness : (n) ناپختگی؛ ناتجربہ کاری؛ ادھوراپن؛ نابالغی ۔

Vealy : (a) (۱) بچھڑے سے مشابہ؛ بچھڑے کے گوشت کا سا ۔ (۲) (مجازاً) غیر پختہ؛ غیر مکمل؛ خام؛ ناقص ۔

Veatchite : (n) [f. John A. Veatch, an Amer. Scientist.] ایک معدنی شے ۔

Vectis : (n) [L.] (۱) وضع حمل کرانے کا ایک آلہ جس کے ذریعے بچے کے سر کے نکلنے میں آسانی پیدا کی جاتی ہے ۔ (۲) آنکھ کی جراحی میں استعمال ہونے والا ایک آلہ ۔

Vectitation : (n) [L. 'Vectitare'.] پہنچانا؛ لے جانا؛ پہنچایا جانا؛ لے جایا جانا ۔

Vector : (n) [L.] (۱) (ارضیات) فرضی خط جس کا طول اور سمت معین مگر مقام غیر معین ہو؛ خط حامل ۔ (۲) حامل مرض؛ حامل جراثیم؛ جو مرض کے جراثیم کو اپنے جسم میں لے کر دوسروں تک پہنچائے ؛ چھوت بر ۔ (۳) (خصوصاً ہوائی جہاز کا) راستہ؛ سمت ۔ (٤) میلان قوت عمل ۔ (٥) سمتی مقدار ۔

Radius vector : نصف قطر حامل؛ خط حامل ۔

Vector : (v) (ہوائی جہاز یا میزائل کی) ریڈیو کے ذریعہ رہنمائی کرنا ۔

Vector addition : (n) جمع سمتیات ۔

Vector product/-cross product : (n) حاصل ضرب سمتیات ۔

Vector psychology : (n) سمتی نفسیات ۔

Vector quantity : (n) سمتی مقدار؛ سمتیہ؛ وہ مقدار جو خط حامل سے ظاہر کی جائے ۔

Vector sum : (n) جمع سمتیات کا حاصل جمع ۔

Vectorial : (a) خط حامل سے متعلق ۔

Vectorial angle : (n) حاملی زاویہ ۔

Vectorially : (adv.) خط حامل کے طور پر ۔

Vecturist : (n) نکت کلکٹر ۔

Veda : (a) [Skr.] وید؛ ہندوؤں کی مقدس کتابوں میں سے قدیم ترین ۔

Vedaic : (a) ویدی ؛ وید کا یا اس کے متعلق ۔

Vedaism : (n) ویدی عقیدوں اور اصولوں کا نظام ۔

Vedalia : (n) [mod. L.] بھونروں کی ایک جنس ۔

Vedanta : (n) [Skr.] ویدانت؛ ویدی فلسفہ؛ ہندوؤں کا فلسفہ جو وید پر مبنی ہے ۔

Vedantic : (a) (۱) ویدانتی؛ ویدی فلسفے سے متعلق ۔ (۲) ویدی ۔

Vedantism : (n) ویدی فلسفہ ۔

Vedantist : (a) دیکھو Vedantic

Vedantist : (n) ویدانت کا عالم ۔

Vedda/Wedda : (n) [Sinhalese.] ویدا؛ سری لنکا کی ایک قدیم غیر متمدن قوم کا شخص (جو اب بھی جنگلوں میں پائی جاتی ہے) ۔

Vedette : (n) [Fr.] سوار سنتری جو فوج کی بیرونی چوکی کے سامنے پہرے پر ہو ۔

Vedette boat : (n) ایک قسم کی چھوٹی کشتی جس سےبحریہ کی جنگ میں جاسوسی کا کام لیا جاتا ہے ۔

Vedette post : (n) دو یا زیادہ سوار سنتریوں کی چوکی جن میں سے ایک ہمیشہ پہرے پر رہتا ہے ۔

Vedic : (a) ویدی؛ وید کا یا اس سے متعلق ۔

Vedic : (n) وید کی زبان؛ قدیم سنسکرت ۔

Vedism : (n) ویدی عقیدوں اور اصولوں کا نظام ۔

Vedro : (n) [Russ.] روس کا سیال شے ناپنے کا ایک پیمانہ جو ۲۰۷ امپیریل گیلن کے برابر ہوتا ہے ۔

Vee : (n) (۱) انگریزی حرف V ۔ (۲) حرف V کی شکل کی کوئی چیز ۔

Vee : (v) حرف V کی شکل میں بنانا ۔

Vee-belt : (n) دیکھو V-Belt

Vee-thread : (n) فانہ درز چوڑی؛ وی چوڑی ۔

Veep : (n) نائب صدر ۔

Veer : (n) رخ بدلنا؛ سمت بدلنا ۔

Veer : (v) [(M) Du. 'vieren'.] ڈھیلا کرنا؛ چھوڑنا ۔

To veer and haul : (۱) (رسی) باری باری سے چھوڑنا یا کھینچنا ۔ (۲) ہوا کا کبھی ادھر سے کبھی ادھر سے چلنا ۔ (۳) (مجازاً) شش و پنج میں ہونا؛ حیص بیص میں ہونا ۔

Veer : (n) [Fr. 'virer'.] (۱) پلٹنا؛ رخ بدلنا (ہوا وغیرہ کا خصوصاً بائیں سے دائیں کو) ۔ (۲) (مجازاً) رائے، ارادہ، طرز عمل یا گفتگو بدلنا؛ رنگ بدلنا؛ پلٹنا ۔ (۳) (سکان کھمانے سے) جہاز کو موڑنا یا اس کا مڑنا ۔ (٤) سمت بدلنا ۔

Veer away : (v) (رسی وغیرہ کو) ڈھیلا کرنا؛ چھوڑنا ۔

Veering : (n) پلٹنا؛ رخ بدلنا (خصوصاً بائیں سے دائیں کو)؛ خصوصاً جہاز کا رخ بدلنا ۔

Veering : (a) پلٹنے والا؛ بدلنے والا؛ گھٹنے بڑھنے والا ۔

Veeringly : (adv.) پلٹتے ہوئے؛ گھٹتے بڑھتے ہوئے؛ رخ بدلتے ہوئے؛ رنگ بدلتے ہوئے ۔

Veery : (n) [perhaps imitative.] جنوبی امریکا کا ایک خوش الحان پرند ۔

Veg : (n) (مقامی) Vegetable کا مخفف ۔

Vega : (n) [Sp.] (۱) ہسپانیہ یا ہسپانوی امریکا کا نشیبی مرطوب زرخیز اور سر سبز خطہ؛ دلدلی سبزہ زار ۔ (۲) کیوبا کا تمباکو کا کھیت ۔

Vega : (n) [Sp.] نسر واقع؛ صورت شلیاق کا روشن ترین ستارہ ۔

Vegan : (n) صرف نباتی غذا کھانے والا؛ سبزی خور ۔

Vegan : (a) صرف نباتی غذا کھانے والوں سے متعلق ۔

Veganism : (n) کثر سبزی خوری ۔

Vegetability : (n) نباتیت ۔

Vegetable : (n) (۱) نبات ۔ (۲) ترکاری؛ سبزی ۔

Vegetable : (a) [Fr. or late L. 'vegetabilis'.] (۱) نباتی؛ نبات کا ۔ (۲) ترکاری کا؛ اہم واقعات سے خالی؛ بے تنوع؛ یک رنگ؛ اکتا دینے والا ۔

Vegetable acid : (n) نباتی ترشہ؛ نامیاتی تیزاب جو پودوں سے حاصل کیا جاتا ہے ۔

Vegetable alkali : (n) پوٹاش کا کاربونیٹ ۔

Vegetable bezoar : (n) پتھری جو جگالی کرنےوالے جانوروں کے پیٹ میں بعض چارے کے ریشوں سے بن جاتی ہے ۔

Vegetable black : (n) (۱) کاجل جو نباتی روغن کو جلاکر بنایا جاتا ہے ۔ (۲) بعض قسم کے سیاہ رنگ ۔

Vegetable butter : (n) وناسپتی تیل سے بنایا ہوا مکھن ۔

Vegetable casein : (n) دیکھو Legumin

Vegetable colic : (n) (طب) قولنج نباتی ۔

Vegetable colour : (n) نباتی رنگ (جو درختوں سے حاصل کیا جاتا ہے) ۔

Vegetable fat : (n) نباتی روغن ۔

Vegetable ivory : (n) عاج نباتی ۔

Vegetable jelly : (n) سفیدہ؛ پکٹن ۔

Vegetable kingdom : (n) عالم نباتات ۔

Vegetable leather : (n) (۱) ایک پودا ۔(۲) سوت کے گودڑ سے بنایا ہوا مصنوعی چمڑا ۔

Vegetable leaves : (n) ساگ ۔

Vegetable marrow : (n) گھیا؛ کدو ۔

Vegetable mould : (n) نباتی مٹی؛ زمین کی اوپر کی سطح جو سڑے گلے پتوں یا نباتیات وغیرہ سے بنی ہو ۔

Vegetable oil : (n) نباتی تیل؛ روغن نبات ۔

Vegetable oyster : (n) دیکھو Salsify

Vegetable parchment : (n) چرمی کاغذ ۔

Vegetable pathology : (n) مرضیات نباتات ۔

Vegetable physiology : (n) علم عضویات نباتات ۔

Vegetable silk : (n) بعض درختوں کے بیج کے غلاف سے بننے والا ریشم ۔

Vegetable soul : (n) روح نباتی (جس کی خصوصیت صرف نشو و نما ہے) ۔

Vegetable sponge : (n) اسفنج نباتی؛ تروئی کا اسفنج (خشک تروئی کا) ۔

Vegetable stock : (n) سبزی کی یخنی ۔

Vegetable tallow : (n) ایک روغنی مادہ جو پودوں سے حاصل ہوتا ہے اور چربی سے مشابہ ہوتا ہے ۔

Vegetable tanning : (n) نباتی دباغت ۔

Vegetable wax : (n) موم یا موم جیسا مادہ جو پودوں سے نکلتا ہے ۔

Vegetable weevil : (n) ترکاریوں میں لگنے والا ایک قسم کا کیڑا ۔

Vegetablize : (n) نباتی بنانا ۔

Vegetably : (adv.) نبات کی طرح ؛ سبزی کی طرح ۔

Vegetal : (a) (۱) نباتی ۔(۲) حیاتی؛ جو نباتات اور حیوانات میں مشترک ہو؛ نموی؛ روئیدگی ۔ (۳) دیکھو Vegetable ۔

Vegetal : (n) پودا؛ ترکاری؛ نبات سبزی ۔

Vegetal functions : (n) وظائف حیاتی (نمو وغیرہ) ۔

Vegetality : (n) نباتیت ۔

Vegetalize : (v) جنینی خلیوں سے نموی خاصیت ظاہر کرانا ۔

Vegetarian : (n) (۱) نبات خور؛ حامی نبات خوری؛ صرف نباتی غذا کھانے والا؛ اس کی حمایت کرنے والا؛ سبزی خور ۔(۲) کٹر چینی فرقے کا رکن ۔

Vegetarian : (a) (۱) نبات خور یا سبزی خوری سے متعلق ۔ (۲) (جانور) نبات خور ۔ (۳) نباتی ؛ صرف سبزیوں کا ۔

Vegetarian food : (n) نباتی غذا ۔

Vegetarianism : (n) نبات خوری؛ اصول نبات خوری؛ سبزی خوری۔

Vegetate : (v) [L. 'vegetare'.] (۱) اُگنا؛ نمو پانا۔ (۲) نمو پذیر ہونا؛ بڑھنا (پودے کی طرح) ۔ (۳) (مجازاً) بے کاری یا بے شغلی کی زندگی گزارنا؛ یک رنگ اور بے لطف زندگی گزارنا؛ صرف جیے جانا؛ الگ تھلگ زندگی بسر کرنا ۔(٤) اگانا ۔

Vegetation : (n) (۱) بالیدگی؛ نمو؛ نشو ۔(۲) (مجازاً) بےکاری؛ بے شغلی ۔(۳) روئیدگی؛ نباتات بہ حیثیت مجموعی؛ پودے اور گھاس؛ سبزہ ۔ (٤) نابت؛ پھنسیاں؛ کوئی چیز جو فطری طور پر یا مرض کے طور پر سطح جسم پر ابھری ہوئی ہو۔

Vegetational : (a) بالیدگی سے متعلق؛ روئیدگی سے مشابہ؛ نمو کی طرح کا ۔

Vegetationless : (a) روئیدگی سے خالی؛ بے سبزہ ۔

Vegetative : (a) (۱) نمو کا؛ نموئی ۔ (۲) نمو پذیر؛ نامی ۔ (۳) زر خیز؛ نمو بخش (زمین) ۔ (٤) (مجازاً)

بیکار؛ بے شغل؛ بے شغلی کا ۔ (٥) نمو کنندہ؛ روئندہ ۔ (٦) نباتی ۔ (٧) (ریاضیات) طبیعی افعال کی حرکت یا استعمال کا؛ غیر ارادی جسمانی حرکت پر اثر کرنے والی ۔

Vegetative cell : (n) جسمی خلیہ ۔

Vegetative nervous system : (n) مشارکی نظامِ اعصاب ۔

Vegetative pole : (n) قطب روئیدگی؛ نبتی قطب ۔

Vegetatively : (adv.) (١) نمو پذیری سے ۔ (٢) بیکاری یا بے شغلی کی حالت میں ۔

Vegetativeness : (n) (١) نمو پذیری ۔ (٢) زرخیزی؛ نموبخشی ۔ (٣) بے کاری؛ بے شغلی ۔

Vegetive : (a) (١) نمو کا؛ نموئی ۔ (٢) زرخیز؛ نمو بخش ۔

Vegeto - : جزو ترکیبی بمعنی "نباتی"؛ "حیاتی" ۔

Vegeto-animal : (n) نباتی حیوان ۔

Vehemence : (n) [Fr.] (١) تیزی؛ تندی؛ شدت؛ جوش ۔ (٢) حد سے زیادہ تندی، جوش یا شغف ۔

Vehement : (a) [Fr. or L. 'vehemens'.] (١) شدید؛ پرزور؛ پرجوش؛ جوشیلا ۔ (٢) تند و تیز؛ سخت ۔ (٣) جان توڑ؛ جانفشانی کا ۔

Vehemently : (adv.) پُر زور طریقے سے؛ شدت سے؛ جوش سے ۔

Vehementness : (n) شدید ہونا؛ شدت؛ پُرجوش ہونا ۔

Vehicle : (n) [Fr. 'vehicule' or L. 'vehicul'] (١) سواری ؛ کسی قسم کا مرکب جو خشکی میں استعمال ہو؛ گاڑی ۔ (٢) ذریعہ استعمال محلول؛ وہ چیز جس میں کوئی رنگ یا دوا وغیرہ گھول کر یا ملا کر استعمال کی جائے؛ بدرقہ ۔ (٣) ذریعہء اظہار؛ وسیلہء اظہار ۔ (٤) واسطہ؛ وسیلہ ۔ (٥) (مصوری) سیال شے (مثلاً پانی، تیل وغیرہ) جس میں رنگ ملاتے ہیں ۔ (٦) وہ برتن جس میں رکھ کر کوئی چیز لے جاتے ہیں ۔ (٧) جسم؛ شکل ۔ (٨) بودھ مذہب کا ذریعہ نجات ۔ (٩) فنی صلاحیت کے اظہار کا ذریعہ؛ فن کا نمونہ ۔

Vehicle : (v) سواری میں لے جانا؛ برتن میں رکھنا اور لے جانا ۔

Vehicular : (a) (١) مرکبی؛ سواری کا؛ جو سواری کے ذریعہ منتقل ہو ۔ (٢) سواری کا کام دینے والا؛ سواری جیسا ۔

Vehiculatory : (a) سواری جیسا؛ سواری سے متعلق ۔

Vehme/Fehme : (n) [mod. G.] (١) جرمنی کا بے ضابطہ خفیہ عدالتی نظام جو خصوصاً ویسٹ فیلیا میں چودھویں اور پندرھویں صدی میں قائم تھا ۔ (٢) بے ضابطہ خفیہ عدالت ۔

Vehmgericht : (n) [G. 'vetmgericht'.] دیکھو Vehme

Vehmic : (a) بے ضابطہ خفیہ عدالت سے متعلق ۔

Veil : (n) [AFr. 'veile' & 'veil'.] (١) نقاب؛ مقنع ۔ (٢) پردہ ۔ (٣) (مجازاً) بھیس؛ آڑ ۔ (٤) پادری کے عصا کا پرتلہ ۔ (٥) (نباتیات، حیوانیات) پردہ؛ جھلی؛ غشاء؛ غلاف ۔ (٦) آواز کا بھاری پن (خواہ مستقل ہو یا عارضی) ۔ (٧) وہ جھلی جس میں نوزائیدہ بچے کا منہ لپٹا ہوا ہوتا ہے ۔

Behind the veil : موت کے بعد کی نامعلوم زندگی میں؛ آخرت میں ۔

Beyond the veil : آخرت میں ۔

The veil : راہبہ کی زندگی ۔

To draw, throw or cast a veil over : کسی مسئلے سے پہلو بچانا ۔

To take the veil : راہبہ بن جانا؛ خانقاہ میں داخل ہونا ۔

Under the veil of : آڑ میں ۔

Within the veil : عالمِ آخرت میں ۔

Veil : (v) (١) نقاب چڑھانا؛ چھپانا ۔ (٢) چھپنا؛ خود کو چھپانا ۔ (٣) خانقاہ میں داخل کرنا؛ راہبہ بنانا ۔ (٤) نقاب کا کام کرنا؛ چھپانا ۔ (٥) (مجازاً) پوشیدہ کرنا؛ پنہاں کرنا؛ نہاں رکھنا ۔ (٦) ہلکا کرنا؛ مدھم کرنا؛ ملائم کرنا ۔

Veiled : (a) (١) نقاب پوش؛ پردہ پوش ۔ (٢) (نباتیات) غشاء دار؛ جھلی دار؛ غلاف دار ۔ (٣) پوشیدہ ؛ چھپا ہوا ؛ اوجھل ۔ (٤) (مجازاً) مخفی؛ دزدیدہ ۔ (٥) (آواز) دبی ہوئی؛ غیر واضح ۔

Veiled resentment : (n) چھپی ہوئی خفگی ۔

Veiledly : (adv.) چھپا کر؛ پوشیدہ طور پر ۔

Veiling : (n) (۱) نقاب ڈالنا؛ چھپانا ۔(۲) نقاب؛ پردہ ۔ (۳) نقاب کا کپڑا ۔

Veilless : (a) بے نقاب؛ بے پردہ ۔

Veillike : (a) نقاب سے مشابہ؛ نقاب نما ۔

Veiltail : (n) یك قسم کی سرخ مچھلی جس کی دم بہت لمبی اور تقریباً شفاف ہوتی ہے ۔

Veilleuse : (n) [Fr.] فانوس؛ قندیل ۔

Vein : (n) [Fr. 'veine'.] (۱) ورید ؛ جھلی دار رگیں جو قلب میں خون لے جاتی ہیں ۔ (۲) رگ ۔ (۳) (حشریات، نباتیات) کیڑوں یا پتوں کی نسل ۔ (٤) (ارضیات، کان کنی) طبقۂ ارض کا شگاف جس میں معدنی شے ہو؛ شگاف؛ رگہ ۔ (٥) لکڑی، سنگ مرمر وغیرہ میں کسی دوسرے رنگ کی دھاری ۔ (٦) (مجازاً) طبیعت؛ رنگ؛ انداز ۔(۷) زمین کی درز یا نالہ جس سے پانی بہتا ہو؛ ایسی نالی سے پانی کا بہنا ۔ (۸) (کان کنی) دھات کی پرت؛ طبقہ؛ شگاف جس میں پانی بھرا ہو ۔(۹) پانی کی نالی یا رستہ ۔ (۱۰) ہوا کا بہاؤ ؛ ہوا کا راستہ ۔ (۱۱) طرزِ فکر؛ ذریعۂ اطلاع ۔ (۱۲) (مجازاً) مخصوص طرز تحریر یا اظہار (تحریر یا تقریر میں) ۔ (۱۳) کیفیتِ مزاج ۔ (۱٤) موج؛ لہر؛ سیل؛ دماغی کیفیت؛ دماغی یا ذہنی حالت ۔ (۱٥) جھینگا مچھلی کی آنتیں یا دوسری اندرونی ساخت جو پکنے اور خول اتارنے کے بعد سیاہ رنگ کی نظر آتی ہیں ۔

Azygous vein : ورید مجرد ۔

Central vein : ورید مرکزی ۔

In a vein : (کسی چیز کے لئے) موزوں طبیعت ہونا ۔

Jugular vein : حبل الورید؛ شاہ رگ؛ وداج ۔

Pulmonary vein : ورید شریانی؛ جو پھیپھڑوں سے بائیں طرف صاف کیا ہوا خون پہنچاتی ہے ۔

Systemic vein : ورید اصلی؛ نالی جو تمام اعضاء سے دائیں طرف ورید ی خون پہنچاتی ہے ۔

Vein : (v) (۱) مخطط کرنا؛ نسوں کی شکل میں منقش کرنا۔ (۲) رگوں یا نسوں سے بھرنا ۔(۳) نس کی طرح پھیل جانا ۔

Vein ending : (n) چھوٹی ورید؛ چھوٹی رگ یا نس؛ رگیزہ ۔

Vein quartz : (n) سنگ مردہ جو مٹی میں ملی ہوئی حالت میں پایا جاتا ہے ۔

Vein-stone : (n) (۱) مٹی ملی دھات؛ خام معدنی شے؛ سنگ معدن؛ گلِ معدن ۔(۲) دیکھو Phlebolit/-lith ۔

Veinage : (n) رگوں یا نسوں کا سلسلہ؛ رگی نظام ۔

Veinal : (a) رگوں یا نسوں سے متعلق؛ رگی ۔

Veined : (a) (۱) رگ دار؛ نس دار ۔(۲) رگوں کی شکل میں بنا ہوا؛ اندرہ دار ۔

Veining : (n) (۱) رگوں یا نسوں کی شکل کا نشان ڈالنا ۔ (۲) رگوں یا نسوں کی ترتیب؛ رگ بندی؛ رگی ترتیب ۔

Veinless : (a) بے رگ؛ بے نس؛ بے ورید؛ بے نسوں کا؛ بے دھاری کا ۔

Veinlet : (n) دیکھو Vein ending

Veinlike : (a) ورید نما؛ نس یا رگ کا سا ۔

Veinous : (a) (۱) رگوں سے بھرا ہوا؛ کثیر رگہ ۔(۲) رگوں کا؛ ورید باش ۔(۳) بڑی اور نمایاں رگوں والا ۔

Veinstuff : (n) دیکھو Gangue

Veinule/Veinulet : (n) دیکھو Vein ending

Veiny : (a) (۱) جس میں رگیں یا نسیں کثرت سے ہوں ؛ کثیر رگہ؛ رگ دار ۔ (۲) جس کی رگیں ابھری ہوئی نظر آتی ہوں ۔

Velamen : (n) [L. 'velare'.] (نباتیات) غشاء؛ جھلی ۔

Velamentous : (a) غشاء سے متعلق؛ غشائی ۔

Velamentum : (n) دیکھو Membrane

Velar : (a) [L. 'velaris'.] (۱) غشائی؛ جھلی کے پردے سے متعلق؛ شراعی ۔ (۲) (صوتیات) حَنَکی حرف ۔ (۳) (حیوانیات) رق سے متعلق؛ رقی ۔

Velar : (n) غشائی یا حلقی حروف جو تالو کے نرم حصے سے ادا ہوں: حنک حلقی حروف ۔

Velar gutturals : (n) دیکھو Velar

Velaric : (a) حنکی ۔

Velarium : (n) [L.] (۱) (قدیم روم) بڑا شامیانہ جس سے تھیٹر کو دھوپ یا بارش سے محفوظ رکھتے تھے ۔(۲) (حیوانیات) غشاء حاشیہ ۔

Velate/-ed : (a) (۱) (حیوانیات) رق دار؛ جھلی دار: غشاء پوش ۔ (۲) (نباتیات) غلاف دار؛ جھلی دار ۔

Velation : (n) غشاء پوش ہونا: غشائی تشکیل ۔

Veld/Veldt/Velt : (n) [S. Afr. Du. 'veld'.] جنوبی افریقہ کا کھلا سبزہ زار یا بے احاطہ خطہ: گھاس کی زمین: جنوبی افریقہ کا وہ حصہ جو درختوں سے خالی ہو یا جس میں بہت کم درخت ہوں ۔

Veld-cornet : (n) دیکھو Field-cornet

Veld grass : (n) جنوبی افریقہ کی ایک گھاس ۔

Veld pig : (n) جنوبی افریقہ کا بڑے سر والا سور ۔

Veld rat : (n) جنوبی افریقہ کا دھاری دار چوہا ۔

Veld-shoe/Veldt- : (n) [S. Afr. Du. 'veldschoen'.] بے کمائے ہوئے چمڑے کا ہلکا جوتا ۔

Velella : (n) [L. 'velum'.] (حیوانیات) سیفن بردار بحری مرجانیہ کی ایک جنس یا اس جنس کا مرجانیہ ۔

Veleta : (n) [Sp.] ایک انگریزی رقص ۔

Veliferous : (a) (حیوانیات) غشاء پوش؛ غشاء بردار ۔

Veliform : (a) غشاء نما ۔

Veliger : (n) [mod. L.] (حیوانیات) غشاچہ؛ غشائی لاروا ۔

Veligerous : (a) غشاء دار؛ غشاء پوش ۔

Velites : (n) [L.] (قدیم روما) ہلکے ہتھیار بند سپاہی؛ سبک پوش ۔

Vell : (n) [Var. of Fell] (بولی) گھاس کاٹنا (جلانے کے لئے) ۔

Vell : (n) [Origin unkn.] بچھڑے کا معدہ جو پنیر بنانے کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔

Velleda moth : (n) ایک قسم کا پروانہ ۔

Velleity : (n) [med. L. 'velleitas'.] (۱) خفیف ارادہ (جو عمل کا محرک نہ ہو)؛ تمائل ۔ (۲) (جمع) محض خواہش یا رجحان ۔

Vellon : (n) [Sp.] تانبہ جو ہسپانوی سکوں میں استعمال ہوتا ہے ۔

Vellozia : (n) [mod. L., f. Jose Velloso Xavier, a botanist.] برازیلی پودوں کی ایک جنس ۔

Vellum : (n) [ME. 'velin'.] (۱) بچھڑے کے چمڑے کا بنا باریک تختہ جس پر (کاغذ کی جگہ) لکھا جاتا تھا ۔ (۲) لکھنے کی باریک جھلی کا تختہ یا ٹکڑا؛ جھلی پر لکھی تحریر ۔(۳) دیکھو Vellum paper۔ (٤) نیم شفاف کاغذ (عکس یا چربہ اتارنے کے لئے) ۔(٥) کتاب کی جلد لگانے کا کپڑا جو جھلی سے مشابہ لگتا ہے ۔(٦) دیکھو Membrane ۔

Vellum : (a) جھلی سے مشابہ؛ رقی ۔

Vellum cloth : (n) عکس یا چربہ اتارنے کا کپڑا ۔

Vellum paper : (n) جھلی نما کاغذ جو جھلی کی طرح بنا یا جاتا ہے؛ رقی کاغذ ۔

Vellumy : (a) لکھنے کی جھلی سے مشابہ؛ جھلی نما؛ رقی ۔

Velnon : (adv.) بر صورت میں ؛ دونوں صورتوں میں ۔

Velo : (n) [Fr.] (۱) ایک قسم کی ہلکی گاڑی جسے سوار پاؤں سے چلاتا ہے؛ پاؤں گاڑی ۔(۲) خصوصاً Tricycle ۔

Veloce : (adv.) [It.] (موسیقی) نہایت تیزی سے(موسیقی کی بدایت)۔

Velociman : (n) ہاتھ سے چلائی جانے والی ایک قسم کی قدیم ہلکی گاڑی۔

Velocimeter : (n) رفتار پیما ۔

Velocious : (a) [L.] تیز؛ تیز رفتار ۔

Velocipede : (n) [Fr.] (۱) دیکھو Velo ۔(۲) قدیم سائیکل ۔

Velocipede : (v) پاؤں گاڑی پر چڑھنا یا سفر کرنا ۔

Velocipedist : (n) پاؤں گاڑی پر بیٹھنے والا ۔

Velocitize : (v) لمبے اور تیز رفتار سفر کی وجہ سے گاڑی چلانے والے کو خواب آلود کر دینا یا صحیح رفتار سے بے خبر کردینا ۔

Velocity : (n) [Fr. 'velocite' or L. 'velocita'.] (۱) حرکت؛ رفتار ۔(۲) تیزی؛ سرعت ۔

Relative velocity : اضافی رفتار ۔

Uniform velocity : یکساں رفتار ۔

Variable Velocity : نا یکساں رفتار ۔

Velodrome : (n) وہ عمارت جس میں سائیکل چلانے کے لئے رستے بنے ہوں ۔

Velometer : (n) رفتار پیما (خصوصاً ہوا کا) ۔

Velour /Velours: (n) [Fr.] (۱) بیٹ بنانے والے کی مخملی گدی جس سے وہ بیٹ پر پالش کرتا ہے اور چکنا بناتا ہے ۔(۲) ایک قسم کا مخمل یا پلوش جو پروشیا میں بنتا ہے ۔ (۳) ملائم ریشے یا رونیں والا اونی کپڑا ۔

Veloute /-sauce : (n) [Fr.] ایک قسم کی چٹنی جو مرغ کے گوشت، کریم، مکھن اور آٹے سے بنتی ہے ۔

Velt-marshal : (n) دیکھو Field-marshal

Velum : (n) [L.] (تشریح، نباتیات، حیوانیات) ایک قسم کا جھلی نما پردہ، خصوصاً تالو کا نرم حصہ؛ غشاء: شراع: (تشریح) غشاء الحنك؛ غلاف اسفنجی ۔

Velman : (n) [L.] پودوں یا جانوروں کا نرم رونیں دار حصہ ۔

Velure : (n) [OFr. 'velour'.] (۱) بیٹ بنانے والے کا مخملی گدا جس سے وہ بیٹ کو پالش کرتا ہے اور اسے چکنا بناتا ہے ۔(۲) مخمل سے مشابہ کپڑا ۔

Velutina : (n) [mod. L. 'velutinus'.] بحری معدہ پایاں کی ایک جنس ۔

Velutinous : (a) [It. 'vellutino'.] مخملی ؛ مخمل کا سا ۔

Velveret : (n) (شاذ) نقلی مخمل جس پر اکثر نقش و نگار بنے ہوتے ہیں ۔

Velvet : (n) [ME.] (۱) مخمل ۔ (۲) مخملی سمور (بارہ سنگھے کے بچے کا) ۔(۳) فائدہ؛ نفع ۔(٤) وہ رقم جس سے جوئے میں جیتنے والا کھلاڑی سب ہی سے آگے ہو ۔(٥) مرکب شراب جس میں نصف شیمپین اور نصف پورٹر ہوتی ہے ۔(٦) دیکھو Velvet sponge ۔ (۷) مخمل جیسی چکنی اور نرم کوئی چیز ۔

On velvet : (۱) نفع میں؛ اچھی، محفوظ اور موافق حالت میں ۔(۲) (گھڑ دوڑ) ایسی حالت میں کہ بازی جیتنے کی امید ہو ۔

Velvet : (a) (۱) مخملی؛ مخمل کی طرح نرم ۔ (۲) مخمل کا بنا ہوا؛ مخمل سے ڈھکا ہوا؛ مخملی کپڑے میں ملبوس ۔

Velvet : (v) مخمل کی طرح بنانا ۔

Velvet-bean : (n) ایک قسم کا لت دار پودا جس میں مخملی ڈوڈے آتے ہیں ۔

Velvet-brush : (n) برش جس سے مخملی کپڑے جھاڑتے ہیں ۔

Velvet carpet : (n) مخملی قالین ۔

Velvet cloth : (n) ایک قسم کا چمکدار کپڑا جسے کلیسائی عہدہ داران یا عورتیں استعمال کرتی ہیں ۔

Velvet cork : (n) بہترین قسم کا کارک جو سرخی مائل رنگ کا ہوتا ہے ۔

Velvet crab : (n) تیرنے والے کیکڑے کی ایک جنس ۔

Velvet-dock : (n) ایک قسم کی بوٹی جس کی پتیاں نرم روئیں دار ہوتی ہیں ۔

Velvet-duck : (n) ایک قسم کی بحری بطخ ۔

Velvet fish : (n) بعض قسم کی آسٹریلیائی مچھلیاں جن کا چمڑا مخملی ہوتا ہے ۔

Velvet flower : (n) سدا بہار پھول ۔

Velvet glove : (n) ظاہری نرمی ۔

Velvet grass : (n) یورپ میں پائی جانےوالی لمبی گھاس جس کا تنا روئیں دار ہوتا ہے ۔

Velvet leaf : (n) مخملی برگہ؛ خبازی ؛ گل خیر ۔

Velvet loom : (n) مخمل یا روئیں دار قالین بنانے کا کرگھا ۔

Velvet moss : (n) شمالی یورپ کی ایک کائی ۔

Velvet paw : (n) (۱) بلی کا پنجہ ۔(۲) (مجازاً) نرمی کے پردے میں ظلم ۔

Velvet pile : (n) کپڑا جس کا رواں مخمل کی طرح نرم ہوتا ہے ۔

Velvet scoter : (n) دیکھو Velvet-duck

Velvet shell : (n) ایک قسم کا بحری معدہ پا ۔

Velvet sponge : (n) ایک قسم کا عمدہ نرم اسفنج ۔

Velvet tamarind : (n) مخملی املی؛ مغربی افریقہ کا ایک درخت ۔

Velvet tread : (n) ایک قسم کا سفید گیہوں؛ آہستہ چال؛ آہستہ قدم ۔

Velvet wheat : (n) ایک قسم کا سفید گیہوں ۔

Velveted : (a) مخمل سے منڈھا ہوا ۔

Velveteen : (n) (۱) نقلی مخمل؛ مخمل کی بناوٹ کا سوتی کپڑا ۔(۲) ایک قسم کا کھٹیا مخمل ۔(۳) مخمل نما سوتی کپڑے کی پتلون وغیرہ ۔(٤) (مجازاً) شکار گاہ کا محافظ ۔

Velvetiness : (n) مخملی ہونا ۔

Velveting : (n) مخمل؛ (جمع) مخمل کی بنی مصنوعات؛ مخمل کے روئیں ۔

Velvety : (a) (۱) مخملی؛ مخمل نما؛ مخمل کا سا ۔ (۲) (مجازاً) چکنا؛ نرم یا ہلکا ۔

Vena : (n) [L.] ورید یا رگ ۔

Vena cave : (n) ورید کلاں؛ ورید اجوف ۔

Vena contracta : (n) ورید منقبض ۔

Vena salvatella : (n) ہاتھ کی ورید جو چھنگلیا سے اوپر کی طرف آتی ہے ۔

Venal : (a) [L. 'venalis'.] (۱) (قدیم) (چیزیں) برائے فروخت ؛ جسے خریدا جا سکے ۔(۲) ضمیر فروش ؛ زر پرست؛ وہ شخص جو اپنے جذبات یا اپنے اثر کو ہر شخص کے ہاتھ فروخت کرنے کو تیار ہو ۔(۳) ضمیر فرو شانہ ۔

Venality : (n) ضمیر فروشی؛ زر پرستی ۔

Venally : (adv.) ضمیر فروشانہ طریقے سے ۔

Venalness : (n) دیکھو Venality

Venantes : (n) [mod. L.] شکاری مکڑیوں کی ایک صنف ۔

Venatic/-al : (a) [L. 'venaticus'.] شکار کا یا شکار سے متعلق؛ شکاری ۔

Venatically : (adv.) بطور شکار ۔

Venation : (n) [L. 'vena'.] (نباتیات) نسوں کی ترتیب؛ ورید بندی؛ رگ بندی؛ نظامِ عروقی ۔

Venational : (a) نسوں کی ترتیب سے متعلق ۔

Venatorial : (a) [L. 'venatorius'.] (۱) شکار سے متعلق یا منسلک ۔(۲) شکار کا شوقین ؛ شکاری ؛ شکار کا عادی ۔

Venatory : (a) دیکھو Venatorial

Vencola : (n) [Amer. Sp.] بعض قسم کے امریکی درخت ۔

Vend : (n) (۱) فروخت؛ بیچنے کا موقع ۔ (۲) کوئلے کی فروخت؛ کسی معینہ مدت کے اندر کوئلے کی کل فروخت کی رقم ۔

Vend : (v) [Fr. 'vendre' or L. 'vendere'.] (۱) بکنا؛ فروخت ہونا ۔ (۲) فروخت کرنا؛ بیچنا ۔ (۳) (مجازاً) رائے دینا؛ اظہار کرنا؛ بیان کرنا؛ پیش کرنا ۔

Vend/Vened : دیکھو Wend

Vendace : (n) [OFr. 'vendese'.] ایک قسم کی چھوٹی لذیذ مچھلی جو انگلستان اور براعظم یورپ کی بعض جھیلوں میں پائی جاتی ہے ۔

Vendage : (n) انگور کو توڑنے کا موسم یا فصل ۔

Vendaval : (n) [Fr. 'vent d'aval'.] (۱) زور کی جنوب مغربی ہوا جو موسم سرما میں آبنائے جبرالٹر میں چلتی ہے ۔ (۲) میکسیکو کے ساحل پر موسم خزاں میں چلنے والا ہوا کا جھونکا ۔

Vendean : (n) [Fr. 'vendeen'.] ونڈی واقع فرانس کا باشندہ: ونڈی کی شاہ پسند جماعت کا رکن ۹۵۔۱۷۹۳ء۔

Vendean : (a) ونڈی کا یا وہاں کا باشندہ۔

Vendee : (n) جس کو کوئی چیز بیچی جائے؛ خریدار۔

Vender : (n) فروخت کنندہ؛ بائع۔

Vendetta : (n) [It.] انتقام قتل کی لڑائی جو خاندانوں میں مسلسل ہوا کرتی ہے (خصوصاً جزائر کارسیکا وغیرہ میں)؛ دشمن داری۔

Vendeuse : (n) دیکھو Saleswoman

Vendibility : (n) قابلِ فروخت ہونا؛ بکاؤ ہونا۔

Vendible : (a) [L.'vendilbilis'.] قابلِ فروخت؛ بکاؤ۔

Vendible : (n) قابلِ فروخت چیز۔

Vendibleness : (n) دیکھو Vendibility

Vendibly : (adv.) قابلِ فروخت طور پر۔

Vending : (n) بیچنا؛ فروخت کرنا۔

Vending machine : (n) وہ مشین جس میں سکہ ڈالنے سے چیزیں بکری کے لئے خود بخود نکل آتی ہیں۔

Vendition : (n) [L. 'vendere'.] فروخت؛ بیچنا۔

Vendor : (n) (۱) دیکھو Vender۔ (۲) بائع جائداد۔

Vendue : (n) [Du. 'vendu'.] نیلام۔

At vendue : نیلام میں؛ نیلام پر۔

By vendue : نیلام کے ذریعہ۔

Vendue crier/-master : (n) نیلام کرنے والا؛ نیلام کنندہ۔

Veneer : (n) [G. 'furni(e)r, fourni(e)r.'] (۱) لکڑی کی باریک تہ۔ (۲) قیمتی دھات کا پتر۔ (۳) ظاہری تہذیب کا رنگ روغن۔ (٤) چٹان وغیرہ کی شکستہ بیرونی تہ۔ (٥) دیوار کی حفاظتی یا آرائشی استرکاری (اینٹ یا پتھر سے)۔ (٦) لکڑی کی باریک تہ سے مشابہ کوئی چیز۔ (۷) بعض قسم کے پروانے۔

Veneer : (v) (۱) (لکڑی، فرنیچر وغیرہ پر) عمدہ لکڑی کی باریک تہ چڑھانا۔ (۲) (مٹی کے برتنوں وغیرہ پر) قیمتی دھاتوں کا پتر چڑھانا۔ (۳) (مجازاً) (طبیعت یا سیرت پر) ظاہری تہذیب کا رنگ روغن پھیرنا۔

Veneer moth : (n) ایک قسم کا پتنگا جس پر رنگ کی تہ سی نظر آتی ہے۔

Veneerer : (n) عمدہ لکڑی کی تہ یا دھات کا پتر چڑھانے والا۔

Veneering : (n) (۱) عمدہ لکڑی کی تہ چڑھانا؛ ظاہری تہذیب کا رنگ روغن پھیرنا۔ (۲) لکڑی یا کسی دوسری چیز کی باریک تہ۔

Venenate : (v) [L. 'venenatus'.] زہر دینا (خصوصاً انجکشن کے ذریعہ)۔

Venenate : (a) زہریلا؛ زہر دیا ہوا؛ مسموم؛ زہر آلود۔

Venenation : (n) زہر آلودگی؛ تسمم۔

Veneniferous : (a) زہریلا؛ زہریلی۔

Venenous : (a) دیکھو Poisonous

Venepuncture : (n) فصد؛ رگ زنی۔

Venerability : (n) بزرگی؛ حرمت؛ عظمت؛ تقدس۔

Venerable : (a) [Fr., or L. 'venerabilis'.] (۱) پاک؛ محترم؛ مقدس؛ واجب التعظیم۔ (۲) (کلیسائے انگلستان میں آرچ ڈیکن کا لقب) تقدس مآب۔ (۳) (رومن کیتھولک کلب) ایسے بزرگ کا لقب جو تقدس رکھتا ہو مگر ولایت کے درجے تک نہ پہنچا ہو۔ (٤) قدیم؛ پرانا۔ (٥) جلیل القدر؛ عالی منزلت۔

Venerable : (n) واجب التعظیم ہستی۔

Venerableness : (n) دیکھو Venerability

Venerably : (adv.) بزرگی کے ساتھ؛ عظمت کے ساتھ؛ تقدس کے ساتھ۔

Venerate : (v) [L. 'venerari'.] (۱) عزت کرنا؛ عزیز رکھنا۔ (۲) احترام کرنا؛ ادب کرنا؛ تعظیم کرنا۔

Veneration : (n) (۱) انتہائی ادب؛ تعظیم؛ احترام ۔ (۲) (علم کاسہء سر میں) تعظیم و احترام کا مادہ ۔ (۳) معظم ہونا؛ قابلِ احترام ہونا ۔

Venerational : (a) انتہائی ادب سے متعلق : تعظیمی ۔

Venerator : (n) عزت کرنے والا؛ احترام کرنے والا ۔

Venereal : (a) [L. 'venereus'.] (۱) جماع سے تعلق رکھنے والا؛ جماعی؛ مقاربتی؛ جنسی خواہش سے متعلق؛ شہوانی ۔ (۲) شہوت انگیز ۔ (۳) جماع سے پیدا ہونے والا ۔ (٤) امراض خبیثہ میں مبتلا ۔ (٥) اعضائے تناسل پر اثر کرنے والا یا ہونے والا ۔ (٦) آتشکی؛ زہراوی؛ سوزاکی ۔

Venereal desire : (n) شہوت؛ خواہشِ جماع ۔

Venereal disease : (n) امراضِ خبیثہ ؛ جماعی مرض؛ مرض زہراوی ۔

Venereal remedies : (n) امراضِ خبیثہ کی دوائیں ۔

Venereal wart : (n) آتشکی آبلہ ۔

Venereological : (a) امراضِ خبیثہ سے متعلق ۔

Venereologist : (n) امراضِ خبیثہ کا ماہر؛ زہراویات دان ۔

Venereology : (n) علم الامراضِ خبیثہ؛ زہراویات ۔

Venerer : (n) شکاری؛ صیاد ۔

Veneridae : (n) [mod. L.] دو صمامہ صدفوں کی ایک جنس ۔

Veneriform : (a) دو صمامہ صدف سے مشابہ ۔

Venery : (n) [Fr. 'venerie'.] (قدیم) شکار؛ صیدافگنی ۔

Venery : (n) [med. L. 'veneria'.] جماع؛ مباشرت؛ مجامعت ۔

Venesect : (v) نشتر لگانا؛ فصد کھولنا ۔

Venesection : (n) [med. L. 'vene sectio'.] فصد؛ ورید شگافی؛ نشتر زنی؛ رگ زنی؛ فصادی ۔

Venetian : (n) [Late ME. 'Venecien'.] (۱) وینس کا باشندہ؛ وینی ۔ (۲) ایک قسم کا غف کپڑا ۔ (۳) جھلملی؛ جھلمل کا پٹ ؛ کھڑکی کا پٹ ۔

Venetian : (a) وینس کا؛ وینی ۔

Venetian arch : (n) نوکدار محراب (ایک پٹی کے ساتھ جو نوکوں پر چوڑی اور محراب کے خم کے پاس پتلی رہتی ہے) ۔

Venetian ball : (n) شیشے کا منقش ٹھوس گولا جو بہ طور کھلونا یا کاغذ داب استعمال کیا جاتا ہے ۔

Venetian blind : (n) جھلملی ۔

Venetian carpet : (n) وینس کا قالین (ایک طرح کا دھاری دار بناوٹ کا اونی قالین) ۔

Venetian chalk : (n) ایک قسم کی کھریا مٹی جو کپڑے پر نشان لگانے کے کام آتی ہے ۔

Venetian door : (n) دروازہ جس کے دونوں طرف روشنی لگی رہتی ہے ۔

Venetian glass : (n) (۱) وینس یا اس کے قرب و جوار (خصوصاً Marano) کا بنا ہوا کانچ کا سامان ۔ (۲) منقش شیشہ جو مختلف رنگ کے شیشوں کو ملا کر بنایا جاتا ہے ۔ (۳) وینس کا بنا آئینہ ۔

Venetian lace : (n) ایک قسم کی جھالر دار لیس ۔

Venetian mast : (n) سڑکوں وغیرہ کی آرائش میں استعمال ہونے والا کھمبا جس پر چکردار دھاریوں میں رنگ کیا جاتا ہے ۔

Venetian pearl : (n) ٹھوس مصنوعی موتی ۔

Venetian point : (n) ایک قسم کا سوزنی لیس جو وینس میں بنتا ہے ۔

Venetian soap : (n) زیتوں کے تیل سے بنا صابون ۔

Venetian sumach : (n) جنوبی یورپ کی ایک جھاڑی ۔

Venetian window : (n) وینس کی وضع کی کھڑکی جو تین جگہ سے علاحدہ علاحدہ کھولی جا سکتی ہے ۔

Venetianed : (a) جھلملی دار؛ جس میں جھلملی لگی ہو ۔

Venetic : (a) اٹلی کے قدیم باشندے وینیٹی (Veneti) کا یا ان کی زبان سے متعلق ۔

Veneur : (n) [Fr.] فرانس میں قرون وسطیٰ کے شکار میں شکاری کتوں کے غول کا منتظم ۔

Venge : (v) [OFr. 'vengier'.] (قدیم) بدلا لینا؛ انتقام لینا ۔

Vengeable : (a) (۱) بدلہ لینے پر مائل ۔ (۲) بے رحم؛ خوفناک ۔ (۳) بہت بڑا؛ بڑا شدید ۔

Vengeance : (n) [Fr.] بدلہ؛ انتقام ۔

To take vengeance : بدلہ لینا؛ انتقام لینا ۔

With a vengeance : نہایت شدّت سے؛ بہت زیادہ ۔

Vengeant : (a) بدلہ لینے والا؛ انتقام لینے والا ۔

Vengeful : (a) (۱) کینہ پرور؛ انتقام جُو ۔ (۲) انتقامی ۔

Vengefully : (adv.) کینہ پروری سے؛ انتقامی طور پر؛ انتقام جویانہ ۔

Vengefulness : (n) کینہ پروری؛ انتقام جوئی؛ جذبۂ انتقام ۔

Venger : (n) دیکھو Avenger

Venia aetatis : (n) عمر میں رعایت جو رومن یا سول قانون میں کبھی کبھی کسی نابالغ بچے کو دے کر اسے حقوق اور ذمہ داری کا مستحق بنادیا جاتا ہے ۔

Venial : (a) [OFr.] (۱) قابلِ در گزر؛ قابلِ معافی؛ قابلِ عفو؛ خفیف ۔ (۲) صغیرہ (گناہ) ۔

Venial sin : (n) گناہِ صغیرہ ۔

Veniality : (n) قابلِ درگزر ہونا؛ صغیرہ ہونا ۔

Venially : (adv.) قابلِ درگزر طور پر ۔

Venice : (n) [Fr.'venise'.] اطالیہ کا ایک شہر؛ وینس ۔

Venice crown : (n) (نقابت) وینس کے صدر مجسٹریٹ کا تاج یا ٹوپی ۔

Venice glass : (n) دیکھو Venetian glass

Venice talc : (n) ابرق کی ایک قسم ؛ سنگ صابون ۔

Venice treacle : (n) تریاق؛ زہریلے جانوروں کے کاٹے کی دوا جو کئی اجزا کو ملا کر بناتے ہیں ۔

Venidium : (n) [mod. L.] جنوبی افریقہ کی بوٹیوں کی ایک جنس ۔

Venin : (n) بِس؛ سانپ کے زہر کا سمی مادہ ۔

Venipuncture/Venepuncture : (n) فصد؛ رگ زنی ۔

Venire : (n) جیو کی پوری فہرست جس میں سے جیوری کا انتخاب ہوتا ہے ۔

Venire de novo : (n) [L.] (شیرف (Sheriff) کے نام) جیوری طلب کرنے کا طلبی نامہ ۔

Venire facias : (n) [L.] جیوری طلب کرنے کا طلبی نامہ شیرف کے نام؛ حکم نامہ جیوری کو طلب کرنے کے لئے ۔

Venire facias de novo : (n) کسی مقدمے کی دوبارہ سماعت کا حکم (کسی نقص یا بے قاعدگی کی وجہ سے) ۔

Venire man : (n) جیوری ۔

Venisection : (n) دیکھو Venesection

Venison : (n) [ME.'veneso(u)n'.] (۱) شکار کا گوشت ۔ (۲) ہرن کا گوشت ۔

Venite : (n) [L.] (۱) مناجات نمبر ۹۵ ۔ (۲) اس مناجات کا تحریری نغمہ ۔

Vennel : (n) [Fr.'vanelle, venelle'.] (۱) گلی؛ کوچہ ۔ (۲) نالہ؛ پرنالہ ۔

Venom : (n) [ME. 'venim'.] (۱) زہر؛ بِس (سانپ، بچھو وغیرہ کا) ۔ (۲) (مجازاً) کینہ؛ بغض؛ بیر؛ (جذبات، الفاظ یا عمل کی) تلخی اور درشتی ؛ زہر ۔ (۳) کسی خاص قسم کا زہر؛ وائرس ۔

Venom : (n) (قدیم) زہر داخل کرنا ۔

Venom duct : (n) قناتِ زہر ۔

Venomed : (a) زہر آلود؛ زہریلا ۔

Venomness : (n) زہریلاپن ۔

Venomous : (a) (۱) زہریلا؛ بِس دار ۔ (۲) کینے سے بھرا ہوا؛ کینہ پرور؛ تلخ اور درشت ۔ (۳) زہر سے متعلق؛ بِس جیسا ۔

Venomously : (adv.) (۱) زہریلے پن سے؛ زہرناکی سے ۔ (۲) بغض وعداوت سے؛ تلخی اور درشتی سے ۔

Venomousness : (n) (۱) زہریلاپن ۔ (۲) کینے سے بھرا ہونا؛ تلخی اور درشتی ؛ کینہ پروری ۔

Venomsome : (a) Venomous دیکھو

Venopressor : (a) وریدی خون کےدباؤ سے متعلق یا منضبط کرنے والا ۔

Venose : (a) [L. 'venosus'.] (۱) رگ دار؛ نس دار؛ کثیر رگہ؛ جس میں وریدوں یا نسوں کی کثرت ہو ۔ (۲) (حشریات، نباتیات) دیکھو Venous ۔

Venosity : (n) (۱) وریدیت؛ وریدی خون کی زیادتی (کسی عضو وغیرہ میں) ۔ (۲) خون کا پھیپھڑوں میں کم ہوا پانا اور شریانوں کی طرف بہنا ۔ (۳) وریدوں کی کثرت ہونا ۔ (٤) (نباتیات) رگ جال ۔

Venous : (a) [L. 'venosus'.] (۱) رگ دار؛ نس دار؛ کثیر رگہ؛ جس میں وریدوں یا نسوں کی کثرت ہو ۔ (۲) وریدی؛ ورید کا؛ نسوں یا رگوں کا؛ سیاہ رگی (آکسیجن کی کمی کی وجہ سے) ۔ (۳) رگوں کا ۔ (٤) وریدی خون سے متعلق ۔

Venous blood : (n) وریدی خون ۔

Venous congestion : (n) اجتماع خون؛ وریدی خون کا کسی عضو میں جمع ہونا؛ امتلائے وریدی ۔

Venously : (adv.) وریدوں یا نسوں کی کثرت کے ساتھ ۔

Venousness : (n) وریدوں یا نسوں کی کثرت ہونا ۔

Venous system : (n) وریدوں کا نظام؛ سیاہ رگی نظام ۔

Vent : (n) [Var. of FENT.] پوشاک کا چاک؛ خصوصاً کوٹ کے پیچھے کا چاک ۔

Vent : (n) [Fr. 'vent' & 'event'.] (۱) (ہوا وغیرہ کے آنے جانے کا) سوراخ؛ منفذ؛ ثُقب ۔ (۲) (دودکش میں) دھوئیں کی نالی ۔ (۳) مورچے کی دیوار کا روزن ۔ (٤) پیپوں میں سوراخ کرنے کا کھوکھلا برما ۔ (٥) چھوٹے جانوروں کا پاخانے کا مقام؛ مبرز ۔ (٦) (مجازاً) اظہار کا ذریعہ؛ اظہار ۔ (۷) نکاس؛ نکالنا ۔ (۸) وہ فرق جو بندوق کی نال اور گولی کے قطر میں ہوتا ہے ۔ (۹) (کسی برتن وغیرہ سے) نکلنے کا موقع ۔ (۱۰) جذبات ، توانائی کے نکلنے کا ذریعہ ۔ (۱۱) آتش فشاں کا دھواں نکلنے کا راستہ ۔ (۱۲) توپ کے مسالے کا سوراخ ۔ (۱۳) نکلنے کا راستہ؛ اخراج؛ جانے کا راستہ ۔ (۱٤) (سانس لینے کے لئے) اودبلاؤ کا سطح آب سے اوپر آنا ۔

To find vent/To get-/To have-/To make-/To want- : اظہار کا ذریعہ پانا یا چاہنا یا بنانا ۔

Vent : (n) [Fr. 'vente'.] (قدیم) فروخت؛ بکری ۔

Vent : (v) [OFr. 'aventer'.] (۱) (پیپے وغیرہ میں) سوراخ کرنا ۔ (۲) اظہار کرنا؛ (غصہ وغیرہ) نکالنا ۔ (۳) اودبلاؤ کا سانس لینے کے لئے سطح پر آنا ۔ (٤) (کسی چیز کا) نکلنا ؛ ظاہر کرنا ۔ (٥) توپ میں مسالے کا سوراخ بنانا ۔

Vent : (v) بیچنا؛ فروخت کرنا ۔

Vent : (n) [Sp. 'vonta'.] فروخت ہونے والے جانوروں کا ایک خصوصی نشان ۔

Vent : (v) (فروخت ہونے والے مویشی پر) خصوصی نشان لگا کر کسی دوسرے نشان کو منسوخ کرنا ۔

Vent disease : (n) خرگوش کا آتشک ۔

Vent drill : (n) توپ کے مسالے کے سوراخ کو صاف کرنے کا اوزار ۔

Vent faucet : (n) پیپوں میں سوراخ کرنے کا کھوکھلا برما ۔

Vent feather : (n) پرندوں کے مبرز کا پر ۔

Vent gimlet : (n) Vent drill دیکھو

Vent gleet : (n) ورم مخرجہ ؛ ورم مبرز ۔

Vent-hole/Venthole/Vent hole : (n) سوراخ؛ ہَوا گیر؛ ہَواکش؛ دودکش ۔

Vent-peg : (n) پیپے کا سوراخ بند کرنے کی ڈاٹ ۔

Vent-piece : (n) (۱) توپ کے مسالے کا سوراخ ۔ (۲) توڑے دار بندوق کی نال کے پچھلے سرے کا کندہ ۔

Vent punch : (n) Vent drill دیکھو

Vent wire : (n) (ڈھلائی میں) قالب میں سوراخ بنانے کا نکیلا تار ۔

Venta : (n) [Sp.] ہسپانوی سرائے(خصوصاً دیہی علاقے کا) ۔

Ventage : (n) (۱) بانسری وغیرہ کا سوراخ ۔(۲) سوراخ؛ ثقب ۔

Ventail : (n) [OFr. 'ventail' or 'ventaille'.] (تا ریخ) خَود کےآگے کا متحرک نچلا حصہ ؛ خَود کا متحرک حصہ ۔

Venter : (n) (۱) دو یا زیادہ بیویوں میں سے وہ جس سے اولاد ہو ۔ (۲) (قانون) رحِم ؛ بچہ دانی ۔ (۳) ماں ۔ (٤) (تشریح) پیٹ ؛ شکم ؛ بطن ۔ (٥) قعر عظم ؛ ہڈی کی کھوکھلی سطح ۔ (٦) (طب) ورم؛ برآمدگی ۔

Venter : (n) اظہار کرنے والا (خصوصاً بیانات، نظریات وغیرہ کا) ۔

Venti-/Vento- : جزو ترکیبی بمعنی "ہَوا" ۔

Ventiduct : (n) [L. 'ventus' + 'ductus'.] منفذ ہوا؛ ہوادان؛ ہوانلی؛ ہواکش ۔

Ventifact : (n) پتھر جو ہواؤں میں اڑنے والی ریت سے گھِس گیا ہو؛ چکنا ہو گیا ہو یا کٹ گیا ہو ۔

Ventil : (n) [G. 'ventil'.] (موسیقی) باجوں کا کھلمندن: کلید باجہ ۔

Ventilagin : (n) [mod. L. 'ventilago'.] سرخی مائل بھورا رال دار رنگ جو جزائر شرق الہند کی ایک بیل سے حاصل کیا جاتا ہے ۔

Ventilate : (v) [L. 'ventilare'.] (۱) (کمرے وغیرہ میں) اچھی طرح ہوا آنے دینا؛ کافی ہوا آنے کا انتظام کرنا ۔ (۲) (خون کو) ہوا سے صاف کرنا؛ ہوا دینا؛ آکسیجن پہنچانا ۔ (۳) (مسئلے وغیرہ کو) عوام کے سامنے بحث اور اظہار رائے کے لئے پیش کرنا؛ اچھی طرح تفتیش کرنا یا پڑتالنا (کسی مسئلے موضوع وغیرہ کو) ۔ (٤) پچھوڑنا ۔ (٥) تازہ ہوا میں رکھنا ۔ (٦) (ہوا کا) چلنا ۔ (۷) کہنا؛ واقف کرانا ۔ (۸) سوراخ بنانا ۔ (۹) جالی میں بال کو علاحدہ علاحدہ باندھ کروگ وغیرہ بنانا ۔

Ventilated car : (n) ہوا دار بند گاڑی ۔

Ventilating : (a) ہوا پہنچانے والا: ہوا دار ۔

Ventilating brick : (n) سوراخ دار اینٹ ۔

Ventilating millstone : (n) ہوا دار پاٹ (چکی کا) ۔

Ventilation : (n) (۱) ہوا داری ؛ ہوا آنے جانے کا انتظام: ہوا دینا؛ ترویح ۔ (۲) (خون کو) آکسیجن پہنچانا ۔(۳) بحث ۔(٤) ہوا کا چلنا ۔

Ventilative : (a) ہوا دینے کا: ہوا کے انتظام کا ۔

Ventilator : (n) (۱) ہوا دینے والا ۔(۲) ہوادان؛ روشن دان ۔ (۳) مروَح ۔ (٤) قدیم دارالعوام میں عورتوں کی گیلری ۔

Ventilatory : (a) (۱) ہوا دار ۔(۲) تنفس سے متعلق ۔

Ventile : (a) (کپڑا) جس میں پانی نہ سرایت کرسکے مگر ہوا آسانی سے آجاسکے ۔

Ventless : (a) بے منفذ؛ بے سوراخ؛ بے نکاس ۔

Ventometer : (n) ہَوا کی رفتار ناپنے کا آلہ ۔

Ventr-/Ventri-/Ventro- : جزو ترکیبی بمعنی (۱) شکم کا: شکمی ۔(۲) شکمی اور ... ۔(۳) گول؛ پھولا ہوا ۔

Ventrad : (adv.) [L.] بطن کی طرف؛ شکم کی طرف ۔

Ventral : (a) [f. Venter.] (۱) شکم کا؛ شکمی؛ بطنی؛ تحتانی ۔ (۲) (نباتیات) اندرونی؛ ساقی؛ شاخی ۔

Ventral : (n) (۱) بطنی مہیپر : مچھلی کے پیٹ کا پر ۔ (۲) (حشریات) شکمی حلقہ ۔

Ventral fin : (n) بطنی مہیپر: مچھلی کے پیٹ کے دو پروں میں سے ایک پر ۔

Ventral segment : (n) (صوتیات) دوعقدتین کےدرمیان مرتعش تار وغیرہ کا حصہ ۔

Ventrally : (adv.) پیٹ کے بل؛ پیٹ کی طرف ۔

Ventralward : (adv.) پیٹ کی طرف ۔

Ventricle : (n) [L. 'ventriculus'.] (۱) جوفِ دل ۔(۲) جوفِ دماغ ۔ (۳) جوف؛ جوفہ ۔

Left ventricle : بایاں جوفِ دل ۔

Right ventricle : دایاں بطن ۔

Ventricornu : (n) دماغ کے خاکستری مادے کا حرام مغز تک بڑھ جانا ۔

Ventricornual : (n) دماغ کے خاکستری مادے کا حرام مغز تک بڑھ کر چلے آنے سے متعلق ۔

Ventricose : (a) (۱) (نباتیات) پھولاماس؛ پھولا ہوا ۔ (۲) توندیل؛ جس کی توند نکلی ہو ۔

Ventricoseness : (n) حدبیت؛ کرویت؛ بیچ سے پھولا ہوا ہونا ۔

Ventricosity: (n) دیکھو Ventricoseness

Vintricous : (a) دیکھو Ventricose

Ventricular : (a) (۱) شکمی؛ شکم کا؛ بطنی؛ بطینی ۔ (۲) جوفی؛ جوفِ دل؛ جوفِ دماغ وغیرہ کا؛ جوف نما ۔

Ventricular fold : (n) کاذب اوتار صوت ۔

Ventricule : (n) دیکھو Ventricle

Ventriculite : (n) [mod. L.'Ventriculites'.] ایک قسم کا متحجر اسفنج ۔

Ventriculus : (n) (۱) جوف دماغ ۔ (۲) (حیوانیات) (پرندوں اور حشرات کا) سنگ دان؛ پوٹا ۔ (۳) جوفِ دل؛ بطن ۔ (٤) اسفنج کے جسم کا جوف ۔

Ventriloquial : (a) انتقالِ صوت کا؛ تکلم بطنی سے متعلق ۔

Ventriloquism : (n) (۱) انتقالِ صوت؛ اس طرح بولنا یا آواز نکالنا کہ کہیں اور سے آواز آتی ہوئی معلوم ہو ۔ (۲) تکلم بطنی؛ قمقمہ ۔

Ventriloquist : (n) انتقالِ صوت کا ماہر ۔

Ventriloquistic : (a) انتقالِ صوت سے متعلق ؛ انتقالِ صوت کا ؛ تکلم بطنی سے متعلق ۔

Ventriloquize : (v) (۱) انتقالِ صوت کا عمل کرنا؛ اس طرح بولنا کہ آواز کہیں اور سے آتی ہوئی معلوم ہو ۔ (۲) انتقالِ صوت کے ذریعے ادا کرنا ۔

Ventriloquous : (n) انتقالِ صوت کا ۔

Ventriloquy : (n) دیکھو Ventriloquism

Vontrimesal : (a) پیٹ کی وسطی شریان، رگ یا عصب سے متعلق

Ventrimeson : (n) پیٹ کی وسطی شریان، رگ یا عصب ۔

Ventro- : جزو ترکیبی بمعنی "بطنی" ۔

Ventro-inguinal : (a) شکم اور چڈے کا ۔

Ventro-lateral : (a) شکم اور پہلو کا یا ان سے متعلق ۔

Ventrolaterally : (a) شکم اور پہلو میں ۔

Ventromesial : (a) شکم اور وسطی خط کا یا وہاں واقع ۔

Venture : (n) [ME. 'venteren'.] (۱) جوکھم کا کام؛ خطرناک مہم؛ جوکھم اٹھانا؛ قسمت آزمائی؛ جوکھوں ۔ (۲) جوکھم کا سودا ؛ ایسا سودا جس میں بہت بڑے نفع اور نقصان کا امکان ہو ۔ (۳) وہ چیز جو خطرے میں ہو ۔ (٤) ہمت؛ جرأت ۔ (٥) (تجارتی جہاز کا) سفر اور سفر سے واپسی ۔

At a venture : اٹکل پچو؛ بے سوچے سمجھے ۔

Venture : (v) (۱) جسارت کرنا؛ جرأت کرنا ۔ (۲) کہنے یا کرنے کی جرأت کرنا ۔ (۳) خطرے میں ڈالنا؛ داؤ پرلگانا؛ کھیل جانا (جان پر) ۔ (٤) خطرناک کام کا بیڑا اٹھانا؛ خطرہ برداشت کرنا ۔

Nought (or nothing)venture/- have : بغیر خطرے کے کچھ حاصل نہیں ہوتا ۔

To venture at : کوشش کرنا؛ داؤ پر لگانا؛ اندازہ کرنا ۔

To venture on/-upon : ہمت کرکے کہنا یا کرنا (کوئی بات یا کوئی کام) ۔

Venture capital : (n) تمسکات میں لگانے کا سرمایہ ۔

Venturer : (n) (۱) جرأت کرنے والا ۔ (۲) جوکھم کا سودا کرنے والا ۔

Venturesome : (a) (۱) دلیر؛ من چلا ۔ (۲) جوکھم کا؛ پُرخطر؛ خطرناک ۔

Venturesomely : (adv.) دلیری سے؛ من چلے پن سے؛ پُرخطر طور پر ۔

Venturesomeness: (n) (۱) دلیری؛ من چلا پن ۔ (۲) پُرخطر ہونا؛ خطرناک ہونا ۔

Venturia : (n) [mod. L. f.] (۱) سماروغ کی ایک جنس ۔ (۲) انیسویں صدی کا اٹلی کا ماہرِ نباتات ۔

Venturine: (n) [Fr. 'aventurine'.] طلائی سفوف (وارنش کی ہوئی سطحوں پر چھڑکنے کے لئے) ۔

Venturous : (a) (۱) دلیر؛ جرأت مند؛ من چلا؛ جاں باز ۔ (۲) پُرخطر؛ جوکھم کا؛ خطرناک ۔ (۳) ہمت ور؛ جیوٹ ۔ (٤) دلیرانہ؛ جرأت مندانہ ۔

Venturously : (adv.) دلیری سے؛ جرأت مندی سے؛ ہمت کر کے ۔

Venturousness : (n) دلیری؛ جرأت مندی؛ جانبازی ۔

Venue : (n) [Fr.] (۱) شمشیر زنی کی ایک ضرب ۔ (۲) شمشیر زنی کا ایک مقابلہ یا باری ۔ (۳) (قانون) مقام تحقیقات؛ وہ مقام جہاں جیوری کو جمع ہونا اور مقدمے کی تحقیقات کرنا ہو ۔ (٤) محل وقوع؛ اصلی مقام؛ مقام واردات ۔ (٥) (مجازاً) بنیاد؛ توجیہہ ۔ (٦) مقام اجتماع؛ ملنے یا جمع ہونے کی جگہ ۔

A change of venue : مقام کی تبدیلی ۔

To change the venue : مقام کو بدلنا (بلوے وغیرہ سے بچنے کے لئے) ۔

Venula : (n) [L.] وریدک؛ رگ کوچک؛ چھوٹی نس؛ رگیزہ ۔

Venular : (a) وریدک سے متعلق ۔

Venule : (n) [L. 'venula'.] دیکھو Venula

Venulose/Venulous : (a) رگیزہ جال ۔

Venus : (n) [L.] (۱) (رومی دیو مالا) وینس؛ محبت کی دیوی؛ رتی؛ وینس کا مجسمہ ۔ (۲) (علم النجوم) زہرہ ؛ سات سیاروں میں سے ایک سیارہ ۔ (۳) عشق؛ محبت ۔ (٤) حسین عورت ۔ (٥) دوسرے دیومالا میں وینس جیسی کوئی دیوی ۔ (٦) ہڈیوں کے پانسے کی پھینک میں سب سے اونچا نمبر ۔ (۷) دو صمامی صدفوں کی ایک جنس ۔

Mount of venus : انگوٹھے کی جڑ ۔

Pandemian venus : نفسانی عشق؛ نفسانی محبت ۔

Uranian venus : پاک محبت؛ روحانی عشق ۔

Venus clam : (n) ایک قسم کا دو صمامہ صدف ۔

Venus flytrap : (n) زہرائی مگس گیر: ایک پودا جس کی پتیاں کیڑے کے بیٹھتے ہی بند ہو جاتی ہیں اور وہ پھنس کر رہ جاتا ہے ۔

Venus's bath/-basin : (n) جنگلی گوکھرو؛ ایک طرح کا خاردار پودا ۔

Venus's chariot : (n) گلِ تاج الملوک ۔

Venus's comb: (n) (۱) (نباتیات) ایک پودا جس کے پھول کنگھی کی شکل کے ہوتے ہیں: شانہء زہرائی ۔ (۲) (حیوانیات) ایک قسم کا صدف جس میں بہت سارے لمبے اور پتلے خار ہوتے ہیں ۔

Venus's cup : (n) پاپوش گل؛ ایک پودا جس کے پھول زرد رنگ کی تھیلیوں کی طرح یا پاپوش نما ہوتے ہیں ۔

Venus's fan : (n) ایک قسم کا مونگا؛ پنکھ مونگا ۔

Venus's flower basket : (n) ایک قسم کا اسفنج ۔

Venus's flytrap : (n) زہرائی مگس گیر: ایک پودا جس کی پتیاں کیڑے کے بیٹھتے ہی بند ہو جاتی ہیں اور وہ پھنس کر رہ جاتا ہے ۔

Venus's girdle : (n) شانہ مجرار کیچوا ۔

Venus's hair : (n) سنبل سیاہ؛ بالچھڑ ۔

Venus's looking-glass : (n) بعض قسم کے پودوں کا نام ۔

Venus's navelwort : (n) ایک قسم کا پودا ۔

Venus's purse : (n) دیکھو Venus's flower basket

Venus's shell : (n) (۱) کوڑی ۔ (۲) ایک دو صمامہ صدفہ ۔

Venus's shoe : (n) (۱) (نباتیات) پاپوش گل ۔ (۲) ایک قسم کا صدف ۔

Venus's slipper : (n) دیکھو Venus 's shoe

Venushair : (n) ایک قسم کا سرخس ۔

Venusian : (a) (سیارہ) زہرہ کا؛ زہرہ سے متعلق ۔

Venusian : (n) (۱) وہ شخص جس کے انگھوٹھے کی جڑ کا ابھارنمایاں ہو ۔ (۲) زہرہ سیارے کا فرضی باشندہ ۔

Venutian : (n) زہرہ کا فرضی باشندہ ۔

Ver macaque : (n) باٹ مکھی (Bot fly) ۔

Vera : (n) [Amer. Sp.] شمالی مغربی امریکا کا ایک درخت یا اس کی لکڑی ۔

Veracious : (a) [L. 'verax'.] (۱) سچا؛ راست گو ۔ (۲) سچا: مطابق واقعہ؛ جو سچ ہو یا سچ سمجھ کر کہا گیا ہو؛ صحیح ۔ (۳) صحیح اندازہ لگانے والا ۔

Veraciously : (adv.) راست گوئی سے؛ سچائی سے ۔

Veraciousness : (n) سچائی؛ صداقت؛ راست گوئی ۔

Veracity : (n) [L. 'veracites'.] (۱) سچائی:صداقت؛ راست گوئی ۔ (۲) صحت؛ درستی؛ راستی ۔ (۳) کوئی چیز جو سچ ہو؛ سچائی ۔

Of veracity : قابلِ اعتماد؛ معتبر؛ سچا؛ راست گر ۔

Veranda/Verandah : (n) [Urdu. 'Baramda'.] برآمدہ ؛ غلام گردش ۔

Veranda(h)ed : (a) برآمدہ دار ۔

Veratr- : جزو ترکیبی بمعنی 'ویریٹرم'؛ 'خربق' ۔

Veratrate : (n) ویراٹرین کا نمک ۔

Veratria : (n) ویراٹرین؛ ایک زہریلا نباتی مرکب جو وجع مفاصل اور درد اعصاب میں مہیج کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔

Veratric : (a) ویراٹرین کا ۔

Veratrine : (n) [Fr.] Veratria دیکھو

Veratrol : (n) ایک بے رنگ خوشبودار تیل جو ویراٹرین سے حاصل کیا جاتا ہے ۔

Veratrum : (n) [L.] خربق؛ کٹکی؛ سوسنی پودوں کی ایک جنس ۔

Veratrum Album : (n) یورپی خربق ۔

Veratrum resin : (n) کسی قدر بھورا گوند جو شعیرک (Sabadilla) کے بیج سے حاصل کیا جاتا ہے ۔

Verb : (n) [Fr. 'verbe', or L. 'verbum'.] (صرف ونحو) فعل ۔

Active verb : فعل معروف ۔

Auxiliary verb : امدادی فعل؛ معاون فعل ۔

Deponent verb : وہ فعل جو صورت کے لحاظ سے مجہول ہو مگر معنی کے لحاظ سے معروف ہو ۔

Desiderative verb : فعل تمنائی ۔

Impersonal verb : وہ فعل جو صرف صیغہ غائب میں استعمال ہوتا ہے ۔

Intransitive verb : فعل لازم ۔

Principal verb : اصل فعل ۔

Reflexive verb : فعل معکوس ۔

Substantive verb : فعل اثباتی ۔

Transitive verb : فعل متعدی ۔

Verbal : (a) (۱) لفظی؛ الفاظ کے متعلق ۔ (۲) زبانی (تحریر کی ضد) ۔ (۳) (ترجمہ) لفظی: لفظ بہ لفظ؛ تحت اللفظی ۔ (٤) (صرف ونحو) فعلی؛ فعل کا ۔

Verbal : (n) حاصل مصدر ۔

Verbal auxilliary : (n) معاون فعل ۔

Verbal definition : (n) تعریف اسمی؛ وہ تعریف جس میں چیز کے نام کی کل خصوصیات آجائیں ۔

Verbal fallacy : (n) لفظی مغالطہ ۔

Verbal image : (n) لفظی تمثال؛ لفظی شبیہہ ۔

Verbal inspiration : (n) یہ عقیدہ کہ مقدس کتابیں لفظ بہ لفظ الہامی ہیں ۔

Verbal note : (n) (فن سفارت) اوسط درجے کے اہم معاملے کے متعلق بلا دستخط یاد داشت ۔

Verbal noun : (n) حاصل مصدر؛ مصدر ۔

Verbalism : (n) (۱) لفظ (معنی کے مقابلے میں) ۔(۲) لفظیت ۔ (۳) طول کلامی؛ لفاظی؛ طوالت ۔

Verbalist : (n) (۱) الفاظ کی حد سے زیادہ چھان بین ۔(۲)لفظی تنقید کرنے والا ۔ (۳) الفاظ کا یا الفاظ کے استعمال کا ماہر ۔

Verbality : (n) (۱) الفاظ کی بھرمار؛ بے جا طول ۔(۲) (جمع) فقرے ۔ (۳) فعل کی ماہیت یا کیفیت ۔

Verbalization : (n) فعل بنانا یا بنایا جانا؛ الفاظ میں بیان کرنا یا کیا جانا ۔

Verbalize : (v) (۱) فعل بنانا (اسم وغیرہ سے) ۔(۲) الفاظ میں بیان کرنا ۔(۳) طول گوئی یا طول نویسی سے کام لینا ۔

Verbalizer : (n) فعل بنانے والا؛ الفاظ میں بیان کرنے والا؛ طول گو؛ طول نویس ۔

Verbally : (adv.) (۱) الفاظ کے ذریعے؛ لفظوں میں ۔ (۲) زبانی ۔ (۳) لفظ بہ لفظ ؛ تحت اللفظ ۔ (٤) لفظی طور پر ۔

Verbarian : (a) [L. 'verbum'.] لفظ سے متعلق ۔

Verbarian : (n) الفاظ گھڑنے والا؛ نئے الفاظ نکالنےوالا ۔

Verbarium : (n) [L.] دیکھو Anagrams

Verbascose : (n) بلوری شکر $(C_{30}H_{56}O_{26})$ ۔

Verbascum : (n) [L.] دیکھو Mullein

Verbatim : (n) لفظ بہ لفظ ترجمہ؛ بیان یا رپورٹ ۔

Verbatim : (adv.) لفظ بہ لفظ؛ حرف بہ حرف ۔

Verbatim : (a) [med. L.] لفظ بہ لفظ؛ حرف بہ حرف ۔

Verbena : (n) [L.] (۱) وربینا؛ ایک قسم کا پودا جو وروین (Vervain) کے خاندان سے تعلق رکھتا ہے؛ جنس ساگون ۔ (۲) (جمع) (قدیم روما) بعض پودوں یا جھاڑیوں (مثلاً زیتون، حنا، لارل وغیرہ) کی پتیاں یا ٹہنیاں جنہیں مقدس مانا جاتا تھا اور مذہبی تقریبات میں استعمال کیا جاتا تھا ۔(۳) وروین کا عطر ۔

Verbena oil : (n) ایک خوشبودار تیل جو لیمون وربینا سے حاصل کیا جاتا ہے ۔

Verbenaceous : (a) ساگونیہ سے متعلق؛ جنس ساگون کا ۔

Verberate : (v) [L. 'verberare'.] (۱) مارنا؛ ضرب لگانا ۔ (۲) مرتعش ہونا؛ تھرتھرانا؛ کانپنا ۔

Verberation : (n) (۱) مارنا؛ ضرب؛ چوٹ ۔(۲) ارتعاش ۔

Verbesina : (n) [mod. L.] بوٹیوں کی ایک جنس جن کے پھول زرد یا سفید ہوتے ہیں؛ اس جنس کی کوئی بوٹی ۔

Verbiage : (n) [Fr.] (۱) الفاظ کی بھرمار ؛ بیجاطول ۔ (۲) الفاظ کا انتخاب اور صحیح استعمال؛ بندش؛ طرزِ تحریر ۔

Verbicide : (n) (۱) لفظ کے معنی کو قصداً مسخ کرنا؛ قتلِ الفاظ؛ لفظوں کو ذبح کرنا ۔(۲) لفظ کے معنی کو بگاڑنے والا؛ قاتلِ الفاظ؛ لفظوں کو ذبح کرنے والا ۔

Verbid : (n) دیکھو Verbal

Verbification : (n) فعل بنانا ۔

Verbify : (v) فعل بنانا ۔

Verbigerate : (v) [L. 'verbigerare'.] (مرضیات) بے معنی طور پر ایک ہی لفظ یا محاورے کی تکرار کرنا (جو دماغی علالت کی علامت ہے) ۔

Verbigeration : (n) تکرار الفاظ ۔

Verbless : (a) بے فعل کا ۔

Verbomania : (n) جنون لفظی ۔

Verbomaniac : (n) مجنون الفاظ ۔

Verbose : (a) [L. 'verbosus'.] (۱) جس میں الفاظ کی بھرمار ہو ۔(۲) طول نویس ؛ طول گو؛ طوالت پسند ۔

Verbosely : (adv.) طوالت کے ساتھ ؛ طول دے کر؛ الفاظ کی بھرمار کے ساتھ ۔

Verboseness : (n) (۱) طول نویسی؛ طول گوئی؛ طوالت پسندی ۔ (۲) طول؛ طولانی ہونا؛ لفاظی ۔

Verbosity : (n) الفاظ کی بھرمار؛ طول نویسی؛ طوالت پسندی ۔

Verboten : (a) [G., f. OHG. 'forbotan'.] ممنوعہ ؛ ممنوع ۔

Verboten : (n) کوئی چیز جس کی حکومت یاحاکم نےممانعت کردی ہو ۔

Verbum sap/Verb sap (sat) : عقلمندوں کے لئے اشارہ کافی ہے؛ عاقلاں را اشارہ کافی است ۔

Verbum sat/Sat verbum : اور زیادہ کہنے کی ضرورت نہیں ہے ۔

Verd-/Verdo- : جزو ترکیبی بمعنی "سبز"؛ "ہرا" ۔

Verd-antique/Verd antique/Verde- : (n) [It. 'verde antico'.]
(۱) سبز چتی یا دھاری دار سنگ مرمر؛ سبز منقش پتھر جو عمارت میں کام آتا ہے ۔
(۲) زنگار؛ پرانے کانسے کا سبز سنگ ۔

Oriental verd-antique : سبز آتش فشانی چٹان ۔

Verdaccio :(n) [It.] ایک قسم کا سبز رنگ جو عہد وسطیٰ میں اطالیہ میں مصوری میں استعمال کیا جاتا تھا ۔

Verdancy : (n) (۱) سرسبزی؛ شادابی؛ تازگی ۔ (۲) (مجازاً) خام کاری؛ ناتجربہ کاری؛ سادہ دلی؛ بھولاپن ۔

Verdant : (a) [Origin obscure.] (۱) سبز؛ سرسبز؛ شاداب؛ تروتازہ؛ ہرابھرا؛ لہلہاتا ہوا ۔ (۲) کچا؛ خام؛ ناتجربہ کار؛ سادہ دل؛ بھولا ۔

Verdantly : (adv.) (۱) سرسبزی؛ شادابی یا تازگی کی حالت میں ۔ (۲) خام کاری سے؛ سادہ دلی سے؛ بھولے پن سے ۔

Verde antico : (n) دیکھو Verd-antique

Verderer/Verderor : (n) [AFr.] شاہی جنگلات کا مجسٹریٹ ۔

Verdership : (n) شاہی جنگلات کے مجسٹریٹ کا عہدہ ۔

Verdict : (n) [AFr. 'verdit'.] (۱) (قانون) جیوری کافیصلہ یا تجویز (واقعات مقدمہ کےمتعلق) ۔ (۲) فتویٰ ؛ فیصلہ ۔ (۳) رائے؛ تجویز ۔

Open verdict : تجویز جرم بے تعین مجرم ۔

Partial verdict : جزوی تجویز جرم؛ ملزم کو جرم کے ایک جزو کا مجرم قرار دینا ۔

Privy verdict/Sealed- : تحریری تجویز جو پیش کار عدالت کو جیوری کی طرف سے اس وقت دی جاتی ہےجبکہ جیوری کےغوروخوض کے دوران میں عدالت کا اجلاس برخاست ہوجائے ۔

Special verdict : تجویز خاص؛ جس میں ثابت شدہ واقعات ظاہر کے نتیجہ نکالنے کا کام عدالت پر چھوڑ دیا جائے ۔

Verdigris : (n) [ME. 'verdegres, vertegres'.] (۱) سرکے کے تیزاب اور تانبے کا ایک مرکب جو دوا اور رنگ کے طورپر استعمال ہوتا ہے ۔(۲) زنگار سبز؛ تانبے کا کساؤ ۔

Verdigris : (v) زنگار کی تہ چڑھانا؛ سرکے کے تیزاب اور تانبے کا مرکب چڑھانا ۔

Verdigris green : (n) زنگاری سبز (رنگ) ۔

Verdigrised : (a) زنگار آلود ۔

Verdigrisy : (a) زنگار نما ۔

Verdin : (n) [Fr.] ایک قسم کا پرند (Titmnise) جو بڑا اور گول گھونسلا بناتا ہے ۔

Verdit : (n) دیکھو Verdict

Verditer : (n) [OFr. 'verd de terre'.] ایک قسم کا سبز رنگ جو تانبے کے نائٹریٹ میں کھریا یا چونا ملانے سے بنتا ہے؛ توتیا سبز ۔

Verdolaga : (n) [Arab. 'bardilaga'.] باقلہ؛ خرفہ ۔

Verdoy : (a) [Fr. 'verdoye'.] (نقابت) پھول، پھل، پتیوں سے بنا ہوا (حاشیہ) ۔

Verdure : (n) [Fr.] (۱) سرسبزی؛ تازگی؛ شادابی ۔ (۲) سبزی ؛ گھاس اور پودے ؛ نباتات ۔ (۳) سبز گھاس یا نباتات ۔ (٤) (مجازاً) تروتازگی؛ چستی؛ تندرستی ۔ (٥) موٹا بنا ہوا کپڑا جس پر پھول پتیوں وغیرہ کے نقشے بنے ہوتے ہیں ۔

Verdured : (a) سرسبز؛ نبات سے ڈھکا ہوا ۔

Verdureless : (a) بے برگ وگیاہ؛ جہاں گھاس اور پودے نہ ہوں ۔

Verdurous : (a) (۱) سرسبز ۔ (۲) تروتازہ؛ شاداب ۔ (۳) سبزہ زار ۔ (٤) سبزی سے متعلق؛ نباتات جیسا ۔

Verdurousness : (n) سرسبز ہونا؛ تروتازگی؛ شادابی ۔

Verecund : (a) [L.'verecundus'.] شرمیلا؛ شرمگین؛ جھینپو ۔

Verein : (n) [G.] انجمن؛ منظم جماعت ۔

Veretilliform : (a) [mod. L. 'veretillum'.] کثیر پا کی شکل کا ۔

Vergaloo/Virgalieu : (n) [Var. of virgouleuse.] ناشپاتی کی قسم کا ایک درخت ۔

Verge : (n) [Fr.] (۱) عین کنارہ؛ لب ۔ (۲) قریب ترین نقطہ؛ سرحد ۔ (۳) کیاریوں کے کنارے کی گھاس ۔ (٤) عصا؛ چھڑی (جسے کوئی شخص اسقف وغیرہ کے آگے اس کے عہدے کے نشان کے طور پر لے کر چلتا ہے) ۔ (٥) بعض کلوں کی لوہے کی چھڑی ؛ تکلا ۔ (٦) (تعمیرات) ساق ستون؛ کھپروں کا کنارہ ۔ (۷) (تاریخ) نائٹ مارشل کا دائرہ حکومت ۔ (۸) صدف، قشریہ وغیرہ کا عضو تناسل ۔ (۹) (گھڑی سازی) پرانے عمودی گریزہ کے بال کمان کا تور ۔ (۱۰) سطر ٹائپ (Lino type) کا ایک پرزہ ۔ (۱۱) زندگی کے آخری ایام ۔ (۱۲) آخری کنارہ؛ حاشیہ یا حد ۔ (۱۳) آخری حد ۔ (۱٤) چٹان کا آخری کنارہ ۔ (۱٥) دریا کا کنارہ ۔ (۱٦) رجحان؛ میلان ۔ (۱۷) جگہ؛ گنجائش؛ موقع ۔

On the verge of/To the verge of : لگ بھگ ؛ قریب ۔

Within the verge : (Lord High Steward) کے دائرہ حکومت میں ۔

Verge : (v) (۱) مخصوص قسم کا حاشیہ لگانا؛ کنارہ بنانا ۔ (۲) قریب ہونا؛ ملحق ہونا ؛ لگ بھگ ہونا ۔ (۳) مشابہ ہونا؛ لگ بھگ ہونا؛ حد تک پہنچنا ۔

To verge on : بالکل قریب جا پہنچنا ۔

Verge : (v) [L. 'vergerer'.] (۱) (سورج کا) ڈھلنا؛ غروب ہونا؛ غروب ہونے لگنا ۔ (۲) کسی خاص سمت میں (خصوصاً) نیچے کی طرف بڑھنا؛ بڑھنا؛ پھیلنا ۔ (۳) منحرف ہونا؛ مڑنا ۔ (٤) جھکنا؛ مائل ہونا ۔ (٥) آہستہ آہستہ بدلنا؛ تبدیل ہونا ۔ (٦) کسی خاص رخ کا ہونا؛ کسی خاص طرف ہونا ۔

Verge-board : (n) دیکھو Barge-board

Verge rafter : (n) دیکھو Barge-board

Vergency : (n) (بصریات) میلان؛ انحرافیت؛ جھکاؤ (عدسے کے فصلی ماسکہ کے متکافی جس سے شعاعوں کے اتساع (Divergence) یا استدقاق (Convergence) کا اندازہ ہوتا ہے) ۔

Verger : (n) [AFr.] (۱) منتظم نشست؛ کلیسا کا وہ عہدے دار جو حاضرین کو ان کی نشستوں پر بٹھاتا ہے ۔ (۲) عصابردار؛ جو اسقف یا نائب امیر جامعہ کے آگے آگے چلتا ہے ۔

Vergiform : (a) سلاخ نما ۔

Verglas : (n) [Fr.] چٹان پر برف کی پتلی تہ ۔

Vergobret : (n) [L. 'vergobretus'.] قدیم فرانس کا چیف مجسٹریٹ ۔

Veridical : (a) [L. 'veridicus'.] (۱) سچا؛ راست گو ۔ (۲) (نفسیات) سچا؛ مطابق اصل؛ مطابق واقعہ (خواب وغیر)؛ صادقہ ۔

Veridical dream : (n) رویاء صادقہ ۔

Veridical hallucination : (n) واہمہ صادقہ ۔

Veridicality : (n) راست گوئی؛ سچائی؛ صادقہ ہونا ۔

Veridically : (adv.) (۱) سچائی سے ۔ (۲) واقعی طور پر؛ مطابق اصل ۔

Verifiability : (n) قابلِ تصدیق ہونا؛ ثبوت پذیری ۔

Verifiable : (a) ثبوت پذیر ؛ جس کی تصدیق کی جاسکے ۔

Verifiableness : (n) قابلِ تصدیق ہونا؛ ثبوت پذیری ۔

Verifiably : (adv.) قابلِ تصدیق طور پر ۔

Verification : (n) (۱) تصدیق ۔ (۲) توثیق ۔ (۳) پڑتال؛ جانچ؛ امتحان ۔ (٤) منظوری ۔

Verificatory : (a) تصدیق یا توثیق کرنے والا ۔

Verified : (a) مصدقہ ۔

Verifier : (n) تصدیق کنندہ؛ تصدیق کرنے والا ۔

Verify : (v) [Fr. 'verifier'.] (۱) تصدیق کرنا؛ جانچنا ۔ (۲) (واقعات کا پیش گوئی کو، عمل کا قول کو) پورا کرنا؛ صحیح ثابت کرنا ۔ (۳) (قانون) (کاغذات مقدمہ کے ساتھ) حلف نامہ نتھی کرنا؛ (بیان کا) ثبوت داخل کرنا ۔ (٤) جانچنا؛ پڑتالنا؛ صحت ثابت کرنا ۔ (٥) تفتیش کرکے ثابت کرنا ۔ (٦) تصدیق کیا جانا؛ صحیح ثابت کیاجانا۔ (۷) دلیل، شہادت یا ثبوت ثابت ہونا ۔

Verily : (adv.) سچ مچ؛ واقعی؛ یقیناً؛ دراصل ۔

Verisimilar : (a) [L.'verisimilis'.] اغلب ؛ بظاہر؛ صحیح ؛ قرینِ قیاس ۔

Verisimilarly : (adv.) اغلباً؛ غالباً ۔

Verisimilitude : (n) (۱) قرین قیاس ہونا؛اغلب ہونا؛بہ ظاہر صحیح ہونا؛ شائبہ اصلیت؛ بظاہر راستی؛ احتمال ۔ (۲) اغلب چیز؛ وہ بات یا بیان وغیرہ جو صحیح معلوم ہو ۔

Verisimilous : (a) دیکھو Verisimilar

Verism : (n) [L. 'verum'.] حقیقت پسندی ؛ حقیقت طرازی ۔

Verist : (n) حقیقت طراز؛ حقیقت پسند ۔

Verist : (a) حقیقت پسندانہ ۔

Veristic : (a) حقیقت پسندانہ؛ حقیقت طرازی سے متعلق ۔

Veritable : (a) [Fr.] (۱) حقیقی؛ واقعی؛ سچ مچ کا۔ (۲) سبھی ممیز صفات کا حامی (شخص یا چیز) ۔

Veritableness : (n) حقیقی ہونا؛ واقعی ہونا ۔

Veritably : (adv.) فی الحقیقت؛ سچ مچ ۔

Veritas : (n) [L.] (۱) سچّائی؛ صداقت ۔ (۲) فرانسیسی جہازوں کی مکمل فہرست جو ہر سال شائع ہوتی ہے، جسے 'Bureau veritas' بھی کہتے ہیں ۔

Veritism : (n) دیکھو Verism

Veritist : (n) دیکھو Verist

Verity : (n) [ME. 'verite'.] (۱) سچائی؛ سچ مچ ہونا؛ اصلیت؛ صدق ۔ (۲) سچابیان؛ سچی بات ۔ (۳) واقعہ؛ حقیقت ؛ حقیقی وجود رکھنے والی شے ۔ (۳) کسی صفت کے ساتھ خدا یا حضرت عیسیٰ کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔

Of a verity : واقعی؛ دراصل ۔

Verjuice : (n) [OFr. 'vertjus'.] ترشاب؛ ترش عرق ؛ جو کھٹے انگور اور سیب وغیرہ سےنکال کر کھانا پکانے میں استعمال ہوتا ہے ۔

Verjuice : (v) تلخ کرنا؛ ترش بنانا ۔

Verjuiced : (a) ترشاب ملایا ہوا ۔

Vermeil/Vermil : (a) [Fr.] شنگرفی رنگ کا؛ چمکیلا سرخ ۔

Vermeil/Vermil : (n) [Fr.] (۱) شنگرفی رنگ ۔ (۲) نارنجی کا تامڑا ۔ (۳) چاندی کا ملمع؛ ملمع پر جِلا کرنے کا وارنش ۔ (۳) (شعر) شنگرف؛ سیندور ۔

Vermeil/Vermil : (v) سیندور لگانا؛ چاندی کا ملمع کرنا ۔

Vermeologist : (n) کرمیات دان؛ عالمِ حشریات ؛ ماہر کرمیات ۔

Vermeology : (n) کرمیات؛ حشراتیات؛ کیڑوں کا علم ۔

Vermes : (n) [L. 'vermis'.] (۱) (مرضیات) طفیلی کیڑوں سے پیدا ہونے والی ایک بیماری ۔ (۲) (حیوانیات) دیدان؛ کرم؛ کیڑے ۔

Vermetid : (n) [mod. L. 'Vermetidae'.] معدہ پایان کی ایک جنس کا کوئی فرد ۔

Vermetidae : (n) [L.] بحری صدفوں کی ایک جنس ۔

Vermetus : (n) بحری معدہ پا صدفوں کی ایک جنس ۔

Vermi- : لاطینی لفظ Vermis سے مشتق جزو ترکیبی بمعنی کرم، کیڑا ۔

Vermian : (a) (۱) کرمی؛ کرم نما؛ کیڑوں کی طرح کا ۔ (۲) (تشریح) میانۂ دُمیغ سے متعلق ۔

Vermicelli : (n) [It.] (۱) ایک قسم کی لمبی لمبی سوّیاں جو آٹا، پنیر، انڈے کی زردی، چینی اور زعفران

کے مرکب سے بنتی ہیں ۔ (۲) سویوں کا شوربہ۔

Vermicelli : (a) سویّوں کا؛ سویّوں جیسا ۔

Vermicidal : (a) (۱) کرم کُش ۔ (۲) کرم کشی سے متعلق ۔

Vermicide : (n) کرم کش دوا ۔

Vermicle : (n) کرمک؛ کرم نما لاروا ۔

Vermicular : (a) [med. L. 'vermicularis'.] (۱) کرم نما؛ کیڑوں کی طرح کی؛ دودی؛ کرم شکلہ ۔ (۲) لہردار؛ چکردار ۔ (۳) کرم خوردہ سا ۔ (٤) (مرضیات) امراض جو پیٹ کے کیڑوں سے پیدا ہوں ۔ (٥) کِرم جیسا؛ کِرم دار ۔

Vermicular ascaris : (n) ناروٗ؛ تاگے کا سا کیڑا جو انسان کے جسم سے ایک بیماری میں نکلتا ہے ۔

Vermicularly : (adv.) کیڑوں کی طرح ؛ چکر دارطور پر ۔

Vermiculate : (a) [L. 'vermiculatus'.] (۱) کرمئی ؛ دیکھو Vermiculated ۔ (۲) دیکھو Vermicular ۔ (۳) چکردار؛ لہردار ۔

Vermiculated : (a) (۱) کِرم خوردہ؛ جس میں لہردار نشانات ہوں ۔ (۲) (تعمیرات) (پتھر وغیرہ کی سطح) جس پر لہر یا نقش ہوں؛ لہر یا نقش والا ۔

Vermiculation : (n) (۱) کِرم خوردگی ۔ (۲) لہر یا نقش ۔ (۳) حرکت دودی ؛ حرکت انقباضی ۔ (٤) (نباتیات) کرمی شکل ۔

Vermicule : (n) [L. 'vermiculus'.] کرمک؛ کرم نما مخلوق؛ تتلی وغیرہ کا پہل روپ ۔

Vermiculite : (n) [L. 'Vermiculari'.] (معدنیات) سنگ دودی؛ کرمی پتھر ۔

Vermiculous : (a) (۱) کِرم سے متعلق؛ کرمی ۔ (۲) کِرم نما ۔

Vermiferous : (a) کرم زا؛ کیڑے پیدا کرنے والا ۔

Vermiform : (a) (۱) کرم نما؛ کرم شکل؛ دودی ۔ (۲) کرمی؛ کیڑوں سے مشابہ ۔

Vermiform appendix : (n) معائی زائدہ ۔

Vermiform process : (n) (۱) دماغ کا درمیانی لَو؛ میانہ دمیغ ۔ (۲) معائی زائدہ ۔

Vermifugal : (a) دافع کرم ۔

Vermifuge : (a) دافع کرم؛ دافع دیدان معاء ۔

Vermifuge : (n) دافع کرم دوا ۔

Vermigerous : (a) کیڑوں سے بھرا ہوا ۔

Vermigrode : (a) کیڑوں کی طرح چلنے والا؛ رینگنے والا؛ کرم چال ۔

Vermilion : (n) [ME. 'vermelyon'.] (۱) شنگرف؛ سیندور ۔ (۲) شنگرف سے مشابہ کوئی مٹی ۔ (۳) شنگرفی رنگ ۔ (٤) نارنجی رنگ کا تامڑا ۔

Vermilion : (a) شنگرفی رنگ کا؛ قرمزی ۔

Vermilion : (v) شنگرفی رنگ میں رنگنا؛ شنگرفی رنگ دینا ۔

Vermilionize : (n) شنگرفی رنگ کا بنانا ۔

Vermin : (n) [OFr.] (۱) موذی جانور (مثلاً لومڑی، نیولا، چوہا وغیرہ) ۔ (۲) ضرر رساں کیڑے ۔ (۳) کیڑے مکوڑے ۔ (٤) (مجازاً) بدمعاش لوگ؛ ذلیل لوگ؛ حشرات الارض؛ جرائم پیشہ لوگ ۔

Verminate : (v) [L. 'verminare'.] (شاذ) کیڑے پڑ جانا؛ جوئیں پڑ جانا ۔

Vermination : (n) کیڑے پڑ جانا؛ جوئیں پڑ جانا؛ کرم زائی ۔

Verminosis : (n) کیڑے پڑجانا؛ طفیلی کیڑے سے پیدا ہونے والی بیماری ۔

Verminous : (a) (۱) کیڑے پڑا؛ کیڑے بھرا ۔ (۲) کیڑوں کی پیدا کی ہوئی (بیماری) ۔ (۳) ذلیل اور حقیر ۔ (٤) جس کے پیٹ میں کیڑے ہوں ۔

Verminously : (adv.) ذلیل طور پر؛ کیڑوں سے بھرا ہوکر۔

Verminousness : (n) کیڑوں بھرا ہونا؛ ذلالت؛ حقیر ہونا ۔

Vermiparous : (a) (شاذ) کیڑوں کی شکل کے بچے دینے والا ؛ کرم نما طفیلی پیدا کرنے والا ۔

Vermis : (n) [L.] میانۂ دُمیغ؛ دمیغ کی درمیانی لَو ۔

Vermivorous : (a) کرم خور ۔

Vermix : (n) دیکھو Vermiform-appendix

Vermorel : (a) [after Victor B. Vermorel, a French industrialist] چھڑکاؤ ٹونٹی سے متعلق ۔

Vermouth/Vermuth : (n) [Fr. 'vermout'.] (۱) شراب افسنتین؛ ایک قسم کی شراب جس میں افسنتین ملا کر تلخی پیدا کی جاتی ہے ۔ (۲) شراب افسنتین کا گلاس ۔

Vernacle : Venicle کا متبادل ۔

Vernacular : (a) [L.'vernaculus'.] (۱) ملکی؛ دیسی (زبان، لفظ وغیرہ) ۔ (۲) مقامی؛ مختص المقام (بیماری)؛ جو کسی خاص خطے میں محدود ہو ۔ (۳) ملکی زبان میں لکھا ہوا ۔

Vernacular : (n) (۱) دیسی زبان؛ مقامی زبان ۔ (۲) کسی خاص پیشے کا اسلوب بیان یا محاورہ ۔ (۳) کسی خاص مقام کا طرز ۔

Vernacularism : (n) دیسی زبان کا محاورہ یا لفظ ۔

Vernacularity : (n) (۱) دیسی پن ۔ (۲) مقامی ہونا (بیماری کا) ۔

Vernacularization : (n) دیسی بنانا یا بنایا جانا؛ دیسی زبان میں منتقل کرنا یا کیا جانا ۔

Vernacularize : (v) دیسی بنانا؛ دیسی زبان کے سانچے میں ڈھالنا؛ دیسی زبان میں منتقل کرنا ۔

Vernacularly : (adv.) دیسی زبان کے محاورے کے مطابق؛ دیسی زبان میں ۔

Vernadskite : (n) [f. Valdimir I. Varnadsky, a Russian geologist.] ایک معدنی شے جو تانبے کے اساسی آبدار سلفیٹ سے بنتا ہے $(Cu_4 (SO_4)_3 (OH)_2 4H_2O)$ ۔

Vernal : (a) [L.'vernalis'.] (۱) بہاری؛ موسم بہار کا؛ ربیعی ۔ (۲) موسم بہار سے متعلق ؛ بہار جیسا ۔ (۳) (مجازاً) شبابی؛ نوجوانی کا ۔

Vernal breeze : (n) بادبہاری؛ نسیم بہاری ۔

Vernal equinox : (n) اعتدال ربیعی ۔

Vernal fever : (n) فصلی بخار؛ ملیریا ۔

Vernal grass : (n) ایک قسم کی گھاس جو چارے کے لئے اُگائی جاتی ہے ۔

Vernal point : (n) (علم النجوم) نقطۂ ربیعی؛ نقطۂ اول حمل ۔

Vernal season : (n) بہار؛ موسم بہار ۔

Vernal signs : (n) بروج ربیعی ۔

Vernalization : (n) پیش بہاری؛ بہاری بنانا ۔

Vernalize : (v) بہاری بنانا ۔

Vernalize : (v) پودوں میں جلد پھول یا پھل پیدا کرانا ۔

Vernally : (adv.) موسم بہار میں؛ موسم بہار کی طرح ۔

Vernation : (n) (نباتیات) اوراق کی ساخت یا ترتیب؛ موسم بہار میں شگوفے کے اندر اوراق کا بننا؛ برگ آرائی؛ قبل برگی ۔

Verneuk : (v) [S.A. AFr. Du. 'verneuken'.] (جنوبی افریقہ کا عامیانہ) فریب دینا؛ پھانسنا؛ ریاکاری کرنا؛ ابلہ فریبی کرنا ۔

Vernicle : (n) [OFr.] (۱) حضرت عیسیٰ کےچہرے کی تصویر جو سنت ویرونیکا (St. Veronica) کے رومال پر چھپ گئی تھی ۔ (۲) حضرت عیسیٰ کے چہرے کی کوئی ایسی تصویر ۔ (۳) کوئی زیور یا نشانی جس پر حضرت عیسیٰ کے چہرے کی تصویر ہو ۔ (٤) سنت ویرونیکا (St. Veronica) کا رومال جس پر حضرت عیسیٰ کے چہرے کی تصویر معجزانہ طور پر چھپ گئی تھی ۔

Vernier : (n) [Named after the inventor, Paul Vernier.] خرد پیما؛ کسر پیما؛ چھوٹا متحرک پیمانہ جسےTheodolite وغیرہ کے ساتھ اس کے چھوٹے چھوٹے حصوں کی پیمائش کے لئے لگا دیتے ہیں ۔

Vernier caliper : (n) ورنیائی سرل چاپ ۔

Vernis martin : (n) [Fr. after Robert Martin'.] طلائی سفوف کے ساتھ بنایا ہوا سبز وارنش جس سے فرنیچر وغیرہ رنگتے ہیں ۔

Vernissage : (n) دیکھو Varnishing-day

Vernix/Vernix-caseosa : (n) [mod. L.] لیس دار غلاف جو جنین کی جلد پر حفاظت کے لئے لگا رہتا ہے ۔

Veronal : (n) [G.] ایک منوم دوا (ایک سفید بلوری مادہ) ۔

Veronese : (a) [It. 'Veronese'.] شمالی اٹلی کے شہر ویرونا (Verona) کا یا وہاں سے متعلق؛ ویرونا کا ۔

Veronese : (n) ویرونا کا باشندہ ۔

Veronica : (a) [med. L. 'veronica'.] ویرونیکا؛ ایک قسم کی بوٹی جس میں نیلے، ارغوانی، گلابی اور سفید پھول لگتے ہیں ۔

Veronica : (n) دیکھو Vernicle

Verriculate : (a) گچھے دار ۔

Verricule : (a) (حشریات) گھنے کھڑے بالوں کا گچھا؛ لٹ ۔

Verruca : (n) [L.] مسا؛ گندمہ؛ گومڑی ۔

Verrucated : (a) مسادار ۔

Verruci- : جزو ترکیبی بمعنی "مسا" ۔

Verruciferous : (a) مسّے دار ۔

Verruciform : (a) مسا نما ۔

Verrucose : (a) [L. 'verrucosus'.] مسے دار؛ گومڑیوں دار ۔

Verrucoseness : (n) مسے دار ہونا؛ گومڑیوں دار ہونا ۔

Verrucous : (a) مسے دار؛ گومڑیوں دار ۔

Verruculose : (a) [mod. L. 'verruculosus'.] مسےدار؛ گومڑیوں دار ۔

Verruga : (n) [Sp.] پیرو (Peru) کی ایک مختص المللک بیماری جس میں بخار کے ساتھ جلد پر مسے نکل آتے ہیں؛ مسوں کی بیماری ۔

Vers de societe : (n) [Fr.] تفریحی شاعری ۔

Vers libre : (n) [Fr.] آزاد نظم (جس میں ملی جلی بحریں ہوں یا عروض کے قواعد کی پابندی نہ کی جائے)۔

Vers-librist/Vers libriste : (n) آزاد نظم لکھنے والا ۔

Versal : (a) [f. Universal.] (۱) عالم گیر؛ کل؛ پورا ۔ (۲) منفرد؛ انفرادی ۔

Versal : (n) [f. Verse-+-al.] مزین بڑا حرف جواکثر عبارت، باب، نظم وغیرہ کے شروع میں رہتا ہے ۔

Versant : (n) [Fr.] (۱) ڈھلواں خطہ؛ ڈھلوان زمین؛ دامنہ ۔ (۲) ڈھال؛ ڈھلان؛ ڈھال ہونا ۔

Versant : (a) (۱) ماہر ۔ (۲) مشغول ۔

Versatile : (a) [Fr., or. L. 'versatilis'.] (۱) ہمہ گیر : بہت سے کاموں کی صلاحیت رکھنے والا؛ بہت سے علوم وفنون یا کمالات پر حاوی (ذہن، طبیعت)؛ ہرفن مولا؛ ہمہ دان ۔ (۲) قلابے پر گھومنے والا؛ پھرنے والا ۔ (۳) (نباتیات، حیوانیات) اُویزاں؛ کسی چیز کے سہارے اٹکا ہوا اور آسانی سے پھرنے والا ۔ (٤) متلون؛ غیر مستقل؛ ناپائدار ۔ (٥) تغیرپذیر؛ تبدیل پذیر ۔ (٦) مختلف؛ متنوع ۔

Versatilely : (adv.) ہمہ گیری سے ۔

Versatileness : (n) ہمہ گیریت؛ ہرفن مولا ہونا ۔

Versatility : (n) ہمہ گیری؛ ہمہ دانی ۔

Verse : (n) [OE. 'fers'.] (۱) مصرع (کسی خاص بحر کا) ۔ (۲) نظم کا ٹکڑا، بند، قطعہ وغیرہ؛ شعر ۔ (۳) نظم؛ نظم کی کوئی خاص قسم ؛ بحر ۔ (٤) (انجیل یا کسی مقدس کتاب کا) جملہ، آیت، اشلوک وغیرہ ۔ (٥) مذہبی دعا کا فقرہ ۔ (٦) مناجات یا بھجن کا وہ ٹکڑا جو ایک شخص کے گانے یا ایک باجے پر بجانے کا ہو ۔

Blank verse : غیرمقفیٰ نظم؛ بے قافیہ نظم ۔

Cap verses : بیت بازی کرنا ۔

In verse : منظوم؛ نظم میں ۔

Society verse : تفریحی شاعری ۔

Verse : (a) نظم کا یا نظم سے متعلق؛ منظوم ۔

Verse : (v) (۱) نظم لکھنا؛ نظم کہنا؛ شعر کہنا ۔ (۲) نظم کرنا؛ نظم میں ادا کرنا ۔

Verse : (v) [Fr. 'verser' or L. 'versare'.] اچھی طرح واقف یا روشناس کرادینا؛ اچھی طرح مشق کرا دینا۔

Versed : (a) منظوم؛ متبحر ۔

Versed : (a) مشاق؛ ماہر؛ تجربہ کار ۔

Versed : (a) (۱) (ریاضیات) سہم؛ معکوس ۔ (۲) (پل سازی میں) محراب کی بلندی ۔

Versed sine : (n) (ریاضیات) سہم الجیب؛ جیب معکوس ۔

Versclet : (n) چھوٹا سا مصرع یا بند ۔

Versemeker : (n) متشاعر؛ قافیہ پیما؛ تک بند؛ نظم لکھنے والا ۔

Verseman : (n) قافیہ پیما؛ تک بند؛ متشاعر ۔

Versemonger : (n) تُک بند؛ قافیہ پیما ۔

Versomongering : (n) تُک بندی ؛ قافیہ پیمائی ۔

Versesmith : (n) تُک بند ؛ نظم گو ؛ قافیہ پیما ۔

Verset : (n) [Fr.] (۱) مناجات کا چھوٹا سا بند جسے پادری اور حاضرین باری باری گاتے ہیں ۔ (۲) نظم کا ٹکڑا ؛ چھوٹی نظم ۔

Versicle : (n) [Fr. 'versicule', or L. 'versicul'.] (۱) چھوٹا سا بند ؛ خصوصاً مناجات کے بندوں میں سے کوئی ایک جنہیں پادری اور حاضرین باری باری گاتےہیں ۔ (۲) چھوٹی نظم ، بند یا شعر۔

Versicoloured : (a) (۱) پچ رنگی ؛ رنگ برنگا؛ گونا گوں ۔ (۲) مختلف قسم کی روشنی میں مختلف رنگ بدلنے والا ۔

Versicular : (a) نظم؛ چھوٹی نظم، بند اور خصوصاً انجیل کی آیت سے متعلق؛ مصرع دار ۔

Versicule : (n) دیکھو Versicole

Versiculus : (n) دیکھو Versicle

Versification : (n) (۱) نظم گوئی؛ قافیہ پیمائی؛ شاعری ۔ (۲) فن نظم نگاری ۔ (۳) نظموں میں الفاظ کی ترتیب؛ نظم کی ساخت؛ بحر ۔ (٤) کسی چیز کی منظوم شکل ۔

Versificator : (n) نظم گو؛ نظم کہنے والا ؛ قافیہ پیما؛ متشاعر ۔

Versifier : (n) [AFr. 'versifiur'.] دیکھو Versificator

Versify : (v) [Fr. 'versifier'.] (۱) (نثر کے مضمون کو) نظم کرنا؛ نظم میں ادا کرنا ۔ (۲) نظم کہنا؛ شعر کہنا ۔ (۳) منظوم کرنا ۔

Versifying : (n) نظم کرنا؛ نظم کہنا؛ منظوم کرنا ۔

Versine/Versin : (n) دیکھو Versed sine

Version : (n) [Fr.] (۱) ترجمہ (کتاب، عبارت وغیرہ کا) ۔ (۲) ترجمے کی مشق؛ مشقی ترجمہ (جو مدرسے میں کرالیا جائے) ۔ (۳) بیان ؛ روایت (کسی واقعے کی کسی خاص شخص کے نقطہء نظر سے) ۔ (٤) بچّہ گردانی؛ (ولادت کے وقت دائی کا بچے کو رحم کے اندر) سیدھا کرنا؛ ٹھیک کرنا ۔ (٥) سرک رحم؛ رحم کا ٹلنا ۔

Authorized version : (مخفف A. V.) انگریزی میں بائبل کا مستند ترجمہ (١٦٠٤ء تا ١٦١١ء کا) ۔

Cephalic version : سرگردانی (بچہ پیدا کرانے میں) ۔

Pedalic version : (بچہ پیدا کرانے میں) پا گردانی ۔

Revised version : (مخفف R.V.) نظر ثانی شدہ ترجمہ (١٨٧٠ء تا ١٨٨٤ء) ۔

Version : (v) ترجمہ کرنا ۔

Versional : (a) (۱) ترجمے کا ۔ (۲) بیان یا روایت کا ۔

Versionist : (n) مترجم؛ ترجمہ کرنے والا ۔

Verso : (n) [L.] (۱) (کتاب کا) بایاں صفحہ ؛ بائیں ہاتھ کا صفحہ ۔ (۲) (سکّے کی) پشت ۔

Versor : (n) (ارضیات) علامت جو خط حامل کی لمبائی بدلے بغیر اس کی سمت بدل دیتا ہے ۔

Verst/Verste/Werst : (n) [Russ.'versta'partly through Fr.'verste' & G.'werst'.] ورسٹ؛ روس کا مسافت کا پیمانہ جو تقریباً دو تہائی میل کے برابر ہوتا ہے ۔

Verstand : (n) [G.] فہم؛ سمجھ۔

Versus : (prep.) [mod. L.] (۱) بنام؛ بمقابلہ ۔ (۲) مقابلے میں ؛ خلاف؛ مقابل ۔

Vert : (n) [Fr.] (۱) سبزہ؛ جنگل؛ اشیائے سبز؛ جنگل کی کل چیزیں جن میں سبز پتے ہوں ۔ (۲) حق سبزہ؛ جنگل؛ اشیائے سبز کے کاٹنے کا حق ۔ (۳) (نقابت) ڈھال کا سبز رنگ یا بندکیاں ۔

Vert/'vert : (n) (۱) نو ایمان؛ نو مذہب؛ وہ شخص جو کسی مذہب خصوصاً کیتھولک عیسائیت میں داخل ہو ۔ (۲) مرتد؛ وہ شخص جو کسی مذہب خصوصاً کیتھولک عیسائیت کو ترک کرے ۔

Vert : (v) [L. 'vertere'.] کسی خاص سمت میں موڑنا؛ مروڑ دینا ۔

Vert/'vert : (v) تبدیل مذہب کرنا ۔

Vertebra : (n) [L.] (۱) فقرہ : ریڑھ کی ہڈی کا ہر جوڑ ۔ (۲) (جمع) ریڑھ کی ہڈی ۔

Vertebral : (a) [mod. L. 'vertebralis'.] (۱) فقری؛ ریڑھ کی ہڈی کا یا اس کے قریب کا ۔ (۲) جس میں فقرے ہوں؛ فقرہ دار ۔ (۳) فقرہ جیسا ۔

Vertebral : (n) فقری رگ یا ورید یا شریان ۔

Vertebral artery : (a) فقرئی شریان ۔

Vertebral canal : (n) ریڑھ کی نالی ۔

Vertebral column : (n) عمود فقرات؛ ریڑھ کی ہڈی ۔

Vertebrally : (adv.) فقروں کے ذریعے ۔

Vertebrarterial : (a) فقرئی شریانی ۔

Vertebrata : (n) [L.] فقاریہ؛ ریڑھ کی ہڈی والے جانوروں کا خاندان؛ فقاریات؛ مہرہ داران ۔

Vertebrate : (a) [L. 'vertebratus'.] (۱) فقرہ دار؛ جس میں فقرے ہوں ۔ (۲) فقرئی حیوانات سے متعلق ۔ (۳) (مجازاً) (تحریر) پُرزور اور ہموار؛ منظم ۔ (٤) مضبوط ڈھانچے کا ۔

Vertebrate : (n) فقاری؛ ریڑھ کی ہڈی والا جانور؛ فقری حیوان ۔

Vertebrate : (v) فقروں کی طرح ایک دوسرے سے مربوط کرنا ۔

Vertebrated : (a) (۱) فقرہ دار؛ ریڑھ کی ہڈی والا؛ مہرے دار ۔ (۲) فقرات نما ۔

Vertebration : (n) (۱) فقاری تشکیل؛ فقاری تقسیم؛ مہرہ بندی ۔ (۲) (مجازاً) ریڑھ کی ہڈی؛ مضبوطی؛ ہمت؛ سرمایۂ قوت؛ بَل ۔

Vertebro - : جزو ترکیبی بمعنی "فقرہ"؛ "مہرہ" ۔

Vertebrosternal : (a) فقرے اور چھاتی کی ہڈی کا ۔

Vertep : (n) [Russ.] روس کاایک قسم کا کٹھ پتلی کا کھیل ۔

Vertex : (n) [L.] (۱) (ہندسہ) راس (مثلث وغیرہ کا)؛ دو خطوط کے ملنے کا نقطہ؛ چوٹی ۔ (۲) سمت الراس؛ آسمان میں وہ نقطہ جو دیکھنے والے کے ٹھیک سر پر ہو ۔ (۳) (تشریح، حیوانیات) قلہ؛ راس؛ چندیا؛ فرق ۔ (٤) سب سے بلند حصہ یا نقطہ؛ چوٹی؛ اوپر کا سرا ۔ (٥) وہ نقطہ جہاں عدسہ کی سطح کو محورقطع کرتا ہے ۔

Vertical : (a) [Fr. or late L. 'verticalis'.] (۱) چوٹی کا؛ سب سے اوپر کے سرے کا؛ راس کا ۔ (۲) (ہئیت) سمت الراس کا؛ سمتیہ ؛ سمت الراسی ۔ (۳) عمودی ؛ سطح افق سے زاویہ قائمہ بنانے والا؛ قائم؛ کھڑا؛ انتصابی؛ شاقولی ۔ (٤) چندیا کا؛ فرقی ۔ (٥) مستقیم مستطیل نما (ٹکٹ) ۔ (٦) اوپر سے ہونے والا؛ ہوا سے آنے والا ۔

Vertical : (n) (۱) انتصابی دائرہ خط یا سطح ۔ (۲) انتصابی مقیاس یا گھڑی کا چہرہ ۔ (۳) پیانو جس کے تار عمودی ہوتے ہیں ۔

Prime vertical : دائرہ مشرق مغرب؛ دائرہ اول السموت ۔

The vertical : عمود ۔

Vertical angle : (n) انتصابی زاویہ ۔

Vertical angles : (n) زاویائے متقابلہ؛ وہ زاویے جو دو خطوط کے تقاطع کے بالمقابل بنتے ہیں؛ مقابل زاویے ۔

Vertical anthers : (n) زیرۂ گل جو زرتار کے سرے پر اور اسی رخ کے ہوتے ہیں ۔

Vertical axis : (n) انتصابی محور ۔

Vertical boring-machine : (n) برما جس کا تکلا عمودی ہوتا ہے ۔

Vertical circle : (n) دائرہ سمتیہ؛ دائرہ ارتفاع؛ ان عظیم الشان دائروں میں سے ایک جو افق پر عموداً واقع ہیں ۔

Vertical engine : (n) عمودی انجن ۔

Vertical escapement : (n) (گھڑی سازی) عمودی گریزہ ۔

Vertical file : (n) (۱) کاغذات رکھنے کی الماری جس میں کاغذات عمودی طور پر یا کناروں پر کھڑے کر کے رکھے جاتے ہیں ۔ (۲) پمفلٹوں، تراشوں وغیرہ کا مجموعہ (فوری جواب کے لئے) ۔

Vertical fins : (n) مچھلی کے کھڑے پر جو پشت، مبرز یا دم پر ہوتے ہیں ۔

Vertical fire : (n) (بحریہ، فوج) اتنے اونچے زاویے سے فائر کرنا کہ گولے نشانے پر تقریباً عموداً گریں ۔

Vertical index : (n) کاسۂ سر کی اونچائی کا اس کی لمبائی کے ساتھ تناسب ۔

Vertical limb : (n) مقابل زاویے کی پیمائش کا درجہ وار قوس ۔

Vertical line : (n) انتصابی خط ۔

Vertical plane : (n) سطح عمودی؛ انتصابی سطح (جو سطح افق سے زاویہ قائمہ بناتی ہو) ۔

Vertical union : (n) صنعتی کاریگروں کی یونین ۔

Verticalism : (n) (۱) عمودیت؛ عمودی ہونا؛ انتصابیت ۔ (۲) سمت الراس پر ہونا ۔

Verticality : (n) دیکھو Verticalism

Vertically : (adv.) (۱) عموداً؛ عمودی حالت میں ۔ (۲) خط عمودی میں ۔

Verticalness : (n) دیکھو Verticality

Vertices : (n) رؤس ۔

Verticil : (n) [L. 'Verticillus'.] (نباتیات) حلقہ؛ چکر؛ گھیریہ (ان حصوں میں سے ایک جو کسی محور کے گرد پھیلے ہوتے ہیں) ۔

Verticillaster : (n) [mod. L.] (نباتیات) حلقہ کاذب؛ حلقہ روپ؛ چکر تارا ۔

Verticillate : (a) حلقہ دار؛ حلقہ حلقہ ۔

Verticillated : (a) دیکھو Verticillate

Verticillately : (adv.) حلقہ دار طور پر؛ حلقہ حلقہ شکل میں ۔

Verticillation : (n) حلقے کی تشکیل ؛ حلقہ حلقہ ہونا ۔

Verticillus : (n) [L.] حلقہ؛ چکر ۔

Vertiginous : (a) [L. 'vertiginosus'.] (۱) مبتلائے دورانِ سر؛ دواری ۔ (۲) (مجازاً) متلون؛ تبدیل پذیر؛ بدلتے رہنے والا ۔ (۳) دورانِ سر جیسا ۔ (٤) دورانِ سر پیدا کرنے والا؛ جس سے سر میں چکر آئے ۔ (٥) گردش کناں؛ چکر کھاتا ہوا ۔

Vertiginously : (adv.) (۱) چکرکھاتے ہوئے ۔ (۲) دورانِ سر کی حالت میں؛ دورانِ سر کے ساتھ ۔

Vertiginousness : (n) (۱) دوران سر کی حالت یا کیفیت ۔ (۲) گردش کی حالت ۔

Vertigo : (n) [L.] (۱) گھمیر؛ گھنّی؛ چکر؛ دورانِ سر؛ سر گھومنا ۔ (۲) (مجازاً) ذہنی انتشار؛ بےترتیبی ۔

Essential vertigo : اصلی دورانِ سر؛ جس کا بظاہر کوئی سبب نہ ہو؛ دوار اصلی ۔

Objective vertigo : خارجی دورانِ سر؛ جس میں گردوپیش کی سب چیزیں گھومتی ہوئی معلوم ہوتی ہیں ؛ دوار خارجی ۔

Subjective vertigo : داخلی دورانِ سر؛ جس میں مریض کو محسوس ہو کہ وہ خود گھوم رہا ہے؛ دوارِ داخلی ۔

Verulamian : (a) [Baron verulam (title of Francis Bacon.] فرانسس بیکن کا یا اس سے متعلق ۔

Verumontanum : (n) اس جگہ کا چھوٹا سا اُبھار جہاں قنات منی غدہ مثانہ میں داخل ہوتی ہے ۔

Vervain : (n) [Fr. 'verreine'.] ایک قسم کی خودرو گھاس جس میں نیلے، سفید اور ارغوانی پھول ہوتے ہیں؛ زمانہ قدیم میں بطور تعویذ استعمال ہوتی تھی؛ گل شاہ پسند ۔

Vervain humming bird : (n) جمیکا کی ایک چھوٹی چڑیا ۔

Vervain mallow : (n) ایک قسم کا جنگلی پودا جس میں ارغوانی پھول آتے ہیں ۔

Verve : (n) [Fr.] (۱) زور؛ شگفتہ مزاجی (ادبی کاموں یا حسن کاری میں) ۔ (۲) جوش؛ ذوق؛ زندہ دلی ۔

Verveine : (n) دیکھو Vervain

Vervel/Varvel : (n) [Fr. 'vervelle'.] حلقہ یا چھلا جو پرند کے پیر میں ڈال کر اسے چکس سے باندھ دیتے ہیں ۔

Vervelle : (n) [Fr.] کنڈا یا حلقہ جو قرونِ وسطیٰ میں زرہ میں لگایا جاتا تھا ۔

Verver : (n) [Haitian Creole.] سفلی جادو کا اسمی نقش جو عام طور پر زمین پر بنایا جاتا ہے ۔

Vervet : (n) [Fr.] جنوبی اور مشرقی افریقہ کا ایک چھوٹا بندر ۔

Very/Verey : (a) [f. Samuel W. Very, the inventor.] ویری کا؛ ویری کا بنایا ہوا ۔

Very : (a) [ME. 'verray'.] (۱) حقیقی؛ محض ۔ (۲) عین؛ خاص؛ ٹھیک ۔ (۳) قطعی؛ کلی؛ انتہائی ۔ (٤) صرف؛ خالی؛ فقط ۔ (٥) قطعاً وہی؛ بعینہ؛ بجنسہ ۔

In very deed : دیکھو Deed

The very thing : بالکل مناسب چیز ۔

Very : (adv.) (۱) بالکل ۔ (۲) بہت؛ بہت ہی؛ نہایت ۔ (۳) حقیقتاً؛ سچ مچ کا؛ ٹھیک ٹھیک؛ صحیح طور پر ۔

Very flare/-lights : (n) روشنی جس سے رات میں اشارہ کرتے ہیں یا دشمنوں کے مقام کو روشن کرتے ہیں ۔

Very pistol : (n) ایک قسم کا پستول جس سے اشارہ کرنے یا دشمن کے مورچے کا پتہ لگانے کے لئے روشنی پھینکی جاتی ہے ۔

Vesania : (n) [L. 'vesanus'.] (مرضیات) خبط؛ پاگل پن ۔

Vesic : (n) [L. 'vesicula'.] آبلہ؛ پھپھولا ۔

Vesica : (n) [L.] (۱) (تشریح) مثانہ؛ پیشاب کا پھکنا ۔ (۲) (نباتیات) چھوٹا پھکنا جو بعض پتیوں میں ہوتا ہے ؛ کیسہ ۔ (۳) مچھلی کا پھکنا ۔ (٤) (قرون وسطیٰ کی تصویروں اور مجسموں میں) بیضاوی ہالا ۔

Vesica piscis : (n) قرون وسطیٰ میں تصویروں یا مجسموں کے گرد کا) بیضاوی ہالا ۔

Vesical : (a) پھکنے کا؛ مثانے کا؛ مثانی؛ کیسوی ۔

Vesical artery : (n) مثانی شریان ۔

Vesical calculus : (n) (طب) سنگِ مثانہ ۔

Vesical neck : (n) مثانے کا وہ حصہ جو پیشاب کی نالی کے اندرونی سرے سے لگا رہتا ہے ۔

Vesicant : (n) (۱) (طب) آبلہ ڈالنے والی چیز؛ دوائے آبلہ انگیز ۔ (۲) آبلہ ڈالنے والی گیس ۔

Vesicant : (a) آبلے ڈالنے والا؛ جس سے آبلے پڑ جائیں؛ آبلہ گیر ۔

Vesicaria : (n) [L.] ایک قسم کی بوٹی ۔

Vesicate : (v) [L. 'vesicare'.] (۱) آبلے ڈالنا؛ چھالے ڈالنا ۔ (۲) آبلے پڑ جانا ۔

Vesicated : (a) آبلے پڑے ہوئے ۔

Vesication : (n) آبلہ ؛ آبلے ؛ آبلے ڈالنا یا آبلے پڑنا؛ آبلہ انگیزی ؛ آپاڑ ۔

Vesicatory : (n) آبلے ڈالنے والی چیز؛ دوائے آبلہ انگیز ۔

Vesicatory : (a) آبلے ڈالنے والا؛ آبلہ انگیز ۔

Vesicatory gas : (n) لڑائیوں میں استعمال ہونے والی ایک گیس جس سے آبلے پڑ جاتے ہیں ۔

Vesicle : (n) [Fr. 'vesicule' or L. 'vesicula'.] (۱) (تشریح، نباتیات، حیوانیات) چھوٹا پھکنا؛ کیسک؛ ہوا خانہ ۔ (۲) (طبیعیات) بلبلہ ۔ (۳) (ارضیات) حبابہ؛ بلبلہ؛ چٹان ۔ (٤) (مرضیات) آبلہ؛ چھالا ۔

Seminal vesicle : کیسہ منی ۔

Vesicotomy : (n) مثانہ شگافی ۔

Vesicul-/Vesiculo- : جزو ترکیبی بمعنی "آبلہ"؛ "کیسہ"؛ "حبابہ" ۔

Vesicula : (n) [L.] پھکنا؛ کیسک؛ آبلہ؛ پھپھولا ۔

Vesicular : (a) (۱) چھوٹے پھکنے یا بلبلے کی شکل کا؛ بلبلہ نما ۔ (۲) بلبلہ دار؛ کیسہء کیسہ؛ حبابی ۔ (۳) آبلے دار۔ (٤) پھیپھڑے کے کیسے سے متعلق ۔

Vesicular gland : (n) حبابی غدہ؛ کیسوی غدہ ۔

Vesicular seminalis : (n) کیسہء منی ۔

Vesiculate : (a) (۱) آبلے دار؛ بلبلے دار ۔ (۲) کیسہ دار ۔

Vesiculate : (v) آبلےدار بنانا یا بننا؛ بلبلے داربننا یابنانا۔

Vesiculated : (a) (۱) کیسوں یا پھکنوں سے بھرا ہوا ۔ (۲) آبلہ نما؛ کیسہ نما ۔ (۳) آبلوں سے بھرا ہوا ۔

Vesiculation : (n) (مرضیات) آبلے پڑنا؛ آبلےدار ہونا؛ آبلوں کا سلسلہ ۔

Vesiculiferous : (a) جس میں چھوٹے پھکنے یا بلبلے ہوں؛ بلبلہ دار ۔

Vesiculiform : (a) بلبلہ نما ۔

Vesiculina : (n) [mod. L.] امریکی بوٹیوں کی ایک جنس ۔

Vesiculitis : (n) (مرضیات) ورم کیسہء منی ۔

Vesiculo - : Vesicle کا جزو ترکیبی ۔

Vesiculose : (a) بلبلہ دار؛ بلبلوں سے بھرا ہوا؛ کیسوں سے بھرا ہوا ۔

Vesiculus : (n) [L.] دیکھو Vesicle

Veskit : (n) (قدیم) واسکٹ؛ صدری ۔

Vespa : (n) [L.] جنس زنبور؛ بھڑ ۔

Vespacide : (n) [L.] بھڑوں کو مارنے والا؛ زنبورکُش ۔

Vespal : (a) زنبوری؛ بھڑوں سے متعلق ۔

Vesper : (n) [L.] (۱) (بڑے حروف سے) زہرہ؛ شام کا تارہ ۔ (۲) (شعر) شام ۔ (۳) (جمع) شام کی عبادت؛ عبادتِ کی رات کے مقررہ گھنٹوں میں سے چھٹا گھنٹہ؛ ناقوس شام ۔ (٤) پرندوں کی شام کی چہچہاہٹ ۔

Sicilian vespers : ۱۲۸۱ء میں سسلی میں فرانسیسیوں کا قتل عام جو شام کی عبادت کے وقت شروع ہوا ۔

Vesper : (a) (۱) شام کی عبادت کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) شام کا؛ شام سے متعلق ۔

Vesper bell : (n) ناقوس شام ۔

Vesperal : (a) (شاذ) شام کا ۔

Vesperal : (n) (کلیسا) شام کی عبادت میں استعمال ہونے والی مناجات وغیرہ کی کتاب ۔

Vespering : (n) چڑیوں کی شام کی چہچہاہٹ ۔

Vespertide : (n) شام ۔

Vespertilian : (a) [L.'vespertilio'.] چمگادڑ کا؛ چمگادڑ سے متعلق؛ چمگادڑ سے مشابہ؛ چمگادڑ کےلئے موزوں ۔

Vespertilio : (n) [L.] کرم خور چمگادڑ ۔

Vespertilionid : (a) [mod. L. 'Vespertilionidae'.] کرم خور چمگادڑ کی ایک بڑی جنس کا یا اُس سے متعلق ۔

Vespertinal : (a) (۱) شام کا؛ جو شام کے وقت کیا جائے ۔ (۲) دیکھو Vespertine ۔

Vespertine : (a) [L. 'vespertinus'.] (۱) شام کا؛ جو شام کے وقت کیا جائے ۔ (۲) (نباتیات) شامیا؛ شام کو کھلنے والا (پھول) ۔ (۳) (حیوانیات) شام پرواز؛ شام کے وقت اڑنے والا (پرند)؛ شام پر؛ شب پر ۔ (٤) (ہئیت) شام کے وقت ڈھل کر افق پر آنے والا؛ شامی؛ شام غروبی ۔ (٥) (ارضیات) پنسلوانیا کے کوئلے کے پتھر کی سب سے نچلی کاربنی تہ سے متعلق ۔

Vespetro : (n) [Fr.] برانڈی ؛ سونف، سویاء دھنیا اور انجلیکا وغیرہ کی مرکب شراب ۔

Vespiary : (n) [L. 'vespa'.] بھڑوں کا چھتا؛ زنبور خانہ ۔

Vespid : (a) بھڑوں کی ایک جنس سے متعلق ۔

Vespid : (n) ایک قسم کی بھڑ ۔

Vespidae : (n) [mod. L.] بھڑوں کی ایک جنس ۔

Vespine : (a) [L.] بھڑوں کا؛ زنبوری ۔

Vespoid : (a) بھڑوں جیسا؛ بھڑوں سے مشابہ؛ زنبوری؛ زنبور نما ۔

Vespula : (n) جماعت پسند بھڑوں کی ایک جنس ۔

Vessel : (n) [AFr. 'vessel', 'vaissel'.] (۱) ظرف؛ برتن (خصوصاً سیال شے رکھنے کا) ۔ (۲) جہاز؛ بڑی کشتی؛ ناؤ ۔ (۳) (تشریح) عرق؛ رگ؛ بحری؛ نالی ۔ (٤) (نباتیات) ظرف؛ خلیوں کی نالی جس میں رس گردش کرتا ہے ۔ (٥) (بائبل کی تلمیح اور مزاحیہ) پیکر؛ کسی روحانی صفت کا حامل ۔

Chosen vessel : برگزیدہ آلۂ کار ۔

The weaker vessel : پیکر ضعیف؛ عورت ۔

Vessels of wrath : پیکر غضب؛ پیکر غصہ ۔

Vessel : (n) [Origin unkn.] فل اسکیپ کاغذ کا آٹھواں حصہ ۔

Vesselful : (n) ظرف بھر؛ برتن بھر ۔

Vest : (n) [Fr. 'veste'.] (۱) واسکٹ؛ صدری ۔ (۲) بنیان ؛ زیر جامہ ۔ (۳) ریشمی، جالی دار یا دوسرے کپڑے کا ٹکڑا جو نیچے گلے والی پوشاک کے اندر سے نظر آتا ہے ۔

Vest : (v) [OFr. 'vestir'.] (۱) عطا کرنا؛ دینا (اختیارات، جانداد وغیرہ) ۔ (۲) عطا کیا جانا؛ (اختیارات وغیرہ) پانا ۔ (۳) پہنانا (لباس) ۔ (٤) (قربان گاہ کو) آراستہ کرنا؛ پردے لٹکانا۔ (٥) کلیسائی لباس پہننا ۔ (٦) سرمایہ لگانا؛ روپیہ لگانا۔ (۷) (پوشاک سے) سترپوشی کرنا۔

Vest in : (v) (۱) (کسی شخص کو جانداد وغیرہ) مستقل طور پر عطا کرنا ۔ (۲) (جانداد کا) کسی کے قبضے میں مستقل طور پر جانا ۔

Vest pocket : (n) صدری کی جیب ۔

Vest-pocket : (a) جیبی سائز کا ۔

Vest-pocket camera : (n) جیبی کیمرہ ۔

Vest-pocket veto : (n) بلا واسطہ حق التوا (جو صدر وغیرہ قانونی مسودہ پر قانون ساز اسمبلی کے التوا تک دستخط نہ کر کے لگا دیتا ہے) ۔

Vesta : (n) [L.] (۱) (اساطیر) وستا؛ گھر کی دیوی ۔ (۲) (علم النجوم) وستا (سیارچہ) ۔ (۳) ایک قسم کی چھوٹی ماچس؛ مومی دیا سلائی ۔

Vestal : (a) [L. 'Vestalis'.] (۱) وستا کا؛ وستا سے متعلق؛ وستائی ۔ (۲) وستا کے نام کی کنواریوں سے متعلق ۔ (۳) پاکیزہ؛ پاکدامن ۔

Vestal : (n) (۱) وستا کے نام کی کنواری؛ ان عورتوں میں سے ایک جو عمر بھر دوشیزہ رہنے کا عہد کرتی تھیں اور اس آگ کی حفاظت کرتی تھیں جو اس دیوی کی قربان گاہ پر ہر وقت جلتی رہتی تھی ۔ (۲) پاکدامن عورت؛ عفیفہ ۔ (۳) نن؛ راہبہ ۔

Vestal virgin : (n) ان پجاریوں میں سے ایک جو روم میں وستا کے مندر میں مقدس آگ کی نگرانی کرتی ہے ۔

Vested : (a) (۱) ملبوس؛ کلیسائی لباس پہنے ہونے ۔ (۲) وابستہ؛ مستقل ۔

Vested interest : (n) وابستہ غرض؛ غرضداری ۔

Vested right : (n) مستقل حقوق ۔

Vestee : (n) قمیص کا بر یا سامنے کا حصہ جو الگ سے لگا لیا جاتا ہے ۔

Vestiarian : (a) کلیسائی پوشاک سے متعلق ۔

Vestiary : (n) [OFr. 'vestiarie'.] توشہ خانہ؛ کپڑے رکھنے کا کمرہ ۔

Vestiary : (a) پوشاک سے متعلق؛ لباس سے متعلق ۔

Vestibular : (a) ڈیوڑھی کا؛ دہلیز کا؛ ڈیوڑھی یا دہلیز کا کام دینے والا ۔

Vestibulate : (a) دہلیز سے مشابہ؛ ڈیوڑھی سے مشابہ؛ دہلیز نما ۔

Vestibule : (n) [Fr.] (۱) ڈیوڑھی؛ پیش دالان؛ غلام گردش (بیرونی دروازے سے متصل جس میں سے دوسرے کمروں میں جانے کا راستہ ہوتا ہے) ۔ (۲) گرجے وغیرہ کی برساتی؛ پیش دہلیز ۔ (۳) گلیاری ریل، جس میں ایک سرے سے دوسرے سرے تک جانے کا راستہ ہوتا ہے ۔ (٤) (تشریح) دہلیز؛ وہ خانہ جو اور خانوں سے متصل ہوتا ہے ۔

Vestibule : (v) (۱) دہلیز بنانا؛ ڈیوڑھی بنانا ۔ (۲) (ریل میں) گلیاری بنانا؛ گلیاری بنا کر جوڑنا ۔

Vestibule of the ear : (n) دہلیز اذن؛ کان کے اندرونی چکر کے بیچ کا خانہ ۔

Vestibule train : (n) گلیاری ریل ۔

Vestibuled : (a) دہلیز دار؛ جس میں ڈیوڑھی ہو ۔

Vestibulitis : (n) ورم دہلیز؛ ورم دہلیزالاذن ۔

Vestibulum : (n) [L.] (۱) دہلیز؛ ڈیوڑھی ۔ (۲) (حیوانیات) نرخرا یا مبرز کی دہلیز ۔

Vestige : (n) [Fr.] (۱) نشان قدم؛ نقش پا؛ کھوج ۔ (۲) (مجازاً) نشان؛ آثار؛ علامت؛ شائبہ ۔ (۳) ذرہ؛ خفیف مقدار ۔ (٤) (حیاتیات) عَسنی؛ وہ عضو یا چیز جو سلسلہ ارتقاء کے نیچے جانوروں میں مکمل صورت میں موجود ہو اور اونچے جانوروں یا انسان کے جسم میں ناقص صورت میں باقی رہے اور بیکار رہے؛ ناکارہ عضو؛ باقیہ ۔

Vestigial : (a) (۱) بقیہ؛ جو گزری ہوئی چیز کے نشان کے طور پر باقی ہو؛ آثاری ۔ (۲) (حیاتیات) عسنی؛ باقیائی ۔

Vestigially : (adv.) آثاری طور پر؛ باقیائی طور پر ۔

Vesting : (n) واسکٹ کا کپڑا ۔

Vestiture : (n) [med. L. 'vestitura'.] (۱) لباس ؛ پوشاک ؛ کپڑے ۔ (۲) پال، کھپرے وغیرہ جن سے کوئی سطح ڈھکی ہوئی ہو ۔

Vestless : (a) بے صدری؛ بے واسکٹ ۔

Vestlike : (a) صدری نما؛ واسکٹ نما ۔

Vestment : (n) [ME. 'vestiment'.] (۱) پوشاک؛خصوصاً منصبی لباس؛ رسمی لباس ۔ (۲) پادری یا گرجے کے سرود خواں بچوں کا چوغہ ۔ (۳) قربان گاہ کی چادر ۔ (٤) (مجازاً) لباس؛ پوشش؛ اوڑھنا؛ غلاف ۔

Vestmental : (a) پوشاک سے متعلق ۔

Vestmented : (a) (۱) منصبی لباس میں ملبوس ۔ (۲) کلیسائی لباس میں ملبوس پادری کے ذریعے ادا کیا ہوا ۔

Vestral : (a) (۱) توشہ خانہء کلیسا کا ۔ (۲) مجلس حلقہ کلیسا کا ۔

Vestry : (n) [AFr. 'Vest(e)rie'.] (۱) گرجے کا توشہ خانہ؛ وہ کمرہ جس میں کپڑے رکھے اور پہنے جاتے ہیں ۔ (۲) غیر مقلدوں کے گرجے کا عبادت خانہ ۔ (۳) کلیسائی حلقے کے محصول دہندگان یا ارکان؛ ارکان حلقہ ۔ (٤) کلیسائی حلقے کے نمائندوں کی مجلس؛ مجلس حلقہ ۔ (٥) دفتر مجلس حلقہ ۔

Vestry-book : (n) (۱) مجلس حلقہ کی کاروائی لکھنے کی کتاب ۔ (۲) مجلس حلقہ کا رجسٹر جس میں حلقہ کے لوگوں کی پیدائش ، شادی اور موت درج کی جاتی ہے ۔

Vestry-clerk : (n) محرر مجلس حلقہ ۔

Vestry man : (n) رکن مجلس حلقہ ۔

Vestry-room : (n) گرجے کا توشہ خانہ؛ مجلس حلقہ کا کمرہ جس میں مجلس حلقہ کے نمائندے جمع ہوتے ہیں ۔

Vestural : (a) پوشاک سے متعلق؛ لباس سے متعلق ۔

Vesture : (n) [OFr.] (۱) پوشاک؛ لباس؛ جامہ ۔ (۲) غلاف؛ فرش وغیرہ ۔ (۳) (قانون) درختوں کو چھوڑ کر زمین پر اگنے والے سبھی نبات ۔ (٤) کوئی چیز جو پوشاک کی طرح چھپا لے ۔ (٥) دیکھو Seisin ۔ (٦) دیکھو Investiture ۔

Vesture : (v) لباس پہنانا ۔

Vestured : (a) ملبوس؛ پوشاک پہنے ہوئے ۔

Vesturer : (n) گرجے کے توشہ خانے کا داروغہ؛ بڑے یا چھوٹے گرجے کا نائب خازن ۔

Vestury : (n) [OFr. 'vestuaire'.] توشہ خانہ؛ کپڑے رکھنے کا کمرہ یا الماری ۔

Vesuvian : (a) ['Vesuvius', the active volcano in Italy .] (۱) (اطالیہ کے آتش فشاں پہاڑ) ویسوویس کا ۔ (۲) آتش فشانی؛ کوہ آتش فشاں کا؛ برکانی ۔ (۳) غضبناک؛ شدید؛ شوریدہ ۔

Vesuvian : (n) (۱) (معدنیات) ایک معدنی شے جو کوہ ویسوویس پر پائی گئی تھی ۔ (۲) ایک قسم کی مومی دیاسلائی جو رگڑ کر سلگائی جاتی ہے ۔

Vesuvianite : (n) ایک معدنی شے جو سب سے پہلے کوہ ویسوویس پر پائی گئی تھی ۔

Vesuvin : (n) [G.] نسیجیاتی کاموں میں استعمال ہونے والا ایک رنگ ۔

Vet : (n) بیطار؛ مویشیوں کا جراح ۔

Vet : (v) (۱) مویشیوں کو علاج یا تفتیش کے لئے پیش کرنا ۔ (۲) آدمی کو جانچنا یا علاج کرنا ۔ (۳) جانچنا؛ پڑتالنا؛ آزمانا ۔

Vet : Vetran کا مخفف ۔

Veta : (n) ایک بیماری جو پہاڑ کی ہوا سے ہو جاتی ہے ۔

Vetch : (n) [OFr., ONFr. 'veche'.] ویچ؛ ایک قسم کا پھلی دار پودا جو خود رو بھی ہے اور کاشت بھی کیا جاتا ہے؛ عموماً چارے کے طور پر استعمال ہوتا ہے؛ باقلا؛ موٹھ ۔

Vetchling : (n) بعض قسم کے پودے؛ ویچ کی قسم کا پودا ۔

Vetchy : (a) ویچ سے بھرا ہوا؛ ویچ کا بنا ہوا؛ جس میں ویچ ہوتا ہو ۔

Veteran : (n)[Fr. or L.'veteranus'.] (۱) جنگ آزمودہ سپاہی ۔ (۲) کارآزمودہ لوگ ۔ (۳) پنشن یافتہ فوجی ۔ (٤) پرانا درخت خصوصاً جس کا تنا دو فٹ سے زیادہ ہو اور جو سینے تک اونچا ہو ۔

Veteran : (a) (۱) کار آزمودہ؛ پرانا اور تجربہ کار (سپاہی وغیرہ) ۔ (۲) کارآزمودہ لوگوں کا؛ تجربہ کار سپاہیوں کا ۔ (۳) پرانا؛ لمبی مدت کا ۔

Veteranize : (v) (۱) تجربہ کار بنانا؛ جنگ آزمودہ بنانا ۔ (۲) فوج میں دوبارہ بھرتی کرنا ۔

Veteran's preference : (n) ترجیح جو پنشن یافتہ یا تجربہ کار فوجیوں کو ملازمت وغیرہ میں دی جاتی ہے ۔

Veterinarian : (n) بیطار؛ سالوتری؛ مویشیوں کا ڈاکٹر ۔

Veterinarian : (a) بیطاری کا؛ جانوروں کے علاج کا ۔

Veterinary : (a) [L. 'veterinarius'.] دیکھو Veterinarian

Veterinary : (n) دیکھو Veterinarian

Veterinary science : (n) بیطاریات ۔

Veterinary surgeon : (n) بیطار؛ سالوتری ۔

Vetiver/Vetivert : (n) [Fr. 'vetiver, vetyver'.] خس ۔

Veto : (n) [L.] (۱) حق امتناع؛ حق نامنظوری؛ ویٹو (فرمان روا، صدردارالامراء وغیرہ کا یہ حق کہ کسی قانون کے نفاذ کو نا منظور کر دے) ۔ (۲) حکم نا منظوری ۔ (۳) ممانعت؛ امتناع ۔

To put (place, set) a veto on (something)/-upon (something) : نا منظور کر دینا ؛ رد کر دینا؛ ممانعت کرنا ؛ ویٹو لگانا ۔

Veto : (v) (۱) نا منظور کرد ینا؛ ممانعت کر دینا ۔ (۲) ویٹو لگا کر روک دینا ۔ (۳) (کسی شخص کو) روک دینا ۔

Veto message : (n) پیام یا دستاویز جس میں حقِ رد یا منظوری کی توجیہہ ہوتی ہے ۔

Veto power : (n) حقِ نا منظوری؛ حقِ امتناع ۔

Vetoer : (n) نامنظور کرنے والا؛ حقِ رد استعمال کرنے والا؛ حامیء حقِ نا منظوری ۔

Vetoist : (n) دیکھو Vetoer

Vettura : (n) [It. 'vectura'.] بگھی؛ چار پہیوں کی گاڑی جو اطالیہ میں استعمال ہوتی ہے ۔

Vetturino : (n) [It.] (۱) (اطالیہ میں) گھوڑے اور گاڑی کو کرایہ پر لگانے والا شخص؛ بگھی کا کوچوان ۔ (۲) دیکھو Vettura ۔

Vex : (v) [Fr. 'Vexw'.] (۱) تنگ کرنا؛ دق کرنا ؛ پریشان کرنا ۔ (۲) (قدیم) آزردہ کرنا ؛ رنج پہنچانا ۔ (۳) (سمندر میں) تلاطم پیدا کرنا ۔ (٤) (جانوروں کو) دق کرنا ؛ چھیڑنا ۔ (٥) (مجازاً) زور دینا؛ زور لگانا ۔ (٦) (کسی موضوع یا مسئلے پر) لمبی بحث کرنا یا تحقیق کرنا؛ مباحثہ کرنا ۔

Vex : (n) (اسکاچستان) دیکھو Annoyance

Vexation : (n) (۱) دق کرنا؛ دق ہونا ۔ (۲) مقدمہ بازی کر کے ناک میں دم کر دینا ۔ (۳) کوفت؛ پریشانی کی حالت ۔ (٤) تکلیف دہ چیز؛ تکلیف؛ پریشانی ۔

Vexation of mind : (n) ذہنی کوفت ۔

Vexation of spirit : (n) روحانی تکلیف ۔

Vexations : (a) (۱) تکلیف دہ ۔(۲) (مقدمہ) جو صرف پریشان کرنے کے لئے کیا جائے ۔

Vexatious search : (n) تکلیف دہ تلاشی ۔

Vexatiously : (adv.) تکلیف دہ طور پر ۔

Vexatiousness : (n) تکلیف دہ ہونا ۔

Vexed : (a) (۱) دق کیا ہوا؛ پریشان کیا ہوا ۔(۲) متلاطم؛ مشتعل ۔ (۳) تکلیف پہنچایا ہوا ۔ (٤) بر افروختہ کیا ہوا ۔

Vexed question : (n) معرکۃ الآرا مسئلہ؛ جس پر بہت بحث ہوتی ہو ۔

Vexedly : (adv.) دق ہو کر؛ تنگ ہو کر ۔

Vexer : (n) دق کرنےوالا؛ تنگ کرنےوالا؛ پریشان کرنےوالا ۔

Vexillary : (n) [L. 'vexillarius'.] (قدیم) رومی فوج کے سب سے زیادہ کار آزمودہ سپاہیوں کا طبقہ ۔(۲) رومی عَلم بردار ۔

Vexillary : (a) (۱) علم سے متعلق ۔(۲) علم گل سے متعلق ۔

Vexillate : (a) (نباتیات) لِوادار؛ پنکھہ نما ۔

Vexillation : (n) آزمودہ کار سپاہیوں کی جماعت؛ ایک معیار کے سپاہیوں کی جماعت ۔

Vexillum : (n) [L.] (۱) رومی فوج کا عَلَم؛ نشان دستہ؛ سپاہی جو ایک جھنڈے کے نیچے ہوں؛ دستہ ۔ (۲) (کلیسا) اسقف کے عصا کا ٹیکا؛ جھنڈا یا صلیب جو جلوس کے ساتھ ہو ۔(۳) (نباتیات) عَلَم گُل ؛ لِوا؛ تیتری نما پھول کے اوپر کی بڑی پنکھڑی ۔(٤) (طیوریات) پرندوں کے پَر کا پھیلاؤ ؛ پنکھہ ریشہء پَر ؛ پرہ ۔

Vexingly : (adv.) دق کرنے کے طور پر؛ تکلیف دہ طریقے سے ۔

Vi et armis : (adv.) (قانون) زبردستی؛ بزور اسلحہ؛ جبر و تشدد سے ۔

Via : (n) [L.] (۱) راستہ ؛ شاہراہ ۔(۲) رومی قانون کےتحت کسی دوسرے کی زمین سے گزرنے کا حق ۔

Via : (prep.) براہ؛ راستے سے ہوتے ہوئے؛ براستہ ۔

Via : (int.) (۱) آگے بڑھو؛ آؤ؛ آجاؤ ۔(۲) جاؤ؛ دور ہو جاؤ؛ بھاگ جاؤ ۔(۳) بحث یا جواب روکنے کے لئے یا کسی موضوع کو چھوڑنے کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔

Via lactea : (n) کہکشاں؛ مجرّہ ۔

Via media : (n) بیچ کی راہ ؛ درمیانی راستہ ؛ وسطی طریق ۔

Viability : (n) (۱) قابلیت حیات؛ حیّوتیت ۔(۲)بچ کی قوت ۔

Viable : (a) [Fr.] (۱) جینے والا؛ زندہ رہنے کے قابل (جنین یا نو زائیدہ بچہ) ؛ حیّوی ؛ زیستنی ۔ (۲) (پودا، جانور) پنپنے والا؛ زندہ رہنے والا (کسی خاص آب و ہوا میں)؛ ثابت اپچی ۔

Viadolorosa : (n) [L.] تکلیف دہ طور پرمشکل راہ یاتجربہ ۔

Viaduct : (n) [L.] پل جو سڑک یا ریل کو کسی وادی کےاوپر سے لے جانے کے لئے بنایا جائے ۔

Viajaca : (n) [Amer. Sp.] ایک دریائی مچھلی ۔

Vial : (n) [ME. 'viole'.] شیشی ؛ وائل ۔

To pour out vials of wrath : (۱) (بائبل) بدلا لینا ۔ (۲) غصے کا اظہار کرنا؛ برس پڑنا ۔

Vial : (v) شیشی میں رکھنا ۔

Viameter : (n) راہ پیما؛ مسافت پیما (جس سے معلوم ہو جائے کہ گاڑی کتنی دور چلی ہے) ۔

Viand : (n) [Fr. 'viande'.] (۱) کھانا؛ کھانے کی چیز ۔ (۲) (جمع)اشیائے خوردنی؛ کھانے پینے کی چیزیں ۔(۳) غذا؛ طعام ۔

Viaticum : (n) [L.] (۱) (کلیسا) عشائے ربانی جو اس شخص کو دی جائے جو مر رہا ہو ۔(۲) زاد راہ یا سفر خرچ جو کسی عہدے دار کو سرکاری کام سے سفر کرنے کے لئے دیا جاتا ہے؛ توشہء سفر ۔ (۳) سفری قربان گاہ (جسے سفر میں ساتھ لے جا سکیں) ۔

Viator : (n) [L.] مسافر؛ رہرو؛ راہ گیر ۔

Vibes : (n) ایک قسم کا باجا ۔

Vibex : (n) [L.] (مرضیات) گرمی دانہ؛ قرمزدانہ ۔

Vibracular : (a) خطاری ۔

Vibracularium : (n) خطار؛ تارینہ ۔

Vibraculum : (n)[L. 'Vibrare'.] خطار؛ بعض مرکب الجسم جانوروں کا زائد عضو جس کی ارتعاشی حرکت سےغذا ان کےقریب آجاتی ہے؛ تارینہ ۔

Vibrance : (n) اہتزاز؛ ارتعاش ۔

Vibrancy : (n) دیکھو Vibrance

Vibrant : (n) [L. 'Vibrans'.] (۱) جھولنے والا؛ اہتزاز کرنے والا ۔ (۲) (کسی چیز کے جوش سے) تھرتھراتا ہوا ۔ (۳) گونجتی ہوئی (آواز) ۔ (٤) حساس؛ زودحس ۔ (٥) زندہ دل؛ پرجوش ۔ (٦) بھڑکیلا ۔

Vibrantly : (adv.) جھولتے ہوئے؛ تھرتھراتے ہوئے ۔

Vibraphone : (n) ایک قسم کا باجا ۔

Vibrate : (v) [L. 'Vibrare'.] (۱) (لٹکن کی طرح) جھلانا؛ جھولنا؛ ارتعاشی حرکت سےناچنا۔ (۲) اہتزاز کرنا ؛ اہتزاز ہونا ۔ (۳) (آواز کا) گونجنا ۔ (٤) (طبیعیات) مرتعش ہونا؛ ارتعاش ہونا؛ تیزی سے ادھر اُدھر حرکت کرنا۔ (٥) (جذبے یا جوش سے) تھرتھرانا ۔ (٦) (مجازاً) بہت زیادہ ارتعاش پذیر ہونا؛ متلون ہونا؛ باربار رائے بدلنا ۔ (۷) مرتعش ہوکر گھومنا، گزرنا یا داخل ہونا ۔

Vibratile : (a) اہتزاز پذیر؛ ارتعاش پذیر؛ جھولنے یا تھرتھرانے والا ۔

Vibratility : (n) اہتزاز پذیری؛ ارتعاش پذیری ۔

Vibrating : (a) مرتعش؛ تھرتھراتا ہوا ۔

Vibration : (n) (۱) جھولنا؛ اہتزاز؛ اہتزازی حرکت ۔ (۲) (طبیعیات) ارتعاش؛ سیال یا لچک دار ٹھوس چیز کے اجزاء کا توازن میں خلل پڑنے کی وجہ سے تیزی سے حرکت کرنا ۔ (۳) (خیالات، عقیدے وغیرہ میں) متلون ہونا؛ باربار بدلنا ۔ (٤) قوت بخش ظہور ۔

Amplitude of vibration : خیطہء ارتعاش؛ اہتزاز؛ جھولنے والی چیز یا تھرتھرانے والی چیز کا مرکز سکون سے زیادہ سے زیادہ فصل ۔

Forced vibration : خارجی اہتزاز؛ قسری ارتعاش؛ خارجی ارتعاش جو کسی خارجی قوت کی وجہ سے ہو ۔

Free vibration : آزاد ارتعاش؛ داخلی اہتزاز یا ارتعاش جو خود بخود ہو ۔

Vibrational : (a) اہتزازی؛ ارتعاشی ۔

Vibratiuncle : (n) ارتعاش خفیف ۔

Vibrato : (adv.) [It.] تھرتھرا تے ہوئے؛ بہت زیادہ ارتعاش کے ساتھ ۔

Vibrato : (n) آواز کا ارتعاش؛ آواز کی لرزش جو کسی سُر پر مختلف حد تک زور دینے سے پیدا ہوتی ہے ۔

Vibrator : (n) (۱) مہتزز؛ مرتعش؛ شخص یاچیز جو ارتعاش یا اہتزاز کی حالت میں ہو ۔ (۲) (برقیات) مرتعش نَے ۔ (۳) (اَرگن باجے کا) نَے کا پردہ؛ نرسل گھونٹنی ۔ (٤) (طباعت) مرتعش بیلن (روشنائی کا) ۔ (٥) (طب) برقی آلہء مالش ۔ (٦) ارتعاشندہ ۔

Vibratory : (a) (۱) ارتعاشی؛ اہتزازی ۔ (۲) ارتعاش سے متعلق ۔ (۳) جو مرتعش ہو سکے ۔ (٤) گونجتی ہوئی؛ گونج دار (آواز) ۔

Vibrio : (n) [mod. L.] جرثومہ کی ایک جنس جو ہر وقت تھرتھراتے رہتے ہیں؛ ارتعاشیہ؛ تھرتھریا ۔

Vibrissae : (n) [L.] (۱) (تشریح) ناک کے بال ۔ (۲) (حیوانیات) منہ کے اطراف کے سخت بال ۔ (۳) (طیوریات) (بعض پرندوں کے) خار؛ کانٹے کی طرح کے پر جو چونچ کے قریب ہوتے ہیں ۔

Vibrissal : (a) ناک کے بال سے متعلق ۔

Vibro - : جزو ترکیبی بمعنی "ارتعاشی" ۔

Vibro-graph : (n) ارتعاش نگار ۔

Vibro-massage : (n) ارتعاشی مالش ۔

Vibro-meter : (n) ارتعاش نگار ۔

Vibro-scope : (n) ارتعاش نما؛ ارتعاش بیں؛ ارتعاش پیما؛ وہ آلہ جس سے ارتعاش کا اندازہ کیاجاتاہے ۔

Viburnum : (n) [L.] وائی برنم؛ ایک قسم کی پھول دار جھاڑی؛ جنس شب در ۔

Vic : (n) [Short for 'Victrola'.] دیکھو Phonograph

Vic : (n) ہوائی جہازوں کا V کی شکل بنا کر اڑنا ۔

Vicar : (n) [AFr. 'Vikere, Vicare'.] (۱) نمائندہ؛ نائب ۔ (۲) انسان (بطور خلیفہء مسیح یا خلیفہء خدا) ۔ (۳) پادری؛ سنت پیٹر (St. Peter) (بطور خلیفہء مسیح) ۔ (٤) وکر؛ کسی ایسے حلقے کا پادری جس کا کلیسائی محصول کوئی جماعت یا کوئی زمیندار وغیرہ وصول کرتا ہو اور اسی سے پادری کو مدد معاش ملتی ہو ۔ (٥) چھوٹا کشیش یا غیر پادری جو کلیسا میں مناجات گاتا ہے ۔ (٦) پوپ وغیرہ کا نائب یا نمائندہ ۔

Cardinal vicar : پاپائے روم کا نمائندہ جو روما میں بطور اسقف کام کرتا ہے ۔

Clerk vicar/Lay-/Secular- : بڑے گرجے کا عہدہ دار جو دعا کے بعض حصوں کو گاتا ہے ۔

Vicar-apostolic : (n) مشن کا اسقف؛ صدر مبلغ جسے اسقف کا لقب حاصل ہو ۔

Vicar-choral : (n) پادری یا غیر پادری جو بڑے گرجے میں دعا کے بعض حصوں کو پڑھتا ہے یا گاتا ہے ۔

Vicar-forane : (n) (رومی کیتھولک کلیسا) نائب اسقف جو کسی خاص کام کے لئے کسی خاص حلقے میں مقرر کیا جائے ۔

Vicar-general : (n) (۱) (کلیسائے انگلستان میں) اسقف یا اسقف اعظم کا نائب (کلیسائی امور میں) ۔ (۲) (رومی کیتھولک کلیسا) نائب اسقف (عدالتی امور میں) ۔ (۳) ٹامس کرم ول (Thomas chromwell) کا خطاب جو اسے ۱۵۲۵ء میں کلیسائی امور میں بادشاہ کے نمائندے کی حیثیت سے دیا گیا تھا ۔

Vicar of bray : (n) موقع شناس؛ ابن الوقت؛ نمک حرام؛ غدار ۔

Vicar of christ : (n) نائب مسیح؛ پاپائے روم؛ خلیفہء مسیح ۔

Vicarage : (n) (۱) وکر کی جاگیر یا وقف ۔ (۲) وکرکی قیام گاہ ۔

Vicarate : (n) (۱) وکر کا عہدہ یا اختیار ۔ (۲) سیاسی قائم مقام عہدہ؛ قائم مقامی ۔ (۳) دیکھو Vicariate ۔

Vicaress : (n) (۱) وہ راہبہ جو صدر راہبہ سے نیچے ہوتی ہے ۔ (۲) وکرکی بیوی ۔

Vicarial : (a) (۱) وکر سے متعلق؛ وکرکی خدمت سے متعلق ۔ (۲) مفوضہ؛ نیابتی ۔

Vicarian : (a) [L. 'Vacarius'.] نائب حکمراں سے متعلق؛ جو نائب حکمراں کے زیر حکومت ہو ۔

Vicarian : (n) وہ شخص جو مذہب میں استواری کا قائل نہ ہو ۔

Vicariate : (n) (۱) وکرکا عہدہ یا اختیار ۔ (۲) سیاسی قائم مقام عہدہ؛ قائم مقامی ۔ (۳) نائب گورنر کے ماتحت کا ضلع ۔ (٤) (رومی کیتھولک کلیسا) وہ ضلع جو مشن کے اسقف کے ماتحت ہو؛ مشن کے اسقف کا علاقہ ۔

Vicarious : (a) [L.'Vicarius'.] (۱) مفوضہ؛ کسی دوسرے کا دیاھوا؛ نیابتی ۔ (۲) قائم مقام؛ مقائم؛ مقامانہ؛ دوسرے کے بدلے کا ۔ (۳) (عضویات) عوضی؛ جو دوسرے عضو کے بدلے ہو ۔

Vicarious authority : (n) نمائندگی ۔

Vicarious sacrifice : (n) کفارے کی قربانی جو عیسائیوں کے عقیدے میں حضرت مسیح نے گنہگاروں کے کفارہء گناہ کے لئے کی ۔

Vicariously : (adv.) (۱) نیابتاً؛ نیابتی طور پر؛ دوسرے کے بدلے میں ۔ (۲) قائم مقام طور پر ۔

Vicariousness : (n) (۱) نیابتی ہونا؛ دوسرے کا دیا ہوا ہونا ۔ (۲) قائم مقامی؛ دوسرے کی جگہ ہونا؛ دوسرے کے بدلے کا ہونا ۔

Vicarship : (n) وکر کا عہدہ؛ وکر کا عہد کارکردگی ۔

Vice : (n) [Fr.] (۱) بدی؛ برائی ۔ (۲) عیب؛ نقص؛ خامی ۔ (۳) (گھوڑے وغیرہ کا) عیب ؛ بری عادت ۔ (٤) (جسم ساخت میں) موروثی یا خلقی نقص یا عیب (اب اس معنی میں شاذ) ۔ (٥) (بڑے حرف سے) (قدیم اخلاقی ناٹکوں میں) مسخرا ۔ (٦) خرابی؛ خباثت؛ ضرر رسانی ۔ (۷) عصمت فروشی؛ قحبہ پن ۔

Vice/Vise : (n) [Fr. 'Vis'.] (۱) (قدیم) چکر دار سیڑھی ۔ (۲) شکنجہ ۔ (۳) جالی دار کھڑکی میں شیشہ لگانے کا ایک آلہ ۔

Bench vice : بینچ میں لگا ہوا شکنجہ ۔

Vice : (n) نائب؛ قائم مقام ۔

Vice : (n) (۱) (اسکاچستان) جگہ؛ مقام ۔ (۲) (اسکاچستان) باری۔

Vice : (v) [L.] شکنجے میں کسنا ۔

Vice : (prep.) [L.] بجائے؛ جگہ پر ۔

Vice - : (prefix) سابقہ بمعنی "قائم مقام"؛ "نائب" ۔

Vice-abbot : (n) قائم مقام صدر راہب؛ نائب راہب ۔

Vice -admiral ; (n) [AFr. 'Visadmiral'.] نائب امیر البحر ۔

Vice- admiralty : (n) نائب امیر البحر کا عہدہ یا عہد کارکردگی ۔

Vice-admiralty courts : (n) برطانوی نو آبادیوں کی بحری عدالت ۔

Vice-agent : (n) نائب ایجنٹ ۔

Vice-captain : (n) نائب کپتان ۔

Vice-chairman : (n) نائب میر مجلس؛ نائب صدر ۔

Vice-chamberlain : (n) نائب حاجب ۔

Vice-chancellor : (n) [OFr. 'Vi(s)chancelier'.] (۱) نائب مشیر اسقف ۔ (۲) نائب امیر جامعہ؛ وائس چانسلر (۳) ہائی کورٹ کا جج جو اصول معدلت کے مسائل کا تصفیہ کرتا ہے ۔

Vice-chancellorship : (n) نائب امیر جامعہ یا نائب مشیر اسقف کا عہدہ یا عہد کارکردگی ۔

Vice-consul : (n) نائب قونصل ۔

Vice-county : (n) ضلعے کا ایک حصہ ۔

Vice-god : (n) (تحقیراً) خدا کا نائب ۔

Vice-governor : (n) نائب گورنر ۔

Vice-king : (n) (۱) وائسرائے؛ نائب السلطنت ۔ (۲) دیکھو Viceroy ۔

Vice-legate : (n) پادری کے نائب سفیر کا نائب ۔

Vice-premier : (n) نائب وزیر اعظم ۔

Vice-presidency : (n) نائب صدارت ۔

Vice-president : (n) نائب صدر ۔

Vice-presidential : (n) نائب صدر سے متعلق ۔

Vice-presidentship : (n) نائب صدارت؛ نائب صدر کا عہدہ ۔

Vice-queen : (n) (۱) عورت جو وائسرائے کا کام کرتی ہو؛ وائسرینہ ۔ (۲) وائسرائے کی بیوی ۔

Vice-rector : (n) نائب ریکٹر۔

Vice-regal : (a) وائسرائے کا؛ ویسرائی ۔

Vice-regency : (n) قائم مقام بادشاہ کی نیابت ۔

Vice-regent : (n) قائم مقام بادشاہ کا نائب ۔

Vice-squad : (n) پولیس کا وہ دستہ جو برائیوں کو روکنے پر مامور ہو ۔

Vice-treasurer : (n) نائب خازن یا خزانچی ۔

Vice-treasurership : (n) نائب خازن کا عہدہ یا اس عہدے کا عہد حکومت ۔

Vice-versa : (adv.) [L.] اور اس کے برعکس؛ الٹا ۔

Vice-warden : (n) نائب نگراں ۔

Vicegerency : (n) نیابت ۔

Vicegerent : (n) [med. L.'Vicegerens'.] (۱) نائب حکمراں؛ قائم مقام حکمراں ۔ (۲) نائب؛ قائم مقام ۔ (۳) خدا کا نائب؛ پوپ (خلیفہ مسیح یا خدا کے نائب کی حیثیت سے) ۔ (٤) آدمی: فوق الفطرت یا روحانی قوت کے نائب کی حیثیت سے ۔

Vicegerent : (a) نائب؛ قائم مقام ۔

Viceless : (a) بے نائب ۔

Vicelike : (a) شکنجے کی طرح ۔

Vicenary : (a) بیس کا ۔

Vicennial : (a) [late L. 'vicennium'.] بست سالہ؛ جو بیس سال تك رہے یا بیسویں سال واقع ہو ۔

Vicereine : (n) [Fr.'Vicereine'.] (۱) بیگم وائسرائے؛وائسرائے کی بیوی؛ وائسرینہ ۔ (۲) وہ عورت جو وائسرائے کا کام کرتی ہو ؛ وائسرائے کا کام کرنے والی عورت ۔

Viceroy : (n) [Fr.] (۱) وائسرائے؛ حاکم جو کسی علاقے یا نو آبادی میں بادشاہ کے قائم مقام کی حیثیت سے اور شاہانہ اختیارات کے ساتھ حکومت کرتا ہو؛ نائب السلطنت ۔ (۲) (مجازاً) وائسرائےجیسا عہدہ اوراختیارات رکھنےوالا شخص ۔ (۳) (حشریات) تتلی کی ایك قسم ۔

Viceroyal : (a) وائسرائے کا؛ وائسرائی ۔

Viceroyalty : (n) [Fr. 'Vice-royaute'.] (۱) وائسرائی؛ وائسرائی عہدہ یا عہدحکومت ۔ (۲) وائسرائے کے اہل خاندان ۔

Viceroyship : (n) دیکھو Viceroyalty

Vichy : (n) [Fr.] فرانس کےایك چشمے کا معدنی پانی (جس میں معدنی اجزاء ہوتے ہیں) ۔

Vicia : (n) [mod. L.] جنس باقلا ۔

Vicinage : (n) [OFr. 'Vis(e)nage'.] (۱) پڑوس؛ ہم سایہ؛ پڑوس کا علاقہ ؛ قرب و جوار کا علاقہ ۔ (۲) پڑوسی؛ ہم سایہ لوگ ۔ (۳) ہمسائیگی؛ ہمسائیگی کا تعلق؛ ہمسائیگی کا رابطہ ۔ (٤) حق ہمسائیگی ۔

Vicinal : (a) [Fr.] (۱) پڑوس کا؛ قریب؛ نزدیك ۔ (۲) قریبہ ۔ (۳) (ریاضیات) کسی سطح سےتقریباً ہم مکان ۔

Vicinism : (n) دو جنس یا دو طرح کے پودوں کے درمیان پار زیرگی؛ قربیت ۔

Vicinity : (n) [L. 'Vicinitas'.] (۱) پڑوس کا علاقہ؛ قرب وجوار؛ پڑوس کا علاقہ ۔ (۲) قرب وجوار؛ پڑوس ۔ (۳) قریبی تعلق؛ قرابت ۔

In the vicinity (of) : (۱) پڑوس میں ۔ (۲) تقریباً؛ قریب قریب ۔

Vicious : (a) [OFr.] (۱) برا؛ برائی کا؛ بدی کا ۔ (۲) مخرب اخلاق؛ بیہودہ ۔ (۳) بد؛ بد خصال؛ بد سیرت ۔ (٤) عیب دار؛ شریر (گھوڑا وغیرہ) ۔ (٦) غلط؛ ناقص؛ خراب (زبان، دلائل وغیرہ) ۔ (٦) بد طینت؛ کینہ پرور؛ خبیث ۔ (۷) عداوت کی؛ خباثت کی؛ بغض و حسد کی ۔ (۸) شدید؛ زور کا ۔

Vicious circle : (n) (۱) (منطق) استدلال دوری؛ ایك بات کے ثبوت میں دوسری بات پیش کرنا جس کا ثبوت خود پہلی بات پر منحصر ہو ۔ (۲) (مرضیات) ایك قسم کا روگ جس میں ایك کے بعد ایك مرض گھٹتا بڑھتا رہتا ہے ۔ (۳) برائی کا چکر؛ ایك برائی سے دوسری برائی پیدا ہونا اور دوسری سے پہلی میں اور زیادتی ہونا ۔

Viciously : (adv.) بد خصالی سے؛ بیہودگی سے؛ برے طریقے سے؛ بد بختی سے؛ خباثت سے ۔

Viciousness : (n) برائی؛ بدی؛ بد خصالی؛ بیہودگی؛عیب دار ہونا؛ خرابی؛ بد طینتی؛ خباثت ۔

Vicissitude : (n) [Fr. or L. 'Vicissitudo'.] (۱) تغیر حالات؛ انقلابات؛ نیرنگیاں، نشیب و فراز (خصوصاً دولت، عزت وغیرہ کا) ۔ (۲) باقاعدہ تغیر؛ باری باری سے ہونا؛ تبادلہ ۔ (۳) تواتر؛ توالی؛ یکے بعد دیگرے ہونا ۔

Vicissitudinous : (a) (۱) تغیر پذیر؛ بدلنےوالا ۔ (۲) پُر از نشیب و فراز ۔

Vicontiel : (a) [AFr.] وائی کاؤنٹ یا شیرف کا یا اس سے متعلق ۔

Victim : (n) [L. 'Victima'.] (۱) قربان؛ جانور یا انسان جو کسی دیوتا پر بھینٹ چڑھایاجائے ۔ (۲) شکار؛ مارا ہوا؛ کشتہ؛ نشانہ ۔ (۳) دھوکا کھانے والا؛ پھنسنے والا؛ شکار ۔ (٤) وہ شخص جو اپنی کسی مہم کی وجہ سے تکلیف اٹھائے یا مرجائے ۔

To fall a victim to (something or person) : شکار ہوجانا؛ پھنس جانا ۔

Victimhood : (n) شکار ہونا ۔

Victimization : (n) پھانسنا؛ پھنسنا؛ قربانی؛ قربانی کرنا یا کیا جانا ۔

Victimize : (v) (۱) (دام فریب میں) پھانسنا ۔ (۲) شکار بنانا؛ نشانہ بنانا (حرص ، ظلم وغیرہ کا) ۔

(۳) (مزدوروں کی انجمن) (سرغنہ وغیرہ کو) قربانی کا بکرا بنانا ؛ قربان کر دینا ۔ (٤) قربان کرنا؛ قربانی دینا؛ (پودوں کو) مکمل طور پر تباہ یا برباد کر دینا ۔

Victimizer : (n) پھانسنے والا؛ قربانی کرنے والا ۔

Victor : (n) [AFr. 'Victo(u)r'.] (۱) فاتح؛ فتح کرنے والا ۔ (۲) جیتنے والا (لڑائی، بحث وغیرہ میں) ۔

Victor : (a) فاتح؛ فتح مند ۔

Victoria : (n) [L. or Sp.] فتح کا نعرہ ۔

Victoria : (n) [f. Name of Queen Victoria of England.] (۱) وکٹوریا، دو نشست کی بگھی جس کا کوچ بکس اونچا ہوتا ہے اور جس کا ٹپ گرایا جا سکتا ہے ۔ (۲) (نباتیات) بہت بڑے قسم کا کنول ۔ (۳) پالتو کبوتر کی ایک نوع ۔ (٤) ایک قسم کا الوچہ جو خوش ذائقہ اور گہرے سرخ رنگ کا ہوتا ہے؛ سرخ الوچہ ۔ (٥) (علم النجوم) ایک چھوٹا سیارہ ۔ (٦) ایک قسم کی موٹر گاڑی جس کی چھت پھسلا کر یا کھسکا کر کھولی اور بند کی جاتی ہے ۔

Victoria : (a) (آسٹریلیا کے شہر) وکٹوریا کا یا وہاں سے متعلق ۔

Victoria cross : (n) وکٹوریا کراس؛ بہادری کا تمغہ جو ملکہ وکٹوریہ نے ۱۸۵٦ء میں جاری کیا تھا ۔

Victoria day : (n) ملکہ وکٹوریہ کی یوم پیدائش ۲٤/مئی ۔

Victoria lily : (n) بہت قسم کا کنول ۔

Victoria pigeon : (n) ایک قسم کا کلغی دار کبوتر ۔

Victorian : (a) [f. the name of Victorius.] پانچویں صدی عیسوی کا ایک کلیسائی عہدے دار پادری ۔

Victorian : (a) ملکہ وکٹوریہ کا؛ ملکہ وکٹوریہ کے عہدے کا؛ ملکہ وکٹوریہ کے عہد کی خصوصیات رکھنے والا ۔

Victorian : (n) ملکہ وکٹوریہ کے عہد کا شخص یا مصنف ۔

Victorian : (n) وکٹوریا (آسٹریلیا) کا باشندہ ۔

Victorian : (a) وکٹوریا (آسٹریلیا) کا ۔

Victorian period : (n) ۵۳۲ جولیسی سال کا وقفہ جس کے ختم ہونے پر ماہ نو اور کامل جولیسی سال کے انہیں دنوں میں نکلتے ہیں ۔

Victorianism : (n) (۱) (مذاق، عادت یا طرز عمل میں) وکٹوریا کے عہد کا ہونا ۔ (۲) وکٹوریا کے عہد کے اُسلوب بیان، مذاق یا طرز کی مثال یا پیداوار ہونا ۔

Victorianize : (v) (طرز یا مذاق میں) وکٹوریا کے عہد کا بنانا ۔

Victoriate : (n) [L. 'Victoriatus'.] قدیم روم کا ایک نقرئی سکہ ۔

Victorine : (n) [Victoria+-ine.] سمور کا گلوبند جو عورتیں استعمال کرتی ہیں ۔

Victorine : (n) [Fr. 'Victorian', the Abbey of St. Victor, near Paris'.] سنت وکٹر (St.Victor) کے سلسلے کا ایک پادری ۔

Victorious : (a) [AFr. 'Victorious'.] (۱) فتح یاب ؛ فتحمند؛ ظفریاب ؛ منصور؛ جیتنے والا ۔ (۲) فتح کا؛ فاتحانہ ۔ (۳) اخلاقی طور پر ہم آہنگ ۔

Victoriously : (adv.) فتح مندی سے؛ فتح یاب ہو کر ۔

Victoriousness : (n) فتح یاب ہونا؛ فتح یابی؛ فتح مندی؛ ظفر یابی ۔

Victory : [AFr. 'Victorie'.] (۱) فتح؛ ظفر؛ جیت ۔ (۲) (مجازاً) قابو ۔ (۳) یونانی یا رومی فتح کی دیوی؛ اس دیوی کا بت ۔

Cadmean victory : وہ فتح جس میں فاتح برباد ہو جائے ۔

Moral victory : لڑائی وغیرہ کا غیر فیصلہ کن نتیجہ یا شکست جس میں اخلاقی غلبہ حاصل ہو؛ اخلاقی فتح ۔

Pyrrhic victory : فتح عظیم؛ فتح گراں بہا یعنی وہ فتح جو بہت کشت و خون اور قربانی کے بعد حاصل ہو ۔

To have (get, win) the victory : فتح مند ہونا؛ فتح کرنا؛ جیت لینا ۔

Victory garden : (n) سبزیوں کا باغیچہ جو جنگ کے دنوں میں پیداوار بڑھانے کے لئے لگایا جاتا ہے ۔

Victory girl : (n) بد چلن عورتیں جو جنگ کے زمانے میں فوجیوں کے ساتھ رہتی ہیں ۔

Victress : (n) فاتح عورت ۔

Victrix : (n) دیکھو Victress

Victual : (n) [ME. 'Vitaile(s)'.] (عموماً جمع) غذا؛ کھانا؛ خوراک؛ سامان خوردو نوش؛ آذوقہ؛ رَسد ۔

Victual : (v) [OFr. 'Vitaillier'.] (۱) غذا پہنچانا؛ سامان خوردونوش دینا؛ پہنچانا ۔ (۲) سامان خوردونوش فراہم کرنا یا لینا ۔ (۳) کھانا کھانا ۔ (٤) (جانوروں کو) چرانا؛ کھلانا ۔

Victualled : (a) کھانا کھاتے ہوئے ۔

Victualler : (n) (۱) خوردنی فروش؛ غذا فروش ۔ (۲) رسد رساں جہاز؛ (وہ جہاز) جو اور جہازوں کو کھانے پینے کا سامان پہنچاتا ہے ۔ (۳) رسد رساں (خصوصاً فوج کو رسد فراہم کرنے والا)۔

Licensed victualler : لیسنس یافتہ شراب فروش؛ سرائے والا ۔

Victualling : (n) (۱) رسدرسانی؛ سامان خوردونوش فروخت کرنا یا فراہم کرنا؛ رسد بہم پہنچانا ۔ (۲) رسد لینا؛ سامان خورد و نوش فراہم کرنا (خاص کر اب جہاز کے لئے) ۔ (۳) ذاتی استعمال کے لئے غذا کی فراہمی ۔

Victualling bill : (n) رسد نامہ؛ چنگی خانے کا اجازت نامہ جہاز پر رسد بھیجنے کا ۔

Victualling-house : (n) کھانے پینے اور شراب کی دکان؛ سرائے ۔

Victualling-note : (n) (بحری) رسد کا ٹکٹ؛ چٹھی جس کی رو سے جہاز کا اسٹیوارڈ ملاح کو رسد دیتا ہے ۔

Victualling office : (n) (۱) دفتر رسانی؛ بحری فوج کو سامان رسد فراہم کرنے کا دفتر ۔ (۲) (مکہ بازی) پیٹ ۔

Victualling-yard : (n) احاطۂ رسد؛ سمندر کے کنارے گودی سے متصل جس میں بحری فوج کے لئے رسد جمع کی جاتی ہے ۔

Vicuna/Vicugna : (n) [Sp.] (۱) وکونیا؛ شمالی امریکا کا لاما نما جانور جس سے ریشم نما اون حاصل ہوتا ہے ۔ (۲) وکونیا کے اندرونی روئیں کا چمکدار اونی ریشہ ۔ (۳) وکونیا کے اون کا بنا کپڑا ۔ (٤) اونی کپڑا جو دیکھنے میں وکونیا کے اون سے بنا معلوم ہو ۔

Vicuna-cloth : (n) وکونیا کے اون کا بنا کپڑا ۔

Vicuna wool : (n) (۱) وکونیا کا اون ۔ (۲) سوت ملا اون ۔

Vidame : (n) [Fr.] (فرانس میں) وہ شخص جس کو اسقف سے زمین ملی ہو اس کے نمائندے کی حیثیت سے اور دنیاوی معاملے میں اس کی حمایت کرنے کے صلے میں ۔

Viddui : (n) [Heb. 'Widduy'.] (۱) (یہودیوں کا) اعتراف گناہ (جو ابجد کی ترتیب سے مرتب ہوا اور پڑھا جاتا ہے) ۔ (۲) اعتراف گناہ جو مرتے وقت مخفی طور پر کیا جائے ۔

Vide : (v) [L.] دیکھو؛ ملاحظہ ہو (فلاں صفحہ، فلاں عبارت وغیرہ) ۔

Quod vide : (مخفف q.v.) ملاحظہ ہو (کسی دوسری کتاب کا) حوالہ دینے کے لئے لکھتے ہیں ۔

Vide : (a) [OFr. 'Vuit, voit'.] (۱) (آلات موسیقی کے تار کے بارے میں کہتے ہیں) کھلا ہوا ۔ (۲) (موسیقی کی ہدایت میں) چھوڑا ہوا ۔

Vide infra : (v) نیچے یا آگے صفحات میں ملاحظہ ہو ۔

Vide supru : (v) اوپر یا گذشتہ صفحات میں ملاحظہ ہو ۔

Videlicet : (adv.) [L.] (۱) یعنی ۔ (۲) جس کے نام یہ ہیں ۔ (۳) جس کی تفصیل یہ ہے؛ بہ تفصیل ذیل ۔

Video : (a) ٹیلیویژن کی تصویروں کی ترسیل و تحصیل سے متعلق یا اس میں استعمال ہونے والا ۔

Video : (n) [L. 'Videre'.] ٹیلیویژن ۔

Video recording : (n) (۱) ٹیلیویژن پر دکھائی جانے والی متحرک تصویر ۔ (۲) دیکھو Video-Tape Recording ۔

Video signal : (n) ویڈیو سگنل؛ تصویراشارہ؛ ویڈیواشارہ ۔

Video tape recording : (n) مقناطیسی فیتے پر ریکارڈ کیا ہوا تصویری اشارہ اور آواز جو ٹیلیویژن پر دکھائی جائے ۔

Videogenic : (a) ٹیلیویژن پر نشر کرنے کے لئے موزوں ۔

Vidette : دیکھو Vedette

Vidian artery : (n) [f. 'Vidus, Vidius', an Italian anatomist.] وِدیوی شریان ۔

Vidian canal : (n) وِدیوی نالی ۔

Vidian nerve : (n) وِدیوی رگ ۔

Vidimus : (n) [L.] (۱) مصدقہ نقل ۔ (۲) حسابات کی تنقیح؛ جانچ؛ معائنہ حسابات ۔ (۳) (دستاویز وغیرہ کا) خلاصہ؛ تلخیص؛ معائنہ دستاویزات ۔

Vidonia : (n) [Origin unkn.] ایک قسم کی پھیکی سفیدشراب جو جزائر کناری میں بنائی جاتی ہے ۔

Vidua : (n) [L.] (۱) بیوہ ۔ (۲) افریقی بیا کی ایک جنس ۔

Viduage : (n) [L. 'vidua'.] بیوگی ؛ بیوگان ۔

Vidual : (a) [Late L. 'Vidualis'.] بیوہ سے متعلق؛ بیوہ یا بیوگی کے شایانِ شان؛ موزوں؛ بیوہ ۔

Viduity : (n) [Fr. 'Viduite', or L. 'Viduita'.] بیوگی؛ ایام بیوگی ۔

Vie : (v) [ME. 'Avie, envie'.] (۱) (قدیم) (ایک چیز کا دوسری سے) مقابلہ کرنا (بدلے، موازنہ یا دشمنی میں) ۔ (۲) مقابلہ کرنا؛ مد مقابل ہونا؛ سبقت لے جانے کی کوشش کرنا ۔ (۳) شرط لگانا؛ شرط بدنا؛ خطرے میں ڈالنا ۔

Viejitos : (n) [Mex. Sp.] (تراسکن ہندوستانیوں Tarascan) کا ایک مزاحیہ ناچ جس میں نوجوانان بوڑھوں کا سانگ بھر کر ناچتے ہیں ۔

Vielle : (n) [Fr.] ایک قسم کا چوتارا (باجا) جس کو چھوٹے سے پہیے سے بجایا جاتا ہے ۔

Vienna : (n) (۱) آسٹریا کا دارالسلطنت، وی اے نا؛ وی اینا ۔ (۲) بعض قسم کے آٹے یا روٹی کا نام ۔

Vienna caustic : (n) ایک لپسی جس میں کاسٹک پوٹاش اور چونے کی برابر مقدار ہوتی ہے ۔

Vienna paste : (n) دیکھو Vienna caustic

Viennese : (n) وی اے نا کا باشندہ؛ وہاں کی جرمن زبان ۔

Viennese : (a) وی اینا کا یا وہاں سے متعلق؛ وی اینا سے شروع ہونے والا ۔

Viet : (n) Vietminh کا رکن ۔

Vietcong : (n) ویت نام کی کمیونسٹ تحریک کے حامی خصوصاً وہ جو چھاپہ ماری کیا کرتے تھے ۔

Vietminh : (n) ویت نام کی کمیونسٹ تحریک کا حامی ۔

View : (n) [AFr. 'Vewe. 'Vieue'.] (۱) رائے ؛ طرز خیال ۔ (۲) نظارہ ؛ ملاحظہ ؛ مشاہدہ (گردوپیش وغیرہ کا) ۔ (۳) (قانون) چوری کا معائنہ (موقعہء واردات ، مال ، لاش وغیرہ کا) ۔ (٤) منظر ؛ نظارہ ۔ (٥) منظر کی تصویر ۔ (٦) مطالعہ ؛ نظر ۔ (۷) مقصد ؛ غرض ۔ (۸) صورت ؛ شکل ۔ (۹) نقشہ ؛ خاکہ ۔ (۱۰) دیکھنا ۔ (۱۱) دیکھو View Halloo ۔ (۱۲) دیکھنے کا طرز یا رنگ ۔ (۱۳) امید؛ رجا؛ توقع؛ امکان ۔ (۱٤) مزاج؛ فطرت ۔

A general view : ایک عام نظر ؛ عام خیال ۔

At the view of : دیکھتے ہی ۔

Bird's-eye view : (۱) طائرانہ نظارہ (شہر وغیرہ کا بلندی سے) ۔ (۲) طائرانہ نظر (جو بلندی سے ڈالی جائے)؛ مجمل نظر (کسی موضوع پر) ۔

In (the) view of : نظرکے سامنے؛ اس طرح کہ دیکھا جاسکے؛ حد نظر میں؛ بہت نزدیک؛ اتنا نزدیک کہ دیکھا جا سکے ۔

In view : (۱) نگاہ کے سامنے؛ زیر نگاہ ۔ (۲) زیر توجہ؛ زیر غور ۔ (۳) بغرض؛ بطور مقصد ۔

In view of : (۱) بہ لحاظ؛ دیکھتےہوئے؛ اس کے پیش نظر ۔ (۲) (سوقیانہ) بغرض ۔

On or upon (the) view of : دیکھ کر ۔

On view : دکھاؤ؛ جو ہر شخص کے دیکھنے کے لئے ہو ؛ جسےہر شخص دیکھ سکے ؛ نظر کے سامنے ۔

Point of view : دیکھو Point

To come in view of : حدِ نظر میں آنا ۔

To have in view : (۱) پیش نظر ہونا؛ مد نظر ہونا۔(۲) نظر میں رکھنا؛ ملحوظ رکھنا ۔

To take a view of : دیکھنا؛ معائنہ کرنا؛ مشاہدہ کرنا ۔

To take the long view : مستقبل کے لئے مہیا کرنا

To the view : اعلانیہ؛ کھلے بندوں؛ کھلم کھلا ۔

With a view to : (۱) بغرض ۔(۲) امید میں؛ توقع میں ۔(۳) بہ لحاظ ۔

With the (or a) view of : بغرض؛ اس غرض سے کہ؛ اس خیال سے کہ ۔

With this (or that) view : اِس یا اُس مقصد سے ۔

View : (v) (۱) نظارہ کرنا؛ مشاہدہ کرنا؛ ملاحظہ کرنا؛ معائنہ کرنا؛ آنکھوں سے دیکھنا ۔(۲) مطالعہ کرنا؛ نظر ڈالنا؛ رائے قائم کرنا ۔(۳) (شکار میں) (awayکے ساتھ) لومڑی کو آڑے نکلتے ہوئے دیکھنا یا چلاّ کر اس کی خبر دینا ۔(٤) غور کرنا؛ سوچنا ۔(٥) کسی خاص طرز یا رنگ میں دیکھنا ۔

View angle : (n) زاویہ٭ نظر یا نگاہ ۔

View-finder : (n) منظر نما؛ کیمرے کا وہ حصہ جس سے معلوم ہو کہ تصویر کہاں تک آئے گی ۔

View-halloo : (n) (لومڑی کے شکار میں) شور جو شکاری لومڑی کو آڑے نکلتے دیکھ کر مچاتے ہیں ۔

View of frank-pledge : (n) دیکھو Frank-pledge

View point/View-point : (n) (۱) نقطہ٭ نظر؛ نقطہ٭ نگاہ ۔(۲) وہ جگہ جہاں سے نظارہ کیا جا سکے ۔

Viewable : (n) نظر آنے والا؛ جو دیکھا جا سکے؛ مرئی ۔

Viewer : (n) (۱) دیکھنے والا؛ نظارہ کرنے والا؛ ناظر ۔(۲) ملاحظہ کرنے والا شخص؛ معائنہ کرنے والا شخص ۔(۳) ٹیلیفون دیکھنے والا شخص۔

Viewiness : (n) وہمی ہونا؛ خبط ۔

Viewing : (n) (۱) دیکھنا؛ نظارہ ۔(۲) ٹیلیویژن دیکھنا ۔

Viewless : (a) (۱) اوجھل؛ (نظر سے) غائب؛ (نظر سے) پوشیدہ؛ چھپا ہوا؛ غیر مرئی ۔(۲) جس کی کوئی رائے نہ ہو ۔(۳) بے نظارہ ۔

Viewlessly : (adv.) غیر مرئی طور پر؛ غیر محسوس طور پر ۔

Viewy : (a) (۱) عجیب خیالات رکھنے والا؛ وہمی ؛ خبطی ۔ (۲) (عام) زرق برق؛ بھڑکیلا؛ ٹھاٹ کا ۔

Vigentennial : (a) [L. 'Vigeni, Viceni'.] بیس سالہ؛ ہر بیس سال پر واقع ہونے والا؛ بیسویں سالگرہ سے متعلق ۔

Vigentennial : (n) بیسویں سالگرہ یا اس کی تقریب ۔

Vigesimal : (a) [L. 'Vigesimus'.] بیس کا؛ بیستی؛ عدد بیس پر مبنی ۔

Vigesimo-quarto : دیکھو Twenty-Fourmo

Vigia : (n) [Pg.] سمندر کے نقشے میں بنا ہوا وہ نشان جو کسی مخفی خطرے کی نشان دہی کرتا ہے ۔

Vigil : (n) [Fr. 'Vigile'.] (۱) (کلیسا) کسی تہوار یا مقدس دن کی شام ۔(۲) کسی تہوار کے موقعے پر شب بیداری ۔(۳) (جمع) شب کی عبادت؛ نمازِ شب خصوصاً مردوں کے لئے ۔(٤) شب بیداری؛ رت جگا؛ رات کو جاگتے رہنا ۔

To keep (a) vigil/-vigils : شب بیداری کرنا؛ رات کو جاگتے رہنا ۔

Vigil light : (n) شمع جو رومی کیتھولک کلیسا میں پجاری کسی خاص مذہبی مقصد کے لئے جلاتے ہیں ۔

Vigilance : (n) [Fr. or L. 'vigilantia'.] (۱) چوکسی؛ ہوشیاری؛ خبرداری؛ احتیاط؛ بیدار مغزی ؛ بیداری ۔(۲) (طب) بے خوابی ۔

Vigilance committee : (n) کمیٹی حفظ امن، جو بدامنی کے زمانے میں یا بے نظم ملکوں میں شہری اپنے طور پر قائم کر لیتے ہیں ۔

Vigilant : (a) چوکس؛ہوشیار؛ خبردار؛ محتاط؛ بیدار مغز ۔

Vigilante : (n) [Sp.] کمیٹی حفظ امن کا رکن ۔

Vigilantly : (adv.) چوکسی سے؛ ہوشیاری سے ۔

Vigintennial : (a) دیکھو Vigentennial

Vigna : (n) [after Domenico Vign (a) an Italian botanist.] بیلوں یا بعض قسم کی بوٹیوں کی ایک جنس ۔

Vigneron : (n) [Fr.] کاشتکار تاک؛ انگور کی کھیتی کرنے والا ۔

Vignette : (n) [Fr.] (۱) (مسودے میں) بڑے حروف کی آرائشی کشش اور دائرے؛ ڈھلواں پشت منظر کی نیم تصویر ۔(۲) (کتاب کےسر ورق کی) بے حاشیے کی کندہ تصویر؛ نقش و نگار ۔ (۳) نیم تصویر (جس کی پشت منظر کے خطوط آہستہ آہستہ ہلکے ہوتے جائیں)؛ تصویر جس میں صرف سر یا سر اور شانہ ہوں ۔ (٤) (مجازاً) سیرت کا خاکہ؛ سیرت کی تصویر جو الفاظ میں کھینچی جائے؛ لفظی تصویر؛ قلمی چہرہ ۔ (٥) (تعمیرات) بیل بوٹے؛ گلکاری ۔

Vignette : (v) (۱) ڈھلواں پشت؛ منظر کی نیم تصویر بنانا۔(۲) ڈھلواں پشت منظر بنانا، یعنی اس کے خطوط کو آہستہ آہستہ ہلکا کرنا۔(۳) سیرت کا خاکہ کھینچنا ۔

Vignetter : (n) ڈھلواں پشت منظر کی تصویر بنانے والا ۔

Vignetting : (n) (۱) کسی حلقہء نظر کے کنارے کی روشنی کا ہلکا ہو جانا (شگاف کے کنارے روشنی کی کرنوں کے پوری طرح داخل نہ ہونے کی وجہ سے) ۔ (۲) تصویر کے کنارے کا مدھم ہو جانا (عدسے سے ترچھی کرنوں کے داخلے میں رکاوٹ کی وجہ سے) ۔

Vignettist : (n) دیکھو Vignetter

Vigogne : (n) [Fr.] (۱) دیکھو Vicuna ۔(۲) وکونیا کے اون کا بنا کپڑا ۔ (۳) دیکھو Vigogne-yarn ۔

Vigogne yarn : (n) دھاگا جس میں سوت اور اون دونوں کی آمیزش ہو ۔

Vigonia : (n) (۱) دیکھو Vicuna ۔(۲) وکونیا کے اون کا بنا کپڑا ۔

Vigorish : (n) [Russ. 'vyigrish'.] (۱) اجرت جوجوئےپر وصول کی جائے؛ اس اجرت کی رقم ۔ (۲) مہاجن کو ادا کیا جانے والا سود ۔

Vigoroso : (adv.) [It.] (موسیقی کی ہدایت) قوت کے ساتھ؛ زور سے ۔

Vigorous : (a) [OFr.] (۱) قوی؛ طاقت ور۔(۲) شدید؛ سخت ۔ (۳) چاق چوبند؛ مضبوط؛ بتا کٹا ۔ (٤) جان دار؛ پر حیات ۔ (٥) پُر زور؛ مؤثر ؛ چست ۔ (٦) (پودا) مضبوطی سے اور آزادی سے بڑھنے والا ۔

Vigorously : (adv.) طاقت سے؛ قوت سے؛ سختی سے؛ مضبوطی سے ؛ جان دار طریقے سے ۔

Vigorousness : (n) قوی ہونا؛ شدت؛ سختی؛ مضبوطی ؛ جانداری؛ زندگی؛ زور ۔

Vigour/Vigor : (n) [OFr.] (۱) قوت؛ طاقت ۔(۲) کس؛ بل؛ دم خم؛ چاق و چوبند ہونا؛ مضبوطی ۔ (۳) قوت حیات؛ زندگی؛ جان ۔ (٤) (خیال،عبارت، اسلوب بیان وغیرہ کا) زور؛ قوت؛ تاثیر؛ چستی ۔ (٥) (طب) بیماری کی شدت یا زور ۔ (٦) باضابطگی؛ جانز ہونا ۔ (۷) سخت کاروائی؛ اختیار ۔

Vigourless : (a) بے طاقت؛ کمزور؛ بے جان؛ بے زور؛ بودا؛ پھسپھسا ۔

Vihara : (n) [Skr.] بودھوں کی خانقاہ یا مندر ۔

Vihuela : (n) [Sp.] ہسپانوی وایول؛ ہسپانوی (ستار کی قسم کا) باجا ۔

Viking/Vikingr/Wi(c)king : (n) [ON.'Vikingr'.] (تاریخ)آٹھویں سے گیارھویں صدی کے اسکینڈ ینیویا کے بحری ڈاکو جو شمالی اور مغربی یورپ میں لوٹ مار کرتے رہتے تھے ۔

Vikingism : (n) وائی کنگ کا طور طریق ۔

Vila : (n) [Slovenian & Serbo-croatian.] سلافی خطے کی ایک فوق الفطرت مخلوق جس کے متعلق خیال کیا جاتا تھا کہ پہاڑوں اور جنگلوں میں رہا کرتی تھی اور ایک خوبصورت عورت کی شکل میں نمودار ہوتی تھی ؛ پری ۔

Vilayet : (n) [Turk.] سلطنت ترکی کا صوبہ؛ ولایت ۔

Vile : (a) [Fr. 'Vil'.] (۱) کم قدر؛ حقیر؛ گھٹیا ۔ (۲) بدمعاش؛ پاجی؛ کمینہ ۔ (۳) پا جی پن کا؛ کمینہ پن کا؛ ذلیل؛ شرمناک ۔ (٤) (بول چال) نہایت خراب؛ بہت بُرا ۔ (٥) ناگوار؛ ناپسندیدہ؛ نفرت انگیز ۔ (٦) بدچلن؛ فاسق ۔

Vile : (adv.) پاجی پن سے؛ کمینہ پن سے؛ ذلیل طریقے سے؛ شرمناک طریقے سے ۔

Vilely : (adv.) دیکھو Vile

Vileness : (n) بد معاشی؛ کمینہ پن؛ پاجی پن ۔

Vilification : (n) (۱) بد گوئی ۔ (۲) بد نمائی؛ رسوائی ۔

Vilifier : (n) بدنام کرنے والا؛ بدگو ۔

Vilify : (v) [late L. 'Vilificare'.] (۱) بدنام کرنا؛ رسوا کرنا؛ برائی کرنا؛ برا کہنا ۔ (۲) (شاذ) قدر گھٹانا؛ حقیر کرنا؛ پست کرنا؛ بگاڑنا ۔ (۳) تہمت لگانا؛ بہتان باندھنا ۔

Vilifyingly : (adv.) قدر گھٹاتے ہوئے؛ بدنام کرتے ہوئے ۔

Vilipend : (v) [Fr. 'Vilipender' or L.'Vilipendre'.] (۱) تحقیر کرنا؛ حقارت سے ذکر کرنا ۔ (۲) بدگوئی کرنا ۔

Vill : (n) [AFr.] (۱) (قانون، تاریخ) نظام جاگیرداری میں ایک ارضی اکائی یا تقسیم (جو بہت سے مکانوں اور ان سے ملحق زمینوں پر مشتمل ہوتی تھی) ۔ (۲) گاؤں ؛ بستی ؛ موضع ۔

Villa : (n) [L. & It.] (۱) محل یا مکان جو دیہات میں ہو ۔ (۲) بنگلہ جو نواح شہر میں ہو ۔ (۳) (جمع) روم یا قرون وسطیٰ کے اوائل کی زراعتی املاک (جسے Villae بھی کہتے ہیں) ۔

Villadom : (n) نواح شہر کے لوگ یا معاشرت؛ نواحستان؛ معاشرت؛ مضافات ۔

Village : (n) [Fr.] (۱) موضع؛ گاؤں؛ دہ؛ قریہ ۔ (۲) (امریکا) چھوٹی میونسپلٹی جس کی اختیارات محدود ہوتے ہیں ۔ (۳) موضع کے رہنے والے؛ گاؤں کے باشندے ۔ (٤) (مجازاً) خرموش گیاہی بھٹوں کا مجموعہ ۔ (٥) گاؤں کے رائے دہندگان ۔ (٦) رہائشی اور منسلک عمارتوں کا مجموعہ ۔

Village : (v) دیہات میں قیام پذیر ہونا ؛ گاؤں میں بسنا ۔

Village economy : (n) دیہی معاشیات ۔

Villageless : (a) بے موضع؛ بے گاؤں ۔

Villageous : (a) گاؤں یا وہاں کے باشندوں سے متعلق ۔

Villager : (n) (۱) گاؤں والا ۔ (۲) دیہاتی؛ گنوار ۔

Villagery : (n) دیہات؛ موضعات؛ گاؤں ۔

Villagey/Villagy : (a) موضع، دیہات یا گاؤں سے مشابہ ۔

Villagism : (n) دیہی زبان، اسلوب یا بولی ۔

Villain : [ME. 'Vilein, Vilain'.] (۱) بدمعاش ؛ پاجی ۔ (۲) روزمرّہ، ہنسی میں) شریر ۔ (۳) ڈرامے، ناول وغیرہ کا وہ کردار جو ہیرو کی مخالفت کرتا ہے؛ بدمعاش کا کردار ۔

Villain : (n) زرعی غلام؛ سرف ۔

Villainage : (n) زرعی غلام ۔

Villainess : (n) بدمعاش عورت ۔

Villainize : (v) (۱) بدمعاش بنانا ۔ (۲) حقیر کرنا؛ بے قدر کرنا؛ ذلیل کرنا ۔ (۳) بدمعاش کا کردار ادا کرنا ۔

Villainous : (a) (۱) بدمعاش کا سا؛ بد معاشی کا؛ پاجی پن کا ۔ (۲) بہت خراب؛ بہت بُرا ۔

Villainous : (adv.) (۱) بد معاشی سے؛ بدمعاشوں کی طرح ۔ (۲) بہت خراب طریقے سے؛ پاجی پن سے ۔

Villainously : (adv.) (۱) بدمعاشی سے؛بد معاشوں کی طرح ۔ (۲) بہت خراب طریقے سے؛ پاجی پن سے ۔

Villainousness : (n) بدمعاشی؛ پاجی پن؛ بدمعاشی یا پاجی پن کی حرکت ۔

Villainy : (n) دیکھو Villainousness

Villakin : (n) چھوٹا مکان جو دیہات میں ہو ۔

Villan : (n) زرعی غلام ۔

Villanella : (n) [It. 'Villanello'.] ایک دیہی گیت جس کو مختلف آوازوں کے کئی آدمی گاتے ہیں ۔

Villanelle : (n) [Fr.] ۱۹ مصرعوں کی فرانسیسی نظم جس میں صرف دو قافیے ہوں ۔

Villari effect : (n) طولی دباؤ کی وجہ سے عمل مقناطیسی میں تبدیلی ۔

Villarsite : (n) [Fr.] میگنیشیم کا آبدار سلیکیٹ ۔

Villatic : (a) [L. 'Villaticus'.] دیہی؛ دیہاتی؛ گنوار ۔

Villeggiatura : (n) [It. 'Villeggiare'.] (۱) دیہات کاقیام؛ دیہات میں گزاری ہوئی تعطیل ۔ (۲) وہ مقام جہاں شہر سے آکر چھٹیاں گزاری جائیں ۔

Villein/Villain : (n) [Var. Sp. of Villain.] زرعی غلام؛ سرف ۔

Villein service : (n) زرعی غلام کی خدمت (جو وہ زمیندار کی کرتا تھا) ۔

Villein socage : (n) جاگیر جو زرعی غلامی کے عوض ملے ۔

Villeinage : (n) [AFr. OFr. 'Vilenage'.] زرعی غلام ۔

Villiferous : (a) پشم دار؛ روئیں دار ۔

Villiform : (a) (حیوانیات) (بعض مچھلیوں کےدانت)پشم نما؛ مخملی ۔

Villino : (n) [It. dim. of 'Villa'.] چھوٹا مکان جو دوسرے مکانوں سے کم از کم ایک گز کی دوری پر ہو ۔

Villose : (a) (۱) پشم دار؛ روئیں دار ۔(۲) دیکھو Villous ۔

Villosity : (n) پشم دار ہونا؛ روئیں دار ہونا ۔

Villota : (n) [It. 'Villotta'.] شمالی اطالیہ کا سولہویں صدی کا ایک سنگت ناچ ۔

Villous : (a) [L. 'Villosue'.] پشم دار؛ روئیں دار؛ مودار؛ مخملی ۔

Villously : (adv.) پشم دار طور پر ؛ مخملی دار طور پر ۔

Villus : (n) [L.] (۱) خملہ؛ بالوں کا گچھا جو آنتوں کی جھلی (غشائے مخاطی) پر ہوتا ہے ۔ (۲) (نباتیات) پشم، لمبے روئیں جو پھول یا پھل پر ہوتے ہیں؛ رواں؛ نرم مو ۔

Vim : (n) [L.] زور؛ قوت؛ جوش؛ تیزی؛ طراری؛ تواناٹی؛ روح۔

Vimana : (n) [Skr.] مخروطی مینار جو مندروں پر بنارہتا ہے ۔

Viminaria : (n) [L.] آسٹریلیا کی بے پتیوں والی جھاڑی کی ایک جنس ۔

Vimineous : (a) [L. 'Vimineus'.] لمبی پتلی شاخ کا یا لمبی پتلی شاخیں پیدا کرنے والا؛ ٹہنی دار ۔

Vimpa : (n) [It.] ریشمی نقاب جو کلیسا کے ادنیٰ ملازم شانے پر ڈالتے تھے ۔

Vina : (n) [Skr.] وینا؛ ایک آلہ موسیقی؛ بین؛ ایک باجا جس میں سات تار ہوتے ہیں ۔

Vinaceous : (a) [L. 'Vinaceous'.] (۱) انگور کا ؛ انگوری ۔ (۲) انگور کی شراب کا ۔(۳) عنابی رنگ کا ۔

Vinage : (n) شراب میں الکحل ملانا ۔

Vinagron : (n) (۱) ایک قسم کا بچھو جو ایک تیز بو چھوڑتا ہے ۔(۲) دیکھو Vinegarroon ۔

Vinaigrette : (n) [Fr.] (۱) دو پہیوں والی چھوٹی گاڑی جو پہلے فرانس میں ہاتھ سے چلائی جاتی تھی ۔ (۲) کافوری سرکے کی شیشی (سونے یا چاندی کی جس کے ڈھکن میں سوراخ ہوتے ہیں) ۔ (۳) لغلغہ؛ ہوش دارو (ہوش میں لانے کی دوا) کی شیشی ۔(٤) دیکھو Vinaigrette sauce ۔

Vinaigrette sauce : (n) ایک قسم کی چٹنی جو سرکہ، پیاز، تیل وغیرہ سے بنائی جاتی ہے ۔

Vinasse : (n) [L. 'Vinacea'.] الکحل شراب کی تخمیر اور تقطیر کے بعد بچی ہوئی رقیق شے ۔

Vincentian : (n) [f. 'Vincent'.] سینٹ ونسن ڈی پال کے سلسلے کا پادری ۔

Vincentian : (a) سینٹ ونسن ڈی پال کے سلسلے کا ۔

Vincentian : (a) St.Vincent of Lerins سے شروع ہونے والا یا اس کا شریک ۔

Vincent's angina : (n) ونسنٹن درد گلو؛ ذبحہ ونسنٹ ۔

Vinchuca : (n) [Sp.] بعض قسم کے چھوٹے کیڑے ۔

Vincibility : (n) قابل فتح ہونا ؛ قابل تسخیر ہونا ۔

Vincible : (a) [L. 'Vincibilis'.] جو نا قابل فتح نہ ہو ؛ قابل فتح ؛ قابل تسخیر ۔

Vincibleness : (n) دیکھو Vincibility

Vincibly : (adv.) قابل فتح طورپر؛ قابل تسخیر طور پر ۔

Vinculum : (n)[L.'Vincire'.] (۱) جوڑ؛ بندھن ۔(۲) (ریاضیات) خط اشتراک؛ وہ خط جو دو یا زیادہ رقموں پر یہ ظاہر کرنے کے لئے کھینچا جائے کہ ایک ہی رقم ہے مثلاً $\overline{a+b+c}$ ۔ (۳) (تشریح) شکال؛ کسی عضو کی حرکت روکنے والی رگ یا پٹھا؛ وتری بند ۔

Vindemiate : (v) [L. 'Vindemiare'.] (شاذ) پکے ہوئے پھلوں کو خصوصاً انگور کو چننا ۔

Vindemiation : (n) انگور چننا ۔

Vindemiatrix : (n) [med. or mod. L. 'Vindemiator'.] (علم النجوم) المریدین؛ مقدم القطعات؛ سنبلہ کا ایک چمکدار ستارہ ۔

Vindicability : (n) قابلِ حمایت ہونا؛ قابلِ ثبوت ہونا ۔

Vindicable : (a) قابلِ حمایت؛ قابلِ ثبوت ۔

Vindicate : (v) [L. Vindicare'.] (۱) بول بالا کرنا؛ لاج رکھ لینا؛ اپنی حمایت یا مدد سے کامیاب بنانا ۔ (۲) ثابت کر دینا؛ منوا دینا ۔ (۳) صحیح یا جائز ثابت کرنا؛ (الزامات سے) بری ثابت کرنا؛ بے داغ ثابت کرنا ۔ (٤) دعوی کرنا؛ حق جتانا ۔ (٥) مداخلت یا غصب ہونے سے بچانا ۔ (٦) بری کرنا؛ بے خطا ٹھہرانا ۔ (۷) بدلا لینا؛ انتقام لینا ۔

Vindication : (n) (۱) ثبوت ؛ صحیح یا جائز ثابت ہونا ۔ (۲) بریت؛ برأت ۔ (۳) حمایت ۔ (٤) دعوی ۔

Vindicative : (a) حمایت کا؛ بریت کا ۔

Vindicativeness : (n) حمایت کا ہونا ۔

Vindicator : (n) حامی؛ حمایت کرنے والا؛ ثابت کرنے والا ۔

Vindicatorily : (adv.) حمایت کے طور پر؛ ثبوت کے طور پر ؛ تعزیری طور پر ۔

Vindicatory : (a) (۱) حمایت کا؛ بریت کا ؛ حمایتی ۔ (۲) تعزیری؛ سزا کا (قانون) ۔

Vindicatress : (n) حمایت کرنے والی؛ ثابت کرنے والی ۔

Vindictive : (a) (۱) کینہ پرور؛ انتقام جُو ۔ (۲) کینے کا؛ انتقام کا؛ کینہ پروری کا ۔ (۳) تعزیری؛ جو سزا کے طور پر ہو ۔(٤) (دیوتا) غلطی کے لئے سزا دینے والا ۔ (٥) بد طینت؛ کینہ پرور؛ خبیث ۔

Vindictive damages : (n) تعزیری ہرجانہ (جو بطور سزا مدعی سے دلوایا جائے) ۔

Vindictively : (adv.) کینہ پروری سے؛انتقام کے طور پر ۔

Vindictiveness : (n) کینہ پروری؛ انتقام جوئی ۔

Vine : (n) [OFr.] (۱) انگور کی بیل ؛ تاک؛ رز ۔ (۲) انگور کی بیل کا نقشہ (کشیدہ کاری، کندہ کاری وغیرہ میں) ۔ (۳) بیل؛ پتلے تنے کی ہر بیل ۔ (٤) بیل کی شاخ ۔ (٥) (مجازاً) حضرت مسیح ۔

Vine : (v) (۱) بیل کی طرح بڑھنا ؛ انگور کی بیل کی طرح جفتہ پیدا کرنا ۔ (۲) پیوند لگانا یا پیوند کاری کرنا (بیل میں) ۔ (۳) مٹر کی فصل کو میکانکی اوزار سے کاٹنا ۔

Vine beetle : (n) ایک قسم کا بھونرا جو انگور کی بیل کی پتیوں، جڑوں یا شاخوں کو نقصان پہنچاتا ہے؛ تاک بھونرا ۔

Vine black : (n) ایک سیاہ رنگ جو انگور کی بیل کو جلا کر بنایا جاتا ہے ۔

Vine-borer : (n) کرم تاک؛ بیل کیڑا؛ ایک قسم کا کیڑا جو انگور کی بیلوں کو نقصان پہنچاتا ہے ۔

Vine-disease : (n) پت جوں روگ؛ انگور کے پتوں میں ایک خاص قسم کا کیڑا لگتا ہے ۔

Vine-dresser : (n) انگور کی بیلوں کو چھانٹنے اور چڑھانے والا؛ انگور کی کاشت کرنے والا ۔

Vine-forester : (n) بعض قسم کے کیڑے جن کے پہل روپ انگور کی بیل کو کھاجاتے ہیں ۔

Vine grub : (n) تاک کیڑا ۔

Vine-leek : (n) گول لہسن ۔

Vine-louse : (n) پت جوں ؛ یہ ایک قسم کا کیڑا ہے جو انگور وغیرہ کے پتوں کو چاٹ جاتاہے ۔

انگور کی بیل کی ایک بیماری جو فطروم کی وجہ سے ہوتی ہے ۔ Vine-mildew : (n)

ایک قسم کا پتنگا ۔ Vine-moth : (n)

پت جوں ۔ Vine-pest : (n)

بید تاک ۔ Vine-rod : (n)

ایک قسم کی آرہ مکھی جس کا پہل روپ انگور کی بیل کو کھاجاتا ہے ۔ Vine-sawfly : (n)

ایک قسم کی آسٹریلیائی گھاس پات ۔ Vine-scrub : (n)

ایک قسم کا گھونگا؛ رومی گھونگا ۔ Vine-snail : (n)

ایک گھن جو انگور کی بیلوں کو نقصان پہنچاتا ہے ۔ Vine-weevil : (n)

ایک قسم کا حفاظتی سائبان جو محاصرہ کرنے کے لئے بنایا جاتا تھا ۔ Vinea : (n) [L.]

(۱) چھلکے سے الگ کی ہوئی (مٹر) ۔(۲) بیلوں سے ڈھکا ہوا ۔ Vined : (a)

(۱) سرکہ ۔(۲) (مجازاً) ترش روئی ۔(۳) دوا کا محلول جو پتلے سرکے میں تیار کیا جاتا ہے ۔ (٤) زور؛ قوت؛ جوش؛ تیزی؛ طراری ۔ Vinegar : (n) [ME. 'Vinegre'.]

سرکہ جو کافور کی آمیزش سے معطر کیا گیا ہو ۔ Aromatic vinegar :

ترش رو ؛ سرکہ جیسی چہرہ ۔ A vinegar countenance :

کافوری سرکہ؛ خوشبو دار سرکہ ۔ Toilet vinegar :

سرکہ لگانا؛ سرکہ ملانا؛ سرکے کے ذریعے اصلی حالت پر لانا ۔ Vinegar : (v)

بائبل کی ایک اشاعت جو ۱۷۱۷ء میں باسکٹ (Baskett) نے کی تھی ۔ Vinegar Bible : (n)

ایک ننھا سا کیڑا جو سرکے میں پڑجاتا ہے ۔ Vinegar eel : (n)

ایک قسم کا بچھو جو جنوبی امریکا اور میکسیکو میں پایا جاتا ہے اور جو ایک تیز بو چھوڑتا ہے؛ سرکہ بو بچھو؛ چابک دُم بچھو ۔ Vinegar maker : (n)

(۱) ورجینا کا سماق ۔(۲) ایک قسم کی پھپھوندی؛ ننھا سا ساروغ جس کے پیدا ہو جانے سے چیزوں میں خمیر اٹھتا ہے؛ فطر سرکہ ۔ Vinegar mother : (n)

سرکہ میں گھولی ہوئی افیون ۔ Vinegar of opium : (n)

ایک قسم کی پائی جس میں پانی، سرکہ اور مکھن ملا آٹا بھرا رہتا ہے ۔ Vinegar pie : (n)

دیکھو Vinegar mother Vinegar plant : (n)

دیکھو Vinegar mother Vinegar tree : (n)

وہ کھلی جگہ جہاں سرکے کے پیپے رکھے جاتے ہیں ۔ Vinegar yard : (n)

(۱) قدرے سرکہ دار ۔(۲) ترش رو ۔ Vinegarish : (a)

دیکھو Vinegar maker Vinegarroon : (n) [Mex. Sp. 'vinagron'.]

(۱) سرکہ دار؛ سرکے کے مزے کا؛ سرکے سے مشابہ ۔(۲) تیزابی؛ ترش ۔(۳) ترش رو ۔ Vinegary : (a)

شراب کی کیفیت ۔ Vineity : (n)

وہ جگہ (زمین) جہاں انگور اُگایا جاتا ہے ۔ Vineland : (n)

انگور کی چھوٹی بیل ۔ Vinelet : (n)

(۱) ایک مشین جو مٹر کو اس کی بیل اور ڈوڈے سے الگ کرتی ہے ۔(۲) مٹر کی فصل کاٹنے کی مشین ۔ Viner : (n)

(۱) تاک گھر؛ شیشے کا گھر انگور کی بیلوں کے لئے؛ تاک خانہ ۔(۲) انگور؛ تاک ۔ Vinery : (n)

(۱) انگور کا باغ؛ تاکستان ۔ (۲) (مجازاً) روحانی میدانِ عمل ۔ Vineyard : (n)

انگور کی کاشت کرنے والا ۔ Vineyardist : (n)

(تاش) اکیسی ؛ ایک کھیل جس میں ہر کھلاڑی یہ کوشش کرتا ہے کہ بانٹنے والے سے اتنے پتے لے جن کی بندیاں مل کر ٹھیک اکیس ہو، نہ کم نہ زیادہ ۔ Vingt-et-un/Vingt-un : (n) [Fr.]

(۱) جنوبی امریکا کا ایک درخت جس کی لکڑی عمارتی کام میں آتی ہے ۔ (۲) ایک قسم کا درخت جو آرائش کےلئے لگایاجاتا ہے ۔ Vinhatico : (n) [Pg.]

Vinic : (a) [L.'Vinum'.] شراب یا الکحل سے حاصل کیا ہوا ۔

Vinicultural : (a) انگور کی کاشت سے متعلق؛ تاک پروری سے متعلق ۔

Viniculture : (n) تاک پروری؛ انگور کی کاشت ۔

Viniculturist : (n) تاک پرور؛ انگور کی کاشت کرنے والا ۔

Vinifera : (a) انگور سے متعلق یا اس سے نکالا ہوا ۔

Vinifera : (n) یورپ کا عام انگور ۔

Viniferous : (a) شراب خیز؛ شراب کے لئے جس کی کاشت کی جائے؛ شراب پیدا کرنے والا (علاقہ) ۔

Vinification : (n) شراب سازی؛ انگور کے عرق کو تخمیر کے ذریعے الکحل میں تبدیل کرنا ۔

Vinificator : (n) آبخرہ دان؛ آلہ شراب سازی کا وہ حصہ جس میں آبخارات جمع ہوتے ہیں ۔

Vino : (n) [It ex Sp. fr. L. 'Vinum'.] شراب ۔

Vino - : جزو ترکیبی بمعنی "شراب" ۔

Vinolent : (a) [L. 'vinolentus'.] شراب کا عادی؛ شرابی ۔

Vinose : (a) [L. 'Vinosus'.] (۱) شراب انگور کا (سا)؛ شراب جیسا؛ شراب کے ذائقے یا بو کا ۔ (۲) دیکھو Vinous ۔

Vinosity : (a) شراب کا سا ہونا؛ شراب کی کیفیت؛ خمر؛ الکحلیت ۔

Vinous : (a) [L. 'Vinum'+-ous.] (۱) شراب انگور کا (سا)؛ شراب جیسا؛ شراب کے ذائقے یا بو کا ۔ (۲) شراب سے متعلق ؛ الکحلی؛ شرابی ۔ (۳) شراب خواری سے پیدا ہونے والا؛ جو شراب کے نشے کی وجہ سے ہو ؛ نشے کا ۔ (٤) شراب کے استعمال سے متاثر ۔ (٥) شراب کا عادی ۔ (٦) سرخ؛ عنابی رنگ کا ۔

Vinously : (adv.) شراب خواری کی وجہ سے ۔

Vinousness : (n) شراب خواری کی وجہ سے ہونا؛ شرابی ہونا ۔

Vinquish : (n) [alt. of Vanquish.] بھیڑ اور مویشیوں کی ایک بیماری خصوصاً وہ جو کوبالٹ کی کمی سے پیدا ہو ۔

Vint/Wint : (n) [Russ.] تاش کا ایک روسی کھیل جو برج کھیل کی ایک قسم (Auction bridge) سے مشابہ ہوتا ہے؛ ونٹ ۔

Vint : (v) [Back-formation from Vinter or Vintage.] پھل سے شراب بنانا؛ شراب انگور تیار کرنا ۔

Vinta : (n) [Phillipine's Spanish.] درخت کے تنے کو کھوکھلا کر کے بنائی ہوئی ڈونگی جو فلیپائن میں استعمال ہوتی ہے ۔

Vintage : (n) [ME. 'vyndage, vendage'.] (۱) انگورتوڑنے کا موسم یا فصل ۔ (۲) انگور کی فصل؛ مجموعی مقدار جو ایک فصل میں پیدا ہو ۔ (۳) انگور کی کسی خاص فصل کی شراب ۔ (٤) (شعر، خطابت) انگوری شراب (اچھی یا کمیاب قسم کی) ۔ (٥) یکساں صفات رکھنےوالے ہم عصروں کی جماعت یا ہم عصر چیزوں کا گروپ ۔

Vintage : (v) شراب بنانے کے لئے انگور توڑنا؛ جمع کئے ہوئے انگور کی شراب بنانا ۔

Vintage : (a) (۱) فصل انگور سے متعلق ۔ (۲) خاص فصل کی (شراب) ۔ (۳) قدیم؛ پرانا؛ ایک خاص عہد سے متعلق ۔ (٤) قدیم وضع کا ۔ (٥) بہترین؛ اعلیٰ ترین؛ سب سے عمدہ ۔ (٦) پرانی اور معیاری ۔

Vintage wine : (n) مشہور فصلوں کی انگوری شراب ۔

Vintage year : (n) (۱) وہ سال جس میں کوئی عمدہ شراب بنا کر تیار ہونے کے لئے رکھ دی جائے ۔ (۲) نمایاں کامیابی کا سال ۔

Vintager : (n) (۱) انگورکی فصل توڑنےوالا ۔ (۲) (علم النجوم) سنبلہ کا ایک چمک دار ستارہ ۔

Vintaging : (n) انگور کی فصل توڑنا ۔

Vintem : (n) [Pg.] پرتگال کا نقرئی (یا مسّی) سکہ ۔

Vintner : (n) [AL. 'vintenarius'.] (انگور کی) شراب بیچنے والا ۔

Vintnery : (n) (انگور کی) شراب کی دکان ۔

Vintry : (n) شراب کی دکان ۔

The vintry : لندن کی ایک بڑی شراب کی دکان اور اس کے گرد کا علاقہ ۔

Viny : (a) (۱) انگور کی بیل کا؛ تاک کا؛ تاکی ۔ (۲) تاک نما ۔ (۳) پر تاک؛ جہاں انگور کی بیلیں کثرت سے ہوں؛ تاک تاک ۔

Vinyl : (n) [L. 'vinum' + - YL.] (کیمیا) مرکب یک گرفتہ اصلیہ (CH_2 CH) ۔

Vinyon : (n) [f. 'vinyon'a trademark.] ایک قسم کا مصنوعی سوت یا ریشہ یا اس کا کپڑا ۔

Viol : (n) [OFr. 'viel(l)e'.] (۱) وایول؛ قدیم ولایتی سارنگی؛ قرون وسطیٰ کا سات تار کا باجا جس سے موجودہ وائلن نکلا ہے ۔ (۲) بعض دوسرے باجے ۔

Viol da gamba : (a) [It.] گھٹنوں میں دبا کر بجانے والا وایول ۔

Viola : (n) [L.] بنفشہ؛ پھول دار درختوں کی ایک قسم جن میں بنفشہ بھی شامل ہے؛ ان کے پھول مختلف رنگوں کے ہوتے ہیں ۔

Violability : (n) توڑے جانے کے لائق ہونا؛ قابلِ فسخ ہونا ۔

Violable : (a) جو توڑا جاسکے؛ قابل فسخ؛ قابلِ خلاف ورزی ۔

Violableness : (n) دیکھو Violability

Violably : (adv.) خلاف ورزی کرتے ہوئے؛ فسخ کرتے ہوئے ۔

Violaceae : (n) [L.] بنفشیہ؛ بوٹیوں ، جھاڑیوں اور درختوں کا ایک خاندان ۔

Violaceous : (n) [L. 'violaceus'.] (۱) (رنگ) بنفشی ۔ (۲) بنفشیہ سے متعلق یا مشابہ؛ بنفشیہ قسم کا ۔

Violan : (n) [L. 'viola'.] (معدنیات) الومینیم، کیلشیم، میگنیشیم اور سوڈیم کا سلیکیٹ ۔

Violate : (v) [L. 'violare'.] (۱) خلاف ورزی کرنا؛ توڑنا (معاہدہ وغیرہ) ۔ (۲) ہتک حرمت کرنا؛ بے ادبی کرنا (مقدس مقام کی) ۔ (۳) خلل ڈالنا؛ مخل ہونا ۔ (٤) عصمت دری کرنا؛ زنا بالجبر کرنا ۔

Violate : (a) توڑا ہوا؛ عصمت دری کی ہوئی ۔

Violation : (n) (۱) خلاف ورزی ؛ توڑنا ۔ (۲) ہتک حرمت؛ بے ادبی ۔ (۳) خلل اندازی ؛ بے جا مداخلت ۔ (٤) زنا بالجبر؛ عصمت دری ۔

Violational : (a) خلاف ورزی سے متعلق ؛ بے ادبانہ؛ عصمت دری سے متعلق ۔

Violative : (a) خلاف ورزی کرنے والا؛ خلل اندازی کرنے والا ۔

Violator : (n) (۱) زانی؛ عصمت دری کرنے والا ۔ (۲) خلاف ورزی کرنے والا ۔

Violence : (n) [Fr.] (۱) شدت؛ شدید ہونا؛ تندی ۔ (۲) تشدد؛ زبردستی ؛ تشدد کا برتاؤ ۔ (۳) صدمہ ۔ (٤) خلاف ورزی ۔ (٥) (قانون) تشدد مجرمانہ؛ جبر مجرمانہ ؛ تخویفِ مجرمانہ ۔ (٦) تحریف ۔

To do violence to/- unto : نقصان پہنچانا؛ خلاف ورزی کرنا؛ عصمت دری کرنا ۔

Violent : (a) (۱) سخت؛ شدید؛ شدت کا؛ زور کا ۔ (۲) جس میں تشدد سے کام لیا گیا ہو ؛ تشدد کا ۔ (۳) تندو تیز؛ پرجوش؛ بیجانی؛ والہانہ؛ شدید ۔ (٤) (رنگ) چمکدار؛ شوخ؛ بہت واضح؛ گہرا(خاکہ، نقشہ وغیرہ) ۔ (٥) (آواز) کرخت؛ بے حد تیز ۔ (٦) متشدد ۔ (۷) ناجائز اور زبردستی قبضہ کرنے والا ۔ (۸) (موت) غیر فطری؛ تشدد کی؛ غیر طبعی ۔ (۹) بہت یا بےحد بڑا؛ مضبوط یا شدید ۔

To lay violent hands on/- upon : مارنا؛ پیٹنا ۔

Violent death : (n) غیر طبعی موت؛ تشدد کی موت؛ جو خارجی تشدد یا زبر خورانی سے واقع ہو ۔

Violent pain : (n) شدید درد ۔

Violent presumption : (n) احتمال یقینی؛ احتمال بہ منزلہ یقین؛ ایسا شبہ جس کا قریب قریب قطعی ثبوت موجود ہو ۔

Violently : (adv.) (۱) شدت سے ۔ (۲) تشدد سے؛ زبردستی ۔ (۳) نہایت جوش سے؛ والہانہ طریقے سے؛ تندی سے ۔

Violer : (n) وایول بجانے والا ۔

Violescent : (a) بنفشی مائل ۔

Violet : (n) [Fr. 'violette'.] (۱) بنفشہ؛ ایک پھول دار پودا جس کی مختلف قسمیں ہوتی ہیں اور ان میں نیلے، ارغوانی، سفید اور دوسرے رنگوں کے پھول آتے ہیں ۔ (۲) بنفشی رنگ ۔ (۳) بنفشی رنگ کا کپڑا یا پوشاک ۔

(٤) بنفشئ رنگ کی تیلیاں ۔ (٥) بے حد نازک مزاج، شرمیلا اور خلوت نشین شخص ۔

Violet : (v) (١) بنفشئ رنگ میں رنگنا ۔ (٢) بنفشہ توڑنا ۔

Violet : (n) [It. 'violetta'.] پانچ یا چھ تاروں والا ایک ساز ۔

Violet aphid : (n) ایک قسم کا چھوٹا کیڑا جو بنفشہ کے پودوں کو کھاتا ہے ۔

Violet-blind : (a) بنفشی کور ۔

Violet-coloured : (a) نیلگوں؛ بنفشئ رنگ کا ۔

Violet-ear : (n) شکرخورے کی ایک قسم ۔

Violet family : (n) بنفشیہ ۔

Violet-fly : (n) مصنوعی مکھی جو مچھلی کے شکار میں کام آتی ہے ۔

Violet powder : (n) ایک قسم کا خوشبودار پوڈر؛ غازہ ۔

Violet ray : (n) قوس قزح کا بنفشی رنگ ۔

Violet-tip : (n) ایک امریکی تتلی ۔

Violet wood : (n) لکڑی کی قسمیں جن میں آسٹریلیا کا سیول وغیرہ شامل ہیں ۔

Violetish : (a) کسی قدر بنفشئ ۔

Violette : (n) [It. 'violetta'.] چھوٹا وایول ۔

Violette : (n) [Fr.] ایک قسم کا کندہ کاری کیا ہوا زیور۔

Violety : (a) بنفشئ رنگ سے مشابہ ۔

Violin : (n) [It. 'violino'.] (١) وایولن؛ ولایتی سارنگی؛ چارتار کاباجاجسےبائیں طرف بغل میں لے کر کمانچے سےبجاتے ہیں ۔ (٢) وایولن بجانےوالا ۔

To play first violin : (مجازاً) نمایاں پارٹ ادا کرنا ۔

Violin : (v) وایولن بجانا ۔

Violine : (n) [Fr.] قے اور عرق بنفشہ ۔

Violine : (n) ایک بنفشئ نیلا رنگ ۔

Violinist : (n) وایولن بجانے والا ۔

Violinistic : (a) وایولن یا وایولن بجانے سے متعلق؛ وایولن پر بجانے کے لائق ۔

Violino : (n) [It.] دیکھو Violin

Violist : (n) [ViolL+ -ist] وایول بجانے والا ۔

Violist : (n) [Viola+ -ist] وایولا بجانے والا ۔

Violon : (n) [Fr.] ایک قسم کا آرگن کا پردہ ۔

Violoncellist : (n) وایولن چیلو بجانے والا ۔

Violoncello : (n) [It.] (١) وایولن چیلو؛ ایک قسم کا وایولن جو گھٹنوں میں دبا کر بجاتے ہیں ۔ (٢) آرگن کا پردہ ۔

Violone : (n) [It.] بڑا وایول ۔

Violurate : (n) وایولیورک تیزاب کا نمک ۔

Violuric acid : (n) ہائیڈوریلک تیزاب پر شورے کے تیزاب کے عمل سے پیدا ہونے والا تیزاب؛ وایولیورک تیزاب ۔

Viorna : (n) [mod. L.] شمالی امریکی بیلوں اور بوٹیوں کی ایک جنس ۔

Viper : (n) [Fr. 'vipere' or L. 'vipera'.] (١) زہریلے سانپ کی کئی قسموں کے نام خصوصاً افعی ۔ (٢) (مجازاً) موذی شخص ؛ خبیث ۔ (٣) (مجازاً) دغا باز آدمی؛ مارِ آستین ۔

Viper-fish : (n) سمندر کی گہرائی میں پائی جانے والی ایک قسم کی مچھلی ۔

Viper grass : (n) ایک قسم کا پودا؛ سفور جنہ٘ سیاہ ۔

Viper wine : (n) ایک شراب جس میں عرقِ افعیٰ ملایا جاتا تھا اور اسے پہلے قوتِ حیات بحال کرنے کے لئے پلایا جاتا تھا ۔

Vipera : (n) افعی کی ایک جنس ۔

Viperan : (a) (١) افعی کا ؛ افعی جیسا ؛ زہریلا ۔ (٢) افعی سے حاصل کیا ہوا ۔ (٣) موذی ؛ خبیث ۔

Viperian : (a) دیکھو Viperan

Viperiform : (a) افعی صورت ۔

Viperine : (a) دیکھو Viperan

Viperine : (n) ایک قسم کا سانپ ۔

Viperish : (a) (۱) افعی جیسا؛ افعی صفت ۔ (۲) (مجازاً) موذی؛ خبیث؛ دغا باز ۔

Viperishly : (adv.) دغا بازی سے؛ خباثت کے ساتھ ۔

Viperlike : (a) افعی جیسا؛ افعی صفت ۔

Viperling : (n) چھوٹا افعی ۔

Viperous : (a) (۱) افعی کا یا افعی سے متعلق ۔ (۲) موذی؛ خبیث؛ دغاباز ۔

Viperously : (adv.) افعی کی طرح؛ خباثت کے ساتھ ؛ دغابازی سے ۔

Vipers bugloss : (n) ایک پودا؛ سپستان ۔

Vipers grass : (n) ایک قسم کا پودا ؛ سفورجنہ٘ سیاہ ۔

Vipionidae : (n) [mod. L.] مکھیوں کی ایک جنس ۔

Viraginian : (n) [L. 'virago'.] لڑاکا عورت کی زبان ۔

Viraginian : (a) لڑاکا عورت کی صفت کی؛ مردانی عورت کی طرح کی ۔

Viraginous : (a) دیکھو Viraginian

Virago : (n) [L.] (۱) لڑاکا عورت؛ ہڑدنگی؛ بدمزاج عورت ۔ (۲) مردانی عورت؛ جس میں مردوں کی سی قوت یا ہمت ہو ۔

Viral : (a) وائرس کا یا اس سے متعلق ۔

Virelay : (n) [Fr. 'virelai'.] قافیہ بند؛ایک قسم کی (خصوصاً فرانسیسی) نظم جس کےہر بند میں‌صرف دو مصرعوں کاقافیہ ایک ہو اورایک بند کاآخری قافیہ دوسرے بند کا پہلا قافیہ ہوتا ہے ۔

Virement : (n) [Fr.] بجٹ کے فنڈ کو ایک مد سے دوسری مد میں لے جانا ۔

Viremia/Viraemia : (n) خون میں وائرس کی موجودگی ۔

Virent : (a) [L. 'virens'.] سبز ۔

Vireo : (n) [L.] امریکا کی چھوٹی چڑیوں میں سے کوئی ایک؛ مگس گیر؛ سبزہ سہرہ ۔

Virescence : (n) (۱) براپن؛ سبزی ۔ (۲) (نباتیات) غیرطبعی سبزی جو اور رنگوں کے پھولوں کی پتیاں بعض اوقات اختیار کرلیتی ہیں ۔

Virescent : (a) [L. 'virescere'.] (۱) سبزی مائل ۔ (۲) (نباتیات) غیر معمولی سبز ۔

Virga : (n) [mod. L.] تکثیف بخارات جو بادلوں سے برستے ہیں مگر زمین پر پہنچنے سے قبل پھر بخارات میں تبدیل ہو جاتے ہیں ۔

Virgate : (n) [mod. L. 'virgata'.] (۱) (تاریخ) انگلستان کا زمین ناپنے کا قدیم پیمانہ (عموماً چوتھائی ایکڑ کا) ۔ (۲) بانس؛ جریب ۔

Virgate : (a) [L. 'virgatus'.] (نباتیات، حیوانیات) چھڑیلا؛ چھڑی کی طرح پتلا؛ سیدھا اور کھڑا؛ راست ۔

Virgater : (n) جریب بردار ۔

Virger : (n) عصا بردار ۔

Virgilian : (n) [L. 'vergilianus'.] ورجل کا؛ ورجل کی طرز کا؛ ورجل کی طرز کے مطابق ۔

Virgilian : (n) ورجل کی تصنیفات کا ماہر ۔

Virgin : (n) [OFr. 'virgine'.] (۱) دوشیزہ؛ کنواری؛ باکرہ ۔ (۲) راہبات کے کسی سلسلے کی عورت جو تا عمر دوشیزہ رہنے کا عہد کر چکی ہو؛ کنواری راہبہ ۔ (۳) مریم عذرا؛ کنواری مریم ۔ (٤) مریم عذرا کی تصویر یا بت ۔ (٥) مادہ کیڑا جو بغیر نر کے انڈے دے ۔ (٦) (علم النجوم) (بڑے حرف سے) سنبلہ؛ کنیا؛ عذرا ۔ (۷) مادہ جانور جس نے کبھی جفتی نہ کھائی ہو ۔ (۸) ناکتخدا ؛ وہ شخص جو کسی کے ساتھ ہم بستر نہ ہوا ہو ؛ عفیف ؛ پارسا مرد ۔ (۹) (حشریات) پروانوں اور تتلیوں کی بعض قسموں کے لئے آتا ہے ۔

The (Blessed) virgin Mary : مریم عذرا ۔

Virgin : (a) (۱) کنواری ؛ دوشیزہ؛ ناکتخدا ۔ (۲) کنواریوں کا سا؛ دوشیزگانہ؛ جو ایک دوشیزہ کے شایان

ہو ۔ (۳) بے داغ؛ کورا ۔ (٤) اچھوتا؛ جو ابھی تک استعمال نہ ہوا ہو ۔ (٥) بے نر کے انڈے دینے والی (کیڑے کی مادہ)؛ خودزا؛ باکرہ زا ۔ (٦) غیر تسخیر شدہ (شہر، قلعے وغیرہ)؛ غیر مغلوب ؛ غیر مفتوح ۔ (۷) پہلا؛ پہلی مرتبہ استعمال میں لایا ہوا ؛ ابتدائی ۔ (۸) (کیمیا) خالص ؛ خام ۔ (۹) نیا؛ تازہ ۔ (۱۰) خام دھات سے بنایا ہوا ۔

The virgin mother : حضرت مریم عذرا ۔

The virgin Queen : ملکہ الزبتھ اول ۔

Virgin birth : (n) (۱) خود زائی؛ باکرہ زائی ۔ (۲) (بڑے حرف میں) یہ عقیدہ کہ حضرت مسیح خدا کے بیٹے تھے ۔

Virgin-born : (a) خودزا ۔

Virgin-bower : (n) انگلستانی جھاڑی کا نام ۔

Virgin comb : (n) (شہد کی مکھی کا) تازہ چھتا (جس میں صرف ایک بار شہد جمع ہوا ہو اور بچے نہ دینے گئے ہوں) ۔

Virgin-earth : (n) غیر مزروعہ زمین ۔

Virgin forest : (n) کورا جنگل ۔

Virgin honey : (n) (۱) تازہ چھتے کا شہد ۔ (۲) ٹپکا ہوا شہد جو بغیر دبائے یا گرم کئے نکلا ہو ۔

Virgin parchment : (n) چرمی کاغذ جو بھیڑ یا بکری کے نوزائیدہ بچے کی کھال سے بنایا جاتا ہے ۔

Virgin procreation : (n) خود زائی ؛ باکرہ زائی ۔

Virgin reproduction : (n) دیکھو Parthenogenesis

Virgin soil : (n) کچی مٹی؛ زمین بکر ۔

Virgin-stock : (n) ایک سیدھی صلیبی بوٹی ۔

Virgin tree : (n) شرقی ساس فراس (Sassafras) (ایک پودا) ۔

Virgin wax/Virgin-wax : (n) (۱) تازہ موم؛ موم جو استعمال نہ کیا گیا ہو ۔ (۲) صاف کیا ہوا موم؛ سفید موم ۔

Virgin widow : (n) کنواری بیوہ ۔

Virgin wool : (n) خام اون (جس کے دھاگے نہیں بنائے گئے ہوں) ۔

Virginal : (a) ایک طرح کا ساز جو سولہویں اور سترھویں صدی میں بہت رائج تھا ۔

Virginal : (a) (۱) کنواری کا؛ کنوارپن کا ۔ (۲) کنواریوں کا سا؛ دوشیزگانہ؛ جو ایک دوشیزہ کے شایان ہو ۔ (۳) کنوارا؛ کنواری ؛ باکرہ ؛ عفیف ۔ (٤) تازہ؛ خالص ؛ اچھوتا؛ بے داغ ۔

Virginal : (n) دعائیں جو مریم عذرا کے نام سے ہوں ۔

Virginal generation : (n) خود زائی؛ باکرہ زائی ۔

Virginal membrane : (n) پردۂ بکارت ۔

Virginally : (adv.) کنواریوں کی طرح ۔

Virginhood : (n) کنوارپن؛ دوشیزگی ۔

Virginia : (n) [L. 'virgo'.] (۱) ورجینیا؛ ریاستہائے متحدہ امریکا کی ایک ریاست ۔ (۲) ورجینیا کا تمباکو ۔ (۳) (علم النجوم) ایک چھوٹا سیارہ ۔

Virginia creeper : (n) ورجینیا بیل : بڑے پتوں کی بیل جو آرائش کے لئے لگائی جاتی ہے ۔

Virginia deer : (n) سفید دُم ہرن ۔

Virginia fence : (n) تیزھی میزھی باڑ ۔

Virginia nightingale : (n) ایک قسم کا چھوٹا پرندہ جس کی چونچ بہت مضبوط ہوتی ہے ۔

Virginia reel : (n) ایک قسم کا دیہی رقص ۔

Virginia stock : (n) ایک سیدھی صلیبی بوٹی ۔

Virginia tobacco : (n) ورجینیا تمباکو ؛ مختلف قسم کے تمباکو جو ورجینیا اور امریکا کے دوسرے علاقوں میں پیدا ہوتے ہیں ۔

Virginian : (n) (۱) ورجینیا کا قدیم دیسی باشندہ ۔ (۲) ریاست ورجینیا کا باشندہ ۔

Virginian : (n) ورجینیا کا؛ ورجینیا میں دلچسپی رکھنے والا ۔

Virginian creeper : (n) دیکھو Virginia creeper

Virginity : (n) (۱) کنوارپن ؛ دوشیزگی؛ پکارت ۔ (۲) ناکتخدائی ۔ (۳) (مجازاً) تازگی؛ نیاپن ۔

Virgins bower : (n) ایک انگلستانی جھاڑی کا نام ۔

Virgo : (n) [L.] (ہئیت) سنبلہ؛ کنیا؛ منطقة البروج کے چھٹے برج اور اس کی صورت کواکب کا نام ۔

Virgouleuse pear : (n) [Fr.] سردیوں میں پیدا ہونے والی ایک قسم کی رس دار ناشپاتی ۔

Virgula : (n) [mod. L.] ساقہ؛ ڈالی ۔

Virgulate : (a) ساق نما؛ راست؛ چھڑیلا ۔

Virgule : (n) [Fr.] (۱) پتلا سیدھا یا ترچھا خط جو بطور اوقاف استعمال ہوتا ہے : (کاما) کوما ۔ (۲) تانبم پیس کا ایک قسم کا گریزہ ۔

Virial : (n) [G.] (طبیعیات) سکت ۔

Viricidal : (a) وائرس کُش؛ وائرس کُش سے متعلق ۔

Viricide : (n) وائرس کُش ۔

Virid : (a) [L. 'viridis'.] سبز؛ ہرا ۔

Viridarium : (n) [L.] قدیم رومی قلعےوغیرہ کا سبزہ زار ۔

Viridigenous : (a) سبزہ زا؛ سبزی پیدا کرنے والا ۔

Viridian : (n) [L. 'viridis'.] ویرونا کا سبز رنگ ۔

Viridian : (a) ویرونا کے سبز رنگ سے متعلق ۔

Viridine : (n) (۱) دیکھو Chlorophyll ۔ (۲) ایک قسم کا سبز رنگ ۔ (۳) (کیمیا) دیکھو Jervine ۔

Viridite : (n) ایک معدنی مرکب جو بعض چٹانوں میں سبز رنگ کے ذروں کی شکل میں ملتا ہے ۔

Viridity : (n) [Fr.'viridite', L.'viriditas'.] (۱) (شاذ) سرسبزی؛ شادابی ۔ (۲) کستورا مچھلی کا سبز رنگ جو بعض نباتات کے کھانے سے پیدا ہوتا ہے ۔

Virile : (a) [Fr. 'viril', L. 'virilis'.] (۱) مردانہ؛ مردانگی کا ۔ (۲) رجولیت کا؛ قوت باہ کا؛ رجولتی؛ نرینہ ۔ (۳) رجولیت رکھنے والا؛ قوی الباہ ۔ (٤) قوی ؛ پرزور ۔

The virile age : تیس سے پینتالیس سال کی عمر ۔

Virile member : (n) ذکر؛ مردانہ عضو تناسل ۔

Virile strength : (n) رجولیت؛ قوت مردی ۔

Virilescence : (n) نر میلان؛ نر بننا (مادے کا بڑھاپے میں) ۔

Virilescent : (a) نرمائل؛ (مادہ جانور) جس میں بڑھاپے میں نر کی بعض خاصیتیں پیدا ہو جائیں؛ نر بننے والی ۔

Virilia : (n) [L.] مردانہ عضو تناسل ۔

Virilism : (n) نریّت؛ مردیت زن ۔

Virility : (n) [Fr. 'virilite' or L. 'virilitas'.] (۱) مردانگی ۔ (۲) رجولیت؛ قوت باہ؛ قوت مردی ۔ (۳) قوت باہ ہونا ۔ (٤) زور؛ قوت ۔

Virilization : (n) نریّت پیدا کرنا ۔

Virilize : (v) نریّت پیدا کرنا ۔

Virilocal : (a) شوہر کے خاندان یا قبیلے کے گھر کے پاس یا مرکز میں واقع ۔

Virl : (n) [ME. 'virole, virell, verelle'.] لکڑی یا چھڑی کی شام یا نلی کا سرا ۔

Viroid : (n) [mod. L. 'virus'.] فرضی وائرس نما بم زیست یا معاش ۔

Viroid : (a) وائرس سے پیدا ہونے والا؛ فرضی وائرس نما بم زیست سے متعلق ۔

Virological : (a) وائرس کے علم سے متعلق ۔

Virologist : (n) وائرس کے علم کا ماہر ۔

Virology : (n) وائرس کا علم ۔

Virose : (a) [L. 'virosus'.] (۱) (شاذ) سمی؛ زہریلا؛ زہربھرا ۔ (۲) بدبودار ۔

Virose : (n) (۱) ورسی مرض؛ ورسی روگ ۔ (۲) دیکھو Virosis ۔

Virosis : (n) وائرس سے پیدا ہونے والی بیماری؛ ورسی روگ؛ ورسی مرض ۔

Virtu/Vertu : (n) [It.] (۱) ذوق فنون؛ فنون لطیفه کا ذوق؛ فن کاری کاذوق؛ بصیرت فن ۔ (۲)فنی اشیاء ۔ (۳) فنی صفت ۔ (٤) فنون لطیفه کا مطالعه ۔

Articles (object, piece etc.) of virtu : ذوق کی چیزیں (جو صفت، قدامت یا ندرت کے لحاظ سے دلچسپ ہوں) ؛ نوادر ۔

Man of virtu/Gentleman of virtu : صاحبِ ذوق ۔

Virtual : (a) [med. L. 'virtualis'.] (۱) واقعی؛ فی الواقع؛ جس میں کسی چیز کی اہم صفات موجود ہوں گو وہ اس نام سے موسوم نہ ہو یا اس کی تعریف کا پورا مصداق نہ ہو ۔ (۲) (بصریات) موہوم؛ مجازی ۔ (۳) نمایاں طور پر مؤثر ۔

Virtual displacement : (n) مجازی سرکاؤ؛ انتقال واقعی ۔

Virtual focus : (n) (بصریات) مجازی ماسکه؛ واقعی ماسکه؛ نقطه جس پر خطوط شعاعی بڑھانے کے بعد مل جائیں ۔

Virtual image : (n) مجازی شبیہه ۔

Virtual velocity : (n) موہوم رفتار؛ رفتار واقعی ۔

Virtual work : (n) موہوم کام ۔

Virtuality : (n) (۱) فی الواقع ہونا؛ مجازی ہونا ۔ (۲) امکانی قوت؛ مجازی چیز وغیرہ ۔

Virtually : (adv.) فی الواقع ۔

Virtue : (n) [Fr.'vertu'.] (۱) نیکی؛ حسن خلق؛حسین سیرت؛ راست بازی؛ دیانت ۔ (۲) (کوئی خاص) نیکی؛ خیر؛ اخلاقی خوبی ۔ (۳) عصمت؛ پاک دامنی ۔ (٤) خوبی؛ وصف؛ صفت ۔ (٥) اثر ؛ تاثیر ۔ (٦) (جمع) فرشتوں کا ساتواں طبقه ؛ طبقه؛ حسنات ۔ (۷) جواں مردی؛ شجاعت؛ بہادری ۔ (۸) صلاحیت؛ گن؛ جوہر؛ ہنر ۔

By virtue of : بدولت؛ بہ وجہ ۔

Cardinal virtues : خلق عظیم؛اچھے اخلاق؛ چارفطری اور تین دینی نیکیاں ۔

In virtue of : By virtue of دیکھو

Natural virtues : فطری نیکیاں (عدل، حکمت، عفت، شجاعت) ۔

Of easy virtue : بدچلن؛ اوباش؛ عیاش ۔

Theological virtues : دینی نیکیاں (ایمان، رجا، احسان) ۔

To make a virtue of : اپنے رویے کو مستحسن قرار دینا؛ کسی چیز کو ہنر بنا کر دکھانا ۔

To make a virtue of necessity : مجبوریوں کو نیکی بنا لینا؛ جو مجبوراً کرنا ہے اسے اس طرح کرنا جیسے اپنی نیکی کی وجہ سے کر رہے ہیں ۔

Virtueless : (a) (۱) نیکی سے خالی ۔ (۲) خوبی سے خالی ۔ (۳) بے عصمت ۔ (٤) بے اثر؛ بے تاثیر ۔

Virtuose/Virtuosic : (a) صاحبِ ذوق سے متعلق ۔

Virtuosity : (n) (۱) ذوق فن؛ مبصر؛ بصیرتِ فن ۔ (۲) واقفیتِ فن ؛ فن دانی ۔ (۳) ناطق اور الاتی موسیقی میں مخصوص اثر پیدا کرنے یا اس کے اصول فن پر حد سے زیادہ توجه ۔ (٤) اصحابِ ذوق ۔

Virtuoso : (n) [It.] (۱) مبصر؛ صاحب ذوق؛ جو فنون لطیفه یا قدیم اور نادر چیزوں کی پرکھ اور معلومات رکھتا ہے ۔ (۲) واقف فن؛ صاحب فن؛ جو فنون لطیفه کے خالص فنی پہلو پر عبور رکھتا ہے ۔ (۳) موسیقی میں خاص علم یا مہارت رکھنے والا ۔ (٤) جامع نوادر ۔

Virtuoso : (a) صاحبِ ذوق یا صاحبِ فنون سے متعلق یا اس کے طرز کا ۔

Virtuosoship : (n) (۱) ذوق فن؛ مبصری؛ بصیرت فن ۔ (۲) واقفیتِ فن؛ فن دانی ۔

Virtuous : (a) [OFr. 'vertuous'.] (۱) نیک؛ صالح؛ نیک کردار؛ نیکوکار؛ نیک سیرت؛ راست باز ۔ (۲) پاکدامن ؛ پاک باز ؛ باعصمت ؛ باعفت ۔ (۳) نیک (کام وغیرہ)؛ جو صحیح یا حق بجانب ثابت کیا جاسکے ۔ (٤) مؤثر؛ بااثر؛ مضبوط؛ طاقت ور ۔ (٥) طلسمی؛ پُراسرار یا فوق الفطرت خوبیوں کا حامی ۔

Virtuously : (adv.) (۱) نیکی کے ساتھ ؛ نیک طریقے سے؛ نیک کرداری سے ۔ (۲) پاکدامنی کے ساتھ ؛ عفت کے ساتھ ۔

Virtuousness : (n) (۱)نیک کرداری؛ نیکی؛ نیکوکاری؛ راست بازی ۔ (۲) پاک دامنی؛ پاک بازی؛ باعصمت ہونا ۔

Virucidal : (a) وائرس کُش ۔

Virucide : (n) وائرس کُش دوا وغیرہ ۔

Virulence : (n) (۱) سمیت؛ زہریلا پن ۔ (۲) سختی؛ شدت؛ تلخی ۔

Virulency : (n) دیکھو Virulence

Virulent : (a) [L. 'virulentus'.] (۱) زہریلا؛ زہرآلود ؛ سمی؛ جس میں زہر ہو؛ جو زہر کی وجہ سے ہو ۔ (۲) سخت؛ شدید؛ تلخ ۔ (۳) شدید؛ متعدی (بیماری وغیرہ) ۔ (٤) بغض و عداوت کا؛ کینہ ور؛ کینہ توز ۔

Virulently : (adv.) (۱) سمیت کے ساتھ ؛ سمیت کی حد تک ۔ (۲) سختی سے؛ شدت سے؛ تلخی سے ۔

Viruliferous : (a) سمی؛ زہرآلود ۔

Virus : (n) [L.] (۱) زہر؛ بس؛ جانور کا زہر ۔ (۲) سمی مادہ؛ زہریلا مادہ؛ سمیت؛ متعدی امراض کا زہر ۔ (۳) (مجازاً) زہر؛ مہلک اثر ۔ (٤) (مجازاً) شدت؛ تلخی ۔ (٥) وائرس آوردہ مرض؛ ورسی مرض ۔

Virus abortion : (n) گھوڑیوں کا اسقاط حمل جو کسی قسم کے وائرس کی وجہ سے ہوتا ہے ۔

Virus disease : (n) وائرس آوردہ مرض؛ ورسی مرض ۔

Viruscidal : (n) دیکھو Virucidal

Viruscide : (n) دیکھو Virucide

Viruslike : (a) وائرس جیسا؛ وائرس سے مشابہ ۔

Virustatic : (a) وائرس کی افزائش کو روکنے والا ۔

Vis : (n) [L.] قوت؛ توانائی؛ زور ۔

Vis/Viss : (n) [Tamil 'visal'.] برما اور جنوبی ہندوستان کا ایک وزن کا پیمانہ ۔

Vis a fronte : (n) سامنے سے کام کرنے والی قوت ۔

Vis a tergo : (n) پیچھے سے کام کرنے والی طاقت یاقوت؛ محرک طاقت ۔

Vis-a-vis : (n) [Fr.] (۱) (تاریخ) ایک ہلکی گاڑی جس میں دو اشخاص آمنے سامنے بیٹھتے تھے ۔ (۲) ان دو اشخاص میں سے ایک ۔ (۳) مذبھیڑ ؛ آمنے سامنے ہونا ؛ مد مقابل ؛ مقابل ۔ (٤) دیکھو Tete-a-tete ۔

Vis-a-vis : (prep.) مقابلے میں؛ نسبتاً؛ بہ لحاظ ۔

Vis-a-vis : (adv.) (۱) آمنے سامنے؛ بالمقابل ۔ (۲) روبرو؛ سامنے؛ مقابل ۔

Vis-a-vis : (v) آمنے سامنے ہونا؛ مقابل میں ہونا؛ مذبھیڑ ہونا ۔

Vis inertiae : (n) [L.] قوت جمود؛ جمود ۔

Vis major : (n) آفت ناگہانی؛ قہرالٰہی ۔

Vis mortua : (n) مردہ قوت (جو کام نہ آسکے) ۔

Vis motiva : (n) قوت متحرکہ ۔

Vis vitae : (n) [L.] قوت حیات؛ جان؛ روح حیوانی ۔

Vis viva : (n) [L.] حرکی توانائی؛ (متحرک جسم کی)؛ زندہ قوت (کمیت اور رفتار کے مربع کا حاصل ضرب) ۔

Visa : (n) [Fr.] (۱) تصدیق راہداری؛ ویزا ۔ (۲) تصدیق؛ تصدیق مہر ۔

Visa : (v) تصدیق راہداری کرنا؛ ویزا دینا؛ (پاسپورٹ وغیرہ پر) مہر تصدیق لگانا؛ تصدیق کرنا ۔

Visage : (n) [Fr.] (۱) چہرہ؛ صورت ۔ (۲) ظاہری شکل ۔

Visaged : (a) صورت کا؛ صورت رکھنے والا ۔

Visc-/Visco- : جزوترکیبی بمعنی " لیس دار"؛ "چپچپاہٹ"؛ "چپچپا" ۔

Viscacha/Vizcach : (n) [Sp. 'viscacha'.] وسکاچا ؛ جنوبی امریکا کے دوبڑے کترنے والے جانوروں میں سے کوئی ۔

Viscaria : (n) [mod. L.] پہاڑی یا شمالی خطے میں پیدا ہونے والے پودوں کی ایک جنس جن کے تنے اور پتیاں لیس دار ہوتی ہیں ۔

Viscer-/Visceri-/Viscero- : (n) جزو ترکیبی بمعنی "احشاء"؛ "امعاء کا" ۔

Viscera : (n) [L.] (۱) احشاء ؛ امعاء؛ جسم کے بڑے بڑے جوف (دماغ، دل، جگر، بطن وغیرہ) کےاندر کے اعضاء یا آلائش ۔ (۲) خصوصاً آنتیں ۔ (۳) (مجازاً) اندرونی حصے؛ اندر کا مادہ یا مواد ۔

Visceral : (a) (۱) احشائی؛ آنتوں کا؛ امعاء کا ۔(۲) بیماری وغیرہ) احشاء کی؛ امعاء پر اثر انداز ہونے والی ۔ (۳) جانوروں کے احشاء سے متعلق (جن کو تفاؤل میں استعمال کیا جاتا تھا) ۔

Visceral arch : (n) محراب احشائی؛ جنین کی کھوپڑی کے منہ کے پاس کے متوازی ابھاروں میں سے ایک ۔

Visceral cavity : (n) جسم کے بڑے جوف جس کے اندر احشاء ہوتے ہیں ۔

Visceral cleft : (n) احشائی محرابوں کے درمیان کا فصل ۔

Visceral layer : (n) عشائے عنکبوتی کا ایک حصہ ۔

Visceral nerves : (n) احشائی اعصاب ۔

Visceral nervous system : (n) مشار کا نظام اعصاب ۔

Viscerally : (adv.) غیرعقلیت پسندانہ طور پر؛ غیرمعقول طور پر ۔

Viscerate : (v) (شاذ) احشاء یا امعاء نکالنا؛ آنتیں نکالنا ۔

Viscerogenic : (a) جسم کے اندر اٹھنےوالی (خواہش وغیرہ) ۔

Visceromotor : (a) محرک احشاء ۔

Visceroptosis : (n) استرخائے احشاء ۔

Visceroptotic : (a) استرخائے احشاء سے متعلق ۔

Viscerous : (a) دیکھو Visceral

Viscid : (a) [Late L. 'Viscidus'.] (۱) لیس دار؛ چپچپا؛ لزوج ۔ (۲) نیم سیال؛ گاڑھا ۔ (۳) چپچپے مادے سے ڈھکا ہوا ۔

Viscidity : (n) (۱) چپچپاہٹ ۔(۲) نیم سیال ہونا ؛ گاڑھاپن؛ لزوجیت ۔(۳) چپچپا مادہ ۔

Viscidly : (adv.) لیس دار طور پر؛ چپچپاہٹ کے ساتھ۔

Viscin : (n) [Fr.] (کیمیا) ایک قسم کا لاسا جو اکاس بیل سے نکلتا ہے؛ امرمادہ؛ اکاس مادہ ۔

Viscoelastic : (a) لیس دار اور لچک دار ۔

Viscolize : (v) یکساں بنانا؛ یک رنگ بنانا ۔

Viscometer : (n) لزوجیت پیما ۔

Viscometric : (a) لزوجیت پیمائی سے متعلق ۔

Viscometry : (n) لزوجیت پیمائی ۔

Viscoscope : (n) لزوجیت نما؛ لزوجیت میں ۔

Viscose : (n) [late L. 'viscosus'.] (۱) لیس دار سیلولوز (پودوں کے خلیوں کا ٹھوس مادہ) جس سے مصنوعی ریشم بناتے ہیں ۔ (۲) سیلولوز کا بنا ہوا ریشم ۔

Viscose : (a) سیلولوز کا بنا ہوا ۔

Viscosimeter : (n) لزوجیت پیما ۔

Viscosimetric : (a) دیکھو Viscometric

Viscosimetry : (n) دیکھو Viscometry

Viscosity : (n) [Fr.'viscosite' or med. L. 'viscositas'] (۱) چپچپاہٹ؛ لزوجیت ۔ (۲) (طبیعیات) (نیم سیال چیزوں اور گیسوں کے صفت) لزوجیت؛ اندرونی رگڑ؛ سالمات مادہ کے تغیر ترتیب کو روکنے کی قوت ۔ (۳) چپچپا مادہ ۔

Magnetic viscosity : مقناطیسی ذریعہ کا مقناانگیز قوت کو روکنے کا میلان ۔

Viscount : (n) [AFr. 'viscounte'.] (۱) وائی کاؤنٹ؛ انگلستان کےامراء کا خطاب جو بیرن (لارڈ) سے بڑا اور ارل سے چھوٹا ہے ۔ (۲) (تاریخ) کاؤنٹ یا ارل کا نائب یا نمائندہ؛ خصوصاً شیرف ۔

Viscountcy : (n) وائی کاؤنٹ کا رتبہ یا منصب ۔

Viscountess : (n) وائی کاؤنٹ کی بیگم ۔

Viscountship : (n) دیکھو Viscountcy

Viscounty : (n) (۱) وائی کاؤنٹ کا حلقۂ اختیارات یاعہدہ ۔ (۲) دیکھو Viscountcy ۔

Viscous : (a) [AFr.] (۱) چپچپا؛ لیس دار۔ (۲) (طبیعیات) لزوج؛ جس میں سالمات مادہ کے تغیرترتیب کو روکنے کی قوت ہو ۔ (۳) (مجازاً) چپک جانے والا ۔ (٤) (نباتیات) دیکھو Viscid ۔

Viscously : (adv.) لزوجیت کے ساتھ؛ چپچپاہٹ کےساتھ۔

Viscus : (n) [L.] (۱) (تشریح) جسم کے اندر کے نرم اعضاء یا آلائش ۔ (۲) (جمع) اندرونی مادہ؛ اندرونی حصہ۔

Vise : (n) شکنجہ ۔

Vise : (n) [Fr.] (پروانہء راہداری وغیرہ پر) تصدیقی اندراج ۔

Vise : (v) تصدیق کرنا (پروانہء راہداری یا دوسری دستاویز کی)؛ مہر تصدیق لگانا ۔

Vise : (v) شکنجے میں دبانا یا کسنا ۔

Viseite : (n) [Fr. 'Vise'.] ایک معدنی شے جس میں الومینیم اورکیلسیم کا آبدار بانیڈروکسانیڈ فاسفیٹ اور سلیکیٹ ہوتا ہے ۔

Viselike : (a) شکنجے کی طرح ۔

Vishnu : (n) [Skr.] وشنو؛ ہندوؤں کے ایک بڑے دیوتا ۔

Vishnuism : (n) وشنو کی پوجا ۔

Vishnuite : (n) وشنو کا پجاری۔

Visibility : (n) (۱) مرئیت؛ مرئی ہونا ۔ (۲) صریحی ہونا؛ ظہور ۔ (۳) رویت؛ فضا اور روشنی کی حالت کا اثر اشیاء کےنظر آنے پر؛ دکھاؤ ۔ (٤) (جمع) مرئی چیز ۔

Visibility curve : (n) انحناء مرئیت ۔

Visibility meter : (n) رویت پیما ۔

Visible : (a) [Fr. or L. 'visibilis'.] (۱) مرئی؛ جو آنکھ سے نظر آسکے ۔ (۲) ظاہری؛ محسوس؛ صریحی؛ کھلا؛ واضح؛ عیاں؛ ظاہر ۔ (۳) ملاقات کے لئے تیار ۔ (٤) (تجارت) (ذخیرہ، مال وغیرہ) جو موجود ہو؛ جسے دیکھا جاسکے ۔ (٥) اس طرح بنایا ہوا کہ مخصوص حصہ یا ریکارڈ کسی وقت بھی بہ آسانی دیکھا جاسکے ۔ (٦) دنیوی؛ مرئی ۔ (۷) حاضر؛ موجود ۔

Visible : (n) مرئی چیز یا ہستی ۔

The visible : مادی دنیا؛ مرئی دنیا ۔

Visible church : (n) کلیسائے مرئی ؛ پیروان کلیسا کی پوری جماعت ۔

Visible direction : (n) (بصریات) ظاہری سمت جدھر کوئی چیز دیکھی جاتی ہے ۔

Visible horizon : (n) افق نظری؛ حد نظر کا خط جہاں زمین آسمان سےملاہوا دکھائی پڑتاہے؛افق مرئی ۔

Visible speech : (n) نطق محسوس؛ ایک خاص قسم کا رسم الخط جس میں ہر حرف اعضائے نطق کی اس حالت کی شبیہہ ہوتا ہے جو اس کے حرف کے ادا کرنے میں پیدا ہوتی ہے ۔

Visible supply : (n) دستیاب چیزوں (مثلاً مال کا ذخیرہ وغیرہ) کی کل مقدار ۔

Visibleness : (n) دیکھو Visibility

Visibly : (adv.) صریحاً؛ محسوس طور پر؛ واضح طور پر ۔

Visigoth : (n) [Late. L. 'visigothus'.] (۱) گاتھ (Gothic) قوم کی اس شاخ کا رکن جو روم میں داخل ہوئی (چوتھی صدی عیسوی کے آخر میں) اور بعد میں اسپین میں سلطنت قائم کردی اور مور (Moor) کا تختہ الٹ دیا ۔ (۲) مغربی گاتھی قوم ۔ (۳) (مجازاً) غیرمتمدن یا وحشی آدمی ۔

Visile : (a) [L. 'videre'.] تیز نظر ۔

Visile : (n) تیزنظر شخص ۔

Vision : (n) [Fr. or L. 'visio'.] (۱) رویت؛ دید؛ دیکھنا ۔ (۲) نظارہ ۔ (۳) بصارت؛ بینائی؛ دیکھنے کی قوت؛ نظر ۔ (٤) رویا؛ وہ چیز جو خواب یا مراقبے میں نظر آئے ۔ (٥) کشفی ؛ کشفی پیکر؛ جو کشف میں نظر آئے ۔ (٦) روحانی پیکر؛ سایہ؛ بھوت ۔ (۷) خیالی صورت؛ تصویر ۔ (۸) بصیرت؛ مدبرانہ نظر؛ سیاسی بصیرت ۔ (۹) (مجازاً) انتہائی خوبصورت شخص، نظارہ وغیرہ ۔

Distinct vision : رویت واضح ۔

Reflected vision : رویت انعکاسی؛ دیکھنے کا عمل جو شعاعوں کے انعکاس سے متاثر ہو ۔

رویت انعطافی؛ دیکھنے کا عمل جو شعاعوں کے انعطاف سے متاثر ہو ۔ Refracted vision :

دائرہ نظر ۔ The field of vision :

(۱) کشف یا رویا میں دیکھنا یا دکھانا ؛ خیالی یا روحانی پیکر دیکھنا یا دکھانا۔ (۲) دکھانا ۔ (۳) پیش بینی کرنا؛ دوربینی کرنا؛ تصور کرنا ۔ Vision : (v)

(۱) بصری؛ نظری ۔ (۲) رویائی؛ رویا کا؛ کشف کا ۔ (۳) خیالی؛ موہوم؛ غیرعملی ۔ Visional : (a)

کشف یا رویا میں؛ تصور میں ۔ Visionally : (adv.)

خیالی طور پر؛ موہوم طور پر ؛ غیر عملی طور پر؛ تخیل پرستانہ ۔ Visionarily : (adv.)

(۱) صاحب کشف ہونا۔ (۲) خیال پرستی؛ غیرعملی ہونا ۔ (۳) خیالی ہونا؛ موہومیت ۔ Visionariness : (a)

(۱) خیالی؛ موہوم؛ غیر عملی؛ ناقابل عمل؛ تصوری؛ قیاسی ۔ (۲) رویا بیں؛ صاحب کشف؛ کشفی ۔ (۳) خیال پرست؛ تخیل پرست؛ تصور پرست ۔ (٤) غیر عمل (شخص)؛ ناقابل عمل منصوبے گھڑنے والا ۔ Visionary : (n)

(۱) صاحب کشف؛ رویا بیں ۔ (۲) غیرعملی شخص؛ ناقابل عمل منصوبے گھڑنے والا شخص ۔ Visionary : (n)

(۱) کشف میں دیکھا ہوا۔ (۲) رویا سے متعلق؛ رویا سے پیدا ہونے والا ۔ (۳) صاحب کشف؛ رویا دیکھنے والا ۔ (٤) رویائی ؛ کشف میں دیکھنے کی قوت ؛ کشف سے بھرا ہوا ۔ (٥) صاحب القا ۔ Visioned : (a)

کشف میں دیکھنا؛ رویا دیکھنا ۔ Visioning : (n)

(۱) صاحب کشف شخص؛ رویا بیں ۔ (۲) غیر عملی شخص؛ خیال پرست آدمی؛ خیالی بندہ؛ شیخ چلی؛ خبطی ۔ Visionist : (n)

(۱) نابینا؛ بے بصر؛ کورچشم ۔ (۲) بے الہام؛ بےالقا؛ غیرالہامی ۔ Visionless : (a)

(۱) دید ۔ (۲) آمد؛ ورود؛ تشریف آوری (ملاقات ، سیر یا معائنہ کے لئے) ۔ (۳) کسی مقام پر عارضی قیام ؛ جانوروں یا پرندوں کا عارضی قیام ۔ (٤) معائنہ (خصوصاً اُسقف کا) ۔ (٥) سیر ؛ تماشا ۔ (٦) عیادت ۔ (۷) (بائبل) سزا ۔ Visit : (a) [Fr. 'visite'.]

ملاقات کےلئے(کہیں) جانا۔ To make a visit/To pay - :

جوابی ملاقات کرنا ۔ To return a visit :

(۱) مہمان کے طور پر آنا یا جانا؛ (ملاقات کرنے یا سیر کے لئے) آنا یا جانا ۔ (۲) معائنے کے لئے آنا یا جانا؛ نگراں کی حیثیت سے آنا یا جانا ۔ (۳) (بیماری کا) حملہ کرنا یا ہو جانا؛ (مصیبت) نازل ہونا ۔ (٤) (بائبل) سزا دینا؛ عذاب نازل کرنا ۔ (٥) (برکت) عطا کرنا (تسکین) بخشنا ۔ (٦) بدلا لینا ۔ (۷) (کسی دیوتا کا) تسکین دینے کے لئے آنا؛ تسلی دینے کے لئے آنا (کسی کے پاس) ۔ (۸) عیادت کرنا؛ عیادت کے لئے جانا ۔ (۹) عبادت کے لئے جانا (مندر، درگاہ وغیرہ) ۔ (۱۰) (پرندوں کا) خاص موسم میں یا محدود وقت کے لئے کسی جگہ پر جانا یا آنا ۔ (۱۱) عارضی قیام کرنا ۔ (۱۲) گپ شپ کرنا یا غپ شپ کرنا ۔ (۱۳) رقص کرنا (مربع رقص میں)۔ Visit : (v) [L. 'visitare'.]

(۱) قابل دید (جگہ) ۔ (۲)قابل ملاقات (شخص) ۔ Visitable : (a)

(۱) آنے والا ۔ (۲) کسی جگہ یا مقام پر عارضی طور پر قیام کرنے والا اجنبی؛ عارضی ساکن ۔ (۳) عارضی یا اتفاقی طور پر آنے والا شخص؛ مہمان؛ جلیل القدر مہمان یا نوارد ۔ (٤) سیلانی پرند ؛ موسمی پرند ۔ (٥) دیوتا؛ بھوت ۔ Visitant : (n) [Fr.]

آنے والا ۔ Visitant : (a)

(۱) معائنہ؛ آمد برائے معائنہ (خصوصاً اسقف کی آمد اپنے حلقے کے گرجوں میں)؛ کلیسائی افراد کا اجلاس ۔ (۲) غیرملکی جہاز پر معائنے کےلئے جانا؛ غیرملکی جہاز کا معائنہ؛ (تاریخ) مال کا معائنہ چنگی افسر یا کسٹم افسر یا اسی طرح کے دوسرے افسر کے ذریعے ۔ (۳) خدا کی طرف سے سزا یا جزا؛ عذاب الہی؛ رحمت الہی ۔ (٤) عبرت ناک واقعہ؛ سخت مصیبت؛ عذاب ۔ (٥) عید زیارت ؛ وہ تہوار جو مقدس الزبتھ کو حضرت مریم کی زیارت نصیب ہونے کی یادگار میں منایا جاتا ہے ۔ (٦) (حیوانیات) سیلانی پرندوں کا نقل مکان (غیر معمولی تعداد میں)؛ مہاجرت طیور ۔ (۷) عیادت ۔ (۸) ملاقات ؛ ملاقات کے لئے آنا یا جانا (کسی مصیبت کے پاس ہمدردی Visitation : (n)

میں) ۔ (۹) ورود؛ آمد ۔ (۱۰) کسی ضلعے میں نقیب شاہی کی دَوری آمد (ہتھیاروں کے معائنے اور شجرہ نسب میں اندراج کےلئے) ۔

Nuns of the visitation : راہبات معلمہ؛ ننوں کی جماعت جس کے سپرد لڑکیوں کی تعلیم کا کام ہے ۔

Right of visitation : غیرملکی جہاز کے معائنے کا حق، جس میں تلاشی کا حق شامل نہیں ۔

The (order of the) visitation : St. Frances کا قائم کردہ راہبوں کا ایک سلسلہ ۔

The visit (of our Lady, of the Blessed Virgin Mary) : عید زیارت؛ مقدس الزبتھ کو حضرت مریم عذرا کی زیارت ۔

Visitator : (n) (رومی کیتھولک کلیسا میں) معائنہ کرنے والا شخص یا اُسقف ۔

Visitatorial : (a) (۱) معائنے سےمتعلق ۔ (۲) معائنے کا اختیار رکھنے والا ۔

Visite : (n) [Fr.] ڈھیلی بےآستینوں کی یاچھوٹی آستینوں کی قباجو انیسویں صدی میں عورتیں پہنتی تھیں ۔

Visiting : (n) آمد ورفت؛ ملاقات کے لئے آناجانا؛ مہمان کے طور پر آنا جانا ۔

Visiting : (a) (۱) ملاقات کےلئے آنے والا؛ ملاقات کرنے والا ۔ (۲) معائنہ کرنے والا (افسر کی حیثیت سے) ۔

To be on visiting terms : جن میں آمدورفت کے تعلقات ہوں ۔

Visiting ant : (n) بانکنے والی چیونٹی ۔

Visiting-book : (n) ملاقاتیوں (ملاقات کے لئے آنےوالوں) کا رجسٹر ۔

Visiting-card : (n) ملاقاتی کارڈ ۔

Visiting day : (n) ملاقات کا دن ۔

Visiting list : (n) ان افراد کی فہرست جن سےملاقات کرنی ہو ۔

Visiting nurse : (n) نرس جو کسی آبادی میں مریضوں کی عیادت کے لئے مقرر کی جاتی ہے ۔

Visiting professor : (n) پروفیسر جسے کسی کالج یا جامعہ میں محدود مدت کے لئے لیکچر دینے کے لئے مدعو کیا گیا ہو (عموماً نصف یا ایک تعلیمی سال کے لئے) ۔

Visitor : (n) [AFr. 'visitour'.] (۱) ملاقات کے لئے آنے والا؛ ملاقاتی؛ مہمان ۔ (۲) سیر کے لئے آنے والا؛ تماشائی؛ مشاہد ۔ (۳) (کالج وغیرہ میں) معائنے کے لئے آنے والا ؛ معائنہ کرنے والا ۔ (٤) سیلانی پرند؛ موسمی پرند؛ مہاجر پرند ۔

Visitorial : (a) (۱)دیکھو Visitatorial ۔ (۲) والدین میں سے کسی ایک کا اپنے بچے کو دیکھنے جانے کے حق سے متعلق جبکہ بچہ کسی دوسرے کی ولایت میں ہو ۔

Visitor's book : (n) (ہوٹل، مدرسے وغیرہ کی)رائے لکھنے کی کتاب جس میں رہنے والے یا آنے والے اپنی رائے لکھتے ہیں ۔

Visitress : (n) (۱) ملاقات کے لئے آنے والی؛ مہمان؛ملاقاتی ۔ (۲) (خصوصاً) وہ عورت جو کسی سماجی کام کے لئے برابر کہیں جاتی ہے ۔

Vismia : (a) [mod. L.'Visme'.] امریکی اورافریقی درختوں اور جھاڑیوں کی ایک جنس جن کے پتّے لیس دار ہوتے ہیں ۔

Visne : (n) [AFr. OFr.] (۱) (قانون یا تاریخ) قرب و جوار کا علاقہ جہاں سے جیوری کو مقرر کیا جاتا ہے ۔ (۲) قرب وجوار کے علاقے سے مقرر کی ہوئی جیوری۔

Visnomy : (n) [Var. of ME. 'fisnomye'.] (کسی شے کی) خصوصی حالت (اخلاقی، قیافی، سیاسی وغیرہ جس سے اس کے کردار کا پتا چلتا ہے) ۔

Vison : (n) [Fr.] امریکا کا نیولے کی قسم کا ایک چھوٹا جانور ۔

Visor/Vizor : (n) [ME. 'Viser'.] (۱) مغفر؛ خود کا وہ حصہ جس سے چہرے کی حفاظت ہوتی ہے اور جو علاحدہ ہو سکتا ہے ۔ (۲) ٹوپی کا چھجّا (آگے کو نکلا ہوا حصہ) ۔ (۳) نقاب ۔ (٤) بھیس ؛ بہروپ ۔ (٥) موٹر کے ہوا بست شیشے کا آگے کو نکلا ہوا چھجّا جس سے خیرہ کن روشنی سے آنکھوں کی حفاظت ہوتی ہے ۔ (٦) ابروئی اُبھار ۔ (۷) (کھڑکی وغیرہ کی) پیش آمدگی ۔ (۸) (بحری) جہازوں کے کمرے کے گرد کا نمگیرہ ۔ (۹) چشم سایہ ۔

Visor-mask : (n) (تاریخ) ایک قسم کا نقاب جس سے صورت چھپائی جاتی ہے ۔

Visored/Vizored : (a) (۱) بھیس بدلے ہوئے؛ مخفی؛ نقاب پوش؛ نقاب دار ۔ (۲) مغفردار؛ چھجے دار ۔

Visorless : (a) بے چھجا؛ بے مغفر؛ بے نقاب؛ نقاب سے خالی ۔

Viss : (n) [Tamil 'visai'.] جنوبی ہندوستان اور برما میں استعمال ہونے والے وزن کا ایک پیمانہ ۔

Vista : (n) [It.] (۱) منظر؛ خصوصاً کسی تنگ جگہ مثلاً درختوں کی دو رویّہ قطار کا منظر؛ تنگ و دراز منظر؛ مسلسل منظر ۔ (۲) خیالی منظر؛ سلسلۂ تصورات ۔ (۳) جنگل کے بیچ کھلا رستہ ۔ (٤) لمبی غلام گردش یا راستہ ۔

In vista : نظر کے سامنے ۔

Vista dome : (n) دومنزلہ ریل گاڑی کے ڈبے کے اوپر بنا شیشے کا خانہ جس سے چاروں طرف کے مناظر دیکھے جاسکتے ہیں ۔

Vistaed : (a) (۱) مسلسل منظر رکھنے والا ۔ (۲) خیالی منظر میں دیکھا ہوا ۔

Visual : (a) [Late. L. 'visualis'.] (۱) بصری؛ نظر یا بصارت سے متعلق؛ دیکھنے سے متعلق؛ نظری؛ رویتی ۔ (۲) مرئی : نظر آنے والا ؛ قابلِ ادراک ۔ (۳) خیالی ۔

Visual : (a) (۱) بصری شعاع ۔ (۲) وہ شخص جس کی یادداشت، تصور وغیرہ مکمل طور پر بصری ہو ۔ (۳) (جمع) سنیما کی تصویریں (آواز کے مقابلے میں) ۔ (٤) اشتہار کا خاکہ ۔

Visual acuity : (n) تیزنظری؛ بصری تیزی ۔

Visual aids : (n) بصری وسائل ۔

Visual angle : (n) زاویہ نظر یا نگاہ، جو مرئی شے کے دونوں سروں کی شعاعیں آنکھ کے ایک نقطے پر مل کر بناتی ہیں؛ زاویۂ نظری؛ زاویۂ بصری ۔

Visual aphasia : (n) ایک قسم کا فطور نطق جس میں آدمی ان الفاظ یا تحریر کو سمجھ نہیں سکتا ہے جس کو وہ پہلے سمجھتا تھا ۔

Visual-auditory : (a) سمعی بصری ۔

Visual axis : (n) محور بصری؛ محور نظری ۔

Visual communication : (n) نظری سگنل؛ بصری اشارہ؛ سگنل دینے کا ایک طریقہ جس سے اشارات آنکھوں کو دیئے جاتے ہیں (مثلاً لیمپ، جھنڈی وغیرہ کے ذریعے) ۔

Visual field : (n) (۱) دائرۂ نظر؛ میدان نظر ۔ (۲) (کسی خاص لمحے میں) دماغ کے مرئی مناظر ۔

Visual line : (n) خط نظری؛ محور نظری

Visual perception : (n) نظری ادراک ۔

Visual point : (n) (بصریات) نقطۂ نظر؛ آنکھ کا وہ نقطہ جس پر مرئی شے سے نظر کی شعاعیں آکر ملتی ہیں ۔

Visual ray/-beam : (n) بصری شعاع جو مرئی شے سے آنکھوں تک آتی ہے ۔

Visual sensation : (n) بصری احساس ۔

Visualist : (n) مرئی شکل میں لانے والا؛ تصور کرنے والا ۔

Visuality : (n) (۱) بصریت؛ نظر کے متعلق ہونا ۔ (۲) مرئیت؛ مرئی ہونا ۔ (۳) ذہنی تصویر ۔

Visualizable : (a) جسے مرئی شکل میں لایا جاسکے؛ قابل تصور ۔

Visualization : (n) (۱) تصور کا عمل؛ استبصار ۔ (۲) تصور؛ ذہنی تصویر ؛ ذہنی شکل یا تمثال ۔ (۳) محاکات؛ (خیال کی) تصویر یا نقشہ کھینچنا (الفاظ میں) ۔ (٤) عمل جراحی کے ذریعے کسی عضو کو کھول کر رکھنا ۔ (٥) ایک قسم کا جدید رقص ۔

Visualize : (v) (۱) مرئی شکل میں لانا؛ صورت دینا؛ تصویر کھینچنا؛ نقشہ کھینچنا (خیالی) ۔ (۲) تصور کرنا؛ ذہن میں تصویر یا شکل قائم کرنا ۔ (۳) عمل جراحی میں کسی عضو کو کھول کر رکھنا ۔ (٤) مرئی ہونا؛ ظاہر ہونا ۔

Visualizer : (n) مرئی شکل میں لانے والا؛ تصور کرنے والا؛ مستبصر ۔

Visually : (adv.) (۱) بصری طور پر؛ بصارت یا نظر کے لحاظ سے ۔ (۲) مرئی طور پر نظر آتے ہوئے ۔

Vita : (n) [L.] مختصر آپ بیتی ۔

Vita glass : (n) [L.] حیاتینی شیشہ؛ جس سے بالائی بنفشی شعاعیں گزر کر اپنا مفید اور حیات بخش اثر ڈالتی ہیں جسے عام شیشے روکتے ہیں ۔

Vitaceae : (n) [L.] عنبیہ؛ انگوریہ؛ تاک کی ایک نوع ۔

Vital : (a) [Fr.] (۱) حیاتی؛ قوت حیات کا؛ حیوی؛ عریزی ۔ (۲) جو حیات کے لئے ناگزیر ہو ؛ جو قوت حیات کا مرکز ہو ؛ مرکزی ۔ (۳) ناگزیر؛ نہایت اہم ۔ (٤) مہلک؛ جس میں ہلاکت یا تباہی کا اندیشہ ہو ۔ (٥) جان بخش؛ جانفزا ۔ (٦) (شعر، خطابت) جاندار ۔ (۷) پرقوت؛ سرگرم ۔ (۸) عورت کے جسم کی پیمائش کے بارے میں استعمال کیا جاتا ہے (خصوصاً سینہ، کمر اور کولہے کی) ۔

Vital affinity : (n) روحانی کشش ۔

Vital capacity : (n) پھیپھڑے کی تنفسی صلاحیت ۔

Vital centre : (n) مرکزحیات؛ موقع زخم مہلک؛ وہ حصہ جس میں زخم آنے سے فوری ہلاکت کااندیشہ ہو ۔

Vital energy : (n) قوت حیات ۔

Vital fluid : (n) (نباتیات) عرق اصلی؛ دودھ ۔

Vital force : (n) قوت حیات؛ جان؛ روح حیوانی؛ قوت حیوی؛ قوت غریزی ۔

Vital function : (n) جسم کےوہ فعل (مثلاً دوران خون، ہاضمہ، تنفسی وغیرہ) جس پر زندگی کا بلاواسطہ انحصار ہوتا ہے ۔

Vital index : (n) موت اور پیدائش کا تناسب (کسی جگہ کا کسی مقررہ وقت پر) ۔

Vital power : (n) قوت حیات ۔

Vital principle : (n) قوت حیات؛ روح حیات؛ جان؛ روح حیوانی ۔

Vital revolution : (n) کسی سوسائٹی کی شرح توالد میں نمایاں تاریخی تبدیلی (جس میں شرح اموات اور شرح پیدائش میں مستقل توازن رہتا ہے اور دونوں کی شرحیں کم ہیں) ۔

Vital signs : (n) نبض؛ تنفس؛ حرارت؛ (اور بعض اوقات) خون کا دباؤ ۔

Vital spark : (n) زندگی ۔

Vital statistics : (n) اعداد متعلق حیات (پیدائش، شادی، اموات وغیرہ کے اعداد وشمار) ۔

Vitalism : (n) (حیاتیات) روحیت؛ یہ نظریہ کہ جانداروں کی زندگی طبعی اور کیمیاوی قوتوں سے علاحدہ ایک جوہر سے تعلق رکھتی ہے جسے روح حیوانی کہتے ہیں؛ حیویت ۔

Vitalist : (n) روحی؛ روح حیوانی کا قائل؛ معتقد روحیت ۔

Vitalist/-ic : (a) (۱) روحیت کا؛ روح حیوانی کا؛ قائلینِ روح حیوانی کا؛ حیویت کا ۔ (۲) نظریہء حیات از حیات سے متعلق ۔

Vitality : (n) (۱) قوت حیات؛ زندگی کوقائم رکھنےکی قوت ۔ (۲) (مجازاً) (کسی ادارے یا زبان وغیرہ کی) زندگی ؛ جان ؛ زندہ رہنے اور اپنا کام انجام دینے کی قوت ۔ (۳) جاری رکھنے کی قوت ۔ (٤) قوت روئیدگی (پودوں وغیرہ کی) ۔ (٥) کوئی چیز جس میں قوتِ حیات ہو ۔

Vitalization : (n) قوت حیات پیدا کرنا؛ جان ڈالنا؛ زندگی پیدا کرنا؛ جان آنا ۔

Vitalize/Vitalise : (v) (۱) قوتِ حیات پیدا کرنا ۔ (۲) جان ڈالنا ؛ روح پھونکنا ؛ زندگی پیدا کرنا ۔ (۳) اس طرح بیان کرنا کہ آنکھوں کے سامنے تصویر پھر جائے ۔

Vitalizer : (n) قوتِ حیات پیدا کرنے والا؛ جان ڈالنے والا ۔

Vitally : (adv.) (۱) مہلک طور پر ۔ (۲) نہایت؛ بے حد؛ ناگزیر طور پر ۔

Vitalness : (n) حیاتیت؛ مرکزیت؛ نہایت اہم ہونا؛ ناگزیر ہونا ۔

Vitals : (n) (۱) اعضائے حیاتی؛ اعضائے رئیسہ (خصوصاً دماغ، دل، پھیپھڑا، جگر وغیرہ) ۔ (۲) لازمی جزو یا خصوصیت ۔ (۳) جہاز کے اہم حصے ۔

Vitamer : (n) [Vitamin + Isomer.] دو یا زیادہ مرکبات میں سے ایک جو کسی خاص وٹامن کی کمی کو دور کرتے ہیں ۔

Vitamin : (n) [G.] حیاتین؛ وٹامن؛ غذا کے ان ضروری اجزاء میں سے ایک جن کی کیمیاوی ماہیت ابھی پوری طرح معلوم نہیں ہوئی ہے مگر جن کے متعلق اتنا معلوم ہے کہ یہ کن غذاؤں میں موجود ہیں، کن بیماریوں کو روکتے ہیں اور جسم میں کیا کام انجام دیتے ہیں۔

Vitaminic : (a) حیاتینی۔

Vitaminize : (v) (۱) وٹامن دینا؛ وٹامن ملانا۔ (۲) مضبوط کرنا۔

Vitaminous : (a) حیاتینی۔

Vitaphone : (n) ناطق فلم کی ایک قسم۔

Vitascope : (n) حیات نما؛ گردش نما۔

Vite : (adv.) [Fr.] (موسیقی) تیزی سے؛ زوردار طریقے سے۔

Vitellarian : (a) زرد دینہ سے متعلق۔

Vitellarium : (n) [mod. L.] زرد دینہ؛ زردہ زا غدہ؛ بعض کیڑوں کے مادہ عضو توالد کا غدہ جس سے انڈے کی زردی کا مادہ خارج ہوتا ہے۔

Vitellary : (a) (۱) انڈے کی زردی کا سا؛ صفاری۔ (۲) زرد۔

Vitelli -: جزوترکیبی بمعنی "زردی"۔

Vitelligenous : (a) زردہ زا؛ زردہ خیز۔

Vitellin : (n) بیضین؛ انڈے کی زردی میں سب سے بڑا پروٹین کا جزو؛ زردین۔

Vitelline : (a) [med. L.'Vitellinus'.] دیکھو Vitellary

Vitelline : (n) زردی؛ صفار؛ زردہ۔

Vitelline artery : (n) شریان صفاری۔

Vitelline body : (n) جسم صفاری؛ جسم زردہ۔

Vitelline gland : (n) غدہ صفاری۔

Vitelline membrane : (n) غشاء زردہ۔

Vitelline vein : (n) ورید صفاری۔

Vitello -: جزوترکیبی بمعنی "زردہ"؛ "زردی بیضہ"۔

Vitellogene : (n) دیکھو Vitellarium

Vitellogenesis : (n) زردیٔ بیضہ کی تشکیل۔

Vitellogenous : (a) دیکھو Vitelligenous

Vitellus : (n) [L.] (۱) (حیوانیات) زردہ؛ زردیٔ بیضہ۔ (۲) (نباتیات) (بیج کے) مغز اور جنین کے درمیان گودے دار تھیلی۔

Vitex : (n) [L.] جنس ساگوان۔

Viti- : [L. 'Vitis'.] جزوترکیبی بمعنی "انگور"۔

Vitiate : (v) [L. 'vitiare'.] (۱) خراب کرنا؛ بگاڑنا؛ فاسد کرنا۔ (۲) باطل کرنا۔ (۳) (قانوناً) بے اثر کرنا۔ (٤) (آنکھ، مذاق وغیرہ کو) گمراہ کرنا؛ غلط راستے پر ڈالنا۔ (٥) ہوا کو (تنفس کے ذریعے) نا خالص بنانا۔

Vitiated : (a) بگاڑا ہوا؛ خراب کیا ہوا۔

Vitiation : (n) (۱) بگاڑنا یا بگڑنا؛ خرابی؛ فساد۔ (۲) باطل کرنا یا ہونا۔

Vitiator : (n) بگاڑنے والا؛ خراب کرنے والا؛ باطل کرنے والا۔

Viticetum : (n) [L.] تاک زار؛ انگور کی کاشت۔

Viticide : (a) انگور کو نقصان پہنچانے والا (کیڑا)؛ تاک کُش؛ کرم تاک۔

Viticolous : (a) انگور خُور؛ تاک باش۔

Viticultural : (a) انگور کی کاشت سے متعلق۔

Viticulture : (n) انگور کی کاشت؛ تاک پَروری۔

Viticulturer : (n) تاک پرور؛ انگور کی کاشت کرنے والا۔

Viticulturist : (n) تاک پرور؛ انگور کی کاشت کرنے والا۔

Vitiliginous : (a) لَبہق سے متعلق یا لَبہق جیسا۔

Vitiligo : (n) [L.] لَبہق، جلد کی ایک بیماری جس میں سفید دانے نکل آتے ہیں؛ ایک قسم کا کوڑھ۔

Vitiligoid : (a) لبہق سے مشابہ۔

Vitiosity : (n) [L. 'vitiositas'.] (۱) بیہودگی؛ بدی ؛ برائی ۔ (۲) (اسکاچستانی قانون) نقص؛ عیب؛ (قانوناً) غلط ہونا ۔

Vitis : (n) [L.] جنس عنب؛ جنس انگور ۔

Vitr-/Vitro- : جزوترکیبی بمعنی "شیشہ"؛ "شیشے کا"؛ "زجاجی" ۔

Vitrage net/-cloth : (n) [Fr. 'vitrage'.] جالی دار (کپڑا) یا باریک کپڑا جس سے کھڑکیوں کے پردے بنائے جاتے ہیں ۔

Vitrailed : (a) [Fr. 'vitrail'.] رنگین شیشے لگا ۔

Vitrailist : (n) رنگین شیشے بنانے والا ۔

Vitrain : (n) زجاجی کوئلا ۔

Vitrella . (n) [mod. L.] (حیوانیات) زجاجہ ۔

Vitreodentine : (n) عاج دندان جو بہت سخت ہوتا ہے ۔

Vitreous : (a) [L. 'vitreus'.] (۱) شیشے کا؛ زجاجی ۔ (۲) شیشے کا سا؛ شیشے کی طرح کا؛ شیشہ نما ۔ (۳) شیشہ سا؛ شفاف؛ شیشے سے مشابہ ۔ (٤) (مٹی کا پکایا ہوا برتن) چکنا ۔

Vitreous body : (n) (۱) مادۂ زجاجی ۔ (۲) دیکھو Vitreous humour ۔

Vitreous China : (n) خوب پکایا ہوا سفالی برتن ۔

Vitreous electricity : (n) زجاجی برق؛ مثبت برق ۔

Vitreous humour : (n) مادۂ زجاجی؛ رطوبت زجاجیہ؛ جیلی کی سی نسیج جس سے آنکھ کا دیدہ بنتا ہے ۔

Vitreously : (adv.) (۱) زجاجی طور پر ۔ (۲) مثبت برق کے ساتھ ۔ (۳) شیشے کی طرح ۔

Vitreousness : (n) زجاجیت ۔

Vitrescence : (n) شیشہ بننے کا میلان؛ میلانِ زجاجیت؛ شیشہ بننا ۔

Vitrescent : (a) شیشہ بننے والا؛ ؛ مائل بہ زجاجیت؛ شیشہ شوندہ؛ شیشہ نما ۔

Vitrescible : (a) [Fr.] شیشہ بننے والا ۔

Vitric : (a) [L. 'vitrum'.] زجاجی؛ زجاج مانند؛ شیشے کی صفت رکھنے والا ۔

Vitrifaction : (n) شیشہ بننے یا بنانے کا عمل ؛ تزجیج ۔

Vitrifiable : (a) شیشہ بننے والا ۔

Vitrification : (n) (۱) شیشہ بنانا یا بننا؛ شیشاؤ ۔ (۲) شیشہ بنا ہوا مادہ ۔

Vitrified : (a) شیشے میں تبدیل کیا ہوا؛ شیشے کی مانند بنایا ہوا ۔

Vitrified-fort : (n) اسکاچستان وغیرہ میں پائے جانے والے قدیم قلعوں کے کھنڈرات جس کے پتھر آگ کی وجہ سے شیشے کی شکل کے بن گئے ہیں ۔

Vitriform : (a) شیشہ صورت ۔

Vitrify : (v) [Fr. 'vitrifier'.] شیشہ بنانا؛ شیشہ بننا؛ شیشہ نما بننا یا بنانا ۔

Vitrina : (n) [mod. L.] (۱) (حیوانیات) زجاجی صدفہ ۔ (۲) دیکھو Vitreous humour ۔

Vitrine : (n) [Fr. 'vitre'.] شیشے لگا صندوق جس میں چیزوں کی نمائش کی جاتی ہے ۔

Vitriol : (n) [Fr.] (۱) گندھک کا تیزاب یا اس کا کوئی نمک؛ توتیا؛ لوہے کا سلفیٹ؛ زاج ۔ (۲) گاڑھا گندھک کا تیزاب ۔ (۳) جلی کٹی تصویر یا تنقید وغیرہ ۔

Black vitriol : بے صاف کیا ہوا نیلا توتیا؛ سیاہ توتیا؛ ناصاف نیلا توتیا ۔

Blue vitriol : نیلا توتیا؛ نیلا تھوتھا ۔

Copper vitriol : نیلا توتیا؛ نیلا تھوتھا ۔

Green vitriol : سبز توتیا؛ کسیس ۔

Oil of vitriol : گندھک کا تیزاب؛ روح توتیا؛ تیل توتیا؛ روغن توتیا ۔

Red vitriol : زنگ؛ سرخ توتیا؛ جر؛ مورچہ ۔

Spirit (s) of vitriol : روح توتیا ۔

White vitriol : سفید توتیا؛ بیرا کسیس ۔

Vitriol : (v) گندھک کے تیزاب میں ڈبونا (خصوصاً ہلکے تیزاب میں) ۔

Vitriolated : (a) (۱) توتیا سے بھرا ہوا ۔(۲) جس پر گندھک کا تیزاب ڈالا گیا ہو؛ گندھک کا تیزاب ڈالا ہوا؛ گندھک کا تیزاب یا توتیا ملایا ہوا ۔

Vitriolated tartar : (n) پوٹاشیم کا سلفیٹ ۔

Vitriolic : (a) (۱) گندھک کے تیزاب کا (سا)؛ توتیا کا (سا) ؛ توتیائی ؛ زاجی ۔(۲) جلی کٹی ۔(۳) پُر جوش ۔

Vitriolic acid : (n) روح توتیا؛ گندھک کا تیزاب ۔

Vitriolizable : (a) توتیا بنانے کے قابل؛ جس کا توتیا بنایا جاسکے ۔

Vitriolization : (v) توتیا بننا یا بنایا جانا ۔

Vitriolize : (v) (۱) توتیا بنانا یا بننا؛ گندھک نمک بنانا (کسی چیز کو) ۔ (۲) گندھک کے تیزاب سے جلانا یا زہر دینا؛ تیزاب پھینکنا (کسی شخص پر) ۔

Vitriolizer : (n) گندھک کا تیزاب پھینکنے والا ۔

Vitrite : (n)[L. 'Vitrum'.] بوہیمیا کے (Bohemian)یاقوت احمر کا جوف معدن ۔

Vitro- : جزوترکیبی بمعنی 'شیشہ' ۔

Vitro-dentine : (n) عاج دندان کی بیرونی سخت تہ ۔

Vitrophyre : (n) زجاجی سماق ۔

Vitrophyric : (a) زجاجی سماق سے متعلق ۔

Vitrotype : (n) زجاجی یا سفالی برتنوں پر خاص طرح سے بنائی ہوئی تصویر ۔

Vitruvian : (a) [f. M. Vitruvius Pollio, a Roman architect and writer.] عہد اگسٹس کے رومی معمار وٹروویس کا (بنایا ہوا) ۔

Vitruvian scroll : (n) وٹروویس کی طرز کی بیل؛ ایک طرح کی بیل جو عمارت کی آرائشی پٹیوں پر بنائی جاتی ہے ۔

Vitta : (n) [L.] (۱) (حیوانیات) دھاری ۔(۲) (نباتیات) قنات روغن؛ تیل نالی ۔

Vittate : (a) (۱) (حیوانیات، نباتیات) دھاری دار ۔(۲) نالی دار ۔

Vituline : (a) [L. 'Vitulinous'.] (شاذ) بچھڑے یا بچھڑے کے گوشت سے متعلق؛ بچھڑے یا بچھڑے کے گوشت جیسا ۔

Vituperate : (v) [L. 'Vituperare'.] سخت سست کہنا؛ گالیاں دینا؛ بُرا بھلا کہنا؛ بُری طرح خبر لینا؛ اڑے ہاتھوں لینا ۔

Vituperation : (n) (۱) گالیاں دینا؛ گالی گلوچ ۔(۲) گالیاں؛ سخت سست باتیں ۔

Vituperative : (a) (۱) گالیاں دینے والا؛ بد زبان ۔ (۲) دشنام آمیز ۔

Vituperatively : (adv.) (۱) بد زبانی سے؛ گالیاں دیتے ہوئے ۔ (۲) دشنام آمیز الفاظ میں ۔

Vituperator : (n) گالیاں دینے والا ۔

Vituperous : (a) دیکھو Vetuperative

Viuva : (n) [Pg.] بعض قسم کی مچھلی ۔

Viva : (n) [It. 'Vivere'.] زندہ باد کا نعرہ ۔

Viva : (n) (۱) زبانی ؛ زبانی طور پر ؛ تقریراً ۔ (۲) Viva voce کا مخفف ۔

Viva : (v) زبانی امتحان لینا ۔

Viva voce : (adv.) [med. L.] زبانی؛ زبانی طور پر؛ تقریراً ۔

Viva voce : (a) زبانی؛ تقریری ۔

Viva voce : (n) زبانی امتحان ۔

Viva voce : (v) زبانی امتحان لینا ۔

Vivace : (adv.) [It.] (موسیقی) جوش سے؛ گرما گرمی سے ۔

Vivacious : (a) [L. 'vivax, vivaci'.] (۱) جوشیلا؛ بشاش؛ زندہ دل؛ شگفتہ مزاج؛ ذی روح ۔ (۲) پُرجوش؛ گرماگرم ؛ زندہ دلانہ ؛ شگفتہ ؛ بشاشت کا ۔ (۳) سدا بہار؛ دیر پا ۔

Vivaciously : (adv.) جوش سے؛ گرماگرمی سے ؛ زندہ دلی سے؛ بشاشت سے ۔

Vivaciousness : (n) (۱) جوشیلا پن؛ زندہ دلی ۔ (۲) دیکھو Vivacity ۔

Vivacissimo : (adv.) [It.] (موسیقی) جوش سے ۔

Vivacity : (n) [Fr. 'vivacite'.] (۱)جوشیلا پن ؛زندہ دلی؛ شگفتہ مزاجی؛ بشاشت؛ جوش؛ گرما گرمی ۔ (۲) چمک دمک (روشنی، رنگ وغیرہ کی) ۔

Vivamente : (adv.) [It.] (موسیقی) (ہدایت) تیزی سے ۔

Vivandier : (n) [Fr.] (فرانس اور دوسرے برصغیروں میں) وہ شخص جو فوجیوں کو کھانے کی چیزیں اور شراب وغیرہ بیچتا ہے ۔

Vivandiere : (n) خوردنی فروش؛ وہ عورت جو یورپی خصوصاً فرانسیسی فوجوں کے ساتھ رہ کر کھانےکی چیزیں اورشراب وغیرہ بیچتی ہے ۔

Vivarium : (n) [L.] (۱) زندہ جانوروں، خصوصاً مچھلی پالنے کی جگہ؛ ماہی حوض ۔ (۲) چڑیاخانہ؛ جانورخانہ، جس میں جانوروں کے رہنے کے لئے وہ مصنوعی ماحول بنائے جائیں جس کے وہ عادی ہیں؛ احاطہء حیوانات؛ جیوگھر ۔ (۳) شیشے کا برتن جس میں مطالعہ کے لئے مچھلی یا دوسرے آبی جانوروں کو رکھتےہیں ۔

Vivary : (n) [L. 'vivarium'.] دیکھو Vivarium

Vivat : (int.) [L.] زندہ باد ۔

Vivat : (n) زندہ باد کا نعرہ ۔

Vivda/Vifda : (n) [ON, 'vedva'.] دھواں لگا کر یا ہَوا میں رکھ کر سکھایا ہوا گوشت (بغیر نمک کا) ۔

Vive : (a) [Fr.] (۱) ہو بہو؛ جیتی جاگتی (تصویر وغیرہ) ۔ (۲) (رنگ وغیرہ) چمک دار؛ شوخ ۔

Viverra : (n) [L.] (حیوانیات) مشک بلاؤ؛ رُبا دان ۔

Viverrine : (a) [mod. L. 'Viverrinus'.] مشک بلاؤ یا مشک بلاؤ کے خاندان سے متعلق؛ رُبادی ۔

Viverrine : (n) مشک بلاؤ ۔

Viverrine cat.: (n). مشک بلاؤ ۔

Vivers : (n) [Fr. 'Vivres'.] غذا؛ کھانے کی چیزیں ۔

Vives : (n) بچھیڑوں کے کان کی بیماری؛ کَن رُوگ ۔

Viveur : (n) [Fr.] عیش پسند شخص ۔

Vivi -: جزوترکیبی بمعنی "زندہ" ۔

Vivianite : (n) [f.J. G. Vivian, the discoverer.] (معدنیات) لوہے کا فاسفیٹ جو نیلے یا سبزبلور کی شکل میں پایا جاتا ہے ۔

Vivid : (a) [L.'Vividus'.] (۱) چمک دار؛ شوخ (رنگ، روشنی وغیرہ) ۔ (۲) قوی (قوت تخیل وغیرہ) ۔ (۳) واضح ؛ گہرا (تصور، نقش وغیرہ) ۔ (٤) شدید؛ شدت سے محسوس کیا ہوا ۔

Vivid : (adv.) (۱) تیز روشنی یا شوخ رنگ کے ساتھ ۔ (۲)دیکھو Vividly ۔

Vividity : (n) چمک؛ تیزی (روشنی کی)؛ شوخی (رنگ کی) ۔

Vividly : (adv.) (۱) تیز روشنی یا شوخ رنگ کے ساتھ ۔ (۲) واضح طورپر؛ وضاحت سے؛ صاف طورپر ۔

Vividness : (n) چمک؛ تیزی (روشنی کی)؛ شوخی (رنگ کی)؛ وضاحت؛ گہرائی (تصور وغیرہ کی) ۔

Vivific : (a) جان ڈالنے والا؛ جاں بخش ۔

Vivificate : (v) [Late L. 'Vivificare'.] (۱) قوت حیات پیدا کرنا۔ (۲) جان ڈالنا؛ زندہ کرنا؛ جلانا؛ روح پھونکنا ۔ (۳) زندہ ہونا ۔ (٤) زیادہ شوخ یا بھڑک دار بنانا؛ زیادہ چمک دار بنانا؛ جاذب بنانا ۔

Vivification : (n) (۱) زندہ کرنا؛ جان ڈالنا؛ حویّت ۔(۲) زندہ ہونا ۔(۳) جان ڈالنا؛ روح پھونکنا ۔

Vivifier : (n) قوت حیات پیدا کرنے والا؛ جان ڈالنے والا؛ روح پھونکنے والا ۔

Vivify : (v) [Fr. 'Vivifier'.] دیکھو Vivificate

Vivipara : (n) [mod. L.] ایک قسم کا صدف ۔

Viviparism : (n) ولودیت؛ بچہ دینا ۔

Viviparity : (n) (۱) (حیوانیات) بچہ زائی؛ بچہ کشی؛ بچہ کش ہونا؛ ولودیت ۔ (۲) (نباتیات) درخت زائی ۔

Viviparous : (a) [L. 'Viviparus' + -ous.] (۱) (حیوانیات) بچہ کش؛ بچے دینے والا (انڈے دینے والے کی ضد)؛ ولود ۔ (۲) (نباتیات) درخت زا؛ جن میں ایک درخت سے دوسرا درخت پھوٹتا ہے؛ بصیلہ زا؛ پودا زا ۔

Viviparously : (adv.) (۱) بچہ کشی کےطریقے سے۔(۲) درخت زائی کے طریقے سے ۔

Viviparousness : (n) دیکھو Viviparity

Viviparus : (n) [mod. L.] دریائی گھونگوں کی ایک جنس ۔

Vivipary : (n) (۱) بصیلہ زائی؛ پودا زائی ۔(۲) بچہ زائی ۔

Viviperfuse : (v) زندگی میں کسی جسمانی عضو کی طرح پھیلنا ۔

Vivisect : (v) زندہ جانور کی چیر پھاڑ کرنا؛ تشریح زندہ کرنا ۔

Vivisectible : (a) جس کی تشریح زندہ کی جاسکے ۔

Vivisection : (n) زندہ جانوروں کی چیرپھاڑ؛ تشریح زندہ؛ تقطیع زندہ؛ زندہ تراشی ۔

Vivisectional : (a) تشریح زندہ سے متعلق ۔

Vivisectionally : (adv.) تشریح زندہ کے طور پر ۔

Vivisectionist : (n) (۱) تشریح زندہ کرنے والا ۔(۲) تشریح زندہ کا حامی ۔

Vivisector : (n) تشریح زندہ کرنے والا ۔

Vivisepulture : (n) زندہ درگور کرنا ۔

Vivo : (adv.) [It.] (موسیقی)دیکھوVivace

Vivum vadium : (n) [L.] جائداد کو دائن کےنام اس وقت تک کےلئے منتقل کردینا جب تک کہ اس کی آمدنی یا لگان سے قرض ادا نہ ہو جائے ۔

Vixen : (n) [ME.] (۱) مادہ لومڑی ۔(۲) جھگڑالو عورت ؛ بدمزاج عورت ۔

Vixen (a) جھگڑالو؛ بدمزاج ؛ بدطینت؛ کینہ پرور ۔

Vixenish : (a) (۱) بدمزاج؛ بدطینت؛ کینہ پرور۔(۲) بدمزاج عورت کی خاصیت کا؛ جھگڑالو عورت کے لئے موزوں۔

Vixenishly : (adv.) بدمزاجی سے؛ کینہ پروری سے ۔

Vixenishness : (n) بدمزاجی؛ کینہ پروری ؛ بدطینتی ۔

Vixenly : (a) بدمزاج؛ بد طینت؛ کینہ پرور ۔

Vixenly : (adv.) بدمزاجی سے؛ بدطینتی سے ۔

Viz : (adv.) (۱) دیکھو Videlicet ۔(۲) Videlicet کا مخفف ۔

Viz : (n) دیکھو Videlicet

Vizard : (n) [Altered form of 'Vysar, Viser, Visar'.] دیکھو Visor

Vizarded : (a) (۱) نقاب پوش؛ نقاب دار۔(۲) (مجازاً) بنا ہوا؛ پرتصنع ۔

Vizard mask : (n) (۱) نقاب؛ ڈھیلا لبادہ جس میں نیم نقاب ہوتا ہے تاکہ کوئی صورت نہ پہچان سکے ۔ (۲) ایسا لبادہ پہننے والی قحبہ ۔

Vizcacha/Viscacha/Viscache/Biscacha : (n) [Sp.'Vizcacha'.] جنوبی امریکا کے بعض بھٹ بناکر رہنے والے اور کترنے والے جانور ۔

Vizier : (n) [Turk. 'Vezir'.] وزیر ۔

Grand vizier : ترکی یا دوسرے اسلامی ممالک کا وزیراعظم ۔

Vizierate : (n) [Arab. 'wizara'.] وزارت؛ وزیری ۔

Vizierial : (a) وزیر کا ۔

Viziership : (n) وزارت؛ وزیری ۔

Vizor : دیکھو Visor

Vizsla : (n) [f. Vizsla] (۱)ہنگری کی نسل کاایک شکاری کتا۔ (۲) ہنگری کا ایک شہر ۔

Vizy/Vizzy : (v) [ME. 'Visien, Vesien'.] (اسکاچستان) (۱) جانچنا؛ پڑتالنا ۔(۲) نشانہ لگانا ۔

Vizy/Vizzy : (n) (اسکاچستانی) (۱) نشانہ ۔ (۲) جانچ؛ پڑتال ۔

Vlach : (n) [Bulg., Serb.] ویلکینا یا رومانیا کا رہنے والا ۔

Vlach : (a) ویلاکی (اس لاطینی بولنے والی قوم کا فرد جو جنوبی مشرقی یورپ میں رہتی ہے) ۔

Vlachian : (a) دیکھو Vlach

Vlei : (n)[Du.'vallei'.] (۱) (جنوبی افریقہ میں) گڈھا؛ جوہڑ؛ نشیبی علاقہ جس میں برسات میں عموماً پانی بھرا رہتا ہے ۔ (۲) (امریکا) دلدل ۔

Vlei rat : (n) جنوبی افریقہ کا ایک کترنے والا جانور ۔

Vocable : (n) [Fr., or L. 'Vocabulum'.] لفظ ۔

Vocable : (a) (۱) جو بہ آواز بلند بولا جاسکے ۔ (۲) ناطق ۔

Vocably : (adv.) ناطق طور پر ۔

Vocabular : (a) [L. 'Vocabulum'.] الفاظ کا یا الفاظ سے متعلق ۔

Vocabulary : (n) [med. L.'Vocabularius'.] (۱) لغت؛ فرہنگ (کسی زبان کی) ۔ (۲) فرہنگ (کسی کتاب کی) ۔ (۳) مجموعۂ الفاظ؛ خزانۂ الفاظ (کسی مصنف یا کسی اور شخص کا) ۔

Vocal : (a) [Late L. 'vocalis'.] (۱) انسانی آواز کا؛ صوتی؛ جو زبان سے ادا کیا جاسکے؛ نطقی؛ ناطق ۔ (۲) بازبان؛ اپنے خیالات کا اظہار تقریر یا تحریر میں کرنے والا ۔ (۳) (شعر) زبان خیال سے گفتگو کرنے والا؛ گویا ۔ (٤) (حیوانیات) مسموع؛ پوری طرح آواز دینے والا ۔ (٥) حرف علت کی قسم کا ۔ (٦) (مجازاً) خوش بیان؛ فصیح؛ پرمعنی ۔ (۷) (موسیقی) زبان سے ادا کیا جانے والا؛ گانے سے متعلق ۔ (۸) آواز سے متعلق ۔ (۹) گونج دار؛ بہ آواز ۔ (۱۰) آواز کی طرح کا ۔

Vocal : (n) (۱) حرف علت ۔ (۲) (کیتھولک کلیسا) رائے دہندہ (بعض انتخابات میں) ۔

Vocal auscultation : (n) استماع صوت؛ انسان کی آواز سینے پر آلہ لگا کر سننا ۔

Vocal chink : (n) دیکھو Glottis

Vocal chords : (n) اوتار صوت؛ حنجرے کی جھلی کی تہیں جن سے آواز نکلتی ہے ۔

False vocal chords : کاذب اوتار صوت ۔

True vocal chords : حقیقی اوتار صوت ۔

Vocal music : (n) گانا؛ ناطق موسیقی (آلاتی کی ضد) ۔

Vocal sac/-pouch : (n) مینڈک کے منہ کی صوتی تھیلی (جس سے وہ آواز نکالتا ہے) ۔

Vocalic : (a) (۱) جس میں حرف علت کی کثرت ہو ۔ (۲) حرف علت کے ذریعے متصف ۔ (۳) حرف علت سے بنا ہوا؛ جس میں حرف علت ہو؛ حرف علت جیسا ۔ (٤) حرف علت کا ۔

Vocalically : (adv.) حرف علت کی طرح ۔

Vocalion : (n) [f. Vocal.] بارمونیم کی قسم کا ایک آلۂ موسیقی ۔

Vocalise : (n) [Fr.] (۱) گانے کی مشق ۔ (۲) الاپ؛ گنگناہٹ ۔

Vocalism : (n) (۱) (گفتگو یا گانے میں) آواز کا استعمال؛ مشق آواز؛ آواز کے استعمال کا فن ۔ (۲) حرف علت کی آواز ۔ (۳) آواز؛ بولی ۔ (٤) حروف علت کا سلسلہ یا نظام؛ حرف علت کا استعمال ۔

Vocalist : (n) گویّا؛ گانے والا (بجانے والے کے مقابلے میں)؛ مُغنی؛ گلوکار ۔

Vocality : (n) [med. L. 'Vocalitas'.] (۱) نطقی یا صوتی ہونا ۔ (۲) زبانی؛ اپنے خیالات کو تحریر یا تقریر میں ظاہر کرنا ۔ (۳) مسموعیت (حرف علت کا پوری طرح آواز دینا) ۔ (٤) (جمع) آواز (خصوصاً گانے میں) ۔

Vocalization : (n) (۱) (آواز کو) ادا کرنا؛ ادا کرنے کا طریقہ خصوصاً حرف علت کا ؛ گانے کا طریقہ ؛ تشکیل صوت؛ درستی آواز ۔ (۲) اعراب لگانا ۔ (۳) (موسیقی) گانے کا فن؛ گانا؛ گانے کی مشق ۔ (٤) آواز میں تبدیل کرنا ۔

Vocalize : (v) (۱) ادا کرنا (آواز میں)؛ بولنا ؛ زبان سے کہنا (لفظ کو) ۔ (۲) گانا ۔ (۳) حرف علت میں تبدیل کرنا؛ اعراب کے ساتھ لکھنا؛ اعراب لگانا ۔ (٤) جہری بنانا ۔ (٥) نطقی بنانا؛ ناطق بنانا؛ صوتی بنانا ۔ (٦) حرف علت کو مختلف طرز سے ادا کرنا ۔ (۷) پوری آواز سے ادا کرنا؛ مسموع آواز سے ادا کرنا؛ مسموع بنانا (حرف کو) ۔ (۸) (مزاحاً) بولنا؛ گانا؛ گنگنانا؛ چیخنا؛ چلانا ۔

Vocalizer : (n) گانے والا؛ بولنے والا؛ حرف علت میں تبدیل کرنے والا؛ ناطق بنانے والا ۔

Vocally : (adv.) صوتی طریقے سے؛ گفتگو کے ذریعے سے؛ الفاظ کے ذریعےسے؛ گا کر؛ اعراب کے مطابق؛ حرفِ علت کے مطابق ۔

Vocalness : (n) دیکھو Vocality

Vocation : (n)[Fr., or L.'Vocatio'.] (۱) طلب(خدا کی طرف سے کسی پیشے کو اختیار کرنے کی)؛ ندائے غیبی؛ بلاوا ۔ (۲) (کسی پیشے کی) صلاحیت؛ احساس صلاحیت؛ رجحان طبع ۔ (۳) پیشہ؛ شغل؛ حرفہ؛ کسب ۔ (٤)روزگار ۔ (٥) (کلیسائی مجلس کا) کسی شخص کو کلیسا میں یا کسی اور جگہ بلانا ۔ (٦) اسقف کے عہدے یا کسی مذہبی سلسلے میں داخلہ ۔ (۷) کسی خاص پیشہ وروں کی جماعت کی رکنیت ۔ (۸) کردار؛ رول ۔

To mistake one's vocation : غلط پیشہ اختیار کرنا ۔

Vocational : (a) پیشے کا؛ پیشے سے متعلق؛ کَسَبی؛ پیشہ ورانہ ۔

Vocational agriculture : (n) (امریکا) زراعت جس کی تعلیم ہائی اسکولوں میں دی جاتی ہے ۔

Vocational bureau office : (n) وہ دفتر جہاں لوگوں کو ان کی مناسب صلاحیت کے مطابق نوکریاں دی جاتی ہیں ۔

Vocational college : (n) فنّی کالج ۔

Vocational education : (n) پیشہ ورانہ تعلیم؛ کسی خاص پیشے کے لئے تربیت ۔

Vocational psychology : (n) پیشے کے انتخاب یا تربیت میں نفسیات کو عمل میں لانا ۔

Vocational selection : (n) انتخاب پیشہ ورانہ ۔

Vocationalism : (n) حرفیت ۔

Vocationalist : (n) حرفیت کا حامی ۔

Vocationalize : (v) پیشہ ورانہ بنانا ۔

Vocationally : (adv.) (۱) پیشے کے طور پر ۔ (۲) پیشے کے لحاظ سے؛ پیشے کے نقطۂ نظر سے ۔

Vocative : (n) [Fr. 'Vocatif' or L. 'Vocativus'.] (صرف) (اسم کی) حالت ندائیہ ۔

Vocative : (a) (۱) ندائی ؛ ندائیہ ؛ جو ندا کے طور پر استعمال ہو ۔ (۲) نہایت تیز اور رواں؛ باتونی؛ بکی ۔

Vocatively : (adv.) ندائیہ کے طور پر ۔

Vociferance : (n) شوروغل؛ چیخ پکار؛ چیخنا؛ چیخنے کی صفت۔

Vociferant : (a) [L. 'vociferans'.] غل مچاتا ہوا؛ چیختا ہوا؛ چیخنے والا ۔

Vociferate : (v) [L. 'vociferari'.] (۱) چیخنا؛ چلانا؛ شور مچانا؛ غل مچانا ۔ (۲) چیخ کر کہنا؛ گلا پھاڑ کر کہنا (کوئی بات) ۔

Vociferation : (n) شوروغل؛ چیخ پکار؛ چلّانا؛ غل مچانا ۔

Vociferator : (n) غل مچانے والا؛ چیخنے والا ۔

Vociferous : (a) (۱) چیخنے والا؛ غل مچانے والا ۔(۲) ہنگامہ خیز؛ پُر خروش؛ پُر شور؛ زورکا؛ پُر آواز؛ بلند صوت ۔

Vociferously : (adv.) شور مچاتے ہوئے؛ چیخ کر؛ گلا پھاڑکر؛ پُرشور طریقے سے ۔

Vociferousness : (n) شور مچانے کی عادت؛ ہنگامہ خیزی؛ پُرخروش ہونا؛ پُرشور ہونا ۔

Vocoder : (n) صوتیہ؛ آوازگر ۔

Vocule : (n) [L. 'Vocula'.] بعض حرف صحیح کے تلفظ میں پیدا کی جانے والی ہلکی آواز ۔

Vodka/Vodki/Vodky/Votky : (n) [Russ. 'Voda'.] ووڈکا؛ ایک قسم کی تیز شراب جو روس میں پی جاتی ہے ۔

Vodun/Vodoun : (n) [Haitian Creole. 'Vodou'.] ایک افریقی مذہب جس میں اسلاف کی پرستش کی جاتی ہے ۔

Voe : (n) [Norw. 'Vaag'.] چھوٹی خلیج؛ کھاڑی ۔

Voetganger : (n)[Afr.] جنوبی افریقہ کی نڈی کا بچہ؛ ملخ ۔

Voeu : (n) [Fr.] تجویز یا سفارش جو کوئی ملك کسی بین الاقوامی ادارے سے کرتا ہے ۔

Vogie : (n) [Origin unkn.] (۱) (اسکاچستان) مغرور؛ گھمنڈی؛ خودپسند؛ خودنما ۔ (۲) (اسکاچستان) شاد؛ خرم؛ مسرور؛ خوش؛ زندہ دل؛ شاداں ۔

Voglite : (n) [f. G. 'Voglit, a German minerologist'.] یورینیم، کیلسیم اور تانبے کا سبز آبدار کاربونیٹ ۔

Vogt : (n) [G.] منتظم جائداد؛ بیلف یا دوسرا سرکاری افسر ۔

Vogue : (n) [Fr.] (۱) موجودہ فیشن؛ مروجہ فیشن ۔ (۲) رواج؛ مقبولیت ۔

In full vogue/In vogue : فیشن میں داخل؛ مقبول؛ مروج؛ رائج ۔

Out of vogue : مروجہ فیشن سےباہر؛غیرمروجہ ۔

Vogue : (a) پابند وضع یا فیشن؛ اہل فیشن؛ فیشن ایبل ۔

Voguish : (a) (۱) اہل فیشن؛ فیشن ایبل؛ طرح دار؛ جامہ زیب ۔ (۲) اچانك یا عارضی طور پر مقبول ہو جانے والا ۔

Voice : (n) [AFr.'voiz, voice'.] (۱) (انسانی) آواز(کبھی کبھی پرندوں یا دوسرے جانوروں کی آواز کو بھی کہہ دیتے ہیں)؛ صوت ۔ (۲) اظہار ۔ (۳) رائے؛ رائے دینے کا حق ۔ (٤) (صوتیات) مسموع آواز؛ پوری آواز ۔ (٥) (صرف ونحو) طور؛ فاعل اور فعل کے تعلق کا طریقہ؛ حالت فعل ۔ (٦) (موسیقی) لحن ۔ (۷) عبادت کی آواز ۔ (۸) ذریعہء اظہار ۔ (۹) انسانی آواز سے مشابہ کوئی چیز ۔ (۱۰) خواہش پسند یا رائے جس کو کھلے عام یا رسمی طور پربیان کیا جائے ۔

Active voice : طور معروف؛ حالت معروف ۔

Chest voice : پست ترین سُر؛ پست ترین آواز ۔

Head voice : ٹیپ؛ اونچی آواز؛ بلند آواز؛ اونچا سر ۔

In (.....) voice : (بولنے والے یا گانے والے کا) گلا ٹھیك ہونا ۔

Out of voice : (بولنے والے یا گانے والے کی) آواز کام نہیں دیتی؛ آواز بگڑی ہوئی ہے؛ گلا خراب ہوگیا ہے ۔

Passive voice : طور مجہول؛ حالت مجہول ۔

The voice of God : مشیت ایزدی؛ حکم الٰہی؛ فرمانِ الٰہی ۔

To find voice in : اظہار کا ذریعہ بنانا؛ اظہار کا موقع پانا ۔

To give voice to : اظہار کرنا ۔

To have a voice in : اثر رکھنا؛ اقتدار رکھنا ۔

To lose the voice : آواز کا خراب ہو جانا؛ گلا خراب ہو جانا ۔

Veiled voice : گھٹی ہوئی آواز(جو کسی حلقی نقص کی وجہ سے ہو) ۔

With one voice : متفقہ طور پر ۔

Voice : (v) (۱) اظہار کرنا؛ بیان کرنا ۔(۲)(موسیقی) (باجے کا) سُر ملانا ۔(۳) (صوتیات) پوری آواز سے ادا کرنا؛ مسموع آواز سے ادا کرنا ۔ (٤) بولنا؛ کہنا ۔ (٥) دوسرے کی طرف سے بولنا؛ نیابت کرنا ۔(٦) ناطق بنانا ۔(۷) (آواز کو) ادا کرنا (اوتارصوت کے ارتعاش سے) ۔

Voice-box : (n) حنجرہ؛ نرخرہ ۔

Voice-figure : (n) صوتی نقشہ یا گراف ۔

Voice-part : (n) (موسیقی) گانےوغیرہ کاوہ حصہ جوانسانی آواز سے ادا کیا جاتا ہے ۔

Voice-pipe : (n) ربر کی نلکی جس کےذریعے پاس پاس کے کمروں میں یا جہاز پر ایك دوسرے سے گفتگو ہو سکے ۔

Voice qualifier : (n) بولنے کا طرز جس سے سماجی لگاؤ یا جذبات کا اظہار ہو ۔

Voice-tube : (n) دیکھو Voice-pipe

Voice vote : (n) پارلیمنٹ میں رائے طلب کرنا (کسی مسئلہ پر فیصلے کے لئے) ۔

Voicecast : (n) صوتی نشریہ ۔

Voiced : (a) (۱) ناطق؛ گویا ۔(۲) مخصوص قسم کی آواز والا ۔ (۳) جہری؛ وہ حرف جو پوری آواز سے ادا ہو ۔

Voiceful : (a) (۱) ناطق؛ باآواز؛ گویا ۔ (۲) مظہر؛ دلالت کرنے والا ۔ (۳) آواز سے متعلق؛ صوتی ۔ (٤) بلند آواز کا ۔

Voicefulness : (n) ناطق ہونا؛ مظہر ہونا؛ صوتی ہونا ۔

Voiceless : (a) (۱) بے آواز؛ بے زبان ۔ (۲) گم صُم؛ سکتے میں؛ سناٹے میں ۔ (۳) غیرمسموع؛ (حرف) جو محض سانس سے ادا کیا جائے ۔ (٤) ناگفتہ؛ بن کہا ۔

Voicelessly : (adv.) (۱) بے آواز کے؛ بےزبانی سے ۔ (۲) سکتے میں ہو کر ۔ (۳) غیرمسموع طور پر ۔

Voicelessness : (n) (۱) بے آوازی؛ بے زبانی ۔ (۲) گم صُم ہونا؛ سکتے میں ہونا ۔ (۳) غیرمسموع ہونا (حرف کا) ۔

Voicer : (n) رانے دہندہ ۔

Void : (a) [OFr. 'voide'.] (۱) خالی ۔ (۲) خالی (عہدہ) ۔ (۳) (قانون) کالعدم ؛ باطل ؛ قانوناً بے اثر ۔ (٤) بے کار؛ بے فائدہ؛ لاحاصل ۔ (٥) عاری ۔

Null and void : کالعدم؛ باطل؛ بے اثر ۔

Void : (n) (۱) خلا؛ خالی جگہ ۔ (۲) (تعمیرات) کھڑکی وغیرہ کے لئے چھوڑی ہوئی جگہ (دیوار میں)؛ خالی جگہ ۔ (۳) (مجازاً) خواہش یا احساس جس کی تسکین نہ ہوئی ہو ۔ (٤) ریکارڈ کی خالی جگہ ۔ (٥) وہ مدت جس میں مکان، فارم وغیرہ خالی ہو ۔ (٦) کمی؛ فقدان ۔ (۷) (تاش میں) ہاتھ میں رنگ کے کسی خاص پتے کی کمی ۔

The void : خلا ۔

To fill the void : (دیوار وغیرہ میں) خالی جگہوں کو بھرنا ۔

Void : (v) [OFr. 'Voider'.] (۱) باطل یا کالعدم قرار دینا ۔ (۲) (فضلہ) خارج کرنا؛ نکالنا ۔ (۳) (قدیم) چھوڑنا؛ خالی کرنا ۔ (٤) چھٹکارا دینا؛ نجات دینا؛ دور کرنا (کسی صفت یا حالت کو) ۔ (٥) قے کرنا؛ (معدہ) خالی کرنا ۔ (٦) پیشاب کرنا ۔

Void of : (a) (کسی چیز سے) خالی ۔

Void-solid ratio : (n) کھڑکیوں اور دروازوں کو چھوڑ کر دیواروں کی مجموعی سطح کا تناسب ۔

Voidability : (n) کالعدم یا باطل قرار دیا جانا ۔

Voidable : (a) جو کالعدم یا باطل قرار دیا جاسکے ۔

Voidableness : (n) دیکھو Voidability

Voidance : (n) [OFr.] (۱) (کلیسا) (پادری کا) اخراج ؛برطرفی (عہدے سے) ۔ (۲) منسوخی؛ تنسیخ ۔ (۳) خالی ہونا (پادری کے عہدے کا)؛ خالی جگہ ۔ (٤) خارج کرنا یا کیا جانا ۔

Voided : (a) (۱) جس کا کوئی حصہ کٹا ہوا ہو اور وہ جگہ خالی ہو؛ خالی ۔ (۲) (نقابت) بیچ میں کٹا ہوا (مارکہ) ۔ (۳) کالعدم کیا ہوا؛ خارج کیا ہوا ۔

Voidee : (n) [AFr. 'voide (e)'.] مٹھائی وغیرہ کے ساتھ پیش کی ہوئی شراب جو کھانے کے بعد یا رخصت سے قبل پیش کی جاتی ہے ۔

Voider : (n) (۱) وہ ظرف جس میں کوئی چیز خالی کی جاتی ہے ۔ (۲) (قدیم) طشت وغیرہ جس میں کھانے کے برتن، کھانے کا بچا کھچا ٹکڑا وغیرہ جمع کیا جاتا تھا ۔ (۳) گندے کپڑے رکھنے کی ٹوکری؛ ٹوکری ۔ (٤) (نقابت) ایک مارکے کا نام ۔

Voiding : (n) فضلہ؛ گوبر؛ براز ۔

Voiding knife : (n) چھری جس سے دسترخوان پر کی بچی کھچی چیزیں سمیٹی جاتی ہیں ۔

Voidly : (adv.) بے اثر طریقے سے ۔

Voidness : (n) (۱) خالی ہونا؛ خلا ۔ (۲) باطل یا بےاثر ہونا ۔

Voile : (n) [Fr.] وائل؛ ایک قسم کا نیم شفاف سوتی، اونی یا ریشمی کپڑا ۔

Voilier : [Fr.] سیل مچھلی؛ بادبانی مچھلی ۔

Voir dire : (n) [Fr.] کسی گواہ یا شخص (جس کو جیوری مقرر کیا گیا ہو) کو دیا گیا حلف تاکہ وہ سوالات کا صحیح جواب دے یہ دیکھنے کے لئے کہ وہ شہادت دینے یا جیوری کا فرض ادا کرنے کا اہل ہے یا نہیں ۔

Voiture : (n) [Fr.] گاڑی؛ سواری ۔

Voiturette : (n) [Fr.] ایک قسم کی ہلکی موٹرگاڑی ۔

Voiturier : (n) [Fr.] کوچوان؛ گاڑی بان ۔

Voiturin : (n) [Fr.] دیکھو Voiturier

Voivode : (n) [earlier Magyar 'vojvoda'.] دیکھو Vaivode

Vol : (n) [Fr.] (نقابت) دو جُٹے ہوئے پنکھے۔

Vol : (n) Volume کا مخفف۔

Vol-au-vent : (n) [Fr.] (فرانسیسی) ایک قسم کی پائی جسے آٹےمیں گوشت، مسالا یا پھل وغیرہ بھرکر پکاتے ہیں اور پپڑی جما لیتے ہیں۔

Vola : (n) [L.] ہتھیلی یا تلوا؛ کفِ دست یا کفِ پا۔

Volador : (n) [Sp.] اڑن مچھلی۔

Voladora : (n) [Sp.] جنوبی امریکاکی بعض قسم کی چھوٹی چھوٹی مچھلیاں۔

Volage : (a) [Fr.] لاابالی؛ من موجی؛ بے وقوف؛ تغیر پذیر؛ ناپائدار۔

Volant : (n) [Fr.] (۱) (حیوانیات) پرندہ؛ طاقت پرواز رکھنےوالا؛ اڑنے والا طائر ؛ طیار؛ پرواز کنندہ۔ (۲) (نقابت) اڑتا ہوا۔ (۳) تیز؛ تیزی سے حرکت کرنے والا۔ (٤) (مجازاً) تیز فہم؛ رسا۔

Volant : (n) جھالر؛ چین؛ سنجاف۔

Volant piece : (n) قرونِ وُسطیٰ کے زرہ کا وہ حصہ جس سے گلے کی حفاظت ہوتی تھی۔

Volante : [Sp.] دو پہیوں والی ایک قسم کی گھوڑا گاڑی۔

Volante : (adv.) [It.] کسی قدر تیزی کے ساتھ۔

Volapie : (n) [Sp.] سانڈ کو مارنے کا ایک طریقہ جس میں ثورافگن سامنے سے جاکر دونوں سینگوں کے درمیان سے پٹھے کے درمیان میں پھل کو پیوست کر دیتا ہے۔

Volapuk : (n) وولاپوکی زبان؛ ایک ایجاد کی ہوئی بین الاقوامی زبان جس کو سنہ ۱۸۷۹ء میں سلائر (J. M Schleger) نے ایجاد کیا تھا۔

Volar : (a) [L. 'vola'.] (تشریح) ہتھیلی یا تلوے کا؛ کفِ پا یا کفِ دست کا۔

Volar : (a) [L.'volare'.] پرواز سے متعلق؛ پرواز میں استعمال ہونے والا۔

Volatile : (n) [Fr. 'volatil' or L. 'volatilis'.] (۱) طیار؛ بخارات بن کر اڑ جانے والا؛ پَراں ؛ طیران پذیر۔ (۲) (مجازاً) متلون ؛ سیماب وش ؛ شوخ۔ (۳) اڑنے والا۔ (٤) تغیر پذیر؛ نا پائدار۔ (٥) جلد مٹ جانے والی؛ عارضی؛ آنی جانی۔

Volatile : (n) (۱) پردار مخلوق؛ پرند؛ تتلی؛ مرغ۔(۲) پراں مادہ؛ طیران مادہ۔

Volatile alkali : (n) پراں الکلی؛ امونیا۔

Volatile oil : (n) پراں تیل۔

Volatile salt : (n) (۱) امونیم کاربونیٹ۔(۲) لخلخہ (نوشادری کاربونیٹ)۔

Volatileness : (n) (۱) طیران پذیری؛ طیاری؛ فوراً بخار بن کر اڑ جانے کی خاصیت؛ پَرّانی ۔ (۲) تلون؛ سیماب وشی؛ شوخی۔

Volatility : (n) دیکھو Volatileness

Volatilizable : (a) اڑا لے جانے کے قابل۔

Volatilization : (n) اڑا لے جانے کی قابلیت؛ تَبخُّر؛ طیران۔

Volatilize : (v) (۱) اڑانا؛ بخار بنانا۔(۲) اڑ جانا؛ بخار بن جانا۔

Volborthite : (n) (۱) ایک معدنی شےجس میں کیلسیم، بیرم اورتانبے کا وانڈیٹ (Vanadate) شامل ہوتاھے۔ (۲) ایک روسی سائنسداں کا نام۔

Volcanic : (a) [Fr. 'volcanique'.] آتش فشاں؛ آتش فشاں کا یا اس کی طرح کا یا اس سے نکلا ہوا؛ برکانی۔

Volcanic : (n) برکانی چٹان۔

Volcanic ash : (n) رماد برکانی؛ آتش فشانی راکھ۔

Volcanic bomb : (n) برکانی بم۔

Volcanic cloud : (n) برکانی بادل۔

Volcanic dust : (n) خاک برکان؛ آتش فشانی گرد۔

Volcanic glass : (n) برکانی شیشہ ؛ شیشہ نما آتش فشانی مادہ۔

Volcanic mud : (n) آتش فشاں کیچڑ ۔

Volcanic neck : (n) برکانی گردن؛ برکانی کڑاڑا ۔

Volcanic rock : (n) برکانی چٹان ۔

Volcanic wind : (n) برکانی ہوا؛ آتش فشانی ہوا جو کوہ آتش فشاں کے پھٹنے کے بعد چلنے لگتی ہے ۔

Volcanically : (adv.) آتش فشاں کے طور پر ۔

Volcanicity : (n) [Fr. 'volcanicite'.] آتش فشانی؛ برکانیت؛ آتش فشاں ہونا یا اس کی طرح ہونا ۔

Volcanism : (n) [Fr. 'volcanisme'.] (۱) آتش فشانی ؛ برکانی بھڑکاؤ ۔ (۲) اسباب آتش فشانی؛ آتش فشانی قوتیں؛ پلوطانیت ۔

Volcanist : (n) (۱) عالم ماہیت آتش فشاں؛ برکانیات داں ؛ عالم برکانیات ۔ (۲) (ارضیات) پلوطانی ۔

Volcanize : (v) آتش فشانی گرمی سے متاثر کرنا ۔

Volcano : (n) [It.] (۱) کوہ آتش فشاں؛ جوالامکھی پہاڑ؛ برکان ۔ (۲) (مجازاً) دبا ہوا جذبہ یا شدید احساس ۔ (۳) آتش فشانی حالت (کسی چیز کی) ۔

Active volcano : بھڑکتا ہوا آتش فشاں ۔

Dormant volcano : دبا آتش فشاں؛ برکان ساکن ۔

Extinct volcano : بجھا آتش فشاں؛ جس کا مادہ ختم ہو گیا ہو ۔

Submarine volcano : تہ آب آتش فشاں ؛ برکان آبدوز ۔

Volcanologic/-al : (a) برکانیاتی؛ ماہیت آتش فشاں سے متعلق ۔

Volcanologist : (n) برکانیات داں؛ عالم برکانیات ۔

Volcanology : (n) علم ماہیت آتش فشاں ؛ وہ علم جس میں آتش فشاں پہاڑوں کی ماہیت پر بحث ہوتی ہے؛ برکانیات ۔

Vole : (n) [Fr.] (تاش کے کھیل میں) تمام پتوں کی جیت ؛ پوری بازی کی جیت ۔

To go the vole : کسی بڑے نفع کی امید میں تمام خطرے مول لینا، ہر حکمت لگانا ۔

To win the vole : سب پتے جیت لینا ۔

Vole : (v) سب پتے جیت لینا؛ خلال دینا ۔

Vole : (n) [Orig. 'Vole-mouse'.] جنگلی چوہا ۔

Volemic : (a) دوران خون یا پانچا کی کل مقدار سے متعلق ۔

Volet : (n) [Fr.] سہ تختہ تصویر کا ایک تختہ ۔

Volgograd : (n) [Russ.] اسٹالن گراڈ ۔

Volitant : (a) [L. 'Volitans'.] اڑنے والا؛ قوت پرواز رکھنےوالا؛ طائر؛ پرندہ؛ اِدھر اُدھر پھرتے رہنے والا ۔

Volitate : (v) [L. 'Volitare'.] پھڑپھڑاتے ہوئے اڑنا؛ پرفشانی کے ساتھ اُڑنا ۔

Volitation : (n) پرواز؛ طاقتِ پرواز؛ طیاریت ۔

Volitational : (a) پرواز یا طاقتِ پرواز سے متعلق ۔

Volition : (n) [Fr., or med. L.'Volitio'.] (۱) ارادہ ۔ (۲) قوتِ ارادی کااستعمال؛ قوتِ ارادی کا عمل؛ ارادیٰ عمل ۔ (۳) قوتِ ارادی؛ ارادیت ۔

Volitional : (a) ارادی ۔

Volitionally : (adv.) ارادی طور پر ۔

Volitionless : (a) (۱) بےارادہ؛ قوتِ ارادی کی کمی یا فقدان؛ غیرارادی ۔ (۲) قوتِ ارادی سے محروم؛ بےارادہ (شخص)۔

Volitive : (a) ارادی ۔

Volitive : (n) فعلِ تمنائی ۔

Volitorial : (a) [mod. L. 'Volitores'+- ial.] پرواز سے متعلق؛ قوتِ پرواز رکھنے والا ۔

Volkslied : (n) [G.] عوامی گیت؛ عوام کے گیت؛ لوک گیت ۔

Volksraad : (a) [Du. 'Volk'+'read'.] فوکس راٹ؛ جنوبی افریقہ کی ٹرانسوال (Transvaal) اور آورینج فری اسٹیٹ (Orange Free State) کی مجلس وضع قوانین ۔

Volley : (n) [Fr.'Volee'.] (۱) توپوں،بندوقوں وغیرہ کی باڑ۔ (۲) (مجازاً) بوچھار (گالیوں وغیرہ کی)۔ (۳) (ٹینس) والی؛ والی مارنا؛ گیند کے زمین پر گرنے سے پہلے اسے واپس کرنا۔ (٤) (شعر میں) طوفان؛ بادوباراں۔ (٥) مختصر جواب جو عبادت میں سبھی مل کر دیں (مثلاً آمین کہنا)۔

At the volley/On the volley : (۱) انکل پچو؛ بے سوچے سمجھے؛ سرسری طور پر؛ ضمنی طور پر۔ (۲) والی میں۔

Volley : (v) (۱) بوچھار کرنا۔ (۲) باڑ مارنا؛ باڑچلانا (توپوں وغیرہ کی)۔ (۳) (کرکٹ) والی پھینکنا؛ گیند اس طرح پھینکنا کہ ٹھیک وکٹ کی چوٹی پر گرے۔ (٤) (ٹینس) گیند کے زمین پر گرنے سے پہلے ہٹ کرنا۔ (٥) باڑ چلنا؛ ساتھ ساتھ چلنا (بندوقوں کا)۔ (٦) مستقل اونچی آواز نکالنا۔

Volley-ball : (n) والی بال؛ ایک کھیل جو ساٹھ فٹ لمبے اور تیس فٹ چوڑے میدان میں بارہ کھلاڑیوں کے ساتھ کھیلا جاتا ہے، دونوں طرف چھ چھ کھلاڑی ہوتے ہیں جو آٹھ فٹ اونچی جالی کے اوپر سے گیند ہاتھ سے مار کر ادھر اُدھر مارتے ہیں۔

Volley fire : (n) باڑ؛ باڑھ؛ بوچھار۔

Volley-gun : (n) باڑ توپ؛ کلدار توپ جس سے بہت سے گولے ایک ساتھ پھینکے جاتے ہیں۔

Volleyed : (a) (۱) بوچھار کیا ہوا؛ جلد جلد ادا کیا ہوا۔ (۲) (بجلی، گرج وغیرہ) بوچھار کی طرح گرنے والی، ہونے والی۔ (۳) باڑ چلایا ہوا۔

Volleyer : (n) (ٹینس) گیند کو زمین پر گرنے سے پہلے مارنے والا۔

Volplane : (n) [Fr.] (طیارہ یا ہوائی جہاز)انجن بند کر کے اترنے والا طیارہ؛ جھوکے سے اترنے والا ہوائی جہاز؛ جھوکا۔

Volplane : (v) (۱) (طیارے کا) انجن بند کر کے اترنا۔ (۲) سبک رفتاری سے پرواز کرنا۔

Volscian : (n) [L.'Volsci'.] مشرقی لیٹیم (Latium) کی ایک قدیم جنگجو قوم یا ان کی زبان۔

Volscian : (a) مشرقی لیٹیم کی قدیم جنگجو قوم سے متعلق۔

Volt : (n) [f. the name of Volta.] وولٹ؛ حرکت برقی کی قوت کی اکائی۔

Volt : (n) [Fr. 'Volter'.] (شمشیرزنی) بچنا؛ جسم کو پھرتی سے حرکت دے کر حریف کا وار خالی دینا۔

Volt : (n) (۱) (گھوڑے کا) کاوا۔ (۲) جسم کو پھرتی سے حرکت دے کر حریف کا وار خالی دینا۔

Volt-ammeter : (n) وولٹ امپیئر پیما۔

Volt-ampere : (n) وولٹ امپیئر؛ واٹ۔

Volta : (n) [It.] دیکھو Lavolta

Volta -: جزوترکیبی بمعنی "وولٹائی"۔

Volta effect : (n) (برقیات) وولٹا اثر۔

Volta-electric : (n) کیمیا برقی۔

Volta-electrometer : (n) کیمیا روپیما۔

Voltage : (n) وولٹ کی تعداد؛ برقی حرکت کی قوت کی مقدار جو وولٹ میں ظاہر کی جائے؛ وولتاژ۔

Voltaic : (a) (۱) کیمیائی برق کا؛ وولٹائی؛ کیمیا برقی؛ کیمیائی برق سے متعلق۔ (۲) اٹلی کے سائنسداں کا نام۔

Voltaic battery : (n) کیمیائی برقی بیٹری۔

Voltaic brass : (n) برقی عمل سے جمع ہو جانے والا پیتل۔

Voltaic pile : (n) برقی انبار۔

Voltaically : (adv.) کیمیائی برق کے ذریعے۔

Voltairean/Voltairian : (n) [f. the later name, de Voltaire of the French author Francois Marie Arouet.] فرانسیسی فلسفی والٹیئر کا پیرو۔

Voltairean/Voltairian : (a) والٹیئر سے متعلق؛ والٹیئر کا؛ والٹیئر جیسے عقیدے رکھنے والا یا اظہار کرنے والا۔

Voltairianism/Voltairism : (n) والٹیئر کے اصول؛ مذہبی تشکیک۔

Voltaism : (n) کیمیاوی برق؛ علم کیمیا برق ۔

Voltaite : (n) [f. Alessandro Volta, an Italian physicist.] ایک معدنی شے جس میں لوھے اور پوٹا شیم کا سلفیٹ شامل رہتا ھے ۔

Voltameter : (n) کیمیائی برق پیما؛ وولٹا پیما ۔

Volte/Volt : (n) [Fr.] (شمشیر زنی میں) بچنا؛ جسم کو پھرتی سے حرکت دے کر حریف کا وار خالی دینا ۔

Volte-face : (n) [Fr.] (۱) پلٹنا؛ گھوم کر دوسری طرف رخ کرلینا ۔ (۲) (مجازاً) پلٹا؛ بحث؛ سیاسی طرزِ عمل وغیرہ کا رخ دفعتاً بدلنا ۔

Volte-face : (v) دفعتاً گھوم کر دوسری طرف رخ کرلینا ۔

Voltigeur : (n) [Fr.] قدیم فرانس کی پیدل فوج کے اس دستے کا رکن جس کو چھوٹی سی بےقاعدہ لڑائی کےلئے رکھا جاتا تھا ۔

Voltinism : (n) (حشریات) انسالیت؛ تعداد جھول ۔

Voltmeter : (n) وولٹ پیما ۔

Volto : (n) [It.] دیکھو Vault

Voltolize : (v) (تیل وغیرہ پر) برقی اخراج کا اثر ڈالنا ۔

Voltzite : (n) [f.name of P.L.Voltz, French inspector of mines.] (معدنیات) جست کا خام آکسی سلفائیڈ ۔

Volubility : (n) (۱) (تقریر کی) اُمد؛ بےحد تیزی اور روانی ۔ (۲) طراری ؛ پر گوئی؛ باتونی پن ۔ (۳) پیچاں؛ ذوپیچ؛ گھومنے کی صلاحیت ۔

Voluble : (a) [Fr., or L. 'valubilis'.] (۱) نہایت تیز اور رواں؛ سرپٹ (تقریر)؛ فصیح ۔ (۲) طرار؛ سرپٹ تقریر کرنے والا؛ پرگو؛ باتونی (مقرر وغیرہ)؛ لسان ۔ (۳) گردش کرنے والا؛ گھومنے والا ۔ (٤) (نباتیات) پیچاں؛ کسی چیز کے گرد لپٹ جانے والی ۔

Volubleness : (n) دیکھو Volubility

Volubly : (adv.) (۱) بے حد تیزی اور روانی سے؛ سرپٹ رفتار سے ۔ (۲) طراری سے؛ پرگوئی سے ۔

Volume : (n) [late ME.'volym, volum(e)'.] (۱) جلد؛ کتاب کا ایک حصہ جس کی جلد الگ بندھی ھو ۔ (۲) کتاب؛ مجلد نسخہ ۔ (۳) (قدیم) مخطوطہ؛ پیپرس ؛ پیپرس کے لپٹے ھوئے اوراق ۔ (٤) (عموماً جمع) بگولہ (دھونیں، گرد وغیرہ کا) ۔ (٥) مقدار؛ حجم ؛ ضخامت ؛ جسامت ۔ (٦) (موسیقی) گونج کی حد (آواز کی)؛ آواز کی بلندی؛ آواز کا حجم ۔ (۷) (مجازاً) کتاب سےمشابہ کوئی چیز ۔ (۸) کنڈلی (سانپ کی) ۔ (۹) دریا کا پل ۔

The Christian volume : عہدنامۂ جدید ۔

The sacred volume : انجیل؛ بائبل ۔

To speak, tell, express volumes : بہت کافی شہادت ھونا؛ بہت بڑا ثبوت ھونا ۔

Volume : (v) (۱) کافی مقدار میں اُنڈیلنا ۔ (۲) بگولے اٹھنا ۔ (۳) جلدیں بنانا ۔

Volume : (a) بڑی مقدار میں ۔

Volume table : (n) جدول؛ حجم ۔

Volumed : (a) (۱) جلدوں میں تیار کیا ھوا؛ بہت بڑا ۔ (۲) بھاری مقدار میں اکٹھا کیا ھوا ۔ (۳) جلدوں والا ۔

Volumenometer : (n) حجم پیما؛ حجم ٹھوس پیما؛ ایک آلہ جس کے ذریعے کسی ٹھوس جسم کا حجم سیال شے کی اس مقدار کو ناپ کر معلوم کیا جاتا ھے جس کی جگہ وہ جسم لیتا ھے ۔

Volumenomentry : حجم پیمائی ۔

Volumeter : (n) گیس پیما؛ حجم گیس پیما؛ وہ آلہ جس سے گیس کاحجم معلوم کیا جاتا ھے ۔

Volumetric/-al : (a) (۱) حجم پیمایانہ؛ (گیس کی) پیمائش حجم سے متعلق ۔ (۲) گیس پیما کا ۔

Volumetric analysis : (n) حجمی تجزیہ ۔

Volumetrically : (adv.) (۱) گیس پیما کے ذریعے ۔ (۲) (گیس کی) پیمائش حجم کے ذریعے یا اس کے لحاظ سے ۔

Volumette : (n) چھوٹی جلد؛ چھوٹا حجم یا ضخامت ۔

Voluminal : (a) مقدار حجم یا ضخامت سے متعلق ۔

Voluminosity : (n) (۱) ضخامت؛ ضخیم ہونا؛ بڑے حجم کا ہونا؛ حجمیت ۔ (۲) وسعت؛ کثرت ۔ (۳) پیچاں ہونا؛ گرداں ہونا ۔ (٤) گردانی؛ چکر؛ پیچ ۔

Voluminous : (a) [late L. 'voluminosus'.] (۱) پیچ دار؛ چکر دار؛ کنڈلی دار ۔ (۲) کئی جلدوں کی ضخیم (کتاب) ۔ (۳) بہت سی کتابوں کا ؛ بہت لکھنے والا ؛ پُر نویس (مصنف) ۔ (٤) بڑے حجم کا ؛ بڑی جسامت کا؛ وافر ؛ کثیر ۔ (٥) ڈھیلا ڈھالا (لباس وغیرہ) ۔ (٦) وسیع ؛ جامع ۔ (۷) متعدد؛ لاتعداد ۔ (۸) باتونی؛ پُرگو ۔

Voluminously : (adv.) بہت سے زیادہ؛ بہت کثرت سے۔

Voluminousness : (n) دیکھو Voluminosity

Voluntariate : (n) [Fr. 'Volontariat'.] رضاکارانہ خدمت (خصوصاً فوجی) ۔

Voluntarily : (adv.) (۱) اختیاری یا ارادی طور پر؛ بالارادہ؛ بالقصد؛ بلا جبر؛ اپنی خوشی سے؛ اپنی مرضی سے ۔ (۲) رضاکارانہ طور پر ۔

Voluntariness : (n) ارادی ہونا؛ اختیاری ہونا؛ بالارادہ ہونا؛ ارادیت ۔

Voluntarism : (n) (۱) طریق رضاکاری؛ جس میں مذہب، تعلیم، فوجی خدمت وغیرہ سلطنت کے جبر پر نہیں بلکہ لوگوں کی ذاتی کوشش اور خواہش پر منحصر ہو ؛ رضاکاریت ۔ (۲) (فلسفہ) ارادیت ۔

Voluntarist : (n) طریق رضاکاری کا حامی ۔

Voluntary : (a) [ME. f. L. 'voluntarius'.] (۱) رضاکار؛ اپنی خوشی سے کام کرنے والا ۔ (۲) اختیاری؛ ارادی؛ بالارادہ؛ بلا جبر؛ اپنی مرضی کا؛ اپنی خوشی کا؛ طوعی ۔ (۳) رضاکارانہ؛ جسے لوگ اپنی خوشی سے قائم کریں یا چلائیں ۔ (٤) بالقصد؛ جو خاص کر کیا جائے؛ عمدی؛ قصدی ۔ (٥) ارادی، (عضلہ یا عضو وغیرہ) جسے انسان اپنے ارادے سے کام میں لاتا ہے ۔ (٦) بے ساختہ؛ بلاآورد؛ بےتکلف ۔ (۷) (شرائط) اختیاری؛ آزادانہ ۔

Voluntary : (n) (۱) (موسیقی) افتتاحی نغمہ یا سُر ملاپ جو اپنی مرضی سے گایا جائے ۔ (۲) آرگن باجے کا ایک نغمہ ۔ (۳) فی البدیہہ تحریر یا تصنیف ۔ (٤) گھڑ سوار کا گھوڑے سے بلا وجہ الگ ہو جانا یا گر جانا ۔ (٥) ارادی امتحان ۔ (٦) رضاکار ۔ (۷) اس عقیدے کا حامی کہ کلیسا یا تعلیمی ادارے کو رضا کارانہ طور پر چلایا جانا چاہیئے ۔

Voluntary action : (n) ارادی فعل؛ اختیاری فعل ۔

Voluntary affidavit : (n) (۱) حلف جس کی قانوناً ضرورت نہ ہو ۔ (۲) حلف جو اس شخص نے لیا ہو جو اس کا مجاز نہ ہو ۔

Voluntary association : (n) ثجارتی شرکت جو کارپوریشن کی شکل میں منظم نہ ہو ۔

Voluntary bankruptcy : (n) دیوالیہ پن جس کا اعلان خود دیوالیہ نے کیا ہو ۔

Voluntary confession : (n) بلا جبر اعتراف؛ رضاکارانہ اعتراف ۔

Voluntary conveyance : (n) ہبہ؛ انتقال جائداد (بغیر کسی معاوضے کے یا بلا معاوضہ) ۔

Voluntary escape : (n) جیل کے قیدی کا محافظ کی مرضی سے فرار ہو جانا ۔

Voluntary grantee : (n) موہوب الیہ؛ جس کےنام جائداد ہبہ کی جائے ۔

Voluntary hospital : (n) (۱) اسپتال جو رضاکارانہ طور پر چلایا جائے ۔ (۲) اسپتال جسے کسی فرد یا مجموعۂ افراد کے ذریعے چلایا جائے ۔

Voluntary manslaughter : (n) قتل (غصے کی حالت میں) ۔

Voluntary muscle : (n) ارادی عضلہ ۔

Voluntary partition : (n) تقسیم بہ رضامندی باہمی ۔

Voluntary waste : (n) بالقصد نقصان جو لگاندار جائداد کو پہنچاتا ہے ۔

Voluntaryism : (n) طریق رضاکاری؛ جس میں مذہب، تعلیم، فوجی خدمت وغیرہ لوگوں کی ذاتی کوشش اور خواہش پر منحصر ہو؛ رضاکاریت ۔

Voluntaryist : (n) طریق رضاکاری کا حامی؛ معتقدرضاکاری ۔

Voluntative : (a) [L. 'Voluntas'.] (۱) (عبرانی قواعد) (فعل) تمنائی ۔ (۲) ارادی؛ قصدی ۔

Voluntative : (n) فعل تمنائی ۔

Volunteer : (n) [Fr. 'voluntaire'.] (۱) رضاکار؛ والنٹیئر؛ جو فوجی خدمت یا اور کوئی کام اپنی خوشی سےانجام دے ۔(۲) (قانون) موھوب الیہ ۔ (۳) خود بخود اگنے والا پودا؛ خود رو پودا ۔

Volunteer : (a) (۱) رضاکار؛ رضاکارانہ ۔(۲) رضاکار سے متعلق ۔(۳) خود بخود اُگنے والا؛ خودرو ۔

Volunteer : (v) (۱) خود بخود اپنی خوشی سےپیش کرنا یا بیان کرنا ۔ (۲) رضاکار بننا؛ اپنی خدمات پیش کرنا ۔(۳) رضاکارانہ فوجی خدمت انجام دینا۔(٤) بلاوجہ گھوڑے سےگر پڑنا ۔(٥) اپنی مرضی سے اطلاع دینا ۔

Volunteering : (n) اپنی خدمات خود بخود پیش کرنا ۔

Voluptuary : (n) [L.'Voluptuarius'.] عیاش ؛ نفس پرست ؛ عشرت پسند ؛ عیش کا بندہ ؛ عیش پرست شخص۔

Voluptuary : (a) عیاش ؛ نفس پرست ؛ عشرت پسند؛ عیش پرست ۔

Voluptuate : (v) دیکھو Luxuriate

Voluptuous : (a) [Fr.'Voluptueux'.] (۱) عیاش ؛ عشرت پسند (شخص) ؛ کامی ۔ (۲) عیاشی کی؛ عیش وعشرت کی (زندگی) ۔ (۳) شہوت انگیز ؛ عشرت خیز ۔ (٤) پر شہوت ؛ خواہش نفس سے بھری ہوئی ۔(٥) عیش پسندانہ ۔

Voluptuously : (adv.) (۱) عیاشی میں ؛ عیش و عشرت میں ۔(۲) شہوت انگیز یا عشرت خیز طور پر؛ شہوت انگیزی سے ۔

Voluptuousness : (n) (۱) عیاشی؛ عشرت پسندی ۔(۲) شہوت انگیزی؛ عشرت خیزی ۔

Volute : (n) [Fr. or L. 'Voluta'.] (۱) (تعمیرات) مرغول؛ چکردار بیل جو آیونی، کارنتھی ستون کی خصوصیت ہے ۔ (۲) گھونگے کی قسم کا کیڑا؛ مرغولی کیڑا؛ کنڈل گھونگا؛ حلزون ۔ (۳) مرغولہ نما چیز؛ چکر ۔

Volute : (a) [L. 'Volutus'.] پیچاں ؛ لہریا ۔

Volute spring : (n) مرغولی کمانی ۔

Voluted : (a) (۱) مرغولہ دار ۔(۲) مرغول دار ۔

Volution : (n) (۱) پیچ؛ چکر ۔(۲) گھونگے کے چکر؛ کنڈل ؛ مرغولہ ۔ (۳) (تشریح) لف، دماغ وغیرہ کی ایک لپیٹ یا بل؛ تلفیف ۔(٤) (نباتیات) پیچ ۔

Volutoid : (a) مرغول نما؛ حلزون نما ۔

Volutoid : (n) کنڈل کیڑا؛ مرغول نما کیڑا ۔

Volva (n) [L. 'volvere'.] (نباتیات) والوا؛ برقعہ؛ وہ جھلی جو بعض سماروغ کی انتہائی حالت میں اس کے گرد لپٹی رہتی ہے ۔

Volvate : (a) (نباتیات) برقعہ دار ۔

Volvox : (n) [mod. L.] (نباتیات) دریائی نبات کی ایک جنس ۔

Volvulus : (n) [L.] (مرضیات) آنت کی مروڑ ۔

Vomer : (n) [L.] (۱) (تشریح) نتھنوں کے بیچ کی ہڈی؛ ناک کی درمیانی ہڈی ۔ (۲) (طیوریات) دُم ہڈی ۔ (۳) مچھلی کے منہ کے اوپر کی ہڈی جس میں بعض اوقات دانت بھی ہوتے ہیں ۔

Vomerine : (a) نتھنوں کے بیچ کی ہڈی سے متعلق؛ (دانت) جو منہ کے اوپر کی ہڈی میں ہوں ۔

Vomica : (n) [L.] (۱) وہ جگہ جہاں سے پانی نکلتا ہے ۔ (۲) (مرضیات) کھف ریوی؛ پھیپھڑے کاپھوڑا ۔

Vomit : (n) [OFr. 'vomite' or L.'vomitas'.] (۱) قے کرنا؛ قے؛ الٹی ۔(۲) قے میں خارج شدہ مادہ ۔(۳) قے آور دوا ۔(٤) نفرت انگیز شخص یا چیز ۔

Black vomit : سیاہ رنگ کی قے جو زرد بخار میں ہوتی ہے ۔

Vomit : (v) (۱) قے کرنا؛ الٹی کرنا؛ استفراغ کرنا ۔(۲) قے کے ذریعے خارج کرنا ۔ (۳) زور یا شدت کے ساتھ خارج کرنا یا ہونا؛ اگلنا ۔(٤) قے لانا ۔ (٥) (مجازاً) نفرت کے ساتھ نکالنا، کہنا؛ خوب گالیاں دینا ۔

Vomiter : (n) قے کرنے والا ۔

Vomiting : (n) قے؛ الٹی؛ استفراغ ۔

Vomiting centre : (n) دماغ کا وہ حصہ جس کا تعلق قے سے ہوتا ہے ۔

Vomition : (n) قے کرنا ۔

Vomito : (n) [Sp.] زرد بخار؛ برقانی بخار ۔

Vomitorium : (n) [late L.'vomitoria'.] قدیم تھیٹر کا وہ راستہ جو نشست تک جاتا تھا ۔

Vomitory : (n) (۱) (قدیم روما) رومی گول تماشاگاہ میں آمد و رفت کے متعدد راستوں میں سے ایک راستہ؛ بردر ۔ (۲) وہ راستہ جس سے کوئی چیز خارج کی جاتی ہے ۔

Vomitory : (a) [L. 'vomitorius'.] (۱) قے کا؛ قے سے متعلق ۔ (۲) قے آور ۔

Vomitous : (a) قے آور ۔

Vomiturition : (n) ابکائی؛ قے کرنے کی ناکام کوشش ۔

Vomitus : (n) [L.] قے میں خارج شدہ مادہ ۔

Voodoo: (n) [Dahomey, 'vodu'.] (۱) سفلی جادو، جو جزائر غرب الہند اور امریکا کے حبشیوں، کرے اول قوم وغیرہ میں رائج ہے ۔ (۲) سفلی جادوگر ۔

Voodoo : (v) سفلی جادو کرنا ۔

Voodooism : (n) سفلی جادو کا عقیدہ ؛ سفلی جادو کا عمل ۔

Voodooist : (n) سفلی جادو کا قائل؛ سفلی جادوگر ۔

Voorlooper : (n) [Du. 'voor'+'loopen'.] (جنوبی افریقہ) وہ لڑکا جو بیلوں کی سب سے آگے والی جوڑی کے ساتھ ان کی رہنمائی کے لئے چلتا ہے ۔

Voortrekker : (n) [Du.] (جنوبی افریقہ) ولندیزی تارک وطن (ٹرانسوال میں) ۔

-vora : لاحقہ بمعنی "کھانے والا" ۔

Voracious : (a) [L.'vorare'.] (۱) پیٹو؛ مربھکا؛ ندیدہ ۔ (۲) شدید ندیدوں کی سی (حالت) ۔ (۳) بھوک مارا؛ بے حد بھوکا ۔ (٤) (مجازاً) کبھی سیر نہ ہونے والا؛ بے حد حریص؛ غیر تسکین پذیر ۔

Voraciously : (adv.) (۱) ندیدوں کی طرح؛ پیٹو کی طرح؛ مربھکوں کی طرح ۔ (۲) شدت سے ۔ (۳) بے حد حرص سے ۔

Voraciousness : (n) (۱) مربھکاپن؛ پیٹوپن؛ ندیدہ پن ۔ (۲) بے حد حرص ۔

Voracity (n) [Fr. 'Voracite', or L. 'Voracitas'.] دیکھو Voraciousness

Vorant : (a) [L. 'Vorans'.] (نقابت) (جانور) (کسی چیز کو) بڑپتا ہوا؛ نگلتا ہوا ۔

-vorous : (suffix) لاحقہ بمعنی "کھانے والا" ۔

Vortex : (n) [L.] (۱) یہ عقیدہ کہ کائنات دائروں میں پھیلتی ہے ۔ (۲) چکر ؛ بھنور ؛ ورطہ ؛ گرداب ۔ (۳) (طبیعیات) دوار؛ کسی جوہر سیال شے وغیرہ کا وہ حصہ جس کے اجزاء گردش میں رہتے ہیں ۔ (٤) گردش ؛ چکر ۔ (٥) چکر کھانے والی چیز ۔ (٦) (مجازاً) کوئی مشغلہ یا تحریک یا ارادہ جو انسان کی ساری توجہ کو جذب کرلے اور وہ اس میں غرق ہو کر رہ جائے؛ چکر ؛ گرداب ۔ (۷) گردباد ۔ (۸) (حیاتیات) مرغول ۔

Vortex turbine : (n) چرخاب جس میں پانی مماس کے رخ پر داخل ہوتاہے اور مرکز تک پہنچایا جاتا ہے ۔

Vortex wheel : (n) دیکھو Vortex-turbine

Vortical : (a) (۱) چکر دار؛ حلقوی؛ دواری ۔ (۲) گردابی ۔

Vortically : (adv.) چکر کی شکل میں؛ گرداب کی طرح ۔

Vorticella : (n) [mod. L. 'vortex'.] (حیوانیات) حوین جرس نما؛ گھنٹی کی شکل کے خردبینی کیڑے جو ساکن پانی میں پائے جاتے ہیں ؛ جرسی حوینات ۔

Vorticellid : (n) جرسی حوین ۔

Vorticism : (n) (۱) دواریت؛ یہ عقیدہ کہ کائنات میں حرکت دائروں میں پھیلتی ہے ۔ (۲) (مصوری) دائروں کا بکثرت استعمال ۔

Vorticist : (n) (۱) معتقد دواریت؛ وہ شخص جو یہ عقیدہ رکھتا ہے کہ کائنات میں حرکت دائروں میں پھیلتی ہے ۔ (۲) جدید آرٹ کا وہ اسکول جو دائروں کا بکثرت استعمال کرتا ہے ۔

Vorticose : (a) [L. 'Vorticosus'.] (۱) گردابی؛ حلقوی؛ دواری؛ چکردار ۔ (۲) دوارہ دار؛ ورطہ سے مشابہ ۔

Vorticosely : (adv.) دواری طور پر ۔

Vorticular : (a) (۱) چکر کا؛ چکر کی شکل کا ۔ (۲) چکر کھاتا هوا؛ دوار ۔

Vortiginous : (a) (۱) چکر کھاتا هوا؛ گردش کناں؛ دوار ۔ (۲) گرداب دار؛ گردابی ۔

Votable : (a) (۱) جو ووٹ دے سکتا هو ۔ (۲) قابل ووٹ؛ جن پر ووٹ لیا جاسکے؛ تصویبی ۔

Votal : (a) [L. 'votum'.] (۱) قسم کی طرح کا ۔ (۲) منت کا؛ نذر کا ۔

Votaress : (n) پرستار عورت ۔

Votarist : (n) (۱) پرستار؛ وقف پرستش؛ بھگت ؛ عابد ۔ (۲) پُر جوش پیرو؛ زبردست حامی؛ مرید مخلص؛ جاں نثار ۔

Votary : (n) [L.'vovere'+aey.] (۱) پرستار؛ وقف پرستش؛ بھگت ؛ راہبہ ؛ راہب ۔ (۲) پارسا؛ عبادت گزار؛ خدا پرست ۔ (۳) پُر جوش پیرو؛ زبردست حامی ۔

Votation : (n) ووٹ لینا؛ ووٹ دینا؛ استصواب ۔

Vote : (n) [L. 'votum'.] (۱) رائے؛ ووٹ ۔ (۲) تجویز یا فیصلہ (ووٹ کے ذریعے سے) ؛ ووٹ ۔ (۳) کسی پارٹی کے مجموعی ووٹ ۔ (٤) حق رائے دہی؛ ووٹ کا حق ۔ (٥) عبادت ۔ (٦) شدید خواہش؛ پُرجوش خواہش؛ زبردست خواہش ۔ (۷) تجویز وغیرہ جس پر ووٹ لیا جائے ۔ (۸) ووٹ کی پرچی ۔

Casting vote : دیکھو Casting

To give (record) a vote : رائے دینا؛ ووٹ دینا ۔

To go to the vote : رائے کے لئے پیش ہونا؛ ووٹ کے لئے پیش ہونا ۔

To put to vote : رائے کے لئے پیش کرنا؛ ووٹ کے لئے پیش کرنا ۔

To take a vote : رائے معلوم کرنا ؛ ووٹ لینا ۔

Vote : (v) (۱) رائے دینا؛ ووٹ دینا (کسی چیز یا شخص کی مخالفت یا موافقت میں) ۔ (۲) منظور کرنا؛ تجویز کرنا (کثرت رائے یا اتفاق رائے سے) ۔ (۳) (بول چال) بالاتفاق قرار دینا ۔ (٤) (بول چال) تجویز کرنا ۔

Vote down : (v) نامنظور کرنا؛ مسترد کردینا (کثرت رائے یا اتفاق رائے سے) ۔

Vote in : (v) ووٹ دے کر منتخب کرنا۔

Vote office : (n) وہ دفتر جہاں سے پارلیمانی مسودہ قانون پارلیمنٹ کے اراکین کو دیا جاتا ہے ۔

Voteen : (n) پارسا؛ عبادت گزار؛ بھگت ۔

Votless : (a) بے ووٹ؛ حق رائے دہی سے محروم ۔

Voter : (n) رائے دہندہ؛ ووٹر ۔

Voting : (n) رائے دینا؛ رائے شماری؛ رائے دہی ۔

Voting : (a) (۱) استصواب رائے سے متعلق ۔ (۲) ووٹ دینے کا مجاز بنانے والا ۔

Voting paper : (n) (۱) رائےکا پرچہ ۔ (۲) دیکھو Ballot paper ۔

Votive : (a) [L.'votivus'.] (۱) منت کا؛ نذر کا؛ جو منت کے پورے ہونے پر کیا جائے یا چڑھایا جائے ؛ نذری ۔ (۲) خوابشی؛ تمنائی؛ عہد کا یا اس سے متعلق ۔

Votive mass : (n) مخصوص عشائےربانی جو پادری کی ذاتی خواہش پر پیش کیا جائے ۔

Votive offering : (n) نذر و نیاز ۔

Votively : (adv.) منت کے طور پر؛ نذر کے طور پر ۔

Votress : (n) پرستار عورت ۔

Vouch : (n) دعوی؛ الزام یا اعلان؛ تصدیق ۔

Vouch : (v) [OFr. 'vocher'.] (۱) (عدالت میں) طلب کرنا ۔ (۲) گواہی کے لئے بلانا؛ شہادت کے لئے طلب کرنا ۔ (۳) سند یا جواز پیش کرنا ۔ (٤) دعوی کرنا؛ ادعا کرنا؛ بطور حجت پیش کرنا؛ دلیل لانا ۔ (٥) تصدیق کرنا؛ وثوق سے کہنا ۔ (٦) ذمہ دار ہونا؛ ضامن ہونا ۔

To vouch to warrant/-warranty : (حق ملکیت کی) تصدیق کرنے کے لئے عدالت میں طلب کرنا ۔

Vouchee : (n) (۱) (قانون) وہ شخص جسے حق ملکیت کی تصدیق کےلئےعدالت میں بلایاجائے ۔ (۲) شاہد؛ ضامن ۔

Common vouchee : عدالت کا وہ عہدہ دار جو منادی کرتا ہے یا عام اعلانات کرتا ہے ۔

Voucher : (n) [AFr.] (۱) (قانون) حق ملکیت کی تصدیق کے لئے عدالت میں طلب کرنا ۔ (۲) (مجازاً) شہادت؛ گواہی ۔ (۳) ضمانت ۔ (٤) واؤچر؛ تصدیق ادائی؛ رسید ۔ (٥) بیجک؛ فردحساب ۔ (٦) تحریری تصدیق یا اقرار ۔

Voucher : (n) شاہد؛ ضامن ۔

Voucher : (v) (۱) تصدیق کرنا؛ توثیق کرنا ۔ (۲) واؤچر بنانا ۔

Voucher register : (n) رجسٹر جس میں واؤچروں کا اندراج کیا جاتا ہے ۔

Voucher over : (v) عدالت میں حق ملکیت کی تصدیق کےلئے اپنی جگہ کسی دوسرے شخص کو پیش کرنا ۔

Vouchsafe : (v) (۱) عنایت کرنا؛ عطاکرنا ۔ (۲) ازراہ عنایت (کوئی کام) کرنا ۔

Vouchsafement : (n) (۱) عنایت؛ کرم ۔ (۲) عنایت کرنا؛ عطا کرنا ۔

Voudou : دیکھو Voodoo

Vouge : (n) [med. L. 'vidulium'.] قرون وسطیٰ کا لمبے دستے والا نیزہ ۔

Voussoir : (n) [OFr.] پچر کی شکل کا پتھر جو محراب میں ہوتا ہے؛ محرابیہ ؛ ڈائیہ ۔

Vow : (n) [AFr. 'vou, vu(u)'.] (۱) عہد؛ قسم؛ نذر؛ منت ۔ (۲) اقرار صالح؛ قسمیہ وعدہ ۔ (۳) التجا؛ تضرع؛ پر شوق خواہش ۔ (٤) اقرار واثق ۔

To break a vow : عہد یا قسم توڑنا ۔

To hold a vow: عہد یا قسم پر قائم رہنا ۔

To keep a vow : عہد پورا کرنا ۔

To make a vow : قسم کھانا؛ عہد کرنا ۔

To pay a vow : قسم پورا کرنا ۔

Vow : (v) (۱) عہد کرنا؛ قسم کھانا ۔ (۲) باضابطہ اعلان کرنا ۔ (۳) خلوص سے کہنا؛ وثوق سے کہنا ۔

Vow : (v) (۱) اقرار صالح کرنا؛ قسمیہ وعدہ کرنا ۔ (۲) قسمیہ دعویٰ کرنا ۔

I vow : واللّٰہ ؛ میں قسم کھاتا ہوں ۔

Vowel : (n) [OFr. 'vouel'.] حرفِ علت؛ حرفِ علت کی آواز ۔

Neutral vowel : حرفِ علت خفیف ۔

Vowel : (v) اِعراب لگانا؛ حروفِ علت دینا ۔

Vowel gradation : (n) دیکھو Ablaut

Vowel mutation : (n) دیکھو Umlaut

Vowel-point : (n) اعراب ۔

Vowel sign : (n) (۱) اعراب ۔ (۲) (مختصر نویسی میں) نشانِ حرف علت ۔

Vowelism : (n) حروفِ علت کی آواز کا نظام؛ حروفِ علت کا تلفظ ۔

Vowelize : (v) (۱) اعراب لگانا ۔ (۲) نشانات حرکت لگانا ۔ (۳) حرف علت جیسا بنانا ۔

Vowelled : (a) (۱) جس میں حروفِ علت ہوں ۔ (۲) خاص قسم کے حروف علت والا ۔

Vowelless : (a) بے حرفِ علت ۔

Vowellike : (a) حرفِ علت سے مشابہ ۔

Vowellike : (n) حرفِ علت جیسی آواز ۔

Vowely/Vowelly : (a) حرفِ علت کا سا ۔

Vower : (n) قسم کھانے والا؛ عہد کرنے والا ؛ اقرار صالح کرنے والا ۔

Vowess : (n) (۱) بیوہ جس نے زندگی کے بقیہ دنوں میں پاکدامن رہنے کا عہد کرلیاہو ۔ (۲) راہبہ ۔

Vox : (n) [L.] آواز؛ صوت ۔

Vox angelica : (n) ملکی آواز؛ لہر یا آواز ۔

Vox barbara : (n) دوغلا لفظ ؛ جو بے میل عناصر سے مرکب ہو ۔

Vox humana : (a) آرگن باجے کا ایک پردہ جس سے انسانی آواز سے مشابہ آواز نکلتی ہے ۔

Vox populi : (n) رائے عامہ؛ جمہور کی رائے؛ عام خیال؛ عام افواہ ۔

Voyage : (n) [ME. 've(i)age, vaiage'.] (۱) بحری سفر؛ جہاز کا سفر ۔ (۲) ہوائی سفر؛ خصوصاً غبارہ یا طیارے کے ذریعے؛ خلائی سفر ۔ (۳) (مجازاً) انسانی زندگی؛انسانی تقدیر (مرنے کے بعد) ۔ (٤) بحری سفرنامہ ۔ (٥) سمندری سفر جو سمندر سے تجارتی مال لانے کےلئے کیا جائے ۔

Voyage : (v) (۱) بحری سفر کرنا ۔ (۲) ہَوا یا پانی سے جانا یا گزرنا ۔ (۳) سفر کرنا؛ جانا ۔

Voyage policy : (n) بیمہ کی پالیسی جو کسی مخصوص بحری سفر کے لئے ہوتی ہے ۔

Voyageable : (a) بحری سفر کے قابل ۔

Voyager : (n) بحری مسافر؛ بحری سفر کرنے والا ۔

Voyageur : (n) [Fr.] (کناڈا) سمور کی کمپنی کابحری سفر کرنے والا ایجنٹ ۔

Voyeur : (n) [Fr.] (۱) وہ شخص جس کی شہوانی خواہش کی تسکین دوسروں کا عضو تناسل یا مباشرت دیکھ کر ہوتی ہے؛ نظر شہوتی ۔ (۲) اِدھر اُدھر گھوم کر ذلیل یا شرمناک چیزوں کا مشاہدہ کرنے والا ۔

Voyeurism : (n) دوسروں کا عضو تناسل یا مباشرت دیکھ کر شہوانی تسکین حاصل کرنے کا میلان یا اُن کو دیکھنا ۔

Voyeuristic : (a) دوسروں کے اعضائے تناسل یا مباشرت کو دیکھ کر شہوانی تسکین حاصل کرنے والا ۔

Vrack : (اسکاچستان) دیکھو Wrack

Vraic : (n) [Fr.] چینل آئی لینڈز (Channel Islands) میں پائی جانے والی ایک بحری گھاس جو بطور ایندھن اور کھاس استعمال ہوتی ہے ۔

Vraisemblance : (n) [Fr.] (۱) بہ ظاہر صحیح ہونا ؛ راست نمائی؛ احتمال؛ بہ ظاہر راستی ۔ (۲) تصویر ۔

Vril : (n) [Arbitrary invention.] ایک پُر اسرار قوت جسے Bulwer-Lytton کی کتاب "The Coming Race" میں ایک فرضی قوم نے دریافت کیا تھا ۔

Vrille : (n) [OFr. 'Veille'.] ہوائی جہاز کو چکر کھلاتے ہوئے منہ کے بل غوطہ کھلانا ۔

Vrille : (v) ہوائی جہاز کو چکر کھلاتے ہوئے منہ کے بل نیچے لانا ۔

Vrouw/Vrow : (n) [Du.] (ولندیزی) عورت، بیوی یا گھر والی ۔

Vug : (n) [Cornish. 'Vooga'.] شگاف معدن ؛ رگ؛ غار ۔

Vuggy : (a) شگاف معدن سےمتعلق؛ شگافوں سے بھرا ہوا ۔

Vulcan : (n) [L. 'Vulcanus'.] (۱) (رومی دیو مالا) آگ اور آہنگری کا دیوتا؛ ولکن ۔ (۲) لنگڑا؛ سست آدمی ۔ (۳) لوہار؛ آہنگر ۔ (٤) ایک سیارہ جس کا مدار سورج اور عطارد کے درمیان فرض کیا جاتا ہے ۔ (٥) آگ ۔

Vulcanian : (a) [L.'Vulcanius'.] (۱) ولکن کا یا ولکن سے متعلق ۔ (۲) ولکن کا بنایا ہوا ۔ (۳) ولکن سے نسبت رکھنے والا یا ولکن سے پیدا ہونے والا ۔ (٤) برکانی؛ آتش فشانی ۔ (٥) آتشیں؛ حرارت کا ۔

Vulcanic : (a) [Fr. 'Vulcanique'.] (۱) برکانی؛ آتش فشانی ۔ (۲) ولکن سے متعلق؛ ولکن کا؛ ولکن کی صفت رکھنےوالا ۔ (۳) آتشیں؛ آگ کا؛ آگ سےمتعلق ۔

Vulcanicity : (n) (۱) آتش فشانی؛ آتش فشاں ہونا یا اس کی طرح ہونا ۔ (۲) آتش فشانی عمل کا مطالعہ؛ برکانی مطالعہ ۔

Vulcanism : (n) دیکھو Volcanic

Vulcanist : (n) دیکھو Volcanist

Vulcanite : (n) ربڑ اور گندھک کا مرکب؛ گندھک ملی ربڑ؛ آبنوس ۔

Vulcanization : (n) گندھک ملا کر ربڑ کو سخت کرنا ۔

Vulcanize : (v) (۱) (ربڑ کو) گندھک ملا کرتیز حرارت میں سخت بنانا ۔ (۲) گندھک سے مل کر سخت ہونا ۔

Vulcanizer : (n) (۱) (ربڑ میں) گندھک کو ملانے والا ۔ (۲) (ربڑ میں) گندھک ملانے کا آلہ ۔

Vulcanological : (a) برکانیاتی؛ برکانیات سے متعلق ۔

Vulcanologist : (n) برکانیات داں؛ ماہر برکانیات ۔

Vulcanology : (n) برکانیات؛ علم ماہیت آتش فشاں ۔

Vulgar : (n) بیہودہ شخص؛ وہ شخص جس کا تعلق اچھی سوسائٹی سے نہ ہو ۔

The vulgar : عوام؛ عوام الناس ۔

Vulgar : (a) [L.'Vulgaris'.] (۱) عامیانہ؛ بازاری ؛ معمولی ۔ (۲) بیہودہ؛ اوچھا؛ بھدا؛ سفلہ؛ کمینہ؛ ذلیل؛ غیر شائستہ ۔(۳) عامیانہ؛ عوام کا ۔(٤) نیچی ذات کا؛ عامی؛ معمولی (شخص) ۔

Vulgar arithmetic : (n) عام علم الحساب ۔

Vulgar era : (n) عیسوی سال ۔

Vulgar fraction : (n) کسر عام ۔

Vulgar Latin : (n) عامیانہ لاطینی زبان ۔

Vulgar substitution : (n) قائم مقام وارث بنانا ۔

Vulgare : (n) [mod. L.] عام گیہوں کا یا اس سے متعلق ۔

Vulgarian : (a) دیکھو Vulgar

Vulgarian : (n) سفلہ؛ رذیل، خصوصاً مالدار رذیل؛ نو دولت؛ اوچھا ۔

Vulgarism : (n) (۱) کمینی حرکت ؛ اوچھی حرکت ؛ بیہودہ پن ؛ نا شائستگی ۔ (۲) سوقیانہ ترکیب یا محاورہ ؛ عامیانہ اصطلاح ؛ عوامیت۔

Vulgarity : (n) [Late L.'Vulgaritus'.] (۱) سوقیت؛ بازاری پن؛ گنوارپن ؛ نا شائستگی ۔(۲) اوچھاپن ؛ بیہودہ پن ؛ کمینہ پن ؛ سفلہ پن ۔

Vulgarization : (n) (۱) عوامی بنانا؛ عام بنانا۔(۲) ناشائستہ بنانا؛ سفلہ بنانا؛ اوچھاپن پیدا کرنا؛ اوچھاپن؛ سفلہ پن ۔

Vulgarize : (v) (۱) سفلہ ہو جانا ؛ اوچھاپن کرنا ۔(۲) سفلہ پن پیدا کرنا؛ کمینہ پن پیدا کردینا (شخص، عادات وغیرہ میں) ۔(۳) لطافت یا نفاست کھو دینا؛ عامیانہ رنگ پیدا کر دینا ۔(٤) عوامی بنانا؛ عام کر دینا؛ جمہور کر دینا ۔

Vulgarizer : (n) اوچھاپن پیدا کرنے والا ؛ عامیانہ رنگ پیدا کرنے والا ۔

Vulgarly : (adv.) (۱) عوام میں ؛ عوام کے نزدیک ۔ (۲) اوچھے پن سے ؛ کمینہ پن سے ؛ سفلہ پن سے ۔

Vulgarness : (n) دیکھو Vulgarity

Vulgate : (a) [Late L. 'Vulgata'.] (۱) انجیل کے لاطینی ترجمے کا جو جیروم نے چوتھی صدی میں کیا تھا ۔ (۲) کسی ادبی تصنیف کے عام ترجمہ کا۔

Vulgate : (n) (۱) بائبل کا قدیم اطالوی ترجمہ جو سینٹ جیروم نے کیا تھا ۔ (۲) انجیل کا لاطینی ترجمہ جو جیروم نے کیا تھا ۔ (۳) بائبل کا عام ترجمہ ۔(٤) کتاب کی عام عبارت کا متن ۔

Vulgo : (adv.) [L.] عام طور پر ؛ بالعموم ؛ عموماً ؛ معمولی طور پر ۔

Vulgus : (n) [L.] عوام ؛ عوام الناس ۔

Vulgus : (n) [alt. of 'Vulgars'.] (مدرسہ کے طلبہ کی عامیانہ بول چال) چھوٹی لاطینی نظموں کا چھوٹا سا مجموعہ ۔

Vulned : (a) [L. 'Vulnus'.] (نقابت) گھائل ؛ زخمی ۔

Vulnerability : (n) (۱) جراحت پذیری ؛ حملے یا اعتراض کی زد میں ہونا؛ زخم پذیری ۔(۲) کمزوری؛ ضرب پذیری ۔

Vulnerable : (a) [late L. 'Vulnerabilis'.] (۱) جراحت پذیر ؛ جو مجروح ہوسکے؛ زخم پذیر ۔ (۲) (مجازاً) کمزور ؛ غیر محفوظ ؛ ضرب پذیر ؛ جو حملے یا اعتراض کی زد میں ہو ؛ زد پذیر ۔ (۳) (تاش کے کھیل برج میں) ایک گیم جیتا ہوا (کھلاڑی) ۔

Vulnerableness : (n) دیکھو Vulnerability

Vulnerably : (adv.) جراحت پذیری کے ساتھ ؛ ضرب پذیری کے ساتھ ؛ زد پذیر طور پر ۔

Vulnerary : (a) [L. 'Vulnerarius'.] (۱) اندمال زخم کا؛ زخم کو بھرنے والا ؛ شافی زخم ۔(۲) زخم پیدا کرنے والا ؛ زخم لگانے والا ۔

Vulnerary : (n) مرہم ۔

Vulpanser : (n) [mod. L.'Vulpes'+-'anser'.] (طیوریات) شوخ رنگ کی جنگلی بطخ ۔

Vulpic acid : (n) [L.'Vulpina'.] ایک ترشہ جو کائی سےحاصل کیا جاتا ہے ۔

Vulpicidal/Vulpecidal : (a) روباہ کشی سے متعلق؛ لومڑی مارنے سے متعلق؛ روباہ کش؛ روباہ کشی میں حصہ لینے والا ۔

Vulpicide/Vulpecide : (n) [L. 'Vulpes'.] روباہ کشی؛ لومڑی کا شکار (شکاری کتوں کے علاوہ کسی اور طریقے سے) ۔

Vulpicide/Vulpecide : (n) روباہ کش؛ لومڑی مارنے والا ۔

Vulpine : (a) [L. 'Vulpinus'.] (۱) لومڑی کا؛ روباہی ۔ (۲) لومڑی سے مشابہ ۔ (۳) روباہ صفت؛ لومڑی جیسا ۔ (٤) مکار؛ عیار؛ چالاک ۔ (٥) جس میں یا جہاں لومڑیاں ہوں ۔

Vulpine opossum/-phalanger : (n) کیسہ دار لومڑی ۔

Vulpinism : (n) مکاری؛ عیاری؛ چالاکی ؛ روباہی ۔

Vulpinite : (n) [f. Vulpino, near Bergamo.] (معدنیات) نابید جپسم کی دانہ دار قسم ۔

Vulsella : (n) فن جراحی کی دندانہ دار چمٹی؛ کانٹاچمٹی؛ پنجہ چمٹی ۔

Vulsellum : (n) [L.] دیکھو Vulsella

Vultur : (n) گدھوں کی ایک جنس ۔

Vulture : (n) [AFr.'Vultur'.] (۱) گد؛ گدھ ؛ کرگس ؛ نسر ۔ (۲) (مجازاً) حریص اور موذی شخص؛ چمر گدھ ۔ (۳) (علم النجوم) دو شمالی مجموع النجوم میں سے ایک ۔ (٤) گدھ سے مشابہ کوئی چیز ۔ (٥) جسم یا دماغ کو گھلا دینے والا جذبہ؛ اذیت ناک جذبہ ۔

Vulture : (v) لوٹ لینا؛ چھین لینا؛ غارت کرنا ۔

Vulture hock : (n) سخت پروں کا گچھا جو مرغ وغیرہ کی ٹانگوں پر نکل آتا ہے ۔

Vulture raven : (n) شمالی افریقہ کے بڑے کوّوں میں سے ایک ۔

Vulturelike : (a) گدھ کی طرح؛ کرگس نما ۔

Vulturine : (a) [L. 'Vulturinus'.] (۱) گدھ کا سا؛ گدھ کے متعلق ۔ (۲) غارت گری کا عادی؛ لٹیرا ۔

Vulturish : (a) (۱) گدھ کا سا ۔ (۲) حریص اور موذی ۔

Vulturous : (a) گدھ کا؛ گدھ سے مشابہ؛ حریص ؛ لٹیرا؛ غارت گر ۔

Vulv -: جزو ترکیبی بمعنی "فرج کا" ؛ "فرجی" ۔

Vulva : (n) [L.] (۱) (تشریح) سوراخ؛ (عورتوں کے) اندام نہانی؛ فرج ؛ کس؛ شرمگاہ ۔ (۲) (حیوانیات) راہ بیضہ کا سوراخ؛ گھونگے کی پشت پر کا نشان ۔

Vulval : (a) فرج کا؛ فرجی ۔

Vulvar : (a) دیکھو Vulval

Vulvate : (a) سوراخ نما؛ سوراخ کی شکل کا؛ فرج نما؛ بیضوی ۔

Vulviform : (a) دیکھو Vulvate

Vulvismus : (n) تشنج فرج ۔

Vulvitis : (n) التہاب فرج؛ ورم فرج ؛ شرمگاہ کی سوجن ۔

Vulvo - : جزو ترکیبی بمعنی "فرج کا" ؛ "فرجی" ۔

Volvouterine : (a) فرجی؛ رحمی ۔

Vulvovaginal : (a) فرجی مہبلی؛ فرج اور مہبل کا۔

Vulvovaginitis : (n) ورم فرج و مہبل ۔

Vum : (v) [Alteration of Vow.] قسم کھانا؛ عہد کرنا ۔

Vying : (n) مقابلہ کرنا؛ مد مقابل ہونا؛ سبقت لے جانے کی کوشش کرنا ۔

W

W : (۱) انگریزی حروف تہجی میں تئیسواں حرف ۔ (۲) حرف "W" کی شکل ۔ (۳) حرف "W" کا ٹائپ ۔ (٤) کسی سلسلے کا بائیسواں شخص یا چیز، اور اگر J دسویں مقام پر ہو تو تئیسواں ۔ (٥) "W" کی شکل کی کوئی چیز ۔

W : (۱) توانائی (کی علامت) ۔ (۲) ٹنگسٹن دھات (کی علامت) ۔

Wa : (n) (۱) (اسکاچستان) (شعر یا مزاحاً) غم ؛ الم ؛ شدید رنج؛ مصیبت ۔ (۲) (جمع) آلام؛ مصائب ۔

Wa' : (n) (۱) (اسکاچستان دیوار ۔ (۲) فصیل؛ دیوارنما چیز ۔

Wa : (n) (۱) شمال مشرقی برما اور متصل چینی علاقے کے وا (WA) صوبے کی ایک قوم ۔ (۲) اس قوم کا فرد ۔ (۳) اس قوم کی زبان ۔

Wa-Wa : (n) [Imit.] پیتل کے ساز کی ایک قسم کی آواز ۔

Waac : (n) [f. Women's Auxiliary Army Corps.] عورتوں کی امدادی فوج کی رکن (یہ فوج ۱۹۱۲ء میں قائم ہوئی تھی) ۔

Waaf : (n) [f. Women's Auxiliary Air Force.] عورتوں کی امدادی فضائی فوج کی رکن ۔

Waahoo : (n) امریکا کا ایک درخت جس کی لکڑی بہت مضبوط ہوتی ہے ۔

Wab : (n) (۱) پارچہ: بافتہ: بنا ہوا ٹکڑا؛ (مجازاً) کوئی چیز بنے ہوئے کپڑے سے مشابہ ۔ (۲) مکڑی کا جالا ۔ (۳) (اسکاچستان) دیکھو Web ۔

Wabanaki : (n) [Of Algonquian origin.] جنوبی کیوبک (Quebec) اور مین (maine) کی انڈین قوم ۔

Wabble : (n) (۱) گردش: ڈگمگاہٹ؛ لڑکھڑاہٹ ۔ (۲) دیکھو Wobble ۔

Wabble : (n) باٹ مکھی (Bot fly) کا پہل روپ جو گلہری کے جسم میں لگ کر ان کے خصیوں کو نقصان پہنچاتا ہے ۔

Wabby/Whabby : [Origin unkn.] ایک قسم کی سرخ گردن والی مرغابی ۔

Wabeno : (n) [Ojibwa 'wabanow'.] اوجبوا (Ogibwa) کا پروہت یا مذہبی پیشوا جو جادو ٹونے کے ذریعے بیماروں کا علاج کرتا ہے اور آنے والے واقعات پر قابو رکھتا ہے ۔

Wabster : (n) (تاریخ) کپڑا بننے والی؛ جولاہن؛ بُنکر؛ جولاہا ۔

Wabur/Wabber : (n) [Arab. 'wabr'.] شامی خرگوش ۔

Wac : (n) [f. Women's Army Corp.] عورتوں کی فوج کی رکن (جو دوسری جنگ عظیم میں امریکا میں قائم ہوئی تھی) ۔

Wachna : (n) [Russ. 'vakhnya'.] الاسکا وغیرہ میں پائی جانے والی کاڈ مچھلی ۔

Wack/Whack [Back-formation from Wacky.] خبطی آدمی؛ سودائی شخص ۔

Wacke : (n) [G. 'wacke'.] خاکستری سبز یا بادامی مٹی جو آتش فشاں چٹانوں کے گھسنے یا ٹوٹنے سے بنتی ہے؛ جوالا مٹی ۔

Wackily : (adv.) خبطی پن سے؛ مجنونانہ ۔

Wackiness : (n) جنون؛ پاگل پن؛ خبط ۔

Wacky/Whacky : (n) مخبوط الحواس شخص؛ مجنون ۔

Wacky/Whacky/Wackey/Wackie : (a) (۱) خبطی؛ مجنون؛ سودائی ۔ (۲) کھبا؛ چپہ ؛ چپ دست ۔

Waco : (n) [Caddoan 'wehiko'.] (۱) اوکلا ہاما اور ٹکساس کی ایک قوم؛ ویکو ۔ (۲) اس قوم کا ایک رکن ۔

Wad : (n) [Du. 'watten'.] (۱) گھاس یا پیال کا گٹھا (خصوصاً جو کاٹنے کے وقت بنایا جاتا ہے) ۔ (۲) گدی؛

ڈاٹ (کسی نرم چیز کی) ۔ (۳) نوٹوں کی گڈی؛ زر؛ روپیا؛ روپے کی بڑی مقدار؛ وہ مقدار جو ایک شخص خرچ کر سکتا ہے ۔ (٤) بندوق کی ڈاٹ جس سے بارود کسی جاتی ہے ۔ (٥) (کسی چیز کی) اچھی خاصی مقدار؛ کثیر مقدار ۔ (٦) چبائی جانے والی چیز (مثلاً تمباکو وغیرہ کا) چھوٹا ٹکڑا ۔ (٧) (عام) میٹھی روٹی؛ سموسہ؛ کھانے کی چیز ۔

Wad : (n) [Origin unkn.] (۱) سیاہ سیسہ ؛ پنسل کا سرمہ ۔ (۲) کچا مینگنیز ۔

Wad : (v) (۱) گٹھا بنانا؛ گٹھر بنانا ۔ (۲) (روئی وغیرہ کو) دبا کر ڈاٹ بنانا ۔ (۳) (لباس میں) روئی، اون وغیرہ کی تہ دینا، بھرنا ۔ (٤) محفوظ یا مضبوط کرنا (روئی وغیرہ کی تہ سے) ۔ (٥) (مجازاً) بھر دینا ۔ (٦) (بارود وغیرہ میں) ڈاٹ لگانا ۔ (٧) (ڈاٹ کو) کسنا ۔ (٨) (کانوں میں) ڈاٹ بھرنا ۔

Wad : (n) (اسکاچستان) گروی ؛ رہن ؛ کفالت ۔

In wad : رہن رکھا ہوا؛ گروی رکھا ہوا ۔

Wad : (n) [Of Scand. origin.] خط؛ لکیر (خصوصاً وہ لکیر جو زمین کی پیمائش میں کھینچی جاتی ہے) ۔

Wad : (اسکاچستان) Would کا متبادل ۔

Wad-hook : (n) (۱) بندوق سے ڈاٹ نکالنے کے لئے مرغولہ نما اوزار ۔ (۲) (کان کنی) برما سوراخ کے اندر سے ٹکڑوں کو نکالنے کا اوزار ۔

Wadable/Wadeable : (a) پایاب ۔

Wadcutter : (n) استوانہ نما گولی (بُلٹ) جس کا سرا چپٹا ہوتا ہے ۔

Wadded : (a) (روئی وغیرہ کا) استر لگایا ہوا؛ روئی وغیرہ بھرا ہوا ۔

Wadder : (n) ڈاٹ بنانے یا لگانے والا؛ روئی، اون وغیرہ کی تہ دینے والا ۔

Wadding : (n) (۱) روئی وغیرہ جس سے بندوق کی ڈاٹ بنائی جاتی ہے ۔ (۲) بھرن؛ روئی، اون جو کپڑے یا لحاف وغیرہ میں بھرتے ہیں ۔ (۳) نرم جاذب کاغذ جو ہسپتالوں میں دوران ایام یا بعد وضع حمل استعمال کیا جاتا ہے ۔

(٤) کریپ کاغذ جو سامان وغیرہ باندھنے میں استعمال ہوتا ہے ۔

Wadding thread : (n) دھاگا جس سے لحاف وغیرہ بھر کر کر سیتے ہیں ۔

Waddle : (v) [f. Wade.] (۱) جھومتے اور چھوٹے چھوٹے قدم رکھتے ہوئے چلنا جیسا کہ موٹے اور چھوٹی ٹانگوں والے آدمیوں کا خاصہ ہے؛ بطخ کی چال چلنا؛ پو قدمی چال چلنا ۔ (۲) بھدی چال چلنا ۔

Waddle : (n) بطخ کی چال؛ پوقدمی چال؛ بھدی چال ۔

Waddlingly : (adv.) بطخ کی چال چلتے ہوئے؛ پو قدمی چال سے ۔

Waddly : (a) بطخ کی طرح چلنے والا؛ بھدی چال چلنے والا ۔

Waddy : (n) (۱) واڈی؛ آسٹریلیا کے قدیم باشندوں کا مُگدر کی شکل کا لٹھ جس سے وہ لڑائی میں کام لیتے ہیں ۔ (۲) لکڑی؛ چھڑی؛ چوب ۔

Waddy : (v) واڈی سے حملہ کرنا یا مارنا ۔

Waddy/Waddie : (n) [Origin unkn.] (۱) چرواہا؛ گلہ باں ۔ (۲) مویشی چور ۔

Waddy : (n) (۱) برساتی نالا؛ پہاڑی نالا جو صرف برسات میں چلتا ہے ۔ (۲) دیکھو Wadi ۔

Wade : (v) [OE. 'Wadan'.] (۱) دقت اور مشکل سے گذرنا ؛ پانی، کیچڑ، برف وغیرہ میں چلنا ۔ (۲) دریا سے پایاب اترنا ۔ (۳) (سورج ، چاند وغیرہ کا) بادل سے گزر کر چلتے ہوئے نظر آنا ۔ (٤) گھوڑے کو پانی میں چلانا ۔ (٥) مشکل سے آگے بڑھنا؛ دقت کے ساتھ بڑھنا ۔ (٦) عزم یا قوت کے ساتھ کام کرنا یا حملہ کرنا ۔

To wade through a book : باوجود خشک اور بے مزہ ہونے کے کسی کتاب کو پڑھ ڈالنا ۔

Wade : (n) پایاب روی ۔

Wade in/Wade into : (v) حریف پر زبردست حملہ کرنا ؛ پرخچے اڑا دینا؛ سخت حملہ کرنا ۔

Wadeable : (a) دیکھو Wadable

Wadeite : (n) ایک معدنی شے $(K2\ Ca\ Zr\ (Si\ O_3)_4)$ جس میں پوٹاشیم، کیلسیم اور زرکونیم کا سلیکیٹ شامل ہوتا ہے ۔

Wader : (n) (۱) پانی، کیچڑ، برف وغیرہ میں چلنے والا ۔ (۲) لم ڈھینگ: لم تنگا ۔ (۳) آب موزے؛ جوتے جو پاؤں کو پانی سے محفوظ رکھنے کے لئے مچھلیوں کے شکار کے وقت پہنتے ہیں ۔ (٤) ایک قسم کی پن روک پوشاک ۔

Wadge : (n) [alt. of Wedge.] گٹھر؛ گٹھا؛ گٹھری؛ پچز ۔

Wadi/Wady/Waddy : (n) [Arab. 'alwadi'.] برساتی نالا؛ پہاڑی نالا جو صرف برسات میں چلتا ہے اور دنوں میں خشک رہتا ہے؛ وادی ۔

Wading bird : (n) لم ڈھینگ؛ لم تنگا؛ لمبی ٹانگوں والی دریائی چڑیا جو بجائے تیرنے کے پانی میں چلتی ہے؛ طوّل ۔

Wading boot : (n) (گھٹنوں تک) اونچا جوتا جو مچھیرے گھٹنوں گھٹنوں پانی میں اترتے وقت پہنتے ہیں ۔

Wading pool : (n) اُتھلا حوض (جس میں بچے تفریحاً چلتے ہیں) ۔

Wadjakman : (n) (۱) قدیم اصلی آسٹریلیائی بڑے سر والے انسان کی ایک نوع (جو اب معدوم ہے) ان کی کھوپڑیاں جاوا میں ملی ہیں ۔ (۲) جاوا میں ایک علاقے کا نام ۔

Wadmal/Wadmol/Wadmel : (n) [ME. 'Wadmol, Wadmale'.] ایک قسم کا اونی کپڑا ۔

Wadmiltilt : (n) ترپال کی ایک قسم جس سے توپ خانے کو چھپایا جاتا ہے ۔

Wadset : (n) [Sc. alt. of ME. 'Wedsetten'.] (۱) (اسکاچستانی قانون) زمین کا انتقال (قرض کی ضمانت کے طور پر)؛ رہن؛ گروی ۔ (۲) گروی رکھی ہوئی چیز ۔

Wadset : (v) گروی رکھنا؛ رہن رکھنا ۔

Wadsetter : (n) مرتہن؛ گروی رکھنے والا ۔

Wae : رنج و غم یا ماتم کرنے کا حرف فجائیہ ۔

Waesuck/Waesucks : (n) [Sc. 'Wae' + 'Suck'.] (اسکاچستان) تکلیف یا افسوس ظاہر کرنے کا حرف فجائیہ ۔

Waf : (n) (دوسری جنگ عظیم میں قائم ہونے والی) عورتوں کی فضائیہ کی رکن ۔

Wafer : (n) [AFr. 'Wafre.'] (۱) کاغذی بسکٹ ؛ رقاقہ؛ ایک قسم کا نہایت پتلا اور میٹھا بسکٹ جس کی شکل شہد کے چھتے کی طرح ہوتی ہے ۔ (۲) فطیری؛ بلا خمیر کی ٹکیا جو عیسائیوں میں عشائے ربانی کے موقع پر استعمال کی جاتی ہے ۔ (۳) لیسی ٹکیا؛ لیس دار چیز کی خشک ٹکیا جس سے پہلے لفافے بند کرنے اور کاغذات کے منہے کو یکجا رکھنے کا کام لیتے تھے ۔ (٤) (طب) کاغذی کیپسول ۔ (٥) کاغذی بسکٹ سا پترا یا چھلا ۔

Wafer : (v) لیسی ٹکیا سے بند کرنا ۔

Wafer ash : (n) باپ کی بیل (Hop Tree) ۔

Wafer bread : (n) (۱) دیکھو Wafer ۔ (۲) مکئی کی کاغذی روٹی جو جنوب مغربی ہندوستان میں بناتے ہیں ۔

Wafer-iron : (n) لمبے دستے والی سنسی جو کاغذی بسکٹ بنانے میں استعمال ہوتی ہے ۔

Wafer-sheet : (n) کاغذ کی طرح مہین بسکٹ جو دواخانوں میں کیپسول بنانے میں استعمال ہوتا ہے ۔

Wafer-thin : (a) کاغذی؛ بہت پتلا ؛ بہت باریک ۔

Waferer : (n) کاغذی بسکٹ بنانے یا بیچنے والا ۔

Waferish : (a) مہین اور باریک بسکٹ جیسا ۔

Wafery : (a) کاغذی ؛ پاپڑ سا ۔

Wafery : (a) [AFr. 'Wafrie'.] وہ کمرہ یا عمارت جہاں کاغذی بسکٹ بنایا جاتا ہے کاغذی بسکٹ بنانے کا کارخانہ ۔

Waff : (v) [Var. of Wave] (۱) جھلانا؛ ادھر ادھر حرکت دینا ۔ (۲) جھولنا؛ ادھر ادھر حرکت کرنا ۔ (۳) جُھلنا؛ ہوا کرنا ۔

Waff : (n) (۱) لہرانا؛ حرکت دینا ۔ (۲) جھونکا؛ ہلکا سا جھونکا ؛ مہلک ؛ ہلکی سی خوشبو یا بدبو ۔ (۳) (اسکاچستان) جھلک ؛ شائبہ ۔ (٤) (اسکاچستان) انسان کا ہم زاد (جس کے متعلق یورپ میں عقیدہ تھا کہ مرنے سے کچھ پہلے یا بعد نظر آتا ہے) ۔

Waff : (a) ناکارہ؛ نکمّا؛ ناشائستہ؛ نا معقول ؛ ذلیل ؛ حقیر؛ ادنیٰ ۔

Waffie : (n) (اسکاچستان) آوارہ گرد؛ خانہ بدوش ۔

Waffle : (n) [Du. 'Wafel'.] (۱) چھوٹا روغنی پراٹھا جو دہرے ماہی توے پر پکایا جاتا ہے ۔(۲) کاغذی بسکٹ ۔

Waffle : (a) دندانہ دار جالی بنا ہوا؛ دندانہ دار جالی کی شکل کا ۔

Waffle : (n) (۱) چھوٹے کتے کی بھونک ۔(۲) بے معنی گفتگو یا تحریر ؛ فضول بکواس ۔

Waffle : (v) (۱) فضول بکنا؛ لایعنی گفتگو کرنا؛ فضول بکواس کرنا ۔(۲) (کتے کا) بھونکنا ۔

Waffle cloth : (n) ایک قسم کا چارخانے دار کپڑا ۔

Waffle ingot : (n) تقریباً تین انچ مربع اور ایک چوتھائی انچ موٹا المونیم کا ڈلا ۔

Waffle-iron : (n) چھوٹا روغنی پراٹھا پکانے کا برتن؛ دوہرا ماہی توا (جس کے دونوں حصے ایک قلابے سے جڑے ہوتے ہیں اور ان میں سے ہر ایک کو الٹ سکتے ہیں ۔

Waffle pique : (n) ایک قسم کا مہین سوتی کپڑا (عموماً چھپا ہوا چارخانے دار) ۔

Waffle weave : (n) (کپڑے کی) ایک قسم کی چارخانے دار بُنائی ۔

Waffled : (a) دیکھو Waffle

Waft : (n) [ME. 'Waughten'.] (۱) (خوشبو کی) لپٹ ؛ نفخہ؛ بھینی بو ۔(۲) بدمزگی ۔(۳) جھونکا (ہوا کا)؛ ہوا کی جنبش ۔(٤) بھاپ یا دھونیں کی اتنی مقدار جو ایک بار نکلے ۔(٥) ہوا گرد آواز ۔(٦) لہرانا؛ پھڑپھڑانا؛ پھڑپھڑاہٹ؛ پروں کی ایک جنبش ۔(۷) (بحری) جھنڈا وغیرہ جس کے ذریعہ خطرے وغیرہ کا اشارہ کرتے ہیں؛ وہ گرہ جو اشارے کے لئے جھنڈے میں لگاتے ہیں ۔(۸) (سکون یا خوشی کی) ہلکی سی لہر ۔

Waft : (v) [Back-formation from Wafter.] (۱) دریا یا سمندر کے راستے سے لے جانا ۔(۲) آہستہ سے اڑا کر یا بہا کر پہنچانا ۔(۳) ہوا یا خلا سے گزار کر لے جانا یا بھیجنا؛ اڑا کر لے جانا ۔(٤) (تخیل میں یا سحر کے ذریعہ) لے جانا ۔(٥) ہوا یا خلا سے گزرنا ۔(٦) بادنسیم کا چلنا ۔(۷) ہوا دے کر اڑا دینا یا ہوا کے زور پر لے جانا ۔

Waft : (۱) آہستہ سے اڑا کر یا بہا کے پہنچانا؛ سبک حرکت کے ساتھ لے جانا ۔(۲) (خوشبو کی) لپٹ ۔(۳) پروں کی ایک جنبش ۔(۳) (خوشی یا سکون) وغیرہ کی ہلکی سی لہر ۔(٤) (جہاز رانی) خطرے کا اشارہ ۔

Waftage : (n) سمندر یا دریا کے رستے لے جانا؛ ہوا سے ہو کر گزرنا؛ ہوا کی قوت تحریک ۔

Wafture : (n) [WAFT + URE.] (۱) ہلانا؛ حرکت دینا؛ جنبش ۔(۲) پروں کی جنبش ۔(۳) ہوا کے ذریعہ دھکیلا جانا۔(٤) وہ چیز جو سمندری یا دریائی راستے سے لے جائی جائے ۔

Wag : (n) (۱) دلگی باز؛ ٹھٹے باز؛ ٹھٹول ؛ مسخرا ۔(۲) بھگوڑا؛ مدرسے وغیرہ سے غائب ہو جانے والا۔

To play (the wag) : (عام) بھاگ جانا (کام سے یا مدرسے سے)۔

Wag : (v) [ME. 'Waggen'.] (۱) ہلنا؛ حرکت کرنا؛ ہاتھ پاؤں ہلانا ۔(۲) جھولنا؛ آگے پیچھے ہلنا ۔(۳) ہاتھ پاؤں کا ہلنا یا ہلایا جانا ۔(٤) زبان کا چلنا ۔(٥) جانا؛ رخصت ہونا ۔(٦) سفر کرنا؛ راستہ نکالنا ۔(۷) (عام) (کام سے یا مدرسے سے) بھاگنا ۔(۸) (ہتھیار وغیرہ) لہرانا : (کسی چیز کو دعوت مقابلہ یا بہ طور نشان) ہلانا ۔(۹) ہاتھ پاؤں یا جسم کے کسی حصے کو ہلانا ۔(۱۰) سر کو ہلانا ۔(۱۱) (زبان) چلانا؛ دُم ہلانا (حرکت دینا) ۔(۱۲) گہرے طور پر اثر انداز ہونا؛ حاوی ہونا ۔

How the world wags : کیا معاملہ ہے ؟

To let the world wag (as it will) : بےتعلق رہنا(حالات یا معاملات سے)۔

To wag one's finger at : انگلی کے اشارے سے دھمکانا یا تنبیہ کرنا ۔

Wag : (n) حرکت؛ جنبش (دُم، سر وغیرہ کی) ۔

Wag-at-the-wall : (n) دیوار گھڑی جس کا رقاصہء ساعت اور اس کا بار باہر رہتا ہے ۔

Wag-on-the-wall/-clock : (n) دیکھو Wag-at-the-wall

Wagang/Wa'gang/Waganging/Wagaun : (n) رخصت؛ الوداع؛ موت۔

Wage : (n) [AFr, ON Fr. 'wagier, waigier'.] (۱) (اکثر جمع میں) اُجرت؛ مزدوری؛ روزینہ؛ مشاہرہ؛ تنخواہ ۔ (۲) (مجازاً) بدلہ؛ جزا ۔

Wage : (v) [AFr. 'wager'.] (۱) رہن کرنا؛ گروی رکھنا؛ گرو کرنا؛ مکفول کرنا؛ بطور ضمانت پیش کرنا ۔ (۲) جنگ کرنا؛ لڑنا (لڑائی) ۔ (۳) واقع ہوتے رہنا؛ جاری رہنا ۔

To wage battle : کسی قضیے کے فیصلے کے لئے جنگ کرنا ۔

To wage one's (or the) law : بذریعے حلف صفائی پیش کرنا ۔

Wage bill : (n) اجرت کی کل رقم جو کوئی کمپنی یا کارخانہ ادا کرتا ہے ۔

Wage board : (n) اجرت بورڈ (جو شرح اجرت مقرر کرتا ہے) ۔

Wage bracket : (n) مقررہ شرح اجرت (کسی خاص مقصد کے لئے) ۔

Wage-earner : (n) اجرت پر کام کرنے والا؛ مزدور ۔

Wage-fund/Wages-fundy : (n) اجرت فنڈ؛ قومی سرمایہ کا ایک خاص حصہ جو تنخواہ اور مزدوری کے لئے محفوظ کر دیا جاتا ہے؛ ذخیرۂ اجرت ۔

Wage-fund theory wages - : (n) نظریۂ اجرت فنڈ؛ نظریۂ ذخیرۂ اجرت؛ یہ نظریہ کہ اجرت اسی وقت بڑھ سکتی ہے جب سرمائے میں اضافہ ہو یا آبادی کم ہو ۔

Wage home : (n) پرورش گاہ جس میں بچوں کو کھانا(غذا) کے لئے کام کرنا پڑتا ہے ۔

Wage level : (n) سطح اجرت؛ (کارخانے میں) کسی مقررہ وقت میں اجرت کی لگ بھگ سطح؛ اجرت ۔

Wage rate : (n) شرحِ اجرت ۔

Wage-reopening : (n) معاہدہ کے دوران شرح اجرت میں کسی خاص وقت پر تبدیلی کرنے کا تعہدی حق جو یونین یا انتظامیہ کو حاصل ہوتا ہے ۔

Wage-scale : (n) (۱) شرح اجرت کا گوشوارہ ۔(۲) مسطح اجرت جو ایک آجر دے ۔

Wage-sheet/Wages- : (n) گوشوارۂ اجرت ۔

Wage-slave : (n) وہ شخص جسے مزدوری کے لئے غلام کی طرح کام کرنا پڑے ۔

Wage-structure : (n) تفرقی اجرت کا جدول (کسی فیکٹری، مل کی مزدوری کا) ۔

Wage system : (n) وہ صنعتی نظام جس میں آزاد مزدوروں سے زیادہ کام لیا جاتا ہے (نہ کہ غلاموں کی محنت یا دوسری چھوٹے پیمانوں کی صنعتوں سے) ۔

Wage-worker : (n) دیکھو Wage-earner

Waged : (a) اجرت پانے والا؛ کرائے کا؛ بھاڑے کا ۔

Wagel/Wagel gull : (n) سیاہ پشت جس کے پَر ابھی تھیک سے نکلے نہ ہوں ۔

Wageless : (a) بے اجرت؛ جسے اجرت نہ ملے؛ بے تنخواہ ۔

Wagelessness : (n) بے اجرت ہونا ۔

Wagen boom/Vaboom : (n) [Du. 'Wagen' + 'boom'.] ایک درخت جس کی لکڑی سے چھکڑے کا پہیّا بنایا جاتا ہے ۔

Wager : (n) [AFr. 'wageure'.] (۱) شرط؛ بازی ۔(۲) مقابلہ (انعام جیتنے کے لئے) ۔(۳) موضوع شرط ۔

Wager : (v) (۱) شرط بدنا؛ شرط لگانا ۔ (۲) داؤ پر لگانا ۔

Wager : (n) بازی لگانے والا؛ شرط لگانے والا؛ مقابلہ کرنے والا ۔

Wager-boat : (n) ہلکی کشتی جو دوڑ میں استعمال کی جاتی ہے ۔

Wager insurance : (n) وہ بیمہ پالیسی جس میں بیمہ کرنے والے کا بیمہ شدہ چیز میں قابل بیمہ مفاد نہیں ہوتا ہے ۔

Wager of battle : (n) فیصلہ بالمبارزہ ؛ باہمی نزاع کےفیصلے کی ایک قدیم صورت جس میں فریقین باہم لڑتے تھے اور جیتنے والے کے حق میں فیصلہ ہوتا تھا ۔

Wager of law : (n) (بریت کے لئے) حلف لینا (مقروض نہ ہونے کا) ۔

Wager-policy : (n) دیکھو Wager - Insurance

Waggel/Waggel gull : (n) [Origin unkn.] سیاہ پشت جس کے پر ابھی ٹھیک سے نہیں نکلے ہوں ۔

Wagger : (n) مسخرا؛ دل لگی کرنے والا ۔

Waggery : (n) (۱) ٹھٹول؛ مسخرا پن؛ دل لگی بازی ۔ (۲) مسخرے کی باتیں یا حرکتیں؛ عملی مذاق ۔

Waggish : (a) (۱) دل لگی باز؛ مسخرا؛ خوش طبع ۔ (۲) مسخراپن کا؛ ہنسی کا ۔

Waggishly : (adv.) تمسخر سے ۔

Waggle : (v) [Frequentative of Wag.] (۱) ہلانا؛ ہلنا؛ جھلانا؛ جھلنا ۔ (۲) گولف؛ ڈنڈے کے سرے کو گیند کے ادھر ادھر گھمانا ۔ (۳) دیکھو Waddle ۔

Waggle : (n) ہلکی سی جنبش؛ (گولف) ڈنڈے کے سرے کو گیند کے ادھر ادھر گھمانا ۔

Waggly : (a) ڈگمگاتا ہوا ؛ ہلتا ہوا ۔

Waggon/Wagon : (n) [Du. 'Wagen'.] (۱) گاڑی ؛ چوپہیا چھکڑا؛ چار پہیوں والی گاڑی جس سے بار برداری کا کام لیا جاتا ہے، اور جس کے اوپر نیم استوانی شکل کا ڈھکنا یا ٹب ہوتا ہے ۔ (۲) مال گاڑی کا کھلا ہوا ڈبا؛ ویگن ۔ (۳) (علم النجوم) بنات النعش؛ دب اکبر؛ سات ستاروں کا جھمکا۔ (٤) ایک قسم کی موٹر گاڑی (مال یا آدمی لے جانے والی) ۔ (٥) معدنی اشیاء ڈھونے والی گاڑی ۔ (٦) مختلف قسم کی چار پہیوں والی گاڑی کانام ۔ (۷) سنار کا وہ اوزار جس سے وہ سونے کے پتروں کو کاٹتا چھانٹتا ہے ۔ (۸) (تھیٹر) سینری کو جلد بٹانے اور بدلنے کا لپیٹنے والا پلیٹ فارم ۔ (۹) پہیے دار میز جس پر رکھ کر کھانا لاتے لے جاتے ہیں ۔

Off the waggon : شراب سے باز رہنے کا فیصلہ نہ کرتے ہوئے ۔

On the waggon : شراب سے باز رہنے کی قسم کھائے ہوئے یا فیصلہ کئے ہوئے ۔

To hitch one's waggon to a star : بڑوں کا سہارا لینا؛ کسی بڑی قوت سے مدد لینا ۔

Waggon/Wagon : (v) (۱) ویگن میں سفر کرنا ۔ (۲) لے جانے کے لئے ویگن میں رکھنا ۔ (۳) ویگن میں لے جانا ۔

Waggon bed : (n) ویگن کا جسم؛ ویگن کا پیندا ۔

Waggon boss : (n) (۱) مال گاڑی کے کھلے ہوئے ڈبے کا مالک ۔ (۲) وہ شخص جو مجرموں کی گرفتار شدہ پوری جماعت کا نگراں ہو ۔

Waggon box : (n) دیکھو Wagon-Bed

Waggon-breast : (n) کوئلے کی کان کا وہ حصہ جہاں گاڑی لے جائی جا سکتی ہے ۔

Waggon-ceiling : (n) نیم استوانی (سلنڈری) ٹب کی شکل کی سقف ۔

Waggon-distribution : (n) تھوک پر مال فروخت کرنے والا جو ٹرک پر مال لاد کر خردہ فروشوں کو پہنچاتا ہے ۔

Waggon-drift : (n) ویگنوں کے دریا پار کرنے کا راستہ ۔

Waggon-head : (a) استوانہ نما؛ استوانی شکل کا ۔

Waggon-headed : (a) دیکھو Waggon-Head

Waggon-jobber : (n) تھوک مال فروخت کرنے والا جو ٹرک پر مال لاد کر خردہ فروشوں کو پہنچاتا ہے ۔

Waggon-load : (n) ویگن بھر ؛ وہ مقدار جو ایک ویگن میں سما سکے ۔

Waggon maker : (n) چوپہیا چھکڑا بنانے والا؛ ویگن بنانے والا ۔

Waggon master : (n) ایک یا زیادہ مال گاڑی کے ڈبوں کا منتظم ۔

Waggon-road : (n) (کوئلے کی کان میں) ویگن لے جانے کا راستہ ۔

Waggon-roof : (n) استوانہ نما چھت ۔

Waggon seat : (n) دو نشست والی کرسی جو گھر میں یا ویگن میں استعمال ہوتی ہے ۔

Waggon-sheet : (n) ولایتی ٹاٹ جس سے ویگن یا ٹرک کو ڈھانکتے ہیں ۔

Waggon-soldier : (n) (عام) توپچی ۔

Waggon-stage : (n) (۱) (تھیٹر کا) سینری کو جلدی سے بنانے اور بدلنے والا پلیٹ فارم ۔(۲) وہ تھیٹر جس میں ایسا پلیٹ فارم ہو ۔

Waggon-table : (n) پہیا لگی خانے دار میز جس پر رکھ کر کھانا پیش کرتے ہیں ۔

Waggon-top : (n) بھٹی کے اوپر ریل کے بانلر کے خول کا نکلا ہوا حصہ ۔

Waggon-train : (n) (فوج) ویگنوں کا مجموعہ (جو رسد وغیرہ لے جانے میں استعمال ہوتا ہے) ۔

Waggon-tree : (n) دیکھو Wagen Boom

Waggon-vault : (n) استوانہ نما قوسی چھت ۔

Waggon-way : (n) دیکھو Waggon-Road

Waggon-wheel : (n) دیکھو Mill

Waggon-wright : (n) ویگنوں کو بنانے یا مرمت کرنے والا ۔

Waggon-yard : (n) ویگن رکھنے کی جگہ؛ ویگن باڑا ۔

Waggonage/Wagonage : (n) (۱) ویگن کے ذریعہ نقل و حمل ۔ (۲) ویگن کے ذریعہ لے جانے کا کرایہ ۔

Waggoner/Wagoner : (n) [Du. 'wagenaar'.] (۱) گاڑی بان؛ گاڑی ہانکنے والا ۔(۲) دبِّ اکبر ۔

The waggoner : دب اکبر؛ نبات النعش کبریٰ ۔

Waggoner/Wagoner : (n) [f. Du. surname 'Waghenaer'.] جہاز رانوں کا بحری نقشہ جسے ۱۵۸٤ میں ۔ Lucas Janssen Waghenaer نے شائع کیا تھا ۔

Waggonette/Wagonette : (n) (۱) کھلی ہوئی یا ٹپ دار بگھی جس کے پہلو میں آمنے سامنے کی نشستیں بنی ہوتی ہیں ۔(۲) ویگنٹ ۔

Waggonful : (n) ویگن بھر؛ وہ مقدار جو ایک ویگن میں سما سکے ۔

Waggonman : (n) (۱) گاڑی بان؛ گاڑی ہانکنے والا ۔(۲) وہ سپاہی جو قیدیوں کی نقل و حرکت کے وقت ان کی نگرانی کرتا ہے ۔

Waggonsmith : (n) چوپہیا چھکڑا یا گاڑی کی مرمت کرنے والا مستری ۔

Wagneresque : (a) [f. Richard Wagner, an opera Composer.] ویگنر کے طرز سے مشابہ ۔

Wagnerian : (a) رچرڈ ویگنر سے یا اس کی موسیقی سے متعلق؛ ویگنر کے طرز سے مشابہ ۔

Wagnerian : (n) ویگنر کا معتقد یا پرستار ۔

Wagnerianism : (n) (۱) ویگنر کا اثر یا اس کی پرستش ۔ (۲) اوپیرا کی ترتیب ویگنر کا اصول یا مہارت ۔

Wagnerism : (n) دیکھو Wagnerianism

Wagnerist : (n) ویگنر کا معتقد یا پرستار ۔

Wagnerite : (n) ویگنر کا معتقد یا پرستار ۔

Wagnerite : (n) [G. 'Wagnerit'.] ایک معدن $(Hy_2(Po_4)F)$ جس میں میگنیشیم فلورو فاسفیٹ ہوتا ہے اور زرد مائلہ بلور کی شکل میں یا تودہ کی شکل میں پایا جاتا ہے ۔

Wagner tuba : (n) [after Richard Wagner.] ایک قسم کا گہری آواز والا ہوا باجا ۔

Wagon : (n) دیکھو Waggon

Wagon-lit : (n) [Fr.] آرام گاڑی؛ ریل کا ایک درجہ جس میں سونے کا انتظام ہوتا ہے (ممالک یورپ کی ریلوں میں اس کا رواج ہے) ۔

Wastage : (n) (۱) ضائع ہونا یا ضائع کرنا؛ تضیع؛ بربادی؛ نقصان ۔ (۲) نقصان (جو ضائع ہو جانے سے ہو) ۔ (۳) بیکار چیز؛ فضول یا بے مصرف چیز؛ ضائع شدہ مقدار ۔ (٤) ویران یا بنجر جگہ ۔

Waste : (n) [ONFr. 'wast(e)'.] (۱) دشت؛ بیاباں؛ کف دست میدان ؛ سنسان منظر ؛ بحیرہ یا زمین جو برف سے ڈھکی رہے ۔ (۲) بنجر زمین ۔ (۳) تحلیل؛ تدریجی کمی؛ رفتہ رفتہ گھلنا ۔ (٤) بے کار یا فاضل چیز؛ غذا کے بچے کھچے ٹکڑے؛ فضلہ؛ کسی چیز کے بچے کھچے ٹکڑے؛ ریزے؛ کترن؛ چھانٹن ۔ (٥) سوت کا گودڑ جو کلیں صاف کرنے میں کام آتا ہے ۔ (٦) (وقت، غذا، دولت وغیرہ کا) اسراف تباہی؛ بربادی؛ تضیع؛ نقصان ۔ (۷) (قانون) نقصان جو لگان دار جائداد کو پہنچائے ۔ (۸) (کوئلے کی کان) متروک کان ۔ (۹) بہتات؛ افراط؛ کثرت ۔ (۱۰) (طباعت) فاضل چھپی ہوئی چیز ۔ (۱۱) گنداب نلی ۔ (۲۱) (جمع) پاخانہ؛ گوبر؛ لید ۔

To cut to waste : (۱) کپڑے کو اس طرح کاٹنا کہ کچھ حصہ برباد ہو جائے ۔ (۲) (مجازاً) (وقت) برباد یا ضائع کرنا ۔

To go to waste : برباد ہونا؛ ضائع ہونا ۔

To run to waste : (سیال شے کا) بہہ کر ضائع ہو جانا؛ برباد ہو جانا ۔

Waste : (a) (۱) ویران؛ اجاڑ؛ اجڑا ہوا؛ غیر آباد ۔ (۲) بنجر؛ ناقابل کاشت یا زراعت ؛ غیر مزروعہ ۔ (۳) (مجازاً) غیر دلچسپ؛ سپاٹ؛ اہم واقعات سے خالی ۔ (٤) بیکار؛ فضول؛ فاضل؛ زائد ۔ (٥) تباہ شدہ؛ برباد کیا ہوا ۔ (٦) جس میں بیکار چیز رکھی جائے ۔

To lay waste : ویران کرنا، بنانا؛ تاراج کرنا؛ پامال کرنا ۔

To lie waste : بنجر ہونا ۔

Waste : (v) [ON Fr. 'waster'.] (۱) ویران کرنا؛ تاراج کرنا؛ پامال کرنا ۔ (۲) (قانون) غفلت وغیرہ سے جائداد کو برباد کرنا؛ نقصان پہنچانا؛ قیمت کم کرا دینا ۔ (۳) تباہ کرنا؛ کھونا؛ تلف کرنا؛ گنوانا؛ ضائع کرنا؛ رائیگاں کرنا ۔ (٤) اسراف سے کام لینا؛ فضول خرچی کرنا ۔ (٥) گھلانا؛ گھلنا؛ تحلیل کرنا؛ تحلیل ہونا؛ رفتہ رفتہ گھٹانا یا گھٹنا ۔ (٦) مرجھا دینا؛ مرجھا جانا ۔ (۷) گزارنا یا گزرنا (وقت کا) ۔ (۸) برباد ہونا؛ ضائع ہونا؛ برباد ہو جانا ۔ (۹) موقع سے فائدہ نہ اٹھانا ۔ (۱۰) (کھیل کود میں) اپنا وزن کم کرنا ۔ (۱۱) کمزور ہونا؛ صحت برباد کرنا ۔

To waste one : (بیس بال کےکھیل میں) گیندخراب طور پر پھینکنا یا دینا ۔

To waste paper : کاغذ برباد کرنا ۔

To waste space : جگہ برباد کرنا ۔

To waste words/-breath : بے کار گفتگو کرنا ؛ لاحاصل گفتگو کرنا ۔

Waste-bank : (n) کھودی ہوئی مٹی کا کنارہ جو مٹی کھودنے سے بنا ہو ۔

Waste-basket : (n) ردی کی ٹوکری؛ ردی دان؛ متفرق چیزیں رکھنے کی ٹوکری ۔

Waste-basket : (v) ردی کی ٹوکری میں ڈالنا ۔

Waste bin : (n) کوڑے دان ۔

Waste-board : (n) دیکھو Washboard

Waste book : (n) کچا کھاتہ؛ کتاب جس میں حساب کا ابتدائی اندراج بطور یاد داشت ہوتا ہے ۔

Waste-bowl : (n) پیالہ جس میں فالتو چائے یا چائے کی پتیاں ڈالی جاتی ہیں ۔

Waste-gate : (n) (۱) ذخیرۂ آب کا وہ دروازہ جس سے زائد پانی نکالا جاتا ہے ۔ (۲) فاضل گیس نکالنے کی ایک ترکیب ۔

Waste-heat : (n) مختلف قسم کی بھٹیوں سے نکلنے والی حرارت (ابتدائی کاموں میں آجانے کے بعد) : زائد حرارت ۔

Waste-land : (n) (۱) بنجر؛ بنجر زمین ۔ (۲) ویران جگہ یا علاقہ ۔ (۳) (مجازاً) جذباتی یا روحانی طور پر خالی یا ویران ۔

Waste-mould : (n) وہ سانچہ جسے ہٹانے کے لئے توڑ دینا پڑتا ہے ۔

Waste-paper : (n) ردی کاغذ ۔

Waste-paper basket : (n) ردی کی ٹوکری؛ ردی دان ۔

Waste-pipe : (n) بدرو نل؛ استعمال شدہ یا فاضل پانی نکالنے کا نل؛ گنداب نل ۔

Waste-product : (n) (۱) فضول پیدا وار ۔ (۲) فضلہ ۔

Waste-steam : (n) فاضل بھاپ (جو بائلرسےخارج ہوتی ہے) ۔

Waste water : (n) فاضل پانی؛ پانی جو کام میں لایا جا سکا ہو ۔

Waste-way : (n) فاضل پانی جانےیا نکلنےکا راستہ؛ بدرو ۔

Waste-weir : (n) بند جس میں فاضل پانی بہہ کر جاتا ہے ۔

Wasted : (a) (۱) ویران؛ برباد؛ تباہ شدہ؛ ضائع شدہ ۔ (۲) مریل؛ گھلا ہوا؛ کمزور ۔ (۳) اڑا ہوا؛ فضول خرچی میں اڑایا ہوا ۔

Wasteful : (a) (۱) مسرف؛ فضول خرچ ۔ (۲) مسرفانہ؛ فضول خرچی کا ۔ (۳) تباہ کرنے والا؛ تباہ کن؛ تاراج کرنے والا ۔

Wastefully : (adv.) مسرفانہ طور پر؛ فضول خرچی سے ۔

Wastefulness : (n) فضول خرچی؛ اسراف؛ صرف بیجا ۔

Wastel : (n) [ONFr.] (۱) (تاریخ) میدے کی روٹی یا کیک وغیرہ ۔ (۲) (نقابت) نان کی شکل کا تمغہ ۔

Wasteless : (a) جس میں تخفیف نہ ہو؛ نہ گھلنے والا ۔

Wasteman : (n) (۱) فیکٹری کی بیکار چیزوں کو جمع کرکے انہیں بنانے والا آدمی ۔ (۲) کان کا وہ مزدور جو فضلات ہٹا کر کان کو صاف رکھتا ہے ۔

Wasteness : (n) (۱) ویرانی؛ بربادی؛ تباہی ۔ (۲) غیر آباد یا ویران، سنسان علاقہ یا مقام ۔

Waster : (n) (۱) برباد کرنے والا، ضائع کرنے والا ۔ (۲) ناقص مال؛ ردی مال جو کارخانے میں بنتے وقت خراب ہو جائے ۔ (۳) نکھٹو ؛ نکما آدمی ۔ (٤) مریل جانور؛ جانور جو افزائش نسل کے لائق نہ رہا ہو ۔ (٥) تاخت و تاراج کرنے والا ۔ (٦) مسرف؛ فضول خرچ؛ اڑانے والا ۔ (۷) (طب) نصول؛ چربی دانہ؛ کیل ۔

A bad waster : وہ چاکی جو گھوڑے کو چست لگانے میں ناکام رہے ۔

Waster : (n) [Altered f. synonynous 'wawsper'.] مچھلی مارنے کا نیزہ ۔

Wasterful : (a) (اسکاچستان) دیکھو Wasteful

Wastery : اسراف؛ فضول خرچی ۔

Wastethrift : (n) دیکھو Spendthrift

Wasteyard : (n) ردی باڑا ۔

Wasting : (n) (۱) تاخت و تاراج ؛ ویرانی ؛ بربادی ۔ (۲) اسراف ؛ فضول خرچی ۔ (۳) گھلنا؛ تحلیل؛ تدریجی کمی ۔ (٤) وزن کم کرنے کی ورزش ۔

Wasting : (a) (۱) تاخت و تاراج کرنے والا؛ برباد کرنے والا ۔ (۲) بتدریج کم ہونےوالا؛ گھٹنے والا ۔ (۳) کمزور کرنے والا؛ بنانے والا ۔

Wasting asset : (n) ختم ہو جانے والی جائداد ۔

Wasting disease : (n) بھیڑ اور مویشیوں کی ایک بیماری ۔

Wasting palsy : (n) یک قسم کا فالج ۔

Wastrel : (n) [Waste+ rel] (۱) ناقص مال؛ ردی مال (جو کارخانے میں بنتے وقت خراب ہوجائے)؛ فضلہ ۔ (۲) نکھٹو؛ نکما آدمی ۔ (۳) بنجر زمین؛ سڑک کے کنارے کی بنجر زمین ۔ (٤) آوارہ بچہ ۔ (٥) مسرف ؛ فضول خرچ آدمی ۔

Wastrel : (a) (۱) ناقص؛ ردی (مال) ۔ (۲) (جانور) کمزور ۔ (۳) فضول خرچ؛ اسراف کرنے والا ۔

Wastrife : (a) دیکھو Wasteful

Wastrife : (n) دیکھو Wastefulness

Wastry/Wastrie : (n) (اسکاچستان) اسراف؛ فضول خرچی ۔

Wasty : (a) (۱) بیکار یا فضول چیزوں سے بھرا ہوا ۔ (۲) (مویشی) حد سے زیادہ موٹا ۔

Wat : (n) [f. nickname for Walter.] (قدیم) خرگوش ۔

Wat : (n) [Siamese.] سیامی بودھ مندر ۔

Wat : (۱) نمی؛ تری؛ رطوبت ۔ (۲) (اسکاچستان) دیکھو Wet ۔

Watap/Wattap : (n) [Narragansett Indian.] صنوبر کی جڑوں سے بنا ہوا دھاگا یا سوت جسے امریکی دیسی بننے اور سینے کے کام میں لاتے ہیں ۔

Watch : (n) [OE. 'waecce'.] (۱) رات کو جاگنا؛ شب بیداری ۔ (۲) چوکسی؛ خبرداری؛ نگاہ رکھنا؛ غافل نہ ہونا ۔ (۳) پہرے دار؛ چوکی دار؛ گشتی پہرے والوں کا گروہ؛ روند ۔ (٤) (تاریخ) پہر ؛ تین یا چار حصوں میں سے ایک جن میں رات پہرے کی غرض سے تقسیم کی جاتی ہے ۔ (٥) ملازمین جہاز کے دو گروہوں میں سے ایک جو باری باری سے ڈیوٹی انجام دیتے ہیں ۔ (٦) جیبی گھڑی ؛ واچ ؛ جہازی گھڑی ۔ (۷) نگرانی (کسی شخص کی نقل و حرکت کی) ۔ (۸) (تاریخ) سنتری ۔ (۹) شیشہ، ظروف چینی یا تانبے وغیرہ کا آزمائشی نمونہ جس کو بھٹی میں ڈال کر نکال لیا جاتا ہے تاکہ

Watch : (a) (۱) نگہبانی یا انتظار کا؛ نگرانی سے متعلق ۔ (۲) پہرے دار کا؛ نگہبان سے متعلق ۔

Watch and ward : (n) (۱) مستقل حفاظت؛ لگاتار حفاظت یا نگرانی ۔ (۲) پہرہ داری (رعیت کی یا سپاہی کی)؛ پہرا ۔

Watch and watch : (n) (بحری) ملازمین جہاز کے دو گروہوں کا چار چار گھنٹے کی باری سے ڈیوٹی کرنے کا انتظام ۔

Watch-bell : (n) (۱) گھنٹی جو پہرے کی ہر باری میں آدھ آدھ گھنٹے پر بجائی جاتی ہے ۔ (۲) گھنٹی جو فوجی پہرا شروع ہوتے اورختم ہوتے وقت بجائی جاتی ہے یا خطرے کے وقت بجائی جاتی ہے ۔

Watch-bill : (n) باری باری سے ڈیوٹی دینے والے جہاز کے ملازمین کی فہرست ۔

Watch-boat : (n) گشتی کشتی؛ نگرانی کرنے والا جہاز ۔

Watch-box : (n) (۱) سنتری گاہ؛ سنتری خانہ؛ سنتری کے کھڑے ہونے کا چوبی کمرا ۔ (۲) سنتری خانے سے مشابہ چوبی پناہ گاہ ۔

Watch-bracelet : (n) کنگن جس میں گھڑی لگی رہتی ہے ۔

Watch-cap : (n) (امریکا) نیوی بلیو رنگ کی ٹوپی جو بحریے کے رنگروٹ طوفانی موسم یا سردیوں میں پہنتے ہیں ۔

Watch-case : (n) گھڑی کا ڈھکنا یا ڈھکن ۔

Watch-chain : (n) گھڑی کی چین؛ گھڑی کی زنجیر ۔

Watch-charm : (n) گھڑی کی زنجیر کا آویزہ ۔

Watch-clock : (n) پہرے دار کی گھڑی ۔

Watch-coat/-cloak : (n) گرم اوورکوٹ جو باری باری سے ڈیوٹی دینے والے ملازمینِ جہاز سرد اور طوفان خیز موسم میں پہنتے ہیں ۔

Watch-committee : (n) (انگلستان) ٹسٹرکٹ بورڈ چوکیداری اور روشنی کی کمیٹی ۔

Watch-cry : (n) (۱) پہرہ دار کی گشتی آواز ۔ (۲) لفظ یا الفاظ جن سے ایک جماعت یا کسی تحریک کا نصب العین ظاہر ہو؛ اصولی قول ۔

گرمی کا اندازہ کیا جاسکے ۔ (۱۰) دیدبان ۔ (۱۱) بلبل کا غول؛ غولِ عنادل ۔

Black watch : کالی پلٹن ؛ بیالسویں ہائی لینڈرس کی پلٹن ۔

(One's) watch below/-off : فرصت کے اوقات (ڈیوٹی سے) ۔

On upon the watch : ہوشیار؛ خبردار؛ چوکس ۔

The watches of the night : شب کا وقت ۔

To keep (a, the) watch/To set a watch : پہرہ دینا؛ نگرانی کرنا؛ پہرا بٹھانا ۔

To stand upon one's watch : پہرا دینا؛ چوکس رہنا ۔

Watch : (v) (۱) (کسی کام کے لئے) رات کو جاگنا ؛ شب بیداری کرنا ۔ (۲) (واقعات کا) رخ دیکھنا؛ نگاہ رکھنا؛ دیکھتے رہنا؛ خبردار رہنا؛ چوکس رہنا؛ ہوشیار رہنا؛ (موقع کے) انتظار میں رہنا؛ موقع کی تاک میں رہنا ۔ (۳) (کسی شخص کی) نگرانی کرنا؛ حرکات و سکنات پر نظر رکھنا ۔ (٤) انتظار کرنا؛ منتظر رہنا ۔ (٥) دیکھو Watch over ۔ (٦) پہرا دینا؛ سنتری کا کام کرنا ۔ (۷) (ملاح کا) باری کی ڈیوٹی انجام دینا ۔ (۸) (بیرسٹر کا اپنے مؤکل کے لئے) مقدمے کی کاروائی سننا تاکہ اپنے مؤکل کے مفاد کی حفاظت کر سکے جو اس مقدمے کا فریق نہیں ہے ۔ (۹) نگہبانی کرنا؛ حفاظت کرنا، گلہ بانی کرنا؛ (مریض کی) دیکھ بھال کرنا؛ (مُردے کے پاس) شب بیداری کرنا ۔ (۱۰) (کسی شہر میں) پہرے دار بٹھانا؛ پولیس مقرر کرنا ۔ (۱۱) (شاہین بازی) (سدھانے کے لئے) سونے نہ دینا، جگائے رکھنا ۔ (۱۲) (اودبلاؤ کا) بھٹ میں چلا جانا (آرام کرنے کے لئے) ۔ (۱۳) (پیراک پیپے کا) صحیح مقام پر تیرتے رہنا ۔ (۱٤) کھلا رہنا؛ بند نہ ہونا (پھولوں کا) ۔ (۱٥) مطلع رہنا؛ باخبر رہنا؛ خبردار رہنا ۔

To watch it : خبردار ہونا؛ ہوشیار ہونا ۔

To watch one's steps : قدم پھونک پھونک کر رکھنا؛ بے حد محتاط رہنا ۔

To watch out : (کرکٹ) فیلڈر کا کام کرنا ۔

Watch-crystal : (n) محدب شیشہ جو گھڑی پر لگا رہتا ہے ۔

Watch-desk : (n) آگ بجھانے والے دفتر کی وہ میز جس پر ایک آگ بُجھیا ہر وقت ڈیوٹی پر بیٹھا رہتا ہے ۔

Watch-face : (n) گھڑی کا چہرہ ۔

Watch-fire : (n) پہرے کا الاؤ؛ آگ جو رات کو کیمپ وغیرہ میں جلائی جاتی ہے ۔

Watch-fob : (n) چھوٹی زنجیر جس سے گھڑی کو باندھ کر برجس کی چھوٹی جیب میں رکھتے ہیں ۔

Watch-glass : (n) گھڑی کا شیشہ : شیشۂ ساعت ۔

Watch-guard : (n) گھڑی کی زنجیر یا ڈوری ۔

Watch-gun : (n) وہ بندوق جو رات کو جہاز پر آٹھ بجے پہلی باری کی ڈیوٹی شروع ہوتے ہی داغی جاتی ہے ۔

Watch-hand : (n) گھڑی کے منٹ اور سیکنڈ کی سوئی ۔

Watch-house : (n) (۱) پہرے دار کا گھر؛ سنتری خانہ ۔ (۲) بلدیہ کے رات کے چوکیدار کا گھر ۔

Watch keeper : (n) جہاز پر باری باری سے ڈیوٹی دینے والا ۔

Watch-key : (n) گھڑی کی چابی ؛ کنجی ۔

Watch-light : (n) رات کو جلانے کے لئے ایک قسم کی موٹی موم بتی جس سے دھندلی یا مدھم روشنی نکلتی ہے ۔

Watch-maker : (n) گھڑی ساز ۔

Watch-making : (n) گھڑی سازی ۔

Watch-meeting : (n) رات کی میٹنگ ۔

Watch-night : (n) (۱) عبادت جووسلین میتھوڈسٹ ہر مہینے نصف رات تک جاگ کر کرتے ہیں؛ سال کی آخری رات کی عبادت ۔ (۲) عبادت کی رات ۔ (۳) سال کی آخری رات ۔

Watch officer : (n) بحریہ کا افسر جسے باری باری سے ڈیوٹی دینی پڑتی ہے ۔

Watch-oil : (n) گھڑی کے پرزوں کو صاف کرنے کا تیل ۔

Watch out : (v) چوکس رہنا؛ ہوشیار رہنا ۔

Watch out : (n) نگہبانی؛ چوکسی ۔

Watch over : (v) حفاظت کرنا؛ نگہداری کرنا؛ نگہبانی کرنا ۔

Watch paper : (n) منقش کاغذ جو گھڑی کے ڈبے میں لگا رہتا ہے ۔

Watch-pocket : (n) چھوٹی جیب (گھڑی رکھنے کے لئے) ۔

Watch-rate : (n) چوکیداری محصول ؛ چوکیداری ٹیکس ۔

Watch-room : (n) (۱) سنتری گاہ؛ سنتری خانہ ۔ (۲) آگ بجھانے والے دفتر کا وہ کمرا جس میں سگنل موصول کیا جاتا ہے ۔

Watch-spring : (n) گھڑی کی کمانی ۔

Watch-stand : (n) چھوٹا سا ستون گھڑی آویزاں کرنے کے لئے؛ واچ اسٹینڈ ؛ گھڑی ستون ۔

Watch-stander : (n) جہاز پر باری باری سے ڈیوٹی دینے والا ۔

Watch-stuffer : (n) (عام) (کسی شخص کو دھوکا دے کر) اچھی گھڑی کی جگہ گھٹیا گھڑی دینے والا شخص ۔

Watch-stuffing : (n) (عام) (کسی شخص کو دھوکا دے کر) اچھی گھڑی کی جگہ گھٹیا گھڑی دینا ۔

Watch-tower : (n) (۱) دید گاہ؛ دیدبان؛ پہرے کا منار ۔ (۲) سرسینہ مکڑے کا برج نما حصہ جہاں آنکھیں ہوتی ہیں ۔

Watch-wheel : (n) گھڑی کا پہیے کی شکل کا پرزہ جوحرکت میں رہتا ہے ۔

Watch woman : (n) قلماقنی؛ اردابیگی ؛ پہرے دار عورت؛ سنتری عورت ۔

Watch word : (n) (۱) (فوج) وہ مخصوص لفظ جس سے فوجی پہرے والے دوست و دشمن میں تمیز کرتے ہیں، پیرول؛ پلول؛ شعار ۔ (۲) لفظ یا الفاظ جن سے ایک جماعت کا نصب العین ظاہر ہو ۔

Watch-work : (n) گھڑی کی چرخیاں ۔

Watchable : (a) نگاہ رکھنے کے لائق ۔

Watchband : (n) گھڑی کا فیتہ ۔

Watchdog : (n) (۱) رکھوالا کتا جو چور وغیرہ کی خبر دے؛ سگ پاسبان ۔ (۲) محافظ؛ نگہبان؛ پاسبان؛ پہرہ دار؛ ڈیوڑھی دار ۔

Watchdog : (v) محافظت کرنا؛ نگہبانی کرنا؛ پاسبانی کرنا ۔

Watcher : (n) (۱) جاگنے والا؛ نگہبان ۔(۲) تیمار دار؛ مردے کے پاس شب بیداری کرنے والا ۔(۳) پہرہ دار؛ سنتری ۔ (٤) فرشتوں کی ایک جماعت ۔ (٥) مشاہدہ کرنے والا ؛ نظارہ کرنے والا ۔ (٦) کسی پارٹی یا امیدوار کا نمائندہ جو انتخاب کے دن ووٹ دینے کی جگہ پر بٹھا دیا جاتا ہے تاکہ وہ افسروں اور ووٹ دینے والوں پر نظر رکھے ۔(۷) کارخانے کا وہ ملازم جو کارخانے کی کارگزاری پر خصوصاً مشین پر نظر رکھتا ہے ۔

Watchet : (n) [ON Fr.] ہلکا نیلا رنگ؛ ہلکے نیلے رنگ کا کپڑا ۔

Watchet-fly : (n) مچھلی پکڑنے کی مکھی (چارہ) ۔

Watchful : (a) (۱) جاگتا ہوا؛ بیدار؛ بے خواب؛ جاگتے رہنے کا عادی ۔(۲) بے خوابی میں گزرنےوالا (وقت) ۔ (۳) چوکس؛ ہوشیار؛ خبردار ۔

Watchful waiting : (n) واقعات کا رخ دیکھنا اور کوئی فوری اقدام نہ کرنے کی پالیسی ۔

Watchfully : (adv.) جاگتے ہوئے؛ چوکسی سے؛ ہوشیاری سے ۔

Watchfulness : (n) بیداری؛ چوکسی؛ ہوشیاری؛ ہشیاری ۔

Watching : (n) (۱) رات کو جاگنا؛ نگہداری ۔(۲) شب بیداری؛ نگہداری ۔

Watching and warding : (n) دیکھو Watch and ward

Watching brief : (n) (۱) کسی مقدمے کے واقعات اور قانونی امور کا خلاصہ جو وکیل کے لئے لکھا جاتا ہے تاکہ وہ مقدمے کی کاروائی سنے اور اپنے مؤکل کے مفاد کی حفاظت کرے جو فریق مقدمہ نہیں ہے؛ ایسے وکیل کی فیس ۔ (۲) کسی کاروائی جیسے مجلس مقننہ) کو سننے کے لئے کسی کو مقرر کرنا (ان لوگوں کے لئے جن کا سروکار اس کاروائی سے ہو) ۔

Watching candle : (n) شمع جو کسی مقبرے میں یا مردے کے پاس جلائی جاتی ہے ۔

Watchless : (a) بے نگہبان؛ بے پہرہ؛ جس کی حفاظت یا پاسبانی نہ ہوتی ہو ۔

Watchman : (n) (۱) پہرے والا؛ محافظ ۔(۲) چوکیدار ۔ (۲) ایک قسم کا بھونرا ۔ (٤) Watch -desk پر بیٹھنے والا آگ بجھانے والا ۔(٥) کٹ وغیرہ کا ٹکڑا جو ٹائپ کی سطروں کے درمیان لگا دیا جاتا ہے تاکہ کمپوزیٹر کو معلوم ہو سکے کہ یہاں پر کچھ اضافہ یا تحریف ہے ۔

Watchman beetle : (n) ایک قسم کا بھونرا ۔

Watchmanly : (a) پہرے دار سے متعلق؛ پاسبان کا ۔

Watchmate : (n) جہاز پر باری باری سے ڈیوٹی کرنے والے کا ساتھی ۔

Water : (n) [OE. 'waeter'.] (۱) پانی؛ آب؛ جل ۔(۲) کسی قسم کی رطوبت مثلاً پیشاب، پسینہ، آنسو وغیرہ ۔ (۳) سمندر، دریا، تالاب وغیرہ ۔ (٤) مد یا جزر ۔(٥) محلول؛ عرق ۔(٦) جواہرات خصوصاً الماس کی آبدار چمک؛ آب ۔(۷) کسی کمپنی کے سرمائے میں ظاہری اضافہ جو نئے حصے جاری کرنے سے کیا جائے (جو دراصل سرمایہ نہیں بلکہ قرض ہوتا ہے) ۔ (۸) معدنی چشمے کا پانی؛ معدنی چشمہ ۔ (۹) (شکار) چشمے یا گڈھے جسے گھوڑے کو پھاندنا پڑے ۔(۱۰) پانی کی مقدار یا گہرائی جہاز رانی کے لئے ۔(۱۱) پانی جو رِس کر یا موجوں کے ٹکرانے سے جہاز یا کشتی میں آگیا ہو ۔(۱۲) سیلاب؛ باڑھ ۔(۱۳) سبزیوں کا رس ۔(۱٤) آب دہن؛ رال ۔(۱٥) آب رنگ تصویر ۔(۱٦) کسی صفت کا غیرمعمولی درجہ ۔ (۱۷) (کپڑا، دھات کی سطح کی) لہردار چمک ۔

Above water : (۱) سطح آب سے اوپر ۔(۲) مشکل یا پریشانی سے چھٹکارا پاکر ۔

Across the water : سمندر پار ۔

Bread and water : ناپسندیدہ، بے مزا کھانا ۔

By water : سمندر کے راستے سے؛ (پانی کے) جہاز سے؛ دریا سے ہو کر ۔

Cup of cold water : کٹورا بھرٹھنڈا پانی جو مہمان نوازی کی نشانی قرار دیا گیا ہے ۔

Deep water : (۱) انتہائی مصیبت اور پریشانی یا تردد ۔ (۲) مشکل اور خطرناک معاملہ ۔

In deep water : بڑی مشکلوں میں؛ آزمائشوں سے گھرا ہوا؛ مشکلات میں گرفتار ۔

In smooth water : بغیر رکاوٹ کے بڑھتے ہوئے؛ آرام سے؛ اطمینان کی حالت میں؛ پریشانیوں سے نجات پائے ہوئے ۔

Like water : پانی کی طرح؛ بے دریغ ۔

Of the first water : (۱) اعلیٰ درجے کا۔(۲)بہت بڑا؛ زبردست ۔

On this side the water : سمندر کے اِس طرف ۔

On the water/Upon- : بحری نوکری میں؛ بحریہ میں؛ سمندر میں ۔

Over the water : سمندر میں ۔

The king over the water : جلاوطن بادشاہ ۔

To cross the water : سمندر پار جانا ۔

To cut off the water : پانی بند کر دینا ۔

To draw (so much) water : (جہاز کا) مخصوص مقدار میں پانی ہٹانا ۔

To drink the waters : صحت کی خاطر چشمہ گاہ (معدنی چشموں کی جگہ) میں جاکر رہنا ۔

To get into, be in, hot water : ناعاقبت اندیشی کی وجہ سے مشکلات میں گرفتار ہو جانا موردِ عتاب ہونا؛ لوگوں کو خفا کردینا ۔

To go through fire and water : ہرطرح کی مشکل یا پریشانی کا مقابلہ کرنا ۔

To keep one's head above water : (۱) مستقل جد و جہد کر کے تباہی سے بچ جانا ۔(۲) (مجازاً) کام چلانا؛ اپنا خرچ چلانا؛ دیوالیہ نہ ہونے دینا ۔

To make a hole in the water : (عام) پانی میں ڈوب کر خودکشی کرنا ۔

To make water : پیشاب کرنا ۔

To make water/To take (in) water : رِسنا؛ ٹپکنا؛ چونا؛ (جہاز کا) پانی سے بھرجانا ۔

To pass water : پیشاب کرنا ۔

To take (the) water : (۱) تیرنے کےلئے دریا، جھیل یا سمندر میں اترنا ۔(۲) جہاز پر سوار ہونا ۔ (۳) اپنی جگہ چھوڑ دینا ۔(٤) (جہاز کا) پانی میں اترنا ۔

To tread water : گہرے پانی میں دونوں پاؤں باری باری سے مارتے ہوئے قائم رہنا ۔

To turn on the water-works : (عام) آنسو بہانا؛ زار زار رونا ۔

To write on or in water : ناپائدار نقش بنانا ۔

Under water : (۱) زیرآب؛ سیلاب زدہ ۔(۲) (مجازاً) ناکامیاب؛ ناکام ۔(۳) قرض چکانے میں ناکام ۔

Water on the brain/- in the head : استسقاء دماغ؛ بھیجے میں پانی اُترنا ۔

Water : (v) (۱) چھڑکاؤ کرنا (سڑک پر) ۔(۲) آبپاشی کرنا؛ پانی دینا (پودوں کو) ۔(۳) پانی پلانا (گھوڑے وغیرہ کو) ؛ پانی پینے کو جانا ۔ (٤) پانی ملانا (دودھ وغیرہ میں) ۔ (٥) (آنکھوں میں) پانی آجانا؛ (آنکھوں کا) آنسو سے بھر جانا ۔ (٦) (منہ میں) پانی بھرآنا ۔(۷) (جہاز وانجن وغیرہ کا) پانی لینا ۔(۸) کپڑے میں اندرونی لہریا بنانا جو روشنی میں رکھنے سے نظر آئے ۔ (۹) (اصلی سرمایہ میں اضافہ کئے بغیر جدید حصوں کے اجراء کے ذریعے سے کمپنی کے سرمائے میں) ظاہری اضافہ کرنا ۔ (۱۰) پانی فراہم کرنا ۔ (۱۱) پانی پینا؛ پینے کے لئے پانی حاصل کرنا ۔

To water down : (۱) (شراب وغیرہ کو) ہلکی کر دینا؛ پتلی کر دینا ۔(۲) (مجازاً) کمزور کر دینا ۔ (۳) (تجارت) عرفی راس المال میں اضافہ کرنا (فرضی مال کا اضافہ کرکے) ۔

To water (something) with one's tears : (قدیم) رو رو کر بھگا دینا ۔

Water adder : (n) پانی کا سانپ جس میں زہر نہیں ہوتا؛ پنیالا سانپ ۔

Water-antelope : (n) آبی مرگ؛ دریائی ہرن ۔ (۲) دیکھو Water-buck ۔

Water authority : (n) آب رسانی کا محکمہ ۔

Water avens : (n) ایک سدا بہار جڑی بوٹی ۔

Water-back : (n) (۱) شراب کی کشید میں استعمال ہونے والا پانی کا حوض ۔ (۲) لکڑی یا کوئلے سے چلنےوالے چولہے دان کے پیچھے کا خزانۂ آب ۔

Water-bag : (n) (۱) مشکیزہ ۔ (۲) اونٹ یا اس قسم کے دوسرے جانوروں کا دوسرا معدہ یا جھلیاں ۔

Water bailage : (n) (۱) پورٹ آف لندن (Port of London) لانے یا لے جانے والے مال پر لگنے والا محصول ۔

Water-bailiff : (n) (۱) بندرگاہ کا چنگی افسر ۔ (۲) ناجائز طور پر مچھلی کے شکار کو روکنے والا افسر ۔

Water-balance : (n) (۱) پانی کے وزن سے مال اوپر اٹھانے کی مشین ۔ (۲) جسم میں جذب ہونے والے اور جسم سے خارج ہونے والے پانی کے فرق کا تناسب ۔

Water-ballast : (n) آبی بھرت؛ پانی سے بھرا حوض ۔

Water-ballet : (n) آبی رقص ۔

Water-bar : (n) (۱) پہاڑی سڑکوں کا ماہی پشت ابھار (پانی کو دوسری طرف موڑنے کےلئے) ۔ (۲) پن روک چھڑ (کھڑکی وغیرہ کا) ۔ (۳) سلاخ دار چوکھٹے کی نلکی نما سیخ ۔

Water-bath : (n) (۱) (کیمیا) پن جنتر ۔ (۲) پانی سے غسل؛ آبی غسل ۔

Water-bear : (n) ایک قسم کا بھالو نما آبی جانور۔

Water-bearer : (n) آب بردار؛ پن بھرا ۔

Water-bearing : (a) آب دار ۔

Water-bed : (n) (۱)طبقات الارض جس میں پانی ہو ؛ آبی چٹان ۔ (۲) پن گدا؛ پانی سے بھرا ہوا تھیلے کی شکل کا بستر جس پر مریضوں کو لٹاتے ہیں ۔ (۳) (تشریح) غشائے عنکبوتی اورام رقیقہ کے درمیان کا جوف جس میں دماغی نخاعی مادہ ہوتا ہے اور جس پر دماغ رکھا رہتا ہے ۔

Water-beetle : (n) آبی بھونرا ۔

Water-bellows : (n) پن دھونکنی ؛ بھٹی میں آگ دھونکنے کاایک آلہ جو پانی کے گرنے کی قوت سے چلتا ہے ۔

Water-belly : (n) جلندھر؛ استسقائے شکمی ۔

Water-bewitched : (a) بہت ہلکی چائےیاپانی سےملی شراب ۔

Water-bind : (n) پانی دے کر بستہ کرنا ۔

Water-bird : (n) دریائی پرند؛ آبی پرند ۔

Water-biscuit : (n) (۱) آٹے اور پانی سے بنا ہوا پتلا سخت بسکٹ، پن بسکٹ ۔ (۲) بعض قسم کے اُشنوں سے نکلنے والا نیم کروی یا قرص نما مادہ ۔

Water-bitternut : (n) جنوبی امریکا میں اخروٹ کی قسم کا ایک درخت ۔

Water-blebs : (n) آبلہ؛ چھالا ۔

Water-blinks : (n) جھلک آب ۔

Water-blinks : (n) دیکھو Blinks

Water-blister : (n) (۱) آبلہ؛ چھالا۔(۲)اُننّاس کی ایک بیماری ۔ (۳) پودوں کی ایک بیماری جو سورج کی کرنوں کے کسی پانی کے قطرے یا شیشے کے آبلے سے گزر کر پڑنے سے ہو جاتی ہے ۔

Water-blob : (n) جھیل وغیرہ کے پانی کی سطح کا کائی کی وجہ سے رنگ بدل جانا ۔

Water-bloom : (n) ایک طرح کا پودا جو مرطوب چراگاہوں میں اُگتا ہے جس کا پھول سنہرا ہوتا ہے ۔

Water-boa : (n) ایک قسم کا اژدہا سانپ ۔

Water-board : (n) محکمۂ آب رسانی؛ آب رسانی بورڈ ۔

Water-boat : (n) جہاز تک اچھا پانی پہنچانے والی کشتی ۔

Water-boatman : (n) (۱) ملاح ۔ (۲) پن کھٹمل؛ پانی کا ایک چھوٹا کیڑا ۔

Water bok : (n) دریائی ہرن؛ آبی مرگ ۔

Water-boot : (n) پانی میں پہن کر چلنے والے جوتے ۔

Water-borne : (n) (۱) تیرتا ہوا؛ پانی پر ۔ (۲) بحری راستے سے لایا ہوا (مال)؛ جہاز پر لادا ہوا (مال) ۔ (۳) خراب پانی سے پھیلنے والی بیماری ۔

Water-bottle : (n) (۱) پانی کی بوتل شیشے یا دھات کی ۔ (۲) مَشک ؛ مشکیزہ ۔ (۳) سپاہیوں یا مسافروں کی بوتل ۔

Water-bottom : (n) (۱) جہاز کے اندرونی اور بیرونی پیندے کی چادروں کے درمیان کی جگہ ۔ (۲) پانی کے نیچے کی زمین؛ تہِ آب ۔

Water-bouget : (n) (سپاہیوں کی) مشک جسے ڈنڈے لٹکا کر لے جاتے تھے ۔

Water-bouget/-budget : (n) (نقابت) جوڑا مشک کا نشان (بطور مارکہ)۔

Water-bound : (a) (۱) جو سیلاب سے سے نہ بہہ سکے ۔ (۲) پانی دے کر سخت یا مضبوط بنایا ہوا ۔

Water-bow : (n) دیکھو Rainbow

Water-box : (n) پانی رکھنے کا بکس نما ظرف ۔

Water-boy : (n) آبدار؛ مزدوروں یا کھلاڑیوں کو پانی پلانے والا ۔

Water-brain : (n) دیکھو Gid

Water-brake : (n) آبی بریک؛ بریک جو پانی کے دباؤ سےکام کرتا ہے ۔

Water-brash : (n) آبی قے؛ سوزش معدہ؛ ایک قسم کی بدہضمی جس میں پانی کی قے ہوتی ہے ۔

Water-break : (n) چھوٹی چھوٹی موجیں؛ چھوٹی موج ۔

Water-breaker : (n) (جہاز پر) پینے کا پانی رکھنے کا پیپا ۔

Water-breather : (n) گلپھڑوں کے ذریعہ پانی سے آکسیجن لینے والے جانور ۔

Water-broo : (n) پتلا دلیہ ۔

Water-brose : (n) جَو کی روٹی جو دودھ کے ساتھ کھائی جاتی ہے ۔

Water-brush : (n) (۱) گھوڑے کی ایال اور دم کو بھگونے اور پاؤں کو دھونے والا بُرش ۔ (۲) ایک قسم کی گھاس۔

Water-bubbler : (n) دیکھو Drinking-fountain

Water-buck : (n) آبی مرگ؛ آبی سانبھر؛ دریائی ہرن ۔

Water-buffalo : (n) ہندوستانی بھینس ۔

Water-bug : (n) (۱) ایک قسم کا آبی کیڑا ۔ (۲) لال بیگ کی ایک قسم ۔

Water-bury : (n) واٹر بری گھڑی؛ امریکی سستی جیبی گھڑی۔

Water-bus : (n) کشتی؛ (خصوصاً) مسافربردار موٹرکشتی ۔

Water-butt : (n) (۱) بارش کا پانی جمع کرنے کا بڑے منہ کا پیپا ۔ (۲) (تحقیراً) تارک مسکرات ۔

Water-cabbage : (n) (۱) سفیدکنول ۔ (۲) دیکھو Water-lettuce ۔

Water call : (n) گھوڑے کو پانی پلانے کے لئے بلانے کا شہسواروں کا بگل ۔

Water-can : (n) (۱) پانی رکھنے کا دستی ظرف ۔ (۲) زرد کنول ۔

Water-carriage : (n) (۱) بحری راستے سے مال لے جانا ۔ (۲) پانی سے بہا لے جانا ۔ (۳) بحری راستے سے مال برداری کا ذریعہ یا سہولت ۔

Water-carrier : (n) (۱) بحری راستے سے مال لے جانے والا ۔ (۲) سقا؛ آبدار ۔

Water-cart : (n) پانی کی گاڑی؛ چھڑکاؤ گاڑی جس میں فروخت کے لئے یا سڑکوں پر آب پاشی کے لئے پانی بھرا ہوتا ہے ۔

Water-cell : (n) آبی کیسہ (خصوصاً اونٹ کا) ۔

Water-channel : (n) سڑک کے متوازی گڈھا یا نالی ۔

Water-chestnut : (n) آبی شاہ بلوط ۔

Water-chicken : (n) ایک آبی پرندہ ۔

Water-chinquapin : (n) امریکی کنول ۔

Water chute : (n) تختوں کا اتار جسے بہتے ہوئے پانی کے ذریعے سے پھسلواں بنا دیتے ہیں اور اس پر پھسلنے کا کھیل کرتے ہیں ۔

Water civet : (n) امریکی مشک بلاؤ ۔

Water-clear : (a) بالکل شفاف؛ بے رنگ ۔

Water-clock : (n) آبی گھڑی ۔

Water-closet : (n) فلش کا طہارت خانہ؛ بیت الخلا جسے پانی سے دھونے کا انتظام ہو ۔

Water-cock : (n) مرغ آبی ۔

Water-colly : (n) ایک چھوٹا آبی پرندہ ۔

Water-colour : (n) (۱) آب رنگ: مصوری کرنے کے رنگ جو تیل کے بجائے پانی میں حل کئے جائیں ۔ (۲) آب رنگ تصویر ۔ (۳) آب رنگ مصوری ۔

Water-colour : (a) آب رنگ کا ۔

Water-colour painting : (n) آب رنگ تصویر ۔

Water-coloured : (a) (۱) صاف شفاف ۔ (۲) آب رنگ کا ۔

Water-colourist : (n) آب رنگ تصویروں کا مصور ۔

Water-column : (n) (۱) دیکھو Water-gauge ۔ (۲) انجن کوٹھی کی عمودی نلی جس میں کھلمندن اور ٹونٹی لگی رہتی ہے ۔

Water-company : (n) آب رسانی کی نجی کمپنی ۔

Water-consolidated : (a) دیکھو Water-bound

Water-cool : (v) پانی کے ذریعہ ٹھنڈا کرنا ۔

Water-cooler : (n) پانی کے ذریعہ ٹھنڈا کرنے کی مشین ۔

Water-core : (n) (۱) (توپ وغیرہ ڈھالنے میں) وہ کھوکھلا قالب جس میں پانی گردش کرتا رہتا ہے اور جس کے ذریعہ ڈھالی گئی چیز کا اندرونی حصہ بہت جلد ٹھنڈا ہوتا ہے ۔ (۲) سیب اور شلجم کی ایک بیماری ۔

Water-course : (n) (۱) ندی؛ نالا؛ چشمہ ۔ (۲) نہر ۔ (۳) نہر کا پانی استعمال کرنے کا حق ۔ (٤) (بحری) سوراخ جو جہاز کے فرش میں پمپ کے ذریعہ پانی کے نکاس کے لئے کیا جائے ۔

Water-course : (n) ناقص اور گھٹیا قسم کے گچ کی تہ جو زیادہ پانی ملانے اور بہت باریک مسالے کی وجہ سے ہو جاتی ہے ۔

Water-cow : (n) (۱) ہندوستانی بھینس ۔ (۲) دیکھو Sea-cow-

Water-crack : (n) (۱) وہ شگاف جو فولاد کو سخت بنانے میں پڑ جاتا ہے ۔ (۲) پلاسٹر میں پڑجانے والی درز (جو مسالے میں زیادہ پانی ملانے یا دوسری تہ زیادہ جلدی سے چڑھانے کی وجہ سے پڑ جاتی ہے) ۔

Water-cracker : (n) پن بسکٹ؛ ایک قسم کا بسکٹ ۔

Water-craft : (n) (۱) کشتی رانی؛ تیراکی وغیرہ میں مہارت ۔ (۲) جہاز؛ کشتی ۔

Water-crane : (n) (۱) انجن کوٹھی میں ٹنکی سے پانی دینے کا آلہ ۔ (۲) آبی دمکل ۔

Water-creeper : (n) ایک قسم کا آبی کیڑا ۔

Water-cress : (n) سلاد آبی : دریائی پودا جو بطور سلاد استعمال کیا جاتا ہے ۔

Water-crowfoot : (n) ایک قسم کا پودا ۔

Water-culture : (n) آبی کاشت ۔

Water-cure : (n) علاج آبی؛ علاج بالآب: پانی کے ذریعہ سے علاج ۔

Water-curtain : (n) آبی پردہ (جو آگ کو بڑھنے سے روکنے کےلئے تھیٹر یا کان میں لگا ہوتا ہے) ۔

Water-cut : (n) آبی تراش: کسی سطح کو پانی کی دھار دے کر کاٹنا تاکہ چمک پیدا ہو ۔

Water-cycle : (n) آبی سائیکل: وہ کشتی جو (تجربے کے طور پر) پاؤں سے چلنے والے بیرم کے ذریعے چلائی جاتی ہے ۔

Water-deer : (n) (۱) چھوٹا چینی ہرن ۔ (۲) چھوٹا نافے دار ہرن ۔

Water-devil : (n) آبی بھونرے کا غارت گر پہل روپ ۔

Water-diviner : (n) آب شناس ۔

Water-doctor : (n) (۱) معالج آبی ۔ (۲) دیکھو Water-diviner ۔

Water-doe : (n) مادہ آبی مرگ ۔

Water-dog : (n) (۱) آبی کتا؛ کتا جسے آبی پرندوں کو پانی سے نکال لانے کی تربیت دی گئی ہو ۔ (۲) اچھا ملاح یا تیراک ۔ (۳) موش آبی؛ اودبلاؤ ۔ (٤) بادل کا چھوٹا ٹکڑا جسے بارش کا پیش خیمہ سمجھا جاتا ہے ۔

Water-dragon : (n) (۱) آسٹریلیا کی بڑی چھپکلی جو پانی میں رہتی ہے اور بھیانک آواز نکالتی ہے ۔ (۲) ایک قسم کا پودا ۔

Water-drinker : (n) (۱) شراب سے محترز؛ تارک شراب ۔ (۲) معدنی چشموں کا پانی پینے والا ۔

Water-drinking : (n) (۱) شراب کے بدلے پانی پینا؛ شراب ترک کرنا ۔ (۲) معدنی چشموں کا پانی پینا ۔

Water-drinking : (a) (۱) پانی پینے کا عادی خاص طور سے معدنی چشموں کا ۔ (۲) شراب کے بدلے پانی کو شربت کی طرح ترجیح دینے والا ۔

Water-drop : (n) پانی، آنسو یا بارش کا قطرہ ۔

Water-dropwort : (n) یورپ کا ایک زہریلا پودا ۔

Water-dust : (n) بادل یا کہرے کے پانی کے ذرات ۔

Water-eagle : (n) بحری عقاب ۔

Water-elder : (n) ایک درخت جس میں سفید پھولوں کے گچھے لگتے ہیں ۔

Water-elephant : (n) دریائی گھوڑا؛ اسپ دریائی ۔

Water-engine : (n) (۱) پانی اوپر چڑھانے کا پمپ ۔ (۲) آبی انجن ۔

Water-equivalent : (n) آبی معادل؛ آب مساوی ۔

Water-fast : (a) (۱) (اسکاچستان) دیکھو Water tight ۔ (۲) پکا (رنگ وغیرہ)؛ جو پانی سے ختم نہ ہو ۔

Water-feeder : (n) آب رسانی کی ترکیب یا نلکی ۔

Water-fence : (n) (۱) ندی یا دریا جو سرحد کا کام کرے ۔ (۲) (دو کھیتوں کے درمیان) پانی کا روک (تاکہ مویشی ایک کھیت سے دوسرے کھیت میں نہ جاسکیں) ۔

Water-fern : (n) سرخس کی بعض قسمیں ۔

Water-finder : (n) (۱) آب شناس ۔ (۲) پن جوتشی؛ پن فالیا؛ وہ شخص جو طلسمی چھڑی کی مدد سے یہ معلوم کرلیتا ہے کہ پانی کس مقام پرنکلے گا ۔

Water-finish : (n) کاغذ وغیرہ کی عمدہ جلا ۔

Water-finished : (a) عمدہ جلا کا (کاغذ وغیرہ) ۔

Water-fire : (n) ایک قسم کی یورپی آبی گھاس ۔

Water-fit/-foot : (n) (اسکاچستان) دریا کا دہانہ ۔

Water-flag : (n) (نباتیات) زرد سوسن ۔

Water-flea : (n) آبی پسو ۔

Water-flood : (n) (۱) بہا لے جانے والا سیلاب ۔ (۲) سیلابی پانی ۔ (۳) کثرت سے پانی ڈالنا ۔

Water-flow : (n) آبی رو؛ پانی کا بہاؤ ۔

Water-fly : (n) (۱) (حیوانیات) آبی مکھی؛ جُلا (پانی کا ایک کیڑا) ۔ (۲) ایک قسم کا کیڑا جو پتھروں کے نیچے ملتا ہے ۔

Water-fog : (n) پانی کی پھوار جو ایک فوارے کو دوسرے فوارے سے ٹکرا کر پیدا کرتے ہیں ۔

Water-ford : (a) ایک قسم کے صاف اور چمک دار شیشے کے نام کے ساتھ استعمال ہوتا ہے ۔

Water fowl : (a) دریائی پرند (خصوصاً جن کا شکار ہوتا ہے)؛ پن ڈبی؛ مرغ آبی ۔

Water-frame : (n) سوت بنانے کی قدیم مشین جو پانی کے زور سے چلائی جاتی تھی؛ پن چرخہ ۔

Water-front : (n) (۱) دریا؛ سمندر؛ جھیل وغیرہ سے متصل زمین یا عمارت ۔ (۲) کسی شہر کا پانی کی طرف کا رخ ۔

Water-frontage : (n) (عمارت وغیرہ کا) دریا، جھیل وغیرہ کی طرف کا رخ ۔

Water-funk : (n) آب ترسی ۔

Water-furrow : (n) پانی کی ریگھاری ؛ پانی لے جانے کی نالی ۔

Water-furrow : (v) پانی لے جانے کے لئے نالی بنانا؛ نالی بناکر آب پاشی کرنا ۔

Water-gain : (n) پانی جو مسالے (کنکریٹ) سے نکلتا ھے ۔

Water-gall : (n) ثانوی قوس قزح ۔

Water-garden : (n) باغ جس میں آبی پودے زیادہ ھوں ۔

Water-gas : (n) (۱) آبی گیس؛ گیس جو پانی کو تحلیل کر کے اور کاربن ملا کر روشنی کرنے کے کام آتی ھے ۔(۲) بخار؛ بھاپ ۔

Water-gate : (n) (۱) (قلعہ، شہر وغیرہ کا) داخلے کا دروازہ؛ پھاٹک ۔ (۲) وہ جگہ جہاں سے جہاز وغیرہ گزرے ۔

Water-gate : (n) دیکھو Water-course

Water-gauge : (v) حوض پیما ؛ شیشے کا آب پیما جس سے پانی کی بلندی کا اندازہ کیا جاتا ھے (حوض وغیرہ میں)؛ آبی پیمانہ؛ آب ناپ ۔

Water-gild : (v) سونے کا پانی چڑھانا اور پارے کو عمل تبخیر سے اڑا دینا ۔

Water-gilding : (n) سونے کا پانی چڑھانا ۔

Water-gilt : (a) سونے کا پانی چڑھایا ھوا ۔

Water-gland : (n) آبی غدہ؛ مسام آب کے نیچے واقع خلیوں کا مجموعہ جو پانی کے اخراج کو منضبط کرتا ھے ۔

Water-glass : (n) (۱) آبی گھڑی ۔(۲) آبی شیشہ؛ پانی رکھنے کاظرف؛ خصوصاً وہ ظرف جس میں پودوں کو پانی میں رکھتے ہیں ۔ (۳) آبدوز خوردبین؛ دریائی خوردبین؛ پانی کے اندر کی چیزوں کو دیکھنے کا آلہ ۔ (٤) (سوڈیم کی) ابرک کا محلول جو دیواروں کی نقاشی میں اور انڈوں کو محفوظ رکھنے میں کام آتا ھے ۔

Water-glass painting : (n) نقاشی جس میں ایسے رنگ برتے جاتے ہیں جو ایک مسالے (Water glass) سے پختہ کئے جاتے ہیں ۔

Water-gold : (n) سونے کا سیمابی ممزوج؛ طلاء ملغم ۔

Water-grain : (n) گیلے چمڑے کی دانہ دار سطح ۔

Water-grass : (n) آبی گھاس؛ دریائی گھاس ۔

Water-grate : (n) بھٹی کا چوکھٹا جس میں پانی سے ٹھنڈی کی ھوئی لوھے کی چھڑ لگی رہتی ھے ۔

Water-ground : (a) پن چکی کا پیسا ھوا ۔

Water-gruel : (n) پتلا دلیا ۔

Water-guard : (n) (۱) بندرگاہ یا دریا پر پہرہ دینے والا (پہرے دار) ۔(۲) کسٹم افسروں کی وہ جماعت جو جہازوں پرنظر رکھتے ہیں ۔

Water-gun : (n) (۱) آبی پستول ۔(۲) دیکھو Water-pistol ۔

Water-hammer : (n) (۱) ایک آلہ جو یہ دکھاتا ھے کہ خلا میں رقیق اور ٹھوس دونوں ایک ہی رفتار سے گرتے ہیں ۔ (۲) تصادم جو پانی کے نل میں ٹونٹی بند کرنے سے یا بھاپ کے نل میں تازہ بھاپ داخل کرنے سے پیدا ھوتا ھے ۔

Water-hammer : (v) (پانی) اس برتن کی دیوار سے ٹکرانا جس میں سے ھوا نکال دی گئی ھو ۔

Water-hammer pulse : (n) بے قاعدہ نبض (جس میں نبض کی ضرب یکساں نہ ھو) ۔

Water-hare : (n) دلدلی خرگوش ۔

Water-haul : (n) (۱) جال کی کھینچائی جس میں مچھلی نہ آئے ۔ (۲) لا حاصل کوشش؛ بے کار کی سعی؛ سعی لا حاصل ۔ (۳) وہ تشریف آوری جس میں ملنے والے سے ملاقات نہ ھو ۔

Water-head : (n) (۱) ارتفاع آب؛ سرآبہ؛ دریا یا چشمے کا منبع ۔ (۲) بڑا سر ۔ (۳) بہت بڑا سر رکھنے والا (خصوصاً ذہین شخص) ۔

Water-heater : (n) پانی گرم کرنے کا آلہ ۔

Water-hemisphere : (n) نصف کرۂ آبی ۔

Water-hemlock : (n) ایک بڑا سیدھا سدا بہار درخت ۔

Water-hen : (n) مرغابی ۔

Water-hen hackle : (n) مصنوعی مکھی (مچھلی پکڑنے کی) جس میں مرغابی کے پر لگاتے ہیں ۔

Water-lane : (n) (۱) رستہ جس کے ساتھ ساتھ چشمہ بہہ رہا ہو ۔ (۲) تنگ دریائی راستہ ۔

Water-lawyer : (n) (مزاحاً) شارک مچھلی ۔

Water-leaf : (n) ایک زیور جس میں عشق پیچاں کی پتی بنی رہتی ہے ۔

Water-lens : (n) عدسۂ آب: پن بھری دوربین؛ ایک قسم کی دوربین جس میں پانی بھرا ہوتا ہے ۔

Water-level : (n) (۱) سطح؛ سطح آب (حوض وغیرہ کی) ۔ (۲) (ارضیات) سطح سیرابی؛ زمین کی وہ پرت جس کے نیچے تک ساری زمین سیراب ہو ۔ (۳) پن گنیا؛ نلی کی شکل کا لیول جس میں پانی بھرا رہتا ہے اور اس کی سطح کی ہمواری کا اندازہ کیا جاتا ہے: آبی افق نما ۔ (٤) (کان کنی) کان کی ڈھلواں سطح (پانی نکالنے کے لئے) ۔ (٥) جہاز کا خط آب ۔

Water-lily : (n) کنول؛ نیلوفر؛ پنکج ۔

Water-lime : (n) (۱) آبی چونا ۔ (۲) آبی چونے کا پتھر ۔

Water-line : (n) (۱) خط آب؛ جہاز کے کنارے کا وہ خط جس کی حدّ تک پانی کی سطح جہاز کے کنارے چھوتی ہے ۔ (۲) کاغذ کی اندرونی لکیر؛ خط آبی ۔ (۳) ساحل کا خاکہ ۔ (٤) (جہاز سازی) جہاز کا وہ ساختمانی خط جو سطح آب کے متوازی ہوتا ہے اور جسم جہاز کی ساخت کو دکھاتا ہے ۔ (٥) سطح سیرابی؛ دیکھو Water-level ۔ (٦) وہ نشان جو پانی چیزوں پر چھوڑ دیتا ہے (جس سے سطح آب کا اندازہ ہوتا ہے) ۔ (۷) پائپ کی لائن (پانی لے جانے کے لئے) ۔

Water-lizard : (n) (۱) آبی چھپکلی ۔ (۲) سمندر کی قسم کا آتشی کیڑا ۔

Water-locust : (n) (نباتیات) کرات؛ دلدلی علاقوں میں پیدا ہونے والا ایک پودا ۔

Water loop : (n) بحری طیّارے کا غیرارادی طور پر اچانک جھٹکے کے ساتھ مڑ جانا ۔

Water-louse : (n) ایک قسم کا سخت پُشت دریائی جانور ۔

Water-main : (n) آب رسانی کا بڑا نل؛ شہہ نل؛ صدر نل ۔

Water-marigold : (n) آبی گیندا ۔

Water-hickory : (n) جنوبی امریکا میں ایک قسم کے اخروٹ کا درخت ۔

Water-hole : (n) (۱) (قدیم) گڑھا؛ جوہڑ ۔ (۲) گڑھا جس میں دریا کے خشک ہو جانے کے بعد بھی پانی بھرا ہو ۔ (۳) سطح برف کا گڑھا ۔

Water-holly : (n) ایک قسم کی جھاڑی جس میں انگور نماپھل آتے ہیں ۔

Water-horizon : (n) مسام دار چٹانوں کا طبقہ جس سے کنویں میں پانی آتا ہے ۔

Water-horse : (n) افسانوی دریائی بھوت جو گھوڑے کی شکل میں نظر آتا ہے ۔

Water-house : (n) وہ عمارت جس میں سرابہ خزانۂ آب میں رکھا رہتا ہے اور نلوں کے ذریعے دوسری جگہ لے جایا جاتا ہے ۔

Water-ice : (n) میٹھی برف؛ (جو شربت کو جما کر اورکسی چیز کی چاشنی دے کر بناتے ہیں) ۔

Water-inch : (n) آبی انچ؛ مقدار آب جو چوبیس گھنٹے کے اندر ایک انچ کے نل سے کم سے کم دباؤ سے خارج ہوتی ہے ۔

Water-in-oil : (a) جو تیل میں پانی ڈال کر بنایا گیا ہو ۔

Water-jacket : (n) پانی کا ظرف جس میں مشین کا وہ حصہ رکھا جاتا ہے جسے ٹھنڈا رکھنا مقصود ہے ۔

Water-jacketed : (n) آبی غلاف دار ۔

Water-jet : (a) پانی کے فوارے سے چلنے والا ۔

Water-joint : (n) آب بند جوڑ؛ ٹپکنے سے محفوظ؛ بے رخنہ ۔

Water-jump : (n) (ندی، نالے وغیرہ سے پیدا) رکاوٹ (جسے گھوڑے کو پھاندنا پڑتا ہے) ۔

Water-junket : (n) دیکھو Sandpiper

Water-kelpie : (n) دریائی بھوت ۔

Water-knot : (n) ایک قسم کی گرہ جو مچھلی پکڑنے کی ڈور میں لگاتے ہیں ۔

Water-laid : (a) (۱) تہری لڑوں کا (رسّا)؛ (رسا) بائیں طرف بٹا ہوا ۔ (۲) رسوبی ۔

(۱) کاغذ کا اندرونی نشان جس میں بنانے والے کا نام، کاغذ کا سائز وغیرہ لکھا ہوتا ہے؛ آبی نشان؛ وہ فلزی سانچہ جس سے یہ نشان ڈالا جاتا ہے ۔ (۲) سیلاب کا نشان ۔ (۳) پانی کی گہرائی بتانے والا نشان (جہازرانی کے لئے) ۔ Water-mark : (n)

(کاغذ پر) اندرونی نشان ڈالنا؛ ڈاک ٹکٹ پر نشان ڈالنا ۔ Water-mark : (v)

نہر کا منتظم ۔ Water-master : (n)

سیراب مرغزار، جس میں پانی بھرکر زرخیز بناتے ہیں ۔ Water-meadow : (n)

پیمانہ آب؛ پَن ناپ ۔ Water-measure : (n)

بعض قسم کے آبی کیڑے ۔ Water-measurer : (n)

(۱) تربوز ۔ (۲) ایک قسم کی مچھلی ۔ Water-melon : (n)

میٹر آب؛ پانی پیما؛ آب پیما؛ پانی کی مقدار ناپنے کا آلہ ۔ Water-meter : (n)

ایک آبی پودا ۔ Water-milfoil : (n)

پن چکی ۔ Water-mill : (n)

آبی پودینہ ۔ Water-mint : (n)

ایک آبی کیڑا ۔ Water-mite : (n)

(۱) ایک قسم کا زہریلا سانپ ۔ (۲) دیکھو Water-snake ۔ Water-mocassin : (n)

آبی کھمبی ۔ Water-mold/-mould : (n)

بط بلاؤ؛ آسٹریلیا کا ایک دودھ پلانے والا جانور جس کی چونچ بط کی سی نیچے جھلی دار اور جسم پر گہرے بادامی رنگ کا سمور ہوتا ہے (یہ جانور انڈے بھی دیتا ہے) ۔ Water-mole : (n)

ایک قسم کی ہندوستانی بڑی چھپکلی جو پانچ سے چھ فٹ تک لمبی ہوتی ہے اور دریا کے کنارے پائی جاتی ہے ۔ Water-monitor : (n)

(تنگ اور لمبی گردن کی) صراحی جو گرم ممالک میں پانی کے لئے استعمال کی جاتی ہے ۔ Water-monkey : (n)

(۱) ایک کائی نما آبی پودا ۔ (۲) ایک قسم کی کائی ۔ Water-moss : (n)

(۱) پتنگوں کی ایک جنس جس کا پہل روپ سطح آب کے نیچے ہوتا ہے ۔ (۲) مئی مکھی؛ کیڈس مکھی ۔ Water-moth : (n)

(۱) پن موٹر؛ پانی کے دباؤ سے متحرک انجن ۔ (۲) دولاب؛ پن چرخی ۔ Water-motor : (n)

چوہے کی قسم کا جانور جو پانی میں رہتا ہے؛ موش آبی ۔ Water-mouse : (n)

دریا کا دہانہ ۔ Water-mouth : (n)

ایک قسم کی کائی ۔ Water-net : (n)

آبی سمندر؛ ایک قسم کا کیڑا ۔ Water-newt : (n)

جل پری ۔ Water-nixie : (n)

سنگھاڑا ۔ Water-nut : (n)

جل پری؛ سمندر کی پَری ۔ Water-nymph : (n)

بعض قسم کے امریکی بلوط جو دلدلی علاقوں میں پیدا ہوتے ہیں ۔ Water-oak : (n)

شمالی امریکا کی ایک سدا بہار گھاس ۔ Water-oat : (n)

ایک دریا جس کے کنارے شہر آئر(Ayr) آباد ہے ۔ Water-of Ayr : (n)

دریائے آئر کے کنارے پایا جانے والا پتھر جو سان کرنے میں استعمال ہوتا ہے ۔ Water-of-Ayr stone : (n)

(۱) (مجازاً) آبِ حیات ۔ (۲) برانڈی یا وہسکی (شراب) ۔ (۳) نور باطن؛ روشن ضمیری ۔ Water of life : (n)

پانی جو خشک مٹی میں ڈالتے ہیں (گیلا بنانے کے لئے) ۔ Water of plasticity : (n)

استسقاء دماغ؛ بھیجے میں پانی اُترنے کا مرض ۔ Water on the brain : (n)

چوٹ وغیرہ لگنے کی وجہ سے گھٹنے کےجوڑوں میں پانی کا جمع ہوجانا؛ جلندھر ۔ Water on the knee : (n)

Water opal : (n) ایک قسم کا قیمتی پتھر جو بے رنگ ہوتا ہے ۔

Water opossum : (n) جنوبی امریکا کا پانی میں رہنے والا ایک قسم کا تھیلی دار جانور ۔

Water ordeal : (n) کھولتے ہوئے پانی میں ہاتھ ڈال کر جھوٹ سچ کا امتحان ۔

Water organ : (n) ماقوائے عضو ۔

Water ouzel : (n) ایک قسم کی مرغابی ۔

Water over the dam : (n) کوئی چیز جو یاد یا لحاظ سے باہر ہو ۔

Water ox : (n) دیکھو Water buffalo

Water-padda : (n) جنوبی افریقہ کا زمین کھود کر رہنے والا مینڈک ۔

Water-paint : (n) رنگ کا وہ مرکب جس کو استعمال کرنے کے بعد پانی ابخارات بن کر اُڑجائے ۔

Water parsley : (n) ایک قسم کا پودا ۔

Water parsnip : (n) ایک آبی پودا جس کی جڑ کھائی جاتی ہے ۔

Water-parting : (n) تقسیم آب ۔

Water partridge : (n) سرخ بط ۔

Water-persicaria : (n) ایک قسم کی دریائی نبات ۔

Water-pewit : (n) دیکھو Phoebe

Water-phone : (n) سماع آبی؛ ہائڈروفون ۔

Water-pilot : (n) جنوب مشرقی امریکا کا ایک قسم کا آبی سانپ ۔

Water-pine : (n) چین کا ایک سدابہار درخت جو عموماً دھان کے کھیت کے چاروں طرف لگاتے ہیں ۔

Water-pipe : (n) (۱) پانی کا نل ۔ (۲) حقہ؛ نرگیل ۔

Water-pipit : (n) چنڈول جیسا ایک پرندہ ۔

Water-pistol : (n) ایک ہتھیار جس سے اچانک زوردار پانی کا فوارہ یا دوسری سیال شے نکلتی ہے؛ آبی پستول ۔

Water-plane : (n) (۱) آبی طیارہ ۔ (۲) سطح آب جو جہاز کے کنارے کو چھوتی ہے ۔

Water-plant : (n) آبی پودا؛ دریائی پودا ۔

Water-plantain : (n) ایک پودا جس کے پتے کیلے کے پتے سے مشابہ ہوتے ہیں ۔

Water-plate : (n) دوہری تہ کی قاب جس میں کھانا گرم رکھنے کے لئے گرم پانی رکھتے ہیں؛ گرمابی قاب ۔

Water-platter : (n) آبی کنول ۔

Water-plug : (n) نل کا منہ جس میں کنوس نل لگا دیا جاتا ہے ۔

Water-pocket : (n) جوف چٹان جس میں پانی جمع ہو جاتا ہے ۔

Water-polo : (n) پانی پولو؛ ایک کھیل جو تیراک کھیلتے ہیں جس میں گیند کو ہاتھ سے اچھال کر گول تک لے جاتے ہیں ۔

Water-poppy : (n) برازیل کا آبی پوست کا پودا ۔

Water-pore : (n) (۱) بعض غیرمہرہ پشت جانوروں کی پانی کی نالی جو باہر کو نکلتی ہے ۔ (۲) آبیرہ؛ مسام آب ۔

Water-pot : (n) (۱) گھڑا؛ صراحی؛ پانی کا ظرف ۔ (۲)) (علم النجوم) گیارھواں برج (دلو) کا وہ حصہ جو صراحی نما لگتا ہے ۔ (۳) پودوں کا پانی دینے کا برتن ۔ (٤) ایک قسم کا صدف ۔

Water-power : (n) قوت آب؛ پانی کی قوت جس سے مشین چلانے کا کام لیا جاتا ہے؛ آبی طاقت ۔

Water power engineering : (n) انجینیئرنگ کی وہ شاخ جو آبی طاقت بڑھانے کےلئےتعمیراتی کام کرتی ہے ۔

Water-power station : (n) آبی بجلی گھر ۔

Water-pox : (n) چھوٹی چیچک ۔

Water-press : (n) آبی شکنجہ؛ ماقوائی شکنجہ ۔

Water-pressure : (n) آبی دباؤ؛ سکون سیالات کا دباؤ ۔

Water privilege : (n) میکانکی قوت کے منبع کےطور پر پانی استعمال کرنے کا حق؛ وہ مل جہاں پانی کو اس طرح استعمال کیا جاتا ہے ۔

Water pump : (n) پانی چڑھانے یا گردش کرانے والا پمپ ۔

Water-puppy : (n) (۱) (امریکا)چھپکلی کی قسم کاایک جانور جو آگ میں بھی رہ سکتا ہے ۔(۲) آگ کا بھوت

Water-quake : (n) زلزلۃ البحر؛ سمندری زلزلہ ۔

Water-rabbit : (n) ایک لمبا، بڑے سر اور چھوٹی سمور (فر) والا خرگوش جو مسی سپی کی وادیوں کے مرطوب و نشیبی علاقوں میں پایا جاتا ہے ۔

Water-rail : (n) آبچلیک ۔

Water-rake : (v) کرین بیری (Crane berry) کو اس طرح جمع کرنا یا توڑنا کہ پہلے دلدل میں پانی بھر دیا جاتا ہے اور یہ بیریاں پانی پر تیرنے لگتی ہیں تو انہیں سمیٹ کر جمع کرلیا جاتا ہے ۔

Water-ram : (n) مرفاع آب؛ آب کش؛ پانی چڑھانے کی کل؛ آب بردار ۔

Water-rat : (n) (۱) دیکھوWater-vole ۔(۲) (مجازاً) سمندری چور یا ڈاکو ۔(۳) (تحقیراً) ملاح؛ کشتی راں ۔

Water-rate : (n) آبیانہ؛ پانی کا محصول ۔

Water-repellant : (a) ایسی سطح والا جس پر پانی ٹھہر نہ سکے ۔

Water-reserve : (n) ذخیرہ آب ۔

Water-resistant : (n) نیم پن روک ۔

Water-ret : (v) سَن کو پانی میں بھگو کر اور ہَوا میں سکھا کر نرم کرنا ۔

Water-revenue : (n) محاصل آب رسانی ۔

Water-rheostat : (n) آبی رو قرار ۔

Water-rice : (n) شمالی امریکا کی ایک سدا بہار گھاس ۔

Water-right : (n) پانی کے استعمال کا حق ۔

Water-roll : (n) سیال سُر (چڑیا کی آواز کا) ۔

Water-rolled : (a) (پانی میں لڑھکنے کی وجہ سے) گول اور چکنا ۔

Water-rot : (n) پھلوں کی بعض بیماریاں ۔

Water-rot : (v) دیکھو Water-ret

Water-sail : (n) سب سے نیچا بادبان؛ بادبان جو سطحِ آب سے قریب ہوتا ہے ۔

Water-sapphire : (n) آبی نیلم ۔

Water-scavenger beetle : (n) آبی بھونرے کی ایک جنس ۔

Water-scorpion : (n) آبی عقرب؛ دریائی بچھو ۔

Water-seal : (n) پن مُہر؛ گیس کو نکلنے سے روکنےکی مہر۔

Water-serpent/-snake : (n) آبی سانپ ۔

Water-set : (n) پھندا جو پانی کے اندر لگاتے ہیں تاکہ اس سے آدمی کی بو نہ محسوس ہو یا اس میں پھنسے ہوئے جانور کو ڈبونے کے لئے تاکہ چھڑانے کی تگ ودو میں سمور نہ خراب ہو جائے ۔

Water-shed : (n) (۱) فاصل آب؛ مقسم آب؛ پن دھارا؛ وہ خط جو مختلف دریاؤں کے طاس یا وادیوں کو ایک دوسرے سے جدا کرتا ہے ۔(۲) پن ڈھال ۔ (۳) آب گیرعلاقہ ۔ (٤) آبریز ۔ (٥) نازک مرحلہ؛ فیصلہ کن موقع ۔

Water-shoot : (n) (۱) پرنالہ؛ بدررو یا نل جس سے مکان کا پانی خارج ہوتا ہے ۔(۲) مصنوعی آبشار ۔

Water-side : (n) (۱) ساحل؛ کنار آب؛ حاشیہ آب؛ لبِ دریا ۔ (۲) ساحل کی طرف رخ ۔

Water-side : (a) ساحل کا؛ کنار آب کا ۔

Water-silk : (n) ایک قسم کی کائی ۔

Water-silvering : (n) چاندی اور پارے کے ممزوج سے قلعی کرنا ۔

Water-ski : (n) اسکی جسے پیر میں باندھ کر پانی کی سطح پر پھسلتے ہیں (موٹر کشتی کے ساتھ بندھ کر) ۔

Water-skin : (n) مشکیزہ؛ مشک ۔

Water-skipper : (n) لمبی ٹانگوں والے بعض قسم کے کیڑے ۔

Water-slater : (n) ایک قسم کا سخت پشت دریائی جانور ۔

Water-smoke : (n) (۱) سطح آب سے اٹھنے والا آبخرہ ۔ (۲) نمی جو مٹی کے برتن یا کچی اینٹ پکاتے وقت دھوئیں کی شکل میں نکلتی ہے ۔

Water-snake : (n) دیکھو Water-serpent

Water-soak : (v) پانی میں تر کرنا؛ خالی جگہوں کو پانی سے بھرنا ۔

Water-soldier : (n) ایک یورپی پودا ۔

Water-soluble : (n) پانی میں حل ہونے والا ۔

Water-souchy : (n) [Du. 'waterzootje'.] شوربے دار (پکی ہوئی) ایک قسم کی مچھلی ۔

Water-spaniel : (n) بڑی ذات کا اسپینیل (Spaniel) کتا جو شکار کئے ہوئے پرندوں کو پانی سے نکال لاتا ہے ۔

Water-spider : (n) آبی عنکبوت؛ پن مکڑی ۔

Water-spike : (n) پودوں کی ایک جنس ۔

Water-splash : (n) دریا یا چشمے کا گھاٹ ۔

Water-spot : (n) پھلوں کی بعض بیماریاں ۔

Water-spout/Waterspout : (n) (۱) ٹونٹی ۔ (۲) (موسمیات) بخارات کا ستون سا جو سطح سمندر سے بادل تک اٹھتا نظر آتا ہے ؛ ابرگرداں ۔ (۳) موسلا دھار بارش ۔

Water-spring : (n) چشمہ ۔

Water-sprite : (n) (۱) جل پری؛ دریائی بھوت ۔ (۲) بعض قسم کے آبی سرخس ۔

Water-sprout : (n) (۱) مضبوط شاخ جو تنے سے پھوٹتی ہے ۔ (۲) دیکھو Water sucker ۔

Water-stain : (n) (پانی کی وجہ سے) لکڑی میں پیدا ہوجانے والا داغ ۔

Water-stair : (n) جہاز وغیرہ تک جانے کا زینہ ۔

Water-stead : (n) دریا کی تہ ۔

Water-stoma : (n) (نباتیات) مسام آب؛ آبیرہ ۔

Water-stone : (n) (۱) سان یا چکی کا پتھر جس میں پانی لگا کر استعمال کرتے ہیں ۔ (۲) سنگ یمانی کا ڈلا ۔

Water-stop : (n) (۱) بند؛ باندھ ؛ پشتہ ۔ (۲) سبیل؛ پیاؤ ۔

Water-strider : (n) لمبی ٹانگوں والے بعض قسم کے کیڑے ۔

Water-struck brick : (n) اینٹ جو سانچے کو پانی سے تر کر کے بنائی جاتی ہے ۔

Water-sucker : (n) مضبوط شاخ جو درخت کی جڑ سے نکلتی ہے ۔

Water-supply : (n) (۱) آب رسانی؛ پینے کا پانی پہنچانے کا انتظام ۔ (۲) رسد آب؛ ذخیرۂ آب؛ اس پانی کی مجموعی مقدار جو اس مقصد کے لئے جمع کیا جائے ۔

Water-system : (n) دریا اور اس کی معاون ندیاں اور نہریں ۔

Water-tabby : (n) لہریا ریشمی کپڑا ۔

Water-table : (n) (۱) (تعمیرات) مسطح حاشیہ یا کگر (چھت یا دیوار میں پانی گرنے کے لئے) ۔ (۲) آبریز؛ بارشی نالی ۔ (۳) سطح سیرابی؛ زمین کی وہ پرت جس کے نیچے تک ساری زمین پانی سے سیراب ہو ۔ (٤) کھڑکی وغیرہ کا نکلا ہوا تختہ یا پتھر ۔

Water-tabling : (n) (تعمیرات) مسطح حاشیے یا کگر ۔

Water-target : (n) ایک قسم کا دریائی پودا ۔

Water-taxi : (n) کرائے پر چلنے والی کشتی ۔

Water-telescope : (n) آبدوز خرد بین؛ پانی کے اندر کی چیزوں کو دیکھنے کا آلہ ۔

Water-tender : (n) (۱) آب بردار ۔ (۲) مزدور جو بائلر میں پانی کی دیکھ بھال کرتا ہے ۔ (۳) آگ بجھانے

کی گاڑی جس میں پانی بھرا رہتا ہے ۔

Water-thermometer : (n) آبی تپش پیما ۔

Water-thief : (n) کثیرالوصل صمام ۔

Water-thrush : (n) دج آبی؛ بعض قسم کے آبی پرندے ۔

Water-thyme : (n) ایک بحری گھاس ۔

Water-tiger : (n) آبی بھونرے کا پہل روپ ۔

Water-tower : (n) برج آب؛ ستون حوض، جس پر پانی کا حوض ہوتا ہے جو تالاب وغیرہ کے کنارے تقسیم آب کے لئے بنا دیا جاتا ہے ۔

Water-tube : (n) پانی کی نلی؛ نلی جس میں پانی رکھا جاتا ہے یا جس سے پانی گزرتا ہے ۔

Water-tube boiler : (n) نلی دار جوشدان(جس میں پانی نلیوں سے گزرتا ہے جو آگ یا گیس سے گرم رہتی ہیں) ۔

Water-turbine : (n) چرخاب؛ پانی سے چلنے والا پہیا ۔

Water-turkey : (n) ایک یورپی پرند ۔

Water-tuyere : (n) بھٹی کا ہَوا دان جس کے گرد پانی کا غلاف لگا رہتا ہے ۔

Water-twist : (n) دریائی بھنور ۔

Water-vapour : (n) آبی بخارات؛ آبی بخار ۔

Water-varnish : (n) آبی وارنش ۔

Water-vascular : (a) عروقی آبی ۔

Water-vascular-system : (n) نظام عروقی آبی ۔

Water-velvet : (n) ایک پودا (جنس Azolla کا) ۔

Water-violet : (n) ایک قسم کا پودا ۔

Water-vole : (n) چوہے کی قسم کا جانور جو اکثر پانی میں رہتا ہے؛ موش آبی ۔

Water-waggon : (n) دیکھو Water-cart

On the water waggon : شراب سے پرہیز؛ ترک شراب ۔

Water-wagtail : (n) ممولا؛ دُم جنباں ۔

Water-wall : (n) (۱) دیوار جو تالاب وغیرہ کے کنارے یا اس کے گرد بنائی جائے ۔ (۲) جوشدان میں پانی کی نلکیوں کا وہ مجموعہ جو آگ اور اندرونی چادر کے درمیان حفاظتی دیوار کا کام کرتا ہے ۔

Water-wand : (a) (باغ میں) پانی کے منہ پر لگا ہوا وہ آلہ جس سے پانی کا دباؤ کم کیا جاتا ہے ۔

Water-ward/-wards : (adv.) پانی کی طرف؛ کسی خاص جھیل وغیرہ کی طرف ۔

Water-washed : (a) پانی کے ذریعے بہا کر لے جایا ہوا ۔

Water-wave : (n) (۱) موج آب ۔ (۲) بالوں کا خم جو ایک خاص ترکیب سے پانی کے ذریعے پیدا کرتے ہیں ۔

Water-waved : (a) (۱) موج آب کی طرح کا نقش والا ۔ (۲) پانی کے ذریعے بنایا ہوا (خم) ۔

Water-waving : (n) پانی سے بالوں میں خم پیدا کرنے کا طریقہ ۔

Water-way : (n) (۱) نالی؛ نہر ۔ (۲) (بحری) جہاز کے عرشے کی نالی (جو کھوکھلی لکڑی سے بناتے ہیں) ۔ (۳) جہازرانی کا راستہ ؛ جہاز کا رستہ ۔ (٤) قابل جہازرانی راستے کی چوڑائی ۔ (٥) ٹونٹی یا صمام سے گزرنے کا پورا کھلا ہوا حصہ ۔

Water-weed : (n) بحری پودے ۔

Water-wheel : (n) (۱) پن چرخی جو پانی سے چلتی ہے اور مشین کو چلاتی ہے؛ دولاب ۔ (۲) ڈول یا بالٹی کے ذریعے پانی نکالنے کی چرخی ۔

Water-white : (a) پانی جیسا صاف یا بے رنگ ۔

Water-wing : (n) (۱) ایک ہوا دار (آلہ) (شائر) جس سے تیراکی سیکھتے یا سکھاتے ہیں ؛ ترنڈ ۔ (۲) پل کا سہارا ۔

Water-witch : (n) (۱) دیکھو Water finder ۔ (۲) ایک دریائی پرند ۔

Water-worm : (n) دریائی کنڈل کیڑا ۔

Water-worn : (a) پانی سے گھسا ہوا ۔

Water-worthy : (a) دیکھو Sea-worthy

Waterage : (n) (۱) دریا کے سمندر کے ذریعے نقل و حمل ۔ (۲) دریا یا سمندر کے ذریعے نقل و حمل کی اجرت ۔

Waterchat : (n) جنوبی امریکا کا مگس گیر ۔

Watered : (a) (۱) اندرونی لہریا بنایا ہوا (ریشمی کپڑا) ۔ (۲) جوہر ڈالا ہوا فولاد ۔

Watered-down : (a) کمزور کیا ہوا؛ (پانی ملاکر) پتلا یا ہلکا کیا ہوا؛ کمزور ۔

Watered-silk : (n) اندرونی لہریا بنایا ہوا ریشمی کپڑا ۔

Waterer : (n) (۱) آب پاشی کرنے والا۔(۲) جہاز کےلئے ساحل سے پانی لانے والا ۔ (۳) مویشیوں کو پانی پلانے والا ۔

Waterfall : (n) (۱) آبشار؛ جھرنا ۔(۲) زمین کی ڈھال جس سے پانی بہہ جائے ۔ (۳) (کوئلے کی کان) پانی کا خزانہ جو کان کے اوپر ہوتا ہے اور بوقت ضرورت اس سے پانی کان میں انڈیلا جاسکتا ہے ۔(٤) بالوں کا جوڑا؛ گدی پر بالوں کی لٹ ۔ (٥) کپڑے کا لہریا ۔

Waterie : (n) ململے کی قسم کی ایک چڑیا ۔

Waterily : (adv.) رطوبت کے ساتھ؛ پانی چھوڑتے ہوئے ۔

Wateriness : (n) رطوبت؛ نمی؛ تری ۔

Watering : (n) (۱) آب پاشی کرنا؛ پانی دینا؛ آبیاری ۔ (۲) پانی ملانا؛ پانی میں ڈبونا یا بھگونا ۔ (۳) (سڑکوں پر) پانی چھڑکنا (تاکہ دھول، گرد جم جائے) ۔ (٤) (مویشی کو) پانی پلانا ۔ (٥) جہاز کے لئے میٹھا پانی بہم پہنچانا ۔ (٦) جلا ؛ پانی چڑھانا ۔(۷) پتلا کرنا (پانی ملا کر) ۔ (۸) (اصلی سرمائے میں) ظاہری اضافہ کرنا ۔ (۹) آنکھوں میں آنسو آجانا؛ آنسو بہانا ۔(۱۰) منہ میں پانی آنا ۔(۱۱) وہ گڑھا جس میں دلدل کا پانی نکال کر پھینکتے ہیں ۔(۱۲) ریشمی کپڑے میں اندرونی لہریا بنانا ۔

Watering : (a) پانی دینے والا؛ آنکھ میں آنسو بھرنے والی ۔

Watering can : (n) (۱) آب پاش؛ پودوں کو پانی دینے کا برتن ۔(۲) دیکھو Watering-pot ۔

Watering-cart : (n) دیکھو Water-cart

Watering-hole : (n) گڑھا؛ جوہڑ ۔

Watering-place : (n) (۱) نالا، چشمہ وغیرہ جس میں مویشی پانی پیتے ہیں ۔ (۲) وہ جگہ جہاں جہاز کے عملے کے لوگ دریا سے پانی بھرنے کے لئے جاتے ہیں ۔ (۳) وہ جگہ جہاں سے پانی حاصل کیا جاتا ہو ۔ (٤) چشمہ گاہ؛ وہ مقام جہاں معدنی چشمے ہوں ۔ (٥) ساحل سمندر کی سیرگاہ ۔

Watering-pot : (n) (۱) پودوں کو پانی دینے کا برتن ؛ آب پاش ۔(۲) ایک قسم کا صدف ۔

Watering-slip : (n) ندی کے کنارے کی ڈھلوان سطح جہاں مویشیوں کو پانی پلانے لے جایا جاتا ہے ۔

Watering-trough : (n) مویشیوں کو پانی پلانے کی ناند ۔

Waterish : (a) (۱) پانی جیسا؛ آبی ۔(۲) جس میں حد سے زیادہ پانی ہو ۔(۳) پتلا ۔(٤) ڈھیلا ۔(٥) جس میں بارش کے آثار ہوں ۔ (٦) دھندلی (روشنی)۔

Waterishness : (n) پانی جیسا ہونا؛ پتلاپن ۔

Waterleaf : (n) (۱)ایک قسم کا پودا ۔(۲) بے کلف کا کاغذ ۔

Waterless : (a) (۱) خشک؛ بے آب ۔(۲) جس میں پانی کی ضرورت نہ ہو ۔(۳) دیکھو Air cooled ۔

Waterless cooker : (n) ایک قسم کا پکانے کا برتن جس میں پانی دیئے بغیر کھانا پکایا جاتاہے ۔

Waterlessly : (adv.) خشک طور پر ۔

Waterlessness : (n) خشکی؛ بے آبی ۔

Waterlocked : (a) پانی سے تقریباً گھرا ہوا ۔

Waterlog : (v) (۱) پانی بھرکر جہاز کو بے قابو کر دینا ۔ (۲) آب زدہ کرنا ۔(۳) لکڑی کو پانی میں بھگو کر تیرنے کے قابل بنا دینا ۔ (٤) سُست بنا دینا؛ مجہول بنا دینا ۔

Waterlogged : (a) (۱)آب زدہ؛ سیم زدہ ۔(۲)استسقاء (مرض) میں مبتلا ۔

Waterlogging : (n) آب زدگی؛ سیم ۔

Waterloo : (n) (۱) جنگ واٹرلو(جس میں نپولین کو شکست ہوئی) ۔ (۲) زبردست معرکہ ؛ زبردست شکست ۔

Waterman : (n) (۱) ملاح؛ کشتی بان (جو کرایہ پر کشتی چلاتا ہے) ۔ (۲) کھویّا؛ کشتی ران؛ جو کشتی چلانے کا فن جانتا ہو ۔ (۳) آب رسانی کا کام کرنے والا ۔ (٤) گاڑی کھڑی کرنے کی جگہ پر مامور نوکر (گھوڑے کو پانی پلانے کو) ۔ (٥) پانی میں یا پانی کا کام کرنے والا ۔

Watermanship : (n) کشتی چلانے کا فن؛ کشتی رانی ۔

Watermark disease : (n) بید کی ایک بیماری ۔

Watermeal : (n) ننّھے ننّھے آبی پودے ۔

Waterproof : (a) واٹر پروف؛ پن روک جس میں پانی اتر نہ آئے ، پانی کے اثر کو روکنے والا ۔

Waterproof : (n) برساتی؛ پن روک کوٹ؛ پن روک کپڑا ۔

Waterproof : (v) (کسی چیز) ربر وغیرہ کے ذریعے پن روک بنانا ۔

Waterproof-watch : (n) پن روک گھڑی؛ گھڑی جس پر پانی اثر نہ کرے ۔

Waterproofed : (a) پن روک بنا ہوا؛ پن روک ۔

Waterproofer : (n) پن روک یا پن روک چیزیں بنانے والا (آدمی) ۔

Waterproofing : (n) پن روک بنانا یا بننا؛ پن روک بنانے والی چیز ۔

Waterscape : (n) پانی یا سَمندر کا منظر؛ منظرہ بحر ؛ تصویر آب ۔

Watersmeet : (n) دریاؤں کا سنگم ۔

Watertight : (a) (۱) پن روک؛ جس میں پانی اثر نہ کرے؛ آب بند ۔ (۲) (مجازاً) محفوظ ۔

Watertight : (n) پن روک جوتا ۔

Watertight compartment : (n) (۱) علاحدہ علاحدہ خانے، ان مسائل، مضامین وغیرہ کے جو ایک دوسرے سے الگ نہیں ہو سکتے؛ مصنوعی طور پر تقسیم کئے ہوئے حصے ۔ (۲) جہاز کا آب بند کمرا ۔

Watertightness : (n) پن روک یا آب بند ہونا ۔

Waterwise : (adv.) پانی کی طرح ۔

Waterwork : (n) (۱) واٹر ورکس، جہاں پانی ذخیرہ کیا جاتا ہے، اور صاف کر کے شہر یا قصبہ کو نلوں سے سپلائی کیا جاتا ہے ۔ (۲) کارخانۂ آب رسانی ۔ (۳) ایک قسم کا آرائشی فوارہ ۔ (۳) (عام) گروہ ۔ (٤) (جمع) آنسو یا آنسو بہانا ۔

Watery : (a) (۱) (پکا ہوا کھانا) جس میں پانی بہت زیادہ ہو؛ ڈھب ڈھب ۔ (۲) تر (ہونٹ) ۔ (۳) پرنم (آنکھیں) ۔ (٤) پانی جیسا؛ بے حد پتلا ۔ (٥) بودا، پھسپھسا؛ پھیکا؛ بے مزہ (فقرہ، اسلوب بیان وغیرہ) ۔ (٦) جس سے بارش کے آثار ظاہر ہوں؛ بارش کی خبر دینے والا ۔ (۷) چھپ چھپ کرنے والا؛ چھینٹیں اڑانے والا ۔ (۸) بارشی (بادل) ۔ (۹) پانی بھرا؛ پانی میں ڈوبا ہوا؛ پانی میں بنایا ہوا ۔ (۱۰) پسیجا ہوا (چمڑا) ۔ (۱۱) پھیکا (رنگ) ۔

Watery death : (n) پانی میں ڈوب کر مرنا؛ غرقاب ہونا ۔

Watery grave : (n) (۱) وہ جگہ جہاں کوئی شخص ڈوب کر مرے ۔ (۲) غرقاب ہونا ۔

Wath : (n) [Of Scand.Origin.] گھاٹ ۔

Wather : (n) (اثرستان) دیکھو Water ۔

Watt : (n) [f. name of James Watt.] واٹ؛ برقی قوت کا پیمانہ ۔

Watt-hour : (n) واٹ ساعت؛ ایک گھنٹے میں ایک واٹ کا کام ۔

Watt-hour meter : (n) واٹ ساعت پیما ۔

Wattage : (n) واٹ میں ظاہر کی ہوئی برقی قوت ۔

Wattape : دیکھو Watap

Watteau : (n) ووتو؛ (اینٹوئن ووتو)فرانس کے ایک مصور کا نام (۱۷۲۱-۱٦۸۲) ۔

Watteau-bodice : (n) ووٹو بوڈس؛ عورتوں کا سینہ بند یا اندر پہننے کی بنیان جس میں چوکھٹا کھلا گلا اور چنٹ دار آستینیں ہوتی ہیں ۔

Watteau hat : (n) ووٹوہیٹ؛ ایک قسم کی زنانہ ٹوپی ۔

Watteauish : (a) ووٹو کے طرز سے مشابہ ۔

Wattevilleite : (n) [G. 'wattevillit'.] ایک معدنی شے $(Na_2\ Ca\ (SO_4)_2\ 4H_2O)$ جو کیلسیم اور سوڈیم کا آبدار سلفیٹ ہوتا ہے ۔

Wattle : (n) [OE. 'watul'.] (۱) ٹہاٹ؛ ٹہاٹر؛ ٹٹی؛ جعفری؛ بانس یا درخت کی ٹہنیوں کا ڈھانچا جو باڑ، چھت یا دیوار کا کام دیتا ہے ۔ (۲) (واحد یا جمع) بانس کی کھپچیاں یا درختوں کی ٹہنیاں ٹہاٹر بنانے کے لئے۔ (۳) آسٹریلیا کا کاشیا جس کی ٹٹیاں بنتی ہیں اور چھال چمڑا رنگنے کے کام آتی ہے ۔ (٤) ٹہاٹ کی چھت کو سہارا دینے والا ڈنڈا ۔ (٥) (بول چال) گھڑ دوڑ کی ٹٹی ۔ (٦) (بول چال) چھڑی ؛ سلاخ ۔

Wattle : (n) [Origin unkn.] (۱) غبغب؛ غبغبہ؛ پرند کا کنٹھ ۔ (۲) ایک قسم کی مچھلی کا کانٹا یا گل مچھے ۔

Wattle : (v) (۱) ٹہاٹ یا جعفری لگانا؛ ٹٹی لگانا؛ (مکان، احاطہ وغیرہ) بنانا ۔ (۲) (ٹہنیوں وغیرہ سے) ٹہاٹ بنانا؛ گوتھنا ۔

Wattle and daub : (n) ٹہاٹ جس پر مٹی کی استرکاری ہو ۔

Wattle-bird : (n) غبغبی پرند؛ غبغبیہ ۔

Wattle-crow : (n) غبغبی کوّا ۔

Wattle-extract : (n) آسٹریلیا کے کاشیا کی چھال جو رنگنے کے کام آتی ہے ۔

Wattle-gum : (n) سمارو غ عربی ۔

Wattled : (a) دیکھو Jolloped

Wattled : (a) جعفری دار؛ ٹہاٹ لگا ہوا؛ گوتھا ہوا ۔

Wattless : (a) (برقیات) بے واٹ ۔

Wattleworks : (a) بید کی بنی ہوئی چیزیں، ٹہاٹ؛ جعفری؛ ٹٹی ۔

Wattling : (n) ٹہاٹ؛ جعفری وغیرہ بنانے کی کھپچی یا ٹہنیاں ۔

Wattmeter : (n) واٹ پیما ۔

Waugh : (a) [ME. 'walh, walhwe'.] (۱) (اسکاچستان) بے مزا؛ پھیکا؛ غیردلچسپ ۔ (۲) کمزور؛ مدھم؛ پھیکا ۔

Waugh/Wagh/Wah : (interj) [Imit.] غصہ، مصیبت وغیرہ ظاہر کرنے کے لئے حرف فجائیہ ۔

Waught : (v) پینا؛ لمبے لمبے گھونٹ لینا؛ چڑھا جانا ۔

Waught : (n) لمبا گھونٹ ۔

Wauk : (اسکاچستان) دیکھو Wake ۔

Wave : (n) (۱) لہر؛ موج ۔ (۲) ہوا پانی وغیرہ کے ذرات کا تموج جس سے حرارت ، روشنی آواز وغیرہ پیدا ہوتی ہے ۔ (۳) لہر ؛ کسی اثر یا حالت یا جذبے کا عارضی طور پر بڑھ جانا ۔ (٤) لہر دار خط یا خاکہ ؛ اونچی نیچی سطح ؛ خم ۔ (٥) لہردار ہونا ۔ (٦) ہاتھ کا اشارہ ؛ ہاتھ ہلانا ۔ (۷) (شاعری) دریا ؛ سمندر؛ پانی ۔ (۸) (موسمیات) تپش کی لہر ۔ (۹) مساح پروانے کا کتابی نام ۔ (۱۰) ادھر اُدھر ہلنا جُلنا ۔ (۱۱) بالوں میں گھونگر بنانا ۔ (۱۲) زمین کا ماہی پشت حصہ جو سمندرکی موج سا معلوم ہو؛ ریت یا برف کا ماہی پشت تودہ ۔ (۱۳) سمندرکی موجوں جیسی طوفانی اور متلون کوئی چیز ۔ (۱٤) زلزلہ جو کچھ دور تک جاری رہے ۔

Cold wave : سرد لہر؛ سردی کی لہر؛ کسی خطے میں سردی کا یکایک غیرمعمولی طور پر بڑھ جانا ۔

Heat wave : گرم لہر؛ گرمی کی لہر ۔

Longitudinal wave : طولی موج ۔

Transverse wave : عرضی موج ۔

To attack in waves : (فوج کا) لہریں لیتے ہوئے بڑھنا ۔

Wave : (v) [ME.'waven'.] (۱) ادھر اُدھر ہلنا؛ لہرانا؛ لہلہانا۔ (۲) لہرانا؛ ہلانا؛ حرکت دینا؛ گھمانا ۔ (۳) ہاتھ کے اشارے سے حکم دینا؛ ہاتھ سے آنے

جانے کا اشارہ کرنا؛ رخصت کرتے وقت ہاتھ ہلانا ۔ (٤) موجوں کا اٹھنا؛ (بھیڑ کا) لہروں کی طرح امنڈنا ۔ (٥) (تلوار کو) گھمانا؛ لہرانا ۔ (٦) لہریا بنانا؛ لہردار بنانا؛ لہریا بننا؛ لہردار بننا ۔ (٧) پھڑپھڑانا؛ اچھالنا ۔ (٨) (پرندوں کا اڑتے وقت) پروں کو جھاڑنا ۔

To wave aside : (بے جا مداخلت یا ناجائز کہہ کر) خارج کردینا ۔

To wave one's hand, (to a person) : ہاتھ ہلانا (خیر مقدم یا رخصت کرنے کےطریقے سے)؛ ہاتھ سے اشارہ کرنا ۔

To wave sword : تلوار گھمانا ۔

Wave-antenna : (n) ہوائیہ موج؛ سمتی ہوائیہ ۔

Wave-band : (n) (ریڈیو) بند موج ۔

Wave-base : (n) سمندر، جھیل وغیرہ کی وہ گہرائی جہاں موج کی حرکت غیرمحسوس ہو جاتی ہے ۔

Wave-built : (a) سمندر یا جھیل کی لہروں کے ذریعہ بنا ہوا ۔

Wave-cut : (a) (سمندر یا جھیل کی) لہروں سے کٹا ہوا ۔

Wave- form : (n) شکل موج ۔

Wave-front : (n) محاذ موج ۔

Wave-guide : (n) ایک قسم کی نلی جس میں مقناطیسی برقی رو کو بند کر دیا جاتا ہے جس کی وجہ سے توانائی کم ضائع ہوتی ہے ۔

Wave-height : (n) موج کی اونچائی ۔

Wave-length : (n) (طبیعیات) طول موج؛ حرارت، روشنی، لاسلکی وغیرہ کی شعاعوں کی لمبائی ۔

Wave-like : (a) موج کی طرح کا؛ موج نما؛ موج سے مشابہ ۔

Wave-line : (n) (١) جہاز کے ڈھانچےکانقشہ ۔(٢) (طبیعیات) روشنی، آواز وغیرہ کی موج کا راستہ یا راستے کا نقشہ ۔(٣) دیکھو Wave-mark ۔

Wave-mark : (n) (١) ریت کا چھوٹا ماہی پشت ٹیلا جو سمندرکی موجوں سےبن جاتا ہے۔(٢) رسوبی چٹانوں کا لہریا نشان جو تکوین کے وقت پڑ جاتے ہیں ۔

Wave-mechanics : (n) موجی میکانیات ۔

Wave-meter : (n) موج پیما ۔

Wave-motion : (n) موجی حرکت ۔

Wave-motor : (n) مُبدائے حرکت انجن جو پانی کی لہروں سے چلتا ہے ۔

Wave-number : (n) تعداد موج ۔

Wave of contraction : (n) محرکہ لگانے کے بعد سے عضلے کا مزید سکڑ جانا ۔

Wave of oscillation : (n) بند عمودی مدار کے گرد حرکت کرنے والے پانی کے ذرات کی لہر ۔

Wave of stimulation : (n) سالماتی ارتعاش کی فرضی لہر جو مقام تہیج سے چلتی ہوئی نظر آتی ہے ۔

Wave of the future : (n) مستقبل کا رخ ۔

Wave off : (n) طیارہ بردار جہاز کے افسر کا اترنے والے (ہوائی) جہاز کو اترنے کو منع کرنا اور یہ اشارہ کرنا کہ وہ دوبارہ چکر لگاکر اترنے کی کوشش کرے ۔

Wave-offering : (n) یہودیوں کی نذر و نیاز جسے مذہبی تہوار میں اٹھا کر ادھر اُدھر گھمایا جاتا تھا اور بعد پروہتوں کے ذاتی استعمال کے لئے محفوظ کر دیا جاتا تھا ۔

Wave-system : (n) گاڑیوں کےنقل و حمل کے ضابطے کا ایک نظام جس میں گاڑیاں رکے بغیر یکساں رفتار سے جاتی ہیں ۔

Wave-theory : (n) (١) نظریہء تموج نور۔(٢) لسانیات کا ایک نظریہ کہ ذیلی زبانیں اصل زبان سے لسانیاتی تبدیلی کی ایک لہر کے ساتھ فروغ پاتی ہیں اور اسی وجہ سے ان ذیلی زبانوں میں زیادہ خصوصیات مشترک ہوتی ہیں ۔

Wave-train : (n) سلسلہء امواج ۔

Wave-trap : (n) دام امواج ۔

Wave-velocity : (n) رفتار موج ۔

Wave-worn : (n) لہروں کے ذریعے گھسا ہوا ۔

Waved : (a) لہریلا؛ لہریا؛ لہردار ۔

Waveless : (a) بے لہر؛ بے موج؛ ساکن (دریا یا سمندر) ۔

Wavelessly : (adv.) ساکن طور پر ۔

Wavelet : (n) چھوٹی سی موج؛ مویج؛ موج صغیر؛ موجک ۔

Wavellite : (n) [after Dr. W. Wavel, its discoverer.] ایلومینیم کا آبدار فاسفیٹ ۔

Waver : (n) (۱) بالوں میں گھونگر بنانے والا (آدمی یا آلہ) ۔ (۲) (طباعت) روشنائی کا بیلن جو آڑا رکھا رہنے کی وجہ سے لہراتا ہوا گھومتا ہے ۔

Waver : (n) [Origin obscure] تنہا درخت جسے جنگل کاٹتے وقت چھوڑ دیا جاتا ہے ۔

Waver : (v) [ON. 'vafra'.] (۱) (شاذ) ادھر اُدھر ہلنا؛ جھولنا: آنا جانا؛ (چراغ یا روشنی کی لَو کا) تھرتھرانا، جھلملانا ۔ (۲) (فوج کے) پاؤں اکھڑنے لگنا، قدم ڈگمگانے لگنا، تزلزل پیدا ہو جانا ۔ (۳) پس و پیش میں ہونا؛ حیص بیص میں ہونا؛ عقیدے یا ارادے میں تزلزل پیدا ہونا؛ ایمان وغیرہ ڈانواں ڈول ہو جانا؛ پاؤں ڈگمگانا ۔

Waver : (n) تھرتھراہٹ؛ پس و پیش؛ تزلزل ۔

Waverer : (n) پس وپیش کرنے والا؛ ایمان ڈانواں ڈول ہونے والا؛ضعیف الاعتقاد، ارادہ؛ غیرمستقل مزاج ۔

Wavering : (n) تھرتھراہٹ؛ پس وپیش کرنا؛ تذبذب؛ پس وپیش ۔

Wavering : (a) تھرتھرانے والا؛ پس وپیش کرنے والا؛ مذبذب ۔

Waveringly : (adv.) تھرتھراتے ہوئے؛ جھلملاتے ہوئے؛ پس وپیش کے ساتھ؛ ڈانواں ڈول طریقے سے ۔

Wavery : (a) دیکھو Wavering

Waveson : (n) [Wave + son.] موج آورد اشیاء؛ وہ اشیاء جو جہاز کی تباہی کے بعد سمندر یا دریا میں تیرتی ہوئی نظر آتی ہیں ۔

Wavey/Wavy : (n) منطقہء بارہ کے سفید ہنس جن کے بازوؤں پر سیاہ داغ ہوتے ہیں ۔

Wavily : (adv.) ابھرتے لچتے ہوئے؛ لہردار طریقے سے؛ پیچ و خم کے ساتھ ۔

Waviness : (n) اونچا نیچا ہونا؛ لہردار ہونا؛ پُرخم ہونا ۔

Wavy : (a) (۱) اونچا نیچا؛ ابھرتا لچتا ۔ (۲) لہر دار؛ لہریا؛ متموج ۔ (۳) پُرشکن؛ پُرخم (گیسو) ۔ (٤) جھلملاتا ہوا ۔

Wavy breathing : (n) تنفس جس میں سانس دو یا زیادہ حصوں میں ٹوٹتی ہوئی ہوتی ہے ۔

Wavy respiration : (n) دیکھو Wavy breathing

Waw/Wau : (n) [Heb.] حرف "و" (عبرانی، عربی وغیرہ کا) ۔

Waw : (v) بلّی کا میاؤں میاؤں کرنا ۔

Waw : (n) (بلی کی) میاؤں میاؤں ۔

Wawa : (n) [Cree. 'wehweh'.] (امریکی دیسیوں کی زبان میں) جنگلی بط ۔

Wawl : (v) [Imit.] (اسکاچستان) چیخنا؛ چلانا ۔

Wax : (n) [OE. 'waex, weax'.] (۱) موم ۔ (۲) شہد کی مکھی کے علاوہ دوسرے کیڑوں کا موم؛ موم سے مشابہ مادہ ۔ (۳) کوئی خاص قسم کا موم ۔ (٤) موم کی بنی چیزیں؛ موم بتی؛ مومی تصویر یا شبیہہ ۔ (٥) دیکھو Sealing-wax ۔ (٦) دیکھو Ear-wax ۔ (۷) شکر کا گاڑھا شیرہ ۔ (۸) گاڑھا گوند نما مرکب جس سے موچی دھاگا مانجتے ہیں ۔ (۹) گراموفون کا ریکارڈ: وہ مادہ جس سے گراموفون ریکارڈ بنتا ہے ۔

Close, tight or neat as wax : موم کی طرح گاڑھا گٹھا ہوا یا صاف ۔

Fossil wax/Mineral- : دیکھو Ozocerite

Man of wax/ Lad- : کلمہء تحسین کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔

To fit like wax : موم کی طرح ٹھیک بیٹھنا ۔

To stick like wax : موم کی طرح چپکنا ۔

Wax : (n) غصہ؛ برہمی؛ خفگی؛ خفگی کی حالت ۔

To be in a state of wax : غصہ کی حالت میں ہونا؛ برہم ہونا ۔

Wax : (v) [OE. 'weaxan'.] (۱) بڑھنا؛ اضافہ ہونا؛ نشوونما پانا؛ زیادہ ہونا ۔ (۲) بتدریج بڑھنا۔ (۳) ترقی کرنا ؛ مشہور ہونا ؛ شہرت پانا ؛ طاقتور ہونا ۔ (٤) (چاند کا) بڑھنا ہلال سے بدر بننا ۔ (٥) زیادہ شدید ہونا؛ قوی ہونا ۔ (٦) ہونا؛ ہوجانا؛ نمو ہونا ۔

Wax : (v) (۱) موم چپڑنا ؛ موم ملانا ؛ موم ملنا؛ موم کی تہ جمانا ۔ (۲) (دباغی) کالک ، تیل وغیرہ کا مرکب ملنا ۔ (۳) موم لگا کر سخت کرنا ۔ (٤) گراموفون ریکارڈ میں گانا بھرنا ؛ گراموفون ریکارڈ بنانا ۔

Wax : (n) (۱) اضافہ ؛ نشوونما؛ ترقی ۔ (۲) چاند کا بڑھنا۔

Wax : (v) سبقت لے جانا ؛ بری طرح ہرا دینا ۔

Wax : (a) موم کا؛ مومی ۔

Wax-bean : (n) فرانسیسی سیم کی ایک قسم ۔

Wax-berry : (n) موم پودا؛ Myrica؛ جنس کے پودے کا پھل ۔

Wax-bill : (n) لاک منقار؛ موم منقار؛ چھوٹی چڑیوں کی اقسام جن کی چونچ نیم شفاف ہوتی ہے ۔

Wax-billed : (a) موم منقار ۔

Wax-bird : (n) لاکی پرہ؛ چڑیوں کی اقسام جن کے پَروں کا سرا سرخ لاکھ کی طرح ہوتا ہے ۔

Wax-candle : (n) موم بتّی ۔

Wax-chandler : (n) موم بتی فروش؛ مومچی؛ موم بتی بنانے یا بیچنے والا ۔

Wax-cloth : (n) (۱) موم جامہ (خصوصاً فرش کے لئے) ۔ (۲) روغنی کپڑا ۔

Wax-doll : (n) (۱) مومی گڑیا۔ (۲) مومی پُتلی؛ عورت جس میں ظاہری حسن ہو مگر معشوقیت نہ ہو، انداز دلربائی نہ ہو ۔ (۳) دیکھو Fumitory ۔

Wax-extractor : (n) موم نکالنے کی تدبیر یا مشین ۔

Wax-flower : (n) (۱) مومی گل؛ موم کا بنایا ہوا پھول ۔ (۲) (نباتیات) مومی گلہ ۔ (۳) ایک طفیلیہ پودا ۔

Wax-gland : (n) مومی غدود؛ وہ غدود جس سے موم نکلتا ہے ۔

Wax-gourd : (n) ایشیا کا ایک پودا یا اس کا پھل جو کھایا جاتا ہے ۔

Wax-insect : (n) موم زا حشرہ؛ موم پیدا کرنے والے کیڑے؛ چینی موم جس سے چینی (لوگ) اعلیٰ قسم کی شمعیں بناتے ہیں ۔

Wax-jack : (n) لاکھ پگھلانے والی شمع ۔

Wax-leather : (n) چمڑا جس کے نیچے کی طرف کالک ، تیل وغیرہ لگا ہو ۔

Wax-light : (n) موم بتی؛ مومی شمع ۔

Wax-maker : (n) شہد کی مکھی جو موم پیدا کرتی ہے ۔

Wax-moth : (n) نحل کش پروانہ ۔

Wax-myrtle : (n) کاٹپھل؛ موم پودا؛ ایک قسم کا پودا جس سے موم کا سا مادہ نکلتا ہے ۔

Wax-painting : (n) کاشی کاری؛ ٹائل (کھپروں) یا اینٹوں پر سانچوں سے داغ کر نقش و نگار بنانا ۔

Wax-palm : (n) مومی کھجور؛ جنوبی امریکا کی کھجور جس کے تنے پر موم کے سے مادے کی تہ جمی ہوتی ہے ۔

Wax-paper/Waxed paper : (n) مومی کاغذ ۔

Wax-pine : (n) صنوبر کی جنس کا ایک درخت ۔

Wax-plant : (n) متعدد قسم کے درخت جن سے موم نباتی نکلتا ہے ۔

Wax-pocket : (n) کیسۂ موم؛ سوراخ جس سے شہد کی مکھی موم خارج کرتی ہے ۔

Wax-pod bean : (n) دیکھو Wax-bean

Wax-process : (n) موم سے قالب بنانے کا ایک طریقہ ۔

Wax-shot : (n) (تاریخ) گرجا میں شمع جلانے کا معاوضہ ۔

Wax-tablet : (n) تختی جس پر موم لگا رہتا ہے اور جس پر لکھنے کی سلائی سے لکھا جاتا ہے ۔

Wax-tailing : (n) پٹرول کے صاف کرنے کے عمل میں حاصل ہونے والی سیاہ رنگ کی تلچھٹ جیسے

Waxing : (n) (۱) مومیاؤ؛ موم لگانا؛ گراموفون کا ریکارڈ بنانا؛ موم مالی ۔ (۲) تزائد؛ بڑھاؤ ۔

Waxing moon : (n) متزائد قمر؛ بڑھتا ہوا چاند ۔

Waxlike : (a) موم سے مشابہ ۔

Waxmallow : (n) Malvaceae جنس کے پودے ۔

Waxman : (n) معدنی موم جمع کرنے والا مزدور ۔

Waxweed : (n) ایک جڑی بوٹی جس میں ارغوانی رنگ کے پھول آتے ہیں ۔

Waxwing : (n) لاکی پرّہ؛ چڑیوں کی اقسام جن کے پروں کا سرا سرخ لاکھ کی طرح ہوتا ہے ۔

Waxy : (a) (۱) موم کی طرح شکل پذیر ۔ (۲) (مجازاً) زود اثر پذیر؛ جلد متاثر ہونے والا ۔ (۳) موم کی طرح ہلکا زرد اور نیم شفاف ۔ (٤) (طب) مومی مادے کے انحطاط میں مبتلا؛ نشاستے کی کمی سے متاثر ۔

Waxy : (a) خفا؛ غصے میں؛ تیز مزاج؛ نازک مزاج؛ تنک مزاج ۔

Waxy corn : (n) ہندوستانی مکئی جس کے دانے موم کی طرح کے نظر آتے ہیں ۔

Waxy degeneration : (n) (طب) نشاستےکا انحطاط؛ نشاستے کی کمی؛ مومی انحطاط ۔

Way : (n) [OE. 'weg'.] (۱) سڑک؛ راہ؛ راستہ؛ دروازہ؛ پھاٹک ۔ (۲) طرز؛ طور طریقہ؛ ڈھنگ؛ انداز؛ روش ۔ (۳) (کسی مقام کا) راستہ؛ سیدھا راستہ؛ سب سے اچھا راستہ یا قریب کا راستہ ۔ (٤) طریق عمل ؛ تدبیر ؛ راہ ؛ ذریعہ ۔ (٥) فاصلہ؛ مسافت ؛ دوری ۔ (٦) گزرنے کا راستہ ؛ گزرنے کی جگہ ؛ صاف راستہ ۔ (۷) اثنائے راہ؛ اثنائے سفر ؛ حالت سفر ۔ (۸) سمت ؛ رخ ؛ طرف ؛ جہت ۔ (۹) دستور؛ رواج؛ کسی شخص کا خاص معمول؛ طرز یا انداز ۔ (۱۰) دائرہ عمل؛ قسم؛ پیشہ؛ شغل ۔ (۱۱) قطع مسافت ؛ آگے بڑھنا ؛ ترقی ۔ (۱۲) لحاظ ؛ اعتبار ۔ (۱۳) رفتار ؛ تیزی ۔ (۱٤) حالت ؛ صورت ۔ (۱٥) درجہ؛ حیثیت ۔ (۱٦) ریل کی پکی سڑک؛ دو ریلوے لائنوں کا درمیانی فاصلہ ۔ (۱۷) (جمع) متوازی تختے یا شہتیر جس پر بھاری بوجھ یا جہاز وغیرہ

Wax-taper : (n) موم بتی؛ شمع ۔

Wax-tree : (n) مومی درخت؛ موم والا درخت، جس میں سے موم کا سا مادہ نکلتا ہے یا جس پر موم کی تہ جماتے ہیں ۔ (۲) دیکھو Wax myrtle ۔

Wax-work : (n) (۱) مومی پتلے بنانے کا کام؛ مومی مجسمہ سازی؛ مجسمہ موم ۔ (۲) مومی مجسموں کی نمائش ۔ (۳) (امریکا) ایک قسم کی بیل ۔

Wax-worker : (n) مومی مجسمہ ساز؛ خصوصاً موم ساز مکھی ۔

Wax-working : (a) موم ساز؛ موم بنانے والا ۔

Wax-worm : (n) شہد کی مکھی کا لاروا (Larva) ۔

Wax yellow : (n) (نباتیات) مومی زرد؛ معتدل زرد ۔

Waxed : (a) موم سے چپڑا ہوا؛ موم لگا کر سخت بنایا ہوا؛ موم ملایا ہوا؛ موم جامہ بنایا ہوا؛ کالک اور تیل کا مرکب لگایا ہوا (چمڑا) ۔

Waxed end : (n) موم لگا کر سخت کیا ہوا دھاگا (جو چمڑا وغیرہ سینے میں کام آتا ہے) ۔

Waxed-ended : (a) موم لگے دھاگے سے سلا ہوا ۔

Waxen : (a) [OE. 'wexen'.] (۱) مومی؛ موم کا ۔ (۲) موم کا سا ۔ (۳) موم کی طرح شکل پذیر ؛ ہر سانچے میں ڈھل جانےوالا ۔ (٤) موم لگایا ہوا ۔ (٥) مومی رنگ کا ۔

Waxen-chatterer : (n) ایک قسم کی چڑیا ۔

Waxen-image : (n) (کسی شخص کا) موم کا پُتلا جو جادو کرنے کے لئے بنایا جاتا تھا ۔

Waxer : (n) موم لگانے والا؛ موم سے صیقل کرنے والا ۔

Waxerman : (n) مومی کاغذ بنانے والی مشین چلانے والا ۔

Waxily : (adv.) (۱) موم کی طرح؛ موم کی طرح شکل پذیری سے؛ زردی اور نیم شفافی کے ساتھ ۔ (۲) پلپلے پن کے ساتھ ۔

Waxiness : (n) (۱) موم کی سی شکل پذیری یا زردی اور نیم شفافی ۔ (۲) پلپلاپن ۔

In a big way : بڑے پیمانے پر؛ زور شور سے؛ مکمل طور پر ۔

In a great way : امیرانہ؛ شاہانہ ۔

In a kind of way/In a sort of way : مشروط طور پر؛ حدود کے اندر ۔

In a small way : غربت کے ساتھ؛ معمولی حیثیت سے؛ چھوٹے پیمانے پر ۔

In a way : (۱) ایک لحاظ سے ۔(۲) ایک حد تک ؛ کسی حد تک ۔

In his or her way : اس کے لحاظ سے ۔

In one way : ایک لحاظ سے ۔

In the (etc.) way : راستے میں ۔

In the family way : حاملہ ۔

In the way of : معمول کے مطابق؛ دوران ۔

It is always the way with (him) : اس کا یہی انداز ہے؛ اس کی یہی خصلت ہے ۔

It is (only) his way : اس کا عام انداز ہے (اس لئے برا نہیں ماننا چاہیئے) ۔

Line of way : ریل کی پٹریاں ۔

No two ways about it : کوئی دو رائے نہیں ہے؛ کوئی شک نہیں ہے ۔

On the or one's way : دورانِ سفر؛ سفر میں ۔

On the way out/On one's way out : معدوم ہونے، ناکام ہونے یا برباد ہونے کےقریب ۔

Once in a way/For-once in a way : صرف ایک بار؛ صرف ایک موقع پر ۔

One's way around/-about : (۱)تفصیل اورطریق کار۔ (۲) اچھا چال چلن ۔

One way or (the) other : جس طرح بھی؛ جیسےبھی ۔

Out of harm's way : محفوظ مقام پر، سلامتی کی جگہ پر ۔

سرکائے جاتے ہیں ۔ (۱۸) (میکانیات) وہ چوکھٹا جس میں رندے کا تھم یا خرادگیر پھسلتا ہے ۔ (۱۹) گزرنے یا ترقی کرنے کا موقع: عدم مزاحمت ۔ (۲۰) (مجازاً) آزادیٔ عمل ؛ موقع؛ آزادی ۔ (۲۱) (قانون) زمین پر آمدو رفت کا حق ۔ (۲۲) کسی مخصوص راستے پر یا کسی مخصوص سمت میں سفر یا حرکت ؛ (جہاز یا کشتی کی) رفتار۔ (۲۳) (جمع) عادات ؛ اطوار ۔ (۲٤) فضل الٰہی کا راستہ ۔ (۲۵) کہکشاں ۔ (۲٦) امکان ۔ (۲۷) علاقہ؛ قرب و جوار ۔(۲۸) وجہ؛ سبب ۔

A long way off : بہت دور ۔

Across the way : سڑک کے اس پار ۔

All the way/The whole way : (۱) جہاں تک ممکن ہو ۔ (۲) شروع سے آخر تک ۔ (۳) مکمل اتفاق کرتے ہوئے ۔(٤) جنسی تعلقات کی حد تک ۔

All the way from-to : اوپر سے نیچے تک؛ شروع سے آخیر تک ۔

All out- of-the-way corner : (۱) وہ مقام یا گوشہ جہاں کوئی نہ جاتا ہو ۔ (۲) دور دست؛ دور افتادہ؛ شاہراہ سے الگ؛ غیر معروف گوشہ ۔

Beside the way : سڑک کے کنارے ۔

(By) a long way : بہت زیادہ (اچھا)؛ بہت (بہتر) ۔

By the way : (۱) دورانِ سفرمیں؛ اثنائے سفرمیں ۔ (۲) ضمناً؛ اسی ضمن میں ۔ (۳) ہاں خوب یاد آیا؛ اور ہاں (ایک بات کی ضمن میں دوسری بات کہتے ہوئے) ۔ (٤) سڑک کے نزدیک ۔

By way of : (۱) بجائے؛ بطور ۔(۲) ذریعہ ۔(۳) مقصد سے؛ بطور مثال ۔(٤) ہو کر؛ براہ؛ راستے سے ہوتے ہوئے ۔(۵) پیشے کے طور پر؛ پیشہ بنا کر؛ عادتاً ۔

Come your way/Go your way : اپنی راہ سدھارو ، اپنی راہ لگو ۔

Each way : (۱) دونوں صورتوں میں ۔ (۲) (گھڑدوڑ میں) خواہ گھوڑا اول نمبر پر آئے یا دوسرے نمبر پر ۔

Either way : جس طرح بھی؛ دونوں طرف ۔

(کوئی کام) بلاوجہ کرنا، خواہ مخواہ کرنا ۔ : To go out of one's way to (do something)

مرنا؛ انتقال کرنا؛ فوت ہونا؛ : To go the way of The earth

مرنا؛ فوت ہونا؛ وفات پانا ۔ : To go the way of the flesh

(کھانے وغیرہ کا) سانس کی نالی میں چلا جانا ۔ : To go the wrong way

دل لبھانےوالا انداز رکھنا۔ : To have a way with one

اپنی مرضی کے مطابق (کسی کام کو) کرانا؛ ہر خواہش پوری کرنا ۔ : To have everything one's own way

(۱) اپنا مقصد حاصل کرنا؛ اپنا چاہا کرنا؛ اپنی خواہش کے مطابق کرنا ۔ (۲) اپنے حکم کی تعمیل کرانا؛ اپنی بات منوانا ۔ : To have, (get etc.) one's own way

ہرخواہش پوری کرنا؛ اپنا مقصد حاصل کرنا ۔ : To have it all one's own way

(احساسات کے) اظہار کا موقع نکالنا۔ : To have way

سیدھے راستے پر چلنا ۔ : To hold, keep (a certain) way

(۱) مسلسل سفر کرنا ۔ (۲) (مجازاً) جاری رکھنا ۔ : To hold, keep one's way

راہ سے واقف ہونا ۔ : To know one's way about

مشاہدے میں آنا ۔ : To lay, put, throw in (a person's) way

(۱) آگے چل کر راستہ بتانا ۔ (۲) رہنمائی یا قیادت کرنا ۔ : To lead the way

بھٹک جانا؛ راستہ بھول جانا؛ بھٹک جانا ۔ : To lose one's or the way

سست ہونا ۔ : To lose way

اپنی مرضی کو ترجیح دینا؛ فوقیت دینا ۔ : To love, be fond of one's own way

(۱) راستے سے ہٹ کر؛ پہنچ سے باہر ؛ محفوظ ۔ (۲) غلط ؛ نا مناسب ۔ (۳) غیر معمولی ۔ (٤) غیر مزاحم ۔ : Out of the way

مناسب مقام سے ہٹ کر؛ مناسب راہِ عمل سے ہٹ کر ۔ : Out of the way

راستے پر؛ سامنے؛ آگے ۔ : Over the way

(۱) دوراہا ۔ (۲) (مجازاً) راستے الگ ہونے کا مقام ۔ : Parting of the way

سڑک کے اس پار ۔ : The other side of the way

برعکس؛ بخلاف ۔ : The other way about/-round

عیسائی مذہب ۔ : The way

(۱) (اُسطرح) اس طرح کہ ۔ (۲) (اُسطرحاں) تاکہ ۔ (۳) جس طرح کہ ۔ : The way

پریشاں ہونا؛ مضطرب ہونا ۔ : To be in a way

کچھ کرنے یا (کسی چیز کو) حاصل کرنے کی امید رکھنا ۔ : To be in the way of

کسی قدر ترقی کرنا یا بڑھنا ۔ : To be well on one's way

تجربے میں آنا؛ مشاہدے میں آنا ۔ : To come, fall, lie in (a person's) way

اپنی راہ سدھارنا ۔ : To come one's way

منزل مقصود پر پہنچ جانا ۔ : To find one's way

راستہ بنانا؛ آگے بڑھنا ۔ : To force, push squeeze one's way

تیز ہونا ۔ : To gather way

پیچھا چھڑانا؛ ختم کر دینا؛ طے کردینا ۔ : To get thing out of the way

راستہ دینا ۔ : To give way

(۱) روانہ ہونا؛ چل دینا ۔ (۲) اپنی راہ چلنا؛ دوسروں کی صلاح کے خلاف اپنی رائے سے کام کرنا ۔ : To go (wind) one's way

-way/-ways : (Suffix) لاحقہ جو حالت، محل، سمت وغیرہ ظاہر کرتا ہے ۔

Way-back/Wayback : (a) دیہات کا؛ دہقانی، دیہاتی، دہاتی ۔

Way-back : (n) گنوار دیہاتی؛ دہقانی ۔

Way-bill : (n) (۱) مال اور مسافروں کی فہرست؛ بارنامہ ۔ (۲) ان مقامات کی فہرست جہاں جانا ہو ۔ (۳) چٹ جو اسباب پر لگی رہتی ہے اور منزل مقصود کا نام درج رہتا ہے ۔ (٤) اجازت نامہ جسے دکھا کر مسافر سفر میں (بعض مقامات پر) اعانت حاصل کر سکتا ہے ۔

Way-bill : (v) بارنامے میں اندراج کرنا یا چڑھانا؛ بارنامے کے ساتھ روانہ کرنا ۔

Way-board : (n) باریک پرت جو موٹی پرتوں کےبیچ میں ہوتی ہے ۔

Way-car : (n) (۱) مال گاڑی کا ڈبہ جو مسافر گاڑی کے پیچھے لگا دیا جاتا ہے ۔ (۲) مال بردار موٹرکار ۔

Way chain : (n) گاڑی کے پہیّے کا بریک ۔

Way-freight : (n) (۱) چھوٹے چھوٹے اسٹیشنوں کا کرایہ ۔ (۲) مال گاڑی جو چھوٹے چھوٹے اسٹیشنوں تک مال لے جاتی ہے ۔

Way-leave : (n) (۱) استحقاق آمدو رفت جس کو مالکان مکان کرایہ پرحاصل کرتے ہیں ۔ (۲) استحقاق آمدو رفت کا کرایہ یا معاوضہ ۔

Way-leave rent : (n) استحقاق آمدو رفت کا کرایہ ۔

Way-man : (n) ریلوے سڑک کی پٹری پر کام کرنے والا مزدور، جو پٹری بچھاتا اور ان کی مرمت کرتاہے ۔

Way-mark : (n) نشان راہ ۔

Way-off : (a) دور، دورکا؛ فاصلے پر ۔

Way of life : (n) طرز زندگی؛ عادات و اطوار ۔

Way of living : (n) طرز زندگی؛ رہن سہن ۔

Way of necessity : (n) زمین پر آمدو رفت کے حق کا مسئلہ جو ضرورت کے وقت پیدا ہو ۔

To make one's (its) way : جانا (کسی خاص جگہ تک) ۔

To make the best of one's way : (۱) انتہائی تیزی سے جانا ؛ جہاں تک ممکن ہو تیز چلنا ۔ (۲) ترقی کرنا ۔ (۳) مقبول ہونا ۔

To make way : راستہ بنانا؛ راہ نکالنا ۔

To pay one's (its) way : (۱) اپنے اخراجات بغیر مقروض ہوئے پورا کرنا ۔ (۲) خود بردار؛ خود پرور ۔

To put (a person) in the way of : (کسی کام کا) موقع دینا؛ موقع مہیا کرنا ۔

To put (a person) out of his way : خلل ڈالنا؛ تکلیف دینا ۔

To put one self out of the way : دوسرے کی خدمت کے لئے خود تکلیف اٹھانا ۔

To put out of the way : مار ڈالنا؛ کام تمام کرنا ۔

To see one's way : (۱) راستے پر نظر رکھنا ۔ (۲) (مجازاً) اپنے فیصلےمیں حق بجانب ہونا ۔

To stand, be, in the way of : کسی کی راہ میں حائل ہونا؛ سد راہ ہونا ۔

To take (a place etc.) in one's way : (کسی مقام کا) سفر کے دوران معائنہ کرنا یا سیر کے لئے جانا ۔

To take one's way : راستہ لینا؛ روانہ ہونا (کسی مقام کو) ۔

Under way : (بحری) (جہاز کا) چلتے رہنا ؛ ترقی کرتے ہوئے ہونا ۔

Where there's will there's way : (۱) جہاں چاہ وہاں راہ ؛ ارادہ پکا ہو تو کوئی راہ نکل ہی آتی ہے ۔

Way : (adv.) (۱) دیکھو Away ۔ (۲) دور؛ بعید ۔ (۳) بے حد؛ بے انتہا ۔

Way : (int) گھوڑے کو روکنے کا حرف فجائیہ ۔

Way of the cross : (n) مصائب مسیح کی چودہ تصویریں جو گرجا میں لگی رہتی ہیں ۔

Way of the wine : (n) بائیں سے دائیں سمت (جس میں شراب میز پربڑھائی یا پیش کی جاتی ہے) ۔

Way of thinking : (n) انداز فکر؛ طرز فکر ۔

Way-out : (a) انوکھا؛ عجیب و غریب ۔

Way-passenger : (n) درمیانی چھوٹے اسٹیشنوں کے مسافر۔

Way-point : (n) درمیانی چھوٹا اسٹیشن ۔

Way-shaft : (n) انجن کا متحرک دُھرا ۔

Way side : (n) لب راہ؛ سڑک کا کنارہ ۔

Way side : (a) سڑک کے کنارے کا ۔

Way side cross : (n) صلیب جو مسافروں کے لئے سڑک کے کنارے نصب کردی جاتی ہے ۔

Way-station : (n) درمیانی چھوٹا اسٹیشن ۔

Way-stop : (n) سڑک کا درمیانی ٹھہراؤ یا پڑاؤ ۔

Way-traffic : (n) مقامی آمدو رفت ۔

Way-wise : (a) (۱) (سڑکوں پر چلنے کے لئے) اچھی طرح سدھایا ہوا ۔(۲) تجربہ کار ۔

Way-wiser : (n) (تاریخ) سڑک کے ذریعے طے کی ہوئی مسافت معلوم کرنے کا مسافت پیما (آلہ) ۔

Wayang/Wajang : (n) [Jav.] انڈونیشیا اورخصوصاً جاوا کا ایک ڈرامہ جس میں مذہبی واقعات پیش کئے جاتے ہیں ۔

Waybread/Waybred : (n) [OE. 'Wegbraede'.] ایک قسم کی جھاڑی جو زمین سے ملتی ہوئی پھیلتی ہے ۔

Wayed : (a) راہوں والا؛ راہا ۔

Wayfare : (n) راہ گیری؛ سفر ۔

Wayfarer : (n) (۱) رہرو؛ رہ گیر؛ خصوصاً پاپیادہ چلنے والا ۔(۲) (نباتیات) بُداغ ۔

Wayfarer's tree : (n) بُداغ؛ ایک سفید پھول کا درخت جو عموماً سڑک کے کنارے ہوتا ہے ۔

Wayfaring : (n) راہ گیری؛ سفر ۔

Wayfaring : (a) سڑک کے ذریعے سفر کرنے والا؛ پاپیادہ سفر کرنے والا ۔

Wayfaring tree : (n) ایک سفید پھول کا درخت جو عموماً سڑک کے کنارے ہوتا ہے؛ بُداغ ۔

Waygang : (n) (اسکاچستان) رخصت؛ رخصتی ۔

Waygate : (n) راستہ؛ راہ ۔

Waygoing : (n) (اسکاچستان) روانگی؛ رخصتی ۔

Waygoing : (a) (۱) جانے والے سے متعلق ۔(۲) جانے والا؛ رخصت ہونے والا ۔

Waygoose : (n) چھاپہ خانے کے ملازمین کا سالانہ جشن ۔

Waylay : (v) (۱) گھات میں بیٹھنا ۔(۲) راستے میں چھین لینا؛ راستے میں لوٹنا ۔ (۳) راستے میں روکنا (ملاقات یا گفتگو کے لئے) ۔

Wayless : (a) بے راہ ؛ بے سڑک ؛ جس میں کوئی راستہ نہ ہو ؛ نا گزار ۔

Waylessness : (n) نا گزاری؛ بے راستے کا ہونا ۔

Waymail : (n) (۱) چھوٹے چھوٹے اسٹیشنوں کی ڈاک ۔ (۲) ایک ڈاک خانے سے دوسرے ڈاک خانے کےلئے راستے میں دی ہوئی ڈاک ۔

Waypost : (n) رہنما کھمبا ۔

Wayrod : (n) ٹانپ مشین کا پھسلنے والا بیلن ۔

Ways and means : (n) (۱) تدبیر وسائل خصوصاً روپے مہیا کرنے کے ۔(۲) سیاسی جماعت کے تدابیر و وسائل ۔(۳) آمدنی کے ذرائع ۔

Waythorn : (n) (نباتیات) رسُوت یا رَسوت ۔

Wayward : (a) (۱) ضدی؛ تلون مزاج؛ من موجی؛ عجیب حرکتیں کرنے والا ۔ (۲) تلون کی (حرکت)؛ ڈانواں ڈول ۔(۲) بے موقع؛ تکلیف دہ؛ ناگوار ۔

Wayward child/-minor : (n) نوعمرخطار کار جس کی نگرانی کی ضرورت ہو ۔

Waywarden : (n) ضلع کی سڑکوں کا نگراں (آدمی، کمیٹی یا بورڈ)۔

Waywardly : (adv.) ضد یا تلون سے ۔

Waywardness : (n) ضدی پن؛ تلون مزاجی ۔

Waywode : (n) جنوب مشرقی یورپ کا حکمراں یا افسر ۔

Waywodeship : (n) جنوب مشرقی یورپ کے بعض حکمرانوں کا علاقہ ۔

Wayworn : (a) راستے کا تھکا ہوا؛ درماندہ سفر ۔

Waywort : (n) ایک چھوٹا سا بارہ ماسی پودا (Pimpernel) ۔

Wayzgoose : (n) [Alter. of Waygoose.] چھاپے خانے کے ملازموں کا سالانہ جشن ۔

Wazir : (n) [Arab.] وزیر ۔

We : (pron.) (۱) ہم ۔ (۲) بادشاہ اپنے فرمان میں، مصنف یا مدیر اخبار اپنے بے دستخطی مضامین میں استعمال کرتا ہے ۔ (۳) You (بچوں کو پھسلانے بہلانے کے لئے) استعمال ہوتا ہے ۔

We : (n) (۱) رسالہ؛ رسالے کا مرتب ۔ (۲) جمیعت ۔

We-group : (n) وہ جماعت جس میں باہمی اتفاق اور مشترک مفاد کا خیال زیادہ ہو ۔

Wea : Weather کا مخفف ۔

Weak : (a) [ME. 'wayke'.] (۱) کمزور؛ بودا؛ آسانی سے ٹوٹنے والا ۔ (۲) ناطاقت ؛ کمزور؛ بےقوت؛ ناتواں ؛ بے بس ۔ (۳) کم تعداد؛ قلیل التعداد ۔ (٤) ضعیف؛ نحیف؛ کمزور (صحت کے اعتبار سے)؛ مقررہ معیار سے کم ۔ (٥) اخلاقی قوت میں کمزور؛ کمزور طبیعت کا؛ کمزور ارادے کا؛ بے ضبط ۔ (٦) کمزوری کا؛ بودے پن کا؛ جس سے طبیعت یا ارادے کی کمزوری ظاہر ہو ۔ (۸) منطق کے لحاظ سے کمزور؛ بودا (استدلال، شہادت وغیرہ) ۔ (۸) پتلا؛ ہلکا (محلول یا سیال شے کا مرکب) ۔ (۹) (عبارت، اسلوب بیان) جو گٹھا ہوا نہ ہو؛ پھسپھسا؛ سست؛ ڈھیلا ۔ (۱۰) (فعل) جس کے مشتقات حرف صحیح کے اضافے سے بنائے جاتے ہیں ۔ (۱۱) (تاش) (پتے، رنگ) جس سے جیتا نہ جاسکے؛ (کھلاڑی) جس کے ہاتھ میں جیتنے والے پتے یا رنگ نہ ہوں ۔ (۱۲) مدھم؛ ہلکا ۔ (۱۳) (روپیہ یا مال) نا کافی ۔ (۱٤) (قیمت) جس میں گرنے کا رجحان ہو؛ غیر مستقل ۔ (۱٥) (عروض، صوتیات) (آواز یا بول) جس پر زور نہ دیا گیا ہو؛ (تاکید) جس پر نسبتاً کم زور دیا جائے ۔

A weak crew : کم تعداد عملہ جہاز ۔

A weak eleven : کمزور ٹیم ۔

The weaker sex : صنف نازک؛ عورت ۔

The weaker vessel : (مزاحاً) بیوی؛ عورت ۔

Weak constitution : (n) نحیف جثہ ۔

Weak ending : (n) بے زور لفظ اکثر نظم بے قافیہ کے مصرعوں کے آخر میں آجاتا ہے مثلاً (if) ۔

Weak-feints/-faints : (n) شراب کی کشید کا آخری حصہ ۔

Weak-handed : (a) (۱) کمزور ہاتھ والا ۔ (۲) مایوس؛ ناامید ۔ (۳) جس کے پاس مزدور یا کام کرنے والے کم ہوں ۔

Weak-headed : (a) ضعیف العقل؛ ضعیف الدماغ ۔

Weak-headedly : (adv.) ضعیف العقلی کے ساتھ ۔

Weak-headedness : (n) ضعیف العقلی؛ ضعیف الدماغی ۔

Weak-hearted : (a) کمزور دل؛ بزدل؛ کم ہمت؛ بے حوصلہ؛ ڈرپوک ۔

Weak-heartedly : (adv.) بزدلی سے؛ کم ہمتی سے؛ سستی سے ۔

Weak-heartedness : (n) بزدلی؛ کم ہمتی ۔

Weak-interaction : (n) (نوری طبیعیات) طبیعیاتی تعامل جو صرف درجوہری پیمانے پر مؤثر ہوتا ہے ۔

Weak-kneed : (a) (۱) کمزور گھٹنوں والا ۔ (۲) غیر ثابت قدم؛ بودا؛ کمزور ارادے کا ۔

Weak-kneedly : (adv.) غیر ثابت قدمی سے ؛ کمزور ارادے کے ساتھ ۔

Weak-kneedness : (n) غیر ثابت قدمی؛ کمزور ارادے کا ہونا ۔

Weak-minded : (a) ضعیف العقل؛ بودا ۔

Weak-mindedly : (adv.) ضعیف العقلی کے ساتھ ۔

Weak-mindedness : (n) ضعیف العقلی؛ بودا پن ۔

Weak-point : (n) (اخلاقی یا ذہنی) کمزوری؛ نقص ۔

Weak side : (n) (۱) کمزور حصہ (قلعہ بند شہر وغیرہ کا) ۔ (۲) کمزوری؛ کمزور پہلو؛ انسانی طبیعت کا یا مزاج کا خاصہ جو بہت آسانی سے متاثر ہو سکے خاص کر برائی کے لئے ۔ (۳) فٹ بال کھیل کی وہ جماعت جس میں کھلاڑیوں کی تعداد کم ہو ۔

Weak-sighted : (a) ضعیف البصر؛ کمزور آنکھوں کا؛ ضعف بصارت والا ۔

Weak-sister : (n) (۱) (اخلاقی طور پر) کمزور شخص جس کو مدد کی ضرورت ہو ۔ (۲) کمزور عنصر (دوسرے عناصر کے مقابلے میں) ۔

Weaken : (v) (۱) کمزور کرنا؛ بودا بنانا؛ پھسپھسا کرنا ۔ (۲) کمزور ہونا؛ قوت گھٹنا ۔ (۳) کمزور پڑنا؛ ارادے وغیرہ کا رفتہ رفتہ ڈانواں ڈول ہونا ۔ (٤) شدت کم کرنا ۔ (٥) (تاش) پتے کو کمزور بنا دینا ۔ (٦) (قیمت وغیرہ) غیر مستقل بنا دینا ۔ (۷) ڈھیلا پڑ جانا ۔

Weakener : (n) کمزور کرنے یا بنانے والا ۔

Weakfish : (n) بحر اوقیانوس کی ثراؤٹ مچھلی ۔

Weakish : (a) کسی قدر کمزور ۔

Weakishly : (adv.) کسی قدر کمزوری سے ۔

Weakishness : (n) کسی قدر کمزوری ۔

Weakliness : (n) کمزوری؛ ناتوانی؛ نقاہت ۔

Weakling : (n) (۱) جسمانی طاقت کے لحاظ سے کمزور آدمی؛ نحیف الجثہ؛ کمزور آدمی ۔ (۲) طبیعت یا ارادے کا کمزور شخص؛ بودا آدمی؛ بےضبط آدمی ۔

Weakling : (a) کمزور؛ نحیف؛ بودا؛ ناتواں ۔

Weakly : (a) نحیف، نقیہہ؛ کمزور؛ دبلا پتلا؛ لاغر ۔

Weakly : (adv.) کمزور طریقے سے؛ کمزوری کے ساتھ ۔

Weakness : (n) (۱) بوداپن؛ کمزور؛ آسانی سے ٹوٹ سکنا ۔ (۲) ناطاقتی ؛ نا توانی ؛ نقاہت ؛ بے بسی ۔ (۳) کم تعدادی ۔ (٤) صحت کی کمزوری؛ ضعف (بصارت، قلب وغیرہ کا) ۔ (٥) اخلاقی کمزوری ؛ ارادے یا طبیعت کی کمزور ی؛ بے ضبطی ۔ (٦) (دلیل وغیرہ) کا بودا پن ۔ (۷) پتلا یا ہلکا ہونا (چائے وغیرہ کا) ۔ (۸) پھسپھساپن ؛ ڈھیلاپن (عبارت کا) ۔ (۹) عیب؛ نقص؛ کمزوری ۔ (۱۰) (کسی خاص) تحریص سے بچنےکی قوت نہ ہونا؛ کمزوری ۔ (۱۱) (بے جا یا نا عاقبت اندیشانہ) رغبت؛ شوق؛ محبت (آدمی یا چیز کے لئے) ۔

Weaky : (a) (بولی) نم؛ تر؛ مرطوب ۔

Weal : (n) [OE. 'wela'.] خوشحالی؛ رفاہ؛ بہبودی ۔

Weal : (n) [Var. of Wale.] بدھی؛ برت؛ اول؛ ابھرا ہوا نشان جو چھڑی یا کوڑے کی چوٹ سے گوشت پر پڑجاتا ہے؛ لاس ۔

Weal : (v) بدھیاں ڈال دینا ۔

Weald : (n) [OE.] (۱) ویلڈ؛ ایک علاقے کا نام ہے جس میں کینٹ، سرے ، ہینٹس اور سسکس کے اضلاع شامل ہیں جہاں‌طبقات ارض کی اکثر دلچسپ خصوصیات پائی جاتی ہیں ۔ (۲) جنگل؛ میدان؛ بیہڑ۔

Weald clay : (n) ویلڈ علاقے کی چکنی مٹی؛ رتیلے پتھر یا لوہیا پتھر کی پرتیں جن میں متحجر اجزاء بھی موجود ہیں ۔

Weald saurian : (n) دیکھو Hylaeosaurus

Wealden : (a) ویلڈ کا؛ ویلڈ کا سا ۔

Wealden : (n) ویلڈ کی پرت؛ اولائٹ (چونے کا پتھر) اور کھریا کی پرتوں کی درمیانی پرت ۔

Wealden lizard : (n) دیکھو Hylaeosaurus

Wealth : (n) [ME. 'welthe'.] (۱) (قدیم) فلاح؛ خوشحالی ۔ (۲) دولت؛ مال؛ دولتمندی؛ تونگری؛ امیری؛ امارت ۔ (۳) کثرت؛ فراوانی ۔

Wealthily : (adv.) دولتمندی کے ساتھ ؛ امیرانہ طریقے سے ۔

Wealthiness : (n) امیری؛ دولتمندی؛ مال داری ۔

Wealthless : (a) نادار؛ غیر تونگر؛ غریب؛ غیر دولتمند ۔

Wealthy : (a) (۱) امیر؛ دولتمند؛ مال دار؛ زردار ۔ (۲) کافی؛ وافر ۔

Wean : (n) [Contraction of 'wee ane'.] (اسکاچستان) بچہ ۔

Wean : (v) [OE. 'wenian'.] (۱) دودھ چھڑانا ۔ (۲) بڑی مشکل سے چھڑانا (عادت)؛ الگ کرنا (صحبت سے)؛ علاحدہ کر دینا ۔

Weanedness : (n) دنیاوی چیزوں سے علاحدگی ۔

Weanel : (n) [ME. 'weynelle'.] دودھ چھٹا بچہ؛ وہ بچہ جس کا دودھ حال ہی میں چھڑایا گیا ہو؛ فطیم ۔

Weaning : (n) (۱) دودھ چھٹائی؛ فطام ۔ (۲) (نفسیات) غلبہ چھڑائی؛ نجات گیری ۔

Weanling : (n) دیکھو Weanel

Weanling : (a) (وہ بچہ) جس کا دودھ حال ہی میں چھڑا دیا گیا ہو ؛ فطیم ۔

Weanly : (a) بچکانا؛ طفلانہ؛ ناتواں ۔

Weanyer : (n) دیکھو Weanel

Weapon : (n) [OE. 'waep(e)n'.] (۱) ہتھیار؛ اوزار جس سے حملہ کیا جائے؛ سلاح ۔ (۲) ذریعہ؛ وہ چیز جس سے کسی شخص کا مقابلہ کرنے میں کام لیا جائے؛ ہتھیار (مجازاً) ۔ (۳) جانوروں کے دانت، پنجے وغیرہ؛ مہمیز، مہماز ۔

Weapon salve : (n) مرہم جس کے متعلق بعضوں کا عقیدہ ہے کہ اسے ہتھیار پر لگانے سے زخم اچھا ہو جاتا ہے (جس ہتھیار سے زخم لگا ہو) ۔

Weaponed : (a) مسلح؛ ہتھیار سے لیس؛ ہتھیار بند ۔

Weaponeer : (n) جوہری بم کو نشان پر لگانے سے پہلے معمل بنانے والا ۔

Weaponeer : (v) فوجی اسلحوں کو بہتر بنانے میں مشغول رہنا ۔

Weaponless : (a) نہتا؛ بے ہتھیار؛ غیر مسلح ۔

Weaponry : (n) (۱) اسلحوں کا مجموعہ ۔ (۲) اسلحہ سازی ۔

Weapons carrier : (n) مشین گن، مارٹر یا ان کے چلانے والوں کو لے جانے والا ہلکا ٹرک ۔

Weaponshawing/-show/-showing : (n) دیکھو Wappenschawing

Weaponsmith : (n) اسلحہ گر؛ اسلحہ ساز ۔

Wear : (n) (۱) استعمال؛ پہننا ۔ (۲) لباس؛ پوشاک پہننے کی چیز ۔ (۳) فرسودگی؛ نقصان جو گھسنے سے ہوتا ہے ۔ (٤) پائداری ؛ رگڑ برداشت کرنےکی قوت ۔ (٥) کثرت استعمال ۔ (٦) رندے کے منہ کا آگے کو نکلا ہوا حصہ ۔ (۷) فیشن؛ مروجہ وضع ۔

The worse for wear : فرسودہ؛ جو کثرت استعمال سے خراب ہو گیا ہو ۔

To be in wear : (۱) (کپڑے کا) زیب تن ہونا؛ استعمال میں ہونا ۔ (۲) مروجہ فیشن میں ہونا؛ مستعمل ہونا ۔

Wear : (v) [OE.'werian'.] (۱) پہننا؛ زیب تن کرنا؛ لگانا؛ پہنے ہونا؛ لگائے ہونا ۔ (۲) گھس ڈالنا؛ فرسودہ کر دینا؛ گھس کر مٹا دینا؛ محو کر دینا؛ گھس جانا؛ فرسودہ ہو جانا؛ گھس کر مٹ جانا؛ محو ہو جانا ۔ (۳) خستہ کر دینا؛ تھکا دینا؛ عاجز ہو جانا ۔ (٤) چلنا؛ کام دینا؛ قابل استعمال رہنا ۔ (٥) (وقت کا) رفتہ رفتہ گزارنا یا گزرنا ۔ (٦) پیہم رگڑ سے (سوراخ) کر دینا؛ (نالی وغیرہ) بنا دینا ۔ (۷) (بال یا داڑھی کو) کسی مخصوص وضع میں بڑھنے دینا ۔ (۸) (جہاز کے کپتان وغیرہ کا) جھنڈا لہرانا ۔ (۹) دکھانا (چہرے پر مخصوص تاثر وغیرہ)؛ نظر آنا ۔ (۱۰) (مجازاً) (دل ، ذہن ، یادداشت وغیرہ میں) رکھنا؛ دلدادہ ہونا ۔ (۱۱) اپنا سمجھنا؛ اپنا سمجھ کر استعمال کرنا ۔ (۱۲) گھس کربنانا؛ رگڑ کر گڑھنا، گھڑنا ۔ (۱۳) بتدریج ہوجانا یا تبدیل ہوجانا ۔ (۱٤) برداشت کرنا؛ قبول کرنا ۔

To wear a crown, diadem, palm etc. : ان عہدوں یا منصب پر فائز ہونا جن کا تاج، مکٹ اور تمغہ وغیرہ طرۂ امتیاز ہوں ۔

To wear a person or principle in one's heart : کسی شخص یا اصول کا دلدادہ ہونا ۔

To wear blue : (گاڑی یا ریل) نیلی جھنڈی لگانا یا نیلی بتی جلانا تاکہ معلوم ہو کہ گاڑی مرمت میں ہے ۔

To wear down : رفتہ رفتہ مخالفت وغیرہ ختم کر دینا ۔

To wear green : (ریل میں) سبز جھنڈی لگانا (یہ دکھانے کے لئے کہ اس ریل کا دوسرا حصہ بھی آرہا ہے) ۔

To wear on : پریشان کرنا؛ رگڑنا ۔

To wear one's hair long, short : لمبے یا چھوٹے بال رکھنا ۔

To wear one's heart on one's sleeves : بھڑبھڑیاہونا۔

To wear one's years well : کم سن معلوم ہونا ۔

To wear out : (۱) کثرت استعمال سے بالکل گھس ڈالنا؛ بیکار کردینا؛ گھس جانا ۔

To wear out one's welcome : کثرت ملاقات سے بار ہو جانا ۔

To wear the breeches : دیکھو Breach

To wear the crown : بادشاہ یا شہید ہونا ۔

To wear the gown : وکیل یا بیرسٹر ہونا ۔

To wear the stripes : قید ہونا؛ جیل میں بند ہونا ۔

To wear the trousers/-pants : خانگی معاملات میں بالادستی رکھنا ۔

To wear the willow : دیکھو Willow

To wear through the day : کسی طرح دن کاٹنا ۔

To win and wear : (کسی خاتون کو) بیوی بنا لینا ۔

Wear : (v) [Origin unkn.] (سکان یا پتوار کے اٹھانے سے) جہاز کو گھمانا؛ جہاز کا گھومنا ۔

Wear : (v) [ME. 'Weren'.] (اسکاچستان) بھیڑوں کو ہنکا کر باڑ میں بند کر دینا ۔

Wear and tear : (n) گھس پھس جانا؛ فرسودگی جو امتداد زمانہ سے ہو؛ ٹوٹ پھوٹ ۔

Wear-iron : (n) رگڑ روک؛ دھات کا ٹکڑا جو کسی سطح پر اسے رگڑ سے بچانے کے لئے لگا دیتے ہیں ۔

Wear off : (v) بتدریج بے اثر ہوجانا؛ کمزور پڑجانا ۔

Wear out : (v) (۱) کثرت استعمال سے بیکار کردینا ۔ (۲) تھکا دینا ؛ پریشان کرنا ؛ دق کرنا ۔ (۳) محو کردینا؛ مٹا دینا؛ زائل کردینا ۔ (٤) چلنا ؛ کام دینا ؛ قابل استعمال رہنا ۔ (٥) وقت کو ناگواری کے ساتھ تکلیف دہ طور پر گزارنا ۔ (٦) مارنا پیٹنا ۔

Wear-out : (n) فرسودگی ۔

Wear-plate : (n) رگڑ روک دھات کی تختی ۔

Wearability : (n) پہننے کے قابل ہونا؛ پائداری ۔

Wearable : (a) پہننے کے قابل ۔

Wearable : (n) لباس؛ پوشاک ۔

Wearer : (n) پہننے والا ۔

Weariable : (a) تنگ کئے جانے کے لائق؛ جو آسانی سے اُکتا جائے ۔

Wearied : (a) تھکا ہوا؛ خستہ؛ اکتایا ہوا؛ بیزار ۔

Weariedly : (adv.) افسردگی یا بیزاری کے ساتھ ؛ خستگی کی حالت میں ۔

Weariedness : (n) تھکا ہواہونا؛ اکتایا ہواہونا؛ افسردگی؛ کسل مندی ۔

Weariful : (a) (۱) تکلیف دہ؛ تھکا دینے والا؛ اُکتا دینے والا ۔ (۲) تھکا ہوا؛ اُکتایا ہوا ۔

Wearifully : (adv.) تکلیف دہ طور پر، اکتا کر، تنگ آکر ۔

Wearifulness : (n) تکلیف دہ ہونا؛ اکتا دینے والا ہونا ۔

Weariless : (a) نہ اکتانے والا؛ غیر تکلیف دہ ۔

Wearily : (adv.) کسل مندی کے ساتھ؛ افسردگی یا بیزاری سے ۔

Weariness : (n) (۱) کسل؛خستگی؛ ماندگی؛ تکان؛ افسردگی؛ بیزاری ۔ (۲) اجیرن ؛ کوفت ؛ نا گواری ۔ (۳) اکتا دینے والی چیز؛ بیزار کرنے والی چیز ۔

Wearing : (n) (۱) پہننا؛ زیب تن کرنا ۔ (۲) مستعمل ہونا؛ استعمال ۔ (۳) گھسائی؛ فرسودگی ۔

In (the) wearing : استعمال میں ۔

(the) worse for wearing : زیادہ پہننے یا استعمال سے خراب ہو جانا ۔

Wearing : (a) پہنا جانے والا؛ پہننے کا ۔

Wearing : (n) پوشاک؛ لباس؛ کپڑا ۔

Wearing course : (n) فت پاتھ وغیرہ کی بالائی سطح ۔

Wearingly : (adv.) تھکاتے ہوئے، اکتاتے ہوئے ۔

Wearish : (a) (۱) بے مزا؛ بے ذائقہ؛ پھیکا ۔ (۲) پژمردہ؛ زردرو؛ مریضوں کاسا ۔ (۳) نازک مزاج؛ نفیس طبع ۔ (٤) ٹھنڈا ۔

Wearisome : (a) اُکتا دینے والا؛ اجیرن؛ بار خاطر؛ تکلیف دہ؛ ناگوار؛ دوبھر ۔

Wearisomely : (adv.) اُکتا دینے والے طریقے سے؛ ناگوار طریقے سے ۔

Wearisomeness : (n) بارخاطر ہونا؛ اجیرن ہونا؛ ناگواری ۔

Wearproof : (a) رگڑ روک؛ جو گھس نہ سکے ۔

Weary : (a) [OE. 'werig, waerig'.] (۱) تھکا ہوا؛ خستہ ؛ کسل مند؛ افسردہ؛ وامندہ ۔ (۲) اکتایا ہوا؛ بیزار ؛ عاجز ؛ تنگ ۔ (۳) اکتا دینے والا ؛ نا گوار؛ جو دوبھر ہو جائے ۔ (٤) مایوس؛ ناامید؛ دل شکستہ؛ بددل ۔ (٥) تھکا دینے والا؛ پُرمشقت ؛ کٹھن ۔ (٦) اندوہناک ؛ غمناک ۔ (۷) ضعیف؛ ناتواں؛ لاغر ۔ (۸) (اسکاچستان) المناک؛ افسوسناک ۔

Weary : (adv.) دیکھو Wearily

Weary : (v) (۱) اکتا دینا؛ ناک میں دم کردینا؛ بیزار کر دینا؛ تنگ یا عاجز کردینا ۔ (۲) اکتا جانا؛ بیزار ہو جانا ؛ تنگ یا عاجز ہو جانا ۔

Weary : (n) (۳) تھک جانا؛ تھکا دینا ۔ (٤) ناگواری کی حد تک انتظار کرنا ؛ آرزو کرنا ؛ تمنا کرنا ۔ (٥) بے لطف ہو جانا؛ بے کیف ہو جانا ۔ (٦) خستہ کردینا؛ ذہنی یا روحانی طور پر تھکا دینا ۔

Weary willie : (n) [Weary+ Willie, nickname for william.] (اسکاچستان) عذاب الٰہی؛ بد دعا؛ کوسنا ۔

Wearying : (a) کام چور؛ (خصوصاً) آوارہ گرد ۔

Wearyingly : (adv.) اکتا دینے والا؛ تھکا دینے والا ۔

Weasand : (n) [OE. 'wasend'.] (۱) نرخرا؛ گلے کی نلی ۔ (۲) حلق؛ گلا ۔

To slit one's weasand : گلا کاٹنا ۔

Weasel : [OE. 'wesule, wesle, weosule'.] (۱) نیولا؛ راسو ۔ (۲) نیولے سے مشابہ بعض دوسرے جانور ۔ (۳) (امریکا) جنوبی کیرو لینا کے باشندے ۔ (٤) مکار شخص ۔ (٥) دیکھو Weasel-word ۔ (٦) ایک قسم کی ہلکی مسافر گاڑی ۔ (۷) برف، دلدل وغیرہ پر چلنےوالی ایک قسم کی گاڑی ۔

Four-toed weasel : سرکٹ؛ جنوبی افریقہ کا نیولے کی قسم کا ایک جانور ۔

Malacca weasel : (جاوا کا) مشک بلاؤ ۔

Mexican weasel : قنکاج؛ racoon کی قسم کا ایک جانور ۔

To catch a weasel asleep : کانیاں آدمی کو دھوکا دینا ۔

Weasel : (v) (۱) ایسا لفظ جس سے بیان کا مطلب بگڑتا ہو استعمال کر کے معنی بگاڑ دینا ۔ (۲) (کسی حالت یا معاہدے سے) بچ نکلنا ۔ (۳) گول بات کہنا؛ گول مول جواب دینا؛ ٹال جانا؛ لفظی ہیر پھیر کرنا ۔

Weasel-cat : (n) بورنیو اور جاوا کا مشک بلاؤ ۔

Weasel-coot/-duck : (n) ایک قسم کی بطخ جو مچھلیاں پکڑ کر کھاتی ہے ۔

Weasel-faced : (a) نیولے کی شکل کا؛ جس کا پتلا ترشا ہوا چہرہ ہو ۔

Weasel-like : (a) نیولے سے مشابہ ۔

Weasel snout : (n) ایک یورپی پودا (dead-nette) جس میں زرد پھول آتے ہیں ۔

Weasel-word : (n) (۱) ایسا لفظ جس سے بیان کا مطلب بگڑتا ہو ۔ (۲) وہ لفظ جو بیان وغیرہ سے منحرف ہونے کے لئے استعمال کیا جائے ۔

Weasel-worded : (a) ذو معنی ۔

Weaselly : (a) نیولے کی شکل کا؛ نیولا نما ۔

Weaser : (n) [Origin unkn.] ایک قسم کی غوطہ مار اور مچھلی کھانے والی امریکی بطخ ۔

Weason : (n) Weasand (اسکاچستان) دیکھو

Weather : (n) [OE. 'weder'.] (۱) آب و ہَوا؛ موسم؛ موسمی حالت؛ رت؛ فصل ۔ (۲) (بحری) وہ سمت جدھر ہوا بہہ رہی ہو یا جس طرف سے ہوا بہہ رہی ہو ۔ (۳) زاویہ جو پون چکی کا بادگیر دھرے کے عمود کے ساتھ بناتا ہے ۔ (٤) ناگوار موسم؛ بارش؛ طوفان ۔ (٥) کھپریل کا وہ حصہ جو کھلا رہتا ہے ۔

April weather : (۱) بدلتا ہوا موسم؛ کبھی دھوپ اور کبھی بارش ۔ (۲) (مجازاً) کبھی ہنسنا کبھی رونا ۔

Clerk of the weather : موسم کا فرضی دیوتا ۔

In the weather : کھلا ہوا؛ پانی، ٹھنڈ، ہوا وغیرہ سے غیر محفوظ ۔

To drive with the weather : ہَوا اور موج کے ساتھ بہنا ۔

To have the weather gauge of : (۱) (جہاز کا) ہوا کے رخ پر ہونا؛ کسی دوسرے جہاز کے اس پہلو پر ہونا جدھر ہَوا ہو ۔ (۲) (مجازاً) فائدے میں ہونا؛ بہتر حالت میں ہونا ۔

To have the weather of : (کسی دوسرے جہاز کے) اس رخ پر آجانا جدھر ہوا ہو ۔

Under stress of weather : ابرو باد کی وجہ سے؛ طوفان کی وجہ سے ۔

Under the weather : (۱) ناساز ۔ (۲) کسی قدر پٹے ہوئے؛ بالکل صحت یاب نہیں (ابھی) ۔

Weather permitting : اگر موسم اچھا رہا ۔

Wind and weather : ابرو باد ۔

Weather : (a) ہوا کے رخ کا ۔

Weather : (v) (۱) (کسی چیز پر) موسمی تغیرات کا اثر پڑنے دینا ۔ (۲) (ارضیات) (پتھروں یا چٹانوں کا) ہَوا سے بد رنگ یا شکستہ ہو جانا ۔ (۳) (جہاز کا، راس وغیرہ کا) ہوا کے رخ پر آجانا، اسی رخ پر پہنچ جانا جدھر سے ہوا آتی ہے ۔ (٤) (طوفان) جھیل جانا؛ بچ کر نکل آنا ۔ (٥) (مجازاً) (مشکلات کا) مقابلہ کر کے کامیاب ہونا ۔ (٦) (تختوں یا کھپروں کو) ایک دوسرے کے اوپر اس طرح رکھنا کہ پانی بہنے میں آسانی ہو؛ (کھپروں سے) کھپریل چھانا؛ (آبریز تختوں کو) کھپریل کی طرح لگانا ۔ (۷) (جہاز کا) ہوا کے رخ پر چلنا ۔ (۸) (پون چکی کے) ہوا گیر کو مناسب زاویے پر لگانا تاکہ ہَوا کی طاقت سے زیادہ فائدہ اٹھایا جا سکے ۔

To weather along : (مجازاً) باد مخالف کے باوجود ترقی کرنا، آگے بڑھنا ۔

To weather on (or) upon : (۱) کسی جہاز کے اس پہلو میں آجانا جدھر ہوا ہو ۔ (۲) دوسرے سے بہتر موقع حاصل کرنا یا اس سے فائدے میں رہنا ۔

Weather-beaten : (a) (۱) طوفان دیدہ؛ گرم و سرد چشیدہ ۔ (۲) طوفان زدہ ۔ (۳) (انسان وغیرہ) موسم زدہ ۔

Weather-bitt : (n) (بحری) کھمبے کےگرد رسی کا مزیدلپیٹ (خراب موسم میں) ۔

Weather-board : (n) (۱) پانی پھینکنے کا ڈھلوان تختہ جو دروازے کے آخری حصے میں لگا ہوتا ہے ۔ آبریز تختہ ۔ (۲) آب روک تختہ ۔ (۳) (بحری) جہاز کا وہ رخ جدھر ہوا آرہی ہو ۔

Weather-board : (v) دیوار میں آبریز تختے لگانا ۔

Weather-boarding : (n) تختوں کا سلسلہ، جو دیوار میں ایک دوسرے کے اوپر پانی بہانے کی غرض

سے لگا دیتے ہیں؛ آبریز تختے؛ باران روک تختہ بندی ۔

Weather-bound : (a) طوفان بند؛ خراب موسم کی وجہ سے آگے بڑھنے سے مجبور ۔

Weather-bow : (n) پیش جہاز کا وہ حصہ جو ہوا کے رخ ہو ۔

Weather-box : (n) موسم کا صندوقچہ جس پر مرد عورت کی تصویریں ہوتی ہیں ، ایک بارش کا اور دوسری دھوپ کا اظہار کرتی ہے؛ موسم خانہ؛ موسم نما کھلونا جو موسم کی تبدیلیوں کو بتاتا ہے ۔

Weather-brained : (a) ثانوی قوس قزح ۔

Weather-breeder : (n) طوفان سے پہلے کا خوشگوار اور پرسکون دن ۔

Weather-bureau : (n) دفتر موسمیات؛ محکمۂ موسمیات؛ دفتر تحقیق موسم ۔

Weather-burned : (a) موسم زدہ؛ طوفان زدہ ۔

Weather-cast : (n) موسم کی پیشین گوئی ۔

Weaher-caster : (n) موسم کی پیشین گوئی کرنے والا ۔

Weather-chart : (n) نقشۂ موسم (کسی خطے کا) ۔

Weather-cloth : (n) ترپال جو جہاز کے عرشے پر بارش اور طوفان سے بچنے کے لئے لگایا جاتا ہے ۔

Weather-cock : (n) (۱) (مرغ) باد نما ۔(۲) (مجازاً) ہوا کے رخ چلنے والا شخص؛ تھالی کا بیگن ۔(۳) ایک قسم کی جڑی بوٹی ۔

Weather cock : (v) (۱) مرغ باد نما لگانا؛ باد نما کا کام دینا ۔(۲) (ہوائی جہاز کا) ہوا میں قلابازی کھانا ۔

Weather cock : (a) متلون؛ متغیر؛ متبدل؛ ناپائدار؛ غیر مستقل ۔

Weather-contact : (n) برقی رو کا اتصال جو ایک تار سے دوسرے تار تک بارش کی وجہ سے پیدا ہو جاتا ہے ۔

Weather-cross : (n) برقی رو کا رساؤ جو بھیگ جانے کی وجہ سے پیدا ہو جاتا ہے ۔

Weather-cycle : (n) موسمی دور ۔

Weather-deck : (n) کھلا عرشہ ۔

Weather door : (n) (۱) ستارہ نما دودان کا دروازہ ۔(۲) کان کا ہوادان یا روشن دان ۔(۳) دیکھو Storm door ۔

Weather driven : (a) طوفان میں بہا ہوا ۔

Weather-eye : (n) (۱) موسمی تغیر کو جلد بھانپنے والی آنکھ ۔(۲) ہوشیاری؛ چوکسی ۔

To keep one's weather-eye open : چوکس رہنا؛ ہوشیار رہنا ؛ خبردار رہنا ۔

Weather-fast : (a) دیکھو Weather-bound

Weather-fend : (v) طوفان سے بچانا؛ موسمی تغیرات سے بچانا ۔

Weather fish : (n) یورپ اور ایشیا میں پانی جانے والی بعض قسم کی دریائی مچھلیاں ۔

Weather-flag : (n) موسمی پیشین گوئی کرنے والا جھنڈا (جو اگلے بارہ سے چھتیس گھنٹے کے موسم کو بتانے کے لئے لگا دیا جاتا ہے) ۔

Weather-forecast : (n) اندازۂ موسم؛ موسمی پیشین گوئی ۔

Weather-gall : (n) دیکھو Watergall

Weather-gauge : (n) (۱) (جہاز کا) کسی دوسرے جہاز کے اس پہلو میں چلنا جدھر ہوا ہو ۔(۲) (مجازاً) فائدہ؛ بہتر حالت؛ مناسب صورت یا موقع ۔

Weather-gauge : (v) (۱) (جہاز کو) کسی دوسرے جہاز کے اس پہلو میں رکھنا جدھر ہوا ہو ۔ (۲) (مجازاً) فائدے میں ہونا؛ بہتر حالت میں ہونا ۔

Weather-glass : (n) باد پیما؛ بار پیما؛ شیشۂ موسم؛ بیرومیٹر ۔

Poor man's weather-glass/Shepherd's- : ایک چھوٹا بارہ ماسی پودا ۔

Weather-gleam/-glim : (n) (اسکاچستان) افق کے نزدیک کا صاف آسمان ۔

Weather-going tide : (n) جوار بھاٹا جو ہوا کے مخالف ہو ۔

Weather-head : (n) ثانوی قوس قزح ۔

Weather-helm : (n) جہاز کا ہوا کے رخ پر آنے کا رجحان ۔

Weather-house : (n) موسم خانہ، موسم نما کھلونا (جو موسمی تغیرات بتاتا ہے) ۔

Weather-joint : (n) معماری کی جوڑائی جس میں مسالے کو اوپر سے کھرچ کرنکال لیا جاتا ہے ۔

Weather-maker : (n) موسم گو؛ موسم پیشگو ۔

Weather-map : (n) دیکھو Weather-chart

Weather-moulding : (n) آبریز سائبان؛ چھجا جو پانی پھینکنے کےلئے دروازوں پر سے نکلا رہتا ہے ۔

Weather-observer : (n) موسم کا مشاہدہ کرنے والا ۔

Weather-meter : (n) موسم پیما ۔

Weather-out : (v) (ارضیات) نرم چٹانوں کے ٹوٹ جانے کی وجہ سے کھل جانا یا باہر آجانا ۔

Weater plant : (n) جس پر موسمی تغیرات کا اثر نہ ہو: موسم روک ۔

Weather-proof : (a) ہندوستانی ملیشھی؛ ملشھی؛ ایک پودا جس کے پتے پر موسمیاتی تغیرات کا اثر ہوتا ہے اور اس سے موسم کا پتا چلتا ہے ۔

Weather-proof : (v) موسم روک بنانا ۔

Weather-prophet : (n) موسم گو؛ موسم پیشگو؛ موسم کے متعلق پیشگوئی کرنے والا ۔

Weather-report : (n) موسمیاتی اطلاع ؛ موسمیاتی گوشوارہ۔

Weather-sheet : (n) وہ رسّا جو مربع بادبان کے اس گوشے کو وسیع کرتا ہے جو ہوا کے رخ پر ہوتا ہے ۔

Weather-ship : (n) وہ جہاز جس سے موسمیاتی مشاہدے کا کام لیا جاتا ہے ۔

Weather-side : (n) (۱) (عمارت وغیرہ کا) وہ رخ جس پر موسمیاتی تغیرات کا اثر پڑتا رہتا ہے ۔
(۲) (بحری) ہوا رخ پہلو ۔

Weather-signal : (n) موسمی پیشگوئی کرنے والا سگنل ۔

Weather-slating : (n) دیواروں پرلگانے کی سلیٹ ۔

Weather-stain : (n) بارش (وغیرہ) کا دھبا (دیوار پر): موسم زدگی ۔

Weather-stained : (a) موسم زدہ ۔

Weather-station : (n) مقام رصد؛ مرکز رصد؛ رصدگاہ ۔

Weather-strip : (n) بم روک پٹی؛ آبریز پٹی؛ چمڑے یا لکڑی کی پٹی جو دروازے کے جوڑ یا کھڑکی اور دروازے کی دہلیز پر لگا دیتے ہیں تاکہ برف، بارش اور ٹھنڈی ہوا سے محفوظ رہا جاسکے ۔

Weather-strip : (v) بم روک پٹی لگانا؛ آبریز پٹی لگانا؛ برف، بارش اور ٹھنڈی ہوا سے بچنے کے لئےلکڑی یا چمڑے کی پٹی دروازے یا دہلیز پر لگانا ۔

Weather-table : (n) مسطح حاشیہ یا ککر ۔

Weather-tide : (n) مد ۔

Weather-tight : (a) بم روک؛ جس پر ہوا، پانی کا اثر نہ ہو ۔

Weather-tile : (n) کھپریل؛ کھپروں کا چھپرسا جس میں ایک کے اوپر ایک کھپرا رکھ کر پانی بہنے کا انتظام کرتے ہیں ۔

Weather-tiled : (a) کھپریل سے چھایا ہوا ۔

Weather-tiling : (n) کھپریل سے چھانا ۔

Weather-vane : (n) دیکھو Weather-cock

Weather-wisdom : (n) موسم شناسی ۔

Weather-wise : (a) (۱) موسم شناس؛ جو موسم کا صحیح اندازہ کر سکے ۔(۲) (مجازاً) موقع شناس ۔

Weather-worn : (a) طوفان زدہ؛ موسم زدہ ۔

Weatherability : (n) موسمی تبدیلی کو برداشت کرنے کی صلاحیت ۔

Weathered : (a) (۱) موسم زدہ ۔ (۲) (اناج وغیرہ) جو کھلے میدان میں زیادہ دن رہنے کی وجہ سے خراب

ہوگیا ہو ۔ (۳) ڈھلوان؛ جس پر پانی نہ رک سکے؛ آبریز تختہ لگا ہوا ۔

Weatherer : (n) کھپریل چھانے والا ۔

Weathergaw : (n) دیکھو Watergall

Weathering : (n) (۱) ہوا سے بدرنگ یا شکستہ ہو جانا یا کر دینا؛ موسم زدگی؛ فرسودگی ۔ (۲) (بحری) ہَوا کے رخ کرنا ۔ (۳) (تعمیرات) کھپریل کی سی ترتیب؛ موسمائی ڈھلان ۔

Weatherliness : (n) ہَوا تابی؛ ہَوا کا مقابلہ کرنا ۔

Weatherly : (a) (بحری) ہوا کا مقابلہ کرنے والا؛ ہَوا تاب؛ جسے تیز ہَوا کے مقابلے میں پہلو کی طرف ہٹنے کی ضرورت نہ ہو ۔

Weatherman : (n) (۱) ماہر موسمیات ۔ (۲) (امریکا) متشدد؛ انقلابی جماعت کا رکن ۔

Weathermost : (n) ہَوا کے رخ پر سب سے دور کا ۔

Weatherology : (n) دیکھو Meteorology

Weatherward : (adv.) ہَوا کے رخ پر ۔

Weathery : (a) (۱) (موسم کی طرح) تغیر پذیر ۔ (۲) موسم زدہ؛ بارش زدہ ۔

Weatings : (n) موٹا آٹا، چوکر وغیرہ جو جانوروں کو کھلایا جاتا ہے ۔

Weave : (n) (۱) بناوٹ؛ بننے کا انداز یا ترتیب؛ بنائی ۔ (۲) (سنیما کی تصویر کی) پردے پر پہلو کی جانب آہستہ حرکت ۔

Weave : (v) [OE. 'wefan'.] (۱) بُننا؛ کپڑا بُننا؛ (ہاتھ یا مشین سے) ۔ (۲) گوندھنا؛ گوتھنا ۔ (۳) (واقعات وغیرہ کو) ترتیب دینا؛ (قصے کی صورت میں) کھپانا؛ (جزئیات کو قصے وغیرہ کی صورت میں) مرتب کرنا (مثلاً نظم، کہانی وغیرہ) ۔ (۴) تیار کرنا؛ گھڑنا (سازش وغیرہ) ۔ (۵) (مکڑے، کیڑے وغیرہ کا) جالا بننا، کویا بنانا، کوے میں لپیٹنا ۔ (۶) لپیٹنا؛ بٹ دینا؛ بَل دینا ۔ (۷) (رقص) پرپیچ قدم اٹھانا؛ قدم کو گھما کر رکھنا؛ چکر کھاتے ہوئے جانا ۔ (۸) آگے پیچھے چلنا یا حرکت کرنا ۔ (۹) (قوسی ویلڈنگ میں) برقیرہ کو آگے پیچھے حرکت دینا ۔ (۱۰) (ہوائی جہاز کا) ہوا میں آگے پیچھے حرکت کرنا ۔

Weave : (v) [ME. 'weven'.] (۱) جھونکے کھانا؛ جھولنا؛ پُرپیچ راستے پر چلنا ۔ (۲) (جہاز یا اس کے مسافروں کو جھنڈے دکھا کر اشارہ کرنا ۔ (۳) (مُکابازی) مُکا رسید کرنے سے پہلے حریف کے قریب آہستہ چل کر آنا ۔ (۴) ڈگمگانا؛ جھونک کھانا؛ لغزش کھانا؛ (گھوڑے کا) چلنے میں جھونک کھانا ۔

Weave-shed : (n) راچھ گھر؛ وہ کمرا جس میں راچھ رکھا رہتا ہے ۔

Weaver : (n) (۱) بننے والا؛ کپڑے بننے والا ۔ (۲) جولاہا؛ نداف؛ پارچہ باف؛ نور باف؛ بنکر ۔ (۳) بیا؛ ایک پرندہ جو اپنا گھونسلا تھیلی کی شکل میں بنا کر تیار کرتا ہے ۔ (۴) پانی کے بھونرے جو سطح پر منڈلاتے رہتے ہیں ۔ (۵) بید وغیرہ کی ٹوکری بننے والا؛ بید یا کھپچی وغیرہ جس سے ٹوکری بُنی جاتی ہے ۔

Weaver : (n) گھوڑا جو چلنے میں گردن یا جسم کو ادھر ادھر حرکت دیتا ہے ۔

Weaverbird : (n) بیا ۔

Weaverfinch : (n) دیکھو Weaverbird

Weaver's knot : (n) بٹواں گرہ : ایک قسم کی گرہ جو چھوٹی بڑی ڈوریوں کو جوڑنے کے لئے دیتے ہیں ۔

Weaving : (n) (۱) بننا؛ بنائی ۔ (۲) گھوڑے کا چلتے وقت ادھر ادھر حرکت کرنا ۔ (۳) کسی گاڑی کا اپنی قطار سے نکل کر دوسری قطاروں میں جانا اور دوسری گاڑیوں کی راہ میں مزاحم ہونا ۔

To get weaving : روانہ ہونا؛ شروع ہو جانا ۔

Weazand : دیکھو Weasand

Weazen : (v) [Altered f. Wizen.] سکڑنا؛ سوکھنا ۔

Weazen : (a) سوکھا ہوا؛ چھوارا سا ۔

Weazen-faced : (a) سوکھے ہوئے چہرے والا (شخص) ۔

Weazened : (a) سوکھا ہوا؛ سکڑا ہوا ۔

Weazeny : (a) کسی قدر سوکھا ہوا یا سکڑا ہوا ۔

Web : (n) [OE. 'web(b'.] (۱) پارچہ بافتہ؛ بُنا ہوا ٹکڑا؛ (مجازاً) کوئی چیز بُنے ہوئے کپڑے سے مشابہ ۔ (۲) مکڑی کا جالا؛ کسی اور جانور کا جالا ۔ (۳) جھلی جو چمگادڑ یا آبی پرندوں کے پنجوں میں ہوتی ہے؛ پردہء پا؛ ریشہء پا ۔ (٤) نسیج کا سلسلہ ؛ نسیجہ ۔ (٥) (پر میں) ریشوں کا سلسلہ جو ڈنڈی کے دونوں طرف ہوتا ہے؛ ریشہ؛ ریشہء پر؛ پرہ ۔ (٦) (طباعت) کاغذ کا بڑا لپٹا ہوا تختہ (جو اخبار چھاپنے میں کام آتا ہے) ۔ (۷) (مشین میں) پتلا چپٹا پرزہ جو بڑے پرزوں کو جوڑتا ہے؛ جوڑپٹی؛ پرزہء وصل؛ جوڑ پُرزہ ۔ (۸) بُنے ہوئے کپڑے جیسی کوئی چیز ۔ (۹) کپڑے سے بُنی ہوئی کوئی چیز ۔ (۱۰) ساز باز ؛ جال ؛ پھندا ۔ (۱۱) کوئی نازک اور کمزور چیز ۔ (۱۲) (کاغذ سازی) تارکی بُنی ہوئی جالی کی غیر منقطع پٹی جس پر ماوا مشین میں جاتا ہے ۔ (۱۳) نعل کا مزا ہوا لوہا ۔ (۱٤) (طب) انسانی انگلیوں کے درمیانی نسیجوں کا نقص؛ غبار چشم ۔ (۱٥) ہل کے پھال کا پتلا تیز حصہ؛ پھالی کی نوک ۔ (۱٦) چوکھٹے دار آرا کا الگ ہونے والا حصہ ۔ (۱۷) کنجی کا سر یا اس کا دندانہ ۔ (۱۸) مٹی بھر جانے والی نوکری کا بید سے بُنا ہوا حصہ ۔ (۱۹) دیکھو Snow-shoe ۔ (۲۰) ریڈیو یا ٹیلیویژن کا جال ۔ (۲۱) جانوروں کے پیڑو کے پردے کی تہ ۔

Web : (v) (۱) (مکڑی کے) جالے سے یا اسی طرح کی کسی اور چیز سے ڈھک دینا ۔ (۲) (خرد پیما میں) مکڑی کے جالے کا تار لگانا ۔ (۳) جال میں پھانس لینا؛ انگلیوں یا پنجوں کو جھلی سے ملانا ۔

Web-beam : (n) راچھ کا بیلن جس پر پارچہ یا کپڑا بُنائی کے بعد لپٹتا رہتا ہے ۔

Web-blight : (n) سیم وغیرہ کے پودوں کی ایک بیماری جو سماروغ سے پیدا ہوتی ہے ۔

Web-fed : (a) (طباعت) کاغذ کے بڑے لپٹے ہوئے تختے پر چھاپنے والا (پریس) ۔

Web-fingered : (a) جھلی دار انگلیوں کا؛ جھلی دار انگشتہ ۔

Web-foot : (n) جھلی دار پنجہ ۔

Web-footed : (a) جھلی دار پنجوں کا؛ پردہ پایہ؛ وصل پایہ ۔

Web-glazed : (a) ایسی جلا مشین سے چمکایا ہوا جس میں باری باری چمکیلا لوہے کا بیلن اور روئی یا کاغذ کی گدی ہوتی ہے ۔

Web-lead : (n) جست کی چادر ۔

Web-machine : (n) ایک قسم کی چھاپنے کی مشین جس میں کاغذ خود بخود ایک بیلن کے ذریعے جاتا رہتا ہے ۔

Web-offset : (n) کاغذ کے مسلسل پلندے پر آفسیٹ چھپائی کا ایک طریقہ ۔

Web-(perfecting) press : (n) دیکھو Web-machine

Web-printing : (n) کاغذ کے بڑے لپٹے ہوئے تختے پر چھپائی ۔

Web-rot : (n) تمباکو کے پتوں کی ایک بیماری جس میں ریشے متاثر ہوتے ہیں ۔

Web-saw : (n) آرا جو چوکھٹے میں لگا رہتا ہے؛ چوکھٹے دار آرا ۔

Web-spinner : (n) جالا بننے والا کیڑا ۔

Web-toed : (a) جھلی دار انگلیوں کا ۔

Web-winged : (a) جھلی دار بازوؤں والا ۔

Web-worm : (n) بافندہ کرم؛ جالا بننے والے کیڑے جو پتیوں میں رہتے ہیں ۔

Webbed : (a) (حیوانیات) جھلی دار پنجوں کا؛ پردہء پادار ۔

Webbing : (n) (۱) بافتہ؛ پارچہ ۔ (۲) نواڑ ۔ (۳) جھلی دار پنجوں کا ہونا؛ کف شکلی ۔ (٤) وارنش کا نقص جس میں متقاطع لکیریں بن جاتی ہیں ۔

Webbing clothes moth/Webbing-moth : (n) ایک کیڑا جس کا پہل روپ قالین، مشجر وغیرہ کو نقصان پہنچاتا ہے ۔

Webby : (a) جھلی دار؛ جال سے مشابہ ۔

Webelos : (n) [f. phrase 'we'll be loyal sconuts'.] پانچویں درجے کا اسکاؤٹ جس کی عمر کم سے کم دس سال ہو ۔

Weberian : (a) [f. name E.H. Weber, a German anatomist'.] جرمنی کا علم تشریح کا ماہر ۔

Weberian apparatus : (n) (بعض مچھلیوں میں) ہوا پھکنے کو کان سے ملانے والا عضو ۔

Weberian corpuscle : (n) (تشریح) مجری البول کا غدہ ؛ مثانے کے پاس کا نلی نما پھکنا ۔

Weberian organ : (n) دیکھو Webrian corpuscle

Weberian ossicles : (n) بعض مچھلیوں میں کان اور ہوا پھکنے کے درمیان چھوٹی چھوٹی ہڈیوں کا سلسلہ ۔

Weberite : (n) [f. Dan Weberit.] ایک معدنی شے جس میں سوڈیم، میگنیشیم اور فلورائیڈ ہوتا ہے ۔ (Na_2 Mg ALF_7)

Webless : (a) بے جالا ۔

Weblike : (a) جالے سے مشابہ ۔

Webster : (n) [OE. 'webbestre'.] (تاریخ) کپڑا بننے والی؛ جولاہن، بنکر؛ جولاہا ۔

Websterian : (a) [f. Daniel Webster, American lawyer, & Noah Webster, the lexicographer.] (۱) ویبسٹر کا؛ ویبسٹر ڈکشنری کا ۔ (۲) ڈینیل ویبسٹر سیاست داں سے متعلق ۔

Websterite : (n) [f. name T. 'Webster'.] دیکھو Aluminite

Wed : (n) [OE. 'wedd'.] (۱) (قدیم) یرغمال؛ ضمانت ۔ (۲) بازی ۔

Wed : (v) [OE. 'weddian'.] (۱) بیاہ کرنا؛ عقد کرنا؛ نکاح کرنا؛ شادی کرنا ۔ (۲) (دوسرے کا) نکاح پڑھانا یا نکاح کرنا؛ بیاہ کرنا؛ شادی کرنا ۔ (۳) (مختلف صفات کا) امتزاج کرنا؛ ایک جگہ جمع کرنا ۔ (٤) شرط لگانا ۔

Wedded : (a) (۱) منکوحہ؛ شادی شدہ ۔ (۲) ازدواجی ۔ (۳) اٹل طریقے سے مخصوص اصولوں یا طریقوں پر جما ہوا ۔

Wedded life/-bliss : (n) ازدواجی زندگی، مسرت وغیرہ ۔

Wedded pair : (n) میاں بیوی ؛ زن و شو ۔

Wedded to : اٹل طریقے سے مخصوص اصولوں یا طریقوں پر جمے رہنا ۔

Weddellite : (n) [f. Weddell sea.] ایک معدنی شے ۔ ($Ca C_2 O_4 2H_2O$)

Weddell seal : (n) قطب جنوبی میں پائی جانے والی بھورے رنگ کی بڑی سیل مچھلی ۔

Wedder : (n) [ME. 'wedder'.] بھیڑ جسے پیدا ہونے کے چند ہفتوں کے اندر آختہ کر دیا گیا ہو ۔

Wedding : (n) (۱) بیاہ، شادی؛ نکاح؛ عقد ۔ (۲) شادی کرنا؛ بیاہ کرنا ۔ (۳) ایک قسم کا موٹا کاغذ (جو شادی کا کارڈ چھاپے جانے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے) ۔

Diamond wedding : شادی کی ساٹھویں سالگرہ ۔

Golden wedding : شادی کی پچاسویں سالگرہ ۔

Penny wedding : شادی جس میں مہمانوں سے چندہ لیا جائے ۔

Silver wedding : شادی کی پچیسویں سالگرہ ۔

Wedding-bell : (n) شادی کی گھنٹی (جو گرجا میں بجائی جاتی ہے)؛ شادیانہ؛ جرسِ عروسی ۔

Wedding-breakfast : (n) شادی کی دعوت، جو عموماً نکاح کے بعد اور دلہا دلہن کے سفرِ عروسی پر روانہ ہونے سے پہلے دی جاتی ہے ۔

Wedding-cake : (n) شادی کا کیک جو احباب و اَعِزّہ میں تقسیم کیا جاتا ہے ۔

Wedding-card : (n) شادی کا کارڈ؛ شادی کا دعوت نامہ؛ شادی کا رقعہ ۔

Wedding-day : (n) (۱) شادی کا دن ۔ (۲) شادی کی سالگرہ ۔

Wedding-dress : (n) لباسِ عروسی؛ عروسی لباس ۔

Wedding-favour : (n) نشانِ شادی؛ سفید پتیوں کا گلاب نما پھول جس کو لوگ شادی کے موقع پر لگاتے ہیں (لباس پر) ۔

Wedding-feast : (n) طعام ولیمہ ؛ شادی کی ضیافت ۔

Wedding garment : (n) (مجازاً) (بائبل) کسی چیز (تقریب) میں شریک ہونے کی اہلیت ۔

Wedding-guest : (n) شادی میں آیا ہوا مہمان ۔

Wedding-journey : (n) سفرِ عروسی ۔

Wedding-march : (n) شادی کا راگ؛ شادیانہ ۔

Wedding-ring : (n) شادی کی انگوٹھی جو دلہن کو پہنائی جاتی ہے اور شادی شدہ عورت کا نشان ہے یا وہ انگوٹھی جو دلہن دولہا کو پہناتی ہے ۔

Weddinger : (n) مہمان (شادی کی تقریب کا) ۔

Wedge : (n) [OE. 'wecg'.] (۱) پچّر؛ پانہ؛ پھانہ؛ فانہ ۔ (۲) فانہ نما چیز؛ گاؤدم مثلث شکل یا چیز ۔ (۳) پچر کی شکل کا پتھر جو محراب میں ہوتا ہے ۔ (٤) (ہندسہ) فانہ ؛ فانہ مجسم ۔ (٥) فوجی دستے کی گاؤ دُم تشکیل ۔ (٦) (نقابت) متساوی الساقین مثلث کی شکل کا مارکہ جس کے راس کا زاویہ بہت زیادہ حادہ ہو ۔ (۷) کاٹنے اور چھیدنے کی مشین کی ایک قسم ۔ (۸) ہڈی کا ٹکڑا جو خلقی نقص کو دور کرنے کے لئے کاٹ کر نکال دیا گیا ہو ۔ (۹) پھوٹ ڈالنے یا علاحدہ کرنے والی چیز؛ کچھ بنسوں یا دوسرے جنگلی پرندوں کا ازنے میں وی (۷) کی شکل کا غول بنانا ۔ (۱۰) (گولف) ایک قسم کا بلا ۔

The thin end of the wedge : (کسی چیز کا) معمولی سا آغاز جو آگے چل کر نہایت اہم نتائج پیدا کرنے والا ہو ۔

Wedge : (v) (۱) پچّر ٹھونکنا؛ پچر دے کر کسنا یا جوڑنا ۔ (۲) پچر دے کر چیرنا ۔ (۳) دوسری چیزوں یا شخصوں کے بیچ میں ٹھونس دینا ۔ (٤) پچر کی طرح چیرنا یا اِدھراُدھر ہٹانا ۔ (٥) (آدمیوں یا جانوروں کو) محدود جگہ میں ٹھونس دینا ۔

Wedge : (v) [Origin unkn.] گیلی مٹی کو چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں کاٹ کر اور زمین پر پٹک کر ہوا کے بلبلوں کو باہر نکالنا ۔

Wedge-bill : (n) ایک قسم کا آسٹریلیائی پرندہ جس کی چونچ فانہ نما ہوتی ہے ۔

Wedge-bone : (n) فانہ نما ہڈی ۔

Wedge gauge : (n) فانہ پیما ۔

Wedge of immersion : (n) جہاز کا فانہ نما ڈھانچہ جو پانی سے نکلا رہتا ہے ۔

Wedge out : (v) بتدریج پتلا یا تنگ ہو کر غائب ہو جانا ۔

Wedge photometer : (n) فانہ نما ضیا پیما ۔

Wedge-shaped : (a) نوکدار؛ فانہ نما؛ فانہ شکل ۔

Wedge-shell : (n) ایک قسم کا بحری دو صمامہ صدف ۔

Wedge-tailed : (a) نوکدار دُم کا ۔

Wedged : (a) فانہ نما؛ پچر کی شکل کا ۔

Wedgewise : (adv.) پچر کی طرح؛ پچر کی شکل میں ۔

Wedgework : (n) برف، جز وغیرہ چٹانوں کو اس طرح توڑنا گویا پچر دے کر توڑی گئی ہوں ۔

Wedging : (n) پچر ٹھونکنا ۔

Wedgwood : (n) [Proper name, Josiah Wedgwood.] شیشہ چینی کے برتن؛ شیشہ نماچینی کے برتن ۔

Wedlock : (n) [OE. 'wedlac'.] ازدواج؛ حالت عقد ۔

Born in wedlock : حلالی؛ نکاحی؛ جائز (اولاد) ۔

Born out of wedlock : حرامی؛ ناجائز (اولاد) ۔

Wednesday : (n) [ME. 'wednesdei'.] چہار شنبہ؛ بدھ (کا دن)۔

Wednesdays : (adv.) چہار شنبہ کو؛ کسی بدھ کو ۔

Wee : (n) [Northern ME. 'wei'.] (۱) مختصرمدت ۔ (۲) تھوڑی مدت ۔

Wee : (a) (۱) بہت چھوٹا؛ ننھا سا ۔ (۲) تھوڑا سا؛ ذرا سا؛ قلیل مقدار ۔

The wee folk : پریاں ۔

Wee-wee : (v) [Origin unkn.] (بچوں کی گفتگو میں) پیشاب کرنا ۔

Weed : (n) [OE. 'weod'.] (۱) گھاس پات؛ گھاس پھونس؛ خس و خاشاک؛ ہرزہ؛ نرائی ۔ (۲) تمباکو؛ سگار؛ چرٹ؛ حشیش ۔ (۳) سوکھا؛ مریل گھوڑا یا آدمی ۔ (٤) کوئی جڑی بوٹی یا پودا ۔ (٥) بڑے درخت جو کسی جگہ کثرت سے ہوں ۔

(٦) (مجازاً) غیر منفعت بخش : تکلیف دہ یا نقصان دہ روئیدگی یا زیادتی ۔

Ill weeds grow apace : کوڑے کی گھاس بہت جلدی بڑھتی ہے (جلدی بڑھنے والے بچے پر پھبتی) ۔

Weed : (n) [ME. 'wede'.] (١) پوشاک؛ لباس؛ کپڑا ۔ (٢) جامہ؛ پوشاک ۔ (٣) زرہ بکتر ۔ (٤) بیوہ کا ماتمی لباس؛ رنڈسالا ۔

Weed : (v) [OE. 'weodian'.] (١) (زمین کو) نرانا؛ خس و خاشاک سے پاک کرنا؛ گھاس پھوس کھود کر الگ کرنا ۔ (٢) نکمے اجزاء یا اشخاص کو چھانٹ دینا؛ الگ کردینا؛ روندوانا؛ کھدوانا؛ چھانٹ دینا ۔ (٣) (غلطی، نقص وغیرہ) ہٹانا، دور کرنا ۔

Weed : (n) (١) اچانک بیماری (بخار کے ساتھ) ۔ (٢) ورم عروق اسپ ۔

Weed-burner : (n) گھاس پات جلانے کی ایک ترکیب ۔

Weed-fallow : (n) پڑتی زمین جس میں گھاس پات نکل آئی ہو ۔

Weed-hook : (n) کُھرپا؛ نراونی ۔

Weed-killer : (n) خس وخاشاک؛ گھاس پھونس کو ختم کرنے کی دوا ۔

Weed-tree : (n) وہ درخت جس کی قیمت بہت کم یا کچھ نہ ہو ۔

Weeded : (a) نرائی ہوئی؛ نلائی ہوئی (زمین)؛ پر خس و خاشاک ۔

Weeder : (n) (١) نرانے والا؛ نلانے والا ۔ (٢) نرانے کا آلہ ۔

Weedery : (n) (١) خس و خاشاک؛ گھاس پات؛ گھاس پھونس ۔ (٢) وہ جگہ جہاں خس و خاشاک کثرت سے ہوں ۔

Weediness : (n) پر خس و خاشاک ہونا ۔

Weeding : (n) نرائی؛ نلائی؛ نکائی ۔

Weeding-hook : (n) دیکھو Weed-hook

Weedless : (a) بے خس و خاشاک؛ گھاس پھونس سے پاک ۔

Weedy : (a) (١) پرخس و خاشاک ۔ (٢) گھاس پھونس جیسا ۔ (٣) پتلا دبلا؛ لاغر؛ مریل (جانور) ۔ (٤) مریل آدمی؛ لاغر آدمی ۔

Weedy : (a) ماتمی لباس پہنے ہوئے (بیوہ) ۔

Week : (n) [OE. 'wice, wicu'.] (١) ہفتہ (جو عموماً سنیچر کی آدھی رات سے شمارکیاجاتاھے) ۔ (٢) سات دنوں کی مدت ۔ (٣) اتوار کے علاوہ ہفتے کے چھ دن ۔ (٤) غیر معینہ مدت ۔

A week : ہفتہ وار؛ ہر ہفتہ ۔

A week of Sundays : سات اتوار؛ لمبی مدت؛ سات ہفتے ۔

A week or two : اوسط مدت ۔

Feast of weeks : یوم خمیس؛ یہودیوں کا ایک فصلی تہوار ۔

Monday week : اگلے سوموار سے ایک ہفتہ بعد؛ پچھلے سوموار سے ایک ہفتہ پہلے ۔

This day week : آج سے سات دن پہلے یا بعد ۔

To knock (a person) into the middle of next week : (مار کر) بھگا دینا ۔

Tomorrow week : کل سے ایک ہفتہ پہلے یا بعد ۔

Too late a week : بہت دیر ۔

Week : (n) سور کے بچے یا چوہے کی آواز کی نقل ۔

Week-day : (n) اتوار کے علاوہ کوئی دن ۔

Week-days : (adv.) اتوار کے علاوہ سبھی دنوں میں ۔

Week-end : (n) (١) ختم ہفتہ؛ پورا اتوار اور سنیچر اور دو شنبہ کا کچھ حصہ ۔ (٢) سنیچر سے اتوار تک کی مدت ۔

Week-end : (v) ختم ہفتہ گزارنے کے لئے کہیں جانا ۔

Week-end bag/-case/weekender : (n) سفری تھیلا؛ بیگ جس میں ختم ہفتہ گزارنے کے لئے کپڑے وغیرہ لےجاتے ہیں ۔

Week-long : (a) ایک ہفتے تک نافذ رہنے والا؛ ایک ہفتےتک چلنے والا ۔

Week-night : (n) اتوار کی رات کے علاوہ کوئی رات ۔

Week-nights : (adv.) اتوار کی رات کے علاوہ ہر رات کو ۔

Week-old : (a) ایک ہفتے کا (پیدا) ۔

Week-work : (n) [OE. 'wicweorc'.] (تاریخ) (قدیم انگریزی قانون میں) ہفتہ بھر کا کام جو رعیت مالک کے لئے کرتی تھی ۔

Weekender : (n) ختم ہفتہ گزارنے والا ۔

Weekends : (adv.) ختم ہفتہ پر ۔

Weekly : (a) (۱) ہفتہ وار؛ جو ہفتہ میں ایک بار واقع ہو ۔ (۲) سات روز کا؛ ہفتہ بھر کا ۔

Weekly : (n) ہفتہ وار اخبار یا رسالہ، جریدہ ۔

Weekly : (adv.) آٹھویں دن؛ ہر ہفتہ؛ ہفتے میں ایک بار ۔

Weel : (n) [OE. 'wael'.] (۱) سمندر یا دریا کی گہری جگہ ۔ (۲) بھنور؛ گرداب ۔

Weel : (n) [OE. 'wile'.] (۱) مچھلی خصوصاً بام مچھلی پکڑنے کی بید کی بُنی ٹوکری ۔ (۲) (نقابت) مچھلی پکڑنے والی ٹوکری بطور مارکہ ۔ (۳) مچھلی رکھنے کی ٹوکری ۔

Weem : (n) [Gael 'waim'.] غار؛ رہنے کی زمین دوز جگہ؛ کھوہ ۔

Ween : (v) (۱) (قدیم) خیال کرنا؛ سمجھنا؛ رائے ہونا ۔ (۲) کوئی چیز ملنے کی توقع ہونا ۔ (۳) امید کرنا؛ امید رکھنا؛ ممکن سمجھنا؛ بھروسہ کرنا ۔

Weeny : (a) بہت چھوٹا؛ ننھا سا ۔

Weep : (n) ٹپکاؤ؛ رساؤ؛ نچوڑ؛ پسیجنا؛ پسینہ نکلنا ۔

Weep : (v) [OE. 'wepan'.] (۱) رونا؛ آنسو بہانا؛ گریہ وزاری کرنا ۔ (۲) (کسی کو) رونا؛ (کسی کا) ماتم کرنا ۔ (۳) قطرہ قطرہ ٹپکنا؛ رسنا؛ پسینہ وغیرہ نکلنا ۔ (٤) درخت کی شاخوں کا نڈھال ہونا؛ جھکا ہوا ہونا ۔ (٥) رو کر گزارنا ۔ (٦) رو کر بیان کرنا یا کہنا ۔ (۷) (سطح پر) رقیق قطرہ بن جانا ۔

To weep (a thing) back : رو کر واپس لے لینا ۔

To weep away : (۱) روکر گزار دینا (وقت) ۔ (۲) ہمدردی کے آنسوؤں سے رنج دفع کرنا ۔

To weep crocodile tears : جھوٹ موٹ کا رونا؛ بسورنا ۔

To weep down : شام تک روتے رہنا ۔

To weep one's fill : خوب رونا؛ جی بھر کر رونا ۔

To weep out : رو روکر ختم کر دینا ۔

To weep out one's eyes/-heart : جی بھر کر رونا؛ رو کر دل کی بھڑاس نکال لینا ۔

To weep (tears of) blood : خون کے آنسو رونا؛ رسنا ۔

Weep : (n) [Imit.] دیکھو Lapwing

Weeper : (n) (۱) رونے والا ۔ (۲) نوحہ گر؛ کرائے کا رونے والا جو جنازے کے ساتھ ہو؛ نوحہ خواں ۔ (۳) سیاہ کریپ کا پٹکا جو جنازے کے ساتھ جانے والے اپنے ہیٹ میں لپیٹتے ہیں ۔ (٤) بیوہ عورتوں کا سیاہ کریپ کا نقاب ۔ (٥) (جمع) بیوہ عورتوں کے چوڑے سفید کف ۔ (٦) (جمع) سفید پٹی جو مرد آستین کے کف پر لگاتے تھے ۔ (۷) رستا نل؛ رسنے یا ٹپکنے والے پانی کو نکالنے کا سوراخ یا پائپ ۔ (۸) لمبا گل مچھ ۔ (۹) رواجی ماتمی بلا؛ بیج ۔ (۱۰) جنوبی امریکا کا ایک قسم کا بندر ۔

Weep-hole : (n) رس رس کرجمع ہونے والے پانی کو نکالنے کا سوراخ ۔

Weepie/Weepy : (n) (روز مرہ) جذباتی یا غمناک فلم ۔

Weeping : (n) رونا؛ نوحہ گری؛ نوحہ خوانی؛ رسنا؛ رساؤ ۔

Weeping : (a) (۱) رونے والا ۔ (۲) اشکبار؛ اشک آلود ۔ (۳) رسنےوالا؛ دلدلی ۔ (٤) (مرضیات) (آنکھیں) جن سے پانی نکلتا ہو ۔ (٥) (موسم، آسمان وغیرہ) پرباراں؛ سیر باراں ؛ مینہ بھرا ۔ (٦) (درخت کی شاخ) جھکی ہوئی؛ سرنگوں ۔

Weeping cross : (n) (۱) صلیب جو سڑکوں پر جابجا نصب ہوتی تھی تاکہ مسافر اعتراف گناہ کر سکیں ۔ (۲) ایک مقام کا نام جو متعدد انگلستانی کاؤنٹیوں (ضلعوں) میں واقع ہے اور جہاں سنگی صلیب نصب ہوا کرتی تھی ۔

To come home by weeping cross : بری طرح ناکام ہو جانا؛ اپنے کئے پر پچھتانا ۔

Weeping eczema : (n) گیلا داد (جس میں رطوبت خارج ہوتی ہے)؛ ترچنبل ۔

Weeping-hole : (n) دیکھو Weep-hole

Weeping-monkey : (n) بندر جس کی پیشانی صاف ہوتی ہےاور سر پر کلغی ہوتی ہے ۔

Weeping oak : (n) کیلیفورنیا کا سفید بلوط ۔

Weeping-pipe : (n) نل جس سے آہستہ آہستہ پانی ٹپکے؛ رِسنے والا نل ۔

Weeping ripe : (a) جو رونے والا ہو؛ رونے کے لئے تیار ۔

Weeping-rock : (n) مسام دار چٹان جس سے پانی رِستا رہتا ہے؛ جھرنا پہاڑ ۔

Weeping-spring : (n) رِستا چشمہ؛ بہتا چشمہ ۔

Weeping willow : (n) بید مجنوں ۔

Weepingly : (adv.) روتے ہوئے؛ نوحہ کرتے ہوئے ۔

Weepy : (a) (۱) اشکبار؛ اشک آلود؛ پراشک ۔ (۲) رِستا؛ رِستا ہوا؛ رسنے والا ۔

Weeshy : (a) [Origin obsc.] بہت چھوٹا؛ ننھا سا ۔

Weet : (v) [ME. 'wete'.] جاننا؛ معلوم کرنا ۔

Weet : (inter.) [Imit.] بعض پرندوں کی بولی کی نقل ۔

Weet : (v) (چڑیوں کا) چہچہانا؛ چیں چیں کرنا ۔

Weet : Wet کا اسکاچستانی متبادل ۔

Weet-weet : (inter.) [Imitative.] بعض پرندوں کے شور مچانے کی آواز ۔

Weet-weet : (n) ایک قسم کا پرندہ جو مرطوب رتیلے مقامات میں رہتا ہے ۔

Weet-weet : (n) [Native Australian.] ایک قسم کا آسٹریلیائی کھلونا جسے دور تک پھینکا جا سکتا ہے ۔

Weetless : (a) ناواقف؛ بے خبر؛ لاعلم ۔

Weety : (a) (اسکاچستان) دیکھو Rainy

Weever : (n) [OFr. 'wivrer'.] نشتر ماہی؛ مچھلیوں کی اقسام جن کی پشت پر نہایت تیز کانٹے ہوتے ہیں اور ان سے جو زخم لگتا ہے وہ اکثر پک جاتا ہے ۔

Weevil : (n) [Late ME. 'wevyl'.] (۱) کرم دانہ؛ سونڈ دار کیڑے جو غلہ، پھل، پتی وغیرہ پر بسر کرتے ہیں ۔ (۲) گُھن ۔

Weeviled/Weevilled : (a) گُھن لگا؛ کیڑا لگا ۔

Weevily/Weevilly : (a) دیکھو Weeviled

Weft : (n) [OE. 'wefta, weft'.] (۱) بانا؛ تار (کپڑے کی بُناوٹ کا) ۔ (۲) (ٹوکری وغیرہ بننے میں) بید وغیرہ کی کھپچی جو بھرائی کا کام دیتی ہے ۔ (۳) بانے کا دھاگہ ۔ (٤) بنی ہوئی چیز؛ پارچہ ۔ (٥) فطرومہ کی نمدہ نما تہ ۔ (٦) (بادل، دھوئیں وغیرہ کی) پتلی تہ ۔ (۷) بال سنوارنے والے کی تربیتی مشین میں استعمال ہونے والی سوئچ ۔

Weft : (v) بانا لگانا یا بُننا ۔

Weft : دیکھو Waft

Weftage : (n) بانا کی ترتیب ۔

Wefted : (a) باہم وابستہ فطرومہ سے بُنا ہوا ۔

Weftwise : (a) بانا سے متعلق؛ تانا سے گزرنے والا ۔

Wegotism : (n) "ہم" کا حد سے زیادہ استعمال ۔

Wehee : (int.) [Imit.] (قدیم) (گھوڑے کی) ہن ہن ۔

Wehee : (n) گھوڑے کی ہنہناہٹ ۔

Wehrmacht : (n) [G.] جرمنی کی مسلح فوج (۱۹۲۵ء سے ۱۹٤٥ء تک) ۔

Weierstrassian : (a) Weierstrass (جرمنی کا ماہرِ ریاضیات) کا ایجاد کیا ہوا یا اس سے متعلق ۔

Weigel(i)a : (n) [mod. L.] شیدری جھاڑیوں کی ایک جنس جو چین اور جاپان میں پائی جاتی ہے؛ اس جنس کا کوئی پودا ۔

Weigh : (n) [OE. 'waeg'.] (قدیم) ترازو ۔

Weigh : (n) دیکھو Way

Weigh : (v) [OE. 'wegan'.] (۱) (ترازو وغیرہ سے) وزن کرنا؛ تولنا ۔ (۲) ہاتھ میں لے کر تولنا؛ وزن کا اندازہ کرنا ۔ (۳) اپنے جسم کا وزن کرنا ۔ (٤) جانچنا؛ غور کرنا؛ مقابلہ یا موازنہ کرنا؛ وقت یا اہمیت کا اندازہ کرنا ۔ (٥) وزن ہونا ۔ (٦) (مجازاً) وزن یا اہمیت ہونا ۔ (۷) اثر ڈالنا ۔ (۸) (طبیعت پر) بوجھ ڈالنا ۔ (۹) جھکا دینا بوجھ سے ۔ (۱۰) (خود) وزن میں بڑھ جانا؛ دوسری چیز کا پلہ ہلکا کر دینا ۔ (۱۱) (پانی کے اندر سے) اٹھانا : ترانا ۔ (۱۲) (بحری) لنگر اٹھانا؛ (جہاز کا) روانہ ہونا ۔ (۱۳) (گھڑ دوڑ میں) جاکی وزن لینا ۔

To weigh against : ہم وزن ہونا؛ ہم پلہ ہونا ۔

To weigh anchor : (۱) لنگر اٹھانا ۔ (۲) روانگی کے لئے تیار کرنا ۔

To weigh down : (۱) وزن ڈال کر جھکا دینا یا نیچا کر دینا ۔ (۲) (مجازاً) بوجھ ہونا؛ پست کرنا؛ مضمحل کرنا ۔

To weigh in : (۱) جاکی کا وزن گھڑ دوڑ کے بعد لینا ۔ (۲) مکاباز کا وزن مقابلے کے بعد لینا ۔ (۳) (ہوائی جہاز کی پرواز سے قبل) خود کا یا سامان کا وزن کروانا ۔

To weigh in with : (کوئی زائد چیز) ملانا یا پیدا کرنا ۔

To weigh one's words : سنبھل سنبھل کر بولنا؛ الفاظ کو تولنا ۔

To weigh out : (جاکی کا) گھڑ دوڑ سے قبل اپنے وزن کا اندازہ کرنا یا وزن لینا ۔

To weigh up : (کسی شخص کی) اہمیت کا اندازہ کرنا ۔

Weigh-beam : (n) لوہے کا کانٹا؛ قبان؛ لوہے کا اٹھاؤ کانٹا جو چوکھٹے میں لگا ہوتا ہے ۔

Weigh-box : (۱) اون تولنے کا بکس ۔ (۲) تول گھر ۔

Weigh-bridge : (n) گاڑی کا کانٹا؛ بیل گاڑی وغیرہ تولنے کی مشین ۔

Weigh-house : (n) تول گھر؛ سرکاری دفتر جہاں وزن کیا جاتا ہے ۔

Weigh-lock : (n) کشتی کا کانٹا؛ کشتیوں کے تولنے کی مشین جو نہر کے بند میں لگی ہوتی ہے ۔

Weigh-man : (n) (۱) تولنے والا؛ وزن کرنے والا ۔ (۲) (کوئلے کی کان میں) وہ شخص جو کوئلے کے ٹب کو تولتا ہے ۔

Weigh-master : (n) تول گھر کا افسر ۔

Weigh-out : (n) جاکی کا وزن ۔

Weigh-scale : (n) [Du. 'waagschaal'.] (۱) ترازو کا پلڑا ۔ (۲) (جمع) ترازو ۔

Weigh-shaft : (n) رقاص ڈنڈی؛ وہ دھری جس کے ذریعے کان میں چٹان بھرنے کا کام ہوتا ہے ۔

Weighable : (a) قابلِ وزن؛ قابلِ اندازہ ۔

Weighage : (n) تولنے کی فیس یا تلائی ۔

Weighed : (a) آزمایا ہوا؛ آزمودہ؛ تجربہ کیا ہوا ۔

Weigher : (n) تولنے والا؛ باٹ وغیرہ کی جانچ کرنے والا ۔

Weighing : (n) تولنا؛ اندازہ کرنا؛ وزن کرنا یا موازنہ ۔

Weighing engine : (n) تولنے یا وزن کرنے کی مشین؛ بڑا کانٹا ۔

Weighing machine : (n) دیکھو Weighing engine

Weighment : (n) تولنا؛ تول؛ وزن ۔

Weight : (n) [OE. 'wiht, gewiht'.] (۱) وزن ۔ (۲) بھاری پن؛ وزنی ہونا ۔ (۳) قوتِ رفتار؛ رفتار کا زور ۔ (٤) وزن کا پیمانہ ۔ (٥) وزنی چیز؛ بھاری چیز ۔ (٦) باٹ (تولنے کا) ۔ (۷) بوجھ؛ بار ۔

(۸) (مجازاً) فکر؛ ذمہ داری وغیرہ کا بوجھ ؛ بار ۔ (۹) اہمیت؛ وقعت ؛ وزن ؛ اثر ؛ غلبہ ۔ (۱۱) کشش ثقل؛ وہ قوت جس سے اجرام سماوی مرکز ثقل کی طرف کھنچتے ہیں ۔ (۱۱) حملے کی قوت؛ حملے کا دباؤ ۔ (۱۲) مؤثر یا دلنشیں ہونا ۔ (۱۳) (کھیل کود) وزنی گولہ (جسے ایک ہاتھ سے پھینکتے ہیں) ۔ (۱٤) جوہری وزن ۔ (۱۵) جاکی مکاباز کا وزن؛ خاص وزن کے مکا بازوں کا مقابلہ ۔

Atomic weight : جوہری وزن ۔

By weight : تول کر؛ وزن سے ۔

Dead weight : بوجھ؛ بار ۔

In weight : وزن میں؛ وزن کے لحاظ سے ۔

To carry weight : اہمیت رکھنا؛ وقعت رکھنا؛ وزن رکھنا (باتوں کا) ۔

To feel the weight of : کاری ضرب یا زیادہ دباؤ برداشت کرنا ۔

To give (full, due) weight to : وزن دینا؛ اہمیت دینا۔

To have weight : متاثر کرنا؛ اثر ڈالنا ۔

To lay weight upon : اہمیت دینا؛ وقعت دینا ۔

To throw (Chuck etc)one's weight about : بےجاطریقے سے دعویٰ کرنا ۔

Weight : (v) (۱) (کسی چیز کے ساتھ) وزن باندھنا یا لگا دینا؛ کوئی چیزبھر کر) وزنی کردینا؛ بھاری بنا دینا ۔ (۲) بوجھ لاد دینا (لغوی یا مجازی معنوں میں) ۔ (۳) کپڑے کو (دھات وغیرہ کا جز ملا کر) وزنی کر دینا؛ دھات وغیرہ کا میل کرنا، ملاوٹ کرنا ۔ (٤) بوجھ ڈالنا؛ بار ڈالنا؛ زیر بار کرنا ۔ (٥) وزن کرنا ۔ (٦) (کسی طرف) جھکنا؛ مائل ہونا ۔ (۷) (گھڑ دوڑ میں) گھوڑے کے لئے زائد وزن مقررکرنا ۔ (۸) وزن کے بار کو بدلنا ۔ (۹) (شماریات) اوسط اجزائے ترکیبی کو متلافی اجزائے ضربی سے ضرب دینا ۔

Weight : (n) [ME. 'wheit',] چمڑا چڑھا آہنی حلقہ جس سے بھوسا اڑا کر غلے کو صاف کرتے ہیں ۔

Weight-box : (n) (۱) باٹوں کا ڈبا ۔ (۲) کھڑکی کے چوکھٹے کی کھانچ جس میں ساش (Sash) کا وزن اوپر نیچے حرکت کرتا ہے ۔

Weight-boy : (n) کپڑے کی مل کا وہ مزدور جو سوت کو وزن کر کے دھاگا لپیٹنے والے کو دیتا ہے ۔

Weight-clock : (n) گھڑی جو وزن کے ذریعے چلتی ہے ۔

Weight in hand : (n) کمان کا اصل وزن ۔

Weight-lifter : (n) بھاری بوجھ اٹھانے میں مشاق (کھلاڑی) ۔

Weight-lifting : (n) (مشق یا کھیل کے طور پر) بھاری بوجھ اٹھانا ۔

Weight of metal : (n) گولوں کی مقدار جو جہاز کی توپ ایک فائر میں پھینکتی ہے ۔

Weight-plate : (n) پترا جس پر چیزیں تولنے والی مشین میں وزن ہونے کے لئے رکھی جاتی ہیں ۔

Weightage : (n) تلائی ۔

Weighted : (a) (۱) وزنی بنایا ہوا ۔ (۲) قیمت لگایا ہوا ۔

Weightily : (adv.) متانت کے ساتھ؛ سنجیدگی کے ساتھ؛ وقار کے ساتھ ۔

Weightiness : (n) (۱) وزنی ہونا؛ بھاری پن ۔ (۲) اہمیت؛ وقعت ۔ (۳) سنجیدگی؛ معقولیت ۔ (٤) متانت؛ وقار ۔

Weighting : (n) (۱) تولنا؛ تول ۔ (۲) وزن؛ باٹ ۔

Weighting allowance : (n) مصارف زندگی کے فرق کو پورا کرنے والا تفریقی بھتا ۔

Weightless : (a) بے وزن؛ کم وزن؛ ہلکا ۔

Weightlessly : (adv.) بے وزن ہو کر؛ کم وزنی سے ۔

Weightlessness : (n) بے وزنی؛ کم وزنی؛ ہلکا پن ۔

Weightometer : (n) وزن پیما ۔

Weighty : (a) (۱) وزنی؛ بھاری؛ بوجھل ۔ (۲) اہم ؛ وزنی؛ وقیع ؛ گراں قدر ۔ (۳) معقول ؛ محکم؛ سنجیدہ؛ وزنی (دلیل وغیرہ) ۔ (٤) مقتدر؛

بااثر؛ اثر ڈالنے والا؛ بھاری بھرکم؛ متین؛ باوقار ۔ (٥) بوجھ ؛ بار ؛ مشکل ؛ پُرمشقت؛ صعب؛ سخت ۔ (٦) موٹا؛ فربہ؛ لحیم شحیم ۔

Weimaraner : (n) [G. 'weimar'.] (١)ایک قسم کا شکارنما کتا ۔ (٢) جرمنی میں ایک شہر ۔

Weir : (n) [OE. 'wer'.] (١) بند جو سطحِ آب کو بلند کرنے کے لئے دریا کے درمیان بنایا جاتا ہے؛ آبریز ۔ (٢) باڑ جو دریا میں مچھلی پکڑنے کےلئے لگائی جاتی ہے ۔ (٣) (قدیم) تالاب ؛ جوہڑ ۔ (٤) بند جو دریا کے کٹاؤ کو روکنے کے لئے یا دریا کا رخ بدلنے کے لئے بنایا جاتا ہے ۔

Weir : (v) باڑ لگانا؛ بند بنانا ۔

Weir-hatch : (n) پانی کے بند کا دروازہ ۔

Weir-house : (n) سالمن مچھلی پکڑنے کا جال ۔

Weird : (n) [OE. 'wyrd'.] (١) تقدیر؛ قسمت؛ نصیب؛ بھاگ ۔ (٢) (جمع) (یونانی و رومن اساطیر کے مطابق) قسمت کی تین دیویاں ۔ (٣) مستقبل کے واقعات کی پیش بینی کرنے اور ان پر قابو پانے کا دعویٰ کرنے والا شخص؛ جادوگر؛ بدبختی (جو فوق الفطرت طاقت کے ذریعے ہو خاص کر بطور انتقام) ۔ (٤) واقعہ ؛ وقوع ۔ (٥) فوق الفطرت یا کہانی؛ خارق العادت ۔ (٦) جادو ؛ ٹونا ۔

After word comes weird : کسی چیز کا ذکر اس کے وقوع کے بعد آتا ہے ۔

To dree one's weird : Dree دیکھو

Weird : (a) (١) تقدیر سےمتعلق؛ تقدیرکا۔ (٢) فوق الفطرت؛ پُراسرار؛ بیبتناک ۔ (٣) انوکھا؛ نرالا؛ عجیب؛ دقیانوسی ۔

The weird sisters : (١) قسمت کی دیویاں ۔ (٢) جادو گرنیاں ۔

Weird : (v) (١) مقدر کرنا؛ قسمت میں لکھنا؛ قسمت بنانا؛ تقدیر بنانا ۔ (٢) مقدر ہونا ۔

Weirdie/Weirdy/Weirdo : (n) (عام) وہ شخص جو غیرمعمولی طور پر عجیب، نرالا یا غیر فطری ہو ۔

Weirdish : (a) کسی قدر انوکھا یا نرالا ۔

Weirdless : (a) (١) بد بخت ۔ (٢) دیکھو Improvident

Weirdly : (a) (١) اقبال مند؛ خوش قسمت ۔ (٢) جادو سے متعلق؛ سحر سے متعلق؛ فوق الفطرت ۔

Weirdly : (adv.) ہیبت ناک یا پُر اسرار طریقے سے؛ نرالے طریقے سے؛ دقیانوسی وضع سے ۔

Weirdness : (n) (١) ہیبتناک یا پُراسرارہونا۔ (٢) انوکھاپن؛ دقیانوسی وضع ۔

Weiring : (n) باڑ یا بند بنانا؛ باڑ یا بند بنانے کے سامان ۔

Weirless : (a) بے بند کا؛ بے باڑ کا ۔

Weisbachite : (n) [G. 'weisbachit'.] بیریم(Barium) آمیزجست کا اساسی سلفیٹ ۔

Weism : (n) [We+ - Ism.] لفظ "ہم" کا کثرت سے استعمال ۔

Weismannian : (a) وائزمین (Weismann) سے یا اس کے حیاتیاتی نظریے سے متعلق ۔

Weismannian : (n) وائزمین کے نظریے کا حامی ۔

Weismannism : (n) [f. name 'Weismann' + - ism.] وراثت کا ایک نظریہ؛ نظریۂ تسلسلِ جرم خلیہ ۔

Weiss beer : (n) [G. 'weissbier'.] ہلکے رنگ کی ابال آور بیر شراب ۔

Weissite : (n) [f. name of C.S. Weiss, a German 'Crystallographer'.] (معدنیات) ایولائٹ کی تبدیل شدہ شکل ۔

Weissnichtwo : (n) [f. 'weissnichtwo' an imaginary aity in 'Sartor Resartus', by Thomas Carlyle.] نا معلوم یا خیالی مقام ۔

Weka : (n) [Maori, so named from its cry.] نیوزی لینڈ کاایک پرندہ جو اڑ نہیں سکتا ہے ۔

Welchman : (n) (١) ویلس کا رہنے والا ۔ (٢) (امریکا) سیاہ مچھلی کی ایک قسم ۔

Welcome : (int.) [OE. 'wilcuma'.] اہلاً، سہلاً؛ خوش آمدید؛ مرحبا ۔

And welcome : شوق سے (یہ کام کیجئے یا یہ چیز لیجئے)؛ آپ کو خوشی سے اجازت دیتا ہوں ۔

Welcome : (a) (چیز یا شخص) خوش مقدم؛ (مہمان) جس کا خیر مقدم کیا جائے؛ خوش گوار؛ خوش آئند ۔

To bid(a person) welcom (home)/To wish - : خیرمقدم کہنا ۔

Welcome : (n) (۱) خوش آمدید؛ خیر مقدم ۔ (۲) استقبال (اجنبی یا مہمان کا) ۔ (۳) ناگوار یا غیر اطمینان بخش قسم کا استقبال ۔ (٤) خیر مقدم کرنے کی کورنش ۔

To outstay one's welcome/To overstay- : (کسی مقام پر) بہت زیادہ دنوں تک ٹھہرنا (بار ہو جانے کی حد تک) ۔

Welcome : (v) (۱) خیر مقدم کرنا؛ خیر مقدم کہنا؛ خوش آمدید کہنا ؛ خوشی سے استقبال کرنا ۔ (۲) خوش ہونا (خبر ، واقع ہونے سے) ۔ (۳) ناگواری کے ساتھ استقبال کرنا؛ برے طور پر استقبال کرنا ۔

Welcome home : (n) (گھر واپس آنے پر) استقبال، خوش آمدید (کہنا) ۔

Welcomely : (adv.) خوش گواری سے؛ استقبال کرتے ہوئے؛ خیر مقدم کرتے ہوئے ۔

Welcomeness : (n) خوشگواری؛ خوش آئند ہونا ۔

Welcomer : (n) خوش آمدید کہنے والا؛ خیرمقدم کرنےوالا ۔

Welcoming : (a) خیر مقدم کہنے والا؛ خوش ہونے والا ۔

Weld : (n) [Late ME. 'welde'.] ایک پودا جس سے پہلے زرد رنگ نکالتے تھے، نیز وہ رنگ جو اس پودے سے نکالا جاتا تھا ۔

Weld : (n) (۱) جوڑ (جو لوہے کو گرم کر کے جوڑا جائے)؛ ویلڈ ؛ جوڑ آہن ۔ (۲) اسی طرح جوڑنا ۔ (۳) نسیجوں کا التصاق کے ذریعے جڑ جانا ۔

Weld : (v) [Var. of Wel (v).] (۱) (لوہے وغیرہ کے ٹکڑوں کو) گرم کر کے اور کوٹ کر یا دبا کر جوڑنا ۔ (۲) (لوہے کا) گرم ہو کر جڑ جانا۔(۳) (مجازاً) ربط پیدا کرنا؛ جوڑنا؛ ایک سلسلے میں مربوط کرنا ۔ (٤) نسیجوں کوجوڑنا (التصاق کے ذریعے) ۔

Weld : (a) گرم ہو کر جڑ جانے والا؛ جڑ جانے کے قابل ۔

Weldability : (n) گرم ہو کر جڑ جانے کی قابلیت ۔

Weldbale : (a) گرم ہو کرجڑنے والا، جڑ جانے کے قابل ۔

Welder : (n) (لوہے وغیرہ کے ٹکڑوں کو) گرم کر کے جوڑنے والا (آدمی یا مشین) ۔

Welding : (n) (۱) تپا کر جوڑنا؛ ویلڈ کرنا؛ ویلڈنگ ۔ (۲) گرمی اور دباؤ کے ذریعے جڑ جانے کی صلاحیت ۔

Welding heat : (n) وہ درجۂ حرارت جہاں تک لوہےکوجوڑنے کے لئے گرم کیا جاتا ہے ۔

Welding point : (n) حرارت کا وہ درجہ جو ویلڈ کرنے کےلئے ضروری ہو ۔

Welding powder : (n) ایک مادہ جو ویلڈنگ میں استعمال ہوتا ہے ۔

Welding-rod : (n) تار جو ویلڈنگ کرنے یا جوڑنے میں استعمال ہوتا ہے ۔

Weldless : (a) بے جوڑ یا بے جوڑ کا ۔

Weldment : (n) لوہے کے ٹکڑوں کو جوڑ کر بنائی ہوئی چیز ۔

Weldor : (n) دیکھو Welder

Welfare : (n) [f. the verbal phrase 'wel fare'.] (۱) خوشحالی؛ فلاح؛ رفاہ؛ بہبود؛ خیریت؛ (کسی شخص کی) خیر و عافیت ۔ (۲) فلاح و بہبود کا کام ۔ (۳) امداد؛ اعانت؛ استعانت؛ دستگیری ۔

Welfare economics : (n) فلاحی معاشیات ۔

Welfare factor : (n) آبادی میں اضافہ کرنے والے عناصر (مثلاً غذا، مکان وغیرہ کی فراہمی) ۔

Welfare fund : (n) رفاہی فنڈ، سرمایہ (جو آجر نوکروں کی امداد کے لئے قائم کرتا ہے بیماری وغیرہ کی حالت میں) ۔

Welfare state : (n) حکومت جس کا اصول رفاہ عام ہو ؛ رفاہی نظام حکومت ۔

Welfare-work : (n) رفاہی کام؛ فلاحی کام ۔

Welfarism : (n) رفاہی نظام حکومت کا عقیدہ ۔

Weli/Wely : (n) [Arab. 'wali'.] (۱) ولی ۔ (۲) ولی کا مقبرہ ۔

Welk : (v) [ME. 'welken'.] (۱) (قدیم) مرجھانا؛ پژمردہ ہونا؛ سوکھنا۔ (۲) مرجھا دینا؛ پژمردہ کرنا یا کردینا ۔

Welked : (a) پژمردہ؛ مرجھایا ہوا ۔

Welkin : (n) [OE. 'weolcen, wolc(e)n'.] (۱) آسمان؛ آکاش ۔ (۲) کرۂ ہوا؛ فضا ۔ (۳) عرش ۔

By the welkin : آسمان کی قسم؛ بخدا ۔

To make the welking ring/To rend the welkin : (چیخ چیخ کر) آسمان سر پر اٹھانا ۔

Well : (n) [OE. 'Wella'.] (۱) کنواں؛ چاہ ۔ (۲) چشمہ؛ فوارہ؛ معدنی چشمہ؛ دافع امراض چشمہ؛ وہ مقام جہاں معدنی چشمہ ہو ۔ (۳) (مجازاً) منبع سر چشمہ؛ گرداب؛ بھنور ۔ (٤) تیل کا کنواں ۔ (٥) کنویں یا حوض کی شکل کی کوئی چیز (مثلاً مکان کے اندر زینے کا گردہ، لفٹ کا گھر، روشنی کا چوک، عدالت کا کٹہرا، دوات کا خانہ) ۔ (٦) (بحری) عمودی بلی جونچلے عرشے میں پمپ کی حفاظت کرتی ہے ۔ (۷) ماہی گیری کی کشتی کا حوض ۔ (۸) (جہاز سازی) عمودی دراڑیں ۔ (۹) (گاڑی میں) سامان وغیرہ رکھنے کا ڈبا ۔ (۱۰) فرنیچر کے نچلے حصے میں وہ خانہ جس میں دراز وغیرہ لگی رہتی ہے ۔ (۱۱) وہ سوراخ یا جوف جس میں پانی بھرا ہو ۔ (۱۲) بھٹی کے نچلے حصے میں خلا جس میں پگھلی ہوئی دھات گرتی ہے ۔ (۱۳) (نقابت) کنواں یا کنویں کی تصویر (بطور علامت) ۔ (۱٤) تیر انداز کے پٹکے کا چرمی تھیلا جس میں تیر کی نوکیں رہتی ہیں ۔ (۱٥) برف رکھنے کا گڑھا ۔ (۱٦) نہر یا ذخیرۂ آب کا وہ گڑھا جس سے پانی کی روانی میں کمی آجاتی ہے ۔

A well of a (place) : کنویں کی طرح مرطوب اور ٹھنڈی جگہ ۔

To sound the well : پانی کی گہرائی ناپنا ۔

Well : (a) (۱) کنویں کا؛ کنویں سے متعلق ۔ (۲) کنویں میں استعمال ہونے والا ۔ (۳) کنویں جیسا ۔ (٤) گردہ دار ۔

Well : (a) (۱) اچھا؛ تندرست؛ اقبال مند؛ خوش؛ بخیر و عافیت ۔ (۲) قابلِ اطمینان؛ ٹھیک؛ مناسب ۔ (۳) بھلا؛ اچھا؛ عمدہ ۔ (٤) صحت مند؛ صحت یافتہ ۔

All's well : سب ٹھیک ہے (پہرے کے سنتری کا جواب) ۔

As well ..... if, that : ویسا ہی ہے جیسا کہ؛ بہتر یہ ہے کہ ۔

As well : بھی؛ نیز ۔

I stand well with him : وہ مجھ پر مہربان ۔

It is all very well : یہ تو سب ٹھیک ہے ۔

He (it, etc.) is all very well/He is well enough : اس کا کوئی قصور نہیں ہے ۔

Not well : ناساز؛ علیل ۔

To come off well : کامیاب رہنا؛ اچھا رہنا؛ امتیاز حاصل کرنا ۔

To leave well/To be well left : کسی ذریعے سے یا وراثت پا کر خوشحال رہنا؛ وراثت چھوڑنا ۔

To let (leave) well alone : کسی اچھی چیز کو بہتر بنانے کی کوشش سے اجتناب کرنا ۔

Well : (v) [OE. 'waellan, wellan'.] (۱) ابالنا؛ جوش دینا؛ کھولانا ۔ (۲) پھوٹ بہنا؛ ابلنا؛ فوارہ چھوٹنا ۔ (۳) (آنسوؤں کا) بہت زیادہ بہنا ۔ (٤) (مجازاً) نکلنا؛ شروع ہونا؛ آغاز ہونا ۔ (٥) (فوارے کا) بہنا؛ بہہ نکلنا ۔ (٦) (خون، فاسد مادے کا) بہنا؛ جاری ہونا ۔

To well over : اوپر تک بھر کر بہہ نکلنا؛ چھلکنا ۔

Well : (adv.) (۱) اچھی طرح؛ عمدگی سے؛ مناسب طور پر؛ صحیح طور ۔ (۲) پوری طرح؛ نہایت احتیاط سے؛ کافی طور پر؛ بہ خوبی؛ صحیح معنوں میں ۔ (۳) اچھائی کے ساتھ؛ تعریف کے ساتھ؛ مہربانی کے ساتھ ۔ (٤) غالباً؛ آسانی سے ۔ (٥) بجا طور پر ۔ (٦) اطمینان بخش طور پر ۔ (۷) ہمت کے ساتھ؛ بہادری سے ۔ (۸) وفاداری کے ساتھ؛ ہوشیاری سے؛ چوکسی سے؛ توجہ اور فکر سے ۔ (۹) کامیابی کے ساتھ؛ خوشحالی سے؛ خوش قسمتی کے ساتھ ۔ (۱۰) آسانی سے؛ بغیر مشکل کے ۔ (۱۱) مؤثر طور پر؛ مکمل طور پر ۔ (۱۲) صاف طور پر؛

واضح طور پر؛ بے شک ۔ (۱۳) بہت اچھی طرح؛ لاینفک طور پر؛ قریب قریب؛ غور سے؛ دھیان سے ۔ (۱٤) بنرمندی کے ساتھ ۔ (۱۵) نفاست کے ساتھ ؛ خوش اسلوبی سے ۔

To deserve well of : اچھے سلوک یا شکریے کا مستحق ہونا ۔

To do well : (کسی کام کو) ہوشیاری کے ساتھ یا عاقلانہ طور پر کرنا ۔

Well : (int.) (۱) (اظہار حیرت کے لئے) ارے ؛ ہائیں ؛ کیا خوب ۔ (۲) (اطمینان کا) شکر ہے۔ (۳) (اعتراف کا) اچھا؛ اچھا خیر ۔ (٤) (ٹوٹے ہوئے سلسلہ گفتگو کا آغاز) ہاں بھئی ؛ ہاں صاحب ۔ (۵) (مشروط اعتراف) یوں سہی؛ یہی سہی ۔ (٦) (استفہام) کیوں بھئی ؛ کیوں صاحب؛ اچھا پھر ۔ (۷) (جبرو تسلیم) خیر ۔

Well : (n) صحتمند شخص ۔

Well : (n) قابلِ اطمینان حالت ۔

Well-a-wins : گریہ ؛ ماتم ؛ فریاد ؛ آہ و بکا ۔

Well (-) acquainted : (a) خوف واقف اور آشنا ۔

Well (-) advised : (a) (۱) (شخص) دانشمند؛ بیدار؛ چوکس؛ ہوشیار؛ محتاط ۔ (۲) صحیح العقل؛ دانا؛ زیرک ۔ (۳) دانشمندانہ؛ عاقلانہ؛ ہوشمندانہ؛ مناسب؛ معقول ۔

Well(-) affected : (a) (۱) مائل؛ دوستانہ؛ مہربان، خصوصاً وفادار۔(۲) پُرتصنع؛ (شاطرانہ طورپر) خوش ۔

Well-aimed : (a) جچا تلا ۔

Well and good : فہو المراد؛ بہت اچھا ہے ۔

Well-anear : (int.) (قدیم) ہائے افسوس؛ ہائے ہائے ۔

Well-appointed : (a) تمام ضروری سامانوں سے (خصوصاً جہاز وغیرہ) آراستہ؛ کیل کانٹے سے درست ۔

Well-armed : (a) اچھی طرح مسلح ۔

Well-attested : (a) باضابطہ؛ اچھی طرح تصدیق شدہ ۔

Well-authenticated : (a) بہت مستند ۔

Well-balanced : (a) (۱) چھاتلا؛ معقول ۔ (۲) مناسب؛ موزوں؛ متوازن ۔ (۳)سلیم؛ سنجیدہ؛ معقول (خصوصاً طبیعت) ۔

Well-beam : (n) چوبی بیلن یا بلی جس پر سے ٹول کی رسی گزرتی ہے ۔

Well-behaved : (a) مہذب؛ باتمیز؛ خوش تمیز ۔

Well-being : (n) (۱) فلاح و بہبود؛ خیر و عافیت ۔ (۲) قابلِ اطمینان حالت ۔

Well-beloved : (a) (۱) محبوب ۔ (۲) معزز ۔

Well-beloved : (n) محبوب شخص؛ پیارا آدمی ۔

Well-boat : (n) کشتی جس کے بیچ میں گڑھا رہتا ہے (مچھلی کو زندہ رکھنے کے لئے) ۔

Well(-)born : (a) (۱) عالی خاندان؛ عالی نسبی ۔ (۲) شریف النفس؛ عالی منش ۔

Well-breathed : (a) جس کا دم نہ پھولے ۔

Well-bred : (a) (۱) تربیت یافتہ؛ شائستہ؛ مہذب ۔ (۲) اچھی نسل کا (گھوڑا وغیرہ) ۔

Well-bucket : (n) ڈول؛ پانی نکالنے کی بالٹی ۔

Well-built : (a) مضبوط ؛ مستحکم ؛ تندرست ۔

Well-casing : (n) (۱) تیل کا کنواں کھودنے کا نلی نما آلہ ۔ (۲) تیل کے کنویں کا اندرونی استر ۔

Well-child clinic : (n) چھوٹے بچوں کی بیماریوں کے انسداد اور ان کی دیکھ بھال کا مطب ۔

Well-chosen : (a) چیدہ؛ منتخب (خصوصاً الفاظ وغیرہ) ۔

Well-clad : (a) خوش لباس ۔

Well-closed : (a) متناسب شکل کا ۔

Well-conditioned : (a) (۱) خوش مزاج؛ خوش طبع؛ زندہ دل ۔ (۲) صحت مند؛ تندرست ۔ (۳) اچھے پر قائم ۔

Well-conducted : (a) (۱) نیک چلن ۔ (۲) با تمیز؛ تمیزدار ۔

Well-connected : (a) عالی سلسلہ؛ جس کا تعلق یا رشتہ داری بڑے آدمیوں سے ہو ۔

Well(-)content : (a) بالکل قانع؛ بالکل مطمئن ۔

Well-contented : (a) دیکھو Well (-) content

Well-contested : (a) جس میں شدید مقابلہ یا کشمکش ہو؛ زور کا ۔

Well-cress : (n) دیکھو Water-cress

Well-curb : (n) کنویں کی سنگی منڈیر ۔

Well-cut : (a) عمدہ تراشا ہوا ۔

Well-day : (n) وہ دن جب بیماری کا دورہ یا حملہ نہ ہو ۔

Well-deck : (n) عرشہء جہاز؛ جہاز کا کٹہرا ۔

Well-defined : (a) پوری طرح متعین؛ بالکل واضح ۔

Well-deserved : (a) مستحق؛ مستوجب ۔

Well-directed : (a) سیدھا؛ تاک کر مارا ہوا ۔

Well-disciplined : (a) مہذب ؛ تہذیب یافتہ ؛ با تمیز ۔

Well-dish : (n) رکابی جس کے بیچ میں گڑھا ہوتا ہے (شوربے کےلئے)، گہرا قاب؛ ڈونگا؛ جوف دار قلب ۔

Well-disposed : (a) (۱) مہربان (کسی شخص پر) ۔ (۲) نیک طبیعت؛ نیک مزاج ۔

Well-doer : (n) نیکی کرنے والا؛ بھلائی کرنے والا؛ نیک؛ نیک خصال ۔

Well-doing : (n) (۱) نیکی؛ بھلائی؛ نیک خصالی ۔ (۲) صحت مندی؛ خوش حالی ۔

Well-doing : (a) نیکی کرنے والا؛ محنتی؛ مہذب؛ با تمیز ۔

Well(-)done : (a) (۱) اچھی طرح کیا ہوا (کام) ۔ (۲) اچھی طرح پکایا ہوا (گوشت) ۔

Well-drain : (n) پُر آب جگہ سے پانی نکالنے کی نالی ۔

Well-drain : (v) (زمین کو) رطوبت دور کرکے خشک کرنا ۔

Well-dressed : (a) خوش پوشاک؛ خوش لباس ۔

Well-drilled : (a) منضبط؛ تربیت یافتہ ۔

Well-earned : (a) محنت سے کمایا ہوا ۔

Well-educated : (a) اچھی طرح تعلیم یافتہ ۔

Well-enough : (n) قابلِ اطمینان حالت ۔

Well-enough : (adv.) خاصا؛ اچھا خاصا ۔

Well-established : (a) مستحکم؛ پکا؛ معین؛ واضح ۔

Well-favoured : (a) حسین؛ خوبصورت ۔

Well-fed : (a) کھا پی کر موٹا ۔

Well-fixed : (a) خوشحال؛ بامراد ۔

Well-fought : (a) اچھی طرح لڑا ہوا (معرکہ) ۔

Well(-)found : (a) کیل کانٹے سے درست ۔

Well(-)founded : (a) (۱) صحیح؛ مبنی بر واقعہ(شبہ، خیال وغیرہ) ۔ (۲)مضبوط بنیاد پر بنا ہوا؛ جس کی بنیاد مستحکم ہو ۔

Well-furnished : (a) آراستہ؛ سجا ہوا ۔

Well-graced : (a) خوش ادا؛ دلکش ۔

Well-grass : (n) دیکھو Water-cress

Well-grate : (n) وہ سلاخ دار چوکھٹا جس پر آگ رکھی جاتی ہے اور اس میں ہوا نیچے سے جاتی ہے ۔

Well-groomed : (a) (۱) (گھوڑا) کھریرا کیا ہوا ۔ (۲) بنا سنورا، بال بنائے، مانگ نکالے ۔

Well-grounded : (a) (۱) صحیح؛ مبنی بر واقعہ ۔(۲) جس کی ابتدائی تعلیم اچھی ہو؛ جس کی بنیاد مضبوط ہو ۔

Well-grown : (n) جس کی نشو و نما اطمینان بخش ہو ۔

Well-hained : (a) اچھی طرح سے اور احتیاط کے ساتھ محفوظ کیا ہوا ۔

Well-handled : (a) (۱) اچھی طرح یا عمدگی سے سرانجام کیا ہوا ۔(۲) بہت زیادہ نمٹایا ہوا ۔

Well-head : (n) (۱) سرچشمہ؛ منبع؛وہ جگہ جہاں سرچشمہ ہو ۔(۲) دلدلی؛ چشمہ ۔ (۳) (مجازاً) سرچشمہ؛ منبع ۔ (٤) گہرے کنویں کا اوپری سرا ۔

Well-heeled : (a) امیر؛ دولتمند؛ خوشحال ۔

Well-hole : (n) (۱) زینے، روشن دان یا دودکش کے لئے کھلی جگہ (چھت یا چھتوں میں) ۔ (۲) وہ جگہ جس کےچاروں طرف چکر دار زینہ گھومتا ہے ۔ (۳) (مشین، لفٹ وغیرہ کےلئے) عمودی راستہ ۔ (٤) جہاز کے پمپ کے نچلے حصے کا خانہ ۔

Well-house : (n) کنویں کے اوپر یا گرد کی عمارت ۔

Well-hung : (a) (۱) طرار؛ لسان؛ چرب زبان ۔ (۲) اچھی طرح لٹکا ہوا ۔ (۳) دیر سے لٹکا ہوا (گوشت) ۔

Well-informed : (a) وسیع معلومات رکھنے والا؛ باخبر ۔

Well-intentioned : (a) (۱) نیک نیت ۔ (۲) نیک نیتی کا ۔

Well-judged : (a) صائب؛ (رائے) معقول؛ مناسب؛ برمحل (تدبیر) ۔

Well-knit : (a) گٹھا ہوا؛ مضبوط؛ مستحکم ۔

Well-known : (n) (۱) مشہور؛ معروف ۔ (۲) جو اچھی طرح معلوم ہو جانا ہوا ہو ۔

Well-learned : (a) قابل؛ عالم؛ فاضل؛ اچھی واقفیت رکھنے والا ۔

Well-liking : (a) آسودہ صورت؛ آسودہ حال ۔

Well-lined : (a) (۱) اچھے استر والا (کپڑا) ۔ (۲) (بیگ) روپیوں سے بھرا ۔

Well-looked : (a) خوبصورت؛ خوشنما ۔

Well-looking : (a) دیکھو Well-looked

Well-loved : (a) محبوب ۔

Well-made : (a) سڈول؛ خوش قطع؛ خوش وضع ۔

Well-managed : (a) خوب منظم؛ اچھی طرح انتظام کیا ہوا؛ جس میں خوش انتظامی ہو ۔

Well-mannered : (a) خوش تمیز؛ مہذب؛ شائستہ ۔

Well-marked : (a) نمایاں؛ واضح ۔

Well-meaner : (a) نیک؛ نیک [illegible] جس کے ارادے نیک ہوں ۔

Well-meaning : (a) (۱) نیک نیت ۔ (۲) نیک نیتی کا ۔

Well-meant : (a) نیک نیتی کا ۔

Well-natured : (a) نیک؛ نیک دل ۔

Well-near : (adv.) تقریباً ۔

Well(-)nigh : (adv.) دیکھو Well-near

Well-off : (a) (۱) صحت مند؛ تندرست ۔ (۲) جسے (کسی چیز کی) کمی نہ ہو ۔ (۳) خوش حال؛ کھاتا پیتا ۔

Well-off : (adv.) اچھی حالت میں ۔

Well-oiled : (a) چکنی چپڑی؛ خوشامد کی ۔

Well-ordered : (a) با ترتیب ۔

Well over : (v) چھلکنا؛ اوپر تک بھر کر بہہ نکلنا ۔

Well-paid : (a) (۱) معقول تنخواہ یا اجرت پانے والا ۔ (۲) معقول تنخواہ یا اجرت کا ۔

Well-placed : (a) اچھے رتبے پر فائز؛ اچھی حالت میں ۔

Well-pleased : (a) نہایت خوش ۔

Well-pleasing : (a) خوش گوار؛ دل خوش کن ۔

Well-polished : (a) مہذب؛ اخلاق مند ۔

Well-prepared : (a) اچھی طرح سے تیار کیا ہوا ۔

Well-preserved : (a) جس کی صحت پر عمر کا کم اثر ہو ۔

Well-proportioned : (a) متناسب؛ سڈول ۔

Well-proved : (a) ثابت شدہ ۔

Well (-) read : (a) (۱) وسیع المطالعہ ۔ (۲) ماہر؛ فاضل (کسی خاص فن میں) ۔ (۳) (کتاب وغیرہ) غور سے اور نفع بخش طور پر پڑھی ہوئی ۔

Well-remembered : (a) جو اچھی طرح یاد ہو ۔

Well-reputed : (a) نیک نام؛ مشہور انام ۔

Well-rig/-rigging : (n) کنویں کھودنے کے آلات ۔

Well-rounded : (a) (۱) موٹا تازہ؛ گول مٹول؛ سڈول ۔ (۲) سانچے میں ڈھلا ہوا (جملہ، عبارت) ۔

Well-seeming : (a) بظاہر قابلِ اطمینان؛ دیکھنے میں اچھا؛ خوشنما ۔

Well(-)seen : (a) ماہر ؛ دستگاہ رکھنے والا ۔

Well(-)set : (a) (۱) اچھی طرح بیٹھا ہوا ۔ (۲) گٹھا ہوا؛ مضبوط (خصوصاً جسم) ۔ (۳) (کرکٹ) وہ بلے باز جو آوٹ ہوتا ہوا نظر نہ آئے؛ جم کر کھیلنے والا ۔

Well-set-up : (a) خوش وضع؛ خوش قطع ۔

Well-shaped : (a) متناسب؛ متشاکل ۔

Well-shapen : (a) دیکھو Well-shaped

Well-sinker : (n) کنواں کھودنے والا؛ جس کا پیشہ کنواں کھودنا ہو ۔

Well-skilled : (a) ماہر؛ مشاق؛ ہنرمند؛ استاد ۔

Well-spent : (a) (۱) (وقت، زندگی وغیرہ) اچھی طرح گزارا ہوا؛ نیک کرداری سے گزاری ہوئی ۔ (۲) اچھی طرح سے یا منفعت بخش طور پر صرف کیا ہوا؛ کار آمد؛ جو صحیح مصرف میں آیا ہو ۔

Well-spoken : (a) (۱) شیریں زبان؛ شائستگی اور نرمی سے بات کرنے والا ۔ (۲) خوش تلفظ؛ نستعلیقی گفتگو کرنے والا ۔

Well-spoken of : (a) جس کا ذکر لطف وکرم کے ساتھ کیا جائے ۔

Well-spring : (n) منبع؛ سر چشمہ ۔

Well-sprung : (a) گول مٹول؛ موٹا تازہ ۔

Well-stair-case/-stairs/-stairway : (n) گردہ دار زینہ ۔

Well-tempered : (a) (لوہا، مٹی وغیرہ) پختہ؛ پکا ۔

Well-taught : (a) اچھی طرح تربیت یافتہ؛ تعلیم یافتہ ۔

Well-thought- of : (a) نیک نام؛ معزز؛ ذی عزت ۔

Well-thought-out : (a) مدلل؛ منطقی ۔

Well-timbered : (a) (۱) جہاں عمارتی لکڑی والے درخت کثرت سے ہوں ۔ (۲) جس میں شہتیر اچھی طرح لگے ہوں ۔

Well-timed : (a) (۱) برمحل؛ موقع کی؛ مناسب موقع ۔ (۲) صحیح وقت دینے والا ؛ وقت پر کام کرنے والا ۔

Well-to-do : (a) (۱) خوش حال؛ مال دار؛ مرفہ الحال؛ خاصا دولت مند ۔ (۲) اقبال مند؛ کامیاب ۔ (۳) (جانور وغیرہ) بہت جلد بڑھنے والا ۔

Well-to-do : (n) خوش حال شخص؛ دولت مند شخص ۔

Well-to-live : (a) (۱) (شاذ) خوش حال؛ دولت مند ۔ (۲) نیم مست ۔

Well-to-pase : (a) دیکھو Well-to-do

Well-trained : (a) منجھا ہوا؛ تربیت یافتہ؛ سیکھا سکھایا ۔

Well-trap : (n) بدرو کا نشیبی حصہ جس میں پانی رہتا ہے اور بدبو کو پھیلنے سے روکتا ہے ۔

Well-tried : (a) آزمودہ؛ مجرّب؛ آزمایا ہوا ۔

Well-turned : (a) (۱) اچھی طرح مدور بنایا ہوا ۔ (۲) متناسب؛ سڈول ۔ (۳) پاکیزہ : عمدہ (فقرہ، شعر وغیرہ) ۔

Well-tuned : (a) ہم آہنگ (باجا) ۔

Well-warranted : (a) مصدقہ ۔

Well-water : (n) کنویں کا پانی ۔

Well-watered : (a) سیراب ۔

Well-willed : (a) مہربان؛ رجحان رکھنے والا ۔

Well-wisher : (n) نیک خواہ؛ بہی خواہ؛ خیرخواہ ۔

Well-wishing : (n) نیک خواہی ؛ خیرخواہی ۔

Well-won : (a) اچھی طرح سے جیتا ہوا ۔

Well-worn : (a) (۱) بہت زیادہ استعمال کیا ہوا ۔ (۲) (مجازاً) پیش پا افتادہ؛ فرسودہ؛ پامال ۔ (۳) موزونیت سے پہنے ہوئے یا نمائش کرتے ہوئے ۔

Well-written : (a) خوش اسلوب ۔

Well-wrought : (a) اچھی طرح سے بنایا ہوا؛ خوش ساخت؛ خوش ترتیب ۔

Welladay : (int.) (قدیم اب مزاحاً استعمال ہوتا ہے) ہائے افسوس؛ ہائے ہائے ۔

Welladay : (n) گریہ؛ ماتم؛ فریاد؛ آہ وبکا ۔

Wellaway : (int. & n) دیکھو Welladay

Welled : (a) (۱) نشیبی؛ گہرا ۔ (۲) ٹنکی یا حوض دار (زندہ مچھلیوں کو لے جانے کے لئے) ۔

Welleresque : (a) "Pickwick Papers"(ڈکنس کےناول SamWeller کے)یا اس کے باپ کی طرح یا اس کی یاد دلانے والا ۔

Wellerian : (a) دیکھو Welleresque

Wellerism : (n) Sam Weller یا اس کے باپ جیسا اسلوب بیان یا بولی ۔

Wellington/Wellington boot : (n) [After Arther, first Duke of Wellington.] (۱) گھٹنوں تک کےبوٹ ۔ (۲) ایک قسم کا سیب جس کو پکایا جاتا ہے ۔

Wellingtonia : (n) ویلنگٹونیا؛ کیلیفورنیا کا ایک اونچا مخروط پھل والا درخت جو ڈیوک آف ویلنگٹن کے نام سے موسوم ہے ۔

Wellingtonian : (a) ڈیوک آف ویلنگٹن کا یا اس سے متعلق ۔

Wellness : (n) صحت؛ صحت مندی ۔

Wellsian : (a) [f. Herbert. G. Wells.] ایچ ۔ جی ۔ ولس کا یا اس سے متعلق ۔

Wellsian : (n) ایچ ۔ جی ۔ ولس کا پرستار ۔

Welly : (adv.) دیکھو Well-nigh

Wels : (n) [G.] میٹھے پانی کی سب سے بڑی مچھلی ۔

Welsh : (a) [OE. 'Welisc'.] ویلس کا؛ ویلس سے متعلق ۔

Welsh : (n) (۱) (تاریخ) برٹونی؛ قدیم جنوبی انگلستان کا باشندہ ۔ (۲) ویلس کا باشندہ یا اس کی زبان ۔ (۳) (مجازاً) ناقابل فہم بولی یا زبان ۔ (٤) Welsh-coal کا مخفف ۔

Welsh : (v) [Origin unkn.] (۱) (گھڑ دوڑ) بازی میں ٹھگنا؛ بازی کا روپیہ ادا کئے بغیر گھڑ دوڑ سے بھاگ جانا ۔ (۲) دھوکا دینا؛ لیت و لعل کرنا ۔

Welsh ambassador : (n) کوئل ۔

Welsh-coal : (n) ساؤتھ ویلس کی کان کا پتھر کوئلہ ۔

Welsh cob : (n) ایک قسم کا ٹٹو ۔

Welsh corgi : (n) چھوٹی ٹانگوں اور دراز پیٹی والا کتا ۔

Welsh-dresser : (n) نعمت خانہ؛ ایک قسم کی کھانا رکھنے کی الماری ۔

Welsh flannel : (n) ایک قسم کا فلالین جو ویلس کی بھیڑوں کے بال سے بنتا ہے ۔

Welsh harp : (n) سہ تارا بربط ۔

Welsh mile : (n) ایک میل یا زیادہ کی دوری؛ لمبی دوری ۔

Welsh-mountain : (n) ویلس کی بھیڑ ۔

Welsh mutton : (n) ویلس کی چھوٹی پہاڑی بکری کا گوشت ۔

Welsh onion : (n) ایک قسم کی پیاز ۔

Welsh poppy : (n) ایک قسم کی خشخاش ۔

Welsh rabbit/-rarebit : (n) توس کے ساتھ پکایا ہوا پنیر ۔

Welsher : (n) بازی کا روپیہ ادا کئے بغیر بھاگ جانے والا ۔

Welshman : (n) (۱) ویلس کا رہنے والا ۔ (۲) (امریکا) سیاہ مچھلی کی ایک قسم ۔

Welshry : (n) (۱) (کسی ضلع کا وہ حصہ) جہاں ویلس کے رہنے والوں کی آبادی ہو ۔ (۲) ویلس کی شہریت یا نژاد ۔

Welshwoman : (n) ویلس کی رہنے والی ۔

Welt : (n) [ME. 'welte, walte'.] (۱) چمڑے کی گوٹ یا مغزی جو جوتے کی ایڑی اور پنجے کے چاروں طرف انہیں تلوے سے جوڑنے کی غرض سے سی

جاتی ہے ۔ (۲) بدھی؛ پرت؛ نشان جو کوڑے وغیرہ سے جسم پر پڑ جاتا ہے ۔ (۳) مغزی؛ گوٹ ۔ (٤) کوڑے یا مُکّے کی ضرب ۔ (٥) شکن؛ لکیر ۔ (٦) نعل کا کگر؛ بنائی سے تیار ہونے والی چیزوں کا کنارا ۔

Welt : (v) (۱) چمڑے کی مغزی لگانا ۔ (۲) چمڑے کی پٹی یا ڈوری سے باندھنا ۔ (۳) دو نلوں کے سروں کو ایک دوسرے میں پیوستہ کر کے جوڑنا ۔ (٤) مارنا؛ پیٹنا ۔ (٥) بدھیاں ڈال دینا؛ کوڑے لگانا ۔ (٦) زور دار ضرب لگانا ۔

Welt : (n) [ME. 'Welten'.] دیکھو Overtum

Welt : (n) [G.] کائنات؛ دنیا ۔

Weltanschauung/-uungs/-uungen : (n) [G.] (۱) فلسفۂ کائنات؛ تصورِکائنات؛فلسفیانہ عقیدہ جوکوئی شخص کائنات کےمتعلق رکھتاہے۔ (۲) فلسفۂ حیات ۔

Welted : (a) چمڑے کی مغزی لگا ہوا ۔

Welter : (n) (۱) ابتری؛گڑبڑ؛ افراتفری؛ گڈ مڈ یا خلط ملط ۔ (۲) موجوں کا اٹھنا۔ (۳) گڈ مڈ چیز ۔

Welter : (n) چمڑے کی مغزی لگانے والا ۔

Welter : (n) (۱) بھاری جسم کا سوار یا مکہ باز ۔ (۲) غیر معمولی طورپرکوئی بڑی چیز یابھاری چیز ۔

Welter : (v) [MLG., MDU. 'welteren'.] (۱) لوٹنا؛(خون وغیرہ میں) لتھڑنا ۔ (۲) دھارے کے ساتھ بہنا ۔ (۳) (جہاز وغیرہ کا) جھوکے کھانا؛ ہچکولے کھانا۔ (٤) موجیں اٹھنا؛ متلاطم ہونا۔ (٥) بھدی چال سے چلنا ۔ (٦) ڈوب جانا؛ غرق ہو جانا ۔

Welter : (a) اس گھڑ دوڑ سے متعلق جس میں سوار بوجھ لے کر دوڑتے ہیں ۔

Welter weight : (n) (۱) بھاری سوار ۔ (۲) وہ بوجھ جو سوار کے علاوہ گھوڑے کی مشق کے لئے لے کر دوڑتے ہیں ۔ (۳) بھاری جسم کا مکہ باز ۔

Welting : (n) مغزی؛ گوٹ؛ پٹی؛ حاشیہ؛ کنارا ۔

Weltpolitik : (n) [G.] سیاست عالم؛ عالمگیرسیاست ؛ بڑے پیمانے کی خارجہ پالیسی ۔

Weltschmerz : (n) [G.] غمِ روزگار؛ الم روزگار؛ عالمی غم؛ قنوطیت مطلق ۔

Wem : (n) [OE. 'wam (m, wom(m)'.] (۱) (قدیم) بدنامی؛ داغ؛ (گناہ کا) داغ ۔ (۲) داغ؛ دھبّا ۔ (۲) نقص؛ جلد پر نشان؛ زخم کا نشان ۔

Wen : (n) [OE. 'wen(n, waen(n)'.] (۱) گومڑی (جو سر وغیرہ میں ہو)؛ رسولی ۔ (۲) گھینگھا ۔ (۳) (مجازاً) بہت بڑا اورگنجان آبادی کا شہر؛ غدارشہر ۔

Wen : (n) [Kentish var. of OE. 'wyn'.] (P) حرف Runic (رونی) (آواز W کی سی) ۔

Wen-li : (n) [Chinese.] ایک قدیم چینی ادبی طرز ۔

Wen-yen : (n) [Chinese.] کلاسیکی چینی (زبان) ۔

Wench : (n) [ME. 'wenche'.] (۱) چھوکری؛ لڑکی؛ بچی؛ جوان عورت؛ مٹیار۔ (۲) دیہاتی یا مزدور طبقے کی لڑکی؛ نیچے طبقے کی لڑکی ۔ (۳) فاحشہ؛ بازاری عورت؛ قحبہ ۔ (٤) نوکرانی ؛ دائی ۔ (٥) حبشی یا نیگرو نوکرانی ۔

Wench : (v) (۱) (قدیم) عام عورتوں کے ساتھ راہ ورسم رکھنا ۔ (۲) عیاشی کرنا؛ زنا کرنا ۔

Wencher : (n) زنا کار؛ عیاش؛ زانی ۔

Wenching : (a) زنا کار؛ زانی ۔

Wend : (n) [G.'wende'.] شمالی جرمنی کی ایک قوم کانام ۔

Wend : (v) [OE. 'wendan'.] (۱) پیش جہازکو مخالف سمت میں موڑنا ۔ (۲) (قدیم) جانا؛ چلا جانا ۔ (۳) آگے بڑھنا؛ سفر کرنا ۔ (٤) (کسی مخصوص سمت میں) جانا ۔

Wendic : (a) شمالی جرمنی کی ایک Salvonic قوم سے متعلق ۔

Wendic : (n) شمالی جرمنی کی ایک قوم کی زبان ۔

Wendish : (a&n) دیکھو Wendic

Wenlock : (n) شروپ شائر میں ایک شہر کا نام ۔

Wenlock formation : (n) (ارضیات) سلوردی (Silurian) پرت یا طبقے ۔

Wenlock group : (n) (ارضیات) سلوردی پرت یا طبقے ۔

Wenny : (a) (۱) گومڑی سے مشابہ؛ گومڑی کی طرح کا ۔ (۲) گھینگھے کی تکلیف میں مبتلا ۔

Wensleydale : (n) (۱) لمبے بالوں والی بھیڑ کی ایک قسم ۔ (۲) پنیر کی ایک قسم جو کچا کھایا جاتا ہے ۔ (۳) یارک شائر میں ایک ضلعے کا نام ۔

Went : (n) (قدیم) راہ؛ راستہ ۔

Went : دیکھو Go

Wentletrap : (n) [Du. 'wenteltrap'.] حلزونی صدفہ؛ ایک قسم کی صدف مائی جس کا خول نہایت پیچ دار ہوتا ہے ۔

Wenzel : (n) [G.] (تاش کا) غلام ۔

Wept : دیکھو Weep

Were : (n) [OE.] خون بہا ۔

Were : دیکھو Be

Were-: جزو ترکیبی بمعنی " آدم گرگ "؛ "بھڑمانس" ۔

Werewolf/Werwolf/Warwolf : (n) [Late OE. 'were wulf'.] (۱) (اساطیر) انسان جو بھیڑیا بن گیا ہو یا بھیڑیابننے کی صلاحیت رکھتا ہو؛ بھڑمانس؛ آدم گرگ؛ گرگ شدہ ۔ (۲) وحشی انسان ۔

Werf : (n) [Afr.] احاطہ؛ باڑہ ۔

Wergeld/Wergild : (n) [OE. 'wergeld'.] خون بہا ۔

Wernerian : (a) جرمانی ارضیات داں اور معدنیات داں اے۔ جی ۔ورنر (A. G. Werner) سے متعلق جس نے چٹانوں کے آبی اصل کا نظریہ پیش کیا (یہ نظریہ کہ اکثر طبقات الارض پانی کے عمل سے بنتے ہیں) ۔

Wernerian : (n) اس نظریے کا قائل کہ اکثر طبقات الارض پانی کے عمل سے بنتے ہیں ۔

Wernerite : (n) [f. name of A. G. Werner+IT.] الومینیم اور کیلسیم کا سلیکیٹ ۔

Werowance : (n) [American Indian.] ورجینیا اورمیری لینڈ کے دیسیوں کا سردار ۔

Wert : دیکھو Be

Wertherian : (a) [f. G. Werther, hero of Goethe's romance + -IAN.] جذبات پرست اور افسردہ ۔

Wertherism : (n) ورٹر کی سی جذبات پرستی بہ حد مرض جو گوئٹے نے Sorrows of Werther میں ورٹر کی طرف منسوب کی ہے ۔

Werwolf : دیکھو Werewolf

Wesak : (n) [Sinhalese, fr. Skr. 'Vaisak'.] مہاتما بدھ کی یوم پیدائش کا جشن جو سال نو میں مناتے ہیں ۔

Wesand : دیکھو Weasand

Weskit : (n) [alt. of Waistcoat.] واسکٹ ۔

Wesleyan : (a) [f. name of John Wasley, oriniginator of Methodism+-Al.] ویسلی یا اس کے اصولوں سےمتعلق؛ ویزلی فرقے کا ۔

Wesleyan : (n) جان ویسلی کا معتقد؛ ویسلی میتھوڈسٹ (Methodist) ۔

Wesleyan Methodist : (n) جان ویسلی کی میتھو ڈسٹ سوسائٹی کا رکن ۔

Wesleyan Methodist : (a) ویسلی میتھوڈسٹ تنظیم کا یا اس سے متعلق ۔

Wesleyan Methodism : (n) ویسلی میتھوڈسٹ کے عقائد ۔

Wesleyanism : (n) ویزلی یا ویسلی عقیدہ ۔

Wesleyanized : (a) ویسلی یا ویزلی عقیدے سے متاثر ۔

Wesleyism : (n) دیکھو Wesleyanism

West : (adv.) [OE.] (۱) پچھّم کی طرف ۔ (۲) امریکا کی طرف ؛ امریکا کی مغربی ریاستوں کو ۔

To go west : (۱) (آفتاب کا)غروب ہونا۔(۲) (مجازاً) مرنا؛ غائب ہو جانا؛ برباد ہو جانا ۔

West : (n) (۱) مغرب؛ پچّھم ۔(۲) مغربی دنیا؛ یورپ؛ امریکا (ایشیا کے مقابلے میں) ۔ (۳) روم کا مغربی حصہ (تقسیم کے بعد) ۔ (٤) انگلستان، اسکاٹ لینڈ ، آئرلینڈ یا یورپ کا مغربی حصہ؛ کسی ملک کا مغربی حصہ؛ کسی خاص ملک کا مغربی خطہ ۔ (٥) ویسٹ اینڈ (West end) ۔ (٦) مغربی سلطنت؛ روما کے کیتھولک گرجے ۔ (۷) پچھوا (ہوا) ۔

By west : (بحری) سمت نما کے بعض مقام کو ظاہر کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے ۔

West : (a) (۱) مغربی؛ پچھمی؛ جو مغرب میں واقع ہو ۔ (۲) مغربی یورپ کا ۔ (۳) کلیسا کے اس حصے میں واقع جو قربان گاہ سے سب سے زیادہ دوری پر ہو ۔ (٤) پچھم کی طرف رخ کئے ہونے؛ پچھم رخ ۔ (٥) پچھم سے آنے والی؛ پچھوا (ہوا)۔

West : (v) پچھم کی طرف جانا؛ (سورج کا) غروب ہونا ۔

West : (n) (طب) گوبانجی؛ انجن باری (پُھنسی جو پلك کے نیچے نکل آتی ہے) ۔

West-about : (adv.) پچھم کی طرف ۔

West-bound : (a) پچھم کی طرف جانے والا ۔

West-central : (a) لندن کے ڈاك خانے کا علاقہ (مخفف W.C.) ۔

West-country : (n) ملك کا مغربی حصہ؛ مغربی ضلع یا خطہ (خصوصاً انگلستان اور اسکاچستان کا)؛ جنوب مغربی اضلاع (انگلستان کے)؛ انگلستان کا وہ حصہ جو ساؤتھ ایمپٹن اور سیورن کے درمیانی خطہ کے پچھم واقع ہے ۔

West end : (n) [OE. 'westende'.] (۱) مغربی خطہ ؛ مغربی ضلع؛ مغربی حد؛ مغربی سرا ۔ (۲) ویسٹ اینڈ؛ لندن کا مغربی حصہ جس میں امراء رہتے ہیں ۔ (۳) کسی شہر یا جگہ کا فیشن ایبل یا امیرانہ حصہ ۔

West India : (a) جزائر غرب الہند کا یا وہاں سے متعلق ۔

West India Islands : (n) شمالی اور جنوبی امریکا کے درمیان کے جزیرے ۔

West-Indiaman : (n) جزائر غرب الہند کی تجارت میں استعمال ہونے والا جہاز ۔

West Indian : (n) (۱) جزائر غرب الہند کا باشندہ ۔ (۲) جزائر غرب الہند میں رہنے والا یورپی نژاد باشندہ ۔

West Indian : (a) جزائر غرب الہند کا یا اس سے متعلق؛ جزائر غرب الہند میں واقع ۔

West Indies : (n) (جزائر) غرب الہند؛ ویسٹ انڈیز ۔

West-land/Westland/Westlin : (n) ملك کا مغربی حصہ (خصوصاً) مغربی اسکاچستان ۔

West-north-west : (adv.) مغرب اور شمال مغرب میں ۔

West Saxon : (n) (جمع) انگلستان کے سیکسن (Saxons) جو دریائے ٹیمس کے جنوبی خطوں اور سری (Surrey) اور سسکس (Sussex) سے مغرب میں رہتے ہیں؛ ان میں کا کوئی فرد ۔

West Saxon : (a) مغربی سیکسن یا ان کی زبان سے متعلق ۔

West-south-west : (adv.) مغرب اور جنوب مغرب کے درمیان ۔

West wind : (n) باد مغرب؛ پچھوا ہوا ۔

Wester : (v) (۱) (سورج، چاند ستاروں کا) مغرب کی طرف جانا۔ (۲) (ہوا کا) پچھم کی طرف منتقل ہو جانا ۔

Westering : (a) (۱) مائل بہ غروب (عموماً آفتاب کے لئے مستعمل ہے) ۔ (۲) پچھم کی طرف جانے والا؛ پچھم سے آنے والی؛ مغرب رخی ۔

Westerliness : (n) مغرب کا ہونا؛ مغربی ہونا ۔

Westerly : (a) (۱) مغربی؛ مغرب سے آنے والا؛ پچھوا ۔ (۲) مغربی؛ مغرب میں واقع ۔ (۳) مغربی افق پر واقع ۔ (٤) مغرب رخ؛ پچھم رخ کا ۔

Westerly : (n) پچھوا ہَوا؛ باد مغرب ۔

Westerly : (adv.) (۱) مغرب کی طرف ۔ (۲) مغرب سے چلنے والی ۔

Western : (a) [OE. 'westerne'.] (۱) مغربی؛ مغرب کا؛ مغرب کا رہنے والا؛ مغرب میں واقع ۔ (۲) دنیا کے مغربی حصے کا؛ یورپ اور امریکا کا؛ مغربی ۔ (۳) مغرب سے متعلق؛ پچھم میں پایا جانے والا یا پیدا ہونے والا ۔ (٤) مغربی؛ یورپی ممالك کا ۔ (٥) مغربی کلیسا سے متعلق ۔ (٦) امریکا کی مغربی ریاستوں کا یا ان سے متعلق ۔ (۷) مغرب رخ ؛ پچھم رخ کا ۔ (۸) (مجازاً) (انسان کی زندگی یا دن) روبہ تنزل؛ گرتا ہوا؛ زوال پذیر ۔

Western : (n) (۱) مغرب کا رہنے والا (خصوصاً امریکا کی مغربی ریاستوں کا) ۔ (۲) یورپی؛ مغربی ممالك کا باشندہ ۔ (۳) مغربی یا لاطینی

کلیسا کا رکن ۔ (٤) وہ فلم جس میں امریکا کی مغربی ریاستوں کی زندگی دکھائی گئی ہو ۔

Western church : (n) مغربی کلیسا؛ رومی کلیسا (یونانی کے مقابلے میں) ۔

Western Empire : (n) سلطنت روما کا مغربی حصہ (جسے تھیوڈوس نے سنہ ۳۹۵ء میں تقسیم کیا تھا) ۔

Western hemisphere : (n) نصف کرۂ مغربی (براعظم امریکا) ۔

Western roll : (n) چھلانگ لگانے کا ایک طریقہ جس میں وہ پاؤں جو ڈنڈے سے دور رہتا ہے پہلے اٹھتا ہے ۔

Western sandwich : (n) ایک قسم کا سموسا جس میں انڈا، سور کا گوشت اور پیاز بھرا رہتا ہے ۔

Westerner : (n) (١) مغرب کا رہنے والا، (خصوصاً امریکا کی مغربی ریاستوں کا) ۔ (٢) مغربی محاذ پر فوجوں کے اجتماع کا حامی (جنگ عظیم کے زمانے میں) ۔ (٣) مغربی؛ یورپی ۔

Westernism : (n) (١) (امریکا کی) مغربی ریاستوں کا محاورہ یا اسلوب بیان ۔ (٢) مغربی خصوصیتیں یا رسم ورواج وغیرہ؛ مغربیت ۔

Westernize : (v) مغربی رنگ میں رنگنا (مشرقی ممالک یا اقوام کو)؛ مغربی تہذیب کا رنگ چڑھانا ۔

Westerly دیکھو Westerly : (adv.)

Westernmost : (a) بعید مغربی ۔

Westfalite : (n) [G. 'Westfalit'.] ایک قسم کا انفجاری مادّہ جس کا خاص عنصر امونیم نائٹریٹ ہے ۔

Westing : (n) (١) (بحری) وہ مسافت جو جہاز نے مغرب کی طرف طے کی ہو؛ مغرب کی طرف بڑھنا یا ہٹنا؛ سفر جانب مغرب ۔ (٢) مغرب کی سمت یا رخ ۔ (٣) (ہوا کا) مغرب کی طرف سے چلنا ۔

Westlin/Westling : (n) Westerly (اسکاچستان) دیکھو

Westlins/Westlings : (adv.) (اسکاچستان) پچھم کی طرف ۔

Westminister : (n) (١) ویسٹ منسٹر؛ لندن کا ایک حصہ ۔ (٢) میدان سیاست ۔ (٣) سینٹ پیٹر کالج کا طالب علم یا معلم ۔

Westphalia : (n) [med. L. f. OHG. 'Westfalo'.] مغربی جرمنی کے ایک صوبے کا نام ۔

Westphalian : (a) ویسٹ فیلیا کا یا وہاں سے منسلک ۔

Westphalian : (n) ویسٹ فیلیا کا باشندہ ۔

Westralian : (a) مغربی آسٹریلیا کا یا وہاں سے متعلق ۔

Westralian : (n) مغربی آسٹریلیا کا باشندہ؛ مغربی آسٹریلیا کے کانوں کے حصص ۔

Westward : (adv.) بجانب مغرب؛ پچھم کی طرف ۔

Westward : (n) مغربی سمت ۔

Westward : (a) مغربی؛ مغرب رخ؛ مغرب کا ۔

Westwardly : (a) مغرب سے چلنے والی (ہوا)؛ مغرب میں واقع ؛ مغربی ۔

Westwardly : (adv.) مغرب میں؛ مغرب کی طرف؛ مغربی سمت میں ۔

Westwards : (a & adv.) دیکھو Westward

Wet : (n) [OE. 'waet'.] (١) نمی؛ تری؛ رطوبت ۔ (٢) بارش؛ مینہ ۔ (٣) (عام) شراب کا جام؛ شراب جو ایک بار میں پی جائے ۔ (٤) (امریکا) وہ شخص جو شراب نوشی کا حامی ہو ۔ (٥) (عام) نااہل اور بیکار شخص ۔ (٦) برسات کا موسم ۔

Heavy wet : شراب شعیر؛ جَو کی شراب ۔

Wet : (a) (١) تر؛ نم؛ بھیگا ہوا؛ مرطوب ۔ (٢) پُرآب (زمین وغیرہ) ۔ (٣) (امریکا) شراب نوشی کا حامی ۔ (٤) بارش کا؛ مینہ کا ۔ (٥) گیلا ۔ (٦) آنسوؤں سے تر ۔ (٧) گیلی زمین میں اُگنے والا ۔ (٨) (لکڑی) گیلی؛ غیرموسم دیدہ ۔ (٩) (پینٹ، وارنش، روشنائی وغیرہ) جو خشک نہ ہوتی ہو ۔ (١٠) (قلعہ، خندق) جس میں پانی بھرا ہو ۔ (١١) (مچھلی) نمک لگائی ہوئی؛ تازہ (جو خشک نہ کی گئی ہو) ۔ (١٢) (مٹھائی) شیرہ دار؛ شیرے کی نمی ۔ (١٣) (جراحی کے نمونے وغیرہ) اسپرٹ میں رکھے ہوئے ۔ (١٤) (طب)

Wet-bob : (n) ایٹن (Eton)کا طالب علم جو کشتی رانی کرے۔

Wet-bulb : (n) رطوبت پیما کا خشک جوفے والا حرارت پیما؛ تر گولی ۔

Wet-butt : (n) تمباکو کا نرم اور بے رنگ ہو جانا (جو تھنڈک کی وجہ سے ہوتا ہے ۔

Wet-cell : (n) تر بیٹری ۔

Wet-clean : (v) پانی سے دھونا ۔

Wet-cleaning : (n) پانی سے دھونا ۔

Wet day : (n) بارش کا دن ۔

Wet dock : (n) گودی جس میں جہاز پانی میں رہتا ہے ۔

Wet dog : (n) بے رنگ بدبو دار تمباکو ۔

Wet dream : (n) بد خوابی؛ احتلام ۔

Wet feet : (n) (پودے کا) جڑوں میں زیادہ پانی ہونے پر بڑھنے کی حالت ۔

Wet-fly : (n) (ماہی گیری میں) مصنوعی مکھی جو سطح آب کے نیچے رہتی ہے ۔

Wet fog : (n) کُہر جس سے چیزیں بھیگ جائیں ۔

Wet goods : (n) (پیپے یا بوتل میں رکھی) سیال چیزیں (جیسے پینٹ، تیل، بیر وغیرہ) خصوصاً شراب ۔

Wet-grind : (v) چکی پر پانی ڈال کر پیسنا ۔

Wet lap : (n) (کاغذ سازی) ماوا کا تختہ یا تاؤ جو مشین سےنکالا جائے ۔

Wet machine : (n) (کاغذ سازی) ماوا کا تختہ بنانے کی مشین ۔

Wet meter : (n) ترگیس پیما ۔

Wet milking : (n) ہاتھ اور تھن کو گیلا کرکے دودھ دوہنا ۔

Wet milling : (n) اناج کر بھگو کر پیسنا ۔

Wet mix : (n) گیلا کھویا (سیمنٹ، ریت اور کنکریٹ میں پانی ملا کر تیار کیا ہوا) ۔

گیلا؛ مرطوب ۔ (۱۵) مخمور؛ مدھوش؛ شراب کا عادی ۔ (۱۶) (Quaker) جو ضابطے کی پابندی نہ کرتا ہو ۔ (۱۷) شراب کا؛ شراب آمیز ۔ (۱۸) (بحری) (جہاز) جس کے ماتھے یا بالائی کنارے پر پانی چڑھ جائے ۔ (۱۹) گمراہ ؛ گم کردہ راہ؛ بے راہ رو ۔ (۲۰) جس میں پانی رکھا جاسکے ۔ (۲۱) دودھ دینے والی ۔ (۲۲) (چرائے ہونے مویشی) جنہیں دریا پار لے جایا گیا ہو ۔ (۲۳) بُرا (ساتھی) ۔ (۲۴) جذباتی؛ جذبات پسند ۔ (۲۵) کمزور؛ مردہ دل؛ نادان ۔

To come with a wet sail : تیزی سے بڑھنا یا ترقی کرنا ۔

Wet from the press : تازہ کتاب؛ تازہ شمارہ ۔

Wet through, to the skin : شرابور ۔

Wet : (v) (۱) تر کرنا؛ گیلا کرنا ۔ (۲) آنسوؤں سے تر کر دینا ۔ (۳) بستر پر پیشاب کرنا؛ سوتے میں پیشاب کردینا؛ پیشاب کرنا ۔ (٤) شراب پینا؛ مے نوشی کرنا ۔ (٥) محفل مے نوشی کے ذریعہ جشن منانا ۔ (٦) بھگونا؛ پانی میں ڈال کر رکھنا (شیرہ بنانے کے لئے) ۔ (۷) پتی پر گرم پانی ڈال کر چائے بنانا ۔ (۸) بارش ہونا؛ پانی برسنا ۔ (۹) بھیگ جانا؛ تر ہو جانا ۔ (۱۰) (جہاز کا) اگلے حصے پر پانی کا چڑھ جانا ۔

To wet down : ترکرنا؛ بھگونا ۔

To wet one's line : مچھلی پکڑنا شروع کرنا؛ مچھلی پکڑنا ۔

To wet one's whistle, weasand etc. : شراب پینا ۔

To wet out : (انگریزی میں) کپڑے کو بھگونا ۔

To wet the other eye : جام پر جام چڑھانا ۔

To wet through, to the skin : شرابور ہو جانا ۔

Wet-bargain : (n) سودا جو شراب کے دور کےساتھ کیاجائے ۔

Wet-blanket : (n) (۱) بھیگا کمبل ۔ (۲) افسردہ کرنے والی چیز؛ پست کردینے والی چیز ۔ (۳) رنگ میں بھنگ کرنے والا؛ عیش منغص کرنے والا ۔

Wet-blanket : (v) افسردہ کرنا؛ پست کردینا؛ ہمت توڑنا ۔

Wet mop : (n) گچھے دار سرے کی جھاڑو (فرش دھونے کے لئے)۔

Wet-my-lip : (n) [Imit. of its note.] بٹیر ؛ سلوا ۔

Wet-nurse/Wet nurse : (n) انّا؛ دایہ؛ دودھ پلائی؛ دودھ پلانے والی۔

Wet-nurse : (v) (۱) دودھ پلانا ۔(۲) (مجازاً) خاص خیال کرنا یا رکھنا؛ اچھی طرح دیکھ بھال کرنا ۔

Wet-plate : (n) (فوٹو گرافی) گیلی پلیٹ جسے روشنی پہنچانے سے پہلے تر کرلیتے ہیں ۔

Wet-pleurisy : (n) تر ذات الصدر ۔

Wet-pulp : (n) گیلا ماوا ۔

Wet-salt : (v) کھال میں گیلا نمک لگانا ۔

Wet-shod : (a) جس کا پاؤں یا جوتا بھیگا ہوا ہو ۔

Wet smack : (n) قابلِ نفرت شخص ۔

Wet-steam : (n) بھاپ جس میں پانی کے چھوٹے چھوٹے ذرات ہوں ؛ مرطوب بھاپ ۔

Wet suit : (n) (اسپنج، ربر وغیرہ کا بنا) تنگ سوٹ جس میں پانی سرایت تو کرتا ہے لیکن جسمانی حرارت برقرار رہتی ہے ۔

Weta : (n) [Maori.] بعض قسم کے بے پر والے کیڑے ۔

Wetback : (n) میکسیکو کا باشندہ جو خلاف قانون طور پر امریکا آجائے ۔

Wetbird : (n) دیکھو Chaffinch

Wetfastness : (n) (رنگ کا) بھیگ کر رنگ نہ بدلنے کی حالت۔

Wether : (n) [OE. 'weper'.] (۱) مینڈھا؛ خصوصاً خصی مینڈھا ۔ (۲) خواجہ سرا ؛ مُخنث ؛ زنخا ۔ (۳) دیکھو Grey wethers ۔ (٤) (تجارت) بھیڑ کا بال جو پہلی باراون کترنے کے بعد حاصل کیا گیا ہو ۔(٥) خصی؛ بکرا ۔

Grey wethers : ریتیلے پتھر کا صخرہ جو ڈیون شائر وغیرہ میں پایا جاتا ہے ۔

Wether-gammon : (n) بکرے کی ٹانگ ۔

Wether-head : (n) (۱) بھیڑ کا سَر ۔(۲) (مجازاً) بیوقوف شخص۔

Wether hog : (n) مینڈھا جس کا اون کترا نہ گیا ہو ۔

Wether sheep : (n) خصی مینڈھا ۔

Wetland : (n) دلدلی زمین؛ دَلدل ۔

Wetland : (a) دلدلی زمین میں اُگنے والی ۔

Wetly : (adv.) گیلے طور پر؛ نمی کے ساتھ۔

Wetness : (n) نمی؛ تری؛ گیلا پن؛ رطوبت ۔

Wetproof : (a) دیکھو Waterproof

Wettability : (n) مرطوب پذیری؛ تر پذیری۔

Wettable : (a) جو آسانی سے تر ہو جائے؛ مرطوب پذیر ؛ تر پذیر ۔

Wetter : (n) (۱) ترکرنے والا؛ گیلا کرنے والی چیز ۔ (۲) طباعت میں کام آنے والے کاغذ کو نم کرنے والا۔

Wetter-out : (n) (رنگریزی) کپڑے کو بھگونے والا ۔

Wetting : (n) گیلا کرنا؛ تر کرنا؛ گیلا کیا جانا ۔

Wettish : (a) کسی قدر گیلا؛ نم ۔

Wetwood : (n) گیلی یا نیم شفاف لکڑی ۔

Wey : (n) [OE. 'waeg, waege'.] خشک چیزوں کو تولنے کا ایک وزن ۔

Weymouth pine : (n) [Title of the first Lord Weymouth.] امریکی سفید صنوبر ۔

Wh : (n) دوحرف صحیح کا مجموعہ جو مل کر ایک آواز hw کی دیتا ہے ۔

Whack : (n) [Perhaps alt. of Thwack.] (۱) ڈنڈے وغیرہ کاوار؛ زوردارضرب ؛ ایسی ضرب سے ہونے والی آواز ۔(۲) حصہ ۔

Out of whack : (۱) بے ترتیب؛ ابتر ۔(۲) ناموزوں ؛ نامناسب؛ انمل ۔

To get one's whack/To take- : اپنا حصه لینا ۔

To have a whack at/To take - : حمله کرنا؛ وار کرنا ۔

Whack : (v) (۱) (روز مرّہ) پیٹنا؛ ڈنڈے وغیرہ سے ٹھونکنا؛ مرمت کرنا ۔ (۲) آپس میں بانٹ لینا؛ تقسیم کرلینا؛ حصے بخرے کرلینا ۔ (۳) (مجازاً) شکست دینا؛ برتری حاصل کرنا ۔ (٤) (مجازاً) جلدی سے رکھنا، بنانا یا پانا ۔

Whack up : (v) حصے لگانا؛ حصوں میں بانٹنا ۔

Whack-up : (n) حصہ بخرا خصوصاً لُوٹ کا مال ۔

Whacked : (a) تھکا ہوا؛ خستہ ۔

Whacker : (n) (۱) کاری ضرب؛ زوردار ضرب؛ مار پیٹ؛ ٹھکائی؛ مرمت ۔ (۲) گلہ بان ۔ (۳) غیرمعمولی طور پر بڑی چیز ؛ خصوصاً مہا جھوٹ ۔ (٤) ریل کے ڈبوں کی دیکھ بھال کرنے والا ۔

Whacking : (n) مار پیٹ؛ ٹھکائی؛ مرمت ۔

Whacking : (a) بہت بڑا؛ بڑا بھاری؛ زبردست ۔

Whacking : (adv.) بہت؛ بے حد؛ بے انتہا ۔

Whacky : (a&n) دیکھو Wacky

Whahoo : دیکھو Wahoo

Whaisle/Whaizle : (n) (۱) خرخراہٹ؛ خرخر کی آواز ۔ (۲) دیکھو Wheezle ۔

Whakappa : (n) [Maori.] ماؤری (maori) شجرہ ۔

Whale : (n) [OE.'hwael'.] (۱) وہیل؛ حوت؛ بہت بڑا دودھ پلانے والا دریائی جانور جو مچھلی کی شکل کا ہوتا ہے ۔ (۲) وہیل سے مشابہ چیز ۔ (۳) (علم النجوم) قیطس؛ سبح البحر ۔

A whale of : بہت زیادہ ۔

A whale on, at, for : (۱) (کسی چیز میں) نہایت مشاق، مزد ۔ (۲) (کسی چیز کا) بے حد شائق ۔

Right whale : وہیل کی ایک جنس ۔

Very like a whale : جی ہاں؛ اس میں کیا شک ہے؛ مہمل بیان کے لئے طنزاً کہتے ہیں ۔

Whale : (v) وہیل کا شکار کرنا ۔

Whale : (v) [Origin unkn.] (۱) مارنا؛پیٹنا؛ کوٹنا۔(۲) زوردار ضرب لگانا ۔ (۳) مارکر یا پیٹ کر لانا یا نکالنا۔ (٤) بری طرح شکست دینا۔ (٥) مسلسل اور شدت سے کرنا (کوئی کام) ۔

Whale : دیکھو Wale

Whale-back : (n) (۱) دیکھو Turtle-back ۔(۲) ایک قسم کا دخانی جہاز ۔(۳) (ارضیات) وہیل پشت ٹیلا یا تودہ ۔

Whale-back : (a) وہیل پشت ۔

Whale-backed : (a) وہیل پشت ۔

Whale-bird : (n) متعدد قسم کی چڑیاں جو ان جگہوں پر پائی جاتی ہیں جہاں وہیل کا مسکن ہوتا ہے اور جو وہیل کا تیل اور فضلہ کھاتی ہیں ۔

Whale-boat : (n) (۱) وہیل کے شکار کی کشتی ۔(۲) ایک قسم کی بچاؤ کشتی ۔

Whale catcher : (n) مضبوط اور جلد مڑجانے والا جہاز جس سے وہیل کا شکار کرتے ہیں ۔

Whale chaser : (n) دیکھو Whale catcher

Whale factory ship : (n) بڑا جہاز جس پر وہیل کی چربی نکالتے ہیں ۔

Whale feed : (n) چھوٹے چھوٹے سمندری جانور (عموماً قشریہ) جو وہیل کی غذا ہیں ۔

Whale fin : (n) بلبینہ؛ وہیل مچھلی کی بڈی ۔

Whale fisher/-fisherman : (n) وہیل کا شکاری ۔

Whale fishery : (n) (۱) وہیل کا شکار؛ وہیل کے شکار کا پیشہ ۔(۲) وہ جگہ جہاں وہیل کا تعاقب کیا جاتا ہے ۔

Whale iron : (n) دیکھو Harpoon

Whale-line : (n) (۱) مضبوط رسی جو وہیل کے شکار میں استعمال ہوتی ہے ۔(۲) (مجازاً) چرواہوں کا پھندا جس سے وہ گایوں وغیرہ کو پکڑتے ہیں ۔

Whale-man : (n) وہیل کا شکاری ۔

Whale-oil : (n) وہیل کا تیل ۔

Whale-shark : (n) شارک مچھلیوں کی بعض قسمیں ۔

Whale-sucker : (n) بحرالکاہل میں پائی جانےوالی رس ماہی ۔

Whalebone : (n) (۱) وہیل کی ہڈی ؛ ایک قسم کا لوچدار مادہ جو بعض وہیل کے بالائی جبڑے میں پیدا ہوتا ہے ۔ (۲) وہیل کی ہڈی کا لمبا پتلا ٹکڑا جو عورتوں کے لباس کے اندر اسے سخت بنانے کے لئے لگایا جاتا ہے ۔ (۳) وہیل کی ہڈی کا چابک ۔

Whalebone-tree : (n) ایک آسٹریلیائی درخت ۔

Whalebone-whale : (n) وہیل کی ایک جنس ۔

Whaleboned : (a) وہیل کی ہڈی کے ذریعے سخت بنایا ہوا ۔

Whalehead : (n) ایک افریقی پرند جو بگلے وغیرہ سےمشابہ ہوتا ہے ۔

Whalelike : (a) وہیل سے مشابہ ۔

Whaler : (n) (۱) وہیل کا شکاری ۔ (۲) وہیل کے شکار کا جہاز ۔ (۳) وہیل کے شکار کی کشتی ۔ (٤) بہت بڑی چیز ۔ (٥) آسٹریلیائی خانہ بدوش ۔

Whalery : (n) وہیل کے شکار کی صنعت ۔

Whaler : دیکھو Waler

Whaleship : (n) وہیل کے شکار کا جہاز ۔

Whale's tongue : (n) ایک بحری کیڑا ۔

Whaling : (n) وہیل کا شکار ۔

Whaling : (n) مار؛ زد و کوب ۔

Whaling : (a) بہت بڑا؛ بڑا بھاری؛ زبردست ۔

Whaling-gun : (n) وہیل مارنے یا شکار کرنے کی بندوق ۔

Whaling-master : (n) وہیل شکار کرنے والے جہاز کا کپتان ۔

Whally : (a) جس کی آنکھ کا پردہ ہلکے رنگ کا ہو ۔

Whalp : (n) (۱) پلا؛ (کتے، شیر، چیتے و بھیڑیے وغیرہ کا) بچہ ۔ (۲) دیکھو Whelp ۔

Wham : (n) [Imitative.] (۱) دھماکا ۔ (۲) کاری ضرب ؛ بھرپور ہاتھ ۔

Wham : (v) زوردار ضرب سے دھماکے کی آواز پیدا کرنا ۔

Wham : (adv.) اچانک؛ بے تحاشا ۔

Whame : (n) دیکھو Gadfly

Whammel/Whammle : (n) دیکھو Upset

Whammy : (n) (۱) جادو؛ سحر؛ طلسم ۔ (۲) زبردست طاقت یا قوت؛ مہلک ضرب ۔

Whamp : (n) [Origin unkn.] دیکھو Wasp

Whample : (n) [Origin unkn.] دیکھو Blow

Whang : (n) [Var. of 'thwang'.] (۱) تسمہ ۔ (۲) بے کمایا ہوا چمڑا ۔ (۳) ضرب شدید ؛ مارنا ۔ (٤) بڑا قتلہ یا ٹکڑا (خصوصاً پنیر ، روٹی وغیرہ کا) ۔ (٥) مردانہ عضو تناسل؛ ذکر ۔

Whang : (v) (۱) مارنا؛ پیٹنا؛ کندی کرنا ۔ (۲) دھڑاک سے مارنا؛ زور سے گھمانا ۔ (۳) کاٹ ڈالنا ۔ (٤) زبردست حملہ کرنا ۔ (٥) زور سے کھٹکھٹانا ۔

Whang : (n) دھڑاکا؛ دھڑاکے کی آواز؛ دھڑاکے کی چوٹ یا آواز ۔

Whang : (v) (۱) دھڑ سے مارنا؛ دھڑ سے رسید کرنا؛ ضرب لگانا ۔ (۲) (ڈھول کا) پیٹا جانا؛ دھڑدھڑ کرنا ۔

Whangdoodle : (n) [Origin unkn.] (۱) ایک خیالی، مبہم مخلوق ۔ (۲) زبردست حملہ کرنےوالا ۔ (۳) لغو؛ مہمل ۔

Whangee : (n) [Chinese 'huang'.] (۱) چینی بانس کی چھڑی ۔ (۲) چینی بانس ۔

Whang up : (v) جلدی جلدی کرنا یا بنانا ۔

Whap : (n) کندی؛ مرمت؛ شکست ۔

Whapuku : (n) [Maori.] ایک بڑی سمندری غذائی مچھلی (جو نیوزی لینڈ میں پائی جاتی ہے) ۔

Whare/Ware/Wharry : (n) [Maori 'whare'.] (۱) ماوریوں کی جھونپڑی یا مکان ۔ (۲) (نیوزی لینڈ) عارضی جھونپڑی۔

Wharf : (n) [Late OE. 'hwearf'.] (۱) گھاٹ؛ لکڑی یا پتھر کا چبوترہ پانی کے کنارے جہاں اسباب اتارنے اور چڑھانے یا لادنے کے لئے جہاز کو ٹھہرایا جاتا ہے ۔

Wharf : (v) (۱) گھاٹ پر اسباب اتارنا؛ گھاٹ پر جمع کرنا (مال، اسباب) ۔ (۲) گھاٹ پر ٹھہرانا (جہاز کو) ۔ (۳) گھاٹ پر آنا (جہاز کا) ۔

Wharf-boat : (n) (۱) کشتی جو گھاٹ کا کام دیتی ہے ۔ (۲) کشتی جو گھاٹ پر کام آتی ہے ۔

Wharf borer : (n) ایک قسم کا چھوٹا بھونرا جو لکڑی میں سوراخ کر دیتا ہے ۔

Wharf crab : (n) ایک قسم کا چھوٹا کیکڑا ۔

Wharf-rat : (n) (۱) بھورے رنگ کا چوہا جو عام طور پر پایا جاتا ہے ۔ (۲) گھاٹ کا اچکا؛ گھاٹ پر گھومنے والا اٹھائی گیرا (چوری کی نیت سے) ۔

Wharfage : (n) (۱) گھاٹ پر مال اتارنا یا چڑھانا۔ (۲) گھاٹ کا محصول ؛ گھاٹ پر جہاز ٹھہرانے کا محصول ۔ (۳) اترواتی یا چڑھوائی (مال کی)؛ جہاز پر مال چڑھانے یا اتارنے کا محصول ۔ (٤) گھاٹ کی گنجائش ۔

Wharfe : (n) ایک قسم کی استوانہ نما چھاپنے کی مشین ۔

Wharfedale : (n) دیکھو Wharfe

Wharfie : (n) (آسٹریلیا) ساحلی حمال؛ جہاز سے مال اتارنے یا جہاز پر مال چڑھانے والا؛ اس کا انتظام کرنے والا؛ پیک (Pack) کرنے والا ۔

Wharfing : (n) (۱) کوئی چیز جو گھاٹ کا کام دے ۔ (۲) گھاٹ بنانے کے سازو سامان ۔ (۳) پشتہ وغیرہ کے سامنے کا رخ ۔

Wharfinger : (n) گھاٹ کا مالک ۔

Wharfless : (a) بے گھاٹ ۔

Wharfman : (n) گھاٹ پر کام کرنے والا؛ گودی پر کام کرنے والا ۔

Wharfmaster : (n) دیکھو Wharfinger

Wharl : (v) [Imitative.] حرف " r " کی حلقی آواز نکالنا ۔

Wharl : (n) (۱) ٹکیہ کی شکل کی ایک چیز جو چرخ کے تکلے میں لگی رہتی ہے ۔ (۲) (نباتیات) حلقہ، پتیوں کے تنے کے گرد؛ گھیرا؛ کوٹ ۔ (۳) دیکھو Whorl ۔

Wharl : (n) حرف " r " کا حلقی تلفظ ۔

Wharler : (n) حرف " r " حلقی تلفظ کرنے والا ۔

Wharling : (n) " r " کا حلقی تلفظ کرنا ۔

Wharrow : (n) تکلے کا حلقہ ۔

Whartonian : (a) [f. Thomas Wharton, English anatomist.] تامس وہارٹن کا ایجاد کردہ ۔

Wharve : (n) [OE. 'hweorfa'.] دیکھو Wharrow

What : (pron.) [OE. 'hwaet'.] (۱) کیا؛ کون؛ کون سا ؛ کس قسم کا؛ کیسا؛ کتنا ۔ (۲) کچھ ۔ (۳) جوکہ؛ جس نے ۔ (٤) جو کچھ بھی؛ جو بھی ۔ (٥) کیا بات؛ کیا چیز؛ کیا ۔

And I don't know what all : وغیرہ وغیرہ؛ ازبن قبیل ۔

I know (or wot) not what : خدا معلوم؛ مجھے نہیں معلوم ۔

I'll tell you what : دیکھو میں بتاتا ہوں ۔

Lord or God knows what : خدا کو معلوم؛ اللہ جانے۔

To know what is what : اصلیت کو سمجھنا؛ معاملے کو خوب سمجھنا ۔

What do you lack : کیا چاہئیے (دکانداروں کی اصطلاح میں) ۔

What have you : اور بہت کچھ؛ اور سبھی کچھ؛ اور کچھ۔

What it takes : کامیابی یا کسی مقصد کو حاصل کرنے کے لئے مطلوبہ صلاحیت، صفت یا ذرائع ۔

What say you to/What do you say : آپ کی کیا رائے ہے (اس کے متعلق) ۔

What (-) not : (n) (۱) کچھ بھی؛ اور بہت کچھ؛ سب کچھ؛ اور سبھی کچھ۔ (۲) الماری جس میں ہر قسم کی چیزیں رکھی جائیں۔

What of : (۱) (فلاں شخص یا چیز کی) کیا خبر ہے۔ (۲) (فلاں بات کا) کیا ہوگا۔

What price : (۱) کیا حقیقت ہے؛ کیا قدر ہے۔ (۲) آپ کا کیا خیال ہے؛ کیا حالت ہے۔

What then : تب کیا ہوگا؛ تو کیا۔

What though : تو کیا ہوگا؛ اگر ایسا ہو تو کیا ہو؛ کیا معنی۔

What time : جبکہ؛ جب۔

What way : (۱) کس طرح۔ (۲) کیوں۔

What with : (prep.) بہ سبب؛ بہ وجہ؛ واسطے؛ بابت؛ کچھ تو فلاں سبب سے۔

What-you-call-it (them, her, him) : (n) دیکھو What-do-you-call-it

What-you-may-call-it (them, her, him) : (n) دیکھو What-do-you-call- it

What-you may jigger : (n) دیکھو What-do-you-call-it

Whatabout : کیا خیال ہے؛ کیا ہوا۔

Whatabouts : (n) مشغولیت۔

Whatever : (pron.) (۱) جو کچھ بھی؛ جو بھی۔ (۲) چاہے جو کچھ؛ چاہے جو۔ (۳) (بول چال) آخر کیا (سوال میں تاکید کے لئے)۔

Whatever : (a) (۱) کوئی جو؛ جو کہ۔ (۲) کسی بھی۔ (۳) کسی قسم کا۔ (٤) مطلق؛ ذرا بھی۔

Whatever : (adv.) بہر حال؛ ہر طرح؛ بہر طور؛ بہر نمط؛ بہر کیف؛ ہر چہ بادا باد۔

Whatlike : (a) کس طرح کا؛ کس قسم کا۔

Whatman : (n) [after James Whatman, an English paper manufacturer.] عمدہ قسم کا کاغذ (جو ڈرائنگ، مصوری وغیرہ میں استعمال ہوتا ہے)۔

Whatness : (n) خصوصیت؛ اصلیت۔

What's O'clock : کیا وقت ہوا ہے؛ کتنا بجا ہے۔

What think you of/What do you think of : آپ کا (اس کے بارے میں) کیا خیال ہے۔

You know what : آپ جانتے ہیں؛ آپ کو معلوم ہے؛ کہنے کی ضرورت نہیں ہے۔

What : (a) (۱) کسی قسم کا؛ کس طرح کا۔ (۲) کتنا؛ کس قدر۔ (۳) کس قسم کا؛ کس کردار کا؛ کس مزاج کا۔

What : (adv.) (۱) کس طرح۔ (۲) کس حد تک؛ کتنا۔

What : [exclam.& allied use] : (۱) (حرف استعجاب) کتنا؛ کیا؛ کس قدر؛ بڑا؛ عجیب برا یا اچھا وغیرہ۔ (۲) بلانے یا توجہ دلانے کے لئے مستعمل ہے۔ (۳) جو کہ؛ وہ چیز جو۔ (٤) جیسا کہ۔ (٥) جتنا کہ۔ (٦) کچھ بھی؛ جو بھی۔ (۷) جو؛ جو کہ۔

But what : سوائے اس کے۔

What : (a) (۱) وہ جو کہ؛ اتنا کہ۔ (۲) کوئی جو۔

What : (n) (۱) سوال، "کیا"؛ "یہ کیا ہے" وغیرہ۔ (۲) کچھ؛ کوئی چیز۔ (۳) (بطور حرف استعجاب کے) کیا چیز۔ (٤) چیز۔

What countryman : (n) کس ملک کے لوگ۔

What-do you -call it/-them/-her/-him : (جب کسی شخص کا نام نہ یاد آتا ہو) وہ؛ کیا کہتے ہیں۔

What-e 'er : (pron.) (۱) جو کچھ بھی؛ جو بھی۔ (۲) چاہے جو کچھ؛ چاہے جو۔ (۳) Whatever کا مخفف۔

What else : اور کیا؛ اور کچھ؛ سب کچھ۔

What fashioned : کس قسم کا؛ کس طرح کا۔

What for : (۱) کیوں؛ کس لئے۔ (۲) (قدیم) کس قسم کا۔ (۳) سزا (مار یا سرزنش سے)۔

What if : تو کیا؛ تو کیسا ہے؛ کیا ہوگا اگر۔

What-is-it/Whatsis/Whatsit : (n) بے تصریح؛ غیر معین؛ پراسرار چیز کے بارے میں فقرہ۔

What next : (۱) (طنزیہ) انتہا ہے؛ اس سے بڑھ کر اور کیا مہمل بات ہوگی۔ (۲) اس کے بعد۔

Whatreck : (adv.) دیکھو Notwithstanding

Whatsename/What's-his-name : کیا نام ہے اس کا؛ کیا کہتے ہیں (کسی شخص یا چیز کا نام یاد نہ آنے کی حالت میں کہتےہیں) ۔

Whatso : (a&pron.) (۱) جو کچھ بھی؛ جو بھی ۔ (۲) چاہےجو؛ چاہے جو کچھ ۔

Whatsoever/Whatsoe'er : (pron.&a) (۱)جو کچھ بھی؛ جوبھی ۔ (۲) چاہے جو؛ چاہے جو کچھ ۔ (۳) مطلق؛ ذرا بھی ۔

Whatsomever : (pron.&a) دیکھو Whatever

What's with/What is what/What was what : حقیقت؛ اصلیت ۔

What's with : (عام) کیا وجہ ہے؛ کیا برا ہے ۔

Whatten/Whatn/Whaten : (a) (۱) کسی قسم کا؛ کس طرح کا ۔ (۲)دیکھو What ۔

Whau : (n) [Maori.] نیوزی لینڈ کا ایک درخت یا اس کی لکڑی ۔

Whaup : (n) [Imitative.] ایک قسم کی پن ککڑی جس کی چونچ لمبی اور خَم دار ہوتی ہے ۔

Whaup : (n) (اسکاچستان) غُل؛ شور؛ غوغا؛ شوروشغب ۔

Wheal : (n) [Var. of WALE.] (۱) بدھی؛ برت؛ ابھرا ہوا نشان جو چھڑی یا کوڑے کی چوٹ سے گوشت پر پڑ جاتا ہے ۔ (۲) (طب) ایک بیماری جس میں جسم پر سرخ چٹھے پڑ جاتے ہیں ۔

Wheal : (v) بدھیاں ڈالنا ۔

Whealing : (n) جسم پر بدھیاں ڈالنا ۔

Wheat : (n) [OE. 'hwaete'.] (۱) گیہوں؛ گندم ۔ (۲) گیہوں کا پیدا ۔ (۳) گیہوں کی کھیتی؛ گیہوں کی فصل؛ گندم کی قسمیں ۔ (٤) گندمی رنگ ۔

Wheat belt : (n) وہ علاقہ جہاں گیہوں کی کھیتی ہوتی ہے۔

Wheat bird : (n) دُج؛ برقش ۔

Wheat bread : (n) میدے اور آٹے کی روٹی ۔

Wheat-cake : (n) گیہوں کے آٹے کا بنا ہوا کیک ۔

Wheat-corn : (n) گیہوں کا دانہ ۔

Wheat-duck : (n) ایک قسم کی امریکی جنگلی بط ۔

Wheat eel : (n) کرم گندم ۔

Wheat germ : (n) تخم گندم ۔

Wheat-germ oil : (n) روغن تخم گندم ۔

Wheat-grass : (n) دوب؛ ایک گھاس جس کی جڑیں دور تک پھیلتی ہیں ۔

Wheat-land : (n) وہ زمین جس میں گیہوں پیدا کیا جائے یا جو گیہوں پیدا کرنے کے لئے مناسب ہو ۔

Wheat midge : (n) ایک چھوٹی دو پرہ مکھی ۔

Wheat pit : (n) گیہوں کا بازار ۔

Wheatear : (n) گیہوں کی بالی ۔

Wheatear : (n) ایک قسم کا عصفوری پرند ۔

Wheatear cockle : (n) کرم گندم ۔

Wheaten : (n) گندمی رنگ؛ گیہواں ۔

Wheatless : (a) بے گندم ۔

Wheatmeal : (n) [OE. 'hwaete melu'.] گیہوں کا آٹا ۔

Wheatstone : (n) Wheatstone-bridge کا مخفف ۔

Wheatstone ('s) bridge : (n) (برقیات) وہیٹسٹون پُل ۔

Wheatworm : (n) کرم گندم ۔

Whee : (interj.) [Origin unkn.] خوشی یا کثرت ظاہر کرنے کے لئے حرف فجائیہ ۔

Wheedle : (v) [Origin unkn.] (۱) خوشامد سے راضی کرنا؛ لَلّو پتو سے راضی کرنا ۔ (۲) لَلّو پتو سے اینٹھ لینا ۔ (۳) (جانور) چاٹنا؛ دُم ہلا کر محبت ظاہر کرنا ۔

Wheedlingly : (adv.) خوشامد سے؛ لَلّو پتو سے ۔

Wheel : (n) [OE 'hweol, hweogol'.] (۱) پہیا؛ چرخی ؛ چرخ ۔ (۲) پہیے کی قسم کی چیز خصوصاً وہ چکر

جس میں باندھ کر ملزم کو پھراتے ہیں ۔ (۳) گردش؛ گردش تقدیر ۔ (٤) (موٹر وغیرہ) چلانے کا پہیا ۔ (٥) گردش ؛ چکر ؛ دور ۔ (٦) (عروض) آخری بند (عموماً چھوٹے مصرعوں کا) ۔ (۷) کوئی مدور چیز ۔ (۸) پاؤں چکی یا اس قسم کا کوئی آلہ ۔ (۹) ایک قسم کی آتش بازی ۔ (۱۰) (امریکا) سائیکل (دو یا تین پہیوں والی)؛ سائیکل کی سواری ۔

At or in the wheel : (چوکڑی وغیرہ میں) بم کا گھوڑا (جو بم کے پاس جوتا جاتا ہے) ۔

Fifth wheel : چار پہیے کی گاڑی میں پانچواں پہیا جس کے ذریعے اگلے پہیے پھرائے جاتے ہیں ۔

Fortune's wheel : تقدیر؛ گردش تقدیر ۔

On the wheels/On wheels : پہیے دار گاڑی میں سوار ۔

To break on the wheel : پہیے سے باندھ کر ہڈیاں توڑ دینا ۔

To go or run on wheels : آسانی سے چلنا؛ بہت تیز چلنا ۔

Wheels within wheels : پیچ در پیچ معاملہ؛ چکّر کے اندر چکّر ۔

Wheel : (v) (۱) (سپاہیوں وغیرہ کی پوری صف کا) گھمانا؛ گھومنا ۔ (۲) رخ بدلنا (لغوی اور مجازی معنی میں) ۔ (۳) (بتھ گاڑی، پہیے دار کرسی وغیرہ کو) ٹھیلنا یا کھینچنا (کسی خاص رخ پر) ۔ (٤) چکر کاٹتے ہوئے چلنا؛ پیچ و خم کھاتے ہوئے چلنا ۔ (٥) بائیسکل چلانا ۔ (٦) پہیے دار گاڑی میں سفر کرنا یا پہیے دار گاڑی چلانا ۔ (۷) پہیےلگانا ۔ (۸) پہیے کے ذریعے جوتے کے کنارے میں دندانہ بنانا ۔ (۹) چکر لگانا؛ گردش کرنا ۔ (۱۰) چمڑے کو پہیے پر چڑھا کر کمانا ۔

To wheel and deal : رہبری کرنا؛ رہنمائی کرنا؛ انتقام یا معاملات اپنے ہاتھوں میں لینا ۔

Wheel and axle : (n) چرخ ومحور ۔

Wheel-animal : (n) دوّارحشرہ؛ ایک کیڑا جس کےاعضاءپہیے کی طرح گھومتے ہیں اور تیرنے میں مدد دیتے ہیں ۔

Wheel-animalcule : (n) دیکھو Wheel-animal

Wheel-back : (n) اٹھارھویں صدی کی ایک قسم کی کرسی جس کی پشت پہیے کی شکل کی بنی ہوتی ہے ۔

Wheel-barometer : (n) چرخی دار بار پیما ۔

Wheel barrow : (n) ٹھیلہ؛ ہتھ گاڑی ۔

Wheel-base : (n) (۱) اساس چرخ؛ گاڑی کے اگلے اور پچھلے پہیوں کے زمین یا پٹری کے ساتھ نقطۂ اتصال کی درمیانی دوری ۔ (۲) اگلے اور پچھلے دھروں کے درمیان کی دوری (انچوں میں) ۔

Wheel box : (n) چرخ خانہ؛ جہاز کے پہیے کا خانہ ۔

Wheel-bug : (n) چکّر دار کھٹمل ۔

Wheel-carriage : (n) پہیے دار گاڑی ۔

Wheel-chair : (n) پہیے دار کرسی خصوصاً مریضوں کی کرسی ۔

Wheel chock : (n) پچر نما لکڑی کا یا دھات کا ٹکڑا جو ہوائی جہاز کے پہیے کے آگے لگا دیا جاتا ہے تاکہ ہوائی جہاز آگے حرکت نہ کرے (زمین پر) ۔

Wheel cross : (n) صلیب نما پہیّا؛ قدیم زمانے کا پہیّا جس میں چار آرے لگے رہتے تھے ۔

Wheel-excavator : (n) کھدائی کرنے والی پہیے دار مشین ۔

Wheel-governor : (n) عامل پرزہ جو گاڑی کے پہیے کے حلقے میں لگا رہتا ہے ۔

Wheel-guard : (n) (۱) تلوار یا چھرے کا مدور روک ۔ (۲) پہیے یا اس سے ملحق پرزوں کی حفاظت کرنے والا حصہ ۔

Wheel-horse : (n) چوکڑی وغیرہ میں بم کا گھوڑا ۔

Wheel-house : (n) سُکّان خانہ؛ جہاز کا وہ سائبان یا کمرہ جس میں پہیّا ہوتا ہے ۔

Wheel-lathe : (n) ریل گاڑی کے پہیے بنانے والا خراد ۔

Wheel-less : (a) (۱) بے پہیے کا ۔ (۲) جہاں پہیے دارگاڑیاں نہ ہوں ۔

Wheel-load : (n) پہیے کا بار (سڑک پر) ۔

Wheel-lock : (n) توڑے دار بندوق ۔

Wheel-map : (n) قدیم قرص نما نقشہ جس میں یروشلم کو درمیان میں دکھایا جاتا تھا ۔

Wheel of colour : (n) لونی سیربین؛ قندیل مناظر میں دو گول قرصوں کی تختی جس کو گھمانے سے طرح طرح کے رنگ پیدا ہوتے ہیں؛ رنگ گرداں ۔

Wheel of fortune : (n) (۱) تقدیر کا چکر؛ وہ چکر جو تقدیر کی دیوی کے ہاتھ میں دکھایا جاتا ہے ۔ (۲) (قرعہ اندازی) ایک پہیا جس پر ٹکٹوں کے نمبر پڑے ہوتے ہیں ۔

Wheel of life : (n) وظائف حیاتی؛ وہ عمل جس پر زندگی منحصر ہے؛ سنسار کا اعمال چکّر کی طرح؛ (مذہب) آواگون کا لامتناہی سلسلہ ۔

Wheel organ : (n) چرخی عضو (دوّار حشرے کا) ۔

Wheel-pit : (n) پہیا خانہ ۔

Wheel-plough : (n) پہیے دار ہل ۔

Wheel-spin : (n) پہیے کی گردش ۔

Wheel-tracery : (n) دولابی آرائشی کام ۔

Wheel-tread : (n) پہیے کا وہ حصہ جو زمین سے ملا رہتا ہے؛ پہیے کا کنارہ ۔

Wheel-watch : (n) جہاز کے پہیے کی نگرانی ۔

Wheel-well : (n) (ہوائی جہاز میں) پہیے کا خانہ (جس میں پہیے سکڑ کر اندر چلے جاتے ہیں) ۔

Wheel-window : (n) دولابی دریچہ؛ پہیےکی شکل کی کھڑکی جس میں پہیے کے دھروں کی طرح کا کٹاؤ ہوتا ہے ۔

Wheel-work : (n) گاڑی یا مشین کے پہیے ۔

Wheelage : (n) پہیے دار گاڑی کے چلنے کا محصول ۔

Wheeled : (a) (۱) پہیے دار ۔ (۲) پہیے پر چلنے والا ۔

Wheeler : (n) (۱) دولاب ساز؛ گاڑی کے پہیے بنانے والا ۔ (۲) چوکڑی وغیرہ میں بم کا گھوڑا؛ ان دو گھوڑوں میں سے ایک جو بم میں جوتے جاتے ہیں ۔ (۳) پہیے دار گاڑی ۔ (٤) پہیے دار گاڑی پر لے جانا ۔ (٥) (فوج) صف کا سب سے آخری سپاہی (پوری صف کے گھومنے میں) ۔ (٦) پہیے کے ذریعے جوتے کے کنارے پر دندانے بنانے والا ۔

Wheeler-dealer : (n) سیانا یا سازشی شخص؛ معاملے میں گڑبڑ کرنے والا ۔

Wheelerite : (n) [f. name of Lieut. G.M. Wheele of the U.S. Army.] (معدنیات) زردی مائل متحجر گوند جو نیومیکسیکو (New Mexico) میں پایاجاتا ہے ۔

Wheelie : (n) ایک ترکیب جس سے پہیوں والی گاڑی کو کچھ دیر کے لئے پچھلے پہیے پر چلاتے ہیں ۔

Wheeling : (n) (۱) ٹھیلنا؛ گاڑی چلانا ۔ (۲) (سڑک کی)قابل آمدورفت ہونے کی حالت ۔ (۳) جوتے کے کنارے پر دندانے بنانا ۔

Wheelman : (n) (۱) جہاز راں؛ جہاز چلانے والا؛ موٹر گاڑی چلانے والا ۔ (۲) سائیکل سوار؛ سائیکل چلانے والا ۔

Wheelrace : (n) وہ جگہ جہاں چرخی لگی رہتی ہے ۔

Wheelsman : (n) (امریکا) جہازراں؛ جہاز چلانے والا؛ پتوار چلانے والا؛ وہ جو پہیوں کی دیکھ بھال کرتا ہے؛ وہ آدمی جو سائیکل یا ٹرائیسکل چلاتا ہے (بول چال) ۔

Wheelwright : (n) دولاب ساز؛ گاڑی کے پہیّے یا پہیّے دار گاڑی بنانے والا؛ چرخ ساز ۔

Wheely : (a) (شاذ) پہیّا یا گردش سے متعلق ۔

Wheen : (a) [OE. 'hwene'.] کچھ؛ تھوڑا؛ چند؛ تھوڑا سا ۔

Wheen : (n) کچھ؛ چند ایک؛ کسی قدر؛ (برطانیہ) قابل لحاظ تعداد؛ اچھی خاصی تعداد یا مقدار ۔

Wheep : (n) [Imitative.] میان سے تلوار وغیرہ نکال لینے کی آواز؛ شٹ ۔

Wheeple : (v) [Imitative.] سیٹی بجانا؛ سیٹی کی آواز نکالنا؛ سن سن کرنا ۔

Wheeze : (n) (۱) خرخراہٹ؛ خرخر کی آواز ۔ (۲) (تھیٹر کا عامیانہ) فی البدیہہ لطیفہ؛ پھبتی؛ قصہ

جو ایکٹر پارٹ (ادا کاری) کے بیچ میں اپنی طرف سے کہے ۔

Wheeze : (v) [ON 'hvaesa'.] (۱) خرخراہٹ کے ساتھ سانس لینا؛ خرخر کرنا ۔ (۲) خرخر کرکے بولنا یا کہنا ۔

Wheezer : (n) خرخر کرنے والا ۔

Wheezily : (adv.) خرخر کرتے ہوئے؛ خرخراہٹ کے ساتھ ۔

Wheeziness : (n) خرخراہٹ؛ خرخراپن ۔

Wheezingly : (adv.) خرخر کرتے ہوئے؛ خرخراہٹ کے ساتھ ۔

Wheezle : (v) دیکھو Wheeze

Wheezy : (a) (۱) خرخر کرنے والا؛ خرخراہٹ سے مشابہ (آواز) ۔ (۲) خرخراہٹ کا؛ خرخرا ۔

Whekau : (n) [Maori.] سرخی مائل بھورا اُلو جو نیوزی لینڈ میں پایا جاتا تھا اور اب معدوم ہے ۔

Whelk : (n) [OE. 'weoloc, wiloc'.] ایک قسم کا صدفہ یا گھونگا جو کھایا جاتا ہے؛ دُھلک ۔

Whelk : (n) [Late OE. 'hwylea'.] (۱) پھنسی؛ مہاسا؛ چھوٹا سا دنبل ۔ (۲) بدھی؛ کوڑے یا چھڑی کا نشان (جسم پر) ۔

Whelk : (v) صدف جمع کرنا ۔

Whelk tingle : (n) ایک قسم کا بحری صدف ۔

Whelked/Welked : (a) (۱) بل دار؛ پر پیچ؛ پیچان ۔ (۲) جس کے جسم پر بدھیاں پڑی ہوں؛ مہاسے دار ۔

Whelm : (n) (۱) چوبی بدر رو؛ جو پہلے درخت کو دو حصوں میں چیر کر اور کھوکھلا کر کے بنایا جاتا ہے ۔ (۲) تلاطم؛ موجزن ہونا ۔

Whelm : (v) [OE. 'whelme'.] (۱) الٹ دینا (کسی ظرف کو کسی چیز کو چھپانے کی غرض سے)؛ کسی چیز کو کسی چیز پر زور سے پھینکنا، چھپانے یا اسے کچلنے کے لئے ۔ (۲) (مجازاً) (غم وغیرہ کے) بوجھ سے کچل ڈالنا؛ مار ڈالنا ۔ (۳) غرق کردینا؛ ڈبو دینا؛ غرق آب کر دینا ۔ (٤) (مٹی، برف سے) ڈھک دینا؛ دفن کردینا ۔

Whelp : (n) [OE. 'hwelp'.] (۱) پلا؛ (کتے، شیر، چیتے، بھیڑیے وغیرہ کا) بچہ ۔ (۲) بدتمیز وحشی بچہ یا چھوکرا ۔ (۳) بدحال یا کمینہ آدمی؛ خودپسند انسان ۔ (٤) (بحری) لنگر چرخ یا آہنجہ کے استوانے کا طولی ابھار ۔ (٥) درمیانے سائز کا امدادی جنگی جہاز (سترھویں صدی کے اوائل کا) ۔

Whelp : (v) (۱) بچے دینا؛ بیانا؛ جننا ۔ (۲) (عورت کے لئے تحقیر کے طور پر) جننا ۔ (۳) گھڑنا؛ بُنا ڈالنا (سازش، شرارت کا منصوبہ وغیرہ) ۔

Whelp : (n) بدھی؛ برت (جو کوڑے وغیرہ کی چوٹ سے جسم پر پڑجاتا ہے) ۔

Whelpless : (a) بے پلا؛ بے بچہ کی ۔

Whelve : (v) [ME. 'whelven'.] طشتری وغیرہ الٹ کر (کسی چیز کو) چھپانا ۔

Whemmel/Whemmle : (v) [alt. of Whelm.] (اسکاچستان) دیکھو Upset

Whemmel/Whemmle : (n) (اسکاچستان) دیکھو Overthrow

When : (adv.) [OE. 'Hwenne'.] (۱) کب؛ کس وقت؛ کس طرح ۔ (۲) جب؛ جب کبھی؛ جس وقت؛ جوں ہی ۔ (۳) جبکہ ؛ حالانکہ ۔ (٤) جس کے بعد ہی؛ جس کے ساتھ ہی ۔ (٥) مگر عین اسی وقت ۔ (٦) جس پر؛ جس کے بعد؛ تب ۔

Say when : دیکھو بتا دینا کہ کب شروع کرنا یا ختم کرنا ہے ۔

When : (n) وقت؛ تاریخ؛ مدت ۔

When : (conj.) (۱) جبکہ ۔ (۲) جیسے ہی ۔ (۳) جب بھی ؛ جس وقت بھی ۔ (٤) اگر؛ بشرطیکہ ۔ (٥) باوجودیکہ؛ اگرچہ ۔

When : (pron.) جب سے؛ جس وقت سے ۔

When as/Whenas : (adv. & conj.) (۱) جبکہ ۔ (۲) کسی بھی حالت میں جبکہ ۔ (۳) چونکہ ؛ اس لئے کہ ۔ (٤) دوسری طرف جبکہ ۔

Whence : (adv.) [ME. 'whannes, whennes'.] (۱) کدھر سے؛ کس جگہ سے؛ کہاں سے ۔ (۲) کس طرح سے؛ کیسے؛ کیوں ۔ (۳) جدھر سے؛ جس جگہ سے؛ جہاں سے ۔ (٤) جس طرح سے؛ جیسے؛ جس وجہ سے ۔

Whence : (n) مبدا؛ آغاز؛ منبع -

Whence forward : (adv.) تب سے -

Whencesoever/Whensoe'er/Whencever : (a) (۱) جہاں سے بھی - (۲) آخر کہاں سے -

Whenever : (conj.) (۱)جب کبھی؛جب بھی - (۲)(اسکاچستان) جیسے ہی -

Whenever : (adv.) جب کبھی؛ جوں ہی؛ جس وقت -

Whenness : (n) ہونا (زمانی لحاظ سے) -

Whenso : (adv.& conj.) [OE. 'Swa hwanne Swa'.] دیکھو Whenever

Whensoever/Whensoe'er : (adv.&conj.) (۱) جب کبھی ؛ جوں ہی - (۲) کسی وقت بھی -

Whensomever : (adv.) دیکھو Whensoever

Where : (adv) [OE. 'hwaer'.] (۱) کہاں؛ کدھر؛ کس جگہ؛ کس طرف - (۲) جہاں؛ جس جگہ؛ جدھر - (۳) کہاں پر؛ کس جگہ -

Where : (conj) (۱)جہاں؛ جہاں کہ - (۲) دیکھو Wherever - (۳) جس جگہ ؛ جہاں - (٤) اس حالت میں - (٥) جہاں تک کہ؛ جس حد تک - (٦) اس طرح کا کہ -

Where : (n) جگہ؛ مقام -

Where : (pron.) کس جگہ؛ کس مقام پر -

Whereabout : (adv.) (۱) کہاں؛ کس مقام پر - (۲) جہاں؛ جس مقام پر -

Whereabouts : (adv.) دیکھو Whereabout

Whereabouts : (n) مقام؛ ٹھکانہ؛ پتہ؛ نشان -

Whereafter : (adv.) جس کے بعد -

Whereanent : (adv.) جس کے متعلق -

Whereas : (adv.) (۱) چونکہ - (۲) جبکہ؛ بخلاف اس کے - (۲) اگرچہ؛ باوجودیکہ؛ برچند؛ گو -

Whereas : (conj.) (۱) (ضابطے کی تحریروں میں) برگاہ کہ - (۲) درآنحالیکہ؛ حالانکہ -

Whereas : (n) (۱) ابتدائی یا تمہیدی بیان - (۲) مشروط بیان -

Whereat : (adv.) کس پر ؛ کس بات پر -

Whereaway : (adv.) (۱) کہاں؛ کدھر؛ کس سمت میں؛ کس طرف کو - (۲) کہاں؛ کس مقام پر -

Whereby : (adv.) (۱) کس جگہ؛ کس طرف - (۲) کس ذریعے سے؛ کس بات سے؛ کاہے سے - (۳) جس ذریعے سے؛ جس بات سے؛ جس سے -

Wherefor : (adv.) جس کے لئے -

Wherefore : (adv.) (۱) کس واسطے؛ کس لئے؛ کیوں - (۲) جس واسطے؛ جس سبب سے؛ جس لئے -

Wherefore : (n) وجہ؛ سبب -

Wherefrom : (adv.) (۱) کہاں سے - (۲) جہاں سے؛ جس سے -

Wherein : (adv.) (۱) کس بات میں؛ کس لحاظ سے - (۲) جس بات میں - (۳) جہاں ؛ کہاں - (٤) جس کے متعلق -

Whereinsoever : (adv.) چاہے جس بات میں؛ چاہے جس لحاظ سے -

Whereinto : (adv.) (۱) کس میں - (۲) جس میں -

Whereness : (n) مقام؛ حالت؛ ہونا (مکانی لحاظ سے) -

Whereof : (adv.) (۱) کس کا؛ کس چیز کا - (۲) جس کا - (۳) کہاں سے - (٤) کس واسطے؛ کس لئے - (٥) کس کے متعلق؛ کس لحاظ سے -

Whereon : (adv.) (۱) کس پر - (۲) جس پر -

Whereout : (adv.) (۱) کس میں سے - (۲) جس میں سے -

Whereover : (adv.) جس پر -

Whereso : (conj.) (۱) جہاں کہیں؛ جدھر بھی - (۲) جس طرح بھی -

Wheresoever/Wheresoe'er : (adv.) جہاں کہیں -

Wherethrough : (conj.) (۱) کس میں - (۲) جس میں - (۳) جس وجہ سے؛ جس سے -

Whereto : (adv.) (۱) کس لئے؛ کاہے کےلئے ۔(۲) جہاں؛ جس طرف ۔(۳) جس پر ؛ جس کے جواب میں ۔ (٤) کس کو؛ کس طرف؛ کدھر ۔

Whereunder : (adv.) (۱) کس کے نیچے ۔(۲) جس کے نیچے ۔

Whereuntil : (adv.) دیکھو Whereto

Whereunto : (adv.) دیکھو Whereto

Whereup : (conj.) کس پر؛ جس پر ۔

Whereupon : (adv.) (۱) کس پر ۔(۲) جس پر؛ جس کے بعد؛ تب۔

Wherever/Where'er : (adv.) (۱) کہاں ۔(۲) جہاں کہیں ۔

Wherewith : (adv.) (۱) کس سے؛ کس کےساتھ۔(۲) جس سے؛ جس کے ساتھ ؛ جس کے علاوہ ۔(۳) جس کے سبب؛ جس کے ذریعے ۔(٤) جس پر ۔

Wherewith : (pron.) جس سے؛ جس کے ذریعے ۔

Wherewith : (n) وسائل خصوصاً روپیہ؛ مصارف؛ خرچ ۔

Wherewithal : (adv.) (۱) کس کے ساتھ۔(۲) کس سے؛ کس کے ذریعے ۔(۳) جس سے؛ جس کے ذریعے ۔

Wherewithal : (n) دیکھو Wherewith

Wherewithal : (pron) جس سے؛ جس کے ذریعے ۔

Wherret/Wherrit : (v) [Imit.] پریشان کرنا؛ تنگ کرنا؛ ستانا؛ دق کرنا ۔

Wherry : (n) [Origin unkn.] (۱) ڈونگی؛ مال اور مسافروں کو دریا پار اتارنےکی ہلکی کشتی ۔(۲) بجرے کی قسم کی بڑی کشتی ۔(۳) چارپہیوں والی گاڑی جس میں کنارے نہیں ہوتے ہیں ۔

Wherry : (v) ڈونگی یا بڑی کشتی میں لے جانا ۔

Wherryman : (n) (۱) ڈونگی یا بڑی کشتی چلانے والا(ملاح) ۔(۲) دیکھو Water strider ۔

Whet : (n) (۱) سان رکھنے کا عمل؛ تیز کرنا ۔(۲) کسی تحریر کو درست کرنا؛ گاٹ چھانٹ کرنا ۔ (۳) (مجازاً) سبب؛ باعث ۔ (٤) درانتی کو دو بار تیز کرنے کے درمیان کا وقفہ ۔(٥) (مجازاً) کسی چیز کی قلیل مقدار جو خواہش کو اور بھڑکا دے؛ محرک اشتہا ۔ (٦) چسکی؛ شراب وغیرہ کا ذرا سا گھونٹ ۔

Whet : (v) [OE. 'hwettan'.] (۱) سان لگانا؛ (کسی چیز کو) رگڑ کر تیز کرنا؛ دھار رکھنا۔ (۲) تیزکرنا (بھوک یا معدے کو)؛ بھڑکانا (خواہش کو) ۔

To whet one's whistle : شراب کی چسکی لےکر گلا صاف کرنا ۔

Whether : (pron.&a) [OE. 'hweper'.] (۱) کون؛ دو میں سے کون سا ۔ (۲) دو میں سے کوئی بھی؛ دو میں سے جو ۔

Whether : (conj.) خواہ؛ چاہے ۔

Whether or no (not) : برصورت میں؛ دونوں صورتوں میں ۔

Whether : (n) ترجیح ۔

Whether ; (adv.) بہرحال میں؛ بہرحال؛ بہرصورت ؛ بہر تقدیر؛ جو کچھ بھی ہو ۔

Whetrock : (n) (۱) سان؛ سِلّی؛ اوزار تیز کرنے کا پتھر ۔ (۲) دیکھو Whetstone ۔

Whetslate : (n) سلیٹ جس پر کاٹنے، تراشنے والےاوزاروں کو رگڑکر تیز کرتے ہیں ۔

Whetstone : (n) [OE. 'hwetstan'.] (۱) سان؛ سِلّی؛ اوزار تیز کرنے کا پتھر ۔ (۲) ذہن یا عقل کو تیز کرنے والی چیز ۔

To lie for the whetstone : پکا جھوٹا ہونا؛ دروغ گو ہونا ۔

Whetten : (v) دیکھو Whet

Whetter : (n) (۱) سان چڑھانے والا ۔(۲) (خواہش کو تیز) کرنے والا ۔

Whew : (n) [Imitative.] (۱) سیٹی کی آواز؛ سن سن کی آواز ۔ (۲) Whew کی آواز۔(۳) دیکھوWhewer ۔

Whew : (v) (۱) سیٹی بجانا؛ سن سن کرنا ۔(۲) Whew کی آوازنکالنا ۔ (۳) تیزی سےچلنایا حرکت کرنا ۔

Whew : (int.) حرف فجائیہ (خوف یا پریشانی ظاہر کرتے وقت) ارے غضب۔

Whew-duck : (n) ایک قسم کی جنگلی مادہ بطخ۔

Whewellite : (n) [f. name of Prof. William Whewel.] (معدنیات) کیلسیم اکسیلیٹ (Calcium Oxalate)۔

Whewer : (n) ایک قسم کی جنگلی مادہ بط۔

Whewl : (v) [Imitative.] چیخ کر یا رو رو کر کہنا۔

Whey : (n) [OE. 'hwaeg'.] پنیر الگ کرنے کے بعد بچا ہوا دودھ کا پانی، پھٹے ہوئے دودھ کا پانی۔

Alum whey : پھٹکری کے ذریعے جمائے ہوئے دہی کا چھاچھ۔

Celery whey/Mustard-/Sack-/Wine- : بعض قسم کے مشروب اور دواؤں کے نام۔

Whey : (v) چھاچھ الگ کرنا یا ہونا۔

Whey : (a) چھاچھ کا یا چھاچھ سے متعلق۔ (۲) زرد؛ پیلا۔

Whey-butter : (n) چھاچھ سے بنایا ہوا مکھن۔

Whey-cream : (n) (دہی الگ کرنے کے بعد) چھاچھ میں بچی ہوئی کریم۔

Whey-face : (n) زرد رو شخص؛ پیلے چہرے والا آدمی۔

Whey-faced : (a) زرد رو؛ جس کا رنگ خوف سے پیلا پڑگیا ہو۔

Wheyey : (a) چھاچھ جیسا؛ چھاچھ سے مشابہ۔

Wheyish : (a) دیکھو Wheyey

Wheyishness : (n) چھاچھ جیسا ہونا؛ چھاچھ سے مشابہ ہونا۔

Which : (a&pron.) [OE. 'hwilc'.] (۱) کون سا؛ کون جو۔ (۲) کون شخص؛ کون چیز۔

To tell t'other from which : (مزاحاً) دو اشخاص یا چیزوں میں تمیز کرنا۔

Which is which : (ان چیزوں یا اشخاص میں) کس کا کیا نام ہے۔

Whichaway : (n) (۱) (قدیم) کہاں۔ (۲) ہر طرف؛ بے قاعدہ طور پر؛ بے قاعدگی سے۔

Whichever : (n) ان میں سے جو بھی۔

Whichever : (a) جو بھی؛ کوئی بھی۔

Whichsoever : (a&pron.) دیکھو Whichever

Whichway : (adv.) دیکھو Whichaway

Whicker : (v) [Imitative.] (۱) چپکے چپکے ہنسنا؛ دبی ہوئی ہنسی ہنسنا؛ منہ دبا کر ہنسنا۔ (۲) (گھوڑے کا) ہنہنانا۔

Whicker : (n) (۱) دبی ہوئی ہنسی۔ (۲) ہنہنانا۔

Whid : (n) [Origin unkn.] (۱) دیکھو Word۔ (۲) (اسکاچستان) دیکھو Lie۔

Whid : (n) [Of Scand. Origin.] خاموش تیزحرکت۔

Whid : (v) پھرتی سے اور خاموشی سے چلنا۔

Whidah/Whydah : (n) [Name of a town in Dahomey, West Africa.] بعض جانور یا پرندے کے نام کے ساتھ آتا ہے۔

Whidah-bird : (n) ابوسیف؛ ویڈا؛ مغربی افریقہ کی ایک قسم کی چھوٹی چڑیا۔

Whidah-goat : (n) مغربی افریقہ کی بکری۔

Whidah-thrush : (n) مغربی افریقہ کی ایک چڑیا۔

Whiff : (n) [Imitative.] (۱) ہلکا سا جھونکا، سانس؛ دم۔ (۲) مہک؛ ہلکی سی خوشبو؛ خفیف سی بدبو۔ (۳) (تمباکو کا) ایک کش؛ دھوئیں کی وہ مقدار جو ایک کش میں آئے۔ (٤) چھوٹا چرٹ۔ (٥) ہلکی سیٹی؛ کش لینے یا ہوا کے چلنے سے نکلنے والی سیٹی کی سی آواز۔ (٦) گولی یا انفجاری مادے کا داغا جانا۔ (۷) جھنڈا جو بطور سگنل لگایا جائے۔ (۸) ہلکی قلابے دار چپوؤں کی کشتی جسے ایک آدمی چلاتا ہے۔

Whiff : (n) ایک قسم کی چپٹی مچھلی۔

Whiff : (v) (۱) (ہوا وغیرہ کا) ہلکا جھونکا چلنا؛ ہوا کے جھونکے کی سی آواز نکالنا۔ (۲) جھونکے سے اڑا دینا یا بہا کر لے جانا۔ (۳) ہوا کے جھونکے کے ساتھ بہنا۔ (٤) آہستہ کش لینا۔

(٥) مہکنا، خوشبو دینا ۔ (٦) شیخی بگھارنا ۔ (٧) تمباکو پینا ۔

Whiff : (v) ایسی کشتی سے مچھلی کا (خصوصاً میکرل کا) شکارکرنا جس کا چارہ سطح کےقریب تیرتا ہو ۔

Whiffet : (n) [alter. of Whippet.] (١) بہت چھوٹا کتا ۔ (٢) چھوٹا، کم عمر یا معمولی آدمی ۔

Whiffing : (n) میکرل مچھلی کا شکار کرنا ۔

Whiffle : (v) (١) جھونکوں میں بہنا ۔ (٢) (ہوا کا یا جہاز کا) رخ بدلنا ۔ (٣) جھونکوں سے بہنا یا بہانا ۔ (٤) سیٹی کی ہلکی آواز نکالنا ۔ (٥) تلوار کو لہرا کر سن سن کی آواز پیدا کرنا ۔

Whiffle : (n) جھونکا؛ پھونک ۔

Whiffler : (n) [OE. 'wifel'.] وہ جماعت جو جلوس کے لئے راستہ صاف کرتی ہے ۔

Whiffler : (n) حقیر، ادنیٰ یا قابلِ نفرت شخص ۔

Whiffling : (a) جھونکوں میں بہنے والی؛ غیرمستقل؛ بے قاعدہ؛ تغیرپذیر؛ معمولی؛ حقیر؛ ادنیٰ ۔

Whig : (n) [Of unascertained origin.] (١) پھٹا ہوا دودھ یا کریم ۔ (٢) چھاچھ ۔ (٣) خمیری چھاچھ کا بنایا ہوا مشروب ۔

Whig : (n) [Perhaps shortening of Whiggamore.] (١) سترھویں صدی کی اسکاچستانی پریسبیٹیرین تحریک کا حامی ۔ (٢) وہگ؛ انگلستان کی ایک قدیم سیاسی جماعت کا رکن جو سنہ ١٦٨٨ء کے انقلاب کی حامی تھی؛ (ٹوری یعنی قدامت پسندوں کے مقابل) اور اقتدار شاہی کو پارلیمنٹ کے ماتحت کرنا چاہتا تھا (موجودہ لیبرپارٹی اس کی قائم مقام ہے)۔ (٣) امریکی نوآبادکار جو امریکی آزادی کا حامی تھا ۔

Whig : (a) وہگ؛ وہگ کی حمایت کرنے والا؛ وہگ سے متعلق ۔

Whig : (v) وہگ کی طرح کام کرنا؛ وہگ کی طرح حمایت کرنا؛ وہگ ہونا ۔

Whig : (v) ڈگماتے ہوئے چلنا ۔

Whiggamore : (n) [Sc. 'wiggamaire'.] مغربی اسکاچستان کے باغیوں کی ایک جماعت جو سنہ ١٦٤٨ء میں شاہ (ڈیوک آف ہیملٹن) کی مخالفت کرنے کے لئے ایڈن برا چلی آئی تھی ۔

Whiggery : (n) وہگ پارٹی کے اصول ۔

Whiggish : (a) (١) وہگ ۔ (٢) کسی قدر وہگ خیالات اور رویہ رکھنے والا ۔

Whiggishly : (adv.) وہگ کی طرح ۔

Whiggishness : (n) وہگ خیالات یا اصول ۔

Whiggism/Whigism : (n) وہگ پارٹی کے اصول ۔

Whigmaleerie/Whigmaleery : (n) [Origin unkn.] وہم؛ خیال پریشاں؛ گمان؛ خیال باطل ۔ (٢) نکمی آرائشی چیز؛ نمائشی چیز ۔

While : (n) [OE. 'hwil'.] (١) وقت؛ مدت؛ عرصہ ۔ (٢) (خصوصاً) (محنت یا تکلیف میں) گزارا ہوا وقت ۔ (٣) کوشش؛ سعی؛ مشقت ۔

All the while : برابر؛ پوری مدت تک ۔

At while : تھوڑی مدت؛ کچھ عرصہ؛ اچھی خاصی مدت ۔

At whiles : کبھی کبھی؛ گاہے گاہے ۔

Between whiles : دیکھو Between-whiles

In a little while : تھوڑی دیر میں؛ جلد ۔

Mean while : دیکھو Mean while

Once in a while : گاہے گاہے، کبھی کبھی ۔

That or this while/ All this while : اس اثناء میں ۔

The while : اس اثناء میں ۔

To make it worth (a person's) while : معقول معاوضہ دینا ۔

Worth one's while : جو کسی کے وقت کا صحیح مصرف ہو ۔

Worth-while : کار آمد؛ بامصرف؛ جو وقت کا صحیح مصرف کہا جاسکے ۔

While : (conj) (۱) جس وقت میں؛ جس عرصے میں؛ جس اثنا میں ؛ جبتک ۔ (۲) درآں حالیکہ ؛ گرچہ ۔ (۳) پوری مدت میں؛ برابر ۔ (٤) قبل (اختتام، سے) قبل اس کے کہ؛ اس دوران ۔ (٥) جب تک کہ؛ تاوقتیکہ ۔ (٦) اسی وقت ۔ (۷) اس کے برعکس ؛ دوسری طرف ۔ (۸) علاوہ اس کے ۔ (۹) (....) وقت تک؛ یہاں تک کہ؛ تک ۔

While : (v) (۱) وقت گزارنا؛ وقت کاٹنا ۔ (۲) بہلانا؛ تفریح کرنا ۔

Whilere : (adv.) دیکھو Erewhile

Whiles : (adv.) کبھی کبھی، گاھے گاھے ۔

Whilie/Whiley : (adv.) تھوڑی دیر ۔

Whilk : (اسکاچستان) دیکھو Which

Whillaballoo : (n) دیکھو Hullabaloo

Whillaloo/Whillalluh/Whillilew : (n) [Ir. Gael. 'uile liugh'.] دیکھو Hullabaloo

Whillikers/Whillikins : (n)[Origin unkn.] حیرت؛ جوش وغیرہ کے اظہار کا حرف فجائیہ ۔

Whilly : (v) خوشامد سے راضی کرنا؛ للّو پتو سے راضی کرنا؛ پھسلانا ۔

Whillywha : (n) [Origin unkn.] (۱) خوشامدی شخص؛ چاپلوس شخص ۔ (۲) خوشامد؛ چاپلوسی ۔

Whillywha : (v) (۱) خوشامدکرنا؛ للّوپتو کرنا۔ (۲) پھسلانا ۔

Whilom : (adv.) [OE. 'hwilum'.] پہلے؛ کسی زمانے میں ۔

Whilom : (a) سابق ۔

Whilst : (adv &conj) دیکھو While

Whim : (n) [Origin unkn.] (۱) خیال جو یک بیک یا اچانک آجائے؛ من کی موج؛ لہر؛ ترنگ؛ خبط ؛ وہم ۔ (۲) مزاج؛ افتاد مزاج؛ طبعی میلان؛ رجحان؛ رغبت؛ میل ۔ (۳) چرخ اثقال معدنی؛ اٹھانے کا چرخ یا آہنجہ ۔

Whim : (v) (۱) خیالی طور پر چاہنا یا خواہش کرنا ۔ (۲) (سر کا) چکرا جانا ۔

Whim gin : (n) چرخ اثقال؛ اٹھانے کا آہنجہ ۔

Whim-wham : (n) [Origin unkn.] (۱) بازیچہ ؛ کھلونا ۔ (۲) (خصوصاً) زیور کی قسم کی کوئی چھوٹی چیز ۔ (۳) لہر؛ ترنگ؛ خبط ؛ وہم ۔ (٤) ہذیان؛ اضطراب؛ پریشانی ۔

Whimberry : (n) ایک قسم کی گوندنی ۔

Whimbrel : (n) [perh. Imitative.] پن ککڑی؛ ایک قسم کی مرغابی ۔

Whimper : (n) (۱) بسورنا؛ ریں ریں؛ روں روں ۔ (۲) میں میں (کی آواز) ۔ (۳) اسی قسم کی کتے کی آواز۔ (٤) چڑچڑا کر یا روں روں کرکے شکایت کرنا ۔

Whimper : (v) [Imitative.] (۱) بسورنا؛ ریں ریں کرنا ؛ روں روں کرنا ۔ (۲) منمنانا؛ منمنا کر کہنا؛ بسور کر کہنا ۔ (۳) (کتے کا) غوں غوں کرنا؛ جھلا کر آہستہ آواز نکالنا ۔ (٤) ہوا یا بہتے ہوئے پانی کا) مسلسل غم آگیں سرسراہٹ کی آواز پیدا کرنا ۔

Whimperer : (n) بسورنے والا؛ منمنانے والا؛ منمنا ۔

Whimperingly : (adv.) روں روں کرتے ہوئے ۔

Whimsical : (a) [f. Whimsy+-al.] (۱) موجی؛ من موجی؛ مزاج؛ وہمی؛ وسواسی ۔ (۲) انوکھا؛ نرالا؛ عجیب طرح کا؛ عجیب و غریب ۔

Whimsical : (n) ملکہ این (Queen Anne)کے زمانےمیں توریوں (Tories) کی ایک جماعت کا نام ۔

Whimsicality : (n) (۱) موجی پن؛ تلون ۔ (۲) انوکھا پن؛ نرالاپن ۔

Whimsically : (adv.) (۱) موجی پن سے؛تلون سے ۔ (۲) انوکھے طریقے سے؛ عجیب طرح سے ۔

Whimsicalness : (n) موجی پن؛ تلون؛ انوکھا پن ۔

Whimsy/Whimsey : (n) (۱) لہر؛ من کی موج؛ ترنگ؛ خبط ۔ (۲) عجیب وغریب چیز ۔ (۳) اٹھانے کا آہنجہ ۔

Whimsy/Whamsy : (n) لہر؛ ترنگ؛ خبط ؛ وہم ۔

Whin : (n) [Of Scand. origin.] بعض قسم کی خاردار جھاڑی یا گھاس جس میں زرد پھول ہوتے ہیں ۔

Common whin/ Lady-/ Land- : ایک جھاڑی جس کی جڑ سخت ہوتی ہے ۔

Needle whin/Heather-/Moor-/Moss : Petty whin دیکھو

Petty whin : Common whin دیکھو

Whin : (n) [Origin unkn.] (۱) سیاہ پتھر ۔(۲) دیکھو Whinstone ۔

Whin : Whim دیکھو

Whin-bush : (n) ایک قسم کی جھاڑی ۔

Whin-srock : (n) سخت ریت کے پتھر اور بسالٹ کی چٹانوں کی قسم؛ ون پتھر؛ سیاہ پتھر ۔

Whin-sill : (n) ون پتھر کی تہ؛ سیاہ پتھر ۔

Whinchat : (n) ایک قسم کی چھوٹی یورپی چڑیا ۔

Whine : (n) کتے یا کتے کی طرح رونے کی آواز؛ شکایت ۔

Whine : (v) [OE. 'hwinan'.] (۱) (کتے کا) رونا؛ کتے کی طرح رونا ۔ (۲) جھینکنا؛ شکایت کرنا؛ رو رو کر کہنا ۔(۳) رو رو کر گزارنا یا برباد کرنا ۔

Whiner : (n) جھینکنے والا ؛ شکایت کرنے والا ؛ رونے والا؛ زاری کرنے والا ۔

Whing : (int) [Imitative.] تیز گونجتی ہوئی آواز کو ظاہر کرنے کا لفظ ۔

Whing : (n) تیز گونجتی ہوئی آواز ۔

Whing : (v) زور سے حرکت کرنا ۔

Whinge : (v) [OE. 'hwinsian'.] رونا؛ رو رو کر کہنا؛ شکایت کرنا ۔

Whinge : (n) رونا؛ شکایت ۔

Whinger : چھرا؛ چھوٹی تلوار یا خنجر ۔

Whining : (a) جھینکنے والا؛ شکایت کرنے والا؛ رونے والا ۔

Whiningly : (adv.) (۱) کتے کی طرح روتے ہوئے ۔(۲) جھینکتے ہوئے، شکایت کرتے ہوئے ۔

Whinner : (v) [Frequentative of 'Whine'.] آہستہ سے رو رو کر کہنا ۔

Whinner : (n) آہستہ رونا؛ شکایت ۔

Whinnock : (n) دیکھو Whimper

Whinny : (a) کانٹوں والی جھاڑیوں سے بھرا ہوا ۔

Whinny : (n) ہنہناہٹ ۔

Whinny : (v) [Imitative.] (گھوڑے کا) آہستہ سے یا خوشی میں ہنہنانا ۔

Whinstone : (n) دیکھو Whin-rock

Whiny : (a) شکایت کرنے والا؛ جس کو شکوہ شکایت کی عادت ہو ۔

Whinyard : (n) چھرا؛ چھوٹی تلوار یا خنجر ۔

Whip : (n) (۱) کوڑا؛ چابک ؛ تازیانہ ۔(۲) کوچوان؛ ہانکنے والا ۔ (۳) چابک دار؛ وہ جو شکاری کتوں کو قابو میں رکھتا ہے ۔(٤) (مجازاً) منتظم ؛ وہ عہدہ دار جو پارلیمنٹ میں اپنی پارٹی کے ممبروں میں نظم و ضبط قائم رکھتا ہے ؛ وہپ ۔ (٥) حاضری کا حکم جو پارٹی کے ممبروں کو خاص موقعوں پر بھیجا جاتا ہے (اس کے نیچے جتنے خطوط کھینچے ہوئے ہوں اتنا ہی زیادہ اسے اہم سمجھا جاتا ہے) ۔ (٦) چرخی رسی جس کے ذریعے چیزوں کو اوپر اٹھاتے ہیں ۔ (۷) کوڑے یا چابک سے مشابہ کوئی چیز ۔ (۸) کوچوانی ۔(۹) کوڑے یا چابک کی ضرب ۔ (۱۰) (کسی فنڈ میں) چندہ دینے کی اپیل ۔(۱۱) پھینٹے ہوئے انڈے، کریم وغیرہ کی بنی ہوئی چیز ۔ (۱۲) لچک؛ جھکنا ۔(۱۳) (شمشیر زنی) تلوار کا ایک وار جس میں تلوار کا پھل حریف (کی تلوار) کے پھل سے مل کر پھسلتا ہے ۔ (۱٤) پون چکی کے بادگیر کا بازو ۔(۱٥) (کشیدہ کاری) ایک قسم کی بخیہ ۔ (۱٦) کپڑے میں نقش و نگار بنانے کا فاضل سوت (جو تانے یا بانے کا نہ ہو) ۔(۱۷) لچک؛ لوچ ۔(۱۸) دیکھو Whipround ۔ (۱۹) ایک قسم کی تفریح جس میں گاڑی جھٹکوں کے ساتھ گھومتی ہے ۔(۲۰) سفری ریڈیو کا چھوٹا ہوائیہ ۔

Whip : (v) [ME. '(h) 'wippen'.] (۱) جھپٹنا؛ تیزی سے چلا جانا ؛ بھاگ کر چلا جانا ۔ (۲) نکالنا؛ کھینچنا (تلوار وغیرہ) ۔ (۳) لپیٹنا (ستلی وغیرہ)؛ ٹانکے لگانا ۔ (٤) چابک لگانا؛ کوڑے سے پیٹنا یا مارنا ۔ (٥) (عام) شکست دینا ؛ سبقت لے جانا ۔ (٦) (بحری) چرخی کے ذریعے اٹھانا یا گرانا ۔ (۷) چرخی میں رسی ڈال کر اٹھانا (کوئلہ وغیرہ) ۔ (۸) اچانک بول پڑنا ؛ بول اٹھنا ۔ (۹) (عام) ایک دم سے چڑھ جانا ۔ (۱۰) (شمشیر زنی) ایسا وار کرنا کہ تلوار کا پھل حریف کے پھل سے مل کر پھسلے ۔ (۱۱) زور سے حرکت دینا ۔ (۱۲) لتی سے لٹو نچانا۔ (۱۳) پھینٹنا (انڈے وغیرہ) ۔ (۱٤) کوڑے کی سی حرکت دےکر شست پھینکنا (ماہی گیری میں) یا اس طرح سے کھینچنا ۔ (۱٥) تنگ کرنا ؛ پریشان کرنا ۔ (۱٦) اشتعال دینا؛ حرکت دینا ۔ (۱۷) شرکت کے لئے بلانا ۔ (۱۸) کنارے کو سی دینا؛ جھالر وغیرہ لگانا ۔

To whip into shape : زبردستی خوابش کے مطابق بنانا ۔

To whip the cat : (۱) سفری نجار؛ درزی وغیرہ کا کام کرنا (جو گھر گھر جاکر دن میں کام کرے) ۔ (۲) عملی مذاق کرنا ۔ (۳) بے حد کفایت شعاری کرنا ۔ (٤) سوموار کے دن کام کرنے سے جی چرانا ۔ (٥) (وبسٹ کھیل میں) سب بازی جیت لینا ۔

To whip the devil (or the old gentleman) round the post/-stump : چھپ چھپا کر یا گھما پھرا کر کرنا (کسی کام کو) ۔

Whip and derry : (n) چرخی رسی جس کے ذریعے کوئلہ اوپر اٹھاتے ہیں ۔

Whip and spur : (n) اپنی پوری رفتار سے؛ غضبناک رفتار سے ۔

Whip behind : (n) گھوڑا گاڑی کے پیچھے چڑھنے والوں کے لئے کوچوان کی دھمکی (جو اس کی اجازت کے بغیر چڑھ جاتے ہیں) ۔

Whip-beam : (n) ایک قسم کا چھوٹا درخت جس کی پتیاں چاندی کی طرح چمکتی ہیں ۔

Whip belly : (n) (عام) پتلی اور ہلکی بیئر شراب ۔

Whip-cat : (n) گھر گھر جاکر کام کرنے والا ۔

Whip-cord : (n) (۱) ایک قسم کی ڈوری جس سے کوڑے بنائے جاتے ہیں؛ چابک کا وہ حصہ جو ڈوری کا بنا ہوتا ہے ۔ (۲) ایک قسم کی تانت ۔ (۳) ایک قسم کا اونی کپڑا ۔ (٤) ایک سمندری گھاس ۔

Whip-crack : (n) کوڑے پٹخارنا؛ کوڑا پٹخارنے کی آواز ۔

Whip-cracker : (n) (۱) کوڑے پٹخارنے والا ۔ (۲) سخت گیر ۔

Whip-crane : (n) چرخی دار دمکلا ۔

Whip-crop : (n) کچھ درخت جن کی ٹہنیوں سے چابک کے دستے بنائے جاتے ہیں ۔

Whip-eel : (n) ایک قسم کی بام مچھلی ۔

Whip-ended : (a) (کمان) جو سرے پر سے بہت زیادہ جھک جائے ۔

Whip-fish : (n) ایک قسم کی مچھلی جس کا درمیانی کانٹا بہت لمبا ہوتا ہے؛ کوڑا مچھلی ۔

Whip-grafting : (n) قلم لگانے کا ایک قدیم طریقہ جس میں تنے کو صرف ایک طرف سے کاٹتے ہیں ۔

Whip-hand : (n) (۱) وہ ہاتھ جس سے چابک پکڑا جاتا ہے؛ داہناہاتھ ؛ ہاتھ جس میں تازیانہ یا کوڑا ہو ۔ (۲) (مجازاً) فوقیت؛ برتری؛ قابو؛ اختیار؛ اقتدار ۔

To have the whip-hand of : فوقیت رکھنا؛ اختیار رکھنا؛ برتری حاصل کرنا ۔

Whip-handle : (n) چابک یا کوڑے کا دستہ ۔

Whip in : (v) شکاری کتوں کو کوڑے مار کر غول میں واپس لانا ۔

Whip-lash : (n) (۱) چابک، کوڑے وغیرہ کی مار یا ضرب، چابک کا تسمہ ۔ (۲) چابک کے تسمے سے مشابہ کوئی چیز ۔

Whip-lash injury : (n) گاڑی کے ٹکرا جانے سے گاڑی بان کے سر میں چوٹ آجانا ۔

Whip-line : (n) (۱) چابک کی ڈوری ۔ (۲) چرخی کا رسا ۔

Whip-man : (n) کوچوان؛ گھوڑا گاڑی چلانے یا ہانکنے والا ۔

Whip-master : (n) (۱) کوڑے استعمال کرنے والا ۔(۲) سخت گیر مالک ۔

Whip-net : (n) عام جالی ۔

Whip-poor-will : (n) [Imitative.] ابابیل کی قسم کا ایک امریکی پرند؛ امریکی پشہ خور ۔

Whip-purchase : (n) دیکھو Whip-crane

Whip-way : (n) شعاعیہ یا کرن مچھلی جس کی دُم لمبی اور پتلی ہوتی ہے ۔

Whip-rod : (n) مچھلی پکڑنے کی چھیپ جس کے گرد ڈوری لگی رہتی ہے ۔

Whip-round : (n) چندے کی گشتی فہرست جو کسی انجمن کے ارکان کے پاس بھیجی جائے خصوصاً امور خیر کے چندے کے لئے ۔

Whip-saw : (n) (۱) چوکھٹے میں لگا ہوا آرا؛ چوکھٹا آرا، چوکھٹے دار آرا ۔(۲) دو دستوں والا پتلا آرا؛ دو دستی آرا ۔(۳) (مجازاً) دوہرا فائدہ ۔

Whip-saw : (v) (۱) چوکھٹے دار آرے سے کاٹنا ۔(۲) (مجازاً) دوہرا فائدہ یا برتری حاصل کرنا یا پانا ۔

Whip-sawing : (n) (۱) چوکھٹےدار آرے سےکاٹنا ۔(۲) دوہری برتری حاصل کرنا ۔

Whip-sawyer : (n) دوہری برتری حاصل کرنے والا ۔

Whip-scorpion : (n) ایک قسم کا عنکبیہ (جانور) ۔

Whip-sillabub : (n) ایک قسم کا کھانا جو انگوری شراب اور کریم سے بنتا ہے ۔

Whip-snake : (n) کوڑا سانپ؛ ایک قسم کا پتلا سانپ ۔

Whip-socket : (n) (۱) چابک رکھنے کاخانہ ۔(۲) کوڑے کا دستہ ۔

Whip-staff : (n) چابک کا دستہ ۔

Whip-stalk/-stick/-stock : (n) چابک یا کوڑے کا دستہ ۔

Whip-stitch : (n) (۱) کنارے کی سلائی ۔(۲) لحظہ؛ لمحہ ؛ آن؛ پل؛ دم ۔

(At) every whipstitch : تھوڑے تھوڑے وقفے پر ۔

Whip-stitch : (v) کناروں کو سینا ۔

Whip-tail : (n) لمبی اور پتلی دم والے جانور ۔

Whip-tom-kelly : (n) [Imitative.] مشرقی شمالی امریکا کے ایک پرند کا نام ۔

Whip-top : (n) کوڑا لٹو؛وہ لٹو جسے کوڑا مار کر نچاتے ہیں ۔

Whip-worm : (n) چابک کرم؛ باریک سر کرم ۔

Whiplike : (a) کوڑے نما؛ چابک نما ۔

Whippable : (a) جسے کوڑے لگانے کی ضرورت ہو ۔

Whipparee/Whipperee : (n) [Alt. of Whip-Ray.] دیکھو Sting-Ray

Whipped : (a) (۱) جسے کوڑے لگائے گئے ہوں ۔(۲) پھینٹا ہوا ۔(۳) خستہ؛ شکستہ ۔

Whipper : (n) (۱) کوڑے مارنے والا ۔(۲) چرخی رسی کے ذریعے کوئلہ اوپر چڑھانے والا ۔(۳) کمبل کے کنارے میں رنگین دھاگا لگانے والا ۔

Whipper-in : (n) (۱) چابک دار؛ شکاری کتوں کو قابو میں رکھنے والا ۔ (۲) (گھڑ دوڑ میں) سب سے آخری گھوڑا ۔ (۳) (تاریخ) پارلیمنٹ کا وہ عہدہ دار جو اپنی پارٹی کے ممبروں میں نظم و ضبط قائم رکھتا ہے ۔

Whipper-snapper : (n) بچہ یا کم سن اور کم حیثیت آدمی جو قابلیت کے زعم میں ہر بات میں دخل دے ۔

Whippertail : (n) مغربی اوقیانوس میں پائی جانے والی ایک مچھلی ۔

Whippet : (n) (۱) تیز و طرار جوان عورت؛ فاحشہ عورت؛ بازاری عورت ۔(۲) کم حیثیت، چھوٹا پھرتیلا شخص ۔(۳) وپٹ؛ مخلوط نسل کا شکاری کتا جو دوڑ میں استعمال کیا جاتا ہے ۔(٤) ایک قسم کا ہلکا ٹینک جو جنگ عظیم کے اواخر میں استعمال کیا گیا ۔

Whippiness : (n) لچک دار ہونا ۔

Whipping : (n) (۱) کوڑے کی مار؛ کوڑے کی سزا ۔(۲) کوڑے کی رسی یا چمڑا وغیرہ ۔(۳) مار؛ سرزنش ۔ (٤) کنارے کو سینا ۔

Whipping : (a) (۱) تیز؛ پھرتیلا؛ شدید؛ پُرزور ۔ (۲) کوڑے لگانے والا؛ مارنے والا ۔

Whipping boy : (n) (۱) وہ لڑکا جو کسی شاہزادے کے ساتھ پڑھتا تھا اور اس کے بدلے میں سزا پاتا تھا ۔ (۲) (مجازاً) صدقے کا بکرا ۔

Whipping cream : (n) کریم جس میں تیس فیصد سے کم روغن ہو ۔

Whipping post : (n) کھمبا جس میں آدمی کو باندھ کر کوڑے لگائے جاتے ہیں ۔

Whipping tom : (n) نمایاں طور پر سبقت لے جانے والا ۔

Whipping top : (n) کوڑا لٹو؛ وہ لٹو جسے کوڑا مارکر نچاتے ہیں ۔

Whippletree : (n) دیکھو Swingletree

Whippy : (a) لچکدار ۔

Whipster : (n) (۱) دیکھو Whipper Snapper ۔ (۲) چابک یا کوڑے استعمال کرنے والا ۔ (۳) کوچوان؛ گاڑی بان؛ گاڑی ہانکنے والا ۔ (٤) کوڑے کھانے کا عادی شخص ۔

Whipsy-derry : (n) چرخی رسی جس کے ذریعے کونڈے اوپر اٹھاتے ہیں ۔

Whir : (v) [Of. Scand. origin.] کٹ کٹ یا گھر گھر کی آواز کے ساتھ اڑنا، گھومنا یا تیزی سے حرکت کرنا ۔

Whir : (n) کٹ کٹ یا گھرگھر کی آواز جو چڑیوں کے پر مارنے یا دندانے دار پہیے کے گھومنے سے پیدا ہوتی ہے ۔

Whirl : (v) [On 'hvirfla'.] (۱) گھومنا؛ چکر کھانا ۔ (۲) گھمانا؛ چکر دینا ۔ (۳) گھما کر پھینکنا (کوئی چیز) ۔ (٤) (متحرک جسم کا) دورمیں ہونا؛ دورہ کرنا ۔ (٥) (کسی گاڑی پر) تیزی سے روانہ ہونا یا لے کر چل دینا؛ ٹھونا ۔ (٦) (خیالات کا) تیزی سے دماغ میں گزرنا یا چکر کھانا ۔ (۷) چکر آجانا؛ چکرانا ۔

Whirl : (n) (۱) اڑ پہیا، مشینوں کا ایک بڑا پہیا جس میں بھاری دندانے ہوتے ہیں اورجو مشین کی رفتار کو باقاعدہ یا اس کی قوت کو محفوظ رکھتا ہے ۔ (۲) (رسا بنانے میں) وہ ہک جس میں رسا بنتے وقت رسے کا ایک سرا پھنساتے ہیں ۔ (۳) (نباتیات، حیوانیات) گھیرا؛ چکر؛ مرغولے کا حلقہ ۔ (٤) (مابی گیری) گرداں چارہ ۔ (٥) گردش؛ چکر ۔ (٦) تیز یا زور دار حرکت ۔ (۷) پریشانی؛ ابتری ۔ (۸) سر گردانی ؛ دردِ سر ؛ دورانِ سر ۔ (۹) تجرباتی کوشش ۔

Whirlabout : (n) ادھر ادھر گھما کر پھینکنا ۔

Whirlblast : (n) بگولا؛ گردباد؛ طوفان ۔

Whirlbone : (n) کولہے کی ہڈی؛ گھٹنےکی چپنی (ہڈی) ۔

Whirler : (n) (۱) گھومنے والا؛ چکر کھانے یا کھلانے والا؛ گھمانے والا ۔ (۲) گھومنے یا گھمانے والا پرزہ ۔ (۳) کمہار کا چاک ۔

Whirley crane : (n) دمکلا جو چاروں طرف گھومتا ہے ۔

Whirlicote : (n) (تاریخ) ایک قدیم گاڑی ۔

Whirligig : (n) (۱) ایک طرح کا کھلونا ۔ (۲) (مجازاً) چکر؛ گردش ۔ (۳) چکر؛ چکر جھولا جس میں کاٹھ کے گھوڑے لگے ہوتے ہیں ؛ اور بچوں کو اس پر بٹھا کر چکر دیا جاتا ہے؛ چرخ چوں ۔ (٤) پانی کے بھونرے جو سطح پر منڈلاتے ہیں ۔ (٥) (مجازاً) کوئی چیز جو مستقل گرش یا حرکت میں ہو ۔ (٦) بازاری دوا فروش ۔ (۷) چکر؛ دور ۔ (۸) متلون؛ لا ابالی یا وحشی شخص ۔ (۹) مجرموں کو سزا دینےکی مشین ۔

Whirligig : (v) گھومنا؛ چکر کھانا؛ گردش کرنا ۔

Whirligig : (adv.) تیزی سے چکر کھاتے ہوئے ۔

Whirligig : (a) چکر کھانے والا ۔

Whirling : (a) چکر کھانے والا؛ گرداں ۔

Whirling blue/-dun : (n) مابی گیری میں مستعمل مصنوعی مکھیاں ۔

Whirling circle : (n) گھوم چکر ۔

Wine-card : (n) (ہوٹل میں ملنے والی) شراب کی فہرست ۔

Wine-cellar : (n) سردابۂ شراب ۔

Wine-cooler : (n) برف سے شراب ٹھنڈی کرنے کا برتن ۔

Wine-cup : (n) ایک پودا ۔

Wine-dark : (a) گہرا سرخ ۔

Wine-dregs : (n) گہرا سرخ رنگ یا اس سے کچھ ہلکا رنگ ۔

Wine ferment : (n) خمیر جو انگور کے رس میں الکحلی تخمیر پیدا کرتا ہے ۔

Wine-fly : (n) وہ مکھی جس کا پہل روپ شراب میں رہتا ہے۔

Wine-glass : (n) (۱) شراب کا گلاس؛ خصوصاً ایک خاص سائز کا ۔ (۲) ایک پیمانہ جو چار اونس کا ہوتا ہے ۔

Wine-glass : (a) شراب کے گلاس کی شکل کا ۔

Wine-grape : (n) انگور جس سے شراب بنتی ہے ۔

Wine-grower : (n) وہ شخص جو شراب سازی کے لئے انگور کی کھیتی کرتا ہو ۔

Wine-house : (n) (۱) (تاریخ) سرائے جہاں شراب بھی پی جاتی ہے۔(۲) شراب کی دکان ۔

Wine-lees : (n) (۱) شراب کی تلچھٹ ۔(۲) دیکھو Wine-dregs ۔

Wine-measure : (n) شراب ناپنے کا پیمانہ ۔

Wine-palm : (n) کھجور جس سے شراب بنتی ہے؛ نخل شراب ۔

Wine-party : (n) محفلِ مے نوشی ؛ شراب کی محفل ۔

Wine-press : (n) انگور سے عرق نکالنے کی مشین ۔

Wine-sap : (n) ایک سرخ رنگ کا بڑا سیب جو امریکا میں پیدا ہوتا ہے ۔

Wine-shop : (n) شراب کی دکان ۔

Wine-sour : (n) کھٹی بیر؛ ترش بیر ۔

Wine-stone : (n) سرخ رنگ کا مادہ جو شراب کے پیپوں کی تہ میں جم جاتا ہے ۔

Wine-taster : (n) (۱) وہ شخص جو چکھ کر شراب کی نوعیت کا اندازہ لگاتا ہے ۔ (۲) پیپے سے شراب کا نمونہ نکالنے کا آلہ ۔

Wine-vat : (n) دیکھو Wine-press

Wine-vault (s : (n) (۱) شراب رکھنے کا کمرا محراب دارچھت کا یا معمولی تہ خانہ ۔ (۲) شراب خانہ؛ بار؛ ہوٹل وغیرہ میں شراب بکنے کی جگہ ۔

Wine-vinegar : (n) سرکہ جو شراب سے تیار کیا جاتا ہے ۔

Wine-whey : (n) شراب اور چھاچھ کا شربت ۔

Wine-yeast : (n) خمیر جو انگور کےرس میں الکحلی تخمیر پیدا کرتا ہے ۔

Wineberry : (n) [OE. 'winberige'.] رس بیری؛ منقا؛ ایک قسم کا انگور کی شکل کا پھل ۔

Winebowl : (n) (۱) (شراب کا) پیالہ؛ ساغر ۔ (۲) (مجازاً) شراب خواری ۔

Wineless : (a) بے شراب کا؛ بغیر مے کا ۔

Winery : (n) شراب کا کارخانہ؛ شراب کی بھٹی ۔

Wineskin : (n) شراب کی مَشک ۔

Wing : (n) [ME. 'wenge, winge'.] (۱) (پرند کا) بازو؛بال؛ پر؛ شہپر ؛ جناح ؛ پنکھ ۔ (۲) (مزاحاً) انسان کا بازو ؛ پھینکنے کی صلاحیت ۔ (۳) کسی چیز کا ایک طرف کو نکلا ہوا علاحدہ حصہ ؛ مثلاً عمارت یا فوج کا بازو ، پہلو ؛ جناح ۔ (٤) (فٹ بال، ہاکی وغیرہ) ونگ وہ فارورڈ جس کی جگہ سنٹر سے دائیں یا بائیں ہوتی ہے ۔ (٥) پرواز ؛ قوت پرواز؛ ذریعہء پرواز ۔ (٦) (مجازاً) حفاظت ۔ (٧) پرند؛ پرندے ۔ (٨) پلور (plover) کا جھنڈ ۔ (٩) کسی جماعت کا بازو؛ فرقہ؛ جتھا ۔ (١٠) (تھیٹر) اسٹیج کے پہلو کے مناظر؛ پہلوی سینری؛ اسٹیج کے پہلو ۔ (١١) (تشریح) بازو ؛ جناح ؛ بازو نما ابھار (خصوصاً ناک کی ہڈی کا) ۔ (١٢) (نباتیات) پہلو پنکھڑی؛ بیج یا پھل کا پتلا جھلی نما زائدہ جس کی وجہ سے وہ ہَوا سے اڑ جاتے ہیں ۔ (١٣) (تعلیمات) شعبہ ۔ (١٤) رقص؛ کا ایک قدم یا طرز ۔ (١٥) (ہوائی جہاز کا) پر؛ بازو ۔ (١٦) (بحری) سب سے نچلے عرشے کا وہ حصہ جو پہلو کی طرف رہتا ہے ۔ (١٧) پوشاک کے مونڈھے کا لٹکتا ہوا حصہ؛ فلیپ؛ ٹوپی کا چھجا ۔ (١٨) دوہرے دروازے یا پردے کا ایک حصہ ۔ (١٩) پون چکی کا پنکھ ۔ (٢٠) فوجی طیاروں کی ایک اکائی ۔ (٢١) سریع ترقی ؛ تیزی ۔ (٢٢) تیر کا پَر ۔ (٢٣) (ماہی گیری) مصنوعی مکھی ۔

Left wing : (فوج) میسرہ ۔

On the wing/Upon - : (۱) اڑتا ہوا ؛ سفر میں ۔ (۲) حرکت میں ؛ چلتا ہوا ۔

On the wings of : تیزی سے اڑتے ہوئے ۔

On wings : مگن ؛ اطمینان کے ساتھ ۔

Right wing : (فوج) میمنہ ۔

To clip one's wings : کسی شخص کی نقل و حرکت، حوصلے یا خرچ کو محدود کر دینا؛ پَر کتر دینا ۔

To come on the wings of the wind : انتہائی تیزی کے ساتھ آنا ۔

To lend wings to/To add - : تیز کر دینا؛ تیزی پیدا کرنا ۔

To take wing : (۱) اڑنا؛ پرواز کرنا ۔ (۲) (مجازاً) غائب ہو جانا؛ اڑ جانا ۔

Under the wing of/Under wing's wing : حفاظت میں؛ سرپرستی میں ۔

Wing : (v) (۱) پرَ لگانا؛ چلانا (تیر)؛ تیز کرنا ۔ (۲) اڑ کر جانا؛ اڑ کر طے کرنا (رستہ) ۔ (۳) پرند کے پنکھ یا انسان کے بازو کو زخمی کرنا ۔ (٤) (تیر؛ مصنوعی مکھی وغیرہ میں) پر لگانا ۔ (٥) اڑا کر پہنچانا ۔ (٦) اڑانا؛ چھوڑنا؛ پھینکنا ۔ (۷) عمارت میں پہلو نکالنا ۔ (۸) (حشرہ وغیرہ کا) پنکھ توڑنا ۔ (۹) جہاز میں وزن کو پہلو کی طرف کرنا تاکہ ڈگمگانے کی مدت لمبی کی جاسکے ۔ (۱۰) بادبان لگانا تاکہ پیچھے سے آنے والی ہوا اس میں بھرسکے ۔

Wing and wing : (adv.) (بحری) (جہاز کا) سب سے بڑے بادبان کو ایک پہلو میں اور آگے کے مستول کے بادبان کو دوسرے پہلو پر لگا کر جانا ۔

Wing and wing : (adv.) بادبانوں کو دونوں پہلوؤں میں لگا کر ۔

Wing band : (n) (۱) پرندوں کےبازو پرنمایاں رنگ کی دھاری جو بازو کے روئیں کی وجہ سے بن جاتی ہے ۔ (۲) دھات کی کلپ جو پالتو مرغ کے پنکھ پر شناخت کے لئے لگادی جاتی ہے ۔

Wing band : (v) پرند کے بازو پر امتیازی نشان لگانا ۔

Wing bar : (n) (۱) پرند کے بازو کے درمیان کی نمایاں رنگین دھاری جو بازوپوش کی وجہ سے بن جاتی ہے ۔ (۲) خلیج یا دریاؤں کے دہانوں پر ریت کے تودے ۔

Wing bay : (n) پرندوں کے شہپروں کا وہ حصہ جس کا رنگ باقی سطح سے جدا ہوتا ہے ۔

Wing beat : (n) اڑان؛ اڑنے میں پنکھ کی پوری حرکت ۔

Wing car : (n) غبارے میں نیچے کا لٹکن جس میں مسافر بیٹھتے ہیں؛ غبارے کا جھولا ۔

Wing-case : (n) بعض کیڑوں کا اوپر کا سخت بازو جو اصلی پنکھوں کی حفاظت کے لئے ہوتا ہے ؛ غلاف پر ۔

Wing-collar : (n) (۱) مردانے لباس کا اٹھا ہوا کالر جس کا اوپری گوشہ نیچے کی طرف مڑا رہتا ہے ۔ (۲) ایک قسم کا زنانہ کالر ۔

Wing Commander : (n) ونگ کمانڈر؛ ہوائی فوج کا ایک افسر ۔

Wing case دیکھو Wing-cover : (n)

Wing covert : (n) بازوپوش؛ چھوٹا سا پر جو پرندوں کے بازو کی جڑوں کو ڈھانپے رہتا ہے ۔

Wing dam : (n) پل جو ساحل سمندر میں بنایا گیا ہو؛ پایہ پل ۔

Wing-dam : (v) پایہ پل بنانا ۔

Wing deck : (n) باہر کو نکلا ہوا عرشہ ۔

Wing feather : (n) بازو کا پَر ۔

Wing-fish : (n) (۱) ایک قسم کی مچھلی جس کے پر بڑے ہوتے ہیں ۔ (۲) اڑن مچھلی ۔

Wing flap : (n) ہوائی جہاز کے بازو کا وہ حصہ جو جہاز کے اڑنے یا اترنے میں آسانی پیدا کرتا ہے ۔

Wing-footed : (a) تیز رو؛ صبا رفتار ۔

Wing game : (n) دیکھو Game-bird

Wing-louse : (n) پرندوں کے بازو کا طفیلی کیڑا ۔

Wing-pad : (n) بعض کیڑوں کے منجھے روپ کا بازو جو ابھی پوری طرح نشو و نما نہ پایا ہو ؛ جناح تلوا ۔

Wing passage : (n) خاص عرشے سے نیچے کا راستہ ۔

Wing quill : (n) پرند کے اڑنے کا خاص پر ۔

Wing roll : (n) ہوائی جہاز کا کرتب دکھانے میں طولاً الٹنا پلٹنا ۔

Wing sheath : (n) دیکھو Wing-cover

Wing-shell : (n) حلزونیہ ۔

Wing-shooting : (n) اڑتے ہوئے پرندوں کا شکار کرنا؛ مارنا ۔

Wing-shot : (n) (۱) اڑتی ہوئی چڑیا کو نشانہ بنانا ۔ (۲) اڑتے ہوئے پرندوں کو مار گرانے یا شکار کرنے میں ماہر شخص ۔

Wing-snail : (n) پرپایہ ۔

Wing-spread : (n) (۱) پروں کا پھیلاؤ؛ پرندوں کے پھیلے ہوئے پروں کی پوری لمبائی ۔ (۲) طیارے کے بازوؤں کی پوری لمبائی ۔

Wing tie : (n) نکٹائی جس کا سرا نمائشی ہوتا ہے ۔

Wing-tip : (n) (۱) پرند ؛ چمگادڑ یا حشرہ کے پر کا آخری سرا ۔ (۲) ہوائی جہاز کے بازوؤں کا باہری سرا ۔

Wing-tip flare : (n) ہوائی جہاز کے بازوؤں کے سرے پر لگی بتی ۔

Wingback : (n) فٹ بال کے کھیل میں کھلاڑیوں کا ایک مقام ۔

Wingding : (n) [Origin unkn.] (۱) (عام) خواب آور دواؤں کے استعمال سے پیدا ہونے والی بے چینی ۔ (۲) ظاہری بے ہوشی؛ بیماری کا روپ بھرنا ۔ (۳) غصہ ۔ (٤) مے نوشی کا دور؛ عیش و نشاط؛ رنگ رلیاں ۔ (٥) سرگرم پارٹی ۔ (٦) (عام) سماجی معاملہ؛ سماجی امور ۔

Winged : (a) (۱) جناح دار؛ بازو دار؛ ذو الجناح ۔ (۲) (نباتیات) پہلو پتی دار ۔ (۳) بادبان لگا (جہاز یا کشتی) ۔ (٤) (مجازاً) اڑنے والا؛ تیزی سے پرواز کرنے والا ۔ (٥) بلند ؛ اٹھا ہوا ۔

Winged disk : (n) دیکھو Sun-disk

Winged elm : (n) شمالی امریکا کا ایک درخت ۔

Winged everlasting : (n) ایک آسٹریلوی جھاڑی ۔

Winged-god : (n) مرکری؛ عطارد؛ دیوتاؤں کا قاصد ۔

Winged pea : (n) جنوبی یورپ کا ایک پودا جس کے ڈوٹے میں چار پہلو پنکھڑیاں ہوتی ہیں ۔

Wingedly : (adv.) تیزی سے؛ پھرتی سے؛ بلند کرکے ۔

Wingedness : (n) بازو دار ہونا؛ جناح دار ہونا ۔

Winger : (n) (۱) (فٹ بال) سنٹر کے دائیں اور بائیں کا فارورڈ کھلاڑی ۔ (۲) پیپا جو جہاز کے پہلو میں رکھا ہو ۔

Wingless : (a) (۱) بے پروبال؛ بے بازو کا؛ بے پنکھ کا ۔ (۲) پیدل چلنے والا؛ پا پیادہ ۔

Winglet : (n) (۱) چھوٹا سا پنکھ یا پر؛ جنیح ۔ (۲) جناح کاذب؛ پرندوں کے ہر بازو کے بنیادی حصے پر چھوٹا ذیلی پر ۔ (۳) لباس کا بازو نما زائدہ ۔

Winglike : (a) بازو جیسا؛ پنکھ جیسا ۔

Wingman : (n) (۱) (پائلٹ) جو منظم پرواز کے رہنما کی حفاظت یا مدد کے لئے اس کے پیچھے یا اس سے الگ ہو کر پرواز کرتا ہے؛ طیارہ جو اس طرح پرواز کرے ۔

Wingspan : (n) ہوائی جہاز کے بازوؤں کا پھیلاؤ ۔

Wingy : (a) (۱) جناح دار؛ بازو دار ۔ (۲) (مجازاً) بلند پرواز؛ اڑنے والا؛ سمجھ سے باہر ۔ (۳) تیز؛ تیز رفتار ۔ (٤) بازو نما؛ پنکھ جیسا ۔

Wink : (n) (۱) چشمک؛ آنکھ کا اشارہ؛ آنکھ جھپکانے کا عمل؛ آنکھ جھپکانا ۔ (۲) جھپکی ۔ (۳) ایک لمحہ؛ چشم زدن ۔ (٤) بہت تھوڑی مقدار ۔ (٥) چمک دمک ۔

A nod's is as good as a wink to a blind horse : اندھے کے آگے دن رات سب برابر ہے ۔

Forty winks : جھپکی؛ ہلکی نیند ۔

In a wink : دم بھر میں؛ چشم زدن میں ۔

Not (a) wink : بالکل نہیں؛ تھوڑا بہت بھی نہیں ۔

To get the wink : اشارہ پانا ۔

To tip, give the wink : کسی کو آنکھ کا اشارہ کرنا ۔

Wink : (v) [OE. 'wincian'.] (۱) آنکھ جھپکانا؛ پلک مارنا ۔ (۲) (آنکھ یا پلک کا) جھپکانا ۔ (۳) پلک مار کر اشارہ کرنا؛ آنکھ مارنا ۔ (٤) (ستارے یا روشنی کا) ٹمٹمانا؛ رہ رہ کر چمکنا ۔ (٥) آنکھیں بند کرنا ۔ (٦) (نیند میں) آنکھوں کو بند کرنا؛ سونا ۔ (۷) (at کے ساتھ) چشم پوشی کرنا؛ اغماض کرنا ۔ (۸) بھڑک روشنی کے ذریعے سگنل دینا یا پیغام رسانی کرنا ۔ (۹) اچانک ختم ہو جانا ۔ (۱۰) (out کے ساتھ) چمک ختم ہو جانا؛ بجھ جانا ۔

To wink away : پلک جھپکا کر آنسو پی جانا ۔

Wink : (n) بعض قسم کے معدہ پا صدف ۔

Wink at : (v) اغماض کرنا؛ چشم پوشی کرنا ۔

Winker : (n) (۱) اندھیاری (جو گھوڑوں کی آنکھوں پر ڈال دیتے ہیں) ۔ (۲) (جمع) آنکھ ؛ پپوٹا ۔ (۳) خود کار دھونکنی ۔

Winking : (a) آنکھیں جھپکانے والا ۔

Winking : (n) آنکھ جھپکانا؛ آنکھ سے اشارہ کرنا؛ آنکھ مارنا ۔

As easy as winking : بہت آسان ۔

Like winking : بہت تیزی سے یا زور سے ۔

Winkingly : (adv.) پلک مارتے؛آنکھ مارتے؛ چشم زدن میں ۔

Winking muscle : (n) آنکھ کا حلقہ نما عضلہ جس کے سکیڑنے سے پلک جھپکتی ہے ۔

Winkle : (n) (۱) ایک قسم کی جھینگا (چھوٹی مچھلی) جو کھائی جاتی ہے؛ ونکل ۔(۲) دیکھو Peri winkle ۔

Winkle : (v) کسی مقام سے نکالنا یا باہر کر دینا ۔

Winkle : (v) دیکھو Twinkle

Winkler : (n) ونکل (جھینگا مچھلی) جمع کرنے والا ۔

Winkling : (n) ونکل جمع کرنا ۔

Winna : (اسکاچستان) دیکھو Will not

Winnable : (a) جسے جیتا جاسکے؛ قابل فتح ۔

Winnard : (n) [G. 'weingartdrossel '.] یورپی لال پر (پرند) ۔

Winner : (n) (۱) جیتنے والا؛ خصوصاً گھوڑا یا کتا جو دوڑ میں جیتتا ہے ۔(۲) فیصلہ کن ضرب ۔(۳) (عام) کوئی چیز جس سے کامیابی حاصل ہو ۔

Winner 's circle : (n) وہ احاطہ جس میں جیتنے والے گھوڑے اور جاکی کو تصویر لینے اور انعام دینے کے لئے لایا جاتا ہے ۔

Winnie : (n) [f. winner +-ie'.] چھوٹا کانسے کا مجسمہ جو فیشن کے ڈیزائنوں پر سالانہ انعام میں دیا جاتا ہے ۔

Winning : (n) (۱) فتح؛ غلبہ؛ قبضہ؛ تسخیر ۔(۲) جیت؛ حصول؛ تحصیل ۔ (۳) (جمع) جیتا ہوا روپیہ ۔ (٤) جمع کرنا؛ پانا؛ لینا (پیداوار؛ کوئلہ پتھر وغیرہ) ؛ کان ۔(٥) آمادہ کرنا؛ آمادگی؛ طرفدار بنالینا ۔

Winning : (a) (۱) فیصلہ کن؛ جتانے والا ۔(۲) دلکش ۔ (۳) فتحیاب؛ فتح مند؛ جیتنے والا ۔

Winning-gallery : (n) (ٹینس) ٹینس کے میدان کے اس حصے کی آخری گیلری جدھر سے بال میں ضرب لگائی جاتی ہے ۔

Winning hazard : (n) سرخ گولی کو تھیلی میں گرانا ۔

Winning-post : (n) گھڑ دوڑ کا پالا ۔

Winningly : (adv.) دلکش انداز سے ۔

Winningness : (n) دلکشی؛ فیصلہ کن ہونا ۔

Winninish /Winnonish : (n) [Montagnais, 'wananish '.] ایک قسم کی سامن (مچھلی) ۔

Winnock : (n) [ME. 'windok, windowe'.] (اسکاچستان) دیکھو Window ۔

Winnow : (v) [OE. 'windwian '.] (۱) بھوسا اڑا کر صاف کرنا؛ (غلے کو) پچھوڑنا ۔(۲) چھاننا ؛ صاف کرنا ۔ (۳) چھان بین کرنا ؛ غور سے دیکھنا ۔ (٤) چھانٹنا؛ ایک قسم کی چیزوں کو الگ کرنا ۔ (٥) چھانٹ دینا؛ نکال دینا (نکمے یا بیکار اجزاء کو) ۔(٦) (شعر) جھلنا (ہوا کو پروں سے) ۔(۷) پر پھٹپھٹانا؛ پر جھاڑنا ۔

Winnow : (n) (۱) غلہ پچھوڑنے کی کل ۔(۲) پچھوڑنا؛ چھانٹنا۔

Winnower : (n) پچھوڑنے والا؛پچھوڑنے کی کل یا مشین ۔

Winnowing : (n) پچھوڑنا؛ چھانٹنا ۔

Winnowing-basket : (n) (۱) سوپ؛ اناج پچھوڑنے کی ترکیب ۔ (۲) ایک نقابتی مارکہ ۔

Winnowing-fan : (n) باد افشاں؛ شانہ ۔

Winnowing machine : (n) باد افشاں مشین ۔

Wino : (n) [f. WINE+O] پکا شرابی؛ مے نوشی کا عادی ۔

Winrace : (n) جیتنے والے گھوڑے کا (دوڑ میں) کم سے کم وقت لینا ۔

Winrow : (n) دیکھو Windrow

Winsome : (a) (۱) دلکش؛ دلفریب؛ دل آویز ۔(۲) مسرور؛ خوش ۔

Winsomely : (adv.) دلکش طریقے سے؛ دلفریب انداز سے؛ دل آویزی سے ۔

Winsomeness : (n) دلکشی؛ دلفریبی؛ دل آویزی ۔

Winter : (n) [OE.] (۱) جاڑا؛ سردی؛ جاڑے کا موسم؛ موسمِ سرما؛ زمستان ۔ (۲) ضعیفی؛ پیرانہ سالی؛ مصیبت کے دن؛ تکلیف کے دن ۔(۳) موسمِ سرما سے مشابہ زمانہ ۔

Hard winter : شدید سردی جس میں خوب پالا پڑے ۔

Mild winter : ہلکا جاڑا جس میں پالا نہ پڑے ۔

Winter : (a) جاڑے کا؛ جو جاڑے میں واقع ہو یا استعمال ہو یا جاڑا بھر رہے ۔

Winter : (n) [Origin unkn.] دستی چھانپے کی مشین کا تقریباً نو انچ لمبا اور نو انچ موٹا لکڑی کا ٹکڑا جو پہلواں حصے کے نیچے رہتا ہے ۔

Winter : (v) (۱) (کسی مخصوص مقام میں) جاڑے کے موسم میں رہنا؛ جاڑا گزارنا ۔(۲) جاڑے میں کھلانا اور پناہ دینایا مہیا کرنا (کھانے کا سامان جانوروں کے لئے) ۔(۳) جاڑوں میں پودوں اور مویشیوں وغیرہ کی پرورش کرنا ۔(٤) جاڑے کی طرح اثر کرنا؛ سرد کرنا ؛ خنک کرنا ۔ (٥)دیکھو Winterize ۔

Winter aconite : (n) ایک یورپی بوٹی جس میں زرد پھول آتے ہیں ۔

Winter annual : (n) ایک پودا جو موسمِ خزاں میں نکلتا ہے اور جاڑے بھر رہتا ہے اور موسمِ بہار میں بیج پیدا ہو جانے کے بعد سوکھ جاتا ہے ۔

Winter apple : (n) دیر سے پکنے والا ایک قسم کا سیب جو پورے جاڑے تک رہتا ہے ۔

Winter-band : (n) مچھلی کے فلس کا حلقہ ۔

Winter-beer : (n) جاڑوں میں کشید کی جانے والی شراب ۔

Winter berry : (n) شمالی امریکا کی گوندنی کی متعدد قسمیں۔

Winter-birds : (n) ان متعدد پرندوں میں سے ایک جو زیادہ تر جاڑوں میں دکھائی دیتے ہیں ۔

Winter-bloom : (n) بعض قسم کے پودے ۔

Winter-bonnet : (n) ایک قسم کی یورپی مرغابی ۔

Winter-bound : (a) سردیوں کی وجہ سے رکا ہوا؛ سرما بستہ ۔

Winter bud : (n) (۱) (حیوانیات) قائم نہوضہ ۔(۲) (نباتیات) وہ کونپل جو سخت غلاف میں ملفوف رہتی ہے تاکہ سردی سے اسے گزند نہ پہنچے ۔

Winter-bunting : (n) ایک خوش الحان چھوٹا پرندہ ۔

Winter-cherry : (n) (۱) مکوکی جنس کے متعدد پودوں میں سے کوئی ۔(۲) بعض دوسری قسم کے پودے یا ان کے پھل ۔

Winter-clad : (a) گرم کپڑے پہنے ہوئے ۔

Winter-corn : (n) مکئی جو جاڑوں میں بوئی جاتی ہے؛ کاتکی مکئی ۔

Winter cress : (n) ایک چہار برگہ بوٹی ۔

Winter crop : (n) کاتکی؛ سرمائی فصل ۔

Winter day : (n) جاڑے کا دن؛ جاڑے کے موسم کا دن ۔

Winter egg : (n) غیر فقری جانوروں کا سخت خول والا انڈا جو سردیوں میں دیتے ہیں اور موسمِ بہار میں ان سے بچہ نکلتا ہے ۔

Winter-fallow : (n) زمین جو جاڑوں میں پڑتی رہتی ہے؛ پڑتی رہنا (زمین کا) ۔

Winter-fallow : (v) زمین کو جاڑوں میں پڑتی رہنے دینا؛ پڑتی چھوڑ دینا ۔

Winter-feed : (v) (۱)جاڑوں میں مویشیوں وغیرہ کی پرورش کرنا ۔(۲) دانہ وغیرہ مویشیوں کو کھلا دینا ۔

Winter-garden : (n) (۱)ان پودوں کا باغ جو جاڑوں میں پھولتے ہیں ۔ (۲) شیشے کی چھت والی نشست گاہ؛ چمن کمرا جس میں پودوں کے گملے وغیرہ رکھ کر باغ سا بنا دیتے ہیں ۔

Winter-grape : (n) ایک قسم کا امریکی انگور ۔

Winter gull : (n) عام یورپی مرغابی ۔

Winter-habited : (a) جاڑوں میں نشو و نماپانے والا ۔

Winter-hail : (n) ژالہ باری ۔

Winter-house : (n) [OE. 'einterhus'.] وہ مکان جس میں جاڑوں میں قیام کیا جاتا ہے ۔

Winter injury : (a) پودوں کا نقص جو جاڑوں میں زیادہ سردی لگ جانے یا پانی کی کمی سے ان میں پیدا ہوتا ہے ۔

Winter itch : (n) کھجلی؛ خارش جو بعض اشخاص کو موسم سرما میں ہو جاتی ہے ۔

Winter-kill : (v) (پودوں کو) جاڑوں میں کھلی ہوا میں رکھ کر ختم کردینا یا ختم ہو جانا ۔

Winter leaf : (n) خاکستری مائل بھورا رنگ ۔

Winter mew : (n) دیکھو Winter-gull

Winter oil : (n) (۱) تیل جو جاڑے میں جمتا نہیں ہے ۔ (۲) پتلا تیل جو چکنائی کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔

Winter ova : (n) دیکھو Winter-egg

Winter-pause : (n) پالتوں مرغیوں کے انڈے دینے کے درمیان لمبا وقفہ جو جاڑوں میں ہوتا ہے ۔

Winter pear : (n) دیر سے پکنے والی ناشپاتی جو جاڑوں میں ہوتی ہے ۔

Winter-pride : (n) (گیہوں وغیرہ کا) جاڑوں میں بہ افراط پیدا ہونا ۔

Winter-proud : (a) جاڑوں میں بہ افراط پیدا ہونے والا ۔

Winter quarters : (n) (۱) سردیوں میں فوجیوں یا سرکس والوں کی قیام گاہ ۔ (۲) (جانوروں کی) سرمائی کمین گاہ ۔

Winter-queening : (n) سردیوں میں دیر سے پکنے والے سیب کی ایک قسم ۔

Winter-rocket : (n) ایک چہار برگہ بوٹی ۔

Winter-rot : (n) سرد سوکھا؛ بھیڑوں کی ایک بیماری ۔

Winter sleep : (n) دیکھو Hibernation

Winter-snipe : (n) ایک قسم کا پرندہ ۔

Winter-solstice : (n) راس الجدی؛ انقلاب شتوی؛ آفتاب کا خط سرطان پر پہنچنا ۔

Winter-spore : (n) (نباتیات) سرما بذرہ ۔

Winter-sports : (n) کھلی ہوا میں کھیلے جانے والے کھیل مثلاً اسکیٹنگ وغیرہ جن کی مشق سردیوں میں کی جاتی ہے ۔

Winter-strawberry : (n) سرمائی اسٹرابیری ۔

Winter-tide : (n) جاڑا؛ موسم سرما ۔

Winter-time : (n) دیکھو Winter-tie

Winteraceae : (n) [mod. L.] گرم ملکوں میں پیدا ہونے والی جھاڑیوں کی ایک جنس ۔

Winterbourne : (n) [OE. 'winterburna'.] جھرنا یا ندی جو صرف سردی (کے زمانے میں) بہتی ہے ۔

Wintered : (a) سردی سے متاثر؛ سردی زدہ ۔

Winterer : (n) (کسی خاص مقام پر) جاڑے کے موسم میں رہنے والا ۔

Wintergreen : (n) (۱) بعض پودوں کا نام جو سردیوں میں سبز رہتے ہیں؛ جاڑا بہار ۔ (۲) شمالی امریکا کی ایک سدا بہار بوٹی جس سے خوشبودار تیل نکلتا ہے۔ (۳) گہرا زردی مائل سبزرنگ ۔ (٤) سبزیاں جو جاڑوں میں استعمال ہوتی ہیں ۔

Oil of wintergreen : ایک بےرنگ، زردی مائل یا سرخی مائل تیل جو جاڑا بہار کی پتیوں سے حاصل کیا جاتا ہے ۔

Wintergreen oil : (n) ایک بےرنگ، زردی مائل یا سرخی مائل تیل جو جاڑا بہار کی پتیوں سے حاصل کیا جاتا ہے ۔

Winterhain : (v) جاڑوں میں چراگاہ کو استعمال نہ کرنا تاکہ اسےموسم بہارمیں استعمال کیاجاسکے ۔

Winterhardiness : (n) جاڑوں میں کھلی ہوا میں اُگنے یا اُگنے کی خاصیت رکھنا ۔

Winterhardy : (a) جاڑوں میں کھلی ہوا میں اُگنے والا ۔

Winterish : (a) کسی قدر سرد؛ کسی قدر بے لطف ۔

Winterishly : (adv.) کسی قدر سردی سے؛ بےلطف طور پر ۔

Winterization : (n) جاڑوں میں استعمال کے لائق بنانا ۔

Winterize : (v) جاڑوں میں استعمال کے قابل بنانا؛ سردی روک بنانا ۔

Winterkill : (n) سردماری ۔

Winterless : (a) جس میں جاڑا نہ ہو؛ بے جاڑے کا ۔

Winterling : (n) وہ جانور جس کی عمر ایک سال سے زیادہ اور دو سال سے کم ہو ۔

Winterlong : (a) حد سے زیادہ تکلیف دہ طور پر لمبا ۔

Winterlong : (adv.) جاڑا بھر ۔

Winterly : (a) [OE. 'winteric'.] (۱) جاڑے کا؛ جاڑے سےمتعلق؛ جاڑے میں واقع ہونے والا ۔(۲) جاڑا سا؛ جاڑے سے مشابہ ۔

Winter's bark : (n) (۱) ایک خوشبودار چھال جو بطور مقوی اور محرک استعمال ہوتی ہے ۔(۲) میکسیکو کا ایک سدا بہار درخت ۔

Winterward/Winterwards : (adv.) موسم سرما کی طرف ۔

Wintle : (v) [Flem., 'wintelen'.] لڑکھڑانا؛ ڈگمگانا ۔

Wintrily : (adv.) سرد مہری سے؛ بے لطفی سے ۔

Wintriness : (n) (۱) سرد ہونا؛ سردی ۔(۲) بے لطفی؛ سرد مہری ۔

Wintry : (a) (۱) جاڑے کا؛ سرد ۔(۲) جاڑے کا سا؛ جاڑے کی طرح کا ۔ (۳) سردی زدہ ؛ پالا مارا ہوا ۔ (٤) (مجازاً) پھیکا؛ بے لطف ۔(٥) سرد مہری کا؛ جوش سےخالی ۔(٦) ضعیف؛ عمر رسیدہ ۔

Winy/Winey : (a) [f. wine+-y] (۱) شراب سے مشابہ؛ شراب کے رنگ یا مزے کا ۔(۲) جس سے شراب بنے ۔ (۳) زیادہ میںنوشی سے متاثر؛ نشے میں دھت ۔

Winze : (n) [derived from wind.] ایک کان سے دوسرے کان میں جانے کا ڈھلوان راستہ ۔

Winze : (n)[Flem., Du. 'Weinsch.] Curse (اسکاچستان) دیکھو

Wipe : (n) (۱) پونچھنے کا عمل ۔ (۲) (عام) لمبی زد کا وار؛ زورکا ہاتھ ۔(۳) (مجازاً) طنز؛ مضحکہ؛ رمز؛ چوٹ ۔(٤) (عام) رومال ۔(٥) صافی؛ پونچھنے کا کپڑا ۔(٦) سنیما کا عارضی اثر جو اس وقت ہوتا ہے جب ایک منظر کی جگہ دوسرا منظر آتا ہے ۔

Wipe : (v) [OE. 'wipian'.] (۱) پونچھنا؛ کپڑے ، کاغذ یا ہاتھ سے کسی چیز کو مٹانا یا صاف کرنا۔(۲) دھو ڈالنا؛ مٹا ڈالنا ۔ (۳) (عام) لمبی زد کا وار کرنا ۔(٤) سطح پر کوئی نرم یا پتلی چیز پھیلانا؛ خصوصاً اس طرح سے ٹانکا (solder) لگانا ۔(٥) الزام، بدنامی، جرم وغیرہ سے پاک کرنا ۔ (٦) ختم کر دینا؛ اثر زائل کر دینا؛ نیست و نابود کر دینا ۔(۷) مار ڈالنا؛ سبھوں کا صفایا کردینا ۔ (۸) منسوخ کردینا؛ چکا دینا (قرض) ۔ (۹) مارنا؛ ضرب لگانا؛ ہنسی اڑانا؛ مضحکہ کرنا؛ چوٹ کسنا ۔ (۱۰) مٹ جانا؛ محو ہو جانا ۔

To wipe (a person's) eye : سبقت لے جانا؛ شکست دینا ۔

To wipe one's boots on : بتک کرنا؛ توہین کرنا ۔

To wipe one's eye : آنسو پونچھنا ۔

To wipe out : (۱) مٹا دینا ۔ (۲) برباد کر دینا؛ نیست و نابود کر دینا ۔

To wipe out disgrace : ذلت کا داغ دھو ڈالنا؛ خصوصاً انتقام کے ذریعے ۔

To wipe the floor, ground with : بری طرح شکست یا سزا دینا ۔

Wipe-joint : (n) سلامی جوڑ ۔

Wipe-out : (n) (۱) (دوسرے ریڈیو سگنل کے ذریعے) کسی ریڈیو سگنل کا محو کر دیا جانا ۔(۲) (کف دریا کے ساتھ تختوں پر بیٹھ کر بہنے میں) تختوں پر سے گر جانا ۔

Wipe up : (v) (۱) خاتمہ کر دینا ۔(۲) ٹھکانےلگا دینا ۔ (۳) شکست دے دینا؛ برباد کر دینا ۔

Wiper : (n) (۱) پونچھنے والا ۔ (۲) صافی ۔(۳) مارنے والا؛ حملہ کرنے والا ۔ (٤) صافی چرخ؛ ایک آلہ جو حرکت دوری کو آگے پیچھے کی حرکت میں

تبدیل کردیتا ھے۔ (۵) (عام) رومال ۔ (٦) (موٹر کا) ھوابست شیشہ صاف کرنے کا آلہ ۔

Wiper-wheel : (n) صافی دار پہیا ۔

Wiping : (n) پونچھنا ۔

Wiping-rod/-stick : (n) بندوق کی نال صاف کرنے کی چھڑ جس کے سرے پر کپڑے کا ٹکڑا لگا رہتا ھے ۔

Wire : (n) [OE. 'wir'.] (۱) تار ۔ (۲) کانٹے دار تار ۔ (۳) تار کا ٹکڑا جو مختلف کاموں میں آتا ھے ؛ مثلاً دوربین میں لگا صلیبی تار ، برقی رو کا موصل تار، پنجرے کا تار وغیرہ ۔ (٤) آلات موسیقی کا تار ۔ (۵) (کروکٹ) دھات کا حلقہ جس سے گیند کو گزارا جاتا ھے ۔ (٦) کٹھ پتلی کی ڈوری ۔ (۷) تار؛ تار برقی؛ تار خبر ۔ (۸) تار کی جالی ۔ (۹) لومڑی یا خرگوش پھنسانے کا پھندا ۔ (۱۰) تار سے مشابہ چیز ۔ (۱۱) خام چاندی استوانہ نما ٹکڑا ۔ (۱۲) (عام) جیب کترا ۔ (۱۳) تار سے بنا رسا ۔ (۱٤) ایک قسم کا ٹیریر کتا ۔ (۱۵) گھڑ دوڑ کے پالوں کے درمیان بندھا تار؛ دوڑ ختم کرنے کی آخری لکیر۔ (۱٦) تار جس پر نٹ تماشا دکھاتے ہیں ۔ (۱۷) جراحی میں کام آنے والا فلزی تار ۔ (۱۸) جوڑیوں کا اشارہ (آپس میں) ۔

Barbed wire : کانٹے دار تار ۔

By wire : بذریعہ تار؛ تار کے ذریعے ۔

Live wire : (۱) برقی قوت سے بھرا ھوا تار؛ زندہ تار؛ گرم تار ۔ (۲) مضبوط اور سرگرم شخص ۔

To be on the wires : (مجازاً) اعصابی ہیجان کی حالت میں ھونا ۔

To pull (the) wires : (۱) کٹھ پتلی کو تار پر نچانا ۔ (۲) (مجازاً) ریشہ دوانیاں کرنا خصوصاً سیاسی پارٹی وغیرہ سے خفیہ اثرات ڈال کر کام لینا ۔

Under the wire : (۱) (گھڑ دوڑ کے) آخر میں ۔ (۲) آخری لمحے میں ۔

Under wire : کانٹے دار تار سے گھرا ھوا ۔

Wire : (v) (۱) تار سے باندھنا؛ تار سے کسنا؛ تار لپیٹنا یا لگانا ۔ (۲) تار دے کر سخت بنانا ۔ (۳) تاروں سے (خصوصاً کانٹے دار تاروں سے) گھیرنا ۔

(٤) بجلی کا تار لگانا ۔ (۵) پرندوں وغیرہ کو تار کے پھندے میں پھانسنا ۔ (٦) تار بھیجنا؛ تار دینا ۔ (۷) (کرکٹ کھیل میں) تار کے حلقے کا گیند کو یا کھلاڑی کو روکنا ۔ (۸) پوت کو تار میں پرونا ۔

To wire in : (کسی کام میں) پوری قوت سے لگ جانا؛ سرگرمی سے کرنا ؛ ایڑی چوٹی کا زور لگا دینا؛ پوری قوت صرف کر دینا ۔

To wire into : شوق کے ساتھ کسی کام میں لگ جانا ۔

Wire agency : (n) خبر رساں ایجنسی جو اخبار، رسالہ وغیرہ کو خبریں بذریعہ تار بھیجتی ھے ۔

Wire-bar : (n) دھات (خصوصاً تانبا) کی سلاخ جس سے تار بنتا ھے ۔

Wire-bird : (n) سنٹ ہلینا (St Helena) کے جزیروں میں پایا جانے والا پلور (Plover) ۔

Wire-bridge : (n) (۱) معلق پل (جو تاروں کے سہارے رہتا ھے) ۔ (۲) (برقیات) برقی پل جس میں ایک تار اور درجہ دار پیمانہ لگا رہتا ھے ۔

Wire-brush : (n) تار کا بنا برش ۔

Wire-cloth : (n) تار کی جالی ۔

Wire-coat : (n) (بعض کتوں کا) نہایت سخت اور گھنا بال ۔

Wire-copy : (n) (خبر کی) نقل جو اخبار؛ جریدہ یا ریڈیو وغیرہ کو بذریعہ تار بھیجی جاتی ھے ۔

Wire-cut : (v) تار سے کاٹنا ۔

Wire-cutter : (n) (۱) تار کاٹنے کا آلہ ۔ (۲) وہ شخص جو تاروں کو کاٹنے پر مامور ھو (خصوصاً جنگ میں)۔

Wire-dancer : (n) تار پر ناچنے والا ۔

Wire-draw : (v) (۱) (شاذ) تار کھینچنا؛ تار بنانا ۔ (۲) کھینچنا؛ لمبا کرنا ۔ (۳) پانی یا بھاپ کو چھوٹے چھید سے گزارنا تاکہ دباؤ کم ھو جائے ۔ (٤) (مجازاً) (کسی بات کے بیان کرنے یا دلیل کے پیش کرنے میں) حد سے زیادہ باریکی سے کام لینا؛ طول دینا؛ ہلکا کرنا ۔

Wire-drawer : (n) تار کش؛ تار بنانے والا ۔

Wire-drawing : (n) تارکشی؛ تار بنانا ۔

Wire-drawn : (a) (۱) طول دیا ہوا؛ نازک؛ مہین؛ دقیق ۔ (۲) (پانی یا بھاپ) چھوٹےچھید سےگزارا ہوا ۔ (۳) کمزور؛ باریک ۔

Wire-edge : (n) (۱) چاقو وغیرہ کی دھار پر دھات کی باریک پٹی جو سان چڑھانے سے کبھی کبھی پیدا ہو جاتی ہے ۔(۲) سکے کا باریک انٹا ہوا کنارہ ۔

Wire-entanglement : (n) (فوج) حصار تار؛ دشمن کے حملوں سے محفوظ رہنے کےلئےالجھے ہوئے تار کی باڑ ۔

Wire-gauge : (n) (۱) تار پیمانہ؛ تار یا چادر کی موٹائی ناپنے کا پیمانہ ۔(۲) تار کا پیمانہ ۔

Wire-gauze : (n) (تار کی) جالی ۔

Wire-glass : (n) شیشہ جس کے اندر تار کی جالی جما دی جاتی ہے ۔

Wire-grass : (n) بعض قسم کی گھاس یا پودے جس کا ٹنٹھل بہت باریک ہوتا ہے ۔

Wire-grub : (n) (۱) بعض نقصان رساں کیڑوں کاپہل روپ ۔ (۲) دیکھو Wire-worm ۔

Wire-gun : (n) تار توپ (جسے ایک نلکی پر تار لپیٹ کر بناتے ہیں) ۔

Wire-hair : (n) تار کی طرح سخت بالوں والا کتا ۔

Wire-haired : (a) تار کی طرح سخت بالوں والا ۔

Wire-indicator : (n) تارنما ۔

Wire-mark : (n) وہ نشان جو کاغذ پر موٹائی میں فرق کی وجہ سے پڑ جاتا ہے ۔

Wire-money : (n) چاندی کا مڑا ہوا تار جو پہلے بطور سکہ رائج تھا ۔

Wire-nail : (n) کیل جو تار سے بنتی ہے ۔

Wire-netting : (n) (تارکی) موٹی جالی ۔

Wire-photo : (n) تار فوٹو ۔

Wire-pull : (v) ریشہ دوانی کرنا؛ خفیہ اثرات سے کام لینا؛ جوڑ توڑ کرنا ۔

Wire-puller : (n) ریشہ دوانی کرنے والا؛ خفیہ اثرات سے کام لینےوالا؛ جوڑتوڑ کرنے والا؛ سیاست داں ۔

Wire-pulling : (n) ریشہ دوانی؛ جوڑ توڑ ۔

Wire-recorder : (n) مقناطیسی تار کے ذریعے ریکارڈ کرنے والا ۔

Wire-rod : (n) دھات کی چھڑ جس سے تار بنایا جاتا ہے ۔

Wire-room : (n) وہ مکان یا کمرہ جہاں جائز تجارت کےپردے میں جوا کھیلا جاتا ہے ۔

Wire-rope : (n) تار کی رسی ۔

Wire-ropeway : (n) ٹرامو‌ے جو تار کے رسے کے سہارے چلتا ہے ۔

Wire-saw : (n) ایک قسم کا آرا جس کا کاٹنے والا حصہ تار کا بنا ہوتا ہے ۔

Wire-service : (n) خبر رساں ایجنسی جو اخبار، رسالہ وغیرہ کو خبریں بذریعہ تار بھیجتی ہے ۔

Wire-side : (n) (کاغذ سازی میں) وہ سطح جو قالب کی طرف ہوتی ہے ۔

Wire-silver : (n) خام چاندی جو تار کی شکل میں ملتی ہے ۔

Wire solder : (n) تار کی شکل کا ٹانکا (Solder) ۔

Wire-stem : (n) کرم کلہ، گوبھی وغیرہ کی ایک بیماری ۔

Wire-stretcher : (n) تار کو تاننے کا ایک آلہ ۔

Wire-tail : (n) ایک قسم کی بطخ ۔

Wire-tap : (v) برقی پیام اڑا لینا ۔

Wire-tap : (n) (۱) برقی پیام اڑا لینا ۔(۲) بیچ سے برقی پیام اڑا لینے کی ایک ترکیب ۔

Wire-tap : (a) بیچ سے اڑایا ہوا (پیام) ۔

Wire-tapper : (n) (۱) وہ شخص جو تلغرافی یا ٹیلیفون پر دی ہوئی خبر، پیام یا گواہی کو اڑا لیتا ہے ۔

(۲) وہ فریبی جو درمیان سے پیام اڑا لینے کا دعویٰ کرتا ہے ۔

Wire-tapping : (n) ٹیلیفون پر کن سوئیاں لینا ۔

Wire-twist : (n) مروڑا اور جوڑا ہوا تار جس سے بندوق کی نال بنتی ہے ۔

Wire-walker : (n) تار کی رسی پر نٹ کا تماشا دکھانے والا ۔

Wire-wheel : (n) (۱) گھومنے والے تار کا برش ۔(۲) موٹر کا پہیا جس میں تاروں کا آرا لگا رہتا ہے ۔

Wire-wool : (n) تار کی مہین جالی جس سے برتن مانجھتے ہیں ۔

Wire-work : (n) (۱) تار سازی؛ تار کا کام ۔(۲) تار سازی کا کارخانہ ۔ (۳) تار کا جال ۔ (٤) تار پر نٹ کا تماشا دکھانا ۔

Wire-worker : (n) تار کے رسے بنانے والا ۔

Wire-worm : (n) (۱) بعض نقصان رساں کیڑوں کا پہل روپ ۔ (۲) تار حشرہ ۔ (۳) جگالی کرنے والے جانوروں کے پیٹ کا ایک کیڑا ۔

Wire-wound gun : (n) دیکھو Wire-gun

Wire-wove : (a) (۱) عمدہ قسم کا (کاغذ) ۔(۲) جالی کا بنا ہوا ۔

Wired : (a) (۱) تار سے کسا یا مضبوط کیا ہوا؛ تار دے کر سخت کیا ہوا؛ تار دیا ہوا – (۲) تار لگا ہوا؛ باڑ لگا ہوا ۔(۳) تار سے باندھا ہوا ۔

Wired wireless/-radio : (n) تاروں ملا وائرلیس ۔

Wireless : (a) لاسلکی؛ بے تار کا؛ وائرلیس ۔

Wireless : (n) (۱) لاسلکی پیام یا خبر ۔(۲) لاسلکی کا طریقہ یا نظام ۔ (۳) لاسلکی پیغام وصول کرنے کی مشین ۔(٤) ایک قسم کا نیلا رنگ ۔

Wireless : (v) لاسلکی (پیام یا خبر) بھیجنا؛ لاسلکی کے ذریعہ بھیجنا ۔

Wireless apparatus : (n) آلۂ لاسلکی ۔

Wireless message : (n) لاسلکی پیام ۔

Wireless telegraph : (n) لاسلکی تلغراف ۔

Wireless telegraphy : (n) لاسلکی پیام رسانی ۔

Wireless telephone : (n) لاسلکی ٹیلیفون ۔

Wirelessly : (adv.) لاسلکی کے ذریعے؛ ریڈیو کے ذریعے ۔

Wirelessness : (n) لاسلکی ہونا ۔

Wirelike : (n) تار جیسا؛ تارنما ۔

Wireman : (n) بجلی کا تار لگانے یا مرمت کرنے والا ۔

Wirer : (n) (۱) تار لگانے یا برقی تار مرمت کرنے والا ۔ (۲) تار کا پھندا لگانے والا ۔

Wiresmith : (n) تار ساز (خصوصاً وہ جو ہاتھ سے پیٹ کر بناتا ہے) ۔

Wireway : (n) (۱) برقی تار کی نالی ۔(۲) ریل کی پٹری جو تاروں کی بنی ہوتی ہے۔(۳) دیکھو Wire rope-way ۔

Wirily : (a) بہت مضبوطی کے ساتھ؛ مستعدی اور چستی سے ۔

Wiriness : (n) مضبوطی؛ مستعدی اور چستی ۔

Wiring : (n) (۱) تار لگانے یا استعمال کرنے کا کام؛ تار بندی ۔ (۲) تاروں کا نظام ۔ (۳) جانوروں کی کھال کو تار کے ذریعے کھڑا کرنے کا طریقہ ۔

Wiring diagram : (n) (گھر میں) برقی تار لگانے کا نقشہ ۔

Wirra : (int.) [Irish 'a muire'.] ماتم، تکلیف یا تشویش ظاہر کرنے کا حرف فجائیہ ۔

Wirrah : (a) [Native name in Australial.] ایک قسم کی غذائی مچھلی۔

Wirricow : (n) (۱) ڈراؤنا؛ ہوّا ۔(۲) (مجازاً) دبلا پتلا ڈراؤنا شخص ۔

Wiry : (a) (۱) تار کا بنا ہوا؛ تار کی شکل کا ۔(۲) تار سے مشابہ؛ سخت؛ کڑا ۔ (۳) کمزور اورتنی ہوئی (نبض) ۔ (٤) یکتارا جیسی (آواز)؛ کرخت ۔ (٥) مضبوط اور لچک دار ۔ (٦) گٹھے ہوئے جسم کا؛ بہت مضبوط؛ چست اور مستعد؛ ان تھک ۔

Wis : (v) جاننا؛ معلوم کرنا ۔

Wisconsinite : (n) [f. Wisconsin, a State in U. S. A.] امریکا کی ریاست وسکونین کا باشندہ ۔

Wisdom : (n) [OE. 'wisdom'.] (۱) عقل مندی؛ دانشمندی؛ حکمت؛ دانائی؛ سمجھداری؛ سمجھ ؛ عاقبت اندیشی؛ دور اندیشی ۔ (۲) حکیمانہ اقوال ۔ (۳) علم؛ معلومات ۔

Wisdom tooth : (n) عقل داڑھ؛ دندان عقل؛ ناجذ ۔

To cut one's wisdom tooth : عقل داڑھ نکلنا؛ سن شعور کو پہنچنا ۔

Wise : (n) [OE.] طور طریقہ؛ انداز؛ طرز ۔

Wise : (a) [OE. 'wis'.] (۱) عقلمند؛ عاقل ؛ دانا؛ خردمند؛ دانشمند؛ دوراندیش؛سمجھدار۔ (۲) عقلمندوں کا؛ دانشمندانہ؛ عاقلانہ؛ دور اندیشی کا؛ عقل کا ؛ سمجھ کا ۔ (۳) واقف؛ باخبر ۔ (٤) (قدیم) سیانا؛ جادوگر ۔ (٥) دانشمندوں کا سا ۔ (٦) گستاخ؛ بدتمیز ۔

A word to the wise (is enough) : عقلمند کو اشارہ کافی ہے ۔

Wise : (v) (۱) رہبری کرنا؛ راستہ دکھانا ۔ (۲) کسی خاص سمت میں لے جانا ۔ (۳) دکھانا؛ بتانا؛ اشارہ کرنا ۔ (٤) اطلاع دینا؛ باخبر کرنا ۔

To wise up : آگاہ کرنا یا ہونا؛ واقف ہونا؛ بتانا۔

Wise : (Suffix) لاحقہ جس سے adv بناتے ہیں اور طریقے کے معنی دیتے ہیں مثلاً 'Lengthwise, Clockwise' وغیرہ ۔

Wise-crack : (n) (عام) پتے کی بات؛ مذاق؛ بذلہ سنجی ۔

Wise-crack : (v) پتے کی بات کہنا ۔

Wise-cracking : (n) پتے کی بات کہنا ۔

Wise-guy : (n) قابلیت چھانٹنے والا؛ عقلمند بننے والا ۔

Wise man : (n) (۱) عقلمند آدمی ۔ (۲) ساحر؛ جادوگر ۔

The seven wise men : حکمائے ہفت گانہ؛ سات یونانی حکماء جن میں سے ہر ایک کا ایک مقولہ مشہور ہے ۔

Worldly wiseman : دنیاوی عقل رکھنے والا ۔

Wise woman : (n) (۱) جادوگرنی؛ ساحرہ؛ پیش گوئی کرنے والی ۔(۲) دائی ۔

Wiseacre : (n) [MDu. 'wijsseggher'.] (۱) حکمت چھانٹنے والا؛ عقلمند بننے والا؛ لال بجھکڑ ۔ (۲) (تحقیراً) عقلمند اور فاضل شخص ۔

Wisehead : (n) عقلمند بننے والا؛ حکمت چھانٹنے والا ۔

Wisehearted : (a) صاحبِ ادراک؛ تیز فہم؛ نکتہ رس ۔

Wiselike : (a) مناسب؛ معقول ۔

Wisely : (adv.) عقلمندی سے ۔

Wisent : (n) [G.] جنگلی بیل؛ ارنا بھینسا ۔

Wish : (n) (۱) آرزو؛ تمنا؛ خواہش؛ التجا؛ منشا ۔ (۲) وہ شے جس کی خواہش ہو ؛ مقصود؛ مراد؛ مطلب ۔ (۳) (جمع) نیک خواہشات (دوسروں کے لئے) ۔

Good wishes : نیک خواہشات؛ دعائے خیر ۔

To one's wish : خواہش کے مطابق؛ حسب منشا ۔

Wish : (v) [OE. 'wyscan'.] (۱) تمنا کرنا؛ آرزو کرنا ۔ (۲) چاہنا؛ خواہش کرنا؛ طلب کرنا ۔ (۳) بھلا یا برا چاہنا ۔ (٤) کہنا (خیرمقدم یا خدا حافظ) ؛ دینا (دعا، بد دعا) ۔

Wish fulfillment : (n) خواہش پوری ہونا (علامتی طور پر مثلاً خواب، خیالی پلاؤ وغیرہ میں) ۔

Wish-wash : (n) [Reduplication of wash] (۱) کوئی پینے کی چیز جو بہت پتلی ہو؛ دھوون یا پانی سا شوربہ وغیرہ ۔(۲) پھیکی، بےمزہ گفتگو ۔

Wisher : (n) چاہنے والا؛ تمنا رکھنے والا ۔

Wishful : (a) (۱)آرزومند؛ خواہشمند ۔(۲) تمنائی؛ تخیلی؛ تصوراتی ۔

Wishful thinker : (n) تخیلی آرزوؤں کا شکار ۔

Wishful thinking : (n) (۱) تخیلی آرزو ۔(۲) خواہش کا پوار ہونا (خواب، خیالی پلاؤ وغیرہ میں) ۔

Wishfully : (adv.) آرزومندانہ؛ خواہش کرتے ہوئے ۔

Wishfulness : (n) آرزومند ہونا؛ خواہشمندی ؛ آرزومندی ۔

Wishing : (n) آرزو؛ آرزو کرنا؛ خواہش ۔

Wishing : (a) خواہش پوری کرنے کی قوت رکھنے والا ۔

Wishing bone : (n) مرغ کے سینے کی دو شاخی ہڈی جس کو دو شخص اپنی طرف کھینچتے ہیں اور جو لمبا ٹکڑا توڑ لیتا ہے وہ اپنی خواہش میں (جادو سے) کامیاب ہوتا ہے ۔

Wishing cap : (n) جادو کی ٹوپی جس کے پہننے سے مراد پوری ہو جاتی ہے ۔

Wishmay : (n) [ON. 'Oskmaer'.] والکیری (Valkyrie) ۔

Wisht : (a) [Origin unkn.] (۱) عجیب؛ بھیانک؛ ہیبت ناک ۔ (۲) اداس؛ افسردہ؛ ملول ۔ (۳) بے نور؛ بیمار ۔

Wishtonwish : (n) [Imitative.] شمالی امریکا کا ایک قسم کا کتا ۔

Wishy-washily : (adv.) بے لطف طور پر ۔

Wishy-washiness : (n) پھیکاپن؛ بے لطفی؛ بیرنگی ۔

Wishy-washy : (a) (۱) پانی سا؛ دھوون سا (شوربا وغیرہ) ۔ (۲) پھیکی؛ بے مزہ (گفتگو) ۔ (۳) کمزور؛ بہت ہلکا یا پتلا ۔

Wisket : (n) ٹوکری ۔

Wisp : (n) [ME.] (۱) گھاس وغیرہ کا چھوٹا سا پولا؛ مٹھا ۔ (۲) گھاس کا گچھا یا گٹھا (جلانے کے لئے) ۔ (۳) اگیا بیتال ؛ غول بیاباں ۔ (٤) کاغذ کا پلندا ۔ (٥) (کپڑوں کا) انبار ۔ (٦) کسی چیز کا پتلا، تنگ باریک ٹکڑا ۔ (۷) چھوٹی جھاڑو؛ مورچھل ۔ (۸) جھنڈ (چھوں کا) ۔

Wisp : (v) (۱) (گھاس کے پولے سے) کھریرا کرنا (گھوڑے وغیرہ کے) ۔ (۲) شکن ڈالنا؛ مروڑنا ۔

Wispily : (adv.) مبہم طور پر؛ غیر واضح طور پر ۔

Wispiness : (n) ابہام؛ بے شکلی ۔

Wispish : (a) پولے کی طرح کا؛ مٹھے کی طرح کا ۔

Wispy : (a) پولے جیسا؛ مبہم؛ بے شکل؛ غیر واضح ۔

Wissel : (v) [ME.] (۱) (اسکاچستان) وہ رقم جو واجب الادا رقم سے زائد ہو اور ادا کرنے والے کو لوٹا دی جائے ۔ (۲) بدلہ؛ جزا ۔

Wist : (v) جاننا ۔

Wist : (n) قدیم سسکس کا زمین ناپنے کا ایک پیمانہ ۔

Wistaria/Wisteria : (n) [mod. L., f. name Caspar Wistar, an American anatomist'.] وسٹاریا؛ ایک قسم کا پھلی دار درخت جس میں زرد سرخ پھول ہوتے ہیں ۔

Wistful : (a) (۱) خواہش مند؛ آرزومند؛ متمنی؛ پُر حسرت؛ حسرت بھرا ۔ (۲) فکر میں ڈوبا ہوا؛ سوچ میں پڑا ہوا؛ غور و فکر کا ۔

Wistfully : (adv.) (۱) حسرت سے ۔ (۲) غور و فکر کے انداز سے ۔

Wistfulness : (n) (۱) پُرحسرت ہونا؛ حسرت کی حالت ۔ (۲) غور و فکر کی حالت ۔

Wistiti : (n) [Fr. 'ouistiti'.] جنوبی امریکا کا ایک بندر؛ مرکٹ ۔

Wit : (n) [OE. 'wit (t)'] (۱) سمجھ؛ عقل ؛ فہم ۔ (۲) نکتہ سنجی؛ بذلہ سنجی؛ اعلیٰ ظرافت؛ لطیف ظرافت ۔ (۳) لطیفہ؛ لطیف فقرہ ۔ (٤) نکتہ سنج؛ بذلہ سنج ۔ (٥) صلاحیت؛ ذہانت؛ ذکاوت؛ زیرکی؛ تیزفہمی؛ فراست؛ دقیقہ رسی ۔ (٦) (شاذ) شعور؛ تمیز؛ قوت فیصلہ ۔ (۷) ذہین آدمی؛ عالم شخص ۔ (۸) ظریف الطبع شخص ۔

At one's wit's end : سخت چکر میں؛ ایسی حالت میں کہ عقل گم ہو یعنی کام نہ دیتی ہو ۔

In (one's right) wit : صحیح الدماغ؛ صحیح العقل ؛ عاقل ۔

Out of (one's) wit : (۱) بدحواس؛ بوکھلایا ہوا ۔ (۲) پاگل؛ دیوانہ ۔

The wit of man : عقلِ انسانی؛ قوتِ ادراک ۔

To bring (drive) to one's wit's end : سخت چکر میں ڈال دینا ۔

To have one's wits about one : چوکس ہونا؛ سمجھدار ہونا ۔

To have the wit to : تمیز رکھنا؛ شعور رکھنا ۔

To live by one's wits : طرح طرح کی چالاکیوں سے روزی کمانا ۔

Wit : (v) [OE. 'witan'.] جاننا؛ واقف ہونا؛ علم رکھنا ۔

God wot : خدا جانتا ہے ۔

I wot : میں اچھی طرح جانتا ہوں ۔

Let wit : (قدیم) آگاہ کرنا ۔

To wit : یعنی ۔

Wit : (v) (۱) (یک وقتی لفظ) نکتہ سنج بننا ۔(۲) (یک وقتی لفظ) (کسی کو) نکتہ سنج کہنا ۔

Witan : (n) [OE.] اینگلو سیکسن کے زمانے کی قومی کونسل کے ارکان یا خود وہ قومی کونسل ۔

Witch : (n) [OE. 'wicca'.] جادوگر؛ ساحر ۔

Witch : (n) [OE. 'wicce'.] (۱) جادوگرنی؛ ساحرہ ۔ (۲) (مجازاً) دلرباعورت؛ ساحرہ ۔(۳) بدصورت بڑھیا؛ ڈھڈو ۔ (٤) ایک قسم کا گھونگا ۔ (٥) کرگھے کا ایک پرزہ جس کے ذریعے چھوٹے چھوٹےنقش ونگاربنائے جاتے ہیں ۔(٦) بطریل؛ ایک بحری پرندہ جس کے پَر سیاہ و سفید اور بازو لمبے ہوتے ہیں ۔ (۷) ایک قسم کا پروانہ ۔

As nervous as a witch : بہت بے چین (شخص) ۔

Old witch : بد صورت بڑھیا؛ ڈھڈو ۔

The witch is in it : یہ مسحور ہے ۔

Witch/Wych : (n) [OE. 'wice'.] ان متعدد درختوں میں سے کوئی جن کی شاخیں لچکدار ہوتی ہیں ۔

Witch : (n) [Origin unkn.] ایک قسم کی چپٹی مچھلی ۔

Witch : (v) [OE. 'wiccian'.] (۱) جادو کرنا؛ مسحور کرنا ۔ (۲) (مجازاً) لبھانا ۔(۳) دیکھوDowse ۔

Witch : (a) سحر سے متعلق؛ ساحرانہ؛ جو جادو کے خلاف استعمال ہو ۔

Witch ball : (n) شیشے کا کھوکھلا گولا جو اٹھارھویں صدی عیسوی میں بدروحوں سے محفوظ رہنے کے لئے کھڑکیوں پر لٹکا دیا جاتا تھا ۔

Witch bell (s) : (n) جنگلی سنبل ۔

Witch-doctor : (n) طلسم گر؛ جادوگر؛ ساحر ۔

Witch-doctress : (n) جادوگرنی؛ ساحرہ ۔

Witch-finder : (n) جادوگرنیوں کی تلاش یا ان کے خلاف شہادت ڈھونڈنے والا ۔

Witch-fire : (n) دیکھو Corposant

Witch-grass : (n) (۱) ایک قسم کی امریکی گھاس ۔ (۲) دوب (گھاس) ۔

Witch-hat : (n) جادوگرنی کی ٹوپی؛ ہیٹ جس کی چندیا مخروطی اور چھجا چپٹا ہوتا ہے ۔

Witch hazel/Wych : (n) (۱) ایک درخت ۔(۲) شمالی امریکا کی ایک جھاڑی ۔

Witch-hunt : (n) (۱) جادوگروں کی تلاش اور ایذا رسانی ۔ (۲) سیاسی مخالف کے خلاف تفتیش یا جدوجہد جو مفاد عامہ کے تحفظ کے درپردہ کی جائے ۔

Witch-hunter : (n) (۱) جادوگروں کو تلاش کرنے اور ایذا پہنچانے والا ۔(۲) مخالف کے خلاف تفتیش یا تنظیمی جدوجہد کرنے والا ۔

Witch-hunting : (n) (۱) جادو گروں کی تلاشی کرنا یا ایذا پہنچانا ۔ (۲) (سیاسی) مخالف کے خلاف تفتیش کرنا ۔

Witch-knot : (n) (۱) گرہ دار یا الجھے ہوئے بال (جو جادو گرنیوں نے بنائے ہوں) ۔ (۲) دیکھو Witches' Besom ۔

Witch-lock : (n) گرہ دار یا الجھے ہوئےبال (جو جادوگرنیوں نے بنائے ہوں) ۔

Witch-mark : (n) جسم پر کا داغ جس کے ذریعے جادوگرنیوں کو پہچانا جاتا تھا ۔

Witch-monger : (n) وہ شخص جو جادوگرنیوں سے تعلق رکھتا ہو یا جادوگری پر یقین کرتا ہو ۔

Witch-moth : (n) بعض قسم کے پتنگے ۔

Witch of Agnesi : (n) (ریاضیات) سطح انحنا ۔

Witch-stick : (n) دیکھو Dowsing-rod

Witch-weed : (n) ایک طفیلی پودا ۔

Witchcraft : (n) [OE. 'wiccecraeft'.] (۱) جادو؛ سحر ۔ (۲) (مجازاً) جادو؛ دلکشی؛ دلربائی ۔

Witchen : (n) (Mountain Ash, Elm) بعض قسم کے درختوں کا نام جیسے: Elm اور Mountain Ash وغیرہ ۔

Witchery : (n) (۱) جادوگری؛ سحر ۔ (۲) دلربائی؛ عشوہ طرازی؛ سحر طرازی ۔

Witche's besom/-broom : (n) گھنا گچھا جو بعض سماروغ کی وجہ سے شاخوں پر نکل آتا ہے ۔

Witche's bridle : (n) اسکاچستان میں جادوگرنیوں کی آزار رسانی کے آلات ۔

Witche's butter : (n) بعض قسم کے چپچپے سماروغ یا کائیوں کےنام ۔

Witche's sabbath : (n) سبت الساحرات؛ ایک سالانہ جشن جو آدھی رات کو بھوت پریت اور جادوگر مل کر مناتے ہیں ۔

Witchetty : (n) [Native name.] بعض قسم کے بھونروں کا پیل روپ جسے آسٹریلوی دیسی کھاتے ہیں ۔

Witching : (n) جادو؛ سحر ۔

Witching : (a) (۱) ساحرانہ ۔ (۲) سحر سے متعلق؛ جادوگری سے متعلق ۔ (۳) سحر کا؛ جادو کا (وقت) ۔ (٤) دلربا؛ عشوہ طراز؛ جادو طراز ۔

Witching : (adv.) شوخی سے؛ غمزے سے؛ دلفریبی سے؛ دلربائی سے ۔

Witching-stick : (n) دیکھو Dowsing rod

Witchlike : (a) جادوگرنی جیسا؛ بدصورت؛ بدقوارہ ۔

Witchman : (n) دیکھو Witch-Doctor

Witch's bells : (n) ایک پودا جس میں سرخ یا سفید پھول آتے ہیں گل پنجہء علی ۔

Witchwoman : (n) جادوگرنی؛ ساحرہ ۔

Witchy : (a) (۱) جادوگرنیوں جیسا؛ بد اندیش ۔ (۲) ساحرانہ ؛ جادوگری کا ۔

Wite/Wyte : (n) [OE.] (تاریخ) الزام؛ سرزنش؛ زجر؛ ملامت؛ نقص ۔

Wite/Wyte : (v) [OE. 'witan'.] الزام لگانا؛ ملامت کرنا؛ مذمت کرنا ۔

Witenagemot : (n) [OE. 'witena gemot'.] اینگلو سیکس قوم کی قومی مجلس شوریٰ یا پارلیمنٹ ۔

Witereden : (n) [OE. 'witeraeden'.] (تاریخ) جرمانہ ۔

Witgat/Witgatboom : (n) [Africa.] جنوبی افریقہ کی ایک جھاڑی یا درخت ۔

With : (prep.) [OE. 'wip'.] (۱) خلاف؛ مقابلےمیں ۔ (۲) ساتھ ۔ (۳) موافقت میں ۔ (٤) لئے ہوئے؛ رکھتےہوئے ۔ (٥) پاس؛ قبضے میں؛ ذمے ۔ (٦) مدد سے؛ ذریعے سے ۔ (۷) سے ۔ (۸) ساتھ ساتھ ۔ (۹) وجہ سے ۔ (۱۰) کے ساتھ ۔ (۱۱) ساتھ ۔ (۱۲) باوجود ۔ (۱۳) معاملے میں ؛ بارے میں ۔ (۱٤) دوران ؛ درمیان ۔ (۱٥) طرف؛ واسطے؛ خاطر؛ جانب ۔ (۱٦) اسی طرف؛ اسی جانب ۔ (۱۷) گھر میں؛ اسی گھر میں ۔ (۱۸) شامل؛ ہمراہ ۔ (۱۹) مع ۔

Dripping with dew : شبنم ٹپکتے ہوئے ۔

Face to face with : مد مقابل؛ آمنے سامنے ۔

It is pouring with rain : بارش ہو رہی ہے ۔

One (day etc.) with another : دیکھو One

One with : متحد؛ ایک ذات ۔

To begin with : پہلے اس کو لیجئے ۔

To be with : اتفاق رائے کرنا؛ متفق ہونا ۔

To break with : قطع تعلق کرلینا ۔

With that : اس پر؛ چنانچہ؛ اس بات پر؛ اس کے ساتھ ہی؛ تب ۔

With this : بعد ازیں؛ پیشتر ؛ اس سے پہلے ۔

With - : (Prefix) سابقہ بمعنی "دور" ؛ "پیچھے" ؛ "پہلے" ؛ "بعید" ؛ "خلاف" ۔

With : (adv.) اضافہ کے طور پر ۔

With : (n) دودکش اور دھواں نکلنے کی نالی کے بیچ کی اوٹ ۔

Withal : (adv.) [Prop. two words with alte'] (۱) اس کے ساتھ ؛ اس کے علاوہ؛ مزیدبرآں؛ بھی؛ نیز ۔ (۲) تاہم؛ باوجود ۔ (۳) اس کے بعد ہی؛ فوراً ہی؛ معاً ۔

Withal : (prep.) دیکھو With

Withamite : (n) [f. H. Witham, the dricoverer.] اسکاٹ لینڈ میں پائی جانے والی سرخ یا زردی مائل سرخ معدنی شے؛ ایپیڈوٹ (Epidote) ۔

Withania : (a) [Origin unkn.] یورپی جھاڑیوں کی ایک جنس ۔

Withdraw : (v) (۱) ہٹا دینا؛ کھینچ لینا ۔ (۲) واپس لے لینا؛ اٹھا لینا۔ (۳) واپس لینا(الفاظ، وعدہ وغیرہ) ۔ (٤) ہٹ جانا؛ چلے جانا ۔ (٥) (روپیہ وغیرہ بینک سے یا اصل سے) نکال لینا ۔ (٦) (قانون) ارکان جیوری سے جیوری کو ہٹا دینا تاکہ عدالتی کاروائی ختم ہو جائے ۔ (۷) نکال دینا؛ (کسی زمرے یا گروپ سے) الگ کر دینا ۔

Withdraw : (n) واپسی؛ علیحدگی ۔

Withdrawable : (a) قابل واپسی؛ جسے ہٹایا جاسکے ۔

Withdrawal : (n) (۱) ہٹانا یا ہٹایا جانا ۔ (۲) واپسی؛ واپس لینا یا لیا جانا؛ پس قدمی ؛ باز خواست ۔ (۳) ہٹنا؛ علیحدگی ۔ (٤) موقوفی؛ ترک ۔ (٥) واگذاشت ۔ (٦) منشیات ترک کرنا ۔

Withdrawal symptoms : (n) بعض علامتیں (مثلاً متلی، پسینہ، افسردگی) جو منشیات ترک کرنے سے پیدا ہو جاتی ہیں ۔

Withdrawer : (n) (۱) واپس لے لینے والا ۔ (۲) (اسکاچستان) وہ شخص جو سترھویں صدی عیسوی میں قومی کلیسا کی اطاعت نہ کرتا تھا ۔

Withdrawing : (n) ہٹنا؛ واپس لینا ۔

Withdrawing : (a) ہٹنے والا؛ کنارہ کشی اختیار کرنےوالا ۔

Withdrawing-room : (n) دیوان خانہ ۔

Withdrawment : (n) (شاذ) دیکھو Withdrawal

Withdrawn : (a) (۱) الگ کیا ہوا ؛ علیحدہ کیا ہوا ۔ (۲) گوشہ نشیں؛ الگ تھلگ رہنے والا؛ گوشہ گیر ۔

Withdrawnness : (n) علیحدگی؛ گوشہ نشینی ۔

Withe/With : (n) [OE. 'withthe'.] (۱) لچیلی شاخ خصوصاً بید کی جس سے گٹھے باندھتے ہیں ۔ (۲) بید ۔ (۳) جمیکا کا بیلوں والا ایک پودا ۔ (٤) شاخ بید سے مشابہ بعض آہنی اوزار ۔

Withe : (v) (۱) شاخ بید سے لپیٹنا یا باندھنا ۔ (۲) شاخ بید کے پھندے سے ہرن کو پھنسانا ۔

Withe : دیکھو With

Wither : (n) (چائے کی تیاری میں) پتیوں کا مرجھانا ۔

Wither : (v) [apparently Var. of weather.] (۱) خشک ہو جانا؛ مرجھا جانا؛ پژمردہ ہونا ۔ (۲) (جانوروں کا) لاغر اور کمزور ہو جانا ۔ (۳) (آدمی یا بے جان چیزوں کا) انحطاط پذیر ہونا؛ کمہلانا؛ ناتواں ہو جانا ۔ (٤) (چائے کی پتیوں کو) گرم کرنے سے پہلے سکھانا ۔ (٥) خشک کر دینا؛ مرجھا دینا ۔ (٦) (جسم یا جسمانی طاقت کو) گھلا دینا ۔ (۷) مفلوج کر دینا؛ چکرا دینا ۔

Withered : (a) (۱) مرجھایا ہوا؛ خشک؛ پژمردہ؛ سوکھا ہوا؛ مریل؛ لاغر؛ گھلا ہوا ۔ (۲) ناتواں؛ کمزور؛ سوکھے ہوئے چہرے کا ۔

Withered leaf : (a) بھورا مائل نارنجی رنگ ۔

Witheredly : (adv.) مرجھاکر؛ سوکھ کر؛ کمزوری کےساتھ ۔

Witheredness : (n) پژمردگی؛ مرجھاہٹ؛ لاغری؛ کمزوری؛ ناتوانی ۔

Withering : (a) (۱) تباہ کن؛ خاک میں ملانےوالا ۔ (۲)پژمردہ؛ جان کاہ؛ افسردہ کن ۔

Witheringly : (adv.) پژمردگی سے ۔

Witherite : (n) [f. name W. Withering.] خام بیریم کاربونیٹ ۔

Withernam : (n) [AL. 'withernamium'.] (۱) (تاریخ) (واگذاشت قرقی میں) عوضی قرقی ۔ (۲) قرض کے لئے قرقی کا ایک طریقہ جو بعض جگہ رائج تھا ۔

Withers : (n) (۱) گھوڑے کا مدو؛ شانہ ۔(۲) احساس؛ جذبہ ۔

My withers are unwrung : میں الزام سے بری ہوں ۔

Withershins/Widdershins : (adv.) [MLG weddersin(ne)s'.] (اسکاچستان) سورج کی رفتار یا گھڑی کی رفتار کے مخالف رخ پر (جو منحوس سمجھا جاتا ہے) ۔

Withertip : (n) (نباتیات) شاخوں یا پتیوں کے سرے کا مرجھا جانا؛ پژمردہ راس ۔

Withertop : (n) سن کی ایک بیماری ۔

Withhold : (v) (۱) روکنا؛ باز رکھنا؛ روکے رکھنا ۔ (۲) (دوسرے کی چیز) اپنے قبضے میں رکھے رہنا ۔

To withhold one's hand/-hold : کوئی کاروائی نہ کرنا ۔

Withholder : (n) روکنے والا؛ باز رکھنے والا ۔

Withholding : (n) تنخواہ یا آمدنی سے انکم ٹیکس کاٹ لینا ۔

Within : (adv.) [Late OE. 'withinnan'.] (۱) اندر؛ گھر کےاندر؛ اندر سے؛ اندرونی طور پر ۔ (۲) داخلی طور پر؛ دماغ؛ روح یا دل میں ۔ (۳) حد کے اندر؛ دائرے کے اندر ۔

Within : (prep.) (۱) اندر؛ میں ۔(۲) اندر ہی؛ قریب؛ زدمیں ۔ (۳) دل میں؛ روح میں ۔

Within oneself : خیال میں؛ ذہن میں ۔

Within oneself, itself etc : (۱) خود مختارانہ ۔ (۲) خود سے اپنے آپ ۔(۳) اپنی صلاحیت کے اندر ۔

Within : (a) اندرونی؛ داخلی ۔

Within : (n) (۱) دو پاؤں اندر ۔

Within board : (adv.) جہاز کے اندر ۔

Within call : (adv.) بہت قریب؛ نزدیک؛ جہاں تک آواز پہنچ سکے ۔

Within doors : (adv.) گھر کے اندر ۔

Within hearing : (adv.) جہاں سے سنا جاسکے ۔

Within reach : (adv.) جہاں تک ہاتھ پہنچ سکے؛ مقدور میں؛ پہنچ میں ۔

Within oneself : (a) ازاد بالذات ۔

Within sight : (adv.) حد نظر کے اندر؛ جہاں تک نظر پہنچ سکے ۔

Withinside/Withinsides : (adv.) (۱) اندر؛ اندر کی طرف ۔ (۲)دیکھو Indoors ۔

Withinside : (prep.) دیکھو Inside

Withness : (n) رفاقت؛ قرب؛ نزدیکی؛ ساتھ؛ ربط ۔

Without : (adv.) [Late OE. 'withutan'.] (۱) باہر ۔(۲) باہر کی طرف ۔

Without : (prep.) (۱) باہر؛ خارج ۔(۲) بغیر؛ بلا؛ بے ۔(۳) بوجہ یا بصورت عدم موجودگی ۔ (٤) (عام) چینی کے بغیر (شراب) ۔

Without : (conj) تاوقتیکہ؛ جبتک کہ ۔

Without : (n) باہری مقام یا خطہ؛ باہر کا رخ؛ ظاہر؛ خارجی ذریعہ ۔

Those (that are) without : کسی حلقے وغیرہ کے باہر کا شخص؛ بیرونی ۔

Without book : (adv.) بغیر اختیار کے؛ زبانی؛ بغیر کتاب کے ۔

Without doors : (adv.) (۱) زیر آسمان؛ کھلی ہوا میں ۔ (۲) کسی حلقے یا جماعت سے باہر ۔

Without doors : (a) (۱) بیرونی؛ خارجی؛ باہر کا۔(۲) زیر آسمان؛ کھلی ہوا میں ۔

Without doubt : (adv.) بلاشبہ؛ یقیناً ۔

Without end : (a) غیر محدود؛ لامتناہی ۔

Without prejudice : (adv.) "موجودہ حقوق وغیرہ کو نقصان پہنچائے بغیر" (معاملہ کرتے وقت یہ فقرہ کہتے ہیں جس سے مرادیہ ہے کہ اگر معاملہ طے نہ ہو تو جو کچھ کہا یا تحریر کیا جائے

وہ کسی فریق کے حال میں مضر نہیں ہو سکتا اور نہ وہ بطور شہادت پیش ہو سکتا ہے)۔

Without success : (adv.) ناکامیابی کے ساتھ۔

Withouten : (prep.) دیکھو Without

Withstand : (v) [OE. 'wipstandan'.] (۱) مقابلہ کرنا؛ مزاحمت کرنا۔ (۲) مخالفت کرنا۔(۳) روکنا؛ باز رکھنا۔

Withstander : (n) مقابلہ کرنے والا؛ مزاحمت کرنے والا۔

Withstandingness : (n) مقابلہ یا مزاحمت کرنے کی قوت یا میلان۔

Withstay : (v) روکنا؛ باز رکھنا؛ مزاحم ہونا۔

Withwind : (n) [OE. 'wipowinde'.] مختلف قسم کی بیلیں۔

Withy : (n) [OE. 'wipig'.] (۱) بید۔ (۲) بید کی لچکیلی شاخ۔

Withy : (a) پھرتیلا؛ مستعد۔

Withywind : (n) دیکھو Withwind

Witless : (a) (۱) غبی؛ بیوقوف۔(۲) کمزور؛ بودا؛ مخبوط؛ سودائی۔ (۳) غیر ذی فہم؛ تھس؛ غیر مدرک؛ کند ذہن۔(٤) بے خبر؛ ناواقف۔

Witlessly : (adv.) بیوقوفی سے؛ کند ذہنی سے۔

Witlessness : (n) کند ذہنی؛ بیوقوفی ؛ گاؤدی پن۔

Witling : (n) خام بذلہ سنج۔

Witloof : (n) [Du.] چکوری؛ سفید برگ کاسنی۔

Witness : (n) [OE. 'witnes'.] (۱)گواہی؛ شہادت۔(۲)تصدیق۔ (۳) گواہ ؛ شاہد۔(٤) آنکھ سے دیکھنے والا۔ (٥) (مجازاً) ضمیر کی آواز۔ (٦) تصدیق بذریعہ دستخط یا حلف۔(۷) کوئی چیز جو ثبوت یا شہادت کا کام دے؛ علامت شہادت۔ (۸) (متنی تنقید میں) مسودہ ؛ ابتدائی نسخہ۔ (۹) شہید (عیسائی)۔

God is my witness that ..... : خدا گواہ ہے کہ .....۔

Hostile witness : باغی گواہ۔

In witness : بطور شہادت؛ تصدیق کے طور پر۔

To bear (one) witness : تصدیق کرنا؛ شہادت دینا۔

To bear witness : شہادت ہونا؛ شاہد ہونا؛ تصدیق کرنا؛ گواہ ہونا ؛ ثبوت ہونا۔

To call to witness/To take- : تصدیق چاہنا۔

Ultroneous witness : ایسا گواہ جس کا گواہوں کی فہرست میں نام نہ ہو۔

Witness : (v) (۱) شہادت دینا؛ گواہی دینا؛ تصدیق کرنا؛ گواہ ہونا۔(۲) ظاہر کرنا ؛ ثبوت ہونا؛ علامت ہونا۔ (۳) دیکھنا۔ (٤) دستخط کی تصدیق کرنا۔(٥) شاہد ہونا۔(٦) (مجازاً) (جگہ، وقت وغیرہ کا کسی واقعہ وغیرہ سے) لگاؤ رکھنا؛ محل یا مقام وقوع ہونا۔

Witness : (a) (۱) گواہ کا؛ گواہ یا گواہی سے متعلق۔ (۲) سیوانہ یا نشان کا کام دینے والا۔

Witness action : (n) مقدمہ جس میں گواہ کی ضرورت ہو۔

Witness-box : (n) گواہ کا کٹہرہ؛ عدالت میں گواہوں کے کھڑے ہونے کی جگہ۔

Witness corner : (n) کونی کھمبا یا یادگار جو پیمائش (سروے) کرنے والے ناقابل رسائی جگہوں کے لئے حوالے کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔

Witness-stand : (n) عدالت میں وہ چبوترہ یا جگہ جس پر گواہ گواہی دیتے وقت کھڑا ہوتا ہے۔

Witnessed : (a) تصدیق شدہ۔

Witney : (n) [Witney, a town in Oxfordshire.] (۱) ایک قسم کا دبیز اُونی کپڑا جس سے کمبل بنتا ہے۔ (۲) ایک قسم کا نرم اُونی کپڑا جس سے اوورکوٹ بنتا ہے۔

Witted : (a) دانشمند ؛ عقلمند ؛ بذلہ سنج۔

Wittedness : (n) عقلمندی ؛ دانشمندی ؛ بذلہ سنجی۔

Witter : (n) [OE.] (کرلنگ کھیل میں) ٹی (نشان) جس پر گیند ماری جاتی ہے۔

Witter : (n) [Origin unknown.] (اسکاچستان) دیکھو Barb

Wittering : (n) [ME.'wittering'.] (اسکاچستان) اطلاع؛ علامت؛ نشان۔

Wittichenite : (n) [G. 'wittichenit'.] بسمتھ اور تانبے کا خام سلفائیڈ۔

Witticism : (n) (۱) بذلہ سنجی ؛ لطیف فقرہ ۔(۲) مسخرے پن کا فقرہ ؛ ٹھٹھول ۔

Witticize : (v) (۱) لطیف فقرہ کہنا؛ لطیفہ کہنا۔(۲) ٹھٹھول کرنا ؛ فقرہ چست کرنا ۔

Wittily : (adv.) بذلہ سنجی سے ۔

Wittiness : (n) نکتہ سنجی ؛ بذلہ سنجی ؛ ظریف الطبع ہونا ؛ لطیف ظرافت ۔

Witting : (n) (۱) (قدیم) علم ؛ واقفیت ۔(۲) اطلاع ؛ خبر ؛ تنبیہ۔

Witting : (a) (۱) با علم ؛ با خبر ؛ خبر دار ؛ آگاہ ۔ (۲) شعوری۔

Witting : (adv.) دیدہ و دانستہ ؛ جان بوجھ کر کیا ہوا ۔

Wittingite : (n) [G. 'wittingit'.] ایک معدنی شے ۔

Wittingly : (adv.) دیدہ و دانستہ ؛ جان بوجھ کر کیا ہوا ۔

Wittite : (n) [SW.] ایک معدنی شے $(Pb_5 Bi_6 (S, Se)_{14})$ ۔

Wittol : (n) [Late ME. 'wetewold'.] (۱) زن مرید ؛ قرم ساق؛ دیوث ۔(۲) نیم مخبوط الحواس شخص ۔

Wittol : (a) نیم مخبوط الحواس ؛ بیوقوف ۔

Wittolly : (a) نیم مخبوط الحواس ؛ بیوقوف ۔

Witty : (a) (۱) چالاک؛ ہنرمند ؛ لائق ۔(۲) بذلہ سنج ؛ نکتہ سنج ؛ ظریف الطبع ۔ (۳) ظریفانہ ؛ نکتہ سنجانہ۔

Witwall : (n) [mod. G. 'wiedewal'.] سبز بدبد ۔

Wive : (v) [OE. '(ge) wifan'.] (۱) بیوی بنانا ؛ شادی کرنا ۔ (۲) (کسی کی) شادی کرنا ۔

Wivern : (n) (۱) دو پاؤں کے پردار اژدھے کی شکل جو ڈھال پر بناتے ہیں ؛ مار پردار ۔(۲) دیکھو Wyvern ۔

Wiving : (n) بیوی بنانا ؛ شادی ؛ شادی کرنا ۔

Wiwi : (n) [Maori.] نیوزی لینڈ کا سینٹھا جس سے چھپر وغیرہ بناتے ہیں۔

Wizard : (n) [ME. 'wysard'.] (۱) جادوگر؛ ساحر ۔(۲) ماہرفن؛ ماہر ؛ ہنرمند شخص ؛ استاد ۔ (۳) طلسم گر ؛ سیانا۔

Wizard : (a) (۱) ساحرانہ ؛ جادوئی قوت رکھنے والا ۔ (۲) جادوگروں سے متعلق ؛ مسحور ۔

Wizardry : (n) (۱) جادوگری ؛ سحر ۔(۲) ساحرانہ قوت یا اثر۔

Wizen : (a) سوکھے ہوئے چہرے کا ۔

Wizen : (v) [OE.'wisnian'.] (۱) (شاخ، پودا وغیرہ) سوکھ جانا ؛ مرجھا جانا ۔(۲) سکھا دینا؛ مرجھا دینا ۔ (۳) (چہرے وغیرہ کا) جھریاں پڑ جانا؛ سوکھ جانا۔

Wizened : (a) (۱) (پودا ، پتی وغیرہ) سوکھا ہوا ؛ مرجھایا ہوا ۔(۲) (انسان یا جانور) سوکھے ہوئے چہرے کا؛ چھوارا سا ۔

Wizzled : (a) سوکھا ہوا ؛ مرجھایا ہوا ؛ چھوارا سا ۔

Wo : (n) [Var. of WHO.] (۱) باز کو آواز دینے کا لفظ ۔ (۲) بس ؛ ٹھہرجا (گھوڑے کو روکنے کے لئے کہتے ہیں)۔

Wo : (v) گھوڑے کو "بس ، ٹھہرجا " کہنا ؛ روکنا ۔

Woa : (n&v) [Var. of WHOA.] دیکھو Wo

Woad : (n) [OE. 'wad'.] (۱) ووڈ ؛ ایک درخت جس سے نیلا رنگ نکلتا ہے ۔(۲) نیلا رنگ جو ووڈ سے نکلتا ہے ۔

Woad : (v) ووڈ کے رنگ میں رنگنا ۔

Wobbegong : (n) [Native name in New. South Wales.] ایک قسم کی شارک مچھلی ۔

Wobble/Wabble : (n) (۱) گردش ؛ ڈگمگاہٹ ؛ لڑکھڑاہٹ ؛ پلٹنا ؛ رنگ بدلنا ؛ تلون کی حرکت ۔(۲) (جمع) (آسٹریلیا) مویشیوں کی ایک بیماری جو ایک درخت کا پتا کھانے سے ہو جاتی ہے ۔

Wobble/Wabble : (v) [LG.'wabbeln'.] (۱) (ڈگمگاتے ہوئے) چکر کھانا ؛ گردش کرنا ؛ گھومنا (لٹو وغیرہ کا) ۔ (۲) (گولی وغیرہ کا) تھرانا ؛ جھونکے کھانا ۔ (۳) ڈگمگانا؛ لڑکھڑانا ۔ (٤) (مجازاً) تلون سے کام لینا ؛ کبھی کچھ کرنا کبھی کچھ کرنا؛ باربار پلٹا کھانا ؛ بار بار رنگ بدلنا ؛ (نیت، ارادے وغیرہ کا) ڈانواں ڈول ہونا ۔ (٥) (آواز کا) کانپنا ؛ تھرتھرانا؛ لرزنا ۔ (٦) جھونکے کھلانا ؛ اِدھر اُدھر ہلانا ۔

Wobble-saw : (n) ترچھا مدور آرا ۔

Wobbler/Wabbler : (n) (۱) ڈگمگانے والا : لڑکھڑانے والا ۔ (۲) متلون مزاج ؛ غیر مستقل مزاج ؛ ڈانواں ڈول ارادے کا آدمی ۔

Wobbley : (a) لڑکھڑانے والا ؛ ڈگمگانے والا ؛ متلون مزاج؛ غیر مستقل مزاج ۔

Wobbulator : (n) ریڈیو کی جانچ کرنے کا ایک آلہ ۔

Wodge/Wadge : (n) [Expressive alt. of wedge.] ڈھیر : انبار ؛ ابھرا ہوا انبار؛ گانٹھ ۔

Wodgy : (a) ڈھیر جیسا ؛ انبار جیسا ۔

Woe : (int.) [OE.'wa'.] رنج وغم یا ماتم کرنےکاحرف فجائیہ ۔

Woe betide you : آپ کو مشکل یا مصیبت ہو جائے گی (اگر .....) ۔

Woe be to us : ہم لوگوں پر لعنت ہو ۔

Woe is him : اس پر لعنت ہے ۔

Woe worth : لعنت ہو ۔

Woe worth me/Woe is me : مجھ پر لعنت ہو ۔

Woe : (n) (۱) غم ؛ الم ؛ رنج ؛ مصیبت ۔ (۲) (جمع) آلام؛ مصائب ۔ (۳) لعنت کہنا ؛ پھٹکار ؛ لعنت ۔

Woe : (a) (اسکاچستان) رنجیدہ؛ ملول؛ غمگین؛ مغموم ۔

Woe-begone : (a) مغموم؛ غمگین ؛ اندوہ گیں ؛ نہایت ملول ۔

Woe-begone : (n) ملول شخص ؛ مغموم آدمی ۔

Woe-begoneness : (n) غمگینی؛ ملال ؛ اندوہناکی ؛ غمناکی ۔

Woeful/Woful : (a) (۱) مصیبت انگیز ؛ المناک ؛ غمناک ۔ (۲) مغموم؛بےحدملول؛ غمگین ۔ (۳) افسوسناک؛ تاسف انگیز ؛ قابل رحم ۔

Woefully : (adv.) غمگینی کے ساتھ؛ المناک طریقے سے ۔

Woesome/Waesome : (a) دیکھو Woeful

Woffler : (n) [ME.'woffle'.] مرمت کرنے والا؛ درست کرنے والا۔

Woft : دیکھو Weft

Wog : دیکھو Wag

Wog : (n) [Short for 'golliwog'.] (تحقیراً) مشرق وسطیٰ کے باشندے ۔

Wog : (n) [Short for 'polliwog'.] ایک مرض زا جرثومہ؛ ضرر رساں جرثومہ ۔

Woggle : (v) دیکھو Waggle

Wogul/Vogul : (n) [Russian 'vogul'.] اگریّن (Ugrian) نسل کا ایک قبیلہ ۔

Wohler's law : (n) چیزوں کی مضبوطی کا قانون (کہ بار یا تناؤ کی تکرار سے مضبوطی کم ہوتی جاتی ہے)۔

Woilie : (n) [Native name in Western Australia.] کنگارو کی ایک قسم ۔

Wok : (n) چینی کھانا پکانے کا ایک قسم کا برتن ۔

Woke : (Past.part.) دیکھو Wake

Wold : (n) [OE. 'wald'.] (۱) غیر مزروعہ زمین ؛ میدان ؛ بیہڑ ؛ دشت ۔ (۲) انگلستان کا پہاڑی علاقہ ۔

Wolf : (n) [OE. 'wulf'.] (۱) بھیڑیا ؛ گرگ ۔ (۲) ظالم اور لالچی آدمی ؛ بھیڑیا انسان کی شکل میں ۔ (۳) بے سُرا پن ؛ باجے کے بعض تاروں کی ہم آہنگی ۔ (٤) بھیڑیے کی تصویر ۔ (٥) (علم النجوم) گرگ فلک ؛ سَبُع ۔ (٦) بھیڑیے سے مشابہ دوسرے جانور؛ جنوبی افریقہ کا لکڑبگھا (چرخ) ؛ تسمانیہ کا ایک تھیلی دار جانور ؛ متعدد قسم کی پیٹو مچھلیوں کا نام ۔ (۷) بھوک ؛ قحط ؛ غربت ؛ افلاس ؛ بھکمری ۔ (۸) ندیدوں کی سی بھوک ؛

شدید بھوک ۔ (۹) ناسور : خصوصاً لیُوپس ۔ (۱۰) مختلف آلات کے نام کے ساتھ آتا ہے ۔ (۱۱) ایک قسم کا مچھلی پکڑنے کا جال ۔ (۱۲) (پارچہ سازی) رونی دھنکنے کی مشین ۔ (۱۳) عیار شخص ۔ (۱٤) ہوشیار تجربہ کار تاجر ۔ (۱۵) چھیلا ؛ رسیا ۔ (۱٦) (عامیانہ) اغلام باز: مائل بہ ہم جنس ؛ چپٹی باز ۔ (۱۷) بگاڑنے یا تباہ کرنے والی چیز ۔ (۱۸) بعض بھونروں یا پتنگوں کا پہل روپ ۔ (۱۹) دوسرے درجے کا اسکاؤٹ جس کی عمر کم سے کم آٹھ سال ہو ۔ (۲۰) باٹ مکھی کا پہل روپ ۔ (۲۱) عیاش ؛ اوباش شخص ۔

A wolf in lamb's skin/-sheep's clothing : ریا کار ؛ رنگا سیار ۔

To cry wolf : جھوٹ موٹ کے خطرے کا اعلان کرنا ۔

To keep the wolf from the door : فاقے سے بچنا: کسی نہ کسی طرح پیٹ بھرنا ۔

To see or have seen a wolf : گنگ ہو جانا: زبان بند ہوجانا ۔

To wake a sleeping wolf : مصیبت یا پریشانی مول لینا ۔

Wolf : (v) (۱) مربھکے کی طرح کھانا: ہڑپ کر جانا: نگل جانا ۔ (۲) خطرے کا غلط اعلان کر کے دھوکا دینا ۔ (۳) بھیڑیے کا شکار کرنا ۔ (٤) عورتوں کے پیچھے پھرنا: عشق ومحبت کرنا (اوپری طور سے) ۔

Wolf-berry : (n) شمالی امریکا کی ایک جھاڑی ۔

Wolf-call : (n) عورت یا لڑکی کو دیکھ کر تعریف کرنے یا پسند ظاہر کرنے کے لئے مردوں کا سیٹی یا کوئی آواز نکالنا ۔

Wolf-child : (n) وہ بچہ جس کی پرورش بھیڑیا یا کسی دوسرے درندے نے کی ہو ۔

Wolf-cub : (n) بھیڑیے کا بچہ ۔

Wolf-dog : (n) (۱) بھیڑیے کا شکار کرنے والا کتا: الساشی کتا: آئرستانی تازی کتا ۔ (۲) پالتو کتا اور بھیڑیے سے پیدا ہونے والا کتا: گرسگ: سگ گلہ: دوغلا کتا جس میں بھیڑیے کا میل ہو ۔

Wolf-eel : (n) ایک قسم کی خونخوار مچھلی: ایک قسم کی بڑی اور پیتو سمندری مچھلی جو الاسکا سے جنوبی کیلیفورنیا کےساحل پرپائی جاتی ہے ۔

Wolf-fish : (n) ایک قسم کی بڑی اور بسیارخور مچھلی: بعض دوسری قسم کی مچھلیاں ۔

Wolf-hound : (n) بھیڑیے کے شکار میں استعمال کیا جانے والا کُتّا ۔

Irish wolf-hound : بھیڑیے کے شکار میں کام آنے والا سفید کتا جس کا رواں بہت ملائم ہوتاہے ۔

Russian wolf-hound : سخت بالوں والا بڑا شکاری کتا ۔

Wolf-in-the-tail : (n) مویشیوں کی کمزوری ۔

Wolf-moth : (n) ایک پتنگا جو اناج میں لگ جاتا ہے ۔

Wolf-note : (n) بے سُراپن ۔

Wolf-pack : (n) (۱) دو یا زیادہ آبدوزوں یا جہازوں کا منظم حملہ ۔ (۲) وحشی اور بدتمیز چھوکروں کا مارا مارا پھرنے والا گروہ ۔

Wolf-snake : (n) بعض قسم کے بے ضرر سانپ جن کے دانت لمبے ہوتے ہیں ۔

Wolf-spider : (n) ایک قسم کی مکڑی جو اپنے شکار کو دوڑ کر پکڑتی ہے ۔

Wolf-teeth : (n) (۱) گھوڑے کے اوپر کی ڈاڑھ ۔ (۲) سور کے بچے کا چھوٹا تیز دانت ۔ (۳) (گیتی پگ یا خرگوش کا) نکلا ہوا اگلا دانت ۔

Wolf-tree : (n) جنگلی درخت جس کی قامت اور حالت چھوٹے چھوٹے درختوں کے بڑھنےمیں مانع ہو ۔

Wolf-whistle : (n) عورت کو دیکھ کربجانی جانےوالی سیٹی (مرد کی، جو بطور تحسین بجاتے ہیں) ۔

Wolfachite : (n) [G. 'wolfachit'.] ایک سفید معدنی شے (Ni (As Sb) S) جس میں نکل سلفائیڈ، آرسینائیڈ اور اینٹی مونائیڈ ہوتے ہیں ۔

Wolfeite : (n) [f. Caleb Wroe Wolf an American Crystal logapher.] ایک معدنی شے $(Fe\ Mn)_2 (Po_4)\ oH$ جو اساسی لوھے کی فاسفیٹ کی بنی ہوتی ہے ۔

Wolfer : (n) (۱) بھیڑیے کا شکار کرنے والا (خصوصاً کھال کےلئے) ۔ (۲) مربھکا؛ پیٹو ۔

Wolffia : (n) [f. the name Johann F. Wolf, a German botanist and physician.] آبی پودوں کی ایک جنس جو پھول دینے والے پودوں میں سب سے چھوٹے سمجھے جاتے ہیں ۔

Wolffian body : (n) [f. name of K.F. Wolff a German embroyologist.] میان گردہ؛ ریڑھ دار جانداروں کے بچے کا گردہ ۔

Wolffian duct : (n) میان گردہ قنات؛ قنات ولفی ۔

Wolfian : (a) [f. the name of Christian Wolf, a German Philosopher.] ولف کے فلسفے سےمتعلق ۔

Wolfian : (n) ولف کے فلسفے کا مقلد ۔

Wolfian : (a) [f. the name F.A. Wolf, a German Philosopher.] ایف ۔ اے ۔ ولف یا ہومر کی نظموں کے متعلق؛ اس کے نظریے سے متعلق ۔

Wolfian : (n) ہومر کی نظموں کے متعلق ایف ۔ اے ۔ ولف کا نظریہ ماننے والا ۔

Wolfish : (a) (۱) بھیڑیا یا بھیڑیوں سے متعلق ۔ (۲) گرگ سیرت؛ بھیڑیے جیسا ۔ (۳) بھیڑیےسےمشابہ ۔ (٤) ظالم اور لالچی؛ حریص؛ بے حد بھوکا؛ کال مارا؛ بھوک سے بیتاب ۔

Wolfishly : (adv.) ندیدوں کی طرح؛ حریصانہ طور پر؛ بھیڑیے کی طرح؛ گرگ سیرتی سے ۔

Wolfishness : (n) حرص؛ ندیدہ پن؛ ظالم اور لالچی ہونا؛ گرگ سیرتی ۔

Wolflike : (a) بھیڑیےجیسا؛ بھیڑیے سےمشابہ؛ گرگ صفت ۔

Wolfling : (n) چھوٹا بھیڑیا؛ بھیڑیے کا بچہ ۔

Wolfram : (n) [f. G. Wolfram, an old miner.] (۱) ایک قسم کی دھات (لوہا اور مینگنیز کے خام ٹنگسٹن کا مرکب ۔ (۲) ٹنگسٹن (دھات) ۔

Wolfram lamp : (n) بجلی کا لیمپ جس میں ٹنگسٹن کا موصل لگا ہوتا ہے ۔

Wolfram-steel : (n) دیکھو Wolfram-lamp

Wolf's-bane : (n) اقونیا (اکونائیٹ)؛ ایک زہریلا پودا؛ میٹھا تیلیا ۔

Wolf's claw : (n) نبات کبریت؛ ایک قسم کا پودا ۔

Wolf's-head/Wolf-head : (n) (۱) بھیڑیے کا سر ، بھیڑیے کے سر کی تصویر ۔ (۲) (قدیم انگلش قانون) اشتہاری مجرم کو پکڑنے کی آواز؛ اشتہاری مجرم ۔

Wolf's-milk : (n) (۱) ایک قسم کا درخت جس میں سے دودھ کی شکل کا کڑوا عرق نکلتا ہے ۔ (۲) بھیڑیے کا دودھ ۔

Wolf's moss : (n) زرد کائی ۔

Wolfskin : (n) (۱) بھیڑیے کی کھال ۔ (۲) بھیڑیے کی کھال کا فرش یا لبادہ ۔

Wolfy : (a) بھیڑیے سے مشابہ؛ گرگ نما ۔

Wollaston doublet : (n) [f. name Sir W.H. Wollaston.] ایک قسم کا کلاں نما شیشہ جو دومستوی محدب شیشوں سے بنایا جاتا ہے ۔

Wollaston wire : (n) پلاٹینم کا بہت باریک تار جو دوربین میں لگایا جاتا ہے ۔

Wollastonite : (n) [f. prec.] کیلسیم کا خام میٹا سلیکیٹ (Metasilicate) ۔

Wollomai : (n) [Native name.] ایک قسم کی مچھلی ۔

Wolve : (v) [f. inflexional stem of WOLF.] (۱) بھیڑیے کی طرح حرکت کرنا۔ (۲) (ارگن کا) بےآہنگ آواز نکالنا ۔

Wolveboon : (n) [Afr.] جنوبی افریقہ کا ایک چھوٹا درخت یا جھاڑی۔

Wolverene/Wolverine : (n) [f. Wolf.] (۱) گلٹن؛ ولورین؛ امریکا کا ایک گوشت خوار دودھ پلانے والا جانور جو نیولے کا سا مگر اس سے بڑا ہوتا ہے ۔ (۲) ولورین کا سمور ۔ (۳) میشیگن (Michigan) کے رہنے والوں کا عرفی نام ۔

Woman : (n) [OE. wifmon(n.] (۱) عورت؛ استری ؛ زن ۔ (۲) صنف نسواں ؛ عورت ذات ؛ عورت ۔ (۳) ملکہ وغیرہ کی خواص ۔ (٤) عورتوں کی سی طبیعت رکھنے والا مرد ۔ (٥) نسوانی جذبات ۔ (٦) نسوانیت؛ زنانہ پن ۔ (۷) بیوی؛ زوجہ ۔ (۸) داشتہ؛ آشنا ۔ (۹) سکے کا دوسرا

رخ ۔ (۱۰) (جمع) مباشرت؛ ہم بستری؛ مجامعت۔

Country woman : گاؤں والی ۔

Little woman : بچی؛ بچیوں کو خطاب کرنے کا ایک طریقہ ۔

New woman : آزاد خیال عورت ۔

To make an honest woman of : عورت سے ناجائز تعلق پیدا کرنے کے بعد اس سےشادی کرلینا ۔

To play the woman : رونا یا خوف کا اظہار کرنا ۔

Woman : (v) (۱) عورتوں کو بحال کرنا ۔(۲) (تحقیراً) عورت کہہ کر پکارنا ۔ (۳) عورتوں کا سا بنا دینا، رلانا وغیرہ ۔

Woman : (a) (۱) عورت کا؛ زنانہ ۔(۲) نسوانی؛ عورتوں کے شایان؛ عورتوں کا ۔

Woman-boat : (n) کشتی جسے صرف عورتیں استعمال کرتی ہیں ۔

Woman-chaser : (n) عورتوں کے پیچھے پھرنے والا ؛ دل پھینک ۔

Woman-child : (n) بچی ۔

Woman-folk : (n) (۱) مستورات: گھر کی عورتیں ؛ صنف نسواں؛ عورتیں ۔(۲) عورت ۔

Woman-grown : (n) جوان (عورت)؛ بالغ ۔

Woman-hater : (n) زن بیزار: عورت سے نفرت رکھنے والا ۔

Woman-house : (n) (اسکاچستان) دیکھو Laundry

Woman-movement : (n) عورتوں کی آزادی یا ان کے حقوق کے تحفظ کی تحریک ۔

Woman of letters : (n) قابل عورت؛ پڑھی لکھی عورت ۔

Woman of the house : (n) بیگم؛ خانم؛ بیوی ۔

Woman of the street(s) : (n) رنڈی؛ قحبہ؛ بازاری عورت ۔

Woman of the town : (n) قحبہ؛ رنڈی ۔

Woman of the world : (n) (۱) پختہ کار عورت ۔ (۲) فیشن پرست عورت ۔

Woman servant : (n) نوکرانی؛ دائی ۔

Woman-suffrage : (n) عورتوں کا حق رائے دہندگی یا رائے دہی ۔

Woman-suffragist : (n) عورتوں کے حق رائے دہندگی کی حمایت کرنے والا ۔

Woman with a past : (n) عورت جس کی پچھلی زندگی بدنام ہو؛ بدنام زمانہ عورت ۔

Womandom : (n) مستورات؛ عورتیں ۔

Womanfully : (adv.) زندہ دل عورت کی طرح؛ نسوانی ہمت و استقلال سے ۔

Womanhood : (n) (۱) نسوانیت؛ بلوغ (عورتوں کا)؛ نسوانی طبیعت ۔(۲) صنف نسواں؛ عورتیں ۔

Womanish : (a) (۱) (مرد کو حقارت کے طور پر) زنانہ ۔ (۲) (مرد کے خیالات وغیرہ کو حقارت کے طور پر) عورتوں کا سا ۔

Womanishly : (adv.) زنانہ پن سے؛ عورتوں کی طرح ۔

Womanishness : (n) زنانہ پن؛ نسائیت ۔

Womanism : (n) عورتوں کے حقوق اور کامرانی کی حمایت یا ولولہ ۔

Womanity : (n) (شاذ) نسوانیت ۔

Womanize : (v) (۱) (مردوں کو) عورت بنانا؛ نسائیت پیدا کرنا؛ زنانہ بنا دینا ۔(۲) عیاشی کرنا؛ رنڈی بازی کرنا ۔

Womanizer : (n) عیاش، رنڈی باز ۔

Womankind : (n) (۱) فرقہ نسواں ؛ عورت ۔(۲) گھر کی عورتیں ؛ مستورات ۔

Womanless : (n) بے عورتوں کا ۔

Womanlike : (a) (۱) عورتوں جیسا؛ عورتوں سے مشابہ؛ عورتوں کے شایان ۔(۲) (تحقیراً) زنانہ؛ زنانہ صفت ۔(۳) (مرد) زن نما؛ زنخا ۔(٤) (عورت) نسوانی ۔

Womanlike : (adv.) عورت کی طرح ۔

Womanliness : (n) نسوانیت ۔

Womanly : (a) عورتوں کے صفات رکھنے والی؛ عورتوں کے شایان؛ عورتوں کے لئے موزوں؛ عورتوں کا ۔

Womanpower : (n) عورتوں کی تعداد (فوجی خدمت وغیرہ کے لئے) ۔

Woman's boat/Women's-boat : (n) کشتی جسےصرف عورتیں استعمال کرسکتی ہیں ۔

Woman's courses : (n) حیض؛ طمث ۔

Woman's house : (n) زنان خانہ ۔

Woman's man : (n) عورتوں کی صحبت پسندکرنےوالا مرد؛ زن پسند ۔

Woman's rights/Women's rights : (n) حقوق نسواں؛ عورتوں کے حقوق ۔

Woman's righter/Women's righter : (n) حقوق نسواں کی حمایت کرنے والا ۔

Womb : (n) [OE. 'wamb, womb'.] (۱) رحم؛ بچہ دانی؛ ناف ۔ (۲) عار؛ جوف ۔ (۳) (مجازاً) پیدائش یا نشوو نما کی جگہ؛ منبع؛ ماخذ ۔ (٤) زمانہ حمل ۔

Falling of the womb : رحم کا ہٹ جانا یا ٹل جانا؛ سقوط رحم ۔

Fruit of the womb : اولاد؛ بچے ۔

In the womb of time : مستقبل کے پردے میں ۔

Womb : (v) رحم کی طرح ملفوف کرنا ۔

Wombat : (n) [Native Australian name.] (۱) آسٹریلیا کا ایک قسم کا دودھ پلانے والا جانور جو چھوٹے ریچھ کے برابر ہوتا ہے ۔ (۲) اس جانور کا سمور ۔

Wombed : (a) (کسی خاص قسم کی) ناف، پیٹ یا رحم والی؛ رحم والی ۔

Womble : دیکھو Wamble

Womenfolk : (n) (۱) عورتیں؛ صنف نسواں ۔ (۲) مستورات؛ گھرکی عورتیں ۔

Womenkind : (n) دیکھو Womankind

Women's room : (n) زنانہ بیت الخلا ۔

Women's wear/Womens wear : (n) (۱) زنانہ لباس ۔ (۲) ایک کپڑا جس سے زنانہ لباس تیار ہوتا ہے ۔

Wommera/Womera/Womerah : (n) [Native name] نیزہ یا تیر پھینکنےکی کل جوآسٹریلوی دیسی استعمال کرتے ہیں ۔

Womp : (n) [Imit.] ٹیلیویژن کے پردے پر اچانک روشنی کا تیز ہو جانا ۔

Won/Wone : (v) [OE. 'wunian'.] رہنا؛ سکونت اختیار کرنا؛ بودوباش اختیار کرنا ۔

To be wont : عادی ہونا؛ خوگر ہونا ۔

Won : Win کا Past participle ۔

Wonder : (n) [OE. 'wundor'.] (۱) عجوبہ چیز؛ عجیب واقعہ؛ مافوق الفطرت واقعہ ؛ کرامات ؛ معجزہ ۔ (۲) کامل نمونہ ؛ حیرت انگیز نمونہ ۔ (۳) حیرت ؛ تعجب ؛ اچنبھا ؛ تحیر ۔ (٤)دیکھو Cruller ۔

For a wonder : حیرت انگیز استثنا کے طور پر؛ حیرت انگیز طریقے سے ۔

In the name of wonder : سوالیہ جملوں پر زوردینے کےلئے کہا جاتا ہے ۔

It is no wonder : کوئی حیرت کی بات نہیں ہے ۔

Nine days wonder : عارضی دلچسپی کا واقعہ؛ جس کا چند روز چرچا ہو ۔

No wonder that, if, though/Small wonders/What wonder if - : کوئی حیرت انگیز بات نہیں ۔

The seven wonders of the world : عجائبات ہفتگانہ ؛ دنیا کی سات بڑی عجیب چیزیں ۔

The wonder is.... : تعجب یہ ہے کہ ..... ۔

To a wonder : (قدیم) حیرت انگیز طو رپر ۔

To do or work wonders : (۱) معجزہ دکھانا؛ کرامات دکھانا؛ معجزہ کرنا ۔

To work, do, or perform wonders : حیرت انگیز کارنامہ کرنا؛ کمال کر دینا؛ حیرت انگیز کامیابی حاصل کرنا ۔

World's wonders : گل عباسی؛ لالۂ عباسی ۔

Wonder : (a) (۱) عجیب؛ حیرت انگیز؛ نہایت عمدہ ؛ قابل تعریف ۔ (۲) عجوبہ چیزوں سے متعلق ۔ (۳) طلسماتی ۔

Wonder : (v) [OE. 'wundrian'.] (۱) تعجب کرنا؛ متعجب ہونا؛ حیرت ہونا ۔ (۲) معلوم کرنے کا اشتیاق کرنا؛ کرید میں یا سوچ میں ہونا ۔ (۳) مشتاق ہونا؛ جاننے کی خواہش کرنا ۔ (٤) حیرت کا کام کرنا ۔

I shouldn't wonder : مجھے تعجب نہیں ہے ۔

I wonder : فجائیہ جملہ جو شک، حیرت ناکی وغیرہ کے اظہار کیلئے استعمال کرتے ہیں ۔

Wonder berry : (n) (۱) عنب الثعلب سیاہ کا پھل جو کھایا جاتا ہے ۔ (۲) عنب الثعلب سیاہ ۔

Wonder boom : (n) ایک قسم کا انجیر ۔

Wonder boy : (n) بہت مشہور اور کامیاب لڑکا ۔

Wonder child : (n) غیر معمولی اوصاف کا حامل بچہ؛ خصوصاً وہ جو اپنی عمر کے لحاظ سے بہت ذکی ہو ۔

Wonder drug : (n) حیرت انگیز دوا ۔

Wonder-struck/-stricken : (a) حیرت زدہ ؛ نقش حیرت ؛ حیران؛ مبہوت؛ ہکا بکا ۔

Wonder-work : (n) (۱) معجزہ ۔ (۲) نہایت عمدہ کام یا ساخت ۔ (۳) قابل تعریف کام یا کاریگری ۔

Wonder-worker : (n) معجزہ کرنے والا؛ معجزہ نما ۔

Wonder-working : (a) معجزہ دکھانے والا؛ معجزہ کرنےوالا ۔

Wonderer : (n) تعجب کرنے والا؛ حیرت کرنے والا ۔

Wonderful : (a) عجیب؛ حیرت انگیز؛ نہایت عمدہ؛ قابل تعریف ۔

The wonderful : عجوبہ چیز؛ حیرت انگیز چیز ۔

Wonderful : (adv.) حیرت انگیز طریقے سے؛ نہایت خوبی سے ۔

Wonderfully : (adv.) دیکھو Wonderful

Wonderfulness : (n) عجوبہ پن؛ حیرت انگیز ہونا ۔

Wondering : (n) حیرت کرنا؛ تعجب کرنا ۔

Wondering : (a) تعجب کرنے والا؛ حیرت کرنے والا ۔

Wonderingly : (adv.) تعجب کے ساتھ ؛ حیرت کے ساتھ ۔

Wonderland : (n) (۱) پرستان؛ پریوں کا ملک ۔ (۲) عجیب وغریب ملک جو غیرمعمولی طور پر زرخیز وغیرہ ہو ۔

Wonderless : (a) جس میں حیرت نہ ہو؛ غیرحیرت انگیز ۔

Wonderment : (n) (۱) تحیر؛ تعجب ۔ (۲) تعجب کا اظہار ۔ (۳) حیرت انگیزچیز؛ عجوبہ چیز ۔ (٤) حیرت انگیز نمونہ ؛ عمدہ نمونہ ۔ (٥) حیرت انگیز صفت؛ قابلِ تعریف صفت ۔

Wondermonger : (n) حیرت انگیز یا غیرمعمولی چیزیں تلاش کرنے والا یا حیرت انگیز واقعات بیان کرنے والا ۔

Wondersome : (a) دیکھو Wonderful

Wonderworld : (n) دیکھو Wonderland

Wondrous : (a) عجیب؛ حیرت انگیز؛ نہایت عمدہ ۔

Wondrous : (adv.) حیرت انگیز طور پر؛ نہایت عمدہ ۔

Wondrously : (adv.) حیرت انگیز طور پر ۔

Wondrousness : (n) حیرت انگیزی ۔

Wone : (v) دیکھو Win

Wonga-wonga : (n) [Native name.] ایک قسم کا آسٹریلیائی کبوتر ۔

Wongshy : (n) [Chinese 'huang-chih'.] (۱) ایک قسم کا ایشیائی درخت ۔ (۲) زرد رنگ جواس درخت کے ٹوٹنے سے نکالا جاتا ہے ۔

Woning/Wonning : (n) [OE. 'wunnung'.] دیکھو Dwelling

Wonky : (a) [Fanciful.] (۱) (عام) لڑکھڑاتا؛ ہلتا ڈولتا؛ ڈگمگاتا ۔ (۲) بیمار ۔ (۳) ناقابل اعتبار؛ غلط ۔

Won't : (v) روزمرّہ میں Will not کا مخفف ۔

Won't : (n) انکار؛ نا منظوری ۔

Wont : (n) [Of doubtful origin.] عادت؛ معمول؛ رواج؛ رسم ۔

Use and wont : دستور؛ رواج ۔

Wont : (v) (۱) عادی ہونا؛ خوگر ہونا ۔ (۲) عادی بنانا؛ عادی کرنا؛ خوگر کرنا یا بنانا ۔

Wont : (a) عادی؛ خوکردہ؛ خوگر ۔

Wonted : (a) (۱) مطابق عادت؛ مطابق معمول ؛ حسب معمول ۔ (۲) (شاذ) مقررہ؛ جو ہمیشہ ہوتا ہے ۔

Woo : (v) [Late OE. 'wogian'.] (۱) شادی کا پیغام دینا ۔ (۲) اظہار عشق کرنا؛ تعشق کرنا ۔ (۳) طلب گار ہونا؛ طالب ہونا ۔ (٤) عشق بازی کرنا؛ رجھانا؛ موہ لینا ۔ (٥) منت کرنا؛ خوشامد سے یا سمجھا بجھا کر راضی کرنا ۔

Woo : (n) محبت، عشق ۔

Wood : (n) [OE. 'wudu'.] (۱) جنگل؛ بَن ۔ (۲) لکڑی؛ چوب؛ جلانے یا عمارت کی لکڑی ۔ (۳) شراب کا پیپا ۔ (٤) لکڑی کے ہوا باجے مثلاً بانسری وغیرہ ۔ (٥) (Bowls کے کھیل میں) گیند (لکڑی کا) ۔ (٦) جنگل؛ جنگلی علاقہ ۔ (۷) (باغ) سرشاخ ؛ پتوں کی چھتری ۔ (۸) جوہر انسانی ۔ (۹) نیزے وغیرہ کا ڈنڈا؛ چوبی دستہ ۔ (۱۰) گولف کا ڈنڈا جس کا سرا چوبی ہوتا ہے ۔ (۱۱) گولف کا ہاتھ جو چوبی سرے والے ڈنڈے سے لگایا جاتا ہے ۔ (۱۲) چوبی رنگ؛ بادامی بھورا رنگ ۔ (۱۳) خاص قسم کے درخت کی لکڑی ۔ (۱٤) (عام) واعظ یا خطیب کا پیشہ ۔

Cannot see word for trees : جزئیات پر توجہ کرنے سے مجموعی شے نظر سے چھپ جاتی ہے؛ پتیاں گنتے ہیں اور درخت دکھائی نہیں دیتا ۔

Man of the woods : دیکھو Orang-outang

Out of the wood(s) : مشکلوں یا دقتوں سے نجات پایا ہوا ۔

Wood : (a) (۱) لکڑی کا؛ چوبی ۔ (۲) جنگل میں کام کرنے کے لئے موزوں ۔ (۳) جنگلی؛ جنگل میں رہنے یا اگنے والا ۔

Wood : (v) (۱) جنگل لگانا ۔ (۲) لکڑی کا ایندھن لگانا؛ لکڑی لادنا ۔ (۳) ایندھن کے لئے لکڑیاں جمع کرنا ۔

Wood-agate : (n) عقیق چوبی؛ وہ عقیق جس میں لکڑی کے سے ریشے ہوتے ہیں ۔

Wood-alcohol : (n) چوبی الکحل ۔

Wood-anemone : (n) جنگلی لالہ یا شقائق نعمان ۔

Wood-ant : (n) (۱) جنگلی چیونٹا ۔ (۲) دیمک جو لکڑی میں سوراخ کردیتی ہے ۔

Wood-apple : (n) (۱) کھڑ بیل ۔ (۲) کھڑ بیل کا گوند ۔

Wood-ash/-ashes : (n) لکڑی کی راکھ ۔

Wood baboon : (n) مغربی افریقہ کا میمون ۔

Wood bass : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Wood-bill : (n) لکڑی کاٹنے کا ایک قدیم ہتھیار ۔

Wood-bin : (n) ایندھن کی لکڑی رکھنے کا ظرف ۔

Wood block : (n) (۱) لکڑی کا کندا؛ چوبی چربہ؛ لکڑی کا ٹھپا ۔ (۲) دیکھو Woodcut ۔ (۳) انگلیوں سے بجایا جانے والا ایک آلۂ موسیقی ۔

Wood-block : (a) چوبی چربے سے بنایا ہوا یا چھاپا ہوا ۔

Wood-borer : (n) (۱) لکڑی کا کُھن ۔ (۲) (بعض قسم کا) دو صمامہ صدف ۔ (۳) بعض قسم کے قشریے ۔

Wood-boring : (n) لکڑی میں سوراخ کرنے والا ۔

Wood-box : (n) دیکھو Wood-bin

Wood-brick : (n) چوبی اینٹ ۔

Wood-brown : (n) بادامی بھورا رنگ ۔

Wood-bud : (n) اکھوا جس سے نئی شاخ پھوٹے ۔

Wood-caner : (n) لکڑی پر نقش کھودنے والا؛ چوبی کندہ کار ۔

Wood-carving : (n) چوبی کندہ کاری ۔

Wood-charcoal : (n) لکڑی کا کوئلہ ۔

Wood-coal : (n) (۱) لکڑی کا کوئلہ ۔ (۲) بھورے رنگ کا کوئلہ جس میں لکڑی کی ساخت موجود ہو ۔

Wood crab : (n) ایک قسم کا جل تھلیا کیکڑا ۔

Wood-cutter : (n) (۱) لکڑہارا؛ لکڑی کاٹنے والا ۔ (۲) چوب کار؛ لکڑی پر تصویر کھودنے والا ۔

Wood-cutting : (n) لکڑی کاٹنا؛ چوب کاری ۔

Wood-cutting : (a) (۱) نقش چوبی سے متعلق ۔ (۲) لکڑی کاٹنے کا؛ لکڑی کاٹنے کےلئے بنا ہوا ۔

Wood-dove : (n) قمری ۔

Wood-drake : (n) جنگلی بطخ (نر) ۔

Wood-duck : (n) ایک قسم کی جنگلی بطخ ۔

Wood-engraver : (n) (۱) چوب کار؛ لکڑی پر نقش کھودنے والا ۔ (۲) ایک کیڑا جو لکڑی میں سوراخ کرتا ہے ۔

Wood-engraving : (n) (۱) چوب کاری؛ لکڑی پر نقش کھودنے کا عمل ۔ (۲) چوب کاری کی تصویر ۔

Wood-fiber : (n) چوبی ریشہ ۔

Wood-filler : (n) سلیکا اور تیل یا وارنش کا مرکب جس سے لکڑی کے مسام کو بھرتے ہیں ۔

Wood flour : (n) لکڑی کا مہین برادہ ۔

Wood-fretter : (n) لکڑی کا گھن ۔

Wood-frog : (n) شمالی امریکا کا مینڈک جو جنگلوں میں پایا جاتا ہے ۔

Wood-gas : (n) گیس جو لکڑی سے نکالا جاتا ہے ۔

Wood grouse : (n) جنگلی گراؤس ۔

Wood-gum : (n) چوبی گوند ۔

Wood-hen : (n) نیوزی لینڈ اور دوسرے ممالک میں پائے جانے والا ایک بحری پرند ۔

Wood-house : (n) وہ گھر، کمرا یا سائبان جس میں لکڑی رکھی جاتی ہے ۔

Wood ibis : (n) شمالی امریکا کا ایک قسم کا لقلق (پرند) ۔

Wood-knife : (n) شکاری چاقو (جس سے شکاری شکار کو کاٹنے کے لئے یا بطور ہتھیار استعمال کرتے ہیں) ۔

Wood-lark : (n) جنگلی لَوا ۔

Wood-lily : (n) سوسن بری؛ سُمن ۔

Wood-louse : (n) (۱) ایک قسم کا چھوٹا سخت پشت قشریہ؛ خرخاکی ۔ (۲) مختلف قسم کے بے پَر اور بہت سی ٹانگوں والے کیڑے ۔

Wood-meal : (n) دیکھو Wood-flour

Wood-monger : (n) لکڑیاں بیچنے والا؛ چوب فروش ۔

Wood-moth : (n) لکڑی کا کیڑا ۔

Wood-nymph : (n) (۱) بن پری؛ بن دیوی ۔ (۲) پرندوں اور تتلیوں کی قسمیں ۔ (۳) پروانوں کی ایک جنس ۔

Wood of Jerusalem : (n) ایک قسم کی ناشپاتی ۔

Wood of life : (n) دیکھو Guaiacum

Wood-oil : (n) تیل یا روغنی مادہ جو بعض درختوں سے حاصل کیا جاتا ہے ۔

Wood-opal : (n) شفاف لکڑی ؛ جس میں سلیکا کے اجزاء ہوتے ہیں ۔

Wood-owl : (n) الو جو درختوں پر رہتا ہے؛ جنگلی الو ۔

Wood-paper : (n) لکڑی کے مادے کا بنا ہوا کاغذ ۔

Wood parenchyma : (n) چوب اسفنجیہ ۔

Wood-pecker : (n) کٹھ پھوڑ؛ ہدہد ۔

Wood-pewee : (n) مشرقی شمالی امریکا کا ایک مگس گیر پرندہ ۔

Wood-pigeon : (n) قمری ۔

Wood-pulp : (n) چوبی ماوا؛ لکڑی کا ماوا جس سے کاغذ بنتا ہے ۔

Wood-pussy : (n) دیکھو Skunk

Wood-ranger : (n) جنگل کا محافظ ۔

Wood-reeve : (n) جنگل کا نگراں (اوورسیز) ۔

Wood-rush : (n) ایک قسم کا پودا ۔

Wood-sage : (n) ایک قسم کا پھولدار پودا (Germander) ۔

Wood-screw : (n) نوکیلا پیچ جو لکڑی میں لگایا جاتا ہے۔

Wood-sear/-seer/-sere : (n) (۱) کیڑوں کا لعاب جس میں وہ انڈے لپیٹ دیتے ہیں؛ وہ کیڑے جو اپنے انڈوں کو لعاب میں لپیٹ دیتے ہیں ۔ (۲) وہ موسم جس میں لکڑی کاٹ دیتے سے درخت یا جھاڑی مرجھا یا سوکھ جاتی ہے ۔

Wood-sear/-seer/-sere : (a) بھربھری اسفنجی زمین ۔

Wood-snail : (n) یورپی گھونگا جسے کھایا جاتا ہے ۔

Wood-spell : (n) (ایندھن کےلئے) لکڑیوں کو جمع کرنے یا انبار لگانے کی باری ۔

Wood-spirit : (n) لکڑی کی اسپرٹ یا الکحل؛ روح چوب؛ میتھینال ۔

Wood star : (n) جنوبی امریکا کا شکرخورا ۔

Wood-stork : (n) دیکھو Wood-ibis

Wood-sugar : (n) (۱) (کیمیا) گلوکوز کی قسم کی ایک بلوری چینی ($C_5 H_{10} O_5$) ۔ (۲) شکرچوب؛ زائیلوس ۔

Wood-tar : (n) سیاہ رنگ کا رقیق مادہ جو لکڑی سے نکالا جاتا ہے؛ لکڑی کا تارکول؛ چوبی تارکول ۔

Wood-turner : (n) لکڑی کے کندوں یا بلاکوں کوخراد پر مختلف شکل دینے والا ۔

Wood-turning : (n) خراد پر لکڑی کے کندوں کو مختلف شکل دینے کا فن ۔

Wood-vinegar : (n) چوبی سرکہ؛ لکڑی سے نکالا ہوا ترشہ ۔

Wood want : (n) پیپے کی گول پٹی کے کنارے کا پتلاپن یا ڈھلان ۔

Wood-warbler : (n) چڑیوں کی اقسام ۔

Wood-ware : (n) لکڑی کے برتن ؛ دیکھو Wooden-ware ۔

Wood wasp : (n) جنگلی بھڑ جو درختوں میں چھتا بناتی ہیں ۔

Wood-wind : (n) لکڑی کا ہوا باجا ۔

Wood-wool : (n) صنوبر کا برادہ جو زخموں میں یا پارسلوں میں بھرتے ہیں ۔

Wood wren : (n) دیکھو Wood-warbler

Wood-wright : (n) لکڑی پر کام کرنے کی مشین؛ لکڑی کا کام کرنے والا ۔

Wood-yard : (n) باڑا جس میں لکڑی کاٹی، چیری اور رکھی جاتی ہے (ایندھن کے لئے) ۔

Woodbine/Woodbind : (n) [OE. 'wudubind'.] (۱) ایک جنگلی بیل ۔ (۲) زہرالعسل؛ شبدر ۔

Woodbine : (n) ایک قسم کا سستا سگریٹ ۔

Woodbined : (a) جہاں ورجینیا بیل کثرت سے ہوں ۔

Woodbound : (a) (۱) لکڑی سے بندھا ہوا ۔ (۲) جس میں درخت یا جھاڑیاں زراعت میں مانع ہوں ۔ (۳) جنگلات سے گھرا ہوا ۔

Woodburing : (n) لکڑی یا چمڑے پر گرم اوزاروں کے ذریعے نقش ونگار بنانے کا طریقہ ۔

Woodbury : (n) [The name of Walter Bentley Woodbury.] والٹر بنٹلی وڈبری جس نے فوٹوگرافی کا وہ طریقہ ایجاد کیا جس کی مدد سے وڈبری چھاپ کے ذریعےتصویر وغیرہ چھاپی جاتی ہے ۔

Woodburytype : (n) (۱) وڈبری چھاپ؛ تصویر کے چھاپنے کا ایک طریقہ جس میں فوٹو کو جلاٹین سے نرم

دھات پر منتقل کرتے ہیں ۔ (۲) وڈبری چھاپ کی تصویر ۔

Woodchat : (n) جلاد پرند کی ایک نوع ۔

Woodchopper : (n) لکڑیاں کاٹنے والا ۔

Woodchuck : (n) دیکھو Chuck

Woodcock : (n) (۱) یورپ کی ایک موسمی چڑیا؛ چھے کی قسم کا پرند ۔ (۲) بیوقوف : سادہ لوح ۔ (۳) دیکھو Woodcock-shell ۔ (٤) سیپ کی ایک قسم ۔ (٥) دیکھو Scotch wood cock ۔ انڈے، چھوٹی بیرنگ مچھلی Scotch woodcock : وغیرہ سے تیار کیا ہوا ایک کھانا ۔

Woodcock clay : (n) کنکر ملی ہوئی گیلی مٹی ۔

Woodcock-shell : (n) صدف ماہی ۔

Woodcock-snipe : (n) ایک قسم کا چہا ۔

Woodcock soil : (n) کنکر ملی ہوئی گیلی مٹی ۔

Woodcraft : (n) (۱) جنگل بدّیا؛ جنگل کے حالات کا علم ۔ (۲) لکڑی کے کام میں مہارت؛ لکڑی کے سامان بنانے کا علم ۔

Woodcut : (n) (۱) نقش چوبی؛ تصویر جو لکڑی پر کندہ ہو ۔ (۲) لکڑی کے ٹھپے کی تصویر؛ چوب کاری کی تصویر ۔

Wooded : (a) جنگلوں سے بھرا ہوا ۔

Wooden : (a) (۱) لکڑی کا بنا ہوا؛ چوبی ۔ (۲) بھدا؛ بےلوچ ۔ (۳) لکڑی سے متعلق؛ لکڑی کی طرح سخت ۔ (٤) (مجازاً) (سوکھی لکڑی کی طرح) سخت اور کم قیمت ۔ (٥) کندذہن : کودن : ٹھس ۔ (٦) مردہ دل؛ بے حس وحرکت؛ بے جان اور سخت ۔

Wooden-brick : (n) چوبی اینٹ ۔

Wooden-head : (n) بے مغز؛ ٹھس؛ گٹھل؛ بیوقوف ۔

Wooden-headed : (a) بے وقوف؛ احمق ۔

Wooden-headedness : (n) بے وقوفی؛ حماقت ۔

Wooden horse : (n) (۱) (شاذ) جہاز ۔ (۲) ایک آلہ جس سے فوجیوں کو سزا دی جاتی تھی ۔ (۳) لکڑی کا گھوڑا جس سے ترائے کی جنگ میں کام لیا گیا تھا ۔ (٤) ورزش کرنے کی ایک ترکیب جس پر جست کیا جاتا ہے ۔

Wooden leg : (n) مصنوعی چوبی ٹانگ ۔

Wooden nickle : (n) (۱) لکڑی کی بنی کوئی چیز جو بطور نشانی دی جائے ۔ (۲) بالکل ناقص چیز جو بطور تحفہ دی جائے یا جس سے کسی آدمی کو ٹھگا جائے ۔

Wooden pear : (n) آسٹریلیا کاایک درخت جس میں ناشپاتی جیسے پھل آتے ہیں ۔

Wooden shoe (n) لکڑی کا جوتا جو اٹھارھویں صدی عیسوی میں فرانسیسی کاشتکار پہنتے تھے ۔

Wooden spoon : (n) چوبی چمچہ جو کیمبرج کے امتحان ریاضی (ترائی پاس) میں سب سے آخری امیدوار کو دیا جاتا تھا؛ اس امتحان میں آخری پوزیشن یا آخری امیدوار ۔

Wooden tongue : (n) گھوڑے اور مویشیوں کی ایک بیماری جس میں زبان لمبی اور سخت ہو جاتی ہے ۔

Wooden walls : (n) جنگی جہاز ۔

Wooden ware : (n) چوبی ظروف؛ لکڑی کے برتن ۔

Wooden wedding : (n) شادی کے پانچویں سالگرہ (جس میں لکڑی کے بنے تحائف دینے جاتے ہیں) ۔

Woodenly : (adv.) غیر دلچسپ انداز سے؛ بھونڈے طورسے ۔

Woodenness : (n) سختی؛ افسردگی؛ بھداپن ۔

Woodeny : (a) دیکھو Wooden

Wooder : (n) لکڑہارا؛ وہ شخص جو (ایندھن کےلئے) لکڑی کاٹتا ہے ۔

Woodgeld : (n) لکڑی کاٹنے یا جمع کرنے کا محصول جو بادشاہ کو دیا جاتا تھا یا اسی سے استثنیٰ ۔

Woodhorse : (n) ایک قسم کا کیڑا ۔

Woodhouse : (n) (تاریخ) جنگلی؛ وحشی؛ بن مانس ۔

Woodiness : (n) (۱) درختوں کی کثرت ۔ (۲) چوبی ہونا ۔

Wooding : (n) جنگل : کُنج ۔

Woodish : (a) کسی قدر جنگل سے بھرا ۔

Woodkern : (n) آئرستانی ڈاکو یا قانون کی حمایت سے محروم شخص جو جنگلوں میں رہتا ہے ۔

Woodland : (n) [OE. 'wuduland'.] (۱) جنگل؛ جنگلی علاقہ ۔ (۲) ایک قسم کا زیتونی سبز رنگ (جسے Woodlandgreen کہتے ہیں) ۔

Woodland : (a) جنگلی؛ جنگلی علاقےکا؛ صحرائی؛ جس میں جنگل ہو ۔

Woodlander : (n) جنگلی؛ جنگلی علاقے کا باشندہ ۔

Woodless : (a) بے درخت؛ چٹیل؛ بے جنگل کا ۔

Woodlot : (n) جنگل اُگانے کے لئے محدود علاقہ ۔

Woodman : (n) (۱) لکڑہارا ۔ (۲) جنگل کا داروغہ ۔ (۳) چوب کار ۔ (٤) (قدیم) شکاری ۔

Woodnote : (n) (۱) نغمۂ طیور ۔ (۲) فطری شاعری ۔

Woodoo : (n) [Turk. 'wazu'.] وضو ۔

Woodpile : (n) ایندھن کی لکڑیوں کا انبار ۔

Woodprint : (n) دیکھو Woodcut

Woodrack car : (n) لکڑی ڈھونے کی گاڑی ۔

Woodruff : (n) [OE. 'wudurofe'.] برطانیہ اور یورپ میں پائی جانے والی ایک بوٹی اور بعض دوسری قسم کے پودے ۔

Woods colt : (n) (۱) گھوڑا جو اتفاقیہ جفتی سے پیدا ہو ۔ (۲) حرامی؛ دوغلا ۔

Woodshed : (n) لکڑیاں رکھنے کا سائبان ۔

Woodshed : (v) ساز پر مشق کرنا ۔

Woodshock : (n) شمالی امریکا کا نیولے کی قسم کا گوشت خور جانور جو اپنے سمور کے لئے مشہور ہے؛ اس جانور کا سمور ۔

Woodshop : (n) دکان جس میں لکڑی کا کام کیا جاتا ہے ۔

Woodside : (n) جنگل سے ملحق علاقہ ۔

By or under the or a woodside : جنگل کے قریب ۔

Woodsman : (n) (۱) صحرائی؛ جنگل کا رہنے والا ۔ (۲) جنگل میں پھرنے والا ۔

Woodsmoke : (n) لکڑی کا دھواں ۔

Woodsorrel : (n) حُمّاض؛ ترشک؛ ترش عرق والے پودوں کی قسمیں ۔

Woodspite : (n) سبز ہدہد ۔

Woodstone : (n) متحجر لکڑی ؛ چوب متحجر ۔

Woodsy : (a) جنگلی؛ صحرائی؛ جنگل سے متعلق ۔

Woodwall : (n) [ME. 'wodewale'.] سبز ہدہد ۔

Woodward : (n) جنگل کا محافظ ۔

Woodward : (adv.) جنگل کی طرف ۔

Woodwaxen : (n) یوریشیا میں پائی جانے والی ایک جھاڑی جس میں زرد پھول آتے ہیں ۔

Woodwork/Wood-work : (n) (۱) لکڑی کا کام (عمارت میں) ؛ چوب کاری ؛ چوبی حصہ (کسی چیز کا) ۔ (۲) لکڑی کی بنی ہوئی چیزیں ۔ (۳) نجاری ؛ بڑھئی کا کام ۔

Woodworker : (n) لکڑی کا کام کرنے والا؛ لکڑی پر کام کرنے کی مشین ۔

Woodworking : (a) چوب کاری سے متعلق ۔

Woodwose/Woodhouse : (n) [Late OE. 'wudewasa'.] (تاریخ) جنگلی؛ وحشی؛ بن مانس ۔ (۲) وحشی کی تصویر ۔

Woodworm : (n) گھن کا پہل روپ ۔

Woody : (a) (۱) بن سے بھرا؛ جنگل سے بھرا؛ درختوں سے بھرا ہوا؛ جہاں درخت یاجنگل کثرت سے ہوں ۔ (۲) چوبی؛ لکڑی کا ۔ (۳) جنگلی؛ جو جنگل میں پایا جائے ۔ (٤) جنگل کا ؛ جنگل سے متعلق ؛ جنگل سے مشابہ ۔ (٥) چوبی؛ جس میں لکڑی ہو (درخت یا پودا) ۔ (٦) لکڑی سے مشابہ ؛ چوب نما ۔ (۷) بھدی آواز والا ۔

Woody : (n) لچیلی شاخ جس سےگٹھے وغیرہ باندھتےہیں ۔

Wooer : (n) (۱) شادی کا پیغام دینے والا ۔(۲) عاشق ۔

Woof : (n) [OE. 'owef'.] (۱) بانا؛ تار ۔(۲) بانے کا دھاگا ۔ (۳) بنا ہوا کپڑا ۔(٤) کپڑے کی بناوٹ ۔

Woof : (n) [Imit.] کتے کی آواز؛ دبی ہوئی بھونک ۔

Woof : (v) (کتے کا) دبی آواز سے بھونکنا ۔

Woofed : (a) (۱) بنا ہوا ۔(۲) (مجازاً) پیچیدہ؛ مشکل؛ دشوار ۔

Woofer : (n) ایک قسم کا بڑا آواز رساں (آلہ) ۔

Wooing : (n) شادی کا پیغام ؛ تعشق؛ معاشقہ ۔

Wooing : (a) (۱) شادی کا پیغام دینے والا ۔(۲) موہ لینے والا ؛ لبھانے والا ۔

Wooingly : (adv.) (۱) عاشقانہ انداز سے؛ تعشق کے انداز سے ۔(۲) منت وسماجت سے ۔

Wool : (n) [OE. 'wull'.] (۱) اون ؛ پشم ۔(۲) اون کا دھاگا ۔ (۳) اونی کپڑے ۔ (٤) رواں ۔ (٥) حبشی کے گھونگر والے بال ۔(٦) (مزاحاً) کسی شخص کے بال ۔ (۷) اون کی قسم کی چیز ۔ (۸) کوئی چیز جو حقیقت کو چھپا دے یا سمجھنے میں مانع ہو ۔ (۹) اونی کپڑے کی نرم روئیں دار سطح ۔

Against the wool : الٹا؛ غلط ۔

All wool and a yard wide : اعلیٰ؛ اصلی اور کھرا ۔

Cotton wool : کچی روئی ۔

Dyed in the wool : (۱) کاتنے سے پہلے رنگا ہوا (اون) ۔(۲) (مجازاً) پکا؛ پرلے سرے کا ۔

Great (or much) cry and little wool : ثائیں ثائیں فش ۔

In one's wool : مستقل ناگوار؛ پریشان کن؛ تکلیف دہ ۔

In the wool : (آسٹریلیا) (بھیڑ) جو اون تراشنے کے لائق ہو ۔

Out of the wool : (بھیڑ) جس کااون کترلیاگیا ہو ۔

Spanish wool/Oriental- : رنگا ہوا اون جو بطور غازہ استعمال کیا جاتا تھا ۔

To draw, pull, the wool over (a person's) eyes : دھوکا دینا؛ جُل دینا؛ فریب دینا؛ دم دینا ۔

To dye in the wool : (۱) اون کو کاتنے سے پہلےرنگ دینا ۔(۲) (مجازاً) کسی رنگ میں رنگ دینا ۔

To go for wool and come home shorn : الٹی آنتیں گلے پڑنا ۔

To lose one's wool : (عام) غصہ آجانا ۔

To reach the wool-sack : لارڈ چانسلر بن جانا ۔

Wool : (v) (۱) (عام) (کھیل یا غصے میں) کسی کا بال پکڑ کر کھینچنا یا الجھا دینا ۔(۲) گتھم گتھا ہونا؛ مارنا ۔

Wool-ball اون کا گولا ۔

Wool-bearer : (n) وہ جانور جس سے اون حاصل ہو خصوصاً بھیڑ ۔

Wool-blind : (a) (بھیڑ) جس کی آنکھوں کے پاس بال ہوں جس کی وجہ سے اسے دیکھنے میں دقت ہو ۔

Wool-card : (n) اون صاف کرنے کی مشین ۔

Wool-classer : (n) اون کی درجہ بندی کرنے والا ۔

Wool-clip : (n) اون کی سالانہ پیداوار ۔

Wool-comb : (n) اون صاف کرنے کی کنگھی یا مشین ۔

Wool-comber : (n) اون صاف کرنے والا ۔

Wool-dyed : (a) کاتنے سے پہلے رنگا ہوا ۔

Wool extract : (n) اون جو ایسی چیزوں سے نکالا گیا ہو جس میں اون اور سوت یا مصنوعی ریشم ہوں ۔

Wool-fat : (n) روغن پشم ۔

Wool-fall : (n) بھیڑ کی کچی کھال ۔

Wool-gather : (v) (۱) جھاڑی وغیرہ میں پھنسا ہوا اون جمع کرنا۔ (۲) کھو جانا؛ محویت کے عالم میں ہونا ۔

Wool-gatherer : (n) اون جمع کرنے والا؛ محویت کے عالم میں رہنے والا ۔

Wool-gathering : (n) (۱) جھاڑیوں وغیرہ میں پھنسا اون جمع کرنا۔ (۲) محویت؛ کھو جانا۔ (۳) تصورات بے لگام ۔

Wool-gathering : (a) کھویا ہوا؛ محویت کے عالم میں ۔

Wool-grader : (n) اون کی درجہ بندی کرنے والا ۔

Wool-grading : (n) اون کی صفت کے لحاظ سے درجہ بندی ۔

Wool-grease : (n) چربی کی طرح کا مادہ جو اون سے نکلتا ہے ۔

Wool-grower : (n) اون کے لئے بھیڑیں پالنے والا ۔

Wool hat : (n) (۱) چوڑے چھجے کا ہیٹ جس میں اون کا نمدہ رہتا ہے ۔ (۲) جنوبی امریکا کے چھوٹے کاشتکار (جنہیں Wool-hatter بھی کہا جاتا ہے) ۔

Wool-needle : (n) اون کا کام کرنے والی کند سوئی ۔

Wool oil : (n) تیل جو کاتنے سے پہلے اون میں لگایا جاتا ہے ۔

Wool-pack : (n) (۱) اون کا گٹھر ۔ (۲) اون کے گٹھر سے مشابہ کوئی چیز ۔ (۳) اون نما بادل ۔

Wool-packer : (n) اون کے گٹھر بنانے والا آدمی یا مشین ۔

Wool scour : (n) اون صاف کرنے کی جگہ ۔

Wool-shed : (n) (آسٹریلیا) وہ بڑی عمارت جس میں اون کاٹا جاتا ہے اور گٹھر بنایا جاتا ہے ۔

Wool-skin : (n) بھیڑ کی کچی کھال ۔

Wool-sorter : (n) وہ شخص جو اون کو درجے کے لحاظ سے الگ الگ کرتا ہے ۔

Wool-sorter's disease : (n) راج پھوڑا؛ بھیڑ تپ کی پھنسی ۔

Wool-staple : (n) اون کی آڑھت ۔

Wool-stapler : (n) اون کا آڑھتی ۔

Wool-top : (n) لمبے اون کے ریشے کی مسلسل لڑ ۔

Wool-twine : (n) اون باندھنے کی ڈوری ۔

Wool-wax : (n) دیکھو Wool grease

Wool-wheel : (n) اون کاتنے کی مشین ۔

Wool-winder : (n) (برآمد کرنے کےلئے) اون کے گٹھر بنانے والا ۔

Wool-work : (n) (۱) اون کی کشیدہ کاری ۔ (۲) اون کا بنا ہوا کپڑا ۔

Wool-worker : (n) اون کی کشیدہ کاری کرنے والا ۔

Woold : (n) [Late ME. 'wole'.] (۱) (بحری) مستول وغیرہ کے گرد مضبوطی کے لئے رسّا لپیٹنا ۔

Woold : (a) باندھنے والا؛ لپیٹنے والا ۔

Woold : (v) (۱) (بحری) مستول وغیرہ کے گرد مضبوطی کےلئے رسی یا زنجیر لپیٹنا (ٹوٹ جانے کی حالت میں) ۔ (۲) لپیٹنا؛ باندھنا ۔

Woolder : (n) (رسا بنانے میں) چھڑی جو لپیٹنے میں بیرم کا کام دیتی ہے ۔

Woolding : (n) (۱) رسی سے کسی چیز کو کس کر باندھنا؛ (بحری) مستول وغیرہ کے گرد مضبوطی کےلئے رسا یا زنجیر لپیٹنا ۔ (۲) وہ چیز جو لپیٹی جائے؛ رسا یا زنجیر جو مستول وغیرہ کے گرد لپٹی جائے ۔

Wooled : (a) (۱) (خاص قسم کے) اون والا یا اون کا ۔ (۲) جس کا اون کترا نہ گیا ہو ۔

Wooler : (n) وہ جانور جس کو اون کےلئے پالا جائے ۔

Woolert : (n) [ME. 'owlard'.] دیکھو Barn owl

Woollen/Woolen : (a) [Late OE. 'wullen'.] (۱) اونی؛ اون کا بُنا ہوا ۔ (۲) اون کا؛ اونی مصنوعات کی فروخت سے متعلق ۔

Woollen/Woolen : (n) (۱) اونی کپڑا ۔ (۲) اونی پوشاک؛ گرم کپڑے ۔ (۳) اون کا دھاگا ۔

To be buried in woollen : اونی کفن پوش ہونا ۔

Woollen-draper : (n) پشمینہ فروش ۔

Woollenette : (n) پتلا اونی کپڑا ۔

Woollenize : (v) نباتی ریشوں کو کیمیاوی عمل سے اونی شکل دینا ۔

Woollike : (a) اون جیسا؛ اون کی طرح کا ۔

Woolliness : (n) (۱) پشم دار ہونا ۔(۲) اون کا سا ہونا ۔ (۳) دھندلا پن؛ پھیکا پن؛ الجھا ہوا ہونا ۔

Woolly/Wooly : (a) (۱) پشم دار؛ اون دار ۔(۲) اون کا سا ۔ (۳) (مصوری) دُھندلی؛ کُند؛ پھیکی (سطح تصویر یا طرز مصوری) ۔ (٤)(مجازاً) الجھا ہوا؛ پریشان ؛ دُھندلا (دماغ) ۔ (٥) (نباتیات) روئیں دار ۔ (٦) اون جیسے بالوں والا (خصوصاً حبشی) ۔ (۷) نرم اور چپکنے والا؛ ناگوار چیز (خصوصاً کھانے کی) ۔

Woolly/Wooly/Woolie : (n) (۱) اونی کپڑا؛ خصوصاً سویٹر۔ (۲) بنا ہوا اونی زیر جامہ ۔ (۳) (آسٹریلیا) بھیڑ ۔

Woolly/Wooly : (n) دیکھو Williwaw

Woolly bear : (n) پشمی لاروا؛ ایک قسم کی بالدار تیتری ۔

Woolly-butt : (n) ایک قسم کا آسٹریلیائی یوکلپٹس کا درخت ۔

Woolly-head : (n) (۱) وہ شخص جس کے سر پر اون جیسے الجھے ہوئے بال ہوں ؛ خصوصاً حبشی ۔ (۲) (امریکا) انسدادِ غلامی کا حامی ۔

Woolly-headed : (a) (۱) جس کے سر کے بال اون جیسے ہوں ۔ (۲) (نباتیات) روئیں دار ۔ (۳) کودن؛ کوڑھ مغز؛ غبی ۔

Woolly voice : (n) بھرائی ہوئی آواز ۔

Woolman : (n) اون فروش ۔

Woolsack : (n) (۱) اون کا بڑا گٹھر۔ (۲) (مزاحاً) فربہ آدمی ۔ (۳) اون کی گدی جس پر ہاؤس آف لارڈ میں لارڈ چانسلر بیٹھتا ہے ۔

The woolsack : لارڈ چانسلر کا عہدہ ۔

Woolsaw : (n) [Mosquito 'wulasha'.] (مرکزی امریکا کے افریقی نژاد لوگوں کے درمیان) بھوت؛ پریت ۔

Woolsey : (a) (شاذ) پشم دار؛ اونی ۔

Woolwich : (n) (۱) بحری اور بری فوج کا لاج خانہ جو شہر وولچ میں ہے ۔ (۲) کینٹ میں ایک قصبے کا نام ۔

Woolwich-infant : (n) انیسویں صدی کی بہت بھاری قسم کی توپ ۔

Woomera : (n) [Native name.] (۱) آسٹریلیا کے دیسیوں کی گھما کر پھینکنے کی لکڑی ۔ (۲) دیکھو Woomerang ۔

Woomerang : (n) [Native name.] گھما کر پھینکنے کا ڈنڈا ۔

Woon : (n) [Burmese 'wun'] برما کا ایک اعلیٰ عہدہ ۔

Woorali/Wourali : (n) [See Curare.] شمالی امریکا کی ایک بیل ۔

Wootz : (n) [Alter. of 'wook'.] ووٹس؛ خاص قسم کا ہندوستانی فولاد جو یورپ اور امریکا میں بھیجا جاتا ہے جس سے دھاردار اوزار تیار ہوتے ہیں ۔

Woozily : (adv.) مخمور ہوکر؛ نشے میں ؛ دھندلے طور پر ۔

Wooziness : (n) مخمور ہونا؛ دھندلا پن ۔

Woozy : (a) [Origin unkn.] (۱) مخمور؛ نشے میں دھت ۔ (۲) سر کا چکر ؛ متلی اور کمزوری میں مبتلا ۔ (۳) بدمستانہ فریب نظر سے مشابہ ۔ (٤) دھندلا؛ الجھا ہوا؛ پریشان ۔

Wop : دیکھو Whop

Wop : (n) [Origin unkn.] وسطی یا جنوبی یورپ کا باشندہ جو امریکا میں بود و باش اختیار کرلے؛ خصوصاً اطالوی ۔

Wopse : دیکھو Wasp

Wopse : (v) [Origin unkn.] (بولی) بے ترتیبی سے انبار لگانا؛ لپیٹنا یا الجھا دینا ۔

Wopse : (n) انبار؛ ردی حالت ۔

Wopsy : (a) بے قاعدہ؛ بے ترتیب ۔

Worcester : (a) [Name of a county-town in Worcestershire.] ورسسٹر شائر کا یا وہاں سے متعلق ۔

Worcester : (n) ورسسٹر میں بننے والی چینی مٹی ۔

Worcester China : (n) دیکھو Worcester

Worcester porcelain : (n) دیکھو Worcester

Worcester sauce : (n) ایک قسم کی چٹنی جو ورسسٹر شائر میں بنتی ہے ۔

Worcestershire : (n) [Proper name.] انگلستان کےایک ضلعےکا نام ۔

Worcestershire sauce : (n) دیکھو Worcester-sauce

Word : (n) [OE.] (۱) لفظ؛ کلمہ ۔ (۲) تقریر ۔ (۳) (عموماً جمع) قول؛ بات؛ مقدار؛ گفتگو ۔ (٤) پیام؛ اطلاع ؛ خبر ۔ (٥) وعدہ ؛ قول ۔ (٦) حکم؛ زبان؛ کمان؛ بائبل یا اس کا کچھ حصہ جس میں فرمانِ الٰہی ہو ۔ (۷) لفظ شناخت ۔ (۸) اصول عمل؛ ماٹو ۔ (۹) نغمے کا متن (موسیقی کے مقابلے میں) ایکٹر کے پارٹ کا متن ۔ (۱۰) (جمع) جھگڑا ؛ تکرار ؛ جھڑپ ۔ (۱۱) دعویٰ؛ اعلان ؛ بھروسا ۔ (۱۲) گزارش ۔ (۱۳) (کمپیوٹر میں) اعداد و شمار یا ہدایت دینے کی بنیادی اکائی ۔

A man of his word : صادق القول؛ وعدے کا سچا؛ قول کا پکا ۔

A word : مختصر گفتگو یا بیان ۔

A word and a blow : پہلے لات پیچھے بات (تندمزاج آدمیوں کا طرز عمل) ۔

A word in season : برمحل یا بروقت انگیخت یا مداخلت ۔

A word out of season : بے محل یا بے وقت انگیخت یا مداخلت ۔

A word to the wise : عقلمند کو اشارہ کافی ہے ۔

At a or one word : فوراً؛ بغیر تاخیر کے؛ فی الفور ۔

Beyond words : ناقابلِ بیان ۔

Big words : شیخی؛ دھونس ۔

Burning words : پُرجوش یا جوش دلانے والے الفاظ ۔

By word of mouth : زبانی ۔

Fair words : چکنی چپڑی بات ۔

God's words : کتابِ الٰہی؛ کلامِ الٰہی ۔

Good word : تعریف یاتحسین کےکلمے؛ خوشامدانہ الفاظ ۔

Half word : مختصر بات یا گفتگو ۔

Hard words break no bones/Fine words butter no parsnips/Words are but wind : صرف باتوں سے کیا ہوتا ہے ۔

In a word : خلاصہ یہ کہ؛ مختصر یہ کہ ۔

In so many words : (۱) انہیں الفاظ میں ۔ (۲) صاف لفظوں میں ۔

In these, other etc words : ایسے الفاظ میں ۔

Last word : (۱) فیصلہ کن الفاظ (گفتگو یا جھگڑے میں)؛ قولِ فیصل ۔ (۲) آخری لفظ (موت سے پہلے)۔

Of few words : کم گو؛ کم سخن ۔

Of many words : بسیار گو؛طول گو؛طوالت پسند ۔

Of one's word : قابلِ بھروسہ؛ جو اپناوعدہ نبھائے۔

On or upon one's words : (۱) واللہ؛ اپنی عزت کی قسم ۔ (۲) وعدے پر ۔

Take my word for it : مجھ پریقین کرو؛ تمہیں یقین دلاتا ہوں ۔

The Seven Last words : حضرت عیسیٰ کی سات آخری باتیں ۔

The Word/The Eternal Word : کلام الٰہی؛ عیسائی تثلیث کا اقنوم ثانی؛ مظہرحق یعنی حضرت مسیح ۔

The word : (۱) تیر یہ ہدف لفظ ۔ (۲) درپیش معاملہ ۔

To be as good as one's word : وعدہ نبھانا؛ وعدہ پورا کرنا؛ جو کہنا وہ پورا کرنا ۔

To break one's word : وعدہ توڑ دینا؛ وعدہ خلافی کرنا ۔

To eat one's words : دب کر معافی مانگنا یا اپنے الفاظ واپس لینا ۔

To give (a person) a good word : تعریف کرنا؛ تحسین کرنا ۔

To give one's word/To pledge- : وعدہ کرنا؛قول دینا۔

To give the word : سنتری کی للکار کے جواب میں شناختی الفاظ کہنا ۔

To give words to : الفاظ کا جامہ پہنانا؛ الفاظ میں بیان کرنا ۔

To have a word with : مختصر باتیں کرنا؛ دو دو باتیں کرنا ۔

To have words with : جھگڑا کرنا؛ تکرار کرنا؛ جھگڑنا؛ توتو میں میں کرنا ۔

To keep one's word : وعدہ پورا کرنا ۔

To make words : (نفی میں) کسی چیز کے متعلق مزید کچھ نہ کہنا ۔

To put into words : الفاظ کا جامہ پہنانا؛ لفظوں میں بیان کرنا ۔

To say a good word for /To speak- : سفارش کرنا؛ حمایت کرنا؛ کلمۂ خیر کہنا ۔

To say the word : حکم دینا ۔

To suit the action to the word : اپنے قول پر عمل کرنا۔

To take a person at his word : کسی کے کہنے کو صحیح فرض کرلینا ۔

To take (a person's) word : کسی کے کہنے کو صحیح فرض کرلینا؛ کسی کی باتوں پر یقین کرلینا ۔

To take (up) the word : کسی کے بعد یا عوض میں کچھ کہنا ۔

Wild and whirling words : بے سوچے سمجھے الفاظ ۔

Words of one syllable : صاف واضح الفاظ میں ۔

Word : (v) (۱) لفظوں میں بیان کرنا؛ لفظوں میں ادا کرنا۔ (۲) (کسی مطلب کےلئے) الفاظ کا انتخاب کرنا؛ الفاظ لانا ۔

Word accent : (n) لفظ کی بجاؤں پر تاکید دینے کا طریقہ ۔

Word association : (n) (نفسیات) لفظی تلازم ۔

Word-blind : (a) الفاظ کور؛ جو الفاظ پڑھ لے مگر (کسی دماغی بیماری کی وجہ سے) ان کا مفہوم نہ سمجھے؛ معنی کا اندھا ۔

Word-blindness : (n) دیکھو Text blindness

Word-book : (n) (۱) فرہنگ ۔(۲) گانے کی کتاب ۔

Word bound : (a) کم سخن؛ جو الفاظ کی کمی کی وجہ سے بول نہ سکے ۔

Word-building : (n) الفاظ سازی ۔

Word-catcher : (n) (۱) حرف گیر؛ خردہ گیر ۔(۲) فرہنگ نویس؛ لغت ساز ۔

Word-catching : (n) حرف گیری ۔

Word-centre : (n) (تشریح) دماغ کا وہ حصہ جو الفاظ کے ادراک اور استعمال کا نظم وضبط کرتا ہے ۔

Word-deaf : (a) جو الفاظ سن لے مگر کسی دماغی بیماری کی وجہ سے ان کا مفہوم نہ سمجھے؛ معنی کا بہرا ۔

Word-deafness : (n) الفاظ کوری ۔

Word for word : (adv. & a) لفظ بہ لفظ؛ بجا؛ درست؛ ٹھیک ۔

Word-formation : (n) تشکیل الفاظ ۔

Word-game : (n) ایک کھیل جس میں کھلاڑی الفاظ بناتے، سوچتے یا قیاس کرتے ہیں ۔

Word-hoard : (n) الفاظ کا ذخیرہ ۔

(۱) الفاظ اور ان کی تاریخ کا مطالعہ ۔ Word-lore : (n)
(۲) (لسانیات کا) وہ شعبہ جو الفاظ کی ساخت سے بحث کرتا ہے؛ صوتیات ۔

الفاظ کا جادو ؛ لفظی جادو (جس میں صرف الفاظ کو کہنے سے اس شخص یا چیز پر جادو کا اثر ہوتا ہے جس کی طرف وہ الفاظ منسوب ہوتے ہیں) ۔ Word-magic : (n)

وہ شخص جس کو الفاظ پر پورا عبور حاصل ہو ۔ Word-man : (n)

(۱) (تحقیراً) الفاظ فروش؛ وہ شخص جو غیر مانوس اور مغلق یا خالی خولی الفاظ استعمال کرتا ہے ۔(۲) پیشہ ور مصنف ۔ Word-monger : (n)

خالی خولی یا خوش آئند الفاظ کا استعمال ۔ Word-mongering : (n)

دیکھو Word-mongering Word-mongery : (n)

کمان جوسپاہیوں کو دی جاتی ہے ۔ Word of command : (n)

مظہر حق یعنی حضرت مسیح؛ عیسائی تثلیث کا اقنوم ثانی ۔ Word of God : (n)

وعدہ جوعزت کی قسم کھاکرکیا جائے۔ Word of honour : (n)

زبانی گفتگو ۔ Word of mouth : (n)

زبانی ۔ Word-of-mouth : (a)

الفاظ کی ترتیب ۔ Word-order : (n)

الفاظ کی مصوری کرنا؛ واضح طور پر بیان کرنا ۔ Word-paint : (v)

الفاظ کا مصور؛ وہ انشا پرداز جو بات کواس طرح وضاحت سے بیان کرے کہ تصویر کھینچ دے ۔ Word-painter : (n)

الفاظ کی مصوری ۔ Word-painting : (n)

جسے کوئی عبارت یا اپنا پارٹ زبانی یاد ہو ۔ Word-perfect : (a)

لفظی تصویر؛ الفاظ میں کھینچی ہوئی تصویر؛ سمّان ۔ Word-picture : (n)

(۱) ضلع جگت؛ ایہام ۔(۲) نوک جھونک ۔ Word- play : (n)

بے جوڑ الفاظ کو گڈ مڈ کردینا (ذہنی پراگندگی کی وجہ سے) ۔ Word-salad : (n)

علامتِ الفاظ ۔ Word-sign : (n)

پیشہ ور مصنف؛ قلم کا مزدور ؛ مزدور اہلِ قلم ۔ Word-singer : (n)

مرصع انداز بیان ۔ Word-spinning : (n)

الفاظ کا سیٹ جن میں حروف کی تعداد یکساں ہوتی ہے اور انہیں اس ترتیب سے رکھاجاتا ہے کہ افقی یا عمودی دونوں طرح سے پڑھنے پر ایک ہی لفظ بنے ۔ Word-square : (n)

لفظوں میں موشگافی کرنے والا؛ بال کی کھال نکالنے والا ۔ Word-splitter : (n)

لفظوں میں موشگافی کرنا ۔ Word-splitting : (n)

ذخیرہ الفاظ ۔ Word-stock : (n)

لفظ کے بجاؤں پر تاکید دینے کا طریقہ ۔ Word-stress : (n)

الفاظ کا اثر (جس سے بالکل صحیح معنی ادا ہو جائے اور جو کسی جملہ وغیرہ میں صحیح مقام کے لئے موزوں ہو) ۔ Word-value : (n)

(۱) الفاظ ۔(۲) الفاظ کی تعداد ۔(۳) الفاظ کا انتخاب یا استعمال ۔ Wordage : (n)

لفظوں میں لکھا ہوا ۔ Worded : (a)

(اسکاچستان) لفظ ۔ Wordie : (n)

لفاظی کے ساتھ ؛ طولِ کلامی کے ساتھ ۔ Wordily : (adv.)

طول کلامی؛ لفاظی؛ طوالت ۔ Wordiness : (n)

(۱) طرز بیان ۔(۲) الفاظ؛ الفاظ کی ترتیب یا بندش ۔ Wording : (n)

(۱) بے الفاظ کا ۔(۲) بے زبان ؛ نطق سے محروم ۔(۳) خاموش؛ چپ؛ ساکت؛ سکوت زدہ ۔ Wordless : (a)

خاموشی کے ساتھ ؛ چپ چاپ ۔ Wordlessly : (adv.)

بے الفاظ کا ہونا؛ بے زبانی ؛ خاموشی ؛ سکوت زدگی ۔ Wordlessness : (n)

Wordsmith : (n) ادیب؛ الفاظ گر ۔

Wordster : (n) لفاظ ۔

Wordsworthian : (a) [f. William Wordsworth,the English poet.] ورڈس ورتھ کا یا اس سے متعلق؛ ورڈس ورتھ کے انداز یا طرز کا ۔

Wordsworthian : (n) ورڈس ورتھ کا مداح یا نقل کرنے والا؛ ورڈس ورتھ کی تصانیف کا طالبعلم ۔

Wordy : (a) [Late OE. 'wordig'.] (۱) لفاظ ؛ طول گو؛ طول نویس ۔ (۲) لفاظی کا؛ بے حد طویل؛ جس میں طوالت یا الفاظ کی بھرمار ہو ۔ (۳) لفظی؛ الفاظ کا ۔

Wordy : (a) (۱) لائق؛ قابل ؛ عمدہ؛ قابل قدر ؛ معقول ؛ قیمتی ۔ (۲) (اسکاچستان) دیکھو Worthy۔

Work : (n) [OE. 'weorc, werc. worc, wurc'.] (۱) کام؛ کار ۔ (۲) (طبیعیات) کام (صرف قوت سالمات میں تغیر پیدا کرنے میں) ۔ (۳) کوئی خاص کام؛ کام کے سامان (سینے، کاڑھنے کے سامان، کتابیں وغیرہ) ۔ (٤) کیا ہوا کام؛ صنعت؛ تصنیف؛ نمونہ ۔ (٥) (دینیات) (عموماً جمع) اعمال ؛ نیک اعمال ۔ (٦) معاملہ ؛ کام ۔ (۷) روزگار؛ شغل؛ مزدوری؛ کام ۔ (۸) (عموماً جمع) قلعہ بندی ؛ استحکامات ؛ مورچہ ۔ (۹) تعمیر کا کام؛ تعمیرات ۔ (۱۰) مشین کے چلانے والے پرزے ۔ (۱۱) (جمع اور اکثر واحد) کارخانہ ۔ (۱۲) آرائشی کام؛ نقش ونگار وغیرہ ۔ (۱۳) (بحری) جہاز کا وہ حصہ جو سطح آب کے اوپر ہوتا ہے ۔ (۱٤) محنت ۔ (۱٥) (کرکٹ) گیند کا زمین پر گرنے کے بعد مڑ جانا ۔ (۱٦) دکھ ؛ تکلیف؛ ہنگامہ؛ شور ۔ (۱۷) کھیل کی مشق؛ کسی خاص کھیل کی کوشش یا حرکت ۔ (۱۸) تخلیق؛ کارگزاری؛ کارستانی؛ کارسازی ۔ (۱۹) محنت کا نتیجہ ۔ (۲۰) پارچہ بافی؛ سلائی؛ کشیدہ کاری ۔ (۲۱) اثر؛ نتیجہ ۔ (۲۲) (جمع) جملہ سامان ۔ (۲۳) (جمع) برا برتاؤ ؛ ساری برائیاں مع قتل ۔ (۲٤) (عام) بغلی پانسا (فریب دہی کے لئے) ۔ (۲٥) مصنوعات ۔

A good day's work : ایک دن میں بہت کافی کام ۔

At work : (۱) مشغول ۔ (۲) باکار؛ چالو ۔

A work of time : وہ کام جس میں وقت زیادہ لگے ۔

Clerk of the work : میٹ؛ نگراں؛ داروغہ تعمیر ۔

Good work : اچھا کام ؛ نیک کام؛ نیکی ۔

In the works : زیر تکمیل ۔

In work : (۱) باضابطہ مصروف کار ۔ (۲) زیر تکمیل ۔ (۳) (گھوڑا) زیر تربیت ۔

Of all work : ہرکام کرنےوالا (خصوصاً گھریلو کام)۔

Out of work : بیکار؛ بے روزگار ۔

The work : سب کچھ ؛ تمام دستیاب چیزیں یا اطلاع وغیرہ ؛

To cut out work for (a person) : (کسی کو) کچھ کام کرنے کے لئے دینا ۔

To do its work : کام کر جانا؛ اثر دکھانا ۔

To fall to work : کام شروع کرنا ۔

To get the works : قتل ہونا ۔

To give person the works : (امریکا، سوقیانہ) ٹھونکنا؛ مرمت کرنا ۔

To give someone the works : (۱) سب کچھ کہہ دینا ۔ (۲) خصوصاً قتل کر دینا؛ ماردینا ۔

To go to work : کام شروع کرنا ۔

To have (all) one's work cut : پورے وقت کا کام ہونا؛ اتنا کام ہونا کہ ذرا فرصت نہ ہو ۔

To make good work (of a person or thing) : اچھی طرح نبھانا ۔

To make short work of : دم بھر میں کرلینا؛ ختم کر دینا یا شکست دینا ۔

To make work : تباہی پھیلانا؛ ابتری پھیلانا؛ ہنگامہ مچانا ۔

To make work for : (کسی کو) کچھ کام کرنے کے لئے دینا ۔

To set to work : (۱) کام شروع کرنا ۔ (۲) کام شروع کرانا ۔

کسی خاص طبقے میں داخل ہونا یا کرنا ۔

To work at : کوئی پیشہ کرنا؛ کام کرنا ۔

To work double tides : دو دنوں کا کام ایک دن میں کردینا ۔

To work even : ایک ہی طرح بنتے جانا ۔

To work one's passage : جہاز کے کرائے کے بدلے مزدوری کرکے سفر کرنا ۔

To work one's way : مزاحمت کی وجہ سے آہستہ آہستہ بڑھنا ۔

To work the oracle/-the ropes : پوشیدہ ذرائع سے اپنے موافق اثر ڈالنا ۔

To work to rule : احتجاجاً کام آہستہ کرنے کی غرض سے بظاہر باضابطگی کے ساتھ کام کرنا ۔

To work water : (بائلر کا) جھاگ لانا یا نکالنا ۔

Work-a-day/Workaday : (n) کام کا دن ۔

Work a day/Work-a-day : (a) (۱) کام کے دن سے متعلق ۔ (۲) معمولی؛ کاروباری؛ عملی ۔

Work away : (n) وہ شخص جو جہاز پر کرائے کے بدلے مزدوری کرکے سفر کرتا ہے ۔

Work away : (v) کام کئے جانا ۔

Work-bag : (n) کام کے (خصوصاً سینے کاڑھنے کے) سامان کا تھیلا ۔

Work-basket : (n) سلائی کڑھائی کے سامان رکھنے کی ٹوکری ۔

Work-bench : (n) کمرتک اونچا مضبوط ٹیبل جس پر بڑھئی وغیرہ کام کرتے ہیں ۔

Work-board : (n) کام کرنے کا تختہ ۔

Work book : (n) (۱) نصاب کا خاکہ ۔ (۲) کتاب جس میں کسی کام کے قواعد اور طریقے درج ہوتے ہیں ۔ (۳) کتاب جس میں کئے ہوئے یا مجوزہ کام کا اندراج ہوتا ہے ۔ (٤) طالبعلموں کی مشق کی کاپی ۔

Unit of work : کام کی اکائی؛ ایک پونڈ وزن؛ ایک فٹ اوپر اٹھانے کا کام ۔

Work : (v) (۱) کام کرنا ۔ (۲) کوشش کرنا ۔ (۳) کسی چیز کا کاریگر ہونا ۔ (٤) (مشین کا) چلنا؛ چالو ہونا ۔ (٥) (تدبیر کا) کارگر ہونا؛ چلنا ۔ (٦) (مشین کو) چلانا؛ چالوکرنا ۔ (۷) کام دینا؛ (آدمی یا جانور کا) ۔ (۸) چلانا (جہازوغیرہ) ۔ (۹) (چرخی وغیرہ کا) گھومنا؛ حرکت کرنا؛ چلنا ۔ (۱۰) انتظام کرنا؛ چلانا ۔ (۱۱) اثر کرنا؛ اثر ڈالنا؛ عمل کرنا ۔ (۱۲) کرنا؛ پیدا کرنا؛ عمل میں لانا ۔ (۱۳) حرکت میں ہونا؛ حرکت کرنا ۔ (۱٤) ہیجان ہونا (خیالات وغیرہ میں)؛ (آٹے میں) خمیر اٹھنا؛ ہیجان پیدا کرنا ۔ (۱٥) (آہستہ آہستہ اور دقت سے) چلنا؛ بڑھنا؛ کھسکنا؛ گھسنا؛ چلانا؛ بڑھانا؛ گھسانا ۔ (۱٦) (آٹے وغیرہ کو) گوندھنا (لوھے وغیرہ کو) کوٹ پیٹ کر ٹھیک کرنا ۔ (۱۷) اکسانا؛ بھڑکانا؛ پیدا کرنا؛ (جوش، غصہ وغیرہ) ۔ (۱۸) کشیدہ کاری کا کام کرنا؛ کاڑھنا؛ بنانا (بیل، بوٹے وغیرہ)؛ کپڑا تیار کرنا ۔ (۱۹) حل کرنا (ریاضی کا سوال) ۔ (۲۰) جہاز کے کرائے کے بدلے مزدوری کرکے سفر کرنا؛ جرمانہ؛ قرض وغیرہ کے عوض میں محنت کرنا ۔ (۲۱) نقصان پہنچانا؛ ضرر پہنچانا ۔ (۲۲) بنانا؛ گھڑنا ۔ (۲۳) گھسانا؛ شامل کرنا ۔ (۲٤) وجود میں لانا؛ باعث یا سبب ہونا ؛ وقوع میں لانا؛ پیدا کرنا ۔ (۲٥) پیوند لگانا؛ قلم لگانا ۔ (۲٦) کوشش کرنا؛ محنت لگانا؛ جوتنا؛ ہل چلانا ۔ (۲۷) (پتھر وغیرہ کو کات کر) کوئی خاص صورت دینا ۔ (۲۸) (کسی جگہ) اپنے کام سے جانا؛ اپنے کاروبار کے لئے جانا ۔ (۲۹) (عام) حکمت سے پانا یا چھٹکارا پانا ۔ (۳۰) بدل دینا؛ بدل جانا؛ ہو جانا ۔ (۳۱) دھوکہ دینا؛ جُل دینا ۔ (۳۲) ہلانا؛ جگہ بدلنا ۔ (۳۳) (اپنا) راستہ بنانا؛ ترقی کرنا ۔ (۳٤) کام کروانا؛ (آدمی یا جانور کو) کام کرنے پر مجبور کرنا ۔ (۳٥) کسی مقصد کے لئے کچھ کرنا؛ سازش یا سازباز کرنا؛ حیلہ کرنا ۔ (۳٦) کام دینا ۔ (۳۷) دکھنا ؛ درد کرنا ؛ ٹیسیں اٹھنا ۔ (۳۸) (بحری) (جہاز کا) کسی خاص سمت میں جانا؛ مخصوص سمت اختیار کرنا ۔ (۳۹) غم وغصہ کھانا؛ جوش میں آنا ۔ (٤۰) (جہاز وغیرہ کا) اس طرح چلنا کہ جوڑ ڈھیلا ہو جائے ۔ (٤۱) اس طرح بے قاعدگی یا غیرمعین طور پر چلنا کہ ناکارہ ہو جائے ۔ (٤۲) کام لینا ۔ (٤۳) (مچھلی کے) چارے کو بالکل فطری بناکر پیش کرنا ۔ (٤٤) (فری میسنوں کے)

Work-box : (n) کام کے (خصوصاً سینے کاڑھنے کے) سامان کا صندوقچہ ۔

Work-brittle : (a) محنتی؛ جفاکش ۔

Work-camp : (n) کام کرنے والوں کا کیمپ خصوصاً وہ جگہ جہاں رضاکار کچھ دنوں کےلئے کام کرتے ہیں ۔

Work-curve : (n) ترسیم کار؛ رسمہ کار ۔

Work-day : (n) [OE. 'weorcdaeg'.] اتوار یا چھٹی کے سوائے اور دن؛ کام کا دن ۔

Work-day : (a) کام کے دن کا یا اس سے متعلق ۔

Work-dog : (n) کتا جس سے باربرداری کا کام لیا جائے ۔

Work-farm : (n) وہ فارم جس پر نابالغ مجرموں سے کام کرایا جاتا ہے ۔

Work-fellow : (n) رفیق کار؛ ہم کار ۔

Work-force : (n) (۱) مزدوروں کی جماعت جو کسی خاص کام میں لگے ہوں ۔ (۲) مزدوروں کی تعداد ۔

Work-harden : (v) کوٹ پیٹ کر سخت بنانا ۔

Work-hardening : (n) لوہے یا دوسری دھات کو کوٹ پیٹ کر سخت بنانا؛ کام سختاؤ ۔

Work in : (v) (۱) گھسیڑنا؛ داخل کرنا؛ شامل کرنا؛ کھپانا ۔ (۲) کھپنا ۔ (۳) ملانا؛ خلط ملط کرنا ۔

Work in process : (n) نامکمل کام؛ زیر تکمیل کام ۔

Work-load : (n) (۱) کام یا کام کا وقت جو کسی ملازم کو دیا جائے ۔ (۲) کل کام جو کسی جماعت کو مقررہ وقت میں کرنا ہو ۔

Work-mate : (n) شریک کار؛ مل کر کام کرنے والا ۔

Work of art : (n) صناعی یا مصوری کا نمونہ ؛ فنون لطیفہ کا نمونہ ۔

Y-moth : (n) (حیوانیات) گاما: ایک قسم کا پتنگا یا کیڑا جس کے پروں پر یونانی حرف گاما یا Y کی شکل کا ایک نشان بنا ہوتا ہے؛ وائی پتنگا ۔

Y-point : (n) (برقیات) نقطہ، تعدیل ۔

Y potential : (n) (طبیعیات) ما بہ الامتیاز تفاضل بالقوت ۔

Y psiliform : (a) (حیوانیات) دوشاخہ شکل کا ۔

Y psiloid : (a) (حیوانیات) دو شاخہ سا ۔

Y-theodolite : (n) (پیمائش) وائی زاویہ گیر ۔

دوشاخہ پٹری؛ ترابا؛ ریل کی پٹریوں کا وہ حصہ جہاں دو شاخیں بیچ کی پٹریوں سے آکر ملتی ہیں تاکہ انجن وغیرہ کو ایک شاخ سے درمیانی پٹری پر لا کر اور پھر دوسری پٹری پر اس کا رخ بدلا جاسکے۔ Y-track : (n)

ایک طرح کا کیڑا جس سے چڑیوں میں ایک قسم کی بیماری پیدا ہوتی ہے۔ Y-worm : (n)

آسٹریلیا کے قدیم باشندوں کی زبان اور بولی۔ Yabber : (n)

بات چیت کرنا؛ گفتگو کرنا۔ Yabber : (v)

تسمانی بھیڑیا۔ Yabbi : (n)

آسٹریلیا کی ایک مچھلی جو پانی کے اندر شگافوں اور سوراخوں میں رہتی ہے۔ Yabby/Yabbie : (n)

(۱) نیوگینی ریاست کے موروب علاقے میں رہنے والے میلانیسی لوگ؛ ان میں سے کوئی ایک۔ (۲) یابم لوگوں کی زبان۔ Yabim/Jabim : (n)

مچھلی کھانے والا ایک جانور جو رات کو نمودار ہوتا ہے۔ Yaboa : (n)

افغانستان، ایران اور ان سے متصل ممالک میں پائے جانے والے بڑے ٹٹو اور چھوٹے تنومند گھوڑے۔ Yaboo : (n) [Pers.]

(۱) خصوصاً فلپائن میں پائے جانے والے ایک درخت کی زردی مائل بھورے رنگ کی لکڑی۔ (۲) ایک درخت جس کی لکڑی یا کل کہلاتی ہے۔ Yacal : (n) [Tag]

میکسیکو میں پتھر سے گھرا ہوا مٹی کا ایک تودہ جو شاید رہنے کی جگہ ہے۔ Yacata : (n) [Mex. Sp.]

جزائر غرب الہند کا ایک سدا بہار درخت یا اس کی لکڑی جو فرنیچر بنانے کے کام آتی ہے۔ Yacca : (n) [Amer. Sp.]

ایک قسم کا گوند۔ Yacca gum : (n) [MLG. 'jacht'.]

(۱) ایک ہلکی بادبانی کشتی جو عموماً کشتیوں کی دوڑ میں استعمال کی جاتی ہے؛ ڈونگی۔ (۲) بجرا؛ اگن بوٹ؛ کشتی جو بادبان، بھاپ یا بجلی کی قوت سے چلائی جاتی ہے، عموماً ذاتی سیر و سفر کے لئے استعمال ہوتی ہے۔ (۳) بجرے میں سیر کرنا؛ کشتی دوڑ میں شریک ہونا؛ کشتی دوڑ کا کلب۔ (٤) پانسے کا ایک کھیل۔ Yacht : (n)

مقابلے میں کشتی دوڑانا یا چلانا۔ Yacht : (v)

ایک ہلکی پھلکی موڑنے والی بازودار کرسی۔ Yacht chair : (n)

کشتی دوڑ کا کلب۔ Yacht club : (n)

پبلک کے لائسنس دار بجرے جس میں امریکی قومی نشان کے جیسے جھنڈے لہراتے ہیں جس میں تیرہ (۱۳) سفید ستارے بنے ہوئے ہوتے ہیں۔ Yacht ensign : (n)

بہترین قسم کی دوڑی جو نرم و نفیس سفید منیلا ریشوں سے بنائی جاتی ہے۔ Yacht rope : (n)

(۱) کشتی دوڑ میں شریک ہونا یا کشتی میں دریا کی سیر کرنا۔ (۲) کشتی، ڈونگی یا بجرے میں سفر کرنا۔ Yachting : (n)

(۱) بجرے میں سیر کرنے والا یا بجرا چلانے والا یا بجرے کا مالک۔ (۲) کشتی دوڑ میں شریک ہونے والا یا کشتی چلانے والا۔ Yachtsman : (n)

(۱) بجرے میں سیر کرنے والی یا بجرا چلانے والی یا بجرے کی مالکہ۔ (۲) کشتی دوڑ میں شریک ہونے والی یا کشتی چلانے والی عورت۔ Yachtswoman : (n)

بجرا، ڈونگی یا کشتی جیسا یا اس کے لائق۔ Yachty : (a)

بند مٹھی کے ساتھ کھلی ہوئی شہادت کی انگلی کا نشان جو یہودیوں کے عبادت خانے میں ان کے مذہبی قانون کے مکتوبات کے پڑھنے والوں کی رہبری کے لئے مستعمل ہے۔ Yad : (n) [Heb.]

(اسکاچستان) ایک۔ Yae : (a)

(۱) (اسکاچستان) کتے کے بھونکنے کی آواز۔ (۲) تیز اور زور کی آواز۔ (۳) مسلسل چیختی ہوئی آوازیں، یاوہ گوئی یا بکواس۔ Yaff : (n)

(حیوانیات) ہدہد سبز؛ سبز رنگ کا ہدہد؛ سبز رنگ کا کٹھ پھوڑا۔ Yaffil/Yaffle : (n)

دیکھو Yaffil Yaffingale : (n)

(۱) ایک رائفل۔ (۲) دیکھو Jager۔ (۳) جرمن فوجی پلٹن (خصوصاً رائفل پلٹن) کا سپاہی۔ Yager : (n) [mod. of G. 'jager'.]

Yagi : (n) [after Hidetsugu Yagi, electrical engineer] ایک بہت طاقتور ہوائیہ یا ریڈیو ۔

Yagua : (n) (نباتیات) تاڑ کی قسم کا ایک امریکی درخت ۔

Yaguaza : (n) جزائر غرب الہند میں پائی جانے والی ایک قسم کی بطخ یا مرغابی ۔

Yah : (int.) اونہہ ! (تحقیر کے موقع پر آتا ہے) ۔

Yahgan : (n) (۱) Tierra del Fuego کے شکار کرنے اور مچھلیاں پکڑنے والے خانہ بدوش لوگ یا ان کا کوئی فرد ۔(۲) یاہگن لوگوں کی زبان ۔

Yahi : (n) (۱) شمالی کیلیفورنیا کی پٹ ندی کی وادی میں رہنے والے ناپید ہندوستانی لوگ؛ ان کا کوئی فرد ۔(۲) یاہی لوگوں کی یا نان زبان ۔

Yahoo : (n) (۱) بن مانس؛ حیوان شکل انسان؛ حیوان مانس؛ یاہو ۔ (۲) ایک فرضی قوم جس کا Gulliver's Travels میں ذکر ہے ۔(۳) اجڈ اور گندی طبیعت کا آدمی ۔

Yahooism : (n) یاہو کے طور طریقوں کی خاصیت ۔

Yahrzeit : (n) [Yiddish.] یہودیوں کے یہاں اپنے ماں باپ یا کسی قریبی رشتے دار کی موت کی ہر سال برسی منانے کی ایک رسم ۔

Yahveh/Yahweh : (n) [mod. L from Heb.Yhwh] (دینیات)یہو؛ خدائے تعالیٰ ۔

Yahvism : (n) (دینیات) یہودیوں کا مذہب جس میں توریت کے مطابق وہ خدا کی عبادت کرتے ہیں ۔

Yahvist : (n) دیکھو Jehovah

Yahvistic : (a) دیکھو Jehovistic

Yair/Yare : (n) [ME.] (۱) ایک گھیرا جو مچھلیوں کو پکڑنے کے لئے جوار کے راستے میں بنایا جائے ۔ (۲) مچھلیوں کو پھنسانے کا گھیرا ۔

Yaje : (n) [Amer. Sp] (نباتیات) ایپوسائناسی خاندان کا ایک برازیلی پودا ۔

Yak : (n) [Tibetan 'gyak'.] (۱) ملک تبت یا وسط ایشیا کے اونچے خطوں کا پالتو یا جنگلی بیل جس کے بال لمبے ہوتے ہیں اور کوہان بھی ہوتا ہے ۔ (۲) گیاک؛ سرا گائے؛ یاک ۔(۳) گپی؛ فضول گو؛ بکواس کرنے والا ۔ (٤) بغیر کسی کا احترام کئے ہوئے بکواس کئے جانا ۔ (٥) ہنسی ۔ (٦) ریڈیو کےنقال کی ہنسی مذاق اوردل لگی ۔

Yaka : (n) گانگو ندی کے دہانے کے قریب رہنے والے بنٹو لوگوں کا ایک فرد ۔

Yakamik : (n) [mod. of Portuguese 'jacami'] (۱)ترمچی؛ سپاہی جو ترم یا بگل کے ذریعے کسی حکم کا اعلان کرتا ہے ۔(۲) قصیدہ خواں ۔

Yakan : (n) فلپائن کے بسیلان جزیرے میں رہنے والے مورو لوگوں میں سے کوئی ایک ۔

Yakety-yak/Yakity-/ Yackety- (n&v) (۱) گپی؛ فضول گو ؛ بکواس کرنے والا ۔(۲) بکواس کئے جانا ۔

Yakima : (n) (۱) جنوب وسطی واشنگٹن کی یا کیم ندی کی وادی میں رہنے والے لوگ یا ان کا کوئی فرد ۔(۲) یا کیما لوگوں کی زبان ۔

Yakin : (n) [Native name in Assam.] تبت کا ایک جانور جو ہرن سے مشابہ ہوتا ہے؛ یاکن ۔

Yakka : (n) [Native name in Australia] کام؛ محنت ۔

Yaklace : (n) موٹی لیس جو یاک کے بالوں سے بنائی جاتی ہے ۔

Yaksa/ Yahsha : (n) [Skr. 'Yaksa'.] (اساطیر) ہندوستان کا ایک بھوت یاجن جس کو دولت اور خوشحالی کا دیوتا سمجھا جاتا ہے ۔

Yakut : (n) (۱) شمالی مشرقی سائیبیریا کے ترک لوگ جن کا پیشہ گلہ بانی، دستکاری، کاشتکاری اور تجارت ہے؛ ان کا کوئی فرد ۔ (۲) یاکٹ لوگوں کی ترکک زبان ۔

Yakutat : (n) (۱) الاسکا میں یاکوٹاٹ خلیج کےآس پاس رہنے والے ٹنگٹ لوگ ۔(۲) یاکوٹاٹ لوگوں کا کوئی فرد۔

Yakutat bear : (n) یاکوٹاٹ خلیج کےآس پاس کا ایک بڑابھورا بھالو ۔

Yakutat hut : (n) لکڑی کے تختوں کی بنائی ہوئی ایک عارضی چوکور جھونپڑی۔

Yale : (n) [ME. eale fr L.] (۱) ایک افسانوی جانور جس کو سینگیں اور ہاتھی جیسے دانت ہوتے ہیں ۔ (۲) (دروازوں وغیرہ کےلئے) استوانی تالا جسے Linns Yale نامی ایک شخص نے ۱۸۸۲ء میں ایجاد کیا تھا ۔

Yale blue : (n) ایک گہرا نیلا رنگ ۔

Yam : (n) [fr. Portuguese 'inhams'.] (۱) (نباتیات) ایک قسم کی ترکاری؛ کھالو؛ اروی؛ رتالو۔(۲) (نباتیات) آلو؛ شکر قند ۔

Chinese yam : چینی شکر قند ۔

Coco yam /Cocco- : جزائر غرب الہند کا ایک پودا جو کھانےکے کام میں آتا ھے ۔

Common yam : عام آلو ۔

Granada yam /Guinea- : ایک قسم کا آلو ۔

Indian yam : ہندوستانی آلو ۔

Japanese yam : جاپانی شکرقند ۔

Long yam : آسٹریلیا کا آلو ۔

Native yam : ایک قسم کا آسٹریلیائی آلو ۔

Red, white or Negro country yam : سرخ، سفید یا سیاہ آلو ۔

Round yam : گول آلو ۔

Wild yam : شمالی امریکا کا جنگلی آلو ۔

Winged yam : ایک قسم کا آلو ۔

Yam bean : گرم ملکوں کا گول جڑ کا پودا ۔

Yam family : (n) [mod. L] یام (Yam) جنس کی جڑی بوٹیوں اور جھاڑیوں کا ایک خاندان ۔

Yam stick : (n) سخت لکڑی کا ایک لمبا نوکدار ڈنڈا جس سے آسٹریلیا کی دیسی عورتیں زمین کھودنے کا کام لیتی ہیں ۔

Yam vine : (n) (Yam plant) انگور کی بیم؛ تاک یا یام پودے کی چڑھنے والی ٹہنی۔

Yama : (n) عزرائیل؛ (ہنود کے اعتقاد میں) ارواح کا دیوتا جو مردوں کے اعمال کی جانچ کرتا ھے؛ یاما ۔

Yamacraw : (n) سکوجین لوگوں کی ایک ہندوستانی قوم جو سوانا (Savannah) اور جارجیا (Georgia) کے ساحل پر بستی تھی ۔

Yamamai : (n) [Jap] (۱) ایک جاپانی بڑا ریشم کا کیڑا ۔ (۲) یا مائی کیڑے کا ریشم ۔

Yamanai : (n) [Burmese] برما کا ایک درخت جس کی لکڑی سخت ہوتی ھے ۔

Yamasee/Yamassee : (n) دیکھو Yamacraw

Yamel/Yamhill : (n) (۱) یام ہل (Yamhill)ندی کی وادی میں بسنے والے یامل لوگ ۔ (۲) یامل لوگوں کا کوئی فرد؛ یامل ۔

Yamen/Yamun : (n) [Chinese 'Ya-men'.] (۱) چینی حکومت کے عامل کی سرکاری قیام گاہ ۔ (۲) چین کی وزارت خارجہ (کا دفتر) ۔

Yami : (n) (۱) فارموسا کے قریب Botel Tobago Island میں بسنے والی ایک ملیشیائی قوم؛ اس قوم کا کوئی فرد ۔(۲) یامی قوم کی زبان ۔

Yammer : (v) [after of ME 'Yameren'.] گریہ وزاری کرنا؛ آہ و نالہ کرنا؛ آہ و فغاں کرنا؛ نالہ٥ و شیون کرنا؛ آہ و فریاد کرنا؛ آہ و بکا کرنا؛ فریاد کرنا؛ دہائی دینا؛ چیخ پکارمچانا؛ ماتم کرنا؛ واویلا مچانا؛ چیخنا چلانا؛ رونا پیٹنا ۔

Yammer : (n) گریہ وزاری؛ آہ وفغاں؛ نالہ٥ شیون؛ فریاد؛ چیخ پکار؛ ماتم؛ واویلا ؛ گریہ و نوحہ ۔

Yamp/Yampa/Yampah : (n) [of. Shoshonean origin] کیرم (Carum) جنس کا ایک شمالی امریکی پودا جس کی جڑیں گودے دار ہوتی ہیں اور کھانے کے کام میں آتی ہیں (جیسے ہندوستان کا آلو) ۔

Yampee : (n) ایک قسم کا چھوٹا امریکی آلو جس کا چھلکا زرد ہوتا ھے (Cush-cush) ۔

Yamstchick : (n) ڈاک گھوڑا ہانکنے والا؛ ڈاک گھوڑا سوار؛ ڈاک گھوڑا والا ۔

Yamstock : (n) سینٹ ہلینا کے باشندے کا لقب ۔

Yana : (n) (۱) شمالی کیلیفورنیا کی پٹ ندی کی وادی میں بسنے والی ایک ناپید ہندوستانی قوم ۔ (۲) اس قوم کا کوئی فرد ۔ (۳) یانا لوگوں کی یانن زبان ۔

Yanacona : (n) [Amer. Spanish from 'Quechua Yanacuna'] پیرو ویا (Peruvia) یا بولیویا (Bolivia) ریاست کا ہندوستانی غلام یا نوکر ۔

Yanan : (n) ہوکن (Hokan) زبان کا خاندان جس میں یاہی (Yahi) اور یانا (Yana) بھی شامل ہیں ۔

Yang : (n)[Chinese] (۱) چینی فلسفے کے مطابق مذکر اور مؤنث کا ایک دوسرے پر اثر یا تفاعل جو وجود کی تخلیق کا باعث ہے ۔ (۲) مذکر فاعلی ہے اور مؤنث پر اس کا اثر غالب ہے ۔

Yang : (n) [Imit.] جنگلی بطخ کی آواز ۔

Yang : (n) [Thai 'yang'.] سیام کے درخت کی ایک جنس ۔

Yang : (v) جنگلی بطخ کا قدرتی آواز نکالنا یا قدرتی آواز میں بولنا ۔

Yang shao : (a) [Chinese 'yang shao'.] شمالی چین کے پتھر اور کانسے کے عہد کی تہذیب کا یا اس سے متعلق ۔

Yangchow : (a) [fr. 'Yanchow', china.] چین کے شہر یانگ چو کے مروجہ طور طریقے اور طرز و انداز کا ۔

Yanggona/Yaqona : (n) [Fijian 'Yanggona'.] آسٹریلیا میں پائی جانے والی ایک جھاڑی جس کی جڑ کو کچل کر شراب یا دوسری نشہ آور پینے کی چیز بناتے ہیں ۔

Yangkin : (n) [Chinese-'Yang-kin'.] ایک چینی آلہ موسیقی ۔

Yangko : (n) [Chinese 'yang-ko'.] چینیوں کا ناچ اور گانا جو بوتے وقت ہوتا ہے ۔

Yangtao : (n) [Chinese 'yang-t'ao'.] چینی انگور کی بیل کی ایک قسم ۔

Yank : (v) (۱) جھٹکا دے کر کھینچنا (گھاس پھوس وغیرہ کو)؛ جھٹکے کے ساتھ کھینچنا؛ جھٹکا دینا ۔ (۲) جھٹکا دے کر نکال دینا ۔ (۳) جھٹکا دے کر یا جھٹکے سے لے لینا ۔

Yank : (n) [Origin unknown] (۱) جھٹکا ۔ (۲) غیر متوقع سخت ضرب؛ یکایک زور سے کھینچنا ۔ (۳) Yankee کا مخفف ۔

Yankapin : (n) Yoncopin کا متبادل ۔

Yankee : (n) (۱) امریکا کی ریاست نیو انگلینڈ کا باشندہ؛ یانکی ۔ (۲) (امریکا کی خانہ جنگی کے زمانے میں) شمالی ریاستوں کا باشندہ یا سپاہی ۔ (۳) (انگلستان اور یورپ میں) امریکی؛ امریکا کا باشندہ ۔ (٤) انگریزی زبان (جس طرح یا جس تلفظ کے ساتھ یانکی بولتے تھے) ۔ (٥) نیو انگلینڈ کی بولی ۔

Yankee : (a) (۱) یانکی یا امریکی کا یا ان سے متعلق ۔ (۲) نیو انگلینڈ کے امریکی یا یانکیوں کی خصوصیات والا ۔

Yankee corn : (n) ہندوستانی مکئی ۔

Yankee-doodle : (n) (۱) امریکا کی قومی لے؛ قومی گیت ۔ (۲) دیکھو Yankee ۔

Yankee machine : (n) کاغذ بنانے کی ایک مشین ۔

Yankee notions : (n) امریکا والوں کی ترکیب یا چیز ۔

Yankee state : (n) Ohio کا ایک نام ۔

Yankeedom : (n) امریکا؛ امریکا کا باشندہ؛ اہل امریکا ۔

Yankeefied : (a) جس پر امریکا کا رنگ چڑھا ہو؛ امریکا زدہ ۔

Yankeefy : (v) امریکا کا رنگ چڑھا دینا؛ یانکی یا امریکی جیسا بنا دینا ۔

Yankeeish : (a) امریکیوں جیسا؛ امریکی خصوصیت والا ۔

Yankeeism : (n) (۱) امریکیت؛ امریکا والوں کی خصوصیت ۔ (۲) امریکی محاورہ ۔ (۳) امریکی دستور ۔

Yankeeize : (v) (۱) امریکا کا رنگ چڑھا دینا ۔ (۲) امریکی جیسا بنا دینا ۔

Yankeeland : (n) سر زمین جس میں یانکی آباد ہیں ؛ نیو انگلینڈ؛ امریکا ۔

Yankton : (n) [Dakota thanketon wan] (۱) ڈکوٹا کا ایک صوبہ ۔ (۲) ڈکوٹا کی زبان یا بولی ۔

Yanktonai : (n) ڈکوٹا قوم کا مغربی حصہ ۔

Yannigan : (n) بیس بال کی بے قاعدہ ٹیم کا کھلاڑی ۔

Yanolite : (n) دیکھو Axinite

Yanqui : (n) [Spanish.] امریکا کا باشندہ جو لاطینی امریکی سے مختلف ہو ۔

Yantra : (n) [Skt.] ایک ہندسیہ شکل جو ایک دیوی کی پوجا کے وقت یا گیان دھیان کے وقت بطور مورتی کے استعمال کرتے ہیں ۔

Yao : (n) (۱) جنوب مغربی چین، شمالی تھائی لینڈ، لاؤس اور ٹونکن کے خصوصاً پہاڑی علاقوں میں رہنے والی ایک قدیم یا جنگلی قوم ۔ (۲) اس قوم کا فرد ۔ (۳) یاؤ قوم کی زبان ۔

Yao : (n) (۱) وسطی افریقہ کی نائیسا جھیل کے قرب و جوار میں رہنے والی ایک افریقی قوم ۔ (۲) اس قوم کا فرد ۔ (۳) یاؤ قوم کی بنٹو زبان ۔

Yap : (v) [imit.] (۱) تیز آواز سے یا گھبرا گھبرا کر بھونکنا ۔ (۲) (بول چال) بک بک کرنا؛ بکواس کرنا ۔

Yap : (n) (۱) (کتے کی) بلند یا گھبرائی ہوئی بھونکنے کی آواز ۔ (۲) تیز آواز میں فضول گوئی یا بکواس ۔ (۳) جاہل، انکھڑ آدمی ۔ (٤) منہ ۔

Yapese : (n) یاپ جزیرے (کیرو لائین) کا مائکرو نیشین باشندہ ۔

Yapman : (n) دیکھو Yapese

Yapock/Yapok : (n) [from 'oyapock', river in S. America] (۱) فرانسیسی گائنا اور برازیل کے بیچ میں بہنے والی ایک ندی؛ شمالی جنوبی امریکا کی ایک ندی ۔ (۲) جنوبی امریکا کا پانی میں رہنے والا اپوسم (ایک قسم کا تھیلی دار جانور) ۔

Yapon/Yanpon : (n) جنوبی امریکا کا ایک سدا بہار چھوٹا درخت یا جھاڑی ۔

Yapp : (n) (۱) ایک قسم کی (کتاب کی) جلدبندی یا جلد سازی جو نرم چمڑے سے کی جاتی ہے ۔ (۲) ایک قسم کی (کتاب کی) جلد جس پر نرم چمڑا لگایا جاتا ہے اور اس چمڑے کے کنارے کتاب کی لمبائی چوڑائی سے آگے نکلے رہتے ہیں ۔

Yapper : (n) تیز آواز میں فضول گوئی کرنے والا شخص؛ بکواس کرنے والا آدمی ۔

Yappingly : (adv.) فضول گوئی کے طور پر؛ بکواس کے طور پر ۔

Yappy : (a) (۱) تیز آواز نکالنے والا ۔ (۲) (کتے کی) تیز یا بلند آواز سے متعلق ۔

Yaqona : (n) Yangonna کا متبادل ۔

Yaqui : (n) (۱) میکسیکو کے سونارا علاقے کی ایک قوم (Taracahitian) ۔ (۲) اس قوم کا کوئی فرد ۔ (۳) یاقی قوم کی زبان ۔

Yaquina : (n) (۱) بحرالکاہل کے (Oregon) ساحل کی ایک ہندوستانی قوم ۔ (۲) اس قوم کا کوئی ایک فرد ۔ (۳) اس قوم کی Yakonen زبان ۔

Yar : (n) Yare کا متبادل ۔

Yarage : (n) جہاز جس کو آسانی سے گھمایا جا سکے ۔

Yarak : (n) [Pers. 'Yaraki'.] اچھی پرواز کی حالت (باز یا دوسری چڑیوں کے شکار کے موقع پر بولتے ہیں)

Yarb : (n) Herb کا متبادل ۔

Yarborough : (n) [after C. A. Worslay, Earl of Yarboroug] (۱) تاش کے کھیل برج میں کھلاڑی کے ہاتھ میں ایسے پتوں کا اجتماع جن میں کوئی نہلے سے اونچا نہ ہو ۔ (۲) بے تصویر اور بے دہلے کی بازی ۔

Yard : (n) [OE. 'geard'.] (۱) زمین کا ٹکڑا جو عمارتوں سے گھرا ہوا یا ملحق ہو ۔ (۲) اسکول میں کھیل کا میدان ۔ (۳) جیل سے ملحق زمین کا ٹکڑا جو گھرا ہوا ہو اور جس میں قیدی کسرت یا ورزش کرتے ہوں ۔ (٤) زمین کا ٹکڑا جو گھرا ہوا ہو اور جو باڑا یا مرغیوں کے پالنے کےلئے یا کھلیان کے طور پر استعمال کیاجائے ۔ (٥) خانہ باغ؛ ترکاری باغ؛ باغ ۔ (٦) صحن خانہ؛ انگنائی ۔ (۷) احاطہ ۔

Arm yard : ہتھیاروں کے رکھنے کا احاطہ ۔

Brick yard : اینٹ باڑا؛ (اینٹوں کے) بھٹے کا احاطہ ۔

Cab yard : گاڑی باڑا؛ اڈا؛ وہ احاطہ جہاں کرائے کی گاڑیاں کھڑی ہوتی ہیں ۔

Church yard : Church دیکھو

Court yard : Courtyard دیکھو

Dock yard : (۱) ریلوے اسٹیشن کے متصل ایک احاطہ جہاں ریل گاڑیوں کے بنانے کے لئے سامان رکھے جاتے ہیں ۔ (۲) ٹرام گاڑیوں کے رکھنے کا احاطہ ۔

Kale yard : Kale دیکھو

Railway yard : یارڈ؛ ریلوے اسٹیشن کے پاس کا کھلا ہوا میدان جہاں ریل گاڑیاں کھڑی رہتی ہیں اور ریل کے ڈبے جوڑے جاتے ہیں ۔

Rick yard : Rick دیکھو

Stock yard : مویشی باڑا ۔

Tan yard : چمڑا رنگنے کا باڑا ۔

The yard : اسکاٹ لینڈ یارڈ؛ انگلینڈ کی خفیہ پولس کا دفتر ۔

Yard : (n) [O.E. 'gierd, gyrd, gird'.] (۱) لمبائی کا پیمانہ؛ گز؛ درعہ ۔ (۲) تین فٹ یا ۳۶ انچ کے برابر لمبائی؛ میل کا سترہ سو ساٹھواں حصہ ۔ (۳) سہارے کی بلی جو دونوں سروں پر گاؤ دُم ہوتی ہے اور مستول میں بادبان کو سہارا دینے کی لئے لگائی جاتی ہے ۔ (٤) (قدیم) آلہ تناسل ۔

Cubic yard : مکعب گز ۔

Hundred yards : سوگز کی دوڑ ۔

Lanteen yard : ترچھی سہارے کی بلی ۔

Square yard : (۱) افقی سہارے کی بلی ۔ (۲) مربع گز ۔

To man the yards : سہارے کی بلیوں کے برابر برابر صف باندھ کر کھڑا ہونا؛ آدمیوں کو کھڑا کرنا (بطور بحری سلام کے) ۔

Yard : (v) (۱) مویشی کو مویشی باڑے میں بند کرنا ۔ (۲) موز لوگوں کا جاڑے میں گھری ہوئی جگہوں میں رہنا ۔ (۳) دیکھو Moose Yard ۔ (٤) جزیروں کے کسی مجموعے میں رہنے والے کو کرائے کے لئے پکارنا ۔

Yard boss : (n) (۱) مزدوروں کا سردار جو کسی کارخانے کے یارڈ میں مزدوروں کو حکم دیتا ہے ۔ (۲) لکڑی کے کندوں کے یارڈ میں مزدوروں کا سردار ۔

Yard conductor : (n) ریل روڈ کا ایک ملازم ۔

Yard dog : (n) یارڈ کا محافظ کتا؛ یارڈ میں حفاظت کرنے والا کتا ۔

Yard donkey : (n) ایک قسم کا انجن؛ ڈنکی انجن ۔

Yard goods : (n) کپڑے جو گز سے ناپ کر بیچے جاتے ہیں ۔

Yard grass : (n) ایک قسم کی گھاس ۔

Yard limit : (n) وہ جگہ جہاں ایک ریلوے لائن داخل ہوتی ہے یا جہاں سے نکلتی ہے ۔

Yard long bean : (n) ایک لمبی سیم یا ترکاری کی ایک لمبی ڈنڈی؛ ایک لمبی بین ۔

Yard lumber : (n) ایک عمارتی لکڑی جو مختلف شکل، سائز کی اور پانچ انچ سے کم موٹی ہوتی ہے ۔

Yard master : (n) یارڈ ماسٹر؛ ریلوے یارڈ کا نگراں ۔

Yard measure : (n) گز؛ لکڑی، فیتے یا لوہے کا گز بھر لمبا پیمانہ؛ گز کا پیمانہ ۔

Yard money : (n) فیس یا کرایہ جو اصطبل سے گاڑی کرانے پر لینے والے اصطبل والے کو دیتے ہیں ۔

Yard of ale : (n) (۱) سینگ کی شکل کا ایک پتلا شیشہ جو قریب تین فٹ اونچا ہو ۔ (۲) مقدار جو ایسے شیشے میں سما سکے ۔

Yard of land : (n) زمین کا ٹکڑا ، خصوصاً، جس کا رقبہ $\frac{1}{4}$ ایکڑ ہو ۔

Yard rope : (n) جہاز کے یارڈ کا ایک رسہ ۔

Yard tackle : (n) بھاری اشیاء اٹھانے، بادبان وغیرہ چڑھانے اتارنے کا سازو سامان، چرخیاں، رسے وغیرہ جو جہاز کے نچلے یارڈ میں استعمال کئے جاتے ہیں ۔

Yard to yard/Yard and yard : (n) دو جہازوں کا اس قدر قریب ہونا کہ ان کے سہارے کی بلیاں ایک دوسرے کو چھو دیں ۔

Yard-wand : (n) ایک تین فٹ لمبا لوھے یا لکڑی کا ٹکڑا جو ناپنے کے کام آتا ھے ۔

Yardage : (n) [f. Yard] (۱) مویشیوں کو کہیں لانے لے جانے پر ریل روڈ مویشی باڑے کا استعمال ۔(۲) ریل روڈ مویشی باڑے کے استعمال پر اس کا کرایہ ۔ (۳) ذخیرہ اندوزی کے لئے کسی گھری ھوئی جگہ یا یارڈ کااستعمال یا اس کا کرایہ ۔

Yardage : (n) [f. Yard] (۱) کوئلے کی کان میں کوئلہ کاٹنے والوں کی مزدوری مقرر کرنے کا پیمائشی گز ۔(۲) فی گز مقرر کی ھوئی مزدوری کے در سے کوئلہ کاٹنا ۔ (۳) کل جتنے گز کوئلہ کاٹا جائے ۔ (٤) کاٹے ھوئے کوئلے کی گزوں کی در سے مزدوری۔

Yardang : (n) [Turk.] ھوا کے تیز چلنے سے نرم تہ نشینوں (جیسے گیلی مٹی سے بالو) میں ابھری ھوئی لکیروں کا بن جانا ۔

Yardarm : (n) (۱) سہارے کی بلی کے دونوں سروں میں سے کوئی سرا ۔ (۲) سہارے کی بلی کے آخری سرے سے کسی شخص کو سزا کے طورپر لٹکانا ۔

Yardbird : (n) (۱) کسی سپاہی کو تادیبی طور پر ایک ادنیٰ یا معمولی کام پر متعین کرنا ۔ (۲) ایک غیر تربیت یافتہ شخص جس کو مقرر کیا گیا ھو ۔

Yarder : (n) دیکھو Yard donkey

Yarding : (n) (۱) کسی چیز کو (جیسے لکڑی کا کندا) یارڈ میں پہنچانے کا کام ۔ (۲) (خصوصاً آسٹریلیا میں) بازار مویشیوں کی خریداری یا بکری۔

Yardland : (n) زمین کا رقبہ جو ایک ایکڑ کے ایک چوتھائی کے برابر ھو ۔

Yardman : (n) یارڈ مین؛ وہ مزدور جو ریلوے یارڈ میں کام کرتا ھے ۔

Yardman : (n) ملاح یا کشتی بان جو یارڈ سے متعلق ھو ۔

Yardsman : (n) دیکھو Yardman

Yardstick : (n) ایک تین فٹ لمبا لوھے یا لکڑی کا ٹکڑا جو ناپنے کے کام آتا ھے ۔

Yare : (a) [M.E. fr. OE. gearu.] (۱) تیار؛ لیس؛ کمربستہ؛ مستعد ؛ آمادہ ؛ ٹھیک ٹھاک ؛ چوکس ۔ (۲) پھرتیلا ؛ تیز ؛ چاق چوبند ۔

Yare : (adv.) [OE. 'geon'.] تیزی سے ۔

Yarely : (adv.) جلدی سے؛ تیزی سے؛ مستعدی سے ۔

Yareta : (n) [Amer. Sp. fr 'Quechua'.] ایک قسم کی جھاڑی جو جلانے کے کام میں آتی ھے ۔

Yariyari : (n) [Native name in Guiana] Dugetia جنس کی ایک لکڑی۔

Yark : (v) (۱) ٹانکا لگانا (چمڑا وغیرہ میں) ؛ سلائی کرنا ۔ (۲) چھڑی یا کوڑے سے مارنا ۔ (۳) جوتے کی ایڑی سے مارنا ۔(٤) ٹھوکر مارنا ۔

Yarkandi : (n) چینی ترکستان کے یارکنڈ نخلستان کا رہنے والا یا باشندہ ۔

Yarke/Yarkee : (n) [Fr. 'yarque'.] کیریبن (Cariban) نسل کا بندر ۔

Yarl : (n) دیکھو Jarl

Yarm : (v) [OE. 'gyrman, grymman'.] چیخنا؛ چلانا؛ خصوصاً کسی جانور کا ۔

Yarmouth : (n) (۱) نورفوک (Norfolk)ساحل کا ایک شہرجہاں مچھلیاں پکڑی جاتی ہیں ۔ (۲) کسی قدر نمک لگائی اور بھونی ھوئی ایک سمندری مچھلی (Yarmouth bloafer) ۔ (۳) یارمتھ کا باشندہ ۔

Yarmulke/Yarmelke : (n) [Yiddish.] ایک قسم کی ٹوپی جو کٹر یہودی عبادت خانے میں پہنتے ہیں ۔

Yarn : (n) [MEfr. Fr. 'gearn'.] (۱) کتا ھوا تاگایا ڈورا؛ سوت ۔ (۲) (بول چال، خصوصاً جہازیوں کاروز مرہ) گھڑا ھوا قصہ؛ حکایت؛ کہانی؛ طول طویل قصہ۔

Yarn : (v) گھڑے ھوئے قصے بیان کرنا؛ کہانی کہنا؛ رام کہانی سنانا۔(۲) سوتوں کو ملا کررسی بنانا ۔

Yarn beam/-roll : (n) (۱) بیلن جس پر سوت لپیٹا جاتا ھے ۔ (۲) سوت کی چرخی جس سے تانا تنا جاتا ھے ۔

Yarn dye : (v) کپڑا بننے یا کشیدہ کاری سے پہلے سوت کو رنگنا ۔

Yarn man/-boy : (n) کپڑا بننے کے سوتوں کا استاد کلرک یا کرانی ۔

Yarn number : (n) سوت کی پیمائش اور اس کی جانچ کا ایک طریقہ ۔

Yarn over : (v) کشیدہ کاری میں فاضل ٹانکا لگانا ۔

Yarn spinner : (n) سوت کاتنے والا ۔

Yarn wind/windle : (n) سوت کو لپیٹ کر گولی یا گولا بنانے کا ایک طریقہ ۔

Yarner : (n) (۱) داستان گو؛ سوت جیسی لمبی کہانیاں کہنے والا ؛ گھڑے ہوئے لمبے قصے بیان کرنے والا ۔(۲) پائپ بیٹھانے والا جو پائپ کے جوڑوں کو سوتوں سے بند کرتا ہے ۔

Yarning iron : (n) ایک کند لوہا جو منہ بند کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے ۔

Yaroslavl : (a) (روس کے) یارو سلاوی کے شہر سے؛ یارو سلاوی میں مروج، قسم یا طرز کا ۔

Yarovization : (n) (۱) (نباتیات) بہاراؤ؛ پیش بہاری : (۱) (حیوانیات) جبروتی؛ جبر ۔

Yarovize : (v) (نباتیات) جلد پھل پھولدار بنانا؛ بہاراؤ کرنا؛ پیش بہاری بنانا ۔

Yarpha : (n) [of Scand. origin] گھاس وغیرہ سمیت زمین کی سطح کو کاٹ کر یا اکھاڑ کر ایندھن کے مصرف میں استعمال ۔

Yarr : (n) [Fris. 'jir'.] (۱) (نباتیات) یورپ کی ایک چھوٹی جھاڑی جس میں چھوٹے سفید پھول ہوتے ہیں ۔ (۲)(نباتیات) Chickweed خاندان کی چھوٹی جھاڑیوں کی ایک جنس ۔

Yarran : (n) [Native name in Australia] آسٹریلیا کا ایک چھوٹا درخت جو مویشیوں کے چارے کا کام دیتا ہے اور جس سے ایندھن کا اور زمین کو گھیرنے کے لئے کھمبوں کا کام لیتے ہیں ۔

Yarrow : (n) [OE. 'gearwe'.] (۱) (نباتیات) پیرو؛ ایک سدا بہار پودا جس کی بو بہت تیز اور مزہ چرپرا ہوتا ہے ۔(۲) بومادران؛ حزنبل ۔

Soldier's yarrow : ایک قسم کا پودا ۔

Water yarrow : ایک آبی پودا ۔

Yaruro/Yarura : (n) (۱)وینیزولا (Venezuela) کی Apure ریاست کی ایک ہندوستانی قوم ۔ (۲) اس قوم کا کوئی فرد ۔

Yaruru : (n) [Native name in Guiana] جنس Aspidosperma کے درختوں میں سے کسی ایک درخت کی لکڑی ۔

Yashmak : (n) [Arab. 'yashmaq'.] یشمک: نقاب جو مسلمان عورتیں گھر کے باہر چہرہ پر ڈالتی ہیں ۔

Yasht : (n) [Av. yashka.] فرشتوں کے متعلق اوستا کا ایک بھجن ۔

Yataghan : (n) [Turk.] یتاغان؛ ایک قسم کی دو دھاری تلوار جسے ترک استعمال کرتے ہیں ؛ تیغا ۔

Yatalite : (n) [from 'yatata', Australia] ایک قسم کی چٹان ۔

Yate : (n) [Native name in Australia] (۱) یوکلپٹس جنس کا ایک آسٹریلیائی درخت ۔ (۲) Yate درخت کی لکڑی ۔

Yatter : (n) [Prob yap+ter] فضول گوئی؛ بکواس؛ بیکار گفتگو ۔

Yaud : (n) بوڑھی گھوڑی؛ بوڑھا گھوڑا ۔

Yauld : (a) [Origin unkn.] اچھی تندرستی کا؛ قوی صحت کا؛ تندرست؛ صحت مند ۔

Yaupon/Yapon : (n) [Catawba 'yopan'.] Ilex جنس کی امریکی جھاڑی یا درخت ۔

Yautia : (n) [Amer. Sp. from 'Taino'.] ایک امریکی پودا جس کی جڑیں آلو جیسی ہوتی ہیں اور کھائی جاتی ہیں ۔

Yava : (n) ایک درخت جس کی جڑ سے شراب نکالی جاتی ہے ۔

Yavapai : (n) (۱) وسط اریزونا کی ایک ہندوستانی قوم ۔ (۲) اس قوم کا کوئی فرد ۔ (۳) یاواپائی کی یومن (Yuman) زبان ۔

Yaw : (v) [Origin unkn.] (۱) (جہاز کا) سیدھے رستے پر نہ چلنا ۔(۲) سیدھے رستے سے ہٹ کر چلنا ۔

Yaw : (n) (۱) جہاز کا اپنے راستہ سے ہٹ جانا؛ انحراف؛ پھیر ۔(۲) پھوڑا؛ پھنسی؛ خارش ۔

Yaw-haw : (v) دیکھو Guffaw

Yaw house : (n) پھوڑے، پھنسی اورخارش کے مریضوں کا اسپتال ۔

Yaw-yaw : (v) واہ واہ کرنا ۔

Yawata : (a) [fr. 'Yawata', Japan] (۱) جاپان کے شہر یاواٹا کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) یاواٹا کی مروجہ قسم یا طرز کا ۔

Yawing moment : (n) ایک لمحہ جو ہوائی جہاز کو محور پر گھومنے میں لگتا ہے ۔

Yawl : (n) [ME. 'yaulen'.] (۱) ایک قسم کی چھوٹی کشتی خصوصاً جہاز کے ساتھ کی؛ کشتی جس میں چار یا چھ چپو ہوتے ہیں ۔ (۲) دو مستولوں والی بادبانی کشتی جس کا پیچھے کامستول اگلے مستول سے بہت چھوٹا ہوتاہے ۔ (۳) ایک چھوٹی کھینے والی کشتی ۔ (٤) مچھلی پکڑنے کی ایک چھوٹی کشتی ۔ (٥) چیخ؛ چلاہٹ ۔

Yawl : (v) [ME.] (۱) درد سے چیخنا؛ چلانا ۔ (۲) کتے کا بھونکنا ۔(۳) بلی کا میاؤں میاؤں کرنا ۔

Yawmeter : (n) ہوائی جہاز کے گھومنے سے بننے والےزاویے کو ناپنے کا آلہ ۔

Yawn : (n) [ME. 'Yanen'.] (۱) (عضویات) جمائی؛ فاژہ ۔ (۲) (ارضیات) شگاف؛ موکھا ۔

Yawn : (v) (۱) (غار وغیرہ) منہ کھولنا؛ پھیلا ہونا؛ کھلا ہونا ۔(۲) (آدمی یا جانور کا) جمائی لینا ۔

Yawning : (a) جمائی لے کر اپنی تھکن یا ماندگی کا اظہار کرنے والا؛ جمائی لینے والا ۔

Yawningly : (adv.) جمائی لیتے ہوئے ۔

Yawny : (a) جمائی لینے پر مائل ۔

Yawp : (n) کرخت آواز؛ چیخ؛ مہمل گفتگو ۔

Yawp/Yaup : (v) [ME. 'yolpen'.] (۱) کرخت آواز نکالنا ۔ (۲) شکایت کرنا ۔ (۳) کتے کی طرح زور سے بولنا ۔(٤) چڑیا کی طرح چیخنا ۔

Yawping : (n) ملازموں کے خلاف ڈانٹ ڈپٹ کی آواز ۔

Yaws : (n) [of Cariban origin.] (طب) فرامیزیا؛ حبشیوں کی ایک متعدی بیماری جس میں جسم پر گلٹیاں نکل آتی ہیں ؛ اتبھری؛ یاز (مرض) ۔

Yawweed : (n) ایک امریکی جھاڑی جس کو پہلے فرامیزیا کا علاج سمجھا جاتا تھا ۔

Yaxche : (n) [Amer. Sp.] ریشم سوت کا درخت (Silk-cotton tree) ۔

Yaya : (n) (۱) ایک امریکی درخت ۔(۲) ایک درخت جس سے گوند نکلتا ہے ۔

Yazoo : (n) (۱) مسی سپی کی یازو وادی کی ایک ٹونیکن قوم ۔(۲) یازو قوم میں سے کوئی ایک ۔

Yblent : [ME. f. Blend (v)] مخبوط کیا ہوا؛ چندھیایا ہوا؛ گھبرایا ہوا ۔

Yblent : (a) [Late ME. f. Blend (v)] ملا ہوا؛ آمیزش کیا ہوا؛ مرکب کیا ہوا؛ مخلوط کیا ہوا ۔

Yborn : (pa. pple) [OE. 'geboren'; papple of BEAR] پیدا کیا ہوا ۔

Ybrent : (a) [ME.] (بخار کی وجہ سے) پیاسا ۔

Yclad : (a) [ME.] کپڑا یا لباس میں ڈھکا ہوا؛ پوشاک پہنے ہوئے ۔

Yclept/Ycleped : (a) [OE.] کہلایا ہوا؛ پکارا ہوا؛ نام لیا ہوا؛ موسومہ ۔

Ye : (pron) [OE.] (۱) تم؛ تم لوگ ۔(۲) (قدیم) اپنے آپ کو؛ اپنے تئیں ۔

Yea : (n) (۱) (قدیم) ہاں ۔(۲) بلکہ (مثلاً ready yea eager 20 yeas and no nays: بیس بار "ہاں" اور ایک بار بھی "نہیں" نہیں ۔

Yea and : (a) اور اس کے علاوہ ۔

Yea and nay : (n) (قدیم) موافق اور مخالف رائیں ۔

Yea forsooth : (a) ہاں کہنے کا عادی ۔

Yea-sayer : (n) وہ شخص جو زندگی کی تمام دشواریوں کا ہنسی خوشی مقابلہ کرنے کے لئے تیار رہتا ہے ۔

Yea-saying : (a) انسانی خوبیوں (تہذیب، شرافت، خود داری اور آزادی) کا حامی ۔

Yea-word : (n) قبولیت؛ منظوری؛ رضامندی؛ موافقت ۔

Yeah : (adv.) ہاں؛ اونہہ؛ ہاں ۔

Yean : [ME. 'Yenen'.] بھیڑ، بکری کا بیانا؛ بچہ دینا ۔

Yeanling : (n) بھیڑ، بکری کا چھوٹا بچہ؛ بزغالہ؛ برہ ۔

Year : (n) (۱) سال فلکی؛ وہ مدت جو زمین کو سورج کے گرد ایک بار گھومنے میں صرف ہوتی ہے؛ ۳٦٥ دن پانچ گھنٹے، ٤٨ منٹ ٤٦ سکنڈ ۔ (۲) سال نجمی؛ سال کوکبی؛ وہ مدت جو سورج کو کسی ستارے سے مقررہ فاصلے پر دوبارہ آنے میں صرف ہو(فلکی سال سے ۲۰ منٹ اور ۲۳ سکنڈ بڑا ہوتا ہے) ۔ (۳) سال فلاطونی؛ سال کامل؛ وہ مدت جو اجرام فلکی کو اس حالت پر پہنچنے میں صرف ہوتی ہے جو تخلیق کے وقت تھی ۔ (٤) سال ؛ برس ۔ (٥) (جمع) عمر؛ سن و سال؛ سن ۔

A year : ہر سال ۔

A year and a day : ایک سال ایک روز کی مدت جو اکثرقانونی معاملات میں مقررکی جاتی ہے ۔

Anomalistic year : سال شمسی اوجی ۔

Astral year : سال کوکبی ۔

Astronomical year : سال فلکی؛ سال شمسی ۔

Bissextile year : سال کبیسہ ۔

Calendar year : سال تقویمی ۔

Christian year : سال مسیحی؛ سال جو حضرت مسیح کی ولادت کی تاریخ سے شروع ہوتا ہے ۔

Church year Christian year دیکھو

Civil year : سال قانونی ۔

Common year : ۳٦٥ دن کا سال جو یکم جنوری سے شروع ہوتا ہے؛ عام سال شمسی ۔

Ecclesiastical year : Christian year دیکھو

Emolismic year : سال قمری ۔

Equinoctial year : سال اعتدالی ۔

Fictitious year : سال وضعی؛ جعلی سال ۔

Fiscal year : مالی سال؛ محصول کے محکموں میں یکم اپریل سے شمار کیا جاتا ہے ۔

From year to year : سال بہ سال؛ ہر سال ۔

Great year : Platonic year دیکھو

Gregorian year : سال گری گوری؛ دیکھو Gregorian ۔

In the year : (۱) سنہ میں ۔ (۲) بہت مدت ہوئی ۔

In years : سال خوردہ؛ بوڑھا ۔

Julian year : سال قیصری؛ دیکھو Julian ۔

Leap year : سال کبیسہ جس میں ۳٦٦ دن ہوتے ہیں ۔

Legal year : سال قانونی ۔

Light year : سال نور ۔

Lunar year : بارہ قمری مہینوں کا سال؛ سال قمری ۔

Lunisolar year : سال شمسی و قمری ۔

Mohammadan year : سال ہجری ۔

Natural year : سال قدرتی؛ سال شمسی ۔

New year : نیا سال ؛ دیکھو New Moon ۔

Old year : پچھلا سال؛ پرانا سال؛ گزرا ہوا سال؛ بڑھاپا؛ پیری ۔

Perfect year : Platonic year دیکھو

Platonic year : سال فلاطونی ۔

Sabbatical year : Sabbatical دیکھو

Sidereal year : سال کوکبی ۔

Solar year : سال فلکی؛ سال شمسی ۔

Sothic year : سال مصری ۔

Synodic year : سال قمری ۔

The school year: تعلیمی سال؛ اسکولوں میں خزاں کی میقات کے آغاز سے شمار ہوتا ہے ۔

Tropical year : سال اعتدالی ۔

Vague year : سال مبہم ۔

Young for his years : زیادہ عمر کے باوجود جوان (معلوم ہوتا ہے) ۔

Year after year : (adv.) سال بہ سال ۔

Year and a day : (n) (قانون) پورے ایک سال کی مدت ۔

Year book : (n) سالنامہ؛ کوئی ایسی سالانہ اشاعت جس میں کسی خاص مضمون کے متعلق سال بھر کی تمام معلومات جمع کردی گئی ہوں ۔

Year bride : (a) جو ایک سال سے ہو ۔

Year by year : (adv.) سال بہ سال ۔

Year class : (n) ایک قسم کے جانور کے بچے جو ایک سال کے اندر پیدا ہوں (خصوصاً مچھلیوں کے لئے) ۔

Year clock : (n) گھڑی جو ایک بار کنجی دینے پر سال بھر چلے ۔

Year heifer : (a) یک سالہ (بچھیا)؛ جو ایک سال کا ہو ۔

Year in (and) year out : (adv.) سال بھر؛ تمام سال؛ برابر ۔

Year-long : (a) جو ایک سال تک جاری یا باقی یا قائم رہے؛ سال بھر کا ۔

Year of confusion : (n) ٤٦ قبل مسیح جب روم میں جولین کلنڈر رائج ہوا تھا ۔

Year of grace : (n) دیکھو Grace

Year of our Lord : (n) دیکھو Lord

Year-old : (a) ایک سال پرانا ۔

Year to year : (adv.) سال بہ سال؛ ہر سال ۔

Yearling : (n) (۱) وہ جانور جس کی عمر ایک سال سے زیادہ مگر دو سال سے کم ہو ۔ (۲) (گھڑ دوڑ کے گھوڑے کا بچہ) جو سال پیدائش کی پہلی جنوری سے ایک سال کی عمر کا ہو ۔

Yearling : (a) (۱) سال بھرکا؛ یکسالہ؛ جو ایک سال کا ہو یا ایک سال سے ہو۔ (۲) یک سالہ (درخت) ۔

Yearly : (a) [OE.] (۱) ایک سال کا یا ایک سال سے متعلق؛ یک سالہ ۔ (۲) ہرسال کا یا ہر ایک سال کا؛ سال میں ایک بار واقع ہونے والا؛ سالانہ ۔

Yearly : (adv.) برسال؛ سالیانہ؛ سال بہ سال؛ سالانہ ۔

Yearly meeting : (n) سالانہ جلسے کی نشست ۔

Yearn : (v) [OE. fr. 'georn'.] (۱) (کسی شخص یا چیز کی) آرزو کرنا ۔ (۲) اشتیاق ہونا ۔ (۳) بے قرار ہونا؛ تڑپنا ۔ (٤) بے حد اشتیاق ہونا۔ (٥) دلی خواہش ہونا۔ (٦) دہی جمانا ۔ (۷) دہی سے پنیر بنانا ۔

It yearns me : مجھے آرزو ہے؛ میرا دل تڑپتا ہے؛ میرا دل بے چین ہے ۔

Yearn : (n) آرزو؛ تمنا؛ اشتیاق ۔

Yearned : (a) غم زدہ؛ آرزو مند ۔

Yearnful : (a) غمگین؛ اشتیاق مند ۔

Yearning : (n) اشتیاق؛ آرزو؛ تمنا؛ دلی خواہش ۔

Yearning : (a) مشتاق؛ پرآرزو ۔

Yearningly : (adv.) اشتیاق یا آرزو کے ساتھ ۔

Year's mind/Year mind : (n) فاتحہ خوانی جو کسی مردے کی یادگار منانے کے لئے پہلی یا سالانہ برسی کے موقع پر کی جائے ۔

Years : (n) عمر ۔

Yeast : (n) خمیر؛ خمیر مایہ ۔

Bottom yeast : درد خمیر ۔

Upper yeast : سطحی خمیر ۔

Wild yeast : خودرو خمیر ۔

Yeast cake : (n) خمیر کی ٹکیا یا پپڑی ۔

Yeast conscience : (a) پُربیجان ۔

Yeast globules : (n) خمیر کی گولیاں ۔

Yeast imagining : (a) پُر اضطراب ۔

Yeast powder : (n) (کیمیا) سفوف خمیر؛ ایک سفوف جو آٹے میں خمیر پیدا کرنے کے لئے ملایا جاتا ہے ۔

Yeast plant/-cell : (n) پودا جس سے خمیر حاصل ہو ۔

Yeast spot : (n) پودوں کی ایک بیماری ۔

Yeastiness : (n) (۱) تخمیر ۔ (۲)(عضویات)ہیجان؛اضطراب ۔ (۳) فضول گوئی؛ چھچھورا پن؛ سطحیت ۔

Yeasty : (a) (۱) خمیر کی طرح جھاگ دار؛ کف دار؛ اپھان کی حالت میں ۔ (۲) پُر ہیجان ؛ پُراضطراب ۔ (۳) باتونی؛ بکی؛ فضول گو؛ سطحی؛ بے مغز؛ چھچھوری (باتیں وغیرہ) ۔

Yeatmanite : (n) [from P.Pc Yeatman, mining engineer.] ایک کمیاب دھات ۔

Yed : (n) یکہ (ستارہ) ۔

Yed granules : (n) (حیوانیات) ماریز ے ۔

Yedda : (n) [origin unkn.] پیال؛ بھوسا (پیٹ بنانے کے لئے) ۔

Yeddo spruce : (n) مشرقی ایشیا کا ایک سدا بہار درخت ۔

Yegg/Yeggman : (n) (امریکا عامیانہ) سفری چور؛ تجوری توڑ کر چوری کرنے والا ۔

Yeh : (adv.) ہاں ۔

Yeibichai : (n) [Navaho] ایک مذہبی رسم کی ادائیگی جو یبیچائی ناچنے والے کیا کرتے ہیں ۔

Yeld : (a) [Late OE.] (۱) (جانور) بانجھ؛ جو بچہ پیدا نہ کر سکے یا پیدا کرنے کے لائق نہ ہو ۔ (۲) (مویشی) جو دودھ نہ دیتی ہو ۔

Yelek : (n) [Turk.] ایک لمبی صدری یا واسکٹ جو ترکی عورتیں پہنتی ہیں ۔

Yelk : (n) دیکھو Yolk

Yell : (n) [late ME.] (۱) قہقہہ؛ خوشی کا نعرہ؛ چیخ یا پکار ۔ (۲) (امریکی یونیورسٹی) ہمت افزائی کا نعرہ (جو طلبہ ورزشی مقابلوں میں اپنے ساتھیوں کا دل بڑھانے کے لئے بلند کرتے ہیں) ۔

Yell : (v) (۱) چیخنا؛ چلانا؛ گرجنا؛ چیخ اٹھنا؛ بلبلا اٹھنا ۔ (۲) خوشی کا نعرہ بلند کرنا ۔ (۳) چیخ کر یا چلا کر کہنا یا پکارنا ۔ (٤) بعض چڑیوں کے چیخنے یا جانوروں کے چلانے کی آواز کے متعلق بھی کہتے ہیں ۔

Yelloch : (v) دیکھو Yell

Yellow : (a) (۱) پیلا؛ زرد؛ سنہرا؛ بسنتی؛ اصفر ۔ (۲) (مجازاً) رقیبانہ؛ حاسدانہ؛ شک و شبہ کی؛ رشک کی (نظریں ، کیفیت وغیرہ) ۔ (۳) (بول چال) نامرد؛ بزدل ۔

Yellow : (n) (۱) زردی؛ پیلا پن ۔ (۲) زرد رنگ (زرد پڑیا وغیرہ) ۔ (۳) پتنگے اور تیتری کی ایک قسم ۔ (٤) (امریکا) آزو روگ؛ ایک بیماری جو شفتالو کو لگ جاتی ہے ۔ (٥) (بول چال) نامردی ؛ بزدلی ۔ (٦) اخبارات جو غیر ذمہ دارانہ طور پر جذباتی قسم کے ہوتے ہیں ۔

Yellow : (v) زرد کر دینا؛ زرد پڑ جانا؛ پیلا پڑ جانا ۔

The sere and yellow leaf : خشک؛ سوکھا؛ افسردہ؛ پژمردہ؛ مرجھایا ہوا؛ مردہ (پتے، پھول وغیرہ) ۔

Yellow : (a) [Origin. U.S.] (بول چال) بزدلی؛ نامردی ۔

Yellow adder's-tongue : (n) یورپ کا ایک پودا یا جھاڑی جس کے پھول زرد رنگ کے ہوتے ہیں ۔

Yellow admiral : (n) ایک قسم کا پودا ۔

Yellow alders : (n) زرد رنگ کے پھولوں کی ایک امریکی جھاڑی ۔

Yellow alert : (n) (دشمن کے ہوائی جہاز سے) خطرے کا ایک سگنل ۔

Yellow angel/Yellow angel fish : (n) گرم سمندروں کی ایک مچھلی ۔

Yellow ant : (n) گھاس میں رہنےوالی زردرنگ کی چیونٹی ۔

Yellow arsenic : (n) (کیمیا) ہڑتال؛ زرد سنکھیا ۔

Yellow ash : (n) ایک امریکی درخت جس کی لکڑی زرد رنگ کی ہوتی ہے ۔

Yellow asphodel : (n) زرد رنگ کے پھولوں کا ایک درخت ۔

Yellow atrophy : (n) دبلاپن؛ لاغری؛ سوکھے کی بیماری جس میں جسم زرد ہو جاتا ہے ۔

Yellow avens : (n) ایک قسم کی جڑی یا بوٹی ۔

Yellow azalea : (n) اذنیا جنس کا پودا ۔

Yellow baboon : (n) افریقہ کا بڑا بندرجو زردی مائل رنگ کا ہوتا ہے اور جس کی دُم لمبی ہوتی ہے ۔

Yellow bachelor's-button : (n) یورپ کا ایک پودا (پلانی گالا جنس کا) ۔

Yellow-back : (n) زرد سرورق کے سستے بیجانی ناول جو انیسویں صدی کے اواخر اور بیسویں صدی کے اوائل میں کثرت سے شامل ہوتے تھے ۔

Yellow balm : (n) شمالی امریکا کا ایک زرد پھول والا پودا۔

Yellow balsam : (n) جزائر غرب الہند کی ایک تیز خوشبودار جھاڑی۔

Yellow-banded hussar : (n) آسٹریلیا کی ایک قسم کی مچھلی۔

Yellow bark : (n) (۱) زرد چھال کا شاہ بلوط ۔(۲) اس درخت کی چھال ۔

Yellow-bark oak/-barked oak : (n) ایک قسم کا سیاہ رنگ کا شاہ بلوط ۔

Yellow bartonia : (n) مشرقی شمالی امریکا کا ایک زرد پھولوں والا پودا ۔

Yellow bass : (n) شمالی امریکا کی ایک زرد رنگ کی مچھلی۔

Yellow basswood : (n) شمالی امریکا کا ایک درخت (Zime-tree) ۔

Yellow bat : (n) جنوبی افریقہ کی ایک چمگادڑ جس کے جسم کے نچلے حصے زرد ہوتے ہیں ۔

Yellow beak : (n) (۱) نووارد آدمی ۔(۲) پیرس یونیورسٹی کا رکھا ہوا نام ۔

Yellow bear : (n) زردمو بھالو؛ پیلے رنگ کا ریچھ یا پیلا بھالو ۔

Yellow beardtongue : (n) ایک چھوٹاپودا؛ایک قسم کی بوٹی ۔

Yellow bear's-foot : (n) ایک چھوٹا امریکی پودا ۔

Yellow bedstraw : (n) زرد پھولوں والا ایک پودا ۔

Yellow-bellied flycatcher : (n) شمالی امریکا کا ایک چھوٹا مگس گیر پرندہ ۔

Yellow-bellied racer : (n) امریکا کا ایک سانپ ۔

Yellow-bellied sapsucker/-woodpecker : (n) مشرقی امریکا کا ایک ہدہد یا کٹھ پھوڑا جو درختوں کا رس چوستا ہے ۔

Yellow-bellied terrapin : (n) جنوبی امریکا کا ایک کچھوا جس کا شکمی حصہ زردی مائل یا بھورے رنگ کا ہوتا ہے ۔

Yellow bells : (n) گھنٹی نما زرد پھولوں والا ایک پودا ۔

Yellow belly : (n) (۱) مینڈک، کچھوایا مچھلی جس کےشکمی حصےزردھوتے ہیں ۔(۲) بزدل؛ ڈرپوک؛ نامرد ۔

Yellow berries : (n) زرد گوندنی ۔

Yellow bile : (n) پت؛ زرد آب؛ صفرا ۔

Yellow bill : (n) زرد چونچ والی چڑیا ۔

Yellow-billed cuckoo : (n) شمالی امریکا کی کوئل ۔

Yellow-billed loon : (n) ایک قسم کی مرغابی ۔

Yellow-billed magpie : (n) ایک یورپی پرندہ جس کی دُم لمبی، نوکدار، پَر سیاہ و سفید اور چونچ زرد رنگ کی ہوتی ہے : ایک قسم کی مینا ۔

Yellow-billed tropic bird : (n) گرم ملک کی ایک چڑیا ۔

Yellow birch : (n) زرد چھال والا ایک امریکی درخت جس کی لکڑی فرنیچر بنانے کے کام آتی ہے ۔

Yellow bird : (n) (۱) ایک امریکی سنہری چڑیا۔ (۲) صفاریہ؛ پیلک ۔

Yellow blight : (n) آلو اور ٹماٹر کی ایک بیماری ۔

Yellow bluestem : (n) گرم ملک کی ایک گھاس ۔

Yellow body : (n) پیلا بدن ۔

Yellow book : (n) حکومت کے معاملات کے سرکاری بیانات (رپورٹ) کے کاغذات جو زرد رنگ کی جلد میں مجلد ہوتے ہیں ۔

Yellow box : (n) آسٹریلیا کا ایک درخت جس کی لکڑی زرد رنگ کی ہوتی ہے اور اس سے گوند بھی نکلتا ہے ۔

Yellow boy : (n) (عام) طلائی سکہ ۔

Yellow-breasted bunting : (n) (۱) روس اور سائبیریا کی چھوٹی چڑیوں کی ایک جنس ۔ (۲) برقش؛ ستھرہ؛ پلچرری ۔

Yellow-breasted chat : (n) ایک بڑی امریکی چڑیا ۔

Yellow brush : (n) شمالی امریکا کا ایک سبز زرد پھولوں والا پودا ۔

Yellow buckeye : (n) شمالی امریکا کا ایک لمبا درخت ۔

Yellow buckthorn : (n) شمالی امریکا کی ایک جھاڑی ۔

Yellow bullhead : (n) شمالی امریکا کی ایک مچھلی ۔

Yellow bunting : (n) زرد رنگ کی ایک چھوٹی چڑیا ۔

Yellow cala : (n) ایک قسم کی سنہری جھاڑی ۔

Yellow cancerroot : (n) بے پتوں کی ایک بوٹی ۔

Yellow carabeen : (n) امریکا کا ایک درخت ۔

Yellow carmine : (n) نارنگیوں کی ایک قسم ۔

Yellow cartilage : (n) غضروف اصفر؛ وہ نرم لچکدار ہڈی جو شریان کی دیوار کا کام دیتی ہے؛ زرد کری ۔

Yellow cat/-catfish : (n) شمالی امریکا کی زرد رنگ کی مچھلیوں کی ایک جنس ۔

Yellow catechu/-cutch : (n) کتھا ۔

Yellow cedar : (n) ایک سدا بہار درخت ۔

Yellow cell : (n) خلیۂ زرد ۔

Yellow centaury : (n) یورپ کی ایک زرد پھول والی کڑوی بوٹی ۔

Yellow chamomile : (n) یوریشیا کا ایک دیرپا چھوٹا پودا؛ ایک بوٹی جو زیادہ دنوں تک سر سبز رہتی ہے ۔

Yellow charlock : (n) (۱) زرد پھول والا جنگلی پودا ۔ (۲) زرد سرسوں کا خودرو پودا ۔

Yellow chestnut oak : (n) شاہ بلوط کے درختوں کی ایک جنس ۔

Yellow cinchona : (n) سنکونا کے درختوں کی ایک جنس ۔

Yellow cleavers : (n) زرد پھولوں والا ایک پودا ۔

Yellow clintonia : (n) ایک جنگلی بوٹی ۔

Yellow clover : (n) ایک قسم کی گھاس؛ تپتیا گھاس ۔

Yellow clover aphid : (n) پودوں کا ایک کیڑا ۔

Yellow cobra : (n) زرد رنگ کا ناگ ۔

Yellow cockscomb : (n) شخشخیہ (درخت جن کے بیج خول میں آواز دینے لگتے ہیں)؛ کمک بیجیا ۔

Yellow copperas : (n) زرد رنگ کی ایک دھات $(Fe, Mg)FC_4$ $(SO_4)6\ (OH)_2\ 2O\ H_2O)$ ۔

Yellow copper ore : (n) تانبے کی زرد کچدھات؛ تانبے کا چقماق ۔

Yellow corydalis : (n) زرد پھول دار بوٹیوں کی ایک جنس ۔

Yellow cotton wood : (n) ایک امریکی درخت ۔

Yellow cress : (n) Rorippa جنس کا ایک پودا ۔

Yellow cross/-liquid : (n) جنگ میں استعمال کی جانے والی ایک قسم کی گیس ۔

Yellow crown : (n) شمالی امریکا کی نغمہ سنج چھوٹی چڑیوں کی ایک جنس ۔

Yellow-crowned night heron : (a) امریکی بگلا ۔

Yellow-cup : (n) (نباتیات) گل اشرفی؛ گل آلالہ ۔

Yellow cypress : (n) ایک قسم کا سرو ۔

Yellow daisy : (n) (نباتیات) زرد گلِ مروارید؛ زرد ڈیزی؛ زرد بابونہ ۔

Yellow day lily : (n) (نباتیات) زرد زنبق دشتی ۔

Yellow deal : (n) (۱) اسکاچ صنوبر اور سرخ صنوبر کی لکڑی ۔ (۲) زرد صنوبر کی لکڑی ۔

Yellow devil : (n) زرد پھول دار گھاس پات ۔

Yellow dip : (n) تارپین کے یکسالہ درختوں سے تارپین نکالتے وقت نکلنے والی روغنی رال ۔

Yellow dock : (n) (حیوانیات) بل دار، دُمچی؛ پیچ دار دُمچی ۔

Yellow dog : (n) قابل نفریں شخص؛ نکما آدمی؛ ناقص شخص؛ بے مصرف آدمی؛ بیکار آدمی ۔

Yellow dog : (a) نکما آدمی کا یا اس سے متعلق ۔

Yellow-dog contract : (n) ملازمت کا اقرار نامہ جس کی رو سے ایک ملازم مزدور اپنی ملازمت کی مدت تک کسی انجمن مزدوران کا ممبر نہیں بن سکتا ہے ۔

Yellow dwarf : (n) پودوں (خصوصاً آلو اور پیاز) کی بیماری جس میں پتے زرد ہونے لگتے ہیں ۔

Yellow earth : (n) ایک قسم کی زرد مٹی جو رنگ سازی میں کام آتی ہے ۔

Yellow edge : (n) پودوں کی ایک متعدی بیماری ۔

Yellow eel : (n) زرد بام مچھلی ۔

Yellow elder : (n) ایک امریکی جھاڑی یا چھوٹا درخت ۔

Yellow enzyme : (n) ایک زرد کیمیائی خمیر؛ زرد خامرہ ۔

Yellow-eye : (n) ایک امریکی بوٹی ۔

Yellow-eyed grass : (n) Xyris جنس کا ایک پودا ۔

Yellow-eyed hawk : (n) ایک قسم کا باز جس کے پنکھ چھوٹے ہوتے ہیں؛ چھوٹے پنکھوں والا باز ۔

Yellow fever : (n) (طب) محرقہ یرقانی؛ تپ زرد؛ زرد بخار؛ ایک قسم کا بخار جو گرم ملکوں میں ہوتا ہے اور جس کے ساتھ یرقان بھی ہو جاتا ہے اور سیاہ رنگ کی قے ہوتی ہے ۔

Yellow fibre : (n) (تشریح) زرد لچکدار ریشہ ۔

Yellow fir : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Yellow fish : (n) (۱) زرد رنگ کی مچھلیاں ۔ (۲) ٹراؤٹ؛ ایک قسم کی مچھلی جو میٹھے پانی میں پائی جاتی ہے اور جس کا گوشت بہت لذیذ سمجھا جاتا ہے ۔

Yellow flag : (n) (۱) (نباتیات) جنس سوسن ۔ (۲) زرد رنگ کا جھنڈا جو جہاز میں متعدی بیماریاں پھیلنے کی صورت میں بطور سگنل لہرایا جاتا ہے ۔

Yellow flax : (n) زرد پھول والا ایک پودا (خصوصاً ایک ہندوستانی جھاڑی) ۔

Yellow flower : (n) Cruciferae خاندان کی زرد پھول والی گھاس پات ۔

Yellow-flowered watercup : (n) ایک جنوبی امریکی پودا ۔

Yellow foxglove : (n) ایک یورپی زرد پھول دار بوٹی ۔

Yellow foxtail : (n) ایک عام قسم کی گھاس جو گرم ملکوں میں پائی جاتی ہے ۔

Yellow fringed orchid/-orchis : (n) شعلبیہ کی ایک قسم ۔

Yellow gentian : (n) جنوبی یورپ کا ایک زرد پھولدار پودا ۔

Yellow George : (n) گینی (سکہ) ۔

Yellow ginger : (n) ایک قسم کی بوٹی جس میں زرد رنگ کے پھول ہوتے ہیں ۔

Yellow ginseng : (n) ایک امریکی پودا جو دوا میں کام آتا ہے ۔

Yellow goatfish : (n) ایک قسم کی سمندری مچھلی ۔

Yellow goatsbeard : (n) ایک یورپی بوٹی ۔

Yellow gowan : (n) زرد پھولوں والے پودوں میں سے کوئی ایک ۔

Yellow granadilla : (n) ایک زرد رنگ کا پھول ۔

Yellow grease : (n) سور یا عیب دار جانوروں کی چربی یا روغن ۔

Yellow-green alga : (n) ایک قسم کی سمندری کائی ۔

Yellow ground : (n) آتش فشانی اجزاء جوگرمی سے مل گئے ہوں ۔

Yellow grouper : (n) بحر الکاہل اور جنوبی امریکا کی ایک مچھلی ۔

Yellow grub : (n) مچھلیوں کے گوشت میں پیدا ہونے والے ابتدائی شکل کے کیڑے ۔

Yellow grunt : (n) ایک قسم کی مچھلی جو فلوریڈا، جزائر غرب الہند اور برازیل میں پائی جاتی ہے ۔

Yellow guayacan : (n) Tabebuiaجنس کا ایک درخت جو برٹش گائنا میں ہوتا ہےاور جس کی لکڑی سخت اور مضبوط ہوتی ہے ۔

Yellow gularis : (n) مغربی افریقہ کی چھوٹی دریائی مچھلی۔

Yellow gum : (n) (۱) برقان اسود جو عموماً شیرخوار بچوں کو ہو جاتا ہے ؛ محرقۂ اسود ۔ (۲) ایک قسم کا آسٹریلیائی درخت ۔

Yellow-haired porcupine : (n) زردی مائل خار پشت ۔

Yellow-hammer/-ammer/-ham : (n) (۱) (حیوانیات) (پیلی چڑیا) ملچڑی؛ ایک پرند جس کا سر، گردن اور سینہ زرد ہوتا ہے؛ برقش؛ سہرۂ زرد ۔ (۲) امریکا کی سنہری ہدہد ۔

Yellow harlequin : (n) شمالی امریکا کی ایک قسم کی بوٹی جس میں ہلکے پلے رنگ کے پھول ہوتے ہیں ۔

Yellow head : (n) (۱) گنہاری؛ زرد پر والا ایک خوش الحان پرند؛ بلبل زرد ۔ (۲) دیکھو Black-Bird ۔

Yellow-headed blackbird : (b) (۱) ایک سیاہ رنگ کی بڑی امریکی چڑیا جس کا سر زردہوتا ہے؛ یورپی ملکوں کا ایک خوش آواز پرندہ ۔ (۲) طرقہ؛ کلچڑی یا گستورا ۔

Yellow-headed spruce sawfly : (n) امریکی آرا مکھی؛ ایک قسم کی مکھی جو درختوں کونقصان پہنچاتی ہے ۔

Yellow-headed tit : (n) زرد سر والی ایک چھوٹی چڑیا ۔

Yellow henbane : (n) ایک زرد پھول والا مخدر، مسکر اور زہریلا پودا ۔

Yellow hercules : (n) ایک قسم کا آسٹریلیائی بڑا گھونگا جس کا کھوپرا تیز زرد رنگ کا ہوتا ہے ۔

Yellow honeysuckle : (n) (۱) شمالی امریکا کی ایک بیل جس میں زردی مائل سبز پھول آتے ہیں ۔ (۲) جنوبی امریکا کی ایک بیل نما جھاڑی جس میں نارنجی مائل زرد پھول لگتے ہیں ۔

Yellow hornet : (n) (۱) (پوشاک) زرد قبا؛ ملک چین کا شاہی لباس جو شاہی خاندان کے لوگ پہنتے تھے یا خلعت فاخرہ جو ان لوگوں کو دیا جاتا تھا جن کی عزت افزائی کرنی مقصود ہوتی تھی ۔ (۲) (حیوانیات) (امریکیوں کا روزمرہ) بھڑوں کی ایک جنس ۔ (۳) (نباتیات) آسٹریلیائی یوکلپٹس (جس کی چھال زرد ہوتی ہے) کی ایک جنس ۔

Yellow Indian grass : (n) ایک امریکی سدا بہار گھاس ۔

Yellow Indian paint : (n) امریکا میں پائی جانے والی ایک قسم کی بوٹی جس کی جڑ زرد ہوتی ہے ۔

Yellow Indian shoe : (n) زرد رنگ کی زنانہ سلیپر ۔

Yellow indigo : (n) جنگلی نیل کا پودا جس میں شوخ رنگ کے زرد پھول لگتے ہیں ۔

Yellow iris : (n) سوسن کی ایک جنس جس کا رنگ زرد ہوتا ہے ۔

Yellow jack : (n) (۱) دیکھو Yellow fever ۔(۲) ایک قسم کی سنہری مچھلی ۔

Yellow jacket : (n) دیکھو Yellow hornet

Yellow jessamine/-jasmine/-jass : (n) زرد یاسمین؛ زرد چنبیلی ۔

Yellow lady-slipper/Yellow lady's-slipper : (n) ایک قسم کی زرد پھول دار بوٹی؛ ثعلب مصری جنس کی ایک قسم؛ پاپوش گل جنس کی بوٹی ۔

Yellow lantern : (n) زرد نیلوفر؛ کنول یا پنکج ۔

Yellow late rust : (n) پھپھوندی جو سیاہ توت میں لگ جاتی ہے ۔

Yellow lead : (n) مُردہ سنگ ۔

Yellow lead ore : (n) ایک قسم کی زرد کچدھات؛ مردہ سنگ کچدھات ۔

Yellow leaf : (n) (۱) پودوں کی ایک بیماری جس میں پتیاں زرد ہو جاتی ہیں ۔ (۲) عمر کے آخری سال؛ بڑھاپا ۔

Yellow leaf blight : (n) کپاس کی ایک بیماری ۔

Yellow men : (n) چینی، جاپانی، منگولی اقوام جن کی جلد کا رنگ زردی مائل ہوتا ہے ۔

Yellow metal : (n) (۱) ایسا تانبہ جس میں ساٹھ حصہ تانبہ اور چالیس حصہ جست ہوتا ہے ۔ (۲) زرد پیتل؛ پیتل ۔ (۳) زرد دھات؛ سونا ۔

Yellow ocher : (n) (رنگ) پٹوڑی؛ زرد مٹی ۔

Yellow ore : (n) تانبے اور لوہے کا دوگنا کبریتیہ؛ نحاسی پیریطس ۔

Yellow pages : (n) ٹیلیفون ڈائرکٹری کا وہ حصہ جو زرد کاغذ پر چھپا رہتا ہے ۔

Yellow-pate : (n) دیکھو Yellow-Hammer

Yellow peril : (n) زرد خطرہ؛ خطرہ کہ (ایک دن) زرد رنگ والی اقوام گورے رنگ کی قوموں پر یا دنیا پر اپنا تسلط جمالیں گی ۔

Yellow phosphorus : (n) زرد فاسفورس ۔

Yellow plague : (n) یرقان؛ پیلیا ۔

Yellow plush : (n) ایک قسم کا زرد ریشمی یا سوتی کپڑا جس کا رواں مخمل کے روئیں سے زیادہ لمبا اور ملائم ہوتا ہے ۔

Yellow press : (n) اشتعال انگیز اخبارات؛ ہیجان انگیز خبریں شائع کرنے والے اخبارات، خصوصاً وہ جو ضرورت سے زیادہ قومی اور وطنی تعصبات رکھتے ہیں (اصل میں امریکا کے وہ اخبار جو سنہ ۱۸۹۸ء میں اسپین سے جنگ کرنے کے حامی تھے) ۔

Yellow race : (n) دیکھو Yellow men

Yellow rail : (n) امریکا کا ایک بہت چھوٹا زرد پرندہ ۔

Yellow rattle : (n) زرد تاج خروس؛ مرغ کا زرد تاج یا پیلا پھول ۔

Yellow river : (n) دریائے زرد ۔

Yellow root : (n) امریکا کا ایک پودا ۔

Yellow rose : (n) گل زرد ۔

Yellow sally : (n) سنگ مکھیوں کی ایک جنس ۔

Yellow sapphire : (n) (معدنیات) زبرجد ہندی؛ پکھراج ۔

Yellow sea : (n) (جغرافیہ) بحیرہ زرد ۔

Yellow seed : (n) ایک قسم کی رائی یا سرسوں؛ جنگلی خردل ۔

Yellow sickness : (n) یرقان ۔

Yellow sighted : (n) (طب) زرد نظر ۔

Yellow soap : (n) ایک عام قسم کا صابون ۔

Yellow spot : (n) (تشریح) آنکھ کے پردہ اول میں وہ نقطہ جہاں نظر سب سے تیز ہوتی ہے؛ خطہ اصفر ۔

Yellow-throated warbler : (n) (۱) زرد گلے کا ایک خوش الحان پرند ۔ (۲) زرد گلے کے چہچہانے والے پرندوں کی ایک جنس جس میں بلبل وغیرہ شامل ہیں ۔

Yellow tip : (n) غلے کے پودوں کی ایک بیماری جس کی وجہ سے پودوں میں دانے نہیں لگتے ۔

Yellow tit : (n) جنوبی ایشیا کے چھوٹے پرندوں کی ایک قسم خصوصاً جن کے پر زرد اور سبز ہوتے ہیں ۔

Yellow vision : (n) (طب) زرد نظری ۔

Yellow ware : (n) مٹی یا پتھر کا زرد برتن ۔

Yellow weed : (n) (۱) تلسی ۔ (۲) (نباتیات) نرانی ۔

Yellow-winged bat : (n) افریقہ کے چمگادڑ جس کے ڈینے زرد ہوتے ہیں ۔

Yellow-winged sparrow : (n) ایک قسم کی گوریایا کنجشک ۔

Yellow wood : (n) (نباتیات) چوب زرد ۔

Yellow wood sorrel : (n) Oxalis جنس کا ایک زرد پھولوں والا پودا ۔

Yellow wort : (n) یورپ کی ایک زرد پھولدار کڑوی بوٹی ۔

Yellow wove : (n) ایک قسم کا سستا، چکنا نیلا کاغذ ۔

Yellow yam : (n) شکرقند ۔

Yellow yolding : (n) (نباتیات) ستہرہ زرد ۔

Yellow yolk : (n) زردی بیضہ؛ انڈے کی زردی ۔

Yellowfin : (n) زرد سفنوں والی مچھلی ۔

Yellowfin croaker : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Yellowfin grouper : (n) ایک قسم کی مچھلی جو مغربی اٹلانٹک میں ہوتی ہے ۔

Yellowfin tuna : (n) اٹلانٹک اوربحر الکاہل کی ایک قسم کی زرد سفنوں والی مچھلی ۔

Yellowfinned roncador/-Yellowfin : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Yellowfinned trout/Yellowfin : (n) ایک قسم کی زرد سفنوں والی لمبی مچھلی جو کولو ریڈو و ٹوئن لیکس (Twin Lakes, Colorado) میں ہوتی ہے ۔

Yellowing : (n) (۱) پیلا پڑنا ۔ (۲) (نباتیات) پودے یا درخت کا پیلا پڑجانا یا مرجھا جانا جو کسی بیماری کی علامت ہے ۔

Yellowish : (a) زردی مائل ۔

Yellowknife : (n) (۱) کینیڈا کی Algonquian قوم ۔ (۲) اس قوم کا ایک فرد ۔

Yellowly : (adv.) انداز رقیبانہ سے ۔

Yellowness : (n) زردی؛ پیلاپن ۔

Yellows : (n) (۱) (قدیم) یرقان؛ پیلاپن ۔ (۲) رشک؛ حسد ۔ (۳) (بیطاری) یرقان اسپ ۔

Yellowstreak : (n) [Org. U.S.] بزدلی؛ نامردی ۔

Yellowtail : (n) شمالی امریکا اور آسٹریلیا کی مچھلیوں کی ایک قسم ۔

Yellowy : (a) زرد؛ زردی مائل ۔

Yelm : (n) [OE. 'gelm'.] پیال کا گٹھا جو چھپر چھانے کےلئے بنایا جائے ۔

Yelm : (v) چھپر چھانے کے لئے پیال کے گٹھے بنانا ۔

Yelp : (n) (خوف یا تکلیف سے) کتے کے بھونکنے یا چلانے کی آواز ۔

Yelp : (v) [ME. 'yelpin'.] کتے کا زور سے بھونکنا یا چلانا ۔

Yelper : (n) [ME.] (۱) کتے کی طرح زور سے چلانے والا آدمی یا جانور ۔ (۲) کتے کی طرح زور زور سے چلاّ کر تقریر کرنے والا آدمی ۔ (۳) چلاتا ہوا یا بھونکتا ہوا کتا ۔ (٤) ایک آلہ جسے شکاری استعمال کرتے ہیں، اس آلہ کو پھونکنے پر جنگلی مرغی کے بولنے کی سی آواز نکلتی ہے ۔

Yelt : (n) [Late OE. 'gilte'.] جوان سورنی ؛ سور کی جوان مادہ ۔

Yen : (n) [Japen.] ین؛ ایک جاپانی سکہ جس کی قیمت تقریباً دو شلنگ ہوتی ہے ۔

Yen : (n) [Chinese 'yan '.] خواہش؛ رغبت؛ خصوصاً منشیات کے لئے ۔

Yengees : (n) ینگیز؛ ہندوستانی زبان میں انگلش کی خرابی ۔

Yeoman : (n) [ME.] (۱) شاہی محل یا کسی رئیس کے یہاں کا ملازم جو ادنیٰ کام انجام دیتا ہو یا کسی سرکاری عہدے دار کا مددگار ہو ۔ (۲) ایک

کلرک جو جہاز پر تحریری کام انجام دیتا ہو یا جہاز سے متعلق باتوں کا ریکارڈ رکھتا ہو ۔ (۳) سرکاری ملازم کا مدد گار ۔ (٤) (تاریخ) معافی دار؛ وہ شخص جو چالیس شلنگ سالانہ کی معافی کی زمین کا مالک ہونے کی حیثیت سے جیوری کا ممبر بننے اور ضلع کے انتخابات میں رائے دینے کا حق رکھتا ہو ۔ (٥) کسان یا چھوٹے زمیندار ۔ (٨) رضاکار رسالے کا سپاہی ۔

Engineer's yeoman : انجینیر کا مدد گار ۔

Imperial yeoman : رضاکاروں کا ایک فوجی دستہ جو افریقہ کی لڑائی (۱۹۰۲- ۱۸۹۹ء) میں حصہ لینے کے لئے تیار کیا گیا تھا ۔

Yeoman bedel : (n) کیمبرج اور آکسفورڈ میں جلوس کا انتظام کرنے والا عہدہ دار ۔

Yeoman extraordinary : (n) (لندن ٹاور کا) غیر معمولی نگراں سپاہی ۔

Yeoman farrier : (n) نعل بند؛ نعل جڑنے والا شخص ۔

Yeoman for the house : (n) گھر بار کی دیکھ ریکھ کرنے والا ملازم ۔

Yeoman of the cellar : (n) تہ خانہ دار؛ کال کوٹھری کا انچارج ۔

Yeoman of the guard : (n) لندن ٹاور کا نگراں سپاہی ۔

Yeoman of the revels : (n) عیش و طرب کی محفل کا منتظم ۔

Yeoman of the robes : (n) عبا، قبا یا عورتوں کی پوشاک کا انچارج ۔

Yeoman of the signals : (n) سگنلوں کا انچارج ۔

Yeoman pricker : (n) چھیدنے اور سوراخ کرنے والا آدمی ۔

Yeoman service/Yeomans- : (n) مفید خدمت؛ ضرورت کے وقت امداد ۔

Yeoman usher : (n) نقیب ؛ وہ عہدہ دار جو برطانوی لیجسلیچر میں نقیب کے عہدے کے فرائض انجام دیتا ہے ۔

Yeomanette : (n) وہ عورت جو امریکی بحری رضاکارسپاہی کی حیثیت سے کام کرتی ہے ۔

Yeomanly : (a) معافی دار، کسان، چھوٹےزمیندار یا رضاکار سپاہی سے مشابہ ۔

Yeomanly : (adv.) معافی دار، کسان، چھوٹے زمیندار یا رضاکار سپاہی کی طرح ۔

Yeomanry : (n) [ME. 'Yomanry '.] (۱) معافی داروں ، کاشتکاروں یا چھوٹے زمینداروں کی جماعت؛ زراعت پیشہ طبقہ ۔ (۲) رضاکار سواروں کی فوج یا فوج محافظ جو زراعت پیشہ آبادی میں سے بھرتی کی جاتی ہے ۔

Yeowoman : (n) (۱) شاہی محل یا کسی رئیس کے یہاں کی ملازمہ جو ادنیٰ کام انجام دیتی ہو یا کسی سرکاری عہدہ دار کی مددگار ہو ۔ (۲) معافی دار۔ (۳) چھوٹی زمیندار ۔ (٤) رضاکار رسالے کی سپاہی ۔

Yep/Yup : (adv.) (۱) ہاں؛ اچھا ۔ (۲) (بولی) دیکھو Yes ۔

-yer : (suffix) لاحقہ جو بعض اسماء کے بنانے میں کام آتا ہے مثلاً Sawyer 'lawyer 'bowyer ۔

Yerava/Yrava : (n) ڈراویڈین نسل کی ایک نہایت سیاہ چمڑے والی قوم ۔

Yerb : (n) Herb کا متبادل ۔

Yerba : (n) (نباتیات) برمامائے؛ مائے بوٹی؛ پیراگوئی چائے ۔

Yerba buena : (n) ایک قسم کی سدا بہاربوٹی؛ ایک بوٹی جو ہمیشہ سر سبز رہتی ہے ۔

Yerba mansa : (n) سورو راسی خاندان کی ایک بوٹی جو مغربی امریکا اور میکسیکو میں ہوتی ہے ۔

Yerba-mate : (n) ایک قسم کی بوٹی جس کےپتوں اور جڑوں سے شراب کشید کی جاتی ہے ۔

Yerba reuma : (n) کیلیفورنیا کی ایک قسم کی جھاڑی ۔

Yerba santa : (n) کیلیفورنیا کی ایک سدا بہار جھاڑی ۔

Yerbal : (n) Mate (اس کے پتوں اور جڑوں سے شراب نکالی جاتی ہے) بوٹیوں کی کاشت ۔

Yercum : (n) دیکھو Mudar

Yerk : (v) [Fr. 'yerken'.] دیکھو Yark

Yertchuk : (n) [Native name in Australia] ایك اوسط سائز كا آسٹریلیائی یوكلپٹس ۔

Yerva : (n) دیکھو Yerba

Yes : (n) [OE. 'gise'.] (۱) ہاں؛ اچھا ۔ (۲) (پكارنے كے جواب میں) جی آیا ۔ (۳) ہامی ۔

Say yes : راضی ہوجانا؛ ہامی بھرلینا ۔

Yes : واقعی ۔

Yes : (adv.) (۱) ایسا ہی ہے ۔ (۲) دیکھو "It is so" ۔ (۲) اچھا اور كیا كہنا ہے ۔

Yes & No : (n) ایك قسم كا سوالیہ كھیل ۔

Yes and Yes or : بلكہ ۔

Yesman : (n) جی حضوری كرنے والا؛ ہاں میں ہاں كہنےوالا؛ وہ شخص جو ہربات میں ہاں كہتا ہو ۔

Yester : (a) (شاعری) گذشتہ كل كا۔

Yester - : جزو تركیبی بمعنی"گذشتہ" ۔

Yester-morning : (a) گذشتہ صبح؛ كل صبح ۔

Yester-night : (adv.) شب گذشتہ؛ كل رات ۔

Yester-year : (a) سال گذشتہ؛ پچھلے سال ۔

Yesterday : (n) پچھلے دن؛ كل (گذشتہ) ۔

Yesterday : (adv.) كل؛ گذشتہ كل؛ دیروز ۔

Yesterday : (a) گذشتہ كل كا یا اس سے متعلق ۔

Day before yesterday : گذشتہ پرسوں؛ پریروز ۔

Yesterday evening/Yestereve : (adv.) گذشتہ شام؛ كل شام ۔

Yestreen : (adv.) [late ME.] (شاعری) گذشتہ شام؛ كل شام ۔

Yet : (v) [OE.] ڈھالنا؛ بہانا؛ ڈھالنا (دھات، معدنی شے) ۔

Yet : (adv.) اس كےعلاوہ؛ اس سلسلےمیں؛ تاہم؛ پھربھی ؛ ابھی تك؛ اس وقت تك؛ ہنوز ۔

Yet : (conj) جو بھی ہو؛ پھر بھی؛ لیكن ۔

A rough yet ready helper : وہ ناملائم ہے مگر اسی كے ساتھ مددگار ہے ۔

A yet more difficult task : اوربھی زیادہ مشكل كام ۔

As yet : اب تك؛ اس وقت تك؛ ہنوز ۔

Ere yet : وقت سے پہلے ۔

He will win yet : (وقت ختم ہونے سے پہلے، اتنے وقت میں بھی، اب بھی) وہ جیتے گا ۔

I have never yet lied : (منفی جملوں میں) (۱) میں نے ابھی تك كبھی جھوٹ نہیں كہا ہے ۔ (۲) میں ابھی تك كبھی جھوٹ نہیں بولا ہوں ۔

It is not time yet : (منفی جملوں میں) (۱) ابھی وقت نہیں ہواہے ۔ (۲) ابھی تك وقت نہیں ہواہے ۔

Is he yet alive : (اب تك ؛ اب بھی ، ہنوز) وہ زندہ ہے ۔

It is strange and yet it is true : یہ عجیب ہے اور(پھر بھی، تاہم؛ اس پر بھی، اس كے باوجود) یہ سچ ہے ۔

Nor yet : اور نہ ۔

Not or never yet : اس وقت تك نہیں؛اب تك نہیں ۔

There is yet time : (اب تك، اب بھی، ہنوز) وقت ہے۔

Though they curse yet they bless : اگر چہ وہ كوستے ہیں (پھر بھی، تاہم، اس پر بھی، اس كے باوجود) دعائیں دیتے ہیں ۔

Yet once more : (adv.) اور پھر ۔

Yetzer : (n) [L. Heb 'yeser'.] یہودیوں كے عقائد كے مطابق وہ میلان طبع یا طبیعت كی افتاد جو قدرت نے انسان كو ودیعت كی ہے ۔

Yetzer hara : (n) [L Heb 'yeser hara'.] یہودیوں كے روایتی عقائد كے مطابق انسان كا برائی كی طرف مائل ہونا اس كی فطرت میں داخل ہے ۔

Yew : (n) [OE.'eow'.] (۱) یو؛ ایک قسم کا سدا بہار درخت جو بہت بڑھتا ہے اور اکثر قبرستان میں لگایا جاتا ہے، قدیم زمانے میں اس کی لکڑی کی کمانیں بھی بنائی جاتی تھیں اور اب بھی فرنیچر بنایا جاتا ہے ۔ (۲) یو کی لکڑی ۔ (۲) (نباتیات) (درخت) صور؛ بری؛ رگھل ۔

Yewen : (a) (کمان) یئو کی لکڑی یا درخت کی ۔

Yex : (v) سسکی بھرنا؛ ہچکی لینا ۔

Yex/Yesk : (n) سسکی؛ ہچکی؛ ہچکیاں ۔

Yezidi/Yexidee : (n) [of Iranian origin] یزیدی؛ ایک مذہبی فرقہ جو کردستان، آرمینیا اور قفقاز میں وجود میں آیا تھا، یہ فرقہ خدا کو قادر مطلق سمجھنے کے علاوہ شیطان سے بھی احتراماً خوف کھاتا ہے ۔

Yfere : (adv.) [ME.] ایک ساتھ؛ ساتھیوں کےساتھ؛ رفقاء کے ہمراہ ۔

Yggdrasil : (n) [ON. 'yg(g)drasil'.] دیکھو Igdrasil

Yid : (n) (دینیات) یہودی ۔

Yiddish : (n) یہودی زبان؛ ایک مخلوط زبان جو جرمن زبان کی ایک قدیم صورت ہے جس میں جدید زبانوں کے الفاظ شامل کر لئے گئے ہیں اور جس کو سلافی ممالک کے یہودی بولتے ہیں ۔

Yiddish : (a) یہودی زبان کا ۔

Yiddisher : (n) ید زبان بولنے والا یہودی ۔

Yield : (v) [ME 'yelde'.] (۱) پیدا کرنا(پھل ، پھول ، فصل وغیرہ) ۔ (۲) دے دینا؛ جواب لے کر دینا؛ (کسی چیز سے) دوسرے کے حق میں دست بردار ہوجانا، مان لینا، تسلیم کرلینا ۔ (۳) اطاعت قبول کرنا؛ دب جانا؛ سرجھکا دینا؛ بات مان لینا؛ منظور کرلینا؛ راضی ہو جانا ۔

I yield to none in the appreciation of his merits : اس کی صلاحیتوں کو سراہنے میں میں کسی سے کمتر یا کم نہیں ہوں ۔

Investment yields 50% : لگا ہوا روپیہ پچاس فیصد منافع دیتا ہے ۔

Sin yields bitter fruit : (۱) گناہ کڑوا پھل دیتا ہے ۔ (۲) گناہ تلخ نتیجہ پیدا کرتا ہے ۔

Tax yields a handsome revenue : محصول سے ایک اچھی آمدنی حاصل ہوتی ہے ۔

The land yields rice : (اس زمین میں) چاول کی پیداوار ہوتی ہے، فصل ہوتی ہے ۔

Yield : (n) حاصل ؛ پیداوار؛ فصل ؛ منافع؛ نکاسی ۔

Yield capacity : (n) استعداد حاصل ۔

Yield consent : (v) راضی ہو جانا ۔

Yield gene : (n) وہ مورثہ جو کھیت کی مختلف فصلوں کو بڑھانے میں مدد کرتا ہے ۔

Yield insurance : (n) ایسا بیمہ جو بیمہ کرنے والے کو ایک معینہ رقم دینے کی ضمانت لیتا ہے۔

Yield point : (n) (طبیعیات) نقطہ مغلوبیت ۔

Yield strength : (n) دباؤ کی مقدار کے مطابق کسی چیز کا ایک خاص مقدار میں تن جانا ۔

Yield table : (n) جدول حاصل ۔

Yieldable : (a) پیدا کرنے کے لائق ؛ دست بردار ہونے پر آمادہ ۔

Yieldance : (n) مان لینا؛ تسلیم کرلینا؛ دست بردار ہوجانا۔

Yielder : (n) [ME.'yeldere'.] (۱) (وہ جو) تسلیم کر لیتا ہے؛ مان جاتا ہے ؛ رضامند ہو جاتا ہے ۔ (۲) (وہ) جو پیدا کرتا ہے یا جس سے پیداوار حاصل ہوتی ہے ۔

Yielding : (a) (۱) ملائم ؛ نرم ؛ لچکدار ۔ (۲) آسانی سے بات مان لینے والا ؛ لچنے والا ؛ دبنے والا ۔ (۳) رضامندی کا ۔ (٤) (طبیعیات) مغلوبیت ۔

Yieldingly : (adv.) نرمی سے ؛ لچتے ہوئے ؛ دبتے ہوئے ؛ رضامندی کے طور پر ۔

Yieldingness : (n) نرم؛ لچکدار یا رضامندہونےکی خاصیت ۔

Yike : (n) ہُدہُد کی آواز کی نقل ۔

Yike : (v) ہدہد کی آواز کی نقل کرنا ۔

Yill : (n) Ale کا متبادل ۔

Yill-caup : (n) پیالہ یا جام جس سے ایل (شراب) پی جاتی ہے ۔

Yin : One کامتبادل ۔

Yin : (n) [Chinese 'yin'.] چینیوں کے روایتی فلسفے کے مطابق Yin اور Yang یعنی مؤنث اور مذکر کا اتصال کائنات کی تخلیق کا باعث ہے ۔

Yip : (v) (۱) پھونکنا؛ زورزور سے چلانا (خصوصاً کتے کا) ۔ (۲) زورزورسےچلا کرکسی بات کااظہارکرنا ۔

Yip : (n) [imit.] (۱) پھونکنے یا زور زور سے چلانے کی آواز (خصوصاً کتے کی) ۔ (۲) زوردار آواز میں کسی بات کا اظہار ۔

Yipe : (v) [imit.] زور سے چلا اٹھنا(خصوصاً تعجب یا تکلیف کی حالت میں) ۔

Yipe : (n) اچانک زور سے چلانے کی آواز ۔

Yippee : (interj) [origin unkn.] (۱) انتہائی خوشی اورمسرت کا اظہار ۔ (۲) یپیّ کا لفظ خوشی اور جوش کے موقع پر بطور فجائیہ استعمال کیا جاتا ہے ۔

Yippie/Yippy : (n) یپّی؛امریکا کی ایک سیاسی جماعت جس کے ممبران ہپیز (hippies) کہلاتے ہیں ۔

Yite : (n) [origin unknown] دیکھو Yellow Hammer

-yl : (suffix) لاحقہ جو کیمیا کی اصطلاحات میں استعمال ہوتا ہے (مثلاً hydroxyl'ethyl) ۔

Ylang-ylang : (n) (۱) ایلانگ ایلانگ؛ ملایا کا ایک درخت جس کے پھول خوشبودار ہوتے ہیں ۔(۲) وہ خوشبو جو اس سے بنتی ہے ۔

Ylem : (n) [ME.] وہ ابتدائی پہلا جوہر جس سے بعض نظریات کے مطابق سمجھا جاتا ہے کہ عناصر کی تشکیل ہوئی تھی ۔

-ylene : (suffix) لاحقہ جو کیمیا کی اصطلاحات میں استعمال ہوتا ہے (مثلاً Phenylene) ۔

Ynambu : (n) [Pg. 'inambu'.] ایک بہت بڑا تیتر کی قسم کا پرند جو جنوبی برازیل اور ارجنٹائنا میں ہوتا ہے ۔

Yo/Yeo : (interj) [ME.] (۱) یو؛ لفظ جو بطور فجائیہ استعمال کیا جاتا ہے ۔ (۲) ملاح اس لفظ کو بطور سگنل استعمال کرتے ہیں yoho ۔

Yo-heave-ho : (interj) ہائی سو؛ وہ آواز جو ملاح کسی چیز کو مل کر اٹھاتے، کھینچتے یا چڑھاتے وقت بلند کرتے ہیں ۔

Yo-ho/Yoho, yoho : (interj) توجہ مبذول کرنے کے لئے "یوہویوہو" کی آواز ۔

Yo-yo : (n) [native name in the Philippin.] چکنی؛ ایک طرح کا کھلونا جس میں ایک ریل پر ڈور لپٹی ہوتی ہے اور اسے جھٹکا دے کر پھینکتے ہیں تو ڈور خود بخود لپٹ جاتی ہے اور وہ ہاتھ میں آجاتا ہے ۔

Yob/Yobbo : (n) [Back slang for Boy] (۱) لڑکا ۔(۲) گنوار لڑکا ۔(۳) غنڈا؛ شہدا ۔

Yod : (n) (۱) عبرانی زبان کے حروف تہجی کا دسواں حرف ۔ (۲) (لسانیات) خ کی آواز y جیسی ۔ (۳) (قدیم) y کی آواز ز جیسی ۔

Yodel/Jodel : (v) [G. 'jodeln'.] گنگنانا (-dell, -del,- dlo)؛ الاپنا ۔

Yodel/Jodel : (n) الاپ ۔

Yodeler/Jodeler : (n) وہ شخص جو الاپتاہے؛ الاپنے والا ۔

Yoga : (n) [Hindi, Skr, 'yoga'.] یوگ؛ ہندوؤں میں مراقبے اور ریاضت کا ایک خاص طریقہ جس کامقصد یہ ہےکہ عابد کی روح کائنات کی روح حقیقی سے متحد ہو جائے ۔

Yogacara : (n) [Skr.] بودھ دھرم کے مطابق انسان کو جو چیزیں نظر آتی ہیں وہ اس کی ذہنی بیداری کی بناپر، ورنہ تمام چیزیں غیر حقیقی ہیں ۔

Yogh : (n) [ME.] عہدوسطیٰ کےانگریزی حروف تہجی میں ایک حرف جو بعض موقعوں پر "g"اور "y"کا کام دیتا ہے ۔

Yogi : (n) [Skr. 'Yogin', fr. 'yoga'.] یوگی؛ جوگی؛ یوگ کا عامل ۔

Yogic : (a) یوگ کے عمل یا یوگ کے فلسفے کا یا اس سے متعلق ۔

Yogism/Yogeeism : (n) یوگ کا طریقہ ۔

Yogurt : (n) [Turkish] ترکوں کی ایک ترش اور رقیق غذا جو دودھ سے بنائی جاتی ہے ۔

Yohimbenine/Yohimbine : (n) [Yobimbi+ine] (کیمیا) مغربی افریقہ کے ایک درخت کی چھال اور پتوں سے نکالا ہوا القلی نما ۔

Yoi : (interj) شکاری کتوں کو مستعد کرنے کے لئے شکاری کی ندا ۔

Yoick/Yoicks : (v) شکاری کتوں کو مستعد کرنے کے لئے آواز نکالنا؛ ایسی آواز نکال کر کتوں کو لومڑی کے پیچھے بشکارنا ۔

Yoicks : (inter) لومڑیوں کے شکاریوں کی ندا ۔

Yojan/Yojana : (n) [Hindi & Skr.] (۱) مسافت جو مسلسل طے کی جائے ۔ (۲) دوری کی ایک ناپ جو مقامی اعتبار سے چار سے دس میلوں تک ہوسکتی ہے۔

Yoke : (n) [OE. 'geoc'.] (۱) جوا (جو بیلوں کی گردن پر رکھاجاتا ہے) ۔ (۲) (تاریخ روما) اونچا اتھایا ہوا جوا یا تین نیزوں کو ملاکر بنائی ہوئی محراب جس کے تلے شکست خوردہ دشمن کو لے کر چلتے ہیں ۔ (۳) (مجازاً) محکومی؛ طوق غلامی؛ حلقہ بگوشی ۔ (٤) (مجازاً) رشتہء اتحاد، خصوصاً عقد، نکاح ۔ (٥) بیلوں کی جوڑی ۔ (٦) بھنگی ۔ (۷) قمیض، کوٹ، سائے وغیرہ کا وہ حصہ جو شانوں پر رہتا ہے اور جو علیحدہ سیا جاتا ہے اور جس سے لباس کا نچلا حصہ لگا رہتا ہے ۔ (۸) گھنٹہ لٹکانے کی قینچی یا گھوڑی ۔ (۹) پتوار کا دستہ جس کے دونوں سروں پر رسیاں باندھی جاتی ہیں ۔ (۱۰) وہ جوڑ جس کے ذریعے دو نل آکر تیسرے نل میں ملتے ہیں؛ قفلی جوڑ ۔ (۱۱) مشینوں کا کنجی جوڑ جو کھولنے بند کرنے کا کام دیتا ہے ۔

Yoke : (v) (۱) جوئے میں جوتنا؛ جوا رکھنا (کندھوں پر) ۔ (۲) جوڑنا؛ نتھی کرنا؛ مربوط کرنا ۔ (۳) (مرد عورت کا) عقد کردینا؛ شادی کردینا؛ رشتہء ازدواج میں منسلک کرنا ۔ (٤) جوڑ ہونا؛ میل ہونا ۔ (٥) جوڑی دار ہونا؛ ساتھ ساتھ کام کرنا ۔

Yoke-bar : (n) (کاشت) جوا ڈنڈا؛ جوت ڈنڈا ۔

Yoke-bone : (n) (تشریح) جبڑے کی ہڈی جو سر اور چہرے کی ہڈیوں کو جوڑتی ہے؛ عظم وجنی؛ رخسار کی ہڈی ۔

Yoke elm : (n) (۱) ہورن بیم (Hornbeam) ۔ (۲) ہمالیہ پر اُگنے والا ایک درخت ۔

Yoke fellow : (n) زوج؛ شوہر یا بیوی؛ رفیق کار؛ جوڑی دار ۔

Yoke-mate : (n) دیکھو Yoke-fellow

Yoke of land : (n) (قدیم) ایک ہل کی زمین؛ اتنی زمین جو ایک جوڑی بیل ایک دور میں جوت سکیں ۔

Yoke-pin : (n) جوڑ کیلی ۔

Yoke ropes : (n) پتوار کی ڈوریاں یا رسیاں ۔

Yokel : (n) دیہاتی؛ دہقانی؛ گنوار ۔

Yokeless : (a) بغیر جوڑی کا ۔

Yokelines : (n) پتوار کی ڈوریاں یا رسیاں ۔

Yokelish : (a) دیہاتی جیسا؛ گنوار قسم کا ۔

Yokelry : (n) دیہاتی؛ گنوار ۔

Yoking : (n) وہ کام جو مسلسل ایک ہل یا ایک بیل گاڑی سے لیا جا سکے ۔

Yokohama : (n) جاپان کا ایک شہر جہاں مرغے، مرغیوں اور دوسرے پرندوں کو پالا جاتا ہے ۔

Yokohama bean : (n) (۱) ایک قسم کی سیم یا ڈنڈی جس میں موٹے بیج ہوتے ہیں ۔ (۲) سیم کی لت یا بیل ۔

Yokohama fowl : (n) جاپان کی مرغیاں یا پرندے ۔

Yokuts : (n) (۱) کیلیفورنیا کی سین جوکن (San Joaquin) وادی میں بسنے والی ایک ہندوستانی قوم ۔ (۲) اس قوم کا ایک فرد ۔ (۳) Yokutsقوم کی Mariposan زبان ۔

Yoldia : (n) [mod. L.] گھونگوں کی ایک قسم ۔

Yoldring/Yeldring : (n) دیکھو Yellow hammer

Yole : (n) [alter. of Yawl] ایک چھوٹی کشتی جو کھلی ہوتی ہوتی ہے ۔

Yolk/Yelk : (n) [OE. 'geolca'.] (۱) انڈے کی زردی؛ زردہ ؛ زردیٔ بیضہ ۔ (۲) وہ رطوبت جو بھیڑ کی کھال سے نکلتی ہے ۔ (۳) اون کا تیل؛ روغن پشم ۔ (٤) بیج دان ۔ (٥) کھڑکی کے شیشے میں ایک گول سیاہ یا نصف سیاہ ٹکڑا ۔

Yolk-bag : (n) وہ جھلی جس کے اندر انڈے کی زردی ہوتی ہے؛ کیسۂ زردہ؛ زردی کی تھیلی ۔

Yolk cell : (n) انڈے کا وہ مادہ جو انڈے کے اندر بچے کو غذا دیتا ہے ۔

Yolk-cleavage : (n) انڈے کی زردی جو جھلی کے اندر ہونے کی وجہ سے الگ رہتی ہے ۔

Yolk-duct : (n) انڈے کی زردی کےاوپر کی جھلی جوچوزے کی ناف کی نالی سے جڑی ہوتی ہے؛ قناتِ زردہ ۔

Yolk-gland : (n) زردہ زا غدہ ۔

Yolk-nucleus : (n) زردوی نوات ۔

Yolk-plug : (n) ڈاٹ زردہ ۔

Yolk pyramids : (n) زردوی مخروطات ۔

Yolk-sac : (n) دیکھو Yolk bag

Yolk-spherule : (n) زردوی کرینہ ۔

Yolk-stalk : (n) زردہ ڈنٹھل ۔

Yolk yellow : (n) گہرا پیلا یا زرد رنگ ۔

Yolked : (a) زردی کا؛ زردہ دار ۔

Large-yolked : بڑی زردی کا؛ بڑی زردی دار ۔

Two-yolked : دو زردی کا؛ دو زردی دار ۔

Yolkless : (a) بغیر زردی کا ۔

Yolky : (a) [OE.] (۱) انڈے کی زردی کے مانند؛ (ایسی چیز) جس میں انڈے کی زردی شامل ہو؛ زردی دار ۔ (۲) لس دار؛ چکنا ۔

Yom kippur : (n) [Heb. 'yom kippur'.] یہودیوں کا ایک مبارک دن، اس دن وہ روزہ رکھتے ہیں ۔

Yom tob/Yom tov : (n) [Heb. 'yom tobh'.] یہودیوں کا ایک فرصت یا تہوار کا دن ۔

Yomawood : (n) [Perh. fr. Burmese 'youma'.] ایک ایشیائی درخت کی لکڑی ۔

Yomud : (n) (۱) یومڈ؛ ترکستان میں رہنے والی ایک ترکمان قوم ۔ (۲) اس قوم کا ایک آدمی ۔

Yon : (a) [ME.] وہ ؛ وہ سب ۔

Yon : (pron.) وہ ؛ وہ سب ۔

Yon : (adv.) یہاں اور وہاں ؛ اس طرح یا اس طرح ۔

Yonder : (a) [OE.] سامنے کا؛ آگے کا ۔

Yonder : (adv.) سامنے؛ آگے؛ وہاں پر ۔

Yonder : (pron.) (قدیم، شعر یا قصباتی زبان) وہ (شخص یا چیز)؛ وہ (جس کی طرف میں اشارہ کررہا ہوں یا دیکھ رہا ہوں) ۔

Yondmost : (a) سب سے دور کا؛ بالکل آخر؛ سب سے آخر ۔

Yoni : (n) [Skr.] عورت کی شرمگاہ کی شکل یا نقش (جس کو ہندو مقدس سمجھتے ہیں، اور اس کو پوجتے ہیں؛ اس لئے کہ ان کے دھرم کے مطابق یہ تولیدِ نسل کا ذریعہ ہے) ۔

Yoo-hoo : (int) (۱) یوھو (توجہ مبذول کرنے کے لئے "یوھو" کی آواز لگاتے ہیں ۔ (۲) لوگوں کو متوجہ کرنے کے لئے "یوھو" کا لفظ پکارکے طور پر استعمال کرتے ہیں ۔

Yoop : (int.) لرزہ آور سسکیاں بھرنے کی حالت میں اس لفظ کی آواز کا اظہار ہوتا ہے ۔

Yore : (adv.) [OE.] ایک مدت گزری ؛ پہلے؛ قبل ۔

Yore : (n) سلف؛ قدیم الایام؛ زمانۂ پیش ۔

Of yore : (۱) اگلےوقتوں کا ۔ (۲) پرانے زمانےمیں ۔

York : (n) انگلستان کے ایک شہر کا نام ۔

House of york : انگلستان کا ایک شاہی حکمراں خاندان، ایڈورڈ چہارم سے رچرڈ سوم تک ۔

York : (v) (۱) (کرکٹ) یورکر پھینکنا ۔ (۲) گیند اس طرح پھینکنا کہ کھیلنے والے کے قریب وکٹ میں آکر لگے ۔

York-and-Lancaster : (n) انگلستان کے دو شاہی خاندان جو "War of Roses" میں ایک دوسرے کے حریف تھے ۔

York - and Lancaster rose : (n) ایک قسم کا پنچ رنگا گلاب ۔

York boat : (n) ایک بڑی کھینے والی کشتی ۔

York gum : (n) آسٹریلیائی یوکلپٹس میں سے کوئی ایک ۔

York pence : (n) ہنری ششم کی حکومت کے زمانے میں تانبے کا سکہ ۔

York pitch : (n) 50° لوھے کا ایک زاویہ ۔

York-pitched : (a) 50° لوھے کے زاویے کا یا اس سے متعلق ۔

York spot : (n) سیبوں کی ایک بیماری ۔

Yorker : (n) (۱) یارک یا یارک شائر کا باشندہ ۔ (۲) نیویارک کا سپاہی یا باشندہ ۔ (۳) (کرکٹ) یارکر گیند (جو اس طرح پھینکی جائے کہ کھیلنے والے کے بلے کے قریب گرے) ۔ (٤) ایک اعلیٰ قسم کا سور بازار جہاں تازہ سور کا گوشت مل سکے ۔

Yorker brethren : (n) امریکا کی ایک چھوٹی جماعت River Brethren کے اراکین: یہ جماعت Old Order Brethren بھی کہلاتی ھے ۔

Yorkish : (a) (۱) خاندان یارک کا ۔ (۲) حامی یارک ۔ (۳) ان لوگوں میں سے کوئی شخص جو "War of the Roses" میں سفید گلاب والے فریق یعنی خاندان یارک کے حامی تھے ۔

Yorkist : (a) دیکھو Yorkish

Yorkpaning : (n) یارک شائر پتھر کا فرش ۔

Yorkshire : (n) انگلستان کا ایک ضلع؛ یارک شائر ۔

Come yorkshire over (or on)/Put yorkshire on : دھوکا دینا؛ ٹھگنا ۔

Yorkshire flannel : (n) بغیر رنگی ھوئی فلالین ۔

Yorkshire grit : (n) ایک قسم کا پتھر جس سے مرمر چکنا کیا جاتا ھے ۔

Yorkshire man : (n) یارک شائر کا آدمی ۔

Yorkshire pudding : (n) یارک شائر پڈنگ: دودھ اور آٹے کی پڈنگ جو خصوصاً گائے کے گوشت کے ساتھ کھائی جاتی ھے ۔

Yorkshire stone : (n) ایک قسم کا پتھر جو تعمیر میں استعمال کیا جاتا ھے ۔

Yorkshire terrier : (n) ایک چھوٹا جھبرے بالوں والا کتا جو بالکل کھلونا سا ھوتا ھے ۔

Yorkshire tyke : (n) دیکھو Yorkshire man

Yoruba : (n) (۱) گینیا کی ایک حبشی قوم ۔ (۲) اس قوم کا ایک فرد ۔ (۳) یوروبا قوم کی Kwa زبان ۔

Yoruban : (a) یوروبا کا یا اس سے متعلق ۔

Yoshino paper : (n) [from Yoshino, Japan.] جاپانی حریری کاغذ (جو تصویر وغیرہ پر حفاظت کے لئے لگا دیتے ہیں) ۔

You : (pron) [OE.] (۱) تم؛ تم لوگ ۔ (۲) (قدیم) اپنے آپ کو؛ اپنے تئیں ۔

Are you there : کیا تم (موجود) ھو (ٹیلیفون پر خطاب کرتے وقت کہتے ہیں) ۔

Get you gone : (قدیم) بھاگ جاؤ؛ چلے جاؤ ۔

What are you to do with a child like this : ایسے بچے کو کیسے سنبھالوگے ۔

You and yours : (n) تم اور تمہارے اہل و عیال (یا تمہاری جائداد و املاک) ۔

You be damned : (a) (سخن تکیہ، حقارت اور نفرت آمیز) مردود؛ جہنمی؛ موذی ۔

You know what : تم معلوم کرلو؛ تم جان لو؛ تم سمجھ لو ۔

You never can tell : یہ کہنا یا سمجھنا دشوار ھے ۔

You there : ارے میاں سنتے ھو ۔

Young : (a) [OE. 'geong'.] نوعمر؛ کمسن؛ نوخیز؛ نیا ۔

A young family : خاندان جس میں چھوٹے بچے ھوں ۔

A young man in a hurry : (اصطلاحاً) نوعمر اور پُرجوش؛ مصلح (ایسا شخص جو ضرورت سے زیادہ عجلت کے ساتھ قومی اصلاح کا کام کرنا چاہتا ہو) ۔

Is young in crime : جرم میں ناآزمودہ کار ہے ۔

In my young days : میری جوانی میں؛ ابتدائے عمر میں ۔

My young man : میرا عاشق؛ میرا منگیتر ۔

My young woman : میری معشوقہ؛ میری منگیتر ۔

Old head on young shoulders : دیکھو Old (ذیلی) ۔

The century is yet young : ابھی نئی صدی کا آغاز ہی ہے ۔

The night is yet young : ابھی رات کا پہلا پہر ہے ۔

The younger : چھوٹا (بلحاظ عمر) (اپنے ہم نام کے مقابلے میں) ۔

The young person : معصوم بچے(لڑکے یا لڑکیاں)؛ نا کردہ کار نوجوان (لڑکے یا لڑکیاں) ۔

Young : (n) بچہ (خصوصاً جانور کا جو پیٹ میں ہو یا حال ہی میں پیدا ہوا ہو) ۔

With young : گابھن ۔

Young ambition : (n) جوانی کے حوصلے؛ وہ حوصلے جو جوانی کی عمر کا اقتضا ہوتے ہیں ۔

Young and old : (n) دیکھو Old

Young berry : (n) بڑے بڑے گوندنی کے سے شیریں پھل جو امریکا میں ہوتے ہیں ۔

Young blood : (n) جوان خون ؛ دیکھو Blood ۔

Young England/-Ireland/-Italy : (n) سیاسی جماعتوں کے نام جو اپنے ملک یا قوم کی نئی نسلوں کی نمائندگی کرتی ہوں ۔

Young-eyed : (a) جوان جیسی چمکیلی یا روشن آنکھوں والا ۔

Young for his years : (n) دیکھو Year

Young fustic : (n) ایک قسم کا رنگ ۔

Young-Helmholtz theory : (n) سہ لونی نظریہ؛ ینگ ہلم ہولٹز کا نظریہ ۔

Young hyson : (n) ایک قسم کی چائے ۔

Young Jones : (n) نوجوان جونس؛ جونس کا لڑکا ۔

Young lady : (n) اونچے معاشرے کی شائستہ جوان عورت (عموماً غیر شادی شدہ) ۔

Young love : (n) جوانی کی محبت؛ وہ محبت جو جوانی کی عمر کا اقتضا ہوتی ہے ۔

Young man : (n) (۱) جوان آدمی ۔ (۲) لڑکے کو بھی کھیل کے طور پر کہتے ہیں ۔ (۳) محبوب؛ منگیتر ۔

Young-old : (a) بوڑھاپے میں جوانی کی خاصیتیں رکھنے والا ۔

Young one : (n) (۱) جوان آدمی ۔ (۲) جوان جانور ۔

Young people : (n) نوجوان لڑکے، لڑکیاں خصوصاً وہ جو شادی کے قابل ہوں ۔

Young plants : (n) (نباتیات) نوخیز پودے ۔

Young pretender : (n) دیکھو Pretender

Young things : (n) ننھے بچے؛ ناتجربہ کار نوجوان ۔

Young turks : (n) نوجوان ترک (ترکی کی اس سیاسی جماعت کا نام جس نے ۱۹۰۸ ء میں سلطان کو مجبور کر کے آئینی حکومت از سر نو قائم کرائی تھی) ۔

Young un : (n) نوجوان لڑکا (اکثر ندائیہ) ۔

Young woman : (n) (۱) جوان عورت ۔ (۲) خوش طبعی سے لڑکی کو بھی کہتے ہیں ۔ (۳) محبوبہ ۔ (٤) منگیتر ۔

Younger : (n) وہ شخص جو عمر میں کم ہو، بعد کی پیڑھی کا یا کی ۔

Younger growth : (n) نئی پود ۔

Younger son : (n) چھوٹا لڑکا؛ خصوصاً امراء کے خاندان کا چھوٹا لڑکا ۔

Youngest : (n) خاندان کا سب سے چھوٹا بچہ یا رکن ۔

Youngish : (a) قریب قریب نوجوان ۔

Youngling : (n) (۱) لڑکا؛ لڑکی؛ بچہ ۔ (۲) جانور کا بچہ ۔

Youngling : (a) دیکھو Young

Youngly : (adv.) جوانی کے طور پر؛ جوانی کے انداز میں ۔ (۲) ابتدائی عمر میں ۔

Youngness : (n) جوانی کی خاصیتیں ۔

Young's experiment : (n) (طبیعیات) ٹامس ینگ نے سنہ ۱۸۲۹ء میں یہ تجربہ کیا تھا کہ جب شعاع ایک شگاف سے نکلتی ہے اور پھر دو تنگ شگافوں سے گزر کر جو آپس میں بہت زیادہ قریب ہوں ایک پردے پر پڑتی ہے تو متوازی دھاریوں کے سلسلے پردے پر دکھائی دینے لگتے ہیں ۔

Young's modulus : (n) (طبیعیات) ینگ کا معیار ۔

Youngster : (n) نوعمر؛ لڑکا؛ بچہ؛ خصوصاً وہ لڑکا جو بہت چست و چالاک ہو ۔

Younker : (n) (۱) (قدیم یا بول چال) وہ بچہ یا لڑکا جو بہت چست و چالاک ہو ۔ (۲) دیکھو junker ۔

Your : (a) [OE. 'eower'.] (۱) تمہارا؛ تم لوگوں کا؛ آپ کا؛ آپ لوگوں کا ۔ (۲) (قدیم، بول چال، اب عموماً تحقیر کے موقع پر آتا ہے) یہ آپ کا (جو مشہور ہے، جسے آپ اچھی طرح جانتے ہیں) ۔

Nobody is so fallible as your expert in hand writing : آپ کا ماہر تحریر جس قدر خطا پذیر ہے اس قدر کوئی دوسرا نہیں ہے ۔

You are another : (گالی وغیرہ کے جواب میں) تم خود ایسے ہو؛ ایسا ہوتا رہےگا ۔

Your Excellency : (a) (بطور خطاب ، گورنر یا حاکم اعلیٰ) عزت مآب ؛ فضیلت مآب ۔

Your Honour : (a) (بطور خطاب، حاکم اعلیٰ یا افسر) حضور والا؛ عالی جناب ۔

Your Majesty : (a) (بطور خطاب، بادشاہ یا ملکہ) جلالت مآب؛ جلالت الملک ۔

Yourn : (a) [Late ME.] تمہارا؛ آپ کا؛ تمہارے ؛ آپ کے ۔

Yours : (poss. pron) تمہارا؛ آپ کا؛ تمہارے ؛ آپ کے ۔

Ever yours : ہمیشہ تمہارا (خطوط کے آخر میں دستخط کرنے سے پہلے) ۔

It is yours if you will accept it : اگر تم قبول کرو تو یہ (چیز) تمہاری ہے ۔

My father and yours : میرے والد اور تمہارے (والد) ۔

Please see to it yourself : اپنے آپ اسے دیکھیں؛ اپنے تئیں اس کو دیکھیں ۔

What's yours : تم کیا پینا چاہتے ہو ۔

Yours faithfully : (a) دیکھو Faithfully

Yours is the only way : تمہارا ہی طریقہ صرف ایک (اچھا) طریقہ کار ہے ۔

Yours is to hand : تمہارا خط ملا ۔

Yours obediently : (a) دیکھو Obediently

Yours truly : (a) تمہارا خیرطلب (خطوط کے آخر میں دستخط کرنے سے پہلے) ۔ (۲) (مزاحاً) آپ کا خادم؛ بندہ درگاہ ۔

Yourself : (pron.) (۱) تم آپ؛ خود ۔ (۲) اپنے آپ کو؛ اپنے تئیں؛ اپنے آپ سے ۔

Be yourself : (امریکا بول چال) اپنے کو سنبھالو ؛ ذرا ہوش میں آؤ ۔

By yourself : (۱) اکیلے ۔ (۲) تن تنہا؛ بلامدادغیرے ۔

How's yourself : (عام) اور آپ کا مزاج کیسا ہے ۔

Yourselves : (pron) آپ خود؛ آپ اپنے تئیں ۔

Yourt : (n) [Russ.'yurta'.] ایک قسم کی لکڑی کی جھونپڑی ۔

Youth : (n) [OE. 'geoguth'.] (۱) عالم شباب؛ شباب؛ نوجوانی؛ عنفوان شباب ۔ (۲) نوجوان؛ نوجوان شخص ۔ (۳) نوجوان لڑکے یا لڑکیاں؛ نوجوانوں کی جماعت ۔ (٤) (عہد جوانی کی خصوصیات) قوت؛ جوش؛ ناتجربہ کاری ۔

The youth of the world : (دنیا کی تاریخ کا) ابتدائی زمانہ۔

Youth club : (n) نوجوانوں کا کلب؛ نوجوانوں کی انجمن ۔

Youth group : (n) نوجوانوں کی جماعت ۔

Youth hostel : (n) ہوسٹل یا قیام گاہ جہاں خصوصاً نوجوان مسافر رات کو ٹھہر سکتے ہیں ۔

Youth movement : (n) تحریک نوجوانان ۔

Youth-on-age : (n) پیکا بیک پودا؛ پودوں کی ایک جنس ۔

Youthful : (a) (۱) نوجوان؛ نوخیز؛ نوعمر ۔ (۲) نوجوانی کا؛ نوجوانوں کا سا ۔

Youthful offender : (n) (قانون) نوعمر مجرم ۔

Youthfully : (adv.) نوجوانوں کی طرح؛ جوانی کے اندازسے۔

Youthfulness : (n) نوعمری؛ نوخیزی ۔

Youthhead : (n) [OE.] دیکھو Youth

Youthhood : (n) جوانی؛ نوجوانی ۔

Youthily : (adv) نوجوانی کے طور پر ۔

Youthiness : (n) نوجوانی؛ نوعمری ۔

Youthly : (a) [OE.] دیکھو Youthful

Youthy : (a) (قدیم) نوجوانی جیسا؛ نوجوانی کا ۔

Youwards : (a) تم جیسے؛ تمہارے مانند ۔

Yowl : (v) [ME.] دیکھو Yawl

Yowl : (n) (۱) چلاہٹ ۔ (۲) کتے کی بھوں بھوں کی آواز ۔ (۳) بلی کی میاؤں میاؤں کی آواز ۔

Yperite : (n) (کیمیا) مسرکاڈ گیس؛ رائی گیس ۔

Ypight : (v) گاڑا گیا؛ جمایا گیا؛ بٹھایا گیا ۔

Ypocras : دیکھو Hippocras

Ypointing : (a) گچ کی بھرائی کا یا اس سے متعلق ۔

Yponomeuta : (n) [mod. L.] پتنگوں کی ایک جنس؛ ایک قسم کا پتنگا ۔

Yt : (a) ارتسامی متبادل بمعنی "وہ" ۔

Ytter : (n) (معدنیات) اٹربائی (Yetterby) کا پہلا عنصر ۔

Ytterbia : (n) اٹربیم کا آکسائیڈ ۔

Ytterbic : (a) (کیمیا) اٹربیم کا ۔

Ytterbite : (n) دیکھو Gadolinite

Ytterbium : (n) (کیمیا) اٹربیم (عنصر، دھات) ۔

Yttrite : (n) دیکھو Gadolinite

Yttria : (n) [mod. L.] (کیمیا) سفید مٹی کے رنگ کی ایک کمیاب دھات ۔

Yttrialite : (n) [Ytria+ lite] یوٹری لائٹ؛ تھوریم اور اٹریم دھاتوں کا سلیکیٹ ۔

Yttric : (a) اٹریم کا یا اس سے متعلق ۔

Yttriferous : (a) اٹریم دار ۔

Yttrious : (a) اٹریم کا ۔

Yttrite : (n) (معدنیات) دیکھو Gadolinite

Yttrium : (n) (کیمیا) اٹریم؛ ایک سہ گرفتہ دھات ۔

Yttro-: اٹریم کی ترکیبی صورت ۔

Yu : (n) (معدنیات) قیمتی یشم؛ یو ۔

Yu-stone : (n) (معدنیات) قیمتی یشم؛ یو پتھر ۔

Yuan : (n) [Chinese 'yuan'.] چینی حکومت کا ایک سکہ ۔

Yucca/Yuca : (n) [mod. L.] (۱) یکا؛ ایک قسم کا سفید پھول والا سوسن نما پودا جو امریکا میں پیدا ہوتا ہے ۔ (۲) آت کَث؛ کُسابی ۔

Yucca borer : (n) (۱) امریکا کا ایک کیڑا یا پتنگا جو یوکا پودا کی جڑوں میں سوراخ کردیتا ہے ۔ (۲) کیلیفورنیا کا سونڈدار کیڑا جو غلہ، پھل، پتی وغیرہ پر بسر کرتا ہے ۔ (۳) گھن ۔

Yucca gloriosa : (n) سوسن تاباں ۔

Yucca moth : (n) ایک قسم کا رنگین پتنگا ۔

Yucca tree : (n) سوسن/للی کی ایک امریکی قسم ۔

Yuchi/Uchee : (n) (۱) مشرقی جنوبی امریکا کی ایک ہندوستانی قوم ۔ (۲) اس قوم کا ایک آدمی ۔ (۳) یوشی قوم کی یوشن زبان ۔

Yuck : (n) (طب) کھجلی؛ خارش ۔

Yucker : (n) (حیوانیات) ہُدہُد زریں؛ یکر ۔

Yueh : (n) جنوبی چین کی قوموں میں سے کوئی ایک ۔

Yuffrouw : (n) جوان عورت؛ لڑکی ۔

Yuft : (n) [Russian.] چمڑا؛ پکا چمڑا؛ چرم ۔

Yug/Yuga : (n) [Hindi 'yug,' Skr. 'Yuga'.] جُگ؛ عصر؛ ہندوؤں کے علم کائنات کے مطابق دنیا کی زندگی کی مدت ۴,۳۲۰,۰۰۰ (تینتالیس لاکھ بیس ہزار) سال ہے جس کو چار زمانوں میں تقسیم کیا گیا ہے ۔

Yugoslav : (n) دیکھو Jugoslav

Yuke : (n) (طب) کھجلی؛ خارش ۔

Yuke : (v) کھجلی اٹھنا؛ خارش ہونا؛ کھجلانا ۔

Yuky : (a) خارش کا؛ کھجلی کا؛ جس میں کھجلی ہو؛ خارشتی ۔

Yulan : (n) [Chinese] ایک قسم کا چینی پودا جس میں سفید رنگ کے بڑے اور نہایت خوشبودار پھول ہوتے ہیں ؛ چینی چمپا؛ یولن ۔

Yule : (n) [OE. geol] (۱) بڑے دن کا تہوار؛ بڑا دن؛ میلاد؛ عید میلاد مسیح؛ یول ۔ (۲) بڑے دن کے موقع پر زوردار آواز میں خوشی کا اظہار کرنا ۔

Yule day : (n) بڑا دن ۔

Yule even : (n) بڑے دن سے پہلے کی شام؛ شام عیدنصاریٰ ۔

Yule log : (n) لکڑی کا کندہ جو بڑے دن کی شام کو جلایا جاتا ہے ۔

Yule song : (n) عیسائیوں کے بڑے دن یا عید کا گیت ۔

Yule tide : (n) بڑے دن کا تہوار؛ بڑا دن ۔

Yuloh : (n) [Chinese 'iu-lo'.] ایک قسم کا چپو جس سے چینی کشتیاں کھیتے ہیں ۔

Yum-yum : (interj) غذا کی مرغوبیت اور لذت کا اظہار کرنے کا حرف فجائیہ ۔

Yuma : (n) (۱)میکسیکواور کیلیفورنیا کی ایک ہندوستانی قوم ۔ (۲) اس قوم کا کوئی فرد ۔ (۳) یوما قوم کی یومن زبان ۔

Yuma point : (n) ایک قسم کا پتلا نوکدار پتھر۔

Yummy : (a) نہایت لطیف یا فرحت بخش ۔

Yun : (n) میکانگ کے ساحل پر رہنے والا ایک لوشین جس کے جسم پر گودنے کے نشانات یا نقوش ہوتے ہیں ۔

Yunca : (n) [Amer. Sp.] (۱) یونکا؛ پیرو کے ساحل پر رہنے والے ہندوستانیوں کی ایک جماعت ۔ (۲) اس جماعت کا کوئی فرد ۔ (۳) یونکا لوگوں کی زبان ۔

Yunga : (n) [Amer. Sp.] یونکا؛ جنوبی امریکا کی گھنے جنگلوں سے بھری ہوئی ایک وادی ۔

Yungas : (n) ایک قسم کا چوہا ۔

Yunx : (n) (حیوانیات) لوّا ۔

Yurt/Yurta : (n)[Russ.'yurta'.] چمڑوں کا بناہوا ایک گنبدنما گول خیمہ ۔

Yuruk/Juruk : (n)[Turk. 'yuruk'.] یورک؛ جُورک؛ اناتولیا کے پہاڑی علاقوں کے بھیڑیاں چرانے والے خانہ بدوشوں میں سے کوئی ایک ۔

Yuruna : (n) [Tupi .] (۱) یورونا؛ برازیل کے ٹوپین لوگوں کی ایک جماعت ۔ (۲) اس جماعت کے لوگوں میں سے کوئی ایک ۔ (۳) یورونا لوگوں کی زبان ۔

Ywrought : (ppl.a.)[OE.] تخلیق کیا ہوا؛ بنایا ہوا؛ سجایا ہوا ۔

Z

Z : (۱) انگریزی حروف تہجی کا چھبیسواں اور آخری حرف ۔ (۲) (جبرومقابلہ) تیسری مقدار مجہول ۔ (۳) بھنبھناہٹ کی آواز ۔

Z-axis : (n) خط مرتبہ ۔

Z chromosome : (n) یالون جسم؛ زیڈلونیہ ۔

Z coordinate : (n) زیڈ مُحدِّد ۔

Z-disc : (n) (حیوانیات) یا قرص؛ زیڈ قرص ۔

Zabaglione/Zabaione/Zabajone : (n)[It. Zabaglione'.] ایک طرح کی غذا یا شربت جو انڈے، چینی اورشراب یا پھل کو ملا کر تیار کرتے ہیں ۔ (۲) اٹلی کی ایک قسم کی مٹھائی جو انڈے کی زردی، چینی اور شراب کو پھینٹ کر تیار کی جاتی ہے ۔

Zabian : (a) (دینیات) صابی ۔

Zabra : (n) [Sp.] ایک چھوٹا جہاز؛ ایک چھوٹی بری کشتی ۔

Zacate : (n) [Amer. Sp.] گھاس نما پودوں کا چارہ؛ بوٹیوں یا پودوں کا چارہ؛ چارے کی گھاس ۔

Zacateco : (n) (۱) میکسیکو کی زاکاٹیکس اور ڈورانگو ریاستوں کی ایک قوم ۔ (۲) زاکاٹیکو قوم کا کوئی فرد ۔

Zacaton : (n) امریکا کی ایک قسم کی گھاس ۔

Zacharias : (n) (انجیل) ذکریا ۔

Zaddik/Tzaddik : (n) [Heb'saddiq'.] (۱) سچا، ایماندار اور بزرگ آدمی ۔ (۲) ہاسی ڈک فرقے کا روحانی رہبر ۔

Zadkiel : (n) زیڈ کیل جنتری؛ نجوم کی مقبول جنتری جو (R.J. Morrison) نے زیڈکیل کے فرضی نام سے نکالی تھی ۔

Zadokite : (n) (۱) زیڈوکائٹ پادری ۔ (۲) زیڈوکائٹ فرقے کا رکن ۔

Zadokite : (a) (۱) زیڈوک کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) بزرگ ترین پادریوں کے سلسلے کا یا اس سلسلے سے متعلق ۔

Zaffre/Zaffer : (n) [It. 'Zaffera'.] زافر؛ رنگ مینا؛ کوبالٹ کا غیر خالص آکسائیڈ جس سے ایک نیلا رنگ بنایا جاتا ہے جو مٹی اور شیشے کے برتنوں اور ظروف کو رنگنے میں کام آتا ہے ۔

Zag : (n) (۱) ٹیڑھی میڑھی لکیر ۔ (۲) ٹیڑھا میڑھا راستہ ۔ (۳) ٹیڑھی میڑھی سمت ۔ (٤) ٹیڑی میڑھی چال ۔

Zag : (v) ٹیڑھے میڑھے راستے کے ایک حصے کو طے کرنا ۔

Zagaie/-aye : (n) دیکھو Assagai

Zaglossus : (n) [mod. L.] لمبی کانٹے دار زبان والے جانور یا پرند جو چیونٹیاں کھاتے ہیں ۔

Zaguan : (n) [Sp.] مکان میں داخل ہونے کے دروازے سے اندر کے صحن یا انگنائی میں جانے کا راستہ جو میکسیکو اور امریکا کے مکانوں میں عموماً ہوتا ہے ۔

Zaibatsu : (n) [Jap.] (۱) جاپان کے مالیاتی اور صنعتی اداروں کی ایک گتھی ہوئی جماعت جو تجارت کی اجارہ دار ہوتی ہے ۔ (۲) اس جماعت کے ممبران ۔

Zaidi/Zaidite : (n) [After Zaid, 8th century Muslim leader.] زیدی؛ مسلمانوں کے اس فرقے سے تعلق رکھنے والا شخص جو اپنا واسطہ حضرت زید (صحابی) سے بتاتا ہے ۔

Zalambdodont : (n) [mod. L.] فانہ دندان؛ ایک قسم کا دودھ پلانے والا جانور ۔

Zalophus : (n) [mod. L.] (حیوانیات) چھوٹے کانوں والی سیل یا سگ ماہی کی ایک جنس؛ جنس فک؛ فک گوش دار ۔

Zamandoque/Zamando : (n) [Mex Sp. 'Samandoque'.] ایک قسم کا پودا جو میکسیکو میں ہوتا ہے ۔

Zamang/Zaman : (n) [Sp. 'Saman'.] ایک بڑا امریکی درخت جس کی شاخیں بہت پھیلتی ہیں ۔

Zamarra : (n) [Sp.] بھیڑ کی کھال کا بنا ہوا کوٹ یا صدری جو خصوصاً ہسپانیہ کے گڈریے پہنتے ہیں ۔

Zambo : (n) [Amer. Sp.] (۱) ایک قسم کا امریکی بندر۔ (۲)دیکھو Sambo ۔

Zambra : (n) ہسپانیہ کا ایک رقص ۔

Zame/Zemi : (n) (۱) آسام برما کے سرحدی علاقے کی ناگا قوم ۔(۲) زیمی قوم کا فرد ۔

Zamenis : (n) [mod. L.] ایک قسم کا بڑا سانپ جو یورپ میں ہوتا ہے ۔

Zamia : (n) [med. L.] (نباتیات) زامیا جنس کا ایک پودا؛ تحلک؛ زامیا ۔

Zamorin : (n) [Pg. 'Samorin'.] زیمورن؛ کالی کٹ کے ہندو راجاؤں کا لقب ۔

Zamouse/Gamous : (n) [Arab. 'Jamus'.] جاموس؛ جاموسہ؛ بھینس، بھینسا ۔

Zampogna/Zampona/Sampogna : (n) [It. 'Zampogna'.] (۱) (موسیقی) منہ سے بجانے کا آرگن باجا ۔ (۲) بین کی قسم کا ایک باجا جو اسکاچستان میں استعمال ہوتا ہے ۔

Zamuco/Zamucu : (n) (۱) شمالی زاموکو لوگوں کی ایک جماعت ۔ (۲) اس جماعت کا کوئی ایک فرد ۔ (۳) زاموکو لوگوں کی زبان ۔

Zamzummim/Zamzummims : (n) [Heb. Zamaum-mims] سر زمین ایمن کے قدیم دیو پیکر باشندے جن کا ذکر توریت میں آیا ہے ۔

Zanclidae : (n) [mod. L.] سمندری مچھلیوں کی ایک جنس ۔

Zande/Zandeh : (n) (۱) زند؛ کونگو؛ سوڈان کی ایک افریقی قوم ۔ (۲) اس قوم کا ایک آدمی ۔ (۳) زند قوم کی شرقی، اداماوا زبان ۔

Zander : (n) [G. 'Zander'.] ایک قسم کی نوکدار نیزہ نما لکڑی یا ٹہنا ۔

Zanja : (n) [Amer. Sp.] (۱) آب پاشی کی نہر ۔(۲) گڑھا جس کے پانی سے سینچائی کا کام لیا جاتا ہے ۔

Zanjero : (n) [Amer. Sp.] آب پاشی کی نہر سے سینچائی کے لئے پانی کے تقسیم کرنے کا انچارج ۔

Zanni : (n) [It.] بہروپیا؛ مسخرہ جو کھیل تماشے دکھاکر ہنساتا ہے ۔

Zannichellia : (n) [mod. L.] (نباتیات) چھوٹے آبی پودوں کی ایک جنس؛ ایک قسم کے چھوٹے پودے جو پانی میں ہوتے ہیں ۔

Zanonia : (n) [mod. L.] انڈوملایا کی ایک قسم کی بوٹی جو بیل کی شکل میں ہوتی ہے ۔

Zante currant : (n) بغیر بیج کا انگور، منقیٰ یا کشمش ۔

Zanthophyll : (n) زنتھوفل؛ دیکھو Xanthophyll ۔

Zanthorhiza : (n) [mod. L.] امریکا کے جھاڑی دار پودوں کی ایک جنس ۔

Zanthoxylum : (n) [mod. L.] (۱) روٹاشی خاندان کے درختوں یا پودوں کی ایک جنس ۔ (۲) دیکھو Xanthoxylum 989 ۔

Zanthoxylum Alatum : (n) (نباتیات) تیج بل؛ تمرو ۔

Zany : (n) [It. 'Zanni'.] (۱)(تاریخ) چاند بٹانی؛ تماشےکا چھوٹا مسخرہ جوبڑے مسخرے کی بھدی نقل کرتا ہے ۔ (۲) بیوقوف ؛ مسخرہ ؛ بلا ۔ (۳) بھانڈ جو مسخراپن میں پاگل اور بیوقوف بنتا ہے ۔

Zany : (v) (۱) بھدی نقل کرنا ۔(۲) نقل اتارنا ۔(۳) نقالی کرنا ۔

Zanyism : (n) نقالی ۔

Zanza/Sansa : (n) [Arab. 'Sanj'.] (موسیقی) افریقیوں کا ایک قسم کا آلۂ موسیقی ۔

Zanzibar : (n) زنگبار؛ زنجیبار ۔

Zanzibari : (n) (۱) زنجیبار کا باشندہ ۔(۲) عربی زبان جو زنجیبار میں بولی جاتی ہے ۔

Zanzibari : (a) زنجیباری؛ زنگی ۔

Zap : (v) [Org. U.S.] مارنا؛ حمله کرنا؛ گھونسا لگانا؛ مار ڈالنا۔

Zap flap : (n) [from Edward F. Zap. aeronautical engineer.] ایک خاص قسم کا چوڑا اور چپٹا لٹکتا ہوا ٹکڑا جو ایک طرف سے اٹکا ہوا ہو اور دوسری طرف کھلتا ہو۔

Zapateado : (n) [Sp.] (۱) ہسپانیوں کا ایک قسم کا رقص۔ (۲) لاطینی امریکیوں کا ایک ناچ۔

Zapatero : (n) [Sp.] (۱) چمڑے کا جیکٹ یا صدری۔(۲) امریکا کا ایک درخت۔(۳) اس درخت کی لکڑی۔

Zapodidae : (n) [mod. L. fr. zapod-, zapus] (۱) امریکا کا کودنے والا چوہا۔(۲) کور موشاں۔

Zapon fast dye : (n) [Zapon.] محلل رنگ؛ رنگ جو حل ہو جاتا ہو؛ رنگ جو گھل جاتا ہو۔

Zaporozhe : (a) [Zaporozhe, Ukraine] (۱) روس کے شہر زاپوروزہی سے یا اس شہر کا۔(۲) زاپوروزہی شہر کے طرز کا یا طریقے کا۔

Zapotec : (n) [Sp. 'Zapoteca'.] (۱) میکسیکو کی ریاست اوکزاکا کے انڈین لوگ۔(۲) ان لوگوں میں سے کوئی ایک۔(۳) زاپوٹک لوگوں کی زبان۔

Zaptieh : (n) ضبطیہ؛ ترکی پولس کا سپاہی۔

Zarathustra : (n) [AU. 'Zarathushha'.] زردشت؛ زرتشت۔

Zarathustrian : (a) زرتشت کا یا مذہب زرتشت کا؛ زرتشتی؛ زردشتی۔

Zaratite : (n) [Sp. 'Zaratita'.] (معدنیات) زمرد نکل؛ زراٹائیٹ۔

Zariba/-eba : (n) [Arab. 'Zariba'.] زریبہ؛ سوڈان میں پڑاؤ یا گاؤں کی حفاظت کےلئے جھاڑیوں یا نوکدار لکڑیوں کا احاطہ۔

Zariba : (v) زریبہ سے گھیرنا؛ زریبہ بنا کر گھیرے میں لینا۔(۲) زریبہ بنانا۔

Zarnich : (n) (کیمیا) زرنیخ؛ ہڑتال۔

Zarzuela : (n) [Sp.] ہسپانیہ کا ایک اوپیرا یا ناٹک جس میں تمسخرآمیز موضوع پر مکالمہ ہوتا ہے۔

Zauberflote : (n) [tpie Zauberflote] ایک قسم کی بانسری؛ زوبرفلوٹ۔

Zaurae : (n) (فلکیات) زورَق (ستارہ)۔

Zavigava : (n) (فلکیات) راویۃ السعوا (ستارہ)۔

Zawn : (n) (کان کنی) مَغارَہ۔

Zax : (n) (۱) چھت کے لئے پتھر کاٹنے والا اوزار؛ زیکس۔ (۲)دیکھو Sax۔

Zayat : (n) [Burmese.] (۱) بڑا کمرہ یا ہال جس میں عوام کی میٹنگیں ہوا کرتی ہیں۔(۲) پناہ لینے کا بڑا کمرہ۔

Zayin : (n) عبرانی ابجد کا ساتواں حرف۔

Zdarsky tent : (n) [after Mathias Zdarsky Skiing Expert.] کپڑے کی بنی ہوئی ایک مخصوص قسم کی چادر جو خیمہ کے بدلے میں استعمال کی جاتی ہے۔

Zdravets oil : (n) ایک قسم کا تیل جو بلغاریہ اور سائپرس میں جیرینیم لکڑی سے نکالا جاتا ہے۔

Zea : (n) [Gr. 'Zea'.] جنس مکئی۔

Zea Mays : (n) مکئی؛ مکی۔

Zeal : (n) [L. 'Zelus'.] (نفسیات) شوق اور جوش؛ انہماک؛ سرگرمی۔

Zealander : (n) ڈنمارک کے زیلینڈ کا باشندہ۔

Zealful : (a) پُرشوق؛ جوشیلا؛ سرگرم۔

Zealless : (a) پژمردہ؛ سست؛ کاہل؛ مردہ دل؛ بے جوش وخروش۔

Zealot : (n) (۱) (کسی عقیدے کا) کٹر پیرو یا حامی؛ متشدد؛ مجنونانہ جوش رکھنے والا۔(۲) یہودیوں کے اس فرقے کا رکن جس نے سنہ ٦ء سے سنہ ۷۰ء تک رومیوں کا مقابلہ کیا تھا۔

Zealotry : (n) مجنونانہ جوش؛ تشدد (کسی عقیدے میں)۔

Zealous : (a) سرگرم؛ پرجوش۔

Zealously : (adv.) سرگرمی سے؛ شوق اور جوش کے ساتھ۔

Zealousness : (n) (قدیم) جوشیلاپن؛ سرگرمی؛ انہماک ۔

Zeaxanthin : (n) [mod. L. 'Zea +Xanthin'.] زرد رنگ کی شراب ۔

Zebec : (n) دیکھو Xebec

Zebra : (n) [It. for. Sp Cebra] ۔ (۱) زیبرا؛ گورخر ۔ (۲) مخطّط (۳) زیڈکراسنگ (Z-Crossing) کا مخفف ۔

Zebra antelope : (n) ہرن کی ایک جنس ۔

Zebra back/-bird : (n) ہُدہُد کی ایک جنس ۔

Zebra butterfly : (n) ایک قسم کی تتلی جس پر سیاہ اور زرد دھاریاں ہوتی ہیں ۔

Zebra caterpillar : (n) (۱) (حیوانیات) امریکا کے ایک قسم کے پتنگے کا سرفہ؛ بھوا؛ تتلی کا پہل روپ یا جھانجھا ۔ (۲) (نباتیات) فصفصہ ؛ یونجہ ۔ (۳) (طب) کیٹرپلر ۔

Zebra civet cat : (n) (۱) ایک قسم کا مشک بلاؤ ؛ مشک بلاؤ سے نکالا ہوا مشک؛ زباد ۔

Zebra crossing : (n) سڑک کا چوراہا جس پر سیاہ اور سفید رنگ کی متوازی دھاریاں بنی ہوئی ہوتی ہیں ۔

Zebra danio : (n) ایک قسم کی بہت چھوٹی مچھلی جو ہندوستان میں پائی جاتی ہے ۔

Zebra-finch : (n) (۱) (حیوانیات) دھاری والا بیا؛ زیبرا بیا ۔ (۲) آسٹریلیا کا ایک قسم کا بدبد ۔

Zebra fish : (n) ایک قسم کی آسٹریلیائی مچھلی ۔

Zebra grass : (n) ایک قسم کی گھاس جس پر زرد یا سفید رنگ کی دھاریاں ہوتی ہیں ۔

Zebra opossum : (n) دیکھو Thylacine

Zebra parrakeet : (n) (۱) دیکھو Buogerigar ۔ (۲) آسٹریلیا کا ایک چھوٹا توتا جس پر سیاہ اور زرد رنگ کے نشانات ہوتے ہیں ۔

Zebra plant : (n) برازیل کی ایک قسم کی بوٹی جس کی پتیوں پر سبز اور زردی مائل سفید دھاریاں ہوتی ہیں ۔

Zebra poison : (n) جنوبی افریقہ کا ایک درخت جس میں دودھ جیسا سفید اور زہریلا رس ہوتا ہے ۔

Zebra swallowtail : (n) امریکا کی ایک بہت بڑی دوشاخہ دُم کی تتلی جو سیاہ پٹی دارسبزی مائل سفید یا زردی مائل سفید پر کی ہوتی ہے ۔

Zebra wolf : (n) ایک قسم کاتھیلی داردودھ پلانےوالا جانور ۔

Zebra wood : (n) خوبصورت دھاری دار لکڑی جو فرنیچر بنانے کے کام آتی ہے ۔

Zebraic : (a) زیبرا کے مانند؛ زیبرا جیسا ۔

Zebrano/Zebrana : (n) دیکھو Zebrawood

Zebrass : (n) [Zebra+ass] (۱) گورخر؛ زیبرا خر ۔ (۲) گدھا اور زیبرا کا مخلوط النسل بچّا ۔

Zebrina : (n) [G. 'Zebra'.] ایک قسم کی بوٹی ۔

Zebrine : (a) گورخر کا؛ گورخر کا سا ۔

Zebrula/Zebrule : (n) (حیوانیات) زیبرسپ؛ مخطط اسپ؛ زیبرول ۔

Zebu : (n) [Fr. 'Zebu'.] ہندوستان، جاپان اور چین کا کوہان دار بَیل؛ نانديا بیل؛ سانڈ؛ زیبو ۔

Zebub : (n) [Arab 'dhubab'.] ذباب؛ ذبابہ؛ سِی سِی مکھی ۔

Zebulunite : (n) [Zeblun, tenth son of Jacob] زیبولن کے عبرانی قبیلے کا ایک فرد ۔

Zecchin/Zechin : (n) دیکھو Sequin

Zechstein : (n) [G.] (ارضیات) ایک قسم کے چونے کا پتھر ۔

Zed : (n) (۱) حرف زیڈ؛ "Z" ۔ (۲) دھات کی بنی ہوئی Z شکل کی پٹی ۔

Zedoary : (n) [mod. L. 'Zedoaria'.] جدوار؛ نربسی؛ ایک قسم کی خوشبودار ادرک کی سی چیز جو مشرقی ہندوستان کے ایک پودے کی جڑوں سے نکالی جاتی ہے اور دواؤں، عطریات اور رنگوں کے بنانے میں استعمال ہوتی ہے ۔

Yellow Zedoary : دیکھو Cassumunar

Zedoary of China : (n) جدوار ختائی ۔

Zee : (n) حرف زیڈ"Z" کا ایک امریکی نام ۔

Zeelander : (n) ندرلینڈ کے زیلینڈ کا باشندہ ۔

Zeeman effect : (n) [after Peter Zeeman, Dutch phycicist'.] (طبیعیات) زیمان اثر ۔

Zeidae : (n) [med. L.] سمندر کی مچھلیوں کا ایک خاندان جس میں جان ڈاریز (John Dorys) مچھلیاں شامل ہیں۔

Zeigarnik effect : (n) [after Bluma Zeigarnik Phychologist] کسی مکمل کام کو یاد رکھنے کی بجائے ایک نامکمل کام کو یاد رکھنے کا نفسیاتی میلان ۔

Zeilanite : (n) دیکھوCeylonite

Zein : (n) [mod. L.] (کیمیا) پروٹین جو مکئی میں پایا جاتا ہے ۔

Zeitgeist : (n) [G.] روح عصری؛ وہ ذہنیت جو کسی مخصوص عہد یا زمانہ کے مخصوص خیالات اور احساسات کی مظہر ہو؛ اقتضائے عہد ۔

Zel : (n) [Turk. 'Zil'.] ایک قسم کی جانجھ یا مجیرا ۔

Zelanian : (a) (جغرافیہ) نیوزیلینڈی ؛ نیوزیستانی؛ نیوزیستان کا ۔

Zelator : (n) (۱) پرجوش حامی یا مددگار ۔(۲) دیکھوZealot ۔ (۳) کسی مذہبی فرقے کی سسٹر یا راہبہ ۔

Zelatrice/-tris : (n) راہبہ؛ سسٹر یا نن ۔

Zelatrix : (n) راہبہ ؛ سسٹر یا نَن ۔

Zelkova : (n) [mod. L.] الماسی (Ulmaceae) خاندان کی جھاڑیاں یا درخت ۔

Zeloso : (adv.) [It.] (موسیقی کی ہدایت) جوش کے ساتھ؛ زورشور سے ۔

Zelotic/Zealotic : (a) حامی یا مددگار کا یا اس جیسا ۔

Zelotism/Zealatism : (n) حمایت؛ مدد ۔

Zelotypic : (n) (حیوانیات) اجاتی؛ غیرجنس ۔

Zelotypy : (n) (حیوانیات) غیرجنسیت؛ اجات ۔

Zeme/Zemi : (n) [Sp. 'Zemi'.] (۱) ایک فوق فطرت طاقت کی روح یا مورت جس کو جزائر غرب الہند کے قدیم باشندے پوجتے ہیں ۔ (۲) ایک ایسی شے جس کے متعلق یہ عقیدہ ہے کہ وہ کسی روح کے رہنے کی جگہ ہے اور اس میں جادو جیسی طاقت ہے ۔

Zemeism : (n) زیمیز سے متعلق تینو عقائد اور دستوروں کی جماعت ۔

Zemeistic : (a) زیمیز سے متعلق ۔

Zemindar : (n) [Urdu] (۱) (تاریخ) عہد مغلیہ میں ضلع کا ناظم اورلگان دینے والا کاشتکار ۔(۲) زمیندار؛ زمین کا مالک جو حکومت کو مالگزاری ادا کرتا ہے ۔

Zemindarship : (n) زمینداری ۔

Zemindary : (n) [Urdu] دستور یا طریقہ جس کے تحت زمیندار زمین کے مالک ہوتے تھے اورلگان وصول کرتے تھے ۔

Zemiroth/Zemirot : (n) [Heb. 'Zeumiroth'.] مذہبی نغمے جو عبرانی زبان میں کھانےکے وقت کھانے کی میز کے چاروں طرف گائے جاتے ہیں ۔

Zemmi/Zemni : (n)[Russ dial 'zemny'.] چھچھوندر ؛کورموش؛ اندھے چوہے ۔

Zemstvo : (n) [Russ.] زیمسٹوو؛ لوکل بورڈ؛روس میں دیہات کا انتظام کرنےوالی منتخب جماعتیں ۔

Zen : (n) [Jap.] (۱) زن بودھزم (Zen buddhism) ۔(۲) ماہایانا بودھزم(Mahayana buddhism) کا جاپانی اسکول جو خود شناسی، صداقت اور گیان دھیان کے ذریعے نور الٰہی کو حاصل کرنے کی تعلیم دیتا ہے۔(۳) زن بودھزم کو ماننےوالا شخص ۔

Zenaga : (n) (۱) زیناگا؛ مراقش کے بربر لوگوں کی مور (Moor) قوم ۔(۲) زیناگا لوگوں کی بربر زبان ۔

Zenaida : (n) [mod. L.] زینیڈا؛ ایک قسم کا کبوترجو امریکا میں ہوتا ہے ۔

Zenaida dove : (n) زینیڈا جنس کی کوئی چڑیا ۔

Zenaidura : (n) [mod. L.] زینیڈیورا؛ کبوتروں کی ایک جنس جس میں امریکا کی فاختہ بھی شامل ہے ۔

Zenana : (n) [Urdu] زنانہ؛ مکان کا وہ حصہ جہاں شریف ہندوستانیوں کی عورتیں رہتی ہیں ؛ حرم؛ زنانخانہ۔

Zenana : (a) زنانوں کا یا اس سے متعلق؛ حرم یا زنانخانہ کی عورتوں سے متعلق۔

Zenana (cloth) : (n) عورتوں کے لباس کے لئے ایک ہلکا باریک کپڑا۔

Zenana mission : (n) وہ عیسائی مشن جس کے کچھ ارکان زنانہ مکانات میں جا کر عورتوں میں طبی اوردوسری معاشرتی اصلاحات کے لئے کوشش کرتے ہیں۔

Zend : (n) زند؛ ایران کی ایک قدیم زبان (جس کا نام زرتشتیوں کی مقدس کتاب زنداوستا کے نام پر رکھا گیا ہے)؛ پارسی؛ قدیم باختری۔

Zend-Avesta : (n) زرتشتیوں کی مقدس کتاب۔

Zendic : (a) [Arab. Zindik.] (۱) آسمانی مذہب کا نہ ماننے والا۔(۲) رافضیانہ عامل؛ بدعتی عامل۔

Zendicism : (n) زندی (زنداوستا کا ماننے والا) کا عقیدہ۔

Zendish : (a) زندی کا یا اس سے متعلق۔

Zendist : (n) زنداوستا کی زبان کوسمجھنےوالاماہرشخص۔

Zener cards : (n) [after Karl E. Zener, Psychologist.] مختلف قسم کے پچیس کارڈوں کا مجموعہ؛ یہ کارڈز نفسیاتی تعلیم کے سلسلے میں استعمال کئے جاتے ہیں۔

Zengakuren : (n) جاپان کے بائیں بازو کے انتہا پسند طلباء کی قومی سیاست میں تشددانہ طریقے پر مداخلت کی تحریک۔

Zenick : (n) سوکٹ؛ نیولے کی قسم کا جانور جو جنوبی افریقہ میں پیدا ہوتا ہے۔

Zenith : (n) [ME. 'Cenit, Senyth'.] (۱) سمت الراس؛ آسمان کاوہ نقطہ جو دیکھنے والے کے ٹھیک سرپر ہو۔ (۲) سب سے بلند درجہ یا نقطۂ عروج؛ اوجِ کمال۔

Apparent Zenith : (فلکیات) مرئی راس۔

Astronomical Zenith : (فلکیات) فلکی راس۔

Geocentric Zenith : (فلکیات) ارض مرکزی راس۔

Zenith distance : (n) (فلکیات) بُعد راسی؛ نت؛ بُعد سمتی؛ کسی جرم فلکی کا اس کے سمت الراس سے زاویائی فصل۔

Zenith sector : (n) (فلکیات) قطاع سمتی۔

Zenith sweep : (n) (فلکیات) آسمان کےمشاہدے کا ایک متواتر سلسلہ جو سمت الراس سےگزرکر کیاجاتاھے۔

Zenith telescope : (n) (فلکیات) سمتی دوربین۔

Zenithal : (a) (فلکیات، جغرافیہ) سمتی؛ سمت الراسی ؛ سمت الراس کا۔

Zenithal equal area projection : (n) (جغرافیہ) مساوی الرقبہ تسطیح۔

Zenithal equidistant projection : (n) (جغرافیہ) مساوی بعدی تسطیح۔

Zenithal projection : (n) (جغرافیہ) سمت الراسی تسطیح۔

Zeno : (n) یونانی الیاٹک فلسفی زینو (پانچویں صدی قبل مسیح)۔

Zenonian : (a) (۱) زینو کا یا اس سےمتعلق۔(۲) زینو کےایک پیرو زینو آف سائیٹم (Zeno of Citium) (تین سو سال قبل مسیح) کا یا اس سےمتعلق۔

Zenonic : (a) زینو کا۔

Zenonism : (n) زینو کا فلسفہ۔

Zeno's arrow : (n) (نفسیات) سہم زینو؛ زینو کا تیر۔

Zenotropic : (a) (نباتیات) خلاف ارض رخ۔

Zenotropism : (n) (نباتیات) منفی ارض رخی؛ خلاف ارض رخی۔

Zeolite : (n) [SW. 'Zeolit'.] (۱) ایک قسم کی معدنی شے جو آتش فشانی چٹانوں میں پائی جاتی ہے۔ (۲) ابال پتھر؛ زیولائٹ۔

Zeolitic : (a) زیولائٹ کا یا اس سے متعلق۔

Zeolitize : (v) (۱) زیولائٹ میں تبدیل کرنا۔(۲) زیولائٹ سے (چٹان کے شگافوں کو) بند کرنا۔(۳) زیولائٹ کا استعمال کرنا۔

Zeomorph : (a) [med. L.] زیومورفی کا یا اس سے متعلق ۔

Zeomorph : (n) ایک قسم کی بحری مچھلی ۔

Zeomorphi : (n) [mod. L.] (۱) سمندر کی ایک قسم کی چھوٹی مچھلی ۔ (۲) خوک ماہیاں ۔

Zeophyllite : (n) [G. 'Zeophyllit'.] ایک قسم کی دھات جس میں سلیکیٹ اور کیلسیم فلورائڈ ملے ہوئے ہوتے ہیں ۔

Zep : (n) دیکھو Zeppelin کا مخفف ۔

Zephyr : (n) [L. 'Zephyrus'.] (۱) پچھوا ہوا؛ بادصبا؛ نسیم؛ دبور؛ باد مغرب ۔ (۲) فرحت بخش ہوا؛ ہلکی ہوا ۔ (۳) ورزش کرنے والوں کی ہلکی اور باریک کپڑے کی بنیان ۔ (٤) زفر؛ ایک قسم کا کپڑا ۔ (٥) زفائرس جنس کی ایک تتلی ۔ (٦) (فرانسیسی) الجیریا کا سپاہی ۔ (۷)(قدیم) زیفیرس (Zefferus) ۔

Zephyr : (a) بہت ہلکا؛ نرم اور باریک ۔

Zephyr lily : (n) امریکا کا ایک پودا جس میں گلاب جیسے سرخ پھول ہوتے ہیں ۔

Zephyranth : (n) [med. L.] زیفیرینتھیز جنس کا کوئی پودا ۔

Zephyranthes : (n) [med . L.] بصلہ پودوں کی ایک امریکی جنس ۔

Zephyrean/ Zephyrian/ Zephyrous/ Zephyry : (a) ہلکی ہَوا کا یا ہلکی ہَوا جیسی ؛ ہلکی ہَوا کے مانند ۔

Zephyrus : (n) (صنمیات) بچھوا دیوتا ۔

Zeppelin : (n) منطاد؛ زپلین؛ جرمنی کا بڑا ہوائی جہاز جو فوجی کاموں کے لئے بنایا گیا تھا ۔

Zerda : (n)[Arab. 'Zerdawa'.] دیکھو Fennec

Zereba/Zeriba : (n) Zaribal کا متبادل ۔

Zero : (n) [Ult. Arab. 'Sifr'.] (۱) صفر؛ زیرو؛ بندی ۔ (۲) لاشے؛ مقدار معدوم؛ صفر ۔ (۳) (پیمانوں میں) وہ نشان جس سے اوپر کی طرف مقدار مثبت اور نیچے کی طرف مقدار منفی شروع ہوتی ہے؛ صفر (مقیاس الحرارت میں پانی وغیرہ کا نقطہء انجماد جسے صفر قرار دیتے ہیں) ؛ نقطہء صفر ۔ (٤) (فوج) ساعت صفر؛ وہ وقت جب سے فوجی کاروائیوں کے مقررہ اوقات شمار کئے جاتے ہیں ۔ (٥) سب سے نیچا نقطہ؛ سب سے پست درجہ؛ منتہائے زوال؛ حدِ عدم ۔

Absolute Zero : (طبیعیات) صفر مطلق؛ حرارت کی پیمائش میں ایسا نقطہ جہاں وہ سالمات جن کی حرکت سے حرارت پیدا ہوتی ہے بالکل ساکن ہوں ۔

Undistributed Zero : غیر منقسمہ صفر ۔

Zero : (v) (۱) بندوق چلاتے وقت مکھیوں کو درست رکھنا۔ (۲) چاند ماری کرنا؛ ہدف پر نشانہ لگانا؛ نشانہ بازی کرنا ۔

Zero beat : (n) وہ حالت جس میں ریڈیو کے دو ارتعاشوں کو ہم آہنگ کیا جاتا ہے ۔

Zero circle : (n) صفری دائرہ ۔

Zero creep : (n) نمبری میزان کے صفری نقطے کا اچانک سرکاؤ ۔

Zero division : (n) نشان صفر ۔

Zero drift : (n) کسی پیمائشی آلے (جیسے تھرما میٹر) کے میزانی صفر میں تدریجی تبدیلی ۔

Zero hour : (n) (۱) وہ وقت جب فوجی کاروائی شروع کی جائے؛ فوجی کاروائی کا مقررہ وقت ۔ (۲) وہ وقت جب کسی کام کے متعلق آخری فیصلہ کیا جائے ۔ (۳) وہ مقررہ وقت جب سے دن کا وقت شمار کیا جائے ۔

Zero magnet : (n) مقناطیس جس سے برقی روپیما کی صفر کا تفاوق کیا جائے ۔

Zero method : (n) (برقیات) صفری طریقہ ۔

Zero-order reaction : (n) ایک کیمیاوی عمل جس میں ردعمل کی شرح ثابت رہے ۔

Zero point : (n) (طبیعیات) نقطہء صفر؛ صفر مطلق ۔

Zero post/-mark : (n) وہ ستون یا نشان جہاں سڑک کی مسافتوں کی پیمائش کی جاتی ہے ۔

Zero-reading : (n) (طبیعیات) صفری خواندگی؛زیرو ریڈنگ ۔

Zero-sum game : (n) وہ کھیل جس میں جیت اور ہار مجموعی طور پر برابر ہو جائے ۔

Zero-valent : (n) (کیمیا) صفر گرفتہ؛ ناقابلِ ترکیب ۔

Zero-zero : (a) صفری فضائی حالت سے متعلق ۔

Zeroes : (n) Zero کی جمع ۔

Zeroing table : (n) جدول صفری ۔

Zeroize : (v) (جوڑنے کی مشین میں) صفر پر لوٹنا ۔

Zeropoint energy : (n) (طبیعیات) صفر نقطی توانائی ۔

Zeropoints : (n) (فلکیات) نقاط صفر؛ نقاط محدودی ۔

Zeroth : (a) (۱) سلسلہ وار نمبر صفر کا ۔ (۲) (سائنس اور ہندسہ میں) صفر کے بعد ہندسہ کے دوسرے عدد پر آنا ۔

Zerumbet : (n) زیرمبث؛ کرکوما (Curcuma) جنس کا ایک ہندوستانی پودا جس سے ایک مقوی دوا تیار کی جاتی ہے ۔

Zervanism/ Zarvanism : (n) ایرانیوں کا ایک قدیم مذہب؛ زرتشتیوں کا ایک بدعتی فرقہ ۔

Zest : (n) [F. 'Zesta'.] (۱) ذوق شوق ؛ بےحد رغبت؛ بڑی دلچسپی؛ چاؤ ؛ چسکا ۔ (۲) چٹپٹا مزا؛ تیز چاشنی؛ چٹخارا؛ بڑا لطف ۔

Zest : (v) مزا لینا؛ چٹخارا لینا؛ لطف لینا ۔

Zestful/Zesty : (a) چٹ پٹا؛ چاشنی دار؛ لطیف؛ مزہ دار ۔

Zestfully : (adv.) مزے کے طور پر؛ لطف کے ساتھ؛ ذوق شوق سے؛ رغبت کے ساتھ ؛ دلچسپی سے؛ چاؤ کے ساتھ۔

Zestfulness : (n) Zest دیکھو

Zeta : (n) [Gr. 'Zeta'.] زیٹا؛ یونانی ابجد کا چھٹا حرف جو "Z" کی آواز دیتا ہے ۔

Zeta function : (n) (ارضیات) تفاعل کے متعلق Z کا نشان ۔

Zetetic : (n) [Gr. 'Zete kios'.] پر ہونی ؛ متشکک ۔

Zetetic : (a) تحقیقی؛ درایتی ۔

Zetetic method : (n) تحقیقی طریقہ؛ درایتی طریقہ ۔

Zetetically : (adv.) تحقیق کے طور پر؛ محققانہ انداز میں ۔

Zeugite : (n) [Gr. 'Zeugnynal'.] (نباتیات) ملاپ خلیہ؛ زیوگائٹ ۔

Zeuglodont : (n) (ارضیات) جوغ دندان (وہیل) ۔

Zeugma : (n) (صرف ونحو) صنعت حذف صفت یا حذف فعل جس میں دو اسموں کے لئے ایک ہی اسم صفت یا فعل استعمال ہوتا ہے حالانکہ وہ ایک ہی اسم سے مناسبت رکھتا ہے اور دوسرے کے لئے جو مناسب لفظ ہے وہ محذوف ہوتا ہے مثلاً ۔ (She came in a flood of tears and a Bath chair.) ۔

Zeugmatic : (a) صنعت حذف صفت یا حذف فعل سےمتعلق ۔

Zeugmatically : (adv.) صنعت حذف صفت یا حذف فعل کے طور پر ۔

Zeugopodium : (n) (حیوانیات) پیش بازو ؛ بند دوم ؛ مفصلی پا ۔

Zeunerite : (n) [Fr. Gustav Zeuner, physicist & engineer] (معدنیات) ایک معدنی شے جس میں مفروضہ آبدارتانبہ یورینیم اور آرسینی ایٹ ہوتا ہے ۔

Zeus : (n) (۱) (یونانی دیومالا)زیس؛ کوہ اولمپس کےدیوتاؤں کا سردار؛ سب سے بڑا دیوتا؛ زینون؛ زاؤوس ۔ (۲) ایک قسم کی مچھلی ۔

Zeuxite : (n) زرد ترملین؛ آہن دار ترملین؛ ایک برقی قوت رکھنےوالی معدنی شے جس کےمختلف رنگ ہوتےاور نگینے کےطور پر استعمال ہوتی ہے ۔

Zeuzera : (n) [mod. L.] پتنگوں کی ایک جنس ۔

Zeuzeridae : [mod. L.] ایک قسم کے پتنگوں کا خاندان ۔

Zho/Zobo/Zobu : (n) شمالی ہندوستان کا ایک قسم کا دوغلا مویشی؛ ژو ۔

Zhomo : (n) دوغلی گائے؛ ژومو؛ مخلوط نسل کی گائے ۔

Ziamet : (n) [Turk 'Ziamat'.] ایک قسم کی جاگیر جو ترکی فوجیوں کو دی جاتی تھی ۔

Ziarat : (n) [Arabic] (۱) زیارت؛ کسی متبرک یا مقدس مقام کا دیدار ۔ (۲) کسی بزرگ کے مزار یا مقبرے پر حاضری ۔

Zibeline : (n) (۱) سمور ۔ (۲) سمور کا پشم ۔ (۳) نرم اون جیسی پوشاک بنانےکی کوئی روئیں دارچیز ۔

Zibet/ Zibeth : (n) [It. 'Zibetto'.] زباد ہندی؛ ایشیائی یا ہندوستانی مشک بلاؤ ۔

Ziczac/Siksak/Sagsag/Sicsac/Zikzak : (n) مصر میں پایاجانے والا پلور یا پلاور (یہ ایک قسم کا پرندہ ہے جو جھنڈ میں رہتا ہے، اس کی ٹانگیں لمبی لمبی ہوتی ہیں) ۔

Zieger/Ziger : (n) [G.] پنیر ۔

Zif/Ziw : (n) [Heb 'ziw'.] قدیم عبرانی جنتری کا دوسرا مہینہ ۔

Zig : (n) (۱) ٹیڑھاپن؛ کجی ۔ (۲) سمت کی فوری تبدیلی ۔

Zig : (v) ٹیڑھے میڑھے راستے کے ایک حصہ کو طے کرنا ۔

Zigadenus : (n) [med. L.] بوٹیوں کی ایک قسم ۔

Zigan : (n) Tziganc کا متبادل ۔

Ziggurat/Zikurat/Zikkurat : (n) [Assyr-Bab. 'ziqqurratu'.] بیبیلون کے ایک قدیم معبد کا مینار ۔

Zigzag : (a) [Fr. prob. fr. 'Gzickzack'.] ٹیڑھا میڑھا؛ پُرپیچ و خم؛ پیچ وخم کھاتا ہوا ۔

Zigzag : (n) ٹیڑھی میڑھی؛ پُرپیچ و خم لکیر، سڑک یا خندق ۔

Zigzag : (adv.) پیچ و خم کے ساتھ ؛ پیچ و خم کھاتے ہوئے ۔

Zigzag : (v) ٹیڑھا میڑھا چلنا؛ پیچ و خم کے ساتھ حرکت کرنا ۔

Zigzag clover : (n) یورپ کی ایک قسم کی گھاس جس میں سرخ پھول ہوتے ہیں ۔

Zillah : (n) [Arab.] ضلع ؛ پردیش کا ایک حصہ جو کلکٹر یا ڈپٹی کمشنر کے ماتحت ہوتا ہے ۔

Zilladar : (n) ضلع دار؛ کلکٹر ۔

Zimarra/Simar : (n) [It.] پادریوں کا سیاہ رنگ کا لمبا کرتا ۔

Zimb : (n) [Amharic. 'Zemb'.] ابی سینیا کی ایک قسم کی مکھی؛ ذبابہ؛ ذباب؛ سی سی مکھی ۔

Zinc : (n) [G. 'Zink'.] جست؛ تانبے اور جرمن سلور کا مرکب جو چھتوں کے بنانے اور لوھے کے تختوں پر چڑھانے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے اور بجلی کی بیٹری اور بلاکوں کے چھاپنے میں بھی کام آتا ہے ۔

Flowers of zinc oxide : جست کا سفوف جس کا سفید روغن بنایا جاتا ہے اور جو مرہم اور عمارتوں کے مسالے میں بھی کام آتا ہے ۔

Granulated Zinc : دانہ دار جست ۔

Zinc/Zinck/Zink : (v) جست کی قلعی کرنا ۔

Zinc blende : (n) (کیمیا) امتزاج جست ۔

Zinc bloom : (n) (کیمیا) جست کا آبدار کاربونیٹ ۔

Zinc clipping : (n) (کیمیا) جستی کترن ۔

Zinc-colic : (n) (طب) جستی قولنج ۔

Zinc-copper couple : (n) (برقیات) تامجستی جفتہ ۔

Zinc dust : (n) (کیمیا) برادۂ جست ۔

Zinc grey : (a) (کیمیا) زنک گرے؛ تیل میں پیس کر جست کا برادہ نکالا ہوا جو لوھے کے لئے بطور انسدادی رنگ استعمال کیا جاتا ہے ۔

Zinc lotion : (n) جستی پانی؛ زنک لوشن ۔

Zinc ointment : (n) جستی مرہم ۔

Zinc phosphide : (n) ایک گہرے بھورے رنگ کے سفوف کا مرکب ۔

Zinc powder : (n) دیکھو Zinc Dust

Zinc spinel : (n) دیکھو Gahnite

Zinc stearate : (n) ایک حل ناپذیر نمک جس کا سفوف مرہم، غازہ، رنگ سازی اور ربر کو جوڑنے میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

Zincography : (n) جست کاری؛ جستی بلاک سازی؛ جست کی تختی پر نقش و نگار بنانا ۔

Zincoid : (a) جست نما؛ جست سے مشابہ ۔

Zincolysis : (n) برق پاشی ۔

Zincolyte : (a) برق پاش؛ برق پاشیدہ ۔

Zincopolar : (a) مثبت برقیرہ کا قطبر میلان رکھنے والا ۔

Zincotype : (n) دیکھو Zincograph

Zincous : (a) (۱) (کیمیا) جستی؛ جست کا ۔ (۲) (برقیات) مثبت برقیری ۔

Zincy : (a) جستی؛ جست کا ۔

Zindiq : (n) [Arab. 'Zindiq'.] (۱) کتاب ژند کا معتقد ۔ (۲) بے دین؛ کافر؛ زندیق ۔

Zineb : (n) ایک قسم کا زرعی کرم کش ۔

Zinfandel : (n) کیلیفورنیا کی ایک سفید یا سرخ رنگ کی شراب ۔

Zing : (n) (۱) تیز بھنبھناہٹ کی آواز (جیسا کہ بندوق کی گولی کے چلنے میں ہوتی ہے) ۔ (۲) جوش؛ ولولہ ۔ (۳) تیزی کے ساتھ حرکت؛ تیز آواز کے ساتھ حرکت ۔ (٤) قوت؛ طاقت ۔

Zing : (v) بھنبھناہٹ کی آواز دینا؛ بھنبھناہٹ کی آواز کے ساتھ حرکت کرنا یا چلنا ۔

Zingana/Zingano : (n) (۱) خانہ بدوش عورت ۔ (۲) ایک قسم کی دھاری دار خوبصورت لکڑی ۔ (۳) خانہ بدوش مرد ۔

Zingara : (n) خانہ بدوش عورت ۔

Zingaro : (n) چبشی قوم؛ ایک خانہ بدوش مرد ۔

Zingel : (n) [G.] ایک چھوٹی خاکستری سبزدریائی مچھلی ۔

Zingerone : (n) ایک قسم کا تیز قلمی کیٹون ۔

Zingiber : (n) [mod. L.] زنجبیل؛ ادرک؛ سونٹھ ۔

Zingiberaceae : (a) [mod. L.] ادرکیہ ۔

Zinc sulfate/-sulphate : (n) جست اور گندھک کے تیزاب کا نمک (کیمیا) سفید توتیا؛ ہیرا کسیس ($Zn.SO_4$) ۔

Zinc sulfide : (n) زنک سلفائیڈ؛ جست کا ایک مرکب جو رنگ سازی میں کام آتا ہے ۔

Zinc white : (n) جست کا آکسائیڈ جو سفیدرنگ بنانے میں کام آتا ہے ۔

Zinc yellow : (n) ایک سبزی مائل زرد رنگ ۔

Zincalo : (n) ہسپانیہ کے خانہ بدوش ۔

Zincate : (n) جست اور کسی دوسری دھات کے آکسائیڈوں کا مرکب ۔

Zincic : (a) (کیمیا) جست کا ۔

Zinciferous : (a) (کیمیا) جست زا؛ جست دار؛ جست پیدا کرنے والا؛ جس سے جست نکلتا ہے ۔

Zincification : (n) (طب) جستاؤ؛ جست کی قلعی کرنا یا کیا جانا؛ جست ملانا یا ملایا جانا ۔

Zincify : (v) جست کی قلعی کرنا؛ جست ملانا ۔

Zincite : (n) جست کا سرخ آکسائیڈ ۔

Zincky : (a) جستی؛ جست کا ۔

Zinco : (n) (۱) جست اور دوسرے اجزاء کے کیمیاوی مرکبات ۔ (۲) دیکھو Zincograph ۔

Zincode : (n) (۱) کیمیاوی برقی خانے کا مثبت سرا ۔ (۲) برق مثبیرہ؛ مثبت برقیرہ ۔

Zincograph : (n) (۱) (طباعت) جستی نقش؛ جستی تصویر؛ جست کاری کی تصویر ۔ (۲) جستی بلاک یا جست کی تختی جس پر نقوش ابھارے جاتے ہیں تاکہ ان سے پھر کاغذ چھاپے جاسکیں ۔

Zincograph : (v) جست کاری کرنا؛ جست پر نقش و نگار بنانا؛ جست کاری سے چھاپنا؛ جست کی تختی سے چھاپنا (تصویر) ۔

Zincographer : (n) جست کار؛ جستی بلاک ساز؛ جست کی تختی پر نقش و نگار بنانے والا ۔

Zincographic : (a) جست کاری کا؛ جست کاری کی تصویر کا ۔

Zingiberaceous : (a) زنجبیلی؛ ادرکی ۔

Zingiberene : (n) [fr. mod. L. 'Zingiber'.] روغن ادرک سے بنی ہوئی ایک رقیق شے ۔

Zingiberol : (n) روغن ادرک سے نکالی ہوئی ایک قسم کی خوشبودار الکحل ۔

Zinjanthropus : (n) [med. L.] زنجن تھروپس ؛ متحجر کھوپڑی جو مشرقی افریقہ میں زمین کے اندر سے برآمد ہوئی ہے جس کی بھوں بہت نیچی اور ڈاڑھیں لمبی ہوتی ہیں ۔

Zink/Zinke : (n) [G. 'Zinke'.] بوق کی قسم کا ایک باجا جو پچھلے زمانے میں یورپ میں عام تھا؛ کورنٹ ۔

Zinked : (a) جست کی قلعی کیا ہوا ۔

Zinkenite : (n) [fr. J. K. L. Zinken, minerologist.] راشمد اور سیسے کا آبنی بھورا سلفائڈ ۔

Zinkiferous : (a) دیکھو Zinciferous

Zinky : (a) جست کا یا جست سے متعلق ۔

Zinn : (n) منطقچۂ زین؛ حلقیزۂ زین ۔

Zinnia : (a) [mod. L.] (گل) آبار؛ زینیا؛ ایک قسم کا مرکب پودا جس میں کرن دار گہرے سرخ اور دوسرے رنگوں کےخوبصورت پھول ہوتے ہیں ۔

Zinnwaldite : (n)[fr. Zinnwald, Bohemid] ۔ ایک قسم کی ابرق

Zion : (n) [fr. Zion height in the northeastern part of Jerusalum.] (۱) صیہون : قدیم بیت المقدس ۔ (۲) کوہ صیہون؛ قدیم بیت المقدس کی ایک مقدس پہاڑی ۔ (۳) یہودیوں کی مذہبی ریاست؛ مذہبی حکومت ۔ (٤) مسیحی کلیسا ۔ (٥) آسمانی حکومت؛ حکومت الٰہی؛ عالم بالا؛ بہشت ۔

Zioncheck : (n) تاش کا ایک کھیل ۔

Zionism : (n) یہودی قوم کو فلسطین میں دوبارہ بسانے کی ایک تحریک؛ فلسطین میں یہود کی نوآبادی قائم کرنے کی حمایت؛ صیہونیت ۔

Zionist : (a) (۱) یہودیوں کی نوآباد کاری کی تحریک کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) یہودیوں کی نوآباد کاری کی تحریک کی حمایت یا اسکی اشاعت کرنے والا ۔

Zionist : (n) صیہونیت کا حامی یا طرفدار؛ صیہونی ۔

Zionite : (n) (۱) صیہونی نوآبادی کا ایک شہری ۔ (۲) خدا کے برگزیدہ بندوں میں سے کوئی ایک ۔ (۳) صیہونیت کاطرفدار شخص ۔ (٤) صیہونی شہر کے بانی جان الکزنڈر ڈاوی کاایک پیرو ۔

Zionward(s) : (adv.) (مجازاً) آسمان کی طرف ۔

Zip : (n) (۱) زپ؛ زناٹا؛ ایسی آواز جیسی بندوق کی گولی کے ہوا میں گزرنے سے پیدا ہوتی ہے ۔ (۲) جھر؛ جھراٹا؛ ایسی آواز جیسی کپڑے کے لپیٹنے سے پیدا ہوتی ہے ۔ (۳) (مجازاً) چستی؛ مستعدی ۔ (٤) دھات کی بنی ہوئی ایک قسم کی زنجیر جس سے کھلی ہوئی جگہ کو فوراً بند کر دیتے ہیں ۔ (٥) چھوٹے دیوتاؤں میں سے کوئی ایک ۔

Zip : (v) (۱) زپ سے بند کرنا ۔(۲) لباس پہن کر لباس کو زپ سے بند کر لینا ۔ (۳) زپ جیسی آواز نکالنا ۔

Zip-fastner/Zipper : (n) زپر؛ ایک طرح کا شکنجہ جو چیزوں کو جوڑنے اور کسنے کے کام آتا ہے ۔

Zip fuel : (n) جیٹ یا راکٹ کا ایندھن ۔

Zip gun : (n) خانہ ساز بندوق؛ گھر میں بنائی ہوئی کھلونا نما بندوق ۔

Ziphiid : (a) [med. L.] دندان دار وہیل کا یا اس سےمتعلق ۔

Ziphiidae : (n) [mod. L.] دندان دار وہیل کا ایک خاندان ۔

Ziphioid/Ziphiiform : (a) [med. L.] دیکھو Ziphiid

Ziphius : (n) [med. L.] حوت سیفی؛ شمشیری وہیل ۔

Zippeite : (n) [fr. Franz X.M. Zippe, mineralogist.] ایک قسم کی دھات؛ یورینیم سلفیٹ ۔

Ziram : (n) جست کا نمک ۔

Zircon : (n) [G. 'Zircon, Zirkon'.] سنگ زرکون؛حجرزرکون؛ ایک معدنی شے جس کی بعض اقسام کو تراش کر قیمتی پتھر بنائے جاتے ہیں ۔

Zirconate : (n) زرکونی تیزاب کا ایک نمک ۔

Zirconia (n) ایک سفید مٹی زرکونیم ڈائی آکسائڈ ($Zr O_2$) ۔

Zirconian/Zirconic : (a) زرکون کا یا اس سے متعلق؛ زرکونی؛ زرکون دار ۔

Zirconiferous : (a) زرکون زا؛ جو زرکون رکھتا ہو؛ جس سے زرکون نکلے ۔

Zircon(i)o- : (n)/Zirco- سابقہ بمعنی زرکونی مرکب ۔

Zircon(i)ofluoride/Zirconite : (n) زرکون کی ایک قسم جو بھورے رنگ کی یا زردی مائل ہوتی ہے ۔

Zirconium : (n) [mod. L.] زرکون یا زرکون؛ ایک دھات جو سنگ زرکون سے نکلتی ہے ۔

Zirconium hydride : (n) بھورے یا سیاہ رنگ کا بھربھرا سفوف ($Zr H_2$) ۔

Zirconium oxide/-dioxide : (n) ایک بلوری مرکب($Zr O_2$) ۔

Zirconium silicate : (n) ایک غیر حل پذیر نمک ($Zr SiO_4$) ۔

Zirconyl : (n) ایک دو گرفتہ اصلیہ ($Zr O$) ۔

Ziricote : (n) [Amer. Sp.] امریکا کاایک درخت جس کی لکڑی زرد ہوتی ہے اور اس پر سیاہ دھاریاں ہوتی ہیں ۔

Zirphaea : (n) [med. L.] ایک قسم کا گھونگا ۔

Zither/Zitheru : (n) [G.] چھیتارا؛ ایک طرح کا بربط یا ستار جو چپٹا ہوتا ہے اور میز پر رکھ کر بجایا جاتا ہے؛ سنطور ۔

Zitherist : (n) چھیتارا بجانے والا ۔

Zizania : (n) [med. L.] ایک قسم کی لمبی گھاس ۔

Zizel : (n) گلہری ۔

Zizia : (n) [mod. L] ایک قسم کی بوٹی جو امریکا میں ہوتی ہے ۔

Ziziphus : (n) [mod. L.] ایک قسم کی امریکی جھاڑی ۔

Zizith/Zizit : (n) [Heb. 'Sisith'.] پھندنے دار لباس جو یہودی احکام الٰہی کی یاد زندہ رکھنے کے خیال سے پہنتے ہیں ۔

Zizypha : (n) عناب ۔

Zizyphus : (n) جنس عناب؛ عناب کا پودا؛ زیزفون ۔

Zizyphus jujuba : (n) بیر ۔

Zizyphus Lotus : (n) نَبق؛ نِبق؛ سدرہ (شجر) ۔

Zizyphus Rotandifolia : (n) (نباتیات) ملا ۔

Zizyphus sativa/-vulgaris : (n) عناب؛ سنجلی ۔

Zloty : (n) [Pol]. زلوٹی ؛ پولینڈ (Poland) کا ایک سکہ (جس کی قیمت دس پینس یا پانچ روپے کے قریب ہوتی ہے) ۔

Zo-/Zoo - : [Gr.] سابقہ بمعنی "حیوانات" ۔

Zoa : لاحقہ بمعنی "حیوانات" ۔

Zoaea : Zoea کا متبادل ۔

Zoantharia : (n) [mod. L.] نوع آبی کثیرپا؛ گل نما مونگے ۔

Zoantharian : (a) گل نما مونگوں کا یا ان سے متعلق ۔

Zoanthella : (n) زہری محوریں ۔

Zoanthid : (n) [mod. L.] گل نما مونگا ۔

Zoanthidea : (n) [mod. L.] گل نما مونگے ۔

Zoanthidean : (a) گل نما مونگوں کا یا ان سے متعلق ۔

Zoanthodeme : (n) آبی کثیرپا کی مرکب ساخت ۔

Zoanthoid : (n) گل نما مونگوں کےخاندان کایا اس کے مانند۔

Zoanthropic : (a) حیوان خولیا کا یا اس سے متعلق ۔

Zoanthropy : (n) (طب) اختباط حیوانیت ؛ حیوان خولیا ۔

Zoanthus :(n) [mod. L.] آبی کثیرپا کی ایک بڑی جنس: حیّ گل ۔

Zoar : (n) دارالامان؛ وہ مقدس مقام جہاں پناہ لینے کےبعد کوئی مجرم گرفتار نہیں ہو سکتا؛ بست ۔

Zoarcidea : (n) [mod. L.] مارماہی؛ بام مچھلی؛ ایک قسم کی مچھلی جو سانپ کی سی ہوتی ہے ۔

Zoarial : (a) [med. L.] (۱) ہوینیہ کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) غنحہء حیوانیہ کا یا ان سے متعلق ۔

Zoarite : (n) اوہائیو (Ohio) کے چرمنوں کی ایک فرقہ وار جماعت ۔

Zoarium/Zooarium : (n) [mod. L.] آبی کثیرپا کی اجتماعی شکل ۔

Zobo : (n) دوغلا بیل؛ زوبو ۔

Zocalo : (n) [Mex.Sp.] میکسیکو شہرکی ایک عام سیرگاہ ۔

Zocco : (n) [It.] آرائشی ظروف، مجسمہ وغیرہ رکھنے کی پتھر کی چوکی یا پایہ ۔

Zodiac : (n) [ME fr Fr. ' Zodiaque'.] (۱) منطقة البروج؛ راس منڈل؛ راس چکر ۔ (۲) (شاذ) پورا دور ؛ پورا چکر ۔

Signs of the Zodiac : منطقة البروج کی صورتیں؛ بروج؛ راس ۔

Zodiacal : (a) منطقة البروج کا؛ بروجی؛ راس چکر کا ۔

Zodiacal belt : (n) منطقة البروج ۔

Zodiacal light : (n) ضوء البروج؛ نور برجی؛ ضو؛ منطقة البروج؛ آسمان کا ایک روشن حصہ ایک اونچے مثلث کی شکل میں جو کبھی کبھی مشرق کی سمت میں سورج کے طلوع سے پہلے یا مغرب میں سورج کے غروب کے بعد (خصوصاً گرم ملکوں میں) نظر آتا ہے ۔

Zodiophilous : (a) (نفسیات) شکل حیوانی پسند ۔

Zoea/Zoaea : (n) [Gr. 'zoe'.] دہ پایہ خول دار سمندری جانور یا کیکڑے کی ایک ارتقائی شکل؛ حیاتہ؛ زویا ۔

Zoeaform : (a) (حیوانیات) زویا شکل ۔

Zoeal : (a) زویا کا، اس سے متعلق یا اس شکل کا ۔

Zoechrome : (n) (سنیما) چرخ حیات ۔

Zoecial : Zooecial کا متبادل ۔

Zoecium : Zooecium کا متبادل ۔

Zoetic : (a) حیوی؛ حیاتی ۔

Zoetrope : (n) (۱) (سنیما) چرخ حیات؛ گردش نما ۔ (۲) دیکھو Wheel یا Wheel of life ۔

Zogo : (n) [Papuan] ایک مقدس یا پاک شے ۔

Zohar : (n) کتاب ازہر؛ یہودیوں کی ایک پوشیدہ مذہبی کتاب (جو غالبا چودھویں صدی میں لکھی گئی تھی اور جس کو باطینوں کی انجیل کہا جاتا ہے) ۔

Zoiatria : (n) بیطاری جراحی ۔

Zoiatrice : (n) بیطاری جراحی ۔

Zoic : (a) [Gr. 'Zoikus'.] (۱) (حیوانیات) حیوانی؛ حوینی؛ جانوروں کا؛ جانوروں سے متعلق ۔ (۲) (ارضیات) حوین نشانی؛ حیوانی فوسل دار؛ (طبقہ یا چٹان) جس میں حیوانی یا نباتی زندگی کے متحجر باقیات یا نشانات ملتے ہیں؛ متحجری ۔

Zoid : (n) (حیوانیات) حیوان نما؛ حیّی بذرہ؛ حوین ۔

Zoidiophilous : (n) (نباتیات) حوین زیرگہ ۔

Zoidiophore : (a) (حیوانیات) حوین بردار ۔

Zoidogamous : (a) (حیوانیات) حوین زوجی ۔

Zoidogamy : (n) (حیوانیات) حوین زوجیت ۔

Zoili : (n) Zolius کی جمع ۔

Zoilism : (n) (۱) انتقاد معاندانہ؛ زوئیلیت ۔ (۲) زوئی لس کی طرح شدید و متعصبانہ تنقید ۔

Zoilist : (n) زوئی لس جیسا شدید و متعصب تنقید نگار ۔

Zoilus : (n) [4th century Greek rhetoritician and critic.] ہومر کے ایک شدید تنقید نگار کا نام ؛ (مجازاً) سخت، متعصب اور حاسد تنقید نگار ۔

Zoisia : (n) [med . L.] ایک قسم کی گھاس ۔

Zoisite : (n) ایک قسم کی دھات ۔

Zoism : (n) (فلسفہ) روح حیاتیت ۔

Zoist : (n) (فلسفہ) معتقد روح حیاتیت ۔

Zokor : (n) [native name in Alta mountain] کوہ التائی کاکترنے والا جانورجو چھچھوندر جیسامعلوم ہوتا ہے ۔

Zolaesque : (a) [from Emile Zole] (۱) عریاں نگاری کا ۔ (۲) زولا کے طرز کا ۔

Zolaism : (n) عریاں نگاری؛ وہ حقیقت نگاری جس میں گندے واقعات صاف صاف لکھ دیئے جائیں (فرانس کے مشہور ناول نگار زولا کی نسبت سے) ۔

Zolaist : (n) عریاں نگار ۔

Zolaistic : (a) عریاں (عبارت یا طرز تحریر) ۔

Zollernia : (n) [med. L.] برازیل کا ایک درخت جس سے تختے نکالے جاتے ہیں ۔

Zollner illusion : (n) [after Johann K.F. Zollner, physicist] نظر کا فریب جو خطوط زولنر سے پیدا ہوتا ہے ۔

Zollner's lines : (n) زولنر کے نظر فریب متوازی خطوط ۔

Zollverein : (n) [G.] اتحاد محاصل؛ چنگی ایکا؛ محصول اتحاد؛ محصولی رابطہ؛ ایسے ممالک یا حکومتوں کا اتحاد جو غیر قوموں سے مال پر یکساں شرح پر محصول لیتی ہیں اور عموماً ایک دوسرے کے مال پر درآمد کا محصول نہیں لیتیں ۔

Zolotnik : (n) [Russ.] روس کا ایک باٹ جو ٤,٢٦٦ گرام کے برابر ہوتا ہے ۔

Zombi/Zombie : (n) [of West Afr. origin] (۱) مغربی افریقہ، ہائٹی اور جنوبی امریکا کے وودو (Woodoo) مذہب کے عقید تمندوں کی سانپ کی دیوی ۔ (۲) فوق الفطرت طاقت جو مردوں کو زندہ کر سکتی ہے ۔ (۳) مردہ جو زندہ کر دیا گیا ہو ۔ (٤) وہ شخص جو ایک زندہ کی ہوئی لاش کی طرح معلوم ہوتا ہو ۔ (٥) ایک قسم کی شراب جو کئی طرح کی شرابوں کو ملا کر بنائی گئی ہو ۔

Zombiism : (n) زومبی مذہب کے عقائد ۔

Zomotherapy : (n) (طب) عرق اللحمی علاج ۔

Zona : (n) [L.] (۱) (طب) نملہ، منطقوی؛ منطقہ ۔ (۲) (حیوانیات) حلقہ؛ منطقہ ۔

Zona Arcuata : (n) (حیوانیات) منطقہ، کمانیہ ۔

Zona Fasciculata : (n) (حیوانیات) منطقہ، حزمیہ ۔

Zona Glomerulosa : (n) (حیوانیات) منطقہ، قنبلیہ ۔

Zona pectinate : (n) (حیوانیات) منطقہ، شانیہ ۔

Zona pellucida : (n) (حیوانیات) منطقہ، شفافیہ ۔

Zona Radiata : (n) (حیوانیات) منطقہ، کرنیہ؛ منطقہ شعاعیہ ۔

Zona Reticulata : (n) (حیوانیات) منطقہ، شبکیہ ۔

Zonal : (a) (۱) (حیوانیات) منطقوی ۔ (۲) منطقہ سے متعلق؛ منطقوں کا؛ منطقوں میں تقسیم کیا ہوا ۔

Zonal distribution : (n) (حیوانیات) منطقوی تقسیم ۔

Zonal Index : (n) (ارضیات) منطقوی نمائندہ ۔

Zonal symmetry : (n) منطقوی تشاکل ۔

Zonal view : (n) (حیوانیات) منطقوی منظر؛ رخ منظر ۔

Zonality : (n) (حیوانیات) منطقویت ۔

Zonally : (adv.) منطقوں میں؛ خطوں میں ؛ منطقے یا خطے کے لحاظ سے ۔

Zonary : (a) (۱) (حیوانیات) منطقوی؛ حلقوی ۔ (۲) (ارضیات) پیٹی نما؛ منطقہ نما؛ پٹکے کی شکل کا؛ پٹکے کا سا ۔ (۳) منطقہ، منطقہ ۔

Zonate/Zonated : (a) [mod. L.'Zonatus'.] (۱) (نباتیات و حیوانیات) دھاری دار؛ جس میں گول دھاریاں یا پٹیاں ہوں ؛ پٹکے دار ۔ (۲) (نباتیات) منطقوی؛ حلقے دار ۔

Zonation : (n) (۱) (نباتیات، حیوانیات) منطقویت ؛ منطقہ داری ۔ (۲) منطقہ بندی ۔ (۳) منطقاتی تقسیم ۔

Zone : (n) [L.] (۱) (شعر اور قدیم زبان) پٹکا (جو کمر میں لپیٹتے ہیں)؛ پٹی؛ کمربند ۔ (۲) ایک چیز میں

کسی دوسری چیز کی (گول) پٹی ؛ دھاری ۔ (۳) (جغرافیہ) منطقہ؛ کرہ ٔ ارض کے وہ پانچ حصے جو خط استوا کے متوازی خطوط کے درمیان واقع ہیں ۔ (٤) خطہ (زمین کا) ۔ (٥) (تشریح) حلقہ ۔ (٦) (نباتیات) دھاری ؛ چکر ۔ (٧) (ہندسہ) منطقہ ۔

Fresnel zones : منطقات فرسنل ۔

Frigid zones : منطقہ ہائے بارده ۔

Loose the maiden zone of : مہر بکارت توڑنا؛ ازالہ ٔ بکارت کرنا ۔

Maiden zone/Virgin - : کمربند بکارت؛ دوشیزگی کی علامت؛ مہر بکارت ۔

North Frigid zone : منطقہ ٔ بارده شمالی ۔

North Temperate zone : منطقہ ٔ معتدلہ شمالی ۔

South Frigid Zone : منطقہ ٔ بارده جنوبی ۔

South Temperate zone : منطقہ ٔ معتدلہ جنوبی ۔

Torrid zone : منطقہ ٔ حارہ ۔

Zone axis : (n) منطقی محور ۔

Zone crystal : (n) منطقی بلور ۔

Zone of interior : (n) میدان جنگ کا وہ حصہ جس کو میدان جنگ میں شامل نہ کیاجائے ۔

Zone of sphere : (n) منطقہ ٔ کرہ ۔

Zone plate : (n) ایک قسم کا شیشہ جس کے ذریعے شعاعوں کو انعکاس کے بعد ایک نقطے پر لاکرجمع کیا جاتا ہے؛ منطقاتی لوح؛ زون پلیٹ ۔

Zone system : (n) ریل کے ذریعے آمدو رفت کے لئے مختلف حلقوں میں ملک کی تقسیم ۔

Zone tariff : (n) محصول جو مسافر ریلوے کے بنے ہوئے حلقوں کے لحاظ سے مسافت طے کرنے کا ادا کرتے ہیں؛ منطقاتی محصول ۔

Zone Television : (n) منطقاتی دورنمائی ۔

Zone time : (n) مقامی وقت؛ منطقی وقت؛ معیاری وقت ۔

Zoned : (a) منطقہ دار ۔

Zones : (n) منطقات ۔

Zones of audibility : (n) منطقات سموعیت ۔

Zones of colour : (n) منطقات لون ۔

Zoniferous : (a) حلقہ دار؛ خطہ دار ۔

Zoning : (n) (۱) حلقہ بندی ۔ (۲) (معدنیات) منطقہ بندی ۔

Zonite : (n) (۱) زونائٹز جنس کا ایک گھونگا ۔ (۲) جانور کے جسمی حلقوں میں سے کوئی ایک ۔

Zonitidae : (n) [med. L.] خشکی پر رہنےوالےچھوٹےگھونگوں کا ایک خاندان ۔

Zonitoides : (n) خشکی پر رہنے والے عموماً کھربا رنگ کے چھوٹے گھونگوں کی ایک جنس ۔

Zono : (prefix) چند سائنسی اور تکنیکی الفاظ کا جزو ترکیبی ۔

Zonociliate : (a) (حیوانیات) ہدبی منطقہ دار ۔

Zonoid : (a) (حیوانیات) منطقہ نما ۔

Zonolimnetic : (a) گہرائی میں ایک مخصوص حلقے کا یا اس سے متعلق ۔

Zonoplacental : (a) منطقہ مشیمی ۔

Zonotrichia : (n) [mod. L.] (۱) امریکا کی بڑی گوریوں کی ایک جنس؛ جنس سہرہ امریکی ۔ (۲) حلقہ مویاں ۔

Zonta : (n) [Sioux 'zon-ta'.] عورتوں کا ایک کلب؛ ایک زنانہ انجمن ۔

Zonula : (n) [L.] (تشریح، حیوانیات) حلقیزہ؛ چھوٹا حلقہ ۔

Zonula ciliaris : (n) (حیوانیات) ہدبی حلقیزہ؛ حلقیزہ ٔ مژگان ۔

Zonular : (a) پیٹی یا پٹکے کا؛ پیٹی یا پٹکے کا سا ۔

Zonule/Zonulet : (n) [L.] (۱) چھوٹا حلقہ؛ پیٹی؛ پٹکا یا کمربند؛ منطقچہ؛ حلقیزہ ۔ (۲) حلقیزہ° زن؛ حلقیزہ° عشاء چشم ۔

Zonule of zinn : (n) عدسہ چشم کا رباط تعلیقی ۔

Zonure : (n) [mod. L. 'Zanurus'.] فلسی حلقے کی دُم والا گرگٹ ۔

Zonurus : (n) [mod. L.] باغِ حیوانات؛ چڑیا خانہ؛ چڑیا گھر؛ جانورخانہ ۔

Zoo : (n) (۱) جانورخانہ؛ چڑیا گھر؛ چڑیا خانہ (خصوصاً لندن کا) ۔ (۲) (عامیانہ) وہ جگہ جہاں لوگ بے ترتیب وار جمع ہوگئے ہوں ۔

Zoo : (comb) (۱) یونانی لفظ Zoon سےمشتق جزو ترکیبی بمعنی "حیوان" "حیوان کا" " حیوانی زندگی کا" ۔ (۲) بہت سے سائنسی اور تکنیکی الفاظ کا جزو مرکب ۔

Zooecology : (n) علم معیشت حیوانات کی ایک شاخ ۔

Zooamylon : (n) حیوانی نشاستہ ۔

Zoobenthos : (n) [mod. L.] سمندر کی تہ میں رہنے والے حیوانات کی زندگی ۔

Zoobiotic : (a) حیوان حیاتی؛ حیوانی ۔

Zooblast : (n) حیوان نہوض ۔

Zoocarp : (n) حیوان ثمر ۔

Zoocaulon : (n) حیوانی شجریہ ۔

Zoocecidium : (n) پودوں کی ایک بیماری ۔

Zoochemical : (a) حیوان کیمیائی ۔

Zoochemistry : (n) کیمیائے حیوانی؛ حیوانی کیمیا، جس میں اجسام حیوانی کے کیمیاوی اجزاء کا مطالعہ کیاجاتا ہے ۔

Zoochlorella : (n) [mod. L.] ایک قسم کی سبز رنگ کی سمندری کائی ۔

Zoochore : (n) (۱) (نباتیات) حیوانی نشر ۔ (۲) نبات حیوانی؛ نشر ۔

Zoochoric : (a) حیوان نشری؛ حیوان انتشاری ۔

Zoochorous : (adv.) : حیوان نشر کردہ؛ حیوان انتشاری ۔

Zoochory : (n) حیوانی نشر ۔

Zoocultural : (a) حیوانات پروری کا یا اس سے متعلق ۔

Zooculture : (n) حیوانات پروری ۔

Zoocyst : (n) حیوانی انبان ۔

Zoodendrium : (n) حیوان شجریہ ۔

Zoodynamics : (n) حیوان حرکیات؛ حیوانی عضویات ۔

Zooea : (n) حیاتہ؛ زُویا ۔

Zooecial : (a) حیوان کوتی ۔

Zooecium : (n) [Gr.] حیوان کوت؛ حیوان خانہ ۔

Zooful : (n) چڑیا خانے کو بھرنے کے لئے معقول تعداد ۔

Zoogamete : (n) حیوان گمتہ؛ حرکیہ؛ زواجہ ۔

Zoogamy : (n) حیوان زواجی؛ توالد وتناسلِ حیوانی ۔

Zoogenesis : (n) حیوانی تولید ۔

Zoogenic : (a) (۱) حیوانی تولید سے متعلق ۔ (۲) عقیدہ° تولید کا ۔

Zoogeny : (n) (۱) حیوانی تولید ۔(۲) عقیدہ° تولید ۔

Zoogeographer : (a) حیوانی جغرافیہ داں ؛ جغرافیہ° حیوانات نگار ؛ ماہر جغرافیہ° حیوانی ۔

Zoogeographical : (a) جغرافیہ حیوانی کا؛ حیوانی جغرافیہ سے متعلق ۔

Zoogeographically : (adv.) حیوانی جغرافیہ کی رو سے ۔

Zoogeography : (n) حیوانی جغرافیہ؛ جغرافیہ° حیوانات (جس میں یہ بتایا جاتا ہے کہ کون کون سے جانور کہاں کہاں رہتے ہیں) ۔

Zoogeological : (a) حیوانی ارضیات سےمتعلق؛ ارضیات کی اس شاخ سے متعلق جس کا علاقہ حیوانی فوسل ہے ۔

Zoogeologist : (n) حیوانی ارضیات کا عالم ۔

Zoogeology : (n) حیوانی ارضیات ۔

Zoogloea : (n) [mod. L.] حیوانی صمغہ: حیوانی سریش ۔

Zoogloeic : (a) حیوانی صمغہ یاحیوانی سریش سےمتعلق ۔

Zoogonangia : (n) حیوان زواجہ دان ۔

Zoogonid/Zoogonidium : (n)[mod. L.] (۱)(نباتیات)حیّ بذرہ ۔ (۲) (حیوانیات) حیوان مولدہ ۔

Zoogonidangium : (n) (نباتیات) حی بذرہ دان ۔

Zoogonous : (n) حیوان زا؛ بچّہ زا ۔

Zoogony : (n) (۱) عقیدۂ تولید ۔ (۲) دیکھو Zoogeny ۔

Zoograft : (n) (جراحی) حیوانی پیوندکاری؛ جانور کےجسم کے کسی ٹکڑے کا پیوند انسان کے جسم میں لگانا ۔

Zoographer : (a) حیوانات نگار؛حیوانات داں؛ماہرحیوانیات بیانی ۔

Zoographic(al) : (a) حیوانیات بیان کا؛ حیوانات نگاری یا حیوانات نامہ سے متعلق ۔

Zoographist : (n) ماہر حیوانیات بیانی ۔

Zoography : (n) حیوانات نگاری ؛ حیوانات نامہ؛ حیوانیات بیانی ۔

Zoogyroscope : (n) ایک آلہ جس کے ذریعہ حیوانات کی متحرک سلسلہ وارتصویریں پردے پر دکھائی جاتی ہیں ۔

Zooid : (a) حیوان نما؛ نا مکمل حیوانی نوعیت رکھنے والا ؛ حیوان سا ۔

Zooidal/Zooidiogamous : (a) متحرک خلیہ کا یا اس سے متعلق ۔

Zookers : (int) حرف فجائیہ جس سےقسم یا تعجب کا اظہار کیا جاتا ہے ۔

Zooks : (int) دیکھو Zookers

Zoolatry : (n) [mod. L. 'zoolatria'.] (دینیات) حیوانات پرستی؛ وہ مذہب جس میں حیوانوں کی پرستش ہوتی ہے ۔

Zoolite/Zoolith : (n) متحجر حیوان؛ سنگوارہ؛ جسم حیوانی کا کوئی حصہ ۔

Zoologer : (n) (۱) ماہر علم حیوانات؛ حیوانیات داں ۔ (۲) دیکھو Zoologist ۔

Zoologic/-al : (a) (۱) علم حیوانات کا ۔ (۲) حیوانیاتی ۔ (۳) حیوانی ۔

Zoological Garden : (n) باغ حیوانات؛ چڑیا گھر؛ جانورخانہ؛ چڑیاخانہ؛ خصوصاً لندن کا باغ حیوانات؛ وہ باغ عامہ جس میں حیوانات بغرض نمائش رکھے جاتے ہیں ۔

Zoological order : (n) حیوانی ترتیب ۔

Zoologically : (adv.) حیوانیات کی رو سے ۔

Zoologist : (n) ماہر علم حیوانیات؛ عالم حیوانیات: حیوانیات داں ۔

Zoologize : (v) (۱) علم حیوانات کا عملی طور پر مطالعہ کرنا ۔ (۲) حیوانیات کی رو سے حیوانوں کو جانچنا ۔

Zoology : (n) علم حیوانات؛ حیوانیات ۔

Zoom : (n) [imit.] (۱) زوم ۔(۲) شور زوم ۔ (۳) زوم کا عمل خصوصاً فلمی کیمرے کا ۔ (٤) زیڈ عدسے ۔ (٥) ایک ایسا عدسہ جس کی ماسکی فصل اور تکبیر جلدی اور تیزی سے بدلی جا سکے لیکن عکسی صورت اسی سطح پر قائم رہے ۔

Zoom : (v) (۱) فورا حرکت کرنا یا اٹھ جانا ۔ (۲) فلمی کیمرے کی طرح تیزی سے حرکت کرنا ۔ (۳) تیر کی طرح دور سے نزدیک آنا ۔(٤) (ہوا بازی کا عامیانہ) طیارے کو نہایت تیز رفتار سے قریب قریب سیدھا اوپر کو اڑانا ۔

Zoom lens : (n) (۱)زوم عدسہ ۔(۲)متحرک تصاویری کیمرے یا ٹیلیویژن کا عدسہ ۔

Zoomagnetism : (n) حیوانی مقناطیسیت؛ مقناطیسی قوت جو حیوانوں میں پائی جاتی ہے ۔

Zoomancy : (n) حیوانی تفاؤل؛ جانور جوتش جس میں جانوروں کی صورت یاحرکات سے آئندہ ہونے والے واقعات کا حکم لگایا جاتا ہے ۔

Zoome : (n) حیوانا ۔

Zoomechanical : (a) حیوانی عضویات کا یا اس سےمتعلق ۔

Zoomechanics : (n) (۱) حیوانی میکانیات ۔ (۲) دیکھو Zoodynamics ۔

Zoometer : (n) کوئی جانور جس کی آبادی میں مسلسل متوازی کمی و بیشی ہوتی رہتی ہے اس کے حوالے سے دوسرے جانوروں کی کمی و بیشی کی پیشن گوئی کی جا سکتی ہے ۔

Zoometric : (a) حیوان پیمائی کا یا اس سے متعلق ۔

Zoometry : (n) (جسم) حیوان پیمائی ۔

Zoomimic : (a) حیوانوں کے طورطریقوں کی نقل کرنےوالا (خصوصاً اوزار اور اسلحات بنانے میں) ۔

Zoomorph : (n) (۱) (حیوانیات)پیکر حیوان؛ حیوانی شکل ۔ (۲) (دیومالا) حیوان پیکر دیوتا ۔

Zoomorphic : (a) (۱) حیوانی صورتوں کا؛ حیوانی صورتوں میں ظاہر ہونے والا؛ حیوانی پیکر؛ حیوان شکلہ ۔ (۲) حیوانی صورت کے دیوتا رکھنے والی (قوم) ۔

Zoomorphism : (n) (۱) (فن) حیوان کشی ۔ (۲) (حیوانیات) قلب بہ حیوان ؛ حیوان پلٹ ؛ دیوتاؤں کا تصور حیوانی صورت میں کرنا؛ دیوتاؤں کو حیوانی صورتوں میں ظاہر کرنا ۔ (۳) (دینیات) تشبّہ حیوانی ۔

Zoomorphize : (v) (کسی دیوی یا فوق الفطرت طاقت کو) حیوانی صورت میں تصور کرنا ۔

Zoomorphosis : (n) حیوان پلٹ؛ حیوان تقلّب ۔

Zoon - : سابقہ بمعنی حیوان ۔

Zoonal : (a) (۱) زونی ۔(۲) حیوان نما؛ زون نما ۔

Zoonic : (a) حیواناتی ۔

Zoonite : (n) حیوان فصل ۔

Zoonomy : (n) [mod. L. Zoonomia] حیوانی فعلیات؛ حیوان ورزی۔

Zoonosis : (n) [mod. L.] (طب) مرض حیوانی؛ حیوان آوردہ مرض ۔

Zoonosology : (n) حیوانوں کی بیماریوں کا مطالعہ ۔

Zoonotic : (a) [mod. L. 'Zoonosis'.] حیوانوں کی بیماریوں میں؛ حیوانوں کی بیماریوں کا یا ان سے متعلق ۔

Zooparasite : (n) حیوان طفیلی ۔

Zooparasitic : (a) حیوان طفیلی کا یا اس سے متعلق ۔

Zoopathological : (a) حیوانی بیماریوں کا یا ان سےمتعلق ۔

Zoopathology/Zoopathy : (n) (بیطاری) حیوانی بیماریاں؛ حیوانی بیماریوں کا علم ۔

Zoopery : (n) حیوانی تجربہ کاری ۔

Zoophaga : (n) [mod. L.] (۱) دودھ پلانے والے جانوروں کی ایک بڑی نوع جن میں گوشت خور جانور بھی شامل ہیں ۔(۲) حیوان خوراں؛ درندے ۔

Zoophagan : (a) حیوان خور؛ درندہ ۔

Zoophagous : (a) (۱) گوشت خور؛ حیوان خور ۔ (۲) حیوان خور دودھ پلانے والے جانورں کا یا ان سے متعلق ۔

Zoophagy : (n) علم حیوان خوراں ۔

Zoopharmacological : (a) حیوانی عضویات سے متعلق دوا سازی کا یا اس سے متعلق ۔

Zoopharmacy : (n) بیطاری کا دواخانہ؛ جانوروں کے علاج کا دواخانہ ۔

Zoophile : (a) (۱) (نباتیات) حیوان جو (پودا) ۔ (۲) (نفسیات) حیوان پسند ۔ (۳) (طب) حیوان لوطی؛ بہیمی ۔

Zoophilia/Zoophilism : (n) (۱) (نفسیات) حیوان پسندی؛ حیوان دوستی ۔ (۲) (طب) بہیمیت؛ لواطة الحیوانات ۔

Zoophilic : (a) (۱) (نباتیات) حیوان جو ۔(۲) (حیوانیات) حیوانات خور (حشرات) ۔ (۳) (طب) عاشق حیوانات ۔

Zoophilist : (n) (طب) حیوان لوطی ۔

Zoophilous : (a) (۱) حیوان جو ۔(۲) (حیوانیات) حیوانات خور (حشرات) ۔(۳) (طب) عاشق حیوانات ۔

Zoophobia : (n) (نفسیات) حیوانات ترسی؛ حیوانی روحوں کا خوف ۔

Zoophobous : (a) حیوانات ترسی کا یا اس سے متعلق ۔

Zoophoric : (a) حیوانی اشکال دار ۔

Zoophorus : (n) (تعمیرات) (۱) حیوانی اشکال دار سنگ تراشی ۔ (۲) ستونوں کے اوپر کی آرائشی پٹی جس میں انسانی یا حیوانی یا دونوں کی شکلوں کی سنگ تراشی ہوتی ہے ۔

Zoophysical : (a) حیوانی طبیعیات سے متعلق ۔

Zoophysics : (n) حیوانی طبیعیات ۔

Zoophysiology : (n) عضویات حیوانی ۔

Zoophyte : (n) [mod. L.] (۱) (نباتیات) وہ نبات جو حیوانات کی صورت رکھتے ہیں ؛ حیوان نباتی ۔ (۲) (حیوانیات) وہ حیوانات جو نبات کی صورت رکھتے ہیں، مثلاً مونگا، اسفنج ۔

Zoophytic/Zoophytal : (a) حیوان نباتی کا؛ حیوان نباتی کی قسم کا ۔

Zoophytography : (n) حیوانات نباتی یا نباتی حیوانات کا بیان ۔

Zoophytological : (a) حیوانات نباتی کا ۔

Zoophytologist : (n) ماہر حیوانیات نباتی ۔

Zoophytology : (n) (۱) (نباتیات) حیوانی نباتیات ۔ (۲) (حیوانیات) نباتی حیوانیات ۔

Zooplankter : (n) حیوانِ تریا یا جل چر جیسا جانور ۔

Zooplankton : (n) حیوانِ تریایا جل چرکی حیوانی زندگی ۔

Zooplasm : (n) حیوان مایہ ۔

Zooplastic : (n) (جراحی) حیوان پیوندہ؛ حیوانی پیوند بندی، جسم کے ٹکڑے کا؛ پیوند انسان کے جسم میں لگانا ۔

Zooplasty : (n) (جراحی) حیوان پیوندی ۔

Zoopraxicope : (n) (سنیما) متحرک تصاویر پروجیکٹر یا تصویر انداز جس کی ایجاد ۱۸۸۲ء میں ہوئی تھی ۔

Zoopsia : (n) (نفسیات) التباس حیوانات؛ حیوانات بینی ۔

Zoopsychology : (n) (نفسیات) حیوانی نفسیات ۔

Zooscopic : (n) حیوانات بینی کا یا اس سے متعلق ۔

Zooscopy : (n) (نفسیات) ایک قسم کا وہم یا بذیان کی کیفیت جس میں حیوانات کی شکلیں دکھائی دیتی ہیں؛ حیوانات بینی ۔

Zoosophy : (n) حیوانات کا علم ۔

Zoos : (n) (۱) Zoo کی جمع ۔(۲) دیکھو Zoo ۔

Zoosperm : (n) (۱) (نباتیات) حی بذرہ ۔ (۲) نر زوج؛ حیوانات یا نباتات کے تخم کا نر جز ۔ (۳) دیکھو Zoospore ۔

Zoosperm : (a) حیوانات و نباتات کے تخم کےنر جز کا یا اس سے متعلق ۔

Zoospermatic : (n) حیوانات یا نباتات کے تخم کےنر جز کا ۔

Zoospermium : (n) (حیوانیات) منوی ہوین؛ کرم منی؛ حیوان تخم ۔

Zoosphere : (n) (حیوانیات) حی کرہ؛ حیوان کرہ ۔

Zoosporangium : (n) (نباتیات) حی بذرہ دان ۔

Zoospore : (n) (۱) (نباتیات) حی بذرہ ۔ (۲) (حیوانیات) حی بذرہ؛ حی تخم ۔

Zoosporic/Zoosporous : (a) (نباتیات) حی بذروی ۔

Zoosporocyst : (n) (نباتیات) حی بذرہ انبان ۔

Zoot suit : (n) مردوں کا ایک طرح کا سوٹ جو ۱۹۴۰ء میں رائج تھا (لمبی ڈھیلی ڈھالی صدری اور گاؤ دم

شکل کا پتلون)؛ ایک مخصوص قسم کا سوٹ؛ ایک خاص قسم کا لباس؛ زوٹ سوٹ ۔

Zoot suiter : (a) زوٹ سوٹ پہننے والا ۔

Zootaxy : (n) حیوانی جماعت بندی؛ منظم حیوانیات ۔

Zootechnic : (a) فن حیوان پروری کا یا اس سے متعلق ۔

Zootechnics/Zootechny : (n) (حیوانیات) حیوانی انسالیات؛ فن حیوان پروری ۔

Zoothapsis : (n) تدفین زندہ ۔

Zoothecium : (n) سانچہء حیوان؛ حیوان دان ۔

Zootheism : (n) (دینیات) الوہیت حیوانات؛ حیوانی دیوتاؤں پر اعتقاد ۔

Zootheistic : (a) الوہیت حیوانات کا یا اس سے متعلق ۔

Zootherapy : (a) حیوانی علاجیات؛ بیطاری ۔

Zoothome : (n) حیوان تودہ؛ حوین تودہ ۔

Zootocology : (n) (حیاتیات) حیوانی حیاتیات ۔

Zootomic/-al : (a) تشریح حیوانات کا یا اس سے متعلق ۔

Zootomically : (adv.) تشریح حیوانات کے طور پر؛ جراحی حیوانات کی رو سے ۔

Zootomist : (n) جراح حیوانات ۔

Zootomy : (n) تشریح حیوانات؛ جراحی حیوانات؛ تشریح بالمقابلہ ۔

Zoototemism : (n) کسی حیوان سے عقیدت مندی ؛ ان رسوم کی ادائی جو اس سے متعلق ہیں ۔

Zootoxin : (n) (طب) حیوانی ٹاکسین ؛ حیوان سم ۔

Zootrophy : (n) تغذیہء حیوانات ۔

Zooty : (a) انتہا پسند وضع قطع کا ۔

Zootype : (n) مثالی حیوان ۔

Zootypic : (a) اقسام حیوانات سے متعلق ۔

Zooxanthein : (n) حیوانی صفار ۔

Zoozygospore : (n) حی جوگ بذرہ ۔

Zoppa : (n) [It.] موسیقی کی ایک ہدایت ۔

Zophorus : (n) دیکھو Zoophorus

Zopilote : (n) [Sp. Mex. 'azopilotl'.] گدھ ؛ کرگس ۔

Zoque : (n) (۱) میکسیکو کی ایک قوم؛ زوق ۔ (۲) زوق قوم کا ایک آدمی ۔ (۳) زوق قوم کی زبان ۔

Zoquean : (n) (۱) میکسیکو کی ایک ہندوستانی قوم ۔ (۲) اس قوم کی ملی جلی زوق زبان ۔

Zoraptera : (n) [mod. L.] ایک قسم کے چھوٹے کیڑے جو زمین پر ہوتے ہیں ۔

Zori/Sori : (n) [Jap.] جاپانیوں کی بال کی بنی ہوئی چپل یا سینڈل ۔

Zoril/Zorille/Zorillo : (n) [Sp. 'Zorilla'.] زورل؛ افریقہ اور ایشیائے کوچک کا ایک گوشت خور چوپایہ جس کی نسل نیولے وغیرہ سے ملتی ہے ۔

Zorilla/Zorillo : (n) [Sp. 'Zorillo'.] امریکا کے چھوٹے درختوں کی قسم کی ایک جھاڑی ۔

Zoroastrian : (a) زرتشت کا یا مذہب زرتشت کا؛ زرتشتی؛ زردشتی ۔

Zoroastrian : (n) (۱) زرتشتی؛ زردشتی؛ آتش پرست؛ مذہب زرتشت کا پیرو جس کی تعلیم زنداوستا میں دی گئی ہے ۔

Zoroastrianism : (n) [f. L. zoroastres] زرتشتیت؛ مذہب زردشت؛ زرتشت ۔

Zorra : (n) [Amer. Sp. 'Zorra, sorra'.] ایک قسم کی معمولی گھاس جو گرم ملکوں میں ہوتی ہے ۔

Zorro/Zorrino : (n) (۱) (امریکی) روباسک؛ روباگرگ؛ زورو ۔ (۲) نیولے کی قسم کا ایک چوپایہ یا اس کی پوستین ۔

Zortzico : (n) [Basque] ایک باسک گانا یا ایک قسم کا رقص ۔

Zosma : (n) (فلکیات) ضفیرۃ الاسد (ستارہ) ۔

Zoster : (n) [L.] (۱) (طب) نملهٔ منطقی؛ منطقه ۔ (۲) (قدیم) کمر بند؛ پیٹی؛ پٹکا ۔

Zostera : (n) [mod. L.] ایک سمندری پودا ۔

Zosteropidae : (n) ایک قسم کی چڑیوں کا ایک خاندان جن کی آنکھیں چاندی جیسی سفید اور چمکدار ہوتی ہیں؛ سیمیں چشم کنجشک؛ ایک قسم کی گوریا ۔

Zosterops : (n) [mod. L.] گرم ملکوں کی ایک چھوٹی چڑیا جس کی آنکھیں چاندی جیسی چمکدار یا سفید ہوتی ہیں ۔

Zouave : (n) [Fr.] (۱) زواو؛ فرانس کی پیادہ فوج کاسپاہی جس میں الجزائر کے عرب بھرتی کئے جاتے تھے جو اپنی قدیم مشرقی وردیاں پہنتےتھے ۔ (۲) اس وردی سے مشابہ عورتوں کا ایک چھوٹا کوٹ ۔

Zounds : (int) (قدیم) حرف فجائیہ جس سے غصہ اور طیش کا اظہار کیا جاتا ہے؛ لاحول ولا قوۃ ۔

Zowie : (int) حرف فجائیہ جس سے تعجب، تحسین اور خوشی کا اظہار کیا جاتا ہے ۔

Zoysia : (n) [mod. L.] لان کی گھاس؛ فرشی گھاس ۔

Zubenalchemali : (n) (فلکیات) زبان الشمالی (ستارہ) ۔

Zubenalgemubi : (n) (فلکیات) زبان الجنوبی (ستارہ) ۔

Zubr : (n) [Russ.] یورپی ارنا بھینس؛ یورپی جنگلی بیل جو اب معدو م ہے ۔

Zubra : (n) (فلکیات) زبرہ (ستارہ اسد) ۔

Zubrowka : (n) [Pol.] ایک شراب (خصوصاً روس کی) ۔

Zucchetto/-etta : (n) [It.] رومن کیتھولک پادریوں کی چست گول ٹوپی؛ کلاہ کلیسائی (جس کے رنگ مخصوص ہیں، مثلاً پادریوں کےلئے سیاہ، اسقف کے لئے اودی، کارڈینل کے لئے سرخ اور پوپ کے لئے سفید) ۔

Zucchini : (n) [It.] (۱) کدو؛ لوکی ۔ (۲) دیکھو - Courgette (s)

Zufolo/Zuffolo : (n) [It.] ایک چھوٹی بانسری جو (خصوصاً) چڑیوں کو سکھانے کے لئے استعمال کی جاتی ہے ۔

Zugzwang : (n) [G, fr. 'zug+zwan'.] شطرنج کی چال ۔

Zuisin : (n) [of Algonquian origin.] ایک قسم کی جنگلی بط ۔

Zulhijja : (n) [Arab.] ذوالحجہ؛ بقرعید کا مہینہ؛ اسلامی قمری سال کا بارھواں مہینہ؛ ذی الحجہ ۔

Zulkadah : (n) [Arab.] ذوالقعدہ؛ اسلامی قمری سال کا گیارھواں مہینہ؛ ذیقعد ۔

Zulu : (n) (۱) جنوبی افریقہ کی کافر قوم کے ایک قبیلے کا فرد؛ زولو ۔ (۲) اس قوم کی زبان؛ زولو زبان ۔ (۳) مخروطی شکل کی بھدی ٹوپی جو پہلے بچے گرمی کے زمانے میں استعمال کرتے تھے ۔ (٤) ایک چھوٹا جہاز جس میں دو بادبان لگے ہوں ۔ (٥) انیسویں صدی عیسوی کی امریکا یا کینیڈا کی ایک گاڑی جو نقل وطن کرنے والوں کو لے جاتی تھی ۔ (٦) زولو گاڑی میں سفر کرنے والا فرد یا جماعت ۔ (۷) زیڈ حرف کے لئے خبر رسانی کا ایک خفیہ لفظ ۔

Zumbooruk : (n) [Arab.] ایک قسم کی چھوٹی توپ جو اونٹ کی پیٹھ پر سے داغی جاتی ہے ۔

Zumology : (n) احتماریات ۔

Zuni : (n) (۱) نیومیکسیکو کی ایک قوم ۔ (۲) زونی قوم کا ایک فرد ۔ (۳) زونی قوم کی زبان ۔

Zunian : (n) زبان کا ایک خاندان جس میں صرف زونی زبان شامل ہے ۔

Zunibrown : (n) ہلکا بھورا رنگ ۔

Zunyite : (n) (معدنیات) المونیم کا فلوسلیکیٹ ۔

Zurich : (a) (۱) سوئٹزر لینڈ کے شہر زورخ کا یا وہاں سے ۔ (۲) زورخ میں رائج طورطریقے کا ۔

Zurlite : (n) (معدنیات) سفید یا سبزرنگ کاایک سلیکیٹ ۔

Zuzu : (n) خانہ جنگی میں زواو فوج کا ایک سپاہی ۔

Zwanziger : (n) [G.] آسٹریلیا کا ایک چاندی کا سکہ ۔

Zwetschenwasser : (n) [G.] ایک قسم کی برانڈی (شراب) ۔

Zwickau : (a) (۱) جرمنی کے زونی کاؤ شہر کا یا وہاں سے ۔ (۲) زونی کاؤ میں رائج طور طریقے کا ۔

Zwickau prophet : (n) [G.] سولہویں صدی عیسوی میں زوئی کاؤ کے انابیپ ٹسٹ فرقے کے رہنما جنہوں نے پیغمبری کا دعویٰ کیا تھا ۔

Zwieback : (n) [G.] ایک قسم کے توس نما بسکٹ جو خوب سِکے ہوئے ہوتے ہیں ۔

Zwinger : (n) [G.] قلعہ جو شہر کی حفاظت کرتا ہو ۔

Zwinglian/-nist : (n) [from Ulrich Zwingli.] سوئٹزرلینڈ کے مذہبی مصلح زونگلی کا پیرو اور معتقد (شخص) ۔

Zwinglian : (a) زونگلی کا یا اس سے متعلق ۔

Zwinglianism : (n) (۱) زونگلی کی تعلیمات ۔(۲) زونگلی کے عقائد ۔

Zwischenspiel : (n) [G.] موسیقی یا گانے بجانے کا درمیانی وقفہ ۔

Zwitterion : (n) [G.] (۱) (طبیعیات، کیمیا) ثنوی رواں ؛ دوباری رواں ۔ (۲) ایک قسم کا فولاد جس کی مثبتی اور منفی خاصیتیں جداگانہ ہوتی ہیں ۔(۳) منفی قطبی فولاد ۔

Zwitterionic : (a) ثنوی رواں سے متعلق ۔

Zygadene : (n) [mod. L.] ایک پودا ۔

Zygadenine : (n) [mod. L.] ایک بلوری القلی نما جو پودوں سے حاصل کیا جاتا ہے ۔

Zygadite : (n) (معدنیات) ایک قسم کا پتھریلا مادہ ۔

Zygaena : (n) (۱) ایک قسم کی مچھلی؛ شارک ۔(۲) پتنگوں کی ایک جنس ۔

Zygaenidae : (n) [mod. L.] پتنگوں کا ایک خاندان ۔

Zygal : (a) (تشریح) حرف H یا بیلوں کے جوئے کی شکل کی (خصوصاً دماغ کے اندر کی) درز؛ یوغی؛ جوغی؛ جوا نما ۔

Zygantrum : (n) [mod. L.] (حیوانیات)جفتی حفرہ؛ جوکھہ ۔

Zygapophysial : (a) جفتی مفصل سے متعلق؛ یوغی مفصل سے متعلق ۔

Zygapophysis : (n) [mod. L.] (۱) (حیوانیات) جفتی مفصل؛ یوغی مفصل ۔ (۲) (تشریح) (ریڑھ کی ہڈی کے) فقروں کا جوڑ ۔

Zygite : (n) [Gr.] (قدیم) دو منزلہ کشتی جس کے اوپر کی منزل سے یا تین منزلہ کشتی (جس کی درمیانی منزل سے چپو چلاتے ہیں) کا چپو چلانے والا شخص ۔

Zygnemaceous : (a) تازہ پانی کی کائی سے متعلق ۔

Zygnemataceae : (n) [mod. L.] تازہ پانی کی سبز چکنی کائی کا ایک خاندان ۔

Zygnematales : (n) [med. L.] سبز کائی کی قسمیں ۔

Zygnemid : (n) کائی کی ایک قسم ۔

Zygo-: [Gr.] (۱) سابقہ Zugon کی ترکیبی صورت جس کے لفظی معنی ہیں "بیلوں کا جوا" "جوغ" "یوغ" ۔ (۲) جفت؛ جوگ ۔

Zygobranchiate : (a) (۱) (حیوانیات) جفت خیشومہ ۔(۲) گلے کے دونوں اطراف (داہنے اور بائیں) لنکتے ہوئے گوشت والا ۔

Zygocactus : (n) [med. L.] برازیلی ناگ پھنیوں کی ایک جنس ۔

Zygocardiate : (a) جفت قلبہ ۔

Zygocity : (n) جڑواں مویشی کی تشخیص سے متعلق قواعد ۔

Zygodactyl/-lic/-lous : (a) (حیوانیات) جفت انگشتہ؛ پنجوں کی دو جوڑی رکھنے والا ۔

Zygodactyl : (n) جفت پنجہ پرند؛ ایسا پرندجس کو پنجوں کی دو جوڑی ہوں (مثلاً ہُدہُد، توتا وغیرہ) ۔

Zygodactylism : (n) (پرند) جس کو دو دو انگلیوں کی دو جوڑیاں ہوں، ایک آگے اور ایک پیچھے (مثلاً توتا اور ہدہد) ۔

Zygodont : (a) [Gr.] جڑواں دانت والا؛ جفت دندان دار ۔

Zygodont : (n) جڑواں دانت؛ جفت دندان ۔

Zygogenesis : (n) [med. L.] جڑواں پیدائش؛ جفت تولید ۔

Zygogenetic : (a) جڑواں پیدائش کا یا اس سے متعلق؛ جفت تولیدی۔

Zygogenium : (n) جوگ بیضہ۔

Zogoid : (a) یوغ نما: جفت سا۔

Zygoma : (n) [med. L.] (۱) (تشریح) وجنہ؛ رخسار۔ (۲) عظم وجنی؛ رخسار کی ہڈی؛ عظم وجنہ۔ (۳) محراب وجنی۔ (٤) زائدہ وجنی۔

Zygomatic : (a) (تشریح) وجنی؛ عظم وجنہ کا؛ رخسار کی ہڈی کا۔

Zygomatic arch : (n) (تشریح) محراب وجنی۔

Zygomatic area : (n) (تشریح) حصہ وجنی۔

Zygomatic bone : (n) (تشریح) عظم وجنی؛ عظم وجنہ۔

Zygomatic muscles : (n) (تشریح) عضلات وجنہ۔

Zygomatic nerve : (n) (تشریح) عصب وجنہ۔

Zygomatic process : (n) (تشریح)زائدہ وجنی؛ زائدہ صدغی۔

Zygomatico-: (pref) سابقہ بمعنی "وجنی" "رخساری"۔

Zygomaticofacial : (a) (حیوانیات، تشریح) وجنی وجہی۔

Zygomaticotemporal : (n) (حیوانیات،تشریح) وجنی صدغی۔

Zygomato -: Zygomatic اور Zygoma کے جزویات مرکب۔

Zygomites : (n) (حیوانیات) جوگ ریشے۔

Zygomorphic/Zygomorphous : (a) (نباتیات) یوغ شکلہ؛ متشاکل؛ ایک سطح میں ایسے دو حصوں میں تقسیم ہونے والا (پھول) جو ایک دوسرے کا جواب ہوں۔

Zygomorphism/Zygomorphy : (n) (نباتیات) یوغ شکلی؛ یک طرفہ شکل۔

Zygomycetes : (n) [mod. L.] (نباتیات) جوگ فطرے۔

Zygon : (n) (۱) (تشریح) یوغ؛ جوا؛ واصلہ۔ (۲) یوغ دماغ؛ زائیگون۔

Zygonema : (n) جوگ ریشہ؛ جفت خیطہ۔

Zygopetalum : (n) (نباتیات) جنس جفت گلبرگی۔

Zygophase : (n) (نباتیات) دو لونیوی ہئیت؛ جفت ہئیت۔

Zygophore : (n) (حیوانیات) جوگ بردار۔

Zygophyceae : (n) [mod. L.] ایک قسم کی سبز رنگ کی کائیوں کا ایک خاندان۔

Zygophyllaceae : (n) [mod. L.] (۱) (نباتیات) گوکھرویہ۔ (۲) بوٹیوں، جھاڑیوں اور درختوں کا ایک خاندان۔

Zygophyllaceous : (a) [mod. L.] (نباتیات) زائگو فائلم (Zygophylum) جنس کے خاندان کا یا اس سے متعلق۔

Zygophyllum : (n) [mod. L.] (۱) (نباتیات) جفت گلبرگہ: جنس گوکھرو۔ (۲) (قدیم) یورپی جھاڑیوں کی ایک جنس۔

Zygophyte : (n) (نباتیات) جفت نبات؛ جوگ پودا۔

Zygopleura : (n) [Gr.] عضویاتی اشکال۔

Zygopleural : (a) عضویاتی اشکال کا یا ان سے متعلق۔

Zygopleury : (n) (حیوانیات) جفت جانبی؛ دوطرفہ تشاکل۔

Zygopodium : (n) (۱) (حیوانیات) جفت پا۔ (۲) پیش بازو۔

Zygoptera : (n) [mod. L.] (۱) (حیوانیات) کابلی مکھیاں۔ (۲) کابلی مکھیوں کی قسمیں۔

Zygopterid : (a) کابلی مکھیوں (میں سے ایک) کا یا اس سے متعلق۔

Zygose : (a) دو خلوی ملاپ کا یا اس سے متعلق۔

Zygosis : (n) (۱) جفتی۔ (۲) دو خلوی ملاپ۔(۳) (حیوانات) دیکھو Conjugation۔

Zygosome : (a) جفت جسمہ؛ مخلوط لونیہ۔

Zygosperm : (n) (نباتیات) جفت تخمہ؛ جفت بذرہ۔

Zygosphene : (n) (تشریح، حیوانیات) دیکھو Zygantrum۔

Zygosphere : (n) (۱) خلیات جفتہ میں سے ایک خلیہ۔ (۲) صنفی تخم کا ہم صنفی تخم سے ملاپ۔

Zygosporangium : (n) (نباتیات) جفت بذرہ داں ۔

Zygospore : (n) (۱) (نباتیات) جفت بذرہ؛ جوگ بذرہ؛ متشاکل تخمک؛ جو تخم جنسی کے دو یکساں اجزا سےمل کر بناھو ۔ (۲) (حیوانیات) جفتہ ۔

Zygosporophore : (a) (نباتیات) جوگ بذرہ بردار ۔

Zygotaxis : (n) [mod. L.] (حیوانیات) جفت ترتیب؛ جوگ ترتیب ۔

Zygote : (n) [Gr. 'zygotos'.] (نباتیات) دو گمٹی ملاپ ۔

Zygote : (a) (۱) (حیوانیات) جفتہ؛ جوگا ۔ (۲) دو متشاکل اجزائے تخم جنسی سے بنا ھوا ۔

Zygotene : (n) جوگ ریشہ؛ نواۃ ریشہ ۔

Zygotic : (a) جفتی؛ دو گمٹی ملاپ کا یا اس سے متعلق ۔

Zygotic number : (n) (نباتیات) جفتی عدد؛ دولونیوی عدد ۔

Zygotoblast : (n) جفت نہوض ۔

Zygotomere : (n) ایک خلیہ ۔

Zygotonucleus : (n) جفتی نوات ۔

Zygotropism : (a) (حیاتیات) جوگ رخی ۔

Zygozoospore : (n) (حیاتیات) جفت حی بذرہ ۔

Zymase : (n) (کیمیا) کیمیائی خمیر؛ خامرہ ۔

Zyme : (n) [Gr. 'zyme'.] (۱) خمیر ۔ (۲) جرثومہء مرض ۔

-zyme : (comb) جزو ترکیبی بمعنی خمیر آمیختہ؛ خمیر ملایا ھوا ۔

Zymic : (a) خمیری؛ تخمیری ۔

Zymic acid : (n) خمیری تیزاب ۔

Zymin : (n) خمیری سفوف ۔

Zymo-/Zym- : جزو ترکیبی بمعنی "خمیر" ۔

Zymo-exciter : (a) خمیر محرک ۔

Zymo organisation : (n) (حیاتیات) خمیر زا نامیہ ۔

Zymogen : (n) (۱) (نباتیات، حیوانیات) خمیر زا مادہ؛ زا نموجن ۔ (۲) (جرثومیات) خمیری جرثومہ ۔

Zymogenesis : (n) (نباتیات، حیوانیات) خمیر زائی ۔

Zymogenetic/Zymogenic/Zymogenous : (a) (۱) (نباتیات، حیوانیات) خمیر زا مادہ کا یا اس سےمتعلق؛ خمیر زا مادی؛ خمیری جرثومہ کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) (جرثومیات) خمیر زادہ؛ خمیر خیز ۔

Zymoid : (a) خمیر نما ۔

Zymological : (a) اختماریاتی ۔

Zymologist : (n) (کیمیا) عالم اختماریات؛ اختماریات داں ۔

Zymology : (n) [mod. L.] (کیمیا) اختماریات ۔

Zymolysis : (n) (کیمیا) خمیر پاشی؛ عمل کیمیائی خمیر ۔

Zymolytic : (a) (کیمیا) خمیر پاش؛ کیمیائی خمیری ۔

Zymome : (n) (کیمیا) زائی موم ۔

Zymometer/Zymosimeter : (n) (کیمیا) اختمار پیما ۔

Zymophyte : (n) ایک قسم کی سبزی جو خمیر پیدا کرتی ھے ۔

Zymoplastic : (a) خمیر اٹھانے کا یا اس سے متعلق ۔

Zymoscope : (n) خمیری طاقت پیما آلہ ۔

Zymosis : (n) [mod. L.] (۱) (کیمیا) اختمار؛ تخمیر ۔ (۲) (طب) عفونت ۔ (۳) (مرضیات) عفونتی مرض؛ خارجی جراثیمی بیماری ۔

Zymosthenic : (n) خمیری طاقت بڑھانے والا ۔

Zymotechnics : (n) فن اختمار؛ خمیر بنانے کا فن ۔

Zymotechnology : (n) فن اختمار کے اصولوں کا مطالعہ؛ خمیر بنانے کے فنی اصولوں کا مطالعہ ۔

Zymotic : (a) (۱) (جرثومیات) خمیری؛ اختماری؛ تخمیری؛ تخمیر کا ۔ (۲) (طب) عفونتی؛ خارجی جراثیمی ۔

Zymotic disease : (n) عفونتی مرض؛ خارجی جراثیمی بیماری جو بیرونی جراثیم کے جسم میں پہنچنے سے پیدا ہوتی ہے، یہ متعدی بھی ہوتی ہے اور غیرمتعدی بھی، وبائی بھی اور مقامی بھی۔

Zymotics : (n) (۱) خمیریات۔ (۲) عفونتی مرضیات۔

Zymurgy : (n) اختماری کیمیا؛ خمیر بنانے کا عمل (مثلاً شراب بنانے یا کشید کرنے میں)۔

Zythum : (n) [L.] (۱) قدیم زمانے کی ایک شراب۔ (۲) قدیم مصریوں کی ایک شراب۔

Zyzzogeton : (n) [mod. L.] مشرقی امریکا کا ایک ٹڈا۔